لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

رحمۃ للعالمین

مؤلف
قاضی محمد سلیمان سلمان منصورپوری رحمہ اللہ

تخریج وتعلیق
میاں طاہر



مرکز الحرمین الاسلامی

رحمۃ للعالمین
قاضی محمد سلیمان سلمان
منصورپوری رحمہ اللہ

إِنَّهُ مِن سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

رحمۃ للعالمین

مؤلف

قاضی محمد سلیمان سلمان منصورپوری رحمۃ اللہ علیہ

تخریج وتعلیق

میاں طاہر

مرکز الحرمین الاسلامی

جلد اوّل

وَمَآ أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِينَ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جملہ حقوق بحق "الحرمین" محفوظ ہیں۔

ناشر	میاں طاہر
اہتمام	محمد جاوید ناصر
طابع	ایم انور جاوید
تزئین	حاجی خالد وقاص
الحرمین ایڈیشن	رمضان المبارک/اکتوبر 2007ء
کمپوزنگ	مرکز الحرمین الاسلامی

کتاب وسنت کی ترویج واشاعت کیلئے سرگرم عمل

مرکز الحرمین الاسلامی

مین ستیانہ روڈ، فیصل آباد، پاکستان

MARKAZ

Al-Hrmain-ul-Islmai

GULBAHAR COLONY, SATIANA ROAD, FAISALABD-PAKISTAN.
CONTACT: 0304 3010777

یہ کتاب تبلیغی مقاصد کے لیے لاگت سے انتہائی کم قیمت پر تقسیم کی جا رہی ہے



فہرست مضامین رحمۃ للعالمین جلد اوّل

مضامین	صفحہ نمبر
کلمۃ الحرمین	37
قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ	41
مقدمہ	59
عرب کا محل وقوع	62
عرب کی سرزمین	62
عرب کی سیاسی حالت	62
عرب کی اخلاقی حالت	62
عرب کی مذہبی حالت	63
عرب کا کرۂ ارض کے وسط میں وقوع	63
نبی ﷺ کے اعلیٰ کام	64
وحدت تعلیم	64
اسلام اور مختلف طبقات	64
مختلف مذاہب اسلامی وحدت میں	65
مساوات ظاہری واخوت باطنی	65
دشمنوں کا دوست بن جانا	65
معجزات مادی ومعجزات علمی	66

مضامین	صفحہ نمبر
سیرت نبوی ﷺ کی خصوصیات اور زندگی کے گوناگوں حالات	66
آنحضرت ﷺ کی نبوت کی مجموعی شان	67
''محمد ﷺ'' نام رکھا گیا قوم نے اس نام پر تعجب کیا	70
ایام رضاعت	70
والدہ مکرمہ کا انتقال	70
ابوطالب کی تربیت	71
بحیرہ راہب سے ملاقات	71
تجارت کا خیال	71
نکاح	72
قیام امن ونگرانی حقوق کی انجمن کا انعقاد	72
ملک کی طرف سے ''صادق'' و''امین'' کا نام آنحضرت ﷺ کو ملنا	72
آنحضرت ﷺ کا تمام قبائل کی طرف سے حکم مقرر ہونا	73
قرب زمانۂ بعثت	75
غارِ حرا میں عبادتیں کرنا	75

مضامین	صفحہ نمبر
بعثت ونبوت	75
خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی شہادت آنحضرت ﷺ کے اعلیٰ اخلاق پر	75
عیسائی عالم ورقہ بن نوفل کی شہادت آنحضرت ﷺ کی نبوت پر	76
ابتداء نزول قرآن	76
نماز کا آغاز	77
تبلیغ کا آغاز	77
''سابقین الاولین'' کے مختصر نام	77
پہاڑ کی گھاٹیوں میں نماز	77
نبی ﷺ کی نبوت کے مقاصد	78
تبلیغ کے پنجگانہ مراتب	78
بعثت کے وقت عالم کی حالت	79
اپنے کنبہ میں تبلیغ	80
اپنے گھرانے میں آنحضرت ﷺ کی تقریر	80
پہاڑی کا وعظ اور اہل مکہ کو عام تبلیغ	80
تمثیلات نبوت ﷺ	81
تبلیغ میں آنحضرت ﷺ کی کوششیں	81
آپ ﷺ کے وعظ کی بڑی بڑی باتیں	81

مضامین	صفحہ نمبر
منڈیوں اور میلوں میں آنحضرت ﷺ کا تبلیغ فرمانا	81
قریش کی مخالفت	81
اسلام کے خلاف تدبیریں	82
اسلام لانے والوں پر قریش کے جور وستم	82
آنحضرت ﷺ کے ساتھ قریش کی بدسلوکیاں	83
ایذاء رسانی کی باقاعدہ کمیٹیاں	84
مستہزئین کی جماعت	84
دشمنوں کا عجز آنحضرت ﷺ کی توصیف سے تعلیم نبوی ﷺ پر کفار کی شہادت	84
دشمنوں کے ریزولیشن آنحضرت ﷺ کے خلاف	85
ہجرت حبش	85
حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی فضیلت	85
قریش نے مسلمانوں کا حبش تک تعاقب کیا	85
دربار میں حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی اسلام پر تقریر	85
امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا	90
عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا	90
نبی ﷺ اپنے قبیلہ سمیت تین سال تک پہاڑ کی گھاٹی کے اندر محصور رہے	91
ابوطالب کا انتقال	92



مضامین	صفحہ نمبر
خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا انتقال	92
نبی ﷺ کا تبلیغ کے لئے مختلف قبائل کی جانب سفر کرنا	92
مختلف مقامات پر نبی ﷺ کا تبلیغ کے لئے جانا	94
سوید بن صامت رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا	94
سفارت یثرب میں تبلیغ فرمانا، ایاس بن معاذ رضی اللہ عنہ کا راہ یاب ہونا	95
ضماد ازدی رضی اللہ عنہ کی روئیداد قبول اسلام	95
معراج	96
طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا	99
ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا	99
اسباب ہجرت	100
وہ نبی ﷺ	101
بیعت عقبہ اولیٰ	101
بیعت کی شرطیں	101
مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ	101
بیعت عقبہ ثانیہ	102
مصعب رضی اللہ عنہ کے وعظ پر اسید رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا	102
مصعب رضی اللہ عنہ کے وعظ پر سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا	103
تمام قبیلہ ایک دن میں مسلمان ہوا	103
عقبہ ثانیہ پر آنحضرت ﷺ کا وعظ	103
نبی ﷺ کے بارہ نقیب	104
قریش نے یثرب کے دو مسلمانوں کو گرفتار کیا	104
مسلمانوں کو ترکِ وطن کی اجازت مل گئی	105
ہجرت کی دشواریاں	105
ہجرت	107
آنحضرت ﷺ کو قتل کرنے کے لئے قریش کے سرداروں کی کمیٹی کا اجلاس	107
نبی ﷺ کے قتل کی تدبیر، قاتلوں کے انتخاب کا طریق	108
انسانی تدبیر کے مقابلہ میں الٰہی تدبیر	108
ایک لڑکی کی قوتِ ایمانی	109
غار کا قیام	109
غار سے روانگی	109
خیمہ ام معبد پر آنحضرت ﷺ کا آرام وقیام	110
حلیہ مبارک آنحضرت ﷺ بزبان ام معبد	111
نبوت کے تیرہ سال مکہ میں	112
سابقین واولین کی شان	112
اثناء راہ میں بریدہ رضی اللہ عنہ اور 70 اشخاص کا مسلمان ہونا	113

مضامین	صفحہ نمبر
قبا میں پہنچنا	113
خطبہ	114
مدینہ منورہ میں داخلہ	116
مکہ اور مدینہ کے حالات کا مقابلہ	117
یہود مدینہ نبی موعود کے منتظر تھے	118
عیسائیانِ مدینہ نبی موعود کے منتظر تھے	118
فصل اوّل 1	
استحکام امن کے لیے بین الاقوامی معاہدہ	120
گردونواح کے قبائل پر معاہدہ کی توسیع	121
قریش نے مدینہ پہنچ کر مسلمانوں پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا	121
مسلمانوں کیخلاف قریش کی پہلی سازش	122
دوسری سازش	122
قریش مکہ کی دھمکی	122
قریش کا مسلمانوں پر پہلا حملہ	122
لشکر قریش کی تعداد اور ان کے قطعی ارادے کا یقین	123
اب تک مسلمانوں کو جنگ کی اجازت نہ تھی	123
حکمِ جہاد کی ضرورت	123
اجازتِ جہاد کا پہلا حکم	124
پہلی وجہ	124
دوسری وجہ	124
تیسری وجہ	124
مسلمانوں پر قریش کا دوسرا حملہ یا جنگ بدر	125
قریش کی تیسری سازش اور نبی ﷺ کے قتل کی تیاری	126
حضرت عمیر رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا	126
قریش کا تیسرا حملہ، غزوہ سویق یا قرقرۃ الکدر	127
قریش کا چوتھا حملہ یا جنگ اُحد	127
فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمات میدان جنگ میں	128
عورت کے دل میں شوہر کا درجہ	128
مائی صفیہ رضی اللہ عنہا کا استقلال	128
انس بن نضر رضی اللہ عنہ کا جوش و جان نثاری	128
جان توڑتے وقت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کا پیغام بجانب اہل اسلام	129
عمارۃ بن زیاد رضی اللہ عنہ نے کس مزے سے جان دی	129
ابو دجانہ، حنظلہ، علی مرتضیٰ، طلحہ رضی اللہ عنہم کی شجاعت و مردانگی	129
بنو دینار کی عورت کی قوت ایمانی کا کمال	129
رحمۃ للعالمین ﷺ کا درگزر، معافی اور ظالموں کیلئے دعا	130
قریش کی چوتھی سازش اور دس واعظانِ اسلام کا مارا جانا	130
خبیب رضی اللہ عنہ و زید رضی اللہ عنہ قید میں	130



مضامین	صفحہ نمبر
مسلمان کا کام غدر کرنا نہیں	130
جان اور محبت رسول ﷺ کا موازنہ	131
ایک اور سازش اور ستر (70) معلمین اسلام کا قتل کیا جانا	132
قاتل کا مقتول کے آخری کلمہ پر اسلام لانا	132
قریش کا پانچواں حملہ عہد شکنی یا فتح مکہ	133
فوج کو ہدایت اور احکام رحم	135
حق بحقدار	137
فتح مکہ کے بعد نبی ﷺ کی تقریر مفتوحین اور دشمنوں کے سامنے	137
اسلام لانے والوں سے بیعت اور اس کی شرائط	137
عورتوں سے مزید اقرار بیعت	138
عورتوں سے بیعت لینے کا طریقہ	138
فتح مکہ کے نتائج، اسلام میں بکثرت داخل ہونے کی وجوہات	140
ہوازن وثقیف کے حملے کی مدافعت یا جنگ حنین	142
بے نظیر فیاضی اور رحم	144
دودھ پلائی کی بیٹی کی عزت	144
مخلصین کے اخلاص کا نمونہ	144

مضامین	صفحہ نمبر
فصل	
یہودیوں کی شرارتیں، عہد شکنی، حملے اور مسلمانوں کی مدافعتیں	145
یہود کی پہلی شرارت بلوہ، قتل اور اخراج بنو قینقاع	145
یہود کی دوسری شرارت، نبی ﷺ کے قتل کی سازش یا جلاء بنو نضیر	145
یہود کی تیسری سازش، ملک کی عام بغاوت اور اس کا انجام "جنگ احزاب یا غزوہ خندق"	146
بنو قریظہ کا انجام	148
فصل	
عیسائیوں سے جنگ	149
داعیٔ اسلام کا انتقام یا جنگ موتہ	149
جیش عسرت یا سفر تبوک	150
سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی منقبت	151
آپ ﷺ کا خطبہ	151
ذو البجادین رضی اللہ عنہ کی وفات	154
مخلص عرب کی تدفین میں نبی ﷺ کا اسوہ	155
کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کا امتحان سخت طریق سے	155



مضامین	صفحہ نمبر
کعب رضی اللہ عنہ کے پاس والی غسان کا خط	157
کعب رضی اللہ عنہ کا والی غسان کو جواب	157
خاتمہ حروب	158
لاثانی، فیاضی ورحمدلی	158
مذہب اسلام میں جبر واکراہ نہیں	158
اسیران جنگ	159
اسیران جنگ اور اسلام	159
باب 2	
مختلف مذاہب اور مختلف ممالک کے بادشاہوں کو...... دعوت اسلام	162
نبی ﷺ کا کل عالم کے لئے رسول ہونا	162
دعوت عامہ کی نظیر موجود نہ تھی	162
بادشاہ حبش کے نام	163
شاہِ بحرین کا اسلام	165
سفیر اسلام کی دربار عمان میں گفتگو	165
بادشاہ عمان کا اسلام	167
گورنرانِ دمشق و یمامہ کا انکار	168
مبلغ اسلام کی دربارِ مصر میں تقریر	168

مضامین	صفحہ نمبر
مقوقس کا جواب	168
ابوسفیان وہرقل کے مابین گفتگو	169
کسریٰ (شاہ فارس) کو تبلیغ	171
گورنر یمن کا دستہ آپ ﷺ کی گرفتاری کیلئے	171
قتل خسرو کی آپ ﷺ کا باعلام الٰہی خبر دینا	172
چند والیان ملک کا مشرف باسلام ہونا	172
باب 3	
نبی ﷺ کے عہد میں اسلام کی اشاعت	173
وفد دوس	173
دعوت اسلام کرنے والوں کے لئے ضروری ہدایات	174
وفدِ صداء	174
بے خبروں کو اسلام سیکھنے کی بہت ضرورت ہے	174
وفد ثقیف کا حال	174
قوم کی عزت کا سبق	176
زنا حرام ہے	176
سود کا روپیہ لینا حرام ہے	177
شراب کا استعمال حرام ہے	177
وفد عبدالقیس کا حال	179



وہ تاریخی راستہ جو رسول اللہ ﷺ نے مکہ سے طائف جاتے ہوئے اختیار کیا

مضامین	صفحہ نمبر
وفد بنی حنیفہ	180
وفد طے کا بیان	181
وفد اشعریین کا حال	181
وفد ازد کا حال	181
ایمان کی حقیقت	181
پانچ اور باتیں	182
فروہ بن عمرو الجذامی ؓ کی سفارت آنے کا ذکر	182
وفدِ ہمدان	183
وفد طارق بن عبداللہ	183
وفدِ تجیب	184
التماس دعا	185
وفد بنی سعد ہذیم	185
آدمی اسلام لاتے ہی مسلمان ہو جاتا ہے	186
وفد بنو اسد	186
وفد بہراء	186
طعام میں برکت	187
وفد عذرہ کا بیان	187
وفد خولان	187
نبی ﷺ کی تعلیم کا نمونہ	188
وفد محارب	188
اسلام سب پہلے گناہوں کو مٹا دیتا ہے	189
وفد غسان کا حال	189
وفد بنی الحارث	189
مغلوب نہ ہونے کی باتیں	189
وفد بنی عیش کا حال	189
وفد غامد کا بیان	190
وفد بنی فزارہ	190
اللہ کسی کی سفارش نہیں کرتا	190
وفد سلامان	191
وفد نجران	191
حضرت عیسیٰ ؑ کی شخصیت	192
نبی ﷺ کے لئے جائز نہیں	195
وفد نخع کا بیان	197
چار خواب اور ان کی تعبیریں	197
ایک خواب اور اس کی تعبیر	197
دوسرا خواب اور اس کی تعبیر	197



مضامین	صفحہ نمبر
تیسرا خواب اور اس کی تعبیر	197
چوتھا خواب اور اس کی تعبیر	197
باب 4	
مدینہ میں دس (10) سالہ قیام نبوی کے اہم واقعات اور وفات	199
تعمیر مسجد نبوی ﷺ	199
عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا	200
فاضل راہب کا اسلام	200
نماز	201
مواخات (بھائی چارہ)	202
اذان	203
سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا	204
تحویل قبلہ	204
زکوۃ	209
زکوۃ اور تمدنِ انسانی	210
زکوۃ وصدقات کا مال	211
غلامی کی تائید عیسائیت کی تعلیم میں	211
رمضان 2ھ مقدس	213

مضامین	صفحہ نمبر
روزہ اور چاند کی تاریخیں	214
ام الخبائث شراب کو اسلام نے حرام کیا	214
ولادت وشہادت سیدنا حسین رضی اللہ عنہ	215
ثمامہ بن اثال رضی اللہ عنہ سردار نجد کا مسلمان ہونا	215
آپ ﷺ کا جانی دشمنوں سے حسن سلوک	216
صلح حدیبیہ 6ھ مقدس	216
حملہ کرنے والے اسی (80) اعداء کو معافی	218
برکاتِ معاہدہ	218
ابوجندل کے حال سے کیا نتیجہ حاصل ہوتا ہے؟	219
صلح کا حقیقی فائدہ	219
مسلمانوں کا طواف کعبہ کے لئے جانا اور اس کے نتائج	220
جنگ خیبر	220
خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا	224
عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا	224
حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا	224
عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا	224
عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کا قصہ	225
حج اسلام کا پانچواں رکن	226





مضامین	صفحہ نمبر
حج کے فوائد عظیمہ	227
10 ہجری	227
نبی ﷺ کا حج	227
نبی ﷺ کا خطبہ حجۃ الوداع	230
خطبۂ غدیر	237
11ھ	237
آغاز مرض	238
آخری ہفتہ	239
پانچ یوم قبل از رحلت	239
چار یوم قبل از رحلت	240
پنجشنبہ مغرب	240
پنجشنبہ عشاء	240
دو یا ایک یوم قبل از رحلت	240
ایک یوم قبل از رحلت	241
آخری دن	241
حالتِ نزع رواں	242
غسل وتکفین	243
نماز جنازہ	244

باب 5

مضامین	صفحہ نمبر
خلقِ محمدی ﷺ	245
سکوت اور کلام	247
ہنسنا رونا	247
غذا کے متعلق ہدایت	248
مرض اور مریض	248
طبیب نادان	248
عیادتِ بیماراں	249
علاج	249
خطبہ خوانی	249
صدقہ وہدیہ	250
اپنی تعریف	250
اظہار حقیقت یا خوش عقیدہ پن کی اصلاح	250
مصلحت عامہ کا لحاظ	250
بشریت ورسالت	251
بچوں پر شفقت	251
بوڑھوں پر عنایت	251
ارباب فضل کی قدر ومنزلت	251



مضامین	صفحہ نمبر
خادم کے لیے دعا	252
ادب وتواضع	252
شفقت ورافت	253
عدل ورحم	253
اعداء پر رحم	254
جود وکرم	254
شرم وحیاء	255
صبر وحلم	255
عفوو رحم	255
صدق وامانت	256
عفت وعصمت	256
زہد	257
صنف ضعیف (عورتوں) کی اعانت اوران کی آسائش کا خیال	257
اسیران جنگ کی خبر گیری	258
مردانہ ورزشیں	258
تیر افگنی	258
گھوڑ دوڑ	258
مردم شماری	258
تعلیمات رسالت	259

مضامین	صفحہ نمبر
اللہ کا حق بندوں پر بندوں کا حق اللہ پر	259
رحمتِ الٰہیہ کا بیان	259
خدمتِ والدین	259
نصرت باہمی	259
مسلمان کون ہے؟	259
ایمان کا کمال	259
شیرینی ایمان	260
پسندیدہ اعمال	260
اعمال شاقہ سے ممانعت	260
محنت کی تعریف مانگنے کی برائی	261
کن لوگوں پر رشک کرنا چاہئے؟	261
بہترین اخلاق کی تعلیم	261
اخلاق رذیلہ سے نہی اوراخوت کا حکم	261
ہمسایہ اور مہمان کا حق	261
کلام اور خاموشی	261
نجات کے لیے رسول ﷺ کی ضمانت	262
صبر وشکر کی تعلیم	262
پہلوان کون ہے؟	262
منادیانِ اسلام کا فرض	262



مکہ مکرمہ میں عقبہ (گھاٹی) کی مسجد جہاں بیعتِ عقبہ ہوئی

مضامین	صفحہ نمبر
اثرِ محبت	262
قیدیوں، مسکینوں، بیماروں سے برتاؤ کا حکم	262
درخت لگانے کا ثواب	262
حیوانات سے ہمدردی کا حکم	263
لونڈیوں کو تعلیم دینے کا ذکر	263
لڑکیوں کی تعلیم وادب کا ذکر	263
منافق کون؟	263
مہاجر کون؟	263
قیامت کے دن سایہ ربانی کن لوگوں پر ہوگا؟	264
بادشاہ کی اطاعت کا حکم	264
سربرآوردہ لوگوں کو معاملات میں حصہ دینا	264
سربرآوردہ لوگوں کا کام قوم کی نیابت کرنا ہے	264
غیر مسلم زیرِ معاہدہ اقوام کی حفاظت	265
زیست کا درجہ قدرِ زندگانی	265
صحت اور فراخ دستی کا درجہ	265
ادائے قرضہ کی فضیلت	265
دولت مندی کی تعریف	265
مساواتِ عامہ	265
رحمِ عامہ	266

مضامین	صفحہ نمبر
وارثوں کے لئے ورثہ چھوڑنے کی فضیلت	266
عورتوں کی مثال اوران سے گزران کی ہدایت	266
عورت کا درجہ گھر میں	266
ماہرِ قرآن کا درجہ	266
اللہ کے نزدیک پسندیدہ کلام	266
قرآن مجید	267
الٰہیات	268
ذاتِ الٰہی کا عرفان	268
سچے دین کی تعریف	269
بندہ کے اعمال سے اللہ تعالیٰ کو کیا مطلوب ہے؟	269
شریعت سے مقصود انسان کی تکمیل ہے	269
نبی کے فرائض	270
اعمال کی جزاوسزا دنیا میں بھی دی جاتی ہے اور موت کے بعد بھی	270
سننِ الٰہیہ میں تبدیلی نہیں	270
انسان کی ذاتی کوشش ہی کامیابی کے لئے مثمر بنتی ہے	271
صبر اور پرہیزگاری کا درجہ	271
حکمت اور دانش کا درجہ	271
صبر کا ثمرہ	271

صفحہ نمبر	مضامین
271	قطع طمع
272	دنیوی عروج میں آخرت کو نہ بھولنا
272	تہلکہ سے بچنا
272	افترا اور جھوٹ ایمان کی ضد ہیں
272	قطعی حرام چیزیں
272	اللہ کی عبادت الٰہی بپتسمہ ہے
272	تحریر و انشاء دانی کی تعریف
272	ارباب عقل و دانش کے لئے الٰہی نشانات
273	قسم کھانے کی ممانعت
273	صلح کلی کی دعوت
273	اصلاح باہمی کا حکم
273	عفو و درگزر کی تعلیم
273	سچی تعلیم کی صداقت خود بخود آشکارا ہو جاتی ہے
274	سلطنت کے اصول
274	حاکمان عدالت کے لئے علم کا ہونا ضروری ہے
274	نقضِ امن کی ممانعت
274	ظلم باعث زوال ہے
274	نیکوکاری باعثِ قیام ہے

صفحہ نمبر	مضامین
274	جنگ کے لئے تیار رہنا ہی جنگ سے بچنے کی تدبیر ہے
274	ارکان دولت کے مشورہ پر کاروبار کرنا
275	تعلیم و تعلم
275	علم و حکمت کی باتوں کا سننا، ان پر غور کرنا، بہترین صورت کو اختیار کرنا
275	غیر اقوام سے علم اخذ کرنا
275	نظام تبلیغ دین
275	دین کی دعوت دینے والی جماعت کا قیام ضروری ہے
275	ہر ایک قوم کا شخص داعیان دین کی جماعت میں ہو سکتا ہے
276	تہذیب اخلاق
276	جنس اناث کی تعریف
276	میاں بیوی کی تعریف
276	میاں بیوی کے حقوق
276	کمال درجہ کی محبت کو ایمان کہتے ہیں
277	بلندی درجات کا سبب ایمان اور علم ہیں
277	بر و بحر پر تسلط کرنے بہترین و پاکیزہ اصول پر چلنے کی وجہ سے انسان کو دیگر مخلوق پر فضیلت ہے
277	انسان کا اشرف ہونا ہی ردِ شرک کی دلیل ہے

عرفات



مضامین	صفحہ نمبر
انسان کو ہر ادنیٰ ہستی سے سبق حاصل کرنا چاہئے	277
دیکھنے والے کے لئے ہر چیز میں ایک نشان ہے	277
سیاحت سے فہم بڑھتا ہے اور معلومات کا اضافہ ہوتا ہے	277
اندھا وہ ہے جس کا دل اندھا ہے	277
حرام چیزیں طیب نہیں، طیب چیزیں حرام نہیں	278
حلال طیب چیزوں کا ترکِ استعمال شیطانی ہے	278
بصیرت اور ہدایت اسی دنیا میں حاصل ہو سکتی ہے	278
ایمان ہی کے ذریعہ سے ہر ایک اعلیٰ منزل پا سکتے ہیں	278
تمدن	278
چرند و پرند میں ایک تمدن کا پایا جانا، لوازم حیات میں انسان کا بھی انہی جیسے اصول پر کاربند ہونا	278
موجودات عالم انسان کے فائدے کے لئے ہیں	278

مضامین	صفحہ نمبر
لوگ اپنی اپنی مختلف قابلیتوں سے مختلف کام انجام دیتے ہیں	278
سیاست مدن کا قیام اور انتظام	279
مساوات حقوق کا تاکیدی حکم، عدل کی تاکید	279
بہترین شخص وہ ہے جو نسل انسانی کا خیر خواہ ہے	279
اخوت کی بنیاد	279
مال کی تعریف، دولت، قیام قومی کا سبب ہے	280
فقر و تنگ دستی کی برائی	280
اسراف کی برائی، بخل کا نہ ہونا بڑی بہبودی ہے	280
میانہ روی، رحمان کے بندے بخیل و مسرف نہیں ہوتے	280
بحری تجارت خصوصاً نفع بخش ہے	280
اللہ کے ہاں بہتر اور ہمیشہ رہنے والی نعمتیں کن لوگوں کیلئے ہیں؟	280
قصیدہ در نعت مصطفوی ﷺ	282



فہرست مضامین رحمۃ للعالمین جلد دوم

مضامین	صفحہ نمبر
تمہید از مصنف	287
باب 1	
النسب	289
فصل اوّل۔شجرہ طیبہ	289
حصہ اوّل: از عبداللہ تا عدنان کا بیان	
ایسا شجرۂ نسب تمام دنیا پیش کرنے سے عاجز ہے	289
حصہ دوم: فوق عدنان روایت کرنے کا جواز	289
حصہ سوم: آدم علیہ السلام سے تارہ تک کی اعمار اور بائبل کے بیان پر بحث	290
شجرہ از عبداللہ تک عدنان 21 پشت	290
شجرہ از اود تا قیدار از 22 تا 60 پشت	294
شجرہ از اسماعیل علیہ السلام تا آدم علیہ السلام از 61 تا 80 پشت	296
یسوع مسیح کا شجرہ	297
حصہ اوّل: لوقا و متی کا مقابلہ از یوسف تا زروبابل	298
حصہ دوم: لوقا و متی و بائبل کا مقابلہ از سلاتی ایل تا داؤد	299
نتیجہ	301
حصہ سوم: از داؤد علیہ السلام تا ابراہیم علیہ السلام	301
فصل دوم: اشہر المشاہیر کے حالات	303
حضرت آدم علیہ السلام	303
حضرت نوح علیہ السلام	303
فرزندان نوح علیہ السلام کی شاخیں	304
سام کا حال اور سامی زبانوں پر بحث	305
حضرت ابراہیم علیہ السلام	306
ام المسلمین ہاجرہ علیہا السلام (حرہ یا امۃ کی بحث)	307
حضرت اسمٰعیل علیہ السلام (ذبیح اللہ کون تھا؟)	311
بائبل میں اسحٰق و اسمٰعیل علیہما السلام کے فضائل	314
اقوام اسماعیلی	315
عدنان	317
معد	317
نزار (اسکی اولاد کا شجرہ، امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کا نسب)	318
مضر	318
الیاس	318





مضامین	صفحہ نمبر
مدرکہ	319
خزیمہ	319
کنانہ (حدیث صحیح مسلم)	319
نضر	320
مالک	320
فہر (لفظ قریش کی وجہ تسمیہ)	321
غالب	321
لوی	321
کعب (ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ و عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا شجرہ نسب)	322
مرہ (ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ و خالد سیف اللہ رضی اللہ عنہ کا نسب)	322
کلاب (سعد رضی اللہ عنہ، عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ، سیدہ آمنہ کا نسب)	323
قُصَی (بیت اللہ پر قبضہ اقوام۔ قصی کے اصول حکومت)	323
شجرہ اولاد قُصی	324
عبد مناف (اشعار مدحیہ عبد مناف و شجرہ اولاد عبد مناف)	324
زکوٰۃ	326
غنیمت۔ فے کی بحث آیات تقسیم	327
نقشہ (احکام تقسیم صدقات غنیمت، فے مع آیات قرآن مجید)	328
ہاشم	329
نقشہ اولادِ ہاشم	330

مضامین	صفحہ نمبر
عبدالمطلب	330
نقشہ اولادِ عبدالمطلب	331
حارث عم النبی ﷺ اور ان کی اولاد	332
ابوسفیان مغیرہ ابن عم النبی ﷺ	333
ابوسفیان کے اشعار بر وفات رسول ﷺ	333
ابوطالب عم النبی ﷺ اور ان کے فرزندان و دختران	334
عقیل بن ابوطالب رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد کا شجرہ	335
جعفر طیار رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد کا شجرہ	335
سیدنا علی رضی اللہ عنہ اور علوی فرزند	336
وفات علی رضی اللہ عنہ پر بکر بن حماد کے اشعار فاطمہ (والدۂ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ)	337
اولاد علی کا نقشہ مع اسماء زوجات علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ	338
عباس علمدار اور ان کی اولاد کا شجرہ	339
عمر بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد کا شجرہ	340
ابوالقاسم محمد بن علی و اولاد محمد بن الحنفیہ کا شجرہ	340
ابوبکر بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ	341
ام ہانی دختر ابی طالب	341
جمانہ دختر ابی طالب	342
حمزہ رضی اللہ عنہ عم النبی ﷺ	342



مضامین	صفحہ نمبر
دختر حمزہ ؓ کی حضانت پر زید ؓ، جعفر ؓ اور حضرت علی ؓ کے دعاوی	343
ابولہب بن عبدالمطلب اور اس کی اولاد	344
عباس ابن عبدالمطلب ؓ اور ان کی اولاد	344
زبیر عم النبی ﷺ اور ان کی اولاد	347
عمات النبی ﷺ	347
بیضاء عمۃ النبی ﷺ	347
امیمہ عمۃ النبی ﷺ	347
عاتکہ عمۃ النبی ﷺ (اس کا خواب)	348
صفیہ عمۃ النبی ﷺ (قوت ایمانیہ صفیہ ؓ)	348
برۃ عمۃ النبی ﷺ	348
اروی عمۃ النبی ﷺ (اروی کے اشعار)	348
سردار عبداللہ والد النبی ﷺ (ان کے ذبح کا قصہ)	349
ابوطالب کے اشعار	349
سیدہ آمنہ اور ان کا شجرہ نسب	350
سیدہ آمنہ کے اشعار دعائیہ بشان نبی ﷺ	351
سیدہ آمنہ کے اشعار وفات شوہر پر	352
فصل	
آل النبی ﷺ	353

مضامین	صفحہ نمبر
ابناء النبی ﷺ	353
قاسم بن محمد النبی ﷺ	353
عبداللہ (طیب وطاہر)	353
ابراہیم بن محمد رسول اللہ ﷺ	353
جدول کسوف شمس	356
بنات النبی ﷺ زینب ؓ، بنت رسول ﷺ اور ان کی اولاد	357
سیدہ زینب ؓ	358
رقیہ ؓ بنت رسول ﷺ (عبداللہ سبط رسول ﷺ)	361
ام کلثوم ؓ بنت رسول ﷺ	362
سیدہ فاطمہ بتول ؓ بنت رسول اللہ ﷺ	363
ولادت فاطمہ ؓ کی تاریخوں میں اختلاف (حاشیہ)	363
مرویات سیدہ ؓ	366
ابنائے سیدہ فاطمہ ؓ	367
حضرت امام حسن ؓ	367
اولاد حضرت حسن ؓ	370
حضرت زید بن حسن ؒ	371
حضرت حسن مثنیٰ بن حسن ؒ	371
(سید الشیخ عبدالقادر جیلانی ؒ کا نسب)	371



مضامین	صفحہ نمبر
حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ	372
حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اوران کے اشعار	373
اہلیہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے اشعار برشہادت امام حسین رضی اللہ عنہ	373
اولا دحضرت امام حسین رضی اللہ عنہ	374
حضرت زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ اوران کی اولاد	374
عبداللہ الباہربن زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ	374
زیدشہید بن زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ	375
عمرالاشرف بن زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ	375
حسین الاصغربن زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ	375
علی الاصغر رحمۃ اللہ علیہ	375
حضرت امام باقر رحمۃ اللہ علیہ (صحیح مسلم میں ان کی ایک عجیب حدیث)	375
حضرت جعفرصادق رحمۃ اللہ علیہ اوران کے پانچ فرزندجن سے نسل جاری ہے	376
حضرت موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ اوران کے دس فرزند جن سے نسل جاری ہے	376
حضرت علی الرضاء رحمۃ اللہ علیہ	376
حضرت محمدالجواد رحمۃ اللہ علیہ، ان کے فرزندوں کی نسل	377
حضرت علی النقی رحمۃ اللہ علیہ	377
حضرت ابوعبداللہ جعفرکذاب	377
حضرت حسن عسکری رحمۃ اللہ علیہ	377
باب 2	
امہات المومنین (ازواج النبی ﷺ)	378
ایشیاء کے مشہورمذاہب	378
منہاج نبوت اورتعددزوجات	379
حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیویاں (3)	380
حضرت یعقوب علیہ السلام کی بیویاں (4)	380
حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیویاں (4)	380
حضرت موسیٰ علیہ السلام پر بے تعداد بیبیوں کا جواز	380
حضرت داؤد علیہ السلام کی بیویاں (9) اوردیگرازواج وحرم	381
حضرت سلیمان علیہ السلام کی بیویاں (1000)	381
فصل اوّل: نبی ﷺ اور کثرت زوجات اورمصالح نکاح	383
نکاح ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا	383
نکاح ام المومنین جویریہ رضی اللہ عنہا اورامن عام	384
ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کے فوائد	384
ام المومنین زینب رضی اللہ عنہا کے نکاح کے دینی فوائد	384
فصل دوم: ازواج النبی ﷺ کے فضائل	385
فصل سوم: ازواج کے ساتھ نبی ﷺ کاحسن سلوک	392
فصل چہارم: ازواج النبی ﷺ کانسب میں نبی ﷺ	

مضامین	صفحہ نمبر
سے اتصال مع نقشہ	394
فصل پنجم: امہات المومنین کے جداگانہ حالات	395
ام المومنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا	395
فرزندان سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا	397
اقارب سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا	398
ام المومنین سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا و اقارب سیدہ رضی اللہ عنہا	398
ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا	398
(حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا مختصر حال)	398
الشیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کا نسب (حاشیہ)	400
محبت کا امتحان	400
فضائل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا	401
مسئلہ فضیلت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا و حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا	404
احادیث مرویہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا	404
جہاد فی سبیل اللہ	405
اشعار حسان رضی اللہ عنہ بمدح صدیقہ رضی اللہ عنہا	405
امومتِ اُمت	406
ایک لغزش	406
اقارب سیدہ صدیقہ رضی اللہ عنہا	408

مضامین	صفحہ نمبر
ذاتی رنج پر اسلامی خدمات کو ترجیح	409
ام المومنین سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا	410
احادیث سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا	411
اقارب سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا	412
خواجہ فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ، مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ، شاہ ابو الخیر رحمۃ اللہ علیہ، حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کا نسب	412
ام المساکین سیدہ زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا	412
ام المومنین سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا	412
اقارب سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا	413
مرویات سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا	414
ام المومنین سیّدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا	415
حضرت زید رضی اللہ عنہ کا ذکر (نسب عالی)	415
ہر شخص آزاد پیدا ہوتا ہے	415
رسم تبنیت کے کڑوے پھل (خرابیاں)	416
خاوند بیوی کا رشتہ	417
جواز تبنیت اور تاویل	418
عیسائی اس قصہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا پر کیوں اعتراض کرتے ہیں؟	418

مضامین	صفحہ نمبر
اقارب سیدہ زینب رضی اللہ عنہا	419
خواہران ام المومنین رضی اللہ عنہا	422
ام المومنین سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا	422
مرویات سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا	423
اقارب سیّدہ جویریہ رضی اللہ عنہا	423
ام المومنین سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا	423
خطبہ نکاح	424
مرویات سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا	424
اقارب سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا	425
ام المومنین سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا	425
ام المومنین سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا	426
مرویات سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا	427
نقشہ متعلق احوال ازواج النبی ﷺ	428
باب 3	
غزوات وسرایا	429
نقشہ جس میں 82 غزوات وسرایا کا ذکر ہے	431
جدول واقعات عظیمہ متعلق سیرت النبی ﷺ	450
غزوات وسرایا کی صراحت کہ وہ سب لڑائیاں ہی نہیں	453

مضامین	صفحہ نمبر
غزوات وسرایا کی تقسیم بلحاظ مقاصد	455
فریق ثانی (قبائل)	457
قبائل کے باہمی تعلقات قرابت	458
قبائل کی شرکت جنگ کی تاریخ نقصانات جنگ ہر دو فریق	459
اسیران غزوات کا انجام	461
یورپ کی جنگ عظیم اور ہلاکت نفوس	462
مذہبی لڑائیاں اور اتلاف نفوس	462
فہرست ان صحابہ پاک کی جو نبی ﷺ کے عہد مبارک میں شہید ہوئے	464
باب 4	
اساطیر کے معنی	481
پادریوں کے اعتراض قرآن اور مبلغ قرآن پر اور اس مضمون کا سیرت سے تعلق	481
حضرت آدم علیہ السلام، ان کا نسیان	481
قائن وہابیل فرزندان آدم علیہ السلام	482
حضرت نوح علیہ السلام	483
حضرت ابراہیم علیہ السلام	484
حضرت لوط علیہ السلام	486



مضامین	صفحہ نمبر
حضرت اسحاق علیہ السلام	486
حضرت یعقوب علیہ السلام	487
حضرت یوسف علیہ السلام	488
حضرت موسیٰ علیہ السلام	490
حضرت داؤد علیہ السلام	494
حضرت سلیمان علیہ السلام	494
حضرت ایوب علیہ السلام	495
حضرت زکریا علیہ السلام	496
حضرت یحییٰ علیہ السلام	497
حضرت مسیح عیسیٰ بن مریم علیہما السلام	497
باب 4	
افضلیت سید المرسلین ﷺ (تخییر وتفضیلات)	498
آدم علیہ السلام	499
تعلم آدم علیہ السلام و تعلیم محمد ﷺ	499
نسیان آدم علیہ السلام، عدم نسیان محمد ﷺ	499
کلمات بر آدم علیہ السلام و کلمات بر محمد ﷺ	500
شجر آدم علیہ السلام و شجر محمد ﷺ	500
سجدہ بر آدم علیہ السلام و صلوات بر محمد ﷺ	500

مضامین	صفحہ نمبر
ادریس علیہ السلام	501
صدق ادریس علیہ السلام و صدق محمد ﷺ	501
رفعت مکان ادریس علیہ السلام و رفعت ذکر محمد ﷺ	501
الیاس علیہ السلام اور ادریس علیہ السلام واحد شخص کے نام ہیں	501
بعل بت اور لات و مناۃ و عزیٰ	502
نوح علیہ السلام	502
انبیاء اولوالعزم کے اسماء اور نبی ﷺ کا تقدم	502
نبوت نوح علیہ السلام اور نبوت محمد ﷺ کی وسعت	503
نوح علیہ السلام اور محمد ﷺ کی جانب سے عدم اطرادِ غرباء	503
حضرت نوح علیہ السلام اور ان کی امت کی سلامتی و برکات	503
امت محمدیہ اور صلوٰۃ و تطہیر و اتمام نعمت	503
حضرت ہود علیہ السلام	504
ہود علیہ السلام اور محمد ﷺ کی بشریت	504
مؤمنین عہد ہود و عہد نبوی ﷺ	504
حضرت ہود علیہ السلام اور محمد ﷺ کا جواب	504
صالح علیہ السلام اور محمد ﷺ کے مواعظ کے مضامین	505
خلیل الرحمٰن ابراہیم علیہ السلام	505
اطفائے نار بر ابراہیم علیہ السلام و محمد ﷺ	506



مضامین	صفحہ نمبر
تعمیر کعبہ وتقلب جہت کعبہ	506
بت شکنی و بطلان صنم پرستی	506
اذان برائے حج وفرضیت حج	506
ابراہیم علیہ السلام کا البغض للہ کی صفت میں اور محمد ﷺ کا الحب فی اللہ کی صفت میں اسوہ حسنہ ہونا	506
ابراہیم علیہ السلام کا اواہ وحلیم اور نبی ﷺ کا مالک خلق عظیم ہونا	507
ابراہیم علیہ السلام کی دلیل بر قدرت الٰہی محمد ﷺ کی براحیاء موتیٰ	507
حضرت لوط علیہ السلام	508
قوم کی جانب سے اخراج لوط علیہ السلام واخراج محمد ﷺ کی دھمکیاں	508
قوم لوط علیہ السلام کا عمل بر خبائث، نبی ﷺ کا تحریم خبائث	508
لوط علیہ السلام اور محمد ﷺ کی امداد کے لئے فرشتوں کا نزول	508
حضرت اسماعیل علیہ السلام	509
صدق وعدۂ اسماعیل علیہ السلام وتصدیق وعدہ نبوی	509
اسماعیل علیہ السلام اور محمد ﷺ کی اصلاح اہل بیت	509
طہارت بیت اللہ اور بیت اللہ کا قبلہ ہونا	509
حضرت اسحاق علیہ السلام	509
حضرت اسحاق علیہ السلام کا فرزند بشارت ہونا اور محمد ﷺ کا بھی فرزند بشارت ہونا	509
حضرت یعقوب علیہ السلام	510
حضرت یعقوب علیہ السلام اور محمد ﷺ کے مواعظ توحید یاس از رحمت کے خلاف یعقوب علیہ السلام اور محمد ﷺ کی تعلیم	510
استغفار یعقوب علیہ السلام برائے فرزندان واستغفار محمد ﷺ برائے عاصیان	511
درود شریف کی فضیلت	511
حضرت یوسف علیہ السلام	511
خواب یوسف علیہ السلام وخواب نبی ﷺ	512
امرأۃ العزیز اور امرأۃ زید رضی اللہ عنہ	512
یوسف علیہ السلام کے قتل واخراج اور نبی ﷺ کے قید، قتل اور اخراج کے مشورے	512
قحط میں حضرت یوسف علیہ السلام اور آنحضرت ﷺ کی امداد برائے غرباء	512
حضرت شعیب علیہ السلام	513
شعیب علیہ السلام اور محمد ﷺ کے احکام کیل و وزن پر	513
اخراج امت شعیب علیہ السلام واخراج مہاجرین رضی اللہ عنہم	513
انکار از فہم تعلیم شعیب علیہ السلام ومحمد ﷺ	513
سود در باصلوٰۃ ایمان بعہد شعیب علیہ السلام ومحمد ﷺ	514



مضامین	صفحہ نمبر
حضرت موسیٰ علیہ السلام	514
حضرت موسیٰ علیہ السلام کے یتیم ہونے کا گمان اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یتیم ہونا	514
موسیٰ علیہ السلام و محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مخالفین میں سے بسلامت نکلنا	515
دختر شعیب علیہ السلام اور خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا	515
تجلی بر موسیٰ علیہ السلام و معراج نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	515
تعاقب فرعون کے وقت کلام موسیٰ علیہ السلام	516
تعاقب قریش کے وقت حدیث نبوی علیہ السلام جس کی روایت قرآن میں ہے	516
تخلف بنی اسرائیل و تخلف اعراب از جہاد بعہد کلیمی ونبوی اور نتائج انجام اعدائے موسیٰ علیہ السلام و محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	517
شرح صدر موسوی و محمدی	518
وزارت موسیٰ علیہ السلام و رفع وزر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	518
رضا پر موسیٰ علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درجات	518
حضرت ہارون علیہ السلام	519
حضرت ہارون علیہ السلام اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا امام نماز ہونا	519
فصاحت ہارون علیہ السلام و فصاحت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	519
جوامع الکلم	519
فتیٰ موسیٰ علیہ السلام اور زید رضی اللہ عنہ کا ہم صفت ہونا	519
حضرت الیسع علیہ السلام	520
خیریت الیسع علیہ السلام امت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	520
حضرت داؤد علیہ السلام	521
علم داؤد علیہ السلام و محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	521
فضیلت داؤد علیہ السلام و محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	521
ارض موعود پر خلافت مومنین محمدیہ تلئین حدید و تلئین قلوب	522
حضرت سلیمان علیہ السلام	523
سلیمان علیہ السلام و محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غنیٰ	523
ریح السلیمان علیہ السلام و ریحا و جنودا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	523
حضرت سلیمان علیہ السلام اور جن و انس و طیر	523
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جملہ مخلوقات	523
حضرت یونس علیہ السلام	525
یونس علیہ السلام اور شکم حوت	525
محمد علیہ السلام اور بطن غار	525
تسبیح یونس علیہ السلام و تقدیس محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	526
حضرت ایوب علیہ السلام	526
صبر ایوب علیہ السلام و صبر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	526



مضامین	صفحہ نمبر
عبدیت ایوب علیہ السلام اور محمد ﷺ	527
ایوب علیہ السلام اور محمد ﷺ کا راجع الی اللہ ہونا	527
حضرت زکریا علیہ السلام	528
رحمت بر زکریا علیہ السلام و رحمت بر محمد ﷺ	528
دعا زکریا علیہ السلام والتجا محمد ﷺ	528
حضرت یحییٰ علیہ السلام، یحییٰ علیہ السلام کا دعائے زکریا ہونا اور محمد ﷺ کا دعائے ابراہیم ہونا	529
حضرت یحییٰ علیہ السلام مصدق بکلمۃ اللہ تھے اور محمد ﷺ مصدق لِمَا بَیْنَ یَدَیْہِ	529
یحییٰ علیہ السلام اور محمد ﷺ کا سید ہونا	530
یحییٰ علیہ السلام اور محمد ﷺ کا حصور ہونا	530
یحییٰ علیہ السلام کو نبی فرمایا گیا اور محمد رسول اللہ ﷺ کو 33 بار نبی کہا گیا	531
یحییٰ علیہ السلام کا اخذ کتاب	531
نبی ﷺ کا تعلیم الکتاب	531
یحییٰ علیہ السلام اور محمد ﷺ کی نرم خوئی	531
یحییٰ علیہ السلام و محمد ﷺ اور زکوٰۃ و تزکی	531
یحییٰ علیہ السلام اور محمد رسول اللہ ﷺ اور صفت تقویٰ	531
احسان للوالدین	532
حضرت عیسیٰ مسیح علیہ السلام	532
جدہ مسیح علیہ السلام اور نبی ﷺ کی دعا و استعاذہ	532
مریم علیہا السلام و مسیح علیہ السلام اور محمد ﷺ کے ماویٰ کا ذکر	532
مسیح علیہ السلام اور محمد ﷺ کی عبدیت اور ایتاء کتاب	533
مسیح علیہ السلام اور محمد ﷺ اور برکت	533
مسیح علیہ السلام اور محمد ﷺ کو حکم عبادت تا حیات	533
عیسیٰ علیہ السلام اور تائید روح القدس اور محمد ﷺ اور تائید جنود الٰہی	533
عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کا مقصد بشارت نبوی ﷺ تھا	534
اسم پاک احمد ﷺ پر احادیث نبوی	535
اسم پاک احمد ﷺ پر اشعار عرب	536
قبل از بعثت	536
اسم پاک احمد پر حضرت حسان رضی اللہ عنہ و کعب رضی اللہ عنہ کے اشعار بحیات نبوی ﷺ	537
صحابہ رضی اللہ عنہم اور علی مرتضیٰ و سیدہ فاطمہ کے اشعار اسم پاک احمد ﷺ پر بعد از وفات نبوی ﷺ	538
نبی کریم ﷺ سے پیشتر کسی شخص کا اسم احمد ﷺ سے موسوم نہ کرنا	539
بعد از نبی ﷺ اکثر اکابر امت کا اس نام سے موسوم ہونا اور 53 مشہور اسماء کی فہرست نبی کریم ﷺ کی شاہد ہیں	539

مضامین	صفحہ نمبر
نبی ﷺ شاہد ہیں	542
نبی ﷺ مبشر ونذیر ہیں	543
نبی ﷺ داعیاً الی اللہ باذنہ ہیں	544
نبی کریم ﷺ سراجًا منیرًا ہیں	546
باب 6	
رحمۃ للعالمین ﷺ	548
قرآن مجید میں للعالمین کا لفظ کس کس کے لئے ہے؟	548
نبی کریم ﷺ کی تعلیم کا قومی امتیازات سے بالاتر ہونا	549
نبی کریم ﷺ کا رحمۃ للعالمین ہونا	550
نبی ﷺ کی رحمت مختلف اقوام پر و نبی کریم ﷺ کی رحمت مختلف طبقات پر	550
نبی کریم ﷺ کی رحمت یہود پر	551
نبی کریم ﷺ کی رحمت عیسائیوں پر	552
رحمۃ للعالمین ﷺ اخوت کی تعلیم دیتا ہے	553
رحمۃ للعالمین ﷺ خالص انصاف کا حکم دیتا ہے	553
رحمۃ للعالمین ﷺ شہادت کی توثیق فرماتا ہے	553
رحمۃ للعالمین ﷺ بیوی کا درجہ اور حقوق بتاتا ہے	554
رحمۃ للعالمین ﷺ انسان کی جان کی قدر و قیمت کا اندازہ ظاہر کرتا ہے	554
رحمۃ للعالمین ﷺ جنگ میں بھی رحیمانہ اصول قائم فرماتا ہے	555
رحمۃ للعالمین ﷺ کا حکم والدین کی اطاعت پر	556
رحمۃ للعالمین ﷺ نے معافی کی فلاسفی ظاہر فرمائی	556
رحمۃ للعالمین ﷺ نے زنا کی برائی پر کیسی دلیل پیش کی	556
رحمۃ للعالمین ﷺ کا حکم حرمت شراب وقمار پر	557
رحمۃ للعالمین ﷺ کی رحمت کا عالم کے لئے عام ہونا	557
رحمۃ للعالمین ﷺ کی رحمت اور رافت کا خاص کیلئے خاص ہونا	557
باب 7	
حب النبی ﷺ	558
لفظ عشق کا استعمال قرآن وحدیث میں نہیں ہوا	558
عشق کے لغوی معنی، محبت اور عشق میں فرق	558
محبت کی صفت	559
جود وسخائے نبوی ﷺ	561
عدل وانصاف	562
نجدت وشجاعت	563
تواضع	564
حیاء	565

نبی کریم ﷺ کے خطوط کے عکس





مضامین	صفحہ نمبر
شفقت ورافت	565
عفو وکرم	566
زہد فی الدنیا	567
طریقہ نبوی کی جامع حدیث	569
عام اخلاق	569
محبت صحابہ رضی اللہ عنہم کی بابت عروہ بن مسعود کا بیان	571
محبت نبوی ﷺ پر زید کا حلفیہ بیان	571
عبید اللہ بن یزید صحابی رضی اللہ عنہ اور محبت نبوی ﷺ	571
ایک صحابیہ رضی اللہ عنہا کی محبت	572
انس وعثمان وغنی وعلی مرتضٰی رضی اللہ عنہم اور محبت نبوی ﷺ	572
جذبات محبت	572
کن بزرگوں کی محبت عین محبت نبوی ﷺ ہے	575
دعائے محبت	576
باب ہشتم 8	
لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ	577
دنیا کے مشہور سنین کی تاریخیں اور ہر ایک تاریخ کا سنہ ہجری سے تطابق	577
جدول آغاز شہور سنین نبوت ﷺ	578
قصیدہ درحمدِ باری تعالیٰ	593



فہرست مضامین رحمۃ للعالمین جلد سوم

مضامین	صفحہ نمبر
مقدمہ مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ	599
تمہید از مصنف	602
باب 1	
خصائص النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	603
خصوصیت نمبر 1	603
خصوصیت نمبر 2	607
خصوصیت نمبر 3	608
خصوصیت نمبر 4	609
خصوصیت نمبر 5	611
خصوصیت نمبر 6	613
خصوصیت نمبر 9,8,7	615
خصوصیت نمبر 10	618
خصوصیت نمبر 11	621
خصوصیت نمبر 12	624
خصوصیت نمبر 13	631
خصوصیت نمبر 14	634
خصوصیت نمبر 15	635
خصوصیت نمبر 16	640
خصوصیت نمبر 17	643
عرب	643
یہود	646
نصاریٰ	647
ہندو اقوام	649
مجوس	650
خصوصیت نمبر 18	651
خصوصیت نمبر 19	652
خصوصیت نمبر 20	656
خصوصیت نمبر 21	657
خصوصیت نمبر 22	659
خصوصیت نمبر 23	661
خصوصیت نمبر 24	664
خصوصیت نمبر 25	667



مضامین	صفحہ نمبر
خصوصیت نمبر 26	677
حالات نوح علیہ السلام	678
حالات ابراہیم علیہ السلام	678
حالات اسحاق علیہ السلام	679
حالات یعقوب علیہ السلام	679
حالات یوسف علیہ السلام	679
حالات داؤد علیہ السلام	679
حالات سلیمان علیہ السلام	680
حالات ایوب علیہ السلام	680
حالات موسیٰ علیہ السلام	681
حالات ہارون علیہ السلام	681
حالات زکریا علیہ السلام	681
حالات یحییٰ علیہ السلام	682
حالات عیسیٰ علیہ السلام	682
حالات الیاس علیہ السلام	683
حالات اسماعیل علیہ السلام	683
حالات الیسع علیہ السلام	684
حالات یونس علیہ السلام	684
حالات لوط علیہ السلام	684

مضامین	صفحہ نمبر
خصوصیات نبویہ از احادیث مصطفویہ ﷺ	686
نصرت بالرعب	686
روئے زمین کا مسجد وطہور ہونا	688
حلت مغانم	689
عطائے منصب شفاعت	690
بعثت عامہ	692
جوامع الکلم کا عطیہ	692
معراج	693
ساتوں آسمانوں پر آٹھوں انبیاء علیہم السلام کی ملاقات کا راز	702
قرآن کریم اور معراج شریف	703
بیداری وخواب کی بحث	705
معجزات نبویہ ﷺ	707
پانی کا معجزہ	711
دودھ کی برکت	715
تکثیر طعام	717
حنین جزع	719
حیوانات پر اثر	721
افلاک پر اثر معجزہ شق القمر	722
اس معجزہ کی توثیق	732



منبر وریاض الجنہ

مضامین	صفحہ نمبر
معجزات قسم دوم	725
اطلاع اخبار مستقبلہ	726
جہاز بحری کی اطلاع	726
پیش گوئی	727
فتوحات ممالک کی پیش گوئی	727
فتح مصر کی پیش گوئی	728
ملک عرب سے ممالک مفتوحہ کے قطع تعلق کی پیش گوئی	728
شاہ ایران کے متعلق پیش گوئی	729
معجزات قسم سوم	729
393 سال پیشتر کی پیش گوئی	729
654 سال پیشتر کی پیش گوئی	730
656 سال پیشتر کی پیش گوئی	731
700 سال پیشتر کی پیش گوئی	731
855 سال پیشتر کی پیش گوئی	731
1348 سال پیشتر کی پیش گوئی	731
زمانہ حال کی پیش گوئی	732
دورِ حاضر کی پیش گوئی	732
معجزات نبوی ﷺ	733
قتل سے مصئون رہنے کی دعاء	734
دعائے عفت	734
سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کے لئے دعاء	735
عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے لئے دعاء	736
انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے لئے دعاء	736
مالک بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کے لئے دعاء	736
تکبر کی سزا	736
شکستہ استخوان کی دُرستی کا معجزہ	736
اسماء الرسول ﷺ	737
سنت مصطفویہ ﷺ	755
اَلْمَعْرِفَةُ رَاسُ مَالِیْ	755
اَلْعَقْلُ اَصْلُ دِیْنِیْ	757
وَالْحُبُّ اَسَاسِیْ	759
وَالشَّوْقُ مَرْکَبِیْ	763
ذِکْرُ اللّٰہِ اَنِیْسِیْ	764
اَلثِّقَةُ کَنْزِیْ	769
وَالْحُزْنُ رَفِیْقِیْ	770
وَالْعِلْمُ سَلَاحِیْ	771
وَالصَّبْرُ رِدَائِیْ	774
وَالرِّضَاءُ غَنِیْمَتِیْ	779



مضامین	صفحہ نمبر
وَالْعِجزُ فَخرِیْ	781
والزُّهْدُ حِرْفَتِیْ	783
وَالْیقِیْنُ قُوْتِیْ	783
وَالصِّدْقُ شَفِیْعِیْ	785
وَالطَّاعَۃُ حَسَبِیْ	786
وَالْجِهَادُ خُلُقِیْ	787
وَقُرَّۃُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ	789
باب 2	
خصائص القرآن	791
ضرورت قرآن	791
فصاحت وبلاغت قرآن	792
معانی عالیہ ومضامین نادرہ	803
تاثیر قرآن	804
نمونہ تعلیم قرآن	806
قبولیت قرآن	807
خصوصیت قرآن مجید	808
قرآن مجید کا مصنف	812
قرآن مجید کی پیش گوئیاں	814
قرآن عظیم کے متعلق سات پیش گوئیاں	814

مضامین	صفحہ نمبر
پہلی پیش گوئی کہ اس کی نظیر کوئی نہ بنا سکے گا	814
دوسری پیشگوئی کہ قرآن مجید زمین پر ہمیشہ محفوظ رہے گا	815
نقشہ حروف تہجی	819
تیسری پیشگوئی بابت جمع قرأت قرآن مجید	822
چوتھی پیشگوئی کہ قرآن مجید کا حفظ رکھا جائے گا	822
پانچویں پیشگوئی کہ قرآن مجید کا حفظ کر لینا آسان ہوگا	822
چھٹی پیش گوئی کہ قرآن مجید کی کتابت جاری رہے گی	823
ساتویں پیش گوئی کہ کوئی بطلان قرآن کے مقابلہ میں نہ ٹھہر سکے گا	823
اسلام کے متعلق چار پیش گوئیاں	824
پہلی پیش گوئی	824
دوسری پیش گوئی	825
تیسری پیش گوئی	826
چوتھی پیش گوئی	828
پیش گوئی کہ لڑائیوں میں مسلمانوں کو ہی غلبہ رہے گا	829
پیش گوئی کہ روئے زمین پر مسلمانوں کو حکومتیں حاصل ہونگی	830
پیش گوئی کہ اہل ایمان کی دنیوی حالت اچھی ہو جائے گی	830
مہاجرین کے متعلق تین پیش گوئیاں	831
پیش گوئی کہ تنگدستی کے بعد مسلمان غنی ہو جائیں گے	831



مضامین	صفحہ نمبر
پیش گوئی کہ عرب میں بت پرستی معدوم ہوجائے گی	832
پیش گوئی کہ مہاجرین کو دنیا میں اچھا ٹھکانا ملے گا	833
پیش گوئی کہ اصحاب رسول ترقی وکمال حاصل کریں گے	833
زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے متعلق پیش گوئی	834
غیر اقوام کے مسلمان ہونے کی پیش گوئی	834
اہل ایمان کے متعلق پیش گوئیاں	835
پیش گوئی کہ قرآن مجید کے مخاطبین اولی میں فتنہ عام برپا ہوگا	839
مستہزئین مکہ کے متعلق پیش گوئی	839
قریش کے دشمنوں کے متعلق پیش گوئی	841
کفار مکہ کے متعلق پیش گوئی	843
کفار عرب کے متعلق پیش گوئی	843
پہلی پیش گوئی کہ وہ مسلمانوں کو عاجز نہ کرسکیں گے	843
دوسری پیش گوئی کہ مشرکین عرب مرعوب ہوں گے	843
اہل مکہ کے خلاف دو پیشگوئیاں	844
ابولہب کے متعلق پیش گوئی	845
ابولہب کی عورت کے متعلق پیش گوئی	844
منافقین کے متعلق پانچ پیش گوئیاں	845
مخلفین جہاد کے متعلق دو پیش گوئیاں	848
غزوات نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق پیشگوئیاں	850
یہود اور منافقین کے معاہدات پر دو پیش گوئیاں	852
مسلمانوں کی تعداد کے متعلق پیش گوئی	854
یہودیوں کے متعلق 9 پیش گوئیاں	855
عیسائیوں کے متعلق تین پیش گوئیاں	858
سلطنت روما و ایران کے متعلق دو پیشگوئیاں	859
باب 3	
خصائص اسلام	862
اسلام ہی دین التوحید ہے	862
اسلام ہی روحانیت کا مذہب ہے	867
اسلام ہی اخلاق حسنہ کا معلم ہے	872
اسلام ہی نے رحم وعدل کے مسئلہ کو حل کیا	877
اسلام ہی علم اور علماء کا حامی ہے	879
تذییل	884
اسلام ہی دین العمل ہے	885
اصول ارث و مواریث	886
اسلام ہی بانی اخوت ہے	889
اسلام ہی نے انسان کی انسانیت کے درجہ کو بلند کیا	895



مضامین	صفحہ نمبر
اسلام ہی غیر متعصب دین ہے	898
اسلام ہی دین المحبت ہے	903
اسلام ہی مساوات کا بانی ہے	908
اسلام ہی نے حکومت میں رعایا کو حصہ دار بنایا	912
اسلام ہی کی بنیاد قومیت سے بالاتر رکھی گئی ہے	914
اسلام ہی اپنے مہد وگہوارہ میں آج تک قائم ہے	915
اسلام ہی دین تمدن ہے	916
اسلام ہی فیض رساں دین ہے	920
اسلام ہی نے ہدایت الٰہیہ کو ربوبیت خالقیہ کی طرح کل عالم کے لئے عام بنایا	923
اسلام دین البر ہے	927
اسلام دین التقویٰ ہے	928
اسلام دین الصدق ہے	931
اسلام ہی دین الحسن والجمال ہے	933

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ
Verily in the messenger of Allah ye have a good example
Lokasher

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کلمة الحرمین

نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ ایسا بابرکت، ایمان افروز اور پاکیزہ موضوع ہے، اس کا جتنا بھی مطالعہ کیا جائے کم ہے۔ ہر مسلمان کی یہ عزیز ترین متاع حیات ہے۔ اسوۂ حسنہ کی روشنی، ذہنی، فکری، اعتقادی اور عملی زندگی کی آبیاری کرتی ہے۔ مردہ دلوں کو زندہ، سرسبز و شاداب اور اپنی عطر بیزی سے اس کائنات کو معطر، منور اور مبارک کرتی ہے اور بنی نوع انسان کے قلب و دماغ کو روشن کرتی اور اسکی تعمیری، فکری اور عملی صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہے اور برگشتہ انسانیت کو صراط مستقیم پر گامزن ہونے کے لیے برسر عمل اور مستعد کرتی ہے۔

ہر وہ شخص جو اللہ عزوجل کی وحدانیت وحقانیت کا دل و جان سے اقرار کرتا ہے اور عبدیت کا حق ادا کرنا چاہتا ہے۔ وہ نبی کریم ﷺ کی ذات بابرکات، حسب ونسب، نجابت وشرافت، اخلاق وکردار، طور اطوار، انداز تمدن ومعاشرت، ذاتی، خانگی، اجتماعی، ملکی، ملی معاملات، اپنوں اور بیگانوں سے آپ ﷺ کا برتاؤ اور طرز عمل سیرت وکردار کے آئینہ میں ضرور جاننا چاہتا ہے۔ دوسروں سے آپ ﷺ کی ذات گرامی کا موازنہ اور حیات طیبہ ﷺ کے ہر ہر گوشہ کا مطالعہ اپنے ایمان ویقین کا حصہ تصور کرتا ہے۔ کیونکہ اس ذات بابرکات سے تعلق ہی آدمی کو ایک اچھا انسان اور راسخ العقیدہ مسلمان بناتا ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ کی ذات اقدس زندگی کے ہر مرحلہ، موقع اور مقام پر انسانوں کی رہنمائی کا فریضہ ادا کرتی ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ﴾ [33:الاحزاب:21]

''آپ کی حیات مبارکہ ہی سب سے بہترین نمونہ ہے''

نبی کریم ﷺ کا کام صرف احکام کی تبلیغ وارشاد ہی نہ تھا۔ بلکہ ان احکام وفرائض کا عملی اجراء ونفاذ بھی آپ ﷺ کے پیغمبرانہ واجبات اور تبلیغی ذمہ داریوں کا حصہ تھا۔ سب سے پہلے خود پیغمبر اسلام ﷺ نے اللہ عزوجل کے احکامات کو اپنی عملی زندگی میں لاگو کر دکھایا تاکہ بنی نوع انسان کے لیے کسی قسم کی استثنائی صورت پیدا نہ ہو۔ عداوت، مخالفت، طعن زنی معنوی اور مادی نقصانات کی پروا نہ کرتے ہوئے آپ اپنے مشن کی تکمیل میں ہمہ وقت اور ہمہ تن مصروف رہے۔

اخلاق عالیہ، گفتار، کردار، معاملات معمولات، نرم دلی، عفو وحلم، انصاف، دادرسی، حقوق کا تحفظ، فرائض کی انجام دہی اور ملک و ملت سے وفا، کس کامیاب انسانی معاشرے کی ضرورت نہیں ہے؟ ان سب معاملات میں سیرۃ النبی ﷺ ہماری رہنمائی کے لئے سب سے اولین اور زریں دستور حیات ہے۔ کیونکہ دین اسلام کے احکام اور وہ اعلیٰ وارفع ربانی تعلیمات جو اللہ عزوجل نے آپ ﷺ کو سکھلائی تھیں ان سب کا عملی اظہار ور حقیقت قرآنی تعلیمات کی ہی عملی تفسیر اور تعبیر تھی۔ توحید، نماز، روزہ، حج، زکوۃ، صبر واستقلال، توکل علی اللہ، جیسے اخلاق عالیہ پر عمل پیرا ہونا ہی توحید پرست انسان کی نجات کا بنیادی ذریعہ ہے۔ گویا آپ ﷺ ان اعمال واخلاق حسنہ کی عملی اور مجسم تصویر تھے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے جب سوال کیا گیا کہ آپ ﷺ کے اخلاق اور معمولات بیان فرمایئے، ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا جواب دیتی ہیں کہ کیا آپ قرآن کریم کا مطالعہ نہیں کرتے۔؟

كَانَ خُلُقُ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلْقُرْآنَ ''آپ ﷺ قرآنی اخلاق سے متصف تھے۔''

قرآن کریم دراصل سیرۃ النبی ﷺ پر سب سے معتبر اور مستند کتاب ہے۔

غالب ثنائے خواجہ بہ یزداں گزاشتیم
کاں ذات پاک مرتبہ دانِ محمد است

نبی کریم ﷺ کی حیات طیبہ کا ایک ایک واقعہ قرآن کریم کی حقیقی ترجمانی، تفسیر، تعبیر اور عملی تصویر ہے۔ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ اور دیگر امور اور احکام قرآنی پر کیسے عمل پیرا ہونا ہے؟ معروف ومنکر کو کیسے جانچنا ہے؟ نیکی وبدی کے فرق کو کیسے معلوم کرنا ہے؟ فلاح وکامرانی کیسے اور کیونکر حاصل ہوسکتی ہے؟ ان سب امور کی تشریح وتوضیح کے لئے پیغمبر ﷺ کا اسوۂ حسنہ رہبری ورہنمائی کے لئے پوری آب وتاب سے موجود ہے۔

آپ ﷺ احکام الٰہی کی بجا آوری میں ہمہ تن مصروف ومشغول رہے۔ ان اعمالِ جلیلہ کی بجا آوری میں راستہ کی کسی مشکل اور رکاوٹ کو پرکاہ سے زیادہ اہمیت نہ دی۔ آپ ﷺ کی تیئیس (23) سالہ زندگی اس مشن کی تکمیل اور اطاعت گزاریوں سے عبارت ہے۔

دعوت دین کے ساتھ ساتھ ستائے اور تڑپائے جانے والے احباب کی خبر گیری، دل جوئی، ان کے لیے مناسب حال بندوبست آپ کی خداداد مدبرانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرنے والے بے خانماں مہاجرین کی آباد کاری، نومولود اسلامی سلطنت کا استحکام، مدینہ منورہ اور اس کے گرد ونواح میں یہود اور دیگر قبائل عرب سے معاہدے، بیرونی خطرات، مسلط کی گئی جنگیں، دفاعی حکمتِ عملی، صحابہ کرام ﷺ کی علمی وعملی تربیت، احکام دین کی تشریح وتوضیح، رجال کار، مبلغین ودعاۃ کی فکری ونظری رہنمائی کے ساتھ ساتھ خاندانی اور خانگی امور کی باحسن بجا آوری جیسے تمام امور کی انجام دہی آپ ﷺ کے معمولات مبارکہ تھے، جسے آپ بڑی ذمہ داری اور خداداد قائدانہ صلاحیتوں سے سرانجام دے رہے تھے۔ مقدس زندگی کا ایک ایک گوشہ، جلوت خلوت، عملی زندگی کے تمام تر زریں اصول آج امت مسلمہ کے سامنے دن کے اجالے کی طرح واضح اور آشکارا ہیں۔ ان امور سے آگاہی اور اسے اپنی عملی زندگی بنانا اور حتی المقدور وہ اصول وقواعد جن پر نبی کریم ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں عمل فرمایا اسے اسوۂ حسنہ کے طور پر اپنانا ہر مسلمان کا فرض ہے۔ یہ دنیاوی کامیابی وکامرانی کے ساتھ ساتھ اخروی نجات اور اللہ احکم الحاکمین کی خوشنودی اور تقرب کا بھی باعث ہے۔

انسانی معاشرہ تجدد وتغیر پذیر ہے۔ نسلی وعلاقائی امتیاز، حالات ومواقع، مزاج کی رنگارنگی، ترجیحات کا واضح فرق، دوسروں پر بالا دستی اور تفوق زمانے کا ایک عام دستور ہے۔ نبی اور رسول اسی دینی اور دنیاوی خرابیوں کی اصلاح کے لیے مبعوث ہوتے رہے۔ نبی کریم ﷺ آخری پیغمبر اور رسول تھے۔ ان پر نبوت کا دروازہ بند ہوگیا۔ اب نہ تو کوئی نبی اس کائنات کی رہبری اور رہنمائی کیلئے مبعوث ہوسکتا ہے اور نہ قرآن کریم کے بعد کوئی آسمانی کتاب نازل ہوسکتی ہے۔ لیکن دنیا تو قائم ہے۔ یہاں بسنے والے انسانوں کو ہدایت ورہنمائی کی تو ہر وقت ضرورت ہے۔ اسلامی شریعت دائمی اور قیامت تک کے لئے ابدی ہے۔ جو تمام زمانوں اور تمام انسانوں کے لئے نمونہ عمل ہے۔ اس شریعت مطہرہ میں انسانی گروہوں کی معاشی، معاشرتی، سیاسی، علاقائی سب مجبوریوں، ضرورتوں اور مصلحتوں کا پورا پورا لحاظ رکھا گیا ہے۔ اگر اللہ عزوجل کی طرف سے نبی آخرالزماں ﷺ کی زندگی کو نمونہ عمل نہ قرار دیا ہوتا تو آج گم گشتہ انسانیت کس کے دامن سے وابستہ ہوتی؟ اور اپنی انارکی، خلفشار، بدامنی اور بے دینی کا حل کیسے تلاش کرتی؟ اپنی خوش بختیوں اور سعادت مندیوں کے لئے کس کو اپنا رہبر تسلیم کرتی۔

آپ ﷺ کی زندگی کا ایک ایک گوشہ پندرہ (15) صدیاں گزرنے کے باوجود مسلمانانِ عالم بلکہ پوری نسل انسانی کی رہنمائی اور ہدایت کا سامان ہے۔ آپ ﷺ کی ذات اقدس اعتقادات، عبادات، ایمانیات، اخلاقیات، معاشرت، معیشت،

معاملات، انفرادی، ازدواجی، ملی، فکری، سیاسی غرضیکہ زندگی کے تمام طبعی مراحل ومنازل میں روشنی، عظمت، کامرانی اور نور کا مینار ہے۔

سیرت طیبہ ﷺ پر تصنیف وتالیف کا سلسلہ عہد اسلام کی تاریخ جتنا ہی قدیم ہے اور یہ ایسا موضوع ہے جس کی رعنائی و زیبائی اور عطر بیزی دنیا کی ہر زندہ زبان میں دیکھی اور محسوس کی جا سکتی ہے اور شاید ہی دنیا کی کوئی ایسی زبان ہو جو سیرت النبی ﷺ کے پاکیزہ ادب کی لطافتوں اور رعنائیوں سے محروم ہو۔

مؤرخانہ بصیرت، اسلوب بیان کی ندرت، مثبت انداز بیان، داعیانہ شیریں بیانی، جاندار اور پر حکمت اسلوب، شستہ انداز تحریر یہ تمام کمالات کا کسی شخصیت میں یکجا ہونا بظاہر ناممکن اور مشکل ہے۔ لیکن اللہ عزوجل کا لطف وکرم اور اعزاز دیکھئے کہ ہمارے ممدوح قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ مصنف ''رحمۃ للعالمین'' اُن سب اوصاف حمیدہ اور اطوار جلیلہ سے متصف تھے۔ انھی اوصاف کی بنا پر اللہ تعالیٰ نے قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کی تصانیف کو شرف قبولیت سے نوازا کہ پون صدی گزر جانے کے باوجود مصنف ''رحمۃ للعالمین'' آج بھی تصنیف وتالیف کی دنیا سے اپنا لوہا منوا رہے ہیں۔

قاضی صاحب نے جس موضوع پر بھی قلم اٹھایا، اعتماد ویقین اور ذمہ داری سے تحریر کا حق ادا کیا۔ انداز تحریر میں تلخی تو بہت دور کی بات، پوری کتاب کا مطالعہ کر لیجئے ایک سطر بھی موضوع اور محل سے ہٹی نہ ہوگی۔ استدلال کی فراوانی اور موقع محل کی مناسبت سے آیات و احادیث کا برمحل استدلال تصنیف کی قدر ومنزلت میں اور بھی اضافہ اور شان پیدا کر دیتا تھا۔

اس کتاب ''رحمۃ للعالمین'' کو ''رب العالمین'' نے ایسی قبولیت وشرف عطا فرمایا کہ اس کی مثال اس پوری صدی میں ملنی نا صرف مشکل بلکہ محال ہے یہ خوش بختی وسعادت مصنف ''رحمۃ للعالمین'' کے ساتھ ہی خاص ہے۔

مصنف کے منفرد انداز نگارش، حسن بیان، حسن ترتیب، حسن انتخاب، عشق مصطفوی ﷺ، اثر انگیزی، دل آویزی معلومات کی ترتیب ویکجائی، روایت ودرایت، تحقیق وتبویب کے باعث جلالتِ علمی کا خوبصورت اظہار اور تصنیفی دنیا کا لازوال شاہکار ہے کہ لکھے ہوئے الفاظ زندہ حقیقتوں اور بولتی صداقتوں کا خوبصورت نمونہ نظر آتے ہیں کہ بے ساختہ قاری کے ہاتھ مصنف ''رحمۃ للعالمین'' کی بلندیٔ درجات کے لئے بارگاہِ ''رب العالمین'' میں دعائے خیر کے لئے اُٹھ جاتے ہیں۔

بنا کردند خوش رسے بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

ایک منفرد، علمی، فکری، دعوتی اور تربیتی انسٹیٹیوٹ (Institute) ہے۔ جو دور حاضر کے تمام جدید وسائل وذرائع ابلاغ آڈیو، وڈیو، انٹرنیٹ کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے مشن میں ہمہ وقت مصروف ہے۔

الحمدللہ! فتاویٰ آن لائن اور اس کا ٹول فری فون (0800-11777) نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونی دنیا میں بسنے والے مسلمان خواتین وحضرات کی دینی، معاشی، روحانی، معاشرتی، سماجی مشکلات اور مسائل کا قرآن وسنت کی روشنی میں رہنمائی کا فریضہ گزشتہ تین برس سے بڑی باقاعدگی سے سرانجام دے رہا ہے۔ وبنعمتہ تتم الصالحات

اس کے علاوہ '' مرکز الحرمین الاسلامی فیصل آباد، پاکستان'' تھوڑے ہی عرصہ میں تفاسیر، احادیث، فقہ، تاریخ، سیرت النبی ﷺ اور دیگر اہم موضوعات پر مشتمل لاکھوں روپے کی کتب انتہائی ارزاں (خرید اور لاگت سے کم) تبلیغی نرخوں پر پہنچانے کی

ذمہ داری بڑی عقیدت اور اخلاص سے ادا کر رہا ہے۔

ان تبلیغی کتب میں قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کی سیرۃ النبی ﷺ پر شہرۂ آفاق اور انتہائی معتبر اور پسندیدہ کتاب ''رحمۃ للعالمین'' بھی ہے۔

مارکیٹ میں بے شمار پبلشرز کی طبع شدہ یہ کتاب عام دستیاب ہے۔لیکن بدقسمتی سے کوئی بھی نسخہ اس خوبصورت کتاب کے حوالہ سے پورے طور پر مکمل نہیں۔ کتاب جس عنایت، علمی محبت، توجہ اور معیار کی محتاج تھی۔ اس طرف قطعاً کوئی قابل ذکر توجہ نہ دی گئی۔ بعض اداروں نے اس کتاب کو مختلف انداز سے شائع کیا ہے، لیکن کتاب جس تحقیق، تخریج، تعلیق، نئے پرانے نسخہ جات کا تقابل، ابواب کی صحیح تقسیم، آیاتِ قرآنی کا ترجمہ، اشعار کی تصحیح، اعراب کی درستگی، غیر مسلم محققین مصنفین اور مستشرقین کے صحیح نام، ائمہ اور اکابر ملت کا تذکرہ اور دیگر امور جو کتاب کی افادیت و اہمیت کو اور زیادہ خوبصورت اور کتاب کی قدر و منزلت اور افادیت میں اضافہ کا سبب بن سکتے تھے۔ قطعاً قابل اعتناء نہ سمجھا گیا اور نہ ان امور کی طرف کوئی خاص توجہ دی گئی۔

اس کمی کو پورا کرنے کے لئے'' مرکز الحرمین الاسلامی فیصل آباد، پاکستان'' کے علمی رفقاء نے اس عظیم ذمہ داری کی سعادت کا بیڑا اُٹھایا۔ سابقہ حوالہ جات کی ترقیم و ترتیب، تبویب، تفہیم کے ساتھ ساتھ کچھ مزید مفید فٹ نوٹس کا اضافہ کیا۔ جو بہت حد تک سابقہ کمی کو پورا کرتا ہے۔ دو سال کی مسلسل محنت شاقہ کے بعد یہ علمی شاہکار اپنی معنویت، افادیت، تخریج، تحقیق تعلیق کے ساتھ ساتھ کاغذ، طباعت، ٹائٹل اور پرنٹنگ کے اعتبار سے بھی اپنی مثال آپ ہے۔ جو'' مرکز الحرمین الاسلامی فیصل آباد، پاکستان'' کے رفقاء و معاونین کی محبت، محنت، تحقیق، تخریج، تعلیق اور اخلاص کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ دیگر اور بھی کئی کتب پر اسی نوعیت کا علمی، تحقیقی اور فکری کام ہو رہا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ عزوجل ہمیں اپنے نیک مقاصد اور ارادوں میں کامیاب فرمائے۔

آخر میں اپنے برادر عزیز **محمد جاوید ناصر** کے لیے خصوصی دعا گو اور شکر گزار ہوں کہ جس کی ایک خواہش'' مرکز الحرمین الاسلامی فیصل آباد، پاکستان'' کی بنیاد اور اساس ٹھہری کہ یہ ناچیز دین کی آبیاری، اعلاء کلمۃ اللہ اور تصنیف و تالیف کی دنیا میں مشنری جذبہ سے اپنی زندگی کی اصل منزل کی طرف کشاں کشاں گامزن ہو گیا۔ ناسپاسی ہوگی کہ میں اس کتاب کو مفید تر بنانے میں اپنے علمی و فکری معاون سماحۃ الشیخ عبداللطیف سرور حفظہ اللہ کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا نہ کروں جن کی قدم قدم پر رہنمائی اور علمی معاونت اس کتاب کو مفید تر بنانے میں میرے ساتھ رہی۔

برادرم رانا شبیر احمد، ایم انور جاوید، شیخ محمد عرفان، محمد یحییٰ فاروق اور دیگر معاونین اور رفقاء بھی بطور خاص ہم سب کے شکریہ اور دعاؤں کے مستحق ہیں۔ جن کی علمی، فکری اور نظری رہنمائی کے ساتھ ساتھ مادی اور معنوی تعاون بھی اس کتاب کی اشاعت کا باعث بنا۔

دعا ہے کہ اللہ عزوجل اس کتاب کے مصنف کی بخشش کے ساتھ ساتھ ہماری اس عاجزانہ کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نوازے۔ ادارہ اس کے بانی، رفقاء، معاونین اور سب مسلمانوں کو نبی کریم ﷺ کی محبت و اتباع کا سچا اور حقیقی جذبہ عطا فرمائے اور سیرۃ النبی ﷺ پر اخلاص و عقیدت سے عمل پیرا ہونے کی توفیق بخشے۔ آمین

میاں طاہر

مرکز الحرمین الاسلامی فیصل آباد، پاکستان

قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ

میاں طاہر

مصنف ''رحمۃ للعالمین'' کی شخصیت علمی حلقوں میں کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ ایک جید عالم، وسیع النظر مؤلف اور بلند پایہ سیرت نگار تھے۔ آپ دین داری، زہد و ورع، تقویٰ اور للّٰہیت میں یگانہ روزگار شخصیت تھے۔ علوم اسلامیہ کے ساتھ عصری علوم سے بھی بہرہ ور تھے۔ عربی، فارسی اور انگریزی پر مکمل عبور کے ساتھ ساتھ ادیان و فرق باطلہ پر ان عقائد و نظریات کے ماننے والوں سے بڑھ کر معلومات رکھتے تھے۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ متبحر عالم، محقق اور سیرت نگار ہونے کے ساتھ ساتھ ایک صاحب طرز انشا پرواز تھے۔ دین اسلام کی حقانیت اور نبی کریم ﷺ کی ذات بابرکات سے انہیں خاص انس، لگن بلکہ جنون کی حد تک عشق و محبت تھی۔

''رحمۃ للعالمین'' ان کی ایک یادگار اور خوبصورت تحریر ہے۔ جس کا ایک ایک لفظ عشق رسول ﷺ کی خوبصورت اور لطیف مہک سے معطر ہے۔ اس کتاب کی ایک ایک سطر کچھ اس قدر رچائی، محبت اور وارفتگی سے لکھی گئی ہے کہ قاری اگر ذمہ داری اور محبت و عقیدت سے اس کتاب کا مطالعہ کرے تو اپنے آپ کو کبھی مکہ، کبھی مدینہ اور کبھی بدر و حنین کے میدانوں میں پائے گا۔ تحریر میں ایسی شگفتگی اور قلم میں ایسی روانی ہے کہ قاری کتاب پڑھتے پڑھتے عشق و محبت رسول ﷺ میں ڈوبتا چلا جاتا ہے۔ ذات رسول ﷺ سے محبت و عشق ان کی سیرت نگاری کا سب سے نمایاں اور خوبصورت عنوان ہے۔ محبت رسول ﷺ کا وہ توشہ کہ جس کے بغیر آخرت کی سعادت و خوش بختی اور خوش نصیبی کا تصور ممکن ہی نہیں۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ نالۂ نیم شب اور آداب سحر گاہی کی لذت سے خوب آشنا تھے۔ مصنف ''رحمۃ للعالمین'' نے اپنی خوبصورت اور دل آویز نگارشات کے لئے اپنی محبت و عقیدت کے گلہائے عقیدت کے چناؤ کے لئے اسی مبارک اور باسعادت وقت کو موزوں جانا۔ پوری کتاب نماز تہجد اور نماز فجر کے دوران قلمبند فرمائی۔

عطار ہو رومی ہو رازی ہو غزالی ہو
کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی

دنیائے اسلام میں وہ کون ایسا اردو دان مسلمان ہوگا جو مصنف ''رحمۃ للعالمین'' کے نام و مرتبہ سے ناآشنا ہو اور وہ کون سا عاشق رسول ﷺ اور متبع سنت ہوگا۔ جس نے سیرت النبی ﷺ کے تمام تر گوشۂ حیات پر محیط کتاب ''رحمۃ للعالمین'' کا مطالعہ کرنے کی سعادت اور خوش بختی حاصل کر کے اپنے دل و دماغ کو منور اور اپنی زندگی کے چال چلن کو اسوۂ حسنہ کے مطابق ڈھالنے کی مقدور بھر کوشش نہ کی ہو۔ قاضی رحمۃ اللہ علیہ صالح، عبادت گزار، خلیق، ملنسار اور دیگر اوصاف حمیدہ کے حامل، بڑے ہی وضع دار اور متوازن انسان تھے۔

نبی مکرم ﷺ کی دعوت و نبوت کی زندگی تیئس (23) سالہ جہد مسلسل کا عنوان اور روزنامچہ ہے۔

مصنف ''رحمۃ للعالمین'' قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ کی سعادت و خوش بختی ملاحظہ فرمائیے کہ کس قدر حسین امتزاج اور حسن اتفاق ہے کہ ان کی اسوۂ رسول ﷺ پر مشتمل عدیم المثال کتاب ''رحمۃ للعالمین'' بھی تقریباً تیئس (23) برس کی محنت شاقہ اور عرق ریزی ہی کا ایک جیتا جاگتا شاہکار ہے۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ ایک نورانی چہرہ، بلند قامت، معزز و وجیہ، گوری رنگت، گھنی اور خوبصورت داڑھی، ستواں ناک، خوددار، متحمل مزاج، مسکراتا چہرہ، کشادہ اور باوقار پیشانی، نرم طبیعت، خوش طینت ریاستی پگڑی اور چوڑی دار پاجامہ پہننے والے بزرگ تھے۔ عالمانہ سنجیدگی اور وقار جن کا اوڑھنا بچھونا، وعظ و ارشاد جن کی زندگی کا مشن تھا، آپ قلم و قرطاس سے منسلک تھے اور خدمت خلق اور اصلاح معاشرہ ایسے اہم فرض کو اپنی زندگی کا جزو ایمان بلکہ ایمان کامل تصور کرتے تھے۔ اپنی تحریر و تقریر میں وحدت و یگانگت کی عملی تفسیر اور تصویر مجسم تھے۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ 1867ء کو منصور پور میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد قاضی احمد شاہ بھی ایک صاحب علم اور نیک نام بزرگ تھے۔ وہ ریاست پٹیالہ کے نائب تحصیل دار کے عہدہ پر فائز تھے۔ اسلامیات کی بعض کتب آپ نے اپنے والد بزرگوار سے ہی پڑھیں۔

نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ، ولادت باسعادت سے اس جہان فانی سے رخصت کے آخری لمحات کی روئیداد اور کارہائے نمایاں کی سنہری تاریخ ہے۔ جس میں حیات نبوی ﷺ کا ایک ایک گوشہ خواہ امور سیاست سے متعلق ہو یا زندگی کا کوئی ایسا پہلو جو بنی نوع انسانی کے لئے خیر و برکت اور کامیابی و کامرانی کا باعث ہو بڑی عمدگی اور عقیدت کے ساتھ درج فرمایا ہے۔ واقعات کی صحت و صداقت کا اس قدر لحاظ و خیال رکھا کہ ایک ایک جزئی کی کتاب و سنت سے دلیل بہم پہنچائی کہ قاری کتاب کا مطالعہ کرتے ہوئے تسلسل اور شیرینی کلام کے باعث عہد زریں میں پہنچ جاتا ہے کہ جیسے وہ خود مقامات مقدسہ کی زیارت کرتے ہوئے اپنے دل و دماغ کی کیفیت و احساس میں نبی آخر الزماں ﷺ کی معیت میں گھوم رہا ہے اور لطف اندوز ہو رہا ہے۔ عورتوں، بچوں، غلاموں، غیر مسلموں غرضیکہ اپنوں اور بے گانوں کے ساتھ آپ ﷺ کے حسن سلوک اور برتاؤ کے باعث اپنے آپ کو اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہونے کے لئے آمادہ اور برسر عمل پاتا ہے۔

خانوادۂ نبوت ﷺ کا ذکر اور مختلف قبائل و خاندان سے نسبی اور خانگی تعلق جوڑنا اور ہر ہر جزئی پر سیر حاصل معلومات بہم پہنچانا قاضی رحمۃ اللہ علیہ پر بس ہے خاندان رسول اللہ ﷺ چچوں پھوپھیوں اور آباء و اجداد رسول ﷺ کا ذکر خیر نیز ایک ایک شخصیت کا تذکرہ شاید ہی کسی اور کتاب میں ایسی عقیدت و محبت سے کیا گیا ہو جو خوبصورت اور لطیف پیرایہ "رحمۃ للعالمین" میں اختیار کیا گیا ہے۔

ازواج النبی ﷺ کے ضمن میں مصنف "رحمۃ للعالمین" کا خوبصورت قلم ایک ایک زوجہ محترمہ کا تعلق اور آنحضرت ﷺ کا نسب ان کے ساتھ اس انداز اور خوبصورتی سے ملاتے اور ان پاک ہستیوں سے آنحضرت ﷺ کے انس و محبت کا تذکرہ، اس خوبی اور احسن پیرایہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ قاری عش عش کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

فرزندان اور بنات نبی ﷺ کے حوالہ سے بہت عمدہ، مفید و معلوماتی اور محققانہ بحث تحریر فرمائی ہے اور پھر ہر ہستی کا الگ الگ ذکر اور ان کی اولاد و احفاد کا ذکر کس عقیدت و عمدگی سے مرتب فرمایا اور اس کتاب کی تصنیف تک چند اکابر ملت، بزرگان اسلام اور مشائخ عظام کا ان عظیم اور مقدس ہستیوں سے نسب و تعلق اور قرابت داری کو جس محنت و عرق ریزی سے مدون فرمایا، یہ مصنف "رحمۃ للعالمین" ہی کا کمال ہے۔

تاریخی اعتبار سے یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ہر زمانہ میں انبیاء کرام کو اس وقت کے حالات اور تقاضوں کے مطابق معجزات اور انعامات الٰہی سے نوازا گیا۔ لیکن پیغمبر اسلام محمد ﷺ کو ان تمام اوصاف جمیلہ اور خصائل حمیدہ سے بہرہ ور فرمایا گیا جو انبیاء سابقین

کوفرداًفرداً عطا ہوئے تھے۔ کیونکہ ان کی زندگیوں کا تمام تر حسن اور ان کے کردار کی ایک ایک خوبی آپ ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں سمٹ کر جلوہ افروز ہوئی تھیں

حسن یوسف دمِ عیسیٰ یدِ بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

غرضیکہ حیاتِ مبارکہ کا وہ کونسا گوشہ ہے جسے مصنف ''رحمۃ للعالمین'' نے اپنی تصنیفِ لطیف میں اپنے قلم کی جولانیوں سے واضح اور آشکارنہ کیا ہو۔ غزوات نبوی ﷺ اور اس میں ہونے والے بڑے بڑے عظیم حوادث، جنگوں کے اسباب، ان معرکوں میں ہونے والی ہلاکتوں اور نقصانات کو بڑی جامعیت اور دلائل و براہین کی روشنی میں مرتب فرمایا ہے تاکہ عالم کفر دیکھ لے وہ دین حنیف جس کے بارے میں دشمنانِ اسلام بالخصوص صلیبی دنیا کا یہ پروپیگنڈہ کہ اسلام وحشت وبربریت، سفاکی اور قتل وغارت گری کا دوسرا نام ہے، اعداد وشمار سے نہ صرف غلط ثابت کیا ہے، بلکہ حقائق سے واضح کیا ہے کہ اسلام کے خلاف دہشت گردی کا مذموم پروپیگنڈہ کرنے والے بذات خود ایسے سفاک مظالم اور سنگین جرائم کے مرتکب ہیں۔ جن کے ذکر سے انسانیت شرم سے پانی پانی ہے۔ بلکہ اگر واضح الفاظ میں کہا جائے، تو ان انسانیت کے دشمنوں کا مکروہ چہرہ امت مسلمہ جسے وہ اپنا دشمن تصور کرتے ہیں کے ضمن میں بھیانک، داغدار اور سیاہ تو تھا ہی ان کا اپنوں کے ساتھ بھی برتاؤ نہایت گھناؤنا، ظالمانہ، سفاکانہ اور مکروہ تھا۔ بلکہ احترام انسانیت کے حوالہ سے قابل نفرت، حد درجہ مکروہ، سیاہ اور بھیانک تھا۔

''جان ڈیون پورٹ''(John Devonport) اپنی شہرہ آفاق کتاب "Aplogy for Muhammad and Quran" میں کس ذمہ داری اور دیانت سے اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ عیسائی دنیا کے غیر عیسائیوں پر مظالم اور بربریت تو ایک طرف، خود عیسائیوں کا اپنے عیسائی بھائیوں پر ظلم وستم کچھ اس قدر راندوہ ناک اور قابل نفرت تھا کہ اپنے ہی سوا کروڑ (12500000) دینی، مذہبی، مسیحی بھائیوں سے مسلکی اور فروعی اختلافات کی بنا پر زندگی کا حق چھین لیا گیا اور نہ جانے اس جرم بے گناہی میں کتنے لوگوں کو زندہ آگ میں جلا کر سوختہ سامان کر دیا اور طرح طرح کے غیر اخلاقی وغیر انسانی مظالم روا رکھے گئے۔ صرف اسپین میں اپنے تین لاکھ چالیس ہزار (340000) ہم مذہب عیسائیوں کا بڑی بے دردی، وحشت وبربریت اور سفاکی سے قتل عام کیا گیا اور تیس ہزار (30000) انسان زندہ آگ میں جلا دیئے گئے۔

جب کہ نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ میں بیاسی (82) معارک اور غزوات میں دونوں طرف کے مقتولین کی کل تعداد مستند اعداد وشمار کے مطابق صرف ایک ہزار اٹھارہ (1018) ہے۔ جبکہ صرف ایک عالمی جنگ میں ہلاک ہونے والے افراد کی مجموعی تعداد تہتر لاکھ (7300000) نفوس سے متجاوز ہے، اسی طرح اپاہج اور زخمی ہونے والوں کی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے، جن کی زندگی موت سے بھی بدتر تھی۔

''رحمۃ للعالمین'' کے بنگالی، فارسی، عربی اور دیگر کئی زبانوں میں تراجم طبع ہو چکے ہیں۔ جو سیرۃ النبی ﷺ کی معروف کتاب ''رحمۃ للعالمین'' کے بہترین اسلوب نگارش اور قبولیت کی منفرد مثال ہے۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ کے اکلوتے فرزند قاضی عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ جو علی گڑھ یونیورسٹی سے تعلیم یافتہ تھے، اردو، عربی، فارسی کے علاوہ انگریزی پر خاص دسترس رکھتے تھے۔ دیگر دینی وملی خدمات کے ساتھ ساتھ ''رحمۃ للعالمین'' کو انگریزی قالب میں ڈھالنا ایک

عظیم اور خوشگوار فریضہ جسے پوری ذمہ داری، لگن، محبت اور احتیاط سے پورا کیا۔ اس ترجمہ پر قاضی عبدالباقی منصور پوری جو مصنف رحمہ اللہ کے پوتے تھے، نے نظر ثانی کے فرائض انجام دیئے۔

اعلیٰ زبان دانی، ادبیت، حوالہ جات کی ترتیب وتنقیح پر بہت محنت کی اور کئی برس کی مسلسل کاوش کے بعد 'رحمۃ للعالمین' کا یہ انگریزی ترجمہ شائع ہوا۔ زبان اتنی شستہ، خوبصورت اور جاندار ہے کہ یہ ترجمہ پاکستان کے معروف انگریزی روزنامہ پاکستان ٹائمز (Pakistan Times) میں (1959,1960,1961ء) متواتر تین سال بالاقساط طبع ہو کر انگریزی دان طبقہ سے داد وتحسین وصول کر چکا ہے۔

کتاب 'رحمۃ للعالمین' کے حوالے سے عالم اسلام کی معروف علمی اور فکری شخصیت سید ابوالحسن علی الندوی رحمہ اللہ اپنی کتاب ''کاروان زندگی'' میں فرماتے ہیں کہ میری ابتدائی عمر میں ایک کتاب 'رحمۃ للعالمین' کا اشتہار طبع ہوا میں نے جھٹ پبلشر کو کتاب بھجوانے کا ایک خط پوسٹ کر دیا۔ چند ہی دنوں بعد یہ کتاب بذریعہ V.P گھر کے پتہ پر موصول ہو گئی۔ والدہ مرحومہ کے پاس اتنی رقم کہاں تھی کہ وہ ادا کر کے پوسٹ مین سے کتاب حاصل کر سکتی، میرا رونا دھونا اور کتاب کے حصول پر اصرار کے باعث ایک عزیز نے اپنی گرہ سے رقم ادا کر کے مجھے دی میں نے بڑی ہی محبت وعقیدت، توجہ، انہماک سے اس عظیم کتاب کا مطالعہ کیا اور آج میں برملا اس بات کا اعتراف کرتا ہوں کہ ''رحمۃ للعالمین'' اپنی منفرد جاذبیت عناوین کی ترتیب اور خوبصورت پیرایہ اظہار کے باعث ان عظیم کتب میں سرفہرست ہے جنہوں نے اپنی مقناطیسیت اور کشش کے باعث نہ صرف میرے دل ودماغ کو جھنجھوڑا بلکہ میری تصنیفی اور تالیفی صلاحیتوں کو بھی جلاء اور رہنمائی بخشی۔

مفکر اسلام سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمہ اللہ 'رحمۃ للعالمین'' کے متعلق فرماتے ہیں کہ اگرچہ اردو میں سیرت النبی کے موضوع پر بے شمار کتابیں شائع ہو چکی ہیں تاہم ان کتب میں چند ہی ایسی ہیں جن کے اندر واقعات کی صحت کا کما حقہ لحاظ رکھا گیا ہے۔ ان گنی چنی کتب میں قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کی 'رحمۃ للعالمین' سرفہرست ہے۔

معروف سیرت نگار اور مورخ سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ 'رحمۃ للعالمین'' کی بڑی خوبی یہ ہے کہ مصنف کے ذوق کے مطابق سوانح اور واقعات کے غیر مذاہب کے اعتراضات کے جوابات اور دوسرے صحف آسمانی کے ساتھ موازنہ اور خصوصیت سے یہود ونصاریٰ کے دعاوی کا ابطال بھی اس میں جا بجا ہے۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ سیشن جج (Session Judge) کے عہدۂ جلیلہ پر متمکن ہونے کے باوجود اپنی ظاہرداری، مہمان نوازی، اہل وعیال کی ذمہ داری، عزیز واقارب کی دل جوئی اور دیگر مصارف کی وجہ سے بڑی وضع دار زندگی گزارتے تھے۔ عظیم اور بڑے عہدے پر متمکن ہونے کے باوجود تنخواہ میں بڑی تنگ دستی سے اپنی گزران کر پاتے تھے۔ لیکن مجال ہے کہ کبھی اپنے عہدہ کی وجہ سے ہزاروں روپے حاصل کر سکنے کے باوجود کبھی کسی شخص کی ایک پائی تک کے ناجائز روادار اور متحمل ہوئے ہوں۔ رشوت ستانی اور اپنے اختیارات سے تجاوز تو بہت دور کی بات ہے، کسی سے اپنے منصب کے باعث جائز فائدہ، بلکہ تحفہ تحائف سے بھی اپنی دینداری اور ذمہ داری کے باعث حد درجہ اجتناب کرتے تھے۔ حکیم محمد عبداللہ رحمہ اللہ ان کی ذاتی زندگی کا ایک ایمان افروز واقعہ ذکر فرماتے ہوئے رقم طراز ہیں کہ ایک مرتبہ قاضی صاحب کا ایک ہندو دوست قتل کے ایک ملزم کی سفارش کے لئے ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے درخواست کی کہ ملزم قطعاً بے گناہ ہے۔ لہٰذا آپ اسے رہا کروا دیں۔ اس درخواست کے ساتھ ہی اس ہندو دوست نے ایک بند لفافہ

حقوق کا تحفظ اور تعین کرتے رہے اور بڑی ایمان داری اور اللہ عزوجل کے ہاں جوابدہی کے احساس سے عدالتی ذمہ داریاں ادا کرتے رہے۔ان کے بعض مقدمات کے فیصلے آج بھی قرون اولیٰ کے مسلمانوں کی ذمہ داری، امانت، للّٰہیت، خویش واقارب سب کے ساتھ انصاف کی سنہری یاد تازہ کرتے ہیں اور حسن اتفاق دیکھئے کہ سرکاری ملازمت کی گوناگوں مصروفیات، سماجی اور ثقافتی تقریبات میں شمولیت، بے شمار خانگی اور سماجی بکھیڑے ہونے کے باوجود قاضی محمد سلیمان منصور پوری ؒ پر اللہ عزوجل کا خاص کرم اور فضل تھا۔درس قرآن، درس حدیث کی مواضبط کے ساتھ ساتھ تصنیفی اور تالیفی سرگرمیاں بھی عروج پر تھیں سماجی خدمات بھی ساتھ ساتھ جاری تھیں۔ایک ایک لمحہ گنا چنا ہونے کے باوجود ایک بہت بڑا تخلیقی، تصنیفی، تحقیقی، تفسیری اور علمی ذخیرہ امت مسلمہ کی رہنمائی کے لئے چھوڑا۔ملازمت کی مشکلات کے باوجود اوقات کی ایسی خوبصورت تنظیم فرمائی تھی کہ ہر کام کے لئے باقاعدگی اور ذمہ داری سے وقت نکال لیتے تھے اور سبھی کام پوری تندہی، دل جمی، اطمینان اور کامل یکسوئی سے پایہ تکمیل تک پہنچاتے تھے۔

منصب جلیلہ پر فائز ہونے کے ساتھ جمعیت اہل حدیث کے بھی عظیم رہنما تھے اس ناموری کے باوجود اپنی ہستی کے اظہار واعلان سے ہمیشہ دور بھاگتے تھے۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری ؒ دوست دار آدمی تھے۔ دوستی کے آداب اور تعلقات بنانا بھی خوب جانتے تھے حتیٰ کہ دوستوں کی دلداری کی خاطر بعض اوقات اپنے گھر کی اشیاء تک بیچ ڈالتے تھے۔

علامہ اقبال ؒ اور قاضی محمد سلیمان منصور پوری ؒ

حکیم الامت علامہ محمد اقبال ؒ سے بھی قاضی محمد سلیمان منصور پوری ؒ کے بڑے ہی خوبصورت، عالمانہ اور برادرانہ تعلقات تھے۔اس دوستی اور محبت میں دوطرفہ تعلق خاطر میں اور بھی اضافہ نظر آتا ہے۔جب ہم دیکھتے ہیں کہ دونوں مرحوم دوست بلند پایہ ادیب، شاعر، مصنف، مؤلف اور تعلیم وتعلم سے وابستہ تھے۔دونوں عظیم ومقتدر ہستیاں اپنی معاشرتی وسماجی حیثیت کے باعث ساری زندگی عدل وانصاف کے حوالے سے انسانیت کی دادرسی فرماتے رہے ان میں ایک بیرسٹر ایٹ لاء (Barrister At Law) اور دوسرے سیشن جج (Session Judge) کے عہدہ جلیلہ پر متمکن تھے۔دونوں مرحوم ہستیاں امت مسلمہ کے لئے بے پناہ تڑپ اور دردِ دل رکھنے والے تھے اور مسلمانان عالم بالخصوص برصغیر کے مسلمانوں کی تعلیمی، دینی، سیاسی، سماجی اور تمدنی رہنمائی اور بہتری کے لئے عمر بھر کوشاں اور سرگرم عمل رہے۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری ؒ مفکر پاکستان حکیم الامت علامہ محمد اقبال ؒ سے بے پناہ محبت وخلوص سے پیش آتے تھے۔ جبکہ ان کی ملکی، علمی اور دینی خدمات کے باعث علامہ محمد اقبال ؒ بھی قاضی صاحب سے دل وجان کی گہرائیوں سے انسیت اور یگانگت سے پیش آتے تھے۔قاضی صاحب کے سانحہ ارتحال پر انجمن حمایت اسلام کا ایک عظیم تعزیتی جلسہ حاجی شمس الدین مرحوم کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں قاضی محمد سلیمان منصور پوری ؒ کی باوقار، علمی، ادبی اور روحانی شخصیت کو اہالیان برصغیر کی طرف سے زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔اس تعزیتی جلسہ میں شاعر مشرق علامہ محمد اقبال ؒ نے اپنے محب صادق اور عظیم دوست قاضی سلیمان منصور پوری ؒ کے متعلق اپنے خوبصورت اور جامع کلمات تعزیت کے ساتھ قاضی محمد سلیمان منصور پوری ؒ کی علمی وادبی خدمات کے ساتھ ساتھ ان کے چیدہ چیدہ اشعار بھی خود اپنے زبانی حاضرین کو سنائے، اور یہ وہی ''انجمن حمایت اسلام'' ہے جس کے سب عہدیدار مرحوم قاضی محمد

انجمن اور متعدد صلاحیتوں کے باعث ایک ادارہ کی حیثیت رکھتے تھے۔ ان کا اہم اور من پسند موضوع تقابلِ ادیان تھا۔

انہیں تاریخ پر بھی مکمل عبور تھا۔ دوسری بار جب اللہ عزوجل نے مصنف '' رحمۃ للعالمین '' کو حج بیت اللہ کی سعادت بخشی تو فرمانروائے مملکت سعودیہ خادم حرمین شریفین شاہ عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن آل سعود رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات میں '' نجد '' پر بڑی تفصیلی اور سیر حاصل گفتگو کی۔ اس فکر انگیز اور تاریخی معلومات سے بھرپور گفتگو سے متاثر ہو کر شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے قاضی محمد سلیمان منصورپوری رحمۃ اللہ علیہ سے '' تاریخ نجد '' لکھنے کی خواہش کے ساتھ عربی زبان میں اس موضوع پر دستیاب چند قیمتی دستاویزات اور تاریخی کتب بھی قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ کے حوالہ کیں۔ اسی سفرِ مبارک سے واپسی پر آپ نے داعیِ اجل کو لبیک کہا، جس کی بنا پر یہ سب کام دھرے کے دھرے رہ گئے۔ وگرنہ آج قاضی صاحب کے موءِ قلم کا ایک اور دل پذیر تحقیقی و تاریخی شاہکار '' تاریخ نجد '' بھی مسلمانانِ عالم سے دادِ تحسین حاصل کر چکی ہوتی اور ان کی فکری اور تاریخی معلومات کا بھرپور اعتراف کر چکی ہوتی۔

جب خادم حرمین شریفین شاہ عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن آل سعود سے مصنف '' رحمۃ للعالمین '' کی تاریخ نجد کے حوالہ سے تاریخی ملاقات ہوئی تو خادم حرمین شریفین نے غلاف کعبہ کا چارفٹ مربع پر مشتمل ایک خوبصورت تحفہ جس پر سورۃ اخلاص مکمل اور یااللہ باریک اور خوبصورت انداز میں چار مرتبہ لکھی ہوئی تھی۔ اپنے معزز اور محترم مہمان قاضی محمد سلیمان رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت اقدس میں پیش کیا جسے معزز مہمان نے نہ صرف بعد خوشی وانبساط قبول فرمایا بلکہ فرمایا کہ یہ عظیم اور مبارک تحفہ مجھے دنیا اور اس کی ہر چیز سے زیادہ قیمتی اور عزیز ہے اور اس کا حصول میری زندگی کی سب سے بڑی خواہش وخوش نصیبی ہے۔

1884ء میں مہندرہ کالج جو پنجاب یونیوسٹی سے الحاق شدہ تھا، سے منشی فاضل کا امتحان پاس کیا اور اپنی خداداد صلاحیتوں کے باعث یونیوسٹی بھر میں اول پوزیشن حاصل کی۔

1885ء میں قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ محکمہ تعلیم سے وابستہ ہوئے اور پٹیالہ کے سپرنٹنڈنٹ (Superintendent) برائے تعلیم متعین ہوئے۔

جب متحدہ ہندوستان کے حالات دن بدن بگڑتے چلے گئے۔ چوری، ڈکیتی اور راہ زنی کی وارداتیں روز کا معمول بن گئیں۔ جسے سنبھالنا حکومت کے لیے مشکل اور محال ہو گیا تو قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ کو 1900ء میں محکمہ تعلیم کی بجائے متحدہ پنجاب کے انسپکٹر جنرل (I.G.Police) ٹام کنسن کے ساتھ اصلاح احوال کی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں۔ آئی جی (I.G) پولیس آپ کی شخصیت و کردار، طرزِ فکر، حسنِ کارکردگی اور اسلوبِ کار سے اس قدر متاثر ہوا کہ اس نے حکامِ بالا سے گزارش کی کہ کیوں نہ قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات محکمہ انصاف (Judiciary) کے سپرد کر دی جائیں۔

ٹام کنسن کے ساتھ کام کی وجہ سے آپ عدالتی باریکیوں اور قانونی موشگافیوں سے بہت جلد روشناس ہو چکے تھے۔ یہ بات تاریخی اعتبار سے بہت ہی حیران کن ہے کہ قاضی رحمۃ اللہ علیہ نے صرف چند ایام میں ہی ضابطۂ فوجداری کی تمام تر قانونی دفعات پر کامل دسترس حاصل کر لی تھی۔

مصنف '' رحمۃ للعالمین '' کی پہلی تقرری دفعہ 30 کے مجسٹریٹ (Megistrate) کے طور پر ہوئی، جلد ہی سول جج (Civil Judge) بنا دیے گئے اور پھر ترقی کی منازل طے کرتے ہوئے سیشن جج (Session judge) کے منصب جلیلہ پر جلوہ افروز ہو گئے۔

دین میں فروعی اختلاف سے کفر لازم نہیں آتا۔ اگر یہ اختلاف نیک نیتی، علمی، تحقیقی اور اصلاحی مقاصد پر مبنی ہو تو کوئی مضائقہ نہیں فرقہ بندی، مسلکی اور فروعی اختلاف کی بنیاد پر کسی کی تکفیر اور تکذیب کی اسلام کسی بھی حیثیت سے نہ تو اجازت دیتا ہے اور نہ ہی ایسا کرنا اسلامی تعلیمات کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم باہم بعض مسائل میں شدید اختلاف یہاں تک کہ بعض امور حلت وحرمت کی حدود تک پہنچ جاتے تھے۔ پھر بھی ایک دوسرے کی اقتداء وامامت میں نماز ادا کرتے اور ان کے سماجی، معاشرتی اور اجتماعی معاملات آپس میں پیار ومحبت کی عملی شکل نظر آتے تھے۔ کیونکہ وہ جانتے اور سمجھتے تھے کہ

حرم پاک بھی اللہ بھی قرآن بھی ایک
کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک

مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمہ اللہ نے ایک ایسے ہی سوال کے جواب میں مرحمت فرمایا تھا کہ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے مجھے شرم محسوس ہوتی ہے میں نے آج تک کسی مسلمان کے کفر کے فتویٰ پر دستخط نہیں کئے۔ میرا اس باب میں وہی نظریہ اور مسلک ہے جو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا تھا۔

لَا نُكَفِّرُ اَهْلَ الْقِبْلَةِ (فتاویٰ ثنائیہ جلد 1 ص 263)

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ بھی فرقہ بندی کی بجائے وحدت امت اور اتحاد عمل کے داعی تھے۔ فرقہ بندی مسلکی اور فروعی تعصب کی بجائے ''اسلام اور مسلم'' زندگی بھران کا عنوان تھا۔ ہمارے فاضل بزرگ دوست، مورخ، مصنف ومحقق محمد اسحاق بھٹی رحمہ اللہ نے اپنی خوبصورت کتاب ''مصنف رحمۃ للعالمین'' (جواب تک قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کے حالات زندگی پر لکھی گئی واحد تصنیف ہے) جس میں عصر حاضر کے علما کو مخاطب کرتے ہوئے عام مسلمانوں سے ان کی محبت ووارفتگی کے متعلق ایک خوبصورت واقعہ نقل کرتے ہیں کہ:

ایک مرتبہ قاضی صاحب کوٹ کپورہ (ریاست فرید کوٹ) تشریف لے گئے۔ وہاں ایک بے نماز شخص نے آپ کو گھر کھانے پر بلایا۔ قاضی صاحب کو بتایا گیا کہ یہ شخص بے نماز ہے۔ فرمایا، پھر کیا ہوا، مسلمان تو ہے اس کے گھر جائیں گے۔ اسے ملیں گے اور اس سے بات چیت کریں گے تو اللہ اسے نماز کی توفیق عطا فرما دے گا۔ قاضی صاحب اس کے گھر گئے اور ان کے سامنے کھانا رکھا گیا تو وہ شخص دور ہو کر بیٹھ گیا قاضی صاحب نے اس سے کہا کہ آپ دور کیوں ہو گئے ہیں؟ آئیے میرے ساتھ کھانا کھائیے۔ لیکن وہ گھبرا رہا تھا اور بے نماز ہونے کی وجہ سے ان کے ساتھ بیٹھنے میں شرم محسوس کر رہا تھا۔ قاضی صاحب نے اصرار کیا تو ان کے ساتھ بیٹھ گیا اور کھانا کھانے لگا۔ قاضی صاحب نے کھانے کے دوران اپنے اسلوب خاص میں چند باتیں کیں۔ کھانا کھا چکے تو عشاء کی نماز کا وقت ہو گیا۔ قاضی صاحب نماز کے لیے مسجد کو روانہ ہوئے تو باتیں کرتے کرتے وہ بھی ساتھ چلا آیا اور نماز پڑھی۔ اس کے بعد وہ پکا نمازی بن گیا اور تہجد پڑھنے لگا۔ پھر کتنے ہی لوگوں کو اس کی تبلیغ سے اللہ نے راہ ہدایت پر گامزن فرمایا۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ علمی وفکری رہنمائی اور کمالات کے ساتھ ساتھ ہر دل عزیز اور محبوب خصال وصفات کے مالک تھے۔ پیار، محبت، اخلاص اور اپنائیت کے باعث احباب کا ایک وسیع حلقہ رکھتے تھے۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ پندرہ (15) برس تک سیشن جج (Session Judge) کے عہدۂ جلیلہ پر عوام کی دادرسی،

حقوق کا تحفظ اور تعین کرتے رہے اور بڑی ایمان داری اور اللہ عزوجل کے ہاں جوابدہی کے احساس سے عدالتی ذمہ داریاں ادا کرتے رہے۔ان کے بعض مقدمات کے فیصلے آج بھی قرون اولیٰ کے مسلمانوں کی ذمہ داری، امانت، للّٰہیت، خویش واقارب سب کے ساتھ انصاف کی سنہری یاد تازہ کرتے ہیں اور حسن اتفاق دیکھئے کہ سرکاری ملازمت کی گونا گوں مصروفیات، سماجی اور ثقافتی تقریبات میں شمولیت، بے شمار خانگی اور سماجی بکھیڑے ہونے کے باوجود قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ پر اللہ عزوجل کا خاص کرم اور فضل تھا۔درس قرآن، درس حدیث کی مواضبط کے ساتھ ساتھ تصنیفی اور تالیفی سرگرمیاں بھی عروج پر تھیں سماجی خدمات بھی ساتھ ساتھ جاری تھیں۔ایک ایک لمحہ گنا چنا ہونے کے باوجود ایک بہت بڑا تخلیقی، تصنیفی، تحقیقی، تفسیری اور علمی ذخیرہ امت مسلمہ کی رہنمائی کے لئے چھوڑا۔ملازمت کی مشکلات کے باوجود اوقات کی ایسی خوبصورت تنظیم فرمائی تھی کہ ہر کام کے لئے باقاعدگی اور ذمہ داری سے وقت نکال لیتے تھے اور سبھی کام پوری تندہی، دل جمعی، اطمینان اور کامل یکسوئی سے پایہ تکمیل تک پہنچاتے تھے۔

منصب جلیلہ پر فائز ہونے کے ساتھ جمعیت اہل حدیث کے بھی عظیم رہنما تھے اس ناموری کے باوجود اپنی ہستی کے اظہار واعلان سے ہمیشہ دور بھاگتے تھے۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ دوست دار آدمی تھے۔دوستی کے آداب اور تعلقات بنانا بھی خوب جانتے تھے حتیٰ کہ دوستوں کی دلداری کی خاطر بعض اوقات اپنے گھر کی اشیا تک بیچ ڈالتے تھے۔

علامہ اقبال رحمہ اللہ اور قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ

حکیم الامت علامہ محمد اقبال رحمہ اللہ سے بھی قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کے بڑے ہی خوبصورت، عالمانہ اور برادرانہ تعلقات تھے۔اس دوستی اور محبت میں دوطرفہ تعلق خاطر میں اور بھی اضافہ نظر آتا ہے۔جب ہم دیکھتے ہیں کہ دونوں مرحوم دوست بلند پایہ ادیب، شاعر، مصنف، مؤلف اور تعلیم وتعلم سے وابستہ تھے۔دونوں عظیم ومقتدر ہستیاں اپنی معاشرتی وسماجی حیثیت کے باعث ساری زندگی عدل وانصاف کے حوالہ سے انسانیت کی دادرسی فرماتے رہے ان میں ایک بیرسٹر ایٹ لاء (Barrister At Law) اور دوسرے سیشن جج (Session Judge) کے عہدہ جلیلہ پر متمکن تھے۔دونوں مرحوم ہستیاں امت مسلمہ کے لئے بے پناہ تڑپ اور درد دل رکھنے والے تھے اور مسلمانان عالم بالخصوص برصغیر کے مسلمانوں کی تعلیمی، دینی، سیاسی، سماجی اور تمدنی رہنمائی اور بہتری کے لئے عمر بھر کوشاں اور سرگرم عمل رہے۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ مفکر پاکستان حکیم الامت علامہ محمد اقبال رحمہ اللہ سے بے پناہ محبت وخلوص سے پیش آتے تھے۔جبکہ ان کی ملکی، علمی اور دینی خدمات کے باعث علامہ محمد اقبال رحمہ اللہ بھی قاضی صاحب سے دل وجان کی گہرائیوں سے انسیت اور یگانگت سے پیش آتے تھے۔قاضی صاحب کے سانحہ ارتحال پر انجمن حمایت اسلام کا ایک عظیم تعزیتی جلسہ حاجی شمس الدین مرحوم کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کی باوقار علمی، ادبی اور روحانی شخصیت کو اہالیان برصغیر کی طرف سے زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔اس تعزیتی جلسہ میں شاعر مشرق علامہ محمد اقبال رحمہ اللہ نے اپنے محب صادق اور عظیم دوست قاضی سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کے متعلق اپنے خوبصورت اور جامع کلمات تعزیت کے ساتھ قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کی علمی وادبی خدمات کے ساتھ ساتھ ان کے چیدہ چیدہ اشعار بھی خود اپنے زبانی حاضرین کو سنائے، اور یہ وہی ''انجمن حمایت اسلام'' ہے جس کے سب عہدیدار مرحوم قاضی محمد

سلیمان رحمہ اللہ سے بے پناہ محبت وعقیدت رکھتے تھے۔ شیخ محمد شفیع رحمہ اللہ ''انجمن حمایت اسلام'' کے ایک جلسہ جس کے صدر مقرر قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ تھے کہا کہ قاضی صاحب رحمہ اللہ جتنے گھنٹے تقریر کریں گے میں فی گھنٹہ 300 روپے بطور عطیہ انجمن کو دونگا۔ قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کی اس خوبصورت تقریر کی خوشی میں ایک ہی مجلس میں اٹھارہ ہزار (18000) روپے بطور عطیہ انجمن کو دیا تھا۔ یہ اس وقت کی بات ہے کہ جب اتنی رقم یعنی ''اٹھارہ ہزار روپے'' سے کئی کلو خالص سونا خریدا جاسکتا تھا یہ بات قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کی جلالتِ علمی کے ساتھ ساتھ سب مکتبہ ہائے فکر میں اپنی گوناگوں خداداصلاحیتوں، ہر دل عزیزی، اپنائیت اور یگانگت کی زندہ اور تابناک مثال ہے۔

ان تمام سرکاری اور تصنیفی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ اپنے اہل وعیال، عزیز و اقارب کی سب تقریبات میں شریک ہوتے۔ ان کی دل جوئی، حوصلہ افزائی اور جائز خوشنودی کا کوئی مناسب موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ ہر ایک کی عزت نفس کا خیال کرتے۔ امیر وغریب سب کی یکساں عزت افزائی فرماتے۔ مہمان نوازی بھی قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کا خاص وصف تھا۔ مہمان کے آرام وآسائش اور ان کی چھوٹی چھوٹی ضرورتوں کا خیال رکھنا اپنے دین وایمان کا حصہ سمجھتے تھے۔ حتیٰ کہ وہ دوست واحباب جو بعض ناگوار عادات یعنی حقہ نوشی وغیرہ کی لت میں پڑے ہوتے، ان کی ضروریات بھی پوری فرماتے تھے اور ماتھے پر شکن تک نہ ڈالتے تھے۔

قاضی محمد سُلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کی چند یادگار تصانیف اور ان کا اجمالی تعارف

معارف الاسماء شرح اسماء اللہ الحسنٰی

اللہ عزوجل کے اسماءِ مبارکہ پر قاضی سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کی وہ یادگار تصنیف جس میں اللہ عزوجل کے اسماء حسنٰی پر بڑی شرح وبسط سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ یہ تصنیف لطیف آج سے پون صدی قبل مصنف رحمہ اللہ کی ہی حیات مبارکہ میں زیور طباعت سے آراستہ ہوکر منصہ شہود پر جلوہ گر ہوکر عارفان الٰہی اور محبان دین سے داد وتحسین وصول کرچکی تھی۔ اپنے موضوع پر اولین بے نظیر، منفرد اور خوبصورت تصنیف ہے۔ گو بعد میں اس موضوع پر متعدد کتب زیور طباعت سے آراستہ ہوئیں۔ لیکن اولیت کا شرف قاضی محمد سلیمان رحمہ اللہ ہی کو حاصل ہے۔ اس کتاب میں مصنف رحمہ اللہ نے اللہ عزوجل کی توحید وعظمت، حاکمیت، وحدانیت اور دیگر صفات واوصاف کو بڑی باریک بینی اور شرح وبسط سے قرآن کریم اور احادیث مبارکہ کی روشنی میں واضح فرمایا ہے۔ چونکہ مصنف خود بھی عالم باعمل اور صاحب زہد وورع، اخلاص وللٰہیت کے ایسے اوصاف حمیدہ سے متصف تھے۔ اس لئے ان کی یہ تصنیف اللہ عزوجل کے اسماء و صفات کی معرفت کے ساتھ ساتھ مسنون اذکار ووظائفِ قرآنی اور نبوی دعاؤں کا ایک خوبصورت، مستند اور دل آویز مجموعہ ہے۔

یہ کتاب شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ الاستاذ عبدالعزیز علوی حفظہ اللہ کی نظر ثانی اور خوبصورت مقدمہ کے ساتھ ''طارق اکیڈمی'' بڑے ہی خوبصورت انداز میں زیور طباعت سے آراستہ کرچکی ہے۔ حافظ عبدالعزیز علوی حفظہ اللہ سے بندہ ناچیز کو شرف تلمذ حاصل کرنے کا موقعہ ملا۔ جن دنوں وہ ملک کی معروف علمی، روحانی، تربیتی درسگاہ ''جامعہ تعلیمات اسلامیہ'' فیصل آباد میں جس کے بانی ملک کی معروف دینی، سماجی، سیاسی، علمی شخصیت مولانا حکیم عبدالرحیم اشرف رحمہ اللہ تھے۔ مسند تدریس پر متمکن تھے فضیلۃ الشیخ حضرت حافظ عبدالعزیز حفظہ اللہ کے

والد گرامی حافظ احمد اللہ رحمہ اللہ جو خود بھی زندگی کے آخری لمحات تک شیخ الحدیث کی مسند جلیلہ پر متمکن رہے۔ نیز ان کے بھی بیٹے بھی شیوخ الحدیث کی مسند جلیلہ پر فائز ملک وملت کی رہنمائی اور تدریسی فرائض سرانجام دے رہے ہیں

ایں سعادت بزور بازو نیست

الجمال والکمال

مصنف ''رحمۃ للعالمین'' کی ایک خوبصورت اور یادگار تصنیف ''الجمال والکمال'' ہے۔ درحقیقت یہ قرآن مجید کی 'سورۃ یوسف' کی تفسیر ہے۔ اور جلیل القدر پیغمبر کریم ابن کریم یوسف علیہ السلام کے حالات کا تفصیلی ذکر، جسے اللہ احکم الحاکمین نے اپنی کتاب میں ''احسن القصص'' سے تعبیر فرمایا ہے، کی جامع ودلنشیں تفسیر وتشریح ہے۔ اس میں قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ نے بڑی عمدگی، ذمہ داری، علمی اور تاریخی سلیقہ سے قصہ یوسف علیہ السلام کی ایک ایک جزئی کو دلائل وبراہین کی روشنی میں بڑی تفصیل اور وضاحت سے بیان کیا ہے اسی لئے یہ کتاب اس موضوع پر اپنے محققانہ اسلوب بیان دلنشین انداز اور علمی استدلال کے باعث ایک بھرپور تفسیری اور تحقیقی تصنیف ہے۔ کیونکہ اس میں مصنف رحمہ اللہ نے روایت ودرایت اور صحیح وضعیف روایات کی بڑے محققانہ اور فاضلانہ اسلوب بیان اور شستگی سے تنقیح وتوضیح کی ہے کیونکہ قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ ایک محقق اور مؤرخ ہونے کے ساتھ ساتھ اپنی خداداد صلاحیتوں کے باعث فن تفسیر میں بھی غیر معمولی ملکہ اور مقام رکھتے تھے۔

''الجمال والکمال'' قاضی محمد سلیمان رحمہ اللہ نے اپنے پہلے سفر حج میں مناسک کی تکمیل، حرمین شریفین کے علماء وفضلاء سے ملاقات اور دیگر گوناگوں مصروفیت کے باوجود صرف چند ہفتوں میں قلمبند فرمائی تھی۔ جو مرحوم کی وسعت علمی کی جیتی جاگتی تصویر اور مصنف کی تحقیقی شاہکار اور یادگار تصنیف ہے۔ اس کتاب کے بعض ابواب تو واقعی تفسیری حسن وجمال کے اعتبار سے مصنف کی مفسرانہ بصیرت اور مجتہدانہ طرز استدلال کی غماز ہیں۔

مہر نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مصنف ''رحمۃ للعالمین'' نے جہاں محققین اور پڑھے لکھے طبقہ کے لئے لازوال کتب تصانیف فرمائیں، وہاں وہ دعوت وتبلیغ کے حوالہ سے تمام قارئین بالخصوص کم پڑھے لکھے لوگوں اور نونہالان امت کو بھی اپنی محبتوں، فیاضیوں اور علمی لطافتوں سے نوازتے رہے۔ ''مہر نبوت'' اسی سلسلہ کی ایک زندہ وجاوید یادگار تصنیف ہے۔ طرز ادا دلنشین اور زبان اپنی شیرینی ولطافت کے باعث ایک خاص جاذبیت اور کشش لئے ہوئے ہے۔ جو اپنی دلنشینی اور خوبصورت انداز تحریر اور چھوٹے چھوٹے پرتاثیر جملوں کے باعث بچوں کے ساتھ ساتھ بڑوں میں بھی پسند کی جاتی ہے۔ مختصر لیکن اپنے موضوع پر ایک مکمل اور جامع کتاب ہے۔ طبع اول کو ایک صدی سے زیادہ عرصہ گزرنے کے باوجود آج بھی اسلوب بیان کے باعث عوام وخواص دونوں طبقوں میں پسندیدہ ہے۔ کئی دیگر پبلشرز کی طرح اس کتاب کو فیصل آباد کے معروف اشاعتی ادارہ ''طارق اکیڈمی'' نے بڑے خوبصورت، جاذب نظر، دورنگ، اور دیدہ زیب ٹائٹل کے ساتھ زیور طباعت سے آراستہ کیا ہے۔

الصلوٰۃ والسلام علیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آٹھویں صدی کے عظیم اور جلیل القدر امام ابن قیم رحمہ اللہ کی درود وسلام کے احکام ومسائل پر مشتمل انتہائی مفید واہم تصنیف ''جَلاءُ الْأَفْهَامِ فِي الصَّلَاةِ وَ السَّلَامِ عَلَى خَيْرِ الْأَنَامِ'' کا اردو ترجمہ ہے۔ ابن قیم رحمہ اللہ عظیم محدث، امام وفقیہ اور بلند اقبال محقق و

مصنف تھے۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے نہ صرف شاگرد رشید بلکہ ان کی مسند علم و تحقیق کے حقیقی علمبردار اور وارث تھے۔ ان کی تصانیف میں محدثانہ رنگ غالب اور فکر و استدلال میں فقیہانہ انداز نمایاں پایا جاتا ہے۔ مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے اس کتاب میں درود و سلام کے ہر پہلو پر قرآن وسنت سے تفصیلی، مدلل اور واضح روشنی ڈالی ہے۔ قاضی سلیمان رحمۃ اللہ علیہ نے اس گرانقدر علمی کتاب کا بڑی عمدگی سے اردو زبان میں ترجمہ کیا جو شگفتگی اور سلاست کے ساتھ ساتھ نبی اکرم ﷺ کی ذات گرامی سے مصنف کی محبت اور عقیدت وانسیت کا ثبوت ہونے کے ساتھ ساتھ مترجم کی اردو، عربی زبان دانی اور فنی مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اپنے موضوع پر یہ ایک منفرد اور خوبصورت کاوش ہے کیونکہ یہ کتاب دراصل سیرت النبی ﷺ ہی کا ایک اہم باب ہے، جس میں صلوٰۃ وسلام کے متعلق احکامات، قرآن وسنت کی روشنی میں مستند، مسنون اور درود کے صحیح الفاظ اور اس کے فضائل وآداب کو بڑی عقیدت اور سلیقہ سے بیان کیا گیا ہے۔

اصحاب بدر رضی اللہ عنہم

''بدر البدور'' المعروف اصحاب بدر، غزوۂ بدر میں شمولیت اختیار کرنے والے تین سو تیرہ (313) جلیل القدر مجاہدین، غازیوں اور شہداء کرام رضی اللہ عنہم کا خوبصورت اجمالی تذکرہ ہے، جنہوں نے اس معرکۂ حق وباطل میں نبی کریم ﷺ کی قیادت وسیادت میں اپنی جانبازی اور جانفروشی کی خوبصورت داستان اور سنہری کارنامے انسانی تاریخ میں رقم کیے تھے۔

غزوۂ بدر ہجرت نبوی ﷺ کے دوسرے سال پیش آیا تھا۔ مسلمان مہاجر و انصار کی بے سروسامانی، اسلحہ سے تہی دامنی، ذرائع ووسائل کی قلت، مجاہدین کی عدم تیاری، افرادی قوت کی کمی، کفار کے لشکر کے مقابلہ میں مسلمانوں کی تعداد واضح فرق سے محسوس کی جا رہی تھی۔ لیکن متبعین رسول اللہ ﷺ نے ان سب باتوں کو کوئی اہمیت نہ دی۔ بلکہ رضا الٰہی کے حصول کی خاطر سپہ سالار اعظم محمد ﷺ کی قیادت میں دشمنانِ دین وایمان کے مقابلہ میں سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوئے کہ اللہ عزوجل نے ان کو فتح ونصرت سے ہم کنار کیا۔ انہوں نے قوتِ ایمانی سے یہ ثابت کیا کہ قلت وکثرت نظریاتی قوموں کی زندگی میں کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ
مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

اس معرکہ یوم الفرقان میں شامل ہونے والے تین سو تیرہ (313) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا خوبصورت گلدستہ شاید ہی کسی اور اردو کتاب میں اس قدر خوبصورت مفصل اور اچھوتے انداز میں دستیاب ہو۔

چونکہ یہ سب جانثار اور جانباز فدائی ملت اسلامیہ کے روشن اور تابندہ ستارے ہیں اور ان کی بے لوث و بے مثال زندگی ہر مسلمان کے لئے مشعل راہ اور اسوۂ حسنہ ہے۔

کیونکہ وہ جانتے تھے اصل بات اللہ سے تعلق ہے۔ اگر وہ پیدا ہو جائے تو اس روئے زمین پر بسنے والی تمام ابلیسی اور طاغوتی طاقتوں کے مقابلے میں آسمانی لشکر ہماری مددگاری کے لئے اتریں گے اور ان دشمنوں کو نیست ونابود کر دیں گے۔

فضائے بدر پیدا کر فرشتے تیری نصرت کو
اتر سکتے ہیں گردوں سے قطار اندر قطار اب بھی

سبیل الرشاد (سفرنامہ حج)

اس کتاب میں سفرنامہ حج اور زیارت حرمین شریفین کا ذکر ہے۔ قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ نے اپنی حیات مبارکہ میں دو مرتبہ حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی۔ 1923ء میں پہلے سفر حرمین شریفین سے واپسی پر جغرافیائی حالات اور بین الاقوامی اہمیت وحیثیت، حج بیت اللہ کی فرضیت وحکمت، اس سے حاصل ہونے والی روحانی و مادی برکات، اس اہم فریضہ کے اسرار ورموز کتاب وسنت اور دیگر آسمانی کتابوں کی رہنمائی اور شواہد میں بڑی خوبی سے واضح فرمائے ہیں۔ مدینہ منورہ کا سفر ''مسجد نبوی ﷺ '' کی برکات واحساسات اور روضہ اقدس ﷺ کی زیارت کا شرعی طریقہ اور وہاں ملحوظ رکھے جانے والے آداب ومعاملات کو بڑی لطافت، باریک بینی اور مدلل انداز میں واضح فرمایا ہے۔ کیونکہ ان مقامات مقدسہ کا ادب واحترام بالخصوص مسجد نبوی ﷺ کی زیارت اور ایک سچے عقیدت مند موحد مسلمان کے لئے ان آداب کا پاس اور لحاظ رکھنا ایمان کا جزو، نجاتِ اُخروی اور شفاعت نبوی ﷺ کا باعث ہے۔

درحقیقت یہ سفرنامہ حج روئیداد حج کی بجائے ان انوار وتجلیات کا جو مصنف ''رحمۃ للعالمین'' کے دل ودماغ پر وارد ہوئے اور ان روحانی اور قلبی ادراک واحساسات کا مظہر ہے، جس کا دوران سفر حضرت الشیخ کے قلب ونظر پر نزولِ اجلال ہوا تھا۔ اپنی فکر ونظر کی گہرائی اور لطافتِ تحریر کے باعث یہ دینیات کی ایک مکمل کتاب معلوم ہوتی ہے۔

خطبات سلیمان

ہر بڑے رتبے مقام اور حیثیت والے فرد کو مختلف تقریبات میں شرکت کے لئے مدعو کیا جاتا ہے اور وہ حسب موقع اپنے تاثرات کا اپنے خصوصی اور صدارتی خطاب میں اظہار بھی کرتا ہے۔ اسی طرح قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ اپنے منصب جلیلہ سماجی حیثیت اور بالخصوص اپنی مثبت ملی اور دینی سوچ کے باعث مختلف انجمنوں اور تنظیموں کی دعوت پر اعلاء کلمۃ اللہ اور رضائے الٰہی کے حصول کے لیے محبت، محنت، تیاری اور عقیدت سے ایسی مجالس میں حاضر ہوا کرتے تھے اور یہ خطبات اپنی جامعیت اور موضوع پر مکمل احاطہ کے باعث ایک یادگار تاریخی اور علمی حیثیت رکھتے ہیں۔ ویسے تو قاضی صاحب ان مجالس میں فی البدیہ تقاریر فرمایا کرتے تھے اور بعض اوقات حسب ضرورت تحریری خطبے بھی ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ یہ خطبات اپنی علمی، تحقیقی، واقعاتی حقیقت پسندی کے باعث بڑی دلچسپی اور محویت سے سنے جاتے تھے۔ ان دس (10) مطبوعہ خطبات میں سے زیادہ وہ ہیں جو آپ نے آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے مختلف جلسوں اور کانفرنسوں کے مواقع پر ارشاد فرمائے تھے۔ تحریر کے ساتھ ساتھ تقریر میں بھی ان کا ایک خاص مرتبہ اور مقام ہے۔ زمانہ اس بات کا معترف ہے کہ قاضی صاحب تحریر کے ساتھ ساتھ تقریر کے بھی دھنی تھے۔ اور تحریری صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ تقریر میں بھی بڑا معتبر نام رکھتے تھے۔

غایت المرام۔ تائید الاسلام

قادیانیت وہ خنجر ہے۔ جو انگریز حکومت نے اپنے مذموم مقاصد کے حصول کی خاطر متحدہ ہندوستان میں اپنے جبری اقتدار کو دوام بخشنے کے لئے امتِ مسلمہ کے سینے میں گھونپنا چاہا تھا اور اس مذموم مقصد کے حصول کی خاطر ایک نام نہاد اور انگریز کے خیر خواہ شخص مرزا غلام احمد قادیانی کو جو گھر کا بھیدی تھا، امتِ مسلمہ کو دھوکہ دینے کے لئے تمام تر طاغوتی، مادی اور معنوی قوتوں کے سہارے میدان عمل

میں اتارا۔ جس نے روشنی کے نام پر تاریکی، ہدایت کے نام پر گمراہی، اسلام کے نام پر کفر والحاد، اتفاق واتحاد کی بجائے، منافرت اور تفرقہ کو امت مسلمہ میں رواج دینے کی کوشش کی۔

یہ دونوں کتابیں دراصل خود ساختہ مجمی نبوت کے دعویدار غلام احمد قادیانی کے دعویٰ مسیحیت اور نبوت کے دور میں تحریر فرمائی تھیں۔ مرزا غلام احمد قادیانی اپنی ذات، شخصیت، اپنے دعاوی اور الہامات میں ایک ایسی گتھی ہے کہ جسے جاننا اور سمجھنا ایک انتہائی تکلیف دہ عمل ہے۔ مذکورہ شخص کبھی مسیح موعود ہے، کبھی مریم، کبھی نبی مرسل اور کبھی کچھ اور۔ مرزا نے اپنی تصنیفات میں اپنی ذات کو کچھ اس قدر پر پیچ، گنجلک اور چوں چوں کا مربہ بنایا ہوا ہے کہ عام آدمی کے لئے یہ عقدہ لاینحل ہے۔ لیکن برصغیر پاک و ہند میں بڑی بڑی نامور علمی ہستیوں نے اس مکروہ چہرہ کا بڑی ذمہ داری اور حقانیت سے پردہ نا صرف چاک کیا بلکہ عام مسلمانوں کو ان کے مکروہ دجل وفریب سے آگاہ فرمایا ہے۔ قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ بھی اس سعادت میں ہراول دستہ کے جرنیل کی حیثیت اور مقام رکھتے ہیں۔ مذکورہ بالا دونوں کتابیں اس جھوٹے مدعی نبوت کی مختلف کتابوں دعویٰ مسیحیت فتح السلام، توضیح المرام اور ازالہ اوہام کا ایک مسکت اور شواہد ودلائل سے بھرپور علمی اور تحقیقی جواب ہے۔

کتاب کے متعلق پیش گوئی جو درست ثابت ہوئی

مرزا غلام احمد قادیانی کی نبوت کے پر پرزے نکلنے کی ابتداء ہی تھی جب قاضی صاحب نے یہ کتاب لکھی اور اس الہامی پیش گوئی کے ذریعے قادیانی مکروفریب کے تارو پود بکھیر دیئے آپ نے اس کتاب کے حوالے سے ایک پیش گوئی فرمائی جو بعد میں بالکل درست ثابت ہوئی۔ قاضی صاحب نے فرمایا تھا کہ مرزا غلام احمد اس کتاب کا جواب نہیں دے سکے گا اس کے بعد قاضی صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ میں پورے یقین سے یہ بات کہتا ہوں مرزا غلام قادیانی اپنی زندگی میں حج نہیں کر سکے گا اور یہ اس کے جھوٹا ہونے کی دلیل ہے قاضی صاحب نے ''غایت المرام'' میں اس کا اعلان بھی کر دیا اس کے بعد مرزا قادیانی کئی سال زندہ رہا لیکن نہ وہ اس کتاب کا جواب دے سکا اور نہ ہی حج کر سکا۔

یہ دونوں کتابیں انیسویں صدی کے اختتام سے قبل ہی زیور طباعت سے آراستہ ہو کر تشنگان حق کی آبیاری کی سعادت حاصل کر چکی تھیں اور قاضی رحمۃ اللہ علیہ کی خداداد تصنیفی، تالیفی، تحقیقی، صلاحیتوں کا اعتراف کروا چکی تھیں۔

تاریخ المشاہیر

نوجوان نسل کو اپنے دینی، علمی اور ثقافتی ورثہ سے ایک خاص تعلق، دلچسپی اور لگن ہوتی ہے اور یہی تعلق کسی انسان کو اپنے نظریہ، اعتقاد، نصب العین اور مشن کو آگے بڑھانے کے لئے مہمیز کا کام کرتا ہے۔ آج اگر ہماری نئی نسل صحیح اسلامی تعلیمات اور مثبت فکر سے آراستہ ہو جائے تو دعوت وتبلیغ کی بے شمار منزلیں آسانی سے طے ہو جائیں۔ اخلاق وکردار کے حوالہ سے ایک نیا ولولہ، جذبہ اور جوش مارتا ہوا خون پھر سے امت مسلمہ کی رگوں میں دوڑنے لگ جائے اور بظاہر ناکارہ اور بیمار نظر آنے والا معاشرہ علم وعمل اور ترقی کی نئی منزلوں پر رواں دواں اور گامزن نظر آئے۔ اسلامی فکر ونظر سے آگاہی کے لئے ائمہ الاعلام اور مشاہیر اسلام کا تذکرہ اور دین اسلام کی آبیاری اور اس کی اشاعت وترقی اور ترویج کے لئے ان ارواح قدسیہ کی عظمت وکردار اور ان کی بے لوث وبے مثال قربانیوں کا تذکرہ بھی اس مشن کو کامیابی کی طرف لے جانے میں بنیادی کلید ہے۔ کیونکہ ائمہ سلف اور ایسی گراں قدر اور معزز بزرگ ہستیوں کا ذکر خیر، ولولہ تازہ کا باعث

بنتا ہے اور اسلاف کی ان کوششوں کا ذکر نیک طینت انسان کے لئے مشعل راہ اور سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے:

عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں
نظر آتی ہے اُن کو اپنی منزل آسمانوں میں

امرتسر کے ایک معروف ہفت روزہ ''وکیل'' میں جس کے کسی زمانے میں امام الہند ابوالکلام آزاد رحمۃ اللہ علیہ بھی مدیر التحریر ہوا کرتے تھے، قاضی سلیمان رحمۃ اللہ علیہ چونکہ انتہائی راسخ العقیدہ، پکے، سچے اور کھرے مسلمان تھے انہوں نے جب ''الوکیل'' میں تصاویر کی اشاعت دیکھی تو ہفت روزہ کے مالک منشی غلام محمد سے استدعا کی کہ آپ ان بے مقصد اشیاء کو ترک کر دیں تو میں اس صحافتی خلا اور کمی کو مشاہیر اسلام کے تذکرہ سے پورا کروں گا۔ (ان شاءاللہ) اور پھر حسب وعدہ وخواہش قاضی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو بڑی ہی ذمہ داری سے پورا فرمایا اور حسب موقع آپ نے ائمہ اربعہ یعنی ''امام مالک، امام ابوحنیفہ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ ایسے عظیم ائمہ ومجتہدین کے تذکرے اپنے خاص صحافتی اسلوب بیان سے قلمبند فرمائے۔ ان عظیم شخصیات کے احوال، علاقائی ماحول، ان کی خداداد صلاحیتوں، ان کے تفقہ کے جلیل القدر تذکرے، ان کی زندگیوں کے اخلاق و کردار، دینی لگن، تڑپ، علمی، تحقیقی اور مجتہدانہ کارہائے نمایاں سے مسلمانانِ برصغیر کو آگاہ کیا۔

یہ خوبصورت کتاب ان ائمہ عظام کے ساتھ ساتھ بے شمار اسلامی اور تاریخی عمائد وعظام کی زندگیوں کے بھرپور تذکروں سے بھی معمور ہے اور یہ تذکرہ اصحاب علم وفضل، اپنی نادر تاریخی معلومات اور دل نشین اسلوب نگارش کے باعث ایک یادگار علمی شہ پارہ ہے۔

شخصیات کا یہ خوبصورت تذکرہ خود مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کی حیات مبارکہ ہی میں ''الوکیل'' میں چھپنے کے بعد ایک خوبصورت کتاب کی صورت میں زیور طباعت سے آراستہ ہو کر عام قارئین کے ہاتھوں تک پہنچ کر قاضی رحمۃ اللہ علیہ کی علمی اور فکری صلاحیتوں کا لوہا منوا چکا تھا۔

مکاتیب سلیمان

قاضی محمد سُلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ بڑے زود نویس، احباب کی دل جمعی و دل جوئی، احوال واقعی سے آگاہی اور دوست و اقارب سے خط وکتابت میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ شاید اس دور میں خط وکتابت ہی باہمی تعلق ارتباط اور آپس کے حالات سے آگاہی کا ایک موثر ذریعہ تھا۔ قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ بڑے فاضلانہ، عالمانہ اور محققانہ مکتوب تحریر فرمایا کرتے تھے۔ ان کے بعض مکتوبات تو تاریخی دستاویز کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان میں سے ایک کسی مسیحی کے سوال کا جواب تھا جو ''استقامت'' کے نام سے طبع ہوا تھا۔ اس کے علاوہ ایک بڑا مبسوط خط غازی محمود دھرم پال کے جوابی خط میں تحریر فرمایا تھا۔ اس طرح یہ مکاتیب جس کی مجموعی تعداد چونتیس (34) ہے، ایک خوب معلوماتی نادر اور تحقیقی مجموعہ ہے۔

سید البشر ﷺ

قاضی محمد سُلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ کی اور بھی بے شمار خوبصورت مطبوعات ومؤلفات ہیں جن میں سید البشر سیرۃ النبی ﷺ پر دیئے گئے چار (4) لیکچرز کا مجموعہ ہے جو انہوں نے متحدہ پنجاب کے مشہور شہر امرتسر کے ایم اے او (M.A.O.) ہائی سکول میں ارشاد فرمائے تھے اور مصنف ہی کے بھتیجے قاضی حبیب الرحمٰن مرحوم نے کتابی صورت میں ترتیب دیئے تھے جو ایک سچے عاشق رسول ﷺ کی عقیدتوں کا والہانہ اظہار ہے۔ اس خوبصورت کتاب کو پاکستان کا معروف اشاعتی ادارہ ''طارق اکیڈمی'' چھاپنے کی سعادت حاصل کر چکا ہے۔

المسح علی الجوربین

نویں صدی ہجری کے متبحر عالم اور لاتعداد کتب کے مصنف ومؤلف علامہ سید جمال الدین دمشقی رحمہ اللہ کی معروف عربی کتاب ''المسح علی الجوربین'' کا مسلمانان برصغیر کے افادہ کے لئے سلیس اور شستہ اردو زبان میں ترجمہ کیا جوان کے اعلیٰ علمی وادبی ذوق ومہارت کا آئینہ دار ہے۔ یہ کتاب بھی کئی دفعہ زیور طباعت سے آراستہ ہو چکی ہے۔

برہان

ایک مسیحی پادری نے جولائی 1914ء میں غازی محمود دھرم پال مرحوم کے معروف رسالہ ''المسلم'' جو لدھیانہ سے نشر ہوتا تھا، کے توسط سے شق وار چار سوالات پر مشتمل ایک توضیحی خط قاضی سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کے نام ارسال کیا تھا۔

1 صحف انبیاء، توریت، انجیل اور قرآن شریف آپس میں کیا نسبت رکھتے ہیں؟

2 حضرت موسیٰ وعیسیٰ علیہما السلام اور محمد ﷺ کے مدارج کیا ہیں؟ آپس میں کیا نسبت رکھتے ہیں؟

3 حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس بات میں نمونہ ہیں اور حضرت محمد ﷺ کس بات میں؟

4 حضرت محمد ﷺ کی ذاتی زندگی کے برتاؤ کا انسانی حاجتوں میں کس زمانے کے لوگوں سے مقابلہ کریں تا کہ وہ عمدہ اور اعلیٰ ثابت ہو؟

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ نے تقریباً (5) ماہ بعد بھٹنڈہ میں جہاں ان دنوں موصوف اپنی سیشن جج (Session Judge) کی ذمہ داریوں کے سلسلہ میں تعینات تھے، ان تمام وضاحت طلب سوالات کے تشفی بخش جوابات مرحمت فرمائے۔ پادری کے خط کا جواب بڑا فاضلانہ، عالمانہ، محققانہ اور کتب سماوی بالخصوص تورات وانجیل پر آپ کی کامل دسترس کا آئینہ دار تھا۔ جب ریاست پٹیالہ کے مسلمانوں نے اس خط کو افادۂ عام کے لئے طبع کروانا چاہا تو قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ نے بصد خوشی ومسرت طباعت کی مشروط اجازت مرحمت فرمائی کہ مصلحتاً پادری صاحب کا نام ظاہر نہ کیا جائے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مذکورہ فاضل پادری ایک مصلح عالم کے کردار واخلاق اور تسلی بخش جوابات سے متاثر ہو کر نہ صرف حلقہ بگوش اسلام ہو گیا بلکہ بہت بڑا داعی اور مبلغ اسلام بن گیا۔

اس کے علاوہ قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کی اور بھی خوبصورت تحریریں مختلف رسائل وجرائد کی زینت بنتی رہی ہیں۔

معراج المؤمنین، اسلام اور تلوار، تبلیغ اسلام، واقع کربلا، قرآن، انجیل اور تورات میں تقابل۔ ان کی دیگر مؤلفات ہیں۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ ہمیشہ یہ دعا مانگا کرتے تھے۔ ''اے میرے مولا مجھے ایسے وقت میں اپنے حضور بلانا جب میں دنیا کی ہر قسم کی آلائشوں سے پاک ہوں'' دنیا فانی ہے سب نے موت کا مزہ چکھنا ہے۔ عارضی بندھن اور وقتی سہارے سب چھوٹ جانے ہیں۔ بالآخر وہ گھڑی جو ہر ذی روح پر آنے والی ہے، وقت موعود پر آ پہنچی۔ 30 مئی 1930ء کو مصنف ''رحمۃ للعالمین'' کے لئے ''اللہ رب العالمین'' کی طرف حاضری کا بلاوہ آن پہنچا۔ دوسرے سفر حج سے اپنے وطن ہندوستان لوٹ رہے تھے۔ داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ روحانیت سے مالا مال، دنیاوی مال ومتاع سے تہی دامن یہ مسافر حرم ﴿يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ﴾ کی عملی تصویر بنا کشاں کشاں اپنے خالق حقیقی سے جا ملا۔ اپنی حیات مستعار کا ایک ایک لمحہ، دین اسلام کی علمبرداری، قرآن کریم کی حاکمیت اور سیرت النبی ﷺ کے یادگار اور انمٹ نقوش چھوڑنے والا وقار واحتشام کے ساتھ معرکہ حق میں کامیابی اور اپنی زندگی کو بامقصد گزارنے کا پرمسرت و پرکیف احساس لئے اعلیٰ علیین کی طرف رخت سفر باندھ گیا۔

عارف باللہ ولی کامل، خاندان غزنویہ کے فرشتہ صفت، ممتاز عالم مولانا محمد اسماعیل غزنوی رحمہ اللہ نے بحری جہاز پر ہی ان کی نماز جنازہ ادا کی اور'' رحمۃ للعالمین '' کے مصنف کو''رب العالمین'' کے حضور پیش کر دیا۔ علم وتقویٰ کی مجسم تصویر کو جمعۃ المبارک کے روز سمندر کے حوالہ کر دیا گیا اور اس کے ساتھ ہی مرحوم کی زندگی کا باب آخری کنارہ تک پہنچا۔

مصنف'' رحمۃ للعالمین '' کو آج ہم سے بچھڑے پون صدی سے زیادہ عرصہ بیت چکا ہے۔ لیکن اپنے تعمیری، تخلیقی، تحقیقی، تصنیفی ذخیرہ کے باعث وہ آج بھی مسلمانانِ عالم کے دلوں میں دھڑکتے اور محسوس کیے جاتے ہیں۔ ان کی خوبصورت اور عالی مرتبت نگارشات آج بھی امت مسلمہ کے لئے مشعل راہ اور سنگ میل ہیں۔

پٹیالہ جہاں مصنف پیدا ہوئے، عمر عزیز کا خوبصورت حصہ گزارا۔ ریاست کے عظیم منصب پر متمکن رہے۔ خبر وفات کے ساتھ ہی کہرام مچ گیا۔ ہر آنکھ اشکبار اور ہر شخص غم واندوہ کا مجسمہ بنا ہوا تھا۔ اپنے بیگانے سب دل گرفتہ اور مغموم تھے۔ خالصہ ہائی سکول میں تعزیتی جلسہ ہوا۔ ریاست پٹیالہ کے مہاراجہ بوپندر سنگھ چونکہ ان دنوں لندن میں تھے اس لئے وزیر اعظم راجہ گوردوت سنگھ نے اس عظیم الشان تعزیتی اجلاس میں ان کی تعزیت کی۔ عزیز واقارب ہم مذہب وہم مسلک حاضرین کے ساتھ دیگر ادیان ومذاہب کے ماننے والے بھی نہ صرف اس جلسہ میں شامل ہوئے بلکہ قاضی سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کی حیات مبارکہ کے مختلف نہاں خانوں کو بڑی عقیدت ومدگی سے عوام کے سامنے آشکارا کیا۔

مسٹر ڈنلوپ سمتھ، لارڈ ماؤنٹ بیٹن، لارڈ کرزن، جوگندر سنگھ، یہ سب لوگ قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کے سانحہ ارتحال پر بہت غمگین اور افسردہ ہوئے یہ سب قاضی صاحب کی اپنی اور بیگانوں اور حتی کہ غیر مسلموں تک سے حسن سلوک، اسلامی رواداری اور اعلیٰ اخلاق کے باعث تھا قاضی صاحب برصغیر پاک وہند جمعیت اہل حدیث کے عظیم رہنما اور لیڈر تھے۔ لیکن سبھی سے باوقار تعلقات رکھتے تھے۔ اپنے تعلقات کے باعث جب اسلم سراجپوری جو مشہور منکرِ حدیث غلام احمد پرویز کے استاد ومرشد تھے، جب پٹیالہ جامع ملیہ کے چندے کے لئے آئے تو قاضی صاحب کا ہی دولت کدہ ان کا راحت کدہ بنا۔

قاضی صاحب اپنی ملازمت سے 1924ء میں ریٹائرڈ ہو گئے تھے۔ پھر بھی ریاست نے ان کی وفات کے بعد ان کے فرزند ارجمند قاضی عبدالعزیز کو انسپکٹر آف سکولز پر متمکن کر دیا۔

قاضی صاحب بڑے متواضع، شگفتہ طبع، خوش مذاق، شیریں مزاج، نہایت خوش اخلاق، شائستہ مزاج، فرشتہ سیرت اور عظیم انسان تھے۔ اسلامی آداب واخلاق سے مزین، شرافت ووضع داری کے پیکر مجسم تھے۔ ان کے اخلاص، للّٰہیت، زہد وورع، ذمہ داری، دین داری اور تقویٰ کی قسم کھائی جا سکتی تھی۔ معمولات اور معاملات میں احکام الٰہی کی چھوٹی چھوٹی جزئیات کا بھی بڑے سلیقے سے اہتمام کرتے تھے اور دل وجان کی گہرائیوں سے اس پر عمل کرتے تھے۔ صاحب ذکر وفکر، ظاہری اور باطنی ہر دو اعتبار سے ایک حسین ہستی تھے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مصنف رحمہ اللہ کے درجات کو بلند فرماتے ہوئے انہیں اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ ان کی قبر کو روشن کرے اس پر رحمت کی برکھا برسائے، رہتی دنیا تک ان کا فیضان جاری وساری رہے۔ آمین

صلی اللہ علی حبیبہ محمد وآلہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرف اوّل

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی عَبْدِہٖ وَ رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدِ الْمُصْطَفٰی اِمَامُ الْاَنْبِیَآءِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ وَ عَلٰی آلِہٖ وَاَصْحٰبِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ رِضْوَانُ اللّٰہِ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ۔

امابعد! سالہا سال سے میری یہ آرزو رہی ہے کہ حضرت سید ولدآدم محمد النبی الامی ﷺ کی سیرۃ پر تین کتابیں لکھ سکوں:

- مختصر
- متوسط
- مطول

1899ء میں مختصر کتاب لکھ کر شائع کر چکا ہوں اس کا نام "مہر نبوۃ" ہے۔

متوسط کتاب کا نام "رحمۃ للعالمین" تجویز کیا گیا ہے۔ یہ کتاب تین جلدوں میں ختم ہوئی۔ یہ پہلی جلد ہے۔ جسے قارئین مطالعہ فرما رہے ہیں۔ دوسری جلد 1921ء میں طبع ہوئی۔ تیسری جلد بھی ان شاءاللہ جلد شائع ہوگی۔ ان کے بعد پھر سیرت النبی ﷺ پر ایک کتاب پورے شرح وبسط سے لکھی جائے گی۔ (ان شاءاللہ تعالی)

میں جانتا ہوں کہ میری یہ کتاب آنحضرت ﷺ کے محامد ومحاسن کا اظہار اس قدر کر سکتی ہے، جس قدر ذرۂ بے مقدار آفتاب عالم تاب کے انوار کو آشکارا کر سکتا ہے۔ تاہم میں اس کتاب کے پیش کرنے کی جرأت صرف اس لیے کرتا ہوں کہ شاید کسی ایک انسان ہی کو اس کے مضامین سے فائدہ پہنچ سکے۔ مضامین کتاب کی نسبت اس قدر عرض کر دینا ضروری ہے کہ میں نے صحیح روایات ہی کے اندراج کرنے میں پوری کوشش وسعی کی ہے۔ اللہ تبارک وتعالی سے بتضرع والتجا یہ دعا ہے کہ وہ میری اس ناچیز محنت وعمل کو قبول فرما کر اس کا ثواب میرے والد ماجد حاجی مولوی قاضی احمد شاہ مرحوم (المتوفی 18 محرم 1328ھ) کے نامہ اعمال میں ثبت فرمائے!

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

المذنب

راجئ شفاعت وغفران

قاضی محمد سلیمان عفی اللہ عنہ

سپیشل مجسٹریٹ درجہ اول متوطن منصور پور

علاقہ ریاست پٹیالہ جمادی الاولی 1330ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لله الذى لم يتخذ ولدا و لم يكن له شريك فى الملك ولم يكن له ولى من الذل و كبره تكبيرا۔ فلله الحمد رب السمٰوٰت ورب الارض رب العالمين۔ وله الكبرياء فى السموت والارض وهو العزيز الحكيم۔ واشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له كلمة قامت بهاالارض والسموت وخلقت لاجلها جميع الموجودات و بها ارسل الله رسله و انزل كتبه و شرع شرائعه و لاجلها نصب الموازين ووضعت الدواوين واشهد ان محمدا عبده و رسوله الذى يجدونه مكتوبا عندهم فى التوراة والانجيل يامرهم بالمعروف وينههم عن المنكرو يحل لهم الطيبات ويحرم عليهم الخبائث ويضع عنهم إِصْرَهُمْ والاغلال التى كانت عليهم ارسله الله بالهدىٰ و دين الحق ليظهرهٗ على الدين كله شاهدا على الخلائق اجمعين ونذيرا مبينا ورحمة للعالمين و مبشرا للمؤمنين بان لهم من الله فضلا كبيرا فصلى الله تعالىٰ على نبيه امينه على وحيه و خيرمن خلقه سَيِّدُ الْمُرْسَلِيْنَ وَخَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ امام الخير وقائد الخير ورسولهٗ الرحمة المبعوث بالدين القويم والمنهج المستقيم وعلى السابقين الاولين من المهاجرين والانصار والذين اتبعوهم باحسان رضى الله عنهم ورضوا عنه ۔

اهدى اليه الهنا متواترًا	دار الصلٰوة الزهرا الغراء
والى معاشر صحبه العالين	والأل الكرام السادة الكبراء
ما اهتزت الارواح من نفس الصبا	و تنفس الارواح بالاضواء

امابعد: کتاب ''رحمۃ للعالمین'' کی جلد اول ہے جو 1912ء۔1916ء کے بعد اب سہ بارہ بعد صحت چھپوائی گئی ہے۔ یوم اشاعت سے اس کتاب کو محدثین ومؤرخین ادباء وفضلاء نے جس محبت اور عزت سے دیکھا اور جس کثرت سے اس کے مضامین کو کتابوں، رسالوں اور مضامین میں نقل کیا گیا اور جس شغف سے طالب علموں، واعظوں اور خطیبوں نے اس پر توجہ کی اور اقصائے ملک تک جس طرح اس کی اشاعت ہوئی صلحاء امت نے جس تواتر کے ساتھ اپنی اپنی رائے کا اظہار فرمایا میں اس کے لیے اپنے مالک حکیم العلیم کے افضال عظیمہ اور نعم متکاثرہ کا نہایت درنہایت شکرگذار ہوں۔ ''جامع اوراق'' کو اس امر کا وہم وگمان بھی نہ تھا کہ یہ ناچیز محنت اس طرح پر قبول کی جائے گی۔

﴿ وَ رَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَ يَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ تَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ وَ رَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ۝ وَ هُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى وَ الْاٰخِرَةِ ؗ وَ لَهُ الْحُكْمُ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴾ (القصص:68-70)

طبع سوم میں چند در چند معلومات کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اب دعا ہے کہ رب العالمین بقیہ کتاب کے بھی جلد شائع ہونے کی توفیق فرمائے۔ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ۔

محمد سلیمان کان اللہ لہ

ذی قعدہ 1342ھ / جون 1924ء

مُقَدِّمَہ

حضرت مسیح علیہ السلام سے قریباً دو ہزار (2000) سال پیشتر کا ذکر ہے کہ سلطنت بابل نہایت عروج پر تھی، سلطنت کی مالی حالت مستحکم اور فوجی طاقت زبردست تھی۔ دولت کثیر امن بسیط نے بادشاہ کے دماغ میں نخوت و غرور اس قدر بھر دیا تھا کہ اس نے سلطنت کے معبدِ اعظم میں اپنی سونے کی مورت رکھوا کر حکم دیا تھا کہ مخلوق اسی کو سجدہ کرے اور اسی سے منت و نذر و نیاز مانگی جایا کرے۔

رب العالمین نے ان کی ہدایت کے لیے ابراہیم علیہ السلام کو مبعوث کیا۔ حضور ﷺ کا سلسلہ نسب واسطے سے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے جاملتا ہے۔ بادشاہ کو توحید کی آواز پسند نہ آئی کیوں کہ اس کے قبول کرنے سے بادشاہ کو خدائی کے درجہ سے اتر کر بندہ بننا پڑتا تھا۔ اس لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا گھرانا بھی جو بادشاہ رس تھا' اپنے خاندان کے نونہال سے ناراض ہو گیا، قوم اور سلطنت کی مخالفت دیکھ کر انھوں نے وطن چھوڑ دیا۔ سارہ علیہا السلام جو بیوی تھی اور لوط بن فاران علیہ السلام جوان کا برادر زادہ (بھتیجا) تھا۔ دونوں نے مہاجرت میں ان کا ساتھ دیا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی گزران کے لیے بھیڑ بکریاں رکھ لی تھیں۔ اللہ نے ان میں برکت دی اور وہ بڑھ کر بہت سے گلے بن گئے۔

امساک بارش سے وہ سرسبز میدان، جہاں ان کے گلے رہتے اور پلتے تھے جب کفِ دست بیابان بن گیا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام وہاں سے آگے بڑھتے چلے گئے اور مصر پہنچ گئے۔

مصر پر اس وقت جو بادشاہ حکمران تھا اس کا نام رقیون [1] تھا۔ وہ دراصل بابل ہی کا باشندہ تھا (ممکن ہے مصر جاتے ہوئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ہم وطنی کے رشتہ کو وجہ تعارف خیال کر لیا ہو۔)

بادشاہ مصر نے بی بی سارہ علیہا السلام کو اپنی ملک کی خاتون سمجھ کر اپنے لیے پسند کیا' لیکن اسے اللہ نے جلد معلوم کرا دیا کہ وہ اللہ کے برگزیدہ نبی کی بیوی ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اس نے نہایت قدر و منزلت کی اور جب وہ وہاں سے وطن کو واپس ہوئے تو اس نے اپنی بیٹی ہاجرہ علیہا السلام بھی ساتھ کر دی [2] تا کہ اسی نیک خاندان میں اس کی تربیت ہو اور وہ اپنے ہی ملک اور قدیم نسل کے باشندوں میں بیاہی جائے۔ اپنے مہمان نواز بادشاہ کی خوش آئندہ آرزو کے پورا کرنے کی غرض سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ہاجرہ علیہا السلام سے نکاح کر لیا۔ اللہ نے انھیں پہلوٹا بیٹا اسی کے بطن سے عنایت کیا۔ اس کا نام اسماعیل (علیہ السلام) رکھا گیا۔

بی بی سارہ علیہا السلام سے دوسرا لڑکا پیدا ہوا، اس کا نام اسحاق (علیہ السلام) رکھا گیا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے دوست ابراہیم علیہ السلام کو

---

[1] خطبات احمدیہ ص: 109 دکتور فی الآداب حسن ابراہیم حسن مصری نے اپنی تالیف تاریخ عمرو بن العاص مطبوعہ مطبعۃ السعادۃ مصر جلد 2 ص 182 میں اس بادشاہ کا نام طوطیس بن مالیا اور اس کے دار الخلافہ کا نام منف لکھا ہے۔ ص: 183 پر طوطیس کو سالطیس لکھا گیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ رقیون اس کا اصلی نام اور طوطیس اس کا شاہی نام تھا۔ اس مؤرخ نے یہ بھی لکھا ہے کہ اسی بادشاہ نے سیدہ ہاجرہ علیہا السلام تک مصر کا غلہ پہنچانے کے لیے دریائے نیل سے بحر احمر تک نہر نکالی تھی جس کی بعد میں اور بان قیصر مخوس دارا نے بھی تجدید کرائی اور بالآخر عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسے از سر نو کھلوایا تھا۔

[2] ہاجرہ علیہا السلام کو صرف یہی شرف حاصل نہیں کہ وہ شہزادی ہیں بلکہ توراۃ سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کے ہاں بھی ان کا درجہ بالاتر تھا۔ کتاب پیدائش 16/(7-11)' 17/21 سے واضح ہے کہ خدا کے فرشتے ہاجرہ کے سامنے خود آتے اور خدا کا حکم اسے پہنچایا کرتے تھے مگر سارہ بی بی کے سامنے بھی کوئی فرشتہ نہیں آیا۔ پیدائش 18/10 سے ثابت ہے کہ سارہ کو بیٹے کی بشارت فرشتہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی معرفت دی۔

بتلادیا تھا کہ دونوں بیٹے بڑے بابرکت ہوں گے [1] اور بڑی بڑی قوموں کے جداعلیٰ ہوں گے اور ان کی اولاد کثرت کی وجہ سے گنی نہ جائے گی۔ اس لیے باپ نے اللہ کے حکم اور کنبہ والوں کی درخواست پر ان کے لیے علیحدہ علیحدہ ملک تقسیم کر دیے تھے۔ شام کا ملک اسحٰق علیہ السلام کو دیا کیوں کہ بابل اس کے مشرق میں تھا اور اسحٰق علیہ السلام کو اپنے ننھیال سے قرب کا موقع ملا۔

عرب کا ملک اسماعیل علیہ السلام کو دیا۔ کیوں کہ مصر اس کے مغرب میں تھا اور اسماعیل علیہ السلام کو اپنے ننھیال سے قریب تر رہنے کا موقع مل گیا اور بایں ہمہ دونوں بھائی اس طرح آباد ہوئے کہ ان کے درمیان کوئی تیسرا ملک نہ تھا تا کہ وقت پر ایک بھائی دوسرے کی امداد واعانت کرتا رہے۔ [2]

اسماعیل علیہ السلام کی شادی بنوجرہم کے سردار مضاض کی بیٹی سے ہوئی تھی۔ بنوجرہم عرب کا قدیم حکمران قبیلہ تھا اور مضاض اپنے علاقہ کا واحد فرمانروا تھا [3] اور اسحٰق علیہ السلام کی شادی اپنے ننھیال میں ہوئی تھی۔ اس طرح ایک ہی نسل کے بچوں میں جسمانی بعد بڑھتا رہا لیکن رب العالمین وقتاً فوقتاً اس بعد کو دونوں قوموں کے باہمی ملاپ اور معاونت سے دور فرماتا رہا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کے خوف سے بھاگ کر عرب ہی میں پناہ لی تھی اور پھر جب وہ بنی اسرائیل کو مصر سے نجات دے کر لائے۔ تب بیابان عرب ہی میں انھوں نے چالیس (40) سال پورے کیے تھے۔

حضرت داود علیہ السلام جب بادشاہ سموئیل کے خوف سے بھاگ کر اپنے ملک سے نکلے تھے تو عرب ہی میں آ کر ٹھہرے تھے۔

جب بنی اسرائیل کو بخت نصر نے تباہ کیا تھا تو انھیں معد بن عدنان نے عرب ہی میں آرام اور عزت سے رکھا تھا۔

حضرت اسحٰق علیہ السلام کی اولاد میں پیدا ہونے والے انبیاء نے بھی اپنے الہامات میں بنی اسماعیل علیہ السلام کی بابت بہت کچھ اشارے کیے ہیں۔ اس جگہ میرا مقصود صرف حضرت اسماعیل علیہ السلام کی بابت کچھ لکھنے کا ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان کو اور ان کی والدہ کو اس جگہ آباد کیا تھا، جہاں اب شہر مکہ آباد ہے۔ مقدس باپ نے نامور بیٹے کی شمولیت سے اس جگہ ایک مسجد بھی (مکعب شکل کی) بنادی تھی اور اللہ سے دعا کی تھی کہ وہ مالک الملک اس سنسان جگہ میں آباد ہونے والی قوم کی روزی کا خود سامان کرے۔ انھیں کھانے کے لیے عمدہ عمدہ میوے ترکاریاں ملتی رہیں۔ [4] اور ان کی ہدایت اور رہنمائی کے لیے

[1] حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام کا برابر کا درجہ اور برابر کی برکت مندرجہ ذیل حوالہ جات سے بخوبی ثابت ہے۔

1	خدانے دردوغم کو سنا ہاجرہ کے (16-11 پیدائش)	خدانے دردوغم کو سنا سارہ کے 18-14 پیدائش
2	خدانے نام رکھا ہاجرہ کے فرزند اسماعیل کا (16-11 پیدائش)	خدانے نام رکھا سارہ کے فرزند اسحاق کا (17-19 پیدائش)
3	خدانے برکت دی ہاجرہ کے فرزند اسماعیل کو (17-20 پیدائش)	خدانے برکت دی سارہ کے فرزند اسحٰق کو (17-19 پیدائش)
4	خدا ساتھ تھا اسماعیل کے (16-11 پیدائش)	خدا ساتھ تھا اسحاق کے (26-24 پیدائش)
5	قوموں اور بادشاہوں کا باپ ہوگا اسماعیل (25-16 پیدائش)	قوموں اور بادشاہوں کا باپ ہوگا اسحاق (25-16 پیدائش)

[2] پیدائش باب 25 درس 9 میں ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کو اس کے بیٹے اسحٰق علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام نے دفن کیا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں بھائی کس طرح دکھ سکھ میں شریک رہتے تھے۔ [3] خلاصہ تاریخ العرب پروفیسر سیڈیو (Sade) صفحہ 23 [4] جو لوگ مکہ جاتے ہیں ان کو دو باتیں بڑی عجیب معلوم ہوتی ہیں: (1) زمین مکہ میں کوئی روئیدگی یا پیداوار نظر نہیں آتی (2) مکہ کے بازاروں میں سبز و تر میوے اور ترکاریاں بہت سستی اور بہتات سے ملتی ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کو قبول کیا اور اس سے دلیل پکڑی جاتی ہے کہ اللہ نے دعا کے دوسرے جز و یعنی رسول پیدا کرنے کو بھی ضرور قبول کیا۔ نبی موعود کا حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں پیدا ہونا تورات کی کتاب استثنا 17-18-19 (18-باب) سے اور مکہ (فاران) سے ظاہر ہونا استثنا 2/23 سے ثابت ہے۔

ایک عظیم الشان رسول بھی اسی مقام پر پیدا ہو۔

اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں بارہ (12) بیٹے ہوئے [1] انھوں نے عرب کو آپس میں تقسیم کر لیا اور وہ بہت جلد اس قدر پھیل گئے کہ مغرب کی طرف مصر سے جو ان کا ننھیال تھا جا ملے اور جنوب کی طرف ان کے خیمے یمن تک پہنچ گئے۔ جہاں باپ نے ان کے بھائیوں بنو قطورہ کو آباد کیا تھا اور شمال کی طرف ان کی بستیاں شام سے جا ملیں جہاں ان کے بھائی بنو اسحاق آباد ہوئے تھے۔

اسی طرح ایک ہی باپ کے فرزند بابل اور مصر کے قدیم علم و تہذیب کے مالک ہو گئے اور بحر ہند و بحیرہ احمر کی ایسے بندرگاہوں پر ان کا قبضہ ہو گیا جہاں سے اس وقت کی تمام متمدن دنیا کی تجارت پر وہ اپنا قبضہ کر سکتے تھے اور عرب کا اندرونی حصہ بھی ان کے پاس آ گیا جو غیر اقوام سے بچاؤ کے لیے ہمیشہ ناقابل تسخیر حصار ثابت ہوا۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں ان کا دوسرا فرزند قیدار نہایت نامور ہوا ہے۔ قیدار کی اولاد خاص مکہ میں آباد رہی۔ انھوں نے اپنے باپ کی طرح اس مقدس مسجد کے حقوق کو ہمیشہ سے پورا کیا جو دنیا کے لیے توحید کی پہلی درسگاہ تھی۔

قیدار کی اولاد میں 37 پشت کے بعد عدنان اول نہایت اولو العزم شخص گذرا ہے اس کے چھوٹے بھائی عک نے یمن میں سلطنت قائم کر لی تھی۔

عدنان کے بعد اس قوم پر بنی جرہم کا قبیلہ غالب آ گیا۔ اگرچہ وہ ان کے ماموں ہی تھے تاہم بنو جرہم نے ان کو 207ء میں مکہ سے نکال دیا تھا کیوں کہ بنو اسماعیل نے اب تک بنو جرہم کا بت پرستی میں ساتھ نہ دیا تھا۔

لیکن قصی نے جو عدنان دوم سے پندرہویں پشت میں ہے پھر مکہ پر قبضہ حاصل کر لیا اور اس نے مکہ میں مشترکہ حکومت کی بنیاد 440ء میں رکھ کر مندرجہ ذیل عہدے قائم کیے:

① رفادہ ② سقایہ ③ حجابۃ ④ قیادہ ⑤ قومی نشان بنایا جسے "لواء" کہتے تھے۔

⑥ نیز قومی مجلس قائم کی جسے "ندوہ" یا "دار الندوہ" کہتے تھے۔

قصی کے بعد اس کا فرزند عبد مناف [2] پھر اس کا فرزند ہاشم [3] پھر اس کا فرزند عبد المطلب [4] (المولود 497ء) پھر اس کا فرزند ابو طالب اپنے اپنے وقت میں مکہ کے محترم سردار ہوتے رہے۔ سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ جن کی سیرت پاک پر یہ متوسط کتاب لکھی گئی ہے عبد المطلب کے پوتے تھے۔

مذکورہ بالا بیان سے آپ سمجھ گئے ہیں کہ عرب میں بسنے والے کون تھے اور ان کا اپنے ہمسایہ ممالک کی قوموں کے ساتھ کیا تعلق

---

[1] حضرت یعقوب بن اسحٰق علیہ السلام کے بھی بارہ (12) بیٹے ہوئے۔ بی بی لیاہ کے بطن سے چھ: راؤبین، شمعون، لاوی، یہودہ، اشکار، زبلون۔ بی بی راخل کے بطن سے دو: یوسف، بنیامین۔ زلفہ کے بطن سے جو بی بی لیاہ کی لونڈی تھی دو: جد، آشر۔ بلہہ کے بطن سے جو بی بی راخل کی لونڈی تھی دو: دان، نفتالی۔ پیدائش 30/29 ب انھی بارہ کی اولاد سے بنی اسرائیل کے بارہ قبیلے ہیں، جنھیں حضرت یعقوب، موسیٰ، داؤد، مسیح، یوحنا نے برکت یافتہ بتلایا ہے۔ اگر عیسائیوں کا یہ بیان صحیح سمجھا جائے کہ بی بی ہاجرہ بھی بی بی سارہ کی لونڈی تھیں، جسے سارہ نے اپنے شوہر سے بیاہ دیا تھا تب بھی بنی اسماعیل پر وہ کوئی اعتراض نہیں کر سکتے جیسا کہ وہ جد۔ آشر۔ دان۔ نفتالی پر اور ان کی اولاد پر کوئی اعتراض نہیں رکھتے جو بلہہ اور زلفہ لونڈیوں کے بچے ہیں۔ [2] عبد مناف کا نام مغیرہ تھا۔ پیدائش کے بعد ان کو مناف بت کے مندر میں لے گئے تھے۔ اس لیے "عبد مناف" مشہور ہو گئے تھے۔ [3] ہاشم کا نام عمرو تھا۔ یہ شوربا میں روٹی کے ٹکڑے بھگو کر غریبوں کو کھلایا کرتے تھے۔ اس لیے "ہاشم" نام پڑ گیا۔

[4] ان کا نام شیبہ تھا۔ جب پیدا ہوئے تو سر کے چند بال سفید تھے۔ اس لیے ماں نے ان کا نام شیبہ (بوڑھا) رکھا۔ مطلب ان کا چچا تھا جس نے یتیمی کے دنوں میں انھیں پالا تھا۔ اس شکر گزاری میں یہ تمام عمر "عبد المطلب" کہلائے۔

تھا؟ لیکن ابھی ملک عرب کی نسبت مجھے کچھ اور بیان کرنا ضروری ہے۔

عرب کا محل وقوع

نقشہ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ عرب وہ جزیرہ نما ہے جس کے مغرب میں بحیرہ احمر اور جنوب میں بحر ہند، مشرق میں خلیج فارس اور شمال میں ملک شام ہے۔ اسے شام سے وہ سلسلہ کوہ جدا کرتا ہے جو اس کے شمال میں چلا گیا ہے اور مصر سے آبنائے سویز جو چالیس (40) برس پیشتر خاکنائے سویز سے موسوم تھی، الگ کرتی ہے، ہندوستان اور عرب میں خلیج بحیرہ عرب ہے۔

عرب کی سرزمین

عرب وسعت میں مملکت فرانس سے تقریباً دو چند بڑا ہے۔ ملک کے مختلف حصے اپنی اپنی خاص خصوصیتوں کی وجہ سے ممتاز ہیں۔ یمن کی وادی اور طائف کے پہاڑ ایسے سرسبز ہیں کہ ہندوستان کے بہترین حصوں کو رشک آتا ہے۔ الحجر کی پتھریلی زمین اور وسط عرب کا وسیع ریگستان اس قدر بے آب و گیاہ ہے کہ صحرائے اعظم افریقہ سے مقابلہ کرتا ہے۔

عرب کی سیاسی حالت

ہم جس ستودہ صفات ﷺ کے عہد سے اپنی کتاب کا آغاز کر رہے ہیں ان کی پیدائش کے وقت عرب کی ملکی اور اخلاقی حالت کا یہ حال تھا کہ اس کے جنوب میں سلطنت حبش کا اور مشرقی حصہ پر سلطنت فارس کا اور شمالی اقطاع پر روما کی مشرقی شاخ سلطنت قسطنطنیہ کا قبضہ تھا۔ ① اندرونی ملک بزعم خود آزاد تھا، لیکن ہر ایک سلطنت اس پر قبضہ کرنے کے لیے ساعی تھی۔

عرب کی اخلاقی حالت

اندرونی ملک کے باشندوں پر خود مختاری نے بہت برا اثر ڈالا تھا۔ ان میں خود مختاری سے خودسری پیدا ہوگئی تھی۔ انھوں نے اپنی شجاعت وجرأت کا نشانہ اپنے ہی بھائیوں کو بنا رکھا تھا۔ بیکاری اور کاہلی نے جوا اور شراب کی عادت پیدا کر دی اور طبیعت ثانی بنا دی تھی۔ ممالک غیر سے الگ تھلگ رہنے کی وجہ سے ان کی زبان اور نسل بے شک کھری تھی لیکن فصاحت کا استعمال وہ زیادہ تر خودستائی یا دوسری قوموں کی تحقیر میں کیا کرتے تھے یا اپنے فحش کارناموں کو مشتہر کرنے کے لیے زبان کی ساری طاقت خرچ کر کے اپنے ساتھ اپنی معشوقہ کی بھی خوب تشہیر کیا کرتے تھے۔ الگ تھلگ رہنے نے مصاہرت کی برائی ان کے ذہن میں قائم کر دی تھی اور مدعیان شرافت بڑی دلیری اور فخر سے اپنی بیٹیوں کو زندہ زمین میں گاڑ دیا کرتے تھے۔

جہالت نے ان میں بت پرستی رائج کر دی تھی اور بت پرستی نے انسانی دل ودماغ پر قابض ہو کر ان کو توہم پرست بنا دیا تھا۔ فطرت کی ہر ایک چیز پتھر، درخت، چاند، سورج، پہاڑ، دریا وغیرہ کو وہ اپنا معبود سمجھنے لگ گئے تھے اور اس طرح وہ اللہ کی عظمت وجلال کو فراموش کر دینے کے ساتھ ساتھ خود اپنی قدر وقیمت بھی بھول چکے تھے۔ اس لیے انسانی حقوق کے لیے نہ کوئی ضابطہ تھا اور نہ ایسے حقوق کو صحیح مرکز پر لانے کے لیے کوئی قانون تھا، قتل انسان، رہزنی، حبس بے جا، تصرف ناجائز، مداخلت بے جا، عورتوں کو جبر یا پھسلاوٹ سے بھگا لے جانا، بیٹیوں کو زندہ پیوند خاک کر دینا اسی شجر کے ثمر تھے کہ بت پرستی نے ان کی نگاہ میں سب سے زیادہ حقیر ہستی انسان ہی کو بنا دیا تھا۔

---

① تاریخ العرب پروفیسر سیڈیو (Sade) ص:40

برسوں بلکہ نسلوں اور صدیوں کے جمود نے ان کے دل و دماغ میں یہی نقش کر دیا تھا کہ ان کی حالت سے بہتر کوئی حالت اور ان کے تمدن سے بہتر کوئی تمدن اور ان کے دین سے بہتر کوئی دین ہو ہی نہیں سکتا۔

عرب کی مذہبی حالت

عرب کے مختلف اطراف میں مختلف حکومتوں اور سلطنتوں کے تعلق کی وجہ سے تمام ملک میں مختلف مذاہب اور بھی پائے جاتے تھے۔ یہودی [1] عیسائی [2] صابی ایسے مذاہب ہیں جن کے نام سن کر ناواقف شخص دھوکا کھا سکتا ہے کہ ان لوگوں میں ان مذاہب کی عمدگیوں کے نمونہ بھی پائے جاتے ہوں گے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان لوگوں نے اپنے آپ کو مذہب سے درست کرنے کی بجائے مذہب کو اپنی وجہ سے خراب کر دیا تھا۔ اگر موسیٰ و عیسیٰ و شعیب و صالح علیہم السلام پیغمبروں کو ان کے دیکھنے کا موقع ملتا تو وہ ہرگز نہ پہچان سکتے کہ یہ ہمارے ہی اصول پر چلنے والے لوگ ہیں۔

عام عیسائی ایک مسیح علیہ السلام کو "ابن اللہ" کہتے ہیں، لیکن عرب کے عیسائی مریم کو اللہ کی جورو اور فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں بھی کہا کرتے تھے اور بت پرست تو لات و عزّٰی کو مؤنث اللہ (لات مونث ہے اِلٰہ کا اور عزّٰی مؤنث ہے عزیز کا) بھی کہا کرتے تھے۔

اس زمانہ کے عام یہودی حضرت عزیر علیہ السلام کو توریت کے ازبر لکھ دینے سے "ابن اللہ" کہا کرتے تھے۔ مگر عرب کے یہودی اپنی قوم کے سب زن و مرد کو اللہ کے بیٹے، بیٹی، پیارے، پیاری کہا کرتے تھے۔

آتش پرست غالباً بیٹی، بہن کو گھر میں ڈال لیا کرتے تھے مگر عرب کے ملحد اپنی حقیقی والدہ کو چھوڑ کر اپنے باپ کی تمام جوروؤں کو اپنی لونڈیاں بنالیا کرتے تھے۔

عرب کی جملہ اقوام (باستثنائے بعض افراد) لکھنے پڑھنے سے بے خبر، علوم سے بے بہرہ، فنون سے عاری، تمدن سے ناواقف، مصالحت اور معانی سے ناآشنا تھے۔

ملحد اور دہریے بھی عرب میں آباد تھے۔ وہ حیات اور موت کو اتفاق اور وقت سے موسوم کر کے دنیا کے ہر انقلاب کو دور زمانہ سے منسوب کیا کرتے تھے۔

اللہ کی ہستی کا اقرار اور جزا و سزا کا تصور، نیک و بد افعال پر نیک و بد نتائج مرتب ہونا ان کے نزدیک قابل تسخیر خیال تھا۔ ان جملہ عیوب کی وجہ سے عرب گویا جملہ مذاہب باطلہ اور تخیلات کی برائیوں کا مجموعہ تھا۔

عرب کا کرہ ارض کے وسط میں وقوع

اگر ہم عرب کو کرہ ارض کے نقشہ پر دیکھیں تو اس کے محل وقوع سے یہی معلوم ہوتا ہے [3] کہ اللہ نے اسے ایشیا و یورپ

---

[1] یہودیوں کو جب یونانیوں اور سریانیوں نے اپنے علاقہ سے نکالا تو وہ عرب کی طرف چلے آئے اور بنو اسماعیل نے (اپنے ان چچازاد بھائیوں کا) خیر مقدم کیا اور ان کے مذہب نے حجاز اور نواح خیبر و مدینہ میں اچھی اشاعت پائی۔ (از کتاب خلاصہ تاریخ العرب ص:38)

[2] عیسائیت کو 330ء میں بنو غسان نے قبول کیا اور پھر عراق عرب، بحرین اور صحرائے فاران و دومۃ الجندل اور فرات و دجلہ کے دوآبہ میں یہی مذہب پھیل گیا اور اس دین کی اشاعت میں نجاشی اور قیصر نے باہم مل کر کوشش کی۔ 395ء تا 513ء میں اس کی اشاعت پر بڑا زور دیا گیا اور یمن میں اناجیل بکثرت پھیل گئی تھیں۔ (ایضاً ص:39)

[3] کرہ ارض پر آباد دنیا کو دیکھو کہ جنوب میں زیادہ سے زیادہ 40 درجہ عرض البلد اور شمال میں زیادہ سے زیادہ 80 درجہ تک آبادی ہے۔ دونوں کا مجموعہ 120 اور نصف 60 ہوا۔ جب 60 کو 80 درجے شمالی سے تفریق کریں تب 20 رہ جاتے ہیں اور جب 60 میں سے 40 درجہ جنوبی کو تفریق کر دیں تب بھی 20 (درجہ شمالی) رہ

وافریقہ کے براعظموں کے وسط میں جگہ دی ہے اور وہ خشکی وتری (دونوں راستوں) سے دنیا کو اپنے داہنے اور بائیں ہاتھ سے ملا کر ایک کر رہا ہے، اس لیے ایسے ملک میں دنیا کے جملہ مذاہب کا پہنچ جانا اور جہالت کی حکومت اعلیٰ کے زیر اثر ہو کر سب ہی کا بگڑ جانا بخوبی ذہن نشین ہو سکتا ہے اور اسی طرح یہ بھی سمجھ میں آ سکتا ہے کہ اگر تمام دنیا کی ہدایت کے واسطے ایک واحد مرکز قائم کرنے کے لیے ہم جگہ کا انتخاب کرنا چاہیں تو عرب ہی اس کے لیے موزوں ہے۔ خصوصاً اس زمانہ پر نظر کر کے ہم کہہ سکتے ہیں کہ جب افریقہ، یورپ اور ایشیا کی تین بڑی سلطنتوں کا تعلق عرب سے تھا تو عرب کی آواز ان براعظموں میں بہت جلد پہنچ جانے کے ذرائع بخوبی موجود تھے۔

رب العالمین نے (جہاں تک میں سمجھتا ہوں) اسی لیے سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کو عرب میں پیدا کیا اور ان کو بتدریج قوم اور ملک اور عالم کی ہدایت کا کام سپرد فرمایا۔

نبی ﷺ کے اعلیٰ کام

قارئین اس کتاب کو پڑھ کر معلوم کر سکیں گے کہ نبی ﷺ کا کام کس قدر مشکل تھا اور انھوں نے اس فرض کو کیسی خوش اسلوبی' صبر وحلم' استقامت اور تحمل سے شروع کیا۔ کیوں کر تہذیب وتمدن اور علم واخلاق کو پھیلایا۔ کیوں کر قوموں اور ملکوں کو ایک بنایا کس طرح انسان کا درجہ بلند کیا۔ کس طرح توحید کی اشاعت کی اور انسان کے دل پر عظمت وکبریائی کا نقش قائم کر دینے کے بعد کس طرح جملہ اشیاء واسباب کا خادمِ انسان ہونا ثابت کر دیا۔

وحدتِ تعلیم

رسول کریم ﷺ نے کس طرح نسل اور قومیت کی خصوصیتوں اور ملک ومقام کی حالتوں اور امیری وغریبی کے امتیازوں اور فاتح ومفتوح کی تفاوتوں مختلف زبانوں' مختلف رنگتوں کے مابہ الامتیازوں سے قطع نظر کر کے کیسی خوش اسلوبی سے سب کو دین واحد کے رشتہ میں متحد ویکساں ومساوی ہم سطح وہم خیال' ہم اعتقاد وہم آواز بنایا۔

اور جب وہ اس عظیم الشان کام کو انجام دے چکے، بندوں کو اللہ سے نزدیک اور قوموں کو قوموں سے قریب بنا چکے۔ نفرت و عداوت کی جگہ نصرت واخوت کو بٹھلا چکے' ظلمت وجہالت کو نکال کر ان کے دل ودماغ پر نورِ صداقت وعلم کو متمکن کر چکے تب کیسی فارغ البالی' کشادہ پیشانی اور مسرت کے ساتھ دنیا سے سدھار گئے۔

اسلام اور مختلف طبقات

نبی ﷺ کے عظیم الشان کام کا اندازہ کرنے کے لیے دیکھو کہ اسلام کا بیج کیسے پاک قلوب میں بویا گیا تھا جو اس کا نیک پھل

--- جاتے ہیں اور مکہ معظمہ ساڑھے 21 درجے پر آباد ہے۔ اس لیے کرۂ ارض میں یہی وسط ہونے کا درجہ رکھتا ہے۔

(1) یہ یاد رکھنا چاہیے کہ مکہ کا نام لغات کی کتابوں میں ناف زمین ہے۔ انسان کے جسم میں ناف بھی ٹھیک وسط میں نہیں ہوتی بلکہ قریباً وسط میں ہوتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ عرض بلد میں مکہ وسط حقیقی کے قریب تر واقع ہوا ہے۔ ڈیڑھ درجہ کا جو تفاوت ہے وہ اس لیے ہے کہ مکہ ناف زمین ثابت ہو۔

(2) اب اس طرح سمجھو کہ ملک عرب 15 سے 35 درجہ ہائے عرض بلد (شمالی) پر واقع ہے اور انہی خطوط کے اندر دنیا کی تمام مشہور نسلیں اس طرح مقیم ہیں کہ مشرق میں آریا ومنگول اور مغرب میں حبشی وہامائٹ (نسل عام) اور ریڈ انڈینز (امریکہ کے اصل باشندے) ہیں۔ اور جب کل قوموں میں تبلیغ کا پہنچانا مد نظر ہو تو عرب ہی اس کا مرکز قرار دیا جا سکتا ہے۔ غالباً اس لیے بھی قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے:

﴿ وَجَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ ﴾ (البقرۃ 143) "ہم نے تم کو درمیانی امت بنایا ہے تاکہ قوموں کے سامنے تم اللہ کی شہادت ادا کرو۔"

لائے تھے۔

نجاشی ملک حبشہ، جیفر ملک عمان، اکیدر شاہ دومۃ الجندل۔

نجد کے وحشی، تہامہ کے بدو اور یمن کے مسکین دوش بدوش کھڑے ہونے پر نازاں ہو رہے ہیں۔

مختلف مذاہب اسلامی وحدت میں

عبداللہ بن سلام ؓ یہودیت اور ورقہ بن نوفل ؓ عیسائیت اور عثمان بن طلحہ ؓ ابراہیمیت کی مسند ہائے امامت کو چھوڑ کر اسلام کے خادم شمار کیے جانے پر متفخر ہیں۔

مساواتِ ظاہری واخوتِ باطنی

یہودیوں کا زرخرید غلام سلمان فارسی ؓ مِنَّا اَهْلُ الْبَيْتِ [1] کے درجہ پر فائز ہو جاتا ہے اور بت پرستوں کے زرخرید غلام بلال حبشی ؓ کو فاروق اعظم ؓ بھی، جس کی سطوت و ہیبت سے قیصر و کسریٰ کے اندام پر لرزہ تھا، سید سید (آقا آقا) کہہ کر پکار رہا ہے۔ رنگوں کا اختلاف، زبانوں کا تباین، قومیت کا تفرقہ، ملکی خصوصیات کا امتیاز سب کچھ جاتا رہا۔ حسب و نسب کی شرافت کا زبان پر لانا کمینگی کی دلیل بن گیا ہے۔ دین واحد نے سب کو ملت واحد بنا کر ایک ہی ولولہ دلوں میں، ایک ہی جوش طبیعتوں میں ایک ہی خیال دماغوں میں ایک ہی آواز توحید زبانوں پر جاری کر دیا ہے۔

دشمنوں کا دوست بن جانا

دشمن دوست بن گئے اور جان ستان، جان نثار ثابت ہوئے ہیں۔ وہ عمرو بن عاص ؓ جو حبش میں نجاشی کے پاس قریش کا سفیر بن کر گیا تھا کہ مسلمانوں کو بطور اکسٹراڈیشن (Exterdition) مجرموں کے حاصل کرے۔ [2] چند سال کے بعد وہی عمان کے بادشاہ کے پاس داعی اسلام بن کر جاتا ہے اور ہزاروں اشخاص کے مسلمان ہو جانے کی بشارت نبی ﷺ کی خدمت میں لاتا ہے۔

وہی خالد بن ولید ؓ جو جنگ احد میں بت پرستوں کے رسالہ کی کمانڈ کرتا ہوا مسلمانوں کو تباہ کرنا اپنی زندگی کا اعلیٰ مقصد سمجھتا تھا کچھ عرصہ کے بعد حاضر ہوتا ہے۔ لات و عزیٰ کے مندروں کو اپنے ہاتھوں سے گراتا اور اسلامی فتوحات میں کمانڈر جنرل کا درجہ پاتا ہے۔ وہی عروہ بن مسعود ؓ جو حدیبیہ میں آنحضرت ﷺ کو مکہ میں داخل ہونے سے روکنے کے لیے قریش کا سفیر بن کر آیا تھا۔ خود بخود مدینہ منورہ میں حاضر ہوتا ہے اور اپنی قوم میں دعوت اسلام کی اجازت حاصل کر کے اسی خدمت میں اپنی جان قربان کر دیتا ہے۔ وہی سہیل بن عمرو ؓ جو معاہدہ حدیبیہ میں بت پرستوں کی جانب سے کمشنر معاہدہ تھا اور جس نے عہد نامہ میں اسم پاک محمد ﷺ کے ساتھ لفظ "رسول اللہ" لکھے جانے پر انکار کیا تھا۔ وفات نبوی ﷺ کے بعد بیت اللہ میں کھڑے ہو کر اسلام کی صداقت اور دین الٰہی کی تائید میں ایسی زبردست تقریر کرتا ہے۔ جو سینکڑوں دلوں میں سکینت اور ایمان بھر دیتی ہے۔

وہی عمر ؓ جو تلوار لے کر گھر سے آنحضرت ﷺ کا سر قلم کرنے کے لیے نکلا تھا۔ وفات نبوی ﷺ کے دن شمشیر برہنہ لے کر کہہ رہا ہے کہ جو کوئی کہے گا کہ آنحضرت ﷺ نے وفات پائی۔ اس کا سر قلم کر دیا جاوے گا۔ وہی وحشی جس نے امیر حمزہ ؓ کو مارا۔ کلیجہ

---

[1] الطبرانی: 261/6، حاکم 6539، 6541، الطبرانی فی التفسیر: 85/2، اسد الغابہ: 514/2، ابن سعد: 59/1

[2] غیر ملکی مجرموں کو ملک کے مجاز حاکموں کے حوالے کرنا۔

نکالا، اعضاء کاٹے، جنازہ بے حرمت کیا تھا، کچھ دنوں کے بعد مسلمان ہو جاتا، شرم وخجالت سے منہ سامنے نہیں کرتا' اور بالآخر مسیلمہ جیسے کذاب کے قتل کو اپنی حرکت سابقہ کی تلافی سمجھتا ہے۔

وہی ابوسفیان رضی اللہ عنہ بن حارث بن عبدالمطلب جو حقیقی تایا کا بیٹا ہو کر بھی نبی ﷺ کی ہجو میں متواتر اشعار کہا کرتا تھا۔ جذبہ توفیق سے خدمت میں حاضر ہوتا ہے اور جنگ حنین کے میدان میں وہی اکیلا رکاب نبوی ﷺ تھامے نظر آتا ہے۔

وہی ابوسفیان رضی اللہ عنہ بن حرب جو سات (7) برس تک برابر آنحضرت ﷺ کے مقابلہ میں فوجیں لاتا رہا اور مسلمانوں کے خلاف سارے ملک میں آتش فساد بھڑکاتا رہا۔ اسلام لاتا اور نجران کے عیسائی علاقہ پر اسلامی حاکم بنا کر بھیجا جاتا ہے۔ وہ طفیل دوسی رضی اللہ عنہ جو مکہ میں روئی کی ڈاٹ کانوں میں لگا کر پھرتا تھا کہ محمد ﷺ کی آواز کان میں نہ پہنچے بالآخر اپنے وطن میں گھر گھر پھرتا اور محمد ﷺ کی آواز پہنچاتا تھا۔ وہ عبدیالیل ثقفی رضی اللہ عنہ جس نے طائف میں غلام بچوں کو پتھراؤ کرنے کے لیے نبی ﷺ کے پیچھے لگا دیا تھا۔ آخر مدینہ منورہ حاضر ہوا اور وہاں سے اپنی قوم کے پاس جواہر ایمان وایقان لایا تھا۔ وہی بریدہ رضی اللہ عنہ بن الحصیب اسلمی جو قریش سے سو (100) شتر سرخ [1] کے انعام کا وعدہ لے کر آنحضرت ﷺ کی گرفتاری کے لیے ستر (70) سواروں کی دوش لے گیا تھا چند گھنٹہ کے بعد نبی ﷺ کا علمبردار بن گیا۔ الغرض ایسی مثالوں کے لیے ایک دفتر درکار ہے۔

معجزاتِ مادی ومعجزاتِ علمی

یہ سب کرشمے اس پاک تعلیم کے تھے جو آہستہ آہستہ دلوں کو فتح کرتی جاتی تھی۔ اکثر انبیاء علیہم السلام نے معجزے دکھلائے۔ لاٹھی' سانپ، پتھر، دریا، آگ کی قلب ماہیت یا سلب خاصیت کا نظارہ دیکھنے والوں کو نظر آیا۔

لیکن نبی ﷺ (فِدَاهُ اَبِیْ وَ اُمِّیْ) نے عظیم الشان معجزہ دکھلایا کہ دلوں کو بدل دیا اور روح کو پاکیزہ بنا دیا۔ انسان اور لاٹھی' انسان اور سانپ، انسان اور پتھر میں جتنا تفاوت ہے وہی تفاوت اس معجزہ اور دیگر معجزات میں بھی ہے۔

اور وہی چیز ہے جو آج تک ان سب دماغوں کی حیرت ومحویت کا موجب ثابت ہوئی ہے جنھوں نے نبی ﷺ کے متعلق (باوجود مخالفت مذہب) کچھ کہنا یا کچھ لکھنا چاہا ہے۔

کاش! مسلمان اس پاکیزہ تعلیم کی قدر کریں۔ کاش! وہ نبی ﷺ کے پاک مقصد سے آگاہی حاصل کریں۔ کاش! وہ اسلام کی حفاظت کو اپنا فرض سمجھیں۔ کاش! وہ اسلام کی بقا کو اپنی جانوں، اپنے بچوں، اپنے باپ، پیر، بزرگوں کی حیات وبقا سے زیادہ ضروری سمجھنے لگیں۔ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ۔

قارئین! نبی ﷺ کی سیرت میں یہ عجیب خصوصیت ہے کہ اس سے ہر طبقہ کا شخص ہدایت پا سکتا ہے۔ آنحضرت ﷺ دنیا کی ہوا میں سانس لینے سے پیشتر یتیم ہو چکے تھے۔ اس لیے مسکینی وغربت ایسے اوصاف ہیں جو حضور ﷺ کے "توام" ہیں۔ [2]

سیرت نبوی ﷺ کی خصوصیات اور زندگی کے گوناگوں حالات

عمر کے ابتدائی سال دیہاتی زندگی میں بسر ہوئے تھے۔ اس لیے سادگی وبے تکلفی نے حضور ﷺ کے ساتھ ساتھ نشوونما پائی تھی۔ لڑکپن کا زمانہ ایسے وقت میں کٹا تھا جب کہ قوم حرب الفجار وغیرہ لڑائیوں میں مصروف تھی۔ اس لیے امن بسیط اور ہمدردی عامہ کی

---

[1] مراد سرخ اونٹ ہیں۔ [2] جڑواں۔

قدر و منزلت شروع ہی سے حضور ﷺ کے خاطر نشین تھی۔

25 سال کی عمر تک حضور ﷺ نے شادی نہیں کی۔ تجرد کا یہ زمانہ جو عین عنفوان شباب کا عالم تھا کمال عفت و عصمت، شرم و حیا سے بسر ہوا۔ دیکھنے والوں کی شہادت موجود ہے کہ حضور پردہ نشین کنواری لڑکیوں سے بڑھ کر باشرم و باحیا تھے۔ [1]

آنحضرت ﷺ نے معاش کے لیے تجارت کو پسند فرمایا تھا اور اس طرح ان بلند حوصلہ لوگوں کے لیے جو ثبات و استقلال، معاملہ فہمی و ضرورت شناسی، حلم اور بردباری سے متصف ہوں۔ ہدایت فرمائی کہ تجارت سے بہتر اور کوئی معاش نہیں۔

مردانہ جمال میں کمال حسین، حسب و نسب میں عالی خاندان ہونے پر بھی ایک بیوہ عورت سے جو عمر میں حضور ﷺ سے پندرہ (15) سال زیادہ تھی، پہلا نکاح کیا اور اس سے عقد بیوگان کی ضرورت اور عظمت پر نہایت شاندار نمونہ قائم فرمایا۔ نیز واضح کر دیا کہ متاہل زندگی میں بھی ہم کیوں کر شہوانی خیالات کے تقید سے آزاد رہ سکتے ہیں۔

یہ بیوی نہایت متمول تھی لیکن آنحضرت ﷺ نے اپنی قانعانہ طبیعت اور زاہدانہ سیرت کی وجہ سے اپنے آپ کو اپنی بیوی یا اپنے خاندان کی امداد مالی سے ہمیشہ مستغنی ثابت کیا اور اس طرح اپنی مدد آپ کرنے والوں کی سرراہ ایک مشعل روشن فرمائی۔

آنحضرت ﷺ نے تھوڑے ہی عرصہ میں اپنی صادقانہ و ہمدردانہ زندگی کا اثر خونخوار عرب پر پھیلا دیا تھا اور سب کے دلوں میں اپنے لیے عزت و محبت کے ساتھ جگہ بنالی تھی اور اسی طرح پر راستبازوں کے لیے ایک درخشندہ مثال قائم فرما دی کہ کیوں کر نیکی اور صداقت کی طاقت، ظلم اور جہالت کو مغلوب کر سکتی ہے۔

آنحضرت ﷺ نے تعاون و تمدن کی برکات اور طاقت کو سمجھا اور حلف الفضول کے قائم کرنے سے قیام امن اور حفاظت نوع انسانی کی جدید سڑک تیار کر دی اور ان منتظمین کو جو سچے دل سے کسی ملک کو ترقی دینا چاہتے ہیں اسی ملک کے باشندوں کو شریک انتظام کر لینے کے زریں اصول کا سبق دیا۔

حجر اسود کے نصب کرنے میں آنحضرت ﷺ نے بتلا دیا کہ جب مختلف اغراض اور مختلف مقاصد کے لوگ ایک جگہ فراہم ہو جائیں تو ان کو کیوں کر مرکز واحد پر لا سکتے ہیں۔ نیز ثابت فرما دیا کہ خدشہ جنگ کے ٹال دینے اور امن کو مستحکم رکھنے کے لیے جنگی طاقت کی نہیں بلکہ اعلیٰ دماغی قابلیت کی ضرورت ہے۔

آنحضرت ﷺ کی نبوت کی مجموعی شان

آنحضرت ﷺ کی نبوت میں جملہ انبیاء کی شان نظر آتی ہے۔

- آپ ﷺ مسیح علیہ السلام کی طرح جھٹلائے اور ستائے گئے پھر بھی صابر و شاکر ہی پائے گئے۔
- آپ ﷺ نے یحییٰ علیہ السلام کی طرح بیابانوں اور بستیوں میں اللہ کی آواز کو پہنچایا۔
- آپ ﷺ نے عیسیٰ رسول اللہ علیہ السلام کی طرح اللہ کے گھر کی عظمت و حرمت کو از سر نو زندہ فرمایا۔
- آپ ﷺ نے ایوب علیہ السلام کی صبر و شکیبائی کے ساتھ گھاٹی میں تین (3) سال تک محصوری کے دن کاٹے اور پھر بھی آپ ﷺ کا دل اللہ کی شکر گزاری سے لبریز اور زبان ستائش گوئی سے زمزمہ سنج رہی۔

---

[1] بخاری: 3562، 6102، مسلم: 6032، ابن ماجہ: 4180۔

- آپ ﷺ نے نوح علیہ السلام کی طرح قوم کے برگشتہ بخت لوگوں کو خفیہ اور اعلانیہ خلوت اور جلوت میں میلوں اور جلسوں، گزرگاہوں اور راہوں پر، پہاڑوں اور میدانوں میں اسلام کی تبلیغ فرمائی اور لوگوں کو ان کے افعال بد سے نفرت دلائی۔
- آپ ﷺ نے ابراہیم علیہ السلام کی طرح نافرمان قوم سے علیحدگی اختیار کی اور وطن کو چھوڑ کر شجرہ طیبہ اسلام کے لگانے کے لیے پاک زمین کی تلاش میں رہ نورد ہوئے۔
- آپ ﷺ شب ہجرت کو داؤد علیہ السلام کی طرح دشمنوں کے نرغہ سے نکلنے میں کامیاب ہوئے۔
- اور یونس علیہ السلام کی طرح (جنھوں نے تین (3) دن مچھلی کے پیٹ میں رہ کر پھر نینویٰ میں منادی کو جاری کیا تھا) غار ثور کے شکم میں تین (3) دن رہ کر پھر مدینہ طیبہ میں کلمۃ اللہ کی آواز کو بلند فرمایا۔
- آپ ﷺ نے موسیٰ علیہ السلام کی طرح (جنھوں نے بنی اسرائیل کو فرعون مصر کی غلامی سے آزاد کرایا تھا) شمالی عرب کو شاہ قسطنطنیہ کی بند مملوکیت سے اور شرقی عرب کو کسرائے ایران کے حلقہ غلامی سے اور جنوبی عرب کو شاہ حبش کے طوق بندگی سے نجات دلائی۔
- آپ ﷺ نے سلیمان علیہ السلام کی طرح مدینہ منورہ میں اللہ کے لیے ایک گھر بنایا جو ہمیشہ کے لیے اللہ کی یاد کرنے والوں سے معمور اور ضیاء توحید سے پرنور رہا ہے، جسے کوئی بخت نصر جیسا سیاہ بخت ویران نہیں کر سکا۔
- آپ ﷺ یوسف علیہ السلام کی طرح اپنے ایذا رساں وستم پیشہ برادران مکہ کے لیے نجد سے (بتوسط ثمامہ بن اثال) غلہ بہم پہنچایا اور بالآخر فتح مکہ کے دن ﴿لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ﴾ (یوسف:29) کا مژدہ سنا کر "اَنْتُمُ الطُّلَقَاءُ" کے فرمودہ سے انھیں پابند منت واحسان بنایا۔

وقت واحد میں آپ ﷺ موسیٰ علیہ السلام کی طرح صاحب حکومت تھے اور ہارون کی طرح صاحب امامت بھی۔

ذات مبارک میں نوح علیہ السلام کی سی سرگرمی، ابراہیم علیہ السلام جیسی نرم دلی، یوسف علیہ السلام کی سی درگزر، داؤد علیہ السلام کی سی فتوحات، یعقوب علیہ السلام کا سا صبر، سلیمان علیہ السلام کی سی سطوت، عیسیٰ علیہ السلام کی سی خاکساری، یحییٰ علیہ السلام کا سا زہد، اسماعیل علیہ السلام کی سی سبک روحی کامل ظہور بخش تھی۔

اے کہ برتخت سیادت ز ازل جاداری
آں چہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

خورشید رسالت ﷺ میں اگرچہ تمام مقدس رنگ موجود تھے لیکن رحمۃ للعالمینی کا رنگ وہ نور تھا کہ جس نے تمام رنگوں کو اپنے اندر لے کر دنیا کو ایک برگزیدہ وچیدہ (بیضاونقیہ) روشنی سے منور کر دیا ہے۔

ذرہ بے مقدار کی کیا تاب کہ خورشید عالم افروز کی جلوہ نمائی میں آئینہ داری کرے۔ اس لیے سادہ ومختصر حالات پیش کر دیتا ہوں۔ رب کریم میری حسن نیت پر نظر فرما کر میرے زلات کو عفو فرمائے اور برادران اسلام میری کمی بضاعت کو ملحوظ رکھ کر تقصیر خدمت کو معاف فرمائیں۔ آمین!

خاکسار
محمد سلیمان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

سیدنا محمد ﷺ (1) بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی ہمارے نبی ہیں۔ دادا نے آنحضرت کا نام محمد ﷺ اور ماں نے خواب میں ایک فرشتے سے بشارت پا کر احمد (2) رکھا تھا۔ (3)

نبی ﷺ حضرت ابراہیم علیہ السلام (4) (خلیل الرحمٰن و ابوالانبیاء) کی اولاد سے ہیں جو ہاجرہ بی بی کے بطن سے ہوئی۔ ہاجرہ بادشاہ مصر رقیون کی بیٹی تھی۔ اللہ کے ہاں ان کا ایسا درجہ تھا کہ اللہ کے فرشتے ان کے سامنے آیا کرتے اور اللہ کے پیغام پہنچایا کرتے تھے۔ (5)

ہاجرہ بی بی علیہا السلام کے فرزند کا نام اسماعیل علیہ السلام ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پہلوٹے بیٹے ہیں۔ باپ نے ان کو وادی میں اس جگہ آباد کیا تھا جہاں اب مکہ معظمہ ہے۔ اللہ نے اسماعیل علیہ السلام کے لیے زمزم کا چشمہ ظاہر کیا تھا۔ (6)

حضرت اسماعیل علیہ السلام کو اللہ نے بارہ (12) بیٹے دیے تھے۔ ان میں سے قیدار بہت مشہور ہوئے ہیں۔ تورات میں ان کا ذکر بکثرت آیا ہے۔ (7)

قیدار کی اولاد میں عدنان اور عدنان کی اولاد میں قصی بہت مشہور ہیں جو چار واسطے سے نبی ﷺ کے دادا ہیں۔

نبی ﷺ کی ماں کا نام آمنہ ہے جو وہب کی بیٹی ہیں۔ وہب قبیلہ بنو زہرہ کا سردار تھا۔ ان کا سلسلہ نسب فہر الملقب بہ قریش کے ساتھ جا ملتا ہے۔

اس لیے نبی ﷺ ددھیال اور ننھیال میں عرب کے بہترین قبیلہ، بہترین قوم اور شاخ میں سے ہیں۔

ہمارے نبی ﷺ موسم بہار (8) میں دوشنبہ (پیر) (9) کے دن 9 ربیع الاول (10) عام الفیل (11) مطابق 22

---

(1) لفظ "محمد ﷺ" حمد سے اسم مفعول ہے۔ یعنی مضاعف سے مبالغہ کے لیے آیا ہے اور "احمد" بھی حمد سے واقع علی المفعول ہے۔ اسم محمد ﷺ سے حمد کی کثرت و کمیت اور اسم احمد سے حمد کی صفت اور کیفیت ظاہر ہوتی ہے۔ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کا شعر ہے ؎

وَشَقَّ لَہٗ مِنِ اسْمِہٖ لِیُجِلَّہٗ ۔۔۔ فَذُو الْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَھٰذَا مُحَمَّدٌ

"اللہ نے اس کی عظمت ظاہر کرنے کے لیے اس کا نام اپنے نام سے مشتق کیا۔ دیکھو رب العرش تو محمود ہے اور آنحضرت محمد ﷺ ہیں۔"

واضح ہو کہ نبی ﷺ کو حمد سے خاص مناسبت ہے۔ حضور ﷺ کا نام محمد و احمد ہے اور حضور ﷺ کے مقام شفاعت کا نام "محمود" ہے۔ امت محمدیہ کا نام "حمّادون" ہے اور آنحضرت ﷺ کے "لواء" کا نام "لواء حمد" ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِكَ حَمْدًا كَثِيْرًا۔

(2) حدیث میں ہے کہ زمین پر میرا نام محمد ﷺ اور آسمان پر احمد ﷺ ہے۔ توریت میں اسم مبارک محمد ﷺ اور انجیل میں احمد ﷺ ہے۔

(3) سیدہ آمنہ بی بی کو نام رکھنے کی بشارت فرشتے کی معرفت ایسے ہی ملی تھی جیسے کہ فرشتے کی بشارت سے ہاجرہ بی بی علیہا السلام نے اسماعیل علیہ السلام کا نام (پیدائش 16/11) اور مریم نے یسوع کا نام (لوقا باب 31 درس) رکھا تھا۔

(4) حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نام شروع میں ابرام تھا۔ خدا نے ابراہیم علیہ السلام رکھا۔ اس کا معنی قوموں کا باپ ہے۔ (پیدائش 17 باب 5 درس) بنی اسماعیل و بنی اسرائیل و بنو عیسو و بنی قیطورہ انہی کی اولاد ہیں۔ پادری صاحبان جو صرف بنی اسرائیل کا نام ہی زبان پر رکھتے ہیں وہ غور کریں کہ ان کے قول کے مطابق ابراہیم علیہ السلام قوموں کا باپ کیوں کر ثابت ہوئے۔ (5) کتاب پیدائش 16/7 تا 11 و 17/21۔ (6) زبور 84 باب 4،5،6 درس و کتاب صحیح بخاری روایت ابن عباس رضی اللہ عنہ و پیدائش 19/20 (7) یسعیاہ 16/ زبور 120/5 یسعیاہ 60/7 یرمیاہ 49/28 وغیرہ وغیرہ۔

(8) حضرت یحییٰ و داؤد علیہم السلام کی ولادت بھی فصل بہار میں ہوئی تھی۔

فوجھی والزمان و شھر و ضحی ۔۔۔ ربیع فی ربیع فی ربیع

(9) نبی ﷺ کی مبارک زندگی میں دوشنبہ کا دن خصوصیت رکھتا ہے۔ ولادت، نبوت، ہجرت، وفات، سب اسی دن ہوئی ہیں۔ اس سے مختلف تاریخوں کی تصحیح میں بڑی مدد ملتی ہے۔ (10) تاریخ ولادت میں مؤرخین نے اختلاف کیا ہے۔ طبری و ابن خلدون نے 12 تاریخ اور ابوالفداء نے 10 لکھی ہے۔ مگر سب کا اتفاق ہے کہ ۔۔۔

اپریل 571ء ① مطابق یکم جیٹھ ② سمت 628 بکرمی کو مکہ معظمہ میں بعد از صبح صادق ③ وقبل از طلوع نیر عالم تاب پیدا ہوئے۔ حضور ﷺ اپنے والدین کے اکلوتے بچے تھے۔ ④ والد بزرگوار کا آنحضرت ﷺ کی پیدائش سے پہلے انتقال ہو گیا تھا۔

عبدالمطلب، آنحضرت ﷺ کے دادا، نے خود بھی یتیمی کا زمانہ دیکھا ہوا تھا۔ اپنے چوبیس (24) سالہ نوجوان فرزند عبداللہ کی اس یادگار کے پیدا ہونے کی خبر سنتے ہی گھر میں آئے اور بچے کو خانہ کعبہ میں لے گئے اور دعا مانگ کر واپس لائے۔ ساتویں دن قربانی کی اور تمام قریش کو دعوت دی۔ دعوت کھا کر لوگوں نے پوچھا کہ آپ نے بچے کا نام کیا رکھا؟ عبدالمطلب نے کہا: ''**محمد**'' ﷺ۔

محمد ﷺ نام رکھا گیا، قوم نے اس نام پر تعجب کیا

لوگوں نے تعجب سے پوچھا کہ آپ نے خاندان کے سب مروجہ ناموں کو چھوڑ کر یہ نام کیوں رکھا۔ کہا: میں چاہتا ہوں کہ میرا بچہ دنیا بھر کی ستائش اور تعریف کا شایاں قرار پائے۔ ⑤

شرفاء مکہ کا دستور تھا کہ اپنے بچوں کو جب کہ وہ آٹھ (8) دن کے ہو جاتے تھے دودھ پلانے والیوں کے سپرد کر کے کسی اچھی آب و ہوا کے مقام پر باہر بھیج دیا کرتے تھے۔

ایام رضاعت

اسی دستور کے مطابق آنحضرت ﷺ کو بھی حلیمہ سعدیہ کے سپرد کر دیا گیا۔ وہ ہر چھٹے مہینے لا کر ان کی والدہ اور دیگر اقربا کو دکھلا جاتی تھیں۔ دو برس کے بعد آپ ﷺ کا دودھ چھڑایا گیا۔ مائی حلیمہ آپ ﷺ کو لے کر حضرت آمنہ کے پاس آئیں۔ حضرت آمنہ نے اس خیال سے کہ (وہاں کی آب و ہوا حضور ﷺ کے خوب موافق تھی اور) شاید مکہ کی آب و ہوا موافق نہ ہو پھر مائی حلیمہ ہی کے سپرد کر دیا۔

والدہ مکرمہ کا انتقال

جب آنحضرت ﷺ کی عمر چار (4) برس کی ہوئی تو والدہ مکرمہ نے آنحضرت ﷺ کو اپنے پاس رکھ لیا، جب

...... دوشنبہ کا دن تھا۔ چونکہ دوشنبہ کا دن 9 ربیع الاول کے سوا کسی اور تاریخ سے مطابقت نہیں کھاتا اس لیے 9 ربیع الاول ہی صحیح ہے۔ تاریخ دول العرب والاسلام میں ''محمد طلعت بک عرب'' نے بھی 9 تاریخ ہی کو صحیح قرار دیا ہے۔ ⑪ واقعہ عام الفیل کے 55 یوم بعد۔

① 22 اپریل گریگورین رول کے مطابق ہے۔ جس پر ستمبر 1752ء سے انگریزی تقویم کا حساب شروع ہوا ہے لیکن قاعدہ قدیم کے مطابق 9 ربیع الاول مطابق 19 اپریل 5284 جولیین کے تھی اور گریگورین نے اس 19 کو 20 اپریل 571ء بروئے حساب قدیم قرار دیا۔

② واضح ہو کہ شمسی سال کی صحیح مقدار 365 دن 5 گھنٹے 48 منٹ 46 سیکنڈ ہے مگر سمت بروشد کے جاری کرنے والوں نے 23 منٹ 23 سیکنڈ کی مقدار اس سے زیادہ تجویز کی۔ اس زیادتی کی وجہ سے سمت بروشد سنہ عیسوی کے مقابلہ میں 23 منٹ 23 سیکنڈ کی تاخیر سے شروع ہوتا ہے۔ سمت پروشد 1 کا آغاز یوم یک شنبہ (مطابق 14 مارچ 4657 جولین) ہوا تھا۔ یعنی اعتدال ربیع سے 9 یوم پہلے مگر سمت 628 پروشد کا آغاز 22 مارچ 571ء کو ہوا تھا۔ یعنی اعتدال ربیعی سے ایک یوم بعد۔ اور ہمارے زمانہ میں سمت 1927 پروشد 13 اپریل 1915ء کو شروع ہوا ہے۔ یعنی اعتدال ربیعی سے 23 یوم بعد۔ آئندہ بھی سمت پروشد میں اسی تناسب سے یہ فرق بڑھتا رہے گا۔ یعنی ساڑھے 61 سال کے بعد سمت کا شروع ایک دن موخر ہوتا رہے گا۔ غرض سمت پروشد میں جو غلطی متعلق مقدار سال شمسی کے ابتدائے قائمی سمت مذکور سے موجود ہے۔ اسی کی وجہ یہ ہے کہ 628 سمت پروشد کا یکم جیٹھ مطابق 22 اپریل 571ء تھا اور سمت 1927 پروشد کا یکم جیٹھ مطابق 14 مئی 1915ء کے ہے

③ یوم ولادت باسعادت کو مکہ معظمہ میں صبح صادق کا طلوع 4 بج کر 20 منٹ (دھوپ گھڑی کے گھنٹوں کے حساب سے) یا 9 بج کر 57 منٹ (حساب مروجہ حال عرب سے) ہوا تھا اور آفتاب اس وقت برج حمل سے 31 درجہ 20 دقیقے پر تھا اور تاریخ یکم جیٹھ کے شروع ہونے پر 13 گھنٹے 16 منٹ گذر چکے تھے۔

④ یسعیاہ 9/6 میں ہے: ''ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا'' یہ بشارت نبی ﷺ کی ہے جو حضرت مسیح علیہ السلام کی نہیں ہو سکتی کیوں کہ انجیل متی سے ظاہر ہے کہ مسیح علیہ السلام ......

آنحضرت ﷺ کی عمر چھ(6) برس کی ہوئی تو والدہ کا انتقال ہو گیا اور دادا نے آپ کی پرورش اور نگرانی اپنے ذمہ لی، (1) جب آنحضرت ﷺ کی عمر آٹھ برس 10 دن کی ہوئی تو آپ کے دادا عبدالمطلب نے بیاسی (82) سال کی عمر میں وفات پائی۔

ابوطالب کی تربیت

ابوطالب آنحضرت ﷺ کے تایا تھے اور آپ کے والد عبداللہ کے حقیقی بھائی۔ اب وہ آنحضرت ﷺ کی نگرانی اور تربیت کے ذمہ دار بنے۔ (2)

بحیرہ راہب سے ملاقات

اکثر کتابوں میں بیان کیا گیا ہے کہ آنحضرت ﷺ جب بارہ (12) سال کے ہوئے تو اپنے تایا ابوطالب کے ساتھ، جب کہ وہ تجارت شام کو جاتے تھے، سفر میں گئے۔ بصرہ میں بحیرہ راہب نے آنحضرت ﷺ کو پہچان لیا کہ نبی موعود یہی نوجوان ہے۔ تایا سے کہا کہ اسے یہودیوں کے ملک میں نہ لے جاؤ۔ وہ اسے پہچان کر کہیں گزند نہ پہنچائیں۔ شفیق تایا نے آنحضرت ﷺ کو بصرہ ہی سے واپس کر دیا (3)

(1) اس بارہ میں جو حدیث ترمذی وغیرہ میں ہے اس میں یہ بھی ہے کہ تایا نے واپس کرتے وقت آنحضرت ﷺ کے ساتھ بلال رضی اللہ عنہ کو بھیجا تھا۔ ابن قیم رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ یہ صریح غلطی ہے۔ اول تو اس وقت بلال رضی اللہ عنہ نہ ابوطالب کے پاس تھا، نہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس۔ دوسرے یہ بھی ممکن ہے کہ وہ ان دنوں موجود ہی نہ ہو۔ (4)

(2) قرآن مجید کی آیت ﴿ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ﴾[البقرۃ:89] ''یہ لوگ نبی کے آنے سے پیشتر کافروں پر فتح اس کے ذریعہ سے پانے کی آرزو میں رہا کرتے۔ جب نبی ظاہر ہوا اور انھوں نے پہچان بھی لیا تب اس سے منکر ہو بیٹھے۔'' سے ثابت ہے کہ یہودی رسول موعود کے انتظار میں رہا کرتے تھے اور سمجھتے تھے کہ اس کے آنے پر یہودیوں کو کافروں پر فتح و نصرت ہوگی۔ یہ اعتقاد ان کا اس وقت تک رہا جب تک کہ حضور ﷺ کی بعثت نہ ہوئی۔ اس آیت سے یہ بھی ثابت ہو گیا کہ بحیرہ راہب کا قول غلط تھا۔ کیوں کہ اگر یہودی اس لڑکپن میں آنحضرت ﷺ کو پہچان لیتے تو اپنے اعتقاد کے مطابق حضور ﷺ کو اپنی فتح و نصرت کا دیوتا سمجھ کر نہایت خدمت گزاری کرتے۔ نتیجہ یہ ہے کہ راہب کی داستان ناقابل اعتبار ہے۔

تجارت کا خیال

جب نبی ﷺ جوان ہوئے تو آپ کا خیال پہلے تجارت کی طرف ہوا مگر گھر کا روپیہ پاس نہ تھا مکہ میں نہایت شریف خاندان کی ایک بیوہ عورت خدیجہ رضی اللہ عنہا تھی۔ وہ بہت مالدار تھی، اپنا روپیہ تجارت میں لگائے رکھتی تھی، اس نے آنحضرت ﷺ کی خوبیاں اور

... کی اور بھی بہنیں اور بھائی تھے اور وہ مریم کے اکلوتے بچے نہ تھے۔ (5) ابوالفدا ص:110 تیز یسعیاہ 9/6 ''وہ اس نام سے کہلاتا ہے عجیب''

(1) ماخوذ از خطبات احمدیہ مصنفہ سر سید احمد خان: المتوفی 1415ھ زاد المعاد۔

(2) زاد المعاد، امام ابن قیم رحمہ اللہ۔ (3) پادری صاحبان نے اتنی بات پر کہ بحیرہ نصرانی ملا تھا۔ یہ شاخ و برگ اور بھی لگا دیے کہ 40 سال کی عمر کے بعد جو تعلیم آنحضرت ﷺ نے ظاہر کی تھی وہ اس راہب کی تعلیم کا اثر تھا۔ میں کہتا ہوں کہ اگر آنحضرت ﷺ نے تثلیث اور کفارہ کا رد، مسیح علیہ السلام کے صلیب پر جان دینے کا بطلان اس راہب کی تعلیم ہی سے کیا تھا تو اب عیسائی اپنے اس بزرگ کی تعلیم کو قبول کیوں نہیں کرتے۔

(4) زاد المعاد مصنفہ علامہ ابن قیم (المتوفی 23 رجب 157ھ ص:17)

ان کے اوصاف سن کر اور آپ کی سچائی، دیانت داری، سلیقہ شعاری کا حال معلوم کر کے خود درخواست کر دی کہ اس کے روپے سے تجارت کریں۔ آنحضرت ﷺ اس کا مال لے کر تجارت کو گئے۔ اس تجارت میں بہت نفع ہوا۔

اس سفر میں خدیجہ رضی اللہ عنہا کا غلام میسرہ بھی آنحضرت ﷺ کے ساتھ تھا، اس نے آنحضرت ﷺ کی ان تمام خوبیوں اور بزرگیوں کا ذکر خدیجہ رضی اللہ عنہا کو سنایا جو سفر میں خود دیکھی تھیں، ان اوصاف کو سن کر خدیجہ رضی اللہ عنہا نے درخواست کر کے آنحضرت ﷺ کے ساتھ نکاح کر لیا حالانکہ خدیجہ رضی اللہ عنہا اس سے پہلے بڑے بڑے سرداروں کی درخواست نکاح کو رد کر چکی تھی۔

نکاح:- جب یہ نکاح ہوا تو آنحضرت ﷺ کی عمر پچیس (25) سال اور خدیجہ بی بی رضی اللہ عنہا کی عمر چالیس (40) سال کی تھی۔ آنحضرت ﷺ کے نکاح میں وہ پچیس (25) سال تک زندہ رہیں، آنحضرت ﷺ ان کے مرجانے کے بعد بھی اکثر ان کا محبت سے ذکر کیا کرتے اور ان کی سہیلیوں سے بھی عزت اور شفقت کا برتاؤ کیا کرتے تھے، اس شادی کے بعد آنحضرت ﷺ کا تمام وقت اللہ کی عبادت اور بنی آدم کی بہبود و خیر اندیشی میں پورا ہوا کرتا تھا۔

قیامِ امن و نگرانی حقوق کی انجمن کا انعقاد

ان ہی دنوں میں آنحضرت ﷺ نے اکثر قبیلوں کے سرداروں اور سمجھدار لوگوں کو ملک کی بے امنی، راستوں کا خطرناک ہونا، مسافروں کا لٹنا، غریبوں پر زبردستوں کا ظلم بیان کر کے ان سب باتوں کی اصلاح پر توجہ دلائی۔ آخر ایک انجمن قائم ہوگئی جس میں بنو ہاشم، بنو المطلب، بنو اسد، بنو زہرہ، بنو تیم شامل تھے۔

اس انجمن کے ممبر مندرجہ ذیل عہد و اقرار کیا کرتے تھے۔

﴿1﴾ ہم ملک سے بے امنی دور کریں گے۔ ﴿2﴾ ہم مسافروں کی حفاظت کیا کریں گے۔

﴿3﴾ ہم غریبوں کی امداد کرتے رہیں گے۔ ﴿4﴾ ہم زبردست کو زیردست پر ظلم کرنے سے روکا کریں گے۔ [1]

اس تدبیر سے بنی آدم کے جان و مال کی بہت کچھ حفاظت ہوگئی تھی۔ آنحضرت ﷺ اپنے نبوت کے زمانے میں بھی فرمایا کرتے کہ اگر آج بھی کوئی اس انجمن کے نام سے کسی کو مدد کے لیے بلائے تو میں سب سے پہلے اس کی امداد کو تیار پایا جاؤں گا۔

ملک کی طرف سے "صادق" و "امین" کا نام آنحضرت ﷺ کو ملنا

ایسے ہی نیک کاموں کی وجہ سے ان دنوں لوگوں کے دلوں میں آنحضرت ﷺ کی نیکی اور بزرگی کا اتنا اثر تھا کہ وہ آنحضرت ﷺ کو نام لے کر نہیں بلاتے تھے بلکہ "الصادق" یا "الامین" کہہ کر پکارا کرتے تھے۔

آنحضرت ﷺ کی عمر پینتیس (35) سال کی تھی جب قریش نے کعبہ کی عمارت کو (جس کی دیواریں سیلاب کے صدمے سے پھٹ گئی تھیں) از سر نو تیار کیا۔ [2]

---

[1] انگلستان میں نائٹ ہڈ (Knighthood) کا آرڈر جس کے ممبر قریباً یہی اقرار کیا کرتے تھے، اس انجمن سے کئی صدیوں کے بعد قائم ہوا تھا۔

[2] کعبہ کی اول تعمیر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے معہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے کی تھی۔ پھر بنی جرہم، بنو عمالقہ، قصی اور قریش نے اس کی تجدید کی تھی۔ تجدید عمارت کی ضرورت مرور زمانہ کے اثر یا صدمہ سیلاب وغیرہ کی وجہ سے پیدا ہوجاتی تھی۔ کسی غیر قوم کے قبضہ کر کے گرا دینے، منہدم کرنے کا واقعہ اس عمارت کعبہ کے ساتھ پانچ ہزار (5000) سال سے نہیں ہوا تھا۔ جیسا کہ ہیکل یروشلم کے ساتھ بار بار ایسے واقعات پے در پے اور متعدد بار ہوتے رہے اور یہ ایسا شرف ہے کہ دنیا کی کسی عبادت گاہ کو حاصل نہیں۔

عمارت کے بنانے میں تو سب ہی شامل تھے مگر جب حجر اسود کے قائم کرنے کا موقع آیا تو سخت اختلاف ہوا۔ ① کیوں کہ ہر ایک یہی چاہتا تھا کہ یہ کام اسی کے ہاتھ سے سرانجام پائے۔ چار دن تک برابر یہی جھگڑا ہوتا رہا۔ آخر ابوامیہ بن مغیرہ نے جو قریش میں سب سے بڑی عمر کا تھا یہ رائے دی کہ کسی کو حکم بنا کر اس کے فیصلے پر عمل کریں۔

آنحضرت ﷺ کا تمام قبائل کی طرف سے حکم مقرر ہونا

اس رائے کو مانا گیا اور اقرار دیا گیا کہ جو کوئی اب سب سے پہلے حرم میں آئے گا وہی سب کا حَکَم سمجھا جائے گا۔ اتفاقاً آنحضرت ﷺ تشریف لے آئے آنحضرت ﷺ کو دیکھنا تھا کہ هٰذَا الْأَمِيْنُ رَضِيْنَاهُ ② کے نعرے لگ گئے (امین آ گیا۔ ہم اس کے فیصلہ پر رضامند ہیں۔)

---

① حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی اولاد کا دستور تھا کہ میدان میں جس جگہ کو عبادت گاہ مقرر کرتے وہاں ایک لمبا ان گھڑا پتھر ستون کی طرح کھڑا کر دیتے تھے۔ جیسے اب بھی مسلمان کھلی جگہ میں نماز پڑھتے ہوئے اپنی چھڑی وغیرہ گاڑ لیا کرتے ہیں۔ جسے سترہ کہتے ہیں۔ اس کا ثبوت کتاب پیدائش باب 12 درس 8،7 باب 13 درس 18 و باب 26 درس 25 و باب 28 درس 18، 19، 22 و کتاب خروج باب 25 و باب 24 درس 4 سے بخوبی ملتا ہے۔ حجر اسود بھی اسی قسم کا پتھر ہے اور یہ بھی ایک شہادت اس امر کی ہے کہ کعبہ بنائے ابراہیمی سے اب کونے میں لگا دینے کے بعد یہ اتنا کام دیتا ہے کہ طواف کا شروع اور ختم اسی جگہ سے شروع کیا جاتا ہے۔ مسلمانوں میں جو درجہ اس کا ہے وہ اس کے نام حجر اسود (کالا پتھر) سے ظاہر ہے۔ ایک دفعہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو سنانے کے لیے حجر اسود کو مخاطب کر کے کہا تھا" تو ایک پتھر ہے، نہ کسی کو نفع نہ ضرر دے سکتا ہے۔" (بخاری: 1597)

② ہم لکھ چکے ہیں کہ نبی ﷺ کو عرب کے لوگ نبوت سے پہلے صادق و امین کہہ کر بلایا کرتے تھے۔ چنانچہ اس موقع پر بھی انھوں نے الامین ہی حضور ﷺ کو کہا ہے۔ اب پہلے نبیوں کے پاک نوشتہ سے اس نام کی تصدیق ہوتی ہے۔ بائبل کے سب سے آخر میں مکاشفات یوحنا کی کتاب ہے۔ اس کتاب کے شروع میں یہ درس ہے: "یسوع مسیح کا مکاشفہ جو اللہ نے اسے دیا تا کہ اپنے بندوں کو وے وہ باتیں جن کا جلد ہونا دکھا دے۔" اور اس سے یہ ثابت ہے کہ مکاشفات میں ان باتوں کا ذکر ہے جو یوحنا کے بعد دنیا میں ہونے والی تھیں۔ یہ بھی یاد رہے کہ سینٹ یوحنا حضرت مسیح کا حواری ہے جس نے یہ مکاشفہ حضرت مسیح کے دنیا پر سے جانے کے بعد دیکھا تھا۔ یوحنا کہتا ہے: پھر میں نے آسمان کو کھلا ہوا دیکھا اور دیکھو کہ (الف) ایک نقرئی گھوڑا اور اس کا سوار (ب) امانت دار سچا کہلاتا ہے۔ (ج) وہ راستی کی عدالت کرتا ہے۔ (د) اور لڑتا ہے (ہ) اور اس کی آنکھیں آگ کے شعلے کی مانند (و) اور اس کے سر پر بہت سے تاج (ز) اور اس کا ایک نام لکھا ہوا ہے جسے اس کے سوا کسی نے نہ جانا۔ (ح) اور خون میں ڈوبا ہوا لباس وہ پہنے تھا۔ (ط) اور اس کا نام کلام خدا ہے۔ (ی) اور وہ فوجیں جو آسمان میں ہیں صاف اور سفید کتانی لباس پہنے ہوئے نقرئی گھوڑوں پر سوار اس کے پیچھے ہو لیں۔ (ک) اور اس کے منہ سے ایک تیز تلوار نکلتی ہے کہ وہ اس سے قوموں کو مارے (ل) اور وہ لوہے کے عصا سے ان پر حکمرانی کرے گا (م) اور وہ خود قادر مطلق اللہ کے قہر و غضب کے کولھو میں روندتا ہے۔ (ن) اور اس کے لباس اور اس کی ران پر یہ نام لکھا ہے۔ بادشاہوں کا بادشاہ اور خداوندوں کا خداوند" (مکاشفہ 19 باب)

اب میں نہایت اختصار سے اس کی شرح کر دینا چاہتا ہوں۔

(الف) نقرئی گھوڑے اور اس کے سوار کا ذکر مکاشفہ 6-2 میں بھی ان الفاظ سے ہے، دیکھو ایک نقرئی گھوڑا اور وہ جو اس پر سوار تھا۔ کمان لیے ہے اور ایک تاج اسے دیا گیا اور وہ فتح کرتا ہوا اور فتح مند ہونے کو نکلا۔ مکاشفہ 19-11 میں نقرئی گھوڑے کے سوار کی نام کی اور مکاشفہ 6-2 میں اس کے صاحب کمان اور صاحب فتح ہونے کی علامت بیان کی گئی ہے اور یہ علامات آنحضرت ﷺ ہی پر صادق آتی ہیں۔

(1) نبی ﷺ کی سواری میں بھی نقرئی گھوڑا تھا جس کا نام لحیف تھا۔ (دیکھو کتاب سفر السعادت)

(2) آنحضرت ﷺ عربی کمان کو ہاتھ میں رکھتے۔ بسا اوقات خطبہ کے وقت بھی کمان ہاتھ میں ہوتی۔ مسلمانوں کو کمان چلانے کی تاکید فرماتے۔ حدیث میں ہے: اِرْمُوْا فَإِنَّ أَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا (تیر چلایا کرو تمہارے باپ اسماعیل علیہ السلام تیر انداز تھے) (بخاری 3373)

(3) آنحضرت ﷺ کے لیے فتح مبین ہونے کا ذکر قرآن مجید میں بھی ہے۔ سب سے بڑی فتح یہ ہے کہ جس کام کے لیے آنحضرت ﷺ مبعوث ہوئے تھے اسے بدرجہ کمال پہنچا کر دنیا سے رخصت ہوئے۔ جب ہم دیکھتے ہیں کہ موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام اپنی امت کو وعدہ کی زمین میں پہنچانے سے پہلے اور مسیح روح اللہ علیہ السلام اپنی بہت سی باتیں بتلانے سے پہلے دنیا سے الگ ہو گئے اور نبی علیہ السلام تمام و کمال کا اعلان دے کر یہاں سے رخصت ہوئے تو حضور ﷺ کی فتح مبین میں اور فتح مند ہونے میں کوئی شک نہیں رہ جاتا۔

آنحضرت ﷺ نے اپنی زیرکی اور معاملہ فہمی سے ایسی تدبیر کی کہ سب خوش ہو گئے۔ آنحضرت ﷺ نے ایک چادر بچھائی۔ اس پر پتھر اپنے ہاتھ سے رکھ دیا۔ پھر ہر ایک قبیلے کے سردار کو کہا کہ چادر کو پکڑ کر اٹھائیں۔ اسی طرح اس پتھر کو وہاں تک لائے جہاں قائم کرنا تھا۔ آنحضرت ﷺ نے پھر اسے اٹھا کر کونے پر اور طواف کے سرے پر لگا دیا۔

(ب) امانتدار اور سچا کہلاتا ہے۔ امانتدار (امین) سچا (صادق) کا ترجمہ ہے۔ کہلاتا ہے کہ معنی یہ ہیں کہ لوگ اسی نام سے بلایا کریں گے اور یہی معاملہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ ہوتا رہا۔

(ج) وہ راستی سے عدالت کرتا ہے۔ یسعیاہ 11 باب میں بھی ہے۔ 4۔ وہ راستی سے مسکینوں کا انصاف کرے گا اور انصاف سے زمین کے خاکساروں کے لیے انفصال کرے گا۔ یوحنا نے اسی کو دہرا کر بتلا دیا کہ اس کا تعلق زمانہ مابعد مسیح سے ہے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿ وَ يَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ﴾ [الاعراف:157]۔

(د) اور لڑتا ہے۔ "راستی کے ساتھ لڑنے کی صفت بھی بتلائی گئی تا کہ کوئی پادری غلطی سے اس مکاشفہ کو کسی اور پر چسپاں نہ کرے۔ کیوں کہ اس سوار کے لیے مجاہد و غازی ہونا ضروری ہے۔

(ہ) اس کی آنکھیں آگ کے شعلے کی مانند نبی ﷺ کے حلیہ میں جو تمام پاک نوشتوں میں ہے۔ آنحضرت ﷺ کی آنکھوں میں سرخی کا ہونا ضرور درج ہے۔ چنانچہ ایسا ہی تھا کہ مردمک انور کے گرداگرد سرخ ڈورے پڑے ہوئے تھے۔

(و) اس کے سر پر بہت سے تاج، انبیاء کے پاک گروہ کو دیکھو، کوئی واعظ ہے۔ (سلیمان) کوئی مبشر ہے۔ (عیسیٰ علیہ السلام) کوئی منذر ہے۔ (نوح علیہ السلام) کوئی مثنی ہے۔ (موسیٰ علیہ السلام) کوئی مناظر ہے۔ (ابراہیم علیہ السلام) کوئی مجاہد ہے۔ (داؤد علیہ السلام) لیکن نبی ﷺ میں جملہ صفات جامعیت کے ساتھ موجود ہیں۔ اسی لیے اللہ پاک فرماتا ہے: ﴿ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴾ [الاحزاب:45-46] "اے نبی ہم نے تم کو شاہد، مبشر، نذیر، داعی الی اللہ، روشن کر دینے والا سراج بنا کر بھیجا ہے۔" سر پر بہت سے تاج ہونے کے معنی یہی ہیں کہ وہ جامع صفات نبی ہیں۔

(ز) "اس کا ایک نام لکھا ہے جسے اس کے سوا کسی نے نہ جانا" آنحضرت ﷺ کا اسم پاک احمد و محمد ﷺ وہ ہے جو پہلے کسی کا نام نہیں ہوا۔ مسیح اور یسوع تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے بیسیوں ہوئے۔

(ح) "خون میں ڈوبا ہوا لباس وہ پہنے گا۔" نبی ﷺ کے ساتھ طائف میں منادی کرنے کے وقت ایسا ہی گذرا کہ تمام جسم مبارک پتھر کھاتے کھاتے لہولہان ہو گیا تھا اور لباس خون میں تر جسم کا خون بہہ بہہ کر ایسا جم گیا کہ وضو کے لیے جوتا اتارنا مشکل ہو گیا تھا اور چوں کہ اس سفر میں آنحضرت ﷺ تنہا تھے اس لیے یسعیاہ 63/3,2,1 بھی آنحضرت ﷺ ہی پر صادق آتا ہے۔

(ط) "کلام خدا" نبی ﷺ کی یہ علامت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے سب سے آخری وعظ (کتاب 5 باب 31) اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے آخری وعظ (یوحنا 13/16) میں خصوصیت سے بیان کی تھی۔ اب یوحنا حواری نے بھی بیان کیا۔ جس سے معلوم ہوا کہ یوحنا کے مکاشفہ تک کلام خدا والی علامت کا پورا ہونا باقی تھا۔ پس یہ قرآن ہی ہے جس کی بابت اللہ خود فرماتا ہے: ﴿ وَ مَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ﴾ [النجم:2-3] "نبی اپنی خواہش سے نہیں بولتا۔ یہ تو وہ کلام اللہ ہے جو اس پر نازل کیا گیا ہے۔"

(ی) فرشتوں کا اور ملکوتی طاقتوں کا آنحضرت ﷺ کے ساتھ ہونا قرآن مجید میں بھی ہے۔ ﴿ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ﴾ [التحریم:4] "یعنی فرشتے بھی اس کے مددگار ہیں۔" "فرشتوں کے صاف سفید کپڑے نبی ﷺ کے اتباع میں ہیں۔ نبی ﷺ کو سفید لباس ہی محبوب تھا) آپ کے نشان (علم کا رنگ بھی سفید تھا۔) افتتاح جنگ اور قیام صلح کے لیے بھی سفید پھریرا ہی اڑایا کرتے ہیں۔

(ک) "اس کے منہ سے تیز تلوار نکلتی ہے۔" یہ جہاد ہے اور جن لوگوں پر جہاد کیا گیا ہے ان کا مذکور بھی اسی مکاشفہ 19 باب کے 17 سے 21 تک میں بیان کر دیا گیا ہے۔

(ل) "لوہے کے عصا سے حکمرانی کرے گا۔ زبور 2-9 میں بھی اس کا مذکور ہے۔ مکاشفہ میں زبور کے الفاظ دہرانے سے یہ نتیجہ نکلا کہ ان الفاظ کا جو کوئی مصداق ہے وہ یوحنا کے بعد آنے والا ہے۔ پس وہ یقیناً محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ کیوں کہ پھر کوئی بھی حضور ﷺ کے سوا دین، نبوت اور سلطنت محکم کا جامع نہیں ہوا۔

(م) وہ قادر مطلق کے قہر کے کولھو میں روندتا ہے۔ سرکش قبائل کا تباہ و خراب ہونا، قیصر و کسریٰ کو نافرمانی محمد ﷺ کی سزا ملنا اللہ کے قہر ہی سے تھا۔

(ن) اس کے لباس اور ران پر بادشاہوں کا بادشاہ، خداوندوں کا خداوند لکھا ہوگا۔ آنحضرت ﷺ کے القاب عالیہ میں سے امام الانبیاء، سید المرسلین بھی ہیں اور یہی مراد مکاشفہ کے الفاظ کی ہے۔

آنحضرت ﷺ نے اس مختصر تدبیر سے ایک خونخوار جنگ کا انسداد کر دیا ورنہ اس وقت کے اہل عرب میں، ریوڑ کے پانی پلانے، گھوڑوں کے دوڑانے، اشعار میں ایک قوم سے دوسری قوم کو اچھا بتانے جیسی ذرا ذرا سی باتوں پر ایسی جنگ ہوتی تھی کہ بیسیوں برس تک ختم ہونے میں نہ آتی تھی۔

قرب زمانہ بعثت

بعثت سے سات (7) برس پہلے ایک روشنی اور چمک سی نظر آنے لگی تھی [1] اور آنحضرت ﷺ اس روشنی کے معلوم کرنے سے خوش ہوا کرتے تھے۔ [2] اس چمک میں کوئی آواز یا صورت نہ ہوتی تھی۔ بعثت کا زمانہ جسطرح قریب ہوتا گیا آنحضرت ﷺ کے مزاج میں خلوت گزینی کی عادت بڑھتی جاتی تھی۔

غار حرا میں عبادتیں کرنا

آنحضرت ﷺ کثر پانی اور ستو لے کر شہر سے کئی کوس پرے سنسان جگہ کوہ حرا [3] کی ایک غار میں جس کا طول 4 گز اور عرض پونے 2 گز تھا جا بیٹھتے، عبادت کیا کرتے۔ اس عبادت میں تحمید و تقدیس الٰہی کا ذکر بھی شامل تھا اور قدرت الٰہیہ پر تدبر و تفکر بھی [4] جب تک پانی اور ستو ختم نہ ہو جاتے، شہر میں نہ آیا کرتے۔ [5]

اب آنحضرت ﷺ کو خواب نظر آنے لگے۔ خواب ایسے سچے ہوتے تھے کہ جو کچھ رات کو خواب میں دیکھ لیا کرتے، دن میں ویسا ہی ظہور میں آ جاتا۔ [6]

بعثت و نبوت

جب آنحضرت ﷺ کی عمر کے چالیس (40) سال [7] قمری پر ایک دن اوپر ہوا تو 9 ربیع اول [8] 41 میلادی (مطابق 12 فروری 610ء) کو بروز دوشنبہ (سوموار) روح الامین علیہ السلام اللہ کا حکم لے کر آنحضرت کے پاس آیا اس وقت آنحضرت ﷺ غار حرا میں تھے۔

روح نے کہا: محمد ﷺ بشارت قبول فرمایئے۔ آپ اللہ کے رسول ﷺ ہیں اور میں جبریل (علیہ السلام) ہوں۔ [9]

اس واقعہ کے بعد نبی ﷺ فوراً گھر میں آئے اور لیٹ گئے۔ بیوی سے کہا کہ مجھ پر کپڑا ڈال دو۔ جب طبیعت میں ذرا سکون ہوا تو بیوی سے فرمایا کہ میں ایسے واقعات دیکھتا ہوں کہ مجھے اپنی جان کا ڈر ہو گیا ہے۔ [10]

خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی شہادت آنحضرت ﷺ کے اعلیٰ اخلاق پر

خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے کہا: نہیں آپ کو ڈر کاہے کا؟ میں دیکھتی ہوں کہ آپ اقربا پر شفقت فرماتے، سچ بولتے ہیں، رانڈوں یتیموں، بے کسوں کی دستگیری کرتے ہیں، مہمان نوازی فرماتے ہیں، مصیبت زدوں سے ہمدردی کرتے ہیں۔ اللہ آپ کو کبھی اندوہ گیں نہ

---

[1] بخاری 3، مسلم 403 [2] سفر السعادۃ مشرح ص:31 [3] اب اسے جبل نور کہتے ہیں مفصل حال ہمارے سفرنامہ حجاز میں ہے۔ [4] سفر السعادۃ ہمعنا لا قوال۔
[5] بخاری:2، 4953، مسلم:403 [6] بخاری 3، 4955، مسلم:405 [7] بخاری:3851۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بھی 40 سال پورا ہونے پر نبوت ملی تھی۔ دیکھو کتاب اعمال مشمولہ انجیل۔ [8] زاد المعاد ص 18 میں 8 ربیع الاول لکھی ہے۔ دوشنبہ کے دن پر اتفاق ہے چوں کہ دوشنبہ کا دن 9 کو پڑتا ہے اس لیے 9 ہی صحیح ہے۔
[9] سفر السعادۃ مشرح ص:35 [10] اس فقرے سے حضور ﷺ کا مطلب مشکلات نبوت کا بیان تھا۔

فرمائے گا۔ [1]

اب خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کو خود بھی اپنے اطمینان قلب کی ضرورت ہوئی۔ اس لیے وہ نبی ﷺ کو ساتھ لے کے اپنے رشتے کے چچیرے بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس گئی۔

اس کتاب کے مقدمے میں ہم ذکر کر چکے ہیں کہ نجاشی اور قیصر کی کوششوں سے عیسائیت عرب میں آ چکی تھی۔ اس لیے بعثت محمدی ﷺ کے قریب عرب میں ایسے لوگ بھی موجود تھے جو علمائے یہود و نصاریٰ سے بہت سی معلومات کا استفادہ کر چکے تھے اور دین جاہلیت کو چھوڑ کر یہ خبریں دیا کرتے تھے کہ عنقریب ایک رسول ظاہر ہونے والا ہے، جو ابلیس اور اس کے لشکر پر غالب ہوگا۔ ان اشخاص میں عثمان بن حریث، عبید، زید بن عمرو اور ورقہ بن نوفل کے نام خصوصیت سے مشہور ہیں۔ [2]

زید بن عمرو جو عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے چچا تھے، وہ بزرگوار ہیں جنھوں نے رسول موعود کی تلاش میں دور دور سفر کیے تھے اور آخر یہ معلوم کر کے کہ وہ مکہ میں پیدا ہوں گے۔ اسی مبارک انتظار میں رہ کر انتقال کر چکے تھے۔

عیسائی عالم ورقہ بن نوفل کی شہادت آنحضرت ﷺ کی نبوت پر

الغرض حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی درخواست پر نبی ﷺ نے ورقہ بن نوفل کے سامنے جبریل علیہ السلام کے آنے، بات کرنے کا واقعہ بیان فرمایا۔ ورقہ جھٹ بول اٹھا، یہی ہے وہ ناموس جو موسیٰ علیہ السلام پر اترا تھا۔ کاش! میں جوان ہوتا، کاش! میں اس وقت زندہ رہتا، جب قوم آپ ﷺ کو نکال دے گی۔

رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: کیا قوم مجھے نکال دے گی؟ ورقہ بولا: ہاں۔ اس دنیا میں جس کسی نے ایسی تعلیم پیش کی اس سے (شروع میں) عداوت ہی ہوتی رہی۔ کاش! میں ہجرت تک زندہ رہوں اور حضور ﷺ کی نمایاں خدمت کروں۔ [3]

ابتداءِ نزول قرآن

کچھ دنوں [4] کے بعد پھر فرشتہ آیا اور نبی ﷺ کو جنھوں نے اب تک لکھنا پڑھنا نہ سیکھا تھا اللہ کا وہ پاک نام اور پاک کلام پڑھایا جو سارے علموں کی کنجی اور ساری حقیقتوں کا خزانہ ہے۔ روح الامین نے ان آیات کو پڑھا تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ○ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ○ اِقْرَاْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ ○ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ○ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ ﴾ [العلق:1-5]

---

[1] بخاری:2 [2] خلاصہ تاریخ العرب پروفیسر سیڈیو (Sade)۔ [3] صحیحین میں عائشہ رضی اللہ عنہا مشکوٰۃ ص514 ورقہ بن نوفل اس واقعہ کے چند دنوں بعد ہی مر گیا تھا۔ وہ نہایت ضعیف اور فاقد البصر ہو گیا تھا۔ بزرگوار ورقہ نے ہجرت کا ذکر یسعیاہ 42 باب میں پڑھا ہوگا۔ [4] علما کا اتفاق ہے کہ ولادت باسعادت بماہ ربیع الاول ہوئی۔ نیز اتفاق ہے کہ ابتداء وحی 41 ویں سال کے شروع میں ہوئی۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ابتداء وحی بھی بماہ ربیع الاول ہوئی مگر قرآن مجید سے ثابت ہے کہ قرآن مجید کا نزول رمضان المبارک میں ہوا۔ پس نتیجہ یہ ہے کہ ابتدائے نزول قرآن بماہ رمضان ہے۔ کچھ دنوں سے مراد اس عرصہ کا درمیانی فاصلہ قریباً چھ ماہ ہے جس میں رویائے صادقہ آتے رہے جو نبوت کا چھیالیسواں حصہ (23 سال عہد نبوت کا چھیالیسواں حصہ = 6 ماہ) تھے۔ امام طبری رحمہ اللہ نے نزول قرآن کی تاریخ 17 یا 18 / رمضان روایت کی ہے۔ چونکہ 8 رمضان 1 نبوت کو یوم جمعہ تھا۔ (مطابق 17 / اگست 610ء) اس لیے نزول قرآن مجید شب جمعہ 18 / رمضان کو تھا۔

''شروع ہے اللہ کے نام سے جو کمال رحمت اور نہایت رحم والا ہے۔ پڑھ اپنے پروردگار کے نام سے جس نے (سب کچھ) پیدا کیا۔ جس نے انسان کو پانی کے کیڑے سے بنایا (ہاں) پڑھتا چلا جا تیرا پروردگار تو بہت کرم والا ہے، جس نے قلم کے ذریعے تعلیم دی (جس نے انسان کو وہ سب کچھ سکھایا جو وہ نہ جانتا تھا'' [1]

نماز کا آغاز

اس کے بعد ''روح الامین'' نبی ﷺ کو دامن کوہ میں لایا۔ نبی ﷺ کے سامنے خود وضو کیا اور آنحضرت ﷺ نے بھی وضو کیا۔ پھر دونوں نے مل کر نماز پڑھی۔ روح الامین علیہ السلام نے پڑھائی۔

تبلیغ کا آغاز

نبی ﷺ نے گھر پہنچ کر تبلیغ شروع کر دی۔ خدیجہ رضی اللہ عنہا (بیوی) علی رضی اللہ عنہ (بھائی عمر آٹھ سال) ابوبکر رضی اللہ عنہ (دوست) زید بن حارث رضی اللہ عنہ (مولیٰ) پہلے ہی دن مسلمان ہو گئے۔ [2]

ان اشخاص کا ایمان لانا جو آنحضرت ﷺ کی چالیس (40) سالہ ذرا ذرا سی حرکات وسکنات تک سے واقف تھے، نبی ﷺ کی اعلیٰ صداقت اور راست بازی کی قوی دلیل ہے۔

بلال، عمرو بن عنبسہ وخالد بن سعد بن عاص رضی اللہ عنہم بھی چند روز کے بعد ہی مسلمان ہو گئے۔

سابقین الاولین کے مختصر نام

ابوبکر رضی اللہ عنہ بڑے مالدار تھے، تجارت کرتے تھے، مکہ میں ان کی دکان بزازی کی تھی۔ لوگوں میں ان کا بہت میل ملاپ تھا۔ ان کی تبلیغ سے عثمان غنی رضی اللہ عنہ، زبیر رضی اللہ عنہ، عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ، طلحہ رضی اللہ عنہ، سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ مسلمان ہوئے۔ پھر ابوعبیدہ عامر بن عبداللہ بن الجراح رضی اللہ عنہ (جن کا لقب بعد میں ''امین الامت'' ہوا) عبدالاسد بن ہلال رضی اللہ عنہ عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ، عامر بن فہیرہ ازدی رضی اللہ عنہ ابوحذیفہ بن عتبہ رضی اللہ عنہ سائب بن عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ اور ارقم رضی اللہ عنہ مسلمان ہوئے۔

عورتوں میں ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد نبی ﷺ کے تایا عباس رضی اللہ عنہ کی بیوی ام الفضل رضی اللہ عنہا، اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا، اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا اور فاطمہ خواہر عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

پہاڑ کی گھاٹیوں میں نماز

ان دنوں مسلمان پہاڑ کی گھاٹی میں جا کر نماز پڑھا کرتے تھے۔

---

[1] اس خوبی کو دیکھیے کہ اللہ کا کلام جو انسان کی ہدایت کے لیے اترا انسان کی ابتدائی حالت ہی سے شروع ہوتا ہے اور سب سے پہلے انسان کے لیے تعلیم کی ضرورت کا اظہار کرتا ہے اور یہ بھی بتلاتا ہے کہ نبی کو خود خالق نے تعلیم دی۔ مَالَمْ يَعْلَمْ سے آنحضرت ﷺ کا ان پڑھ ہونا ظاہر ہے۔ کتاب یسعیاہ 29/12 میں ہے۔ ''ان پڑھ کو کتاب دی گئی کہ اسے پڑھے، قرآن مجید کو لفظاً ومعناً کلام الٰہی ہونے کے لیے دیکھو استثنا 15 تا 20 در 18 باب''

[2] علما میں اختلاف رہا ہے کہ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ پہلے اسلام لائے یا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔ میں نے اس بحث کو چھوڑ دیا کیوں کہ یہ بحث ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ یا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی سیرت میں ہونی چاہیے۔

نبی ﷺ نبوت کے ابتدائی تین سال تک لوگوں کو چپکے چپکے سمجھایا کرتے تھے اور پتھروں، درختوں، چاند اور سورج کی پوجا سے ہٹا کر اللہ کی بندگی سکھلایا کرتے تھے۔ اب اللہ کا حکم پہنچا:

﴿يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ [1] ۝ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝﴾ [المدثر 1-7]

''اے درست کرنے والے (عالم کے) اٹھو، (گندے اعمال والوں کو) ڈراؤ اور اپنے پروردگار کی بزرگی پھیلاؤ اور پاکدامنی اختیار کرو۔ (مخلوق پرستی کی) نجاست سے علیحدگی اختیار کرو۔ احسان اس نیت سے نہ کرو کہ لوگوں سے اس کا فائدہ حاصل کیا جائے۔ اپنے پروردگار کے لیے (رسالت کرتے ہوئے ہر ایک امتحان اور تکلیف میں) استقلال رکھو۔''

ان آیات سے ظاہر ہے کہ نبی ﷺ کی رسالت اور نبوت کے مقاصد مندرجہ ذیل تھے۔

نبی ﷺ کی نبوت کے مقاصد

1. نافرمانوں کو ان کی خطرناک حالت سے آگاہ کرنا اور انجام سے ڈرانا۔
2. اللہ کی ربوبیت اور کبریائی اور عظمت و جلال کا آشکار کرنا۔
3. لوگوں کو اعتقاد، اعمال اور اخلاق کی ظاہری و باطنی نجاستوں سے پاک رہنے کی تعلیم دینا۔
4. پاکیزگی، صفائی اور پاک دامنی سکھلانا۔
5. الٰہی تعلیم مفت دینا، نہ ان پر احسان جتلانا، نہ ان سے اپنے کسی فائدے کی توقع رکھنا۔
6. اس کام میں جس قدر بھی مصائب اور شدائد جھیلنی پڑیں سب کو برداشت کرنا۔

جو شخص نبی ﷺ کی پاک زندگی کے حالات پر غور کرے گا اسے معلوم ہو جائے گا کہ آنحضرت ﷺ نے کیسی خوبی سے ان سب مقاصد کو پورا کیا۔

نبی ﷺ کی تبلیغ کا کام بمدارج ذیل آہستہ آہستہ وسعت پکڑتا رہا۔

تبلیغ کے پنج گانہ مراتب

اول: قریب کے رشتہ دار اور خاص خاص احباب۔
دوم: قوم اور شہر کے سب لوگ۔
سوم: مکہ کے اطراف و جوانب کے قبیلے۔
چہارم: عرب کے جملہ حصص اور قبائل
پنجم: دنیا کی جملہ متمدنہ اقوام اور جملہ مشہور مذاہب۔

---

[1] از دثر الطائر تدثیرا درست ساخت طائر آشیانہ خود را۔ منتہی الارب، باب د، ث، ر۔ علامہ ابوالسعود رحمہ اللہ اپنی تفسیر جلد ہشتم ص 278 پر لکھتے ہیں مدثر ای الذی دثر هذا الأمر العظيم وعصب به۔

حضور ﷺ نے اس تبلیغ کے لیے نہایت استحکام، کمال استقلال اور کشادہ پیشانی وانزہت خاطر سے ہر قسم کے مصائب برداشت کرنے میں ثابت قدمی فرمائی تھی اور اپنی تعلیم کو بیّن دلائل اور براہین محکم سے ثابت کر دیا تھا۔

قارئین! اس کتاب میں تبلیغ کی ان پنج گانہ مراتب کے متعلق نبی ﷺ کی مساعی کا ذکر معلوم کر سکیں گے۔

بعثت کے وقت عالم کی حالت

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ جس وقت نبی ﷺ تبلیغ عالم کے لیے مبعوث ہوئے، یہ وہ زمانہ تھا کہ تمام عالم پر جہالت کی تاریکی چھا رہی تھی۔ وحشت و درندگی کا دنیا پر تسلط تھا۔ انسانیت، تہذیب، اخلاق کے نام شاید ان کتابوں میں نظر آ سکتے تھے مگر دلوں پر کوئی اثر نہ تھا۔

(1) بنی اسرائیل تو مسیح علیہ السلام سے بھی پہلے سانپ اور سانپ کے بچے کہلانے کے مستحق ٹھہر چکے تھے۔ اب مسیح علیہ السلام کی لعنت سے ظاہری شکل وصورت کے سوا ان میں آدمیت کا ذرا بھی نشان باقی نہ رہا تھا اور ہمسایہ قوموں کے اثر سے ان میں بت پرستی قائم ہو چکی تھی۔

(2) یورپ میں جہالت و وحشت کا دور دورہ تھا۔ انگلستان میں برٹن اور سیکسن وحشی قومیں آباد تھیں۔ نارتھمبر لینڈ۔ مڈلینڈ۔ کون ٹیز۔ نار فوک۔ سوفوک۔ سا سیکس (اضلاع انگلستان) میں ورڈن بت کی پرستش ہوتی تھی۔ فرانس، برن ہلڈ، سگ فرٹ، فرے دی گوٹن دی، ہل ہے رک۔ نصف پر افسانہ زمانہ میں تھا۔ جب کہ پادریوں کے ایماء سے بہت سی بے ہودگیاں روا رکھی جاتی تھیں۔

فرانس ہمیشہ سیکسن قوم سے دریائے البی پر معرکہ آرا رہتا تھا۔ یہ لڑائی 782ء کے بعد تک جاری رہی۔ جب کہ ساڑھے چار ہزار (4500) سیکسن قیدی نہایت بے رحمی سے شہر ورڈون میں ہلاک کیے گئے۔ ہنگری ان دنوں انتہا درجہ کی وحشی و ناشائستہ آوارہ قوم کے ہاتھوں میں تھا، جس کو وحشیانہ اور ظالمانہ وسائل سے اپنے مذہب میں لایا گیا تھا۔ [1]

(3) ایران پر مزدکیہ کا زور تھا، جنھوں نے زن۔ زر۔ زمین کے وقف عام کر دینے سے اخلاق اور انسانی ترقیات کو ملیا میٹ کر دیا۔

(4) ہندوستان میں پرانوں کا زمانہ شروع ہو گیا تھا۔ [2] اور بام مارگی فرقہ قابو یافتہ تھا۔ وہ اپنے گندے اصولوں کی طرف بندگان خدا کی رہبری کرتے تھے۔ مندروں میں زن و مرد کی برہنگی کی تماثیل بنا کر رکھی جاتی تھیں اور ان ہی کی پرستش کی جاتی تھی۔ عبادت خانوں کی در و دیوار پر ایسی سراپا فحش تصویریں کندہ کی جاتی تھیں جن کے تصور سے ایک مہذب شخص کو نفرت آنی چاہیے۔

(5) چین کے باشندوں نے اپنے ملک کو آسمانی فرزند کی بادشاہت سمجھ کر اللہ سے منہ موڑ لیا تھا۔ ہر کام کے بت جدا جدا مقرر تھے۔ کوئی بارش کا، کوئی اولاد کا، کوئی جنگ کا، کوئی امن کا، اور ہر ایک بت کو سزا دینا بھی بادشاہ ہی کے اختیار میں تھا۔

کانفیوشس (Confusius) کو چین کا مصلح سمجھا جاتا ہے۔ [3] لیکن اس وقت اس کا بھی ظہور نہ ہوا تھا۔ [4]

(6) مصر میں عیسائیت زوروں پر تھی۔ مسیح علیہ السلام کی شخصیت اور الہیت کی تعریف و تحدید، توحد و تفریق کے متعلق روز روز نئے نئے

---

[1] سول اینڈ ملٹری گزٹ مورخہ 12 اکتوبر 1907ء ایڈیٹوریل نوٹ۔ [2] اردو تہذیب قدیم ہندوستان مسٹر آرسی دت ص 37۔

[3] Confucianism (کنفیوشس ازم) مذہبی تحریک، چینی دانشور کنفیوشس نے 53 ق م میں اس کی بنیاد رکھی۔ (تاریخ عالم کا انسائیکلوپیڈیا، ص: 147)

[4] مصنف رحمہ اللہ کی بات تاریخی اعتبار سے غلط ہے کیونکہ کنفیوشس (Confusius) کا دور قبل از مسیح کا ہے۔ وہ 478 ق م میں پیدا ہوا اور 551 ق م میں اس کا انتقال ہوا۔

اعتقادات پیدا ہوتے۔ نئے نئے فرقے بنتے تھے۔ ایک فرقہ دوسرے فرقہ کی تکفیر کرتا۔ اپنے مخالف کو قتل کرنے اور آگ میں جلانے سے بھی دریغ نہ کرتا تھا۔

یہ مختصر حالت ان ممالک کی ہے جو زبردست حکومتوں اور شریعتوں کے زیر اثر تھے اور جن میں سے ہر ایک کو بجائے بزعم خود علم وتہذیب کے بڑے بڑے دعوے تھے۔

﴿7﴾ عرب کا قیاس انہی ممالک پر کر لیجیے اور قیاس کرتے ہوئے یہ بھی ملحوظ رکھیے کہ یہ ایسا ملک تھا جہاں صدیوں سے نہ کسی بادشاہ کا تسلط ہوا تھا، نہ کوئی اثر قانون نے ڈالا، نہ کوئی ہادی ان کی ہدایت کے لیے پہنچا تھا۔ اس حیوانی [1] آزادی پر بے علمی، جہالت اور اقوام متمدنہ سے علیحدگی اور اجنبیت نے ان کی حالت کو اور بھی زیادہ تباہ کر دیا تھا۔

اس بدترین حالت ہی نے ان کو زیادہ تر واجب الرحم ٹھہرایا اور رب العالمین نے اصلاح عالم کا آغاز اسی جگہ سے ہونا پسند فرمایا۔

اپنے کنبہ میں تبلیغ

نبی ﷺ نے حکم ربانی کے موافق تبلیغ عام کا کام شروع فرما دیا۔ قریبی رشتہ داروں کو سمجھانے کا حکم قرآن مجید میں خصوصیت سے تھا۔ ﴿ وَاَنۡذِرۡ عَشِيۡرَتَكَ الۡاَقۡرَبِيۡنَ ﴾ [الشعراء:214] نبی ﷺ نے ایک روز سب کو کھانے پر جمع کیا۔ یہ سب بنی ہاشم ہی تھے۔ ان کی تعداد چالیس یا ایک کم یا زیادہ تھی۔ اس روز ابولہب کی بکواس کی وجہ سے نبی ﷺ کو کلام کرنے کا موقع ہی نہ ملا۔ اس لیے دوسری شب پھر انہی کی دعوت کی گئی جب سب لوگ کھانا کھا کے، دودھ پی کے فارغ ہو گئے تب نبی ﷺ نے فرمایا:

اپنے گھرانے میں آنحضرت ﷺ کی تقریر

اے حاضرین! میں تم سب کے لیے دنیا اور آخرت کی بہبودی لے کر آیا ہوں اور میں نہیں جانتا کہ عرب بھر میں کوئی شخص بھی اپنی قوم کے لیے اس سے بہتر اور افضل کوئی شے لایا ہو، مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ میں آپ لوگوں کو اس کی دعوت دوں۔ بتلاؤ تم میں سے کون میرا ساتھ دے گا؟

یہ سن کر سب کے سب چپ رہ گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اٹھ کر کہا: یارسول اللہ ﷺ میں حاضر ہوں۔ نبی ﷺ نے ابوطالب سے کہا: تم اس کی بات مانا کرو اور جو کہا کرے سنا کرو۔ یہ فقرہ سن کر مجمع خوب کھل کھلا کر ہنسا اور ابوطالب سے تمسخر کرنے لگا۔ دیکھو! محمد ﷺ تمھیں کہہ رہا ہے کہ آج سے تم اپنے فرزند کا حکم مانا کرو۔ [2]

پہاڑی کا وعظ اور اہل مکہ کو عام تبلیغ

ایک روز نبی ﷺ نے کوہ صفا پر چڑھ کے لوگوں کو پکارنا شروع کیا۔ جب سب لوگ جمع ہو گئے تو نبی ﷺ نے فرمایا تم مجھے بتلاؤ کہ تم مجھے سچا سمجھتے ہو یا جھوٹا جانتے ہو۔

---

[1] انسانی آزادی وہ ہے جو قانون اور مذہب کی پابندی کے تحت ہر شخص کو حاصل ہے اور حیوانی آزادی وہ ہے جو قانون اور مذہب کے اثر کو باطل ٹھہرا کر حاصل ہوئی ہو۔

[2] ابوالفدا، ص:117

سب نے ایک آواز سے کہا: ہم نے کوئی بات غلط یا بے ہودہ تیرے منہ سے نہیں سنی۔ ہم یقین کرتے ہیں کہ تو صادق اور امین ہے۔ [1]

نبی ﷺ نے فرمایا: دیکھو میں پہاڑ کی چوٹی پر کھڑا ہوں اور تم اس کے نیچے ہو۔ میں پہاڑ کے ادھر ادھر بھی نظر کر رہا ہوں۔ اچھا اگر میں یہ کہوں کہ رہزنوں کا ایک مسلح گروہ دور سے نظر آ رہا ہے جو مکہ پر حملہ آور ہوگا کیا تم اس کا یقین کر لو گے۔؟

لوگوں نے کہا: ”بے شک! کیوں کہ ہمارے پاس تیرے جیسے راست باز آدمی کے جھٹلانے کی کوئی وجہ نہیں۔ خصوصاً جب کہ وہ ایسے بلند مقام پر کھڑا ہے کہ دونوں طرف دیکھ رہا ہے۔“

تمثیلاتِ نبوت ﷺ

نبی ﷺ نے فرمایا: یہ سب کچھ سمجھانے کے لیے ایک مثال تھی۔ اب یقین کر لو کہ موت تمھارے سر پر آ رہی ہے اور تم نے اللہ کے سامنے حاضر ہونا ہے اور میں عالم آخرت کو بھی ایسا ہی دیکھ رہا ہوں جیسا کہ دنیا پر تمھاری نظر ہے۔

اس دل نشین وعظ سے مطلب نبی ﷺ کا یہ تھا کہ نبوت کے لیے ایک مثال پیش کریں کہ کس طرح ایک شخص عالم آخرت کو دیکھ سکتا ہے جب کہ ہزاروں اشخاص نہیں دیکھ سکتے۔

تبلیغ میں آنحضرت ﷺ کی کوششیں

اب نبی ﷺ نے سب کو عام طور پر سمجھانا شروع کیا۔ ہر ایک میلے، ہر ایک گلی کوچے میں جا جا کر لوگوں کو توحید کی خوبی بتلاتے۔ بتوں، پتھروں، درختوں کی پوجا سے روکتے، بیٹیوں کو مار ڈالنے سے ہٹاتے۔ زنا سے منع کرتے جوا کھیلنے سے لوگوں کو روکتے تھے۔ آپ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ لوگ اپنے جسم کو نجاست سے، کپڑوں کو میل کچیل سے، زبان کو گندی باتوں سے، دل کو جھوٹے اعتقادوں سے پاک وصاف رکھیں۔ وعدہ اور اقرار کی پابندی کریں۔ لین دین میں کسی سے دغا نہ کریں۔ اللہ کی ذات کو نقص سے، عیب سے، آلودگی سے پاک سمجھیں۔ اس بات کا پختہ اعتقاد رکھیں کہ زمین، آسمان، چاند، سورج، چھوٹے بڑے سب کے سب اللہ کے پیدا کیے ہوئے ہیں۔ سب اسی کے محتاج ہیں۔ دعا کا قبول کرنا، بیمار کو صحت وتندرستی دینا، مرادیں پوری کرنا اللہ کے اختیار میں ہے۔ اللہ کی مرضی اور حکم کے بغیر کوئی بھی کچھ نہیں کر سکتا۔ فرشتے اور نبی بھی اس کے حکم کے خلاف کچھ نہیں کرتے۔

منڈیوں اور میلوں میں آنحضرت ﷺ کا تبلیغ فرمانا

عرب میں عکاظ، عینہ اور ذی المجاز کے میلے بہت مشہور تھے، دور دور سے لوگ وہاں آیا کرتے تھے۔ نبی ﷺ ان مقامات پر جاتے اور میلے میں آئے ہوئے لوگوں کو اسلام اور توحید کی دعوت فرمایا کرتے تھے۔

قریش کی مخالفت

مغرور قریش کو جو عرب میں اپنے آپ کو سب سے بڑا سمجھتے تھے جیسے سمندر میں ویل مچھلی۔ نبی ﷺ کا وعظ پسند نہ آیا۔ اس

---

[1] دیکھو مرکاشفہ 11/19

1. وہ نبوت کا مفہوم سمجھنے سے قاصر تھے اور بعید سمجھتے تھے کہ اللہ کے حکم سے کوئی انسان، انسانوں کے سمجھانے کے لیے آئے۔
2. وہ جزا وسزائے اعمال کے قائل نہ تھے۔ اس لیے یہ تعلیم کہ موت کے بعد اعمال کی جوابدہی ہوگی۔ ان کے نزدیک بالکل قابل تمسخر تھی۔
3. وہ خاندان اور شرافت بزرگان پر نہایت مغرور تھے اور انھیں اسلامی مساوات اور اسلامی اخوت کا قبول کرنا ایک قسم کی حقارت اور ذلت محسوس ہوتی تھی۔
4. ان میں اکثر قبائل بنو ہاشم سے مخالفت رکھتے تھے اور دشمن قبیلے کے ایک شخص کی تعلیم پر چلنا انھیں عار معلوم ہوتا تھا۔
5. وہ بت پرستی پر بالکل قانع تھے اور اس سے برتر کسی مذہب میں کسی خوبی کا امکان بھی ان کے تصور میں نہ آتا تھا۔
6. وہ زنا، جوا، رہزنی، قتل، عہد شکنی، آوارگی، ہر ایک قانون وقاعدہ کی بندش وقیود سے آزاد رہنے، بیشمار عورتوں کو گھر میں ڈال رکھنے کے عادی تھے اور اسلام کا قانون ان کو اپنی پیاری عادات کا دشمن معلوم ہوتا تھا۔

اس لیے انھوں نے آنحضرت ﷺ کی مخالفت پر کمر باندھی اور اسلام کا نام ونشان مٹا دینے کا فیصلہ کیا۔

اسلام کے خلاف تدبیریں

اوّل تدبیر یہ اختیار کی گئی کہ اسلام لانے والوں کو سخت اذیت دی جائے تاکہ جو مسلمان ہو چکے ہیں وہ واپس آجائیں اور نئے لوگ اسے اختیار نہ کریں۔

قریش نے اسلام لانے والوں پر جو مظالم کیے انھیں جو تکالیف اور اذیتیں دیں ان کا مفصل بیان دشوار ہے۔ مختصر طور پر ان کے عذاب دہی کے طریقوں اور چند بزرگواروں کا حال مذکور ہوتا ہے۔

اسلام لانے والوں پر قریش کے جور وستم

1. بلال ؓ حبشی تھے۔ امیہ بن خلف کے غلام تھے۔ جب امیہ نے سنا کہ بلال ؓ مسلمان ہوگئے ہیں۔ گونا گوں عذاب ان کے لیے ایجاد کیے گئے۔ (1) گردن میں رسی ڈال کر لڑکوں کے ہاتھ میں دی جاتی اور وہ مکہ کی پہاڑیوں میں انھیں لیے پھرتے۔ رسی کا نشان گردن پر نمایاں ہو جاتا۔ (2) وادی مکہ کی گرم ریت پر انھیں لٹا دیا جاتا اور گرم گرم پتھر ان کی چھاتی پر رکھ دیا جاتا۔ (3) مشکیں باندھ کر لکڑیوں سے پیٹا جاتا (4) دھوپ میں بٹھلایا جاتا (5) بھوکا رکھا جاتا، حضرت بلال ؓ ان سب حالتوں میں اَحَدٌ اَحَدٌ کے نعرے لگاتے رہتے۔ ابوبکر صدیق ؓ نے حضرت بلال ؓ کو خریدا اور اللہ لیے آزاد کر دیا۔ [1]
2. عمار ؓ [2] اور ان کے والد یاسر ؓ ان کی والدہ سمیہ ؓ مسلمان ہوگئے تھے۔ ابوجہل نے انھیں گوناں گوں عذاب پہنچائے۔ ایک دن نبی ﷺ نے انھیں مار کھاتے، عذاب سہتے دیکھا، فرمایا: اِصْبِرُوْا يَا اٰلَ يَاسِرْ فَاِنَّ مَوْعِدَكُمُ الْجَنَّةُ (یاسر کے گھرانے والو! صبر کرو تمہارا مقام جنت ہے) کمبخت ابوجہل نے بی بی سمیہ کے اندام نہانی میں نیزہ مارا اور اسے جان سے مار ڈالا۔ [3]
3. ابوفکیہ جن کا نام افلح ؓ تھا، کے پاؤں میں رسی باندھ کر انھیں پتھریلی زمین پر گھسیٹا جاتا۔ [4]

---

[1] حضرت بلال ؓ نے دمشق میں 20ھ کو بعمر 63 سال وفات پائی، اسد الغابۃ: 1/ 415، 416، مجمع الزوائد: 9/ 293، زاد المعاد: 3/ 22

[2] جنگ صفین میں بعمر 91-92 سال شہید ہوئے، زاد المعاد: 3/ 22 [3] مدارج النبوۃ جلد 2 ص: 50 [4] اعجاز التنزیل ص: 53

④ خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کے سر کے بال کھینچے جاتے۔ گردن مروڑی جاتی۔ گرم پتھروں سے بارہا آگ کے انگاروں پر لٹایا گیا۔ [1]

⑤ لبینہ، زنیرہ، نھدیہ اور ام عبیس رضی اللہ عنہن بے چاری لونڈیاں تھیں اور ان کے سنگ دل آقا ان کو ایسی ہی سخت وحشیانہ سزائیں دیا کرتے تھے۔ [2]

قریش کا یہ سلوک غلاموں اور ضعیفوں کے ساتھ ہی نہ تھا، اپنے فرزندوں اور عزیزوں کے ساتھ بھی وہ ایسی ہی سنگ دلی کا برتاؤ کیا کرتے۔ [3]

⑥ عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کی خبر ان کے چچا کو ہوئی۔ تو وہ کمبخت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو کھجور کی صف میں لپیٹ کر باندھ دیتا اور نیچے سے دھواں دیا کرتا۔

⑦ مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ [4] کو ان کی ماں نے گھر سے نکال دیا تھا۔ اسی جرم میں کہ وہ اسلام لے آئے تھے۔

⑧ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کو قریش گائے اونٹ کے کچے چمڑے میں لپیٹ کر دھوپ میں پھینک دیتے تھے۔ بعض کو لوہے کی زرہ پہنا کر جلتے جلتے پتھروں پر گرا دیا کرتے تھے۔

غرض ایسی وحشیانہ سزائیں دیتے تھے کہ صرف اسلام کی صداقت ہی ان کا مقابلہ کر سکتی تھی۔ پہلی امتوں نے تو کھوٹے سکے لے کر انبیاء علیہم السلام کو گرفتار اور قتل تک کرا دیا تھا۔ [5]

آنحضرت ﷺ کے ساتھ قریش کی بدسلوکی

بسا اوقات نبی ﷺ کے راستے میں کانٹے بچھائے جاتے تاکہ رات کے اندھیرے میں آپ ﷺ کے پاؤں زخمی ہوں۔ گھر کے دروازے پر غلاظتیں پھینکی جاتیں تاکہ صحت و جمعیت خاطر میں خلل پیدا ہو۔ [6]

نبی ﷺ اس قدر فرما دیا کرتے کہ فرزندانِ عبد مناف حق ہمسائیگی خوب ادا کرتے ہو۔

ابن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کا چشم دید بیان ہے کہ ایک روز نبی ﷺ خانہ کعبہ میں نماز پڑھ رہے تھے۔ عقبہ بن ابی معیط آیا۔ اس نے اپنی چادر کو لپیٹ دے کر رسی جیسا بنایا اور جب نبی ﷺ سجدہ میں گئے تو چادر کو حضور ﷺ کی گردن میں ڈال دیا اور پیچ در پیچ دینے شروع کیے۔ گردن مبارک بہت بھینچ گئی تھی۔ تاہم حضور ﷺ اسی اطمینان قلب سے سجدہ میں پڑے ہوئے تھے۔ اتنے میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے۔ انھوں نے دھکے دے کر عقبہ کو ہٹایا اور زبان سے یہ آیت پڑھ کر سنائی:

﴿اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَ قَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ﴾ [المؤمن:28] [7]

’’کیا تم ایک بزرگ آدمی کو مارتے ہو اور صرف اس جرم میں کہ وہ اللہ کو اپنا پروردگار کہتا ہے اور تمھارے پاس اپنے روشن دلائل بھی لے کر آیا ہے۔‘‘

چند شریر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے لپٹ گئے اور ان کو بہت زد و کوب کیا۔

ایک دوسری دفعہ کا ذکر ہے کہ نبی ﷺ خانہ کعبہ میں نماز پڑھنے لگے۔ قریش بھی صحن کعبہ میں جا بیٹھے۔ ابوجہل بولا کہ آج

---

[1] مدینہ منورہ میں بعمر 63 سال 19ھ کو وفات پائی۔ [2] زاد المعاد 3/ 23 [3] اعجاز التنزیل ص: 53 [4] جنگ احد میں شہید ہوئے۔
[5] زاد المعاد ص: 2/ 297 [6] تاریخ طبری [7] بخاری 3856، ابوداود: 4344، ترمذی: 2174، ابن ماجہ: 4011

شہر میں فلاں جگہ اونٹ ذبح ہوا ہے اوجھڑی پڑی ہوئی ہے، کوئی جائے اٹھا لائے اور اس (نبی ﷺ) کے اوپر دھر دے۔ شقی عقبہ اٹھا۔ نجاست بھری اوجھڑی اٹھا لایا۔ جب نبی ﷺ سجدہ میں گئے تو پشت مبارک پر رکھ دی۔ آنحضرت ﷺ تو رب العزت کی جانب متوجہ تھے، کچھ خبر نہ ہوئی۔ کفار ہنسی کے مارے لوٹے جاتے تھے اور ایک دوسرے پر گرے جاتے تھے۔

ابن مسعود ؓ صحابی بھی موجود تھے، کافروں کا ہجوم دیکھ کر ان کو تو حوصلہ نہ پڑا مگر معصومہ سیدہ فاطمہ زہرا ؓ آ گئیں۔ انھوں نے باپ کی پشت سے اوجھڑی کو پرے پھینک دیا اور ان سنگ دلوں کو سخت سست بھی کہا۔ [1]

ایذا رسانی کی باقاعدہ کمیٹیاں

قریش مکہ نے نبی ﷺ اور مسلمانوں پر جو جور و ستم ہو رہے تھے، اسے ہنوز ناکافی سمجھا۔ اس لیے بجائے متفرق کوششوں کے اب باقاعدہ کمیٹیاں بنائی گئیں۔

مستہزئین کی جماعت

ایک کمیٹی قائم ہوئی جس کا میر مجلس ابولہب تھا اور مکہ کے پچیس (25) سردار اس کے ممبر تھے۔ اس کمیٹی میں حل طلب سوال ایک یہ بھی تھا کہ جو لوگ دور دراز سے مکہ میں آتے ہیں انھیں محمد ﷺ کی نسبت کیا کہا جائے تاکہ لوگ ان کی باتوں میں نہ پھنسیں اور ان کی عظمت کے قائل نہ ہوں۔

ایک نے کہا: ''ہم بتلایا کریں گے کہ وہ کاہن ہے۔''

ولید بن مغیرہ (جو ایک خرانٹ بڈھا تھا) بولا: میں نے بہتیرے کاہن دیکھے ہیں، لیکن کہاں تو کاہنوں کی تک بندیاں اور کہاں محمد ﷺ کا کلام! ہم کو ایسی بات نہ کہنی چاہیے جس سے قبائل عرب یہ سمجھ لیں کہ ہم جھوٹ بھی بولتے ہیں۔

ایک نے کہا: ''ہم اسے دیوانہ بتایا کریں گے۔''

ولید بولا: ''محمد ﷺ کو دیوانگی سے کیا نسبت ہے؟''

ایک بولا: ''اچھا ہم کہیں گے وہ شاعر ہے۔''

ولید نے کہا: ''ہم جانتے ہیں کہ شعر کیا ہوتا ہے۔ اصناف سخن ہم کو بخوبی معلوم ہیں۔ محمد ﷺ کے کلام کو شعر سے ذرا مشابہت نہیں۔''

ایک بولا: ''ہم بتایا کریں گے کہ وہ جادوگر ہے۔''

ولید نے کہا: ''جس طہارت و لطافت و نفاست سے محمد ﷺ رہتا ہے، وہ جادوگروں میں کہاں ہوتی ہیں۔ جادوگروں کی منحوس صورتیں اور نجس عادتیں الگ ہی ہوتی ہیں۔''

دشمنوں کا عجز آنحضرت ﷺ کی توصیف سے تعلیم نبوی ﷺ پر کفار کی شہادت

اب سب نے عاجز ہو کر کہا: ''چچا تم ہی بتلاؤ کہ پھر کیا کہا جائے؟'' ولید نے کہا: ''سچ تو یہ ہے کہ محمد ﷺ کے کلام میں عجب شیرینی ہے، اس کی گفتگو نورس حلاوت ہے۔ کہنے کو تو بس یہی کہہ سکتے ہیں کہ اس کا کلام ایسا ہے جس سے باپ بیٹے، بھائی بھائی، شوہرو

[1] بخاری: 240-520-2934، مسلم: 4649، نسائی: 306

زن میں جدائی ہو جاتی ہے۔ [1] اس لیے اس سے پرہیز کرنا چاہیے۔"

آخر اس کمیٹی نے مندرجہ ذیل ریزولیشن (Resolution) (قرارداد) پر اتفاق کیا:

دشمنوں کے ریزولیشن (Resolution) آنحضرت ﷺ کے خلاف

محمد ﷺ کو ہر طرح سے دق کیا جائے۔ بات بات میں اس کی ہنسی اڑائی جائے، تمسخر اور ایذا سے اسے سخت تکلیف دی جائے۔ محمد ﷺ کے سچا سمجھنے والوں کو انتہا درجہ کی تکالیف کا شکار کیا جائے۔

ہجرتِ حبش

جب کفار نے مسلمانوں کو بے حد ستانا شروع کیا تو نبی ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اجازت دے دی کہ جو کوئی چاہے وہ اپنی جان وایمان کے بچاؤ کے لیے حبشہ کو چلا جائے۔

اس اجازت کے بعد ایک چھوٹا سا قافلہ بارہ (12) مرد اور چار (4) عورتوں کا رات کی تاریکی میں نکلا اور بندرگاہ شعیبہ سے جہاز پر سوار ہو کر حبش کو روانہ ہو گیا۔ [2]

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی فضیلت

اس مختصر قافلہ کے سردار حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ تھے۔ سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا (بنت النبی ﷺ) ان کے ساتھ تھیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "لوط وابراہیم علیہم السلام کے بعد یہ پہلا جوڑا ہے جنھوں نے راہِ حق میں ہجرت کی ہے۔" [3]

قریش نے مسلمانوں کا حبش تک پیچھا کیا

ان کے پیچھے اور بھی مسلمان (83 مرد 18 عورتیں) مکہ سے نکلے اور حبش کو روانہ ہوئے۔ ان میں نبی ﷺ کے تایازاد بھائی جعفر طیار رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ قریش نے سمندر تک ان کا تعاقب کیا مگر یہ کشتیوں میں بیٹھ کر روانہ ہو چکے تھے۔

حبش کا بادشاہ عیسائی تھا۔ مکہ کے کافر بھی اس کے پاس تحفے تحائف لے کر گئے اور جا کر کہا کہ ان لوگوں کو جو ہمارے ملک سے بھاگ کر آئے ہیں ہمارے سپرد کر دیا جائے۔ مسلمان دربار میں بلائے گئے۔ تب نبی ﷺ کے تایازاد بھائی جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے دربار میں یہ تقریر کی:

دربار میں حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی اسلام پر تقریر

"اے بادشاہ! ہم جہالت میں مبتلا تھے۔ بتوں کو پوجتے تھے نجاست میں آلودہ تھے۔ مردار کھاتے تھے۔ بے ہودہ بکا کرتے تھے۔ ہم میں انسانیت اور یہی مہمان داری کا نشان نہ تھا ہمسایہ کی رعایت نہ تھی۔ کوئی قاعدہ قانون نہ تھا۔ ایسی حالت میں اللہ نے ہم میں سے ایک بزرگ کو مبعوث کیا۔ جس کے حسب ونسب سچائی، دیانتداری، تقویٰ پاکیزگی سے ہم خوب واقف تھے۔ اس نے ہم کو توحید کی دعوت دی اور سمجھایا کہ اس اکیلے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ جانیں۔ اس

---

[1] سیرت ابن ہشام جلد 1 ص: 90، شفاء قاضی عیاض ص: 129۔ [2] زاد المعاد: 23/3۔ [3] رواہ حاکم فی المستدرک: 6849۔

نے ہم کو پتھروں کی پوجا سے روکا اس نے فرمایا کہ ہم سچ بولا کریں۔ وعدہ پورا کیا کریں۔ رحم کریں۔ گناہوں سے دور رہیں۔ برائیوں سے بچیں۔ اس نے حکم دیا کہ ہم نماز پڑھا کریں صدقہ دیا کریں اور روزے رکھا کریں۔ ہماری قوم ہم سے ان باتوں پر بگڑ بیٹھی۔ قوم نے جہاں تک ہو سکا، ہم کو ستایا تا کہ وحدہ لاشریک کی عبادت کرنا چھوڑ دیں اور لکڑی اور پتھر کی مورتیوں کی پوجا کرنے لگ جائیں ہم نے ان کے ہاتھوں بہت ظلم اور تکلیفیں اٹھائی ہیں اور جب مجبور ہو گئے تب تیرے ملک میں پناہ لینے کے لیے آئے ہیں۔'' [1]

بادشاہ نے یہ تقریر سن کر کہا مجھے قرآن سناؤ۔ جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے اسے سورہ مریم سنائی۔ بادشاہ پر ایسی تاثیر ہوئی کہ وہ رونے لگ گیا اور اس نے کہا کہ محمد ﷺ تو وہی رسول ہیں۔ جن کی خبر یسوع مسیح علیہ السلام نے دی تھی۔ اللہ کا شکر ہے کہ مجھے اس رسول ﷺ کا زمانہ ملا۔ پھر بادشاہ نے مکہ کے کافروں کو دربار سے نکلوا دیا۔

جب مکہ کے کافروں نے دیکھا کہ حبش تک جانے کا بھی کچھ فائدہ نہ نکلا تو انھوں نے کہا آؤ محمد ﷺ کو پہلے تو لالچ دیں۔ پھر دھمکی دیں۔ کسی طرح تو مان ہی جائے گا یہ مشورہ کر کے مکہ کا مشہور مالدار سردار جس کا نام عتبہ تھا۔ نبی ﷺ کے پاس آیا اور اس نے یوں تقریر کی:

''میرے بھتیجے محمد ﷺ ! اگر تم اس کارروائی سے مال و دولت جمع کرنا چاہتے ہو تو ہم خود ہی تیرے پاس اتنی دولت جمع کر دیتے ہیں۔ کہ تو مالا مال ہو جائے اگر تم عزت کے بھوکے ہو تو اچھا ہم سب تم کو اپنا رئیس مان لیتے ہیں۔ اگر حکومت کی خواہش ہے تو ہم تم کو بادشاہ عرب بنا دیتے ہیں جو چاہو سو کرنے کو حاضر ہیں مگر تم اپنا یہ طریق چھوڑ دو اور اگر تمھارے دماغ میں کچھ خلل آ گیا ہے۔ تو بتلا دو کہ ہم تمھارا علاج کرائیں۔''

نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو کچھ تم نے میری بابت کہا وہ ذرا بھی صحیح نہیں۔ مجھے مال، عزت، دولت، حکومت کچھ درکار نہیں اور میرے دماغ میں خلل بھی نہیں۔ میری حقیقت تم کو قرآن کے اس کلام سے معلوم ہوگی۔''

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

﴿حٰمٓ ○ تَنۡزِيۡلٌ مِّنَ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ كِتٰبٌ فُصِّلَتۡ اٰيٰتُهٗ قُرۡاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوۡمٍ يَّعۡلَمُوۡنَ ○ بَشِيۡرًا وَّنَذِيۡرًا فَاَعۡرَضَ اَكۡثَرُهُمۡ فَهُمۡ لَا يَسۡمَعُوۡنَ ○ وَقَالُوۡا قُلُوۡبُنَا فِيۡۤ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدۡعُوۡنَاۤ اِلَيۡهِ وَفِيۡۤ اٰذَانِنَا وَقۡرٌ وَّمِنۡۢ بَيۡنِنَا وَبَيۡنِكَ حِجَابٌ فَاعۡمَلۡ اِنَّنَا عٰمِلُوۡنَ ○ قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ يُوۡحٰۤى اِلَىَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسۡتَقِيۡمُوۡۤا اِلَيۡهِ وَاسۡتَغۡفِرُوۡهُ ؕ وَوَيۡلٌ لِّلۡمُشۡرِكِيۡنَ ○ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡتُوۡنَ الزَّكٰوةَ وَهُمۡ بِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ كٰفِرُوۡنَ ○ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمۡ اَجۡرٌ غَيۡرُ مَمۡنُوۡنٍ﴾ [41:حٰم سجدۃ:1-8]

''یہ فرمان اللہ کے حضور سے آیا۔ وہ بڑی رحمت والا اور نہایت رحم والا ہے۔ یہ بڑی پڑھی جانے والی کتاب ہے عربی زبان میں سمجھدار لوگوں کے لیے اس میں سب باتیں کھلی کھلی درج ہیں جو لوگ اللہ کا حکم مانتے ہیں۔ ان کے

---

[1] سیرت ابن ہشام جلد اول ص: 116۔

واسطے اس فرمان میں بشارت ہے اور جو انکار کرتے ہیں ان کو اللہ کے عذاب سے ڈرانا ہے۔ تاہم بہت سے لوگوں نے اس فرمان سے منہ موڑ لیا ہے وہ اسے سنتے ہی نہیں اور کہتے ہیں کہ اس کا ہمارے دل پر کوئی اثر نہیں اور ہمارے کان اس کے شنوا نہیں اور ہم میں اور تم میں ایک طرح کا پردہ پڑا ہے۔ تم اپنی (تدبیر) کرو، ہم اپنی (تدبیر) کر رہے ہیں اے نبی ﷺ ان لوگوں سے کہہ دیجیے کہ میں بھی تم ہی جیسا بشر ہوں۔ مگر مجھ پر وحی آتی ہے اور اللہ کے فرشتے نے یہ بتلا دیا کہ سب لوگوں کا معبود صرف ایک ہے۔ اسی کی طرف متوجہ ہونا اور اسی سے گناہوں کی معافی مانگنا لازم ہے۔ ان لوگوں پر افسوس ہے جو شرک کرتے ہیں اور صدقہ نہیں دیتے اور آخرت کا انکار کرتے ہیں، لیکن جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے۔ ان کے لیے آخرت میں بڑا اجر ہے۔''

کلام پاک کے سننے سے عتبہ پر ایک محویت کا عالم طاری ہو گیا۔ وہ ہاتھوں پر سہارا دیے گردن پشت پر ڈالے ہوئے سنتا رہا اور بالآخر چپ چاپ اٹھ کر چلا گیا قریش جو نتیجہ ملاقات معلوم کرنے کے مشتاق بیٹھے تھے، سردار عتبہ کے پاس جمع ہو گئے۔ پوچھا کیا دیکھا؟ کیا کہا؟ کیا سنا؟

عتبہ بولا۔ معشر قریش: میں ایسا کلام سن کر آیا ہوں۔ جو نہ کہانت ہے نہ شعر ہے، نہ جادو، نہ منتر ہے۔ تم میرا کہا مانو۔ میری رائے پر چلو تو محمد ﷺ کو اپنے حال پر چھوڑ دو۔ لوگوں نے یہ سن کر کہا: لو! عتبہ پر بھی محمد ﷺ کی زبان کا جادو چل گیا۔ [1]

جب لالچ کی تدبیر نہ چلی تب سارے قبیلوں کے سردار اکٹھے ہوئے اور نبی ﷺ کے تایا ابوطالب کے پاس آ کر یوں تقریر کی:

ہم نے آپ کا بہت ادب کیا۔ آپ کا بھتیجا ہمارے ٹھاکروں اور بتوں کو جنھیں ہمارے باپ دادا پوجتے آئے۔ اتنا سخت سست کہنے لگا ہے کہ ہم صبر نہیں کر سکتے۔ آپ اسے سمجھا کر چپ رہنے کی ہدایت کر دیں۔ ورنہ ہم اسے جان سے مار ڈالیں گے اور تم اکیلے ہم سب کا کچھ نہیں کر سکو گے۔

سارے ملک کی عداوت دیکھ کر تایا کا دل درد اور محبت سے بھر گیا۔ اس نے نبی ﷺ کو بلایا اور سمجھایا کہ ''بت پرستی کا رد نہ کیا کرو، ورنہ میں بھی تمھاری کچھ حمایت نہیں کر سکوں گا۔''

نبی ﷺ نے فرمایا:

''تایا! اگر یہ لوگ سورج کو میرے داہنے ہاتھ پر لا رکھیں اور چاند کو بائیں ہاتھ پر۔ تب بھی میں اپنے کام سے نہ ہٹوں گا اور اللہ کے حکم میں سے ایک حرف بھی کم و بیش نہ کروں گا۔ اس کام میں خواہ میری جان بھی جاتی رہے۔'' [2]

اس ناکامی کے بعد قریش مکہ نے مشاورت کی کہ محمد ﷺ کو قوم کے سامنے بلا کر سمجھانا چاہیے۔ اس مشاورت کے بعد انھوں نے نبی ﷺ کے پاس کہلا بھیجا کہ سرداران قوم آپ سے کچھ بات چیت کرنا چاہتے ہیں اور کعبہ کے اندر جمع ہیں۔

نبی ﷺ خوش خوش وہاں گئے، کیوں کہ حضور ﷺ کو ان کے ایمان لے آنے کی بڑی ہی آرزو تھی۔ جب آنحضرت ﷺ وہاں جا بیٹھے تو انھوں نے گفتگو کا آغاز اس طرح کیا:

''اے محمد ﷺ، ہم نے تجھے یہاں بات کرنے کے لیے بلایا ہے۔ بخدا ہم نہیں جانتے کہ کوئی شخص اپنی قوم پر اتنی

---

[1] ابن ہشام، ص: 1/ 100 [2] ابن ہشام، ص: 89

مشکلات لایا ہو جس قدر تو نے قوم پر ڈال رکھی ہیں۔ کوئی خرابی ایسی نہیں جو تیری وجہ سے ہم پر نہ آ چکی ہو۔ اب تم یہ بتلاؤ کہ اگر تم اپنے اس نئے دین سے مال جمع کرنا چاہتے ہو تو ہم تیرے لیے مال جمع کر دیں۔ اتنا کہ ہم میں سے کسی کے پاس اتنا روپیہ نہ نکلے اور اگر شرف و عزت کے خواستگار ہو تو ہم تجھے اپنا سردار بنا لیں اور اگر سلطنت کے طالب ہو تو تجھے اپنا بادشاہ مقرر کر لیں اور اگر تم سمجھتے ہو کہ جو چیز تمھیں دکھائی دیتی ہے وہ کوئی جن ہے جو غالب آ گیا ہے تو ہم ٹونے ٹوٹکوں کے لیے مال صرف کر دیں تا کہ تم تندرست ہو جاؤ یا قوم کے نزدیک معذور سمجھے جاؤ۔“

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

”تم نے جو کچھ کہا، میری حالت کے ذرا بھی مطابق نہیں۔ جو تعلیم میں لے کر آیا ہوں وہ نہ طلب اموال کے لیے ہے، نہ جلب شرف یا حصول سلطنت کے واسطے ہے۔ بات یہ ہے کہ اللہ نے مجھے تمھاری طرف اپنا رسول بنا کر بھیجا ہے۔ مجھ پر کتاب اتاری ہے، مجھے اپنا بشیر و نذیر بنایا ہے، میں نے اپنے رب کے پیغام تم کو پہنچا دیے ہیں اور تمھیں بخوبی سمجھا دیا ہے۔ اگر تم میری تعلیمات کو قبول کر لو گے تو یہ تمھارے لیے دنیا و آخرت کا سرمایہ ہے اور اگر رد کرو گے تب میں اللہ کے حکم کا انتظار کروں گا کہ وہ میرے لیے اور تمھارے لیے کیا حکم بھیجتا ہے۔“

قریش نے کہا:

”اچھا محمد ﷺ! اگر تم ہماری ان باتوں کو نہیں مانتے تو ایک اور بات سنو۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہم کس قدر سختی و تنگی سے دن کاٹ رہے ہیں۔ پانی ہمارے پاس سب سے کم ہے اور گزران ہماری سب سے زیادہ تنگ ہے۔ اب تم اللہ سے یہ سوال کرو ان پہاڑوں کو ہمارے سامنے سے ہٹا دے تا کہ ہمارے شہر کا میدان کھل جائے۔ [1] نیز ہمارے لیے ایسی نہریں جاری کر دے جیسی شام و عراق میں جاری ہیں۔ ہمارے باپ دادوں کو زندہ کر دے، ان زندہ ہونے والوں میں قصی بن کلاب ضرور ہو کیوں کہ وہ ہمارا سردار تھا اور سچ بولا کرتا تھا۔ [2] ہم اس سے تیری بابت پوچھ لیں گے۔ اگر اس نے تیری باتوں کو سچ مان لیا اور تو نے ہمارے دوسرے سوالوں کو بھی پورا کر دیا تب ہم بھی تجھے سچا جان لیں گے اور مان لیں گے کہ ہاں اللہ کے ہاں تیرا بھی کوئی درجہ ہے اور اس نے فی الحقیقت تجھے رسول بنا کر بھیجا ہے، جیسا کہ تو کہہ رہا ہے۔“

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

”میں ان کاموں کے لیے رسول بنا کر نہیں بھیجا گیا ہوں، میں تو اس تعلیم کے لیے رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں اور میں نے اللہ کے پیغامات تمھیں سنا دیے ہیں۔ اگر تم اس تعلیم کو قبول کر لو گے تو یہ تمھاری دنیا و آخرت کے لیے سرمایہ ہے اور اگر رد کرو گے تو میں اللہ کے حکم کا انتظار کروں گا، جو کچھ اس نے میرا اور تمہارا فیصلہ کرنا ہو گا فرمائے گا۔“

قریش نے کہا:

---

[1] منکرین مکہ تو صرف مکہ کے پہاڑوں کو پرے ہٹا کر اپنا صحن کھلوانا چاہتے تھے، لیکن ایمان والوں کے لیے جبرالٹر سے لے کر کوہ قاف تک کوئی پہاڑ بھی روک نہ بن سکا اور تمام روئے زمین گھر کا صحن بن گیا۔ [2] آنحضرت ﷺ کے دادا عبد مناف کے والد کا نام ہے۔ جس نے بنو جرہم کو مکہ سے نکالا اور قریش کے قبیلوں کو پھر اکٹھا کر کے مکہ میں آباد کیا اور رفادہ، دیت، سقایہ، لوا، سفارت، حجابہ، ازلام کی خدمات کو تقسیم کر دیا۔ (دیکھو جلد 2 رحمۃ للعالمین)

"اچھا اگر تم ہمارے لیے کچھ نہیں کرتے تو خود اپنے لیے اللہ سے سوال کرو:

1. کہ وہ ایک فرشتے کو تمہارے ساتھ مقرر کر دے۔ جو یہ کہتا رہا کرے کہ یہ شخص سچا ہے اور ہم کو تیری مخالفت سے منع بھی کر دے۔

2. ہاں تم اپنے لیے یہ بھی سوال کرو کہ باغ لگ جائیں۔ بڑے بڑے محل بن جائیں، خزانہ میں سونا چاندی جمع ہو جائے جس کی تجھے ضرورت بھی ہے۔ اب تک تو خود ہی بازار میں جاتا اور اپنی معاش تلاش کیا کرتا ہے ایسا ہو جانے کے بعد ہم تیری فضیلت اور شرف کی پہچان حاصل کر سکیں گے اور تجھے اللہ کا رسول سمجھ سکیں گے۔ [1]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"میں ایسا نہ کروں گا اور اللہ سے بھی ایسا سوال نہ کروں گا اور ان باتوں کے لیے مبعوث بھی نہیں ہوا۔ مجھے تو اللہ نے بشیر ونذیر بنایا ہے۔ تم مان لو تو تمہارے لیے ذخیرہ دارین ہے ورنہ میں صبر کروں گا اور اللہ کے فیصلے کا منتظر رہوں گا۔"

قریش نے کہا:

"اچھا تم آسمان ہی کا ٹکڑا توڑ کر ہم پر گرا دو کیوں کہ تمہارا زعم یہ ہے کہ اگر اللہ چاہے تو ایسا کر سکتا ہے۔ پس جب تک تم ایسا نہ کرو گے، ہم ایمان نہیں لائیں گے۔" [2]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"یہ اللہ کے اختیار میں ہے۔ وہ اگر چاہے تو ایسا کرے۔"

قریش نے کہا:

"محمد ﷺ یہ تو بتاؤ کہ تیرے رب نے تجھے پہلے سے یہ نہ بتلایا کہ ہم تجھے بلائیں گے اور ایسے ایسے سوال کریں گے، یہ یہ چیزیں طلب کریں گے؟ ہماری باتوں کا یہ جواب ہے اور اللہ کا منشا ایسا ایسا کرنے کا ہے؟ چوں کہ تیرے رب نے ایسا نہیں کیا اس لیے ہم سمجھتے ہیں کہ جو کچھ ہم نے سنا ہے وہ صحیح ہے کہ یمامہ میں ایک شخص رہتا ہے۔ اس کا نام "رحمٰن" ہے۔ وہی تجھے ایسی باتیں سکھلاتا ہے۔ ہم تو رحمٰن پر کبھی ایمان نہیں لائیں گے۔ [3] محمد ﷺ دیکھو! آج ہم نے اپنے سب عذرات سنا دیے ہیں۔ اب ہم تجھ سے قسمیہ یہ بھی کہہ دیتے کہ ہم تجھے اس تعلیم کی اشاعت کبھی نہ کرنے دیں گے حتی کہ ہم مر جائیں یا تو مر جائے۔"

یہاں تک بات چیت ہوئی تھی کہ ایک ان میں سے بولا کہ: "ہم ملائکہ کی عبادت کرتے ہیں جو اللہ کی بیٹیاں ہیں۔" دوسرا بولا:

"محمد ﷺ ہم تیری بات کا یقین نہیں کریں گے جب تک کہ اللہ اور اس کے فرشتے ہمارے سامنے نہ آ جائیں۔"

نبی ﷺ آخری بات سن کر اٹھ کھڑے ہوئے۔ نبی ﷺ کے ساتھ عبداللہ بن ابوامیہ بن مغیرہ بھی اٹھ کھڑا ہوا۔ یہ آپ ﷺ کا

---

[1] دنیوی ثروت و امارت محل و دبستان سرا وغیرہ جن کو اہل مکہ نے صداقت کا نشان ٹھہرایا تھا۔ وہ نشان ایمان والوں کے ساتھ اللہ نے پورے کیے اور معلوم ہو گیا کہ آنحضرت ﷺ کی تعلیم فی الحقیقت دنیا کی بہتری کے لیے بھی سرمایہ ہے جیسا کہ آخرت کے لیے وہ بالضرور ذخیرہ ہے۔

[2] جس عذاب کی درخواست لوگوں نے کی تھی۔ جنگ بدر کے دن وہ ان پر اترا اور انکار کرنے والوں اور تمسخر کرنے والوں میں سے کوئی ایک بھی زندہ نہ بچا۔

[3] اللہ عزوجل کے اسمائے حسنیٰ جو اسلام نے بتائے ہیں ان میں رحمٰن ایسا نام ہے جس سے عرب ہرگز واقف نہ تھے۔ اس لیے وہ اللہ کے نام رحمٰن سے بہت چڑا کرتے تھے اور کہا کرتے کہ یہ کسی گمنام شخص کا نام ہوگا حالانکہ رحمٰن رحمت سے مبالغہ کا صیغہ ہے یعنی کمال رحمت والا۔

پھوپھی زاد بھائی (عاتکہ بنت عبد المطلب کا بیٹا) تھا۔ اس نے کہا: ''محمد ﷺ! دیکھو تمہاری قوم نے اپنے لیے کچھ چیزوں کا تم سے سوال کیا، وہ بھی تو نے نہ مانا، پھر انھوں نے یہ چاہا کہ تو خود اپنے ہی لیے ایسی علامات کا اظہار کرے جس سے تیری قدر و منزلت کا ثبوت ہو سکتا ہو اسے بھی تو نے قبول نہ کیا۔ پھر انھوں نے اپنے لیے تھوڑا سا عذاب بھی چاہا جس کا خوف تو دلایا کرتا ہے تو نے اس کا بھی اقرار نہ کیا۔ بس اب میں تجھ پر کبھی ایمان نہیں لانے کا۔ ہاں اگر تو میرے سامنے آسمان کو زینہ لگا کر اوپر چڑھ جائے اور میرے سامنے اس زینے سے اترے اور تیرے ساتھ چار (4) فرشتے بھی آئیں اور وہ تیری شہادت بھی دیں میں تو تب بھی تجھ پر ایمان نہیں لاؤں گا۔ [1]

نبی ﷺ اس رد و انکار پر بھی برابر قریش کو اسلام کی ہدایت کیا کرتے اور فرمایا کرتے کہ میری تعلیم ہی میں سب کچھ تمہارے لیے موجود ہے۔ جن دانش مندوں نے ایمان قبول کیا اور تعلیم نبوی ﷺ پر کاربند ہوئے انھیں اس سے بھی زیادہ معارف و فوائد حاصل ہو گئے، جن کا سوال کفار نے کیا تھا۔

ہم کو اس موقع پر انجیل کا وہ مقام یاد آتا ہے جس میں مسیح علیہ السلام سے آزمائش کے لیے شیطان نے کئی سوال کیے اور مسیح علیہ السلام نے ان سب کا جواب انکار میں دیا۔ [2] حقیقت یہ ہے کہ اللہ کے برگزیدہ رسول علیہ السلام اپنی صداقت کے ثبوت میں اپنی تعلیم کو پیش کیا کرتے ہیں۔ معجزہ یا خرق عادت کو پیش نہیں کیا کرتے۔ کیوں کہ پھر صفت ایمان بالغیب کی خوبی باقی نہیں رہتی۔ اگرچہ کسی دیگر اوقات میں کسی ضرورت کے لیے ان سے معجزات کا صدور بھی بکثرت ہوتا رہتا ہے۔

امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا

نبوت کے چھٹے برس کا ذکر ہے کہ ایک روز ہمارے نبی ﷺ کوہ صفا پر بیٹھے ہوئے تھے۔ ابو جہل وہاں پہنچ گیا۔ اس نے نبی ﷺ کو پہلے تو گالیاں دیں اور جب نبی ﷺ گالیاں سن کے چپ رہے تو اس نے ایک پتھر حضور ﷺ کے سر پر پھینک مارا، جس سے خون چلنے لگا۔ نبی ﷺ کے تایا حمزہ رضی اللہ عنہ کو خبر ہوئی۔ وہ ابھی مسلمان نہ ہوئے تھے۔ قرابت کے جوش میں ابو جہل کے پاس پہنچے اور اس کے سر پر اس زور سے کمان کھینچ ماری کہ وہ زخمی ہو گیا۔ حمزہ رضی اللہ عنہ پھر نبی ﷺ کے پاس گئے اور کہا: ''بھتیجے! تم یہ سن کر خوش ہو گے کہ میں نے ابو جہل سے تمھارا بدلہ لے لیا'' نبی ﷺ نے فرمایا تایا میں ایسی باتوں سے خوش نہیں ہوا کرتا۔ ہاں تم مسلمان ہو جاؤ تو مجھے بڑی خوشی ہوگی۔'' حمزہ رضی اللہ عنہ اسی وقت مسلمان ہو گئے۔ [3]

عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا

امیر حمزہ رضی اللہ عنہ سے تین دن پیچھے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ مسلمان ہوئے۔ یہ بڑے دلیر اور بہادر تھے۔ قریش کی طرف سے بیرونی ممالک کی سفارت کا کام ان سے متعلق تھا۔ ایک دن عمر رضی اللہ عنہ اپنی بہادری کے بھروسے پر نبی ﷺ کے قتل کا ارادہ کرکے گھر سے نکلے۔

---

[1] سیرت ابن ہشام جلد 1 ص: 101۔ قارئین نے دیکھا کہ اسلام کی عداوت میں عبداللہ کتنا سخت ہے۔ لیکن چند سال نہ گزرنے پائے تھے کہ فتح مکہ سے پیشتر یہی عبداللہ بجذبہ توفیق ربانی نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام لایا۔ اہل دانش جان سکتے ہیں کہ ایسے شخص کا گرویدہ اسلام ہو جانا نبی ﷺ کا ایسا معجزہ ہے جو آسمان پر زینہ لگا کر چڑھ جانے، نوشتہ لانے، فرشتوں کی شہادت دینے سے بھی بڑھ کر ہے کیوں کہ یہ تو وہ باتیں ہیں جن کے دیکھ لینے کے بعد بھی عبداللہ ایمان نہیں لانا چاہتا تھا۔
[2] انجیل متی 4۔ باب 1-11 درس [3] حلیۃ الاولیاء: 1/40، ابن ہشام: 1/185

بدن پر سب ہتھیار سجا رکھے تھے۔ راستے میں ان کو پتا لگا کہ بہن اور بہنوئی دونوں مسلمان ہو گئے ہیں۔ یہ سن کر بہن کے گھر گئے اور ان دونوں کو خوب مارا۔ ان کی بہن فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: [1] ''عمر رضی اللہ عنہ! تم پہلے وہ کتاب سن لو جسے سن کے ہم ایمان لے آئے ہیں۔ اگر وہ تم کو اچھی نہ لگے تو ہم کو مار ڈالنا۔'' عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: ''اچھا'' اس وقت ان کے گھر میں نبی ﷺ کا ایک صحابی بھی تھا جو عمر رضی اللہ عنہ کے آ جانے سے چھپ گیا تھا۔ اس نے قرآن مجید (طٰہٰ کا پہلا رکوع) سنایا۔ عمر رضی اللہ عنہ قرآن سن رہا تھا اور بے اختیار رو رہا تھا۔ غرض عمر رضی اللہ عنہ اسی وقت سے نبی ﷺ اور قرآن پر ایمان لے آیا۔ جو گھر سے قاتل بن کر نکلا تھا وہ جان نثار بن گیا۔ آگے چل کر ان کا لقب ''فاروق'' ہوا۔

اس وقت تک مسلمان نماز اپنے گھروں میں چھپ چھپ کر پڑھا کرتے تھے۔ اب کعبہ میں جا کر پڑھنے لگے۔ کافر یہ دیکھ کر اور بھی زیادہ جلے اور مسلمانوں کو بے حد تکلیف دینے لگے اور نبی ﷺ کے ساتھ بھی گستاخی سے پیش آتے تھے۔ [2]

نبی ﷺ اپنے قبیلہ سمیت تین (3) سال تک پہاڑ کی گھاٹی کے اندر محصور رہے

جب کفار نے دیکھا کہ ایسی اذیتوں اور تکلیفوں پر بھی نبی ﷺ اپنی تعلیم پر قائم ہے اور بے نظیر جرأت اور ان تھک محنت سے اپنا کام کیے جاتا ہے تو بماہ محرم 7 نبوت انھوں نے کہا کہ: ''بنو ہاشم جو نبی ﷺ کا قبیلہ ہے اگرچہ مسلمان نہیں ہوا، پھر بھی نبی ﷺ کا ساتھ نہیں چھوڑتا، آؤ ان سے ناطہ رشتہ کرنا چھوڑ دو۔ انھیں گلی بازار میں پھرنے نہ دو، ان کو کوئی چیز مول بھی نہ دو۔'' [3] اس بات کا معاہدہ لکھا گیا اور کعبہ پر لٹکایا گیا۔

نبی ﷺ اور ان کا قبیلہ مجبور ہو گئے گھر بار چھوڑ کر پہاڑ کی گھاٹی میں محبوس و محصور ہو کر رہنے لگے۔ قریش نے اجناس خوردنی کا جانا بھی بند کر دیا۔ بنی ہاشم کے بچے بھوک کے مارے اس قدر رویا کرتے کہ ان کی آواز گھاٹی کے باہر تک سنائی دیتی۔ [4]

تین (3) برس تک نبی ﷺ اور ان کے خاندان نے اسی طرح کاٹے اور جو مسلمان تھے وہ بھی اپنے گھروں میں قیدی بن کر رہنے لگے۔ حج کے دنوں میں جب کافر بھی دشمن سے لڑنا حرام جانتے تھے، نبی ﷺ اس گھاٹی سے باہر نکلا کرتے تھے اور لوگوں کو اللہ پر ایمان لانے کا وعظ سنایا کرتے تھے۔ کم بخت ابولہب صبح سے شام تک نبی ﷺ کے پیچھے پیچھے پھرا کرتا اور کہا کرتا۔ لوگو! یہ دیوانہ ہے۔ اس کی بات نہ سنو، جو کوئی اس کی بات سنے گا اور مانے گا وہ تباہ ہو جائے گا۔

تین (3) برس تک نبی ﷺ نے اس سختی کو نہایت صبر و استقلال سے برداشت کیا۔ جب ان کافروں نے گھاٹی پر سے پہرے اٹھا لیے اور دیمک نے ان کے معاہدہ کے کاغذ کو کھا لیا، جو کعبہ پر لٹکایا گیا تھا۔ تب نبی ﷺ باہر نکلے اور پھر وعظ کا سلسلہ شروع کر دیا۔ [5]

ایک روز نبی ﷺ مسجد الحرام میں داخل ہوئے۔ وہاں مشرک سردار بیٹھے ہوئے تھے۔ ابوجہل نے نبی ﷺ کو دیکھا اور تمسخر سے کہا: ''عبد مناف والو! دیکھو تمہارا نبی ﷺ آ گیا۔''

عتبہ بن ربیعہ بولا: ''ہمیں کیا انکار ہے، ہم میں سے کوئی نبی بن بیٹھے۔ کوئی فرشتہ کہلائے'' نبی ﷺ یہ باتیں سن کے لوٹے اور ان کے پاس آئے۔

---

[1] فاطمہ بنت الخطاب رضی اللہ عنہا خواہر عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور زوجہ سعید بن زید ہیں۔ سعید رضی اللہ عنہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ زوجین سابقین الاولین میں سے ہیں۔ سعید رضی اللہ عنہ کے والد زید وہ ہیں جنھوں نے دین ابراہیمی کی تلاش میں شام و فلسطین کا سفر کیا تھا۔ بالآخر یہود و نصاریٰ سے یہ بات پا کر کہ نبی آخر الزمان ﷺ مکہ میں ہوں گے، مکہ میں آ گئے تھے، اور رسول اللہ ﷺ کی بعثت سے قبل انتقال کر گئے تھے۔ ایک دفعہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے آخرت میں زید کے انجام کے بارہ میں دریافت کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: زید جنت میں ہوں گے۔ [2] دلائل النبوۃ للبیہقی: 2/219، ابن ہشام: 1/222 [3] زاد المعاد ص: 3/30
[4] زاد المعاد ص: 3/30 [5] ابن ہشام: 2/21، الخصائص الکبریٰ للسیوطی: 1/250، البدایہ والنہایہ: 3/97

پہلے عقبہ سے فرمایا: ”عقبہ! تو نے اللہ اور رسول ﷺ کی حمایت کبھی بھی نہ کی تو اپنی ہی بات کی بیچ پر اڑا رہا“
پھر ابوجہل سے فرمایا: ”تیرے لیے وہ وقت بہت قریب آ رہا ہے، دور نہیں رہا ہے کہ تو تھوڑا ہنسے گا اور بہت روئے گا۔“
پھر قریش سے فرمایا: ”تمہارے لیے وہ ساعت نزدیک آ رہی ہے کہ جس دین کا تم انکار کرتے ہو آخرش اسی میں داخل ہو جاؤ گے“ [1]
قارئین! اسی کتاب میں دیکھیں گے کہ یہ پیش گوئی کیوں کر پوری ہوئی۔

ابوطالب کا انتقال

10 نبوت میں نبی ﷺ کے تایا ابوطالب کا جو حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے والد تھے، انتقال ہو گیا۔ ابوطالب نے لڑکپن سے نبی ﷺ کی تربیت کی تھی اور جب سے آنحضرت ﷺ نے نبوت کی دعوت اور منادی شروع کی تھی وہ برابر مددگار رہا تھا۔ اس لیے نبی ﷺ کو ان کے مرنے کا صدمہ ہوا۔

خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا انتقال

ان سے تین دن پیچھے نبی ﷺ کی پیاری بیوی طاہرہ خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے انتقال فرمایا۔ اس بیوی نے اپنا سارا مال و زر نبی ﷺ کی خوشی پر قربان اور اللہ کی راہ میں صرف کر دیا تھا۔ سب سے پہلے اسلام لائی تھی۔ جبریل علیہ السلام نے اس بیوی کو اللہ کا سلام پہنچایا تھا۔ اس بیوی کے گذر جانے کا رنج نبی ﷺ کو بہت ہوا۔
اب قریش نے نبی ﷺ کو زیادہ ستانا شروع کر دیا۔ ایک دفعہ ایک شریر نے نبی ﷺ کے سر پر کیچڑ پھینک دی۔ آنحضرت ﷺ اسی طرح گھر میں داخل ہوئے، نبی ﷺ کی بیٹی اٹھی۔ وہ سر دھلاتی جاتی تھی اور روتی جاتی تھی۔
نبی ﷺ نے فرمایا: پیاری بیٹی! تم کیوں روتی ہو۔ تیرے باپ کی حفاظت اللہ خود فرمائے گا۔ [2]

نبی ﷺ کا تبلیغ کے لیے مختلف قبائل کی جانب سفر کرنا

اگرچہ ابوطالب کا سہارا جاتا رہا۔ اگرچہ خدیجہ رضی اللہ عنہا جیسی بیوی جو مصیبتوں اور تکلیفوں میں نہایت غمگسار تھی، جدا ہو گئی، مگر نبی ﷺ نے اب زیادہ جوش سے وعظ کا کام شروع کر دیا۔
چنانچہ تھوڑے ہی دنوں بعد نبی ﷺ مکہ سے نکلے اور بیرونی قبائل کو وعظ کے لیے تشریف لے گئے۔ نبی ﷺ کے ساتھ اس سفر میں زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ تھے۔ مکہ اور طائف کے درمیان جتنے قبیلے تھے سب کو وعظ سناتے۔ توحید کی منادی کرتے ہوئے نبی ﷺ پیادہ پا طائف پہنچے۔ طائف میں بنو ثقیف آباد تھے۔ سرسبز ملک اور سرد پہاڑ پر رہنے کی وجہ سے ان کے غرور کی کوئی حد نہ تھی۔ عبد یالیل، مسعود، حبیب تینوں بھائی وہاں کے سردار تھے۔ نبی ﷺ پہلے ان ہی سے ملے اور انھیں اسلام کی دعوت فرمائی۔ ان میں سے ایک بولا: ”میں کعبہ کے سامنے داڑھی منڈوا دوں اگر تجھے اللہ نے رسول بنایا ہو“ دوسرا بولا: ”کیا اللہ کو تیرے سوا اور کوئی بھی رسول بنانے کو نہ ملا، جسے چڑھنے کی سواری بھی میسر نہیں۔ اس نے رسول بنانا تھا تو کسی حاکم یا سردار کو بنایا ہوتا۔“
تیسرا بولا: ”کہ میں تجھ سے کبھی بات ہی نہیں کروں گا، کیوں کہ اگر تو اللہ کا رسول ہے، جیسا کہ تو کہتا ہے تب تو یہ بہت خطرناک

---

[1] طبری ص:231 [2] تاریخ طبری:226

بات ہے کہ میں تیرے کلام کو رد کروں اور اگر تو اللہ پر جھوٹ بولتا ہے تو مجھے شایان نہیں کہ تجھ سے بات کروں"

نبی اللہ ﷺ نے فرمایا: "اب میں تم سے صرف یہ چاہتا ہوں کہ اپنے خیالات اپنے ہی پاس رکھو۔ ایسا نہ ہو کہ یہ خیالات دوسرے لوگوں کے ٹھوکر کھانے کا سبب بن جائیں۔"

نبی اللہ ﷺ نے وعظ کہنا شروع فرمایا: ان سرداروں نے اپنے غلاموں اور شہر کے لڑکوں کو سکھلا دیا۔ وہ لوگ وعظ کے وقت نبی ﷺ پر اتنے پتھر پھینکتے کہ حضور ﷺ لہو میں تر بتر ہو جاتے۔ خون بہ بہ کر جوتے میں جم جاتا اور وضو کے لیے پاؤں سے جوتا نکالنا مشکل ہو جاتا۔

ایک دفعہ بدمعاشوں اور اوباشوں نے نبی ﷺ کو اس قدر گالیاں دیں، تالیاں بجائیں، چیخیں لگائیں کہ اللہ کے نبی ﷺ ایک مکان کے احاطے میں جانے پر مجبور ہو گئے۔ یہ جگہ عتبہ و شیبہ فرزندان ربیعہ کی تھی۔ انھوں نے دور سے اس حالت کو دیکھا اور نبی ﷺ پر ترس کھا کر اپنے غلام عدّاس کو کہا کہ ایک پلیٹ میں انگور رکھ کر اس شخص کو دے آؤ۔ غلام نے انگور نبی ﷺ کے سامنے رکھ دیے۔ نبی ﷺ نے انگوروں کی طرف ہاتھ بڑھایا اور زبان سے فرمایا: "بسم اللہ" اور پھر انگور کھانے شروع کیے۔

عداس نے حیرت سے نبی ﷺ کی طرف دیکھا اور پھر کہا: "یہ ایسا کلام ہے کہ یہاں کے باشندے نہیں بولا کرتے"

نبی ﷺ نے فرمایا: "تم کہاں کے ہو؟ اور تمہارا مذہب کیا ہے؟"

عداس نے جواب دیا: "میں عیسائی ہوں اور نینوی کا باشندہ ہوں"

نبی ﷺ نے فرمایا: "کیا تم مرد صالح یونس بن متی علیہ السلام کے شہر کے باشندے ہو"

عداس نے کہا: "آپ کو کیا خبر ہے کہ یونس بن متی علیہ السلام کون تھا؟ اور کیسا تھا؟"

نبی ﷺ نے فرمایا: "وہ میرا بھائی ہے، وہ بھی نبی تھا اور میں بھی نبی ہوں"

عداس یہ سنتے ہی جھک پڑا اور اس نے نبی ﷺ کا سر، ہاتھ، قدم چوم لیے۔

عتبہ و شیبہ نے دور سے غلام کو ایسا کرتے دیکھا اور آپس میں کہنے لگے لو غلام تو ہاتھوں سے نکل گیا۔ جب عداس اپنے آقا کے پاس لوٹ کر گیا تو انھوں نے کہا: کم بخت تجھے کیا ہو گیا تھا؟ کہ اس شخص کے ہاتھ پاؤں، سر چومنے لگ گیا تھا۔

عداس نے کہا: "حضور عالی! آج اس شخص سے بہتر روئے زمین پر کوئی بھی نہیں۔ اس نے مجھے ایسی بات بتلائی جو صرف نبی ہی بتلا سکتا ہے"

انھوں نے عداس کو ڈانٹ دیا کہ خبردار کہیں اپنا دین نہ چھوڑ بیٹھنا، تیرا دین تو اس کے دین سے بہتر ہے۔ [1]

اسی مقام پر ایک دفعہ وعظ کرتے ہوئے اللہ کے رسول ﷺ کے اتنی چوٹیں لگیں کہ حضور ﷺ بیہوش ہو کر گر پڑے۔ زید رضی اللہ عنہ نے ان کو اپنی پیٹھ پر اٹھایا، آبادی سے باہر لے گئے۔ پانی کے چھینٹے دینے سے ہوش آیا۔

اس سفر میں اتنی تکلیفوں اور ایذاؤں کے بعد ایک شخص تک کے مسلمان نہ ہونے کے رنج اور صدمہ کے وقت بھی نبی ﷺ کا دل اللہ کی عظمت اور محبت سے بھرپور تھا۔ اس وقت جو دعا حضور ﷺ نے مانگی اس کے الفاظ یہ ہیں:

---

[1] طبری: 75/1

اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَشْكُوْ ضُعْفَ قُوَّتِيْ وَقِلَّةَ حِيْلَتِيْ وَهَوَانِيْ عَلَى النَّاسِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَنْتَ رَبُّ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ وَاَنْتَ رَبِّيْ اِلٰى مَنْ تَكِلُنِيْ اِلٰى بَعِيْدٍ [1] يَتَجَهَّمُنِيْ اَوْ اِلٰى عَدُوٍّ مَلَّكْتَهٗ اَمْرِيْ۔ اِنْ لَّمْ يَكُنْ عَلَيَّ غَضَبُكَ فَلَا اُبَالِيْ وَلٰكِنْ عَافِيَتُكَ هِيَ اَوْسَعُ لِيْ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ اَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمٰتُ وَصَلُحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مِنْ اَنْ يَنْزِلَ بِيْ غَضَبُكَ اَوْ يَحِلَّ عَلَيَّ سَخَطُكَ لَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ۔ [2]

''الٰہی! اپنی کمزوری بے سروسامانی اور لوگوں کی تحقیر کی بابت تیرے سامنے فریاد کرتا ہوں تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ درماندہ عاجزوں کا مالک تو ہی ہے اور میرا مالک بھی تو ہی ہے۔ مجھے کس کے سپرد کیا جاتا ہے۔ کیا بے گانہ ترش رو کے یا اس دشمن کے جو کام پر قابو رکھتا ہے۔ لیکن جب مجھ پر تیرا غضب نہیں تو مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں۔ کیوں کہ تیری عافیت میرے لیے زیادہ وسیع ہے۔ میں تیری ذات کے نور سے پناہ چاہتا ہوں جس سے سب تاریکیاں روشن ہو جاتی ہیں اور دنیا و دین کے کام اس سے ٹھیک ہو جاتے ہیں کہ تیرا غضب مجھ پر اترے یا تیری رضا مندی مجھ پر وارد ہو۔ مجھے تیری ہی رضا مندی اور خوشنودی درکار ہے اور نیکی کرنے یا بدی سے بچنے کی طاقت مجھے تیری ہی طرف سے ملتی ہے۔''

نبی ﷺ نے طائف سے واپس ہوتے ہوئے یہ بھی فرمایا: ''میں ان لوگوں کی تباہی کے لیے کیوں دعا کروں اگر یہ لوگ اللہ پر ایمان نہیں لاتے تو کیا ہوا امید ہے کہ ان کی آئندہ نسلیں ضرور ایک اللہ پر ایمان لانے والی ہوں گی۔'' [3]

مختلف مقامات پر نبی ﷺ کا تبلیغ کے لیے جانا

مکہ میں واپس آ کر نبی ﷺ نے اب ایسا کرنا شروع کیا کہ مختلف قبیلوں کی سکونت گاہوں میں تشریف لے جاتے یا مکہ سے باہر چلے جاتے اور جو کوئی مسافر آتا جاتا مل جاتا اسے ایمان اور اللہ پرستی کا وعظ فرماتے۔ انہی ایام میں قبیلہ بنو کندہ میں تشریف لے گئے۔ سردار قبیلہ کا نام ملیح تھا۔ نیز قبیلہ بنو عبداللہ کے ہاں بھی پہنچے۔ انھیں فرمایا کہ تمھارے باپ کا نام عبداللہ تھا۔ تم بھی اسم بامسمّیٰ ہو جاؤ۔ قبیلہ بنو حنیفہ کے گھروں میں تشریف لے گئے۔ انھوں نے سارے عرب بھر میں سب سے بدتر طریق پر نبی ﷺ کا انکار کیا۔ قبیلہ بنو عامر بن صعصعہ کے پاس گئے۔ سردار قبیلہ کا نام بحیرہ بن فراس تھا۔ اس نے دعوت اسلام سن کر نبی ﷺ سے پوچھا۔ بھلا اگر ہم تیری بات مان لیں اور تو مخالفین پر غالب آ جائے تو کیا تو یہ وعدہ کرتا ہے کہ تیرے بعد یہ امر مجھ سے متعلق ہوگا۔ نبی ﷺ نے فرمایا۔ یہ تو اللہ کے اختیار میں ہے۔ وہ جسے چاہے گا۔ میرے بعد اسے مقرر کرے گا۔ بحیرہ بولا: ''خوب! اس وقت تو عرب کے سامنے سینہ سپر ہم بنیں اور جب تمہارا کام بن جائے تو مزے کوئی اور اڑائے جاؤ ہم کو تیرے کام سے کچھ سروکار نہیں۔ قبائل کے سفر میں حضور ﷺ کے رفیق طریق ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے۔

سوید بن صامت رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا

انہی ایام میں نبی ﷺ کو سوید بن صامت رضی اللہ عنہ ملا۔ اس کا لقب اپنی قوم میں کامل تھا۔ نبی ﷺ نے اسے دعوت اسلام فرمائی۔ وہ بولا شاید آپ کے پاس وہی کچھ ہے جو میرے پاس بھی ہے۔'' نبی ﷺ نے پوچھا: ''تمہارے پاس کیا ہے؟ وہ بولا ''حکمت

[1] طبری نے لفظ ''بعید'' روایت کیا ہے۔ جس کا ترجمہ ''بیگانہ'' کیا گیا ہے۔ ابن ہشام اور ابن اثیر رحمہ اللہ نے لفظ ''عدو'' روایت کیا ہے، جس کے معنی ''دوست'' کے ہو گئے۔
[2] ابن ہشام: 260-262، زاد المعاد: 31/3 [3] بخاری: 3231-7389، مسلم: 4653

لقمان" نبی ﷺ نے فرمایا: "بیان کرو" اس نے اپنے کچھ عمدہ اشعار سنائے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: یہ اچھا کلام ہے لیکن میرے پاس قرآن جو اس سے افضل تر ہے اور ہدایات اور نور ہے اور وہ بے تامل اسلام لے آیا۔ جب یثرب لوٹ کر گیا تو قوم خزرج نے اسے قتل کر ڈالا۔ [1]

سفارت یثرب میں تبلیغ فرمانا ایاس بن معاذ کا راہ یاب ہونا

انہی ایام میں ابو الحیسر انس بن رافع مکہ آیا۔ اس کے ساتھ بنی عبد الاشہل کے بھی چند نوجوان تھے۔ جن میں ایاس بن معاذ بھی تھا۔ یہ لوگ قریش کے ساتھ اپنی قوم خزرج کی طرف سے معاہدہ کرنے آئے تھے۔ نبی ﷺ ان کے پاس گئے اور جا کر فرمایا:

"میرے پاس ایسی چیز ہے جس میں تم سب کی بہبود ہے۔ کیا تمہیں کچھ رغبت ہے؟" وہ بولے: "ایسی کیا چیز ہے؟" فرمایا: "میں اللہ کا رسول ہوں، مخلوق کی طرف مبعوث ہوں۔ بندگانِ الٰہی کو دعوت دیتا ہوں کہ اللہ ہی کی عبادت کریں اور شرک نہ کریں مجھ پر اللہ نے کتاب نازل کی ہے۔" پھر ان کے سامنے اسلام کے اصول بیان فرمائے اور قرآن مجید بھی پڑھ کر سنایا۔ ایاس بن معاذ جو ابھی نوجوان تھا۔ سنتے ہی بولا: "اے میری قوم! بخدا یہ تمہارے لیے اس مقصد سے بہتر ہے جس کے لیے تم یہاں آئے ہو۔" [2]

انس بن رافع نے کنکریوں کی مٹھی بھر کر اٹھائی اور ایاس کے منہ پر پھینک ماری اور کہا بس چپ رہ۔ ہم اس کام کے لیے تو نہیں آئے۔ رسول اللہ ﷺ اٹھ کر چلے گئے۔ یہ واقعہ جنگ بعاث سے، جو اوس و خزرج میں ہوئی، پہلے کا ہے۔ ایاس واپس جا کر چند روز کے بعد مر گیا۔ مرتے وقت اس کی زبان پر تسبیح و تحمید و تہلیل و تکبیر جاری تھی۔ مرحوم کے دل میں نبی ﷺ کے اسی وعظ سے اسلام کا بیج بویا گیا تھا۔ جو مرتے وقت پھل پھول لے آیا تھا۔

ضماد ازدی رضی اللہ عنہ کی روئیداد قبول اسلام

انہی ایام میں ضماد ازدی رضی اللہ عنہ مکہ میں آیا۔ یہ یمن کا باشندہ تھا اور عرب کا مشہور افسوں گر تھا۔ جب اس نے سنا کہ محمد ﷺ پر جنات کا اثر ہے۔ تو اس نے قریش سے کہا کہ میں محمد ﷺ کا علاج اپنے منتر سے کر سکتا ہوں۔ یہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور کہا: محمد ﷺ آؤ تمہیں منتر سناؤں۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ پہلے مجھ سے سن لو۔ پھر آنحضرت ﷺ نے اسے سنایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَ نَسْتَعِيْنُهٗ وَمَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَ مَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ اَمَّا بَعْدُ:

"سب تعریف اللہ کے واسطے ہے ہم اس کی نعمتوں کا شکر کرتے ہیں اور ہر کام میں اسی کی اعانت چاہتے ہیں۔ جسے اللہ راہ دکھاتا ہے اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جسے اللہ ہی رستہ نہ دکھلائے اس کی کوئی رہبری نہیں کر سکتا۔ میری شہادت یہ ہے کہ اللہ کے سوا عبادت کے لائق کوئی بھی نہیں۔ وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ میں یہ بھی ظاہر کرتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کا بندہ اور رسول ہے۔ (اس کے بعد مدعا یہ ہے)

ضماد رضی اللہ عنہ نے اس قدر سنا تھا بول اٹھا کہ انہی کلمات کو پھر سنا دیجیے۔ دو تین دفعہ اس نے انہی کلمات کو سنا اور پھر بے اختیار بول اٹھا۔ میں نے بہتیرے کاہن دیکھے اور ساحر دیکھے۔ شاعر سنے، لیکن ایسا کلام تو میں نے کسی سے بھی نہ سنا۔ یہ کلمات تو ایک اتھاہ سمندر جیسے ہیں۔ محمد ﷺ! اللہ اپنا ہاتھ بڑھاؤ کہ میں اسلام کی بیعت کر لوں۔ [3]

---

[1] طبری، ص:232 [2] طبری، ص:234، زاد المعاد:3/44، ابن ہشام:1/427،428 [3] مسلم:2008، نسائی:3278، ابن ماجہ:1893

معراج

27 رجب 10 نبوت کو معراج ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو مَلَكُوْتُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کی سیر کرائی۔

اول مسجد الحرام سے بیت المقدس تک تشریف لے گئے۔ وہاں امام بن کر جماعت انبیاء علیہم السلام کو نماز پڑھائی۔ پھر آسمانوں کی سیر کرتے اور انبیاء علیہم السلام سے ان کے مقامات پر ملتے ہوئے ''سدرۃ المنتہیٰ'' اور ''بیت معمور'' تک پہنچے اور وہاں سے قرب حضوری خاص حاصل ہوا اور گوناگوں وحی سے مشرف ہوئے۔ ①

شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں: ②

وَاُسْرِیَ بِهٖ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی ثُمَّ اِلٰی سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی وَ اِلٰی مَاشَآءَ اللّٰهُ وَ كُلُّ ذٰلِكَ بِجَسَدِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْيَقْظَةِ وَ لٰكِنْ ذٰلِكَ فِیْ مَوْطِنٍ هُوَ بَرْزَخٌ بَيْنَ الْمِثَالِ وَالشَّهَادَةِ جَامِعٌ لِاَحْكَامِهَا فَظَهَرَ عَلَی الْجَسَدِ اَحْكَامُ الرُّوْحِ وَ تَمَثَّلَ الرُّوْحُ وَالْمَعَانِیَ الرُّوْحِيَّةِ اَجْسَادًا وَ لِذٰلِكَ بَانَّ لِكُلِّ وَاقِعَةٍ مِنْ تِلْكَ الْوَقَائِعَ تَعْبِيْرٌ۔

''نبی ﷺ کو مسجد اقصیٰ تک پھر سدرۃ المنتہیٰ تک اور جہاں تک کہ اللہ نے چاہا۔ سیر کرائی گئی۔ یہ سب کچھ جسم کے ساتھ بیداری میں تھا، لیکن یہ ایک مقام ہے جو مثال اور شہادت کے درمیان برزخ ہے اور ہر دو عالم مذکورہ کے احکام کا جامع ہوتا ہے پس جسم پر روح کے احکام ظاہر ہوئے اور روح اور معانی نے جسم قبول کر کے تمثیل اختیار کیا۔ اسی لیے ان واقعات میں سے ہر واقعہ کی ایک حقیقت ہے۔''

① اَمَّا شَقُّ الصَّدْرِ وَ مَلَاه، اِيْمَانًا فَحَقِيْقَتُه، غَلَبَةُ اَنْوَارِ الْمَلَكِيَّةِ وَانْطِفَآءُ لَهَبِ الطَّبِيْعَةِ وَ خُضُوْعِهَا لِمَا يَفِيْضُ عَلَيْهَا مِنْ حَظِيْرَةِ الْقُدْسِ۔

''صدر کا چاک کرنا، اسے ایمان سے بھر دیا جانا، اس کی حقیقت ہے انوار ملکیہ کا غلبہ ہو جانا اور شعلہ طبیعت کا بجھ جانا اور جو کچھ حظیرۃ القدس سے طبیعت کو فیضان ہوتا ہے اس کے لیے مطیع بن جانا۔''

② وَ اَمَّا رُكُوْبُه، عَلَی الْبُرَاقِ فَحَقِيْقَةُ اسْتِوَاءُ نَفْسِهِ النُّطْقِيَّةِ عَلٰی نَسْمَتِهِ الَّتِیْ هِیَ الْكَمَالُ الْحَيْوَانِیُّ۔ فَاسْتَوٰی رَاكِبًا عَلَی الْبُرَاقِ كَمَا غَلَبَتْ اَحْكَامُ نَفْسِهِ النُّطْقِيَّةِ عَلَی الْبَهِيْمِيَّةِ وَ تَسَلَّطَ عَلَيْهَا۔

''براق پر سوار ہونے کی حقیقت یہ ہے کہ نفس ناطقہ نسمہ پر جو کمال حیوانی ہے غالب آ جائے۔ پس آنحضرت ﷺ

---

① علامہ ابن القیم رحمہ اللہ لکھتے ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ومعاویہ رضی اللہ عنہ وامام حسن بصری رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ اسریٰ روح مبارک کو ہوا تھا اور جسم مبارک اپنی جگہ سے مفقود نہیں ہوا تھا۔ علامہ موصوف کہتے ہیں کہ اسراء روحی میں اور خواب میں بہت تفاوت ہے۔ اسراء روحی سے مراد تو یہ ہے کہ روح مبارک کو ان جملہ مقامات کی سیر کرائی گئی اور خواب میں یہ بات نہیں ہوتی۔ یہ درجہ اتم واکمل، اشرف واعلیٰ ہے۔ علمائے جمہور کا قول ہے کہ اسراء بدن وروح کے ساتھ تھا۔ زاد المعاد ص 3/40 واضح ہو کہ عروج جسدی کا انکار آج کل کے فلسفہ خشک کی بنیاد پر فضول ہے کیوں جس قادر مطلق نے اجرام سماویہ کے بھاری بھرکم اجسام کو خلا میں تھام رکھا ہے۔ وہ جسم انسانی کے صغیر جرم کو خلا میں لے جانے کی بھی قدرت رکھتا ہے۔ آج کل نائٹروجن کی طاقت سے ہوائی جہاز اور جہازوں کے اندر آدمی اڑ رہے ہیں اس لیے رب کریم کا اپنے نبی کریم ﷺ کو بسواری براق (جو برق سے مشتق اور الکٹرسٹی (Electricity) کی طاقت مخفیہ کی جانب اشارہ کن ہے) ملکوت السموات کی سیر کرانا کچھ بھی مستبعد نہیں۔ میرا اعتقاد یہ ہے کہ معراج جسم کے ساتھ اور بحالت بیداری تھا۔ ② حجۃ اللہ البالغہ ص: 387

براق پر ایسی خوبی سے سوار ہوئے جیسا کہ حضور ﷺ کے نفس انسانی کے احکام قوت بہیمیہ پر غالب اور مسلط تھے۔''

③ وَاَمَّا اِسْرَاؤُهٗ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى فَلِاَنَّهٗ مَحَلُّ ظُهُوْرِ شَعَآئِرِ اللّٰهِ وَ مُتَعَلَّقُ هِمَمِ الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى وَ مَطْمَحُ اَنْظَارِ الْاَنْبِيَآءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ فَكَاَنَّهٗ كُوَّةٌ اِلَى الْمَلَكُوْتِ۔

''مسجد اقصیٰ تک سیر اس لیے ہے کہ وہ شعائر الٰہیہ کے ظہور کا محل ہے۔ ملاء اعلیٰ کی ہمتیں اس سے متعلق ہیں اور وہ انبیاء علیہم السلام کی نگاہوں کی نظر گاہ ہے۔ گویا وہ ملکوت کی جانب ایک روزن ہے۔''

④ وَاَمَّا مُلَاقَاتُهٗ مَعَ الْاَنْبِيَآءِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ وَ مُفَاخَرَتُهٗ مَعَهُمْ فَحَقِيْقَتُهَا اِجْتِمَاعُهُمْ مِنْ حَيْثُ ارْتِبَاطُهُمْ بِحَظِيْرَةِ الْقُدْسِ وَظُهُوْرُ مَا اخْتُصَّ بِهٖ مِنْ بَيْنِهِمْ مِنْ وُجُوْهِ الْكَمَالِ۔

''انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ملاقات اور مفاخرت کی حقیقت یہ ہے کہ حظیرۃ القدس سے ان کو اجتماعی ربط وضبط حاصل ہے اور پھر ان اجتماعی امور کی خصوصیات کا نہایت کاملیت اور خصوصیت کے ساتھ نبی ﷺ سے ظہور ہوا۔''

⑤ وَاَمَّا رُقِيُّهٗ اِلَى السَّمٰوٰتِ سَمَاءً بَعْدَ سَمَاءٍ فَحَقِيْقَتُهُ الْاِنْسِلَاخُ اِلٰى مُسْتَوَى الرَّحْمٰنِ مَنْزِلَةً بَعْدَ مَنْزِلَةٍ۔ وَ مَعْرِفَتُهٗ حَالُ الْمَلَائِكَةِ الْمُوَكَّلَةِ بِهَا وَ مَنْ لَحِقَ بِهِمْ مِنْ اَفَاضِلِ الْبَشَرِ وَالتَّدْبِيْرِ الَّذِيْ اَوْحَاهُ اللّٰهُ فِيْهَا وَالْاِخْتِصَامُ الَّذِيْ يَحْصُلُ فِيْ مَلَاءِ هَا۔

''آسمان پر یکے بعد دیگرے چڑھنے کی حقیقت درجہ بدرجہ تعلقات طبعی سے نکل کر مستویٰ رحمن کی طرف جانا ہے نیز احوال ملائکہ کی معرفت جو اس مقام سے خصوصیت رکھتے ہیں نیز ملائکہ اور نسل انسانی کے ان بزرگوں کے احوال و شناخت جو ملائکہ سے ملے ہوئے ہیں نیز اس تدبیر کلیہ کی معرفت جو مقام مذکور میں وحی ربانی سے بتائی گئی۔ نیز ان امور کی شناخت جن پر ملائکہ مسابقت کیا کرتے ہیں۔''

⑥ وَاَمَّا بُكَاءُ مُوْسٰى فَلَيْسَ بِحَسَدٍ وَ لٰكِنْ مِثَالٌ لِفَقْدِهٖ عُمُوْمَ الدَّعْوَةِ وَ بَقَاءُ كَمَالٍ لَمْ يَحْصُلْهُ، مِمَّا هُوَ فِيْ وَجْهِهٖ۔

''واضح ہو کہ گریہ موسیٰ علیہ السلام سے حسد کا اظہار مراد نہیں بلکہ اظہار اس امر کا ہے کہ ان کی رسالت تمام دنیا کے لیے عام نہ تھی اور اس طرح ایک کمال باقی تھا جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حاصل نہ تھا۔''

⑦ وَ اَمَّا سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى فَشَجَرَةُ الْكَوْنِ وَ تَرَتُّبِ بَعْضِهَا عَلٰى بَعْضٍ وَانْجِمَاعِهَا فِيْ تَدْبِيْرٍ وَاحِدٍ كَانْجِمَاعِ الشَّجَرِ فِي الْغَاذِيَةِ وَالنَّامِيَةِ وَ نَحْوِهِمَا وَ لَمْ تَتَمَثَّلْ حَيْوَانًا لِاَنَّ التَّدْبِيْرَ الْجَمَلِ الْاِجْمَالِيْ الشَّبِيْهَةِ لِلسِّيَاسَةِ الْكُلِّيْ اِفْرَادُهٗ وَ اِنَّمَا اَشْبَهَ الْاَشْيَاءِ بِهِ الشَّجَرَةُ دُوْنَ الْحَيْوَانِ فَاِنَّ الْحَيْوَانَ فِيْهِ قُوًى تَفْصِيْلِيَّةٌ وَ الْاِرَادَةُ فِيْهِ اَصْرَحُ مِنْ سُنَنِ الطَّبِيْعَةِ ۔

''سدرۃ المنتہیٰ درخت عالم ہے کہ ایک وجود دوسرے وجود پر مترتب اور پھر سب کے سب تدبیر واحد کے اندر جمع ہیں جیسا کہ درخت کا بھی غذا و نمو میں یہی حال ہے۔ واضح رہے کہ کسی حیوان سے اس کی تمثیل نہیں دی گئی کیوں کہ وہ تدبیر کلیہ اجمالیہ جو سیاست کلیہ سے مشابہت رکھتی ہے وہ بھی مفرد ہے اور اسی لیے بہترین مشابہت اس کی درخت میں پائی جاتی ہے (کہ ایک

ہی تنا پر مختلف شاخیں، ڈالیاں، ٹہنیاں اور پتے ہوتے ہیں اور غذا و نمو میں برابر سب مستفیض ہیں) اور حیوان میں یہ مشابہت نہیں پائی جاتی کیوں کہ حیوان میں قوائے تفصیلیہ بھی ہیں اور قوت ارادہ بھی ہے اور یہ سنن طبعیہ سے زیادہ صریح ہیں۔"

⑧ وَاَمَّا الْاَنْهَارُ فِیْ اَصْلِهَا رَحْمَةٌ فَائِضَةٌ فِی الْمَلَكُوْتِ حَذْوَ الشَّهَادَةِ وَحَيَاةٌ وَّ اِنَّمَا فَلِذٰلِكَ تَعَيَّنَ هُنَالِكَ بَعْضُ الْاُمُوْرِ النَّافِعَةِ فِی الشَّهَادَةِ كَالنِّيْلِ وَالْفُرَاتِ۔

"دریاؤں کی اصل وہ رحمت فائضہ ہے جو عالم شہادت کے محاذی عالم ملکوت میں موجود ہے۔ نیز حیات اور نمو بھی اسی اصل میں شامل ہیں۔ اس لیے ظاہراً چند اسباب نافعہ مثل نیل و فرات وغیرہ کا تعین کیا گیا ہے۔"

⑨ وَاَمَّا الْاَنْوَارُ الَّتِیْ غَشِيَتْهَا فَتَدَلِّيَاتٌ اِلٰهِيَّةٌ وَّتَدْبِيْرَاتٌ رَحْمَانِيَّةٌ تَلَعْلَعَتْ فِی الشَّهَادَةِ حَيْثُ مَا اسْتَعَدَّتْ لَهَا۔

"رہے وہ انوار جنھوں نے اسے ڈھانپ لیا تھا یہ وہ تدلیات رحمانی اور تدبیرات الٰہیہ ہیں جو عالم ظہور میں جلوہ گستر اور نور ریز ہیں۔ جہاں تک اس عالم میں ان کی استعداد پائی جاتی ہے۔"

⑩ وَاَمَّا الْبَيْتُ الْمَعْمُوْرُ فَحَقِيْقَتُهُ التَّجَلِّی الْاِلٰهِیُّ الَّذِیْ يَتَوَجَّهُ اِلَيْهِ سَجَدَاتُ الْبَشَرِ وَ تَضَرُّعَاتُهَا يَتَمَثَّلُ بَيْتًا عَلٰی حَذْوِ مَا عِنْدَهُمْ مِنَ الْكَعْبَةِ وَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ۔

"بیت المعمور کی حقیقت وہ الٰہی تجلی ہے جس کی طرف بندگان الٰہی کی دعاؤں اور سجدوں کا رخ ہوتا ہے اور وہ خانہ کعبہ و بیت المقدس کے محاذ میں جیسا کہ لوگوں کا ان ہر دو کی بابت اعتقاد ہے۔ ایک گھر کا تمثل لیے ہوئے ہے۔"

⑪ ثُمَّ اُتِیَ بِاِنَاءٍ مِنْ لَبَنٍ وَ اِنَاءٍ مِنْ خَمْرٍ فَاخْتَارَ اللَّبَنَ فَقَالَ جِبْرِيْلُ هُدِيْتَ لِلْفِطْرَةِ لَوْ اَخَذْتَ الْخَمْرَ لَغَوَتْ اُمَّتُكَ فَكَانَ هُوَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَامِعُ اُمَّتِهِ وَمَنْشَاءُ ظُهُوْرِهِمْ وَكَانَ اللَّبَنُ اِخْتِيَارُهُمُ الْفِطْرَةَ وَالْخَمْرُ اِخْتِيَارُهُمْ لِذَّاتِ الدُّنْيَا۔

"شب معراج نبوی ﷺ کے سامنے ایک برتن دودھ کا، ایک برتن شراب کا پیش کیا گیا اور آنحضرت ﷺ نے دودھ کو پسند فرمایا اور جبریل علیہ السلام نے بتلا دیا کہ آپ نے فطرت اصلیہ کو پسند فرمایا۔ اگر شراب کا برتن آپ لے لیتے تو آپ کی امت بھٹک جاتی۔ دیکھو نبی ﷺ اپنی امت کو فطرت پر جمع کرنے والے تھے اور دودھ سے مراد یہی ہے کہ امت فطرت کو پسند کرے اور خمر سے یہ مراد تھی کہ لذات دنیا کو پسند کرے۔"

⑫ وَاُمِرَ بِخَمْسِ صَلَوَاتٍ بِلِسَانِ التَّجَوُّزِ لِاَنَّهَا خَمْسُوْنَ بِاعْتِبَارِ الثَّوَابِ۔ ثُمَّ اَوْضَحَ اللّٰهُ مُرَادَهٗ، تَدْرِيْجًا۔ لِيَعْلَمَ اَنَّ الْحَرَجَ مَرْفُوْعٌ وَ اَنَّ النِّعْمَةَ كَامِلَةٌ وَ تَمَثَّلَ هٰذَا الْمَعْنٰی مُسْتَنِدًا اِلٰی مُوْسٰی عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاِنَّهٗ، اَكْثَرُ الْاَنْبِيَاءِ مُعَالِجَةً لِلْاُمَّةِ وَمَعْرِفَتِهٖ بِسِيَاسَتِهَا۔

"پانچ نمازوں کا تقرر بھی زبان تجویزی سے ہوا۔ یہ پانچ ثواب میں پچاس (50) کے برابر ہیں۔ گویا رب کریم نے آہستہ آہستہ یہ سمجھایا کہ ثواب تو (50 کے برابر کا) کامل ہے اور ہرج اور مرج اٹھا دیا گیا۔ یہ مطلب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی سند سے متمثل کیا گیا ہے کیوں کہ جناب ممدوح امت کی اصلاح و درستی اور اصول سیاست امت کی

شناخت میں اکثر انبیاء علیہم السلام سے بڑھے ہوئے ہیں۔'' [1]

طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا

انھی دنوں طفیل بن عمرو رضی اللہ عنہ مکہ میں آیا۔ یہ قبیلہ دوس کا سردار تھا اور نواحِ یمن میں ان کے خاندان میں رئیسانہ حکومت تھی۔ طفیل رضی اللہ عنہ بذاتِ خود شاعر و دانش مند شخص تھا۔ اہلِ مکہ نے آبادی سے باہر جا کر اس کا استقبال کیا اور اعلیٰ پیمانہ پر اس کی خدمت اور تواضع کی طفیل کا اپنا بیان ہے کہ مجھے اہلِ مکہ نے یہ بھی بتلایا کہ یہ شخص جو ہم میں سے نکلا ہے، اس سے ذرا بچنا۔ اسے جادو آتا ہے۔ جادو سے باپ بیٹے، زن، شوہر، بھائی بھائی میں جدائی ڈال دیتا ہے۔ ہماری جمعیت کو پریشان اور ہمارے کام ابتر کر دیے ہیں۔ ہم نہیں چاہتے کہ تمہاری قوم پر بھی ایسی ہی کوئی مصیبت پڑے۔ اس لیے ہماری زور سے یہ نصیحت ہے کہ نہ اس کے پاس جانا۔ نہ اس کی بات سننا اور نہ خود بات چیت کرنا۔

یہ باتیں انھوں نے ایسی عمدگی سے میرے ذہن نشین کر دیں کہ جب میں کعبہ میں جانا چاہتا تو کانوں کو روئی کے (پنبہ) سے بند کر لیتا۔ تاکہ محمد ﷺ کی آواز کی بھنک بھی میرے کان میں نہ پڑ جائے۔ ایک روز میں صبح ہی خانہ کعبہ میں گیا۔ نبی ﷺ نماز پڑھ رہے تھے۔ چوں کہ اللہ کی مشیت یہ تھی کہ ان کی آواز میری سماعت تک ضرور پہنچے۔ اس لیے میں نے سنا کہ ایک نہایت عجیب کلام وہ پڑھ رہے ہیں۔ اس وقت میں اپنے آپ کو ملامت کرنے لگا کہ میں خود شاعر ہوں، باعلم ہوں، اچھے برے کی تمیز رکھتا ہوں۔ پھر کیا وجہ ہے؟ اور کونسی روک ہے کہ میں اس کی بات نہ سنوں۔ اچھی بات ہوگی تو مانوں گا، ورنہ نہیں مانوں گا۔ میں یہ ارادہ کر کے ٹھہر گیا جب نبی ﷺ واپس گھر کو چلے گئے تو میں بھی پیچھے پیچھے ہولیا۔ اور جب مکان پر حاضر ہوا تو نبی ﷺ کو اپنا واقعہ مکہ میں آنے، لوگوں کے بہکانے پنبہ در گوش رہنے اور آج حضور ﷺ کی زبان سے کچھ سن پانے کا کہہ سنایا اور عرض کیا کہ مجھے اپنی بات سنائیے۔ نبی ﷺ نے قرآن پڑھا۔ بخدا! میں نے ایسا پاکیزہ کلام کبھی سنا ہی نہ تھا۔ جو اس قدر نیکی اور انصاف کی ہدایت کرتا ہو۔

الغرض طفیل رضی اللہ عنہ اسی وقت مسلمان ہوگیا۔ جسے قریش بات بات میں مخدوم و مطاع کہتے تھے۔ وہ بات کی بات میں محمد ﷺ کا دل و جان سے خادم اور مطیع بن گیا۔ قریش کو ایسے شخص کا مسلمان ہونا نہایت ہی شاق و ناگوار گذرا۔ [2]

ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا

ابوذر رضی اللہ عنہ اپنے شہر یثرب ہی میں تھے کہ انھوں نے نبی ﷺ کے متعلق کچھ اڑتی سی خبر سنی۔ انھوں نے اپنے بھائی سے کہا تم جاؤ، مکہ میں اس شخص سے مل کر آؤ اور پھر مجھے بتلاؤ۔

انیس برادر ابوذر ایک مشہور فصیح شاعر، زبان آور تھا۔ وہ مکہ میں آیا۔ نبی ﷺ سے ملا۔ پھر بھائی کو بتایا کہ میں نے محمد ﷺ کو ایک ایسا شخص پایا جو نیکیوں کے کرنے کا اور شر سے بچنے کا حکم دیتا ہے۔

---

[1] اکثر مصنفین نے معراج کا ذکر بعد از واپسی طائف کیا ہے مگر امام طبری نے اپنی کتاب تاریخ الملل والامم میں ابتدائے نبوت سے دوسرے دن ہی معراج کا ہونا تحریر کیا ہے۔ ان کی تائید اس دلیل سے بخوبی ہوتی ہے کہ جب فرضیت نماز کا حکم شب معراج میں ہوا اور نبی ﷺ اور دیگر مسلمانان اس وقت سے ہی برابر نماز پڑھتے تھے۔ تو نماز کی فرضیت کا حکم گیارہ سال تک کیوں کر متاخر رہ سکتا ہے۔ لیکن حسب بیان شاہ عبدالحق محدث دہلوی متوفی 1051ھ (مقدمہ شرح سفر سعادت ص 36) کہ پہلے صرف دو نمازیں فجر و عصر فرض ہوئی تھیں اب شب معراج کو پانچ نمازیں فرض ہوئیں، کوئی اشکال نہیں رہ جاتا۔

[2] ملخصاً زاد المعاد صفحہ 494,493 جلد اول، اسد الغابہ 77/3، ابن سعد فی الطبقات 176:1:4۔

ابوذر ؓ بولے، اتنی بات سے تو کچھ تسلی نہیں ہوتی۔ آخر خود پیدل چل کر مکہ پہنچے۔ حضرت ابوذر ؓ کو نبی ﷺ کی شناخت نہ تھی اور کسی سے دریافت کرنا بھی وہ پسند نہ کرتے تھے۔ زمزم کا پانی پی کر کعبہ ہی میں لیٹ رہے، علی مرتضیٰ ؓ آئے۔ انہوں نے پاس کھڑے ہو کر کہا کہ یہ تو کوئی مسافر معلوم ہوتا ہے۔ ابوذر ؓ بولے: ہاں۔ علی مرتضیٰ ؓ نے کہا اچھا میرے ہاں چلو۔ یہ رات کو وہیں رہے۔ نہ علی المرتضیٰ ؓ نے کچھ پوچھا، نہ ابوذر ؓ نے کچھ کہا۔ صبح ہوئی، ابوذر ؓ پھر کعبہ میں آ گئے۔ دل میں آنحضرت ﷺ کی تلاش تھی۔ مگر کسی سے دریافت نہ کرتے تھے۔ علی مرتضیٰ ؓ پھر آ پہنچے۔ انہوں نے فرمایا: شاید تمھیں اپنا ٹھکانا نہ ملا۔ ابوذر ؓ بولے: ہاں۔ علی مرتضیٰ ؓ پھر ساتھ لے گئے۔ اب انہوں نے پوچھا: تم کون ہو اور کیوں یہاں آئے ہو؟ ابوذر ؓ نے کہا: راز رکھو تو میں بتلا دیتا ہوں۔ علی ؓ نے وعدہ کیا۔

ابوذر ؓ نے کہا: میں نے سنا ہے کہ اس شہر میں ایک شخص ہے جو اپنے آپ کو نبی اللہ بتلاتا ہے، میں نے اپنے بھائی کو بھیجا تھا۔ وہ یہاں سے کچھ تسلی بخش بات لے کر نہ گیا۔ اس لیے میں خود آیا ہوں۔

علی مرتضیٰ ؓ نے کہا: تم خوب آئے اور خوب ہوا کہ مجھ سے ملے۔ دیکھو میں انھی کی خدمت میں جا رہا ہوں۔ میرے ساتھ چلو۔ میں پہلے اندر جا کر دیکھ لوں گا۔ اگر اس وقت ملنا مناسب نہ ہوگا تو میں دیوار کے ساتھ لگ کر کھڑا ہو جاؤں گا۔ گویا جوتا درست کر رہا ہوں۔

الغرض ابوذر ؓ علی مرتضیٰ ؓ کے ساتھ خدمت نبوی ﷺ میں پہنچے اور عرض کیا کہ مجھے بتلایا جائے کہ اسلام کیا ہے؟ نبی ﷺ نے اسلام کی بابت بیان فرمایا اور ابوذر ؓ اسی وقت مسلمان ہو گئے۔

نبی ﷺ نے فرمایا: ابوذر ؓ! تم ابھی اس بات کو چھپائے رکھو اور اپنے وطن کو چلے جاؤ۔ جب تمھیں ہمارے ظہور کی خبر مل جائے تب آ جانا۔ ابوذر ؓ بولے: بخدا! میں تو ان دشمنوں میں اعلان کر کے جاؤں گا۔ اب ابوذر ؓ کعبہ کی طرف آئے۔ قریش جمع تھے۔ انھوں نے سب کو سنا کر آواز بلند کلمہ شہادت پڑھا۔ قریش نے کہا، اس بے دین کو مارو۔ لوگوں نے مار ڈالنے کے لیے مجھے مارنا شروع کر دیا۔ عباس ؓ آ گئے۔ انھوں نے مجھے جھک کر دیکھا۔ کہا: کم بختو! یہ تو قبیلہ بنو غفار کا آدمی ہے۔ جہاں تم تجارت کو جاتے اور کھجوریں لاتے ہو۔ لوگ ہٹ گئے۔ اگلے دن انھوں نے پھر سب کو سنا کر کلمہ پڑھا۔ پھر لوگوں نے مارا اور عباس ؓ نے ان کو چھڑایا اور یہ اپنے وطن کو چلے آئے۔ [1]

اسباب ہجرت

11 نبوت کے موسم حج کا ذکر ہے کہ نبی ﷺ نے رات کی تاریکی میں شہر مکہ سے چند میل پرے مقام عقبہ پر لوگوں کو باتیں کرتے سنا۔ [2] اس آواز پر اللہ کا نبی ﷺ ان لوگوں کے پاس پہنچا۔ یہ چھ آدمی تھے [3] اور یثرب سے آئے تھے۔ [4] ان کے سامنے نبی ﷺ نے اللہ کی عظمت و جلال کا بیان شروع کیا۔ ان کی محبت کو اللہ کے ساتھ گرمایا۔ بتوں سے ان کو نفرت دلائی۔ نیکی

---

[1] بخاری: 3522۔ مدارج النبوۃ میں ہے کہ ابوذر ؓ قریباً ایک ماہ تک آب زمزم ہی پر رہے۔ اس پانی نے پانی اور غذا کا کام کیا۔ ان کی توند نکل آئی۔ [2] یہ مقام الحراء اور منیٰ کے درمیان واقع ہے۔ [3] (1) ابو امامہ اسعد بن زرارہ (2) عوف بن حارث، (3) رافع بن مالک، (4) قطبہ بن عامر بن حدیدہ، (5) عقبہ بن عامر بن نابی (6) سعد بن ربیع [4] زاد المعاد: 3/45، ابن ہشام: 1/428

و پاکیزگی کی تعلیم دے کر گناہوں اور برائیوں سے منع فرمایا۔ قرآن مجید کی تلاوت فرما کر ان کے دلوں کو روشن فرمایا۔ یہ لوگ اگر چہ بت پرست تھے لیکن انھوں نے اپنے شہر کے یہودیوں کو بار بار یہ ذکر کرتے ہوئے سنا تھا کہ ایک نبی عنقریب ظاہر ہونے والا ہے۔ [1] اس تعلیم سے وہ اسی وقت ایمان لے آئے اور جب اپنے وطن کو لوٹ کر گئے تو دین حق کے سچے مناد بن گئے۔

وہ نبی ﷺ

وہ ہر ایک کو یہ خوش خبری سناتے تھے کہ "وہ نبی" [2] جس کا تمام عالم کو انتظار تھا، آ گیا۔ ہمارے کانوں نے اس کا کلام سنا، ہماری آنکھوں نے اس کا دیدار کیا اور اس نے ہم کو اس زندہ رہنے والے اللہ سے ملا دیا کہ دنیا کی زندگی اور موت اب ہمارے سامنے ہیچ ہے۔

بیعت عقبہ اولیٰ

ان لوگوں کی بشارت لے جانے کا نتیجہ یہ ہوا کہ یثرب کے گھر گھر میں آنحضرت ﷺ کا ذکر ہونے لگا اور اگلے سال 12 نبوت کو یثرب کے بارہ (12) باشندے مکہ میں حاضر ہوئے اور نبی ﷺ کے فیضان سے دولت ایمان حاصل کی۔ [3]

ان لوگوں نے جن باتوں پر نبی ﷺ سے بیعت کی تھی وہ یہ ہیں:

بیعت کی شرطیں

1. ہم رب واحد کی عبادت کریں گے اور کسی کو اس کا شریک نہیں بنائیں گے۔
2. ہم چوری اور زنا کاری نہیں کریں گے۔
3. ہم اپنی اولاد (لڑکیوں) کو قتل نہیں کریں گے۔
4. ہم کسی پر جھوٹی تہمت نہیں لگائیں گے اور نہ کسی کی چغلی کیا کریں گے۔
5. ہم نبی ﷺ کی اطاعت ہر ایک اچھی بات میں کیا کریں گے۔

مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ

جب یہ لوگ واپس جانے لگے تو آنحضرت ﷺ نے ان کی تعلیم کے لیے مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو ساتھ کر دیا۔ مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ امیر گھرانے کے لاڈلے بیٹے تھے۔ جب گھوڑے پر سوار ہو کر نکلتے تو آگے پیچھے غلام چلا کرتے تھے۔ بدن پر دو سو روپیہ سے کم کی پوشاک کبھی نہیں پہنتے مگر جب ان کو اسلام کے طفیل روحانی عیش حاصل ہوا تب ان جسمانی آرائشوں اور نمائشوں کو انھوں نے بالکل

---

[1] زاد المعاد: 3/ 44، ابن ہشام: 1/ 427، 428 [2] قارئین کرام "وہ نبی" کا مطلب سمجھنے کے لیے انجیل یوحنا باب اول کو 19 سے 28 درس تک پڑھیں۔ یوحنا (یحییٰ) نے اقرار کیا کہ میں مسیح نہیں ہوں۔ 21۔ انھوں نے پوچھا کیا تو ایلیاس ہے؟ اس نے کہا میں نہیں ہوں۔ پس آیا تو "وہ نبی" ہے۔ اس نے جواب دیا نہیں۔ اس سے مطلب نکلا کہ علمائے یہود اس زمانہ میں تین انبیاء کی آمد و ظہور کے منتظر تھے۔ (1) الیاس (2) مسیح (3) وہ نبی۔ انجیل سے ثابت ہے کہ یوحنا نے یسوع کو مسیح علیہ السلام بتلایا اور مسیح نے یوحنا کو الیاس کہا۔ اب تیسرے کا ظہور باقی تھا۔ جو کتب سابقہ میں "وہ نبی" اور مسلمانوں کی زبان پر "آنحضرت ﷺ" کے خطاب سے یاد کیے گیے۔ اگر آنحضرت ﷺ "وہ نبی ﷺ" نہیں تو پادری بتلائیں کہ مسیح علیہ السلام کے بعد "وہ نبی" کہلانے والا کون ہوا؟ [3] (1) ابو امامہ (2) عوف بن حارث (3) رافع بن مالک (4) قطبہ بن عامر (5) عقبہ بن عامر (6) معاذ بن حرث (7) ذکوان بن عبد قیس (6) خالد بن مخلد (9) عبادہ بن صامت (10) عباس بن عبادہ (11) ابو الہیثم (12) عویم بن ساعدہ۔

چھوڑ دیا تھا جن دنوں یہ مدینہ میں دین حق کی منادی کرتے اور تبلیغ کیا کرتے تھے۔ ان دنوں ان کے کندھے پر صرف کمبل کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہوتا تھا۔ جسے اگلی طرف سے کیکر کے کانٹوں سے اٹکا لیا کرتے تھے۔

بیعتِ عقبہ ثانیہ

مصعب ؓ مدینہ منورہ میں اسعد بن زرارہ ؓ کے گھر جا کر اترے تھے اور ان کو مدینے والے اَلْمُقْرِیُ [1] (پڑھانے والا استاد) کہا کرتے تھے۔ ایک دن مصعب ؓ و اسعد ؓ اور چند مسلمان'' بیئر مرق'' پر جمع ہوئے۔ یہ غور کرنے کے لیے کہ بنی عبدالاشہل اور بنی ظفر میں کیوں کر اسلام کی منادی کی جائے۔

سعد بن معاذ اور اسید بن حضیر ان قبائل کے سردار تھے اور ابھی مسلمان نہ ہوئے تھے۔ انھیں بھی خبر ہوئی سعد بن معاذ نے اسید بن حضیر سے کہا:

> '' تم کس غفلت میں پڑے ہو۔ دیکھو یہ دونوں ہمارے گھروں میں آ کر ہمارے بیوقوفوں کو بہکانے لگے۔ تم جاؤ۔ انھیں جھڑک دو اور کہہ دو کہ ہمارے محلوں میں پھر کبھی نہ آئیں۔ میں خود ایسا کرتا۔ مگر اس لیے خاموش ہوں کہ اسعد میری خالہ کا بیٹا ہے۔''

اسید بن حضیر اپنا ہتھیار لے کر روانہ ہوا۔ اسعد ؓ نے مصعب ؓ کو کہا: دیکھو یہ قبیلے کا سردار آ رہا ہے۔ اللہ کرے کہ وہ تیری بات مان جائے۔ مصعب نے کہا: کہ اگر وہ آ کر بیٹھ گیا تو میں اس سے ضرور کلام کروں گا۔ اتنے میں اسید ؓ آ پہنچا اور کھڑا کھڑا گالیاں دیتا رہا اور یہ بھی کہا کہ تم ہمارے احمق نادان لوگوں کو پھسلانے آئے ہو۔

مصعب ؓ کے وعظ پر اسید ؓ کا ایمان لانا

مصعب ؓ نے کہا: کاش! آپ بیٹھ کر کچھ سن لیں۔ اگر پسند آئے، قبول فرمائیں، ناپسند ہو تو اسے چھوڑ جائیں۔ اسید ؓ نے کہا: خیر کیا مضائقہ ہے۔ مصعب ؓ نے سمجھایا کہ اسلام کیا ہے اور پھر اسے قرآن مجید بھی پڑھ کر سنایا۔ اسید ؓ نے سب کچھ چپ چاپ سنا۔ بالآخر کہا: ہاں یہ بتلاؤ کہ جب کوئی تمھارے دین میں داخل ہونا چاہتا ہے تو تم کیا کرتے ہو؟

انہوں نے کہا: نہلا کر، پاک کپڑے پہنا کر کلمہ شہادت پڑھا دیتے ہیں اور دو رکعت نفل پڑھوا دیتے ہیں۔ اسید ؓ اٹھا، کپڑے دھوئے، کلمہ شہادت پڑھا اور نفل ادا کیے۔ پھر کہا: میرے پیچھے ایک اور شخص ہے۔ اگر تمھارا پیرو ہو گیا تو پھر کوئی تمھارا مخالف نہ رہے گا اور میں جا کر ابھی تمہارے پاس بھیج دیتا ہوں۔ اسید ؓ یہ کہہ کر چلا گیا۔ ادھر سعد بن معاذ ؓ اس کے انتظار میں تھا۔ دور سے چہرہ دیکھتے ہی بولا۔ دیکھو اسید ؓ کا وہ چہرہ نہیں جو جاتے وقت تھا۔ جب اسید ؓ آ بیٹھا تو سعد ؓ نے پوچھا کہ کیا ہوا؟ اسید ؓ بولا، میں نے انھیں سمجھا دیا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ ہم تمھاری منشا کے خلاف کچھ نہ کریں گے۔ مگر وہاں تو ایک اور حادثہ پیش آیا۔ بنو حارثہ وہاں آ گئے اور اسعد بن زرارہ کو اس لیے قتل کرنے پر آمادہ ہیں کہ وہ تیرا بھائی ہے۔ یہ سن کر سعد بن معاذ ؓ غصہ میں بھر گیا اور اپنا حربہ سنبھال کے کھڑا ہو گیا۔ اسے ڈر تھا کہ بنو حارثہ اس کے بھائی کو نہ مار ڈالیں۔ اس نے چلتے وقت یہ بھی کہا کہ اسید ؓ تم تو کچھ بھی کام نہ بنا کے آئے۔

---

[1] طبری صفحہ 235، اسد الغابۃ: 5/176۔

مصعب ؓ کے وعظ پر سعد بن معاذ ؓ کا ایمان قبول کرنا

سعد وہاں پہنچا۔ دیکھا کہ مصعب ؓ و اسعد ؓ دونوں اطمینان سے بیٹھے ہوئے ہیں۔ سعد ؓ سمجھا کہ اسید ؓ نے مجھے ان کی باتیں سننے کے لیے بھیجا ہے۔ یہ خیال آتے ہی انھیں گالیاں دینے لگا اور اسعد ؓ کو یہ بھی کہا کہ اگر میرے تمھارے درمیان قرابت نہ ہوتی تو تمھاری کیا مجال تھی کہ ہمارے محلے میں چلے آتے۔ اسعد ؓ نے مصعب ؓ سے کہا: دیکھو یہ بڑے سردار ہیں اور اگر ان کو سمجھا دو تو پھر کوئی دو آدمی بھی تمھارے مخالف نہ رہ جائیں گے۔ مصعب ؓ نے سعد سے کہا: آیئے بیٹھ جایئے۔ کوئی بات کریں۔ ہماری بات پسند آئے تو قبول فرمایئے ورنہ انکار کر دیجیے۔ سعد ؓ حربہ رکھ کر بیٹھ گیا۔ مصعب ؓ نے اس کے سامنے اسلام کی حقیقت بیان کی اور قرآن مجید بھی سنایا۔ آخر سعد ؓ نے بھی وہی سوال کیا جو اسید ؓ نے کیا تھا۔ الغرض سعد ؓ اٹھا۔ نہایا، کپڑے دھوئے، کلمہ پڑھا، نفل ادا کیے اور ہتھیار لے کر اپنی مجلس میں واپس آیا۔ آتے ہی اپنے قبیلے کے لوگوں کو پکار کر کہا:

اے بنی عبد الاشہل! تم لوگوں کی میرے بارے میں کیا رائے ہے؟

سب نے کہا: تم ہمارے سردار ہو تمھاری رائے، تمھاری تلاش بہتر اور اعلیٰ ہوتی ہے۔

سعد ؓ بولا: سنو! خواہ کوئی مرد ہے یا عورت۔ میں اس سے بات کرنا حرام سمجھتا ہوں جب تک کہ وہ اللہ اور رسول ﷺ پر ایمان نہ لائے۔

تمام قبیلہ ایک دن میں مسلمان ہوا

اس کے کہنے کا یہ اثر ہوا کہ بنی عبد الاشہل میں شام تک کوئی مرد اسلام سے خالی نہ رہا اور تمام قبیلہ ایک دن میں مسلمان ہو گیا۔ مصعب ؓ کی تعلیم سے اسلام کا چرچا اسی طرح انصار کے تمام قبیلوں میں پھیل گیا اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اگلے سال 13 نبوت کو تہتر (73) مرد، دو (2) عورتیں یثرب کے قافلے میں مل کر مکہ آئے۔ ان کو یثرب کے اہل ایمان نے اس لیے بھی بھیجا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کو اپنے شہر میں آنے کی دعوت دیں اور نبی ﷺ سے منظوری حاصل کریں۔

یہ راستبازوں کا گروہ اسی متبرک مقام پر جہاں دو سال سے اس شہر یثرب کے مشتاق حاضر ہوا کرتے تھے رات کی تاریکی میں پہنچ گیا اور اللہ کا برگزیدہ رسول ﷺ بھی اپنے تایا عباس ﷺ کو ساتھ لیے ہوئے وہاں جا پہنچا۔ [1]

حضرت عباس ؓ نے (جو ابھی مسلمان نہ ہوئے تھے) اس وقت ایک بات کام کی کہی۔ انھوں نے کہا: لوگو! تمھیں معلوم ہے کہ قریش مکہ محمد ﷺ کے جانی دشمن ہیں۔ اگر تم ان سے کوئی عہد و اقرار کرنے لگو تو پہلے سمجھ لینا کہ یہ ایک نازک اور مشکل کام ہے۔ محمد ﷺ سے عہد و پیمان کرنا سرخ و سیاہ لڑائیوں کو دعوت دینا ہے۔ [2] جو کچھ کرو سوچ سمجھ کر کرو، ورنہ بہتر ہے کہ کچھ بھی نہ کرو۔

ان راست بازوں نے عباس ؓ کو کچھ بھی جواب نہ دیا۔ ہاں رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ حضور ﷺ کچھ ارشاد فرمائیں:

عقبہ ثانیہ پر آنحضرت ﷺ کا وعظ

رسول اللہ ﷺ نے ان کو اللہ کا کلام جو اللہ کا پیغام انسان کی طرف ہے پڑھ کر سنایا۔ جس کے سننے سے وہ ایمان و ایقان کے نور سے بھرپور ہو گئے۔

---

[1] طبری صفحہ: 244 [2] سرخ لڑائی سے مراد سخت خونریز لڑائی ہے اور سیاہ لڑائی سے مراد تاریک انجام والی لڑائی مراد ہوتی ہے۔

اب سب لوگوں نے عرض کی کہ اللہ کا نبی ہمارے شہر میں چل کر بسے تا کہ ہمیں پورا پورا فیض حاصل ہو سکے۔

نبی ﷺ نے فرمایا:

(1) کیا تم دین حق کی اشاعت میں میری پوری پوری مدد کرو گے؟

(2) اور جب میں تمھارے شہر میں جا بسوں کیا تم میری اور میرے ساتھیوں کی حمایت اپنے اہل وعیال کی مانند کرو گے؟

ایمان والوں نے پوچھا: ایسا کرنے کا ہم کو معاوضہ کیا ملے گا؟ [1]

نبی ﷺ نے فرمایا: بہشت (جو نجات اور اللہ کی خوشنودی کا محل ہے)

ایمان والوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! یہ تو ہماری تسلی فرما دیجیے کہ حضور ﷺ ہم کو کبھی چھوڑ تو نہ دیں گے۔

نبی ﷺ نے فرمایا: میرا جینا، میرا مرنا تمہارے ساتھ ہوگا۔

اس آخری فقرے کا سننا تھا کہ عاشقان صداقت عجب سرور ونشاط کے ساتھ جان نثاری کی بیعت اسلام کرنے لگے۔ [2]

براء بن معرور رضی اللہ عنہ پہلے بزرگ ہیں جنھوں نے اس شب سب سے پہلے بیعت کی تھی۔

ایک شیطان نے پہاڑ کی چوٹی سے یہ نظارہ دیکھا اور چیخ کر اہل مکہ کو پکار کر کہا: لوگو! آؤ۔ دیکھو کہ محمد ﷺ اور اس کے فرقے کے لوگ تم سے لڑائی کے مشورے کر رہے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اس آواز کی پرواہ نہ کرو۔ عباس بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر حضور کی اجازت ہو تو ہم کل ہی مکہ والوں کو اپنی تلوار کے جوہر دکھا دیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہیں مجھے جنگ کی اجازت نہیں۔ [3]

نبی ﷺ کے بارہ نقیب

اس کے بعد نبی ﷺ نے ان سے بارہ (12) اشخاص کا انتخاب کیا اور ان کا نام نقیب رکھا اور یہ بھی فرمایا کہ جس طرح عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے اپنے لیے بارہ (12) شخصوں کو چن لیا تھا اسی طرح میں تمھیں انتخاب کرتا ہوں۔ تا کہ اہل یثرب میں جا کر دین کی اشاعت کرو۔ مکہ والوں میں میں خود یہ کام کروں گا۔

ان کے نام یہ ہیں:

قبیلہ بنو خزرج کے نو (9) اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ، رافع بن مالک رضی اللہ عنہ، عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ (یہ تینوں عقبہ اولیٰ میں بھی تھے)

سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ، منذر بن عمرو رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ، براء بن معرور رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ عنہ، سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ۔

قبیلہ اوس کے تین (3) اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ، سعد بن خیثمہ رضی اللہ عنہ، ابو الہیثم بن تیہان رضی اللہ عنہ [4]

قریش نے یثرب کے دو مسلمانوں کو گرفتار کیا

قریش کو دن نکلنے کے بعد کچھ بھنک سی معلوم ہوئی۔ وہ اہل یثرب کی تلاش میں نکلے، لیکن ان کا قافلہ صبح ہی روانہ ہو چکا تھا۔

---

[1] دیکھو پطرس کا سوال مسیح سے۔ متی 19-27
[2] وہ نوشتہ پورا ہوا: ''نور تاریکی میں چمکتا ہے۔'' انجیل یوحنا 5 باب
[3] زاد المعاد: 48/3
[4] الاستیعاب، زاد المعاد: 48/3

قریش نے سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ اور منذر بن عمرو رضی اللہ عنہ کو وہاں پایا۔ منذر رضی اللہ عنہ تو بھاگ گیا اور ان کے ہاتھ نہ آیا، مگر سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو انھوں نے پکڑ لیا اس کی سواری کے اونٹ کا تنگ کھول کر اس کی مشکیں باندھ دیں۔ مکہ میں لا کر اس کو مارتے اور اس کے سر کے لمبے لمبے بالوں کو کھینچتے تھے۔ یہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ وہی ہیں جن کو نبی ﷺ نے ان 12/ اشخاص میں سے ایک نقیب ٹھہرایا تھا۔ ان کا اپنا بیان ہے کہ جب قریش انھیں زدوکوب کر رہے تھے تو ایک سرخ وسفید شیریں شمائل شخص انھیں اپنی طرف آتا ہوا نظر آیا۔ میں نے اپنے دل میں کہا کہ اگر اس قوم میں سے کسی شخص سے مجھے بھلائی ہو سکتی ہے تو وہ یہی ہوگا۔ جب وہ میرے پاس آ گیا تو اس نے نہایت زور سے میرے منہ پر طمانچہ لگایا۔ اس وقت مجھے یقین آ گیا کہ ان میں کوئی بھی ایسا شخص نہیں جس سے امید خیر کی جا سکے۔ اتنے میں ایک شخص آیا۔ اس نے میرے حال پر ترس کھایا اور کہا کیا قریش کے کسی بھی شخص کے ساتھ تجھے حق ہمسائیگی حاصل نہیں اور کسی سے بھی تیرا عہد و پیمان نہیں؟ میں نے کہا: ہاں جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ اور حارث بن امیہ رضی اللہ عنہ جو عبد مناف کے پوتے ہیں وہ تجارت کے لیے ہمارے ہاں جایا کرتے ہیں اور میں نے بارہا ان کی حفاظت کی ہے۔ اس نے کہا کہ پھر انہی دونوں کے نام کی دہائی تجھے دینی اور اپنے تعلقات کا اعلان کرنا چاہیے۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ پھر وہی شخص ان دونوں کے پاس پہنچا اور انھیں بتلایا کہ خزرج کا ایک آدمی پٹ رہا ہے اور وہ تمھارا نام لے لے کر تمھیں پکار رہا ہے۔ ان دونوں نے پوچھا وہ کون ہے؟ اس نے بتلایا کہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ۔ وہ بولے: ہاں اس کا ہم پر احسان بھی ہے اور انھوں نے آ کر سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو چھڑا دیا اور یہ ثابت قدم بزرگ یثرب کو سدھار گئے۔

مسلمانوں کو ترک وطن کی اجازت مل گئی

عقبہ ثانیہ کی بیعت کے بعد نبی ﷺ نے ان مسلمانوں کو جو مکہ سے باہر نہ گئے تھے لیکن جن پر اب اتنے ظلم وستم ہونے لگے تھے کہ پیارا وطن ان کے لیے آگ کا پہاڑ بن گیا، یثرب چلے جانے کی اجازت فرما دی۔ ان ایمان والوں کو گھر بار، خویش واقارب، باپ بھائی، زن وفرزند کے چھوڑنے کا ذرا بھی غم نہ تھا بلکہ خوشی یہ تھی کہ یثرب جا کر اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت پوری آزادی سے کر سکیں گے۔ [1]

ہجرت کی دشواریاں

ہجرت کرنے والوں اور گھر بار چھوڑ کر جانے والوں کو قریش کی سخت مزاحمت کا مقابلہ کرنا پڑتا تھا۔

① صہیب رومی رضی اللہ عنہ جب ہجرت کر کے جانے لگے تو کفار نے انھیں آ گھیرا۔ کہا صہیب رضی اللہ عنہ! جب تو مکہ آیا تھا تو مفلس وقلاش تھا۔ یہاں ٹھہر کر تو نے ہزاروں کمائے۔ آج یہاں سے جاتا ہے اور چاہتا ہے کہ سب مال وزر لے کر چلا جائے گا، یہ تو کبھی نہیں ہونے کا۔

صہیب رضی اللہ عنہ نے کہا: اچھا اگر میں اپنا سارا مال ومتاع تمھیں دے دوں تب مجھے تم جانے دو گے۔

قریش بولے: ہاں۔

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے سارا مال انھیں دے دیا اور یثرب کو روانہ ہو گئے۔ نبی ﷺ نے یہ قصہ سن کر فرمایا کہ اس سودے

---

[1] سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے حال سے کیا نتیجہ نکلتا ہے؟ کیا سبق ملتا ہے کہ اسلام کے ساتھ ہی اللہ کی طرف سے آزمائش شروع ہو جاتی ہے۔ بھوک وپیاس کی آزمائش، قوم وملک کی عداوت کی آزمائش، ضرر جسمانی ونقصان مال کی آزمائش وغیرہ وغیرہ اور جب کوئی شخص ان آزمائشوں پر پورا اترتا ہے تب وہ اللہ کے اس ابدی وعدہ کا مستحق ٹھہر جاتا ہے جو قرآن اور انجیل وتوراۃ میں مومنین سے کیا گیا ہے کہ اس کی دنیا بھی عمدہ ہوگی۔ کیا کوئی شخص ان بزرگوں کی نسبت جو ایسی آزمائشوں کے بعد اسلام کے شیریں ثمر ثابت ہوئے یہ کہہ سکتا ہے کہ بزور شمشیر مسلمان کیے گئے تھے۔ یا یہ کہہ سکتا ہے کہ ایسے بزرگ کسی دوسرے کو بزور شمشیر مسلمان کیا کرتے تھے۔

میں صہیب ؓ نے نفع کمایا۔ [1]

[2] حضرت ام سلمہ ؓا کہتی ہیں کہ میرے شوہر ابوسلمہ ؓ نے ہجرت کا ارادہ کیا۔ مجھے اونٹ پر چڑھایا۔ میری گود میں میرا بچہ سلمہ تھا۔ جب ہم چل پڑے تو بنومغیرہ نے آ کر ابوسلمہ ؓ کو گھیر لیا، کہا: تو جا سکتا ہے، مگر ہماری لڑکی کو نہیں لے جا سکتا۔ اب بنوعبدالاسد بھی آ گئے۔ انھوں نے ابوسلمہ ؓ سے کہا: تو جا سکتا ہے مگر بچہ کو جو ہمارے قبیلہ کا بچہ ہے، تو نہیں لے جا سکتا۔ غرض انھوں نے ابوسلمہ ؓ سے اونٹ کی مہار لے کر اونٹ بٹھا دیا۔ بنوعبدالاسد تو گود کے بچہ کو ماں سے چھین کے لے گئے اور بنومغیرہ ام سلمہ ؓا کو لے آئے۔ ابوسلمہ ؓ جو دین کے لیے ہجرت کرنا فرض سمجھتا تھا زن و بچہ کے بغیر روانہ ہو گیا۔

ام سلمہ ؓا روز شام کو اسی جگہ جہاں بچہ اور شوہر سے الگ ہو گئی تھی پہنچ جاتی، گھنٹوں رو دھو کر واپس آ جاتی۔ ایک سال اسی طرح روتے چلاتے گذر گیا۔ آخر ان کے ایک چچیرے بھائی کو رحم آیا اور ہر دو قبائل سے کہہ سن کر ام سلمہ ؓا کو اجازت دلا دی کہ اپنے شوہر کے پاس چلی جائے۔ بچہ بھی ان کو واپس دے دیا گیا۔ ام سلمہ ؓا ایک اونٹ پر سوار ہو کر مدینہ کو تن تنہا چل دیں۔ [2]

ایسی ہی مشکلات کا سامنا تقریباً ہر ایک صحابی ؓ کو کرنا پڑا تھا۔

[3] حضرت عمر فاروق ؓ کا بیان ہے کہ عیاش ؓ اور ہشام ؓ صحابی بھی ان کے ساتھ مدینہ چلنے کو تیار ہوئے تھے۔ عیاش بن ابی ربیعہ ؓ تو روانگی کے وقت جائے مقررہ پر پہنچ گئے مگر ہشام بن عاص ؓ کی بابت کفار کو خبر لگ گئی۔ ان کو قریش نے قید کر دیا۔ عیاش ؓ مدینہ جا پہنچے تھے کہ ابوجہل مع اپنے برادر حرث کے مدینہ پہنچا۔ عیاش ؓ ان کے چچیرے بھائی تھے اور تینوں کی ایک ماں تھی۔

ابوجہل و حرث نے کہا کہ تمھارے بعد والدہ کی بری حالت ہو رہی ہے۔ اس نے قسم کھائی ہے کہ عیاش کا منہ دیکھنے تک نہ سر میں کنگھی کروں گی اور نہ سایہ میں بیٹھوں گی۔ اس لیے بھائی تم چلو اور ماں کو تسکین دے کر آ جانا۔

عمر فاروق ؓ نے کہا: عیاش ؓ مجھے تو یہ فریب معلوم ہوتا ہے۔ تمھاری ماں کے سر میں کوئی جوں پڑ گئی تو وہ خود ہی کنگھی کر لے گی اور مکہ کی دھوپ نے ذرا خبر لی تو وہ خود ہی سایہ میں جا بیٹھے گی۔ میری رائے تو یہ ہے کہ تم کو جانا نہیں چاہیے۔

عیاش ؓ بولے: نہیں، میں والدہ کی قسم پوری کر کے واپس آ جاؤں گا۔

عمر فاروق ؓ نے کہا: اچھا اگر یہی رائے ہے تو سواری کے لیے میری ناقہ لے جاؤ۔ یہ بہت تیز رفتار ہے۔ اگر راستہ میں تمھیں ذرا بھی ان سے شبہ گزرے تو تم اس ناقہ پر بآسانی ان کی گرفت سے بچ کر آ سکو گے۔

عیاش ؓ نے ناقہ لے لی۔ یہ تینوں چل پڑے۔ ایک روز راہ میں (مکہ کے قریب) ابوجہل نے کہا: بھائی ہمارا اونٹ تو ناقہ کے ساتھ چلتا چلتا رہ گیا۔ بہتر ہے کہ تم مجھے اپنے ساتھ سوار کر لو۔ عیاش ؓ بولا: بہتر۔ جب عیاش ؓ نے ناقہ بٹھلائی تو دونوں بھائیوں نے اسے پکڑ لیا، مشکیں کس لیں اور مکہ میں اسی طرح لے کر داخل ہوئے۔

یہ دونوں بڑے فخر سے کہتے تھے کہ دیکھو، بے وقوفوں، احمقوں کو یوں سزا دیا کرتے ہیں۔ اب عیاش ؓ کو بھی ہشام بن عاص ؓ کے ساتھ قید کر دیا گیا۔

---

[1] سیرت ابن ہشام، ص: 168۔ صہیب ؓ نے شوال 38ھ میں بعمر 73 سال مدینہ میں وفات پائی۔ المطبرانی فی الکبیر: 43/8، حلیۃ الاولیاء: 151/1، الطبقات لابن سعد: 163/1، البدایہ والنہایہ: 173/3، اسد الغابہ: 39/ [2] سیرت ابن ہشام، ص: 168

جب نبی ﷺ مدینہ منورہ پہنچ گئے۔ تب حضور ﷺ کی تمنا پوری کرنے کے لیے ولید بن مغیرہ رضی اللہ عنہ مکہ میں آئے۔ زندان خانے سے دونوں کو شباشب نکال کر لے گئے۔ [1]

ان ہر سہ حکایات سے قارئین یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ ہجرت کے وقت بھی مسلمانوں کو کیسی سخت مصیبتوں پر غالب آنا پڑتا تھا۔ گھر چھوڑنا بھی بلا خاص جدوجہد اور ابتلا و امتحان کے آسان نہ تھا۔

ہجرت

جب مسلمان مکہ میں گنتی کے رہ گئے اور مشہور صحابہ میں سے صرف ابوبکر و علی رضی اللہ عنہما ہی باقی رہے تو قریش مکہ نے کہا: کہ اب محمد ﷺ کے قتل کر دینے کا اچھا موقع ہے۔

آنحضرت ﷺ کو قتل کرنے کے لیے قریش کے سرداروں کی کمیٹی کا اجلاس

تدبیر قتل پر غور کرنے کے لیے دار الندوہ میں خفیہ اجلاس ہوا۔ دار الندوہ کو قصی بن کلاب نے قائم کیا تھا۔ یہ گویا قریش کا ایوان پارلیمنٹ تھا۔ اس اجلاس میں نجد کا ایک تجربہ کار بوڑھا شیطان بھی آ کر شامل ہوا تھا اور قریش کے مشہور قبائل میں سے مندرجہ ذیل مشہور سردار موجود تھے۔

1. بنو عبد شمس میں سے: شیبہ و عتبہ۔ فرزندان ربیعہ اور ابوسفیان بن حرب۔
2. بنو نوفل میں سے طعیمہ بن عدی۔ جبیر بن مطعم، حارث بن عامر۔
3. بنو عبد الدار میں سے: نضر بن حارث بن کلدہ۔
4. بنو اسد بن عبد العزیٰ میں سے: ابو البختری بن ہشام۔ زمعہ بن اسود۔ حکیم بن حزام۔
5. بنو مخزوم میں سے: ابوجہل بن ہشام۔
6. بنو سہم میں سے: نبیہ و منبہ فرزندان حجاج۔
7. بنو جمح میں سے: امیہ بن خلف۔ [2]

ایک بولا: اسے پکڑ کر گلے میں طوق و زنجیر ڈال کر ایک مکان میں قید کر دو اور مکان کا دروازہ تیغہ کر دو تاکہ یہ بھی زہیر و نابغہ شاعروں کی موت کا مزا چکھتا ہوا مر جائے۔

بوڑھا نجدی بولا: نہیں، یہ ٹھیک نہیں۔ محمد (ﷺ) کے قید ہونے کی خبر باہر نکلے بغیر نہ رہے گی۔ مسلمان اسے چھڑا لے جائیں گے اور طاقت پا کر تمھیں بھی فنا کر دیں گے۔

دوسرا بولا: ایک سرکش اونٹ پر بٹھلا کر ہم اسے یہاں سے نکال دیں۔ ہماری طرف سے کہیں جائے، کہیں رہے، جیئے خواہ مرے۔

بوڑھا نجدی بولا۔ نہیں یہ رائے بھی ٹھیک نہیں۔ کیا تم محمد (ﷺ) کی دلآویز باتوں کو بھول گئے ہو کیا تم نہیں دیکھتے کہ وہ جس

---

[1] سیرت ابن ہشام، ص: 1/ 167، اسد الغابہ: 4/ 308 [2] قرآن مجید میں ہے ﴿ يَكِيدُونَ كَيْدًا ۝ وَأَكِيدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴾ [الطارق: 15-17] وہ تدبیریں کرتے ہیں اور اللہ بھی تدبیر کرتا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ان کو نرمی و آہستگی سے چھوڑ دیجیے۔ اس آیت کے ساتھ ان 14 سرداروں کا انجام آپ دیکھیے کہ گیارہ سردار ایک دن میں (جنگ بدر) قتل ہوئے اور تین (ابوسفیان بن حرب (جبیر بن مطعم و حکیم بن حزام) جو قتل سے بچے وہ بالآخر مسلمان ہو گئے تھے۔

سے بات کرتا ہے۔اسی کو اپنا بنالیتا ہے۔وہ دلوں پر کیسی آسانی سے قابو پالیتا ہے۔جہاں جائے گا۔وہیں کے باشندے اس کے ساتھ لگ جائیں گے اور وہ بالآخر تم سے اپنے نبی کا بدلہ لے کے چھوڑیں گے۔

نبی ﷺ کے قتل کی تدبیر، قاتلوں کے انتخاب کا طریق

آخر ابو جہل نے ایسی تدبیر بتلائی، جسے تمام جلسہ نے بالاتفاق منظور کرلیا۔تجویز اور تدبیر یہ تھی۔

1. عرب کے ہر ایک مشہور قبیلہ سے ایک ایک جوانمرد کا انتخاب کیا جائے۔
2. یہ سب بہادر رات کی تاریکی میں محمد ﷺ کے گھر کو گھیر لیں۔
3. جب محمد (ﷺ) صبح کی نماز کے لیے باہر نکلے۔اس وقت یہ سب بہادر اپنی اپنی تلوار سے اس پر وار کریں اور اس کی بوٹی بوٹی کردیں۔

اس تدبیر کا یہ فائدہ بتلایا گیا کہ جس قتل میں تمام قبیلے شامل ہوں گے۔اس کا بدلہ نہ تو محمد (ﷺ) کا قبیلہ لے سکے گا اور نہ محمد (ﷺ) کو سچا ماننے والے کچھ شر وفساد اٹھا سکیں گے۔

انسانی تدبیر کے مقابلہ میں الٰہی تدبیر

انسانی تدبیر کے مقابلہ میں اب الٰہی طاقت اور ربانی حمایت کو دیکھیے کہ جب رات کو ان لوگوں نے نبی ﷺ کا گھر آ گھیرا۔ اس وقت اللہ کے نبی ﷺ نے پیارے بھائی علی ؓ سے فرمایا: ”تم میرے بستر پر میری چادر لے کر سو رہو، ذرا فکر نہ کرنا۔کوئی شخص تیرا بال بھی بیکا نہ کر سکے گا۔حضرت علی ؓ تو ان تلواروں کے سائے میں نہایت بے فکری سے مزے کی نیند سو رہے اور اللہ کا رسول ﷺ اللہ کی حفاظت میں باہر نکلا اور ان دل کے اندھوں کی آنکھوں میں خاک ڈالتا ہوا اور سورہ یٰسٓ پڑھتا ہوا صاف نکل گیا۔ کسی نے نبی ﷺ کو جاتے نہ دیکھا۔ [1] یہ واقعہ 27/صفر 13 نبوت روز پنجشنبہ (جمعرات) (12 ستمبر 621ء) کا ہے۔

اللہ کا نبی ﷺ پیارے دوست ابوبکر ﷺ کے گھر پہنچا۔انھوں نے جلدی سے سفر کا ضروری سامان درست کیا۔ابوبکر ؓ کی بیٹی اسماء ؓ نے اپنا کمر بند کاٹ کر ستوؤں کے تھیلے کا منہ باندھ دیا۔اسی شب کی تاریکی میں دونوں بزرگوار چل پڑے۔مکہ سے چار میل کے فاصلے پر کوہ ثور ہے۔اس کی چڑھائی سر توڑ ہے۔راستہ سنگلاخ تھا۔نوکیلے پتھر نبی ﷺ کے پائے نازک کو زخمی کر رہے تھے اور ٹھوکر لگنے سے بھی تکلیف ہوتی تھی۔ابوبکر ؓ نے نبی ﷺ کو اپنے کندھے پر اٹھا لیا۔آخر ایک غار پر پہنچے۔ابوبکر ؓ نے نبی ﷺ کو باہر ٹھہرایا۔خود اندر جا کر غار کو صاف کیا۔تن کے کپڑے پھاڑ پھاڑ کر غار کے روزن بند کیے اور پھر عرض کیا کہ حضور ﷺ بھی تشریف لے آئیں۔

صبح ہوئی حضرت علی ؓ حسب معمول خواب سے بیدار ہوئے۔قریش نے قریب جا کر انھیں پہچانا۔پوچھا: محمد ﷺ کہاں ہے؟ علی ؓ نے جواب دیا: مجھے کیا خبر، کیا میرا پہرہ تھا؟ تم لوگوں نے انھیں نکل جانے دیا اور وہ نکل گئے۔قریش غصہ اور ندامت سے علی ؓ پر پل پڑے۔ان کو مارا اور خانہ کعبہ تک پکڑ لائے اور تھوڑی دیر کے لیے حبس بے جا میں رکھا آخر چھوڑ دیا۔ [2]

اب وہ ابوبکر ؓ کے گھر آئے، دروازہ کھٹکھٹایا۔اسماء بنت ابی بکر ؓ باہر نکلی۔ابو جہل نے پوچھا لڑکی تیرا باپ کدھر ہے؟ وہ

---

[1] خدا کے برگزیدہ داود علیہ السلام سے آنحضرت ﷺ کی مشابہت۔داود کھڑکی سے بھاگ کر بچ رہا۔میکل نے ایک بت پلنگ پر لٹا رکھا اور بکریوں کی کھال تکیہ کی جگہ اور اوپر سے چادر اوڑھا دی اور جب ساؤل نے ہرکارے داود کو پکڑنے کے لیے بھیجے تو یہ بولی کہ وہ بیمار ہے، سالح کتاب السموائیل (12-13-14) / 19 باب۔

[2] طبری ص:245

بولی بخدا مجھے معلوم نہیں۔

بدزبان و درشت خو ابوجہل نے ایسا طمانچہ کھینچ مارا کہ اسماء رضی اللہ عنہا کے کان کی بالی نیچے گر گئی۔ ①

ایک لڑکی کی قوت ایمانی

ہجرت کے متعلق ایک چھوٹی سی بات قابل ذکر ہے۔ اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میرے والد جاتے ہوئے گھر سے نقد روپیہ سب اٹھا کر لے گئے تھے۔ یہ پانچ یا چھ ہزار روپے تھے۔ والد کے چلے جانے کے بعد میرے دادا ابوقحافہ نے کہا ②

''بیٹی میں سمجھتا ہوں کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تم کو دوہری مصیبت میں ڈال دیا ہے۔ وہ خود بھی چلا گیا اور نقد و مال بھی ساتھ لے گیا۔''

اسماء رضی اللہ عنہا بولی: ''نہیں، دادا جان۔ وہ ہمارے لیے کافی روپیہ چھوڑ گئے ہیں۔''

اسماء رضی اللہ عنہا نے ایک پتھر لیا۔ اس پر کپڑا لپیٹا اور جس گھڑے میں روپیہ ہوا کرتا وہاں رکھ دیا اور پھر دادا کا ہاتھ پکڑ کر لے گئی۔ ابوقحافہ کی آنکھیں جاتی رہی تھیں۔ کہا دادا جان ہاتھ لگا کر دیکھو کہ مال موجود ہے۔ بوڑھے نے اسے ٹٹولا اور پھر کہا:

''خیر جب تمھارے پاس سرمایہ کافی ہے تو اب ابوبکر رضی اللہ عنہ کے جانے کا چنداں غم نہیں۔ یہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اچھا کیا اور میں سمجھتا ہوں کہ تمہارے لیے کافی انتظام کر گیا ہے۔''

اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ یہ تدبیر میں نے بوڑھے دادا کے اطمینانِ قلب کے لیے کی تھی ورنہ والد بزرگوار تو سب کچھ (نبی ﷺ کی خدمت کے لیے) ساتھ لے گئے تھے۔ ③

غار کا قیام

یہ چاند اور سورج دونوں تین روز تک اسی غار میں رہے۔ ④ رات کی تاریکی میں اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا گھر سے روٹی دے جاتی، عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہ اہل مکہ کی باتیں سنا جاتا۔ ⑤ عامر بن فہیرہ جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھائی کا غلام تھا اور جس کے پاس ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ریوڑ تھا۔ وہاں بکریاں لے آتا۔ نبی ﷺ دودھ بقدر ضرورت لے لیتے اور وہ پھر ریوڑ سے آنے والوں کے نقش قدم کو تمام راستے سے مٹا دیتا۔ ⑥

اللہ عزوجل نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے اس صدق و خلوص کا یہ اجر دیا کہ ﴿إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا﴾ فرما کر جس معیت الٰہی میں نبی ﷺ داخل تھے، اسی میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھی شامل کر دیا۔

غار سے روانگی

چوتھی شب ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر سے دو اونٹنیاں آگئیں جن کو اسی سفر کے لیے خوب فربہ اور تیار کیا گیا تھا۔ ایک پر نبی ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ دوسری پر عامر بن فہیرہ اور عبداللہ بن اریقط (جسے راستہ بتانے پر نوکر رکھ لیا گیا تھا) سوار ہوئے اور مدینہ کی جانب یکم ربیع الاول روز دوشنبہ (سوموار) (16 ستمبر 622ء) کو روانہ ہوئے۔

---

① طبری ص: 247 ② ابوقحافہ رضی اللہ عنہ اس وقت تک مسلمان نہ ہوئے تھے۔ فتح مکہ کے دن یہ مسلمان ہوئے تھے۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے خاندان کو جملہ صحابہ میں یہ خاص خصوصیت حاصل ہے کہ ان کے خاندان کی چار نسلیں صحابی ہیں۔ ③ ابن ہشام ص: 1/173 ④ یوحنا نبی نے داؤد علیہ السلام کو کہا۔ جب تیری غیر حاضری پر تین دن گزر جائیں تو تو وہاں جائیو (اسموئیل باب 20 درس 19) ⑤ ابن ہشام ص: 1/173 ⑥ بخاری: 5039

ہجرت سے نبی ﷺ نے انبیاء سابقین کی سنت کو پورا کیا۔ حضرت ابراہیم خلیل الرحمٰن اور حضرت موسیٰ اور حضرت داؤد علیہما السلام کی ہجرت کے واقعات بائبل میں موجود ہیں۔ نبی کریم ﷺ کے ساتھ ہجرت کے بعد نصرت الٰہی کی معیت کا ظہور ہوا۔ جیسا کہ پہلے نبیوں کے ساتھ بھی ہوتا رہا تھا۔

دلیل راہ نے درمیانی راستہ چھوڑ کر سمندر کے کنارہ کنارہ چلنا شروع کیا تھا۔ جب حضور ﷺ رابغ کے موجودہ قلعہ اور ساحل سمندر کے درمیانی میدان سے گزر رہے تھے، تب سراقہ بن جعشم نے حضور ﷺ کا تعاقب کیا۔ عبدالرحمٰن بن مالک مدلجی جو سراقہ کا برادرزادہ ہے، بیان کرتا ہے:

سراقہ خود سر پر لگائے، نیزہ تانے، بدن پر ہتھیار سجائے، اپنی گھوڑی (عوذ نام) پر ہوا سے باتیں کرتا جا رہا تھا کہ اس کی نظر حضور ﷺ پر پڑ گئی۔ اس نے سمجھا کہ وہ کامیاب ہو گیا۔ اتنے میں گھوڑی گھٹنوں کے بل گری۔ سراقہ نیچے آیا۔ اٹھا، گھوڑی کو اٹھایا، سوار ہوا۔ پھر چلا۔ نبی ﷺ قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے اور مالک سے لو لگائے ہوئے بڑھے چلے جا رہے تھے کہ نبی ﷺ کو دشمن کے قریب تر پہنچنے کی اطلاع عرض کی گئی۔ فرمایا: الٰہی ہمیں اس کے شر سے بچا۔ ادھر جب الفاظ مبارک زبان سے نکلے، ادھر گھوڑی کے قوائم زمین میں دھنس گئے۔ سراقہ گر پڑا اور سمجھ گیا کہ حفاظت الٰہی پر غالب آنا محال ہے۔ اس نے عاجزانہ الفاظ میں اپنی جان کی امان مانگی۔ امان دی گئی۔ سراقہ آگے بڑھا اور عرض کیا کہ اب میں ہر ایک حملہ آور کو پیچھے ہی روکتا رہوں گا۔ پھر اس کی درخواست اور نبی ﷺ کے ارشاد پر عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ نے اسے خط امان بھی لکھ کر عطا فرما دیا۔ [1]

غار سے نکل کر پہلے ہی دن اس مبارک قافلے کا گذر خیمہ ام معبد پر ہوا۔ یہ عورت قوم خزاعہ سے تھی۔ مسافروں کی خبر گیری اور ان کی تواضع کے لیے مشہور تھی۔ سرراہ پانی پلایا کرتی تھی اور مسافر وہاں ٹھہر کر ستایا کرتے تھے۔

یہاں پہنچ کر بڑھیا سے پوچھا کہ اس کے پاس کھانے کی کوئی چیز ہے؟ وہ بولی: نہیں۔ اگر کوئی شے موجود ہوتی تو دریافت کرنے سے پہلے میں خود حاضر کر دیتی۔

خیمہ ام معبد پر آنحضرت ﷺ کا آرام و قیام

نبی ﷺ نے خیمہ کے گوشہ میں ایک بکری دیکھی۔ پوچھا: یہ بکری کیوں کھڑی ہے؟ ام معبد نے کہا: کمزور ہے، ریوڑ کے ساتھ نہیں چل سکتی۔

نبی ﷺ نے فرمایا: ''اجازت ہے کہ ہم اسے دھولیں۔''

ام معبد نے کہا: ''اگر حضور کو دودھ معلوم ہوتا ہے تو دھو لیجیے۔''

نبی ﷺ نے بسم اللہ کہہ کر بکری کے تھنوں کو ہاتھ لگایا۔ برتن مانگا۔ وہ ایسا بھر گیا کہ دودھ اچھل کر زمین پر گر گیا۔ یہ دودھ

---

[1] سراقہ رضی اللہ عنہ اپنے دادا جعشم کی نسبت سے سراقہ بن جعشم مشہور ہے۔ سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ مدلجی کنانی ہے۔ علاقہ رابغ پر اسی کا قبیلہ قابض تھا۔ الاستیعاب میں ہے کہ جب سراقہ واپس ہونے لگا تو نبی ﷺ نے فرمایا: سراقہ اس وقت تیری کیا شان ہوگی جب تیرے ہاتھوں میں کسریٰ کے شاہی کنگن پہنائے جائیں گے۔ سراقہ رضی اللہ عنہ واقعہ احد کے بعد مسلمان ہوا۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد میں جب مدائن فتح ہوا اور کسریٰ کا تاج اور مرصع زیورات فاروق رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش ہوئے تو امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے سراقہ رضی اللہ عنہ کو بلایا اور اس کے ہاتھوں میں سوار کسروی پہنائے اور زبان سے فرمایا: اللہ اکبر! اللہ کی بڑی شان ہے کہ کسریٰ کے کنگن سراقہ اعرابی کے ہاتھوں میں پہنائے۔ (بخاری: 3906، مسلم: 2009، زادالمعاد: 55/3، الشفاء: 274/1، اتحاف السعادۃ: 18/7، اسدالغابہ: 414/2، احمد: 212/3، حاکم: 7,6/3)

آنحضرت ﷺ اور ہمراہیوں نے پی لیا۔ دوسری دفعہ پھر بکری کو دھویا گیا، برتن بھر گیا اور ام معبد کے لیے چھوڑ دیا اور آگے کو روانہ ہو گئے۔

کچھ دیر کے بعد ام معبد کا شوہر آیا۔ خیمہ میں دودھ کا بھرا ہوا برتن دیکھ کر حیران ہو گیا کہ یہ کہاں سے آیا۔ ام معبد نے کہا کہ ایک بابرکت شخص یہاں آیا اور یہ دودھ اس کے قدوم کا نتیجہ ہے۔ وہ بولا کہ یہ تو وہی صاحب قریش معلوم ہوتا ہے جس کی مجھے تلاش تھی۔ اچھا! تم ذرا اس کی توصیف تو کرو۔ ام معبد بولی:

حلیہ مبارک آنحضرت ﷺ بزبان ام معبد

ظَاهِرُ الْوَضَاءَةِ اَبْلَجُ الْوَجْهِ حَسَنُ الْخَلْقِ۔ لَمْ تَعِبْهُ ثُجْلَةٌ وَ لَمْ تُزْرِ بِهِ صُعْلَةٌ وَسِيْمٌ قَسِيْمٌ فِيْ عَيْنَيْهِ دَعَجٌ وَ فِيْ اَشْعَارِهِ وَ طَفٌ وَ فِيْ صَوْتِهِ صَحَلٌ وَ فِيْ عُنُقِهِ سَطَعٌ اَحْوَرُ، اَكْحَلُ، اَزَجُّ، اَقْرَنُ، شَدِيْدُ سَوَادِ الشَّعْرِ، اِذَا صَمَتَ عَلَاهُ الْوَقَارُ، وَاِنْ تَكَلَّمَ عَلَاهُ الْبَهَاءُ اَجْمَلُ النَّاسِ وَ اَبْهَاهُمْ مِنْ بَعِيْدٍ، وَاَحْسَنُهُ ، وَاَحْلَاهُ مِنْ قَرِيْبٍ حُلْوَ الْمَنْطِقِ ، فَصْلٌ، لَا نَزْرٌ، وَلَا هَذْرٌ، كَاَنَّ مَنْطِقَهُ خرزاتُ نَظْمٍ يَتَحَدَّرْنَ ، رَبْعَةٌ ،لَا تَقْتَحِمُهُ، عَيْنٌ مِنْ قِصَرٍ ، وَلَا تَشْنَؤُهُ، مِنْ طُوْلٍ، غُصْنٌ بَيْنَ غُصْنَيْنِ فَهُوَ اَنْضَرُ الثَّلٰثَةِ مَنْظَرًا وَاَحْسَنُهُمْ قَدْرًا، لَهُ رُفَقَاءُ يَحُفُّوْنَ بِهِ، اِذَا قَالَ اسْتَمِعُوْا لِقَوْلِهِ، وَاِذَا اَمَرَ، تَبَادَرُوْا اِلٰى اَمْرِهِ ، مَحْفُوْدٌ، مَحْشُوْدٌ ،لَا عَابِسٌ وَّ لَا مُفْنِدٌ۔

''پاکیزہ رو، کشادہ چہرہ، پسندیدہ خو، نہ توندنکلی ہوئی، نہ چندیا کے بال گرے ہوئے، زیبا، صاحب جمال، آنکھیں سیاہ و فراخ، بال لمبے اور گھنے، آواز میں بھاری پن، بلند گردن، روشن مردمک، سرگیں چشم، باریک و پیوستہ ابرو، سیاہ گھنگریالے بال، خاموش وقار کے ساتھ، گویا دل بستگی لیے ہوئے، دور سے دیکھنے میں زیبندہ و دلفریب۔ قریب سے نہایت شیریں و کمال حسین، شیریں کلام، واضح الفاظ، کلام کمی و بیشی سے معرا، تمام گفتگو موتیوں کی لڑی جیسی پروئی ہوئی، میانہ قد کہ کوتاہی سے حقیر نظر نہیں آتے، نہ طویل کہ آنکھ اس سے نفرت کرتی۔ زیبندہ نہال کی تازہ شاخ، زیبندہ منظر والا قد، رفیق ایسے کہ ہر وقت اس کے گرد و پیش رہتے ہیں، جب وہ کچھ کہتا ہے تو چپ چاپ سنتے ہیں، جب حکم دیتا ہے تو تعمیل کے لیے جھپٹتے ہیں، مخدوم مطاع، نہ کوتہ سخن، نہ فضول گو۔''

یہ صفت سن کر وہ بولا کہ یہ تو ضرور صاحب قریش ہے اور میں اسے ضرور جا ملوں گا۔ [1]

---

[1] زاد المعاد: 3/56-57، البدایہ والنہایہ: 3/192-194، الطبقات لابن سعد: 1/230۔ مکہ سے باہر بدوی غیر مسلم قبائل میں آنحضرت ﷺ کو لوگ صاحب قریش کہتے تھے۔

نبوت کے تیرہ (13) سال مکہ میں

سابقین واولین کی شان

نبوت کے تیرہ (13) سال مکہ میں جس طرح گزرے۔ ان کا مختصر حال یہ تھا جو لکھا گیا۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اس عرصہ میں اگرچہ مسلمانوں کی تعداد چند سینکڑوں سے زیادہ نہیں بڑھی تھی لیکن یہ بھی عجیب کامیابی تھی کہ ان ایمان لانے والوں میں:

1. علی ؓ، ابوبکر ؓ، عثمان ؓ، عمر ؓ کی شان کے بزرگوار تھے۔ جن کی علمی فضیلت، عملی کشش وطاقت۔ روشن ضمیری اور برترین قابلیت کے اوصاف نے چاردانگ عالم کی رہنمائی کی۔
2. یا مصعب بن عمیر ؓ، جعفر طیار ؓ، اور ابوعبیدہ بن الجراح ؓ کی سی اعلیٰ استعداد کے تھے جنھوں نے یثرب وحبش ونجران کو وعظ کے ذریعے سے مسلمان کرلیا۔
3. یا عبداللہ بن مسعود ؓ وعبدالرحمٰن بن عوف ؓ کے منصب کے تھے جن کی علمی روایات سینکڑوں علمی نکات کی مخزن ہیں۔
4. یا زبیر ؓ وطلحہ ؓ وعمار ؓ ویاسر ؓ کے درجے کے، جن کی جان نثاری وحق پسندی کی نظیر پیش کرنے سے تاریخ قاصر ہے۔
5. یا بلال ؓ، سمیہ ؓ، اور کعب ؓ، خباب ؓ کے نمونے جنھوں نے اپنے استقلال واستقامت سے فرعون طبیعت ظالموں کو ظلم کرتے کرتے تھکا دیا تھا۔
6. یا سکران ؓ، شموس ؓ، ام حبیبہ ؓ وخنیس ؓ کے حوصلے کے۔ جنھوں نے دین حقہ کے خویش واقارب۔ وطن ومولد کو چھوڑ کر حبش میں جا اقامت کی تھی۔
7. یا لبید ؓ اور سوید بن صامت ؓ الملقب کامل وانیس برادر ابوذر ؓ جیسے فصیح وبلیغ جو ایک ایک تقریر یا ایک ایک قصیدے سے کئی کئی قبیلوں پر قابو پالیتے تھے اور جو دنیا میں اپنے سے بڑھ کر کسی کو حقائق دان، معانی رس اور انسانی طبیعت کا رمز شناس نہ جانتے تھے۔ انہی ایام میں اسلام مکہ سے باہر پھیل گیا تھا جس کی چند مثالیں درج کی جاتی ہیں۔

1. طفیل بن عمرو دوسی ؓ جو ملک یمن کے ایک حصہ کا فرمانروا تھا۔ مکہ میں مسلمان ہوا تھا اور اس طفیل ؓ کے طفیل اس کے ملک میں بھی اسلام پھیل گیا تھا۔
2. ابوذر غفاری ؓ، ان کا بھائی انیس ؓ ان کی ماں اور نصف قبیلہ غفار۔
3. عیسائیان نجران میں سے 20 کس۔
4. حماد الازدی ؓ یمن کا مشہور کاہن۔
5. قبیلہ بنی الاشہل۔
6. تمیم ونعیم اور کچھ باشندگان ملک شام۔
7. حبش کے بہت لوگ وغیرہ وغیرہ۔

اثنائے راہ میں بریدہ رضی اللہ عنہ اور ستر (70) اشخاص کا مسلمان ہونا

نبی ﷺ یثرب جارہے تھے۔ کہ اثنائے راہ میں بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ ملا۔ یہ اپنی قوم کا سردار تھا۔ قریش نے آنحضرت ﷺ کی گرفتاری پر ایک سو (100) اونٹ کا انعام مشتہر کیا تھا اور بریدہ اسی انعام کے لالچ سے آنحضرت ﷺ کی تلاش میں نکلا تھا۔ جب نبی ﷺ کے سامنے ہوا اور حضور ﷺ سے ہم کلام ہونے کا موقع ملا۔ تو بریدہ رضی اللہ عنہ ستر (70) آدمیوں سمیت مسلمان ہوگیا۔ اپنی پگڑی اتار کر نیزہ پر باندھ لی۔ جس کا سفید پھریرا ہوا میں لہراتا اور بشارت سناتا تھا کہ امن کا بادشاہ، صلح کا حامی۔ دنیا کو عدالت اور انصاف سے بھرپور کرنے والا تشریف لا رہا ہے۔

راستہ میں نبی ﷺ کو زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ ملے۔ یہ شام سے آرہے تھے اور مسلمانوں کا تجارت پیشہ گروہ بھی ان کے ساتھ تھا۔ انھوں نے نبی ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لیے سفید پارچات پیش کیے۔ [1]

قبا میں پہنچنا

8/ربیع الاول [2] 13 نبوت بروز سوموار [3] (23 ستمبر 622ء) مطابق 10 تشری 4383 یہود تھی کہ اللہ کا نبی ﷺ قبا میں پہنچ گیا۔ اہل یثرب نے جب سے سنا تھا کہ آنحضرت ﷺ نے مکہ چھوڑ دیا ہے۔ روز صبح سے سرِ راہ ہمہ چشم بن کر بیٹھ جاتے اور جب تک ٹھیک دوپہر نہ ہوجاتی، بیٹھے رہتے۔ یہ بزرگوار ابھی واپس ہی گئے تھے کہ حضور ﷺ پہنچ گئے اور ایک شخص کے پکارنے سے سب جمع ہوگئے اور خیر مقدم، اللہ اکبر کے ترانے گاتے ہوئے آفتاب رسالت ﷺ کے گرد اگرد نور خیز شعاعوں کی طرح جمع ہوگئے۔ اکثر مسلمان ایسے تھے، جنھوں نے ہنوز دیدار پر انوار سے چشم ظاہر بین کو روشن نہ کیا تھا۔ انھیں نبی اللہ اور حضور ﷺ کے رفیق ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی شناخت سے اشتباہ ہوجاتا تھا۔ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ اس ضرورت کو تاڑ گئے اور سر مبارک پر سایہ کرکے کھڑے ہوگئے۔

اللہ کا رسول ﷺ جمعرات تک یہاں ٹھہرا اور اس سہ روزہ قیام ہی میں سب سے پہلا کام یہاں [4] یہ کیا کہ اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کے لیے ایک مسجد کی بنیاد رکھی۔

اسی جگہ شیر خدا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ بھی مکہ سے پاپیادہ سفر کرتے ہوئے نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچ گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ چندروز تک مکہ میں حسب الارشاد نبوی ﷺ اس لیے ٹھہر گئے تھے کہ جن لوگوں کی امانتیں آنحضرت ﷺ کے گھر میں موجود تھیں، وہ مالکوں کو واپس کردی جائیں۔

12/ربیع الاول 1 ہجرت کو جمعہ کا دن تھا۔ [5] نبی ﷺ قبا سے سوار ہوکر بنی سالم کے گھروں تک پہنچے تھے کہ جمعہ کا وقت ہوگیا۔ یہاں سو (100) آدمیوں کے ساتھ جمعہ پڑھا۔ یہ اسلام میں پہلا جمعہ تھا۔

---

[1] بخاری: 3906 [2] سرور المحزون شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ المتوفی 1174ھ

[3] بخاری: 3906، الطبقات لابن سعد: 6233/1، زاد المعاد: 58/3، ابن ہشام: 492/1

[4] تفسیر علامہ ابن السعود ص: 152، جلد 8۔ مگر صحیح بخاری میں " بضع عشر لیلة" لکھا ہے۔ (بخاری: 3906)

[5] مطابق 27 دسمبر 622ء، زاد المعاد ص: 59/3 میں 12/ربیع الاول کو دوشنبہ لکھا ہے۔ یہ غلط ہے۔

خطبہ

خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ اَوَّلِ جُمُعَۃٍ جَمَعَھَا بِالْمَدِیْنَۃِ فِیْ بَنِیْ سَالِمِ بْنِ عَوْفٍ،
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَحْمَدُہٗ وَاَسْتَعِیْنُہٗ وَ اَسْتَغْفِرُہٗ وَاَسْتَھْدِیْہِ وَ اُوْمِنُ بِہٖ وَ لَا اَکْفُرُہٗ وَ اُعَادِیْ مَنْ یَّکْفُرُہٗ وَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ اَرْسَلَہٗ بِالْھُدٰی وَالنُّوْرِ وَالْمَوْعِظَۃِ عَلٰی فِتْرَۃٍ مِنَ الرُّسُلِ وَ قِلَّۃٍ مِنَ الْعِلْمِ وَضَلَالَۃٍ مِنَ النَّاسِ وَ اِنْقِطَاعٍ مِنَ الزَّمَانِ وَدُنُوٍّ مِنَ السَّاعَۃِ وَ قُرْبٍ مِنَ الْاَجَلِ مَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ فَقَدْ رَشَدَ وَ مَنْ یَّعْصِھِمَا فَقَدْ غَوٰی وَفَرَّطَ وَضَلَّ ضَلَالًا بَعِیْدًا اُوْصِیْکُمْ بِتَقْوَی اللّٰہِ فَاِنَّہٗ، خَیْرُ مَا اَوْصٰی بِہِ الْمُسْلِمُ الْمُسْلِمَ اَنْ یَّحُضَّہٗ عَلَی الْاٰخِرَۃِ وَ اَنْ یَّاْمُرَہٗ بِتَقْوَی اللّٰہِ ۔ فَاحْذَرُوْا مَا حَذَّرَکُمُ اللّٰہُ مِنْ نَّفْسِہٖ وَ لَا اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِکَ نَصِیْحَۃٌ وَّ لَا اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِکَ ذِکْرًا وَّ اِنَّ تَقْوَی اللّٰہِ لِمَنْ عَمِلَ عَلٰی وَجَلٍ وَ مَخَافَۃٍ مِّنْ رَّبِّہٖ عَوْنُ صِدْقٍ عَلٰی مَا تَبْغُوْنَ مِنَ الْاَمْرِ الْاٰخِرَۃِ بَیْنَہٗ وَ بَیْنَ اللّٰہِ مِنْ اَمْرِہٖ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِیَۃِ ۔ لَا ینوی بِذٰلِکَ اِلَّا وَجْہَ اللّٰہِ یَکُنْ لَّہٗ ذِکْرًا فِیْ عَاجِلِ اَمْرِہٖ وَ ذُخْرًا فِیْ بَعْدَ الْمَوْتِ حِیْنَ یَفْتَقِرُ الْمَرْءُ اِلٰی مَا قَدَّمَ ۔ وَ مَا کَانَ سِوٰی ذٰلِکَ ۔ یَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَیْنَہٗ، وَ بَیْنَھَا اَمَدًا بَعِیْدًا ۔ وَیُحَذِّرُکُمُ اللّٰہُ نَفْسَہٗ وَاللّٰہُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ۔ وَالَّذِیْ صَدَّقَ قَوْلَہٗ وَاَنْجَزَ وَعْدَہٗ لَا خِلْفَ لِذٰلِکَ فَاِنَّہٗ یَقُوْلُ عَزَّ وَ جَلَّ، مَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ وَ مَا اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ۔
فَاتَّقُوا اللّٰہَ فِیْ عَاجِلِ اَمْرِکُمْ وَ اٰجِلِہٖ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِیَۃِ فَاِنَّہٗ مَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یُکَفِّرْ عَنْہُ سَیِّاٰتِہٖ وَ یُعْظِمْ لَہٗ اَجْرًا وَ مَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا وَ اَنَّ تَقْوَی اللّٰہِ یُوَقِّیْ مَقْتَہٗ وَ یُوَقِّیْ عُقُوْبَتَہٗ وَیُوَقِّیْ سَخَطَہٗ۔
وَ اِنَّ تَقْوَی اللّٰہِ یُبَیِّضُ الْوُجُوْہَ وَ یُرْضِی الرَّبَّ وَ یَرْفَعُ الدَّرَجَۃَ خُذُوْا حَظَّکُمْ وَ لَا تُفَرِّطُوْا فِیْ جَنْبِ اللّٰہِ۔ قَدْ عَلَّمَکُمُ اللّٰہُ کِتَابَہٗ وَ نَھَجَ لَکُمْ سَبِیْلَہٗ لِیَعْلَمَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَ یَعْلَمَ الْکَاذِبِیْنَ ،فَاَحْسِنُوْا کَمَا اَحْسَنَ اللّٰہُ اِلَیْکُمْ وَ عَادُوْا اَعْدَاءَ اللّٰہِ وَ جَاھِدُوْا فِی اللّٰہِ حَقَّ جِھَادِہٖ ھُوَ اجْتَبٰکُمْ وَ سَمّٰکُمُ الْمُسْلِمِیْنَ لِیَھْلِکَ مَنْ ھَلَکَ عَنْ بَیِّنَۃٍ وَ یَحْیٰی مَنْ حَیَّ عَلٰی بَیِّنَۃٍ وَّ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ فَاَکْثِرُوا ذِکْرُوا اللّٰہَ وَ اعْمَلُوْا لِمَا بَعْدَ الْیَوْمِ فَاِنَّہٗ، مَنْ یُّصْلِحُ مَا بَیْنَہٗ وَ بَیْنَ اللّٰہِ یَکْفِہِ اللّٰہُ مَا بَیْنَہٗ وَ بَیْنَ النَّاسِ ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ یَقْضِیْ عَلَی النَّاسِ وَ لَا یَقْضُوْنَ عَلَیْہِ وَ یَمْلِکُ مِنَ النَّاسِ وَ لَا یَمْلِکُوْنَ مِنْہُ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔ [1]

رسول اللہ ﷺ کا سب سے پہلے جمعہ کا خطبہ، جو مدینہ پہنچ کر بنی سالم بن عوف میں حضور ﷺ نے پڑھا تھا۔

حمد وستائش اللہ کے لیے ہے۔ میں اس کی حمد کرتا ہوں۔ مدد، بخشش اور ہدایت اسی سے چاہتا ہوں۔ میرا ایمان اسی پر ہے۔ میں اس کی نافرمانی نہیں کرتا اور نافرمانی کرنے والوں سے عداوت رکھتا ہوں۔ میری شہادت یہ ہے کہ اللہ کے سوا

---

[1] تاریخ الملل والامم طبری رحمہ اللہ

عبادت کے لائق کوئی بھی نہیں۔ وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں۔ محمد ﷺ اس کا بندہ اور رسول ہے اسی نے محمد ﷺ کو ہدایت۔ نور اور نصیحت کے ساتھ ایسے زمانے میں بھیجا ہے جب کہ مدتوں سے کوئی رسول دنیا میں نہ آیا تھا۔ علم گھٹ گیا اور گمراہی بڑھ گئی تھی۔ اسے آخری زمانے میں قیامت کے قریب اور موت کی نزدیکی کے وقت بھیجا گیا ہے۔ جو کوئی اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کرتا ہے وہی راہ یاب ہے اور جس نے ان کا حکم نہ مانا وہ بھٹک گیا۔ درجہ سے گر گیا اور سخت گمراہی میں پھنس گیا ہے۔ مسلمانو! میں تمھیں اللہ سے تقویٰ کی وصیت کرتا ہوں۔ بہترین وصیت جو مسلمان مسلمان کو کر سکتا ہے یہ ہے کہ اسے آخرت کے لیے آمادہ کرے اور اللہ سے تقویٰ کے لیے کہے۔ لوگو! جن باتوں سے اللہ نے تمھیں پرہیز کرنے کو کہا ہے ان سے بچتے رہو۔ اس سے بڑھ کر نہ کوئی نصیحت ہے اور نہ اس سے بڑھ کر کوئی ذکر ہے۔ یاد رکھو کہ امور آخرت کے بارے میں اس شخص کے لیے جو اللہ سے ڈر کر کام کر رہا ہے تقویٰ بہترین مددثابت ہوگا [1] اور جب کوئی شخص اپنے اور اللہ کے درمیان کا معاملہ خفیہ و ظاہر میں درست کرلے گا اور ایسا کرنے میں اس کی نیت خالص ہوگی تو ایسا کرنا اس کے لیے دنیا میں ذکر اور موت کے بعد (جب کہ انسان کو اعمال کی ضرورت و قدر معلوم ہوگی) ذخیرہ بن جائے گا۔

لیکن اگر کوئی ایسا نہیں کرتا (تو اس کا ذکر اس آیت میں ہے) انسان پسند کرے گا کہ اس کے اعمال اس سے دور ہی رکھے جائیں۔ اللہ تم کو اپنی ذات سے ڈراتا ہے اور اللہ تو اپنے بندوں پر نہایت مہربان ہے۔ اور جس شخص نے اللہ کے حکم کو سچ جانا اور اس کے وعدوں کو پورا کیا تو اس کی بابت یہ ارشاد الٰہی موجود ہے ہمارے ہاں بات نہیں بدلتی اور ہم اپنے ناچیز بندوں پر ظلم نہیں کرتے۔

مسلمانو! اپنے موجودہ اور آئندہ، ظاہر اور خفیہ کاموں میں اللہ سے تقویٰ کو پیش نظر رکھو کیوں کہ تقویٰ والوں کی بدیاں چھوڑ دی جاتی ہیں اور اجر بڑھا دیا جاتا ہے۔ تقویٰ والے وہ ہیں جو بہت بڑی مراد کو پہنچ جائیں گے۔ یہ تقویٰ ہی ہے جو اللہ کی بیزاری، عذاب اور غصہ کو دور کر دیتا ہے۔ یہ تقویٰ ہی ہے جو چہرہ کو درخشاں، پروردگار کو خوش اور درجہ کو بلند کرتا ہے مسلمانو! حظ اٹھاؤ۔ مگر حقوق الٰہی میں فروگذاشت نہ کرو۔ اللہ نے اسی لیے تم کو اپنی کتاب سکھلائی اور اپنا رستہ دکھلایا ہے کہ راست بازوں اور کاذبوں کو الگ الگ کر دیا جائے۔ لوگو! اللہ نے تمھارے ساتھ عمدہ برتاؤ کیا ہے۔ تم بھی لوگوں کے ساتھ ایسا ہی کرو اور جو اللہ کے دشمن ہیں انھیں دشمن سمجھو۔ اور اللہ کے رستے میں پوری ہمت اور توجہ سے کوشش کرو۔ اسی نے تم کو برگزیدہ بنایا اور تمھارا نام مسلمان رکھا ہے۔ تاکہ ہلاک ہونے والا بھی روشن دلائل پر ہلاک ہو اور زندگی پانے والا بھی روشن دلائل پر زندگی پائے اور سب نیکیاں اللہ کی مدد سے ہیں۔ لوگو! اللہ کا ذکر کرو اور آئندہ زندگی کے لیے عمل کرو۔ کیوں کہ جو شخص اپنے اور اللہ کے درمیان معاملہ درست کر لیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے اور لوگوں کے درمیان کے معاملہ کو درست کر دیتا ہے۔ ہاں۔! اللہ بندوں پر حکم چلاتا ہے اور اس پر کسی کا حکم نہیں چلتا۔ اللہ بندوں کا مالک ہے اور بندوں کو اس پر کوئی اختیار نہیں۔ اللہ سب سے بڑا ہے اور ہم کو (نیکی کرنے کی) طاقت اسی عظمت والے سے ملتی ہے۔''

---

[1] تقویٰ اس انسانی ملکہ کا نام ہے جو انسان کو شبہات و منکرات سے روک دیتا ہے۔

مدینہ منورہ میں داخلہ

نماز جمعہ سے فارغ ہو کر نبی ﷺ یثرب کی جنوبی جانب سے شہر میں داخل ہوئے اور اسی دن سے شہر کا نام ''مدینۃ النبی'' ہو گیا۔ جسے مختصراً مدینہ منورہ بھی کہا جاتا ہے۔

داخلہ عجب شاندار تھا۔ گلی کوچے تحمید و تقدیس کے کلمات سے گونج رہے تھے۔ مرد و عورت۔ بچے بوڑھے نور الٰہی کا جلوہ دیکھنے کے لیے سراپا چشم بن گئے تھے۔ تشریف آوری کے اس شکوہ و احتشام کو دیکھ کر اہل کتاب کے عالم سمجھ گئے کہ ''حبقوق نبی'' کی کتاب باب 3 درس 3 کا مطلب آج کھلا۔

''اللہ جنوب سے اور وہ جو قدوس ہے کوہ فاران سے آیا ہے۔ [1] اس کی شوکت سے آسمان چھپ گیا اور زمین اس کی حمد سے معمور ہوئی۔''

انصار کی معصوم لڑکیاں پیارے لہجہ اور پاک زبانوں سے اس وقت یہ چند اشعار گا رہی تھیں۔ [2]

اَشْرَقَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا	ان پہاڑوں سے جو ہیں سوئے جنوب
مِنْ ثَنِيَّاتِ [3] الْوَدَاعِ	چودھویں کا چاند ہے ہم پر چڑھا
وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا	کیسا عمدہ دین اور تعلیم ہے
مَا دَعَى لِلّٰهِ دَاعِیْ	شکر واجب ہے ہمیں اللہ کا
اَيُّهَا الْمَبْعُوْثُ فِيْنَا	ہے اطاعت فرض تیرے حکم کی
جِئْتَ بِالْاَمْرِ الْمُطَاعِ	بھیجنے والا ہے تیرا کبریا

یہ انصار جن کی لڑکیوں نے یہ ترانہ سنجی کی ہے، وہی ہیں، جنھوں نے 13,12,11 نبوت میں مکہ معظمہ میں پہنچ کر نبی ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ یا وہ ہیں جو مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ یا ابن مکتوم رضی اللہ عنہ کی ہدایت سے اور تعلیم سے مدینہ منورہ ہی میں مسلمان ہو گئے تھے۔

بزرگ انصار [4] کچھ بڑے مالدار یا صاحب ثروت یا کسی بڑی جاگیر و املاک کے مالک نہ تھے۔ مگر دل کے ایسے غنی، اسلام

---

[1] مجموعہ بائبل میں جس قدر کتابیں پہلے انبیاء کی ہیں ان میں مکہ کا نام ''فاران'' ہے۔ کیوں اس جگہ پر ''فاران بن عوف بن حمیر'' نے اپنا قبضہ کیا تھا۔ توراۃ کی کتاب پیدائش 21 باب درس 21 میں ہے: ''اسماعیل فاران کے بیابان میں رہا'' قرآن مجید سے ثابت ہے کہ ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام نے اس بیابان میں یہ مسجد تعمیر کی جو اب کعبہ کے نام سے مشہور ہے۔ پس توراۃ قرآن مجید ایک دوسرے کی تصدیق کرتے ہوئے ثابت کرتے ہیں کہ فاران مکہ کا نام ہے۔ فاران کا ذکر توراۃ کی کتاب اعداد 10 باب 12 درس اور کتاب استثناء 33 باب 2 درس میں بھی آیا ہے اور ان سب حوالہ جات سے بصراحت ثابت ہے کہ فاران مکہ کا نام ہے۔

[2] کتاب یسعیاہ 42 باب 11 درس میں ہے کہ'' سلع'' کے باشندے ایک گیت گائیں گے۔ مدینہ کا نام سابق انبیاء علیہم السلام کی کتابوں میں سلع ہے۔ مورخ طبری رحمہ اللہ کے بیان سے ثابت ہے کہ جنگ خندق میں مسلمانوں نے جس جگہ خندق کھودی تھی وہاں ایک ٹیلہ کوہ کا ہے جس کا نام اہل مدینہ کی زبان پر ''سلع'' ہے۔

[3] ثنیات جمع ہے ثنیہ کی۔ ثنیہ ٹیلے کو کہتے ہیں۔ سفر ہجرت میں نبی ﷺ نے ثنیۃ الغائر، ثنیۃ مروان سے عبور فرمایا تھا۔ ''ثنیہ وداع'' مدینہ کے قریب ایک ٹیلہ ہے۔ اہل مدینہ دوست کو یہاں تک چھوڑنے آیا کرتے تھے۔ اس لیے اس نام سے مشہور ہوا۔ ان ثنیات کا ذکر یسعیاہ 42-11 میں ہے۔ سلع کے باشندے ایک گیت گائیں گے۔ پہاڑوں کی چوٹیوں پر سے للکاریں گے۔

[4] انصار کے معنی مددگار کے ہیں۔ اسلام میں یہ لقب اہل مدینہ کا ہے۔ مہاجر کے معنی ہجرت کرنے والے کے ہیں۔ اسلام میں یہ لقب اہل مکہ کا ہے جو نبی ﷺ کے ساتھ مکہ سے مدینہ گئے تھے۔

کے ایسے فدائی [3] مسلمان بھائیوں پر اتنے قربان تھے کہ جب کوئی مہاجر ننگی تلواروں، کھچی ہوئی کمانوں سے جان بچا کر بھوکا پیاسا مدینہ میں جا پہنچتا تھا تو ہر ایک انصاری یہ چاہتا تھا کہ وہ مہاجر اسی کے پاس ٹھہرے۔ آخر قرعہ اندازی ہوتی تھی اور جس کے نام پر قرعہ نکل آتا۔ وہ مہاجر بھائی کو اپنے گھر لے جاتا۔ مکان، اسباب، روپیہ، زمین، مویشی، غرض جو کچھ اس کی ملک میں ہوتا اس کا آدھا حصہ اسی دن تقسیم کر کے دے دیتا اور پھر رات دن اس کی خدمت کے لیے مستعد رہتا۔ اپنی خوش قسمتی پر شکر کرتا کہ اللہ نے دین کے ایک بھائی کو اس کا حصہ دار بنایا۔

مکہ اور مدینہ کے حالات کا مقابلہ

مکہ میں صرف ایک قوم قریش کا زور اور حکومت تھی اور سب کا مذہب بھی (زیادہ تر) بت پرستی تھا۔ مدینہ مختلف اقوام اور مذاہب کا مجموعہ تھا۔ وہاں بت پرست بھی تھے اور یہودی بھی اور کم تعداد میں عیسائی بھی۔ یہودیوں کے کئی زبردست قبیلے: ''بنو نضیر'' ''بنو قینقاع'' ''بنو قریظہ'' تھے جو اپنے جداگانہ قلعوں میں رہا کرتے تھے۔ تجارت اور سود خوری کی وجہ سے بہت مالدار تھے۔ جب اللہ کے برگزیدہ نبی موسیٰ علیہ السلام نے اپنے وعظ میں یہود کو یہ بشارت سنائی تھی کہ [2]

---

[3] یسعیاہ کی کتاب 21 باب میں ہجرت کا ذکر ہے۔ اول ہم اس کتاب کے درس نقل کرتے ہیں پھر اس کے بعض الفاظ کی صراحت کریں گے۔

''13۔ عرب کی بابت الہامی کلام۔ عرب کے صحرا میں تم رات کاٹو گے۔ اے ددانیوں کے قافلو!''

''14۔ پانی لے کے پیاسے کا استقبال کرنے آؤ۔ اے تیما کی سرزمین کے باشندو۔ روٹی لے کے بھاگنے والے کو ملنے کو نکلو۔''

''15۔ کیوں کہ وہ تلواروں کے سامنے سے۔ ننگی تلوار سے، کھچی ہوئی کمان سے اور جنگ کی شدت سے بھاگے ہیں۔''

''16۔ کیوں کہ خداوند نے مجھ کو فرمایا ہنوز ایک برس، ہاں مزدور کے سے ٹھیک ایک برس میں قیدار کی ساری حشمت جاتی رہے گی۔''

''17۔ اور تیراندازوں کی جو باقی رہے۔ قیدار کے بہادر لوگ گھٹ جائیں گے کہ خداوند اسرائیل کے خدا نے یوں فرمایا''

مندرجہ بالا آیات میں آیت 15 میں مہاجرین کا ذکر ہے جو ظالم قریش کے سامنے سے جان و ایمان بچا کر بھاگے تھے اور مدینہ گئے۔ آیت 13 میں ددانیوں اور 14 میں تیما والوں کو حکم ہے کہ ان کا استقبال کریں اور روٹی پانی سے ان کی تواضع کریں۔ واضح ہو کہ ددان نام ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پوتے لیسان کے بیٹے سبا کے بھائی کا۔ سبا اور ددان کی اولاد ملک یمن میں آباد ہوئی تھی۔ سیل عرم کے آنے سے یہ قبائل متفرق ہوئے۔ اوس و خزرج کے قبائل جو انصار کہلاتے ہیں انھیں میں سے ہیں۔ مورخ ابن خلدون رحمہ اللہ نے اسے صراحت سے بیان کیا ہے۔ اس آیت میں جیسا کہ یہ پیش گوئی ہے کہ مہاجرین کی ہجرت قریش کی تلواروں اور کمانوں کی وجہ سے ہوگی۔ ایسے یہ پیشگوئی ہے کہ ان کے انصار نسل ددان سے ہوں گے جیسا کہ ہوا۔ تیما نام ہے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے آٹھویں فرزند کا جن کی اولاد مدینہ کے عقب آباد ہوئی۔ اہل مدینہ اور حوالی مدینہ کو نصرت و تائید کا حکم دینے کے بعد آیت 16 و 17 میں ان ظالموں کا انجام بتلایا ہے۔ یعنی قریش کا انجام۔ اس جگہ قریش کو قیدار والے بتلایا ہے۔ قیدار حضرت اسماعیل علیہ السلام کے دوسرے فرزند کا نام ہے۔ قریش انہی کی نسل میں سے ہیں۔ بتلایا گیا ہے کہ اس واقعہ ہجرت کے ایک سال بعد قیدار کے بہادر کمان انداز گھٹ جائیں گے اور ان کی شوکت کم ہو جائے گی۔ چنانچہ ہجرت کے ایک ہی سال کے بعد جنگ بدر کا وقوع ہوا جس میں قریش کے نامی سردار، مشہور بہادر مارے گئے اور ان کے رعب و داب، حشمت، عزت کو بہت نقصان پہنچا تھا۔ جملہ آیات میں صاف صاف نام بتا کر پیش گوئی کی گئی ہے۔

[2] کتاب استثناء 18 باب کا 15 درس یہ ہے: ''خداوند خدا تیرے لیے تیرے ہی درمیان سے تیرے ہی بھائیوں میں سے میری مانند ایک نبی برپا کرے گا'' اسی باب کے 19، 18 درس سے زیادہ صاف ہیں وہ یہ ہیں۔ باب 18 میں ہے کہ ان کے لیے ان کے بھائیوں میں سے تجھ سا ایک نبی برپا کروں گا۔ اور اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا۔ اور جو کچھ میں اسے فرماؤں گا وہ سب ان سے کہے گا۔ 19 اور ایسا ہوگا کہ جو کوئی میری باتوں کو جنھیں وہ میرا نام لے کے کہے گا نہ سنے گا تو میں اس کا حساب اس سے لوں گا۔'' ان آیات کے تمسک سے مسلمان کا استدلال یہ ہے۔

① کہ بنی اسرائیل کے بھائی بنی اسماعیل ہیں۔ (دیکھو کتاب پیدائش باب 16-12 و باب 25-18)

② بنی اسرائیل میں موسیٰ علیہ السلام کی مانند کوئی نبی نہیں ہوا۔ (دیکھو کتاب استثناء باب 34-10)

اس لیے یہ پیش گوئی ہمارے نبی ﷺ کے لیے صاف ہے۔ آنحضرت ﷺ کا پتا دیا گیا ہے کہ اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا۔ یہ پتا آنحضرت ﷺ کا ...

یہود مدینہ نبی موعود ﷺ کے منتظر تھے

اللہ عزوجل موسیٰ علیہ السلام کے بھائیوں میں سے موسیٰ علیہ السلام جیسا نبی پیدا کرے گا۔ اس وقت سے یہود امید کیے ہوئے اور اسی امید پر مدینہ میں ٹھہرے ہوئے تھے کہ بنی اسرائیل میں پیدا ہونے والا نبی یہود کے ادبار قومی کو دور کرنے والا، ان کی گذشتہ شان و شوکت، حکومت و سلطنت کو دوبارہ زندہ کرنے والا ہوگا اور جب سے یہود کو شام سے نکال دیا گیا اور ذلت و غلامی کے گڑھے میں ڈال دیا گیا تھا اس وقت سے نبی موعود کے ظہور پر ان کی آنکھیں اور بھی زیادہ لگی ہوئی تھیں۔

اب اسماعیلی نبی ﷺ کا مدینہ میں تشریف لانا سن کر یہودی بالخصوص بہت خوش ہو رہے تھے۔ لیکن جب انھوں نے دیکھا یہ تو مسیح علیہ السلام کو راست باز ٹھہراتا، اس کی تعلیم کو سچا بتلاتا اور مسیح علیہ السلام پر ایمان لانے کو اسلام کا ضروری ولاینفک جزو قرار دیتا ہے اور اس کی بزرگی کر کے یہودیوں کو انصاف سے ملزم ٹھہراتا ہے [1] تو اس وقت سب یہودی ہمارے نبی ﷺ کے دشمن ہو گئے۔

عیسائیان مدینہ نبی موعود ﷺ کے منتظر تھے

جب سے اللہ کے برگزیدہ بندہ عیسیٰ مسیح علیہ السلام نے سب سے آخری وعظ میں دوسرے تسلی دینے والے کے آنے کی خبر دی تھی جو دنیا کے ساتھ ہمیشہ رہے اور جو دنیا کو سب چیزیں سکھلائے گا اور عیسائیوں کو اس کے حکم پر چلنے کی تاکید کی تھی۔

تب عیسائی بھی اس نبی ﷺ کا انتظار کر رہے تھے جو یہود سے ان کے ظلموں کا بدلہ لینے والا عیسائیوں کو جلال بخشنے والا، مسیح علیہ السلام کی صداقت ظاہر کرنے والا ہو۔'' لیکن جب انھوں نے دیکھا کہ نبی ﷺ نے عیسائیوں کے خود ساختہ مسائل ابنیت، تثلیث، کفارہ، رہبانیت اور پوپ (Pope) کے الٰہی اقتدارات کا رد کیا۔ تب وہ بھی ہمارے نبی ﷺ کے دشمن ہو گئے۔ [2]

ہی خاصہ ہے کیوں کہ قرآن مجید کے سوا باقی کوئی کتاب (توراۃ، انجیل) ایسی نہیں جس میں کلام الٰہی کے الفاظ محفوظ رہے ہوں یا جس کی وحی لفظاً و معناً پہنچی ہو۔ یہودیوں، عیسائیوں کو اقرار ہے اور انکار نہیں کہ موسیٰ علیہ السلام کے دس احکام کے سوا اور کوئی عبارت توراۃ کی اللہ کے لفظوں میں محفوظ نہیں اور موسیٰ علیہ السلام کے سوا دوسرے انبیاء کے صحیفوں میں خصوصاً انجیل میں آسمانی وحی سے اترے ہوئے اللہ کے الفاظ نہیں۔ اس اقرار کے بعد جملہ انبیاء میں صرف حضرت موسیٰ علیہ السلام ہی رہ جاتے ہیں جن کو کلام کے بارے میں نبی علیہ السلام سے مماثلت ہے۔ ہمارے نبی ﷺ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام میں باہمی مماثلت و مشابہت بہت امور میں ہے۔ مثلاً دونوں کا صاحب ہجرت، صاحب شریعت، صاحب جہاد ہونا، دونوں کو اکتالیسویں (41) سال کے شروع میں نبوت ملنا اور یہ امور وہ ہیں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد مجموعی طور پر بنی اسرائیل کے کسی نبی میں نہیں پائے جاتے مگر ہمارے نبی ﷺ میں پائے جاتے ہیں۔ ﷺ۔ لیکن اس جگہ صرف اسی مماثلت پر غور و تدبر کرنا چاہیے جسے کتاب استثنائے خود بیان کیا ہے۔ قرآن مجید اس کی تصدیق یوں کرتا ہے: ﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى O إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحٰى﴾ [النجم:3-4]۔ ''محمد (ﷺ) اپنی خواہش سے نہیں بول رہا ہے۔ یہ تو وہ کلام ہے جو اللہ نے اس کے پاس بھیجا اور اس کی ناطقہ (زبان) پر جاری کیا۔''

آپ جدید و قدیم عہد نامہ کی تمام کتابوں کو دیکھ لیں۔ قرآن مجید کے سوا اس پیش گوئی کا کسی نے بھی حوالہ نہیں دیا اور دلیل نہیں پکڑی۔ بے شک یہ صفت نبی ﷺ کے لیے بہت ہی خاص ہے 12۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ درس 15 میں لفظ ''تیرے ہی درمیان سے'' الحاقی ہیں۔ اس کے لیے تین روشن دلائل ہیں۔ (1) یونانی توراۃ میں یہ لفظ موجود نہیں۔ (2) اسی باب کے درس 18-19 میں کل پیش گوئی کو دہرایا گیا ہے اس میں یہ لفظ موجود نہیں۔ (3) لوقا نے اسی آیت کو اعمال 3 باب (22-23) میں درج ہے اور اس میں ''تیرے ہی درمیان سے'' کے الفاظ نہیں لکھے۔

[1] وہ دنیا کو گناہ اور راستی سے اور عدالت سے تقصیروار ٹھہرائے گا۔ وہ میری بزرگی کرے گا۔ تمھیں ساری سچائی کی راہ بتادے گا۔ 13-14 باب 119 انجیل یوحنا

[2] ڈاکٹر ڈریپر (Dreper) نے اپنی کتاب موسومہ ''مذہب و سائنس'' میں لکھا ہے کہ عیسائی مذہب اپنی ابتدا میں سالہا سال تک تین اصولوں کی تلقین کرتا رہا۔ حق اللہ۔ یعنی انسان کو چاہیے کہ خدائے بزرگ و برتر کی تعظیم کرے۔ حق الذات یعنی انسان کو چاہیے کہ ذاتی طور پر نیک رہے۔ حق العباد۔ لازم ہے کہ ابنائے جنس کے ساتھ بھلائی کرے۔ اس کے بعد ڈاکٹر موصوف نے لکھا ہے کہ ان ترمیمات و اصلاحات کا صحیح اندازہ کرنے کے لیے جو مذہب عیسوی میں بیرونی عناصر کی آمیزش سے پیدا ہوئے اور آج تک قائم ہیں۔ اول: ٹریلیٹن (Treletun) کی تحریر مرقومہ 200ء دیکھنی چاہیے۔ جو اس نے قیصر سیویرس کے زمانہ میں جب کہ عیسائیوں پر طرح طرح کے ظلم ہو رہے

مدینے کی حالت کا اندازہ کرنے کے لیے ناظرین کو عبداللہ بن ابی بن سلول کے حال پر بھی ایک مختصر نظر ڈال لینا ضروری ہے۔ یہودیوں کے علاوہ مدینہ کا ممتاز ذی اثر شخص یہ بھی تھا۔ اوس۔ وخزرج کے قبیلوں پر اس کا پورا رعب تھا اور اس کو توقع تھی کہ ان طاقتور قبیلوں کی مدد سے مدینے کی سب سے اعلیٰ طاقت میں ہی بن جاؤں گا۔ جب اس نے دیکھا کہ اوس وخزرج مسلمان ہو رہے ہیں تو خود بھی (بعد از جنگ بدر) بظاہر حال مسلمانوں سے مل گیا۔ لیکن جب اس نے دیکھا کہ یہود نبی ﷺ کے خلاف ہو گئے ہیں تو اس نے چاہا کہ یہودیوں پر بھی اس کا پہلا اثر قائم رہے اور مسلمان ہو جانے والے قبائل بھی بدستور زیر اقتدار رہیں۔ اس لیے اس نے یہ رویہ اختیار کیا کہ مسلمانوں میں بیٹھ کر ان سے اپنی رفاقت کا اقرار کرتا اور دیگر اقوام کے سامنے ان کے ساتھ اپنے اتحاد وصداقت کا دعویٰ کیا کرتا۔

اور چوں کہ وہ فی الحقیقت اسلام کو اپنی آرزوؤں کا پامال کنندہ سمجھتا تھا۔ اس لیے جب موقع ملتا تو مسلمانوں کی ضرر رسانی میں بھی دریغ نہ کرتا۔ اس گروہ کا نام مسلمانوں نے ''منافق'' رکھا۔

مدینے کی یہ حالت تھی اور اس سے ظاہر ہے کہ اسلام کی دعوت اور منادی کے لیے اس جگہ بھی بہت سی دشواریوں کا سامنا تھا۔ ایک منصف اور غور کرنے والی طبیعت فیصلہ کر سکتی ہے کہ ان سب موانع پر غالب آنا اسلام کی صداقت کی عمدہ دلیل ہے۔ اشاعت اسلام میں جو کامیابی نبی ﷺ کو مدینہ منورہ میں بمقابلہ مکہ معظمہ ہوئی اس کا ذکر قرآن نے پہلے سے بطور پیش گوئی فرما دیا تھا:

﴿وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى﴾ [الضحیٰ: 6]

''پچھلا تیرے لیے پہلے سے بہتر ہوگا۔''

[illegible] تھے بمقام روما قلم بند کی تھی۔ اس تحریر میں تثلیث کا ذکر نہیں اور کفارہ کا تو رد پایا جاتا ہے کیوں کہ اس کے الفاظ یہ ہیں: اللہ نے انسان کے اعمال حسنہ وسیئہ کے لحاظ سے جزا اور سزا مقرر کی ہے جو نیک ہوں گے۔ انھیں لذت جاودانی عطا فرمائے گا اور جو بد ہوں گے انھیں ابدی شعلوں میں جھونک دے گا۔ ڈاکٹر مذکور نے پھر لکھا ہے کہ قیصر قسطنطین کے عہد میں عیسائیت میں بت پرستی شامل ہوئی اور پادریوں کی پہلی کونسل اسی کی صدارت سے 325 میں قائم ہوئی۔ پھر کونسلوں کے انعقاد کی رسم پڑ گئی۔ ہر ایک کونسل مذہب اور اعتقاد میں نئی نئی ترمیمات اور اصطلاحات عمل میں لانے لگی۔ اس لیے ہم نے جو متن میں لفظ عیسائیوں کے خود ساختہ مسائل درج کیا ہے۔ بالکل صحیح ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ نبی ﷺ نے عیسائیوں کے جن مسائل میں اصلاح فرمائی تھی۔ آہستہ آہستہ اور جزءاً جزءاً مختلف طور پر عیسائیوں کے مختلف فرقوں نے بھی ان اصلاحات کو قبول کر لیا ہے اور اپنے مذہب کا جزو بنا لیا ہے۔ اگرچہ اب تک اپنے اس سچے محسن محمد رسول اللہ ﷺ کے شکر گزار نہیں ہیں۔ مثلاً یونیٹرین (Unetrind) کو دیکھیے کہ وہ مسیح علیہ السلام کو ابن اللہ تسلیم نہیں کرتے 'پراٹسٹنٹ (Protestand) فرقہ اسلام کے بعد پیدا ہوا' جو رہبانیت اور پوپ (Pope) کے الٰہی اقتدار کا سخت منکر ہے۔ وغیرہ

باب اوّل 1

استحکام امن کے لیے بین الاقوامی معاہدہ، قریش کی شرارتیں، سازشیں اور حملے، یہود کی عہد شکنی سازشیں اور حملے، مسلمانوں کی کامیابی، منادیان اسلام کو وعظ و انذار میں آزادی ملنا، اسلام کی وسعت، امن بسیط کا قیام

یہ ذکر ہو چکا ہے کہ مدینے میں مختلف نسلوں کے لوگ آباد تھے۔ ان کے مذاہب بھی الگ الگ تھے۔ یہودیوں کے متعدد قبیلے خصوصاً بہت طاقتور تھے اور اپنے جداگانہ قلعوں میں رہا کرتے تھے۔

نبی ﷺ نے مدینے پہنچ کر ہجرت کے پہلے ہی سال یہ مناسب خیال فرمایا کہ جملہ اقوام سے ایک معاہدہ بین الاقوامی اصول پر کر لیا جائے تاکہ نسل اور مذہب کے اختلاف میں بھی قومیت کی وحدت قائم رہے اور سب کو تمدن و تہذیب میں ایک دوسرے سے مدد و اعانت ملتی رہے۔

اس معاہدہ کے جستہ جستہ فقرات درج ذیل ہیں: [1]

﴿1﴾ هٰذَا كِتَابٌ مِنْ مُحَمَّدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ مِنْ قُرَيْشٍ و يثرب مَنْ تَبِعَهُمْ فَلَحِقَ بِهِمْ وَجَاهَدَ مَعَهُمْ۔	یہ تحریر ہے محمد النبی ﷺ کی جانب سے مسلمانوں کے درمیان جو قریش یا یثرب کے باشندہ ہیں اور ان لوگوں کے ساتھ جو مسلمانوں کے ساتھ ملے ہوئے اور کاروبار میں ان کے ساتھ شامل ہیں۔
﴿2﴾ اِنَّهُمْ اُمَّةٌ وَّاحِدَةٌ۔	کہ یہ سب لوگ ایک ہی قوم سمجھے جائیں گے۔
﴿3﴾ وَ اِنَّ يَهُوْدَ بَنِيْ عَوْفٍ اُمَّةٌ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ۔	بنی عوف کے یہودی مسلمانوں کے ساتھ ایک قوم ہیں۔
﴿4﴾ وَ اِنَّ بَيْنَهُمُ النَّصْرَ عَلٰى مَنْ حَارَبَ اَهْلَ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ۔	اور جو کوئی اس معاہدہ کرنے والی قوموں کے ساتھ جنگ کرے گا تو اس کے برخلاف سب کے سب مل کر کام کریں گے۔ مسلمان ان کی نصرت کریں گے۔
﴿5﴾ وَاِنَّ بَيْنَهُمُ النُّصْحَ وَالنَّصِيْحَةَ وَالْبِرُّ دُوْنَ الْاِثْمِ۔	معاہد اقوام کے باہمی تعلقات باہمی خیر خواہی، خیر اندیشی اور فائدہ رسانی کے ہوں گے۔ ضرر اور گناہ کے نہ ہوں گے۔
﴿6﴾ وَ اِنَّ الْيَهُوْدَ يُنْفِقُوْنَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَا دَامُوْا مُحَارِبِيْنَ۔	جنگ کے دنوں میں یہودی مسلمانوں کے ساتھ مصارف میں شامل رہیں گے۔
﴿7﴾ وَ اِنَّ بِطَانَةَ يَهُوْدِ كَاَنْفُسِهِمْ ۔	یہودیوں کی دوست دار قوموں کے حقوق یہودیوں کے برابر سمجھے جائیں گے۔

---

[1] سیرت ابن ہشام: 113/2، تاریخ ابن خلدون: 379/2

8 وَاِنَّه، لَمْ يَاْثِمْ اَمْرِءٍ بِحَلِيْفِهٖ

کوئی شخص اپنے معاہد کے ساتھ مخالفانہ کارروائی نہ کرے گا۔

9 وَاِنَّ النَّصْرَ لِلْمَظْلُوْمِ۔

مظلوم کی مدد ونصرت کی جائے گی۔

10 وَاِنَّ يَثْرِبَ حَرَامٌ جَوْفُهَا لِاَهْلِ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ۔

مدینے کے اندر کشت وخون کرنا اس معاہدہ کرنے والی سب قوموں پر حرام ہے۔

11 وَاِنَّ الْجَارَ كَالنَّفْسِ غَيْرَ مُضَارٍّ وَلَا اٰثِمٍ

زنہاری بھی معاہد قوموں جیسے سمجھے جائیں گے۔

12 وَاِنَّه، مَا كَانَ بَيْنَ اَهْلِ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ مِنْ حَدَثٍ اَوِ اشْتِجَارٍ يَخَافُ فَسَادَه، فَاِنَّ مَرَدَّهٗ اِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَاِلٰى مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ ۔

اس معاہدہ کی قوموں کے اندر اگر کوئی ایسی نئی بات یا جھگڑا پیدا ہو جائے جس میں فساد کا خوف ہو تو اس کا فیصلہ اللہ اور محمد رسول اللہ ﷺ کے متعلق سمجھا جائے گا۔

گردونواح کے قبائل پر معاہدہ کی توسیع

اس معاہدہ پر مدینے کی تمام آباد قوموں کے دستخط ہو گئے۔ اس کے بعد نبی ﷺ نے یہ چاہا کہ گردونواح کے قبیلوں کو بھی اسی معاہدہ میں شامل کر لیا جائے۔ اس سے دو فائدے ہوں گے۔

1. جو خانہ جنگی قبائل کے درمیان ہمیشہ جاری رہتی اور خلق الٰہی کے خون سے اللہ کی زمین رنگین رہتی ہے اس کا انسداد ہو جائے گا۔
2. قریش مکہ ان لوگوں کو جن سے معاہدہ ہو جائے گا مسلمانوں کے خلاف برانگیختہ نہ کر سکیں گے۔

1 اس مبارک اور امن بخش ارادہ سے نبی ﷺ نے ہجرت کے پہلے سال ہی ودّان تک (جو مکہ اور مدینے کے درمیان ہے) سفر فرمایا اور قبیلہ بنی حمزہ بن بکر بن عبد مناف کو اس معاہدہ میں شریک کر لیا۔ اس عہد نامہ پر عمرو بن مخشی الضمری نے دستخط کیے تھے۔ [1]

2 اسی ارادہ سے بماہ ربیع الاول 2 ہجرت اللہ کا نبی ﷺ رضوی کی طرف گیا اور ''کوہ بواط'' کے لوگوں کو شریک معاہدہ کر لیا۔

3 اسی سنہ میں بماہ جمادی الاخریٰ آنحضرت ﷺ ''ذی العشیرہ'' تشریف لے گئے۔ یہ مقام ینبوع اور مدینے کے درمیان ہے اور بنو مدلج سے معاہدہ طے کر کے مدینے تشریف لائے۔ [2]

اس مبارک ارادے کی تکمیل کے لیے اگر کافی وقت مل جاتا تو دنیا پر آشکار ہو جاتا کہ رحمۃ للعالمین ﷺ دنیا میں تلوار چلانے کو نہیں بلکہ صلح پھیلانے اور امن قائم کرنے کے لیے آیا ہے۔ [3]

قریش نے مدینہ پہنچ کر مسلمانوں پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا

قریش مکہ کو ایمان والوں اور نبی ﷺ کے ساتھ ایسی دشمنی تھی کہ ان کے وطن کو چھوڑ کر تین سو (300) میل پرے جانے کے بعد بھی ان کو چین نہ آیا۔ پہلے بھی جب مسلمان حبش جا رہے تھے۔ اس وقت قریش نے حبش پہنچ کر ان کے گرفتار کر لانے کی کوششیں کی تھیں۔ مگر وہ ملک ایک بادشاہ کے ماتحت تھا اور سمندر درمیان میں حائل تھا۔ اس لیے وہاں کچھ اور زیادہ کارروائی نہ کر سکے۔ اب جو مسلمان

---

[1] زاد المعاد، ص: 334/1 [2] زاد المعاد، ص: 334/1

[3] مسیح علیہ السلام کا قول ہے: ''مت سمجھو کہ میں زمین پر صلح کروانے آیا ہوں۔ صلح کروانے نہیں بلکہ تلوار چلانے آیا ہوں۔ متی باب 10 درس 34۔

مدینہ جارہے تو سب نے مدینہ پر حملہ آور ہونے کا ارادہ کر لیا۔ قریش مکہ نے پہلے تو عبداللہ بن ابی اور اس کے رفقاء کو جو اوس وخزرج میں سے ہنوز بت پرست تھے لکھ بھیجا۔

مسلمانوں کے خلاف قریش کی پہلی سازش

تم نے ہمارے شخص کو اپنے ہاں ٹھہرا لیا ہے۔ اب لازم ہے کہ تم اس سے لڑو یا وہاں سے نکال دو ورنہ ہم نے قسم کھالی ہے کہ ہم سب یکبارگی تم پر حملہ کر دیں گے۔ تمھارے جوانوں کو قتل کر دیں گے اور تمھاری عورتوں پر قبضہ کر لیں گے۔

اس خط کے آنے پر ابن ابی اور اس کے رفقاء نے نبی ﷺ سے جنگ کرنے کا ارادہ کیا۔ آنحضرت ﷺ کو بھی اس کی اطلاع مل گئی۔ آپ نے اس حملہ کرنے والے مجمع میں خود جا کر گفتگو فرمائی۔

نبی ﷺ نے فرمایا۔ قریش نے تم سے ایسی چال کھیلی ہے کہ اگر تم ان کی دھمکی میں آ گئے تو تمھارا نقصان بہت زیادہ ہوگا بہ نسبت اس کے کہ تم ان کی بات سے انکار کر دو گے۔ کیوں کہ اگر تم مسلمانوں سے لڑو گے تو اپنے ہی ہاتھوں سے اپنے ہی بھائیوں اور فرزندوں کو (جو مسلمان ہو چکے ہیں) قتل کرو گے۔ اگر تمھیں قریش سے لڑنا پڑا تو وہ غیروں کا مقابلہ ہوگا۔

نبی ﷺ کی یہ تقریر ان کے ایسی دل نشین ہوئی کہ تمام مجمع منتشر ہو گیا۔ [1]

دوسری سازش

اس کے بعد قریش مکہ نے اندر ہی اندر یثرب کے یہودیوں سے سازش کرنی شروع کر دی اور جب خفیہ طور پر ان کو اپنے ساتھ ملا چکے تب اپنی کامیابی کا پورا بھروسہ کر کے مسلمانوں کو کہلا بھیجا۔

قریش مکہ کی دھمکی

''تم مغرور نہ ہو جانا کہ مکہ سے صاف بچ کر نکل آئے۔ ہم یثرب پہنچ کر تمھارا ستیاناس کر دیتے ہیں۔'' اس پیغام کے بعد انھوں نے چھیڑ چھاڑ بھی شروع کر دی۔

قریش کا مسلمانوں پر پہلا حملہ

ربیع الاول 2ھ کا ذکر ہے کہ سرداران قریش میں سے ایک شخص کرز بن جابر الفہری یثرب پہنچا اور مدینے والوں کے مویشی جو باہر میدان میں چر رہے تھے لوٹ کر لے گیا اور صاف نکل گیا۔ گویا مدینے والوں کو اپنی طاقت دکھلا گیا کہ ہم تین سو (300) میل کا دھاوا کر کے تمھارے گھروں سے تمھارے مویشی لے جا سکتے ہیں۔

پھر ماہ رمضان 2ھ کا ذکر ہے کہ ابوجہل نے مکے میں مشہور کر دیا کہ ہمارا قافلہ جو زرو مال سے مالا مال ہے اور شام سے آ رہا ہے مسلمان اسے لوٹیں گے۔ اس شہرت سے اس کا مقصود یہ تھا کہ وہ سب لوگ جن کا مال تجارت میں لگا ہوا ہے اور وہ سب لوگ جن کے اقربا قافلے میں ہیں اور وہ سب لوگ جو مسلمانوں سے نفرت رکھتے ہیں بالاتفاق مسلمانوں کے خلاف جنگ کے لیے آمادہ ہو جائیں۔

چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

---

[1] سنن ابی داؤد: 3004

لشکر قریش کی تعداد اور ان کے قطعی ارادے کا یقین

ایک ہزار (1000) جانباز بہادروں کی خونخوار فوج لے کر (جن کی سواری میں سات سو (700) اونٹ اور تین سو (300) گھوڑے تھے۔ ابوجہل مکہ سے نکلا۔ جس قافلے کی حفاظت کا بہانہ کر کے یہ فوجی اجتماع ہوا تھا وہ مکہ میں بخیریت پہنچ بھی گیا مگر ابوجہل اس فوج کو لیے ہوئے برابر مدینہ کی جانب بڑھتا گیا۔ اب مسلمانوں کو کچھ بھی شک نہ رہا کہ یہ قریش کی چڑھائی غریب مسلمانوں پر ہے۔

نبی ﷺ نے اس معاملہ میں صحابہ رضی اللہ عنہم سے مشورہ فرمایا۔ مہاجرین نے قابل اطمینان جواب دیا۔ بار ثانی مشورہ فرمایا۔ مہاجرین نے قابل اطمینان جواب دیا۔ بار ثالث مشورہ فرمایا۔ اب انصار سمجھے کہ آنحضور ﷺ ہمارے جواب کے منتظر ہیں۔ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ شاید حضور ﷺ نے یہ سمجھا کہ انصار اپنے شہر سے باہر نکل کر حضور ﷺ کی اعانت کرنا اپنا فرض نہیں سمجھتے ہیں۔ انصار کی طرف سے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ہم تو ہر حالت میں حضور ﷺ کے ساتھ ہیں۔ کسی سے معاہدہ فرمایئے، کسی کے معاہدہ کو نامنظور کیجیے۔ ہمارے زر و مال سے جس قدر منشاء مبارک ہو لیجیے۔ ہم کو جو مرضی مبارک ہو، عطا کیجیے۔ مال کا جو حصہ ہم سے حضور ﷺ لیں گے ہمیں وہ زیادہ پسند ہوگا اس مال سے جو حضور ﷺ ہمارے پاس چھوڑ دیں گے۔ ہم کو جو حکم حضور ﷺ دیں گے ہم اس کی تعمیل کریں گے۔ اگر حضور ﷺ عمران کے چشمے تک چلیں گے تو ہم ساتھ ہوں گے۔ اگر حضور ﷺ ہم کو سمندر میں گھس جانے کا حکم دیں گے تو حضور ﷺ کے ساتھ وہاں بھی چلیں گے۔ مقداد رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ ﷺ! ہم وہ نہیں کہ قوم موسیٰ (علیہ السلام) کی طرح ﴿اِذْهَبْ اَنْتَ وَ رَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ﴾ (المائدہ:24) "جا، تو اور تیرا رب دونوں لڑو، ہم تو یہاں ٹھہرے ہوئے ہیں" کہہ دیں۔ ہم تو حضور ﷺ کے داہنے بائیں، آگے پیچھے قتال کے لیے حاضر ہیں۔ [1]

مسلمان پہلے کچھ تیار نہ تھے۔ انصار و مہاجرین ملا کر تین سو تیرہ (313) ایسے نکلے جو میدان میں جا سکیں۔

اب تک مسلمانوں کو جنگ کی اجازت نہ تھی

اب تک مسلمانوں کو جنگ کی اجازت نہ تھی، کیوں کہ اسلام کو جنگ سے کوئی واسطہ ہی نہیں۔ لفظ اسلام کا مادہ سلم ہے۔ جس کے معنی صلح اور فروتنی کے ہیں۔ جو مذہب دنیا کے لیے صلح کا پیغام لے کر آیا ہو، جس مذہب کے پیرو ایمانداروں کو منکسر اور متواضع رہنے کا حکم ہو وہ کیوں جنگ کرتے؟

حکم جہاد کی ضرورت

یہی وجہ تھی کہ انھوں نے چپ چاپ گھروں کو، املاک کو مکہ میں چھوڑ دیا اور حبش یا مدینہ چلے گئے تھے لیکن اب ایسی صورت آ پڑی کہ جنگ کے سوا چارہ ہی نہ رہ گیا۔ اگر ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہتے تو نتیجہ یہ ہوتا کہ بکریوں کی طرح ذبح ہو جاتے۔ اور سب سے بڑا نقصان یہ تھا کہ توحید کی منادی کرنے والا دنیا پر کوئی نہ رہ جاتا۔ حضرت مسیح علیہ السلام نے اپنے پونے تین سال کے وعظ کے بعد جس ضرورت سے مجبور ہو کر اپنے حواریوں کو حکم دیا تھا کہ کپڑوں، بلتوں اور نقدی کے بدلے ہتھیار خرید کر مسلح ہو جاؤ۔ (لوقا 22/36) اسی ضرورت کی وجہ سے خدائے بزرگ و برتر نے مسلمانوں کی حالت پر رحم فرما کر ان کو بھی چودہ (14) سال تک صبر کرنے اور ظلم و ستم برداشت کرتے رہنے کے بعد ان حملہ آور دشمنوں کی مدافعت کا حکم دے دیا۔

---

[1] بخاری: 3952؛ زاد المعاد، ص: 173/3

اجازت جہاد کا پہلا حکم

چوں کہ یہ وہ پہلا حکم ہے جس کی رو سے مسلمانوں کو اجازت ملی ہے۔ اس لیے اصل مع ترجمہ ذیل میں درج ہے:

﴿ اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا وَ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۝ اۨلَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَ بِيَعٌ وَّ صَلَوٰتٌ وَّ مَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴾ [الحج 39-40]

''جنگ کرنے والوں کو اجازت دی جاتی ہے کیوں کہ ان پر ظلم ہوا اور اللہ ان کی مدد پر بے شک قادر ہے۔ یہ لوگ اپنے وطن سے بلا وجہ صرف اس لیے نکالے گئے کہ انھوں نے اللہ کو اپنا رب مان لیا ہے اور اگر بعض لوگوں (حملہ آوروں) کو بعض لوگوں (مسلمانوں سے) اللہ پاک دفع نہ کراتا تب ضرور عیسائیوں کے گرجا، یہودیوں کے معابد اور ترسا کے مندر اور مسلمانوں کی مسجدیں جن میں اسم الٰہی کا ذکر کثیر ہوتا ہے گرادی جاتیں۔''

ناظرین! اس حکم میں مفصل طور پر وہ وجوہات درج ہیں جو مسلمانوں کو جنگ کرنے کی اجازت ملنے کا باعث ہوئیں اور اس حکم میں یہ بھی دکھلایا گیا ہے کہ جنگ جارحانہ ہے یا مدافعانہ۔

پہلی وجہ

مدافعت کرنے والوں کا مظلوم اور حملہ آوروں کا ظالم ہونا ہے اور وہ یہ وجہ ہے جسے آج کل کا مروجہ قانون ''تعزیرات ہند'' بھی ''حفاظت خود اختیاری'' کے نام سے جائز ٹھیراتا ہے۔

دوسری وجہ

ان کا گھر بار سے نکالا جانا۔ املاک سے بے دخل کیا جانا اور وہ بھی صرف اختلاف عقیدہ کی بنیاد پر۔

آشتی پسند ملک معظم ایڈورڈ ہفتم نے جو پیغام حکومت ہند کے پچاس (50) سالہ جشن پر اپنی رعایا کو دیا تھا اس میں نہایت فخریہ لہجہ سے (اور اس امر پر فخر کرنا بالکل صحیح اور مناسب تھا) یہ بھی درج کیا تھا کہ اس پچاس (50) برس کے عرصہ میں کسی شخص کو بھی محض اختلاف عقیدہ کی وجہ سے اذیت نہیں دی گئی۔ [1] لیکن یہ مظلوم مسلمان سب کے سب وہی تھے جن کو ہر قسم کی ایذائیں اور جلاوطنی کی سزا محض توحید کی وجہ سے دی گئی تھی۔

تیسری وجہ:

ایسی عام ہے جو یہ ثابت کرتی ہے کہ مسلمانوں کو جنگ کی اجازت صرف انھی کے ذاتی، قومی، مذہبی فوائد کے لحاظ سے نہیں دی گئی بلکہ اس لیے بھی کہ مسلمانوں نے جو معاہدات یہودیوں، عیسائیوں اور دیگر مختلف اقوام کے ساتھ ابھی حال ہی میں کیے تھے اور جس فراخ دلی سے ہر ایک مذہب کے لیے مذہبی آزادی عطا کی تھی اب اگر اس معاہدہ کی حفاظت میں مسلمان اپنی جانوں کو نہ لڑا دیں گے تو

---

[1] یہ بات تاریخی اعتبار سے غلط ہے کیونکہ انگریز ڈپٹی کمشنر اور تحصیلدار خود مختلف علاقوں اور بستیوں میں عیسائیت کی تبلیغ کے لیے پادریوں کی پشت پناہی کے لیے جایا کرتے تھے۔

سب مذہبوں کی آزادی ملیامیٹ ہوجائے گی اور سب کے مندر، سب کے گرجا تہ خاک ہوجائیں گے۔ کیوں کہ جب کوئی معاہد قوم معاہدہ کی حفاظت کرنے والی ہی نہ رہے تو معاہدہ پر عمل کیوں کر ہوسکتا ہے؟

ان سب ضروری وجوہات نے مسلمانوں کے لیے ضروری ٹھہرا دیا کہ وہ باوجود بے سروسامان ہونے اور باوجود قلیل التعداد ہونے کے بھی ان حملہ آوروں کو مدینہ سے دور ہی روکیں گے۔ [1]

مسلمانوں پر قریش کا دوسرا حملہ یا جنگ بدر

رمضان 2ھ کو اللہ کا نبی (ﷺ) اپنے ساتھ مسلمانوں کو لے کر مدینہ سے چلا۔ [2] اس لشکر کے ساز و سامان کا اندازہ اس سے معلوم ہوسکتا ہے کہ تمام لشکر میں صرف دو (2) گھوڑے اور ساٹھ (60) اونٹ تھے۔

یہ عجیب اتفاق دیکھو کہ اہل بدر کی تعداد بھی لشکر طالوت کے برابر تھی جب کہ وہ جالوت کے مقابلہ کو نکلا تھا۔ [3]

جب بدر پہنچے تو دیکھا کہ دشمن کا لشکر جو تعداد میں ان سے سہ چند اور سامان میں ہزار چند زیادہ ہے، اترا ہوا ہے۔

جنگ سے ایک روز پہلے نبی ﷺ نے میدان جنگ کا ملاحظہ کیا اور بتلایا کہ کل ان شاء اللہ تعالیٰ فلاں دشمن اس جگہ اور فلاں فلاں اس جگہ قتل ہوں گے۔

17رمضان کو بروز جمعہ جنگ ہوئی۔ جنگ سے پہلے نبی ﷺ نے نہایت تضرع سے اللہ کے حضور میں دعا کی اور یہ بھی عرض کی کہ اگر یہ مسلمان مارے گئے تو دنیا پر توحید کی منادی کرنے والا کوئی بھی نہ رہ جائے گا۔ مسلمانوں نے بھی دعائیں کیں۔

نصرت الٰہی سے مکہ والوں کو شکست ہوئی۔ ان کے ستر (70) مشہور آدمی اسیر اور ستر (70) بہادر مارے گئے۔ [4] ابوجہل بھی اسی جگہ مارا گیا۔ یہی سب کو چڑھا کر لایا تھا۔ وہ چودہ (14) سردار جو دارالندوہ میں آنحضرت ﷺ کے قتل کے مشورہ میں شریک ہوئے تھے۔ ان میں سے بھی گیارہ (11) مارے گئے۔ تین جو بچ رہے تھے انھوں نے بالآخر اسلام قبول کرلیا۔

(1) اس زمانے کا قانون جنگ (2) مظلوم مسلمانوں کا جوش انتقام (3) دیگر قبائل پر جنگی رعب قائم کرنے کی ضرورت اس امر کی مقتضی تھی کہ قیدیوں کو قتل کر دیا جاتا مگر رب رحیم کے نبی الرحمت ﷺ نے تاوان لے کر سب کو چھوڑ دیا۔ پڑھے لکھے اسیروں کا تاوان آنحضرت ﷺ نے یہ مقرر فرمایا تھا کہ وہ انصار کے بچوں کو لکھنا سکھا دیں۔

اس واقعہ سے اس پیش گوئی کا بھی ظہور ہوا جو یسعیاہ کی کتاب 21/(16-17) میں ان الفاظ میں درج ہے:

فی مدة سَنَةٍ كَسَنَةِ الاجیر۔ یفنی كُلُّ مَجدِ قیدار۔ و بقیة عدد قِسِی ابطال بنی قیدار تَقِلّ۔

ایک سال میں جو مزدور کے برس جیسا ہوگا۔ قیدار کی سب حشمت جاتی رہے گی اور بہادران بنو قیدار کے کمان اندازوں کی تعداد گھٹ جائے گی۔

اور اس پیش گوئی کا بھی ظہور ہوا جو قرآن مجید میں مسلمانوں کو اس جنگ کی اجازت کا حکم دیتے ہوئے فرمائی گئی تھی۔ جو یہ

---

[1] اس طرح کے جھگڑے کئی سال تک مسلمانوں کو پریشان کرتے رہے۔ تلوار ہمیشہ ان کے خلاف اٹھائی گئی اور اسلام کو تلوار کے زور سے نیست و نابود کرنے کی کوششیں برابر کی گئیں۔ لیکن اسلام ہمیشہ پھیلتا گیا۔ اس کتاب میں مشہور غزوات کا مختصر لفظوں میں ذکر کیا جائے گا۔ [2] مہاجر زائد از 66 انصار زائد از 24۔

[3] بخاری: 3957،3958،3959۔ [4] بخاری: 3039

ہے: ﴿ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرٌ ﴾ ''اللہ کو ان مظلوموں کی نصرت پر قدرت ہے۔'' یہی وجہ ہے کہ قرآن پاک میں اس جنگ کا نام ''یوم الفرقان'' ہے کیوں کہ اہل کتاب اور اہل اسلام کو ان پیش گوئیوں کی وجہ سے اسلام کی صداقت پر ایک عمدہ دلیل مل گئی تھی۔ اللہ پاک نے قرآن مجید میں اس واقعہ کا ذکر ان الفاظ میں فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّـةٌ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴾[آل عمران:123]

''اللہ نے بدر میں تمہاری مدد کی۔ جب کہ تم کمزور تھے۔ اب اللہ کے تقویٰ کو اختیار کرو تا کہ اس کے شکر گزار رہو۔''

قریش کی تیسری سازش اور نبی ﷺ کے قتل کی تیاری

جنگ بدر سے چند روز بعد کا ذکر ہے کہ صفوان بن امیہ جس کا باپ بدر میں قتل ہوا تھا اور عمیر بن وہب (جس کا بیٹا ہنوز مسلمانوں کے ہاتھ میں اسیر تھا) مکہ سے باہر سنسان جگہ میں جمع ہوئے اور نبی ﷺ کے خلاف باتیں کرنے لگے۔

عمیر بولا: ''اگر مجھ پر قرض نہ ہوتا جسے میں ادا نہیں کر سکتا اور اگر مجھے اپنے کنبہ کے بے کس رہ جانے کا خیال نہ ہوتا تو میں خود مدینہ جاتا اور محمد ﷺ کو قتل ہی کر کے آتا۔''

صفوان بولا: ''تیرا قرض میں چکا دوں گا، اور تیرے کنبے کا خرچ جب تک میں زندہ رہوں گا میرے ذمہ ہوگا۔''

عمیر بولا: ''بہتر یہ راز کسی پر نہ کھلے۔ پھر عمیر نے اپنی تلوار کی دھار کو تیز کرایا اور زہر میں اسے بجھوایا اور مکہ سے روانہ ہو گیا۔''

عمیر مدینہ پہنچ کر مسجد نبوی ﷺ کے سامنے اپنا اونٹ بٹھلا رہا تھا کہ اونٹ بول پڑا۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسے دیکھا اور پہچانا اور دل میں سمجھ گئے کہ یہ شیطان ضرور مفسد ارادہ سے آیا ہے۔ اس لیے آگے بڑھ کر نبی ﷺ سے عرض کی کہ عمیر بن وہب مسلح چلا آ رہا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: اسے میرے پاس آنے دو۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس کی تلوار پر قبضہ کر لیا۔ اس کی گردن پکڑ کر نبی ﷺ کے سامنے لے گئے۔ نبی ﷺ نے یہ دیکھا تو فرمایا: عمر رضی اللہ عنہ! اسے چھوڑ دو۔ عمیر تم میرے پاس آ جاؤ۔ عمیر نے آگے بڑھ کر سلام کیا۔ نبی ﷺ نے پوچھا: ''کہو کس طرح آئے؟'' کہا: ''اپنے بیٹے کی خبر لینے آیا ہوں۔'' نبی ﷺ نے پوچھا: ''یہ تلوار کیسی ہے؟'' عمیر بولا: ''یہ کیا تلوار ہے اور ہماری تلواروں نے آپ کا پہلے بھی کیا کر لیا ہے۔'' نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم سچ سچ بتلاؤ۔'' عمیر نے اسی جواب کو دہرا لیا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''دیکھ تو اور صفوان مکہ سے باہر سنسان پہاڑ میں گئے تھے۔ صفوان نے تیرا قرض اور تیرے کنبے کا خرچ اپنے اوپر لے لیا ہے اور تو نے میرے قتل کا وعدہ کیا اور اسی ارادہ سے تو یہاں آیا ہے۔ عمیر تو یہ نہ سمجھا کہ میرا محافظ اللہ ہے۔''

عمیر رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا

عمیر رضی اللہ عنہ یہ سن کر حیران ہو گیا۔ بولا: اب میرا دل مان گیا ہے کہ آپ ضرور اللہ کے نبی اور رسول ﷺ ہیں۔ یہ بالکل آسان تھا کہ سماوی خبروں اور وحی کی بابت ہم آپ کو جھٹلاتے رہے لیکن اب میں اس راز کی بابت کیا کہہ سکتا ہوں جس کی خبر میرے اور صفوان کے سوا تیسرے کو نہیں۔ اللہ کا شکر ہے جس نے میرے اسلام کا یہ بہانہ بنا دیا۔

نبی ﷺ نے صحابہ سے فرمایا: اپنے بھائی کو دین سکھلاؤ۔ قرآن یاد کراؤ اور اسکے فرزند کو آزاد کر دو۔ عمیر نے عرض کیا۔ اے رسول رحمت ﷺ مجھے اجازت دیجیے کہ میں مکہ ہی واپس جاؤں اور لوگوں کو اسلام کی دعوت دوں۔ میرے دل میں آتا ہے کہ اب میں

بت پرستوں کو اسی طرح ستایا کروں جس طرح پہلے مسلمانوں کو ستاتا رہا۔

عمیر کے مدینہ جانے کے بعد صفوان کا یہ حال تھا کہ سرداران قریش سے کہا کرتا تھا کہ دیکھو چند روز میں کیا گل کھلنے والا ہے۔ تم بدر کا صدمہ بھول جاؤ گے۔

جب صفوان کو خبر لگی کہ عمیر رضی اللہ عنہ مسلمان ہو گیا تو اسے سخت صدمہ ہوا اور اس نے قسم کھائی کہ جب تک زندہ رہوں گا عمیر رضی اللہ عنہ سے بات نہ کروں گا۔ نہ اسے کوئی فائدہ پہنچنے دوں گا۔ [1]

عمیر رضی اللہ عنہ مکہ میں آیا۔ وہ اسلام کی منادی کرتا تھا اور اکثر لوگ اس کے ہاتھ پر مسلمان ہو گئے تھے۔

قریش کا تیسرا حملہ: غزوۃ السویق یا قرقرۃ الکدر

بدر میں شکست پانے کے بعد ابوسفیان نے نہانے دھونے سے قسم کھائی تھی۔ جب تک مسلمانوں سے بدلہ نہ لیا جائے۔ چنانچہ وہ دوسو (200) سواروں کو لے کر مکہ سے نکلا۔ جب مدینہ کے قریب پہنچا تو رسالہ کو باہر چھوڑ کر خود تاریکی شب میں مدینہ کے اندر آیا۔ سلام بن مشکم یہودی سے ملا۔ رات بھر بادہ خواری ہوتی رہی۔ غالباً دونوں کے مشورے سے یہ طے ہوا کہ مقابلہ کا وقت نہیں اس لیے ابوسفیان آخر شب وہاں سے نکلا، مسلمانوں کے پھلدار درختوں، کھجوروں کو آگ لگا کر نیز ایک مسلمان اور اس کے حلیف کو قتل کر کے واپس چلا آیا۔ [2]

خبر ملنے کے بعد قرقرۃ الکدر تک تعاقب ہوا۔ اس لیے اس کا نام ''غزوہ قرقرۃ الکدر'' کہا جاتا ہے۔ ابوسفیان کا رسالہ ستو کی تھیلیاں گراتا گیا تھا۔ جسے مسلمانوں نے اٹھا لیا تھا۔ اس لیے اس کا نام ''غزوۃ السویق'' بھی ہوا۔

قریش کا چوتھا حملہ یا جنگ احد (6 شوال یوم السبت 3 ہجری)

قریش مکہ اگلے ہی سال پھر مدینہ پر حملہ آور ہوئے۔ اس دفعہ انھوں نے ملک میں سے عام چندہ جمع کیا تھا۔ ابوعزہ شاعر نے تہامہ میں گشت لگا کر بنو کنانہ کو قریش کی مدد پر آمادہ کر لیا تھا۔ تجارت شام کا پچاس (50) ہزار مثقال سونا، ایک ہزار (1000) اونٹ جو ابھی تقسیم نہ ہوئے تھے۔ چندہ میں شامل کر دیے گئے تھے۔ الغرض پانچ ہزار (5000) بہادروں کا لشکر جس میں تین ہزار (3000) شتر سوار، دوسو (200) اسپ سوار اور سات سو (700) زرہ پوش پیادہ تھے۔ [3] مدینہ تک بڑھا چلا آیا۔ نبی ﷺ کی رائے تھی کہ مدینہ کے اندر رہ کر مدافعت کی جائے مگر کثرت رائے پر فیصلہ ہوا اور مسلمانوں نے احد کے سرخ پہاڑ تک جو مدینہ سے تین کوس پر ہو گا باہر نکل کر مقابلہ کیا۔

اسلامی لشکر ایک ہزار (1000) مرد تھے۔ عین وقت پر ابی بن سلول نے دغا دی اور اپنے تین سو (300) ساتھیوں کو راہ ہی میں پھیر کر لے گیا۔ اس لیے سات سو (700) مسلمانوں پر پانچ ہزار (5000) حملہ آوروں کی مدافعت کا (جو انتقام اور غصہ کے جوش میں بھرے ہوئے تھے) بار تھا۔ مسلمانوں نے ابتدا میں دشمن کو شکست دے دی تھی اور ان کے بارہ (12) مشہور علم بردار (جن میں آٹھ (8) علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے مقتول ہوئے) مارے جا چکے تھے۔ لیکن تیراندازوں نے اس درہ کو چھوڑ دیا جہاں انھی نبی ﷺ نے قائم فرما دیا

---

[1] 8 ہجری کے بعد یہ صفوان خود بھی جو نبی ﷺ کا سخت دشمن تھا اور مکہ کا مشہور سردار تھا مسلمان ہو گیا تھا۔ طبری: 310/2، الطبرانی فی الکبیر: 56/17، دلائل النبوۃ: 148/3، اسد الغابۃ: 289/4 [2] تاریخ طبری: 183/2۔ [3] بخاری: 3039، 4561، تاریخ طبری: 184/2۔

تھا۔ چالاک دشمن نے موقع تاڑ لیا اور چکر کاٹ کر عقب سے ہو کر مسلمانوں کو دو طرف سے بیچ میں لے لیا۔ مسلمانوں کا اس وقت سخت نقصان ہوا اور لشکر کا بڑا حصہ تتر بتر ہو گیا۔

نبی ﷺ کے پاس صرف 12 صحابی: ابوبکر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ، علی رضی اللہ عنہ، عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ، سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ طلحہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ وغیرہ تھے۔ [1]

دشمنوں نے اللہ کے نبی ﷺ پر پتھر پھینکے۔ ابن قمیہ کے پتھر سے نبی ﷺ کی پیشانی، ابن شہاب کے پتھر سے نبی ﷺ کا بازو زخمی ہوا۔ عتبہ کے پتھر سے نبی ﷺ کے چار دانت ٹوٹ گئے۔ نبی ﷺ پھر ایک غار میں گر گئے۔ خبر اڑ گئی کہ حضور ﷺ شہید ہو گئے۔

فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا اور عائشہ طیبہ رضی اللہ عنہا کی خدمات میدان جنگ میں

مدینہ سے محترم خواتین دوڑی دوڑی آ گئیں۔ یہاں آ کر فاطمہ بتول رضی اللہ عنہا نے باپ کے زخموں کو دھویا۔ پیشانی کا خون نہ تھمتا تھا۔ اس میں چٹائی جلا کر بھری۔ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ اس وقت ڈھال میں پانی بھر بھر کر لاتے رہے۔ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور ام سلیم رضی اللہ عنہا نے مشکیزے اٹھائے اور زخمیوں کو پانی لا لا کر پلاتی تھیں۔ [2] میدان جنگ میں ستر (70) صحابہ رضی اللہ عنہم شہید ہوئے تھے۔ [3]

جنگ کے نقصانات میں سے بڑا بھاری نقصان یہ تھا کہ مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ جو مدینہ میں بطور معلم اسلام آئے تھے اور جن کے وعظ سے اوس وخزرج کے قبیلے مسلمان ہوئے تھے، شہید ہوئے۔ [4]

عورت کے دل میں شوہر کا درجہ

ان کی بیوی کا نام حمنہ بنت جحش رضی اللہ عنہا تھا اسی روز اس کا بھائی اور ماموں بھی شہید ہوئے تھے۔ پہلے اسے بھائی کی شہادت کی خبر ملی۔ اس نے اناللہ پڑھا اور بھائی کے حق میں دعا کی۔ پھر اسے بتایا گیا کہ تیرا شوہر بھی شہید ہو گیا ہے۔ یہ سنتے ہی اس نے بے اختیار چیخ ماری۔ نبی ﷺ نے فرمایا۔ دیکھو اس کے دل میں شوہر کی کس قدر محبت تھی۔ [5]

مائی صفیہ رضی اللہ عنہا کا استقلال

اسی جنگ میں نبی ﷺ کے چچا حمزہ رضی اللہ عنہ (اسد اللہ ورسولہ) بھی شہید ہوئے۔ دشمنوں نے ان کے اعضاء کاٹ کر ان کی لاش کو بھی بے حرمت کیا تھا۔ جنگ کے بعد صفیہ رضی اللہ عنہا مادر زبیر رضی اللہ عنہ اپنے بھائی حمزہ کی لاش دیکھنے آئی۔ زبیر رضی اللہ عنہ نے ماں کو دور ہی سے روکا۔ صفیہ رضی اللہ عنہا نے کہا: مجھے معلوم ہے کہ میرے بھائی کی لاش بگاڑ دی گئی اور بے حرمت کی گئی ہے لیکن یہ تو ہمارے لیے فخر کا مقام ہے۔ بیٹا! میں نہ روؤں گی، نہ چلاؤں گی، صرف دعا پڑھ کر واپس لوٹ جاؤں گی۔ [6]

انس بن نضر رضی اللہ عنہ کا جوش وجاں نثاری

اسی جنگ میں انس بن نضر رضی اللہ عنہ نے جام شہادت پیا تھا۔ اس بہادر نے چند بہادر مسلمانوں کو دیکھا کہ ہتھیار پھینک دیے ہیں اور مغموم بیٹھے ہیں۔ پوچھا: ''کیا حال ہے؟'' انھوں نے جواب دیا: ''کہ رسول اللہ ﷺ کا انتقال ہو گیا۔'' انس رضی اللہ عنہ نے نہایت جوش

---

[1] بخاری: 4075، تاریخ طبری 185/2، بعض کتب تاریخ میں یہ تعداد تین ہزار (3000) درج ہے۔ [2] بخاری 2911، 4075، مسلم: 4642۔
[3] بخاری 4078 [4] حضرت مصعب رضی اللہ عنہ پر ایک دھاری دار چادر کا کفن ڈالا گیا۔ پاؤں برہنہ رہے۔ ان پر گھاس رکھا گیا۔ بخاری: 4042
[5] تاریخ طبری: 191/2 [6] تاریخ طبری: ج 2 ص 189۔

سے کہا: ''مُوْتُوْا عَلٰی مَا مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰہِ'' ''آؤ جہاں رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے جان دی ہے ہم بھی اسی کام میں اپنی زندگی کا خاتمہ کر دیں۔'' اب زندہ رہ کر کیا کریں گے۔ یہ جان نثار اسی جوش میں حملہ کرتے ہوئے ستر (70) زخم جسم پر کھانے کے بعد شہید ہو گیا۔ [1]

جان توڑتے وقت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کا پیغام بجانب اہل اسلام

اسی جنگ میں سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تھے۔ جنگ ختم ہو جانے کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تلاش میں آدمی بھیجے۔ ایک نے دیکھا کہ زخمیوں میں پڑے سانس توڑ رہے ہیں۔ پوچھا: ''کیا حال ہے؟'' سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: ''تم مجھے ابھی مردہ ہی سمجھو، لیکن مہربانی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں میرا اسلام عرض کر دینا اور میری طرف سے یہ بھی گذارش کرنا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو وہ بہترین جزا عطا فرمائے جو کسی نبی کو کسی امت کی ہدایت پر نہ دی گئی ہو۔''

قوم کو میری طرف سے یہ کہہ دینا کہ جب تک ایک جھپکنے والی آنکھ بھی تم میں سے باقی رہے اس وقت تک اگر دشمن نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچ گیا تو اللہ کے حضور میں تم کوئی عذر پیش نہ کر سکو گے۔ [2]

ایک صحابی کا بیان ہے کہ میں ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملنے گیا۔ ان کی چھاتی پر ایک چھوٹی سی لڑکی بیٹھی تھی جسے وہ بار بار چومتے اور پیار کرتے تھے، میں نے پوچھا: ''یہ کون ہے؟'' فرمایا: ''یہ سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کی لڑکی ہے۔ وہ مجھ سے بھی برتر تھا اور قیامت کے دن وہ نقیبان محمدی صلی اللہ علیہ وسلم میں شمار کیا جائے گا۔'' [3]

عمارہ بن زیاد رضی اللہ عنہ نے کس مزے سے جان دی

اسی جنگ میں عمارہ بن زیاد رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تھے۔ جس نے جان دیتے ہوئے اپنے رخسار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تلووں سے لگا دیئے تھے۔ [4] اس تاریخی واقعہ کو اس شعر میں خوب ادا کیا گیا ہے:

سر بوقت ذبح اپنا اس کے زیر پائے ہے
یہ نصیب ،اللہ اکبر! لوٹنے کی جائے ہے

ابودجانہ، حنظلہ، علی مرتضیٰ، طلحہ رضی اللہ عنہم کی شجاعت ومردانگی

ابودجانہ رضی اللہ عنہ حنظلہ (غسیل الملائکہ) رضی اللہ عنہ طلحہ رضی اللہ عنہ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی بے نظیر شجاعت کمال استقامت اور جان نثاری کے بھی نہایت شاندار واقعات اس جنگ میں ظاہر ہوئے۔ طلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ سے سپر کا کام لیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب آنے والے تیر ہاتھ پر روکے۔ یہ ہاتھ ہمیشہ کے لیے شل ہو گیا تھا۔ [5]

بنودینار کی عورت کی قوت ایمانی کا کمال

بنودینار کی ایک عورت تھی جس کا باپ، بھائی اور شوہر اس جنگ میں شہید ہوئے تھے۔ وہ کہتی تھی کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بابت بتلاؤ۔ لوگوں نے کہا کہ وہ بفضل اللہ تعالیٰ صحیح وسالم ہیں۔ کہا: مجھے دکھلاؤ۔ جب دور سے چہرہ مبارک دیکھ لیا تو بے اختیار کہہ اٹھی:

كُلُّ مُصِيبَةٍ بَعْدَكَ جَلَلٌ [6] ''اب ہر ایک مصیبت کی برداشت ہو سکتی ہے۔''

---

[1] بخاری: 4783,4048,2805 [2] حاکم: 624/2، طبقات لابن سعد: 78/3، اسد الغابہ: 433/2، تاریخ طبری: 188/2 [3] زاد المعاد
[4] کنز العمال: 1359، ابن عساکر: 203/6، الدر المنثور: 371/4، العلل المتناہیہ: 215/1، اسد الغابہ: 132/4 [5] تاریخ طبری: 187/2
[6] ابن ہشام: 99/2، تاریخ طبری: 191/2

رحمۃ للعالمین ﷺ کی درگزر، معافی اور ظالموں کے لیے دعا

اسی جنگ میں بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے آنحضرت ﷺ سے (جب کہ حضور ﷺ کو بھی کئی زخم آئے تھے) عرض کیا۔ کاش آپ ان مشرکین پر بددعا فرمائیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا:

إِنِّيْ لَمْ ابعث لَعَّانًا وَّلٰكِنْ بُعِثْتُ دَاعِيًا وَّ رَحْمَةً اَللّٰهُمَّ اهْدِ قَوْمِيْ فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ۔ (1)

''میں لعنت کرنے کے لیے نبی نہیں بنایا گیا۔ مجھے تو اللہ کی طرف بلانے والا اور سراپا رحمت بنایا گیا ہے۔ اے اللہ میری قوم کو ہدایت فرمائیں کہ وہ مجھے نہیں جانتے۔''

قریش کی چوتھی سازش اور دس (10) واعظانِ اسلام کا مارا جانا

جنگ احد کے بعد دشمنوں نے مسلمانوں کو نقصان پہنچانے اور پامال کرنے کی مختلف تدابیر پر عمل کیا۔ چنانچہ 4 ہجری میں قریش نے قوم عضل اور قارہ کے سات (7) اشخاص کو گانٹھ کر مدینہ میں نبی ﷺ کے پاس بھیجا کہ ہمارے قبیلے اسلام لانے کو تیار ہیں۔ ہمارے ساتھ معلم کر دیجیے۔ رسول اللہ ﷺ نے دس (10) (2) بزرگ صحابہ کو جن کے سردار عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ تھے (3) ان کے ساتھ کر دیا۔ جب یہ صحابہ رضی اللہ عنہم ان کی زد میں پہنچ گئے تو ان کے دوسو (200) جوان آئے کہ انھیں زندہ گرفتار کر لیں۔ آٹھ (8) صحابی مقابلہ کرتے ہوئے شہید اور دو (2) بزرگوار خبیب بن عدی رضی اللہ عنہ اور زید بن دثنہ رضی اللہ عنہ گرفتار کر لیے گئے۔

خبیب رضی اللہ عنہ و زید رضی اللہ عنہ صحابہ قید میں

سفیان ہزلی انھیں مکہ لے گیا اور قریش کے پاس فروخت کر آیا۔ قریش نے انھیں حارث بن عامر کے گھر میں چند روز بھوکا پیاسا قید رکھا۔ ایک دن حارث کا بچہ تیز چھری سے کھیلتا ہوا خبیب رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچ گیا۔ انھوں نے بچے کو زانو پر بٹھلایا اور چھری لے کر رکھ دی۔ جب بچہ کی ماں نے یکا یک دیکھا کہ اس کا بچہ چھری لے کر قیدی کے پاس ہے جسے چند روز سے انھوں نے بے آب و دانہ رکھا تھا تو اس نے بے اختیار چیخ ماری۔

مسلمان کا کام غدر کرنا نہیں

خبیب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ سمجھتی ہے کہ میں بچہ کو قتل کر دوں گا۔ نہیں جانتی کہ مسلمان کا کام غدر کرنا نہیں۔ ظالم قریش والوں نے چند روز کے بعد خبیب رضی اللہ عنہ کو صلیب کے نیچے لے جا کر کھڑا کر دیا اور کہا: اگر اسلام چھوڑ دو تو تمھاری جان بخشی ہو سکتی ہے۔ دونوں بزرگواروں نے جواب دیا کہ ''جب اسلام باقی نہ رہا تو جان کو رکھ کر کیا کریں گے۔''

اب قریش نے پوچھا کہ کوئی تمنا ہو تو بیان کرو۔ خبیب رضی اللہ عنہ نے کہا: ''دو رکعت نماز پڑھ لینے کی مہلت دی جائے۔'' مہلت دی گئی۔ انھوں نے نماز ادا کی۔ حضرت خبیب رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نماز میں زیادہ وقت صرف کرتا، لیکن سوچا کہ دشمن یہ نہ کہیں کہ موت سے ڈر گیا ہے۔ (4) بے رحموں نے دونوں کو صلیب پر لٹکا دیا اور نیزہ والوں سے کہا کہ نیزہ کی انی سے ان کے جسموں کے ایک ایک

---

(1) شفاء قاضی عیاض: 81/1 (2) ابن ہشام میں چھ اور صحیح بخاری میں دس ہیں۔ (زاد المعاد، ص: 244/3) (3) یہ عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ، عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے نانا تھے۔
(4) بخاری: 3045،4086

حصہ پر چرکے لگائیں۔

رضی اللہ عنہ! ان کا دل اسلام پر کتنا قائم تھا ان کو دین حق پر کتنی استقامت تھی ان کو ہمیشہ کی نجات اور اللہ کی خوشنودی کا کتنا یقین تھا کہ ان تمام تکلیفوں اور اذیتوں کو برداشت کرتے ہوئے ذرا اف تک نہیں کی۔

جان اور محبتِ رسول ﷺ کا موازنہ

ایک سخت دل نے حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کے جگر کو چھیدا اور پوچھا: ''کہو اب تو تم بھی پسند کرتے ہو گے کہ محمد ﷺ پھنس جائے اور میں چھوٹ جاؤں؟'' خبیب رضی اللہ عنہ نے نہایت جوش سے جواب دیا: ''اللہ جانتا ہے کہ میں تو یہ بھی پسند نہیں کرتا کہ میری جان بچ جانے کے لیے نبی ﷺ کے پاؤں میں کانٹا بھی لگے۔'' [1]

اللہ کے اس برگزیدہ بندہ فتی الفتیان (جوانمردترین جواں مرداں) نے مقتل اور تماشائیوں کے ہجوم میں صلیب کے نیچے کھڑے ہو کر فی البدیہہ اشعار کہے ہیں۔ ان سے اس منظر کی پوری کیفیت اور اس بزرگوار کی صداقت و محبت اسلام کی پاکیزہ صورت بخوبی نظر آتی ہے

لَقَدْ[2] جَمَعَ الْاَحْزَابُ حَوْلِیْ وَالَّبُوْا   قَبَائِلَهُمْ وَاسْتَجْمَعُوْا كُلَّ مَجْمَعٖ
وَ كُلُّهُمْ مُبْدِی الْعَدَاوَةِ جَاهِدٌ   عَلَیَّ لِاَنِّیْ فِیْ وَثَاقٍ بِمَضْيَعٖ
وَقَدْ جَمَعُوْا اَبْنَآءَهُمْ وَ نِسَآءَهُمْ   وَ قُرِّبْتُ مِنْ جِذْعٍ طَوِيْلٍ مُمَنَّعٖ
وَ قَدْ خَيَّرُوْنِیْ الْكُفْرَ وَالْمَوْتَ دُوْنَه،   وَ قَدْ هَمَلَتْ عَيْنَایَ مِنْ غَيْرِ مَجْزَعٖ
فَلَسْتُ بِمُبْدٍ لِلْعَدُوِّ تَخَشُّعًا   وَلَا جَزَعًا اِنِّیْ اِلَی اللّٰهِ مَرْجِعِیْ
وَ مَا بِیْ حِذَارُ الْمَوْتِ اِنِّیْ لَمَيِّتٌ   وَلٰكِنْ حِذَارِیْ حَجْمُ نَارٍ مُلَفَّحٖ
فَذَا الْعَرْشِ صَبِّرْنِیْ عَلٰی مَا يُرَادُ بِیْ   فَقَدْ بَضَّعُوْا لَحْمِیْ وَ قَدْ يَاْسَ مَطْمَعِیْ
اِلَی اللّٰهِ اَشْكُوْ غُرْبَتِیْ ثُمَّ كُرْبَتِیْ   وَ مَا اَرْصَدَ الْاَحْزَابُ لِیْ عِنْدَ مَصْرَعِیْ
فَوَاللّٰهِ مَا اَرْجُوْا اِذَا مِتُّ مُسْلِمًا   عَلٰی اَیِّ جَنْبٍ كَانَ فِی اللّٰهِ مَصْرَعِیْ
وَذٰلِكَ فِیْ ذَاتِ الْاِلٰهِ وَ اِنْ يَّشَاْ   يُبَارِكْ عَلٰی اَوْصَالِ شِلْوٍ مُمَزَّعٖ

''انبوہ در انبوہ لوگ میرے گرداگرد کھڑے ہو رہے ہیں اور انھوں نے بڑی بڑی جماعتوں کو بلا لیا ہے۔ یہ سب کے سب عداوت نکال رہے اور میرے برخلاف جوش دکھلا رہے ہیں اور میں اس ہلاکت گاہ میں بندھا ہوا ہوں۔ قبیلوں نے اپنی عورتوں اور بچوں کو بھی بلا رکھا ہے اور مجھے ایک مضبوط بلند لکڑی کے پاس لے آئے ہیں۔ انھوں نے کہہ دیا ہے

---

[1] طبری و ابن ہشام جلد 2 ص: 123 [2] از سیرت ابن ہشام جلد 2 ص: 123۔ صحیحین میں صرف اشعار نمبر 9 و نمبر 10 مروی ہیں۔ برادران اسلام کو استقامت اور صداقت کا یہ نمونہ پیش نظر رکھنا چاہیے۔ شعر نمبر 6 سے تواضع و انکسار اور جلال ربانی کے سامنے اپنی خشیت و نیاز کے سبق لینا چاہیے۔ زاد المعاد میں دوسرا اور پانچواں شعر نہیں ہے۔ حاشیہ پر جو ن کی علامت سے الفاظ درج کیے گئے ہیں یہ زاد المعاد ص: 351 جلد 1 سے لیے گئے ہیں۔

کہ کفر اختیار کرنے سے مجھے آزادی مل سکتی ہے مگر اس سے تو موت میرے لیے بہت سہل ہے۔ میری آنکھوں سے آنسو لگا تار جاری ہیں مگر مجھے کچھ ناشکیبائی نہیں۔ میں دشمن کے سامنے نہ عاجزی کروں گا اور نہ روؤں اور چلاؤں گا۔ میں جانتا ہوں کہ اللہ کی طرف جا رہا ہوں۔ موت سے مجھے اس لیے ڈر نہیں کہ میں مر جاؤں گا لیکن میں تو لپٹ والی آگ کے خون چوسنے سے ڈرتا ہوں۔ اس عرش عظیم کے مالک نے مجھ سے کوئی خدمت لینی چاہی اور مجھے شکیبائی کے لیے فرمایا ہے۔ اب انھوں نے زدوکوب سے میرا تمام گوشت کوٹ دیا ہے اور میری امید جاتی رہی ہے۔ میں اپنی درماندگی اور بے وطنی و بے کسی کی فریاد اور ان ارادوں کی (جو میرے جان توڑنے کے بعد یہ لوگ رکھتے ہیں) اللہ سے کرتا ہوں۔ واللہ! میں اسلام پر جان دے رہا ہوں تو میں یہ پرواہ نہیں کرتا کہ راہ حق میں کس پہلو پر گرتا اور کیوں کر جان دیتا ہوں۔ اللہ کی ذات سے اگر وہ چاہے تو یہ بالکل امید ہے کہ وہ پارہ ہائے گوشت کے ایک ٹکڑے کو برکت عطا فرمائے۔''

سب سے آخر میں یہ دعا تھی: اَللّٰهُمَّ بَلَّغْنَا رِسَالَةَ رَسُوْلِكَ فَبَلِّغْهُ مَا يُصْنَعُ بِنَا۔ ''اے اللہ! ہم نے تیرے رسول ﷺ کے احکام ان لوگوں کو پہنچا دیئے۔ اب تو اپنے رسول ﷺ کو ہمارے حال کی اور ان کے کرتوتوں کی خبر فرما دے۔''

سعید بن عامر رضی اللہ عنہ (جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عمال میں سے تھے) ان کا یہ حال تھا کہ کبھی کبھی یکبارگی بے ہوش ہو جایا کرتے تھے۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان سے وجہ پوچھی۔ وہ بولے مجھے نہ کوئی مرض ہے، نہ کوئی شکایت ہے جب خبیب رضی اللہ عنہ کو صلیب پر چڑھایا گیا تو میں اس مجمع میں موجود تھا۔ مجھے جس وقت خبیب رضی اللہ عنہ کی باتیں یاد آ جاتی ہیں، میں کانپ کر بے ہوش ہو جاتا ہوں۔ [1]

ایک اور سازش اور ستر (70) مبلغین اسلام کا قتل کیا جانا

ابو براء عامر نے بھی ایسا ہی فریب کیا۔ وہ نبی ﷺ کی خدمت میں آیا اور عرض کی کہ ملک نجد کی تعلیم و ہدایت کے لیے کچھ منادی میرے ساتھ بھیج دیجیے۔ اس کا بھتیجا نجد کا رئیس تھا۔ عامر نے یقین دلایا تھا کہ منادی کرنے والوں کی حفاظت کی جائے گی۔ نبی ﷺ نے منذر بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ کو مع ستر (70) صحابہ کے جو قراء و فضلاء و منتخب بزرگوار تھے اس کے ساتھ کر دیا۔ جب وہ بیئر معونہ پر جا پہنچے جو بنی عامر کا علاقہ تھا تو وہاں سے حرام بن ملحان کو نامہ نبوی ﷺ دے کر طفیل حاکم کے پاس بھیجا گیا۔ اس نے اس سفیر کو قتل کرا دیا۔ جبار بن سلمٰی ایک شخص تھا جس نے حاکم کے اشارے سے ان کی پشت میں نیزہ مارا تھا جو چھاتی سے صاف نکل گیا۔ انھوں نے گرتے ہوئے کہا: فُزْتُ وَ رَبِّ الْكَعْبَةِ: ''قسم ہے کعبہ کے رب کی، میں اپنی مراد کو پہنچ گیا۔'' [2]

قاتل کا مقتول کے آخری کلمہ سے اسلام لانا

قاتل پر اس فقرہ نے ایسا اثر کیا کہ وہ نبی ﷺ کی خدمت میں آ کر مسلمان ہو گیا۔ حاکم نے باقی سب کو بھی قتل کرا دیا۔ کعب بن زید رضی اللہ عنہ نے جو کشتگان خنجر تسلیم کی اوٹ میں چھپ کر بچ رہے تھے اس واقعہ کی خبر آنحضرت ﷺ کو پہنچائی۔

---

[1] اسد الغابہ: 483/2

[2] بخاری: 4042، 4091؛ مسلم: 677؛ احمد: 137/3؛ زاد المعاد: 247/3

کعب بن زید رضی اللہ عنہ نے جو کشتگان خنجر تسلیم کی اوٹ میں چھپ کر بچ رہے تھے اس واقعہ کی خبر آنحضرت ﷺ کو پہنچائی۔

قریش کا پانچواں حملہ: عہد شکنی یا فتح مکہ

اسی سال (8 ہجری) مسلمانوں کو اضطراراً ماہ رمضان میں مکہ پر فوج کشی کرنی پڑی۔ وجہ یہ ہوئی کہ 6 ہجری میں جو معاہدہ قریش نے نبی ﷺ سے بمقام حدیبیہ کیا تھا اس کی ایک دفعہ میں یہ بھی تھا۔

''دس (10) سال تک جنگ نہ ہوگی۔ اس شرط میں جو قومیں نبی ﷺ کی جانب ملنا چاہیں وہ ادھر مل جائیں اور جو قومیں قریش کی طرف ملنا چاہیں وہ ادھر مل جائیں۔''

اس کے موافق بنی خزاعہ نبی ﷺ کی طرف اور بنو بکر قریش کی طرف مل گئے تھے۔ معاہدہ کو ابھی دو برس بھی پورے نہ ہوئے تھے کہ بنو بکر نے بنو خزاعہ پر حملہ کیا اور قریش نے بھی بنو بکر کو اسلحہ سے امداد دی۔ عکرمہ بن ابو جہل، سہیل بن عمرو (معاہدہ پر اسی نے دستخط کیے تھے) صفوان بن امیہ (مشہور سرداران قریش) نے خود بھی نقاب پوش ہو کر مع اپنے حوالی وموالی کے بنو خزاعہ پر حملہ آور ہوئے۔ [1]

ان بے چاروں نے امان بھی مانگی، بھاگ کر خانہ کعبہ میں پناہ بھی لی مگر ان کو ہر جگہ بے دریغ تہ تیغ کیا گیا۔ یہ مظلوم جب الٰهك الٰهك (اپنے رب کے واسطے، اپنے رب کے واسطے) کہہ کر رحم کی درخواست کرتے تھے تو یہ ظالم ان کے جواب میں کہتے تھے لَا اِلٰهَ الْيَوْمَ [2] (آج رب کوئی چیز نہیں)

مظلوموں کے بچے کھچے چالیس (40) آدمی جنھوں نے بھاگ کر اپنی جان بچائی تھی، نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچے اور اپنی مظلومی و بربادی کی داستان سنائی۔ عمرو بن سالم الخزاعی رضی اللہ عنہ نے پر درد نظم میں تمام واقعات گوش گذار کیے۔ اس نظم کے جستہ جستہ اشعار درج کیے جاتے ہیں:

اِنَّ قُرَيْشًا اَخْلَفُوْكَ الْمَوْعِدَا   وَنَقَضُوْا مِيْثَاقَكَ الْمُؤَكَّدَا
وَجَعَلُوْا فِيْ كَدَاءٍ رَصَدًا   وَزَعَمُوْا اَنْ لَسْتَ اَدْعُوْ اَحَدًا
وَهُمْ اَذَلُّ وَاَقَلُّ عَدَدَا   هُمْ بَيَّتُوْنَا بِالْوَتِيْرِ [3] هُجَّدًا
فَقَتَّلُوْنَا رُكَّعًا وَّ سُجَّدًا [4]

''قریش نے آپ سے وعدہ خلافی کی۔ انھوں نے اس مضبوط معاہدے کو جو آپ سے کیا تھا توڑ ڈالا۔ ہمیں خشک گھاس کی طرح پامال کر دیا۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ہماری امداد کو کوئی نہیں آنے کا۔ وہ تو ذلیل اور قلیل ہیں اور انھوں نے وتیر میں ہم کو سوتے ہوئے جا لیا۔ ہم کو رکوع و سجود کی حالت میں پارہ پارہ کر دیا۔''

① معاہدے کی پابندی ② فریق مظلوم کی دادرسی ③ دوست دار قبائل کی آئندہ حفاظت کی غرض سے نبی ﷺ مکہ کی

---

[1] تاریخ طبری: 296/2۔ [2] سیرت ابن ہشام: 395/3۔

[3] وتیر پایان مکہ کی جانب ایک چشمہ کا نام ہے جس پر بنو خزاعہ آباد تھے۔ (معجم البلدان)

[4] اس مصرع سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے کچھ لوگ مسلمان بھی ہو گئے تھے۔ اگرچہ مورخین کا اتفاق ہے کہ بنی خزاعہ کی مدد جب نبی ﷺ نے فرمائی تھی وہ مسلمان نہ ہوئے تھے۔ (منقول از طبری و سیرت ابن ہشام ص: 211)

جانب سوار ہو گئے۔ (دس ہزار کی جمعیت ہمرکاب تھی [1]) دو منزل چلے تھے کہ راہ میں ابوسفیان بن الحارث بن عبدالمطلب اور عبداللہ بن ابوامیہ آنحضرت ﷺ سے ملاقی ہوئے۔

یہ وہ لوگ تھے جنھوں نے نبی ﷺ کو سخت ایذائیں دی تھیں اور اسلام کو مٹانے میں بڑی بڑی کوششیں کی تھیں۔ آنحضرت ﷺ نے انھیں دیکھا اور اپنا رخ پھیر لیا۔ ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی:

یا رسول اللہ ﷺ! ابوسفیان آپ کے حقیقی چچا کا بیٹا تھا اور عبداللہ حقیقی پھوپھی (عاتکہ) کا لڑکا ہے۔ اتنے قریبی تو مرحمت سے محروم نہ رہنے چاہئیں۔

اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان دونوں کو یہ ترکیب بتلائی کہ جن الفاظ میں برادران یوسف علیہ السلام نے معافی کی درخواست کی تھی۔ تم بھی آنحضرت ﷺ کی خدمت میں جا کر انھی الفاظ کا استعمال کرو۔ نبی ﷺ کے عفو و رحم سے امید ہے کہ ضرور کامیاب ہو جاؤ گے۔ انھوں نے نبی ﷺ کے حضور میں حاضر ہو کر یہ آیت پڑھی:

﴿ تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَ اِنْ كُنَّا لَخٰطِئِيْنَ ﴾ [یوسف:91]

رسول اللہ ﷺ نے جواب میں فرمایا:

﴿ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴾

اس وقت ابوسفیان نے عجب جوش و نشاط سے یہ اشعار پڑھے۔

لَعَمْرُكَ اِنِّيْ حِيْنَ اَحْمِلُ رَايَةً   لِتَغْلِبَ خَيْلُ اللَّاتِ خَيْلَ مُحَمَّدِ
لَكَالْمُدْلِجِ الْحَيْرَانِ اَظْلَمَ لَيْلُهُ   فَهٰذَا اَوَانِيْ حِيْنَ اَهْدٰى فَاَهْتَدِيْ
هَدَانِيْ هَادٍ غَيْرُ نَفْسِيْ وَ دَلَّنِيْ   اِلَى اللّٰهِ مَنْ طَرَدْتُهُ، كُلَّ مُطَرَّدِ

''قسم ہے کہ جن دنوں میں نشان جنگ اس لیے اٹھایا کرتا تھا کہ لات (بت کا نام) کا لشکر محمد ﷺ کے لشکر پر غالب

---

[1] صحیح بخاری: 4276,1744۔ اب پڑھیے غزل الغزلات 5 باب 10 درس ''میرا محبوب سرخ و سفید ہے وہ دس ہزار (10000) آدمیوں کے درمیان وہ جھنڈے کی مانند کھڑا ہوتا ہے۔ ملاحظہ کیجیے اسی باب کا درس 16۔ جو اردو بائبل آج کل مشن ملک میں پھیلا رہا ہے اس کے الفاظ یہ ہیں۔'' ہاں! وہ سراپا عشق انگیز ہے۔ اے یروشلم کی بیٹیو! یہ میرا پیارا یہ میرا جانی ہے۔'' مگر عبرانی بائبل کے الفاظ ہیں: ''خلو محمدیم'' زہ دودی وزہ رعی۔ بنوت یروشلایم۔ اس کا ترجمہ یہ ہے: وہ تو ٹھیک محمد ہے۔ میرا خلیل' میرا حبیب یہی ہے۔ اے دختران یروشلم' پادری صاحبان کا اتفاق ہے کہ غزل الغزلات میں ہیکل (قبلہ) نے کسی موعود بزرگ کے عشق میں ترانہ گایا ہے۔ اس کے بعد پادری صاحبان اسے حضرت مسیح کے متعلق فرماتے ہیں' لیکن جب اس ترانہ کے مصنف حضرت سلیمان علیہ السلام نے خود ہی نام مبارک ''محمد ﷺ'' بھی فرما دیا ہے اور ان کا پتا دے دیا کہ وہ ہیکل میں دس ہزار (10000) آدمیوں کے درمیان آئے گا۔ تو اب ممدوح کا صحیح پتا لگ جانے میں کوئی شبہ نہیں رہا۔ عبرانی لفظ ''محمدیم'' کا ترجمہ عشق انگیز کرنا سراپا غلط ہے۔

شاید کوئی کہے کہ اس پیشین گوئی سے نبی ﷺ کا دس ہزار (10000) فوج کے ساتھ مکہ پر آنا ثابت نہیں ہوتا۔ اس لیے مکہ کا نام دکھلانے کے لیے دوسرا حوالہ ملاحظہ فرمائیں۔ کتاب استثناء 33 باب 1-2 درس ہے۔ ''یہ وہ برکت ہے جو موسیٰ علیہ السلام مرد خدا نے اپنے مرنے سے آگے بنی اسرائیل کو بخشی اور اس نے کہا کہ وہ خداوند سینا سے آیا اور شعیر سے ان پر طلوع ہوا۔ فاران ہی کے پہاڑ سے وہ جلوہ گر ہوا۔ دس ہزار (10000) قدوسیوں کے ساتھ آیا اور اس کے داہنے ہاتھ ایک آتشی شریعت ان کے لیے تھی۔'' سینا سے آنے سے موسیٰ علیہ السلام اور شعیر سے جو دس ہزار (10000) صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ فاران کے پہاڑ سے فاران والوں پر جلوہ گر ہوئے تھے۔ آتشی شریعت سے مراد نورانی اور آسمانی شریعت ہے۔ کیوں کہ موسیٰ علیہ السلام نے آگ میں سے اللہ کا کلام سنا تھا۔ ان کے لیے اس سے مراد یہ تھی کہ اہل مکہ فتح مکہ کے وقت مسلمان ہو جائیں گے۔

آ جائے۔ان دنوں میں اس خار پشت جیسا تھا جو اندھیری رات میں ٹکریں کھاتا ہو۔اب وہ وقت آ گیا کہ میں ہدایت پاؤں اور سیدھے رستے پر ہو جاؤں۔ مجھے ہادی نے (نہ کہ میرے نفس نے) ہدایت دی ہے اور اللہ کا رستہ مجھے اس شخص نے بتلایا ہے جس کو میں نے دھتکار دیا اور چھوڑ دیا تھا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ہاں! تم تو مجھے چھوڑتے ہی رہے تھے۔''[1]

نبی ﷺ کی خواہش یہ تھی کہ اہل مکہ کو اس آمد کی خبر نہ ہونے پائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا[2] کہ جب آنحضرت ﷺ مکہ تک پہنچ کر باہر خیمہ زن ہو گئے اور اہل مکہ کو باخبر کرنے کے لیے لشکر میں الاؤ روشن کرنے کا حکم دیا۔ تب ان کو خبر ہوئی۔

دوسری صبح نبی ﷺ نے حکم دیا کہ فوج مختلف راستوں سے شہر میں داخل ہو اور ان احکام کی پابندی کرے۔

فوج کو ہدایت اور احکامِ رحم

1. جو شخص ہتھیار پھینک دے اسے قتل نہ کیا جائے۔
2. جو کوئی شخص خانہ کعبہ کے اندر پہنچ جائے اسے قتل نہ کیا جائے۔
3. جو کوئی شخص اپنے گھر کے اندر بیٹھ رہے اسے قتل نہ کیا جائے۔
4. جو کوئی شخص ابوسفیان کے گھر جا رہے اسے قتل نہ کیا جائے۔
5. جو کوئی شخص حکیم بن حزام کے گھر جا رہے اسے قتل نہ کیا جائے۔
6. بھاگ جانے والے کا تعاقب نہ کیا جائے۔

---

[1] زاد المعاد: 400/3، مستدرک حاکم: 44,43/3 [2] صحیح بخاری: 4235,4281 فتوح البلدان بلاذری ص: 45 ملاحظہ کیجیے۔ ملا کی نبی کتاب 3 باب اورس۔ اور وہ خداوند جس کی تلاش میں تم ہو۔ ہاں عہد کا رسول جس سے تم خوش ہو۔ وہ اپنی ہیکل میں ناگہاں آوے گا۔ دیکھو وہ یقیناً آوے گا۔ رب الافواج فرماتا ہے۔ 2۔ پر اس کے آنے کے دن کون ٹھہر سکے گا۔ اور جب وہ نمود ہوگا کون ہے جو کھڑا رہے گا۔

اس الہامی عبارت سے ثابت ہے کہ رسول معہود و موعود کا انتظار اس کی علامات معلوم کرنے کا شوق سب کو لگا ہوا تھا اور انبیاء سلف اپنا فرض سمجھتے تھے کہ اس کی علامات بیان کر دیں۔ ملا کی نبی کی کتاب عہد نامہ قدیم کی سب سے آخری کتاب ہے۔ اسلیے اس پیش گوئی کے مصداق یا تو حضرت مسیح ہو سکتے ہیں یا ہمارے دعویٰ کے موافق حضرت محمد رسول اللہ ﷺ مسیح علیہ السلام بوجوہات ذیل اس پیش گوئی کے مصداق نہیں۔

1. متی نے اس پیش گوئی کو حضرت مسیح کی بابت نہیں بتلایا حالانکہ انھوں نے مسیح علیہ السلام کی پیش گوئیوں کو انجیل میں جمع کر دیا ہے
2. قدیم مصنفین میں سے اور کسی فاضل عیسائی نے بھی اسے مسیح علیہ السلام کی بابت نہیں کہا۔
3. مسیح علیہ السلام کو سب عیسائی ابن اللہ کہتے ہیں نہ کہ رسول۔
4. ہیکل میں دشمن ان کے سامنے مغلوب نہیں ہوئے بلکہ دشمنوں نے مسیح کو مغلوب کر لیا۔

نبی ﷺ پر یہ پیش گوئی بوجوہات ذیل صادق آتی ہے۔

1. ''اپنی ہیکل'' کا لفظ موجود ہے اس سے ظاہر ہے کہ وہ اس مکان کی طرف آئے گا جسے ہیکل ہونے کا درجہ خود اس نے بخشا ہو۔ چنانچہ کعبہ کو آنحضرت ﷺ نے قبلہ قرار دیا۔ اور فتح مکہ سے قریباً سات برس پہلے قرار دے چکے تھے۔
2. ''ناگہاں آوے گا'' خود آنحضرت ﷺ کی دعا یہ تھی: اَللّٰهُمَّ اَضْرِبْ عَلٰى آذَانِهِمْ حَتّٰى نَبْغَتَهُمْ بَغْتَةً (بلاذری) اور ایسا ہی ہوا۔
3. لفظ رب الافواج بطور براعت الاستہلال ہے کہ وہ اس وقت فوجوں کے ساتھ ہوگا۔
4. اہل مکہ میں سے کوئی بھی مقابلہ میں نہ ٹھہر سکا تھا۔
5. لفظ عہد کا رسول انہی معنوں میں ہے جس میں لفظ وہ نبی یوحنا بپتسمہ (یحییٰ نبی) نے استعمال کیا ہے اور مسیح علیہ السلام نے انکار کیا کہ میں وہ نبی نہیں ہوں۔ دیکھو یوحنا 1 باب 22 درس۔

7. زخمی کو قتل نہ کیا جائے۔
8. اسیر کو قتل نہ کیا جائے۔

شہر میں داخل ہونے والے دستوں میں صرف اس دستہ کا جو خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے ماتحت تھا کچھ مقابلہ ہوا جس میں اہل مکہ کو بھاگنا پڑا۔ باقی سب دستے بلا مزاحمت شہر میں داخل ہو گئے۔ مقابلہ میں دو (2) مسلمان اور اٹھائیس (28) مقابل کام آئے۔

اللہ کا برگزیدہ رسول ﷺ جس وقت (20 رمضان) شہر میں داخل ہوا اس وقت سر جھکائے [1] قرآن مجید (سورہ فتح) کی تلاوت فرما رہا تھا اور اونٹ کی سواری پر بیت اللہ کو جا رہا تھا [2] اور اونٹ پر اپنے ساتھ اپنے آزاد کردہ غلام زید رضی اللہ عنہ کے فرزند اسامہ رضی اللہ عنہ کو سوار کیا ہوا تھا۔ وہاں پہنچ کر پہلے اللہ کے گھر کو بتوں سے پاک کیا۔ اس وقت بیت اللہ کے گرداگرد تین سو ساٹھ (360) بت رکھے ہوئے تھے۔ نبی ﷺ کمان کے گوشے (یا چھڑی کی نوک سے) ہر ایک بت کو گراتے جاتے تھے اور زبان مبارک سے یہ پڑھ رہے تھے:

1. ﴿ جَاءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴾ [بنی اسرائیل:81]
2. ﴿ قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَ مَا يُعِيْدُ ﴾ [سبا :49] [3]

اس کام سے فارغ ہو کر عثمان بن ابی طلحہ کو طلب فرمایا۔ ان کے خاندان میں مدت سے کعبہ کی کلید برداری چلی آتی تھی۔

ابتدائے ایام نبوت میں ایک دفعہ نبی ﷺ نے اسی عثمان سے فرمایا تھا کہ بیت اللہ کھول دو۔ اس نے انکار کیا تھا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تھا۔ اچھا تم دیکھ لینا کہ ایک دن یہ کلید میرے ہاتھ میں ہوگی اور میں جسے چاہوں گا اسے عطا کروں گا۔ عثمان نے جواب دیا تھا کہ کیا اس روز قریش کے سب ہی مرد ذلیل و تباہ ہو جائیں گے۔ نبی ﷺ نے فرمایا تھا کہ وہ اور بھی زیادہ عزت و اقبال سے ہوں گے۔

اب نبی ﷺ نے کلید لے کر بیت اللہ کا دروازہ کھولا۔ اندر جا کر ہر ایک گوشے میں اللہ اکبر! کے ترانے گائے اور پھر نماز شکرانہ پڑھتے ہوئے نہایت عجز و نیاز سے رب العزت کے سامنے پیشانی کو خاک پر رکھ کر سجدہ کیا۔

اسی عرصہ میں مکہ کے وہ سب سردار اور سب بڑے بڑے لوگ جمع ہو گئے تھے جنھوں نے:

1. بیسیوں مسلمانوں کو قتل کیا تھا یا کرایا تھا۔
2. سینکڑوں مسلمانوں کو اذیت دے دے کر گھر بار سے نکالا تھا۔
3. دین اسلام کو تباہ کرنے اور مسلمانوں کو برباد کرنے کے لیے حبش، شام، نجد، یمن تک کے سفر کیے تھے۔
4. جنھوں نے بار ہا مدینے پر حملے کر کے مسلمانوں کو (تین سو (300) میل پرے چلے جانے کے بعد بھی) چین سے نہیں رہنے دیا تھا۔

---

[1] اہل حکومت ایسی فتوحات کے موقع پر بڑی طمطراق سے مفتوح شہر میں داخل ہوا کرتے ہیں۔

[2] بخاری: 4281۔ اب یسعیاہ نبی کی کتاب باب 21 درس 7 دیکھو جس میں ایک گدھے کے سوار حضرت مسیح علیہ السلام اور ایک اونٹ کے سوار محمد رسول اللہ ﷺ (دونوں پر اللہ کا درود ہو) ہر دو حالات کا مقابلہ کرو۔ حضرت مسیح علیہ السلام بیت ایل (بیت المقدس) میں گدھے پر سوار ہو کر گئے۔ دکانداروں، کبوتر فروشوں وغیرہ کو وہاں سے نکالا۔ ان ہر دو مقدسین نے یسعیاہ نبی کی پیش گوئی کو سچا ٹھہرایا۔ [3] بخاری: 4287,2478۔ پہلی اور دوسری آیت میں بت پرستی کو باطل بتلا کر یہ بھی اظہار فرمایا ہے کہ اب اس گھر میں بت نہ رکھے جائیں گے۔ چودھویں صدی گزر رہی ہے اور اس پیش گوئی کی صداقت آشکارا ہو رہی ہے جو نبی باعلام ربانی ایسی زبردست اور واضح پیش گوئیوں کا اظہار فرماتا تھا۔ اس کے برگزیدہ اور صادق ہونے میں کیوں کر کوئی شخص شبہ کر سکتا ہے۔

یعنی وہ سب لوگ جو مسلمانوں کو فنا کرنے میں زر سے، مال سے، زور سے، تدبیر سے، ہتھیار سے، تزویر سے اپنا سارا زور لگا چکے تھے اور انہی ناپاک کوششوں میں اکیس (21) سال تک برابر منہمک رہے تھے۔

اللہ کا رسول ﷺ جسے اللہ نے تمام مخلوق کے واسطے رحمت بنایا جب عبادت سے فارغ ہو کر باہر رونق افروز ہوا تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ (عم رسول ﷺ) نے عرض کی کہ کلید بیت اللہ بنی ہاشم کو عطا فرمائی جائے۔

حق بحق دار

نبی ﷺ نے فرمایا: اَلْیَوْمَ یَوْمُ الْبِرِّ وَالْوَفَاءِ [1] ''آج کا دن تو سلوک کرنے، پورے عطیات دینے کا ہے'' پھر عثمان کو بلایا۔ اسی کو کلید مرحمت فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ جو کوئی تم سے یہ کلید چھینے گا وہ ظالم ہوگا۔

فتح مکہ کے بعد نبی ﷺ کی تقریر مفتوحین اور دشمنوں کے سامنے

اب رحمۃ للعالمین ﷺ اس گردن زدنی و کشتنی جماعت کی جانب متوجہ ہوئے اور زبان مبارک سے فرمایا:

یَا مَعْشَرَ قُرَیْشٍ اِنَّ اللّٰہَ قَدْ ذَھَبَ عَنْکُمْ نَخْوَۃَ الْجَاھِلِیَّۃِ وَ تَعَظُّمَھَا بِالْاٰبَاءِ۔ اَلنَّاسُ مِنْ اٰدَمَ وَ اٰدَمُ خُلِقَ مِنْ تُرَابٍ۔ ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ﴿یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّ اُنْثٰی وَ جَعَلْنٰکُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ﴾ (الحجرات:13) اِذْھَبُوْا فَاَنْتُمُ الطُّلَقَاءُ لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ۔ [2]

''اے جماعت قریش! اللہ نے تمہاری جاہلانہ نخوت اور آباؤ واجداد پر اترانے کا غرور آج توڑ دیا ہے۔ (سچ تو یہ ہے) سب لوگ آدم کے فرزند ہیں اور آدم علیہ السلام مٹی سے بنایا گیا تھا۔ اللہ فرماتا ہے: لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور عورت سے پیدا کیا ہے اور گوت و قبیلے سب پہچان کے لیے بنا دیے ہیں اور اللہ کے ہاں تو اس کی زیادہ عزت ہے جس میں تقویٰ زیادہ ہے۔ پھر فرمایا: جاؤ تم آزاد ہو اور تم پر آج کوئی مواخذہ نہیں۔''

اسلام لانے والوں سے بیعت اور اس کی شرائط

پھر نبی ﷺ نے کوہ صفا پر بیٹھ کر مسلمان ہونے والوں کی بیعت قبول فرمائی۔ اس موقع پر عمر فاروق رضی اللہ عنہ ایک ایک شخص کو پیش کرتے تھے۔ [3] بیعت کرنے والوں کو مندرجہ ذیل باتوں کا اقرار کرنا پڑتا تھا:

1. میں اللہ کے ساتھ کسی کو بھی اس کی ذات میں، صفات میں اور استحقاق عبادت و استحقاق استعانت میں شریک نہ کروں گا۔
2. میں چوری نہ کروں گا، زنا نہ کروں گا، خون ناحق نہ کروں گا، لڑکیوں کو جان سے نہ ماروں گا، کسی پر بہتان نہ لگاؤں گا۔
3. میں امور حق میں نبی ﷺ کی اطاعت بقدر استطاعت کروں گا۔ [4]

---

[1] تفسیر ابن کثیر: 299/2۔ [2] زاد المعاد: 408/3، تاریخ طبری: 308/2، ابن ہشام: 412/2۔ [3] طبری: 309/2۔

[4] طبری: 309/2، اس بیعت کے الفاظ کو جو اقبال مندی اور عروج میں لوگوں سے کہلوائے گئے۔ بیعت عقبہ اولیٰ کے الفاظ سے (جو کہ نبی ﷺ نے اندھیری رات کے پردہ میں شہر سے باہر جا کر اہل مدینہ سے کہلوائے تھے) ملا کر دیکھو کہ ذرا بھی فرق معلوم نہ ہوگا۔ یہی کسوٹی آنحضرت ﷺ کی اعلیٰ شان کو ظاہر کرتی ہے۔

عورتوں سے مزید اقرار بیعت

عورتوں سے مزید اقرار یہ بھی لیے جاتے تھے:

کسی کے سوگ میں منہ نہ نوچیں گی، طمانچوں سے چہرہ نہ پیٹیں گی۔ نہ سر کے بال کھسوٹیں گی، نہ گریبان چاک کریں گی، نہ سیاہ کپڑے پہنیں گی اور نہ قبر پر سوگ دار بیٹھیں گی۔

عورتوں سے بیعت لینے کا طریقہ

عورتوں سے بیعت لینے کا طریق یہ تھا کہ پانی کے باسن میں آنحضرت ﷺ اپنا ہاتھ ڈال کر نکال لیتے۔ پھر بیعت کرنے والی اس باسن میں اپنا ہاتھ ڈالتی۔ دوسرے مواقع پر صرف اقرار زبانی لے کر ہی تکمیل بیعت فرمایا کرتے۔

فتح سے دوسرے دن کا ذکر ہے کہ نبی ﷺ کعبہ کا طواف کر رہے تھے۔ فضالہ بن عمیر نے موقع دیکھ کر ارادہ کیا کہ آنحضرت ﷺ کو قتل کر ڈالے۔ جب وہ اس ارادہ سے قریب پہنچا تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''کیا فضالہ آتا ہے؟''

فضالہ بولا: ''ہاں۔''

نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم اپنے دل میں ابھی کیا ارادہ کر رہے تھے؟''

فضالہ بولا: ''کچھ نہیں، میں تو اللہ اللہ کر رہا تھا۔''

نبی ﷺ یہ سن کر ہنس پڑے اور فرمایا: ''اچھا تم اپنے رب سے اپنے لیے معافی کی درخواست کرو'' یہ فرما کر اپنا ہاتھ بھی اس کے سینہ پر رکھ دیا۔

فضالہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے ''کہ ہاتھ رکھ دینے سے مجھے بہت اطمینان قلب حاصل ہوا اور آنحضرت ﷺ کی محبت اس قدر میرے دل میں پیدا ہو گئی کہ حضور ﷺ سے بڑھ کر کوئی بھی محبوب نہ رہا۔''

میں یہاں سے گھر کو چلا، راستہ میں میری معشوقہ ملی جس کے پاس میں بیٹھا کرتا تھا۔ اس نے کہا: فضالہ رضی اللہ عنہ ایک بات سنتے جاؤ۔ میں نے جواب دیا: نہیں، نہیں۔ اللہ اور اسلام ایسی باتوں سے منع کرتے ہیں۔ [1]

نبی ﷺ کی پاک سیرت کا بیان نامکمل رہ جائے گا اگر عفو تقصیرات کا جو مکہ میں فرمائی گئیں ذکر نہ کیا جائے۔ واضح ہو کہ مکہ میں داخل ہونے سے پہلے تمام فوج کو ہدایت کر دی گئی تھی کہ کسی شخص پر حملہ نہ کریں۔ لیکن چار (4) مرد، دو (2) عورتیں [2] جو اپنے سابقہ جرائم کی وجہ سے واجب القصاص تھے، اعلان کر دیا گیا کہ ان کو قتل کر دیا جائے۔

ان چار (4) مردوں میں سے صرف ابن خطل کو قتل کیا گیا۔ یہ پہلے مسلمان ہو چکا تھا۔ ایک روز اس نے اپنے غلام کو اس لیے قتل کر دیا کہ وقت پر کھانا تیار نہیں کیا تھا۔ قتل کے بعد مکہ بھاگ آیا تھا۔ باقی تین عکرمہ بن ابی جہل، ہبار بن الاسود اور عبداللہ بن ابی سرح کو معافی دی گئی۔

(1) عکرمہ علاوہ ازیں کہ ابوجہل کا بیٹا تھا اور بارہا مسلمانوں سے جنگ کر چکا تھا۔ اب حال میں بھی بنوخزاعہ کو جو مسلمانوں کے حلیف

---

[1] زاد المعاد: 413/3، ابن ہشام: 417/2۔ [2] سنن ابوداؤد: 2683۔

تھے تباہ کرنے کا باعث یہی تھا۔

② ہبار نے سیدہ زینب بنت رسول ﷺ کے جب کہ وہ مکہ سے مدینہ کو ہودج میں بیٹھی جارہی تھیں نیزہ مارا اور کجاوا گرادیا تھا۔اس صدمہ سے ان کا حمل ساقط ہوگیا اور بالآخر اسی صدمہ سے انھوں نے وفات پائی تھی۔

③ عبداللہ بن ابی سرح کہنے لگا کہ وحی تو میرے پاس آتی ہے اور محمد ﷺ تو مجھ سے سن کر لکھوا دیتے ہیں۔

اللہ اکبر! ایسے مجرمین پر رحم فرمانا نبی الرحمۃ ﷺ ہی کا کام ہے۔

دو عورتوں میں سے ایک عورت کو جو قتل عمد کا ارتکاب کر چکی تھی سزاو قصاص دی گئی۔

معافی پانے والوں میں ہند زوجہ ابوسفیان بھی ہے۔اس عورت نے نبی ﷺ کے چچا کا کلیجہ سینہ سے نکال کر دانتوں سے چبایا،ان کی ناک کو کاٹ کر دھاگے میں پرو کر گلے کا ہار بنایا تھا۔

وحشی رضی اللہ عنہ کو بھی معافی دی گئی جس نے امیر حمزہ رضی اللہ عنہ (اسد اللہ و رسولہ) کو دھوکے سے مارا تھا اور پھر نعش کو بے حرمت کیا تھا۔

غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے عسکر (لشکر) نے مکہ فتح نہیں کیا تھا بلکہ خلق محمدی ﷺ اور عفو و رحم مصطفوی ﷺ نے اہل مکہ کے دلوں کو فتح کرلیا تھا۔ ①

فتح مکہ کے بعد غنیمت کے طور پر کفار کے مال و جنس پر قبضہ کرنے کا تو کیا ذکر ہے۔

مہاجرین مسلمان جو مکہ ہی سے اجڑ کر گئے تھے ان کے گھروں پر کفار نے قبضہ کرلیا تھا اب ان مسلمانوں نے نبی ﷺ سے اپنی جائدادوں کے واپس دلائے جانے کی درخواست کی ،لیکن نبی ﷺ نے ان کی اس درخواست کو بھی نامنظور فرما دیا۔ ②

گویا حضور ﷺ کا مدعا یہ تھا کہ جن چیزوں کو تم اللہ کے لیے چھوڑ چکے ہو،اب ان کی واپسی کا کیوں سوال کرتے ہو۔

فتح مکہ کا بیان (جس کے ضمن میں انبیاء گذشتہ کے کئی صحیفوں کی پیش گوئیاں مندرج ہیں) ختم کرنے سے پیشتر میں قارئین کو ایک اور زبردست پیش گوئی پر توجہ دلاتا ہوں۔

قرآن مجید میں سورہ یوسف ہے جس کا نزول مکہ میں ہوا تھا۔اس سورہ کے آخر میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ﴾ (یوسف 102) ”یہ غیب کی خبریں ہیں جس کی وحی تیرے اوپر بھیجی جاتی ہے۔“

اب قارئین حضرت یوسف علیہ وعلی آباءہ السلام (جو کہ کریم ابن الکریم ،ابن الکریم ،ابن الکریم) کے خطاب سے مخاطب ہیں، کے حالات سے نبی کریم ﷺ کے حالات کی مماثلت معلوم کریں۔

① حضرت یوسف ﷺ پر بوجہ ان کے روحانی کمالات کے ان کے بھائیوں نے حسد کیا،اسی طرح نبی ﷺ پر بھی آپ کے بھائیوں نے حسد کیا۔

② حضرت یوسف علیہ السلام چاہ کے اندر رہے اور نبی کریم ﷺ غار کے اندر۔

③ حضرت یوسف علیہ السلام نے چند سال زندان میں بسر کیے اور آنحضرت ﷺ نے چند سال شعب ابی طالب میں محصور ہو کر کاٹے تھے۔

④ حضرت یوسف علیہ السلام کو وطن سے باہر مصر میں جا کے جاہ و جلال ملا اور آنحضرت ﷺ کو وطن سے باہر مدینہ میں جا کے کامیابی ہوئی۔

---

① علماء میں بھی اختلاف ہے کہ مکہ فتح ہوا یا صلح سے اس پر قبضہ ہوا۔ ② زاد المعاد،ص:320۔

5. حضرت یوسف علیہ السلام کے سامنے قحط کے دنوں میں ان کے بھائی التجا لے کر گئے۔ آنحضرت ﷺ کے سامنے بھی حضور ﷺ کے بھائیوں نے ایسی درخواست پیش کی۔ صحیح بخاری باب الاستسقاء میں ہے کہ جب مکہ میں قحط شدید پڑا تو ابوسفیان نبی ﷺ کی خدمت میں آیا، کہا: یَا مُحَمَّدُ جِئْتَ تَأْمُرُنَا بِصِلَةِ الرَّحِمِ فَادْعُو اللّٰهَ لَنَا محمد ﷺ آپ تو اپنی تعلیم میں رحم اور قرابتداروں سے سلوک کا حکم دیا کرتے ہیں۔ دیکھ ہم قحط سے مر رہے ہیں، دعا کیجیے کہ یہ مصیبت ٹلے" اور آنحضرت ﷺ کی دعا سے قحط رفع ہوا۔ [1]

6. حضرت یوسف علیہ السلام نے مصر سے کنعان کو اپنے بھائیوں کے لیے غلہ بھجوایا اور آنحضرت ﷺ نے ثمامہ بن اثال رضی اللہ عنہ کو حکم دے کر نجد سے مکہ میں غلہ بھجوایا تھا۔

7. حضرت یوسف علیہ السلام کی عظمت کو بالآخران کے بھائیوں نے تسلیم کیا تھا اور آنحضرت ﷺ کی عظمت کو بھی ان کے بھائیوں کو بالآخر تسلیم کرنا پڑا تھا۔

8. حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے ایذا دہندہ بھائیوں کے لیے يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ کی دعا فرمائی تھی۔ آنحضرت ﷺ نے بھی اپنے چچیرے بھائی ابوسفیان بن الحارث بن عبدالمطلب اور عبداللہ بن امیہ کو جنھوں نے برسوں حضور ﷺ کو ستایا تھا، اسی دعا سے شادکام فرمایا تھا۔

9. حضرت یوسف علیہ السلام کی علو مرتبت کا اظہار ان کے والد یعقوب علیہ السلام نے کیا تھا اور آنحضرت ﷺ کی رسالت پر فتح مکہ کے دن حضور ﷺ کے تایا عباس (جن کو حدیث میں صِنو اَبٌ مثل پدر فرمایا گیا ہے) ایمان لائے تھے۔

10. حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں کو ﴿ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ﴾[یوسف:92] کہہ کر معاف فرمادیا تھا اور آنحضرت ﷺ نے اپنے بھائیوں کو جنھوں نے ہزار ہا اذیتیں دی تھیں اسی کلام طیب سے خورسند (شاداں) فرمایا تھا۔

چونکہ ان سب حالات کی اطلاع آنحضرت ﷺ کو مکہ میں دی گئی تھی اور سورہ یوسف کا اعلان مکہ میں منکروں کے اندر ہو چکا تھا۔ جن کا ظہور اتم فتح مکہ تک ہوگیا۔ اس لیے سورہ مذکور کو بھی فتح مکہ سے مناسبت خاص ہے اور تمام سورہ آنحضرت ﷺ کے لیے پیش گوئی کا حکم رکھتی ہے۔

فتح مکہ کے نتائج، اسلام میں بکثرت داخل ہونے کی وجوہات

فتح مکہ کے بعد (جو صلح اور معافی سے ہزار درجہ بڑھ کر ہے) اسلام لانے والوں کی تعداد کثیر در کثیر ہوگئی تھی۔ اس کے چند اسباب ہیں:

1. بہت سے قبائل اسلام سے اس لیے رکے ہوئے تھے کہ وہ قریش کے ہم عہد تھے اور اسلام لانا بمنزلہ عہد شکنی کے تھا۔

2. بہت سے قبائل اسلام سے اس لیے رکے ہوئے تھے کہ وہ قریش کے مقابلہ میں بہت کمزور تھے، مگر ان کے تعلقات یا رشتہ داری قریش کے ساتھ وابستہ تھے اور ان کا خیال تھا کہ اسلام لانے سے وہ تعلقات بھی منقطع ہو جائیں گے اور یہ لوگ قریش کے غیض وغضب کے مورد بن جائیں گے۔

---

[1] بخاری: 1020,1007

③ بہت سے قبائل کی رائے تھی کہ مسلمانوں کا مکہ پر قابض ہو جانا ہی ان کی صداقت کا صحیح نشان اور مقبول الٰہ ہونے کا ہو سکتا ہے کیوں کہ سینکڑوں سال سے قومی روایات ان میں چلی آتی تھیں کہ مکہ پر کوئی ایسا شخص فتح نہیں پا سکتا جس کے ساتھ رب العالمین کی نصرت وتائید نہ ہو۔

فَيَقُولُوْنَ اُتْرُكُوْهُ وَقَوْمَهٗ فَاِنَّهٗ اِنْ ظَهَرَ عَلَيْهِمْ فَهُوَ نَبِيٌّ صَادِقٌ [1]

''قبائل کہا کرتے تھے کہ اسے اپنی قوم سے سلجھ لینے دو۔ اگر وہ اپنی قوم پر غالب آ گیا تو ضرور سچا نبی ہے۔''

④ ہنوز مختلف قبائل میں بیسیوں بوڑھے ایسے موجود تھے جنھوں نے فاتح یمن ابرہہ حبشی کے چالیس [2] ہزار لشکر جرار کو مکہ پر حملہ آور ہوتے ہوئے دیکھا تھا۔ اس لشکر میں ہاتھی بھی تھے اور ابرہہ کی خاص سواری کا ہاتھی محمود نسل کا تھا۔ [3]

ان بوڑھوں نے اپنی آنکھ سے ساٹھ (60) برس [4] پیشتر ان حبشیوں کو مکہ پر حملہ کرتے ہوئے دیکھا اور یہ بھی دیکھا کہ اہل مکہ ان کے ڈر سے گھر بار چھوڑ کر پہاڑوں کی چوٹیوں پر جا رہے تھے اور شہر میں ایک بھی شخص حملہ آور فوج کا مقابلہ کرنے والا نہ رہ گیا تھا۔ بایں ہمہ انھوں نے دیکھا تھا کہ فوج خستہ و برباد ہوئی اور سردار فوج با حال تباہ وخراب ایسی حالت میں بھاگا کہ نہ فوج ساتھ تھی، نہ ہاتھی بلکہ سب کے لاشے مکہ سے چار کوس پر پڑے سڑ رہے تھے۔

ان بوڑھوں کو اب تک عبدمناف اور ابرہہ کی گفت وکلام بھی یاد تھی کہ جب ابرہہ کا لشکر مکہ کی سرحد پر اترا تو انھوں نے مکہ کے مویشی جو جنگل میں چر رہے تھے پکڑ لیے۔ ان میں عبدمناف کے بھی سو (100) اونٹ تھے۔ عبدمناف ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پردادا تھے اور اس وقت مکہ کے سردار وہی تھے۔ خوب لمبے چوڑے، سرخ وسفید، شکل سے امارت ورعب برستا تھا۔ یہ خود حبشیوں کے لشکر میں گئے اور سردار فیل خانہ کی وساطت سے ابرہہ کو ملے۔ اس نے تعظیم دی اور برابر بٹھلایا اور پوچھا کہ کس طرح تشریف لائے۔

عبدمناف نے کہا: ''ہمارے مویشی آپ کی فوج نے پکڑ لیے ہیں، براہ مہربانی ان کے چھوڑ دینے کا حکم دیجیے۔''

---

[1] بخاری: 4302 [2] فرنچ پروفیسر سیڈیو (sade) نے اپنی کتاب خلاصہ تاریخ العرب ص 33 میں لشکر حبش کی تعداد چالیس ہزار (40,000) تحریر کی ہے اور لکھا ہے کہ جنرل ابرہہ الاشرام نے جو یمن میں نجاشی کا نائب سلطنت بھی بن گیا تھا صنعا میں ایک گرجا تعمیر کیا تھا جس کی عمارت نہایت عجیب تھی۔ وہ چاہتا تھا کہ عرب کا سارا ملک اس گرجا کے سالانہ حج کو آیا کرے، جیسا کہ کعبہ کے حج کو جاتے ہیں جب اسے دیگر تدابیر میں کامیابی نہ ہوئی تب کعبہ کے گرانے کو آیا تھا۔ عبداللہ بن زبعری شاعر اپنے قصیدہ میں اس واقعہ کی بابت کہتا ہے:

واستنل امیر الجیش عنسا مارای ولسوف ینبی الجاھلین علیھما

ستون الفا لم یوبوا ارضھم بل لم یعش بعد الایاب سقیمھا

''ذرا پوچھو کہ آرمی کے جنرل نے کیا کچھ دیکھا جسے خبر ہے وہ بے خبروں کو بتلا دے گا کہ ساٹھ ہزار (60,000) سے کوئی بھی اپنے ملک کو زندہ نہ گیا تھا۔ اور اگر کوئی مرتا پڑتا واپس گیا بھی تو وہ بھی نہ بچا تھا۔''

چوں کہ پروفیسر سیڈیو (Sade) نے لکھا ہے کہ جنرل اریاط (Aryat) ستر ہزار (70000) فوج لے کر 525ء میں آیا تھا۔ اس لیے عجب نہیں کہ عربی شاعر کا بیان تعداد فوج کے متعلق صحیح ہو۔ اور اسٹرم جو اریاط کا نائب وقاتل ہے یمن میں دس ہزار (10000) فوج چھوڑ کر ساٹھ ہزار (60000) فوج مکہ لایا ہو۔

[3] ہاتھیوں کی ایک عظیم الخلقت نوع تھی جو اب دنیا سے ناپید ہو گئی ہے۔ انگریزی زبان میں اس نسل کا نام (Mamath) ہے۔ عرب نے اسی کو معرب کر کے محمود بنا لیا ہے۔ (از تاریخ دول العرب)

[4] ہمارے زمانہ 1912ء میں بھی فتح دہلی اور محاصرہ لکھنو کے سپاہی زندہ ہیں بلکہ جنگ کریمیا کے دیکھنے والے بھی ہیں۔

ابرہہ بولا: "جب آپ آئے تھے تو میرے دل میں آپ کی بڑی وقعت پیدا ہوئی تھی لیکن آپ کی باتیں سن کر اب نہ وہ وقعت قائم رہی، نہ عزت۔"

عبد مناف نے پوچھا: "یہ کیوں؟"

ابرہہ بولا: "دیکھو! میں اس لیے آیا ہوں کہ تمہارے اس عبادت خانہ کو گرادوں جسے تم سب سے زیادہ مقدس مکان سمجھتے ہو اور جس کے سامنے میرے تعمیر کردہ کلیسا کی وقعت وعزت عرب کی نگاہ میں اب تک کچھ نہیں ہوئی۔ تم اپنے اس مقدس مکان کے بچاؤ کا ذرا بھی ذکر نہیں کرتے اور اپنے مویشیوں کو اس سے زیادہ قیمتی سمجھتے ہو۔"

عبد مناف نے کہا: "نہیں، میں مویشیوں کو اس سے بڑھ کر نہیں سمجھتا۔ بات یہ ہے کہ میں مویشیوں کا مالک ہوں اور مجھے ان کی فکر ہے اور اس گھر کا مالک ایک اور ہے اور اسے اپنے گھر کا خود ہی خیال ہوگا۔ مجھے اس فکر کی ضرورت نہیں۔"

الغرض جب مکہ پر مسلمانوں کو ایسی کامیابی اور آسانی کے ساتھ قبضہ ہوا تو اسلام لانے والوں کے سامنے معاہدات کی روک اٹھ گئی۔ قریش کا دباؤ اور رعب بھی جاتا رہا اور مسلمانوں کا مقبول اللہ ہونا بھی انھوں نے اپنے مقرر کردہ معیار کے موافق دیکھ لیا اور ان وجوہات سے اسلام لانے والوں کی کثرت ہوگئی۔

سب سے آخری اور چوتھی وجہ یہ ہے کہ اب اسلام کی حقیقت کو سمجھانے اور اسلام کی تبلیغ کرنے میں واعظین اسلام کے سامنے کوئی روک ٹوک اور دقت باقی نہ رہی تھی۔ واعظ آزادی سے منادی کررہے تھے۔ سامعین آزادی واطمینان سے وعظ سنتے تھے اور اسلام کی کشش کامل لوگوں کو اپنی جانب خود بخود کھینچ لیتی تھی۔

ہوازن وثقیف کے حملے کی مدافعت یا جنگ حنین (شوال 8 ہجری)

فتح مکہ ہوجانے سے ہوازن وثقیف کے قبیلوں نے جن کی حد مکہ سے ملتی تھی، سوچا کہ اگر ہم مسلمانوں کو شکست دے دیں تو اہل مکہ کے جس قدر باغات وجاگیرات طائف میں ہیں وہ بلا دغدغہ (بلاخوف) ہمارے ہوجائیں گے اور مسلمانوں سے بت شکنی کے جرم کا انتقام بھی لیا جاسکے گا۔ [1]

انھوں نے بنی مضر اور بنی ہلال کے قبیلوں کو بھی اپنے ساتھ ملا لیا اور چار ہزار (4000) بہادر لے کر مکہ روانہ ہوئے اور وادی حنین میں اترے۔ انھوں نے اپنے سردار مالک بن عوف کے مشورہ سے اپنے زن وبچہ، مال مویشی کو بھی ساتھ لے لیا تھا۔ مالک نے اس تدبیر کا یہ فائدہ بتلایا تھا کہ زن وبچہ، مال ومویشی کو چھوڑ کر کوئی شخص بھی میدان جنگ سے فرار اختیار نہیں کرے گا۔

یہ خبر سن کر نبی ﷺ بھی (جو کعبہ کے متصل اور حرم کی سرزمین پر جنگ کرنا مناسب نہ سمجھتے تھے) مکہ سے آگے بڑھے۔

اسلامی لشکر میں مکہ کے دو ہزار (2000) اشخاص اور بھی شامل ہوگئے تھے۔ اس تعداد میں نومسلم بھی شامل تھے اور بت پرست معاہد بھی۔ فوج کی مجموعی تعداد بارہ ہزار (12000) ہوگئی تھی۔ فوج کو اپنی کثرت پر غرور بھی ہوگیا تھا اور اسی لیے وہ مراحل حزم واحتیاط سے دور بھی تھی۔

---

[1] فتوح البلدان بلاذری، ص: 63

دشمن نے ایک تنگ اور دشوار گزار درہ میں گھات لگائی اور اپنے تیر اندازوں کو وہاں بٹھلایا۔ جب لشکر اسلام کا اگلا حصہ (جس میں زیادہ تر طلقائے مکہ، یا ایسے لاابالی نوجوان تھے کہ کسی کے پاس ہتھیار بھی نہ تھے یا لڑائی کی ضرورت کے موافق نہ تھے) دشمن کی زد میں بے خبر جا پہنچا۔ تو انھوں نے اتنے تیر برسائے کہ ان کو سراسیمہ ہو کے بھاگنے ہی کی سوجھی۔

قریباً ایک سو (100) صحابی میدان میں کھڑے رہ گئے تھے۔ نبی ﷺ نے جب چاروں طرف سے حملہ آوروں کو بڑھتے اور اپنے لشکر کو بھاگتے دیکھا تو بے نظیر شجاعت واستقامت کا نمونہ دکھلایا۔ آنحضرت ﷺ اپنے خچر سے اترے اور یہ فرمانا شروع کیا:

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ   اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ [1]

''میں نبی ہوں، اس میں ذرا بھی شبہ نہیں، میں عبدالمطلب کا فرزند ہوں۔''

مطلب یہ تھا کہ میرے صدق کا معیار کسی فوج کی شکست یا فتح نہیں ہے بلکہ میری صداقت خود میری ذات سے ہوتی ہے۔

اب عباس ؓ (عم نبی ﷺ نے) صحابہ ؓ کو مہاجرین وانصار کے پتے سے بلانا شروع کیا۔ وہ سب آواز سنتے ہی کبوتروں کی ٹکڑی کی طرح ایک آواز پر ہی پلٹے۔ [2] اب فوج کی ترتیب از سر نو کی گئی۔ انصار و مہاجر کو آگے بڑھایا گیا۔ غنیم اس حملہ سے بھاگ نکلا اور دو حصوں میں منتشر ہو گیا۔

1. ان کا سردار مالک بن عوف جنگی مردوں کو لے کر قلعہ طائف میں جا ٹھہرا۔
2. دوسرا گروہ جن میں ان کے اہل وعیال تھے اور زر ومال تھے اُوطاس کی گھاٹی میں جا چھپا۔

نبی ﷺ نے قلعہ طائف کے محاصرہ کا حکم دیا اور اوطاس کی طرف ابو عامر اشعری ؓ کو مامور فرمایا۔ ابو عامر اشعری ؓ نے وہاں پہنچ کر دشمن کے اہل وعیال اور زر ومال پر قبضہ کر لیا۔ جب نبی ﷺ کو اوطاس کا نتیجہ معلوم ہوا تو قلعہ کا محاصرہ اٹھا دینے کا حکم دیا کیوں کہ ان لوگوں پر اہل وعیال کے جاتے رہنے کی بھاری مصیبت پڑ چکی تھی۔

اوطاس میں چوبیس ہزار (24000) اونٹ، چالیس ہزار (40000) بکریاں، چار ہزار (4000) اوقیہ چاندی اور چھ ہزار (6000) زن و بچہ مسلمانوں کے ہاتھ لگے تھے۔ [3]

نبی ﷺ ابھی میدان جنگ کے قریب ہی ٹھہرے ہوئے تھے کہ قبیلہ ہوازن کے چھ (6) سردار آئے اور انھوں نے رحم کی درخواست پیش کر دی۔

ان میں وہ لوگ تھے جنھوں نے طائف میں نبی ﷺ پر پتھر برسائے تھے اور آخری مرتبہ وہاں سے زید ؓ رسول اللہ ﷺ کو بے ہوشی کی حالت میں اٹھا کر لائے تھے۔

نبی ﷺ نے فرمایا: ہاں! میں خود تمہارا انتظار کر رہا تھا (اور اسی انتظار میں قریباً دو ہفتے ہو گئے کہ مال غنیمت کو بھی تقسیم نہ کیا تھا) [4]

---

[1] بخاری: 4318، مسلم: 1776۔ [2] مسلم: 1775؛ زاد المعاد، ص: 471/3

[3] یرمیاہ کی کتاب 49 باب 28 ورس دیکھو جس میں مکہ کی فتح اور جنگ حنین کا ذکر اور اس بھاری غنیمت کے ملنے کا بیان ہے۔ کتب کے الفاظ یہ ہیں: ''اٹھو قیدار پر چڑھو۔ اور پورب کے لوگوں کو ہلاک کرو۔ ان کے خیموں اور ان کے گلوں کو وہ لے لیں گے اور ان کے سارے برتنوں اور ان کے اونٹوں کو اپنے لیے لیتے جائیں گے۔ واضح ہو کہ قیدار پر چڑھائی سے مراد مکہ پر چڑھائی ہے۔ جہاں قریش فرزندان قیدار آباد تھے اور پورب والوں سے مراد حنین وطائف کے لوگ ہیں۔ دیکھو حنین مکہ سے پورب کی طرف ہے۔ [4] بخاری: 4319,4318

میں اپنے حصہ کے اور اپنے خاندان کے حصہ کے قیدیوں کو بآسانی چھوڑ سکتا ہوں اور اگر میرے ساتھ صرف انصار و مہاجر ہی ہوتے تو سب کا چھوڑ دینا بھی مشکل نہ تھا مگر تم دیکھتے ہو کہ اس لشکر میں میرے ساتھ وہ لوگ بھی ہیں جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے۔ اس لیے ایک تدبیر کی ضرورت ہے۔ تم کل نماز صبح کے بعد آنا اور مجمع عام میں اپنی درخواست پیش کرنا۔ اس وقت کوئی صورت نکل آئے گی۔ فرمایا تم خواہ مال کا واپس لینا پسند کرلو یا اہل وعیال کا کیوں کہ حملہ آور لشکر کو خالی رکھنا دشوار ہے۔ دوسرے دن وہی سردار آئے اور انھوں نے مجمع عام میں اپنے قیدیوں کی رہائی کی درخواست نبی ﷺ کی خدمت میں پیش کی۔

بے نظیر فیاضی اور رحم

نبی الرحمۃ ﷺ نے فرمایا: میں اپنے اور بنو عبدالمطلب کے قیدیوں کو بلا کسی معاوضہ کے رہا کرتا ہوں۔ انصار و مہاجر نے کہا، ہم بھی اپنے اپنے قیدیوں کو بلا کسی معاوضہ کے آزاد کرتے ہیں۔

اب بنی سلیم و بنی فزارہ رہ گئے، ان کے نزدیک یہ عجیب بات تھی کہ حملہ آور دشمن پر (جو خوش قسمتی سے زیر ہو گیا ہو) ایسا رحم و لطف کیا جائے۔ اس لیے انھوں نے اپنے حصہ کے قیدیوں کو آزاد نہ کیا۔ نبی ﷺ نے انھیں بلایا۔ ہر ایک قیدی کی قیمت چھ (6) اونٹ قرار پائے۔ یہ قیمت نبی ﷺ نے ادا کر دی اور اس طرح باقی قیدیوں کو بھی آزادی دلائی۔ پھر سب قیدیوں کو اپنے حضور سے لباس پہنا کر رخصت فرما دیا۔

دودھ پلائی کی بیٹی کی عزت

ان قیدیوں میں دائی حلیمہ کی بیٹی شیما بنت الحارث بھی تھی۔ نبی ﷺ نے اس دودھ کی بہن کو پہچانا اور اس کی نشست کے لیے اپنی چادر زمین پر بچھا دی۔ فرمایا اگر تم میرے پاس ٹھہرو تو بہتر ہے اور اگر قوم میں واپس جانا ہے تو اختیار ہے۔ اس نے واپس جانا چاہا۔ اسے عزت و اکرام کے ساتھ اس کی قوم میں بھیج دیا گیا۔

مخلصین کے اخلاص کا نمونہ

مال غنیمت نبی ﷺ نے اسی جگہ تقسیم فرما دیا۔ عطیے کے بڑے بڑے حصے ان لوگوں کو عنایت فرمائے تھے جو تھوڑے دن سے اسلام لائے تھے۔ انصار کو جو نہایت مخلصین تھے اس میں سے کچھ بھی نہ دیا تھا۔ فرمایا انصار کے ساتھ میں خود ہوں۔ لوگ مال لے کر اپنے اپنے گھر جائیں گے اور انصار نبی اللہ ﷺ کو ساتھ لے کر اپنے گھروں میں داخل ہوں گے۔

انصار اس فرمودہ پر اتنے خوش تھے کہ مال والوں کو یہ مسرت حاصل نہ تھی۔ ؎

دو شاہد اند مرا خیبر و حنین کہ تو
وہی بجود ہر آنچہ بہ فتح بستانی

فصل

یہودیوں کی شرارتیں، عہد شکنی، حملے اور مسلمانوں کی مدافعتیں

لفظ"یہود" سے اگر چہ صرف وہی ایک قبیلہ مراد ہونا چاہیے جو "یہودا ابن یعقوب" کی نسل سے تھا لیکن اصطلاحاً "بنی اسرائیل" کے بارہ (12) قبائل ہی کا قومی نام یہی پڑ گیا۔ بنی اسرائیل اپنے ابتدائی زمانہ میں اللہ کی مقبول اور برگزیدہ قوم تھی، لیکن آخر میں وہ اللہ سے اس قدر دور ہوتے گئے کہ اللہ کے غضب کے مستحق ٹھہرے۔

حضرت مسیح علیہ السلام جیسے رحم دل نے ان کی حالتوں کو دیکھ کر انھیں سانپ اور سانپ کے بچے بتلایا تھا اور یہ بھی خبر دی تھی کہ اللہ کی بادشاہت اس قوم سے لے جا کر ایک دوسری قوم کو دی جائے گی جو اس کے اچھے پھل لائے گی۔ [1]

جب اس بشارت کے ظہور کا وقت آ گیا اور محمد رسول اللہ ﷺ نے اپنی بہترین تعلیم کی تبلیغ شروع کر دی تو یہود نے سخت پیچ و تاب کھایا اور آخر یہی فیصلہ کیا کہ محمد رسول اللہ ﷺ کو بھی ویسے ہی ظلم و ستم کی آماجگاہ بنایا جائے جیسا کہ مسیح علیہ السلام کو بنا چکے تھے۔

یہود اگر چہ ہجرت کے پہلے ہی سال معاہدہ کر کے امن عامہ کا پیمان باندھ چکے تھے لیکن فطری شرارت نے زیادہ دیر تک چھپا رہنا پسند نہ کیا۔ معاہدہ سے ڈیڑھ سال ہی کے بعد شرارتوں کا آغاز ہو گیا۔ جب مسلمان نبی ﷺ کے ساتھ بدر کی جانب گئے ہوئے تھے۔

یہود کی پہلی شرارت، بلوہ، قتل اور اخراج بنو قینقاع

انھی دنوں کا ذکر ہے کہ ایک مسلمان عورت بنو قینقاع کے محلے میں دودھ بیچنے گئی اور چند یہودیوں نے شرارت کی اور اسے سر بازار برہنہ کر دیا۔ عورت کی چیخ و پکار سن کر ایک مسلمان موقع پر جا پہنچا۔ اس نے طیش میں آ کر فساد انگیز یہودی کو قتل کر دیا۔ اس پر سب یہودی جمع ہو گئے۔ اس مسلمان کو بھی مار ڈالا اور بلوہ بھی کیا۔ نبی ﷺ نے بدر سے واپس آ کر یہودیوں کو اس بلوہ کے متعلق دریافت کرنے کے لیے بلایا۔ انھوں نے معاہدہ کا کاغذ بھیج دیا اور خود جنگ پر آمادہ ہو گئے۔

یہ حرکت اب بغاوت تک پہنچ گئی تھی۔ اس لیے ان کو یہ سزا دی گئی کہ مدینہ چھوڑ دیں اور خیبر میں جا آباد ہوں۔

یہود کی دوسری شرارت، نبی ﷺ کے قتل کی سازش یا جلاء بنو نضیر

قریش کی پہلی سازش کے عنوان میں لکھا جا چکا ہے کہ قریش نے مدینہ کے بت پرستوں کو نبی ﷺ کے خلاف جنگ کرنے کی بابت خط لکھا تھا، مگر آنحضرت ﷺ کی زیرکی و دانائی سے ان کی یہ تدبیر کارگر نہ ہوئی۔ اب بدر میں شکست پانے کے بعد قریش نے یہود کو پھر لکھا:

"تم جائدادوں اور قلعوں کے مالک ہو، تم محمد ﷺ سے لڑو ورنہ ہم تمھارے ساتھ ایسا اور ویسا کریں گے۔ تمھاری عورتوں کی پازیبیں تک اتار لیں گے۔" اس خط کے ملنے پر بنو نضیر نے عہد شکنی کا اور آنحضرت ﷺ سے فریب کا ارادہ کر لیا۔ [2]

4ھ کا ذکر ہے کہ نبی ﷺ ایک قومی چندہ فراہم کرنے کے لیے، بنو نضیر کے محلہ میں تشریف لے گئے۔ انھوں نے آنحضرت ﷺ کو

---

[1] متی 21 باب 43-44۔ [2] ابو داود: 3004۔

ایک دیوار کے نیچے بٹھایا اور تدبیر یہ کی کہ ابن جحاش ملعون دیوار کے اوپر جا کر ایک بھاری پتھر نبی ﷺ پر گرا دے اور حضور ﷺ کی زندگی کا خاتمہ کر دے۔

آنحضرت ﷺ کو وہاں جا بیٹھنے کے بعد باعلام ربانی اس شرارت کا علم ہو گیا اور حفاظت الٰہی سے بچ کر چلے آئے۔

بالآخر بنونضیر کو یہ سزا دی گئی کہ خیبر جا کر آباد ہو جائیں۔ انھوں نے چھ سو (600) اونٹوں پر اسباب لادا، اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں سے گرایا، باجے بجاتے ہوئے نکلے اور خیبر جا بسے۔ [1]

یہود کی تیسری سازش، ملک کی عام بغاوت اور اس کا انجام

جنگ احزاب یا غزوہ خندق

5 ہجری کا مشہور واقعہ جنگ خندق ہے۔ [2] بنونضیر خیبر پہنچ کر بھی امن سے نہیں بیٹھے۔ انھوں نے یہ عزم کیا کہ مسلمانوں کا قلع قمع کرنے کے لیے ایک متفقہ کوشش کی جائے جس میں عرب کے تمام قبائل اور جملہ مذاہب کے جنگجو شامل ہوں۔

انھوں نے بیس (20) سردار مامور کیے کہ عرب کے تمام قبیلوں کو حملہ کے لیے آمادہ کریں۔ اس کوشش کا نتیجہ یہ ہوا کہ ذی قعدہ 5 ہجری کو دس ہزار (10000) [3] کا خونخوار لشکر جس میں بت پرست یہودی وغیرہ سب ہی شامل تھے۔ مدینہ پر حملہ آور ہوا۔ قرآن مجید میں اس لڑائی کا نام "جنگ احزاب" ہے۔

1. قریش، بنوکنانہ، اہل تہامہ، زیر کمان سفیان بن حرب تھے۔
2. بنی فزارہ، زیر کمان عقبہ بن حصین۔
3. بنی مرہ، زیر کمان حارث بن عوف۔
4. بنی اشجع و اہل نجد، زیر کمان مسعود بن ذحیلہ۔ [4]

مسلمانوں نے جب ان لشکروں سے مقابلہ کی طاقت نہ دیکھی تو شہر کے گرد خندق کھود لی۔ دس دس آدمیوں نے چالیس چالیس گز خندق تیار کی تھی۔ [5]

صحابہ خندق کھودتے ہوئے یہ شعر پڑھتے تھے۔

نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا مُحَمَّدًا
عَلَی الْإِسْلَامِ مَا بَقِیْنَا اَبَدًا [6]

"ہم وہ ہیں جنھوں نے ہمیشہ کے لیے محمد کے ہاتھ پر بیعت اسلام کی ہے۔"

خندق کھودنے، پتھر توڑنے، مٹی ہٹانے میں نبی ﷺ خود بھی صحابہ رضی اللہ عنہم کو مدد دیتے تھے۔ سینہ مبارک کے بال مٹی سے چھپ گئے تھے اور ابن رواحہ کے اشعار ذیل کو آواز بلند پڑھتے تھے۔

---

[1] یسعیاہ نبی کی کتاب: 6/30 میں پیش گوئی موجود ہے۔ باغی لڑکے دولت و خزانہ لے کر اس قوم کے پاس جاتے ہیں جس سے ان کو کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ کچھ فائدہ نہ ہونے کا ظہور جنگ خیبر میں ہوا تھا۔ [2] ہم نے اس جنگ کو یہودیوں کی جنگ میں شمار کیا ہے۔ کیوں کہ یہودی ہی تمام قبائل کو اشتعال دلانے اور مدینہ پر چڑھا کر لانے والے تھے۔ اگرچہ حملہ آوروں میں قریش بھی شامل تھے اور دیگر بت پرست قومیں بھی اور زیادہ تعداد بت پرستوں ہی کی تھی۔ [3] زاد المعاد: 271/3 [4] طبری، ص: 212/2
[5] طبری، ص: 213/2 [6] بخاری: 4100

اَللّٰهُمَّ لَوْ لَا اَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا	اے اللہ تیرے سوا ہم کو ہدایت تھی کہاں
وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا	کیسے پڑھتے ہم نمازیں، کیسے دیتے ہم زکوۃ
فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا	اے اللہ ہم پر سکینہ کا تو فرما دے نزول
وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَيْنَا	دشمن آ جائے تو ہم کو کر عطا یارب ثبات
اِنَّ الْاَعْدَاءَ قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا	بے سبب ہم پر یہ دشمن ظلم پر چڑھ آئے ہیں
اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا [1]	فتنہ گر ہیں وہ نہیں بھاتی ہمیں فتنہ کی بات

مسلمان صرف تین ہزار (3000) تھے۔ اسلامی لشکر مدینہ ہی کے اندر اس طرح پر اترا کہ سامنے خندق تھی اور پس پشت ''کوہ سلع'' [2] بنوقریظہ، یہودی (جو مدینہ میں آباد تھے اور جن پر پابندیٔ معاہدہ مسلمانوں کا ساتھ دینا ضروری ولابدی تھا) ان سے شب کی تاریکی میں حیی بن اخطب یہودی سردار بنونضیر جا کر ملا اور انھیں نقض عہد پر آمادہ کر کے اپنی طرف ملا لیا۔ نبی ﷺ نے اپنے کئی نقیب (حواری) بھی ان کے پاس بار بار سمجھانے کو بھیجے مگر انھوں نے صاف صاف کہہ دیا۔ محمد ﷺ کون ہے کہ ہم اس کی بات مانیں۔ اس کا ہم سے کوئی عہد و پیمان نہیں۔ [3]

اس کے بعد بنوقریظہ نے شہر کے امن میں بھی خلل ڈالنا شروع کر دیا اور مسلمانوں کی عورتوں اور بچوں کو خطرہ میں ڈال دیا۔ مجبوراً ان تین ہزار (3000) مسلمانوں سے بھی ایک حصہ کو شہر کے امن عامہ کی حفاظت کے لیے علیحدہ کرنا پڑا۔ بنوقریظہ یہ سمجھے ہوئے تھے کہ جب باہر سے دس ہزار (10000) دشمن کا جرار لشکر حملہ آور ہوگا اور شہر کے اندر غدر پھیلا کر ہم مسلمانوں کی عافیت تنگ کر دیں گے تو دنیا پر مسلمانوں کا نام و نشان بھی باقی نہ رہے گا۔

نبی ﷺ کو چونکہ طبعاً جنگ سے نفرت تھی۔ اس لیے آپ نے یہ بھی صحابہ رضی اللہ عنہم سے مشاورت کی کہ حملہ آور سرداران غطفان سے ایک تہائی پیداوار ثمر (میوہ) پر صلح کر لی جائے لیکن انصار نے جنگ کو ترجیح دی۔ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے اس تجویز کے متعلق تقریر کرتے ہوئے کہا کہ جن دنوں یہ حملہ آور قبائل شرک کی نجاست میں آلودہ اور بت پرستی میں مبتلا تھے۔ ان دنوں بھی ہم نے ان کو ایک چھوہارہ تک نہیں دیا۔ آج جب کہ اللہ نے ہمیں اسلام سے مشرف فرما دیا ہے تو ہم انھیں کیوں کر پیداوار کا ثلث دے سکتے ہیں۔ ان کے لیے ہمارے پاس تو تلوار کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ [4]

حملہ آور فوج کا محاصرہ بیس (20) دن تک رہا۔ کبھی کبھی اکے دکے کا مقابلہ بھی ہوا۔ عمرو بن عبدود جو اپنے آپ کو ہزار (1000) جوانوں کے برابر سمجھا کرتا تھا حیدر کرار علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے مارا گیا اور نوفل بن عبداللہ بن مغیرہ بھی مقابلہ میں ہلاک ہوا۔ اہل مکہ نے نوفل کی لاش لینے کے لیے دس ہزار (10000) درہم مسلمانوں کو پیش کیے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''لاش دے دو، قیمت درکار نہیں۔'' [5]

---

[1] بخاری: 4106,4104 [2] زاد المعاد، ص: 271/3 [3] ابن ہشام، ص: 141/2، زاد المعاد، ص: 272/3
[4] طبری و سیرت ابن ہشام، ص: 141/2، زاد المعاد، ص: 273/3 [5] ابن ہشام، ص: 142/2

جب وہ اس عرصہ میں محصور مسلمانوں سے کوئی مورچہ نہ لے سکے تو ان کے حوصلے ٹوٹ گئے۔ آخر ایک رات تمام لشکر اپنے ڈیرے ڈنڈے اٹھا کر ''رفو چکر'' ہو گیا۔

بنو قریظہ کا انجام

اس مصیبت سے رہائی کے بعد نبی ﷺ نے بنو قریظہ کو بلا بھیجا کہ وہ سامنے آ کر اپنے طرزِ عمل کی وجہ بیان کریں۔ اب بنو قریظہ قلعہ بند ہو بیٹھے اور لڑائی کی پوری تیاری کر لی۔ اس وقت مسلمانوں کو یہ معلوم ہوا کہ بنو نضیر کا سردار حیی بن اخطب جو بنو قریظہ کو مسلمانوں کا مخالف بنانے آیا تھا، اب تک ان کے قلعے کے اندر موجود ہے۔

بنو قریظہ کا یہ غدر ان کی پہلی حرکت ہی نہ تھی بلکہ جنگ بدر میں انھوں نے قریش کو (جو مسلمانوں پر حملہ آور ہوئے تھے) ہتھیاروں سے مدد دی تھی مگر اس وقت رحم دل نبی ﷺ نے ان کا یہ قصور معاف کر دیا تھا۔

اب ان کے قلعہ بند ہو جانے سے مسلمانوں کو مجبوراً لڑنا پڑا۔ بماہ ذی الحجہ محاصرہ کیا گیا جو پچیس (25) دن تک رہا۔ محاصرہ کی سختی سے بنو قریظہ تنگ آ گئے۔ انھوں نے قبیلہ اوس کے مسلمانوں کو جن سے ان کا پہلے سے ربط وضبط تھا۔ بیچ میں ڈالا اور نبی ﷺ سے منوالیا کہ بنو قریظہ کے معاملے میں سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو (جو اوس کے سردار قبیلہ تھے) حَکم (سرپنچ ومنصف) تسلیم کیا جائے جو فیصلہ سعد کر دے اللہ کا نبی ﷺ اسی کو منظور کر لے۔

بنو قریظہ قلعہ سے نکل آئے اور مقدمہ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے سپرد کیا گیا۔ اللہ جانے بنو قریظہ کے یہودیوں اور اوس کے مسلمانوں نے سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو حکم بناتے ہوئے کیا کیا امیدیں ان پر لگائی ہوں گی۔ مگر ضروری تحقیقات کے بعد اس جنگی مرد نے یہ فیصلہ دیا:

(1) بنو قریظہ کے جنگ جو مرد قتل کیے جائیں۔ (2) عورتیں اور بچے مملوک بنائے جائیں۔ (3) مال تقسیم کیا جائے۔ [1]

اس فیصلہ کی تعمیل کے متعلق صحیح بخاری میں جو روایت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہے۔ اس سے یہ تو معلوم ہوتا ہے کہ جنگ آور مرد قتل کیے گئے تھے، لیکن اس حدیث کے متعلق قارئین یہ بھی یاد رکھیں کہ یہودیوں کو ان کے اپنے منتخب کردہ منصف نے قریباً وہی [2] سزا دی تھی جو یہودی اپنے دشمنوں کو دیا کرتے تھے اور جو ان کی شریعت میں ہے۔

ہمارے پاس یہ امر باور کرنے کی وجوہات اور نظائر موجود ہیں کہ اگر بنو قریظہ اپنا معاملہ نبی کریم ﷺ کے سپرد کر دیتے تو ان

---

[1] بخاری: 4121۔ [2] ''قریباً وہی سزا'' اس لیے لکھا گیا ہے کہ یہودی اپنے قیدیوں کو اس سے زیادہ سخت سزا دیا کرتے تھے۔ کتاب تورات میں گنتی کا 31 باب 6-35 درس ناظرین پڑھ کر دیکھیں۔

''9۔ بنی اسرائیل نے مدیان کی عورتوں، ان کے بچوں کو اسیر کیا۔ ان کے مویشی اور بھیڑ بکری اور مال واسباب سب کچھ لوٹ لیا۔ 10۔ اور ان کے سارے شہروں کو جن میں وہ رہتے تھے۔ اور ان کے سب قلعوں کو پھونک دیا۔ 14۔ موسیٰ ۔۔۔ غصہ ہوا۔ 15۔ کہ کیا تم نے سب عورتوں کو جیتا رکھا؟ تم ان بچوں کو جتنے لڑکے ہیں سب کو قتل کرو اور ہر عورت جو مرد کی صحبت سے واقف تھیں جان سے مارو۔ 18۔ لیکن وہ لڑکیاں جو مرد کی صحبت سے واقف نہیں ہوئیں ان کو زندہ رکھو۔

رگ وید۔ چوتھے منڈل کے منتر۔ 16 رچا 10 میں ہے۔

''اس نے پچاس ہزار (50000) سیاہ فام دشمنوں کو لڑائی میں تباہ وغارت کیا۔'' صفحہ 34 قدیم ہندوستان۔ رگ وید منڈل 10 منتر 49۔ رچا۔ 7

ہم نے داسوں (غلاموں) کو دو ٹکڑوں میں قطع کر دیا۔ قضاوقدر نے ان کو اسی واسطے پیدا کیا تھا۔ صفحہ 38۔ رگ وید منڈل 2۔ منتر 20 رچا 6۔ 7

وہ اندر جس نے ورترا کو قتل کیا اور جس نے قصبے کے قصبے اور گاؤں کے گاؤں تہ وبالا کر دیے۔ وہ جو کالے داسوں کی فوجوں کو تباہ کرتا ہے۔ صفحہ 37 اردو ترجمہ قدیم ہندوستان کی تہذیب مصنفہ مسٹر آر سی۔ دت صاحب۔

کو زیادہ سے زیادہ جو سزا دی جاتی وہ یہ ہوتی کہ جاؤ خیبر میں آباد ہو جاؤ۔ بنو قینقاع اور بنو نضیر کا معاملہ اس کی نظیر ہے۔ نبی ﷺ نے ان بنو قریظہ سے بھی بعض کو رحم شاہانہ سے اس فیصلہ کی تعمیل سے مستثنیٰ فرما دیا تھا۔ مثلاً زبیر یہودی کے لیے مع اہل و عیال و فرزند و مال رہائی کا حکم دے دیا تھا اور رفاعہ بن شموئیل یہودی کی بھی جان بخشی فرما دی تھی۔ [1]

فصل

عیسائیوں سے جنگ

عیسائی اقوام سے نبی ﷺ کا برتاؤ اچھا رہا۔ ایک دو حاکمان ملک نے شخصی طور پر آنحضرت ﷺ سے عناد کیا، لیکن جمہور کا اس سے تعلق نہ تھا۔ تفصیل سے اس کی توضیح ہوتی ہے کہ صرف ایک عیسائی سردار کے ساتھ ایک جنگ ہوئی اور ایک سفر ان کے حملہ آور ہونے کی خبر اڑ جانے پر کیا گیا ہے اور بس۔

داعی اسلام کا انتقام یا جنگ موتہ (بماہ جمادی الاول 8 ہجری)

موتہ شام کے ایک قصبہ کا نام ہے۔ یہاں کے سردار شرحبیل بن عمرو غسانی نے نبی ﷺ کے سفیر حارث بن عمیر ؓ ازدی کو جو دعوت اسلام کا خط لے کر روانہ ہوا تھا، قتل کرا دیا تھا۔

مظلوم حارث ؓ کے قتل سے سفیروں کی جانیں خطرہ میں پڑ گئی تھیں۔ اس لیے نبی ﷺ نے قریباً تین ہزار (3000) کی ایک فوج روانہ کی۔ حاکم غسان نے اپنی کارروائی پر ندامت کا اظہار نہ کیا۔ وہ تو مقابلہ پر تیار ہو گیا۔ اتفاق سے ہرقل بادشاہ اس علاقہ میں آیا ہوا تھا اور مو آب میں ایک لاکھ لشکر (100000) کی جمعیت سے ٹھہرا ہوا تھا۔ عرب کے صحرا نشین عیسائی قبائل لخم، جذام، بہراء، بلی، قیس وغیرہ کے بھی قریباً ایک لاکھ (100000) آدمی شہنشاہ ہرقل کی آمد پر وہاں جمع تھے۔ اس لیے حاکم غسان نے کچھ شاہی فوج بھی منگوا لی اور قبائل کو بھی جمع کر لیا۔ غرض دشمنوں کی تعداد ایک لاکھ تک پہنچ گئی۔ مسلمان مجبوراً لڑے۔ زید بن حارثہ ؓ (جو نبی ﷺ کے پروردہ، نہایت عزیز اور اس فوج کے کمانڈر تھے) مارے گئے۔ [2] جعفر طیار ؓ (جو نبی ﷺ کے چچیرے اور حضرت علی مرتضیٰ کے حقیقی بڑے بھائی تھے، بعمر 33 سال) 90 زخم [3] سامنے کی طرف کھا کر اور عبداللہ بن رواحہ ؓ (بزرگ صحابی) جنھوں نے جعفر ؓ کے بعد فوج کی کمان سنبھالی تھی، شہید ہو گئے۔ پھر خالد بن ولید ؓ نے فوج کو سنبھالا اور ڈیڑھ دن کی سخت جنگ کے بعد اپنے سے چالیس گنا زیادہ فوج کو بھاگ جانے پر مجبور کر دیا۔ اس جنگ میں 9 تلواریں حضرت خالد ؓ کے ہاتھ میں مارتے مارتے ٹوٹی تھیں۔ [4]

نبی ﷺ نے مدینے میں بیٹھے ہوئے ان بزرگوں کے مارے جانے اور جنگ کے آخری انجام کا حال صحابہ ؓم سے اسی روز بیان فرما دیا تھا۔ اسی جنگ کے بعد خالد ؓ کو "سیف اللہ" کا خطاب عطا ہوا تھا۔

---

[1] تاریخ طبری، ص:2/ 230 [2] زید بن حارثہ ؓ چھاتی پر نیزہ کھا کر گھوڑے سے گرے۔ ان کے ہاتھ میں نشان (علم، جھنڈا) تھا۔ جعفر ؓ نے نشان سنبھال لیا۔ حملہ آوروں نے حضرت جعفر ؓ کے گھوڑے کی کونچیں کاٹ دیں۔ یہ پیدل ہو گئے۔ ایک دشمن نے ان کا دایاں بازو تلوار سے اڑا دیا۔ انھوں نے بائیں ہاتھ میں نشان سنبھال لیا۔ دوسرے دشمن نے دوسرا بازو تلوار سے اڑا دیا۔ اس لیے ان کا لقب "ذوالجناحین" ہوا۔ (ابن خلدون)

[3] بخاری: 4261 [4] بخاری: 4265-4266

جیش عسرت یا سفر تبوک [1] (رجب 9/ہجری)

ایک قافلہ شام سے آیا اور انھوں نے ظاہر کیا کہ قیصر کی فوجیں مدینے پر حملہ آور ہونے کے لیے تیار اور فراہم ہو رہی ہیں۔ عرب کے عیسائی قبائل لخم، جذام، عاملہ، غسان وغیرہ انکے ساتھ شامل ہیں۔ گویا وہ اس شکست کا بدلہ لینا چاہتے تھے جو بمقام موتہ قیصر کے حاکم اور قیصر کی فوج کو ہوئی تھی۔

نبی ﷺ نے خیال فرمایا کہ حملہ آور فوج کی مدافعت عرب کی سرزمین میں داخل ہونے سے پہلے پہلے مناسب ہے، تاکہ اندرون ملک کے امن میں خلل واقع نہ ہو۔

یہ مقابلہ ایسی سلطنت سے تھا جو نصف دنیا پر حکمران تھی اور جس کی فوج ابھی حال ہی میں سلطنت ایران کو نیچا دکھا چکی تھی۔

مسلمان بے سروسامان تھے۔ سفر دور دراز کا تھا۔ عرب کی مشہور گرمی خوب زوروں پر تھی۔ مدینے کے میوے پک گئے تھے۔ میوے کھانے اور سایہ میں بیٹھنے کے دن تھے۔ نبی ﷺ نے تیاری سامان کے لیے عام چندہ کی فہرست کھولی۔

عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے نوسو (900) اونٹ، سو (100) گھوڑے اور ایک ہزار (1000) دینار چندہ میں دیے ان کو **مُجَھِّزُ جَیْشِ الْعُسْرَۃِ** (فاقہ زدہ لشکر کا سامان بنا دینے والا) کا خطاب ملا۔

- عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے چالیس ہزار (40,000) درہم۔
- عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے تمام اثاث البیت نقد و جنس کا نصف جو کئی ہزار روپیہ تھا پیش کیا۔
- ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جو کچھ لائے اگرچہ وہ قیمت میں کم تھا مگر معلوم ہوا کہ وہ گھر میں اللہ اور رسول ﷺ کی محبت کے سوا اور کچھ بھی باقی نہ چھوڑ کر آئے تھے۔
- ابوعقیل انصاری رضی اللہ عنہ نے دو سیر چھوہارے لا کر پیش کیے اور یہ بھی عرض کی کہ "رات بھر پانی نکال نکال کر ایک کھیت کو سیراب کر کے چار سیر چھوہارے مزدوری لایا تھا۔ دو سیر بیوی بچے کے لیے چھوڑ کر باقی دو سیر لے آیا ہوں" نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "کہ ان چھوہاروں کو جملہ قیمتی مال و متاع کے اوپر بکھیر دو۔"

غرض ہر ایک صحابی نے اس موقع پر ایسے ہی خلوص و فراخ دلی سے کام لیا۔ قریباً 82 شخص جو دکھلاوے کے مسلمان تھے، بہانے کر کے اپنے گھروں میں رہ گئے۔ عبداللہ بن ابی سلول مشہور منافق نے ان لوگوں کو اطمینان دلایا تھا کہ اب محمد ﷺ اور اس کے ساتھی مدینے واپس نہ آ سکیں گے۔ قیصر انھیں قید کر کے مختلف ممالک میں بھیج دے گا۔

اللہ کا نبی ﷺ تیس ہزار (30000) کی جمعیت سے تبوک کو روانہ ہوا۔

مدینہ پر سباع بن عرفطہ رضی اللہ عنہ [2] کو خلیفہ بنایا اور علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ [3] کو مدینہ میں اہل بیت کی ضروریات کے لیے مامور فرمایا۔

---

[1] چوں کہ کوئی جنگ نہیں ہوئی اس لیے میں نے اس کا نام سفر رکھا ہے۔ مورخین نے اسے غزوہ تبوک اس لیے لکھتے ہیں کہ یہ سفر بغرض مدافعت فوجی تھا۔
[2] طبری، ص: 338/2 [3] بخاری: 4416، مسلم: 6218,6217، ترمذی: 3731

لشکر میں سواریوں کی بڑی قلت تھی۔18 اشخاص کے لیے ایک اونٹ مقرر تھا۔رسد کے نہ ہونے سے اکثر جگہ درختوں کے پتے کھانے پڑے۔جس سے ہونٹ سوج گئے تھے۔پانی بعض جگہ ملا ہی نہیں۔اونٹوں کو (اگرچہ سواری کے لیے پہلے ہی کم تھے) ذبح کرکے ان کی امعاء کا پانی پیا کرتے تھے۔ ①

الغرض صبر واستقلال سے تمام تکالیف کو برداشت کرتے ہوئے تبوک پہنچ گئے۔

سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی منقبت

ابھی تبوک کے راستے ہی میں تھے کہ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ بھی پہنچ گئے۔معلوم ہوا کہ منافقین بعد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو چڑانے اور کھجانے لگے تھے۔کوئی کہتا ہے کہ نکما کہہ کر چھوڑ دیا،کوئی کہتا ترس کھا کے چھوڑ دیا۔ان باتوں سے اللہ کے شیر رضی اللہ عنہ کو غیرت آئی۔دو منزلہ،سہ منزلہ طے کرتے ہوئے نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچ گئے۔لمبے لمبے سفر اور سخت گرمی کی تکلیف سے پاؤں متورم تھے اور چھالے پڑ گئے تھے۔نبی ﷺ نے فرمایا: اَلَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّىْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى اَلَّا اِنَّه، لَا نَبِىَّ بَعْدِىْ ’’علی رضی اللہ عنہ! تم اس پر خوش نہیں ہوتے کہ تم میرے لیے ویسے ہو جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کے لیے ہارون علیہ السلام تھے۔گو میرے بعد کوئی نبی نہیں۔‘‘ یہ سن کر علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ خوش وخرم مدینے کو واپس تشریف لے گئے۔ ②

تبوک پہنچ کر نبی ﷺ نے ایک ماہ قیام فرمایا۔اہل شام پر اس دلیرانہ حرکت کا اثر یہ ہوا کہ انھوں نے عرب پر حملہ آور ہونے کا خیال اس وقت چھوڑ دیا اور اس حملہ آوری کا بہترین موقع آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد کا زمانہ قرار دیا۔

آپ ﷺ کا خطبہ

تبوک ③ میں ایک نماز کے بعد آنحضرت ﷺ نے ایک مختصر اور نہایت جامع وعظ فرمایا تھا۔ذیل میں اسے مع ترجمہ درج کیا جاتا ہے۔ہم نے صرف اس قدر تصرف کیا ہے کہ ہر فقرہ پر نمبر شمار لگا دیے ہیں۔اللہ تعالیٰ کی بہترین حمد وثنا کے بعد:

① فَاِنَّ اَصْدَقَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ	ہر ایک کلام سے بڑھ کر صدق میں اللہ کی کتاب ہے
② وَاَوْثَقَ الْعُرٰى كَلِمَةُ التَّقْوٰى	سب سے بڑھ کر بھروسے کی بات تقویٰ کا کلمہ ہے

---

① مدارج النبوۃ ② بخاری: 4416، 6217، ترمذی: 3731، ابن ماجہ: 115۔حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت ہارون علیہ السلام کو بنی اسرائیل پر اس وقت چھوڑ گئے تھے۔جب انھوں نے کوہ طور پر چالیس (40) دن کا میقات پورا کیا تھا۔قرآن مجید میں اس واقعہ کا مفصل ذکر ہے۔حضرت موسیٰ علیہ السلام کے انتقال کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جو خلیفہ ہوئے ان کا نام یوشع بن نون علیہ السلام ہے۔

③ فلاڈلفیا کا قدیم کلیسا جس کا ذکر مکاشفات یوحنا 3 باب 7 تا 13 درس میں ہے۔تبوک ہی کے متصل تھا۔عرب اسے ’’المقصر‘‘ کہتے تھے۔حجاز ریلوے کی سڑک میں اس کے کھنڈر بھی پائے گئے۔زمان نبوی ﷺ میں اس جگہ عیسائی قوم میں آباد تھیں۔اس لیے ایام قیام تبوک میں ان اقوام میں تبلیغ اسلام بھی کی گئی اور ان سے معاہدات بھی کیے گئے۔عیسائیت پر قائم رہنے والی اقوام کو مذہب کی آزادی دی گئی اور ان کے جان ومال کی حفاظت کا ذمہ مسلمانوں نے اپنے اوپر لیا تھا۔اس طرف چند چھوٹی چھوٹی ریاستیں بھی عیسائیوں کی تھیں۔مثلاً اکیدر دومۃ الجندل میں حکمران تھا اور یوحنا ایلہ کا فرماں روا تھا۔ان کی حکومتوں کو قائم رکھا گیا۔اہل اذرح بھی عیسائی تھے اور آزاد قبائل تھے۔ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دیا گیا۔معاہدات میں جس فیاضی،بے تعصبی بلکہ محبت کا اظہار کیا گیا ہے وہ آج تک مسلمہ ہے۔عیسائیوں نے نئے یروشلم اور خدا کا نیا نام جس کا ذکر مکاشفات 3 باب 12 درس میں ہے اسی جگہ سنا تھا۔

اکیدر والی دومۃ الجندل جسے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے شکار کھیلتے گرفتار کیا تھا۔نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر معاہدہ کرنے کے بعد پھر مسلمان ہوگیا تھا۔

③ وَخَيْرُ الْمِلَلِ مِلَّةُ اِبْرَاهِيْمَ	سب ملتوں سے بہتر ملت ابراہیم علیہ السلام کی ہے
④ وَخَيْرُ السُّنَنِ سُنَّةُ مُحَمَّدٍ ﷺ	سب طریقوں سے بہتر طریقہ محمد ﷺ کا ہے
⑤ وَاَشْرَفُ الْحَدِيْثِ ذِكْرُ اللّٰهِ	سب باتوں پر اللہ کے ذکر کو شرف ہے۔
⑥ وَاَحْسَنَ الْقَصَصِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ	سب بیانات سے پاکیزہ تر یہ قرآن ہے۔
⑦ وَخَيْرُ الْاُمُوْرِ عَوَازِمُهَا	بہترین کام اولوالعزمی کے کام ہیں۔
⑧ وَشَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا	امور میں بدترین امر وہ ہے جو نیا نکالا گیا ہو
⑨ وَاَحْسَنُ الْهُدٰى هُدَى الْاَنْبِيَآءِ	انبیاء کی روش سب روشوں سے خوب تر ہے۔
⑩ وَاَشْرَفُ الْمَوْتِ قَتْلُ الشُّهَدَآءِ	شہیدوں کی موت، موت کی سب قسموں سے بزرگ تر ہے۔
⑪ وَاَعْمَى الْعُمٰى اَلضَّلَالَةِ بَعْدَ الْهُدٰى	سب سے بڑھ کر اندھا پن گمراہی ہے جو ہدایت کے بعد ہو جائے۔
⑫ خَيْرُ الْاَعْمَالِ مَا نَفَعَ	عملوں میں وہ عمل اچھا ہے جو نفع دہ ہو۔
⑬ وَخَيْرُ الْهُدٰى مَا اتُّبِعَ	بہترین روش وہ ہے جس پر لوگ چلیں۔
⑭ وَشَرِّ الْعَمٰى عَمَى الْقَلْبِ	بدترین کوری دل کی کوری ہے۔
⑮ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى	بلند ہاتھ پست ہاتھ سے بہتر ہے۔
⑯ وَمَا قَلَّ وَكَفٰى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَاَلْهٰى	تھوڑا اور کافی مال اس بہتات سے اچھا ہے جو غفلت میں ڈال دے۔
⑰ وَشَرُّ الْمَعْذِرَةِ حِيْنَ يَحْضُرُ الْمَوْتُ	بدترین معذرت (توبہ) وہ ہے جو جان کنی کے وقت کی جائے۔
⑱ وَشَرُّ النَّدَامَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ	بدترین ندامت وہ ہے جو قیامت کو ہوگی۔
⑲ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ لَّا يَاْتِى الْجُمْعَةَ اِلَّا دُبُرًا	بعض لوگ جمعہ کو آتے ہیں مگر دل پیچھے لگے ہوتے ہیں۔
⑳ وَمِنْهُمْ مَنْ لَّا يَذْكُرُ اللّٰهَ اِلَّا هِجْرًا	ان میں سے بعض وہ ہیں جو اللہ کا ذکر کبھی کبھی کیا کرتے ہیں۔
㉑ وَمِنْ اَعْظَمِ الْخَطَايَا اللِّسَانِ الْكَذُوْبِ	سب گناہوں سے عظیم تر جھوٹی زبان ہے۔
㉒ وَخَيْرُ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ	سب سے بڑی تونگری دل کی تونگری ہے۔
㉓ وَخَيْرُ الزَّادِ التَّقْوٰى	سب سے عمدہ توشہ تقویٰ ہے۔
㉔ وَرَاْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ	دانائی کا سر یہ ہے اللہ کا خوف دل میں ہو۔
㉕ وَخَيْرُ مَا وَقَرَ فِى الْقُلُوْبِ الْيَقِيْنُ	دلنشین ہونے کے لیے بہترین چیز یقین ہے۔
㉖ وَالْاِرْتِيَابُ مِنَ الْكُفْرِ	شک پیدا کرنا کفر (کی شاخ) ہے۔
㉗ وَالنِّيَاحَةُ مِنْ عَمَلِ الْجَاهِلِيَّةِ	بین سے رونا جاہلیت کا کام ہے۔

﴿28﴾ وَالْغُلُوْلُ مِنْ جُثَا جَهَنَّمَ	چوری کرنا عذاب جہنم کا سامان ہے
﴿29﴾ وَالسُّكْرُ كَيٌّ مِنَ النَّارِ	بدمست ہونا آگ میں پڑنا ہے۔
﴿30﴾ وَالشِّعْرُ مِنْ اِبْلِيْسَ	شعر ابلیس کا (حصہ) ہے
﴿31﴾ وَالْخَمْرُ جُمَّاعُ الْاِثْمِ	شراب تمام گناہوں کا مجموعہ ہے۔
﴿32﴾ وَشَرُّ الْمَاْكِلِ مَالَ الْيَتِيْمِ	بدترین روزی یتیم کا مال کھاجانا ہے۔
﴿33﴾ وَالسَّعِيْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهٖ	سعادت مند وہ ہے جو دوسرے سے نصیحت پکڑتا ہے
﴿34﴾ وَالشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ	اصل بدبخت وہ ہے جو ماں کے پیٹ میں ہی بدبخت ہو۔
﴿35﴾ وَمِلَاكُ الْعَمَلِ خَوَاتِمُهٗ	عمل کا سرمایہ اس کے بہترین انجام پر ہے
﴿36﴾ وَشَرُّ الرُّوْيَا رُؤْيَا الْكَذِبُ	بدترین خواب وہ ہے جو جھوٹا ہے
﴿37﴾ وَكُلُّ مَا هُوَ اٰتٍ قَرِيْبٌ	جو بات ہونے والی ہے وہ قریب ہے
﴿38﴾ وَسِبَابُ الْمُؤْمِنِ فُسُوْقٌ	مومن کو گالی دینا فسق ہے۔
﴿39﴾ وَقِتَالُهٗ كُفْرٌ	مومن کو قتل کرنا کفر ہے۔
﴿40﴾ وَاَكْلُ لَحْمِهٖ مِنْ مَّعْصِيَةِ اللّٰهِ	مومن کا گوشت کھانا (اس کی غیبت کرنا) اللہ کی معصیت ہے۔
﴿41﴾ وَحُرْمَةُ مَالِهٖ كَحُرْمَةِ دَمِهٖ	مومن کا مال دوسرے پر ایسے ہی حرام ہے جیسے اس کا خون۔
﴿42﴾ وَمَنْ يتالَ عَلَى اللّٰهِ يُكَذِّبْهُ	جو اللہ سے استغنا کرتا ہے اللہ اسے جھٹلاتا ہے
﴿43﴾ وَمَنْ يَغْفِرْ يُغْفَرْ لَهٗ	جو کسی کا عیب چھپاتا ہے، اللہ اس کے عیوب چھپاتا ہے۔
﴿44﴾ وَمَنْ يَعْفُ يَعْفُ اللّٰهُ عَنْهُ	جو معافی دیتا ہے اسے معافی دی جاتی ہے
﴿45﴾ وَمَنْ يَكْظِمِ الْغَيْظَ يَاْجُرْهُ اللّٰهُ بِهٖ	جو غصہ کو پی جاتا ہے اللہ اسے اجر دیتا ہے۔
﴿46﴾ وَمَنْ يَصْبِرْ عَلَى الرَّزِيَّةِ يُعَوِّضْهُ اللّٰهُ	جو نقصان پر صبر کرتا ہے اللہ اسے اجر دیتا ہے۔
﴿47﴾ وَمَنْ يَتَّبِعِ السُّمْعَةَ يُسَمِّعُ اللّٰهُ	جو چغلی کو پھیلاتا ہے اللہ اس کی رسوائی عام کردیتا ہے
﴿48﴾ وَمَنْ يَصْبِرْ يُضْعِفُ اللّٰهُ لَهٗ	جو صبر کرتا ہے اللہ اسے بڑھاتا ہے۔
﴿49﴾ وَمَنْ يَعْصِ اللّٰهَ يُعَذِّبْهُ اللّٰهُ	جو اللہ کی نافرمانی کرتا ہے اللہ اسے عذاب دیتا ہے
﴿50﴾ ثُمَّ اسْتَغْفِرُ اللّٰهَ ثَلٰثًا	پھر تین دفعہ استغفار پڑھ کر۔

آنحضرت ﷺ نے اس خطبہ کو ختم فرمایا۔ ﴿1﴾

﴿1﴾ بیہقی (المتوفی 458ھ) فی الدلائل: 242/5 وحاکم من حدیث عقبہ بن عامر منقول از زاد المعاد: 540/3۔ اور حافظ امام ابن کثیر رحمہ اللہ نے البدایہ والنہایہ: 14،13/5 میں نقل کیا ہے۔ نیز اس کی سند کو ضعیف قرار دیا ہے۔

ذوالبجادین رضی اللہ عنہ کی وفات

ایام قیام تبوک میں ذوالبجادین رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا۔ اس مخلص کے ذکر سے واضح ہوتا ہے کہ نبی ﷺ مفلس و مخلص صحابہ رضی اللہ عنہم پر کس قدر مزید لطف وعنایت فرمایا کرتے تھے۔

ان کا نام عبداللہ تھا۔ ابھی بچہ ہی تھے کہ باپ مر گیا۔ چچا نے پرورش کی تھی۔ جب جوان ہوئے تو چچا نے اونٹ، بکریاں، غلام دے کر ان کی حیثیت درست کر دی۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسلام کے متعلق کچھ سنا اور دل میں توحید کا ذوق پیدا ہوا، لیکن چچا سے اس قدر ڈرتا تھا کہ اظہار اسلام نہ کر سکا۔ جب نبی ﷺ فتح مکہ سے واپس آ گئے تو عبداللہ نے چچا سے جا کر کہا:

"پیارے چچا! مجھے برسوں انتظار کرتے گذر گئے کہ کب آپ کے دل میں اسلام کی تحریک پیدا ہوتی ہے اور آپ کب مسلمان ہوتے ہیں، لیکن آپ کا حال وہی پہلے کا سا چلا آتا ہے۔ میں اپنی عمر پر زیادہ اعتماد نہیں کر سکتا۔ مجھے اجازت فرمایئے کہ میں مسلمان ہو جاؤں۔"

چچا نے جواب دیا:

"دیکھ! اگر تو محمد ﷺ کا دین قبول کرنا چاہتا ہے تو میں سب کچھ تجھ سے چھین لوں گا۔ تیرے بدن پر چادر اور تہبند تک باقی نہ رہنے دوں گا۔"

عبداللہ نے جواب دیا:

"چچا صاحب! میں مسلمان ضرور بنوں گا اور محمد ﷺ کی اتباع ہی قبول کروں گا۔ شرک اور بت پرستی سے میں بیزار ہو چکا ہوں۔ اب جو آپ کی منشاء ہے کیجیے اور جو کچھ میرے قبضے میں زر و مال وغیرہ ہے، سب سنبھال لیجیے۔ میں جانتا ہوں کہ ان سب چیزوں کو آخر ایک روز یہیں دنیا میں چھوڑ جانا ہے۔ اس لیے میں ان کے لیے سچے دین کو ترک نہیں کر سکتا۔"

عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ کہہ کر بدن کے کپڑے تک اتار دیے اور مادرزاد برہنہ ہو کر ماں کے سامنے گیا۔ ماں دیکھ کر حیران ہوئی، کہ کیا ہوا؟ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں مومن اور موحد ہو گیا ہوں۔ نبی ﷺ کی خدمت میں جانا چاہتا ہوں۔ ستر پوشی کے لیے کپڑے کی ضرورت ہے۔ مہربانی فرما کر دے دیجیے۔ ماں نے ایک کمبل دے دیا۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کمبل پھاڑا، آدھے کا تہبند بنا لیا، آدھا اوپر لے لیا اور مدینے کو روانہ ہو گیا۔ علی الصبح مسجد نبوی ﷺ میں پہنچ گیا اور مسجد سے تکیہ لگا کر منتظرانہ بیٹھ گیا۔

نبی ﷺ جب مسجد مبارک میں آئے تو اسے دیکھ کر پوچھا کہ کون ہو؟ کہا: میرا نام عبدالعزیٰ ہے۔ فقیر و مسافر ہوں۔ عاشق جمال اور طالب ہدایت ہو کر در دولت تک آ پہنچا ہوں۔

نبی ﷺ نے فرمایا: "تمہارا نام عبداللہ رضی اللہ عنہ ہے اور ذوالبجادین لقب۔ تم ہمارے قریب ہی ٹھہرو اور مسجد میں رہا کرو"

عبداللہ رضی اللہ عنہ اصحاب صفہ میں شامل ہو گیا۔ [1] نبی ﷺ سے قرآن سیکھتا اور دن بھر عجب ذوق و شوق اور جوش و نشاط سے پڑھا کرتا۔

---

[1] صفہ چبوترہ کو کہتے ہیں۔ مسجد نبوی کے صحن میں ایک "چبوترہ" تھا۔ جو لوگ گھر بار ترک کر کے دنیا کا زر و مال آسائش و آرام چھوڑ کر تعلیم دین و اسلام کے لیے آیا کرتے تھے وہ اس چبوترہ پر ٹھہرا کرتے تھے۔ اس لیے "اہل صفہ" کے نام سے مشہور تھے۔ یہ عاشقان صداقت بھوک پیاس کی مصیبت اور گرمی سردی کی تکالیف برداشت کرتے مگر دنیا کی کوئی تکلیف اسلام کی تعلیم اور قرآن مجید کا درس لینے سے ان کی روک نہ بن سکتی تھی۔ انہی میں سے وہ لوگ تیار ہوتے تھے جو مختلف ملکوں میں جا کر اشاعت اسلام ...

ایک دفعہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ لوگ نماز پڑھ رہے ہیں اور یہ اعرابی اس قدر بلند آواز سے پڑھ رہا ہے کہ دوسروں کی قراءت میں مزاحمت ہوتی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''عمر رضی اللہ عنہ اسے کچھ نہ کہو۔ یہ تو اللہ اور رسول ﷺ کے لیے سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر آیا ہے۔'' [1]

عبداللہ رضی اللہ عنہ کے سامنے غزوہ تبوک کی تیاری ہونے لگی تو یہ بھی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آئے۔ عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ دعا فرمایئے کہ میں بھی راہِ حق میں شہید ہو جاؤں۔

نبی ﷺ نے فرمایا: جاؤ۔ کسی درخت کا چھلکا اتار لاؤ۔ جب عبداللہ رضی اللہ عنہ چھلکا لے آئے تو نبی ﷺ نے وہ چھلکا اس کے بازو پر باندھ دیا اور زبان مبارک سے فرمایا: ''الٰہی! میں کفار پر اس کا خون حرام کرتا ہوں'' عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ میں تو شہادت کا طالب ہوں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب غزوہ کی نیت سے تم نکلو اور پھر تپ آ جائے اور مر جاؤ تب بھی تم شہید ہی ہو گے۔''

تبوک پہنچ کر یہی ہوا کہ تپ چڑھی اور عالم بقا کو سدھار گئے۔ بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے عبداللہ رضی اللہ عنہ کے دفن کی کیفیت دیکھی ہے۔

مخلص عرب کی تدفین میں نبی ﷺ کا اسوہ

''رات کا وقت تھا۔ بلال رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں چراغ تھا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ اس کی لاش کو لحد میں رکھ رہے تھے۔ نبی ﷺ بھی اس کی قبر میں اترے تھے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ سے فرما رہے تھے: ''اَدِّبَا اِلَیَّ اَخَاکُمَا'' اپنے بھائی کا ادب ملحوظ رکھو۔ آنحضرت ﷺ نے قبر پر اینٹیں بھی اپنے ہاتھ سے رکھیں اور پھر دعا میں فرمایا:

''الٰہی! آج کی شام تک میں اس سے خوشنود رہا ہوں۔ تو بھی اس سے راضی ہو جا۔'' [2]

ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''کاش! اس قبر میں میں دبایا جاتا۔'' [3]

نبی ﷺ تبوک سے مع الخیر مدینہ پہنچ گئے۔

جو منافقین یہ سمجھے ہوئے تھے کہ اب محمد ﷺ اور ان کے دوست قید ہو کر کسی دور دست جزیرہ میں بھیجے جائیں گے اور صحیح و سالم مدینہ نہ پہنچیں گے۔ وہ اب پشیمان ہوئے اور انھوں نے ساتھ نہ چلنے کے جھوٹ موٹ عذر بنائے۔ نبی ﷺ نے سب کو معافی دے دی، لیکن تین مخلص صحابی بھی تھے جو اپنی معمولی سستی و کاہلی کی وجہ سے ہم رکاب جانے سے رہ گئے تھے۔ ان کو اپنی صداقت کی وجہ سے ایک امتحان بھی دینا پڑا۔

ان میں سے ایک بزرگ صحابی نے اپنے متعلق جو کچھ اپنی زبان سے بیان کیا ہے میں اس کو اسی جگہ لکھ دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ یہ بزرگوار کعب بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ ہیں اور ان 73 سابقین میں سے ہیں جو عقبہ کی بیعت ثانیہ میں حاضر ہوئے تھے اور شعراء خاص میں سے تھے۔

کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کا امتحان سخت طریق سے

کعب رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ اس سفر میں میرا گھر پر رہ جانا اتفاقِ محض تھا۔ ایسا کرنے کا نہ میرا ارادہ تھا اور نہ کوئی عذر تھا۔ سفر کا جملہ

[illegible] کرتے تھے۔ انھی میں سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں جو پانچ ہزار تین سو چوہتر (5374) احادیث کے راوی اور اسلام کے مبلغ ہیں۔ زیادہ مفصل حال ہماری کتاب ''سبیل الرشاد یعنی سفرنامہ حجاز'' میں پڑھنا چاہیے۔ [1] مسند احمد: 159/4، اسد الغابہ: 229/3۔ [2] مدارج النبوۃ، ص: 423/2۔ [3] اسد الغابہ: 229/3

سامان مرتب تھا۔ عمدہ اونٹنیاں میرے پاس موجود تھیں۔ میری مالی حالت ایسی اچھی تھی کہ پہلے کبھی نہ ہوئی تھی۔ اس سفر کے لیے میں نے دو مضبوط شتر بھی خرید کیے تھے۔ حالانکہ اس سے پیشتر میرے پاس دو اونٹ کبھی نہ ہوئے تھے۔ لوگ سفر کی تیاری کرتے تھے اور مجھے ذرا تردد نہ تھا۔ میں نے سوچ رکھا تھا کہ جس روز کوچ ہوگا، میں چل پڑوں گا۔ لشکر اسلام جس روز روانہ ہوا مجھے کچھ تھوڑا سا کام تھا، میں نے کہا: خیر میں کل جا ملوں گا۔ دو تین روز اسی طرح سستی اور تذبذب میں گذر گئے۔ اب لشکر اتنی دور نکل گیا تھا کہ اس سے ملنا مشکل ہوگیا۔ مجھے نہایت صدمہ تھا کہ یہ کیا ہوا۔

میں ایک روز گھر سے نکلا، مجھے ان منافقین کے سوا جو جھوٹ موٹ عذر کرنے کے عادی تھے یا جو معذور تھے اور کوئی بھی راستے میں نہ ملا۔ یہ دیکھ کر میرے تن بدن کو رنج و غم کی آگ لگ گئی۔ یہ دن میرے اسی طرح گذر گئے کہ نبی ﷺ واپس بھی تشریف لے آئے۔ اب میں حیران تھا کہ کیا کروں اور کیا کہوں اور کیوں کر اللہ کے رسول ﷺ کے عتاب سے بچاؤ کروں۔ لوگوں نے مجھے بعض حیلے بہانے بتلائے مگر میں نے یہی فیصلہ کیا کہ نجات سچ ہی سے مل سکتی ہے۔ آخر میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ نبی ﷺ نے مجھے دیکھا اور تبسم فرمایا۔ تبسم خشم آمیز تھا۔ میرے تو ہوش اسی وقت جاتے رہے۔

نبی ﷺ نے پوچھا: ''کعب! تم کیوں رہ گئے تھے۔ کیا تمھارے پاس کوئی سامان مہیا نہ تھا''۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! میرے پاس تو سب کچھ تھا۔ میرے نفس نے مجھے غافل بنایا، کاہلی نے مجھ پر غلبہ کیا۔ شیطان نے مجھ پر حملہ کیا اور مجھے حرمان و خذلان کی گرداب میں ڈال دیا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم اپنے گھر ٹھہرو اور حکم الٰہی کا انتظار کرو۔''

بعض لوگوں نے کہا: دیکھو، اگر تم بھی کوئی حیلہ بنا لیتے تو ایسا نہ ہوتا۔ میں نے کہا: ''وحی الٰہی سے میرا جھوٹ کھل جاتا اور پھر میں کہیں کا بھی نہ رہتا۔ معاملہ کسی دنیادار سے نہیں بلکہ اللہ کے رسول ﷺ کے ساتھ ہے۔'' لوگوں نے کہا: ہاں! ہلال بن امیہ ؓ اور مرارہ بن ربیع ؓ کی بھی یہی حالت ہے۔ یہ سن کر مجھے ذرا تسلی ہوئی کہ دو مرد صالح اور بھی میری جیسی حالت میں ہیں۔

پھر رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ کوئی مسلمان ہمارے ساتھ بات چیت نہ کرے اور نہ ہمارے پاس آکر بیٹھے۔ اب زندگی اور دنیا ہمارے لیے وبال معلوم ہونے لگی۔ ان دنوں میں ہلال ؓ اور مرارہ ؓ تو گھر سے باہر نہ نکلے کیوں کہ وہ بوڑھے بھی تھے لیکن میں جوان اور دلیر تھا۔ گھر سے نکلتا۔ مسجد نبوی ﷺ میں جاتا، نماز پڑھ کر مسجد مبارک کے ایک گوشہ میں بیٹھ جاتا۔

نبی ﷺ محبت بھری نگاہ اور گوشہ چشم سے مجھے دیکھا کرتے ۔ میری شکستگی کو ملاحظہ فرمایا کرتے اور جب میں حضور ﷺ کی جانب آنکھ اٹھاتا تو حضور ﷺ اعراض فرماتے ۔

مسلمانوں کا یہ حال تھا کہ نہ کوئی مجھ سے بات کرتا اور نہ کوئی میرے سلام کا جواب دیتا۔ ایک روز میں نہایت رنج و الم میں مدینہ سے باہر نکلا۔ ابوقتادہ ؓ میرا چچیرا بھائی تھا اور ہم دونوں میں نہایت محبت تھی۔ سامنے اس کا باغ تھا۔ وہ باغ میں کچھ عمارت بنوا رہا تھا۔ میں اس کے پاس چلا گیا۔ اسے سلام کیا تو اس نے جواب تک نہ دیا اور منہ پھیر کر کھڑا ہو گیا۔ میں نے کہا ابوقتادہ ؓ! تم خوب جانتے ہو کہ میں اللہ اور رسول ﷺ سے محبت رکھتا ہوں اور نفاق و شرک کا میرے دل پر اثر نہیں۔ پھر تم کیوں مجھ سے بات نہیں کرتے ۔ ابوقتادہ ؓ نے اب بھی جواب نہ دیا۔ جب میں نے تین بار اسی بات کو دہرایا تو چچیرے بھائی نے صرف اس قدر جواب دیا کہ ''وہ اللہ اور رسول ﷺ ہی کو خوب معلوم ہے۔'' مجھے بہت ہی رقت ہوئی اور میں خوب ہی رویا۔

کعب رضی اللہ عنہ کے پاس والی غسان کا خط

میں شہر میں لوٹ کر آیا تو مجھے ایک عیسائی ملا۔ یہ مدینہ میں مجھے تلاش کر رہا تھا۔ لوگوں نے بتلا دیا کہ وہ یہی شخص ہے۔ اس کے پاس بادشاہ غسان کا ایک خط میرے نام تھا۔ خط میں لکھا تھا:

''ہم نے سنا ہے کہ تمھارا آقا تم سے ناراض ہو گیا ہے۔ تم کو اپنے سامنے سے نکال دیا ہے اور باقی سب لوگ بھی تم پر جور و جفا کر رہے ہیں۔ ہم کو تمھارے درجہ و منزلت کا حال بخوبی معلوم ہے اور تم ایسے نہیں ہو کہ کوئی تم سے ذرا بھی بے التفاتی کرے یا تمھاری عزت کے خلاف تم سے سلوک کیا جائے۔ اب تم یہ خط پڑھتے ہی میرے پاس چلے آؤ اور آ کر دیکھو کہ میں تمھارا اعزاز و اکرام کیا کچھ کر سکتا ہوں۔''

کعب رضی اللہ عنہ کا والی غسان کو جواب

خط پڑھتے ہی میں نے کہا کہ یہ ایک اور مصیبت مجھ پر پڑی۔ اس سے بڑھ کر مصیبت اور کیا ہو سکتی ہے کہ آج ایک عیسائی مجھ پر اور میرے دین پر قابو پانے کی آرزو کرنے لگا ہے اور مجھے کفر کی دعوت دیتا ہے۔ اس خیال سے میرا رنج و اندوہ چند در چند بڑھ گیا۔ خط کو قاصد کے سامنے ہی میں نے آگ میں ڈال دیا اور کہہ دیا:

''جاؤ کہہ دینا کہ آپ کی عنایات و التفات سے مجھے اپنے آقا کی بے التفاتی لاکھ درجہ بہتر و خوش تر ہے۔'' [1]

میں گھر پہنچا تو دیکھا کہ نبی ﷺ کی طرف سے ایک شخص آیا ہوا موجود ہے۔ اس نے کہا: ''نبی ﷺ نے حکم دیا ہے کہ تم اپنی بیوی سے علٰیحدہ رہو۔'' میں نے پوچھا کیا طلاق کا حکم دیا ہے؟ کہا نہیں۔ صرف علٰیحدہ رہنے کو فرمایا ہے۔ یہ سن کر میں نے اپنی بیوی کو اس کے میکے بھیج دیا۔ مجھے معلوم ہوا کہ ہلال رضی اللہ عنہ اور مرارہ رضی اللہ عنہ کے پاس بھی یہی حکم پہنچا تھا۔ ہلال رضی اللہ عنہ کی بیوی نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: ''یا رسول اللہ ﷺ ہلال کمزور و ضعیف ہے اور اس کی خدمت کے لیے کوئی خادم بھی نہیں۔ اگر اذن ہو تو میں اس کی خدمت کرتی رہوں؟'' فرمایا: ''ہاں۔ اس کے بستر سے دور رہو۔'' عورت نے کہا: ''یا رسول اللہ ﷺ! ہلال رضی اللہ عنہ کا غم و رنج سے ایسا حال ہے کہ اسے تو اور کوئی خیال نہیں رہا۔''

اب مجھے لوگوں نے کہا کہ تم بھی اتنی اجازت لے لو کہ تمھاری بیوی تمھارا کام کاج کر دیا کرے، میں نے کہا: میں تو ایسی جرأت نہیں کروں گا۔ کیا خبر حضور ﷺ اجازت دیں یا نہ دیں اور میں تو جوان ہوں، اپنا کام خود کر سکتا ہوں، مجھے خدمت کی ضرورت نہیں۔

الغرض اسی طرح مصیبت کے پچاس (50) دن گذر گئے۔ [2] ایک رات میں اپنی چھت پر لیٹا ہوا تھا اور اپنی مصیبت پر سخت نالاں تھا کہ کوہ سلع پر چڑھ کے جو میرے گھر کے قریب تھا [3] ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے آواز دی: ''کعب رضی اللہ عنہ کو مبارک ہو کہ اس کی توبہ

---

[1] زاد المعاد: 554/3 [2] سفر تبوک میں نبی ﷺ کو غالباً 50 دن ہی لگے تھے۔ اس لیے پیچھے رہ جانے والوں کو اتنے ہی دن مسلمانوں اور عیال سے قریباً تنہائی میں کاٹنے پڑے۔ [3] سلع کا ذکر (بخاری: 4418) کی اس حدیث میں آیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سلع کی پہاڑی مدینے کے اندر ہے اور کعب بن مالک صحابی کا گھر اس کے پاس تھا اور طبری نے جنگ خندق کے بیان میں بروایت ابن اسحاق یہ روایت لکھی ہے: خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم والمسلمون حتى جعلوا ظهورهم الى سلع في ثلاثة الاف من المسلمين فضرب هنالك عسكره والخندق بينه وبين القوم۔ اس سے ثابت ہے کہ جنگ خندق میں جب مسلمانوں نے مدینہ میں محصور ہو کر دشمنوں کا مقابلہ کیا تھا اس وقت اسلامی لشکر سلع کے قریب اترا تھا اور اس وقت مسلمانوں کا رخ خندق کی طرف اور پشت سلع کی طرف تھی۔ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کا جنگ خندق کی نسبت شعر ہے جس میں عمرو بن عبدود کے مرنے کا ذکر ہے: بقیہ حاشیہ

قبول ہوگئی" یہ آواز سنتے ہی میرے دوست احباب دوڑ پڑے اور مبارک باد کہنے لگے کہ مخلص کی توبہ قبول ہوئی۔ میں نے یہ سنتے ہی پیشانی کو خاک پر رکھ دیا اور سجدہ شکرانہ ادا کیا اور پھر دوڑا دوڑا نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ نبی ﷺ مہاجرین وانصار میں تشریف فرما تھے۔ مجھے دیکھ کر مہاجرین نے مبارک باد دی اور انصار خاموش رہے۔ میں نے آگے بڑھ کر سلام عرض کیا۔ اس وقت آپ ﷺ کا چہرہ مبارک خوشی ومسرت سے ماہ چہاردہ (چودھویں کے چاند) کی طرح تاباں ودرخشاں ہورہا تھا اور عادت مبارک تھی کہ خوشی میں چہرہ مبارک اور بھی زیادہ روشن ہوجاتا تھا۔ مجھے فرمایا:

"کعب رضی اللہ عنہ مبارک! اس بہترین دن کے لیے جب سے تو ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔ کوئی دن ایسا مبارک تجھ پر آج تک نہیں گذرا۔ آؤ تمہاری توبہ کو رب العالمین نے قبول فرمالیا ہے۔"

میں نے عرض کیا: "یارسول اللہ ﷺ اس قبولیت کے شکرانے میں میں اپنا کل مال راہ حق میں صدقہ دیتا ہوں۔" نبی ﷺ نے فرمایا: "نہیں" میں نے عرض کیا: "نصف" فرمایا: "نہیں" میں نے عرض کیا: "ثلث" فرمایا: "ہاں ثلث خوب ہے اور ثلث بھی بہت ہے۔" [1]

خاتمہ حروب

الحمدللہ! کہ اس فتنہ وشر کا جو دشمنوں نے برسوں سے اٹھا رکھا تھا اور جس نے عرب کے تمام قبائل کو بغاوت کی زہر آلود ہوا سے آلودہ کر رکھا تھا، خاتمہ ہوگیا۔ ان سب لڑائیوں کے دوران میں رحمۃ للعالمین ﷺ کی بے نظیر فیاضی اور لاثانی رحمدلی کا ظہور اس کثرت ووفور سے ہوا کہ دنیا نے جنگ کے شجاعانہ اور مہذب اصول یہیں سے معلوم کیے۔

لاثانی فیاضی ورحمدلی

یہ وہ ناگزیر لڑائیاں تھیں جن میں اللہ کا برگزیدہ رسول ونبی ﷺ اور مسلمان اضطرارا تقریباً سات (7) سال کے درمیانی عرصہ میں شریک ہوتے رہے۔

قارئین کسی جنگ میں نہیں دیکھیں گے کہ مسلمانوں نے ابتدا کی ہو۔ یہ تمام جنگیں صرف حملہ آوروں کے حملوں کو روکنے اور ان کے شر سے بچنے کے لیے کیے گئے تھے۔ نبوت کے تمام زمانے میں ایک شخص بھی اس لیے قتل نہ ہوا کہ وہ بت پرست یا پارسی یا عیسائی یا یہودی تھا۔

مذہب اسلام میں جبر واکراہ نہیں

قرآن مجید میں اس مطلب کو اللہ تعالیٰ نے بخوبی واضح فرمادیا تھا کہ دنیا میں مذہب واعتقاد کا اختلاف ہمیشہ سے رہا ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ اس لیے مذہب کے لیے کسی شخص پر جبر کرنا جائز نہیں۔ مندرجہ ذیل آیات اس مطلب کے لیے صاف ہیں۔

---

[*] امسی الفتی عمرو بن عبد ود ثاوی   بجنوب سلع ثارۃ لم ینظر
کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے جنگ خندق پر جو قصیدہ لکھا اس کا ایک شعر یہ ہے۔

الا ابلغ قریشا ان سلعاً   وما بین العریض الی العماد
اب ان ہر دو روایات کے ساتھ یسعیاہ نبی کی کتاب باب 42 درس 15 کو دیکھیں جس میں سلع کے باشندوں کا بیان ہے جس سے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ انبیاء کی کتابوں میں مدینہ کا نام "سلع" ہے۔ [1] صحیح بخاری: 4418، 2757، مسلم: 2769، زادالمعاد: 552/3 تا 556۔

﴿ لَاۤ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ﴾ [البقرہ256]

''دین کے بارے میں کسی پر جبر نہیں۔ ہدایت اور گمراہی اچھی طرح ظاہر ہو گئی ہے۔''

﴿ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِی الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِیْعًا اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰی یَكُوْنُوْا مُؤْمِنِیْنَ ﴾

''اگر تیرا پروردگار چاہتا تو زمین پر سب کے سب باشندے ایمان لے آتے تو ان لوگوں پر جبر کرے گا کہ وہ ایمان لے آئیں۔'' [یونس:99]

﴿وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا یَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِیْنَ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ﴾ [ہود:118]

''اگر تیرا پروردگار چاہتا تو سب لوگوں کو ایک ہی امت بنا دیتا اور وہ تو ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے (بجز ان کے جن پر تیرے رب نے رحم کیا ہے) اور ان کو اسی لیے پیدا کیا ہے۔''

﴿ اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ﴾ [قصص:56]

''تو اسے ہدایت نہیں دے سکتا جس سے محبت کرتا ہے مگر اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔''

﴿ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَقُوْلُوْنَ وَمَاۤ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِجَبَّارٍ ۫ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ یَّخَافُ وَعِیْدِ ﴾ [ق:45]

''جو کچھ باتیں یہ لوگ کرتے ہیں، ہم جانتے ہیں اور تو ان پر جبر نہیں کر سکتا۔ ہاں قرآن کا وعظ کر۔ پھر جو کوئی عذاب الٰہی سے ڈرتا ہے وہ ڈرے۔''

﴿ فَذَكِّرْ اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ۫ لَسْتَ عَلَیْهِمْ بِمُصَیْطِرٍ ﴾ [الغاشیہ:21-22]

''وعظ کرتا رہ۔ کیوں کہ تو وعظ کرنے والا ہی ہے اور ان پر داروغہ نہیں ہے۔''

اسیران جنگ

جنگ کا ذکر ختم کرنے سے پیشتر مناسب ہے کہ اس برتاؤ کا ذکر کر دیا جائے جو نبی ﷺ اسیران جنگ کے ساتھ فرماتے تھے۔

اسیران جنگ اور اسلام

اسلام سے پیشتر دنیا میں جتنی قومیں اور سلطنتیں تھیں وہ اسیران جنگ کے ساتھ ایسے وحشیانہ سلوک کرتی تھیں جسے سن کر بدن کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔

نبی ﷺ کا طریق عمل قیدیوں کے ساتھ صرف دو ہی طرح پر تھا۔ [1]

---

[1] فاضل مصنف کی بات درست نہیں ہے جب کہ حقیقت یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا جنگی قیدیوں کے متعلق پانچ طرح کا طرز عمل تھا:
(1) فدیہ لے کر آزاد کرنا۔ (2) فدیہ لیے بغیر آزاد کرنا۔ (3) مسلمان قیدیوں کے ساتھ تبادلہ۔ (4) قتل کرنا جیسا کہ غزوہ بدر کے بعد عقبہ بن ابی معیط اور نضر بن حارث کو قتل کیا، بنو قریظہ کے یہودیوں کو قتل کیا۔ (5) قیدیوں کو غلام بنا کر مسلمانوں میں تقسیم کرنا۔

① فدیہ لے کر آزاد کرنا۔

② بلا کسی فدیہ کے آزاد کر دینا۔

مسلمانوں کو سب سے پہلے جنگ بدر میں قیدی ہاتھ لگے، یہ اہل مکہ تھے۔ ان سے بڑھ کر دشمن مسلمانوں کا کوئی نہ تھا۔ نبی ﷺ نے پہلے اس معاملہ کو صحابہ رضی اللہ عنہم کی شوریٰ میں پیش کیا۔ صحابہ میں ایک جانب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے جن کی رائے یہ تھی کہ قیدیوں سے جرمانہ لے لیا جائے اور انھیں چھوڑ دیا جائے۔ اس رائے کی تائید میں انھوں نے دو دلائل پیش کیے تھے۔

① زر جرمانہ سے ہم اپنے ساز و سامان کی درستی کر لیں گے۔

② آزادی پانے کے بعد ممکن ہے کہ ان قیدیوں سے اللہ کسی کو اسلام کی ہدایت فرما دے۔

دوسری جانب عمر فاروق رضی اللہ عنہ تھے۔ ان کی رائے تھی کہ قیدیوں کو قتل کیا جائے۔ وہ اپنی رائے کی تائید میں کہتے تھے:

① یہ لوگ کفر کے امام اور شرک کے پیشوا ہیں۔ ان کی گردنیں اڑانی چاہئیں۔

② اللہ نے ہم کو ان پر غلبہ دیا ہے اس لیے مسلمانوں کا قصاص لینا چاہیے۔

نبی ﷺ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کی رائے کو پسند فرمایا۔ جو قیدی زر جرمانہ ادا نہ کر سکتے تھے ان کے لیے تجویز فرمایا کہ وہ اولاد انصار کو لکھنا سکھلا دیں (یا کوئی اور ہنر سکھلا دیں)

بعض لوگ اب تک یہ سمجھتے ہیں کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی رائے زیادہ صحیح تھی۔ وہ حدیث کے اگلے حصہ سے دلیل پکڑتے ہیں۔ حدیث یہ ہے کہ اگلے روز عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کو گریہ کرتے ہوئے دیکھا، لیکن علماء کا ایک گروہ اس استدلال کے بعد بھی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی رائے کو ترجیح دیتا ہے۔ بوجوہ ذیل:

① قرآن مجید میں بھی رائے ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بابت پہلے سے حکم موجود تھا۔

② اس رائے میں رحمت ملحوظ ہے جو سب چیزوں سے وسیع تر ہے۔

③ نبی ﷺ نے اسی حدیث میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ابراہیم و عیسیٰ علیہما السلام سے اور عمر رضی اللہ عنہ کو نوح علیہ السلام سے تشبیہ دی ہے۔

④ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی رائے سے نبی ﷺ کی رائے موافق تھی۔

⑤ بالآخر رب العالمین نے بھی اسی رائے کو برقرار رکھا۔

⑥ ابوبکر رضی اللہ عنہ کا خیال صحیح ہوا کہ اسیران جنگ میں سے بہت لوگ بعد میں از خود مسلمان بھی ہوئے اور سر دست زر جرمانہ (تاوان جنگ) سے مسلمانوں نے اپنی حالت کو بھی درست کر لیا۔

① الغرض جنگ بدر کے بہتر (72) قیدیوں میں سے ستر (70) کو آنحضرت ﷺ نے جرمانہ لے کر آزاد فرما دیا تھا۔ ان قیدیوں کو مہمانوں کی طرح رکھا گیا تھا۔ بہت سے قیدیوں کے بیانات موجود ہیں جنھوں نے اقرار کیا ہے کہ اہل مدینہ بچوں سے بڑھ کر ان کی آسائش کا اہتمام کرتے تھے۔ صرف دو قیدی (عقبہ بن ابی معیط و نضر بن حارث) قتل کرائے گئے تھے۔ یہ سزا ان کے سابق جرائم کا نتیجہ تھی۔ جس نے انھیں واجب القتل ٹھہرا دیا تھا۔

② جنگ بدر کے بعد غزوہ بنو المصطلق میں سو (100) سے زیادہ زن و مرد قید ہوئے تھے۔

وہ سب بلا کسی معاوضہ کے آزاد کر دیے گئے تھے اور ان میں سے ایک عورت جویریہ رضی اللہ عنہا کو آنحضرت ﷺ نے ام المومنین ہونے کا درجہ عطا فرمایا تھا۔

③ حدیبیہ کے میدان میں کوہ تنعیم کے 80 حملہ آور قید ہوئے تھے۔ ان کو بھی آنحضرت ﷺ نے بلا کسی شرط اور جرمانہ کے آزاد فرما دیا تھا۔

④ جنگ حنین میں چھ ہزار (6000) زن و مرد کو بلا کسی شرط اور جرمانہ کے آزاد فرما دیا تھا۔ بعض اسیروں کی آزادی کا معاوضہ آنحضرت ﷺ نے اپنی طرف سے اسیر کنندگان کو ادا کیا تھا اور پھر اکثر اسیروں کو خلعت و انعام دے کر رخصت فرمایا تھا۔

ان جملہ نظائر سے ثابت ہے کہ رحمۃ للعالمین ﷺ اپنے حملہ آور دشمنوں پر قابو اور غلبہ پا لینے کے بعد کس قدر الطاف فرمایا کرتے تھے۔

کتب احادیث میں ایک واقعہ قیدیوں سے قیدیوں کے تبادلہ کا بھی ملتا ہے۔ نبی ﷺ کی اس پاک تعلیم ہی کا اثر تھا کہ خلفائے راشدین کے عہد میں اگرچہ عراق و شام، مصر و عرب۔ ایران و خراسان کے سینکڑوں شہر فتح کیے گئے۔ مگر کسی جگہ بھی حملہ آوروں۔ جنگ آزماؤں یا رعایا میں سے کسی کو لونڈی غلام بنانے کا ذکر نہیں ملتا۔ مغلوب دشمن سے تاوان جنگ لینے کا بھی کہیں اندراج نظر نہیں آتا۔ [1] اگرچہ مسلمانوں کے لیے یہ جنگ سخت آزمائش تھی۔ لیکن رب العالمین کی اس میں بھی شاید یہ حکمت ہو کہ اسلام دنیا کے لیے جنگ کا بھی نمونہ پیش کر دے جو انسانی ہمدردی اور رحم و الطاف سے لبریز ہو۔

---

[1] فاضل مصنف کا یہ خیال درست نہیں کہ رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدین نے جنگی قیدیوں کو لونڈی یا غلام نہیں بنایا۔ بنو المصطلق کے مرد و زن کو صحابہ کرام میں تقسیم کر دیا گیا تھا لیکن جب رسول اللہ ﷺ نے حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کر لیا تو صحابہ کرام نے اس رشتہ کے احترام میں ان لوگوں کو آزاد کر دیا۔ اوطاس کے قیدیوں کو بھی افواج میں تقسیم کر دیا تھا۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت صحیح مسلم میں ہے میں انھوں نے رسول اللہ سے پوچھا: کہ ہم ان عورتوں کا کیا کریں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ایک حیض انتظار کرو، اس کے بعد ان سے تمتع کرو۔ بعد میں جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں شام اور ایران فتح ہوئے۔ وہاں قید ہونے والوں کو مسلمان فوجیوں میں تقسیم کیا گیا۔ انھی لونڈیوں کے بطن سے بڑے بڑے محدث اور فقہاء پیدا ہوئے جن میں امام زین العابدین، محمد بن عبداللہ بن عمر، حضرت حسن بصری اور اوطاس رحمہم اللہ جیسی جلیل القدر ہستیاں شامل ہیں۔ فقہ کی کتابوں میں ان لونڈیوں اور غلاموں کے بہت سے مسائل درج ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قاتل ابو فیروز لولو بھی جنگ نہاوند میں قید ہو کر حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کا غلام بنا تھا۔ اسلام نے جنگی قیدیوں کے علاوہ لونڈیاں بنانے کے دیگر طریقوں کو حرام قرار دے دیا تھا۔

باب دوم 2

مختلف مذاہب اور مختلف ممالک کے بادشاہوں کے پاس دعوت اسلام کے لیے سفیر و فرامین کا بھیجا جانا، بعض کا مسلمان ہو جانا، بعض کا اظہار ادب کرنا بعض کا گستاخی سے پیش آنا اور ان کا انجام

نبی ﷺ کی نبوت میں جو ایسی خصوصیات پائی جاتی ہیں کہ دیگر انبیاء علیہم السلام کی نبوت و رسالت میں موجود نہیں۔ ان میں سے ایک نمایاں تر خصوصیت یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اسلام کو کل دنیا کا مذہب واحد کہہ کر پیش کیا ہے اور اسی لیے نبوت کے اس ابتدائی زمانے ہی سے جب کہ شہر مکہ کے رہنے والے بھی اسلام سے بخوبی واقف نہ ہوئے تھے۔ آنحضرت ﷺ نے دیگر اقوام اور دیگر ادیان کے لوگوں میں بھی تبلیغ کرنا شروع کر دیا تھا۔ بلال حبشی، صہیب رومی، سلمان فارسی، عداس نینوائی رضی اللہ عنہم وہ بزرگوار ہیں جو حبش، یونان، ایران اور وسط ایشیا کی طرف سے ثمر اولین بن کر اسلام میں داخل ہوئے تھے۔

نبی ﷺ کا کل عالم کے لیے رسول ہونا

قرآن مجید کی آیات اس بارے میں بہت صاف ہیں:

1. ﴿ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا ﴾ [سباء: 28]

"ہم نے تجھے تمام انسانوں کے لیے بشارت پہنچانے والا، ڈرسنانے والا بنا کر دنیا میں رسول ﷺ بنایا ہے۔"

2. ﴿ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ﴾ [الصف: 9]

"اللہ وہ ہے جس نے اپنے رسول کو روشن دلائل اور سچے دین کے ساتھ بھیجا ہے تاکہ وہ سب دینوں پر غلبہ حاصل کرے۔"

3. ﴿ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ [الانبیاء: 107] "ہم نے تجھے تمام اہل عالم کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔"

4. ﴿ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا ﴾ [الاعراف: 158]

"ان سے کہہ دو کہ اے انسانی نسل کے بچو! میں تم سب کے لیے اللہ کا رسول ہوں۔"

ان آیات مبارکہ کے ارشاد کی تعمیت ہی میں رسول اللہ ﷺ نے ذیل کے مراسلات مختلف قوموں اور مختلف مذہبوں کے سرکردگان کے پاس روانہ فرمائے تھے اور ہر ایک کو لکھ دیا تھا کہ اسلام سے انکار کرنے کا وبال نہ صرف اس لیے پڑے گا کہ تم نے اپنی ذات کے لیے انکار کر دیا، بلکہ تمھارے انکار کی وجہ سے چونکہ تمھاری قوم بھی ہدایت سے رکے گی۔ اس لیے ان کی ضلالت و گمراہی کا وبال بھی تم ہی پر پڑے گا۔ کیوں کہ اس فرمان میں شخصی حیثیت سے نہیں بلکہ سرکردہ قوم ہونے کی وجہ سے تم کو مخاطب کیا گیا ہے۔

دعوت عامہ کی نظیر موجود نہ تھی

رسول اللہ ﷺ نے تبلیغ اسلام کی بابت یہ ایسی کارروائی فرمائی ہے جس کی نظیر دنیا کے کسی سابقہ مذہب کی تاریخ میں نہیں پائی جاتی کہ ان کے بانیان مذہب نے بھی ایسا ہی کیا ہو۔

چونکہ ہم ہر ایک سچے مذہب کے ہادی کی دل سے عزت و عظمت کرتے ہیں۔ اس لیے ان کی خاموشی سے یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ

وہ مقدس بزرگوار اپنے مذہب کو خود بھی اسی قوم سے مخصوص سمجھتے تھے جس کے لیے وہ بھیجے گئے تھے۔ [1]

اب اگر ان کے متبعین ان کے مسلک سے تجاوز کرتے ہیں تو یہ ان کا اپنا فعل ہے جو مذہبی حیثیت سے سند نہیں بن سکتا 7 ہجری المقدس کے ماہ محرم کی پہلی تاریخ تھی کہ نبی ﷺ نے بادشاہان عالم کے نام دعوت اسلام کے خطوط مبارک اپنے سفیروں کے ہاتھ روانہ فرمائے۔ جو سفیر جس قوم کے پاس بھیجا گیا وہ وہاں کی زبان جانتا تھا تاکہ تبلیغ بخوبی کر سکے۔ [2]

اب تک نبی ﷺ نے کوئی مہر نہ بنائی تھی۔ جب بادشاہان عالم کو خطوط لکھے گئے تو ان پر مہر کرنے کے لیے خاتم تیار کی گئی۔ یہ چاندی کی تھی۔ تین سطور میں اس طرح پر یہ عبارت کندہ تھی۔ [3]

اللہ

رسول

محمد

ان خطوط کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جو خط عیسائی بادشاہوں کے نام تھے ان میں خصوصیت سے یہ آیت مبارکہ بھی تھی:

﴿ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ﴾ [آل عمران:64]

''اے اہل کتاب! آؤ ایسی بات پر اتفاق کریں جو ہمارے اور تمہارے (دین) میں مساوی ہے۔ یعنی اللہ کے سوا کسی دوسرے کی عبادت نہ کریں اور کسی چیز کو بھی اس کا شریک نہ ٹھہرائیں اور اللہ کے سوا الوہیت کا درجہ ہم اپنے جیسے انسانوں کے لیے تجویز نہ کریں۔''

اب ہم مختصر طور پر ان سفارتوں کا حال درج کرتے ہیں:

بادشاہ حبش کے نام

اصحم بن ابجر بادشاہ حبش، الملقب بہ نجاشی کے پاس عمرو بن امیہ الضمری رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ کا نامۂ مبارک لے کر گئے تھے۔ یہ بادشاہ عیسائی تھا۔ تاریخ طبری سے اس نامہ کی نقل درج کی جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اِلَى النَّجَاشِيِّ الْاَصْحَمْ مَلِكَ الْحَبْشَةِ. اَسْلِمْ اَنْتَ فَاِنِّيْ اَحْمَدُ اِلَيْكَ، اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ وَاَشْهَدُ اَنَّ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ رُوْحُ اللّٰهِ وَ كَلِمَتُهُ، اَلْقَاهَا

اللہ کے نام سے جو بڑی رحمت اور دائمی رحم والا ہے۔

یہ خط اللہ کے رسول محمد ﷺ کی طرف سے نجاشی اصحم بادشاہ حبش کے نام ہے۔ تجھے سلامتی ہو، میں پہلے اللہ کی ستائش کرتا ہوں، اللہ وہ ذات ہے کہ کوئی الٰہ نہیں مگر وہی، وہ ملک، قدوس، سلام، مومن [4] اور مھیمن ہے اور ظاہر کرتا ہوں کہ عیسیٰ بن

---

[1] مقدس مسیح علیہ السلام فرماتے ہیں: میں صرف بنی اسرائیل کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے لیے بھیجا گیا ہوں۔ [2] خصائص الکبریٰ جلد دوم ص: 1 بروایت ابن ابی شیبہ۔

[3] بخاری عن انس بن مالک رسول اللہ ﷺ کے بعد یہ انگشتری ابوبکر و عمر عثمان رضی اللہ عنہم اپنی خلافت کے زمانہ میں پہنتے رہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے آخر عہد خلافت میں یہ انگشتری مدینہ کے ایک چاہ، بیئر اریس کے اندر گر گئی تھی۔ بہت تلاش کی گئی نہ ملی۔ نقش الخاتم۔ (بخاری:5865)

[4] مومن جو اللہ کا نام ہے اس کے معنی ایمان عطا کرنے والا ہے۔

اِلٰی مَرْیَمَ الْبَتُوْلَ الطَّیِّبَۃِ الْحَصِیْنَۃِ، فَحَمَلَتْ بِہٖ عِیْسٰی ،فَخَلَقَهُ اللّٰہُ مِنْ رُّوْحِہٖ وَ نَفْخِہٖ۔ کَمَا خَلَقَ اٰدَمَ بِیَدِہٖ وَ نَفْخِہٖ وَ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ اِلَی اللّٰہِ وَحْدَہٗ، لَا شَرِیْکَ لَہٗ، وَ الْمُوَالَاۃِ عَلٰی طَاعَتِہٖ وَاَنْ تَتَّبِعَنِیْ وَتُؤْمِنُ بِالَّذِیْ جَآءَنِیْ فَاِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ وَ قَدْ بَعَثْتُ اِلَیْکَ ابْنَ عَمِّیْ جَعْفَرًا وَ نَفَرًا مَّعَہٗ، مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ فَاِذَا جَآءَکَ فَاَقِرْھُمْ وَدَعِ التَّجَبُّرَ۔ فَاِنِّیْ اَدْعُوْکَ وَ جُنُوْدَکَ اِلَی اللّٰہِ فَقَدْ بَلَغْتُ وَ نَصَحْتُ فَاقْبَلُوْا نُصْحِیْ۔ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی۔[1]

مریم اللہ کی مخلوق اور اس کا حکم ہیں، جو مریم بتول طیبہ عفیفہ کی جانب بھیجا گیا اور انھیں عیسیٰ (علیہ السلام) کا اس سے حمل ٹھہر گیا۔ اللہ نے عیسیٰ کو اپنی روح اور نفخ سے اسی طرح پیدا کیا تھا جیسا کہ آدم علیہ السلام کو اپنے ہاتھ اور نفخ سے پیدا کیا تھا۔ اب میری دعوت یہ ہے کہ تو اللہ پر جو اکیلا اور لاشریک ہے ایمان لے آ اور ہمیشہ اسی کی فرمانبرداری میں رہا کر اور میرا اتباع کر اور میری تعلیم کا سچے دل سے اقرار کر کیوں کہ میں اللہ کا رسول ﷺ ہوں۔ میں قبل ازیں اس ملک میں اپنے چچیرے بھائی جعفر کو مسلمانوں کی ایک جماعت کے ساتھ بھیج چکا ہوں، تم اسے بآرام ٹھہرا لینا۔ نجاشی تم تکبر چھوڑ دو، کیوں کہ میں تم کو اور تمھارے دربار کو اللہ کی طرف بلاتا ہوں۔ دیکھو میں نے اللہ کا حکم پہنچا دیا ہے اور تمھیں بخوبی سمجھا دیا ہے۔ اب مناسب ہے کہ میری نصیحت مان لو۔ سلام اس پر جو سیدھی راہ پر چلتا ہے۔

نجاشی اس فرمان مبارک پر مسلمان ہو گیا اور جواب میں یہ عریضہ تحریر کیا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِلٰی مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ مِنَ النَّجَاشِیِّ الْاَصْحَمِ بْنِ اَبْجَرْ سَلَامٌ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ، اَللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ الَّذِیْ ھَدَانِیْ اِلَی الْاِسْلَامِ اَمَّا بَعْدُ۔ فَقَدْ بَلَغَنِیْ کِتَابُکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ فِیْ مَا ذَکَرْتَ مِنْ اَمْرِ عِیْسٰی فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّ عِیْسٰی مَا یَزِیْدُ عَلٰی مَا ذَکَرْتَ ثُفْرُوْقًا ۔ اِنَّہٗ، کَمَا قُلْتَ وَ قَدْ عَرَفْنَا مَا بَعَثَ بِہٖ اِلَیْنَا۔ وَ قَدْ قَرَّبْنَا ابْنَ عَمِّکَ وَ اَصْحَابِہٖ فَاَشْھَدُ اَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَادِقًا مُّصَدِّقًا۔ وَ قَدْ بَایَعْتُکَ وَ بَایَعْتُ ابْنِ عَمِّکَ وَاَسْلَمْتُ عَلٰی یَدَیْہِ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۔ وَ قَدْ بَعَثْتُ اِلَیْکَ بِابْنِیْ اَرْھَا بْنَ الْاَصْحَمَ بْنَ اَبْجَرْ فَاِنِّیْ لَا اَمْلِکُ اِلَّا نَفْسِیْ۔ وَ اِنْ

اللہ کے نام سے جو بڑی رحمت اور دائمی رحم والا ہے۔

محمد رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں نجاشی اصحم بن ابجر کی طرف سے۔ اے نبی اللہ کے آپ پر اللہ کی سلامتی، رحمت اور برکتیں ہوں۔ اسی اللہ کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور جس نے مجھے اسلام کی ہدایت فرمائی ہے۔ اب عرض یہ ہے کہ حضور ﷺ کا فرمان میرے پاس پہنچا۔ عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق جو کچھ آپ ﷺ نے تحریر فرمایا ہے بخدائے زمین و آسمان، وہ اس سے ذرہ برابر بھی بڑھ کر نہیں۔ ان کی حیثیت اتنی ہی ہے جو آپ ﷺ نے تحریر فرمائی ہے۔ ہم نے آپ کی تعلیم سیکھ لی ہے اور آپ کا چچیرا بھائی اور مسلمان میرے پاس آرام سے ہیں۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ سچے ہیں اور راستبازوں کی سچائی ظاہر کرنے

[1] زاد المعاد،ص:3 / 289

شِئْتَ اَنْ اٰتِیْکَ فَعَلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ۔ فَاِنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّ مَا تَقُوْلُ حَقٌّ۔ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔ ①

والے ہیں۔ میں آپ ﷺ سے بیعت کرتا ہوں۔ میں نے آپ کے چچیرے بھائی کے ہاتھ پر حضور ﷺ کی بیعت اور اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کا اقرار کر لیا ہے اور میں حضور ﷺ کی خدمت میں اپنے فرزند ''ارحا'' کو روانہ کرتا ہوں۔ میں تو اپنے ہی نفس کا مالک ہوں، اگر حضور ﷺ کا منشا یہ ہوگا کہ میں حاضر خدمت ہو جاؤں تو ضرور حاضر ہو جاؤں گا۔ کیوں کہ میں یقین کرتا ہوں کہ حضور ﷺ جو فرماتے ہیں وہی حق ہے۔ اے اللہ کے رسول ﷺ آپ پر سلام ہو۔

شاہ بحرین کا اسلام

② منذر بن ساوی شاہ بحرین تھا۔ شہنشاہ فارس کا خراج گزار تھا۔ علاء بن الحضرمی رضی اللہ عنہ اس کے پاس نامہ مبارک لے کر گئے تھے۔ یہ مسلمان ہو گیا اور اس کی رعایا کا اکثر حصہ بھی مسلمان ہوا۔ اس نے جواب میں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں لکھا تھا کہ بعض لوگوں نے اسلام کو از حد پسند کیا ہے۔ بعض نے کراہت کا اظہار کیا ہے۔ بعض نے مخالفت کی ہے۔ میرے علاقے میں یہودی اور مجوسی بہت ہیں۔ ان کے لیے جو ارشاد ہو، کیا جائے۔ نبی ﷺ نے جواب میں تحریر فرمایا تھا:

① مَنْ یَّنْصَحْ اِنَّمَا یَنْصَحُ لِنَفْسِہٖ۔

''جو نصیحت پکڑتا ہے وہ اپنے لیے کرتا ہے۔''

② مَنْ اَقَامَ عَلٰی یَھُوْدِیَّۃٍ اَوْ مَجُوْسِیَّۃٍ فَعَلَیْہِ الْجِزْیَۃُ۔

''جو یہودیت یا مجوسیت پر قائم رہے وہ جزیہ (خراج رعیتانہ) دیا کرے۔'' ②

سفیر اسلام کی دربارِ عمان میں گفتگو

③ جیفر و عبد فرزندان جلندی: ملک عمان کے نام عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کے ہاتھ خط بھیج دیا۔

عمرو رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ جب میں عمان پہنچا تو پہلے عبد کو ملا۔ یہ سردار تھا اور اپنے بھائی کی نسبت زیادہ نرم و خوش خلق تھا۔ میں نے اسے بتایا کہ میں رسول اللہ ﷺ کا سفیر ہوں اور تمھارے پاس اور تمہارے بھائی کے پاس آیا ہوں۔

عبد بولا: ''میرا بھائی عمر میں مجھ سے بڑا ہے اور ملک کا مالک ہے، میں تمھیں اس کی خدمت میں پہنچا دوں گا مگر یہ تو بتلاؤ کہ تم کس چیز کی دعوت دیتے ہو؟''

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے کہا: ''اکیلے اللہ کی طرف جس کا کوئی شریک نہیں، نیز اس شہادت کی طرف کہ محمد ﷺ اللہ عزوجل کے بندے اور رسول ہیں۔''

---

① زاد المعاد: 3/289,290، ابن سید الناس: 2/268,269 ② زاد المعاد: 3/692,693، ابن سید الناس: 2/266، شرح المواہب: 3/350

عبد نے کہا: ''عمرو رضی اللہ عنہ تو سردار قوم کا بیٹا ہے۔ بتلاؤ کہ تیرے باپ نے کیا کیا، کیوں کہ ہم اسے نمونہ بنا سکتے ہیں۔''

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: ''وہ مرگیا، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان نہ لایا تھا۔ کاش! وہ ایمان لاتا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی راست بازی کا اقرار کرتا۔ میں بھی اپنے باپ کی رائے ہی پر تھا حتیٰ کہ اللہ نے مجھے اسلام کی ہدایت فرمائی۔''

عبد: ''تم کب سے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیرو ہو گئے ہو؟''

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ: ''ابھی تھوڑا عرصہ ہوا۔''

عبد: ''کہاں؟''

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ: ''نجاشی کے دربار میں اور نجاشی بھی مسلمان ہو گیا۔''

عبد: ''وہاں کی رعایا نے نجاشی کے ساتھ کیا سلوک کیا؟''

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ: ''اسے بدستور بادشاہ رہنے دیا اور انھوں نے بھی اسلام قبول کر لیا۔''

عبد: ''(تعجب سے) کیا بشپ پادریوں نے بھی؟''

عمرو بن عاص: ''ہاں۔''

عبد: ''دیکھو! عمرو رضی اللہ عنہ کیا کہہ رہے ہو؟ انسان کے لیے کوئی چیز بھی جھوٹ سے بڑھ کر ذلت بخش نہیں۔''

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ: ''میں نے جھوٹ نہیں کہا اور اسلام میں جھوٹ بولنا جائز بھی نہیں۔''

عبد: ''ہرقل نے کیا کیا؟ کیا اسے نجاشی کے اسلام لانے کا حال معلوم ہے؟''

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ: ''ہاں''

عبد: ''تم کیوں کر ایسا کہہ سکتے ہو؟''

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ: ''نجاشی ہرقل کو خراج دیا کرتا تھا۔ جب سے مسلمان ہوا، کہہ دیا کہ اب اگر وہ ایک درہم بھی مانگے گا تو نہ دوں گا۔ ہرقل تک یہ بات پہنچ گئی۔ ہرقل کے بھائی نیاق نے کہا: یہ نجاشی حضور کا ادنیٰ غلام اب خراج دینے سے انکار کرتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کو بھی اس نے چھوڑ دیا ہے۔ ہرقل نے کہا: پھر کیا ہوا؟ اس نے اپنے لیے ایک مذہب پسند کر لیا اور قبول کر لیا، میں کیا کروں؟ بخدا اگر اس شہنشاہی کا مجھے خیال نہ ہوتا تو میں بھی وہی کرتا جو نجاشی نے کیا ہے۔''

عبد: ''دیکھو عمرو رضی اللہ عنہ کیا کہہ رہے ہو؟''

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ: ''قسم ہے اللہ کی سچ کہہ رہا ہوں۔''

عبد: ''اچھا بتلاؤ، وہ کن چیزوں کے کرنے کا حکم دیتا ہے اور کن چیزوں سے منع کرتا ہے؟''

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ: ''وہ اللہ عزوجل کی اطاعت کا حکم دیتے ہیں اور معصیت الٰہی سے روکتے ہیں۔ وہ زنا اور شراب کے استعمال سے اور پتھروں، بتوں اور صلیب کی پرستش سے منع فرماتے ہیں۔''

عبد: ''کیسے اچھے احکام ہیں جن کی وہ دعوت دیتے ہیں۔ کاش! میرا بھائی میری رائے قبول کرے۔ ہم دونوں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں جا کر ایمان لائیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر میرے بھائی نے اس پیغام کو رد کیا اور دنیا ہی کا راغب رہا تو وہ اپنے ملک کے لیے

بھی سراپا نقصان ثابت ہوگا۔"

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ: "اگر وہ اسلام قبول کرے گا تو نبی ﷺ اسی کو اس ملک کا بادشاہ تسلیم فرمالیں گے۔ وہ صرف اتنا کریں گے کہ یہاں کے اغنیاء سے صدقہ وصول کر کے یہاں کے غرباء میں تقسیم کرادیا کریں گے۔"

عبد: "یہ تو اچھی بات ہے مگر صدقہ سے کیا مراد ہے؟"

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے زکوۃ کے مسائل بتلائے۔ جب یہ بتلایا کہ اونٹ میں بھی زکوۃ ہے تو عبد بولا: کیا وہ ہمارے مویشی میں سے بھی صدقہ دینے کو کہیں گے۔ وہ تو خود ہی درختوں کے پتوں سے پیٹ بھر لیتا ہے اور خود ہی پانی جا پیتا ہے۔

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے کہا: "ہاں! اونٹوں میں سے بھی صدقہ لیا جاتا ہے۔"

عبد: "میں نہیں جانتا کہ میری قوم کے لوگ جو تعداد میں زیادہ ہیں اور دور دور تک بکھرے پڑے ہیں وہ اس حکم کو مان لیں گے۔"

الغرض عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ وہاں چند روز ٹھہرے۔ عبد روز روز کی باتیں اپنے بھائی کو پہنچادیا کرتا۔ ایک روز عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کو بادشاہ نے طلب کیا۔ چوبداروں نے دونوں جانب سے بازو تھام کر انھیں بادشاہ کے حضور میں پیش کیا۔ بادشاہ نے فرمایا، اسے چھوڑ دو۔ چوبداروں نے چھوڑ دیا۔ یہ بیٹھنے لگے۔ چوبداروں نے پھر ٹوکا۔ انھوں نے بادشاہ کی طرف دیکھا۔ بادشاہ نے کہا: "بولو، تمھارا کیا کام ہے؟"

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے خط دیا جس پر مہر ثبت تھی۔

جیفر نے مہر توڑ کر خط کھولا، پڑھا، پھر بھائی کو دیا، اس نے بھی پڑھا اور عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ بھائی زیادہ نرم دل ہے۔

بادشاہ نے پوچھا: "کہ قریش کا کیا حال ہے؟"

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے کہا: "سب نے طوعاً و کرہاً اس کی اطاعت اختیار کر لی ہے۔"

بادشاہ نے پوچھا: "کہ اس کے ساتھ رہنے والے کون لوگ ہیں؟"

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ: "یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے اسلام کو رضا اور رغبت سے قبول کیا۔ سب کچھ چھوڑ کر نبی ﷺ ہی کو اختیار کر لیا ہے اور پوری غور و فکر اور عقل و تجربہ سے نبی ﷺ کی جانچ کر لی ہے۔"

بادشاہ نے کہا: "اچھا تم کل پھر ملنا۔"

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ دوسرے روز بادشاہ سے پہلے ملا۔ وہ بولا کہ اگر ہماری حکومت کو صدمہ نہ پہنچے تو بادشاہ مسلمان ہو جائے گا۔

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ پھر بادشاہ سے ملے۔

بادشاہ عمان کا اسلام

بادشاہ نے کہا: "میں نے اس معاملے میں غور کیا ہے۔ دیکھو اگر میں ایسے شخص کی اطاعت اختیار کرتا ہوں جس کی فوج ہمارے ملک تک نہیں پہنچی تو میں سارے عرب میں کمزور سمجھا جاؤں گا، حالانکہ اگر اس کی فوج اس ملک میں آئے تو میں ایسی سخت لڑائی لڑوں کہ تمھیں کبھی سابقہ نہ ہوا ہو۔"

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے کہا: "بہتر میں کل واپس چلا جاؤں گا۔"

بادشاہ نے کہا: "نہیں کل تک ٹھہرو۔"

دوسرے دن بادشاہ نے انھیں آدمی بھیج کر بلایا اور دونوں بھائی مسلمان ہوگئے اور رعایا کا اکثر حصہ بھی اسلام لے آیا۔ [1]

گورنران دمشق و یمامہ کا انکار

[4] منذر بن حارث بن ابوشمر، دمشق کا حاکم اور شام کا گورنر تھا۔ شجاع بن وہب الاسدی رضی اللہ عنہ اس کے پاس بطور سفارت بھیجے گئے تھے۔ یہ پہلے تو خط مبارک پڑھ کر بہت بگڑا۔ کہا میں خود مدینہ پر حملہ کروں گا۔ بالآخر سفیر کو باعزاز رخصت کیا۔ مگر مسلمان نہ ہوا۔ [2]

[5] ہوذہ بن علی: حاکم یمامہ عیسائی المذہب تھا۔ سلیط بن عمرو رضی اللہ عنہ نامہ مبارک اس کے پاس لے کر گئے تھے۔ اس نے کہا: اگر اسلام پر میری آدھی حکومت تسلیم کر لی جائے تو مسلمان ہو جاؤں گا۔ ہوذہ اس جواب کے تھوڑے دنوں بعد ہلاک ہوگیا۔ [3]

[6] جریج بن متی الملقب بہ مقوقس [4] شاہ اسکندریہ و مصر عیسائی المذہب تھا۔ حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ اس کے پاس سفیر ہو کے گئے تھے۔ نبی ﷺ نے خط کے آخر میں تحریر فرما دیا تھا کہ اگر تم نے اسلام سے انکار کیا تو تمام مصریوں (اہل قبط) کے مسلمان نہ ہونے کا گناہ تمھاری گردن پر ہوگا۔

مبلغ اسلام کی دربار مصر میں تقریر

سفیر نے خط پہنچانے کے علاوہ بادشاہ کو ان الفاظ میں خود بھی سمجھایا تھا۔

صاحب! آپ سے پہلے اس ملک میں ایک شخص ہو چکا ہے: ﴿ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴾ (میں تم لوگوں کا بڑا رب ہوں) کہا کرتا تھا اور اللہ نے اسے دنیا اور آخرت کی رسوائی دی۔ جب اللہ کا غضب بھڑکا تو وہ ملک وغیرہ کچھ بھی نہ رہا۔ اس لیے لازم ہے کہ تم دوسروں کو دیکھو اور عبرت پکڑو۔ یہ نہ ہو کہ دوسرے تم سے عبرت لیا کریں۔''

بادشاہ نے کہا: ''ہم خود ایک مذہب رکھتے ہیں۔ اسے ترک نہیں کریں گے۔ جب تک کہ اس سے بہتر کوئی دین نہ ملے۔''

حاطب رضی اللہ عنہ بولے: ''میں آپ کو دین اسلام کی جانب بلاتا ہوں جو جملہ دیگر مذاہب سے کفایت کنندہ ہے۔''

نبی ﷺ نے سب ہی کو دعوت اسلام فرمائی۔ قریش نے مخالفت کی ہے اور یہود نے عداوت، لیکن سب میں سے محبت ومودت کے ساتھ قریب تر نصاریٰ رہے ہیں۔ واللہ! جس طرح موسیٰ علیہ السلام نے عیسیٰ علیہ السلام کے لیے بشارت دی اسی طرح عیسیٰ علیہ السلام نے محمد ﷺ کی بشارت دی ہے۔ قرآن مجید کی دعوت ہم آپ کو اسی طرح دیتے ہیں جیسے آپ اہل تورات کو انجیل کی دعوت دیا کرتے ہیں۔

جس نبی کو جس قوم کا زمانہ ملا وہی قوم اس کی امت سمجھی جاتی ہے۔ اس لیے آپ پر لازم ہے کہ اس نبی کی اطاعت کریں جس کا عہد آپ کو مل گیا ہے اور یہ سمجھ لیں کہ ہم آپ کو حضرت مسیح علیہ السلام کے مذہب کی طرف دعوت دیتے ہیں۔

مقوقس کا جواب

مقوقس نے کہا: ''میں نے اس نبی ﷺ کے بارے میں غور کیا۔ ہنوز مجھے کوئی رغبت معلوم نہیں ہوئی۔ اگرچہ وہ کسی مرغوب شے سے نہیں روکتے ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ نہ وہ ساحر ضرر رساں ہیں، نہ کاہن کاذب اور ان میں تو نبوت ہی کی علامت پائی جاتی ہے۔

---

[1] زاد المعاد: 3/695، ابن سید الناس: 2/267، شرح المواہب: 3/352، نصب الرایہ: 4/423۔ [2] زاد المعاد، ص: 3/697، ابن سید الناس: 2/270، شرح المواہب: 3/536۔ [3] زاد المعاد: 3/696 [4] لفظ مقوقس کی اصلیت میں علماء مصر و یورپ و عرب میں بہت اختلاف ہے۔ غالباً یہ حبشی زبان کا لفظ ہے۔ جریج بن متی کو چند یورپین مؤرخین نے (جورج بن مینا) بھی لکھا ہے۔ یہ رومی النسل تھا۔ مگر غالباً قبطی تھی۔

بہر حال میں اس معاملہ میں مزید غور کروں گا۔‘‘

پھر آنحضرت ﷺ کے خط کو ہاتھی دانت کے ڈبے میں رکھوا کر مہر لگوا کر خزانہ میں رکھوا دیا۔ آنحضرت ﷺ کے لیے تحائف بھیجے اور جواب خط میں یہ بھی لکھا کہ یہ تو مجھے معلوم ہے کہ ایک نبی کا ظہور باقی ہے مگر میں یہ سمجھتا رہا کہ وہ رسول ملک شام میں ہوں گے۔

دُلدُل: مشہور خچر اسی نے تحفے میں بھیجا تھا۔ [1]

[7] ہرقل شاہ قسطنطنیہ یا روما کی مشرقی شاخ سلطنت کا نامور شہنشاہ عیسائی المذہب تھا۔ دحیہ بن خلیفۃ الکلبی رضی اللہ عنہ [2] اس کے پاس نامہ مبارک لے کے گئے تھے۔ یہ بادشاہ سے بیت المقدس کے مقام پر ملے۔ ہرقل نے سفیر کے اعزاز میں بڑا شاندار دربار کیا اور سفیر سے نبی ﷺ کے متعلق بہت سی باتیں دریافت کرتا رہا۔

اس کے بعد ہرقل نے مزید تحقیقات کرنا بھی ضروری سمجھا۔ حکم دیا کہ اگر ملک میں کوئی شخص مکہ کا آیا ہوا موجود ہو تو پیش کیا جائے۔

اتفاق سے ان دنوں ابوسفیان مع دیگر تاجران مکہ سے شام آیا ہوا تھا۔ [3] اسے بیت المقدس پہنچایا اور دربار میں پیش کیا گیا۔

قیصر نے ہمراہی تاجروں سے کہا کہ میں ابوسفیان سے سوال کروں گا۔ اگر کوئی جواب غلط دے تو مجھے بتلا دینا۔

ابوسفیان ان دنوں نبی ﷺ کا جانی دشمن تھا۔ اس کا اپنا بیان ہے کہ اگر مجھے ڈر نہ ہوتا کہ میرے ساتھ والے میرا جھوٹ ظاہر کر دیں گے تو میں بہت باتیں بناتا۔ مگر اس وقت قیصر کے سامنے مجھے سچ سچ ہی کہنا پڑا۔

سوال و جواب یہ ہیں:

ابوسفیان و ہرقل کے مابین گفتگو

قیصر: ’’محمد ﷺ کا خاندان اور نسب کیسا ہے؟‘‘

ابوسفیان: ’’شریف و عظیم۔‘‘

یہ جواب سن کر ہرقل نے کہا: سچ ہے کہ نبی شریف گھرانے کے ہوتے ہیں تا کہ ان کی اطاعت میں کسی کو عار نہ ہو۔

قیصر: ’’محمد ﷺ سے پہلے بھی کسی نے عرب میں یا قریش میں نبی ہونے کا دعویٰ کیا ہے؟‘‘

ابوسفیان: ’’نہیں۔‘‘

یہ جواب سن کر ہرقل نے کہا: اگر ایسا ہوتا تو میں سمجھ لیتا کہ اپنے سے پہلے کی تقلید اور ریس کرتا ہے۔

قیصر: ’’نبی ہونے کے دعویٰ سے پہلے کیا یہ شخص جھوٹ بولا کرتا تھا یا اس کو جھوٹ بولنے کی کبھی تہمت دی گئی تھی؟‘‘

ابوسفیان: ’’نہیں۔‘‘

ہرقل نے اس جواب پر کہا: یہ نہیں ہو سکتا کہ جس شخص نے لوگوں پر جھوٹ نہ بولا ہو وہ اللہ پر جھوٹ باندھے۔

قیصر: ’’اس کے باپ دادا میں کوئی شخص بادشاہ بھی ہوا ہے؟‘‘

---

[1] زاد المعاد: 692/3؛ ابن سید الناس: 265/2؛ شرح المواہب، ص 348/3؛ نصب الرایہ: 421/4؛ طبری: 272/2:2

[2] دحیہ رضی اللہ عنہ کا سلسلہ نسب ثور بن کلب تک منتہی ہوتا ہے جو قضاعہ کی بڑی شاخ ہے۔ یہ کبار صحابہ میں سے ہیں اور جملہ مشاہد مابعد میں شامل ہوئے۔

[3] بخاری: 2941؛ مسلم: 1773

ابوسفیان: ''نہیں۔''

ہرقل نے اس جواب پر کہا: اگر ایسا ہوتا تو میں سمجھ لیتا کہ نبوت کے بہانے سے باپ دادا کی سلطنت حاصل کرنا چاہتا ہے۔

قیصر: ''محمد ﷺ کے ماننے والے مسکین غریب لوگ زیادہ ہیں یا سردار اور قوی لوگ؟''

ابوسفیان: ''مسکین حقیر لوگ۔''

ہرقل نے اس جواب پر کہا: ہر ایک نبی کے پہلے ماننے والے مسکین غریب لوگ ہی ہوتے رہے ہیں۔

قیصر: ''ان لوگوں کی تعداد دن بدن بڑھ رہی ہے یا کم ہوتی ہے؟''

ابوسفیان: ''بڑھ رہی ہے۔''

ہرقل نے کہا: ایمان کا یہی خاصہ ہے کہ آہستہ آہستہ بڑھتا ہے اور حد کمال تک پہنچ جاتا ہے۔

قیصر: ''کوئی شخص اس کے دین سے بیزار ہو کر پھر بھی جاتا ہے؟''

ابوسفیان: ''نہیں۔''

ہرقل نے کہا: لذت ایمان کی یہی تاثیر ہوتی ہے کہ جب دل میں بیٹھ جاتی ہے اور روح پر اپنا اثر قائم کر لیتی ہے، تب جدا نہیں ہوتی۔

قیصر: ''یہ شخص کبھی عہد و پیمان کو توڑ بھی دیتا ہے؟''

ابوسفیان: ''نہیں، لیکن امسال ہمارا معاہدہ [1] اس سے ہوا ہے۔ دیکھیے کیا انجام ہو۔''

ابوسفیان کہتا ہے کہ میں صرف اس جواب میں اتنا فقرہ زیادہ کر سکا تھا مگر قیصر نے اس پر کچھ توجہ نہ کی اور یوں کہا: بے شک نبی عہد شکن نہیں ہوتے۔ عہد شکنی دنیا دار کیا کرتا ہے، نبی دنیا کے طالب نہیں ہوتے۔

قیصر: ''کبھی اس شخص کے ساتھ تمہاری لڑائی بھی ہوئی؟''

ابوسفیان: ''ہاں۔''

قیصر: ''جنگ کا نتیجہ کیا رہا؟''

ابوسفیان: ''کبھی وہ غالب رہا (بدر میں) اور کبھی ہم (احد میں)''

ہرقل نے کہا: اللہ کے نبیوں کا یہی حال ہوتا ہے، لیکن آخر کار اللہ کی مدد اور فتح ان ہی کو حاصل ہوتی ہے۔

قیصر: ''اس کی تعلیم کیا ہے؟''

ابوسفیان: ''ایک رب کی عبادت کرو۔ باپ دادا کا طریق (بت پرستی) کو چھوڑ دو۔ نماز، روزہ، سچائی، پاکدامنی، صلۂ رحم کی پابندی اختیار کرو۔''

ہرقل نے کہا: نبی موعود کی یہی علامتیں ہم کو بتلائی گئی ہیں۔ میں سمجھتا تھا کہ نبی کا ظہور ہونے والا ہے لیکن یہ نہ سمجھتا تھا کہ وہ عرب میں سے ہوگا۔ ابوسفیان! اگر تم نے سچ سچ جواب دیئے ہیں تو وہ ایک روز اس جگہ پر جہاں میں بیٹھا ہوا ہوں (شام و بیت المقدس) ضرور قابض ہو جائے گا۔ کاش! میں ان کی خدمت میں پہنچ سکتا اور نبی ﷺ کے پاؤں دھویا کرتا۔

اس کے بعد آنحضرت ﷺ کا نامہ مبارک پڑھا گیا۔ ارا کین دربار اسے سن کر بہت چیخے اور چلائے اور ہم کو دربار سے

---

[1] اس وقت رسول اللہ ﷺ اور مشرکین مکہ کے درمیان صلح حدیبیہ ہوئی تھی۔ ابوسفیان کا اشارہ اسی معاہدہ کی طرف ہے۔

نکال دیا گیا۔ میرے دل میں اسی روز سے اپنی ذلت کا نقش اور آنحضرت ﷺ کی آئندہ عظمت کا یقین ہو گیا۔

کسریٰ (شاہ فارس) کو تبلیغ

8 خسرو پرویز۔ کسریٰ ایران۔ نصف مشرقی دنیا کا شہنشاہ تھا۔ زرتشتی مذہب رکھتا تھا۔ عبداللہ بن خدامہ رضی اللہ عنہ اس کے پاس نامہ مبارک لے کے گئے تھے۔ نامہ مبارک کی نقل یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ اِلٰی کِسْرٰی عَظِیْمِ فَارِسَ۔ سَلَامٌ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی وَ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَ رَسُوْلِہٖ وَشَھِدَ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ، لَا شَرِیْکَ لَہٗ، وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ، وَ رَسُوْلُہٗ، وَاَدْعُوْکَ بِدَعَایَۃِ اللّٰہِ فَاِنِّیْ اَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَی النَّاسِ کَافَّۃً لِّاُنْذِرَ مَنْ کَانَ حَیًّا وَ یَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَی الْکَافِرِیْنَ۔ فَاَسْلِمْ تَسْلَمْ۔ فَاِنْ اَبَیْتَ فَاِنَّ اِثْمَ الْمَجُوْسِ عَلَیْکَ۔

اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے

''محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے کسریٰ بزرگ فارس کے نام۔ سلام اس پر جو سیدھے راہ پر چلتا، اللہ اور رسول ﷺ پر ایمان لاتا اور یہ شہادت ادا کرتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد ﷺ اس کے بندہ اور رسول ہیں۔ میں تجھے اللہ کے پیغام کی دعوت دیتا ہوں اور میں اللہ کا رسول ہوں۔ مجھے جملہ نسل آدم کی طرف بھیجا گیا ہے تا کہ جو کوئی زندہ ہے اسے عذاب الٰہی کا ڈر سنا دیا جائے اور جو کوئی منکر ہیں ان پر اللہ کا قول پورا ہو، تو مسلمان ہو جا۔ سلامت رہے گا، ورنہ قوم مجوس کا گناہ تیرے ذمے ہوگا۔''

خسرو نے نامہ مبارک دیکھتے ہی غصے سے چاک کر ڈالا اور زبان سے کہا: ''میری رعایا کا ادنیٰ شخص مجھے خط لکھتا ہے اور اپنا نام میرے نام سے پہلے تحریر کرتا ہے۔'' [1]

اس کے بعد خسرو نے باذان کو جو یمن میں اس کا وائسرائے (نائب السلطنت) تھا اور عرب کا تمام ملک اسی کے زیر اقتدار یا زیر اثر سمجھا جاتا تھا۔ یہ حکم بھیجا کہ اس شخص (نبی ﷺ) کو گرفتار کر کے میرے پاس روانہ کر دو۔

گورنر یمن کا دستہ آپ ﷺ کی گرفتاری کے لیے

باذان نے ایک فوجی دستہ مامور کیا۔ فوجی افسر کا نام خرخسرو تھا۔ ایک ملکی افسر بھی ساتھ روانہ کیا جس کا نام بانویہ تھا۔ بانویہ کو یہ ہدایت کی تھی کہ آنحضرت ﷺ کے حالات پر گہری نظر ڈالے اور آنحضرت ﷺ کو کسریٰ کے پاس پہنچا دے لیکن اگر آپ ساتھ جانے سے انکار کریں تو واپس آ کر رپورٹ کرے۔

جب یہ فوجی دستہ طائف پہنچا تو اہل طائف نے بڑی خوشیاں منائیں کہ اب محمد ﷺ ضرور تباہ ہو جائے گا کیوں کہ شہنشاہ کسریٰ نے اسے گستاخی کی سزا دینے کا حکم دے دیا ہے۔

---

[1] صحیح البخاری: 2941، تاریخ طبری: 264/2۔

قتل خسرو کی آپ ﷺ کا باعلام الٰہی خبر دینا

جب یہ افسر مدینہ میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو نبی ﷺ نے فرمایا کہ وہ کل کو پھر حاضر ہوں۔ دوسرے روز نبی ﷺ نے فرمایا آج رات تمہارے بادشاہ کو اللہ نے ہلاک کر ڈالا، جاؤ اور تحقیق کرو۔ افسر یہ خبر سن کر یمن کو لوٹ گئے۔ وہاں وائسرائے کے پاس سرکاری اطلاع آ چکی تھی کہ خسرو کو اس کے بیٹے نے قتل کر دیا اور تخت کا مالک شیرویہ ہے جو باپ کا قاتل تھا۔[1]

اب باذان نے نبی ﷺ کے عادات و اخلاق اور تعلیم و ہدایت کے متعلق کامل تحقیقات کیں اور تحقیقات کے بعد مسلمان ہو گیا۔ دربار اور ملک کا اکثر حصہ بھی مسلمان ہو گیا۔

جو سفیر نبی ﷺ نے بھیجا تھا اس نے واپس آ کر عرض کیا کہ شاہ ایران نے نامہ مبارک کو چاک کر ڈالا اس وقت نبی ﷺ نے فرمایا: "مَزَّقَ مُلْكَهُ" "اس نے اپنی (قوم کے) فرمان سلطنت کو چاک کر دیا ہے۔

ناظرین! اس مختصر اور پر ہیبت جملہ کو دیکھیں اور ساتیرہ سو برس کی تاریخ عالم میں تلاش کریں کہ کسی جگہ اس قوم کی سلطنت کا نشان بھی ملتا ہے جو اس واقعہ سے پیشتر چار پانچ ہزار برس سے نصف دنیا پر شہنشاہی کرتی تھی اور جس کی فتوحات بارہا یونان و روما کو نیچا دکھا چکی تھیں؟ ہرگز نہیں۔

چند والیان ملک کا مشرف باسلام ہونا

مناسبت مقام سے اس جگہ ان والیان و حکمرانان ملک کے نام بھی درج کیے جاتے ہیں جنھیں نبی ﷺ کے مقرر کردہ منادان اسلام سے اسلام کی حقیقت معلوم ہوئی اور وہ مسلمان ہو گئے تھے۔

(1) ثمامہ: نجد کا حکمران تھا۔ 6 ہجری میں مسلمان ہوا۔[2]

(2) جبلہ: عرب کی مشہور و قدیم سلطنت غسان کا حکمران تھا۔ 7 ہجری میں مسلمان ہوا۔[3]

(3) قروہ بن عمرو خزاعی: علاقہ شام پر قیصر کی طرف سے گورنر تھا۔ جب یہ مسلمان ہوا تو قیصر نے سامنے بلایا اور حکم دیا کہ اسلام چھوڑ دے۔ قروہ نے انکار کیا۔ قیصر نے اسے قید کر دیا اور پھر قتل کرا دیا۔ اللہ کے پیارے بندے نے دولت، حکومت، عزت اور جان سب چیزیں ترک کر دیں مگر اسلام ترک نہ کیا۔

(4) اکیدر: دومۃ الجندل کا حکمران تھا۔ 9 ہجری میں مسلمان ہوا۔

(5) ذی الکلاع حمیری: یمن و طائف کے بعض اضلاع میں اس کی حکومت تھی اور زبردست قبیلہ حمیر کا یہ بادشاہ تھا۔ یہ اپنے آپ کو اللہ کہلایا کرتا اور لوگوں سے سجدہ کرایا کرتا تھا۔ اس نے مسلمان ہو جانے کے بعد ایک دن میں اٹھارہ ہزار (18000) غلام آزاد کیے۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد میں سلطنت از خود چھوڑ کر مدینہ منورہ آ کر رہا اور زاہدانہ زندگی بسر کرتا تھا۔

---

[1] ناظرین نبی ﷺ کے نامہ مبارک کے الفاظ "اسلم تسلم" پر مکرر غور کریں۔ اس میں درج تھا کہ اگر مسلمان ہو جائے گا تب سلامت رہے گا۔ یہ تہدید نہ تھی بلکہ اخبار عن الغیب (پیش گوئی) تھا۔ (فتح الباری: 8/127، 128، محاضرات: 1/147)

[2] ثمامہ بن اثال رضی اللہ عنہ نے مسیلمہ کذاب کے فتنہ میں اسلام کی نمایاں خدمات سرانجام دیں۔ نبی ﷺ نے ان کے پاس اس بارہ میں فرات ابن حیان رضی اللہ عنہ کو سفیر بنا کر بھیجا تھا۔

[3] حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں جبلہ بن الایہم مرتد ہو گیا تھا، کیونکہ طواف کعبہ کے دوران جبلہ کی عبا پر ایک بدوی کا پاؤں آ گیا تھا۔ جبلہ نے اس بدوی کو تھپڑ مارا۔ جب معاملہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حکم دیا کہ بدلہ میں بدوی جبلہ کو اسی طرح تھپڑ مارے۔ جبلہ نے اس سزا کو ماننے سے انکار کر دیا اور فرار ہو کر قیصر روم کے پاس پہنچ گیا اور اسلام سے مرتد ہو گیا۔

باب سوم 3

نبی ﷺ کے عہد میں اسلام کی اشاعت

نبی ﷺ کے عہد میں اسلام کی اشاعت جس حسن و خوبی کے ساتھ ہوئی تھی ،اس کی مختصر کیفیت ،ان وفود (Deputations) سے اندازہ کی جاسکتی ہے جو وقتاً فوقتاً حضور ﷺ کی خدمت میں دور دراز سے آیا کرتے تھے۔

وفود (Deputations) کا آنا، واپس جانا، ہر منزل اور راہ پر مختلف قوموں اور قبیلوں سے ملنا اور اسلام کی آواز کا سب لوگوں کے کان تک پہنچانا کیسی خوبی سے انجام پاتا تھا۔

رسول اللہ ﷺ کی مدافعانہ جنگ تو جن میں مجبوراً شامل ہونا پڑا ملک کے ایک محدود دائرہ ہی میں تھی لیکن ان وفود (Deputations) کو دیکھ کر ملک کے ہر گوشہ اور ہر حصے سے چلے آتے تھے۔

ہدایت اور اسلام ہی وہ چشمے ہیں جو نبی ﷺ نے چٹیل میدان میں بہا دیئے تھے جس کی طرف تمام پیاسے چلے آتے تھے۔

دعوت عام کی دوسری زبردست دلیل ان وفود کا حاضر ہونا ہے۔ جن قبائل کے وفود آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ان کے نام یہ ہیں۔ میں نے ان قبائل کے نام اس فہرست میں شامل نہیں کیے جن کا نبی ﷺ کی خدمت میں آنا ملکی اغراض یا ذاتی فوائد کے لیے تھا۔

(1) دوس، (2) صداء، (3) ثقیف، (4) عبدالقیس، (5) بنی حنیفہ، (6) طے، (7) اشعریین، (8) ازد، (9) فروہ جذامی، (10) ہمدان، (11) طارق بن عبداللہ، (12) تجیب، (13) بنی سعد ہذیم، (14) بنو اسد، (15) بہراء، (16) عذرا، (17) خولان، (18) محارب، (19) غسان، (20) بنی الحارث، (21) بنی عبس، (22) غامد، (23) بنی فرازہ، (24) سلامان، (25) نجران، (26) نخع۔

ذیل میں مندرجہ بالا وفود کے مختصر مختصر حال درج کیے جاتے ہیں۔

(1) وفد دوس

طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کا ذکر اس کتاب میں پہلے آچکا ہے۔ اسلام کے بعد جب یہ بزرگوار وطن کو جانے لگا تو اس نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ عا فرمایئے کہ میری قوم بھی میری دعوت پر مسلمان ہو جائے۔ نبی ﷺ نے دعا فرمائی۔ یا اللہ! طفیل رضی اللہ عنہ کو تو ایک نشان (آیت) بنا دے۔ طفیل رضی اللہ عنہ گھر پہنچا تو بوڑھا باپ ملنے کے لیے آیا۔ طفیل رضی اللہ عنہ نے کہا: بابا جان! اب نہ میں تمہارا ہوں اور نہ آپ میرے ہیں۔" بوڑھے نے کہا:" یہ کیوں؟" طفیل رضی اللہ عنہ نے کہا:" میں تو محمد ﷺ کا دین قبول کر کے مسلمان ہو کے آیا ہوں۔" بوڑھے نے کہا:" بیٹا! جو تیرا دین ہے وہی میرا بھی ہے۔"

طفیل رضی اللہ عنہ نے کہا:" خوب! اب آپ اٹھیے، غسل فرمایئے، پاک کپڑے پہن کر تشریف لایئے تاکہ میں اسلام کی تعلیم دوں۔"

پھر طفیل رضی اللہ عنہ کی بیوی آئی۔ اس سے بھی اسی طرح بات چیت ہوئی اور وہ بھی مسلمان ہوگئی۔ اب طفیل رضی اللہ عنہ نے اسلام کی منادی شروع کر دی لیکن لوگ کچھ مسلمان نہ ہوئے۔

طفیل ؓ پھر نبی ﷺ کی خدمت میں آیا۔ عرض کیا کہ میری قوم میں زنا کی کثرت ہے۔ (چونکہ اسلام زنا کو سختی سے حرام ٹھہراتا ہے) اس لیے لوگ مسلمان نہیں ہوتے۔ حضور ﷺ ان کے لیے دعا فرمائیں۔ نبی ﷺ نے زبان سے کہا: **اَللّٰھُمَّ اھْدِ دَوْسًا** ''اے اللہ دوس کو سیدھا راستہ دکھلا۔ پھر طفیل ؓ سے فرمایا: جاؤ۔'' [1]

دعوت اسلام کرنے والوں کے لیے ضروری ہدایات

لوگوں کو دین حق کی طرف بلاؤ۔ ان سے نرمی اور محبت کا برتاؤ کرو۔ اس دفعہ طفیل ؓ کو اچھی کامیابی ہوئی۔ وہ 5/ ہجری میں دوس کے ستر اسی خاندانوں کو جو مسلمان ہو چکے تھے، ساتھ لے کر مدینہ پہنچا۔ معلوم ہوا کہ حضور ﷺ خیبر گئے ہوئے ہیں اس لیے خیبر ہی پہنچ کر اس نے شرف حضوری حاصل کیا اور یہ سب لوگ بھی خیبر ہی میں نبی ﷺ کے دیدار سے مشرف ہوئے۔ نبی ﷺ کے چچیرے بھائی بھی حبش سے وہاں کے حبشی قبائل کو جو مسلمان ہو چکے تھے لے کر خیبر ہی جا پہنچے۔ [2]

حضرت جعفر ؓ کا حبش سے وہاں کے نومسلموں کو لے کر اور حضرت طفیل بن عمرو ؓ کا یمن سے دوس کے نومسلم خاندانوں کو لے کر خیبر میں پہنچ جانا گویا یہودیوں کو اللہ کی طرف سے یہ بتلا دینا تھا کہ جس نبی کی تعلیم ایسے دور دراز ملکوں میں ''دلوں کے قلعوں'' کو آسانی سے فتح کر رہی ہے اس کی مخالفت میں اپنے اینٹ پتھر کے قلعوں پر بھروسہ کرنا کس قدر بے بنیاد بات ہے۔

(2) وفد صداء

یہ وفد 8 ھ میں حاضر خدمت نبوی ﷺ ہوا تھا۔ سب سے پہلے اس قوم کا ایک شخص زیاد بن حارث ؓ صدائی حاضر ہوا۔ پھر دوبارہ وہی زیاد قوم کے پندرہ (15) سرکردہ لوگوں کو لے کر آیا۔ سعد بن عبادہ ؓ ان کی تواضع کے لیے مامور ہوئے۔ ان کے واپس جانے کے بعد ان کے قبیلہ میں اسلام پھیل گیا۔

زیاد ؓ نے نبی ﷺ سے عرض کیا کہ ہمارے ہاں صرف ایک کنواں ہے۔ سرما میں اس کا پانی کافی ہوتا ہے۔ لیکن گرما میں وہ خشک ہو جاتا ہے۔ اس لیے تمام قوم متفرق ہو کر یہ موسم پورا کرتی ہے۔

بے خبروں کو اسلام سیکھنے کی بہت ضرورت ہے

ہمارا قبیلہ ابھی جدید الاسلام ہے۔ تعلیم و تعلم کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ دعا فرمائیے کہ کنوئیں کا پانی ختم نہ ہوا کرے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: تم سات کنکریاں اٹھا لاؤ۔ زیاد ؓ لے آیا۔ نبی ﷺ نے ان کو اپنے ہاتھ میں رکھ کر پھر واپس دے دیا۔ فرمایا: ''ایک ایک کنکری اس کنوئیں میں گرا دینا۔ ہر ایک کنکری پر اللہ۔ اللہ پڑھتے جانا۔'' زیاد ؓ کا بیان ہے کہ پھر اس چاہ میں اتنا پانی بڑھ گیا کہ اس کے قعر کا پتا ہی نہ لگا کرتا۔ [3]

(3) وفد ثقیف کا حال

ثقیف میں سے سب سے پہلا شخص جو تعلیم اسلام حاصل کرنے کے لیے نبی ﷺ خدمت میں آیا تھا۔ وہ عروہ بن مسعود

---

[1] بخاری: 4393، 2937؛ مسلم: 252، 197؛ دلائل النبوۃ للبیہقی: 359/50؛ احمد: 243/2؛ اسد الغابۃ: 78/3؛ ابن سعد: 176/1۔ [2] زاد المعاد: 626/3؛ اسد الغابۃ: 78/3 [3] زاد المعاد: 666/3؛ احمد: 169/4؛ ابن سعد: 327،326/1؛ ابن سید الناس: 255/2؛ فتوح مصر لابن عبد الحکیم: 212۔

ثقفی رضی اللہ عنہ تھا۔ یہ اپنی قوم کا سردار تھا اور صلح حدیبیہ میں کفار مکہ کا وکیل بن کے رسول اللہ ﷺ **کی خدمت** میں آیا تھا۔ جنگ ہوازن و ثقیف کے بعد جذبہ توفیق الٰہی سے مدینہ منورہ میں حاضر ہوا اور اسلام قبول کیا۔ عروہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں دس(10) بیویاں تھیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ تم ان میں سے چار [1] کو رکھ کر باقی کو طلاق دے دو۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔ [2]

جب عروہ رضی اللہ عنہ اسلام سیکھ چکے تو انھوں نے آنحضرت ﷺ سے عرض کیا کہ اب مجھے اپنی قوم میں جانے، اسلام کی منادی کرنے کی اجازت فرما دیجیے، نبی ﷺ نے فرمایا: تمہاری قوم تمھیں قتل کر دے گی۔ عروہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ میری قوم کو مجھ سے اتنی محبت ہے جتنی کسی عاشق کو اپنے معشوق سے ہوتی ہے۔ یہ بزرگوار اپنی قوم میں آیا اور وعظ اسلام شروع کر دیا۔ ایک روز

---

[1] اس قصہ سے ناظرین کو معلوم ہوگا کہ عرب میں کثرت زوجات کا رواج پہلے سے تھا۔ اور کوئی پابندی نہ تھی کہ ایک مرد اس سے زیادہ بیویاں نہ کرے۔ اسلام نے اس مطلق العنانی کو روکا۔ لامحدود کو محدود بنایا اور کثرت کے لیے سب سے آخری تعداد چار مقرر کی۔ آج کل بہت لوگ اس پر اعتراض کرتے ہیں کہ اسلام نے چار کو بھی کیوں جائز رکھا۔ ایسا اعتراض کرنے والے زیادہ تر عیسائی ہیں۔ ہم پوچھتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام نے یہودیوں کے رواج کثرت زوجات میں کوئی اصلاح کی تھی؟ اگر نہیں تو یہ بھی اسلام کی خصوصیت ہے کہ اس نے جملہ مذاہب عالم میں سے اس مسئلہ کے متعلق ایک حد مقرر کی۔ انجیل متی 25 باب کو شروع سے پڑھ دیکھو جس میں ایک دولھا کے ساتھ 10 کنواریوں کی شادی کا ذکر ہے۔ جن میں پانچ تو دولھا کے ساتھ جاتی اور پانچ اپنی نادانی سے پیچھے رہ جاتی ہیں۔ یہ تمثیل کثرت زوجات کی دلیل بھی جاتی ہے۔ قرآن مجید میں دو، تین، چار تک اجازت دے کر پھر یہ فرمایا گیا ہے: ﴿وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً﴾ [النسآء:3] اگر یہ اندیشہ ہو کہ تم اپنی بیویوں کے لیے عدل نہ کر سکو گے تب صرف ایک بیوی کرنا۔ پھر یہ بھی فرمایا: ﴿ وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَاۗءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ ﴾ [النسآء:129] تم کبھی اپنی بیویوں کے درمیان عدل نہ کر سکو گے اگرچہ تم خود بھی ایسا کرنا چاہو۔ پس یہ اسلام ہی ہے جس نے دنیا کی تمام مذہبی کتابوں سے پیشتر صرف ایک ہی بیوی کے الفاظ کو قانونی اور حکمی طور پر بیان کیا ہے۔ اسلام کے لیے یہی فخر اور فضل کافی ہے۔ کتاب ہذا کے موضوع سے زائد ہے کہ ایک سے زیادہ بیوی کے جواز پر عقلی و نقلی دلائل کا یہاں بیان کیا جائے۔ لیکن مختصراً اس جگہ اتنا لکھ دینا ضروری ہے کہ جب قومی عزت و وقار کا حصر کثرت آبادی پر ہو تب اس وقت قومی عزت کے لیے ایک سے زیادہ بیوی کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ گو ذاتی آرام ایک سے زیادہ بیوی کرنے میں نہیں رہتا۔ لیکن دنیا کے عقل مند جانتے ہیں کہ مبارک وہ ہیں جو قوم کے لیے اپنے آپ کی قربانی کر دیتے ہیں۔

[2] لفظ طلاق سے بھی یورپین مصنف بہت برہم ہوا کرتے ہیں۔ وہ یہ امر فراموش کر دیتے ہیں کہ جسٹس کوڈ (Justice Code) میں طلاق کی کامل آزادی عیسائیوں کے لیے بحال رکھی گئی ہے۔ وہ یہ بھی فراموش کر دیتے ہیں کہ آج دنیا میں صرف یورپ ہی ہے جہاں طلاق بکثرت دی جاتی ہے۔ اور طلاق منظور کرنے والی عدالتیں جداگانہ یورپ ہی میں ہیں۔ اسلام نے تو یہودیوں، عیسائیوں اور مشرکین عرب کی بے روک ٹوک طلاق پر بہت سی قیود بڑھا دی ہیں۔ جس سے طلاق کی رسم قریباً ملیامیٹ ہو گئی۔ (1)۔ مہر زوجہ طلاق کی روک ہے۔ طلاق شرعی تین (3) ہیں۔ ہر ایک طلاق ایک حیض کے بعد ہونی چاہیے۔ یہ تین مہینے کی میعاد بھی طلاق کے لیے روک ہے۔ (2) آخری طلاق تک خاوند بیوی ایک گھر میں رہیں۔ یہ تدبیر بھی طلاق کی روک کے لیے ہے۔ (3) طلاق پردہ گواہ ضروری ہیں اور یہ بھی اہل غیرت کے لیے جو غیر کے سامنے اپنا پردہ کھولنا نہیں چاہتے طلاق کی روک ہے۔ (4) مطلقہ عورت پہلے خاوند سے نکاح نہیں کر سکتی جب تک کوئی اور اس سے نکاح نہ کر لے اور پھر اتفاق وقت سے نہ چھوڑے۔ یہ سخت دشوار شرط بھی طلاق کے لیے روک ہے۔ (5) سب سے بڑھ کر ان ابغض الحلال عند اللہ الطلاق (ابوداؤد 2178، ابن ماجہ 2018) سب سے زیادہ طلاق کو روکنے والی ہے۔ اس حدیث کا ترجمہ یہ ہے: ''جائز کاموں میں سب سے زیادہ قابل نفرت کام اللہ کے نزدیک طلاق ہے۔ (6) قرآن مجید میں ہے نبی ﷺ نے اپنے صحابی زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ﴿ امسك عليك زوجك واتق الله ﴾ (الاحزاب: 37) اپنی بیوی کو اپنے پاس رہنے دے (اور اسے طلاق دینے میں) اللہ سے ڈر۔ لیکن سارے قرآن مجید میں کہیں بھی نہیں کہ کسی کو طلاق دینے کی بابت کہا گیا ہو۔ (7) قرآن مجید نے ظہار کو لغو ٹھہرایا ہے۔ حالانکہ عرب کے نزدیک یہ بھی ایک طلاق تھی۔ اس سے بھی طلاق کی کمی ہو گئی۔ (8) قرآن مجید نے ایلاء کی اصلاح کی۔ حالانکہ عرب میں یہ بھی طلاق کے حق میں ہی مستعمل ہوتا تھا اور اس سے بھی طلاق میں کمی پیدا ہوئی۔ (9) قرآن مجید نے لازم ٹھہرایا ہے کہ ناچاقی و بدسلوکی کی حالت میں ایک ثالث شخص شوہر کے کنبہ کا۔ ایک شخص ثالث بیوی کے کنبہ کا مقرر کیے جائیں۔ اور یہ دونوں مل کر میاں بیوی کی شکایات سن کر ان میں اصلاح کرا دیں۔ یہ تدبیر بھی طلاق کی روک کے لیے ہے۔ اگر کسی مذہب نے طلاق کی روک میں اتنی اور ایسی تدابیر کی تعلیم دی ہے تو وہ پیش کرے۔ ان احکام کا عملی نتیجہ دیکھو کہ مسلمانوں میں طلاق کا استعمال شاذ و نادر کیا جاتا ہے لیکن یورپ میں جو عدم جواز طلاق کے مسئلہ پر متکبر ہے کوئی شہر کوئی قصبہ کوئی محلہ ایسا نہ ملے گا جہاں طلاق کی دو چار مثالیں نہ مل سکیں۔ (محمد سلیمان)

☐ مصنف کی یہ بات حقیقت کے برعکس ہے کہ ہر حیض کے بعد اور ہر ماہ طلاق دی جائے، جب کہ ایک طلاق کے بعد ہی اگر خاوند رجوع نہ کرے تو طلاق واقع ہو جاتی ہے۔ ہاں اگر بیوی پہلے خاوند کے گھر ہی بسنا چاہتی ہو تو دونوں میں تجدید نکاح ہو سکتا ہے۔

یہ اپنے بالا خانہ میں نماز پڑھ رہے تھے کہ کسی شقی نے تیر چلایا جس سے وہ شہید ہو گئے۔

اگرچہ عروہ ؓ جانبر نہ ہوئے لیکن جو آواز انھوں نے قوم کے کانوں تک پہنچائی تھی وہ دلوں پر اثر کیے بغیر نہ رہی۔ تھوڑا ہی عرصہ گذرا تھا کہ قوم نے اپنے چند سر کردگان کو منتخب کیا اور نبی ﷺ کی خدمت میں اس لیے بھیجا کہ اسلام کی نسبت پوری واقفیت حاصل کریں۔

یہ وفد 9 ہجری میں خدمت نبوی میں حاضر ہوا تھا۔ وفد کا سردار عبد یالیل تھا۔ جس کے سمجھانے کو نبی ﷺ کو وطائف پر 10 نبوت میں گئے تھے اور انھوں نے وعظ کے سننے سے انکار کر کے آبادی کے لڑکوں اور اوباشوں کو نبی ﷺ کی تضحیک وتحقیر کے لیے مقرر کر دیا تھا اور جس کے اشارہ سے طائف میں رسول اللہ ﷺ پر پتھر برسائے گئے، کیچڑ پھینکا گیا تھا۔

قوم کی عزت کا سبق

نبی ﷺ نے وہاں آتے ہوئے یہ فرما دیا تھا کہ میں ان کی بربادی کے لیے دعا نہیں کروں گا کیوں کہ اگر یہ خود اسلام نہ لائیں گے تو ان کی آئندہ نسلوں کو اللہ ایمان عطا کرے گا۔ اب وہی دشمن اسلام خود بخود اسلام کے لیے اپنے دل میں جگہ پاتے اور دلی شوق وروحی طلب سے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں۔

مغیرہ بن شعبہ ؓ نے نبی ﷺ سے عرض کیا کہ یہ (اہل ثقیف) میری قوم کے لوگ ہیں۔ کیا میں انھیں اپنے پاس اتارلوں اور ان کی تواضع کروں۔

نبی ﷺ نے فرمایا: لَا اَمْنَعُكَ تُكْرِمُ قَوْمَكَ ''میں منع نہیں کرتا کہ تم اپنی قوم کی عزت کرو لیکن ان کو ایسی جگہ اتارو، جہاں قرآن کی آواز ان کے کان میں پڑے۔''

الغرض ان کے خیمے مسجد کے صحن میں لگائے گئے، جہاں سے یہ قرآن بھی سنتے تھے اور لوگوں کو نماز پڑھتے بھی دیکھتے۔ اس تدبیر سے ان کے دلوں پر اسلام کی صداقت کا اثر پڑا اور انھوں نے نبی ﷺ کے دست مبارک پر بیعت اسلام کر لی۔ انھوں نے بیعت سے پہلے یہ اجازت چاہی کہ ہم کو ترک نماز کی اجازت دی جائے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: لَا خَيْرَ فِي دِيْنٍ لَيْسَ فِيْهِ رُكُوْعٌ (جس مذہب میں نماز نہیں اس میں کوئی بھی خوبی نہیں) پھر انھوں نے کہا: اچھا ہمیں جہاد کے لیے نہ بلایا جائے اور نہ زکوۃ ہم سے لی جائے۔ آنحضرت ﷺ نے یہ شرط قبول کر لی اور صحابہ ؓ سے فرمایا کہ اسلام کے اثر سے یہ خود ہی دونوں کام کرنے لگیں گے۔ [1]

عبد یالیل نے جوان کا سردار تھا مختلف اوقات میں نبی ﷺ سے مندرجہ ذیل مسائل پر بھی گفتگو کی۔

[1] زنا حرام ہے

یارسول اللہ ﷺ! زنا کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟ ہماری قوم کے لوگ اکثر وطن سے دور رہتے ہیں، اس لیے زنا

---

[1] سنن ابی داود: 3026,3025، احمد: 218/4، زاد المعاد: 599/3۔ آنحضرت ﷺ کے ہدی مبارک کو دیکھو کہ کس حکمت سے نومسلموں پر شرائع اسلام کی تعمیل کا بار ڈالا کرتے تھے۔ ''دعوت اسلام'' ص: 462 میں ہے کہ وال ویمر زار روس مسلمان ہونے کو تیار تھا۔ اس شرط پر کہ وہ شراب کا پینا ترک نہ کرے گا۔ اس وقت کے عالم نے اس شرط کو قبول نہ کیا۔ زار مذکور جو بت پرستی سے متنفر ہو گیا مایوس ہو کر عیسائی بن گیا۔ اگر اس عالم کو ہدی محمدی ﷺ سے واقفیت ہوتی تو آج سلطنت روس میں تقریباً سب مسلمان ہوتے۔

نوٹ: حلت وحرمت کا اختیار صرف ذات باری تعالیٰ کو ہے اور ویسے بھی مذکورہ بالا حدیث کو شیخ البانی رحمہ اللہ نے ضعیف قرار دیا ہے۔

کے بغیر کچھ چارہ ہی نہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''زنا تو حرام ہے اور اللہ پاک کا اس کے لیے یہ حکم ہے'': ﴿ لَا تَقْرَبُوا الزِّنَا اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّ سَآءَ سَبِيْلًا ﴾ [بنی اسرائیل:32] ''تم زنا کے قریب بھی نہ جاؤ۔ یہ تو سخت بے حیائی اور بہت برا طریق ہے۔''

② سود کا روپیہ لینا حرام ہے

یارسول اللہ ﷺ! سود کے بارہ میں حضور کیا فرماتے ہیں؟ یہ تو بالکل ہمارا ہی مال ہوتا ہے۔

نبی ﷺ نے فرمایا: تم اپنا اصل روپیہ لے سکتے ہو۔ دیکھو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ﴿ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوا ﴾ [البقرۃ:278]

''اے ایمان والو! اللہ عزوجل سے ڈرو اور سود میں سے جو لینا رہ گیا ہے وہ بھی چھوڑ دو۔''

③ شراب کا استعمال حرام ہے

یارسول اللہ ﷺ! خمر (شراب) کے بارہ میں آپ کیا فرماتے ہیں؟ یہ تو ہمارے ہی ملک کا عرق ہے اور اس کے بغیر تو ہم نہیں رہ سکتے۔

نبی ﷺ نے فرمایا: شراب کو اللہ نے حرام کر دیا ہے: دیکھو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴾ [المائدہ:90]

''اے ایمان والو! شراب، جوا، انصاب وازلام ناپاک و گندے، شیطانی کام ہیں، ان سے بچا کرو، تاکہ تم فلاح پاؤ۔''

دوسرے روز اس نے آ کر کہا: خیر ہم آپ کی سب باتیں مان لیں گے لیکن (ربہ) کو کیا کریں؟ (ربہ مونث ہے لفظ رب کی جس دیوی کے بت کو یہ پوجا کرتے تھے اسے ربہ کہا کرتے تھے) نبی ﷺ نے فرمایا: ''اسے گرا دو۔''

وفد کے لوگوں نے کہا: ہائے ہائے! اگر ربہ کو خبر ہو گئی کہ آپ اسے گرا دینا چاہتے ہیں تو وہ ہم لوگوں کو تباہ ہی کر ڈالے گی۔

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے کہا: افسوس! ابن عبد یالیل رضی اللہ عنہ تم اتنا نہیں سمجھتے کہ وہ تو صرف پتھر ہی ہے۔ ابن عبد یالیل نے کھسیانہ ہو کر کہا: عمر رضی اللہ عنہ ہم تجھ سے بات کرنے نہیں آئے۔ پھر رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا:

اسے گرانے کی ذمہ داری حضور ﷺ خود لیں، کیوں کہ ہم تو اسے کبھی نہیں گرائیں گے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''خیر میں گرانے والے کو بھی بھیج دوں گا۔''

ان میں سے ایک نے عرض کیا کہ اس شخص کو آپ ہمارے بعد روانہ کیجیے گا۔ وہ ہمارے ساتھ نہ جائے۔ [1]

الغرض یہ لوگ جتنے حاضر ہوئے تھے وہ مسلمان ہو کر وطن واپس چلے گئے۔ انھوں نے چلتے وقت کہا کہ ہمارے لیے کوئی امام

---

[1] معلوم ہوتا ہے کہ ابن عبد یالیل رضی اللہ عنہ جو طائف کا حکمران رئیس تھا، ایک ہوشیار شخص تھا۔ وہ اپنے آپ کو جاہل قوم کا نشانہ بننے سے بچانے کے لیے بظاہر اعتراضات و سوالات کرتا تھا تاکہ قوم یہ نہ کہے کہ بحث و مباحثہ کے بغیر مسلمان ہو گیا۔ جاہلوں کو سمجھانے کی یہ بھی اچھی تدبیر ہے۔

مقرر کر دیجیے۔

ان ہی میں ایک شخص عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ تھا جو عمر میں سب سے چھوٹا تھا وہ قوم سے خفیہ خفیہ قرآن مجید اور احکام شریعت سیکھتا رہا تھا۔ کبھی رسول اللہ ﷺ سے، کبھی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے سیکھ لیا کرتا۔ آنحضرت ﷺ نے اسی کو ان کا امام مقرر فرما دیا۔

وفد نے راستہ میں مشورہ کیا کہ اپنا اسلام چھپا کر پہلے قوم کو مایوس کر دینا چاہیے۔ جب یہ وطن پہنچ گئے تو قوم نے پوچھا: کہو کیا حال ہوا؟

وفد نے کہا: ہمیں ایک سخت خو، درشت گو شخص سے سابقہ پڑا جو ہمیں ان ہونی باتوں کا حکم دیتا ہے مثلاً لات وعزیٰ کو توڑ دینا، تمام سودی روپیہ کو چھوڑ دینا، شراب، زنا کو حرام سمجھنا۔ قوم نے قسم کھا کر کہا ہم ان باتوں کو کبھی نہیں مانیں گے۔

وفد نے کہا: اچھا ہتھیاروں کو درست کر و اور جنگ کی تیاری کرو۔ قلعوں کی مرمت کرلو۔ دو دن تک ثقیف اس ارادے پر جمے رہے۔ تیسرے روز خود بخود ہی کہنے لگے۔

بھلا محمد ﷺ کے ساتھ ہم کیوں کر لڑ سکیں گے۔ سارا عرب تو اس کی اطاعت کر رہا ہے۔ پھر وفد کے لوگوں نے کہا، جاؤ جو کچھ بھی وہ کہتا ہے قبول کرلو۔

وفد نے کہا: اب ہم تم کو صحیح صحیح بتلاتے ہیں۔ ہم نے محمد ﷺ کو تقویٰ میں اور وفا میں رحم میں اور صدق میں سب سے بڑھ کر پایا۔ ہم تم سب کو اس سفر سے بڑی برکت حاصل ہوئی۔

قوم نے کہا کہ تم نے ہم سے یہ راز کیوں پوشیدہ رکھا اور ہم کو ایسے سخت غم والم میں کیوں ڈالا۔ وفد نے کہا: ہمارا مدعا یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں سے شیطانی غرور نکال دے۔ اس کے بعد وہ لوگ مسلمان ہو گئے۔

چند روز کے بعد وہاں رسول اللہ ﷺ کے بھیجے ہوئے اشخاص خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی قیادت میں پہنچ گئے۔ انھوں نے لات کے گرا دینے کی کارروائی کا آغاز کرنا چاہا۔ ثقیف کے سب مرد وزن، بوڑھے، بچے اس کام کو دشوار سمجھے ہوئے تھے۔ پردہ نشین عورتیں بھی یہ تماشا دیکھنے نکل آئی تھیں۔ مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے اس کے توڑنے کے لیے تیر چلایا مگر اپنے زور میں خود ہی گر پڑے۔ یہ دیکھ کر ثقیف والے پکار اٹھے، رب نے مغیرہ کو دھتکار دیا ہے اور ربہ [1] نے اسے قتل کر ڈالا۔ اب خوش ہو ہو کر کہنے لگے۔ تم کچھ ہی کوشش کرو مگر اسے نہیں گرا سکتے۔

مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے خفا ہو کر کہا: ثقیف والو تم بہت ہی بے وقوف ہو۔ یہ پتھر کا ٹکڑا کر بھی کیا سکتا ہے۔ لوگو! اللہ کی عافیت قبول کرو اور اس کی بندگی کرو۔

پھر مندر کا دروازہ بند کر کے مغیرہ رضی اللہ عنہ نے اول اس بت کو توڑا اور پھر مندر کی دیواروں پر چڑھ گیا اور انھیں گرانا شروع کر دیا۔ باقی مسلمان بھی دیواروں پر جا چڑھے اور اس عمارت کا ایک ایک پتھر گرا کے چھوڑا۔

مندر کا پجاری کہنے لگا کہ مندر کی بنیاد انھیں ضرور غرق کر دے گی۔ مغیرہ رضی اللہ عنہ نے یہ سنا تو بنیاد بھی ساری کھود ڈالی اور اس طرح قوم کے دلوں میں اسلام کی بنیاد مستحکم ہو گئی۔ [2]

---

[1] ربہ دیوی کو کہا کرتے تھے۔ [2] زاد المعاد: 598-595/3

④ وفد عبدالقیس کا حال

قبیلہ عبدالقیس کا وفد خدمت نبوی ﷺ میں حاضر ہوا نبی ﷺ نے پوچھا تم کس قوم سے ہو؟ عرض کیا: قوم ربیعہ سے، نبی ﷺ نے انھیں خوش آمدید فرمایا۔

انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! ہمارے اور حضور ﷺ کے درمیان قبیلہ مضر کے کافر آباد ہیں۔ ہم شہر حرام ہی میں حاضر ہو سکتے ہیں اس لیے صاف اور واضح طور پر سمجھا دیا جائے، جس پر ہم عمل کرتے رہیں اور قوم کے باقی ماندہ اشخاص بھی۔

فرمایا: میں چار چیزوں پر عمل کرنے کا اور چار چیزوں سے بچے رہنے کا حکم دیتا ہوں۔ جن چیزوں کے کرنے کا حکم ہے وہ یہ ہیں:

(1) اکیلے اللہ پر ایمان لانا، اس سے مراد یہ ہے کہ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی شہادت ادا کرنا۔ (2) نماز۔ (3) زکوٰۃ۔ (4) رمضان کے روزے اور مال غنیمت سے خمس نکالنا۔

چار چیزیں جن سے بچنے کا حکم ہے، یہ ہیں:

(1) دبا (تونبا)۔ (2) حنتم (لاکھی برتن)۔ (3) نقیر (شراب کے لیے لکڑی کا ایک برتن)۔ (4) مزفت (قیر آلودہ برتن) [1] ان باتوں کو یاد رکھو اور پچھلوں کو بھی بتا دو۔

انھوں نے عرض کیا یارسول اللہ، حضور ﷺ کو معلوم ہے کہ نقیر کیا ہوتی ہے؟ فرمایا: ''جانتا ہوں کھجور کے درخت میں زخم لگا کر عرق نکالتے ہیں اور اس میں کھجوریں ڈالا کرتے ہو، اس پر پانی ڈالتے ہو، اس میں جوش پیدا ہوتا ہے۔ جب جوش بیٹھ جاتا ہے تب پیا کرتے ہو۔ ممکن ہے کہ تم میں سے کوئی اس نشہ میں اپنے چچیرے بھائی کو قتل کر ڈالے۔'' (عجیب بات یہ ہے کہ اسی وفد میں ایک شخص بھی تھا جس نے نقیر کے نشہ میں اپنے چچیرے بھائی کو قتل کر دیا تھا۔)

ان لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ ﷺ! ہم کیسے برتن میں پانی پیا کریں۔ فرمایا: مشکوں میں جن کا منہ باندھ دیا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا: یارسول اللہ ﷺ! ہمارے یہاں چوہے بکثرت ہوتے ہیں۔ اس لیے وہاں چمڑے کی مشکیں سالم نہیں رہ سکتی ہیں۔ فرمایا: ''خواہ سالم ہی نہ رہیں۔'' [2]

اسی وفد کے ساتھ جارود بن بشر بن المعلی بھی آیا تھا۔ یہ مسیحی المذہب تھا۔ اس نے کہا: یارسول اللہ ﷺ میں اس وقت بھی ایک مذہب رکھتا ہوں۔ اگر ہم اسے چھوڑ کر آپ کے دین میں داخل ہو جائیں تو کیا آپ ہمارے ضامن بن سکتے ہیں۔ فرمایا: ہاں، میں ضامن بنتا ہوں کیوں کہ جس مذہب کی میں دعوت دے رہا ہوں، یہ اس مذہب سے بہتر ہے جس پر تم اب ہو۔

---

[1] بخاری: 53، مسلم: 17۔ اس قوم میں شراب بکثرت پائی جاتی، بنائی جاتی، ذخیرہ کی جاتی، نبی ﷺ نے حرمت شراب کا حکم دیتے وقت ان ظروف کا استعمال بھی منع فرما دیا جن میں شراب پی جاتی یا رکھی جاتی تھی۔ جب قوم سے شراب کی عادت چھوٹ گئی۔ تب ان برتنوں کے استعمال سے ممانعت بھی دور کر دی گئی تھی۔ اس سے مسلمان بآسانی سمجھ سکتے ہیں کہ نبی ﷺ کیسی حکمت اور عمدگی سے تعلیم دیا کرتے تھے۔

دبا: کدو کو درمیان سے کھرچ کر (اندر سے خالی کر کے) ایک طرح کا برتن بنا لیا جاتا تھا۔

حنتم: ایسا مٹکا جس کی بیرونی سطح پر روغن کر لیا جاتا۔

نقیر: کھجور کی جڑ کی لکڑی جسے درمیان سے خراد کر بطور برتن استعمال کیا جاتا تھا۔

مزفت: مٹی کا ایسا برتن جس کے باہر تارکول پھیر دیا جائے۔ [2] مسلم: 7؛ زاد المعاد: 606/3

جارود کے ساتھ اور بھی عیسائی مسلمان ہو گئے تھے۔ (1)

(5) وفد بنی حنیفہ

بنو حنیفہ کا وفد نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ثمامہ بن اثال رضی اللہ عنہ (2) کی کوشش سے اس علاقہ میں اسلام کی اشاعت ہوئی تھی۔ یہ وفد مدینہ آ کر مسلمان ہوا تھا۔ اسی وفد کے ساتھ مسیلمہ کذاب بھی تھا۔ وہ مدینہ میں آ کر لوگوں سے کہنے لگا کہ اگر محمد ﷺ یہ اقرار کریں کہ مجھے ان کا جانشین بنایا جائے گا تو میں بیعت کروں گا۔

نبی ﷺ نے یہ سنا حضور ﷺ کے ہاتھ میں کھجور کی ایک چھڑی تھی، فرمایا: ''میں تو اس چھڑی کے دینے کی شرط پر بھی بیعت لینا نہیں چاہتا۔ اگر وہ بیعت نہ کرے گا تو اللہ اسے تباہ فرمائے گا۔ اس کا انجام اللہ تعالیٰ نے مجھے دکھلا دیا ہے۔ یعنی میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میرے ہاتھوں میں سونے کے کنگن ہیں، مجھے وہ ناگوار معلوم ہوئے۔ خواب ہی میں وحی سے معلوم ہوا کہ انھیں پھونک سے اڑا دو۔ میں نے پھونک ماری تو وہ اڑ گئے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ ان سے مراد مسیلمہ کذاب اور عنسی صاحب صنعا ہے۔'' (3)

مسیلمہ کذاب نے اگرچہ رسالت کا دعویٰ کیا تھا مگر نبی ﷺ کو بھی رسول تسلیم کرتا تھا۔ اس سے مدعا اس کا غالباً یہ تھا کہ اس علاقہ کے مسلمان مخالف نہ ہوں۔

10 ہجری میں مسیلمہ کذاب اور نبی ﷺ میں یہ خط و کتابت ہوئی۔

مِنْ مُسَيْلَمَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اِلٰى مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ۔ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا نِصْفُ الْاَرْضِ وَ لِقُرَيْشٍ نِصْفُهَا۔ لَا يُنْصِفُوْنَ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ۔

''اللہ کے رسول مسیلمہ کی طرف سے اللہ کے رسول محمد ﷺ کے نام۔ واضح ہو کہ نصف زمین ہماری ہے اور نصف قریش کی ہے مگر قریش انصاف نہیں کرتے۔ آپ پر سلام ہو۔''

نبی ﷺ نے جواب دیا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

مِنْ مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ اِلٰى مُسَيْلَمَةَ الْكَذَّابِ ۔ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۔ وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى۔ (کتب ابی ابن کعب) (4)

''اللہ کے نام سے جو کمال رحمت اور دائمی رحم والا ہے۔ اللہ کے نبی محمد ﷺ کی طرف سے مسیلمہ کذاب کے نام۔ واضح ہو زمین اللہ کی ہے۔ وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے وارث بناتا ہے اور عاقبت تو تقویٰ شعار لوگوں

---

(1) ابن حبان: 1171، ترمذی: 1882، ابن ماجہ: 2502، احمد: 80/5، زاد المعاد: 606/3، ابن ہشام: 275/2 (2) بخاری: 7372

(3) صحیحین میں بروایت نافع بن جبیر عن ابن عباس۔ مسیلمہ اور عنسی دو کذاب شخص گذرے ہیں جنھوں نے نبی ﷺ کی دیکھا دیکھی نبوت کا دعویٰ کر لیا تھا۔ اللہ نے دونوں کو تباہ کر دیا۔ کامیابی اور ابدی صداقت کی رفاقت اسی کو ملی جو اللہ کا سچا رسول تھا۔ قرآن مجید میں پیش گوئی موجود ہے۔ ﴿هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ﴾ [الفتح 28] اللہ نے اپنے رسول کو ہدایتوں اور صداقتوں کے ساتھ اس لیے بھیجا ہے کہ وہ باقی سب مذہبوں کے اوپر ظہور پائے۔ (بخاری: 4373، مسلم: 2273)

(4) مسند احمد: 487/3، ابوداود: 2761، 2772، اخرجہ الطیالسی: 238/1، ابن ہشام: 576/2، ابن سعد: 316/1۔

کے لیے ہے۔ سلام ہو اس پر جو سیدھی راہ پر چلتا ہے۔"

رسول اللہ ﷺ کا خط حبیب بن زید بن عاصم ﷺ لے کر گئے تھے۔ کذاب نے ان کے دونوں ہاتھ دونوں پاؤں کٹوا دیے تھے۔ [1]

⑥ وفد طے کا بیان

قبیلہ طے کا وفد جس کا سردار زید الخیل تھا، نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ نبی ﷺ نے فرمایا، عرب کے جس شخص کی تعریف میرے سامنے ہوئی وہ دیکھنے کے وقت اس سے کم ہی نکلا۔ ایک زید الخیل اس سے مستثنیٰ ہے۔ پھر اس کا نام زید الخیر رکھ دیا۔ یہ سب لوگ ضروری گفتگو کے بعد مسلمان ہو گئے۔ [2]

⑦ وفد اشعریین کا حال

قبیلہ اشعریہ (جو اہل یمن تھے) کا وفد حاضر ہوا۔ ان کے آنے پر نبی ﷺ نے فرمایا تھا: "اہل یمن آئے، جن کے دل نہایت نرم اور ضعیف ہیں۔" [3]

ایمان یمنیوں کا ہے اور حکمت یمنیوں کی۔ مسکنت بکریوں والوں میں، فخر اور غرور اونٹ والوں میں ہے جو مشرق کی طرف رہتے ہیں۔

جب یہ لوگ مدینہ میں داخل ہوئے تو یہ شعر پڑھ رہے تھے۔

غَدًا نَلْقَى الأَحِبَّهْ ۔۔۔ مُحَمَّدًا وَحِزْبَهْ

"کل ہم اپنے دوستوں یعنی محمد (ﷺ) اور ان کے ساتھیوں سے ملیں گے۔" [4]

⑧ وفد ازد کا حال

یہ وفد سات (7) اشخاص کا تھا۔ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو نبی ﷺ نے ان کی وضع قطع کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا۔ پوچھا: تم کون ہو؟ انھوں نے کہا: ہم مومن ہیں۔

ایمان کی حقیقت

نبی ﷺ نے فرمایا: ہر ایک قول کی ایک حقیقت ہوتی ہے۔ بتلاؤ کہ تمھارے قول اور ایمان کی حقیقت کیا ہے؟ انھوں نے عرض کیا کہ ہم پندرہ خصلتیں رکھتے ہیں۔ پانچ (5) وہ ہیں جن پر اعتقاد رکھتے ہیں اور پانچ (5) وہ ہیں جن پر عمل کرنے کا حکم آپ کے بھیجے ہوئے لوگوں نے دیا۔ پانچ (5) وہ ہیں جن پر ہم پہلے سے پابند ہیں۔

پانچ (5) باتیں جن پر حضور ﷺ کے مبلغین نے ایمان لانے کا حکم دیا، یہ ہیں: (1) ایمان باری تعالیٰ پر (2) فرشتوں پر

---

[1] فتوح البلدان بلاذری ص:95۔ اس جگہ قارئین کی اطلاع کے لیے اس قدر درج کر دینا ضروری ہے کہ مسیلمہ پر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت میں خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے فوج کشی کی تھی۔ مسیلمہ حضرت وحشی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے قتل ہوا تھا۔ وحشی وہی ہیں جو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے قاتل ہیں۔ یہ کہا کرتے تھے کہ اگر کفر میں، میں نے ایک عظیم انسان کو مارا تھا تو اسلام میں آ کر ایک بڑے بھاری کافر کو بھی مارا ہے۔ اللہ نے میرے گناہ کی تلافی کر دی۔ [2] زاد المعاد 616/3 زید الخیر شاعر، خطیب بہادر و زبان آور تھے۔ ان کے دو بیٹے مکنف و حریث بھی صحابی ہیں۔ (زاد المعاد:617/3) [3] مسلم:52، احمد:84/4، زاد المعاد:619/3۔ [4] زاد المعاد:619/3، احمد:155/3، ابن سعد:348/1

(3) اللہ کی کتابوں پر (4) اللہ کے رسولوں پر (5) مرنے کے بعد جی اٹھنے پر۔

پانچ (5) باتیں عمل کرنے کی ہم کو یہ بتلائی گئی ہیں۔

(1) لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنا۔ (2) پانچ وقت کی نمازوں کا قائم کرنا (3) زکوٰۃ دینا (4) رمضان کے روزے رکھنا (5) بیت الحرام کا حج کرنا، جسے راہ کی استطاعت ہو۔

پانچ (5) باتیں جو پہلے سے معلوم ہیں، یہ ہیں: (1) آسودگی کے وقت شکر کرنا (2) مصیبت کے وقت صبر کرنا (3) قضائے الٰہی پر رضامند ہونا (4) امتحان کے مقامات میں راست بازی پر قائم رہنا (5) اعدا کو شماتت نہ دینا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنھوں نے ان باتوں کی تعلیم دی وہ حکیم و عالم تھے اور ان کی دانش مندی سے معلوم ہوتا ہے گویا وہ انبیاء علیہم السلام تھے۔ اچھا پانچ (5) چیزیں اور بتا دیتا ہوں تاکہ پوری بیس (20) خصلتیں ہو جائیں۔

مزید پانچ باتیں

- ☐ وہ چیز جمع نہ کرو جسے کھانا نہ ہو۔
- ☐ وہ مکان نہ بناؤ جس میں بسنا نہ ہو۔
- ☐ ایسی باتوں میں مقابلہ نہ کرو جنہیں کل کو چھوڑ دینا ہو۔
- ☐ اللہ کا تقویٰ رکھو جس کی طرف لوٹ جانا ہے اور جس کے حضور میں پیش ہونا ہے۔
- ☐ ان چیزوں کی رغبت رکھو جو آخرت میں تمہارے کام آئیں گی۔ جہاں تم ہمیشہ رہو گے۔

ان لوگوں نے نبی ﷺ کی وصیت پر پورا پورا عمل کیا۔ (1)

(9) فروہ بن عمرو الجذامی رضی اللہ عنہ کی سفارت آنے کا ذکر

عرب کا جتنا شمالی حصہ سلطنت قسطنطنیہ کے قبضہ میں تھا اس سارے علاقہ کا گورنر فروہ بن عمرو رضی اللہ عنہ تھا۔ اس کا دارالحکومت معان تھا۔ فلسطین کا متصل علاقہ بھی اسی کی حکومت میں تھا۔

نبی ﷺ نے اسے نامہ مبارک (دعوت اسلام کا) بھیجا تھا۔ فروہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا اور آنحضرت ﷺ کے لیے ایک سفید رنگ کا قیمتی خچر ہدیہ میں بھیجا تھا۔

جب بادشاہ قسطنطنیہ کو اس کے مسلمان ہو جانے کی اطلاع ملی تو اسے حکومت سے واپس بلا لیا۔

پہلے اسلام سے پھر جانے کی ترغیب دیتا رہا۔ جب فروہ رضی اللہ عنہ نے انکار کیا تو اسے قید کر دیا گیا۔ آخر یہ رائے ہوئی کہ اسے پھانسی پر لٹکا دیا جائے۔ شہر فلسطین میں ''عفراء'' نامی تالاب پر اسے پھانسی دی گئی۔ جب وہ پھانسی کے نیچے پہنچا تو اس نے یہ شعر پڑھے: (2)

اَلَاھَلْ اَتٰی سَلْمٰی بِاَنَّ خَلِیْلَھَا   عَلٰی مَاءِ عَفْرَا فَوْقَ اِحْدٰی الرَّوَاحِلِ
عَلٰی نَاقَۃٍ لَمْ یَضْرِبِ الْفَحْلُ اُمَّھَا   مُشَذَّبَۃٌ اَطْرَافُھَا بِالْمَنَاجِلِ

---

(1) زاد المعاد 672/3 از کتاب معرفۃ الصحابہ لابی نعیم المتوفی 336۔ (2) ان اشعار میں پھانسی کی پہیلی ہے۔

جان دینے سے پیشتر یہ شعر بھی پڑھا:

بَلِّـغْ سَـــرَاةَ الْمُسْـــلِمِیْنَ بِاَنَّنِیْ　　　سِلْمٌ لِرَبِّیْ اَعْظُمِیْ وَمُقَامِیْ [1]

(10) وفد ہمدان

یہ قبیلہ یمن میں آباد تھا۔ ان میں اشاعت اسلام کے لیے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو بھیجا گیا تھا۔ وہ وہاں چھ (6) ماہ تک رہے۔ اسلام نہ پھیلا۔ نبی ﷺ نے علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو اس قبیلہ میں اشاعت اسلام کے لیے مامور فرمایا۔ ان کے فیضان سے تمام قبیلہ ایک دن میں مسلمان ہو گیا۔

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا خط جب نبی ﷺ نے سنا تو سجدۂ شکر ادا کیا اور زبان مبارک سے فرمایا: السّلام عَلٰی همدانَ (ہمدان کو سلامتی ملے)

یہ وفد انہی لوگوں کا تھا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر ایمان لا چکے تھے اور دیدار نبوی ﷺ سے مشرف ہونے آئے تھے۔

مالک بن نمط رضی اللہ عنہ نے مندرجہ ذیل اشعار نبی ﷺ کے حضور میں نہایت ذوق سے پڑھے تھے۔

اِلَیْکَ جَـــاوَزْنَ سَـــوَادَ الـــرِّیْفِ　　　فِـیْ هَـبَوَاتِ الـصَّیْفِ وَالْـخَـرِیْفِ

مُـــخَـــطَّـــمَـــاتٍ بِـــحِـبَـــالِ الـــلِّیْفِ [2]

(11) وفد طارق بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

طارق بن عبداللہ کا بیان ہے کہ میں مکہ کے ”سوق المجاز“ میں کھڑا تھا، اتنے میں ایک شخص وہاں آیا جو پکار پکار کر کہتا تھا:

یٰاَیُّهَا النَّاسُ قُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تُفْلِحُوْا۔

”لوگو! لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہو فلاح پاؤ۔“

ایک دوسرا شخص اس کے پیچھے آیا جو کنکریاں اسے مارتا اور کہتا تھا:

یٰاَیُّهَا النَّاسُ لَا تُصَدِّقُوْهُ فَاِنَّهٗ، کَذَّابٌ

”لوگو! اسے سچا نہ سمجھو، یہ جھوٹا شخص ہے۔“

میں نے دریافت کیا کہ یہ کون کون ہیں؟

لوگوں نے کہا: یہ تو بنی ہاشم میں سے ایک ہے جو اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ سمجھتا ہے۔ اور دوسرا اس کا چچا عبدالعزیٰ ہے (ابولہب کا نام عبدالعزیٰ تھا [3])

طارق کہتا ہے کہ اس کے بعد برسوں گذر گئے اور نبی ﷺ مدینہ جا رہے۔ اس وقت ہماری قوم کے چند لوگ جن میں میں بھی تھا، مدینہ گئے۔ تاکہ وہاں کی کھجوریں مول لائیں۔ جب مدینہ کی آبادی کے متصل پہنچ گئے تو ہم اس لیے ٹھہر گئے کہ سفر کے کپڑے

---

[1] زاد المعاد: 646/3، ابن ہشام 592/2 [2] زاد المعاد ص 622/3 [3] اس واقعہ سے اندازہ کرو کہ نبی ﷺ نے کیسی محبت اور صبر و استقلال سے قوموں کو توحید کی دعوت دی تھی۔ دشمن کہتے ہیں کہ اسلام بزور شمشیر پھیلایا گیا۔

اتار کر دوسرے کپڑے بدل کر شہر میں داخل ہوں گے۔

اتنے میں ایک شخص آیا جس پر دو پرانی چادریں تھیں۔ اس نے سلام کے بعد پوچھا کہ کدھر سے آئے، کدھر جاؤ گے؟ ہم نے کہا کہ ربذہ سے آئے ہیں اور یہیں تک قصد ہے۔ پوچھا: ''مدعا کیا ہے؟''

ہم نے کہا: ''کہ کھجوریں خرید کرنی ہیں۔''

ہمارے پاس ایک سرخ اونٹ تھا جس کے مہار ڈالی ہوئی تھی۔

اس شخص نے کہا: ''یہ اونٹ بیچتے ہو؟'' ہم نے کہا: ''ہاں، اس قدر کھجوروں کے بدلے دیں گے۔'' اس شخص نے یہ سن کر قیمت گھٹانے کی بابت کچھ بھی نہیں کہا اور مہار شتر سنبھال کر شہر کو چلا گیا۔ جب شہر کے اندر جا پہنچا تو اب آپس میں لوگ کہنے لگے کہ یہ ہم نے کیا کیا؟ اونٹ ایسے شخص کو دے دیا جس سے ہم واقف تک نہیں اور قیمت کے وصول کرنے کا کوئی انتظام نہ کیا۔

ہمارے ساتھ ایک ہودج نشین (سردار قوم) کی عورت بھی تھی۔ وہ بولی کہ میں نے اس شخص کا چہرہ دیکھا تھا کہ چودھویں رات کے چاند کے روشن حصے جیسا تھا اگر ایسا آدمی قیمت نہ دے تو میں ادا کروں گی۔

ہم یہی باتیں کر رہے تھے، اتنے میں ایک شخص آیا۔ کہا مجھے رسول اللہ ﷺ نے بھیجا ہے (اور قیمت شتر) کی کھجوریں بھیجی ہیں۔ (تمہاری ضیافت کی کھجوریں الگ ہیں) کھاؤ پیو اور قیمت کی کھجوروں کو ناپ کر پورا کر لو۔ جب ہم کھا پی کر سیر ہوئے تو شہر میں داخل ہوئے دیکھا کہ وہی شخص مسجد کے منبر پر کھڑا وعظ کر رہا ہے۔ ہم نے مندرجہ ذیل آپ ﷺ کے الفاظ سنے:

تَصَدَّقُوا، فَإِنَّ الصَّدَقَةَ خَيْرٌ لَكُمْ، اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى اُمَّكَ وَاَبَاكَ وَاُخْتَكَ وَ اَخَاكَ وَ اَدْنَاكَ اَدْنَاكَ۔

''لوگو! خیرات دیا کرو۔ خیرات کا دینا تمہارے لیے بہتر ہے۔ اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے۔ ماں کو، باپ کو، بہن کو بھائی کو پھر قریبی کو اور دوسرے قریبی کو دو۔'' [1]

[12] وفد نجیب

قبیلہ نجیب کے تیرہ (13) شخص حاضر ہوئے تھے۔ یہ اپنے قوم کے مال و مواشی کی زکوۃ لے کر آئے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اسے واپس لے جاؤ اور اپنے قبیلہ کے فقراء پر تقسیم کر دو۔ انھوں نے عرض کی:

یارسول اللہ ﷺ فقراء کو دے کر جو بچ رہا ہے ہم وہی لے کر آئے ہیں۔

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ ان سے بہتر کوئی وفد اب تک نہیں آیا۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ہدایت اللہ عزوجل کے ہاتھ میں ہے۔ اللہ جس کی بہبودی چاہتا ہے اس کے سینہ کو ایمان کے لیے کھول دیتا ہے۔'' [2]

ان لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے چند باتوں کا سوال کیا۔ آنحضرت ﷺ نے ان کو جوابات لکھوا دیے تھے۔ [3]

---

[1] اخرجه الحاكم في المستدرك 611/2: سنده قابل للتحسين و صححه و وافقه الذهبي، زاد المعاد: 650/3۔ [2] مصنف ابن ابی شیبہ: 222/3 [3] جو لوگ سمجھتے ہیں کہ احادیث رسول آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں قلم بند نہیں کی گئیں۔ وہ اس واقعہ پر زیادہ غور کریں۔

[1] اخرجه الحاكم في المستدرك 611/2: سنده قابل للتحسين و صححه و وافقه الذهبي، زاد المعاد: 650/3۔ [2] مصنف ابن ابی شیبہ: 222/3 [3] جو لوگ سمجھتے ہیں کہ احادیث رسول آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں قلم بند نہیں کی گئیں۔ وہ اس واقعہ پر زیادہ غور کریں۔

یہ لوگ قرآن اور سنن ہدیٰ کے سیکھنے میں بہت راغب تھے۔ اس لیے نبی ﷺ نے بلال رضی اللہ عنہ کو ان کی تواضع کے لیے خاص طور پر متعین کر دیا تھا۔

یہ لوگ واپسی کی اجازت کے لیے بہت ہی اضطراب ظاہر کرتے تھے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا کہ تم یہاں سے جانے کے لیے کیوں گھبراتے ہو؟

کہا: دل میں یہ جوش ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے دیدار سے جو انوار ہم نے حاصل کیے ہیں، نبی اللہ ﷺ کی گفتار سے جو فیض ہم نے پائے، جو برکات اور فوائد ہم کو یہاں آ کر حاصل ہوئے ان سب کی اطلاع اپنی قوم کو جلد پہنچائیں۔

آنحضرت ﷺ نے ان کو عطیات سے سرفراز کیا اور رخصت فرمایا۔ پوچھا کوئی شخص تم میں سے باقی بھی رہا ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں! ایک نوجوان لڑکا ہے جسے اسباب کے پاس ہم نے چھوڑ دیا تھا۔ فرمایا اسے بھی بھیج دینا۔ وہ حاضر ہوا تو اس نے کہا: یارسول اللہ ﷺ! حضور نے میری قوم کے لوگوں پر لطف و رحمت کی ہے، مجھے بھی کچھ مرحمت فرمائیے۔

نبی ﷺ نے فرمایا: تم کیا چاہتے ہو؟

کہا: یارسول اللہ ﷺ میرا مدعا اپنی قوم کے مدعا سے الگ ہے۔

اگرچہ میں جانتا ہوں کہ وہ یہاں اسلام کی محبت سے آئے ہیں اور صدقات کا مال بھی لائے تھے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تم کیا چاہتے ہو؟

التماس دعا

کہا: میں اپنے گھر سے صرف اس لیے آیا تھا کہ حضور میرے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ مجھے بخش دے، مجھ پر رحم کرے اور میرے دل کو غنی بنا دے۔

نبی ﷺ نے اس کے لیے یہی دعا فرما دی۔ 10 ہجری کو جب رسول اللہ ﷺ نے حج کیا تو اس قبیلہ کے لوگ پھر حضور ﷺ سے ملے۔ نبی ﷺ نے پوچھا: اس نوجوان کی کیا خبر ہے؟ لوگوں نے کہا: یارسول اللہ ﷺ! اس جیسا شخص کبھی دیکھنے میں نہیں آیا، اس جیسا قانع کوئی سنا ہی نہیں گیا۔ اگر دنیا بھر کی دولت اس کے سامنے تقسیم ہو رہی ہو تو وہ نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا۔ [1]

13 وفد بنی سعد ھذیم

یہ قبیلہ قضاعہ کی ایک شاخ تھی، جس وقت یہ مسجد نبوی ﷺ میں پہنچے تو دیکھا کہ نبی ﷺ ایک جنازہ کی نماز پڑھا رہے تھے۔

انھوں نے آپس میں یہ طے کیا کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے سے پیشتر ہم کو کوئی کام بھی نہیں کرنا چاہیے۔ اس لیے ایک طرف ہو کر الگ بیٹھے رہے جب آنحضرت ﷺ ادھر سے فارغ ہوئے، ان کو بلایا، پوچھا: کیا تم مسلمان ہو؟ انھوں نے کہا: ہاں۔ فرمایا تم اپنے بھائی کے لیے دعا میں کیوں شامل نہ ہوئے؟

---

[1] زاد المعاد: 651,650/3، شرح المواہب: 4/50-51، ابن سید الناس: 2/248,246، ابن سعد: 1/323۔ جو لوگ تبلیغ اسلام کی خدمت اپنے ذمہ لیتے ہیں انھیں اس نوجوان کے نمونہ پر عمل کرنا چاہیے۔

آدمی اسلام لاتے ہی مسلمان ہوجاتا

عرض کیا ہم سمجھتے تھے کہ بیعت رسول ﷺ سے پہلے ہم کوئی کام بھی کرنے کے مجاز نہیں۔ فرمایا جس وقت تم نے اسلام قبول کیا اسی وقت سے تم مسلمان ہوگئے ہو۔

اتنے میں وہ مسلمان بھی آ پہنچا جسے یہ اپنی سواریوں کے پاس بٹھلا آئے تھے۔ وفد نے کہا: یارسول اللہ ﷺ! یہ ہم سے چھوٹا ہے اور اس لیے ہمارا خادم ہے۔ فرمایا: اَصْغَرُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ ''ہاں (چھوٹا) اپنے بزرگوں کا خادم ہوتا ہے'' اللہ اسے برکت دے۔ اس دعا کی یہ برکت ہوئی کہ وہی قوم کا امام اور قرآن مجید کا قوم میں سب سے اچھا جاننے والا ہوگیا۔

جب وفد لوٹ کر وطن کو گیا تو تمام قبیلہ میں اسلام پھیل گیا۔ ①

⑭ وفد بنو اسد

یہ دس (10) شخص تھے، جن میں وابصہ بن معبد اور طلحہ بن خویلد بھی تھے۔

رسول اللہ ﷺ اصحاب کے ساتھ مسجد میں تشریف فرما تھے ان میں سے ایک نے کہا: یارسول اللہ ﷺ! ہم شہادت دیتے ہیں کہ اللہ اکیلا ہے، لاشریک ہے اور آپ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ دیکھیے یارسول اللہ ﷺ! ہم از خود حاضر ہوگئے ہیں اور آپ نے ہمارے ہاں کوئی آدمی بھی نہ بھیجا۔ اس پر اس آیت کا نزول ہوا۔

﴿ يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴾ [الحجرات:17]

''یہ لوگ آپ پر احسان جتلاتے ہیں کہ اسلام لے آئے ہیں، کہہ دو کہ اپنے اسلام کا مجھ پر احسان نہ جتلاؤ بلکہ اللہ تم پر اس بات کا احسان جتاتا ہے کہ اس نے تم کو اسلام کی ہدایت کی۔ اگر تم اس دعویٰ میں سچے بھی ہو۔''

منت منہ کے خدمت سلطان ہمی کنی!
منت شناس زو کہ بخدمت بداشتت

پھر ان لوگوں نے سوال کیا کہ جانوروں کی بولیوں اور شگونوں وغیرہ سے فال لینا کیسا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے ان سب سے انھیں منع فرمایا۔

انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ ایک بات باقی رہ گئی ہے۔ یعنی خط کشی (رمل) اس کی بابت کیا ارشاد ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: اسے ایک نبی علیہ السلام نے لوگوں کو سکھلایا تھا جس کسی کو صحت سے وہ علم مل گیا بے شک وہ تو علم ہے۔ ②

⑮ وفد بہراء

یہ لوگ مدینے میں آئے۔ مقداد رضی اللہ عنہ کے گھر کے سامنے آ کر اونٹ بٹھلائے۔ مقداد رضی اللہ عنہ نے گھر والوں سے کہا کہ ان کے

---

① زاد المعاد:652/3، ابن سعد:1/329، ابن سید الناس:248/2 ② مسلم:537، احمد:447/5، ابوداؤد:930، زاد المعاد:655/3

یہ لوگ مدینے میں آئے۔ مقداد رضی اللہ عنہ کے گھر کے سامنے آ کر اونٹ بٹھلائے۔ مقداد رضی اللہ عنہ نے گھر والوں سے کہا کہ ان کے

① زاد المعاد:652/3، ابن سعد:1/329، ابن سید الناس:248/2 ② مسلم:537، احمد:447/5، ابوداؤد:930، زاد المعاد:655/3

لیے کچھ تیار کرو اور خود ان کے پاس گئے اور خوش آمدید کہہ کر اپنے گھر پر لے آئے۔ ان کے سامنے ''حیس'' رکھا گیا۔ حیس ایک کھانا ہے جو کھجور اور ستو ملا کر گھی میں تیار کیا جاتا ہے۔ گھی کے ساتھ کبھی چربی بھی ڈال دیا کرتے ہیں۔

طعام میں برکت

اسی کھانے میں سے کچھ نبی ﷺ کے لیے بھی مقداد رضی اللہ عنہ نے بھیجا۔ نبی ﷺ نے کچھ کھا کر وہ برتن واپس فرما دیا۔ اب مقداد رضی اللہ عنہ [1] دونوں وقت وہی پیالہ ان مہمانوں کے سامنے رکھ دیتے وہ مزے لے لے کر کھایا کرتے، مگر کھانا کم نہ ہوا کرتا تھا۔ ان لوگوں کو دیکھ کر یہ حیرت ہوئی آخر ایک روز اپنے میزبان سے پوچھا:

مقداد رضی اللہ عنہ! ہم نے تو سنا تھا کہ مدینے والوں کی خوراک ستو، جو وغیرہ ہیں۔ تم تو ہمیں ہر وقت وہ کھانا کھلاتے ہو جو ہمارے ہاں بہت عمدہ سمجھا جاتا ہے، جو ہر روز ہم کو میسر بھی نہیں آسکتا اور پھر ایسا لذیذ کہ ہم نے کبھی ایسا کھایا بھی نہیں۔

مقداد رضی اللہ عنہ نے کہا: صاحبو! یہ سب کچھ آنحضرت ﷺ کی برکت ہے کیوں کہ آنحضرت ﷺ کے انگشت ہائے مبارک لگ چکی ہیں۔

یہ سنتے ہی سب نے باتفاق کہا اور اپنا ایمان تازہ کیا کہ بے شک وہ اللہ کے رسول ﷺ ہیں۔

یہ لوگ مدینہ منورہ میں کچھ عرصہ ٹھہرے، قرآن اور احکام سیکھے اور واپس چلے گئے۔ [2]

[16] وفد عذرہ کا بیان

بماہ صفر 9 ہجری یہ وفد حاضر ہوا تھا۔ 12 شخص اس میں تھے۔ ان میں حمزہ بن نعمان بھی تھا۔ نبی ﷺ نے پوچھا تم کون ہو؟ انھوں نے کہا: ہم بنی عذرہ ہیں اور قصی کے (ماں کی طرف سے) بھائی ہیں۔ ہم نے قصی کو ترقی دلائی اور خزاعہ اور بنی بکر کو مکہ سے باہر نکالا تھا۔ اس لیے ہم کو قرابت حاصل ہے اور نسب بھی۔ آنحضرت ﷺ نے مرحبا و خوش آمدید فرمایا۔

اور یہ بھی بشارت سنائی کہ عنقریب شام فتح ہو جائے گا۔ ہرقل ان کے علاقہ سے بھاگ جائے گا۔ پھر آنحضرت ﷺ نے حکم دیا کہ کاہنوں سے جا کر سوال نہ کیا کریں اور جو قربانیاں وہ کیا کرتے ہیں آئندہ نہ کریں۔ اب صرف عید اضحیٰ کی قربانی باقی رہ گئی۔ یہ لوگ کچھ دنوں مدینہ طیبہ میں رہے اور پھر انعام و جائزہ سے مشرف ہو کر رخصت ہوئے۔ [3]

[17] وفد خولان

یہ دس (10) شخص تھے جو بماہ شعبان 10 ہجری کو خدمت نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے تھے۔ انھوں نے آکر عرض کیا کہ ہم اپنی قوم کے پسماندوں کی جانب سے وکیل ہو کر آئے ہیں۔ اللہ اور رسول ﷺ پر ہمارا ایمان ہے۔ ہم حضور ﷺ کی خدمت میں لمبا سفر طے کر کے آئے ہیں اور ہم اقرار کرتے ہیں کہ اللہ اور رسول ﷺ کا ہم پر احسان ہے۔ ہم یہاں محض زیارت کے لیے حاضر ہوئے ہیں۔

---

[1] مقداد بن عمرو بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ قوم کندہ سے ہیں بوجہ تبنیت قرشی الزہری کہلاتے ہیں۔ نجبائی رسول اور فضلاء صحابہ میں سے ہیں۔ 35 ہجری کو بعمر 70 سال وفات پائی۔ مدینہ میں دفن ہوئے۔ [2] زاد المعاد: 656/3، ابن سعد: 331/1، ابن سید الناس: 251/2۔ [3] زاد المعاد: 657/3، ابن سعد: 33/1، ابن سید الناس: 252,251/2

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مَنْ زَارَنِيْ بِالْمَدِيْنَةِ كَانَ فِيْ جِوَارِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ [1] (جس نے مدینہ آ کر میری زیارت کی، وہ قیامت کے دن میرا ہمسایہ ہوگا) پھر رسول اللہ ﷺ نے دریافت فرمایا: ''عم انس کا کیا ہوا؟'' (یہ ایک بت کا نام ہے جو اس قوم کا معبود تھا) وفد نے عرض کیا: ہزار شکر ہے کہ اللہ نے حضور ﷺ کی تعلیم کو ہمارے لیے اس کا بدل بنا دیا ہے۔ بعض بوڑھے اور بوڑھی عورتیں رہ گئی ہیں جو اس کی پوجا کیے جاتی ہیں۔

اب ان شاء اللہ ہم اسے جا کر گرا دیں گے۔ ہم مدتوں دھوکے اور فتنہ میں رہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی دن کا واقعہ تو سناؤ۔

وفد نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! ایک دفعہ ہم نے سو (100) نرگاؤ (بیل) جمع کیے اور وہ سب کے سب ایک ہی دن عم انس کے لیے قربان کیے گئے اور درندوں کے لیے چھوڑ دیے گئے حالانکہ ہم کو گوشت اور جانوروں کی بہت زیادہ ضرورت تھی۔

انھوں نے عرض کیا کہ چوپایوں اور زراعت میں سے عم انس کا حصہ برابر نکالا جاتا تھا۔ جب کوئی زراعت کرتا تو اس کا وسطی حصہ عم انس کے لیے مقرر کرتا اور ایک کنارے کا اللہ کے نام مقرر کر دیتا۔ اگر کھیتی کو ہوا مار جاتی تو اللہ کا حصہ تو عم انس کے نام کر دیتے مگر عم انس کا حصہ اللہ کے نام پر نہ کرتے۔

رسول اللہ ﷺ نے انھیں فرائض دین سکھلائے اور خصوصیت سے ان باتوں کی نصیحت فرمائی۔

نبی ﷺ کی تعلیم کا نمونہ

- عہد پورا کرنا
- امانت کا ادا کرنا
- ہمسایہ لوگوں سے اچھا برتاؤ کرنا
- کسی ایک شخص پر بھی ظلم نہ کرنا۔ یہ بھی فرمایا کہ ظلم قیامت کے دن تاریکی ہوگا۔ [2]

18 وفد محارب

یہ دس (10) شخص تھے جو قوم کے وکیل ہو کر 10 ہجری میں آئے تھے۔ بلال رضی اللہ عنہ ان کی مہمانی کے لیے مامور تھے۔ صبح و شام کا کھانا وہی لایا کرتے تھے۔ ایک روز ظہر سے عصر تک کا پورا وقت نبی ﷺ نے انھیں کو دیا۔ ان میں سے ایک شخص کو نبی ﷺ نے غور سے دیکھنا شروع کیا۔ پھر فرمایا: میں نے تمھیں پہلے بھی دیکھا ہے۔

یہ شخص بولا: اللہ کی قسم ہاں۔ حضور ﷺ نے مجھے دیکھا بھی تھا اور مجھ سے بات بھی کی تھی اور میں نے بدترین کلام سے حضور ﷺ کو جواب دیا اور بہت بری طرح سے حضور ﷺ کے کلام کو رد کیا تھا۔ یہ بازار عکاظ کا ذکر ہے جہاں حضور ﷺ لوگوں کو سمجھاتے پھرتے تھے۔

نبی ﷺ نے فرمایا: ہاں ٹھیک ہے۔

اس شخص نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ! اس روز میرے دوستوں میں مجھ سے بڑھ کر کوئی بھی حضور ﷺ کی مخالفت کرنے والا اور اسلام سے دور در دور رہنے والا نہ تھا۔

---

[1] اتحاف السادۃ المتقین للزبیدی: 416/4 [2] زاد المعاد: 662/3، ابن سید الناس: 2/253-254، ابن سعد: 324/1۔

وہ سب تو اپنے آبائی مذہب پر ہی مر گئے مگر اللہ کا شکر ہے کہ اس نے مجھے آج تک باقی رکھا اور حضور ﷺ پر ایمان لانا مجھے نصیب ہوا۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سب کے دل اللہ عزوجل کے ہاتھ میں ہیں۔'' اس شخص نے کہا: یارسول اللہ ﷺ میری پہلی حالت کے لیے معافی کی دعا فرمائیے۔

اسلام پہلے گناہوں کو مٹا دیتا ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اسلام ان سب باتوں کو مٹا دیتا ہے جو کفر میں ہوئی ہوں۔'' [1]

19 وفد غسان کا حال رمضان 10 ہجری

قبیلہ غسان کے تین شخص 10 ہجری میں نبی ﷺ کی خدمت میں آئے تھے۔ اسلام قبول کرنے کے بعد اپنی قوم کی ہدایت کا ارادہ کر کے واپس گئے تھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کو اشاعت اسلام میں کامیابی نہ ہوئی۔ ان میں سے دو پہلے وفات پا چکے تھے اور ایک اس وقت تک زندہ تھا جب کہ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ نے شام کو فتح کیا تھا۔ [2]

20 وفد بنی الحارث

یہ وفد شوال 10 ہجری میں نبی ﷺ کے پاس حاضر ہوا تھا۔ ان کے علاقہ میں خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو اشاعت اسلام کے لیے بھیجا گیا تھا۔ ان کی تعلیم سے لوگ مسلمان ہو گئے تھے۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کی خدمت میں اطلاع بھیج دی اور خود ان کی تعلیم کے لیے وہاں ٹھہر گئے۔ نبی ﷺ نے لکھ بھیجا کہ تم واپس آ جاؤ اور قوم کے چند سر کردہ لوگوں کو بھی ساتھ لاؤ۔ اسی وفد میں قیس بن الحصین وعبداللہ بن قراد وغیرہ تھے۔

نبی ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا کیا وجہ ہے کہ جاہلیت میں جس کسی نے تم سے جنگ کی وہ مغلوب ہی ہوا۔

مغلوب نہ ہونے کی باتیں

انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! ہم خود کسی پر چڑھ کر نہیں جاتے۔ [3] جب لڑائی کے لیے جمع ہوتے ہیں تو پھر متفرق نہیں ہوتے۔ اپنی طرف سے ظلم کی ابتدا نہیں کرتے۔

نبی ﷺ نے فرمایا: ''سچ ہے، یہی وجہ ہے۔''

21 وفد بنی عیش کا حال

یہ وفد انتقال مبارک سے چار ماہ پیشتر آیا تھا۔ یہ علاقہ نجران کے باشندے تھے۔ [4] یہ لوگ مسلمان ہو کر آئے تھے۔ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ ہم نے منادان اسلام سے سنا ہے کہ حضور ﷺ یہ ارشاد فرماتے ہیں: لَا اِسْلَامَ لِمَنْ لَا هِجْرَةَ لَهُ۔

---

[1] زاد المعاد:3/663، 664، ابن سعد:1/299، ابن سید الناس:4/254۔ [2] زاد المعاد ص:3/669، ابن سید الناس:2/256، ابن سعد:1/330، شرح المواہب

[3] زاد المعاد:3/622 [4] زاد المعاد:3/670

ہمارے پاس زرو مال بھی ہے اور مویشی بھی۔ جن پر ہماری گزران ہے۔ پس اگر ہجرت کے بغیر ہمارا اسلام ہی ٹھیک نہیں تو مال ومتاع ہمارے کیا کام آئیں گے اور مویشی ہمیں کیا فائدہ دیں گے؟ بہتر ہے کہ ہم سب کچھ فروخت کر کے سب کے سب خدمت عالی میں حاضر ہو جائیں۔

نبی ﷺ نے فرمایا: اِتَّقُوا اللّٰهَ حَيْثُ كُنْتُمْ۔ فَلَنْ يَلِتَكُمْ مِنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْئًا تم جہاں آباد ہو، وہیں رہ کر خدا ترسی کو اپنا شیوہ بنائے رکھو۔ تمھارے اعمال میں ذرہ بھی کمی نہیں آئے گی۔ [1]

اس جواب میں نبی ﷺ نے یہ بتلا دیا ہے کہ سب مسلمانوں کو مرکز اسلام میں جمع ہو کر اسلامی رقبہ کو محدود و تنگ کر لینا مناسب نہیں۔ مسلمانوں کو مختلف و دور دست ملکوں میں پہنچنا اور اسلام کی دعوت کو پہنچانا چاہیے۔

جو لوگ اب تک ترک وطن کر کے اسلامی ملکوں میں جا بسنے کو بہتر سمجھتے ہیں انھیں یاد رکھنا چاہیے کہ ایسا کرنا آنحضرت ﷺ کی تعلیم کے برخلاف ہے اور صوابدید مذہب کے بھی خلاف ہے۔

(22) وفد غامد کا بیان

یہ وفد 10 ہجری میں آیا تھا۔ اس میں دس (10) آدمی تھے۔ یہ مدینہ سے باہر آ کر اترے۔ ایک لڑکے کو بٹھا کر نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی ﷺ نے پوچھا کہ تم اسباب کے پاس کسے چھوڑ کر آئے ہو، لوگوں نے کہا: ایک لڑکے کو۔ فرمایا: تمھارے بعد وہ سو گیا۔ ایک شخص آیا، خورجی (کپڑوں والا صندوق) چرا کر لے گیا۔ ایک شخص بولا: یارسول اللہ ﷺ! خورجی تو میری تھی۔ فرمایا: گھبراؤ نہیں وہ لڑکا اٹھا۔ چور کے پیچھے پیچھے بھاگا اسے جا پکڑا۔ سب اسباب صحیح سالم مل گیا۔

یہ لوگ آنحضرت ﷺ کی خدمت سے جب واپس پہنچے تو لڑکے سے معلوم ہوا کہ ٹھیک اسی طرح اس کے ساتھ ماجرا ہوا تھا۔ یہ لوگ اسی امر پر مسلمان ہو گئے۔ نبی ﷺ نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو مقرر فرما دیا کہ انھیں قرآن یاد کرائیں اور شرائع اسلام سکھلا دیں۔ جب وہ واپس جانے لگے تو انھیں شرائع اسلام ایک کاغذ میں لکھوا کر دیئے گئے۔ [2]

(23) وفد بنی فزارہ

جب رسول اللہ ﷺ تبوک سے واپس آئے تو بنی فزارہ کا ایک وفد جس میں دس پندرہ آدمی شامل تھے، خدمت مبارک میں حاضر ہوا۔ ان کو اسلام کا اقرار تھا، ان کی سواری میں لاغر کمزور اونٹ تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے پوچھا کہ تمھاری بستیوں کا کیا حال ہے؟

ایک نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ بستیوں میں قحط ہے، مویشی مر گئے۔ باغ خشک ہو گئے۔ بال بچے بھوکے مر رہے ہیں، آپ اللہ سے دعا کریں کہ ہماری فریاد سنے۔ آپ ہماری سفارش اللہ سے کریں۔ اللہ ہماری سفارش آپ سے کرے۔

اللہ کسی کی سفارش نہیں کرتا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ ان باتوں سے پاک ہے۔ خرابی ہو تیرے لیے۔ بھلا میں تو اللہ کے شفاعت کروں گا۔ لیکن اللہ کس کے پاس شفاعت کرے۔ وہ معبود ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ سب سے بزرگ تر ہے۔ آسمانوں اور زمین پر اسی کا حکم ہے۔

---

[1] زاد المعاد: 670/3 [2] زاد المعاد: 671/3، ابن سعد: 345/1، ابن سید الناس: 258،257/2، شرح المواہب: 63/4

آنحضرت ﷺ نے ان کی قوم میں بارش کے لیے دعا فرمائی جو الفاظ محفوظ ہیں، وہ یہ ہیں:

اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَ بَهَائِمَكَ وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَ اَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيثًا مَرِيئًا مَرِيعًا طَبَقًا وَاسِعًا عَاجِلًا غَيْرَ اٰجِلٍ نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ اَللّٰهُمَّ سُقْيَا رَحْمَةٍ لَا سُقْيَا عَذَابٍ وَ لَا هَدْمٍ وَ لَا غَرْقٍ وَ لَا مُحْقٍ اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا الْغَيْثَ وَانْصُرْنَا عَلَى الْاَعْدَآءِ۔

''اے اللہ اپنے بندوں اور جانوروں کو سیراب کر، اپنی رحمت کو پھیلا دے، اور اپنی مردہ بستیوں کو زندہ کر دے۔ الٰہی ہم پر فریاد رس بارش جو راحت رساں، آرام بخش ہو، جلد آئے، دیر نہ لگائے، نفع پہنچائے، ضرر نہ کرے، سیراب کر دے۔ الٰہی ہم کو رحمت سے سیراب کر دے۔ نہ کہ عذاب ہدم و غرق و محق سے بھر دے۔ الٰہی بارش باراں سے ہمیں سیراب کر دے اور دشمنوں پر ہم کو نصرت عطا فرما۔ [1]

(24) وفد سلاماں شوال 10 ہجری

یہ سات (7) اشخاص تھے۔ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام لائے تھے۔ انہی میں حبیب بن عمرو رضی اللہ عنہ تھا۔ انھوں نے سوال کیا تھا: سب اعمال سے افضل کیا چیز ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''وقت پر نماز پڑھنا۔''

ان لوگوں نے عرض کیا کہ ہمارے ہاں بارش نہیں ہوئی۔ دعا فرمایئے رسول اللہ ﷺ نے زبان سے فرمایا:

اَللّٰهُمَّ اسْقِهِمُ الْغَيْثَ فِيْ دَارِهِمْ

حبیب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! ان مبارک ہاتھوں کو اٹھا کر دعا فرمایئے۔ نبی ﷺ مسکرائے اور ہاتھ اٹھا کر دعا کر دی۔ جب وفد اپنے وطن لوٹ کر گیا تو معلوم ہوا کہ ٹھیک اسی روز بارش ہوئی تھی جس دن نبی ﷺ نے دعا فرمائی تھی۔ [2]

(25) وفد نجران

ان جملہ روایات پر جو وفد نجران کے عنوان کے تحت میں دواوین احادیث میں پائی جاتی ہیں۔ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ عیسائیان نجران کے متعدد وفد نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔ اس لیے اسی ترتیب سے انکا ذکر کیا جاتا ہے۔

ابو عبداللہ حاکم کی روایت عن یونس بن بکیر میں ہے کہ نبی ﷺ نے اہل نجران کو دعوت اسلام کا خط تحریر فرمایا تھا۔ جب اسقف نے اس خط کو پڑھا تو اس کے بدن پر لرزہ پڑ گیا اور وہ کانپ اٹھا۔ اس نے فوراً شرحبیل بن وداعہ کو بلایا۔ یہ قبیلہ ہمدان کا شخص تھا۔ کوئی بڑا کام بغیر اس کی رائے کے حاکم یا مشیر یا پادری طے نہیں کیا کرتے تھے۔

اسقف نے اسے خط دیا اور اس نے پڑھ لیا تو اسقف بولا: ''ابو مریم! فرمایئے! آپ کی کیا رائے ہے؟''

شرحبیل نے کہا: ''صاحب یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے کہ اللہ نے ابراہیم علیہ السلام سے یہ وعدہ کیا ہوا ہے کہ اسماعیل علیہ السلام کی نسل

---

[1] زاد المعاد: 654/3، ابوداود: 1176، حاکم: 532/1، بیہقی: 353/3، ابن سعد: 297/1، ابن سید الناس: 249/2۔

[2] زاد المعاد: 670/3، ابن سعد: 322/1، ابن سید الناس: 257/2۔

میں نبوت بھی ہوگی۔ [1] ممکن ہے کہ یہ وہی شخص ہو لیکن نبوت کے متعلق میری کیا رائے ہوسکتی ہے۔کوئی دنیوی بات ہوتی تو میں اس پر پورا غور کرسکتا اور اپنی رائے عرض کرسکتا تھا۔"

اسقف نے کہا: "اچھا بیٹھ جایئے۔"

اسقف نے پھر ایک دوسرے شخص کو جس کا نام عبداللہ بن شرحبیل تھا اور قوم حمیر سے تھا، بلایا اور نامہ نبوی ﷺ دکھلا کر اس کی رائے دریافت کی۔اس نے شرحبیل جیسا جواب دیا۔اسقف نے پھر ایک تیسرے شخص حبار بن قیس کو بلایا۔ یہ بنوالحارث بن کعب میں سے تھا۔نامہ دکھلایا اور رائے دریافت کی۔اس نے بھی ان دونوں کا سا جواب دیا۔

جب اسقف نے دیکھا کہ ان میں سے کوئی بھی جواب نہیں دیتا تو اس نے حکم دیا کہ گھنٹے بجائے جائیں اور ٹاٹ کے پردے گرجا پر لٹکائے جائیں۔ان کا دستور تھا کہ اگر کوئی مہم عظیم درپیش ہوتی تو لوگوں کے بلانے کا طریق دن کے لیے یہ تھا کہ گھنٹے بجاتے اور ٹاٹ کے پردے گرجا پر لٹکا دیتے اور رات کے لیے یہ تھا کہ گھنٹے بجاتے اور پہاڑی پر آگ روشن کر دیتے۔اس گرجا کے متعلق تہتر (73) گاؤں تھے جن میں ایک لاکھ (100000) سے زیادہ جنگ جو مردوں کی آبادی تھی۔وادی کے بالائی اور نشیبی حصہ کا طول ایک اسپ (گھڑ) سوار کے ایک دن کی راہ تھا۔جب کل علاقہ کے یہ لوگ (سب کے سب عیسائی تھے) جمع ہوگئے تو اسقف نے وہ نامہ مبارک سب کو سنایا اور رائے دریافت کی۔مشورہ کے بعد قرارداد یہ ہوئی کہ شرحبیل اور عبداللہ اور حبار کو نبی ﷺ کی خدمت میں روانہ کیا جائے اور وہاں کے سب حالات معلوم کرکے مفصل بتلائیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شخصیت

یہ لوگ مدینہ منورہ پہنچے اور چند روز نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر رہے۔

انھوں نے نبی ﷺ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شخصیت کے متعلق گفتگو بھی کی۔اسی گفتگو پر ان آیات کا نزول ہوا۔

﴿ اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰہِ کَمَثَلِ اٰدَمَ خَلَقَہٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ط اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ فَلَا تَکُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِیْنَ فَمَنْ حَآجَّکَ فِیْہِ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَکَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَ اَبْنَآءَکُمْ وَ نِسَآءَنَا وَ نِسَآءَکُمْ وَ اَنْفُسَنَا وَ اَنْفُسَکُمْ ثُمَّ نَبْتَہِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰہِ عَلَی الْکٰذِبِیْنَ ﴾ [آل عمران 59-61]

"عیسیٰ (علیہ السلام) کی مثال اللہ کے نزدیک آدم (علیہ السلام) کی سی ہے۔اللہ نے اسے مٹی سے بنایا۔ پھر فرمایا کہ (انسان زندہ) بن جا۔وہ زندہ ہوگیا۔ یہی بات تیرے پروردگار کی جانب سے یہی ہے۔اب تم اس رکی کو لمبا کھینچنے والوں میں نہ رہو اور جو کوئی تم سے اس علم کے بعد جھگڑا کرے، اسے کہہ دو کہ ہم اپنی اولاد کو بلاتے ہیں۔تم اپنی اولاد کو بلاؤ۔اسی طرح

[1] اولاد اسماعیل میں نبوت ہونے کی بابت بائبل کی کتابوں میں بہت سے حوالے ملتے ہیں۔اول: یہ کہ اسحق علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام سے اللہ نے برابر وعدے کیے تھے۔

دوم: یہ کہ عرب میں پیدا ہونے والے نبی کے نشانات اور علامات کی پیش گوئیاں بہت سے انبیاء علیہم السلام نے کی ہیں اور چوں کہ عرب میں صرف اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہی آباد ہوئی تھی اس لیے ان پیش گوئیوں سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ نبی موعود اولاد اسماعیل سے ہوگا۔

سوم: موسیٰ علیہ السلام کی بیان کردہ پیش گوئی اس بارہ میں بہت واضح ہے۔درس 18 میں ہے ان کے لیے ان کے بھائیوں میں سے تجھ سا ایک نبی برپا کروں گا اور اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا اور جو کچھ میں اسے فرماؤں گا وہ سب ان سے کہے گا۔ کتاب استثناء باب 18۔ یہ ظاہر ہے کہ بنی اسرائیل کے بھائی بنی اسماعیل علیہ السلام ہیں اور موسیٰ علیہ السلام جیسا نبی حضرت محمد رسول اللہ ﷺ ہی ہیں۔جو موسیٰ علیہ السلام کی طرح صاحب کتاب، صاحب شریعت، صاحب جہاد، مہاجر، غازی ہیں اور منہ میں کلام سے مطلب وحی کے اصل الفاظ کا محفوظ رہنا ہے۔یہ خصوصیت صرف قرآن مجید ہی کی ہے۔بائبل کے مجموعہ میں سے کسی کتاب کو یہ وجہ حاصل نہیں کہ اس کے الفاظ بھی اصلی محفوظ رہے ہوں۔اس پیش گوئی کے ساتھ موسیٰ علیہ السلام کی دوسری پیش گوئی بھی پڑھو۔خدا سینا سے نکلا اور سعیر سے چمکا اور فاران کے پہاڑ سے ظاہر ہوا۔اس کے ہاتھ میں شریعت روشن ہے۔ملائکہ کے لشکر کے ساتھ آیا ہے۔اس میں فاران کا پتہ درج ہے جو مکہ کا نام ہے۔شرحبیل نے انہی حوالہ جات کا خیال کرکے مندرجہ بالا فقرہ استعمال کیا تھا۔

ہماری عورتیں اور تمہاری عورتیں ۔ ہم خود بھی اور تم خود بھی جمع ہوں ۔ پھر اللہ کی طرف متوجہ ہوں اور اللہ کی لعنت جھوٹے پر ڈالیں ۔'' [1]

ان آیات کے نزول پر نبی ﷺ نے حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو بھی بلایا اور فاطمہ رضی اللہ عنہا (سیدۃ النساء العالمین) بھی باپ کی پس پشت آ کر کھڑی ہو گئیں ۔ [2]

ان عیسائیوں نے علیحدہ ہو کر بات چیت کی ۔ شرحبیل نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ اس شخص کے متعلق کوئی رائے قائم کرنا آسان نہیں ہے ۔ دیکھو تمام وادی کے لوگ اکٹھے ہوئے ۔ تب انھوں نے ہم کو بھیجا تھا ۔

میں سمجھتا ہوں کہ اگر بادشاہ ہے ۔ تب بھی اس سے مباہلہ کرنا ٹھیک نہ ہوگا ، کیوں کہ تمام عرب میں سے ہم ہی اس کی نگاہ میں کھٹکتے رہیں گے اور اگر یہ نبی مرسل ہے ۔ تب تو اس کی لعنت کے بعد ہمارا پرکاہ (تنکا) بھی زمین پر باقی نہ رہے گا ۔ اس لیے میرے نزدیک بہتر یہ ہے کہ ہم اس کی ماتحتی قبول کریں اور رقم جزیہ کا فیصلہ بھی اس کی رائے پر چھوڑ دیں ۔ کیوں کہ جہاں تک میں نے سمجھا ہے ۔ یہ سخت مزاج نہیں ہے ۔ دونوں ساتھیوں نے اتفاق کیا اور انھوں نے جا کر عرض کر دیا کہ مباہلہ سے بہتر ہمارے لیے یہ ہے ۔ کہ جو کچھ حضور ﷺ کے خیال میں کل صبح تک ہمارے لیے بہتر معلوم ہو ۔ وہ ہم پر مقرر کر دیا جائے ۔

اگلے روز حضرت ﷺ نے ان پر جزیہ مقرر کر دیا اور ایک معاہدہ جسے مغیرہ رضی اللہ عنہ صحابی نے لکھا تھا اور ابوسفیان بن حرب غیلان بن عمرو ، مالک ، عوف ، اقرع بن حابس صحابہ رضی اللہ عنہم کی شہادت اس پر ثبت تھیں ۔ انھیں مرحمت فرمایا ۔ معاہدہ کا ایک فقرہ خاص طور پر قارئین کیلیے ملاحظہ طلب ہے کہ آنحضرت ﷺ عیسائیوں کو کیسی فیاضی سے مراعات وحقوق مرحمت فرماتے تھے ۔

لِنَجْرَانَ جَوَارِ اللّٰهِ وَ ذِمَّةِ مُحَمَّدِ النَّبِيِّ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَمِلَّتِهِمْ وَ اَرْضِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ وَ غَائِبِهِمْ وَ شَاهِدِهِمْ هُوَ وَعَشِيْرَتِهِمْ وَتَبِعَهُمْ اَنْ لَّا يُغَيِّرُوْا لِمَا كَانُوْا عَلَيْهِ وَلَا يُغَيِّرُ حَقٌّ مِنْ حُقُوْقِهِمْ وَلَا مِلَّتِهِمْ ـ وَلَا يُغَيِّرُ كُلَّمَا تَحْتَ اَيْدِيْهِمْ مِنْ قَلِيْلٍ اَوْ كَثِيْرٍ وَّ لَيْسَ عَلَيْهِمْ رِبْيَةٌ وَلَادَمٍ جَاهِلِيَّةٍ وَّ لَا يُحْشَرُوْنَ وَلَا يُعْشَرُوْنَ وَلَا يَطَاءُ اَرْضِهِمُ الْجَيْشُ ....الخ

نجران والوں کو اللہ اور محمد رسول اللہ ﷺ کی حفاظت حاصل ہوگی ۔ جان اور مذہب اور زمین اور جائداد کے متعلق ان سب کو جو حاضر یا غائب ہیں ۔ صاحب قبیلہ ہیں یا اتباع کرنے والے ہیں ۔ ان کی حالت میں اور حقوق میں کوئی تغیر نہ کیا جائے گا اور جو کچھ کم یا زیادہ ان کے قبضہ میں ہے اسے نہ بدلا جائے ۔ پچھلے زمانہ کی شہادت یا قتل کے تنازعات کے باعث ان پر مقدمات نہ چلائے جائیں گے ۔ وہ بیگار میں نہ پکڑے جائیں گے ، ان سے دہ یکی (عشر) نہ لی جائے گی ۔

---

[1] عیسائیوں کی تعلیم اور مقولہ ہے کہ تثلیث کو بلا دلیل مان لینا چاہیے ۔ قرآن کریم نے اول دلیل دی کہ اگر عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ کے پیدا ہوئے تو اس سے وہ اللہ یا فرزند الٰہ نہیں ہو سکتے ۔ دیکھو آدم علیہ السلام بغیر باپ اور ماں کے پیدا ہوئے تھے چوں کہ یہ یقین تھا کہ دلیل کارگر نہ ہوگی ۔ اس لیے بحث کے لیے ایک اچھوتا پہلو نکالا ۔ یعنی اللہ سے دعا مانگنا اور جھوٹے پر لعنت برسانا ۔ یہ ظاہر ہے کہ اگر مسیح علیہ السلام اللہ یا ابن اللہ ہیں تو ایسے لوگوں کی ضرور حمایت کریں گے جو ان کا اصل درجہ دنیا پر ظاہر کر رہے ہیں ۔ لیکن یہ اگر غلط ہے تو اللہ خود فیصلہ فرما دے گا ۔ آنحضرت ﷺ نے یہ مباہلہ صرف توحید کے اثبات اور استحکام کے لیے نکالا ہے ۔ جب کہ باب استدلال بند ہو ۔ یہ لازم نہیں ہے کہ ذرا ذرا سے اختلافات کو ہم مباہلہ سے طے کرانے کے خواہش مند ہوں ۔ [2] دیگر روایات میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی موجودگی بھی درج ہیں ۔ ان کے جمع کرنے سے مقصد عیسائیوں کو دکھلا دینا تھا ۔ کہ ہم ابھی مباہلہ کو تیار ہیں ۔ گو ان کے زن وفرزند اس وقت مدینہ میں نہ تھے ۔

ان کے علاقہ کو فوج سے عبور نہ کرے گی۔

فرمان حاصل کر کے یہ لوگ نجران کو واپس چلے گئے۔ بشپ (اسقف) اور دیگر سربرآوردہ لوگوں نے ایک منزل آگے بڑھ کر ان سے ملاقات کی۔ ڈیپوٹیشن (Deputation) نے یہ فرمان اسقف کے سامنے پیش کر دیا۔ وہ چلتے چلتے ہی اس فرمان کو پڑھنے لگا۔ اس کا چچیرا بھائی بشر بن معاویہ جس کی کنیت ابوعلقمہ تھی۔ اس کے برابر تھا (وہ بھی اس تحریر کے معنی کی طرف اس قدر متوجہ ہوا کہ بے خیال ہو گیا) اور اونٹنی نے اسے زمین پر گرا دیا۔ اس نے گرتے ہی کہا: خرابی ہو اس شخص کی، جس نے ہم کو اس قدر تکلیف میں ڈالا ہے۔

بشر نے یہ اشارہ نبی ﷺ کی طرف کیا تھا۔

اسقف بولا۔ دیکھ تو کیا کہتا ہے۔ بخدا وہ نبی و مرسل ﷺ ہے۔

بشر نے جواب دیا۔ بخدا اب میں ناقہ کا پالان اسی کے پاس جا کر اتاروں گا۔ یہ کہہ کر اس نے اپنا رخ بدل دیا اور مدینہ کو چل پڑا۔

اسقف نے اس کے پیچھے پیچھے ناقہ لگائی۔ چلا چلا کر کہتا تھا کہ میری بات تو سنو۔ میرا مطلب تو سمجھو میں نے یہ فقرہ اس لیے کہا تھا کہ ان قبائل میں مشتہر ہو جائے۔ تاکہ کوئی یہ نہ کہے کہ ہم نے اس سند کے حاصل کرنے میں کوئی حماقت کی ہے۔ یا فیاضی قبول کر لی ہے۔ حالانکہ دیگر قبائل نے اب تک اسی فیاضی کو قبول نہیں کیا ہے اور ہماری طاقت اور شوکت اوروں سے بڑھ کر بھی ہے۔

بشر رضی اللہ عنہ بولا نہیں۔ نہیں۔ بخدا نہیں۔ اب میں نہیں رکنے کا، تیرے مغز سے ایسی غلط بات نکل ہی نہیں سکتی تھی۔

بشر نے پھر یہ اشعار پڑھے اور مدینہ کو چلا آیا۔

اِلَيْكَ تَعْدُوْ قَلِقًا وَضِيْنُهَا مُعْتَرِضًا فِيْ بَطْنِهَا جَنِيْنُهَا
مُخَالِفًا دِيْنَ النَّصَارٰى دِيْنُهَا

یہ بشر رضی اللہ عنہ تو خدمت نبوی میں پہنچ کر وہیں حضور ﷺ میں رہا اور بالآخر درجہ شہادت پر فائز ہوا۔ اب اس ڈیپوٹیشن کا بقیہ حال سنو۔

1 جب یہ لوگ نجران پہنچ گئے تو نجران کے گرجا میں رہنے والے ایک منک (راہب) نے بھی کسی سے یہ تمام داستان سن پائی کہ ایک نبی تہامہ میں پیدا ہوا ہے۔ اس کا خط آیا تھا۔ یہاں سے تین شخص اس کے پاس بھیجے گئے تھے۔ وہ اس سے سند لے کر آئے تھے۔ اسقف وہ سند پڑھ رہا تھا۔ اس کا بھائی سواری سے گر گیا۔ اس نے نبی ﷺ کو برا بھلا کہا۔ اسقف نے منع کیا اور بتلایا کہ وہ سچا نبی ہے۔ اسے برا نہ کہو۔ وہ یہ سن کر مدینہ کو چلا گیا۔ اسقف نے بہتیرا روکا، نہ رکا۔

راہب نے جو گرجا کے برج کے بالائی حصہ پر (سالہا سال) سے رہا کرتا تھا، چیخنا شروع کر دیا کہ مجھے اتارو ورنہ میں اوپر سے کود پڑوں گا۔ خواہ میری جان بھی جاتی رہے۔ یہ راہب بھی چند تحائف لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں روانہ ہو گیا۔

ایک پیالہ، ایک عصا، ایک چادر اس نے بطور تحفہ پیش کی تھی۔ وہ چادر خلفاء عباسیہ کے عہد تک برابر محفوظ رہی تھی۔ راہب نے کچھ عرصہ تک مدینہ میں ٹھہر کر اسلامی تعلیم سے واقفیت حاصل کی اور پھر آنحضرت ﷺ سے اجازت لیکر اور واپس آنے کا وعدہ کر کے نجران چلا گیا تھا۔ مگر نبی ﷺ کی حیات طیبہ تک واپس نہ گیا تھا۔

2 اس ڈیپوٹیشن (Deputation) سے کچھ عرصہ کے بعد اسقف ابوالحارث جو گرجا کا امام تھا اور قسطنطنیہ کے رومی بادشاہ اس کا نہایت ادب اور احترام کیا کرتے تھے اور عام لوگ اکثر کرامات وغیرہ اس کی ذات سے منسوب کیا کرتے تھے اور یہ شخص اپنے مذہب کا

مجتہد شمار ہوتا تھا۔ نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچا۔ اس کے ساتھ ایہم نامی علاقہ کا جج اور حاکم بھی تھا۔ اسے سید کے لقب سے ملقب کرتے تھے اور عبدالمسیح الملقب عاقب بھی تھا۔ جو سارے علاقہ کا گورنر اور امیر بھی تھا۔ باقی 24 مشہور سردار اور تھے۔ کل قافلہ ساٹھ (60) سواروں کا تھا۔ یہ عصر کے وقت مسجد نبوی ﷺ میں پہنچے تھے۔ وہ ان کی نماز کا وقت تھا (غالباً اتوار کا دن ہوگا) نبی ﷺ نے ان کو اپنی مسجد میں نماز پڑھنے کی اجازت فرما دی تھی اور انھوں نے مسجد سے شرق کی جانب رخ کر کے نماز ادا کی تھی کہ بعض مسلمانوں نے انھیں مسجد نبوی ﷺ میں عیسائی طریقہ پر نماز پڑھنے سے روکنا چاہا تھا مگر آنحضرت ﷺ نے مسلمانوں کو منع فرما دیا تھا۔

یہودی بھی انھیں دیکھنے کے لیے آتے تھے اور کبھی کبھی کسی مسئلہ میں گفتگو بھی ہو جایا کرتی تھی۔ ایک دفعہ نبی ﷺ کے سامنے یہودیوں نے بیان کیا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام یہودی تھے اور ان عیسائیوں نے کہا کہ وہ عیسائی تھے۔ اس بحث پر قرآن مجید کی ان آیات کا نزول ہوا:

﴿ قُلْ يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَاجُّوْنَ فِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ وَ مَاۤ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَ الْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ۝ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۝ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّ لَا نَصْرَانِيًّا وَّ لٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ؕ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۝ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَ هٰذَا النَّبِيُّ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَ اللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ [آل عمران:65-68]

''ان سے کہو کہ اے کتاب والو! ابراہیم علیہ السلام کے بارہ میں کیوں جھگڑا کرتے ہو، تورات اور انجیل تو اس کے بعد اتری ہیں۔ جن باتوں میں تمہارے پاس کچھ علم نہیں اس بارے میں اللہ جانتا ہے اور تم علم نہیں رکھتے اس میں تو جھگڑتے ہی تھے مگر جس بارہ میں کچھ بھی علم نہیں اس میں جھگڑا کیوں کرتے ہو۔ ابراہیم علیہ السلام یہودی تھا، نہ عیسائی تھا۔ وہ پکا موحد تھا اور مسلمان تھا اور وہ مشرک نہ تھا۔ سب خلقت میں ابراہیم علیہ السلام سے قریب تر وہ ہیں جنھوں نے اس کا اتباع کیا اور محمد ﷺ نبی کا اور ان پر ایمان رکھنے والے لوگ۔ ہاں اللہ مومنین کا دوست دار ہے۔'' [1]

نبی ﷺ کے لیے جائز نہیں

ایک دفعہ یہودیوں نے (مسلمانوں اور عیسائیوں دونوں پر اعتراض کرنے کی غرض سے) کہا: محمد ﷺ صاحب! کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ ہم آپ کی بھی عبادت کرنے لگیں، جیسا کہ عیسائی عیسیٰ علیہ السلام کی عبادت کیا کرتے ہیں۔ نجران کا ایک عیسائی بولا:

ہاں محمد ﷺ صاحب! بتا دیجیے، کیا آپ کا یہی ارادہ ہے اور اسی عقیدہ کی دعوت آپ دیتے ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کی پناہ، کہ میں اللہ کے سوا اور کسی کی عبادت کروں یا کسی دوسرے کو غیر اللہ کی عبادت کا حکم دوں۔ اللہ نے مجھے اس کام کے لیے نہیں بھیجا اور مجھے ایسا حکم بھی نہیں دیا گیا۔''

اس واقعہ پر قرآن مجید میں ان آیات کا نزول ہوا۔

﴿ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَ الْحُكْمَ وَ النُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ لٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَ بِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ۝ وَ لَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا

---

[1] عرب کے مشرک جو بت پرستی کرتے تھے، وہ کہا کرتے تھے کہ ہمارا مذہب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مذہب پر ہے۔ اس فقرہ میں مشرکین کا رد ہے۔

الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴾ [آل عمران:79-80]

''جس بشر کو اللہ کتاب اور حکم اور نبوت عنایت کرے یہ اس کے شایاں نہیں کہ پھر وہ لوگوں سے کہنے لگے کہ اللہ کے سوا میرے بندے بن جاؤ۔ وہ تو یہی کہا کرتا ہے کہ کتاب الٰہی کو سیکھ کر اور شریعت کا درس پا کر تم اللہ والے بن جاؤ۔ یہ نبی تو نہیں کہتا کہ فرشتوں کو یا نبیوں کو بھی رب بنالو۔ بھلا وہ کفر کے لیے کہہ سکتا ہے۔ تم لوگوں کو جو اسلام لا چکے ہو۔''

محمد بن سہیل رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ آل عمران کی شروع سے 80 آیات تک کا نزول بھی اسی وفد کی موجودگی میں ہوا تھا۔ جب وہ واپس جانے لگے تو آنحضرت ﷺ سے پھر ایک سند انھوں نے حاصل کی۔ جس میں گرجاؤں اور پادریوں کی بابت زیادہ صراحت تھی۔ اس فرمان کی پوری نقل ذیل میں کی جاتی ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مِنْ مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ اِلَى الْاَسْقَفِ اَبِي الْحَارِثِ وَ اَسَاقِفَةِ نَجْرَانَ وَ كَهَنَتِهِمْ وَ رُهْبَانِهِمْ وَاَهْلِ بِيَعِهِمْ وَ رَقِيْقِهِمْ وَمِلَّتِهِمْ وَسُوَاطِيْهِمْ وَعَلٰى كُلِّ مَا تَحْتَ اَيْدِيْهِمْ مِنْ قَلِيْلٍ اَوْ كَثِيْرٍ۔ جِوَارَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ لَا يُغَيَّرُ اُسْقُفٌ مِنْ سقفيه وَلَا رَاهِبٌ مِّنْ رَهْبَانِيَّةٍ وَ لَا كَاهِنٌ مِنْ كَهَانِيَّةٍ وَ لَا يُغَيَّرُ حَقٌّ مِنْ حُقُوْقِهِمْ وَلَا سُلْطَانِهِمْ وَلَا مِمَّا كَانُوْا عَلَيْهِ عَلٰى ذٰلِكَ جِوَارِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ، اَبَدًا مَا نَصَحُوْا وَ اَصْلَحُوْا عَلَيْهِمْ غَيْرَ مُتَقَلِّبِيْنَ بِظَالِمٍ وَلَا ظَالِمِيْنَ (كَتَبَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ) [1]

یہ تحریر محمد نبی (ﷺ) کی جانب سے ہے۔ اسقف ابوالحارث کے لیے نجران کے دیگر اسقفوں، کاہنوں، راہبوں ان کے معتقدوں، غلاموں اس مذہب والوں، پولیس والوں کے متعلق اور ان کم یا زیادہ چیزوں کے متعلق جو ان کے ہاتھ میں ہیں۔ سب کو اللہ اور رسول کی حفاظت حاصل ہوگی۔ گرجا کے چھوٹے بڑے عہدہ داروں میں سے کسی کو بدلا نہ جائے گا۔ کسی کے حق میں یا اختیارات میں مداخلت نہ کی جائے گی۔

ان کی موجودہ حالت میں تغیر نہ ہوگا بشرطیکہ رعایا کے خیر خواہ خیر اندیش رہیں۔ نہ ظالم کا ساتھ دیں اور نہ خود ظلم کریں۔''

(تحریر کنندہ: مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ)

چلتے وقت انھوں نے درخواست کی کہ ایک امانت دار شخص کو ہمارے ساتھ بھیج دیجیے گا جسے جزیہ ادا کر دیا کریں۔ [2]

نبی ﷺ نے ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو ان کے ساتھ بھیج دیا۔ اور فرمایا کہ ''یہ شخص میری امت کا امین ہے۔'' [3]

---

[1] فتوح البلدان بلاذری، ابن کثیر فی السیرۃ: 4/101-106، زاد المعاد: 3/629 تا 637 [2] لفظ جزیہ (جو ایرانی لفظ گزیہ سے معرب ہے اور اس لفظ کے ساتھ یہ رسم جزیہ لگانے کی بھی عرب میں ایران سے پہنچی تھی۔ جب کہ عرب کا ایک حصہ قبل از اسلام ایران کے ماتحت تھا اور دربار ایران اس بارہ میں رومن امپائر کے قانون پر عمل کرتا تھا) مگر اب جزیہ پر بہت سے اعتراضات کیے گئے اور مسلمانوں کی طرف سے بہت سے جوابات دیے گئے ہیں۔ میں اس جگہ مختصر طور پر صرف ایک روایت کا حوالہ دوں گا جس سے معلوم ہو جائے گا کہ اسلامی جزیہ کس اصول پر لگایا جاتا تھا اور کیوں کر جزیہ ادا کرنے والے مفتوحین کو فاتحین کے اعلیٰ حقوق حاصل ہو جاتے تھے۔ فقہ کی معتبر ترین کتاب میں ہے:

''اگر وہ لوگ جن سے جزیہ لینا چاہیے جزیہ ادا کرنا منظور کریں۔ (1) ان کی حفاظت اسی طور پر کرنا چاہیے جیسے مسلمانوں کی اور (2) ان کے لیے وہی قواعد ہوں گے جو مسلمانوں کے لیے ہیں کیوں کہ امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کفار (غیر مسلم) جزیہ اس لیے ادا کرتے ہیں کہ ان کے خون کو مسلمانوں کے خون اور ان کے مال کو مسلمانوں کے مال کی حیثیت حاصل ہو جائے۔'' ہدایہ ص: 412۔ ہدایہ انگریزی ترجمہ چارلس ہملٹن: 2/142۔ [3] بخاری: 3744،3745؛ مسلم: 2420؛

ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے فیضانِ صحبت سے علاقہ میں اسلام پھیل گیا تھا۔

(26) وفد نخع کا بیان

یہ نصف ماہ محرم 11ھ کو خدمت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوا تھا۔ اس کے بعد کوئی وفد حاضر نہیں ہوا۔ یہ دوسو (200) اشخاص تھے اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر مسلمان ہو کر آئے تھے۔ ان کو دار الضیافۃ (مہمان خانہ) میں اتارا گیا تھا۔

ایک شخص ان میں زرارہ بن عمرو رضی اللہ عنہ تھا۔ اس نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے راستہ میں خواب دیکھے، جو عجیب تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیان کرو۔

ایک خواب اور اس کی تعبیر

کہا میں نے دیکھا کہ ایک بکری نے بچہ دیا ہے جو سپید اور سیاہ رنگ کا ابلق ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: کیا تمہاری عورت کے بچہ ہونے والا تھا۔ اس نے کہا: ہاں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ اس کے فرزند پیدا ہوا ہے جو تیرا بیٹا ہے۔

زرارہ نے کہا: ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابلق ہونے کے کیا معنی ہیں؟''

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب آؤ۔ پھر آہستہ سے پوچھا: ''کیا تمہارے جسم پر برص کے داغ ہیں جسے تم لوگوں سے چھپاتے رہے ہو؟''

زرارہ رضی اللہ عنہ نے کہا: ''قسم ہے اس اللہ کی جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول بنا کر بھیجا ہے کہ آج تک میرے اس راز کی کسی کو اطلاع نہ تھی۔'' نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بچہ پر یہ اسی کا اثر ہے۔

دوسرا خواب اور اس کی تعبیر

زرارہ رضی اللہ عنہ نے دوسرا خواب سنایا کہ میں نے نعمان بن منذر کو دیکھا کہ گوشوارے، بازوبند، خلخال پہنے ہوئے ہے۔ [1]

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اس کی تاویل ملک عرب ہے جو اب آسائش و آرائش حاصل کر رہا ہے۔''

تیسرا خواب اور اس کی تعبیر

زرارہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: کہ میں نے دیکھا کہ ایک بڑھیا ہے جس کے کچھ بال سفید اور کچھ سیاہ ہیں اور زمین سے باہر نکلی ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ دنیا ہے جس قدر باقی رہ گئی ہے۔''

چوتھا خواب اور اس کی تعبیر

زرارہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں نے دیکھا کہ ایک آگ زمین سے نمودار ہوئی۔ میرے اور میرے بیٹے عمر کے درمیان آ گئی اور وہ آگ کہہ رہی ہے، جھلسو جھلسو۔ بینا ہو کہ نابینا ہو۔ لوگو اپنی غذا، اپنا کنبہ، اپنا مال مجھے کھانے کے لیے دو۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایک فساد ہے جو آخر زمانہ میں ظاہر ہوگا۔

---

[1] نعمان بن منذر عرب کا مشہور و قدیم بادشاہ گذرا ہے، جس کی حکومت و حکمت زبان زد عرب ہے۔

زرارہ نے عرض کیا: کہ یہ کیسا فتنہ ہے؟

نبی ﷺ نے فرمایا ”لوگ اپنے امام کو قتل کر دیں گے۔ آپس میں پھوٹ پڑ جائے گی۔ ایک دوسرے سے گتھ جائیں گے۔ جیسے ہاتھوں کی انگلیاں پنجہ ڈالنے میں گتھ جاتی ہیں۔ بدکار ان دنوں اپنے آپ کو نیکوکار سمجھے گا، مومن کا خون پانی سے بڑھ کر خوشگوار سمجھا جائے گا۔“

اگر تیرا بیٹا مر گیا تب تو اس فتنہ کو دیکھ لے گا، تو مر گیا تو تیرا بیٹا دیکھ لے گا۔

زرارہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! دعا کیجیے کہ میں اس فتنہ کو نہ دیکھوں۔

رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی: الٰہی! یہ اس فتنہ کو نہ پائے۔

زرارہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا اور اس کا بیٹا بچ رہا۔ اس نے سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی بیعت کو توڑ دیا تھا۔ [1]

---

[1] زاد المعاد: 3/686,687، ابن سید الناس: 2/258,259، ابن سعد: 1/246

باب پنجم 5

مدینہ میں دہ (10) سالہ قیام نبوی ﷺ کے اہم واقعات اور وفات

نبی ﷺ جب مکہ سے نکل کر مدینہ منورہ پہنچے تو ابھی اطمینان سے قیام بھی نہیں کیا تھا کہ دشمنان مکہ نے متواتر سازشوں، حملوں، لڑائیوں سے نبی ﷺ اور حضور ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کرنے والوں کو پریشان کرنا شروع کر دیا۔

راقم کتاب کو چونکہ ہجرت کے بعد ہی یہ حالات لکھنے پڑے، اس لیے ترتیب مضامین بھی کسی قدر پریشان ہو گئی ہے۔

اب اس باب میں ان اہم واقعات کا مختصر ذکر کیا جاتا ہے جو ایام قیام مدینہ منورہ میں ہوئے۔ میں نے اختصار کے لیے قریباً ہر سال کے متعلق ایک واقعہ ضرور قلم بند کیا ہے۔

اس باب پر غور کرنے سے قارئین کو سیرت پاک آنحضرت ﷺ کے متعلق بہت سی باتیں معلوم ہوں گی، جن کے مطابق ضرورت ہے کہ امت اپنا رویہ درست کرے۔ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ۔

تعمیر مسجد نبوی ﷺ

مسجد نبوی ﷺ جس جگہ بنائی گئی ہے نبی ﷺ کی ناقہ خود بخود اس جگہ آ کر بیٹھ گئی تھی۔ جب آنحضرت ﷺ مکہ سے مدینہ تشریف لائے تھے۔

یہ جگہ دو یتیم لڑکوں کی تھی جو اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ (نقیب محمدی ﷺ) کی تربیت و نگرانی میں تھے۔ اسعد رضی اللہ عنہ نے پہلے سے یہاں نماز کی مختصر سی جگہ بنا رکھی تھی۔ جب نبی ﷺ نے مسجد کے لیے اس جگہ کو پسند فرمایا تو ان یتیم لڑکوں نے قیمت لینے سے انکار کیا اور قبیلہ بنو النجار نے چاہا کہ اس کی قیمت ادا کرنے کی اجازت انھیں مل جائے۔ نبی ﷺ نے دونوں باتیں منظور نہ فرمائیں۔ زمین کی قیمت دس (10) دینار طے ہوئے اور نبی ﷺ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے یہ قیمت دلا دی اور پھر زمین کو ہموار و درست کر کے مسجد بنائی گئی جس کا طول سو (100) گز تھا۔

مسجد کی تعمیر میں نبی ﷺ اینٹ پتھر خود بھی اٹھا کر لاتے تھے اور زبان مبارک سے فرماتے تھے:

اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشَ الْاٰخِرَةِ ۔۔۔ فَاغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَ الْمُهَاجِرَةِ [1]

''الٰہی! زندگی تو آخرت ہی کی زندگی ہے تو انصار اور مہاجرین کو بخش دے۔''

صحابہ رضی اللہ عنہم بھی اینٹ گارا لاتے تھے اور یہ شعر رجز میں پڑھتے تھے

لَئِنْ قَعَدْنَا وَالرَّسُوْلُ يَعْمَلُ ۔۔۔ لَذَاكَ مِنَّا الْعَمَلُ الْمُضَلَّلُ

''رسول اللہ ﷺ کام کریں اور ہم بیٹھے رہیں یہ بڑی گمراہی کا کام ہے۔''

مسجد کی دیواریں جو کچی اینٹوں کی تھیں، تین گز بلند تھیں۔ کھجور کے تنے ستون کی جگہ اور کھجور کے پتے کڑی شہتیر کی جگہ ڈالے گئے تھے۔

---

[1] بخاری: 428، 4100۔

صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: چھت ڈال لیں تو اچھا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں۔ موسیٰ علیہ السلام جیسا ''عریش'' ہی خوب ہے۔ [1]
یہ چھت ایسی تھی کہ اگر بارش ہو جاتی تو پانی ٹپکتا۔ مٹی گرتی، فرش کیچڑ سا ہو جاتا۔ مومنین اسی پر سجدہ کیا کرتے تھے۔ [2]

عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا (1 ہجری)

حضرت عبداللہ یہود کے بڑے فاضلوں میں سے ہیں۔ یوسف صدیق علیہ السلام سے ان کا نسب ملتا ہے۔ انھوں نے نبی ﷺ کو وعظ کرتے ہوئے سن لیا۔ ذیل کے الفاظ یاد کر لیے تھے:

اَيُّهَا النَّاسُ اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَصِلُوا الْاَرْحَامَ وَصَلُّوْا بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ۔ [3]

''لوگو! اپنے بیگانے سب کو سلام کیا کرو۔ کھانا کھلایا کرو۔ قرابت داروں سے اچھا برتاؤ رکھو۔ رات کو جب لوگ سو رہے ہوں تم اللہ کی عبادت کیا کرو۔''

یہ دلنشین کلمات سن کر ان کا قلب نور ایمان سے روشن ہو گیا۔ نبی ﷺ کے حالات پر غور کیا تو پہلے نبیوں کی کتابوں کی پیش گوئیوں کو ذات مبارک پر منطبق پایا۔ نبی ﷺ کی خدمت مبارک میں آئے اور چند مشکل مسائل جن کی بابت ان کا خیال تھا کہ نبی اللہ ﷺ ہی ان کا جواب دے سکتا ہے، دریافت کیے۔ جواب باصواب سن کر کہا: یارسول اللہ ﷺ میں حضور ﷺ پر ایمان لے آیا ہوں، لیکن اظہار اسلام کے لیے چاہتا ہوں کہ اول میری قوم کے لوگوں کو بلا کر دریافت فرما لیا جائے کہ ان کی رائے میرے لیے کیا ہے۔ نبی ﷺ نے اکابر یہود کو طلب فرمایا۔ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ چھپ گئے تھے۔ آنحضرت ﷺ نے ان سے پوچھا: عبداللہ بن سلام تمھاری قوم میں کیسے ہیں۔ سب نے کہا: وہ عالم بن عالم، سید بن سید اور ہم سب سے بہتر ہیں۔ [4] یہود یہ کہہ ہی رہے تھے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اوٹ سے کلمہ طیبہ پڑھتے ہوئے سامنے آ گئے۔ جب یہودیوں نے دیکھا کہ مسلمان ہو گئے ہیں تو اسی وقت کہنے لگے کہ تو جاہل بن جاہل، ذلیل بن ذلیل شخص ہے اور ہم میں سب سے بدتر ہے۔

رب کریم نے اس بزرگ صحابی رضی اللہ عنہ کے اسلام سے جملہ یہود پر اپنی حجت قائم فرما دی۔

فاضل راہب کا اسلام (1 ہجری)

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے بعد ابوقیس صرمہ بن ابی انس رضی اللہ عنہ نے بھی اسلام قبول کیا۔ یہ عیسائی المذہب راہب، نہایت

---

[1] زاد المعاد: 3/ 63,62، الطبقات ابن سعد: 1/ 239 [2] نبی ﷺ کے بعد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مسجد نبوی ﷺ میں کچھ تصرف نہیں کیا۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس مسجد میں عباس رضی اللہ عنہ کے گھر کو شامل کیا جو انھوں نے مسجد کے لیے ہبہ فرمایا تھا۔ عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے مسجد نبوی کی پختہ دیواریں بنائیں اور پتھر کے ستون لگائے اور ساگوان کی چھت ڈالی۔ (بخاری: 446) اور فرش پر عقیق کی کنکریاں بچھائیں۔ مروان بن الحکم نے اپنے عہد سلطنت میں ایک مقصورہ محراب کی جانب بڑھایا اور اس پر پچی کاری (نقش و نگاری) کا کام کرایا۔ ولید بن عبدالملک رحمہ اللہ نے اپنے عہد سلطنت اور حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے عہد امارت مدینہ میں از سرنو اس کی عمارت کو تعمیر کرایا۔ شام و مصر، روم و قبط کے 80 راانجینئر منتخب کر کے اس کی نگرانی کے لیے بھیجے۔ یہ عمارت سنگ مرمر کی تھی اور پہلی عمارت سے کچھ زیادہ بھی تھی۔ 77ھ یا 88ھ میں مکمل ہوئی تھی۔ مہدی عباسی نے اپنے عہد سلطنت میں پھر کچھ اضافہ کیا۔ پچھلی طرف سے سوگز زمین اور شامل کی گئی۔ مکمل ہونے کے بعد مسجد کا طول 300 گز۔ عرض 200 گز ہو گیا تھا۔ یہ تعمیر 172 ہجری میں ختم ہوئی۔ خلیفہ متوکل نے اس عمارت کی مرمت 247ھ میں کرائی تھی۔ فتوح البلدان بلاذری صفحہ 14۔ حالیہ عمارت کی یہ تمام توسیعات خادم الحرمین الشریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے دور میں مکمل ہوئیں۔ [3] مسند احمد: 5/ 450 [4] بخاری: 3329,3913

فصیح شاعر وواعظ اورالہیات کے فاضل تھے۔اس بزرگ کے اسلام سے رب رحیم نے جملہ نصاریٰ پر حجت قائم فرمادی۔

نماز

سنہ اول ہجرت میں فرض نماز میں دو رکعتوں کا اضافہ ہوا۔

دو رکعتیں سفر کے لیے مقرر رکھی گئیں اور حضر میں نماز ظہر وعصر وعشاء کے لیے چار (4) رکعتیں کر دی گئیں۔ایام قیام مکہ میں دو (2) ہی رکعتوں کا حکم رہا تھا۔

جب یہ خیال کیا جاتا ہے کہ مکہ میں کیوں کر ہر ایک مسلمان اسلام لاتے ہی غریب الوطن بن جاتا تھا۔کیوں کہ اقارب واحباب اس سے بیگانہ واغیار بن جاتے تھے اور کیوں کر ہر ایک مسلمان ہر وقت مکہ کے چھوڑ دینے پر آمادہ اور مستعد رہتا تھا تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ مکہ میں سب مسلمان مسافرانہ ہی رہتے تھے اور یہی وجہ ہے کہ رب کریم نے بھی ان کو مدینہ میں پہنچ جانے کے بعد ہی مقیم تسلیم فرمایا۔

نماز اسلام کا وہ رکن ہے جو مسلمان پر سب سے پہلے فرض ہوتا ہے۔(سات (7) برس کے بچہ کا نماز پڑھنا مستحب ہے اور دس (10) برس کے بچے کا پڑھنا فرض ہے) [1] اور سب سے آخر تک فرض رہتا ہے۔(یعنی تادم مرگ) نماز کی فرضیت صحت وبیماری، خوشی وغم، سفر وحضر اور خوف وخطر غرض کسی حالت میں بھی مسلمان سے ساقط نہیں ہوتی۔خواہ ہم گرم تر ملک میں ہوں یا سرد سے سرد تر ملک میں۔کسی جگہ بھی کوئی موسم، کوئی عارضہ ایسا نہیں جو مسلمان کو نماز کی معافی دیتا ہو۔

﴿1﴾ مدت العمر تک عبادت الٰہی کی مداومت رکھنا کمال استقلال کا مظہر ہے۔ہر روز پنج گانہ نماز کے اوقات کی حفاظت رکھنا۔پابندی اوقات کی زبردست تعلیم ہے جسم اور لباس اور مکان کو نجاست وآلودگی سے پاک وصاف رکھنے کا اہتمام صحت جسمانی کے قیام کی بہترین تدبیر ہے۔دل وزبان، اعضاء ودماغ کو عظمت الٰہی اور جلال کبریائی کے سامنے مؤدب ومہذب رکھنا۔نورانیت روحانی کے لیے عجیب روشنی ہے۔

﴿2﴾ نماز میں جس قدر پابندی ہے وہ جلد سو جانے اور جلد جاگ اٹھنے کی جس طرح تعلیم دیتی ہے وہ جس طرح ایک ٹائم ٹیبل (Time Table) کو اپنے ماتحت کر لیتی ہے اس سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ اسلام میں شہوانی ونفسانی خیالات کو نماز کے ذریعے کیسے ملیامیٹ کیا گیا ہے۔

﴿3﴾ نماز کے لیے مسجد کی حاضری اور جماعت کی پابندی تمدن اور ترقی کی جان ہے۔اتحاد ویگانگت اور تبادلۂ خیالات کا پاک ترین ذریعہ ہے۔ایک جاہل بھی بہت سی باتیں نظیر ونمونہ سے سیکھ سکتا اور ایک عالم بآسانی تبلیغ کر سکتا ہے۔ایک امیر غریب کے دوش بدوش کھڑا ہو کے مساوات کا سبق لیتا ہے اور غریب امیر کے برابر بیٹھ کر سچے دین کے انصاف سے اپنی روح کو خورسند کر سکتا ہے۔

﴿4﴾ جو لوگ نماز چھوڑ دیتے ہیں، یا مسجد کی حاضری اور جماعت کی پابندی میں سستی کرتے ہیں، وہ ان اخلاقی فضائل سے محروم رہتے ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ جس قوم کے فرد ایسے اعلیٰ اخلاق سے خالی ہوں گے وہ کیا ہوں گے۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ إِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ﴾ [العنکبوت:45]

"نماز، نماز پڑھنے والوں کو ناپاک کاموں اور لائق انکار فعلوں سے روک دیتی ہے اور اللہ کے ذکر میں تو فوائد و

---

[1] حسن، ابوداؤد:495، احمد:187/2، دارقطنی:230/1

فیوض انوار و اسرار اس سے بھی بہت زیادہ اور بہت بڑھ کر ہیں۔''

مواخات (بھائی چارہ)

اللہ جل وجلالہ نے ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کا بھائی بتلایا ہے اور یوں ارشاد فرمایا ہے:

﴿ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ﴾ [آل عمران 103]

''اور تم سب اللہ کے فضل سے بھائی بھائی بن گئے۔ تم لوگ تو آگ کے گڑھے کے کنارے پر تھے۔ جس سے اللہ نے تمھیں نجات وخلاصی عنایت کی۔''

① اس اخوت کا اثر یہ تھا کہ ایک مسلمان کسی مخالف قوم سے معاہدہ کر لیتا تھا اور کل قوم اس معاہدہ کی کامل پابندی کرتی تھی۔

ایک مسلمان اگر کسی دور دراز ملک میں چلا جاتا تھا تو تمام قوم اس کی خیر و عافیت کے لیے بے تاب رہتی تھی اور اگر وہ کسی ظلم کا شکار ہو جاتا تو تمام قوم اس کے انتقام اور خون بہا لینے کو اپنا اعلیٰ فرض جانتی تھی۔

قوم کے ہر ایک یتیم، ہر ایک رانڈ، ہر ایک طالب علم کی ضروریات کا پورا کرنا ہر مسلمان اپنے لیے ایسا ہی فرض سمجھتا تھا جیسا اپنی اولاد اور ماں جائے بھائی کی اولاد و بیوی کے لیے سمجھتا تھا۔

② اس اخوت سے بڑھ کر ایک اور اخوت جسے نبی ﷺ ایک ایک شخص کے ساتھ قائم فرمایا کرتے۔ ایسی اخوت مکہ میں ① اہل مکہ کے درمیان اور مدینہ میں ② مہاجرین وانصار کے درمیان۔ نیز باہمی اخوت اہل مدینہ کے درمیان بھی قائم فرمائی گئی تھی۔ جو مواخات مہاجرین وانصار کے درمیان قائم ہوئی وہ زیادہ تر مشہور ہے۔

اس مواخات کے بعد باہمی تعلقات کا اثر یہاں تک ہوا کہ ایک بھائی دوسرے بھائی کی وراثت میں حصہ لیتا تھا۔ [1] اور بھائی بننے سے پہلے گھنٹہ بعد امیر بھائی غریب بھائی کو اپنی تمام منقولہ وغیر منقولہ جائداد کا نصف تقسیم کر دیتا۔ مؤرخین نے ان بزرگوں کے نام بھی درج کیے ہیں جن میں یہ سلسلہ مواخات مستحکم کیا گیا تھا۔ ہم تبرکاً چند اسماء مبارک درج کرتے ہیں:

- ❑ محمد رسول اللہ ﷺ — علی رضی اللہ عنہ
- ❑ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ — خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ عقبی بدری
- ❑ عمر فاروق رضی اللہ عنہ — عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ بدری
- ❑ عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ — اوس بن ثابت عقبی رضی اللہ عنہ بدری
- ❑ جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ہاشمی — معاذ بن جبل عقبی رضی اللہ عنہ بدری
- ❑ ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ قرشی الفہری — سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ بدری ''اِهْتَزَّلَهٗ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ''
- ❑ عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ قرشی الزہری — سعد بن ربیع عقبی رضی اللہ عنہ بدری

[1] تقسیم وراثت کا دستور اس وقت تک رہا جب تک کہ قوم میں رفاہت اور آسودگی عام نہ ہوئی۔ اس کے بعد وراثت ورثا ہی کی طرف منتقل کر دی گئی۔

- زبیر بن العوام ؓ قرشی الاسدی — سلمہ بن سلامۃ ؓ عقبی
- طلحہ بن عبید اللہ ؓ قرشی التیمی — کعب بن مالک ؓ عقبی
- سعید بن زید ؓ قرشی العدوی — ابوایوب ؓ عقبی بدری
- مصعب بن عمیر ؓ قرشی العبدری — ابی بن کعب ؓ عقبی بدری
- ابوحذیفہ ؓ بن عتبہ — عباد بن بشیر ؓ
- عمار بن یاسر ؓ — حذیفہ بن الیمان ؓ
- سلمان فارسی ؓ — ابوالدرداء ؓ حکیم الامت
- منذر بن عمرو ؓ — ابوذر غفاری ؓ [1]

دنیا میں اخوت (Brotherhood) کا ایسا اعلیٰ نمونہ اسلام کے سوا کسی اور جگہ نظر نہیں آتا۔

اذان

2ھ میں اذان کا طریقہ جاری ہوا۔

اذان کی ضرورت اول اس لیے محسوس ہوئی کہ سب لوگ مل کر ایک وقت پر نماز ادا کر سکیں۔ مشورہ طلب امر یہ تھا کہ لوگوں کو جمع کرنے کے واسطے کونسا طریق اختیار کیا جائے۔ کسی نے مشورہ دیا کہ بلند مقام پر آگ روشن کر دی جایا کرے (جیسا مجوس میں دستور تھا) کسی نے مشورہ دیا کہ سینگ (بگل) بجایا جائے (جیسا کہ یہود کا معمول تھا) کسی نے مشورہ دیا کہ گھنٹے بجائے جایا کریں۔ (جیسا کہ نصاریٰ کرتے تھے) آنحضرت ﷺ نے کسی مشورہ کو پسند نہ فرمایا۔ دوسرے دن عبداللہ بن زید ؓ انصاری اور حضرت عمر فاروق ؓ نے یکے بعد دیگرے نبی ﷺ سے آ کر عرض کیا کہ انھوں نے خواب میں ان الفاظ کو سنا ہے جو اب اذان میں کہے جاتے ہیں۔ نبی ﷺ نے انہی الفاظ کو باواز بلند پکارنے کو مشروع فرما دیا۔ یہ الفاظ نبی ﷺ کے اس منشا عالی کو پورا کرتے ہیں جو تشریع احکام میں ہمیشہ منظور نظر اقدس رہا ہے۔

اذان اطلاع دہی کا وہ سادہ اور آسان طریقہ ہے کہ عالمگیر مذہب کے لیے ایسا ہی ہونا ضروری تھا۔ اذان درحقیقت اُصولِ اسلام کی اشاعت اور اعلان ہے۔ مسلمان اسی کے ذریعہ سے ہر آبادی کے قریب جملہ باشندگان کے کانوں تک اپنے اصول پہنچا دیتے اور راہ نجات سے آگاہ کر دیتے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے رسالوں (ٹریکٹوں) کی تقسیم اور نگر کیرتن (گرنتھ) کے شبد بھی اس خوبی کو نہیں پا

---

[1] تاریخ ابن خلدون ص: 379/2 (اردو)، امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ و ابن القیم رحمہ اللہ کا خیال یہ تھا کہ مواخات میں ایک مہاجر اور ایک انصاری کو شامل کیا گیا تھا اس لیے وہ کہتے ہیں کہ یہ صحیح نہیں ہے کہ نبی ﷺ نے علی مرتضیٰ ؓ کو مواخات میں اپنے ساتھ شامل کیا ہو۔ کیوں کہ حضرت علی مرتضیٰ ؓ بھی مہاجر ہیں۔ دیگر علما نے اس رائے کو قبول نہیں کیا اور انھوں نے اور بھی چند ایسی نظیریں بیان کی ہیں جن میں فریقین مہاجر تھے اور یہی قوی مذہب ہے۔ سلسلہ مواخات میں نبی ﷺ نے حضرت علی ؓ کو اپنا بھائی بنایا۔ اول تو اس لیے کہ وہ رشتہ میں آنحضرت ﷺ کے بھائی لگتے تھے۔ دوسرے اس لیے کہ اگر کسی ایسے مسلمان کو بھائی بناتے جو رشتہ میں نہ ہوتا تو آئندہ طرح طرح کی مشکلات جدیدہ پیدا ہونے کا احتمال تھا۔

سکے۔ اذان ثابت کرتی ہے کہ اسلام نے ''گھونگوں'' اور ''دھاتوں'' کو انسانی آواز پر ترجیح نہیں دی اور یہ بھی ایک طریقہ بت پرستی کے انسداد اور توحید کی تائید کا ہے۔

سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا اسلام

- 2 ہجری میں سلمان فارسی رضی اللہ عنہ مسلمان ہوئے۔ یہ اصفہان کے باشندے تھے۔ ان کے مذہب قدیم میں ''ابلق'' گھوڑے کی پرستش کی جاتی تھی۔
- دین حقہ کی تلاش میں گھر سے نکلے اور عرب تک آئے کسی نے ان کو پکڑ کر غلام بنا کر بیچ دیا تھا۔ دس (10) سے زیادہ مذاہب کے بعد یہ یہودی مذہب میں داخل ہو گئے تھے۔ جس یہودی کے پاس رہا کرتے تھے وہ اکثر ایک پیدا ہونے والے نبی کے اوصاف بیان کیا کرتا تھا۔
- جب حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے مدینہ میں نبی ﷺ کو دیکھا تو ان علامات وآثار و اخبار سے جو اپنے آقا سے سنے تھے آنحضرت ﷺ کو پہچان لیا اور مسلمان ہو گئے اور ''ملک فارس کا پہلا پھل'' کہلائے۔

تحویل قبلہ

نبی ﷺ کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ جس بارہ میں کوئی حکم الٰہی موجود نہ ہوتا۔ اس میں اہل کتاب سے موافقت فرمایا کرتے۔ [1]

نماز آغاز نبوت ہی میں فرض ہو چکی تھی، مگر قبلہ کے متعلق کوئی حکم نازل نہ ہوا تھا۔ اس لیے مکہ کی تیرہ سالہ اقامت کے عرصہ میں نبی ﷺ نے بیت المقدس ہی کو قبلہ بنائے رکھا۔ مدینہ میں پہنچ کر بھی یہی عمل رہا۔ مگر ہجرت کے دوسرے سال (یا 17 ماہ بعد) [2] اللہ نے اس بارے میں حکم نازل فرمایا۔ یہ حکم نبی ﷺ کے دلی منشا کے موافق تھا۔ کیوں کہ آنحضرت ﷺ دل سے چاہتے تھے کہ مسلمانوں کا قبلہ وہ مسجد بنائی جائے جس کے بانی حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے، جسے مکعب شکل کی عمارت ہونے کی وجہ سے ''کعبہ'' اور صرف عبادت الٰہی کے لیے بنائی جانے کی وجہ سے ''بیت اللہ'' اور عظمت و حرمت کی وجہ سے ''مسجد الحرام'' کہا جاتا تھا۔

اس حکم میں جو اللہ پاک نے قرآن مجید میں نازل فرمایا ہے:

1. یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اللہ پاک کو جملہ جہات سے یکساں نسبت ہے۔
﴿ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ۭ ﴾ [البقرۃ: 115]
اور مشرق و مغرب سب اللہ ہی کا ہے۔ تو جدھر تم رخ کرو ادھر اللہ کی ذات ہے۔
2. اور یہ بھی بتایا گیا ہے کہ عبادت کے لیے کسی نہ کسی طرف کا مقرر کر لینا طبقات مردم میں شائع رہا ہے۔
﴿ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ﴾ [البقرۃ: 148]
''اور ہر ایک (فرقے) کے لیے ایک سمت مقرر (مقرر) ہے۔ جدھر وہ (عبادت کے وقت) منہ کیا کرتے ہیں۔ تو تم نیکیوں میں سبقت حاصل کرو۔ تم جہاں ہو گے اللہ تم سب کو جمع کر لے گا۔ بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔
3. اور یہ بھی بتایا گیا ہے کہ کسی طرف منہ کرنا اصل عبادت سے کچھ تعلق نہیں رکھتا۔''

---

[1] عن ابن عباس تیسیر الوصول جلد اول باب السلم والقرق [2] زاد المعاد: 66/3

﴿ لَيۡسَ الۡبِرَّ اَنۡ تُوَلُّوۡا وُجُوۡهَكُمۡ قِبَلَ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ ﴾[البقرۃ:143]

''نیکی یہی نہیں کہ تم مشرق ومغرب (کو قبلہ سمجھ کر ان) کی طرف منہ کرلو۔''

﴿4﴾ اور یہ بھی بتایا گیا ہے کہ تعیین قبلہ کا بڑا مقصد یہ بھی ہے کہ متبعین رسول کے لیے ایک ممیز علامت قرار دی جائے۔

﴿ لِنَعۡلَمَ مَنۡ يَّتَّبِعُ الرَّسُوۡلَ مِمَّنۡ يَّنۡقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيۡهِ ﴾[البقرۃ:143]

''کہ ہم معلوم کریں کہ کون (ہمارے) پیغمبر کا تابع رہتا ہے اور کون الٹے پاؤں پھر جاتا ہے۔''

یہی وجہ تھی کہ جب تک نبی ﷺ مکہ میں رہے، اس وقت تک بیت المقدس مسلمانوں کا قبلہ رہا۔ کیوں کہ مشرکین مکہ بیت المقدس کے احترام کے قائل نہ تھے اور کعبہ کو تو انھوں نے خود ہی اپنا بڑا معبد بنا رکھا تھا اس لیے شرک چھوڑ دینے اور اسلام قبول کرنے کی بین علامت مکہ میں یہی رہی کہ مسلمان ہونے والا بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھا کرے۔

جب نبی ﷺ مدینہ میں پہنچے وہاں زیادہ تر یہودی یا عیسائی ہی آباد تھے۔ وہ مکہ کی مسجد الحرام کی عظمت کے قائل نہ تھے اور بیت المقدس کو تو وہ بیت ایل یا ہیکل تسلیم کرتے ہی تھے۔ اس لیے مدینہ منورہ میں اسلام قبول کرنے اور آبائی مذہب چھوڑ دینے کی علامت یہ ٹھہرائی گئی کہ مکہ کی مسجد الحرام کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی جایا کرے۔

حکم الٰہی کے مطابق یہی مسجد ہمیشہ کے لیے مسلمانوں کا قبلہ قرار دی گئی۔ اس مسجد کو قبلہ قرار دینے کی وجہ اللہ تعالیٰ نے خود ہی بیان فرما دی ہے:

﴿ اِنَّ اَوَّلَ بَيۡتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِىۡ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ﴾[آل عمران:96]

''یہ مسجد دنیا کی سب سے پہلی عمارت ہے جو عبادت الٰہی کی غرض سے بنائی گئی۔''

پس چوں کہ اسے تقدیم زمانی اور عظمت تاریخی حاصل ہے، اس لیے اس کو قبلہ بنایا جانا مناسب ہے۔

﴿ وَاِذۡ يَرۡفَعُ اِبۡرٰهٖمُ الۡقَوَاعِدَ مِنَ الۡبَيۡتِ وَاِسۡمٰعِيۡلُ ﴾[البقرۃ:127]

''اور جب ابراہیم (علیہ السلام) اور اسماعیل (علیہ السلام) بیت اللہ کی دیواریں اونچی کر رہے تھے۔''

دوم: یہ کہ اس مسجد کے بانی حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی یہودیوں عیسائیوں اور مسلمانوں کے جدِ اعلیٰ ہیں۔ اس لیے ان شاندار قوموں کے پدر بزرگوار کی مسجد کو قبلہ قرار دینا گویا اقوام ثلاثہ کا اتحاد نسبی وجسمانی کی یاد دلا کر اتحاد روحانی کے لیے دعوت دینا اور متحد بن جانے کا پیغام ﴿ اُدۡخُلُوۡا فِى السِّلۡمِ ﴾[البقرۃ:208] سنا دینا تھا۔

میں یقین کرتا ہوں کہ کعبہ کے تقدم زمانی اور عظمت تاریخی کا انکار کوئی مذہب بھی نہیں کر سکتا۔ یہودی اور عیسائی متفق ہیں کہ یروشلم کی بنیاد حضرت داؤد علیہ السلام نے قائم کی اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کی تعمیر فرمائی۔ اس لیے کعبہ کی تعمیر یروشلم کی تعمیر سے تقریباً 921 سال اور حضرت مسیح علیہ السلام سے ایک ہزار نو سو اکیس (1921) سال پیشتر کی ہے۔ مسٹر آر سی دت نے اپنی تاریخ سویلیزیشن آف نشنیٹ انڈیا (Civilization of iniattic India) میں متعدد عالموں کی شہادت کو جمع کر کے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ ہندوستان کی تہذیب کا پہلا دور جو ویدکا ابتدائی زمانہ ہے مسیح سے چودہ سو (1400) سال [1] سے دو ہزار (2000) سال پیشتر کا تھا۔ نیز لکھا ہے کہ اس

[1] ترجمہ اے ذی احمد صاحب بے پوری ص:7-8

دور میں کوئی مندر نہ تھا۔ ① اس سے ثابت ہوتا ہے کہ تعمیر کعبہ کے وقت آریہ ورت میں بھی کوئی مندر موجود نہ تھا۔

مجموعہ بائبل سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب کو پہلے سے بتلا دیا تھا کہ جو مسجد آخر میں قبلہ قرار دی جائے گی وہ درجہ میں پہلے قبلہ سے برتر ہوگی۔

نمونہ کے لیے چند حوالہ جات ملاحظہ فرمایے۔

اول: یسعیاہ نبی کی کتاب کا 60 باب ملاحظہ کیجیے۔ اس میں تمام عبارت مکہ کی تعریف میں ہے۔ خصوصاً 5 ورس سے دیکھو۔

''سمندر کی فراوانی تیری طرف پھرے گی اور قوموں کی دولت تیرے پاس فراہم ہوگی۔

(6) اونٹنیں کثرت سے تجھے آ کے چھپالیں گی۔ مدیان اور عیفہ کے اونٹ وہ سب جو سبا کے ہیں آئیں گے۔ وہ سونا اور لوبان لائیں گے اور خداوند کی بشارت سنادیں گے۔

(7) قیدار کی ساری بھیڑیں تیرے پاس جمع ہوں گی۔ نبیط کے مینڈھے تیری خدمت میں حاضر ہوں گے۔ وہ میری منظوری کے واسطے میرے مذبح پر چڑھائے جائیں گے اور میں اپنے شوکت کے گھر کو بزرگی دوں گا۔''

واضح ہو کہ شوکت کا گھر لفظی ترجمہ ''بیت الحرام'' کا ہے اور خانہ کعبہ کا یہی نام قرآن مجید میں مذکور ہے۔ جس سے پہلے نوشتوں کی تصدیق ہوتی ہے۔ اس گھر کو بزرگی دینے سے مطلب اسے ''قبلہ'' قرار دینا ہے۔

یہ بات کہ اس مقام پر شوکت کے گھر سے مراد کعبہ ہے، نہ کوئی اور مقام۔ اس دلیل سے صاف اور واضح ہو جاتی ہے کہ ورس 6-7 میں مدیان عیفا، سبا، قیدار اور نبیط کے لوگوں کا جمع ہونا، قربانیاں کرنا بتلایا گیا ہے۔ یہ پانچوں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے یا پوتے ہیں۔ جو عرب میں آباد ہوئے اور جن کی نسل کے قبیلے صرف محمد رسول اللہ ﷺ کے دین میں داخل ہوئے، نہ عیسائی تھے، نہ یہودی تھے اور ان سب نے مل کر صرف ایک مذبح ''منیٰ'' ہی پر قربانیاں پیش کی تھیں۔ قوموں کے نام منیٰ کا پتا۔ عرب کا قاطبۃ مسلمان ہو جانا حجۃ الوداع میں سب کا نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونا ایسے تاریخی واقعات ہیں جو مندرجہ بالا آیت کے معنیٰ کو بالکل یقینی بنا دیتے ہیں۔

دوم: حجی نبی (ق۔م۔ 520) کی کتاب میں ہے:

''اس پچھلے گھر کا جلال پہلے گھر کے جلال سے زیادہ ہوگا۔ رب الافواج فرماتا ہے اور میں اس مکان کو سلام ② (سلامتی یا اسلام) بخشوں گا۔ رب الافواج فرماتا ہے۔''

سوم: مکاشفات یوحنا 3 باب 12 ورس میں ہے:

(12) میں اسے جو غالب ہوتا ہے اپنے خدا کی ہیکل کا ستون بناؤں گا۔ اور اپنے خدا کے شہر یعنی نئے یروشلم کا نام جو

---

① ترجمہ اے ڈی احمد صاحب بے پوری ص 7-8 ② عربی بائبل مطبوعہ 1871ء مقام آکسفورڈ، ص 1339: پر اس آیت میں لفظ سلام اور اردو بائبل مطبوعہ مرزاپور 1871ء میں لفظ سلامتی ہے۔ اس لیے مسلمانوں کا حق ہے کہ اس کا ترجمہ اسلام کریں کیوں کہ ہر نماز کے بعد مسلمان اسی لفظ اسلام کا استعمال اس دعا میں کرتے ہیں: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْكَ السَّلَامُ وَارْزُقْنَا السَّلَامَ ۔ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۔ (اے اللہ تو ہی سلام ہے۔ (امن دینے والا) اور تو ہی سلامتی عطا کرنے والا ہے۔ ہمیں سلامتی عطا فرما۔ آپ بہت بابرکت ہیں۔ اے عظمت وجلال کے مالک اور اکرام واحسان کرنے والے۔

میرے خدا کے حضور سے آسمان سے اترتی ہے اور اپنا نیا نام اس پر لکھوں گا۔ جس کا کان ہے، سنے کہ روح کلیساؤں سے کیا کہتی ہے۔''

یوحنا نے نئے یروشلم اور نئے نام کا ذکر کیا ہے۔ نیا یروشلم ''کعبہ'' ہے اور اللہ کا نیا نام جس سے اہل عرب بھی باوجود اہل زبان ہونے کے ناواقف تھے اسم پاک ''رحمٰن'' ہے [1] جسے اسلام نے ہی ظاہر کیا۔ نئے یروشلم کا آسمان سے اترنا یہ معنی رکھتا ہے کہ کعبہ کو قبلہ بنائے جانے کا حکم آسمان سے نازل ہوگا۔ قرآن مجید میں بھی اسی کی طرف اشارہ ہے۔ ﴿قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا﴾ [البقرۃ:144] (ہم نے تمھارا آسمان کی طرف منہ پھیر پھیر کر دیکھنا دیکھ رہے ہیں، سو ہم تم کو اسی قبلے کی طرف جس کو تم پسند کرتے ہو منہ کرنے کا حکم دیتے ہیں۔ اپنا منہ مسجد الحرام کی طرف پھیر لو)

چہارم: زبور 84 میں ہے:

(4) ''طُوْبٰى لِلسَّاكِنِيْنَ فِيْ بَيْتِكَ اَبَدًا يُسَبِّحُوْنَكَ (سلاہ)''

''مبارک وہ ہیں جو تیرے گھر میں بستے ہیں۔ وہ سدا تیری ستائش کریں گے۔'' (سلاہ)

(Selah)Pleased are they that dwell in thy house,they will be still praising thee

(5) ''طُوْبٰى لِاُنَاسٍ عِزُّهُمْ بِكَ طُرُقُ بَيْتِكَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ۔''

''مبارک وہ انسان جس میں قوت تجھ سے ہے، ان کے دل میں تیری راہیں ہیں۔''

Blessed is the man whose strength is in thee in whose heart are the ways of them.

(6) ''عَابِرِيْنَ فِيْ وَادِيْ الْبُكَاءِ۔ يُصَيِّرُوْنَهُ يَنْبُوْعًا''

''وہ بکا کی وادی میں گزر کرتے ہیں، اسے ایک کنواں بناتے ہیں۔''

''اَيْضًا بِبَرَكَاتٍ يُغَطُّوْنَ مَوْرَةً''

''یہی برسات اسے برکتوں سے ڈھانپ لیتی ہے۔'' (کتاب مقدس۔ مطبوعہ آرفن سکول۔ مرزاپور 1870ء)

Who Passing through the valleyof **Baca** make it a well; the rain also filleth the pools [2]

ان ہر سہ زبان کی عبارات سے جو ایک ہی مشن سوسائٹی کی شائع کردہ ہیں متفقہ طور پر مندرجہ ذیل باتیں حاصل ہوتی ہیں:

(1) درس چہارم کی رو سے یہ کہ اللہ کا ایک گھر ہے اور وہاں کے باشندوں کو مبارک بتلایا گیا ہے اور ان کی علامت یہ بتائی گئی ہے کہ وہ ہمیشہ اللہ کی تسبیح و ستائش کرتے ہوں گے۔

---

[1] اہل عرب اسم رحمٰن سے جس کا نزول قرآن میں ہوا بہت ناراض ہوتے تھے۔ ﴿وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ﴾ [الفرقان:60] جب انھیں کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو وہ کہتے ہیں کہ رحمٰن کیا ہوتا ہے؟ ﴿وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ﴾ [21:انبیاء36] رحمٰن کا ذکر آ جانے پر وہ بہت انکار کرتے ہیں۔ سہیل نے انعقاد صلح کے وقت کہا تھا۔ وَاَمَّا الرَّحْمٰنُ فَوَاللّٰهِ لَا نَعْرِفُهُ۔ اللہ کی قسم ہم نہیں جانتے کہ رحمٰن کون ہے۔ بخاری: 2732,2731 [2] کتاب المقدس طبع بنفقة الجمعية البريطانية والاجنبية لاجل انتشار الكتاب المقدسة في مطبعة المدرسة من المدينة اوكسفورد في سنة 1871 مسيحية۔

② درس پنجم کی رو سے یہ کہ ان لوگوں کی عزت وقوت کا باعث اللہ تعالیٰ ہی ہوگا اور اسباب دنیوی ان کی عزت وقوت کا باعث نہ ہوں گے۔

③ درس 6 کی رو سے لفظ ''بکا'' عربی، اردو، انگریزی تینوں زبانوں میں موجود ہے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ بکا وہ اسم معرفہ (Propernoun) ہے جو کسی زبان میں بھی نہیں بدلا گیا اور انگریزی تحریر میں اسمائے معرفہ کا پہلا حرف بڑے حرف سے لکھنے جانے کا جو قاعدہ ہے اسی کے مطابق انگریزی کی بائبل میں لفظ ''بکا'' کا پہلا حرف b بھی بڑی B کے ساتھ لکھا ہوا ہے۔

④ لفظ وادی عربی و اردو میں اور لفظ Valley جو معنی وادی ہے انگریزی لفظ بکا سے پہلے موجود ہے۔

⑤ ہر سہ زبان کی عبارت سے یہ ظاہر ہے کہ وہاں کے بسنے والے وادی **بکا**[1] میں ایک کنواں بھی بنائیں گے۔

اب ہم ان سب کا ثبوت دیتے ہیں۔

① ساکنین بیت جس کا ذکر درس 4 میں ہے وہ اسماعیل علیہ السلام اور ان کی اولاد ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا قرآن مجید میں ہے:

﴿ رَبِّ اِنِّیْۤ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ عِنْدَ بَیْتِكَ الْمُحَرَّمِ ﴾ [ابراہیم:37]

''اے اللہ! میں نے اپنی ذریت کو اس وادی میں جس میں روئیدگی نہیں ہوتی، تیرے عزت والے گھر کے پاس آباد کیا ہے۔''

② یہ وادی جس کی صفت آیت بالا میں غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ ہے اسی کا نام قرآن مجید کی دوسری آیت میں **بکہ** ہے۔ ﴿اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ﴾ [آل عمران:96] ''پہلا گھر جو لوگوں کی عبادت کے لیے بنایا گیا وہ ہے جو **بکہ** میں ہے۔'' اب قرآن اور زبور کا اتفاق ہو گیا کہ مکہ کا نام اللہ کے ہاں **بکہ** ہے۔

③ اب ایک کنواں بنانے کا ثبوت باقی رہا جو وادی بکہ میں ہو۔ بخاری کی حدیث (کتاب الانبیاء صفحہ 33) عن ابن عباس میں اسماعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ کے یہاں آنے، آباد ہونے کی بابت ایک طویل و مسلسل حدیث ہے۔ اس کے فقرہ نمبر 20 میں یہ عبارت ہے: فَلَمَّا بَلَغَتِ الْوَادِیْ سَعَتْ جب ہاجرہ اس وادی میں پہنچی تو وہاں (پانی کے لیے) دوڑی، پھر فقرہ نمبر 29 میں ہے: **و غمز عقبه علی الارض قال فانبثق الماء فدهشت اُمّ اسماعیل فجعلت تحفرُ** (فرشتہ) نے ایڑی زمین پر ماری، پانی ابل پڑا۔ اسماعیل کی ماں حیران ہو گئی۔ پھر اسے کھود کر کنواں بنانے لگی۔''[2]

قارئین! آپ نے دیکھا کہ زبور کے اس مقام میں ''بکہ'' کا نام بھی نکل آیا۔ وہاں کی مسجد کا نام ''بیت اللہ'' بھی ثابت ہو گیا۔ وہاں ایک کنوئیں کا ہونا بھی متحقق ہو گیا اور وہاں کے رہنے والوں کا مبارک ہونا ہمیشہ یاد الٰہی میں رہنا بھی ثابت ہو گیا۔

ہمارے مضمون تحویل قبلہ کی مناسبت سے یہ کافی دلیل ہمارے مدعا کی ہے۔

اس کے بعد اس قدر اور بھی گذارش کر دینا چاہتا ہوں کہ درس 5 میں عربی عبارت کا مفہوم اردو اور انگریزی زبور کی عبارت اور مفہوم سے زیادہ صاف ہے۔

---

[1] ابن ہشام المتوفی 213 ہجری کی سیرت ص:39 میں ہے۔ ان بکة اسم البطن مکة لانهم یتباکون فیها۔ دوسرا قول وجہ تسمیہ کی بابت یہ ہے: انها ما سمیت ببکة الا انها کانت تبك اعناق الجبابرة اذا احدثوا فیها شیا (ابن ہشام ص:39) [2] بخاری: 3364، 3365، 2368

عربی میں ہے: طُرُقُ بَيْتِكَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ اس کالفظی ترجمہ ہے: ''ان کے دلوں میں تیرے گھر کی راہیں ہیں۔'' لیکن اردو زبور میں ہے: ''ان کے دل میں تیری راہیں ہیں۔'' اور انگریزی میں ہے

In whose heart are the ways of them

اردو انگریزی نے لفظ بیت (گھر) کا ترجمہ اڑا دیا ہے۔ اردو میں تیری راہیں اور انگریزی Them ان کی راہیں لکھا ہے۔ قرآن پاک اس بارہ میں صاف ہے:

﴿ رَبَّنَا إِنِّيْ أَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ أَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْ إِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ﴾ [ابراھیم 36]

''اے میرے اللہ! میں نے اپنی اولاد کو اس وادی میں جہاں روئیدگی نہیں، تیرے شوکت والے گھر کے پاس بسایا ہے۔ اے اللہ! یہ اس لیے کیا کہ یہ سب (بسنے والے) نمازوں کو قیام دیں۔ اب تو لوگوں کے دلوں ان (بسنے والوں) کی محبت ڈال دے اور ان کو سب ہر طرح کے میووں کی روزی دیا کر کہ یہ شکر گذار بنیں۔''

دوسری غرض یہ ہے کہ درس 5 کا پہلا جزو جو عربی میں یہ ہے: طُوْبٰى لِأُنَاسٍ عِزُّهم بِكَ اس میں لفظ اناس بصیغہ جمع ہے۔ اور عزاھم میں ھم بھی ضمیر جمع ہے۔ لیکن اردو میں یہ الفاظ ہیں: مبارک وہ انسان جس میں قوت تجھ سے ہے۔'' اور انگریزی یہ الفاظ ہیں:

Blessed is the man whose strength is in thee

اردو میں لفظ ''انسان'' اور ''جس'' اور انگریزی میں لفظ Man اور Who واحد کے لیے استعمال کیے گئے ہیں۔ عربی ترجمہ کی صحت اور اردو انگریزی ترجمہ کی غلطی اس طرح ثابت ہوتی ہے کہ اسی درس کے دوسرے جزو میں اردو میں ''ان کے'' اور انگریزی میں Them جمع کے لیے موجود تھے۔

عربی توراۃ کا فقرہ طُوْبٰى لِأُنَاسٍ عِزُّهم بِكَ دراصل فقرہ نمبر 5 طُوْبٰى لِأُنَاسٍ عِزُّهم بَيْتِكَ ہی صفت ہے۔

الغرض توراۃ کے اس مقام سے بکہ، بیت اللہ، زمزم، اولاد اسماعیلؑ صاف طور پر ثابت ہیں۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْد!

فی الحقیقت اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس نے اپنے اسی گھر کو جو وادی بکا میں ہے ہمارا قبلہ بنایا، نہ کہ یروشلم کو۔ کیوں کہ ایک ایسے دین (اسلام) کے لیے جس کی بابت ﴿ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ﴾ [الصف:9] ''وہ سب دینوں پر اپنا غلبہ کرے'' فرمایا گیا ہے۔ اسی گھر کا قبلہ ہونا مناسب تھا۔ نہ کہ اس کا جسے ہر ایک کا فر فاتح نے توڑا اور ویران کیا اور بالآخر (سنڈاس) کی جگہ بنایا اور وہاں کے رہنے والوں کو کئی کئی دفعہ غلام بننا، قیدی ہونا، جلا وطن ہونا پڑا ہو۔

اللہ نے زبور کی مندرجہ بالا آیت 4-5 میں جو وادی بکہ کے بیت اللہ کے پاس رہنے والوں کو مبارک باد دی ہے اس کا ہزاروں برس سے یہ بھی اثر رہا ہے۔ کہ اس قوم پر اور اس گھر (کعبہ) پر کسی غیر قوم کا قبضہ نہیں ہوا۔

زکوۃ

علم الاقتصاد (Economics) یا تمدن یا پولیٹیکل اکانومی (Political Economy) کا سب سے مشکل مسئلہ یہ ہے کہ

افرادِ قوم میں سے بلحاظ فقر و دولت کیوں کر ایک تناسب قائم کیا جائے۔

زکوۃ اور تمدن انسانی

حکیم سولون (Solon) [1] کے عہد سے لے کر آج تک کوئی انسانی دماغ اس عقدہ کی گرہ کشائی نہیں کر سکا۔ یورپ میں نہلسٹ (جن کا مقصد یہ ہے) کہ جملہ املاک و امتیازات پر افرادِ قوم کا مساوی حق تصرف و یکساں حق مالکیت ہو۔ سوشیالسٹ (Socialist) جن کا مقصد یہ ہے کہ اسبابِ معیشت پر سے شخصی ملکیت کو اٹھا دیا جائے، اور جمہور کی ملک میں کر دیا جائے۔ نیشنلسٹ (Nationalist) جن کا مقصد یہ ہے کہ اراضی سکنی و زرعی کی ملکیت و پیداوار کو شخصی قبضہ سے نکال لیا جائے) یہ فرقے اس لیے پیدا ہو گئے ہیں کہ اس مسئلہ کا حل کر سکیں۔

املاک پر سے حق ملکیت مالکان کا اٹھا دیا جانا اس قدر عملاً محال ہے کہ دنیا میں کبھی بھی اس کا رواج نہ ہوگا۔ اس لیے قرآن مجید نے اس بارہ میں پہلے سے فیصلہ کر دیا ہے:

﴿ وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ﴾ [النحل:71]

”رزق میں اللہ نے ایک کو دوسرے پر برتری دی ہے اور جن کو یہ برتری ملی ہے وہ اپنا حصہ ان لوگوں کو جن کے وہ مالک ہو چکے ہیں (اس لیے) واپس نہ کریں گے کہ سب آپس میں برابر ہو جائیں۔“

[1] اسلام نے جو مسلمانوں کو دنیا کی بہترین متمدن قوم بنانا چاہتا ہے۔ اس مسئلہ پر توجہ کی اور اسے ہمیشہ کے لیے طے کر دیا اور اسی کا نام فرضیت زکوۃ ہے۔

[2] زکوۃ 2 ہجری میں مسلمانوں پر فرض ہوئی۔ نبی ﷺ کا نیک اور رحیم دل پہلے ہی مسکینوں کا ہمدرد، غریبوں پر رحم کرنے والا، دردمندوں کا غمگسار تھا۔ اور اسلام میں شروع سے ہی مساکین اور غرباء کی دستگیری پر مسلمانوں کو خصوصیت سے توجہ دلائی جاتی تھی۔ ان کی ہمدردی کو غرباء کا رفیق بنایا جاتا تھا اور مسلمان اس پاک تعلیم کی بدولت غرباء و مساکین کے لیے بہت کچھ کیا بھی کرتے تھے۔ تاہم کوئی ایسا قاعدہ مقرر نہ تھا جس پر بطور آئین و ضابطہ کے عمل کیا جاتا ہو۔ اس لیے دولت مند جو کچھ بھی کرتے تھے اپنی فیاضی و نیک دلی سے کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے زکوۃ کو فرض اور اسلام کا تیسرا رکن (کلمہ شہادت اور نماز کے بعد) قرار دیا۔ زکوۃ درحقیقت اس صفت ہمدردی و رحم کے باقاعدہ استعمال کا نام ہے، جو انسان کے دل میں اپنے ابنائے جنس کے ساتھ قدرتاً و فطرتاً موجود ہے۔

زکوۃ ادا کرنے سے ادا کرنے والے کو یہ فائدہ بھی ہوتا ہے کہ مال کی محبت، اخلاق انسانی کو مغلوب نہیں کر سکتی اور بخل و امساک کے عیوب سے انسان پاک رہتا ہے اور یہ فائدہ بھی کہ غرباء و مساکین کو وہ اپنی قوم کا جزو سمجھتا رہتا ہے اور اس لیے بے حد دولت کا جمع ہو جانا بھی اس میں تکبر اور غرور پیدا نہیں ہونے دیتا۔

اور یہ فائدہ بھی ہے کہ غرباء کے گروہ کثیر کو اس کے ساتھ ایک انس و محبت اور اس کی دولت و ثروت کے ساتھ ہمدردی و خیر خواہی پیدا ہو جاتی ہے کیوں کہ وہ اس کے مال میں اپنا ایک حصہ موجود قائم سمجھتے ہیں۔ گویا دولت مند مسلمان کی دولت ایک ایسی کمپنی کی دولت کی

[1] سولون (Solon) معروف دانشور اور یونانی سیاستدان جو 558 قبل مسیح میں پیدا ہوا اور 640 قبل مسیح میں فوت ہوا۔

مثال پیدا کر لیتی ہے جس میں ادنیٰ و اعلیٰ حصے کے حصہ دار شامل ہوتے ہیں۔

قوم کو یہ فائدہ ہے کہ بھیک مانگنے کی رسم قوم سے بالکل مفقود ہو جاتی ہے۔

اسلام نے مساکین کا حق امراء کی دولت میں بنام زکوٰۃ اموال نامیہ یعنی ترقی کرنے والے مالوں میں مقرر کیا ہے جن میں سے ادا کرنا بھی ناگوار نہیں گذرتا۔ اموال نامیہ میں تجارت، زراعت اور مویشی (بھیڑ، بکری، اونٹ، گائے) نقدیت معاون اور دفائن شمار ہوتے ہیں۔ [1]

اب یہ دکھلانا ضروری ہے کہ جو نقد و جنس زکوٰۃ سے حاصل ہو اس کے مستحق کون کون لوگ ہیں۔ قرآن مجید میں ہے:

﴿ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلۡفُقَرَآءِ وَالۡمَسٰكِيۡنِ وَالۡعٰمِلِيۡنَ عَلَيۡهَا وَالۡمُؤَلَّفَةِ قُلُوۡبُهُمۡ وَفِى الرِّقَابِ وَالۡغٰرِمِيۡنَ وَ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَابۡنِ السَّبِيۡلِ ﴾ [التوبہ:60]

زکوٰۃ و صدقات کا مال

1. فقیروں اور
2. مسکینوں کے لیے ہے (فقیر و مسکین کا فرق کتب فقہ میں دیکھو۔)
3. اور تحصیل داران زکوٰۃ کے لیے (جن کی تنخواہیں ادا ہوں گی)
4. اور ان لوگوں کے لیے جن کی دل افزائی اسلام میں منظور ہو۔ یعنی نو مسلم لوگ۔
5. غلاموں کو آزادی دلانے کے لیے
6. اور ایسے قرض داروں کا قرضہ چکانے کے لیے جو قرض نہ اتار سکتے ہوں۔
7. اور اللہ کے رستہ میں (یعنی دیگر نیک کاموں کے لیے) [2]
8. اور مسافروں کے لیے۔

جن آٹھ (8) مدات پر زکوٰۃ کی تقسیم کی گئی ہے اس سے ظاہر ہے کہ زکوٰۃ کی فرضیت سے ملک اور قوم اور افراد کی نوعی و شخصی ضروریات کو کسی خوبی سے پورا کر دیا گیا ہے۔

غلامی کی تائید عیسائیت کی تعلیم میں

اس تقسیم کے نمبر 5 پر مزید غور کرنا چاہیے کہ اسلام، اسلامی سلطنت کی کل آمدنی کو آٹھ (8) مدات پر تقسیم کر کے پانچویں مد آزادی غلامان قرار دیتا ہے۔ جو لوگ تاریخ پر عبور رکھتے ہیں انھیں معلوم ہے کہ غلامی دنیا کے تمام متمدن ممالک، چین، ہندوستان، مصر، روما، ایران میں ہزاروں سال سے رائج تھی۔ رحمل مسیح علیہ السلام نے غلامی کے خلاف ایک حرف بھی بیان نہیں کیا۔ مگر پولوس سینٹ پال (Saint Paal) [3] نے غلامی کو تقویت دینے کے لیے ضرور زور دیا ہے۔ پولوس کہتے ہیں:

"اے غلامو! تم ان کی جو جسم کی نسبت تمھارے خاوند ہیں، اپنے دلوں کی صفائی سے ڈرتے اور تھرتھراتے ہوئے ایسے فرمانبردار ہو جیسے مسیح علیہ السلام کے" (افسیون باب 6 درس 5)

---

[1] جنس اور مقدار زکوٰۃ کی شرح کتب فقہ میں درج ہے۔ وہاں دیکھنی چاہیے اس کا موضوع کتاب ہذا سے زائد ہے۔ [2] اس کی تفصیل کتب فقہ میں دیکھی جا سکتی ہے۔

[3] سینٹ پال (Saint Pall) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا حواری تھا، جسے یہود نے 61ء میں پھانسی دی تھی۔

علیٰ ہذا القیاس دیکھو: تمطاوس باب 6۔ اطیطاؤس 2-9 پطرس 21-18۔

پس یہ اسلام ہی ہے جس نے دنیا میں سب سے پہلے غلاموں کی تائید میں وعظ شروع کیا اور اس بارہ میں مختلف مدارج مقرر کیے۔

اوّل — آزادی غلامان کو نیکی کا اصل اصول بتلایا: ﴿وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ﴾ [البقرۃ:177]

دوم — آزادی غلامان کو حصول نجات کا ذریعہ بتلایا: ﴿فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ فَكُّ رَقَبَةٍ﴾ [البلد:11-13]

سوم — آزادی غلامان کو بعض تقصیرات میں بطور تعزیر و کفارہ کے مقرر فرمایا ہے۔

مثلاً قتل خطاء (جسے حالیہ قانون قتل مستلزم السزا کہتا ہے) کی تین حالتوں۔

1	مقتول مسلمان ہو۔	ایک غلام آزاد کرنا چاہیے۔ (92:5)
2	مقتول مسلمان ہو، مگر دشمن قبیلہ کا فرد ہو۔	ایک غلام آزاد کرنا چاہیے۔ (92:5)
3	مقتول (غیر مسلم اور) زیر معاہدہ قوم میں سے ہو۔	ایک غلام آزاد کرنا چاہیے۔ (92:5)
4	نقض یمین کا کفارہ	ایک غلام آزاد کرنا چاہیے۔ (92:5)
5	ظہار کا کفارہ	ایک غلام آزاد کرنا چاہیے۔ (3:58)
6	رمضان کا ایک روزہ توڑنے کا کفارہ	ایک غلام آزاد کرنا چاہیے۔ [1]
7	آقا غلام کو سخت مارے، اس کا کفارہ	ایک غلام آزاد کرنا چاہیے۔ [2]

بالآخر ان سب کے بعد اسلامی سلطنت کی آمدنی کا آٹھواں حصہ ہمیشہ کے لیے اسی کام کے لیے خالص کر دیا ہے۔

انیسویں صدی میں انگلستان نے آزادی غلاماں پر لاکھوں روپے صرف کیے تھے۔ یہ ایسا فخر ہے کہ یورپ کی کوئی سلطنت اس کی برابری نہیں کر سکتی۔ لیکن اسلام کے الٰہی حکم کو دیکھو کہ تیرہ سو (1300) برس پہلے سے اس کام کے لیے کل آمدنی کا ایک آٹھواں مقرر کر دیا گیا۔ کیا کوئی اہل دل اب بھی ایسا ہے جو اسلام کی اس فضیلت کا انکار کرے گا؟

تقسیم زکوٰۃ کے نمبر 6 پر بھی غور کرنا چاہیے۔ حالیہ زمانے نے قرض داروں کی سہولت کے لیے بینک (Bank) قائم کیے ہیں لیکن بینکوں کے قیام کا نتیجہ یہ ہے کہ سینکڑوں املاک غریب لوگوں کے قبضہ سے نکل نکل بینک کے پاس چلی گئی ہیں اور خاص خاص لوگوں کے سوا عوام میں افلاس و تنگدستی کی ترقی ہو گئی ہے۔ قرض کا بلا سود کے ملنا محال ہو گیا ہے اور انہی مشکلات کی وجہ سے بعض طبائع نے جواز سود کی صورتوں کے نکالنے میں موشگافیاں کی ہیں۔ [3]

لیکن دیکھو اسلام کا احسان کہ اس نے قرض سے برباد ہونے والوں کے بچاؤ کا کیسا عجیب انتظام کیا ہے۔

بے شک سود کی حرمت کا حکم سنانا بھی اسلام ہی کا حق ہے جس نے قرض داروں کی گلو خلاصی کے لیے ایسے عجیب انتظامات بھی کیے ہیں۔

اب زکوٰۃ کے متعلق یہ حدیث یاد رکھنی چاہیے۔

---

[1] بخاری: 1936 [2] مسلم: 177 [3] مصنف رحمہ اللہ کی بات موجودہ دور میں حرف بحرف درست ثابت ہو رہی ہے۔

اِنَّ هٰذِهِ الصَّدَقَاتُ مِنْ اَوْسَاخِ النَّاسِ وَاِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ وَلَا لِاٰلِ مُحَمَّدٍ۔ [1]

''یہ صدقہ کا مال لوگوں کی میل کچیل ہوتا ہے۔ محمد ﷺ اور محمد ﷺ کے کنبہ والوں کے لیے یہ حلال نہیں ہے۔''

اس حرمت کے حکم میں نبی ﷺ کے ساتھ حضور ﷺ کا کنبہ، چچے، پھوپھیاں، چچیرے بھائی اور ان کی سب اولاد اور ان سب کی لونڈی غلام بھی داخل ہیں تا کہ کسی شخص کو نبی ﷺ کی ذات عالی پر کسی قسم کے وہم کا شائبہ نہ گذر سکے۔

رمضان 2 ہجری مقدس (فرضیت رمضان المبارک اور فوائد)

رمضان کے روزے بھی ہجرت کے دوسرے ہی سال فرض ہوئے اور سال میں ایک مہینے کے روزے رکھنا اسلام کا چوتھا رکن قرار پایا۔

1. روزے صحت کو بڑھاتے ہیں۔
2. امراء کو غرباء کی حالت سے عملی طریق پر باخبر کرتے ہیں۔
3. شکم سیروں اور فاقہ مستوں کو ایک سطح پر کھڑا کر دینے سے قوم میں مساوات کے اصول کو تقویت دیتے ہیں۔
4. قوت ملکیہ کو قوی اور قوت حیوانیہ کو کمزور بناتے ہیں۔
5. قرآن مجید نے خاص طور پر یہ بیان فرمایا ہے کہ روزے خدا ترسی کی طاقت، انسان کے اندر محکم کر دیتے ہیں۔ (لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ تا کہ تم تقوی والے بن جاؤ) [البقرۃ:183]

تقوی کی مثالوں پر غور کرو کہ:

گرمی کا موسم ہے۔ روزہ دار کو سخت پیاس لگی ہوئی ہے۔ تنہا مکان میں ٹھنڈا پانی اس کے سامنے موجود ہے مگر وہ پانی نہیں پیتا۔

روزہ دار کو سخت بھوک لگی ہوئی ہے۔ بھوک کی وجہ سے جسم میں ضعف بھی محسوس کرتا ہے کھانا میسر ہے۔ کوئی شخص اسے دیکھ بھی نہیں رہا مگر وہ کھانا نہیں کھاتا۔

پیاری دل پسند بیوی پاس موجود ہے۔ محبت کے جذبات اس کی خوبصورتی سے تمتع لینے کی تحریک کرتے ہیں۔ الفت نے دونوں کو ایک دوسرے کا شیدا بنا رکھا ہے لیکن روزہ دار اس سے پہلوتہی اختیار کرتا ہے۔

وجہ یہ ہے کہ اللہ کے حکم کی عزت اور عظمت اس کے دل میں اس قدر جاگزیں ہوگئی ہے کہ کوئی جذبہ بھی اس پر غالب نہیں آ سکتا اور روزہ ہی عظمت اور جلال الٰہی کے دل میں قائم ہونے کا باعث ہوا ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ جب ایک ایمان دار اللہ کے حکم کی وجہ سے جائز، حلال، پاکیزہ، خواہشات کے چھوڑ دینے کی عادت کر لیتا ہے تو وہ بالضرور اللہ کے حکم کی وجہ سے حرام، ناجائز اور گندی عادات وخواہشات کو چھوڑ دے گا اور ان کے ارتکاب کی کبھی جرأت نہ کرے گا۔ یہی وہ اخلاقی برتری ہے جس کا روزہ دار کے اندر پیدا کر دینا اور مستحکم کر دینا شرع کا مقصود ہے۔ اسی لیے حدیث صحیح میں ہے:

◇1 مَنْ لَّمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهٖ فَلَيْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ فِيْ اَنْ يَّدَعَ طَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ۔ [2]

''جو روزہ دار جھوٹ کہنا، لغو بکنا اور لغو فضول کاموں کا کرنا چھوڑ نہیں دیتا تو اللہ کو کچھ پرواہ نہیں ہے اگر وہ اپنا کھانا پینا

---

[1] مسلم: 754، کنز العمال: 16507، احمد: 4/166، اتحاف سعادۃ المتقین 4/135۔ [2] بخاری: 1903

چھوڑ دیتا ہے۔"

② دوسری حدیث میں ہے:

إِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ اَحَدِكُمْ فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَصْخَبْ فَإِنْ سَابَّهُ اَحَدٌ فَلْيَقُلْ إِنِّيْ امْرُؤٌ صَائِمٌ۔ ①

"جب کوئی شخص کسی دن کا روزہ رکھے تو نہ کوئی بے ہودہ لفظ زبان سے نکالے، نہ بکواس اور شور کرے اور اگر اور کوئی شخص اسے گالی دے یا اس سے جھگڑا کرے تب کہہ دے کہ میں روزہ دار ہوں۔ (گالی کا جواب دینا جھگڑنا مجھے شایاں نہیں)"

روزہ اور چاند کی تاریخیں

① رمضان کا مہینہ قمری حساب پر رکھا گیا ہے۔ کیوں کہ جب نصف دنیا پر سردی کا موسم ہوتا ہے تو دوسرے نصف حصہ پر گرمی کا موسم ہوتا ہے۔ قمری مہینہ ادل بدل کر آنے سے کل دنیا کے مسلمانوں کے لیے مساوات قائم کر دیتا ہے لیکن اگر کوئی شمسی مہینہ مقرر کر دیا جاتا تو نصف دنیا کے مسلمان ہمیشہ سرما کی سہولت میں اور نصف دنیا کے مسلمان ہمیشہ گرما کی سختی اور تکلیف میں رہا کرتے اور یہ امر عالمگیر مذہب کے اصول کے خلاف ہوتا۔

② روزہ رکھنا دشوار نہیں ہے مگر جس شخص کے شہوانی خیالات ہوں یا جو جسمانی ناز و نعم ہی کو زندگی کا شیریں مقصد سمجھتا ہو، اس کے لیے روزہ رکھنا بے شک سخت گراں ہے۔

رمضان کا اسلام میں فرض ہونا، بلکہ رکن اسلام ہونا ہی ثابت کرتا ہے کہ اسلام کو کس قدر ایمانی اور ملکوتی طاقتوں کو بڑھانے والا اور کس قدر جسمانی و شہوانی خیالات کو ملیامیٹ کر دینے والا ②

3ھ کے ماہ رمضان میں سیدنا حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے، جو حضرت علی مرتضیٰ و فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہما کے پہلوٹھے فرزند ہیں۔

ام الخبائث شراب کو اسلام نے حرام کیا

4ھ کی برکات میں بڑی برکت یہ ہے کہ شراب کی حرمت کا اعلان کیا گیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ کچھ لوگ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں بیٹھے تھے۔ میں انھیں شراب پلا رہا تھا۔ اتنے میں منادی ہونے لگی کہ شراب حرام ہوگئی۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے سنتے ہی کہہ دیا کہ جتنی شراب باقی ہے، اسے باہر پھینک دو۔ اس روز مدینہ کی گلی کوچہ میں شراب بہہ نکلی تھی۔

آج دنیا کے مختلف ملکوں میں مختلف اقوام ٹمپرنس سوسائٹیوں ③ (Temperance Society) کے ذریعہ انسداد شراب کی کوشش میں مصروف ہیں۔ یہ جملہ اقوام اسلام کی اس تعلیم کے زیر بار احسان ہیں۔ کیوں کہ اسلام ہی وہ مذہب ہے جس نے شراب کی قلیل و کثیر مقدار کو حرام مطلق قرار دیا ہے۔

اسلام نے شراب کا نام "ام الخبائث" (برائیوں اور پلیدیوں کی ماں) رکھا ہے انسان کے جسم پر، روپیہ پر، اخلاق پر، ملک کے امن و انتظام پر، قبائل کے عادات پر، فوج کی اطاعت اور قوت پر جو برا اثر شراب کا تجربہ اور مشاہدہ میں آ رہا ہے اس سے واضح ہے کہ

---

① بخاری: 1904؛ مسلم: 1151 ② مسیح نے فرمایا۔ 17۔ جب تو روزہ رکھے، اپنے سر پر چکنائی لگا اور منہ دھو۔ 18۔ تاکہ آدمی پر نہیں بلکہ تیرے باپ پر جو پوشیدگی میں دیکھا ہے روزہ دار ظاہر ہو۔ اور تیرا باپ جو پوشیدگی میں دیکھتا ہے آشکارا تجھے بدلہ دے۔ انجیل متی 6 باب/17-18۔

③ ٹمپرنس سوسائٹی (Temperance Society) ایسی تنظیم جو ترک شراب نوشی کے لیے کام کرے۔

شراب کے لیے ''ام الخبائث'' کیسا موزوں اور زیبا نام ہے۔

بعض لوگ اسلام کی صداقت پر پردہ ڈالنے کے لیے کہا کرتے ہیں کہ اسلام نے شہوانی خیالات کو تحریک دے کر لوگوں کو اسلام میں داخل ہونے کی تحریص دلائی ہے۔ ان کو ذرا غور کرنا چاہیے کہ شراب کو حرام ٹھہرانے والا کس قدر شہوانی خیالات کا دشمن ہوگا اور جس مذہب میں شراب ہی حرام ہو، اس میں داخل ہونے سے عیاش طبیعتوں کو کتنی جھجک ہوگی۔

ولادت وشہادت سیدنا حسین رضی اللہ عنہ

اسی سال 4 ہجری کے ماہ شعبان میں سیدنا حسین رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے جو عاشورہ محرم 61 ہجری میں میدان کربلا میں نہایت مظلومی کی حالت میں شہید ہوئے تھے۔ ان کی شہادت نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اسلام کے سچے فدائیوں کو صداقت کی تائید میں جان و مال و حرمت کی بھی پرواہ نہیں کرنی چاہیے۔ سیدنا حسین رضی اللہ عنہ نے اسی جنگ میں صبر واستقلال، رضا وتوکل، احقاق حق واتباع صداقت کے ایسے نمونے دکھلائے جن کی نظیر دنیا کی تاریخ پیش کرنے سے قاصر ہے۔ اور یہ سب کچھ نبی ﷺ کے فیضان وتربیت کا اثر ونتیجہ تھا۔ (رضی اللہ عنہ وعن سائر اتباعہ اجمعین)

ثمامہ بن اثال رضی اللہ عنہ سردار نجد کا مسلمان ہونا (5 ہجری)

نبی ﷺ نے کچھ سوار نجد کی جانب روانہ فرمائے تھے۔ وہ واپس ہوتے ہوئے ثمامہ بن اثال کو گرفتار کر لائے تھے۔ فوج والوں نے انھیں مسجد نبوی ﷺ کے ستون کے ساتھ لا باندھا تھا۔ نبی ﷺ نے وہاں تشریف لا کر دریافت کیا کہ ثمامہ کیا حال ہے؟

ثمامہ نے کہا: محمد ﷺ میرا حال اچھا ہے، اگر آپ میرے قتل کیے جانے کا حکم دیں گے تو یہ حکم ایک خونی کے حق میں ہوگا اور اگر آپ انعام فرمائیں گے تو ایک شکر گزار پر رحمت کریں گے اور اگر مال کی ضرورت ہے تو جس قدر چاہیے بتلا دیجیے۔

دوسرے روز نبی ﷺ نے ثمامہ سے پھر وہی سوال کیا: ثمامہ نے کہا: میں کہہ چکا ہوں کہ اگر آپ احسان فرمائیں گے تو ایک شکر گزار شخص پر فرمائیں گے۔

تیسرے روز نبی ﷺ نے پھر ثمامہ سے وہی سوال کیا اس نے کہا: میں اپنا جواب دے چکا ہوں۔ نبی ﷺ نے حکم دیا کہ ثمامہ کو چھوڑ دو۔

ثمامہ رہائی پا کر ایک کھجور کے باغ میں گیا جو مسجد نبوی ﷺ کے قریب ہی تھا۔ وہاں جا کر غسل کیا اور پھر مسجد نبوی ﷺ میں لوٹ کر آ گیا اور آتے ہی کلمہ پڑھ لیا۔

ثمامہ رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ! قسم ہے اللہ کی کہ سارے عالم میں آپ سے زیادہ کسی شخص سے نفرت نہ تھی لیکن اب تو آپ ہی مجھے دنیا میں سب سے بڑھ کر پیارے معلوم ہوتے ہیں۔

اللہ کی قسم! آپ کے شہر سے مجھے نہایت ہی نفرت تھی مگر آج تو مجھے وہ سب مقامات سے پسندیدہ تر نظر آتا ہے۔ واللہ! آپ کے دین سے بڑھ کر مجھے اور کسی دین سے بغض نہ تھا لیکن آج تو آپ کا دین ہی مجھے محبوب تر ہو گیا ہے۔

ثمامہ رضی اللہ عنہ نے یہ بھی عرض کیا کہ میں اپنے وطن سے مکہ کو عمرہ کے لیے جا رہا تھا۔ راستے میں گرفتار کر لیا گیا تھا۔ اب عمرہ کے

بارے میں کیا ارشاد ہے۔ نبی ﷺ نے اسے اسلام قبول کرنے کی بشارت دی اور عمرہ کے ادا کرنے کی اجازت فرمائی۔

آپ ﷺ کا جانی دشمنوں سے حسن سلوک

ثمامہ رضی اللہ عنہ مکہ پہنچا تو وہاں ایک شخص نے پوچھا: کہو تم صابی بن گئے۔ ثمامہ رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں، میں محمد رسول اللہ ﷺ پر ایمان لایا ہوں اور اسلام قبول کیا ہے اور اب یاد رکھنا کہ ملک یمامہ سے تمھارے پاس ایک دانہ گندم بھی نہیں آئے گا۔ جب تک کہ محمد ﷺ کی اجازت نہ ہوگی۔ (1)

ثمامہ رضی اللہ عنہ نے اپنے ملک میں پہنچتے ہی مکہ کی طرف آنے والا اناج بند کر دیا۔ غلہ کی آمد کے رک جانے سے اہل مکہ بلبلا اٹھے اور آخر نبی ﷺ ہی سے انھیں التجا کرنی پڑی۔ نبی ﷺ نے ثمامہ رضی اللہ عنہ کو لکھ دیا کہ غلہ بدستور جانے دے۔ (ان دنوں اہل مکہ نبی ﷺ کے جانی دشمن تھے) اس قصہ سے نہ صرف یہی ثابت ہوا کہ نبی ﷺ نے کیوں کر اس شخص کی جان بخشی فرمائی جو خود اپنے آپ کو واجب القتل سمجھتا تھا (2) اور نہ صرف یہی ثابت ہوا کہ نبی ﷺ کے پاکیزہ حالات اور اخلاق کا کیسا گہرا اثر لوگوں پر پڑتا تھا کہ ثمامہ رضی اللہ عنہ جیسا شخص جو اسلام اور مدینہ اور آنحضرت ﷺ سے سخت نفرت و عداوت رکھتا تھا تین روز کے بعد بخوشی خود مسلمان ہو گیا تھا۔

نبی ﷺ کی نیکی اور طینت کی پاکی و رحمدلی کا ثبوت اس طرح ملتا ہے کہ مکہ کے جن کافروں نے آنحضرت ﷺ کو مکہ سے نکالا تھا اور بدر، احد، خندق میں اب تک نبی ﷺ اور مسلمانوں کو تباہ و برباد کرنے کے لیے ساری طاقت صرف کر چکے تھے ان کے لیے رحمۃ للعالمین ﷺ یہ پسند نہیں فرماتے کہ ان کا غلہ روک دیا جائے اور ان کو تنگ و ذلیل کر کے اپنا فرمانبردار بنایا جائے۔

صلح حدیبیہ 6ھ مقدس

اسی سال نبی ﷺ نے اپنا ایک خواب مسلمانوں کو سنایا۔ فرمایا: ''میں نے دیکھا گویا میں اور مسلمان مکہ پہنچ گئے ہیں اور بیت اللہ کا طواف کر رہے ہیں۔'' اس خواب کے سننے سے غریب الوطن مسلمانوں کو اس شوق نے جو بیت اللہ کے طواف کا ان کے دل میں تھا، بے چین کر دیا اور انھوں نے اسی سال نبی ﷺ کو سفر مکہ کے لیے آمادہ کر لیا۔ مدینہ سے مسلمانوں نے سامان جنگ ساتھ نہیں لیا بلکہ قربانی کے اونٹ ساتھ لیے اور سفر بھی ذیقعدہ کے مہینہ میں کیا جس میں عرب قدیم رواج کی پابندی سے جنگ ہرگز نہ کیا کرتے تھے اور جس میں ہر ایک دشمن کو بھی بلا روک ٹوک مکہ میں آنے کی اجازت ہوا کرتی تھی۔ جب مکہ 19 میل رہ گیا تو نبی ﷺ نے مقام حدیبیہ سے قریش کے پاس اپنے آنے کی اطلاع بھیج دی اور آگے بڑھنے کی اجازت ان سے چاہی۔

عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ جن کا اسلامی تاریخ میں ذوالنورین لقب ہے سفیر بنا کر بھیجے گئے۔ ان کے جانے کے بعد لشکر اسلامی میں یہ خبر پھیل گئی کہ قریش نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو قتل یا قید کر دیا ہے۔ اس لیے نبی ﷺ نے اس بے سروسامان جمعیت سے جان نثاری کی

---

(1) صحیح بخاری: 4372۔ (2) ثمامہ سید ملک نجد کے گرفتار کیے جانے کی وجہ ہر چند کہ اس روایت میں بیان نہیں ہوئی لیکن یہ یقینی ہے کہ یہ گرفتاری بالضرور کسی جرم کے بعد ہوئی تھی۔ غور کیجیے ثمامہ کے الفاظ پر کہ وہ خود اپنے آپ کو واجب القتل تسلیم کرتا ہے۔ نبی ﷺ نے جب اسے بلا کسی شرط کے، بلا کسی معاوضہ کے اور بلا تکلیف تبدیلی مذہب کے آزاد فرما دیا تو اس کے دل پر آنحضرت ﷺ کے اخلاق و احسان نے وہ کام کیا کہ اس کی ہدایت کا سامان ہو گیا۔

بیعت لی [1] کہ اگر لڑنا بھی پڑا تو ثابت قدم رہیں گے۔ [2] بیعت کرنے والوں کی تعداد چودہ سو(1400) تھی۔ [3] قرآن مجید میں ہے:

﴿ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ ﴾ [الفتح:18]

''(اے پیغمبر!) جب مومن تم سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے تو اللہ ان سے خوش ہوا۔''

اس بیعت میں نبی ﷺ نے اپنے بائیں ہاتھ کو عثمان ؓ کا داہنا ہاتھ قرار دیا اور ان کی جانب سے اپنے داہنے ہاتھ پر بیعت کی۔ اس بیعت کا حال سن کر قریش ڈر گئے اور ان کے سردار یکے بعد دیگرے حدیبیہ حاضر ہوئے۔ عروہ بن مسعود ؓ جو قریش کی جانب سے آیا تھا اس نے قریش کو واپس جا کر کہا: [4]

اے قوم! مجھے بارہا نجاشی (بادشاہ حبش) قیصر (بادشاہ قسطنطنیہ) کسریٰ (بادشاہ ایران) کے دربار میں جانے کا اتفاق ہوا ہے مگر مجھے کوئی بھی ایسا بادشاہ نظر نہ آیا جس کی عظمت اس کے درباروالوں کے دل میں ایسی ہو جیسے اصحاب محمد ﷺ کے دل میں محمد ﷺ کی ہے۔ محمد ﷺ تھوکتا ہے تو اس کا آب دہن زمین پر گرنے نہیں پاتا۔ کسی نہ کسی کے ہاتھ پر ہی گرتا ہے اور وہ شخص اس آب دہن کو اپنے چہرہ پر مل لیتا ہے۔

جب محمد ﷺ کوئی حکم دیتا ہے تو تعمیل کے لیے سب مبادرت کرتے ہیں۔ جب وہ وضو کرتا ہے تو آب مستعمل وضو کے لیے ایسے گرے پڑتے ہیں گویا لڑائی ہو پڑے گی۔ جب وہ کلام کرتا ہے تو سب کے سب چپ چاپ ہو جاتے ہیں۔ ان کے دل میں محمد ﷺ کا اتنا ادب ہے کہ وہ اس کے سامنے نظر اٹھا کر نہیں دیکھتے۔ میری رائے ہے کہ ان سے صلح کر لو جس طرح بھی بنے۔ [5]

سوچ سمجھ کر قریش صلح کرنے پر آمادہ ہوئے۔ صلح کے لیے مندرجہ ذیل شرائط طے ہوئیں:

1. دس(10) سال تک باہمی صلح رہے گی، جانبین کی آمد و رفت میں کسی کو روک ٹوک نہ ہوگی۔
2. جو قبائل چاہیں قریش سے مل جائیں اور جو چاہیں وہ مسلمانوں کی جانب شامل ہو جائیں۔ دوستدار قبائل کے حقوق بھی یہی ہوں گے۔
3. اگلے سال مسلمانوں کو طواف کعبہ کی اجازت ہوگی۔ اس وقت ہتھیار ان کے جسم پر نہ ہوں گے، گو سفر میں ساتھ ہوں۔
4. اگر قریش میں سے کوئی شخص نبی ﷺ کے پاس مسلمان ہو کر چلا جائے تو نبی ﷺ اس شخص کو قریش کے طلب کرنے پر واپس کر دیں گے، لیکن اگر کوئی شخص اسلام چھوڑ کر قریش سے جا ملے تو قریش اسے واپس نہ کریں گے۔

آخری شرط سن کر تمام مسلمان بجز ابوبکر صدیق ؓ گھبرا اٹھے۔ عمر فاروق ؓ اس بارے میں زیادہ پرجوش تھے لیکن نبی ﷺ نے ہنس کر اس شرط کو بھی منظور فرما لیا۔

معاہدہ حضرت علی مرتضیٰ ؓ نے لکھا تھا۔ انھوں نے شروع میں لکھا: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سہیل جو قریش کی طرف سے کمشنر معاہدہ تھا بولا بخدا! ہم نہیں جانتے کہ رحمٰن کسے کہتے ہیں، بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ لکھو۔

نبی ﷺ نے وہی لکھ دینے کا حکم دیا۔ حضرت علی ؓ نے پھر لکھا۔ یہ معاہدہ محمد رسول اللہ ﷺ اور قریش کے درمیان منعقد ہوا ہے۔

---

[1] بخاری:2959،4167، مسلم:4824، نسائی:4170، ترمذی:1592 [2] بخاری:3576، مسلم:4812، نسائی:77 [3] بخاری:415

[4] یہ عروہ ؓ جو آج قریش کا سفیر بن کر آیا تھا چند سال کے بعد خود بخود مسلمان ہو گیا تھا اور اپنی قوم میں تبلیغ اسلام کے لیے سفیر اسلام بن کر گیا تھا۔ [5] بخاری:4180،4181

سہیل نے اس پر بھی اعتراض کیا اور نبی ﷺ نے اس کی درخواست پر ''محمد بن عبداللہ'' لکھنے کا حکم دیا۔ [1] معاہدہ کی آخری شرط کی نسبت قریش کا خیال تھا کہ اس شرط سے ڈر کر کوئی شخص آئندہ مسلمان نہ ہوگا لیکن یہ شرط ابھی طے ہی ہوئی تھی اور عہد نامہ لکھا ہی جا رہا تھا، دونوں طرف سے معاہدہ پر دستخط بھی نہ ہوئے تھے کہ سہیل بن عمرو (جو اہل مکہ کی طرف سے معاہدہ پر دستخط کرنے کا اختیار رکھتا تھا) کا بیٹا ابوجندل رضی اللہ عنہ اسی جلسہ میں پہنچ گیا۔ ابوجندل رضی اللہ عنہ مکہ میں مسلمان ہو گیا تھا۔ قریش نے اسے قید کر رکھا تھا اور اب وہ موقع پا کر زنجیروں سمیت ہی بھاگ کر لشکر اسلامی میں پہنچا تھا۔ سہیل نے کہا کہ اسے ہمارے حوالہ کیا جائے۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ عہد نامے کے مکمل ہو جانے پر اس کا خلاف نہ ہوگا یعنی جب تک عہد نامہ مکمل نہ ہو جائے اس کی شرائط پر عمل نہیں ہو سکتا۔

سہیل نے بگڑ کر کہا کہ تب ہم صلح ہی نہیں کرتے۔ نبی ﷺ نے حکم دیا اور ابوجندل رضی اللہ عنہ کو قریش کے سپرد کر دیا گیا۔

قریش نے مسلمانوں کے کیمپ میں اس کی مشکیں باندھیں، پاؤں میں زنجیر ڈالی اور کشاں کشاں لے گئے۔ نبی ﷺ نے جاتے وقت اس قدر فرما دیا تھا کہ ابوجندل رضی اللہ عنہ اللہ تیری کشائش کے لیے کوئی سبیل نکال دے گا۔ [2]

ابوجندل رضی اللہ عنہ کی ذلت اور قریش کا ظلم دیکھ کر مسلمانوں کے اندر جوش اور طیش تو پیدا ہوا مگر نبی ﷺ کا حکم سمجھ کر ضبط و صبر کیے رہے۔

حملہ کرنے والے اسی (80) اعداء کو معافی

نبی ﷺ حدیبیہ میں ٹھہرے ہوئے تھے کہ اسی (80) آدمی کوہ تنعیم سے صبح کے وقت جب کہ مسلمان نماز میں مصروف تھے، اس ارادہ سے اترے کہ مسلمانوں کو نماز کے اندر قتل کر دیں۔ یہ سب لوگ گرفتار کر لیے گئے اور آنحضرت ﷺ نے انھیں از راہ رحمدلی و عفو چھوڑ دیا۔ اسی واقعہ پر قرآن مجید میں اس آیت کا نزول ہوا۔

﴿ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَ اَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ﴾

''اللہ وہ ہے جس نے وادی مکہ میں تمھارے دشمنوں کے ہاتھ تم سے روک دیے اور تمھارے ہاتھ بھی (ان پر قابو پا لینے کے بعد) ان سے روک دیے۔'' [الفتح:24]

برکاتِ معاہدہ

الغرض یہ سفر بہت خیر و برکت کا موجب ہوا۔ آنحضرت ﷺ نے معاندین کے ساتھ معاہدہ کرنے میں فیاضی، حزم، دور بینی اور حملہ آور دشمنوں کی معافی میں عفو اور رحمۃ للعالمینی کے انوار کا ظہور دکھلایا۔

مسلمان حدیبیہ ہی سے مدینہ منورہ کو واپس تشریف لے گئے۔ اسی معاہدہ کے بعد سورہ الفتح کا نزول حدیبیہ میں ہوا تھا۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یا رسول اللہ ﷺ! کیا یہ معاہدہ ہمارے لیے فتح ہے؟ فرمایا: ہاں۔ [3]

---

[1] بخاری:2731-2732، مسلم:784۔ یہی سہیل آج اسم مبارک محمد ﷺ کے ساتھ رسول اللہ ﷺ لکھنے پر اعتراض کرتا ہے۔ چند سال کے بعد دلی شوق و امنگ سے مسلمان ہو گیا تھا۔ انتقال نبوی ﷺ کے بعد مکہ معظمہ میں اس نے اسلام کی حقانیت پر ایسی زبردست تقریر کی تھی جو ہزاروں مسلمانوں کے لیے استحکام و تازگی ایمان کا باعث ٹھہری تھی۔ بے شک یہ اسلام کا عجیب اثر ہے کہ وہ جانی اور دلی دشمنوں کو دم بھر میں اپنا فدائی بنا لیتا ہے۔ [2] بخاری:2731-2732، مسلم:1784
[3] بخاری:2732، مسلم:1785۔

ابوجندل رضی اللہ عنہ نے زندان مکہ میں پہنچ کر دین حق کی تبلیغ شروع کر دی جو کوئی اس کی نگرانی پر مامور ہوتا، وہ اسے توحید کی خوبیاں سناتا۔ اللہ کی عظمت و جلال بیان کر کے ایمان کی ہدایت کرتا۔ اللہ کی قدرت کہ ابوجندل رضی اللہ عنہ اپنے سچے ارادے اور سعی میں کامیاب ہو جاتا اور وہ شخص مسلمان ہو جاتا۔ قریش اس دوسرے ایمان لانے والے کو بھی قید کر دیتے۔ اب یہ دونوں مل کر تبلیغ کا کام اسی قید خانہ میں کرتے۔

الغرض اسی طرح ایک ابوجندل رضی اللہ عنہ کے قید ہو کر مکہ پہنچ جانے کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک سال کے اندر قریباً تین سو (300) اشخاص ایمان لے آئے۔

اب قریش پچھتائے کہ ہم نے کیوں عہد نامے میں ایمان والوں کو واپس لینے کی شرط درج کرائی۔ پھر انھوں نے مکہ کے چند منتخب اشخاص کو نبی ﷺ کی خدمت میں بھیجا کہ ہم عہد نامہ کی اس شرط سے دست بردار ہوتے ہیں۔ اب تو مسلموں کو اپنے پاس واپس بلا لیجیے۔ نبی ﷺ نے معاہدہ سے خلاف کرنا پسند نہ فرمایا [1] اس وقت عام مسلمان بھی سمجھ گئے کہ معاہدہ کی شرط جو ظاہرا ہم کو ناگوار تھی اس کا منظور کر لینا کس قدر مفید ثابت ہوا۔

''ابوجندل رضی اللہ عنہ کے حال سے کیا نتیجہ حاصل ہوتا ہے؟''

ابوجندل رضی اللہ عنہ کے قصہ سے ہر شخص جو سر میں دماغ اور دماغ میں فہم کا مادہ رکھتا ہے وہ سمجھ سکتا ہے کہ اسلام کی صداقت کیسی الٰہی طاقت کے ساتھ پھیل رہی تھی اور کس طرح طالبان حق کے دل پر قبضہ کر رہی تھی کہ وطن کی دوری، اقارب کی جدائی، قید، ذلت، بھوک، پیاس، خوف و طمع، تلوار، پھانسی غرض دنیا کی کوئی چیز اور کوئی جذبہ ان کو اسلام سے نہ روک سکتا تھا۔

صلح کا حقیقی فائدہ

امام زہری رحمہ اللہ [2] نے معاہدہ کی دفعہ اول کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ جانبین سے آمد و رفت کی روک ٹوک کے اٹھ جانے سے یہ فائدہ ہوا کہ لوگ مسلمانوں سے ملنے جلنے لگے اور اس طرح ان کو اسلام کی حقیقت معلوم کرنے کے مواقع ملے۔ اور اسی وجہ سے اس سال اتنے زیادہ لوگوں نے اسلام قبول کیا کہ اس سے پیشتر کسی سال اتنے مسلمان نہ ہوئے تھے۔

---

[1] ابوجندل، ابوبصیر اور ابوالعاص کے واقعات: ابوجندل کی طرح ایک شخص ابوبصیر تھا۔ وہ مسلمان ہو کر مدینہ پہنچا۔ قریش نے اسے واپس لانے کے لیے دو شخص نبی ﷺ کی خدمت میں بھیجے، آنحضرت ﷺ نے ابوبصیر ان کے سپرد کر دیا۔ راستہ میں ابوبصیر نے ان میں سے ایک کو دھوکا دے کر مار دیا۔ دوسرا نبی ﷺ کی خدمت میں اطلاع کے لیے گیا۔ اس کے پیچھے ہی ابوبصیر بھی پہنچا۔ نبی ﷺ نے اسے فساد انگیز فرمایا۔ اس عتاب سے خوفزدہ ہو کر وہ وہاں سے بھی بھاگا۔ قریش نے ابوجندل اور اس کے ساتھ ایمان لانے والوں کو مکہ سے نکال دیا۔ ابوجندل کو چوں کہ مدینہ آنے کی اجازت نہ تھی اس لیے اس نے مکہ سے شام کے راستہ پر ایک پہاڑی پر قبضہ کر لیا۔ جو قافلہ قریش کا آتا جاتا اسے لوٹ لیتا (کیوں کہ قریش فریق جنگ تھے) ابوبصیر بھی اسے ہی جا ملا۔

ایک دفعہ ابوالعاص بن ربیع کا قافلہ بھی شام سے آیا۔ ابوجندل وغیرہ ابوالعاص سے واقف تھے سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بنت رسول ﷺ کا اس سے نکاح ہوا تھا۔ (گو ابوالعاص کے مشرک رہنے سے افتراق ہو چکا تھا) ابوجندل نے قافلہ کو لوٹ لیا۔ مگر کسی جان کا نقصان نہ کیا۔ اس لیے کہ ابوالعاص ان میں تھا۔ ابوالعاص وہاں سے سیدھا مدینہ آیا اور حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی وساطت سے ماجرا کی اطلاع نبی ﷺ تک پہنچائی نبی ﷺ نے معاملہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے مشورہ پر چھوڑ دیا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے ابوالعاص کی تائید میں فیصلہ کیا۔ جب ابوجندل کو اس فیصلہ کی اطلاع ہوئی تو انھوں نے سارا اسباب رسی اور مہار شتر تک ابوالعاص کو واپس کر دیا۔ ابوالعاص مکہ پہنچا۔ سب لوگوں کا روپیہ پیسہ اسباب ادا کیا۔ پھر منادی کرائی کہ اگر کسی کا کوئی حق مجھ پر رہ گیا ہو تو بتلا دے۔ سب نے کہا کہ تو بڑا امین ہے۔ ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے کہا: اب میں جاتا ہوں اور مسلمان ہوتا ہوں۔ مجھے ڈر تھا کہ اگر اس سے پہلے مسلمان ہو جاتا تو لوگ الزام لگاتے کہ ہمارا مال مار کر مسلمان ہو گیا ہے۔ نبی ﷺ نے ابوجندل اور اس کے ساتھیوں کو بھی اب مدینہ منورہ بلا لیا تھا تاکہ قریش کو نہ لوٹ سکیں۔

[2] محمد بن مسلم بن عبید اللہ بن عبد اللہ بن شہاب المعروف بہ ابن شہاب الزہری رحمہ اللہ مشہور تابعی جلیل القدر امام، مشہور فقیہ اور حافظ الحدیث تھے۔

مسلمانوں کا طواف کعبہ کے لیے جانا اور اس کے نتائج 7ھ مقدس

معاہدہ حدیبیہ کی شرط دوم کی رو سے مسلمان اس سال مکہ پہنچ کر عمرہ کرنے کا حق رکھتے تھے۔ اس لیے اللہ کا رسول ﷺ دو ہزار (2000) صحابہ رضی اللہ عنہم کو ساتھ لے کر مکہ پہنچا۔ مکہ والوں نے نبی ﷺ کو مکہ میں آنے سے تو نہ روکا، لیکن خود گھروں کو قفل لگا کر ابو قبیس [1] کی چوٹی پر جس کے نیچے مکہ آباد ہے چلے گئے۔ پہاڑ پر سے مسلمانوں کے کام دیکھتے رہے۔

اللہ کا نبی (ﷺ) تین (3) دن تک عمرہ کے لیے مکہ میں رہا۔ اور پھر ساری جمعیت کے ساتھ مدینہ کو واپس چلا گیا۔

ان منکروں پر مسلمانوں کے سچے جوش، سادہ اور مؤثر طریق عبادت کا اور ان کی اعلیٰ دیانت و امانت کا (کہ خالی شدہ شہر میں کسی کا ایک پائی کا بھی نقصان نہ ہوا تھا) عجیب اثر ہوا۔ جس نے سینکڑوں کو اسلام کی طرف مائل کر دیا۔

یہود کی چوتھی سازش مدینہ منورہ پر حملہ کی تیاری، لشکر اسلام کا آگے بڑھ کر انھیں لینا جنگ خیبر (محرم 7ھ)

خیبر مدینہ منورہ سے شام کی جانب تین (3) منزل پر ایک مقام کا نام ہے۔ یہ یہودیوں کی خالص آبادی کا قصبہ تھا۔ آبادی کے گرداگرد مستحکم قلعے بنائے ہوئے تھے۔

نبی ﷺ کو سفر حدیبیہ سے پہنچے ہوئے ابھی تھوڑے دن (ایک ماہ سے کم) ہی ہوئے تھے کہ یہ سننے میں آیا ہے کہ خیبر کے یہودی پھر مدینہ پر حملہ کرنے والے ہیں اور جنگ احزاب کی ناکامی کا بدلہ لینے اور اپنی کھوئی ہوئی جنگی عزت و قوت کو ملک بھر میں بحال کرنے کے لیے ایک خونخوار جنگ کی تیاری کر چکے ہیں۔ [2]

انھوں نے قبیلہ بنو غطفان کے چار ہزار (4000) جنگ جو بہادروں کو بھی اپنے ساتھ ملا لیا تھا اور معاہدہ یہ تھا کہ اگر مدینہ فتح ہو گیا تو پیداوار خیبر کا نصف حصہ ہمیشہ بنو غطفان کو دیتے رہیں گے۔

مسلمان محاصرہ کی سختی کو جو پچھلے سال ہی جنگ احزاب میں انھیں اٹھانی پڑی تھی، ہنوز نہیں بھولے تھے۔ اس لیے سب مسلمانوں کا اس امر پر اتفاق ہو گیا کہ اس حملہ آور دشمن کو آگے بڑھ کر لینا چاہیے۔

نبی ﷺ نے اس غزوہ میں صرف انہی صحابہ رضی اللہ عنہم کو ہمرکاب چلنے کی اجازت دی تھی جو ﴿لَقَدْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِیْنَ اِذْ یُبَایِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ﴾ [الفتح:18] [3] ''اللہ تعالیٰ ان مومنوں سے خوش ہوا جو درخت کے نیچے تجھ سے بیعت کر رہے ہیں۔ اللہ نے ان کے دلوں کے اندر کا حال جان لیا۔'' کی بشارت سے ممتاز تھے اور جن کو ﴿وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِیْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا﴾ [الفتح 20] [4] ''اللہ نے تم سے بڑی بڑی فتوحات کا وعدہ کیا ہے جو تم حاصل کرو گے۔'' کا مژدہ مل چکا تھا۔ ان کی تعداد چودہ سو (1400) تھی۔ جن میں سے دو سو (200) اسپ سوار تھے۔

مقدمہ لشکر کا سردار عکاشہ بن محصن اسدی رضی اللہ عنہ [5] اور میمنہ لشکر کے سردار عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ تھے۔ سردار میسرہ کوئی اور صحابی تھے۔ بیس (20) صحابیہ عورتیں بھی شامل لشکر تھیں جو بیماروں اور زخمیوں کی خبر گیری اور تیمارداری کے لیے ساتھ ہو لی تھیں۔ [6]

---

[1] مکہ مکرمہ کے مشرق میں واقع ایسا پہاڑ ہے جس پر کھڑے ہونے سے پوری مسجد الحرام اور بیت اللہ واضح نظر آتے ہیں۔ [2] طبقات ابن سعد، ص: 7 [3] اللہ تعالیٰ خوش ہوا جو درختوں کے نیچے تجھ سے بیعت کر رہے ہیں۔ اللہ نے ان کے دلوں کے اندر کا حال جان لیا۔ [4] اللہ نے تم سے بڑی بڑی فتوحات کا وعدہ کیا ہے جو تم حاصل کرو گے۔ [5] عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ فضلائے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تھے۔ نبی ﷺ نے بشارت دی تھی کہ یہ بلا حساب جنت میں داخل ہوں گے۔ بدر، احد، خندق اور دیگر مشاہد میں حاضر تھے۔ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت میں بعمر 45 سال شہید ہوئے۔ [6] مدارج النبوۃ، ص: 90

لشکر اسلام آبادی خیبر کے متصل رات کے وقت پہنچ گیا تھا لیکن نبی ﷺ کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ رات کو لڑائی شروع نہ کرتے تھے اور نہ کبھی شب خون ڈالا کرتے۔ (1) اس لیے لشکر اسلام نے میدان میں ڈیرے ڈال دیئے، معرکہ کے لیے اس مقام کا انتخاب مرد جنگ آزما حباب بن المنذر رضی اللہ عنہ نے کیا تھا۔ یہ میدان اہل خیبر اور بنو غطفان کے درمیان پڑتا تھا (2) اس تدبیر کا فائدہ یہ ہوا کہ جب بنو غطفان یہودیان خیبر کی مدد کے لیے نکلے تو انھوں نے لشکر اسلام کو سد راہ پایا اور اس لیے چپ چاپ اپنے گھروں کو واپس چلے گئے۔

نبی ﷺ نے حکم دیا تھا کہ لشکر کا بڑا کیمپ اسی جگہ رہے گا اور حملہ آور فوج کے دستے کیمپ سے جایا کریں گے۔ لشکر کے اندر فوراً مسجد تیار کر لی گئی اور جنگ کے دوش بدوش تبلیغ اسلام کا سلسلہ جاری فرما دیا گیا تھا۔ (3)

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اس کیمپ کے ذمہ دار افسر تھے۔

قصبہ خیبر کے قلعے جو آبادی کے دائیں بائیں واقع تھے شمار میں دس تھے جن کے اندر دس ہزار (10000) جنگی مرد رہتے تھے۔ (4)

ہم ان کو تین حصوں پر تقسیم کر سکتے ہیں۔ (5)

(1) قلعہ ناعم (2) قلعہ نطاۃ (3) حصن صعب بن معاذ (4) حصن قلعہ الزبیر

یہ چاروں حصون نطاۃ کے نام سے نامزد تھے۔

(5) حصن شق (6) حصن البر (7) حصن ابی

یہ تینوں حصون شق کے نام سے نامزد تھے۔

(8) حصن قموص طبری (9) حصن وطیح (10) حصن سلالم جسے حصن بنی الحقیق بھی کہتے ہیں

یہ تینوں حصون کتیبہ کے نام سے نامزد تھے۔

محمود بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کو حملہ آور فوج کا سردار بنایا گیا اور انھوں نے قلعہ نطاۃ پر جنگ کا آغاز کر دیا۔ نبی ﷺ خود بھی حملہ آور فوج میں شامل ہوئے تھے۔ باقی ماندہ فوجی کیمپ زیر نگرانی حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ تھا۔

محمود بن مسلمہ رضی اللہ عنہ (5) پانچ روز تک برابر حملہ کرتے رہے لیکن قلعہ فتح نہ ہوا۔ پانچویں یا چھٹے روز کا ذکر ہے کہ محمود رضی اللہ عنہ میدان جنگ کی گرمی سے ذرا ستانے کے لیے پائیں قلعہ کے سایہ میں لیٹ گئے۔ کنانہ بن الحقیق یہودی نے انھیں غافل دیکھ کر ایک پتھر ان کے سر پر دے مارا جس سے وہ شہید ہو گئے۔ فوج کی کمان محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کے بھائی نے سنبھال لی اور شام تک کمال شجاعت و دلاوری سے لڑتے رہے۔ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کی رائے ہوئی کہ یہودیوں کے نخلستان کو کاٹا جائے کیوں کہ ان لوگوں کو ایک ایک درخت سے ایک ایک بچہ کے برابر پیار ہے۔ اس تدبیر پر اہل قلعہ پر اثر ڈالا جا سکے گا۔ اس تدبیر پر عمل شروع ہو گیا تھا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے حضور میں حاضر ہو کر التماس کیا کہ علاقہ یقیناً مسلمانوں کے ہاتھ پر فتح ہونے والا ہے، پھر ہم اسے اپنے ہاتھوں کیوں خراب کریں۔ نبی ﷺ نے اس رائے کو پسند فرمایا اور ابن مسلمہ رضی اللہ عنہ کے پاس نخلستان کاٹنے کے بارہ میں امتناعی حکم (Stay order) بھیج دیا۔

---

(1) بخاری: 4197 (2) تاریخ طبری، ص: 92 (3) بخاری: 4195

(4) فتح الباری۔ بعض کتابوں میں قلعوں کی تعداد 6، 7 بھی درج ہے۔ (5) سیرت محمد یہ ﷺ مولوی کرامت علی

شام کو محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی کی مظلومانہ شہادت کا قصہ خود ہی نبی ﷺ کی خدمت میں آ کر عرض کیا۔ نبی ﷺ فرمایا:

لَأُعْطِيَنَّ (أَوْ لَيَأْتِيَنَّ) الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ يَفْتَحِ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔

''کل فوج کا نشان اس شخص کو دیا جائے گا (یا وہ شخص نشان ہاتھ میں لے گا) جس سے اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ محبت کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ فتح عنایت فرمائے گا۔ [1]

یہ ایسی تعریف تھی، جسے سن کر فوج کے بڑے بڑے بہادر اگلے دن کی کمان ملنے کے آرزومند ہو گئے تھے۔

اس رات پاسبانی لشکر کی خدمت حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے سپرد تھی۔ انھوں نے گرداوری کرتے ہوئے ایک یہودی کو گرفتار کیا اور اسی وقت نبی ﷺ کی خدمت میں لائے۔ آنحضرت ﷺ نماز تہجد میں تھے۔ جب فارغ ہوئے تو یہودی سے گفتگو فرمائی۔ یہودی نے کہا کہ اگر اسے اور اس کے زن و بچہ کو جو قلعہ کے اندر ہیں امان عطا ہو تو وہ بہت سے جنگی راز بتلا سکتا ہے۔ یہ وعدہ اس سے کر لیا گیا۔ یہودی نے بتلایا کہ نطاۃ کے یہودی آج کی رات اپنے زن و بچہ کو قلعہ شق میں بھیج رہے ہیں اور نقد و جنس کو قلعہ نطاۃ کے اندر دفن کر رہے ہیں۔ مجھے وہ مقام معلوم ہے جب مسلمان قلعہ نطاۃ لے لیں گے تو میں وہ جگہ بتلا دوں گا۔ بتلایا کہ قلعہ شق کے تہ خانوں میں قلعہ شکنی کے بہت سے آلات منجنیق وغیرہ موجود ہیں۔ جب مسلمان قلعہ شق فتح کر لیں گے تو میں وہ تہ خانے بھی بتلا دوں گا۔

صبح ہوئی تو نبی کریم ﷺ نے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو یاد فرمایا۔ لوگوں نے عرض کیا کہ انھیں آشوب چشم ہے اور آنکھوں میں درد بھی ہوتا رہا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ آ گئے تو نبی ﷺ نے لب مبارک جناب مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی آنکھوں پر لگا دیا۔ اس وقت آنکھیں کھل گئیں۔ نہ آشوب کی سرخی باقی تھی اور نہ درد کی تکلیف۔ پھر فرمایا: علی رضی اللہ عنہ جاؤ۔ اللہ کی راہ میں جہاد کرو۔ پہلے اسلام کی دعوت دو، بعد میں جنگ۔ علی رضی اللہ عنہ اگر تمھارے ہاتھ پر ایک شخص بھی مسلمان ہو جائے تو یہ کام بھاری غنیمتوں کے حاصل ہو جانے سے بہتر ہو گا۔

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے قلعہ ناعم پر جنگ کی طرح ڈالی۔ مقابلہ کے لیے قلعہ کا مشہور سردار مرحب میدان میں نکلا۔ یہ اپنے آپ کو ہزار (1000) بہادروں کے برابر کہا کرتا تھا۔

اس نے آتے ہی یہ رجز پڑھنا شروع کر دیا۔

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ أَنِّيْ مَرْحَبُ شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ
إِذَا الْحُرُوْبُ أَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ

''خیبر جانتا ہے کہ میں ہتھیار سجانے والا بہادر تجربہ کار مرحب ہوں۔ جب لوگوں کے ہوش مارے جاتے ہیں تو میں بہادری دکھایا کرتا ہوں۔''

اس کے مقابلہ کے لیے عامر بن الاکوع رضی اللہ عنہ نکلے۔ وہ بھی اپنا رجز پڑھتے جاتے تھے۔

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ أَنِّيْ عَامِرٌ شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُغَامِرٌ

''خیبر جانتا ہے کہ میں ہتھیار چلانے میں استاد ہوں، نبرد آزما تیغ ہوں، میرا نام عامر ہے۔''

---

[1] بخاری: 4210

مرحب نے ان پر تلوار سے وار کیا۔ عامر رضی اللہ عنہ نے اسے ڈھال پر روکا اور مرحب کے حصہ زیریں پر وار چلایا۔ مگر ان کی تلوار جو لمبائی میں چھوٹی تھی ان ہی کے گھٹنے پر لگی، جس کے صدمہ سے بالآخر شہید ہو گئے۔

پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نکلے۔

رجز حیدری سے میدان گونج اٹھا، آپ فرماتے تھے:

أَنَا الَّذِيْ سَمَّتْنِيْ أُمِّيْ حَيْدَرَهْ　　أُوْفِيهِمْ بِالصَّاعِ كَيْلَ السَّنْدَرَهْ

كَلَيْثِ غَابَاتٍ شَدِيْدٍ قَسْوَرَهْ [1]

میں ہوں کہ میری ماں نے میرا نام شیر غضب ناک رکھا ہے، 　میں اپنی تلوار کی سخاوت سے تمھیں بڑے پیمانے عطا کروں گا۔

میں شیر ببر سخت حملہ آور مرد میدان ہوں۔

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ایک ہی ہاتھ تلوار کا ایسا لگایا کہ مرحب کی خود آہنی کو کاٹتا ہوا عمامہ کو قطع کرتا سر کے دو ٹکڑے بناتا ہوا گردن تک جا پہنچا۔ مرحب کا بھائی یاسر نکلا۔ اسے زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ [2] نے خاک میں سلا دیا۔ اس کے بعد حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے عام حملہ سے قلعہ ناعم فتح ہو گیا۔

اسی روز قلعہ صعب کو حضرت حباب بن المنذر رضی اللہ عنہ نے محاصرہ سے تیسرے دن بعد فتح کر لیا۔ [3] قلعہ صعب سے مسلمانوں کو جو، کھجور، چھوہارے، مکھن، روغن، زیتون، چربی اور پارچات کی مقدار کثیر ملی۔ فوج میں قلت رسد سے جو تکلیف ہو رہی تھی، وہ رفع ہو گئی۔ اس قلعہ سے آلات قلعہ شکن بھی برآمد ہوئے۔ جس کی خبر یہودی جاسوس دے چکا تھا۔ اس سے اگلے روز قلعہ نطاۃ فتح ہو گیا۔ اب ''قلعہ الزبیر'' پر جو ایک پہاڑی ٹیلہ پر واقع تھا اور اپنے بانی زبیر کے نام سے موسوم تھا، حملہ کیا گیا۔ دو روز کے بعد ایک یہودی لشکر اسلام میں آیا۔ اس نے کہا: یہ قلعہ تو مہینہ بھر تک بھی تم فتح نہیں کر سکو گے۔ میں ایک راز بتلاتا ہوں۔ اس قلعہ کے اندر پانی ایک زیر زمین نالہ کے راہ سے جاتا ہے۔ اگر پانی کا راستہ بند کر دیا جائے تو فتح ممکن ہے۔ مسلمانوں نے پانی پر قبضہ کر لیا۔ اب اہل قلعہ، قلعہ سے نکل کر کھلے میدان میں آ کر لڑے اور مسلمانوں نے انھیں شکست دے کر قلعہ کو فتح کر لیا۔

پھر حصن ابی پر حملہ شروع ہوا۔ اس قلعہ والوں نے سخت مدافعت کی۔ ان میں سے ایک شخص جس کا نام غروان تھا۔ مبارزت کے لیے باہر نکلا۔ حباب رضی اللہ عنہ مقابلہ کو گئے۔ اس کا بازو راست کٹ گیا۔ وہ قلعہ کو بھاگا۔ حباب رضی اللہ عنہ نے تعاقب کیا اور اس کی رگ پاشنہ (ایڑی) کو بھی کاٹ ڈالا۔ وہ گر پڑا اور پھر قتل کیا گیا۔

قلعہ سے ایک اور مبارز نکلا جس کا مقابلہ ایک مسلمان نے کیا۔ مگر مسلمان اس کے ہاتھ سے شہید ہو گیا۔ ابو دجانہ رضی اللہ عنہ نکلے۔ انھوں نے جاتے ہی اس کے پاؤں کاٹ دیے اور پھر قتل کر ڈالا۔

یہود پر رعب طاری ہو گیا اور باہر نکلنے سے رک گئے۔ ابو دجانہ رضی اللہ عنہ آگے بڑھے۔ مسلمانوں نے ان کا ساتھ دیا۔ تکبیر کہتے

---

[1] طبری، ص 276/2 [2] مشہور صحابی جو حواری رسول ﷺ کے لقب سے معروف تھے۔ پانچویں شخص نے جو شرف اسلام سے مشرف ہوئے۔ عشرہ مبشرہ میں سے تھے۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی قائم کردہ چھ رکنی خلافت کمیٹی کے ممبر تھے۔ [3] حباب بن المنذر انصاری السلمی ابو عمرو رضی اللہ عنہ کنیت اور ذوالرائے لقب تھا۔ غزوہ بدر میں 33 سال کے تھے۔ میدان جنگ بدر کے متعلق بھی آنحضرت ﷺ نے ان کی رائے کو پسند فرمایا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں انتقال کیا۔

ہوئے قلعہ کی دیوار پر جاچڑھے۔ قلعہ فتح کرلیا۔ اہل قلعہ بھاگ گئے۔ اس قلعہ سے بکریاں اور پارچات اور بہت سا اسباب ملا۔

اب مسلمانوں نے حصن البر پر حملہ کر دیا۔ یہاں کے قلعہ نشینوں نے مسلمانوں پر اتنے تیر برسائے اور اتنے پتھر گرائے کہ مسلمانوں کو بھی مقابلہ میں منجنیق کا استعمال کرنا پڑا۔ منجنیق وہی تھے جو حصن صعب سے غنیمت میں ملے تھے۔ منجنیقوں سے قلعہ کی دیواریں گرائی گئیں اور قلعہ فتح ہو گیا۔

خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا 8ھ

انہی ایمان لانے والوں میں خالد بن ولید رضی اللہ عنہ تھے جو جنگ احد میں کافروں کے رسالہ کے افسر تھے اور مسلمانوں کو انھوں نے سخت نقصان پہنچایا تھا۔

یہ وہی خالد رضی اللہ عنہ ہیں جنھوں نے اسلامی جنرل ہونے کی حیثیت میں مسیلمہ کذاب کو شکست دی۔ تمام عراق اور نصف شام کا ملک فتح کیا تھا۔ مسلمانوں کے ایسے جانی دشمن اور ایسے جانباز اعلیٰ سپاہی کا خود بخود مسلمان ہو جانا اسلام کی سچائی کا معجزہ ہے۔

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا (8ھ)

ان ہی ایمان لانے والوں میں عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ تھے۔ قریش نے ان ہی کو مسلمانوں سے عداوت اور بیرونی معاملات میں اعلیٰ قابلیت رکھنے کی وجہ سے Deputation (وفد) کا سردار بنایا تھا جو شاہ حبش کے پاس گیا تھا تاکہ وہ حبش میں گئے ہوئے مسلمانوں کو قریش کے حوالے کردے۔ اسی عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں ملک مصر کو فتح کیا تھا۔ ایسے مدبر وسیاست دان (Politician) اور فاتح ممالک کا مسلمان ہو جانا بھی اسلام کا اعجاز ہے۔

حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا

انہی اسلام لانے والوں میں عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ بھی تھے جو کعبہ کے اعلیٰ مہتمم وکلید بردار تھے۔ جب یہ نامی سردار (جن کی شرافت حسب ونسب سارے عرب میں مسلمہ تھی) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مدینہ منورہ جا پہنچے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آج مکہ نے اپنے جگر کے ٹکڑے ہم کو دے ڈالے۔

عدی بن حاتم طائی رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا (9ھ مقدس)

اس مشہور سردار کے ایمان لانے کی تقریب یہ ہوئی کہ 9/ہجری میں یمن کے قبیلہ بنی طے نے بغاوت کی تھی۔ اس وقت اس علاقہ کے حاکم اعلیٰ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ تھے۔ انھوں نے فسادیوں کو پکڑ کر مدینہ منورہ بھیج دیا تھا۔ ان میں حاتم طائی مشہور سخی کی بیٹی بھی تھی۔ اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یوں عرض کیا:

''میں سردار قوم کی بیٹی ہوں۔ میرا باپ رحم وکرم میں مشہور تھا۔ بھوکوں کو کھانا کھلایا کرتا، غریبوں پر رحم کیا کرتا، وہ مر گیا۔ بھائی شکست کھا کر بھاگ گیا اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر رحم کریں۔''

نبی ﷺ نے یہ سن کر فرمایا: تیرے باپ میں مومنوں جیسی صفات تھیں۔ اس کے بعد اسے مع اس کے متعلقین چھوڑ دیا اور زاد راہ اور لباس بھی عنایت فرمایا۔

عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کا قصہ

عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کا اپنا بیان ہے کہ مجھے رسول اللہ ﷺ کے نام سے سخت نفرت تھی کیوں کہ میں عیسائی المذہب تھا۔ اپنی قوم کا سردار تھا۔ میری قوم غنیمت کا ایک چہارم حصہ مجھے ادا کیا کرتی تھی۔ میں اپنے دل میں کہا کرتا تھا کہ میں سچے دین پر بھی ہوں اور اپنے علاقہ کا بادشاہ بھی ہوں۔ اس لیے مسلمان ہونے کی مجھے کوئی ضرورت نہیں۔ میں نے اپنے شتر خانہ کے داروغہ کو کہہ رکھا تھا کہ دو عمدہ اونٹ جو تیز رفتار ہوں۔ ہر وقت میرے مکان پر موجود رکھا کرے اور جب اسے اس علاقہ میں مسلمانوں کے آنے کی خبر ملے، مجھے فوراً بتلائے۔

ایک روز داروغہ آیا۔ کہا: صاحب! محمدی ﷺ فوج کے آجانے پر کچھ کرنے کا ارادہ ہو، وہ کر گزریئے، کیوں کہ مجھے دور سے کچھ جھنڈے نظر آتے ہیں۔ یہ سن کے میں نے اونٹ منگائے۔ بیوی بچہ اور زر و مال کو لادا اور شام کو چل دیا۔ میری بہن آنحضرت ﷺ سے رہائی حاصل کرنے کے بعد میرے پاس شام ہی میں پہنچی۔ اس نے اپنی رہائی کی تمام کیفیت سنائی۔ میری بہن نہایت دانا اور عقیل تھی۔ میں نے پوچھا کہ اس شخص (رسول اللہ ﷺ) کی نسبت تمھاری کیا رائے ہے۔ اس نے کہا: میری رائے یہ ہے کہ تو جلد اس کے پاس چلا جا۔ کیوں کہ اگر وہ نبی ہے۔ تب تو سابقین کی فضیلت کو کیوں ضائع کیا جائے اور اگر وہ بادشاہ ہے تب بھی اس کے پاس جانے سے تو ذلیل نہ ہوگا۔ کیوں کہ تو تو ہی ہے۔ (یعنی تو خود ہی اپنی قابلیتوں میں بے نظیر ہے) بہن کے مشورہ پر میں مدینے میں آیا۔ اس وقت نبی اللہ ﷺ مسجد میں تھے۔ میں نے جا کر سلام کیا۔ فرمایا: ''کون؟'' میں نے کہا: ''عدی بن حاتم۔'' نبی ﷺ مجھے ساتھ لے کے اپنے گھر چلے۔ راستہ میں ایک کھوسٹ بڑھیا ملی۔ اس نے نبی ﷺ کو ٹھہرا لیا۔ آپ دیر تک اس کے پاس کھڑے رہے اور وہ اپنی لمبی داستان سناتی رہی۔ میں نے اپنے دل میں کہا۔ یہ شخص بادشاہ تو ہرگز نہیں۔

پھر آنحضرت ﷺ گھر پہنچے۔ ایک چمڑے کا گدا جس میں کھجور کے پتے بھرے ہوئے تھے نبی ﷺ نے میرے سامنے پھینک دیا۔ فرمایا: اس پر بیٹھو۔ میں نے کہا: نہیں حضور ﷺ بیٹھیں۔ فرمایا: نہیں۔ تم ہی بیٹھ جاؤ۔ میں گدے پر بیٹھ گیا اور آنحضرت ﷺ زمین پر بیٹھ گئے۔ اب پھر میرے دل نے یہی گواہی دی کہ یہ بادشاہ ہرگز نہیں۔

اب نبی ﷺ نے فرمایا: تم تو ''رکوسی'' ہو۔ [1] میں نے کہا: ہاں۔ فرمایا: تم تو اپنی قوم سے غنیمت اور پیداوار سے چہارم لیا کرتے ہو۔ میں نے کہا: ہاں۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ ایسا کرنا تو تیرے دین میں جائز نہیں۔ میں نے کہا: سچ ہے اور میں نے دل میں کہا کہ یہ ضرور نبی ہے۔ سب کچھ جانتا ہے۔ اس سے کچھ پوشیدہ نہیں۔

نبی ﷺ نے پھر فرمایا: عدی شاید اس دین میں داخل ہونے سے تم کو یہ امر مانع ہے کہ سب لوگ غریب ہیں۔ واللہ! ان میں اس قدر مال ہونے والا ہے کہ کوئی شخص مال لینے والا باقی نہ رہے گا۔

عدی! اس دین میں داخل ہونے سے تم کو شاید یہ امر بھی مانع ہے کہ ہم لوگ تعداد میں تھوڑے ہیں اور ہمارے دشمن بہت ہیں۔ اللہ کی قسم! وہ وقت قریب آ رہا ہے۔ جب تو سن لے گا کہ اکیلی عورت قادسیہ سے چلے گی اور مکہ کا حج کرے گی اور اسے کسی کا ڈر خوف نہ ہوگا۔

---

[1] ر۔ک۔و۔س۔ی: (رکوسی) عیسائیوں کے ایک قدیم فرقہ کا نام ہے۔

عدی! اس دین میں داخل ہونے سے شاید تم کو یہ امر بھی مانع ہے کہ حکومت اور سلطنت آج کل دوسری قوموں میں ہے۔ واللہ! وہ وقت بہت قریب آ رہا ہے۔ جب تو سن لے گا کہ ارضِ بابل کا سفید محل (نوشیرواں کا دربار دیوان خانہ) مسلمانوں کے ہاتھ پر مفتوح ہوگا۔

عدی! بتلاؤ کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے کہنے میں تجھے کیا تامل ہے؟ کیا اللہ کے سوا کوئی اور بھی معبود ہو سکتا ہے؟

عدی! بتلاؤ کہ اللہ اکبر کے کہنے میں تجھے کیا عذر ہے؟ کیا اللہ سے بھی کوئی بڑا ہے؟

عدی کہتا ہے کہ اس تقریر کے بعد میں مسلمان ہو گیا۔ میرے اسلام لانے سے نبی ﷺ کے چہرہ پر بشاشت اور فرحت نمایاں تھی۔

عدی کہتا ہے کہ اس ارشادِ نبوی ﷺ کے بعد دو سال پورے ہو چکے تھے اور تیسرا سال جا رہا تھا کہ میں نے ارضِ بابل کے محلات کو بھی فتح شدہ دیکھ لیا اور ایک بڑھیا کو قادسیہ سے مکہ تک حج کے لیے اکیلی آتے بھی دیکھ لیا اور مجھے امید ہے کہ تیسری بات بھی ہو کر رہے گی۔ [1]

حج اسلام کا پانچواں رکن

(1) اسلام کا پانچواں رکن حج ہے:

یاد رکھنا چاہیے کہ اسلام وہ پیغامِ محبت ہے جو بچھڑے ہوؤں کو ملاتا، بیگانوں کو یگانہ اور آشناؤں کو صدیق بنا دیتا ہے۔

احکامِ اسلام کا منشاء بھی یہی ہے کہ افرادِ مختلفہ کو ملتِ واحدہ بنا کر کلمہ واحدہ پر جمع کر دیا جائے۔

1. اہل محلہ میں محبت و اتحاد پیدا کرنے، قائم رکھنے کے لیے پنج گانہ نمازوں کے وقت اہل محلہ پر محلہ کی مسجد میں جمع ہونا واجب کیا گیا ہے۔
2. اہل شہر میں محبت و تعلقات بڑھانے کے لیے ہفتہ میں ایک بار ان کا مسجد جامع میں اکٹھا ہو نا مل کر نماز جمعہ ادا کرنا ضروری ٹھہرایا گیا ہے۔
3. اہل شہر و دیہات قرب و جوار کے رہنے والوں میں تعارف و تعلق محبت و شناسائی قائم کرنے اور مستحکم رکھنے کے لیے سال میں دو بار عیدین کی نماز کو سنن ہدیٰ میں سے قرار دیا گیا ہے۔ ہر دو موقع پر دیہات والے شہر کی جانب آتے ہیں اور شہر والے شہر سے باہر نکل کر ان سے ملاقی ہوتے اور مل جل کر عبادتِ الٰہی ادا کرتے ہیں۔

عالمِ اسلامی میں رابطۂ دین کے مضبوط کرنے مختلف قوموں، مختلف نسلوں، مختلف زبانوں، مختلف رنگتوں اور مختلف ملکوں کے اشخاص کو دینِ واحد کی وحدت میں شامل ہونے کے لیے حج عمر بھر میں ایک دفعہ ان سب اشخاص پر جو وہاں جانے کی استطاعت رکھتے ہیں، فرض کیا گیا ہے۔

(2) حج میں سب کے لیے وہ سادہ بن سلا لباس جو نسلِ انسانی کے پدرِ اعظم آدم علیہ السلام کا تھا۔ تجویز کیا گیا ہے تاکہ ایک ہی رسول ﷺ، ایک ہی قرآن، ایک ہی کعبہ پر ایمان رکھنے والے ایک ہی صورت، ایک ہی لباس میں ایک ہی سطح پر نظر آئیں اور چشمِ ظاہر بین کو بھی ان اتحادِ معنوی رکھنے والوں کے اندر کوئی اختلاف ظاہری محسوس نہ ہو سکے۔

---

[1] بخاری: 3595,1413 تاریخ طبری، عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے 67ھ میں بعمر 120 سال کوفہ میں وفات پائی۔

(3) حج کے لیے وہ مقام قرار دیا گیا ہے جہاں صابی، یہودی، عیسائی اور مسلمانوں کے جد اعظم حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دنیا کی سب سے پہلی عبادت گاہ بنائی تھی۔ چوں کہ اقوام بالا کا مجموعہ دنیا کی دیگر اقوام سے زیادہ ہے۔ اس لیے اس مقام کے اختیار کرنے کی تائید کثرت رائے اور قدامت زمانہ دونوں طرح سے ہوتی ہے۔

حج کے فوائد عظیمہ

(4) حج سے مقصود شوکت اسلام کا اظہار بھی ہے اور مسلمانوں کو سفر بحر و بر سے جو فوائد حاصل ہو سکتے ہیں وہ بھی اس مقصود کے ضمن میں داخل ہیں۔

بادشاہ کا جو مقصود شاندار درباروں (مثل کارونیشن Coronation) کے انعقاد سے ہے، وہ سب حج کے اندر مرکوز وملحوظ ہیں۔

ایک مارشل (Marshal) کا جو مقصود عظیم فوجی ریویو (Review) سے ہے، وہ سب حج کے اندر مرکوز وملحوظ ہیں۔

کانفرنس (Conference) کا جو مقصود سالانہ جلسوں کے انعقاد اور ڈیلی گیٹوں (Delegates) کے اجتماع سے ہے، وہ سب حج کے اندر مرکوز وملحوظ ہیں۔

ایوان تجارت کا جو مقصود عالمگیر نمائشوں (Exhibitions) کے قیام سے آثار قدیمہ کے جویا، صنادید عالم کے متلاشی، عالمان طبقات الارض، واقفان علم الالسنہ اور محققان تاریخ اقوام و ماہرین جغرافیہ عالم کو جن باتوں کی تلاش وطلب ہوتی ہے وہ سب امور حج سے پورے ہو جاتے ہیں۔

اسلام میں حج 9ھ کو فرض ہوا۔ اسی سال نبی ﷺ نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو امیر الحاج بنایا اور تین سو (300) صحابہ رضی اللہ عنہم کو ان کے ہمراہ کیا تا کہ سب کو حج کرائیں۔

ان کے بعد علی مرتضی رضی اللہ عنہ کو روانہ کیا کہ وہ سورہ براءت کا اعلان کریں۔ ابوبکر صدیق ﷺ نے لوگوں کو حج کرایا اور علی مرتضی رضی اللہ عنہ نے سورہ براءت کی پہلی چالیس (40) آیتوں کو مع ان احکام کے پڑھ کر سنایا کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک بیت اللہ کے اندر داخل نہ ہونے پائے گا [1] اور کوئی شخص برہنہ ہو کر خانہ کعبہ کا طواف نہ کر سکے گا۔ [2]

10 ہجری

اس سال نبی ﷺ نے حج کا ارادہ کیا اور جملہ اطراف میں اطلاع بھیج دی گئی کہ نبی ﷺ حج کے لیے تشریف لے جانے والے ہیں۔ اس اطلاع کے بعد انبوہ در انبوہ خلقت مدینہ طیبہ میں جمع ہو گئی۔ اس انبوہ میں ہر درجہ و ہر طبقہ کے شخص تھے۔

نبی ﷺ کا حج

ذی الحلیفہ میں نبی ﷺ نے احرام باندھا اور یہیں سے لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ۔ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ کا ترانہ بلند کیا اور مکہ معظمہ کو احرام کے ساتھ روانہ ہو گئے۔

اس مقدس کارواں کے ساتھ راستہ میں ہر ہر جگہ سے فوج در فوج لوگ شامل ہوتے جاتے تھے۔ [3]

---

[1] دیکھو بسعیاہ۔ 35 باب 8 درس۔ جو ناپاک ہے اس پر سے گزر نہ کرے گا۔ وہ ان ہی کے لیے ہے۔ [2] بخاری 4363 [3] حجۃ اللہ البالغۃ ص: 253

نبی کریم ﷺ کا راہ میں جب کسی ٹیلہ یا کریوہ سے گذر ہوتا تھا تین تین بار تکبیر آواز بلند فرماتے تھے۔ ①

جب مکہ کے قریب پہنچے تو ذی طویٰ میں تھوڑی دیر کے لیے ٹھہرے ② اور پھر بالائے مکہ سے ان سب قوموں اور انبوہ کو لے کر مکہ میں داخل ہوئے اور روز روشن میں کعبۃ اللہ کا طواف کر کے اللہ تعالیٰ کے جلال کو آشکارا فرمایا۔ ③

زیارت کعبۃ اللہ سے فارغ ہو کر صفا اور مروہ کے پہاڑوں پر تشریف لے گئے۔ ان کی چوٹیوں پر چڑھ کے اور کعبہ کی جانب رخ کر کے کلمات توحید و تکبیر پڑھے اور لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ أَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهٗ کے ترانے گائے۔ ④

آٹھویں ذی الحج کو قیام گاہ سے منیٰ روانہ ہو کر منیٰ ٹھہرے۔ ظہر، عصر، مغرب، عشا، صبح کی نمازیں منیٰ میں ادا فرمائیں۔

نویں ذی الحج کو آنحضرت ﷺ طلوع آفتاب کے بعد وادی نمرہ آ کر اترے۔ اس وادی کے ایک جانب عرفات اور دوسری جانب مزدلفہ ہے۔ دن ڈھلنے کے بعد یہاں سے روانہ ہو کر عرفات تشریف لائے۔ تمام میدان سرتاسر لوگوں سے بھرا ہوا تھا اور ہر ایک

---

① صحیح بخاری: 6365۔ اب دیکھو یسعیاہ باب 42 درس 11 بیابان اور اس کی بستیاں۔ قیدار کے آباد دیہات اپنی آواز بلند کریں گے۔ سلع کے بسنے والے ایک گیت گائیں گے۔ پہاڑوں کی چوٹیوں سے للکاریں گے۔

② اس وقت ﴿إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى﴾ کی شان اس قافلہ سالار پر نمودار تھی۔

③ اس موقع کے متعلق یسعیاہ نبی کی کتاب میں اللہ تعالیٰ نے بیت اللہ کو مخاطب کر کے کہا ہے: (1) اٹھ روشن ہو کہ تیری روشنی آئی اور خداوند کے جلال نے تجھ پر طلوع کیا۔ (2) دیکھ تاریکی زمین پر چھا جائے گی اور تیرگی قوموں پر۔ لیکن خداوند تجھ پر طالع ہوگا اور اس کا جلال تجھ پر نمودار ہوگا۔ (3) اور قومیں تیری روشنی میں اور شاہان تیرے طلوع کی تجلی میں چلیں گی۔ (4) اپنی آنکھیں اٹھا کر چاروں طرف نگاہ کر۔ وہ سب کے سب اکٹھے ہوتے ہیں۔ وہ تجھ پاس آتے ہیں۔ تیرے بیٹے دور سے آویں گے اور تیری بیٹیاں گروہ میں اٹھائی جاویں گی۔ (5) تب تو دیکھے گی اور روشن ہوگی۔ تیرا دل اچھلے گا اور کشادہ ہوگا۔ کیوں کہ سمندر کی فراوانی تیری طرف پھرے گی اور قوموں کی دولت تیرے پاس فراہم ہوگی۔ اونٹ کثرت سے آ کے تجھے چھپائیں گے۔ مدیان اور عیفہ کے جوان اونٹ وہ سب جو سبا کے ہیں آویں گے۔ وہ سونا اور لبان لاویں گے اور خداوند کی تعریفوں کی بشارتیں سناویں گے۔ نبی ﷺ کا مکہ سے ہجرت فرما جانا مکہ کے لیے داغ اور کعبہ کے لیے موجب حسرت تھا۔ لیکن اب پورے جاہ و جلال کے ساتھ توحید خالص کا اظہار و استحکام و اشاعت کرتے ہوئے مکہ میں داخل ہونا اور کعبہ کا طواف کرنا بے شک بیت اللہ کے لیے دوچند مسرت کا باعث ہے۔ اول تو بچھڑے ہوئے فرزندان دین کا ملنا۔ دوم دین حقہ کا باشوکت ہونا۔ واضح ہو کہ مدیان حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے کا نام تھا جو قطورہ بی بی کے بطن سے تھے اور عیفہ مدیان کے فرزند کا نام ہے۔ سبا بن یقسان بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پوتے ہیں۔ (کتاب پیدائش 25 باب 1 تا 4 درس) یہ سب عرب میں آباد ہوئے اور اس حج میں وہ قبائل بھی حاضر ہوئے۔ جن کے مورث اعلیٰ مدیان، عیفہ، سبا ہیں۔ اس لیے پیشین گوئی (جس میں صراحت سے پتا و نشان دیا گیا تھا) بالکل پوری ہوئی۔

④ بخاری: 4116، حجۃ اللہ ص 355 عربی کا ترجمہ یہ ہے: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں ملک اسی کا ہے اور ستائش بھی اسی کے لیے شایاں ہے۔ وہ سب چیزوں کی قدرت رکھتا ہے۔ اللہ جس کے سوا عبادت کا کوئی بھی شایان نہیں، ایک ہے۔ اس نے اپنے وعدہ کو پورا کیا، اس نے اپنے بندے کی مدد فرمائی۔ اسی نے خود تمام فوجوں کو شکست دی۔ ناظرین ان کلمات قدسی میں اللہ تعالیٰ کی تحمید و تقدیس بھی ہے اور مادہ پرست لوگوں کو نصرت الٰہی بھی بشکل مصور دکھائی گئی ہے۔ چند سال ہوئے یہی محمد ﷺ اسی مکہ میں اکیلے تھے۔ پھر اس کی دعوت پر ایک ایک، دو دو آدمی اس کے ساتھ ملتے گئے۔ وہ سب اسی کوہ صفا کے دامن اور ارقم صحابی کے گھر میں تختے بند کر کے جمع ہوا کرتے تھے۔ پھر کچھ اور زیادہ ہو گئے۔ تو ملک نے ان کی رائے کی مخالفت کی۔ کچھ حبش کو چلے گئے، کچھ رو گئے۔ تو زندان خانوں میں ڈالے گئے۔ محمد ﷺ بھی تین سال تک محصور رہے۔ آخر مکہ مسلمانوں کے لیے ناقابل سکونت ثابت ہوا اور سب لوگ مکہ سے مدینہ چلے گئے۔ محمد ﷺ کا جانا رات کی تاریکی میں تھا۔ ایک رفیق کے سوا اس وقت کوئی بشر ساتھ نہ تھا۔ دشمنوں کو ان کے بچ جانے کا رنج ہوا۔ ان کے مامن اور قیام گاہ پر نو برس تک برابر حملے کرتے رہے۔ آخر سب تھک تھکا کر بیٹھ رہے۔ اب وہی محمد ﷺ ہے، وہی مکہ ہے، وہی عرب ہے، کہ پہاڑوں کی چوٹیوں پر سے توحید کے نعرے لگائے جاتے اور فتح و نصرت ربانی کے ترانے سنائے جاتے ہیں۔ شخص واحد کا ایسی عداوتوں، مقاصموں، جنگوں و تزویروں کے بعد ایسی لاثانی کامیابی حاصل کرنا أَنْجَزَ وَعْدَهٗ، وَنَصَرَ عَبْدَهٗ، ہی سے تفسیر ہو سکتا ہے۔ یسعیاہ میں ہے۔ سلع (مدینہ) کے بسنے والے ایک گیت گائیں گے۔ پہاڑوں کی چوٹیوں سے للکاریں گے۔" (11/42)

شخص تکبیر وتہلیل ۔ تمجید و تقدیس میں مصروف تھا۔ ① اس وقت ایک لاکھ چوالیس ہزار (یا چوبیس ہزار) کا مجمع احکام الٰہی کی تعمیل کے لیے ہمہ تن حاضر تھا۔ نبی ﷺ نے پہاڑی پر چڑھ کر اور قصواء پر سوار ہو کر خطبہ کا آغاز فرمایا۔

---

① تم زمین پر سرتا سراس کی ستائش کرو۔ (یسعیاہ42: 1-4) دیکھو مکاشفات یوحنا 14 باب ..... مکاشفات کے متعلق یہ درس یاد رکھنا چاہیے۔ یسوع مسیح کا مکاشفہ جو خدا نے اسے دیا تا کہ اپنے بندوں کو وہ باتیں جن کا جلد ہونا ضرور ہے، دکھادے۔ اس سے ظاہر ہے کہ مکاشفات جو مسیح کے اس دنیا سے جانے کے بعد ہوئی ہیں۔ زمانہ مابعد مسیح سے تعلق رکھتے ہیں۔ چنانچہ عیسائیوں کا بھی یہی اعتقاد ہے۔

14 باب

① پھر جو میں نے نگاہ کی اور دیکھا کہ برہ صیہون پہاڑ پر کھڑا تھا اور اس کے ساتھ ایک لاکھ چوالیس ہزار

② جن کے ماتھوں پر اس کے باپ کا نام لکھا تھا۔

③ پھر میں نے آسمان سے آواز سنی جو بہت پانیوں کے شور اور بڑے گرجنے کی آواز کی مانند تھی۔ اور میں نے بربط نوازوں کی آواز جو اپنی بربط بجاتے تھے سنی۔

④ 3۔ اور وہ تخت کے سامنے اور ان چاروں جانداروں اور بزرگوں کے آگے گویا نیا گیت گا رہے تھے۔

⑤ ⑥ اور کوئی ان ایک لاکھ چوبیس ہزار (124000) کے سوا جو زمین سے خرید ے گئے تھے اس گیت کو سیکھ نہ سکا۔

⑦ یہ وہ لوگ ہیں جو عورتوں کے ساتھ گندگی میں نہ پڑے کہ کنوارے ہیں

⑧ یہ وہ ہیں جو برے کے پیچھے جاتے ہیں، جہاں کہیں وہ جاتا ہے۔

⑨ یہ خدا اور برے کے لیے پہلے پھل ہو کے آدمیوں سے مول لیے گئے ہیں۔

⑩ 5۔ اور ان کے منہ میں مکر پایا نہ گیا کیوں کہ وہ خدا کے تخت کے آگے بے عیب ہیں۔

شرح باب ہذا

① برہ سے اصطلاح مکاشفات میں وہ گراں مایہ وجود مراد ہے جو بعد از رب سب سے برتر ہو۔ یہاں رسول اللہ مراد ہیں۔ صیہون سے مقدس پہاڑ مراد ہے۔ ایک لاکھ 44 ہزار کی تعداد صحابہ جو حج میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے۔ احادیث میں مذکور ہے۔

② یہ درس ترجمہ ہے: ﴿سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ﴾ [48الفتح29] کا۔

③ اس میں عام آواز و تسبیح و تحمید کا ذکر کیا گیا ہے۔ کیوں کہ بنی اسرائیل بربط و باجے کے ساتھ اپنی دعائیں پڑھا کرتے تھے۔

④ نیا گیت سے زبان عربی مراد ہے جو اہل کتاب کے لیے نئی تھی۔ گویا گانے سے ظاہر ہے کہ گانا نہ ہوگا بلکہ نغمگی و ترنم ہوگا۔

⑤ رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے اس خطبہ کے سننے کا شرف ایک لاکھ چوبیس ہزار (124000) ہی کو ملا تھا۔

⑥ خریدے جانے کا ذکر قرآن مجید میں ہے۔ ﴿اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ﴾ [9:التوبۃ111]

⑦ مومنین کی صفت قرآن مجید میں بایں الفاظ ہے:
﴿وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حَافِظُوْنَ﴾ [23 المؤمنون57]

⑧ صحابہ رضی اللہ عنہم کی یہ صفت قرآن مجید میں بایں الفاظ ہیں
﴿وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ﴾ نیز بالفاظ ﴿وَالَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ﴾
[7:الاعراف157]

⑨ یہ صفت ان الفاظ میں بیان ہوئی ہے۔
﴿وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ﴾ [9التوبۃ100]
نیز بالفاظ حدیث اِخْتَارَهُمُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِهٖ

⑩ یہ صفت قرآن مجید میں بدیں الفاظ بیان ہوئی ہے۔ ﴿اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ﴾ [49الحجرات:3]

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبہ حجۃ الوداع

(1) اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ لَا اَرَانِىْ وَ اِيَّاكُمْ نَجْتَمِعُ فِىْ هٰذَا الْمَجْلِسِ اَبَدًا۔ (1)

لوگو! میں خیال کرتا ہوں کہ میں اور تم پھر کبھی اس مجلس میں اکٹھے نہیں ہوں گے۔

(2) اِنَّ دِمَآءَ كُمْ وَ اَمْوَالَكُمْ وَاَعْرَاضَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِىْ بَلَدِكُمْ هٰذَا فِى شهركم هذا وَسَتَلْقُوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْئَلُكُمْ عَنْ اَعْمَالِكُمْ اِلَّا فَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِىْ ضِلَالًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ۔ (2)

لوگو! تمہارے خون، تمہارے مال اور تمھاری عزتیں ایک دوسرے پر ایسی ہی حرام ہیں جیسا کہ تم آج کے دن کی، اس شہر کی، اس مہینہ کی حرمت کرتے ہو۔ لوگو! تمھیں عنقریب اللہ کے سامنے حاضر ہونا ہے اور وہ تم سے تمھارے اعمال کی بابت سوال فرمائے گا۔ خبردار! میرے بعد گمراہ نہ بن جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے لگو۔

(3) اَلَا كُلُّ شَىْءٍ مِنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ تَحْتَ قَدَمِيَّ مَوْضُوْعٌ وَدِمَاءُ الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعَةٌ وَ اِنَّ اَوَّلَ دَمٍ اَضَعُ مِنْ دِمَائِنَا دَمُ ابْنِ رَبِيْعَةَ بْنِ الْحَارِثِ كَانَ مُسْتَرْضِعًا فِىْ بَنِىْ سَعْدٍ فَقَتَلَتْهُ هُذَيْلٌ۔ وَرِبَا الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعَةٌ وَاَوَّلُ رِبًا اَضَعُ رِبًا عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِب فَاِنَّه، مَوْضُوْعٌ كُلُّه،۔ (3)

لوگو! جاہلیت کی ہر ایک بات کو میں اپنے قدموں کے نیچے پامال کرتا ہوں۔ جاہلیت کے قتلوں کے تمام جھگڑے ملیامیٹ کرتا ہوں۔ پہلا خون جو میرے خاندان کا ہے یعنی ابن ربیعہ بن الحارث کا خون جو بنی سعد میں دودھ پیتا تھا اور ہذیل نے اسے مار ڈالا تھا، میں چھوڑتا ہوں۔ جاہلیت کے زمانہ کا سود ملیامیٹ کر دیا گیا۔ پہلا سود اپنے خاندان کا جو میں مٹاتا ہوں، وہ عباس بن عبدالمطلب کا سود ہے۔ وہ سب کا سب چھوڑ دیا گیا ہے۔

(4) فَاتَّقُوا اللّٰهَ فِى النِّسَآءِ فَاِنَّكُمْ اَخَذْتُمُوْهُنَّ بِاَمَانِ اللّٰهِ وَاسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوْجَهُنَّ بِكَلِمَةِ اللّٰهِ وَلَكُمْ عَلَيْهِنَّ اَلَّا يُوْطِئْنَ فُرُشَكُمْ اَحَدًا تَكْرَهُوْنَه، فَاِنْ فَعَلْنَ ذٰلِكَ فَاضْرِبُوْهُنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ۔ وَلَهُنَّ عَلَيْكُمْ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ۔ (4)

لوگو! اپنی بیویوں کے متعلق اللہ سے ڈرتے رہو۔ اللہ کے نام کی ذمہ داری سے تم نے ان کو بیوی بنایا اور اللہ کے کلام سے تم نے ان کا جسم اپنے لیے حلال بنایا ہے۔ تمھارا حق عورتوں پر اتنا ہے کہ وہ تمہارے بستر پر کسی غیر کو (کہ اس کا آنا تم کو ناگوار ہے) نہ آنے دیں۔ لیکن اگر وہ ایسا کریں تو ان کو ایسی مار مارو جو نمودار نہ ہو۔ عورتوں کا حق تم پر یہ ہے کہ ان کو اچھی طرح کھلاؤ، اچھی طرح پہناؤ۔

---

(1) معدن الاعمال: 1107 عن واثلۃ رواہ ابن عساکر: 6/58 (2) بخاری: 4406 (3) مسلم: 2950، ابوداود: 1906,1905، ابن ماجہ: 3074

(4) مسلم: 2950، ابوداود: 1906,1905، ابن ماجہ: 3074

⑤ وَقَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا لَنْ تَضِلُّوا بَعْدَهُ، إِنِ اعْتَصَمْتُمْ بِهِ كِتَابَ اللهِ۔ ①

لوگو! میں تم میں وہ چیز چھوڑ چلا ہوں کہ اگر اسے مضبوط پکڑ لو گے، تو کبھی گمراہ نہ ہو گے، وہ قرآن اللہ کی کتاب ہے۔

⑥ أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّهُ، لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَ لَا أُمَّةَ بَعْدَكُمْ ۔ أَلَا فَاعْبُدُوا رَبَّكُمْ وَ صَلُّوا خَمْسَكُمْ وَصُومُوا شَهْرَكُمْ وَأَدُّوا زَكَاةَ أَمْوَالِكُمْ طَيِّبَةً بِهَا أَنْفُسُكُمْ وَ تَحُجُّونَ بَيْتَ رَبِّكُمْ وَ أَطِيعُوا وُلَاةَ أَمْرِكُمْ تَدْخُلُوا جَنَّةَ رَبِّكُمْ ②

لوگو! نہ تو میرے بعد کوئی اور پیغمبر ہے اور نہ کوئی جدید امت پیدا ہونے والی ہے۔ خوب سن لو کہ اپنے پروردگار کی عبادت کرو۔ اور پنج گانہ نماز ادا کرو۔ سال بھر میں ایک مہینہ رمضان کے روزے رکھو، اپنے مالوں کی زکوٰۃ نہایت دلی خوشی کے ساتھ دیا کرو۔ خانہ خدا کا حج بجالاؤ اور اپنے اولیائے امور و حکام کی اطاعت کرو جس کی جزا یہ ہے کہ تم پروردگار کے فردوس بریں میں داخل ہو گے۔

⑦ وَأَنْتُمْ تُسْأَلُونَ عَنِّي فَمَا أَنْتُمْ قَائِلُونَ ؟ قَالُوا: "نَشْهَدُ إِنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ وَأَدَّيْتَ وَنَصَحْتَ" فَقَالَ بِإِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ يَرْفَعُهَا إِلَى السَّمَاءِ وَ يَنْكُتُهَا إِلَى النَّاسِ :اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ ، اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ، اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ۔ ③

لوگو! قیامت کے دن تم سے میری بابت بھی دریافت کیا جائے گا مجھے ذرا بتلا دو کہ تم کیا جواب دو گے؟ سب نے کہا: ہم اس کی شہادت دیتے ہیں کہ آپ نے اللہ کے احکام ہم کو پہنچا دیئے۔ آپ نے رسالت و نبوت کا حق ادا کر دیا آپ ﷺ نے ہم کو کھوٹے، کھرے کی بابت اچھی طرح بتلا دیا۔ (اس وقت) نبی ﷺ نے اپنی انگشت شہادت کو اٹھایا۔ آسمان کی طرف انگلی کو اٹھاتے تھے اور پھر لوگوں کی طرف جھکاتے تھے۔ (فرماتے تھے) اے اللہ! سن لے (تیرے بندے کیا کہہ رہے ہیں) اے اللہ گواہ رہنا (کہ یہ لوگ کیا گواہی دے رہے ہیں۔ اے اللہ! شاہد رہ (کہ یہ سب کیسا صاف اقرار کر رہے ہیں)

⑧ أَلَا لِيُبَلِّغُ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَلَعَلَّ بَعْضَ مَنْ يُبَلِّغُهُ أَنْ يَكُونَ أَوْعَى لَهُ، مِنْ بَعْضِ مَنْ سَمِعَهُ، ④

دیکھو! جو لوگ موجود ہیں، وہ ان لوگوں کو جو موجود نہیں ہیں اس کی تبلیغ کرتے رہیں۔ ممکن ہے بعض سامعین سے وہ لوگ زیادہ تر اس کلام کو یاد رکھنے اور حفاظت کرنے والے ہوں جن پر تبلیغ کی جائے۔

قارئین! اس خطبہ نبوی ﷺ کو پڑھیں، غور سے پڑھیں، ذرا تفکر و تدبر سے پڑھیں کہ آنحضرت ﷺ نے..................

① کیوں کر اپنے الوداعی خطبہ میں قرآن مجید پر عمل کرنے کی تاکید فرمائی ہے اور کیوں کر قرآن مجید پر عمل کرنے والوں کے لیے یہ حتمی

---

① مسلم :2905، ابوداؤد:1905,1906، ابن ماجہ:3074 ② معدن الاعمال، حدیث:1108-1109، کنز العمال:12922، تہذیب تاریخ دمشق ابن عساکر:419/6، مجمع الزوائد:263/8، طبرانی:136/8 ③ مسلم:1218 ④ بخاری:4406

وعدہ کیا ہے کہ وہ کبھی گمراہ نہ ہوگا۔

(2) کیوں کہ مسلمانوں کے باہمی حقوق جان ومال وعزت کو محفوظ فرمایا ہے۔

(3) کیوں کہ بیویوں کے حقوق پر نہایت مستحکم الفاظ میں توجہ دلائی ہے۔

(4) کیوں کہ اپنی ذات مبارک کے متعلق اپنے عمر بھر کے کارناموں کے متعلق ہمارے باپ دادؤں سے گویا مہریں لگوائی ہیں۔

(5) کیوں کہ ہر ایک مسلمان کو تبلیغ اور اشاعت اسلام کا ذمہ دار جوابدہ قرار دیا ہے۔

یہی ہیں وہ اصول واحکام جن پر عمل کرنا مسلمانوں کو دنیا اور دین میں سر بلند کرسکتا ہے اور جن کا ترک عمل انھیں خَسِرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃ کا مصداق بناتا ہے۔

نبی کریم ﷺ جب خطبہ سے فارغ ہوئے تو اسی جگہ اس آیت کا نزول ہوا۔ [1]

﴿ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا۔ ﴾

آج [2] میں نے تمہارے دین کو تمہارے لیے کامل کردیا اور تم پر اپنی نعمت کو پورا کردیا اور میں نے تمہارے لیے اسلام کا دین ہونا پسند فرمایا ہے۔'' [المائدہ:3]

---

[1] بخاری 4407 اب یرحوم کاشفات 14 باب جس کے ایک سے پانچ درس تک پچھلے صفحہ پر درج ہیں چھٹا درس اب درج کیا جاتا ہے۔

(6)۔ اور میں نے ایک اور فرشتہ کو انجیل ابدی لیے ہوئے دیکھا کہ آسمان کے بیچ بیچ اڑ رہا تھا۔ تاکہ زمین کے رہنے والوں اور سب قوموں اور فرقوں اور اہل زبان اور لوگوں کو خوشخبری سنائے۔

پادری ڈبلیو ہوپر صاحب ایم۔ اے • نے جنھوں نے طالبان علم الہیات وافادہ عامہ کلیسیا کے لیے تفسیر مکاشفات لکھی ہے اور کرسچن نالج سوسائٹی پنجاب 1885ء میں اسے چھپوایا ہے اس درس کے تحت میں صفحہ 140 پر لکھا ہے۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ جو فرانسیسکی کے نام سے موسوم ہے۔ اس درس سے ایک ابدی انجیل کی پیشگوئی نکالتا تھا (وہ فرقہ کہتا ہے) کہ یہ انجیل جواب ہمارے ہاتھوں میں ہے اس ابدی انجیل کے سامنے عہد عتیق کی طرح منسوخ ہوجائے گی اور اس انجیل سے بہتر ایک انجیل نکلے گی جس کا نام ابدی انجیل ہوگا۔ وہ لوگ لفظ ابدی پر زیادہ زور دیتے تھے۔ ان کا معلم یوآقیم تھا۔ ہوپر صاحب کی رائے کے اندراج کا صرف یہ مطلب ہے کہ عیسائیوں نے انجیل ابدی کے لفظ سے کسی دوسری کتاب کا نازل ہونا سمجھا ہے۔ الحمدللہ وہ قرآن مجید ہے اور چوں کہ '' آیہ اکملت ''یوم الحجہ کو نازل ہوئی تھی اس لیے یوحنا حواری نے میدان حج کے مکاشفہ کے وقت ہی اس ابدی انجیل کو دیکھا۔ آسمانوں کے بیچ بیچ فرشتہ کے اڑنے کا مطلب یہ ہے قرآن مجید کی تعلیم ان تمام ملکوں، میں جو منطقہ البروج کے سیدھے خطوط کی سمت میں واقع ہوں گے۔ یعنی دنیا کے آباد اور متمدن ملک ان میں قرآن مجید کی منادی جلد پہنچ جائیں گے اور جو ممالک قطبین کے قریب ہیں۔ ان میں منادی دیر میں پہنچے گی۔ [2] لفظ آج نبی ﷺ کے زمانہ نبوت کی جانب ہی اشارہ نہیں کر رہا ہے بلکہ اس کا اشارہ ہزاروں سال پیشتر کے زمانہ کی جانب ہے۔ اس آج کا مطلب سمجھنے کے لیے عہد عتیق وعہد جدید کی کتابوں کو ملاحظہ فرمایئے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پانچویں کتاب استثناء ہے۔ اس کا آخری باب 33 واں ہے۔ وہ اس طرح شروع ہوتا ہے: ''یہ وہ برکت ہے جو موسیٰ علیہ السلام مرد خدا نے اپنے مرنے سے آگے بنی اسرائیل کو بخشی اور اس نے کہا کہ خداوند سینا سے آیا اور شعیر سے ان پر طلوع ہوا۔ فاران ہی کے پہاڑ سے وہ جلوہ گر ہوا۔ دس ہزار (10000) قدوسیوں کے ساتھ آیا اور اس کے داہنے ہاتھ ایک آتشی شریعت ان کے لیے تھی۔ عیسائی علماء کا بھی اتفاق ہے کہ یہ آئندہ کے لیے پیش گوئی ہے اور مسلمان بھی یہی تسلیم کرتے ہیں اور نتیجہ یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام اپنے بعد کے آنے والوں کو منتظر وشائق بنا کر دنیا سے سدھار جاتے ہیں۔'' عہد عتیق کی آخری کتاب ملاکی نبی کی کتاب ہے، جو حضرت موسیٰ سے 1054 سال بعد ہوئی۔ اس کتاب کے آخری باب کا شروع اس طرح ہوتا ہے۔ دیکھو، میں اپنے رسول کو بھیجوں گا اور وہ میری راہ کو درست کرے گا اور خداوند جس کی تلاش میں تم ہو۔ ہاں عہد کا رسول جس سے تم خوش ہو۔ وہ اپنی ہیکل میں ناگہاں آوے گا۔ دیکھو وہ یقیناً آوے گا۔ رب الافواج فرماتا ہے۔ الخ ملاکی باب 3۔ اس سے معلوم ہوا کہ عہد عتیق کی آخری کتاب بھی ہم کو منتظر بنا کر ختم ہوجاتی ہے۔ اب عہد نامہ جدید شروع ہوتا ہے جسے انجیل بھی کہتے ہیں انجیل کو دیکھو حضرت مسیح نے اپنے سب سے آخری وعظ جس کے بعد اپنی امت کو انھوں نے کوئی وعظ نہیں سنایا۔ یہ الفاظ بیان کیے تھے۔ 12۔ میری اور بہت سی باتیں ہیں کہ میں کہوں پر اب تم ان کی برداشت نہیں کرسکتے۔ ــــــ

• جان ہوپر (John Hooper) پندرھویں صدی عیسوی کا انگریز مذہبی مصلح تھا۔ جسے 1555ء میں بطور سزا زندہ جلا دیا گیا

یوم النحر کو نبی ﷺ نے 63 شتر اپنے ہاتھ سے اور 37 شتر حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کی طرف سے ذبح

13۔ لیکن جب وہ یعنی روح حق آئے تو وہ تمھیں ساری سچائی کی راہ بتائے گا۔ اس لیے کہ وہ اپنی نہ کہے گا، لیکن جو کچھ وہ سنے گا سو کہے گا اور تمھیں آئندہ کی خبریں دے گا۔

14۔ وہ میری بزرگی کرے گا۔ دیکھو انجیل یوحنا 16 باب۔

ان حوالہ جات سے بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ توراۃ وانجیل ہم کو کل دنیا کی انتظار میں چھوڑ کر علیحدہ ہو جاتی ہیں اور صرف قرآن مجید ہی وہ کتاب ہے جو اس انتظار کا خاتمہ کر دیتا اور آخری شاہی فرمان ﴿الیوم اکملت لکم۔۔﴾ کا اعلان فرماتا ہے۔ آج کا لفظ ہزاروں سال کے منتظرین کو بشارت سناتا اور تکمیل کی خوشخبری سے مسرور بناتا ہے۔

''عالمان طبقات الارض اور فاضلان سائنس'' جب آفرینش عالم کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا کرتے ہیں تو کہا کرتے ہیں کہ موجودہ عالم، موجودہ حالت پر ہزاروں تغیرات کے بعد اور ہزاروں سال کے بعد پہنچا ہے گویا عالم کی جو موجودہ حالت ایسی مکمل ہوتی ہے کہ اس سے برتر و بہتر کا کوئی نقشہ بھی ہمارے وہم و خیال، تصور و گمان میں نہیں آ سکتا۔ یہ ہزاروں سال کی ترتیب وتہذیب کا نتیجہ ہے۔

پس اس طرح ہم نہایت وثوق کے ساتھ یہ کہتے ہیں کہ قرآن مجید کا لفظ الیوم (آج) بھی یہی بتلا رہا ہے کہ انسانی نسل کے لیے پسندیدہ ترین مذہب کی یہ مکمل صورت بھی سینکڑوں مختلف المقام اور مختلف الاقوام شریعتوں اور مختلف الاحوال حکموں کے بعد ہزاروں سال گذر جانے پر جلوہ آرا ہوئی ہے اور اب اس کا حق ہے کہ وہ سب جگہ اور ہر ایک قوم ہر ایک نسل ہر ایک ملک میں ہر ایک شخص کو ابدی بشارت پہنچائے۔ ارحم الراحمین کے رحم و رحمانیت اور غفور الودود کی غفران ومحبت کی خوشخبری ہر ایک شکستہ دل گناہگار اور عاصی تباہ کار کو سنائے۔ سب کے لیے سلامتی اور برکت کے دروازے کھول دے، سب کے لیے ابدی سرور اور رضوان ربانی کا نزول مہیا کرے اور ان اسباب کے فراہم ہو جانے پر اعلان کر دے کہ آج مذہب کی تکمیل ہو گئی۔ آج نعمت الٰہی کے بھرپور خزانے فرزندان آدم کے حوالے کر دیے گئے۔ ناظرین! میں حضرت مسیح کی مندرجہ بالا پیش گوئی کے متعلق بھی اس جگہ کچھ اور عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اس پیش گوئی کی بابت میں نے کئی فاضل پادری صاحبان سے گفتگو کی۔ ان میں سے جو صاحب اس پیش گوئی کو ہمارے نبی ﷺ کی بابت تسلیم نہیں کرتے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس پیش گوئی کا ظہور مسیح کے بارہ حواریوں پر پنتی کست کے دن جس کا ذکر اعمال کے دوسرے دن میں ہے اس روز روح القدس پر اتری تھی۔ وہ مختلف بولیاں بولنے لگ گئے تھے۔ ہر ایک کے سر پر آگ کے زبانے (شعلے) چمکتے ہوئے نظر آئے تھے۔

میں نے جواب دیا کہ پنتی کست کے دن جو کچھ ہوا اسے سینٹ پطرس ہم تم سے پہلے بیان کر چکا ہے۔ ٹھیک اسی وقت جب روح القدس سب حواریوں پر اور پطرس پر موجود تھی۔ اعمال کے 2 باب کی 14، 15، 16 درس پڑھو۔ 14 تب پطرس نے ان گیارہوں کے ساتھ کھڑے ہو کے اپنی آواز بلند کی اور ان سے کہا: اے یہودی مردو اور یروشلم کے سب رہنے والو یہ جانو اور کان سے میری باتیں سنو۔ 15۔ کہ یہ جیسا کہ تم سمجھتے ہو نشے میں نہیں۔ کیوں کہ ابھی پہر دن آیا ہے۔

16۔ بلکہ یہ وہ ہے جو یوایل نبی کی معرفت فرمایا گیا۔ میں جب سینٹ پطرس روح القدس کی مدد سے بتلا چکا کہ پنتی کست کا تعلق یوایل (یونہ۔ یونس نبی) کی پیش گوئی سے ہے اور مسیح علیہ السلام کی پیش گوئی سے نہیں تو اب کسی پادری کا حق نہیں رہا کہ اسے مسیح کی پیش گوئی سے متعلق و کمل بنائے تو زبردست بیرونی شہادت تھی۔ اب اندرونی شہادت بھی جو خود مسیح علیہ السلام کے الفاظ سے ملتی ہے پیش کی جاتی ہے۔

﴿2﴾ انجیل یوحنا 16 باب کے درس کا مطلب یہ ہے کہ جو باتیں مسیح علیہ السلام نے نہیں بتلائی تھیں آنے والا روح حق وہ باتیں بتلائے گا۔ مگر پنتی کست کے دن حواریوں پر کوئی نئی تعلیم ظاہر نہیں ہوئی۔ ﴿3﴾ درس 13 میں ہے کہ روح حق آئندہ کی خبریں دے گا مگر پنتی کست کے دن نہ روح القدس اور نہ حواری نے کوئی پیش گوئی کی۔

﴿4﴾ درس 14 میں ہے کہ وہ روح حق مسیح علیہ السلام کی بزرگی کرے گا۔ پنتی کست کے دن روح نے مسیح علیہ السلام کی بابت ایک حرف بھی نہیں کہا۔ صاف یہ ہے کہ مسیح علیہ السلام کی پیش گوئی ہمارے نبی ﷺ کے متعلق واضح اور روشن ہے۔ اور اس کی تھوڑی سی وضاحت یہ ہے:

اول: مسیح علیہ السلام نے 12 درس میں فرمایا ہے۔ میری اور باتیں ہیں کہ میں کہوں۔ پر اب تم ان کی برداشت نہیں کر سکتے۔ ایسی باتیں جو مسیح علیہ السلام نے بیان نہیں کیں۔ اور نبی ﷺ نے بیان فرمائی ہیں بے شمار ہیں۔ یہ باتیں زیادہ تر احسانیات کے متعلق ہیں۔ مثلاً تفکر فی الذات، تفکر فی صفات اللہ، تفکر فی افعال اللہ، تفکر فی ایام اللہ، تفکر فی الموت وما بعدہ۔ توحید فی العبادۃ، توحید فی الاستعانت، تنزیہ الحق۔ تقدیس رب۔ صدیقیت۔ محدثیت۔ شہادت۔ فنا عن النفس۔ بقا بالحق وغیرہ ان کے بعد احوال قبر، احوال حشر، ابواب نجاۃ ہیں۔ ان کے بعد ابواب مصالح اور ابواب ارتفاقات ہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔ انجیل میں انکی بابت یا تو بیان ہی نہیں ہوا۔ یا کسی قدر بیان ہے۔ تو تمثیل اور تشبیہ کے نقاب میں روپوش۔

دوم: مسیح علیہ السلام نے 3 درس میں فرمایا ہے۔ وہ تمھیں ساری سچائی کی راہ بتائے گا۔ اسی کے موافق قرآن مجید میں ہے۔ وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ محمد ﷺ وہ ہے جو ساری سچائی لے کر آیا ہے۔ قرآن مجید میں ہے۔ یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ [البقرۃ: 129] (محمد ﷺ دنیا کو شریعت اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے) یہ ظاہر ہے کہ جو معلم شریعت وحکمت دین اور دانش کی مکمل تعلیم دیتا ہو۔ ساری صداقت اور کامل سچائی اسی کے پاس ہوگی۔

کیے۔ یہ قربانی منیٰ پر کی گئی تھی جو ابراہیم علیہ السلام کے وقت سے قربان گاہ چلی آتی ہے۔ قربانی سے فارغ ہو کر نبی ﷺ بیت اللہ میں آئے

مسیح علیہ السلام نے اس درس میں فرمایا ہے: وہ اپنی نہ کہے گا، لیکن جو کچھ وہ سنے گا سو کہے گا۔ اللہ پاک نے قرآن مجید میں بھی نبی ﷺ کی توصیف انہی الفاظ سے فرمائی ہے: وَ مَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى O عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى [النجم :3-4] محمد ﷺ اپنی خواہش سے کچھ نہیں بولتا جو کچھ وہ سناتا ہے یہ تو وحی ہے جو اس کے پاس بھیجی گئی اور کامل طاقتوں والے نے اسے سکھلائی۔

سوم: مسیح علیہ السلام نے 14 درس میں کہا ہے وہ میری بزرگی کرے گا۔ چنانچہ تمام قرآن مجید اور احادیث پاک کی سب کتابیں ان الفاظ سے مملو ہیں۔ جو نبی ﷺ کی زبان مبارک سے مسیح کی بزرگی کی بابت نکلے۔ بہت سے یہودی نبی ﷺ کی خدمت میں آتے تھے جو کہتے تھے کہ ہم لوگ آپ پر ایمان لانے کو تیار ہیں مگر ہم مسیح کو سچا نہیں مان سکتے۔ آنحضرت ﷺ صاف فرما دیتے تھے کہ جو کوئی مسیح پر ایمان نہیں لاتا وہ مجھ پر بھی ایمان نہیں لاتا۔ اس تعلیم کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج ہر ایک مسلمان مسیح کی بزرگی اور عظمت کا دل سے قائل ہے۔ ان پر ایمان رکھتا ہے۔ ان کو پانچ اولوالعزم رسولوں سے ایک جانتا ہے۔ اس طرح پر 60 کروڑ (اب یہ تعداد سوا ارب نفوس ہے) مسلمان دنیا مسیح کی شہادت ہر وقت ادا کر رہے ہیں۔ حالانکہ اسلام سے پہلے عیسائیوں کے پاس ایک بھی بیرونی گواہ موجود نہ تھا۔ اور اب بھی مسلمانوں کے سوا کوئی ان کی شہادت نہیں دیتا ہے جس سے مریم صدیقہ کی پاکیزگی، مسیح کی ولادت فوق از عادت اور مسیح کے معجزات کی تائید ہوتی ہو۔ عیسائی صاحبان غور کریں کہ یہ میری بزرگی کرے گا۔'' کا ظہور اس سے بڑھ کر اور کیا متصور ہو سکتا ہے۔

ہاں 13 درس کا ایک فقرہ رہ گیا۔ مسیح نے بتلایا کہ وہ تمھیں آئندہ کی خبریں دے گا۔

جن عیسائی عالموں نے قرآن و احادیث کا مطالعہ نہیں کیا وہ کہا کرتے ہیں کہ ہمارے نبی محمد ﷺ نے کوئی پیش گوئی نہیں کی۔ جب میں یہ بات ان سے کسی کے منہ سے سنتا ہوں تو اول مجھے افسوس ہوتا ہے کہ اس کی معلومات ہماری کتابوں کی بابت کس قدر کم ہیں۔ دوم تعجب ہوتا ہے کہ جب انھیں خبر نہیں تو پھر ایسا دعویٰ کرنے کی جرأت وہ کیوں کرتے۔ اگر میں آنحضرت ﷺ کی پیش گوئیوں پر اس جگہ مفصل لکھنے لگوں تو بجائے خود ایک کتاب بن جائے۔ اس لیے میں ان شاء اللہ اس کی بابت کبھی میں علیحدہ لکھوں گا۔ اس جگہ مختصر طور پر ذکر کرنا اس لیے ضروری ہے کہ درس 13 کی تشریح اور حضرت مسیح علیہ السلام کے قول کی تصدیق ہو جائے۔

- پہلی پیشگوئی: اہل مکہ نبی ﷺ کے اور مسلمانوں کے سخت دشمن تھے۔ انھوں نے اسلام اور مسلمانوں کے ملیامیٹ کرنے میں ہر ایک ممکن کوشش پورے زور سے کی تھی۔ ان کی عداوت ایسی سخت اور مسلسل تھی کہ کوئی وجہ ایسا قیاس کرنے کی نہ پائی جاتی تھی کہ یہی لوگ ایک دن اسلام کے خادم مسلمانوں کے بھائی، نبی ﷺ کے فدائی ہو جائیں گے۔ لیکن قرآن مجید نے پہلے سے پیش گوئی کر دی تھی۔ ﴿ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴾ وہ اسلام کی صداقت کو کچھ عرصہ کے بعد جان لیں گے۔ اس پیش گوئی کا ظہور آنحضرت ﷺ کی مبارک زندگی میں ہی ہو گیا اور سب اہل مکہ مسلمان ہو گئے تھے۔ جن میں خالد بن ولید رضی اللہ عنہ جیسے بھی تھے جو جنگ احد میں مسلمانوں کو شکست دینے میں کامیاب ہوا تھا اور عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ جیسے بھی جو مسلمانوں کو قید کرانے کے لیے شاہ حبش کے پاس گیا تھا اور عثمان بن ابو طلحہ رضی اللہ عنہ جیسے بھی جو نبی ﷺ کو عبادت کے لیے کعبہ کے اندر گھسنے نہ دیتا تھا۔ وغیرہ وغیرہ۔
- دوسری پیشگوئی: عرب کے تمام قبائل اور جملہ اہل مذاہب نے اسلام کو جھٹلانے پر اتفاق کر لیا تھا۔ بت پرست، مجوس، صابی، عیسائی، یہودی، ملحد، اگرچہ آپس میں سخت اختلاف رکھتے تھے تاہم وہ سب نبی ﷺ کو جھٹلانے، اسلام کو پامال کرنے پر متفق تھے۔ کوئی علامت ایسی نہ تھی کہ ایسے مختلف دعاوی مختلف خواہشات والے کیوں کر اسلام کی صداقت ماننے والے بن جائیں گے۔ مگر قرآن مجید نے یہ پیش گوئی کر دی تھی ﴿ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ﴾ ''ہم نے ان کو جلد ہی اپنے نشانات ان کے گرد و پیش اور خود ان کے اپنے اندر بھی ایسے دکھلائیں گے کہ ان پر یہ بات بخوبی روشن ہو جائے گی کہ اسلام سچا ہے۔'' یہ پیش گوئی اپنی پوری طاقت سے ظہور میں آئی اور نبی ﷺ کی مبارک زندگی میں عرب کے ہر ایک مذہب ہر ایک قبیلہ نے اسلام کی سچائی کو سمجھا، دیکھا، جانا، اور اس پر ایمان لایا۔
- تیسری پیشگوئی: ایرانی سلطنت رومی سلطنت کے ساتھ جنگ کر رہی تھی۔ رومیوں کو شکست ہوئی۔ ایرانی آتش پرست تھے، رومی اہل کتاب عیسائی تھے۔ ایرانیوں سے بت پرستان مکہ کو اور رومیوں سے مسلمانوں کو طبعاً و فطرتاً ہمدردی تھی۔ جب عیسائی سلطنت کو شکست ہوئی تو مکہ کے بت پرست خوب اچھلے کودے اور اپنے لیے بھی فال لینے لگے کہ ہم بھی مسلمانوں پر اسی طرح غالب ہو جائیں گے۔ مسلمان نہایت دل شکستہ ہوئے۔ قرآن مجید نے پیش گوئی کی: ﴿ غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ﴾ [الروم:1-2] عیسائی اپنے ملک کی سرحد پر مغلوب ہو گئے ہیں مگر وہ چند سالوں کے اندر اپنے دشمنوں پر غالب آ جائیں گے۔ جہاں تک انسانی عقل و تجربہ کا دخل تھا، جہاں تک موجودہ قرائن سے نتیجہ نکالا جا سکتا تھا۔ پیش گوئی کا کسی کو یقین نہ آتا تھا۔ کیوں کہ عیسائیوں کو ایسی شکست ملی تھی کہ چند سال تک وہ پنپ بھی نہ سکتے تھے۔ ابی بن خلف نے نہایت شوخی سے قرآن کو جھٹلانے کے لیے اشتہار دیا۔ کہ اگر پیش گوئی سچی نکلی تو میں 300 شتر ہار جاؤں گا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اظہار صداقت دین کے لیے اس سے شرط لگائی۔ نزول آیت سے آٹھویں سال ٹھیک وہی ہوا جو قرآن مجید نے بتلایا تھا۔

اور طواف کا اضافہ کیا۔ قربانی اور طواف میں سب نے آنحضرت ﷺ کی اقتداء کی۔ ہزاروں اونٹ، مینڈھے، بڑے بھیڑیں قربانی

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے شرط جیت لی۔ یہ وہ پیش گوئی ہے جس کی تائید قسطنطنیہ اور ایران کی تاریخوں سے بھی ہوتی ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ زبان عرب میں لفظ بِضْعَ اکائیوں پر بولا جاتا ہے۔ ایک سے 9 تک شمار اس میں شامل ہوتا ہے۔

☐ چوتھی پیشگوئی: نبوت کا ابتدائی عہد تھا۔ وحی کا آغاز ہو کر وقفہ پڑ گیا تھا۔ کافروں نے نبی ﷺ کو چڑانے کھجانے کے لیے کہنا شروع کر دیا کہ محمد ﷺ کا رب روٹھ گیا۔ محمد ﷺ کو اس نے چھوڑ دیا۔ اس واقعہ پر اللہ کا جو کلام نبی ﷺ کی تسکین کے لیے اترا، اس میں ایک پیش گوئی بھی کی گئی ہے اور فرمایا گیا ﴿وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی﴾[الضحیٰ 4] آپ کا پچھلا زمانہ پہلے زمانہ سے بہتر واعلیٰ ہوگا۔ وحی کے متعلق اس پیش گوئی کا ظہور دیکھو۔ وہ مدنی سورتیں ہیں جن میں البقرہ، آل عمران، مائدہ، انعام بھی ہیں جو بلحاظ احکام واسرار وافضال وتفصیل ان سورتوں پر فوقیت رکھتی ہیں جو مکی ہیں۔ جن میں صرف عقائد یا اجمالی احکام ہیں۔ آیت کا مقتضیٰ ہے کہ آنحضرت ﷺ دم بدم ترقی کرتے رہیں گے اور آپ کی کامیابی کا ظہور مسلسل ہوتا رہے گا۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ کی تمام زندگی اس پیش گوئی کی مصداق اور مصدق ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ کوئی شخص بھی اپنی زندگی کی بابت ایسی صریح پیش گوئی دشمنوں کے سامنے عین معارضہ ومقابلہ کے وقت نہیں کر سکتا۔ جب تک کہ وہ مؤید من اللہ نہ ہو۔ چوں کہ لفظ آخرت اس آئندہ زندگی کی نسبت بھی بولا جاتا ہے جس کا آغاز یوم الحساب سے ہوگا۔ اس لیے مسلمانوں کا ایمان اس پیش گوئی کی نسبت اسی آیت کے تمسک سے یہ بھی ہے کہ نبی ﷺ کی فضیلت وشرف کا پورا ظہور اس عالم میں جملہ اہل عالم پر ہوگا۔ اور چوں کہ دنیاوی زندگی میں اس پیش گوئی کی صداقت کا ظہور لحظہ بلحظہ ہوتا رہا ہے۔ اس لیے مسلمانوں کا مندرجہ بالا اعتقاد ایک صحیح ومضبوط بنیاد پر ہے۔

☐ پانچویں پیشگوئی: آنحضرت ﷺ کے فرزند کا انتقال ہو گیا تھا۔ دشمن خوشیاں منانے لگے کہ اب محمد ﷺ کا نام لیوا بھی نہ رہا۔ قرآن مجید نے اس بارہ میں پیش گوئی فرمائی: ﴿اِنَّاۤ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ﴾ نیز فرمایا ﴿اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الْاَبْتَرُ﴾[الکوثر: 1] کوثر لفظ کثرت سے مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس میں وہ جملہ عطیات و انعامات ظاہری وباطنی بھی شامل ہیں جو نبی ﷺ کو ملیں گے۔ (جن میں ایک حوض کوثر بھی ہے) نیز امت محمدیہ کی وہ عظیم الشان تعداد بھی اسی لفظ کے اندر شامل ہے جو دن میں بیسیوں بار نبی ﷺ کے نام پر برکت بھیجتی۔ آپ کی صداقت کی شہادت دیتی۔ حضور ﷺ کے نام نامی واسم گرامی کی دنیا میں اشاعت کرتی ہے۔ اور دنیا کا کوئی عظیم براعظم کوئی ملک، کوئی صوبہ مسلمانوں سے خالی نہیں۔ اس کے بالمقابل ان اللہ کے دشمنوں کا نام ایسا ملیامیٹ ہوا کہ کوئی بھی نہیں جانتا۔ یہ پیش گوئی آج بھی پوری صداقت کے ساتھ دنیا کے سامنے اپنا نور پھیلا رہی ہے۔

☐ چھٹی پیشگوئی: مسلمان مکہ سے باہر نکالے جاتے تھے۔ وہ بے خانماں و بے ساز وسامان تھے۔ تمام ملک دشمن تھا اور بظاہر معلوم ہوتا تھا کہ اب یہ لوگ جلد دنیا سے فنا ہو جائیں گے۔ اس وقت قرآن مجید نے بطور پیش گوئی اعلان کیا۔ ﴿وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِی الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ﴾[النور: 55] اللہ تم میں سے ایمان والوں، نیک عمل والوں سے وعدہ کرتا ہے کہ انھیں الارض کا خلیفہ بنائے گا۔ جیسا کہ اللہ نے تم سے پہلے لوگوں کو وہاں کا خلیفہ بنایا۔ مسلمانوں سے پہلے جو قوم اللہ کی برگزیدہ قوم کہلاتی تھی وہ بنی اسرائیل ہیں۔ الارض وہ وعدہ کی زمین ہے جس کی بابت ابراہیم واسحٰق ویعقوب وموسیٰ وداود علیہم السلام کے ساتھ اللہ نے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ ابد تک فرزندان ابراہیم کو دی گئی ہے۔ (کتاب پیدائش 24 باب 7 درس) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد اس وعدہ کا ظہور بنی اسرائیل کے ساتھ ہوتا رہا۔ ہزاروں سال تک وہی اس زمین کے مالک وحاکم رہے۔ قرآن مجید نے اس آیت میں بتلایا کہ اب وہ وعدہ ابراہیم علیہ السلام کی دوسری شاخ یعنی مسلمانوں کے ساتھ پورا کیا جائے گا۔ اس پیش گوئی نے ہزاروں سال کی ہسٹری کو بدل دیا اور شام کا ملک ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی خلافت میں (جن کی خلافت کا اس آیت میں ذکر و وعدہ ہوا ہے) مسلمانوں کو مل گیا۔ آج تیرہ سو برس کی تاریخ اس پیش گوئی کی صداقت کو تسلیم کر رہی ہے اور ہر ایک انکار کرنے والے کے لیے ایک بین و روشن علامت موجود ہے کہ شام کا ملک کس کے پاس ہے اور خدائے زمین وزمان اپنا ابدی وحتمی وعدہ اب کس قوم کے ساتھ پورا کر رہا ہے۔

☐ ساتویں پیش گوئی: مخالفین مسلمانوں پر حملہ آور ہوئے۔ مسلمانوں سے جن قبائل کے معاہدے تھے وہ مخالفین کی تعداد وطاقت۔ کثرت وشوکت دیکھ کر مسلمانوں کی مدد کرنے سے ہٹ بیٹھے تھے۔ رب کریم نے نصرت غیبی سے مسلمانوں کو دشمنوں کے حملے سے بچایا۔ تب معاہد قومیں نبی ﷺ کی خدمت میں آئیں اور تقصیر خدمات کی معافی کی درخواست پیش کی۔ ان کے لیے قرآن مجید میں یہ حکم نازل ہوا۔ ﴿سَتُدْعَوْنَ اِلٰی قَوْمٍ اُولِیْ بَاْسٍ شَدِیْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ یُسْلِمُوْنَ﴾[الفتح 16] اچھا تمھیں آئندہ ایک اور زیادہ طاقت ور قوم کے مقابلہ کے وقت بلایا جائے گا اس سے جنگ ہوگی یا وہ مسلمان ہو جائیں گے (اگر تم اس وقت مدد دو گے تو یہ قصور معاف ہو جائے گا) نبی ﷺ کی مبارک زندگی کے بعد سلطنت ایران، جنوبی عرب اور سلطنت قسطنطنیہ شمالی عرب پر اپنی سابقہ حکومت کو بحال کرنے کی تدابیر اختیار کرنے لگی تھیں۔ خلیفہ رسول ﷺ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنی قیام وحفاظت کے لیے ان طاقتوں کو کمزور کر دینا ضروری سمجھا۔ اس لیے پہلے سلطنت قسطنطنیہ کے ساتھ عراق وشام میں اور پھر سلطنت ایران کے ساتھ فارس وخراسان میں نبرد آزمائی وجنگ جوئی کی نوبت آئی۔ ان لڑائیوں میں عرب کی وہ سب قومیں جو پہلے مخلفین کا نام پا چکی تھیں اور جن کی تقصیر خدمت کی معافی کو قرآن نے آئندہ امداد پر موقوف رکھا تھا، شامل ہوئی تھیں۔ اس آیت کے ساتھ اب یہ آیت بھی پڑھ لینی چاہیے

کی گئیں۔ [1]

﴿ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ﴾ [الفتح 20-21] ''اللہ نے تم مسلمانوں کے ساتھ بڑی بڑی غنیمتوں کا وعدہ کیا ہے۔ان میں سے یہ تو پہلی غنیمت ہے جو جلدی سے مل گئی ہے۔ پھر فرمایا اس کے سوا اور غنیمتیں ہیں جن کے حاصل کرنے کی تم میں قدرت نہیں مگر اللہ نے ان پر احاطہ کر لیا ہے، ممالک بالا میں مسلمانوں کو فتوحات عظیمہ حاصل ہوئیں۔ قرآن کی پیش گوئی بجمیع وجوہ پوری ہوئی۔ ① مفسرین خدمت کوفی الواقع آزمائش کا دوسرا موقع ملا۔ ② مسلمانوں کو جن سلطنتوں سے پالا پڑا فی الحقیقت وہ بڑی مہیب و زبردست تھیں۔ ③ اس مقابلہ کا انجام وہی نکلا جو قرآن مجید نے بتلایا تھا جو سامنے لڑے وہ تباہ ہوئے اور مسلمانوں کو فتوحات عظیمہ و مغانم کثیرہ ملے جو محبت سے ملے۔ وہ تحقیق سے مسلمان ہو گئے۔ اس پیش گوئی کی صداقت کو عرب، شام، ایران، خراسان کی تاریخیں پیش کر رہی ہیں۔ اگر کوئی چاہے تو ممالک مصر، افریقہ، نوبہ، اندلس کو بھی اسی ذیل میں شامل کر لے۔ اب بطور نمونہ کتب احادیث کی پیش گوئیوں میں سے بھی ایک پیش گوئی کا اندراج کرتا ہوں۔ قارئین کو یہ یاد رہے کہ ہمارے عیسائی بھائی احادیث کے حوالے منظور نہیں کیا کرتے۔ وہ کہا کرتے ہیں کہ یہ کتابیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے بعد مرتب ہوئی ہیں۔ کاش وہ مسلمانوں ہی کے طرز عمل سے سبق سیکھیں کہ ہم کیوں کر اناجیل اربعہ کے حوالہ جات کو سنتے، مانتے، اور خود استعمال کرتے ہیں۔ صرف اس لیے کہ عیسائی ان کو معتبر سمجھتے ہیں۔ ورنہ عیسائی کتابوں میں بالاتفاق تسلیم کیا گیا ہے کہ یہ سب کتابیں مسیح علیہ السلام سے بہت عرصہ بعد مکمل کی گئی ہیں اور عیسائی علماء کے نزدیک ان کے مصنفین اور زمانہ تصنیف اور بعض عبارتوں کے متعلق بہت کچھ اختلاف و شک نیز ناقابل رفع تناقض موجود ہے۔

خیر میں اب حدیث درج کرتا ہوں: عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ الْقُرَشِيِّ اَنَّهٗ، قَالَ عِنْدَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ تَقُوْمُ السَّاعَةُ وَالرُّوْمُ اَكْثَرُ النَّاسِ فَقَالَ لَهٗ، عَمْرٌو اَبْصِرْ مَا تَقُوْلُ قَالَ اَقُوْلُ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَئِنْ قُلْتَ ذٰلِكَ ۔ اِنَّ فِيْهِمْ لَخِصَالًا اَرْبَعًا۔ اِنَّهُمْ لَاَحْلَمُ النَّاسِ عِنْدَ فِتْنَةٍ وَاَسْرَعُهُمْ اِفَاقَةً، بَعْدَ مُصِيْبَةٍ وَاَوْشَكُهُمْ كَرَّةً بَعْدَ فَرَّةٍ وَّ خَيْرُهُمْ لِمِسْكِيْنٍ وَيَتِيْمٍ وَضَعِيْفٍ وَخَامِسَةٌ حَسَنَةٌ جَمِيْلَةٌ وَاَمْنَعُهُمْ مِنْ ظُلْمِ الْمُلُوْكِ (بخاری 2898) مستورد قرشی نے عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ المتوفی 43ھ کے روبرو کہا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا وہ فرماتے تھے۔ قیامت اس وقت قائم ہوگی جب یورپین سب لوگوں سے زیادہ ہوں گے۔ عمرو رضی اللہ عنہ نے کہا: دیکھو تو کیا کہتا ہے۔ مستورد نے کہا: میں تو وہی کہتا ہوں جو رسول اللہ سے سنا ہے عمرو نے کہا اب تو ٹھیک ہے۔ بے شک ان میں چار خصلتیں ہیں۔ ① وہ مصیبت کے وقت نہایت بردبار ہیں۔ ② مصیبت کے بعد بہت جلد ہوشیار ہو جاتے ہیں۔ ③ بھاگنے کے بعد سب سے پہلے پھر حملہ کرتے ہیں۔ ④ مسکین و یتیم و ضعیف کے لیے سب لوگوں سے بہتر ہیں۔ ایک پانچویں صفت اور ہے۔ جو نہایت عمدہ ہے وہ بادشاہوں کے ظلم کو سب لوگوں سے بڑھ کر روکتے ہیں۔ واضح ہو کہ یہ حدیث مسلم کی ہے۔ امام مسلم کا رجب 261ھ میں انتقال ہوا۔ اس لیے ہر ایک مخالف کو اس قدر تو ضرور تسلیم کرنا پڑے گا کہ یہ پیش گوئی مسلمانوں میں تیسری صدی کے اندر پھیل چکی تھی۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ کل دنیا پر اسلامی پرچم لہرا رہا تھا۔ علم و حکمت، زور و طاقت، تمدن و سیاست مسلمان سب سے فائق تر تھے۔ اس وقت یہ کہنا کہ یہ تمام برتری و بزرگی خاک میں مل جائے گی اور دنیا میں یورپین عیسائی قوموں کی حکومت ہو جائے گا۔ بالکل عقل و فکر سے باہر تھا اور مسلمانوں کے لیے فال بد بھی تھا۔ مگر امام مسلم رحمہ اللہ نے اسے اپنی کتاب میں درج کر دیا۔ کیوں کہ ان کو صحیح طور پر معلوم ہو گیا کہ ضرور یہ ارشاد نبی پاک کا ہے یا لآخر اب صدیوں کے بعد اس کا ظہور ہو رہا ہے۔ آج کوئی بتلائے کہ کونسا ملک ہے جو عیسائی سلطنتوں کی حکومتی ڈپلومیسی کے اثر سے باہر ہے۔ اس لیے پیش گوئی کے صحیح ہونے میں کوئی کلام نہیں اور جب یہ پیش گوئی صحیح ہے تو مسیح نے 13 درس 16 باب یوحنا میں ہمارے نبی کی جو علامت بتلائی تھی وہ بھی بالکل پوری ہو گئی ہے اس قدر لکھنے کا مطلب یہ ہے کہ عیسائی بھائی حضرت مسیح علیہ السلام کے ارشاد پر عمل کریں اور محمد رسول اللہ اتباع اختیار کریں۔ جن کی خبر نہایت روشن علامات کے ساتھ انجیل میں دی گئی۔

[1] پڑھو یسعیاہ 60 باب 7 قیدار کی ساری بھیڑیں تیرے پاس جمع ہوں گی۔ نبیط کے مینڈھے تیری خدمت میں حاضر ہوں گے۔ وہ میری منظوری کے واسطے میری مذبح پر چڑھائے جائیں گے اور میں اپنے شوکت کے گھر کو بزرگی دوں گا۔ قارئین نبیط (نبیت) و قیدار حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بیٹوں کا نام ہے۔ (دیکھو کتاب پیدائش 25 باب 13 درس) قبائل قریش قیدار کی اولاد ہیں اور دیگر قبائل نبیت (نبیط نبایوت۔ نبایوث یہ سب ایک ہی نام کے ہجے ہیں) کی اولاد ہیں۔ اس فقرہ میں اللہ پاک نے بتلایا کہ عرب کے تمام قبائل اس وقت قربانی کریں گے۔ اس درس میں قربان گاہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنا مذبح بتلایا ہے اس سے معلوم ہوا کہ یہ وہ قربان گاہ جہاں کی قربانی کو اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے اور اسی جگہ کو قدیم سے قربان گاہ مقبول الٰہی ہونے کا شرف حاصل ہے۔ اس کے بعد فقرہ یہ ہے کہ میں اپنے شوکت کے گھر کو بزرگی دوں گا۔ واضح ہو کہ ''شوکت کا گھر'' ترجمہ ہے ''بیت الحرام'' کا۔ اور اللہ پاک نے بھی کعبہ کا یہی نام قرآن مجید میں بتلایا ہے۔ ﴿ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ ﴾ [المائدہ:5:97] ترجمہ: اللہ نے کعبہ کو شوکت کا گھر بنایا ہے۔ تاکہ مخلوق آ کر وہاں قیام کرے۔ قبائل عرب کے نام، منیٰ کا پتا۔ منیٰ اور بیت اللہ کا ساتھ ساتھ ذکر۔ یہ ایسی باتیں ہیں جو پیش گوئی کو نبی کے حج کے ساتھ خاص کرتی ہیں۔

حج سے نبی ﷺ کا مقصود شعائر اللہ کی تعظیم، حضرت ابراہیم علیہ السلام و حضرت اسماعیل علیہ السلام کے سنن ہدی کا احیاء۔ کفار کے مشرکانہ رسوم کا ابطال۔ توحید خالص کا اعلان، تعلیم اسلام کی اشاعت عامہ تھا۔ چونکہ آنحضرت ﷺ نے امت کو اس حج میں آخری تبلیغ فرمائی تھی۔ اس لیے اس حج کا نام حجۃ البلاغ بھی ہے اور چونکہ اس حج میں آنحضرت ﷺ نے امت سے کلمات تودیع فرمائے تھے اس لیے اس کا نام ''حجۃ الوداع'' بھی ہے۔

الغرض نبی ﷺ اس عظیم الشان کامیابی کے ساتھ ایک لاکھ چوالیس ہزار (144000) برگزیدہ بندوں کے سامنے توحید کی تعلیم و عمل اور البلاغ والوداع کے بعد مسرور و مبتہج مدینہ طیبہ کو روانہ ہوئے۔

راہ میں بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی نسبت کچھ شکایات نبی ﷺ کے سمع مبارک تک پہنچائیں۔ شکایات کا تعلق حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے چند افعال سے تھا۔ جو حکومت یمن میں جناب مرتضوی رضی اللہ عنہ سے تقسیم غنیمت وغیرہ کے متعلق صادر ہوئے تھے۔

خطبہ غدیر

درحقیقت شکایت کی بنیاد بریدہ رضی اللہ عنہ کا قصور فہم تھا۔ اس لیے رسول اللہ ﷺ نے ''خم غدیر'' پر ایک فصیح خطبہ پڑھا [1] اور اس خطبہ میں اہل بیت رضی اللہ عنہم کی شان و منزلت کا اظہار فرمایا اور علی مرتضیٰ سلام اللہ علیہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: **مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ** جس کا میں مولیٰ، علی رضی اللہ عنہ بھی اس کا مولیٰ ہے۔ [2]

اس خطبہ کے بعد عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو اس شرف کی مبارک باد دی اور بریدہ رضی اللہ عنہ نے بقیۃ العمر علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی محبت و متابعت کو پورا کیا۔ بالآخر یہ بزرگوار جنگ جمل میں شہید ہوئے تھے۔

11 ہجری

یہ وہ سال ہے جس میں اللہ کے رسول ﷺ نے حق رسالت ادا کرنے کے بعد اپنے بھیجنے والے کی جانب معاودت فرمائی۔ رحلت سے 6 ماہ پہلے اس سورہ کا نزول ہوا تھا۔

﴿ إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ○ وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا ○ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ﴾ [النصر:1-3]

''جب اللہ کی مدد اور فتح پہنچ گئی اور تو نے لوگوں کو فوج در فوج دین الٰہی میں داخل ہوتے دیکھ لیا۔ تو اب اللہ کی تحمید و

حاشیہ: یسعیاہ کے 60 باب کی ایک سے 6 درس ہم اسی مضمون کے شروع میں درج کر آئے ہیں۔ اب شروع باب کو ملا کر پڑھو۔ درس ۵ میں مدیان۔ ''عیفا و سبا'' کے نام بھی ہیں اور یہ سب قبائل حج میں موجود تھے۔ درس 5 میں سبا کے سونا اور لوبان لانے کا ذکر کا ہے۔ سبا ملک یمن ہی کا نام ہے۔ کیوں کہ سبا نے ہی اسے آباد کیا تھا۔ جس سال آنحضرت ﷺ نے حج فرمایا ہے۔ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ اس سال یمن کے حاکم و مبلغ تھے۔ وہ حج کے لیے یمن سے سیدھے مکہ کو آئے تھے اور ملک سبا (یمن) کا زر محصول انھوں نے اسی جگہ نبی ﷺ کی خدمت میں پیش کیا تھا۔ یہ ایسی صاف پیش گوئی ہے کہ ہمارے مثیلے عیسائی دوست کوئی صحیح تاویل اس کی نہیں کر سکتے۔

[1] مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک مقام جہاں نبی کریم ﷺ نے حجۃ الوداع سے واپسی پر 18 ذی الحجہ 10 ھ کو اہل بیت بالخصوص علی رضی اللہ عنہ کی فضیلت و شرف پر ایک خطبہ ارشاد فرمایا تھا۔ جس سے شیعہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت ثابت کرتے ہیں۔ جبکہ اس خطبہ سے خلافت یا تولیت کا دور کا بھی کوئی تعلق نہیں ہے۔

[2] ترمذی 3713، کنز العمال:32994، مسند احمد:84/1۔

تسبیح کیجیے۔ وہی ہے جو رجوع والا ہے۔

نبی ﷺ سمجھ گئے کہ اس سال میں کوچ کی اطلاع دی گئی ہے۔ [1]

آخری رمضان 10 ہجری میں نبی ﷺ نے 20 یوم کا اعتکاف فرمایا حالانکہ ہر سال دس یوم کا اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔ [2]

اپنی پیاری بیٹی فاطمہ بتول رضی اللہ عنہا کو اس کی وجہ یہی بتادی تھی کہ مجھے اپنی موت قریب معلوم ہوتی ہے۔ [3]

حجۃ الوداع کے مشہور خطبہ میں بھی حضور ﷺ نے امت سے فرمادیا تھا کہ میں عنقریب دنیا چھوڑ دینے والا ہوں۔ [4]

شروع ماہ صفر 11 ہجری میں سرور کائنات ﷺ نے سفر آخرت کی تیاری بھی شروع کر دی۔ ایک روز حضور ﷺ احد تشریف لے گئے اور شہدائے احد کے گنج شہیداں پر نماز پڑھی۔ وہاں سے واپس ہو کر سر منبر فرمایا: ''لوگو! میں تم سے آگے جانے والا ہوں اور تمہاری شہادت دینے والا ہوں۔ واللہ میں اپنے حوض کو یہاں سے دیکھ رہا ہوں۔ مجھے ممالک کے خزانوں کی کنجیاں دی گئی ہیں۔ مجھے یہ ڈر نہیں رہا کہ تم میرے بعد مشرک ہو جاؤ گے مگر ڈر ہے کہ منافست (مقابلہ بازی) نہ کرنے لگو۔'' [5]

پھر گورستان بقیع میں آدھی رات کو قدم رنجہ فرمایا اور آسودگان بقیع کے لیے دعا فرمائی۔ [6] ہر دو جگہ اِنَّا بِكُمْ لَاحِقُوْنَ کا جملہ پڑھا۔ گویا ان کو مژدہ تشریف آوری سنایا۔ پھر ایک روز مسلمانوں کو جمع فرمایا اور ارشاد کیا۔

''مرحبا۔ ! مسلمانو! اللہ تم کو اپنی رحمت میں رکھے۔ تمہاری شکستہ دلی کو دور فرمائے۔'' تم کو رزق دے۔ تمہاری مدد کرے، تم کو رفعت دے، تمھیں با امن و امان رکھے، میں تم کو اللہ کے تقویٰ کی وصیت کرتا ہوں اور اللہ ہی کو تمہارا خلیفہ بناتا ہوں اور تم کو اسی سے ڈراتا ہوں کیوں کہ میں ''نذیر مبین'' ہوں۔ دیکھنا اللہ کی بستیوں میں اور اسکے بندوں میں تکبر اور برتری کو اختیار نہ کرنا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے اور تمھیں فرمایا ہے:

﴿ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴾

''یہ آخرت کا گھر ہے ہم ان لوگوں کو دیتے ہیں جو زمین میں برتری اور فساد کا ارادہ نہیں کرتے اور بہترین انجام تو پرہیزگاروں کے لیے ہے۔'' [القصص:83]

پھر یہ آیت تلاوت فرمائی۔

﴿ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴾ [الزمر:60]

''کیا تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا جہنم نہیں ہے۔'' [7]

آخر میں فرمایا'': سلام تم سب پر اور ان سب پر جو بذریعہ اسلام میری بیعت میں داخل ہوں گے۔''

آغاز مرض

29 صفر روز دوشنبہ (سوموار) تھا۔ نبی ﷺ ایک جنازہ سے واپس آ رہے تھے۔ راہ ہی میں دردِ سر شروع ہو گیا۔ پھر تپ شدید

---

[1] بخاری: 3627، 4330 [2] بخاری: 2040 [3] بخاری: 3624 [4] بخاری: 4407، مسلم: 1218

[5] بخاری: 1344 [6] مسلم: 2255,2256، نسائی: 2036,2038، ابن ماجہ: 1547 [7] زرقانی جلد 8 بحوالہ واحدی بسندہ عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ

لاحق ہوا۔ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جو رومال حضور ﷺ کے سر مبارک پر باندھ رکھا تھا میں نے اسے ہاتھ لگایا سینک آتا تھا۔ بدن ایسا گرم تھا کہ میرے ہاتھ کو برداشت نہ ہوئی۔ میں نے تعجب کیا، فرمایا: ''انبیاء علیہم السلام سے بڑھ کر کسی کو تکلیف نہیں ہوتی۔ اس لیے ان کا اجر سب سے بڑھا ہوا ہوتا ہے۔''

بیماری میں 11 یوم تک مسجد میں آ کر خود نماز پڑھاتے رہے۔ بیماری کے سب دن 13 یا 14 تھے۔

آخری ہفتہ

آخری ہفتہ نبی ﷺ نے طیبہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں پورا فرمایا تھا۔

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب کبھی نبی ﷺ بیمار ہوا کرتے تو یہ دعا پڑھا کرتے اور اپنے ہاتھ جسم پر پھیر لیا کرتے تھے۔

اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا۔ ①

''اے نسل انسانی کے پالنے والے، خطر کو دور فرما دے اور صحت عطا کر۔ شفا دینے والا تو ہی ہے۔ اور اسی شفا کا نام شفا ہے جو تو عنایت کرتا ہے۔ ایسی صحت دے کہ کوئی تکلیف باقی نہ چھوڑے۔''

ان دنوں میں، میں نے یہ دعا پڑھی تھی اور نبی ﷺ کے ہاتھوں پر دم کر کے چاہا کہ جسم اطہر پر مبارک ہاتھوں کو پھیر دوں۔ آنحضرت ﷺ نے ہاتھ ہٹا لیے اور فرمایا: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى۔ ②

پانچ (5) یوم قبل از رحلت

چہارشنبہ (بدھ) تھا کہ نبی ﷺ نے مغضب ③ میں بیٹھ کر سات چاہات (کنوؤں) کی سات مشکوں کا پانی سر پر ڈلوایا۔ اس تدبیر سے کچھ سکون ہوا۔ طبیعت ہلکی معلوم ہوئی تو فوراً فرو زمسجد ہوئے۔ (فرمایا) ''تم سے پہلے ایک قوم ہوئی ہے جو انبیاء و صلحاء کی قبور کو سجدہ گاہ بناتے تھے۔ تم ایسا نہ کرنا۔''

(فرمایا) ان یہودیوں، ان نصرانیوں پر اللہ تعالیٰ لعنت کرے جنھوں نے انبیاء کی قبور کو سجدہ گاہ بنایا۔ ④

فرمایا: ''میری قبر کو میرے بعد ایسا نہ بنا دیجیو کہ اس کی پرستش ہوا کرے۔'' ⑤

فرمایا: اس قوم پر اللہ کا سخت غضب ہے جنھوں نے قبور انبیاء کو مساجد بنایا۔ دیکھو میں تمھیں اس سے منع کرتا رہا ہوں۔ دیکھو میں تبلیغ کر چکا۔ الٰہی تو اس کا گواہ رہنا، الٰہی تو اس پر گواہ رہنا۔ ⑥

نماز پڑھائی۔ نماز کے بعد منبر پر اجلاس فرمایا: منبر پر یہ حضور کی آخری نشست تھی۔ ⑦ پھر حمد و ثناء کے بعد فرمایا:

''میں تم کو انصار کے حق میں وصیت کرتا ہوں۔ یہ لوگ میرے جسم کے پیرہن اور میرے راز دار رہے ہیں۔ انھوں نے اپنے واجبات کو پورا کر دیا ہے اور اب ان کے حقوق باقی رہ گئے ہیں۔ ان میں سے اچھا کام کرنے والوں کی قدر کرنا اور لغزش کرنے والوں سے درگزر کرنا۔ ⑧

---

① بخاری: 5675، 5743، 5750، مسلم: 5707، 5712 ② بخاری: 4440 ③ مغضب پتھر کا تغار یا تانبا کا ٹب
④ بخاری: 4442، 4443 ⑤ بخاری: 1330، ابوداؤد: 2042، احمد: 2/367 ⑥ بخاری: 1390، 4441، مسلم: 1183، نسائی: 704
⑦ زرقانی جلد 8 ⑧ زرقانی جلد 8

فرمایا: ایک بندہ کے سامنے دنیا و مافیہا کو پیش کیا گیا ہے مگر اس نے آخرت ہی کو اختیار کیا۔''
اس امر کو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہی سمجھے۔ انھوں نے کہا کہ ہمارے ماں باپ، ہماری جانیں، ہمارے زر و مال حضور ﷺ پر نثار ہوں۔ [1]

چار (4) یوم قبل از رحلت

پنج شنبہ (جمعرات) کا ذکر ہے کہ شدت مرض بڑھ گئی۔ اسی حالت میں رسول اللہ ﷺ نے حاضرین سے فرمایا: لاؤ تمھیں کچھ لکھ دوں کہ تم میرے بعد گمراہ نہ ہو' بعض نے کہا کہ نبی ﷺ پر شدت درد غالب ہے، قرآن ہمارے پاس موجود ہے۔ اور یہ ہم کو کافی ہے۔ اس پر آپس میں اختلاف ہوا۔ کوئی کہتا تھا سامان کتابت لے آؤ کہ ایسا نوشتہ لکھا جائے۔ کوئی کچھ اور کہتا تھا۔ یہ شور و شغب بڑھا تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ سب اٹھ جاؤ۔ [2]

اس کے بعد اسی روز (پنج شنبہ کو) نبی ﷺ نے تین وصیتیں فرمائیں۔

1. یہود کو عرب سے باہر کر دیا جائے۔
2. وفود کی عزت و مہمانی ہمیشہ اسی طرح کی جائے جیسا کہ معمول نبوی ﷺ تھا۔
3. تیسری وصیت سلیمان الاحوال کی روایت میں بیان نہیں ہوئی۔ [3] مگر صحیح بخاری کی کتاب الوصایا میں عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ نبی ﷺ نے قرآن مجید کے متعلق وصیت فرمائی تھی۔ [4]

پنج شنبہ (جمعرات) مغرب

اس روز مغرب تک کی سب نمازیں نبی ﷺ نے خود پڑھائی تھیں۔ نماز مغرب میں سورہ والمرسلات کی تلاوت فرمائی۔ اس سورہ کی آخری آیت بھی قرآن پاک کی جلالت شان کو آشکارا کرتی ہے۔ ﴿ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴾[المرسلات:50] ''یعنی قرآن پاک کے بعد اور کس کلام پر ایمان لاؤ گے۔'' [5]

پنج شنبہ (جمعرات) عشاء

نماز عشاء کے لیے حضور ﷺ نے مسجد میں جانے کا تین بار عزم فرمایا۔ ہر دفعہ جب وضو کے لیے بیٹھے، بے ہوشی طاری ہوتی رہی۔ آخر فرمایا کہ ابوبکر نماز پڑھائے۔ [6] اس حکم سے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حیات پاک نبوی ﷺ میں سترہ (17) نمازوں میں امامت فرمائی۔ [7]

دو یا ایک یوم قبل از رحلت

شنبہ یا یک شنبہ (ہفتہ یا اتوار) کا ذکر ہے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی امامت میں نماز ظہر قائم ہو چکی تھی کہ نبی ﷺ حضرت عباس رضی اللہ عنہ

---

[1] بخاری: 435,4441؛ مسلم: 6170

[2] بخاری میں اصل حدیث یہ ہے: عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بن عتبه عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ لَمَّا حُضِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَفِي الْبَيْتِ رِجَالٌ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ هَلُمُّوْا اَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَا تَضِلُّوْا بَعْدَهٗ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَدْ غَلَبَهُ الْوَجَعُ وَعِنْدَكُمُ الْقُرْاٰنُ حَسْبُنَا كِتَابُ اللّٰهِ فَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْبَيْتِ وَاخْتَصَمُوْا فَمِنْهُمْ مَنْ يَّقُوْلُ قَرِّبُوْا يَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَا تَضِلُّوْا بَعْدَهٗ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَّقُوْلُ غَيْرَ ذٰلِكَ فَلَمَّا اَكْثَرُوا اللَّغْوَ وَالْاِخْتِلَافَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ قُوْمُوْا۔ (بخاری: 4432) [3] بخاری: 4431 [4] بخاری: 5022,4460,2740

[5] بخاری: 4429 [6] بخاری: 4448,4442، اس حکم کو حضور نے تین بار دہرایا۔ [7] بخاری: 4448,4442۔

وحضرت علی مرتضیٰ ؓ کے کندھوں پر سہارا دیے ہوئے شرف افزائے جماعت ہوئے۔ صدیق ؓ پیچھے ہٹنے لگے تو نبی ﷺ نے اشارہ فرمایا کہ پیچھے مت ہٹو۔ پھر صدیق ؓ کے برابر بیٹھ کر نماز میں داخل ہو گئے۔ اب ابوبکر صدیق ؓ تو آنحضرت ﷺ کی اقتدا کرتے تھے اور باقی سب لوگ صدیق ؓ کی تکبیرات پر نماز ادا کر رہے تھے۔ [1]

ایک یوم قبل از رحلت

یک شنبہ کے دن سب غلاموں کو آزاد فرما دیا۔ ان کی تعداد بعض روایات میں چالیس (40) بیان ہوئی ہے۔ گھر میں نقد سات (7) دینار موجود تھے۔ وہ غرباء میں تقسیم کر دیے۔ اس دن کی شام کو (آخری شب) صدیقہ ؓ نے چراغ کا تیل ایک پڑوسن سے عاریتہً منگوایا تھا۔ سلاحات (جنگی ہتھیار) مسلمانوں کو ہبہ فرمائے۔ [2] زرہ نبوی ﷺ ایک یہودی کے پاس 30 صاع جو میں رہن تھی۔ [3]

آخری دن

دوشنبہ کے دن نماز صبح کے وقت نبی ﷺ نے وہ پردہ اٹھایا جو عائشہ صدیقہ ؓ اور مسجد طیبہ ﷺ کے درمیان پڑا ہوا تھا۔ اس وقت نماز ہو رہی تھی۔ تھوڑی دیر تک نبی ﷺ اس پاک نظارہ کو جو حضور ﷺ کی پاک تعلیم کا نتیجہ تھا۔ (صحیح مسلم عن انس) ملاحظہ فرماتے رہے۔ اس نظارہ سے رخ انور پر بشاشت اور ہونٹوں پر مسکراہٹ تھی۔ اس وقت وجہ مبارک ورق قرآن معلوم ہوتا تھا۔ [4]

صحابہ ؓ کا شوق اور اضطراب سے یہ حال ہو گیا تھا کہ رخ پر نور ہی کی طرف متوجہ ہو جائیں۔ صدیق ؓ سمجھے کہ نبی اللہ کا ارادہ نماز میں آنے کا ہے۔ وہ پیچھے ہٹنے لگے تو رسول اللہ ﷺ نے ہاتھ کے اشارہ سے فرمایا کہ نماز پڑھاتے رہو۔ یہی اشارہ سب کی تسکین کا موجب ہوا۔ پھر حضور ﷺ نے پردہ چھوڑ دیا۔ یہ نماز ابوبکر صدیق ؓ ہی نے مکمل فرمائی۔ [5]

اس کے بعد حضور ﷺ پر کسی دوسری نماز کا وقت نہیں آیا۔ دن چڑھا تو پیاری بیٹی فاطمہ بتول ؓ کو بلایا۔ کان میں کچھ بات کہی، وہ رو پڑیں۔ پھر کچھ اور بات کہی تو وہ ہنس پڑیں۔ بتول پاک ؓ سے روایت ہے کہ پہلی بات حضور ﷺ نے یہ فرمائی تھی کہ اب میں دنیا کو چھوڑ رہا ہوں اور دوسری بات یہ فرمائی تھی کہ اہل بیت میں سے تم ہی میرے پاس سب سے پہلے پہنچو گی۔ (یعنی انتقال ہوگا) [6]

اسی روز حضور نے فاطمہ زہرا ؓ کو "سیدۃ نساء العالمین" ہونے کی بشارت ارزانی فرمائی۔ [7]

سیدۃ النساء نے حضور ﷺ کی حالت کو دیکھ کر کہا: آہ! میرے ابا جان کو کتنی تکلیف ہے، فرمایا کہ تیرے باپ کو آج کے بعد کوئی کرب نہ ہوگا۔ [8]

پھر حسن و حسین ؓ کو بلایا۔ دونوں کو چوما اور ان کے احترام کی وصیت فرمائی۔ [9]

پھر ازواج مطہرات کو بلایا اور ان کو نصیحتیں فرمائیں۔

---

[1] بخاری: 4442 [2] بخاری: 4461,2739 [3] بخاری: 4467,2068

[4] چہرہ اقدس کو ورق قرآن سے تشبیہ روایت انس ؓ میں ہے۔ یہ ایک عجیب اور پاک تشبیہ ہے۔ ورق قرآن پر طلائی کا کام ہوتا ہے۔ حضور ﷺ کا چہرہ تاباں پر زردی مرض ہی چھائی ہوئی تھی۔ لہٰذا تابانی اور رنگ مرض میں طلاء سے اور تقدس میں قرآن سے تشبیہ دی گئی ہے۔ بخاری: 681,680، مسلم: 944

[5] بخاری: 4448,681,680۔ [6] بخاری: 6275,3628، مسلم: 6313، ابن ماجہ: 1621 [7] بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ آخری دن کا نہیں بلکہ آخری ہفتہ کا ہے۔ (بخاری: 4462,6186,3628، مسلم: 6313، ابن ماجہ: 1621) [8] بخاری: 4462 [9] مدارج نبوۃ

پھر علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو بلایا۔ انھوں نے سر مبارک اپنی گود میں رکھ لیا۔ ان کو بھی نصیحت فرمائی۔ اس وقت تف مبارک سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے چہرہ پاک پر پڑ رہا تھا۔ [1]

اسی موقع پر فرمایا: اَلصَّلٰوۃَ اَلصَّلٰوۃَ وَمَامَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ۔ انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کی آخری وصیت یہی تھی۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اسی ارشاد کو حضور ﷺ کئی بار دہراتے رہے۔ [2]

حالت نزع رواں

اب نزع کی حالت طاری ہوئی۔ اس وقت سرور کائنات ﷺ کو عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سہارا دیے ہوئے پس پشت بیٹھی تھیں۔ پانی کا پیالہ حضور ﷺ کے سرہانے رکھا ہوا تھا۔ نبی ﷺ پیالہ میں ہاتھ ڈالتے اور چہرہ پر انوار پھیر لیتے تھے۔ چہرہ مبارک کبھی سرخ ہوتا، کبھی زرد پڑ جاتا تھا۔ زبان مبارک سے فرماتے تھے۔ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٌ [3] یعنی اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ موت کی تلخی ہوا ہی کرتی ہے۔

اتنے میں عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما آ گئے۔ ان کے ہاتھ میں تازہ مسواک تھی۔ حضور ﷺ نے مسواک پر نظر ڈالی تو صدیقہ رضی اللہ عنہا نے مسواک کو اپنے دانتوں سے نرم بنا دیا۔ حضور ﷺ نے مسواک کی۔ پھر ہاتھ کو بلند فرمایا اور زبان قدسی سے فرمایا: اَللّٰهُمَّ الرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى

اسی وقت ہاتھ لٹک گیا۔ پتلی اوپر اٹھ گئی۔ [4]

13۔ ربیع الاول 11 ہجری یوم دوشنبہ (سوموار) [5] وقت چاشت تھا [6] کہ جسم اطہر سے روح انور نے پرواز کیا۔ اس وقت عمر مبارک 63 سال قمری پر چار (4) دن تھی۔

﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ﴾ [البقرۃ 154] ''ہم اللہ کا مال ہیں اور اس کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔''

﴿اَفَائِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخَالِدُوْنَ﴾ [الانبیاء 34] ''اے نبی! بھلا اگر تم مر جاؤ تو کیا یہ لوگ ہمیشہ رہیں گے؟''

سیدہ زہرا رضی اللہ عنہا نے اس حادثہ پر کہا:

يَا اَبَتَاهُ اَجَابَ رَبَّاهُ۔ يَا اَبَتَاهُ اِلٰى جَنَّتُ الْفِرْدَوْسِ مَاْوَاهُ۔ يَا اَبَتَاهُ اِلٰى جِبْرِيْلَ نَنْعَاهُ۔ [7]

''پیارے باپ نے دعوت حق کو قبول کیا اور فردوس میں نزول فرمایا۔ آہ جبریل کو خبر انتقال کون پہنچا سکتا ہے۔''

(پھر فرمایا) الٰہی روح فاطمہ رضی اللہ عنہا کو روح محمد ﷺ کے پاس پہنچا دے۔ الٰہی! مجھے دیدار رسول ﷺ سے مسرور بنا دے۔ الٰہی! مجھے اس مصیبت کے ثواب سے تو بے نصیب نہ رکھ اور بروز محشر شفاعت محمد ﷺ سے محروم نہ فرما۔ عائشہ طیبہ رضی اللہ عنہا نے اس ہائلہ (ہولناک سانحہ) پر کہا:

---

[1] زرقانی بحوالہ ابن سعد وفی سندہ الواقدی وحرام بن عثمان متروکان [2] بخاری: 198 وخصائص الکبریٰ ج 2۔ [3] بخاری: 4449,4463

[4] بخاری: 4449 [5] بخاری: 4466 [6] سحر والانہار تاریخ ابوالفدا اور بعض روایات میں ہے۔ وہی وقت جب نبوت ملی تھی۔ بعض میں ہے۔ وہی وقت جب مدینہ (قبا) پہنچے تھے۔ [7] بخاری: 4462۔

- دریغ! وہ نبی ﷺ جس نے فقر کو غنا پر اور مسکینی کو تونگری پر اختیار فرمایا۔
- حیف (افسوس)! وہ دین پرور، جوامت عاصی کے فکر میں کبھی پوری رات آرام سے نہ سویا۔
- جس نے! ہمیشہ بڑی استقامت واستقلال سے نفس کے ساتھ محاربہ کیا۔
- جس نے منہیات کو ذرہ بھر بھی نگاہِ التفات سے نہ دیکھا۔
- جس نے بر واحسان کے دروازے ارباب فقر واحتیاج پر کبھی بھی بند نہ کیے۔
- جس کے ضمیر منیر کے دامن پر دشمنوں کی ایذا واضرار کا ذرہ بھی غبار نہ بیٹھا۔
- حیف! جس کے موتی جیسے دانت پتھر سے توڑے گئے۔
- حیف! وہ جس کی پیشانی نورانی کو زخمی کیا گیا۔
- آج دنیا سے رخصت ہوا۔ [1]

خبر وفات سے صحابہ ﷺ سراسیمہ وحیران، دیوانہ وسرگردان تھے۔ کوئی جنگل کو نکل بھاگا۔ کوئی ششدر ہو کر جہاں تھا، وہیں رہ گیا۔

عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو یقین ہی نہ آتا تھا کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارتحال فرمایا۔

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ گھر میں گئے۔ جسم اطہر دیکھا، منہ سے منہ لگایا، پیشانی کو چوما۔ آنسو بہائے۔ پھر زبان سے کہا: ''میرے پدر ومادر حضور ﷺ پر نثار! واللہ! اللہ تعالیٰ آپ پر دو موتیں وارد نہ کرے گا۔ یہی ایک موت تھی جو آپ پر لکھی ہوئی تھی۔'' [2]

پھر مسجد میں آئے۔ وفات پر آیات کے اعلان کا خطبہ پڑھا۔ حمد وصلوٰۃ کے بعد کہا:

اَمَّا بَعْدُ: فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا فَاِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ وَ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ اللهَ فَاِنَّ اللهَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ۔ قَالَ اللهُ ﴿ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰى اَعْقَابِكُمْ وَ مَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللهَ شَيْئًا وَ سَيَجْزِي اللهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴾ [آل عمران: 144]

''واضح ہو کہ جو کوئی شخص تم میں سے محمد (ﷺ) کی عبادت کرتا تھا، تو وہ تو رحلت کر گئے ہیں اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا تھا تو بے شک اللہ تعالیٰ تو زندہ ہے، اسے موت نہیں۔ اللہ نے خود فرمایا ہے:

محمد (ﷺ)! تو ایک رسول ہیں۔ ان سے پہلے بھی رسول ہو چکے ہیں۔ کیا اگر وہ مر گیا یا شہید ہوا تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے۔ ہاں جو کوئی ایسا کرے گا تو اللہ تعالیٰ کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا اور اللہ تعالیٰ تو شکر گزاروں کو اچھا بدلہ دینے والا ہے۔'' [3]

غسل وتکفین

نبی ﷺ کو غسل دیتے ہوئے علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ یہ کہہ رہے تھے۔

بِاَبِیْ اَنْتَ وَ اُمِّیْ لَقَدِ انْقَطَعَ بِمَوْتِكَ مَالَمْ يَنْقَطِعْ بِمَوْتِ غَيْرِكَ مِنَ النُّبُوَّةِ وَالْاَنْبَاءِ وَالْاَخْبَارِ السَّمَآءِ۔ خَصَصْتَ حَتّٰى صِرْتَ مُسَلِّيًا عَمَّنْ سِوَاكَ وَ عَمَمْتَ حَتّٰى صَارَ النَّاسُ فِيْكَ سَوَآءً وَلَوْ لَا اَنَّكَ اَمَرْتَ بِالصَّبْرِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْجَزْعِ لَاَنْفَدْنَا عَلَيْكَ مَاءَ الشُّئُوْنِ وَ لَكَانَ الدَّاءُ مِمَّا طَلَا وَالْكَمَدُ مُحَالِفًا وَقَلًّا لَكَ۔ وَ

---

[1] مدارج النبوۃ شاہ عبدالحق دہلوی۔ [2] بخاری: 4453 [3] بخاری: 4454

لٰكِنَّهٗ، مَا نَمْلِكُ رَدَّهٗ وَ لَا نَسْتَطِيْعُ دَفْعَهٗ بِاَبِيْ اَنْتَ وَ اُمِّيْ اُذْكُرْنَا عِنْدَ رَبِّكَ وَاجْعَلْنَا مِنْ بَالِكَ۔ ①

''میرے مادر و پدر آپ پر قربان۔ آپ کی موت سے وہ چیز جاتی رہی جو کسی دوسرے کی موت سے نہ گئی تھی۔ یعنی نبوت اور غیب کی خبروں اور وحی آسمانی کا انقطاع ہو گیا۔ آپ کی موت خاص صدمہ عظیم ہے کہ اب سب مصیبتوں سے دل سرد ہو گیا اور ایسا عام حادثہ ہے کہ سب لوگ اس میں یکساں ہیں۔ اگر آپ نے صبر کا حکم نہ دیا ہوتا اور آہ وزاری سے منع نہ فرمایا ہوتا تو ہم آنسوؤں کو آپ پر بہا دیتے۔ پھر بھی یہ درد لاعلاج اور یہ زخم لازوال ہی ہوتا اور ہماری یہ حالت بھی اس مصیبت کے مقابلہ میں کم ہوتی۔ اس مصیبت کا تو علاج ہی نہیں اور یہ غم تو جانے والا ہی نہیں۔ میرے والدین حضور پر نثار۔ پروردگار کے ہاں ہمارا ذکر فرمانا اور ہم کو اپنے دل سے بھول نہ جانا۔''

نبی ﷺ کو تین کپڑوں میں کفنایا گیا۔ ②

نماز جنازہ

لاش مبارک اسی جگہ رکھی رہی، جہاں انتقال ہوا تھا۔ نماز جنازہ پہلے کنبہ والوں نے، پھر مہاجرین پھر انصار نے، مردوں نے اور عورتوں نے پھر بچوں نے ادا کی۔ اس نماز میں کوئی امام نہ تھا۔ حجرہ مبارک تنگ تھا۔ اس لیے دس دس شخص اندر جاتے تھے۔ جب وہ نماز سے فارغ ہو کر باہر آتے۔ تب اور دس اندر جاتے۔ یہ سلسلہ لگا تار شب و روز جاری رہا۔ اس لیے تدفین مبارک ③ شب چہار شنبہ (بدھ) کو یعنی رحلت سے قریباً 32 گھنٹے بعد عمل میں آئی۔ ④ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّاۤ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

نبی ﷺ کے جنازہ پر یہ دعا پڑھی جاتی تھی:

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَبَّيْكَ وَ سَعْدَيْكَ صَلٰوةُ اللّٰهِ الْبَرِّ الرَّحِيْمِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْمُقَرَّبِيْنَ وَالنَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالصّٰلِحِيْنَ وَمَا سَبَّحَ لَكَ مِنْ شَيْءٍ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ وَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الشَّاهِدِ الْمُبَشِّرِ الدَّاعِيْ اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ وَ بَارِكْ عَلَيْهِ وَسَلِّمْ۔ ⑤

''بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں نبی پر، اے ایمان والو! تم بھی اس (نبی) پر درود اور سلام بھیجو۔ اے ہمارے رب! ہم حاضر ہیں، اللہ برتر اور رحیم کے، ملائکہ اور نیکوکاروں کی، انبیاء و صدیقین اور صالحین نیز ہر تسبیح کرنے والی چیز کی طرف سے۔ اے رب العالمین! محمد ﷺ پر درود ہوں جو عبداللہ کے لخت جگر، خاتم النبیین، تمام انبیاء کے سردار، متقیوں کے امام اور رسول رب العالمین ہیں۔ جو تیری طرف سے شاہد اور ڈرانے والے اور مانند چمکتے ہوئے سورج کے ہیں۔''

---

① نہج البلاغۃ ص: 205 چھاپ دار السلطنت تبریز 1267ھ ② بخاری: 1271، شرح مسلم للنووی و کتاب الام لامام شافعی رحمہ اللہ ③ ترمذی کی روایت سے ظاہر ہے کہ نماز جنازہ کی ادائیگی کی یہ تجویز ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بتلائی تھی اور علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اس سے اتفاق فرمایا تھا۔ ④ الکافی لشیخ یعقوب کلینی۔ ملا باقر حیات القلوب جلد دوم باب 64 میں تحریر فرماتے ہیں۔ شیخ طبرسی از حضرت امام محمد باقر روایت کردہ ست کہ دہ دہ نفر داخل مے شدند و چنین بر آنکہ خرد و بزرگ و مرد و زن از اہل مدینہ و اہل اطراف مدینہ ہمہ بر آنجناب چنیں نماز کردند ص: 664 چھاپ لکھنو۔ اسلامی تاریخ بعد از غروب شروع ہوتی ہے۔ میں نے اس لیے منگل اور بدھ کی درمیانی شب کو شب چار شنبہ لکھا ہے اور ملا باقر صاحب نے تا شام سہ شنبہ تحریر فرمایا ہے۔ صحت تعیین وقت کے لیے گھنٹوں کا شمار کیا گیا۔ ⑤ زرقانی جلد 8 ص: 293۔

باب پنجم 5

خُلقِ محمدی ﷺ

جو واقعات لکھے جا چکے ہیں ان سے مختصر طور پر ان مشکلات کا اندازہ بخوبی ہوتا ہے جن کا سامنا نبی ﷺ کو اپنی نبوت کے اظہار، اپنی تعلیم کی اشاعت اور اس تعلیم کے قبول کرنے والوں کی حفاظت میں کرنا پڑا۔

ایک ایسے ملک میں جہاں کوئی حکومت اور قانون نہ ہو، جہاں خونریزی اور قتل معمولی بات ہو۔ جہاں کے باشندے وحشت اور غارت گری میں درندوں کے مشابہ، جہالت اور لاعقلی میں اَنعام (جانوروں) سے بدتر ہوں۔ ایک ایسے دعویٰ کا پیش کرنا جو تمام ملک کے نزدیک عجیب اور جملہ قبائل میں مخالفت کی فوری آگ لگا دینے والا ہو، کچھ آسان نہ تھا۔ پھر اس دعویٰ کا ایسی حالت میں سرسبز ہونا کروڑوں اشخاص کی انتہائی مخالفت اس کے ملیامیٹ کرنے پر دل سے، جان سے، زر سے، مال سے، سالہا سال متفق رہی ہو۔ بالکل تائید ربانی کا ثبوت ہے۔

گذشتہ واقعات کے ضمن میں نبی ﷺ کے اخلاق و محاسن صفات و محامد کی چمک ایسی نمایاں ہے جیسی ریت میں کندن اور ان واقعات ہی سے یہ پتا لگتا ہے کہ مظلومی و بیچارگی اور قوت و سطوت کی متضاد حالتوں میں یکساں سادگی و غربت کے ساتھ زندگی پوری کرنے والا صرف وہی ہوسکتا ہے جس کے دل پر ناموس الٰہی نے قبضہ کرلیا ہو اور اسے علائق دنیوی سے پاک کر دیا ہو۔

نبی ﷺ کی زندگی کے مبارک واقعات ہر ملک اور ہر طبقہ کے فرد اور جماعتوں کے لیے بہترین نمونہ اور مثال ہیں۔ اس باب کے تحت میں مختصر طور پر آنحضرت ﷺ کے اخلاق کا جو عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ فَاَحْسَنَ تَادِيْبِيْ کا مصداق ہیں ذکر کروں گا۔

خلقِ محمدی ﷺ ایسا لفظ ہے کہ اب بہترین بزرگوں کے عادات و اخلاق، اطوار و شمائل کے اظہار کے لیے مشبہ بہ (تمثیل) بن گیا ہے۔

میں اس جگہ کمالات نبوت اور خصوصیات نبویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کا ذکر نہیں کروں گا۔ صرف وہ سادہ حالات لکھنے مقصود ہیں جن کو کوئی سعادت مند ازلی اپنے لیے نمونہ بنا سکتا ہے۔ ﴿ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ﴾ [الاحزاب:21]
”تمہارے لیے رسول اللہ کا بہترین نمونہ موجود ہے۔“

سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ امی تھے۔ لکھنا پڑھنا نہ جانتے تھے اور بعثت نبوت کے زمانہ تک کسی عالم کی صحبت بھی میسر نہ ہوئی تھی۔

تیر افگنی، شہسواری، نیزہ بازی، سجع گوئی، قصیدہ خوانی، نسب دانی اس زمانے کے ایسے فنون تھے، جنھیں شریف خاندان کا ہر ایک نوجوان حصولِ شہرت اور عزت کے لیے ضرور سیکھ لیا کرتا تھا اور جن کے بغیر کوئی شخص ملک اور قوم میں عزت یا کوئی امتیاز حاصل نہ کرسکتا تھا۔ نبی ﷺ نے ان فنون میں سے کسی کو بھی (اکتسابا) حاصل نہ کیا تھا اور نہ کسی پر اپنی دلچسپی کا اظہار کیا تھا۔

نبی ﷺ کی نسبت فرنچ پروفیسر سیڈیو (Sade) لکھتا ہے:

آنحضرت ﷺ خندہ رو، ملنسار، اکثر خاموش رہنے والے، بکثرت ذکر اللہ کرنے والے، لغویات سے دور۔ بے ہودہ پن سے نفور، بہترین رائے اور بہترین عقل والے تھے۔

انصاف کے معاملے میں قریب و بعید آنحضرت ﷺ کے نزدیک برابر ہوتا تھا۔ مساکین سے محبت فرمایا کرتے، غربا میں رہ

کر خوش ہوتے، کسی فقیر کو اس کی تنگ دستی کی وجہ سے حقیر نہ سمجھا کرتے اور کسی بادشاہ کو بادشاہی کی وجہ سے بڑا نہ جانتے، اپنے پاس بیٹھنے والوں کی تالیف قلوب کرتے۔ جاہلوں کی حرکات پر صبر فرمایا کرتے۔ کسی شخص سے خود علیحدہ نہ ہوتے۔ جب تک کہ وہی نہ چلا جائے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم سے کمال محبت فرمایا کرتے۔ سفید زمین پر (بلا کسی مسند و فرش کے) نشست فرمایا کرتے۔ اپنے جوتے کو خود گانٹھ لیتے۔ اپنے کپڑے کو خود پیوند لگا لیتے تھے۔ [1] دشمن اور کافر سے بکشادہ پیشانی ملا کرتے تھے۔ [2]

حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: [3]

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مویشی کو چارا خود ڈال دیتے۔ اونٹ کو باندھتے، گھر میں صفائی کر لیتے، بکری دھو لیتے، خادم کے ساتھ بیٹھ کر کھا لیتے۔ خادم کو اس کے کام کاج میں مدد دیتے۔ بازار سے چیز خود جا کر خرید لیتے۔ خود اسے اٹھا لاتے۔ ہر ادنیٰ و اعلیٰ خورد و بزرگ کو سلام پہلے کر دیا کرتے۔ جو کوئی ساتھ ہو لیتا، اس کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر چلا کرتے۔ غلام و آقا، حبشی و ترکی میں ذرا تفاوت نہ کرتے۔ رات دن کا لباس ایک ہی رکھتے۔ کیسا ہی کوئی حقیر شخص دعوت کے لیے کہتا، قبول فرما لیتے۔ جو کچھ کھانا سامنے رکھ دیا جاتا اسے برغبت کھاتے۔ رات کے کھانے میں سے صبح کے لیے اور صبح کے کھانے میں سے شام کے لیے اٹھا نہ رکھتے۔ نیک خو، کریم الطبع، کشادہ رو تھے مگر ہنستے نہ تھے۔

- اندوہ گیں تھے مگر ترش رو نہ تھے۔
- متواضع، جس میں دنائت نہ تھی۔
- باہیبت جس میں درشتی نہ تھی۔
- سخی تھے مگر اسراف نہ تھا۔

ہر ایک پر رحم فرمایا کرتے، کسی سے کچھ طمع نہ رکھتے، سر مبارک کو جھکائے رکھتے تھے۔ [4]

حکیم الامت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: [5]

جو کوئی شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے یک بارگی آ جاتا، وہ ہیبت زدہ ہو جاتا اور جو کوئی پاس آ بیٹھتا وہ فدائی بن جاتا۔ [6]

کنبہ والوں اور خادموں پر بہت زیادہ مہربان تھے۔ انس رضی اللہ عنہ نے دس (10) سال تک خدمت کی۔ اس عرصہ میں انھیں کبھی اف (ہونھ) تک نہ کہا۔ زبان مبارک پر کبھی کوئی گندی بات یا گالی نہیں آتی تھی۔ نہ کسی پر لعنت کیا کرتے۔ دوسرے کی اذیت و آزار پر نہایت صبر کیا کرتے۔ خلق الٰہی پر نہایت رحمت فرماتے، ہاتھ یا زبان مبارک سے کبھی کسی کو شر نہ پہنچا۔ کنبہ کی اصلاح اور قوم کی درستی پر نہایت توجہ فرماتے۔ ہر شخص اور ہر چیز کی قدر و منزلت سے آگاہ تھے۔ آسمانی بادشاہت کی جانب ہمیشہ نظر لگائے رکھتے تھے۔ [7]

صحیح بخاری میں ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مطیع کو بشارت پہنچاتے۔ عاصی کو ڈر سناتے، بے خبروں کو پناہ دیتے۔ اللہ کے بندہ و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جملہ کاروبار کو اللہ پر چھوڑ دینے والے۔ نہ درشت خو، نہ سخت گو، چیخ کر نہ بولتے۔ بدی کا بدلہ ویسا نہ لیتے۔ معافی مانگنے والے کو معاف فرمایا کرتے۔ گنہگار کو بخش دیتے۔ ان کا کام کجی ہائے مذاہب کو درست کر دینا ہے۔ ان کی تعلیم اندھوں کو آنکھیں، بہروں کو کان دیتی، غافل دلوں کے

---

[1] خلاصہ تاریخ العرب پروفیسر سیڈیو (Sade) [2] الشفاء، قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ ص:312۔ [3] ممتاز اور متبحر عالم، اسرار و معارف کو جاننے والے، بلند پایہ فلسفی اور متعدد لازوال کتابوں کے مصنف و مؤلف تھے۔ ان کی تحریر جادوئی اثر اور ان کی بات دل و دماغ پر نشتر کی طرح اثر انداز ہوتی تھی۔ ان کی تصانیف حسن عمل اور اخلاق عالیہ کی دعوت دیتی ہیں ''احیاء العلوم الدین'' اور ''کیمیائے سعادت'' جیسی عظیم کتب ان کے عظیم تصنیفی شاہپارے ہیں۔ (450-505ھ)

[4] کیمیائے سعادت مصنفہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ [5] عظیم محدث، فقیہ اور نابغہ روزگار عالم تھے۔ معارف شریعت اور اسرار و احکام دین کی حقیقت کے متعلق معرکۃ الآراء کتاب ''حجۃ اللہ البالغۃ'' اور دیگر متعدد کتب تصنیف کیں۔ قرآن کریم کا سب سے پہلے فارسی زبان میں ترجمہ کرنے کی سعادت آپ ہی کو حاصل ہے۔ ساری زندگی درس و تدریس، تصنیف و تالیف اور دعوت و ارشاد میں بسر کی۔ (1703-1762ء) [6] یہ فقرہ سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے کلام کا ترجمہ ہے فرماتے ہیں۔ مَنْ رَآهُ بديهةً هابه و من خالطه، أحبّهٗ عشقه۔ (ترمذی 3638) [7] حجۃ اللہ البالغۃ ص:385۔

پردے اٹھا دیتی ہے۔ آنحضرت ﷺ ہر ایک خوبی سے آراستہ جملہ اخلاق فاضلہ سے متصف۔ سکینہ ان کا لباس، نکوئی (نیکی) ان کا شعار، تقویٰ ان کا ضمیر، حکمت ان کا کلام، عدل ان کی سیرت ہے، ان کی شریعت سراپا راستی، ان کا ملت اسلام، ہدایت ان کی راہنما ہے۔ وہ ضلالت کو اٹھا دینے والے، گمناموں کو رفعت بخشنے والے، مجہولوں کو نامور کر دینے والے، قلت کو کثرت اور تنگدستی کو غنا سے بدل دینے والے ہیں۔ [1]

سکوت اور کلام

نبی کریم ﷺ اکثر خاموش رہا کرتے تھے۔ بلاضرورت کبھی گفتگو نہ فرمایا کرتے۔ آنحضرت ﷺ نہایت شریں کلام اور کمال فصیح تھے۔ کلام میں آورد (تلخی) ذرا نہ تھی۔ گفتگو ایسی دلآویز ہوتی تھی کہ سننے والے کے دل و روح پر قبضہ کر لیتی تھی۔ آنحضرت ﷺ کا یہ وصف ایسا مسلمہ تھا کہ مخالف بھی اس کی شہادت دیتے تھے اور جاہل دشمن اسی کا نام سحر و جادو رکھا کرتے۔

سلسلہ سخن ایسا مرتب ہوتا تھا جس میں لفظاً معناً کوئی خلل نہ ہوتا۔ الفاظ ایسی ترتیب سے ادا فرمایا کرتے کہ اگر سننے والا چاہے تو الفاظ کو شمار کر سکتا تھا۔ [2]

ہنسنا رونا

نبی ﷺ کبھی کھل کھلا کر ہنسنا پسند نہ کرتے تھے۔ تبسم ہی آپ کا ہنسنا تھا۔

نماز تہجد میں بسا اوقات آنحضرت ﷺ رو پڑا کرتے۔ کبھی کسی مخلص کے مرنے پر آب دیدہ ہو جاتے۔

آنحضرت ﷺ کے فرزند ابراہیم سلام اللہ علیہ دودھ پیتے میں گذر گئے تھے۔ جب انھیں قبر میں رکھا گیا تو حضور ﷺ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ فرمایا:

تَدْمَعُ الْعَيْنُ وَ يَحْزَنُ الْقَلْبُ وَ لَا نَقُوْلُ اِلَّا مَا يَرْضٰى رَبُّنَا وَاِنَّا عَلَيْكَ يَا اِبْرَاهِيْمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ۔ [3]

''آنکھوں میں نم ہے۔ دل میں غم ہے۔ پھر بھی ہم وہی بات کہتے ہیں جو ہمارے پروردگار کو پسندیدہ ہے۔ ابراہیم! ہم کو

---

[1] یسعیاہ نبی کی کتاب کا 42 باب آنحضرت ﷺ کے متعلق ہے۔ اس باب کے مندرجہ ذیل درس قارئین اس جگہ ملاحظہ کریں۔ دیکھو میرا بندہ جسے سنبھالتا۔ میرا برگزیدہ جس سے میرا جی راضی ہے۔ میں نے اپنی روح اس پر رکھی۔ وہ قوموں کے درمیان عدالت جاری کرائے گا۔ (2) وہ نہ چلائے گا اور اپنی صدا بلند نہ کرے گا اور اپنی آواز بازاروں میں نہ سنائے گا۔ (3) وہ ملے ہوئے سینٹھے کو نہ توڑے گا اور دھکتی ہوئی سن کو نہ بجھائے گا۔ وہ عدالت کو جاری کرائے گا کہ دائم رہے۔ (4) اس کا زوال نہ ہوگا اور نہ مسلا جائے گا۔ جب تک راستی کو زمین میں قائم نہ کرے اور بحری ممالک اس کی شریعت کی راہ تکیں۔ (5) خداوند جو آسمانوں کو خلق کرتا اور انھیں تانتا زمین کو اور انھیں جو اس سے نکلتے ہیں پھیلاتا اور ان لوگوں کو جو اس پر ہیں سانس دیتا اور ان کو جو اس پر چلتے ہیں روح بخشتا۔ یوں فرماتا ہے۔ میں خداوند نے تجھے صداقت کے لیے بلایا۔ میں ہی تیرا ہاتھ پکڑوں گا اور تیری حفاظت کروں گا اور لوگوں کے عہد اور قوموں کے نور کے لیے تجھے دوں گا (7)۔ کہ تو اندھوں کی آنکھیں کھولے گا اور بندھوؤں کو قید سے نکالے اور ان کو جو اندھیرے میں بیٹھے ہیں قید خانے سے چھڑا دے۔ تمام باب ملاحظہ طلب ہے۔ پادری ان الفاظ کو مسیح علیہ السلام کے لیے کہتے ہیں۔ لیکن یہ الفاظ تو اس کے حق میں ہیں جسے خدا کہتا ہے۔ ''میرا بندہ'' اور پادریوں کو انکار ہے اور اقرار نہیں کہ مسیح علیہ السلام خدا کا بندہ تھا۔ صحیح ہذا درس 11 میں بیابان عرب کا ذکر ہے اور قیدار کا نام موجود ہے۔ جو ہمارے نبی ﷺ کے دادا کا نام ہے۔ نیز سلع کا ذکر ہے جو مدینہ طیبہ کا قدیم نام ہے اور مدینہ کے اندر جو پہاڑی ہے وہ اب تک اسی نام سے موسوم ہے۔ درس 13 میں اس موعود کا جنگی مرد ہونا بیان کیا گیا ہے۔ درس 17 میں ذکر ہے کہ بت پرستوں کو اس سے ذلت و پشیمانی حاصل ہوگی وغیرہ وغیرہ۔ یہ جملہ علامات ایسی ہیں جو مسیح علیہ السلام پر صادق نہیں اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے لیے خصوصیت رکھتی ہیں۔ کعب احبار اس مقام کو خاص آنحضرت ﷺ کے لیے ہی بتلایا کرتے تھے۔

[2] زاد المعاد جلد اول ص: 47

[3] بخاری: 1303، مسلم: 6025، ابوداؤد: 3126

تیری وجہ سے رنج ہوا۔"

ایک دفعہ اپنی نواسی سانس توڑتی (دختر زینب رضی اللہ عنہا) کو گود میں اٹھایا۔ اس وقت حضور ﷺ کی آنکھوں میں پانی بھر آیا۔ سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ) یہ کیا؟ فرمایا: یہ وہ رحم دلی ہے جو اللہ بندوں کے دلوں میں بھر دیتا ہے اور اللہ بھی اپنے انھیں بندوں پر رحم کرے گا جو رحم دل ہیں۔ [1]

ایک دفعہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ کو قرآن مجید سنا رہے تھے۔ جب وہ اس آیت پر پہنچے:

﴿ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ وَّ جِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ شَهِيْدًا ﴾ [النساء: 41]

"تب کیسی ہوگی۔ جب ہر ایک امت پر اللہ ایک ایک گواہ کھڑا کرے گا اور آپ کو ہم سب امتوں پر شہادت کے لیے کھڑا کریں گے۔"

فرمایا بس ٹھہرو۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے آنکھ اٹھا کر دیکھا تو نبی ﷺ کی آنکھوں سے پانی جاری تھا۔ [2]

غذا کے متعلق ہدایت

رات کو بھوکا سونے سے منع فرماتے اور ایسا کرنے کو بڑھاپے کا سبب فرماتے۔ [3] کھانا کھاتے ہی سو جانے سے منع فرمایا کرتے۔ [4]

تقلیل غذا کی رغبت دلایا کرتے۔ فرمایا کرتے کہ معدہ کا ایک تہائی حصہ کھانے کے لیے، ایک تہائی پانی کے لیے، ایک تہائی حصہ خود معدہ کے لیے چھوڑ دینا چاہیے۔ [5]

پھلوں، ترکاریوں کا استعمال ان کی مصلح چیزوں کے ساتھ فرمایا کرتے۔ [6]

مرض اور مریض

متعدی امراض سے بچاؤ رکھتے اور تندرستوں کو اس سے محتاط رہنے کا حکم دیا کرتے۔ [7]

بیمار کو طبیب حاذق سے علاج کرانے کا ارشاد فرماتے [8] اور پرہیز کرنے کا حکم دیتے۔ [9]

طبیب نادان

نادان طبیب کو طبابت سے منع کیا کرتے اور اسے مریض کے نقصان کا ذمہ دار ٹھہراتے۔ [10]

حرام اشیاء کو بطور دوا استعمال کرنے سے منع فرماتے۔ ارشاد فرماتے۔ اللہ نے حرام چیزوں میں تمہارے لیے شفا نہیں رکھی۔ [11]

---

[1] بخاری: 1303 [2] بخاری: 4582 [3] ترمذی: 1857، ابن ماجہ: 3355، یہ روایت ضعیف ہے، زاد المعاد: 223/4 [4] زاد المعاد: 223/4

[5] ترمذی: 1381، ابن ماجہ: 3349، احمد: 132/4، اسنادہ صحیح۔ زاد المعاد: 18/4 [6] زاد المعاد: 219/4

[7] زاد المعاد ص: 50/2، بہ تمسک حدیث صحیح مسلم عن جابر بن عبد اللہ و صحیح بخاری تعلیقا من حدیث ابی ہریرۃ و صحیحین عن حدیث ابی ہریرہ۔ واضح ہو کہ ترمذی کی حدیث: 1817 ﴿اخذ بید مجذوم﴾ کی بابت ابن القیم کہتے ہیں کہ اس کی صحت ثابت نہیں ہوتی۔ ابی ہریرہ کی حدیث ﴿لا عدوی ولا طیر﴾ بخاری: 5717، مسلم: 5789 میں ہے۔ مگر خود ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو اس حدیث کی بابت شک سا ہو گیا تھا اور انھوں نے اس حدیث کی روایت کو ترک کر دیا تھا۔ افادات ابن القیم رحمہ اللہ۔

[8] زاد المعاد: 42/2 [9] زاد المعاد: 116/4 [10] زاد المعاد ص: 47/2۔ [11] ابن حبان: 1397۔ البیہقی: 5/10

عیادتِ بیماراں

صحابہ رضی اللہ عنہم سے جو کوئی بیمار ہو جاتا اس کی عیادت فرمایا کرتے۔ عیادت کے وقت مریض کے قریب بیٹھ جاتے۔ بیمار کو تسلی دیتے لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ (کفارہ) اِنْ شَآءَ اللّٰهُ فرمایا کرتے۔ مریض سے پوچھ لیتے کہ کس چیز کو دل چاہتا ہے۔ اگر وہ شئ اس کے لیے مضر نہ ہوتی تو اس کا انتظام کر دیا کرتے۔ ایک یہودی لڑکا آنحضرت ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا۔ اس کی عیادت کو بھی تشریف لے گئے۔ [1]

علاج

حالت مرض میں دوا کا استعمال خود فرمایا اور لوگوں کو علاج کرنے کا ارشاد فرماتے۔

يَا عِبَادَ اللّٰهِ تَدَاوَوْا فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَ لَمْ يَضَعْ دَاءً اِلَّا وَضَعَ لَهٗ، شِفَاءً غَيْرَ دَاءٍ وَاحِدٍ قَالُوْا مَا هُوَ۔ قَالَ الْهَرَمُ۔ [2]

''اے بندگانِ الٰہ دوا کیا کرو کیوں کہ اللہ نے ہر مرض کی شفاء مقرر کی ہے۔ بجز ایک مرض کے لوگوں نے پوچھا وہ کیا ہے؟ فرمایا: کھوسٹ (بڑھاپا)۔''

خطبہ خوانی

زمین یا منبر پر کھڑے ہو کر یا شتر و ناقہ پر سوار ہو کر خطبہ فرمایا کرتے۔ جس کا آغاز تشہد سے اور اختتام استغفار پر ہوا کرتا۔ قرآن مجید اس خطبہ میں ضرور ہوتا اور قواعد اسلام کی تعلیم اس خطبہ میں دی جایا کرتی تھی۔

كَانَ يَخْطُبُ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ بِمَا تَقْتَضِيْهِ حَاجَةُ الْمُخَاطِبِيْنَ وَ مَصْلِحَتِهِمْ [3]

''خطبہ میں وہ باتیں ضرور بیان کی جاتی تھیں جن کی سر دست مسلمانوں کو ضرورت ہوتی اور وقت و ضرورت کے اعتبار سے خطبہ میں سب کچھ بیان ہوا کرتا۔''

ایسے خطبے جمعہ کے دن پر ہی موقوف نہ ہوتے بلکہ جب ضرورت اور موقع ہوتا تب ہی لوگوں کو کلام پاک سے مستفید فرمادیا کرتے تھے۔

خطبہ کے وقت ہاتھ میں کبھی عصا ہوتا، کبھی کمان، ان پر اثنائے تقریر میں ٹیک بھی لگا لیا کرتے تھے۔ خطبہ کے وقت تلوار کبھی ہاتھ میں نہ ہوتی تھی۔ نہ اس پر ٹیک لگایا کرتے۔ [4]

علامہ ابن القیم رحمہ اللہ کہتے ہیں: [5] ''جاہلوں کا قول ہے کہ نبی ﷺ منبر پر تلوار لے کر کھڑے ہوا کرتے تھے۔ گویا اشارہ یہ تھا کہ دین بزور شمشیر قائم کیا گیا ہے۔،، علامہ کہتے ہیں جاہلوں کا یہ قول غلط ہے۔ (1) تلوار پر خطبہ میں ٹیک لگانا ثابت نہیں۔ (2) خطبہ خوانی کا آغاز مدینہ منورہ میں ہوا تھا اور مدینہ منورہ بذریعہ قرآن فتح ہوا تھا۔ نہ بذریعہ تلوار۔ پھر علامہ موصوف رحمہ اللہ یہ بتلاتے ہیں کہ دین تو وحی سے قائم ہوا ہے۔ [6]

---

[1] بخاری: 5656، 5657، زاد المعاد: 117/4 [2] ابن ماجہ: 3436، ابوداؤد: 3855، ترمذی: 2039، ابن حبان: 1395، احمد: 278/4، صحیح ابن حبان والترمذی۔ زاد المعاد: 13/4 [3] زاد المعاد: 5 بحوالہ مسند امام احمد (المتوفی 241ھ) [4] ابوداؤد: 1096، 1145، زاد المعاد: 429/1 [5] ابن قیم شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن ابی بکر رحمہ اللہ عظیم محدث فقیہ اور عظیم المرتبت امام تھے۔ 1292ھ دمشق میں پیدا ہوئے۔ بیس (20) برس تک اُس وقت کے عظیم فقیہ اور امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کے ساتھ رہے۔ شاگردی اور محبت کا یہ اثر ہوا کہ اُستاد ہی کے رنگ میں رنگے گئے۔ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کی بے شمار تصانیف کی ترتیب و تہذیب اور تبویب کی۔ اپنے زمانہ کے ملحدوں، فلسفیوں، معتزلیوں، جہمیوں اور دیگر فرق باطلہ سے برسرپیکار اور مصروف جہاد رہے۔ درجنوں کتب تصنیف کیں 1350ھ میں رفیق اعلیٰ سے جا ملے۔ [6] زاد المعاد: 429/1۔

صدقہ و ہدیہ

صدقہ کی کوئی چیز ہرگز استعمال نہ کرتے ، البتہ ہدیہ قبول فرماتے۔ مخلصین صحابہ نیز عیسائی اور یہودی جو چیزیں تحفۃً بھیجتے۔ انھیں قبول فرمالیتے۔ ان کے لیے خود بھی تحفے ارسال فرماتے۔ مگر مشرکین کے ہدایا (تحائف) لینے سے انکار فرماتے۔

مقوقس مِتی شاہ مصر کے بھیجے ہوئے خچر پر حضور ﷺ نے سواری فرمائی اور جنگ حنین کے دن وہی خچر آنحضرت ﷺ کی سواری میں تھا۔ لیکن عامر بن مالک کے بھیجے ہوئے گھوڑے کو قبول کرنے سے انکار فرمادیا اور ارشاد کیا کہ ''ہم مشرک سے ہدیہ قبول نہیں کرتے۔'' [1]

جو قیمتی تحائف آنحضرت ﷺ کے پاس آیا کرتے اکثر اوقات انھیں آنحضرت ﷺ اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم میں تقسیم فرمادیا کرتے۔

اپنی تعریف (تخییر بین الانبیاء علیہم السلام سے ممانعت)

اپنی ایسی تعریف جس سے کسی دوسرے نبی کی کمی نکلتی پسند نہ فرمایا کرتے اور ارشاد کرتے:

لَا تُخَيِّرُوْا بَيْنَ الْأَنْبِيَآءِ۔ [2]

''نبیوں کے ذکر میں ایسی طرز اختیار نہ کرو کہ ایک دوسرے کے مقابلہ میں کمی نکلتی ہو۔''

ایک بیاہ میں تشریف لے گئے۔ وہاں چھوٹی چھوٹی لڑکیاں اپنے بزرگوں کے تاریخی کارنامے گا رہی تھیں۔ انھوں نے یہ بھی گایا کہ ہمارے درمیان ایسا نبی ہے جو کل (غیب) کی بات آج بتا دیتا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا۔ یہ نہ کہو جو پہلے کہتی تھیں وہی کہے جاؤ۔ [3]

اظہار حقیقت یا جوش عقیدہ کی اصلاح

سیدنا ابراہیم فرزند رسول ﷺ کا انتقال ہوگیا۔ اس روز سورج گرہن ہوا۔ لوگ کہنے لگے کہ ابراہیم کی موت کی وجہ سے سورج بھی گہنا یا گیا۔ نبی ﷺ نے لوگوں کے مجمع میں خطبہ پڑھا اور فرمایا کہ سورج، چاند کسی کے مرنے یا جینے پر نہیں گہنایا کرتے۔ [4]

مصلحت عامہ کا لحاظ

جب قریش نے اسلام سے پہلے کعبہ کی عمارت بنائی تو انھوں نے کچھ تو عمارات ابراہیمی میں سے اندر کی جگہ (حطیم) باہر چھوڑ دی۔ پھر کرسی اتنی اونچی رکھی کہ زینہ لگانا پڑے اور بیت اللہ میں دروازہ بھی صرف ایک ہی رکھا۔ نبی ﷺ نے ایک روز عائشہ طیبہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا:

لَوْلَا قَوْمُكِ حَدِيْثٌ عَهْدِهِمْ بِكُفْرٍ لَنَقَضْتُ الْكَعْبَةَ فَجَعَلْتُ لَهَا بَابَيْنِ بَابٌ يَدْخُلُ النَّاسُ وَ بَابٌ يَخْرُجُوْنَ مِنْهُ۔ [5]

''قریش کو مسلمان ہوئے تھوڑے ہی دن ہوئے ہیں ورنہ میں اس عمارت کو گرا دیتا۔ کعبہ میں دو دروازے رکھتا۔ ایک

---

[1] زاد المعاد: 161/2 [2] بخاری: 2412، مسلم: 6165، ابوداود: 4668 [3] بخاری: 6247

[4] بخاری: 1043، 1060، مسلم: 615، ابوداود: 4668 [5] بخاری: 126

آنے کا اور ایک جانے کا۔"

جب منافقین کے شرانگیز افعال و حرکات حد سے بڑھ گئے تو عمر فاروق ؓ نے عرض کیا کہ انھیں قتل کر دینا چاہیے۔ نبی ﷺ نے فرمایا نہیں۔ (بے خبر لوگ کہیں گے کہ) محمد ﷺ اپنے دوستوں کو قتل کرنے لگا۔

بشریت و رسالت

① نبی ﷺ ان احکام کو جو شان رسالت سے ظاہر ہوتے ان افعال و اقوال سے جو بطور بشریت ثابت ہوتے ہمیشہ نمایاں طور پر علیحدہ علیحدہ دکھلانے کی سعی فرماتے۔

ایک دفعہ فرمایا: "میں بشر ہوں۔ میرے سامنے جھگڑے آتے ہیں۔ کوئی شخص دوسرے فریق سے اپنے مدعا کو بہتر طریق پر ادا کرنے والا ہوتا ہے۔ جس سے گمان ہو جاتا ہے کہ وہ سچا ہے اور میں اسی کے حق میں فیصلہ کر دیتا ہوں۔ پس اگر کسی شخص کو کسی مسلمان کے حصہ میں سے اس فیصلہ کے بموجب کچھ ملتا ہو تو وہ سمجھ لے کہ یہ ایک آگ کا ٹکڑا ہے۔ اب خواہ لے خواہ چھوڑ دے۔ ①

② بریرہ ؓ لونڈی سے آنحضرت ﷺ نے مغیث ؓ اس کے شوہر کی سفارش کی۔ جس سے وہ بوجہ آزادی (حریت) علیحدہ ہو چکی تھی۔ بریرہ ؓ نے پوچھا: یارسول اللہ ﷺ کیا آپ حکم دے رہے ہیں۔ فرمایا: نہیں۔ میں سفارش کرتا ہوں۔ وہ بولی مجھے مغیث ؓ کی حاجت نہیں۔ ②

③ اہل مدینہ نر کھجور کا بور مادہ کھجور پر ڈالا کرتے تھے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اس کی کیا ضرورت ہے۔ اہل مدینہ نے یہ عمل چھوڑ دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ پھل درختوں پر کم لگا۔ لوگوں نے اس بارہ میں آنحضرت ﷺ سے گذارش کی۔ فرمایا: "دنیا کے کام تم مجھ سے زیادہ جانتے ہو۔ جب میں کوئی کام دین کا بتلایا کروں تو اس کی پیروی کیا کرو۔"

بچوں پر شفقت

بچوں کے قریب سے گذر فرماتے تو ان کو خود السلام علیکم کہا کرتے۔ ③ ان کے سر پر ہاتھ رکھتے۔ انھیں گود میں اٹھا لیتے۔

بوڑھوں پر عنایت

فتح مکہ کے بعد ابوبکر صدیق ؓ اپنے بوڑھے ضعیف، فاقد البصر باپ کو آنحضرت ﷺ کی خدمت میں بیعت اسلام کرانے کے لیے لائے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "تم نے بوڑھے کو کیوں تکلیف دی۔ میں خود ان کے پاس چلا جاتا۔"

ارباب فضل کی قدر و منزلت

سعد بن معاذ ؓ کو جو خندق میں سخت زخمی ہو گئے تھے، یہودیان بنی قریظہ نے اپنا حکم اور منصف تسلیم کر کے بلایا تھا۔ وہ مسجد تک پہنچے تو آپ ﷺ نے اپنے صحابہ ؓ سے جو اس کے تھے، فرمایا:

① قُوْمُوْٓا اِلٰی سَیِّدِکُمْ ④ (اپنے سردار کی پیشوائی کو جاؤ) لوگ گئے۔ ان کو آگے بڑھ کر لے آئے۔

---

① بخاری: 2680,2458 ،مسند احمد: 308/6 ② بخاری: 5282 ③ بخاری: 6247 ④ بخاری: 3043، 3804، 4121، 6262، مسلم: 4596، ابوداؤد: 5215، ترمذی: 856، کنز العمال: 25483، اذکار: 322، بیہقی: 58/6، مسند احمد: 22/3

(2) حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اسلام کی تائید اور مخالفین کے جواب میں اشعار نظم کر کے لاتے تو ان کے لیے مسجد نبوی ﷺ میں منبر رکھ دیا جاتا، جس پر چڑھ کر وہ اشعار پڑھا کرتے تھے۔ [1]

خادم کے لیے دعا

انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے دس(10) سال تک مدینہ میں آنحضرت ﷺ کی خدمت کی۔ اس عرصہ میں کبھی ان سے یہ نہ کہا کہ یہ کام کیوں کیا، یہ کیوں نہ کیا۔ ایک روز ان کے حق میں دعا فرمائی: **اَللّٰھُمَّ اَکْثِرْ مَالَہٗ وَ وَلَدَہٗ وَ بَارِکْ لَہٗ مَا اَعْطَیْتَہٗ** الٰہی! اسے مال بھی بہت دے اور اولاد بھی بہت دے اور جو کچھ اسے عطا کیا جائے اس میں برکت بھی دے۔'' [2]

ادب و تواضع

(1) مجلس میں کبھی پاؤں پھیلا کر نہ بیٹھتے۔
(2) جو کوئی مل جاتا اسے سلام پہلے خود کر دیتے۔
(3) مصافحہ کے لیے خود پہلے ہاتھ پھیلا دیتے۔
(4) صحابہ کو کنیت کے نام سے پکارتے (عرب میں عزت سے بلانے کا یہی طریق ہے)
(5) کسی کی بات کبھی قطع نہ فرماتے۔
(6) اگر نماز نفل میں ہوتے اور کوئی شخص پاس آ بیٹھتا تو نماز کو مختصر کر دیتے اور اس کی ضرورت پوری کر دینے کے بعد پھر نماز میں مشغول ہوتے۔
(7) اکثر متبسم رہتے۔ [3]
(8) آنحضرت ﷺ کی ایک ناقہ کا نام ''عضبا'' تھا۔ کوئی جانور اس سے آگے نہیں بڑھ سکا تھا۔ ایک اعرابی اپنی سواری پر آیا اور عضباء سے آگے نکل گیا۔ مسلمانوں کو یہ بہت ہی شاق گذرا۔

نبی ﷺ نے فرمایا:

اِنَّ حَقًّا عَلَی اللہِ عَزَّوَجَلَّ اَنْ لَّا یَرْفَعُ شَیْئًا مِنَ الدُّنْیَا اِلَّا وَضَعَہٗ۔ [4]

''دنیا میں اللہ کی سنت یہی ہے کہ کسی کو اونچا اٹھاتا ہے تو اسے نیچا بھی دکھاتا ہے۔''

(9) ایک شخص آیا، اس نے نبی ﷺ کو یا خیر البریہ (برترین خلق) کہہ کر بلایا۔ نبی ﷺ نے فرمایا۔ ذاک ابراہیم۔ یہ شان تو ابراہیم علیہ السلام کی ہے۔ [5]
(10) ایک شخص حاضر ہوا۔ نبی ﷺ کی ہیبت سے لرز گیا۔ نبی ﷺ نے فرمایا:

ھَوِّنْ عَلَیْکَ فَاِنِّیْ لَسْتُ بِمَلِكٍ۔ اِنَّمَا اَنَا ابْنُ امْرَاَۃٍ مِنْ قُرَیْشٍ تَاْکُلُ الْقَدِیْدَ۔ [6]

---

[1] بخاری: 6152,3212,453، مسلم: 6384، 6385، 6386، ابوداؤد: 5013، 5014، نسائی: 715

[2] بخاری: 6379,6378، مسلم: 6372، ترمذی: 3829، کنز العمال: 36834، بیہقی: 96/3 [3] الشمائل: 226، الشفاء للعیاض

[4] بخاری: 2872 [5] مسلم: 6138، ابوداؤد: 3352,4672 [6] ابن ماجہ: 3312

''کچھ پرواہ نہ کرو۔ میں بادشاہ نہیں ہوں۔ میں قریش کی ایک غریب عورت کا فرزند ہوں جو سوکھا گوشت کھایا کرتی تھی۔''

شفقت و رافت

عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں:

1. کوئی شخص بھی اچھے خلق میں آنحضرت ﷺ جیسا نہ تھا۔ خواہ کوئی صحابی بلاتا یا گھر کا کوئی شخص نبی ﷺ اس کے جواب میں لبیک (حاضر) ہی فرمایا کرتے۔ [1]
2. عبادت نافلہ چھپ کر ادا فرمایا کرتے تا کہ امت پر اس قدر عبادت کرنا شاق نہ ہو۔
3. جب کسی معاملہ میں دو صورتیں سامنے آتیں تو آسان صورت کو اختیار فرماتے۔ [2]
4. اللہ پاک کے ساتھ معاہدہ کیا کہ جس کسی شخص کو میں گالی دوں یا لعنت کروں وہ گالی اس کے حق میں گناہوں کا کفارہ، رحمت و بخشش اور قرب کا ذریعہ بنا دی جائے۔ [3]
5. فرمایا: ایک دوسرے کی باتیں مجھے نہ سنایا کرو۔ میں چاہتا ہوں کہ دنیا سے جاؤں تو سب کی طرف سے صاف سینہ جاؤں۔ [4]
6. وعظ و نصیحت کبھی کبھی فرمایا کرتے تا کہ لوگ اکتا نہ جائیں۔ [5]
7. ایک بار سورج گرہن ہوا۔ نماز کسوف میں نبی ﷺ روتے تھے اور دعا میں فرماتے تھے۔

رَبِّ اَلَمْ تَعِدْنِیْ اَنْ لَا تُعَذِّبَهُمْ وَ اَنَا فِیْهِمْ وَ هُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ وَ نَحْنُ نَسْتَغْفِرُكَ ۔ [6]

''اے پروردگار تو نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان لوگوں کو (بہر دو صورت) عذاب نہ دیا جائے (1) جب تک میں ان کے درمیان موجود ہوں (2) جب تک یہ استغفار کرتے رہیں۔ اب اے اللہ میں موجود ہوں اور سب استغفار بھی کر رہے ہیں۔''

لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ يَدْعُوْ بِهَا فَاسْتَجِيْبُ لَهَا فَجَعَلْتُ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ [7]

''ہر ایک نبی کے لیے ایک ایک دعا تھی۔ وہ مانگتے رہے اور دعا قبول ہوتی رہی۔ میں نے اپنی دعا کو اپنی امت کی شفاعت روز قیامت کے لیے محفوظ رکھا ہے۔''

عدل و رحم

اگر دو شخصوں کے درمیان جھگڑا ہوتا تو عدل فرماتے اور اگر کسی شخص کا نفس مبارک کے ساتھ کوئی معاملہ ہوتا تو رحم فرماتے۔

1. فاطمہ نامی ایک عورت نے مکہ میں چوری کی۔ لوگوں نے اسامہ رضی اللہ عنہ سے جو آنحضرت ﷺ کو بہت پیارے تھے، سفارش کرائی۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''کیا تم حدود الٰہی میں سفارش کرتے ہو؟ سنو۔! اگر فاطمہ بنت محمد (ﷺ) بھی ایسا کرتی تو بھی میں حد جاری کرتا۔'' [8]

---

[1] الشفاء فی حقوق المصطفیٰ، قاضی عیاض ص:53 [2] بخاری: 3530، ابوداؤد: 4775، مسلم: 2367 [3] بخاری: 6361، مسلم: 2007 تا 2009، مسند احمد: 390/2، مناقب الصفاء: 235 [4] الشفاء ص: 55 [5] بخاری: 68، 70، 4611، مسلم: 7127، 7129، ترمذی 2855، مسند احمد: 377/1
[6] ابوداؤد: 1194، موارد الظمآن للہیثمی: 595، بیہقی: 2/252، الشمائل: 166، ارواء الغلیل: 124/2، زاد المعاد ص: 49/1
[7] بخاری: 6304 [8] بخاری: 2648

2. سواد بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ وہ ایک روز آنحضرت ﷺ کے سامنے رنگین کپڑا پہن کر گئے۔ آنحضرت ﷺ نے حط حط فرمایا اور چھڑی سے ان کے شکم میں ٹھوکا بھی دیا۔ میں نے کہا: یارسول اللہ ﷺ میں تو قصاص لوں گا۔ آنحضرت ﷺ نے جھٹ اپنا شکم برہنہ کر کے میرے سامنے کر دیا۔ [1]

رحم براعداء (دشمنوں پر مہربانی)

1. مکہ میں سخت قحط پڑا۔ یہاں تک کہ لوگوں نے مردار اور ہڈیاں بھی کھانی شروع کر دیں۔ ابوسفیان بن حرب (ان دنوں دشمن غالی تھا) نبی ﷺ کی خدمت میں آیا۔ عرض کیا: محمد ﷺ! آپ تو لوگوں پر صلہ رحم (حسن سلوک با قرابت داران) کی تعلیم دیا کرتے ہیں۔ دیکھیے آپ کی قوم ہلاک ہو رہی ہے۔ اللہ سے دعا کیجیے۔ نبی ﷺ نے دعا فرمائی اور خوب بارش ہوئی۔ [2]
2. ثمامہ بن اثال رضی اللہ عنہ نے نجد سے مکہ کو جانے والا غلہ بند کر دیا اس لیے کہ اہل مکہ آنحضرت ﷺ کے دشمن ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے اسے ایسا کرنے سے منع فرما دیا۔ [3]
3. حدیبیہ کے میدان میں آنحضرت ﷺ مسلمانوں کے ساتھ نماز صبح پڑھ رہے تھے۔ ستر اسی آدمی چپکے سے کوہ تنعیم سے اترے تاکہ مسلمانوں کو نماز پڑھتے ہوئے قتل کر دیں۔ یہ سب گرفتار ہو گئے اور نبی ﷺ نے ان کو بلا کسی فدیہ یا سزا کے آزاد کر دیا۔ [4]

جود و کرم

1. سائل کو کبھی رد نہ فرماتے۔ زبان مبارک پر حرف انکار نہ لاتے۔ اگر کچھ بھی دینے کو پاس نہ ہوتا تو سائل سے عذر کرتے۔ گویا کوئی شخص معافی چاہتا ہے۔
2. ایک شخص نے آ کر سوال کیا، آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس تو اس وقت کچھ نہیں ہے۔ تم میرے نام پر قرض لے لو، میں پھر اسے اتار دوں گا۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اللہ نے آپ کو یہ تکلیف نہیں دی کہ قدرت سے بڑھ کر کام کریں۔ نبی ﷺ چپ ہو گئے۔ ایک انصاری نے پاس سے کہہ دیا۔ یارسول اللہ ﷺ خوب دیجیے، رب العرش مالک ہے۔ تنگ دستی کا کیا ڈر ہے۔ نبی ﷺ ہنس پڑے۔ چہرہ مبارک پر خوشی کے آثار آشکار ہو گئے۔ فرمایا: ہاں مجھے یہی حکم ملا ہے۔ [5]
3. ایک بار ایک سائل کو آدھا وسق غلہ قرض لے کر دلایا۔ [6] قرض خواہ تقاضا کے لیے آیا۔ نبی ﷺ نے فرمایا۔ اسے ایک وسق غلہ دے دو۔ آدھا تو قرض کا ہے اور آدھا ہماری طرف سے جود وسخا کا ہے۔ [7]
4. فرمایا کرتے، اگر کوئی شخص مقروض مر جائے اور مال باقی نہ چھوڑے تو ہم اسے ادا کریں گے۔ اور اگر کوئی مال چھوڑ کر مرے تو وہ حق وارثوں کا ہے۔ [8]

---

[1] شفاء، قاضی عیاض ص: 311 [2] بخاری: 1007، 1020 [3] اسد الغابہ: 278/1 [4] مسلم: 4679، ابوداؤد: 2688، ترمذی: 3246، احمد: 290,124/3 [5] الشفاء ص: 50 الشمائل: 354 [6] ماپنے کا ایک پیمانہ جو ساٹھ (60) صاع کے برابر ہوتا ہے۔ جس کا مجموعی وزن تین (3) من پندرہ (15) سیر (یعنی 126 کلوگرام ہے) [7] الشفاء ص: 51 [8] بخاری: 2398,2298۔

شرم وحیا

① ابوسعید خدری ؓ کہتے ہیں کہ پردہ نشین لڑکی سے بڑھ کر نبی ﷺ میں حیا تھی۔ ① جب کوئی ایسی بات حضور ﷺ کے سامنے کی جاتی جس سے حضور ﷺ کو کراہت ہوتی تو چہرہ مبارک سے فوراً معلوم ہو جاتا تھا۔

② عائشہ طیبہ ؓ کا بیان ہے کہ اگر کسی شخص کی کوئی حرکت نبی ﷺ کو پسند نہ آتی تو اس کا نام لے کر منع نہ فرماتے بلکہ عام الفاظ میں اس حرکت وفعل کی نہی فرما دیتے۔ ②

③ عادات ومعاملات میں اپنی جان پر تکلیف اٹھا لیتے مگر دوسرے شخص کو از راہ شرم کام کرنے کو نہ فرماتے۔

④ جب کوئی عذر خواہ سامنے آ کر معافی کا طالب ہوتا، تو آنحضرت ﷺ شرم سے گردن مبارک جھکا لیتے۔

⑤ عائشہ طیبہ ؓ کا قول ہے کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو برہنہ کبھی نہیں دیکھا۔ ③

صبر وحلم

① زید بن سعنہ ایک یہودی تھا۔ نبی ﷺ نے اس کا قرض دینا تھا۔ وہ ایک روز آیا۔ آتے ہی چادر آپ کے شانہ سے اتار لی۔ جسم کے کپڑے پکڑ لیے اور ترانے لگا کہ عبدالمطلب والے بڑے نادہند ہوتے ہیں۔ عمر فاروق ؓ نے اسے سختی سے جھڑک دیا۔ نبی ﷺ ہنس پڑے۔ فرمایا: عمر ؓ تمھیں لازم تھا کہ میرے ساتھ اور، اس کے ساتھ اور طرح برتاؤ کرتے۔ مجھے حسن ادائیگی کے لیے کہتے اور اسے حسن تقاضا سکھلاتے۔ پھر زید کی جانب حضور ﷺ مخاطب ہوئے، فرمایا: ”ابھی تو وعدہ میں تین (3) دن باقی ہیں۔ پھر عمر ؓ سے فرمایا: اس کا قرض ادا کر دو۔ بیس (20) صاع ④ زیادہ بھی دینا کیوں کہ تم نے اسے دھمکایا اور ڈرایا بھی تھا۔“ ⑤

② ایک اعرابی آیا اس نے زور سے آنحضرت ﷺ کی چادر کو جو موٹے کنارے کی تھی جھٹکا دیا۔ وہ کنارہ آنحضرت ﷺ کی گردن میں گڑ گیا اور نشان پڑ گیا۔ اعرابی نے اب زبان سے یہ کہا: محمد ﷺ یہ اللہ کا مال جو تمھارے پاس ہے جو نہ تیرا ہے اور نہ تیرے باپ کا ہے، اس میں سے ایک بار شتر مجھے بھی دلاؤ۔
نبی ﷺ نے ذرا خاموشی کے بعد فرمایا: مال بے شک اللہ کا ہے اور میں اس کا غلام ہوں۔ بالآخر حکم فرمایا کہ ایک بار شتر جو اور ایک بار شتر کھجور اسے دی جائیں۔ ⑥

③ طائف میں آنحضرت ﷺ وعظ اور تبلیغ کے لیے تشریف لے گئے تھے۔ وہاں کے باشندوں نے حضور ﷺ پر کیچڑ پھینکا۔ آوازے لگائے، اتنے پتھر مارے کہ حضور لہو سے تر بہ تر اور بے ہوش ہو گئے۔ پھر بھی یہی فرمایا کہ میں ان لوگوں کی ہلاکت نہیں چاہتا۔ کیوں کہ اگر یہ ایمان نہیں لاتے تو امید ہے کہ انکی اولاد مسلمان ہو جائے گی۔

عفو ورحم

① عائشہ طیبہ ؓ کا بیان ہے کہ نبی ﷺ نے اپنی ذات مبارک کی بابت کسی سے انتقام نہ لیا۔ ⑦

---

① بخاری:6102,3562، ابن ماجہ4180 ② الشفاء ص:52، ابوداؤد4788 ③ ترمذی فی الشمائل:358، والشفاء ص:52 ④ ناپنے کا ایک حجازی پیمانہ جس کا صحیح اور محقق وزن دو (2) سیر چار (4) چھٹانک ہے۔ (یعنی 2 کلو 100 گرام) ⑤ دلائل النبوۃ لابی نعیم ص:91، مجمع الزوائد ہیثمی: 8 / 232، دلائل النبوۃ بیہقی: 6 / 278، مناہل الصفا للسیوطی: 178، الشفاء، عیاض ص 84، اس کے بعد زید مسلمان ہوگیا۔ ⑥ نسائی4780، شفاء ص48
⑦ بخاری: 3530، مسلم2367، ابوداؤد4785

② جنگ احد میں کافروں نے نبی ﷺ کے دانت توڑے، سر پھوڑا۔ حضور ﷺ ایک غار میں بھی گر گئے تھے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ ان پر بد دعا فرمائیے نبی ﷺ نے فرمایا۔ میں لعنت کرنے کے لیے نبی نہیں بنایا گیا۔ اللہ نے مجھے لوگوں کو اپنی بارگاہ میں بلانے کے لیے بھیجا ہے۔ رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ اس کے بعد یہ دعا فرمائی۔ اے اللہ! میری قوم کو ہدایت فرما۔ وہ (مجھے) نہیں جانتے۔'' [1]

③ ایک درخت کے نیچے آنحضرت ﷺ سو گئے۔ تلوار شاخ سے آویزاں کر دی۔ غورث بن الحراث آیا۔ تلوار نکال کر نبی ﷺ کو گستاخانہ جگایا۔ بولا، اب تم کو کون بچائے گا؟ فرمایا: اللہ۔ وہ چکر کھا کر گر پڑا۔ آنحضرت ﷺ نے تلوار اٹھالی۔ فرمایا: اب تجھے کون بچا سکتا ہے؟ وہ حیران ہو گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جاؤ، میں بدلہ نہیں لیا کرتا۔ [2]

④ ہبار نے آنحضرت ﷺ کی بیٹی زینب رضی اللہ عنہا کے نیزہ مارا۔ وہ ہودج سے نیچے گر گئیں اور حمل ساقط ہو گیا تھا اور بالآخر یہی صدمہ ان کی موت کا باعث ہوا۔ ہبار نے عفو کی التجا کی اور اسے معاف فرمایا۔ [3]

⑤ فرمایا: ''زمانہ جاہلیت سے لے کر جن باتوں پر قبائل میں باہمی جنگ وجدل چلا آتا ہے، میں سب کو معدوم کرتا ہوں اور سب سے پہلے اپنے خاندان کے خون کا دعویٰ اور اپنے چچا کی رقوم قرضہ کو معاف کرتا ہوں۔'' [4]

صدق وامانت

① جانی دشمن بھی نبی ﷺ کے ان اوصاف کے قائل تھے۔ صادق وامین بچپن ہی سے آنحضرت ﷺ کا خطاب پڑ گیا تھا۔ ان ہی اوصاف کی وجہ سے قبل از نبوت بھی لوگ اپنے مقدمات کو انفصال کے لیے آنحضرت ﷺ کے پاس لایا کرتے تھے۔ [5]

② ایک روز ابوجہل نے کہا: محمد ﷺ میں تجھے جھوٹا نہیں سمجھتا لیکن تیری تعلیم پر میرا دل ہی نہیں ٹھہراتا۔ [6]

③ شب ہجرت کو کفار نے تو آنحضرت ﷺ کے قتل کا مشورہ اور اتفاق کیا تھا اور حضور ﷺ نے پیارے بھائی علی رضی اللہ عنہ کو اس لیے پیچھے چھوڑا کہ ان کی امانتوں کو ادا کر کے آنا۔

عفت وعصمت

آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں۔ ایام جاہلیت کی رسموں میں سے میں نے کبھی کسی میں بھی حصہ نہیں لیا۔ صرف دو (2) دفعہ ارادہ کیا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے خود ہی بچالیا۔ 10 برس سے کم عمر تھی۔ میں نے اس چرواہے کو جس کے ساتھ بکریاں چراتا تھا کہا، اگر تم میری بکریاں سنبھالے رکھو تو میں مکہ (آبادی کے اندر) جاؤں۔ جیسے اور نوجوان کہانیاں کہتے سنتے ہیں، میں بھی کہانیاں کہوں سنوں۔ اس ارادہ سے میں شہر کو آیا۔ پہلے ہی گھر پہنچا تھا کہ وہاں دف ومزامیر بج رہے تھے۔ اس گھر میں بیاہ تھا۔ میں انھیں دیکھنے لگا۔ نیند نے غلبہ کیا، میں سو گیا۔ جب سورج نکلا تب آنکھ کھلی۔ ایک دفعہ پھر ایسی ہی نیت سے آیا تھا۔ اسی طرح نیند آ گئی اور وقت گذر گیا۔ ان دو واقعات کے سوا میں نے کبھی مکروہات جاہلیت کا ارادہ بھی نہیں کیا۔ [7]

---

[1] مسلم:4646,4645، منازل الصفاء:186، الشفاء عیاض ص:47، [2] بخاری:4135، مسلم:595، احمد:311/1
[3] فتح الباری:88/8، کنز العمال: 33660، اسد الغابہ:360/5 [4] خطبہ نبوی بروز فتح ابوداود: 1905، ابن ماجہ:3074، احمد:73/5
[5] الشفاء:177,176/1 [6] ترمذی:3064، حاکم:315/2، الشفاء:177/1 [7] الشفاء:180/1

عہد نبوت سے پہلے کا ذکر ہے زید بن عمرو بن نفیل نے نبی ﷺ کی دعوت کی، دستر خوان پر گوشت بھی آیا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: اِنِّیْ لَا اٰکُلُ مِمَّا تَذْبَحُوْنَ عَلٰی اَنْصَابِکُمْ وَلَا اٰکُلُ اِلَّا مَا ذُکِرَ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ ''میں وہ گوشت نہیں کھاتا جو بتوں یا استھانوں کی قربانی کا ہو۔ میں تو صرف وہی گوشت کھایا کرتا ہوں جس پر ذبح کے وقت اللہ کا نام لیا گیا ہو۔'' [1]

زہد

(1) آنحضرت ﷺ کی دعا یہ تھی: یَارَبِّ اَجُوْعُ یَوْمًا وَاَشْبَعُ یَوْمًا۔ فَاَمَّا الْیَوْمَ الَّذِیْ اَجُوْعُ فِیْہِ فَاَتَضَرَّعُ اِلَیْکَ وَاَدْعُوْکَ وَاَمَّا الْیَوْمَ الَّذِیْ اَشْبَعُ فِیْہِ فَاَحْمَدُکَ وَاُثْنِیْ عَلَیْکَ ''الٰہی ایک دن بھوکا رہوں۔ ایک دن کھانے کو ملے۔ بھوک میں تیرے سامنے گڑگڑایا کروں۔ تجھ سے مانگا کروں اور کھا کر تیری حمد و ثنا کیا کروں۔'' [2]

(2) صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں ایک ایک مہینہ برابر ہمارے چولھے میں آگ روشن نہ ہوتی۔ حضور ﷺ کا کنبہ پانی اور کھجور پر گذران کرتا۔ [3]

(3) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں نبی ﷺ نے مدینہ آ کر تین (3) دن تک برابر گیہوں کی روٹی کبھی نہیں کھائی۔ [4]

(4) نبی ﷺ نے انتقال فرمایا تو اس وقت آنحضرت ﷺ کی زرہ ایک یہودی کے پاس بعوض غلہ جو رہن تھی۔ [5]

(5) آنحضرت ﷺ اس دنیا کی آخری شب میں تھے کہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے پڑوسن سے چراغ کے لیے تیل منگوایا تھا۔ [6]

(6) دعا فرمایا کرتے۔ الٰہی! آل محمد ﷺ کو صرف اتنا دے جتنا پیٹ میں ڈال لیں۔ [7]

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ زہد کی یہ تمام صورتیں اختیاری تھیں۔ لاچاری کچھ نہ تھی۔ اور اس زہد سے مقصود نبی ﷺ کا یہ نہ تھا کہ کسی حلال شے کے استعمال یا انتفاع میں کوئی روک پیدا کریں۔ ایسے خیال سے صرف ایک بار نبی ﷺ نے شہد کو چھوڑ دیا تھا۔ اس کی وجہ بھی یہ تھی کہ ایک بیوی نے شہد کی بو کو اپنی طبع کے خلاف بتایا تھا۔ اللہ عزوجل نے نبی ﷺ سے فرما دیا کہ یہاں تک کھینچ نہیں کرنی چاہیے۔ [8]

صنف ضعیف (عورتوں) کی اعانت اور ان کی آسائش کا خیال

(1) ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا ایک سفر میں ساتھ تھیں۔ وہ تمام جسم کو چادر سے ڈھانپ کر اونٹ کی پچھلی نشست پر نبی ﷺ کے ساتھ سوار ہوا کرتی تھیں۔ جب وہ اونٹ پر سوار ہونے لگتیں تب:

وَیَجْلِسُ عِنْدَ بَعِیْرِہٖ فَیَضَعُ رُکْبَتَہٗ فَتَضَعُ صَفِیَّۃُ رِجْلَھَا عَلٰی رُکْبَتِہٖ حَتّٰی تَرْکَبُ۔ [9]

آنحضرت ﷺ اپنا گھٹنا آگے بڑھا دیتے۔ صفیہ رضی اللہ عنہا اپنا پاؤں آنحضرت ﷺ کے گھٹنے پر رکھ کر اونٹ پر چڑھ جایا کرتیں۔

(2) ایک دفعہ ناقہ کا پاؤں پھسلا۔ نبی ﷺ اور ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا دونوں گر پڑے۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ دوڑے دوڑے رسول اللہ ﷺ کی طرف متوجہ ہوئے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: '' علیك بالمرأة ''تم پہلے عورت کی خبر لو۔ [10]

(3) ایک سفر میں اونٹوں کے کجاووں میں عورتیں سوار تھیں۔ ساربان جو اونٹوں کی مہار پکڑے جاتا تھا۔ حدی خوانی کرنے لگا۔ حدی ایسی آواز سے شعر پڑھنے کو کہتے ہیں جس سے اونٹ تیز چلنے لگتے ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: دیکھو کانچ کے شیشوں کو توڑ پھوڑ نہ دینا۔ [11] اس ارشاد میں عورتوں کو کانچ کے آلات سے نبی ﷺ نے تشبیہ دی۔ نفاست و نزاکت کے علاوہ وجہ تشبیہ عورتوں کی ضعف خلقت ہے

---

[1] بخاری: 5499 [2] الشفاء ص: 62 [3] بخاری: 6455 [4] بخاری: 6454 [5] بخاری: 2916 [6] بخاری: 2916 [7] بخاری: 6460

[8] ﴿یٰۤاَیُّھَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰہُ لَکَ تَبْتَغِیْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِکَ﴾ [التحریم: 1] [9] بخاری: 3085، 3086 [10] فتح الباری: 52/8، طبقات ابن سعد: 88/8

[11] بخاری: 3085، 3086

جس کی وجہ سے وہ ہمیشہ آرام اور آسائش کی مستحق ہیں۔

اسیران جنگ کی خبر گیری

اسیران جنگ کی خبر گیری مہمانوں کی طرح کی جاتی تھی۔ جنگ بدر میں جو قیدی مدینہ منورہ میں چند روز تک مسلمانوں کے پاس اسیر رہے ان میں سے ایک کا بیان ہے اللہ مسلمانوں پر رحم کرے۔ وہ اپنے اہل وعیال سے اچھا ہم کو کھلاتے تھے اور اپنے کنبے سے پہلے ہمارے آرام کی فکر کرتے تھے۔

جب قیدی اسیر ہو کر آتے تو نبی ﷺ پہلے ان کے لباس کی فکر کیا کرتے۔ [1]

مردانہ ورزشیں

مردانہ ورزشوں کا شوق دلایا کرتے۔ رکانہ عرب کا مشہور پہلوان تھا۔ وہ اپنے پچھڑ جانے کو اسلام لانے کی شرط ٹھہراتا تھا۔ نبی ﷺ نے اسے تین بار پچھاڑ دیا تھا۔ [2]

تیر افگنی (تیراندازی)

نشانہ بازی کا لوگوں کو شوق دلایا کرتے۔ نشانہ بازی کی مشق کے لیے لوگوں کو دو (2) حصوں میں بانٹ دیا کرتے تھے۔ ایک دفعہ فرمایا: تیر چلاؤ۔ میں اس پارٹی کی طرف ہوں گا۔ یہ سن کر دوسری پارٹی نے تیر چلانے سے ہاتھوں کو روک لیا۔ سبب پوچھا گیا۔ انھوں نے کہا: جب اس پارٹی میں رسول اللہ ﷺ شامل ہیں تو ہم اس کے مقابلہ میں کیوں کر تیر افگنی (نیزہ بازی) کر سکتے ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا۔ تیر چلاؤ، میں تم سب کے ساتھ ہوں۔ اِرْمُوْا وَ اَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ۔ [3]

گھوڑ دوڑ

گھوڑوں کی دوڑ آنحضرت ﷺ کے حکم سے کرائی جاتی تھی۔ لمبی دوڑ 6 میل کی اور ہلکی دوڑ ایک (1) میل کی ہوتی تھی۔ [4]

مردم شماری

نبی ﷺ نے فرمایا: اُكْتُبُوْا لِيْ مَنْ تَلَفَّظَ بِالْإِسْلَامِ مِنَ النَّاسِ "تمام کلمہ گو اشخاص کے نام میرے ملاحظہ کے لیے قلم بند کیے جائیں۔" اس حکم کی تعمیل ہوئی۔ اس وقت مسلمانوں کا شمار ڈیڑھ ہزار (1500) ہوا۔ اس تعداد پر مسلمانوں نے اللہ کا شکر کیا۔ خوشی منائی۔ مسلمان کہتے تھے ہم ڈیڑھ ہزار (1500) ہو گئے ہیں۔ اب ہمیں کیا ڈر رہا ہے۔ ہم نے تو وہ زمانہ دیکھا ہے جب ہم میں سے کوئی اکیلا ہی نماز پڑھا کرتا تھا اور اسے ہر طرف سے دشمنوں کا خوف لگا رہتا تھا۔ [5]

افسوس ہے کہ اس روایت سے یہ پتا نہیں لگتا کہ یہ شمار کس سنہ میں ہوا تھا۔ صحیح بخاری کی دیگر روایات سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ تیسری مردم (مسلم) شماری تھی۔ پہلی دفعہ کے شمار میں مسلمانوں کی تعداد پانچ سو (500) دوسری دفعہ کے شمار میں چھ سو (600) اور سات

---

[1] بخاری: 3008 [2] مسلم: 6036 تا 6040 [3] بخاری: 6149، 6161، 6211، ... بخاری: 2899، 3373، الشفاء عیاض ص: 34 [4] بخاری: 2899
[5] بخاری: 3060، مسلم: 377، ابن ماجہ: 4029، احمد: 5/384

سو(700) کے درمیان تعداد تھی۔

تعلیمات رسالت ﷺ

آنحضرت ﷺ کی تعلیم پاک، اعتقادات، عادات، معاملات، عبادات، مہلکات، منجیات، احسانیات کے متعلق ایک بحر ناپیدا کنار ہے۔ نبی ﷺ کی افضلیت اور اسلام کی برتری کا مدار اسی تعلیم پر ہے۔ میرا مقصود اس جگہ صرف نمونہ دکھانا ہے۔ ان شاء اللہ اس کتاب کے حصہ سوم پر ذرا تفصیل سے تحریر کیا جائے گا۔

اللہ کا حق بندوں پر، بندوں کا حق اللہ پر

حَقُّ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهٖ اَنْ يَّعْبُدُوْهُ وَلَا يُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَ حَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ اِذَا فَعَلُوْهُ اَنْ لَّا يُعَذِّبَهُمْ۔ [1]

''اللہ کا حق بندوں پر یہ ہے کہ بندے اسی کی عبادت کریں اور کسی چیز کو بھی اس کا شریک نہ بنائیں۔ بندوں کا حق اللہ پر یہ ہے کہ جب وہ اللہ کے حق ادا کریں تب وہ انھیں عذاب نہ دے۔''

رحمت الٰہی کا بیان

نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ نے اس کتاب میں جو اس کے پاس عرش پر ہے یہ لکھ رکھا ہے: اِنَّ رَحْمَتِيْ غَلَبَتْ غَضَبِيْ۔'' میری رحمت میرے غضب پر غالب ہے۔'' [2]

خدمت والدین

ایک شخص نے نبی ﷺ کی خدمت میں آکر عرض کیا کہ میں جہاد (دشمنان دین سے جنگ) کرنا چاہتا ہوں۔ نبی ﷺ نے پوچھا: ''تیرے ماں باپ زندہ ہیں؟'' وہ بولا: ہاں۔ فرمایا: ''ان ہی کی خدمت میں جہاد (حد درجہ کوشش) کرو۔'' [3]

نصرت باہمی

اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ۔ [4]

''ایک مومن دوسرے مومن کے لیے ایسا ہے جیسے بنیاد کی اینٹیں ایک سے دوسرے کو قوت ملتی ہے، پھر اپنے ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر دکھایا۔ یعنی مومن اس طرح ملے جلے رہتے ہیں۔''

مسلمان کون ہے؟

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَ يَدِهٖ۔ [5]

''مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان بچے رہیں۔''

ایمان کا کمال

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ۔ [6]

---

[1] بخاری: 7373,2856 [2] بخاری: 7554,7553 [3] بخاری: 5972,3004 [4] بخاری: 2646,481 [5] بخاری: 11 [6] بخاری: 13

''تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں بن جاتا جب تک کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کے لیے بھی وہی کچھ پسند نہ کرے جو کچھ خود اپنے لیے پسند کرتا ہے۔''

شیرینی بیان

ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ الْإِيمَانِ۔ اَنْ يَّكُوْنَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ، اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا وَ اَنْ يُّحِبَّ الْمَرْءُ لَا يُحِبُّهٗ اِلَّا لِلّٰهِ۔ وَاَنْ يَّكْرَهَ، اَنْ يَّعُوْدَ فِي الْكُفْرِ كَمَا يَكْرَهُ، اَنْ يُّقْذَفَ فِي النَّارِ۔ (1)

تین باتیں ہیں جس شخص میں یہ ہوں گی وہ ایمان کی حلاوت چکھ لے گا:

(1) اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کی محبت اسے سب سے بڑھ کر ہو۔

(2) کسی بھائی سے للّٰہی محبت رکھتا ہو، کوئی غرض شامل نہ ہو۔

(3) کفر میں جا پڑنے کو ایسا برا جانتا ہو، جیسا آگ میں گر جانے کو سمجھتا ہے۔

پسندیدہ اعمال

لوگوں نے آنحضرت ﷺ سے دریافت کیا کہ اللہ تعالیٰ کو کونسا عمل زیادہ پسند ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اَدْوَمُهَا وَ اِنْ اَقَلَّ ''جو عمل ہمیشہ کیا جائے اگرچہ مقدار میں کم ہی ہو'' پھر فرمایا: اُكْلِفُوْا مِنَ الْعَمَلِ مَا تُطِيْقُوْنَ ''عمل (عبادت) اتنا ہی کیا کرو جسے بآسانی کر سکو۔'' (2)

اعمال شاقہ سے ممانعت

(1) نبی ﷺ نے ایک گھر میں رسی لٹکتی دیکھی۔ پوچھا یہ کیا ہے؟ لوگوں نے کہا: فلاں عورت نے لٹکا رکھی ہے۔ رات کو (عبادت کرتی ہوئی) جب اونگھنے لگتی ہے، تو اس سے لٹک پڑتی ہے۔ فرمایا ''اسے کھول دو۔ عبادت (نافلہ) اس وقت تک کرو کہ نشاط طبع قائم رہے۔'' (3)

(2) بنی اسد کی ایک عورت کی بابت نبی ﷺ سے عرض کیا گیا ہے کہ وہ تمام شب عبادت کیا کرتی ہے۔ فرمایا ''ایسا نہ کرو، اعمال بقدر طاقت ادا کرو۔'' (4)

(3) عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے آنحضرت ﷺ نے پوچھا، میں نے سنا ہے کہ تم راتوں کو برابر جاگتے اور دن کے برابر روزہ رکھا کرتے ہو۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا۔ ہاں۔

فَلَا تَفْعَلْ صُمْ وَاَفْطِرْ، قُمْ وَ نَمْ فَاِنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَ اِنَّ لِعَيْنِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَ اِنَّ لِزَوْجِكَ عَلَيْكَ حَقًّا۔ (5)

''فرمایا اب ایسا نہ کرو۔ روزہ بھی رکھو اور کچھ وقت کے لیے چھوڑ بھی دو۔ رات کو عبادت کے لیے جاگو بھی اور سوؤ بھی۔ دیکھ تیرے جسم کا بھی تجھ پر حق ہے، تیری آنکھ کا بھی تجھ پر حق ہے۔ تیری بیوی کا بھی تجھ پر حق ہے۔''

---

(1) بخاری:16 (2) بخاری:6464، 1970؛ مسلم:782؛ ابوداؤد:1368 (3) بخاری:1150؛ مسلم:784؛ ابوداؤد:1312 (4) ابوداؤد:1368 (5) ابوداؤد:1368

محنت کی تعریف، مانگنے کی برائی

نبی ﷺ نے فرمایا کہ ’’اگر کوئی شخص لکڑیوں کا گٹھا پیٹھ پر لایا کرے تو یہ اس کے لیے بہتر ہے اس سے کہ وہ لوگوں سے مانگا کرے اور لوگ اسے دے دیا کریں۔‘‘ [1]

کن لوگوں پر رشک کرنا چاہیے

فرمایا قابل رشک دو شخص ہیں:

1. جسے اللہ نے مال دیا اور اس مال کو جائز جگہ صرف کرنے کی توفیق بھی اسے ملی ہو۔
2. جسے اللہ نے حکمت عطا کی ہو، وہ اس پر خود عمل کرتا ہو اور دوسروں کو اس کی تعلیم دیتا ہو۔ [2]

بہترین اخلاق کی تعلیم

سَدِّدُوْا وَ قَارِبُوْا وَاَبْشِرُوْا فَاِنَّهٗ، لَا يَدْخُلَ اَحَدَ الْجَنَّةَ عَمَلُهٗ۔ [3]

’’راست بازی اختیار کرو۔ باہمی محبت کو بڑھاؤ۔ لوگوں کو اللہ کی طرف سے بشارت پہنچاؤ۔ عمل تو کسی کو بھی جنت میں نہیں لے جاسکتا۔‘‘

اخلاق رذیلہ سے نہی اور اخوت کا حکم

اِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَكْذَبُ الْحَدِيْثِ وَلَا تَحَسَّسُوْا وَلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَ كُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا۔ [4]

’’خبردار! بدگمانی کو اپنی عادت نہ بنانا۔ بدگمانی تو جھوٹ ہی جھوٹ ہوتا ہے۔ بے بنیاد باتوں پر کان نہ لگاؤ، اوروں کے عیب تلاش نہ کرو۔ آپس میں بغض نہ رکھو، کسی سے روگردانی نہ کرو، اے اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی بن کر رہو (جیسا کہ تم سب اللہ کے بندے ہی ہو۔‘‘)

ہمسایہ اور مہمان کا حق

مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهٗ وَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهٗ۔ [5]

’’جو کوئی شخص اللہ پر اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے، وہ اپنے ہمسایہ کو ایذا نہ دیا کرے۔ جو کوئی شخص اللہ پر اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ مہمان کی عزت کیا کرے۔‘‘

کلام اور خاموشی

مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتْ۔ [6]

’’جو کوئی شخص اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے اسے لازم ہے کہ بات کہے تو اچھی بات کہے ورنہ خاموش ہی رہے۔‘‘

---

[1] بخاری: 2074,1470 [2] بخاری 1409,73 [3] بخاری: 6467 [4] بخاری: 5143، مسلم: 2563، ابوداؤد: 4882 [5] بخاری: 6018 [6] بخاری: 6018

نجات کے لیے رسول ﷺ کی ضمانت

مَنْ يَضْمَنُ لِي مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ أَضْمَنُ لَهُ الْجَنَّةَ۔ [1]

''اگر کوئی شخص مجھے ضمانت دے اس چیز کی جو اس کے جبڑوں کے درمیان ہے (یعنی زبان) اور اس چیز کی جو اس کی ٹانگوں کے درمیان (شرمگاہ) ہے، تو میں اس کے لیے جنت کا ضامن بنتا ہوں۔''

صبر و شکر کی تعلیم

إِذَا نَظَرَ أَحَدُكُمْ إِلَى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْخَلْقِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى مَنْ هُوَ أَسْفَلَ مِنْهُ۔ [2]

''اگر ایسے شخص پر تمھاری نظر پڑے جو مال اور حسن میں تم سے بڑھ کر ہے تو ایسے شخص کو بھی دیکھو جو ان چیزوں میں تم سے کمتر ہے۔''

پہلوان کون ہے؟

لَيْسَ الشَّدِيدُ بِالصُّرَعَةِ إِنَّمَا الشَّدِيدُ مَنْ يَمْلِكُ عِنْدَ الْغَضَبِ [3]

''شہ زور وہ نہیں ہے جو دوسروں کو پچھاڑ دیتا ہے، شہ زور تو وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے آپ کو تھام لیتا ہے۔''

منادیانِ اسلام کا فرض

يَسِّرَا وَلَا تُعَسِّرَا وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا وَتَطَاوَعَا۔ [4]

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے ملک یمن میں تعلیم اسلام کی اشاعت کے لیے مامور فرمایا تھا۔ روانگی کے وقت انھیں ارشاد فرمایا: ''لوگوں کے لیے آسانی پسند کرنا، انھیں سختی میں نہ ڈالنا۔ خوشخبری اور بشارت انھیں سنانا، دین سے نفرت نہ دلانا اور تم آپس میں مل جل کر رہنا۔''

اثر محبت

الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ۔ [5] ''جسے جس کے ساتھ محبت ہوگی وہ اس کے ساتھ ہوگا۔''

قیدیوں، مسکینوں، بیماروں سے برتاؤ کا حکم

فُكُّوا الْعَانِيَ وَأَطْعِمُوا الْجَائِعَ وَعُودُوا الْمَرِيضَ۔ [6]

''اسیروں کو رہائی دلاؤ۔ بھوکوں کو کھانا کھلاؤ۔ بیماروں کی خبر گیری کرو۔''

درخت لگانے کا ثواب

اگر کسی مسلمان نے درخت لگایا جس کا پھل کسی انسان یا جانور نے کھایا تو لگانے والے کے لیے یہ صدقہ ہوگا۔ [7]

---

[1] بخاری: 6474۔ [2] بخاری: 6390، مسلم: 2963 [3] بخاری: 6114، مسلم: 2609، احمد: 236/2 [4] بخاری: 7172 [5] بخاری: 6160، 6169، مسلم: 6718، ابوداود: 5127، ترمذی: 2386، کنز العمال: 24684، احمد: 322/1 [6] بخاری: 3046

[7] بخاری: 2320، 6012، مسلم: 3968 تا 3974، ترمذی: 1382

حیوانات سے ہمدردی کا حکم

نبی ﷺ نے فرمایا: ایک شخص راہ چلتا تھا۔ اسے سخت پیاس لگی۔ کنوئیں کے اندر اتر کر اس نے پانی پیا۔ جب باہر نکلا تو دیکھا کہ ایک کتا زبان باہر نکالے پیاس کے مارے نمناک زمین کو چاٹ رہا ہے۔ اس شخص نے کہا: کتے کو بھی پیاس لگی ہے جیسے مجھے لگی تھی۔ پھر وہ کنوئیں میں اترا، اپنا موزہ پانی سے بھر کر لایا اور کتے کو پانی پلایا۔ اللہ نے اس عمل کو قبول فرما کر اس شخص کو بخش دیا۔

صحابہ رضی اللہ عنہم نے یہ سن کر دریافت کیا یا رسول اللہ (ﷺ) کیا حیوانات کے لیے بھی ہم کو اجر ملے گا؟

نبی ﷺ نے فرمایا: ہر ایک جاندار جس کے کلیجہ میں نم ہے (جو زندہ ہے) کے متعلق تم کو اجر ملے گا۔ ①

لونڈیوں کو تعلیم دینے کا ذکر

مَنْ كَانَ لَهُ جَارِيَةٌ فَعَلَّمَهَا وَاَحْسَنَ اِلَيْهَا۔ ثُمَّ اَعْتَقَهَا وَ تَزَوَّجَهَا كَانَ لَهُ، اَجْرَانِ۔ ②

"اگر کسی کے پاس لونڈی ہو تو وہ اسے علم سکھائے، اچھے سلوک سے رکھے، پھر آزاد کر دے، پھر اسے بیوی بنالے۔ تب اس شخص کو دو چند اجر ملے گا۔"

لڑکیوں کی تعلیم وادب کا ذکر

اُصِيْبَ عَبْدُاللهِ وَتَرَكَ جَوَارِىَ صِغَارًا فَزَوَّجْتُ ثَيِّبًا تُعَلِّمُهُنَّ وَ تُؤَدِّبُهُنَّ ③

"عبداللہ مر گیا ہے۔ چھوٹی چھوٹی لڑکیاں چھوڑ گیا ہے۔ اس لیے میں نے ایک بیوہ سے نکاح کیا کہ وہ انھیں علم وادب سکھائے۔"

منافق کون ہے؟

چار خصلتیں ہیں جس شخص میں ہوں وہ منافق ہے۔ اگر ان چار (4) میں سے کوئی ایک (1) خصلت اس میں ہے تو نفاق کی ایک علامت اس کے اندر ہے۔

① بولے تو جھوٹ بولے۔
② وعدہ کرے تو خلاف کرے۔
③ عہد کرے تو پورا نہ کرے۔
④ جھگڑنے لگے تو فحش بکنے لگے۔ ④

مہاجر کون ہے؟

وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللهُ عَزَّوَجَلَّ عَنْهُ۔ ⑤

"اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والا وہ شخص ہے جو اللہ کی منع کی ہوئی چیزوں سے الگ ہو جاتا ہے۔"

---

① بخاری: 2466,173 ② بخاری: 2547 ③ بخاری: 2406 (حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد "حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ" مراد ہیں۔) ④ بخاری: 3178,245,34
⑤ بخاری: 10، مسلم: 40، ابوداؤد: 2481، حمیدی: 595، بیہقی: 187/10، مسند احمد: 163/2

قیامت کے دن سایہ ربانی کن لوگوں پر ہوگا؟

1. بادشاہ عادل
2. وہ نوجوان جس نے جوانی میں عبادت الٰہی کی ہو۔
3. وہ شخص جسے تنہائی میں اللہ یاد آتا ہو اور اس کی آنکھیں ڈبڈبا آتی ہوں۔
4. وہ شخص جس کا دل مسجد میں لگا رہتا ہو۔
5. وہ دونوں شخص جن کی محبت للّٰہیت پر ہو۔
6. وہ شخص جسے کوئی حسینہ اور اعلیٰ درجہ کی عورت اپنی جانب بلائے اور وہ کہہ دے کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں۔
7. وہ شخص جو مخفی طور پر خیرات دیتا ہو، اس کے بائیں ہاتھ کو بھی خبر نہیں کہ دائیں ہاتھ نے کیا دیا؟

یہ ہیں وہ سات (7) شخص جنھیں اللہ قیامت کے دن اپنے سایہ میں لے لے گا۔ جس دن کہیں سایہ نہ ہوگا۔ [1]

بادشاہ کی اطاعت کا حکم

1. مَنْ كَرِهَ مِنْ اَمِيْرِهٖ شَيْئًا فَلْيَصْبِرْ عَلَيْهِ فَاِنَّهٗ، مَنْ خَرَجَ مِنْ طَاعَةِ السُّلْطَانِ شِبْرًا مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً۔ [2]

"اگر کسی شخص کو اپنے فرمانروا کی کوئی بات ناگوار گذرے تو اسے لازم ہے کہ صبر کرے، کیوں کہ اگر کوئی شخص بالشت بھر بھی اپنے بادشاہ کی اطاعت سے باہر نکلے گا اسے وہ موت نصیب ہوگی جو زمانہ قبل از اسلام کی موت ہوتی تھی۔"

2. اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِيْ اَثَرَةً اَوْ اُمُوْرًا تُنْكِرُوْنَهَا قَالُوْا فَمَا تَاْمُرُنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ۔ قَالَ اَدُّوْا اِلَيْهِمْ حَقَّهُمْ وَسَلُوا اللّٰهَ حَقَّكُمْ۔ [3]

تم لوگ میرے بعد ناخوش گوار حالتیں اور ایسی باتیں دیکھو گے جنھیں تم ناپسند کرو گے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا: ایسی حالت کے لیے حضور ﷺ کا کیا حکم ہے؟ تم فرمایا ان کے حقوق ادا کرتے رہنا اور اپنے حقوق کی بابت اللہ سے دعا مانگنا۔

سربرآوردہ لوگوں کو معاملات میں حصہ دینا

فَارْجِعُوْا حَتّٰى يَرْفَعَ اِلَيْنَا عُرَفَاؤُكُمْ۔ [4]

"تم واپس جاؤ۔ اس معاملہ کو ہمارے سامنے تمھارے سربرآوردہ لوگ پیش کریں گے۔"

سربرآوردہ لوگوں کا کام قوم کی نیابت کرنا ہے

فَاَخْبَرُوْهُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ طَيَّبُوْا وَاَذِنُوْا۔ [5]

(سربرآوردہ لوگوں نے آنحضرت ﷺ سے) آکر عرض کیا کہ سب لوگ اس پر خوش ہیں اور انھوں نے ہم کو اس

---

[1] بخاری: 10، مسلم: 40، ابوداود: 2481، حمیدی: 595، بیہقی: 187/10، مسند احمد: 163/2 [2] بخاری: 660، 6806
[3] بخاری: 7053 [4] بخاری: 7052 [5] بخاری: 7176، 7177

بارہ میں اجازت دے دی ہے۔

غیر مسلم زیر معاہدہ اقوام کی حفاظت

مَنْ قَتَلَ مُعَاهِدًا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَ إِنَّ رِيْحَهَا يُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ أَرْبَعِيْنَ عَامًا۔ ①

''اگر کوئی مسلمان کسی غیر مسلم زیر معاہدہ (رعایا) شخص کو قتل کرے گا، تو وہ بہشت کی خوشبو بھی نہ سونگھنے پائے گا حالانکہ بہشت کی خوشبو چالیس (40) سال کی مسافت سے آنے لگتی ہے۔

زیست کا درجہ قدر زندگانی

لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ إِمَّا مُحْسِنًا فَلَعَلَّهُ أَنْ يَّزْدَادَ خَيْرًا وَ إِمَّا مُسِيْئًا فَلَعَلَّهُ أَنْ يَسْتَعْتِبَ۔ ②

''کسی شخص (مسلمان) کو موت کی آرزو نہیں کرنی چاہیے۔ اگر نیک ہے تو اس لیے کہ شاید وہ نیکیوں میں ترقی کر سکے اور اگر بد ہے تو اس لیے کہ شاید وہ خوشنودی حاصل کر سکے۔''

صحت اور فراخ دستی کا درجہ

نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِيْهِمَا كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ۔ ③

دو (2) نعمتیں ہیں جن کی قدر اکثر لوگ نہیں جانتے وہ نعمتیں: ① تندرستی ② فراخ دستی ہیں

ادائے قرض کی فضیلت

فَإِنَّ مِنْ خِيَارِ النَّاسِ أَحْسَنَكُمْ قَضَاءً۔ ④

''ایک شخص کا نبی ﷺ نے اونٹ دینا تھا۔ وہ تقاضا کرنے آیا۔ آنحضرت ﷺ نے اس کے اونٹ سے بہتر اونٹ خرید کر اسے دے دیا۔ لوگوں سے فرمایا: نیک و برتر شخص وہ ہے جو قرض کو خوش اسلوبی سے ادا کرتا ہے۔

دولت مندی کی تعریف

لَيْسَ الْغِنَى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ وَ لٰكِنَّ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ۔ ⑤

''دولت مندی زر و مال کی کثرت سے حاصل نہیں ہوتی ہے۔ غنی وہ ہے جس کا دل غنی ہے۔''

مساوات عامہ

لَا فَضْلَ لِعَرَبِيٍّ عَلٰى عَجَمِيٍّ وَّ لَا لِعَجَمِيٍّ عَلٰى عَرَبِيٍّ وَلَا لِأَبْيَضَ عَلٰى أَسْوَدَ وَلَا لِأَسْوَدَ عَلٰى أَبْيَضَ إِلَّا بِالتَّقْوٰى۔ ⑥

---

① بخاری: 6914،3166، ابن ماجہ: 2686، کنز العمال: 10914، ترغیب: 298/3 ② بخاری: 7235

③ بخاری: 6412، ترمذی: 2304، ابن ماجہ: 4170، کنز العمال: 6444، احمد: 344/1، بیہقی: 370/3، مستدرک: 306/4

④ بخاری: 2392 ⑤ بخاری: 6446، ترمذی: 2373، ابن ماجہ: 4137، احمد: 243/2، حمیدی: 1063

⑥ زاد المعاد جلد 185/2، الدر المنثور للسیوطی: 98/6، احمد: 411/5، مجمع الزوائد: 84/8

''عرب کے کسی باشندہ کو عجم کے کسی باشندہ پر اور عجم کے کسی شخص کو عرب کے کسی شخص پر، گورے رنگ والے کو کالے آدمی پر اور کالے کو گورے پر کوئی فضیلت نہیں ہے۔ فضیلت کا ذریعہ تو صرف ''خدا ترسی'' ہے۔''

رحم عامہ

مَنْ لَّا يَرْحَمْ لَا يُرْحَمْ۔ ① ''جو کوئی شخص دوسرے پر رحم نہیں کرتا اس پر بھی رحم نہیں کیا جائے گا۔''

وارثوں کے لیے ورثہ چھوڑنے کی فضیلت

اِنْ تَدَعْ اَنْتَ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَاءَ خَيْرًا مِنْ اَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ فِيْ اَيْدِيْهِمْ۔ ②

''یہ بہتر ہے کہ تو اپنے وارث کو غنی چھوڑ کر مرے، بہ نسبت اس کے کہ وہ تہی دست ہو اور لوگوں کے سامنے سوال کے لیے ہاتھ پھیلاتا رہے۔''

عورت کی مثال اور اس سے گزران کی ہدایت

اَلْمَرْاَةُ كَالضِّلْعِ اِنْ اَقَمْتَهَا كَسَرْتَهَا وَ اِنْ اسْتَمْتَعْتَ بِهَا اِسْتَمْتَعْتَ بِهَا وَ فِيهَا عِوَجٌ۔ ③

''عورت کو ایسا سمجھو جیسے پسلی کی ہڈی۔ اس ہڈی کو اگر سیدھا کرنا چاہو گے تو توڑ بیٹھو گے اور اگر اس سے کام لینا چاہو گے تو ٹیڑھے پن میں ہی کام دے گی۔''

عورت کا درجہ گھر میں

اَلْمَرْاَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى بَيْتِ زَوْجِهَا وَوَلَدِهٖ۔ ④

''عورت اپنے شوہر کے گھر میں اور اولاد پر حکمران ہے۔''

ماہر قرآن کا درجہ

اَلْمَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ۔ ⑤

''قرآن مجید کا جاننے والا بزرگ نیکو کار سفیروں (فرشتوں) کے ساتھ ہوگا۔''

اللہ کے نزدیک پسندیدہ کام

كَلِمَتَانِ حَبِيْبَتَانِ اِلَى الرَّحْمٰنِ خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ ثَقِيْلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔ ⑥

''دو بول ہیں جو رحمٰن کو پیارے ہیں، زبان پر ہلکے ہیں، میزان اعمال میں بھاری ہیں۔ وہ یہ ہیں: ''سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ''

---

① بخاری: 5997 ② بخاری: 2742 ③ بخاری: 3331,5184، مسند احمد: 279/6 ④ بخاری: 5200,893، مسند احمد: 5/2

⑤ بخاری: 4937، مسلم: 1862، ابوداؤد: 1454، ترمذی: 2904 ⑥ بخاری: 7563، مسلم: 2694، ترمذی: 3467، ابن ماجہ: 3806

قرآن مجید

ہمارے سید و مولیٰ نبی مصطفیٰ ﷺ کے حالات اگر کوئی فاضل مبسوط و مشرح لکھے تو ضرور ہے کہ وہ علوم قرآن سے بھی بحث کرے، لیکن اگر کوئی شخص میری طرح مختصر مختصر سادہ سادہ حالات لکھ رہا ہو تو اسے بھی لازم ہے کہ قرآن مجید کی تعلیم کا نمونہ پیش کر دے۔ گو اسرار و حکم اور خصوصیات قرآن پاک کے مباحث کو وہ چھوڑ ہی دے کیوں کہ جس سیرت نبویہ ﷺ کے ساتھ قرآن مجید کا نمونہ نہیں دکھایا جاتا وہ کتاب از حد ناکمل ہے۔ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کسی نے دریافت کیا تھا کہ آنحضرت ﷺ کے اخلاق کیسے تھے؟ انھوں نے جواب دیا ''کہ قرآن آنحضرت ﷺ کا خلق ہے۔''[1]

ہمارا ایمان ہے کہ قرآن مجید کا لفظ رب العالمین کا کلام ہے لیکن اہل عالم کو اس کلام ربانی سے روشناس و متعارف نبی ﷺ ہی نے کرایا ہے۔

یہ پاک کلام تیئیس (23) سال کی مدت میں محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل ہوا۔ یہ ان ہی الفاظ میں دنیا میں مشتہر و محفوظ، زبانوں پر جاری، دلوں پر قابض، دماغوں پر حاوی ہے جو محمد رسول اللہ ﷺ نے پڑھ کر سنائے تھے۔

یہ کلام پاک دنیا کے ہر طبقہ پر موجود ہے۔ دنیا کے ہر حصہ پر کروڑوں اشخاص ہر روز پانچ (5) دفعہ اس کے مختلف حصوں کو ضرور پڑھ لیتے ہیں۔

جب سے اس کا نزول ہوا۔ اس کا ظہور ترقی پذیر رہا ہے۔ اس وقت سے لے کر جب اسے اکیلی ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے سنا۔ لحظہ بہ لحظہ، روز بروز اس کے ماننے والوں کی تعداد ترقی پذیر رہی ہے۔ کوئی ملک، کوئی موسم، کوئی رسم و رواج، کسی جگہ کے ماننے والوں یا انکار کرنے والوں کے موافق یا ناموافق حالات اس کی ترقی کے لیے روک نہیں بن سکے۔

مختلف ملکوں اور مختلف زبانوں میں اس کے ترجمے غلط کیے گئے۔ اس کی سچی، صاف تعلیم پر غلط حاشیے چڑھائے گئے، لیکن کوئی تدبیر بھی اس کی اشاعت کو نہ روک سکی اور اس کی وسعت پذیر ترقی کو محدود نہ کر سکی۔

یہ جس زبان میں پہلے پہل جلوہ گر ہوا اسی میں اب تک نور گستر ہے اور ایک عالم اس کی روشنی سے منور ہے، لیکن دنیا کی اور تمام مقدس کتابیں کیا توراۃ و زبور، کیا انجیل اور اس کے خطوط، کیا وید، کیا ژند و پاژند، اس وصف سے عاری ہیں۔ جس زبان میں وہ اتری تھیں۔ آج دنیا پر اس زبان کا اور اس زبان کے بولنے والوں کا نام و نشان بھی باقی نہیں۔

قرآن مجید ان سب اعتراضات کو جو قرآن کے زمانہ نزول میں کیے گئے یا نبی ﷺ پر جو الزام لگائے گئے خود بیان کرتا ہے۔ اس لیے قرآن مجید اپنے لیے خود ایک سچی تاریخ بن گیا ہے جس میں تصویر کے ہر دو رخ دکھا دیے ہیں۔ قرآن عظیم نے اس بارہ میں اپنی صداقت اور استحکام کے اعتماد پر جس جرأت سے کام لیا ہے دنیا کی کسی اور کتاب سے اس کا ظہور نہیں ہوا۔

قرآن حکیم کی تعلیم ایسی زبردست صداقت لیے ہوئے ہے کہ جن قوموں اور مذہبوں نے اسے علی الاعلان نہیں مانا۔ انھوں نے بھی اپنی کتابوں میں جو سینکڑوں سال اس سے پہلے کی ہیں یا سینکڑوں سال بعد کی ہیں، اسی تعلیم کے موجود ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ صدق اللہ تعالیٰ ﴿ لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ لَا مِنْ خَلْفِهٖ ﴾[حم سجدہ:42] میرے فقرے کا مطلب آپ پر واضح ہو جائے گا۔ جب

---

[1] ادب المفرد للبخاری:308، اخلاق النبوۃ:29، کنز العمال:18378، بیہقی:499/2

آپ یہودیت، عیسائیت، موبدیت، بدھ مت، اور ہندومت کے سناتن یا آریہ دھرم کے حالات قبل از نزول قرآن مجید کو پڑھیں گے اور پھر بعد از نزول قرآن پاک آپ ان مذاہب کی ترقیات تا زمانہ حال پر غور فرمائیں گے اور ان ترقیات کے ساتھ ساتھ یہ بھی دیکھتے جائیں گے کہ اس ملک میں اس انقلاب سے پیشتر قرآنی تعلیم کا رواج ہو چکا تھا یا نہیں۔

اب خواہ کوئی قرآن کریم کے فیض کو مانے جیسا کہ مشہور بانیان برہمو سماج کا حال ہے۔ یا جیسا کہ رومن کیتھولک (RomanCatholic) نے لوتھر (Lother) کو الزام دیتے ہوئے اس امر کا اظہار کیا ہے کہ اس کے مسائل قرآن سے مستخرج ہیں۔ [1]

خواہ کوئی نہ مانے، جیسا کہ بہت سے فرقوں کا حال ہے۔ مگر عملاً انھوں نے قرآن مجید کی تعلیم کو لے لیا ہے، لے رہے ہیں اور ہر ایک ترقی کنندہ قوم (علی رغم انف) مجبور ہے کہ اس کی تعلیم کو لیتی رہے۔ جہاں تک مجھے علم ہے قرآن مجید ہی ایک ایسا کلام ہے جو ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ﴾ [المائدہ:3] کی بشارت سناتا ہے۔

میں نے آیات کے ساتھ صرف سادہ ترجمہ لکھ دیا ہے۔ اس سے زیادہ کچھ لکھنا اس کتاب کے موضوع سے باہر تھا۔ کیوں کہ میں ایک سلیس اور آسان کتاب پیش کرنا چاہتا ہوں، جس کے پڑھ لینے کے بعد پڑھنے والا نبی کریم ﷺ اور قرآن عظیم کی بابت کچھ تو معلوم کر سکے۔ وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ اِلَيْهِ اُنِيْبُ مسلمان براہ مہربانی دیکھیں کہ قرآن مجید کس نمونہ کے مسلمان تیار کرتا ہے۔

الٰھیات

❑ ذاتِ الٰہی کا عرفان

1. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

"اللہ کے نام سے شروع ہے جو کمال رحمت والا اور دائمی رحم والا ہے۔"

2. ﴿لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَ هُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ﴾ [الانعام:103]

"حواس اور عقول اللہ کا ادراک نہیں کر سکتے، لیکن اللہ کو ان سب کا ادراک ہے۔"

3. ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ﴾ [الشوریٰ:11]

"کوئی چیز بھی اللہ کی مثال نہیں اور وہ بندوں کی التجاؤں کو سنتا اور ان کے حالات کو دیکھتا ہے۔"

4. ﴿اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ﴾ [البقرہ:257]

"اللہ ایمان والوں سے محبت رکھتا ہے، انھیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لے آتا ہے۔"

5. ﴿اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَ هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ﴾ [البقرہ:255]

"اللہ ہے، اس کے سوا کوئی بھی لائق عبادت نہیں۔ اسے غفلت یا نیند کا اثر نہیں ہوتا۔ اسی کا ہے جو کچھ بھی آسمان و زمین

---

[1] عیسائی عالم، مترجم بائبل پیدائش 1483 وفات 1546ء

میں ہے۔ایسا کون ہے جو اس کے اذن کے بغیر اس کے پاس شفاعت کر سکے، وہ اللہ لوگوں کے اگلے پچھلے حالات جانتا ہے اور لوگ اس کے علم کا احاطہ نہیں کر سکتے۔لوگ تو اتنا ہی جان سکتے ہیں جتنا وہ چاہے۔اس کی کرسی آسمانوں اور زمین کو گھیرے ہوئے ہے۔اسے آسمانوں اور زمین (دونوں کا تھام رکھنا) تھکا نہیں دیتا۔وہ بڑی اعلیٰ شان اور عظمت والا ہے۔''

6 ﴿كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ﴾[الانعام:54]

''تمھارے پروردگار نے اپنی ذات پر رحمت کو لکھ لیا ہے۔''

7 ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ٥ اَللّٰهُ الصَّمَدُ٥ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ٥ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ، كُفُوًا اَحَدٌ۔﴾ [الاخلاص]

وہ اللہ، ایک یکتا، سب کا سیدو آقا ہے، کوئی اس کا فرزند نہیں، وہ کسی کا فرزند نہیں اور کوئی بھی اس کے برابر کا نہیں۔

☐ سچے دین کی تعریف

1 ﴿فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ق وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ﴾

''یہ اللہ کی بنائی ہوئی سرشت ہے۔جس پر اللہ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے۔اللہ کی بناوٹ میں ادل بدل نہیں ہوتی۔یہی سیدھا دین ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔'' [الروم: 30]

2 ﴿صِبْغَةَ اللّٰهِ ج وَ مَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً﴾ [البقرہ 138]

''اللہ کا رنگ چڑھانا ہے۔ہاں اللہ سے بڑھ کر اور کون رنگ چڑھا سکتا ہے؟''

3 ﴿شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْ اَوْحَيْنَا اِلَيْكَ وَ مَا وَصَّيْنَا بِهٖ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ﴾ [الشوریٰ:13]

اللہ نے تمھارے لیے دین کا وہ راستہ بنایا ہے جس کا حکم نوح علیہ السلام کو دیا گیا اور پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کی وحی بھیجی اور ابراہیم وموسیٰ و عیسیٰ علیہم السلام کو بھی اس کا حکم دیا تھا کہ دین پر سیدھے چلو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو۔

☐ بندہ کے اعمال سے اللہ تعالیٰ کو کیا مطلوب ہے؟

﴿لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَ لٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ﴾ [الحج:37]

اللہ کے ہاں قربانیوں کا گوشت یا خون ہرگز نہیں پہنچتا۔اللہ کے پاس تو تمھاری فرمانبرداری پہنچتی ہے۔

☐ شریعت سے مقصود انسان کی تکمیل ہے

1 ﴿مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرَجٍ وَّ لٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ، عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ﴾

''اللہ کا یہ ارادہ نہیں کہ تم پر تنگی ڈالے۔اللہ کا ارادہ تو یہ ہے کہ تمھیں پاک کرے اور اپنی نعمت پوری پوری بھیجے تا کہ تم شکر کیا کرو۔[المائدہ:6]

2 ﴿اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ﴾۔ [العنکبوت:45]

''نماز فحش اور بے حیائی اور ممنوع کاموں سے روک دیتی ہے اور اللہ کا ذکر تو اس سے بھی فوائد میں بڑھ کر ہے۔''

❑ نبی ﷺ کے فرائض

1 ﴿ كَمَا أَرْسَلْنَا فِيكُمْ رَسُولًا مِّنكُمْ يَتْلُوا عَلَيْكُمْ آيَاتِنَا وَيُزَكِّيكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُم مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ﴾ [البقرہ :151]

''ہم نے تمہارے پاس رسول ﷺ کو بھیجا جو تم ہی میں سے ہے۔ وہ ہماری آیتیں تم کو سناتا (اخلاق رذیلہ سے) تم کو پاک کرتا۔ کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے اور وہ علوم سکھاتا ہے جنھیں تم نہیں جانتے تھے۔''

2 ﴿ يَأْمُرُهُم بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ ﴾ [الاعراف:157]

''نبی لوگوں کو نیک باتوں کے کرنے کا حکم دیتا اور بری باتوں کے کرنے سے روکتا اور پاکیزہ چیزوں کو لوگوں کے لیے حلال ٹھہراتا ہے اور ناپاک چیزوں کو ان پر حرام ٹھہراتا ہے اور بوجھ ان سے دور کر دیتا ہے اور طوق ان کے نکال دیتا ہے۔''

❑ اعمال کی جزا و سزا دنیا میں بھی دی جاتی ہے اور موت کے بعد بھی

1 ﴿ لَوْ أَنَّ أَهْلَ الْقُرَىٰ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِم بَرَكَاتٍ مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَلَٰكِن كَذَّبُوا فَأَخَذْنَاهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴾ [اعراف :96]

''اگر ان بستیوں کے رہنے والے ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ان پر زمین اور آسمان کی برکتیں کھول دیتے لیکن وہ تو حکم الٰہی کو جھٹلانے لگے۔ اس لیے ہم نے ان پر ان کے فعلوں کی وجہ سے مواخذہ کیا۔''

2 ﴿ وَلَوْ أَنَّهُمْ أَقَامُوا التَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِم مِّن رَّبِّهِمْ لَأَكَلُوا مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِم ﴾

''اگر وہ لوگ تورات اور انجیل اور اس کی تعلیم جو ان پر نازل کی گئی قائم ہوتے تو اپنے اوپر اور نیچے سے خوراک کھایا کرتے (یعنی زمین اور آسمان کی برکتیں ان کے ساتھ ہوتیں)۔'' [المائدہ:66]

3 ﴿ وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ ﴾ [الشوریٰ:30]

''جو مصیبت تمھیں پہنچی ہے وہ تمھارے ہاتھوں کی لائی ہوئی ہے اور اللہ تو تمھاری بہت سی باتیں معاف کر دیتا ہے''

4 ﴿ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴾ [السجدہ:17]

''کوئی شخص بھی نہیں جان سکتا کہ اللہ نے بندوں کے لیے وہ کیا کیا چیزیں خفیہ مہیا کر رکھی ہیں جن سے ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں گی۔ یہ بدلہ ہے ان کے اعمال کا۔''

سنن الٰہی میں تبدیلی نہیں

1 ﴿ وَلَن تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا ﴾ [الفاطر:38]

''سنت الٰہی میں کچھ بھی تغیر و تبدل نہیں ہوتا۔''

2. ﴿وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا﴾ [الفاطر:35]

''سنت الٰہی میں ہیر پھیر کی گنجائش نہیں۔''

3. ﴿مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ﴾ [الملک:3-4]

''اللہ کی آفرینش میں تجھے کچھ بھی نقص نظر نہیں آئے گا۔ ذرا آنکھ اٹھا کر دیکھ۔ کیا تجھے کوئی شگاف بھی دکھائی دیتا ہے۔ پھر آنکھ اٹھا کر دیکھ اور بار بار دیکھ، تیری نظر تھک کر نا کام ہو کر لوٹ آئے گی۔''

انسان کی ذاتی کوشش ہی کامیابی کے لیے مثمر بنتی ہے

1. ﴿لَيْسَ لِلْإِنْسَانِ إِلَّا مَا سَعٰى﴾ [النجم:39]

''انسان کو وہی کچھ ملتا ہے جو اس نے سعی کی ہے۔''

2. ﴿وَكَانَ سَعْيُكُمْ مَشْكُوْرًا﴾ [الدہر:23]

''تمھاری کوشش خوب کامیاب ہوئی۔''

3. ﴿تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ﴾ [البقرۃ:141]

''وہ امت گذر چکی ہے جو کچھ اس نے کمایا تھا اسے ملے گا، جو تم کماؤ گے وہ تمھیں ملے گا۔''

صبر اور پرہیزگاری کا درجہ

﴿وَإِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ﴾ [آل عمران:186]

''اگر تم صبر کرو اور پرہیزگاری رکھو تو یہ ایک عالی ہمتی کا کام ہے۔''

حکمت و دانش کا درجہ

﴿وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا﴾ [البقرۃ:269]

''اور جسے حکمت (حقیقی فلسفہ) دیا گیا۔ اسے نہایت سعادت مندی حاصل ہوئی۔''

صبر کا ثمرہ

﴿وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِأَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا﴾ [السجدۃ:24]

''جب بنی اسرائیل نے صبر اختیار کیا تو ہم نے ان میں ایسے مقتدائے قوم تیار کیے جو ہمارے حکم کے مطابق لوگوں کی رہنمائی کرتے تھے۔''

قطع طمع

﴿وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ﴾ [طٰہٰ:131]

''کافروں کی مختلف قوموں کو جو ہم نے دنیاوی آرائش کی چیزوں سے بہرہ مند کیا ہے تو اس کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھ۔''

دنیاوی عروج میں آخرت کو نہ بھولنا

﴿ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا ﴾ [القصص:77]

''اے قارون تو دنیا کے گھمنڈ میں آ کر اپنے بہرہ نجات کو فراموش نہ کر۔''

تہلکہ سے بچنا

﴿ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ﴾ [البقرة:195]

''اپنے آپ کو خود ہلاکت میں نہ ڈالو''

افترا اور جھوٹ ایمان کی ضد ہیں

﴿ اِنَّمَا يَفْتَرِى الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ﴾ [النحل:105]

''جھوٹ افترا وہی باندھتے ہیں جو اللہ کی آیات پر ایمان نہیں رکھتے۔''

قطعی حرام چیزیں

﴿ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ مَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَ اَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴾ [الاعراف:33]

''(اے محمد ﷺ) سنا دیجیے کہ میرے پروردگار نے حرام کر دیا ہے (1) فحش کی سب قسموں کو جو کھلی یا چھپی ہیں۔
(2) اور گناہ کو (3) اور ناحق بغاوت کو (4) اور اللہ کے ساتھ کسی کو شریک بنانے کو، جس پر کوئی بھی دلیل موجود نہیں (5)
اور اللہ پر ایسی بات جوڑ لینے کو جسے تم نہیں جانتے۔''

اللہ کی عبادت الٰہی چتسمہ ہے

﴿ صِبْغَةَ اللّٰهِ وَ مَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً وَّ نَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴾ [البقرة:138]

''ہم نے اللہ ہی کا رنگ اختیار کیا ہے۔ کیا اللہ سے بڑھ کر بھی کوئی اچھا رنگ دینے والا ہے۔ اور ہم تو اسی کی عبادت کرتے ہیں۔''

تحریر و انشا دانی کی تعریف

﴿ وَالْقَلَمِ وَ مَا يَسْطُرُوْنَ ﴾ [القلم:1]

''میں قلم اور اس کے لکھے ہوئے علوم کی قسم کھاتا ہوں۔''

ارباب عقل و دانش کے لیے الٰہی نشانات

﴿ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَ بَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴾ [البقرة:164]

''زمین وآسمان کے پیدا کرنے، رات دن کے آنے جانے، وہ کشتیاں اور جہاز جو لوگوں کی مفید اشیاء تجارت لے کر دریاؤں اور سمندروں میں چلتے ہیں۔ آسمانوں کی طرف سے اللہ کے پانی اتارنے اور مردہ زمین کو اس کے ذریعہ از سرنو زندگی بخشنے، زمین میں ہر ایک قسم کے جانور پیدا کرکے پراگندہ کردینے مختلف قسم کی ہوائیں بدلنے اور ان بادلوں میں جو آسمان وزمین کے بیچ میں تابع حکم نظر آتے ہیں۔ بے شک عقل مندوں کے لیے اللہ کی قدرت کی نشانیاں ہیں۔''

قسم کھانے کی ممانعت

1. ﴿ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ ﴾ [القلم:10]

''تو کسی ایسے ذلیل کی بات مت مان، جو بہت قسمیں کھانے والا ہے۔''

2. ﴿ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ ﴾ [البقرۃ:224]

''اللہ کے نام کو اپنی قسموں کا ہدف نہ بناؤ۔''

3. ﴿ وَاحْفَظُوْا اَيْمَانَكُمْ ﴾ [المائدۃ:89] ''قسموں کی نگہداشت کیا کرو۔''

صلح کلی کی دعوت

﴿ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴾

''ایمان والو! دین اسلام میں (جو مبنی بر امن ہے) بالکلیہ ہمہ تن داخل ہو جاؤ اور شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو۔ وہ تمھارا کھلا کھلا دشمن ہے۔'' [البقرہ:208]

اصلاح باہمی کا حکم

﴿ وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ﴾ [البقرہ:224]

''لوگوں کے درمیان صلح کرادیا کرو۔''

﴿ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ﴾ [الانفال:1]

''آپس کے منازعات اور جھگڑوں کی اصلاح کرلیا کرو۔''

عفو ودرگذر کی تعلیم

﴿ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ﴾ [النور:22]

''لازم ہے کہ معافی دو اور درگزر کرو۔ کیا تم پسند نہیں کرتے کہ اللہ تم کو بخش دے۔''

سچی تعلیم کی صداقت خود بخود آشکارا ہو جاتی ہے

﴿ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْۤ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ﴾ [الشوریٰ:53]

''ہم اپنی قدرت کی نشانیاں جو اطراف عالم میں پھیلی ہوئی ہیں اور خود ان کی ذات ونفوس میں بھی موجود ہیں۔ ضرور انھیں دکھادیں گے اور بالآخر ان کو معلوم ہو جائے گا کہ یہ تعلیم بالکل سچی ہے۔''

سلطنت کے اصول

① حاکمانِ عدالت کے لیے علم کا ہونا ضروری ہے

﴿ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ
فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ﴾ [الانبیاء 78-79]

''حضرت داود اور حضرت سلیمان علیہما السلام کا قصہ بیان کیجیے جب کہ وہ ایک کھیت کے بارہ میں فیصلہ صادر کر رہے تھے جس میں رات کے وقت ان کی قوم کے گوسپند (بکریاں) چر گئے تھے اور ہم ان کے فیصلہ کرتے وقت حاضر و ناظر تھے۔ سو اس معاملہ میں ہم نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو ایک خاص سمجھ عنایت کی۔ دونوں کو ہم نے عام طور پر حکومت اور علم عطا کیا تھا۔''

② نقضِ امن کی ممانعت

﴿ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ﴾ [الاعراف 56]

''کسی سرزمین میں اصلاح ہو جانے کے بعد خرابی نہ کرو۔''

③ ظلم باعثِ زوال ہے

﴿ وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴾ [الانبیاء:11]

''کتنے شہروں کو ہم نے ان کے ظلم کے باعث توڑ مروڑ ڈالا اور ان کی تباہی کے بعد ہم نے ایک دوسری قوم ان کی بجائے پیدا کر دی۔''

④ نیکوکاری باعثِ قیام ہے

﴿ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴾ [ھود:117]

''ایسا نہیں کہ تیرا پروردگار آباد شہروں کو ان کے باشندوں کے نیکوکار ہونے کے باوجود ظلم سے تباہ کر دے۔''

⑤ جنگ کے لیے تیار رہنا ہی جنگ سے بچنے کی تدبیر ہے

﴿ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ ﴾ [الانفال ۶۰]

''جہاں تک ممکن ہو اپنی طاقت بڑھاؤ اور گھوڑوں کو آمادہ پیکار رکھو، جس میں تم ان لوگوں کے دلوں میں رعب ڈال سکو جو اللہ کے دشمن اور تمہارے بھی دشمن ہیں۔''

⑥ ارکانِ دولت کے مشورہ پر کاروبار کرنا (مشاورت)

① ﴿ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ﴾ [آل عمران:159]

''حکومت کے کاموں میں لوگوں سے مشورہ کر لیا کرو۔''

② ﴿ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ﴾ [الشوریٰ:38]

''مسلمانوں کی حکومت باہمی مشورہ پر ہے۔''

③ ﴿ يٰاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْۤ اَمْرِيْ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴾ [النمل:32]

''اے سردارو! میری حکومت کے کام میں تم مجھے فتویٰ دو۔ تمھاری موجودگی کے بغیر مجھ کو کسی بڑے کام کا فیصلہ نہیں کرنا ہے۔''

تعلیم و تعلم

① علم و حکمت کی باتوں کا سننا، ان پر غور کرنا اور بہترین صورت کو اختیار کرنا

﴿ فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَه، اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُو الْاَلْبَابِ ﴾ [الزمر:18]

''اے محمد ﷺ! میرے ان بندوں کو بشارت سنا دیجیے جو (علم و حکمت کی) گفتار کو سنتے اور اس کی بہترین صورت کو اختیار کر کے اس کی پیروی کرتے ہیں۔ یہی ہیں وہ لوگ جنھیں اللہ نے ہدایت بخشی اور یہی لوگ کھرے عقل مند ہیں۔''

② غیر اقوام سے علم اخذ کرنا

﴿ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ﴾ [الانعام 148]

''کیا تمھارے پاس کچھ علم ہے، پس اسے ہمارے لیے ظاہر کرو۔''

نظام تبلیغ دین

③ دین کی دعوت دینے والی جماعت کا قیام ضروری ہے

﴿ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴾ [آل عمران:104]

''تم میں ایک ایسا گروہ ہونا چاہیے جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلائے۔ اچھے کاموں کا حکم دے اور برے کاموں سے منع کرے، ایسے ہی لوگ کامیاب ہوں گے۔''

④ ہر ایک قوم کا شخص داعیان دین کی جماعت میں ہو سکتا ہے

﴿ فَلَوْ لَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْۤا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴾ [التوبہ:122]

''ہر ایک فرقہ وقوم میں سے ایک گروہ اس غرض کے لیے کیوں نہیں کھڑا ہوتا کہ دین میں سمجھ حاصل کریں اور جب فارغ التحصیل ہوں تو اپنی قوم کی ہمدردی کے لیے انھیں اللہ کی ناراضگی کی باتوں سے ڈرائیں، جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ قوم بری باتوں سے بچنے لگے گی۔'' [1]

تہذیب اخلاق

(1) جنس اناث کی تعریف

﴿ اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا فِى الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِى الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴾ [الزخرف 18]

''آرائش وزیور کے اندر پلتی ہے اور لڑائی پیکار سے علیحدہ رہتی ہے۔''

(2) میاں بیوی کی تعریف

﴿ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَ اَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ﴾ [البقرۃ 186] ''بیویاں اپنے شوہروں کے لیے اور شوہر اپنی بیویوں کے لیے لباس ہیں۔''

لباس انسان کو گرمی سردی سے بچاتا ہے لباس انسان کے حسن و جمال کو ترقی دیتا۔ لباس کے پہننے والے کی تہذیب وتمیز کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ لباس پہننے والے کے عیوب کو چھپاتا ہے۔ اسی طرح زن وشوہر کے باہمی تعلقات ہونے چاہئیں۔ جو گرم وسرد زمانہ سے ایک دوسرے کا بچاؤ ہوں۔ ایک دوسرے کا حسن و جمال باہمی الفت سے ترقی کرے۔ عورت کو دیکھ کر اس کے شوہر کی تہذیب اور شوہر کو دیکھ کر عورت کی تمیز کا اندازہ کیا جاسکے۔ ایک دوسرے کے رازدار ہوں۔

﴿ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّ رَحْمَةً ﴾ [الروم:21]

''اللہ نے تمھاری جنس سے تمھارے لیے بیویاں بنائیں تاکہ تسکین پکڑو اور میاں بیوی کے درمیان اللہ نے محبت اور پیار ڈال دیا۔''

(3) میاں بیوی کے حقوق

(1) ﴿ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ ﴾ [النساء:34]

''مرد عورتوں پر نگران ہیں۔''

(2) ﴿ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِىْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ﴾ [البقرۃ 228]

''عورتوں کے شوہروں پر ویسے ہی حقوق ہیں جیسے شوہروں کے عورتوں پر ہیں البتہ مردوں کو عورتوں پر فضیلت ہے۔''

(4) کمال درجہ کی محبت کو ایمان کہتے ہیں

﴿ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ﴾ [البقرۃ 165]

''مومن اللہ کی محبت میں زیادہ ثابت قدم ہیں۔''

---

[1] عالم اسلامی کی معروف دانش گاہ مدینہ یونیورسٹی (سعودی عربیہ) کی پرشکوہ عمارت پر بھی یہی آیت مبارکہ بطور موٹو (Mono) کندہ ہے۔

⑤ بلندی درجات کا سبب ایمان اور علم ہیں

﴿ يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ﴾ [المجادلہ:11]

''اللہ تعالیٰ مومنوں کے اور ان لوگوں کے جنھیں علم سے بہرہ مند کیا گیا ہے درجے اور رتبے بلند فرماتا ہے۔''

⑥ بر و بحر پر تسلط کرنے، بہترین و پاکیزہ اصول پر چلنے کی وجہ سے انسان کو دیگر مخلوق پر فضیلت ہے

﴿ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰي كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴾ [بنی اسرائیل:70]

''ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی اور ان کو بحر و بر میں سواری دی اور پاکیزہ روزی عطا کی اور اپنی بہت سی مخلوقات پر فضیلت دی۔''

⑦ انسان کا اشرف ہونا ہی رد شرک کی دلیل ہے

﴿ قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ﴾ [الاعراف:140]

''حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ کیا میں تمھارے لیے اور معبود ڈھونڈ لاؤں۔ حالانکہ اس نے تمھیں تمام عالم پر فضیلت عنایت فرمائی ہے۔''

⑧ انسان کو ہر ادنیٰ ہستی سے سبق حاصل کرنا چاہیے

﴿ يٰوَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴾

''اے کاش! مجھ سے اتنا بھی تو نہ ہو سکا کہ اس کوے کی طرح اپنے بھائی کی مردہ لاش کو خاک سے چھپا دیتا۔ پھر وہ سخت نادم ہوا۔ یہ سمجھ کر اسے سخت ندامت ہوئی۔'' [المائدہ:31]

⑨ دیکھنے والے کے لیے ہر چیز میں ایک نشان ہے

﴿ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴾ [یوسف:105]

''زمین و آسمان میں قدرت کاملہ کی کس قدر نشانیاں موجود ہیں، جن سے وہ یونہی منہ پھیر کر گزر جاتے ہیں۔''

⑩ سیاحت سے فہم بڑھتا ہے اور معلومات میں اضافہ ہوتا ہے

﴿ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ﴾ [الحج:46]

''انھوں نے اطراف عالم میں سیاحت نہ کی جس سے ان کو دل ہائے دانا اور گوش ہائے شنوا حاصل ہوتے۔''

⑪ اندھا وہ ہے جس کا دل اندھا ہے

﴿ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴾ [الحج:46]

''حقیقت حال یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوجاتیں بلکہ وہ دل اندھے ہوجاتے ہیں، جو سینوں میں پوشیدہ ہیں۔

⑫ حرام چیزیں طیب نہیں، طیب چیزیں حرام نہیں

﴿ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا وَّ لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ ﴾ [البقرۃ:168]

''اے سب لوگو! زمین میں جو پاکیزہ حلال اشیاء اللہ نے پیدا کی ہیں، کھاؤ پیو اور شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو۔''

⑬ حلال طیب چیزوں کا ترک استعمال شیطانی کام ہے

﴿ كُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا وَّ لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ ﴾ [البقرۃ:168]

''زمین کی سب پاکیزہ حلال اشیاء کھاؤ اور شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو۔''

⑭ بصیرت وہدایت اسی دنیا میں حاصل ہو سکتی ہے

﴿ وَ مَنْ كَانَ فِیْ هٰذِهٖۤ اَعْمٰى فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَ اَضَلُّ سَبِیْلًا ﴾ [بنی اسرائیل:72]

''جو شخص اس دنیا میں اندھا ہوگا تو وہ آخرت میں زیادہ اندھا اور زیادہ گمراہ ہوگا۔''

⑮ ایمان ہی کے ذریعے سے ہر ایک نیک منزل پا سکتے ہیں

﴿ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴾ [آل عمران:139]

''آپ اپنے کو ذلیل نہ سمجھو اور رنجیدہ نہ ہو۔ تم ہی سب سے برتر ہو گے، اگر تم ایماندار ہو''

تمدن

① چرند وپرند میں ایک تمدن کا پایا جانا، لوازم حیات میں انسان کا بھی انہی جیسے اصول پر کاربند ہونا

﴿ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ یَّطِیْرُ بِجَنَاحَیْهِ اِلَّاۤ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ مَا فَرَّطْنَا فِی الْكِتٰبِ مِنْ شَیْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ یُحْشَرُوْنَ ﴾ [الانعام:38]

''روئے زمین پر کوئی ایسا جاندار یا اڑنے والا پرندہ نہیں جن کی تمھاری طرح قومیں اور جتھے نہ ہوں۔ ہم نے اپنی کتاب میں کسی چیز کا بیان ترک نہیں کیا۔ پھر ان سب کو آخر کار اللہ ہی طرف اکٹھا ہو کر جانا ہے۔''

② موجودات عالم انسان کے فائدے کے لیے ہیں

﴿ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ﴾ [البقرۃ:29]

''اللہ تعالی وہ ذات کبریا ہے جس نے تمھارے فوائد ومنافع کے لیے روئے زمین کی تمام اشیاء پیدا کی ہیں۔''

③ لوگ اپنی اپنی مختلف قابلیتوں سے مختلف کام انجام دیتے ہیں

① ﴿ كُلٌّ یَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ﴾ [بنی اسرائیل:84]

''ہر ایک شخص اپنی جبلت کے موافق عمل کرتا ہے۔''

② ﴿ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَه، مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ وَ كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ وَ كَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ﴾ [الحج:18]

''کیا تم نہیں دیکھ رہے کہ آسمان اور زمین کی سب مخلوق (مثلاً) سورج، چاند، تارے، پہاڑ، درخت حیوان اور انسان کا بڑا حصہ اللہ کا فرمانبردار (پھر بھی) بہت ایسے لوگ رہ جاتے ہیں جن پر عذاب کا ہونا درست ٹھہرا۔''

③ ﴿ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى O وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنٰى فَسَنُيَسِّرُه، لِلْيُسْرٰى O وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ وَ اسْتَغْنٰى وَ كَذَّبَ بِالْحُسْنٰى فَسَنُيَسِّرُه، لِلْعُسْرٰى ﴾ [اللیل:5-10]

''تو جس نے اللہ کے راستے میں مال دیا اور نیک باتوں کو سچ جانا، اس کو ہم آسان طریقے کی توفیق دیں گے اور جس نے بخل کیا اور بے پروا بنا رہا اور نیک بات کو جھوٹ سمجھا، اس کو اپنی عنایت سے محروم کر کے دشوار راستے پر چلا دیں گے۔''

④ سیاست مدن کے قیام اور انتظام کے لیے مختلف طبقات کی ضرورت اور ہر ایک طبقہ کا اس مناسبت کے بقا و قیام اور دوام انتظام کے لیے ذمہ دار ہونا

﴿ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَ رَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَا اٰتٰكُمْ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ وَاِنَّه لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴾ [الانعام:166]

''وہی تو ہے جس اللہ نے تمھیں زمین پر اپنا نائب بنایا اور ایک دوسرے پر درجے بلند کیے تا کہ جو کچھ اس نے تمھیں بخشا ہے اس میں تمھاری آزمائش کرے۔ بے شک تمہارا پروردگار جلد عذاب دینے والا ہے اور بے شک وہ بخشنے والا مہربان بھی ہے۔''

⑤ مساوات حقوق کا تاکیدی حکم عدل کی تاکید

﴿ وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ﴾ [الرحمٰن:7-9]

''اور اللہ نے ایک میزان مقرر کی کہ تم اس میزان میں کسی طرح طغیانی (افراط وتفریط) نہ کرو اور انصاف کے ساتھ معیار کو درست رکھو اور میزان مقرر کردہ میں کسی قسم کی تقصیر نہ کرو۔''

⑥ بہترین شخص وہ ہے جو نسل انسان کا خیر خواہ ہے

﴿ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ تَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ﴾ [آل عمران:110]

''تم لوگ (اے امت محمدیہ ﷺ) باقی لوگوں کے لیے ایک بہترین قوم صفحۂ ہستی پر لائے گئے ہو۔ (تم سب لوگوں کو) مطابق شرع وفطرت کے حکم دیتے، برائیوں سے منع کرتے اور اللہ (کی ذات وصفات) پر یقین کامل رکھتے ہو۔

⑦ اخوت کی بنیاد

﴿ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ ﴾ [الحجرات:10]

''ہر ایک شخص اپنی جبلت کے مواقف عمل کرتا ہے۔''

⑧ مال کی تعریف، دولت قیامِ قومی کا سبب ہے

﴿ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا ﴾ [النساء:5]

''اور تم اپنے اموال جو اللہ نے تمھارے لیے قوام زندگی بنائے ہیں۔ بے وقوفوں کے ہاتھ میں مت دیا کرو۔''

⑨ فقر و تنگدستی کی برائی

﴿ اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَ يَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَ فَضْلًا ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴾

''شیطان تمھیں تنگ دستی کا خوف دلاتا ہے اور (اس بنا پر) تمھیں بخل و امساک کا حکم دیتا ہے (برخلاف اس کے) اللہ تمھیں اپنے فضل و بخشش کی امید دلاتا ہے۔ اور اللہ بہت فراخ رحمت والا (حقائق امور کو) جاننے والا ہے۔'' [البقرۃ:268]

⑩ اسراف کی برائی، بخل کا نہ ہونا بڑی بہبودی ہے

﴿ وَ مَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴾ [التغابن:16]

''جن کو جبلی بخل اور لالچ سے اللہ نے محفوظ رکھا۔ وہی (آخرت میں) کامیاب ہوں گے۔''

⑪ میانہ روی، رحمٰن کے بندے بخیل و مسرف نہیں ہوتے

﴿ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَ لَمْ يَقْتُرُوْا وَ كَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴾ [الفرقان:67]

''مہربان رب کے خاص بندوں کی ایک صفت یہ بھی ہے کہ جب وہ خرچ کرنے لگتے ہیں تو نہ فضول خرچی کرتے ہیں اور نہ تنگ چشمی کرتے ہیں بلکہ (میانہ روی کرکے) بیچ کا مستقیم راستہ اختیار کرتے ہیں۔''

⑫ بحری تجارت خصوصاً نفع بخش ہے

﴿ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ ﴾ [البقرۃ:163]

''اور وہ کشتیاں اور جہاز (بھی اللہ کی قدرت کی نشانیاں ہیں) جو لوگوں کی مفید اشیائے تجارت لے کر دریا اور سمندر میں (برابر) چلی جاتی ہیں۔''

⑬ اللہ کے ہاں بہتر اور ہمیشہ رہنے والی نعمتیں کن لوگوں کے لیے ہیں

﴿ وَ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ۝ وَ جَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَ لَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا

عَلَيْهِمْ مِنْ سَبِيْلٍ ۝ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ﴾ [الشوریٰ 36-43]

''بہتر اور باقی رہنے والا اجر ان لوگوں کے لیے ہے۔

﴿1﴾ جو ایمان لائے ہیں اور اپنے رب پر توکل رکھتے ہیں ﴿2﴾ جو لوگ بڑے بڑے گناہوں، بے حیائی اور فحش سے پرہیز کرتے ہیں ﴿3﴾ اور جب انھیں غصہ آتا ہے تو درگزر کیا کرتے ہیں ﴿4﴾ اور جو اپنے پروردگار کے حکموں کو قبول کر لیتے ہیں۔ ﴿5﴾ اور جو نماز کو قائم رکھتے ہیں ﴿6﴾ اور جن کا کام باہمی شوریٰ پر ہے ﴿7﴾ اور جو اللہ کے دیے ہوئے رزق میں سے خرچ کرتے ہیں۔ ﴿8﴾ اور جو دوسرے کی طرف سے زیادتی (حملہ) ہونے پر (صرف) اپنا بدلہ لیتے ہیں اور برائی کا بدلہ ویسی ہی برائی ہے ﴿9﴾ ہاں جو (دوسرے کی زیادتی) معاف کرے اور اس سے نیکی کرے تو اس کا ثواب اللہ کے اوپر ہے۔ اللہ تو ظلم کرنے والوں کو ہرگز پسند نہیں کرتا۔ ﴿10﴾ (تاہم) جو کوئی (دوسرے سے) ظلم کا بدلہ لیتا ہے اس پر کچھ الزام نہیں ﴿11﴾ الزام تو ان لوگوں پر جو نسل انسان پر ظلم کرتے اور ملک میں ناروا بغاوت پھیلاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿12﴾ جو شخص (دوسرے کی زیادتی پر) صبر کرتا اسے معاف کر دیتا ہے تو یہ بات بڑی بلند ہمت کی ہے۔''

تمت

سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم

قصیدہ در نعت مصطفوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دلم زینہ ربودآں جمال نورانی   کہ حسن را بہ تماشائی اوست حیرانی
جمال معنی و زین کمال و حسن جلال   مطاع خلق و ضیائی جہاں ظلمانی
محمدؐ اسم و حبیب الٰہ وخواجہؐ کل   نوید رحمت وپیمان عفو یزدانی
گزید فقر کہ فرمان روائے ملک ابد   بمشت خاک ندارد ہوائے سلطانی
نبوت ست یکے قصہ آسمان پایہ   کہ ہم متمم او آمدی و وہم بانی
عرب بچاہ جہالت فتادہ بودبسر   بسرگرفت ز تو افسرہمہ دانی
نمیرد آنکہ زجام ولای تو نوشد   کجاست مائل ظلمات شاہ یونانی
بہ نزل عام تو مہماں نشستہ صد عالم   عجب تر آں کہ بعالم نزیل و مہمانی
درنجات کشودی بروئے احمر و اسود   گہے کہ بست برایشاں یہود و نصرانی
حدیث پاک توآں جامع الکلم کہ ازو   رسد بغوز چہ یونانی وچہ سوڈانی
جہاں شنیدز فم توآں کلام خدا   کہ دادہ بود خبرز و کلیم عمرانی
بداں جناب کہ جبریل را نہ پردپر   تراست رفتن و از شوق حلقہ جنبانی
دلت گواہ بصدق نظارہ چشمت   نگاہ پاک تو بینائے صنع رحمانی
توئی کہ از تو تمدن رواں تازہ گرفت   توئی کہ کندہ ز عالم بنای رہبانی
توئی کہ نام نہی خمر را مخمر عقل   توئی کہ ام خبائث شراب را خوانی
توئی کہ صدق ہمہ راستاں پدید کنی   توئی کہ عظمت پشینیاں درخشانی
ز تو مبرہن و روشن تقوم مرداں   ز تو معین و محکم حقوق نسوانی
فتوت تو امت را دہدقنات لقب   ز شوکت توموالی کنند سلطانی
تو عذر خواہ شوی بہرقوم از رحمٰن   زسنگ چوں شکند قوم دردندانی
تو قاتلان عم و دخت رانمائی عفو   بپاس خاطر ایمانی و مسلمانی
بچے ہلاک جفاپیشگاں رضاندہی   کہ نسل شاں مگر آیدیدیں دیانی
زعدل ورحم تو صد بہرہ یافتنداعدا   بحرب ہا کہ نمودند جمع خذلانی
دو شاہد اند مرا خیبر و حنین کہ تو   دہی بجود ہر آں چہ بفتح بستانی
بزور کوشش افواج ہیچ حاجت نیست   ترا کہ فتح مبین شد بلاغ قرآنی
خدا یکے و پیامش بسوئے خلق یکے   تو خلق رابسوئے آں پیام می خوانی

تو باب مسلم کشائی بروئے دشمن و دوست ۔۔۔ تو دوستی بدل دشمناں بپالائی
یتیمی تو تسلی ست مریتامیٔ را ۔۔۔ کہ بہ زمہر پدر ہست عون ربانی
تو عبد خواندہ شدی و رموز داں دانست ۔۔۔ کہ برترست عبودیت از سلیمانی
تو آفتابی و از حمد سربرآوردہ ۔۔۔ تو ماہ و بر ملک مجد نورافشانی
فزوں تر از تو کسے را نہ حمد گفت جہاں ۔۔۔ نہ برتر از تو کسے گفت حمد ربانی
ترا محمد و احمد ﷺ زمین خواند وزماں ۔۔۔ حمید باشد و محمود ذات سبحانی
بما رؤف ورحیمی، خدا رؤف و رحیم ۔۔۔ دگرچہ سود کہ گویم سخن بنا دانی
تو رحمتی و جہاں آفرین یارحمان ۔۔۔ ہزار شکر رسیدم بہ گنج پنہانی
سخن زواجب و ممکن نہ از ادب باشد ۔۔۔ طفیل تست ہمہ کار گارہ امکانی
ز استعارہ و تشبیہ بس بلند ستی ۔۔۔ بہ بے مثالی خود ہم بخویش میہمانی
چہ خوش بشان تو صدیق گفت و گوہر سفت ۔۔۔ کہ کرو روئے تو بردعوئی تو برہانی
مبلغان تو واند ایں پیام بہ خلق ۔۔۔ کہ نصح خلق بود لازم مسلمانی
مبشران تو داندایں نوید بما ۔۔۔ کہ کار دیں ہمہ تبشیر ہست و آسانی
طفیل است کے بعد از ہزار قرن مدید ۔۔۔ بگوش عالمیان شد نوید ارزانی
کہ دین یافت کمال و تمام شد نعمت ۔۔۔ گزید نوع بشر را رضائے دیانی
صلوٰۃ برتو خدائے و فرشتگاں خوانند ۔۔۔ کجا ثنائے تو آید ز انسی و جانی
گزارشت الٰہی مرا بدر گاہست ۔۔۔ امید ہست کہ از لطف رو نہ گردانی
دمے کہ روح مجرد شود ز پیکر خاک ۔۔۔ دمے کہ مرگ نماید بدرد درمانی
دراں مغاک کہ تنگ ست و تارچوں دل من ۔۔۔ جمال او بنمائی چو صبح نورانی
بہار تازہ بچشم فرشتگاں بخشی ۔۔۔ مراز تنگی گورو سوال برہانی

سمی فارس صد قم عطا بہ فرمائی
یک از ہزار بمن نیز صدق سلمانی

احقر راجی شفاعت وغفران قاضی محمد سلیمان سلمان

ولد حاجی مولوی قاضی احمد شاہ مرحوم مغفور

منصور پوری علاقہ ۔ ریاست پٹیالہ

رحمۃ للعالمین
قاضی محمد سلیمان سلمان منصورپوری رحمہ اللہ
وما أرسلناك إلا رحمة للعالمين
MARKAZ
Al-Hrmain-ul-Islami
GULBAHAR COLONY, SATIANA ROAD, FAISALABD-PAKISTAN.
CONTACT: 0304 3010777

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

رحمۃ للعالمین



مؤلف

قاضی محمد سلیمان سلمان منصورپوری رحمۃ اللہ علیہ

تخریج وتعلیق

میاں طاہر

مرکز الحرمین الاسلامی

رحمۃ للعالمین
قاضی محمد سلیمان سلمان منصورپوری رحمۃ اللہ علیہ

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

رحمۃ للعالمین

مؤلف

قاضی محمد سلیمان سلمان منصورپوری رحمہ اللہ

تخریج وتعلیق

میاں طاہر

مرکز الحرمین الاسلامی

جلد دوم

فہرست آخر میں دیکھیں یا صفحہ نمبر 18 پر جائیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِ ۣالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ اَرْسَلَهُ اللّٰهُ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ وَجَعَلَه، خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ وَ سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا جَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ يَا اَمَانَ الْخَائِفِيْنَ يَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَه، يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَه، يَا ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَه، يَا حِرْزَ الضُّعَفَاءِ يَا كَنْزَ الْفُقَرَاءِ يَا عَظِيْمَ الرَّجَاءِ يَا مُنْقِذَ الْهَلْكٰى يَا مُنْجِيَ الْغَرْقٰى يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ يَا جَبَّارُ يَا مُنِيْرُ اَنْتَ الَّذِيْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَضَوْءُ النَّهَارِ شُعَاعُ الشَّمْسِ وَ نُوْرُ الْقَمَرِ وَ خَفِيْقُ الشَّجَرِ وَ دَوِيُّ الْمَآءِ يَا اللّٰهُ اَنْتَ اللّٰهُ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ فِي الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَ فِي الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهِ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَ عَلٰى اٰلِهِ وَ اَصْحَابِهِ وَاَتْبَاعِهِ اَجْمَعِيْنَ اٰمِيْنَ۔

امابعد، یہ کتاب "رحمۃ للعالمین" کی جلد دوم ہے۔جلد اول کا پہلا ایڈیشن 1912ء میں شائع ہوا تھا۔جلد دوم کے لیے جنگ عظیم (اگست 14 تا نومبر 1918ء) کے شروع ہو جانے کی وجہ سے عمدہ کاغذ دستیاب نہ ہوا، اور یہ مسودہ پڑا ہی رہا۔1916ء میں جلد اول کا دوسرا ایڈیشن ضرور نکلا تھا، لیکن اس کا شائع کرنا اضطرار اتھا کیوں کہ جلد اول کو کئی اسلامی مدارس اور اسلامیہ ہائی سکولوں نے داخل نصاب کر لیا تھا اور طالبان علم کا حرج کسی طرح گوارا نہ ہو سکتا تھا۔اس کے لیے بھی جو کاغذ لگایا گیا تھا اگرچہ پچھلے کاغذ سے اس کی قیمت ڈیوڑھی تھی مگر پھر بھی وہ چکنائی اور سفیدی میں ویسا نہ تھا۔

جلد دوم کے لیے آج تک عمدہ کاغذ ہی کا انتظار ہوتا رہا اور اب آخر جیسا کاغذ مل سکا اسی پر کتاب کو شائع کیا جاتا ہے۔

اہل خبرت آگاہ ہیں کہ سیرت النبی ﷺ کا لکھنا کس قدر مشکل ہے، اگر ذرہ بے مقدار خورشید جہاں افروز کے نور گیتی آراء کا مکیال بن سکتا ہے تو مجھ سا بے بضاعت کثیر الاشغال بھی جس کا اس راہ میں کوئی یار و مددگار نہیں درست طور پر کچھ لکھ بھی سکتا ہے۔

لیکن ایک فرض کا احساس ہے جو سکوت پر غالب آ گیا ہے اور درد محبت ہے جس نے بے حس قلب کو تڑپا دیا ہے۔توفیق الٰہی ہے جو برابر اس کام پر مجھے لگائے رکھتی ہے۔جذبہ ربانی ہے جس کی کشش اس طریق حق پر لیے جاتی ہے۔ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّ ثِقَالًا کی صفیر کان میں گونج رہی ہے اور یَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّ عَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ کی اذان ہادیٔ راہ بن رہی ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ ہر ایک شخص جو نبی پاک ﷺ کا کلمہ خواں ہے، ضروری ہے کہ اپنے علم و فہم کے موافق حضور ﷺ کا ثنا گستر بھی ہو۔تابش ذرہ اور ضوء قمر میں اگرچہ زمین و آسمان کا فرق ہے مگر دونوں ایک ہی نور کے آئینہ دار ہوتے ہیں۔اگر ایک کی فلک گیر، ٹھنڈی، صاف روشنی ابصار کو محو دیدار کرتی ہے تو دوسرے کی خاک نشین چمک بھی راہ گیروں کے قدم لیتی ہوئی ان کی نگاہ کرم کو کبھی کبھی اپنی جانب کھینچ ہی لیتی ہے۔

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا کا اعلان ہر بار ایمان کو حوصلہ افزا ہے اور اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ کا ارشاد ہر ایک صحیح الوجدان کا خضر راہ۔اگر میرے لیے یہ سب اسناد و عماد نہ ہوتے تو کچھ شک نہیں کہ ایک حرف لکھنے کی بھی جراءت نہ ہو سکتی۔

گل چیں سیرت مصطفوی ﷺ کے سامنے ایک گلشن خلد بہار ہوتا ہے، جس کے ہر ایک پھول کی رنگینی وشادابی دامانِ نگاہ کو بھر دینے والی ہوتی ہے۔ یہ گل چیں کا اپنا انتخاب اور مذاق ہے کہ کس پھول کو لیا اور کس کو چھوڑا، مگر حقیقت یہ ہے کہ جسے چھوڑا وہ اس سے کم نہ تھا، جسے چن لیا۔

جلد دوم میں ایسے ضروری مضامین ہیں جن میں سے بعض کو علماء سیرت آغاز کتاب میں جگہ دیا کرتے ہیں، مگر میں نے حصہ اول کو صرف ایسے مالا بدمنہ (ضروری) حالات مبارکہ پر اختصار کے ساتھ محتوی رکھا تھا کہ اگر بقیہ جلدیں شائع بھی نہ ہوسکیں، تب بھی وہ نقش ناتمام کی صورت میں غیر مکمل نظر نہ آئے۔ الحمد للہ! کہ آج جلد دوم کو روانہ مطبع کرتا ہوں اور اللہ وہ دن بھی کرے کہ جلد سوم کو بھی اسی طرح روانہ کرسکوں اور اس وعدہ کے ایفا کے بعد پھر ایک مفصل واجمل کتاب قلم بند کرسکوں۔

یارب ایں آرزوے من چہ خوش است
تو بدیں آرزو مرا برساں

وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ۝

خاکسار

محمد سلیمان سلمان منصوری پوری

(ریاست پٹیالہ پنجاب)

النّسب

فصل اوّل

شجرۂ طیبہ

شجرۂ مبارکہ کو تین (3) حصوں میں پیش کیا جاتا ہے:

حصہ اوّل

نبی کریم ﷺ سے عدنان تک ہے اور اس کی بابت حافظ ابو عمر یوسف بن عبد اللہ المعروف بابن عبد البر النمری القرطبی رحمۃ اللہ علیہ (ولد سنة ثمان وستين و ثلاث مائة 368 ھ) نے کتاب الاستیعاب میں تحریر کیا ہے: ''**هٰذَا مَالَمْ يَخْتَلِفْ فِيْهِ اَحَدٌ مِنَ النَّاس**'' (اس شجرے میں کسی کو بھی اختلاف نہیں)۔

آباء الکرام کے ساتھ میں نے تلاش کی کہ امہات العظام کے مبارک نام بھی مل جائیں تو بہتر ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ حضرت عبد اللہ سے لے کر عدنان تک برابر سب کے نام بھی مل گئے اور مزید برآں یہ بھی ہوا کہ ان امہات کے آباء اور قبائل کا پتا بھی لگ گیا۔ مثلا نبی کریم ﷺ کی والدہ ماجدہ کا نام ملا تو سیدہ آمنہ کے والد کا نام بھی مع ان کے سلسلہ نسب کے اور ان کی والدہ کا نام مع ان کے سلسلہ نسب کے مل گیا۔ اس تمام سلسلے پر نظر ڈالو۔ شاید ہی دنیا میں کسی بڑے سے بڑے شہنشاہ کا بھی سلسلہ خاندانی اس وضاحت کے ساتھ اوراق تاریخ میں دستیاب ہو سکے گا۔ پھر ہر ایک سلسلہ میں نسب کی رفعت شان پر نظر ڈالو کہ ددھیال اور ننھیال در ننھیال کی ددھیال میں بھی کسی ایک جگہ وہن یا خمود نہ ملے گا۔ یہ شرف اسی کو حاصل ہو سکتا ہے جسے ازل الآزال میں قدرت ربانیہ نے عالمین پر ممتاز فرمایا اور آدم علیہ السلام سے لے کر ذات گرامی تک ہر ایک نسل کی حفاظت خود فرمائی ہو۔

امہات العظام اور ان کے ددھیال کے اسماء میں میرا ماخذ تاریخ کبیر طبری اور طبقات الکبیر ابن سعد اور کسی قدر تاریخ الکامل ابن اثیر ہیں۔

حصہ دوم

نسب نامہ گرامی کا حصہ دوم وہ ہے جو معد بن عدنان سے اوپر آتا ہے۔ محدثین رحمہم اللہ اس حصہ کا اندراج اس تفصیل کے ساتھ جیسا کہ تحت میں تحریر کریں گے، اپنی کتابوں میں نہیں کرتے کیوں کہ اس اصول کے مطابق جو صحیح روایات کے متعلق انھوں نے اختیار فرمائے ہیں اس حصہ کا روایت کرنا دشوار ہے۔

ان بزرگوں کا یہ نہایت ورع و تقویٰ ہے۔ بایں ہمہ جملہ محدثین اس سلسلہ کے خاص خاص مشاہیر کے آٹھ نو نام لے کر اس

طرح بیان کرتے ہیں کہ نسب گرامی حضرت اسماعیل علیہ السلام تک منتہی ہو جاتا ہے۔ یہ طریق کہ سلسلہ نسب میں خاص خاص مشاہیر کا نام لے کر اختصار سے کام لیا جائے، بنی اسرائیل میں بھی مروج تھا۔ انجیل متی کو دیکھو، وہ لکھتے ہیں: یسوع مسیح ابن داؤد ابن ابراہام کا نسب نامہ یہ ظاہر ہے کہ متی نے مسیح علیہ السلام اور داؤد علیہ السلام کے درمیان چھبیس (26) پشتیں اور داؤد علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام میں بارہ (12) پشتیں دانستہ اختصار کے لیے چھوڑ دی ہیں۔

حصہ دوم کے شامل کتاب کرنے کی جرأت مجھے اس لیے ہوئی کہ **كَذَّبَ النَّسَّابُوْنَ مَا فَوْقَ الْعَدْنَانِ** کا قطعی صحت تک پہنچ جانا مجھ پر مخفی رہا اور میں نے دیکھا کہ اکثر علماء نے جو تاریخ اور حدیث میں امام تسلیم ہوئے ہیں، اس حصہ کو بیان کیا ہے۔ **سَبَائِكُ الذَّهَبِ لِلْسویدی** ص19 ہے:

> **قَدْ اُخْتُلِفَ فِيْ كَرَاهة رفع النسب مِنْ عدنانَ الى ادم فذهب ابن اِسْحٰق و ابن جرير وغيره الى جوازه و عليه البخارى وغيرُه مِنَ الْعُلَمَاءِ۔**

"عدنان سے اوپر آدم علیہ السلام تک نسب بیان کرنے کی کراہت میں اختلاف ہے۔ ابن اسحٰق اور ابن جریر کے نزدیک جائز ہے اور بخاری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کا مذہب بھی یہی ہے۔"

کتاب "رحلۃ الشافعی" مصنفہ جلال الدین السیوطی میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور ہارون الرشید کے ذکر میں ہے:

> **فَقَالَ لِي بَيِّنْ لى عن نفسك قال الشافعى فلقيت حتى الحقت ادم عليه السلام بالطّين ۔**

ہارون الرشید نے کہا تم اپنی بات بتاؤ، میں نے نسب بیان کرنا شروع کر دیا حتیٰ کہ آدم علیہ السلام کو مٹی میں جا ملایا۔

ان حوالہ جات کے بعد میں نے اس حصہ کا لکھنا ترک کر دینے سے بہتر سمجھا۔

میں نے اول اول یہ حصہ ڈاکٹر سر سید احمد خاں غفرلہ کی کتاب "خطبات احمدیہ" میں دیکھا تھا۔ سر سید نے اس جگہ کسی کا پتا نہیں لکھا، انھوں نے ارمیا کاتب برخیا علیہ السلام اور الجیرا کے نسب نامہ کا ذکر فرمایا تھا۔ میں نہ سمجھ سکا کہ سر سید یہ سب باتیں کہاں سے لکھ رہے ہیں۔ کچھ عرصہ بعد مجھے تاریخ ابو الفداء میں ارمیا اور الجیرا کا مذکور ملا اور پھر امام طبری رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب میں ایک روایت کلبی کی ملی جس کی بابت امام طبری رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا کہ یہ روایت ارمیا کے نسب نامہ سے موافق ہے۔ صرف کہیں کہیں اختلاف السنہ کی وجہ سے اختلاف لہجہ کا فرق پڑ گیا ہے۔ دوسری روایت خود امام طبری رحمۃ اللہ علیہ کی ہے جسے انھوں نے ایک عرب نسب دان سے لیا ہے۔

پھر مجھے امام ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب طبقات الکبیر میں بھی یہی حصہ مل گیا۔ مجھے ان کتابوں سے مطابقت کرنے کے بعد سر سید کے نسب نامے میں لکھے ہوئے چند نام عدنان دوم۔ اد دوم۔ الیسع۔ ہمیسع دوم۔ سلامان دوم۔ ثابت۔ حمل۔ معد اول نہیں ملے۔ معلوم نہیں سر سید نے ان کا کس کتاب کے حوالہ سے اضافہ فرمایا ہے۔ میں نے وہی نام لکھے ہیں جو بالاتفاق متعدد روایات میں بیان ہوئے ہیں۔

حصہ سوم

① نسب نامہ گرامی کا حصہ سوم جو اسماعیل علیہ السلام سے شروع اور ابو البشر آدم علیہ السلام تک منتہی ہوتا ہے، تورات موجودہ سے لیا گیا ہے۔ اسماء کے اعراب عربی زبان کی توراۃ مشکل سے لیے گئے ہیں۔

② ہر ایک نام کے سامنے سنین عمر درج ہیں۔ یہ بھی توراۃ سے لیے گئے ہیں جو غالباً صحیح ہیں۔ لیکن توراۃ میں یہ بھی ہے کہ فلاں عمر میں فلاں شخص کے پسر پیدا ہوا۔ اس میں کئی اشکال ہیں۔ مثلاً غور کرو مندرجہ ذیل بیان توراۃ پر:

①	آدم 130 برس کا تھا جب اس کے شیث پیدا ہوا	5/3 پیدائش
②	شیث 150 برس کا تھا جب اس سے انوس پیدا ہوا	5/6 〃
③	انوس 90 برس کا تھا جب اس سے قینان پیدا ہوا	5/9 〃
④	قینان 70 برس کا تھا جب اس سے محلل ایل پیدا ہوا	5/12 〃
⑤	محلل ایل 65 برس کا تھا جب اس سے یارد پیدا ہوا	5/15 〃
⑥	یارد 162 برس کا تھا جب اس سے حنوک پیدا ہوا	5/18 〃
⑦	حنوک 65 برس کا تھا جب اس سے متوسلخ پیدا ہوا	5/21 〃
⑧	متوسلخ 187 برس کا تھا جب اس سے لمک پیدا ہوا	5/21 〃
⑨	لمک 502 برس کا تھا جب اس سے نوح پیدا ہوا	5/28 〃

⑩ نوح 502 برس کا تھا جب اس سے سم پیدا ہوا [1]

⑪ سم 100 برس کا تھا کہ اس سے طوفان کے 2 برس بعد ارفکسد پیدا ہوا۔

⑫ ارفکسد 35 برس کا تھا کہ اس سے عبر پیدا ہوا۔

⑬ عبر 34 برس کا تھا کہ اس سے فلج پیدا ہوا۔

⑭ فلج 30 برس کا تھا کہ اس سے رعو پیدا ہوا۔

⑮ رعو 32 برس کا تھا کہ اس سے سروج پیدا ہوا۔

⑯ سروج 30 برس کا تھا کہ اس سے نحور پیدا ہوا

⑰ نحور 29 برس کا تھا کہ اس سے تارا پیدا ہوا۔

⑱ تارا 70 برس کا تھا کہ اس سے ابرام پیدا ہوا۔

اگر ہم اس حساب کو صحیح قرار دیں تو لازم آتا ہے کہ حضرت شیث علیہ السلام نے حضرت نوح علیہ السلام کو دیکھا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر حضرت نوح علیہ السلام کی آنکھوں کے سامنے 88 سال کی ہو گئی ہو اور حضرت نوح علیہ السلام کی زندگی میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عمر دو سال کی ہو۔ حساب کرو کہ حضرت نوح علیہ السلام طوفان کے بعد ساڑھے تین سو (350) برس تک زندہ رہے۔ (9/28 پیدائش) اور طوفان سے ابراہیم علیہ السلام کا زمانہ 262+86=348 برس کا ہے اور حضرت اسماعیل علیہ السلام اپنے باپ کی 86 سال کی عمر میں پیدا ہوئے تھے۔

حالانکہ ان امور کا کوئی عالم اہل کتاب قائل نہیں۔ اس لیے مجھے اس حساب کی صحت میں شک رہا۔ بعد ازاں مجھے کتاب ''تاریخ ابوالفداء'' میں سے اسی مقام کے پڑھنے کا اتفاق ہوا مجھے تعجب آمیز مسرت ہوئی کہ یہ فاضل مؤرخ بھی اس خیال میں میرے

---

[1] یہ عبارت کہ نوح 502 سال کا تھا اس سے سم پیدا ہوا کتاب پیدائش میں نہیں ہے مگر کتاب پیدائش میں یہ ہے کہ نوح 600 سال کا تھا جب طوفان آیا۔ نیز یہ فقرہ ہے کہ سم طوفان کے 2 سال بعد 100 برس کا تھا جب ارفکسد پیدا ہوا۔ نتیجہ یہ ہے کہ نوح 502 سال کا تھا جب سم پیدا ہوا۔

ساتھ متفق ہے۔ مزید اطمینان کا موجب یہ ہوا کہ امام ابو محمد علی ابن احمد بن حزم الظاہری ﷫ (المتوفی 456ھ) نے بھی کتاب ''الفصل'' میں اسی خیال کا اظہار کیا ہے۔

الغرض حصہ سوم کے نام تو صحیح ہیں، البتہ دیگر معلومات بعض جگہ مشکوک ہیں۔

چونکہ نسب نامہ میں صحت اسماء ہی زیادہ تر درکار ہوتی ہے۔ اس لیے میں کہہ سکتا ہوں کہ نسب نامہ گرامی کا یہ حصہ بھی بالکل صحیح ہے۔

ان ضروری تمہیدات کے بعد شجرہ مبارکہ درج کیا جاتا ہے۔

شَجَرَةٌ طَيِّبَةٌ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّ فَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ لِسَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللهِ خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ ﷺ

حصہ اوّل

نمبر شمار	آباؤ الکرام	امہات العظام	امہات کے ددھیال
1	عبداللہ	آمنہ	اب: وہب بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب دیکھو سلسلہ نمبر 6 آباء نبوی ﷺ۔ ام: برہ بنت عبد العزیٰ بن عبد الدار بن قصی دیکھو سلسلہ نمبر 5 آباء نبوی ﷺ۔
2	عبد المطلب	فاطمہ	اب: عمر بن عائذ بن عمران بن مخزوم بن یقظہ بن مرہ (سلسلہ نمبر 7 آباء نبوی ﷺ) ام: صخرہ [1] بنت عبد بن عمران بن مخزوم بن یقظہ بن مرہ (سلسلہ نمبر 7 آباء نبوی ﷺ)
3	ہاشم	سلمٰی	اب: عمرو بن زید بن لبید بن خداش بن عامر بن غنم بن عدی بن النجار (تیم اللہ بن ثعلبہ خزرجی) ام: عمیرہ [2] بنت صخر بن حبیب ابن الحارث بن ثعلبہ بن مازن بن النجار (ساکن مدینہ)
4	عبد مناف	عاتکہ	اب: مرہ بن ہلال بن فالج بن ذکوان بن ثعلبہ بن بہثہ بن سلیم بن منصور (از سلسلہ نمبر 17 آباء نبوی) ام: ماویہ [3] (عرف صفیہ) بنت حوزہ بن عمرو بن صعصعہ بن معاویہ بن بکر بن ہوازن (از سلسلہ 17 آباء نبوی)۔
5	قصی	حبی	اب: خلیل بن حبشیہ بن سلول بن کعب بن عمرو بن ربیعہ (وھو الخزاعی) ام: ہند [4] بنت عامر بن النضر بن عمرو بن عامر (من الخزاعہ)
6	کلاب	فاطمہ	اب: سعد بن سیل (خیر) بن حمالہ بن عوف بن عامر الجادر (**کان اول من بنی جدار الکعبہ فقیل لہ جادر**) از دشنوہ۔ ام: ظریفہ [5] بنت قیس بن امیہ ذی الراسین بن جشیم بن کنانہ بن عمرو القین بن فہم بن عمرو بن قیس بن عیلان بن الیاس (سلسلہ نمبر 17 آباء نبوی)

[1] صخرہ کی ماں کا نام تخمر بنت عبد بن قصی نانی کا نام سلمٰی بنت عامرہ بنت عمیرہ بنت ودیعہ بنت الحارث بن فہر پر نانی کا نام عاتکہ بنت عبداللہ بن وائلہ بن ظرب تھا۔

[2] عمیرہ کی ماں کا نام سلمٰی بنت عبد الاشہل اور نانی کا نام لبنٰی بنت زعورا تھا۔ [3] ماویہ کی ماں کا نام رقاش بنت الاعجم اور نانی کا کبشہ بنت الرافقی تھا۔

[4] ہند کی ماں کا نام لیلٰی بنت مازن (من خزاعہ) تھا۔ [5] ظریفہ کی ماں کا نام عمرہ بنت عامر تھا۔

نمبر شمار	آباؤالکرام	امہات العظام	امہات کے ددھیال
7	مرہ	ہند	اب: سرید بن ثعلبہ بن الحارث بن مالک (سلسلہ نمبر 12 آباء نبوی) ام: امامہ [1] بنت عبد مناۃ بن کنانہ (سلسلہ نمبر 14 آباء نبوی)
8	کعب	مخشیہ	اب: شیبان بن محارب بن فہر دیکھو (سلسلہ نمبر 11 آباء نبوی ﷺ) ام: وشیہ [2] بنت وائل بن قاسط بن ہنب بن اقصیٰ بن دعمی بن جدیلہ
9	لوی	ماویہ	اب: کعب بن القین (ھو النعمان) بن جسر بن شیع اللہ بن اسد بن وبرہ تغلب بن حلوان بن عمران بن الحاف بن قضاعہ ام: عاتکہ بنت کاہل بن عذرہ
10	غالب	عاتکہ	اب: مخلد بن النضر بن کنانہ (سلسلہ نمبر 13 آباء نبوی) ام: امیسہ [3] بنت شیبان بن ثعلبہ بن عکابہ بن صعب بن علی بن بکر بن وائل
11	فہر الملقب بہ قریش	لیلیٰ	اب: حارث بن تمیم بن سعد بن ہذیل بن مدرکہ (سلسلہ نمبر 16 آباء نبوی) ام: سلمیٰ [4] بنت طانجہ بن الیاس (سلسلہ نمبر 17 شجرہ ہذا)
12	مالک	جندلہ	اب: عامر بن الحارث بن مضاض بن زید بن مالک جرہمی ام: ہند بنت الظلیم بن مالک بن الحارث (جرہمی)
13	نضر	عکرشہ	اب: عدوان (حارث) بن عمرو بن قیس بن عیلان بن مضر (سلسلہ نمبر 17 آباء نبوی)
14	کنانہ	برہ	اب: مر بن اد بن طانجہ (اخت تمیم بن مر) (طانجہ برادر مدرکہ) نمبر 16 ام:
15	خزیمہ	عوانہ، ہند	اب: سعد بن قیس بن عیلان بن الیاس دیکھو سلسلہ (17 آباء نبوی ﷺ) ام: دعد بنت الیاس (سلسلہ نمبر 17 آباء نبوی ﷺ)
16	مدرکہ	سلمیٰ	اب: اسلم بن الحاف بن قضاعہ ام۔
17	الیاس	لیلیٰ (خندف)	اب: حلوان بن عمران بن الحاف بن قضاعہ ام: ضریہ بنت ربیعہ بن نزار (سلسلہ نمبر 19 آباء نبوی)
18	مضر	رباب	اب: حیدہ بن معد (سلسلہ نمبر 20 آباء نبوی) ام:

[1] امامہ کی ماں کا نام ہند بنت دودان بن اسد خزیمہ ہے۔
[2] وشیہ کی ماں کا نام ماویہ بنت ضبیعہ بن ربیعہ بن نزار ہے۔
[3] امیسہ کی ماں کا نام تماضر بنت الحارث اور ثانی کا نام رہم بنت کاہل ہے۔
[4] سلمیٰ کی ماں کا نام عاتکہ بنت الاسد اور ثانی کا نام زینب بنت ربیعہ ہے۔

نمبر شمار	آباؤ الکرام	امہات العظام	امہات کے ددھیال اور ننھیال
19	نزار	سودہ	اب: عک بن الریث بن عدنان (سلسلہ نمبر 21) ام:
20	معد	معانہ	اب: جوشم بن جلہمہ بن عمر بن برہ بن جرہم ام: سلمیٰ بنت الحارث بن مالک بن غنم (من جرہم)
21	عدنان	مہدد	اب: لہم بن حلحب بن جدلیس بن جاثر بن ارم ام:

حصہ دوم

نسب نامہ تا حضرت اسماعیل علیہ السلام

نمبر شمار	بروایت کلبی مندرجہ طبری [1]	بروایت ابن سعد مندرجہ طبقات الکبیر	توضیحات جو امام طبری رحمہ اللہ نے اپنے راوی سے یہ الفاظ لکھ کر روایت کی ہیں۔
			واخبرني بعض انساب انه وجد طائفة من العلماً العرب قد حفظت لمعد اربعين ابًابالعربية الى اسماعيل و اجتحت لقولهم ذلك باشعار العرب و انه قابل بما قالوا من ذلك اهل الكتُب فوجد العدد متفقا واللفظ مختلفاً واملى ذلك على فكتبه عند (جلد ثانى ص 193)
22	اود	اود	
23	ہمیسع	ہمیسع	
24	سلامان	سلامان	ہمیدع اور شاحب بھی اسی کو کہتے ہیں۔
25	عوص	عوص	منجر اور رمیت بھی اسی کو کہتے ہیں۔
26	بوز	بوز	اس کو ثعلبہ بھی کہتے ہیں اور قبیلہ ثعلبہ اسی سے منسوب ہے۔
27	قموال	قموال	اسی کو یوز اور عشر القناۃ بھی کہتے ہیں۔ رسم عشرہ عرب میں اسی نے نکالی تھی۔
28	اُبَیّ	اُبَیّ	اس کو سعد رجب بھی کہتے ہیں۔ عرب میں ''رسم رجبیہ'' اسی نے نکالی۔

[1] حدثني الحارث قال حدثنا محمد بن سعد قال حدثنا هشام بن محمد قال وكان رجل من اهل تدمر يكنى ابايعقوب من مسلمة بني اسرائيل قد قرأ من كتبهم و علم علماء فذكران بروخا بن تاريا كاتب ارمياء اثبت نسب معد بن عدنان عنده و وصفه في كتبه و انه معروف عند احبار اهل الكتُب مثبت في اسفارهم وهو مقارب لهذا الاسماء ما روى عن الكلبي محمد بن السائب اذكره من بعده و لعل خلاف ما بينهم من قبل الالسنة لان هذا الاسماء مترجمة من العبرانية (طبری جلد دوم ص 193 مطبوعہ حسینیہ المصر)

نمبر شمار	بروایت کلبی مندرجہ طبری	بروایت ابن سعد مندرجہ طبقات الکبیر	توضیحات جو امام طبری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے راوی سے یہ الفاظ لکھ کر روایت کی ہیں۔
29	عوام	عوام	قموال اور بریح الناحب بھی اسی کو کہتے ہیں کَانَ فِیْ زمن سلیما ن علیہ السلام۔
30	ناشد	ناشد	مخلم ذوالعین اسی کا لقب ہے
31	حزا	حزا	حوالعوام
32	بلداس	بلداس	اسے محتمل بھی کہتے ہیں۔
33	یدلاف	تدلاف	رائمہ اسی کا لقب ہے۔
34	طانج	طانج	اسی کو طاہب بھی کہتے ہیں عیقان اسی کا لقب ہے۔
35	جاحم	جاحم	اسی کا لقب الشحد ود ہے۔
36	ناحش	ناحش	اسی کا لقب علتہ ہے۔
37	ماثی	ماثی	اس کو اہل عرب "الظریب خاطم النار" کہا کرتے تھے۔
38	عنفی	عنفی	اس کو عافی اور عبقر ابوالجن بھی کہتے ہیں۔ جنت عبقر اسی کی جانب منسوب ہے۔
39	عبقر	عبقر	اس کو ابراہیم جامع الشمل کہتے ہیں۔ جامع الشمل لقب اس لیے ہوا کہ اس کے عہد میں امن کامل تھا، راستے بے خطر جاری تھے۔
40	عبید	عبید	اسی کو اسماعیل ذوالمطانج کہتے ہیں۔ ذوالمطانج اس لیے کہتے ہیں کہ مسافروں کے لیے سارے ملک میں ضیافت خانے مقرر کیے گئے۔
41	الدعا	الدعا	اس کو تیرت الطعان کہتے ہیں۔ پہلا شخص ہے جس نے نیزہ کا جنگ میں استعمال کیا۔
42	حمدان	حمدان	اسی کو اسماعیل ذوالاعوج کہتے ہیں۔ اعوج اس کے گھوڑے کا نام تھا۔ اب اعوج نسل اسپاں اسی کی جانب منسوب ہے
43	سَنْجَرْ	سنجر	اسے بشمین اور مطعم فی المحل بھی کہتے ہیں۔ اس کے محل میں ہر شخص کے لیے کھانا تیار رہتا تھا۔
44	یثربی	یثربی	یثرم اور رحم بھی اسی کا لقب ہے
45	تحزن	تحزن	تحزن نام اور تسور لقب ہے۔
46	یلحن	یلحن	یلحن نام اور عنود لقب ہے۔
47	ارعوے	ارعوے	رعوبے نام اور دعدع لقب ہے۔
48	عیضی	عیضی	عاقر لقب ہے۔

نمبر شمار	بروایت کلبی مندرجہ طبری	بروایت ابن سعد مندرجہ طبقات الکبیر	توضیحات جو امام طبری رحمہ اللہ نے اپنے راوی سے یہ الفاظ لکھ کر روایت کی ہیں۔
49	دیشان	دیشان	لقب اس کا الزاعیہ ہے۔
50	عیصر	عبیصر	اسی کو عاصر اور نیدوان ذوالاندیہ کہتے ہیں۔ اسی کے عہد میں عیت اور جاوان فرزند قادور میں جنگ ہوئی۔
51	اقناد	اقناد	اقناد نام۔ ایا ہمہ لقب ہے۔
52	ایہام	ابہام	یہامی نام دوس القق اور اجمل الخلق لقب ہیں۔
53	مقصر	مقصی	مقاصری نام حصن اور نزال لقب ہے۔
54	ناحش	ناحش	
55	زارح	زارح	قمیر لقب ہے۔
56	سمی	شمی	سانام المختر لقب ہے۔
57	مزی	مزی	ہرمز بھی اسی کو کہتے ہیں۔
58	عوض	عوص	اس کا لقب شمر اور صفی بھی ہے۔
59	عرام	عزام	
60	قیدار	قیدار [1]	

حصہ سوم

نمبر شمار	نام	عمر
61	اسماعیل علیہ السلام [2]	137 سال
62	ابراہیم علیہ السلام	175 سال
63	تارہ (آذر)	205 سال
64	ناحور	159 سال

---

[1] قیدار کی بیوی کا نام عاضرہ تھا جو قبیلہ جرہم سے تھیں۔ [2] سیدنا اسماعیل علیہ السلام کی والدہ ہاجرہ کا بیان آگے ملے گا۔

65	سروج	232سال
66	رعو	239سال
67	فالج	239سال
68	عابر	460سال
69	ارفکشاد	438سال
70	سام	602سال
71	نوح علیہ السلام	950سال
72	لامک	777سال
73	متوشالح	969سال
74	اخنوخ ادریس علیہ السلام	365سال
75	یارد	962سال
76	مہلل ایل	895سال
77	قینان	910سال
78	انوش	905سال
79	شیث علیہ السلام	912سال
80	آدم علیہ السلام	930سال

حضرت یسوع مسیح علیہ السلام کا نسب نامہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نسب نامہ کے بعد ہم چاہتے ہیں کہ اناجیل متی ولوقا میں جو نسب نامہ حضرت مسیح علیہ السلام کا درج کیا گیا ہے اسے بھی ناظرین کی وسعت معلومات کی غرض سے اس مقام پر تحریر کر دیں۔ آغاز نسب نامہ سے پیشتر یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ اگرچہ عیسائی علماء حضرت مسیح علیہ السلام کے نسب کو حضرت داود علیہ السلام تک پہنچاتے ہیں مگر انجیل یوحنا (8) باب (48) درس سے ثابت ہے کہ یہودان ہم عصر حضرت مسیح علیہ السلام کے اس مسلمہ شرف کا بھی انکار کرتے ہیں اور آنجناب کو نسل سامری [1] سے بتایا کرتے تھے۔

اس نسب نامہ کو بھی ہم تین حصوں میں بیان کریں گے۔

[1] سامری بھی بنی اسرائیل ہی ہیں فرق صرف یہ ہے کہ اس سلسلہ میں حضرت داود علیہ السلام کا نام نہیں آ سکتا۔

حصہ اوّل

از یوسف (شوہر مریم ①) تا زروبابل

نمبر شمار	انجیل لوقا	نمبر شمار	انجیل متی	نمبر شمار	انجیل لوقا	نمبر شمار	انجیل متی
1	یوسف	1	یوسف	12	نکی	3	متھان
2	ہیلی	2	یعقوب	13	ماحتہ	4	العزر
3	متھات	3	متھان	14	متھاتیاس	5	الیود
4	لیوی	3	متھان	15	سمعی	6	اخیم
5	ملکی	3	متھان	16	یوسف	7	صدوق
6	نیا	3	متھان	17	یورا	8	عازور
7	یوسف	3	متھان	18	یوحنا	9	الیاقیم
8	متھاتیاس	3	متھان	19	ایصا	10	ابیود
9	آموص	3	متھان	20	زروبابل	11	زروبابل
10	ناوم	3	متھان				
11	اسلی	3	متھان		میزان=20		میزان=11

① لوقا نے یوسف سے زروبابل تک 20 نسلیں اور متی نے 11 نسلیں درج کی ہیں۔

② دونوں نسب نامے اتنے مختلف ہیں کہ لوقا اور متی کے بیان کردہ اسماء (یوسف زروبابل کے سوا) ذرہ بھر بھی مشابہت نہیں رکھتے۔

③ ہم کو بعض عیسائی عالموں نے بتایا کہ لوقا میں مریم کا نسب نامہ ہے اور متی میں یوسف کا، یا متی میں مریم کا نسب نامہ ہے اور لوقا میں یوسف کا۔ ہم خوش ہوتے اگر ایسا بھی ہوتا، لیکن زن وشوہر کے نسب ناموں میں امتداد زمانہ کا اس قدر تفاوت کہ ایک کے نسب نامہ میں 9 نسلیں کم ہوں اور ایک میں زیادہ بالضرور حیرت زا ہے۔

④ لوقا کا نسب نامہ ایصا بن زروبابل پر اور متی کا نسب نامہ ابیود بن زروبابل پر ختم ہوتا ہے اور از راہ قیاس ممکن ہے کہ یوسف مریم زروبابل کے دو فرزندوں میں سے ایصا اور ابیود نام کے فرزند تھے بھی۔ تواریخ باب 3/20,19 میں ہم کو زروبابل کے فرزندوں اور دختر کے نام تو ملے مگر افسوس ہے کہ ان میں ایصا اور ابیود کسی کا بھی نام نہیں۔

⑤ لوقا اور متی نے بالاتفاق زروبابل کو سیالتی ایل کا بیٹا لکھا ہے مگر تواریخ (19,18)/3 سے ثابت ہوتا ہے کہ زروبابل تو خدایاہ کا بیٹا اور سیالتی ایل کا برادرزادہ تھا۔

---

① یہ انجیل کا لفظ ہے۔

حصہ دوم

سیالتی ایل سے داؤد علیہ السلام تک ہے اور چوں کہ سیالتی ایل کا نسب نامہ بائبل (توراۃ) میں بھی موجود ہے۔ اس لیے حصہ دوم میں بائبل کا ایک خانہ اور بڑھا دیا گیا ہے اور اس اضافے سے یہ فائدہ ہوگا کہ لوقا و انجیل کے علاوہ ایک تیسری الہامی کتاب (توراۃ) سے مطابقت کا حال بھی واضح ہو جائے گا۔

	لوقا	متی	بائبل [1]
1	سلاتی ایل	1 سلت ایل	1 سیالتی ایل
2	نیری	2 یکونیاہ	2 یکونیاہ (ملکیا)
3	ملکی	//	//
4	اُدی	//	3 یہوی قیم
5	قوسام	3 یوسیاہ	4 یوسیاہ (یوشیا)
6	المودام	4 آمون	5 آمون
7	عیر	5 منسی	6 منسی
8	یوسس	6 خرقیاہ	7 خرقیاہ (خرقیاہ)
9	العزر	7 آخز	8 آخز
10	یوریم	8 یوتام	//
11	متھات	9 عزیاہ	10 عزریاہ (عزیا)
12	لیوی	عزیاہ	11 امصیاہ
13	سمعون	عزیاہ	12 یوآس
14	یہوداہ	عزیاہ	13 خزیاہ (آخزیا)
15	یوسف	10 یورام	14 یہورام
16	یونان	11 یہوسفط	15 یہوسفط (یہوشاہ فاط)
17	ایلیاقیم	12 آسا	16 آسا
18	ملیا	13 ابیاہ	17 ابیا (امیا)
19	مِنّان	//	//

[1] تواریخ 30۔ باب

20	یحتعا	14 رحعام	18 رحعام
21	ناتن	15 سلیمان	19 سلیمان
22	داؤد	16 داؤد	20 داؤد
میزان	=22	میزان=16	میزان=19

(1) ازسلاتی ایل تاداؤد اورلوقانے بائیس(22) نسلیں، متی نے سولہ(16) نسلیں اور بائبل نے انیس(19)[1] نسلیں شمار کی ہیں۔

(2) لوقا تو سلاتی ایل کو ناتن بن داؤد کی نسل سے بتاتا ہے مگر متی اور بائبل سلاتی ایل کو سلیمان بن داؤد کی نسل سے بتاتے ہیں۔ مجھے ایک عیسائی نے بتایا تھا کہ سلیمان ہی کو ناتن کہتے ہیں، مگر التواریخ 3۔ باب کے پانچویں درس نے مجھے یہ جواب صحیح سمجھنے سے روک دیا، اس کے الفاظ یہ ہیں کہ سمعا اور سوباب اور ناتن اور سلیمان یہ چار عمی ایل کی بیٹی بنت سوع سے پیدا ہوئے۔

(3) لوقا اور متی نے اس حصہ دوم میں بھی سلاتی ایل اور داؤد کے درمیان جتنے نام دیے ہیں وہ ایک دوسرے سے بالکل ہی مختلف ہیں۔ حصہ اول میں بھی ایسا ہی اختلاف تھا اور اس وقت یہ توجیہ گھڑلی گئی تھی کہ ایک نسب نامہ کو مریم کا اور ایک کو یوسف شوہر مریم کا نسب نامہ سمجھ لینا چاہیے، لیکن وہ دونوں نسب نامے زروبابل میں آکر جمع ہو گئے۔ اب سلاتی ایل شخص واحد کے نسب نامے کسی طرح بھی دو نہیں ہو سکتے۔ یہ ناممکن ہے کہ سلاتی ایل کو ناتن بن داؤد کی نسل سے بھی ٹھہرایا جائے اور سلیمان بن داؤد کی نسل سے بھی۔ ہم اس فائدہ کو سمجھتے ہیں کہ اگر سلاتی ایل کا نسب نامہ ناتن بن داؤد سے درست ہو جائے تو مسیح علیہ السلام کے اجداد بیت المقدس کے امام سمجھے جا سکیں گے اور اگر سلاتی ایل کا نسب نامہ سلیمان بن داؤد سے درست ہو جائے تو مسیح علیہ السلام کے اجداد شاہان تخت نشین ثابت ہو جائیں گے، لیکن افسوس یہ ہے کہ دونوں نسب نامے تو کسی طرح بھی درست نہیں ہو سکتے۔

(4) ہم اس جگہ متی کے نسب نامہ کو لوقا کے نسب نامہ پر ترجیح دیتے ہیں اور وجہ ترجیح یہ ہے کہ متی کے نسب نامہ کی تصدیق بائبل کی کتاب اول تواریخ 3 باب سے ہوتی ہے، مگر لوقا کے نسب نامہ کی ذرا بھی تائید نہیں ہوتی۔ اگرچہ لوقا ہی نے تحریر کیا ہے کہ اس نے سب واقعات صحیح طور پر دریافت کر کے لکھے ہیں۔ (لوقا 1/3)

(5) یہ نہایت خوشی کی بات ہے کہ متی اور بائبل کا اتفاق بہت سے ناموں کے بارہ میں پایا جاتا ہے، مگر افسوس ہے کہ ان دونوں کی مطابقت بھی پوری نہیں ہوتی۔

ذرا نسب نامہ پر غور فرمایئے کہ متی نے یوسیاہ اور یکونیاہ کے درمیان کوئی نام نہیں لکھا، لیکن بائبل کی دوم تواریخ 34/5 میں ایک نام موجود ہے اور اس باب کے پڑھنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یوسیاہ کے بعد الیاقیم بن یوسیاہ تخت نشین ہوا تھا اور الیاقیم کا شاہی نام یہویقیم تھا۔ اس کے بعد آپ کو اول تواریخ 3/16 سے پتا لگ جائے گا کہ یکونیا یہویقیم کا فرزند تھا، نہ کہ یوسیاہ کا، جیسا کہ متی نے ظاہر کیا ہے۔

(6) متی (1) باب (9) درس میں ہے اور "عریاہ" سے "یونام" پیدا ہوا۔ ان الفاظ سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ یونام عریاہ کا صلبی فرزند تھا جیسا کہ اس نسب نامے کے تمام نام اسی طرح بیان کیے گئے ہیں اور ان سب میں باپ بیٹے ہی کا رشتہ ہے، لیکن بائبل کے

---

[1] اصل کتاب میں جو بیس لکھا گیا تھا وہ شمار کرنے میں غلطی لگی تھی، ماخذ بائبل میں بھی انیس (19) ہیں اور مصنف نے بھی انیس (19) ہی نقل کی ہیں۔

دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ:

- یورام یا یہورام سے خزیاہ پیدا ہوا
- خزیاہ سے یوآس پیدا ہوا
- یوآس سے امصیاہ پیدا ہوا
- امصیاہ سے غریاہ پیدا ہوا

بائبل کی اس صراحت نے یقین دلایا ہے کہ یہاں بھی سینٹ متی کے قلم سے تین نسلوں کے نام رہ گئے ہیں۔

﴿۴﴾ بعض عیسائی عالم بیان کرتے ہیں کہ سینٹ متی نے دیدہ دانستہ خزیاہ اور یوآس اور امصیاہ کے نام ترک کر دیے تھے۔ کیوں کہ ہر سہ اشخاص کے افعال ایسے برے تھے کہ ان کو ایسے پاک نسب نامہ میں جگہ نہ دینی چاہیے۔ یہ عذر صحیح ہو سکتا ہے اور ہم نے کئی اور نسب ناموں میں بھی ایسا طریق دیکھا ہے، لیکن غور طلب یہ ہے کہ کیا فی الواقع حضرت متی نے اسی اصول پر عمل کیا ہے تواریخ میں ہر ایک بادشاہ کی زندگی پر مختصر نوٹ موجود ہیں۔ مثلاً ان ہر سہ کے متعلق ذیل کی عبارات ہیں۔

''خزیاہ: وہ بھی اخی اب کے گھرانوں کی راہوں (ناپسندیدہ) پر چلتا تھا۔'' (3۔ تواریخ 22/3)

''یوآس: خداوند اپنے خدا کے گھر چھوڑ کر بتوں کی پرستش کرنے لگا۔'' (2۔ تواریخ 24/18)

''امصیاہ: جو خدا کی نظر میں درست ہے سو اس نے کیا، پر تمام دل سے نہیں'' (2۔ تواریخ 25/2)

اگر ہم جرائم کے اعتبار سے ترتیب قائم کریں تو یوآس سخت مجرم ہے کہ بت پرستی کی۔ خزیاہ اس سے کم کہ اس کے اعمال اچھے نہ تھے۔ امصیاہ اس سے کم جس کے اعمال اچھے ہیں مگر خلوص نہیں ہے۔ اب ہم کو دیکھنا یہ ہے کہ ان تینوں کے سوا کسی اور کی بابت ایسے ریمارکس (Remarks) یا اس سے سخت تر ریمارکس (Remarks) موجود ہیں؟ آخز کا نام متی کے نسب نامہ میں موجود ہے اور بائبل اس کی بابت بتاتی ہے: ''اس نے بعلیم کے ڈھالے ہوئے بت بھی بنائے۔'' (2۔ تواریخ 28/2)

اُموں کی بابت ہے: ''جو خداوند کی نظر میں برا ہے سو اس نے کیا'' (2۔ تواریخ 33/22)

منسی کی بابت ہے:

''جو خداوند کی نظر میں برا ہے سو اس نے کیا۔ ان قوموں کے نفرتی کام کیے۔'' (2۔ تواریخ 33/20)

رحعام کی بابت ہے: ''اس نے اور اسکے ساتھ سارے بنی اسرائیل نے خداوند کی شریعت کو ترک کیا۔''

یہ تمام سندات بتاتی ہیں کہ ان تین اشخاص جیسے جرائم اوروں کے بھی ہیں جن کے نام حضرت متی نے لکھے ہیں اور اس سے ثابت ہے کہ انھوں نے اس اصول پر عمل نہیں کیا جو ہم کو آج ہمارے دوست بتاتے ہیں اور اس لیے یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ حصہ دوم میں متی کا نسب نامہ بھی بائبل سے مطابق نہیں ہے۔

حصہ سوم

حضرت داؤد علیہ السلام سے اوپر حضرت آدم علیہ السلام تک جو نسب نامہ ہے وہ حضرت مسیح علیہ السلام کے نسب نامہ کا حصہ سوم ہو سکتا ہے، لیکن یہ ظاہر ہے کہ ابن داؤد کا نسب نامہ تو اسی قدر ہے جہاں تک داؤد علیہ السلام کے ساتھ آکر سلسلہ مل جائے اور اس سے آگے جو سلسلہ ہوگا وہ داؤد علیہ السلام کا نسب نامہ ہوگا اور داؤد علیہ السلام کے نسب نامہ میں مندرجہ بائبل میں کوئی اختلاف نہیں ہے، جیسا کہ نبی کریم ﷺ کے

نسب نامہ کے حصہ سوم میں قیدار بن اسماعیل بن ابراہیم علیہ السلام سے لے کر آدم علیہ السلام تک اہل کتاب میں بھی کوئی اختلاف نہیں ہے۔ تاہم حضرت داؤد علیہ السلام سے حضرت ابراہیم علیہ السلام تک نسب نامہ مزید تیمن وتبرک کے طور پر درج کیا جاتا ہے۔

نام	کیفیت
داؤد علیہ السلام	30 سال کی عمر میں سلطنت پائی۔ 40 سال سلطنت کے بعد تقریباً 1015 قبل مسیح علیہ السلام رہ گرائے عالم بقا ہوئے۔ اس حساب سے ان کی ولادت 945 سال قبل مسیح میں تھی۔
یسیٰ	
عوبید	
بوعز	ان کی زوجہ کا نام روت ہے جس کے نام کی کتاب روت بائبل میں شامل ہے
سلمون	ہمراہیان موسیٰ علیہ السلام میں سے حضرت یوشع علیہ السلام کے ساتھ یہی داخل ارض مقدس ہوئے۔ ان کی زوجہ کا نام راحب تھا۔
نحسون	نحسون بنی اسرائیل کے ان سرداروں میں سے ہے جو ہزاروں کے سردار تھے اسی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حکم سے بیابان سینا میں بنی یہودہ کی مردم شماری مصر سے نکلنے سے 14 ماہ بعد کی تھی۔ اس وقت اس فرقہ کے جنگ جو اشخاص کی تعداد جو چوبیس (24) سال سے اوپر تھے چوہتر ہزار چھ سو (74600) تھی۔ (کتاب گنتی باب 1 درس 1 تا 27) یہ واقعہ 1490 قبل مسیح تھا۔
عمیداب	عربی تلفظ (عَمِنّیاداب) ہے۔
آرام	عربی تلفظ (ارام) ہے۔
حصروم	عربی تلفظ (حَصْرُوْمُ) ہے۔
پھارس	عربی تلفظ (فارص) والد کا نام تمر ہے جس کا قصہ کتاب پیدائش میں موجود ہے
یہوداہ	عربی تلفظ (یھودا)
یعقوب علیہ السلام	
اسحٰق علیہ السلام	
ابراہیم علیہ السلام	ان کا ذکر مبارک نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شجرہ میں ہے۔

فصل دوم 2

شجرہ عالیہ نبویہ ﷺ سے چند اشہر المشاہیر کے مختصر حالات

﴿ لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ﴾

آدم علیہ السلام

نوع بشر کے والد بزرگوار اور پہلے انسان ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے خلافت الارض کے لیے پیدا کیا۔ انھوں نے 930 سال کی عمر پائی۔ شیث (سیت) علیہ السلام جب ان کے گھر پیدا ہوئے تب حضرت آدم علیہ السلام کی عمر 130 سال کی تھی۔ [1]

قرآن مجید میں حضرت آدم علیہ السلام کو پیدائش کے بعد جنت میں ٹھہرانے کا ذکر ہے۔ اس جنت کے تعین کرنے میں ہمارے علماء کا اختلاف ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ، ابوالقاسم بلخی وابن قتیبہ وابومسلم اصفہانی رحمہم اللہ کا قول ہے کہ یہ زمین ہی پر ایک مقام تھا۔ دیگر مفسرین نے آسمان پر بتایا ہے۔ ان میں سے بعض کا قول ہے کہ جنت، جنت خلد سے الگ تھی۔ بعض نے اسے جنت خلد ہی بتایا ہے۔ [2]

اسلام نے حضرت آدم علیہ السلام کی بابت جو حقائق عالیہ بیان کیے ہیں ان کا ذکر آپ کو اسی کتاب کے باب افضلیت سید المرسلین ﷺ اور باب اساطیر الاولین میں ملے گا۔

نوح علیہ السلام

رب العالمین کے پہلے رسول ہیں۔ بائبل کا بیان ہے کہ حضرت نوح کی عمر 600 سال کی تھی جب طوفان آیا۔ یعنی عمر نوح سے 600 کے دوسرے مہینے کی 17 تاریخ کو طوفان شروع ہوا۔ چالیس دن (40) چالیس رات (40) تک برابر آسمان سے پانی برستا اور سمندر کے چشموں سے پانی اچھلتا رہا، جو کشتی حضرت نوح علیہ السلام نے بنائی تھی۔ اس کا طول 200 ہاتھ، عرض 50 ہاتھ، بلندی 30 ہاتھ تھی اور اس کے اندر تین (3) طبقے تھے۔ 500 دن کے بعد پانی زمین سے کم ہونا شروع ہوا اور 601 عمر نوحی سے دوسرے مہینے کی 27 تاریخ کو حضرت نوح علیہ السلام نے زمین پر قدم رکھا اور بعد طوفان 350 سال تک زندہ رہے۔ [3]

تاریخ اسلام میں حضرت نوح علیہ السلام کو ''آدم ثانی'' بھی کہتے ہیں۔ دیکھو قرآن مجید میں ہے:

﴿وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِينَ، ﴾ (الصافات: 77) ''ہم نے نوح ہی کی نسل کو باقی رہنے والا بنایا۔''

حضرت نوح علیہ السلام کے تین (3) فرزند تھے جن کی نسل تمام معمورہ دنیا کی آبادی و رونق بن رہی ہے۔

حضرت نوح علیہ السلام کا چوتھا بیٹا یام تھا جو عمل غیر صالح ہونے کی وجہ سے غرق طوفان ہوا تھا۔

---

[1] پیدائش (5,4)/6 [2] ملخصاً از ''ہدایۃ السائل'' نواب صدیق حسن خاں رحمہ اللہ [3] از کتاب پیدائش ملخصاً

سام کی اولاد [1]



حام کی اولاد



یافث کی اولاد



---

[1] سام، حام اور یافث کی اولاد کے جملہ نام کتاب پیدائش سے لیے گئے ہیں۔

سام کا حال

سام (سم) حضرت نوح علیہ السلام کے بڑے فرزند کا نام ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام کی 502 سال کی عمر تھی جب ان کے مشکوۂ نبوت میں یہ اولین فرزند پیدا ہوئے۔

حضرت سام ان تمام اقوام کے پدر اور جملہ السنہ کے معلم نخستین (اول) ہیں، جن کا نام یورپین مؤرخین نے سیمی ٹیک رکھ دیا ہے۔

تفحص سے معلوم ہوتا ہے کہ سامی زبان کا وجود ایشیا اور افریقہ کے اندر برابر پایا جاتا ہے۔ فونی شین، ارمیک، اسیرین، انختھی، اویک زبانیں سامی ہی سے نکلی ہیں اور یہ تو مسلمات میں سے ہے کہ عبرانی اور عربی زبانیں جملہ سامی السنہ کے اندر زیادہ شاندار اور خزائن علمی سے مالا مال ہیں۔

مشہور قدیم مؤرخ سپرنجر اور سکریدر اپنے قدما کے اتباع میں اس امر کا اعتراف کرتے ہیں کہ سام کی اولاد کا اصلی وطن عرب ہے۔ قرآن مجید نے یہ آیت ﴿ لِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ﴾[الانعام:92] میں مکہ کو ام القریٰ یعنی بستیوں کی ماں بتایا ہے اور یہ ارشاد ان مؤرخین کی اس محققانہ جدوجہد کی تصدیق فرماتا ہے۔

یہ بات تاریخ سے ثابت ہوگئی ہے کہ قدیم تر زمانہ میں کچھ قومیں ریگستان عرب سے نکل کر اس کے گردونواح کی قابل کاشت اراضی پر آباد ہوئی تھیں۔ اس کا ثبوت اس طرح حاصل ہوا ہے کہ عرب ہی وہ لوگ ہیں جن میں سیمی ٹک کیریکٹر (سامی عادات واطوار) اصلی حالت میں پایا جاتا ہے، کیوں کہ ان کی سادہ زندگی ہمیشہ یکساں طریق پر چلی آئی ہے۔

اہل عرب کی زبان ہی ہمیشہ سے محفوظ رہی ہے۔ عبرانی زبان بھی کسی قدیم زمانہ میں محفوظ تھی جس کی یادگار اس وقت اہل علم کے ہاتھ میں یشا کے کتبے یا سلوآم کا کتبہ باقی رہ گیا ہے۔

سلطنت یہود کا زوال اور اشدودیوں کے ساتھ یہودیوں کی مناکحت، بنی اسرائیل کی اسیری، بیت المقدس کی بربادی، یہودیوں کا مختلف ممالک میں منتشر ہوجانا یہ ایسے قدرتی اسباب تھے کہ عبرانی زبان اپنی اصلی حالت میں باقی نہ رہی اور ان اسباب سے اس قدر انقلاب عظیم ہوا کہ آخر یہود کی اصلی زبان بجائے عبرانی کے آرمیک بن گئی۔

جب عبرانی کا یہ حال ہے تو دیگر سامی السنہ کا ذکر فضول ہے۔

فونی شین زبان کی واقفیت اہل علم کو صرف ان کتبات سے ہوئی جو چار صدی قبل از مسیح کے دستیاب ہوئے ہیں، لیکن یہ زبان اس قدر حجاب نسیان میں آ چکی ہے کہ ان کتبات کے پڑھنے والوں کو بھی خود وثوق نہیں کہ جو پڑھا وہی ٹھیک ہے۔

آرمیک زبان کبھی تمام کنعانیوں کی زبان تھی۔ جہاں جہاں کنعانی قومیں عمدہ عمدہ چراگاہوں کی تلاش میں کنعان سے چینی ترکستان تک پہنچتی رہیں۔ یہ زبان بھی وہاں گئی۔ خیال ہے کہ لفظ اِرَم جو قرآن میں بکسر اول وفتح ثانی اور توراۃ میں بفتحتین مستعمل ہوا ہے اسی قوم کی یادگار ہے۔ اب یہ زبان بھی نقاب نیستی کے پردہ میں پنہاں ہے۔

سامریا کی زبان میں ایک کتاب پنڈلی لوک کا نشان دیا جاتا ہے۔ اس کی زبان پر غور کرنے والوں نے اعتراف کیا ہے کہ وہ عربی وعبرانی اور آرمیک زبانوں سے بنائی گئی ہے۔ اس لیے اول تو وہ پہلے ہی سے کوئی مستقل زبان نہ تھی۔ دوسرے اب اس زبان کا تلفظ

یالغت بتانے سے کل دنیا گونگی ہے۔

سریک یا اڈیسن زبان ان عیسائی آرمینیا والوں کی زبان تھی جن کا دارالسلطنت پانچویں چھٹی صدی مسیحی میں اڈیسہ تھا، مگر اس نوزائیدہ بچہ کو زیادہ عمر نصیب نہ ہوئی۔

المختصر

عربی ہی ایک ایسی واحد اور وحید زبان رہ جاتی ہے جو سام علیہ السلام کی تعلیم کردہ زبانوں میں سے زندہ و توانا موجود ہے شام اور عراق و مصر اور فلسطین اور مراکو اور تیونس اب تک اس کے زیرنگیں ہیں اور آکسفورڈ سے برازیل تک اس کی سیرگاہیں ہیں۔

سامی زبانیں

جو مماثلت اور مشابہت اور تعلق باہمی اپنے اندر رکھتی ہیں وہ یہ ہیں۔

1. سہ حرفی مصادر کا پایا جانا۔
2. اسم اور فعل کے قاعدوں میں مشابہت۔
3. اسماء، ضمائر اور فعل کے درمیان باہمی تعلقات۔
4. تراکیب نحوی میں مشابہت۔
5. فعل لازم و متعدی کے طریقے۔

اب جو کوئی شخص عربیت میں مہارت رکھتا، صرف و نحو عربی کو بخوبی جانتا اور علم ادب کا دانا ہے، اسے بخوبی معلوم ہے کہ ان جملہ امور میں زبان عربی کیسی مکمل، مستقل اور ہمہ گیر ہے اور یہی صاف ظاہر کرتے ہیں کہ زبان عربی ہی ان تمام السنہ کی ماں ہے جو طوفان کے بعد کسی متمدن حصہ عالم پر بھی پائی گئی تھیں، جیسا کہ حضرت سام علیہ السلام ان ممالک کے جملہ باشندہ اقوام کے پدر بزرگوار ہیں۔

سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام

75 سال کے تھے جب اللہ کے حکم سے اپنی زاد بوم اور باپ کے وطن سے نکلے اور کنعان بن حام کے علاقہ میں پہنچے۔ سیدہ سری زوجہ اور لوط علیہ السلام برادر زادہ ساتھ تھے۔ اللہ نے وعدہ کیا کہ یہی ملک ان کی اولاد کو دیا جائے گا۔ پھر وہ مصر گئے۔ فرعون نے سیدہ سری کو حسین سمجھ کر اپنے لیے لے لیا اور اللہ کا قہر اس پر ظاہر ہوا۔ فرعون نے سیدہ سری کو واپس کر دیا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام پھر کنعان میں واپس آئے۔ تب لوط علیہ السلام ان سے جدا ہو کر دریائے یردن کی ترائی کی طرف چلے گئے۔ وہ شہر صدوم میں آباد ہوئے۔ کچھ عرصہ کے بعد کدر لاعمر شاہ عیلام نے اپنے تین اتحادی بادشاہوں کے ساتھ بادشاہ صدوم اور اسکے چار اتحادی بادشاہوں سے جنگ کی اور جنگ میں فتحیاب ہو کر لوط علیہ السلام کو بھی مع ان کے مال و متاع کے اسیر کر کے لے گیا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہ اطلاع ہوئی تو انھوں نے حوبہ تک جو دمشق کے بائیں ہاتھ ہے ان کا تعاقب کیا اور لوط علیہ السلام کو مع سب اسیروں کے چھڑا لیا اور مال غنیمت حاصل کیا۔

ان کی واپسی پر صدوم کا بادشاہ اور سالم کا بادشاہ صدق [1] جو خدا کا کاہن تھا حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ملے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے غنیمت کا دسواں حصہ ملک صدق کو دیا اور باقی سب مال بادشاہ صدوم کو واپس کر دیا۔ خود مال غنیمت سے کچھ نہ لیا۔ البتہ

---

[1] ملک صدق کے متعلق عیسائیوں کا عجیب اعتقاد ہے۔ پولوس عبرانیوں کا خط باب 7 میں لکھتا ہے یہ بے باپ، بے ماں، بے نسب نامہ جس کے نہ دنوں کا شروع نہ زندگی کا اخیر۔ ہمیشہ کاہن ہی رہتا۔ عیسائی اسے ازلی ابدی اور بے نسب نامہ ہونے میں خدا کے مشابہ بتاتے ہیں۔

اقوام انیر واسکال اور ہمری کے جو جنگ جو لوگ ساتھ تھے ان کو حصہ عطا کیا۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام جب پیدا ہوئے، تو ابراہیم علیہ السلام کی عمر 86 سال کی تھی۔ ① جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر 99 سال کی ہوئی، تب اللہ نے ان سے رؤیا میں فرمایا کہ وہ ہر ایک بچہ کا جب وہ 8 دن کا ہو ختنہ کیا کریں اور یہ ابدی نشان اللہ کے عہد کا اس کی نسل میں ہوگا۔ ②

حضرت ابراہیم علیہ السلام 99 سال کے تھے اور حضرت اسماعیل علیہ السلام تیرہ 13 سال کے جب ان کا ختنہ ہوا۔ یہاں سے حضرت ابراہیم علیہ السلام قادس اور سور میں ٹھہرے اور جرار میں قیام کیا۔ جرار کے بادشاہ ابی ملک نے حضرت سارہ کو اپنے قبضہ میں کیا، مگر خدائے عز وجل کی طرف سے آگاہ ہو کر اس نے سارہ کو پھیر دیا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عزت کی۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام ایک سو (100) سال کے تھے جب حضرت اسحاق علیہ السلام پیدا ہوئے۔ پھر ابی ملک شاہ جرار نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے معاہدہ اتحاد کیا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام دیر تک فلسطیوں کے ملک میں رہے۔

پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسحاق علیہ السلام کی شادی ربقہ بنت متوائیل بن نحور (برادر حقیقی حضرت ابراہیم علیہ السلام) سے کی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے 175 سال کے بعد انتقال فرمایا۔ ③

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کنیت "ابو محمد" بھی ہے اور ابو الانبیاء بھی۔ کیوں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد انہی کی نسل پاک سے نبی ہوتے رہے، ان کی ذریت سے باہر پھر کوئی نبی نہیں ہوا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَجَعَلْنَا فِیْ ذُرِّیَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ ﴾ [العنکبوت:27]

''ہم نے نبوت اور کتاب کو ابراہیم (علیہ السلام) ہی کی ذریت میں کر دیا۔''

اس لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب عمود عالم ثالث بھی ہے۔ ان کا احوال مبارکہ آئندہ ابواب میں مذکور ہیں۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلَّمْ

ام المسلمین سیدہ ہاجرہ علیہا السلام ④

سیدہ ہاجرہ علیہا السلام بڑے درجے کی خاتون ہیں۔

① کبیرہ مصر
② زوجہ خلیل الرحمٰن ابراہیم صلوٰۃ اللہ علیہما والسلام
③ محدثہ ملائک ⑤
④ والدہ اسماعیل علیہ السلام
⑤ ام العرب المستعربہ
⑥ بانیہ بلدۃ الامین مکہ معظمہ
⑦ جدۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں

---

① بخاری میں 80 سال ہے: 3356 ② پیدائش (9 تا 15) / 17۔ ③ 13 س 25/8 وہ مکفیلہ کے مغارہ میں جو ممرے کے آگے ہے دفن کیے گئے۔

④ سورۂ حج میں ہے: ﴿مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ﴾ [الحج:78] اس آیت سے ام المسلمین کا لقب حضرت ہاجرہ علیہا السلام کے لیے استنباط کیا گیا ہے

⑤ محدث بفتح دال اسے کہتے ہیں، جس سے فرشتے باتیں کریں۔ حضرت ہاجرہ علیہا السلام کے پاس ملائک کا آنا، باتیں کرنا، توراۃ اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہے، اس لیے ان کو "محدثہ" لکھا گیا ہے۔

ان کا نام عبرانی میں (ہاغار) ہے اور جب فرعون مصر نے سیدہ سارہ علیہا السلام کی کرامت کو دیکھ کر ہاجرہ علیہا السلام کو سارہ علیہا السلام کے ساتھ کر دیا تھا، تب ان کا نام آجر ٹھہرا۔ یعنی یہ اس مصیبت کا اجر ہیں جو سارہ علیہا السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بادشاہ کے ظلم سے اٹھانی پڑی۔ پھر جب انھوں نے ہجرت الی اللہ کی اور آ کر مکہ میں اس لیے آباد ہوئیں کہ ان کی اولاد بیت اللہ الحرام کی آبادی اور توحید کی منادی کرے، تب ان کا نام ہاجرہ ٹھہرا۔ [1]

سیدہ ہاجرہ علیہا السلام کو سیدہ سارہ علیہا السلام نے خود حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجیت میں دیا تھا۔ [2] وہ نکاح سے پہلے ہی سال باردر ہوئیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر 86 برس کی تھی، جب اللہ تعالیٰ نے ان کو فرزند نرینہ کے دیدار سے مسرور فرمایا۔ یہ مولود مسعود شکم مادر ہی میں تھا کہ اللہ تعالیٰ کے فرشتے نے سامنے آ کر سیدہ ہاجرہ علیہا السلام کو بشارت دی کہ وہ بیٹا جنے گی اور اس کا نام اسماعیل رکھنا۔ نیز بتا دیا کہ ان کی اولاد کثرت سے گنی نہ جائے گی۔ [3]

رب العالمین کو منظور یہ تھا کہ بنو اسماعیل کو ایک مستقل شاندار قوم بنائے۔ اس کی تقریب یہ ہوگئی کہ ہاجرہ کے حاملہ ہوتے ہی سارہ کی محبت اس سے جاتی رہی اور یہ سمجھ کر کہ اب ہاجرہ اسے حقیر سمجھتی ہے خود اس سے تحقیر کرنے لگی اور زور دیا کہ ہاجرہ کو علیحدہ کر دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ کو بنو اسماعیل سے اپنے گھر کی خدمت کا لینا منظور تھا، یہ مصلحت ابراہیم علیہ السلام کو وحی ربانی نے سمجھا دی اور انھوں نے خوشی خوشی پہلوٹے بیٹے اور پیاری بیوی کو اس سنسان بیابان میں آباد کیا، جہاں اب مکہ ہے:

﴿ رَبَّنَآ اِنِّیْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ﴾ [ابراہیم:37]

''اے رب! میں نے اپنے کنبہ کا ایک حصہ اس وادی میں جہاں کوئی روئیدگی نہیں آباد کرتا ہوں کہ یہ تیرے حرمت والے گھر کے پاس رہیں اور دنیا کے لیے نماز کو قائم کریں۔''

صحیح البخاری میں ہے: لَيْسَ يَوْمَئِذٍ بِمَكَّةَ اَحَدٌ وَّلَيْسَ بِهَا مَآءٌ [4] (مکہ میں اس وقت نہ کوئی جاندار تھا اور نہ پانی تھا۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ہاجرہ علیہا السلام کو یہاں چھوڑ کر واپس جانے لگے تو بیوی اور شوہر میں یوں باتیں ہوئیں: اِلٰى مَنْ تَتْرُكُنَا ۔ قَالَ اِلَى اللّٰهِ ۔ قَالَتْ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ [5]

ہاجرہ: ہم کو کس کے پاس چھوڑ چلے؟ حضرت ابراہیم علیہ السلام: ''اللہ کے پاس۔'' حضرت ہاجرہ علیہا السلام: ''میں اللہ پر راضی ہوں۔''

توراۃ کی کتاب پیدائش میں ہے کہ جب ہاجرہ علیہا السلام کے پاس پانی ختم ہو گیا اور اسماعیل علیہ السلام پیاس سے مرنے کے قریب ہو گئے تب خدا کا فرشتہ پھر ہاجرہ علیہا السلام خاتون سے ہم کلام ہوا اور ان کو اسماعیل علیہ السلام کی نسل کثرت وعظمت کی بشارت سنائی اور ان کے لیے ایک کنواں بھی ظاہر ہو گیا۔ [6]

صحیح البخاری میں ہے:

"فَاِذَا هِيَ بِصَوْتٍ فَقَالَتْ اَغِثْ اِنْ كَانَ عِنْدَكَ خَيْرٌ فَاِذَا جِبْرِيْلُ وَغَمَزَ عَقِبَه، عَلَى الْاَرْضِ فَانْبَثَقَ الْمَآءُ" [7]

ہاجرہ علیہا السلام نے ایک آواز سنی تو انھوں نے کہا کہ اگر تجھ سے کچھ فائدہ ہو سکتا ہے تو سامنے آ ؤ، جبریل علیہ السلام آ گئے انھوں

[1] یسعیاہ نبی کی کتاب 54 باب کے درس اول میں حضرت ہاجرہ کی بابت یہ الفاظ ہیں: ''بے کس چھوڑی ہوئی کی اولاد خصم والی کی اولاد سے زیادہ ہے۔'' الفاظ ''بے کس چھوڑی ہوئی'' ترجمہ ہے ہاجرہ کا اور اس درس میں ہاجرہ و سارہ کا مذکور ہے۔ [2] پیدائش 4/16 [3] پیدائش 16-10-11 [4] بخاری: 3365,3364
[5] بخاری: 3365,3364 [6] باب 21 درس 15 تا 19 پیدائش۔ [7] بخاری: 2368,3365

نے زمین پر ایڑی کو مارا اور زمین سے پانی پھوٹ پڑا۔

صحیح البخاری اور توراۃ کی ان روایات سے معلوم ہوا ہے کہ ہاجرہ علیہا السلام کا درجہ اللہ کے ہاں کس قدر بلند تھا کہ کبھی فرشتہ سامنے آ کران سے بات کرتا ہے اور کبھی آسمان سے پکار کران کو خطاب کرتا۔ نیز ان کی کرامت کے لیے کنواں غیب سے ظاہر ہو گیا تھا۔

افسوس ہے کہ اہل کتاب ان فضائل سے آنکھیں بند کر لیتے ہیں اور سیدہ ہاجرہ علیہا السلام کے درجہ کو گھٹانے کے لیے کہہ دیا کرتے ہیں کہ وہ لونڈی تھیں۔

مسلمان یہودیوں اور عیسائیوں کے ساتھ اس امر میں متفق ہیں کہ فرعون مصر نے حضرت ہاجرہ علیہا السلام کو حضرت سارہ علیہا السلام کی خدمت کے لیے دیا تھا۔

صحیح البخاری میں ہے:

عن ابی هريرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قَالَ هَاجَرَ اِبْرَاهِيْمُ بِسَارَةَ فَاَعْطَوْهَا آجَرَةَ فَرَجَعَتْ فَقَالَ اَشْعَرْتَ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ كَبَتَ الْكَافِرَ وَاَخْدَمَ وَلِيْدَةً؟ [1]

''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابراہیم علیہ السلام و سارہ علیہا السلام ہجرت کر کے گئے تھے۔ وہاں سیدہ سارہ کو ہاجرہ علیہا السلام ہبہ میں ملی اور سارہ علیہا السلام نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے آ کر کہا، آپ کو خبر ہے کہ اللہ نے کافر کو ذلیل کیا اور ہم کو ایک لڑکی خدمت کے لیے دی۔''

وَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فَاَخْدَمَهَا هَاجَرَ [2]

ابن سیرین رحمہ اللہ نے ابو ہریرہ سے انھوں نے نبی ﷺ سے روایت کیا ہے کہ (شاہ مصر نے) ہاجرہ کو خدمت کے لیے دیا تھا۔ [3]

مسلمانوں کی روایت یا بیان سے یہ سمجھنا کہ حضرت ہاجرہ علیہا السلام لونڈی تھیں بالکل ہی بعید ہے۔ اہل کتاب کے مزید اطمینان کے لیے ہم کچھ اور زیادہ تحریر کرتے ہیں۔

یہودیوں کے زبردست مفسر توراۃ ربی شلوموا تحق نے باب 16 کتاب پیدائش کی تفسیر میں حضرت ہاجرہ علیہا السلام کی بابت مندرجہ الفاظ تحریر کیے ہیں: **ابث برعه هايتا كشرا نسيم شَنْعَشُوا اساره امر موطاب شَبَّهَا بتي شفحه بيت زه لو كبيرة بيبت احيـــر** [4] وہ فرعون کی بیٹی تھی جب اس نے کرامات کو دیکھا جو بوجہ سارہ واقع ہوئی تھیں تو کہا کہ میری بیٹی کا اس کے گھر میں خادمہ ہو رہنا دوسرے گھر میں ملکہ ہو کر رہنے سے بہتر ہے۔

اس شہادت سے صاف ظاہر ہو گیا کہ (1) ہاجرہ علیہا السلام شاہ مصر کی دختر تھیں۔ (2) شاہ مصر پر حضرت سارہ علیہا السلام کی عظمت اس قدر طاری ہو گئی تھی کہ اس نے اپنی بیٹی کو بطور خادمہ ان کے ساتھ کر دینا اپنے اور اپنے خاندان کے لیے فخر و عزت کا باعث سمجھا۔

مبارک ہے سارہ خاتون جس کی خدمت کو بادشاہ کی بیٹی نے اپنی عزت جانا، مبارک ہے ہاجرہ خاتون جس کی تربیت ابتدائے عمر ہی سے خلیل الرحمٰن علیہ السلام کے گھر میں ہوئی۔

ربی شلوھو مفسر توراۃ کی مندرجہ بالا شہادت کے بعد کسی تفصیل کی ضرورت باقی نہیں رہتی، لیکن اس شہادت کی توثیق میں ہم اس

---

[1] بخاری: 2635,2217، تاریخ دمشق لابن عساکر: 245/3، کنز العمال: 32302 [2] حدیث شریف کا لفظ فاخدمھا عبرانی لفظ شفحہ کا مترادف ہے۔ یہ لفظ ہاجرہ خاتون کے والد نے استعمال کیا تھا شفحہ کا ترجمہ خادمہ ہے۔ [3] بخاری: 2635,2217 [4] براہین ہاجرہ فی حریۃ ہاجرہ۔ مولانا غلام رسول چڑیا کوٹی

قدر ظاہر کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ عبرانی زبان میں لونڈی غلام کی مختلف حالتوں کے لیے مختلف الفاظ موجود ہیں۔

1. وہ لونڈی غلام جو جنگ میں بطور غنیمت حاصل ہوتے ہیں، ان کو ''شیبوت حرب'' بولا جاتا ہے۔
2. وہ لونڈی غلام جو روپیہ سے خرید کیے جاتے ہیں ان کو ''مقنت کسف'' بولا جاتا ہے۔
3. ایسے بچے جو لونڈی یا غلام سے پیدا ہوئے ہوں، ان کو ''یلید بایث'' بولا جاتا ہے۔

اب تمام توراۃ کو دیکھ جاؤ کہ ہر سہ الفاظ بالا میں سے کوئی لفظ بھی حضرت ہاجرہ علیہا السلام کے متعلق ساری عبرانی کتاب میں مستعمل نہیں ہوا۔

ہم اقرار کرتے ہیں کہ توراۃ میں حضرت ہاجرہ کو حضرت سارہ نے (آمَتِیْ) کہا ہے اور یہ عبرانی لفظ عربی لفظ ''اَمَۃ'' کا ہم معنی ہے، جس کا ترجمہ لونڈی بھی ہو سکتا ہے، لیکن یہ بالکل ہی کم فہمی ہوگی کہ ایک سوت نے اپنی سوت کو کچھ رنج اور غصہ میں کہہ دیا ہو اسے حقیقی معنی میں صحیح ہی تصور کر لیا جائے۔

ہم لکھ چکے ہیں کہ فرعون مصر نے حضرت ہاجرہ علیہا السلام کو سارہ علیہا السلام کی خدمت کے لیے دیا تھا، ممکن ہے کہ ہمارے دوست اسی اقرار کو حضرت ہاجرہ علیہا السلام کے لونڈی ہونے کی قطعی دلیل بتائیں، لہٰذا مناسب ہے کہ اول کتاب پیدائش کے 30 باب کو پڑھ جائیں۔

1. حضرت یعقوب علیہ السلام کی بیوی مسماۃ لیاہ کی لونڈی کا نام زلفہ ہے اور مسماۃ زلفہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے فرزندان مسمّی جد و مسمّی آشر کی والدہ ہے۔
2. حضرت یعقوب علیہ السلام کی بیوی مسماۃ راحیل کی لونڈی کا نام بلہہ ہے اور مسماۃ بلہہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے فرزندان مسمّی دان و مسمّی نفتالی کی والدہ ہے۔

یہ چاروں فرزند یعنی جد و آشر و دان و نفتالی۔ اسرائیل کے ان بارہ (12) فرزندوں میں سے ہیں، جن کو یعقوب علیہ السلام و موسیٰ علیہ السلام، داؤد علیہ السلام و عیسیٰ علیہ السلام نے وقتاً فوقتاً برکتیں دی ہیں اور توراۃ کی کسی ایک جگہ میں بھی ان چاروں کو باقی آٹھ کے مقابلہ میں کمتر نہیں بتایا گیا یا ''لونڈی بچے'' نہیں کہا گیا۔

زلفہ اور بلہہ کے ذکر کو جانے دو، خود لیاہ اور راخل کی بابت غور کرو جو حضرت یعقوب علیہ السلام کے ماموں کی لڑکیاں اور بقول توراۃ حضرت یعقوب علیہ السلام کی جوروئیں ہیں۔ یہ دونوں اپنے لونڈی ہونے کا اقرار اس طرح کرتی ہیں:

> ''راخل اور لیاہ نے جواب میں اسے کہا کہ ہنوز ہمارے باپ کے گھر میں کچھ ہمارا حصہ ہے یا میراث ہے کیا ہم اس کے آگے بیگانہ نہیں ٹھہریں کہ اس نے تو ہمیں بیچ ڈالا اور ہمارا مال بھی کھا بیٹھا۔'' [1]

راخل اور لیاہ وہی خواتین ہیں، جن کے فرزند موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام ہیں اور یہ دونوں خود اپنی زبان سے زر خرید ہونے کا اقرار کرتی ہیں۔ کیا اس کے بعد بھی اہل کتاب کو کوئی حق حضرت ہاجرہ علیہا السلام کی شان میں زبان کھولنے کا رہ جاتا ہے، حالانکہ ان کے متعلق ایسا کوئی لفظ توراۃ میں موجود نہیں۔

اہل کتاب یہ بھی غور کریں کہ انھوں نے مصر کی شہزادی کو تو صرف اس لیے لونڈی بنایا کہ اس کے باپ نے اسے خاندان نبوت کی خدمت کے لیے چھوڑ دیا تھا، لیکن یوسف علیہ السلام کی بابت کیا کہیں گے جن کو مصر میں مدیانیوں نے فوطیفار کے ہاتھ بیچا تھا۔ [2] اس

---

[1] کتاب پیدائش 31 باب 14-15 درس۔ [2] پیدائش 37-36

کے بعد ہی کتاب پیدائش کے ''39 باب کے 7 درس کو پڑھو، اس کے بعد یوں ہوا کہ اس کے آقا کی جورو کی آنکھ یوسف علیہ السلام پر لگی، پھر باب بالا کے 19/20 درس کو پڑھو، جب اس کے آقا نے ایسی باتیں جو اس کی جورو نے کہیں کہ تیرے غلام نے مجھ کو یوں کیا، سنیں تو اس کا غضب اس پر بھڑکا اور یوسف کے آقا نے اس کو پکڑا۔

ان ہر سہ حوالہ جات میں فوطیفار کو یوسف علیہ السلام کا آقا بتایا گیا ہے اور درس 19 میں ہے: ''فوطیفار کی عورت نے یوسف کو غلام کہا تھا'' کیا ان الفاظ کے استعمال سے فی الواقع یوسف علیہ السلام غلام ہی بن گئے تھے؟ اگر یہ صحیح ہے کہ فوطیفار کے خرید لینے سے حضرت یوسف علیہ السلام فی الواقع غلام نہیں ٹھہرے تو یہ بھی صحیح ہے کہ سارہ کے ساتھ آنے سے ہاجرہ فی الواقع لونڈی نہیں بن گئی تھیں اور یہ بھی صحیح ہے کہ سارہ کے کہہ دینے سے بھی ہاجرہ فی الواقع لونڈی نہیں ٹھہری تھیں۔ **والحمد لله علی ذٰلك۔**

جو لوگ عربی روایات کو پڑھتے ہیں، انھیں یاد رکھنا چاہیے کہ عربی زبان میں ولیدہ، جاریہ، امۃ کے الفاظ دختر کے لیے بھی مستعمل ہوتے ہیں اور لونڈی کے لیے بھی اور اس کی اصلیت یہ ہے کہ اسلام لونڈیوں کو انھیں الفاظ سے مخاطب کرتا ہے جو لڑکیوں اور دختروں کے لیے اصل لغت میں وضع ہوئے ہیں۔ اسی لیے ایسے لفظ کو اگر ہاجرہ خاتون کے لیے مستعمل شدہ دیکھیں تو یہ نہیں خیال کر لینا چاہیے کہ اس سے حضرت ہاجرہ کا فی الواقع لونڈی ہونا ثابت ہوتا ہے، بلکہ ان کو صحیح بخاری کے الفاظ جو نبی علیہ السلام کی زبان مبارک کے الفاظ ہیں یاد رکھنے چاہئیں اور وہ الفاظ **فاخدمها** میں خدمت کرنے سے کوئی کسی کا غلام نہیں ہو جاتا۔ حضرت انس بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ نے دس (10) سال تک نبی ﷺ کی خدمت کی تھی، لیکن کوئی شخص بھی ان کو غلام نہیں کہتا۔

یعقوب علیہ السلام نے ننھیال سے واپس آ کر جب اپنے بھائی عیسو کے لیے کچھ تحفے بھیجے تھے، تو اپنے ملازمین کو سکھا دیا تھا کہ عیسو سے ان الفاظ میں گفتگو کریں۔ تیرے غلام یعقوب نے یہ تحفے بھیجے ہیں۔ تیرا غلام یعقوب خود بھی پیچھے آ رہا ہے۔ غور کریں ان الفاظ کے بعد بھی کوئی عیسائی یعقوب علیہ السلام کو عیسو کا غلام و چاکر نہیں سمجھتا۔ [1]

دہلی کے شریف گھرانوں میں بچی کو لونڈیا کہہ کر بلاتے ہیں، لیکن اس سے کوئی بھی نہیں سمجھتا کہ وہ لڑکی بیٹی نہیں لونڈی ہے۔ ان اشارات کے بعد امید ہے کہ کوئی اشکال باقی نہیں رہے گا۔

سیدنا اسماعیل علیہ السلام

آپ خلیل الرحمٰن ابراہیم علیہ السلام کے پہلوٹے فرزند ہیں، جو ہاجرہ علیہا السلام خاتون کے بطن اطہر سے پیدا ہوئے۔ باپ نے ان کا نام اسماعیل علیہ السلام رکھا، [2] جو سمیع اللہ کا ہم معنی ہے۔ یہ معنی توراۃ کی کتاب پیدائش میں بھی اسی طرح بیان کیے گئے ہیں۔ اس لڑکے کی آواز جہاں وہ پڑا ہے خدا نے سنی۔ [3] ان کا ختنہ اسی روز کیا گیا جس روز حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنا ختنہ بھی کیا تھا، کیوں کہ اسی روز یہ حکم ہوا تھا کہ خدا نے ابراہام سے کہا کہ تو اور تیرے بعد تیری نسل پشت در پشت میرے عہد کو نگاہ میں رکھیں اور میرا عہد جو میرے اور تمھارے درمیان اور تیرے بعد تیری نسل کے درمیان ہے، جسے تم یاد رکھو سو یہ ہے کہ تم میں سے ہر ایک فرزند نرینہ کا ختنہ کیا جائے۔ [4] پس اسماعیل علیہ السلام وہ فرزند ہیں جو عہد کا حکم نازل ہونے کے بعد پہلے ہی روز خدائے برتر کے عہد میں داخل ہوئے اور فرزند عہد ٹھہرے۔

افسوس کہ عیسائی ایسے مبارک مولود کو عہد کا فرزند تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہیں۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ کو

---

[1] پیدائش باب 32 درس 18-20 [2] پیدائش 16-15-16 [3] پیدائش 21-17 [4] پیدائش 17-10

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس جگہ آباد کیا تھا، جہاں اب شہر مکہ بستا ہے۔ پھر حضرت ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام ہی نے خانہ کعبہ کی عمارت تیار کی تھی۔ قرآن مجید میں ہے:

﴿ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ﴾ [البقرة:127]

''جب ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ بیت اللہ کی بنیادوں کو بلند کر رہے تھے۔''

حضرت اسماعیل علیہ السلام کی شادی قبیلہ بنی جرہم [1] کے سردار مسمی مضاض کی بیٹی سے ہوئی تھی۔ بنو جرہم عرب کا قدیم حکمران قبیلہ تھا اور مضاض اپنے علاقے کا واحد فرماں روا تھا۔ ایسے اعلیٰ خاندان کی بیٹی کا رشتہ مل جانے کی وجہ صرف سیدہ ہاجرہ علیہا السلام کی ذاتی کرامت اور خاندانی فضیلت تھی جو عرب جیسی تجارت پیشہ قوم سے جو ہر سال موسم سرما میں مصر جایا کرتے تھے، مخفی نہ رہ سکتی تھی۔ [2]

توراۃ میں ہے کہ حضرت ہاجرہ علیہا السلام نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی شادی مصر میں کی تھی، ممکن ہے کہ کوئی مصری عورت بھی ہو، مگر یہ محقق ہے کہ اولاد جرہمی عرب بیوی سے ہوئی۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام ہی وہ بزرگ ہیں جن کو ''ذبیح اللہ'' کا لقب حاصل ہوا۔ اہل کتاب کا دعویٰ ہے کہ ذبیح حضرت اسحٰق علیہ السلام ہیں اور جمہور مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ ذبیح حضرت اسماعیل علیہ السلام ہیں۔ مسلمانوں کا حضرت اسحٰق علیہ السلام کے ذبیح ہونے سے انکار معاذ اللہ اس بنا پر نہیں جس بنیاد پر اہل کتاب کا ہے۔ اہل کتاب اسماعیل علیہ السلام کی ہر ایک فضیلت سے انکار کرنے کو لازمہ مذہب سمجھتے ہیں لیکن مسلمانوں کے لیے حضرت اسماعیل و حضرت اسحٰق علیہما السلام دونوں برابر ہیں۔ چچا کو صِنْوُ اَب حدیث ہی میں فرمایا گیا ہے۔ اس سے بھی عام تر یہ ہے کہ ہم ہر ایک نبی پر ایمان لانا ایسا ہی ضروری سمجھتے ہیں جیسا کہ خود اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر۔ اس لیے یہ کسی مسلمان سے کیوں کر ہو سکتا ہے کہ کسی نبی اللہ کی فضیلت کا انکار محض حسد، جحد و عناد سے کرے۔ نعوذ باللہ من ذلك۔

چنانچہ جن معدودے چند مسلمان عالموں کے نزدیک حضرت اسحٰق علیہ السلام کا ذبیح ہونا ثابت ہوتا تھا، انھوں نے آزادی سے اپنے مذہب کا اظہار کیا ہے اور متاخرین نے ان کے اقوال نقل کیے ہیں اور بایں ہمہ ایسے علماء کی ذات پر کسی نے بھی کسی فرومایہ (غیر معیاری) لفظ کا استعمال نہیں کیا۔

بات یہ ہے کہ جمہور مسلمانوں کے نزدیک یہی امر زیادہ صحیح اور زیادہ قوی ہے کہ ذبیح اللہ حضرت اسماعیل علیہ السلام تھے۔ سب سے بڑی اور سب سے زیادہ سچی شہادت قرآن مجید کی ہے:

﴿ وَ قَالَ اِنِّيْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ○ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ○ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ○ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَ تَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ○ وَ نَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ○ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ○ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ○ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ○ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ○ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ○ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ○ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴾ [الصّٰفّٰت37:99-112]

---

[1] بخاری: 3365 کے الفاظ ہیں۔ فَمَرَّ نَاسٌ مِنْ جُرْهُمَ فَنَكَحَ فِيهِمْ امرأة [2] حضرت یوسف علیہ السلام کو عرب ہی کا ایک قافلہ مصر لے گیا تھا۔

''ابراہیم علیہ السلام نے کہا میں اپنے رب کی طرف جاتا ہوں، وہی میری رہنمائی کرے گا۔ اے اللہ مجھے نیک بیٹا عطا کر، تب ہم نے اسے ایک بردبار لڑکے کی بشارت دی۔ پھر ایسا ہوا کہ ابراہیم اس لڑکے کو لے کر مقام سعی پر پہنچا اور اسے سنایا کہ بیٹا! میں نے خواب دیکھا کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں تو غور کر تیری اس میں کیا رائے ہے۔ بیٹا بولا اے باپ کر گزر جو تجھے حکم ملا ہے ان شاء اللہ تو مجھے صابر پائے گا۔ جب دونوں نے حکم کے سامنے گردن جھکالی اور بیٹے کو پیشانی کے بل گرایا تو ہم نے کہہ دیا کہ اے ابراہیم تو نے اپنا خواب پورا کر دیا۔ ہم اس طرح احسانات والوں کو بدلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک یہ ایک کھلا کھلا امتحان تھا۔ پھر ہم نے بڑی قربانی کو اس کا فدیہ بنایا اور اس قربانی کو پچھلی نسلوں میں باقی رکھا۔ ابراہیم پر سلام۔ ہم احسانات والوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں اور ابراہیم ہمارے ان بندوں میں سے ہے جو کامل الاعتقاد ہیں اور ہم نے ابراہیم کو اسحٰق کی بشارت دی جو صالح نبیوں میں سے ہے۔

ان آیات سے وجہ استدلال یہ ہے:

(1) ان میں دو فرزندوں کی بشارتوں کا دو دفعہ ذکر کیا گیا ہے۔ اول ایک بردبار لڑکے کی بشارت کا ذکر فرمایا اور اسی ذکر کے ساتھ قربانی کا تمام واقعہ بیان کر دیا۔ اس کے ختم ہو جانے کے بعد پھر اسحٰق علیہ السلام کی بشارت کا ذکر فرمایا۔ اب اگر غلام حلیم وہی اسحٰق علیہ السلام ہیں تو بَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ [37:الصّٰفّٰت:112] فرمانا اس سارے قصے کے بعد کسی طرح بھی صحیح نہیں ہو سکتا اس کی تائید سورہ حجر اور سورہ ذاریات کی آیت سے بھی ہوتی ہے جن میں حضرت اسحٰق علیہ السلام کی صفت بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ [15:الذاریات:28] فرمائی گئی ہے۔ گویا اسماعیل علیہ السلام غلام حلیم تھے اور اسحٰق علیہ السلام غلام علیم تھے۔ اس استدلال کے خاتمہ سے پہلے یہ بھی کہہ دینا ضروری ہے کہ کتاب پیدائش میں جہاں قربانی فرزند کا حکم ہے وہاں یہ بھی ہے کہ اپنے اکلوتے بیٹے کو قربان کر۔ یہ امر توراۃ سے بھی ثابت ہے کہ حضرت اسحٰق کی پیدائش حضرت اسماعیل سے 13 سال بعد ہوئی تھی۔ اس لیے یہ ظاہر ہے کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام کو اکلوتا نہیں کہہ سکتے۔ جب ان سے بڑا بھائی موجود تھا۔ (قرآن مجید میں واقعہ قربانی کے بعد الفاظ ﴿ فَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ ﴾ وارد ہوئے ہیں۔ اور ان سے مستنبط ہوتا ہے کہ یہ واقعہ قربانی قبل از ولادت حضرت اسحٰق علیہ السلام وقوع میں آ چکا تھا۔ چوں کہ اس وقت اسماعیل علیہ السلام ہی واحد پسر اپنے باپ کے تھے اس لیے اکلوتے کی صفت ان پر ہی صادق آتی ہے۔

(2) دوسری وجہ استدلال یہ ہے کہ والصافات کی آیات بالا نے ایک اندرونی شہادت کو بھی پیش کر دیا ہے۔ یعنی قربانی عظیم کو پچھلی نسلوں میں ہمیشہ جاری رکھا جاتا ہے۔ فدیہ ذبح بنایا گیا تھا۔ اب بنو اسماعیل کی قوموں کے حالات اور بنو اسحٰق کی قوموں کے حالات دنیا کے سامنے موجود ہیں۔ ہر ایک شخص دیکھ سکتا ہے کہ کس قوم میں اس یادگار کا کوئی نام و نشان بھی کبھی نہیں پایا گیا ہے۔ ہم اس کے ثبوت میں توراۃ کا ایک مقام پیش کرتے ہیں۔ یسعیاہ نبی کی کتاب میں ہے:

- ''اونٹنیاں کثرت سے تجھے آ کے چھپالیں گی۔ مدیان اور عیفا کے اونٹ۔ وہ سب جو سبا کے ہیں آئیں گے، وہ سونا اور لوبان لائیں گے اور خداوند کی بشارت سنائیں گے۔''
- ''قیدار کی ساری بھیڑیں تیرے پاس جمع ہوں گی۔ بنیت کے مینڈھے تیری خدمت میں حاضر ہوں گے، وہ تیری منظوری کے واسطے میرے مذبح پر چڑھائے جائیں گے اور میں اپنے شوکت کے گھر کو بزرگی دوں گا۔'' (60 باب 6-7 درس)

مدیان اور عیفا اور سبا بنی قطورہ ہیں۔ اسماعیل علیہ السلام کے برادرزادے جو یمن میں آباد ہوئے (یہ سب بنو اسرائیل نہیں ہیں) قیدار اور بنیت خاص اسماعیل علیہ السلام کے فرزند ہیں۔ ان سب قوموں کا ایک ہی مذبح پر قربانیاں لانا، اس مذبح کو اللہ کا اپنے کلام میں اپنا مذبح کہنا اور اس جگہ ایک شوکت کے گھر کا جو لفظ بیت الحرام کا ترجمہ ہے، موجود ہونا ایک روشن دلیل اس امر کی ہے کہ یہ قربانی کا مقام خاص مکہ میں تھا، جو اسماعیل علیہ السلام کی جائے سکونت ہے اور جس کے گرداگرد ان کی اولاد قیدار اور بنیت کی نسلیں آباد ہوئی ہیں۔ اس روشن دلیل کا انکار بدیہیات کا انکار ہے۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے عرب، حجاز یمن و حضرموت کے لیے نبی مبعوث فرمایا تھا اور ان کا وجود مسعود مختلف قوموں اور ملکوں کے اتحاد کا ذریعہ تھا۔ ذرا غور کرو وہ ابراہیم علیہ السلام کے پہلوٹے فرزند ہیں جو عراق میں پیدا ہوئے اور شام میں سکونت فرمائی، وہ سیدہ ہاجرہ علیہا السلام کے اکلوتے بیٹے ہیں جو مصر میں پیدا ہوئیں اور شوہر کے ساتھ سالہا سال تک فلسطین اور شام میں رہ کر عرب میں آباد ہوئیں، وہ بنو جرہم کے داماد ہیں جو عرب کا حکمران قبیلہ تھا۔ اسماعیل علیہ السلام کا مسکن ایسی جگہ ہے جس کے ایک طرف مصر ہے، جہاں ان کے ننھیال ہیں۔ ایک طرف عراق ہے، جہاں ان کے ددھیال ہیں۔ ایک طرف شام ہے، جہاں ان کا بھائی اسحٰق علیہ السلام رونق افروز ہے۔ ایک طرف یمن ہے جہاں ان کے بھائی ابنائے قطورہ پھیلے ہوئے ہیں۔ عیسو بن اسحٰق علیہ السلام ان کا داماد ہے جو ایلہ کے کنارے تک اپنی کثیر اولاد کے ساتھ قابض ہے۔ اب یہ بھی غور کرو کہ اسماعیل علیہ السلام کی مادری زبان قبطی ہے اور پدری زبان عبرانی ہے۔ ان کے سسرالی خاص عربی زبان کے مالک ہیں۔ انہی سے حضرت اسماعیل علیہ السلام نے عربی میں کمال پیدا کر لیا تھا۔ [1]

ان سب ملکوں میں ان سب زبانوں کے اندر تبلیغ دین اور اشاعت توحید کے جو مواقع قدرت ربانیہ نے ان کو عطا کیے تھے، یہ بتا رہے ہیں کہ یہی وہ بزرگ ہیں جن کا نام بردار فرزند کل عالم کی ہدایت کے لیے چنا جائے اور اللہ کے کلام اور پھر انسان کی زبان سے اس کا لقب ''رحمۃ للعالمین''، مسلم ہوا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اہل کتاب عموماً حضرت اسماعیل علیہ السلام کو صرف جسمانی بیٹا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تسلیم کرتے ہیں اور ان کے روحانی مدارج کا انکار کرتے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ توراۃ پر غور نہ کرنے سے یا توراۃ کا فیصلہ نہ ماننے سے وہ اس حد کو پہنچ گئے ہیں۔

اب ہم اہل کتاب اور اہل ایمان کی واقفیت کے لیے توراۃ سے اقتباس درج کرتے ہیں، جس سے معلوم ہو سکے گا کہ اسماعیل علیہ السلام ہر اس فضیلت کے مالک ہیں جو اسحاق علیہ السلام میں پائی جاتی ہیں۔

①	خدا نے درد و غم کو سنا ہاجرہ علیہا السلام کے	11-16 کتاب پیدائش
	خدا نے درد و غم کو سنا سارہ علیہا السلام کے	11-16 کتاب پیدائش
②	خدا نے نام رکھا ہاجرہ علیہا السلام کے فرزند اسماعیل علیہ السلام کا	11-16 کتاب پیدائش

[1] بخاری: 3364 میں ہے تَعَلَّمَ الْعَرَبِيَّةَ مِنْهُمْ۔

	خدا نے نام رکھا سارہ علیہا السلام کے فرزند اسحاق علیہ السلام کا	11-16 کتاب پیدائش
③	خدا نے برکت دی ہاجرہ علیہا السلام کے فرزند اسماعیل علیہ السلام کو	20-17 کتاب پیدائش
	خدا نے برکت دی سارہ علیہا السلام کے فرزند اسحاق علیہ السلام کو	19-17 کتاب پیدائش
④	خدا ساتھ تھا اسماعیل علیہ السلام کے	20-21 کتاب پیدائش
	خدا ساتھ تھا اسحاق علیہ السلام کے	24-26 کتاب پیدائش
⑤	قوموں اور بادشاہوں کا باپ ہوگا اسماعیل علیہ السلام	16-25 کتاب پیدائش
	قوموں اور بادشاہوں کا باپ ہوگا اسحاق علیہ السلام	6-17 کتاب پیدائش

وَ كَفٰى بِمَا شَهِدَ كِتَابُ اللهِ التَّوْرَاةُ

تورات اور حدیث میں ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام تیر انداز تھے۔ [1] بخاری کی حدیث میں ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام بیت اللہ بنانے کے ارادے سے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے پاس مکہ میں پہنچے تو اس وقت تیر کی نبل یعنی لوہے کی کھیا بنا رہے تھے، [2] جس سے ظاہر ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام صنعت حدادی کے بھی ماہر تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ان کی بہو زوجہ اسماعیل نے بتایا تھا: طَعَامُنَا اللَّحْمُ وَ شَرَابُنَا الْمَاءُ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسماعیل علیہ السلام نے اپنی تمام زیست کو صرف گوشت اور پانی پر پورا کر دیا تھا۔

قرآن مجید پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی تعریف اس طرح فرمائی گئی ہے:

﴿ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا وَ كَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ وَ كَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴾ [19:مریم 54-55]

''ذکر کر کتاب میں اسماعیل کا، وہ وعدہ کا سچا تھا اور رسول و نبی تھا۔ وہ اپنے لوگوں کو نماز اور زکوۃ (صدقہ یا پاکیزگی) کا حکم دیا کرتا تھا اور وہ اپنے رب کا پسندیدہ تھا۔''

آیت بالا میں اسماعیل علیہ السلام کو وعدہ کا سچا بتلایا گیا ہے۔ ہم کو دوسری آیت سے اس وعدہ کا پتا لگتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَعَهِدْنَا اِلٰى اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴾ [2:البقرة:125]

''ہم نے ابراہیم علیہ السلام و اسماعیل علیہ السلام سے عہد کر لیا ہے کہ میرے گھر کو طواف کرنے والوں، اعتکاف کرنے والوں اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لیے پاک کرو۔''

پس دونوں آیتوں سے یہ حاصل ہو گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو عہد اسماعیل علیہ السلام سے لیا تھا اسے انھوں نے پورا کیا اور عبادت الٰہی کرنے والوں کو اعتقاد صحیح، اعمال صالح، ارکان محکم، شرع روشن اور ہدی واضح کی تعلیم فرمائی اور امثال و تفہیم و تبلیغ کے ایسے ایسے نمونے قائم کیے اور باقی چھوڑے جو انہی کے شان عالیہ کے شایان تھے۔

توراۃ کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ گو حضرت اسحاق علیہ السلام کی سکونت شام میں تھی اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی سکونت عرب میں تھی تاہم دونوں بھائی اکثر ایک ہی جگہ رہ کر شریک رنج و راحت یک و دیگر ہوا کرتے تھے۔ چنانچہ ابراہیم علیہ السلام کا جب انتقال ہوا تو

[1] بخاری: 2899,3373 [2] بخاری: 3364

ان کو ان ہی دونوں بھائیوں نے دفن کیا تھا۔ [1]

حضرت اسماعیل و حضرت اسحٰق علیہما السلام کی اولاد کے اندر ایک اور عجیب مماثلت پائی جاتی ہے۔ یعنی حضرت اسماعیل علیہ السلام کے فرزند دوم قیدار کی نسل میں نور نبوت کا ظہور ہوا۔ جیسا کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام کے بھی فرزند دوم یعنی حضرت یعقوب علیہ السلام کی نسل میں یہ سلسلہ پایا گیا۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے فرزند اول نبیت اور حضرت اسحاق علیہ السلام کے فرزند اول عیسو اس شرف سے معرّا رہے۔

توراۃ میں ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام نے 137 سال [2] کی عمر پائی اور تاریخ مکہ میں ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام اپنی والدہ کے پہلو میں مطاف کعبہ کے اندر مدفون ہوئے۔ اللہ اکبر، حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا:

﴿ رَبَّنَآ اِنِّیْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ﴾ [14/ابراھیم:37]

''اے اللہ! میں نے اپنے کنبہ کو تیرے عزت والے گھر کے پاس بسایا ہے) کی تاثیر کہاں تک پہنچی ہے کہ مر کر بھی ان نفوس قدسیہ نے جوار بیت اللہ یعنی ہمسائیگی خانہ خدا کو ترک نہیں کیا۔''

توراۃ سے ثابت ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بارہ (12) فرزند ہوئے جن کے نام یہ ہیں: [3] (1) نبیت (2) قیدار (3) ادبئیل (4) مبسام (5) مشماع (6) دومہ (7) مسا (8) حدد (9) تیما (10) یطور (11) نفیس (12) قدمہ [4]

توراۃ میں ہے کہ وہ اپنی اپنی امتوں کے بارہ (12) رئیس تھے۔ یہ بھی ہے کہ ان کی بستیوں اور قلعوں کے نام بھی ان ہی کے نام پر ہیں۔ [5] ہم یقین کرتے ہیں کہ جب توراۃ میں یہ الفاظ لکھے گئے تھے اس وقت ابناء اسماعیل علیہ السلام کی بستیاں اور قلعے ان ہی کے نام سے بہت زیادہ مشہور اور زبان زد تھے، مگر آج ان سب کا نشان صحیح طور پر نہیں ملتا۔ البتہ جن جن کا نشان ملتا ہے وہ سب عرب ہی کے اندر واقع ہیں اور اس طرح توراۃ کے اس فقرہ سے کہ اسماعیل فاران کے بیابان میں رہا۔ [6] ان کے مقامات کی بھی صحت ہو جاتی ہے اور یہ بھی ثابت ہو جاتا ہے کہ یہ فاران عرب میں واقع ہے اور مکہ ہی کا نام فاران ہے۔

ینبوع کے متصل ایک آبادی ملتی ہے جس کا نام نبیت ہے۔ یقین ہے کہ نبیت ہی کی آبادی ہے۔ اس آبادی سے تھوڑے ہی فاصلہ پر شہر ''الظفیر'' ہے، جس کا تلفظ دال کے مشابہ ہے، اس لیے باور کیا جاسکتا ہے کہ اس کا ابتدائی نام القید رتھا۔

''مبام'' کے نشانات نجد میں سے ہیں۔

دومہ، شام اور مدینہ کے درمیان موجود ہے اور عرب کے اندر واقع ہے۔ نبی علیہ السلام کے عہد میں یہاں عیسائیوں کی ریاست تھی اور دومۃ الجندل کے نام سے یہ شہر مشہور تھا۔

''مسا'' غالباً یمن میں گیا، وہاں موسیٰ نام کی بستیاں موجود ہیں۔

''حدد'' کے نام پر شہر حدیدہ جنوبی عرب میں موجود ہے اور بنو حدد بڑا قبیلہ ہے۔

''تیما'' اس نام کی بستی اب تک موجود ہے۔ نبی ﷺ کے عہد میں انھوں نے اہل فدک کے ساتھ اطاعت اسلام قبول کی تھی۔ یہ مقام فدک کے متصل ہے اور راہ خیبر کے قریب واقع ہے۔

قیدماہ، غالباً یمن میں تھا۔ مسعودی نے قوم قدمان کا ذکر کر کے ان کو بنی اسماعیل بتایا ہے۔

---

[1] پیدائش: 35-9 [2] پیدائش: 25-17 [3] پیدائش: 25-13 [4] پیدائش: 25-15 [5] پیدائش: 25-16 [6] پیدائش: 21-21

باقی بستیوں کا صحیح پتا معلوم نہیں ہوا [1] لیکن اس مضمون پر بحث کرنا ہمارے موضوع سے محض بعیدی تعلق رکھتا ہے اور جہاں تک اسماعیل علیہ السلام کی زندگی پاک کے مختصر حالات اندراج کے لیے ضروری تھے وہ درج ہو چکے ہیں۔ والحمد للہ۔

عدنان

یہ نبی ﷺ کے اجداد میں اکیسویں (21) پشت میں ہیں۔ ان کا منجانب اللہ محترم ہونا اس طرح ثابت ہے کہ بخت نصر نے جب عرب پر پہلا حملہ کیا تب آرمیا، برخیا علیہما السلام نے بخت نصر کو بتا دیا تھا کہ وہ عدنان پر حملہ نہ کرے۔ دیگر قبائل پر حملہ کرنے کی اسے منجانب اللہ اجازت ہے۔ بخت نصر نے عدنان کو چھوڑ کر دیگر قبائل پر حملہ کیا۔ نیز ان کو اسیر کر کے لے گیا اور وادی فرات میں لے جا کر آباد کیا۔ انھی لوگوں نے عرب کی سلطنت قدیم انبار کی بنیاد قائم کی تھی۔ [2]

عدنان کے دو بیٹے تھے:

1. معد: جن کا نام عمودِ نسب نبوی ﷺ میں آتا ہے۔
2. عک: انھوں نے حجاز سے اٹھ کر یمن میں اپنی سلطنت قائم کر لی تھی۔

اس امر کا ثبوت ان کتبات سے ملا ہے جو ایسٹ انڈیا کمپنی کو 1824ء میں حصن الغراب سے ملے تھے۔ [3]

معد

بخت نصر نے جب عرب پر حملہ دوم کیا تو بنو عدنان یمن چلے گئے تھے، مگر حضرت معد کو حضرت یرمیاہ اپنے ساتھ شام کو لے گئے تھے۔ جب عرب سے بخت نصر کا دباؤ اٹھ گیا، تب معد بھی عرب میں واپس آ گئے۔ انھوں نے بنو جرہم کے خاندان کی تلاش کی تو معلوم ہوا کہ صرف جرہم بن جلہمہ باقی ہے، تب انھوں نے اس کی دختر سے شادی کر لی، جس سے نزار پیدا ہوا۔

فاضل عیسائیوں کی تحقیقات میں حضرت یرمیا (ارمیاہ) علیہ السلام کا زمانہ 588 سال قبل مسیح ہے۔ چونکہ معد بن عدنان حضرت یرمیاہ کے معاصر و دوست ہیں، اس لیے ثابت ہوتا ہے کہ نبی ﷺ اور عدنان کے درمیان 1158 سال کا زمانہ ہے۔

نبی ﷺ سے عدنان تک اکیس (21) پشتیں ہیں۔ پس ہر ایک پشت کا اوسط پچاسی (85) سال نکلا۔ چوں کہ یہ شجرہ نہایت صحیح ہے اور حضرت ارمیاہ کے زمانہ کا تعین بھی صحیح ہے۔ اس لیے اس اوسط کی صحت میں شک نہیں۔

سرسید نے ''خطبات احمدیہ'' میں ہر جگہ ہر پشت کے لیے 22 سال کا اوسط لیا ہے اور اسی لیے وہ شجرہ کے حصہ دوم میں چند اسماء کے مکرر تسلیم کرنے پر مجبور ہوئے ہیں، لیکن جو اوسط حصہ اول میں نکلتا ہے وہ اس شک کو مٹا دیتا ہے۔

معد کی اولاد کا شجرہ یہ ہے: [4]

معد

نزار — قنص (اولاد قنصی کہلائی)

---

[1] ملخصاً خطبات احمدیہ [2] عرب از پروفیسر سیڈیو ص 22۔ [3] خطبات احمدیہ از سر سید احمد خان مرحوم۔
[4] ابن سعد نے معد کے فرزند یہ بھی بتائے ہیں: قناصہ، سنام، عرف، عوف، شک، حیدان، حیدہ، عبید الرماح، جنید، جنادہ، قحم۔

نزار

ان کی کنیت ابوایاد ہے۔امام احمد بن حنبل ؒ کا سلسلہ نسب ان سے ملتا ہے۔اولاد کا شجرہ یہ ہے۔



نزار نے اپنی وفات سے پیشتر مضر کو اونٹ اور سرخ خیمہ اور ربیعہ کو اسپ وسلاح اور ایاد کو بھیڑ بکری اور انمار کو حمار تقسیم کر دیے تھے۔ مضر و ربیعہ کی نسل وسط عرب میں، انمار کی اولاد نجد اور اطراف حجاز میں اور ایاد کی اولاد تخوم و اطراف میں پائی جاتی ہے۔ (1)

مُضَر

اونٹوں کے لیے حدی ان ہی کی ایجاد ہے۔ بنو عدنان میں سے حجاز میں یہی سب سے بڑھ کر صاحب دولت وثروت تھے۔ چوں کہ باپ نے تقسیم میں تمام سرخ رنگ کی چیزیں (سرخ خیمہ دینار وغیرہ) ان کی تقسیم میں دی تھیں۔اس لیے تاریخ میں ان کا نام ''مضر الحمراء'' مشہور ہو گیا۔مضر دین حنیف پر تھا۔

الیاس

ان کی کنیت ابو عمرو تھی۔جب یہ مرگئے تو ان کی بیوی نے اتنا غم کیا کہ پھر مدت العمر سایے میں نہ بیٹھی۔الیاس کو بہ کسر اول بھی پڑھا گیا ہے اور بہ فتح اول بھی۔ان کا لقب کبیر قوم تھا۔ان کی اولاد کا شجرہ یہ ہے۔



(1) مضر اور ایاد کی والدہ سودہ بنت عک ہے اور ربیعہ اور انمار کی والدہ شقالہ بنت وعلان جرہمی ہے۔(کتاب بکر وتغلب محمد بن اسحٰق مطبوعہ نخبۃ الاخبار مصر 1305ھ)

مُدرکہ

مدرکہ کا نام عمرو تھا اور کنیت ابو ہذیل۔ یہ اور ان کے بھائی جنگل میں اونٹوں کی حفاظت پر تھے۔ اونٹ بھاگ گئے۔ عمرو تعاقب میں دور تک گئے اور اونٹوں کو جا لیا۔ چھوٹے بھائی نے اس کی واپسی تک کھانا تیار کر رکھا تھا۔ باپ نے ان کو "مدرکہ" اور چھوٹے کو "طابخہ" کا خطاب دیا۔ خطاب اصل نام پر غالب آ گیا اور اولاد کا شجرہ یہ ہے۔

مدرکہ

- خزیمہ
- ہذیل (اولاد ہذلی کہلائی)
  - عبداللہ بن مسعود (صاحب نعلین والوسادہ رضی اللہ عنہ) ہذلی ہیں ان کا نسب نامہ گیارہ (۱۱) واسطے سے ہذیل تک پہنچ جاتا ہے

خزیمہ

ان کی کنیت ابوالاسد تھی۔ اولاد کا شجرہ یہ ہے:

خزیمہ

- کنانہ
- ہون (اولاد بنو ہون کہلائی)
  - قارہ
    - دیش (اولاد دیشی کہلائی)
    - عضل (اولاد عضلی کہلائی)
- اسد (اولاد بنو اسد کہلائی)
  - حملہ (اولاد حملی کہلائی)
  - کاہل (اولاد کاہلی کہلائی)
  - عمر (اولاد عمروی کہلائی)
  - دودان (اولاد دودانی کہلائی) ام المومنین زینب رضی اللہ عنہا دودانی ہیں

کنانہ

ان کی کنیت ابوالنضر تھی:

صحیح مسلم کی روایت واثلہ بن الاسقع میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰی مِنْ وُّلْدِ اِبْرَاھِیْمَ اِسْمَاعِیْلَ وَاصْطَفٰی مِنْ وُّلْدِ اِسْمَاعِیْلَ بَنِیْ کِنَانَۃَ وَاصْطَفٰی مِنْ بَنِیْ کِنَانَۃَ قُرَیْشًا وَ اصْطَفٰی مِنْ قُرَیْشٍ بَنِیْ ھَاشِمٍ وَاصْطَفَانِیْ مِنْ بَنِیْ ھَاشِمٍ۔

''اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں سے اسماعیل علیہ السلام کو برگزیدہ کیا۔ اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے بنو کنانہ کو برگزیدہ کیا۔ بنو کنانہ میں سے قریش کو برگزیدہ کیا۔ قریش میں سے بنو ہاشم کو برگزیدہ کیا۔ بنو ہاشم میں سے مجھے ممتاز فرمایا۔'' [1] شجرہ اولاد یہ ہے:

کنانہ

- **نضر** (اولاد بنو نضر کہلائی)
- **مالک** (اولاد بنو کنانہ کہلائی)
- **عبدمناۃ**
  - خزیمہ یا مصطلق (اولاد بنو مصطلق کہلائی)
- **عمر** (اولاد عمریوں کہلائی)
- **احابیش** (اولاد احابیش کہلائی)
- **عامر** (اولاد عامریوں کہلائی)

نضر

نضر کا نام تو قیس تھا، مگر خوبی حسن و جمال سے عرب ان کو ''نضر'' کہتے تھے۔ ان کی کنیت ابو مخلد تھی۔

نضر

مالک

(اولاد بنو مالک کہلائے)

مالک بن نضر

ان کی کنیت ابوالحارث تھی۔ مالک کا سلسلہ نسب یہ ہے:

مالک

- **فہر یا قریش**
- **حرث** (اولاد مطیبین کہلائی)

فہر

ان کے وقت میں حسان حاکم یمن ایک فوج لے کر مکہ معظمہ پر حملہ آور ہوا تھا۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ خانہ کعبہ کو گرا کر اس کا ملبہ یمن لے جائے اور وہاں کعبہ تعمیر کرے۔ فہر نے مع برادران خود فوج سے مقابلہ کیا۔ حسان کو شکست ہوئی اور گرفتار کیا گیا۔ تین سال تک قید رہا، پھر فہر نے آزاد کر دیا۔ وہ یمن واپس جا رہا تھا کہ راستہ میں مر گیا۔ [2]

اس فتح سے فہر کی عظمت و شوکت کا سکہ عرب میں قائم ہو گیا تھا۔

---

[1] مسلم:5938، ترمذی:3605,3608 [2] تاریخ کامل ابن اثیر

فہر ہی کا لقب قریش ہے۔ قریش لغت حجاز میں ''وہیل مچھلی'' کو کہتے ہیں جو سمندر میں سب سے بڑا جانور ہے۔ فہر اور اولادِ فہر کو اس لیے قریش کہنے لگے کہ وہ بھی عرب بھر میں جملہ قبائل سے طاقت ور اور عظیم الشان تھے۔ اشعار ذیل ملاحظہ ہوں۔

و قريش التی يسكن البحر   بها سميت قريش قريشا
سلطت بالعلو فی لجة البحر   علی ساكنی البحور جيوشا
ياكل الغث والسمين لا يترك   فيها الذی الجنا حين ريشا
هكذا فی الانام حی قريش   ياكلون الانام كشيشا [1]

سلسلہ اولاد یہ ہے:

فہر
- غالب
- محارب (اولاد بنو محارب کہلائی)

غالب

ان کی کنیت ابوتیم تھی۔ سلسلہ نسب یہ ہے:

غالب
- لوی
- تیم (اولاد بنو تیم یا بنو الادرم کہلائی)

لُوَیّ

ان کی کنیت ابوکعب تھی۔ ان کی اولاد کا شجرہ یہ ہے:

لُوَیّ
- کعب
- عوف (اولاد: بنو عوف)
- عامر (اولاد: بنو عامر)
- حرث (اولاد: بنو حارث)

---

[1] تاریخ الانساب

کعب

علوشان اور بلندیٔ جاہ کی وجہ سے ''کعب'' کا نام کعب رکھا گیا۔ عرب میں ان کی پیدائش سے سنہ کا شمار شروع ہوتا ہے۔ یہ سنہ واقعہ فیل تک (تقریباً چار صدیوں تک) جاری رہا۔ ان کی کنیت ابوہصیص تھی۔ اولاد کا شجرہ یہ ہے۔



مُرّہ

ان کی کنیت ابو یقظہ ہے۔ یہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے چھٹی پشت میں دادا لگتے ہیں اولاد کا شجرہ یہ ہے



کلاب

ان کا نام حکیم تھا اور کنیت ابوزہرہ۔ شکاری کتے بہت پال رکھے تھے، اس لیے کلاب لقب ہو گیا تھا۔ ایک شاعر ان کی مدح میں کہتا ہے۔

حکیم ابن مرّہ ساد الوری — ببذل النوال وکف الاذیٰ
اباح العشیرۃ افضالہ — وجنبھا طارقات الردیٰ

اولاد کا شجرہ نسب یہ ہے:

کلاب
- **قصیؒ** (اولاد بنی قصی)
- **زہرہ** (اولاد بنو زہرہ و زہری)
  - **عبد مناف**
    - **اہیب**
      - **ابو وقاص مالک** رضی اللہ عنہ
        - **سعد** رضی اللہ عنہ (از عشرہ مبشرہ)
    - **وہب**
      - **سیدہ آمنہ** (مادر رسول ﷺ)
  - **حارث**
    - **عبد**
      - **عوف**
        - **عبدالرحمٰن** رضی اللہ عنہ (از عشرہ مبشرہ)

قُصَیّ

ان کا اصلی نام زید ہے۔ یہ ابھی ماں کی گود میں تھے کہ والد کا انتقال ہو گیا اور ماں نے دوسرا نکاح ربیعہ بن خرام العذری سے کر لیا۔ اس کا قبیلہ شام کی سرحد پر سکونت پذیر تھا۔ قصی نے ماں کے پاس وہیں پرورش پائی جب جوان ہوئے تو واپس مکہ آ گئے۔

زہرہ ان کے بڑے بھائی تھے، ان کی آنکھیں جاتی رہی تھیں۔ قصی کی آواز کو باپ کی آواز سے مشابہ پا کر انھوں نے قصی کو اپنا بھائی تسلیم کر لیا اور جائداد تقسیم کر دی۔

ان دنوں مکہ پر بنو خزاعہ کی حکومت تھی۔ حلیل سردار مکہ نے اپنی بیٹی المسماۃ حُبّٰی قصی سے بیاہ دی اور جہیز میں تولیت بیت اللہ کا حق بیٹی کو عطا کیا اور ابو غبشان کو بیٹی کا وکیل مقرر کر دیا۔ حلیل کے مر جانے کے بعد ابو غبشان نے حق وکالت قصی کے پاس شراب کے ایک مشکیزے کے بدلے فروخت کر دیا اور اس طرح قصی کا قبضہ بیت اللہ پر ہوا۔

بنو خزاعہ نے اس فروخت کو صحیح تسلیم نہ کیا اور قصی کے ساتھ جنگ چھڑ گئی۔ دونوں جانب سے لوگ ضائع ہوئے۔ آخر یعمر بن عوف کو فریقین نے اپنا منصف مان لیا۔ یعمر نے فیصلہ کیا کہ:

1. بنو خزاعہ کے جتنے آدمی مارے گئے ہیں، قصی ان سب کا خون بہا ادا کرے۔
2. بنو خزاعہ شہر کی حکومت چھوڑ کر مکہ سے باہر چلے جائیں، آئندہ حکومت قصی کرے۔ اس فیصلہ پر عمل ہوا۔ [1] شہر پر حکومت ہو

---

[1] حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بعد بیت اللہ پر بنو جرہم کا قبضہ ہو گیا تھا۔ بنو جرہم حضرت اسماعیل علیہ السلام کے سسرالی تھے۔ صدیوں تک انہی کی حکومت مکہ پر اور قبضہ بیت اللہ پر رہا۔ پھر عمالقہ کا قبضہ ہوا مگر بنو جرہم نے قبضہ لے لیا جب وہ ظلم کرنے لگے تو عمرو بن لحی خزاعی نے جو بنو جرہم کا ہمشیر زادہ تھا ان کو مکہ سے نکال دیا۔ جراہمہ کا ظلم تو جاتا رہا مگر ابن لحی نے 207ء میں بت پرستی کو رواج دیا۔ اس نے مصر و شام میں عمالقہ کو بت پرستی کرتے دیکھا تھا اور سنا تھا کہ ان بتوں کی طفیل سے ان کی مرادیں پوری ہوتی ہیں۔

جانے کے بعد قصی نے اولاد فہر کو جا بجا طلب کیا اور مکہ میں آباد ہونے کی ترغیب دی۔ اس وقت اولاد فہر کی بارہ (12) شاخیں ہو گئی تھیں۔ قصی کی کوشش سے وہ سب مکہ میں آ بسے اور قریش (اولاد فہر) کی عزت سارے ملک میں مسلّم ہو گئی۔

قصی کو قصی اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ طفولیت میں اپنے وطن سے دور جا پڑے تھے۔ اس کو "مجمع" اس لیے کہتے ہیں کہ انھوں نے قبائل قریش کو پھر مکہ میں جمع اور فراہم کر لیا تھا۔ شاعر قدیم حذافہ بن غانم کا شعر ہے۔ [1]

بنو شیبة الحمد الذی کان وجهه — یضیء ظلام اللیل کالقمر البدر

قُصَیٌّ لعمری کان یدعی مجمعًا — بـه جَمَّعَ اللهُ القَبَائِلَ من فهرِ

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ غیر مسلم مؤرخ قصی کی کامیابی کو بہت بڑھا چڑھا کا بیان کیا کرتے ہیں اور لکھا کرتے ہیں کہ اسی نے حکومت کو جمہوریت کے اصول پر قائم کیا تھا۔ ان کا مطلب در پردہ یہ ہوتا ہے کہ نبی ﷺ کی تعلیمات کو انھی کے اصول کی شرح ٹھہرائیں۔

لیکن جو شخص غور کرے گا کہ قصی نے تقسیم ترکہ کے متعلق اپنی اولاد میں کیسے غیر منصفانہ طریق کو اختیار کیا تھا اور اپنے ایک فرزند عبدالدار کو بڑھاتے ہوئے دوسرے فرزندوں کو اس کی غلامی کے لیے چھوڑ دیا تھا اور اسی وجہ سے اس کی اولاد کے اندر وہ مشہور مخالفتیں ہوئی تھیں جو تاریخ میں مذکور ہیں تو اسے معلوم ہو جائے گا کہ قصی ہنوز جمہوریت یا ایثار سے بہت دور تھا۔

قصی کی اولاد کا شجرہ نسب حسب ذیل ہے:



تَخْمُرُ اور برہ قصی کی بیٹیاں ہیں۔ یہ سب بہن بھائی ایک ہی والدہ مسماۃ حُبّی کے بطن سے ہیں۔

عبدمناف

اس کا اصلی نام مغیرہ تھا۔ ماں نے پہلے پہل مناۃ بت پر (جسے مناف بھی کہتے ہیں) بھیجا تھا۔ اس لیے عرف عام میں عبدمناف مشہور ہو گئے۔ حسن و جمال میں ایسے فائق تھے کہ ان کا لقب "قمر البطحا" پڑ گیا تھا۔ اپنی سردای کے عہد میں قریش کو خدا ترسی و حق شناسی

ہیں، اس لیے وہاں سے ایک بت بھی اٹھا لایا تھا۔ اس کا نام ہبل تھا۔ اس بت کو خانہ کعبہ کے اوپر نصب کر دیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اولاد اسماعیل پر نظر التفات فرمائی تو قصی کے وقت میں خانہ کعبہ کی تولیت قریباً 440ء میں ان کو عطا فرمائی اور محمد رسول اللہ ﷺ کے مبارک ترین عہد میں بیت اللہ کو قبلہ ہونے کا درجہ ملا اور سب بت توڑ پھوڑ کر پھینک دیے گئے۔ [1] ابن غانم نے یہ قصیدہ عبدالمطلب کی مدح میں لکھا تھا قصیدہ کی ابتدا اس شعر سے ہوتی ہے۔

کی نصیحت فرمایا کرتے تھے۔

ایک بار ابوبکر صدیق ؓ نے نبی ﷺ کے حضور میں کسی شاعر کے اشعار ذیل پڑھ کر سنائے تھے، ان کو سن کر حضور ﷺ متبسم و مسرور ہوئے تھے۔

یایها الرجل المحول رحله　　الا نزلت بآل عبدمناف!

هبلتك امك لو نزلت برحلهم　　منعوك من علام و من اقراف

الخالطين غنيهم بفقيرهم　　حتى يعود فقيرهم كالكاف

او گٹھڑی اٹھا کر جانے والے تو عبد مناف والوں کے ہاں کیوں نہ جا اترا، اگر وہاں چلا جاتا تو ناداری، تنگ دستی کو دور کر دیتے وہ تو امیر و غریب سے یکساں سلوک کرتے ہیں اور فقیر کو مستغنی بنا دیتے ہیں۔

عبد مناف کی اولاد کا شجرہ نسب

نام اہلیہ	پسران	دختران
عاتکۃ الکبریٰ بنت مرہ بن ہلال	مطلب، ہاشم، عبدالشمس	غافر، برّہ، حنہ، ہالہ، قلابہ
واقدہ بنت عامر بن عبد	نوفل، ابوعمرو، ابوعبیدہ	
ثقیفہ		ریطہ

مطلب باپ کے پہلوٹے بیٹے تھے، ان کی اولاد کو مطلبی کہا جاتا ہے۔ حارث بن مطلب کے تین بیٹے صحابی ہیں۔ عبیدہ ابوالحارث ؓ جو جنگ بدر میں شہید ہوئے تھے۔ طفیل ؓ اور حصین ؓ ہر دو کی وفات 32ھ میں ہوئی۔ امام شافعی ؒ جو کہ ائمہ اربعہ ہیں، ان کا نسب نامہ مطلب سے ملتا ہے۔

ہاشم کا ذکر آگے آئے گا۔

عبدالشمس کا بیٹا امیہ ہے، جس کی اولاد بنو امیہ کہلائی۔ حضرت عثمان ذوالنورین ؓ اسی خاندان سے ہیں۔

نوفل، ان کی اولاد نوفلیون کہلائی۔ حضرت جبیر بن مطعم ؓ کا نسب ان سے ملتا ہے۔ نوفل کے قومی احسانات میں سے یہ ہے کہ اس نے ملک عراق میں کھلی تجارت کا فرمان قیصر سے قوم کے لیے حاصل کیا تھا۔

ابوعمرو، ابوعبیدہ کے حالات سے تاریخ ساکت ہے، حتیٰ کہ اکثر مؤرخین نے ان کا نام بھی بیان نہیں کیا۔ صحیح بخاری کی روایت عن جبیر بن مطعم میں ہے کہ نبی ﷺ نے خمس خیبر کی تقسیم فرماتے وقت سہم ذوی القربیٰ میں سے بنو ہاشم اور بنو مطلب ہی کو حصہ دیا تھا۔ امام شافعی ؒ کی روایت بھی اسی کے ہم معنی ہیں۔ [1]

ابوداؤد و نسائی کی روایت میں ہے کہ بنی نوفل اور بنو امیہ نے بھی اس حصہ میں سے ملنے کی درخواست اس بنیاد پر کی کہ جب بنو مطلب کو شامل کر لیا گیا ہے تو ہم بھی (ویسا ہی استحقاق رکھتے ہیں) شامل کیا جائے۔ اس وقت نبی ﷺ نے فرمایا تھا۔

اِنَّمَا بَنُوْ هَاشِمْ وَ بنو المطلب شيءٌ واحد هٰكَذَا وَ شبك بَيْنَ الْاَصَابِعِهٖ۔

[1] بخاری: 3140، کتاب الام جلد 4 ص 71 مطبوعہ مطبعۃ الکبریٰ الامیریہ بولاق مصر و اصول کافی مطبوعہ نول کشور 1303ھ میں عبدالمطلب کو ذوی القربیٰ تحریر کیا گیا۔

بنو ہاشم اور بنو مطلب تو ایک ہی چیز ہیں، پھر ایک پنجہ کی انگلیوں کو ایک دوسرے پنجہ میں ڈال کر فرمایا: اسی طرح۔

واضح ہو کہ امرت اسلام میں تین قسم کی آمدنی تھی۔ [1]

اول زکوٰۃ

جن کی نسبت سورہ توبہ آیت 40 میں مدات ذیل کے آٹھ (8) مصارف بتائے گئے ہیں۔

﴿ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ ابْنِ السَّبِيْلِ ﴾ [9/التوبہ:60]

دوم: غنیمت

سورہ انفال آیت 41 میں اس کے مصارف ذیل بتائے گئے:

﴿ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ﴾ [8:الانفال:41]

اس آیت میں چار (4) حصے غانمین کو دے کر پانچویں حصہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنی ملکیت میں لے لیا۔ فرمایا: لِلّٰهِ خُمُسَهٗ، پھر اپنی ملکیت میں ان پانچوں کو حق تصرف عطا فرمایا۔ رسول اللہ ﷺ ذوی القربیٰ، یتامیٰ، مساکین، مسافر، ان پانچ میں ذوی القربیٰ بھی ایک ہیں اور اسی سے خمس الخمس (پانچویں حصہ کا پانچواں حصہ) کا لفظ نکلا ہے۔ ابوداؤد کی حدیث میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تقسیم خمس الخمس کا اہتمام نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سپرد فرمایا تھا۔ صدیق رضی اللہ عنہ اور فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد میں بھی یہ اہتمام حضرت علی رضی اللہ عنہ ہی کے سپرد رہا۔ کتاب الخراج امام ابو یوسف میں ہے:

حدثنی محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلی عن ابیه قال سمعت علیا رضی الله عنه یَقُوْلُ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ان رَاَیْتَ اَنْ تولِّیَنِیْ حَقَّنَا مِنَ الْخُمُسِ فَاَقْسِمُ فِیْ حَیَاتِكَ كَیْ لَا یُنَازِعُنَا اَحَدٌ بَعْدَكَ فَافْعَلْ فَفَعَلَ قَالَ فولانیه رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَقَسَمْتُهٗ حَیَاتَهٗ ثُمَّ ولانیه ابوبكر الصدیق رضی اللہ عنہ فقسمته حیاته ثم ولانیه عمر رضی اللہ عنہ فقسمته حیاته۔ [2]

"ابی لیلیٰ کہتے ہیں کہ میں نے علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے خود سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا اگر حضور ﷺ کی رائے ہو تو خمس میں جو حصہ ہم ذی القربیٰ کا ہے حضور ﷺ اپنی زندگی میں مجھے اس کا متولی بنا دیجیے کہ میں تقسیم کرتا رہوں تا کہ کوئی شخص حضور ﷺ کے بعد اس میں نزاع نہ کرے۔ آپ نے مان لیا۔ چنانچہ نبی ﷺ نے مجھے اس کا متولی ٹھہرایا اور میں حضور ﷺ کی زندگی میں تقسیم کرتا رہا۔ پھر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بھی مجھے ہی متولی ٹھہرایا اور میں

---

[1] بخاری: 3140، نسائی: 4142، مسند امام احمد: 16298، ابوداؤد: 2978، 2980۔ چونکہ حقوق ذوی القربیٰ کے مستحق وغیر مستحق کی بحث اور تفریق اولاد عبد مناف سے پائی جاتی ہے اس لیے اس کی بحث اسی مقام پر موزوں ہے۔ محدثین نے شیٔ کو شی پڑھا، جس کے معنی مساوی ہونے کے ہیں۔ ہاشم اور عبد الشمس میں بھی جھگڑے ہوئے اور نوفل اور عبد المطلب میں بھی جھگڑے ہوئے مگر ہاشم اور مطلب میں کبھی کوئی جھگڑا نہ ہوا۔ مطلب سب سے بڑا تھا۔ ہاشم ان سے چھوٹا۔ عبد المطلب کی تربیت مطلب نے کی تھی۔ جب شعب ابی طالب میں نبی ﷺ محصور ہوئے تب بھی مطلبی ساتھ تھے۔ [2] ابوداؤد: 2989، کتاب الخراج ص: 20

ان کے عہد میں تقسیم کرتا رہا۔ پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مجھے اس کا متولی بنایا اور میں ان کی زندگی میں تقسیم کرتا رہا۔''

نبی ﷺ نے اپنا حصہ منجملہ غنیمت میں سے ایک سال کا کنبہ کا خرچ بہ قدر گزران رکھ لیتے اور باقی مصالح المسلمین کے لیے عطا فرمایا کرتے تھے۔

ذی القربیٰ کا حصہ بوجہ قرابت [1] تھا (نہ بوجہ غربت) اس لیے امیر و غریب سب کو یکساں تقسیم کیا جاتا تھا، باقی تین حصص یتامیٰ و مساکین، ابن السبیل کے تھے۔ یہ حصص جو اللہ تعالیٰ نے مقرر فرما دیے تھے، ان میں ایک کا حصہ دوسرے کو نہیں دیا تھا۔

سوم: فے

فے کی تعریف قرآن مجید کی سورہ حشر میں آیت 6 میں ہے اور اسی سورہ کی آیت 7 میں اس کی تقسیم بھی بیان فرما دی گئی ہے۔

فے کی تعریف میں فرمایا:

﴿ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ﴾[59/الحشر:6]

''وہ علاقہ جس پر کوئی فوجی سوار یا شتر سوار نہ گیا ہو، بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں کو جس پر چاہا تسلط دے دیا ہو۔''

تقسیم فے

سورہ حشر آیت 7 میں فرمایا:

﴿ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ﴾ [59/الحشر:7]

''جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو ان بستی والوں سے فے میں دیا۔ وہ اللہ کا اور رسول اللہ ﷺ کا اور قرابت والوں کا اور یتیموں کا اور مسکینوں اور مسافروں کا ہے۔''

پھر اس تقسیم سے متعلق یہ اصول بیان فرمایا:

﴿ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ﴾[59/الحشر:7]

''کہ اغنیاء کے اندر متداول نہ ہوگا۔''

میں چاہتا ہوں کہ ہر سہ (3) آیات میں بیان شدہ حصص کو ایک نقشہ کی شکل میں ظاہر کر دیا جائے۔ یہ نقشہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

[1] عام طور پر شریعت میں حق قرابت بعد وفات اس قریبی کے ملتا ہے، اس حق کا نام وراثت ہوتا ہے۔ یہ نبی ﷺ کا اختصاص خاص ہے کہ حضور ﷺ کے قرابت والوں کو حضور ﷺ کی حیات ہی میں ان کا حق دیا جاتا ہے۔

نقشہ احکام تقسیم صدقات وغنیمت وفے مع آیات قرآن مجید

آیت متعلق فے سورہ حشر آیت 7	آیت متعلق غنیمت سورہ انفال آیت 41	آیت متعلق صدقات سورہ توبہ آیت 60	حوالہ جات
		اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ	1
مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰی	وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ		2
فَلِلّٰهِ	فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ		3
وَلِلرَّسُوْلِ	وَلِلرَّسُوْلِ		4
وَلِذِی الْقُرْبٰی	وَلِذِی الْقُرْبٰی		5
وَالْيَتٰمٰی	وَالْيَتٰمٰی		6
وَالْمَسٰكِيْنِ	وَالْمَسٰكِيْنِ	وَالْمَسٰكِيْنِ	7
		وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا	8
		وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ	9
		وَفِی الرِّقَابِ	10
		وَالْغٰرِمِيْنَ	11
		فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	12
وَابْنِ السَّبِيْلِ	وَابْنِ السَّبِيْلِ	وَابْنِ السَّبِيْلِ	13
لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ			14
وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ			15
وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ			16
فے اللہ اور رسول ﷺ اور قرابت والوں یتامیٰ و مساکین، مسافروں، مہاجروں اور انصار کے فقراء اور ان سے بعد آنے والی نسلوں کے لیے ہے	**غنیمت** 1/5 حصہ اللہ کا ہے اور رسول ﷺ کا اور قرابت والوں اور یتامیٰ اور مسکینوں، مسافروں کا ہے	**صدقات** فقیروں، مسکینوں، عمال، تالیف قلوب، آزادی غلاماں، مقروضاں فی سبیل اللہ اور مسافروں کے لیے ہیں	ترجمہ آیات

اس نقشے کے ساتھ یہ حدیث بھی جو مشکوۃ المصابیح کی کتاب الفے میں ہے، پڑھ لینی چاہیے۔ عن مالك بن اوس بن الحدثان قال قرأ عمر بن الخطاب انما الصدقات للفقراء والمساكين حتى بلغ عليم حكيم هذه لهؤلاء ثم قرأ واعلموا انما غنمتم من شيء حتى بلغ وابن السبيل ثم قال لهؤلاء قرأ ما افاء الله على رسوله حتى بلغ للفقراء ثم قرأ والذين جاء و من بعدهم ثم قال هذه استوعبت المسلمين "یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انما الصدقات کی آیت علیم حکیم تک پڑھی اور فرمایا یہ آیت انہیں لوگوں کے لیے ہے جن کے نام آیت میں آ گئے ہیں۔ پھر انھوں نے آیت واعلموا انما غنمتم کو وابن السبیل تک پڑھا۔ اور فرمایا یہ غنیمت انہی لوگوں کے لیے ہے جن کے نام آیت میں آ گئے ہیں۔ پھر انھوں نے آیت ما افاء الله على رسوله کو والذين جاء و من بعدهم تک پڑھا اور فرمایا اس کے اندر تو سب ہی مسلمان آ گئے۔

(مشکوۃ 4061)

نقشہ پر غور کرنے سے معلوم ہو جاتا ہے کہ:

صدقات کو آٹھ (8) مساوی مدات پر تقسیم فرمایا گیا، ان آٹھ (8) میں دو (مساکین وابن السبیل) تو ایسے ہیں جو غنیمت اور فے میں بھی حصہ دار ہیں۔ باقی چھ (6) وہ ہیں، جن کا حصہ صدقات ہی میں ہے۔ غنیمت و فے میں نہیں۔ وہ چھ (6) یہ ہیں: فقراء، تحصیل داران صدقات، تالیف قلوب کے مستحقین، آزادی غلاماں، ادائے قرض مدیونان، فی سبیل اللہ ودیگر امور۔

غنیمت کو پہلی دو قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اور لشکر کو 4/5 کل غنیمت کا دیا۔ دوسرا حصہ جو 1/5 تھا اسے اللہ تعالیٰ نے اول اپنی ملک بنایا اور پھر اس کو پانچ پر مساوی تقسیم فرمایا۔ ان پانچ میں مساکین وابن السبیل تو مشترک ہیں جو صدقات میں بھی تھے۔ باقی تین سہام یہ ہیں: رسول، اقربا ءرسول، یتامیٰ۔

فے کو اول اللہ تعالیٰ نے اپنی ملکیت بنایا اور پھر اس کی تقسیم مدات مساوی پر فرمائی۔ ان میں پانچ (5) تو وہی ہیں جو آیات غنیمت میں 1/5 سہم کی تقسیم میں حصہ دار تھے۔ باقی تین جن کے سہام اس میں ہیں وہ یہ ہیں: فقراء۔ مہاجرین۔ فقرائے انصار اور ان کے بعد آنے والی نسلیں۔

فے میں بہ مقابلہ غنیمت یہ شرط بھی زیادہ ہے کہ وہ اغنیا کو نہ ملے گی۔

﴿ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ﴾ [الحشر:7]

یاد رکھنا چاہیے:

کہ اسلامی فرقوں میں وراثت رسول کی بابت جو اختلافات ہیں وہ فے ہی کے متعلق ہیں اللہ کرے کہ قرآن مجید کا تدبر اس باہمی اختلاف کے رفع کا سبب بن جائے۔

صحیح بخاری کی حدیث سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ تقسیم فے کا اہتمام حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت میں حضرت علی رضی اللہ عنہ و حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے سپرد فرما دیا تھا جیسا کہ خمس الخمس کی تقسیم کا اہتمام عہد نبوی وصدیقی وفاروقی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ ہی کے متعلق رہا تھا۔ [1]

ہاشم

ان کا نام عمرو ہے اور عمرو العلا کے لقب سے مشہور تھے۔ مطلب اور نوفل اور عبد شمس ان کے بھائی تھے۔ اپنے باپ عبد مناف کے بعد ہاشم قوم کے سردار ہوئے۔ ان کے بھتیجے امیہ بن عبد شمس نے ان کی سرداری کو تسلیم کرنے سے انکار کیا۔ عسقلان کا ایک کاہن منصف ٹھہرایا گیا۔ اس نے ہاشم کے حق میں فیصلہ دیا۔

ہاشم لقب پڑنے کی وجہ یہ ہوئی کہ انھوں نے ایک بار سنا کہ مکہ میں آٹا کمیاب ہو رہا ہے۔ اس وقت یہ مال تجارت لے کر شام گئے ہوئے تھے۔ شام سے لوٹتے ہوئے سب اونٹوں پر روٹیاں اور آٹا لادلائے اور مکہ پہنچ کر دعوت عام کر دی۔ گوشت اور شوربے میں روٹیاں توڑ کر ڈال دی گئیں۔ ''ہشم'' ٹکڑے ٹکڑے کرنے کو کہتے ہیں۔ اس سے ہاشم نام ہوا۔ اس وقت کے بعد ہر سال موسم حج میں وہ زوار کعبہ کو دعوت عام دیا کرتے تھے اور یہی کھانا جسے لغت عرب میں ثرید بھی کہتے ہیں، کھلایا کرتے تھے۔ سردار ہاشم کی زیرکی وحزم کا اس واقعہ سے پتا لگتا ہے کہ انھوں نے قیصر سے یہ فرمان حاصل کر لیا تھا کہ قریش کا مال تجارت ملک شام میں بغیر کسی ٹیکس کے داخل ہوتا رہے۔ [2]

---

[1] بخاری: 3094، مسلم: 1757، ابوداود: 2963 [2] طبقات ابن سعد، ص: 1/45

امیہ کو اپنے چچا ہاشم سے جو اختلاف شروع ہو گیا تھا وہ آئندہ نسلوں میں بھی منتقل ہوا۔ ہاشم اور مطلب کی اولاد ایک جانب اور نوفل اور عبد شمس کی اولاد ایک جانب رہا کرتی۔ بیسیوں واقعات ان ہر دو کی منافرت اور عداوت کے مشہور ہیں۔

نبی کریم ﷺ کے وجود باسعود کی یہ برکت تھی کہ نسلوں کی عداوتیں جاتی رہی تھیں اور ﴿كُنْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ اِخْوَانًا﴾ کا مصداق سب پر صحیح عائد ہو گیا تھا۔ حضور ﷺ کے بعد 133ھ تک بنو امیہ اور بنو عباس میں محاربے ہوتے رہے۔ ہاشم کی اولاد کا نقشہ درج ذیل ہے:

ہاشم کی اولاد کا نقشہ

نام اہلیہ	پسران	دختران
سلمٰی بنت عمرو بن زید بخاری	شیبہ یعنی عبدالمطلب *	رقیہ، بچپن میں فوت ہوئی
ہند بنت عمرو بن ثعلبہ الخزرجی	ابا صیفی (صیفا)	//
قیلہ الملقب بہ جزور بنت عامر بن مالک بن جزعہ	اسد	//
امیمہ بنت عدی بن عبداللہ بن دینار (من قضاعہ)	نعنلہ (نضلہ)	شفاء
واقدہ بنت ابی عدی (از بنو مازن)	//	ضعیفہ۔ خالدہ
عدی بنت حبیب (از بنو ثقیف)	//	حنہ

تاریخ میں ابا صیفی، اسد اور نضلہ کے حالات کم ملتے ہیں۔ بنو خزاعہ کے معاہدہ یا عبدالمطلب کے تذکرہ میں اس قدر پایا جاتا ہے کہ نضلہ کا فرزند ارقم اور ابی صیفی کے فرزندان ضحاک اور عمرو کے چچا کے ساتھ اس معاہدہ میں شریک تھے۔ رقیہ بنت ابی صیفی بن ہاشم کے اشعار نبی ﷺ کی مدح میں ہیں۔

مَنًّا مِنَ اللّٰهِ بِالميمون طائِرةِ — وخير من بشرت بـه مُضَرَ
مبارك الامر يستسقى الغمام بـه — مَا فِى الْاَنَام لَـه، عَدْلٌ و لَا خَطَرٌ

عبدالمطلب

ان کا نام عامر اور لقب شیبہ ہے۔ شیبہ کا ترجمہ زال یا بوڑھا ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ لقب صرف تفاول (نیک شگون) کے لیے تھا کہ عمر دراز پائی اور زیادہ صحیح یہ ہے کہ جب پیدا ہوئے تو اس وقت ان کی چندیا میں چند بال سفید موجود تھے۔

جب ان کے والد ''ہاشم'' کا انتقال ہوا یہ اپنے ننھیال (یثرب) میں تھے۔ ان کا چچا مطلب ان کو یثرب سے جا کر لے آیا اور بیٹوں سے بڑھ کر ان کی پرورش و تربیت کی۔ اس احسان مندی کی قبولیت و اظہار میں یہ بھی تمام عمر ''عبدالمطلب'' مطلب کا غلام کہلاتے رہے۔ اصلی نام اور لقب پر یہ آخری لقب اس قدر غالب آ گیا تھا کہ عبدالمطلب ہی اصل نام سمجھا جاتا ہے۔ ان کو ''شيبة الحمد'' اور

''فیاض''اور''معطم طیر السماء'' بھی کہا کرتے تھے۔ نیز سید قریش اور شریف قریش کے نام سے عام طور پر ملک میں نامزد تھے۔ قریش میں سے بھی کوئی شخص ان کے اس خطاب کا منکر نہ تھا۔ نبی ﷺ کا اسم مبارک ''محمد'' (ﷺ) ان ہی نے تجویز کیا تھا اور حضور ﷺ کی تربیت تا ہشت (8) سال کا شرف بھی ان ہی کو حاصل ہوا۔ ان ہی کی سرداری کے عہد میں واقعہ فیل کا ظہور ہوا تھا۔ [1]

عبدالمطلب کی عام نصیحت یہ ہوتی تھی ''ظلم و بغاوت نہ کرو اور مکارم الاخلاق حاصل کرو'' عبدالمطلب کے فضائل میں سے یہ بھی ہے کہ چاہ زمزم جسے عمرو بن حرث جرہمی نے بند کر دیا تھا اور امتداد زمانہ سے کسی کو یاد بھی نہ رہا تھا کہ یہ کنواں کہاں تھا، عبدالمطلب ہی نے نکالا۔ کہتے ہیں کہ عبدالمطلب تین (3) شب متواتر یہ خواب دیکھتے رہے کہ کنواں نکالو۔ پھر خواب ہی میں ان کو چاہ زمزم کی جگہ بھی دکھائی گئی۔ عبدالمطلب اور ان کے فرزند اکبر ''حارث'' نے اس کی جگہ کو کھودا۔ تین (3) دن تک کھدائی کے بعد ان کو بنی جرہم کی مدفونہ اشیاء ملنے لگیں۔ تلواریں، زرہیں، شاخہائے آہو وغیرہ۔ قریش کے لوگ اب تک تو عبدالمطلب کے فعل کو لغو ہی سمجھتے تھے، لیکن مدفونہ اشیاء کی برآمدگی نے ان کو بھی یاد کرا دیا اور تب وہ درخواست کرنے لگے کہ اس شرف میں ان کو بھی شامل کر لیا جائے، مگر عبدالمطلب نے کسی کو اپنے ساتھ شامل کرنا پسند نہ کیا۔

یہ چشمہ جس سے اب لاکھوں زوار اور صادر و وارد سیراب ہو رہے ہیں اور جسے اللہ تعالیٰ عظم و تعالیٰ نے سیدنا اسماعیل علیہ السلام کے لیے ظاہر فرمایا تھا عبدالمطلب کی بھی یادگار ہے۔

اللہ تعالیٰ نے عبدالمطلب کو کثیر الاولاد کیا تھا۔ ذیل میں ان کی اولاد کو ایک نقشے کے اندر تحریر کیا جاتا ہے۔

نقشہ اولاد عبدالمطلب بن ہاشم

	نام اہلیہ	بیٹے	بیٹیاں
1	صفیہ بنت جنیدب بن حجیر بن زباب بن سواۃ بن عامر بن صعصعہ از نسل نضر دیکھو نمبر 13 شجرہ نسب نبوی ﷺ	حارث	
2	فاطمہ بنت عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم بن یقظہ بن مرہ دیکھو نمبر 7 شجرہ نبوی ﷺ	زبیر، ابو طالب عبدالکعبہ، *عبداللہ	ام حکیم، بیضاء امیمہ، اروی، برہ، عاتکہ
3	لبنیٰ بنت ہاجرہ (از بطن خزاعہ)	ابولہب (عبدالعزیٰ)	
4	ہالہ بنت وہیب بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب، دیکھو نمبر 6 شجرہ نسب [2]	مقوم۔ حجل۔ مغیرہ حمزہ	
5	نتیلہ بنت خباب بن کلیب (از نسل ربیعہ بن نزار) دیکھو نمبر 19 شجرہ نسب	ضرار۔ قثم۔ عباس	

[1] رحمۃ للعالمین جلد اول۔ [2] ہالہ کی ماں عبلہ بنت مطلب ہے۔

6	منعمہ بنت عمرو بن مالک (از بطن خزاعہ)	غیداق۔ مصعب	
	میزان ازواج=6	پسران=15	دختران=6

مندرجہ بالا نقشے سے معلوم ہوتا ہے کہ عبدالمطلب 15 بیٹوں اور 6 بیٹیوں کا والد تھا مگر بعض مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ غیداق وہی ہے جس کا نام حجل ہے اور عبدالکعبہ وہی ہے جس کا نام مقوم ہے۔ اور قثم کوئی بھی نہ تھا۔ اندریں صورت عبدالمطلب کے نرینہ فرزندوں کی تعداد بارہ (12) ہوئی اور آں حضرت ﷺ کے چچا گیارہ (11) ہوئے۔ زیادہ صحیح یہی ہے کہ ابنائے عبدالمطلب 12 تھے۔ ان میں سے ہم کو دس (11) کے حالات ملے ہیں اور سات (7) کے حالات کا اسلامی تاریخ سے بھی تعلق ہے۔ آٹھویں ضرار، فتیان قریش میں سے تھے اور جود و جمال میں مشہور۔ آغاز بعثت ہی میں انتقال کیا۔ اولاد نہ تھی۔

9 مقوم اولاد صلبی تھی، مگر نسل جاری نہ ہوئی۔ ہند بنت المقوم کے پسر عبدالرحمٰن بن ابی عمرو کا ذکر علامہ ذہبی رحمہ اللہ نے کیا ہے۔

10 حجل کے فرزند قسرہ کے اشعار طبقات الکبیر میں موجود ہیں، جس میں اس نے اپنے دوازدہ (12) اعمام (چچوں) کے نام شمار کیے ہیں۔ غیداق۔ قثم۔ عبدالکعبہ کے حالات سے کتب تواریخ خاموش ہیں ممکن ہے کہ مقوم ہی کا نام عبدالکعبہ ہو۔ (**و اللہ اعلم**)

عبدالمطلب نے 82 سال کی عمر پائی۔ ان کا سال ولادت 497ء اور سال وفات 579ء اندازہ کیا گیا ہے۔ [1]

چونکہ عبدالمطلب کی اولاد آنحضرت ﷺ کے اعمام و عمات ہیں، اس لیے ان کے مختصر حالات مع ان کی اولاد کے (جہاں تک کہ عہد نبوی ﷺ سے ان کا قریبی تعلق ہے) تحریر کیے جاتے ہیں، تاکہ قارئین اہل بیت نبوی ﷺ کے احوال سے بے خبر نہ رہیں۔

حارث عم النبی ﷺ

عبدالمطلب کے سب سے بڑے بیٹے ہیں، ان ہی کے نام پر عبدالمطلب کی کنیت ابوالحارث تھی۔ یہ اپنے والد کی حیات ہی میں مر گئے تھے [2]، مگر ان کے چار فرزند: نوفل و عبداللہ۔ ربیعہ و ابوسفیان مغیرہ رضی اللہ عنہم جو نبی ﷺ کے تایا زاد بھائی ہیں، مسلمان ہوئے۔ ہر ایک کا مختصر حال درج کیا جاتا ہے۔

1 نوفل بن حارث رضی اللہ عنہ

جنگ بدر میں کفار کی جانب تھے۔ پھر جنگ خندق یا فتح مکہ میں مسلمان ہوئے۔ جنگ حنین میں تین ہزار (3000) نیزے نبی ﷺ کی خدمت میں اعانت لشکر اسلام کے لیے پیش کیے تھے۔ اس وقت یہ ہاشمی مسلمانوں میں سب سے زیادہ عمر کے تھے۔ 25ھ میں مدینہ میں وفات پائی۔ [3]

ان کے تینوں فرزند: مغیرہ۔ عبداللہ۔ حارث رضی اللہ عنہم بھی صحابی ہیں۔

مغیرہ بن نوفل حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد میں قاضی مدینہ تھے۔ ابن ملجم شقی نے جب سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا تو خود بھاگ چلا تھا مغیرہ ہی نے اسے گرفتار کیا تھا اور سیدہ امامہ بنت زینب بنت رسول ﷺ کا نکاح بھی بعد انتقال حضرت علی رضی اللہ عنہ ان ہی کے ساتھ حسب وصیت مرتضوی رضی اللہ عنہ ہوا تھا، جن سے یحییٰ بن مغیرہ پیدا ہوئے تھے۔ عبداللہ بن نوفل کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حاکم کوفہ کیا تھا ان کا چہرہ کسی قدر

---

[1] تاریخ العرب فرنچ پروفیسر سیڈیو۔ [2] طبقات ابن سعد [3] الاستیعاب ص: 23۔

نبی ﷺ سے مشابہت رکھتا تھا۔

حارث بن نوفل رضی اللہ عنہ کو عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حاکم مکہ پھر حاکم مصر کر دیا تھا۔ آخر میں یہ بصرہ جا رہے تھے۔ یزید کی وفات کے بعد اہل بصرہ ان کو امیر بنانا چاہتے تھے۔ 63ھ میں انتقال ہوا۔ ان کا فرزند عبداللہ المعروف ''ببہ'' بھی صحابی ہے۔

② عبداللہ بن حارث رضی اللہ عنہ

حیات نبوی ﷺ میں انتقال فرمایا۔ آنحضرت ﷺ نے ان کو خطاب ''سعید'' سے مشرف فرمایا تھا۔

③ ربیعہ بن حارث رضی اللہ عنہ

ابو اروی کنیت تھی۔ ان ہی کا نام نبی ﷺ نے فتح مکہ کے خطبہ میں لیا تھا اور فرمایا تھا: وَإِنَّ أَوَّلَ دَمٍ أَضَعُهُ، دَمَ ابْنِ رَبِيعَةَ بْنِ الْحَارِثِ [1] پہلا مطالبہ خون کا جسے میں ملیا میٹ کرتا ہوں، وہ ربیعہ بن الحارث کا مطالبہ ہے'' اس کی شرح یہ ہے کہ ربیعہ کا شیر خوار فرزند دشمنوں نے مار ڈالا تھا، نبی ﷺ نے پچھلے جھگڑوں کا خاتمہ کرنے کے لیے اس مطالبہ کو ملیا میٹ کر دیا اور اس کا خون بہانہ دلایا۔ ان کا انتقال 33ھ میں ہوا۔

ان کے دو فرزند عبدالمطلب اور مطلب رضی اللہ عنہما بھی صحابی ہیں۔

عبدالمطلب نے دمشق میں بعہد حکومت یزید وفات پائی۔

مطلب حیات نبوی ﷺ میں بالغ نہ ہوئے تھے۔

④ ابوسفیان مغیرہ بن الحارث رضی اللہ عنہ

یہ آنحضرت ﷺ کے برادر رضاعی بھی ہیں کیوں کہ انھوں نے بھی حلیمہ السعدیہ کا دودھ پیا تھا۔ عرب کے مشہور شعراء صحابہ میں سے تھے۔

ابتدائے اسلام میں نبی کریم ﷺ اور مسلمانوں کے مخالف بنے رہے مگر فتح مکہ سے چند یوم پیشتر جذبہ توفیق ربانی سے خدمت اقدس میں حاضر ہو گئے۔

جنگ حنین میں جو صحابہ ثابت قدم رہے تھے، ان میں ابوسفیان رضی اللہ عنہ کو بھی امتیاز حاصل ہے۔ یہ تو رکاب نبوی ﷺ سے علیحدہ ہی نہیں ہوئے تھے۔

قبولیت اسلام کے بعد جو اشعار انھوں نے تصنیف کیے وہ رحمۃ للعالمین کی جلد اول میں درج کیے جا چکے ہیں۔

وفات حسرت آیات نبوی ﷺ کے بعد اشعار میں اکثر درد دل کا اظہار کیا کرتے تھے۔

أَرِقْتُ فَبَاتَ لَيْلِي لَا يَزُوْلُ   وَلَيْلُ أَخِي الْمُصِيبَةِ فِيهِ طُوْلُ

''میں جاگ رہا ہوں اور رات ختم ہی ہونے میں نہیں آتی۔ ہاں! مصیبت زدہ کی رات لمبی ہی ہوا کرتی ہے۔''

فَأَسْعَدَنِي الْبُكَاءُ وَذَالِكَ فِيْمَا   أُصِيْبَ الْمُسْلِمُوْنَ بِهِ قَلِيْلُ

''میں بے اختیار رو رہا ہوں اور یہ تو مصیبت کے مقابلہ میں جو مسلمانوں پر آئی بہت ہی کم ہے۔''

لَقَدْ عَظُمَتْ مُصِيبَتُنَا وَجَلَّتْ   عَشِيَّةَ قِيْلَ قَدْ قُبِضَ الرَّسُوْلُ

''اس روز ہماری مصیبتوں کی کچھ انتہا نہ رہ گئی جب لوگ یہ کہنے لگے کہ رسول اللہ ﷺ بلائے گئے۔''

---

[1] مسلم: 2950؛ ابوداود: 1905، 1906؛ ابن ماجہ: 3074

وَضَعَتْ اَرْضُنَا مِمَّا عَرَاهَا تَكَادُ بِنَا جَوَانِبُهَا تَمِيْلُ

''معلوم ہوتا ہے کہ زمین پر بھونچال آ گیا ہے اور زمین دھنس جائے گی۔''

فَقَدْنَا الْوَحْيَ وَالتَّنْزِيْلَ فِيْنَا يَرُوْحُ بِهٖ وَيَغْدُوْ جِبْرِيْلُ

''جس وحی کو لے کر صبح و شام جبریل علیہ السلام ہم میں آیا کرتے تھے آج ہم اس سے محروم ہو بیٹھے۔

وَ ذَاكَ اَحَقُّ مَا سَالَتْ عَلَيْهِ نُفُوْسُ النَّاسِ اَوْ كَادَتْ يَسِيْلُ

''یہ وہ مصیبت ہے کہ لوگوں کا مر جانا یا قریب مرگ ہو جانا بالکل ٹھیک ہے۔''

نَبِيٌّ كَانَ يَجْلُوا الشَّكَّ عَنَّا بِمَا اُوْحِي عَلَيْهِ وَمَا يَقُوْلُ

''نبی ﷺ اس شان کے ساتھ تھے کہ دل سے شک کو صاف کر دیتے تھے کبھی بذریعہ کلام وحی اور کبھی بذریعہ ارشادات خود۔''

وَيَهْدِيْنَا فَلَا نَخْشٰى ضَلَالًا عَلَيْنَا وَالرَّسُوْلُ لَنَا دَلِيْلُ،

''وہ ہماری رہنمائی فرمایا کرتے تھے اور ہم کو کبھی بھی بھٹک جانے کا ڈر نہ ہوتا۔ کیوں کہ ہم جانتے تھے کہ اللہ کا رسول ہمارا رہنما ہے۔''

اَفَاطِمَةُ اِنْ جَزَعْتِ فَذَاكَ عُذْرٌ وَاِنْ لَّمْ تَجْزَعِيْ ذَاكَ السَّبِيْلُ،

''اے فاطمہ! اگر تو روئے گی تو ہم تجھے معذور سمجھیں گے اور اگر صبر کرے گی تو بہتر ہے کیوں کہ یہی بہتر طریق ہے۔''

فَقَبْرُ اَبِيْكِ سَيِّدُ كُلِّ قَبْرٍ وَفِيْهِ سَيِّدُ النَّاسِ رَسُوْلُ

''تیرے باپ کی قبر ہر ایک قبر کی سید ہے اور اس قبر میں نوع انسان کا سردار اللہ کا رسول ﷺ آسودہ ہے۔''

نبی ﷺ کو بھی ان سے بہت محبت تھی۔ ایک حدیث میں ہے:

ابو سفیان بن الحارث من شباب اهل الجنة ''ابوسفیان بہشتی جوانوں میں سے ہے۔''

يا سيد فتيان اهل الجنة ''یا بہادرانِ بہشتی کا سردار ہے۔'' [1]

اَبُوْ سُفْيَانَ خَيْرُ اَهْلِيْ يا مِنْ خَيْرِ اَهْلِيْ ''ابوسفیان میرے اہل میں اچھا ہے یا میرے اچھے اہل میں سے ہے۔'' [2]

علماء کا قول ہے کہ كُلُّ الصَّيْدِ فِيْ جَوْفِ الْفَرَآءِ کی مثل بھی نبی ﷺ نے ان کی شان میں فرمائی تھی۔ [3] 20ھ میں وفات پائی۔ ان کے فرزند عبداللہ اور جعفر دونوں صحابی ہیں۔ جعفر بن ابوسفیان غزوہ حنین میں بھی شامل تھے اور عہد سلطنت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میں وفات پائی۔

ابوطالب عم النبی ﷺ

ان کا اصلی نام عبد مناف ہے، مگر کنیت نام پر غالب آ گئی تھی۔

ان کو نبی ﷺ کے ساتھ کمال محبت تھی اور تادم زیست (10 نبوت) یہ آنحضرت ﷺ کے ناصر و فدائی رہے۔

ان کے چار (4) بیٹے اور دو (2) بیٹیاں ہیں اور باستثناء طالب صحابی ہیں۔ طالب باپ کے بعد اور قبل از ایمان مر گیا تھا۔ اس کی جائے وفات کا بھی پتا نہیں لگا۔ [4]

---

[1] سیر اعلام النبلاء: 3/88، کنز العمال: 33346 [2] کنز العمال: 33655,33347 [3] فراء کے اندر سب شکار آ جاتے ہیں اردو میں مثل مشہور ہے۔ ''ہاتھی کے پاؤں میں سب کا پاؤں'' استعاب ص: 709 [4] بخاری: 4283، زھری کی روایت ہے کہ ابوطالب کا ورثہ طالب اور عقیل نے سنبھالا۔

① عقیل بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

طالب سے دس (10) برس چھوٹے اور جعفر سے دس (10) برس بڑے تھے۔ جنگ بدر میں دشمنوں کی جانب تھے اور اسیر ہوئے تھے۔ صلح حدیبیہ سے پیشتر اسلام لائے اور غزوہ موتہ میں شریک ہوئے۔

عقیل واقعات اور انساب عرب کے بڑے واقف تھے۔ اس عمل میں ان کو امتیاز حاصل تھا۔ ابو یزید کنیت تھی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا:

يَا اَبَا يَزِيْدَ اِنِّيْ اُحِبُّكَ حُبَّيْنِ حُبًّا لِقَرَابَتِكَ وَ حُبًّا لِمَا كُنْتُ اَعْلَمُ مِنْ حُبِّ عَمِّيْ اِيَّاكَ [1]

اے ابو یزید! میں تم سے دو گونہ محبت رکھتا ہوں: ایک تو محبت قرابت۔ دوم اس لیے کہ مجھے علم ہے کہ میرے تایا کو تم سے محبت تھی۔

ان کا انتقال سلطنت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میں ہوا تھا۔ مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ جو امام حسین علیہ السلام کے نائب ہو کر کوفہ گئے تھے اور بروز پنج شنبہ (جمعرات) 2 ذی الحجہ 59 ھ کو شہید ہوئے۔ ان ہی کے فرزند ہیں۔ عقیل رضی اللہ عنہ کے دو فرزند محمد و عبدالرحمٰن ایک پوتا عبداللہ بن مسلم بھی کربلا میں شہید ہوئے تھے۔

اولاد عقیل بن ابی طالب کا شجرہ نسب



② جعفر (طیار) رضی اللہ عنہ بن ابو طالب

علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے حقیقی بھائی ان سے دس (10) سال بڑے قدیم الاسلام تھے۔ اول ہجرت حبشہ کی اور وہاں جملہ مہاجرین حبشہ کے سردار رہے۔ اس ملک میں ان کے ہاتھ پر خوب اشاعت اسلام ہوئی۔ اسلام پر جو تقریر انھوں نے بادشاہ حبشہ کے دربار میں فرمائی تھی وہ رحمۃ للعالمین جلد اول پر درج ہے۔ 7 ھ میں حبش سے مدینہ تشریف لائے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ خیبر کو تشریف لے گئے تھے۔

---

[1] الطبقات الکبریٰ لابن سعد 4/30، اسد الغابہ 4/61۔ [2] ان کے گھر میں زینب الصغریٰ بنت علی مرتضیٰ تھیں۔ [3] امام ترمذی ان سے روایت کرتے ہیں۔ ابن حجر رحمہ اللہ نے 140 ھ میں ان کی وفات تحریر کی ہے۔ [4] ان کی والدہ حمیدہ ہے جو مسلم بن عقیل کی بیٹی اور ام کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہ کے بطن سے تھی۔

حضرت جعفر رضی اللہ عنہ بھی خیبر ہی جا ملے۔ نبی ﷺ نے فرمایا، میں نہیں کہہ سکتا کہ خیبر کی خوشی زیادہ ہے یا قدوم جعفر کی۔ (1)

8ھ میں جنگ موتہ میں شہید ہوئے۔ تلوار اور نیزے کے نوے (90) سے زیادہ زخم ان کے سامنے کی جانب موجود تھے۔ دونوں بازو جڑ سے کٹ گئے تھے۔ (2)

نبی ﷺ نے ان کی منقبت میں فرمایا: اَشْبَهْتَ خَلْقِيْ وَ خُلُقِيْ۔ (3)

جعفر تم صورت اور سیرت میں مجھ سے مشابہت رکھتے ہو۔

عمر مبارک بہ وقت شہادت 41 سال تھی۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ مسکین کے حق میں جعفر طیار رضی اللہ عنہ سب سے بہتر ہے اور وہ اہل صفہ کی خبر رکھا کرتے تھے اور انھیں کھلایا کرتے تھے جو کچھ بھی ان کے گھر میں ہوتا۔ کبھی کبھی وہ ہمارے پاس کپا ہی لے آتے جس میں اور کچھ نہ ہوتا۔ ہم اس میں سے علق کر جاتے۔ (4) ان کے چار فرزند تھے:

(ا) عبداللہ: یہ پہلے مولود ہیں جو مسلمانوں کے گھر حبش میں پیدا ہوئے۔ کثرت سخاوکرم سے ان کا لقب بحر الجود تھا۔ عبادت گزار بھی حد درجہ کے تھے۔ 80ھ میں بہ عمر 90 سال مدینہ منورہ میں وفات پائی۔ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی دختر سیدہ زینب کبریٰ رضی اللہ عنہا ان ہی کے گھر میں تھیں۔ عدی بن عبداللہ بن جعفر کربلا میں شہید ہوئے۔ ابن نہشل تیمی نے ان کو شہید کیا تھا۔

(ب) عون بن جعفر (ج) محمد بن جعفر۔ یہ دونوں تستر میں شہید ہوئے۔ اولاد جعفر کا شجرہ نسب یہ ہے:

اوSجعفر 0 !طا).



(3) سیدنا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ

اس امام ہادی انام ابو الائمہ العظام کے محاسن وفضائل کے لیے دفتر درکار ہیں۔ اگر حیات مستعار باقی ہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ان

---

(1) المعجم الكبير للطبراني: 110/2، کنز العمال: 33216، البدايه والنهايه: 72/3، مستدرک حاکم: 624/2، مجمع الزوائد: 271/9، نصب الرایہ: 225/4، اسد الغابہ: 542/1 (2) بخاری: 4264،4261،3709، ترمذی: 3765، مصنف عبدالرزاق: 20393، بیہقی: 5/8، اسد الغابہ: 542/1 (3) بخاری: 4261 (4) بخاری: 5432،3708 (5) ان کی والدہ زینب دختر علی مرتضیٰ ہیں۔ (6) المتوفیٰ 145ھ ابن ماجہ میں ان سے روایت ہے۔

کی سیرت پر ایک علیحدہ جلد لکھوں گا۔

ابن عباس رضی اللہ عنہ اور سلمان پارسی رضی اللہ عنہ کا مذہب ہے کہ خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بعد سب سے پہلے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ ایمان لائے تھے۔ اس وقت عمر مبارک 8 سال تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شاندار کارنامے شب ہجرت، بدر، احد، خندق، صلح حدیبیہ، خیبر وحنین کے واقعات میں نہایت مشہور ہیں۔ شجاعت اور فضل قضایا میں بین الاماثل ممتاز تھے۔ سیدہ النساء، فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے زوج اور حسن و حسین علیہما السلام کے والد بزرگوار تھے۔ ابوالحسن کنیت فرماتے تھے اور ابوتراب کنیت پر جو عطیہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے نہایت شادماں ہوتے تھے۔ عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد بہ ماہ ذی الحجہ 33ھ خلیفہ ہوئے اور بامداد جمعہ 17 رمضان المبارک 40ھ کو اشقی الناس ابن ملجم کے ہاتھ مسجد کوفہ میں زخمی ہو کر واصل بحق ہوئے۔

امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما کے علاوہ (دیگر ازواج سے) ان کے سولہ (16) فرزند تھے۔

زخم کہ جس پر شہادت ہوئی، کثیر بن عمر السکونی نے جو شاہان ایران کا طبیب خاص رہ چکا تھا بتایا کہ زخم دماغ تک پہنچ گیا ہے اور اب صحت محال ہے۔

بکر بن حماد القاہری نے ہائلہ شہادت پر اشعار کہے ہیں:

قُلْ لِابْنِ مُلْجِمٍ وَالْأَقْدَارُ غَالِبَةٌ　　هَدَمْتَ وَيْلَكَ لِلْإِسْلَامِ اَرْكَانَا

''ابن ملجم سے کہنا (گو میں جانتا ہوں) کہ تقدیر سب پر غالب ہے کہ کم بخت تو نے اسلام کے ارکان کو ڈھایا۔''

قَتَلْتَ اَفْضَلَ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى قَدَمٍ　　وَ اَوَّلَ النَّاسِ اِسْلَامًا وَّاِيْمَانًا

''وہ شخص جو زمین پر چلنے والوں میں سے سب سے افضل تھا اور اسلام اور ایمان میں سب سے اول۔''

وَاَعْلَمَ النَّاسِ بِالْقُرْاٰنِ ثُمَّ بِمَا　　سَنَّ رَسُوْلُنَا شَرْعًا وَّتِبْيَانًا

''اور قرآن وسنت کے جاننے میں سب سے اعلم تھا، تو نے اسے قتل کیا۔''

صِهْرُ النَّبِيِّ وَمَوْلَاهُ وَنَاصِرُهٗ　　اَضْحَتْ مَنَاقِبُهٗ، نُوْرًا وَّبُرْهَانًا

''وہ داماد نبی اور ان کا دوست و ناصر تھا جس کے مناقب کے نور اور برہان روشن ہیں۔''

وَكَانَ مِنْهُ عَلٰى رَغْمِ الْحَسُوْدِ لَهٗ　　مَا كَانَ هَارُوْنُ مُوْسٰى بْنِ عِمْرَانَا

''جو علی رغم حسود نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ایسا تھا جیسے موسیٰ علیہ السلام کے لیے ہارون علیہ السلام ۔''

وَكَانَ فِي الْحَرْبِ سَيْفًا صَارِمًا ذَكَرًا　　لَيْثًا اِذَا لَقِيَ اَقْرَانٌ اَقْرَانَا

''جو لڑائی شمشیر براں اور دلیر شیر تھا جب خوب گھمسان کا رن پڑ جاتا ہو!''

ذَكَرْتُ قَاتِلَهٗ وَالدَّمْعُ مُنْحَدِرٌ　　فَقُلْتُ سُبْحَانَ رَبِّ النَّاسِ سُبْحَانًا

''میں اس کے قاتل کا خیال کرتا ہوں اور روتا روتا کہتا ہوں اے اللہ! تو پاک ہے، تیری قدرت عجیب ہے۔''

حواشی ⟨8⟩ شہید کربلا ہیں۔ ان کی والدہ جمانہ بنت مسیّب (از بنی فرازہ ہیں) ⟨9⟩ ان کی والدہ بنت القاسم بن محمد بن ابوبکر ہیں۔ قاسم اور امام جعفر صادق خالہ زاد بھائی ہیں۔ ⟨10⟩ 125ھ میں دعویٰ خلافت کیا 129ھ میں اسیر ہوئے۔ 133ھ میں وفات پائی۔ نسل آگے نہ چلی۔

إِنِّـي لَأَحْسِبُـهُ مَـا كَـانَ مِنْ بَشَـرٍ يَخْشَى الْمَعَادَ وَلٰكِنْ كَانَ شَيْطَانًا

''میں تو اس کے قاتل کی بابت کہوں گا کہ وہ بشر نہیں جو قیامت سے ڈرتا ہو بلکہ وہ شیطان ہے۔''

أَشْقَـى مُـرَادٍ إِذَا عُـدَّتْ قَبَـائِلُهَـا وَأَخْسَـرُ النَّـاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مِيزَانًـا

''اپنے قبیلہ مراد میں سب سے زیادہ بدبخت اور میزان میں سب سے زیادہ زیاں کار۔''

كَعَاقِرِ النَّاقَةِ الأُولَى الَّتِي جُلِبَتْ عَلَى ثَمُودَ بِأَرْضِ الْحَجَرِ خُسْرَانَا

''(وہ تو) عاقر ناقہ جیسا تھا جس نے صالح علیہ السلام کے ناقہ کو مارا اور قوم ثمود پر ملک حجر میں تباہی لانے کا سبب ٹھہرا۔''

كَـأَنَّـهُ، لَـمْ يُـرِدْ قَـصْـدًا بِضَـرْبَتِـهِ إِلَّا لِيَصْلَى عَذَابَ الْخُلْدِ نِيرَانًا

''معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی ؓ پر وار کرنے سے اس کا مقصد یہی ہوگا کہ وہ خود جہنم کی آگ کا ایندھن بن سکے۔''

حضرات علی و جعفر و عقیل رضی اللہ عنہم کی والدہ کا نام فاطمہ بنت اسد بن ہاشم رضی اللہ عنہا ہے جو اسلام لا کر ہجرت سے مشرف ہوئیں۔ مدینہ منورہ میں انتقال کیا۔

نبی ﷺ نے ان کے کفن میں اپنا کرتا عطا فرمایا اور جب ان کو لحد میں اتارا گیا تو آنحضرت ﷺ بھی لحد میں ان کے ساتھ لیٹ گئے، فرمایا:

میں نے قمیص اس لیے دی کہ اللہ تعالیٰ ان کو حلہ جنت پہنائے اور ساتھ اس لیے لیٹا کہ قبر کی وحشت جاتی رہے۔

نبی ﷺ ان کے حق میں فرمایا کرتے کہ ابو طالب کے بعد ان سے بڑھ کر میرے ساتھ اچھا سلوک کرنے والا اور کوئی نہ تھا۔[1]

حضرت علی مرتضیٰ ؓ کی اولاد کے متعلق مؤرخین نے چند اقوال نقل کیے ہیں:

1. 18 بیٹے اور 18 بیٹیاں تھیں۔
2. 19 بیٹے تھے جن میں سے 6 والد کے سامنے گزر گئے تھے۔ باقی 13 میں سے 6 کربلا میں شہید ہوئے تھے۔ دنیا میں اس وقت صرف 5 بیٹوں: امام حسن، امام حسین، محمد حنفیہ، عباس، عمر اطراف رضی اللہ عنہم کی نسل موجود ہے۔[2]
3. ذیل میں ایک نقشہ مع اسمائے زوجات درج کیا جاتا ہے۔

نمبر شمار	نام اہلیہ	بیٹے	بیٹیاں
1	سیدۃ النساء العالمین: فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا	حسن و حسین رضی اللہ عنہما[3]	زینب۔ کلثوم
2	ام البنین بنت الحرام بن خالد (بنی ہوازن)	عمر، عباس، جعفر عبید اللہ عثمان	--
3	لیلیٰ بنت مسعود (از بنی تمیم)	عبید اللہ۔ ابوبکر	--
4	اسماء بنت عمیس الخثعمیہ	عون۔ یحییٰ	--

---

[1] اسد الغابۃ 7/213 [2] عمدۃ الطالب فی نسل ابی طالب [3] ایک تیسرے فرزند محسن کا نام کتب الاربعۃ فی اسماء صحابہ میں سے ہے صرف ابو موسیٰ نے لکھا ہے۔ علامہ ذہبی ؒ کہتے ہیں، تفرد بذکرہ ابو اسحق عن ھانی بن ھانی عن علی۔

5	امامہ بنت ابوالعاص (ازبطن سیدہ زینب)	محمد۔اوسط	--
6	خولہ بنت جعفر بن قیس	محمد بن حنفیہ یا محمد (اکبر)	--
7	ام سعید بنت عروہ بن مسعود ثقفی	--	ام الحسن، رملۃ الکبریٰ
8	ام حبیبہ بنت ربیعۃ الثعلبہ	عمر	رقیہ
9	ممیاۃ بنت امراءالقیس الکلبی	--	حارثہ

دختران جواری

ام ہانی، میمونہ، زینب الصغریٰ، رملہ الصغریٰ، فاطمہ، امامہ، خدیجہ ام الکرام، ام سلمہ، جمانہ، نفیسہ، ام جعفر۔ ①
سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد کا ذکر اہل بیت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں کیا گیا ہے۔ اولاد علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا ذکر اس جگہ کیا جاتا ہے۔

عباس بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہما

میدان کربلا میں علمبردار امام ہمام تھے۔ ان کا خطاب سقائے اہل بیت بھی ہے۔ 34 سال کی عمر میں شہید ہوئے تھے۔ ②

اولاد یہ ہے:



عمر (اطراف) بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہما

عباس علمبردار کے برادر حقیقی ہیں۔ اختلاف یہ ہے کہ ان میں سے بڑا کون تھا۔ 77 سال کی عمر میں وفات پائی۔ بعض کا بیان

---

① جزو السادس الکتاب الطبری وغیرہ، ص 89۔ ② قاتلوں کے نام زید بن رقاد الجنبی اور حکیم بن الطفیل سنبسی ہیں۔

ہے کہ مصعب بن زبیر رضی اللہ عنہ کی طرف سے مختار ثقفی کے ساتھ جنگ کرتے ہوئے شہید ہوئے۔ ان کی نسل کا سلسلہ یہ ہے:
حضرت عباس علمبردار کے باقی تین بھائی جعفر، عبیداللہ، عثمان کربلا میں شہید ہوئے۔

عمر (اطراف)

- محمد
  - عبداللہ
    - احمد
    - محمد
    - عیسیٰ المبارک
    - عیسیٰ صالح
    - قاسم ملقب بہ ملک طالقان — سب کی نسل جاری ہے اور محمد بن قاسم کی نسل ملتان میں پائی جاتی ہے جہاں انھوں نے حکومت بھی کی۔
  - عبیداللہ
    - طیب
      - علی — بغداد اور نواح میں نسل موجود ہے۔
  - عمر — ہر سہ از بطن خدیجہ بنت حضرت زین العابدین
    - ابومحمد اسماعیل — ان کی نسل کثیر بلخ و خراسان میں ہے
    - ابوالحسن ابراہیم
  - جعفر (از بطن ام ولد)

ابوالقاسم محمد بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہما

ان کی والدہ خولہ ملقب حنفیہ قبیلہ حنفیہ بن لجیم سے ہیں۔ اس قبیلہ نے عہد صدیقی میں ارتداد کیا تھا۔ یہ جنگ میں اسیر ہو کر آ ئیں اور علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو ملیں۔ محمد بن علی 21ھ خلافت فاروقی میں پیدا ہوئے اور یکم محرم 81ھ کو انتقال فرمایا۔ ان کے زہد و ریاضت اور زور و قوت کی حکایات بہت سی مشہور ہیں۔ لشکر مرتضیٰ کے علمبردار یہی ہوا کرتے تھے۔ کسی نے ان سے کہا کہ کیا وجہ ہے کہ تمہارے والد حسن و حسین کو جنگ میں نہیں بھیجتے اور تم کو ہر ایک سخت کام پر مامور کرتے ہیں۔ فرمایا وہ علی رضی اللہ عنہ کی آنکھیں ہیں اور میں علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ ہوں۔ شیعہ کے ایک فرقہ کا اعتقاد ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بعد امامت ان کو ملی۔ ایک شاخ کا اعتقاد ہے کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے بعد امامت ان کو ملی پھر ہر دو کا اتفاق ہے کہ آئندہ امامت ان ہی کی نسل میں جاری ہوئی۔ مختار ثقفی جس نے قاتلان حسین سے سخت انتقام لیے، اپنے آپ کو انہی کا مختار بتایا کرتا تھا۔ ابن الحنفیہ کے غلام کا نام کیسان ہے، وہ بھی ایک فرقہ کا امام ہے کیسانیہ کا اعتقاد ہے کہ محمد بن علی

---

(3) شاعر اور ہارون الرشید کا مقرب تھا۔ چار بیٹوں سے نسل جاری ہے۔ بعض نساب کہتے ہیں۔ صرف عبیداللہ ابن عباس الفصیح کی نسل سمرقند میں رہ گئی ہے۔

(4) ابوالقاسم کنیت۔ اس کا چہرہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مشابہ تھا۔ مامون نے اسے ایک لاکھ روپیہ دیا۔

(5) اولاد بنو ہارون کے نام سے مشہور اور دمیاط میں پائی جاتی ہے۔ (6) ان کی اولاد بنو بدیہ کے نام سے مشہور ہے اور یمن میں پائی جاتی ہے

مرتضٰی کوہ رضوی [1] پر رہتے ہیں، شیر و چیتے انکے پہرہ دار ہیں۔ شہد اور پانی کے چشمے ان کے متصل جوش زن ہیں۔ قرب قیامت میں مہدی کے لقب سے وہی ظہور پذیر ہوں گے۔

ابن الحنفیہ بن علی مرتضٰی رضی اللہ عنہ کی اولاد کی تعداد 24 ہے جن میں سے 14 نرینہ فرزند تھے۔ تین (3) سے نسل جاری ہے۔

اولاد کا شجرہ یہ ہے:

محمد بن علی مرتضٰی رضی اللہ عنہ

- **ابوہاشم** عبداللہ — بزرگ تابعین سے ہیں
- **جعفر** — یوم الحرہ کو شہید ہوئے تھے، ان کی اولاد کثیر موجود ہے
- **علی** — نسل کثیر موجود ہے
  - **ابومحمد حسن** — ان کو کیسانیہ امام تسلیم کرتا ہے
    - **علی** — اولاد کثیر موجود ہے

محمد بن علی مرتضٰی رضی اللہ عنہ

ان کی والدہ سیدہ امامہ بنت سیدہ زینب بنت النبی ﷺ ہیں۔ کربلا میں ایک شخص قبیلہ بنی ابان بن دارم کے تیر سے شہید ہوئے۔ سلسلہ نسب گم ہے۔

ابوبکر بن علی مرتضٰی رضی اللہ عنہ

ان کی والدہ لیلٰی بنت مسعود ہیں۔ جنگ کربلا میں شہید ہوئے۔ بعض نے ان کی شہادت میں اختلاف بھی کیا ہے۔

سیدنا علی مرتضٰی رضی اللہ عنہ کے دیگر فرزندوں عبداللہ وعون ویحیٰی وعمر (فرزند حبیبہ) کے حالات نہیں ملے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اولاد کو ''علوی'' بھی کہتے ہیں۔

سیدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا دختر ابی طالب

یہ حضرت علی مرتضٰی رضی اللہ عنہ کی حقیقی بہن ہیں۔ ابوطالب کی سب اولاد طالب، عقیل، جعفر، علی، ہند، جمانہ ایک ہی والدہ فاطمہ اسدیہ سے ہیں۔

ام ہانی کا نام ہند تھا۔ بعض نے فاطمہ بھی لکھا ہے۔ ان کا نکاح ہبیرہ بن ابی وہب بن عمرو بن عایذ بن عمران بن مخزوم سے ہوا تھا۔ ام ہانی کے بطن سے ہانی، عمرو، یوسف اور جعدہ دختر پیدا ہوئے تھے۔ ام ہانی رضی اللہ عنہا عام الفتح کو اسلام لائی تھیں۔ ہبیرہ نجران کو بھاگ گیا تھا۔ اس کی واپسی از نجران اور قبولیت اسلام کی کوئی روایت نہیں ملی۔

---

[1] سعودی عرب کی مشہور بندرگاہ ''ینبع'' سے ''کوہ رضوی'' کی چوٹیاں نظر آتی ہیں۔

ہبیرہ نے اپنے فرار کے متعلق مندرجہ ذیل اشعار مکہ میں لکھ کر بھیجے تھے۔

لَعَمْرُكَ مَا وَلَّيْتُ ظَهْرِيْ مُحَمَّدًا وَاَصْحَابَهٗ جُبْنًا وَلَا خِيفَةَ الْقَتْلِ
وَلٰكِنَّنِيْ قَلَّبْتُ اَمْرِيْ فَلَمْ اَجِد سَيْفِيْ غِنَاءً اِنْ ضَرَبْتُ وَلَا نَبْلِ
وَقَفْتُ فَلَمَّا خفت ضيعة مَوْقِفي رَجَعْتُ لِعَوْدٍ كالهزبر الى الشبل

''سچ سمجھو تو میں نے محمد ﷺ اور اصحاب محمد ﷺ کے سامنے سے بوجہ نامردی یا خوف قتل پیٹھ نہیں دی، بلکہ میں نے دیکھا کہ میرا کام الٹ گیا اور میری تلوار، میرا نیزہ اب کچھ کام نہیں بنا سکتے۔ پہلے تو میں ٹھہرا، لیکن جب دیکھا کہ موقف بھی نکل رہا ہے تب لوٹ کر چلا آیا جیسا کہ شیر اپنے بچوں کی طرف واپس آیا کرتا ہے۔''

سیدہ جمانہ رضی اللہ عنہا دختر ابی طالب

اولاد ابی طالب میں جمانہ رضی اللہ عنہا کا نام ملتا ہے، مگر ان کے حالات سے کوئی آگاہی نہیں ملتی۔ ابن اسحاق امام السیر نے لکھا ہے کہ نبی ﷺ نے پیداوار خیبر میں سے تین (3) وسق خرما جمانہ بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا کے لیے مقرر فرمائے تھے۔

اس فقرہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ خلعت اسلام سے مشرف تھیں اور یہ بھی ظاہر ہوا کہ فتح خیبر تک وہ حیات تھیں۔

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ عم النبی ﷺ

امیر المومنین اور اسد اللہ و رسولہ ان کے خطابات ہیں۔ 6 نبوت میں اسلام لائے اور پھر ہمیشہ ناصر اسلام رہے۔ یہ نبی ﷺ کے برادر رضاعی بھی تھے۔ یعنی ہر دو نے ثویبہ کا دودھ پیا تھا۔ ابوعمارہ ابویعلیٰ کنیت فرمایا کرتے تھے۔ جنگ بدر میں نہایت شجاعت اور مردانگی کے کرشمے دکھائے اور جنگ احد میں دشمنوں کے بڑے بڑے بہادروں کو خاک میں ملا کر وحشی کے ہاتھ سے جس نے پتھر کے پیچھے چھپ کر بزدلانہ حملہ کیا تھا۔ شہید ہوئے۔ نبی ﷺ نے سید الشہداء کا خطاب عطا فرمایا۔ ان کی لاش پر کھڑے ہو کر نبی ﷺ نے فرمایا تھا۔

رَحِمَكَ اللّٰهُ اَيْ عَمِّ فَلَقَدْ كُنْتَ وَصُوْلًا لِلرَّحِمِ فَعُوْلًا لِلْخَيْرَاتِ۔ [1]

''چچا، اللہ تم پر رحم کرے، تم قرابت کا حق خوب ادا کرنے والے اور بکثرت نیکی کرنے والے تھے۔''

دشمنوں نے ان کا جگر نکالا، کان کاٹے، چہرہ بگاڑا، پیٹ چاک کر ڈالا تھا۔ نبی ﷺ لاش کی حالت دیکھ کر اس قدر غمزدہ اور اندوہگیں ہوئے تھے کہ اتنا رنج آپ ﷺ نے کبھی بھی نہ فرمایا تھا۔

کعب بن شرف یا عبداللہ بن رواحہ نے اس شہادت پر مندرجہ ذیل اشعار کہے تھے:

بكت عيني وحق بها بكاء وما يغني البكاء ولا العويل

''میری آنکھ روتی ہے، یہ رونا ٹھیک بھی ہے۔ گو رونے اور چلانے کا نتیجہ کچھ بھی نہیں۔''

على اسد الاله غداة قالوا لحمزة ذاكم الرجل القتيل

''رونا اس شیر خدا پر ہے جب یہ آواز نکلی کہ حمزہ مرے پڑے ہیں۔''

---

[1] ابوداؤد: 3136، ترمذی: 1016، احمد: 3/128، کنز العمال: 30034، بیہقی: 4/10، مستدرک حاکم: 1/365، اسد الغابہ: 2/69

اصیب المسلمون بہ جمیعا　　　　ھناك و قد اصیب بہ الرسول

''سب ہی مسلمانوں نے ان کے واقعہ کو مصیبت سمجھا حتی کہ رسول اللہ ﷺ نے بھی۔''

ابا یعلی لك الارکان ھدت　　　　و انت الماجد البرّ والوصول

''ابو یعلیٰ حمزہ گو مر گئے مگر شک نہیں بڑی ہی عزت والے اور لوگوں سے بھلائی کرنے والے اور قرابتیوں سے احسان کرنے والے تھے۔''

عَلَیْكَ سَلَامُ رَبِّكَ فِیْ جِنَانٍ　　　　یخالطھا نعیم لا یزول

''حمزہ پر اللہ کی سلامتی ہو وہ ان بہشتوں میں ہیں جہاں نعمتوں کو زوال نہیں۔''

اَلَا یَا ھَاشِمُ الْاَخیارُ صَبْرا　　　　فَکُلُّ فَعَالُکُم حَسَنٌ جَمِیْلٌ

''آل ہاشم کے سرداروں سے عرض ہے کہ صبر کریں ان کے کام تو کبھی اچھے ہوا کرتے ہیں۔''

رَسُوْلُ اللّٰہِ مُصْطَبِرٌ کَرِیْمٌ　　　　بِاَمْرِ اللّٰہِ یَنْطِقُ اِذْ یقول،

''برگزیدہ رسول اللہ، سراپا صبر ہیں۔ وہ جب بھی بولتے ہیں تو حکم ربانی سے بولتے ہیں۔''

اَلَا مَنْ مُبْلِغٌ عَنِّی لُوَیًّا　　　　فبعد الیوم دَائِمَۃ تَدُول

''کوئی ہے جو قریش سے جا کر کہہ دے کہ آج سے تمہارا زمانہ ہمیشہ کے لیے گیا''

وَقَبْلَ الْیَوْمِ مَا عَرَفُوْا ذَاقُوْا　　　　وَقَایِعُنَا بھا یشفی الخلیلُ

''ہاں آج سے پہلے ہم نے تم کو وہ مزے چکھائے ہیں جن کو سن کر دوست کو اطمینان ہو جاتا ہے۔''

نَسِیْتُم ضَرْبَنَا بِقَلِیْبِ الْبَدْرِ　　　　غداۃ اَتَاکُم الموتُ العجیلُ

''وہ بدر کا کنواں، وہ مار، وہ ناگہانی موت، تم آج بھول گئے۔''

غداۃ ثوی ابو جھل صریعًا　　　　علیہ الطیر حائمۃ تجول

''جب ابو جہل چاروں شانے چت گر پڑا تھا۔ گدھ اس کی بوٹیاں نوچ رہے تھے۔''

وعتبۃ وابنہ خیرا جمیعا　　　　و شیبۃ عضہ السیف الصقیل،

''اسی طرح عتبہ بھی اس کا بیٹا بھی۔ اس طرح شیبہ بھی تلوار نے ان کی تکا بوٹی کر دی تھی۔''

ان کے دو فرزند تھے۔ عمارہ اور یعلیٰ۔ عمارہ کا فرزند حمزہ ہوا اور یعلیٰ کے پانچ فرزند ہوئے، مگر پھر ان کی نسل آگے نہ چلی۔ دو لڑکیاں تھیں: ام الفضل اور امامہ۔ ام الفضل دختر حمزہ سے ایک حدیث عبداللہ بن شداد نے روایت کی ہے، وہ فرماتی ہیں، ہمارا ایک آزاد کردہ غلام مر گیا تھا۔ اس کی ایک بیٹی، ایک بہن تھی۔ نبی ﷺ نے دونوں کو نصفا نصف ورثہ دلایا تھا۔

امامہ وہی ہے جن کے حق حضانت کی بابت حضرت زید ؓ اور جعفر طیار ؓ اور حضرت علی مرتضیٰ ؓ نے نبی ﷺ کے حضور میں اپنے اپنے دلائل پیش کیے تھے۔

حضرت زید ؓ کہتے تھے، حمزہ ؓ مواخات میں میرے بھائی تھے۔ اس لیے لڑکی پرورش کے لیے مجھے ملنی چاہیے۔ حضرت علی ؓ کہتے تھے یہ میرے چچا کی لڑکی ہے اور اس نے مدینہ تک ہودج فاطمہ ؓ میں سفر کیا ہے۔ حضرت جعفر طیار ؓ کہتے تھے، یہ

میرے چچا کی بیٹی ہے اور اس کی خالہ میری بیوی ہے۔

نبی ﷺ نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے حق میں فیصلہ فرمایا تھا۔ [1] یہ واقعہ 6ھ کا ہے اور صحاح میں تفصیل سے مذکور ہے۔ امامہ رضی اللہ عنہا کا نکاح ام المومنین اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے فرزند سلمہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوا تھا۔

ابولہب بن عبدالمطلب

نبی ﷺ سے توحید کی وجہ سے عداوت رکھتا تھا۔ جب نبی ﷺ بازاروں میں وعظ فرمایا کرتے، تب ابولہب قریب ہی کھڑے ہو کر چلایا کرتا، لوگو! اس کی نہ سنو، دیوانہ ہے۔

ابولہب جنگ بدر سے 8 دن بعد طاعون سے ہلاک ہوا۔ تین دن تک اس کا جثہ سڑتا رہا، لیکن جب سرانڈھ سے سارا محلّہ تکلیف پانے لگا تب اس کے اقارب نے اس کی لاش کو لمبی لمبی بلیوں سے چارپائی سے نیچے گرادیا اور دیوار کے اوپر چڑھ کر اتنے پتھر اس ناپاک جثہ پر پھینکے کہ وہ پتھروں کے ڈھیر میں چھپ گیا۔ اَلنَّاسُ وَالْحِجَارَۃُ دونوں کا لقمہ ایک ہی وقت میں آگ کو مل گیا۔

اس کے چار بیٹے تھے، دو (2) بہ حالت کفر بری طرح تباہ ہوئے اور دو (2) عقبہ اور معقب رضی اللہ عنہما عام الفتح کو مسلمان ہو کر جنگ حنین میں ہمرکاب نبوی ﷺ حاضر ہوئے۔ اس جنگ میں معقب رضی اللہ عنہ کی ایک آنکھ بھی جاتی رہی تھی۔ دونوں بھائی مکہ ہی میں رہے۔

درہ رضی اللہ عنہا بنت ابی لہب بھی مسلمان ہوئی۔ یہ حارث بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلب کے نکاح میں آئی۔ عقبہ، ولید اور ابومسلم درہ رضی اللہ عنہا ہی کے بطن سے ہیں۔ درہ رضی اللہ عنہا نے یہ حدیث رسول ﷺ سے روایت کی ہے۔

> اِنَّہ، سُئِلَ اَیُّ النَّاسِ خَیْرٌ فَقَالَ اَتْقَاھُم اللّٰہُ وَ امرھُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَنْھَاھُمْ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاَوْصَلَھُمْ لِرَحْمِہٖ۔ [2]
>
> لوگوں میں بہتر کون ہے؟ نبی ﷺ نے اس سوال کے جواب میں فرمایا جسے اللہ کا تقویٰ زیادہ ہو، جو لوگوں کو نیک کاموں کا حکم کرتا اور برے کاموں سے روکتا اور قرابت مندوں سے سلوک کرتا ہو۔

یہ حدیث بھی درہ رضی اللہ عنہا بنت ابی لہب سے مروی ہے:

> لَا یُؤذیٰ حیٌّ بمیّت "کسی مردہ کے افعال کے بدلے کسی زندہ کو اذیت نہیں دی جاسکتی۔"

عباس رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب عم النبی ﷺ

نبی ﷺ سے عمر میں دو سال بڑے تھے۔ ان کی والدہ کا نام نُتیلہ بنت خباب تھا۔ یہ پہلی عربی خاتون تھیں جنھوں نے "بیت الحرام" کو حریر اور دیباج کا لباس پہنایا۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ جاہلیت میں بھی رئیس قریش تھے۔ عمارۃ المسجد الحرام اور سقایہ ان ہی سے متعلق تھی۔ سقایہ کے معنی تو مشہور ہی ہیں (پیاؤ لگوانا) مگر عمارت سے مطلب یہ ہے کہ بیت الحرام کے اندر کسی شخص کو گالی گفتار نہ ہونے دیتے تھے اور کوئی شخص خانہ کعبہ کے اندر بیہودہ بات زبان پر نہیں لاسکتا تھا۔ [3]

جنگ بدر میں یہ قریش کی جانب تھے اور پکڑے گئے تھے، ان کی مشک بندی زور سے کس دی گئی تھی جس کی تکلیف کی وجہ سے وہ

---

[1] بخاری: 2699، مسلم: 1783 ترمذی: 1904 بیہقی: 8 / 5، اسد الغابہ: 19/7

[2] مسند احمد: 26887-26888، [3] الاستیعاب، اسد الغابہ: 163/3

ہائے ہائے کرتے تھے۔ یہ آواز نبی ﷺ کے سمع مبارک تک آتی تھی اور آپ ادھر سے ادھر کروٹیں بدلتے تھے۔ کسی نے عرض کیا کہ حضور ﷺ آرام کیوں نہیں فرماتے۔ فرمایا عباس کے کراہنے سے مجھے نیند نہیں آتی۔ تھوڑی دیر ہو چکی تو یہ آواز حضور ﷺ نے نہ سنی۔ فرمایا عباس کا کیا حال ہے؟ اس نے عرض کیا کہ میں نے ان کی مشک بندی کھول دی ہے۔ فرمایا جاؤ سب اسیروں کے ساتھ یہی برتاؤ کرو۔ [1]

حجاج بن علاط کی حدیث سے ثابت ہے کہ حضرت عباس ؓ قدیم الاسلام تھے، لیکن انھوں نے اپنا اسلام چھپا رکھا تھا اور حکم نبوی ﷺ سے مکہ میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ اخبار کفار حضور ﷺ تک پہنچایا کرتے اور غریب مسلمانان مکہ کی امداد فرمایا کرتے تھے۔ اظہار اسلام کے بعد حنین، طائف اور تبوک کے غزوات میں شامل ہوئے۔

اظہار اسلام سے پیشتر بیعت عقبہ ثانیہ میں نبی ﷺ کی معیت میں حاضر تھے۔ بدر میں عقیل اور نوفل برادر زادوں اور حارث برادر خورد کا فدیہ انھوں نے خود ادا کیا تھا۔ جنگ حنین میں حضرت عباس ؓ برابر ملتزم رکاب نبوی ﷺ رہے۔

اسلام کے بعد نبی ﷺ ان کی نہایت حرمت و عزت فرمایا کرتے تھے اور ارشاد فرماتے: ہذا عمی وصنوابی ''یہ میرے تایا ہیں اور میرے باپ کے برابر ہیں۔'' [2]

حضرت عباس ؓ جواد و معظم، اہل قرابت سے سلوک کرنے والے، صاحب رائے و تدبیر اور صاحب دعائے مستجاب تھے۔

انھوں نے 12 رجب (یا رمضان) 22ھ میں بعمر 88 سال وفات پائی۔ حضرت عثمان غنی ؓ نے نماز جنازہ ادا کی اور جنت البقیع میں مدفون ہوئے۔

ان کے فرزند یہ ہیں:

فضل، عبداللہ۔ عبیداللہ۔ معبد۔ قثم۔ عبدالرحمٰن (ام حبیب دختر) یہ سب تو ام الفضل کے بطن سے ہیں اور عون بن عباس ایک دوسری ماں سے اور تمام و کثیر ایک اور ماں سے ہیں اور حارث ایک اور ماں سے تھے۔

(1) فضل بن عباس ؓ سب سے بڑے ہیں۔ باپ کی کنیت ابوالفضل اور ان کی ماں (لبابۃ الصغریٰ) کی کنیت ام الفضل انہی کے نام پر ہے۔ یہ غزوہ حنین میں شریک اور حجۃ الوداع میں حاضر ہوئے اور غسل نبوی ﷺ میں شامل تھے اور علی مرتضیٰ ؓ کے ہاتھ پر پانی ڈالتے تھے۔

خلافت صدیقی 13ھ یا فاروقی 18ھ میں شہید ہوئے۔ ایک لڑکی ام کلثوم باقی چھوڑی۔ اس کا نکاح اول امام حسن ؓ کے ساتھ پھر ابوموسیٰ اشعری ؓ کے ساتھ ہوا تھا۔ عبداللہ بن عباس ؓ اور ابوہریرہ ؓ نے ان سے روایت کی ہے۔

(2) عبداللہ بن عباس ؓ حضرت عباس ؓ کے فرزندوں میں سے سب سے زیادہ مشہور، حبر امت اور ربی امت کے لقب سے ملقب ہیں۔ 68ھ میں ستر (70) سال کی عمر میں طائف میں وفات پائی۔

نبی ﷺ نے فرمایا تھا: اَللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْحِكْمَةَ وَ تَاْوِيْلَ الْقُرْاٰن ایک حدیث [3] میں الفاظ دعائے نبوی ﷺ یہ ہیں: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيْهِ وَانْشُرْ مِنْهُ وَاجْعَلْهُ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ۔

---

[1] اسد الغابہ: 164/3 [2] بخاری: 1468، مسلم: 983، ابوداود: 1623، نسائی: 2465، ابن خزیمہ: 2329، ترمذی: 3770

[3] بخاری: 3756، ابن ماجہ: 166، ترمذی 3833، نسائی: 8178

مسروق رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر میں کہتا تھا کہ یہ سب سے زیادہ حسین ہیں۔ گفتگو سن کر یقین ہوتا تھا کہ یہ سب سے زیادہ فصیح ہیں اوران کی روایات سن کر معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب سے بڑھ کر عالم ہیں۔

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ان کو حاکم بصرہ مقرر کیا تھا۔ جنگ جمل وصفین ونہروان میں یہ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں مع اپنے فرزندوں حسن وحسین اور محمد کے حاضر رہے تھے۔ آخر عمر میں ان کی آنکھیں جاتی رہی تھیں۔ اس پر ان کے اشعار یہ ہیں:

اَن یَاخُذَاللّٰہُ مِنْ عَیْنِیْ نُوْرَھُمَا — فَفِیْ لِسَانِیْ وَ قَلْبِیْ مِنْھُمَا نُوْرٌ

قَلْبِیْ ذَکِیٌّ وَعَقْلِیْ ذِی دَخَلٍ — وَفِیْ فِمِیْ صَارِمٌ کَالسیفِ مَاثُوْرٌ

علوم وشعروانساب اورایام عرب اور وقائع عرب اور علم حدیث وفقہ وتفسیر میں امام تھے۔ خلفاء عباسیہ انہی کی اولاد ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ڈیڑھ ہزار(1500) سے کچھ زائد احادیث روایت کی ہے۔ [1] خلفائے بغداد جن کی حکومت 122ھ سے 650ھ تک رہی، انہی کی نسل سے تھے۔

عالی جناب والا دومان نواب صاحب بہاول پوراسی شاخ عالی سے ہیں۔

3. عبیداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ یہ اپنے بھائی عبداللہ رضی اللہ عنہ سے ایک سال چھوٹے تھے۔ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے حکم سے امیر الحاج بھی بنے رہے۔ 58ھ میں وفات پائی۔ اجودالناس مشہور تھے۔

4. معبد، عہد نبوی ﷺ میں پیدا ہوئے اور 35ھ میں بعہد خلافت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ملک افریقہ میں جہاد کرتے ہوئے شہید ہوئے۔ ان سے کوئی حدیث مروی نہیں۔

5. قثم بن عباس عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں عبیداللہ اور قثم کھیل رہے تھے، نبی ﷺ وہاں سے گزرے۔ مجھے آگے اور قثم کو اپنے پیچھے سوار کرلیا اور ہمارے لیے دعا بھی فرمائی۔

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ان کو اپنے عہد خلافت میں حاکم مکہ کر دیا تھا اور شہادت مرتضوی رضی اللہ عنہ تک یہ اسی جگہ مامور رہے۔ قثم سعید بن عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ساتھ سمرقند کے جہاد کو گئے تھے۔ وہیں شہید ہوگئے۔

ایک شاعران کی مدح میں لکھتا ہے:

کَمْ صَارِخٌ بِکَ مَکْرُوْبٌ وَ مَارِخَۃٌ — یَدْعُوْکَ بِاقثم الْخَیْرَاتِ یَا قُثَمْ

ترجمہ: بہت سے مصیبت زدہ مرد اور عورتیں قثم سخی قثم کو پکارتے ہیں۔

سب سے آخر میں نبی ﷺ سے یہی الگ ہوئے تھے یعنی لحد مبارک میں حضور ﷺ کو لٹانے کے بعد سب سے آخر میں یہی باہر نکلے تھے۔

6. کثیر، وفات نبوی ﷺ سے چند ماہ پیشتر دس (10)ھ میں پیدا ہوئے تھے۔ فقیہ ذکی وفاضل تھے، ان کی ماں رومیہ (یورپین) تھیں۔

7. تمام، کثیر کے مادرزاد بھائی، اولاد عباس میں سب سے چھوٹے ہیں، بڑے بہادر حملہ آور تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جانب سے حاکم مدینہ بھی رہے، ان کی اولاد باقی ہے۔

---

[1] کتاب الفصل جلد 4، لابن حزم ص: 138

(8) عبدالرحمٰن، عہد نبوی ﷺ میں پیدا ہوئے اور اپنے بھائی معبد کے ساتھ افریقہ میں شہید ہوئے۔

(9) ام حبیب، دختر عباس رضی اللہ عنہ کا نکاح اسود بن سفیان عبدالاسد مخزومی سے ہوا تھا۔ سفیان ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا حقیقی برادر ہے۔

زبیر رضی اللہ عنہ عم النبی ﷺ

آں حضرت ﷺ 24 سال کے تھے، جب ان کا انتقال ہوا۔ (1) حلف الفضول (2) کے قیام میں انھوں نے بہت سعی کی تھی، اس سے ان کی نیکی اور رحم دلی کا حال معلوم ہوتا ہے۔ زبیر رضی اللہ عنہ شاعر فصیح البیان تھے۔ اپنے والد کے وصی تھے۔ (3) ان کا ایک فرزند عبداللہ اور دو لڑکیاں: صباعہ اور ام حکیم صحابی ہیں۔ (4)

عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ عم النبی ﷺ

جنگ اجنادین (5) میں جو بعہد خلافت صدیق ہوئی، شہید ہوئے تھے۔ ان کی لاش کے گرد دشمنوں کی لاشوں کا ڈھیر لگا ہوا تھا، جس سے واضح تھا کہ کیسی شجاعت کے بعد انھوں نے جان بجاں آفریں کردی تھی۔ نبی ﷺ ان کو (ابن عمی وحبی) ''میرے چچا کا بیٹا اور میرا پیارا فرمایا کرتے تھے۔'' (6)

عمات النبی ﷺ

(1) ام حکیم بیضاء رضی اللہ عنہا عمۃ النبی ﷺ

حضرت عبداللہ وابوطالب وزبیر کی حقیقی بہن ہیں۔

ان کا نکاح کُرَیز بن ربیعہ بن حبیب بن عبدشمس بن مناف سے ہوا تھا۔ ان کے فرزند کا نام عامر تھا جو فتح مکہ کے دن مسلمان ہوئے تھے۔ ان کا بیٹا عبداللہ بن عامر بھی صحابی ہے، جسے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے والی خراسان بنایا تھا۔ ام حکیم کی دختر اروی ہیں، جو عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کی والدہ ہیں۔ (7)

(2) امیمہ رضی اللہ عنہا عمۃ النبی ﷺ

ان کا نکاح جحش بن رباب سے ہوا تھا۔ ام المؤمنین زینب اور ام حبیبہ اور حمنہ دختران اور عبداللہ بن جحش ان کے پسر ہیں۔ ام حبیبہ اہلیہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ہیں۔

حمنہ کا پہلا نکاح مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ سے، دوسرا نکاح حضرت طلحہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے ہوا۔ اس نکاح سے محمد اور عمران دو فرزند ہوئے، جو اپنی ماں سے روایت کرتے ہیں۔

عبداللہ بن جحش یوم احد کو شہید ہوئے اور اپنے ماموں حمزہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدفون ہوئے۔

---

(1) انسان العیون جلد اول ص: 135 (2) حلف الفضول دیکھو کتاب رحمۃ للعالمین جلد اول (3) طبقات کبیر جلد اول (4) الاستیعاب۔
(5) زرقانی والاستیعاب (6) اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ 3/241 (7) زرقانی والاستیعاب

③ عاتکہ رضی اللہ عنہا عمۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

انھوں نے جنگ بدر سے چند یوم پہلے ایک خواب دیکھا تھا، کافروں نے یہ خواب سنا تو خوب ہنسی اڑائی کہ اب تو ہاشم کی لڑکیاں بھی نبوت کرنے لگیں، لیکن نتیجہ وہی نکلا جیسا کہ خواب میں ان کو دکھایا گیا تھا۔ خواب یہ تھا کہ ایک سوار ہے اس نے کوہ ''ابوقبیس'' سے ایک پتھر اٹھایا اور رکن کعبہ پر کھینچ مارا ہے۔ اس پتھر کے ذرہ ذرہ ریزے ہو گئے ہیں۔ ہر ایک ریزہ قریش کے ہر ایک گھر میں جا پہنچا ہے۔ البتہ بنو زہرہ بچے رہے۔ ① عاتکہ بمعنی طاہرہ ہے۔

④ صفیہ رضی اللہ عنہا عمۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی حقیقی بہن ہیں۔ ان کا پہلا نکاح حارث بن حرب بن امیہ سے ہوا تھا۔ وہ مر گیا تو نکاح ثانی عوام بن خویلد بن اسد سے ہوا۔ عوام حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے برادر حقیقی تھے۔ اس نکاح سے حضرت زبیر پیدا ہوئے جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ ② یعنی حضرت زبیر رضی اللہ عنہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پھپیرے بھائی ہیں۔

سائب بن العوام رضی اللہ عنہ بھی ان کے فرزند ہیں، جو غزوات بدر و خندق میں اپنی شجاعت دکھا چکے اور جنگ یمامہ میں نبرد آزما ہوئے تھے۔ صفیہ رضی اللہ عنہا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی حقیقی بہن ہیں۔ انھوں نے جنگ خندق میں ایک یہودی کو قتل بھی کیا تھا۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو مال غنیمت میں سے حصہ عطا فرمایا تھا۔

انھوں نے اپنی قوت ایمانیہ کے کمال کا ثبوت جنگ احد میں دیا تھا۔ حمزہ رضی اللہ عنہ جیسے بھائی کو خاک و خون میں دیکھا۔ ان کی لاش کو بے حرمت شدہ پایا۔ پھر بھی نہ روئیں، نہ چلائیں، بلکہ دعا کر کے چلی آئیں۔

⑤ برہ رضی اللہ عنہا عمۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ان کا نکاح عبدالاسد بن ہلال بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم القرشی سے ہوا تھا۔ ابوسلمہ عبداللہ ان ہی کے فرزند ہیں، جو ام المؤمنین سلمہ رضی اللہ عنہا کے شوہر اول ہیں۔ ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کا شمار اسلام میں داخل ہونے والوں میں گیارھواں (11) ہے۔ ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کا حال ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے احوال میں ہے۔

⑥ اروی رضی اللہ عنہا عمۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کی حقیقی بہن ہیں۔ ابن سعد رحمہ اللہ اور ابن القیم رحمہ اللہ نے ان کے اسلام کی تصدیق کی ہے اور واقدی رحمہ اللہ نے روایت کیا ہے کہ جب ان کے فرزند طلیب نے ماں کو اپنے اسلام کی خبر سنائی تو اروی خاتون نے کہا:

إِنَّ أَحَقَّ مَنْ وَازَرْتَ وَ عَضَدْتَ ابنِ خَالِكَ لَوْ كُنَّا نَقْدِرُ عَلَى مَا يَقْدِرُ عَلَيْهِ الرِّجَالَ لَمنعْنَاهُ وَذَبَبْنَاهُ عَنْهُ ③

''تیرے لیے تیرے ماموں کا بیٹا سب سے بڑھ کر خدمت اور مدد کا حق دار ہے۔ اللہ کی قسم! اگر ہم عورتوں کو مردوں

---

① الاستیعاب ص: 723۔ بنو زہرہ جنگ بدر میں شامل نہ ہوئے تھے۔ ② وہ دس (10) جلیل القدر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جنھیں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دنیا ہی میں جنتی ہونے کی بشارت دی تھی۔ ③ طبقات ابن سعد

جیسی طاقت ہوتی تو ہم اس کا بچاؤ کیا کرتیں اور اس کے دشمنوں کا جواب دیا کرتیں۔"

اروی رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ کی وفات پر مندرجہ ذیل اشعار کہے تھے:

أَلَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُنْتَ رَجَائَنَا وَ كُنْتَ بِنَا بَرًّا وَلَمْ تَكُ جَافِيَا
كَأَنَّ عَلٰى قَلْبِيْ لِذِكْرِ مُحَمَّدٍ وَمَا جَمَعْتَ مِنَ النَّبِيِّ الْمُحَاوِيَا [1]

اروی رضی اللہ عنہا کا نکاح عمیر بن وہیب بن عبد بن قصی سے ہوا تھا۔ ان کے فرزند طلیب رضی اللہ عنہ قدیم الاسلام تھے۔ ان کا شمار مہاجرین اول میں ہوتا ہے۔ انھوں نے ہجرت حبشہ کی اور پھر ہجرت مدینہ۔ بعض کے نزدیک طلیب رضی اللہ عنہ پہلے شخص تھے جنھوں نے راہ حق میں خون بہایا (بعض کے نزدیک سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ہیں) جنگ بدر میں حاضر ہوئے۔ واقعہ اجنادین میں شہید ہوئے۔ اولاد نہیں چھوڑی۔

سردار عبداللہ والد النبی ﷺ

باپ کے لاڈلے فرزند تھے۔ عبدالمطلب نے منت مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ اسے دس (10) فرزند عطا فرمائے گا تو وہ ایک کو تقرب الٰہی کے لیے ذبح کرے گا۔

جب عبدالمطلب کے گھر دس (10) فرزند پیدا ہو چکے، تب انھوں نے اپنی منت کو پورا کرنے کا ارادہ کیا۔ قرعہ ڈالا گیا تو عبداللہ کے نام نکلا۔ عبداللہ نے باپ کی خوشنودی اور مرضاۃ الٰہی کے لیے قربان ہونا قبول کر لیا، لیکن ابوطالب نے اپنے برادر شقیق کے لیے مزاحمت کی اور اشعار ذیل میں اپنا مدعا باپ سے بیان کیا:

كلا ورب البيت ذي الانصاب ما ذبح عبدالله بالتلعاب
يا شيب ان الريح ذو عقاب ان لنا جره في الخطاب
احو ال صدق كاسود الغاب [2]

حضرت عبداللہ کے ننھیال بھی اس مزاحمت میں شریک ہو گئے۔ مغیرہ بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم نے کہا:

يَا عَجَبًا مِنْ فِعْلِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَذَبْحِهِ ابْنًا كَتِمْثَالِ الذَّهَبِ
كَلَّا وَبَيْتُ اللّٰهِ مَسْتُوْرُ الْحُجُبِ مَا ذَبْحَ عَبْدِ اللّٰهِ فِيْنَا بِاللَّعِبِ [3]

آخر فیصلہ ہوا کہ ایک مشہور کاہنہ جو کچھ کہہ دے اس کے مطابق عمل کیا جائے۔ کاہنہ نے کہا کہ قرعہ اونٹوں پر ڈالنا چاہیے اور جب عبداللہ کو چھوڑ کر اونٹوں کا قرعہ نکلے اتنے اونٹ قربان کر دینے چاہئیں۔

قرعہ کا آغاز دس (10) اونٹوں سے کیا گیا۔ پھر بیس، چالیس، پچاس، ساٹھ، ستر، اسی، نوے تک بڑھاتے گئے۔ ہر دفعہ عبداللہ کا نام نکلا، لیکن جب اونٹوں کی تعداد ایک سو (100) کر دی گئی، تب قرعہ اونٹوں کا نکل آیا اور عبدالمطلب نے بیٹے کا فدیہ اپنی منت کے بدلے میں سو (100) اونٹ قربان کر دیے۔

اس میں شک نہیں کہ انسانی قربانی ایک وحشیانہ رسم ہے لیکن یہ رسم اس زمانہ تک ہر ایک ملک میں پائی جاتی تھی اور ہند، یونان، مصر و ایران، چین و افریقہ کے ممالک میں برابر جاری تھی۔ [4]

---

[1] سیرت، مولوی کرامت علی [2] سیرت، مولوی کرامت علی [3] سیرت، مولوی کرامت علی [4] نیپال اور برہما کی وحشی اقوام میں اب تک جاری ہے۔ اندرون افریقہ میں بھی غالباً موجود ہے۔

عبدالمطلب کے اس فعل میں اگر کوئی ندرت ہے تو یہ ہے کہ اس نے یہ منت خاص اللہ عزوجل کے لیے مانی تھی۔ کسی دیوتا یا بت کے لیے نہیں جیسا کہ اس رسم کے پابند لوگ کلیتاً غیر اللہ ہی کے لیے کیا کرتے ہیں۔ ممکن ہے کہ سردار عبدالمطلب کے دل میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اتباع کا شوق پیدا ہوا ہوا اور اس شوق میں ماموروغیر مامور کے فرق کو نہ سمجھ کر انھوں نے یہ باور کر لیا ہو کہ ہر ایک باپ کو قربانی فرزند کا حق حاصل ہے۔

اللہ عزوجل نے احسان فرمایا کہ عبدالمطلب کو بھی ایفائے نذر سے سرخرو کیا اور عبداللہ کو بھی بچا لیا۔ اس واقعہ سے پیشتر عرب میں انسانی دیت (خون بہا) کے لیے دس(10) اونٹ مقرر تھے، لیکن اس واقعہ کے بعد دیت کی مقدار عام طور پر سو(100) اونٹ ہوگئی، گویا عبدالمطلب کے خلوص اور سردار عبداللہ کی اطاعت پدری کا یہ نتیجہ نکلا کہ سارے ملک میں انسان کی قدر و قیمت بڑھ گئی اور یہ ظاہر ہے کہ دیت کی مقدار میں دہ چند ترقی ہو جانے سے واردات قتل کے شمار میں ضرور نمایاں کمی ہوگئی ہوگی اور اس طرح یہ واقعہ تمام ملک اور بنی نوع انسان کے لیے یمن و برکت کا موجب بن گیا۔

بے شک جس گرامی سردار کے فرزند کو رحمۃ للعالمین بننا تھا، اس کے آبائے کرام کا بھی بنو نوع انسان کے لیے ایسا ہی محسن ہونا ضروری تھا۔

سردار عبداللہ کی عفت نفس کا ایک واقعہ ابونعیم وخرائطی وابن عساکر رحمہم اللہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے کہ فاطمہ بنت مر **الخشعیمہ** نے ان سے اظہار محبت کیا اور اپنی جانب متوجہ کرنے کے لیے سو(100) اونٹوں کا عطیہ بھی ان کو دینا چاہا، لیکن انھوں نے اس درخواست کے جواب میں یہ قطعہ پڑھ کر سنایا

اَمَّا الحَرامَ فَالمَمَاتُ دُوْنَہ، وَالحِل لَاحل فَاستبَینہ،
فَکَیْفَ اِلی اِلَّا الَّذِیْ تَبْغِیْنَہ، یَحمِی الکَرِیْمُ عِرْضَہ، وَ دِیْنَہ [1]

''فعل حرام کے ارتکاب کرنے سے تو مرجانا ہی اچھا ہے۔ حلال کو بے شک میں پسند کرتا ہوں مگر اس لیے اعلان ضروری ہے کہ تم مجھے بہکاتی اور پھسلاتی ہو مگر شریف آدمی کو لازمی ہے کہ اپنی عزت اور دین کی حفاظت کرے۔''

سردار عبداللہ کا نکاح سیدہ آمنہ سے ہوا تھا۔ اس نکاح کے بعد وہ ملک شام کو تجارت کے لیے چلے گئے تھے اور واپسی کے وقت مدینے میں اس لیے ٹھہرے تھے کہ اپنے باپ کے حکم کے موافق وہاں سے کھجوروں کا سودا کریں، وہیں بیمار ہوئے اور عالم آخرت کو سدھار گئے۔

نبی ﷺ کے والدین کے اسماء پر نظر کرو، اس زمانہ کی تاریخ پر نظر ڈالتے ہوئے ہر ایک مؤرخ تعجب کرے گا کہ ایسے پاک نام کیوں کر رکھے گئے تھے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ یہ بھی ارہاص نبوت تھا جس بچے کو باپ کے خون سے عبودیت الٰہی اور ماں کے دودھ سے امن عامہ کی گھٹی ملی ہو کچھ تعجب نہ کرنا چاہیے کہ وہ محمود الافعال حمید الصفات ہو اور تمام دنیا کی زبان سے محمد کہلائے، ﷺ۔

سردار عبداللہ کا انتقال 25 سال کی عمر میں ہوا تھا۔ جب نبی ﷺ ہنوز شکم مادر ہی میں تھے۔

سیدہ آمنہ

نبی کریم ﷺ کی والدہ ہیں۔ ان کے والد بنو زہرہ کے سردار، قریش میں نہایت محترم تھے۔ سیدہ آمنہ نے اپنے چچا وہیب

---

[1] خصائص الکبریٰ، ص: 1/ 40

کی حضانت میں پرورش پائی تھی۔ وہیب بھی اپنے بھائی کی قوم کا سید اور مطاع تھا۔

آبائها	امهاتها	
وہب	بَرّہ	اب: عبدالعزی بن عثمان بن عبدالدار بن قصی سلسلہ نمبر 5 آباء نبوی ﷺ ام: ام حبیب ① بنت اسد بن عبدالعزی بن قصی
عبدمناف	قیلہ	اب: وخیر ② بن غالب بن حارث (من خزاعہ) ام: سلمٰی ③ بنت لوی بن غالب سلسلہ نمبر 10 آباء نبوی ﷺ
زہرہ	جمل	اب: مالک بن قصیہ بن سعد بن ملیح (من خزاعہ) ام: ....
کلاب	فاطمہ	اب: سعد بن سیل (من الازد) ام: ظریفہ بنت قیس

اس سلسلہ سے واضح ہوگا کہ زہرہ اور قصی بن کلاب دونوں برادر شقیق تھے۔

سیدہ آمنہ نکاح کے پہلے ہی ہفتہ میں امانت داری نور نبوی (محمدی) بن گئی تھیں، ان کا بیان ہے کہ مجھے بوڑھی عورتوں نے کہا کہ حمل کے دنوں میں کچھ لوہا گردن میں لٹکالو اور کچھ بازوؤں پر باندھ لو، میں نے ایسا ہی کرلیا مگر چند روز کے بعد دیکھا کہ وہ لوہے کی چیزیں کہیں گری پڑی تھیں، پھر میں نے کچھ بھی نہ باندھا۔ ④

سیدہ آمنہ کو خواب میں بتایا گیا تھا کہ پیٹ کے بچے کا نام احمد رکھنا، چنانچہ ماں نے آں حضرت ﷺ کا نام احمد ﷺ رکھا اور دادا نے محمد ﷺ تجویز کیا۔ پس محمد و احمد ⑤ دونوں مبارک نام حضور ﷺ کے ذاتی نام ہیں۔

اس خواب کے بعد ہی سیدہ آمنہ کو یقین ہو گیا تھا کہ ان کا مولود نہایت مبارک و مسعود ہو گا۔ چنانچہ جب حلیمہ نے آں حضرت ﷺ کو گود میں لینے سے اس لیے تامل کیا کہ حضور ﷺ یتیم بچے ہیں، تو سیدہ آمنہ نے فرمایا:

یَا ظِئْرُ سَلِیْ عَنِ ابْنِكِ فَاِنَّهٗ، سَیَكُوْنُ لَهٗ شَاْنٌ۔

''اے دایہ اس بچہ سے مطمئن رہو اس کی بڑی شان ہونے والی ہے۔''

حلیمہ بچے کو لے چلیں، تو سیدہ آمنہ نے یہ اشعار کہے:

اُعِیْذُهٗ بِاللّٰهِ ذِی الْجَلَالِ　　مِنْ شَرِّ مَا مَرَّ عَلَی الْجِبَالِ
حَتّٰی اَرَاهُ حَامِلَ الْحَلَالِ　　وَیَفْعَلُ الْعُرْفَ اِلَی الْمَوَالِی
وَغَیْرِهِمْ مِنْ حَشْوَةِ الرِّجَالِ

① ام حبیب کی ماں برہ بنت عوف نانی قلابہ بنت الحارث، پرنانی امیمہ بنت مالک، پرنانی کی ماں ذُبّ بنت ثعلبہ پڑنانی کی نانی عاتکہ بنت عاضرہ پڑنانی کی پڑنانی یعنی بنت عوف بن قصی ہے۔ (ابن سعد) ② وخیر کی ماں سلامہ بنت واہب نانی امیہ بنت قیس بن ربیعہ پڑنانی نجمہ بنت عبید ہے۔ ③ سلمٰی کی ماں ماویہ بنت کعب بن القین ہے۔ ④ (ابن سعد) ⑤ ابن سعد نے بروایت محمد بن علی یعنی ابن الحنفیہ روایت کی ہے کہ انھوں نے اپنے والد علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ انھوں نے نبی ﷺ سے سنا کہ حضور ﷺ فرماتے تھے: ''سمیت احمد'' یہ روایت مرفوع ہے۔

''میں اپنے بچے کو خدا ذوالجلال کی پناہ میں دیتی ہوں اس شر سے جو پہاڑوں پر چلتا ہے، یہاں تک میں اپنے شتر پر سوار دیکھوں اور دیکھ لو کہ وہ غلاموں کے ساتھ اور درماندہ لوگوں کے ساتھ سلوک واحسان کرنے والا ہے۔''

دو سال کے بعد جب آنحضرت ﷺ کا دودھ چھڑایا گیا تو مائی حلیمہ حضور ﷺ کو مکہ میں لائیں اس وقت مکہ میں وبا کی بیماری تھی۔ دانش مند والدہ نے حضور ﷺ کو واپس بھیج دیا۔

پانچ سال کی عمر کے بعد مائی حلیمہ نبی ﷺ کو پھر واپس لائیں۔ اس وقت ماں نے اس آنکھوں کے نور کو جس نے تمام دنیا کے سامنے نور حق روشن فرمایا، اپنے پاس رکھ لیا اور پھر ان کو ساتھ لے کر یثرب گئیں۔ ننھیال کے ملنے کا بہانہ تھا اور غالباً بے وطن متوفی شوہر کی مٹی دیکھنے کا شوق دل میں پیدا ہوا تھا۔

وہاں ایک مہینہ تک دارالنابغہ میں قیام کیا۔ اس سفر میں دو اونٹ سواری کے لیے اور ام ایمن لونڈی بھی ساتھ تھی۔ [1] نبی ﷺ جب 47 سال کے بعد مدینہ میں ہجرت فرما کر تشریف لے گئے تو بچپن کی سب باتوں کو یاد کر کے ان کا ذکر فرمایا کرتے تھے کہ یہاں ایک لڑکی انیسہ ہوتی تھی جو ہمارے ساتھ کھیلا کرتی تھی۔ اس قلعہ کے اوپر ایک پرندہ آ بیٹھا کرتا تھا۔ بچے اسے اڑایا کرتے تھے اور اس گھر میں میری ماں یہاں بیٹھا کرتی تھی اور اس گھر میں میرے والد کی قبر اس جگہ بنائی ہوئی تھی اور بنو عدی بن النجار کی باولی میں میں خوب تیرنا سیکھ گیا تھا۔

سیدہ آمنہ ایک ماہ قیام یثرب کے بعد مکہ کو واپس ہوئی تو مقام ''ابوا'' پہنچ کر ان کا انتقال ہو گیا۔ [2] غالباً پیارے شوہر کی مفارقت کا وہ اندوہ جو قبر کے دیکھنے سے بڑھ گیا اور قلب پر چھا گیا تھا اپنا کام کر گیا اور یہ پیکر محبت پھر زیادہ دیر زندہ نہ رہ سکی اور اللہ تعالیٰ کی وہ حکمت کاملہ پوری ہوئی کہ نبی ﷺ اپنی تربیت میں پدر و مادر (ہر دو) کے بار منت سے سبکدوش رہے۔ سیدہ آمنہ کے اشعار اپنے شوہر کی وفات پر درج ذیل ہیں۔

عَفَا جَانِبُ الْبَطْحَاءِ مِنِ ابْنِ هَاشِمٍ ۔۔۔ وَجَاوَرَ لَحْدًا خَارِجًا فِي الْغَمَاغِمِ
دَعَتْهُ الْمَنَايَا دعـــــوة فَأَجَابَهَا ۔۔۔ وَمَا تَرَكَتْ فِي النَّاسِ مِثْلَ ابْنِ هَاشِمِ
عَشِيَّةَ رَاحُوا يَحْمِلُوْنَ سَرِيْرَه، ۔۔۔ تَعَاوَرَهُ أَصْحَابُه فِي التَّزَاحُمِ
فَإِنْ يَكُ غَالَتْهُ الْمَنَايَا وَرَيْبُهَا ۔۔۔ فَقَدْ كَانَ مُعْطَاءً كَثِيْرَ التَّرَاحُمِ [3]

ترجمہ: ''ہاشم کا ایک فرزند بطحا کی جانب جا کر چھپ گیا۔ وہ لحد میں بہادروں کی بانگ وخروش کے ساتھ جا سویا۔ موت نے اسے پکارا اور وہ چلا گیا۔ افسوس موت نے اس کا نظیر بھی دنیا میں نہ چھوڑا۔ اسکے دوست شام کے وقت اس کی لاش اٹھا لے چلے، اور ازراہ محبت وہ نوبت بہ نوبت کاندھا بدلتے اور اس کے اوصاف باری باری بیان کرتے تھے خواہ موت نے اسے ہم سے دور ہی کر دیا مگر اس میں شک نہیں کہ وہ بہت زیادہ سخی اور غریبوں کا بہت زیادہ ہمدرد تھا۔''

---

[1] ام ایمن برکۃ بن ثعلبہ بن عمرو بن حصین بن مالک بن سلمہ بن عمرو بن النعمان سردار عبداللہ کی لونڈی خادمہ تھیں۔ نبی ﷺ کو ورثہ میں ملیں۔ نبی ﷺ ان کی بہت عزت کیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے امی بعد امی اور ان کے مکان پر جایا کرتے تھے۔ انکا پہلا نکاح عبید حبشی سے ہوا تھا جس سے ایمن پیدا ہوئے۔ دوسرا نکاح زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے ہوا جس سے اسامہ رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ بھی اپنی خلافت کے ایام میں ام ایمن کی زیارت کے لیے ان کے گھر جایا کرتے تھے۔ ایمن غزوہ حنین میں شہید ہوئے تھے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب نے اپنے قصیدہ میں ان کی اس روز کی ثبات جرأت کی تعریف کی ہے۔ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے نبی ﷺ بہت محبت کیا کرتے تھے انھوں نے 54ھ میں وفات پائی [2] مدینہ اور مکہ کے درمیان ایک بستی کا نام ''ابوا'' ہے [3] طبقات ابن سعد جلد اول۔

فصل دوم 2

آل النبی ﷺ

نبی ﷺ کے فرزندان نرینہ تین (3) اور دختران طاہرہ چار (4) ہیں۔ ہر ایک کا جداگانہ مختصر حال تحریر کیا جاتا ہے:

(الف) ابناء النبی ﷺ

① قاسم علیہ السلام

پہلے مولود ہیں جو نبی ﷺ کے گھر میں خدیجہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے پیدا ہوئے۔ پاؤں پر چلنا سیکھ گئے تھے کہ راہ گرائے عالم جاودانی ہوئے۔

نبی ﷺ کی کنیت "ابوالقاسم" ان ہی کے نام پر ہے۔ احادیث صحیحہ میں ہے کہ نبی ﷺ منع فرمایا کرتے تھے کہ کوئی شخص حضور ﷺ کے نام اور کنیت کو اپنے لیے جمع کرے اور ابوالقاسم محمد کہلائے۔ ① بعض نے اس نہی کو زمان نبوی ﷺ سے مختص قرار دیا ہے۔

② عبداللہ علیہ السلام

انہی کا لقب طیب وطاہر ② ہے۔ مکہ معظمہ میں بعثت نبوۃ کے بعد پیدا ہوئے۔ مکہ معظمہ ہی میں وفات پائی۔

انہی کی وفات پر سورہ کوثر کا نزول ہوا تھا۔ کفار سمجھتے تھے کہ فرزند کے نہ بچنے سے اب کوئی محمد ﷺ کا نام لیوا نہیں رہا۔ ان کو معلوم نہ تھا کہ زبور 45-17 حضور ﷺ ہی کی ثناء میں ہے: "میں ساری پشتوں کو تیرا نام یاد دلاؤں گا۔ پس سارے لوگ ابدالآباد تیری ستائش کریں گے" (زبور 72-17) بھی حضور ﷺ کی شان میں ہے: "اس کا نام ابد تک رہے گا۔ جب تک آفتاب رہے گا، اس کے نام کا رواج رہے گا۔ لوگ اس کے باعث اپنے تئیں مبارک کہیں گے، ساری قومیں اسے مبارک باد دیں گی۔" زبور 72-15 بھی حضور ﷺ ہی شان میں ہے۔ اس کے حق میں سدا دعا ہوگی، ہر روز اس کی مبارک باد کہی جائے گی۔

انہی بشارات صحف سابقہ اور اعلان قرآن مجید کا اثر ہے کہ ان کافروں کا نام بھی آج کوئی نہیں لیتا، جن کو اپنی اولاد کا غرور تھا، بلکہ ان کی نسل کا کوئی بچہ بھی اپنی نسبت وہاں تک نہیں پہنچاتا، لیکن حضور ﷺ کا ذکر خیر اور اسم ہمایوں اذان وتکبیر تشہد وصلوٰۃ، درود وکلمہ طیب میں زبانوں پر جاری اور دلوں پر حاوی ہے۔

③ ابراہیم علیہ السلام

مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے۔ ولادت کی اطلاع ابورافع ③ نے جو سلمٰی ④ دایہ کا شوہر تھا نبی ﷺ کے حضور میں پہنچائی تھی۔ حضور ﷺ نے اسے ایک غلام عطا فرمایا اور بچہ کا نام اپنے جد بزرگوار خلیل الرحمٰن کے نام پر "ابراہیم" رکھا ہے۔ ام بردہ بنت المنذر بن

---

① کنز العمال: 45267، مسند احمد 2/260 ② میرا ذاتی خیال ہے کہ اس مولود مسعود کا لقب "طیب" نبی ﷺ کی جانب سے تھا اور لقب "طاہر" سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی جانب سے۔ کیونکہ یہ بعثت نبوی کے بعد پیدا ہوئے تھے۔ اس لیے انھیں طیب اور طاہر کہا جاتا ہے۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے کوئی اور بچہ نبوت کے بعد پیدا نہیں ہوا۔ (مصنف) ③ نبی ﷺ کے آزاد کردہ غلام تھے۔ ④ سلمٰی سیدہ مادر زبیر رضی اللہ عنہا کی آزاد کردہ لونڈی ہیں۔ سیدہ فاطمہ بتول رضی اللہ عنہا کے تمام بچوں کی قابلہ دایہ بھی یہی ہیں۔ سیدہ بتول رضی اللہ عنہا کے غسل میں بھی مع اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا یہی شامل تھی۔ غزوہ خیبر میں بھی شریک ہوئی۔

زیدالانصاری نے جو براء بن اوس انصاری کی زوجہ ہیں۔ ان کو دودھ پلایا۔ نبی ﷺ نے ام بردہ کو ایک قطعہ نخلستان عطا فرمایا تھا۔

سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے ابھی ایام رضاعت باقی تھے کہ حوریان فردوس کی چھاتیوں کا شیر پینے کے لیے خلد بریں جا سدھارے۔
نبی علیہ السلام نے جب آخری وقت میں ان کو دیکھا تو وہ سانس چھوڑ رہے تھے۔ حضور ﷺ نے ان کو گود میں اٹھایا اور زبان سے فرمایا:

يَا إِبْرَاهِيْمُ لَا تَغْنِي عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا ① ’’ابراہیم! حکم الٰہی کے سامنے ہم تیرے کس کام آسکتے ہیں۔‘‘

پھر ارشاد فرمایا:

لَوْلَا إِنَّهَا أَمْرٌ حَقٌّ وَ وَعْدُ صِدْقٍ وَ إِنْ اٰخرنا سَيَلْحَقُ أولنا لحزنا عَلَيْكَ حُزْنًا هُوَ اشد مِنْ هذا و انا بِكَ يَا إِبْرَاهِيْمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ تَبْكِي الْعَيْنَ يَحْزُنُ الْقَلْبُ وَلَا نَقُوْلُ مَا يَسْخِطُ الرَّبَّ۔ ②

’’ہم جانتے ہیں کہ موت تو امر حق اور وعدہ صدق ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ پیچھے رہ جانے والے بھی پہلے جانے والوں کے ساتھ جا ملیں گے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تب ہم ابراہیم کا الم اس سے بھی زیادہ کرتے۔ آنکھ میں نم ہے۔ دل میں غم ہے مگر ہم کوئی بات ایسی نہ کریں گے جو رب کو ناپسند ہو۔‘‘

اتفاق یہ ہے کہ جس روز سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا انتقال ہوا اسی روز سورج گرہن بھی ہوا۔ ③ قدیم عرب کا اعتقاد تھا کہ کسوف و خسوف کسی بڑے آدمی کی موت سے ہوا کرتا ہے، اب اس واقعہ پر کچھ کچھ مسلمان بھی کہنے لگے کہ سورج ابراہیم کی موت سے گہنایا گیا۔
نبی ﷺ نے یہ سنا تو خطبہ دیا۔

إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ مِّنَ النَّاسِ وَ لٰكِنَّهُمَا اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهَا فَصَلُّوْا۔ ④

’’سورج، چاند کسی بھی انسان کی موت سے نہیں گہناتے، وہ اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں۔ جب تم گہن دیکھو تو نماز پڑھا کرو۔‘‘

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

قَدْ كَانَ مَلَأَ مَهْدَه، وَ لَوْ بَقِيَ لَكَانَ نَبِيًّا وَّ لٰكِنْ لَّمْ يَكُنْ يَبْقٰى لِأَنَّ نَبِيَّكُمْ اٰخِرُ الْأَنْبِيَاءِ ﷺ

ابراہیم سے پنگھوڑا ابھرا ابھرا نظر آتا تھا اگر وہ زندہ رہتا تو نبی ہوتا مگر زندہ کیسے رہتا، ہمارے نبی محمد رسول اللہ ﷺ تو آخری نبی ہیں۔ ⑤

ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کے الفاظ ہیں:

مَاتَ وَ هُوَ صَغِيْرٌ وَّلَوْ قُدِّرَ أَنْ يَّكُوْنَ بَعْدَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيٌّ لَعَاشَ وَ لٰكِنَّه، لَا نَبِيَّ بَعْدَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ ⑥

’’وہ بچپن ہی میں مر گیا، اگر بتقدیر الٰہی میں یہ ہوتا کہ محمد ﷺ کے بعد بھی کوئی نبی ہو تو وہ زندہ ضرور رہتا لیکن حضور ﷺ کے بعد تو کوئی بھی نبی نہیں۔‘‘

---

① ابن أبي شيبہ: 3/393، مشكل الآثار للطحاوی: 4/293، ابن سعد: 1/88، اسد الغابہ: 1/153 ② بخاری: 1303، مستدرک حاکم: 6825، ابن ماجہ: 1589
③ بخاری: 1043، 1060، مسلم: 915 ④ بخاری: 1043، 1060 مسلم: 915 ⑤ سنن ابن ماجہ: 1511 ⑥ سنن ابن ماجہ: 1510

سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی والدہ ماریہ خاتون ہیں جو قبطی نسل سے ہیں جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہم عصر شاہ مصر نے ہاجرہ خاتون کو پیش کیا تھا۔ اسی طرح نبی ﷺ کے ہم عصر شاہ مصر نے ماریہ کو خدمت نبوی ﷺ میں بھیجا۔ اس مثال میں فرق ہے تو اس قدر کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ہم عہد بت پرست و جبار تھا اور نبی ﷺ کا ہم عصر ایک پابند مذہب عیسائی باشندگان مصر بھی ان دنوں میں عیسائیت کی تحقیقات میں بہت منہمک تھے۔ اس واقعہ سے وہ پیشین گوئی پوری ہوئی جو داؤد علیہ السلام کی معرفت دی گئی تھی۔ ''بادشاہوں کی بیٹیاں تیری عزت والیوں میں ہیں ملکہ اوفیر کی سونے سے آراستہ ہو کے تیرے داہنے ہاتھ کھڑی ہے۔'' [1] زبور 45:9 نیز یہ بشارت پوری ہوئی۔ ''ترسیس [2] اور جزیروں کے سلاطین نذریں لائیں گے اور سبا اور سیبا کے بادشاہ ہدیے گزاریں گے۔'' زبور 72-10۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ واقدی رحمہ اللہ اور ابن سعد رحمہ اللہ نے ولادت ابراہیم 8ھ اور وفات 10 ربیع الاول 10ھ تحریر کی ہے، اس پر ان کا اتفاق بھی ہے کہ یوم وفات کو سورج گرہن تھا۔

ان روایات میں ولادت کا ماہ و سال اور علیٰ ہذا وفات کی تاریخ اور مہینہ سب غلط ہیں۔ صحیح صرف اسقدر ہے کہ 10ھ میں وفات پائی اور اس روز کسوف شمس تھا۔ مواہب لدنیہ میں 10ھ کے ساتھ تاریخ 28 یا 29 غالباً بتائی ہے مگر مہینہ کا تعین غلط کیا گیا۔ نبی ﷺ نے کسوف کو آیۃ من آیات اللہ فرمایا ہے۔ پس مؤرخ کے لیے بھی یہ واقعہ از برائے تصحیح تاریخ ایک آیت ہے۔ حساب لگایا گیا تو 10ھ کا سورج گرہن 29 شوال بروز دوشنبہ مطابق 27/30 جنوری 632ء ثابت ہوا ہے۔ انڈین کرونالج اور انڈین آئے راکنکھم اور انڈین کیلنڈر رابرٹ سیول نے بھی یہی تاریخ اس گرہن کی تسلیم کی ہے۔ ہندوستان میں اس روز 28 شوال تھی۔ عرب کے حساب سے 29 ہو سکتی ہے۔ اسی کو محمود پاشا فلکی نے اپنے رسالہ نتائج الافہام مطبوعہ مصر 1305ھ کے ص 10 پر اختیار کیا ہے۔

اب کہ تاریخ وفات 29 شوال 10ھ محقق ہو گئی تو امام بخاری کی روایت عن عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور مسند امام احمد کی روایت عن جابر پر بھی غور کر لینا چاہیے۔ صحیح بخاری میں عمر 17 یا 18 ماہ اور مسند میں پورے 18 ماہ بیان کی گئی ہے۔ پس ان روایات صحیحہ سے زمانہ ولادت متعین کر لینا چاہیے۔ 18 ماہ پہلے شہور کو شمار کر جاؤ۔ جمادی الاول 9ھ آئے گی۔ یہی مہینہ ولادت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا ہوا اس تحقیقات سے دیگر سب مختلف روایتوں کا ضعف نمایاں ہو جاتا ہے جو سیدنا ابراہیم کی عمر اور تاریخ وفات کے متعلق ہیں۔

صحیح مسلم کی حدیث عن انس رضی اللہ عنہ میں ہے کہ سورہ کوثر کا نزول ان کے سامنے ہوا تھا۔ [3] اس حدیث کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ سورہ کوثر کا نزول مکرر مدینہ طیبہ میں بھی ہوا اور اس کا وقت غالباً وفات سیدنا ابراہیم کا زمانہ ہی ہو سکتا ہے۔

ابراہیم علیہ السلام کی وفات پر منصب نبوۃ کی شان بھی دیکھو۔ سانس چھوڑتے وقت بچہ کو گود میں اٹھایا تو لَا تُغْنِیْ عَنْکَ شَیْئًا (اے ابراہیم ہم تیرے کچھ کام بھی نہیں آ سکتے) کی کیسی زبردست تعلیم توحید دی ہے۔

موت پر صبر کے لیے کیسے عجیب دلائل، امر صدق، وعدہ حق اور الحاق آخر باول ظاہر فرمائی ہیں پھر دلی رنج اور رضائے الٰہی کا

---

[1] داہنے ہاتھ کے الفاظ پر غور کرنا چاہیے۔ یہ ''ملک یمین کا ترجمہ ہے'' سب مورخین ماریہ خاتون کو ملک یمین بتاتے ہیں۔ پیشین گوئی بالا میں پہلے سے بتایا گیا ہے کہ وہ شہزادی ہوں گی اور ان کا آنا ملک یمین کی شان میں ہوگا۔

[2] ترسیس صوبہ حلب کے قدیم شہر کا نام ہے۔ سبا سے ملک یمن کی آبادیاں اور سیبا سے ملک مصر کی آبادیاں مراد ہیں۔ غور کرو کہ ان سب کا اجتماع نبی ﷺ ہی پر ہوتا ہے۔ [3] لفظ کوثر پر خیال کرو۔ وفات عبداللہ اور وفات ابراہیم کے درمیان زمانہ کو بھی دیکھو اور اندازہ کرو کہ اس زمانہ میں اسلام کو کس قدر وسعت ترقی، عروج اور اشاعت ہوئی یہ بھی غور کرو زمانہ مابعد میں بھی اس کا ظہور کیسا اتم و اکمل ہوا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عالم آخرت میں اس کی تکمیل اور بھی زیادہ ہوگی۔

ذکر فرما کر انسان کی کمزوری اور ایمان کی طاقت وقوت کا بیان فرمایا ہے۔

ذرا غور کرو کہ اصلاح عقیدہ مرحوم کا فرض کس قدر جلد غم فرزند پر غالب آ جاتا ہے اور نبی ﷺ کیسی سرعت وآمادگی سے وعظ ونصیحت میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ جب عام طور پر ایسی سوانح ومصائب میں لوگ اپنے آپ کو غم زدہ تصور کر کے بصورت ماتم بیٹھ جایا کرتے ہیں۔ (وَ لِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ)

اس بیان کے خاتمہ پر ہم ایک جدول بھی شامل کرتے ہیں، جس سے 23 سالہ کسوف شمس کی تاریخیں معلوم ہو سکیں گی اور قارئین پر واضح ہو جائے گا کہ عہد نبوت ﷺ میں کس کس تاریخ کو کسوف واقع ہوا۔ اس جدول سے علماء کو ان احادیث کے سمجھنے میں بھی مدد ملے گی۔ جس میں صلوٰۃ کسوف کی مختلف ومتعدد ہیئت بیان کی گئی ہیں۔

جدول [1] کسوف شمس بست وسہ سالہ عہد نبوت محمدیہ ﷺ

نمبر شمار	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	تاریخ	ماہ	سنہ اسلامی
1	9	4	609	28	4	40 میلاد نبوی ﷺ
2	23	7	613	29	9	44 میلاد نبوی ﷺ
3	21	5	616	28	8	47 میلاد نبوی ﷺ
4	14	11	616	28	2	48 میلاد نبوی ﷺ
5	4	11	617	28	2	49 میلاد نبوی ﷺ
6	31	3	618	28	7	49 میلاد نبوی ﷺ
7	24	10	618	28	2	50 میلاد نبوی ﷺ
8	9	3	620	28	7	51 میلاد نبوی ﷺ
9	2	9	620	28	1	52 میلاد نبوی ﷺ
10	27	12	623	28	6	2/ہجری
11	15	12	624	28	6	3ھ
12	26	10	626	29	5	5ھ
13	21	4	627	28	11	5ھ

[1] یہ جدول برادر بجان برابر قاضی عبدالرحمن سلمہ المنان نے تیار کیا ہے۔ نقشہ جات واقعات عظیمہ (ابتدائے سنین وشہور) جو آخر کتاب میں ہیں کی تصحیح بھی انھوں نے کی ہے۔ جزاہ اللہ فی الدارین خیرا و برادر موصوف قریباً 25 سال سے ہر سال نقشہ افطار وصوم واختتام سحری مرتب کر کے چھپوا کر مفت تقسیم کیا کرتے ہیں اور ہندوستان کے مشہور بلاد کے اوقات اس میں درج کرتے ہیں۔ یہ نقشہ سب سے زیادہ صحیح ہوتا ہے۔

نمبر شمار	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	تاریخ	ماہ	سنہ اسلامی
14	15	10	627	28	5	6ھ
15	9	4	628	28	11	6ھ
16	3	10	628	28	5	7ھ
17	13	8	630	28	4	9ھ
18	7	2	631	29	10	9ھ
19	27	1	632	28 [1]	10	10ھ یوم وفات ابراہیم

بنات النبی ﷺ

نبی ﷺ کی بیٹیاں چار (4) ہیں۔ چاروں خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بطن طاہرہ سے ہیں [2] اور سب کی ولادت مکہ معظمہ میں ہوئی۔

1. سیدہ زینب رضی اللہ عنہا: جو قاسم سے چھوٹی اور دیگر اولاد النبی ﷺ سے بڑی ہیں۔
2. سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا جو زینب رضی اللہ عنہا سے چھوٹی ہیں۔
3. سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا: جو رقیہ رضی اللہ عنہا سے چھوٹی ہیں۔
4. سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا جو ام کلثوم رضی اللہ عنہا سے چھوٹی ہیں۔

یہ امر قرآن مجید ہی سے ثابت ہے کہ نبی ﷺ کی بیٹیاں 3 یا تین سے زیادہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ قرآن فرماتا ہے:

﴿ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴾ [33:الاحزاب:59]

آیت بالا نے عہد نبوی ﷺ کی مومنات کو تین (3) اقسام پر منقسم فرمایا: ① ازواج النبی ﷺ ② بنات النبی ﷺ ③ نساء المومنین۔ یہ مسلمہ ہے کہ لفظ بنات جمع بنت کی ہے اور عربی زبان میں صیغہ جمع دو سے اوپر کے لیے ہے۔

اب یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے اسی سورہ احزاب میں پھر یہ بھی فرمایا ہے:

﴿ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ﴾ [33:الاحزاب:5]

''ان کو ان کے باپوں کی نسبت سے پکارا کرو۔ یہی بات اللہ کے نزدیک سچ اور انصاف کی ہے۔''

یہ حکم ایسے اشخاص کے متعلق ہے جن کو لوگ ان کے اصلی باپوں کے سوا کسی دیگر تربیت کنندہ کی ابیت کی نسبت دے کر بلایا کرتے تھے۔

---

[1] 28 شوال 10ھ کے بعد کوئی کسوف حیات نبوی ﷺ واقع نہیں ہوا۔
[2] اصول کافی ص278 چاپ نول کشور الشیخ ابی جعفر محمد بن یعقوب الکلینی الرازی المتوفی شعبان 329ھ

درحقیقت یہ امر سچ اور انصاف سے بعید ہوتا ہے کہ اللہ عزوجل نے خود ہی تو احزاب آیت (5) میں یہ حکم دیا کہ ہر ایک کو اس کے اصلی باپ کے نام سے بلایا کرو اور پھر خود اللہ تعالیٰ ہی جو اصدق الصادقین ہے، اسی سورۂ قرآنی کے آٹھویں رکوع میں ایسی لڑکیوں کو نبی ﷺ کی بیٹیاں بتاتا ہے جو دراصل حضور ﷺ کے خون سے نہ ہوتیں، حالانکہ قرآن مجید کے کلام الٰہی ہونے کی دلیل و برہان یہ بیان فرمائی گئی ہے کہ اس میں اختلاف نہیں پایا جاتا۔

اس کلام محکم پر یہ قیاس نہیں چل سکتا کہ شاید بیویوں کی بیٹیوں کو مجازاً بنات کہہ دیا گیا ہو کیوں کہ حقیقت کے سامنے مجاز کی کیا وقعت ہے اور منطوق الٰہی کے سامنے قیاس انسانی کی کیا منزلت۔؟

مع ہذا عربی زبان ایسی وسیع ہے کہ بیویوں کی بیٹیوں کے لیے الگ لغت موجود ہے۔ خود قرآن پاک نے ایسی لڑکیوں کے لیے لفظ ربائب استعمال کیا ہے لفظ بنات نہیں۔ [1] الغرض کلام اللہ کے لفظ بَنَاتِكَ نے علمائے نسب کی تحقیقات کی تصدیق فرمادی ہے۔ اب ہم ہر ایک بنت النبی ﷺ کا جداگانہ ذکر کرتے ہیں۔

(1) سیدہ زینب رضی اللہ عنہا

جب سیدہ زینب رضی اللہ عنہا پیدا ہوئیں تو اس وقت نبی ﷺ کی عمر مبارک 30 سال کی تھی۔ ان کا نکاح مکہ ہی میں ابوالعاص بن ربیع بن عبدشمس بن عبدمناف بن قصی سے ہوا تھا۔ ابوالعاص کی والدہ ہالہ بنت خویلد حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی سگی بہن ہیں۔ یہ نکاح خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے سامنے ہوا تھا۔

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا اپنی والدہ کے ساتھ ہی داخل اسلام ہو گئی تھیں، مگر ابوالعاص کا اسلام تاخیر میں رہا۔ جنگ بدر میں ابوالعاص قریش کی جانب تھے۔ ان کو عبداللہ بن جبیر بن نعمان انصاری نے اسیر کیا تھا۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے ان کے فدیہ میں اپنا وہ ہار بھیجا تھا جو خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے اپنی بیٹی کو جہیز میں دیا تھا۔

ابتدائے اسلام نبوت میں کافران مکہ نے ابوالعاص کو بہت اکسایا کہ وہ زینب رضی اللہ عنہا کو طلاق دے دے، مگر اس نے ہمیشہ انکار ہی کیا۔ ایک موقع پر نبی ﷺ نے ابوالعاص کے اس فعل کی توصیف شکر گزاری کے ساتھ فرمائی تھی۔

ابوالعاص نے اسیری بدر سے رہائی پاتے وقت نبی ﷺ سے وعدہ کر لیا تھا کہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کو ہجرت کی اجازت دے گا۔ چنانچہ سیدہ اپنے والد مکرم کی خدمت اقدس میں پہنچ گئیں۔ سفر ہجرت میں سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی مزاحمت ہبار بن الاسود نے نیزہ تان کر کی تھی۔ اس صدمہ سے ان کا حمل ساقط ہو گیا تھا۔ نبی ﷺ نے ان کی منقبت میں فرمایا ہے: [2]

---

[1] نبی ﷺ کے ربائب میں ام المومنین ام سلمہ کی لڑکیاں درہ، زینب، ام کلثوم اور ام المومنین ام حبیبہ کی دختر حبیبہ ہیں۔ دیگر ازواج النبی ﷺ میں سے کسی کے پہلے شوہر سے کوئی لڑکی نہ تھی۔ اب یہ بھی یاد رکھو کہ ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح نبی ﷺ سے 4ھ میں ہوا ہے اور ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا نکاح 6 ہجری میں۔ اس لیے مندرجہ بالا لڑکیوں کو ربائب النبی ﷺ ہونے کا درجہ 4ھ سے پیشتر حاصل نہ تھا اور سیدہ زینب بنت النبی ﷺ کا مذکور جنگ بدر کے (جو 2ھ میں ہوئی) فدیہ اسیران میں آتا ہے کہ انھوں نے اپنی والدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا ہار اپنے شوہر کی رہائی کے لیے بھیجا تھا اور ام کلثوم و رقیہ بنات النبی ﷺ کا ذکر واقعات قبل از ہجرت میں ابولہب کے خاسرانہ افعال میں آتا ہے پھر ہر سہ بنات النبی ﷺ کا انتقال بحیات نبوی ہوا۔ مگر مذکور بالا ربائب ارتحال نبوی کے بعد دیر تک اپنے اپنے گھروں میں آباد تھیں جس کی تفصیل ان کے حالات میں ملتی ہے۔

[2] مشکل الآثار: 1/ 45، البدایہ والنہایہ 3/ 331، التاریخ الکبیر للبخاری: 1/ 8، تاریخ دمشق: 1/ 297

هِيَ اَفْضَلُ بَنَاتِيْ اُصِيْبَتْ فِيَّ یہ میری بیٹیوں میں افضل ہے۔ میرے لیے اسے مصیبت پہنچی۔

ابوالعاص کو سیدہ زینب رضی اللہ عنہا سے بہت محبت تھی، ان کی مدح میں ابوالعاص کے دو شعر ہیں:

ذَكَرْتُ زَيْنَبَ لَمَّا رَكِبْتُ ارما ... فَقُلْتُ سُقْيًا لِشَخْصٍ يَسْكُنَ الْحَرَمَا

بِنْتُ الْاَمِيْنِ جَزَاهَا اللّٰهُ صَالِحَةً ... وَكُلّ بَعْلٍ سَيُثْنِيْ بِالَّذِيْ عَلِمَا

''مجھے زینب یاد آئی تو میں نے کہا کہ حرم کا ہر ایک باشندہ سرسبز شاداب رہے۔ زینب تو امین کی بیٹی صالحہ ہے اور ہر ایک شوہر اپنی ایسی بیوی کی تعریف ہی کرے گا۔ جیسے اوصاف کہ مجھے اس سے معلوم ہیں۔''

ابوالعاص 6ھ میں تجارت کے لیے شام گئے تھے، اس وقت قبیلہ قریش مسلمانوں کا فریق جنگ تھا۔ اس لیے ابوبصیر وابوجندل کے ہمراہی مسلمانوں نے جو اسلام لانے کے جرم میں قریش کی قید میں رہ چکے تھے اور اب سرحد شام پر ایک پہاڑ پر جا گزیں تھے۔ [1] اس قافلہ کا تمام سامان ضبط کر لیا مگر ابوالعاص کو گرفتار نہ کیا۔ ابوالعاص وہاں سے سیدھا مدینہ پہنچا، نماز صبح کے وقت مسجد میں سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی یہ آواز مسلمانوں کے کان میں پڑی۔

اِنِّيْ قَدْ اَجَرْتُ اَبَا الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيْعِ میں ابوالعاص بن ربیع کو پناہ دیتی ہوں۔

یہ آواز اس وقت سنی گئی جب مسلمان نماز میں داخل ہو چکے تھے۔ نماز سے فارغ ہوئے تو نبی ﷺ نے فرمایا گویا تم نے بھی کچھ سنا جو میں نے سنا ہے۔ سب نے عرض کی۔ ہاں۔ فرمایا:

اَمَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا عَلِمْتُ بِشَيْءٍ كَانَ حَتّٰى سَمِعْتُ مِنْهُ مَا سَمِعْتُمْ اِنَّهٗ، يُجِيْرُ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ اَدْنَاهُمْ۔

اللہ کی قسم! مجھے اس سے پہلے کچھ بھی علم نہ تھا۔ بس میں نے یہ آواز تمھارے ساتھ ہی سنی ہے۔ اور پناہ دینے کا حق تو ہر ادنیٰ مسلمان کو بھی حاصل ہے۔

پھر نبی ﷺ گھر میں بیٹی کے پاس گئے اور اسے فرمایا:

اَيْ بُنَيَّةُ اَكْرِمِيْ مَثْوَاهُ وَلَا يَخْلُصَنَّ اِلَيْكِ فَاِنَّكِ لَا تَحِلِّيْنَ لَهٗ،

''بیٹی! ابوالعاص کو عزت سے ٹھہراؤ، خود اس سے الگ رہو تو اس کے لیے حلال نہیں۔''

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے عرض کیا وہ تو مال قافلہ واپس لینے کو آیا ہے۔ تب نبی ﷺ نے لوگوں میں یہ تقریر فرمائی:

اِنَّ هٰذَا الرَّجُلَ مِنَّا بِحَيْثُ عَلِمْتُمْ وَقَدْ اَصَبْتُمْ لَهٗ، مَالًا وَهُوَ مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عَلَيْكُمْ وَاَنَا اُحِبُّ اَنْ تُحْسِنُوْا وَتَرُدُّوْا اِلَيْهِ مَالَهُ الَّذِيْ لَهٗ، وَاِنْ اَبَيْتُمْ فَاَنْتُمْ اَحَقُّ بِهٖ۔ [2]

''اس شخص کا جو تعلق ہم سے ہے وہ تم جانتے ہی ہو۔ تم کو اس کا مال ہاتھ لگ گیا ہے تو یہ داد الٰہی ہے۔ مگر میں پسند کرتا ہوں

---

[1] ابوبصیر قریشی تھے۔ اسلام لائے، قریش نے نبی ﷺ سے زیر معاہدہ حدیبیہ ان کی واپسی کا مطالبہ کیا۔ نبی ﷺ نے ان کو حوالہ کر دیا۔ یہ راہ میں سے بھاگ گئے اور ابوجندل کے پاس جا ٹھہرے۔ جب ابوجندل کے پاس نبی ﷺ کا فرمان بابت واپسی سامان ابوالعاص پہنچا تب یہ (ابوبصیر) بستر مرگ پر تھے۔ نامہ نبوی ﷺ ہاتھ میں لیا۔ اسے دیکھتے دیکھتے آنکھیں بند کر گئے۔ اس پہاڑی پر مدفون ہوئے۔ ابوجندل کا حال رحمۃ للعالمین جلد اول میں ملاحظہ کرو۔ عہد فاروقی میں غازیان اسلام میں شامل تھے۔ [2] مستدرک حاکم:5038، دلائل النبوۃ:4/84، المغازی للواقدی:2/562

کہ تم اس پر احسان کرو اور مال واپس کر دو، لیکن اگر تم اس سے انکار کرو گے تو میں سمجھتا ہوں کہ تم زیادہ حق دار ہو۔''

لوگوں نے سارا مال حتی کہ اونٹ کی نکیل کی رسی بھی واپس کر دی۔ ابوالعاص سارا مال لے کر مکہ پہنچا اور ہر ایک شخص کی ذرا ذرا سی چیز ادا کر دی۔ پھر دریافت کیا کہ کسی شخص کا کچھ اور رہ گیا ہو تو بتا دے۔ سب نے کہا اللہ تجھے جزائے خیر دے، تم تو وفی کریم نکلے۔ تب ابوالعاص ؓ نے کلمہ شہادت پڑھا اور فرمایا کہ اب تک مجھے یہی خیال اسلام سے روکتا رہا کہ کوئی شخص مجھے مال مار لینے کا الزام نہ دے۔ اب میری ذمہ داری نہ رہی لو میں اب خلعت اسلام سے ملبس و مزین ہوتا ہوں اور مدینہ کو روانہ ہوتا ہوں۔ وہ مدینہ پہنچے تو نبی ﷺ نے چھ (6) سال کی مفارقت کے بعد نکاح اول پر ہی سیدہ زینب ؓ کو ابوالعاص ؓ کے گھر رخصت کر دیا۔ سیدہ زینب ؓ کا انتقال 8ھ میں مدینہ منورہ میں ہوا۔ ان کے غسل میت کی کیفیت مشہور شیر دل صحابیہ ام سلیط ؓ نے بیان کی ہے۔ [1] یہ روایت صحیحین میں موجود ہے۔

ابوالعاص ؓ نے بماہ ذی الحجہ 12ھ وفات پائی۔ ان کا لقب جرو البطحاء تھا۔

سیدہ زینب ؓ کے بطن سے ایک فرزند علی اور ایک دختر امامہ نام پیدا ہوئی تھی۔

سیدہ امامہ ؓ نبی ﷺ کی وہ پیاری نواسی ہیں جن کو گود میں لے کر نبی ﷺ نے نماز پڑھی تھی۔ یہ حدیث صحیح مسلم و نسائی وابوداؤد میں ہے۔ نبی ﷺ نے ایک بار ان کو اَحَبُّ اَهْلِيْ اِلَيَّ (اہل بیت میں میری سب سے پیاری) فرمایا:

علی ؓ سبط الرسول کو ابوالعاص ؓ نے رضاعت کے لیے ایک قبیلہ میں چھوڑ رکھا تھا۔ نبی ﷺ نے ان کو ایام رضاعت کے بعد مدینہ منگوا لیا اور ان کی پرورش اپنی تربیت میں فرمائی۔ فتح مکہ کے دن یہی علی سبط الرسول نبی ﷺ کے ناقہ پر حضور ﷺ کے ردیف تھے۔

ہنوز عنفوان بلوغ تھا کہ رفعت بخش علیین ہوئے۔ [2]

صحیح بخاری کی حدیث عن اسامہ بن زید ؓ میں ہے۔ ہم نبی ﷺ کی خدمت میں تھے کہ حضور ﷺ کی ایک لڑکی کا خادم آیا کہ وہ حضور ﷺ کو بلا رہی ہے اور ان کا فرزند بستر موت پر ہے۔ فرمایا جاؤ لڑکی سے کہہ دو:

اِنَّ لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَلَهٗ مَا اَعْطٰى وَ كُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى۔

اللہ ہی کا ہے جو کچھ وہ واپس لیتا ہے یا عطا کرتا ہے اور اس کے ہاں ہر چیز کا وقت مقرر ہے۔

لڑکی سے یہ بھی کہہ دینا کہ صبر و شکیب قائم رکھے۔ خادم پھر واپس آیا، کہا وہ حضور ﷺ کو قسم دیتی ہیں کہ حضور ﷺ ضرور تشریف لائیں۔ نبی ﷺ چل پڑے۔ حضور ﷺ کے ساتھ سعد بن عبادہ ؓ اور معاذ بن جبل ؓ بھی تھے۔ حضور ﷺ کو بچہ دکھایا گیا وہ اس وقت سانس توڑ رہا تھا اور سسکیاں بھر رہا تھا! [3]

غالباً یہ حدیث علی سبط الرسول ﷺ ہی کی وفات کے متعلق ہے۔ [4]

سیدہ فاطمہ بتول ؓ نے علی مرتضیٰ ؓ کو وصیت فرمائی تھی کہ امامہ کو اپنے نکاح میں لے لیں۔ اس وصیت پر عمل کیا گیا۔ پھر جب مولیٰ علی ؓ مجروح ہوئے تو آپ نے امامہ کو وصیت فرمائی کہ وہ نکاح کرنا چاہیں تو مغیرہ بن نوفل سے جو حارث عم النبی ﷺ کے پوتے تھے کر لیں۔ وصیت پر عمل کیا گیا اور امیر المومنین ؓ حسن کی اجازت سے نکاح ثانی پڑھا گیا۔ مغیرہ کے ہاں سیدہ امامہ کے بطن

---

[1] بخاری و مسلم کی روایات میں "ام سلیط" کی بجائے "ام عطیہ" کا نام مروی ہے دیکھئے بخاری 1250 تا 1252، مسلم: 2176,2168 [2] ماخذ الاستیعاب ہے۔
[3] بخاری: 3125,1284، ابن ماجہ: 1588، ابن حبان: 461، مسند امام احمد: 5/204 [4] حضرت زینب ؓ کی وفات 8 ہجری میں ہوئی۔

سے ایک فرزند پیدا ہوا۔ یحییٰ نام تھا، یہ نسل دنیا سے ناپید ہو چکی ہے۔

سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا

نبی ﷺ کی دوسری بیٹی ہیں جو حضور ﷺ کی 33 سال کی عمر میں پیدا ہوئیں۔ ان کا نکاح مکہ ہی میں حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ [1]

---

[1] حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا نسب نامہ یہ ہے۔ عثمان بن عفان بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی۔ دیکھو نسب نامہ نبوی ﷺ سلسلہ نمبر 5 ان کی نانی ام حکیم بیضاء ہیں، جو نبی ﷺ کی پھوپھی ہیں۔ یہ ان دس (10) میں سے ہیں جن کو نبی ﷺ نے بشارت جنت نام بنام دی۔ نیز ان چھ (6) میں سے ہیں جن کو عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنی وصیت میں شایان خلافت بتایا تھا۔ صلح حدیبیہ کے وقت بیعت رضوان (جس کا مختصر باشان ذکر قرآن مجید میں ہے) کا وقوع اس لیے ہوا کہ نبی ﷺ کو اطلاع ملی کہ قریش نے حضور ﷺ کے سفیر عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ بدسلوکی کی ہے۔ اس بیعت میں نبی ﷺ نے اپنے ہاتھ کو عثمان رضی اللہ عنہ کا ہاتھ بنا کر ان کی طرف سے بیعت قبول فرمائی تھی۔ اس نظارہ کو دیکھ کر بے اختیار ایک صحابی بول اٹھا تھا، عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے نبی کا ہاتھ اس کے ہاتھ سے بہتر ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نہایت فیاض تھے اور جہاد بالمال میں سے سب صحابہ سے پیش پیش رہتے تھے۔ مدینہ میں بیئر رومہ کا نصف بارہ ہزار (12000) میں پھر باقی اٹھارہ ہزار (18000) میں لے کر مسلمانوں کے لیے آب شیریں کا چاہ وقف کیا تھا۔ غزوہ تبوک میں ایک ہزار (1000) شتر اور ستر (70) گھوڑے مع ساز و سامان دیے تھے۔ نقد چندہ اس کے علاوہ تھا۔ غزوہ خیبر میں وہ کیمپ افسر تھے۔ لشکر غطفان کو یہود سے علیحدہ رکھنے اور شامل نہ ہونے دینے کی ذمہ داری ان پر تھی۔ حضرت عثمان شنبہ یکم محرم 24ھ کو خلیفہ امیر المؤمنین ہوئے اور 17 ذی الحجہ جمعہ 35ھ کو اپنے ہی گھر میں دار الجر قدمدینہ طیبہ کے اندر بھوکے پیاسے شہید ہوئے۔ اس وقت 78 سال کی عمر تھی۔ جب ان کی خبر شہادت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو مسجد نبوی میں پہنچی تو انھوں نے فرمایا: تبا لکم اخر الدھر (اب تم پر ہمیشہ تباہی ہی آئے گی) علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہی کا ارشاد ہے: مَنْ تَبَرَّاَ مِنْ دِیْنِ عُثْمَانَ فَقَدْ تَبَرَّاَ مِنَ الْاِیْمَانِ (جو کوئی عثمان رضی اللہ عنہ کے دین سے بیزار ہے وہ ایمان ہی سے بیزار ہے۔ الاستیعاب)

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو مصر وغیرہ کے جس مسلم قبائل نے شہید کیا تھا اس قوم باغی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مجبور کیا کہ وہ باغیوں کے مطالبات حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تک پہنچائیں۔ اس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جو تقریر فرمائی اس کے فقرات یہ ہیں:

وَاللّٰهِ مَا اَدْرِیْ مَا اَقُوْلُ لَكَ مَا اَعْرِفُ شَیْئًا تَجْهَلُهٗ وَ لَا اَدُلُّكَ عَلٰی اَمْرٍ لَا تَعْرِفُهٗ، اِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نَعْلَمُ مَا سَبَقْنَاكَ اِلٰی شَیْءٍ فَنُخْبِرُكَ عَنْهُ وَ لَا خَلَوْنَا بِشَیْءٍ فَنُبَلِّغَكَ هُوَ وَ قَدْ رَاَیْتَ كَمَا رَاَیْنَا وَ سَمِعْتَ كَمَا سَمِعْنَا وَ صَحِبْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمَا صَحِبْنَاهُ وَ مَا ابْنُ اَبِیْ قُحَافَةَ وَ لَا ابْنُ الْخَطَّابِ اَوْلٰی بِعَمَلِ الْحَقِّ مِنْكَ وَ اَنْتَ اَقْرَبُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ شِیْجَةَ رَحِمٍ مِنْهُمَا وَقَدْ نِلْتَ مِنْ صِهْرِهٖ مَا لَمْ یَنَالَا

بخدا! میں نہیں جانتا کہ آپ سے کیا کہوں، میں کوئی ایسی بات نہیں جانتا جس کی آپ کو خبر نہ ہو۔ میں کوئی امر ایسا نہیں بتا سکتا جس سے آپ واقف نہ ہوں۔ جتنا علم ہم کو ہے اتنا آپ کو ہے۔ ہم کو آپ پر کسی شے میں سبقت نہیں۔ جس کی خبر آپ کو دے سکیں۔ ہم نے آپ سے علیحدہ کچھ نہیں سیکھا جس کی اب تبلیغ کر سکیں۔ جو کچھ ہم نے دیکھا وہ آپ نے دیکھا۔ جو ہم نے سنا وہ آپ نے سنا۔ آپ رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں رہے جیسے ہم رہے اور ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما بھی عمل حق میں آپ سے اولیٰ نہ تھے۔ آپ ان دونوں سے بڑھ کر نبی ﷺ سے قرابت داری رکھتے ہیں۔ آپ کو نبی ﷺ کے داماد ہونے کی عزت حاصل ہے جو ان دونوں کو نہ تھی۔ (نہج البلاغۃ ص 135 چھاپ دار السلطنت تبریز 1267ھ)

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ صحابی نے جن کو قرآن مجید میں عالم علم الکتاب بتایا گیا ہے۔ فرقہ باغیہ سے فرمایا تھا کہ اگر تم نے عثمان رضی اللہ عنہ مظلوم کو شہید کیا تو پھر ہمیشہ کے لیے اسلام میں تلوار چلتی رہے گی۔ اس وقت اس ارشاد کی وقعت نہ کی گئی لیکن بعد میں جتنے بھی ہولناک واقعات اہل اسلام میں ہوئے وہ اسی گناہ عظیم کی شامت ہیں کہ خلافت عظمیٰ اور حرم نبوی ﷺ اور شہر الحرام کی حرمات کو برباد کیا گیا اور اس لیے آئندہ کسی بڑی سے بڑی شے کی حرمت و عزت بھی بغاوت کرنے والوں کی نظر میں قائم نہ رہ گئی۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّاۤ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ کا قاتل شقی رومان ہے جو اسی قبیلہ مراد کا ہے جس قبیلہ سے ابن ملجم شقی قاتل امیر المؤمنین علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ تھا۔

جب عثمان رضی اللہ عنہ شہید پر حملہ کیا گیا تو اس وقت وہ قرآن مجید کی تلاوت میں مصروف تھے اور اسی طرح مصروف رہے۔ انکے نیزہ لگایا گیا، خون جو جسم سے نکلا وہ قرآن مجید پر پڑا اور آیت فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ پر خون کے چھینٹے گرے۔ تاریخ شاہد ہے کہ یہ پیش گوئی کیوں کر پوری ہوئی۔)

امیر المؤمنین عثمان رضی اللہ عنہ مظلوم بلحاظ خلافت بڑے کامیاب خلیفہ تھے۔ آج جو کوئی شخص قرآن مجید پڑھتا ہے اس پر جامع قرآن کا احسان ہے۔ بلحاظ فتوحات و ترقی دائرہ اسلام ان کے عہد میں بہت اضافہ ہوا۔

مشرق میں علاقہ جات: خراسان، ماوراء النہر، ترکستان، سندھ اور قابل۔ مغرب میں: سوڈان، سکندریہ، مراکو، تیونس، طرابلس، الغرب فتح ہوئے۔
سب سے پہلے انھوں نے بحری بیڑا بنایا جس سے ہرقل کے بیڑا کو تباہ کیا اور پھر بڑے آباد جزائر فتح کیے۔ قبرص، کریٹ، مالٹا، وغیرہ انہی کے فتح ...

سے ہوا تھا۔ اس وقت یہ بات مکہ بھر میں مشہور تھی:

اَحْسَنَ زَوْجَیْنِ رَاٰھُمَا اِنْسَانٌ رُقَیَّۃُ وَ زَوْجُھَا عُثْمَانُ (سب سے اچھا جوڑا جو دیکھا گیا ہے وہ رقیہ وعثمان رضی اللہ عنہما ہیں۔)

اس نکاح پر سعدی بنت کرز العبشیہ رضی اللہ عنہا صحابیہ کے یہ اشعار ہیں:

هدى الله عثمان الصفى بقوله — فارشده والله يهدى الى الحق
فبائع بالراى السديد محمدا — و كان ابن اروى لا يصدعن الحق
والنكحه المبعوث احدى بناته — وَكَانَ كَبَدْرٍ مازج الشمس في الافق
فداؤك ياابن الهاشمئين مهجتى — فانت امين الله ارسلت فى الخلق

سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا وہ پہلی خاتون ہیں جنھوں نے ہجرت فی سبیل اللہ کی سنت کو اپنے شوہر کا ساتھ دے کر قائم کیا اور ہر ایک ہجرت کرنے والے شاہ راہ ہدایت کا افتتاح ہمیشہ ہمیشہ کے واسطے فرمایا تھا۔ حاکم نے یہ حدیث ان کی منقبت میں روایت کی ہے:

اِنَّهُمَا لَاَوَّلُ مَنْ هَاجَرَ بَعْدَ لُوْطٍ وَّ اِبْرَاهِيْمَ [1]

لوط وابراہیم علیہما السلام کے بعد یہ پہلا جوڑا ہے جنھوں نے راہ خدا میں ہجرت کی۔

سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کے 2ھ میں چیچک نکلی اور اسی مرض میں انتقال ہوا۔ نبی ﷺ جب جنگ بدر کو تشریف لے جا رہے تھے اس وقت سیدہ صاحب فراش تھیں، نبی ﷺ نے ان کی تیمارداری کے لیے عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو مدینہ طیبہ میں چھوڑا تھا۔ زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ جس روز فتح کی بشارت لے کر مدینہ منورہ پہنچے تو اس وقت سیدہ کی تدفین ہو رہی تھی۔ عمر بوقت وفات اکیس (21) برس تھی۔

سیدہ کے بطن سے ایک فرزند عبداللہ تھا۔

عبداللہ سبط رسول ﷺ اپنی والدہ کے بعد دو سال تک زندہ رہے۔ ان کی عمر چھ (6) سال کی تھی کہ ایک مرغ نے ان کی آنکھ کے قریب ٹھونگ ماری، زخم پک گیا، آخر والدہ کی یادگار بھی آغوش مادر میں جا سویا۔

3 سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا

نبی ﷺ کی تیسری دختر ہیں۔ 3ھ میں ان کا نکاح حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ہوا۔ اسی لیے ان کو ذوالنورین کا خطاب ملا، کیوں کہ خمیت پناہی ﷺ کے دو جگر گوشے یکے بعد دیگرے ان کے سکینہ قلب بنائے گئے۔

ام کلثوم رضی اللہ عنہا کے نکاح کے وقت نبی ﷺ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو بلا کر فرمایا، یہ جبریل ہیں جو کہہ رہے ہیں کہ خدا نے

رحمہم اللہ کردہ جزیرے ہیں۔

نبی ﷺ کے شاعر خاص کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کے اشعار ان کی شہادت پر یہ ہیں:

يَا قَاتَلَ اللهُ قَوْمًا كَانَ اَمْرُهُمْ — قَتْلَ الْاِمَامِ الزَّكِيِّ الطَّيِّبِ الرُّدُنِ
مَا قَتَلُوْهُ عَلٰى ذَنْبٍ اَلَمَّ بِهٖ — اِلَّا الَّذِىْ نَطَقُوْا زُوْرًا وَّلَمْ يَكُنِ

ہندوستان میں عثمان شہید رضی اللہ عنہ کی نسل کثیر پائی جاتی ہے۔ اور دیگر جملہ اسلامی ممالک میں بھی۔ خواجہ جلال الدین کبیر الاولیاء پانی پتی، رحمہ اللہ بیہقی وقت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ شمس العلماء مولوی رحمت اللہ مہاجر رحمہ اللہ (مصنف ازالۃ الاوہام وغیرہ) اور شیخ الہند مولانا محمود الحسن رحمہ اللہ اسی دودمان عالی سے ہیں۔

[1] مستدرک حاکم: 6849

بزرگ کا حکم ہے کہ میں اپنی دوسری بیٹی تجھ سے بیاہ دوں۔ ①

جن دنوں سیدہ رقیہ ؓ کا انتقال ہوا تھا، انھی دنوں عمر فاروق ؓ کی دختر حفصہ ؓ بھی بیوہ ہوگئی تھیں، عمر فاروق ؓ نے حضرت عثمان غنی ؓ سے اپنی لڑکی کا ذکر کیا۔ انھوں نے انکار سا کر دیا تھا۔ عمر فاروق ؓ نے اپنے رنج کا اظہار نبی ﷺ سے کیا تو حضور ﷺ نے فرمایا:

اَلَا اَدُلُّ عُثْمَانَ عَلٰى مَنْ هُوَ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْهَا وَادُلُّهَا عَلٰى مَنْ هُوَ خَيْرٌ لَّهَا مِنْ عُثْمَان۔ ②

عثمان ؓ کو حفصہ ؓ سے بہتر زوجہ ملے گی اور حفصہ ؓ کو عثمان ؓ سے بہتر شوہر ملے گا۔

اس ارشاد کے بعد حفصہ بنت فاروق کو ام المومنین ؓ ہونے کا شرف عطا ہوا اور عثمان غنی کو ذوالنورین کی عزت حاصل ہوئی۔

سیدہ ام کلثوم ؓ کے اولاد نہ ہوئی۔ 9ھ میں ان کا انتقال ہوا۔ علی مرتضی ؓ و فضل بن عباس ؓ اور اسامہ بن زید ؓ نے مراسم تدفین پورے کیے۔

صحیح بخاری میں انس بن مالک ؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ ام کلثوم ؓ کی قبر پر بیٹھے ہوئے تھے اور حضور ﷺ کی ہر دو چشمان نورانی میں پانی تھا۔

④ سیدۃ النساء العالمین فاطمہ ؓ

خدیجۃ الکبریٰ ؓ کے بطن سے نبی ﷺ کی سب سے چھوٹی بیٹی ہیں، ان کی ولادت غالباً نبی ﷺ کی عمر مبارک کے اکتالیسویں (41) سال میں ہوئی۔ ③

سیدہ ابھی بچی ہی تھیں کہ نبی ﷺ کعبہ میں نماز پڑھنے گئے، وہاں بہت سے کفار قریش موجود تھے۔ جب حضور ﷺ سجدہ میں گئے تو عقبہ بن ابی معیط نے اونٹ کی اوجھ حضور ﷺ کی پیٹھ پر لا رکھی۔ حضور ﷺ اسی طرح سجدہ میں تھے کہ حضرت فاطمہ ؓ آئیں انھوں نے باپ کی پشت سے اوجھ کو گرا دیا اور عقبہ کے لیے بددعا فرمائی۔ ④

علی مرتضی ؓ کے ساتھ سیدہ کا نکاح واقعہ بدر کے بعد احد سے پہلے ہوا تھا۔

جنگ احد میں سیدہ نے عملاً حصہ لیا۔ مدینہ میں یہ خبر مشہور ہوگئی کہ نبی ﷺ شہید ہوگئے۔ سیدہ میدان جنگ میں پہنچیں اس وقت حضور ﷺ غار سے باہر نکل آئے تھے۔ سیدہ نے باپ کے زخموں کو دھویا اور جب دیکھا کہ خون نہیں تھمتا تو کھجور کی صف کو جلا کر اس کی راکھ زخموں پر رکھی، جس کے بعد خون بند ہوگیا۔ ⑤

عمران بن حصین سے روایت ہے کہ ایک بار سیدہ فاطمہ ؓ بیمار ہوئیں، نبی ﷺ نے دریافت کیا کہ پیاری بیٹی کیا حال

---

① مستدرک حاکم: 6860، اسد الغابہ 7/374، ازالۃ الخفاء: 223 ② مسند احمد 6/283، اسد الغابہ: 7/67

③ (الاستیعاب) واضح ہو کہ اصول الکافی میں شیخ محمد کلینی نے ولادت سیدہ 5 نبوت بتائی ہے اور عمر بوقت وفات 18 سال 75 یوم بعد از وفات نبوی ﷺ تھے۔ ولادت امام حسن 2ھ بتائی ہے۔ اندریں صورت عمر سیدہ بوقت ولادت امام حسن صرف دس سال ہوتی ہے اور اگر ولادت امام حسن 3ھ مان لی جائے جیسا کہ اسی کتاب کی دوسری روایت ہے، تب عمر سیدہ 11 سال ہوگی۔ اسی لیے میں نے الاستیعاب کی روایت کو ترجیح دی ہے۔ مدائنی نے ولادت سیدہ 5 سال قبل از نبوت اور عمر بوقت وفات 29 سال تحریر کی ہے۔)

④ بخاری: 3854 ⑤ مسلم: 4075

ہے؟ انھوں نے فرمایا مجھے تکلیف ہی ہے اور مزید برآں یہ کہ ہمارے ہاں کھانے کی شے بھی نہیں، نبی ﷺ نے فرمایا:

یٰبُنَیَّۃَ اما تَرْضِیْنَ انّکِ سیّدۃ نِساءِ الْعَالَمِیْنَ قَالَ یَابَتِ فَاَیْنَ مَرْیَمُ بنتِ عَمْرانَ قَالَ تِلْکَ سَیِّدَۃُ نِسَاءِ عَالَمِھَا وَ انتِ سیدۃُ نِسَاءِ عَالَمِکِ اما واللّٰہ لَقَدْ زَوَّجتکَ سیّدا فی الدنیا والأخرۃ۔ ①

”بیٹی! تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم نساء العالمین کی سیدہ ہو۔ فاطمہ ؓ نے فرمایا: بابا جان! مریم ؑ کدھر گئیں؟ فرمایا: وہ اپنے زمانے کی عورتوں کی سردار ہیں اور تم اپنے زمانے کی عورتوں کی سردار ہو اور تمھارا شوہر دنیا اور آخرت میں سیّد ہے۔“

ابی ثعلبہ الخشنی سے روایت ہے کہ نبی ﷺ جب کسی سفر سے لوٹ کر آتے تو اول مسجد میں تشریف لے جاتے، دو رکعت نفل پڑھ کر پھر سیّدہ فاطمہ ؓ کے گھر تشریف لے جاتے پھر اپنے گھر رونق افروز ہوتے۔ ابن عباس ؓ نے نبی ﷺ سے روایت کی ہے کہ نساء اہل الجنۃ کی سردار مریم ؑ اور پھر فاطمہ ؓ پھر خدیجہ ؓ پھر آسیہ ؑ زن فرعون ہیں۔ ②

ام المومنین عائشہ ؓ فرماتی ہیں: فاطمہ ؓ سے بڑھ کر کوئی بھی رسول اللہ ﷺ کا مشابہ بات چیت میں نہ تھا۔ وہ جب باپ کے پاس آیا کرتیں تو نبی ﷺ بوسہ دیتے، مرحبا فرمایا کرتے تھے اور جب آنحضرت ﷺ بیٹی سے ملنے جاتے وہ بھی اسی طرح ملا کرتی تھیں۔ ③ ام المومنین عائشہ ؓ ہی سے روایت ہے:

مَا رَاَیْتُ اَحَدًا کَانَ اَصْدَقَ لَھْجَۃً مِنْ فَاطِمَۃِ اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ الَّذِیْ وَلَدَھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ

میں نے فاطمہ ؓ سے بڑھ کر کسی کو سچ بولنے والا نہ دیکھا۔ ہاں وہی ایسا ہو سکتا ہے جو نبی ﷺ کا جایا ہو۔ ④

ام المومنین عائشہ ؓ سے جمیع بن عمیر صحابی ؓ نے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ پیارا کون تھا؟ عائشہ ؓ نے کہا: فاطمہ ؓ۔ انھوں نے پوچھا مردوں میں سے کون تھا؟ جواب دیا: شوہر فاطمہ ؓ اور یہ بھی بتایا کہ علی ؓ تو بڑے صوام وقوام تھے۔ ⑤

اسماء بنت عمیس ؓ کا بیان ہے کہ ایک بار حضرت فاطمہ ؓ نے ان سے کہا کہ عورتوں کا جنازہ جس طرح اب لے جایا جاتا ہے، مجھے تو یہ اچھا معلوم نہیں ہوتا۔ جنازے کے اوپر ایک چادر ڈال دیتے ہیں جس سے اس کا پیکر نظر آتا ہے۔ اسماء نے کہا میں نے حبشہ میں ایک دستور دیکھا ہے، تمھیں دکھاتی ہوں، پھر انھوں نے کھجور کی تازہ شاخیں منگوا کر چارپائی پر لگائیں اور ان پر کپڑا ڈال دیا۔ حضرت فاطمہ ؓ نے فرمایا یہ بہت خوب اور بہت ہی اچھا ہے۔ مرد عورت کے جنازے کی پہچان بھی ہو جاتی ہے۔ جب میں مر جاؤں تب تو اور علی ؓ مجھے غسل دینا اور کسی کو شامل نہ کرنا۔

حضرت سیدہ ؓ کی وفات شب سہ شنبہ (منگل) 3۔ رمضان المبارک 11ھ کو ہوئی۔ ان کی وصیت کے مطابق اسماء بنت عمیس زوجہ ابوبکر صدیق ؓ اور علی مرتضی ؓ نے ان کو غسل دیا۔ ⑥ حضرت عباس ؓ یا حضرت علی ؓ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ اہل

---

① حلیۃ الاولیاء: 2/ 42 ② حاکم: 3/ 157، تحفۃ الاشراف: 1346، ترمذی: 3887 ③ ترمذی: 3881، ابوداؤد: 5217، مستدرک حاکم: 4753 ④ مستدرک حاکم: 4756 ⑤ ترمذی (ان کان علمتہ) کے الفاظ سے واضح ہے کہ یہ سوال وجواب بعد از وفات علی مرتضی ؓ ہوئے تھے۔ ام المومنین کو دیکھو وہ سائل کو کس طرح حضرت سیدہ اور حضرت علی مرتضی ؓ کے فضائل بتاتی ہیں اور ان کو اَحَبُّ النَّاسِ اِلٰی رَسُوْلِ ظاہر کرتی ہیں۔ ترمذی: 3883، تحفۃ الاشراف: 16054 ⑥ الاستیعاب، بیان سلمیٰ خادم رسول غسل سیدہ میں سلمیٰ خادم رسول مولاۃ صفیہ بنت عبدالمطلب بھی شامل تھیں۔

بیت میں سے وہی سب سے پہلے نبی ﷺ سے جاملیں۔

سیدہ کی عمر کے متعلق معلوم ہوتا ہے کہ قدیم سے اختلاف چلا آتا ہے۔ زبیر بن بکار سے روایت ہے کہ ہشام نے دریافت کیا کہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی عمر کیا تھی؟ عبداللہ نے کہا تیس (30) سال کلبی نے کہا: پینتیس (35) سال۔ ہشام نے کہا: ابومحمد سنتے ہو کہ کلبی جو تاریخ میں سربر آوردہ ہے کیا کہتا ہے، انھوں نے کہا میری ماں کا حال مجھ سے دریافت کیجیے اور کلبی کی ماں کا حال کلبی سے پوچھ لیجیے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ نبی ﷺ نے اپنی مرض الموت میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا پہلے مجھے بتایا کہ میں اس مرض میں انتقال کر جاؤں گا۔ یہ سن کر میں رو پڑی تھی پھر بتایا کہ میں (فاطمہ رضی اللہ عنہا) حضور ﷺ کو خاندان کے سب اشخاص سے پہلے جا کر ملوں گی، اس پر میں خوش ہوگئی تھی۔ [1]

وفات نبوی پر سیدہ علیہا السلام کے اشعار ہیں:

اِنَّــا فَــقَــدْ نَــاکَ فَــقْــدُ الْاَرْضِ وَابِلَهَــا وَ غَــابَ مُـذْغِبْـتَ عَنَّـا الْوَحْـيُ وَالْکُـتُـبُ

"ہماری محرومی حضور ﷺ سے ایسی ہے جیسے زمین سے طراوت کا جاتے رہنا۔ جب سے آپ ﷺ غائب ہوئے ہمارے پاس سے وحی اور کلام الٰہی کا انقطاع ہو گیا۔"

فَـلَيْـتَ قَبْـلَکَ کَـانَ الْـمَوْتُ صَـادَفَنَـا لَـمَّـا نُعِيْـتُ وَ حَـالَـتْ دُوْنَکَ الْکُـتُـبُ

"کاش! حضور ﷺ کے انتقال سے پیشتر اور اس وقت سے پیشتر جب مٹی نے حضور کو پوشیدہ کر دیا تھا، ہمیں موت آ جاتی اور ہم مر گئے ہوتے۔" [2]

سیدہ فاطمہ علیہا السلام کو اپنی ہمشیروں پر بھی یہ خاص شرف حاصل ہے کہ دنیا میں ہی ان کی ذریت چلی اور ان ہی کی ذریت سے ائمۃ العظام ہوئے، جن کی شان اسلام میں نہایت ارفع و اعلیٰ ہے، علیہم السلام۔

سیدہ کے بطن اطہر سے امام حسن علیہ السلام، امام حسین علیہ السلام سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا، سیدہ زینب رضی اللہ عنہا پیدا ہوئیں۔

امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام کے حالات علیحدہ لکھ دیے گئے ہیں۔

سیدہ ام کلثوم بنت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے ہوا۔ چالیس ہزار (40000) درہم ان کا مہر تھا۔ ان کے بطن سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاں زید اور رقیہ پیدا ہوئے۔ حضرت فاروق رضی اللہ عنہ کے بعد ان کا نکاح ثانی عون بن جعفر طیار سے ہوا تھا۔

زید بن عمر رضی اللہ عنہ کی وفات اسی روز ہوئی جس روز ان کی والدہ ام کلثوم بنت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تھا۔ بنوعدی کسی بات پر جھگڑ رہے تھے۔ زید رضی اللہ عنہ ان میں صلح کرانے کے لیے نکلے۔ تاریکی شب میں ان کو شناخت نہ کیا گیا ایک شخص کی ضرب ان کے سر پر لگی، چندروز مضروب رہ کر رہ گرائے عالم بقا ہوئے۔ [3]

سیدہ زینب بنت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح عبداللہ بن جعفر طیار سے ہوا تھا۔ میدان کربلا میں اپنے برادر مکرم معظم حسین علیہ السلام کے ہمراہ

[1] بخاری: 3716 [2] از کتاب حسن الصحابہ [3] اسد الغابہ: 378/7

تھیں۔ گرفتاری کے بعد انھوں نے نہایت صبر و استقامت سے جملہ مصائب کو برداشت کیا اور اہل بیت حسین علیہ السلام کی حضانت فرمائی اور اعداء اشقیا کو خوب خوب جواب دیے۔ ان کے فرزند عدی بن عبداللہ بن جعفر بھی میدان کربلا میں شہید ہوئے۔

سیدہ نساء العالمین کی اولاد میں بعض نے محسن اور رقیہ کے نام بھی بڑھا دیے ہیں اور اکثر نے یہ نام نہیں لکھے۔ جنھوں نے لکھے ہیں وہ بھی مانتے ہیں کہ محسن اور رقیہ ہر دو کا انتقال نہایت صغر سنی میں ہو گیا تھا۔ اس لیے ان کے حالات تاریخ میں نہیں ملتے۔

سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی قبر میں بھی اختلاف ہے۔ [1] بعض نے لکھا ہے کہ وہ اپنے ہی گھر میں مدفون ہوئیں اور جب مسجد نبوی ﷺ کو وسعت دی گئی۔ تب یہ جگہ شامل مسجد نبوی ﷺ ہو گئی تھی۔ اصول الکافی میں شیخ کلینی نے بھی یہی بیان کیا ہے۔

اکثر مؤرخین کا رجحان ہے کہ ان کی قبر مبارک بقیع میں ہے۔ امام حسنؓ، امام زین العابدین اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ عم رسول اللہ ﷺ کی قبور اسی جگہ پہلو بہ پہلو ہیں۔

مسعودی رحمہ اللہ نے مروج الذہب میں تحریر کیا ہے کہ 304ھ میں بقیع میں ایک پتھر ملا تھا، جس پر یہ تحریر تھا:

هٰذَا قَبْرُ فَاطِمَةَ بِنْتَ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ واللہ اعلم۔

مرویات

[1] نسائی میں ثوبان رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث روایت کی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایک بار نبی ﷺ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر گئے، وہ سونے کا ہار اپنے گلے سے اتار کر ہند بنت ہبیرہ کو دکھا رہی تھیں اور کہہ رہی تھیں کہ علی رضی اللہ عنہ نے لا کر دیا ہے، نبی ﷺ نے یہ ہار بیٹی کے ہاتھ میں دیکھا اور واپس چلے آئے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سمجھ گئیں۔ انھوں نے ہار فروخت کر دیا اور ایک غلام خریدا اور اسے راہ حق میں آزاد کر دیا۔ نبی ﷺ کو اطلاع ہوئی تو خوش ہوئے اور الحمد للہ فرمایا۔

[2] فاطمہ بنت الحسین رحمہا اللہ نے اپنی جدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ مسجد میں داخل ہوتے وقت درود شریف پڑھ کر رَبِّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ پڑھنا چاہیے۔ اور خروج مسجد کے وقت درود شریف کے بعد یہی دعا پڑھنی چاہیے رَحْمَتِكَ کی جگہ فَضْلِكَ بدل لینا چاہیے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔ روایت میں ارسال ہے کیوں کہ فاطمہ بنت الحسین نے اپنی جدہ کو نہیں دیکھا۔ [2]

[3] ایک نہایت صحیح حدیث جسے نسائی کے سوا باقی جملہ صحاح میں روایت کیا گیا ہے، یہ ہے کہ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ایک روز ابن عبدالواحد سے فرمایا، میں تجھ سے فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت الرسول ﷺ کی ایک بات کہوں جو سارے کنبہ میں بھی نبی ﷺ کو بہت پیاری تھیں۔ ابن الواحد نے کہا: ہاں۔

علی رضی اللہ عنہ نے کہا: فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اتنی چکی پیسی کہ ہاتھوں میں نشان پڑ گئے، پانی کے لیے مشک اٹھائی کہ گردن پر نشان پڑ گیا۔ گھر میں جھاڑو دی کہ سب کپڑے میلے ہو گئے۔ انھیں ایام میں نبی ﷺ کے پاس کچھ خادم آئے۔ میں نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: تم اپنے ابا کے پاس جاؤ اور ایک خادم مانگو۔ فاطمہ گئیں، مگر وہاں ہجوم تھا مل نہ سکیں۔ اگلے روز نبی ﷺ خود آئے اور دریافت فرمایا کیا ضرورت تھی؟ فاطمہ رضی اللہ عنہا چپ ہو گئیں۔ میں نے کہا کہ میں حضور ﷺ کو بتاتا ہوں۔ چکی پیتے پیتے ان کے ہاتھوں میں

---

[1] اس پر مکمل بحث میرے سفرنامہ حجاز میں ملے گی۔ [2] ترمذی: 315,314، ابن ماجہ: 771، مسند احمد: 6/283,283

نشان پڑ گئے ہیں اور مشک اٹھاتے اٹھاتے گردن پر، میں نے دیکھا تھا کہ حضور ﷺ کے پاس کچھ غلام آئے ہیں اور میں نے ہی ان سے کہا تھا کہ حضور کے پاس جائیں اور خادم مانگیں کہ اس تکلیف سے رہائی ہو۔

نبی ﷺ نے فرمایا:

اِتَّقِی اللّٰهَ یَا فَاطِمَةُ وَاَدِّی فَرِیْضَةَ رَبِّكِ وَ اعْمَلِیْ عَمَلَ اَهْلِكِ وَ اِذَا اَخَذْتِ مَضْجَعَكِ فَسَبِّحِیْ ثَلَاثًا وَ ثَلَاثِیْنَ وَ احْمِدِیْ ثَلَاثًا وَ ثَلَاثِیْنَ وَكَبِّرِیْ اَرْبعًا وَ ثَلَاثِیْنَ فَذَالِكَ مِائَةٌ هِیَ خَیْرٌ لَّكَ مِنْ خَادِمٍ [1]

''اے فاطمہ! تقویٰ اختیار کرو۔ فرائض الٰہی ادا کرو، اپنے کنبہ کے اعمال کو اپنا دستور بناؤ اور جب بستر خواب میں لیٹو تب 33 بار سبحان اللہ 33 بار الحمدللہ 34 بار اللہ اکبر پڑھو۔ یہ پورا سو (100) ہو گیا۔ یہ عمل تیرے لیے خادم سے بہتر ہے۔''

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: رَضِیْتُ عَنِ اللّٰهِ وَ عَنْ رَّسُوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ۔

میں اللہ سے اور رسول اللہ ﷺ سے اسی حال پر خوشنود ہوں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: و لم یخدمها فاطمه رضی اللہ عنہا کو خادم نہ دی۔

اس حدیث سے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے کنبہ کی معیشت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی زہد وریاضت اور رضا وتسلیم اور نبی ﷺ کی اپنے لیے اور اپنے اَحب اہل کے لیے دنیا واموال دنیا سے علیحدگی وبرأت بخوبی آشکارا ہوگئی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَهٗ

(4) ایک اور روایت ہے جسے ابن عدی وبیہقی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا:

یَا فَاطِمَةُ مَنْ یَّمْنَعُكِ اَنْ تَسْمَعِیْ مَا اُوْصِیْكِ بِهٖ اَنْ تَقُوْلِیْ یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ وَ لَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ [2]

مطلب یہ ہے کہ اس وظیفہ کو میری وصیت سمجھ کر پڑھا کرو۔

یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ وَ لَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ،

ترجمہ: اے زندہ رہنے والے، اے قائم رکھنے والے، میں تیری رحمت سے فریاد کرتا ہوں کہ تو میرا ہر کام درست فرما اور مجھے آنکھ جھپکنے کے برابر بھی میرے نفس کے سپرد نہ کرنا۔ [3]

ابنائے فاطمہ رضی اللہ عنہا

(1) امام حسن رضی اللہ عنہ سبط النبی ﷺ

نصف رمضان 3ھ ہجری میں پیدا ہوئے۔ ان کی دایہ کا نام سودہ بنت مسرح الکندیہ ہے۔ نبی ﷺ نے ساتویں دن دو مینڈھے [4] عقیقہ کے ذبح کیے اور سر کے بالوں کے برابر چاندی کا صدقہ دیا۔

---

[1] بخاری: 5361,3705، مسلم: 2727، ابوداؤد: 2988، ترغیب والترہیب: 411/1

[2] اتحافات السنیہ: 66/5، کنز العمال: 3918، میزان الاعتدال: 2448، الکامل فی الضعفاء: 1636/4 [3] صحیح الترغیب والترہیب: 273/1

[4] ابوداود: 2841، نسائی: 165/7، عبدالرزاق: 7862، ابن الجارود: 912,911، بیہقی: 299/9، ابن حبان: 1061

حضرت علی ؓ سے روایت ہے کہ امام حسن ؓ کا نصف پیکر بالائی اور امام حسین ؓ کا نصف پیکر زیریں نبی ﷺ سے مشابہ تر تھا۔ ①

احادیث صحیحہ سے بہ تواتر ثابت ہوا ہے کہ نبی ﷺ نے ان کی شان میں فرمایا:

ان ابنی ھذا سیّدٌ وَعَسَی اللہ ان یُبْقِیَه حتّٰی یصلح به بَیْنَ فِئَتَیْنِ عَظِیْمَتَیْنِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

یہ میرا فرزند سید ہے اور اللہ تعالیٰ اسے اس وقت تک باقی رکھے گا کہ اس کے وسیلے سے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں کے اندر صلح ہو جائے۔ ②

مسند امام احمد میں امام حسن ؓ سے دعائے قنوت روایت کی گئی ہے۔

عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَّمَنِیْ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَلِمٰتٍ اَقُوْلُھُنَّ فِی الْوِتْرِ اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْ مَنْ ھَدَیْتَ وَ عَافِنِیْ فِیْ مَنْ عَافَیْتَ وَ تَوَلَّنِیْ فِیْ مَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ مَا اَعْطَیْتَ وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِیْ وَ لَا یُقْضٰی عَلَیْكَ اِنَّه، لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ وَ لَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ وَ صَلَّی اللہُ عَلَی النَّبِیِّ حاکم کی روایت میں الفاظ عَلَّمَنِیْ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ وِتْرِیْ ہیں۔

امام ترمذی نے لکھا ہے: وَلَا نَعْرِفُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْقُنُوْتِ فِی الْوِتْرِ شَیْءٌ اَحْسَنَ مِنْ ھٰذَا ③

امام حسن ؓ حضرت عثمان ؓ کی نصرت میں مبارزت کرنے والوں اور ان کی حفاظت کرنے والوں میں سے تھے۔ علی مرتضیٰ ؓ کی شہادت کے بعد چالیس ہزار (40000) سے زیادہ بہادروں نے ان کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ یہ سب وہ تھے جو حضرت علی ؓ کے ہاتھ پر موت کی بیعت کر چکے تھے۔ ان لوگوں کو حضرت امام حسن ؓ کی اطاعت ومحبت کا ذوق پہلے سے زیادہ تھا۔ چار ماہ تک امام ہمام نے عراق وعرب اور ماوراء خراسان تک کی خلافت فرمائی اور پھر معاویہ ؓ کی جانب کوچ کر دیا۔ حضرت معاویہ ؓ بھی ان کی طرف چلے۔ جب دونوں فوجوں کا تقابل ہوا تو امام حسن ؓ کا دل رحم منزل سمجھ گیا کہ جب تک ان دونوں میں ایک فوج فنا نہ ہو جائے گی تب تک لڑائی ختم نہ ہوگی۔ یہ تو سخت خون ریزی ہے۔ اس لیے معاویہ ؓ کو کہلا بھیجا کہ میں اس شرط پر کہ اس کے بعد حکومت امام حسن ؓ کی ہوگی صلح کرنے کے لیے تیار ہوں۔ تھوڑی سی ردوکد کے بعد گفتگو ختم ہوگئی اور کوفے کی جامع مسجد میں امام حسن ؓ نے بہ ماہ جمادی الاولیٰ 41ھ میں امیر معاویہ ؓ کو خلافت کی حکومت سپرد فرمائی۔

ابو عامر سفیان بن لیلیٰ ایک شخص جو کوفے کا باشندہ اور بوڑھا تھا اس نے امام حسن ؓ کی خدمت میں آ کر کہا: اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مُذِلَّ الْمُؤْمِنِیْنَ حضرت امام نے فرمایا ابو عامر ایسا نہ کہو، میں نے جو کچھ کیا مومنوں کی ذلت کے لیے نہیں بلکہ اس لیے کیا کہ محض سلطنت کے لیے مومنین کا قتل کرنا میں پسند نہیں کرتا۔ حکومت چھوڑ کر امام حسن ؓ مدینہ منورہ کو جا رہے تھے جب بیمار ہوئے تو انھوں نے فرمایا کہ مجھے کئی دفعہ زہر پلایا گیا۔ اس دفعہ تو وہ ایسا سخت ہے کہ میرا کلیجہ کاٹ ڈالا۔

امام حسین ؓ نے پوچھا بھائی! زہر کس نے دیا؟ امام حسن ؓ نے فرمایا پوچھنے سے آپ کا کیا مطلب ہے؟ کیا اسے قتل کرو

---

① ترمذی:3788، احمد:1/ 99,108 ② بخاری:2704، ابوداود:4662، احمد:5/ 37,44، نسائی:3/ 107، مسند حمیدی:793، ترمذی:3782

③ ابوداود:1425,1426، ابن ماجہ:1178، دارمی:1/ 373، ابن خزیمہ:1095,1096

گے؟ فرمایا: ہاں۔ اگر زہر دینے والا وہی شخص ہے جس کی نسبت میرا گمان ہے، تب تو اللہ تعالیٰ خود ہی انتقام لے گا اور اگر وہ نہیں، تو میں پسند نہیں کرتا کہ کسی بے گناہ کو میری وجہ سے تکلیف پہنچے۔

امام حسن رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے چند احادیث کی روایت فرمائی ہے، ان میں سے (1) دعا قنوت (2) انا ال محمّد لا تحل لنا الصَّدقةُ ہے [1] ''ہم ال محمد ﷺ کے لیے صدقہ جائز نہیں'' (3) امام احمد، ترمذی ودارمی ونسائی نے یہ حدیث بھی امام حسن رضی اللہ عنہ کی روایت سے مرفوعاً روایت فرمائی ہے۔ دَعْ مَا يُرِيْبُكَ اِلٰى مَالَا يُرِيْبُكَ فَاِنَّ الصِّدْقَ طَمَانِيَةٌ وَاِنَّ الْكِذْبَ رِيْبَةٌ۔ [2]

''شک میں ڈالنے والی چیز کو چھوڑ دو اور شک میں نہ ڈالنے والی کو اختیار کر لو کیونکہ سچ اطمینان کا باعث اور شک جھوٹ ہو سکتا ہے۔''

آخری وقت امام حسن رضی اللہ عنہ نے امام حسین رضی اللہ عنہ سے فرمایا: میں نے عائشہ ام المؤمنین سے ایک بار ذکر کیا تھا کہ مجھے اپنے گھر میں دفن ہونے کی اجازت دیں، انھوں نے مان لیا تھا مجھے وہم ہوتا ہے کہ مبادا انھوں نے میری شرم سے کہہ دیا ہو، اب تم میری وفات کے بعد جانا اور یہی درخواست کرنا اگر وہ خوشی سے اجازت دے دیں تو مجھے وہیں دفن کرنا، ہاں میرا یہ بھی خیال ہے کہ اہل حکومت مجھے وہاں دفن نہ ہونے دیں گے۔ اگر وہ ایسا کریں تو مت جھگڑنا اور پھر مجھے بقیع الغرقد ہی میں دفن کر دینا۔

جب امام حسن رضی اللہ عنہ کے جسم اطہر سے روح انور نے پرواز کیا تو امام حسین رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور ان سے اجازت مانگی تو انھوں نے کہا: نَعَمْ وَكَرَامَةٌ ہاں! اور میں اسے عزت سمجھتی ہوں۔ مروان حاکم مدینہ [3] نے یہ واقعہ سنا تو بولا کہ وہ بھی جھوٹا ہے اور وہ بھی جھوٹی ہے۔ حسن رضی اللہ عنہ یہاں کبھی بھی دفن نہ ہوگا۔ عثمان رضی اللہ عنہ کو تو انھوں نے قبرستان میں بھی دفنانے نہ دیا اور آج حسن رضی اللہ عنہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں دفن کرنا چاہتے ہیں۔ [4] حضرت امام ممدوح رضی اللہ عنہ نے 46 سال کی عمر میں بہ ماہ ربیع الاول 59ھ میں وفات پائی [5] اور والدہ مکرمہ کے پہلو میں دفن ہوئے۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی شان میں روایت ابی بکرہ میں یہ الفاظ بھی وارد ہوئے ہیں: وَاِنَّهٗ رَيْحَانَتِيْ مِنَ الدُّنْيَا [6] ''یہ میرے دنیا کے پھول ہیں۔''

اور حسنین شہیدین رضی اللہ عنہما کی منقبت میں یہ حدیث ہے:

اِنَّهُمَا سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ ''یہ دونوں نوجوان بہشت کے سردار ہیں۔'' [7] دوسری حدیث ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا وَاَحِبَّ مَنْ يُّحِبُّهُمَا [8]

''اے اللہ میں ان دونوں سے محبت رکھتا ہوں، پس تو بھی ان سے محبت فرما اور جو کوئی ان دونوں سے محبت رکھے ان سے تو بھی محبت فرما۔''

---

[1] مسند احمد: 1727 [2] ترمذی: 2518، نسائی: 5711، ابن خزیمہ: 2347، شعب الایمان: 5747، مسند احمد: 1725، دارمی 2/245 [3] مصنف رحمہ اللہ کی بات تاریخی اعتبار سے درست نہیں ہے کیونکہ اس وقت مدینہ کے گورنر سعید بن عاص تھے۔ اس نے امام حسن رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ پڑھائی تھی۔ حجرۂ عائشہ رضی اللہ عنہا میں امام حسن رضی اللہ عنہ کی تدفین سے روکنے کی حرکت مذموم مروان بن حکم نے ہی کی تھی [4] مروان کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ عثمان غنی پر منجانب باغیان قوم جو ظلم وستم ہوئے اس میں اہل بیت نے بھی کوئی حصہ لیا تھا مگر یہ بہتان عظیم ہے معلوم ہوتا ہے کہ ان ظالموں نے اپنے افعال کو چھپانے کے لیے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بزرگ نام کو سپر بنالیا تھا ورنہ ان کو عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے کوئی مناسبت نہ تھی۔ [5] ماخوذ از الاستیعاب ص: 142۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی وفات 50ھ کے قریب ہوئی تھی۔ اس طرح ان کی عمر 46 سال بنتی ہے۔ ان کی پیدائش 3ھ کی ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی وفات 58ھ ہے۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی وفات ان کی زندگی میں ہوئی تھی۔ انھوں نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو بقیع میں دفنانے پر رضامند کیا تھا۔ [6] بخاری: 3753، ادب المفرد: 85، ترمذی: 3779، احمد 2/93,85

[7] ترمذی: 3790، نسائی: 193، 260، ابن خزیمہ 1194، احمد 5/391 [8] ترمذی: 3791، کنز العمال (34280)

امام حسن رضی اللہ عنہ کے ایک قانونی مشورہ کا ذکر علامہ ابن القیم رحمہ اللہ نے لکھا ہے، جو دلچسپ ہے:

ایک شخص کو گرفتار کر کے علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے سامنے لایا گیا۔ گرفتاری ایک ویران غیر آباد مقام سے ہوئی تھی۔ گرفتاری کے وقت اس کے ہاتھ میں ایک خون آلود چھری تھی، یہ کھڑا ہوا تھا اور ایک لاش خاک و خون میں تڑپ رہی تھی۔

اس شخص نے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے سامنے اقبال کر لیا اور انھوں نے قصاص کا حکم دے دیا اتنے میں ایک شخص اور دوڑا دوڑا آیا اور اس نے خلیفہ کے سامنے اقبال جرم کیا۔ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ملزم اول سے دریافت کیا کہ تو نے اقبال جرم کیوں کیا تھا۔ اس نے کہا کہ جن حالات میں میری گرفتاری کی گئی تھی، میں نے سمجھا ان حالات کی موجودگی میں میرا انکار کچھ بھی مفید نہ ہوگا۔ پوچھا گیا کہ واقعہ کیا ہے؟ اس نے کہا: میں قصاب ہوں، میں نے جائے وقوع کے قریب ہی بکرے کو ذبح کیا تھا، گوشت کاٹ رہا تھا کہ مجھے پیشاب کا زور پڑا، میں جائے وقوع کے قریب پیشاب سے فارغ ہوا کہ میری نظر اس لاش پر پڑ گئی میں اسے دیکھنے کے لیے اس کے قریب پہنچا، دیکھ رہا تھا کہ پولیس نے مجھے گرفتار کر لیا۔ سب لوگ کہنے لگے کہ یہی شخص اس کا قاتل ہے۔ مجھے یقین ہو گیا کہ ان لوگوں کے بیانات کے سامنے میرے بیان کا کچھ اعتبار نہ کیا جائے گا۔ اس لیے میں نے اقبال جرم کر لینا ہی بہتر جانا۔

اب دوسرے اقبالی مجرم سے دریافت فرمایا: اس نے کہا کہ میں ایک اعرابی ہوں، مفلس ہوں۔ مقتول کو میں نے بہ طمع مال قتل کیا تھا، اتنے میں مجھے کسی کے آنے کی آہٹ معلوم ہوئی، میں گوشہ میں جا چھپا۔ اتنے میں پولیس آ گئی۔ اس نے پہلے ملزم کو پکڑ لیا۔ اب جب کہ اس کے خلاف فیصلہ سنایا گیا تو میرے دل نے مجھے آمادہ کیا کہ میں خود اپنے جرم کا اقبال کروں۔

یہ سن کر حضرت علی کرم اللہ وجہہ، نے امام حسن رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ تمھاری کیا رائے ہے؟ انھوں نے کہا کہ امیر المومنین اگر اس شخص نے ایک کو ہلاک کیا ہے تو ایک شخص کی جان بچائی بھی ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ﴿ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَا اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ﴾ [5:المآئدۃ:32] حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مشورہ کو قبول فرمایا، دوسرے ملزم کو بھی چھوڑ دیا اور مقتول کا خون بہا بیت المال سے دلایا۔ [1]

اولاد امام حسن رضی اللہ عنہ

امام ہمام کے بارہ (12) بیٹے تھے:

① زید ② حسن مثنیٰ ③ حسین ④ طلحہ ⑤ اسماعیل ⑥ عبداللہ ⑦ حمزہ ⑧ یعقوب ⑨ عبدالرحمٰن ⑩ ابوبکر ⑪ قاسم ⑫ عمر

پانچ بیٹیاں تھیں:

① فاطمہ ② ام سلمہ ③ ام عبداللہ ④ ام حسین رملہ ⑤ ام الحسن

امام حسن رضی اللہ عنہ کی نسل ان کے چار فرزندوں یعنی زید۔ حسن المثنیٰ۔ حسین الاثرم اور عمر سے جاری ہوئی تھی۔ مگر حسین اور عمر کا سلسلہ ختم ہو گیا اور اب دنیا میں زید اور حسن مثنیٰ کی اولاد باقی ہے۔

اولاد حسن رضی اللہ عنہ میں سے عمر، قاسم اور عبداللہ میدان کربلا میں شہید ہوئے تھے۔

---

[1] الطرق الحکمیہ فی السیاسۃ الشرعیۃ لابن القیم ص 52 مطبع مطبعۃ الآداب مصر۔

(1) زید بن حسن علیہ السلام (المتوفی 120 ہجری)

ان کی ماں کا نام فاطمہ بنت ابو مسعود عقبہ بن عمر بن ثعلبہ الخزرجی الانصاری ہے۔ حضرت زید کے فرزند ابو محمد حسن سلطنت منصور میں امیر مدینہ منورہ ہو گئے تھے۔

حضرت سید محمد گیسودراز حضرت خلیفہ خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما بھی حضرت زید بن حسن رضی اللہ عنہ کی اولاد سے ہیں۔ ان کا مزار بمقام گلبرگہ (علاقہ سرکار والی نظام خلد اللہ ملکہ) ہے۔

(2) حسن مثنیٰ علیہ السلام (المتوفی 97 ہجری)

ان کی والدہ خولہ بنت منظور بن ریان بن عمرو بن جابر بن عقیل بن ہی بن مازن بن فزارہ ہیں۔

صدقات علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا اہتمام حضرت حسن مثنیٰ ہی کے متعلق تھا، یہ میدان کربلا میں شریک ہوئے اور سخت زخمی ہو گئے تھے۔ اختتام جنگ کے بعد ان کو سسکتے ہوئے دیکھا گیا۔ اسماء بن خارجہ فزاری نے ابن سعد سے علاج کرانے کی اجازت حاصل کر لی اور یہ اچھے ہو گئے۔

امام حسین رضی اللہ عنہ کی دختر فاطمہ ان کے نکاح میں تھی جس سے ابراہیم الغمر، حسن مثلث اور عبداللہ محض پیدا ہوئے تھے۔ یہ تینوں وہ پہلے شخص ہیں ہیں جو طرفین سے فاطمی ہیں۔ یہ شرف اور میں نہیں پایا جاتا۔

ایک رومیہ عورت سے داؤد و جعفر دو اور فرزند بھی تھے۔

(1) عبداللہ محض شیخ بنو ہاشم کے لقب سے ملقب تھے۔

ان کے پانچ فرزند تھے: (1) محمد ذی النفس الزکیہ (2) ابراہیم (3) موسیٰ الجون (4) سلیمان (5) ادریس۔

محمد ذی النفس الزکیہ نے دعویٰ خلافت کیا تھا اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی رفاقت کا فتویٰ دیا تھا۔

ابراہیم بن عبداللہ محض نے بھی دعویٰ خلافت کیا تھا اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو چار ہزار (4000) درہم بطور امداد بھیجے تھے، ان کے بیٹے حسن اور ان کے فرزند عبداللہ مشہور ہیں۔ دنیا میں ان کی نسل باقی ہے۔

عبداللہ محض کے فرزند موسیٰ الجون کی نسل بھی بہت پھیلی ہے۔ شیخ الجلیل امام اولیاء ابو صالح سیدی الشیخ عبدالقادر جیلانی (1) حضرت موسیٰ الجون ہی کی نسل سے ہیں۔

---

(1) سنہ ولادت لفظ عاشق (471) ہے۔ سنین عمر لفظ کامل (91) ہے۔ سنہ وفات لفظ معشوق الٰہی (562) سے برآمد ہوتا ہے۔ حنبلی المذہب تھے۔ کرامات کثیرہ کی روایات تواتر کے ساتھ مشہور ہیں۔ سلسلہ قادریہ ذات گرامی تک منتہی ہوتا ہے۔

تصنیفات سے چند کتابیں ملتی ہیں۔ سید عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر کیا ہے کہ سید الشیخ جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ایک روز مجھے نور عظیم نظر آیا جس نے افق کو چھپا لیا تھا۔ پھر اس میں سے ایک صورت نمودار ہوئی، اس نے کہا: عبدالقادر میں تیرا رب ہوں اور تیرے لیے جملہ محرمات کو حلال کرتا ہوں۔ میں نے کہا اے لعین دور۔ دور۔ اسی وقت وہ نور ظلمت بن گیا اور وہ صورت دھواں بن گئی۔ پھر آواز آئی عبدالقادر تیرے رب نے تجھے علم دیا اور منازل احوال کا تفقہ عطا کیا۔ اس لیے تو بچ گیا ورنہ ستر اہل طریق کو میں اسی طرح گمراہ کر چکا ہوں۔ میں نے کہا یہ سب کچھ فضل ربی ہے۔ حاضرین نے عرض کیا کہ حضور کیوں کر سمجھ لیا کہ وہ شیطان ہے۔؟ فرمایا اس فقرہ سے کہ جملہ محرمات کو حلال کرتا ہوں۔ لواقح الانوار فی طبقات الاخیار للشعرانی نے نسب عالی اسی طرح بیان کیا ہے۔ شیخ عبدالقادر بن موسیٰ بن عبداللہ بن یحییٰ الزاہد بن محمد بن داؤد بن موسیٰ بن عبداللہ بن موسیٰ الجون بن عبداللہ المحض بن حسن المثنیٰ بن امام حسن بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔

② ابراہیم الغمر بن حسن مثنیٰ کا لقب غمر کثرت جود کی وجہ سے پڑ گیا تھا۔ ابو اسماعیل کنیت ہے۔ 145ھ میں 69 سال کی عمر میں وفات پائی تھی۔ ان کی نسل اسماعیل دیباج سے جاری ہے۔ اسماعیل دیباج کی کنیت ابو ابراہیم اور لقب شریف الخاص تھا۔ ان کے فرزند حسن کی نسل دو فرزندان الفتح اور ابراہیم طباطبا سے جاری ہے اور بہ کثرت پائی جاتی ہے۔ سادات بنومعیہ کے سلسلہ نسب انہی میں آ کر شامل ہوتا ہے۔ بنومعیہ میں سے سید عماد الدین محمد بن حسین بن قریش کی اولاد دہلی میں موجود ہے۔

③ حسن المثلث بن حسن مثنیٰ کی کنیت ابوعلی ہے۔ 149ھ میں وفات پائی۔ ان کی نسل دنیا میں موجود ہے۔

④ داؤد بن حسن مثنیٰ کی والدہ رومیہ ہیں۔ یہ اور امام جعفر صادق باہم رضیع تھے اور یہی صدقات علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے متولی تھے۔ ان کی نسل سلیمان بن داؤد سے جاری ہے۔ سلیمان کی والدہ ام کلثوم بنت امام زین العابدین ہیں۔ سلیمان کی نسل چار فرزندوں: (1) موسیٰ (2) داؤد (3) اسحٰق (4) حسن، سے دنیا میں موجود ہے۔

⑤ جعفر بن مثنیٰ کی کنیت ابوالحسن ہے۔ 70ھ میں وفات پائی۔

ان کا بیٹا حسن تھا، جس کی نسل عبداللہ اور جعفر ملقب بہ غدار اور محمد الشلیق سے جاری ہے۔ قزوین۔ راوند، مراغہ میں یہ نسل پائی جاتی ہے۔

② امام حسین رضی اللہ عنہ سبط الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

امام حسن رضی اللہ عنہ کے برادر خورد ہیں۔ 5 شعبان 4ھ کو مدینہ میں پیدا ہوئے۔

واقدی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کا قول ہے حسن رضی اللہ عنہ کی ولادت سے 50 یوم بعد حسین رضی اللہ عنہ نے بطن مادر مطہر میں استقرار پایا تھا۔ امام جعفر صادق عن ابیہ کی روایت ہے: لَمْ یَکُنْ بَیْنَ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ اِلَّا طُهْرًا وَّاحِدًا۔ [1]

مصعب الزبیری سے روایت ہے کہ امام حسین رضی اللہ عنہ نے پچیس (25) حج پیادہ کیے تھے۔ یہ روایت الاستیعاب کی ہے۔ الکافی میں ہے کہ امام حسن رضی اللہ عنہ نے بیس (20) حج پیادہ کیے تھے۔ میرے نزدیک یہ دونوں روایات شہیدین سعیدین کے متعلق صحیح معلوم نہیں ہوتی ہیں۔ صورت تطبیق یہ ہے کہ دونوں بھائیوں نے بیس (20) حج اکٹھے کیے ہوں گے۔ امام حسین کے پانچ (5) حج زائد ہیں یہ غالباً بعد از وفات امام حسن رضی اللہ عنہ ادا کیے ہوں گے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میری آنکھوں نے دیکھا اور میرے کانوں نے سنا کہ حسین رضی اللہ عنہ بچہ ہی تھے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی دونوں کلائیوں کو پکڑا۔ اس وقت حسین رضی اللہ عنہ کے قدم نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت قدم پر تھے۔ پھر فرمایا، چڑھو، چڑھو۔ حسین اوپر کو چڑھتے جاتے تھے، حتی کہ ان کے پاؤں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سینہ پر تھے اور منہ کے برابر منہ تھا۔ پھر فرمایا کہ منہ کھولو۔ انھوں نے منہ کھولا تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کا منہ چوم لیا اور زبان سے فرمایا:

اَللّٰهُمَّ اَحِبَّهٗ فَاِنِّیْ اُحِبُّهٗ الٰہی میں اس سے محبت رکھتا ہوں تو بھی اس سے محبت فرما۔ [2]

امام زہری رحمۃ اللہ علیہ نے (باسناد عن علی بن الحسین عن ابیه) امام حسین رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث نبوی روایت کی ہے۔

---

[1] حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ میں صرف ایک طہر کا فاصلہ تھا۔ ان روایات سے معلوم ہو گیا کہ یہ غلط بات مشہور ہے کہ امام حسین رضی اللہ عنہ بطن والدہ مطہرہ میں صرف چھ ماہ ٹھہرے تھے کیوں کہ ابتدا و انتہا سے حمل کی تاریخوں کا تعین ہو چکا ہے۔ اسد الغابہ 27/2 [2] بخاری: 3749؛ مسلم 58-2422؛ ترمذی: 3792؛ ادب المفرد: 86

مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَالَا يَعْنِيْهِ [1]

''انسان کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ ناکارآمد چیز کو ترک کردے۔''

امام حسن ؓ سے روایت ہے کہ میں نے اپنے ماموں ہند بن ابی ہالہ سے جو نبی ﷺ کا حلیہ مبارک بیان کرنے میں ممتاز تھے نبی ﷺ کا حلیہ سنا اور کچھ عرصہ تک اس کا ذکر حسین ؓ سے نہ کیا۔ پھر جب میں نے ذکر کیا تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ مجھ سے پیشتر ہی دریافت کرچکے اور سن چکے تھے، بلکہ انھوں نے حضور ﷺ کی آمد و رفت کے متعلق کچھ زائد معلومات بھی حاصل کر رکھی تھیں۔ [2]

مسند احمد و سنن ابوداؤد میں ایک حدیث مرفوعاً حسین علیہ السلام سے مروی ہے:

اِنَّ لِلسَّائِلِ حَقًّا وَّاِنْ جَآءَ عَلٰى فَرَسٍ [3]

''سائل کا حق قائم ہوجاتا ہے خواہ وہ گھوڑے پر ہی سوار آئے۔''

امام حسین ؓ شاعر بھی تھے۔ مندرجہ ذیل اشعار اپنی بیوی رباب بنت امرئ القیس الکلبی [4] اور اپنی بیٹی سکینہ [5] جو رباب کے بطن سے ہیں، انشاء فرمائے تھے:

لَعَمْرُكَ اِنَّنِيْ لَاُحِبُّ اَرْضًا ... تَحُلُّ بِهَا سُكَيْنَةُ وَالرَّبَابُ [6]
اُحِبُّهُمَا وَاَبْذُلُ جُلَّ مَالِيْ ... وَلَيْسَ لِعَاقِبٍ عِنْدِيْ عِتَابُ
فَلَسْتُ لَهُمْ وَاِنْ عَابُوْا مُضِيْعًا ... حَيَاتِيْ اَوْ يُغَيِّبَنِيْ التُّرَابُ
كَاَنَّ اللَّيْلَ مَوْصُوْلٌ بِلَيْلٍ ... اِذَا زَارَتْ سُكَيْنَةُ وَالرَّبَابُ

بی بی رباب کی محبت میں اشعار ارشاد فرمائے گئے وہ بھی مہر وفا کی پتلی تھی۔ امام ہمام کی شہادت کے بعد بہت لوگوں نے ان کے پاس پیغام نکاح بھجوائے مگر انھوں نے انکار ہی کردیا۔ صاحب الاغانی نے سند متصلہ کے ساتھ ان کے مندرجہ ذیل اشعار جو شہادت کے بعد کہے گئے روایت کیے ہیں۔

ان الّذی کان نور یستضاء بہ ... بکربلاء قتیل غیر مدفون
سبط النبی جزاك اللہ صالحۃ ... عنّا وجنبت خسران الموازین

---

[1] ترمذی: 2318، ابونعیم فی الحلیۃ: 10/171، تحفۃ الاشراف 13/316۔ [2] شمائل ترمذی: 8 [3] مسند امام احمد: 1732، ابوداؤد: 1665۔

[4] صاحب الاغانی نے عوف بن خارجہ المری سے روایت ہے کہ میں عمر فاروق ؓ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، اتنے میں ایک اُلجھ ... شخص لوگوں کو چیرتا ہوا آیا۔ اس نے بتایا کہ وہ امرء القیس الکلبی ہے۔ جس نے بکر بن وائل پر حملہ کیا تھا۔ امیر المومنین عمر ؓ نے پوچھا اب کیا چاہتے ہو؟ وہ بولا اسلام۔ فاروق ؓ نے اسے مسلمان بنایا اور اسے شام کے رہنے والے جو قضاعہ کا سردار بنادیا اور رایت سرداری عطا کردیا۔ امرء القیس اس مجلس سے اٹھا تو اس کے سر پر رایات سرداری لہرا رہا تھا، وہ اسی وقت واپس چل دیا۔ حضرت علی مرتضیٰ حسین کو لیے ہوئے اس کو راہ میں مل گئے۔ امرء القیس سے فرمایا میں علی عم زادِ نبی ہوں میرے یہ دونوں فرزند رسول اللہ ﷺ کے نواسے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ ہماری قرابت ہوجائے۔ امرء القیس بولا، میری تین بیٹیاں ہیں: محیاۃ علی کو، سلمیٰ حسن کو اور رباب حسین کو دیتا ہوں۔ اس طرح رباب امام حسین ؓ کے نکاح میں آگئی تھیں۔ [5] سکینہ صیغہ تصغیر ہے۔ ان کا نام امیمہ یا امینہ ہے جو بیان کیا گیا ہے۔ ان کے کئی نکاح ہوئے۔ اول عبداللہ بن حسن بن علی سے ہوا تھا۔ ایک نکاح مصعب بن زبیر سے ہوا تھا۔ ایک لاکھ کا مہر ادا کیا گیا۔ یہ غلط ہے کہ سکینہ کا انتقال زندان شام اور بچپنے میں ہوگیا تھا۔ [6] پہلے تین شعر اغانی سے اور چوتھا روض الانف سے نقل کیا گیا ہے۔ ان کا ترجمہ یہ ہے: سچ تو یہ ہے کہ میں اس جگہ سے الفت رکھتا ہوں جہاں سکینہ اور رباب ٹھہری ہوئی ہیں۔ مجھے ان دونوں سے محبت ہے۔ میں ان پر دولت کثیر خرچ کرتا ہوں اور عاتب کے عتاب کی پروا نہیں کرتا۔ گو وہ یہاں موجود نہیں ہیں مگر میں غور و برداشت سے بے خبر نہ رہوں گا جب زندہ ہوں اور جب تک مٹی مجھے چھپا نہ دے گی۔ جب سکینہ و رباب اپنے اقارب سے ملنے گئی ہوئی ہوں تو رات ایسی لمبی نظر آتی ہے کہ گویا رات کے ساتھ دوسری رات مل گئی ہے۔

قد کنت لی جبلا صعبا الوزبہ — و کنت تصحبنا بالرحم والدین
من للیتامٰی و من للسائلین و من — یعنی و یاوی الیہ کلّ مسکین
واللہ لا ابتغی صہرا بعدکم — حتی اغیب بین الرمل والطین [1]

حضرت امام ہمام کی شہادت بروز جمعہ عشرہ محرم 60ھ کو میدان کربلا میں جسے طف بھی کہتے ہیں۔ آغاز وقت زوال میں ہوئی۔

انا للہ و انا الیہ راجعون!

﴿وَ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ یُرْزَقُوْنَ O فَرِحِیْنَ بِمَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَ یَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِیْنَ لَمْ یَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ O یَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضْلٍ وَّ اَنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ O اَلَّذِیْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِیْمٌ﴾ [آل عمران:173]

”واقعہ ہائلہ کربلا کا مکمل بیان میں نے لکھا تھا اور ارادہ تھا کہ اسی کتاب میں شائع کیا جائے مگر احباب کے مشورہ سے قرار پایا کہ اسے علیٰحدہ شائع کیا جائے تاکہ تھوڑی قیمت پر بہت ہاتھوں تک پہنچ سکے۔ اس مضمون میں واقعات کو تنقید صحت کے بعد لکھا گیا ہے۔ اصل خطوط کی عبارتیں نقل کی گئی ہیں اور شہداء کے اسماء اور قبائل کی تحقیقات کی گئی ہے۔“

اولاد حضرت حسین رضی اللہ عنہ

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ

اسم مبارک علی ہے۔ کثرت عبادت کی وجہ سے زین العابدین، سجاد، ذوالثفنات لقب پڑ گئے تھے۔ واقعہ کربلا میں عمر مبارک 23 سال کی تھی۔ 38ھ میں پیدا ہوئے۔ 95ھ میں وفات پائی۔ ان کی والدہ بنت یزدجرد ہیں۔ جو عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد میں اسیر ہو کر آئی تھیں۔

امام زین العابدین کی نسل دنیا میں چھ فرزندوں (1) محمد باقر (2) عبداللہ الباہر (3) زید الشہید (4) عمر الاشرف (5) حسین الاصغر (6) علی الاصغر سے باقی ہے۔

دو بیٹیاں: ام کلثوم وخدیجہ تھیں

ام کلثوم: کا نکاح داؤد بن حسن مثنیٰ سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے سلیمان پیدا ہوا۔ سلیمان کی نسل داؤد، اسحاق اور حسن سے جاری ہے۔
خدیجہ کا نکاح محمد بن عمر بن علی مرتضیٰ سے ہوا۔ ان کے بطن سے عبداللہ، عبیداللہ، عمر پیدا ہوئے۔ نسل باقی ہے۔

عبداللہ الباہر بن زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ

امام باقر کے برادر شقیق ہیں، ان کی نسل محمد الارقط سے جاری ہے۔ اس کا ایک ہی بیٹا تھا، اسماعیل۔ ان کے دو بیٹے تھے۔ حسین

[1] ان اشعار کا مصرعہ اول حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے نعتیہ اشعار سے لیا گیا ہے۔ ترجمہ اشعار یہ ہے: وہ نور جو روشنی پھیلاتا تھا کربلا میں مقتول پڑا ہے۔ اسے کسی نے دفن بھی نہ کیا۔ اے سبط نبی اللہ تجھے ہماری جانب سے بہترین جزا عطا فرمائے۔ آپ میزان عمل کے خسران سے بچائے گئے۔ تم میرے لیے بلند پہاڑ کی چوٹی تھے جس کی پناہ لیا کرتی تھی۔ (یہ محاورہ حضرت داؤد کی زبور میں بکثرت ہے) آپ کا برتاؤ ہمارے ساتھ رحم اور دین کا تھا۔ اب یتیموں کا کون ہے؟ اب فقیروں کا کون ہے؟ اب کون رہ گیا ہے جس کے پاس ہر ایک مسکین کو جا ملے۔ اب میں اس قرابت کے بعد اور کوئی خویشی پسند نہ کروں گی۔ حتیٰ کہ ریت اور مٹی کے تودہ میں جا چھپوں۔ فقط۔

اور محمد۔ یہ نسل رے، قم، جرجان میں پائی جاتی ہے۔

زید الشہید بن امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ

ان کی والدہ ام ولد تھیں، انھوں نے عہد سلطنت ہشام میں دعویٰ خلافت کیا تھا۔ بہت لوگوں نے بیعت کر لی تھی۔ مدائن، بصرہ، واسط، موصل، خراسان، رے، جرجان کے علاوہ صرف کوفہ ہی کے پانچ ہزار (5000) شخص تھے۔ جب یوسف ثقفی نے ان کے مقابلہ میں لشکر لایا تو یہ سب لوگ امام کو چھوڑ کر بھاگ گئے۔ زید شہید نے فرمایا کہ رَفَضُوْنَا الْيَوْمَ اس دن سے رافضی کا لفظ نکلا۔ آپ 15 صفر 121ھ کو اس جنگ میں زخم تیر سے شہید ہوئے تھے۔

ان کے چار فرزند تھے۔ یحییٰ جو 18 سال کی عمر میں شہید ہو گئے تھے۔ ان کی ایک دختر تھی، باقی تین فرزندوں حسین، ذی الدمعہ عیسیٰ موتم الاشبال، محمد سے نسل جاری ہے۔ [1]

حسین ذی الدمعہ نے 135ھ میں وفات پائی۔ نسل کثیر باقی ہے اور کیتھل، سنبھل وغیرہ میں پائی جاتی ہے۔ یہ لوگ ترمذی کہلاتے ہیں۔

عیسیٰ موتم الاشبال کی نسل چار فرزندوں: احمد، زید، محمد، حسین عصارہ سے جاری ہے۔

سادات بارہ بلگرام کا نسب محمد بن عیسیٰ تک منتہی ہوتا ہے۔ حسان الہند میر غلام علی آزاد بلگرامی قدس سرہ المتوفی 1200ھ اسی نژاد عالی سے ہیں۔

عمر الاشرف بن امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ

زید شہید کے برادر شقیق ہیں۔ ان کی نسل علی الاصغر سے جاری ہوئی۔ ان کے تین فرزند قاسم، عمر الشجری، ابو محمد الحسن تھے۔ نسل کثیر باقی ہے۔

حسین الاصغر بن امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ

ان کی والدہ کا نام ساعدہ ہے۔ جو ام ولد ہیں۔ حسین الاصغر نے 157ھ میں وفات پائی۔ بقیع میں دفن ہوئے۔

1. عبد اللہ
2. عبید اللہ الاعرج
3. علی
4. ابو الحسن
5. سلیمان

سے نسل باقی ہے۔ حجاز و عراق، شام و مغرب میں پائی جاتی ہے۔

علی الاصغر بن امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ

ان کی نسل افطس سے جاری ہے۔ افطس کی نسل علی الحوری، عمر، حسین، حسن مکفوف، عبد اللہ الشہید سے جاری ہے۔

امام باقر رحمۃ اللہ علیہ

محمد نام، باقر لقب، ابو جعفر کنیت ہے۔ باقر العلوم، وافر الحلم جلیل القدر تھے۔ صحیح مسلم میں ان کی حدیث عن جابر رضی اللہ عنہ دربارہ حج موجود ہے۔ [2] جس سے دو سو (200) کے قریب مسائل مستخرج ہوتے ہیں۔ صحاح و سنن میں ان کی مرویات خوب ملتی ہیں۔ ولادت مدینہ میں 57ھ میں، وفات 114ھ میں ہوئی اور جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

---

[1] دست بدست لڑائی میں شیر کو ہلاک کیا تھا۔ موتم الاشبال 'بچگان شیر کو یتیم بنانے والا' لقب پڑ گیا۔

[2] مسلم: 2950

واقعہ کربلا میں تقریباً تین سال کے تھے، ان کی نسل صرف امام جعفر صادق سے جاری ہے۔ ان کی والدہ ام عبداللہ بنت امام حسن رضی اللہ عنہ ہیں۔

امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ

جعفر نام، صادق لقب، ابوعبداللہ کنیت ہے۔ ان کی والدہ ماجدہ ام فروہ ہیں، جو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پوتے، قاسم الفقیہ کی بیٹی ہیں۔ ام فروہ کی والدہ اسماء بنت عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ اسی لیے امام جعفر صادق فخراً فرمایا کرتے تھے۔ وَلَدَنِیْ اَبُوْبَکْرٍ مَرَّتَیْنِ مجھے ولادت میں ابوبکر سے دوہرے واسطے ہیں۔

وافر العلوم، کثیر الفیوض تھے۔ دواوین، احادیث وسنین میں ان کی مرویات اور فتاویٰ موجود ہیں۔ ولادت 83ھ۔ وفات 148ھ۔ بقیع میں مدفون ہوئے۔

ان کی نسل پانچ فرزندوں ① موسیٰ کاظم ② اسماعیل ③ علی العریضی ④ محمد المامون ⑤ اسحٰق سے جاری ہے۔

① اسماعیل: اپنے والد کے فرزند اکبر ہیں۔ اسماعیلیہ ان ہی کو جعفر صادق کے بعد امام مانتے ہیں۔ ہز ہائینس (His Highness) مسٹر آغا خاں بالقابہ کا سلسلہ نسب انہی سے ہے۔ ان کی نسل دو فرزندوں محمد اور علی سے جاری ہے۔

علی ملقب ضیاء الدین کے سلسلہ نسب میں مخدوم سید علاؤ الدین علی احمد صابر کلیری رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

② علی العریضی بن امام جعفر صادق کی نسل چار فرزندوں: ① محمد ② احمد الشعرانی ③ حسن ④ جعفر الاصغر سے جاری ہے اور خلق کثیر موجود ہے۔

③ محمد المامون یا محمد وساج۔ انھوں نے دعویٰ خلافت بھی کیا تھا۔ مامون الرشید نے ان کو گرفتاری کے بعد معاف کر دیا تھا۔ ان کی نسل علی الخارجی، قاسم، حسین سے جاری ہے۔ اکثر مصر میں پائے جاتے ہیں۔

④ اسحٰق بن جعفر صادق: مؤتمن لقب، ابومحمد کنیت، امام موسیٰ کاظم کے برادر شقیق ہیں۔ شیعہ کا ایک فرقہ ان کو امام مانتا ہے۔

ان کی نسل محمد، حسن، حسین، تین فرزندوں سے جاری ہے۔

امام موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ

موسیٰ نام، کاظم لقب۔ ابوالحسن اور ابو ابراہیم کنیت تھی۔ ان کی والدہ کا نام حمیدہ ہے، جو ام ولد تھیں۔ ولادت 128ھ مقام ابواء۔ وفات 6 رجب 183ھ کو بمقام بغداد ہوئی۔

یہ 23 بیٹوں اور 37 بیٹیوں کے والد ہیں۔ فرزندان نرینہ میں سے عبدالرحمٰن، عقیل، قاسم، یحییٰ، داؤد لاولد تھے۔

سلیمان، فضل، احمد کے صرف اولاد دختری تھی۔

حسین، ابراہیم الاکبر، ہارون، زید، حسن کی اولاد کے متعلق علماء نسب میں اختلاف ہے۔

علی، ابراہیم الاصغر، عباس، اسماعیل، اسحٰق، حمزہ، عبداللہ، عبیداللہ، جعفر کی نسل جاری ہے۔

سلطان الہند خواجہ بزرگ سید معین الدین حسن سنجری رحمۃ اللہ علیہ اجمیری المتوفی 6 رجب 623ھ امام موسیٰ کاظم ہی کی اولاد ہیں۔

امام علی الرضا رحمۃ اللہ علیہ

علی نام۔ رضا لقب۔ ابوالحسن کنیت ہے۔ ولادت 148ھ۔ وفات بہ ماہ صفر 203ھ بہ عمر پنجاہ و پنج (55) سال۔ مزار مشہد

مقدس میں ہے۔ان کی نسل صرف محمد الجواد سے جاری ہے۔

امام محمد الجواد رحمۃ اللہ علیہ

محمد نام،، جواد لقب،، ابو جعفر کنیت، ولادت 195ھ وفات آخری ذی قعدہ 220ھ بعمر 25 سال سُرَّمَنْ رَاٰی میں انتقال فرمایا۔علی الہادی اور موسیٰ المبرقع سے نسل جاری ہے۔

موسیٰ المبرقع کی نسل ان کے فرزند احمد سے جاری ہے۔مضافات لکھنو خیر آباد، سفیدوں، پانی پت، سامانہ میں یہ نسل پائی جاتی ہے۔

امام علی النقی رحمۃ اللہ علیہ

علی نام۔عسکری لقب، ہادی ونقی علم، ابوالحسن کنیت ہے۔ سُرَّمَنْ رَاٰی میں بعمر 41 سال 6 ماہ وفات پائی۔ولادت نصف ذی الحجہ 212 جمادی الاخر 254ھ۔

دو فرزندوں ابو عبداللہ جعفر کذاب اور حسن عسکری سے نسل جاری ہے۔

[1] ابو عبداللہ جعفر کے نام کے ساتھ لقب کذاب بعض لوگ اس لیے شامل کیا کرتے ہیں کہ انھوں نے اپنے بھائی حسن عسکری کی وفات کے بعد خود امام ہونے کا دعویٰ کیا تھا۔ان کی اولاد ان کو جعفر تواب کہتی ہے اور اپنے آپ کو ''رضوی'' کہلاتے ہیں۔

ابو عبداللہ کنیت ابو کرین بھی ہے۔کرساٹھ قطیر (بچوں) کو کہتے ہیں۔چوں کہ وہ 120 بچوں کے والد تھے اس کنیت کی وجہ سے پکارے جاتے تھے۔ان کی وفات 271ھ میں ہوئی۔ان کی نسل کا صرف چھ فرزندوں سے جاری ہونا پایا جاتا ہے۔اسماعیل حریف۔یحییٰ الصوفی کی اولاد مصر میں پائی جاتی ہے۔

ہارون بن جعفر کی اولاد میں سے سادات امروہہ مشہور ہیں۔

علی المختار کی اولاد میں سے سادات بھکر میں قطب الاقطاب خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی 14 ربیع الاول 635ھ اسی شاخ سے ہیں۔

محمد نازک اور سید جلال الدین بخاری نزیل ہند انہی علی المختار کی اولاد ہیں۔

ادریس بن جعفر کی نسل قاسم سے جاری ہے۔اولاد ''قواسم'' کہلاتی ہے۔

امام حسن عسکری رحمۃ اللہ علیہ

حسن نام۔عسکری لقب۔ابو محمد کنیت۔ولادت بماہ رمضان 232ھ والدہ کا نام حدیث ہے جو ام ولد تھیں۔وفات 8 ربیع الاول 260ھ کو سرمن رائی میں ہوئی۔

ایک فرزند محمد المہدی نصف شعبان 255ھ میں پیدا ہوئے تھے۔جو سرمن رائی کے غار میں بہ عمر چار سال غائب ہو گئے تھے۔

فرقہ اثناء عشریہ ان کو زندہ تسلیم کر کے امام منتظر، امام زمان دوران کے القاب سے ملقب کرتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَهٗ

باب دوم 2

امہات المؤمنین رضی اللہ عنہن

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّاتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّاتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ [1]

ازواج النبی ﷺ کے حالات قلم بند کرنے سے پہلے اس شبہ کا ازالہ ضروری ہے جو عیسائی لوگ ایک سے زیادہ بیوی کے متعلق ظاہر کیا کرتے ہیں۔

یہ ظاہر ہے کہ مسئلہ مذکورہ کے جواز و عدم جواز کی بحث صرف دو ہی پہلو سے کی جا سکتی ہے۔

① قانون ② مذہب

1 قانون: اس مسئلہ کا فیصلہ یورپ کے لیے اور طرح کرتا ہے اور ایشیاء کے لیے اور طرح، ہندوستان کی تمام ہائی کورٹیں ایک سے زیادہ بیوی کی شخصیت کو قوانین، دیوانی اور فوجداری میں صحیح تسلیم کرتی ہیں۔ یہ اعلیٰ عدالتیں ان مقدمات میں جو جائیداد کے متعلق ہوں دو یا دو سے زیادہ بیویوں کے حقوق بمقابلہ ان کے شوہر کے ورثاء قانونی کے تسلیم کرتی ہے اور ڈگریاں جاری کرتی ہیں۔

یہ اعلیٰ عدالتیں ہمیشہ مقدمات زیر دفعہ 494 تعزیرات ہند میں ایسی عورت کو جو اپنے شوہر کی دوسری یا تیسری یا چوتھی بیوی تھی کسی دوسری جگہ شادی کر لینے سے مجرم قرار دیتی ہیں اور اس شخص کو بھی مجرم ٹھہراتی ہیں جو ایسی عورت کے ساتھ شادی کر لیتا ہے۔ ہندوستان کی ہائی کورٹوں کو یہ متفقہ اور مسلمہ رویہ انگلستان کے قانون پولی گمی (Poly Gamy) کے بالکل خلاف ہے۔ پس نتیجہ یہ ہے کہ ہندوستان کی انصاف رساں عدالتوں کا یہ قانونی دستور ایشیاء کو یورپ سے متمیز کرتا ہے۔ اس لیے ثابت ہو گیا کہ محض قانونی پہلو سے اس مسئلہ پر کوئی مسلمہ اعتراض موجود نہیں ہے۔ [2]

2 اب اس مسئلہ پر مذہب کی رو سے غور کرنا ہے۔ مذہب کا سرچشمہ ملک ایشیا ہے۔ حضرت مسیح علیہ السلام بھی شام میں پیدا ہوئے اور ایشیائی ہیں۔

ایشیاء کے مشہور مذہب

ایک سے زیادہ بیوی کی تائید میں ہیں۔ قدیم ہندوستان کو لیجیے۔

1 سری رام چندر جی کے اولاد مہاراجہ دسرت کی تین بیویاں تھیں:

- پنڈت رانی کوشلیا والدہ رام چندر جی

---

[1] صلوات کے یہ الفاظ بروایت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ امام بخاری و مسلم وابوداؤد ونسائی وابن ماجہ نے روایت کیے ہیں۔ [2] دفعات 366,363 کو بھی جب شادی شدہ عورت کے متعلق ہوں، نیز دفعہ 498 کو اس نظیر میں بھی شامل کر لینا چاہیے۔ ہماری اس دلیل کے خلاف یہ جواب درست نہیں ہوگا کہ ہندوستان کی عدالتوں نے اس بارے میں ہندوستان کے رواج کی خالصتہ پیروی کی ہے کیوں کہ اگر ہمارے واضعان قانون اسی مسئلہ کو قطعاً مخرب اخلاق سمجھتے تو اس کا ضرور کلی انسداد کر دیتے۔ خواہ رسم اور رواج اس کی تائید ہی میں پائے جاتے۔ انسداد رسم ستی کے متعلق گورنمنٹ نے ایسا ہی کیا۔ اگرچہ بعض لوگ اس کی بنیاد مذہب پر بھی بتاتے ہیں۔ تعدد شوہران کے بارہ میں ان عدالتوں کا یہی رویہ ہے۔ اگرچہ ان علاقہ جات کے لوگوں نے رسم و رواج کو تائید میں بار بار پیش کیا ہے۔ ان نظائر پر غور کرنے سے ثابت ہو جاتا ہے کہ دلیل صحیح ہے۔

- رانی سمترا — والدہ لچھمن جی
- رانی کیکئی — والدہ بھرت جی

2 سری کرشن جی کی، جو اوتاروں میں سولہ کلاں سپورن تھے۔ سینکڑوں بیویاں تھیں۔ [1]

3 راجہ پانڈو کے جو مشہور پانڈوں کا جداعلیٰ ہے، دو بیویاں تھیں۔

- کنتی — والدہ یدہشتر و بھیم سین وارجن
- مادری — والدہ نکل و سہدیو

4 راجا شتنن کی دو بیویاں تھیں:

- گنگا — والدہ بھیکم
- ستیہ وتی — والدہ چتر انگد و بچتر اویرج پسران شتنن۔ نیز والدہ بیاس جی۔ پسر پراشر رکھیشر

5 بچتر اویرج کی دو بیویاں اور ایک لونڈی تھی۔

- امبکا — والدہ دھرتراشٹ۔ پسر بیاس جی
- امبالکا — والدہ پانڈو۔ پسر بیاس جی
- لونڈی — والدہ بدر۔ بن بیاس جی

منہاج نبوت ﷺ اور تعدد ازواج

اب اس مسئلہ کو منہاج نبوت ﷺ پر دیکھ لینا چاہیے۔

عیسائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عظمت کے قائل ہیں اور ان کو خلیل الرحمٰن تسلیم کرتے ہیں [2] حضرت یعقوب علیہ السلام کو خدا کا اسرائیل اور نہایت برگزیدہ تسلیم کرتے ہیں۔ [3]

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بابت اعتقاد رکھتے ہیں کہ اب تک بنی اسرائیل میں موسیٰ علیہ السلام کی مانند کوئی نہیں اٹھا جس سے اللہ آمنے سامنے آشنائی کرتا۔ [4]

ہم حضرت داؤد علیہ السلام کی بابت بائبل میں یہ فقرہ پڑھا کرتے ہیں: ''خدا نے اس سے کہا کہ تو میرا بیٹا ہے میں آج کے دن تیرا باپ ہوا۔'' [5]

حضرت سلیمان علیہ السلام کی بابت عیسائی مانتے ہیں کہ خدا نے اسے فرمایا تھا: ''میں نے ایک عاقل اور سمجھدار دل تجھ کو بخشا۔ ایسا کہ تیری مانند تجھ سے آگے نہ ہوا اور نہ تیرے بعد تجھ سا برپا ہوگا'' [6] تسلیم کرتے ہیں کہ خدا نے سلیمان علیہ السلام کی بابت یہ بھی کہا تھا: ''وہ

---

[1] لالہ لاجپت رائے آنجہانی نے اپنی کتاب کرشن چرتر میں صرف 18 رانیاں تسلیم کی ہیں۔ ہمارے مدعا کے لیے یہ تعداد بھی کافی ہے۔

[2] یعقوب کا خط مشمول انجیل 2/22 [3] تواریخ 10/22 خروج [4] استثنا 10/34 [5] زبور 2/7 [6] اسلاطین 3/12

میرا بیٹا ہوگا، میں اس کا باپ ہوں۔'' (1)

حوالہ جات بالا کے بعد ہم بہ وثوق اپنی رائے قائم کر سکتے ہیں کہ انبیاء صدر کے افعال منہاج نبوت کے ثابت کرنے میں محکم ترین دلائل اور بہترین نظائر ہیں۔

اب انبیاء صدر علیہم السلام کے متعلق ملاحظہ ہو

سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی تین بیویاں تھیں:

(1) سیدہ ہاجرہ علیہا السلام۔ کتاب پیدائش 16/4	والدہ: اسماعیل علیہ السلام
(2) سیدہ سارہ علیہا السلام۔ کتاب پیدائش 18/15	والدہ: اسحٰق علیہ السلام
(3) قتورہ خاتون۔ کتاب پیدائش 25/1	والدہ: زمران، یقیسان، مدان، مدیان، یشباق، مشوح

حضرت یعقوب اسرائیل علیہ السلام کی چار بیویاں:

(1) لیاہ۔ کتاب پیدائش 29/23	والدہ: روبن شمعون، لاوی، یہودہ، آشکار، زبلون
(2) زلفہ۔ کتاب پیدائش 29/23	والدہ: جد، آشر
(3) راخل۔ کتاب پیدائش 29/28	والدہ: یوسفؑ و بنیامین
(4) بلہہ۔ کتاب پیدائش 29/29	والدہ: دان و نفتالی

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی چار بیویاں:

1 سفورہ خاتون۔ کتاب خروج 2/21	والدہ: جیرسوم، الیعزر

2 حبشیہ

3 ایک اور بیوی جس کے باپ کا نام قینی تھا۔ قاضیون 1/16

4 ایک اور بیوی جس کے باپ کا نام حباب تھا۔ قاضیون 4/16

حضرت موسیٰ علیہ السلام پر بے تعداد بیویوں کا جواز

جب تو لڑائی کے لیے اپنے دشمنوں پر خروج کرے اور خداوند تیرا خدا، ان کو تیرے ہاتھوں سے گرفتار کرے اور تو انھیں اسیر کر لائے۔(10)

اور ان اسیروں میں خوب صورت عورت دیکھے اور تیرا جی اسے چاہے کہ تو اسے اپنی جورو بنائے۔(11)

تو تو اسے اپنے گھر میں لا۔ اس کا سر منڈا اور ناخن کٹوا۔(12)

تو وہ اپنا اسیری کا لباس اتارے اور تیرے گھر میں رہے اور ایک مہینہ بھر اپنے باپ اور اپنی ماں کے سوگ میں بیٹھے۔ بعد اس کے تو اس کے ساتھ خلوت کر اس کا خصم بن اور وہ تیری جورو بنے۔(13) (2)

---

(1) التواریخ: 22/10 (2) کتاب استثناء 10/21 تا 13

حضرت داؤد علیہ السلام کی بیویاں

حضرت داؤد علیہ السلام کی ① 9 بیویوں کے نام اوران کے علاوہ ② دس حرموں کاذکر ③ اور پھران کے علاوہ اور ④ جوروؤں کاذکر بائبل سے حسب صراحت ذیل ملتا ہے۔

نمبر شمار	نام زوجہ	حوالہ	کیفیت اوران کے بطن سے پیدا شدہ فرزندان کے نام
①	اخنوعم	1۔سموئیل 26/23	امنون، پہلوٹھا اس سے پیدا ہوا۔
②	ابی جیلی	2۔ // // //	کلیاب اس سے پیدا ہوا۔
③	میکل بنت ساول بادشاہ اسرائیل	1۔سموئیل 18/27	بے اولاد
④	معکہ بنت تلمی بادشاہ جسور	2۔سموئیل 3 باب	ابسلوم، اس سے پیدا ہوا۔
⑤	حجیت	// // //	ابی سلوم۔ادونیاہ پیدا ہوئے
⑥	ابیطال	// // //	سفطیاہ پیدا ہوا
⑦	عجلاہ	// // //	تیر عام اس کے بطن سے پیدا ہوا۔ داؤد کے مندرجہ بالا فرزند بمقام حبرون پیدا ہوئے تھے 2۔سموئیل 3 باب
⑧	بنت سبع دختر ایعام	2۔سموئیل 26,3/11	حضرت سلیمان علیہ السلام اس سے پیدا ہوئے۔
⑨	ابی شاگ	2۔سموئیل	
⑩	دس حرمین داؤد کی	2۔سموئیل 20/30 [1]	

دیگر داؤد نے حبرون سے آکر یروشلم اور حرمین دیگر اور جوروئیں کیں۔ [2]

حضرت سلیمان علیہ السلام کی ایک ہزار (1000) عورتیں

اس کی سات سو جوروئیں بیگمات اور 300 حرمیں تھیں۔ [3]

ان حوالہ جات سے ظاہر ہے کہ اللہ کے برگزیدہ نبیوں اور رسولوں کے گھروں میں ایک سے زیادہ بیویاں ہوتی تھیں اور ان کی کثرت زوجات کی بنیاد پر عیسائیوں نے ان انبیاء علیہم السلام کی تقدیس میں کبھی کوئی اعتراض نہیں کیا۔

ہم ابھی اور مثالیں پیش کریں گے۔حزقیل نبی کی کتاب کا 22 باب نکالو اور 1 تا 4 درس پڑھ جاؤ۔22/1 خداوند کا کلام مجھے پہنچا اور اس نے کہا:

22/2 اے آدم زاد، دو عورتیں تھیں جو ایک ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئیں۔

---

[1] داؤد نے ان کو ایک قصور میں یہ سزا دی کہ ان کے پاس نہ گیا وہ مرتے دم تک قید میں رہیں اور رنڈاپے میں دن کاٹے 2 سموئیل 20/3

[2] 2/سموئیل 5/13۔ [3] سلاطین 11/3۔

23/4۔ ان میں بڑی کا نام اہولہ اور اس کی بہن کا اہولیبہ اور وہ میری جورو ئیں بنیں اور بیٹے اور بیٹیاں جنیں۔
اس کلام میں خدا نے ایک سے زیادہ عورتوں کو جورو ئیں بنانے کا ذکر کیا ہے۔
عیسائی کہیں گے کہ یہ کلام تمثیلی ہے۔ لیکن پھر بھی یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ اگر ایک سے زیادہ عورتوں کا جورو بنانا خدا کے نزدیک پسند نہ ہوتا تو تمثیلاً بھی اس فعل کو اپنی جانب منسوب نہ کرتا۔

اس کے بعد انجیل متی کا 25 باب پڑھو۔ حضرت مسیح علیہ السلام نے اپنی آمد کی خبر میں دس (10) کنواریوں کا ذکر کیا ہے کہ پانچ (5) نے دولھا کے ساتھ شادی کی۔ گھر میں گئیں اور پانچ (5) جو پیچھے رہ گئی تھیں، ان کے لیے دروازہ نہ کھولا گیا۔ یہ ظاہر ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کبھی اس تمثیلی بیان کو زبان پر نہ لاتے اگر ان کے نزدیک ایک سے زیادہ بیوی کا ہونا پسندیدہ نہ ہوتا۔ انگلستان کا مشہور شاعر ملٹن (Milton) [1] تو اسی تمثیل سے ایک سے زیادہ بیوی کے جواز کا قائل تھا۔

ان تمام حوالہ جات سے ثابت ہوتا ہے کہ جو منہاج نبوت ہزاروں سال سے سینکڑوں انبیاء علیہم السلام نے اپنے پاک اور محکم چال چلن سے قائم کیا تھا وہ یہ تھا کہ نبی کے گھر میں ایک سے زیادہ بیویاں ہوتی ہیں۔
اگر کوئی شخص اب بھی ہمارے ساتھ نتیجہ بالا میں متفق نہیں ہے تو اسے عبرانیوں 13/4 پڑھنا چاہیے۔
بیاہ کرنا سب میں بھلا ہے اور بستر ناپاک نہیں
یہ خدا حرام کاروں اور زانیوں کی عدالت کرے گا۔
یہ درس صرف دو ہی صورتوں کا ذکر کرتا ہے۔

1. بیاہ
2. زنا

اب اگر کوئی شخص کہتا ہے کہ ایک سے زیادہ بیویاں کرنا ناپاک بستر ہے تو کیا وہ یہ بھی اقرار کرنے کو آمادہ ہے کہ وہ سب مقدس لوگ جن کی نبوت پر اسے ایمان ہے عبرانیوں کے فقرہ 13/4 کے مصداق تھے۔ ہم جانتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں کہ کوئی بھی ایمان دار عیسائی ایسا نہیں پایا جائے گا۔ اس لیے ہم ہر ایک عیسائی کے ایمان ہی سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ جناب حمیت مآب محمد رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخانہ لفظ کہنے سے اس طرح رک جائے جس طرح وہ حضرت ابراہیم و یعقوب اور موسیٰ علیہم السلام کے سامنے مہر بر لب ہو گیا ہے۔

---

[1] جان ملٹن (John Milton) معروف انگریز دانشور، مصنف اور شاعر (1608-1674ء)

فصل اوّل 1

نبی ﷺ اور کثرت زوجات

نبی ﷺ کی مبارک زندگی پر نظر ڈالو کہ 63 سال میں سے ابتدائی 25 سال حضور ﷺ کے کمال تجرد سے گزرتے ہیں جس بزرگ نے 25 سال تک عنفوان شباب اور جوش جوانی کا زمانہ کمال تقویٰ اور نہایت ورع کے ساتھ پورا کیا ہو اور جس کے حسن مردانہ کے کمال نے اعلیٰ سے اعلیٰ خواتین کو اس سے تزویج کا آرزومند کر دیا ہو پھر بھی ربع صدی تک اس کے تجرد وتفرد پر کوئی شے غالب نہ آئی ہو، کیا ایسے شخص کی نسبت اعلیٰ رائے قائم نہیں ہوتی؟ جس مقدس ہستی نے 25 سے 50 سال تک کی عمر کا زمانہ ایک ایسی خاتون کے ساتھ بسر کیا ہو جو عمر میں ان سے 15 سال بڑی اور ان سے پیشتر دو شوہروں کی بیوی رہ کر کئی بچوں کی ماں بن کر معمر ہو چکی ہو اور پھر اس ربع صدی کے زمانہ میں حضور ﷺ کی وابستگی ومحبت میں ذرا کمی نہ آئی ہو بلکہ اس کے مرجانے کے بعد بھی ہمیشہ اس کی یاد کو تازہ رکھا ہو، کیا ان کی نسبت کوئی شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ اس تزویج کی وجہ وہی تھی جو عام طور پر پرستاران حسن کی شادیوں میں پائی جایا کرتی ہے۔؟
نبی ﷺ کی زندگی (55ھ سے لے کر 59 تک) کی درمیانی مدت کا پنج سالہ زمانہ ایسا ہے جب ازواج مطہرات سے حجرات آباد ہوئے تھے۔ اس لیے ہر ایک شخص کو غور کرنا چاہیے کہ زندگی مبارک کے 55 سالہ رویہ سے بڑھ کر جو عمل ہوا اس کے خاص خاص اسباب کیا تھے؟ خصوصاً جب نبی ﷺ کی یہ حدیث بھی موجود ہے۔ مَالِيَ فِي النِّسَآءِ مِنْ حَاجَةٍ (مجھے عورتوں کی کوئی حاجت نہیں) [1] غور کرنے سے معلوم ہو جائے گا کہ نبی ﷺ نے جس قدر نکاح کیے ان کی بنیاد فوائد کثیرہ دین اور مصالح جمیلہ ملک اور مقاصد حسنہ قوم پر مبنی تھے۔ ان فوائد ومصالح ومقاصد کا اس قدیم ترین زمانہ اور عرب جیسے جمود پسند ملک میں حاصل ہونا تزویج کے بغیر ممکن ہی نہ تھا۔ [2]

نکاح ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا

مثلاً ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا کے نکاح پر غور کرو کہ اس سے پیشتر جس قدر لڑائیاں مسلمانوں کے ساتھ کفار نے کیں، ان میں سے ہر ایک میں یہود کا تعلق سراً یا اعلانیہ ضرور ہوتا تھا مگر تزویج صفیہ رضی اللہ عنہا کے بعد یہود مسلمانوں کے خلاف کسی جنگ میں شامل نہ ہوئے۔ دیکھو یہ نکاح کس قدر ضروری تھا۔

مثلاً ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے نکاح پر غور کرو۔ ان کا باپ ابوسفیان عمائد قریش میں سے تھا اور قوم کا نشان جنگ اس کے گھر میں رکھا ہوا تھا۔ جب یہ نشان باہر کھڑا کیا جاتا تو تمام قوم پر آبائی ہدایت اور قومی روایات کے اتباع میں لازم ہو جاتا تھا کہ سب کے سب اس جھنڈے کے نیچے فوراً جمع ہو جائیں۔ احد اور حمراء الاسد، بدر الاخریٰ، احزاب، وغیرہ لڑائیوں میں ابوسفیان ہی اس نشان کو لیے ہوئے قائد قریش نظر آتا ہے۔ اس تزویج مبارکہ کے بعد دیکھو کہ وہ کسی جنگ میں مسلمانوں کے خلاف فوج کشی کرتا نظر نہیں آتا۔ بلکہ تھوڑے ہی عرصہ کے بعد خود بھی اسلام کے جھنڈے کے نیچے آ کر پناہ لیتا ہے۔ کیا اب بھی کوئی شخص کہہ سکتا ہے کہ یہ نکاح نہایت ضروری نہ تھا۔

---

[1] بخاری: 5149، مسلم: 1425، ابوداؤد: 2111، ترمذی: 1114، دارمی: 2201، مسند احمد: 5/330

[2] نپولین بوناپارٹ کی دوسری شادی پر غور کرو جو خاص پوپ کی موجودگی میں کی گئی اور جسے سارے یورپ نے تسلیم کیا ہے۔ ان میں صرف عذر تھا کہ بوناپارٹ کی نسل باقی رہے۔ حالانکہ یہ ضرورت ان مصالح کے مقابلہ میں جو انبیاء اللہ علیہم السلام کی تزویج میں ہوتے ہیں کوئی بھی درجہ نہیں۔

نکاح ام المومنین جویریہ رضی اللہ عنہا اور امن عام

مثلاً ام المومنین جویریہ رضی اللہ عنہا کے نکاح پر غور کرو۔ ان کا باپ مشہور رہزن ڈکیتی پیشہ تھا اور مسلمانوں سے خاص دلی عداوت رکھتا تھا۔ بنو مصطلق کا مشہور طاقتور اور جنگ جو قبیلہ جو چند در چند شعوب پر محتوی تھا اس کے اشارہ پر کام کرتا تھا اور یہی وجہ ہے کہ اس تزویج سے پیشتر ہر ایک جنگ میں جو مسلمانوں کے خلاف ہوئی اس قبیلہ کی شرکت ضروری پائی جاتی ہے۔ لیکن اس نکاح کے بعد سب مخاصمتیں نابود ہو جاتی ہیں۔ تمام قبیلہ قزاقی چھوڑ کر متمدن زندگی اختیار کر لیتا ہے اور پھر مسلمانوں کے خلاف کسی جنگ میں شامل نہیں ہوتا۔ انصاف سے کہو کہ یہ نکاح کس قدر ضروری تھا؟

ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کے فوائد

علیٰ ہذا ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا کے نکاح پر غور کرو۔ ان کی ایک بہن سردار نجد کے گھر میں تھی۔ اس نکاح نے ملک نجد میں صلح اور امن اور اسلام پھیلانے میں بہترین نتائج پیدا کیے۔ حالانکہ قبل ازیں اہل نجد ہی وہ تھے جنھوں نے ستر (70) واعظان دین کو اپنے ملک میں لے جا کر غدر سے قتل کیا تھا۔ اہل نجد ہی وہ تھے جن سے چند بار نقض امن اور فساد انگیزی کے واقعات ظہور میں آ چکے تھے۔ ہر ایک شخص کو جو امن عامہ اور اصلاح ملک کے فوائد کا منکر نہیں تسلیم کرنا پڑے گا کہ یہ نکاح کس قدر بابرکت تھا۔

ام المومنین زینب رضی اللہ عنہا کے نکاح کے دینی فوائد

ام المومنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا اور عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور حفصہ رضی اللہ عنہا کے نکاح خالص اسلامی اغراض اور مصالح دینی پر مبنی تھے۔ بنت جحش کے نکاح نے تبنیت کے بت کو توڑا اور تثلیث کے درخت کو کھوکھلا کر دیا اور یہ اتنی بڑی اصلاح ہے کہ مشرکین و اہل کتاب کی درستی اس کے بغیر ممکن ہی نہ تھی۔

عائشہ و حفصہ رضی اللہ عنہما کے نکاح نے اتقان قرآن و حفاظت کتاب اللہ و نشر احادیث و تعلیم نساء کے بارہ میں فوق العادت کام کیے اور پھر صدیق رضی اللہ عنہ و فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافتوں کو زیادہ بابرکت اور زیادہ پر منفعت بنانے میں بڑا کام کیا۔ اور یہ ایسے فوائد ہیں جن کے لیے نبی ﷺ کسی عمدہ تدبیر کو ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ ہم نے جن فوائد کا ذکر کیا ہے، یہ نمونے ہیں ان اغراض و مقاصد دینیہ کے جو نبی ﷺ کے مدعائے اعلیٰ انبیائے سابقین کی سنت پر عمل کرنے کے علاوہ اور ضروریات ملکی اور مصالح دینی پر بھی مشتمل تھا تو ہر ایک شخص کو جو سر میں دماغ اور دماغ میں فہم صحیح کا مادہ رکھتا ہے، اقرار کرنا پڑے گا کہ نبی ﷺ کے لیے ایسا ہی کرنا شایان و ضروری تھا اور اگر ایسا نہ کرتے تو بہت سی مصلحتوں سے ملک اور نوع اور قوم اور اسلام کو محروم ہونا پڑتا اور ایسا کرنا اس مصلح اعظم کی شان کے منافی تھا جسے اللہ نے رحمۃ للعالمین ﷺ بنایا ہے۔

فصل دوم 2

ازواج النبی ﷺ کے فضائل

ازواج النبی ﷺ کی فضیلت خود نبی ﷺ کی شرف وفضیلت کا ایک شعبہ ہے۔ اس لیے سیرت نبی ﷺ میں ان کے فضائل کا ذکر ضروری ہے۔

ہم ان فضیلتوں کا ذکر اس وقت قرآن مجید سے نمبروار کریں گے۔

فضائل واردہ احادیث کا ذکر کسی اور مقام پر ہوگا۔

1 فضیلت اول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو ازواج النبی ﷺ کے خطاب عالی سے یاد فرمایا ہے:

زبان عرب میں لفظ زوج کا استعمال متشابہ، متشاکل اور متساوی اشیاء پر کیا جاتا ہے۔

مثلاً زَوْجَا خُفٍّ جراب کے دونوں پاؤں۔

قرآن مجید میں ہے:

﴿اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَ اَزْوَاجَهُمْ﴾ [37:الصّٰفّٰت:22] "یعنی ظالموں کو اور جو ان جیسے تھے، جمع کرو۔"

ایک دوسری مقام پر ہے:

﴿وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ﴾ [81:التکویر:7] "یعنی جب ہر ایک گروہ کو قسم وار کیا جائے گا۔ صالح کو صالح کے ساتھ، فاجر کو فاجر کے ساتھ ملایا جائے گا۔"

پس جب ازواج نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام صدق الیتام میں ازواج النبی ﷺ فرمایا تو یہ خطاب فی الواقع ان کے لیے نبی ﷺ کے ساتھ اتصال دوام اور تشاکل تام کا مظہر ہوگیا۔

اس نکتہ کے مزید انشراح کے لیے آپ تمام قرآن مجید پر تدبر فرمائیں کہ ایک بھی مثال ایسی نہیں ملے گی کہ کسی عورت کو کسی مرد کا یا کسی مرد کو کسی عورت کا زوج بتایا گیا ہو۔ دونوں میں اتحاد ظاہری و باطنی اور وحدت ازدواجی و ایمانی پائی نہ جاتی ہو۔

اس نکتہ کے ساتھ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ قرآن پاک نے لفظ "امراۃ" کے استعمال میں یہ تقید نہیں کیا، بلکہ اس کا استعمال ہر چہار صورت ہائے ذیل میں ہوا ہے:

1 جب زن وشوہر ہر دو کافر ہوں: ابولہب اور اس کی عورت کے لیے فرمایا:

﴿وَامْرَاَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ﴾ [اللھب:14] اس کی عورت لکڑیوں کو چننے والی۔

2 جب شوہر مومن اور عورت کافر ہو، فرمایا:

﴿اِمْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ﴾ [التحریم:10] نوح علیہ السلام اور لوط علیہ السلام کی عورتیں۔

3 جب عورت مومنہ اور شوہر کافر ہو، فرمایا:

﴿اِمْرَاَتَ فِرْعَوْنَ﴾ [التحریم:10] فرعون کی عورت۔

4 جب زوجین مومن ہوں:

حضرت زکریا علیہ السلام اپنی بیوی کی بابت فرماتے ہیں:

﴿ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا ﴾[مریم:5] ''میری بیوی بانجھ ہے۔''

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قصہ میں ہے:

﴿ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ ﴾[الذاریات :29] ''اس کی عورت جماعت میں آئی۔''

صورت اول کی وجہ یہ ہے کہ لفظ زوج عزت کا خطاب ہے۔ ابولہب اور اس کی عورت کو یہ خطاب نہیں مل سکتا تھا۔

صورت دوم وسوم کی وجہ یہ ہے کہ لفظ زوج میں تشاکل وتساوی ہوتا ہے۔ نہ کافر عورت مسلمان شوہر سے مشاکلت رکھتی ہے اور نہ مسلمان عورت کافر شوہر سے۔ اس لیے لفظ ''امراۃ'' پر اکتفا ہوئی۔

صورت چہارم کی وجہ یہ کہ حضرت زکریا علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیویوں کے حمل اور ولادت کا ذکر تھا اور یہ ذکر ''امراۃ'' کے ساتھ کیا جانا زیادہ بلیغ تھا کیوں کہ لفظ زوج کا اطلاق مرد اور عورت ہر دو پر نافذ ہوتا ہے۔

البتہ کوتاہ فہم اشخاص کے ازالہ شبہ کی غرض سے اللہ تعالیٰ نے یہ بھی کیا کہ حضرت زکریا علیہ السلام کی بیوی کا ذکر دوسری آیت میں لفظ زوج سے بھی فرمایا:

﴿ وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ﴾[الانبیاء:9] ''یعنی ہم نے اس کی بیوی کے مرض کی اصلاح کر دی۔''

اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی کی بابت زبان ملائک سے یہ بیان فرمایا:

﴿ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ﴾[ھود:73] "اے گھر والی تم پر اللہ کی رحمت اور برکتیں۔''

غرض لفظ زوج کے استعمال کی بابت اللہ تعالیٰ کا یہ التزام اور لفظ امراۃ کے استعمال میں یہ عدم التزام ہماری دلیل کو خوب مستحکم کرتا ہے۔

اب یاد رکھنا چاہیے کہ ازواج نبی ﷺ کو سورہ مریم میں دو (2) دفعہ اور سورہ احزاب میں چار (4) دفعہ ازواج النبی ﷺ فرمایا گیا ہے۔ اسی سے ان کا شرف اور فضیلت آشکار ہے۔

2 فضیلت دوم: اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ﴾[الاحزاب :32] ''تم اور عورتوں جیسی نہیں ہو۔''

النساء میں جنس انوثیت کا ہر ایک فرد شامل ہے اور کوئی عورت ذات بھی اس سے باہر نہیں جاتی۔ پھر لفظ احد بھی موجود ہے اور جب نفی کے لیے لفظ احد کا استعمال کیا جاتا ہے تو اس وقت نفی بدرجہ اتم ہوتی ہے۔ غور کرو۔

﴿ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴾[الاخلاص:4] (اللہ کا کوئی بھی کفو نہیں) غرض نفی میں احد کا استعمال کسی استثناء کا موقع نہیں رہنے دیتا۔ اس لیے ثابت ہو گیا کہ ازواج النبی ﷺ کا درجہ ہر ایک عورت سے بالا و ممیز اور شان خاص کا ہے۔

3 فضیلت سوم: اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ ﴾[الاحزاب:50] ''ہم نے تیری ازواج کو تیرے لیے حلال رکھا۔''

زن و مرد تزویج کے بعد زن و شوہر بن جاتے ہیں خواہ یہ تزویج اسلام کے مطابق ہو یا مذہب غیر اسلام کے مطابق ہو جس کا

پابند یہ زن و مرد اسوقت تھے۔ لیکن کوئی زن وشوہر دعویٰ سے یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس عقد کا درگاہ رب العزت میں کیا درجہ ہے؟ اللہ تعالیٰ نے ازواج النبی کے متعلق ﴿ اِنَّـآ اَحْـلَـلْـنَـالَكَ اَزْوَاجَكَ ﴾ کا حکم قانونی دے کر اعلان فرمایا کہ نبی ﷺ کی بیویوں کا ازواج النبی ﷺ ہونا بمنظوری رب العالمین ہے اور ظاہر ہے کہ یہ منظوری فی الواقع ان کے لیے فضیلت عظیمہ ہے۔

4 فضیلت چہارم: اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کے حسن معاشرت یا ازواج کی اطلاع ان الفاظ میں دی ہے:

﴿ تَبْتَغِیْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ﴾ [التحریم :11] ''نبی اپنی ازواج کی مرضاۃ کی ابتغا کرتا۔ یعنی بیویوں کی خوشنودی کا اہتمام کرتا ہے۔''

یہ ظاہر ہے کہ نبی ﷺ کے افعال غلطی کے شائبہ سے بالاتر ہیں۔ پس جب حضور ﷺ ان پاک بیویوں کی خوشنودی کے جویا رہتے تھے تو یہ امر ان کی فضیلت پر مثبت ہوا۔

کسی شخص کو یہ شبہ نہیں ہونا چاہیے کہ اس سے پہلے یہ الفاظ موجود ہیں: ﴿ يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ تَبْتَغِیْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ﴾ [التحریم:10] کیوں کہ ان الفاظ میں لِمَ کا اثر ﴿ تُحَرِّمُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ﴾ پر ہے مگر ﴿ تَبْتَغِیْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ﴾ پر اس کا اثر ذرا بھی نہیں ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو اللہ تعالیٰ یوں فرماتا: يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تَبْتَغِیْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ظاہر ہے کہ ایسا نہیں فرمایا گیا۔ پس آیت کی تفسیر یہ ہوئی کہ آپ ازواج کی خوشی کے لیے ہر ایک بات کرنے پر آمادہ رہتے ہیں۔ ہاں اس کے لیے ایک حد ہونی چاہیے۔ حد یہ ہوگی کہ آپ ان کی خوشی کے لیے سب کچھ کر سکتے ہیں بشرطیکہ کسی حلال چیز کو حرام ٹھہرانے کی نوبت نہ آئے۔ جیسا کہ حضور ﷺ نے شہد کے استعمال کو ترک کرنے کا ارادہ صرف اس گمان سے فرمالیا تھا کہ ایک بیوی کو شہد کی بو گوارا نہیں۔

اس تفسیر سے صاف طور پر واضح ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو مرضاۃ ازواج کی اجازت فرمادی اور فی الواقع یہ اجازت تدبیر منزل اور حسن معاشرت زوجین کی جان ہے اور جو حد قائم فرمادی گئی ہے وہ بھی اسی قدر ضروری ہے تاکہ کوئی شخص صرف خوشنودی زوج کے لیے تحریم حلال میں نہ پڑ جائے اور یہ ظاہر ہے کہ جب تحریم حلال کی اجازت نہیں دی گئی تو تحلیل حرام کی اجازت تو قطعاً نہیں ہوسکتی۔ اس لیے ایک عظیم الشان مسئلہ بھی طے ہوگیا اور دنیا کو یہ بھی معلوم ہوگیا کہ نبی ﷺ کا بہترین سلوک اپنی بیویوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے علم اور حکم کے ساتھ کیسا اعلیٰ تھا کہ ہر ایک شوہر کو اس نمونہ پر چلنا چاہیے۔ پس یہ آیت فی الواقع ازواج النبی ﷺ کی فضیلت میں ہے۔

5 فضیلت پنجم: اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴾ [الروم:21] ''یہ بھی اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہاری ہی جنس سے تمہارا جوڑا بنایا تاکہ اس سے تسکین پاؤ اور تم دونوں کے درمیان محبت اور پیار پیدا کردیا۔ اس میں فکر کرنے والوں کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں۔''

اس آیت میں جب عام طور پر زوجین کی یہ صفت بیان کی گئی ہے تو بالضرور نبی ﷺ اور ازواج النبی ﷺ بھی اس صفت کے مظہر تھے اور حسب الحکم علام الغیوب یہ ثابت ہوگیا کہ ازواج النبی حضور ﷺ کے لیے سکینہ قلب تھیں اور ان کے دلوں میں حضور ﷺ کی محبت و مودت بھری ہوئی تھی جیسا کہ حضور ﷺ کے قلب پاک میں ان کے لیے ود اور رحمت موجود تھی۔ اس سے

صاف طور پر ازواج النبی ﷺ کی فضیلت آشکارا ہوگئی۔

6 فضیلت ششم: یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ازواج النبی ﷺ کا امتحان لیا اور ان کے سامنے اور چیزوں کو رکھ دیا اور اختیار دیا کہ ان دونوں میں سے کسی ایک کو پسند کرلیں۔ فرمایا: ﴿ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَ اُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا O وَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴾[الاحزاب:28-29]

''اے نبی ﷺ! اپنی ازواج سے کہہ دیجیے کہ اگر تم دنیا کی زندگی اور زینت چاہتی ہو تو آؤ کہ میں تمھیں بہت کچھ دے دلا کر اچھی طرح رخصت کردوں اگر تم اللہ اور رسول ﷺ اور آخرت کو پسند کرتی ہو، تب تم کو بتایا جاتا ہے کہ اللہ نے تم میں نیکی کرنے والیوں کے لیے اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔''

ازواج النبی ﷺ کے لیے	ایک جانب	دوسری جانب
	دنیا اور زینت دنیا	اللہ، رسول اور دار آخرت
شق اول کی صورت میں رسول اللہ کا کام	ایسی ازواج کو اپنے سے علیحدہ کر دینا تھا	
شق دوم کی صورت میں اللہ تعالیٰ کا کام		ازواج کو اجر عظیم عطا کرنا ہے

یہ حکم تبلیغی تھا اور کچھ شک نہیں کہ نبی ﷺ نے اس حکم کو ضرور ازواج پاک تک پہنچایا۔ اب نتیجہ کی تلاش کرنا چاہیے کہ کیا ازواج نے حیاۃ دنیا اور زینت دنیا کو پسند کیا تھا؟ اگر ایسا ہوا ہوتا تو ضرور تھا کہ نبی ﷺ اس فرض کو جو اللہ نے حضور ﷺ پر عائد کیا تھا، پورا کرتے اور ایسی بیویوں کو یا ایسی بیوی کو اپنے سے الگ کر دیتے۔ اس بارہ میں شہادت اور اسلامی فرقوں کی متفقہ کتب تاریخ سب کی سب متفق ہیں کہ نبی ﷺ نے کسی ایک بیوی کو بھی ترک نہیں کیا۔ اس لیے ثابت ہوگیا کہ وہ شق دوم میں داخل ہیں۔ اس کا ثبوت ایک اور آیت سے بھی ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَ لَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّ لَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ ﴾[الاحزاب:52]

''تجھے ان ازواج کے بعد اور عورتیں حلال نہیں، تجھے یہ بھی حلال نہیں کہ ان ازواج میں سے کسی کے بدلے کسی کو اپنا زوج بنائے گو اس کا حسن تجھے پسند بھی ہو۔''

پہلی آیت میں نبی ﷺ کو ازواج کے چھوڑ دینے کا اختیار دیا گیا تھا اور اس پچھلی آیت میں وہ اختیار کا تبدیل کرنا بھی نبی ﷺ کو حلال نہ ہوگا۔ مطلب صاف ظاہر ہے کہ ازواج النبی ﷺ کی بابت جب امتحان میں ثابت ہوگیا اور وہ اللہ اور رسول ﷺ اور دار آخرت ہی کی خواستگار ہیں تو اب ان کو دوام کے لیے اللہ نے اپنے رسول ﷺ کے واسطے پسند کرلیا اور پھر ان کی تبدیلی کا اختیار بھی رسول اللہ ﷺ کو نہیں رہا۔ دونوں آیتوں سے ازواج النبی ﷺ کے معاملات متعلق عقائد و کیفیات قلبی و قبولیت ربانی بخوبی ظاہر ہوگئے ہیں۔

اس دلیل کے زیادہ روشن کرنے کے لیے آیت ذیل کو بھی شامل کیا جاسکتا ہے:

﴿ وَ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ لَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴾ [الاحزاب:53]

''اے ایمان والو! تمھیں یہ شایاں نہیں کہ رسول اللہ کو ایذا دو اور تمھیں یہ بھی کبھی شایاں نہیں کہ رسول اللہ کے بعد ان کی ازواج سے نکاح کرو۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تو یہ گناہ عظیم ہے۔''

پہلی آیت میں چونکہ ازواج النبی ﷺ کا اتصال نبی ﷺ سے دوام کے لیے ظاہر کیا گیا ہے اور اسی لیے نبی ﷺ سے بھی اختیار تبادلہ لے لیا گیا تھا۔ اس لیے اس آیت میں امت پر ان کی حرمت دوام کا اعلان کیا گیا۔

آخری آیت میں قابل غور بات یہ ہے کہ مومنین کو پہلے تو ایذائے رسول اللہ ﷺ سے روکا گیا ہے اور پھر خصوصیت کے ساتھ حقوق ازواج النبی ﷺ کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس سے صاف طور پر معلوم ہو گیا کہ ایذائے رسول اللہ ﷺ کی جس قدر اقسام ہو سکتی ہے، ان سب میں سے زیادہ سخت وہ صورت ہوگی جس میں ازواج النبی ﷺ کی شان کے خلاف کوئی رویہ اختیار کیا گیا ہو۔ کیوں کہ قرآن پاک نے ایذائے رسول اللہ ﷺ کے تحت میں خصوصیت سے اسی جزئی کا ذکر فرمایا ہے۔

[7] فضیلت ہفتم: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

﴿ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ﴾ [الاحزاب:34]

''اے بیبیو! تمھارے گھروں میں اللہ تعالیٰ کی آیتوں اور حکمت الہیہ کی جو تلاوت کی جاتی ہے۔ تم اس کا ذکر کرتی رہو۔''

اس آیت میں ''بیوت'' کو ضمیر جمع مؤنث ''کُنَّ'' سے مضاف کیا گیا ہے اور اسی سورت کے رکوع 7 میں ﴿ لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ ﴾ فرما کر ان بیوت کو نبی ﷺ کی جانب مضاف فرمایا گیا اور یہ امر اتحاد زوجین طیّبین پر دلیل صریح ہے کہ ایک دفعہ ان گھروں کو نبی کے گھر بتایا اور ایک دفعہ انھیں گھروں کو ازواج کا گھر فرمایا۔

اب آیت بالا پر غور کرو کہ ازواج نبی ﷺ کے بیوت (گھروں) کی اللہ پاک نے کس قدر صفت وثناء فرمائی ہے۔ ان گھروں کو مہبط وحی الٰہی بتایا۔ ان گھروں کو حکمت ربانی کا گہوارہ ٹھہرایا سب جانتے ہیں کہ مکان کو عزت مکین سے ہوتی ہے۔ اب ازواج النبی ﷺ کی عزت ربانیہ اور حرمت الٰہیہ کا قیاس خود ہی کر لیجیے۔ بے شک یہ ایک بڑی فضیلت ہے۔

[8] فضیلت ہشتم: اللہ تعالیٰ نے ازواج النبی ﷺ کی شان بلند میں آیت تطہیر کو نازل کیا اور وحی متلو میں فرمایا:

﴿ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۝ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴾ [الاحزاب:33-34]

''اے ازواج نبی! تم اپنے گھروں میں ٹھہرو اور جاہلیت اول کی طرح باہر مت پھرو۔ نماز کو قائم کرو، زکوٰۃ کو ادا کرو اور اللہ اور رسول کی اطاعت کرو۔ اے گھر والو! اللہ یہ چاہتا ہے کہ رجس کو تم سے دور کرے اور تم کو بالکل پاک بنا دے اور تمھارے گھروں میں جو آیات اللہ کی اور حکمت کی باتیں پڑھی جاتی ہیں، انھیں یاد رکھو۔ اللہ لطیف وخبیر ہے۔''

اول سے اخیر تک تمام کلام کی مخاطب ازواج النبی ﷺ ہیں اور اس لیے ''اہل البیت'' کے لفظ کا خطاب بھی انھی کے لیے ہے۔ جیسا کہ ''بیوتکن'' کا خطاب بھی ان کے لیے ہے۔ اس کی مزید تائید قرآن پاک کے کلام معجز نظام کے سیاق سے بھی ہوتی ہے اور

عرف عام سے بھی۔ کیوں کہ صاحب خانہ یا گھر والی ہمیشہ بیوی کو کہا جاتا ہے اور اہل البیت گھر والی کا لفظی ترجمہ ہے۔ مگر احقاق حق کے لیے ہم پھر قرآن مجید کی جانب رجوع کرتے ہیں۔ کیا اس لفظ کا استعمال کسی دوسرے مقام پر بھی کسی نبی کی زوجہ کے لیے ہوا ہے۔ قرآن مجید میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قصہ میں ہے اور چوں کہ نبی ﷺ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بحکم ﴿ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَ هٰذَا النَّبِيُّ ﴾ [آل عمران: 68] مشابہت تامہ ہے، اس لیے ان کے قصہ کا حوالہ زیادہ خصوصیت بخش ہے:

﴿ وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ وَ مِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَ اَنَا عَجُوْزٌ وَّ هٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا ط اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيْبٌ O قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَ بَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ط اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴾ [1] [ھود: 71-73]

”ابراہیم علیہ السلام کی بیوی کھڑی تھی، وہ ہنس پڑی۔ ہم نے اسے اسحق علیہ السلام کی اور اسحق علیہ السلام کے بعد یعقوب علیہ السلام کی بشارت دی۔ وہ بولی ہائے، اب میں جنوں گی۔ جب میں بوڑھی ہو گئی اور میرا شوہر بوڑھا ہو گیا۔ یہ تو عجب بات ہے۔ فرشتوں نے کہا کہ تو اللہ کے حکم سے تعجب کرتی ہے؟ گھر والو! تم پر اللہ کی رحمت اور برکتیں ہیں اور اللہ حمد و مجد والا ہے۔“

اسی جگہ نبی کی بیوی حضرت سارہ علیہا السلام کو اہل البیت کے لفظ سے مخاطب کیا گیا۔

پس آیت سے معلوم ہوا کہ ازواج النبی ﷺ کو یہ فضیلت بزرگ حاصل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان سے وعدہ تطہیر فرمایا۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ آل اور اہل دونوں لفظ ایک ہی ہیں اور اس کی دلیل یہ ہے کہ لفظ آل کی تصغیر اُہیل آتی ہے۔ قرآن مجید کی آیت مذکورہ بالا میں اگرچہ اہل البیت سے مراد بالخصوص ازواج النبی ﷺ ہیں، لیکن احادیث صحیحہ میں لفظ اہل یا آل زیادہ وسیع معنی میں آیا ہے۔

1. یہ لفظ ازواج کے لیے بھی آیا ہے۔ (دیکھو ابونعیم محمد کی حدیث میں۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ ہے اور ابوسعد ساعدی کی حدیث میں اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اَزْوَاجِهٖ ہے۔ یعنی حدیث دوم حدیث اول کی تفسیر کرتی ہے۔ [2]

2. یہ لفظ جملہ بنو ہاشم و بنو مطلب کے لیے آیا ہے، جن پر صدقہ لینا حرام ہے۔ حدیث میں ہے:
اِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ وَّ لَا لِاٰلِ مُحَمَّدٍ صدقہ تو محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ کے لیے حلال نہیں۔ [3]

3. یہ لفظ حضور ﷺ کی ذریت کے لیے ہے۔ بیہقی نے سند جید کے ساتھ واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حسنین علیہما السلام کو بلایا اور ان کو اپنی رانوں پر بٹھایا۔ پھر سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اور ان کے شوہر علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو اپنی گود سے قریب کیا اور ان پر چادر ڈال کر فرمایا: اَللّٰهُمَّ هٰٓؤُلَاءِ اَهْلِيْ الٰہی یہ میرے اہل ہیں۔“ [4] پس تتبع آثار و احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے واضح ہوتا ہے کہ بنو ہاشم و بنو مطلب بھی زیادہ وسیع معنی میں اور آل عباس بھی خاص معنی میں بروئے ارشادات نبوی ﷺ داخل اہل بیت ہیں، جیسا کہ ازواج النبی ﷺ بروئے قرآن پاک مخاطب بہ اہل بیت ہیں، ان میں سے کسی ایک امر کا انکار احادیث سے ناواقفیت یا منطوق قرآن سے عدم مہارت پر دال ہے۔

---

[1] یاد رکھنا چاہیے کہ مرد اور عورت دونوں گھر والے ہوتے ہیں۔ "علیکم اھل البیت" اس لیے کہ ابراہیم علیہ السلام بھی اس میں داخل ہیں۔
[2] نسائی: 149، ابوداود: 978، مسند احمد: 4/243، بیہقی: 2/279 ③ مسلم: 1072، ابوداود: 2985، ابن خزیمہ: 2342، احمد: 4/166
[4] مسلم: 6220، ترمذی: 3724

9 فضیلت نہم: اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ اَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ﴾ [33:الاحزاب:6]

''مومنین پر نبی ان کی جانوں سے بڑھ کر ہے اور نبی کی ازواج مومنوں کی مائیں ہیں۔''

یہ روشن ہے کہ اَنْفُسِهِمْ اور اُمَّهٰتُهُمْ کی ضمیروں کا مرجع مومنین ہیں اور اسی لیے ازواج النبی ﷺ کا لقب امہات المومنین ہے نہ کہ امہات الامت وغیرہ [1] لفظ مومنین کے استعمال کا زاویہ یہ ہے کہ مومن کے متمیز و مشخص کرنے کی علامات کو واضح کر دیا جائے۔ چنانچہ اس آیت میں دو علامتیں بتائیں۔

اوّل: مومن وہ ہے جو ازواج نبی ﷺ کو اپنی جان شیریں سے زیادہ محبوب رکھتا ہو اور حضور ﷺ کو جان سے بڑھ کر اولیٰ سمجھتا ہو۔

دوم: مومن وہ ہے جو ازواج نبی ﷺ کو اپنی ماں جانتا ہو وہ ماں نہیں جس سے جسم عنصری کا ظہور ہوا، بلکہ وہ ماں جس کی فرزندی کا شرف اس وقت نصیب ہوتا ہے جب ولاء نبوی ﷺ اور ایمان میں کمال حاصل ہوتا ہے۔

الغرض اس آیت میں ازواج مطہرات نبوی ﷺ کی بڑی فضیلت کا بیان ہے۔ ذرا غور کرو کہ کس طرح نبی ﷺ کے شرف و تعظیم کے ساتھ ساتھ ازواج النبی ﷺ کی تجلیل و تکریم کو بیان فرمایا اور تکمیل ایمان کے لیے محض اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ [33:الاحزاب:6] پر اقتصار نہ کر کے اَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ کے اخبار و اعلان کو حقوق نبی اور شرائط ایمان کے ساتھ منضم کیا ہے۔

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ سَلٰمٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی [27:النمل:59]

ماں کی فضیلت کے متعلق صحیح نسائی میں حدیث ہے:

اِنَّ جَابِرًا رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَدْتُ الْغَزْوَ۔ وَ قَدْ جِئْتُ اَسْتَشِیْرُكَ فَقَالَ هَلْ لَكَ مِنْ اُمٍّ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَالْزِمْهَا فَاِنَّ الْجَنَّةَ عِنْدَ رِجْلِهَا۔ [2]

جابر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میرا ارادہ جہاد کرنے کا ہے۔ میں اس بارہ میں حضور ﷺ سے مشورہ لینے آیا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے پوچھا۔ کیا تیری ماں زندہ ہے؟ وہ بولا ہاں۔ فرمایا جا، اس کی خدمت میں لگا رہ۔ اس کے پاؤں تلے جنت ہے۔ فَاِنَّ الْجَنَّةَ عِنْدَ رِجْلِهَا۔ اس کا ترجمہ میر انیس نے کیا ہے:

ع کہتے ہیں ماں کے پاؤں کے نیچے بہشت ہے

مرزا دبیر نے ترجمہ کیا:

ع تحت قدم والدہ فردوس بریں ہے

حدیث شریف کے درج کرنے کا مدعا یہ ہے کہ جب جسمانی ماں کی خدمت کا اس قدر اجر جمیل ہے تو ایمانی ماں کی خدمت کا اجر عظیم ہونا بخوبی ذہن نشین ہو سکتا ہے۔

﴿ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴾

---

[1] الامت میں اشرار و اخیار سب ہی شامل ہیں۔ ازواج مطہرات کے اس لیے امہات مومناں کہا کہ اشرار کو ان کی فرزندی کا شرف نہیں مل سکتا۔

[2] نسائی: 3106، مسند امام احمد: 3/ 429، بیہقی: 9/ 26، مشکل الآثار: 3/ 30

فصل سوم 3

ازواج مطہرات کے ساتھ نبی ﷺ کا حسن سلوک

حدیث میں ہے: خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهٖ وَ اَنَا خَيْرُكُمْ بِاَهْلِيْ سب لوگوں میں اچھا ہے جو اپنی بیوی (کنبہ) کے ساتھ اچھا ہے اور میں تم سب سے بڑھ کر اپنی بیویوں کے ساتھ اچھا ہوں۔ [1]

نبی ﷺ ہر ایک شوہر کے لیے ضروری بتایا کرتے تھے کہ وہ اپنی بیوی کے ساتھ خوش مذاق ہو۔ حضور علیہ السلام کا معمول یہ تھا کہ جب گھر میں داخل ہوتے تو السلام علیکم خود فرمایا کرتے۔ رات کے وقت سلام ایسی آہستگی سے فرماتے کہ بیوی جاگتی ہو تو سن لے اور سوگئی ہو تو جاگ نہ پڑے۔

کھانے، پہننے، مکان اور گزارہ اور ملاقات میں ہر ایک بیوی کے ساتھ مساوی سلوک فرمایا کرتے۔ عموماً بعد عصر ہر ایک کے مکان پر تشریف لے جا کر ان کی ضروریات کو معلوم فرماتے اور بعد مغرب سب بیویوں سے ایک مکان میں مختصر ملاقات فرماتے۔ شب کو نوبت بہ نوبت ہر ایک کے گھر میں استراحت فرمایا کرتے۔

بیویوں کی سہیلیوں کی عزت فرمایا کرتے اور ان کے عزیز و اقارب کو حسن سلوک سے شاد کام رکھتے۔ سفر میں روانہ ہونے کے وقت قرعہ اندازی کی جاتی۔ جس بیوی کا نام نکلتا اس کو ساتھ لیتے۔ ہر ایک بیوی کے رہنے کا مکان الگ تھا اور یہ سب مکان جن کو اللہ پاک نے ''حجرات اور بیوت النبی ﷺ اور بیوتکن'' فرمایا ہے، باہم پیوستہ تھے۔ مکان نہایت مختصر تھے۔ مثلاً عائشہ طیبہ رضی اللہ عنہا کا حجرہ جس کا دریچہ مسجد نبوی ﷺ کے اس حصہ پر کھلتا ہے جسے رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ [2] خیابان جنت میں سے ایک چمن فرمایا گیا ہے، اس قدر تھا کہ جب نماز جنازہ مطہر کے لیے لوگ داخل ہونے لگے تو دس (10) آدمیوں سے زیادہ کی اس میں گنجائش نہ تھی۔ حجرات کے اندر سامان برائے نام ہوتا تھا۔ مثلاً حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں حضور ﷺ کے آرام فرمانے کے لیے ایک ٹاٹ کا ٹکڑا تھا جسے دو تہہ کر کے بچھا دیا گیا تھا۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں حضور ﷺ کا بستر چمڑے کا تھا جس کے اندر کھجور کے پٹھے بھرے ہوئے تھے۔

ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو ام المومنین ہونے کے بعد ام المساکین زینب رضی اللہ عنہا کا گھر ملا تھا۔ ان کو اس گھر میں جو اثاث البیت نظر آیا وہ ایک چکی اور چند سیر جو تھے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ ان کی خالہ ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں پانی ایک مشک میں ہوتا تھا۔ انس رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے ایک پیالہ چوبی کا ذکر کیا ہے جسے مختلف اشربہ میں برتا جاتا تھا۔

فتح خیبر کے بعد نبی ﷺ نے ہر ایک بیوی کے لیے 80 وسق کھجور کے اور 20 وسق جو کے سالانہ مقرر کر دیے تھے۔ دودھ کے واسطے عموماً ہر ایک بیوی کو ایک ایک ناقہ شیر دار ملا کرتی تھی۔ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن بھی ہر ایک شے میں ما تحتاج رکھ کر باقی سب چیزوں کو بیواؤں، یتیموں پر خیرات کر دیا کرتی تھیں۔

باوجود اس قدر دلداری اور عطوفت کے نبی ﷺ کو یہ گوارا نہ تھا کہ کسی بیوی کے منہ سے اپنی سوت کی نسبت کوئی ایسا لفظ بھی نکلے جو ان کی شان بلند سے گرا ہوا ہو۔

---

[1] ترمذی: 3904، ابن حبان: 4177 [2] ترمذی: 3924، 3925، تحفۃ الاشراف: 14939

ام المومنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا نے ایک بار ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا کو یہودن کہہ دیا۔ کچھ شک نہیں کہ ان کا نسب یہود ابن یعقوب پر منتہی ہوتا تھا مگر کہنے کا انداز ولہجہ حقارت آمیز تھا۔ اتنی بات پر حضور ﷺ کچھ عرصہ تک ام المومنین زینب رضی اللہ عنہا کے گھر نہ گئے۔ جب انھوں نے توبہ کی تو خطا بخشی ہوئی۔ [1]

جب ہم دیکھتے ہیں کہ یہ چھوٹی سی بات یہودن کہنا بھی مرویات میں نقل کی گئی ہے تو ہم کو ازواج النبی ﷺ کی پاک زندگی کا صحیح تصور بندھ جاتا ہے کیوں کہ اس سے زیادہ کوئی بات تلخ بھی کبھی کی گئی ہوتی تو وہ بھی ضرور روایت میں آ جاتی۔ اللہ اکبر! یہ نتیجہ نبی ﷺ کے فیضان عالیہ کا تھا کہ زوجات کو تاثرات طبعی وجنسی سے ارفع واعلیٰ بنا کر محبت صادقہ ایمانیہ میں متفق ومتحد بنا دیا تھا۔

اس راز کے سمجھنے سے وہ افراد قاصر ہیں جو تعلقات زوجین کی حقیقت صرف خواہشات طبعی کے نفاذ کو سمجھا کرتے ہیں۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ عیسائیوں نے بہشت میں زن وشوہر کے زن وشوہر ہو کر رہنے سے انکار کیا ہے۔

امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے کام

زنان امت کو تعلیم دینا۔ ان کی معروضات کو حضور نبوی ﷺ میں پہنچانا۔ پھر جواب سمجھانا۔ نبی ﷺ کے افعال واقوال و عبادات کو جو حجرات کے اندر کیا کرتے تھے حفظ واتقان کے ساتھ امت تک پہنچانا، مشکلات علمیہ میں فرزندان امت کی رہبری کرنا تھا۔

امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے مہور

نبی ﷺ کی بیویوں اور بیٹیوں کے مہر ساڑھے بارہ اوقیہ نقرہ سے زیادہ نہ تھے۔ [2]

---

[1] ترمذی: 3903، نسائی: 8919

[2] بخاری: 5149، مسلم: 1426، دارمی: 2199, 2200، ابوداود: 2105، نوٹ: یہ وزن ہمارے اعشاری حساب سے قریباً 1500 گرام یعنی ڈیڑھ کلوگرام چاندی بنتی ہے۔

فصل چہارم 4

ازواج النبی ﷺ کے نسب ناموں کا نسب نامہ نبوی ﷺ سے قریب تر ہونا

چوں کہ اکثر ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کو نبی ﷺ کے ساتھ بہ اعتبار نسب بھی قرابت حاصل ہے۔اس لیے ایک نقشہ بنادیا گیا ہے تاکہ ہر ایک ام المومنین رضی اللہ عنہا کی قرابت نسب کا حال بخوبی واضح ہو سکے۔

نقشہ عمود نسب نبی ﷺ اور اس کے ساتھ انساب امہات المومنین رضی اللہ عنہن کا اتصال

				20 معد بن عدنان				
				19۔نزار				
				18۔مضر				
				17۔الیاس				عیلان
				16۔مدرکہ				قیس
				15۔خزیمہ				خصفہ
				14۔کنانہ				عکرمہ
				13۔نضر				منصور
				12۔مالک				ہوازن
				11۔فہر				بکر
				10۔غالب				معاویہ
عدی				9۔لوی			اسد	صعصعہ
زراح				8۔کعب		عامر	دودان	عامر
قرط	تیم			7۔مرہ		حسل	غنم	ہلال
عبداللہ	سعد			6۔کلاب	یقظہ	مالک	کثیر	عبداللہ
رباح	کعب			5۔قصی	مخزوم	نصر	مرہ	رویبہ
عبدالعزی	عمرو		عبدشمس	4۔عبدمناف	عمرو	عبدود	صبیرہ	ہرم
نفیل	عامر	عبدالعزی	امیہ	3۔ہاشم	عبداللہ	عبدشمس	یعمر	بجیر
خطاب	ابوقحافہ	اسد	حرب	2۔عبدالمطلب	مغیرہ	قیس	رکاب	حزن
عمر رضی اللہ عنہ	ابوبکر	خویلد	ابوسفیان	1۔عبداللہ	ابوامیہ	زمعہ	جحش	حارث
حفصہ	عائشہ	خدیجہ	ام حبیبہ	محمد ﷺ	ام سلمہ	سودہ	زینب	میمونہ

فصل پنجم 5

امہات المومنین رضی اللہ عنہن ازواج النبی ﷺ کے جداگانہ حالات

① ام المومنین خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا

خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی قریشیہ الاسدیہ۔

ان کے والد خویلد عرب کے مشہور تاجر اور قریش میں معزز و نامور تھے۔ ان کی والدہ کا نام فاطمہ بنت زائدہ تھا۔ ان کا سلسلہ نسب بھی نبی ﷺ کے ساتھ لوی میں شامل ہو جاتا ہے (دیکھو نمبر 9۔ شجرہ نبوی ﷺ) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے چچا عمرو بن اسد نے ان کا نکاح نبی ﷺ سے کیا۔ مہر کے چھ (6) اونٹ مقرر ہوئے تھے۔ اس وقت حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر 40 سال ① اور نبی ﷺ کی عمر 25 سال کی تھی۔

ان کا پہلا نکاح عتیق بن عائذ مخزومی سے ہوا تھا۔ ② اس سے کچھ اولاد نہیں ہوئی۔ اس کے فوت ہو جانے کے بعد دوسرا نکاح ابو ہالہ ہند بن نباش تمیمی سے ہوا تھا۔

نبی ﷺ کا یہ پہلا نکاح تھا۔ اس نکاح کی درخواست حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی جانب سے کی گئی تھی۔ نکاح کے بعد نبی ﷺ فکر معیشت سے آزاد ہو کر ذکر ربانی میں ہمہ تن مصروف ہو گئے تھے۔ پانی کی مشک اور ستوؤں کی تھیلی لے کر غار حرا میں عبادت کیا کرتے تھے۔ حضور ﷺ کی واپسی تک طاہرہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا اور ستو تیار کر چھوڑتیں۔

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا لقب جاہلیت میں بھی "طاہرہ" تھا۔ یہ اسلام میں سب سے پہلے داخل ہوئیں۔ ان پر کسی مرد یا عورت کو تقدم فی الاسلام حاصل نہیں۔

جب نبی ﷺ نے ان سے نزول وحی کا ذکر کیا تو مشکلات نبوت پر غور کرتے ہوئے یہ بھی فرمایا: لَقَدْ خَشِيتُ عَلَى نَفْسِي مجھے اپنی جان کا اندیشہ ہے۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے جواب میں عرض کیا: كَلَّا وَاللّٰهِ مَا يُخْزِيكَ اللّٰهُ أَبَدًا إِنَّكَ تَصِلُ الرَّحِمَ وَتَحْمِلُ الْكَلَّ وَتَكْسِبُ الْمَعْدُومَ وَتَقْرِي الضَّيْفَ وَتُعِينُ عَلَى نَوَائِبِ الْحَقِّ ③

اس کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے مزید انشراح صدر اور طمانیت قلب خود کے لیے یہ کیا کہ نبی ﷺ کو اپنے چچیرے بھائی

---

① زرقانی نے مغلطائی سے ایک روایت بیان کی ہے کہ اس وقت حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر 28 سال کی تھی۔ یہ روایت شاذ ہے۔ واللہ اعلم۔ ② مؤرخین میں اختلاف ہے کہ عتیق سے پہلا نکاح ہوا یا ابو ہالہ سے۔ قتادہ نے عتیق کو پہلا بتلایا ہے اور جرجانی نے ابو ہالہ کو۔ صاحب الاستیعاب نے بھی قول جرجانی کو صحیح کہا ہے۔ میں نے قول قتادہ کو اس لیے پسند کیا ہے کہ صاحب الاستیعاب نے ہند کو ربیب رسول اللہ ﷺ لکھا ہے اور یہ تب ہی صحیح ہو سکتا ہے کہ ابو ہالہ کے بعد ہی نبی ﷺ کا نکاح ہوا ہو۔

③ (بخاری:3) "نہیں آپ کو ڈر کا ہے کا ہے اللہ کی قسم! آپ کو ہر ایک مشقت سے بچائے گا۔ میں دیکھتی ہوں کہ آپ اہل قرابت سے عمدہ سلوک فرماتے ہیں، درماندوں کی دستگیری کرتے، تہی دستوں کی امداد فرماتے، مہمانوں کی دعوت کرتے، اصلی مصیبت زدوں کی امداد کیا کرتے ہیں۔"

قارئین! غور کریں کہ قبل از نبوت بھی نبی ﷺ کیسے اخلاق فاضلہ سے متصف تھے۔ نیز طاہرہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی زیرکی و لطافت کو ملاحظہ فرمائیں کہ انھوں نے حضور ﷺ کے فضائل کا کیسے گہرے تدبر سے مطالعہ کیا تھا۔

ورقہ بن نوفل بن اسد کے پاس لے گئیں۔ ورقہ عیسائی تھا اور الٰہیات کا بڑا عالم تھا۔ خدیجہ نے نبی ﷺ سے عرض کیا کہ حضور ﷺ ان کو واقعہ سنائیں۔ نبی ﷺ نے جبریل علیہ السلام کے آنے اور وحی پہنچانے کا حال بھی سنا دیا۔ اس نے اقرار کیا کہ یہ وہی ناموس اکبر ہے جو موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوا کرتا تھا۔ (1)

نبی کریم ﷺ نے تمام دنیا و آخرت کی چار (4) برگزیدہ عورتوں میں سے ایک حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو شمار کیا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ایک دفعہ نبی ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی تعریف ان الفاظ میں فرمائی۔

اٰمَنَتْ بِیْ حِیْنَ کَفَرَ بِیَ النَّاسِ صَدَّقَتْنِیْ حِیْنَ کَذَّبَنِی النَّاسُ وَ اَشْرَکَتْنِیْ فِیْ مَالِهَا حِیْنَ حَرَّمَنِیَ النَّاسُ۔ وَ رَزَقَنِیَ اللهُ وُلْدَهَا وَ حَرَمَ وُلْد غَیْرِهَا (2)

(1) وہ مجھ پر ایمان لائی جب اوروں نے کفر اختیار کیا۔

(2) اس نے میری تصدیق کی جب اوروں نے مجھے جھٹلایا۔

(3) اس نے اپنے مال میں مجھے شریک کیا، جب اوروں نے مجھے کسب مال سے روکا۔

(4) اللہ نے مجھے اس کے بطن سے اولاد دی جب کہ کسی دوسری بیوی سے نہیں ہوئی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک بار حسانہ مزنیہ نبی ﷺ سے ملنے آئی۔ نبی ﷺ نے نہایت مہربانی سے اس کا حال دریافت فرماتے ہوئے کہا کہ ہمارے بعد تمھارا کیا حال رہا۔ وہ چلی گئی تو میں نے پوچھا کہ یہ بڑھیا کون تھی جس سے ایسی عنایت سے حضور ﷺ باتیں فرماتے رہے۔ فرمایا: خدیجہ رضی اللہ عنہا کی سہیلی ہے۔ اسے خدیجہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ بہت محبت تھی۔ (3)

امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ (4) نے اپنی صحیح کے باب **تزویج النبی صلی اللہ علیہ وسلم خدیجۃ و فضلها** میں بروایت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نقل کیا ہے:

اَتَی جِبْرِیْلُ النَّبِیَّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللهِ هٰذِهٖ خَدِیْجَة قد اتت مَعَهَا اِنَاءٌ فِیْهِ اِدَامٌ وَ طَعَامٌ اَوْ شَرَاب فَاِذَا هِیَ اَتَتْكَ فَاقْرَاْ عَلَیْهَا السَّلَامُ مِن رَّبِّهَا وَ مِنِّیْ وَ بَشِّرهَا بِبَیْتٍ فِی الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لا صخبٍ فِیْهِ وَلَا نَصَبٍ. (5)

جبریل نبی ﷺ کی خدمت میں آئے۔ کہا ابھی خدیجہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کے پاس ایک برتن جس میں کچھ کھانے پینے کی چیز ہے لے کر حاضر ہوتی ہیں۔ آپ ان سے رب العالمین کا سلام (6)، نیز میرا سلام، کہہ دیجیے اور ان کو ایک ایوان جنت کی بشارت دیجیے جو خالص مروارید سے ہوگا۔ جس کے اندر کوئی رنج و الم نہیں۔

---

(1) بخاری: 3، اس حدیث کے اخیر میں ہے کہ ورقہ نے کہا: کاش آج میں جوان ہوتا کہ حضور ﷺ کی خدمت کرتا۔ کاش میں زندہ رہتا کہ آثار نبوت سے فیضان پاتا۔ نیک مرد ورقہ اس واقعہ کے تھوڑے دنوں کے بعد ہی داصل بحق ہوا۔ نبی ﷺ نے خواب میں اسے اچھی حالت میں معائنہ فرمایا۔ (2) اسد الغابہ: 7/86

(3) استیعاب جلد 2 ملخصاً۔ (4) امام بخاری جمعہ 13 شوال 194ھ کو پیدا ہوئے۔ شب عید الفطر 256ھ میں وفات پائی۔ لفظ صدق سے سال ولادت اور لفظ نور سے سال وفات نکلتا ہے۔ (5) بخاری: 3820، مسلم: 2432، نسائی: 8362، ترمذی: 3885 (6) رب العالمین کا سلام۔ یہ ایسا شرف ہے جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے سوا دنیا کی کسی عورت کو حاصل نہیں۔

فرزندان خدیجۃ الکبریٰ ؓ

ہالہ، طاہر اور ہند۔ حضرت خدیجہ ؓ کے فرزند ابو ہالہ سے ہیں۔ یہ تینوں بھائی صحابی ہیں۔

﴿1﴾ ہالہ بن خدیجۃ الکبریٰ ؓ کا ذکر صحیح بخاری میں آیا ہے کہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے اندر حاضر ہونے کا اذن چاہا تو حضور ﷺ نے نام سن کر فرمایا: **اَللّٰھُمَّ ھالہ**۔ ہالہ کے فرزند کا نام ہند تھا اور وہ اپنے باپ سے بھی روایت کرتے ہیں۔ [1]

﴿2﴾ طاہر بن خدیجۃ الکبریٰ کو نبی ﷺ نے ایک ربع یمن کا حاکم مقرر فرما دیا تھا اور انتقال نبوی ﷺ تک بدستور برسر حکومت رہے تھے۔ ان کی حکومت میں قبائل عک اور اشعریین تھے۔ وفات نبوی ﷺ کے بعد یمن میں یہی قبائل سب سے پہلے مرتد ہوئے۔ ابوبکر صدیق ؓ نے طاہر ؓ کو ان سے قتال کرنے کا حکم دیا۔ طاہر ؓ نے بمعیت مسروق بن الاجدع لشکر کشی کی اور فتح عظیم حاصل ہوئی۔ جس سے یہ فتنہ فرو ہو گیا۔ اس واقعہ کے متعلق طاہر کے مندرجہ ذیل اشعار ہیں: [2]

فَوَاللّٰہِ لَوْ لَا اللّٰہُ لَا شَیْءَ غَیْرَہٗ ... اَمَا فُضَّ بِالْاَجْرَاعِ جَمْعُ الْعَثَاعِثِ
فَلَمْ تَرَ عَیْنِیْ مِثْلَ جَمْعٍ رَاَیْتُہٗ ... بِجَنْبِ مَجَازٍ فِیْ جُمُوْعِ الْاَخَابِثِ
قَتَلْنَاھُمْ مَا بَیْنَ قَنَّۃِ خَاصِرٍ ... اِلَی الْقَیْعَۃِ الْبَیْضَاءِ ذَاتِ النَّبَائِثِ
وَ فِئْنَا بِاَمْوَالِ الْاَخَابِثِ عَنْوَۃً ... جِھَارًا وَ لَمْ نَحْفِلْ بِتِلْکَ الْھَثَاھِثِ

''اللہ کی قسم! اگر اللہ ہی کی مدد نہ ہوتی تو ان فسادی گروہوں کو ریگستان میں شکست نہ دی جا سکتی۔ میری آنکھوں نے ایسا کوئی گروہ نہیں دیکھا جیسا کہ میں نے سرراہ ان خبیث گروہوں کو دیکھا ہے۔ ہم نے ان کو پہاڑوں کی بلند اور ڈھانپ لینے والی چوٹیوں اور صاف زمین پر قتل کیا۔ ہم نے ان کے مال و زر پر جنگ میں قوت سے قبضہ حاصل کیا اور شور و شغب کی طرف متوجہ نہ ہوئے۔''

﴿3﴾ ہند بن خدیجۃ الکبریٰ ؓ: یہ آنحضرت ﷺ کے ربیب (پروردہ) ہیں۔ جنگ جمل میں حضرت علی مرتضیٰ ؓ کی جانب تھے اور وہیں شہید ہوئے۔

ہند ؓ فصاحت و بلاغت میں مسلّمہ تھے اور اوصاف النبی ﷺ میں مشہور تھے۔ نبی ﷺ کا حلیہ نہایت خوبی اور صحت سے بیان کیا کرتے تھے۔

﴿4﴾ ہند بن ہند کا انتقال بصرہ میں ہوا۔ ان دنوں طاعون کا زور تھا اور لوگ اپنے اپنے مردوں کی تجہیز و تکفین میں مصروف تھے۔ ان کی چارپائی اٹھانے والے صرف چار آدمی تھے۔ ایک عورت نے یہ دیکھا اور ''واہند بن ہنداہ ابن ربیب رسول اللہ ﷺ'' کا نعرہ لگایا۔ جسے سن کر تمام لوگ اپنے اپنے مردوں کو چھوڑ کر ان کے جنازہ پر جمع ہو گئے اور دن بھر بازار بند رہے۔ [3]

اقارب: حضرت خدیجۃ الکبریٰ ؓ کی ایک بہن ہالہ بنت خویلد تھیں، جو صحابیہ ہیں۔ ان کے فرزند ابو العاص بن ربیع ہیں جو

---

[1] بخاری: 3821، مسلم: 2432 [2] الاستیعاب حسن الصحابہ جز و اول ص: 198 مطبوعہ قسطنطنیہ، معجم البلدان [3] الاستیعاب

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے شوہر اور نبی ﷺ کے اولین داماد ہیں۔ایک بہن کا نام رقیہ ہے جن کی بیٹی امیمہ بنت عبد صحابیہ ہیں۔امیمہ سے روایت حدیث ان کی بیٹی حکیمہ اور محمد بن المنکدر رنے کی ہے۔عوام حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے برادر حقیقی ہیں۔ان کے فرزند زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ (جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں) اور سائب بن العوام رضی اللہ عنہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے حقیقی بھتیجے ہیں۔

اولاد النبی ﷺ: طاہرہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے جو اولاد نبی ﷺ کی ہوئی۔اس کا ذکر اولاد نبوی ﷺ کے ذیل میں درج ہے۔حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا انتقال رمضان 10 نبوت مکہ معظمہ میں ہوا۔بیت النبی ﷺ میں ان کی مدت قیام 24 سال یا 25 سال ہے۔

② ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا

سودہ بنت زمعہ بن قیس بن عبد شمس بن عبدود بن نصر بن مالک بن حسل بن عامر بن لوی۔ان کی والدہ کا نام شموس بنت قیس تھا۔برادر سلمٰی زوجہ ہاشم ہیں۔گویا حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے ننھیال نبی ﷺ کے دادا عبد المطلب کے ننھیال تھے۔

یہ سکران بن عمرو بن عبدود کے نکاح میں تھیں۔یہ پہلے ایمان لائیں اور پھر ان کی ہدایت اور ترغیب سے سکران بھی مشرف بہ اسلام ہوئے۔پھر انھوں نے خاوند کے ساتھ مع اپنی والدہ کے ہجرت حبش کی تھی۔سکران نے حبش میں انتقال کیا۔تب نبی ﷺ نے ان کے مصائب کو جلد ختم کرنے کی غرض سے 10 نبوت میں بعد از وفات خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ان سے نکاح کر لیا تھا۔

انھوں نے چند سال بعد اپنا وقت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو دے دیا تھا۔یعنی اپنی ذات پر محبوب کی محبوبہ کو تقدیم دی تھی۔عشق میں ایثار ان ہی کی خصوصیات میں سے ہے۔

اقارب

عبد الرحمٰن اور عبد ابنائے زمعہ باپ کی طرف سے ان کے بھائی ہیں اور قرظہ بن عبد عمرو ان کا بھائی ماں کی جانب سے ہے۔مالک بن زمعہ ان کا برادر شقیق ہے۔وہ قدیم الاسلام ہیں۔انھوں نے بھی مع زوجہ خود عمرہ بن السعدی العامریہ ہجرت حبشہ کی تھی۔

حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا ام المومنین کے درجہ پر فائز ہونے کا سبب اصلی ان کا اور ان کے خاندان کا قدیم الاسلام ہونا اور اسلام کے لیے ہجرت حبش کرنا تھا۔

حضرت سودہ رضی اللہ عنہا محاسن اخلاق اور مکارم افعال میں ابتدا ہی سے معروف تھیں۔انھوں نے آخر خلافت عمر فاروق رضی اللہ عنہ میں وفات پائی۔

کتب احادیث میں ان سے پانچ (5) احادیث مروی ہیں: صحیح بخاری میں ایک، سنن اربعہ میں چار۔

③ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا (صدیقہ بنت صدیق۔طیبہ، زوج طیب۔حبیبہ حبیب اللہ)

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیٹی ہیں۔[1] ان کی ماں کا نام ام رومان ہے۔جس کا سلسلہ نسب نبوی میں کنانہ سے جا ملتا ہے۔ان کا

---

[1] عبداللہ بن عثمان نام۔ابوبکر کنیت۔صدیق خطاب۔عتیق علم، صاحب الغار لقب ہے۔اشہر روایات یہ ہے کہ رجال میں سے سب سے پہلے یہی اسلام لائے تھے۔ (1) ان کے ذریعہ جو لوگ مشرف بہ اسلام ہوئے، ان میں سے کئی بزرگ عشرہ مبشرہ میں داخل ہیں۔(2) یہی وہ بزرگ ہیں جنھوں نے مکہ میں سب سے پہلے مسجد تعمیر کی۔جب کفار مسلمانوں کو کعبہ میں داخل نہ ہونے دیتے تھے۔(3) انھوں نے اپنے مال سے حضرت بلال و حضرت عامر بن فہیرہ جیسے سات قدیم الاسلام بزرگوں کو کفار کی غلامی سے آزاد کرایا تھا۔(4) یہی شب ہجرت کو نبی ﷺ کے ساتھ غار ثور میں تھے۔(5) انہی کا ذکر صراحت کے ساتھ قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے۔(6) انہی کو نبی ﷺ

نکاح شوال 10 نبوت میں مکہ معظمہ میں ہوا اور رخصتی شوال 11 نبوت میں مدینہ میں ہوئی۔ ازواج النبی ﷺ میں یہی وہ خاتون ہیں جن کی اسلامی خون سے ولادت ہوئی اور اسلامی شیر سے پرورش ہوئی۔ امہات المومنین رضی اللہ عنہن میں یہی وہ طیبہ ہیں جن کا پہلا نکاح

ﷺ نے جنگ بدر میں اپنے ساتھ عریش میں ٹھہرایا تھا۔ (7) انہی کو نبی ﷺ نے غزوہ تبوک میں جب سب سے زیادہ فوج کا اجتماع ہوا، نشان اعلیٰ عطا فرمایا تھا۔ (8) انہی کو نبی ﷺ نے فرضیت حج کے بعد پہلے ہی سال میں امیر الحجاج مقرر فرمایا تھا۔ (9) انہی کو نبی اللہ ﷺ نے اپنے سامنے (مرض الموت میں) اپنی جگہ امام نماز مقرر فرمایا تھا۔ (10) یہی سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ ہوئے اور صرف انہی کو خلیفہ رسول اللہ ﷺ کے لقب سے مخاطب کیا گیا۔ باقی ہر سہ خلفائے راشدین صرف امیر المومنین کہلائے۔ (11) انہی کے انتظام سے اسود عنسی مسیلمہ کذاب اور طلیحہ اسدی کے جھوٹے نبوت کے دعاوی برباد ہوئے۔ طلیحہ بعد تو بہ اسلام میں داخل ہوئے۔ (12) انہی کے وقت میں عراق، نیز شام، کا کچھ حصہ فتح ہوا۔ (13) انہی کی کوشش سے مانعین زکوٰۃ، فریضہ زکوٰۃ پر قائم ہوئے۔ (14) انہی کے حکم سے قرآن پاک صحیفہ واحد میں لکھا گیا اور مصحف کے نام سے موسوم ہوا۔ ان کے فضائل میں احادیث صحیحہ بکثرت وارد ہیں۔ ان کی تعریف میں صحابہ کرام کے اشعار بھی بکثرت پائے جاتے ہیں۔ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

إِذَا تَذَكَّرْتَ شَجْوًا مِنْ أَخِي ثِقَةٍ فَاذْكُرْ أَخَاكَ أَبَا بَكْرٍ بِمَا فَعَلَا

جب تم رنج و غم کے ساتھ کسی معزز بھائی کو یاد کرو تو ابوبکر کو بھی یاد کرو جو ہم سے جدا ہو گئے ہیں۔ (انتقال کر گئے)

خَيْرَ الْبَرِيَّةِ أَتْقَاهَا وَأَعْدَلَهَا بَعْدَ النَّبِيِّ وَأَوْفَاهَا بِمَا حَمَلَا

وہ نبی ﷺ کے بعد تمام خلقت میں بہتر، سب سے زیادہ متقی، سب سے زیادہ عادل، اپنے فرائض کو سب سے زیادہ پورا کرنے والے تھے۔

وَالثَّانِيَ التَّالِيَ الْمَحْمُودَ مَشْهَدُهُ وَأَوَّلَ النَّاسِ مِمَّنْ صَدَّقَ الرُّسُلَا

وہی ہیں جن کو ثانی رسول قرآن میں کہا گیا اور ان کی حاضری غار کی تعریف کی گئی۔ وہی ہیں جنھوں نے سب سے پیشتر تصدیق رسالت کی۔

وَكَانَ حِبَّ رَسُولِ اللهِ قَدْ عَلِمُوا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ لَمْ يَعْدِلْ بِهِ رَجُلَا

سب بہتر جانتے کہ ابوبکر نبی ﷺ کے پیارے تھے۔ خیر البریہ تھے۔ نبی ﷺ ان کے برابر کسی کا درجہ نہیں سمجھتے تھے۔

خفاف بن ندبۃ السلمی رضی اللہ عنہ کے اشعار ہیں:

إِنَّ أَبَا بَكْرٍ هُوَ الْغَيْثُ إِذَا لَمْ تَجُدِ الْأَرْضَ سَحَابٌ بِمَاءٍ

جب بادل زمین پر پانی نہ برسائے تو اس وقت ابوبکر لوگوں کی فریاد رسی کرنے والا ہے۔

تَاللهِ لَا يُدْرِكُ أَيَّامَهُ ذُو طُرَّةٍ حَافٍ وَلَا ذُو حِذَاءٍ

مجھے اللہ کی قسم ہے کہ کوئی انسان (پابرہنہ ہو یا نعل پوش ہو) ابوبکر کے فضائل کو حاصل نہیں کر سکتا۔

مَنْ يَسْعَ كَيْ يُدْرِكَ أَيَّامَهُ يَجْتَهِدِ الشَّدَّ بِأَرْضٍ فَضَاءٍ

اگر کوئی شخص ابوبکر کے فضائل کو حاصل کرنے کی سعی بھی کرے تو اس کی مثال ایسی ہوگی جیسے صحرائے عظیم کو دوڑ دوڑ کر طے کرنے کی سعی کرتا ہے۔

ابو محجن ثقفی رضی اللہ عنہ کے اشعار ہیں:

وَسُمِّيتَ صِدِّيقًا وَكُلُّ مُهَاجِرٍ سِوَاكَ يُسَمَّى بِاسْمِهِ غَيْرَ مُنْكَرٍ

تم ہی ہو جسے صدیق رضی اللہ عنہ کہہ کر بلایا جاتا ہے۔ حالانکہ باقی سب مہاجرین کو نام لے کر بلایا جاتا ہے۔ اس پر سب کا عمل بلا انکار ہے۔

سَبَقْتَ إِلَى الْإِسْلَامِ وَاللهُ شَاهِدٌ وَكُنْتَ جَلِيسًا بِالْعَرِيشِ الْمُشَهَّرِ

اللہ گواہ ہے کہ تم ہی کو سبقت الی الاسلام حاصل ہے۔ اور عریش کے اندر نبی ﷺ کی ہم نشینی کا درجہ تم ہی کو ملا ہے۔

وَبِالْغَارِ إِذْ سُمِّيتَ بِالْغَارِ صَاحِبًا وَكُنْتَ رَفِيقًا لِلنَّبِيِّ الْمُطَهَّرِ

غار میں تم ہی تھے اور صاحب الغار تمہارا ہی نام ہے۔ نبی مطہر کے رفیق تم ہی تو ہو۔

حدیث تخییر میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا قول ہے: وکان ابوبکر اعلمنا بہ ابوبکر رضی اللہ عنہ ہم سے زیادہ علم والے تھے۔ (بخاری: 3904، مسلم: 2382)

بیعت خلافت کی بابت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد ہے:

إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرِضَ لَيَالِيَ وَأَيَّامًا يُنَادِيْ بِالصَّلٰوةِ فَيَقُوْلُ مُرُوْا أَبَابَكْرٍ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ فَلَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللهِ

نبی ﷺ سے ہوا۔ حدیث میں ہے:

قَالَ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ اُرَیْتُکِ فِی الْمَنَامِ ثَلٰثَ لَیَالٍ جَاءَنِیْ بِکِ الْمَلَکُ فِیْ سرقۃٍ مِنْ حَرِیْرٍ فَیَقُوْلُ ھٰذِہٖ امْرَاَتُکَ فَاَکْشِفُ مِنْ وَجْھِکِ فَاِذَا اَنْتِ ھِیَ فَاَقُوْلُ اِنْ یَّکُنْ ھٰذَا مِنْ عِنْدِاللّٰہِ یُمْضِہٖ۔ [1]

''رسول اللہ ﷺ نے (عائشہ رضی اللہ عنہا سے) فرمایا میں تین شب تجھے خواب میں اس طرح دیکھتا رہا کہ ایک فرشتہ حریر سفید کے پارچے میں تیری تصویر کو میرے سامنے لاتا تھا اور کہتا تھا کہ یہ حضور ﷺ کی بیوی ہے اور میں تصویر کا پردہ اٹھا کر چہرہ دیکھتا تھا جو بالکل تیرا ہی چہرہ ہوتا تھا۔ میں یہ دیکھ کر کہہ دیا کرتا تھا کہ اگر یہ (اطلاع) اللہ کی جانب سے ہے تو وہ خود ہی اسے پورا کردے گا۔''

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی شادی کا اہتمام حظیرہ القدس میں کیا گیا تھا اور نبی ﷺ نے اس شادی کو منجانب اللہ قرار دیا۔

محبت کا امتحان

حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کو رسول اللہ ﷺ کی محبت میں سخت امتحان بھی دینا پڑا۔ غزوہ انمار میں ان کی سواری کیمپ میں دیر سے پہنچی اور اس پر منافقین نے ان کی شان پاک میں گستاخانہ الفاظ کہے۔ جنس لطیف کے لیے ایسا موقع سخت امتحان کا ہوتا ہے لیکن اس وقت بھی ان کی قوت ایمانیہ اور پاکی فطرت میں عجیب شان نظر آئی۔ جب نبی ﷺ نے ان سے اس بارہ میں دریافت کیا تو حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اپنے میکے والوں سے مخاطب ہو کر فرمایا:

((فَلَئِنْ قُلْتُ لَکُمْ اِنِّیْ بَرِیْئَۃٌ لَا تُصَدِّقُوْنِیْ وَ لَئِنِ اعْتَرَفْتُ لَکُمْ بِاَمْرٍ وَّاللّٰہُ یَعْلَمُ اِنِّیْ بَرِیْئَۃٌ مِّنْہُ لَتُصَدِّقُنِّیْ فَوَاللّٰہِ لَا اَجِدُ لِیْ وَ لَکُمْ مَثَلًا اِلَّا اَبَا یُوْسُفَ حِیْنَ قَالَ ﴿فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ﴾)) [2]

''اگر میں اب کہوں گی کہ میں پاک ہوں تو میری بات باور نہ ہوگی، اگر میں کسی بات کا اقرار کرلوں حالانکہ اللہ خوب جانتا ہے کہ میں اس سے بالکل پاک ہوں تو وہ باور کرلی جائے گی۔ پس اندریں حالت میں اپنے لیے صرف حضرت یعقوب کی مثال پاتی ہوں۔ جنھوں نے کہا تھا (کہ آزمائش میں) صبر کرنا ہی خوب ہوتا ہے۔ اس بارہ میں اللہ ہی مددرساں اور کارساز ہے۔''

صلی اللہ علیہ وسلم نَظَرْتُ فَاِذَا الصَّلٰوۃُ عَلَمُ الاسلامِ وَ قِوَامُ الدِّیْنِ فَرَضِیْنَا لِدُنْیَانَا مَنْ رَضِیَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِدِیْنِنَا فَبَایَعْنَا اَبَابَکْرٍ (اسد الغابہ:328/3)

رسول اللہ ﷺ چند شب و روز بیمار رہے۔ حضور ﷺ سے نماز کے لیے عرض کیا جاتا تو فرما دیتے کہ ابوبکر لوگوں کو نماز پڑھائے۔ پھر جب نبی ﷺ کا انتقال ہوگیا تو میں نے غور کیا کہ نماز تو اسلام کا رکن ہے اور اسی پر دین کا قیام ہے۔ اس لیے ہم نے دنیا کی حکومت کے لیے بھی اسی پر رضامندی ظاہر کردی۔ جسے رسول اللہ ﷺ نے ہمارے دین کے لیے پسند فرمایا تھا اور اسی سے ہم نے ابوبکر کی بیعت کرلی۔

حضرت ابوبکر صدیق کی اولاد ہندوستان میں محمد بن ابوبکر کی نسل سے بکثرت پائی جاتی ہے۔ شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ اسی خاندان عالی سے ہیں۔ اعلیٰ حضرت نظام الاولیاء نظام الملک آصف جاہ، میر محمد عثمان علی خاں سابق خسرو دکن کا سلسلہ نسب حضرت شیخ الشیوخ ہی سے ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو انوار صدیقیت و ولایت سے بھی بہرہ اندوز فرمائے۔ ف اقوال علی مرتضیٰ الاستیعاب سے منقول ہوئے ہیں۔

[1] بخاری: 3895، مسلم: 2438، ترمذی: 3889، تحفۃ الاشراف: 16258 [2] بخاری: 1441

صدیقہ ؓ کہتی ہیں کہ مجھے اپنی پاکی اور صفائی کی وجہ سے وثوق تھا کہ میری بابت رؤیا میں نبی ﷺ کو بتا دیا جائے گا، مگر اس کا مجھے گمان بھی نہ تھا کہ میرے حق میں وحی الٰہی کا نزول ہوگا۔ لیکن نبی ﷺ بھی اسی جگہ تشریف رکھتے تھے کہ قرآن پاک اترا۔ اللہ پاک نے صدیقہ ؓ کی نصرت فرمائی، بے قصوری ظاہر کی۔ ان کو طیبہ ٹھہرایا اور خبر دی کہ مغفرت اور رزق کریم ان ہی کے لیے ہے۔[1] نیز یہ بھی بتایا کہ اس بہتان سے ان کی شان میں ذرا بھی فرق نہ آیا، بلکہ رتبہ بڑھ گیا۔ ان کی پاکی اور طہارت کی آواز سے زمین و آسمان گونج اٹھے۔ وہ وحی اتری جس کی قیامت تک نمازوں میں اور محرابوں میں تلاوت کی جائے گی۔ جب ﴿ اَلطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ﴾ [النور:26] (پاک مرد پاک عورتوں کے لیے) کو کوئی ایمان والا شخص پڑھے گا تو اسے عائشہ ؓ کی پاکی و طہارت کا اندازہ نبی ﷺ کی پاکی و طہارت سے کرنا ہوگا۔ اللہ اکبر! یہ نتیجہ اس تواضع و انکسار کا ہے جو حضرت عائشہ صدیقہ ؓ میں تھا کہ اپنے آپ کو ناچیز سمجھا باوجود بے قصوری و مظلومی کے اور باوجود افترا پردازوں کو جھوٹا جاننے کے۔ آپ اپنا یہ درجہ نہ سمجھا کہ ان کے لیے قرآن اترے۔ ہر چند ان کو علم تھا کہ ان کے رنج و اندوہ سے ان کے والدین کو بھی صدمہ پہنچا ہے اور جمیع اہل ایمان کے دل بھی دردمند ہوئے ہیں اور نبی ﷺ کے قلب مبارک کو بھی ایذا پہنچی ہے۔ پھر بھی وہ تواضع و انکسار سے یہی سمجھتی ہیں کہ ان کی پاکی عالم رویا میں ظاہر فرمائی جائے گی لیکن رب العالمین ان ہی کے رتبے بلند فرماتا ہے جو اس کی بارگاہ میں تواضع و انکساری اختیار کرتے ہیں۔

فضائل:

حضرت عائشہ ؓ کے فضائل میں بہت سی احادیث صحیحہ ہیں۔ صحیح بخاری میں ابوموسیٰ اشعری ؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

كَمَلَ مِنَ الرِّجَالِ كَثِيْرٌ وَلَمْ يَكْمُلْ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَآسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ وَفَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ۔[2]

''مردوں میں تو بہت لوگ تکمیل کے درجے کو پہنچے، مگر عورتوں کے اندر صرف مریم دختر عمران اور آسیہ زن فرعون ہی تکمیل کو پہنچیں اور عائشہ کو تو سب عورتوں پر ایسی ہی فضیلت ہے جیسے ثرید کو سب کھانوں پر۔''

انس بن مالک ؓ سے بھی صحیح بخاری میں یہ روایت موجود ہے۔

اس فضیلت کی وجہ حضرت صدیقہ ؓ کے وہ کمالات روحانیہ ہیں جن کی وجہ سے ان کا منصب بارگاہ الٰہی میں نہایت بلند تھا اور جن کے وجود سے ان کو انوار نبوت سے بدرجہ اتم منور ہونے کی قابلیت حاصل ہوگئی تھی۔ اس کا ذکر صحیح بخاری کی اس حدیث میں ہے جسے ام المومنین ام سلمیٰ ؓ نے روایت کیا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا ہے:

وَاللّٰهِ مَا نَزَلَ عَلَيَّ الْوَحْيُ وَأَنَا فِي لِحَافِ امْرَأَةٍ مِنْكُنَّ غَيْرَهَا۔[3]

''یہ عائشہ ہی ہے کہ میں اس کے لحاف میں ہوتا ہوں تو اس وقت بھی وحی کا نزول ہوتا ہے مگر دیگر ازواج کے بستروں پر کبھی ایسا نہیں ہوا۔''

یہی وجہ تھی کہ نبی ﷺ نے حضرت سیدۃ العالمین فاطمہ زہرا ؓ کو محبت عائشہ ؓ کا حکم دیا تھا۔ صحیح مسلم میں ہے۔ نبی ﷺ نے سیدہ فاطمہ ؓ سے فرمایا:

---

[1] بخاری:4141 [2] بخاری:3770، مسلم:2446

[3] بخاری:3776، 2573۔ امام مسلم ؒ نے بھی اسے روایت کیا ہے، امام مسلم بن حجاج ؒ کی ولادت 204ھ سنہ وفات 24 رجب 261ھ ہے۔

اَیْ بُنَیَّۃُ اَلَسْتِ تُحِبِّیْنَ مَا اُحِبُّ فَقَالَتْ بَلٰی فَقَالَ فَاَحِبِّی ھٰذِہٖ۔ ①

پیاری بیٹی! جس سے میں محبت کرتا ہوں کیا تو اس سے محبت نہیں رکھتی؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا۔ بالکل یہی درست ہے۔ فرمایا تب تو بھی عائشہ رضی اللہ عنہا سے محبت رکھا کرو۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمالات علمیہ پر یہ حدیث بھی دلالت کرتی ہے۔ جسے صحیحین میں روایت کیا گیا ہے۔

اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ لَھَا اِنَّ جِبْرِیْلَ یَقْرَأُ عَلَیْكِ السَّلَامَ قَالَتْ قُلْتُ وَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ۔ ②

''نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: یہ جبریل ہیں اور تم کو سلام کہتے ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب میں فرمایا کہ ان پر بھی سلام اور رحمت ہو۔''

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے احسانات برامت میں سے ہے کہ آیت تیمم کے نزول کا سبب ظاہری بھی وہی ہیں۔

صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس ایک ہار حضرت اسماء رضی اللہ عنہا (اپنی بہن) کا مانگا ہوا تھا جو راستہ میں کہیں گر پڑا۔ نبی ﷺ نے چند صحابہ کو اس کی تلاش کے لیے بھیجا۔ انھیں راستے میں نماز کا وقت ہوگیا اور انھوں نے (پانی نہ ہونے کی وجہ سے) بلا وضو کے نماز پڑھی اور جب حاضر ہوئے تو انھوں نے بے وضو نماز پڑھنے کا ذکر بھی رنج کے ساتھ کیا۔ اس وقت آیت تیمم کا بھی نزول ہوا۔ اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مخاطب ہو کر کہا: جَزَاكِ اللّٰهُ خَيْرًا اللہ تعالیٰ آپ کو بہترین جزا عطا فرمائے۔

مَا نَزَلَ بِكِ اَمْرٌ قَطُّ اِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ لَكِ مِنْهُ فَرَجًا وَ مَخْرَجًا وَّجَعَلَ لِلْمُسْلِمِيْنَ بَرَكَةً. ③

''جب کوئی آپ کا کام اٹکا تو اللہ نے خود اس میں کشور کار فرمائی اور مسلمانوں کے لیے بھی اس میں برکت ہوئی۔

حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کی محبت رسول ﷺ کے دو تین واقعات درج کرتا ہوں۔''

① صحیح مسلم میں ہے، ایک سفر میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کے ہم سفر تھیں۔ اس روز حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے اپنی سواری کا اونٹ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اونٹ سے تبدیل کر لیا۔ راستے میں نبی ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اونٹ کی طرف گئے۔ جس پر حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سوار تھیں اور ان ہی کے ساتھ چل پڑے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو اس مفارقت کی برداشت نہ ہوئی۔ جب وہ منزل پر پہنچ کر سواری سے اتریں تو انھوں نے اپنا پاؤں گھاس کے اندر ڈال دیا اور زبان سے کہا:

یَا رَبِّ سَلِّطْ عَلَیَّ عَقْرَبًا اَوْ حَیَّةً تَلْدَغُنِیْ رَسُوْلُكَ وَ لَا اَسْتَطِیْعُ اَنْ اَقُوْلَ لَهٗ شَیْئًا۔ ④

اے رب کسی بچھو یا سانپ کو بھیج کہ مجھے کاٹ کھائے اور وہ تیرے رسول ہیں۔۔۔ ان کی شان میں تو میں کچھ کہہ ہی نہیں سکتی۔

② حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی ﷺ اپنی نعل کو پیوند لگا رہے تھے اور میں چرخہ کات رہی تھی۔ میں نے دیکھا کہ نبی ﷺ کی پیشانی مبارک پر پسینہ آ رہا ہے اور اس پسینہ کے اندر ایک نور ہے جو ابھر رہا ہے اور بڑھ رہا ہے۔ یہ ایسا نظارہ تھا کہ میں سراپا حیرت بن گئی۔ نبی ﷺ کی نظر مبارک مجھ پر پڑی۔ فرمایا: عائشہ رضی اللہ عنہا تو حیران سی کیوں ہو رہی ہے۔ میں نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ! میں نے دیکھا کہ حضور ﷺ کو پیشانی پر پسینہ ہے اور پسینے کے اندر چمکتا دمکتا نور ہے۔ (اس پاک نظارہ نے مجھے سراپا چشم کر دیا ہے)

① اس حدیث کو امام مسلم رحمہ اللہ نے بھی روایت کیا ہے، یہ الفاظ صحیح بخاری کے ہیں۔ بخاری: 2581، مسلم: 6290، نسائی 3955 ② بخاری: 3213 مسلم: 2447، ترمذی: 3890 ③ بخاری: 3773 ④ مسلم: 4645

اے خنک چشمے کہ او حیران اوست

وے ہمایوں دل کہ آن قربان اوست

بخدا! ابوکبیر ہذلی [1] حضور ﷺ کو دیکھ پاتا تو اسے معلوم ہو جاتا کہ اس کے اشعار کے صحیح مصداق حضور ﷺ ہی ہو سکتے ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا۔ اس کے شعر کیا ہیں۔ میں نے یہ شعر پڑھ کر سنا دیے۔

وَمُبَرَّءٌ مِنْ كُلِّ غُبَّرِ حِيضَةٍ وَفَسَادِ مُرْضِعَةٍ وَدَاءٍ مُعَضَّلِ

وَإِذَا نَظَرْتَ إِلَى أَسِرَّةِ وَجْهِهِ بَرَقَتْ كَبَرْقِ الْعَارِضِ الْمُتَهَلِّلِ

''وہ ولادت و رضاعت کی آلودگیوں سے مبرا ہیں۔ ان کے درخشاں چہرہ پر نظر کرو تو معلوم ہوگا کہ نورانی اور روشن برق جلوہ دے رہی ہے۔''

نبی ﷺ کے ہاتھ میں جو کچھ تھا اسے رکھ دیا۔ پھر عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی پیشانی کو چوما اور زبان مبارک سے فرمایا: مَا سَرَرْتِ مِنِّي كَسُرُوْرِي مِنْكَ جو سرور مجھے تیرے کلام سے حاصل ہوا ہے اس قدر سرور تجھے میرے نظارہ سے نہ ہوا ہوگا۔ [2]

(3) حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کی محبت رسول ﷺ کی ایک مثال یہ ہے کہ وہ جو قرآن مجید کی آیت تخییر کے نزول پر ظاہر ہوئی۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ۝ وَإِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللّٰهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا ﴾ [الاحزاب:28-29]

''اے نبی! اپنی بیویوں سے کہہ دیجیے کہ اگر تم دنیا کی زندگی اور زینت چاہتی ہو تو آؤ تمھیں رخصتانہ دے دلا کر اچھے سے خوبی کے ساتھ علیحدہ کر دوں لیکن اگر تم اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ اور آخرت کی خواہاں ہو تب تم میں سے جو نیکی کرنے والیاں ہیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے اجر عظیم مہیا کر رکھا ہے۔''

نبی ﷺ نے سب سے پہلے حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا ہی کو یہ آیت سنائی اور تلاوت آیت سے پیشتر یہ بھی فرمایا کہ ایک بات کا تم سے ذکر کرتا ہوں۔ تم جواب دینے میں جلدی نہ کرنا اور اپنے والدین سے مشورہ کر لینا۔ حضرت صدیقہ نے آیت سنتے ہی جھٹ سے کہا: کیا میں اس معاملہ میں بھی والدین سے مشورہ کروں گی؟

میں تو اللہ اور رسول ﷺ اور آخرت ہی کو اختیار کرتی ہوں۔ [3] اس کے جواب میں انھوں نے اپنی محبت الٰہی اور محبت رسول ﷺ کا ثبوت دیا۔ نیز دیگر ازواج کے لیے ایک سنت بھی قائم فرمائی، جس کا اتباع سب ازواج النبی ﷺ نے فرمایا۔ فی الحقیقت یہ ایک بہت بڑا شرف ہے۔

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ جو فقہائے سبعہ کے اندر ایک درخشاں کوکب تھے۔ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی ایک کو بھی معانی

---

[1] ایام جاہلیت کے مشہور شاعر۔ [2] اتحاف الکرام: 7 / 495، تاریخ بغداد: 13 / 253 [3] بخاری: 4785، 4786

قرآن اور احکام حلال وحرام اور اشعار عرب اور علم الانساب میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے بڑھ کر نہیں پایا۔ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خصوصیت تھی کہ جب کوئی نہایت مشکل اور پیچیدہ مسئلہ صحابہ میں آ پڑتا تھا تو وہ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کی جانب رجوع کرتے تھے اور ان کے پاس اس کے متعلق ضرور علم پایا جاتا تھا۔

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا جس طرح اپنے فرزندان شریعت کی شیر علم سے پرورش فرمایا کرتی تھیں اسی طرح اپنی جود وسخاوت سے فقراء ومساکین کی تربیت بھی فرماتی تھیں۔ عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو دیکھا۔ انھوں نے ایک روز میں ستر ہزار (70000) درہم راہ حق میں صرف کیے۔ خود ان کے جسم پر پیوند لگا ہوا کرتا تھا۔ ایک روز عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے ان کی خدمت میں ایک لاکھ (100000) درہم بھیجے۔ انھوں نے سب کے سب اسی روز راہ حق میں صدقہ کر دیے۔ اس روز حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کا روزہ بھی تھا۔ شام کو لونڈی نے سوکھی روٹی سامنے رکھ دی اور یہ بھی کہا اگر سالن کے لیے کچھ بچالیا ہے تو میں سالن بھی تیار کر لیتی ہوں۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے تو خیال نہ آیا تجھے یاد دلانا تھا۔ (1)

سیدہ خدیجہ وسیدہ عائشہ رضی اللہ عنہما کے فضائل

علامہ ابن قیم رحمہ اللہ نے ایک بحث لکھی ہے (2) کہ خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا اور عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا میں سے افضل کون ہے؟ وہ لکھتے ہیں کہ اس بارہ میں تین مذہب ہیں۔ [1] خدیجہ رضی اللہ عنہا افضل ہیں۔ [2] عائشہ رضی اللہ عنہا افضل ہیں۔ [3] سکوت کرنا چاہیے۔

ابن تیمیہ رحمہ اللہ کہتے ہیں ہر دو میں جداگانہ خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ طاہرہ خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا اثر ابتدائے اسلام پر ہے۔

(1) یہ نبی ﷺ کے لیے باعث تسکین وتسلی وثبات تھیں۔ (2) انھوں نے اپنا مال محبت رسول ﷺ میں نثار کیا۔ ان کو آغاز اسلام کا زمانہ ملا اور اس وقت انھوں نے اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول محترم کے لیے ہر ایک رنج وتکلیف کو بخوشی برداشت کیا۔ (3) انھوں نے جو کم وقت میں نصرت رسول اللہ ﷺ کی۔ پس اس بارے میں جو درجہ ان کا ہے وہ کسی دوسری بیوی کا نہیں۔

طیبہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا اثر ترقی اسلام کے ایام پر ہے۔

(1) جو تفقہ انھوں نے دین میں حاصل کیا۔

(2) اور جو تبلیغ انھوں نے امت کو فرمائی۔

(3) اور علم نبوت کی اشاعت میں جو مساعی انھوں نے کیے اور جو علمی فوائد انھوں نے فرزندان امت کو پہنچائے وہ ایسا درجہ ہے جو کسی دوسری بیوی کو حاصل نہیں۔

کتب احادیث میں مرویات صدیقہ رضی اللہ عنہا کی تعداد دو ہزار دو سو دس (2210) ہے۔

صحیحین میں متفق علیہ	174 حدیثیں
صرف صحیح بخاری میں	54 حدیثیں
〃 〃 مسلم 〃	67 حدیثیں

(1) مدارج النبوۃ ج 2 ص 506 (2) امام ابو محمد علی بن حزم الظاہری المتوفی 457ھ نے دیگر مکثرین فی الروایت کی حدیثوں کا بھی شمار کیا ہے۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ 537، علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ 586، ابن مسعود رضی اللہ عنہ 800 چند، جابر بن عبداللہ وعبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما 150 سے زائد، ابن عمر وانس رضی اللہ عنہما حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے برابر، کتاب الفصل فی الملل

دیگر کتب معتبرہ میں 2017 حدیثیں

فتاویٰ شرعیہ اور حل مشکلات علمیہ اور بیان روایات عربیہ اور سیر و واقعات تاریخیہ کا شماران کے علاوہ ہے۔ [1]

جہاد فی سبیل اللہ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

وَ لَقَدْ رَأَيْتُ عَائِشَةَ بِنْتَ أَبِيْ بَكْرٍ وَّ أُمَّ سُلَيْمٍ وَ إِنَّهُمَا لَمُشَمِّرَتَانِ أَرَىٰ خَدَمَ سُوْقِهِمَا تَنْقُزَانِ الْقِرَبَ عَلَىٰ مُتُوْنِهِمَا تُفْرِغَانِهِ فِيْ أَفْوَاهِ الْقَوْمِ ثُمَّ تَرْجِعَانِ فَتَمْلَآنِهَا ثُمَّ تَجِيْئَانِ فَتُفْرِغَانِهِ فِيْ أَفْوَاهِ الْقَوْمِ۔ [2]

صحیح بخاری کے باب غزوہ احد میں ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ اور ام سلیم رضی اللہ عنہا کو دیکھا۔ کندھوں پر مشکیں اٹھائے ہوئے زخمیوں اور مومنین کے منہ میں پانی ڈالتی تھیں۔ پانی ختم ہو جاتا تو پھر مشک بھر لاتی تھیں اور زخمیوں کے منہ میں پانی ٹپکاتی جاتی تھیں۔

جنگ بدر میں رایت نبوی (پرچم) مرط عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا تھا۔ یعنی جس نشان کے تحت میں ملائکہ نے خدمت اسلام ادا کی اور جس نشان پر اللہ کی اولین نصرت و فتح نازل ہوئی وہ نشان عائشہ طیبہ رضی اللہ عنہا کی اوڑھنی کا بنایا گیا تھا۔ یہ امر صدیقہ رضی اللہ عنہا کی بڑی فضیلت کو ظاہر کرتا ہے۔ [3]

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ (المؤید بروح القدس) ان کی شان میں فرماتے ہیں:

حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِيبَةٍ وَتُصْبِحُ غَرْثَىٰ مِنْ لُحُوْمِ الْغَوَافِلِ
عَقِيْلَةُ أَصْلٍ مِّنْ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ كِرَامُ الْمَسَاعِيْ مَجْدُهُمْ غَيْرُ زَائِلِ
مُهَذَّبَةٌ قَدْ طَهَّرَ اللّٰهُ خِيْمَهَا وَ طَهَّرَهَا مِنْ كُلِّ بَغْيٍ وَّ بَاطِلِ
فَإِنْ كَانَ مَا قَدْ قِيْلَ عَنِّيْ قُلْتُهُ، فَلَا رَفَعَتْ سَوْطِيْ إِلَيَّ أَنَامِلِيْ
وَ إِنَّ الَّذِيْ قَدْ قِيْلَ لَيْسَ بِلَائِطٍ بِهَا الدَّهْرَ بَلْ قَوْلُ امْرِءٍ مُتَمَاحِلِ
فَكَيْفَ وَوُدِّيْ مَا حَيِيْتُ وَ نُصْرَتِيْ لِآلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ زَيْنُ الْمَحَافِلِ
رَأَيْتُكَ وَ لِيَغْفِرْلَكَ اللّٰهُ حُرَّةٌ مِنَ الْمُحْصَنَاتِ غَيْرَ ذَاتِ الْغَوَائِلِ

عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے انصاف اور صداقت کے لمعان اس وقت زیادہ نمایاں نظر آتے ہیں۔ جب وہ اپنی کسی سوت کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کیا کرتی ہیں۔

(الف) ام المومنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی تعریف میں کہتی ہیں۔

(1) عَنْ عَائِشَةَ رضي الله تعالىٰ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَوْمًا لِنِسَائِهِ أَسْرَعُكُنَّ لُحُوْقًا بِيْ أَطْوَلُكُنَّ يَدًا قَالَتْ فَكَانَتْ أَطْوَلَنَا يَدًا زَيْنَبُ لِأَنَّهَا كَانَتْ تَعْمَلُ بِيَدِهَا وَ تَتَصَدَّقُ۔ [4]

---

[1] ابن القیم کتاب جلاء الافہام۔ اس کتاب کا اردو میں ترجمہ مصنف رحمۃ للعالمین کر چکے ہیں۔ ترجمہ کا نام "الصلوۃ والسلام" ہے۔
[2] بخاری: 4064 [3] مسلم: 2442، سیرت حلبیہ جلد 2 ص 147 [4] مسلم: 2452، اسد الغابہ 7/ 128۔

ایک روز نبی ﷺ نے اپنی ازواج سے فرمایا۔ تم میں سے وہ عورت مجھے جلد آ ملے گی جو زیادہ سخی ہوگی۔ یہ سن کر سب سے زیادہ سخی زینب رضی اللہ عنہا ثابت ہوئیں کیوں کہ وہ اپنے ہاتھوں کی محنت سے کماتی اور پھر اس کو راہ حق میں صدقہ دیا کرتی تھیں۔

(2) وَ مَا رَاَیْتُ امْـرَاۃً قَطُّ خَیْرًا فِی الدِّیْنِ مِنْ زَیْنَبَ وَاَتْقٰی لِلّٰہِ وَاَصْدَقَ حَدِیْثًا وَ اَوْصَلَ لِلرَّحِمِ وَاَعْظَمَ صَدَقَۃً۔ [1]

''میں نے کوئی عورت زینب سے دین میں بہتر نہیں دیکھی۔ وہ اللہ کا زیادہ تقویٰ رکھنے والی بہت زیادہ سچ بولنے والی، اقارب سے بہت بڑھ کر سلوک کرنے والی اور بہت زیادہ صدقہ دینے والی تھیں۔''

(ب) ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا کی تعریف میں فرماتی ہیں:

مَا رَاَیْتُ صَانِعَۃَ طَعَامٍ مِثْلَ صَفِیَّۃَ [2]

میں نے صفیہ رضی اللہ عنہا جیسی کوئی عورت عمدہ کھانا بنانے والی نہیں دیکھی۔

(ج) ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا کی تعریف میں فرماتی ہیں:

مَا مِنَ النَّاسِ اَحَدًا اَحَبَّ اِلَیَّ مِن اَنْ اَکُوْنَ فِیْ مِسْلَاخِھَا مِنْ سَوْدَۃَ بِنْتِ زَمْعَۃَ اِلاَّ اَنَّ بِھَا حِدَّۃٌ۔ [3]

''سودہ میں ذرا تیزی تو تھی ورنہ اور کوئی بھی ایسا نہیں جس کے درجہ میں ہونا مجھے سب سے پیارا ہو۔''

(د) ام المومنین جویریہ رضی اللہ عنہا کی صفت جمال بیان کرتی ہیں:

کانت جویریۃ علیھا حلاوۃ و ملاحۃ لا یکاد یریھا احدا الا وقعت فی نفسہ [4]

جویریہ میں ایک شیرینی و دل کشی پائی جاتی تھی کہ دیکھنے والے کے دل میں ان کی جگہ ہو جاتی تھی۔

اُمومت امت:۔ بشر بن عقربہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ احد کے دن میرے والد شہید ہو گئے تھے۔ میں وہاں بیٹھا رو رہا تھا۔ نبی ﷺ نے فرمایا:

اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ عَائِشَۃُ اُمَّکَ وَ اَکُوْنَ اَنَا اَبَاکَ۔ [5]

''کیا تو اس سے خوش نہیں کہ عائشہ تو تیری ماں اور میں تیرا باپ ہوں۔''

اس حدیث میں بمقابلہ دیگر ازواج کے نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی تخصیص امومت فرمائی ہے۔

لغزش: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی زلات بشری میں سے یہ ہے کہ وہ جنگ جمل میں شریک ہوئیں۔ اس جنگ کا نام جنگ جمل [6]

---

[1] مسلم: 6316، نسائی: 3396۔ اطول طول سے ہے۔ طول کے معنی جود و سخاوت کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا نام ذو الطول ہے۔ [2] نسائی: 3409 [3] مسلم: 3629

[4] طبقات ابن سعد: جز و ترجمہ جویریہ رضی اللہ عنہا [5] اسد الغابہ: 4 / 60، الاصابہ: 5639 [6] یہ واقعہ 15 جمادی الاخر 36ھ کو ہوا۔ لڑائی صبح سے تیسرے پہر تک رہی۔ زبیر رضی اللہ عنہ آغاز جنگ سے پہلے ہی صف سے علیحدہ ہو گئے تھے۔ طلحہ رضی اللہ عنہ زخمی ہوئے اور جان بحق ہونے سے پیشتر انھوں نے بیعت مرتضوی کی تجدید حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ایک افسر کے ہاتھ پر کی۔ ابن حزم رحمہ اللہ اور ابن تیمیہ رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ فریقین میں سے کوئی بھی آغاز جنگ کرنا نہیں چاہتا تھا چند شریروں نے جو قتل عثمان میں ملوث تھے، جنگ اس طرح کرا دی کہ رات کو اصحاب جمل کے لشکر پر چھاپا مارا۔ وہ سمجھے کہ یہ فعل بحکم اور بعلم حضرت علی رضی اللہ عنہ ہوا ہے۔ انھوں نے بھی مدافعت میں حملہ کیا اور جنگ ہو گئی۔ ہر ایک طرف گمان یہ تھا کہ ابتدا دوسرے کی جانب سے ہے۔ ابن حزم رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ اس پر برہان یہ ہے کہ ام المومنین اور زبیر و طلحہ رضی اللہ عنہم اور ان کے رفقاء نے امامت علی رضی اللہ عنہ کے بطلان یا طعن یا جرح میں ایک لفظ بھی نہ کہا تھا اور نہ انھوں نے نقض بیعت کیا۔ نہ کسی دوسرے کی بیعت کی اور نہ اپنے لیے کوئی دعویٰ کیا۔ یہ جملہ وجوہ یقین دلاتے ہیں کہ جنگ صرف حادثہ و اتفاقیہ تھی۔ جس کا ہر دو جانب کسی کو خیال بھی نہ تھا۔ (کتاب الفصل فی الملل جزو چہارم ص 158 مطبوعہ مطبعۃ الادبیۃ بمصر 1317ھ)

اس لیے مشہور ہوا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ہودج ایک اونٹ پر تھا۔ اونٹ کا نام عسکر تھا۔ اس جنگ میں سامنے کی طرف خلیفہ راشد علی مرتضٰی امیر المومنین رضی اللہ عنہ تھے۔ جنگ کے خاتمے پر حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تھا کہ میری اور علی رضی اللہ عنہ کی شکر رنجی ایسی ہی ہے جیسے عموماً بھاوج اور دیور میں ہوجایا کرتی ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بخدا! یہی بات ہے

قرآن مجید میں ہے:

﴿ وَ اِنْ طَآئِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ﴾ [الحجرات:9]

''اگر مومنوں کے دو گروہ آپس میں جنگ کر بیٹھیں تو ان میں صلح کرادو۔''

میرے نزدیک یہی وہ پہلی جنگ ہے جس کے دونوں فریق مومن تھے۔ اس مصداق کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس آیت سے آگے چند آیات کو ﴿ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ﴾ [الحجرات:12] تک پڑھ لینا چاہیے کہ بہت سے شبہات کا ازالہ ہوجائے گا۔ عائشہ طیبہ رضی اللہ عنہا کی صداقت اور مودت علی رضی اللہ عنہ وفاطمہ رضی اللہ عنہا کی توثیق ترمذی کی حدیث عن جامع بن عمیر سے ہوتی ہے۔

قَالَ دَخَلْتُ مَعَ عَمَّتِيْ عَلٰى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَسَئَلْتُ اَيُّ النِّسَآءِ كَانَ اَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَاطِمَةُ قِيْلَ مِنَ الرِّجَالِ قَالَتْ زَوْجُهَا۔ [1]

راوی نے کہا: میں اپنی پھوپھی کے ساتھ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا، ان سے سوال ہوا کہ عورتوں میں سے سب سے پیاری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کون تھی؟ انھوں نے کہا: فاطمہ رضی اللہ عنہا پھر سوال ہوا کہ مردوں میں سے کون تھا۔ فرمایا شوہر فاطمہ رضی اللہ عنہا (یعنی علی رضی اللہ عنہ)۔

دوسری حدیث صحیح کی ہے: ﴿ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ ﴾ میں حسنین اور علی وفاطمہ رضی اللہ عنہم داخل ہیں۔ اس حدیث کو عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ہی نے بیان کیا ہے۔

جن دنوں جنگ جمل کی ابتدا تھی۔ حضرت عمار یاسر رضی اللہ عنہ نے مسجد کوفہ میں رفقائے مرتضوی رضی اللہ عنہ کے سامنے خطبہ فرمایا تھا، جس کے الفاظ یہ ہیں:

اِنِّيْ لَاَعْلَمُ اَنَّهَا زَوْجَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ ابْتَلَاكُمْ لِتَتَّبِعُوْهُ اَوْ اِيَّاهَا۔ [2]

میں جانتا ہوں کہ عائشہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ دنیا اور آخرت میں ہیں، لیکن اللہ نے تم سب پر آزمائش ڈالی ہے کہ ایسی حالت میں تم اس کا اتباع کرتے ہو یا حضرت علی رضی اللہ عنہ کا۔

عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا جن خصوصیات کا ذکر بطور فخر فرمایا کرتی تھیں، ان میں سے ایک یہ فقرہ بھی ہے۔

تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْ بَيْتِيْ وَ نَوْبَتِيْ وَ بَيْنَ سَحْرِيْ وَنَحْرِيْ وَ جَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَ رِيْقِيْ وَ رِيْقِهٖ قَالَتْ دَخَلَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بِسِوَاكٍ فَضَعُفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخَذْتُهٗ فَقَضَمْتُهٗ ثُمَّ سَنَنْتُهٗ۔ [3]

---

[1] ترمذی: 3883، تحفۃ الاشراف: 16054، تیسیر الاصول جامع الاصول جلد ثانی ذکر فاطمہ۔ اس میں ایک راوی کذاب ہے۔ جس کی وجہ سے یہ روایت درست نہیں۔

[2] بخاری: 3772 [3] بخاری: 4448، 680

نبی ﷺ نے میرے گھر میں میری نوبت میں، میرے سینے اور گلو کے درمیان وفات پائی اور آخر میں اللہ نے میرے لعاب کو آنحضرت ﷺ کے ساتھ ملا دیا۔ وہ اس طرح کہ (میرے بھائی) عبدالرحمٰن مسواک لے کر آئے۔ رسول اللہ ﷺ کو ضعف تھا (یہ دیکھ کر کہ) آنحضرت ﷺ مسواک فرمانا چاہتے ہیں۔ میں نے مسواک لے کر پہلے اپنے دانتوں سے نرم کی اور پھر آنحضرت ﷺ کو مسواک کرا دی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے۔ در جنت کو کھٹکھٹاؤ، کھولا جائے گا۔ لوگوں نے کہا: کیوں کر کھٹکھٹائیں؟ فرمایا بھوک اور پیاس کی برداشت سے جنت کے دروازے کو کھٹکھٹا سکتے ہیں۔

ایک بار ایک شخص نے سوال کیا۔ میں اپنے آپ کو نیک کب سمجھوں؟ فرمایا جب تجھے اپنے برے ہونے کا گمان ہو جائے۔ اس نے کہا کہ اپنے آپ کو برا کب سمجھوں؟ فرمایا جب تو اپنے آپ کو نیک سمجھنے لگے۔

انتقال نبوی ﷺ کے وقت ان کی عمر 18 سال کی تھی۔ 9 سال کی مصاحبت قدسیہ میں جو علوم عالیہ سیکھے تھے۔ تقریباً نصف صدی تک فرزندان روحانی کو ان کی تعلیم دیتی رہیں۔

اقارب: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ۔ ام رومان کنانیہ ہیں جن کا انتقال رمضان 6ھ میں ہوا تھا۔ نبی ﷺ ان کی قبر میں خود اترے تھے اور یہ فرمایا تھا۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَخْفَ عَلَيْكَ مَا لَقِيَتْ اُمُّ رُوْمَانَ فِيكَ وَ فِيْ رَسُوْلِكَ.

''الٰہی! تجھ سے پوشیدہ نہیں کہ ام رومان نے تیرے لیے اور تیرے رسول کے لیے کیا کچھ برداشت کیا ہے۔''

نیز فرمایا:

مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى اِمْرَاَةٍ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى اُمِّ رُوْمَانَ [1]

اگر کوئی شخص حوران جنت میں سے کسی عورت کو دیکھنا پسند کرتا ہو تو وہ ام رومان کو دیکھ لے۔

عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ: ان کے حقیقی بھائی ہیں۔ بہادران عرب میں سے تھے۔ جنگ یمن میں فتح گویا ان ہی کی شجاعت سے ہوئی۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے صحابہ کے سامنے جن میں امام حسین رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ بھی ہے جب ولی عہد یزید کا ذکر کیا تو انہی نے جواب میں لکھا تھا:

اَهِرَقْلِيَّةٌ اِذَا مَاتَ كِسْرٰى قَامَ كِسْرٰى مَكَانَهُ لَا نَفْعَلُ وَاللّٰهِ اَبَدًا۔ [2]

''کیا یہ بھی دنیا کی سلطنت ہے کہ جب کسریٰ مر گیا تو دوسرا اس کی جگہ کسریٰ بن بیٹھا۔ بخدا ہم ایسا کبھی نہ کریں گے۔''

حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کا بیٹا بھی صحابی ہے اس طرح ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے خاندان کی چار نسلیں صحابی ہیں اور یہ وہ شرف ہے جو کسی دوسرے صحابی کو حاصل نہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کی وفات پر دو شعر بطور تمثیل کہے تھے۔

---

[1] بخاری عن مسروق تابعی رحمہ اللہ نے ایک حدیث ام رومان سے روایت کی ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ امام بخاری کے نزدیک ام رومان کی وفات بعد از وفات نبی ﷺ ہوئی تھی۔، کنز العمال: 34418، تاریخ جرجان للسہمی: 199، الطبقات: 8 / 202، الاستیعاب: 792، اسد الغابہ: 7/321

[2] اسد الغابہ: 3/464۔

كُنَّا كَنَدْ مَا فِي جذيمة حُقْبَةً ‏ مِنَ الدَّهْرِ حَتَّى قِيْلَ لَنْ يَتَصَدَّعَا
فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا كَأَنِّيْ وَمَالِكًا ‏ لِطُوْلِ اجتماع لم نَبِت لَيْلَةً مَّعًا

ہم دونوں نعمان کے مصاحبوں کی طرح ایسے اکٹھے رہتے تھے کہ لوگ سمجھنے لگے کہ یہ کبھی جدا ہی نہ ہوں گے، لیکن جدائی ہوئی تو فراق میں ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا کبھی ایک شب بھی اکٹھے نہ رہے تھے۔ نعمان شاہ عرب کے مصاحبوں کا مختصر قصہ یہ ہے کہ نعمان نے ایک شخص کے قتل کا حکم دیا۔ ایک امیر نے اسے اپنی ضمانت پر چند یوم کی رہائی دلا دی۔ جب وہ مقرر دن پر نہ پہنچا تب حکم دیا کہ اس ضامن کو قتل کر دیا جائے۔ جلاد نے اس کی آنکھوں پر پٹی باندھ دی تھی کہ اتنے میں ایک شخص ہانپتا ہوا آ گیا۔ بادشاہ نے دونوں کو اپنا مصاحب بنالیا۔ اب ہر ایک شخص دوسرے کو اپنا نجات دہندہ سمجھتا تھا۔ وہ مدت العمر جدا نہ ہوئے۔

2 طفیل بن سنجران کا اخیافی بھائی ہے۔

3 عبداللہ بن فضالہ لیثی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا پدر رضائی تھا۔ ابا عائشہ کنیت کرتا تھا قاضی بصرہ ہو گیا تھا، عبداللہ اور فضالہ رضی اللہ عنہما دونوں صحابی تھے۔

4 ان کی علاتی بہن اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما ذات النطاقین ہیں۔ ان کا اسلام سترہ (17) اشخاص کے بعد تھا۔ تقریباً سو (100) سال کی عمر میں (بہ ماہ جمادی الاول 73ھ) وفات پائی۔ زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کی بیوی اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی والدہ ہیں۔

5 ان کے علاتی بھائی عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں جو غزوہ حنین میں زخمی ہو کر اور کچھ عرصہ بیمار رہ کر فوت ہوئے تھے۔ نبی ﷺ نے جو فرمان عیسائیان نجران کو ان کے حقوق کے متعلق دیا تھا اس کے کاتب یہی عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہ تھے۔ [1] ان کی ایک بہن اور ہیں جو اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھیں یہ وفات صدیق رضی اللہ عنہ سے چند ماہ بعد پیدا ہوئی تھیں۔

6 انہی کے علاتی بھائی محمد بن ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں، جو ربیب علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت میں ان کو حاکم مصر بنایا تھا۔

7 حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کی ایک لونڈی بریرہ تھی۔ عبدالملک کا بیان ہے کہ سلطنت ملنے سے پیشتر وہ مدینہ میں بریرہ کے پاس بیٹھا کرتا تھا اور بریرہ مجھ سے کہا کرتی تھی کہ عبدالملک تجھ میں کچھ خصلتیں اچھی ہیں اور میں سمجھتی ہوں کہ تو سلطنت کے شایاں ہے۔ پس اگر تو صاحب سلطنت ہو گیا تو خون ریزی سے بچنا، کیوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے:

إِنَّ الرَّجُلَ لَيُدْفَعُ عَنْ بَابِ الْجَنَّةِ بَعْدَ أَنْ يَنْظُرَ إِلَيْهَا بِمِلْءِ مُحْجَمَةٍ مِنْ دَمٍ يُرِيقُهُ مِنْ مُسْلِمٍ بِغَيْرِ حَقٍّ۔ [2]

”کوئی شخص جنت کے قریب پہنچ جائے گا، حتیٰ کہ اسے دیکھنے لگے۔ پھر اسے داخل ہونے سے روک دیا جائے گا، کیوں کہ اس نے مسلمانوں کا بہت سا خون بے وجہ کیا ہو گا۔“

ذاتی رنج پر اسلامی خدمات کو ترجیح

1 معاویہ بن خدیج نے حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بھائی محمد بن ابوبکر کو قتل کیا تھا اور اس لیے حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کو معاویہ کی طرف

---

[1] کتاب الخراج ص: 41 قاضی القضاۃ ابو یوسف رحمہ اللہ ولادت 113ھ۔ وفات 5 ربیع الاول 182ھ [2] الاستیعاب ص: 792

سے سخت رنج تھا، لیکن معاویہ مذکور نے افریقہ میں فتوحات اسلامی اور غزوات دینی میں بڑی شہرت حاصل کی تھی۔

عبدالرحمٰن بن شماسۃ المہری کا بیان ہے کہ معاویہ کی ماتحتی میں میں نے افریقہ میں کام کیا تھا۔ میں ایک روز ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے ملنے گیا۔ انھوں نے پوچھا کہ افریقہ میں تمھارے سرلشکر کا حال کیسا تھا؟ پھر فرمایا کہ میری طبیعت کا خیال نہ کرو، بلکہ اس کی خوبیاں بتاؤ۔

عبدالرحمٰن نے عرض کیا کہ میدان جنگ میں اگر اونٹ مر جاتا تو سپہ سالار اسی وقت دوسرا اونٹ مہیا کر دیتا تھا۔ گھوڑا مر جاتا تو فوراً گھوڑا بہم پہنچا دیتا تھا۔ کوئی غلام فرار ہو جاتا تو کوئی دوسرا آدمی جھٹ بھیج دیتا تھا۔

یہ سن کر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ اِنْ كُنْتُ لَا بغضه مِنْ اَجْلِ انه قَتَلَ اَخِیْ وَ قَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ مَنْ رَفَقَ بِامتى فارفق به وَ مَنْ شقّ عَلَيْهِمْ فاشق عَلَيْهِ۔ [1]

”میں اللہ سے بخشش چاہتی ہوں۔ اے اللہ! مجھے معاف فرمانا، میں تو اس سے بغض رکھتی تھی۔ اس لیے کہ اس نے میرے بھائی کو قتل کیا تھا اور میں نے تو رسول اللہ ﷺ سے یہ سنا ہے کہ فرمایا کرتے ہیں کہ الٰہی جو کوئی میری امت کے ساتھ مہربانی کرے، اس پر مہربانی فرمانا اور کوئی امت پر سختی کرے تو بھی اس پر سختی کرنا۔“

(2) ام حکیم بنت خالد اور ام حکیم بنت عبداللہ کا بیان ہے کہ وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ طواف کعبہ میں شامل تھیں۔ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کا ذکر چل پڑا دونوں نے انھیں گالی کے ساتھ یاد کیا۔ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اسے گالی دیتی ہو اور مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے داخل جنت فرمائے گا دیکھو تو سہی تو حسان رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کی شان میں کس طرح کہتا ہے:

هَجَوْتَ مُحَمَّدًا فَاَجَبْتُ عَنْهُ ۔۔۔ وَعِنْدَ اللّٰهِ فِیْ ذٰلِكَ الْجَزَاءُ،
فَاِنَّ اَبِیْ وَوَالِدَتِیْ وَعِرْضِیْ ۔۔۔ لِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِنْكُمْ وَقَاءُ

یہ سن کر دونوں نے کہا کہ ہم تو اس لیے کہتی تھیں کہ اس نے آپ کی شان میں کچھ کچھ کہا تھا۔

صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کہا وہ تو کچھ بھی نہیں۔ [2]

عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے 63 سال کی عمر میں 17 رمضان 57 ھ کو مدینہ منورہ میں اجل طبعی سے وفات پائی اور جنت البقیع میں استراحت فرمائی۔

(4) ام المومنین حفصہ رضی اللہ عنہا

عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی بیٹی ہیں۔ نبی ﷺ کے نکاح میں آنے سے پیشتر خنیس بن حذافہ بن قیس بن عدی اسلمی رضی اللہ عنہ کے گھر میں

---

[1] الاستیعاب ص: 2 7، الاصابہ: 8082، اسد الغابہ: 199/5

[2] اس بارہ میں اختلاف روایات ہے کہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے قصہ افک میں حصہ لیا یا نہیں۔ میرے نزدیک حضرت حسان رضی اللہ عنہ کا مندرجہ ذیل شعر اس بارہ میں عمدہ دلیل بن سکتا ہے۔ وہ حضرت صدیقہ کی تعریف کرتے ہوئے اس تہمت سے اپنی برات بھی ظاہر کرتے ہیں۔

فان كان ما قد قيل عني قلته ۔۔۔ فلا رفعت سوطي الى انامليی

کہا جاتا ہے کہ میں نے ان کی شان میں کوئی گستاخانہ لفظ کہا ہے۔ اگر یہ سچ ہے تو اللہ کرے کہ میرا ایک ہاتھ ہی بالکل نکما ہو جائے۔

تھیں۔ خنیس ؓ سابقین میں سے تھے۔ انھوں نے ہجرت حبشہ اور ہجرت مدینہ کی تھی۔ بدر واحد میں حاضر ہوئے اور جنگ احد میں زخمی ہوکر مدینہ میں شہادت پائی۔ ان کے بھائی عبداللہ بن حذافہ اسلمی بھی صحابہ میں نہایت مشہور، بہادر وشاعر ہیں۔

حضرت خنیس ؓ کی شہادت کے بعد حضرت عمر ؓ نے حضرت ابوبکر ؓ سے حفصہ ؓا کا ذکر کیا۔ انھوں نے کچھ بھی جواب نہ دیا۔ جس سے حضرت عمر ؓ کو بہت رنج ہوا۔ پھر حضرت عمر ؓ نے حضرت حفصہ ؓا کا ذکر حضرت عثمان ؓ سے کیا کیوں کہ ان کی بیوی سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ کا انتقال بھی انہی دنوں میں ہوا تھا۔ حضرت عثمان ؓ نے کہا آج کل تو میں شادی کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ اب حضرت عمر ؓ نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں سارا واقعہ سنایا۔ نبی ﷺ نے فرمایا:

يَتَزَوَّجِ الْحَفْصَةَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنْ عُثْمَانَ وَ يَتَزَوَّجِ عُثْمَانَ مَنْ هِيَ خَيْرٌ مِّنْ حَفْصَةَ

''حفصہ کی شادی اس شخص سے ہوگی جو عثمان سے بہتر ہے اور عثمان کا نکاح اس سے ہوگا جو حفصہ سے بہتر ہے۔''

بعد ازیں نبی ﷺ نے حضرت حفصہ ؓا سے نکاح کرلیا اور حضرت عثمان ؓ کو اپنی دوسری بیٹی ام کلثوم ؓا بیاہ دی۔ تب حضرت ابوبکر ؓ نے حضرت عمر ؓ سے مل کر فرمایا تم اس بات کا میری طرف سے رنج نہ کرنا۔ رسول اللہ ﷺ حفصہ ؓا کا ذکر مجھ سے فرما چکے تھے۔ [1]

میں اس وقت نبی ﷺ کا یہ راز ظاہر نہ کرسکتا تھا۔ ہاں اگر آں حضرت ﷺ یہ نکاح نہ کرتے تو میں ضرور کرلیتا۔ ان کا انتقال بہ عمر شصت (60) سالہ جمادی الاولیٰ 41ھ میں ہوا۔

ایک حدیث میں ہے کہ جبریل علیہ السلام نے ان کی تعریف ان الفاظ میں کی تھی۔

فَإِنَّهَا قَوَّامَةٌ صَوَّامَةٌ وَ إِنَّهَا زَوْجَتُكَ فِي الْجَنَّةِ [2]

''وہ بہت عبادت کرنے والی، روزے رکھنے والی ہے اور وہ بہشت میں بھی آپ کی زوجہ ہے۔''

ولادت حفصہ ؓا پانچ سال قبل از بعثت ہے۔ [3]

مرویات حفصہ ام المومنین ؓا:

متفق علیہ	4	صحیح مسلم میں	6
دیگر کتب حدیث میں	50	کل تعداد	=60

بعض لوگ آیت ﴿وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَىٰ بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا﴾ [4] کی تفسیر میں ام المومنین حفصہ ؓا کا ذکر کرتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ جب رب العزت کو اپنے حبیب کے گھرانے کی عزت وحرمت کا اتنا پاس ہے کہ کسی کا نام نہیں لیا تو ہم کو بھی اس بارہ میں جرأت نہیں کرنی چاہیے۔

بعض لوگ یہ بھی بحث کیا کرتے ہیں کہ وہ راز کیا ہے، میں خیال کرتا ہوں کہ ہم کو کوئی حق نبی ﷺ کے راز میں دخل دینے یا اس کے افشا کرنے کا نہیں۔

---

[1] اسد الغابہ: 67/7 [2] الاستیعاب، الطبرانی فی الکبیر: 365/18، کشف الاستار: 2668، مجمع الزوائد: 15332، 15333، 15334 [3] مدارج النبوۃ
[4] جب نبی ﷺ نے اپنی ایک بیوی سے راز کی ایک بات کہی (سورۂ تحریم)

اقارب:

① عمر فاروق رضی اللہ عنہ جو اشہر المشاہیر فی الاسلام ہیں، ان کے والد بزرگوار ہیں۔ وہ 13ھ میں بعد وفات ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے تھے اور کسی ایک شخص نے بھی ان سے بیعت کرنے میں تامل یا انکار نہیں کیا تھا۔ دس سال چھ ماہ خلافت کی۔ 24 ذی الحجہ 23ھ کو شہید ہوئے۔ زخمی ہونے کے بعد انھوں نے اپنے قاتل کی بابت تفتیش کرائی۔ جب ان کو پتا لگا کہ وہ ابولولو نصرانی ہے۔ تب فرمایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَجْعَلْ قَتْلِیْ بِیَدِ رَجُلٍ یُحَاجُّنِیْ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

''اللہ کا شکر ہے کہ میرا قتل ایسے شخص کے ہاتھ سے نہیں ہوا جو لا الٰہ الا اللہ کا سہارا لے سکتا ہو۔''

یکم محرم 24ھ کو انتقال ہوا۔

② عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ان کے برادر شقیق ہیں۔ ان کا انتقال 73ھ میں مکہ میں ہوا تھا۔ حضرت عبداللہ سے 2210 حدیثیں مروی ہیں۔ ①

③ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی والدہ زینب بنت مظعون رضی اللہ عنہا ہیں، جو نہایت قدیم الاسلام تھیں۔ انھوں نے قبل از ہجرت مکہ میں وفات پائی تھی۔ ان کا سلسلہ نسب نبی ﷺ سے کعب میں شامل ہو جاتا ہے اور ان کی نانی کا سلسلہ نسب بھی کعب میں شامل ہوتا ہے۔

④ ان کے ماموں عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ ہیں۔ 13 کس (آدمیوں) کے بعد اسلام میں داخل ہوئے۔ ذوالہجرتین ہیں۔ مہاجرین میں سے مدینہ میں سب سے پہلے ان کا انتقال ہوا تھا۔ نبی ﷺ نے کفنانے کے بعد ان کی پیشانی پر بوسہ دیا تھا اور اپنے فرزند ابراہیم کی قبر ان کے پاس بنا کر فرمایا تھا۔ اَلْحِقْ بِالسَّلَفِ الصَّالِحِ مِنَّا۔ ②

⑤ ام المساکین زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا

جاہلیت میں ان کا لقب ام المساکین تھا۔ ان کا پہلا نکاح طفیل سے، دوسرا عبیدہ سے ہوا یہ دونوں نبی ﷺ کے عم زاد یعنی حارث بن عبدالمطلب کے فرزند تھے۔ ان کا تیسرا نکاح عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ سے ہوا جو نبی ﷺ کے عم زاد ہیں اور ام المومنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے بھائی ہیں۔ جنگ احد میں وہ شہید ہو گئے تو نبی ﷺ نے ان سے نکاح کر لیا۔ نکاح کے بعد صرف دو مہینے یا تین مہینے زندہ رہیں۔ ماں کی جانب سے یہ ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا کی بہن ہیں۔

⑥ ام المومنین ام سلمہ (ہند) رضی اللہ عنہا

ہند بنت ابی امیہ المعروف بزاد الراکب بن المغیرہ بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم۔ نبی ﷺ سے پیشتر ام سلمہ حضرت ابوسلمہ عبداللہ بن عبدالاسد بن ہلال بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم کے نکاح میں تھیں۔ ان ہر دو کا نسب عبداللہ بن عمر مخزومی میں شامل ہو جاتا ہے۔

ام سلمہ رضی اللہ عنہا نہایت قدیم الاسلام ہیں اور ابوسلمہ رضی اللہ عنہ غالباً گیارہویں شخص اسلام لانے والوں میں تھے۔ ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کی والدہ برہ بنت عبدالمطلب نبی ﷺ کی حقیقی پھوپھی تھیں۔

علاوہ ازیں نبی ﷺ اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اور ابوسلمہ رضی اللہ عنہ تینوں برادران رضاعی بھی ہیں۔

---

① عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی نسل ہندوستان میں بکثرت پائی جاتی ہے قطب الاقطاب خواجہ فرید شکر گنج، حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی، امام ربانی اور حکیم الامت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہم اللہ سب فاروقی ہیں۔ شیخ الوقت شاہ ابوالخیر عبداللہ دہلوی المجددی و فاروقی ہیں۔ حضرت خواجہ ضیاء معصوم صاحب ترین چار باغ (کابل) کا خاندان بھی اسی نژاد عالی سے ہے۔ ② کنز العمال 33606، مجمع الزوائد 15655، الطبرانی فی الکبیر: 837

ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے شوہر کے ساتھ اول ہجرت حبش کی تھی اور پھر مکے میں واپس آ گئے تھے۔ مکرر جب ابوسلمہ و ام سلمہ رضی اللہ عنہا مع اپنے بچے سلمہ رضی اللہ عنہ کے ہجرت مدینہ کے لیے نکلے تو ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے گھر والوں نے ان کے بچے سلمہ کو چھین لیا اور کہا کہ تم جہاں چاہو جا سکتے ہو مگر بچے کو جو ہمارے خاندان کا فرد ہے نہیں لے جا سکتے۔ علی ہذا ام سلمہ کے گھر آنے والوں نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو چھین لیا۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا جو کہ ہمارے خاندان کی لڑکی ہے تم نہیں لے جا سکتے۔ ابوسلمہ رضی اللہ عنہ نہایت قوی الاسلام اور راسخ العزم تھے۔ بیوی اور بچے کے چھن جانے پر بھی انھوں نے سفر ہجرت ترک نہ کیا اور اللہ و رسول اللہ ﷺ کی راہ میں چل پڑے۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا مکے ہی میں رہیں۔ وہ ہر روز شام کو اس مقام پر آ بیٹھا کرتی تھیں جہاں شوہر سے علیحدہ ہوئی تھیں۔ ایک سال تک برابر روتی رہیں۔ حتیٰ کہ سنگ دل عزیزوں کا دل بھی ان کے گریہ و آہ و بکا پر نرم آ گیا۔ انھوں نے بچہ بھی دے دیا اور ان کو سفر کی اجازت دے دی۔ یہ اللہ کی بندی یکہ و تنہا مدینے کو چل پڑیں۔ عثمان بن طلحہ جو کلید بردار بیت الحرام تھے۔ گو ابھی مسلمان نہ ہوئے تھے، لیکن ان کو بھی ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی بے کسی و تنہائی پر رحم آیا۔ وہ ساتھ ہو لیے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو اونٹ پر سوار کراتے، خود پیدل چلتے منزل پر پہنچ کر ان سے دور جا کر ٹھہرتے۔ جب منزل بہ منزل مدینہ طیبہ کے قریب پہنچ گئے اور نخلستان مدینہ کے درخت نظر آنے لگے تو کہا: ''دیکھو جس شہر میں تجھے جانا ہے وہ سامنے ہے۔ تم آگے بڑھو، میں واپس جاتا ہوں۔'' یہ کہہ کر واپس چلے آئے۔

ابوسلمہ رضی اللہ عنہ جنگ بدر میں شریک ہوئے اور پھر جنگ احد میں زخمی ہوئے، زخموں سے جانبر نہ ہو سکے۔ اور جمادی الاخر 3 ہجری میں انھوں نے شہادت کی موت پائی۔ مرتے وقت ان کی زبان پر تھا:

اَللّٰهُمَّ اخْلُفْنِیْ فِیْ اَهْلِیْ بِخَیْرٍ۔ الٰہی میرے کنبہ کی اچھی طرح نگہداشت فرمانا.

چھوٹے چھوٹے بچے چھوڑے۔ نبی ﷺ کو جو محبت و قرابت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے تھی اور مدت العمر انھوں نے اسلام میں جو صداقت اور استقامت دکھائی تھی۔ نیز ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اسلام کے لیے ہجرت حبشہ اور ہجرت مدینہ کرتے ہوئے جن سخت آزمائشوں کو پورا کیا تھا، ان سب امور پر خیال کرتے ہوئے نبی ﷺ نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کر لیا اور ان کے بچے عمر و سلمہ اور لڑکیاں زینب و درہ حضور ﷺ کے ربیب تھے اور انھوں نے زیر تربیت نبی ﷺ پرورش پائی۔

اقارب

① عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہما 2ھ میں پیدا ہوئے تھے۔ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی جانب سے فارس اور بحرین کے حاکم رہے۔ 83ھ میں وفات پائی۔ سعید بن مسیب اور ابوامامہ بن سہل اور عروہ بن زبیر نے ان سے احادیث کی روایت کی ہے۔

② سلمہ بن ابوسلمہ: کے ساتھ نبی ﷺ نے امامہ بنت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا نکاح کر دیا تھا۔ انھوں نے عبدالملک کے عہد میں وفات پائی۔ ان سے روایت حدیث جاری نہیں ہوئی۔

③ زینب بنت ابوسلمہ: کا نکاح عبداللہ بن زمعہ الاسود الاسدی کے ساتھ ہوا تھا۔ یہ اپنے زمانہ میں سب عورتوں سے زیادہ فقیہ تھیں اور ان کی ولادت حبش میں ہوئی تھی۔ جب ان کے والدین ہجرت حبش کر کے مکے سے گئے تھے۔

ان کا بیان ہے کہ یہ ابھی بچی ہی تھیں کہ نبی ﷺ غسل فرما رہے تھے۔ یہ حضور ﷺ کے قریب پہنچ گئیں۔ نبی ﷺ نے پیار سے ان کے منہ پر پانی کے چھینٹے پھینکے جس کی یہ برکت ہوئی کہ ان کے چہرے کی رونق اور تازگی شباب جیسی ہی قائم رہی۔

یوم الحرہ میں ان کے دونوں بیٹے مارے گئے تھے۔ دونوں کی لاشیں ان کے سامنے رکھی ہوئی تھیں۔ زینب نے کہا: اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ واللہ ان دونوں کا مرنا میرے لیے بڑی مصیبت ہے، لیکن ایک کی مصیبت دوسرے کی مصیبت سے بڑھ کر ہے۔ پہلا تو گھر میں رہا اور اس نے جنگ سے اپنے ہاتھ کو روکا اور مظلوم مارا گیا۔ مجھے امید ہے کہ اسے جنت ملے گی۔ دوسرے لڑکے نے ہاتھ نکالا اور مارا گیا۔ اب میں یہ نہیں کہہ سکتی کہ اس کا انجام کیا ہوگا اور یہی وہ امر ہے جسے میں مصیبت عظمیٰ سمجھتی ہوں۔

④ ام کلثوم بنت ام سلمہ سے ایک حدیث موسیٰ بن عقبہ نے روایت کی ہے کہ نبی ﷺ نے نجاشی کی موت اور اپنی مرسلہ ہدایا کی واپسی کی پیشین گوئی فرمادی تھی۔

⑤ درہ بنت ام سلمہ کا ذکر صحیح بخاری میں ہے کہ ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا تھا کہ کیا حضور ﷺ درہ سے نکاح کرنے والے ہیں۔ فرمایا اگر وہ میری ربیبہ بھی نہ ہوتی، تب بھی وہ حلال نہ تھی۔ اس کا باپ ابوسلمہ رضی اللہ عنہ تو میرا دودھ کا بھائی تھا۔

⑥ زبیر، عامر، عبداللہ، مہاجر ام المومنین کے بھائی اور عبداللہ ومعبد برادرزادے اور عبداللہ بن زمعہ بھانجے ہیں۔ زبیر کا حال نہیں ملا۔

⑦ عبداللہ کی ماں عاتکہ آنحضرت ﷺ کی پھوپھی ہیں۔ یہ ابتدائے اسلام میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ شدید العداوت تھا۔ لیکن عام الفتح کو توفیق ازلی سے قبل از فتح مکہ مدینہ کو روانہ ہوئے اور راہ ہی میں آنحضرت ﷺ سے ملاقی ہوکر اسلام لائے اور عفو تقصیرات سے شادکام ہوئے۔ فتح مکہ اور غزوہ طائف میں شامل اور طائف ہی میں تیر کھا کر شہید ہوئے۔

⑧ عامر مولفۃ القلوب میں سے ہیں۔

⑨ مہاجر حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے برادر شقیق ہیں۔ نبی ﷺ نے ان کی حارث بن عبدکلال حمیری شاہ یمن کے پاس بطور سفارت بھیجا تھا اور پھر صدقات کندہ اور صدف کا عامل بھی بنا دیا تھا اور پھر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کو یمن کی حکومت پر بھیجا تھا اور حضرموت میں قلعہ نجیر انہی نے فتح کیا تھا۔

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال مدینہ منورہ میں 59ھ کو بعمر 84 سال ہوا۔ بعض نے 60ھ میں روایت کیا ہے۔ مرویات ام سلمہ ام المومنین رضی اللہ عنہا، کتب احادیث میں حسب ذیل ہیں:

صحیحین میں	13	صرف بخاری شریف میں	3
صرف صحیح مسلم میں	13	دیگر کتب حدیث میں	349
کل	=378		

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے چچازاد بھائی ولید کی وفات پر یہ اشعار فرمائے تھے:

یا عین فابکی الولید① ابن الولید بن المغیرۃ

قد کان غیثا فی السنین و رحمۃ فینا و میرہ!

① ولید بن ولید حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سیف اللہ کے بڑے بھائی اور ان سے مقدم الاسلام ہیں۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو رغبت اسلام انہی نے دلائی تھی۔ الاستیعاب

ضـخـم الـــه سيـعــه مــاجـدا   يـسـمـوا الـى طـلـب الـوتـيـره

مثـل الـــولـيـد بـــن الـــولـيـد   الـى الـولـيـد كـفـى الـعـشيـره

ولید بن ولید اور خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اور حشام بن ولید اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا دادا ایک ہے یعنی مغیرہ۔

ام المومنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا

زینب بنت جحش بن ایاب بن یعمر بن صبیرہ بن مرہ بن کثیر بن غنم بن دودان بن اسد بن خزیمہ الاسدی۔ ان کی والدہ امیمہ بنت عبدالمطلب نبی ﷺ کی پھوپھی ہیں۔ ان کا پہلا نکاح زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوا تھا۔

زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کا عالی نسب

زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کا نسب آبائی قضاعہ تک منتہی ہوتا ہے اور ان کی ماں کا نسب بنی معن بن طی سے ملتا ہے۔ گویا حضرت زید رضی اللہ عنہ نجیب الطرفین تھے مگر لڑکپن میں ایک گروہ نے ان کو اٹھالیا اور سوق حباشہ میں (جو مکہ کے قریب سالانہ منڈی لگا کرتی تھی) فروخت کیا۔ حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ ان کو خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے لیے خرید لائے۔ جب خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا نکاح نبی ﷺ کے ساتھ ہوا، تب انھوں نے نبی ﷺ کو زید رضی اللہ عنہ ہبہ کر دیے۔ زید رضی اللہ عنہ کے والدین ان کی تلاش میں تھے۔ وہ پتا لگاتے لگاتے مکہ معظمہ پہنچ گئے اور نبی ﷺ سے درخواست کی کہ زید کو واپس کر دیا جائے۔ نبی ﷺ نے منظور فرمایا۔ مگر زید پر نبی ﷺ کے الطاف واشفاق کا اس قدر گہرا اثر تھا کہ انھوں نے آنحضرت ﷺ کو چھوڑنا پسند نہ کیا اور ماں باپ کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا۔ ان کے والدین نے بھی جب دیکھا کہ ان کا بیٹا اس گھر میں بحالت غلامی نہیں۔ بلکہ فرزندانہ تربیت پا رہا ہے تو وہ بھی مطمئن ہو کر واپس چلے گئے۔ نبی ﷺ کی الفت ومحبت دیکھ کر زید کو زید بن محمد ﷺ کا خطاب مل گیا تھا۔ یہ سب واقعات بعثت ونبوت سے پیشتر کے ہیں۔

ہر شخص آزاد پیدا ہوتا ہے

نبوت کے بعد جن امور کی اصلاح نبی ﷺ نے فرمائی، ان میں غلاموں کی حالت کی درستی بھی تھی۔ نبی ﷺ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ ''لوگو! تم نے ان کو غلام کیونکر بنا لیا ہے۔ ماں کے پیٹ سے تو یہ آزاد پیدا ہوئے تھے۔'' عملی طور پر یہ ثابت کرنے کے لیے کہ غلامی کا جھوٹا خطاب کوئی وقعت نہیں رکھتا اور کوئی شخص صرف اس وجہ سے کسی کا غلام نہیں ہو سکتا کہ اسے ایک نے زبردستی پکڑ کر بیچ ڈالا ہو اور دوسرے نے چند درہم دے کر خرید لیا ہو۔ نبی ﷺ نے ایک بہترین مثال قائم فرمانے کا ارادہ کیا۔ چنانچہ یہ تجویز فرمائی کہ اپنی پھوپھی زاد زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا نکاح زید رضی اللہ عنہ سے کر دیں۔ یہ تجویز فی الواقع اسی غرض کے لیے تھی کہ غلامی کے عارضی خطاب کی حقارت ہمیشہ کے لیے دفن کر دی جائے اور کوئی شخص کسی شخص کو اس کے جائز حقوق انسانیت سے اس لیے محروم نہ ٹھہرائے کہ وہ کبھی خریدا یا بیچا گیا تھا۔ جو لوگ خاندانی غرور وتکبر پر مٹنے والے تھے۔ وہ سید ولد آدم اور مصلح اعظم ﷺ کی اس تجویز پر آسانی سے متفق نہ ہو سکتے تھے۔ اس لیے زینب اور ان کے اقرباء نے بھی اس رشتہ سے انکار کیا۔ [1] مگر نبی ﷺ نے جس اصلاح کا عزم فرما لیا تھا اور جس بہترین مثال کے قائم کرنے کا قصد کر لیا تھا، اس پر برابر قائم رہے۔ حتیٰ کہ قرآن مجید میں بھی اس آیت کا نزول ہو گیا۔

---

[1] دارقطنی:374

﴿مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّ لَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ﴾

''جب اللہ اور اس کا رسول کسی امر کا فیصلہ فرما دے۔ تب کسی مومن مرد یا عورت کے لیے اس کام میں اپنا کوئی اختیار نہیں رہتا۔'' [الاحزاب:36]

اس حکم کے بعد اقربائے زینب اور زینب رضی اللہ عنہا نے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کے سامنے اپنے ذاتی اور قومی خیالات کو چھوڑ دیا۔ اور اس نکاح کا ہونا انسانیت پر احسان عظیم ہوا اور حضرت زینب رضی اللہ عنہا بھی خاص تعریف کی مستحق ٹھہریں۔ اب اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا ہی کی شاندار زندگی سے ایک دوسری اصلاح کو مشتمل فرمائے۔

عام طور پر مختلف ممالک میں یہ رواج چلا آتا تھا کہ جب کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی تو وہ کسی دوسرے کے فرزند کو لے کر اپنا فرزند بنا لیا کرتا۔ جسے متبنیٰ کہا جاتا ہے۔ اس کے بعد شخص متبنیٰ اپنے باپ کی جانب اپنے آپ کو منسوب نہ کرتا اور فرزندی ہی میں لینے والا شخص اسے اپنا بیٹا کہہ کر پکارا کرتا۔

یہ رسم فی الواقع قدرت خداوندی کا گستاخانہ جواب تھی۔ متبنیٰ کرنے والا شخص گویا اللہ سے یہ کہتا تھا کہ اگر تو نے مجھے فرزند نہیں دیا تو کیا ہوا۔ یہ دیکھا میں نے بیٹا حاصل کر ہی لیا۔

تبنّیت کے کڑوے پھل

1. اس رسم کا خاندانی وارثان بازگشت کے حقوق پر زہریلا اثر پڑتا تھا کیونکہ ورثاء تو حقیقی طور پر وارث نہ ہوتے تھے اور یہ محروم کنندہ مصنوعی طریقہ سے وارث بنایا جاتا تھا۔ خصوصاً جب املاک و جائداد جدی پیدا کردہ ہوتی تھیں۔ تب رسم تبنیت سے تمام خاندان میں خصومتوں اور عداوتوں کی بنیاد قائم ہو جاتی تھی اور کبھی ختم نہ ہونے والے جھگڑے برپا ہو جاتے تھے۔
2. بننے والے فرزند جو شجرہ خاندان سے شاخ بریدہ کی مانند ہوتا تھا، اس کے دل اور روح میں یہ حقیقت ہمیشہ خار کی طرح کھٹکتی رہتی تھی کہ اس نئے خاندان سے سچ مچ اس کا کوئی تعلق خون کا نہیں، بلکہ اس دکھاوے کی ساری بنیاد ظاہری اور اوپری رسوم پر ہے۔ وہ اگر اپنے برادران حقیقی کو اچھی حالت میں دیکھتا تو ان پر حسد رکھتا تھا اور اگر اس کے برادران حقیقی اسے اچھی حالت میں دیکھتے تو اس پر حسد کیا کرتے تھے۔
3. متبنیٰ کرنے والا اگرچہ متبنیٰ کو اس کے لڑکپن میں بڑے لاڈ، چاؤ سے پرورش کرتا، لیکن اس کے بلوغ کے بعد جب دیکھتا کہ اس شخص کے خاندانی اوصاف سے وہ متبنیٰ کس قدر معرا ہے اور اس کے اقارب کے ساتھ اس کو کس قدر بیگانگی ہے۔ اس کا دل بھی بجھ جاتا۔
4. ادھر اس کا اصلی باپ جس نے اپنے ثمرۃ الفواد سے خود محرومی گوارا کی تھی اور جس کے قلبی تعلق کو ظاہری رسوم قطع نہیں کر سکتے ہیں۔ جب دوسرے گھر میں اپنے فرزند کو کسی مصیبت میں دیکھتا ہے تو وہ جھٹ اس مصیبت کو اپنے ہی فعل کا نتیجہ قرار دیتا اور اس پر خود اپنے آپ کو ملامت کرتا اور اپنے کیے پر پچھتاتا۔ ان تمام احوال سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ تبنیت کا مصنوعی اثر ہر جگہ کڑوا پھل ہی ثابت ہوتا تھا۔ ہاں اس بناوٹی حالت کو خضاب کے ساتھ تشبیہ دی جا سکتی ہے، جس کی بابت کوئی شاعر کہہ گیا ہے:

ع آخر تو کھل ہی جاتی ہے رنگت خضاب کی

اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ اسلام اس رسم زبوں کی بھی اصلاح کرے اور اللہ کا رسول ﷺ جو عالم کے لیے رحمت اور دنیا کے لیے مصلح اعظم ہے خود اپنی نورانی شخصیت اور وجود پاک سے ایک زبردست برہان اس کے بطلان پر قائم فرمائے۔

قرآن مجید میں بہت پہلے سے یہ نازل ہو چکا ہے:

﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ﴾ [الاحزاب:40]

''محمد (ﷺ) تم مردوں میں سے کسی کا بھی باپ نہیں ہے۔''

نیز قرآن مجید میں بہت پہلے یہ نازل ہو چکا تھا۔

﴿وَ مَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَ هُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ○ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ﴾ [الاحزاب:4-5]

''اللہ نے تمہارے منہ بولے شخصوں کو تمھارا بیٹا نہیں بنایا۔ یہ تمھاری باتیں اپنے ہی منہ کی ہیں اور اللہ سچ فرماتا ہے اور سیدھے رستے پر چلاتا ہے۔ ایسے شخصوں کو ان ہی کے باپوں کے نام سے پکارا کرو۔ اللہ کے ہاں یہی بات ٹھیک انصاف کی ہے۔''

ہر دو آیات میں نہایت وضاحت اور زور قوت سے اس جھوٹی رسم کا بطلان کر دیا گیا تھا جس کے اندر نہ صرف اکیلا عرب بلکہ سارا جہان گرفتار تھا، لیکن رسم اتنی قدیم تھی اور اس قدر مستحکم تھی کہ اس کے ساتھ ایک زبردست نمونہ کی ضرورت تھی۔ اللہ تعالیٰ فرما چکا تھا۔ ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ کہ ساری دنیا کے لیے زندگی کا بہترین نمونہ محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ اس لیے اس جہالت کا پہاڑ اکھاڑ پھینکنے اور بطلان کا سمندر پاٹ دینے کے لیے نبی ﷺ ہی کو نمونہ بنایا گیا اور اس کی تقریب یہ ہوئی کہ زینب رضی اللہ عنہا کی اپنے شوہر کے ساتھ نہ بنی۔ وہ زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ جو اپنے حلم و تقویٰ سے ام ایمن جیسی بیوی کے ساتھ (جو عمر میں زید رضی اللہ عنہ سے قریباً دو چند بڑی بیوی اور حبشی الاصل تھی) خوش خوش زندگی بسر کر رہا تھا، زینب رضی اللہ عنہا کے ساتھ بسر نہ کر سکا اور نوبت ایں جا رسید کہ نبی ﷺ کے گوش مبارک تک انھوں نے شکایت پہنچائی۔ نبی ﷺ نے زید کو اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ (الاحزاب:37) (اپنی بیوی کو اپنے پاس رہنے دے) کی نصیحت فرمائی اور وَاتَّقِ اللّٰهَ (اللہ سے ڈر) کہہ کر اسے زیادہ برداشت کے لیے آمادہ بھی بنایا۔

خاوند بیوی کا رشتہ

لیکن خاوند بیوی کا عجب رشتہ ہے کہ جب دل پھٹ جاتا ہے تو کوئی نصیحت بھی کارگر نہیں ہوتی۔ زید رضی اللہ عنہ نے زینب رضی اللہ عنہا کو طلاق دے ہی دی۔ اس طلاق کا اثر زینب رضی اللہ عنہا اور اس کے خاندان پر کیا ہوا ہوگا؟ اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ وہ تو زید رضی اللہ عنہ کو پہلے ہی سے اس شادی کا اہل نہ سمجھتے تھے۔ انھوں نے جو کچھ کیا تھا، اسے پسند و اختیار کو چھوڑ کر صرف حکم اللہ اور رسول پر عمل کرتے ہوئے زینب رضی اللہ عنہا کو طلاق کی ذلت بھی اٹھانی پڑے گی اور اسے دنیا کے منہ سے بھی سننا پڑے گا کہ اس میں شوہر کی اطاعت کی قابلیت ہی نہیں۔

اس طلاق کا نبی کریم ﷺ پر کیا اثر ہوگا؟ اول تو حضور ﷺ کی اس مصلحت دینیہ کو صدمہ پہنچا، جس کے استحکام کے لیے

اس نکاح پر حضور ﷺ نے زور دیا اور اپنے خاندان کی ممتاز عورت کو ایک ایسے شخص کی تزویج پر رضامند کیا جو غلام ہو کر بکا تھا اور مولیٰ کہہ کر پکارا جاتا تھا۔ (1) دوم زینب اور اس کے خاندان والوں کی اطاعت اور اس اطاعت کے ضمن میں ان کی اماج مصیبت ہونے کا واقعہ بھی حضور ﷺ کے رحم پرور قلب کے لیے کچھ کم صدمہ رساں نہ تھا۔ اس پیچیدہ حالت میں اللہ تعالیٰ کی وحی قرآنی حضور ﷺ کو مطلع کرتی ہے کہ زینب رضی اللہ عنہا کو ام المومنین کا درجہ عطا کیا گیا۔ اب اللہ کا نبی ﷺ بذات خود اس کی دل شکنی کا معاوضہ ہو گیا۔

جواز تبنیت میں کوئی تاویل نہیں چل سکتی

اللہ اکبر! ایک وقت تھا، جب ایک رسم کی پابندی نے زینب رضی اللہ عنہا کو زید سے شادی کرنے سے روک دیا تھا اور ایک وقت وہ ہے جب رسوم کے اندر پھنسے ہوئے عوام کے خیال سے نبی ﷺ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے شادی کرنے میں تامل فرمایا۔ لیکن اللہ کا حکم پورا ہوا۔ اور نبی ﷺ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو بطور زوجہ قبول فرمایا۔ اب حقیقت گری کی اس رسم کی جڑیں کٹ گئیں۔ جس نے دنیا بھر کو مغالطہ میں ڈال رکھا تھا۔ اس بطلان کے بت کو چکنا چور کر کے سمندر میں پھینک دیا گیا، کیوں کہ اسلام قرار دے چکا تھا کہ فرزند کی بیوی ہمیشہ کے لیے اس کے باپ پر حرام ہوتی ہے۔ اب کہ زید رضی اللہ عنہ کی بیوی کو حکم قرآنی سے نبی ﷺ کی بیوی بنا دیا گیا تو تبنیت کی تائید میں کوئی بھی چھوٹی بڑی تاویل کی گنجائش نہ رہی۔

کچھ تعجب نہیں کہ اس زمانہ کے کافر اپنی پرانی رسوم کو برباد ہوتے ہوئے دیکھ کر روئے چلائے ہوں اور انھوں نے اس جھوٹی رسم کا رونا روتے ہوئے نبی ﷺ یا قرآن پاک کی شان میں اس رسم کے قائل ہونے کی وجہ سے کچھ کچھ الفاظ کہے ہوں، لیکن آپ تعجب کریں گے کہ اب ہمارے زمانہ میں سے سب سے زیادہ عیسائی لوگ اور مسیحی مناد اس قصہ سے اپنی ناراضگی ظاہر کیا کرتے ہیں۔

عیسائی اس قصہ پر کیوں معترض ہیں

ہمارے لیے قابل غور یہ امر ہے کہ عیسائیوں کو اس واقعہ سے رنجیدہ ملول ہونے کی خاص وجہ کیا ہے؟ کیا تورات نے تبنیت کو حق ٹھہرایا ہے؟ کیا مسیح نے تبنیت کو جائز تسلیم کیا ہے؟ اور ایک حرف بھی اس کے جواز میں کہا ہے؟ اگر نہیں تو عیسائیوں کو کیوں رنج ہے۔

ہاں رنج کی وجہ یہ ہے کہ نبی ﷺ کے اس مبارک نکاح سے نہ صرف کافروں کی رسم تبنیت ہی کا بطلان ہوا، بلکہ تثلیث کا بطلان بھی ساتھ ساتھ ہو گیا، کیوں کہ جب اسلام نے ثابت کر دیا کہ ایک انسان کو دوسرے انسان کا بیٹا کہنا، ایسی حالت میں کہ دونوں کے درمیان خون کا رشتہ نہ ہو، بالکل جھوٹ اور باطل اور کامل افترا اور بہتان ہے۔ تب یہ بھی ثابت ہو گیا کہ ایک انسان کو اللہ کا بیٹا کہنا قطعاً وحتماً باطل ہے۔ پورا پورا افترا ہے اور صریح بہتان ہے اور کھلم کھلا دروغ۔ کیوں کہ انسان کو اللہ کے ساتھ کوئی مشابہت ہے ہی نہیں، یہ جسم اور روح سے مرکب انسان جو سینکڑوں حوائج انسانی کا محتاج ہے جو ایک دن پیدا ہوا ہے اور اس سے پہلے نہ تھا، جو ایک دن مر جائے گا وہ لقمہ فنا ہو گا کیونکر اس حی القیوم زندہ اللہ کا فرزند ہو سکتا ہے جس کی ذات سرمدی ازل سے بھی اول اور ابد سے بھی آخر ہے۔

پس یہی ہے وہ راز جس کی وجہ سے عیسائی واعظین اس قصے سے زیادہ ناراض رہا کرتے ہیں۔ ہمارا مقصود اس جگہ صرف زینب رضی اللہ عنہا کی سیرت لکھنے کا تھا اور ہم کو اپنی تحریر صرف اسی مقصود کے اندر محصور رکھنی چاہیے۔ تمام واقعے سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت

---

(1) آزاد کردہ غلام کو مولیٰ کہا کرتے تھے۔

زینب رضی اللہ عنہا کا وجود تعلیم اسلام کے اظہار اور رسوم ضالہ کے بطلان میں بہت بڑی برکت ثابت ہوا ہے اور اسی لیے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ان کی شان میں فرمایا کرتی تھیں۔

هِيَ الَّتِيْ تُسَاوِيْنِيْ فِي الْمَنْزِلَةِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ [1]

''زینب ہی ہے جو بارگاہ رسول اللہ ﷺ میں میری منزلت میں برابر تھی۔''

جب حضرت زینب کا نکاح نبی ﷺ سے ہوا۔ اس وقت ان کی عمر 36 سال کی تھی [2] اور اسلام میں حجاب کا حکم اس وقت تک نازل نہ ہوا تھا۔ ان دونوں فقروں کو یاد رکھنے کے بعد کوئی شخص اس لغو داستان کو باور نہ کر سکے گا کہ آنحضرت ﷺ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے حسن کو یکا یک دیکھ کر ان پر مائل ہو گئے تھے۔ زینب تو نبی ﷺ کی حقیقی پھوپھی کی بیٹی ہیں۔ آنکھوں کے سامنے پلیں بڑھیں، ان کی شکل وصورت کیوں کر آنحضرت ﷺ سے پوشیدہ رہ سکتی ہے۔ خصوصاً جب پردے کا حکم بھی ابھی جاری نہ ہوا تھا۔ پھر 36 سالہ عورت کا حسن اور وہ بھی عرب جیسے گرم ملک کی عورت جہاں عورتوں کا شباب جلد ڈھل جاتا ہے۔ ایسا کیوں کر مانا جا سکتا ہے کہ زید رضی اللہ عنہ (ایک آزاد کردہ غلام!) تو اس سے بیزار ہو جائے اور سید الانبیاء، امام الاتقیا ﷺ اس پر شیفتگی کا اظہار کریں۔ عقل اور عادت تجربہ اور مشاہدہ ایسی واہی باتوں کی تکذیب کے لیے کافی ہیں۔

حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے 20ھ میں وفات پائی۔ [3] اس وقت ان کی عمر 52 سال کی تھی۔ ان کی کنیت ''ام الحکم'' لکھی ہوئی ہے۔ [4]

اقارب

ان کے تین بھائی: عبداللہ، (المجدع فی اللہ) ابواحمد عبداللہ اور عبیداللہ اور تین بہنیں: زینب، حمنہ، اور ام حبیبہ ہیں۔

[1] عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نہایت قدیم الاسلام ہیں، ہجرت حبشہ اور ہجرت مدینہ سے مشرف ہوئے۔ ان کو 2ھ میں نبی ﷺ نے بطن نخلہ کی جانب 12 مہاجرین پر افسر کر کے روانہ کیا تھا اور امیر المومنین کے خطاب سے معزز فرمایا۔ بدر اور احد میں شریک ہوئے۔ اور احد میں شہید ہو کر حضرت امیر حمزہ کے ساتھ ان کی قبر میں مدفون ہوئے۔ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جنگ احد سے پہلے مجھ سے عبداللہ نے کہا: آؤ۔ ہم اللہ سے اپنی اپنی آرزوؤں کی دعا کریں، میں نے کہا اچھا ہم ایک کنارہ ہو گئے۔ پہلے میں نے دعا کی۔ الٰہی جب کل دشمن سے مقابلہ ہو تو میرا مقابلہ ایسے شخص سے ہو، جو حملہ میں بھی سخت ہو اور مدافعت میں بھی پورا ہو۔ میں اور وہ لڑیں۔ میرا لڑنا تیرے لیے ہو، پھر مجھے فتح ہو، میں اسے قتل کر دوں اور اس کا سامان لے لوں۔ میری اس دعا پر عبداللہ نے کہا: آمین۔ پھر عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنے لیے دعا کی۔

اللهم ارزقني غدًا رجلاً شديدًا باسه شديد احره اُقاتله فيك و يقاتلني فيقتلني ثم ياخذني فيجدع انفي و اذني فاذا لَقِيْتُكَ قلت يا عبدالله فِيْمَ جدع انفك و اذنك فاقول فيك و في رسولك فَيَقُوْلُ صَدَقْتَ۔ [5]

الٰہی کل ایسے مرد سے جوڑ ہو جو حملہ اور مدافعت میں کامل ہو، ہم دونوں لڑیں۔ میرا لڑنا تیری راہ میں ہو، پھر وہ مجھے قتل کر

---

[1] مسلم: 2442، نسائی: 3396 [2] انسان العیون نے 35 سال کی بتائی ہے مگر حساب سے 36 سال نکلتی ہے۔ [3] کتاب الاستیعاب۔
[4] مدارج النبوت شاہ عبدالحق مگر اس کنیت کی وجہ معلوم نہ ہوئی۔ ممکن ہے کہ صرف توصیفی کنیت ہو۔ [5] مجمع الزوائد: 15652، اسد الغابہ: 195/3

ڈالے، پھر جب میں تیرے سامنے حاضر ہوں تو دریافت فرمائے کہ عبداللہ تیری ناک اور کان کیوں کاٹے گئے؟ تب میں عرض کروں، تیری راہ میں، تیرے رسول ﷺ کی راہ میں، تب تو فرمائے کہ ہاں سچ کہتا ہے۔

سعد رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ عبداللہ رضی اللہ عنہ کی دعا میری دعا سے بہتر تھی۔ چنانچہ یہ بزرگوار اسی کیفیت سے شہید ہوئے بطن نخلہ کے متعلق ان کے اشعار ہیں:

تَعِدُّوْنَ قَتْلاً فِی الْحَرَامِ عَظِیْمَۃً   وَ اَعْظَمُ منہ لو یری الرُّشد ارشد

حرمت کے دنوں میں قتل کو بہت بڑا سمجھتے ہو، لیکن اگر عقل والا غور کرے تو اسے معلوم ہو جائے گا کہ قتل سے بڑھ کر یہ ہے۔

صدو کمو عمّا یقول محمّدٌ   و کفر بہ واللہ راءٍ و شاھد،

کہ تم لوگوں کو محمد ﷺ کی تعلیم سے روکتے اور خود کفر پر اڑے ہوئے ہو اللہ تمھاری حالتوں کو دیکھ رہا ہے۔ (ہاں قتل سے بھی بڑھ کر) تمھارا یہ فعل ہے۔

وَاِخْرَاجُکُمْ مِنْ مَسْجِدِ اللہِ اَھْلَہ،   لئلاَّ یُرٰی لِلّٰہِ فِی الْبَیْتِ سَاجِد،

کہ تم نے مسلمانوں کو بیت اللہ سے اس لیے نکال دیا ہے کہ اللہ کو سجدہ کرنے والا ایک شخص بھی نظر نہ آئے (مطلب ہے کہ ایک قوم کی آزادی مذہب کا سلب کر لینا قتل واحد سے زیادہ سخت ہے)

فَاِنَّا وَ اِنْ عَیَّرْتُمُوْنَا بِقَتْلِہٖ   وارجفَ بِالْاِسْلَامِ بَاغٍ و حَاسِد،

اگرچہ تم اس قتل پر ہم کو الزام لگاتے ہو اور اسلام کی بابت ہر ایک باغی و حاسد نے بہت کچھ بکواس بھی کی ہے۔

سقینا من ابن الحضرمی رماحنا   بنخلۃ لما اوقد الحرب واقد، [1]

لیکن بات یہ ہے کہ جب (خواہ مخواہ) جنگ کرنے والے نے جنگ کی آگ کو سلگایا تب ہم نے نخلہ میں اپنے نیزے کو ابن الحضرمی کے خون سے سیراب کیا۔

[2] ابو احمد عبداللہ شاعر تھے۔ انھوں نے بھی ہجرت حبش و مدینہ کی تھی، انکی ظاہری آنکھیں نہ تھیں۔ فارعہ بنت ابوسفیان اموی ان کے گھر میں تھیں۔ 20ھ میں اپنی بہن ام المومنین زینب کے بعد وفات پائی۔

ہجرت کے متعلق ان کے اشعار ہیں:

لمّا راتنی ام احمد غادیًا   بذمۃ مَنْ اَخْشٰی بغیب وَ اَرْھَبُ

جب میری بیوی ام احمد نے مجھے دیکھا کہ میں اللہ کے بھروسے پر سفر کو تیار ہوں۔ وہ اللہ جس سے میں بن دیکھے ڈرتا ہوں۔

تقول فاما کنت لا بد فاعل   فیمم بنا البلدان ولتناء یثرب [2]

تب اس نے کہا: اگر یہاں سے جانا ہی ہے تب ہمیں کسی اور شہر میں لے چل اور یثرب کا خیال چھوڑ دے۔

فقلت لھا بل یثرب الیوم وجھنا   وَ مَا یشا الرَّحْمٰنُ فالعَبْدُ یَرْکب،

میں نے کہا: اب تو یثرب ہی ہمارا مقصود ہے اور عبداللہ تو ادھر ہی جائے گا جدھر رحمان چاہتا ہے۔

---

[1] لما اوقد الحرب واقد کے الفاظ پر غور کرو، ان سے صاف ثابت ہے کہ جنگ میں ابتدا مسلمانوں کی جانب سے نہ ہوئی تھی بلکہ قریش کی طرف سے تھی۔
[2] مدینہ کو یثرب کہنے کی ممانعت ہو چکی ہے۔ یہ اشعار اس ممانعت سے پہلے کے ہیں۔

اِلَی اللّٰہِ وَجْھِیَ وَالرَّسُوْلُ وَ مَنْ یَّقُمْ اِلَی اللّٰہِ یَوْمًا وَجْھَہ، لَا یخیب

میرا رخ اللہ اور رسول کی جانب ہے اور جس نے آج اپنا رخ اللہ کی جانب کرلیا وہ خسارے میں نہ رہے گا۔

فکم قَدْ تَرَکْنَا مِنْ حَمِیْمٍ مُنَاصِحٍ وَ نَاصِحَۃٍ تَبْکِیْ بِدَمْعٍ و تَنْدَبُ

ہم نے بہت سے گرم جوش خیر خواہ دوستوں کو چھوڑا اور خیر خواہ بیوی روتی اور چلاتی سے منہ موڑا ہے۔

تری ان وترا فائنا عن بلادنا و نحن نری ان الرغائب نطلب

جو کہتی تھی کہ ہمارا شہر سے جانا تباہی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہم اپنے مقصد کی تلاش میں جارہے ہیں۔

دعوت بنی غنم لحقن دمائھم وللحق لما لاح للناس ملحب

میں نے بنی غنم سے کہا کہ خون ریزی سے بچو۔ یہ سچی بات تھی جو سیدھی سڑک جیسی ہے۔

اجابوا بحمد اللہ لما دعاھموا الی الحق داع و النجاح فاذھبوا

الحمدللہ! کہ جب حق اور نجات کے لیے داعی نے ان کو بلایا تو انھوں نے کہنا مان لیا اور وہ سب ہجرت کر کے مدینے چلے آئے۔

وکنا و اصحابًا لنا فارقوا الھُدٰی اعانوا علینا بالسلاح واجلبُو

اب ہم اور ہمارے وہ پرانے ساتھی جو ہدایت سے دور پڑ کر ہمارے خلاف ہتھیار اور جماعت فراہم کر رہے ہیں۔

کفوجین اما منھما فموفق علی الحق مھدی و فوج معذّب

وہ جماعتیں بن گئی ہیں جن میں سے ایک تو حق پر ہدایت یافتہ اور توفیق یافتہ ہے۔ دوسری گمراہ مخذول اور معذب ہے۔

طغوا و تمنو کذبہ وازلّھم عن الحق ابلیس و خابوو وخیّبُوا

انھوں نے سرکشی اور خوب جھوٹ کے طوفان باندھے اور شیطان نے ان کو حق سے پھسلایا۔ یہ خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا۔

ورعنا الی قول النبی محمّد فطابَ ولاۃ الحقّ منّا و طیبُوا

ہم تو محمد رسول اللہ ﷺ کے فرمودے پر جھک پڑے ہیں اور ان کے فدائیوں کے حالات اور افعال پاک بن گئے ہیں۔

تَمُتُّ بِاَرْحَامِ اِلَیْنَا قَرِیْبَۃ و لا قرب بالارحام اذا لا تقرب

ہم نے قریب کے رشتہ داروں سے توسل ڈھونڈا مگر رشتہ داری کیا کام آتی ہے جب رشتہ داری قریب نہ آئیں۔

فای بن اخت بعد نایامنتکم وایۃ صھر بعد صھری مرقب

بتاؤ کہ ہمارے بعد اب کونسا بھانجا ہوگا جو تم پر بھروسہ کرے گا اور کونسا داماد ہوگا جو تم سے فلاح کی امید کرے گا۔ (کیوں کہ میں تو بھانجا بھی تھا اور داماد بھی۔ تم نے میرا لحاظ نہ کیا)

ستعلم یومًا ایّنا اذا تزایلوا و زیّل امرُ النّاس للحقِّ اَصْوَب [1]

عنقریب اس روز جب مومن اور مشرک کی الگ الگ جماعت بندی کی جائے گی۔ اور ہر ایک حالت نمایاں کی جائے گی۔

---

[1] منقول از حسن الصحابہ مطبوعہ قسطنطنیہ 1324ھ

یہ دشمن جان لیں گے کہ ہم میں سے حق پر کون تھا؟

③ عبیداللہ بن جحش جو بھائیوں کے ساتھ حبش چلا گیا تھا' بڑا شرابی تھا۔ عیسائی ہو گیا اور وہیں مر گیا۔

خواہران ام المومنین

④ ام حبیب بنت جحش رضی اللہ عنہا: جس کا نام حبیبہ ہے۔ زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں تھیں۔

⑤ حمنہ، حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ (المقری الانصار) کے گھر میں تھیں۔ وہ جنگ احد میں شہید ہو گئے تو طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ سے نکاح کیا۔ محمد اور عمران ان کے فرزند ہیں۔

⑧ ام المومنین جویریہ رضی اللہ عنہا

جویریہ بنت الحارث بن ابی ضرار بن حبیب بن عائذ بن مالک بن خزیمہ (وھو المصطلق) من خزاعہ 5ھ میں غزوہ مریسیع میں اسیر ہو کر آئیں۔ ثابت [1] بن قیس بن شماس القاری نے ان کو اسیر کیا تھا اور پھر مکاتب کر دیا تھا۔ یہ نبی ﷺ کی خدمت میں زر کتابت مانگنے کے واسطے آئیں۔ انھوں نے پہلے تو یہ کہا کہ میں مسلمان ہوں [2] اور پھر بتایا کہ وہ حارث بن ابی ضرار سید قوم کی بیٹی ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ یہ ٹھیک نہیں ہے کہ تیرے لیے اس سے بھی بہتر سلوک کیا جائے۔ جویریہ نے پوچھا' وہ کیا؟ فرمایا زر کتابت بھی ادا کروں اور تجھ سے خود شادی بھی کر لوں۔ جویریہ نے خوشی سے مان لیا۔ لوگوں کو خبر ہوئی تو انھوں نے بنی المصلق کے سب قیدیوں کو جو سو (100) سے زیادہ تھے' چھوڑ دیا کہ یہ آنحضرت ﷺ کے رشتہ دار ہو گئے ہی۔ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

فَمَا رَأَيْنَا امْرَأَةً كَانَتْ أَعْظَمَ بَرَكَةً عَلَى قَوْمِهَا مِنْهَا. [3]

''میں کسی عورت کو نہیں جانتی جو اپنی قوم کے لیے جویریہ سے زیادہ بڑھ کر برکت والی ہو۔''

ان کی پہلی شادی مسافع بن صفوان مصطلق سے ہوئی تھی۔ ربیع الاول 56ھ میں وفات پائی۔ [4] عمر بوقت انتقال 70/65 سال کی تھی۔ [5]

ایک روز نبی ﷺ ان کے گھر سے نماز صبح کے لیے تشریف لے گئے۔

اس وقت یہ مصلے پر تھیں۔ بوقت چاشت نبی ﷺ واپس تشریف لائے تو یہ مصلے پر ہی بیٹھی تھیں۔ نبی ﷺ نے دریافت کیا کہ کیا تم اسی وقت سے یہاں بیٹھی ہو۔ انھوں نے کہا۔ ہاں! فرمایا: ''میں نے یہاں سے جانے کے بعد ایسے چار کلمات کہے ہیں کہ اگر ان کو تیرے ورد کے ساتھ وزن کیا جائے تو بھاری اتریں۔'' وہ کلمات یہ ہیں۔

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَ رِضٰى نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَ مِدَادَ كَلِمَاتِهِ. [6]

ایک دفعہ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا جمعے کے دن روزے سے تھیں۔ نبی ﷺ نے دریافت فرمایا کہ تمہارا کل بھی روزہ تھا؟ کہا'

---

[1] ثابت رضی اللہ عنہ کو خطیب رسول اللہ ﷺ کہا کرتے نبی ﷺ نے ان کو "تعیش حمیدا و تقتل شھیدا" فرمایا تھا۔ یہ جنگ یمامہ میں بعہد خلافت صدیقی شہید ہوئے۔ اس جنگ میں مسلمانوں کی صف میں رخنہ پڑ گیا تو انھوں نے نہایت حسرت سے کہا کہ ہم عہد نبوی ﷺ میں یوں نہیں لڑا کرتے تھے۔ پھر عطر حنوط لگایا۔ حملہ کیا اور شہادت پر فائز ہوئے۔ جویریہ کو مکاتب کرنے کے وقت ان کی عمر 30 سال کی تھی۔ [2] مدارج النبوت [3] ابوداود: 3931، مستدرک حاکم: 6781، اسد الغابہ: 7/58 [4] مستدرک حاکم: 6871 [5] مدارج النبوت [6] مسلم: 2726، ترمذی: 3555، ادب المفرد: 647، ابوداود: 1503

نہیں۔ فرمایا: کل کو بھی روزہ رکھنے کی نیت ہے؟ کہا نہیں۔ فرمایا تو افطار کردو۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ نے صرف جمعے کے دن روزہ رکھنے کو پسند نہیں فرمایا۔ صحیحین میں بروایت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ ہے۔

لَا يَصُوْمُ اَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلَّا اَنْ يَصُوْمَ قَبْلَه' اَوْ بَعْدَهٗ ①

''کوئی شخص جمعہ ہی کا روزہ نہ رکھے۔ رکھے تو ایک دن آگے یا پیچھے بھی روزہ رکھے۔''

ام المومنین جویریہ رضی اللہ عنہا عابدہ وزاہدہ تھیں۔

مرویات حدیث:	صحیح بخاری میں	2
	صحیح مسلم میں	2
	دیگر کتب میں	3
	کل	=7 ②

حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے بھائی عبداللہ بن حارث ہیں۔ یہ اپنی قوم کے قیدیوں کی رہائی کے متعلق آنحضرت ﷺ سے گفتگو کرنے آئے تھے۔ ان کے ساتھ چند مادہ شتر اور ایک حبشن لونڈی تھی۔ یہ ان سب کو پہاڑ کی ایک گھاٹی میں چھپا کر چھوڑ گئے تھے۔ جب انھوں نے نبی ﷺ سے رہائی اسیران کی بابت گفتگو کی تو نبی ﷺ نے فرمایا۔ وہ اونٹنیاں کیا ہوئیں۔ لونڈی کدھر گئی؟ جسے تم فلاں جگہ چھپا کر آئے ہو؟ تو عبداللہ حیران ہوا۔ اس نے عرض کیا کہ میرے ساتھ اور کوئی شخص بھی نہ تھا اور مجھ سے پہلے حضور ﷺ کے پاس ادھر سے کوئی آیا بھی نہیں۔ میں اسلام لاتا ہوں اور شہادت دیتا ہوں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: لَكَ الهجرة ③ حتى تبلغ برك الغماد۔ ④

ام المومنین جویریہ رضی اللہ عنہا کے دوسرے بھائی عمرو بن الحارث ہیں۔ ان سے یہ حدیث روایت کی گئی ہے۔

تَاللّٰهِ مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ مَوْتِهٖ دِيْنَارًا اَوْ دِرْهَمًا وَلَا عَبْدًا وَ لَا اَمَةً وَ لَا شَيْئًا اِلَّا بَغْلَةَ الْبَيْضَاءِ وَسَلَاحَةً وَاَرْضًا تَرَكَهَا صَدَقَةً۔ ⑤

اللہ کی قسم! رسول اللہ ﷺ نے موت کے وقت نہ اشرفی چھوڑی نہ روپیہ، غلام، نہ لونڈی، نہ کوئی اور چیز۔ صرف ایک سفید رنگ کا خچر تھا یا ہتھیار تھے یا کچھ زمین تھی، جسے آپ نے صدقہ فرما دیا ہے۔

ان کی بہن کا نام عمرہ بنت الحارث ہے، جو حدیث اَلدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ ⑥ (دنیا شاداب وشیریں لگتی ہے) کی راوی ہیں

⑨ ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا

ام حبیبہ رضی اللہ عنہا رملہ بنت ابوسفیان بن امیہ بن عبدالشمس بن عبد مناف قصی۔ ان کی ماں صفیہ بنت ابوالعاص بن امیہ ہے۔

نہایت قدیم الاسلام ہیں۔ ان کا پہلا شوہر عبیداللہ بن جحش تھا جو حبش کو ہجرت کر گیا تھا۔ دائم الخمر تھا۔ اس لیے عیسائیوں میں بیٹھ کر عیسائی ہو گیا۔ مگر ام حبیبہ اسلام پر قائم رہیں۔

① بخاری:1985، مسلم:1144، ابوداؤد:2320، ترمذی:743، ابن ماجہ:1723، ابن خزیمہ:2158، احمد:2/495 ② مدارج النبوت ③ کتاب الاستیعاب
④ برک الغماد ایک مقام کا نام ہے جو مکے سے پانچ منزل ہے۔ ⑤ احمد:17990 ⑥ مسلم:2742، احمد:3/7، کتاب الاستیعاب

اسلام کے لیے انھوں نے باپ' بھائی خویش وقبیلہ اور وطن کو چھوڑا تھا۔ پردیس میں خاوند کا سہارا تھا، ارتداد سے وہ بھی جاتا رہا۔ نبی ﷺ کو ان کا حال معلوم ہوا تو عمرو بن امیہ الضمری کو ملک حبشہ کے پاس بھیجا۔ اسے تحریر فرمایا تھا کہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو آنحضرت ﷺ کا پیام شادی پہنچائے۔ بادشاہ نے اپنی ایک لونڈی جو بادشاہ کی ملبوسات وعطریات کی تحویل دار تھی حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجی۔ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا اس سے پیشتر خواب میں دیکھ چکی تھی کہ ان کو کوئی شخص ام المومنین کہہ کر پکار رہا ہے۔ اب لونڈی سے یہ پیغام سن کر انھوں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور شکرانہ میں لونڈی کو اپنا تمام زیور جو جسم پر تھا عطا فرمایا۔ نجاشی نے مجلس نکاح خود منعقد کی' جس میں حضرت جعفر رضی اللہ عنہ اور دیگر جملہ مسلمان مدعو تھے۔ نجاشی نے خطبہ پڑھا۔

الحمد للّٰہ الملك القدوس السلام المومن المهيمن العزيز الجبار المتكبر اشهد ان لا اله الا الله و اشهد ان محمد رسول الله و انه الذى بشربه عيسٰى بن مريم صلى الله عليه وصلم اما بعد فان رسول الله صلى الله عليه وسلم كتب اِلَیَّ اَنْ اَزَوِّجَهُ ام حبيبة بنت ابى سفيان الى ما دعا اليه رسول الله ﷺ و قد اصدقتها اربع مائة دينارا۔

اس کے بعد اس نے قوم کے سامنے دینار رکھ دیے۔

پھر خالد بن سعید رضی اللہ عنہ نے جو حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے وکیل تھے۔ خطبہ پڑھا:

الحمد لله احمده و استعينه و اشهد ان لا اله الا الله و ان محمدا عبده و رسوله ارسله بالهدى و دين الحق ليظهره على الدين كله و لو كره المشركون اما بعد فقد اجبت الى ما دعا اليه رسول الله ﷺ و زوجته' ام حبيبة بنت ابى سفيان فبارك الله رسوله عليه السلام۔

اس کے بعد نجاشی کی جانب سے جملہ حاضرین کو کھانا کھلایا گیا۔ نجاشی نے بیان کیا کہ انبیاء کی سنت یہ ہے کہ تزویج کے بعد کھانا ہوتا ہے۔ [1]

ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے 44ھ میں مدینے میں وفات پائی۔ وفات کے وقت حضرت عائشہ وحضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ سوت عورتوں کے درمیان کبھی کچھ نوک جھونک ہوجایا کرتی ہے جو کچھ میں نے کہا سنا ہو مجھے معاف کردو۔ دونوں نے کہا کہ ہم خوشی سے معاف کرتی ہیں۔ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ تم نے مجھے شادماں کیا ہے۔ اللہ تم کو شادماں کرے۔

ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا پاکیزہ ذات' حمیدہ صفات' جواد وعالی ہمت تھیں۔ ان کی مرویات حسب ذیل ہیں:

متفق علیہ	2
صحیح مسلم	1
دیگر کتب احادیث	62
کل	=65

ان کی بیٹی حبیبہ، ربیبۃ النبی ﷺ ہیں۔ یہ مکہ میں پیدا ہوئیں تھیں اور والدین کے ساتھ ہجرت حبشہ کی تھی۔

[1] الاستیعاب، مستدرک حاکم: 6770، اسد الغابہ: 7/303۔

ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے فضائل میں سے وہ قصہ ہے' جسے ابن اسحاق رحمہ اللہ امام اہل سیر نے بیان کیا ہے کہ ان کا باپ ابوسفیان تجدید صلح کے لیے مدینہ منورہ آیا۔ اپنی بیٹی ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے ملنے گیا۔ ابوسفیان بستر پر بیٹھنے لگا تو انھوں نے بستر لپیٹ دیا۔ ابوسفیان نے پوچھا: بیٹی میں نہیں سمجھا کہ تو بستر مجھ سے دور رکھنا چاہتی ہے یا مجھے بستر سے۔ ام المومنین نے فرمایا: اے باپ! یہ بستر رسول رحمت ﷺ کا ہے' تو مشرک ہے' اس پر نہیں بیٹھ سکتا۔ ابوسفیان نے کھسیانا ہو کر کہا کہ بیٹی تو ہم سے جدا ہو کر بگڑ گئی۔ [1]

اللہ اکبر! یہ نمونہ ہے اس ایمان کامل کا جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کو ام المومنین کے درجے پر ممتاز فرمایا اور یہی ہے وہ محبت رسول ﷺ جس کے بغیر کبھی کوئی شخص کامل الایمان نہیں ہو سکتا۔ نبی ﷺ فرماتے ہیں:

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّلَدِهٖ وَوَالِدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۔ [2]

''تم میں سے کوئی شخص مومن نہ ہو گا جب تک میری محبت اس کو اس کی اولاد اور مادر پدر اور دیگر جملہ اشخاص سے بہت زیادہ نہ ہوگی۔''

اقارب: ابوسفیان صخر بن حرب ان کا باپ ہے جو ابتداء میں مشہور دشمن اسلام اور جاہلیت میں مشہور سرداران قریش میں سے تھا۔ غزوہ احد میں بھی کافروں کی فوج کا سردار تھا اور غزوہ خندق بھی قریش اور خلفائے قریش اس کے ماتحت تھے۔

قریش کا سب سے بڑا نشان جس کا نام ''عقاب'' تھا، وہ اس کے خاندان اور اسی کے پاس ہوا کرتا تھا۔ فتح مکہ سے ایک دو روز پہلے مسلمان ہوئے۔ پھر جنگ حنین اور طائف میں ہمرکاب نبوی ﷺ حاضر ہوئے۔ جنگ یرموک میں نہایت استقامت دکھائی اور رومیوں کے مقابلہ میں مسلمانوں کو کمال دلیری اور جرأت سے بڑھاتے رہے۔ 33ھ میں بعمر 96 سال وفات پائی۔ ولادت عام الفیل سے دس (10) سال پہلے کی تھی۔

- ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے سگے بھائی یزید بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ ہیں جو یزید الخیر کے نام سے مشہور ہیں۔ فتح مکہ کے دن مسلمان ہوئے تھے۔ اور عمدہ اسلام سے مشرف ہوئے۔ فتح شام کے لیے جن سرداران کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مامور کیا تھا' ان میں سے یہ بھی تھے۔ انھوں نے 19ھ میں دمشق میں وفات پائی۔ اس وقت کل شام کے حاکم یہی تھے۔
- ام المومنین رضی اللہ عنہا کے بھائی دوسری ماں سے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ تھے۔ جنھوں نے 20 سال تک شام کی امارت ماتحت خلافت اور پھر ساڑھے 19 سال تک شام کی سلطنت کی۔ یہ سلطنت بنی امیہ کے بانی تھے۔ 22 رجب 60ھ کو 82 سال کی عمر میں وفات پائی۔
- حبیبہ بنت ام حبیبہ نبی ﷺ کی ربیبہ ہیں۔ حبش سے والدہ کے ساتھ آئی تھیں۔ ان کی زندگی کا کوئی خاص واقعہ نہیں ملا۔

(10) ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا

صفیہ بنت حیی بن اخطب بن شعبہ سبط ہارون علیہ السلام سے ہیں۔ ان کی ماں کا نام برہ بنت سموال تھا۔ ان کا پہلا نکاح سلام بن مشکم سے، دوسرا نکاح کنانہ بن ابی الحقیق سے ہوا۔ وہ جنگ خیبر میں مارا گیا تھا اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا اس جنگ کے سبایا میں تھیں۔ دحیہ کلبی [3] نے عرض کی کہ مجھے ایک لونڈی مل جائے۔ حضور ﷺ نے فرمایا لے لو۔ انھوں نے صفیہ کو لینا چاہا۔ اس میں اختلاف ہو

---

[1] جلاء الافہام لابن قیم المتوفی 751ھ [2] بخاری: 15، مسلم: 168 [3] دحیہ بن خلیفہ بن فروہ بنوکلب سے ہیں۔ کبار صحابہ میں سے ہیں۔ بدر کے سوا جملہ مشاہد میں ملتزم رکاب نبوی تھے۔ 6ھ میں نبی ﷺ نے ان ہی کو قیصر کے پاس سفیر بنا کر بھیجا تھا۔ بعہد سلطنت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ وفات پائی۔

گیا۔ لوگوں نے کہا کہ بنوقریظہ اور بنونضیر کی سیدہ ہے اور ایسی عورت دحیہ کو مل جانے کی کوئی وجہ نہیں۔ لوگوں نے یہ بھی کہا' کہ بہتر ہے کہ نبی ﷺ اس کو اپنے لیے خاص فرمائیں۔ آنحضرت ﷺ نے اسے آزاد فرما دیا اور نکاح کر لیا۔

ایک روز نبی ﷺ نے دیکھا کہ صفیہ رو رہی ہیں۔ پوچھا کیوں روتی ہو؟ انھوں نے کہا: میں نے سنا ہے کہ حفصہ رضی اللہ عنہا مجھے حقیر سمجھتی ہے اور اپنے لیے بطور فخر کہتی ہے کہ ہمارا نسب آنحضرت ﷺ سے ملتا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: تم نے کیوں نہ کہہ دیا کہ تم مجھ سے بہتر کیوں کر ہو سکتی ہو۔ میرا باپ ہارون علیہ السلام ہے اور میرا چچا موسیٰ علیہ السلام ہے اور میرا شوہر محمد ﷺ ہے۔ [1]

صلی اللہ علی سیدنا محمدن النبی وعلی ہارون و علی موسٰی و علی جمیع الانبیاء والمرسلین

ایک بار حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کی ایک لونڈی نے حضرت فاروق رضی اللہ عنہ سے آ کر شکایت کی صفیہ سبت کی عزت کیا کرتی اور یہود کو عطیات دیا کرتی ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کر بھیجا۔ انھوں نے کہا۔ جب سے اللہ نے مجھے جمعہ عطا فرمایا ہے، سبت کو میں نے کبھی پسند نہیں کیا۔ رہے یہودی، ان سے میری قرابت کے تعلقات ہیں اور میں ان کو ضرور دیتی ہوں۔

پھر ام المومنین رضی اللہ عنہا نے اس لونڈی سے پوچھا کہ اس شکایت کرنے کا کیا سبب ہے؟ لونڈی نے کہا کہ مجھے شیطان نے بہکایا۔ ام المومنین نے کہا: جاؤ تم راہ خدا میں آزاد ہو، ان کا انتقال 50ھ میں ہوا۔ [2]

مرویات دس (10) ہیں: متفق علیہ = 1' دیگر کتب میں = 9 [3]' کل = 10

ان کے ماموں رفاعہ بن سموال صحابی تھے۔ ان کی حدیث موطا امام مالک میں موجود ہے۔ [4]

(11) ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا

میمونہ بنت الحارث بن بجیر بن محرم بن رویبہ بن عبداللہ بن ہلال بن عامر بن صعصعۃ بن معاویہ بن بکر بن ہوازن بن منصور بن عکرمہ بن حفصہ بن قیس بن غیلان بن مضر۔ [5] حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا پہلے ابی رہم بن عبدالعزیٰ کے نکاح میں تھیں اور اس سے پیشتر حویطب بن عبدالعزیٰ کے نکاح میں۔ جب نبی ﷺ نے 7ھ میں عمرہ فرمایا تو اس وقت یہ بیوہ ہو چکی تھیں۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ عم النبی ﷺ نے ان کے بارے میں آنحضرت ﷺ سے ذکر فرمایا اور نبی ﷺ نے ان سے نکاح کر لیا۔ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی حقیقی بہنیں چار ہیں۔

(1) ام الفضل لبابۃ الکبریٰ جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ مفسر قرآن کی والدہ ہیں۔

(2) لبابۃ الصغریٰ جو حضرت خالد سیف اللہ رضی اللہ عنہ [6] کی والدہ ہیں۔

---

[1] ترمذی: 3903، 3901 نسائی: 8919، ابن سعد: 8/100 تحفۃ الاشراف: 15905 [2] الاستیعاب [3] مدارج النبوۃ۔ [4] امام مالک بن انس بن مالک الاصبحی رحمہ اللہ امام دار الہجرت کے لقب سے مشہور ہیں۔ 95ھ میں پیدا ہوئے اور بعمر 84 سال 179ھ میں رو گردانِ عالم بقا ہوئے۔ شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے شرح موطا میں تحریر کیا ہے کہ جب کسی حدیث کی سند مالک تک پہنچ جاتی ہے تو سمجھا جاتا ہے کہ وہ حدیث ذروہ اعلیٰ صحت تک پہنچ گئی۔ امام شافعی ان کے شاگرد ہیں۔ محمد بن حسن ابن وہب ابن القاسم یحییٰ بن سعید قطان عبدالرحمن بن مہدی عبدالرزاق ہارون الرشید مامون وغیرہ محدثین و ملوک ان کے شاگرد ہیں۔ ان کے مشہور شاگردوں کی تعداد ایک ہزار (1000) تک شمار ہوتی ہے۔ جو من بعد استاد تسلیم ہوئے ہیں۔ [5] دیکھو سلسلہ نسب نبوی ﷺ۔

[6] خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اشہر المشاہیر سے ہیں۔ قریش میں صاحب القبہ والاعنہ تھے۔ قبہ سے مراد وہ خیمہ ہے جس میں نشست کرنے کے بعد کسی جنگ کا اعلان کیا جاتا تھا۔ اعنہ سے مراد رسالہ اسپ سواروں کا ہے نبی ﷺ نے بھی ہمیشہ ان کو سوار فوج کا افسر رکھا تھا۔

3. عصماء جوابی بن خلف کے گھر میں تھیں۔
4. عزہ، جو زیاد بن مالک الہلال کے گھر میں تھی۔

حضرت میمونہ کی بہنیں جو صرف ماں کی جانب سے ہیں۔ یہ ہیں:

5. اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا جو حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کے گھر میں تھیں۔ ان سے عبداللہ، عون اور محمد پیدا ہوئے۔ پھر ان کا نکاح حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ہوا۔ ان سے محمد بن ابوبکر پیدا ہوئے۔ پھر حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے ان کا نکاح ہوا۔ ان سے یحییٰ پیدا ہوئے۔ [1]
6. سلمیٰ بنت عمیس، حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے گھر تھیں۔ ان سے امۃ اللہ پیدا ہوئی۔ پھر سلمیٰ کا نکاح شداد بن اسامہ الہادی سے ہوا۔ ان سے عبداللہ و عبدالرحمن پیدا ہوئے۔
7. سلمہ بنت عمیس، ان کا نکاح عبداللہ بن کعب بن ابی منبہ الخثعمی سے ہوا تھا۔
8. ام المومنین زینب بنت خزیمہ، جو طفیل اور عبدہ فرزندان حارث بن عبدالمطلب اور عبداللہ بن جحش کے گھر میں رہیں اور آخری نکاح ان کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا۔

ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا کی مرویات حدیث مندرجہ ذیل ہیں:

متفق علیہ	:	7
صرف صحیح مسلم میں	:	1
صرف صحیح البخاری میں	:	1
دیگر کتب احادیث میں	:	67
کل		76

[1] الاستیعاب، مدارج النبوۃ میں عون بن علی لکھا ہے۔ مگر یحییٰ زیادہ صحیح ہے۔

نقشہ

متعلق حالات تاریخی امہات المؤمنین

تتمہ باب امہات المومنین مشمولہ جلد دوم کتاب رحمۃ للعالمین

نمبر شمار	نام ازواج مطہرات	سنہ نکاح	ام المومنین کی عمر بوقت نکاح	عمر	سنہ وفات	مقبرہ	نبی ﷺ کی خدمت میں رہنے کی مدت	نبی ﷺ کی عمر بوقت نکاح	کیفیت
1	خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا	25 میلاد النبی	40 سال	65 سال	10 نبوت	مکہ معظمہ	25 سال	25 سال	
2	سودہ رضی اللہ عنہا	10 نبوت	50 〃	72 〃	19 ہجرت	مدینہ منورہ	14 〃	50 〃	
3	عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا	نکاح نبوت 11 رخصتی شوال 1ھ	9 〃	63 〃	57ھ 17 رمضان المبارک	〃	9 〃	54 〃	
4	حفصہ رضی اللہ عنہا	شعبان 3ھ	22 〃	59 〃	41ھ جمادی الاول	〃	8 〃	55 〃	
5	زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا	3ھ	تقریباً 30 〃	30 〃	3ھ	〃	3 ماہ	55 〃	
6	ام سلمہ رضی اللہ عنہا	4ھ	24 〃	80 〃	60ھ	〃	7 سال	56 〃	
7	زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا	5ھ	36 〃	51 〃	20ھ	〃	6 〃	57 〃	
8	جویریہ رضی اللہ عنہا	شعبان 5ھ	20 〃	71 〃	56ھ ربیع الاول	〃	6 〃	57 〃	
9	ام حبیبہ رضی اللہ عنہا	6ھ	36 〃	72 〃	44ھ	〃	6 〃	58 〃	
10	صفیہ رضی اللہ عنہا	جمادی الآخر 7ھ	17 〃	50 〃	50ھ رمضان المبارک	〃	$3\frac{3}{4}$ 〃	59 〃	
11	میمونہ رضی اللہ عنہا	ذیقعدہ 7ھ	36 〃	80 〃	51ھ	سرف قریب مکہ معظمہ	$3\frac{1}{4}$ 〃	59 〃	

باب سوم 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿ وَ يَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ ﴾ [الروم4-6]

غزوات وسرایا

دشمنان اسلام کی لڑائیاں نبی کریم ﷺ اور مسلمانوں کے ساتھ اس وقت شروع ہوئیں۔ جب نبی کریم ﷺ مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ پہنچ گئے تھے۔ نبی ﷺ نے مکہ میں 13 سال تک تبلیغ فرمائی اور اس عرصہ میں جھوٹے معبودوں کے ماننے اور گندے عقیدے رکھنے والوں کو الٰہ یکتا کی وحدانیت کا وعظ فرماتے رہے۔

توحید کے مواعظ ہی دشمنوں کی عداوت کا سبب بنے اور سلسلہ وعظ ونصیحت کے روکنے کی غرض سے دشمنوں نے مختلف ومتعدد تدابیر پر عمل کیا۔

- مستہزئیں کی ایک جماعت مقرر کی گئی تھی۔ ان کا کام یہ تھا کہ نبی ﷺ کے ہر ایک فعل کی ہنسی اڑائیں، منہ چڑائیں، باہر سے آنے والے نوواردوں میں مسلمانوں کے خلاف بدظنی پھیلائیں تاکہ نووارد شخص نہ کسی مسلمان سے بات چیت کرے اور نہ آنحضرت ﷺ ہی سے ملاقات کرے۔ اس جماعت کے تحت میں کئی کمیٹیاں تھیں اور ہر ایک کمیٹی اپنے کام کو پوری مصروفیت سے انجام دیتی تھی۔
- ایک کمیٹی کا کام یہ تھا کہ آنحضرت ﷺ جہاں کہیں وعظ کے لیے کھڑے ہوں اور تعلیم اسلام پر تقریر فرمائیں وہاں یہ لوگ شور وشغب کرتے اور مجمع میں بدامنی و پریشانی پھیلاتے رہیں۔
- ایک کمیٹی کا کام یہ تھا کہ نبی ﷺ پر گلی کوچہ میں آتے جاتے وقت گارا، کیچڑ، مٹی ڈالا کریں، پتھر ماریں۔ عبادت میں حضور ﷺ کو دیکھیں تو گردن بھینچیں۔ اندھیری راتوں میں حضور ﷺ کے راستہ پر گڑھے کھودیں، خار بچھائیں، دروازہ پر سڑا انڈ پھینکیں۔
- چند ٹولیاں شریر لوگوں کی الگ تھیں، جن کا کام تھا کہ اسلام قبول کرنے والوں کے ساتھ ہر طرح ظلم وستم اور فریب ودغا کرنا مستحسن سمجھتے تھے اور موقع مل جانے پر قتل کر کے ان کی لاش کو پہاڑ کے غاروں میں پھینک دیا کرتے تھے۔ اس جور وستم کا نتیجہ یہ ہوا تھا کہ اکثر مسلمان وطن چھوڑ چھوڑ کر ملک حبش میں چلے گئے تھے۔ نبی ﷺ ہنوز ان سنگ دلوں کے راہ راست پر آجانے سے مایوس نہ ہوئے تھے۔ اس لیے مکہ ہی میں قیام پذیر رہے۔ مگر دشمنان دین نے اب یہ معاہدہ کیا کہ کھانے کی کوئی چیز مسلمان اور ان کے خیر اندیش لوگوں کے ہاتھ نہ فروخت کی جائے۔ تین (3) سال تک نبی ﷺ نے اس سختی کو بھی برداشت کیا[1] اور اس کے بعد انھوں نے مکہ کے قرب وجوانب میں دورے لگانے اور وعظ فرمانے شروع کیے، لیکن اطراف مکہ کے سب قبائل اہل مکہ ہی کے حلیف تھے۔ اس لیے وہ حضور ﷺ کی نصیحت پر ذرا کان نہیں دھرتے تھے۔

حضور ﷺ کی ناکامیابی کی داستان سن کر اہل مکہ خوش ہوا کرتے تھے، لیکن ان کو تعجب وحسرت اور غصہ کی کوئی حد نہ رہ گئی جب انھوں نے یکا یک یہ سن لیا کہ نبی ﷺ کی پاک تعلیم اہل یثرب (مدینہ) کے قلوب کو مسخر کر رہی ہے۔ اہل مکہ کو اب یقین آنے لگا

---

[1] مکہ مکرمہ میں محلہ شعب ابی طالب میں (3) برس تک معاشی مقاطعہ (Social boycott) کا شکار رہے۔

کہ تعلیم محمدی ﷺ میں دور دور تک اثر پہنچانے کی طاقت مخفی ہے۔ اس لیے سب نے یہ ارادہ کیا کہ نبی ﷺ کی حیات کا چراغ گل کر دیا جائے۔

ایک ایسے ملک میں جہاں نہ کوئی حکومت ہو، نہ آئین ہو اور جہاں جان و مال کے تحفظ کا کوئی بھی ذریعہ موجود نہ ہو، جہاں وحشی اور جاہل اقوام کی جنگ جوئی و خونریزی صدیوں سے ضرب المثل ہو۔ جب تمام باشندے ایک نہتے شخص کے قتل پر متفق ہو جائیں اور اس کے لیے تدبیر بھی یہ کی جائے کہ ہر ایک قبیلہ سے ایک ایک بہادر شمشیر زن کا انتخاب کیا جائے اور وہ سب انتقام کے کمینہ جوش سے فراہم کیے جائیں تو بدیہی ہے کہ نظر بہ اسباب ظاہری اس کا بچ جانا امکان سے بالاتر ہے۔ لیکن نبی ﷺ ان محاصرین کے محاصرہ سے صاف نکل کر چلے گئے۔ اس واقعہ پر ہر ایک منکر غور کرے تا کہ اسے قدرت ربانی کا اعتراف سہل ہو جائے۔ ہر ایک مسلم شکر کرے کہ اسے حفاظت الٰہی کا جو خاص خاص بندوں کے لیے بارگاہ رب العزت سے کی جاتی ہے، وجود مجسم نظر آ جائے۔

نبی ﷺ کا بچ کر مدینہ پہنچ جانا، دشمنوں نے ایک ذلت کا موجب سمجھا' اس لیے کینہ کی آگ حسد کی بھٹی میں اور زیادہ تیز ہو گئی اور سب نے سوگندیں (قسمیں) کھالیں کہ ہادی اسلام ﷺ اور ناچیز مسلمانوں کو ضرور بر ضرور روئے زمین سے محو کر کے رہیں گے۔

نبی ﷺ ان خون خوار وحشیوں کی غارت گرانہ عادات سے بخوبی آگاہ تھے۔ حزم و احتیاط کا تقاضا تھا کہ ایسے دشمن کی حرکات وسکنات کی خبر رکھی جائے۔ بیدار مغزی و دور بینی سے دشمن کی تدابیر متعلق فراہمی افواج اور تیاری جنگ کو سرسبز نہ ہونے دیا جائے۔ اس لیے آنحضرت ﷺ نے اسی پر عمل کیا۔

افسوس ہے کہ مسلمانوں کی ہر ایک کوشش کا نام (جو انھوں نے جنگ سے بچنے کے لیے کی) لوگوں نے جنگ رکھ لیا ہے۔ یہ لوگ نہ واقعہ کی علت دریافت کرتے ہیں، نہ مسلمانوں کے مدعا کی تلاش' نہ مسلمانوں کے افعال کا تفحص اور پھر جلدی سے اپنی رائے بھی قائم کر لیتے ہیں۔ اسی غلطی کا نتیجہ یہ بھی ہوا کہ بے خبر مسلمان بھی سمجھنے لگے کہ مسلمانوں کی ہر ایک نقل و حرکت جنگ ہی کے لیے تھی۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ قدیم سے قدیم مسلمان مؤرخین نے اس نقل و حرکت کا نام ''غزوات وسرایا'' ہی رکھا ہے، لیکن یہ زمانہ حال کی خوش فہمی ہو گی کہ غزوات وسرایا کے الفاظ کو لفظ جنگ کا مترادف سمجھا جائے، حالانکہ ان کے لغوی معنی قصد اور سیر کے ہیں۔

معلوم ہوتا ہے کہ متقدمین نے ہر ایک قسم کی نقل و حرکت کو دو قسموں پر منقسم کیا تھا۔

① وہ نقل و حرکت جو نبی ﷺ نے فرمائی ہو' اس کا نام ''غزوہ'' ہے۔ غزوات کی تعداد امام بخاری رحمہ اللہ نے بہ روایت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ انیس (19) بیان کی ہے۔ [1]

② وہ نقل و حرکت جو کسی مسلمان نے (ایک ہو یا ایک سے زائد) کی ہو' اس کا نام ''سریہ'' ہے۔ اب ہم ذیل میں ایک نقشہ جملہ غزوات وسرایا کا درج کرتے ہیں، جس طرح قدیم تاریخوں میں ان کو اسی عنوان سے درج کیا گیا ہے۔

اندراج میں ترتیب زمانی کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ نقشہ کا نمبر شمار بہت ضروری نمبر ہے۔ نقشہ کے اختتام پر جو بحثیں لکھی گئی ہیں، ان میں ہر ایک جگہ اسی نمبر شمار کا حوالہ دیا گیا ہے۔

[1] بخاری: 4471، 3949

نقشہ غزوات و سرایا جو عہد نبوی ﷺ میں 2ھ سے 9ھ تک (8 سال کے اندر) ہوئے

نمبر شمار	غزوہ یا سریہ کا نام مع تاریخ	لشکر اسلام کی تعداد مع نام سردار	لشکر دشمن کی تعداد مع نام سردار	مسلمان کا نقصان: زخمی/اسیر	مسلمان کا نقصان: شہید	دشمن کا نقصان: زخمی/اسیر	دشمن کا نقصان: مقتول	نتیجہ	کیفیت
1	سریہ سیف البحر رمضان 1ھ	30/امیر حمزہ بن عبدالمطلب	300 ابوجہل					گشت لگا کر مسلمان واپس آئے	یہ سریہ احوال مکہ کے تجسس کے لیے بھیجا گیا۔ دشمن نے مسلمانوں کو باخبر پایا اور لوٹ گیا
2	سریہ رابغ شوال 1ھ	60 ① عبیدہ بن الحارث	200 عکرمہ یا ابوسفیان					گشت لگا کر مسلمان واپس آئے	یہ سریہ احوال اہل مکہ کے تجسس کے لیے بھیجا گیا تھا۔ عیبہ الفرہ پر موجود دیکھا گیا۔
3	سریہ ضرار ذی قعد 1ھ	80 ② سعد بن ابی وقاص						جحفہ تک گشت لگا کر واپس چلے آئے۔	
4	غزوہ ودان یا غزوہ ابواء صفر 2ھ	70 نبی کریم ﷺ						عمرو بن مخشی الضمری سے معاہدہ کیا کہ نہ قریش کو مدد دیں نہ مسلمانوں کو	
5	غزوہ بواط ربیع الاول 2ھ	200 نبی کریم ﷺ	100 امیہ بن خلف					رضوی اور بواط تک ہو کر واپس مدینہ تشریف لائے۔ راہ میں قافلہ قریش مع امیہ ملا تھا۔	رضوی پہاڑ کا نام ہے جو ینبوع کے قریب ہے۔
6	غزوہ سفوان یا بدر اولیٰ ربیع الاول 2ھ	70 نبی کریم ﷺ	کرز بن جابر الفہری					سفوان تک دشمن کا تعاقب کیا گیا مگر ہاتھ نہ لگا۔	کرز بن جابر اہل مدینہ کے مویشی لوٹ کر لے گیا تھا جس کا تعاقب کیا گیا۔

① ان کا ذکر شہدائے کربلا میں ملے گا۔ ② یکے از عشرہ مبشرہ، یکے از شش (6) جن کو فاروق رضی اللہ عنہ نے خلافت کا اہل بتایا۔ فاتح فارس، بانی کوفہ، خال النبی ﷺ، سب سے پہلے اللہ کے راستے میں تیر چلایا، اسلام لانے میں ساتویں شخص۔ 54ھ میں وفات پائی۔

7	غزوہ ذوالعشیرہ جمادی الآخر 2ھ	150 نبی کریم ﷺ	-----					بنی مدلج اور بنی ضمرہ سے معاہدہ ہوا۔	ذوالعشیرہ مکہ اور مدینہ کے درمیان بندر ینبوع کی جانب ہے۔
8	سریہ نخلہ رجب 2ھ	12 عبداللہ بن جحشؓ	ایک قافلہ زیر سرداری ابنائے امیہ			قیدی2	1	قیدیوں کو چھوڑا گیا۔ مقتول کا خون بہادیا گیا۔	قریش کی خبر کو بھیجے گئے تھے۔ مگر مڈھ بھیڑ ہوگئی تھی۔
9	غزوہ بدرالکبریٰ رمضان 2ھ	313 نبی کریم ﷺ	1000 ابوجہل		22/14	70	70	مسلمانوں کو فتح ہوئی۔	بدر مکہ سے سات منزل اور مدینہ سے تین منزل ہے۔ دشمن دوتہائی سفر طے کرچکا تب ثابت ہوگیا کہ وہ مدینہ آ رہا ہے تب سرورکائنات مدافعت کے لیے نکلے۔
10	سریہ عمیر بن العدی الخطمی رمضان 2ھ	1 عمیر [1]	1 مسماۃ عصماء بنت مروان خطمیہ				1	عصما قتل ہوئی۔	عمیر نے اپنی رشتہ کی بہن کو، جو نبی کریم ﷺ کے خلاف قوم کو جنگ پر اکسایا کرتی تھی، چھری سے قتل کیا۔
11	سریہ سالم بن عمیر انصاری شوال 2ھ	1 سالم [2]	1 ابوعفک یہودی				1	یہودی قتل ہوا۔	ابوعفک یہودی لوگوں کو مسلمانوں کے خلاف ابھارا کرتا تھا۔ سالم نے مار ڈالا۔
12	غزوہ بنوقینقاع شوال 2ھ	نبی کریم ﷺ	قبیلہ بنوقینقاع					شہر بدر کیا گیا۔	جب مسلمان بدر گئے ہوئے تھے اس وقت انھوں نے مدینہ کے اندر بلوہ اور بغاوت کی۔ اس لیے جلاوطن کردیے گئے۔
13	غزوہ السویق ذی الحجہ 2ھ	200 نبی کریم ﷺ	200 سوار ابوسفیان اموی		2			نبی ﷺ نے دشمن کا تعاقب کیا۔	ابوسفیان مدینہ تک آیا۔ دو مسلمانوں کو قتل کیا اور پھلدار درختوں کو کاٹ کر چلا گیا۔

[1] بنوخطمہ میں سب سے پہلے ایمان لائے تھے۔ امام قوم تھے۔ آنکھیں کمزور تھیں، ان کے والد عدی بن خرشہ مشہور شاعر تھے۔

[2] بدر و احد، خندق اور جملہ مشاہد نبوی ﷺ میں حاضر رکاب رہتے۔ اللہ کے خوف سے رویا کرتے۔ بعہد امیر معاویہ وفات پائی۔

14	غزوہ قرقرۃ الکدر یا بنو سلیم۔ محرم 2ھ	200 نبی کریم ﷺ	قبیلہ بنو غطفان و بنو سلیم			1 قید		دشمن مدینہ پر حملہ کرنے کے لیے فراہم ہوا تھا۔ اسلامی فوج کے مظاہرہ سے بھاگ گیا۔	ایک غلام یسار نامی گرفتار ہوا تھا۔ چھوڑ دیا گیا۔
15	سریہ ایضاً	غالب بن عبداللہ لیثی	ایضاً		3			دشمن کے کچھ آدمی مارے گئے باقی بھاگ گئے۔	غزوہ 14 کی تکمیل میں یہ سریہ روانہ کیا گیا تھا۔ کیونکہ دشمن نے دوبارہ اجتماع کر لیا تھا۔
16	سریہ محمد بن مسلمہ ربیع الاول 3ھ	5 محمد بن مسلمہ الانصاری الخزرجی [13]	1 کعب بن اشرف یہودی	1			1	ایک قتل ہوا۔	کعب یہودی قبائل کو مسلمانوں کے خلاف ابھارا کرتا تھا۔ مکہ جا کر قریش کو جنگ کے لیے آمادہ کیا جس کا نتیجہ جنگ احد ہوا۔ ابن مسلمہ اس کا دودھ شریک بھائی تھا۔ اس نے قتل کر ڈالا۔
17	غزوہ ذی امر یا غزوہ غطفان، انمار ربیع الاول 3ھ	450 سوار نبی کریم ﷺ	بنو ثعلبہ اور بنو محارب					بنو ثعلبہ اور بنو محارب جمع ہوئے تھے کہ مدینہ پر حملہ آور ہوں۔ اس مظاہرہ پر منتشر ہو گئے۔	آنحضرت ﷺ نے نجد تک سفر فرمایا۔ دعثور نامی جو تلوار لے کر نبی ﷺ پر حملہ آور ہوا تھا مسلمان ہوا۔
18	سریہ قردہ جمادی الآخر 3ھ	100 زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ	ابوسفیان اموی			1		قریش کے تجارتی رستہ پر مظاہرہ کیا گیا۔	فرات بن سفیان جو قافلہ کا رہنما تھا، گرفتار ہوا پھر مسلمان ہو گیا۔
19	غزوہ احد 6 شوال 3ھ	650 پیادہ	2800 پیادہ 200 سوار کل 3000 ابوسفیان اموی	40 زخمی	70		30	مسلمانوں کا سخت نقصان ہوا مگر کفار مرعوب ہو کر ناکامیاب ہوئے	احد مدینہ سے 3 میل ہے۔ دشمنوں نے مکہ سے احد تک چڑھائی کی تھی۔

[13] فضلاء صحابہ میں سے نبی ﷺ نے ان کو اپنی غیر حاضری میں امیر مدینہ بنایا تھا۔ ایام فتنہ میں سے الگ رہے۔ 41ھ میں بہ عمر 77 سال مدینہ میں وفات پائی۔ 10 پسر 6 دختر اولاد تھی۔

20	غزوہ حمراء الاسد 7شوال 3ھ	540 نبی کریم ﷺ	2970 ابوسفیان			2 بوعزہ و معاویہ بن مغیرہ			دشمن کو مرعوب کیا گیا۔	جنگ احد سے اگلے دن دشمن کے کیمپ تک صرف اس لیے مظاہرہ کیا گیا تھا کہ دشمن مسلمانوں کو کمزور سمجھ کر پھر حملہ نہ کردیں۔ 2 اسیر ہوئے اور شاعر بوعزہ قتل ہوا کیونکہ بدر میں اس نے عہد دیا تھا کہ آئندہ شریک جنگ نہ ہوگا۔ برخلاف اس کے اس نے اس دفعہ دیگر قبائل کو بھی مسلمانوں کے خلاف ابھارا۔
21	سریہ قطن یا سریہ ابوسلمہ مخزومی یکم محرم 4ھ	150 ابوسلمہ مخزومی	طلحہ وسلمہ						مسلمانوں کے مظاہرہ سے مدینہ پر ڈکیتی نہ کرسکے۔	یہ مشہور ڈکیت اور ڈاکوؤں کے سردار تھے۔ مدینہ پر ڈکیتی ڈالنا چاہتے تھے۔ جب مسلمان مظاہرہ کرتے ہوئے قطن تک جو ان کا ماویٰ تھا، پہنچ گئے تو گروہ منتشر ہوگیا۔
22	سریہ عبداللہ بن انیس الجہنی الانصاری 5 محرم 4ھ	1 عبداللہ بن انیس الجہنی الانصاری [1]	1 سفیان ہذلی					1	عبداللہ نے سنا تھا کہ سفیان پر عرنہ پر مسلمانوں کے خلاف جمعیت فراہم کی ہے۔ عبداللہ وہاں پہنچا اور سفیان کو مار ڈالا۔	

[1] جزو انصاری عقبی بدری ہیں۔ جملہ مشاہد میں حاضر رکاب نبوی ﷺ تھے۔ نبی ﷺ نے ان کو 23 ویں شب لیلۃ القدر بتائی۔ 54ھ میں وفات پائی۔

23	سریہ رجیع صفر 4ھ	10 عاصم بن ثابت یا مرثد بن ابی مرثد الغنوی	100 قبیلہ عضل وقارہ		10			10 واعظین اسلام کو شہید کیا گیا۔	مسماۃ سلامہ زن طلحہ نے اشتہار دیا تھا کہ جو عاصم کو مارے اسے 100 شتر انعام دے گی۔ اس قبیلہ کے لوگ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں آئے۔ دس واعظین اسلام کو ساتھ لے گئے۔ آٹھ کو راہ میں تیروں کا نشانہ بنایا۔ دو کو اہل مکہ نے خرید کر سولی پر چڑھایا۔ چالیس دن نعشیں سولی پر رہیں۔ کتب سیر میں ان کی تعداد 6 ہے۔ صحیح بخاری میں 10 ہے۔
24	سریہ بیئر معونہ یا سریہ طرز صفر 4ھ	70 منذر بن عمرو	ایک بڑی جماعت عامر بن مالک	1	69			69 عالم دین شہید اور شکار ظلم ہوئے۔	عامر خدمت نبوی ﷺ میں آیا اور کہا کہ میرا ملک اسلام کے لیے آمادہ ہے کچھ واعظ ساتھ بھیج دیے جائیں۔ نبی کریم ﷺ نے 70 عالم ساتھ کر دیے۔ جب وہ ان کے علاقہ میں پہنچے تو قبائل رعل وذکوان بنو سلمہ نے حملہ کیا۔ صرف عمرو بن امیہ الضمری بچ کر آئے۔

25	سریہ عمرو بن امیہ الضمری ربیع الاول 4ھ	1 عمرو بن امیہ	2 از قبیلہ بنو کلاب				2	چونکہ عمرو نے غلط فہمی سے یہ دو شخص دوست دار قبیلہ کے قتل کر دیے تھے۔ اس لیے آنحضرت ﷺ نے دونوں کا خون بہا ادا کیا۔	عمرو بن امیہ جو 70 علماء سے بچ کر مدینہ آ رہے تھے (دیکھو 24 نمبر) انھوں نے دو شخصوں کو سوئے پڑے پایا اور غلطی سے انھیں قاتلوں کی جماعت سے سمجھ کر قتل کر ڈالا۔
26	غزوہ بنو نضیر ربیع الاول 4ھ	نبی کریم ﷺ	قبیلہ بنو نضیر					بہ وجہ جرم بغاوت و اقدام قتل آنحضرت ﷺ مدینہ سے نکال دیے گئے۔	بنو نضیر یہودی مدینہ کے اندر آباد تھے اور مسلمانوں کے ساتھ بدعہدی کے جرم کی سزا میں جلا وطن ہو کر خیبر میں آباد ہوئے۔ غزوہ خیبر بھی ان ہی کی شرارتوں کی وجہ سے ہوا تھا۔
27	غزوہ بدر الاخریٰ ذی قعد 4ھ	1500 پیادہ 10 سوار نبی کریم ﷺ کل=1510	2000 پیادہ 50 سوار ابوسفیان اموی کل=2050					مقابلہ نہیں ہوا تھا۔	ابوسفیان مکہ سے لشکر لے کر طیران یا عسفان تک آیا۔ نبی ﷺ بھی خبر پا کر مقابلہ کے لیے نکلے۔ وہ راستہ سے لوٹ گیا تو نبی ﷺ بھی واپس تشریف لے آئے۔
28	غزوہ دومۃ الجندل ربیع الاول 5ھ	1000 نبی کریم ﷺ	باشندگان دومہ					مقابلہ نہیں ہوا تھا، راہ ہی سے لوٹ آئے۔	معلوم ہوا تھا کہ دومۃ الجندل میں جمع کثیر فراہم ہے اور مدینہ پر حملہ کرنے کو تیار ہے۔ آنحضرت ﷺ روانہ ہوئے تو معلوم ہوا کہ خبر غلط تھی۔ واپس تشریف لے آئے۔ راہ میں عیینہ بن حصین سے معاہدہ ہوا۔

29	غزوہ بنومصطلق یا مریسیع 3 شعبان 5ھ	نبی کریم ﷺ	حارث بن ضرار سید بنومصطلق		1	190	10	دشمن کو شکست ہوئی۔ قیدی سب چھوڑ دیے گئے۔	نبی ﷺ نے سنا تھا کہ حارث نے مسلمانوں سے جنگ کے لیے جمعیت فراہم کی ہے۔ بریدہ اسلمی کو بھیج کر تصدیق کی گئی جب آنحضرت ﷺ ادھر متوجہ ہوئے۔ بنومصطلق جنگ پر کھڑے ہوئے باقی منتشر ہو گئے تھے۔
30	غزوہ احزاب یا خندق۔ شوال ذی قعد 5ھ	3000 نبی کریم ﷺ	10000 ابوسفیان اموی وغیرہ		6		10	دشمن ناکام واپس ہوا۔	سرداران یہود نے مختلف قبائل اور قریش کو لڑائی کے لیے فراہم کیا۔ مسلمانوں نے مدینہ کے اندر رہ کر خندق کی پناہ میں مدافعت کی۔ ایک ماہ تک دشمنوں نے محاصرہ رکھا۔ پھر چپکے سے ناکام واپس چلے گئے۔
31	سریہ عبداللہ عتیک ذی قعد 5ھ	5 عبداللہ بن عتیک الانصاری الخزرجی ①	1 سلام بن ابوالحقیق یہودی خیبر				1	دشمن قتل ہوا۔	جنگ احزاب میں اسی نے قبائل کو مسلمانوں کے خلاف ابھارنے میں جدوجہد کی تھی۔ اب مکرر جمعیت کا انتظام کر رہا تھا۔ عبداللہ نے اس کو خواب گاہ میں پہنچ کر رات کو قتل کر دیا۔

① احد میں حاضر ہوئے یمامہ میں شہید ہوئے۔ سریہ مذکور میں ان کی ٹانگ ٹوٹ گئی تھی۔ نبی ﷺ نے اپنا دست مبارک ساق پر پھیر دیا۔ فوراً اچھے ہو گئے۔

32	غزوہ بنو قریظہ ذی الحج 5ھ	نبی کریم ﷺ	بنو قریظہ		4	200	400	دشمن قید اور قتل ہوا۔	بنو قریظہ یہودی تھے اور مسلمانوں کے ساتھ ہم عہد تھے۔ بغاوت کے جرم میں یہ اسیر کیے گئے۔ انھوں نے چاہا کہ ایک منصف جو مقبول فریقین ہو، ان کا فیصلہ کرے۔ منصف نے ان کا فیصلہ بموجب احکام تورات شریف جس کے وہ قائل تھے کر دیا۔ اس لیے 400 قتل ہوئے۔ یہ تعداد بروایت جابر ترمذی ونسائی وابن حبان ہے۔
33	سریہ قریظہ محرم 6ھ	30 سوار محمد بن مسلمہ انصاری	20 ثمامہ بن اثال			1		ثمامہ پکڑا گیا۔ نبی ﷺ نے اسے رہا کر دیا۔ وہ بعد رہائی مسلمان ہو گیا۔	محمد بن مسلمہ نے ثمامہ کو بجانب مدینہ آتے دیکھا اور راستہ گھیر کے گرفتار کیا۔ نبی کریم ﷺ نے اسے رہا فرما دیا۔ اخلاق محمدی اور تعلیم نبوی ﷺ دیکھ کر مسلمان ہو گیا۔
34	غزوہ بنی لحیان ربیع الاول 6ھ	200 سوار سرور کائنات ﷺ	بنو لحیان شاخ ہذیل					دشمن خبر پا کر منتشر ہو گیا۔ مقابلہ نہیں ہوا۔	اہل رجیع جنھوں نے 10 علماء اسلام کو بے وجہ قتل کیا تھا (دیکھو نمبر 22) ان کی سزا کے لیے یہ حملہ کیا گیا تھا۔
35	غزوہ قردو یا غابہ ربیع الاول 6ھ	500 سرور کائنات ﷺ مع سلمہ بن اکوع	سواران بنو غطفان زیر سرداری عیینہ فرازی	ایک عورت	3		1	ڈکیتوں نے اونٹوں کو لوٹا تھا۔ مسلمانوں نے تعاقب کر کے اپنے سب مویشی چھڑا لیے۔	یہ ڈکیتوں کا گروہ نبی ﷺ کے اونٹوں کو لوٹ کر لے گیا تھا۔ ذر بن ابوذر کو قتل کر کے لیلی زوجہ ابوذر کو اٹھا کر لے گئے تھے۔ صحابہ نے تعاقب کیا، نبی ﷺ بھی شامل ہو گئے تھے

36	سریہ عکاشہ بن محصن یا سریہ غمر مرزوق ربیع الآخر 6ھ	40 عکاشہ بن محصن الاسدی [1]	بنو اسد					دشمن منتشر ہو گیا، مقابلہ نہیں ہوا۔ اس کے دوسو (200) شتر گرفتار ہوئے۔	بنو اسد نے مدینہ پر حملہ کرنے کے لیے جمعیت فراہم کی۔ 40 شخصوں کا یہ طلایہ گیا تھا۔
37	سریہ ذی القصہ ربیع الآخر 6ھ	10 محمد بن مسلمہ	100 بنو ثعلبہ	1 زخمی	9			9 عالمان شہید اور محمد بن مسلمہ زخمی ہوئے۔	10 عالمان دین ہدایت کے لیے گئے تھے۔ وہ سوئے پڑے تھے کہ بنو ثعلبہ دشمن قبیلے نے حملہ کر دیا۔ ذی القصہ مقام کا نام تھا۔
38	سریہ بنو ثعلبہ ربیع الآخر 6ھ	40 ابو عبیدہ ابن جراح	بنو ثعلبہ			1		دشمن بھاگ گیا۔ جس کے گلے سڑے اسباب پر مسلمانوں نے قبضہ کیا۔	شہدائے مقام ذوالقصہ کا انتقام لینے گئے تھے۔
39	سریہ جموم ربیع الآخر 6ھ	زید بن حارثہ	بنو سلیم			10		چند اشخاص گرفتار کیے گئے۔ آنحضرت ﷺ نے سب کو چھوڑ دیا تھا جن میں مخبر عورت کا شوہر بھی تھا۔	ایک عورت حلیمہ نامی نے جھوٹی مخبری بنو سلیم کے خلاف کر دی۔ جب زید رضی اللہ عنہ اس کی طرف سے گزر رہے تھے۔ تعداد اسیران اندازاً لکھی گئی ہے۔
40	سریہ طرف یا طرق جمادی الآخر 6ھ	15 زید بن حارثہ	بنو ثعلبہ					دشمن بھاگ گیا۔ 20 شتر گرفتار کر لائے۔	مجرمان ذی القصہ (دیکھو 37 نمبر) کی سزا دہی کو گئے تھے۔

[1] فضلاء صحابہ میں سے ہیں۔ 42 سال کی عمر بعہد خلافت صدیق مرتدین کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ بدر احد جملہ مشاہد میں ملتزم رکاب النبوی ﷺ تھے۔ نبی ﷺ نے بشارت دی تھی کہ بلا حساب جنت میں داخل ہوں گے۔

41	سریہ وادی القریٰ رجب 6ھ	12 زید بن حارثہ	ساکنان وادی القریٰ	1 زخمی	9			9 مسلمان شہید اور 1 زخمی ہوا۔	حضرت زید ؓ بطور گشت گئے تھے لوگوں نے حملہ کر دیا۔
42	سریہ دومۃ الجندل شعبان 6ھ	عبدالرحمٰن بن عوف القرشی الزہری [1]	قبیلہ بن کعب اصبغ بن عمرو کلبی					وعظ میں نمایاں کامیابی ہوئی۔	اصبغ بن عمرو کلبی سردار قبیلہ مسلمان ہوا اور علاقہ میں بھی اسلام پھیلا۔ یہ پہلے عیسائی تھے۔
43	سریہ فدک شعبان 6ھ	200 علی مرتضیٰ ؓ	بنو سعد بن بکر					دشمن بھاگ گیا۔ 100 شتر 2000 ہزار بکریاں مال غنیمت ملا	معلوم ہوا کہ یہ قبیلہ ان یہودیوں کو جو مدینے سے خارج ہو کر خیبر جاتے تھے لڑائی کے لیے آمادہ کرتا ہے اور خود امداد دینے کا وعدہ کر چکا تھا۔ حضرت علی مرتضیٰؓ نے مظاہرہ کیا تھا۔
44	سریہ ام قرفہ رمضان 6ھ	ابوبکر صدیق ؓ	قوام فزارہ زیر سرداری ام قرفہ			2		دشمن کو شکست ہوئی۔	بنو فزارہ نے ام قرفہ کی تحریک سے زید بن حارثہ کے تاجرانہ قافلہ کو لوٹا تھا۔ اس ڈکیتی کی وجہ سے ان کو گرفتار کیا گیا۔ ام قرفہ اور اس کی دختر بھی گرفتار ہوئی تھی۔ باقی سب بھاگ گئے تھے۔ (صحیح مسلم)

---

[1] یکے از عشرہ مبشرہ، یکے از ستہ (6)، جن کو فاروق ؓ نے خلافت کا اہل بتایا۔ بڑے تاجر اور زمیندار، بڑے مالدار، زاہد، امین فی الارض وامین فی السماء۔ امہات المومنین کی خدمت مالی سب سے زیادہ کرنے والے جنگ احد میں 21 زخم کھائے۔ نبی ﷺ نے ایک سفر میں ایک نماز ان کے پیچھے پڑھی تھی۔ ان کے ترکہ کا 8/3 بیوی کو 83 ہزار نقد ملا تھا۔ 31ھ میں بہ عمر 72 سال وفات پائی۔

45	سریہ عبداللہ بن رواحہ شوال 6ھ	30 عبداللہ بن رواحہ	30 اسیر بن رزام	1			30	فریقین کی غلط فہمی سے لڑائی ہوئی۔ سب یہودی مارے گئے۔	عبداللہ مع 30 مسلمانوں کے اسیر کو لینے گئے۔ جس کو بطور سردار یہود آنحضرت ﷺ نے فرما لیا تھا۔ وہ 30 یہودیوں کے ساتھ چل پڑا۔ رات میں ایک دوسرے سے بدگمانی ہو کر حملہ ہو گیا۔
46	غزوہ عرینیین شوال 6ھ	200 سوار کرز بن جابر الفہری (1)	چند کس از عکل و عرینہ				8	یہ لوگ مسلمان چرواہے کو قتل کر کے اونٹ لوٹ کر لے گئے تھے۔ پھر پکڑے گئے اور قتل ہوئے	یہ لوگ بیمار تھے۔ علاج کے لیے آئے تھے۔ جب تندرست ہوئے تب موقع پا کر یسار نوبی مولی رسول ﷺ کو قتل کر گئے، اونٹ لے گئے تھے۔
47	سریہ عمرو بن امیہ شوال 6ھ	1 عمرو بن امیہ							عمرو بن امیہ مکہ سے اس لیے آیا تھا کہ نبی ﷺ کو قتل کرے لیکن تعلیم اور خلق محمدی دیکھ کر مسلمان ہو گیا اور پھر مکہ جا کر تبلیغ اسلام کرتا رہا۔ مخالفین اسلام کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے اسے فرمایا کہ ابوسفیان کو ہلاک کر دے مگر کتب اسلامیہ میں کوئی ایسی روایت نہیں پائی جاتی۔

(1) ان کا نسب نبی ﷺ کے ساتھ نمبر 9 دیکھیے سلسلہ نمبر 11 (نسب نبوی) میں شامل ہو جاتا ہے۔ غزوہ سفوان نمبر 6 کے وقت سردار کفار تھے۔ پھر اخیار و ابرار میں شامل ہوئے۔ فتح مکہ کے دن شہید ہوئے۔

48	غزوہ حدیبیہ ذی قعد 6ھ	1400 نبی کریم ﷺ	اہل مکہ سہیل بن عمرو قریشی					دس سال کے لیے قریش کے ساتھ صلح کا معاہدہ ہو گیا۔ نبی ﷺ واپس تشریف لائے۔	نبی ﷺ بہ نیت عمرہ تشریف لے گئے تھے۔ مگر قریش نے حضور ﷺ کو حدیبیہ سے جو مکہ سے سات کوس ہے، آگے نہ بڑھنے دیا۔ صلح کا معاہدہ ہو گیا۔
49	غزوہ خیبر محرم 7ھ	1400 رجال 20 زنان تیماردار نبی کریم ﷺ کل=1420	10000 یہود خیبر کنانہ بن ابوالحقیق	50 زخمی	18		93	فتح مبین حاصل ہوئی تھی۔	احد و احزاب میں یہودی حملہ کر چکے تھے۔ علاوہ ازیں اکثر قبائل کو مسلمانوں کے خلاف کھڑا کیا کرتے۔ اب پھر مدینہ پر حملہ کرنے کی تیاری میں تھے کہ نبی ﷺ نے خیبر پہنچ کر ان کے مفسدانہ ارادوں کا سدباب کر دیا۔
50	غزوہ وادی القریٰ محرم 7ھ	1382 نبی کریم ﷺ	یہودان ساکنان وادی القریٰ		1		11	خفیف مقابلہ کے بعد دشمن کو شکست ہوئی۔ یہودیوں کو ان کی اراضی وغیرہ پر قابض رکھا گیا۔	وادی القریٰ میں یہودی آباد تھے۔ خیبر کی واپسی کے وقت جب یہاں قیام ہوا تو یہاں کے یہودیوں نے جنگ کی ابتدا کی۔ تیماء کے باشندوں نے یہاں آ کر خود صلح کی
51	غزوہ ذات الرقاع محرم 7ھ	400 نبی کریم ﷺ	بنو غطفان، بنو محارب، بنو ثعلبہ بنو انمار					دشمن منتشر ہو گیا۔	بنو غطفان نے بنو محارب، بنو ثعلبہ، بنو انمار کو اپنے ساتھ شامل کر لیا تھا اور مسلمانوں پر حملہ کرنا چاہتے تھے۔ مسلمانوں نے ان کی سرحد پر جا کر مظاہرہ کیا تو سب منتشر ہو گئے۔

52	سریہ عیص صفر 7ھ	72 ابوجندل وابوبصیر (1)	قافلہ قریش			9		اول دشمن کا اسباب لوٹ لیا۔ پھر حکم نبوی ﷺ کے صادر ہونے پر سب کچھ واپس کر دیا۔	ابوجندل مکہ میں مسلمان ہو گیا تھا۔ اسے قریش نے قید کر دیا۔ اس نے جیل خانہ ہی میں تبدیل اسلام کر کے کافی تعداد کو مسلمان کر لیا۔ پھر بھاگ گیا۔ مکہ اور شام کی راہ پر ایک پہاڑ پر جا ٹھہرا۔ اب قریش کا جو فریق جنگ تھا قافلہ لوٹ لیا۔ حضور ﷺ نے اسباب واپس دلا دیا۔ ابوجندل کو مدینہ بلا لیا۔
53	سریہ کدید صفر 7ھ	60 غالب بن عبداللہ لیثی	بنو ملوح	1				خفیف لڑائی ہوئی۔	بنو ملوح نے اصحاب بشیر بن سوید کو قتل کر دیا تھا۔ ان کی تنبیہ کے لیے یہ سریہ بھیجا گیا۔
54	سریہ فدک صفر 7ھ	غالب بن عبداللہ لیثی	اہل فدک						کچھ دشمن لوگ مارے گئے۔
55	سریہ حسمی جمادی الآخر 7ھ	500 زید بن حارثہ	102 ہنید بن عوض جزری			100	2	مسلمانوں کو فتح ہوئی، ہنید اور اس کا فرزند مارا گیا۔ باقی کو بعد توبہ چھوڑ دیا گیا۔	وحیہ کلبی رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ کی جانب سے سفیر بن کر ہرقل قیصر کے پاس گئے۔ اب واپس آ رہے تھے قیصر کے تحائف بھی ان کے پاس تھے۔ ہنید نے ان کو لوٹ لیا۔ ان ڈکیتوں کی گرفتاری کے لیے حضرت زید رضی اللہ عنہ بھیجے گئے۔

(1) ابوجندل کا نسب نبی ﷺ کے ساتھ لوی بن غالب (دیکھو نسب نبوی نمبر 9) میں شامل ہوتا ہے۔ خلافت فاروق رضی اللہ عنہ میں شام کو غزا کرتے ہوئے انتقال کیا۔ ان کے بھائی عبداللہ بن سہیل رضی اللہ عنہ بدری ہیں۔

56	سریہ تربہ	30 عمر فاروق رضی اللہ عنہ	اہل تربہ					دشمن منتشر ہو گیا۔	تربہ مکہ سے دو منزل پر ہے۔ یہاں کے لوگ بنو غطفان (نمبر 51) کے ساتھ شامل تھے۔ ان کی سرحد پر مظاہرہ کیا گیا۔
57	سریہ بنو کلاب	ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ	بنو کلاب					فتح ہوئی، دشمن بھاگ گیا۔ دشمن کچھ مرے، کچھ قید ہوئے۔	یہ لوگ بنو محارب بنو انمار وغیرہ کے ساتھی اور مسلمانوں پر حملہ کرنے کی تیاریاں کرتے تھے۔
58	سریہ منقعہ رمضان 7ھ	غالب بن عبداللہ لیثی رضی اللہ عنہ	اہل منقعہ					خفیف لڑائی ہوئی۔	یہ لوگ اہل خیبر کے اتحادی تھے۔
59	سریہ خربہ رمضان 7ھ	اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ {1}	اہل خربہ						حضرت اسامہ مع ہمراہیان چلے آتے تھے راہ میں ایک شخص پہاڑ سے نیچے اترتا ہوا سیدھا ان کی طرف آیا۔ اسامہ نے باوجود اس کے کلمہ شہادت پڑھنے کے تلوار سے مار دیا۔ پس ایک مسلمان مارا گیا۔
60	سریہ بنی مرہ شوال 7ھ	30 بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ	بنی مرہ قریب فدک					خفیف لڑائی ہوئی	یہ لوگ اہل خیبر کے اتحادی تھے۔

{1} اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کو بہت پیارے تھے۔ ان کی والدہ ام ایمن رضی اللہ عنہا ہیں جن کو حضور ﷺ امی بعد امی فرماتے۔ ان کے والد زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ جن پر آپ ﷺ کی شفقت کو دیکھ کر لوگ ان کو زید بن محمد کہنے لگے۔ 54ھ میں وفات پائی۔ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے وقت ان کی عمر 18 تا 20 برس تھی۔

61	سریہ بشیر بن سعد انصاری شوال 7ھ	30 پیادہ بشیر بن سعد بن ثعلبہ انصاری الخزرجی ؓ ①	اہل فزارہ وعذرہ	30		2		سب مسلمان تیروں سے زخمی ہوئے۔ دشمن کے دو کس گرفتار ہوئے۔	فزارہ وعذرہ نے جنگ خیبر میں یہودیوں کو مدد دی تھی۔ ان کی تنبیہ کے لیے یہ سریہ بھیجا گیا تھا۔ صرف مظاہرہ مقصود تھا۔
62	سریہ ابن ابوالعوجا ذی الحجہ 7ھ	50 پیادہ ابن ابی العوجا ؓ	بنوسلیم	1	49			ابن ابی العوجا زخمی ہوئے باقی سب شہید ہوئے۔	دشمن کی سرحد پر مظاہرہ کیا کیونکہ یہ مدینہ پر حملہ کی تیاری کرتے تھے۔
63	سریہ ذات اطلح ربیع الاول 8ھ	15 کعب بن عمیر الانصاری الغفاری ؓ ②	ساکنان ذات اطلح بنوقضاعہ		14			سب مسلمان شہید ہوئے۔ ایک صحابی جانبر ہوئے۔	یہاں کے لوگ تعداد کثیر میں فراہم ہو کر مسلمانوں پر حملہ آور ہونا چاہتے تھے۔ ان کو مرعوب کرنے کے لیے ایک دستہ بھیجا گیا۔ دشمن بہت بڑی تعداد میں تھا۔ سب مسلمان شہید ہوئے۔
64	سریہ ذات عرق ربیع الاول 8ھ	25 شجاع بن وہب اسدی ؓ ③	بنوہوازن مقیم ذات عرق					لڑائی نہ ہوئی۔ دشمن کے کچھ اونٹ ملے۔	بنوہوازن چند بار دشمنوں کو مدد دے چکے تھے۔ اب انھوں نے مدینہ سے پانچ منزل پر پھر فراہمی لشکر کا کام شروع کر دیا تھا اور بہت لوگ جمع ہو گئے تھے۔ اس لیے اس ان کو مرعوب کرنے کے لیے مظاہرہ کیا۔

① عقبی بدری سب سے اول بیعت صدیقی میں داخل ہوئے عین التمر پر شہید ہوئے۔ ② اصحاب بزرگ میں سے ہیں۔
③ حبشہ و مدینہ کی ہجرت اور جملہ مشاہدہ میں حاضر ہوئے۔ حارث غسانی اور جبلہ غسانی کے پاس سفیر نبوی ﷺ بن کر گئے تھے۔ جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔

65	سریہ موتہ جمادی الاول 8ھ	3000 زید بن حارثہ ؓ	10,0000 شرحبیل غسانی		12			تعداد معلوم نہیں ہوئی	مسلمانوں کو فتح ہوئی۔	آنحضرت ﷺ کے سفیر حارث بن عمر ازدی کو شرحبیل نے قتل کروا دیا تھا۔ اس لیے جنگ ہوئی۔ اگرچہ مسلمانوں کی فوج میں بھی نقصان ہوئے مگر تین ہزار (3000) نے ایک لاکھ کو شکست دی۔
66	سریہ ذات السلاسل جمادی الآخر 8ھ	500 عمرو بن العاص قرشی السہمی ؓ [1]	بنو قضاعہ مقیم ذات السلاسل						مسلمانوں کے مظاہرہ سے دشمن منتشر ہو گیا۔	بنو قضاعہ بنو القین مدینہ پر حملہ کرنے کے لیے جمع ہو گئے تھے۔ عمرو بن العاص کی سرداری میں اس مہم کی یہ وجہ خاص بھی تھی کہ ان کی دادی اس قوم کی تھی اور یہ اس علاقہ سے خوب واقف تھے۔
67	سریہ سیف البحر رجب 8ھ	300 ابوعبیدہ بن الجراح ؓ	قریش						سمندر کے کنارے چند روز ٹھہر کر واپس آ گئے۔	اس سریہ کا مقصد صرف یہ تھا کہ قریش کی توجہ منتشر ہو جائے۔
68	سریہ محارب شعبان 8ھ	15 ابوقتادہ الانصاری ؓ [2]	بنو غطفان مقیم خضرہ واقع نجد						دشمن خوف زدہ ہو کر بھاگ گیا۔ کچھ مویشی ہاتھ آئے۔	بنو غطفان جو چند بار پیشتر حملہ آور ہو چکے تھے۔ اب پھر مقام خضرہ پر جمع ہو رہے تھے۔ پندرہ کس کا ایک دستہ خبر کے لیے بھیجا گیا۔

[1] صفر 8ھ مسلمان ہوئے۔ نبی ﷺ نے ان کو والی عمان بنا دیا تھا۔ حضرت عمر ؓ نے والی فلسطین بنایا۔ پھر مصر فتح کیا۔ واقعہ تحکیم اور صفین کے متعلق ان کے بڑے بڑے واقعات ہیں۔

[2] فارس رسول خطاب ہے۔ مشاہدہ نبوی ﷺ اور مشاہدہ مرتضوی ؓ میں شامل رہے۔ 40ھ کو کوفہ میں وفات پائی۔ حضرت علی ؓ نے ان کی نماز جنازہ سات (7) تکبیروں سے پڑھائی۔

69	غزوہ فتح مکہ رمضان 8ھ	10000 نبی کریم ﷺ	قریش مکہ		2		12	فتح ہوئی۔	علماء میں اختلاف ہے کہ مکہ فتح ہوا ہے یا داخلہ صلح سے تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حکم دیا تھا کہ لشکر مکہ کو جائے اور جب تک کوئی مسلح دستہ مزاحم نہ ہو ہتھیار کا استعمال نہ کیا جائے۔ لشکر شہر میں مختلف راستوں سے داخل ہوا۔ صرف ایک دستہ فوج کی مزاحمت ہوئی۔ نبی ﷺ نے قبضہ شہر کے بعد سب کو عام معافی دی۔
70	سریہ خالد بن ولید رمضان 8ھ	خالد بن ولید رضی اللہ عنہ	بت خانہ عزیٰ						عزیٰ قبیلہ بنو کنانہ کا بت تھا۔ اسے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے توڑ دیا تھا۔
71	سریہ عمرو بن العاص رمضان 8ھ	عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ	بت خانہ سواع						سواع قبیلہ بنو ہذیل کا بت تھا۔ عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے توڑا تھا۔
72	سریہ سعد اشہلی رمضان 8ھ	سعد بن زید اشہلی الانصاری رضی اللہ عنہ [1]	بت خانہ منات						منات قبیلہ اوس و خزرج کا بت تھا۔ سعد اشہلی نے توڑا تھا۔
73	سریہ خالد بن ولید شوال 8ھ	350 خالد بن ولید رضی اللہ عنہ	بنو خزیمہ				95	بنو خزیمہ کے جو پہلے ہی سے اسلام لا چکے تھے۔ 95 کس قتل کیے گئے۔ نبی ﷺ اس قتل سے ناخوش ہوئے۔ اور مقتولین کا خون بہا ادا کیا۔	حضرت خالد رضی اللہ عنہ تبلیغ اسلام کے لیے بھیجے گئے تھے۔ بنو خزیمہ پہلے ہی سے اسلام لا چکے تھے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو ان کی بابت شک ہوا ان کے آدمی قتل کیے گئے۔

[1] عقبہ بدری ہیں۔ جملہ مشاہد نبوی ﷺ میں ملتزم رکاب رہے۔

74	غزوہ حنین یا اوطاس یا ہوازن۔ شوال 8ھ	12000 نبی کریم ﷺ	بنو ہوازن، بنو ثقیف بنو مضر، بنو جشم وغیرہ		6	6000	71	فتح ہوئی۔	سب قیدی آنحضرت ﷺ نے بلا معاوضہ چھوڑ دیے تھے۔ قیدیوں کو کپڑے بھی عطا فرمائے تھے۔
75	غزوہ طائف شوال 8ھ	12000 نبی کریم ﷺ	بنو ثقیف	جمع کثیر	13	جمع کثیر		ایک ماہ کے محاصرہ کے بعد نبی ﷺ چلے۔	محاصرہ اٹھا لینے کے بعد لوگ از خود حاضر ہو کر اسلام لائے۔
76	سریہ عیینہ بن حصین محرم 9ھ	50 سوار عیینہ بن حصین بن حذیفہ بن بدر الفزاری رضی اللہ عنہ [1]	قبیلہ بنو تمیم			62		عام بغاوت کا انسداد ہو گیا۔	اس قبیلہ نے ماتحت قبائل کو بہکایا اور ادائے خراج سے منع کیا۔ پھر عیینہ کے جانے سے بھاگ گئے۔ وہ 11 مرد 21 عورتیں، 30 بچے قید کر لائے۔ جب ان کے سردار مدینہ میں حاضر ہوئے نبی ﷺ نے سب قیدیوں کو چھوڑ دیا۔
77	سریہ قطبہ بن عامر صفر 9ھ	20 قطبہ بن عامر رضی اللہ عنہ	قبیلہ خثعم	نصف سے زیادہ		اکثر		منتشر ہو گئے۔	مسلمانوں کے خلاف سازش کرنے کی تیاری کر رہے تھے۔ کچھ لوگوں کو حضرت قطبہ رضی اللہ عنہ اسیر کر لائے تھے۔ نبی ﷺ نے ان کو چھوڑ دیا۔
78	سریہ ضحاک بن سفیان کلابی ربیع الاول 9ھ	ضحاک رضی اللہ عنہ	قبیلہ بنو کلاب						مسلمان بنو کلاب کی تعلیم کے لیے بھیجے گئے۔ کفار نے مزاحمت کی۔ مقابلہ ہوا اہل سریہ کی تعداد کسی کتاب میں نہیں ملی۔ معدودے چند ہوں گے۔

[1] بنو فزارہ کا سردار نبی ﷺ نے اسے احمق مطاع بتایا تھا۔ جنگ حنین کے بعد کسی جنگ میں جانے سے پہلے اس نے نبی ﷺ سے عرض کیا کہ اس کی بیوی بہت خوبصورت ہے۔ منشا ہو تو اس سے نکاح فرمائیں۔ آنحضرت ﷺ نے ہنس کر ٹال دیا۔

79	سریہ عبداللہ بن حذافہ ربیع الاول 9ھ	300 عبداللہ بن حذافہ قرشی السہمی ؓ [1]	حبشی لوگ بحری ڈکیت					دشمن منتشر ہو گیا۔	بحری ڈکیت تھے۔ساحل جدہ پر جمع ہو گئے تھے اور مکہ پر حملہ کرنے کی تیاری کرتے تھے۔اس سریہ کے جانے سے منتشر ہو گئے۔
80	سریہ ہو طے 9ھ	150 علی مرتضیٰ ؓ	ہو طے			مسماۃ سفانہ دختر حاتم مع دیگر مردم		نبی ﷺ نے سب کو چھوڑ دیا اور دختر حاتم کو باکرام رخصت فرمایا۔	
81	غزوہ تبوک رجب 9ھ	30000 نبی کریم ﷺ	قیصر ہرقل					سرحد پر مظاہرہ کرنے اور دشمنوں کو مرعوب کرنے کے بعد واپس تشریف لائے۔	پتا لگا تھا کہ قیصر و ہرقل مدینہ پر حملہ کرنا چاہتا ہے۔ تاکہ جنگ موتہ (نمبر 65) کا داغ دھویا جائے۔ آنحضرت ﷺ سرحد پر تشریف لے گئے۔اس سے دشمن پر رعب چھا گیا اور جنگ کا عزم ترک کر دیا۔
82	سریہ دومۃ الجندل	420 خالد بن ولید ؓ	اکیدر والی دومۃ الجندل					اکیدر والی دومۃ الجندل قید اور اس کا بھائی قتل ہوا۔	اکیدر کو نبی ﷺ نے پھر بحال کر دیا۔ دیگر عیسائی حکومتوں کے ساتھ معاہدات کر لیے گئے

---

[1] نبی ﷺ کے سفیر بجانب کسریٰ۔مہاجرین اولین سے ہیں۔ہجرت حبشہ کی۔طبیعت میں مذاق بہت تھا۔بعد خلافت فاروق ؓ عیسائیوں کے ہاتھ میں قید ہو گئے تھے۔ہرقل نے عیسائی بنانے کی بہت کوشش کی۔اللہ تعالیٰ نے ان کو محفوظ رکھا۔مصر میں وفات پائی۔

جدول واقعات عظیمہ متعلق سیرت نبویہ ﷺ

نمبر شمار	واقعات	یوم	سنہ قمری اسلامی					سن شمسی عیسوی			سنہ قمری
			تاریخ	ماہ	قمری ولادت	سنہ نبوت	سنہ ہجرت	تاریخ	ماہ	سال	عیسوی
1	ولادت باسعادت	دوشنبہ	9	ربیع الاول	1		〃	20/22	اپریل	571	588
2	بعثت نبوت	//	9	ربیع الاول	41	1	//	9/12	2	610	628
3	نماز فجر عصر کا مسلمانوں پر فرض ہونا	//	9	ربیع الاول	41	1	//	//	//	//	//
4	آغاز نزول قرآن مجید	شب جمعہ	17	رمضان	41	1	//	14/17	8	610	628
5	ہجرت صحابہ بملک حبش	//	17	رجب	45	5	//	//	4	614	632
6	نبی ﷺ کا محصور ہونا	سہ شنبہ	یکم	محرم	47	7	//	30/3	9/10	615	634
7	سفر طائف	//	//	جمادی الثانی	50	10	//	//	2	619	637
8	معراج وفرضیت نماز خمسہ	دوشنبہ	27 شب	رجب	50	10	//	19/22 شب	مارچ	619	637
9	ابتدائے ایمان اہل مدینہ	دوشنبہ	27 شب	ذی الحجہ	50	10	//	19/22 شب	7	619	637
10	بیعت عقبہ اولیٰ	//	//	ذی الحجہ	52	12	//	//	7	621	639
11	بیعت عقبہ ثانیہ	//	//	ذی الحجہ	52	12	//	//	6	622	640

12	ہجرت از مکہ و داخلہ غار	شب جمعہ	27	صفر	54	14	1	شب10/13	9	622	641
13	داخلہ قبا	دوشنبہ	8	ربیع الاول	54	14	1	20/23	6	622	641
14	داخلہ مدینہ طیبہ	جمعہ دوشنبہ	22	ربیع الاول	54	14	1	4/7	10	622	641
15	بنیاد مسجد نبوی ﷺ	دوشنبہ	//	ربیع الاول	54	14	1	//	10	622	641
16	ظہر و عصر و عشاء کی نمازوں میں اضافہ	//	//	ربیع الثانی	54	14	1	//	10	622	641
17	تحویل قبلہ	شنبہ	15	شعبان	55	15	2	11/14	2	624	642
18	فرضیت کے بعد رمضان کا پہلا روزہ	یکم شنبہ	یکم	رمضان	55	5	2	26/29	2	624	642
19	فرضیت زکوٰۃ	//	//	//	55	15	2	//	2	624	642
20	فرضیت جہاد	//	//	//	55	15	2	//	2	624	642
21	جنگ بدر کا دن	سہ شنبہ	17	رمضان	55	15	2	13/16	3	624	643
22	تحریم خمر	//	//	//	56	16	3	//	//	625	643
23	حکم حجاب نساء	جمعہ	یکم	ذی قعدہ	57	17	4	4/7	4	626	644
24	تبلیغ اسلام بسلاطین عظام	چہارشنبہ	یکم	محرم	60	20	7	11/14	5	628	647
25	فتح المبین مکہ	پنج شنبہ	20	رمضان	61	21	8	11/14	1	630	648
26	فرضیت حج	//	//	//	63	22	9	//	1	631	649
27	اولین حج اسلام جو امامت صدیق اکبر ہوا	دوشنبہ	9	ذی الحج	62	22	9	18/21	3	631	649

28	حج الوداع نبی ﷺ	جمعہ	9	ذی الحج	63	23	10	2/9	3	632	650
29	ابتدائے مرض نبوی	دوشنبہ	29	صفر	64	24	11	25/28	5	632	651
30	وفات پرآیات	چاشت دوشنبہ	13	ربیع الاول	64	24	11	8/11	6	632	651
31	تدفین پیکر اطہر	شب چہارشنبہ 23 گھنٹے بعد از وفات	14	ربیع الاول	64	24	11	9/12	6	632	651

قارئین چشم بصیرت سے ملاحظہ فرمائیں کہ اس نقشہ میں:

اوّل: سیف البحر نمبر 1، رابغ نمبر 2، نخلہ نمبر 8 بھی درج ہیں، حالانکہ یہ دستے محض گرداوری تھے، جو ان راستوں پر بھیجے گئے تھے۔ جو مکہ سے مدینہ کو آتے ہیں۔ اس لیے قریش جیسا خونخوار کینہ توز دشمن مسلمانوں کو بے خبری ہی میں آ کر نہ دبا لے۔

محض سفر

دوم: اسی نقشہ میں غزوہ ودان نمبر 4 غزوہ بواط نمبر 5 غزوہ ذوالعشیرہ نمبر 7 درج ہیں۔ حالانکہ یہ محض سفر تھے۔ ان کا مقصود وعظ وہدایت فرمانا بھی تھا۔ اور قبائل سے معاہدات کر لینا بھی تا کہ وہ مسلمانوں کے خلاف ان کے دشمن قریش سے اتحاد نہ کر لیں۔

تبلیغ

اسی فہرست میں سریہ دومۃ الجندل نمبر 42 بھی ہے، حالانکہ یہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا ایک سفر تھا، جو عیسائی آبادی کی تبلیغ کے لیے بھیجا گیا تھا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ خاص دومۃ الجندل ہی میں جا کر اترے تھے اور تین روز برابر وعظ و پند ہی فرماتے رہے تھے اور اسی کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہاں کا سردار مسلمان ہو گیا تھا۔

اشتباہ

اس نقشہ میں سریہ قریظہ نمبر 33 بھی شامل ہے، اس کا خلاصہ یہ ہے کہ محمد بن مسلمہ کو چند شخص ملے، انھوں نے دشمن سمجھ کر ان کے سردار کو پکڑ لیا۔ نبی ﷺ نے تفحص کے بعد اسے (ثمامہ بن اثال) کو چھوڑ دیا اور وہ خلق محمدی پر فریفتہ ہو کر مسلمان ہو گیا۔ اس فہرست میں ایسے واقعات بھی درج ہیں جنھیں قانونی اصطلاح میں صرف قتل 302 تعزیرات ہند یا ڈکیتی 395 یا قتل مع ڈکیتی 396 کہا جاتا ہے۔ اس ضمن میں وہ واقعات بھی ہیں کہ

① مسلمانوں کے خلاف کسی حرکت کا ارتکاب ہوا۔

مثلاً کرز بن جابر مدینہ سے مسلمانوں کے مویشی لوٹ کر لے گیا۔ مسلمانوں کو خبر ہوئی تو انھوں نے تعاقب کیا۔ نبی ﷺ بھی شامل ہو گئے۔ نقشہ میں اسی کا نام غزوہ سفوان نمبر 6 ہے۔ ذرا غور کرنا چاہیے کہ ایسے واقعہ کی نسبت کوئی کہہ سکتا ہے کہ غزوہ نبوی ﷺ کفار کے خلاف اسلام قبول کرانے کے لیے تھا؟

مثلاً عمرو بن امیہ یک وتنہا مکہ سے مدینہ اس لیے آیا تھا کہ داؤ پا کر نبی ﷺ کو قتل کر ڈالے۔ وہ آیا اور چہرہ انور کی زیارت کرتے اور کلام مبارک کے سنتے ہی مسلمان ہو گیا اور پھر گھر کو چلا گیا۔ اس نقشہ میں اسے سریہ عمرو بن امیہ نمبر 47 درج کیا گیا ہے۔

مثلاً مرض استسقا کے چند مریض نبی ﷺ کی خدمت میں آئے، نبی ﷺ نے ان کو بہ مقام عرینہ اپنے چرواہوں کے پاس رکھا، وہ اونٹ کا دودھ اور پیشاب پی کر اچھے ہو گئے۔ پھر چرواہوں کو قتل کر کے اونٹ بھی لوٹ کر لے گئے۔ مسلمانوں نے ان کا تعاقب کیا اور پکڑ لیا۔ قتل مع ڈکیتی کے جرم میں وہ بھی کیفر کردار کو پہنچائے گئے۔ اس نقشہ میں اسے سریہ کرز بن جابر نمبر 46 درج کیا گیا ہے۔

مثلاً بنو غطفان نے غابہ میں ڈکیتی کی۔ نبی ﷺ کے چرواہے کو قتل کر کے اس کی جورو اور اونٹوں کو لے گئے خبر ہونے پر نبی ﷺ

نے ان کا تعاقب کیا۔ نقشہ میں اس کا نام غزوہ ذی قردہ یا غزوہ غابہ نمبر 35 درج ہے۔

مثلاً ہنید بن عوص کے ڈکیتوں کے گروہ نے حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کو لوٹ لیا تھا۔ یہ نبی ﷺ کے سفیر تھے اور ہرقل کے پاس سفارت پہنچا کر واپس آ رہے تھے۔ ڈکیتوں نے وہ تمام تحائف بھی لوٹ لیے تھے جو ہرقل نے نبی ﷺ کے لیے ارسال کیے تھے۔ ان ڈکیتوں کی سزادہی کے لیے ایک افسر مقرر کیا گیا۔ اس نقشہ میں اسے سریہ حسمی نمبر 55 درج کیا گیا ہے۔

مثلاً زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے قافلہ تجارت کو قوم فرازہ نے جو زیر سرداری ام قرفہ تھے لوٹ لیا تھا۔ ان کی گرفتاری کے لیے ایک افسر مامور ہوا۔ اس نقشہ میں سریہ ام قرفہ نمبر 44 کے نام سے درج ہے۔

مثلاً سریہ قطن کی بھی یہی حالت ہے کہ ڈکیتی پیشہ گروہ کے منتشر اور مرعوب کرنے کے لیے ایک جمعیت بھیجی گئی تھی اور وہ نقشہ میں سریہ نمبر 21 درج ہے۔

② ایسے واقعات بھی موجود ہیں جو مسلمانوں سے غیر مسلموں کے مقابلہ میں ہوئے۔

- ❑ مثلاً عمیر بن عدی نے اپنے قبیلہ کی ایک عورت عصماء نامی کو جو غالباً ان کی بیوی بھی رہ چکی یا رشتہ کی بہن تھی، قتل کر ڈالا تھا۔ سریہ نمبر 10۔
- ❑ مثلاً سالم بن عمیر نے ایک یہودی کو قتل کر ڈالا تھا۔ سریہ نمبر 11
- ❑ مثلاً محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اپنے برادر رضاعی کعب بن اشرف یہودی کو قتل کر ڈالا تھا۔ سریہ نمبر 16۔
- ❑ مثلاً عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ نے سفیان بن خالد ہذلی کو قتل کر ڈالا تھا۔ سریہ نمبر 22۔
- ❑ مثلاً عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ نے سلام بن ابی الحقیق یہودی کو مار ڈالا تھا۔ سریہ 31

یہ سب ایسے واقعات ہیں، جن کا نام جنگ کے نام سے ہرگز نہیں کیا جا سکتا۔ گو ہم یہ بھی تسلیم کر لیں کہ مقتولوں کے کشتنی و گردن زدنی ہونے کی وجہ سے یا قاتلوں کے صرف جوش مذہبی کی وجہ سے ان کا ارتکاب ہوا تھا۔

واعظین اسلام کا قتل

اسی نقشہ کے اندر واقعہ رجیع بھی ہے۔ چند لوگ دس (10) واعظوں کو نبی ﷺ کی اجازت سے اپنے ساتھ لے گئے۔ اپنے علاقہ میں لے جا کر آٹھ (8) کو قتل دو (2) کو فروخت کر ڈالا۔ نقشہ میں اس کا نام سریہ رجیع نمبر 23 ہے۔ اس واقعہ کے بعد نبی ﷺ ان کے علاقہ تک دوسو (200) سواروں کو لے کر گرداوری کر کے واپس تشریف لے آئے تھے، جس سے مقصود ان سرکشوں کو صرف مرعوب کر دینا تھا۔ وہ اس نقشہ میں غزوہ لحیان نمبر 34 کے نام سے درج ہے۔

مقام ذی القصہ پر بھی ایسا ہی ہوا۔ دس عالمان دین تبلیغ کے لیے نکلے تھے۔ رات کو ایک جگہ سوئے، بنو ثعلبہ نے حملہ کر کے ان میں سے نو 9 کو شہید کر ڈالا۔ ایک سخت زخمی ہوئے۔ اس نقشہ میں وہ سریہ ذی القصہ نمبر 37 درج ہے۔ ان بنو ثعلبہ کے مرعوب کرنے کو دو سردار بھیجے گئے۔ وہ سریہ نمبر 38 و سریہ نمبر 40 کے نام سے درج ہے۔ علیٰ ھذا الملک نجد کے لیے ستر (70) واعظ بھیجے گئے تھے۔ والی نجد کا چچا ان کی حفاظت کا خود ذمہ دار بنا تھا۔ جب وہ اس کے علاقہ میں پہنچے تو حملہ کر کے سب کو شہید کر ڈالا۔ ایک مسلمان سخت زخمی ہو کر جانبر ہو

گیا۔ نقشہ میں اس کا نام سریہ بیئر معونہ نمبر 24 ہے۔

③ بعض واقعات صرف غلط فہمی سے وقوع میں آئے تھے۔

مثلاً اسیر بن رزام یہودی اپنے تیس (30) آدمیوں کے ساتھ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کی معیت میں مدینہ کو آ رہا تھا۔ آنحضرت ﷺ نے اسیر کو اس لیے طلب فرمایا تھا کہ اسے اس کے قبیلہ کا سردار بنایا جائے ابن رواحہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھی تیس (30) ہی مسلمان تھے۔ ایک ایک اونٹ پر ایک مسلمان، ایک یہودی سوار تھا۔

اسیر نے چپکے سے عبداللہ کی تلوار پر ہاتھ ڈالا۔ انھوں نے اونٹ سے نیچے کود کر اسیر کے ضرب لگائی، اس نے عبداللہ کو ضرب لگائی۔ سرداروں کو آپس میں لڑتے دیکھ کر ہمراہی بھی لڑ پڑے۔ تیس (30) مسلمانوں نے تیس (30) یہودیوں کا خاتمہ کر دیا۔ اس نقشہ میں یہ سریہ عبداللہ بن رواحہ نمبر 45 کے نام سے درج ہے۔

اس واقعہ میں کوئی شخص یہودیوں کو مقتول اور مسلمانوں کو قاتل سمجھ کر اس کو غلط فہمی پر محمول نہ کرے، لیکن خود مسلمانوں کے اندر باہمی بھی ایسی غلط فہمیاں ہوئی ہیں۔

مثلاً خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بنو خزیمہ میں تبلیغ اسلام کرنے گئے تھے۔ وہ پہلے ہی مسلمان ہو چکے تھے۔ انھوں نے لشکر اسلام کی آمد سنی تو مسلح ہو کر آگے بڑھے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ ان کے مسلح ہونے کی وجہ سے غلطی میں پڑ گئے۔ بنو خزیمہ سے یہ غلطی ہوئی کہ انھوں نے اَسْلَمْنَا اَسْلَمْنَا کہنے کی بجائے اَصْبَانَا اَصْبَانَا کا لفظ استعمال کیا۔ ان غلطیوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے کچھ سواروں نے قبیلہ کے کچھ آدمیوں کو قتل کر ڈالا۔ اس نقشہ میں اس کا نام سریہ خالد نمبر 73 ہے۔

ایسا ہی واقعہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا ہے۔ ان کو ایک مسلمان دشمن کے ملک میں ملا۔ اس نے مسلمان ہونے کا اظہار بھی کیا، مگر ان کا شبہ رفع نہ ہوا اور قتل کر دیا۔ وہ اس نقشہ میں سریہ خربہ نمبر 59 کے نام سے درج ہے۔

ایسا ہی ایک واقعہ عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ کا ہے۔ انھوں نے دو شخصوں کو بیر معونہ کے قریب دیکھا اور ان کو 69 مسلمانوں کے قاتلوں میں سے سمجھا اور مار ڈالا۔ نبی کریم ﷺ نے ان کی دیت ادا کی۔ اس نقشہ میں وہ سریہ بیر معونہ نمبر 25 کے نام سے درج کیا۔

اس سے بھی عجیب تر سریہ نمبر 70 و سریہ نمبر 71 و سریہ نمبر 72 ہیں۔ ان کا خلاصہ تو یہ ہے کہ یہ قبائل مسلمان ہو گئے تھے اور ان ہی کی مرضی کے موافق ان بت خانوں کو گرایا گیا مگر اس نقشہ میں ان کا اندراج سرایا کے نام سے ہے۔

تفصیلات بالا سے ایک تحقیق پسند دوست شخص سمجھ سکے گا کہ عنوان غزوات و سرایا کے تحت میں صرف لڑائیاں ہی درج نہیں کی گئیں بلکہ نبی ﷺ یا مسلمانوں کا ہر قسم کا سفر درج ہے۔ ہم اس نقشہ کے اندر اگر اصلی لڑائیوں کا انتخاب کرنے لگیں تو ان کا شمار بہت کم نکلے گا۔

بدر نمبر 9، احد نمبر 19، غزوہ احزاب نمبر 30، خیبر نمبر 49، فتح مکہ نمبر 69، غزوہ حنین نمبر 74، بے شک لڑائیاں ہیں مگر نقشہ میں ان کی تعداد کو بھی بڑھانے کی سعی کی گئی ہے۔

مثلاً غزوہ حمراء الاسد نمبر 20 کو غزوہ احد سے علیحدہ شمار کیا گیا ہے۔ حالانکہ احد پہلے دن کی لڑائی کا نام ہے اور حمراء الاسد نمبر 30 دوسرے دن کے تعاقب یا تجسس دشمن کا۔ پھر اس کا شمار علیحدہ کیوں کر ہو سکتا تھا۔

میں چاہتا ہوں کہ جملہ غزوات وسرایا کو ان کے مناسب عنوانات کے تحت میں درج کردوں تاکہ قارئین کتاب میرے مدعا کو بخوبی ذہن نشین فرمالیں۔

1. تکمیل معاہدات وتبلیغ اسلام ومواعظ کے لیے سفر
غزوہ ودان نمبر 4، غزوہ بواط نمبر 5 غزوہ ذوالعشیرہ نمبر 7، سریہ دومۃ الجندل نمبر 42 غزوہ حدیبیہ نمبر 8۔
2. حملہ آور دشمن کے احوال کی دریافت۔
سیف البحر نمبر 1، رابغ نمبر 2، ضرار نمبر 3، سریہ نخلہ نمبر 8، سریہ قردہ نمبر 18، سریہ ابوقتادہ نمبر 68۔
3. گرداوری تا سرحد حملہ آوران جس کا مقصود دشمن کو مرعوب کرکے اس کو حملہ آوری سے روکنا تھا۔ غزوہ قرقرۃ الکدر نمبر 14، سریہ قرقرۃ الکدر نمبر 15، غزوہ ذی امر نمبر 17، بدر اخریٰ نمبر 27، غزوہ دومۃ الجندل نمبر 28، سریہ قریظہ نمبر 33، غزوہ بنولحیان نمبر 34، سریہ عمر نمبر 36، سریہ بنوثعلبہ نمبر 38، سریہ جموم نمبر 39، سریہ طرف نمبر 40، سریہ وادی القریٰ نمبر 41، سریہ فدک نمبر 43، غزوہ وادی القریٰ نمبر 50، غزوات ذات الرقاع نمبر 51، سریہ عیص نمبر 52، سریہ کدید یا سریہ غالب نمبر 53، سریہ غالب نمبر 54، سریہ تربہ نمبر 56، سریہ بنوکلاب نمبر 57، سریہ مقعہ نمبر 58، سریہ بنومرہ نمبر 60، سریہ بشیر نمبر 61، سریہ ابن ابی العوجا نمبر 62، سریہ کعب بن عمیر نمبر 63، سریہ شجاع بن وہب نمبر 64، سریہ عمرو بن العاص نمبر 66، سریہ ابوعبیدہ نمبر 67، سریہ ابوقتادہ نمبر 68، سریہ عیینہ نمبر 76، سریہ قطبہ نمبر 77، غزوہ تبوک نمبر 81، سریہ دومۃ الجندل نمبر 82۔
4. سزادہی گروہ ڈکیتی پیشگاں: سریہ حسمی نمبر 55، سریہ ام قرفہ نمبر 44، سریہ عرنیین نمبر 46۔
5. تعاقب ڈکیتاں: غزوہ سفوان نمبر 6، سریہ قطن نمبر 21، غزوہ ذی قردہ یا غزوہ غابہ نمبر 35، سریہ عبداللہ بن حذافہ نمبر 79۔
6. معاہد اقوام کی جانب سے بغاوت اور غدر اور بلوے اور ان کے انجام: غزوہ بنوقینقاع نمبر 12' سریہ رجیع نمبر 23' سریہ بیر معونہ نمبر 24، غزوہ بنونضیر نمبر 26' سریہ بنومصطلق نمبر 29' غزوہ بنوقریظہ نمبر 32' سریہ ذی القصہ نمبر 37' سریہ بنی طے نمبر 80۔
7. غلط فہمیاں: سریہ عمرو بن امیہ نمبر 25' سریہ عبداللہ بن رواحہ نمبر 45' سفر عمرو بن امیہ نمبر 47' سریہ خربہ نمبر 59' سریہ خالد نمبر 73' سریہ ضحاک بن سفیان نمبر 47۔
8. بت شکنی: سریہ خالد نمبر 70' سریہ عمرو بن العاص نمبر 71' سریہ سعد اشہلی نمبر 72
9. جنگ: بدرالکبریٰ نمبر 9' غزوہ احد نمبر 19' غزوہ احزاب نمبر 30' غزوہ خیبر نمبر 49' سریہ موتہ نمبر 65' فتح مکہ نمبر 69' غزوہ حنین نمبر 74۔
10. تعاقب دشمناں: غزوۃ السویق نمبر 13' حمراء الاسد نمبر 20' غزوہ طائف نمبر 75۔
11. لوکل یا پرسنل واقعات مقامی یا شخصی: سریہ عمیر نمبر 10' سریہ عالم نمبر 11' سریہ محمد بن مسلمہ نمبر 16' سریہ ابن انیس نمبر 22' سریہ ابن عتیک نمبر 31

امید ہے کہ صراحت بالا کا علم اور اس پر غور کے بعد اس نقشہ کا طول جو ہم غزوات وسرایا کی بابت دے آئے ہیں' بہت مختصر نظر

آنے لگے گا' لیکن ہم قارئین کتاب کو اس مسئلہ کے ہر پہلو سے واقف کرنا چاہتے ہیں کہ بصیرت کامل ہو جائے۔

غزوات وسرایا کی تقسیم ہر فرقہ بندی پر کرتے ہیں تاکہ معلوم ہو سکے کہ کن کن قبائل کے ساتھ یہ جھگڑے ہوئے شخصی واقعات کو جن کا شمار (5) ہے، چھوڑ دیا گیا۔

1 قریش مکہ

سیف البحر نمبر 1، رابغ نمبر 2' ضرار نمبر 3، بواط نمبر 5، سفوان نمبر 6، ذوالعشیرہ نمبر 7، غزوۃ السویق نمبر 13، ذی قردہ نمبر 18، احد نمبر 19، حمراء الاسد نمبر 20، بدر الاخریٰ نمبر 27، احزاب نمبر 30، سریہ عیص نمبر 52، سریہ عمر بن امیہ نمبر 47، حدیبیہ نمبر 48، سیف البحر نمبر 67، مکہ نمبر 69۔

2 بنو غطفان وانمار

قرقرۃ الکدر نمبر 14، نمبر 15، ذی امر نمبر 17، دومۃ الجندل نمبر 28، بنو مصطلق نمبر 29، غابہ نمبر 35، وادی القریٰ نمبر 41، سریہ کرز بن جابر نمبر 46، ذات الرقاع نمبر 51، سریہ تربہ نمبر 56، سریہ منقعہ نمبر 58، سریہ خربہ نمبر 59، سریہ ابوقتادہ نمبر 68، سریہ عبداللہ بن حذافہ نمبر 77۔

3 بنو سلیم

بیر معونہ نمبر 24، جموم نمبر 39، ابن ابی العوجاء نمبر 62، بنوملوح، حلیف بنوسلیم نمبر 53۔

4 بنو ثعلبہ

ذی القصہ نمبر 37، بنو ثعلبہ نمبر 38، طرف نمبر 40، سریہ حسمی نمبر 55۔

5 بنو فزارہ وعذرہ

سریہ ابوبکر صدیق نمبر 44، سریہ فدک نمبر 54، سریہ بشیر بن سعد نمبر 61، ذات اطلح نمبر 63

6 بنو کلاب وبنو مرہ

قریظہ نمبر 33' بنو کلاب نمبر 57' بنو مرہ نمبر 60' سریہ ضحاک نمبر 78

7 بنو عضل وقارہ

رجیع نمبر 23

8 بنو اسد وبنو قضاعہ

قطن نمبر 21' غمر نمبر 36' ذات السلاسل نمبر 66۔

⑨ بنو ذکوان

بیر معونہ نمبر 24' اسی کو ہم نے بنو سلیم کے تحت میں درج کیا ہے۔ واقعہ ایک ہے' دو قبائل کا تعلق تھا۔

⑩ بنو لحیان

غزوہ نمبر 34

⑪ بنو سعد بن بکر

فدک نمبر 43

⑫ بنو ہوازن: ذات عرق نمبر 64

⑬ بنو تمیم

سریہ عیینہ نمبر 76

⑭ بنو ثقیف

حنین نمبر 74، طائف نمبر 75۔

⑮ یہود

بنو قینقاع نمبر 12، بنو نضیر نمبر 26، بنو قریظہ نمبر 32' سریہ ابن رواحہ نمبر 45' خیبر نمبر 49' وادی القریٰ نمبر 50۔

⑯ عیسائیاں

موتہ نمبر 65' بنو طے نمبر 79' تبوک نمبر 80' دومۃ الجندل نمبر 28' نمبر 42' نمبر 82۔

متعدد قبائل کے نام دیکھ کر ناظرین کو خیال ہوگا کہ اتنے قبائل سے جنگ کی وجوہ کیا ہیں۔؟

ہم اول تو ان قبائل کے باہمی تعلقات قرابت کو بیان کریں گے جس سے معلوم ہو سکے گا کہ فی الواقع یہ قبائل اتنے ہی ہیں' جس قدر بادی النظر میں معلوم ہوتے ہیں یا یہ سلسلہ جدیت کی وحدت میں منسلک ہیں اور حیات و بقا اور جنگ و صلح میں وہ اس قدر متوافق و متحد چلے آئے تھے کہ ایک ہی سمجھے جاتے تھے اور ایک ہی شمار ہوتے تھے۔

واضح ہو کہ الیاس بن مضر کے تین فرزند تھے:۔

1 قیس بن عیلان اور بنو غطفان۔ بنو ثعلبہ' بنو محارب' بنو اشجع' بنو ذبیان' بنو فزارہ' اسی قیس عیلان کے فرزند سعد کی اولاد ہیں۔

2 طانجہ' بنو تمیم' اسی فرزند سعد کی اولاد ہیں۔

3 مدرکہ اور بنو اسد' بنو ہون' بنو قارہ' بنو عضل اور بنو کنانہ (جس کے اندر الا حابیش و بنو خزیمہ یعنی بنو مصطلق اور قریش داخل ہیں) اسی مدرکہ کے فرزند خزیمہ کی اولاد ہیں۔

اسی شجرہ سے ایک محقق معلوم کر سکتا ہے کہ یہ تمام قبائل قریش ہی کے جدی اور شخص واحد الیاس بن مضر کی اولاد تھے اور

نبی ﷺ کے ساتھ جو کچھ لڑائی وغیرہ ہوئی وہ حضور ﷺ کے جدی بھائیوں ہی کے غیظ وغضب کا نتیجہ تھا۔

یہودی قریش کے ساتھ معاہدات کی رو سے متفق تھے' جیسا کہ 1914ء میں ترکی اور جرمنی تھے۔ اس اصلیت کے منکشف ہو جانے کے بعد نبی ﷺ کے غزوات وسرایا یعنی لڑائیاں صرف ایک ہی نسل کے شخصوں یعنی بنوالیاس بن مضر سے ہوئیں' جس نسل سے خود آں حضرت ﷺ بھی ہیں۔ کوئی بھی معترض یہ نہیں کہہ سکتا کہ نبی ﷺ نے عرب بھر میں لڑائی پھیلا دی تھی یا یہ کہ اسلام کو بہ جبر قبول کروانے کے لیے لڑائی کی جاتی ہے' کیوں کہ اگر ایسا ہوتا تو عرب کے سینکڑوں قبائل میں سے کسی اور کے ساتھ بھی جارحانہ مخاصمانہ یا مدافعانہ طاقت آزمائی ہوئی ہوتی۔ یہ دلیل ایسی صاف اور مستحکم اور سراپا حقیقت ہے کہ غزوات نبوی ﷺ کے متعلق جن دلائل کو ہمارے علمائے کرام آج تک پیش کرتے رہے ہیں اور جو بجائے خود بہت کچھ قابل وقعت اور قابل قبولیت ہیں' ان کی حاجت نہیں رہ جاتی' البتہ فلسفہ تاریخ ہنوز اس امر کا ہم سے خواستگار ضرور ہے کہ مندرجہ بالا قبائل کیوں کر جنگ میں شامل ہوتے رہے اور کیوں کر اور کب مسلمانوں کے خلاف وہ فریق مخالف ٹھہرے۔ اس انکشاف کے بعد ہماری پیش کردہ دلیل کو درجہ برہان حاصل ہو جائے گا۔

ہم لکھ چکے ہیں کہ غزوات وسرایا کا آغاز ہجرت کے بعد ہوا ہے۔ پہلا غزوہ یا جنگ واقعہ بدر ہے جو ہجرت کے دوسرے ہی سال میں ہوا تھا۔ ہم کو تفحص کرنا ضروری ہے کہ قریش کے حملہ آور لشکر میں کن کن قبائل کے لوگ شامل ہوئے تھے۔

(1) قریش مدینہ پر حملہ آور ہونا چاہتے تھے مگر ان کے درمیان بنوکنانہ کا علاقہ پڑتا تھا' جن سے قریش کی جانی عداوت، مخاصمت کئی پشتوں سے چلی آتی تھی۔ قریش کو مدینہ پر حملہ آور ہونے میں دو مشکلات کا سامنا تھا۔

(1) بنوکنانہ ان کو اپنے علاقہ سے فوج لے جانے نہ دیں گے۔

(2) اگر فوج کو راہ مل بھی گئی' تب بھی اندیشہ ہے کہ بنوکنانہ ادھر تو حملہ آور فوج کا سلسلہ عقب سے منقطع کر دیں اور ادھر خود مکہ پر حملہ کر کے اس پر قبضہ کر لیں' کیوں کہ وہاں کوئی بھی ہتھیار اٹھانے والا باقی نہ رہ گیا ہوگا۔

یہ خیالات ایسے قوی تھے کہ قریش کو مجبوراً حملہ آوری کے ارادوں کو چھوڑ دینا ضروری تھا۔

(2) سراقہ [1] بن مالک المدلجی الکنانی' جو اس درمیانی علاقہ کا سردار تھا اسے بھی معلوم ہو گیا کہ قریش صرف اس کی وجہ سے مسلمانوں پر حملہ کرنے سے رکے ہوئے ہیں' اس لیے سراقہ مذکور خود مکہ گیا۔ اس نے تمام پچھلی عداوتوں کو چھوڑ کر قریش کے ساتھ معاہدہ اتحاد کر لیا اور صاف طور پر یہ طے ہو گیا کہ جب قریش مدینہ پر حملہ کرنے کے لیے اپنی فوج لائیں گے تو سراقہ ان کو اپنے علاقہ سے راستہ دے دے گا اور خود ان کے وطن کو کوئی گزند نہ پہنچائے گا' بلکہ جہاں تک ممکن ہوا وہ قریش کو مسلمانوں کے خلاف امداد بھی دے گا۔

یہی تھا وہ معاہدہ شیطانی جس کے ذریعے سے یہ شخص مسلمانوں پر قریش کے حملہ کر سکنے کا سبب قوی بنا تھا۔

(3) الاحابیش اور بنومصطلق بھی سراقہ کے ساتھ اس معاہدہ میں شامل تھے۔ لہٰذا بدر کی اولین جنگ ہی پہلا موقع ہے کہ الاحابیش اور بنومصطلق بھی مسلمانوں کے دشمن یعنی قریش کے ساتھ عملی طریق پر شامل ہوئے۔ یاد رکھنا چاہیے کہ الاحابیش وہی بنوکنانہ ہیں اور ان

---

[1] راہ ہجرت میں سراقہ ہی نے بامید انعام مشتہرہ قریش نبی ﷺ کا تعاقب کیا تھا۔ سراقہ 8ھ میں داخل اسلام ہوئے اور 24ھ میں وفات پائی۔

کے تحت مندرجہ ذیل قبائل شامل ہیں۔

	بنو نضر	یعنی اولاد نضر بن کنانہ
احابیش [1]	بنو مالک	یعنی اولاد مالک بن کنانہ
	مطیبین [2]	یعنی اولاد حرث بن مالک

بنو مصطلق کے تحت میں مندرجہ ذیل قبائل ہیں:

☐	بنوالحرث	حرث بن لوی سے	☐	بنوالعوف	عوف بن لوی سے
☐	بنوکعب	کعب بن لوی سے	☐	بنوعدی	عدی بن کعب سے
☐	بنوہصیص	ہصیص بن کعب سے	☐	بن جمح	جمح بن کعب سے
☐	بنومرہ	مرہ بن کعب سے	☐	بنوسہم	سہم بن کعب سے
☐	بنوتیم	تیم بن مرہ سے	☐	بنوکلاب	کلاب بن مرہ سے
☐	بنوزہرہ	یعنی زہرہ بن کلاب سے	☐	بنوقصی	قصی بن کلاب سے

جنگ بدر کا نتیجہ جب قریش کے خلاف نکلا۔ تب سراقہ کو افسوس رہا کہ اس نے کیوں قریش کو مسلمانوں کے خلاف پوری پوری مدد نہ دی۔ چنانچہ احد میں اس نے تلافی مافات کر دی اور عملاً شامل جنگ ہوا۔

4. واقعہ احد کو دیکھیے کہ قریش کا لشکر تین ہزار (3000) کی تعداد میں ہے جس میں قریش صرف ایک ہزار (1000) ہیں اور باقی دو ہزار (2000) ان ہی قبائل کے ہیں جو فرزندان الیاس بن مضر ہیں۔

امام علی بن برہان الدین حلبی [3] نے جنگ احد میں بنوالمصطلق اور بنو ہون بن خزیمہ کی شمولیت اور واقدی نے بنو ثقیف کی شمولیت بیان کی ہے اور سیرۃ النبویہ میں احابیش کی شمولیت کی صراحت کی گئی ہے۔ [4] پس اُحد میں ان قبائل کا پہل کر کے کھلم کھلا میدان میں آ جانا ہر محقق کو مطمئن کر سکے گا کہ ان قبائل سے مسلمانوں کو بطور فریق جنگ برتاؤ کرنا بالکل دنیا کے مسلمہ قانون جنگ کے اتباع میں تھا۔

5. احد کے بعد دشمنوں کا بہت بڑا حملہ مسلمانوں پر جنگ خندق ہے جسے قرآن مجید میں جنگ احزاب فرمایا گیا ہے، لشکروں کا اجتماع اور مسلمانوں کی پریشانی و کمزوری قرآن مجید کے مندرجہ ذیل کلام صدق التیام سے بخوبی واضح ہوتی ہے۔

﴿ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَ مِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَ اِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَ بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَ تَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۝ هُنَالِكَ ابْتُلِیَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ زُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِیْدًا ﴾ [الاحزاب:10-11]

''جب دشمن شہر کے اوپر اور نیچے کی جانب سے آ گئے۔ جب مسلمانوں کی آنکھیں پتھرا گئیں اور دل حلق تک اچھل آئے اور جب تم اللہ پر کچھ کچھ گمان کرنے لگے۔ ایسے وقت میں مسلمانوں کی سخت آزمائش کی گئی اور ان کو بہت زور

---

[1] احابیش حبشی سے بنا ہے، یہ مکہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام ہے جس کے پاس انھوں نے ایک معاہدہ کیا تھا۔ اس لیے ''احابیش'' کہلائے۔ [2] انھوں نے ایک معاہدہ کرتے وقت عطر کا استعمال کیا تھا اس لیے ''مطیبین'' کہلائے۔ [3] انسان العیون ص:3/28، واقدی ص:147 [4] سیرۃ النبویہ از مولوی کرامت علی دہلوی۔

سے جھنجوڑا گیا۔"

اب ان چند در چند لشکروں کا تخص کرنا چاہیے کہ کن کن قبائل سے مرکب ہیں۔

① قریش اور ان کے اتباع	زیر کمان ابوسفیان اموی
② بنو سلیم	زیر کمان سفیان بن عبد شمس (ابوالاعور اسلمی)
③ بنو اسد	زیر کمان طلیحہ بن خویلد الاسدی
④ بنو اشجع	زیر کمان ابو مسعود بن احیلہ
⑤ بنو مرہ	زیر کمان حرث بن عوف مری
⑥ بنو غطفان واتباع بنو غطفان	زیر کمان عیینہ بن حصین
یعنی بنو عبس، بنو ذبیان، بنو العشراء، بنو سعد،	زیر کمان عیینہ بن حصین
بنو حشراء، بنو شجیع، بنو جاش، بنو فزارہ	زیر کمان عیینہ بن حصین
⑦ یہودان خیبر ونواحی فدک	زیر کمان حیی بن اخطب
وام القریٰ وتیماء 700 کس	زیر کمان حیی بن اخطب
⑧ قبیلہ بنی ہوازن	زیر کمان عامر بن طفیل

جملہ قبائل بالا اس لشکر میں موجود تھے۔

⑨ یہودان بنو قریظہ مقیم مدینہ دشمنوں کو آلات کثیرہ مساحی، کرادین اور مقاتل سے امداد دی تھی۔ [1] ان قبائل کے فریق جنگ بن جانے کے بعد ایک محقق کے لیے پوری پوری وجہ منکشف ہو جاتی ہے کہ کیوں فلاں فلاں قبائل کی سرحد پر مسلمانوں نے مظاہرہ کیا یا کیوں فلاں قبیلہ کے شخص کی گرفتاری عمل میں آئی۔ جنگ خیبر ومکہ وحنین وطائف کے بواعث بھی اسے معلوم ہو جائیں گے کیوں کہ یہ وہی قبائل ہیں جو اُحد اور خندق میں مسلمانوں پر حملہ آور ہو چکے تھے۔

غرض کوئی ایسا قبیلہ یا گروہ نہیں کہ مسلمانوں نے اس پر حملہ کرنے میں ابتداء کی ہو، بلکہ جب متعدد بار اس نے حملے کیے تب اس کا انھوں نے جواب دیا ہے۔

ان سب انکشافات کے بعد ممکن ہے کہ معترض اپنے اعتراض کو ختم کر چکا ہو مگر ہنوز اس کے سینہ میں شکوک موجود ہوں تو میں اس سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ نقشہ کے تمام نمبروں کو جو 82 ہیں لڑائیاں ہی سمجھ لو اور ہر لڑائی کو جارحانہ ہی تسلیم کر لو اور مان لو کہ سب لڑائیوں کا آغاز اور اقدام مسلمانوں ہی کی جانب سے ہوا تھا، پھر بھی لڑائیوں کے نتائج پر غور کرنا ضروری ہوگا۔ ہمارے پیش کردہ نقشہ سے ظاہر ہے کہ ان سب لڑائیوں میں مسلمانوں اور فریق مخالف کا نقصان حسب ذیل تھا۔

---

[1] انسان العیون ج1 ص:210

نام فریق	اسیر	زخمی	مقتول	کل	کیفیت
مسلمان	1	127	259	387	ہر دو جانب کے زخمیوں کی تعداد صحیح نہیں۔
مخالف	6564	127	759	7323	
میزان	6565	127	1018	7710	اسیروں اور مقتولوں کی تعداد ان شاء اللہ صحیح ہے۔

مقتولین ہر دو جانب کی تعداد (1018) ہے اور 82 پر تقسیم کرنے سے فی جنگ 12.414 اوسط نکلتا ہے۔ کیا ایسی لڑائیوں کی نسبت کوئی ذی عقل یہ قرار دے سکتا ہے کہ صد ہا سالہ مذاہب کے ترک کرانے اور نئے مذہب کے بہ جبر قبول کروانے کے لیے اور وہ بھی عرب جیسے خونخوار ملک میں یہ کافی مؤثر تھیں۔ دشمنوں کی تعداد اسیران کافی معلوم ہوتی ہے۔ یعنی 6564 مگر یہ تعداد بھی جزیرہ نما عرب کی وسعت کے مقابلہ میں ہیچ ہے اور چوں کہ ان کی تعداد کے اندر بڑی تعداد (6000) ایک ہی غزوہ حنین کی ہے۔ اس لیے باقی جنگوں میں اوسط اسیران جنگ (7) رہتا ہے۔ یہ تعداد بھی ایسی نہیں ہے جو تمام ملک کو تبدیلی مذہب پر مجبور کر سکے۔

ہم کو 6564 قیدیوں کی تعداد کے متعلق یہ تحقیق ہو گیا ہے کہ 6347 کو نبی کریم ﷺ نے از راہ لطف و احسان بلا کسی شرط کے آزاد فرما دیا تھا۔ صرف دو قیدی ایسے تھے جو سابقہ جرائم کی پاداش میں قتل کیے گئے تھے۔ 215 قیدی ایسے رہ جاتے ہیں، جن کی بابت مجھ کو پتا نہیں چلا۔ امید ہے کہ میرے بعد کوئی وسیع النظر عالم اس کی تکمیل فرما سکیں گے، مگر میں متقین ہوں کہ جس ذات قدسی نے 6347 کے ساتھ لطف و احسان فرما دیا تھا اس کے الطاف سے 215 کس بھی ضرور بہرہ ور ہوئے ہوں گے اور اغلب یہ ہے کہ یہ لوگ مسلمان ہو کر مسلمانوں کے اندر رہ گئے ہوں گے۔ اس لیے ان کا شمار رہائی پانے والوں میں سے نہیں ہوا۔

اعداد بالا سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ وحشی عرب کو متدین عرب اور ملحد بت پرست عرب کو موحد و مسلم عرب بنانے، ڈکیتی و خونخواری کی وارداتوں کے روکنے، قرانس سے دو چند بڑے ملک میں امن عامہ کو قائم و مستحکم بنانے، صوبوں اور نسلوں کی عداوت و مخاصمت کو مٹا کر اخوت و روحانیت کے قائم کرنے، استبدادیت کو فنا کر کے جمہوریت کے استوار کرنے میں 1018 نفوس کی قربانیاں کی گئیں۔ اس کے مقابلہ میں فرانس اور امریکہ کو جمہوریت کے قائم کرنے میں جس قدر قربانیاں کرنی پڑیں، انگلستان کو پارلیمنٹ میں لینے کے لیے جتنے خون بہانے پڑے ان کا شمار کرو۔

زمانہ حال کے ملحمۃ العظمیٰ (عظیم ترین جنگ) جو 14 / اگست 1914ء سے شروع ہو کر تاریخ 3 مارچ 1917ء متمدن دنیا کے حصہ کثیر پر جاری رہی ہے) کے نقصانات کو دیکھو۔ انگلستان کا مقصد اس جنگ میں صرف اتنا ہی بتایا گیا ہے کہ چھوٹی سلطنتوں کی آزادی اور حفاظت کو برقرار رکھا جائے۔ صرف اتنے سے مقصد کے لیے اب تک لاکھوں نفوس اور اربوں اشرفیوں کو خاک و خون میں ملا دیا گیا۔ سینکڑوں جہاز سمندر میں غرق ہو چکے ہیں۔ تجارت عالم مخدوش ہو گئی ہے۔ عیش و آرام کے سب سامان تباہ ہو چکے ہیں۔ بایں ہمہ امید حصول مقصد آئندہ قربانیوں کے واسطے انگلش قوم پوری مستعدی سے آمادہ ہے۔ [1]

خیال کرو سیدنا محمد ﷺ کی کامیابی کا جنھوں نے فریقین کی صرف اور صرف 1018 قربانیوں کے بعد اس قدر روحانی و

---

[1] اخبار ہمدم 17 / اپریل 1919ء نے جنگ عظیم (1914-18ء) کے مقتولین کی تعداد مندرجہ ذیل طبع کی ہے۔ روس 17 لاکھ، جرمنی 16 لاکھ، فرانسیسی 13 لاکھ ستر ہزار (70000)، اٹلی 4 لاکھ ساٹھ ہزار (460000)، آسٹریا 8 لاکھ، برطانیہ 7 لاکھ، ترکی 2 لاکھ 50 ہزار، بلجیم ایک لاکھ 2 ہزار۔ بلغاریہ ایک لاکھ۔ رومانیہ ایک لاکھ، سرویا، مانٹی نیگرو ایک لاکھ۔ امریکہ 50 ہزار، میزان 73 لاکھ 38 ہزار۔ مضمون نگار کو شک ہے کہ انگلستان و فرانس کی تعداد میں ہندوستان اور فرانس کی نو آبادیوں کے مقتولین کی تعداد بھی شامل ہے یا نہیں مگر یہ اقرار ہے کہ زخمیوں، اسیروں اور گمشدہ کی تعداد مذکورہ بالا اعداد میں شامل نہیں۔

اخلاقی و مادی و ملی فوائد حاصل کیے تھے، جن کو بہ حیثیت مجموعی آج تک دنیا کی کوئی قوم اور ملک حاصل نہیں کر سکا۔

اہل دنیا کی لڑائیوں کا ذکر چھوڑ و مقدسین کی لڑائیاں لو۔ مہابھارت کے مقتولین کی تعداد کروڑوں سے کم نہیں۔ یورپ کی مقدس مذہبی انجمنوں نے جس قدر نفوس کو ہلاک کیا۔ انکی تعداد لاکھوں سے زائد ہے۔

جان ڈیون پوٹ (John Devon Port) نے اپنی کتاب "اپالوجی آف محمد اینڈ قرآن" (Apology for Muhammad and Quran) میں مذہبی عدالت کے احکام سے ہلاکت نفوس کی تعداد ایک کروڑ بیس لاکھ (1,20,00000) بتائی ہے جو عیسائیوں کے ہاتھوں سے عیسائیوں کی ہوئی تھی۔ [1]

اکیلی سلطنت اسپین نے تین لاکھ چالیس ہزار (3,40,000) عیسائیوں کو قتل کیا تھا جن میں سے بتیس ہزار (32000) آدمی زندہ آگ میں جلائے گئے تھے۔ [2]

فصل نمبر 1

﴿ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ ﴾ [النساء:135]

ملک یورپ کی جنگ عظیم میں جو اگست 1914ء سے جاری ہوئی میں نے انگریزی اخباروں کو دیکھا کہ رول آف آنرز کے نام سے ان بہادران جنگ کے نام شائع کرتے ہیں جنھوں نے ملک اور بادشاہ کے لیے اپنے سر کٹوائے تھے۔ میرے دل میں زور سے یہ تحریک ہوئی کہ اس کتاب میں ان مقدسین کے مبارک ناموں کی فہرست ضرور شامل کی جائے جنھوں نے سرور کائنات ﷺ کے سامنے خاک و خون میں مل کر صداقت اور حقانیت پر اپنی زندگی کو نثار کیا۔ وہ جن کی شان میں اللہ تعالیٰ کا کلام ہم کو بتا رہا ہے۔

﴿ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ○ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ وَ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضْلٍ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴾ [آل عمران 169-171]

"اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیے گئے ہیں ان کو مردہ نہ سمجھو، وہ تو اپنے رب کے ہاں زندہ ہیں، رزق دیے جاتے ہیں اور اللہ کے فضل سے جو کچھ ان کو ملا، اس پر خوش ہیں اور ان لوگوں کو جو ان سے نہیں ملے بشارت دیتے ہیں کہ اب انھیں کوئی خوف اور غم نہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ کی نعمت اور فضل پر خرم و شاداں ہیں اور اللہ تعالیٰ تو مومنوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتا۔"

وہ جن کی شان بلند میں رب العظیم فرماتا ہے:

﴿ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ ﴾ [الاحزاب:23] "وہ جواں مرد کہ اللہ کے ساتھ جو معاہدہ کیا تھا اسے پورا کر دیا۔"

مجھے کسی کتاب میں ایسی فہرستیں مرتب شدہ نہ ملیں، اس لیے ان کتابوں کو پڑھا جو صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے حالات پر لکھی گئی ہیں۔ ان جواہر ریزوں کو چن چن کر اپنی کتاب کی آرائش کر لی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس عمل کو قبول فرمائے۔ بیر معونہ اور موتہ کی فہرستیں ہنوز تکمیل طلب ہیں۔ اگر حیات مستعار باقی رہی تو ان شاء اللہ پوری کروں گا، ورنہ اس کی کو کوئی اور صاحب پورا کریں۔

---

[1] اعجاز التنزیل ص: 461 [2] اعجاز التنزیل ص: 474

⟨1⟩ شہدائے بدر رضی اللہ عنہم

1	مہجع بن صالح رضی اللہ عنہ	قوم عک سے تھے۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام سب سے پہلے یہی شہید ہوئے تھے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: **مهجع سید الشهداء** ⟨1⟩
2	عبیدہ بن حارث بن مطلب بن عبدمناف بن قصی رضی اللہ عنہ	قرشی المطلبی، ابوالحارث یا ابو معاویہ کنیت۔ 63 سال کی عمر میں شہید ہوئے۔ سب سے پہلے اسلامی سریہ کے سردار یہی بنائے گئے تھے۔
3	عمیر بن ابووقاص (مالک) بن اہیب بن عبدمناف رضی اللہ عنہ	قرشی الزہری حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ احد العشرۃ المبشرۃ کے برادر خورد ہیں۔ سولہ(16) سال کی عمر تھی نبی ﷺ نے ان کو بوجہ صغر سنی واپس کرنا چاہا تو یہ رو پڑے' اس لیے اجازت دی گئی۔ لڑے اور خنداں خنداں روضہ رضوان کو سدھارے۔
4	عاقل بن بکیر بن عبد یالیل رضی اللہ عنہ	لیثی' ان کے بھائی خالد کا نام شہداء رجیع میں ہے۔
5	عمیر بن عبد عمیر بن نضلہ رضی اللہ عنہ	ذوالشمالین لقب' ابو محمد کنیت' حلیف بنو زہرا
6	عوف یا عوذ بن عفراء رضی اللہ عنہ	انصاری' بخاری۔ عفراء ان کی والدہ کا نام ہے' والد کا نام حارث ہے۔
7	معوذ بن عفراء رضی اللہ عنہ	نمبر 6 کے برادر شقیق
8	حارث یا حارثہ بن سراقہ بن حارث رضی اللہ عنہ	ان کی والدہ انس بن مالک کی پھوپھی ہیں' حلق پر تیر لگا تھا۔
9	یزید بن حارث یا حرث بن قیس بن مالک رضی اللہ عنہ	انصاری' بخاری۔ مواخات میں ذی الشمالین نمبر 5 کا بھائی تھا۔
10	رافع بن معلٰی بن لوذان رضی اللہ عنہ	انصاری
11	عمیر بن حمام بن جموح بن زید بن حرام رضی اللہ عنہ	انصاری السلمی۔ حضرت عبیدہ نمبر 2 کے ساتھ مواخات تھی۔ دونوں ایک ہی میدان میں سرخرو ہو کر رونق افروز جنت ہوئے۔ میدان جنگ میں ان کا رجز یہ تھا: **رکضاء الی اللہ بغیر زاد الا التقی و عمل المعاد** **والصبر فی اللہ علی العباد و کل زاد عرضۃ النفاد** **غیر التقی والبر والرشاد**
12	عمار بن زیاد بن سکین بن رافع رضی اللہ عنہ	انصاری الاشہلی
13	سعد بن خیثمہ الانصاری الدوسی ابوعبداللہ کنیت سعد الخیر لقب رضی اللہ عنہ	نقیب محمدی ﷺ تھے، باپ نے کہا کہ تم ٹھہرو، میں جاتا ہوں، انھوں نے کہا کہ باپ مجھے بہشت میں جانے سے نہ روکو۔ ان کے والد خیثمہ غزوہ

⟨1⟩ زرقانی جلد 1 ص 444۔ یہ اسلام ہی کی فیاضی و مساوات ہے کہ غلام بھی ہادی اسلام ﷺ کی مبارک زبان سے "سید الشہداء" کا خطاب حاصل کر لیتا ہے۔ کیا کسی قوم یا مذہب میں ایسی نظیر ملتی ہے؟

		احد میں شہید ہوئے۔ پس یہ شہید صحابی بن صحابی ہیں۔ الانصاری الاوسی ①
14	مبشر بن عبد المنذر بن زبیر بن زید رضی اللہ عنہ	الانصاری الاوسی

② شہدائے غزوہ سویق

1	معبد بن عمرو الانصاری رضی اللہ عنہ	
2	ایک حلیف معبد مذکورہ بالا کا	

③ شہدائے احد (مہاجرین رضی اللہ عنہم)

1	حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبد المطلب ہاشمی	عم النبی ﷺ، اسد اللہ و رسولہ لقب، سید الشہداء خطاب۔
2	عبد اللہ بن جحش رضی اللہ عنہ الاسدی القرشی	المجدع فی سبیل اللہ لقب، نبی ﷺ کے پھوپھیرے بھائی۔
3	شماس بن عثمان رضی اللہ عنہ بن شرید قرشی المخزومی	بدری، دو ہجرتیں کیں، عمر بوقت شہادت 24 سال
4	مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ بن ہاشم بن عبد مناف بن عبد الدار بن قصی۔ القرشی العبدری	دو ہجرتیں کیں۔ اولین مہاجرین مدینہ، انصار کے دو قبیلے ان کی تعلیم سے داخل اسلام ہوئے۔ بدر اور احد میں رایۃ نبوی ﷺ انھیں کے ہاتھ میں تھا۔ ان کی شہادت کے بعد علی مرتضی رضی اللہ عنہ کو ملا۔ بزرگ ترین صحابہ میں سے ہیں۔ المقری القاری لقب۔ عمر بوقت شہادت 40 سال

④ شہدائے احد الانصار رضی اللہ عنہم

5	انس بن نضر بخاری رضی اللہ عنہ	انس بن مالک کے چچا ان کے جسم پر اسی (80) سے زیادہ زخم تیر و تلوار اور نیزہ کے تھے۔ یہ ان بزرگوں میں ہیں جن کی شان میں آیت ﴿ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ﴾[الاحزاب 33:23] نازل ہوئی۔ جب لشکر اسلام میں بھاگڑ پڑ گئی تو انھوں نے کہا: الٰہی! میں مسلمانوں کے افعال کی تجھ سے معذرت چاہتا ہوں اور مشرکین کے کرتوت سے براءت ظاہر کرتا ہوں۔ پھر تلوار لے کر آگے بڑھے۔ راہ میں سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ سے بولے سعد! دیکھو یہ ہے بہشت، واللہ! مجھے اس کی خوشبو آ رہی ہے۔ حملہ کیا لاشوں پر لاشے گراتے ہوئے شہید ہوئے۔

① زرقانی میں ہے: استشهد يوم بدر من المسلمين اربعة عشر رجلا جلد اول ص444 فہرست کے نام زرقانی اور الاستیعاب کے متفق علیہ ہیں۔ بعض نے 22 تعداد بتائی ہے مجھے ان کے علاوہ سعد بن خولی اور صفوان بن بیضا فہری اور عبد اللہ بن سعید بن عاص اموی کے نام بھی ملے ہیں۔ اس طرح فہرست کے اسماء کی تعداد 17 ہے۔

6	انیس بن قتادہ بن ربیع بن خالد بن حارث رضی اللہ عنہ	بدری ہیں۔
7	ابو ہبیرہ بن حارث بن علقمہ بخاری رضی اللہ عنہ	ان کا نام ہی ابو ہبیرہ ہے۔ ابو اسیرہ ان کے بھائی ہیں۔ (ابو اسیرہ کا نام شہداء احد میں صرف واقدی نے لکھا ہے۔ علماء کا خیال ہے کہ یہ غلطی ہے۔)
8	اوس بن ارقم بن زید بن قیس خزرجی رضی اللہ عنہ	اکابر صحابہ میں سے ہیں۔
9	ایاس بن اوس بن عتیک اشہلی رضی اللہ عنہ	ان کے بھائی غزوہ خندق میں شہید ہوئے۔
10	اوس بن ثابت مزنی رضی اللہ عنہ	برادر حضرت حسان شاعر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
11	رفاعہ بن وقش بن زغبہ بن زعوراء بن عبد الاشہل رضی اللہ عنہ	بوقت شہادت بہت بوڑھے تھے۔
12	ثابت بن وقش رضی اللہ عنہ	رفاعہ کے برادر حقیقی۔
13	عمرو بن ثابت بن وقش رضی اللہ عنہ	حذیفہ بن یمان صحابی کے بھانجے۔
14	سلمہ بن ثابت بن وقش رضی اللہ عنہ	بشرح صدر
15	ثابت بن عمرو بن زید بخاری رضی اللہ عنہ	بدری ہیں۔
16	ثابت بن وحداح رضی اللہ عنہ	بنو عجلان سے ہیں۔ انہی نے کہا تھا: اِنْ کَانَ مُحَمَّدٌ قُتِلَ فَاِنَّ اللّٰہَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ۔ انھوں نے انصار کی مختصر جماعت کو فراہم کر کے حملہ کیا تھا۔ اس غزوہ کے سب سے آخری شہید ہیں۔
17	ثعلبہ بن سعد بن مالک ساعدی رضی اللہ عنہ	مشہور صحابی ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ کے چچا ہیں۔
18	ثقب (ثقیب) بن فروہ بن بدان بن ساعدی رضی اللہ عنہ	انساب انصار کے بڑے عالم تھے۔
19	حارث بن اوس بن معاذ اشہلی رضی اللہ عنہ	بدری حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے برادر زادے عمر بوقت شہادت 28 سال۔
20	عمرو بن معاذ اشہلی رضی اللہ عنہ	بدری حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے برادر عمر 32 سال
21	حارث بن انس بن رافع اشہلی رضی اللہ عنہ	بدری
22	حارث بن عبد اللہ بن سعد بن عمرو خزرجی رضی اللہ عنہ	
23	حارث بن ثابت بن سفیان بن عدی خزرجی رضی اللہ عنہ	
24	حارثہ بن عمرو رضی اللہ عنہ	از بنو ساعدہ
25	حبیب بن زید بن تمیم۔ بیاضی رضی اللہ عنہ	
26	حنظلہ بن ابی عامر، اوسی رضی اللہ عنہ	اللہ کی شان، اس کا لقب غسیل الملائکۃ ہے اور ان کے باپ کا لقب

		فاسق۔ حضرت حنظلہ کے فرزند عبداللہ بھی صحابی اور شہید ہیں۔ وہ یوم الحرہ کو 33ھ میں شہید ہوئے۔
27	خارجہ بن زید بن ابوزہیر خزرجی ؓ	عقبی بدری ان کا خاندان بنواعز کے نام سے مشہور ہیں۔ ان کی دختر حبیبہ ابوبکر صدیق ؓ کے گھر میں تھیں۔ ان کے فرزند زید بن خارجہ کا بعد الموت تکلم کرنا روایات میں ہے۔ حضرت خارجہ کے جسم پر دس سے زیادہ زخم تھے۔ مواخات میں ابوبکر صدیق ؓ کے بھائی تھے۔
28	سعد بن ربیع خزرجی ؓ	عقبی، بدری، نقیب محمدی، حضرت خارجہ نمبر 27 کے ابن عم۔ دونوں ایک قبر میں دفن کیے گئے۔ بقیہ ذکر جلد اول میں ہے۔
29	جناب بن قیظی بن عمرو بن سہل اشہلی ؓ	
30	صیفی بن قیظی بن عمرو بن سہل اشہلی ؓ	نمبر 29 کے حقیقی بھائی ہیں اور ابوہیثم بن تیہان نمبر 48 کے بھانجے ہیں۔
31	خیثمہ بن حارث بن مالک اوسی ؓ	ان کے فرزند سعد کا نام شہدائے بدر نمبر 13 پر ہے۔
32	ذکوان بن عبد قیس بن خلدہ زرقی ؓ	عقبی، بدری۔ مہاجر بھی ہیں اور انصاری بھی۔ مدینہ میں اسلام سب سے پہلے یہ اور اسعد بن زرارہ لے کر گئے تھے۔
33	رافع بن مالک بن عجلان زرقی خزرجی ؓ	ابو مالک کنیت نقیب محمدی۔ عقبہ کی ہر سہ بیعت 6 میں 12 میں 70 میں شامل ہیں۔
34	رافع مولیٰ غزیہ بن عمرو ؓ	
35	رفاعہ بن عمرو بن زید خزرجی ؓ	عقبی، بدری، ابوولید کنیت
36	سعد بن سعید بن سوید بن قیس بن الجبر ؓ	خدری ہیں۔
37	سہل بن عدی بن زید بن عامر اشہلی ؓ	
38	سہل بن قیس بن ابی کعب بن قیس ؓ	بدری۔ اسلمی
39	سبیع بن حاطب بن قیس بن ہیشہ ؓ	اوسی
40	سویبق بن حاطب بن حارث بن حاطب ؓ	
41	صخرہ بن عمرو (بشر) ؓ	بنوحلیف من الخزرج کے حلیف تھے۔
42	عبداللہ بن جبیر بن نعمان ؓ	عقبی بدری، اس غزوہ میں سردار تیراندازوں سے تھے۔
43	عبداللہ بن عمرو بن وہب بن ثعلبہ ؓ	ساعدی
44	عبداللہ مجذر بن زیاد بلوی ؓ	بدری ہیں۔ انصار کے حلیف تھے۔

45	عبادہ بن خشخاش بن عمرو بن زمزمہ رضی اللہ عنہ	
46	نعمان بن عبد عمرو بن مسعود رضی اللہ عنہ	بدری ہیں، نمبر 44،45،46 ایک قبر میں مدفون ہوئے۔
47	عامر بن امیہ بن زید بن خشخاش بخاری رضی اللہ عنہ	بدری۔ ان کے فرزند ہشام بھی صحابی ہیں۔
48	عبید (عتیک) بن تیہان بن مالک رضی اللہ عنہ	ابوشیخ کنیت، بدری، عقبی ہیں۔
49	یسار رضی اللہ عنہ	نمبر 48 کے آزاد کردہ غلام ہیں۔
50	عبید بن معلی بن لوذان بن حارثہ رضی اللہ عنہ	ان کے بھائی رافع کا نام شہدائے بدر میں نمبر 12 پر ہے۔
51	عباس بن عبادہ خزرجی رضی اللہ عنہ	مہاجر و انصاری ہیں' عقبتین میں حاضر تھے۔ عثمان بن مظعون سے مواخات تھی۔
52	عامر بن مخلد بن حارث بخاری رضی اللہ عنہ	بدری ہیں' ان کی نسل باقی نہیں رہی۔
53	عمرو بن ایاس رضی اللہ عنہ	یکے از عوف
54	عمرو بن مطرف یا مطرف بن علقمہ بن عمرو بن ثقف رضی اللہ عنہ	ابوحمام
55	عتبہ بن ربیع بن رافع رضی اللہ عنہ	خدری' خزرجی
56	عباد بن سہل بن مخرمہ رضی اللہ عنہ	اشہلی۔ اوسی
57	عبداللہ بن عمرو بن حرام السلمی خزرجی رضی اللہ عنہ	بدری' نقیب محمدی' ابوجابر کنیت۔ مشہور صحابی جابر کے والد۔ حدیث میں ہے کہ فرشتوں نے ان کے جنازہ پر اپنے پروں سے سایہ کیا تھا اور رب العالمین نے ان سے حضوری میں بعد شہادت کلام فرمایا تھا۔
58	عمرو بن جموح بن زید بن حرام رضی اللہ عنہ	سید الانصار تھے' پاؤں میں لنگ تھا۔ فرمایا یوں ہی لنگڑاتا ہوا بہشت میں جا پہنچوں گا۔ گھر سے چلے تو یہ دعا کی تھی۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ الشَّهَادَةَ وَ لَا تَرُدَّنِيْ اِلٰى اَهْلِيْ خَائِبًا۔ یہ نہایت سخی تھے۔ یہ شعر ان کی صفت میں کہا گیا ہے۔ اِذْ جَاءَهُ السُّوَالُ اذْهَبْ مَالَهُ' وَقَالَ خُذُوْهُ اِنَّهُ' عَائِدٌ غَدًا
		نمبر 57، نمبر 58 ایک قبر میں دفن کیے گئے۔ نمبر 57 کی بہن ہند ① نمبر 58 کی اہلیہ ہیں۔
59	خلاد بن عمرو بن جموع رضی اللہ عنہ	بدری نمبر 58 کے فرزند ہیں۔
60	ابوایمن رضی اللہ عنہ	نمبر 58 کے آزاد کردہ غلام ہیں۔

① سیرت کی تمام کتابوں میں ایک صحابیہ کا ذکر کیا گیا ہے کہ جنگ احد میں ان کے شوہر اور بھائی اور بیٹے نے شربت شہادت پیا تھا۔ قد اصیب زوجھا واخوھا و ابنھا اور انھوں نے ان سب کی خبر شہادت سن کر بھی نبی ﷺ کی زیارت اور خیر وعافیت معلوم کرنے کا شوق ظاہر کیا۔ حضور ﷺ کو دیکھا تو کہا:

61	عمارہ بن زیاد بن سکن بن رافع رضی اللہ عنہ [1]	اشہلی ہیں۔ ان کے جسم پر 14 زخم تھے۔ نبی ﷺ نے اپنے پاؤں مبارک کو ان کا سرہانہ بنا دیا تھا۔ جب روح نکلی' ان کے رخسار حضور ﷺ کے قدم مبارک پر تھے۔
62	یزید بن سکن رضی اللہ عنہ	ابواسماء کنیت' عمارہ نمبر 61 کے چچا ہیں۔ عامر بن یزید ان کے فرزند بھی اسی روز شہید ہوئے تھے۔
63	عمرو والد قیس بن زید بن سواد بن مالک رضی اللہ عنہ	بنونجار سے ہیں۔
64	قیس بن عمرو بن قیس رضی اللہ عنہ	نمبر 63 کے فرزند ہیں۔
65	قیس بن مخلد بن ثعلبہ بن صخر رضی اللہ عنہ	مازنی' بدری ہیں۔
66	مالک بن سنان رضی اللہ عنہ	ابوسعید خدری کے باپ ہیں۔
67	نوفل بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ	سالمی الخزرجی بدری ہیں۔
68	یزید بن حاطب بن عمرو رضی اللہ عنہ	اشہلی
69 70	وہب بن قابوس رضی اللہ عنہ حارث بن عقبہ بن قابوس رضی اللہ عنہ [2]	نمبر 69 و نمبر 70 دونوں چچا بھتیجا ہیں۔ جب مزینہ سے شہر مدینہ میں بکریاں فروخت کرنے آئے تھے۔ شہر کو لوگوں سے خالی دیکھا' معلوم ہوا کہ سب میدان احد میں مصروف کارزار ہیں۔ فوراً نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اسلام لائے اور شہید ہو کر فردوس کو سدھارے۔

تتمہ

حسیل یمان بن جابر العبسی القطعی رضی اللہ عنہ	مشہور صحابی حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے والد ہیں۔ مسلمانوں کے ہاتھ سے بوجہ اشتباہ مارے گئے۔

ہندہ کلھا کُلُّ مُصِيبَةٍ بَعْدَكَ جَلَلٌ آپ سلامت ہیں تو ہر ایک مصیبت کی برداشت آسان ہے۔ مجھے کسی کتاب میں ان خاتون بلند پایہ کا نام نہ ملا۔ آخر شہداء احد کی قرابت مندی کے سلسلہ پر نظر ڈالی اور پھر صحابیات میں ایسی خاتون کا نام تلاش کیا، جن کے تینوں ایسی قرابتی شہداء میں ہوں، مجھے اس تلاش میں کئی مہینے گزر گئے۔ الحمد للہ! کہ مجھے کامیابی ہوئی۔ یہ خاتون ہند رضی اللہ عنہا ہیں۔ خلاد بدری ان کا فرزند ہے۔ عبداللہ بدری و نقیب محمدی ان کا بھائی ہے۔ عمرو بن جموح سید الانصار ان کے شوہر' یہ سب جنگ احد میں شہید ہوئے تھے۔ یہ خاتون ہر سہ لاشوں کو اونٹ پر لاد کر احد سے مدینے لے گئیں اور پھر نبی شہیداں میں شامل کرنے کے لیے احد میں لائی تھیں۔ بے شک ایسی قوی ایمان کی خاتون ایسے ہی اعلیٰ ٹھہرانے کی ہو سکتی ہیں۔ جن کا ہر فرد ایمان اور عمل میں نہایت ممتاز تھا۔

ایک روایت میں اصیب زوجھا و اخوھا و ابوھا ہے۔ یعنی شوہر، برادر اور پدر شہید ہوئے تھے۔ ایسی خاتون کا نام میں متعین نہیں کر سکا۔ اسماء بنت یزید بن سکن رضی اللہ عنہا بڑے درجہ کی خاتون ہیں۔ یہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں رسولۃ النساء ہو کر آئی تھیں۔ ان کے والد یزید بن سکن اور بھائی عامر بن یزید شہداء احد میں ہیں' لیکن مجھے کسی کتاب میں ان کے شوہر کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔ اگر کسی روایت میں ان کے شوہر کا نام مل جاتا اور وہ نام اس فہرست میں پایا جاتا تو اس روایت کے مصداق حضرت اسماء رضی اللہ عنہا ہوتیں۔ یہ بڑے درجے کی خاتون ہیں اور خود بھی جنگ یرموک میں کفار سے جنگ کرتی ہوئی شہید ہوئی تھیں۔

[1] الاستیعاب نے شہداء بدر میں ایک نام عمار بن زیاد بھی بروایت ابن الکلبی لکھا ہے۔ وہ شاید ان کے بھائی ہیں۔

[2] صحیح بخاری میں بروایت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ہے کہ یوم احد کو ستر (70) مسلمان شہید ہوئے۔ بخاری 4078

تنبیہ

چند نام مالک بن ایاس اور حارث بن عدی بن خرشہ اور ایاس بن عدی چھوڑ دیے ہیں کیوں کہ امام اہل سیر ابن اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایت نہیں کی۔ جو اسماء لکھے گئے ہیں وہ علمائے سیر کے نزدیک متفقہ ہیں اور صحیح ہیں۔ ان شاء اللہ۔

شہدائے یوم الرجیع رضی اللہ عنہم (8)

1	مرثد بن کنعان بن حصین غنوی رضی اللہ عنہ	ان کا سلسلہ نسب سعد بن قیس بن عیلان تک منتہی ہوتا ہے۔ باپ بیٹا دونوں صحابی، دونوں بدری ہیں۔ جن مسلمانوں کو مکہ میں قریش نے اسلام لانے کی بنا پر قید کر رکھا تھا۔ مرثد مدینہ سے آتے جیل کی دیوار پھاند کر اندر جاتے۔ ان میں سے ایک مسلمان کو اٹھاتے۔ دیوار کود کر اسے نکال لے جاتے۔ اسی طرح کئی مسلمانوں کو رہائی ہوئی۔
2	خبیب بن عدی انصاری رضی اللہ عنہ	ان کا ذکر رحمۃ للعالمین جلد اول میں ہے۔
3	عاصم بن ثابت بن ابو الافلح قیس انصاری رضی اللہ عنہ	ابو سلمان کنیت ہے۔ بدری ہیں اور اوسی۔
4	زید بن دثنہ انصاری بیاضی رضی اللہ عنہ	بدری و احدی ہیں۔ کفار نے ان کو پھانسی دیا تھا۔ پھانسی کے نیچے جا کر کہنے لگا کہ مجھے دو رکعت نماز پڑھ لینے دو۔ نبی ﷺ نے آئندہ ہر مقتول کے لیے اس نماز کو مسنون فرما دیا۔
5	زید بن مزین انصاری بیاضی رضی اللہ عنہ	
6	عبداللہ بن طارق بن عمرو بن مالک بلوی رضی اللہ عنہ	
7	مغیث بن عبیدہ بن ابی ایاس بلوی رضی اللہ عنہ	نمبر 7، نمبر 6 بھائی ہیں۔
8	خالد بن بکیر بن عبد یالیل رضی اللہ عنہ [1]	

شہدائے بیر معونہ رضی اللہ عنہم (26)

1	منذر بن عمرو بن خنیس انصاری ساعدی رضی اللہ عنہ	عقبی، بدری، نقیب محمدی المعتق للموت لقب سید الشہداء خطاب ہے۔ مواخات میں طلیب بن عمرو کے بھائی بنے۔
2	حکم بن کیسان۔ مولیٰ ہشام مخزومی رضی اللہ عنہ	نخلہ میں اسیر ہو کر آئے تھے۔ مشرف باسلام ہو کر پھر فائز شہادت ہوئے۔
3	حرام بن ملحان (مالک) بن خالد انصاری رضی اللہ عنہ	بدری، اُحدی، ان کی بہن ام سلیم رضی اللہ عنہا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی والدہ اور مشہور صحابیہ ہیں۔ دوسری بہن ام ملحان بھی صحابیہ ہیں۔ یہ جب زخمی

[1] علمائے سیر نے اصحاب رجیع کی تعداد چھ (6) لکھی ہے۔ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے اشعار میں بھی 6 کے نام ملتے ہیں۔ صحیح بخاری میں ان کی تعداد 10 بتائی گئی ہے۔ ان میں سے آٹھ (8) نام مل گئے ہیں۔

		ہوئے تو اپنے خون کو ہاتھ میں لے کر منہ پر ملتے تھے اور کہتے تھے برب کعبہ مجھے اپنا مقصود مل گیا۔
4	سلیم بن ملحان (مالک) بن خالد انصاری ؓ	نمبر 3 کے برادر شفیق ہیں۔
5	حارث بن صمہ انصاری بخاری ؓ	جنگ بدر میں شامل ہونے کو آ رہے تھے کہ راہ ہی میں زخمی ہو گئے۔ اُحد کے بہادران ثابت قدم سے ہیں۔ بوقت شہادت ان کو دشمنوں نے تیروں سے پرو پرو کر شہید کر دیا۔
6	ثابت بن خالد بخاری ؓ	جنگ بدر و اُحد میں حاضر تھے۔
7	عامر بن فہیرہ ؓ مولی ابوبکر صدیق ؓ	قوم ازد سے تھے۔ سیاہ چہرہ، روشن دل، قدیم الاسلام حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے خرید کر آزاد کر دیا تھا۔ سفر ہجرت میں ہمرکاب نبی ﷺ تھے۔ عمر بوقت شہادت 40 سال، عامر بن طفیل ان کے قاتل کا بیان ہے کہ جب انکے نیزہ مارا تو ان کے جسم سے ایک نور ساطع ہوا۔ قاتل یہی کرامت دیکھ کر مسلمان ہو گیا۔ ان کی لاش مقتل میں نہیں ملی تھی۔
8	عروہ بن سماء بن صلت ؓ	یہ بنو سلیم سے تھے۔ قاتل بھی اسی قبیلہ کا تھا۔ اس نے ہم قومی کی وجہ سے ان کو امان دینی چاہی۔ انھوں نے مسلمانوں سے الگ ہونے سے انکار کر دیا۔
9	عائذ بن ماعص بن قیس بن خلدہ ؓ	انصاری الزرقی اور بدری ہیں۔
10	معاذ بن ماعص ایضاً ؓ	نمبر 9، نمبر 10 برادران شفیق ہیں۔ بدری و احدی
11	مسعود بن قیس بن خالد ؓ	نمبر 10 کے برادر عم زاد
12	سفیان بن ثابت انصاری ؓ	بنو نبیت سے ہیں۔
13	مالک بن ثابت انصاری ؓ	نمبر 12 کے برادر شفیق
14	سفیان بن حاطب بن امیہ ؓ	انصاری، ظفری، احد میں حاضر تھے۔
15	سہیل بن عامر بن ثقف ؓ	انصاری
16	سعد بن عمرو بن ثقف ؓ	نمبر 15 کے برادر عم زاد ہیں۔
17	طفیل بن سعد بن عمرو بن ثقف ؓ	جنگ احد میں حاضر تھے۔ نمبر 16 کے فرزند ہیں۔
18	سہل بن عمرو بن ثقف ؓ	نمبر 16 کے برادر حقیقی۔
19	قطبہ بن عبد عمرو بن مسعود بن عبد الاشہل ؓ	انصاری، خزرجی۔

20	منذر بن محمد بن عقبہ رضی اللہ عنہ	انصاری، اوسی، بدری، احدی۔
21	نافع بن بدیل بن ورقہ رضی اللہ عنہ	از بنو سہم
22	انس بن معاویہ رضی اللہ عنہ	از بنو عمرو بن مالک
23	ابی بن ثابت بن منذر رضی اللہ عنہ	ابوالفتح کنیت
24 25	ابی بن معاذ بن انس رضی اللہ عنہ	انصاری' نجاری' بدری' واقدی' نے ان کو اور ان کے بھائی کو اس سریہ کے شہداء میں شمار کیا ہے۔
26	مسعود بن خلدہ بن عامر بن زریق رضی اللہ عنہ [1]	بدری' احدی' بعض نے ان کو شہدائے خیبر میں شمار کیا ہے۔

شہید مریسیع رضی اللہ عنہ (1)

1	ہشام بن صبابہ لیثی رضی اللہ عنہ	مقیس بن صبابہ کے بھائی ہیں اور ایک مسلمان کے ہاتھ سے غلطی سے قتل ہوئے۔

شہدائے خندق (6) رضی اللہ عنہم

1	انس بن اوس بن عتیک بن عمرو رضی اللہ عنہ	انصاری' اشہلی احد میں حاضر تھے۔ تیر سے شہید ہوئے۔ ان کے بھائی ایاس جنگ احد میں شہید ہوئے۔
2	عبداللہ بن سہل بن زید رضی اللہ عنہ	انصاری' حارثی' بدری ہیں۔
3	ثعلبہ بن عنمہ بن عدی رضی اللہ عنہ	سلمی خزرجی' عقبی' احدی ہیں۔
4	طفیل بن مالک بن نعمان رضی اللہ عنہ	انصاری سلمی' بدری' غزوہ احد میں 31 زخم کھائے تھے۔ شفایاب ہو کر جنگ خندق میں شہید ہوئے۔
5	کعب بن زید بن قیس بن مالک رضی اللہ عنہ	انصاری' بدری' بیر معونہ کے ستر (70) اصحاب میں سے یہی زندہ بچے تھے۔
6	سعد بن معاذ بن نعمان رضی اللہ عنہ	اشہلی' خزرجی' سید الاوس یوم خندق میں تیر لگا۔ ایک ماہ زخمی رہے۔ نبی ﷺ نے بدست خاص دو بار جراحی فرمائی۔ اهْتَزَّ لَهُ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ ترجمہ: اللہ کا عرش جھوم گیا۔ انھی کی شان میں ہے۔

شہدائے بنو قریظہ (2) رضی اللہ عنہم

1	خلاد بن سوید بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ	انصاری الخزرجی' عقبہ و بدر و احد و خندق میں شامل تھے۔

[1] بیر معونہ کے شہداء کی تعداد انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے 70 بیان کی ہے۔ مجھے صرف 26 نام ملے، بخاری: 4078

2	سنان بن محصن رضی اللہ عنہ [1]	یہ نام سیرت ابن دحلان سے لیا ہے۔ الاستیعاب میں سنان بن وہب بن محصن ہے اور غالباً یہی صحیح ہے۔ واقدی نے ان کا انتقال 32ھ میں ہونا تحریر کیا ہے جو غالباً صحیح نہیں ہے۔

شہدائے غزوہ غابہ (3) رضی اللہ عنہم

1	ذر بن ابوذر رضی اللہ عنہ	نبی ﷺ نے ان کے قتل کیے جانے کی خبر پہلے سے بتا دی تھی۔
2	محرز بن نضلہ رضی اللہ عنہ	بنی اسد میں سے تھے۔ غزوات بدر و احد اور خندق میں شامل تھے۔
3	وقاص بن محرز رضی اللہ عنہ	بنو مدلج سے ہیں۔

شہدائے ذی القصہ (5) رضی اللہ عنہم

1	سلکان بن سلامت بن وقش بن زغبہ رضی اللہ عنہ	انصاری اشہلی ابونائلہ کنیت
2,3	حارث بن اوس بن معلیٰ بن لوذان رضی اللہ عنہ	ان کے چچا رافع جنگ بدر میں اور دوسرے چچا عبید رضی اللہ عنہ جنگ احد میں شہید ہوئے تھے۔
4	دو کس از قبیلہ مزینہ رضی اللہ عنہ	
5	یک کس از بنو غطفان رضی اللہ عنہ	

شہید سریہ وادی القریٰ (1) رضی اللہ عنہ

1	وردہ بن مرداس رضی اللہ عنہ	

شہید عرنیین رضی اللہ عنہ (1)

1	یسار نوبی رضی اللہ عنہ	نبی ﷺ کے غلام تھے۔

شہید غزوہ وادی القریٰ (1) رضی اللہ عنہ

1	مدعم رضی اللہ عنہ	حبشی غلام۔ نبی ﷺ نے آزاد کر دیا تھا۔

شہدائے خیبر (19) رضی اللہ عنہم

1	اوس بن حبیب رضی اللہ عنہ	انصاری۔ حصن ناعم پر شہید ہوئے۔
2	اوس بن فاکہ (یا فاتک) رضی اللہ عنہ	انصاری، اوسی

[1] شہدائے بنو قریظہ میں سے دو کے نام اور تین کے نامکمل پتے ملے ہیں۔ واقدی رحمہ اللہ نے ابو عیس 'نعمان' 'محیصہ' حویصہ ابو بردہ کے نام لکھے ہیں' لیکن زرقانی رحمہ اللہ نے ان کی صحت سے انکار کیا ہے۔

3	اوس بن عائذ ؓ	
4	اسلم ؓ	خیبر کے کسی یہودی کے غلام حبشی۔ میدان خیبر ہی میں اسلام لائے۔ اسی روز خلعت شہادت سے مشرف ہوئے۔ ان کی لاش خیمہ میں رکھی گئی۔ نبی ﷺ لاش دیکھنے کے لیے تشریف لے گئے تو جھٹ لوٹ آئے۔ فرمایا اس کے پاس تو اس کی بہشتی بیوی از قسم حور بیٹھی ہوئی ہے۔
5	ثابت بن واثلہ ؓ	
6	حارث بن حاطب ؓ	انصاری' اوسی' حدیبیہ' احد' خندق میں شامل تھے۔ غزوہ بدر کے وقت نبی ﷺ نے ان کو کسی اور خدمت پر مامور فرمایا تھا۔ قلعہ سے تیر آیا۔ دماغ کی ہڈی ٹوٹ جانے سے شہید ہوئے۔
7	رفاع بن مسروح ؓ	بنو اسد سے ہیں۔ بنو عبد شمس کے حلیف تھے۔
8	ربیعہ بن اکثم بن سنجرہ ؓ	اسدی مہاجر۔ ابو یزید کنیت۔ بدر' احد' خندق' حدیبیہ میں حاضر تھے۔ قد بہت چھوٹا تھا مگر ہمت نہایت بلند۔ عمر بوقت شہادت 34 سال تھی۔
9	سلیم ولد ثابت بن وقش بن زغبہ ؓ	احد' خندق' حدیبیہ میں حاضر تھے۔ مرحب یہودی کے ہاتھ سے زخمی ہو کر شہید ہوئے۔ ان کے والد اور دو بھائی غزوہ احد میں شہید ہوئے تھے۔
10	عامر بن اکوع (سنان) ؓ	مشہور پہلوان صحابی سلمہ بن عمرو بن اکوع ؓ کے چچا ہیں۔
11	عبداللہ بن ابوامیہ بن وہب ؓ	بنو اسد بن عبدالعزیٰ کے حلیف اور بھانجے تھے۔ ان کا نام صرف واقدی نے لیا۔
12	عبداللہ بن ہُبیب بن اُہیب ؓ	اسعدی۔ لیثی
13	عدی بن مرہ بن سراقہ بن خباب ؓ	بلوی (القضاعہ) چھاتی میں نیزہ لگنے سے شہید ہوئے۔
14	عروہ بن مرہ بن سراقہ ؓ	انصاری
15	عمارہ بن عقبہ ؓ	از بنو عصار بن جلیل تیر سے شہید ہوئے۔
16	ابوسفیان بن حارث بن قیس ؓ	انصاری
17	عمیر بن ثابت ؓ	انصاری' اوسی' ابوضیاح کنیت' بدر' احد' خندق' حدیبیہ میں شامل تھے۔
18	مسعود بن سعد بن عامر بن عدی ؓ	انصاری' اوسی' بدری ہیں۔

(1) اہل سیر نے شہدائے خیبر کی تعداد 15 لکھی ہے۔ مجھے تلاش کرتے ہوئے 23 نام ملے 19 فہرست بالا میں درج ہیں۔ باقی چار میں سے زنیف بن وائلہ کا نام صرف واقدی نے اور ناشف بن حبیب کا نام صرف طبری نے لیا ہے۔ بشیر بن براء بن معرور کا انتقال خاتمہ جنگ کے بعد زہر آلود گوشت کے کھانے سے ہوا تھا جو نبی ﷺ کے لیے زینب یہودیہ نے بھیجا تھا۔ بشیر بن عبدالمنذر کی بابت دو روایات ہیں۔ (1) بدر میں شہید ہوئے۔ (2) جنگ خیبر میں شہید ہوئے۔ میرے نزدیک روایت اوّل ہی قوی ہے۔

19	محمود بن مسلمہ ؓ [1]	انصاری، حارثی، احد و خندق میں حاضر تھے۔ دیوار قلعہ کے نیچے تھے کہ چکی کا پاٹ ان کے سر پر گرا۔ تین یوم زخمی رہ کر شہید ہوئے۔

شہید سریہ خربہ ؓ (1)

1	مرداس بن نہیک ؓ	بنو فرازہ سے تھے۔

شہید سریہ ابن ابی العرجاء ؓ (1)

1	حرم بن ابی العرجاء ؓ	

شہید اطلح ؓ

1	کعب بن عمیر ؓ	غفاری، انصاری، کبار صحابہ میں سے ہیں۔ نبی ﷺ ان کو اکثر سرایا میں سرداری بنایا کرتے تھے۔ دولابی وغیرہ کا قول ہے کہ دس (10) میں سے صرف یہی بچے تھے۔ ابن اسحٰق کا قول ہے کہ سب ہی شہید ہوئے۔ دس میں سے صرف ان کا نام ملا ہے۔

شہدائے موتہ (14) رضی اللہ عنہم

نبی ﷺ نے حضرت حارث بن عمیر الازدی ؓ کو اپنا سفیر بنا کر بھیجا تھا۔ شرحبیل بن عمرو الغسانی گورنر شام نے ان کو باندھ کر قتل کر دیا۔ اس مظلومانہ قتل کی وجہ سے یہ لشکر کشی کی گئی تھی۔ نبی ﷺ نے حضرت زید ؓ کو امیر لشکر بنایا تھا اور لشکر کو رخصت کرتے وقت ارشاد فرمایا تھا کہ ''اگر زید ؓ مارے جائیں تو جعفر طیار ؓ امارت کریں۔ اگر وہ بھی مارے جائیں تو عبداللہ بن رواحہ ؓ امیر ہوں۔ وہ بھی مارے جائیں تو مسلمان کسی کو اپنے میں سے سردار بنالیں۔ [1] واقدی کی روایت ہے کہ نعمان نامی ایک یہودی بھی حاضر تھا' وہ بولا کہ اگر محمد (ﷺ) سچا نبی ہے تو یہ سب مارے جائیں گے۔ پھر وہ یہودی از راہ شرارت حضرت زید ؓ کے پاس گیا اور کہا کہ وصیت کر جاؤ۔ کیوں کہ محمد ﷺ سچا نبی ہے تو تم واپس نہ آؤ گے۔ حضرت زید ؓ نے فرمایا اَشْهَدُ اَنَّهٗ رَسُوْلٌ صَادِقٌ نبی ﷺ نے رخصت کے وقت ان الفاظ سے لشکر کو مخاطب فرمایا تھا:

اُغْزُوْا بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ لَا تَغْدِرُوْا وَ لَا تَغُلُّوْا وَ لَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا وَ لَا اِمْرَاَةً وَ لَا كَبِيْرًا فَانِيًا وَلَا مُنْعَزِلًا بِصَوْمَعَةٍ وَ لَا تَقْرَبُوْا نَخْلًا وَّ لَا شَجَرَةً وَ لَا تَهْدِمُوْا بِنَاءً ۔ [2]

''اللہ کے نام اور اللہ کی راہ میں منکرین حق سے غزا کرو۔ دیکھو غدر نہ کرنا' غل سے بچنا' بچے کو اور عورت کو اور بوڑھے کو اور مندروں میں رہنے والوں کو قتل نہ کرنا۔ پھل دار درخت یا سایہ دار درخت کو نہ کاٹنا۔ کسی عمارت کو نہ گرانا۔''

---

[1] بخاری: 4261 [2] مسلم: 4522، ترمذی: 1408، ابوداود: 2613، بیہقی: 2858، مجمع الزوائد: 256/5، کنز العمال: 11008 موطا: 448، مسند احمد: 240/4، تاریخ بغداد: 296/4

شہداء کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ زرقانی جلد دوم ص 273 پر ہے کہ ان کی تعداد بارہ (12) تھی

1	زید بن حارثہ بن شرحبیل الکلبی رضی اللہ عنہ	باپ کی طرف ان کا سلسلہ نسب قضاعہ تک اور والدہ سعدی بنت ثعلبہ کی جانب سے بنو طے تک پہنچتا ہے۔ ان کو رہزنوں نے ان کی والدہ سے چھین لیا اور فروخت کر دیا۔ بازار عکاظ میں حکیم بن حزام نے چار سو (400) درہم میں ان کو اپنی پھوپھی خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے لیے خرید لیا۔ ام المومنین نے ان کو کمال شفقت و راحت سے پرورش کیا۔ ان کے والد اور چچا ان کو لینے آئے تو انھوں نے نبی ﷺ کو چھوڑ کر جانا پسند نہ کیا۔ بدر میں حاضر ہوئے اور سات سرایا میں امیر لشکر بنائے گئے۔ امام زہری رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے کہ سب سے اول یہی اسلام لائے تھے۔ مسلمانوں میں صرف انہی کا نام قرآن مجید میں آیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف میں فرمایا: اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ۔ "انعام یافتہ خدا و انعام یافتہ رسول"۔ ان کے فرزند اسامہ رضی اللہ عنہ تھے۔ جو ام ایمن کے بطن سے تھے۔ وہ محب رسول اللہ ﷺ کے لقب سے ملقب ہوئے۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے مواخات میں حضرت حمزہ کا بھائی بنایا تھا اور مقدمہ حضانت دختر حمزہ میں ان کو اَخُوْنَا وَ مَوْلَانَا کے خطاب سے ممتاز کیا تھا۔ الاستیعاب میں ہے کہ ایک دفعہ انھوں نے مکہ سے طائف تک کے لیے خچر کرایا پر لیا۔ خچر والا ڈکیتی پیشہ تھا۔ وہ ان کو سنسان ویران جنگل میں لے گیا جہاں لاشیں ہی لاشیں پڑی ہوئی وہ ان کو قتل کرنے لگا۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے کہا کہ دو رکعت نماز پڑھ لینے دو۔ وہ بولا پڑھ لو۔ جن لاشوں کو تو دیکھ رہا ہے' یہ بھی نمازیں پڑھنے والے ہی تھے۔ میرے ہاتھ سے تو کوئی نہ بچا۔ حضرت نے نماز پڑھی۔ تین بار یاارحم الراحمین! کہا۔ جبریل علیہ السلام آئے اور انھوں نے ڈکیت کو قتل کر دیا۔
2	جعفر رضی اللہ عنہ (طیار) بن ابی طالب بن عبدالمطلب	ان کا مفصل حال اس کتاب کے باب اول میں ہے۔ اور ان کی تقریر بہ دربار حبش جلد اول میں درج ہے۔
3	عبداللہ بن رواحہ بن ثعلبہ الخزرجی رضی اللہ عنہ	یکے دوازدہ (12) نقبائے محمدی ﷺ ہیں۔ بیعت عقبہ اور غزوات بدر و احد و خندق و حدیبیہ و عمرۃ القضا میں شامل تھے۔ نبی ﷺ کے شعراء خاص میں سے تھے۔ سخت ریاضت کش تھے۔ ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک سفر میں موسم گرم تھا۔ لوگ اپنے سروں کو اپنے ہاتھوں کے سایہ سے بچاتے تھے اس روز

		تمام لشکر میں نبی ﷺ اور ابن رواحہ ہی روزہ سے تھے۔ جنگ موتہ کے لیے جب فوج روانہ ہونے لگی تو لوگوں نے ان کو بہ خیر و عافیت واپسی کی دعا دی۔ انھوں نے فی البدیہ یہ اشعار پڑھے۔ وَلٰکِنَّنِیْ اَسْئَالُ الرَّحْمٰنَ مَغْفِـرَۃً وَ ضَـرْبَۃً ذَاتَ فَـرْعٍ تَـقْـذِفُ الـزَّبـدًا وَ طَعْـنَۃَ بِیَـدِیَ حـران مهـجـرۃ بِـحَـرْبَۃٍ تَـنْـفِـدُ الْاَحْشَـاءَ والـکَبَـدًا حَتّٰـی یَـقُـوْلُـوا اذَا مَـرُّوا عَـلٰـی جَـدَثِـیْ یَـا اَرْشَـدَ اللّٰہُ مِـنْ غَـازٍ وَ قَـدْ رَشَـدًا میرا سوال رحمٰن سے یہ ہے کہ سر پر ایسی چوٹ لگے جو کھوپڑی کو توڑ ڈالے نیزہ اور تلوار میرے جگر و دل کو چھید ڈالیں۔ اللہ میری مغفرت کرے اور میری لاش کو دیکھ کر لوگ کہیں۔ شاباش غازی خوب کام کر گیا۔ ان کو فوج کی کمانڈ حضرت زید و جعفر کے بعد ملی تھی۔ اس وقت میدان جنگ میں انھوں نے اشعار ذیل پڑھے اور حملہ کر کے اپنا فرض ادا کرتے ہوئے جنت کو سدھار گئے۔ نبی نے ہر سہ امراء کی ارائک جنت پر رونق افروزی کا مشاہدہ کیا تھا۔ یـا نـفـس ان لـم تـقـتـلـی تـمـوت هـذا حـمـا م الـمـوت قـد صـلـیـت و مـا تـمـنـیـت فـقـد اعـطـیـت ان تـفـعـلـی فـعـلـهـا هـدیـت اے جان! موت کا بازار گرم ہو رہا ہے۔ قتل سے بچے تو موت سامنے ہے۔ جو تو نے چاہا اللہ نے دیا۔ اب اگر ابو بکر و عمر کی راہ پر چلنا ہو تو ہدایت مل گئی۔
4	جابر بن ابی صعصعہ بن زید المازنی انصاری رضی اللہ عنہ	
5	ابو کلاب بن ابی صعصعہ بن زید المازنی انصاری رضی اللہ عنہ	نمبر 4، نمبر 5 حقیقی بھائی ہیں۔ ان کے ایک بھائی قیس تھے۔ ان کو نبی ﷺ نے جنگ بدر میں فوج ساقہ کا سردار بنایا تھا۔ ایک بھائی حارث تھے۔ وہ جنگ یمامہ میں شہید ہوئے تھے۔
6	سراقہ بن عمرو بن عطیہ الانصاری النجاری رضی اللہ عنہ	بدر، احد، خندق، حدیبیہ، خیبر، عمرۃ القضاء میں ہم رکاب مصطفوی ﷺ تھے۔
7	عبادہ بن قیس بن عبسہ الانصاری رضی اللہ عنہ	جنگ بدر میں مع برادر خورد سبیع بن قیس شامل تھے

8	وہب بن سعد بن ابی سرح القرشی العامری رضی اللہ عنہ	احد۔خندق۔حدیبیہ۔خیبر میں شامل تھے۔
9	مسعود بن سوید بن حارثۃ القرشی العدوی رضی اللہ عنہ	بنو عدی کے ان ستر (70) اشخاص میں سے ہیں جنھوں نے ہجرت کی تھی۔
10	مسعود بن الاسود بن حارثۃ ایضاً رضی اللہ عنہ	نمبر 9 کے چچازاد بھائی بیعت رضوان میں شامل تھے۔
11	عبادہ بن قیس بن زید بن امیۃ الانصاری الخزرجی رضی اللہ عنہ	بدر٬احد٬خندق٬خیبر٬حدیبیہ میں شامل تھے۔
12	سوید بن عمرو رضی اللہ عنہ	مواخات میں نمبر 8 کے بھائی تھے۔
13	ہویجہ بن بجیر بن عامر الضبی رضی اللہ عنہ [1]	

شہدائے مکہ (2) رضی اللہ عنہما

1	حبیش بن اشعر بن منقذ بن ربیعہ رضی اللہ عنہ	قوم خزاعہ سے ہیں۔
2	کرز بن جابر بن حسیل فہری قرشی رضی اللہ عنہ	ہجرت نبوی ﷺ کے بعد انھی نے قریش کی طرف سے مسلمانوں پر سب سے پہلا حملہ کیا تھا۔ بعد ازاں مسلمان ہوئے پھر عرنیین میں سردار بنائے گئے۔ فتح مکہ کے دن حبیش پہلے شہید ہوئے کرز نے ان کی لاش اپنی ٹانگوں کے درمیان کر لی اور لاش کی حفاظت کرتے اور لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔ [2]

شہدائے حنین (6) رضی اللہ عنہم

1	ایمن بن عبید حبشی رضی اللہ عنہ	حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے ماں جائے بھائی ہیں۔ یہ ان جوانمردوں میں سے ہیں۔ جو یوم حنین کو ثابت قدم رہے تھے۔
2	حویرث بن عبداللہ بن خلف رضی اللہ عنہ	غفاری٬انصاری٬ابی اللحم لقب٬یہ بتوں پر چڑھے کا گوشت پہلے سے نہیں کھایا کرتے تھے۔
3	مرہ بن سراقہ رضی اللہ عنہ	
4	سراقہ بن حباب رضی اللہ عنہ	انصاری
5	سراقہ بن حارث بن عدی رضی اللہ عنہ	بنو عجلان سے ہیں۔
6	یزید بن زمعہ بن اسود بن مطلب رضی اللہ عنہ	ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے ہیں۔ سرداران قریش میں سے تھے۔ مہمات قومی میں ان کا مشورہ قریش ضروری سمجھتے تھے۔

[1] یہ فہرست ان شاء اللہ مکمل ہے۔ ابن دحلان نے 13 نام لکھے ہیں، حارث سفیر نبوی سمیت یہ تعداد 14 ہوگی۔
[2] صحیح بخاری میں ہے قُتِلَ مِنْ خَيْلِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ يَوْمَئِذٍ رَجُلَانِ بخاری:4280

شہدائے طائف (13) رضی اللہ عنہم

1	حارث بن سہل بن ابو صعصعہ رضی اللہ عنہ	انصاری' نجاری' از بنو مازن۔ ان کے دو چچا جنگ موتہ میں ایک جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔
2	حباب بن جبیر رضی اللہ عنہ	
3	عرفطہ بن حباب بن جبیر رضی اللہ عنہ	نمبر 2' نمبر 3 باپ بیٹا ہیں۔ بنو امیہ کے حلیف ہیں۔
4	جلیحہ بن عبداللہ بن حارث رضی اللہ عنہ	لیثی ہیں۔
5	رقیم بن ثابت رضی اللہ عنہ	انصاری۔ اوسی
6	ثابت بن جذع رضی اللہ عنہ	انصاری' عقبی' و بدری
7	سعید بن سعید بن عاص بن امیہ رضی اللہ عنہ	قرشی الاموی
8	عبداللہ بن ابو امیہ بن مغیرہ رضی اللہ عنہ	قرشی المخذومی ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے برادر از جانب پدر
9	عبداللہ بن حارث بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ	قرشی الہاشمی نبی ﷺ کے چچیرے بھائی ہیں۔
10	سائب بن حارث بن قیس بن عدی رضی اللہ عنہ	قرشی۔ سہمی۔ بعض کا قول ہے کہ یہ طائف میں زخمی اور یوم فحل 13ھ میں شہید ہوئے۔
11	عبداللہ بن عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ	عدوی ہیں۔
12	عبد بن قوال بن قیس بن وقش بن ثعلبہ	عدوی' احد اور جملہ مشاہد مابعد میں شریک ہوئے
13	منذر بن عبد بن قوال	نمبر 12 کے فرزند ہیں۔ [1]

شہدائے مشاہد مختلفہ رضی اللہ عنہم

اس فہرست میں ان شہیدان پاک کے نام لکھے جاتے ہیں' جن کی بابت علمائے سیر میں یہ تو اتفاق ہے کہ وہ عہد پرنور مصطفوی ﷺ میں شہید ہوئے تھے مگر ان کے مشاہد کے تعین میں اختلاف ہے۔

1	قرعۃ بن عتبہ (عقبہ) انصاری الاشہلی رضی اللہ عنہ	
2	مالک بن خلف بن عمرو الخزاعی رضی اللہ عنہ	طلیعہ احد پر مع اپنے بھائی نعمان کے مامور تھے
3	مخیریق رضی اللہ عنہ	یہودی عالم از بنو نضیر تھے۔ بروز جنگ احد ایمان لائے اور سیدھے میدان جنگ میں پہنچ گئے۔ اپنے مال کی وصیت نبی ﷺ کے لیے کر گئے تھے۔
4	ثابت بن نعمان بن امیہ ابو حنہ رضی اللہ عنہ	بدری ہیں۔

[1] یہ فہرست ان شاء اللہ مکمل ہے۔

5	سہل بن رومی بن وقش بن زغبہ رضی اللہ عنہ	واقدی نے شہدائے احد میں ان کا نام لیا ہے۔
6	یزید بن سعید الکندی والد سائب رضی اللہ عنہ	
7	بشر بن براء بن معرور۔ انصاری رضی اللہ عنہ	خیبری۔ زہر آلود گوشت کے کھانے سے شہادت واقع ہوئی۔
8	طفیل بن نعمان بن خنساء الانصاری رضی اللہ عنہ	
9	مسعود بن خلدہ رضی اللہ عنہ	الانصاری۔ الزرقی
10	عبداللہ (حکم) بن سعید بن العاص بن امیہ رضی اللہ عنہ	قرشی۔ بدری ہیں۔
11	مسعود بن الاسود بن حارثہ رضی اللہ عنہ	قرشی العدوی
12	ہبار بن سفیان بن عبدالاسد رضی اللہ عنہ	المخزومی

باب چہارم 4

﴿ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴾ [الانعام:25]

کفار عرب قرآن مجید میں پہلی قوموں اور پچھلے نبیوں کے حالات سنتے تو قرآن مجید پر یہ پھبتی کستے کہ اس میں ہے ہی کیا؟ زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ محمد ﷺ ہمیں اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ سنایا کرتا ہے۔

لغت میں اساطیر فسانہ نما قصوں کو کہتے ہیں؛ جن میں حقیقت کم ہو مگر دلچسپی زیادہ ہو۔ کفار عرب جو علوم سے بے بہرہ، خط و کتابت سے عاری، احوال عالم سے بے خبر تھے، وہ تو اپنی جہالت اور ناواقفیت کی وجہ سے بہت کچھ قابل ترحم تھے؛ لیکن تعجب تو یہ ہے کہ ان جاہل وحشی بت پرستوں کے اس لفظ کو اہل کتاب نے نہایت پسندیدگی سے دیکھا اور خود بھی اپنی کتابوں میں بارہا مختلف پیرایوں کے ساتھ دہرایا۔

بعض پادریوں نے یہاں تک لکھ دیا ہے کہ محمد ﷺ نے یہ سب قصے ایک عیسائی عالم سے ہی سن کر اپنی زبان میں ڈھال لیے تھے۔

ہم اس مضمون میں دکھائیں گے کہ ایک ہی قصہ کے متعلق موجودہ بائبل کیا بیان کرتی ہے اور قرآن مجید کیا۔ اس کے ملاحظہ سے ناظرین خود ہی دیکھ سکیں گے کہ قرآن مجید اپنی تعلیم میں دیگر آسمانی کتابوں سے کس قدر اعلیٰ ہے۔ ایسی پاک کتاب کے سنانے والے کی نسبت یہ خیال کرنا کس قدر غلط ہے کہ وہ اپنے سے پہلی کتابوں کے مضامین کو چرا چرا کر بیان کرتا تھا۔

چوں کہ عیسائی لوگوں کا یہ اعتراض ذات ستودہ صفات نبی ﷺ پر ہے، اس لیے ضروری ہے کہ اس بات کو سیرت النبی ﷺ کے اندر شامل کیا جائے۔

آدم علیہ السلام

بائبل کی کتاب پیدائش کے باب 2، 3 میں آدم علیہ السلام کی پیدائش، باغ عدن کے قیام، درخت تمیز سے پھل کھانے اور باغ سے نکالے جانے کا ذکر ہے۔ درس 17 باب 3 میں یہ بھی ہے کہ "زمین تیرے سبب سے لعنتی ہوئی"۔ تمام بائبل میں کہیں مذکور نہیں ہے کہ آدم علیہ السلام کے اس گناہ کی معافی بھی ہو گئی تھی۔ لیکن قرآن مجید نے آدم علیہ السلام کے جن خاص فضائل کا ذکر کیا ہے اور جن سے بائبل خاموش ہے، وہ یہ ہیں:

1. کہ پھل کھاتے وقت آدم علیہ السلام اللہ پاک کے حکم کو بھول گئے تھے۔

﴿ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ ﴾ [طٰہٰ:115]

2. آدم علیہ السلام کی نیت میں خلاف حکم کرنے کا ارادہ شامل نہ تھا:

﴿ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴾ [طٰہٰ:115]

3. رب کریم نے ان کی اس حرکت کو بخش دیا تھا اور آئندہ انھیں بہترین راہ ہدایت بھی کر دی تھی اور آدم علیہ السلام کو اپنی درگاہ کا برگزیدہ بھی بنالیا تھا۔

﴿ ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴾ [طٰہٰ:122]

4. آدم علیہ السلام پر کلام الٰہی بھی نازل ہوا تھا۔

﴿ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ ﴾ [البقرۃ:37]

لیکن بائبل اس سے خاموش ہے حالانکہ اگر نسل انسانی کے پدر اعظم کو اس فضیلت سے عاری کر دیا جائے تو اس میں کوئی بھی فضیلت نہیں رہ جاتی۔

قرآن مجید حضرت آدم علیہ السلام کے متعلق جس بات میں چپ ہے اور بائبل اسے بیان کرتی ہے وہ یہ فقرہ ہے۔ خدا نے آدم کو پیدا کیا۔ خدا کی صورت پر اسے بنایا۔ درس 1 باب 5۔ کتاب پیدائش یہی مطلب اس کتاب کے درس 26 میں ان الفاظ میں ہے: ''تب خدا نے کہا کہ ہم انسان کو اپنی صورت اور اپنی مانند بنادیں۔''

میں نہیں سمجھ سکتا کہ اس فقرہ کے بعد کیوں کر کوئی اہل کتاب اللہ کے جسم اور جسمانیت سے انکار کر سکتا ہے اور کیوں کر اللہ کو محدود ہونے سے بری ٹھہرا سکتا ہے۔ اور کیوں کر اللہ کا تصور انسان سے بالاتر ہونے کا دوسرے کو دلا سکتا ہے۔

بے شک قرآن مجید نے اس فقرہ کو چھوڑ دینے سے ثابت کر دیا کہ تقدیس وتنزیہہ ربانی کی جو تعلیم قرآن مجید میں ہے' وہ سب سے اعلیٰ ہے۔

قائن وہابیل فرزندانِ آدم علیہ السلام

بائبل نے بیان کیا ہے کہ:

1. قائن نے اپنے بھائی ہابیل کو مار ڈالا۔ درس 8 باب 4 پیدائش۔
2. خداوند نے قائن پر ایک نشان لگایا کہ جو کوئی اسے پاوے مار نہ ڈالے۔
3. خداوند نے کہا کہ کوئی قائن کو مار ڈالے گا' سات گنا بدلہ اس سے لیا جائے گا۔

ایک قاتل کے متعلق یہ اصول دنیا کے امن وامان کے لیے جس قدر مضر اور خطرناک ہے' وہ ظاہر ہے۔ قرآن مجید نے اس قصہ کو بیان فرماتے ہوئے بتایا ہے۔

1. کہ قائن اپنے بھائی کو قتل کرنے سے خود زیاں کار اور منجملہ اصحاب نار بنا۔

﴿ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ﴾ [المائدہ:29] ''تو دوزخ والوں میں سے ہوگا۔''

﴿ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴾ [المائدہ:30] ''اس نے بھائی کو قتل کر دیا اور خسارہ پانے والوں سے ہو گیا۔''

2. پھر انسان کی زندگی کی قدر و قیمت اور انسان کے ہلاک کرنے کے وبال سخت اور گناہ عظیم کا بیان فرمایا: ''کہ ایک انسان کا قتل کر دینا تمام بنی آدم کے قتل کے برابر ہے اور ایک انسان کو ہلاکت سے بچالینا تمام نسل کو ہلاکت سے بچانے کے برابر ہے۔''

﴿ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِى الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ﴾ [المائدہ:32]

''جس نے کسی انسان کو (قصاص) یا ملکی فساد کے بغیر قتل کیا اس نے گویا سب ہی انسانوں کو قتل کیا اور جس نے ایک انسان کی زندگی کو بچایا اس نے گویا سب ہی انسانوں کو بچایا۔''

اب قارئین بائبل اور قرآن مجید دونوں کے فرق کو اور قرآن مجید کے تفوق کو بخوبی معلوم کر سکتے ہیں۔

نوح علیہ السلام

بائبل میں حضرت نوح علیہ السلام کا ذکر کتاب پیدائش کے 6 باب سے شروع ہوتا ہے۔ باب 7-8 میں طوفان کا ذکر ہے۔ باب 9 میں بعد طوفان کا ذکر ہے اور باب 10 میں اولاد نوح کا ذکر ہے۔ جو شخص بائبل کو پڑھ اور سمجھ سکتا ہے وہ بائبل کو پڑھے اور سمجھے۔

1. اس میں ایک فقرہ بھی نوح علیہ السلام کے پند و نصیحت فرمانے کی بابت درج نہیں۔
2. اس میں ایک جگہ بھی نہیں بتایا کہ جو لوگ طوفان میں ڈبو دیے گئے تھے ان کا خاص گناہ کیا تھا؟
3. اس میں نہیں بتایا کہ کیوں ہلاکت ہی بہ طور آخری علاج کے اختیار کی گئی تھی۔
4. اس میں نہیں بتایا گیا کہ نوح کن لوگوں میں مبعوث کیے گئے تھے۔
5. اور کون لوگ غرق طوفان ہوئے۔

لیکن قرآن مجید ان جملہ امور پر روشنی ڈالتا ہے۔

قرآن مجید نے بتایا:

1. ﴿ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا اِلٰی قَوۡمِهٖۤ ﴾ [نوح:1] کہ ”نوح علیہ السلام اپنی ہی قوم کی طرف مبعوث ہوئے تھے۔“
2. قرآن نے بتایا کہ نوح علیہ السلام 950 سال تک برابر نصیحت کرتے رہے:۔
   ﴿ فَلَبِثَ فِيۡهِمۡ اَلۡفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمۡسِيۡنَ عَامًا ﴾ [العنکبوت:14]
3. بتایا ہے کہ اسرار و اعلان کے تمام طریقوں سے حضرت نوح علیہ السلام قوم کو نصیحت کر چکے تھے۔
4. بتایا ہے کہ قوم شرک کے گندے گناہ سے آلودہ ہو گئی تھی۔
5. بتایا ہے کہ وہ شرک میں اتنے منہمک ہو گئے تھے کہ اولاد و احفاد، دوست احباب کو اسی شرک کے لزوم کی نصیحتیں اور وصیتیں کیا کرتے تھے: ﴿ وَ قَالُوۡا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمۡ وَ لَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّ لَا سُوَاعًا ۙ وَّ لَا يَغُوۡثَ وَ يَعُوۡقَ وَ نَسۡرًا ﴾ [نوح:23]
6. بتایا گیا ہے کہ ان کی آئندہ نسلوں کی صلاحیت پذیر ہونے کی امید بھی منقطع ہو گئی تھی۔
   ﴿ وَ لَا يَلِدُوۡۤا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴾ [نوح:27]
7. بتایا گیا ہے کہ وہی قوم غرق کی گئی تھی جس نے شرک و طغیان و سرکشی اختیار کی تھی۔

﴿ كَذَّبَتۡ قَبۡلَهُمۡ قَوۡمُ نُوۡحٍ وَّعَادٌ وَّفِرۡعَوۡنُ ذُو الۡاَوۡتَادِ ۝ وَثَمُوۡدُ وَقَوۡمُ لُوۡطٍ وَّاَصۡحٰبُ لۡـَٔيۡكَةِ ؕ اُولٰٓـئِكَ الۡاَحۡزَابُ ۝ اِنۡ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴾ [ص:12-14]

”نوح، عاد اور فرعون ذو الاوتاد اور ثمود اور قوم لوط اور اصحاب الایکہ کی جماعتوں نے ان سے پہلے تکذیب کی ان سب نے رسولوں کو جھٹلا دیا اور اسی لیے ان پر عذاب کا آنا ٹھیک ہے۔“

ہاں قرآن مجید نے جو کچھ حضرت نوح علیہ السلام کی بابت بتایا ہے اور جس سے بائبل خاموش ہے وہ بہت سے امور ہیں۔

اوّل: نوح علیہ السلام کے ایک نافرمان بیٹے کا قصہ جس میں بتایا گیا ہے:

1. کہ اللہ کے حکم کے سامنے اولاد کی محبت کو چھوڑ دینا چاہیے۔

② نیز یہ کہ عالی نسب ہونا اس شخص کے لیے ذرا بھی مفید نہیں جس کے اپنے اعمال اچھے نہ ہوں:۔ ﴿اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ﴾ [ھود:46]

③ اور یہ کہ نیک باپ بری اولاد سے کیوں کر علیحدہ ہو جاتے ہیں۔

﴿رَبِّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ﴾ [ھود:47]

اے رب! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ تجھ سے اس بات کا سوال کروں جس کا علم مجھے نہیں۔

دوم: قرآن مجید بتاتا ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کے ساتھ اور بھی چند نفوس بچے تھے جو حضرت نوح علیہ السلام پر ایمان لائے تھے اور اللہ نے ان کو بھی سلامتی کے خلعت سے مشرف فرمایا تھا۔

﴿وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ﴾ [ھود:40]

''نوح علیہ السلام کے ساتھ تھوڑے ہی ایمان لائے تھے۔''

﴿يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ﴾ [ھود:48]

''اے نوح! کشتی سے اتر' ہماری سلامتی اور برکتوں کے ساتھ جو تجھ پر ہیں اور ان سب پر جو تیرے ساتھ ہیں۔''

سوم: قرآن مجید بتاتا ہے کہ حضرت نوح کی اولاد کبھی منقطع نہ ہوگی۔

﴿وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ﴾ [الصٰفٰت:77] ''ہم نے نوح علیہ السلام کی اولاد کو باقی رہنے والے بنایا۔''

بائبل ان جملہ افادات سے خالی ہے۔

اب بائبل جو بات قرآن مجید سے زائد بیان کرتی ہے وہ یہ ہے: نوح مے پی کر نشہ میں آیا اور اپنے ڈیرہ کے اندر خود کو ننگا کیا۔ حام نے اپنے باپ کو ننگا دیکھا۔[(21-22)/9 پیدائش] قرآن مجید بے شک اس سے خاموش ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام

بائبل کی کتاب پیدائش میں ابراہیم علیہ السلام کا قصہ 12 باب سے 25 باب تک ہے۔ بایں ہمہ بائبل ان فضائل کے بیان سے ساکت ہے جو قرآن مجید نے حضرت خلیل الرحمٰن علیہ السلام کے بیان کیے ہیں۔

① قرآن مجید میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ﴿مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ﴾ [الانعام:75] نظر ڈالنے تاروں' چاند' سورج وغیرہ میں الٰہیت الٰہیت نہ ہونے پر استدلال کرنے کا مفصل بیان ہے اور اس سے سبق ملتا ہے کیوں کہ سعادت مندان ازلی اس صحیفہ قدرت کو دیکھ کر منازل خداشناسی کو طے کر جاتے ہیں۔ بائبل میں یہ مذکور نہیں۔

② قرآن مجید نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بت شکنی کا بیان کیا ہے اور ﴿فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا﴾ [الانبیاء:58] کہہ کر بتادیا جاتا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام اپنی ابتدائی عمر ہی سے شرک کے دشمن اور توحید کے فدائی تھے۔ لیکن بائبل میں یہ مذکور نہیں۔

③ قرآن مجید میں اس مناظرہ کا ذکر ہے جو ابراہیم علیہ السلام نے توحید کے بارے میں اپنی قوم کے ساتھ کیا اور عقیدے کی پختگی میں قوم کی مخالفت کی ذرا پروانہ کی تھی۔

﴿وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ﴾ [الانعام:80]

''اس کی قوم نے اس سے جھگڑا کیا ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ کیا تم اللہ کی بابت مجھ سے جھگڑتے ہو اسی نے تو مجھے ہدایت فرمائی ہے۔''

4 قرآن مجید میں اس نصیحت کا ذکر ہے جو ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ آزر کو فرمائی تھی:

﴿اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَ لَا يُبْصِرُ وَ لَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْـًٔا﴾ [التوبہ:42]

''اے باپ! تو کیوں ایسی چیزوں کو پوجا کرتا ہے جو نہ سن سکیں' نہ دیکھ سکیں' نہ تیرا کوئی کام بنا سکیں۔''

قرآن پاک نے ان کے باپ کی سختی اور ابراہیم علیہ السلام کا باپ سے علیحدہ ہو جانا بھی بتایا ہے۔

﴿يٰۤاِبْرٰهِيْمُ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ﴾ [مریم:46]

''اے ابراہیم! اگر تو باز نہ آیا تو میں تجھے سنگسار کر دوں گا۔''

5 قرآن پاک میں اس مناظرہ کا ذکر بھی ہے جو بادشاہ وقت سے انھوں نے کیا' وہ بادشاہ سرگروہ مبطلین تھا۔ اللہ تعالیٰ کا منکر' انانیت کا قائل' اللہ پاک نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ان دلائل کو بھی بیان فرمایا ہے جنھیں سن کر ایسا محسن کش و مغرور بادشاہ بھی حیران رہ گیا تھا۔

﴿فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ﴾ [البقرۃ:258] ''تب کافر حیران رہ گیا۔''

6 قرآن پاک نے ابراہیم علیہ السلام کے خلاف قوم اور سلطنت کا اتفاق' ان کا آگ میں ڈالا، جانا رب کریم کا اپنے خلیل علیہ السلام کو بچا لینا بیان فرمایا ہے۔

﴿قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ﴾ [الانبیاء:68]

''ہم نے کہا اے آگ ابراہیم علیہ السلام پر تو ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو جا۔''

7 قرآن مجید نے اس طریقہ استدلال کا بھی ذکر کیا ہے' جس سے احیائے موتیٰ کے مسئلہ میں غور کرنے والے کے لیے ابراہیم علیہ السلام ایک روشن مثال چھوڑ گئے ہیں۔

﴿رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى﴾ [البقرۃ:260]

''اے رب! مجھے دکھا تو مردوں کو کیوں کر زندہ کرے گا۔''

بائبل ان تمام باتوں سے بالکل خاموش ہے۔ بائبل حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کسی دینی خدمت کا ذکر تک نہیں کرتی۔

1 بائبل نے اگر کوئی ایسا ذکر بھی کیا جو قرآن مجید میں نہیں تو وہ یہ ہے کہ ''ابراہیم علیہ السلام نے اپنی بیوی کو سکھایا تھا کہ تو کہنا کہ میں اس کی بہن ہوں'' (12-11 پیدائش)

2 بائبل نے لکھا ہے کہ ابرہیم علیہ السلام اپنی بیوی سرہ کے کہنے سے اپنے بیٹے اسماعیل علیہ السلام اور بیوی ہاجرہ علیہا السلام کو گھر سے نکال دیا تھا۔ 10۔14 درس 21 باب۔ وہ بے چارے بیابان میں بھٹکتے پھرتے رہے۔

اس بیان سے ابراہیم علیہ السلام کے رحم اور انصاف پر بہت سے اعتراض وارد ہوتے ہیں۔

لیکن قرآن مجید نے جب اس واقعہ کا ذکر کیا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے بیوی اور بچے کو نکالا نہ تھا بلکہ توحید کی

منادی پھیلانے کے لیے ایک مرکز منتخب فرمایا تھا اور توحید کی تعلیم کو تمام دنیا تک پہنچانے کے لیے اپنے کنبے کو دور دراز ممالک تک پھیلا دیا تھا:

﴿ رَبَّنَا إِنِّي أَسْكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ عِندَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيمُوا الصَّلَاةَ فَاجْعَلْ أَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِي إِلَيْهِمْ ﴾ [ابراہیم:37]

''اے رب! میں نے اپنے کنبہ میں سے چند کو اس وادی میں جہاں زراعت نہیں ہوتی ہے تیرے عزت کے گھر کے پاس بسایا ہے۔ اے رب! میری غرض یہ ہے کہ وہ نماز کو قائم کریں۔ اس لیے اے اللہ! تو لوگوں کے دلوں کو ان کی جانب مائل کر دے۔''

یہ ایسی پاک غرض ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی رفعت شان کو نہایت اعلیٰ بنا دیتی ہے۔ جملہ وجوہات کو دیکھ کر بھی کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ قرآن مجید کے مضامین بائبل سے لیے گئے ہیں۔ غرض بائبل ان تمام باتوں سے بالکل خاموش ہے جن کا ذکر قرآن مجید نے بتصریح کر دیا ہے۔ بائبل ابراہیم علیہ السلام کی کسی دینی خدمت کا ذکر تک نہیں کرتی۔

حضرت لوط علیہ السلام

1. لوط علیہ السلام اور ان کی قوم کا انجام کتاب پیدائش باب 19 میں ہے۔ بائبل نے حضرت لوط علیہ السلام کی مساعی تبلیغ کا ذرا بھی ذکر نہیں کیا لیکن قرآن مجید نے ان کے زبردست دلائل وعظ کا ذکر فرماتا ہے۔

﴿ وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُم بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِّنَ الْعَالَمِينَ ﴾ [الاعراف:80]

''لوط علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا تم بے حیائی کا وہ کام کرتے ہو جو تم سے پہلے دنیا میں کسی نے بھی نہیں کیا۔''

2. بائبل نے لوط علیہ السلام کی عورت کے نمک کا کھمبا بن جانے کی وجہ یہ لکھی ہے کہ اس نے پیچھے کو پھر کر دیکھ لیا تھا۔ (26 درس 19 باب) لیکن قرآن مجید نے ظاہر کیا ہے کہ وہ اپنے شوہر کی خیانت کرتی تھی۔

﴿ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتَاهُمَا ﴾ [التحریم:10]

''نوح اور لوط (علیہما السلام) کی جوروئیں ہمارے دو صالح بندوں کے تحت میں تھیں مگر انھوں نے ان دونوں کی خیانت کی۔''

3. اب بائبل جس مضمون کو خاص طور پر بیان کرتی ہے وہ لوط کی دونوں بیٹیوں کا قصہ ہے۔ دیکھو باب ۱۹۔ مگر قرآن مجید ایسے قصوں سے بالکل پاک ہے۔

اس ناپاک قصہ کا بطلان خود بائبل سے بھی ثابت کیا جا سکتا ہے۔ دیکھو پیدائش (31-32)/19۔ پلوٹھی نے اس فعل قبیحہ کے جواز میں یہ دلیل پیش کی ہے کہ زمین پر کوئی مرد نہیں جو تمام جہان کے دستور کے موافق ہمارے پاس اندر آوے۔'' یہ دلیل بالکل غلط ہے کیوں کہ (23,20)/19 میں شہر ضغر کی موجودگی اور سلامتی کا ذکر ہے، پھر وہ لڑکیاں کیوں کر کہہ سکتی تھیں کہ زمین پر کوئی مرد نہیں ہے۔ ہم باور کر سکتے ہیں کہ یہ داستان ہی بے اصل ہے۔

حضرت اسحٰق علیہ السلام

کتاب پیدائش کے 26 باب میں حضرت اسحٰق علیہ السلام کا ذکر ہے اور جو بیان اس میں قرآن مجید سے زائد ہے وہ یہ ہے

''اضحاق جرار میں رہا اور وہاں کے باشندوں نے اس سے اس کی جورو کی بابت پوچھا وہ بولا کہ وہ میری بہن ہے'' (درس 6)
قارئین خود اندازہ کر سکتے ہیں کہ کیا اس فقرہ کا قرآن مجید میں نہ ہونا اس کی شان کو گھٹا سکتا ہے۔

حضرت یعقوب علیہ السلام

باب 25، کتاب پیدائش سے معلوم ہوتا ہے کہ یعقوب علیہ السلام اور عیسو دو توام بھائی تھے اور پیدائش کے اعتبار سے عیسو بڑا تھا۔
اب مندرجہ ذیل امور پر غور کیجیے۔

اول: 29 درس میں ہے: ''کہ یعقوب نے لپسی پکائی اور عیسو جنگل سے آیا اور وہ ماندہ ہو گیا تھا۔
30 اور عیسو اور یعقوب علیہ السلام سے کہا کہ اس لال لال میں سے کچھ مجھے کھانے کو دے کیوں کہ میں ماندہ ہو گیا ہوں۔
31 تب یعقوب علیہ السلام نے کہا کہ آج ہی اپنے پلوٹھے ہونے کا حق میرے ہاتھ بیچ۔
32 عیسو نے کہا کہ دیکھ میں تو مرے جاتا ہوں سو پلوٹھا ہونا میرے کس کام آوے گا؟
33 تب یعقوب علیہ السلام نے کہا کہ آج ہی میرے سامنے قسم کھا اس نے اس کے سامنے قسم کھائی اور اس نے اپنے پلوٹھے ہونے کا حق یعقوب کے ہاتھ بیچا۔
34 تب یعقوب علیہ السلام نے عیسو کو روٹی اور مسور کی دال دی۔ اس نے کھایا اور پیا اور اٹھ کر چلا گیا۔ سو عیسو نے اپنے پلوٹھے ہونے کا حق ناچیز جانا۔

قارئین ذرا غور کریں کہ اوپر کے قصے سے کیا حضرت یعقوب علیہ السلام کی کوئی تعریف نکلتی ہے جنھوں نے حقیقی بھائی کو مسور کی دال اور روٹی اس وقت تک نہ دی، جب تک اس سے وہ حق نہ لے لیا جو قدرت نے اسے عطا کیا تھا۔
شکر ہے کہ قران مجید میں یہ داستان موجود نہیں۔

دوم: کتاب پیدائش کا 27 باب پڑھیے، جس میں یہ مذکور ہے کہ اسحٰق علیہ السلام نے اپنے بڑے بیٹے عیسو کو کہا کہ وہ شکار کا گوشت باپ کے لیے لائے اور باپ اسے برکت دے گا۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی ماں نے حضرت یعقوب کو عیسو جیسا لباس پہنایا ان کا حلیہ عیسو جیسا بنایا اور ان کے ہاتھ بکری کا گوشت پکا کر اسحٰق علیہ السلام کے پاس بھیجا اور یعقوب علیہ السلام نے باپ سے کہا میں عیسو ہوں۔ شکار کھایئے اور برکت دیجیے اور حضرت اسحٰق علیہ السلام اس دھوکے میں آ گئے اور یعقوب علیہ السلام کو وہ برکت دی۔ جو عیسو کو دینا چاہتے تھے۔
شکر ہے کہ قرآن میں یہ قصہ بھی نہیں ہے۔

سوم: 34 باب پیدائش میں دنیہ دختر یعقوب علیہ السلام کا قصہ ہے۔ پھر اسی باب میں مذکور ہے کہ فرزندان یعقوب علیہ السلام نے امیر حوی حمور سے یہ معاہدہ کر لیا کہ آئندہ کے لیے بیٹوں کی لین دین جاری ہو جائے گی مگر پھر لادی و شمعون تلواریں لے کر اس شہر پر گئے۔ سب مردوں کو اور سکم و حمور کو قتل کر ڈالا۔ ان کی بھیڑ، بکریاں، گائے، بیل، گدھے اور جو کچھ شہر یا کھیت میں تھا سب دولت، سب بچے اور ان کی جوروئیں لوٹ کر لے گئے۔''
شکر ہے کہ قرآن مجید میں اس کی بابت ایک حرف بھی نہیں۔

چہارم: 35 باب 22 درس میں ''روبن جو حضرت یعقوب علیہ السلام کا پلوٹھا بیٹا تھا اور اس کی سوتیلی ماں کا قصہ ہے۔''

شکر ہے کہ یہ قصہ بھی قرآن مجید میں نہیں۔

پنجم: 28 باب کتاب پیدائش۔ یہوداہ جو حضرت یعقوب کا تیسرا بیٹا ہے اور اس کی بہو تمر کا قصہ ہے۔

بائبل نے یہوداہ کو الزام سے بچانے کے لیے کہا ہے۔ اس نے نہ جانا کہ یہ میری بہو ہے۔'' (16 درس) لیکن عذر کے بعد پھر بھی یہوداہ پر کسی ایک عورت کے ساتھ آلودہ ہونے کا جرم و گناہ قائم رہتا ہے اور یہ جرم ایسے شخص کے متعلق جو نبی کا بیٹا اور نبی کا پوتا اور بنی اسرائیل کے چند انبیاء مابعد کا باپ ہو بہت سخت ہے۔

شکر ہے کہ قرآن مجید اس پاک گھرانے کے کسی شخص پر ایسے الزام نہیں لگاتا بلکہ یوں تعریف کرتا ہے۔:

﴿ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴾ [الاعراف:137]

''اللہ تعالیٰ کا پاک فرمودہ بنی اسرائیل پر پورا ہوا۔''

ان سب باتوں کو چھوڑ کر قرآن مجید نے جو کچھ خود بیان کیا ہے' جو بائبل میں مذکور نہیں' اس سے حضرت یعقوب علیہ السلام کی عظمت نمایاں ہوتی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ وہ فی الواقع اسرائیل (مردِ خدا) کا خطاب پانے کے اہل تھے۔

1. قرآن مجید بتاتا ہے کہ اللہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پہلے ہی سے ایک برگزیدہ بیٹے اور ایک برگزیدہ پوتے کی بشارت عطا فرما دی تھی۔

﴿فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ وَ مِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴾ [ھود:71]

''ہم نے سارہ علیہا السلام کو اسحٰق (علیہ السلام) اور اسحٰق (علیہ السلام) کے بعد یعقوب (علیہ السلام) کی بشارت دی۔''

2. قرآن مجید بتاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یعقوب علیہ السلام اور ان کے والد پر خاص خاص الطاف فرمائے اور دنیا میں ان کے لیے ثنائے جمیل اور ذکر خیر باقی رکھا۔

﴿وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَ كُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ۝ وَ وَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَ جَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا﴾

[مریم:49-50]

''ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو اسحٰق و یعقوب علیہما السلام دیے اور ان کو نبی بنایا اور ان سب کے لیے سچی اور بلند ترین تعریف عطا کی۔''

ان بیانات کو پڑھ کر کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ یہ بیانات بائبل سے ماخوذ ہیں۔

حضرت یوسف علیہ السلام

حضرت یوسف علیہ السلام کا احوال کتاب پیدائش کے باب 37 اور پھر باب 39 سے 50 تک ہے۔ اگرچہ یہ بارہ (12) باب حضرت یوسف علیہ السلام کی توصیف سے بھرے ہوئے ہیں' لیکن ایک فقرہ حضرت یوسف علیہ السلام پر جڑ دیا گیا ہے۔

''یوسف علیہ السلام ان کے باپ کے پاس ان کے برے کاموں کی خبر لاتا تھا۔'' درس 2 باب 37 اس فقرہ سے یہ ظاہر ہے کہ یوسف علیہ السلام (نعوذ باللہ) ایک چغل خور تھے' اور یہ بھی ظاہر ہے کہ ان کے بھائی برے کام کرنے والے تھے۔

1. قرآن کریم نے بھی یوسف علیہ السلام کا قصہ دو رکوع میں بیان کیا ہے' لیکن وہ بہت سی باتوں میں بائبل کے بیان سے زیادہ بلیغ اور ممتاز ہے۔

2. قرآن پاک میں ہے کہ یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام کا خواب سن کر یہ تعبیر بتائی تھی: ﴿يَجْتَبِيكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ﴾ [یوسف:6] ''اللہ تعالیٰ تجھے برگزیدہ کرے گا اور تجھے علم تعبیر سکھائے گا اور تجھ پر اپنی نعمت کو پورا کرے گا۔''

3. بائبل میں خواب کا ذکر تو ہے' مگر اس تعبیر کا ذکر نہیں ۔ گو وہ مضمون موجود ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کی بتائی ہوئی تعبیر انہی لفظوں میں پوری ہوگئی تھی۔

4. قرآن مجید میں ہے کہ جب بھائیوں نے یوسف علیہ السلام کو چاہ میں گرا دینے پر اجماع کر لیا تھا تو اللہ تعالیٰ نے اس وقت یوسف علیہ السلام کو ان کے اطمینان خاطر کے لیے بتا دیا تھا:

﴿وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِأَمْرِهِمْ هَٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ﴾ [یوسف:15]

ہم نے یوسف علیہ السلام کو وحی کی کہ تو ان کو ان کے کام کی خبر دے گا اور وہ تجھے نہ پہچانتے ہوں گے، یعنی ایک وقت تجھ کو وہ مقدرت ہوگی کہ تو ان کے افعال پر تنبیہ کرے گا۔

لیکن بائبل میں اس کا ذکر نہیں۔

5. قرآن پاک میں ہے کہ ''امراۃ العزیز'' کے ساتھ حضرت یوسف علیہ السلام کے پیراہن کا پچھلا حصہ پھٹ گیا تھا اور عورت ہی کے خاندان میں سے ایک نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ پیراہن کے سامنے کا حصہ پھٹ گیا ہو تو یوسف علیہ السلام ملزم ہے ورنہ عورت ملزمہ ہے اور اس زبردست دلیل سے حضرت یوسف علیہ السلام کی بے گناہی و بے لوثی عزیز پر ثابت ہوگئی تھی۔ تب اس نے یوسف علیہ السلام سے درگزر کرنے کی التجا کی تھی اور عورت کو الزام دے کر کہا تھا کہ وہ اپنے گناہوں سے استغفار کرلے۔

﴿يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا ۚ وَاسْتَغْفِرِي لِذَنْبِكِ ۖ إِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخَاطِئِينَ﴾ [یوسف:29]

''یوسف! تو اس تہمت کا خیال نہ کر۔ اے عورت! تو اپنے گناہ کی معافی اللہ تعالیٰ سے مانگ کیوں کہ خطا تیری ہے۔''

6. قرآن پاک سے مستنبط ہوتا ہے کہ مصر کی اور بہت سی عورتوں نے بھی مل کر یوسف علیہ السلام کو زن عزیز کی بات مان لینے اور بہکانے میں کوشش کی تھی اور وہ سب ناکام رہی تھیں' مگر بائبل اس سے بھی خاموش ہے۔

7. قرآن پاک نے بتایا ہے کہ جب زندان میں قیدیوں نے یوسف علیہ السلام سے اپنے اپنے خواب کی تعبیریں پوچھیں تو یوسف علیہ السلام نے اول ان کو توحید کی تعلیم دی اور اپنے فرض تبلیغ کو ادا کیا تھا۔

﴿يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَأَرْبَابٌ مُتَفَرِّقُونَ خَيْرٌ أَمِ اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ مَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِهِ إِلَّا أَسْمَاءً سَمَّيْتُمُوهَا أَنْتُمْ وَآبَاؤُكُمْ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ بِهَا مِنْ سُلْطَانٍ ۚ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۚ أَمَرَ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ﴾ [یوسف:39-40]

''اے زندان کے ساتھیو! ذرا غور کرو کہ بہت سے رب اچھے یا ایک زبردست اللہ۔ حقیقت تو یہ ہے کہ اللہ کے سوا تم جس جس چیز کی پوجا کرتے ہو وہ خالی نام ہی نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے گھڑ لیے۔ اللہ نے ان کی بابت کوئی بھی دلیل نہیں

اتاری۔ یادرکھو کہ حکم دینے کا حق اللہ ہی کو ہے اور اللہ نے یہ حکم دیا ہے کہ اللہ کے سوا اور کسی کی عبادت نہ کرو۔ اسی کا نام دین محکم ہے لیکن بہت لوگ ہیں جو اتنی بات بھی نہیں جانتے۔"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یوسف علیہ السلام کیسے عالی پایہ نبی تھے جو زندان میں پہنچ کر بھی اپنے فرض تبلیغ سے قاصر نہیں رہے۔ دعوت الی اللہ زندان میں بھی جاری رکھی اور ہدایت خلق کا جو وقت اور جو موقع مل گیا' اسے ضائع نہ کیا۔ یہ پاک نظیر ان سب لوگوں کے لیے جو وعظ و ہدایت کا کام اپنے لیے پسند کرتے ہیں' بہترین ہدایت ہے۔ لیکن بائبل میں یہ مذکور ہی نہیں۔

8 بائبل میں ہے کہ جب یوسف علیہ السلام کو فرعون نے تعبیر خواب کے لیے طلب کیا تو وہ جھٹ اس کے پاس چلے گئے مگر قرآن مجید میں ہے کہ انھوں نے جیل سے باہر نکلنے سے انکار کر دیا اور پہلے اپنے الزام کے متعلق تحقیقات کیے جانے پر زور دیا۔

﴿اِرْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْئَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ﴾ [یوسف:15]

اس بیان سے حضرت یوسف علیہ السلام کی پاک دامنی، پرہیزگاری، نیز مستقل مزاجی اور عزت نفس کی نگہداشت پر بہترین شہادت ملتی ہے۔

9 قرآن مجید میں ہے کہ زنان مصر نے بھی یوسف علیہ السلام کی پاک دامنی کی شہادت دی ہے۔

﴿حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْٓءٍ﴾ [یوسف:51]

"پناہ بخدا! ہم نے تو یوسف علیہ السلام پر کوئی برائی محسوس نہیں کی۔"

اور خود زن عزیز نے بھی حضرت یوسف علیہ السلام کی صداقت بیان اور طہارت نفس کی شہادت دیتے ہوئے سارا الزام اپنے اوپر لے لیا تھا۔

﴿قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ز اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ O ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ O وَ مَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ﴾

"زن عزیز نے کہا' اب تو سچ ثابت ہو گیا' خود میں نے یوسف کو پھسلانا چاہا اور وہ سچا ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ یوسف جان لے کہ میں اسے پس پشت (بھی) کوئی الزام نہیں دیتی' ہاں اللہ بھی خیانت کرنے والوں کے فریب کو چلنے نہیں دیتا اور میں اپنے نفس کو بری نہیں ٹھہراتی ہوں' یوں کہ نفس تو برائی ہی کے لیے کہا کرتا ہے۔ بجز اس شخص کے جس پر میرے رب کی عنایت ہو۔" [یوسف:51-53]

لیکن بائبل ان اوصاف کے بیان میں ساکت ہے' ایسے ہی دیگر مضامین اس سورہ مبارکہ میں ہیں' جو بائبل میں نہیں ہیں۔ جن سے بیسیوں مسائل اور نکات آئندہ کے لیے بھی مستخرج ہوتے ہیں۔ میری کتاب "الجمال والکمال" (تفسیر سورہ یوسف) کو دیکھنا چاہیے۔

قارئین رحمۃ للعالمین جلد اول کے ملاحظہ سے دیکھ سکتے ہیں کہ تمام سورہ مبارکہ کیوں کر نبی کریم ﷺ کے احوال مبارک کے لیے بہ طور پیشین گوئی بھی ہے۔

ان جملہ افادات کے بعد کیا اب بھی یہ کہنا صحیح ہو سکتا ہے کہ نبی ﷺ نے بائبل کے مضامین سن کر ان کو اپنی زبان میں ڈھال لیا تھا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام

موسیٰ علیہ السلام کا جس تفصیل اور تطویل کے ساتھ بائبل میں ذکر ہے اتنا اور کسی نبی کا نہیں۔ موسیٰ علیہ السلام کی دوسری کتاب خروج

اور تیسری کتاب احبار اور چوتھی گنتی اور پانچویں کتاب استثنا اسی اولی العزم نبی کے حالات میں ہیں۔ قرآن مجید میں بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعات کا تذکرہ بہت ہے۔ اس قدر اور کسی نبی کا نہیں' تاہم مجموعہ اس کا حجم بائبل کی مندرجہ بالا چار کتابوں میں سے ایک کتاب کے برابر بھی نہیں۔

مضامین کے لحاظ سے ہم اکثر مقامات کا اقتباس کریں گے۔

① 14 درس 4 باب خروج میں ہے کہ ''تب خداوند کا غصہ موسیٰ پر بھڑکا یہ اس موقع پر ہے جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے رسالت کو قبول کرنے سے عذر کیا ہے۔ مگر قرآن مجید اس موقع پر بتاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو نہایت الفت وشفقت سے سمجھایا تھا۔

﴿يَا مُوْسٰى لَا تَخَفْ إِنِّيْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ﴾ [النمل:10]

''اے موسیٰ (علیہ السلام) ڈرو نہیں' ہمارے ہاں رسول ڈرا نہیں کرتے۔''

② درس 60 باب خروج میں ہے عمرام نے اپنے باپ کی بہن یوکد سے بیاہ کیا۔ وہ اس سے دو بیٹے جنی: ایک ہارون دوسرا موسیٰ۔ معلوم نہیں کہ بائبل کا مقصود اس بیان سے کیا ہے۔ قرآن مجید سے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ماں کی بڑی تعریف نکلتی ہے۔

① اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿وَاَوْحَيْنَا إِلٰى اُمِّ مُوْسٰى﴾ [القصص:7] ''ہم نے موسیٰ کی ماں کی طرف وحی بھیجی۔''

واضح ہو کہ دنیا میں ایسی عورتیں بہت ہی کم ہیں' جن کے پاس اللہ تعالیٰ کی وحی براہ راست آئی۔ قرآن مجید سے ایسی شرف والی عورتیں مادر موسیٰ ، مادر عیسیٰ علیہ السلام ہی معلوم ہوتی ہیں اور بائبل سے مادر اسماعیل علیہ السلام کی بھی یہی منزلت معلوم ہوتی ہے اور مادر اسماعیل علیہ السلام کے سامنے تو دو بار فرشتہ خود آیا اور اس نے اللہ کا پیغام اور زمان مستقبل کی بشارت ان کو پہنچائی تھی۔ دیکھو (7-11)/16۔۔17/21 کتاب پیدائش۔

② اللہ تعالیٰ نے دوسرے مقام پر مادر موسیٰ علیہ السلام کی تعریف میں فرمایا ہے:

﴿لَوْ لَا اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا﴾ [القصص:10] اگر ہم اس کے قلب پر اپنا رابطہ نہ رکھتے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مادر موسیٰ علیہ السلام کے قلب پاک کو اللہ تعالیٰ سے رابطہ حاصل تھا۔

③ کتاب خروج 1/7 میں ہے۔ ''پھر خدا نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا: دیکھ میں نے تجھے فرعون کے لیے خدا سا بنایا۔

ناظرین فقرہ ''خدا سا'' پر غور کریں اور دیکھیں کہ کیا توحید کی تعلیم اسی طرح دی جایا کرتی ہے؟ اگر کوئی شخص اللہ کا مشبہ بن سکتا ہے تو اللہ کی وحدانیت ذات اور وحدانیت صفات کیوں کر قائم نہیں رہ سکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے:

﴿لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ﴾ [الشوریٰ:11]

''کوئی بھی چیز اللہ کی مثال جیسی نہیں۔''

﴿فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ﴾ [النحل:74]

''اللہ کے لیے مثالیں نہ بیان کرو۔''

④ ① 11٬7/12 خروج میں ہے: ''کہ مصر کے جادوگروں نے بھی اپنا اپنا عصا پھینکا اور وہ سانپ ہوگیا۔''

② 7/8 خروج میں ہے کہ جادوگروں نے بھی مصر کی زمین پر مینڈک چڑھائے۔

③ (17-16)/8 میں ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے گرد پر عصا کو مارا اور اس سے تمام ملک میں جوئیں پیدا ہوگئیں۔

18 ورس میں ہے ''جادوگروں نے بھی چاہا کہ اپنے جادوؤں سے جوئیں نکالیں پر نہ نکال سکے۔''

19 ورس میں ہے: ''تب جادوگروں نے فرعون سے کہا کہ یہ خدا کی قدرت ہے۔''

جادوگروں کا ذکر بائبل میں صرف اسی قدر ہے اور ان کے انجام کی بابت خاموش ہے۔ لیکن قرآن مجید فرماتا ہے:

﴿فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَ مُوْسٰی○ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ اِنَّهٗ لَكَبِیْرُكُمُ الَّذِیْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَیْدِیَكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِیْ جُذُوْعِ النَّخْلِ وَ لَتَعْلَمُنَّ اَیُّنَاۤ اَشَدُّ عَذَابًا وَّ اَبْقٰی○ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰی مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَیِّنٰتِ وَ الَّذِیْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَاۤ اَنْتَ قَاضٍ اِنَّمَا تَقْضِیْ هٰذِهِ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا○ اِنَّاۤ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِیَغْفِرَ لَنَا خَطٰیٰنَا وَ مَاۤ اَكْرَهْتَنَا عَلَیْهِ مِنَ السِّحْرِ وَ اللّٰهُ خَیْرٌ وَّ اَبْقٰی﴾ [طٰہٰ:70-73]

''ساحروں نے اللہ کو سجدہ کیا اور زبان سے کہا کہ ہم ہارون اور موسیٰ کے اللہ پر ایمان لے آئے فرعون نے کہا تم میری اجازت کے بغیر ایمان لے آئے ہو؟ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ موسیٰ تمھارا بڑا ہے اسی نے تم کو جادو سکھایا ہے۔ اب تمہارے ہاتھ پاؤں ادھر ادھر سے کاٹوں گا اور اونچے درخت کی شاخ سے تم کو پھانسی دوں گا۔ تم کو معلوم ہو جائے گا کہ ہم سے عذاب میں اشد کون ہے اور کون باقی رہنے والا ہے؟ انھوں نے کہا ان روشن دلیلوں پر اور اپنے پیدا کرنے والے پر ہم تجھے اختیار نہیں کریں گے۔ تجھ کو جو کرنا ہے وہی کر لے تو اس دنیوی زندگی ہی میں کچھ کر سکتا ہے۔ ہم تو اپنے رب پر ایمان لا چکے ہیں تا کہ وہ ہماری خطاؤں کو اور اس قصور کو کہ تیرے مجبور کرنے سے ہم نے جادو کا کام کیا ہے معاف فرمائے اور اللہ بہت بہتر ہے اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔''

اس بیان قرآنی سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ معجزات موسوی سحر کی قسم سے نہ تھے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت نے کیوں کر ساحروں کے سینہ کو اسلام کے لیے کھول دیا تھا اور یہ بھی نصیحت ملتی ہے کہ انسان کو دنیا کے کسی دباؤ یا کسی مصیبت کے اندیشہ سے اظہار اسلام میں تامل نہیں کرنا چاہیے اور یہ بھی حکم ملتا ہے کہ ترک اسلام کے لیے خواہ کیسے بھی عذاب اور دکھ درد دیئے جائیں مگر مومن کو لازم ہے کہ جان پر کھیل جائے لیکن اسلام سے منہ نہ پھرائے اور دنیائے فانی کو آخرت باقی پر ترجیح نہ دے۔

ان بہترین اسباق کا بائبل میں کہیں ذکر تک نہیں۔

⑤ کتاب خروج 24/(9-11) پڑھو 9۔ تب موسیٰ اور ہارون اور ندب اور ابیہو اور ستر (70) بزرگ اسرائیل اوپر گئے اور انھوں نے اسرائیل کے خدا کو دیکھا۔ 10۔ اور اس کے پاؤں کے تلے جیسے نیلم کے پتھر کی پچگاری اور اس کی شفافی جرم آسمان کی مانند تھی۔ 11۔ اور بنی اسرائیل کے امیروں پر اس نے اپنا ہاتھ نہ رکھا۔ انھوں نے خدا کو دیکھا اور کھایا اور پیا۔

قارئین! انھوں نے اللہ کے پاؤں بھی دیکھ لیے اور نیلم جیسی رنگت بھی دیکھ لی۔ جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اللہ کے سارے جسم کی رنگت بھی نیلم جیسی ہوگی۔ ہندوؤں نے غالباً اسی مقام کو پڑھ کر کنہیا جی کی نیلی رنگت ظاہر کرنا سیکھا ہے۔ بھلا جس اللہ کے جسم کی شفافی اور رنگت کو دیکھ لیا گیا ہو، اس کے مجسم ہونے میں کیا شبہ رہ گیا۔ اللہ اکبر! ایسے ہی مقام ہیں جو بندوں کو شرک جلی میں ڈال دیتے ہیں۔ قرآن پاک تو اللہ سبحانہٗ کی تقدیس کرتا اور اسے جسم وجسمانیت سے بالاتر بتاتا ہوا فرماتا ہے:

﴿ لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَ هُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ ﴾ [الانعام:103]

''ابصار اس کا ادراک نہیں کرسکتے' وہ ابصار کا ادراک رکھتا ہے۔''

قارئین اندازہ کریں کہ کیا تعلیم قرآنی بائبل کی تعلیم سے ماخوذ ہوسکتی ہے؟

6 باب 32 کتاب خروج کو ایک سے 6 ورس تک پڑھ جاؤ' اس میں درج ہے کہ ''ہارون نے سونے کا بچھڑا ڈھال کر بنایا اور کہا اے بنی اسرائیل یہ تمہارا معبود ہے جو تمھیں مصر سے نکال لایا پھر ہارون نے اس کے لیے قربانیاں کیں۔'' ایک ایسے نبی پر جو موسیٰ کا بھائی اور اللہ کا برگزیدہ اور خیمہ عبادت کا امام ہو یہ الزام کہ اس نے اپنے ہاتھ سے بت بنایا اور خود اس کے سامنے قربانیاں پیش کیں اور اسے اسرائیل کا الٰہ بتایا' نہایت سخت الزام ہے اور مسلمانوں کی نگاہ میں تو ایسے افعال کا مرتکب ادنیٰ درجے کا مسلمان کہلانے کا بھی استحقاق نہیں رکھتا چہ جائیکہ وہ نبی ہو اور امام بنی اسرائیل بھی۔ شکر ہے کہ رب کریم نے اپنے پاک کلام قرآن مجید کے ذریعے سے اس غلطی کی اصلاح فرمائی کہ یہ فعل ''سامری'' کا تھا۔

﴿ فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَا اِلٰهُكُمْ وَ اِلٰهُ مُوْسٰى ﴾

''اسی طرح سامری نے ڈالا' پھر سامری نے ان کے لیے ایک بچھڑے کی صورت نکالی، جس کی آواز بچھڑے جیسی تھی۔ تب لوگوں سے کہا کہ یہی تمہارا اور موسیٰ کا اللہ ہے۔'' [طٰہٰ:87-88]

قرآن مجید میں یہ بھی ہے کہ حضرت ہارون علیہ السلام سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے صرف یہ دریافت کیا تھا کہ ان گمراہوں کو انھوں نے کیوں نہ روکا۔

﴿ قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْا ۝ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ ﴾ [طٰہٰ:92]

''موسیٰ نے کہا: اے ہارون! جب تو نے ان کو گمراہ دیکھا تھا تب تجھے کس چیز نے روکا کہ میری پیروی نہ کرے۔ یعنی تبلیغ نہ کرے۔''

اس کے جواب میں حضرت ہارون علیہ السلام کا یہ جواب بھی بیان فرما دیا۔

﴿ اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَ لَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴾ [طٰہٰ:94]

''مجھے ڈر ہوا کہ تو کہے گا تو نے بنی اسرائیل میں تفریق کردی اور میری بات کا انتظار نہ کیا۔''

الحمدللہ! کہ قرآن مجید نے اس بزرگوار کی شان کو صاف کردیا' ورنہ اہل کتاب تو اپنے امام کو بت ساز اور بت پرستی کی ترغیب دینے والا بتا رہے تھے۔

کیا اب بھی کوئی دانش مند کہہ سکتا ہے کہ قرآن مجید قصص میں بائبل کے مضامین کو دہراتا ہے۔

حضرت داؤد علیہ السلام

① کتاب دوم سموئیل کے 11 باب کو پڑھو جس میں مسماۃ بنت سبع زوجہ حتی اوریاہ اور داؤد کا ذکر ہے۔ اس کے آخر میں ہے کہ پھر داؤد نے عورت کو اپنے گھر میں ڈال لیا۔ وہ اس کی جورو بنی۔ یہ کام خداوند کی نظر میں برا ہوا۔

شکر ہے کہ قرآن مجید میں حضرت داؤد علیہ السلام کی نسبت کوئی ایسا قصہ نہیں۔ قرآن پاک تو ان کی تعریف پھیلاتا ہے اور فرماتا ہے:

﴿يَا دَاوُدُ إِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ﴾ [ص:26]

''اے داؤد! میں نے تجھے الارض (وعدہ کی زمین) کا خلیفہ کیا ہے۔ لوگوں میں راست بازی سے حکومت کیا کرو۔''

بعض لوگ کہتے ہیں کہ قرآن مجید کی سورہ ص میں جو بیان بدیں الفاظ ہے:

﴿وَهَلْ أَتٰكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ إِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ۔ الخ﴾ [ص:21] اس میں ''یہی اوریا'' والا قصہ بیان کی گیا ہے' لیکن ایسی بات خوش فہمی کی وہی لوگ کہہ سکتے ہیں جن کے دماغ میں پہلے سے بائبل کے قصہ نے قبضہ کر رکھا ہے ورنہ قرآن مجید کے پاک کلام میں تو اس قصہ کی طرف اشارہ تک نہیں پایا جاتا اور لطف یہ ہے کہ بائبل میں اس قصہ کا جو قرآن پاک میں ان جھگڑنے والوں کے آنے اور دیوار کو پھاند کر اندر جانے کی بابت ہے' کچھ ذکر نہیں ہے۔ اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونوں جداگانہ قصے ہیں۔

قرآن مجید نے جس قصہ کا بیان کیا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ والیان سلطنت اور حاکمان ملک کو نفلی عبادت کے مقابلہ میں معدلت گستری اور انصاف رسانی کی جانب توجہ زیادہ تر مبذول رکھنی چاہیے' نیز صاحبان حکومت کو اپنے قیام کے لیے ایسی جگہ پسند کرنی چاہیے جہاں فریادیوں کی رسائی بہ آسانی ہو سکے اور غریب رعایا کو دادرسی کے لیے زیادہ تکلیف نہ اٹھانی پڑے۔ [1]

② کتاب 2 سموئیل کے باب 13/14 تا 19 کو پڑھو' جس میں امنون بن داؤد اور اس کی تمر کا قصہ ہے۔ پھر ابی سلوم بن داؤد جو تمر کا حقیقی بھائی ایک ماں سے تھا کہ اس نے امنون کو دعوت کے بہانے سے بلایا اور اپنے نوکروں کو حکم دے کر قتل کرا دیا۔

③ سموئیل 20/16 تا 22 میں ابی سلوم بن داؤد اور اس کی سوتیلی ماں کا قصہ ہے۔

شکر ہے کہ قرآن مجید میں ایسے قصے نہیں' جن کو تفصیلاً ذکر کرنا بھی ہم نے نامناسب سمجھا۔

حضرت سلیمان علیہ السلام

بائبل کے اولین سلاطین باب 3 کے درس 5 میں ہے: ''خداوند رات کے وقت سلیمان کو خواب میں دکھائی دیا اور خدا نے کہا جو تو چاہے کہ میں تجھے دوں، سو مانگ۔''

9 درس میں ہے: ''سلیمان نے عرض کیا تو اپنے بندے کو ایسا سمجھنے والا دل عنایت کر کہ وہ تیرے لوگوں کی عدالت کرے تا کہ میں نیک اور بد میں امتیاز کروں۔''

12 درس میں خدا کا ارشاد ہے: ''میں نے ایک عاقل اور سمجھ دار دل تجھ کو بخشا ایسا کہ تیری مانند تجھ سے آگے نہ ہوا اور نہ تیرے بعد تجھ سے برپا ہوگا۔''

---

[1] مضمون بالا کی تحریر سے چند ماہ بعد مجھے کتاب الفصل لابن حزم رحمہ اللہ کے مطالعہ کا اتفاق ہوا۔ اس امام نے دلائل سے ان لوگوں کے فہم کا بطلان کیا ہے جو ان جھگڑنے والوں کو فرشتے بتاتے ہیں جو بکریوں سے مراد عورتیں لیتے ہیں۔ جو انما فتناہ سے مراد کسی گناہ کا ہونا لیتے ہیں۔ دیکھو جلد چہارم ص 18۔ کتاب مذکور)

اولین سلاطین کے 6 باب 11 درس میں سلیمان پر خدا کا کلام اترنا درج ہے۔ اس قدر توصیف ومحامد کے بعد سلاطین اول کے 11/4 میں یہ بھی ہے جب سلیمان بوڑھا ہوا تو اس کی جوروؤں نے اس کے دل کو غیر معبودوں کی طرف مائل کر دیا اور اس کا دل خداوند اپنے خدا کی طرف مائل نہ تھا۔ 5 سلیمان نے صیدانیوں کی دیوی عتارہ اور بنی عمون کی نفرتی ملکوم کی پیروی کی اور یوں ہی اس نے اپنی ساری جوروؤں کی خاطر کیا جو اپنے معبودوں کے حضور بخور جلایا کرتی تھیں۔

قارئین! ذرا انصاف کریں کہ جس برگزیدہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے دیدار سے مشرف کیا' جس سے اللہ تعالیٰ ہم کلام رہا ہو' جس کو ایسا عاقل دل دیا گیا ہو کہ اس سے پہلے اور پیچھے کسی کو نہ ملا ہو، جس نے رب قدوس کی عبادت کے لیے بیت المقدس بنایا ہو' کیا اس کا بت پرست ہو جانا ممکن ہے؟ کیا ایسے شخص کو اس کی بیویاں بت پرستی پر (جس کی شان ﴿مَا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ﴾ [53:النجم:23] ہے) مائل کر سکتی ہیں؟ ہرگز نہیں، ہرگز نہیں، یقیناً نہیں۔ قربان جائیے قرآن پاک کی تعلیم کے جس نے قطعی الفاظ میں فرمایا:

﴿ وَ مَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ ﴾ [البقرۃ:102] ''سلیمان (علیہ السلام) نے کبھی کفر نہیں کیا۔'' اور فرمایا:

﴿ وَ وَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ ﴾ [النمل:16] ''سلیمان (علیہ السلام) اپنے (باپ) داؤد کا وارث بنا۔''

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام کا وارث صرف سلیمان کو بتایا ہے۔ حالانکہ حضرت داؤد علیہ السلام کے سترہ (17) فرزندان ذکور تھے۔ [1] اس سے ظاہر ہو گیا کہ یہاں وراثت سے مراد مال واسباب کی وراثت نہیں، بلکہ کلام الٰہی ہے۔ اس آیت کی ضرورت اس لیے ہوئی کہ کتاب اول سلاطین 11/4 میں حضرت سلیمان علیہ السلام کی بابت یہ الفاظ لکھے ہوئے تھے اور اس کا دل خداوند اپنے خدا کی طرف مائل نہ تھا۔ جیسا کہ اس کے باپ داؤد علیہ السلام کا دل تھا۔ اس فقرہ کے بعد جب ﴿ وَ وَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ ﴾ [النمل:16] پڑھا جائے گا تو ثابت ہو جائے گا کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت ورضوان اور نبوت میں حضرت سلیمان علیہ السلام کا وہی درجہ ہے جو حضرت داؤد علیہ السلام کا ہے۔ اور ورثہ نبوت میں وہی داؤد علیہ السلام کے وارث تھے۔

حضرت ایوب علیہ السلام

بائبل میں کتاب ایوب الگ ہی ہے جو 42 صفحات پر بخط باریک ختم ہوئی ہے۔ قرآن مجید میں ان کا نام دو جگہ سورہ نساء و انعام میں انبیاء کی ذیل میں آیا ہے۔ اور دو جگہ ان کا قصہ ہے۔ دونوں جگہ دو دو سطروں میں اسے ختم کیا گیا ہے۔

سورہ انبیاء میں ہے:

﴿ وَ اَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّ اٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَ مِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَ ذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴾ [الانبیاء:83-84]

''ایوب علیہ السلام کا ذکر کرو جب اس نے اپنے اللہ سے یہ عرض کیا کہ مجھے تکلیفیں پہنچی ہیں اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔ ہم نے اس دعا کو قبول کر لیا، اس کی تکلیفیں دور کر دیں۔ اسے کنبہ دو چند عطا کیا۔ یہ ہماری رحمت تھی اور عبادت کرنے والے اسے یادداشت رکھ سکتے ہیں۔''

---

[1] حضرت داؤد علیہ السلام کے چھ (6) بیٹوں کے نام جو بہ مقام حبرون پیدا ہوئے 21 سموئیل 2/3 تا 5 میں اور گیارہ (11) بیٹوں کے نام جو یروشلم میں پیدا ہوئے۔ 2۔ سموئیل 13/2 تا 16 میں ہیں۔

بائبل نے بھی 42 صفحات کے بعد نتیجہ یہی نکالا ہے جیسا کہ ایوب 42 / 10 تا 15 سے ظاہر ہے۔ عجیب بات جسے بائبل نے بیان کیا ہے اور قرآن مجید میں اس پر اشارہ تک نہیں ہے یہ ہے ایوب 1/6 ایک دن ایسا ہوا کہ نبی اللہ آئے کہ خداوند کے حضور میں حاضر ہوں اور شیطان بھی ان کے درمیان آیا ہے۔ اب خداوند نے شیطان سے پوچھا کہ تو کہاں سے آتا ہے۔ 2/ باب کے 2 درس میں پھر یہی الفاظ ہیں۔ غور کرو کہ شیطان کا نبیوں کے ساتھ شامل ہو کر اللہ کے حضور میں پہنچ جانا کسی قدر ناممکنات سے ہے۔ اس میں اللہ کے نبیوں کی کس قدر ہتک ہے۔ اللہ کے دربار کی کس قدر توہین ہے' میں نہیں سمجھ سکتا کہ اس بیان سے کون سی خوبی مقصود تھی۔

الحمد للہ کہ قرآن مجید میں یہ فقرہ نہیں۔

حضرت زکریا علیہ السلام

حضرت زکریا علیہ السلام کا ذکر لوقا نے اپنی انجیل کے 1/5 تا 25 میں کیا ہے اور قرآن مجید کی سورہ مریم کے رکوع اول میں اس کا بیان ہے۔ لوقا نے زکریا علیہ السلام کی دعا کا مضمون نہیں لکھا جو قرآن مجید میں ہے۔ حالانکہ اس دعا ہی سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کے نبی کو فرزند کی خواہش کیوں تھی؟ آیا انہی اغراض پر جس کی وجہ سے سب لوگ فرزند کی تمنا کیا کرتے ہیں یا دینی مقصد کے لیے

قرآن مجید میں ہے کہ زکریا علیہ السلام نے کہا تھا کہ بیٹا ایسا ملے جو

﴿ یَرِثُنِیْ وَ یَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ ﴾[مریم:6] ''میرا وارث اور آل یعقوب (بنی اسرائیل) کا وارث ہو۔''

ان الفاظ سے واضح ہے کہ قوم کی بہبود و فلاح اور دین الٰہی کی اشاعت اور قیام کے لیے وہ ایک نبی فرزند کے متمنی تھے اور یہی وہ وجہ ہے جو حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا کو استجابت حق کا مستحق بناتی ہے۔ لفظ ارث سے دھوکا نہ کھانا چاہیے کہ زکریا علیہ السلام جائداد منقولہ و غیر منقولہ کے وارث کا سوال کرتے ہیں۔ کیوں کہ اگر یہی معنی ہو تو حضرت زکریا علیہ السلام کا واحد بیٹا آل یعقوب کا جو کروڑوں کے شمار میں تھے کیوں کر وارث بن سکتا تھا؟ آل یعقوب کے لفظ پر مزید غور مطلوب ہے کہ یہاں بنی اسرائیل نہیں کہا گیا' یہ دونوں دلائل باور کروائیں گے کہ نبی فرزند کی بابت استدعا کرتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا فوراً بشارت حق کا مژدہ لائی تھی۔ لوقا نے 1/25 میں صرف یہ الفاظ لکھے ہیں: ''خداوند نے مجھ پر نظر کی، میرے ساتھ ایسا کیا تا کہ لوگوں میں سے میری شرمندگی دور کرتے۔'' یہ الفاظ ظاہر کرتے ہیں کہ زکریا علیہ السلام نے فرزند کی تمنا صرف انہی اغراض سے کی تھی جو عموماً دنیا داروں کی اولاد سے وابستہ ہوتی ہیں۔

2۔ لوقا 1/20 میں لکھا ہے کہ جبریل علیہ السلام نے زکریا علیہ السلام کو یہ کہا تھا کہ تو گونگا ہو جائے گا اور جس دن تک یہ چیزیں واقع نہ ہوں بول نہ سکے گا۔ اس لیے کہ تو نے میری باتوں کا جو اپنے وقت پر پوری ہوں گی' یقین نہ کیا۔

اس سے دو باتیں نکلیں:

1. حضرت زکریا علیہ السلام کا گونگا بنایا جانا بطور سزا کے تھا کہ انھوں نے جبریل علیہ السلام کی بات کا یقین نہ کیا۔
2. گونگے پن کی مدت موعود بچے کی ولادت تک تھی۔

قرآن پاک میں ہے کہ حضرت زکریا علیہ السلام نے اس بشارت کی بابت علامت کا سوال کیا تھا اور رب العالمین نے تین دن تک بول نہ سکنے کو علامت قرار دیا تھا۔

قارئین! دیکھ سکتے ہیں کہ کیا یہ مضمون قرآن پاک اپنے سے پہلی کتاب سے لیتا ہے یا اس کی کمی کی اصلاح کرتا اور زکریا علیہ السلام کو ایک عیب (سزایابی) سے بچاتا ہے۔

حضرت یحییٰ علیہ السلام

انجیل میں حضرت یحییٰ علیہ السلام کو یوحنا، بپتسمہ دینے والا لکھا گیا ہے۔ ان کا ذکر لوقا 75 تا 80/1 میں اور پھر 1 تا 3/20 نیز 19/7 تا 29 میں ہے۔ قرآن مجید میں ان کا ذکر سورہ مریم و آل عمران میں ہے اور بہت اختصار کے ساتھ ہے۔

سورہ مریم میں ہے:

﴿ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ وَّ اٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّاO وَّ حَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَ زَكٰوةً وَّ كَانَ تَقِيًّاO وَّ بَرًّا بِوَالِدَيْهِ وَ لَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ﴾ [مریم 12-14]

''اے یحییٰ کتاب (شریعت) کو خوب تھام۔ ہم نے اسے لڑکپن ہی میں نبوت اور نرم دلی اور پاکیزگی دی تھی۔ وہ خدا ترس اور ماں باپ سے عمدہ سلوک کرنے والا تھا اور وہ نہ ظلم پسند تھا اور نہ نافرمان تھا۔''

اور سورہ آل عمران میں ان کی صفت ان الفاظ میں ہے:

﴿ مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ سَيِّدًا وَّ حَصُوْرًا وَّ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴾ [آل عمران:39]

''وہ کلمۃ اللہ کی تصدیق کرنے والا اور سید اور عورتوں سے الگ رہنے والا اور نبی صالحین میں سے تھا۔''

یہ بارہ (12) صفات ایسی ہیں [1] جو مجموعہ لوقا میں نہیں ملتی ہیں اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن مجید میں باوجود اختصار سے بہت زیادہ بیان کرتا ہے اور یہ غلط ہے کہ وہاں سے لیتا ہے۔

حضرت مسیح عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم علیہا السلام

قرآن مجید حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ایک انسان بتاتا ہے۔

اور عیسائی ان کو خداوند کہتے ہیں۔

قرآن مجید حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو رسول اللہ بتاتا ہے اور عیسائی ان کو 'ابن اللہ'' کہتے ہیں۔

اس لیے واقعات عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق عیسائی کچھ بھی نہیں کہہ سکتے کہ وہ انجیل سے ماخوذ ہیں۔ اس لیے ان کے متعلق زیادہ طول کی حاجت نہیں۔

البتہ قرآن مجید کا یہ احسان عیسائیت پر ہمیشہ رہے گا کہ اس نے یہود کو کاذب ٹھہرایا اور مریم علیہا السلام کو صدیقہ بتا کر ابن مریم علیہ السلام کی شان کو بلند فرمایا اور اس طرح انجیل یوحنا 16 باب کا وہ فقرہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہی پر صادق ہوا کہ وہ میری بزرگی کرے گا۔

---

[1] بارہ صفات درج ذیل ہیں:
(1) کتاب (2) نبوت (3) نرم دلی (4) پاکیزگی (5) خدا ترسی
(6) والدین سے حسن سلوک (7) ظلم سے نفرت (8) نافرمانی سے بچنا (9) کلمۃ اللہ کی تصدیق (10) سید
(11) عورتوں سے الگ رہنا (12) نبی صالح

باب پنجم 5

افضلیت سید المرسلین ﷺ

وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بَعَثَ فِیْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِیْدًا وَ جَآءَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِیْدًا صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَیْهِ وَ عَلٰى جَمِیْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَ الْمُرْسَلِیْنَ صَلٰوةً كَثِیْرًا كَثِیْرًا

امابعد! نبی ﷺ کی افضلیت کا مسئلہ ہر مسلمان کا ایمان ہے، بلکہ ایمان کی جان ہے، اس مسئلہ کا بیان، بیان کرنے والے کے لیے آسان نہیں۔

بعض اوقات اس مسئلہ میں ایسا اسلوب کلام اختیار کیا جاتا ہے، جس سے ذات سبحانہ وتعالیٰ پر نقص لازم آتا ہے یا ایسے پیرایہ میں ذکر ہوتا ہے کہ دیگر انبیاء علیہم السلام کی تنقیص شان نمایاں ہوتی ہے اور اس سے وہی صورت منہیہ پیدا ہو جاتی ہے، جس کو حدیث میں تخییر بین الانبیاء بتایا گیا ہے اور اہل اسلام کو اس سے منع فرمایا گیا ہے۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ حدیث شریف لَا تُخَيِّرُوْا بَيْنَ الْاَنْبِيَآءِ [1] کو علمائے سلف نے بیان افضلیت نبی ﷺ کا مانع نہیں ٹھہرایا۔ متقدمین میں سے امام ابو نعیم اصفہانی رحمہ اللہ [2] اور قاضی عیاض مالکی رحمہ اللہ نے اس مسئلہ پر خوب بیان فرمایا۔ [3] قرآن مجید میں ہے:

﴿ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ﴾ [البقرۃ:253] ''یہ رسول ہیں۔ ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔''

اس ارشاد سے فضیلت بین الرسل کا وجود متحقق ہو گیا۔ اب اگر قرآن مجید سے نبی ﷺ کی فضیلت کا ثبوت ہو جائے تو ظاہر کہ وہ کسی بندہ کی طرف سے تخییر بین الانبیاء کا فعل نہ ہوگا، بلکہ مراد ربانی کا بیان اور تفسیر ہوگی جو باتفاق علماء جائز اور ضروری ہے۔

انہی وجوہات سے میں نے ارادہ کیا ہے کہ اس باب میں صرف آیات قرآنیہ سے تمسک کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مجھے صورت منہیہ (تخییر) سے بچائے اور علمائے کرام سے التماس ہے کہ جس طرز کی ابتداء اس احقر نے باہمہ بے بضاعتی کی ہے اُسے درجہ کمال واتمام تک پہنچایا جائے۔

یہ مضمون اپنی موجودہ صورت میں خود راقم کے نزدیک بھی ہنوز نامکمل ہے اور اس کی تکمیل کے لیے چند دقیق مضامین پر شرح و بسط لکھنے کی ضرورت تھی جن کو میں نے جلد سوم میں شامل کرنے کا ارادہ کیا ہے۔

اس مضمون میں صرف انہی انبیاء کرام علیہم السلام کے اسمائے مبارک کا ذکر کیا گیا ہے، جو قرآن حکیم میں مذکور ہیں۔

ممکن ہے کہ بعض معزز قارئین کسی مقام کو پڑھ کر تصور فرمائیں کہ اس سے افضلیت کا ثبوت کیوں کر نکلا، لیکن جب وہ دیکھیں گے کہ فضائل کثیرہ ایسے ہیں جن سے خاص خاص نبی یا رسول مخصوص پائے جاتے ہیں اور ان فضائل کا بروز وظہور وجود باوجود نبی اکرم ﷺ میں بھی پایا جاتا ہے تو اس وقت آشکارا ہو جائے گا کہ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ کا مفہوم یہ ہے۔

ع آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

---

[1] بخاری: 3414، مسلم: 2373 [2] ابو نعیم مصنف کتاب حلیۃ الاولیاء، اعلام محدثین سے ہیں۔ ولادت 336ھ وفات 430ھ نام احمد بن عبداللہ بن احمد بن اسحٰق۔

[3] عیاض بن موسیٰ صوبہ غرناطہ کے شہر سبتہ کے قاضی، فقہ، تفسیر، حدیث، وسائر علوم کے امام تھے۔ مشارق الانوار اور کتاب الشفاء کے مصنف، ولادت 476ھ وفات 544ھ

حضرت آدم علیہ السلام

آدم علیہ السلام کے فضائل بہت ہیں۔ نبی ﷺ کی ذات مبارک میں بھی وہ فضائل موجود ہیں۔

1. اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَ عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ﴾ [البقرۃ:31] ''اللہ نے آدم علیہ السلام کو سب اسماء سکھائے''

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کا ذکر بہ طور شاگرد ربانی فرمایا ہے اور کچھ شک نہیں کہ جس نفس قدسی کی تعلیم خود خدائے عالم نے فرمائی ہو اس کا علم و فضل تام و اکمل ہوگا۔

﴿ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَ يُعَلِّمُكُمْ مَا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴾ [البقرۃ:151]

''یہ رسول تم کو کتاب و حکمت سکھاتا ہے اور ایسے (علوم) سکھاتا ہے جو تم نہ جانتے تھے۔''

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کا ذکر بہ طور استاد عالم فرمایا ہے۔ لفظ کتاب کے تحت میں جملہ شرائع الٰہیہ آ جاتے ہیں اور لفظ حکمت کے تحت میں جملہ علوم فاضلہ و نافعہ داخل ہیں اور فقرہ ﴿مَا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ﴾ [البقرۃ:151] کے تحت میں عالم ملکوت اور جہان قلب کے وہ سب اسرار و غوامض آ جاتے ہیں جن سے تا زمانِ بعثت نبوی ﷺ عالم مادی کے کان نا آشنا اور متمدن دنیا کے قلوب بے بہرہ تھے۔

2. اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے متعلق فرمایا:

﴿وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ ﴾[طٰہٰ:115]

''ہم نے آدم (علیہ السلام) سے پہلے عہد لیا تھا' مگر وہ بھول گیا۔''

اس آیت میں حضرت آدم علیہ السلام کی صفت بشریت کا اظہار فرمایا گیا ہے اور بتایا کہ نسیان لازم بشریت ہے۔ اس لیے کسی شخص کو شایاں نہیں کہ آدم علیہ السلام کے ایک فعل یا ترک فعل پر جس کا صدور بوجہ نسیان ہوا خوردہ گیری کرے۔

نبی ﷺ کے حق میں علیم و حکیم فرماتا ہے:

﴿سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ﴾ [الاعلیٰ:6]

''ہم تجھے پڑھاتے رہیں گے اور تجھ سے نسیان نہ ہوگا۔'' [1]

اس آیت میں سَنُقْرِئُكَ پہلی آیت کے لفظ عَلَّمَ اٰدَمَ کے معنی کو ظاہر کر رہا ہے اور بتاتا ہے کہ نبی ﷺ کے لیے خود باری تعالیٰ اَلْمُقْرِئُ (حرفاً حرفاً سکھانے والا) فرمایا ہے۔

3. اس آیت میں نبی کریم ﷺ سے نسیان کی نفی کر دی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ عوامل بشریت کو رسالت محمدیہ ﷺ سے کوئی لگاؤ نہیں،

﴿فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ﴾ [البقرۃ:37]

---

[1] واضح ہو کہ تین احادیث صحیحہ میں نبی کریم ﷺ کے سہو کا ذکر ہے۔ حدیث ذی الیدین میں دو رکعت پر سلام اور حدیث ابن خمسہ میں دو رکعت سے قیام حدیث ابن مسعود میں ظہر کی پانچ رکعتوں کا پڑھا جانا بیان کیا گیا ہے۔ ہمارے نزدیک یہ احادیث بھی آیات قرآنی کی معارض نہیں۔ اول تو یہ کہ نسیان اور شے ہے سہو اور شے ہے۔ نسیان میں ذہول و غفلت و آفت ذہن شامل ہیں اور سہو صرف ایک شغل کے لیے آتا ہے۔ قرآن مجید ہر دو آیات مذکورہ بالا میں لفظ نسیان ہے سہو نہیں۔ دوم نسیان کا تعلق علم سے ہے اور سہو کا فعل سے۔

''آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے کچھ کلمات پائے اور رب نے آدم پر توجہ کی۔''

اس آیت سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو وحی سے مشرف فرمایا' نیز اس فعل ناخوش آئند کے اثر سے حضرت آدم علیہ السلام کو پاک ٹھہرایا۔

نبی ﷺ کے یمن و برکت کی بابت فرمایا گیا ہے:

﴿ وَ يَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ O وَ هُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ﴾ [الشوریٰ: 24-25]

''اللہ تعالیٰ اپنے کلمات سے باطل کو محو کرتا ہے اور حق کو حق ٹھہراتا ہے۔ وہ دلوں کی بات کا جاننے والا ہے۔ وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ کو قبول فرماتا ہے۔''

اس آیت میں ان کلمات کا جو نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائے' ذکر ہے۔ نیز ان کلمات کی تاثیر و فیوض کا بھی جوامت محمدیہ کو اس سے حاصل ہونے والے ہیں۔

4. آدم علیہ السلام کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ O فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ وَ قُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ﴾ [البقرۃ: 35-36]

تم دونوں اس درخت کے نزدیک نہ جانا۔ تب تم ظالموں میں سے ہو جاؤ گے۔ مگر شیطان نے ان دونوں کو پھسلایا اور جہاں تھے وہاں سے نکلوایا اور ہم نے کہا اترو۔ تم میں سے بعض بعض کا دشمن ہے۔''

اس آیت میں ایک شجرہ کا ذکر بطور آزمائش گاہ کے ہے اور صورت خلاف پائے جانے پر ظلم بر خود اخراج' ہبوط' عداوت' یک دیگر کا ذکر بطور نتیجہ کے فرمایا گیا ہے۔

نبی ﷺ کے احوال میں بھی ایک شجرہ کا ذکر اللہ تعالیٰ کے کلام میں ہے:

﴿ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَ اَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا وَّ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ﴾ [الفتح: 18-19]

''ان سب مومنوں سے جب وہ درخت کے نیچے نبی ﷺ کی بیعت کر رہے تھے اللہ راضی ہوا۔ اللہ نے ان کے دلوں کی حالت کو جان لیا پھر اس پر سکینہ نازل فرمایا نیز ان کو فتح قریب دی اور مغانم کثیرہ بھی دیے جن کو وہ حاصل کریں گے۔''

یہاں بھی ایک شجرہ آزمائش گاہ ہے اور اس آزمائش کا نتیجہ رضوان الٰہی خلوص قلب، نزول سکینہ و حال استقبال کی فتوحات و مغانم کا حصول ہے۔

5. آدم علیہ السلام کی بابت اللہ تعالیٰ نے خبر دی ہے:

﴿ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا ﴾ [البقرۃ: 34]

''ہم نے ملائکہ سے کہا کہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو، انھوں نے سجدہ کیا۔''

اس آیت سے آدم علیہ السلام کی رفعت شان بخوبی نمایاں ہے۔

﴿ إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ﴾ [الاحزاب:56]

''اللہ اور اللہ کے فرشتے نبی ﷺ پر صلوٰۃ بھیجا کرتے ہیں۔''

يُصَلُّوْنَ میں استمرار پایا جاتا ہے اور اس سے ظاہر ہے کہ صلوٰۃ بر نبی ﷺ، ملائکہ کے اشغال دائمی میں سے ہے اور چونکہ رب العالمین نے بھی صلوٰۃ کو ذات قدسی سے نسبت دی ہے، اس لیے نبی ﷺ کی شان بلندی کی رفعت بہت برتر ہو جاتی ہے۔

حضرت ادریس علیہ السلام

حضرت ادریس علیہ السلام کا زمانہ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے درمیان ہے:

(1) اللہ تعالیٰ ان کی صفت میں فرماتا ہے:

﴿ إِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴾ [مریم:56] ''وہ بہت راست گو نبی تھا۔''

نبی ﷺ کی صفت میں فرمایا گیا ہے:

﴿ الَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ ﴾ [الزمر:33] ''وہ جو صدق کو لے کر آیا۔''

(2) حضرت ادریس علیہ السلام کے حق میں ہے:

﴿ وَ رَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴾ [مریم:57] ''ہم نے ادریس علیہ السلام کو درجہ عالی پر بلند کیا۔''

اس آیت سے حضرت ادریس علیہ السلام کی بلندی شان بخوبی نمایاں ہے۔

نبی ﷺ کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴾ [الم نشرح:4] ''ہم نے تیرے ذکر کو رفعت عطا کی۔''

اس کی تفسیر حدیث قدسی میں یوں ہے کہ جہاں اللہ تعالیٰ کا مبارک نام آتا ہے' نبی ﷺ کا اسم گرامی بھی ضرور آتا ہے۔ اذان' تکبیر' تشہد' خطبہ' نماز' کوئی ایسا مقام نہیں جہاں اسم ہمایوں کا مذکور نہ ہوتا ہو۔ مقام دعا میں حضور ﷺ کا مبارک نام' درود شریف میں آ جاتا ہے۔ یہ جملہ اقسام مناسک اسلام میں ہیں۔ انبیائے پیشین نے حضور ﷺ کے مقام ولادت، دار الہجرت، حلیہ، مکارم اخلاق، محاسن فضائل کا ذکر بہ کثرت کیا ہے۔ مجموعہ بائبل میں حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت یعقوب' حضرت موسیٰ' حضرت داؤد، حضرت سلیمان، حضرت یسعیاہ، حضرت یرمیاہ، حضرت دانیال، حضرت خرقی ایل، حضرت حبقوق، حضرت ملاکی' حضرت یحییٰ' حضرت عیسیٰ علیہم السلام نے محامد محمدی اور نعوت احمدی ﷺ کو عجیب عجیب اسلوب سے بیان فرمایا ہے اور یہ امر رفعت ذکر کی روشن ترین دلیل ہے۔

مندرجہ بالا پیشین گوئیوں کا مفصل ذکر اور شرح ان شاء اللہ تعالیٰ اس کتاب کی جلد سوم میں ہوگی۔

حضرت الیاس علیہ السلام

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی ایک روایت سے ثابت ہے کہ حضرت ادریس نبی علیہ السلام کا نام ہی حضرت الیاس ہے۔ اس لیے ان کا ذکر حضرت ادریس علیہ السلام کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے کلام سے ثابت ہے کہ الیاس علیہ السلام نے بعل بت کے خلاف وعظ فرمایا اور لوگوں کو توحید کی دعوت دی تھی۔

﴿اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ O اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّ تَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخٰلِقِيْنَ﴾ [الصّٰفّٰت:124-125]

''الیاس علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا کیا تم نہیں ڈرتے کہ بعل کو تو پکارتے ہو اور احسن الخالقین کو چھوڑتے ہو۔''

کسی بت کا نام لے کر تردید کرنا بڑی جرأت کا کام ہے' کیوں کہ اس سے سخت خصومت پیدا ہوتی ہے۔ نبی علیہ السلام نے بھی مشہور دیویوں کے نام لے لے کر بت پرستوں پر حجت الٰہی قائم فرمائی اور ان کو توحید کی جانب دعوت فرمائی تھی۔

قرآن مجید میں ہے:

﴿اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى O وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى O اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى O تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى O اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ط اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ مَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى﴾ [النجم:19-23]

''کیا تم نے لات اور عزیٰ کو اور پھر تیسری منات کو دیکھا۔ کیا تمہارے لیے تو بیٹے ہوں اور اللہ کے لیے بیٹیاں۔ یہ تو بھونڈی بانٹ ہے۔ لوگو! یہ تو نام ہی نام ہیں' جو تم نے رکھ لیے ہیں اور تمہارے باپ دادوں نے گھڑ لیے ہیں۔ اللہ نے اس بات کی کوئی دلیل نہیں اتاری۔ تم تو اپنے ہی گمان اور اپنی نفسانی خواہش کی پیروی کر رہے ہو' حالانکہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ہدایت آ چکی ہے۔''

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چوں کہ بہت سے بتوں کے خلاف اپنی آواز کو بلند فرمایا تھا اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت سخت ابتلاؤں کا تحمل (برداشت) فرمانا پڑا۔

حضرت نوح علیہ السلام

نوح علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے پہلے رسول ہیں۔ انھوں نے توحید کی تبلیغ میں مساعی جمیلہ فرمائیں اور جملہ مصائب کو طیب قلب اور انشراح صدر سے برداشت کیا۔ کتاب حمید میں ان کا ذکر متعدد مقامات پر ہے۔

1. دو جگہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت نوح علیہ السلام کا ذکر ایک ہی آیت میں جمع فرمایا گیا ہے اور ہر دو جگہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کو تقدم دیا گیا ہے۔

① ﴿اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّ النَّبِيّٖنَ مِنْ بَعْدِهٖ﴾ [النساء:163]

''ہم نے تجھ پر وحی بھیجی' جیسا کہ نوح علیہ السلام اور ان کے بعد انبیاء (علیہم السلام) پر وحی بھیجی تھی۔''

② ﴿وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَ مِنْكَ وَ مِنْ نُّوْحٍ وَّ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ﴾

''جب ہم نے انبیاء علیہم السلام سے ان کا میثاق لیا اور تجھ سے اور نوح سے اور ابراہیم و موسیٰ (علیہما السلام) اور عیسیٰ بن مریم (علیہما السلام) سے میثاق لیا۔'' [الاحزاب:7]

آیت اول میں بتایا گیا ہے کہ جملہ انبیاء کی وحی کی حقیقت ایک ہی ہے۔ دوسری آیت میں اولوالعزم رسولوں کے نام بتائے ہیں۔ ذرا غور کرو کہ حضرت نوح علیہ السلام سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک جو نام بیان ہوئے ہیں' ان میں ترتیب زمانی کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔

اقتضائے ترتیب یہ تھا کہ حضور ﷺ کا نام عیسیٰ علیہ السلام بن مریم علیہا السلام کے بعد ہوتا مگر نہیں وہ تو سب سے پہلے بیان فرمایا گیا ہے۔

2 نوح علیہ السلام کی شان میں فرمایا گیا ہے:

﴿اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا اِلٰی قَوۡمِهٖ﴾ [نوح:1] ''ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا۔''

سورہ توبہ، شعراء، سورہ ص و ہود وغیرہ میں بھی نوح علیہ السلام کا اپنی ہی قوم کے لیے رسول ہونا بیان ہوا ہے۔ نبی ﷺ کے بارہ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿قُلۡ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیۡ رَسُوۡلُ اللّٰهِ اِلَیۡكُمۡ جَمِیۡعَا ۨ الَّذِیۡ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ﴾

''اے محمد ﷺ ان سب کو جو نسل انسانی کے اندر داخل ہیں بتا دے کہ میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول ہوں جو آسمان اور زمین کا مالک ہے اس کے سوا اور کوئی بھی معبود نہیں۔'' [الاعراف:158]

آیت سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی تمام خدائی میں محمد ﷺ کی رسالت کو وسیع فرمایا ہے۔

3 نوح علیہ السلام کا قول اللہ تعالیٰ نے نقل فرمایا ہے:

﴿وَ مَاۤ اَنَا بِطَارِدِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ﴾ [الشعراء:114]

''میں ایمان والوں کو اپنے سے جدا نہ کروں گا۔''

اس آیت سے نوح علیہ السلام کا خلق اور امت مومنہ پر شفقت والطاف کا حال اصل معلوم ہوتا ہے۔

نبی ﷺ کو بھی اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

﴿وَ لَا تَطۡرُدِ الَّذِیۡنَ یَدۡعُوۡنَ رَبَّهُمۡ بِالۡغَدٰوةِ وَ الۡعَشِیِّ یُرِیۡدُوۡنَ وَجۡهَهٗ﴾ [الانعام:52]

''جو لوگ صبح و شام اپنے رب کو پکارتے اور اسی کی رضا چاہتے ہیں تو ان کو اپنے سے الگ نہ کر''

4 اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو فرمایا:

﴿یٰنُوۡحُ اهۡبِطۡ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَ بَرَكٰتٍ عَلَیۡكَ وَ عَلٰۤی اُمَمٍ مِّمَّنۡ مَّعَكَ﴾ [ھود:48]

''اے نوح! کشتی سے ہماری سلامتی اور برکتوں کے ساتھ جو تجھ پر اور تیرے ساتھ کے گروہوں پر ہیں اتر۔''

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو گروہ حضرت نوح علیہ السلام کے ساتھ تھے ان پر اللہ تعالیٰ نے معیت رسول کی وجہ سے برکتوں کو نازل فرمایا تھا۔

نبی ﷺ کی امت کے متعلق بھی اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

1 ﴿هُوَ الَّذِیۡ یُصَلِّیۡ عَلَیۡكُمۡ وَ مَلٰٓئِكَتُهٗ﴾ [الاحزاب:43]

''اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے تم پر رحمت بھیجتے ہیں۔''

2 ﴿یُرِیۡدُ لِیُطَهِّرَكُمۡ وَ لِیُتِمَّ نِعۡمَتَهٗ عَلَیۡكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ﴾ [المائدہ:6]

''اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہے کہ تم کو پاک کرے اور اپنی نعمت کا اتمام کرے تا کہ تم شکر کیا کرو۔''

3 ﴿لِّیُطَهِّرَكُمۡ بِهٖ وَ یُذۡهِبَ عَنۡكُمۡ رِجۡزَ الشَّیۡطٰنِ وَ لِیَرۡبِطَ عَلٰی قُلُوۡبِكُمۡ وَ یُثَبِّتَ بِهِ الۡاَقۡدَامَ﴾ [الانفال:11]

''تا کہ تم کو اس سے پاک کرے اور شیطانی میل کچیل کو تم سے دور کرے۔ تمہارے دلوں کو ملائے اور تمہارے پاؤں جمائے۔''

ہر سہ آیات پر غور کرو۔ صلوٰۃ، تطہیر، اتمام نعمت، دوری رجز شیطان، ارتباط قلوب، ثبات اقدام کے وعدے اصحاب النبی ﷺ کے ساتھ فرمائے گئے ہیں اور جو لوگ ﴿وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ﴾ [التوبہ:100] کے مصداق ہیں وہ بھی ان سب وعدوں میں ان ہی کے تحت میں داخل ہیں۔ یہ جملہ برکات امت محمدیہ کو نبی ﷺ کے اتباع ومحبت کی وجہ سے عطا ہوئی ہیں۔

حضرت ہود علیہ السلام

(1) ہود علیہ السلام کی نبوت پر قوم کی جرح یہ تھی کہ وہ بشر ہیں۔ [1]

قرآن مجید میں ان کے الفاظ یہ ہیں:

﴿وَ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا﴾ [ہود:27] ''ہم تو تجھے اپنے ہی جیسا بشر دیکھتے ہیں۔''

نبی ﷺ پر بھی کفار کا بڑا اعتراض یہ تھا:

﴿اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا﴾ [بنی اسرائیل:94] ''کیا اللہ نے بشر کو رسول بنایا۔''

(2) ہود علیہ السلام کے سامنے قوم کے مال دار لوگ کہا کرتے تھے:

﴿وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ﴾ [ہود:27]

''ہم دیکھتے ہیں کہ وہی لوگ تمہارے پیچھے ہوگئے ہیں جو ہم میں سے رذیل اور موٹی عقل کے ہیں۔''

اسیان نبی ﷺ کو بھی متکبران مکہ یوں ہی کہا کرتے تھے:

﴿اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ﴾ [البقرۃ:13]

''کیا ہم بھی وہی مان لیں جو بے سمجھ لوگ مان گئے ہیں۔''

یہ جھوٹے مغرور جن لوگوں کو سفہاء بتاتے تھے، زمانہ نے دیکھ لیا کہ وہی لوگ امن بسیط کے پھیلانے والے، مساوات کا سبق دینے والے، عرب، مصر، ایران، شام، عراق و فلسطین کو علم اور تہذیب وتمدن اور شائستگی دینے والے تھے اور اس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ نبی ﷺ کا منصب رفیع کس قدر اعلیٰ ہے۔ جب حضور ﷺ کے اتباع والوں کی شان یہ ہے۔

(3) ہود علیہ السلام کافروں کے سامنے فرماتے ہیں:

﴿وَ لَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآىِٕنُ اللّٰهِ وَ لَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ﴾ [الانعام:50]

''میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے قبضہ میں اللہ کے خزانے ہیں، نہ یہ کہتا ہوں کہ میں غیب کا علم رکھتا ہوں، نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔''

یہی الفاظ سورہ انعام کے پانچویں رکوع (آیت 50) میں ہیں اور ان کے شروع میں لفظ ''قل'' ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو ان الفاظ کے سنا دینے کا حکم دیا تھا۔ ان الفاظ کے سنانے سے مدعا یہ ہے کہ اللہ کا نبی اپنی نسبت کسی خوش اعتقادی کے ظنون کو پسند نہیں کرتا۔ ان کے لیے وہی سچی تعریف کافی ہے جس کا مستحق اللہ تعالیٰ نے ان کو فرمایا ہے۔

---

[1] ہود علیہ السلام کا زمانہ ابراہیم علیہ السلام سے پیشتر کا ہے۔

حضرت صالح علیہ السلام [1]

اللہ پاک نے بتایا ہے کہ صالح علیہ السلام کے وعظ خالص توحید کے استحکام اور بطلان شرک کی بابت ہوا کرتے تھے:

﴿ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴾ [ھود:61]

''اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا اور کوئی تمہارا معبود نہیں۔ اسی نے تم کو خاک سے بنایا اور اس میں آباد کیا۔ پس اسی سے بخشش مانگو اور اسی کی جانب توبہ کرو، میرا پروردگار قریب ہے اور قبول کنندہ بھی ہے۔''

نبی کریم ﷺ کا وعظ بہ حکم ربانی یہ ہوتا تھا:

﴿قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ قُلْ اِنِّيْۤ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝ وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ قُلْ اِنِّيْۤ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ۝ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ﴾ [الزمر:10-15]

''کہہ دے (اے پیغمبر!) کہ اے ایمان لانے والو رب کا تقویٰ اختیار کرو۔ سمجھا دے کہ اللہ کی زمین میں جو نیکی کرتا ہے اس کے لیے نیکی ہی نیکی ہے۔ (سمجھا دے) کہ اللہ کی زمین فراخ ہے کوئی عبادت کرنے میں روک ٹوک کرے تو تم وہ جگہ چھوڑ دو۔ (سمجھا دے) کہ صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بے اندازہ دے گا۔ بتا دے مجھے یہ حکم ملا ہے کہ عبادت کروں اللہ کی خالص کر کے واسطے اس کے عبادت اور یہ بھی حکم ملا ہے کہ میں سب سے پہلے فرماں برداری کروں۔ بتا دے مجھے تو ڈر ہے کہ اگر نافرمانی کروں گا تو اس بڑے دن کا عذاب بھی سامنے ہے۔ بتا دے کہ وہی اللہ ہے اسی کی عبادت میں خلوص سے کرتا ہوں۔ یہی میرا دین ہے۔ اب لوگوں کی مرضی جس کی پوجا چاہیں کریں۔ بتا دے خسارے والے وہ ہیں جو قیامت کے دن وہ خود اور ان کا کنبہ خسارے میں رہیں گے۔ (یاد رکھو) یہی کھلم کھلا ٹوٹا (خسارہ) ہے۔''

مندرجہ بالا آیات پر جو نبی ﷺ کی تبلیغ کے مضامین پر جامع ہے، غور کرو حضور ﷺ کیسے کیسے اسلوب بدیعہ (خوبصورت) کے ساتھ توحید کی تعلیم دیا کرتے تھے۔

حضرت خلیل الرحمٰن ابراہیم علیہ السلام

سیدنا حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے نبی کریم ﷺ کو نہایت قرب اور مشاکلت کلی ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی نے دعا مانگی تھی کہ حضور ﷺ مکہ میں ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو فرمایا: ﴿ وَاتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ﴾ اس لیے واقعات ذیل خاص غور کے لائق ہیں۔

---

[1] صالح علیہ السلام کا زمانہ ابراہیم علیہ السلام سے پیشتر کا ہے۔

1 ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کا ذکر اس طرح فرمایا ہے:

﴿ يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّ سَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ ﴾ [الانبیاء:69]

''اے آگ! ابراہیم پر ٹھنڈک اور سلامتی بن جانا۔''

نبی ﷺ کی بابت اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ كُلَّمَا أَوْقَدُوا نَارًا لِّلْحَرْبِ أَطْفَأَهَا اللَّهُ ﴾ [المائدہ:64]

''وہ جب جنگ کے لیے آگ بھڑکاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اسے بجھا دیتا ہے۔''

2 ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ کو بنایا:

﴿ وَ إِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَ إِسْمَاعِيلُ ﴾ [البقرۃ:127]

''جب ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام بیت اللہ کی بنیادوں کو بلند کرتے تھے۔''

نبی علیہ السلام نے اس کعبہ کو قبلہ بنانے کے لیے منتخب کر لیا اور رب العالمین نے حضور ﷺ کے میلان قلب کو دیکھ کر اسی کے موافق حکم نازل فرمایا:

﴿ قَدْ نَرَىٰ تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا ﴾ [البقرۃ:144]

''ہم نے تیرے رخ کا آسمان کی طرف پھرنا دیکھا، ہم تجھے اس قبلہ کی طرف جسے تو پسند کرتا ہے، پھیر دیں گے۔''

3 ابراہیم علیہ السلام نے بت خانہ کے بتوں کو توڑا۔

﴿ فَجَعَلَهُمْ جُذَاذًا ﴾ [الانبیاء:58] ''پس انھیں ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔''

نبی ﷺ نے کعبہ کے 360 بتوں کو باہر نکلوا کر دائمی حکم بطلان صنم پرستی کا صادر فرمایا:

﴿ جَاءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا ﴾ [الاسراء:81]

''حق آ گیا، باطل چلا گیا، باطل تو جاتے رہنے والا ہی ہے۔''

4 ابراہیم علیہ السلام نے ابتدائی عمر میں ایک بیوی پر اکتفا کر کے پھر آخر عمر میں متعدد نکاح کیے۔ نبی ﷺ نے بھی اسی سنت ابراہیمی پر عمل فرمایا:

5 ابراہیم علیہ السلام نے لوگوں میں حج کا اعلان کیا۔

﴿ وَأَذِّن فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ ﴾ [الحج:27] لوگوں میں حج کا اعلان کر دے۔

نبی ﷺ نے فرضیت حج کا حکم مع شرائط استطاعت سنایا۔

﴿ وَ لِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا ﴾ [آل عمران:97]

''اور لوگوں پر اللہ کی طرف سے فرض ہے جو اس گھر کی طرف جانے کی استطاعت رکھے وہ حج کرے۔''

6 اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو اَلْبُغْضُ لِلّٰهِ کی صفت جلیلہ میں دنیا کے سامنے نمونہ بنایا۔

﴿ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَآءُ مِنكُمْ وَ مِمَّا

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾ [الممتحنۃ:4]

''تمہارے لیے عمدہ نمونہ ابراہیم علیہ السلام اور اس کے ساتھیوں کا جب انھوں نے اپنی قوم سے کہہ دیا کہ ہم تم سے بھی بیزار ہیں اور جن کی عبادت تم اللہ کے سوا کرتے ہو ان سے بھی بیزار ہیں۔''

اللہ تعالیٰ نے محمد مصطفیٰ ﷺ کو تمام دنیا کے لیے اَلْحُبُّ فِی اللّٰہِ کی صفت جمیلہ میں بہترین نمونہ ٹھہرایا اور ارشاد فرمایا:

﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا﴾

''اللہ کا رسول بہترین نمونہ ہے ان سب کے لیے جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کثیر کرتے ہیں۔'' [الاحزاب:21]

یہ ظاہر ہے کہ یہی ہر دو صفات ہیں، جن سے ایمان باللہ کی تکمیل ہوتی ہے۔ ان صفات میں یہی پدر اعظم اور سید ولد آدم تمام عالم کے لیے اسوہ قرار دیے گئے ہیں۔ دنیا کو ضرورت ہے کہ ان بہترین واکمل ترین کی سیرت اور افعال واقوال سے بخوبی واقف ہو، تاکہ ہر قول ہر فعل ہر عمل اسی نمونہ کے مطابق کیا جائے۔ جو منظور شدہ بارگاہ سرمدی ہو۔

7 اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کے خُلق کی تعریف فرمائی ہے اور ارشاد کیا:

﴿اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ﴾ [التوبہ:114] ''ابراہیم علیہ السلام بہت نرم دل اور بردبار تھا۔''

نبی ﷺ کے خُلق کی بھی کلام مبین میں صفت فرمائی گئی۔ فرمایا:

① ﴿اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ﴾ [القلم:4] ''تو بزرگ ترین اخلاق پر متصرف ہے۔''

② ﴿فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَا نْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ﴾

''یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے کہ تجھے نرم خو بنایا، اگر تو درشت طبع، سخت دل ہوتا تو لوگ تیرے پاس سے بھاگ جاتے۔'' [آل عمران:159]

8 ابراہیم علیہ السلام نے منکر وجود باری تعالیٰ کے ساتھ جو مناظرہ کیا تھا وہ قرآن مجید میں مذکور ہے:

﴿فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ﴾ [البقرۃ:258]

''اللہ تعالیٰ تو آفتاب کو مشرق سے نکالتا ہے تو اسے مغرب سے نکال دے۔''

نبی ﷺ نے بھی منکر حشر اجساد پر جو دلائل قائم کیے ہیں وہ کتاب حکیم میں درج ہیں۔

﴿قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُ ۝ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ﴾ [یٰسٓ:79-80]

''کہہ دے مردہ کو وہی زندہ کرے گا جس نے اسے بار اول پیدا کیا تھا۔ وہ ہر پیدائش کی حالت کا خوب علم رکھتا ہے۔ وہ جس نے سبز درخت سے آگ کو نکالا جس سے تم روشنی لیا کرتے ہو۔''

ہر دو واقعات میں مشابہت کلی اس طرح بھی قائم ہو جاتی ہے کہ دلائل ابراہیمی بھی تعلیم من اللہ کا نتیجہ تھے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے بتادیا ﴿تِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ﴾ [الانعام:83] اور براہین محمدی ﷺ بھی وحی من اللہ ہیں۔ اسی آیت کے

آغاز میں لفظ ''قل'' اس راز کا انکشاف کر رہا ہے۔

حضرت لوط علیہ السلام [1]

حضرت لوط علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے برادر زادہ (بھتیجے) ہیں۔ بی بی سارہ کے بعد سب سے پہلے یہی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ایمان لائے تھے اور خلیل الرحمٰن علیہ السلام کی محبت میں انھوں نے ہجرت الی اللہ کی تھی۔

1. قوم نے ان کو اخراج کی دھمکی دی تھی۔

﴿ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يَا لُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴾ [الشعراء:167]

''اے لوط! اگر تو ہم کو نصیحت کرنا نہیں چھوڑے گا تو یہاں سے نکال دیا جائے گا۔''

نبی ﷺ کے اخراج کی بھی تجاویز کی گئی تھیں۔ اللہ تعالیٰ خبر دیتا ہے:

﴿ نَكَثُوْا اَيْمَانَهُمْ وَ هَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ ﴾ [التوبہ:13]

''اپنی سوگندوں (قسموں) کو توڑ دیا اور رسول کو باہر نکال دینے کا قصد کر لیا۔''

2. لوط علیہ السلام کی قوم کی حالت اللہ تعالیٰ ان جامع الفاظ میں بیان فرمائی ہے:

﴿ كَانَتْ تَعْمَلُ الْخَبَائِثَ ﴾ [الانبیاء:74]

''وہ خبائث والے کام کیا کرتے تھے۔''

نبی کریم ﷺ کی ثناء میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلَالَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ﴾ [الاعراف:157]

''ہمارا نبی لوگوں پر خبیث عادتوں، ناپاک چیزوں کو حرام ٹھہراتا ہے۔ ان کے بوجھ اتارتا ہے اور ان کی گردنوں سے طوق نکالتا ہے۔''

3. لوط علیہ السلام کی مدد اور ان کے اعداء کی تباہی کے لیے فرشتوں کا اترنا قرآن پاک میں مذکور ہے۔

﴿ يَا لُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْا اِلَيْكَ ﴾ [ھود:81]

''اے لوط! ہم تیرے رب کے فرستادے ہیں، تیرے دشمن تیرے قریب نہ آئیں گے۔''

نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ مدد فرشتگاں کی بابت فرماتا ہے:

﴿ يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلَافٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴾ [آل عمران:125]

''اللہ تمہاری مدد پانچ ہزار (5000) فرشتوں سے جن کی مدد پر اور فرشتے بھی ہوں گے، فرمائے گا۔''

مؤلف کتاب کے ایک نعتیہ قصیدہ کا مطلع ہے:

اے از جہاں و ہرچہ درو برتر آمدہ
بہر تو قدسیاں مدد لشکر آمدہ

[1] حضرت لوط کا زمانہ 1898 قبل مسیح پایا جاتا ہے۔ ان کی وفات کا زمانہ معلوم نہیں ہوا۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام

(1) قرآن مجید حضرت اسماعیل علیہ السلام کی صفت میں فرماتا ہے:

﴿كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ﴾ [مریم:54] ''وہ وعدہ کا سچا تھا۔''

نبی ﷺ کے وعدوں کو پورا ہونے کا ذکر اللہ تعالیٰ نے مومنین کی زبان سے فرمایا ہے۔

﴿هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ﴾ [الاحزاب:22]

''یہ تو وہی ہے جس کا وعدہ اللہ اور رسول نے ہم سے کیا تھا اور اللہ اور رسول نے سچ فرمایا تھا۔''

(2) حضرت اسماعیل علیہ السلام کی صفت میں فرمایا گیا ہے:

﴿كَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ﴾ [مریم:55] ''اپنے کنبہ کو صلوٰۃ اور زکوٰۃ کا حکم دیا کرتا تھا۔''

اس آیت میں سکھایا گیا ہے کہ اصلاح اول کنبہ سے شروع ہونی چاہیے۔

نبی ﷺ کو فرمایا گیا ہے:

1. ﴿وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا﴾ [طٰہٰ:132] ''اپنے کنبہ کو نماز کا حکم دے اور اسی پر قائم رہ۔''
2. ﴿وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ﴾ [الشعراء:214] ''اپنے کنبے کو زیادہ تر نزدیکیوں کو (خصوصیت سے) ڈرا دے۔''

ہر دو آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ نے اہل کے علاوہ اقارب کو بھی خاص اہتمام سے تبلیغ فرمائی تھی۔

(3) اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَعَهِدْنَا اِلٰى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ﴾ [البقرۃ:125]

''ہم نے ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام سے عہد لیا کہ تم دونوں میرے گھر کو طواف والوں، اعتکاف والوں اور رکوع و سجود والوں کے لیے پاک کرو۔''

یہ ظاہر ہے کہ اس عہد میں حضرت اسحٰق علیہ السلام اور ان کی شاخ داخل ہے۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام کے فخر دودمان فرزند یعنی نبی ﷺ نے دنیا کو یہ حکم سنایا۔

﴿فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ﴾ [البقرۃ:144] ''تم اپنے منہ مسجد الحرام کے سامنے کے رخ پھیر دو۔''

اس حکم سے ظاہر ہے کہ نبی ﷺ ہی نے بتایا کہ کعبہ ہی تمام مساجد دنیا کا قبلہ ہے۔

حضرت اسحاق علیہ السلام

اسحٰق علیہ السلام کا ذکر قرآن مجید میں مفرداً کم آیا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام [3] کے ساتھ یا حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ساتھ یا حضرت یعقوب علیہ السلام کے ساتھ ان کا اسم گرامی آتا ہے۔

(1) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

---

[3] حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر پوری 100 سال کی تھی جب حضرت اسحٰق پیدا ہوئے۔ یہ 40 سال کے تھے جب ان کی شادی رفقہ خاتون سے ہوئی۔ وہ نحور برادر ابراہیم کی پوتی ہیں۔ 60 سال کے تھے جب ان کے ہاں توام بچے عیسو اور یعقوب پیدا ہوئے۔ زیادہ تر فلسطین میں رہے۔ 180 سال کی عمر پا کر والد کی قبر کے برابر مدفون ہوئے۔

﴿ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ ﴾ [الصفت:112] ''ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو اسحٰق علیہ السلام کی بشارت دی۔''

اس سے ظاہر ہے کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام کی پیدائش کی بشارت ان کی پیدائش سے پیشتر دی گئی تھی اور یہ بڑا منصب اور فضیلت ہے۔

② نبی ﷺ کی بابت اللہ تعالیٰ نے خبر دی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے لوگوں سے کہا تھا:

﴿ مُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ﴾ [الصف:6]

''میں احمد رسول کی جو میرے بعد آئیں گے بشارت دیتا ہوں۔''

حضرت یعقوب علیہ السلام

① یعقوب علیہ السلام [1] کا ایک وعظ جو انھوں نے بیٹوں کو مخاطب کر کے فرمایا، قرآن مجید میں مذکور ہے:

﴿ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَ اِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ اِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا وَّ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴾ [البقرۃ:133]

''یعقوب علیہ السلام نے بیٹوں سے پوچھا تم میرے بعد کس کی عبادت کرو گے؟ وہ بولے تیرے اللہ کی اور تیرے باپ دادوں ابراہیم و اسماعیل و اسحٰق علیہم السلام کے اللہ کی جو اکیلا معبود ہے۔ ہم عبادت کریں گے اور ہم اسی کے فرمانبردار رہیں گے۔''

نبی ﷺ کا پیغام بھی کل دنیا کے لیے یہی ہے:

﴿ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴾ [البقرۃ:21-22]

''اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو، جس نے تم اور تم سے پہلوں کو پیدا کیا تاکہ تم تقویٰ اختیار کرو۔ وہ اللہ جس نے تمہارے لیے زمین کو فرش اور آسمان کو چھت بنایا اور اوپر سے پانی اتارا، پھر پانی سے میوے بنائے کہ تم کھاؤ۔ بس اللہ کے ساتھ اوروں کو شریک نہ بناؤ۔ جب تم جانتے ہو کہ (اللہ تعالیٰ کے برابر کا کوئی بھی نہیں)''

② یعقوب علیہ السلام کی تعلیم یہ تھی:

﴿ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴾ [یوسف:87]

''اللہ تعالیٰ کی رحمت سے کبھی نا امید مت ہو۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نا امید تو کافر ہی ہوا کرتے ہیں۔''

نبی ﷺ کی تعلیم بھی امت کو یہ ہے:

---

[1] جوان ہو کر ماموں کے گھر گئے۔ اس کی دو لڑکیوں سے نکاح کیا۔ بیس (20) سال وہاں رہ کر واپس شام کو آئے۔ واپسی کے وقت اللہ تعالیٰ نے ان کو اسرائیل کا خطاب دیا۔ ان کی واپسی کے بعد حضرت اسحٰق علیہ السلام کا انتقال ہوا۔ یہاں آ کر برادران یوسف نے حضرت یوسف علیہ السلام کو چاہ میں گرایا جب حضرت یوسف علیہ السلام کا پتا لگ گیا۔ تب حضرت یعقوب علیہ السلام بیٹوں، پوتوں اور ان کی ازواج سمیت کنبہ کے 68 لوگوں کے ساتھ مصر گئے۔ وہاں 17 سال رہے، 147 سال کی عمر میں انتقال ہوا۔ 40 دن تک ان کے جسم میں خوشبو بھری گئی۔ پھر لاش کو کنعان لائے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قبرستان میں دفن کیے گئے۔

﴿ وَلَا تَهِنُوْا وَ لَا تَحْزَنُوْا وَ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴾ [آل عمران:139]

''ہمت نہ ہارو،غم زدہ نہ ہو،تم ہی غالب رہو گے جب تم مومن ہو۔''

③ زیاں کار گنہگار فرزند حضرت یعقوب علیہ السلام سے درخواست کرتے ہیں:

﴿ يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِئِيْنَ ﴾ [یوسف:97]

''اے باپ! ہمارے لیے ہمارے گناہوں کی مغفرت چاہو،ہم تو جان بوجھ کر خطا کرنے والے ہیں۔''

اور یعقوب علیہ السلام ان کو فرماتے ہیں:

﴿ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ط اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴾ [یوسف:98]

''میں اپنے رب سے تمہارے لیے مغفرت کا سوال کروں گا اور وہ تو خطاؤں کو ڈھانپنے والا، عاجزوں پر رحم کرنے والا ہے۔''

رب العالمین کل اہل عالم سے فرماتا ہے اور ان کو رحمت عالم کی شان بتاتا ہے:

﴿ وَ لَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴾

''جب ان لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، اگر یہ تیرے پاس آئیں اور اللہ سے بخشش چاہیں اور رسول بھی ان کے لیے بخشش چاہے تب وہ دیکھیں گے کہ اللہ تعالیٰ تو بہت التفات اور رحم فرمانے والا ہے۔'' [النساء:64]

نبی ﷺ کی شان بلند کو معلوم کرنے کے لیے ﴿وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ﴾ [النساء:64] پر غور کرنا چاہیے۔ یہی راز ہے کہ ہر دعا کے اول و آخر درود شریف پڑھنے کی تاکید کی جاتی ہے۔ کیوں کہ عہد نبوی ﷺ کے لوگوں کو یہ مبارک موقع حاصل تھا کہ حضور ﷺ پر نور کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے لیے دعا کرائیں۔ اس عہد ہمایوں کے انقراض کے بعد اہل عالم کے واسطے صرف یہی طریقہ رہ گیا کہ حضور ﷺ پر درود بھیج کر اللہ تعالیٰ کی رحمت و برکت کا مستحق خود کو ٹھہرائیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَ فِيْ مَلَاءِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

حضرت یوسف علیہ السلام

حدیث پاک میں حضرت یوسف علیہ السلام کو الکریم ابن الکریم ابن الکریم ابن الکریم فرمایا گیا ہے:

قرآن مجید میں ان کے رؤیا کا ذکر ہے:

﴿ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ﴾ [یوسف:4]

''میں نے گیارہ (11) تارے اور سورج، چاند کو دیکھا۔ میں نے دیکھا کہ وہ مجھے سجدہ کر رہے ہیں۔''

حضرت یوسف علیہ السلام کا یہ خواب چند سال کے بعد اس طرح پورا ہوا کہ یوسف علیہ السلام کے والدین اور گیارہ کے گیارہ بھائی ان کے مل جانے پر سجدہ گزار ہوئے تھے۔ خواب پورا ہوا مگر لمبی مدت کے بعد پورا ہوا اور درمیانی زمانہ میں بھائیوں کی عداوت کی وجہ سے حضرت یوسف علیہ السلام کو بہت سی تکالیف اٹھانی پڑیں اور بھائیوں کو بھی ان کی علیحدگی کے بعد مصائب جھیلنے پڑے۔ بھائی یہ نہ سمجھتے تھے کہ یوسف علیہ السلام کا ان کے اندر رہنا باعث یمن و برکت ہے۔

نبی ﷺ کے خواب کا ذکر بھی قرآن مجید میں ہے۔

﴿ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَ مُقَصِّرِيْنَ لَا تَخَافُوْنَ ﴾ [الفتح:27]

''بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کا خواب بالکل سچا کر دکھایا۔ خواب یہ تھا کہ (مسلمان احرام کے لباس میں) پرامن، سر منڈوائے ہوئے اور بال کترائے ہوئے، ان شاء اللہ داخل مسجد الحرام ہوں گے اور ان کو کسی مخالف کا ذرا خوف نہ ہوگا۔''

1. یہ خواب ایک سال ہی کے بعد پورا ہو گیا تھا۔ مکہ سے نبی ﷺ کے علیحدہ رہنے کی مدت آٹھ (8) سال تھی اور اہل مکہ اس عرصہ میں قحط و وبا کے مصائب کے شکار رہے تھے، یوسف علیہ السلام کا خواب تھوڑا سا استعارہ لیے ہوئے تھا مگر نبی ﷺ کا خواب استعارہ وتعبیر سے بالاتر اور بالکل صورت ظاہری کا مظہر تھا۔ چنانچہ آیت بالا میں لفظ بالحق کا لطیف اشارہ اسی جانب ہے۔

2. یوسف علیہ السلام پر امراۃ العزیز کے نام سے بہتان لگایا گیا اور نبی ﷺ پر امراۃ زید کے نام سے افتراء پردازی کی گئی۔ ہر دو واقعات میں اگر اندرونی امتیاز ہے تو یہ ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام پر فعل سوء (کار بد) کا بہتان باندھا گیا اور نبی ﷺ پر نکاح کر لینے میں الزام تراشی کی گئی۔

3. یوسف علیہ السلام کے خلاف ان کے بھائیوں نے مشورہ کیا تھا وہ یہ تھا۔

﴿ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا ﴾ [یوسف:9]

''یوسف علیہ السلام کو قتل کر دو یا کسی جگہ پر پھینک دو۔''

نبی ﷺ کے خلاف بھی قریش نے جو مشورہ کیا وہ یہ تھا۔

﴿ اِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ﴾ [الانفال:30]

''جب کافر تیرے لیے خفیہ خفیہ تدبیریں کر رہے تھے کہ تجھے قید کریں یا وطن سے خارج کریں یا قتل کر دیں۔''

یوسف علیہ السلام کو ان کے بھائیوں نے چاہ سیاہ میں گرا بھی دیا تھا، مگر نبی ﷺ کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے دشمنوں کے ہر شر سے محفوظ رکھا۔

4. یوسف علیہ السلام کی خدمت میں ان کے بھائی عرض کر رہے ہیں:

﴿ يٰاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَ اَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَ تَصَدَّقْ عَلَيْنَا ﴾

''اے حاکم! ہم پر اور ہمارے کنبہ پر قحط کی تکلیف ہے اور ہم سرمایہ بھی تھوڑا لائے ہیں مگر تو ہم کو پورا ناپ دلا دے اور ہم پر اپنی مہربانی فرما۔'' [یوسف:88]

نبی ﷺ کے بعد حضور ﷺ کی قوم بھی قحط شدید کی جس زبوں حالت تک پہنچ گئی تھی اس کا ذکر آیت ذیل میں ہے۔ (جیسا کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے تفسیر کی ہے جو صحیح بخاری میں ہے)

﴿ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝ يَّغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴾

''اس روز کا انتظار کر جس روز آسمان پر دھواں ہی دھواں نظر آئے گا۔ جو لوگوں کو ڈھانپ لے گا اور لوگ پکار اٹھیں گے کہ یہ تو بہت دردناک عذاب ہے۔'' [الدخان:10-11]

5 حضرت یوسف علیہ السلام نے مصر سے بھائیوں کو غلہ دلایا تھا۔ اور نبی ﷺ نے ثمامہ بن اثال رضی اللہ عنہ کو حکم دے کر نجد سے اہل مکہ کے لیے غلہ بھجوایا تھا۔

حضرت شعیب علیہ السلام

حضرت شعیب علیہ السلام ایک مشرک، مال دار، ترازو کش قوم میں مبعوث ہوئے تھے۔ اس لیے ان کے مواعظ توحید کے بعد زیادہ تر اموال کے متعلق ہوتے تھے۔

1 اللہ تعالیٰ نے ان کا وعظ اس طرح بیان فرمایا ہے:

﴿یٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْیَالَ وَالْمِیْزَانَ بِالْقِسْطِ وَ لَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْیَآءَهُمْ﴾ [ھود:85]

''اے قوم! ناپ اور تول کو انصاف کے ساتھ پورا کرو اور لوگوں کی چیزوں میں گھاٹا نہ ڈالا کرو۔''

نبی ﷺ نے بھی امت کو اس بارہ میں جو تعلیم دی ہے وہ آیات ذیل سے ظاہر ہے:۔

﴿وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَ لَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ﴾ [الرحمٰن:9]

''تول کو انصاف کے ساتھ قائم کرو اور تول میں گھاٹا نہ ڈالا کرو، (ڈنڈی نہ مارا کرو)''

﴿وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ ۝ الَّذِیْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ یَسْتَوْفُوْنَ وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ یُخْسِرُوْنَ﴾

''تطفیف والوں پر عذاب دوزخ ہے۔ یہ وہ ہیں کہ جب لوگوں سے لیتے ہیں تو اپنا گھر پورا کر لیتے ہیں اور جب لوگوں کو ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تب ان کو گھاٹا پہنچاتے ہیں۔'' [المطففین:1-3]

2 اللہ تعالیٰ نے حضرت شعیب علیہ السلام کی بابت بتایا ہے:

﴿قَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ یٰشُعَیْبُ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْیَتِنَاۤ﴾ [الاعراف:88]

''قوم کے متکبر سرداروں نے کہا: اے شعیب! ہم تجھے اور تجھ پر ایمان لانے والوں کو اپنی بستی سے نکال دیں گے۔''

نبی ﷺ پر ایمان لانے والوں کے اخراج اور ان کی نصرت رسول اللہ ﷺ کا ذکر اس طرح فرمایا گیا ہے:

﴿الْمُهٰجِرِیْنَ الَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ یَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا وَّ یَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ﴾

''مہاجر لوگ جو اپنے گھروں اور ملکیتوں سے نکالے گئے وہ اللہ کے فضل اور خوشنودی کے جویا اور اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی نصرت کرنے والے ہیں۔'' [الحشر:8]

3 کفار نے حضرت شعیب علیہ السلام کے دلائل سے عاجز ہو کر یوں کہا تھا:

﴿یٰشُعَیْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِیْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ﴾ [9/التوبہ:9]

''اے شعیب علیہ السلام! تیری بہت سی باتیں جو ہماری سمجھ میں ہی نہیں آتیں۔''

نبی ﷺ کو بھی ایسے ہی کفار کے ساتھ سابقہ پڑا تھا جس کا ذکر آیت ذیل میں ہے:

﴿ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَ فِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَ بَيْنِكَ حِجَابٌ ﴾ [فصلت:5]

''کافروں نے کہا کہ ہمارے دل تیری دعوت سے دور ہیں اور ہمارے کانوں میں تیری بات سننے کے لیے گرانی ہے اور ہمارے تیرے درمیان پردے پڑے ہوئے ہیں۔''

یہودیوں نے بھی آنحضرت ﷺ کو یہی جواب بت پرستوں کا سا دیا۔

﴿وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ﴾ [البقرۃ:88]

''یعنی ہمارے دلوں پر تہ در تہ غلاف چڑھے ہوئے ہیں، تیری تعلیم وہاں تک نہیں جا سکتی۔''

4 حضرت شعیب علیہ السلام سے ان کی قوم نے کہا تھا:

﴿ يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ﴾ [ھود:87]

''اے شعیب! کیا تیری نماز یہ بھی ضروری ٹھہراتی ہے کہ ہم اپنے باپ دادا کے بتوں کو چھوڑ دیں۔ کیا تیری نماز اس سے بھی روکتی ہے کہ ہم اپنا روپیہ پیسہ سے جس طرح چاہیں ویسا بیوپار کیا کریں۔''

معلوم ہوتا ہے کہ یہ سود خوار قوم چاہتی تھی کہ نماز پڑھ کر نبی کو بھی خوش کر دیں اور اپنے آبائی شرک پر رہ کر سود خواری پر بھی قائم رہیں، لیکن اگر نماز اور سود دونوں ساتھ ساتھ نہ نبھ سکیں تو ایسی نماز کو دور ہی سے سلام کر دیں اور اگر ایسی نماز بت پرستی کے ساتھ جمع نہ ہو سکے تو نبی کی کوئی بھی بات نہ مانیں۔ ممکن ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے عہد میں بھی کسی مال دار شخص کے دل میں اسلام لانے سے پیشتر ایسی آرزو ہو اور اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کی امید خام کو منقطع کرنے کے لیے اور مسلمانوں کو کامل الایمان بنانے کے لیے ہی یہ حکم دیا ہو۔

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ○فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُوْنَ وَ لَا تُظْلَمُوْنَ﴾ [البقرۃ:278-279]

''اے ایمان لانے والو! اگر تم مومن بن گئے ہو تو اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرو اور سود کی جو رقم وصول کرنی ہے اسے چھوڑ دو۔ اگر ایسا نہ کرو گے تو اللہ تعالیٰ اور رسول کے ساتھ جنگ کا اعلان سمجھ لو اور اگر پھر باز آ جاؤ تب تمھارا راس المال تم کو ملے گا، نہ تم دوسرے پر ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم ہوگا۔''

راقم مضمون کے نزدیک اس حکم سے متبادر ہے کہ اگر کوئی مسلمان کسی رقم قرضہ مع سود کی نالش (دعویٰ) کرے تو قاضی اسلام اس کے تمام دعوے کو خارج کر دے، کیوں کہ راس المال ملنے کی صورت اِنْ تُبْتُمْ کی شرط پر منحصر ہے۔

حضرت کلیم اللہ موسیٰ علیہ السلام

انبیاء بنی اسرائیل میں موسیٰ علیہ السلام ایک شان خاص کے نبی ہیں۔ تورات میں درج ہے کہ موسیٰ علیہ السلام جیسا کوئی نبی بنی اسرائیل میں نہیں ہوا۔ [1]

[1] موسیٰ علیہ السلام کے حالات پڑھتے وقت مجھے گمان ہوتا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام یتیمی ہی میں پیدا ہوئے تھے۔ دریا میں ڈالنے کے لیے والدہ موسیٰ علیہ السلام کو وحی کا ہونا پھر ان کا خبر تابوت لانے کے لیے اپنی بیٹی ہی کو بھیجنا ان کے والد بزرگوار کا مذکور نہ پایا جانا، اس گمان کو قوی

---

[1] استثناء: 33-12

کرتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

نبی ﷺ بھی دنیا میں سانس لینے سے پیشتر یتیم بن چکے تھے۔

(2) موسیٰ علیہ السلام کی تربیت آسیہ مکرمہ نے کی تھی اور وہ فضیلت کی مستحق ٹھہریں۔ اس طرح حلیمہ سعدیہ بھی نبی ﷺ کے ساتھ شفقت مادرانہ کا برتاؤ کرتی تھیں اور وہ رضی اللہ عنہا کے منصب پر فائز ہوئیں۔

(3) موسیٰ اپنے مخالفین سے بچ کر نکل گئے تھے اور نبی ﷺ بھی اپنے محاصرین کی آنکھوں میں خاک ڈالتے ہوئے گھر سے غار ثور کو تشریف لے گئے تھے۔

(4) موسیٰ علیہ السلام کو دختر شعیب علیہ السلام نے ان کی قوت و امانت کے اوصاف سے پہچانا تھا اور خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے بھی نبی کریم ﷺ کے اوصاف صدق و امانت کو دیکھ کر اپنا دل حضور ﷺ کی نذر کر دیا تھا۔

(5) اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمانے کا واقعہ بیان فرمایا ہے:

﴿ فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَ سَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْۤ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝ فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِیَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ یّٰمُوْسٰۤى اِنِّیْۤ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴾ [القصص:29-30]

"جب موسیٰ علیہ السلام (دس برس حضرت شعیب علیہ السلام کے پاس رہ کر) مدت پوری کر کے اپنی بیوی کو لے کر رات کو روانہ ہوا تب اس نے طور کی جانب آگ دیکھی اس نے اپنے اہل سے کہا، یہیں ٹھہرو، میں نے آگ دیکھی ہے (میں جاتا ہوں) شاید وہاں سے کچھ خبر راہ کی ملے یا آگ میں سے کوئی انگارہ لے آؤں کہ تاپ سکو۔ جب موسیٰ علیہ السلام وہاں پہنچا تب اس مبارک جگہ میں میدان کے داہنے کنارے کے ایک درخت سے یہ آواز دی گئی اے موسیٰ علیہ السلام میں اللہ ہوں، سب عالموں کا پالنے والا۔"

اس نظارہ کا تعلق جہاں تک حیات سے ہے اس کا ذکر آگ، وادی، شجرہ، اور ندا کے الفاظ میں فرمایا گیا ہے۔

نبی ﷺ کے پاک نظارہ کا بھی قرآن مجید میں ذکر ہے اور ہم ان آیات کو جو اس نظارہ پاک سے متعلق ہیں درج کرتے ہیں۔

﴿ سُبْحٰنَ الَّذِیْۤ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ﴾ [الاسراء:1]

"پاک ہے وہ اللہ جو اپنے بندہ کو شباشب مسجد الحرام سے مسجد اقصیٰ تک لے گیا (اور واپس لایا) وہ مسجد جس کے گردو نواح کو ہم نے برکت دی ہے۔ یہ سیر اس لیے تھی کہ اپنے بندہ کو ہم اپنی آیات دکھائیں۔"

فرمایا:

﴿ وَ لَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ۝ اِذْ یَغْشَى السِّدْرَةَ مَا یَغْشٰى ۝ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَ مَا طَغٰى ۝ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰیٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴾ [النجم: 13-18]

"اس کا دوبارہ نزول بھی دیکھا۔ سدرۃ المنتہیٰ کے قریب جس کے پاس جنت الماویٰ ہے۔ اس وقت سدرہ کو ڈھانپ

رکھا تھا۔ نبی کی آنکھ نے جو کچھ وہاں دیکھا اس کی دید میں کچھ بھی شبہ نہیں ہوا اور نہ آنکھ اس نظارہ کے وقت ادھر ادھر ہوئی۔ نبی نے اللہ کی بڑی بڑی آیتوں کو دیکھا۔''

فرمایا: ﴿مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى﴾ [النجم:11]

''آنکھ نے جو کچھ دیکھا دل نے اسے نہیں جھٹلایا یعنی نظارہ کی حقیقت پر دل تصدیق کرتا ہے۔''

﴿فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى﴾ [النجم:10]

''پھر اللہ نے اپنے بندہ پر وحی کی جو کی۔'' [1]

یہ نظارہ جس قدر روحانیت اور رویت یعنی ویقین قلبی پر حاوی ہے اس کا صحیح علم تو اللہ تعالیٰ اور پھر رسول اللہ ﷺ کے سوا کس کو ہوسکتا ہے مگر الفاظ کی شوکت اور معانی برتری مفہوم کی رفعت اس بے چوں وچگوں کی کیفیت کو تعقل انسانی کے سامنے اس طرح متشکل بنا رہی ہیں اور قلب ودماغ اس سے متلذذ ومتکیف بھی ہو رہے ہیں اور مع ہذا گہری حیرت اور عمیق درربودگی کو بھی ساتھ ساتھ لیے ہوئے ہیں۔

6 موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کا فرعون نے تعاقب کیا تھا اور بالکل قریب پہنچ جاتا ہے تو بنی اسرائیل پکار اٹھتے ہیں۔

﴿اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ﴾ [الشعراء:61] ''ہم تو پکڑے گئے۔''

موسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں:

﴿كَلَّا اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ﴾ [الشعراء:62]

نہیں، ایسا نہیں، میرا رب میرے ساتھ ہے۔ وہ میری رہبری فرمائے گا۔''

ذرا غور کرو کہ موسیٰ علیہ السلام اس معیت ربانی میں اپنی قوم کو اپنے ساتھ شامل نہیں فرماتے، جس کی وجہ غالباً یہ تھی کہ قوم ہنوز ایسے پست درجہ پر تھی کہ اس معیت کی اہلیت ان میں نہ تھی۔

نبی ﷺ کو بھی ایسا ہی موقع پیش آیا، حضور اقدس ﷺ اور حضور ﷺ کے یار غار ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کھوہ کے اندر ہیں اور کفار ناہنجار یلغار کرتے ہوئے اس کے کنارے پر آ گئے ہیں، ابوبکر رضی اللہ عنہ کی زبان خاموش ہے مگر اندرون قلب میں ضرور اندوہ کا ایک جوش ہے۔

نبی ﷺ فرماتے ہیں:

﴿لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا﴾ (سورہ توبہ) ''ابوبکر دل کا فکر دور کر، اللہ ہمارے ساتھ ہے۔''

موسیٰ علیہ السلام کے لفظ مَعِیَ اور نبی ﷺ کے لفظ مَعَنَا پر تدبر کرنے سے واضح ہو جاتا ہے کہ نبی ﷺ کا جذب کس قدر قوی ہے کہ اپنے ساتھی کو بھی اسی معیت الٰہی میں شامل فرما لیتے ہیں جو حضور ﷺ فداہ ابی واُمّی کو خود حاصل تھی۔

7 بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام کے حکم جہاد کی تعمیل کرنے سے انکار کیا اور یوں گستاخانہ ان کی جناب میں کہا تھا:

﴿فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ﴾ [المائدہ:24]

''تو اور تیرا رب جاؤ اور دونوں جنگ کرو ہم تو یہیں بیٹھے رہیں گے۔''

---

[1] جملہ آیات پر ذرا تدبر سے غور کرنا چاہیے کہ نبی ﷺ کی نظر وبصیرت اور وحی ورویت اور لسان وجوارح کا تزکیہ کیسے اسلوب بدیع میں فرمایا گیا ہے۔

﴿ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ أَرْبَعِينَ سَنَةً يَتِيهُونَ فِي الْأَرْضِ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ﴾ [المائدہ:26]

''ان لوگوں پر وعدہ کی زمین کا داخلہ حرام ہے۔ چالیس (40) سال تک یہ اسی زمین میں چکر لگاتے رہیں گے تو ان فاسقوں کا (اسی فیصلہ کی وجہ سے) افسوس نہ کرنا۔''

یہ حکم رب العالمین نے ان کی سزا میں دیا تھا۔

بنی اسرائیل کا یہ قصور چالیس (40) سال کے بعد معاف ہوا اور پھر انھوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خلیفہ حضرت یوشع بن نون علیہ السلام کے ساتھ جہاد کیا اور ظفریاب ہوئے۔

نبی علیہ السلام کے عہد ہمایوں میں بھی ایسا ہی واقعہ کچھ گنوار لوگوں کے ساتھ ہوا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ قُلْ لِلْمُخَلَّفِينَ مِنَ الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَى قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ فَإِنْ تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْرًا حَسَنًا ﴾ [الفتح:16]

''اے نبی! اعراب (بادیہ نشینوں) کو جو تیرے ساتھ پچھڑ گئے تھے کہہ دیجیے کہ عنقریب تم کو ایک سخت جنگ جو قوم کے ساتھ لڑنے کے لیے دعوت دی جائے گی یا تو ان سے تمھاری لڑائی ہوگی یا وہ مسلمان ہو جائیں گے۔ اگر تم نے اس وقت حکم مانا تب اللہ تعالیٰ تم کو بہترین اجر عطا فرمائے گا۔''

سورہ فتح کا نزول 7ھ میں ہوا تھا۔ نبی ﷺ کی حیات میں ان مخلفین کو کبھی دعوت نہ دی گئی تھی، کیوں کہ قرآن مجید ہی نے ان مخلفین کو جب انھوں نے نبی ﷺ کے ہمرکاب چلنے کی ایک دفعہ اجازت بھی چاہی تو یہ بھی بتا دیا تھا۔

﴿ فَقُلْ لَنْ تَخْرُجُوا مَعِيَ أَبَدًا وَلَنْ تُقَاتِلُوا مَعِيَ عَدُوًّا ﴾ [التوبہ:83]

''اے نبی! کہہ دے کہ اب تم کو میری معیت میں خروج کا کبھی بھی موقع نہ ملے گا اور میری معیت میں تم کسی دشمن سے جنگ نہ کرو گے۔''

البتہ 11ھ میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جملہ اشخاص و اقوام کو دعوت الی الجہاد دی تھی اور چند در چند عساکر ان کی دعوت پر جمع ہوئے تھے۔ اس واقعہ سے نبی ﷺ کی فضیلت آشکارا ہے کہ بنی اسرائیل اور مسلمانوں دونوں کا قصور ایک ہی تھا۔ ان کا گناہ چالیس (40) سال کی آوارہ گردی و حیرانی کے بعد معاف ہوا تھا اور مسلمانوں کا قصور چار (4) سال کے اندر ہی اندر۔ ضمناً یہ بھی ثابت ہوا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی دعوت فی الواقع الٰہی حکم تھا اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت بالکل یوشع بن نون علیہ السلام کی خلافت کی سی تھی۔ یہ تشبیہ کامل ہو جاتی ہے جب یہ دیکھا جاتا ہے کہ ارض موعودہ کی بشارت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو دی تھی اور بشارت یوشع بن نون علیہ السلام کے ہاتھ پر پوری ہوئی تھی اور نبی ﷺ نے بھی ارض موعود کی فتح کی نوید مسلمانوں کو دی تھی اور اس کا ایفاء ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما ہی کے مبارک عہد میں ہوا تھا۔

8 فرعون کی عداوت اور بنی اسرائیل پر لشکرکشی کا نتیجہ اللہ نے اس طرح بیان فرمایا ہے:

﴿ فَأَخْرَجْنَاهُمْ مِنْ جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ۝ وَكُنُوزٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ۝ كَذَلِكَ وَأَوْرَثْنَاهَا بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴾

''پھر ہم نے ان کو باغوں اور چشموں اور خزانوں اور ستھرے مکانوں سے نکال دیا۔ ایسا ہی ہوا اور ہم نے ان سب چیزوں کا وارث بنی اسرائیل کو بنایا۔'' [الشعراء:57-59]

نبی ﷺ پر بھی کفار نے احزاب وعسا کر کے ساتھ حملہ کیا تھا جس کا نتیجہ اللہ تعالیٰ نے اس طرح ظاہر فرمایا:

﴿وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا وَ كَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ وَ كَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ۝ وَ اَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَ قَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَ تَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ۝ وَ اَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَ دِيَارَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا﴾ [الاحزاب:25-27]

''اللہ نے کافروں کو دلی رنج کے ساتھ واپس کر دیا۔ وہ کچھ بھی بہتری حاصل نہ کر سکے اور مومنوں کی جنگ کے لیے اللہ تعالیٰ خود کافی ہوا۔ ہاں اللہ تعالیٰ تو قوی وغالب ہے۔ اللہ نے ان اہل کتاب کو جو حملہ آوروں کے مددگار ہوئے تھے قلعوں سے اتارا اور ان کے دلوں کو رعب سے بھر دیا تم نے ان میں سے ایک حصہ کو قتل کیا، ایک حصہ کو اسیر کیا، اللہ نے تم کو، ان کی زمین اور گھروں اور مالوں کا اور اس زمین کا جس پر تمھارا لشکر بھی نہ گیا تھا وارث کر دیا۔ ہاں اللہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔''

(9) موسیٰ علیہ السلام نے عطیہ نبوت کا مژدہ پا کر عرض کیا تھا:

﴿رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ﴾ [طٰہٰ:25] ''اے رب! میرا سینہ کھول دے۔''

نبی ﷺ کے حق میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ﴾ [الم نشرح:1] ''کیا ہم نے تیرا سینہ نہیں کھول دیا۔''

(10) موسیٰ علیہ السلام نے فرائض نبوت کی گراں باری کا اندازہ کر کے عرض کیا تھا:

﴿وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ هٰرُوْنَ﴾ [طٰہٰ:29]

''میرے کنبہ میں سے ہارون کو میرا وزیر (وزر) اٹھانے والا (بوجھ بٹانے والا) بنا دے۔''

اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کے حق میں ارشاد فرمایا:

﴿وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِيْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ﴾ [الم نشرح:2-3]

''اس بوجھ کو جس نے تیری پشت کو جھکا دیا تھا ہم نے تجھ سے اتار دیا۔''

(11) موسیٰ علیہ السلام جناب باری تعالیٰ میں عرض کرتے ہیں:

﴿وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى﴾ [طٰہٰ:84]

''تیری جانب آنے میں اے رب میں نے اس لیے جلدی کی کہ تو راضی ہو جائے۔''

نبی ﷺ کے حق میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى﴾ [الضحیٰ:5] ''تیرا رب تجھے اتنا کچھ عطا فرمائے گا کہ تو راضی ہو جائے گا۔''

پہلی آیت میں رضوان ربانی مطلوب ہے اور دوسری آیت میں رضائے محمدی ﷺ مطلوب۔

وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

حضرت ہارون علیہ السلام [1]

حضرت ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حقیقی بڑے بھائی تھے۔ ان کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا و التجا پر نبوت عطا ہوئی تھی۔

(1) بائبل میں ہے کہ حضرت ہارون علیہ السلام کے متعلق عبادت خانہ کا اہتمام تھا اور وہی امام جماعت تھے۔

قرآن مجید سے ثابت ہے کہ نبی ﷺ خود امامت فرماتے اور مومنین ان کے ساتھ ہو کر عبادت کیا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَ نِصْفَهٗ وَ ثُلُثَهٗ وَ طَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ﴾ [المزمل:20]

''اللہ جانتا ہے کہ تو دو تہائی شب سے کم اور نصف شب اور ایک ثلث شب کے وقت عبادت کے لیے قیام کیا کرتا ہے اور تیرے ساتھ والوں میں سے بھی ایک گروہ ایسا ہی کیا کرتا ہے۔''

﴿ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ○ وَ تَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴾ [الشعراء:218-219]

''اللہ تجھے دیکھتا ہے، جب تو سجدہ کرنے والوں کے اندر رکوع و سجود کرتا اور قیام کیا کرتا ہے۔''

(2) قرآن مجید میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبان سے فرمایا گیا ہے:

﴿ وَ اَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا ﴾ [القصص:34] ''ہارون (علیہ السلام) میرا بھائی، وہ تو مجھ سے بہت زیادہ فصیح البیان ہے۔''

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہارون علیہ السلام کمال فصیح تھے۔

فصاحت و بلاغت ایک وجدانی شے ہے اور الفاظ میں اس کی تصویر دکھانا مشکل ہے۔ ایک فاضل کا قول ہے:

فصاحت آنست کہ درگزارش زباں کج مج نشود
و بلاغت آنست کہ معنی کثیر در الفاظ اندک گفتہ شود

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ فصاحت و بلاغت کا تعلق الفاظ سے بھی ہے اور معانی سے بھی۔ اسلوب کلام سے بھی اور مناسب موقع سے بھی، قائل کی شان اور مستمع کی حیثیت سے بھی اور ملکی و قومی شخصی خصوصیت سے بھی۔ جب کلام ان جملہ اوصاف پر حاوی ہو، تو کچھ شک نہیں کہ وہ فصاحت و بلاغت کے ذروہ اعلیٰ پر پہنچ جاتا ہے۔ نبی کریم ﷺ کی حدیث پاک میں یہ جملہ اوصاف اس فراوانی سے موجود ہیں کہ جوہر شناس کو اندازہ فصاحت لگانے میں اعتراف قصور کے سوا کوئی چارہ نہیں رہ جاتا۔ نمونہ کے لیے چند اقوال مبارکہ درج کرتا ہوں۔ وضاحت بیان، ایجاز کلام، جزل الفاظ، صحت معانی کا اندازہ، ماہرین فن پر منحصر ہے۔

(1) مَا هَلَكَ امْرُءٌ عَرَفَ قَدْرَهٗ ''جو کوئی اپنی قدر جان لیتا ہے، وہ ہلاک نہیں ہوتا۔'' [2]

(2) حُبُّكَ لِلشَّيْءِ يُعْمِيْ وَ يُصِمُّ کسی شے کی محبت انسان کو اندھا بہرہ کر دیتی ہے۔ [3]

(3) يَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے۔ دینے والے کا درجہ لینے والے سے برتر ہے۔ [4]

---

[1] حضرت ہارون علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے دو سال پیشتر 1453 ق۔م کوہ طور پر جو روم کی سرحد سے ملا ہوا تھا وفات پائی۔ بائبل کتاب گنتی 28/20 فقط۔

[2] الشفا للقاضی عیاض: 174/1، مناہل الصفا للسیوطی: 11 [3] ابوداؤد: 5130، کنز العمال: 44104، الدر المنتثرۃ للسیوطی: 71، مسند احمد: 194/5

[4] مسند ابو یعلیٰ: 5704، الاستذکار لابن عبدالبر: 605/8، کنز العمال: 16153،16077، مسند احمد: 4/2،4474

④ اَلْخَيْرُ كَثِيْرٌ وَّقَلِيْلٌ فَاعِلُهٗ، نیکی کے اقسام تو بہت ہیں مگر کرنے والے کم ہیں۔ ①

⑤ رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا قَالَ خَيْرًا فَغَنِمَ اَوْ سَكَتَ فَسَلِمَ اللہ اس بندہ پر رحم کرے کہ بولتا ہے تو اچھی بات ہی کہتا ہے۔ یہ تو وہ ہے جو بہت کچھ حاصل کر لیتا ہے یا چپ رہتا ہے تو اپنے آپ کو بچا لیتا ہے۔ ②

⑥ ثَلَاثٌ مُنْجِيَاتٌ وَّثَلَاثٌ مُهْلِكَاتٌ فَاَمَّا مُنْجِيَاتٌ: (1) فَخَشْيَةُ اللّٰهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ (2) وَالْاِقْتِصَادُ فِي الْغِنٰى وَالْفَقْرِ (3) وَالْحُكْمُ بِالْعَدْلِ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ. وَاَمَّا الْمُهْلِكَاتُ (1) فَشُحٌّ مُّطَاعٌ (2) وَهَوًى مُّتَّبَعٌ (3) وَاِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهٖ ③

نجات دہندہ تین (3) باتیں ہیں اور ہلاک کنندہ بھی تین (3) باتیں ہیں۔ نجات دہندہ یہ ہیں: (1) ظاہر و باطن میں اللہ تعالیٰ کے لیے عاجزی کرنا۔ (2) فراخ دستی و تنگدستی میں میانہ روی کرنا۔ (3) عدل کرنا خواہ وہ فریق مقدمہ سے خوش ہو یا ناخوش ہو، ہلاک کنندہ یہ ہیں: (1) بخل جو تم پر حکم کرنے لگے۔ (2) خواہش بے جا جس کے پیچھے تم لگ چلو۔ (3) خود پسندی۔

⑦ لَا تَزَالُ اُمَّتِيْ بِخَيْرٍ مَالَمْ تَرَى الْاَمَانَةَ مَغْنَمًا وَالصَّدَقَةَ مَغْرَمًا. ④

"میری امت ہمیشہ بہبود میں رہے گی جب تک امانت کو لوٹ نہیں سمجھے گی اور صدقہ کو جرمانہ نہیں خیال کرے گی۔"

اب میں اصل مطلب کی جانب عود کرتا ہوں، نبی ﷺ کی فصاحت و بلاغت کے متعلق قرآن مجید میں معاندین کی زبان سے کہا گیا ہے: ﴿سِحْرٌ يُّؤْثَرُ﴾ [المدثر:24] "وہ کلام تو جادو ہے جو اثر کر جاتا ہے۔"

مخالفین نے اسے جادو کہا، یا کچھ اور مگر شہادت موجود ہے کہ حضور ﷺ کا کلام زبان سے نکلتے ہی دلوں میں جاگزیں ہوتا ہے اور دلوں پر قبضہ کر لیتا تھا۔

سخن کز دل آید بود دل پذیر

الغرض نبی ﷺ کی فصاحت و بلاغت ملک میں اس درجہ مسلمہ تھی کہ مخالفین کے زمرہ میں نبوت سے انکار کرنے والے تو پائے جاتے تھے۔ مگر آنحضرت ﷺ کی فصاحت و بلاغت سے انکار کرنے والا جزیرہ نمائے عرب میں کوئی موجود نہ تھا اور نہ آج تک کسی شخص نے خواہ کسی مذہب و ملت کا ہو عربیت میں مہارت حاصل کرنے کے بعد اس کا انکار کیا ہے۔

فقرہ بالا میں میں نے جزیرہ عرب کا لفظ استعمال کیا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ عرب کے مختلف اقطاع میں مختلف لغت اور لہجے پائے جاتے تھے۔ نبی ﷺ کے اس کلام کو دیکھو جو حجازیوں کے ساتھ تھا۔ پھر اسے جو اہل مدینہ کے ساتھ۔ علیٰ ہذا حضور ﷺ کے ان کلمات پر جو وائل کندی اور قطن علیمی اور طہفہ نہدی اور ابوثور بن نمط ہمدانی و دیگر ملوک یمن و فرمان روایان حضرموت کو ارشاد فرمائے غور کرو ہر لغت ہر لسان میں فصاحت کے بحر ذخار موجزن ہیں کہ کئی مدنی بھی منہ تکتے رہ جاتے ہیں۔

حضرت الیسع علیہ السلام

الیسع یا یسع علیہ السلام وہی ہیں، جن کو بائبل نے یوشع بن نون علیہ السلام کہا ہے۔ ⑤

---

① جامع مسانید ابی حنیفہ: 107/1، تاریخ بغداد للبغدادی: 177/8، مجمع الزوائد: 125/1، کنز العمال: 43066، تاریخ اصفہان: 203/1 ② الشفاء للقاضی عیاض: 174/1، مناہل الصفا للسیوطی: 11، موارد الظمآن للہیثمی: 128 ③ اتحاف سادۃ المتقین: 124/8، مجمع الزوائد: 91/1، امالی الشجری: 218/2، کشف الخفا للعجلونی: 185
④ ترمذی: 2210، تاریخ بغداد للخطیب: 158/3 ⑤ یوشع بن نون علیہ السلام نے 1426 ق م بہ عمر 110 سال وفات پائی۔ 25 سال حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد خلافت و نبوت کی وعدہ کی زمین کو انہی نے فتح کیا۔ کتاب یشوع 24/29

① سورہ کہف میں ان کو فتی موسیٰ کہا گیا ہے۔ قرآن مجید میں نبی ﷺ کے فتیٰ یعنی زید کا بھی ذکر ہے۔

② الیسع علیہ السلام کا ذکر اس آیت میں ہے:

﴿ قَالَ رَجُلَانِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ﴾ [المائدہ:23]

''ان لوگوں میں سے جو اللہ سے ڈرنے والے تھے دو شخصوں نے جن پر اللہ عزوجل نے انعام کیا تھا کہا۔''

اس آیت میں ان کا وصف اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا کے الفاظ سے فرمایا گیا ہے۔

قرآن مجید میں حضرت زید رضی اللہ عنہ کا ذکر بھی ان الفاظ میں فرمایا گیا ہے:

﴿ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِ ﴾ [الاحزاب:37]

''اللہ نے اس پر انعام کیا اور رسول ﷺ نے بھی اس پر انعام کیا۔''

③ حضرت الیسع کا نام سورہ ص میں آیا ہے اور ان کو اللہ تعالیٰ نے مِنَ الْاَخْيَارِ بتایا ہے۔

نبی ﷺ کو اور حضور ﷺ کی تبعیت میں امت کو خیر کلی کے عطا ہونے کا ذکر قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے۔

﴿ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ﴾ [البقرۃ:105]

''اہل کتاب میں کفر والے اور مشرک یہ پسند نہیں کرتے کہ تمھارے رب کی طرف سے تم پر خیر نازل ہو۔''

حضرت داؤد علیہ السلام

داؤد علیہ السلام بنی اسرائیل کی کھوئی ہوئی عزت کو بحال کرنے والے اسباط دوازدہ (12 قبیلے) کے تفرقہ کو جمعیت سے بدل دینے والے منکرین حق سے جہاد کرنے والے، ملک اور قوم کو عزت و رفعت دینے والے حکومت اور نبوت کے جامع تھے اور صفات بالا میں نبی کریم ﷺ سے مشابہت رکھنے والے ہیں۔ مزید برآں حضرت داؤد علیہ السلام نے قدوم میمنت لزوم نبوی ﷺ کے متعلق بنی اسرائیل کو بہت سے امارت و علامات بتائی ہیں اور بشارات دی ہیں۔

① اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام کی مدح میں فرمایا ہے

﴿ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ﴾ [النمل:15]

''ہم نے داؤد اور سلیمان (علیہما السلام) کو علم عطا کیا۔''

بے شک نعمت علم سب سے برتر نعمت ہے۔ خصوصاً انبیاء علیہم السلام کا علم جو براہ راست رب العالمین سے ان کو ملا کرتا ہے اور اس لیے اللہ تعالیٰ نے صراحت فرما دی ہے۔

﴿ وَ كُلًّا اٰتَيْنَاهُ حُكْمًا وَّ عِلْمًا ﴾ [الانبیاء:79]

''اور ہم نے سب نبیوں کو حکم اور علم عطا فرمایا۔''

نبی ﷺ کی بابت اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ﴾ [النساء:113] ''اور جو کچھ تو نہ جانتا تھا اس کی تجھے تعلیم دی۔''

نیز فرمایا ہے:

﴿ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ﴾ [طٰہٰ:114] ''اے رب مجھے علم میں بڑھادے''

پہلی آیت سے واضح تھا کہ حضور کو جملہ علوم کی تعلیم ابتدا ہی میں دی گئی تھی۔ اب دوسری آیت سے آشکارا ہے کہ حضور ﷺ کا علم ساعت بہ ساعت، لحظہ بہ لحظہ ترقی پذیر یادت میں تھا۔

2. حضرت داؤد علیہ السلام کی شان میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَلَقَدْ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ﴾ [سبا:10] ''اور ہم نے اپنی طرف سے داؤد علیہ السلام کو فضل عطا فرمایا۔''

نبی کریم ﷺ کی شان میں فرمایا گیا ہے:

﴿ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكَ عَظِیْمًا ﴾ [النساء:113] ''تجھ پر اللہ تعالیٰ کا فضل عظیم ہے۔''

3. اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام سے ارشاد فرمایا:

﴿ یٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِیْفَةً فِی الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَیْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَ لَا تَتَّبِعِ الْهَوٰی ﴾ [ص:26]

''اے داؤد علیہ السلام ہم نے تجھے الارض کا خلیفہ بنادیا۔ اب تو لوگوں کا فیصلہ راست بازی سے کیا کر اور خواہش کے پیچھے نہ چلنا۔''

''الارض'' وعدہ کی زمین کو کہتے ہیں۔ حضرت داؤد علیہ السلام اسی زمین کے خلیفہ ہوئے تھے۔ وعدہ کی زمین کو اللہ تعالیٰ نے اولاد ابراہیم علیہ السلام کے لیے تابہ محشر لکھ دیا ہے۔ بشارت مندرجہ آیت سے پیشتر حضرت داؤد علیہ السلام بکریاں چرایا کرتے تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کو بڑھایا اور ان کو ''الارض'' کا خلیفہ بنایا۔

قرآن مجید میں نبی ﷺ کو خبر دی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ حضور ﷺ پر ایمان لانے والوں کو اس الارض کا خلیفہ بنائے گا۔

﴿ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِی الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَیُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِیْنَهُمُ الَّذِی ارْتَضٰی لَهُمْ وَلَیُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا یَعْبُدُوْنَنِیْ لَا یُشْرِكُوْنَ بِیْ شَیْـًٔا ﴾ [النور:55]

''اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا تم میں سے ان کے ساتھ جو ایمان لا چکے ہیں اور عمل صالح کرتے ہیں کہ اللہ ان کو الارض کا خلیفہ بنائے گا، جیسا کہ اس نے ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا اور ان کے لیے ان کے دین کو جسے اللہ ان کے واسطے پسند کر چکا ہے تمکین بخشے گا۔ وہ میری ہی عبادت کیا کریں گے اور میرے ساتھ کسی کو بھی شریک نہ کریں گے۔''

آیت پر تدبر کرنے سے امور ذیل بہ صراحت واضح ہوتے ہیں۔

1. آیت کے مخاطب وہ لوگ ہیں جو نزول آیت سے پیشتر ایمان اور عمل صالح کے اوصاف سے موصوف تھے۔
2. آیت میں خلافت کا وعدہ کیا گیا ہے۔
3. اس خلافت کا عطیہ منجانب اللہ تعالیٰ ہوگا۔
4. یہ خلافت اس الارض کی ہوگی، جس کی خلافت قبل ازیں اللہ تعالیٰ نے اپنے مقبول بندوں کو دی تھی۔
5. اس خلافت کا نشان ایک یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کے پسند کردہ دین کو عزت وتمکنت ملے گی۔

6. اس خلافت کا نشان ایک یہ ہوگا کہ امن بسیط قائم ہو جائے گا اور خوف وہراس اٹھ جائے گا۔

7. اس خلافت والے اللہ کے بڑے عبادت گزار مخلص بندے ہوں گے۔

8. اس وعدہ کے اندر دو سے زائد مسلمان داخل ہیں کیوں کہ یَسْتَخْلِفَنَّهُمْ میں ضمیر جمع موجود ہے اور عربی میں دو سے زائد کے لیے صیغہ جمع آتا ہے۔

ضروری ہے کہ آیت کا زمانہ نزول معین کیا جائے۔ واضح ہو کہ یہ آیت سورہ نور کی ہے اور سورہ نور میں قصہ افک بھی مذکور ہے [1] یہ قصہ غزوہ مریسیع میں ہوا اور یہ غزوہ 5ھ کا ہے۔ ہاں واقعہ افک کے بعد وعدہ خلافت کا الحاق اس حکمت پر مبنی ہے کہ جھوٹی دنیا کے کذاب لوگوں نے صدیق رضی اللہ عنہ کے دل کو صدمہ پہنچایا۔ اور رب العالمین نے اس وعدہ سے ان کی دل دہی فرمائی۔ وَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ۔

نتیجہ یہ ہے کہ آیت کا نزول 5ھ کا ہے اور اس سے فائدہ یہ حاصل ہوا کہ خلافت کے واسطے چن لیے جانے کا اعزاز صرف انہی سابقین کو تھا، جو 5ھ سے پیشتر ایمان اور عمل صالح کے اوصاف سے موصوف تھے۔ خلفائے اربعہ کو دیکھو۔ وہ سب 5ھ سے بہت پہلے مشرف بہ ایمان ہیں۔ امام حسن علیہ السلام کو بھی انہی میں شامل کرو، جنھوں نے 9 ماہ خلافت کی تھی۔ [2] کیوں کہ ان کا وجود بھی 3ھ سے رونق افروز عالم تھا۔ اب تاریخ کو دیکھیے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ ہی وہ ہیں جنھوں نے اسلام میں سب سے پیشتر اس الارض پر خلافت پائی تھی۔ چوں کہ خلفائے اربعہ کو جو عطیات ملے، وہ سب نبی ﷺ پر ایمان لانے کے طفیل تھے، اس لیے استخلاف سے نبی ﷺ ہی کی فضیلت آشکار ہوتی ہے۔

4. حضرت داؤد علیہ السلام کی بابت اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ﴾ [سبا:10] ''ہم نے لوہے کو اس کے لیے نرم بنا دیا۔''

نبی ﷺ کے لائے ہوئے کلام پر ایمان لانے والوں کے احوال میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَ قُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ﴾ [الزمر:23]

''ان کے جسم، ان کے قلب اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لیے نرم ہو جاتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت ہے جسے چاہتا ہے اسے عطا فرماتا ہے۔''

حضرت سلیمان علیہ السلام

حضرت سلیمان علیہ السلام حضرت داؤد علیہ السلام کے نامور فرزند ہیں۔ باپ کے سترہ (17) بیٹوں اور اٹھارہ (18) بیٹیوں میں سے یہی صحیح طور پر اپنے نامور باپ کے قائم مقام تھے اور اس لیے قرآن مجید میں ﴿وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ﴾ [النمل:16] کی تخصیص فرمائی گئی ہے۔

1. حضرت سلیمان علیہ السلام نے جو گفتگو سفیران سبا سے فرمائی تھی، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو زر و مال دنیوی کی پروا نہ تھی۔

﴿ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ﴾ [النمل:36]

''کیا تم مال سے میری مدد کرتے ہو، مجھے تو جو کچھ اللہ نے دیا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو تم کو دیا ہے۔''

---

[1] یہ واقعہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی عصمت پر الزام سے متعلق ہے جس کی برأت کا اعلان اللہ رب العزت نے اس سورہ میں فرمایا۔ [2] سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی مدت خلافت کے متعلق تین اقوال ہیں۔ (1) چھ ماہ (2) چھ ماہ، بارہ دن (3) آٹھ ماہ۔ (اسد الغابۃ ذکر حسین بن علی رضی اللہ عنہما)

نبی ﷺ کی شان میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَأَغْنٰى﴾ [الضحیٰ:8]

''اللہ نے دیکھا کہ آپ بڑے کنبے والے ہیں۔ پس اللہ نے آپ کو غنی عطا فرمائی۔''

② اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی بابت فرمایا ہے:

﴿وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ﴾ [سبا:12] ''ہم نے ہوا کو سلیمان کا مسخر بنادیا تھا۔''

نبی ﷺ کے حالات کے بیان میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا﴾ [الاحزاب:9]

''جب لشکر تم پر چڑھ آئے تو ہم نے ان پر ہوا کو اور ان لشکروں کو جو تم نے نہ دیکھے تھے بھیجا۔''

اس آیت میں ہوا کی اس خدمت کا ذکر ہے، جو اس نے دشمنان اسلام کے تباہ و برباد کرنے میں ادا کی تھی۔ صحیح بخاری کی حدیث میں ہے: نُصِرْتُ بِالصَّبَاءِ ''بادِ صبا میری نصرت کا آلہ بنادی گئی ہے۔''[1]

قرآن مجید میں امت محمدیہ کے متعلق بھی لفظ ریح کا استعمال ہوا ہے، گو اس کے معنی ''اس جگہ'' دوسرے ہیں۔ فرمایا:

﴿اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ لَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَ تَذْهَبَ رِيْحُكُمْ﴾ [الانفال:46]

''اللہ اور رسول کی اطاعت کرو۔ آپس میں نزاع نہ کرو پھر تم گر جاؤ گے اور تمہاری ہوا نکل جائے گی۔''

غرض حضرت سلیمان علیہ السلام کے زیر حکومت ایک ریح تھی اور اولین مسلمانوں کے قبضہ میں بھی ایک ریح۔ ہمارے باہمی نزاع نے اس ''ریح'' کو کھودیا اور مسلمانوں کی ہوا بگڑ گئی۔

③ اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی شوکت کا ذکر فرمایا ہے۔

﴿وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَالطَّيْرِ﴾ [النمل:17]

''سلیمان علیہ السلام کے لیے جن اور آدمی اور پرند کے لشکر جمع کیے گئے۔''

① نبی ﷺ کے احوال مبارکہ میں بھی ان تینوں کا ذکر آیا ہے۔

جنوں کی بابت اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿اِسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ﴾ [الجن:1-2]

''کچھ جنوں نے قرآن سنا تو وہ بولے کہ ہم نے عجب کتاب کو جو نہایت پڑھی جانے والی ہے سنا ہے۔ وہ ہدایت کی راہ دکھاتی ہے۔ اس لیے ہم اس پر ایمان لائے۔''

② بنی آدم کے لشکروں کا ذکر اس آیت میں ہے:

﴿اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَ رَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا﴾ [النصر:1-2]

''اللہ کی نصرت اور فتح آگئی اور تو نے لوگوں کو دیکھ لیا کہ اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہو رہے ہیں۔''

---

[1] مسلم:617، مسند احمد:228/1، بیہقی:364/3، حاکم:456/2، مجمع الزوائد:65/6، کنز العمال:32071

③ طیر کی خدمات کا ذکر اس سورہ مبارکہ میں ہے:

﴿ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ﴾ [فیل 1-5]

''کیا تو نے نہ دیکھا کہ تیرے رب نے اصحاب فیل کے ساتھ کیسی کی۔ کیا ان کے مفسدانہ ارادوں کو ملیا میٹ نہیں کر دیا اور ان پر ابابیل پرندے بھیجے جو ان کے اوپر سنگریزے پھینکتے تھے پھر ان کو کھائے ہوئے بھس جیسا بنا دیا تھا۔''

جملہ مفسرین کا اجماع ہے کہ یہ واقعہ ارہاص نبوت تھا اور اس لیے یہ بھی نبی کریم ﷺ کے فضائل میں سے ہے۔ الفاظ قرآنی میں بھی اَلَمْ تَرَ اور رَبُّكَ میں دو دفعہ خطاب کے صیغے مستعمل ہوئے ہیں اور یہ الفاظ بتاتے ہیں کہ مفسرین رحمہم اللہ کا بیان بالکل مراد ربانی کی وضاحت ہے۔

حضرت یونس علیہ السلام [1]

یہ شہر نینوا کے لیے رسول بنا کر بھیجے گئے تھے۔ وہاں ایک لاکھ (100000) سے زائد آبادی تھی۔ لوگوں نے نبی کی اطاعت سے انکار کیا۔ حضرت یونس علیہ السلام ان سے خفا ہو کر وہاں سے چلے آئے، تب لوگ پچھتائے حضرت یونس علیہ السلام اللہ کے حکم سے دوبارہ گئے اور سب لوگ مسلمان ہو گئے۔

① اللہ تعالیٰ حضرت یونس علیہ السلام کے حال میں فرماتا ہے:

﴿ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ ﴾ (الصفت:143) ''مچھلی نے ان کو لقمہ بنا لیا۔''

یونس علیہ السلام مچھلی کے شکم میں تین (3) دن تک رہے تھے۔

نبی ﷺ بھی تین (3) دن تک غار کے شکم میں رہے تھے۔ قرآن پاک میں ہے:

﴿ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِى الْغَارِ ﴾ [التوبہ:40]

''جب کافروں نے اس کو نکال دیا تھا اور اس وقت نبی دو میں دوسرا تھا اور وہ دونوں اس وقت غار کے اندر موجود تھے۔''

یونس علیہ السلام کا شکم ماہی میں جانا بھی سرکش قوم سے علیحدہ ہونے کے بعد تھا اور نبی ﷺ کا شکم غار میں رہنا بھی ہجرت از مکہ کے وقت تھا۔

② اللہ تعالیٰ حضرت یونس علیہ السلام کی بابت فرماتا ہے:

﴿ فَلَوْ لَاۤ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ۝ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖۤ ﴾ [الصفت:143]

''اگر وہ تسبیح نہ کرتا تو مچھلی کے پیٹ ہی میں رہتا۔''

اس سے واضح ہوتا ہے کہ شکم ماہی میں جانے کے بعد بھی یونس علیہ السلام ذکر الٰہی سے غافل نہ ہوئے تھے۔

نبی ﷺ کا غار کے اندر یاد الٰہی میں تر زبان ہونا اور معیت ربانی سے شادکام ہونا قرآن مجید کی آیت ذیل میں ہے:

﴿ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ﴾ [التوبہ:40] ''غم نہ کر اللہ تعالیٰ تو ہمارے ساتھ ہے۔''

---

[1] حضرت یونس علیہ السلام (یونہ) بن متی کا زمانہ قریباً 862 ق م ہے۔ یونہ نبی کی کتاب مجموعہ بائبل میں شامل ہے۔

3. یونس علیہ السلام کی تسبیح کا ذکر قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے۔

﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ﴾ [الانبیاء:88]

''کوئی بھی معبود نہیں مگر تو۔ تو پاک ہے اور میں اپنے اوپر ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔''

اس آیت پر غور کرو کہ اللہ تعالیٰ کی تقدیس اور بندہ کی تقصیر کو جمع کر دیا گیا ہے۔

نبی ﷺ نے بھی ایک جواب میں ہر دو امور کو جمع فرمایا ہے۔

﴿قُلْ سُبْحَانَ رَبِّىْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا﴾ [بنی اسرائیل:93]

''کہہ دے میرا رب پاک ہے، میں تو ایک بشر و رسول ہوں۔''

اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی تنزیہہ بھی فرمائی اور اپنے آپ کو بھی ترکی نفس سے محفوظ رکھا۔

1. اس قسم کی دیگر آیات بھی ہیں، جہاں ہر دو اصول کو جمع کیا گیا ہے۔

﴿فَسُبْحَانَ الَّذِىْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَىْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ﴾ [یٰسٓ:83]

''پاک ہے وہ مالک جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی جان ہے اور تم سب اسی کی طرف جانے والے ہو۔''

2. دعا سکھائی گئی۔

﴿سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾ [آل عمران:91] تو پاک ہے، ہم کو عذاب آگ سے بچا۔

4. یونس علیہ السلام کی دعا کی بابت اللہ تعالیٰ نے مومنین برحق اور رسول علیہ السلام سے وعدہ فرمایا ہے۔

﴿وَكَذٰلِكَ نُنْجِى الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ [الانبیاء:88]

''یعنی ایمان والوں کو اس تسبیح کے ورد سے اسی طرح اللہ تعالیٰ غم سے نجات دے گا جیسی یونس علیہ السلام کو دی تھی۔''

حضرت ایوب علیہ السلام

ایوب علیہ السلام بڑے درجے کے نبی ہیں۔ سورہ نساء کے آخری رکوع میں ان کا نام اور اس مقام سے ظاہر ہے کہ ان پر وحی ربانی کا نزول ہوا۔

1. اللہ تعالیٰ حضرت ایوب علیہ السلام کی صفت میں فرماتا ہے:

﴿اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا﴾ [صٓ:44] ''ہم نے اسے صابر پایا۔''

صبر فضائل محمودہ میں سے اعلیٰ فضیلت ہے اور دین و دنیا کا کوئی منصب عالی نہیں ہو سکتا جب تک کہ صفت صبر حاصل نہ ہو، پختگی ارادہ، ثبات و استقلال اور توکل علی اللہ درحقیقت صبر ہی کی شاخیں ہیں۔

اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کی صفت میں فرماتا ہے:

﴿وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ﴾ [النحل:127]

''تیرا صبر تو خاص اللہ کے لیے ہے (اور تیرا صبر تو) خاص اللہ تعالیٰ کی اعانت سے ہے۔''

اس آیت میں نبی ﷺ کے لیے دو صفات کا اظہار فرمایا گیا ہے۔ اول صبر، دوم: خلوص۔

فرمایا: ﴿ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا ﴾[الطور:48]

''اپنے رب کے حکم سے صبر کر تو تو ہماری آنکھوں کے سامنے ہے۔''

عالم محبت میں یہ فقرہ عجیب دل آویز اور مسرت خیز ہے۔

2 اللہ تعالیٰ حضرت ایوب علیہ السلام کی صفت میں فرماتا ہے :

﴿نِعْمَ الْعَبْدُ﴾[ص:30] ''اچھا بندہ۔''

نبی ﷺ کا عبودیت میں کامل ہونا مقامات متعددہ میں ہے۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ معراج نبویہ حضور ﷺ کے مراتب میں سے مرتبہ اقصیٰ ہے، اسی جگہ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کا ذکر لفظ عبدہ سے فرمایا:

﴿ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ ﴾ [بنی اسرائیل:1]

''پاک ہے وہ اللہ تعالیٰ جس نے شبا شب اپنے بندہ کو سیر کرائی۔''

نبی ﷺ کی صفت نماز میں بھی حضور ﷺ کا ذکر لفظ عبد سے کیا گیا ہے۔

﴿ اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یَنْهٰی عَبْدًا اِذَا صَلّٰی ﴾ [العلق:9-10]

کیا اس سرکش کو دیکھا کہ جب میرا بندہ نماز پڑھتا ہے تو وہ روکتا ہے۔

﴿ وَ اَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ یَدْعُوْهُ ﴾ [الجن:19] ''جب اللہ کا عبد کھڑا ہو کر اسے پکارتا ہے۔''

غالباً یہی راز ہے کہ نماز کو معراج المومنین کہا گیا ہے۔

3 اللہ تعالیٰ حضرت ایوب علیہ السلام کی صفت میں فرماتا ہے:[1]

﴿ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴾ [ص:30] ''وہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والا تھا۔''

ان کے رجوع الی اللہ کا واقعہ قرآن مجید میں اسی طرح بیان فرمایا گیا ہے۔

﴿ نَادٰی رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الشَّیْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّ عَذَابٍ ﴾ [ص:41]

''اپنے رب کو پکارا اور عرض کیا کہ مجھے شیطان دکھ اور تکلیف سے چھو گیا ہے۔''

اس سے ظاہر ہے کہ وہ دکھ اور تکلیف میں اللہ تعالیٰ ہی کو پکارتے تھے اور یہ بھی ثابت ہے کہ وہ دعا میں حسن ادب کی پوری مراعات فرماتے تھے۔ دکھ درد وغیرہ کو ذات سبحانی کی طرف نسبت دینے سے اجتناب کرتے تھے۔

نبی ﷺ کا زندگی کے ہر لحہ میں رجوع الی اللہ فرمانا اس آیت سے واضح ہے۔

﴿ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَ مَحْیَایَ وَ مَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ O لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ ﴾ [الانعام:162-163]

---

[1] حضرت ایوب علیہ السلام کا زمانہ اہل کتاب نے 1520 ق۔م تجویز کیا ہے۔ ابتلا کے بعد وہ 14 ہزار (14000) بھیڑوں 20 ہزار (20000) اونٹوں ایک ہزار (1000) جوڑے بیل، ایک ہزار (1000) گدھے کے مالک، سات (7) بیٹوں تین (3) بیٹیوں کے باپ تھے۔ 140 سال عمر پائی۔

''میری نماز، میری قربانی، میری زندگی، میری موت اللہ ہی کے لیے ہے، جو تمام عالم کا پالنے والا ہے۔ اس کا کوئی بھی شریک نہیں (لوگو) مجھے ایسا ہی بتانے کا حکم ملا ہے اور میں سب سے پہلے اس حکم کے فرمانبرداروں میں سے ہوں۔''

حضرت زکریا علیہ السلام

اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت زکریا علیہ السلام کا مذکور فرماتے ہوئے فرمایا ہے:

﴿ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا ﴾ [مریم:2]

''یہ تیرے پروردگار کی رحمت کا ذکر ہے جو اس نے اپنے بندے زکریا (علیہ السلام) پر فرمائی۔''

نبی ﷺ کے حق میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ إِنَّ فَضْلَهُ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيرًا ﴾ [الاسراء:87]

''تیرے رب کی رحمت ہے۔ اور اس کا فضل تجھ پر بڑا ہے۔''

نیز فرمایا:

﴿ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ ﴾ [الانبیاء:107]

''ہم نے تجھے تمام جہانوں کے لیے رحمت بنایا ہے۔''

اس مقام میں نبی ﷺ کا اسم مبارک ''رحمت'' رکھ دیا ہے۔ یعنی پیکر نورانی کو رحمت متشکل فرمایا ہے اور یہ غایت درجہ کا شرف ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا کا ذکر فرمایا ہے:

﴿ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ نِدَاءً خَفِيًّا ﴾ [مریم:3]

''جب اس نے نہایت پست آواز سے اپنے رب کو پکارا۔''

یہ دعا قبول کی گئی تھی اور ان کو یحییٰ علیہ السلام نامی فرزند کی بشارت دی گئی تھی۔ اس سے زکریا علیہ السلام کی بڑی تعریف نکلتی ہے کہ باوجود فقدان اسباب ظاہر یہ ان کی دعا کو قبول فرمایا گیا۔

نبی ﷺ کے متعلق اللہ عزوجل فرماتا ہے:

﴿ قَدْ نَرَىٰ تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ ۖ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا ﴾ [البقرۃ:144]

''ہم نے تیرے چہرے کا آسمان کی طرف اٹھنا دیکھا۔ ہم تجھے اس قبلہ کی طرف پھرا دیں گے جسے تو پسند کرتا ہے۔''

اس آیت سے نبی ﷺ کا نہایت شرف اور احترام ظاہر ہوتا ہے کہ جس امر کی جانب قلب اطہر میں میلان اور وجہ انور میں تقلب ہی پیدا ہوتا ہے، جسے ہنوز دل سے زبان پر نہیں لایا گیا۔ اسے اللہ تعالیٰ شرف قبولیت عطا فرماتا ہے۔

معاملہ اہم تھا۔ ہزاروں انبیاء کے تسلیم کردہ قبلہ کا تبدیل کرنا تھا مگر باری تعالیٰ کو جب کہ حبیب کی پسند اور میلان طبع کا پورا کرنا اس سے بھی زیادہ مقدم تھا۔ قبلہ بدل دیا گیا اور صاف طور پر فرما دیا گیا:

﴿ وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا إِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّنْ يَنْقَلِبُ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ ﴾ [البقرۃ:143]

''قبلہ کو جس پر تو ہے، قبلہ اس لیے کیا گیا ہے کہ رسول کی پیروی کرنے والوں اور الٹے پھر جانے والوں کی ہم الگ الگ شناخت قائم کر دیں۔''

حضرت یحییٰ علیہ السلام

1 یحییٰ علیہ السلام اپنے والدین پیر ہرم (عمر رسیدہ) زکریا علیہ السلام کی دعا کا نتیجہ ہیں، جو انھوں نے محراب مسجد میں مانگی تھی:
نبی ﷺ بھی اپنے بوڑھے باپ ابراہیم علیہ السلام (جو قوموں کے باپ ہیں) کی دعا کا نتیجہ ہیں، جو انھوں نے تعمیر بیت اللہ کے وقت بہ شمولیت حضرت اسماعیل علیہ السلام مانگی تھی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَاِسْمٰعِیْلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَیْنِ لَكَ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِنَاۤ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَ اَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَ تُبْ عَلَیْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ○ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ ﴾ [البقرۃ 127-129]

"جب ابراہیم اور اسماعیل (علیہما السلام) بیت اللہ کی بنیادوں کو بلند کر رہے تھے۔ تب وہ دعا کر رہے تھے۔ (ایک دعا کرتا اور دوسرا آمین کہتا تھا) کہ اے سمیع و علیم! اس عمارت کو قبول فرما اور ہمارے رب ہم دونوں کو اپنا فرماں بردار رکھ اور ہماری ذریت کو بھی فرماں بردار بنا اور اے "تَوَّابٌ رَحِیْمٌ" ہم کو جملہ آداب سکھا اور ہماری فرمانبردار ذریت ہی میں سے ایک عظیم الشان رسول مبعوث فرما۔"

2 اللہ تبارک تعالیٰ حضرت یحییٰ علیہ السلام کی بابت فرماتا ہے:

﴿ مُصَدِّقًاۢ بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ ﴾ [آل عمران:39] "ایک کلمہ کی جو اللہ کی جانب سے ہوگا تصدیق کرنے والا۔"

قرآن پاک میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو كَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ کہا ہے اور حضرت یحییٰ علیہ السلام کو ان کا مصدق بتایا ہے۔ کچھ شک نہیں کہ یحییٰ علیہ السلام نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قدوم میمنت لزوم کی خبر لوگوں کو دی تھی اور اس کے فضائل سے لوگوں کو باخبر بنایا تھا۔

نبی ﷺ کا نام عزوجل نے ﴿ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ ﴾ (اپنے سے پہلوں کی تصدیق کرنے والا) رکھا ہے اور اسی سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے تصدیق انبیاء کے کام کو زیادہ وسعت کے ساتھ سرانجام فرمایا ہے۔

① نبی ﷺ نے بعض ایسے انبیاء کے اسمائے مبارک سے اطلاع دی اور ان کے حالات بیان فرمائے جن سے اہل کتاب بھی واقف نہ تھے۔ مثلاً ہود، صالح، شعیب علیہم السلام۔

② بعض انبیاء کی نبوت کی حضور ﷺ نے تصدیق فرمائی، جن کی تکذیب اہل کتاب کرتے تھے۔ مثلاً حضرت سلیمان علیہ السلام کی تصدیق بمقابلہ یہود و نصاریٰ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تصدیق بہ مقابلہ یہود۔

③ پھر اس سے بڑھ کر ایک وسیع ترین اصول تمام دنیا کی آگاہی کے لیے ظاہر فرمایا جس سے دنیا کے لوگ بالکل بے خبر تھے۔
بنی اسرائیل کا دعویٰ تھا کہ بنی اسرائیل کے سوا اور کسی قوم کو نبوت عطا نہیں کی گئی۔

پارسیوں کا دعویٰ تھا کہ مہ آبادیوں وغیرہ کے سوا جو سب ایرانی نژاد تھے اور کسی قوم کو نبوت نہیں دی گئی۔ یہی دعویٰ ہندوؤں کا تھا اور یہی دعویٰ چین والوں کا تھا اور یہی دعویٰ قدیم مصریوں کا تھا۔ گویا ہر قوم اپنے دعویٰ میں دنیا کی تمام تر قوموں کو جھوٹا بتاتی تھی اور اس

سے وہ منافرت اور جدائی پیدا ہوتی تھی، جس نے قوموں کو قوموں سے اور ملکوں کو ملکوں سے الگ تھلگ کر رکھا تھا۔ نبی ﷺ ہی نے ﴿مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ﴾ [المائدۃ:46] کا لقب حاصل کر کے اس عقدہ کو کھولا۔ اس راز کو آشکارا کیا اور مختلف آیات قرآنی کی تلاوت فرمائی، جن میں مختلف الفاظ اور متنوع اسلوب کے اندر بتایا گیا۔

﴿وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ﴾ [الفاطر:24]

''کوئی امت نہیں مگر یہ کہ اس میں نذیر ہوا ہے۔''

﴿وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ﴾ [الرعد:7] ''ہر قوم میں ایک ہادی ہوا ہے۔''

﴿وَ مَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ﴾ [ابراہیم:4]

''ہر رسول کو ہم نے اس کی قوم کی زبان میں بھیجا۔''

﴿وَ يَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا﴾ [النحل:84]

''قیامت کے دن ہم ہر امت میں سے اپنا ایک شہید، اللہ کا گواہ، اٹھائیں گے۔''

یہ پاک تعلیم جس قدر وسیع ہے اسی قدر قوموں میں محبت بڑھانے اور برادرانہ تعلقات مضبوط کرنے والی بھی ہے۔

(3) حضرت یحییٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے سید بھی فرمایا ہے۔[آل عمران:39] اور نبی کریم علیہ السلام کو بھی اسی خطاب سے مخاطب کیا ہے۔ فرمایا: یٰس۔ اے سید......![یٰس:1] [1]

(4) حضرت یحییٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے حَصُوْرًا [آل عمران:39] بھی فرمایا: نبی علیہ السلام بھی ''حصور'' تھے۔ حصور کے لغوی معنی حصر کردہ، شدہ، باز داشتہ ہیں جس سے مراد بزرگوار ہوتا ہے۔ جس کا محافظ خود رب العالمین ہو۔ چنانچہ نبی ﷺ کے متعلق فرمایا گیا ہے: ﴿وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ﴾ [المائدۃ:67] ''اللہ تعالیٰ تیری حفاظت سب طرح کے لوگوں سے فرمائے گا۔''

''حصور'' کے معنی وہ شخص بھی کیے گئے ہیں جو باوجود قوت عورتوں کی جانب ملتفت نہ ہو جس شخص کو نبی ﷺ کی سیرت پر عبور ہے وہ جانتا ہے کہ 25 سال کی عمر تک نبی ﷺ نے شادی نہ کی تھی۔ اس عمر کے بعد شادی ہوئی بھی تو نبی ﷺ کی طلب اور شوق پر نہیں بلکہ خود منکوحہ کے اشتیاق والتجا پر جس کی قبولیت اس لیے ہوئی کہ حضور ﷺ کسی کے سوال کو رد نہ فرمایا کرتے تھے۔ پھر عالم سیرت کو یہ بھی معلوم ہوگا کہ 53 سال کی عمر تک صرف ایک ہی بیوی حضور ﷺ کے گھر میں تھی۔ 50 سال کی عمر تک صرف خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا اور 53 سال کی عمر تک صرف سودہ رضی اللہ عنہا اور یہ دونوں جو یکے بعد دیگرے نکاح میں آئیں۔ اس وقت اپنی جوانی کو پورا کر چکی تھیں۔ ایسی عورت سے مناکحت پر رضامند ہونا اور محصور رہنا صرف اسی کا کام ہے، جسے اس جنس لطیف کی خصوصیات نفسیہ اپنی جانب ملتفت نہ کر سکتی ہوں۔ ان کے بعد دیگر نکاح جس طرح ہوئے ان کا بیان قارئین ہمارے مضمون امہات المومنین رضی اللہ عنہن میں ملے گا۔ جس سے واضح ہوگا کہ نبی کی خواہش کا ان میں کچھ دخل نہ تھا۔

ہاں اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد کو بھی پڑھو:

﴿يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْۤ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَ مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ

[1] یہ معنی امام جعفر صادق رحمہ اللہ سے مروی ہیں۔ دیکھو کتاب الشفاء ص:16

بَنٰتِ عَمِّكَ وَ بَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَ بَنٰتِ خَالِكَ وَ بَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِیْ هَاجَرْنَ مَعَكَ وَ امْـــرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِیِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِیُّ اَنْ یَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴾

''اے نبی! ہم نے تیرے لیے حلال کر دی ہیں۔(1) تیری بیویاں جن کے مہر تو ادا کر چکا ہے۔(2) اور وہ عورتیں جو اللہ کے دیے ہوئے نفے میں سے تیرے داہنے ہاتھ لگیں (3) اور چچا کی بیٹیاں (4) اور تیری پھوپھیوں کی بیٹیاں (5) اور ماموں کی بیٹیاں (6) اور خالاؤں کی بیٹیاں، جنھوں نے تیرے ساتھ ہجرت کی ہو (7) اور وہ مومن عورت جو اپنا نفس نبی کو ہبہ کر دے۔ بہ شرطیکہ نبی اس سے نکاح کا ارادہ بھی رکھتا ہو۔ یہ خالص تیرے لیے ہے اور مومنین کے لیے نہیں۔'' [الاحزاب:50]

ان ہفت گانہ (7) اقسام کی عورتوں میں سے مؤرخ کو نظر آئے گا کہ حضور ﷺ کے نکاح میں صرف پہلی اقسام ہی کی عورتیں ہیں، دیگر اقسام کی کوئی عورت نہیں۔

قسم دوم کے تحت میں ایک دو نام بیان کیے جایا کرتے ہیں، مگر ان کی صحت میں بہت بحث ہے، ممکن ہے کہ کوئی شخص حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے نام کو قسم چہارم کے تحت پیش کرے۔ ہم تسلیم کریں گے کہ یہ ام المومنین حضور ﷺ کی پھوپھی زاد ہیں، مگر ان کا شمار تو قسم اوّل میں ہو چکا ہے۔ غرض جس مقدس ہستی نے باوجود اجازت ربانی اور حلت قرآنی ان اقسام کی عورتوں کی جانب کبھی نظر التفات بھی نہ کی ہو، اس کے حصور ہونے میں کیا کلام ہے۔

5. یحییٰ علیہ السلام کو نبی بھی فرمایا گیا ہے۔ نبی کریم ﷺ کو قرآن پاک میں گیارہ (11) دفعہ ﴿ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ ﴾ سے مخاطب کیا گیا ہے اور بائیس (22) دفعہ حضور ﷺ کا ذکر باسم نبی فرمایا ہے۔

6. یحییٰ علیہ السلام کو ﴿ خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ﴾ [مریم:12] ''فرمایا گیا ہے یعنی اے یحییٰ علیہ السلام! کتاب کو قوت سے تھام۔''

نبی ﷺ کی بابت فرمایا گیا ہے:

﴿ یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ ﴾ [الجمعہ:2] ''لوگوں کو کتاب اور حکمت سکھانے والا۔''

7. یحییٰ علیہ السلام کی شان میں ہے:

﴿ حَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا ﴾ [مریم:13] ''اللہ کی جانب سے نرم خو، نرم دل''

نبی ﷺ کی شان میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَ لَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ لَا نْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَ اسْتَغْفِرْ لَهُمْ ﴾ [آل عمران:159]

''یہ اللہ کی رحمت ہے کہ اس نے تجھے نرم بنایا، اگر تو بدخو یا سخت دل ہوتا تو لوگ تیرے پاس سے بھاگا کرتے (اور استفاضہ سے محروم رہتے) پس آپ ان کی تقصیرات کو معاف کیا کریں اور ان کے لیے بخشش کی دعا کر دیا کریں۔''

8. یحییٰ علیہ السلام کو وَ زَكٰوةً فرمایا گیا ہے۔ یعنی وہ ستھرے اور پاکیزہ تھے۔

نبی ﷺ کی شان میں فرمایا گیا ہے: ﴿وَ يُزَكِّيْهِمْ﴾ ''وہ لوگوں کو پاکیزہ بنانے والا ہے۔''

9 یحییٰ علیہ السلام کی صفت میں فرمایا گیا ہے۔

﴿وَ كَانَ تَقِيًّا﴾ [مریم:13] ''وہ بہت تقویٰ والا ہے۔''

نبی ﷺ کے دربار میں حاضر رہنے والوں کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَ كَانُوْۤا اَحَقَّ بِهَا وَ اَهْلَهَا﴾

''پھر اللہ نے اپنے رسول پر اور مومنین پر سکینہ نازل فرمایا اور کلمہ تقویٰ کا لزوم مومنین کے ساتھ کر دیا اور یہ مومنین اس کلمہ کے سب سے زیادہ حق دار اور سب سے بڑھ کر اہل بھی ہیں۔'' [الفتح:26]

10 اللہ تعالیٰ نے یحییٰ علیہ السلام کو ﴿بَرًّۢا بِوَالِدَيْهِ﴾ [مریم:14] ''ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنے والا فرمایا گیا ہے۔''

نبی کریم ﷺ تو یتیم تھے۔ ماں باپ سے سلوک کرنے کا موقع ہی نہ تھا۔ حضور ﷺ کی نبوت کے عہد مبارک میں ام ایمن رضی اللہ عنہا زندہ تھیں۔ یہ حبشن تھیں اور یہ لونڈی تھیں۔ انھوں نے حضور کو گود میں کھلایا تھا۔ نبی ﷺ ان کی نہایت عزت فرمایا کرتے اور ان کی ملاقات کے لیے گھر جایا کرتے اور ''اُمِّيْ بَعْدَ اُمِّيْ'' کے لقب سے ان کو یاد کیا کرتے۔ ماں کے بعد یہی میری ماں ہے۔ ان کے بیٹے اسامہ رضی اللہ عنہ کو ایک زانو پر ایک طرف اور امام حسن رضی اللہ عنہ کو زانو پر دوسری طرف لے کر بیٹھتے۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے تایا تھے۔ ان کو صِنْوُ اَبِيْ (باپ کا ہمسر) بتایا کرتے تھے۔ ان حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ صفت نبی ﷺ میں کس قدر کامل تھی۔

حضرت عیسیٰ مسیح علیہ السلام

حضرت مسیح علیہ السلام کی شان بلند انبیائے کرام علیہم السلام کے زمرہ میں نہایت نمایاں ہے۔

1 قرآن حکیم میں ہے کہ ان کی جدہ (نانی صاحبہ) نے ان کی والدہ مریم صدیقہ علیہا السلام کی پیدائش کے وقت یہ دعا کی تھی۔

﴿اِنِّيْۤ اُعِيْذُهَا بِكَ وَ ذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ﴾ [آل عمران:36]

''میں اس لڑکی کو اور اس کی نسل کو شیطان رجیم سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔''

نبی ﷺ کو بھی استعاذہ کے متعلق یہی تعلیم دی گئی تھی۔

﴿وَ قُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝ وَ اَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ﴾

''اے پروردگار! میں وساوس شیطان سے تیری پناہ لیتا ہوں اور اے پروردگار مجھے تیری ہی حفاظت درکار ہے۔ اس بارہ میں کہ شیطان میرے حضور میں آسکیں۔'' [المومنون:97-98]

2 فرقان حمید میں مریم و عیسیٰ علیہما السلام کی بابت ہے:

﴿وَ اٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ﴾ [المومنون:50]

''ہم نے مریم اور ابن مریم علیہما السلام کے لیے ایک بلند جگہ میں ٹھکانا بنایا۔''

یہ آیت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے عہد طفلی کے متعلق ہے اور ظاہر کرتی ہے کہ ان کی پرورش میں الٰہی سامان تھے۔ نبی کریم ﷺ کی

بابت الحیی القیوم فرماتا ہے:

﴿ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ﴾ [الضحیٰ 6]

''تو دنیا میں یتیم ہو کر آیا تھا۔ پھر اللہ ہی نے تیرا ٹھکانا بنایا۔''

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا باپ نہ تھا اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی پیدائش کے وقت بے پدر تھے۔ حضانت پدری سے مجبوری میں ہر دو مقدسین یکساں حالت میں ہیں۔

3 حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کلام، کلام اللہ میں بیان کیا گیا ہے۔

﴿ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ اٰتٰىنِيَ الْكِتٰبَ وَ جَعَلَنِيْ نَبِيًّا ﴾ [مریم:30]

''میں اللہ کا بندہ ہوں، اللہ تعالیٰ نے مجھے کتاب دی اور نبی بنایا ہے۔''

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں قادر ذوالجلال فرماتا ہے:

﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَ لَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۝ قَيِّمًا ﴾ [الکہف:1]

''حمد ہے اس کی جس نے اپنے عبد پر کتاب کو نازل کیا اور اس کتاب میں کوئی کجی نہ رہنے دی، بلکہ اسے پائدار (صداقت) بنایا۔''

4 عیسیٰ علیہ السلام کا فرمودہ ہے جو کتاب اللہ میں ہے۔

﴿ وَّ جَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ﴾ [مریم:31] ''مجھے مبارک بنایا جہاں کہیں بھی میں رہوں۔''

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیم اپنی امت کو اس مبارکی کے حاصل کرنے کے متعلق قرآن پاک میں یہ ہے۔

﴿ فَسَلِّمُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ﴾ [النور:61]

''تب اپنے لوگوں پر سلام بھیجو۔ تمھارے لیے اللہ کی جانب سے یہ مبارک طیب تحفہ ہے۔''

5 عیسیٰ علیہ السلام ان احکام کا ذکر کرتے ہیں، جو ان کی شریعت میں واجب العمل تھے۔

﴿ وَ اَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَ الزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ﴾ [مریم:31]

''اللہ نے مجھے صلوٰۃ اور زکوٰۃ کا حکم دیا ہے جب تک زندہ رہوں۔''

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معبود حقیقی کا فرمان ہے:

﴿ وَ اعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴾ [الحجر:99]

''موت آنے تک اپنے پروردگار کی عبادت کیے جا۔''

6 حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق میں رب القدوس فرماتا ہے:

﴿ وَ اَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ﴾ [البقرۃ:87] ''ہم نے روح القدس سے اس کی مدد کی۔''

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حال میں معین المتین نے فرمایا:

﴿ وَ اَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا ﴾ [التوبۃ:40]

''ہم نے نبی ﷺ کو ایسے لشکروں سے مدد دی جن کو انسانوں نے نہیں دیکھا۔''

نیز فرمایا!

﴿ هُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ ﴾ [الانفال:62] ''اللہ نے تیری تائید اپنی نصرت سے کی ہے۔''

نیز فرمایا:

﴿ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ ﴾ [النحل:102]

''کہہ دے کہ اس کلام ربانی کو روح القدس لے کر میرے رب کی طرف سے حق کے ساتھ آئے۔''

فرقان حمید میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی رسالت کا مدعا آیت ذیل کے اندر بیان کیا گیا ہے۔

﴿ وَاِذْ قَالَ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْ بَعْدِی اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ﴾ [الصف:6]

''عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے کہا کہ اے بنی اسرائیل! میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں، میں توراۃ کی جو مجھ سے پہلے آئی ہے تصدیق کرتا ہوں اور میں اس رسول کی تم کو بشارت دیتا ہوں جو میرے بعد آئے گا۔ اس کا نام احمد ﷺ ہوگا۔''

مسیح علیہ السلام نے اپنی رسالت کے دو مقصد بیان کیے: تصدیق توراۃ اور بشارت احمد ﷺ ہم درج کریں گے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے ہر دو مقاصد کے متعلق کیا کیا۔

① تصدیق تورات:

حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمایا: نمبر 17 یہ خیال مت کرو کہ میں تورات یا نبیوں کی کتاب کو منسوخ کرنے آیا ہوں، میں منسوخ کرنے کو نہیں بلکہ پوری کرنے کو آیا ہوں۔ نمبر 18 کیوں کہ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جب تک آسمان اور زمین ٹل نہ جائیں ایک لفظ یا شوشہ توراۃ کا ہرگز نہ مٹے گا۔ جب تک سب کچھ پورا نہ ہو۔ انجیل متی 5 باب 17 و 18 درس۔

یہ کلام معجز نظام جس استحکام کے ساتھ فرمایا گیا ہے اس سے بخوبی ظاہر ہے کہ حضرت عیسیٰ مسیح علیہ السلام نے اپنی رسالت کے مقصد اولین کو بہ خوبی پورا فرمایا۔

② بشارت ﴿ اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ﴾ [الصف:6]

اس بشارت میں دو لفظ زیادہ تر قابل تدبر ہیں۔

اول: ﴿ مِنْ بَعْدِی ﴾ اس سے یہ ضروری ٹھہرتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد آنے والا وہی شخص ہو جس کی بشارت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دی اور اس مبشر اور عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان کوئی تیسرا شخص جو رسول بھی ہو اور احمد نام بھی رکھتا ہو۔ حائل نہ ہو، کیوں کہ اگر ایسا ہوتا تو ایک وجہ التباس کی ہو سکتی تھی۔ الفاظ آیات کا یہ مفہوم کچھ ہمارا ہی طبع زاد نہیں ہے، بلکہ ''شفاء'' میں قاضی عیاض رحمہ اللہ نے اور ''خصوصیات صغریٰ'' میں امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ نے اور ''انسان العیون'' میں ابن رحلان رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے کہ اسم پاک احمد ایسا نام ہے جو نبی ﷺ سے پیشتر کسی ایک انسان کا بھی نہیں رکھا گیا۔

دوم: قابل تدبر ﴿ اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ﴾ کہ کیا فی الواقع نبی ﷺ کا نام احمد ﷺ تھا۔ واضح ہو کہ نبی ﷺ کے ذاتی نام دو

ہیں: احمد اور محمد ﷺ ۔ اسم پاک احمد حضور ﷺ کی والدہ نے بشارت رؤیا کے موافق رکھا اور اسم پاک محمد حضور ﷺ کے دادا نے رکھا۔ ان دونوں اسموں کا مادہ ایک ہی ہے یعنی دونوں اسم مبارک "حمد" سے بنتے ہیں۔ اسم پاک احمد، حمد سے افعل التفضیل ہے اور اسم پاک محمد ﷺ حمد سے مفعل کے وزن پر ہے۔ امام ابن القیم ؒ نے کتاب "جلاء الافہام" میں تحریر کیا ہے کہ علماء کے ایک گروہ کا قول ہے۔ انہی میں ابوالقاسم سہیلی ؒ وغیرہ ہیں کہ آنحضرت ﷺ کا اسم مبارک احمد ﷺ پہلے رکھا گیا اور اسم مبارک محمد ﷺ بعد میں رکھا گیا اور یہی وجہ ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی بشارت میں حضور ﷺ کا اسم مبارک احمد واقع ہوا ہے۔ [1]

اس ثبوت میں کہ احمد حضور ﷺ کا اسم مبارک ہے ہم دلائل پیش کریں گے۔

احادیث

(1) امام ابن سعد ؒ نے طبقات الکبیر میں روایت کی ہے:

عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ اُمِرَتْ اٰمِنَةُ وَ هِیَ حَامِلَةٌ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُسَمِّیَهٗ اَحْمَدَ۔ [2]

امام باقر ؒ فرماتے ہیں کہ آمنہ کے شکم مبارک میں نبی ﷺ تھے اس وقت آمنہ کو حکم ہوا تھا کہ وہ بچہ کا نام احمد رکھیں۔

(2) امام ابن سعد ؒ نے طبقات الکبیر میں بروایت مرفوع بیان کیا ہے۔

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ یَعْنِی ابْنِ الْحَنَفِیَّةِ اَنَّهٗ سَمِعَ عَلِیَّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سُمِّیْتُ اَحْمَدَ. [3]

محمد ابن حنفیہ ؒ کہتے ہیں، میں نے اپنے باپ علی مرتضیٰ ؓ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ میرا نام احمد ﷺ رکھا گیا تھا۔

(3) خصائص الکبریٰ میں بیہقی ؒ کی روایت مندرج ہے:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ الْجَارُوْدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ فَاَسْلَمَ وَ قَالَ وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَقَدْ وَجَدْتُ وَصْفَكَ فِی الْاِنْجِیْلِ وَلَقَدْ بَشَّرَبِكَ ابْنُ الْبَتُوْلِ

"ابن عباس ؓ کہتے ہیں کہ جارود بن عبداللہ (جو ملک یمن کے سب سے بڑے عالم عیسائی تھے) آئے اور اسلام لائے تھے اور انھوں نے کہا کہ اس اللہ کی قسم جس نے حضور ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے کہ میں نے آپ کا وصف انجیل میں دیکھا ہے اور بتول کے فرزند (عیسیٰ) نے آپ ہی کی بشارت دی تھی۔"

(4) امام ابن سعد ؒ نے طبقات الکبیر میں روایت کی ہے:

عن سهل مولٰی عثیمة انهٗ کان نَصْرَانِیًّا مِنْ اهلِ مریس و کان یقرأ الانجیل فَذَکَرَ اَنّ صفة النبیّ

---

[1] یہ یاد رکھنا چاہیے کہ نبی ﷺ کو حمد سے مناسبت خاص ہے۔ حضور ﷺ کا اسم مبارک احمد اور محمد ہے۔ حضور ﷺ کے مقام شفاعت کا نام مقام محمود ہے۔ حضور ﷺ کے ہاتھ میں میدان محشر میں جو رایت ہوگا اس کا نام "لواء الحمد" ہے۔ اور حضور کی امت کا نام "حمادون" ہے اور حضور ﷺ پر نازل شدہ کتاب کا الحمد للہ سے آغاز ہوتا ہے۔

[2] طبقات ابن سعد: 118/1۔ [3] الطبقات لابن سعد 118/1۔

صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم فی الانجیل و ھو من ذریۃ اسماعیل اسمُہٗ احمد۔ [1]

سہل مولیٰ عثیمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اہل مریس کے اندر ایک نصرانی تھا، جو انجیل پڑھا کرتا تھا، اس نے بتایا کہ نبی ﷺ کی صفت انجیل میں درج ہے، وہ اسماعیل علیہ السلام کی نسل سے ہوں گے اور ان کا نام احمد ہوگا۔ [2]

(5) صحیح مسلم میں بہ روایت جبیر بن مطعم عن ابیہ ہے:

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِیْ اَسْمَاءً اَنَا مُحَمَّدٌ وَ اَنَا اَحْمَدُ وَاَنَا الْمَاحِی الَّذِیْ مَحَا اللہُ بِی الْکُفْرَ وَ اَنَا الْحَاشِرُ الَّذِیْ یُحْشَرَ النَّاسُ عَلٰی قَدَمِیْ وَ اَنَا الْعَاقِبُ الَّذِیْ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ۔ [3]

کہا نبی ﷺ نے فرمایا، میرے کئی نام ہیں۔ میں محمد ﷺ ہوں، میں احمد ﷺ ہوں، میں ماحی ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے میرے ذریعے سے کفر کو محو کیا، میں حاشر ہوں کہ سب لوگ میرے قدم پر قیامت کو اٹھیں گے، میں عاقب ہوں کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

(6) یہی حدیث صحیح بخاری میں بھی ہے۔ [4]

صحیحین کی حدیث پر غور کرنا چاہیے کہ نبی ﷺ نے (5) نام بتائے۔ ان میں سے دو اسم محمد و احمد ﷺ نام کے معنی نہیں بتائے اور (3) اسماء ماحی، و حاشر و عاقب کے معنی بتائے ہیں۔ اس لیے صاف ثابت ہوگیا کہ محمد و احمد حضور ﷺ کے ذاتی نام ہیں۔ اگر ان میں سے کوئی ایک نام بھی وصفی ہوتا تو اس کے معنی بھی اس طرح بیان فرما دیتے، جیسا کہ اسم نمبر 3، نمبر 4، نمبر 5 کے معنی بتائے تھے۔

دوم اشعار

ائمہ تاریخ کے نزدیک مسلمہ اشعار عرب کی شہادت کسی واقعہ کے متعلق ایسی ہی یقینی ہے جیسا کہ ائمہ لغت کے نزدیک کسی لفظ کے استعمال کے لیے اشعار قدماء کی شہادت قطعی ہوتی ہے۔

(1) اشعار قبل از ولادت نبوی (ﷺ)

(1) تبع، جس کا نام قرآن مجید میں بھی آیا ہے، یمن کے بادشاہوں میں سے تھا۔ اس نے یثرب پہنچ کر اوس اور خزرج و یہود سے جنگ کی تھی۔ اہل یثرب دن کو لڑتے اور رات کو تبع کی مہمانی کرتے۔ تین شب اسی طرح گزر گئیں۔ تبع شرمندہ ہوا اور اس نے صلح کی درخواست کر دی۔ معاہدہ صلح کے طے کرنے کی غرض سے احیحہ بن الحلاج اوسی اور بنیامین قرظی مامور ہوئے۔ [5] احیحہ نے تبع سے عرض کیا کہ ہم تو آپ ہی کی قوم میں سے ہیں۔ [6] ہم سے کیوں جنگ کی گئی۔ بنیامین یہودی نے کہا کہ آپ اس شہر کو فتح نہیں کر سکتے۔ تبع نے کہا کیوں؟ کہا یہ شہر ایک نبی کی فرودگاہ ہے جو قریش میں سے ہوگا۔ تبع نے اس پر یہ شعر پڑھا۔

اَلْـفٰـی اِلَـیَّ نَـصِـیْـحَـۃٌ کَـیْ اَزْدَجِـرْ عَنْ قَرْیَـۃٍ مَحْجُـوْرَۃٍ بِمُـحَـمَّـدٖ

اس نے مجھے نصیحت کی کہ میں اس آبادی سے ہٹ جاؤں جو محمد کی وجہ سے محفوظ رکھی گئی ہے!

پھر یہ اشعار تصنیف کیے:

---

[1] الطبقات لابن سعد: 118/1 [2] یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اکثر علماء لفظ تورات کو اور بعض لفظ انجیل کو مجموعہ بائبل کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

[3] مسلم 6102، مصنف عبدالرزاق: 19657، حمیدی: 555، الشمائل الترمذی 196، کنز العمال: 36165 [4] بخاری: 4896 [5] بنو قریظہ سے قرظی کہلاتے ہیں۔

[6] اوس و خزرج کا نسب اہل یمن سے ملتا ہے۔ یہ سیل ارم کے بعد مدینہ میں آ گئے تھے۔

شَهِدْتُ عَلٰى اَحْمَدَ اَنَّهُ   رَسُوْلٌ مِّنَ اللهِ بَارِیءِ النَّسَم
فَلَوْ مُدَّ عُمْرِیْ اِلٰی عُمْرِهٖ   لَکُنْتُ وَزِیْرًا لَّهُ وَابْنَ عَمّ

''میں شہادت دیتا ہوں کہ احمد ﷺ اس اللہ کے رسول ہیں جو جان آفریں ہے۔ اگر میری عمر اس کی عمر تک لمبی ہو تو میں ضرور اس کا وزیر اور ابن عم بنوں گا۔''

تلمسانی کا قول ہے کہ اشعار بالا بطور تواتر ثابت ہوئے ہیں۔ [1]

② قس بن ساعدہ نجران کا اسقف اور حکمائے عرب میں سے تھا۔ اس کے اشعار ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ!   لَمْ یَخْلُقِ الْخَلْقَ عَبَثْ
اَرْسَلَ فِیْنَا اَحْمَدًا   خَیْرَ نَبِیٍّ قَدْ بَعَثْ
لَمْ نُحْیِنَا مِنْهُ سُدٰی   مَنْ بَعْدُ عَیْسٍ وَاکْتَرَثْ
صَلّٰی عَلَیْهِ اللهُ مَا   حَجَّ لَهُ رَکْبٌ وَحَثْ

[2] اشعار جو نبی کریم ﷺ کی حیات طیبہ میں لکھے گئے۔

① حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ المؤید بروح القدس، نبی ﷺ کی نعت میں فرماتے ہیں:

مَتٰی یَبْدُ فِی اللَّیْلِ الْبَهِیْمِ جَبِیْنُهٗ   یَلُحْ مِثْلَ مِصْبَاحِ الدُّجٰی الْمُتَوَقِّدِ

جب شب تاریک میں اس کی پیشانی نمایاں ہوتی ہے تو روشن چراغ کی طرح چمکا کرتی ہے۔

فَمَنْ کَانَ اَوْ مَنْ قَدْ یَکُوْنُ کَاَحْمَدَ   نِظَامٌ لِحَقٍّ اَوْ نَکَالٌ لِمُلْحِدِ

حق کو استحکام دینے اور ملحد کو ذلیل بنانے میں احمد جیسا نہ کوئی تھا اور نہ آئندہ کوئی ہوگا۔

یہ اشعار دیوان حسان میں موجود ہیں اور ان پر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی شہادت امام ابن عبدالبر رحمہ اللہ کی کتاب ''الاستیعاب'' میں موجود ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان اشعار کو پڑھا اور فرمایا:

کَانَ وَاللهِ کَمَا قَالَ فِیْهِ شَاعِرُهٗ

بخدا! نبی ﷺ ایسے ہی تھے جیسا کہ آپ کے شاعر نے ان ابیات میں کہا ہے۔

② کعب بن مالک الانصاری رضی اللہ عنہ بھی حضور ﷺ کے شعرائے خاص میں سے تھے۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ ان تین بزرگواروں میں سے ہیں، جن کی توبہ قبول کیے جانے کا ذکر قرآن پاک میں ہے۔ وہ غزوہ احد کے متعلق فرماتے ہیں۔

غَدَاةَ اَجَابَتْ بِاَسْیَافِهَا   جَمِیْعًا بَنُو الْاَوْسِ وَالْخَزْرَجِ

صبح کے وقت تمام بنو اوس و خزرج نے اپنی اپنی تلواروں کو سنبھال کر حضور ﷺ کے حکم کی تعمیل کی۔

وَاَشْیَاعُ اَحْمَدَ اِذْ شَایَعُوْا   عَلَی الْحَقِّ ذِی النُّوْرِ وَالْمَنْهَجِ

اشیاع احمد (مہاجرین) نے بھی ایسا ہی کیا وہ سب نبی ﷺ کے ساتھ حق پر چلتے ہیں۔

---

[1] اگر تلمسانی کا یہ فقرہ اس روایت میں نہ ہوتا تو میں ان اشعار کو درج کرنے کی ضرورت نہ سمجھتا۔

③ کعب بن مالک رضی اللہ عنہ واقعہ خیبر کے متعلق فرماتے ہیں:

وَنَحْنُ وَرَدْنَا خَيْبَرًا وَفُرُوْضَهٗ — بِكُلِّ فَتًى عَارِي الْأَشَاجِعِ نَدْوَدِ

''ہم خیبر اور اس کے قلعوں تک پہنچے، ہمارا جوان پھرتیلا اور عمدہ بچاؤ سے لڑنے والا تھا۔''

يَرَى الْقَتْلَ مَجْدًا إِنْ أَصَابَ شَهَادَةً — مِنَ اللّٰهِ يَرْجُوْهَا وَفَوْزًا بِأَحْمَدِ

''ہم میں سے ہر ایک یہ سمجھتا تھا کہ اگر شہادت ملی تو ایسا مرنا، اللہ کے ہاں سے فضیلت اور احمد کی خوشنودی حاصل کرنے کا سبب ہوگا۔''

3 اشعار جو نبی ﷺ کی وفات کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پڑھے:

① حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ ایک لمبے قصیدہ میں فرماتے ہیں۔

أَطَالَتْ وَقُوْفًا تَذْرِفُ الْعَيْنُ جُهْدَهَا — عَلٰى طَلَلِ الَّذِيْ فِيْهِ أَحْمَدُ

آنکھ پوری طاقت سے بہہ رہی ہے اور میں اس قبر کے ڈھیر پر دیر سے کھڑا ہوا ہوں جس کے اندر احمد ﷺ ہیں۔

فَبُوْرِكْتَ يَا قَبْرَ الرَّسُوْلِ وَبُوْرِكَتْ — بِلَادٌ ثَوٰى فِيْهِ الرَّشِيْدُ الْمُسَدَّدُ

اے قبر رسول ﷺ تو مبارک ہے اور اے عرب تو مبارک ہے کہ تیرے اندر نبی کی (جو رشید المسدد ہیں) خواب گاہ ہے۔

② خاتم الخلفاء علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو جب خوارج نے کہا کہ وہ ان کے سامنے اپنے ایمان کی تجدید کریں اور از سر نو داخل فی الاسلام ہوں تو انھوں نے زبان مبارک سے یہ اشعار پڑھے تھے۔

يَا شَاهِدَ الْخَيْرِ عَلَيَّ فَاشْهَدْ — إِنِّيْ عَلٰى دِيْنِ النَّبِيِّ أَحْمَدَ

مَنْ شَكَّ فِي اللّٰهِ فَإِنِّيْ مُهْتَدِيْ [1]

''اے الگلی بات کہنے والے تو گواہ رہنا کہ میں نبی احمد ﷺ کے دین پر ہوں۔ اللہ کے بارہ میں اور کوئی شک پر ہو تو ہو میں تو ہدایت یافتہ ہوں۔''

③ جگر گوشہ رسول سیدہ بتول سلام اللہ علیہا کے اشعار اپنے والد احمد مصطفیٰ ﷺ کی وفات پر ہیں۔

صُبَّتْ عَلَيَّ مَصَائِبٌ لَوْ أَنَّهَا — صُبَّتْ عَلَى الْأَيَّامِ صِرْنَ لَيَالِيَا

مَا ذَا عَلٰى مَنْ شَمَّ تُرْبَةَ أَحْمَدَ — أَنْ لَّا يَشُمَّ مُدَى الزَّمَانِ غَوَالِيَا

مجھ پر ایسی مصیبتیں پڑی ہیں کہ اگر دن پر آ پڑتیں تو رات بن جاتا، جو کوئی قبر احمد ﷺ سونگھ لے اس پر کیا واجب ہے؟ یہ واجب ہے کہ وہ مدت العمر خوشبو نہ سونگھے۔

ان جملہ حوالہ جات سے ہمارا مقصود باقتضائے تمام یہ ہے کہ نبی ﷺ کا اسم مبارک احمد حضور ﷺ کی ولادت سے پہلے اور حیات کے اندر اور ارتحال کے بعد یعنی ہر زمانہ ہی میں مسلم و محقق رہا ہے۔ قبل از ولادت یہی پاک نام عرب، یمن، نجران اور شام کے

---

[1] ماخوذ از کتاب الکامل لابی العباس المبرد

یہودیوں اور عیسائیوں میں معروف تھا اور ہر فرقہ اپنی فتح و نصرت کو حضور ﷺ کی تشریف آوری و رونق افروزیٔ عالم پر منحصر سمجھتا تھا۔ حضور ﷺ کے شاعران خاص اور ذوی القربیٰ حضور ﷺ کو اس نام سے یاد کیا کرتے تھے۔

ہم نے بیان کیا ہے کہ حضور ﷺ کی ولادت سے پیشتر عرب میں یا کسی دیگر ملک میں جہاں زبان عربی متداول تھی کسی شخص کا نام احمد نہیں رکھا گیا۔ یعنی قدرت الٰہیہ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام والی بشارت کو جو بحق نبی کریم ﷺ تھی پونے چھ سو سال تک اس قدر محفوظ کیا کہ اس عرصہ میں کوئی بھی اس نام سے موسوم نہیں کیا گیا۔ اب اسی دلیل کی تذئیل میں ہم یہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ حضور ﷺ کے بعد اسم ہمایوں و گرامی کا امت محمدیہ میں بطور تیمن و تبرک کس قدر زیادہ استعمال ہوا۔ کیوں کہ حضور ﷺ کے بعد من بعدی کی شرط اٹھ چکی تھی اور التباس کا مظنہ جاتا رہا تھا۔ اب صرف حصول یمن و برکت مقصد رہ گیا تھا۔ اس لیے قدرت الٰہیہ نے جیسا کہ نبی ﷺ کی ولادت سے پیشتر اس امر کی صیانت و حفاظت فرمائی تھی کہ مبشر اصلی اور موعود حقیقی کے سوا اور کوئی شخص بھی اس اسم برائے نام بھی موسوم نہ ہو۔ اس طرح رحمت ربانی کا اقتضا یہ ہوا کہ حضور ﷺ کے بعد اس اسم سامی کی خوب اشاعت ہو، اور ہر موسوم شخص گویا اپنے نام ہی سے یہ ثابت کرتا رہے کہ اس اسم کا مبشر دنیا میں آ چکا ہے اور بشارت عیسیٰ مسیح علیہ السلام کی صداقت دنیا پر آشکار ہو چکی ہے۔

پس میں چاہتا ہوں کہ ایک فہرست ایسے علمائے محدثین و مفسرین و فقہاء و علماء شاہان و امراء کی پیش کروں جو اسم احمد ﷺ سے اسلام میں موسوم ہوئے تھے۔ اگر ایسے اسماء کا بلا استیعاب استقصا کیا جاتا، تو ایک جلد درکار ہوتی مگر اس جگہ اسم مبارک احمد کے اعداد 53 کے مطابق تحریر کیے جاتے ہیں:

ائمہ محدثین رحمہم اللہ (10)

1. احمد بن حنبل (ابو عبداللہ) امام اہل السنۃ والجماعت یکے از ائمہ اربعہ رحمہم اللہ
2. احمد بن الحسین بن علی بن عبداللہ بن موسیٰ الحافظ الکبیر ابو بکر بیہقی رحمۃ اللہ علیہ
3. احمد بن علی بن شعیب بن علی بن سنان (ابو عبدالرحمن امام نسائی) رحمۃ اللہ علیہ
4. احمد بن محمد بن ابراہیم النیشاپوری المفسر المشہور ابو اسحٰق الثعلبی رحمۃ اللہ علیہ
5. احمد بن عبداللہ بن احمد بن اسحٰق الاصبہانی (الحافظ ابو نعیم) رحمۃ اللہ علیہ
6. احمد بن یحییٰ بن اسحٰق الراوندی (ابو الحسین) رحمۃ اللہ علیہ
7. احمد بن علی بن ثابت بن احمد الحافظ ابو بکر المعروف بالخطیب البغدادی رحمۃ اللہ علیہ
8. احمد بن محمد بن احمد محمد سلفۃ الاصبہانی (الحافظ ابو طاہر) رحمۃ اللہ علیہ
9. احمد بن الحسین بن یحییٰ بن سعید الہمدانی ابو الفضل الحافظ معروف بدیع الزمانی رحمۃ اللہ علیہ
10. احمد بن عبدالحلیم بن عبداللہ بن ابی القاسم الحرانی دمشقی۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ ابو العباس رحمۃ اللہ علیہ

فقہائے محققین رحمہم اللہ (19)

11. احمد بن عمرو بن شریح (ابو العباس) رحمۃ اللہ علیہ

12 احمد بن ابی احمد المعروف بابن القاص الطبری الفقیہ (ابو العباس) رحمۃ اللہ علیہ

13 احمد بن عامر بن بشیر بن حامد المروزی القاضی ابو حامد رحمۃ اللہ علیہ

14 احمد بن محمد بن احمد المعروف بابن القطان ابو البغدادی (ابو الحسین رحمۃ اللہ علیہ)

15 احمد بن محمد بن سلامۃ بن عبد الملک الازدی الطحاوی (ابو جعفر) رحمۃ اللہ علیہ

16 احمد بن ابی طاہر محمد بن الاسفرائینی (الشیخ ابو حامد) رحمۃ اللہ علیہ

17 احمد بن محمد بن احمد بن القاسم الضبی المحاملی رحمۃ اللہ علیہ

18 احمد بن محمد بن جعفر ابو الحسین المعروف (قدوری) رحمۃ اللہ علیہ

19 احمد بن ابی داؤد فرج بن جریر الایادی القاضی (ابو عبد اللہ) رحمۃ اللہ علیہ

20 احمد بن محمد بن عبد الرحمٰن الہروی القاشانی (ابو عبید) رحمۃ اللہ علیہ

21 احمد بن علی بن محمد الوکیل ابو الفتح المعروف بابن برہان رحمۃ اللہ علیہ

22 احمد بن محمد المظفر الخوافی (ابو المظفر) رحمۃ اللہ علیہ

23 احمد بن موسیٰ بن یونس بن محمد الاربلی (ابو الفضل شرف الدین) رحمۃ اللہ علیہ

24 احمد بن محمد بن ابو الفضل المعروف بابن الخازن ابو الفضل رحمۃ اللہ علیہ

25 احمد بن فارس بن زکریا بن محمد الرازی (ابو الحسین) رحمۃ اللہ علیہ

26 احمد بن محمد الحسین ابوبکر ناصح الدین رحمۃ اللہ علیہ

27 احمد بن منیر بن احمد طرابلسی (ابو الحسین مہذب الدین) رحمۃ اللہ علیہ

28 احمد بن علی بن ابراہیم الغسانی الاسوانی (القاضی الرشید) رحمۃ اللہ علیہ

29 احمد بن عبد الغنی بن احمد اللخمی المالکی (ابو العباس) رحمۃ اللہ علیہ

عرفائے کاملین (4)

30 احمد بن محمد بن محمد بن احمد الطوسی الغزالی (ابو الفتوح، برادر امام غزالی) رحمۃ اللہ علیہ

31 احمد سرہندی الشیخ الامام المجدد الف ثانی، فاروقی رحمۃ اللہ علیہ

32 احمد المدعو بشاہ ولی اللہ المحدث بن شاہ عبد الرحیم الفقیہ الدہلوی رحمۃ اللہ علیہ

33 احمد بریلوی السید الامام المجاہد فی سبیل اللہ۔ رحمۃ اللہ علیہ

وزراء وامراء (6)

34 احمد بن محمد بن عبد الکریم بن سہل الکاتب ابو العباس صاحب کتاب الخراج رحمۃ اللہ علیہ

35 احمد بن عبد اللہ بن سلیمان التنوخی (ابو العلاء المعری) رحمۃ اللہ علیہ

36 احمد بن عبدالملک الاشجعی الاندلسی ذی الوزارتین الاعلی رحمۃ اللہ علیہ
37 احمد بن ہارون الرشید بن المہدی الہاشمی (ابوالعباس) رحمۃ اللہ علیہ
38 احمد بن طولون صاحب دیار مصریہ (ابوالعباس) رحمۃ اللہ علیہ
39 احمد بن المستقر بن الظاہر (ابوالقاسم) رحمۃ اللہ علیہ

شعراء ادباء (12)

40 احمد بن الحسین بن الحسین بن عبدالصمد الجعفی الکوفی ابوالطیب المتنبی رحمۃ اللہ علیہ
41 احمد بن محمد الدارمی المصیصی المعروف بالنامی (ابوالعباس) رحمۃ اللہ علیہ
42 احمد بن محمد بن اسماعیل بن ابراہیم طباطبا۔ رحمۃ اللہ علیہ
43 احمد بن محمد بن انطاکی (ابوحامد الشاعر) رحمۃ اللہ علیہ
44 احمد بن جعفر بن موسیٰ برمکی الندیم۔ رحمۃ اللہ علیہ
45 احمد بن محمد بن العاصی بن محمد الاندلسی (ابوعمرو) رحمۃ اللہ علیہ
46 احمد بن عبداللہ بن احمد بن غالب المخزومی اندلسی القرطبی (ابوالولید) رحمۃ اللہ علیہ
47 احمد بن الخولانی الاندلسی المعروف بابن لآبار۔ رحمۃ اللہ علیہ
48 احمد بن یوسف السلیکی (ابونصر) رحمۃ اللہ علیہ
49 احمد بن محمد بن علی الثعلبی الدمشقی (ابوعبداللہ) رحمۃ اللہ علیہ
50 احمد بن محمد بن احمد المیدانی النیشاپوری (ابوالفضل) رحمۃ اللہ علیہ
51 احمد بن عبداللہ بن احمد اللخمی القاسمی (ابوالعباس) رحمۃ اللہ علیہ

نحوئیین (2)

52 احمد بن محمد بن اسماعیل بن یونس المرادی المصری ابوجعفر۔ رحمۃ اللہ علیہ
53 احمد بن بکر بن بقیۃ العبدی ابوطالب۔ رحمۃ اللہ علیہ

یہاں تک جو کچھ مذکور ہوا فضیلت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بیان مرسلین رب العالمین کے فضائل کے ساتھ ساتھ تھا مگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعوت عالیہ اور محامد متکاثرہ ایسے بھی ہیں جن میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بالکل منفرد ہیں۔ان کا بیان انشاءاللہ تعالیٰ اس کتاب کی جلد سوم میں ہوگا۔

خاتمہ باب سے پیشتر اس جگہ ایک مختصر سا مضمون جو ایک آیت مبارکہ کے تحت میں لکھا گیا ہے درج کر دیتا ہوں۔امید ہے کہ محبان صادق و متبعین مخلص اسے بھی باب ہذا سے متناسب پائیں گے۔

اللہ جل و علا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یوں مخاطب فرماتا ہے۔

يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا وَّ دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِيْرًا [الاحزاب:45-46]

شَاهِدًا

قرآن مجید میں نبی ﷺ کو شاہد بھی فرمایا گیا ہے اور شہید بھی مندرجہ ذیل آیات پر غور کرو۔

﴿ يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا ﴾ [الاحزاب:45]

﴿اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا﴾ [الفتح:8]

﴿ وَ فِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ ﴾ [الحج:78]

﴿ وَ يَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ﴾ [البقرۃ:143]

﴿ وَ جِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ شَهِيْدًا ﴾ [النساء:41]

شہادت امر کے واقع کو بیان کرنا اور دوسرے شخص کو اپنے بیان کے ذریعے سے اس امر کا باور کرانا۔

نبی ﷺ کی شہادت جسے حضور ﷺ نے ادا کیا اور جسے ادا فرما کر لوگوں کو تیقن کے درجے تک پہنچایا۔ امور ذیل کے متعلق تھی۔ ہستی باری تعالیٰ، تقدیس ذات وتنزیہ صفات، سلسلہ وحی، وجود نبوت، اعمال کا جزا وسزا سے تعلق، جزا وسزا کی حقیقت، وجود عالم ارواح، علوم مابعد الطبیعہ۔ ان امور کو جس وضاحت اور کمال علم اور روشن دلائل اور براہین قاطعہ سے نبی ﷺ نے بیان فرمایا اور پھر اپنے گفتار و کردار سے اس صداقت کے تیقن کو ملحدوں اور دہریوں اور منکروں اور مادہ پرستوں کے قلوب میں مستحکم فرمایا۔ یہ حضور ﷺ ہی کا حصہ تھا، معلوم ہوتا ہے کہ قدرت الٰہیہ اور حکمت ربانیہ نے نبی کریم ﷺ کو دنیا کے سامنے بطور اپنے گواہ کے پیش کیا ہے۔ یہ ایک ثانوی حقیقت ہے کہ گواہوں کی قلت یا کثرت کسی معاملہ کے ثبوت ونفی پر ذرا موثر نہیں، بلکہ شہادت کو قوت دینے اور صداقت کے درجہ تک پہنچانے والی جو شے ہے وہ شاہد کی ثقاہت، اعتبار اور راست بازی ہے۔ نبی ﷺ کی راست بازی، اور اعتبار کی یہ حد تھی کہ جب کفار نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ تم نے کیوں کر محمد ﷺ کو رسول اللہ تسلیم کر لیا، تو انھوں نے جواب دیا کہ یہ ہونٹ جھوٹ بولنے والے کے نہیں۔ ہرقل نے ابوسفیان کے جواب میں کہا تھا کہ جس شخص نے کبھی کسی مخلوق پر بھی جھوٹ نہیں بولا، ناممکن ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھنے لگے۔ ابوجہل جیسے الد الخصام نے کہا تھا کہ محمد ﷺ میں تجھے جھوٹا نہیں سمجھتا مگر تیری تعلیم پر میرا دل نہیں جمتا۔

صداقت اور اعتبار ہو تو ایسا ہو کہ خواہ کوئی شہادت کو قبول کرتا ہے یا نہیں، لیکن شہادت دہندہ کی ثقاہت کے خلاف ایک حرف بھی زبان سے نہیں نکال سکتا یا بقول ابوسفیان نہیں نکال سکتا، بلکہ ہر شخص دل میں سمجھ گیا ہے کہ اس کے خلاف لب کشائی کرنا اپنی ہنسی کرانا اور خود کو ذلیل کرنا ہے۔

حضور ﷺ نے اس شہادت کو دشت وجبل میں آشکارا کیا۔ بیابان اور شہروں کے سمع اور قلب تک پہنچایا۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے نعرہ سے فضائے ارض وسما کو بھر دیا اور سننے والوں کے دل ودماغ کو شک وانکار اور تذبذب وگمان کے ہوائے فاسد سے خالی کر دیا۔ اللہ اکبر! شاہد کس زبردست شہادت سے اٹھا ہے، جس کے منہ سے نکلتے ہی وہی کلمہ شہادت ہر ایک کی زبان پر رواں ہے اور کیا عجمی، کیا عربی، کیا شرقی، کیا غربی ہر ایک اسی شہادت کا کلمہ خواں ہے۔ شاہد خاموش نہیں ہو جاتا جب تک ہزار در ہزار اور شمار در شمار بندوں کو ﴿وَ تَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ﴾ [الحج:78] کے فرض پر آمادہ نہیں کر لیتا اور اسود واحمر اور عبید وملوک کو ﴿ وَ كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ

لِلّٰہِ شُھَدَآءَ بِالْقِسْطِ﴾ [المائدہ:8] کے وجوب امری کا پابند نہیں ٹھہرا دیتا۔

شاہد کی صداقت پر لاکھوں شاہد بھی موجود ہو گئے ہیں، ملکوں اور قوموں، جزیروں اور وادیوں نے اس کی شہادت سے ایقان حاصل کر لیا ہے۔ تب شاہد اس داوری گاہ سے عزم رحلت فرماتا ہے اور چلتے وقت بھی ان سب کو یہ سنا دیتا ہے: اَنْتُمْ تُسْاَلُوْنَ عَنِّیْ فَمَا اَنْتُمْ قَائِلُوْنَ قَالُوْا بَلَّغْتَ وَ اَدَّیْتَ وَنَصَحْتَ فَقَالَ بِاِصْبِعِہٖ یَرْفَعُھَا اِلَی السَّمَآءِ وَ یَنْکُتُھَا اِلَی النَّاسِ اَللّٰھُمَّ اشْھَدْ اَللّٰھُمَّ اشْھَدْ اَللّٰھُمَّ اشْھَدْ۔ [1]

پھر وہ پوچھتا ہے کہ لوگو، وہ قاضی جہاں، رب زمین وزماں جب دریافت فرمائے گا کہ میں نے اپنی شہادت کو کیوں کر ادا کیا ہے۔ تو آپ کیا بتائیں گے سب کے سب متفق اللفظ بول اٹھتے ہیں، اجی حضور نے تو جتنا کچھ فرمایا تھا اسے خوب ہی فرمایا۔ حضور ﷺ نے تبلیغ و تفہیم کا حق ادا کر دیا۔ حضور ﷺ نے تو اپنی شہادت سے معاملہ کو کھوٹا کھرا اپن الگ الگ کر کے دکھا دیا۔ شاہد آسمان کی جانب انگشت شہادت اٹھاتا پھر لوگوں کی طرف جھکاتا اور اپنے بھیجنے والے سے مخاطب ہو کر عرض کرتا ہے۔ الٰہی! میری شہادت کو سن لے، میری گواہی کا تو خود گواہ رہنا، ان لوگوں کے بیان کو محفوظ فرما لینا۔

ایسے شاہد پر دل و جان خود بخود قربان ہوتے ہیں جو داوری گاہ عالم اس شہادت کے لیے اکیلا آیا اور لاکھوں لوگوں کو گواہ بنا گیا۔ فی الحقیقت اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو شاہد اور شہید فرما کر حضور ﷺ کی بہترین خوبی سے دنیا کو آگاہ فرمایا ہے۔ دوسری صفت حضور ﷺ کی

مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا

فرمائی گئی ہے۔ تمام قرآن مجید پر نظر ڈال جایئے۔ کسی نبی کی نسبت عَلَیْھِمْ وَعَلٰی نَبِیِّنَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا دونوں لفظ وارد نہیں ہوئے۔ نبی ﷺ کی شان میں مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا کے لفظ بھی ہیں اور بَشِیْرٌ وَّ نَذِیْرٌ بھی اور چوں کہ یہ فضیلت جامعیت نبی کریم ﷺ ہی کی ذات مبارک میں پائی گئی ہے۔ اس لیے یہ اوصاف حضور ﷺ کے علو مرتبت نبوت کا اظہار کرنے میں خاص ہیں۔

بشارت کے متعلق دیکھیے کہ کہیں تو مومنین کو اس امر کی بشارت دی گئی ہے کہ:

﴿بِاَنَّ لَھُمْ مِّنَ اللّٰہِ فَضْلًا کَبِیْرًا﴾ [الاحزاب:47]

''مومنین کو بشارت سنا دیجیے کہ ان کے لیے اللہ کی طرف سے بہت بڑا فضل ہے۔''

دوسری جگہ فرمایا:

﴿لَھُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَ فِی الْاٰخِرَۃِ لَا تَبْدِیْلَ لِکَلِمٰتِ اللّٰہِ ذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ﴾

''ان کے لیے دنیا کی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی بشارت ہے۔ اللہ کے فرمودہ میں تبدیلی نہیں ہے۔ یہ بشارت بہترین کامیابی ہے۔'' [یونس:64]

اور ایک جگہ فرمایا:

---

[1] مسلم:2950، ابوداؤد:1905، 1906، ابن ماجہ:3074

﴿ فَبَشِّرْ عِبَادِO الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ﴾ [الزمر:17-18]

''ان بندوں کو بشارت سنا دے جو بات سنتے ہیں اور پھر سب سے اچھے طریقہ پر چلتے ہیں۔''

یہ سب روحانی اور اخلاقی بشارات ہیں اور انہی کے لیے مسلمانوں کو ابھارا اور تیار کیا گیا ہے۔

''انذار'' کے معنی ڈرانا کیے جاتے ہیں لیکن ڈرانا صحیح طور پر انذار کے مفہوم کو ادا نہیں کر سکتا بلکہ اس کے مفہوم کو الٹ دیتا ہے۔ انذار کے معنی تو یہ ہیں آدمی کو اس کے ہونے والے نقصان سے آگاہ کر دیا جائے۔

انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی امت کو ان کے افعال ناشائستہ کے عواقب بد سے آگاہ کیا کرتے تھے اور برے انجام اور برے نتیجہ کی خبر دیا کرتے تھے۔ یہ صفت دل سوزی و ہمدردی سے پیدا ہوتی ہے، خدا ترسی اور رحم دلی سے ظہور پکڑتی، محبت نوع انسانی اور حب جنس سے اشاعت پاتی ہے۔ نبی ﷺ کے مبارک حالات سے ان جملہ اوصاف کا بہ درجہ کمال ہونا بخوبی ثابت ہے اور اسی لیے راہ گم کردہ قوم کو غلط راستہ کی کجی اور اس کے خطرات سے آگاہ کرتے رہنا حضور کا خاصہ فطرت ہو گیا تھا۔ حدیث صحیح میں ہے کہ میری اور تمھاری مثال ایسی ہے کہ تم جلتی آگ کی خندقوں میں منہ کے بل پروانہ وار گر رہے ہو اور میں کمر سے پکڑ پکڑ کر تم کو خندق سے پیچھے ہٹا رہا ہوں۔ (1)

دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ

نبی ﷺ نے دعوت الی اللہ کو جس سرگرمی سے شروع کیا اور جس کامیابی تک پہنچایا وہ حضور ﷺ ہی کا حصہ ہے۔

(1) اس پہاڑی کے وعظ کو دیکھو، جس پر سے يَا اٰلَ فِهْرٍ وَّ يَا اٰلَ غَالِبٍ کی آواز سے عرب کو حضور ﷺ نے بلایا تھا۔

(2) اس خلوت کدہ کا خیال کرو، جہاں مکہ سے دور اور دامن کوہ کے سایہ میں ارقم بن ابو ارقم کے گھر کے اندر خفیہ خفیہ تعلیم دی جاتی تھی۔

(3) کوہ طائف کا واقعہ یاد کرو، جہاں حضور ﷺ کا خون جسم سے بہہ رہا تھا، جوتے میں جم رہا تھا اور زبان پر دعوت الی اللہ کا وعظ جاری تھا۔

(4) عکاظ کے بڑے سالانہ میلے پر نظر ڈالو، جہاں نبی ﷺ يَاَيُّهَا النَّاسُ قُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تُفْلِحُوْا کا نعرہ لگا رہے ہیں اور سنگ دل ابولہب حضور ﷺ کے پیچھے پیچھے جا رہا اور حضور ﷺ کو دیوانہ بتا رہا ہے۔ (2)

(5) مکہ سے باہر پہاڑیوں کی گھاٹی عقبہ کا تصور کرو، تاریکی چھا گئی ہے، بے پناہ مسافر پر خطر مقام پر ٹھہرنا نہیں چاہتا ہے، مگر راستہ کی صعوبت اور خطرات راہ کے تصور سے یثرب کے قافلہ کو اسی جگہ ٹھہر جانے پر مجبور کر دیا ہے۔ نور عالم ﷺ اسی تاریکی میں یک و تنہا اس لیے گام فرسا ہیں کہ شاید کسی ایک نفس ہی کے کان میں اپنی دعوت کی آواز پہنچا سکیں۔

(6) کوہ تنعیم کے دامن تک نظر کو بڑھاؤ، چالاک دشمن نے حضور ﷺ کو بے یار و مددگار اور آرام میں دیکھ کر حضور ﷺ کی تلوار پر قبضہ کر لیا ہے۔ حضور ﷺ کو گستاخانہ لہجہ اور متکبرانہ انداز سے جگایا ہے۔ حضور ﷺ دیکھتے ہیں کہ دشمن سر باختہ ایک تیغ آختہ کے ساتھ کھڑا ہے اور پوچھتا ہے کہ اب تم کو کون بچائے گا؟ حضور ﷺ اس وقت بھی دعوت الی اللہ کے فرض کو فراموش نہیں کرتے۔ اسے وہی..... مبارک نام سناتے ہیں، جو غافل انسان کے زنگ آلود دل کا حجاب اٹھا دیتا، جو قلب مردہ کو حیات تازہ عطا کرتا ہے۔

(7) راہ ہجرت کی سیر کرو، سینکڑوں میل کا سفر در پیش ہے، خشک پہاڑیوں اور بے آب و گیاہ میدانوں سے دو اونٹ گزر رہے ہیں جنھوں نے راہ میں کہیں آرام نہیں لیا ہے۔ حضور ﷺ کے ہم رکاب دو مخلص اور ایک وفادار ہے کینہ دوز دشمن کے تعاقب کا ہر لحظہ خطرہ لگا ہوا ہے اور یہی اندیشہ راہواروں اور رہروؤں کو تیز گامی سے لیے جا رہا ہے۔ پھر بھی نبی ﷺ دعوت الی اللہ کے فرض کو نہیں بھول گئے ہیں۔

---

(1) مسلم:5954تا5958، ترمذی:2874، مسند احمد:392/2، کنز العمال:31920 (2) مسند امام احمد:493/3، مجمع الزوائد:21/6، دلائل النبوۃ:380/5، بیہقی:21/6، مستدرک حاکم:15/1

ام معبد الخزاعیہ، سراقہ بن مالک المدلجی اور بریدہ بن الحصیب اسلمی اور اسکے ستر (70) ساتھی وغیرہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے اس خشک بیابان ہی میں آب حیات پیا، اور چشمہ زندگی حاصل کیا ہے۔

⑧ آٹھ (8) یوم کی شبا روزی تگ ودو کے بعد اللہ کا رسول قبا پہنچ گیا ہے۔ صبر آزما سفر نے بے زبان حیوانوں کو بھی تھکا دیا ہے مگر حضور ﷺ اس دعوت الی اللہ کے شوق کی تعمیل میں دوسرے ہی دن ایک مسجد کے قیام کا اہتمام فرما رہے ہیں، جہاں سے **حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ** اور **حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ** کی صدا ہر صبح و مسا پہاڑیوں سے ٹکراتی، غافلوں کو جگاتی، شائقوں کو بلاتی، آج تک اس داعی کی پکار کو تازہ کر رہی ہے۔

⑨ حضور ﷺ قبا سے مدینہ کو جاتے ہیں، اہل مدینہ زن و مرد، پیر و جواں، یہود و نصاریٰ، صابی وتر سا بھی اہل ایمان کی طرح ہمہ راہ چشم اور ہمہ تن شوق بن رہے ہیں۔ راہ ہی میں نماز کا وقت ہو جاتا ہے اور اللہ کا رسول ﷺ اسی جگہ دعوت الی اللہ کے لیے ٹھہر جاتا ہے۔ بنی سلیم کے قلوب سلیم کو تقویٰ کے رنگ سے رنگین بناتا، رضوان ربانیہ کی نوید سے شاد کام فرماتا ہے۔

⑩ مدینہ میں، بنو اشہل اور بنو غفار، اوس وخزرج کا ہر شخص دل و دیدہ کو حضور ﷺ کے فرش راہ بنائے۔ بابی وامّی، یابی و امّی عرض کر رہا ہے، مگر حضور ﷺ دعوت الی اللہ کے لیے ابن سلول کے پاس جاتے ہیں، کوچہ میں صاف زمین پر اس کے قریب جا بیٹھتے ہیں۔ وہ ناک چڑھاتا، تیوری پر تیوری ڈال کر رومال کو منہ پر رکھ لیتا ہے اور زبان سے کہتا ہے: محمد ﷺ تم نے گرد سے اور تمھاری سواری نے اپنی بو سے میرے دماغ کو پریشان کر دیا۔

نبی کریم ﷺ ہنس پڑے اور آیات قرآنیہ کی تبلیغ فرما کر دعوت الی اللہ کا اہتمام فرماتے ہیں۔

⑪ ربیع بنت معوذ کی ایک شب کی بیاہی ہوئی دلہن کے پاس تشریف لے جاتے ہیں اور اسے دعوت الی اللہ فرماتے ہیں۔ وہاں انصار کی چھوٹی چھوٹی لڑکیوں کو حربیہ اشعار فخریہ لہجہ میں پڑھتے ہوئے سنتے ہیں تو ان کو بھی عقائد صحیحہ کی تلقین فرماتے ہیں۔

⑫ سسکتی ہوئی جان توڑتی ہوئی نواسی کو گود میں لیتے ہیں، اس وقت بھی دعوت الی اللہ میں مصروف نظر آتے ہیں۔ اکلوتے بچے ابراہیم کی لاش پر بیٹھتے ہیں، اس وقت بھی حاضرین کو تخط اور رضاء الٰہیہ کے معانی سمجھاتے، استقامت کا نمونہ دکھاتے ہیں۔

⑬ آخری مرض ہے، گیارہ (11) دن کے تپ شدید اور درد سر میں ذرا تخفیف ہوئی ہے۔ ضعف اس قدر ہے کہ پاؤں کے بل کھڑا نہیں ہوا جاتا، مگر دعوت الی اللہ میں وہی سرگرمی ہے۔ سر پر پٹی باندھے ہوئے عباس رضی اللہ عنہ و علی رضی اللہ عنہ کے کندھوں پر سہارا دیے ہوئے مسجد میں تشریف لاتے ہیں۔ منبر پر کھڑا نہ ہوا جاتا ہے اور نہ چڑھا جاتا ہے، اس کے زیریں زینہ پر بیٹھ جاتے ہیں اور نصیحت و مواعظ مودعہ سے دعوت الی اللہ کی تکمیل فرماتے ہیں۔

⑭ آخری دن ہے، سفر آخرت میں صرف پانچ (5) گھنٹہ کا وقفہ رہ گیا ہے۔ مسلمان صبح کی نماز کے لیے مسجد میں جمع ہیں، نبی ﷺ ضعف اور شدت درد سر کی وجہ سے اپنے بستر پر جسے کھجوروں کے پتوں سے نرم بنایا گیا ہے۔ لیٹے ہیں، دعوت الی اللہ کا فرض پھر حضور ﷺ کے قلب پاک میں تازہ حرارت پیدا کرتا ہے۔ مسجد اور حجرہ مبارک کے درمیان جو پردہ پڑا ہوا تھا اسے ہٹاتے ہیں، تھوڑی دیر تک تبسم کے ساتھ اس نظارہ کا ملاحظہ فرماتے ہیں جو ایک اللہ کی عبادت کے لیے سینکڑوں مسلمانوں کے یک دل و یک جہت و یک آواز ہونے سے پیدا ہو گیا تھا۔ اب پھر زمین پر گھسٹتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں اور اس بڑے مجمع کے سامنے پھر آخری دفعہ دعوت الی اللہ کی نورانی مثال قائم فرماتے ہیں۔

(15) آخری گھڑی ہے، بیوی، بیٹی، نواسی، نواسے اس تنگ حجرہ میں جمع ہیں، جس کے اندر دس (10) سے زیادہ اشخاص کے لیے گنجائش نہیں ہے۔ اس وقت بھی دعوت الی اللہ اور ترحم بر عباد اللہ کی تعلیم زبان پر ہے۔ **الصلوۃ الصلوۃ و ما ملکت ایمانکم** نماز، نماز اور لونڈی غلام کے حقوق۔ [1]

(16) آخری سانس ہے۔ دیدہ حق بین کو آسمان کی جانب بلند کیا ہے، اس پاک نام کا اعلان فرماتے ہوئے جس کی دعوت عمر بھر دیتے رہے۔ **اَللّٰهُمَّ الرَّفِيْقُ الْاَعْلٰى** کہتے ہوئے چشم حق بین کو فانی نظاروں سے بلند کر لیا ہے۔ [2]

ہم کو تاریخ بشر ایسا نمونہ دکھانے سے قاصر ہے، جس کی زندگی کا ایک ایک لمحہ دعوت الی اللہ ہی میں پورا ہوا ہو اس لیے **دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ** کا خطاب نبی ﷺ ہی کی ذات مبارک سے خاص معلوم ہوتا ہے اور اسی لیے خداوند کریم نے حضور ﷺ کو اس صفت سے معرف فرمایا ہے۔

سِرَاجًا مُّنِيْرًا

سورہ فرقان اور سورہ نوح میں آفتاب کو **سِرَاجًا** اور سورہ نبا میں ﴿**سِرَاجًا وَّهَّاجًا**﴾ [78: النباء: 13] فرمایا ہے، ﴿**سِرَاجًا مُّنِيْرًا**﴾ [33: الاحزاب: 46] مگر ایسا لفظ جس کا استعمال ذات پاک نبوی ﷺ کے سوا اور کسی کے لیے نہیں فرمایا گیا۔

نظام شمسی میں آفتاب کا بہت بڑا درجہ ہے، کیوں کہ اس نظام کے جملہ سیارگان کا قبلہ اعظم جس کا طواف ان اجرام پر لازم ہے، یہی نیر اکبر ہے۔

عالم کون و فساد میں بھی آفتاب کی بہت بڑی ضرورت ہے، اس کی حرارت کا نور ہر ایک شے کے وجود اور قیام پر گہرا اثر رکھتا ہے۔ ہاں عالم مادی کا آفتاب ایسا ہی ہے۔

اب رب کریم عالم روحانی کے نیر اعظم کو اپنے نور [3] میں دکھاتا ہے اور سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ ﷺ کو **سِرَاجًا مُّنِيْرًا** کے خطاب سے روشناس عالم فرماتا ہے۔ سچ ہے کہ جملہ سیارگان سماء نبوت کا مدار اعظم بھی ہیں اور عالم شریعت کی بقائے دوام کی علت اولیٰ بھی۔ (ﷺ)

آفتاب رات کی تاریکی کو دور کرتا ہے اور سراج منیر نے ظلمت کفر و شرک کو محو کر دیا ہے۔ آفتاب کی روشنی سب تاروں پر چھا جاتی ہے، انھیں چھپا لیتی ہے۔ سراج منیر کی شریعت بھی تمام شریعتوں کی مہیمن ثابت ہوتی ہے۔ آفتاب کی روشنی جرائم کا ارتکاب روک دیتی ہے۔ سراج منیر ﷺ کے نور نے بھی معاصی کو بند کر دیا ہے۔

آفتاب ایک وقت میں کرہ ارض کے ایک ہی پہلو کو روشن کر سکتا ہے، لیکن اسی سراج منیر ﷺ نے وقت واحد میں جاہلیت کی ظلمت و جہالت کی تاریکی، کفر و شرک کی سیاہی، رسوم کے اندھیرے، رواج کی گھٹا تقلید کی تیرگی کو اپنی نورانی شعاعوں سے اٹھا کر دلوں کو نور ایمان سے دماغوں کو عقائد صحیحہ کے لمعات سے، آنکھوں کو کتاب مبین کے مطالعہ سے اللہ کی نورانی تعلیم سے دھندلے تذبذب کو دلائل ساطعہ سے، تاریک ظنون کو براہین مبینہ سے روشن فرما دیا۔ اس روشنی میں ہر ایک نے حقیقت اشیاء کو دیکھا اور ہر ایک کی نگاہ خود اپنے آپ کو دیکھ سکنے کے قابل ہوئی۔ وہ جو انسانیت کی حقیقت کو فراموش کر بیٹھے تھے اب خود **اَصْحَابِيْ كَالنُّجُوْمِ بِاَيِّهِمُ اقْتَدَيْتُمُ اهْتَدَيْتُمْ** ثابت

---

[1] ابوداود: 5156، مسند احمد: 290/6، کنز العمال: 2165 [2] بخاری: 6509,6348,4463، مسلم: 6297 [3] قرآن مجید کو بھی "نور" کہا گیا ہے۔

ہوئے۔ [1] وہ جو حمایت سے راہ ور اہنما گم کردہ تھے۔اب خود خضر راہ بنے۔

بعض شپرہ چشم (چمگادڑ) آفتاب کی روشنی میں چندھیا جاتے ہیں اور بعض بوم طبع (الو) رات کی تاریکی ہی میں پروبال کھولتے ہیں۔یہی حال ان تیرہ دروں کا ہے جو انوار محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تاب نہیں لا سکتے اور ضوء رسالت سے مستنیر نہیں ہوتے۔مومنین کو تو اس سراج ربانی پر پروانہ وار نثار ہونا ضروری ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صلی اللہ علی حبیبہ سیدنا محمد وآلہ وسلم

---

[1] میزان الاعتدال: 2299,1511، الکاف الشاف فی تخریج الکشاف: 94، اتحاف السادۃ المتقین: 223/2

باب ششم 6

﴿ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ [الانبیاء:107]

اس آیت مبارکہ کو زیب عنوان کرتے ہی مجھے خیال آیا، قرآن مجید کو دیکھنا چاہیے کہ لِلْعٰلَمِيْنَ کا لفظ کن کن اشیاء یا اشخاص کے متعلق آیا ہے؟ مجھے مندرجہ ذیل آیات میں یہ لفظ ملا:

1. ﴿ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴾ [الانعام:90]
2. ﴿ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ [یوسف:104، ص:87]
3. ﴿ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ [القلم:52]
4. ﴿ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴾ [الانبیاء:71]
5. ﴿ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّ هُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ [آل عمران:96]
6. ﴿ فَاَنْجَيْنٰهُ وَ اَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَ جَعَلْنٰهَا اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ [العنکبوت:15]
7. ﴿ وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَا اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ [الانبیاء:91]
8. ﴿ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴾ [الروم:22]

آیات بالا پر غور کرنے سے واضح ہوتا ہے کہ آیت نمبر 3,2,1 میں قرآن مجید کو "ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ" فرمایا گیا ہے۔ اور اس میں کلام نہیں کہ یہ اللہ کا کلام ہے، جو جملہ عالمین کے لیے "ذکر" ہے۔

نبی ﷺ کا اسم مبارک تو اس مصدر کے ساتھ "مُذَكِّر" ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿ فَذَكِّرْ اِنَّمَا اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴾ [الغاشیہ:21]

آیت نمبر 5,4 میں اللہ تعالیٰ نے لفظ برکت کا استعمال کیا ہے۔ آیت نمبر 4 بیت المقدس کے لیے ہے اور آیت نمبر 5 "بیت الحرام" کے لیے۔ مسلمان ان دونوں مسجدوں کو اسی ادب و احترام کا مستحق سمجھتے ہیں جو کلام الٰہی میں ان کے لیے ظاہر فرمائے گئے ہیں اور چوں کہ لفظ برکت ہر دو کے لفظ کے لیے مشترک ہے اور لفظ هُــدًى بیت الحرام کے لیے خاص ہے اور زائد ہے، اس لیے بیت الحرام کا درجہ بھی بیت المقدس سے زیادہ تسلیم کیا گیا ہے۔

آیت نمبر 8,7,6 میں لفظ آیت کے استعمال ہوا ہے اور اس کا مصداق ان مختلف آیات میں متعدد ہے۔

آیت نمبر 6 میں حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کو یا اہل کشتی کو آیت فرمایا گیا ہے۔

آیت نمبر 7 میں حضرت مریم علیہا السلام اور ان کے فرزند کو آیت بتایا گیا ہے۔

آیت نمبر 8 میں نوع انسانی کی مختلف زبانوں اور متلون رنگتوں کے اختلاف کو آیت بیان کیا گیا ہے۔

اور ان سب کا خلاصہ یہ ہے کہ:

ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ صرف قرآن مجید ہے۔

مُبَارَكٌ لِّلْعَالَمِيْنَ — بیت المقدس وبیت الحرام ہیں۔

اٰيَاتٌ لِّلْعَالَمِيْنَ — اصحاب نوح اور کشتی نوح اور حضرت مریم علیہا السلام وحضرت ابن مریم علیہ السلام اور اقوام عالم کا اختلاف الوان اور تباین السنہ ہیں۔

اور لفظ ''رحمت'' ایسا لفظ ہے جس کا استعمال نبی ﷺ ہی کے لیے ہوا، حضور ﷺ کے سوا کسی دوسرے کے لیے نہیں ہوا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿رَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ﴾ [الاعراف:156] ''میری رحمت ہر ایک سے زیادہ وسیع ہے''

پس جب نبی ﷺ کو جملہ عالمین کے لیے رحمت بنایا گیا ہے تو ثابت ہو گیا کہ حضور ﷺ کی نبوت بھی جملہ عالمین کے لیے ہے۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ''رحمۃ للعالمین'' وہی وجود مزکی ٹھہرے گا۔

جس نے اہل عالم، بلکہ عالم در عالم کی بہبود وسود، رفاہ وفلاح، خیر وصلاح، عروج وارتقا، صفا وبہا کے لیے بلا شائبہ غرض اور بلا آمیزش طمع اپنی مقدس زندگی کو صرف کیا ہو۔

- ❑ جس نے بندوں کو اللہ سے ملا دیا ہو۔
- ❑ جس نے الٰہی جلوہ انسانوں کو دکھایا ہو،
- ❑ جس نے دل کو پاک، روح کو روشن، دماغ کو درست، طبع کو ہموار بنایا ہو۔
- ❑ جس کی تعلیم نے امن عامہ کو مستحکم اور مصلحت عامہ کو استوار کیا ہو۔
- ❑ جو غریبی وامیری، جوانی وپیری، امن اور جنگ، امید اور ترنگ، گدائی وبادشاہی، مستی وپارسائی، رنج وراحت، حزن ومسرت کے ہر درجہ، ہر پایا اور ہر مقام پر انسان کی رہبری کرتا ہو۔
- ❑ جس نے فلک کی بلندی، زمین کی پستی، رات کی تاریکی، دن کی روشنی، سورج کی چمک، جگنو کی دمک، ذرہ کی پرواز، قطرہ کی طراوت، میں عرفان ربانی کی سیر کرائی ہو۔
- ❑ جس کی تعلیم نے درندوں کو چوپانی، بھیڑیوں کو گلہ بانی، رہزنوں کو جہاں بانی، غلاموں کو سلطانی، شاہوں کو اخوانی سکھائی ہو۔
- ❑ جس نے خشک میدانوں میں علم ومعرفت کے دریا بہائے ہوں۔
- ❑ جس نے سنگلاخ زمینوں سے کتاب وحکمت کے چشمے چلائے ہوں۔
- ❑ جس نے خود غرضوں کو محبت قومی کا دردمند بنایا ہو۔
- ❑ جس نے دشمنوں کو اپنا جگر بند بنایا ہو۔
- ❑ وہ غریب کا محبّ — مسکین کا ساتھی
- ❑ شاہوں کا تاج — آقاؤں کا آقا
- ❑ غلاموں کا محسن — یتیموں کا سہارا
- ❑ بے آسروں کا آسرا — بے خانمانوں کا ماویٰ

☐ دردمندوں کی دوا	چارہ گروں کا دردمند
☐ مساوات کا حامی	اخوت کا بانی
☐ محبت کا جوہری	اخلاص کا مشتری
☐ صدق کا منبع	صبر کا معدن
☐ خاکساری کا نمونہ	رحمت ربانی کا پتلا
☐ اولین انسان	آخریں رسول ﷺ

اگر رحمۃ للعالمین ﷺ کے لقب سے ملقب نہ ہو تو پھر ان جملہ صفات کے جامع کا اور کیا نام ہوگا؟

ہاں رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے جس نے ملکوں کی دوری، اقوام کی بیگانگی، رنگتوں کا اختلاف، زبانوں کا تباین دور کر کے سب کے دلوں میں ایک ہی ولولہ، سب کے دماغوں میں ایک ہی تصور، سب کی زبانوں پر ایک ہی کلمہ جاری کر دیا ہو۔

ہاں رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے، جو یہودیوں کی طرح تندرمنت کی قبولیت کے واسطے نبی لاوی کا واسطہ ضروری نہیں ٹھہراتا۔

- ☐ جو کیتھولکوں (Catholic) کی طرح آسمان کی کنجیاں شخص واحد کے ہاتھ میں سپرد نہیں کر دیتا۔
- ☐ جو، روح کی سرگ یا نرگ میں دھکیل دینے کی طاقت صرف برہمنوں ہی کو عطا نہیں کرتا۔
- ☐ جو خاص رقبہ کے باشندوں کو آسمانی بادشاہت کے فرزند نہیں ٹھہراتا۔
- ☐ جو نسل واحد کے افراد ہی کو اللہ کی برگزیدہ قوم نہیں قرار دیتا۔
- ☐ جو یہودیوں، عیسائیوں، زرتشتیوں، برہمنوں، جینیوں اور لاماؤں کی طرح اپنے سوا باقی سب پر رحمت وافضال کے بھرپور خزانے بند نہیں کرتا۔

ہاں رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے جو بندہ کو اللہ کی حضوری تک لے جاتا ہے اور اسے ﴿اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ﴾ [المومن :60] کی قدسی آواز سے آشنا بناتا ہے اور خدا و بندہ کے درمیان کسی تیسرے کے لیے کوئی رخنہ باقی نہیں چھوڑتا۔

ہاں رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے جس کے دربار میں:

عداس نینوائی رضی اللہ عنہ	بلال حبشی رضی اللہ عنہ	سلمان فارسی رضی اللہ عنہ
صہیب رومی رضی اللہ عنہ	ضماد ازدی رضی اللہ عنہ	طفیل دوسی رضی اللہ عنہ
ذوالکلاع حمیری رضی اللہ عنہ	عدی طائی رضی اللہ عنہ	ثمامہ نجدی رضی اللہ عنہ
ابوسفیان اموی رضی اللہ عنہ	ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ	ابوعامر اشعری رضی اللہ عنہ
کرز فہری رضی اللہ عنہ	ابوحارث مصطلقی رضی اللہ عنہ	سراقہ مدلجی رضی اللہ عنہ

پہلو بہ پہلو بیٹھے نظر آتے ہیں، اتنی قوموں اور اتنے مختلف الدعاوی سرداروں کا مجمع کسی اور جگہ بھی نظر آتا ہے؟

یہاں ہر شخص اپنے اپنے ملک اور اپنی قوم کا حق وکالت ادا کر رہا ہے اور ہر شخص اپنے اپنے دامان دل کی وسعت کے موافق پھولوں سے جھولیاں بھر رہا ہے اور اپنے اپنے ملک کے مشام جان کو ان سے معطر کر رہا ہے۔

ہاں رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے، جس کے دربار میں عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ بھی موجود ہے جو کعبہ کا کلید بردار ہونے سے حجازی قوموں میں اسی اعزاز کا مالک سمجھا جاتا تھا۔ جو عزت کلیسائے روما کے مسند نشین کو آسمان کے کلید بردار ہونے کی حیثیت سے حاصل ہے۔

اسی کے دربار میں عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ بھی موجود ہے، نسب عالی کے سلسلہ کو دیکھو تو یوسف بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم علیہم السلام تک منتہی ہوتا ہے۔ قومی وجاہت پر نظر کرو تو یہودان بنو قریظہ بنو قینقاع و بنو نضیر و خیبر و فدک کا بچہ بچہ انھیں خیرنا وابن خیرنا کہہ کر یاد کرتا ہے۔ فضیلت علمی اور امامت قوم کی بزرگی کا اندازہ کرنا ہو تو سن لو کہ ربیّون اور احبار تک سیدنا وابن سیدنا کہہ کر ان کو مخاطب کرتے ہیں۔

یہی بزرگوار دربار محمدی ﷺ کے صف نعال میں جاگزیں ہے۔ اور دل ہی دل میں یہ کہہ کر خوش ہو رہا ہے

ع تیری مجلس میں جہاں بیٹھ گئے بیٹھ گئے

اسی دربار میں صرمہ ابن انس رضی اللہ عنہ بھی حاضر ہے۔ صحف انبیاء کا عالم ہے۔ شام اور یوروشلم کے متواتر سفر کر چکا ہے تو راۃ و انجیل کو قدیم زمانوں میں پڑھا ہے۔ دربار ہرقل میں اس کی بڑی تعظیم کی جاتی ہے اور دربار حبش میں اس کی کرامتوں کا خوب چرچا ہے۔ عیسائیانِ حجاز کا گویا سب سے بڑا اسقف یہی ہے۔ اب وہی ﴿ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ﴾ کو بار بار پڑھ رہا ہے اور توحید خالص کی لذت میں مستغرق ہے۔

اسی دربار میں سلمان رضی اللہ عنہ بھی موجود ہے۔ فارس کے بڑے زمیندار کا اکلوتا بیٹا جو زرتشتی مذہب کو چھوڑ کر کاتھولکی عیسائی بنا، پھر اطمینان قلب نہ پا کر دین حقہ کی طلب میں ایران سے شام، شام سے عراق، عراق سے حجاز پہنچا تھا۔ اب تو دل و جان کو حضور ﷺ کے قدموں کا فرش بنا چکا ہے۔ کوئی شخص اگر ان سے باپ دادا کا نام پوچھتا ہے تو فرما دیتے ہیں، سلمان بن اسلام بن اسلام سبعین مرۃ اسی طرح ستر (70) بار کہتے چلے جاؤ۔

اسی دربار میں خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بھی حاضر ہے۔ بت پرستی کی تائید اور بتوں کی حمایت میں شجاعت و مردانگی کے جوہر دکھا چکا ہے۔ احد میں اسلامی لشکر کو فاش شکست دے چکا ہے۔ نتیجہ یہ ہونا چاہیے کہ فتح کا غرور اور غلبہ کا سرور اس کے ازدیاد غفلت اور ترقی رعونت کا سبب بن جائے، لیکن رحمت عالم کی خاکساری نے اس فاتح کے دل کو بھی فتح کر لیا ہے، وہ خود ہی کھچا کھچا آتا ہے اور لات و عزیٰ کے توڑنے کی خدمت حاصل کرنے کی التجا کر رہا ہے۔

اسی دربار میں شاہ حبش کا عریضہ پیش ہو رہا ہے، جو سلطنت چھوڑنے اور حاضر خدمت ہو جانے کی اجازت کا خواست گار ہے۔

اسی دربار میں ذوالبجادین رضی اللہ عنہ موجود ہے جو گھر بار، اہل و عیال چھوڑ کر آیا ہے۔ کمبل کا تہبند کمبل کا کرتہ جس پر ببول کے کانٹوں سے بخیہ گری کی ہے، زیب تن ہے۔ فرط شوق اور جوش انبساط سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ آج شاہ کج کلاہ سے اپنے آپ کو برتر سمجھ رہا ہے۔

ہاں رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے جو یہودیوں جیسی مخذول و مقہور قوم کے ساتھ ان الفاظ میں معاہدہ کرتا ہے۔

1. اِنَّ يَهُوْدَ بَنِي عَوْفٍ اُمَّةٌ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ

یہود بھی مسلمانوں کی طرف ایک قوم سمجھی جائے گی۔

2. وَاَنَّ بَيْنَهُمُ النَّصْرُ عَلٰى مَنْ حَارَبَ

جو کوئی ان سے لڑے، مسلمان ان کو مدد دیں گے۔

③ اَنَّ بَیْنَھُمَ النُّصْحُ وَالنَّصِیْحَۃُ والبِرُّ دُوْنَ الْاِثْمِ

مسلمانوں اور یہودیوں کے تعلقات خیر اندیشی نفع رسانی نیکی کے ہوں گے۔

④ و اِنَّ بِطَانَۃَ یَھُوْدٍ کَاَنْفُسِھِمْ

یہودیوں کے حلیف بھی اس معاہدہ میں اس کے ساتھ شامل ہیں۔

⑤ وَاَنَّ النَّصْرَ لِلْمَظْلُوْمِ [1]

مظلوم کی ہمیشہ مدد کی جائے گی۔

رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے، جو خراج گزار اور مفتوح عیسائیوں کے ساتھ ان الفاظ میں معاہدہ کرتا ہے۔

① لِنَجْرَانَ جِوَارِ اللہِ وَ ذِمَّۃُ مُحَمَّدِ النَّبِیِّ عَلٰی اَنْفُسِھِمْ وَ مِلَّتِھِمْ وَ اَرْضِھِمْ وَاَمْوَالِھِمْ وَغَائِبِھِمْ وَ شَاھِدِھِمْ وَعَشِیْرَتِھِمْ وَتَبِعَھُمْ.

اہل نجران کو اللہ عزوجل کی حفاظت اور محمد رسول اللہ (ﷺ) کی ذمہ داری حاصل ہوگی۔ ان کی جان اور مذہب اور ملک اور اموال کے متعلق تمام موجودہ اشخاص اور غیر موجودہ اوران کی قوم اوران کی پیرو اسی ذمہ داری میں شامل ہوں گے۔

② وَاَنَّ لَا یُغَیِّرُوا لِمَا کَانُوْ عَلَیْہِ. ''ان کی موجودہ حالت تبدیل نہیں کی جائے گی۔''

③ وَ لَا یُغَیَّرُ حَقٌّ مِنْ حُقُوْقِھِمْ ''ان کے حقوق میں سے کوئی حق بدلا نہ جائے گا۔''

④ وَلَا یُغَیَّرُ کُلَّمَا تَحْتَ اَیْدِیْھِمْ مِنْ قَلِیْلٍ اَوْ کَثِیْرٍ [2] ''اور جو کچھ تھوڑا بہت ان کے قبضہ میں ہے، اس میں کوئی تغیر نہ کیا جائے گا۔''

رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جو کافروں کو بھی بہ آواز بلند سناتا ہے:

﴿لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ﴾ ''تمہارے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا دین۔''

رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جو دین اور مذہب کے متعلق کل دنیا کو یہ اصول سکھاتا ہے:

﴿لَآ اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ﴾ [البقرۃ:256]

''دین کے معاملہ میں کسی پر بوجھ نہیں ہے۔ تحقیق ہدایت اور گمراہی میں ظاہر و باہر امتیاز ہو گیا ہے۔''

پھر اسی سلسلہ میں اپنی حیثیت کو کھلے لفظوں میں ظاہر کرتا ہے۔

﴿وَ مَا عَلَی الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ﴾ [النور:54]

رسول کا کام لوگوں کو احکام الٰہی کا سنا دینا ہے اور بس۔

رحمۃ لعالمین ﷺ وہی ہے جو تمام عالم سے نیکی اور عمدہ سلوک کی تعلیم اس طرح پر دیتا ہے:

﴿لَا یَنْھٰکُمُ اللہُ عَنِ الَّذِیْنَ لَمْ یُقَاتِلُوْکُمْ فِی الدِّیْنِ وَ لَمْ یُخْرِجُوْکُمْ مِّنْ دِیَارِکُمْ اَنْ تَبَرُّوْھُمْ وَ تُقْسِطُوْٓا اِلَیْھِمْ اِنَّ اللہَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ﴾ [الممتحنۃ:8]

''اللہ تم کو لوگوں کے ساتھ نیکی اور اچھا سلوک کرنے سے نہیں روکتا، بلکہ اللہ تو ایسے کام کرنے والوں سے محبت کرتا ہے،

---

① سیرت ابن ہشام: 114/1 ② فتوح البلدان بلاذری

لیکن یہ لوگ ایسے ہوں کہ انھوں نے دین کے لیے تم سے جنگ نہ کی ہو اور دین کے لیے تم کو وطن سے نہ نکالا ہو۔''

رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے جو دشمنوں کے ساتھ برتاؤ کے طریق کی اسی طرح تعلیم دیتا ہے:

﴿ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَ بَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ ﴾ [حم سجدہ:34]

''بدی کا بدلہ نیکی سے دو۔ پھر جس شخص کے ساتھ تمھاری عداوت ہے، وہ تمھارا گرم جوش حامی بن جائے گا۔''

رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جو اخوت و محبت کا نام نعمت الٰہی رکھتا ہے اور فرماتا ہے:

﴿فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا﴾ [آل عمران:103] ''اور تم اللہ کی نعمت سے بھائی بھائی بن گئے ہو۔''

رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جو معاملات انصاف میں عداوت و نفرت کے تاثرات سے ہم کو علیحدہ رہنے کا حکم دیتا ہے اور خالص انصاف کرنے کا حکم دیتا ہے:

﴿وَ لَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا قف هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ﴾ [المائدہ:8]

''کسی قوم سے مخالفت کا ہونا تمھیں انصاف نہ کرنے کی طرف کھینچ نہ لے جائے، انصاف ہی کرو۔ یہی حق شناسی سے قریب تر ہے اور تقویٰ اختیار کرو تم جو کچھ کرتے ہو اللہ خوب جانتا ہے۔''

فرمایا:

﴿ وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ﴾ [المائدہ:2]

''قوم کی یہ مخالفت کہ انھوں نے تم کو مسجد الحرام سے روک دیا تھا تم کو ادھر نہ لے جائے کہ تم ان پر زیادتی کرنے لگو، تم تو نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں ان کی مدد کرو اور گناہ اور سرکشی کے کاموں میں ان کا ساتھ نہ دو، اللہ سے ڈرتے رہو۔''

رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے، جو شہادت واقعہ کے بعد لوگوں کو اسی طرح تیار کرتا ہے:

﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ﴾ [المائدہ:8]

''اے ایمان والو! اللہ کے لیے کھڑے ہو جاؤ اور انصاف کے ساتھ شہادت دیا کرو۔''

انصاف کا وجود شہادت ہی پر قائم ہے، اس لیے شہادت کی بابت پھر ان الفاظ میں تعلیم دی گئی ہے۔

﴿ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَ لَوْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَیْنِ وَ الْاَقْرَبِیْنَ اِنْ یَّكُنْ غَنِیًّا اَوْ فَقِیْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰۤى اَنْ تَعْدِلُوْا وَ اِنْ تَلْوٗۤا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا﴾ [النسآء:135]

''اے ایمان والو! انصاف کے ساتھ قیام کرنے والے اور اللہ کے لیے گواہی دینے والے بن جاؤ۔ خواہ تمھاری گواہی خود تمھارے خلاف یا تمھارے والدین کے خلاف یا اقرباء کے خلاف ہو (امیر ہو یا غریب کہ رعایت یا رحم کے خیالات تمھیں آتے ہوں) مگر یہ یاد رکھو کہ اللہ ان دونوں سے بڑھ کر ہے۔ دیکھو ایسا نہ کرنا کہ سچی شہادت سے عدولی

کر دیا دلی زبان سے کوئی بات کہو گواہی سے ٹل ہی جاؤ۔ یہ باتیں تو خواہش نفس پر چلنے کی ہیں اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ خوب جانتا ہے۔"

ہاں رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے، جو ہر انسان کو اس کی بیوی کے متعلق یہ تعلیم دیتا ہے:

﴿ وَ مِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْۤا اِلَيْهَا وَ جَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّ رَحْمَةً اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴾ [الروم:21]

"اللہ کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ اس نے تمھاری بیویوں کو تمھاری جنس کا بنا دیا تا کہ تم ان سے تسلی پاؤ، پھر تمھارے درمیان محبت اور پیار قائم کر دیا۔ سوچنے والوں کے لیے اس کے اندر بہت سے نشان ہیں۔"

رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے، جس نے شوہر بیوی کے رشتہ کو اتنا پاک ٹھہرایا کہ بہشت میں جاتے وقت بھی اس جوڑے کو ایک دوسرے سے الگ نہ کیا، بلکہ یوں خبر دی۔

﴿ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَ اَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴾ [الزخرف:70]

"تم اور تمھاری بیویاں شادی ونشاط اور نعمت وشادمانی کے ساتھ جنت میں چلے جاؤ۔"

رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے جو شوہر اور بیوی کے حقوق کی بابت یہ فیصلہ سناتا ہے

﴿ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَيْهِنَّ ﴾ [البقرۃ:228]

"عورتوں کے حق شوہروں پر ویسے ہی ہیں جیسے شوہروں کے حق عورتوں پر۔"

پھر فوقیت (Seniority) کے متعلق یہ تعلیم دیتا ہے۔

﴿ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّ بِمَاۤ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ﴾ [النساء:34]

"مرد غالب ہیں، عورتوں پر بہ وجہ اس فضیلت کے جو اللہ نے (پیدائش سے) ایک کو دوسرے پر دی ہے اور اس وجہ سے کہ مرد اپنا مال عورتوں پر صرف کرتے ہیں۔"

ہاں رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے جو ایک انسان کی جان کی قدر و قیمت ان الفاظ میں ظاہر فرماتا ہے:

﴿ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِی الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا وَ مَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَاۤ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ﴾ [المائدہ:32]

"اگر کسی شخص نے ایک انسان کو بھی قتل کر دیا (واجب القصاص اور مجرم اس سے الگ ہیں) گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کر دیا اور جس نے ایک شخص کی جان بچائی گویا اس نے تمام انسانوں کی جان بچائی۔"

رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جو خونخوار لڑائیوں کو بند کرتا، حکمرانی کی آرزو یا توسیع ملک کی تمنا یا غلبہ قوت کے اظہار یا جوش انتقام کے وفور کے اصول پر لڑائی کرنے کو قطعاً ممنوع ٹھہراتا ہے۔ وہ جنگ کو صرف مظلوم کی امداد کا آخری ذریعہ، عاجزوں، درماندوں، عورتوں، بچوں کو ظالموں کے ہاتھ سے چھڑانے کا وسیلہ مذاہب مختلفہ اور ادیان متعددہ میں عدل وتوازن قائم کرنے کا آخری حیلہ بتاتا ہے۔ دنیا کا رحم دل سے رحم دل شخص بھی ان اصولوں کے لیے لڑائی کی ضرورت سے انکار نہیں کر سکتا اور معمولی سمجھ کا انسان بھی ایسی لڑائی کو

سراپا رحمت کہنے میں ذرا تامل نہیں کرسکتا۔ اب اصول بالا پر رحمۃ للعالمین ﷺ کے بتائے ہوئے احکام کو سنو۔

① ﴿ اُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا وَ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی نَصْرِهِمْ لَقَدِیْرُ ۙ اَلَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ بِغَیْرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ یَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ وَ لَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَ بِیَعٌ وَّ صَلَوٰتٌ وَّ مَسٰجِدُ یُذْكَرُ فِیْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِیْرًا ﴾ [الحج:39-40]

''جن مسلمانوں سے قتال ہوا، ان کو جنگ کی اجازت دی گئی ہے، کیوں کہ وہ مظلوم تھے اور اللہ ان کی نصرت پر قدرت رکھتا ہے۔ یہ لوگ ہیں جو اپنے گھروں سے بلا کسی وجہ کے نکالے گئے ہیں۔ صرف اس لیے کہ انھوں نے اللہ کو اپنا پروردگار مان لیا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ (یہ اجازت دے کر) بعض لوگوں (دشمنوں) کو بعض لوگوں (مسلمانوں) کے ذریعہ سے روک نہ دیتا تب عیسائیوں کے گرجے، یہودیوں کے معبد، پارسیوں کے مندر مسلمانوں کی مسجدیں (جن میں اللہ کا نام بہت لیا جاتا ہے) ضرور گرائی جاتیں۔''

② ﴿ وَ مَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَ النِّسَآءِ وَ الْوِلْدَانِ الَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ﴾ [النساء:75]

''تم اللہ کی راہ میں اور ضعیف مردوں اور عورتوں اور بچوں کے بچاؤ کے لیے کیوں جنگ نہیں کرتے، حالانکہ وہ دعائیں کر رہے ہیں کہ بار الٰہ، ہم کو اس بستی سے نکال جہاں کے باشندے بڑے ظالم ہیں۔''

ان احکام سے واضح ہے کہ اسلام میں جنگ کو اختیار کیا گیا ہے تو نہ ملک گیری کے لیے، نہ ہوس حکمرانی کے لیے، بلکہ ضعیفوں، عورتوں، بچوں کو ظالموں کے پنجہ سے رہائی دینے کے لیے جنگ کو اختیار کیا گیا تھا۔ نہ تلوار کا خوف دلا کر کلمہ اسلام پڑھوانے کے لیے، بلکہ یہودیوں، عیسائیوں، ترساؤں کے معابد کو حفاظت وحمایت میں مثل مساجد لے کر ان سب کو انہدام سے بچانے کے لیے۔

کیا کسی اور مذہب کی پاک ترین کتاب سے بھی یہ بیان مل سکتا ہے کہ ادیان مختلفہ کے بچاؤ اور ان کی عبادت گاہوں کے قیام کے واسطے کسی قوم نے جنگ کی ہو، اگر نہیں اور ہم کو وثوق کے ساتھ یقین ہے کہ ہرگز نہیں تو سب کو اقرار کرنا پڑے گا کہ یہ رحمۃ للعالمین ﷺ ہی کی رحمت قلبی کا نتیجہ ہے کہ جنگ کا مقصد ایسا مقدس بنایا، جس سے آج دنیا کا کوئی مذہب انکار نہیں کرسکتا۔

ایسی ضروری جنگ کے لیے رحمۃ للعالمین ﷺ یہ بھی ضروری ٹھہراتے ہیں کہ الٹی میٹم ایک لمبے وقت کا دیا جائے تاکہ اس عرصہ میں باہمی سمجھوتے کی ایسی صورتیں نکل آئیں، جن سے جنگ ٹل بھی جائے۔

قرآن مجید میں ہے:

﴿ فَسِیْحُوْا فِی الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ ﴾ [التوبہ:2]

''یعنی تم کو چار ماہ کی مہلت ہے۔''

جنگ میں اتنی مہلت کا دیا جانا ہی رحمت ہے، لیکن جنگ شروع ہو جانے کے بعد مستثنیات کا خاص طور پر ذکر ہے۔

① ﴿ اِلَّا الَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ اِلٰی قَوْمٍ بَیْنَكُمْ وَ بَیْنَهُمْ مِّیْثَاقٌ ﴾ [النساء:90]

''جو لوگ ایسی قوم سے تعلق رکھتے ہوں جن سے تمھارا عہد ہے۔''

۲ ﴿ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ﴾ [النساء:90]
''یا وہ جو حاضر ہو کر ظاہر کر دیں کہ وہ تم سے یا اپنی قوم سے جنگ کرنے میں رک گئے۔''
تو وہ جنگ سے مستثنیٰ ہوں گے۔ چنانچہ صاف لفظوں میں فرمایا۔
﴿ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ﴾ [النساء:90]
''پھر اگر یہ لوگ علیحدہ ہو جائیں اور تم سے جنگ نہ کریں اور تم سے صلح کی درخواست کریں تب اللہ نے تم کو ان پر کوئی راہ نہیں دی۔''
خیال کرو یہ احکام کس طرح ظاہر کرتے ہیں کہ اس جنگ کا مقصد دین کو بجبر قبول کرانے کا ہرگز نہیں۔
غور کرو کہ ایک معاہد قوم کا وجود بھی تم کو نظر آئے گا جو مسلمان نہیں، اگر مسلمان ہوتے تو ان سے مسلمانوں کا تعلق ﴿ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ﴾ [النساء:90] ہی کا نہ ہوتا، بلکہ وہ تو ﴿ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ﴾ [التوبہ:11] کے درجے میں ہوتے۔
پھر اس معاہد قوم کی بھی اتنی عزت ہے کہ اگر فریق جنگ میں سے کوئی شخص اس کے پاس چلا جائے تو وہ بھی فریق جنگ کے حکم سے نکل جائے گا۔
پھر وہ شخص بھی جنگ سے مستثنیٰ ہو جائے گا جو مسلمانوں سے یہ عہد کرے کہ وہ نیوٹرل (Neutral) (غیر جانب دار) رہے گا۔ نہ مسلمانوں کا طرف دار ہوگا، نہ ان کے مخالفین کا۔ دیکھو اگر جنگ کی بنیاد مذہب کا بہ جبر قبول کرانا ہوتا تو ان غیر مذاہب والوں کے لیے یہ ضوابط کبھی نہ ہوتے۔
ہاں! رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جو انسانوں کو اخلاقِ فاضلہ اور فضائل محمودہ اور محاسنِ جمیلہ اور صفات کاملہ کی تعلیم دیتا ہے۔
ماں باپ کی بابت سکھایا:
﴿ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴾ [بنی اسرائیل:24]
''ان کے لیے نرمی والے بازوؤں کو زمین پر بچھا دے اور دعا بھی کیا کر کہ اے رب کریم! ان پر رحم کر جیسا کہ انھوں نے مجھے بچپن میں پالا ہے۔''
اس حکم میں فرمانبرداری، اطاعت و خدمت گزاری کا بھی حکم دیا اور یہ بھی بتایا کہ ماں باپ کے لیے دعا کرنا بھی ضروری ہے کیوں کہ جس طرح بچہ ماں باپ کی تربیت کا محتاج ہے اس طرح ہر انسان اللہ کے رحم کا محتاج ہے۔
قصور والوں کی معافی کے متعلق فرمایا گیا ہے۔
﴿ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ﴾ [النور:22]
''چاہیے کہ تم معافی دیا کرو اور درگزر کیا کرو، کیا تم یہ پسند نہیں کرتے ہو کہ اللہ تم کو معاف کر دے۔''
معافی دینا انسان کو ذرا مشکل اور شاق گزرتا ہے، اس لیے اسے سمجھایا گیا ہے کہ جب انسان اللہ تعالیٰ سے معافی کا خواستگار ہے تو کیا وجہ ہے کہ وہ خود معافی دینے کو پسند نہیں کرتا۔ گویا یہ اصول بتایا۔ معاف کرو تم کو بھی معاف کیا جائے گا۔
زنا کی برائی کے متعلق بھی استدلال کا ایسا ہی طریق اختیار کیا گیا ہے
﴿ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ﴾ [الاسراء:32]
''زنا کے قریب بھی نہ جاؤ۔ یہ تو بے حیائی اور برا راستہ ہے۔''

برے راستے کے لفظ پر غور کرنا چاہیے۔

ایک عیاش مزاج شاید اپنی شوریدگی طبع کی حالت میں زنا کو کچھ معیوب نہ سمجھتا ہو مگر اسے غور کرنا چاہیے کہ کسی کی بہو بیٹی کو اپنے بستر پر بلاتا تو اسے ناگوار نہیں گزرتا لیکن کیا اسے یہ بھی ناگوار نہیں ہے کہ اسکی بیٹی، بہو غیر کے بستر پر جائے۔ اس کی غیرت اسے پسند نہیں کرتی تو اسے سمجھ لینا چاہیے کہ وہ شخص خود اپنے طرز عمل سے ایسی ہی برائیوں کا راستہ بنا رہا ہے؟ یہ راستہ سب سے پہلے اس کے گھر تک سیدھی سڑک بن جائے گا۔

رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے شراب اور جوئے کی حرمت کا حکم تمام عالم کو سنایا۔ شراب کو "رجس" اور "عمل شیطان" اور بنائے عداوت وسبب بغض وسرمایہ غفلت اور اللہ تعالیٰ سے دوری کا ذریعہ بتایا۔ یہ فیصلہ اس زمانہ کا ہے جب تمام دنیا شراب پر لٹو تھی۔ جب بزرگوار Saint Pal کی ہدایت کے پابند سادہ پانی پینے کو معیوب سمجھتے تھے۔ جب ایران شراب کے پیالہ کو جام جم سمجھتا تھا۔ جب ہندوستان دیوتاؤں اور ٹھاکروں کے تقرب کے لیے اس کا استعمال ضروری سمجھتا تھا۔ جب بہت سے مراسم دینی ودنیوی کی تکمیل شراب کے بغیر نہیں ہوسکتی تھی۔ جب عرب کے کسی شاعر وزبان آور کا کلام اس کی توصیف سے خالی نہ ہوتا تھا۔ اسلام کے اس حکم کا تیرہ سو (1300) برس تک دنیا نے مقابلہ جاری رکھا تھا۔ لیکن یورپ کی جنگ عظیم (از 14 تا 1918ء) نے اس حکم کی اصلیت کو منکشف کر دیا۔

شاہ برطانیہ جارج پنجم نے ترک مے نوشی میں اول قوم کو خود نمونہ بن کر دکھایا۔ پھر روس وانگلستان وفرانس میں ایک حد تک اس پر عمل کیا گیا۔ امریکہ نے شراب تیار نہ کرنے کا عزم ظاہر کیا۔ فی الواقع ترک شراب ایک رحمت ہے۔

اور جس وجود پاک نے سب سے پہلے دنیا کو اس مسئلہ کی ہدایت کی وہ رحمۃ للعالمین ﷺ ہے۔ ایسے احکام قرآن مجید اور حدیث پاک سے سینکڑوں کی تعداد میں شمار کیے جاسکتے ہیں

قارئین غور سے معلوم کریں گے کہ ہم نے اس مضمون میں جن مسائل کا ذکر کیا ہے، یہ خالص ایسے مسائل ہیں کہ مسلم وغیر مسلم ہر دو مساوی طور پر ان سے مستفید ہوسکتے ہیں۔ چنانچہ مستفید ہو رہے ہیں۔ ان مسائل کے ترک کر دینے کے بعد تمدن کے قیام اور شائستگی کے وجود کی بقا ہی نہیں رہ سکتی۔ اس لیے دنیا کو ماننا پڑے گا کہ نبی ﷺ فی الواقع رحمۃ للعالمین ﷺ تھے۔

البتہ اہل اسلام کے ساتھ نبی ﷺ کو التفات خاص ہے اور یہ لوگ اس آفتاب حقیقت سے زیادہ تر منور ہونے کی سعی کیا کرتے ہیں۔ اس لیے رب العالمین نے حضور ﷺ کی صفت میں فرمایا۔

﴿ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴾ [التوبہ:128]

دیکھو رحمت کے ساتھ یہاں رافت کا اضافہ ہوگیا ہے۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو نبی ﷺ کی رحمت ورافت سے استفاضہ کرتے ہیں۔

صلی اللہ علی حبیبہ سیدنا محمد وآلہ وسلم

باب ہفتم 7

حُبُّ النبی ﷺ

غزلیات وابیات کے شیدا لفظ ''عشق'' کا استعمال اکثر کیا کرتے ہیں۔ قرآن مجید اور احادیث پاک کے ماہرین سے یہ امر مخفی نہیں ہے کہ ہر دو کلام پاک میں لفظ عشق کا استعمال نہیں ہوا ہے۔ [1]

قاموس میں ہے: اَلْجُنُوْنُ فُنُوْنٌ وَالْعِشْقُ مِنْ فَنِّہٖ یَسْتَجْلِبُہُ الْمَرْءُ عَلٰی نَفْسِہٖ بِاِسْتِحْسَانِ بَعْضِ الصُّوَرِ وَالشَّمَآئِلِ بعنی جنون کی بہت سے اقسام میں سے عشق بھی جنون کی ایک قسم ہے۔ اس مرض کو انسان اپنے نفس پر بعض صورتوں یا خصلتوں کے اچھا سمجھ لینے سے خود وارد کر لیا کرتا ہے۔

پس جب عشق کے معنی قسمے از جنون ہوئے تو ضروری تھا کہ اللہ اور رسول ﷺ کے کلام پاک میں اس لفظ کا استعمال نہ کیا جاتا اور اسے فضائل محمودہ یا محاسن جمیلہ سے شمار نہ کیا جاتا۔ بیشک قرآن حکیم اور احادیث رسول کریم ﷺ میں لفظ محبت کا استعمال ہوا ہے اور اس سے ثابت ہو گیا کہ محبت ہی صفت کمال انسانی ہے۔

محبت اور عشق میں یہ بھی فرق ہے کہ محبت روح کے میلان صحیحہ کا نام ہے اور عشق میں اس شرط کا پایا جانا ضروری نہیں۔ محبوب وہ ہے جو فی الواقع اپنے کمالات علیہ کی وجہ سے محبت کیے جانے کے شایاں ہو۔ معشوق وہ ہے جسے کسی نے اچھا سمجھ لیا ہو۔ محبوب' محبوب ہی ہے، خواہ کوئی محب پیدا ہو یا نہ ہو مگر معشوق معشوق نہیں جب تک کوئی اس کا عاشق موجود نہ ہو۔ غالباً مشہور مثل ''لیلیٰ را بہ چشم مجنون باید دید'' کے واضع نے انہی معانی کو ایک دوسرے اسلوب میں بیان کر دیا ہے۔

بعض نے محبت کے معنی شوق الی المحبوب بیان کیے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ محبت ایثار للمحبوب کا نام ہے۔

بعض نے کہا کہ محبت اسے کہتے ہیں کہ قلب کو مراد محبوب کا تابع بنا دیا جائے۔ میرے نزدیک یہ تعریف محبت تو وہی ہے جو ہم اوپر لکھ آئے ہیں اور یہ معانی تو صرف ثمرات محبت کو بیان کرتے ہیں۔

محبت روح انسانی کی وہ صفت نورانی ہے جو جسم انسانی میں آنے سے پیشتر بھی روح کے اندر پائی جاتی اور کارفرما تھی۔ حدیث شریف اَلْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُّجَنَّدَۃٌ الخ کی اسی معنی کی جانب اشارہ کرتی ہے۔

محبت کے مدارج محبوب کے مدارج پر منحصر ہوتے ہیں۔ محبوب جتنا زیادہ ارفع واعلیٰ ہوگا محبت کا درجہ بھی اسی قدر ارفع ودائمی ہوگا۔ محبت کو ذات وصفات محبوب سے جس قدر زیادہ عرفان ہوگا اسی قدر زیادہ استحکام سے اس کا اس کی جانب میلان ہوگا۔

﴿ یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ﴾ [البقرۃ 165]

''مشرک لوگ شرکاء کے ساتھ اللہ کی محبت جیسی محبت کیا کرتے ہیں مگر جو ایمان والے ہیں ان کی محبتیں اللہ کے ساتھ

---

[1] ولا یحفظ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لفظ العشق فی الحدیث صحیح البتہ زاد المعاد ج2 ص 96 واضح ہو کہ حدیث من عشق فعف فمات فھو شھید او حدیث من عشق و کتم وعف وصبروا الخ ہر دو صحیح نہیں۔ ابن جوزی رحمہ اللہ نے موضوعات میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ان کا راوی صرف سوید بن سعید ہے۔ اور ائمہ حدیث نے اس کی نسبت سخت ترین الفاظ استعمال کیے ہیں۔

بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہیں۔''

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ سیرت النبی ﷺ کے لکھنے کا مقصد اس خاکسار کا بلکہ جملہ علمائے کبار کا یہی ہے اور یہی ہونا چاہیے کہ نبی کریم ﷺ کے وجود باجود کے متعلق پڑھنے والے کے قلوب کو ایمان' فواد کو ایقان' روح کو راحت اور صدر کو انشراح حاصل ہو جائے اور محبت کا وہ پاک چشمہ جو خس و خاشاک علائق سے دب گیا تھا یا سنگلاخ جہل میں رک گیا تھا پھر فوارہ وار اسی بلندی تک موجزن ہو جائے جس بلندی سے چلا تھا۔

محبت ہی یاس کو دھکیل دینے والی اور مصائب کو کشادہ پیشانی کے ساتھ جھیل لینے والی ہے۔ محبت ہی دل کی زندگی اور زندگی کی کامیابی ہے۔ محبت ہی کامیابی کو دوام و بقا کا تاج پہناتی اور پھر اس بقاء کو تخت ارتقاء پر بٹھاتی ہے۔

محبت ہی ہے جس کی صفت میں حبیب اللہ ﷺ نے فرمادیا ہے:

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ [1]

ہر شخص کا حشر اس کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے۔

ہم لکھ چکے ہیں کہ محبت کی بنیاد کسی کمال اصلی پر ہوتی ہے۔ سینکڑوں اشخاص حاتم طائی سے محبت رکھتے ہیں' اس لیے نہیں کہ انھیں اس کی جائداد سے کوئی پیسہ یا پائی ملی ہے' بلکہ اس لیے کہ ایسے اشخاص کو صفت جود و سخا سے محبت ہوتی ہے۔ سینکڑوں اشخاص نوشیرواں عادل سے محبت رکھتے ہیں' نہ اس لیے کہ ان کو کسی مظلمہ میں دادرسی یا کسی دعویٰ میں ڈگری اس کی داوری گاہ سے ملی ہو' بلکہ اس لیے کہ یہ لوگ صفت عدل اور داد کو محمود سمجھتے ہیں۔

سینکڑوں اشخاص رستم و اسفندیار کی داستان کو پورے جوش سے پڑھتے یا سرگرمی سے سنا کرتے ہیں۔ اس لیے نہیں کہ وہ بھی ان کی فتوحات میں حصہ دار ہیں، بلکہ اس لیے کہ صفت مردانگی و شجاعت سے ان کو محبت ہوتی ہے۔

بیسیوں اشخاص سقراط و افلاطون کے نام محبت اور پیار سے لیا کرتے ہیں، اس لیے نہیں کہ وہ بھی ان کے مدرسہ خاص میں جس کے دروازے عوام پر ہمیشہ بند رہتے تھے کچھ اسباق سن چکے ہیں بلکہ اس لیے کہ یہ لوگ علم و حکمت کے خود قدر دان ہوتے ہیں۔

بیسیوں اشخاص شیکسپیئر (William Shakespeare)، ہومر (Homer)، فردوسی و سعدی، لبید و متنبی، بیاس اور والمیک کی فصاحت و بلاغت کے بیان میں اپنی تمام تر قوت گویائی کو صرف کر دیا کرتے ہیں، اس لیے نہیں کہ وہ بھی اس شہرت دہی کے اجارہ دار ہیں' بلکہ اس لیے کہ یہ لوگ راز فطرت انسانی کے مشتاق ہوتے ہیں اور ہر شخص کی مدح کو جو اس فن میں تکلم کرے' پسند کرتے ہیں۔

یہاں جس ہستی مزکی کی محبت کا مذکور ہے' اس کی شان بلند کا تعقل کرنے کے لیے خیال کرو۔

ایک آدم علیہ السلام	انابت الی اللہ کا راز آشکارا کرنے والا
ایک ادریس علیہ السلام	علوم اولین و آخریں کا درس دینے والا
ایک نوح علیہ السلام	اسرار و اعلان سے تبلیغ کرنے والا
ایک ابراہیم علیہ السلام	گنہگاروں کے لیے رب العزت سے درگزر اور رحمت کا سوال کرنے والا

[1] صحیح بخاری: 6169,6168، مسلم: 165، 2640، ترمذی: 2385، مسند حمیدی: 881، مسند بزار: 3696، مسند احمد: 200,104/3

ایک اسماعیل علیہ السلام	بیت اللہ کو معظم ٹھہرانے والا
ایک یعقوب علیہ السلام	رب قادر سے عہد باندھنے والا
ایک یوسف علیہ السلام	بدخواہ اور بد اندیش پر ترحم کرنے والا
ایک موسیٰ علیہ السلام	قوم کو برگزیدہ بنانے والا
ایک ہارون علیہ السلام	امام فصیح
ایک یحییٰ علیہ السلام	مبلغ متواضع
ایک داؤد علیہ السلام	قوم کو اجتماعی قوت دینے والا
ایک سلیمان علیہ السلام	اللہ کے لیے پاک گھر بنانے والا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ

ہاں! وہ جس کے منہ میں اللہ کا کلام ہونے کی خبر موسیٰ علیہ السلام نے دی۔

ہاں! وہ جسے عیسیٰ علیہ السلام نے روح الحق بتایا۔

ہاں! وہ جس کی ہیبت وجلال سے داؤد علیہ السلام نے دشمنوں کو مرعوب بنایا۔

ہاں! وہ جس کے حسن وجمال کا نشید سلیمان علیہ السلام نے مقدس میں گایا۔

وہ جس کی حمد سے حبقوق علیہ السلام نے عالم کو پرآوازہ کیا۔

وہ جس کے خیر مقدم کی تہنیت سے ملاکی علیہ السلام نے اللہ کے گھر کو جلال دیا۔

وہ جس کے لباس اور ران پر ''شہنشاہوں کا شہنشاہ، خداوندوں کا خداوند'' لکھا ہوا یوحنا نے پڑھا۔

وہ جس کے پیچھے آسمانی فوجوں کا چلنا صاحب مکاشفات نے مشاہدہ کیا۔

کیا کوئی صاحب بصر، صاحب دل!

ایسے محبوب، ایسے محمود، ایسے مصطفیٰ، ایسے محمد ﷺ پر دل وجان سے فدا نہ ہوگا؟ اور اس فدا ہونے والے کو اپنے لیے غایت شرف اور انتہائی کمال انسانیت نہیں سمجھے گا۔

یاد رکھو کہ آیت ذیل میں اسی راز کا انکشاف کیا گیا ہے۔

﴿ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَ اَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَ اَمْوَالُ اِقْتَرَفْتُمُوْهَا وَ تِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ﴾ [التوبہ:24]

''سب لوگوں کو سنا دے کہ اگر تم کو ماں باپ، بیٹے بیٹیاں، زن وشوہر، قوم وقبیلہ اور مال جو تم نے جمع کیا ہے اور تجارت جس کے خسارہ کا تم کو ڈر لگا رہتا ہے اور وہ محل جن میں بسنا تم کو اچھا معلوم ہوتا ہے وہ سب زیادہ پیارے ہیں اللہ اور رسول سے

اور راہِ حق میں جہاد کرنے سے تب تم منتظر رہو کہ اللہ تمہارے لیے اپنا کوئی حکم دے۔''

اس آیت میں جن جن شخصیتوں یا چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے، ان کی محبت عام میلان انسانی کے موافق مسلمہ ہے اور اسی لیے رب العالمین نے جو ﴿ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ﴾ [الروم:30] کا مالک ہے' ان سب کے ساتھ انسانی محبت کی نفی نہیں فرمائی' اور نہ ہی نہیں کی' بلکہ تفریق درجات کے سبق کی تعلیم دی ہے ؎

گر فرق مراتب نہ کنی زندیقی !

یہی راز صحیحین میں اس حدیث پاک عن انس رضی اللہ عنہ میں کھولا گیا ہے۔

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۔ [1]

''کوئی شخص تم میں سے مومن نہیں بن سکتا جب تک اسے رسول اللہ کے ساتھ ماں باپ اولاد اور باقی سب اشخاص سے بڑھ کر محبت نہ ہو۔''

صحیح مسلم میں ہے:

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ اَهْلِهٖ وَ مَالِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ [2]

''کوئی مومن نہیں بن سکتا' جب تک میں اسے اس کو اہل و مال سے زیادہ محبوب نہیں ہوتا۔''

ہمارا اعتقاد ہے کہ نبی کریم ﷺ نہ صرف محبوب بلکہ حبیب ہیں' یعنی حضور ﷺ کے وہ صفات عالیہ اور فضائل محکاثرہ اور محاسن جمیلہ اور نعوت رفیعہ' جنھوں نے حضور ﷺ کو حبیب اللہ اور محبوب خلق اللہ بنا دیا ہے۔ ثبات و استقرار رکھتے اور دوام و بقا سے متمکن ہیں۔

میں چاہتا ہوں کہ نبی ﷺ کے محاسن اخلاق اور شرف افعال کے اول چند نمونے پیش کروں اور پھر دکھاؤں کہ ایسی صفات عالیہ کے مالک سے کون شخص محبت کرنا نہیں چاہتا۔

جود وسخا کا بیان

(1) جنگ حنین میں چھ ہزار (6000) قیدی، چوبیس ہزار (24000) اونٹ، چار ہزار (4000) بکریاں، چار ہزار (4000) اوقیہ [3] (چھٹانک) چاندی غنیمت میں حاصل ہوئی تھی۔ نبی ﷺ نے ان میں سے ایک چیز کو بھی نہیں چھوا۔ گھر سے جس خیر و برکت کے ساتھ تشریف لائے تھے۔ اس طرح واپس گئے۔

(2) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے:

مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ دِيْنَارًا وَّ لَا دِرْهَمًا وَّلَا شَاةً وَّ لَا بَعِيْرًا وَّلَا اَوْصٰى بِشَيْءٍ [4]

''نبی ﷺ نے اپنی وفات کے بعد کوئی سکہ چاندی یا سونے کا بکری یا اونٹ دنیا میں نہیں چھوڑا اور نہ کسی شے کی بابت کوئی وصیت ہی فرمائی۔''

(3) معلی بن زیاد نے حسن سے روایت کی ہے کہ نبی ﷺ کی خدمت میں ایک سوالی آیا، فرمایا: بیٹھو، اللہ دے گا، پھر دوسرا آیا، پھر تیسرا

---

[1] بخاری:15,14,13، مسلم:169، نسائی:5031، ابن ماجہ:66 [2] بخاری:15، مسلم:168، نسائی:5029,5028، ابن ماجہ:67

[3] ایک اوقیہ میں چالیس (40) درہم ہوتے ہیں۔ (اسلامی اوزان ص:84) [4] ابوداود:2863، بیہقی:2695، تمہید:215، الشمائل للترمذی:406۔

آیا۔ حضور ﷺ نے سب کو بٹھالیا۔ حضور ﷺ کے پاس دینے کو اس وقت کچھ نہ تھا۔ اتنے میں ایک شخص آیا اور اس نے چار اوقیہ چاندی حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کی۔ حضور ﷺ نے ایک ایک اوقیہ تو ان تینوں میں تقسیم کر دیا اور ایک اوقیہ کی بابت پکار بھی دیا۔ مگر کوئی لینے والا نہ اٹھا۔ رات ہوئی تو حضور ﷺ نے وہ چاندی اپنے سرہانے رکھ لی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے دیکھا کہ حضور ﷺ کو نیند نہیں آتی۔ اٹھتے ہیں اور نماز پڑھنے لگتے ہیں۔ پھر ذرا لیٹ کر اٹھتے ہیں اور نماز پڑھنے لگ جاتے ہیں۔ ام المومنین رضی اللہ عنہا نے پوچھا: حضور ﷺ کو آج کچھ تکلیف ہے؟ فرمایا: نہیں۔ انھوں نے پوچھا: تب کوئی خاص حکم اللہ کا آیا ہے؟ جس کی وجہ سے یہ بے قراری ہے؟ فرمایا: نہیں۔ ام المومنین رضی اللہ عنہا نے کہا: پھر حضور ﷺ آرام کیوں نہیں فرماتے۔؟ اس وقت حضور ﷺ نے وہ چاندی نکال کر دکھائی۔ فرمایا: یہ ہے جس نے مجھے بے قرار کر رکھا ہے۔ مجھے ڈر لگا کہ مبادا یہ میرے پاس ہی ہو اور میری موت آجائے۔ [1]

(4) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

مَنْ تَرَكَ دَيْنًا فَعَلَيَّ وَ مَنْ تَرَكَ مَالاً فَلِوَرَثَتِهِ۔ [2]

''جو مسلمان قرض چھوڑ مرے گا، میں اسے ادا کروں گا اور جو مسلمان ورثہ چھوڑ مریگا اسے اس کے وارث سنبھال لیں گے۔''

(5) جابر بن عبداللہ صحابی انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

مَاسُئِلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَطُّ فَقَالَ لَا [3]

''نبی کریم ﷺ سے کبھی کسی چیز کا بھی سوال نہیں کیا گیا جس کے جواب میں حضور نے ''لا'' (نہیں) فرمایا ہو۔''

اس حدیث کا مفہوم کسی نے یوں ادا کیا ہے:

نرفت لا بہ زبان مبارکش ہرگز مگر بہ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ

ان روایتوں کو دیکھو اور ان کے معانی پر غور کرو، ثابت ہو جائے گا کہ نبی ﷺ فی الحقیقت اَجْوَدَ النَّاسِ بِالْخَيْرِ (نیکیوں میں سب سے زیادہ سخاوت والے) تھے۔

عدل وانصاف کا بیان

(1) نبی ﷺ کی اس صفت کا اعتراف اعدا بھی کرتے تھے۔ ربیع بن خثیم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بعثت سے پیشتر بھی لوگ اپنے مقدمات کو نبی ﷺ کے حضور میں فیصلہ کے لیے لایا کرتے تھے۔ [4]

(2) حجر اسود کے نصب کرنے میں جو جھگڑا قریش میں ہو گیا تھا، اس کا ذکر ''رحمۃ للعالمین'' جلد اول میں موجود ہے۔ قابل ذکر یہ ہے کہ قرارداد یہ تھی، جو کوئی شخص اب سب سے پہلے کعبہ میں آئے وہی حکم قرار پائے۔ نبی ﷺ آ نکلے، تو لوگوں کی خوشی و مسرت کی کوئی حد نہ تھی اور خوش ہو ہو کر پکارتے تھے:

هٰذَا مُحَمَّدٌ هٰذَا الْاَمِيْنُ قَدْ رَضِيْنَا بِهٖ۔ [5]

''لو محمد ﷺ آ گئے، ان کے فیصلہ پر تو ہم سب ہی خوش ہیں۔''

---

[1] اعلام النبوۃ ص:155 [2] ترمذی:2090، ابوداؤد:3343، نسائی:1962، احمد:330/3 [3] بخاری:6034، مسلم:2311
[4] شفاص:95 [5] سیرت ابن ہشام:129/1، مستدرک حاکم:458/1

تیقن انصاف ہوتو ایسا ہو کہ فیصلہ سننے سے پیشتر ہی ہر مخالف اس فیصلہ پر رضا مندی کا اظہار کرتا ہے۔

③ فاطمہ نامی مکہ کی ایک عورت چوری میں ماخوذ ہوئی، اسامہ بن زید ؓ نے جس سے حضور ﷺ نہایت محبت کیا کرتے تھے بھولے پن سے اس کی سفارش کر دی' ناخوش ہو گئے اور فرمایا کہ تم حدود الٰہی میں سفارش کرتے ہو' دیکھو' اگر میری بیٹی فاطمہ ؓ بھی ایسا کرتی تو میں وہی فیصلہ کرتا جو اس کے لیے کروں گا۔ [1]

نجدت وشجاعت کا بیان

نجدت اس صفت کو کہتے ہیں کہ موت کے سامنے نظر آنے پر بھی اعتماد علی النفس قائم رہے۔ شجاعت قوت غضبیہ کے اس کمال کو کہتے ہیں جو انقیاد عقل سے حاصل ہوتا ہے۔ نبی ﷺ کے ان صفات کے متعلق بیسیوں روایات اور راویوں کے عینی مشاہدات موجود ہیں۔

حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے نام اور ان کی شجاعت کے بلند کارناموں سے کون ناواقف ہوگا، وہی فرماتے ہیں:

اِنَّا كُنَّا اِذَا حَمِيَ الْبَاْسُ وَاحْمَرَّتِ الْحَدَقُ اِتَّقَيْنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَمَا يَكُوْنُ اَحَدٌ اَقْرَبَنَا اِلَى الْعَدُوِّ مِنْهُ۔ [2]

''جب گھمسان کا رن پڑتا اور لڑنے والوں کی آنکھوں میں خون اتر آتا ہے' اس وقت ہم نبی ﷺ کی اوٹ لیا کرتے تھے اور ہم میں سے سب سے آگے دشمن کی جانب نبی ﷺ ہی ہوتے تھے۔''

① جنگ حنین میں دشمنوں نے پہاڑ کے درہ میں بیٹھ کر تیروں کا ایسا مینہ برسایا کہ حضور ﷺ کی بارہ ہزار (12000) فوج کا منہ موڑ دیا۔ کسی نے اس واقعہ کے متعلق براء بن عازب ؓ سے پوچھا کہ کیا تم رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ کر بھاگ گئے تھے۔

قَالَ نَعَمْ لٰكِنْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ لَمْ يَفِرَّ ثُمَّ قَالَ لَقَدْ رَاَيْتُهٗ عَلٰى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ وَ اَبُوْسُفْيَانَ اٰخِذٌ بِلِجَامِهَا وَالنَّبِيُّ ﷺ يَقُوْلُ اَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ۔ [3]

تو براء نے کہا: ہاں! مگر رسول اللہ ﷺ تو پھر بھی نہ بھاگے' میں نے دیکھا کہ حضور ﷺ اپنے سفید خچر پر چڑھے ہوئے ہیں۔ ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب ہاشمی ؓ نے لگام پکڑ رکھی ہے اور آپ فرما رہے ہیں انا النبی لا کذب۔

خچر پر سوار ہونا ہی ثبات واستقلال کی دلیل ہے۔ بھاگنے والا تو تیز گام گھوڑے کو پسند کیا کرتا ہے۔ سفید خچر کا انتخاب بھی مردانگی کی دلیل ہے، ورنہ لڑائی میں ایسے رنگ کا جانور پسند کیا جاتا ہے جو ذرا سی گرد وغبار میں چھپ جائے۔ فوج کی خاکی وردی کا مدعا بھی یہی ہے۔ بارہ ہزار (12000) فوج کے بھاگ جانے پر میدان میں کھڑے رہنا بھی کوہ تحمل ہی کا کام ہے۔ ایسے وقت میں خود بول بول کر اپنی شناخت دشمن کو کرانا اور اسی دعوے کو دہرانا جو حملہ آوروں کے کینہ وعداوت کا موجب تھا صرف قمر نبوت ﷺ ہی کا خاصہ نور پاشی ہے۔

اس واقعہ کے متعلق عباس ؓ عم النبی ﷺ کی روایت ہے۔

وَلَّى الْمُسْلِمُوْنَ مُدْبِرِيْنَ فَطَفِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يُرْكِضُ بَغْلَتَهٗ نَحْوَ الْكُفَّارِ وَ اَنَا اٰخِذٌ لِجَامَهَا اَكُفُّهَا اِرَادَةً اَنْ لَا تُسْرِعَ وَ اَبُوْسُفْيَانَ اٰخِذٌ بِرِكَابِهٖ۔ [4]

---

[1] بخاری:3475، مسلم:1688، ابوداؤد:4373، ترمذی:1430، ابن ماجہ:2547، دارمی:2302، احمد:62/2 [2] مسلم:4616، اسد الغابۃ:138/1
[3] بخاری:4317، مسلم:4615,4616 [4] بخاری:4315، مسلم:4612,4616

مسلمان پیٹھ پھیر کر بھاگ گئے' اس وقت نبی ﷺ خچر کو ایڑ لگانے اور دشمن کی جانب بڑھانے لگے۔ میں نے لگام اور ابوسفیان نے رکاب پکڑ لی۔ اس ارادہ سے کہ حضور ﷺ کو آگے بڑھنے سے روک دیں۔

صحیح مسلم میں اسی واقعہ کے متعلق پھر یہ الفاظ ہیں۔

نَزَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَغْلَتَہٗ۔ [1]

نبی ﷺ اپنے خچر سے اتر پڑے۔

یہ شجاعت کی غایت الغایت ہے کہ جس شخص کے سامنے سے بارہ ہزار (12000) فوج بھاگ رہی ہے، حضور ﷺ اس کے مقابلہ کے لیے اپنی سواری آگے کو لے جا رہے ہیں اور جب اہل بیت کے دو شخص عم اور ابن العم نے سواری کو روک لیا تو حضور ﷺ پیادہ ہو کر آگے بڑھنے کو ہیں۔

③ صحیحین میں انس بن مالک سے روایت ہے، مدینہ میں ایک رات غل سا ہوا' لوگ سمجھے چھاپہ آ پڑا۔ سب لوگ مل کر آبادی سے باہر اس شور کی جانب کو چلے۔ آگے چلے تو انہیں نبی ﷺ واپس ہوتے ہوئے ملے۔ حضور ﷺ گھوڑے پر سوار اور تلوار حمائل کیے ہوئے تھے۔ یعنی آواز سن کر سب سے پہلے اور تن تنہا تفتیش کو تشریف لے گئے تھے اور ہم سے فرما رہے تھے: لَمْ تُرَاعُوْا لَمْ تُرَاعُوْا۔ ڈرو نہیں، ڈرو نہیں۔ [2]

④ قارئین کو بیعت العقبہ کی بنیادی ملاقات کا واقعہ تو یاد ہی ہوگا کہ شب تاریک اور منزل پر خطر کے خوف سے ایک قافلہ پہاڑ کی گھائی میں پناہ لینے پر مجبور ہو جاتا ہے اور آبادی تک پہنچنے کی جرأت نہیں کرتا اور نبی ﷺ جن کی جان کا دشمن مکہ کا ایک ایک شخص تھا' ایسے وقت اور ایسے مقام میں اس لیے چکر لگا رہے ہیں کہ شاید کسی راہ گم کردہ ضلالت کو ہدایت فرما سکیں۔

⑤ تمام دنیا کے مقابل سچے اصول کی اشاعت کے لیے کھڑے ہونا اور ایک ایسے ملک میں جہاں خونریزی وسفاکی ہی کی حکومت تھی۔ ہر ایک مذہبی ضلالت کا اعلان کرنا، کسریٰ وقیصر وحبش کے حکمرانوں اور عرب کے جنگ جو قبائل کے خشم وغضب کی پروا نہ کرنا شجاعت اور قوت قلب کا بہترین نمونہ دکھاتا ہے جس کی نظیر تاریخ میں ملنی مشکل ہے۔

تواضع کا بیان

مسکنت وتواضع نبی ﷺ کی صفت لازم تھی، تواضع ہی تھی کہ خچر اور حمار پر سواری فرماتے۔ دوسرے کو ساتھ سوار کر لیتے۔ مسکینوں، غریبوں کی عیادت فرماتے، فقراء کے برابر جا بیٹھتے، صحابہ کے درمیان مل جل کر بیٹھ جاتے۔ اپنی نشست کے لیے نہ جانب صدر کی ضرورت سمجھتے نہ کوئی امتیازی نشان بناتے، غلاموں اور خادموں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھا لیتے۔ بازار سے سودا خرید کر اور خود اٹھا کر لے آتے۔ اپنے جانور کو خود چارہ ڈالتے، اونٹ کی زانو بندی کر دیتے۔ گھر کے چھوٹے چھوٹے کام کاج اپنے ہاتھ ہی سے کیا کرتے تھے۔ جب ہزاروں جان نثار ایسی خدمت سرانجام دینے کو اپنی سعادت دارین سمجھنے والے موجود اور آمادہ بھی ہوتے۔

انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضور ﷺ حج کو تشریف لے گئے۔ میں نے دیکھا کہ جو چادر حضور ﷺ کے اوپر تھی' اس کی قیمت چار

---

[1] بخاری:4317، مسلم:4616,4615 [2] بخاری:2627، مسلم:2307، ابوداؤد:4988، ترمذی:1685

(4) درہم سے زیادہ نہ ہوگی۔ (1)

یہودان بنو قریظہ کی جانب تشریف لے گئے تو اس روز حضور ﷺ حمار پر سوار تھے جس کی باگ کھجور کے پٹھے کی رسی سے بنی ہوئی تھی اور اس کی پشت پر صرف کھجور کی صف (2) پڑی ہوئی تھی۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک دکان سے پاجامہ خریدا، اٹھنے لگے تو دکاندار نے حضور ﷺ کے ہاتھ پر بوسہ دینا چاہا حضور ﷺ نے ہاتھ کو جھٹ پیچھے ہٹا لیا اور زبان مبارک سے فرمایا:

هٰذَا تَفْعَلُهُ الْاَعَاجِمُ بِمُلُوْكِهَا وَ لَسْتُ بِمَلِكٍ اِنَّمَا اَنَا رَجُلٌ مِّنْكُمْ۔ (3)

''یہ تو عجمی لوگ اپنے بادشاہوں کے ساتھ کیا کرتے ہیں میں بادشاہ نہیں ہوں، میں تم ہی سے ایک ہوں۔''

حیاء کا بیان

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَشَدُّ حَيَاءً مِنَ الْعَذْرَاءِ فِيْ خِدْرِهَا كَانَ اِذَا كَرِهَ شَيْئًا عَرَفْنَاهُ فِيْ وَجْهِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔ (4)

نبی ﷺ پردہ نشین کنواری لڑکی سے بھی زیادہ شرمگیں تھے۔ کوئی مکروہ چیز دیکھ لیتے تو زبان سے کچھ نہ فرماتے۔ حضور ﷺ کے چہرہ پر کراہت کے آثار نمایاں ہو جاتے۔

(1) اسی صفت حیا کا اثر تھا کہ کسی کو رُو در رُو کسی عیب کے متعلق کچھ نہ فرماتے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے:

اِنَّهٗ كَانَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ بِهٖ اَثَرُ صَفْرَةٍ وَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَكَادُ يُوَاجِهُ اَحَدًا بِشَيْءٍ يَكْرَهُهٗ فَلَمَّا قَامَ قَالَ لِلْقَوْمِ لَوْ قُلْتُمْ لَهٗ يَدَعُ هٰذِهِ الصُّفْرَةَ۔ (5)

ایک شخص آنحضرت ﷺ کی خدمت میں زعفران کا رنگ ملے ہوئے آیا۔ حضور ﷺ کی عادت مبارک تھی کہ کسی کے سامنے ایسی بات نہ کہا کرتے تھے جسے وہ ناپسند کرتا ہو۔ جب وہ چلا گیا تو حضور ﷺ نے لوگوں سے فرمایا کاش تم اس سے کہہ دیتے کہ وہ اس رنگ کو چھوڑ دے۔

(2) بعض اوقات لوگوں کی طول کلامی سے حضور ﷺ تھک جاتے یا زیادہ بیٹھے رہنے کی وجہ سے مجبور ہو جاتے تب بھی حیا کی وجہ سے خود تکلیف اٹھاتے اور ان سے کچھ نہ فرماتے۔

شفقت و رافت کا بیان

(1) ایک گنوار آیا، اس نے سوال کیا، حضور ﷺ نے اسے دے دیا اور پوچھا کہ ٹھیک ہے۔ وہ بولا: نہیں تم نے میرے ساتھ کچھ بھی سلوک نہیں کیا۔ مسلمان یہ سن کر بے تابانہ اس کی طرف اٹھے حضور ﷺ نے اشارہ کیا کہ رک جاؤ، پھر حضور ﷺ گھر میں تشریف لے گئے اور گھر سے لا کر اور بھی کچھ دیا۔ وہ خوش ہو کر دعا دینے لگا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: تیرا پہلا کلام میرے اصحاب کو ناگوار گزرا تھا۔ کیا

---

(1) شمائل الترمذی: 333 (2) ''کھجور کی صف'' میں نے ''اکاف من لیف'' کا ترجمہ کیا ہے۔ یہ لفظ شمائل ترمذی میں ہے (3) مناہل الصفاء: 23، الشفاء للعیاض: 267/1 (4) بخاری: 3562، مسلم: 2320، ابن ماجہ: 4180 (5) شمائل ترمذی: 184، 345، ہامش المواہب: 173

تم پسند کرتے ہو کہ ان کے سامنے بھی اس طرح کہہ دو جس طرح اب میرے پاس کہہ رہے ہو تا کہ ان کے دل بھی تیری طرف سے صاف ہو جائیں۔ وہ بولا ہاں۔ میں کہہ دوں گا۔ پھر اگلے دن یا شام ہی کو وہ گنوار گیا۔ آپ ﷺ نے اصحاب سے فرمایا کہ اب یہ مجھ سے خوش ہے، کیوں ٹھیک ہے نا! وہ بولا، ہاں! اور پھر دعا دی۔ نبی ﷺ نے فرمایا، ایک شخص کی اونٹنی بھاگ گئی' لوگ اس کے پیچھے دوڑے، وہ آگے ہی آگے بھاگتی رہی۔ مالک بولا تم سب ٹھہر جاؤ، میری اونٹنی ہے اور میں ہی اسے سمجھ سکتا ہوں۔ لوگ ہٹ گئے۔ اونٹنی گھاس پات کھانے میں لگ گئی۔ مالک نے آگے سے جا کر اسے جا پکڑا اور کاٹھی ڈال لی۔ میری اور اس گنوار کی مثال تو ایسی ہی تھی۔ اگر تم اسے اسی حالت پر قتل کر دیتے تو بے چارہ جہنم میں جاتا۔ (1)

(2) نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے عرض کی تھی کہ اے اللہ میری اس عرض کو مضبوط عہد سمجھا جائے کہ اگر میں کسی شخص کو از راہ بشریت بددعا دے بھی بیٹھوں تو میری اس بددعا کو بھی اس کے حق میں رحمت و برکت اور زکوٰۃ و تقرب بنا دینا۔ (2)

(3) امام احمد و طبرانی نے روایت کی ہے کہ ایک شخص کو گرفتار کر کے نبی ﷺ کے سامنے پیش کیا گیا اور عرض کیا گیا کہ یہ حضور کے قتل کا ارادہ کرتا ہے۔ نبی ﷺ نے اسے تسلی دے کر فرمایا کہ تم اس الزام سے نہ ڈرو (پھر اسے رہا کر کے یہ بھی فرمایا کہ) اگر تیرا ارادہ بھی ہوگا تو تو قابو نہ پا سکے گا۔ (3)

عفو و کرم

عفو کی صورت اس وقت متحقق ہوتی ہے کہ جرم ثابت ہو اور مجرم کو سزا دینے کی طاقت حاصل ہو پھر معافی دی جائے۔

کرم کے معنی میں داد و دہش یا عزت افزائی کی صورت شامل ہے۔ عفو کے بغیر بھی پائی جاتی ہے اور عفو کے ساتھ بھی اس وقت اس کی شان اور بھی زیادہ نمایاں ہو جاتی ہے۔ نبی ﷺ کے عفو تقصیر کے ساتھ عموماً کرم بھی پایا جاتا تھا۔

(1) صحیحین میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی آیا۔ حضور ﷺ کی چادر کو زور سے کھینچا، چادر کا کنارہ حضور ﷺ کی گردن میں کھب گیا اور نشان پڑ گیا۔ وہ اعرابی بولا: محمد ﷺ میرے دو اونٹ ہیں' ان کی لادکا کچھ سامان مجھے بھی دو۔ کیوں کہ جو مال تیرے پاس ہے وہ نہ تیرا ہے، نہ تیرے باپ کا۔ نبی ﷺ چپ ہو گئے، پھر فرمایا، مال تو اللہ کا ہے اور میں اس کا بندہ ہوں۔

پھر پوچھا: جو برتاؤ تم نے مجھ سے کیا' تم اس پر ڈرتے نہیں ہو؟

اعرابی بولا: نہیں۔

پوچھا: کیوں؟

اعرابی: مجھے معلوم ہے کہ آپ برائی کے بدلے برائی نہیں کیا کرتے۔

نبی ﷺ ہنس دیے اور حکم دیا کہ ایک اونٹ کے بوجھ کے جو' ایک کی کھجوریں دی جائیں۔ (4)

(2) حضور ﷺ نے زید بن سعنہ یہودی کا قرض دینا تھا، وہ تقاضا کے لیے آیا، حضور ﷺ کے کندھے کی چادر اتار لی اور کرتہ پکڑ کر سختی سے بولا کہ عبدالمطلب کی اولاد بڑی نادہندہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے جھڑکا اور سختی سے جواب دیا۔ نبی ﷺ تبسم فرماتے

---

(1) کتاب الشفاء ص: 55 (2) بخاری مع الفتح: 205/11، مسلم: 2601 (3) کتاب الشفاء ص: 40، نسائی: 10903، احمد: 471/3، المعجم الکبیر: 2183

(4) بخاری: 3149، مسلم: 1057، ابن ماجہ: 1533، نسائی: 4780

رہے اُس کے بعد عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

اَنَا وَ هُوَ كُنَّا اِلٰى غَيْرِ هٰذَا مِنْكَ اَحْوَجُ يَا عُمَرُ تَاْمُرُنِىْ بِحُسْنِ الْقَضَا وَ تَاْمُرُهٗ بِحُسْنِ التَّقَاضِىْ۔

عمر رضی اللہ عنہ! تم کو مجھ سے اور اس سے اور طرح کا برتاؤ کرنا تھا۔ تم مجھے کہتے کہ ادائیگی ہونی چاہیے اور اسے سکھاتے کہ تقاضا اچھے لفظوں میں کرنا چاہیے۔

پھر زید کو مخاطب کر کے فرمایا:

لَقَدْ بَقِىَ مِنْ اَجَلِهٖ ثَلَاثٌ ابھی تو وعدہ میں تین دن باقی ہیں۔

پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے فرمایا، جاؤ اس کا قرض ادا کرو اور بیس صاع زیادہ بھی دینا، کیوں کہ تم نے اسے جھڑکا بھی تھا۔ [1]

3. حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کوہ تنعیم سے 80 شخص یہ ارادہ کر کے اترے کہ نبی ﷺ کو قتل کر دیں، (حضور ﷺ دامن کوہ میں اترے ہوئے تھے) انھوں نے اپنے کام کے لیے نماز صبح کا وقت انتخاب کیا تھا (جس میں نبی کریم ﷺ لمبی قراءت پڑھا کرتے تھے) وہ آئے اور پکڑے گئے۔ نبی ﷺ نے سب کو چھوڑ دیا۔ [2]

4. ابوسفیان بن حرب اموی وہ شخص تھا جس نے احد، احزاب وغیرہ میں حضور ﷺ پر فوج کشی کی تھی وہ قبل از اسلام دوران ایام جنگ گرفتار ہو گیا۔ حضور ﷺ نے نہایت مہربانی سے اس سے کلام فرمایا:

وَيْحَكَ يَا اَبَا سُفْيَانَ اَلَمْ يَاْنِ لَكَ اَنْ تَعْلَمَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

''افسوس! ابوسفیان ابھی وقت نہیں ہوا کہ تم اتنی بات سمجھ جاؤ کہ اللہ کے سوا اور کوئی بھی عبادت کے لائق نہیں ہے۔''

ابوسفیان بولا:

بِاَبِىْ اَنْتَ وَ اُمِّىْ مَا اَحْلَمَكَ وَ اَوْصَلَكَ وَاَكْرَمَكَ.

''میرے ماں باپ حضور ﷺ پر قربان' آپ کتنے بردبار' کتنے قرابت کا حق ادا کرنے والے اور کس قدر دشمنوں پر عفو وکرم کرنے والے ہیں۔'' [3]

5. زینب بنت الحارث بن سلام خیبر کی یہودیہ نے گوشت میں زہر ڈال کر حضور ﷺ کو کھلایا، اس نے اقبال جرم بھی کر لیا، نبی ﷺ نے پھر بھی اسے معاف فرما دیا۔ [4]

زہد فی الدنیا

واقعات زہد کے بیان میں میں نے اس زمانہ کے حالات کو لیا ہے، جب نبی ﷺ کا حکم تمام عرب میں نافذ تھا۔ جب بحرین سے حبش تک حضور ﷺ کا کلمہ پڑھا جاتا تھا تا کہ معلوم ہو جائے کہ نبی ﷺ کا زہد اضطراری نہ تھا بلکہ اختیاری تھا۔ اس کا سبب

---

[1] رواہ البیہقی مفصلاً۔ کتاب الشفاء ص:45، واضح ہو کہ وزن صاع ہمارے 80 روپے تولہ سیر کے حساب سے دو سیر ساڑھے تین چھٹانک کا ہوتا ہے۔ یہی واقعہ ابن سعنہ کے اسلام کا موجب ہوا۔ اس نے سنا تھا کہ نبی موعود کا علم بر جہالت پر سابق ہوگا اور شدت جہل اس کے علم کی افزائی کا سبب ہوگی۔ اسی پیشین گوئی کی آزمائش کے لیے اس نے یہ حرکات کی تھیں کنز العمال:15050، مستدرک حاکم:2237، مجمع الزوائد:239/8، بیہقی:52/6 [2] مسلم:4679، ابوداود:2688، ترمذی:3264، احمد:124/3 [3] کنز العمال:1436، المعجم الکبیر للطبرانی:7264، الشفاء:229/1، مناہل الصفا:18، مجمع الزوائد:166/6 [4] بخاری:2617، 5777

لاچاری نہ تھا بلکہ فطری سبک روحی کہ علائق مادی سے پیوستگی پسند بھی نہ کر سکتے تھے۔

[1] ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے کبھی شکم سیر ہو کر نہیں کھایا اور کبھی فاقہ کا شکوہ کسی سے نہیں فرمایا۔ ناداری حضور ﷺ کو غنی سے زیادہ پیاری تھی۔ کبھی ایسا ہوتا کہ بھوک کی وجہ سے رات بھر نیند نہیں آئی مگر اگلے دن کا روزہ پھر رکھ لیتے تھے۔ اگر حضور چاہتے تو اللہ تعالیٰ خزائن ارض کی کنجیاں اور ثمرات وتسعات کی زندگی کی افزائشیں سب ہی عطا فرما دیتا۔

میں حضور ﷺ کی فاقہ کی حالت دیکھ کر رو پڑا کرتی، اپنا ہاتھ حضور ﷺ کے پیٹ پر پھیرا کرتی (کہ فاقہ کیسا دب گیا ہے) اور کہا کرتی، واری جاؤں، دنیا میں سے اتنا ہی قبول کر لیجیے جو جسمانی طاقت کو قائم رکھنے کو کافی ہو تو جواب میں فرما دیتے۔

يَا عَائِشَةَ مَالِيْ وَالدُّنْيَا اَخْوَانِيْ مِنْ اُولِي الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ صَبَرُوْا عَلٰى ما هُوَ اَشَدُّ مِنْ هٰذَا فَمَضَوْا عَلٰى حَالِهِمْ فَقَدَمُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ فَاَكْرَمَ مَا بِهِمْ وَ اَجْزَلَ ثَوَابَهُمْ فَاَجِدُنِيْ اَسْتَحْيِيْ اَنْ تَرَفَّهْتُ فِيْ مَعِيْشَتِيْ اَنْ يَقْصُرَلِيْ غَدًا دُوْنَهُمْ وَ مَا مِنْ شَيْءٍ هُوَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنَ اللُّحُوْقِ بِاِخْوَانِيْ وَاَخِلَّائِيْ [1]

"عائشہ رضی اللہ عنہا مجھے دنیا سے کیا کام، میرے بھائی اولوالعزم رسول تو اس سے بھی زیادہ حالت پر صبر کیا کرتے تھے۔ وہ اسی چال پر چلے اور اللہ کے سامنے گئے اللہ نے ان کو اکرام کیا اور ان کو پورا پورا ثواب دیا۔ اب اگر میں آسودگی کی زندگی کو پسند کرتا ہوں تو مجھے یہ بھی شرم آتی ہے کہ کل کو ان سے کم رہ جاؤں۔ دیکھو مجھے تو جو چیز سب سے زیادہ پیاری ہے وہ یہ ہے کہ اپنے بھائیوں اور خلیلوں سے جا ملوں۔"

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اس گفتگو کے بعد حضور صرف ایک ہی مہینہ تک رونق افروز عالم رہے اور پھر رفیق اعلیٰ سے جا ملے۔

اَللّٰهُمَّ وَاحِيَ الْمَدْحُوَّاتِ وَبَارِيءَ الْمَسْمُوْكَاتِ وَجَبَّارَ الْقُلُوْبِ عَلٰى فِطْرَتِهَا شَقِيِّهَا وَسَعِيْدِهَا اجْعَلْ شَرَائِفَ صَلَوَاتِكَ وَ نَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ وَ رَاْفَةَ تَحَنُّنِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ الْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْمُعْلِنِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ وَالدَّامِغِ لِجَيْشَاتِ الْاَبَاطِيْلِ كَمَا حُمِّلَ فَاضْطَلَعَ بِاَمْرِكَ لِطَاعَتِكَ مُسْتَوفِزًا فِيْ مَرْضَاتِكَ بِغَيْرِ نِكْلٍ عَنْ قَدَمٍ وَّ لَا وَهْنٍ فِيْ عَزْمٍ دَاعِيًا لِوَحْيِكَ حَافِظًا لِعَهْدِكَ مَاضِيًا عَلٰى نَفَاذِ اَمْرِكَ حَتّٰى اَوْرٰى قَبَسًا لِقَابِسٍ آلَاءُ اللّٰهِ تَصِلُ بِاَهْلِهٖ اَسْبَابُهٗ بِهٖ هُدِيَتِ الْقُلُوْبُ بَعْدَ خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَالْاِثْمِ وَاَبْهَجُ مُوْضِحَاتِ الْاَعْلَامِ وَمُنِيْرَاتِ الْاِسْلَامِ وَنَائِرَاتِ الْاَحْكَامِ فَهُوَ اَمِيْنُكَ الْمَامُوْنُ وَ خَازِنُ عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ وَ شَهِيْدُكَ يَوْمَ الدِّيْنِ وَ بَعِيْثُكَ نِعْمَةً وَ رَسُوْلُكَ بِالْحَقِّ رَحْمَةً۔ [2]

"اے مبسوطات کے پھیلانے والے اے مرفوعات کو بلند کرنے والے، اے شقی وسعید کے دلوں کو ان کی فطرت پر درست کرنے والے، اے بزرگ ترین درود اور ترقی کرنے والی برکتوں اور مہربانی سے بھری ہوئی محبت کو محمد ﷺ پر نازل فرما، وہ تیرا بندہ، تیرا رسول، نبوت کا خاتم اور بند دروازوں کا فاتح۔ وہ حق کا حق کے ساتھ اعلان کرنے والا، وہ بطلان کی فوجوں کو کچل دینے والا، ذمہ داریوں کو پورا کرنے والا، وہ جس نے ذرا سی لغزش قدم یا ذرا سی سستی عزم کے بغیر تیرے حکم پر تیری اطاعت میں قیام کیا اور تیری خوشنودی کو پورا کیا۔ وہ تیری وحی کا محافظ، تیرے عہد کا نگہبان، وہ

---

[1] کتاب الشفا ص:63، اخلاق النبوۃ 268:3 [2] الحزب الاعظم منزل السادس

تیرے حکم کے نفاذ کا دلدادہ، وہ جس نے راہ گیروں کے لیے سرراہ مشعل جلائی (جس کے اسباب بفضل الٰہی ان لوگوں کو مل جاتے ہیں) وہی محمد ﷺ جس کے سبب سے ان دلوں کو جو کفر و گناہ میں غوطے کھا رہے تھے، نجات ملی، وہ جس کی وجہ سے روشن دلائل کے جھنڈے نمایاں ہوئے۔ ضیائے اسلام چمکی اور نورانی احکام کی روشنی پڑی۔ وہ امین و مامون، وہ تیرے علم مخزن کا خزینہ دار، وہ قیامت کے دن تیرا گواہ، وہ تیری نعمت کا اٹھایا ہوا اور تیری رحمت کا فرستادہ، وہ سچا رسول ﷺ۔"

(2) علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ میں نے نبی ﷺ سے دریافت کیا کہ حضور ﷺ کی سنت (طریقہ) کیا ہے: فرمایا:

- ☐ اَلْمَعْرِفَةُ رَأْسُ مَالِیْ — میرا راس المال (اصل سرمایہ) معرفت ہے۔
- ☐ وَالْعَقْلُ اَصْلُ دِیْنِیْ — میرے دین کی بنیاد عقل پر ہے۔
- ☐ وَالْحُبُّ اَسَاسِیْ — میری بنیاد محبت ہے۔
- ☐ وَالشَّوْقُ مَرْکَبِیْ — میری سواری شوق ہے۔
- ☐ وَذِکْرُ اللّٰهِ اَنِیْسِیْ — میرا انیس ذکر الٰہی ہے۔
- ☐ وَالثِّقَةُ کَنْزِیْ — میرا خزانہ اعتماد علی اللہ ہے۔
- ☐ وَالْحُزْنُ رَفِیْقِیْ — میرا ساتھی غم دل ہے۔
- ☐ وَالْعِلْمُ سَلَاحِیْ — میرا ہتھیار علم ہے۔
- ☐ وَالصَّبْرُ رِدَائِیْ — میرا لباس صبر ہے۔
- ☐ وَالرِّضَآءُ غَنِیْمَتِیْ — میرا مال غنیمت رضائے سبحانی ہے۔
- ☐ وَالْعِجْزُ فَخْرِیْ — میرا فخر عجز بدرگاہ ربانی ہے۔
- ☐ وَالزُّهْدُ حِرْفَتِیْ — میرا پیشہ زہد ہے۔
- ☐ وَالْیَقِیْنُ قُوْتِیْ — میری خوراک یقین ہے۔
- ☐ وَالصِّدْقُ شَفِیْعِیْ — میرا شفیع صدق ہے۔
- ☐ وَالطَّاعَةُ حَسْبِیْ — میرا اندوختہ طاعت الٰہی ہے۔
- ☐ وَالْجِهَادُ خُلُقِیْ — میرا خلق جہاد ہے۔
- ☐ وَقُرَّةُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوةِ — میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔

عام اخلاق

(1) ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی شہادت نبی ﷺ کی نبوت سے پیشتر کے اخلاق کی بابت بربنائے پانزدہ (15) سالہ تجربہ یہ ہے:

- ☐ اِنَّكَ لَتَصِلُ الرَّحْمَ — آپ قرابتیوں سے سلوک کرنے والے ہیں۔

- وَتَحْمِلُ الْكَلَّ — درماندوں کوسواری دینے والے
- وَتَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ — ناداروں کوسرمایہ دینے والے
- وتقرّی الضَّيفَ — مہمانوں کی خدمت کرنے والے
- وَتُعِينُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِ [1] — مصیبت زدوں کی اعانت فرمانے والے

[2] بیہقی نے ابوقتادہ سے روایت ہے کہ نجاشی کا وفد حضور ﷺ کی خدمت میں آیا تو نبی ﷺ بہ نفس نفیس ان کی آسائش کا اہتمام فرماتے تھے۔صحابہ نے عرض کی کہ خدمت کے لیے ہم حاضر ہیں۔فرمایاہاں!مگر **انهم كانوا لاصحابنا مكرمين و انی احب ان اكافيهم** ان لوگوں نے حبش میں میرے صحابہ کی عزت کی تھی،اس لیے میں چاہتاہوں کہ خود ہی ان کی ضرورت کو پورا کروں۔ [2]

[3] انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے دس(10) سال نبی ﷺ کی خدمت کی۔اس عرصہ کے دوران مجھے کبھی ہشت تک نہیں کی۔میں نے کوئی کام کرلیا تو یہ نہ فرمایا کہ کیوں کیا؟ کوئی کام نہ کیا تو یہ نہ پوچھا کہ کیوں نہ کیا۔ [3]

حضور ﷺ نے مجھے ایک کام کے لیے فرمایا، میں نے کہا کہ میں نہیں جاتا، میرے دل میں یہ تھا کہ میں جاؤں گا، میں وہاں سے نکلا تو لڑکوں کے ساتھ کھیل میں لگ گیا۔(آغاز خدمت کے وقت حضرت انس کی عمر 8 سال کی تھی) نبی ﷺ بھی وہاں آ گئے۔میری گردن پر ہاتھ رکھا۔میں نے لوٹ کر دیکھا تو حضور ﷺ ہنس رہے تھے اور فرمایا پیارے انیس!اب تو اس کام کو جاؤ۔میں نے عرض کیا: ہاں، میں اب جاتا ہوں۔ [4]

[4] نبی ﷺ کثیر السکوت تھے۔بلاضرورت نہیں بولا کرتے تھے۔جب بولتے تھے تو بات کا کوئی ضروری جز باقی نہ رہ جاتا تھا اور کوئی فضول لفظ استعمال نہ ہوتا تھا۔حضور ﷺ کی مجلس حلم وحیا اور خیر وامانت کی مجلس ہوتی تھی۔تبسم ہی حضور ﷺ کا ہنسنا تھا۔اصحاب بھی حضور ﷺ کے سامنے تبسم ہی پر اکتفا کرتے تھے۔ [5] حضور ﷺ کی راست گوئی ایسی مسلمہ تھی کہ نضر بن حارث جیسا جانی دشمن ایک دن قریش سے کہنے لگا کہ محمد ﷺ بچپن ہی سے تم میں سب سے زیادہ پسندیدہ، سب سے زیادہ سچا۔سب سے بڑھ کر امانت دار مانا جاتا تھا۔اب جو اس کی داڑھی کے بال پک گئے اور اس نے اپنی تعلیم تمھارے سامنے پیش کی تو تم نے کہہ دیا کہ وہ ساحر ہے، نہیں نہیں، اللہ کی قسم!وہ ساحر تو نہیں ہے۔ [6]

المختصر اس بحر ناپیدا کنار کی شناوری محال ہے اور خلاصۃ المقال یہ ہے کہ کیا ایسے اخلاق فاضلہ کا ہادی ایسے محاسن جمیلہ کا مالک، ایسے اشراف اقوال کا صاحب، ایسے جمیل السجایا کا متحمل ایسا ہے کہ اس سے محبت کی جائے؟ یا ایسا ہے کہ اس سے محبت نہ کی جائے۔؟

میں تو زور سے کہوں گا کہ جو کوئی بھی ایسا محمد ﷺ ایسے ستودہ، ایسے محمودہ، ایسے وجود باجود ایسے مصطفیٰ، ایسے برگزیدہ سے محبت نہیں کرتا، وہ فی الحقیقت ان جملہ اخلاق وصفات سے محبت نہیں رکھتا اور اس لیے وہ خود بھی ان اخلاق وصفات سے متصف ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔**اعاذنا الله منها**۔!

آؤ!ہم تو محبت کریں اور محبت کرنا ان سے سیکھیں، جن کو اللہ نے خود اپنے پیارے کی محبت وصحبت کے لیے چن لیا تھا۔

[1] بخاری:4956،مسلم:253,160،احمد:233,232/6 [2] دلائل النبوۃ:307/2،اتحاف السعادۃ:102/7،بالفقیہ والمحدث:118/2۔ [3] بخاری:6038، مسلم:2309،ترمذی:2015،الشمائل:345 [4] مسلم:2309،2310،ترمذی:2015، الشمائل:346 [5] شفاص:11 [6] الشفاص:60

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ محبت ہی ادب وتوقیر سکھاتی ہے اور محبت ہی اتباع واطاعت پر آمادہ کرتی ہے، تعظیم وہی ہے جس کا منشا محبت ہو اور اکرام وہی اکرام ہے جس کا مبداء محبت ہو۔

[5] عروہ بن مسعود ثقفی کو قریش نے صلح حدیبیہ سے پیشتر اپنا سفیر بنا کر حضور عالی ﷺ میں روانہ کیا تھا، اسے سمجھایا گیا تھا کہ مسلمانوں کے حالات کو ذرا غور سے دیکھے اور قوم کو آ کر بتائے۔ عروہ نے دیکھا کہ نبی ﷺ وضو کرتے ہیں تو بقیہ آب وضو پر صحابہ یوں گرے پڑتے ہیں گویا ابھی لڑ پڑیں گے۔ حضور ﷺ کے لعاب وغیرہ کو زمین پر نہیں گرنے دیتے۔ وہ کسی نہ کسی کے ہاتھ پر ہی روک لیا جاتا ہے، جسے وہ منہ پر مل لیتے ہیں۔ حضور ﷺ کوئی حکم دیتے ہیں تو تعمیل کے لیے سب دوڑے پھرتے ہیں۔ حضور ﷺ کچھ بولتے ہیں تو سب چپ چاپ ہو جاتے ہیں۔ تعظیم کا یہ حال دیکھ کر حضور ﷺ کی جانب آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتے۔ عروہ نے یہ سب کچھ دیکھا اور قوم سے آ کر بیان کیا۔ لوگو! میں نے کسریٰ کا دربار بھی دیکھا اور قیصر کا دربار بھی۔ نجاشی کا دربار بھی دیکھا، مگر اصحاب محمد رضی اللہ عنہم جو تعظیم محمد ﷺ کی کرتے ہیں وہ تو کسی بادشاہ کو بھی اپنے دربار اور ملک میں حاصل نہیں۔ [1]

[6] زید بن دثنہ رضی اللہ عنہ کو کفار نے پکڑ لیا اور قریش نے قتل کے لیے ان سے خرید لیا تھا۔ جب ان کو سولی دینے کے لیے چلے تو ابوسفیان بن حرب نے اس سے کہا: زید تجھے اللہ ہی کی قسم تم چاہتے ہو؟ کہ محمد ﷺ کو پھانسی دی جاتی اور تم اپنے گھر میں آرام سے ہوتے۔

زید رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم میں تو یہ نہیں چاہتا کہ میری رہائی کے بدلے نبی ﷺ کے پائے مبارک میں اپنے گھر کے اندر بھی کانٹا لگے۔

ابوسفیان حیران رہ گیا اور یوں کہا کہ میں نے تو کسی کو بھی نہ دیکھا جو دوسرے شخص سے ایسی محبت رکھتا ہو، جیسے اصحاب محمد رضی اللہ عنہم کو محمد ﷺ سے ہے۔

[7] عبیداللہ بن یزید رضی اللہ عنہ صحابی کا ذکر ہے، انھوں نے نبی ﷺ سے عرض کیا کہ حضور ﷺ مجھے اہل ومال سے زیادہ پیارے ہیں، جب حضور ﷺ مجھے یاد آتے ہیں تو میں گھر میں تک نہیں سکتا۔ آتا ہوں اور حضور ﷺ کو دیکھ کر تسلی پاتا ہوں، مگر میں اپنی موت اور حضور ﷺ کی موت کا تصور کر کے کہا کرتا ہوں کہ حضور ﷺ تو فردوس بریں میں انبیاء کے درجہ بلند پر ہوں گے۔ میں اگر بہشت میں پہنچا بھی تو کسی ادنیٰ مقام میں ہوں گا اور وہاں حضور ﷺ کا دیدار نہ پا سکوں گا۔

نبی ﷺ نے اسے یہ آیت پڑھ کر سنائی اور اس کے قلب کو سکینہ عطا فرمایا:

﴿ وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ﴾[4:النساء:69]

''جو کوئی اللہ اور رسول کی اطاعت کرتا ہے وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوگا جن پر اللہ کا انعام ہوا۔''

ایک اور صحابی کا ذکر ہے۔ وہ نبی ﷺ خدمت میں آتے تو حضور ﷺ ہی کی جانب تاک لگائے دیکھتے رہتے۔ نبی ﷺ نے پوچھا یہ کیا بات ہے۔ وہ بولے میں سمجھتا ہوں کہ دنیا ہی میں اس دیدار کی بہار لوٹ لوں، آخرت میں حضور ﷺ کے مقام رفیعہ تک تو ہماری رسائی نہ ہوگی۔ اس واقعہ پر اللہ تعالیٰ نے آیت بالا (وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ) کو نازل فرمایا۔ [2]

نبی ﷺ نے حدیث انس رضی اللہ عنہ میں صاف ہی فرما دیا۔

مَنْ اَحَبَّنِيْ كَانَ مَعِيَ فِي الْجَنَّةِ [3] ''جو کوئی مجھ سے محبت رکھتا ہے، وہ میرے ساتھ ہوگا۔''

---

[1] بخاری 4328,189 [2] تفسیر طبری 235/8 [3] تہذیب تاریخ دمشق لابن عساکر: 145/3

اس حدیث کی ابتدا میں ہے کہ نبی ﷺ نے مجھے فرمایا اگر تو ایسی صبح و شام میں زندگی بسر کرتا ہے کہ تیرے دل میں کسی کا کینہ نہ ہو، تو ضرور ایسا ہی کر۔ پھر فرمایا، یہی میری روش ہے۔ جس نے میری روش کو زندہ کیا اس نے مجھ سے محبت کی۔ [1]

جنگ احد کا ذکر ہے۔ ایک عورت کا بیٹا، بھائی، شوہر قتل ہو گئے تھے۔ وہ مدینہ سے نکل کر میدان جنگ میں آئی۔ اس نے پوچھا کہ نبی ﷺ کیسے ہیں۔ لوگوں نے کہا: بحمد اللہ وہ تو بخیریت ہیں۔ جیسا کہ تو چاہتی ہے۔ بولی نہیں، مجھے دکھا دو کہ حضور ﷺ کو دیکھ لوں۔ جب اس کی نگاہ چہرہ مبارک پر پڑی تو وہ جوش دل سے بول اٹھی۔ كُلُّ مُصِيْبَةٍ بَعْدَكَ جَلَلٌ، آپ زندہ ہیں تو اب ہر مصیبت کی برداشت آسان ہے۔ [2]

عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین تھا اور اس کا فرزند عبداللہ صادقین میں سے تھا، اس نے نبی ﷺ سے گزارش کی لَوْ شِئْتَ لَاَتَيْتُ بِرَاْسِهٖ اگر حضور ﷺ چاہیں تو میں اپنے باپ کا سر کاٹ کر لے آؤں۔ نبی ﷺ نے انکار کر دیا۔ [3]

عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر مجھے کوئی بھی پیارا نہ تھا مگر میرے دل میں حضور ﷺ کا جلال اس قدر تھا کہ میں آنکھ بھر کر حضور ﷺ کو نہ دیکھ سکتا تھا۔

انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں، نبی ﷺ کے اصحاب مہاجرین و انصار بیٹھے ہوتے۔ ان میں ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما بھی ہوتے۔ حضور باہر تشریف لاتے تو کوئی بھی حضور ﷺ کی جانب نگاہ بلند نہ کرتا۔ ہاں ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دیکھا کرتے حضور ﷺ ان کو دیکھا کرتے۔ حضور ﷺ بھی تبسم فرماتے اور وہ بھی تبسم فرماتے ہوتے تھے۔ نبی ﷺ نے صلح حدیبیہ کے موقع پر عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو مکہ میں اپنا سفیر بنا کر بھیجا۔ قریش نے کہا تم بیت الحرام میں آ گئے ہو۔ طواف تو کر لو۔ انھوں نے جواب دیا کہ نبی ﷺ سے پیشتر میں کبھی طواف نہ کروں گا۔

علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے کسی نے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تمہاری محبت کیسی ہوتی تھی۔ فرمایا بخدا! نبی ﷺ ہم کو مال و اولاد سے، فرزند و مادر سے زیادہ محبوب اور اس سے زیادہ پیارے تھے، جیسا ٹھنڈا پانی پیاسے کو ہوتا ہے۔ [4]

جذبات محبت کو دیکھنا ہو!

تو اس وقت دیکھ جب کوئی صحابی نبی ﷺ کا ذکر کرتا ہو۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

كَانَ رَسُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ خُلُقًا وَ لَا مَسِسْتُ خَزًّا وَّ لَا حَرِيْرًا وَّ لَا شَيْئًا كَانَ اَلْيَنُ مِنْ كَفِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَا شَمَمْتُ مِسْكًا قَطُّ وَ لَا عِطْرًا كَانَ اَطْيَبُ مِنْ عِرْقِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ ۔ [5]

رسول اللہ ﷺ خوش خلقی میں سب لوگوں سے بڑھے ہوئے تھے۔ میں نے ریشم کا دبیز یا باریک کپڑا یا کوئی اور شے ایسی نہیں چھوئی جو نبی ﷺ کی ہتھیلی سے زیادہ نرم ہو۔ میں نے کبھی کوئی کستوری یا کوئی عطر ایسا نہیں سونگھا جو نبی ﷺ کے پسینہ سے زیادہ خوشبو والا ہو۔

---

[1] رواہ الترمذی [2] زرقانی جلد 6 ص 290 یہ خاتون بلند پایہ ہند زوجہ عمرو بن الجموح انصاریہ ہیں۔ (محمد سلیمان) [3] اسد الغابہ 297/3 [4] یہ مثال عرب جیسے ملک میں بخوبی سمجھ میں آ سکتی ہے، جہاں پانی نہ ملنے سے سینکڑوں اشخاص جنگلوں میں مر جاتے ہیں [5] شمائل ترمذی صحیحین میں عطر کی جگہ عنبر اور عرق کی جگہ رائحہ ہے۔

جابر بن سمرہ ؓ سے کسی شخص نے پوچھا کہ کیا نبی ﷺ کا چہرہ تلوار جیسا چمکیلا تھا تو بول اٹھے:

لَا بَلْ كَانَ مِثْلَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ (1)

''نہیں، نہیں حضور ﷺ کا چہرہ تو آفتاب و مہتاب جیسا تھا۔''

انس ؓ کہتے ہیں:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَزْهَرُ اللَّوْنِ كَانَ عَرْقُهُ اللُّؤْلُؤ۔ (2)

''نبی ﷺ کا رنگ سفید روشن تھا۔ پسینہ کی بوند حضور ﷺ کے چہرہ پر ایسی نظر آتی تھی، جیسے موتی۔''

جابر بن سمرہ ؓ کہتے ہیں نبی ﷺ مسجد سے نکل کر گھر کو چلے تو بچوں نے حضور ﷺ کو گھیر لیا۔ حضور ﷺ ہر ایک کو پیار دیتے، اس کے منہ پر ہاتھ پھیرتے تھے۔ میرے رخسار پر بھی حضور ﷺ نے ہاتھ رکھا۔ مجھے ٹھنڈک سی پڑ گئی اور ایسی خوشبو آئی، گویا وہ ہاتھ ابھی جوئے عطار سے نکالا گیا تھا۔ (3) علی مرتضیٰ ؓ فرماتے ہیں۔

مَنْ رَّاٰهُ بَدِيْهَةً هَابَهُ وَ مَنْ خَالَطَهُ مَعْرِفَةً اَحَبَّهُ يَقُوْلُ نَاعِتُهُ لَمْ اَرَ قَبْلَهُ وَ لَا بَعْدَهُ مِثْلَهُ۔ (4)

''جو کوئی یکا یک حضور ﷺ کے سامنے آ جاتا وہ دہل جاتا، جو پہچان کر پاس آ بیٹھتا وہ شیدا ہو جاتا۔ دیکھنے والا کہا کرتا کہ میں نے حضور ﷺ جیسا کوئی بھی اس سے پہلے یا پیچھے نہیں دیکھا۔''

ربیع بنت معوذ ؓ صحابیہ ہیں۔ ان سے عمار بن یاسر کے پوتے نے کہا کہ نبی ﷺ کا کچھ حلیہ بیان فرمایئے، انھوں نے فرمایا:

لَوْ رَاَيْتَهُ رَاَيْتَ الشَّمْسَ طَالِعَةً۔ (5)

اگر حضور ﷺ کو دیکھ لیتا تو سمجھتا کہ سورج نکل آیا:

جابر بن سمرہ ﷺ کہتے ہیں، چاندرات تھی، نبی ﷺ حلہ حمراء اوڑھے لیٹ رہے تھے، میں کبھی چاند کو دیکھتا تھا، کبھی حضور ﷺ پر نگاہ ڈالتا تھا۔

فَاِذَا هُوَ اَحْسَنُ عِنْدِيْ مِنَ الْقَمَرِ (6)

بالآخر میں نے تو یہی سمجھا کہ حضور ﷺ چاند سے زیادہ خوشنما ہیں۔

اس روایت کا لفظ عِنْدِيْ عجیب طور پر لذت دید اور ذوق نظارہ کو ظاہر کر رہا ہے۔

وہی چہرہ جس کے دیدار سے جابر ؓ کی آنکھیں روشن ہوتی ہیں، عبداللہ بن سلام ؓ کے قلب کو منور کرتا ہے۔ حدیث ترمذی میں ہے، حضرت عبداللہ ؓ کہتے ہیں، میں آپ کو دیکھنے گیا تھا: فَلَمَّا اسْتَبَنْتُ وَجْهَهُ عَرَفْتُ اَنَّ وَجْهَهُ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ''یعنی مجھے تو چہرہ نظر آتے ہی عرفان ہو گیا کہ جھوٹے میں یہ بات کہاں؟

ام سلیم ؓ جو انس بن مالک ؓ کی والدہ ہیں، ایک نیک مائی ہیں۔ نبی ﷺ کبھی کبھی دوپہر کو ان کے گھر سوتے، بستر چمڑے کا تھا۔ حضور ﷺ کو پسینہ بہت آیا کرتا تھا۔ ام سلیم ؓ پسینے کی بوندوں کو جمع کر لیتیں اور شیشی میں بہ احتیاط رکھ لیتی تھیں۔

---

(1) بخاری: 3552، دارمی: 64، احمد: 281/4 (2) بخاری: 3561، مسلم: 2330، دارمی: 61 (3) بخاری 3553، مسلم: 6052، مشکوۃ: 5789

(4) ترمذی: 3647، شمائل ترمذی: 7، دلائل النبوۃ: 269/1 (5) دارمی: 60، مجمع الزوائد: 280/8 (6) الشمائل للترمذی: 10، دارمی: 57، ترمذی: 2811

نبی ﷺ نے ان کو ایسا کرتے دیکھا تو پوچھا تو انھوں نے کہا:

عَرْقُكَ نَجْعَلُهُ فِيْ طِيْبِنَا وَ هُوَ مِنْ اَطْيَبِ الطِّيْبِ۔ [1]

''یہ حضور ﷺ کا پسینہ ہے۔ہم اسے عطر میں ملالیں گی اور یہ تو سب عطروں سے بڑھ کر عطر ہے۔''

حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایام خلافت میں رات کو گشت کے لیے نکلے، سنا کہ ایک عورت دھنک رہی ہے اور یہ اشعار پڑھ رہی ہے۔

عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلٰوةُ الْاَبْرَارِ　　　صَلّٰى عَلَيْهِ الطَّيِّبُوْنَ الْاَخْيَارِ
قَدْ كَانَ قَوَّامًا بَكّٰى بِالْاَسْحَارِ　　　يَالَيْتَ شِعْرِيْ وَالْمَنَايَا اَطْوَارِ
هَلْ تَجْمَعَنِّيْ وَ حَبِيْبِيْ الدَّارِ

محمد ﷺ پر ابرار کے درود اس پر طیبوں واخیار درود پڑھ رہے ہیں وہ تو راتوں کو جاگنے والے، سحر کو رونے والے تھے۔موت تو بجیری طرح آتی ہے۔کاش! مجھے یقین ہوجائے کہ مرنے کے بعد بھی مجھے حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ وہیں بیٹھ گئے، روتے رہے اور چند دن تک صاحب فراش رہے۔

مجھے جذبات محبت کا دکھانا مقصود ہے۔

ذرا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے ان چند اشعار کو دیکھو جو وفات نبوی ﷺ پر ہیں۔

حينا يقيك الترب لهفي ليتني　　　غُيِّبْتُ قبلك في بقيع الغرقد
اَاُقِيْمُ بَعْدَكَ بِالْمَدِيْنَةِ بَيْنَهم　　　يالهف نفسي ليتني لم اولد
فظللتُ بَعْد وفاته متلدّذًا　　　يَالَيْتَنِيْ اُسْقِيْتُ سم الاَسْوَدِ
اَوْحل امر الله فينا عاجلا　　　من يومنا في روحة او فِي غد
فتقوم ساعتنا فنلقي طيباً　　　محضًا ضرائبه، كريم المحتد
والله اسمع ما حييت بهالكٍ　　　الا بُكَيْتُ على النّبي مُحَمَّدِ
صلى الله و من يحف بعرشه　　　والطيبون على المبارك احمد

''جب مٹی نے آپ کو چھپایا تو مجھے دریغ آتا تھا کہ میں کیوں اس سے پیشتر قبر میں نہیں جا چکا تھا کہ اب میں حضور ﷺ کے بعد مدینہ میں لوگوں کے اندر بھی بیٹھا کروں گا۔ہائے افسوس! میں پیدا ہی نہ ہوا ہوتا۔میں تو وفات نبی ﷺ کے بعد از ہوش رفتہ بن گیا ہوں۔کاش! کوئی کالا سانپ آئے، مجھے ڈس جائے۔یاالٰہی! آج ہی یا کل ہی تک موت آجائے یا قیامت ہی کھڑی ہوجائے کہ ہم طیب پاک، کریم النفس، جمیل الشیم نبی ﷺ سے جا ملیں۔اللہ خوب سنتا ہے، میں تو جب تک زندہ رہوں گا محمد نبی ﷺ پر روتا ہی رہوں گا۔اللہ اور حاملان عرش اور سب طیب لوگ احمد ﷺ پر درود بھیجیں۔''

صحابہ رضی اللہ عنہم سمجھے ہوئے تھے کہ محبت صرف ایمائے لفظی سے ثابت نہیں ہوسکتی ہے۔ودود الغفور نے بھی ان لوگوں کو جو محبت اللہ کا دعویٰ رکھتے تھے۔صاف طور پر فرمادیا تھا۔

---

[1] بخاری: 6281 مسلم: 6055

﴿ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ ﴾ اگر اللہ سے محبت ہے تو رسول اللہ ﷺ کا اتباع کرو۔

اس لیے صحابہ نے اتباع رسول ﷺ میں وہ وہ کام کیے جو ہزاروں سال تک اسلام کی صداقت اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے خلوص اور محبت النبی ﷺ کے صحیح معنی کے مفہوم ظاہر کرتے رہیں گے۔

صحابہ رضی اللہ عنہم کے حالات سے واضح ہوتا ہے کہ وہ نبی ﷺ کا ادب اور توقیر وتعظیم کیوں کر کیا کرتے تھے۔ مغیرہ کی روایت میں ہے کہ اگر کسی صحابی کو حضور ﷺ کے در دولت پر دستک کی بھی ضرورت پڑا کرتی تو وہ اپنے ناخنوں کے ساتھ دروازہ کو کھٹکھٹایا کرتا تھا۔

کوئی صحابی حضور ﷺ کے سامنے ایسی آواز سے نہ بولتا کہ اس کی آواز حضور ﷺ کی آواز سے اونچی ہوتی۔ اس ادب کی تعلیم خود رب برتر نے دی تھی۔

﴿ لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ ﴾ [49:الحجرات:2]

''لوگو! اپنی آواز کو نبی ﷺ کی آواز سے بلند نہ کرو۔''

ائمہ اعلام اس حکم کو دوام کے لیے قرار دیتے ہیں۔ حدیث نبوی صوت النبی ﷺ ہے۔ حدیث پاک کے ہوتے ہوئے اپنی قال وقیل کو پیش کرنا یا اپنی رائے اور سمجھ کو شامل کرنا صوت النبی ﷺ پر اپنی صوت کو بلند کرنا ہے۔ نہی بالا کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کی مدح بھی فرمائی ہے، جو ان آداب کی پابندی کرتے ہیں۔ فرمایا:

﴿ اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰی ﴾

جو لوگ رسول اللہ ﷺ کے سامنے اپنی آواز کو پست رکھتے ہیں، یہ وہی ہیں جن کے دلوں کا امتحان خدا تعالیٰ نے تقویٰ میں لیا ہے۔ [49:الحجرات:3]

پس محبت النبی ﷺ کی ایک علامت ہمارے لیے یہ ہے کہ حضور ﷺ کے کلام اور فرمودہ کی عزت ہمارے دلوں میں ہو اور جب کوئی حکم صحیح طور پر نبی معصوم سے جس کی اطاعت اللہ نے ہم پر فرض کی ہے۔ ہم کو مل جائے اس وقت اس کی قبولیت اور تعمیل میں ہم کو ذرا تامل اور عذر باقی نہ رہے۔

محبت النبی ﷺ کی ایک علامت یہ ہے کہ حضور ﷺ کا ذکر خیر زبان پر اکثر جاری رہے۔ حدیث پاک ہے:

مَنْ اَحَبَّ شَیْئًا اَكْثَرَ ذِكْرَہٗ، [1]

''جس کسی کو کوئی چیز پیاری ہوتی ہے وہ اس کا ذکر اکثر کیا کرتا ہے۔''

محبت النبی صلی ﷺ کی ایک علامت یہ ہے کہ آل نبی ﷺ کے ساتھ سچے دل اور شفاف قلب سے محبت ہو۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے حالات میں ہے کہ جب وہ صحابہ کے روزینے مقرر کرنے لگے تھے تو عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما (اپنے فرزند) کا روزینہ تین ہزار (3000) مقرر کیا اور اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا تین ہزار پانچ سو (3500) سالانہ۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اسامہ رضی اللہ عنہ کو کون سی فضیلت حاصل ہے، وہ کسی غزوہ میں میری طرح حاضر نہیں رہا۔ فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا: اس کا باپ تیرے باپ سے اور

---

[1] زرقانی ص:285/6۔

وہ خود تجھ سے رسول اللہ ﷺ کو زیادہ پیارے تھے، اس لیے میں نے اپنے پیارے پر نبی ﷺ کے پیارے کو ترجیح دی ہے۔ [1]

امامین شہیدین حسنین علیہما السلام اور ان کے ابوین طیبین کی محبت عین محبت النبی ﷺ ہے۔ [2] ان کے فضائل یاد رکھنا، بیان کرنا، ان کے اسوہ حسنہ پر عمل کرنا عین محبت نبوی ﷺ ہے۔

مہاجرین و انصار رضی اللہ عنہم سے جن کے اوصاف قرآن مجید و احادیث پاک میں بہ کثرت موجود ہیں۔ محبت رکھنا محبت النبی ﷺ ہے۔ اتباع صحابہ رضی اللہ عنہم اور متابعت سنت خلفاء عین محبت النبی ﷺ ہے۔ اس بحث کی تکمیل ان شاء اللہ جلد ثالث میں کی جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا حُبَّكَ وَ حُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَ حُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُنَا اِلٰى حُبِّكَ۔

صلی اللہ علی حبیبہ سیدنا محمد وآلہ وسلم

---

[1] ترمذی: 3813، کتاب الخراج ابو یوسف: 25,24 [2] ترمذی: 3783، 3789، کنز العمال: 34280

باب ہشتم 8

﴿وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ﴾ [یونس:5]

واقعات سیرت کو قلم بند کرتے وقت بڑے بڑے فاضل مصنف واقعات کو یوم و تاریخ کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔ دیکھا جاتا ہے کہ کبھی دن صحیح ہوتا ہے تو تاریخ غلط ہوتی ہے۔ کبھی تاریخ صحیح ہوتی ہے تو دن غلط۔ اس لیے سن ہجری کے متعلق مختصر طور پر لکھا جاتا ہے تاکہ تصحیح و تطبیق ایام و تواریخ ہجری کے لیے کارآمد ہو۔ اس بارے میں تمام مبحث جو موجب طوالت اور ہمارے موضوع سے زائد ہیں، چھوڑ دیے گئے ہیں۔

1 سنہ ہجری

1. یہ سنہ خالص قمری ہے۔ قمری ہجری سال 354 دن سے کم اور 355 دن سے زیادہ کا نہیں ہوتا۔ (یہ سنہ جولین پیریڈ کے 1948439 دن گزرنے کے بعد شروع ہوا ہے)۔
2. اہل ہیئت نے سنین قمری کو دور صغیر و کبیر پر تقسیم کیا ہے۔ 30 قمری کا دور صغیر اور (7) دور صغیر یعنی کہ 210 سال قمری کا دور کبیر [1] ہوتا ہے۔ دور صغیر کے 30 سال میں سے 19 سال تو 354 دن کے اور 11 سال 355 دن کے ہوتے ہیں۔ (اور بلحاظ تعداد ایام ہر دور صغیر 10631 دن کا اور دور کبیر 74417 دن کا ہوتا ہے)۔
3. ہر دور صغیر دوسرے دور صغیر کے ساتھ مماثلت رکھتا ہے کہ جس ترتیب کے ساتھ پہلے دور صغیر میں قمری مہینے 29-29 یا 30-30 دن کے آئے تھے، اس سے ملحق دوسرے دور میں بھی سب قمری مہینے اسی ترتیب کے ساتھ 29-29 یا 30-30 دن کے آئیں گے اور پچھلے دور صغیر کے تمام سال اور مہینے اپنے سے پہلے دور کے برسوں اور مہینوں سے بالترتیب پانچ دن بعد شروع ہوا کرتے ہیں۔
4. دور کبیر کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ اپنے سے پہلے دور کے برسوں اور مہینوں کے مطابق ہوتا ہے۔ یعنی برسوں اور مہینوں کے شروع ہونے کے دن اور ان کے دنوں کی تعداد بالترتیب بالکل وہی ہوتی ہے جو اس سے ماسبق دور میں تھی۔
5. دور صغیر 10631 دن کا اور دور کبیر 74417 دن کا ہوتا ہے۔
6. نقشہ مندرجہ ذیل میں 1ھ سے 1470ھ تک سالہائے ہجری کے شروع ہونے کا دن رؤیت عرب کے مطابق درج کیا گیا ہے اور 355 دن کے برسوں کو خطوط وحدانی میں دکھایا گیا ہے۔

غرہ سنہ ہجری کے دریافت کرنے کا قاعدہ

نقشہ مندرجہ ذیل سے کسی سال ہجری شروع ہونے کا دن معلوم کرنے کے لیے پہلے یہ دیکھیں کہ وہ سال 210 سے کم ہے یا زیادہ۔ اگر 210 سے کم ہے تو اسے 30 پر تقسیم کریں۔ اگر 210 سال سے زیادہ ہے تب اس کو 210 پر تقسیم کریں۔ جتنی بار تقسیم ہو اس ہندسہ کو خانہ (ب) میں اور جتنے سال بعد تقسیم باقی رہیں ان کو خانہ (الف) میں دیکھیں۔ خانہ (الف) کے ہندسہ کی سیدھ میں خانہ (ب) کے ہندسہ کے نیچے جو دن لکھا ہوا ملے گا، اسی دن سے وہ سال ہجری شروع ہوگا۔

[1] سنہ ہجری کا پہلا دور کبیر 201ھ پر ختم ہوتا ہے، اس میں 10 سال عہد نبوت کے ہیں باقی ماندہ 200 سال وہ ہیں جو حدیث الآیات بعد المائتین کے ہیں۔

نقشہ غرہ سنین قمری از 1 ہجری تا 1470 ہجری

دور ہائے 30 سالہ (ب)								سالہائے ہجری (الف)				
180	150	120	90	60	30	210		سالہائے ہجری				
سہ شنبہ	پنجشنبہ	شنبہ	دوشنبہ	چہارشنبہ	جمعہ	یک شنبہ	جدول ہجری کے مطابق ہے	25	17	9		1
یک شنبہ	سہ شنبہ	پنجشنبہ	شنبہ	دوشنبہ	چہارشنبہ	جمعہ		26	18	10		(2)
پنجشنبہ	شنبہ	دوشنبہ	چہارشنبہ	جمعہ	یک شنبہ	سہ شنبہ		27	19	11		
دوشنبہ	چہارشنبہ	جمعہ	یک شنبہ	سہ شنبہ	پنجشنبہ	شنبہ		28	20	12	4	
شنبہ	دوشنبہ	چہارشنبہ	جمعہ	یک شنبہ	سہ شنبہ	پنجشنبہ		29	(21)	(13)	(5)	
چہارشنبہ	جمعہ	یک شنبہ	سہ شنبہ	پنجشنبہ	شنبہ	دوشنبہ			22	14	6	
دوشنبہ	چہارشنبہ	جمعہ	یک شنبہ	سہ شنبہ	پنجشنبہ	شنبہ			23	15	7	
جمعہ	یک شنبہ	سہ شنبہ	پنجشنبہ	شنبہ	دوشنبہ	چہارشنبہ		30	(24)	(16)	(8)	3

(7) سنین ہجری وعیسوی کی تواریخ وشہور کی مطابقت کے لیے ذیل میں جدول تعداد ایام سالہائے ہجری درج کی جارہی ہے۔ جب کسی سال ہجری کا غرہ اور اس کے مطابق عیسوی تاریخ ماہ وسنہ معلوم کرنا ہو تو جس قدر پورے سال ہجری گزر چکے ہوں ان ہجری سالوں کے دن جدول تعداد ایام سالہائے ہجری کے معلوم کر کے ان میں 227015 دن جمع کریں۔ مجموعہ ایام کے برابر دنوں کا شمار یکم جنوری 1 عیسوی یوم دوشنبہ سے بحساب جدید شمار کریں جیسا کہ سنہ عیسوی جدید کے ضمن میں بیان کیا گیا ہے۔ جس سال مہینے تاریخ عیسوی پر وہ دن ختم ہوں اسی تاریخ عیسوی کو سنہ مطلوب ہجری کا یکم محرم ہوگا۔

جدول تعداد ایام سالہائے ہجری			تعداد ایام عیسوی از یکم جنوری 1ء یوم دوشنبہ تا آغاز یکم محرم سنین مندرجہ ذیل	جدول تعداد ایام سالہائے ہجری			تعداد ایام عیسوی از یکم جنوری 1ء یوم دوشنبہ تا آغاز یکم محرم سنین مندرجہ ذیل
میزان افزون ایام	تعداد ایام	سالہائے ہجری		میزان افزون ایام	تعداد ایام	سالہائے ہجری	
5670	355	(16)	232330	354	10	1	227014
6024	354	17	232658	709	355	2	227068
6378	354	18	233039	1063	354	3	227723
6733	355	(19)	233393	1417	354	4	228077
7087	354	20	233748	1772	355	(5)	228431
7442	355	(21)	234102	2126	354	6	228786
7796	354	22	234457	2480	354	7	229142
8150	354	23	234811	2835	355	(8)	229495

8505	355	(24)	231565	3189	354	9	229850
8859	354	25	235520	3543	354	10	230204
9313	354	26	235874	3898	355	(11)	230558
9568	355	(27)	236228	4252	354	12	230913
9922	354	28		2607	355	(13)	231267
10276	354	29		4961	354	14	231622
10631	355	(30)		5315	354	15	231976

جدول دورہائے صغیر قمری مع تعداد ایام

تعداد سالہائے قمری	تعداد ایام
30	10631
60	21212
90	31893
90	31893
120	42524
150	53155
180	23786
210	24417

جدول دورہائے کبیر قمری مع تعداد ایام

تعداد سالہائے قمری	تعداد ایام
420	148834
630	223251
840	297686
1050	372085
1260	446502
1470	520919

(8) اسلام میں سنہ ہجری کا استعمال بعہد خلافت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جاری ہوا۔ یوم الخمیس 30 جمادی الثانی 17ھ / جولائی 38ء علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے مشورہ سے سنہ کا شمار واقعہ ہجرت نبویہ ﷺ سے کیا گیا اور عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے مشورہ سے محرم کو اولین شہور مقرر کیا گیا۔ (1)

(9) سن ہجری میں ایک عجیب فضیلت پائی جاتی ہے کہ وہ شروع سے حال تک اپنی صورت مجوزہ پر چلا آتا ہے جو دنیا کے مروجہ سنین میں غالباً کسی سنہ میں نہیں پائی جاتی۔

دوسری عجیب خصوصیت اس کی یہ ہے کہ بہ لحاظ تداول و استعمال بھی سنہ ہجری دنیا کے اکثر مروجہ سنین سے قدیم سنہ ہے۔ اگرچہ وہ اپنے اعداد کے لحاظ سے سنہ ہجری سے زیادہ پرانے معلوم ہوتے ہیں۔ مثلاً یکم محرم 1ھ 6 جولائی 5335 جولین کے مطابق:

(1) جولین پیریڈ کا سنہ بظاہر سنہ ہجری سے 5334 سال پہلے کا معلوم ہوتا ہے، حقیقت میں یہ سنہ ہجری سے 989 سال بعد 1582ء میں وضع ہوا ہے۔

---

(1) مقریزی: 284/1

② سنہ عبرانی کے مطابق یکم محرم 1 ہجری کے دن 3۔ آب 4382 عبری تھا۔ اس لیے بظاہر سنہ عبرانی سنہ ہجری سے 4381 سال پہلے کا معلوم ہوتا ہے، مگر دراصل یہ سنہ 1582ء میں وضع ہوا ہے۔ ملاحظہ ہو انسائیکلوپیڈیا برطانیکا۔

③ سنہ کل جگ سنہ ہجری سے 3723 سال پہلے کا معلوم ہوتا ہے مگر یورپین مورخ اور ہیئت دان تسلیم کرتے ہیں کہ یہ سنہ چوتھی صدی عیسوی میں وضع کیا گیا تھا۔ یعنی اپنے حساب سے 34 صدیوں کے گزرنے کے بعد اس کا نام عالم وجود میں لایا گیا تھا۔

④ سنہ سکندری سنہ ہجری سے 932 سال پہلے کا ہے، مگر اپنے موجودہ ہیئت میں نوزائیدہ ہے۔ کیونکہ یہ شروع میں کئی صدیوں تک قمری مہینوں پر چلتا رہا ہے اور اب اسے شمسی مہینوں میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔

⑤ سمت بروشٹ کے مطابق یکم محرم 1ھ کے دن 26 ساون سمت 679 تھا، اس لیے بظاہر سمت بروشتہ سنہ ہجری سے 678 سال پہلے کا معلوم ہوتا ہے، مگر ہندو اور یورپین محققین کی تحقیقات سے ثابت ہے کہ سمت 898 بروشٹ سب سے پہلا سال ہے جو سمت بروشٹ کے نام سے موسوم ہوا چونکہ یکم بہار (طرہ اول) سمت 898 بروشٹ 23 جمادی الاول 226ھ کے مطابق ہے۔ اس حساب سے سمت بروشتہ سنہ ہجری سے 225 سال بعد شروع ہوتا ہے۔

⑥ تاریخی طور پر سنہ سب سے پہلی دفعہ 478 بمطابق 130ھ میں لکھا گیا تھا، دیکھئے کلاسیکل ڈکشنری جی چمراز مطبوعہ لندن 1831ء (ز) عیسوی قدیم انگلستان میں 2 ستمبر 1753ء یوم چہارشنبہ مطابق 3 ذی قعدہ 1165ھ تک جاری رہا۔ 4 ذی قعدہ 1165ھ یوم پنجشنبہ کو حساب جدید کے مطابق 14 ستمبر 1752ء لکھا گیا۔

⑩ اسلام نے سال کا شمار قمری حساب پر رکھا ہے اور اس حساب کو شمسی حساب کے برابر کرنے کے لیے کوئی لوند یعنی کبیسہ کا مہینہ اختیار نہیں کیا، کیونکہ اسلام دین الفطرت ہے۔ اس لیے ضرور تھا کہ شارع علیہ السلام اس نہج حساب کو پسند فرماتے، جو فطرت کے اصول پر اور مبنی بر مصلحت دین ہے اسلام کی اعلیٰ خصوصیت میں سے ایک خصوصیت مساوات بھی ہے اور ایک خصوصیت اس کی ہمہ گیری بھی ہے۔ اسلام نے ان خصائص کی حصانت وحمایت میں یہ پسند فرمایا کہ اسلامی مہینے ادلتے بدلتے موسم میں آیا کریں اور لوند وغیرہ کے اضافے سے اس صفت تقلب ایام کا سد باب نہ کیا جائے۔ ذرا اسلام کے رکن چہارم ماہ رمضان پر غور کرو کہ اگر نبی ﷺ ماہ صیام کے لیے کوئی شمسی مہینہ مقرر فرما دیتے یا قمری حساب میں کبیسہ (لوند) لگانا منظور فرما لیتے تو نتیجہ کیا ہوتا؟ حضور ﷺ کا مقرر کردہ مہینہ خواہ گرم موسم میں ہوتا یا سرد موسم کا مگر ابدی حالت یہ ہوتی کہ نصف دنیا کے مسلمان ہمیشہ کے لیے آسانی میں اور نصف دنیا کے مسلمان ہمیشہ تنگی و سختی میں پڑ جاتے، کیونکہ ایک عالم علم جغرافیہ سے یہ امر پوشیدہ نہیں کہ دسمبر جو نصف شمالی دنیا کا سرد اور سب سے چھوٹے دن کا مہینہ ہے وہ نصف جنوبی دنیا کا گرم اور طویل دن کا مہینہ ہے۔ پس اسلام کی مساوات جہانگیری کا اقتضا ہی یہ تھا کہ اسلامی سال قمری حساب پر ہوتا۔ اور قمر کی حرکات کو انسانی اختراع لوند وغیرہ کی شمولیت سے کالعدم نہ کر دیا جاتا۔ و لله الحجة البالغة!

2 جولین پیریڈ (دور جولیانی)

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی ﷺ تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے
سہ شنبہ	جنوری	365 دن 6 گھنٹے		20 شعبان 5499	1929725 (1)

سنہ جولین پیریڈ جو 1582 مطابق 990ھ میں وضع کیا گیا تھا۔ اس کا آغاز مختلف سنین و تواریخ کی تصحیح و تطبیق کی غرض سے کی گئی سنہ عیسوی سے 4713 سال (شمسی) پہلے قرار دیا گیا ہے۔ اس لیے سنہ عیسوی میں 3713 سال جمع کرنے سے جولین پیریڈ کا سال معلوم ہو جاتا ہے۔ سال کی مقدار 365 دن 6 گھنٹے ہے۔ مگر تین سال تک 6 گھنٹے کی کسر کو ترک کیا جائے تو ہر سال 365 دن کا رہ جاتا ہے۔ جب 4 سال میں 6 گھنٹے کی سالانہ کسر سے 24 گھنٹے کا دن ہو جاتا ہے تو وہ ایک دن فروری کے مہینے میں شامل ہو کر فروری کا مہینہ 28 دن کی بجائے 29 دن کا ہو جاتا ہے اور ہر چوتھا سال 366 دن کا ہوتا ہے۔

سنہ جولین پیریڈ کا دور صغیر 28 سال کا ہے، جس کے بعد سال کے مہینے اور دن بدستور سابق واقع ہوتے ہیں۔ اس لیے ذیل میں 28 سالہ دور جولین پیریڈ کا نقشہ درج کیا جاتا ہے، جس میں جولین پیریڈ کے ہر سال کے شروع ہونے کا دن درج ہے۔

3 سنہ عبرانی

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے
دوشنبہ	تسری	13-12 ماہ قمری	347997	28 شعبان 4517	1581728

نبی کریم ﷺ کی ولادت مبارک کا سال جولین پیریڈ 5284 ہے۔ اس کو 28 سال پر تقسیم کرنے سے 20 سال باقی رہتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ 5284 جولین پیریڈ اسی دن سے شروع ہوگا، جس سے دور صغیر کا بیسواں سال شروع ہوا تھا۔ نقشہ مندرجہ بالا سے ظاہر ہے کہ بیسواں سال بدھ کو شروع ہوا تھا، اس لیے 20 کی یکم جنوری بدھ کے دن سے شروع کرتے ہیں۔

انبیائے بنی اسرائیل کے زمانے میں سال کا آغاز ماہ نیساں سے کیا جاتا تھا، مگر یہود نے اپنا سال قبل از موسیٰ فصل خریف میں ماہ تسری سے شروع کرنا اختیار کر لیا۔ پھر موسیٰ علیہ السلام کے عام سے سال کا آغاز ماہ نیساں سے کرنے لگے۔ پھر اسے چھوڑ کر ماہ تسری ہی

---

(1) 5 ء آغاز سنہ عیسوی سے 7413 سال پہلے شمار کیا گیا ہے یعنی جولین پیریڈ کا سال (10227) دن کا ہے۔ اس کے بعد تمام سال مہینے اس طرح ایام ہفتہ کے مطابق ہیں، جس طرح دور سابق میں واقع ہوئے تھے۔

سے آغاز سال مانا گیا۔ یہ تبدیلی 358ء میں ہوئی تھی مگر دسویں عیسوی مطابق ہشتم صدی ہجری تک یہود کا اپنا سنہ کوئی نہیں تھا۔ اس وقت تک وہ سنہ سکندری کو اسرائیلی مہینوں کے ساتھ استعمال کرتے تھے۔ پندرہویں صدی عیسوی مطابق نہم صدی ہجری میں یہود نے اپنا سنہ سنہ پیدائش کے نام سے قرار دے کر اس سنہ کا آغاز بہ حساب خود پیدائش آدم سے ایک سال پہلے اور سنہ سکندری سے 3449 سال پہلے شمار کیا ہے، بروئے حساب یہود پیدائش آدم کو سنہ سکندری تک 3448 سال گزرے تھے۔ اولین سال یہود کے تخمین ماہ تسری کی پہلی تاریخ 17 اکتوبر 953ء جولین یوم دوشنبہ کے مطابق تھی۔ سنین یہود کا حساب دور 19 سالہ پر رکھا گیا ہے۔ 4331 یہود 16/18 قمر 570 کو سہ شنبہ کے دن مطابق 29 / رجب شروع ہوا تھا۔ یہ سال 354 دن کا تھا۔

دور 19 سالہ میں بارہ بارہ ماہ قمری کے اور سات سال تیرہ تیرہ قمری کے ہوتے ہیں۔ 12 ماہہ سال کو سال بسیط اور 13 ماہہ سال کو سال کبیسہ کہتے ہیں۔ پھر سال مکبوس و مبسوط کو تین اقسام پر منقسم کیا جاتا ہے۔

سالہائے مبسوط	سالہائے مکبوس
سال بسیط ناقص: 353 دن سال بسیط معتدل: 354 دن	سال کبیسہ ناقص: 383 دن سال کبیسہ معتدل: 384 دن
سال بسیط کامل یا زائد: 355 دن	سال کبیسہ کامل یا زائد: 385 دن

353 دن کا سال ایام ہفتہ میں سے شنبہ یا دوشنبہ کو شروع ہوگا۔ 354 دن کا سال ایام ہفتہ میں سے سہ شنبہ و پنجشنبہ کو شروع ہوگا۔ 355 دن اور 383 دن کا سال شنبہ و دوشنبہ و پنجشنبہ کو 384 دن کا سال ہمیشہ سہ شنبہ سے شروع ہوگا۔

یہود کا کوئی سال جمعہ، اتوار، بدھ سے شروع نہیں ہوتا۔

سنہ عیسوی میں ستمبر سے پہلے 3760 سال اور ستمبر کے بعد 3761 سال جمع کر دینے سے عبرانی سال معلوم ہو جاتا ہے، آنحضرت ﷺ کی پیدائش مبارک تک:

دور صغیر	1575311	دن کے
117 سال	6200	دن کے
7 مہینے	207	دن کے
8 ویں مہینے کے	10	دن
کل دن ہوئے=	1581728 دن	

اس سنہ کے مطابق تاریخ ولادت 10 آیار 4331 عبرانی ہے۔

④ نوح یا سنہ طوفان

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے
پنجشنبہ	توت	365	588464	27/ربیع الاول 3838ق	1341261

طوفان سے ولادت مسیح علیہ السلام تک کی مدت میں عیسائی علما میں اختلاف ہے کیونکہ تورات عبرانی سے 2348 تورات سامری سے 2998 تورات یونانی سے 3128 سال شمسی مدت کا استخراج ہوتا ہے۔ 130 سال سے 780 سال تک کا باہمی فرق پایا جاتا ہے۔ سنہ طوفان کا دور سات سال کا ہے۔ اس کے بعد سال مہینے ہفتے کے ایام بدستور سابق واقع ہوتے ہیں۔ ابومعشر بلخی نے بحساب رفتار کوکب طوفان کا تعین اس وقت کیا ہے جب سبع سیاروں کا اجتماع برج حوت کے 27 درجے سے برج حمل کے پہلے درجہ تک ہوا تھا۔ اسی طرح ابومعشر کے حساب سے 7 عیسوی تک 3102 سال شمسی کی مدت ہوتی ہے۔ اس لیے ابومعشر کی قرار دادہ مدت آغاز طوفان عیسائیوں کی استنباط کردہ مدت از تورات یونانی سے 26 سال بعد ہے۔

ابومعشر ابوریحان کے حساب سے طوفان کا آغاز سنہ ہجری سے 1359975 دن قبل ہوا تھا۔ اس حساب سے سنہ طوفان کا پہلا دن سنہ عیسوی سے 3102 سال پہلے 17 فروری 1612 جولین یوم پنجشنبہ کے مطابق آتا ہے۔ پروفیسر جرمن یونیورسٹی جس نے البیرونی کی کتاب الآثار الباقیہ کا عربی سے جرمن زبان میں ترجمہ کیا ہے۔ طوفان کا پہلا دن یوم جمعہ شمار کیا ہے۔ یہ اختلاف اس لیے ہے کہ طوفان کا وقت ابن البازیاد نے کتاب القرانات میں پنجشنبہ و جمعہ کی درمیانی رات کو شروع ہونا لکھا ہے۔ اس لیے طوفان کا پہلا دن بعض اہل علم نے شب طوفان کے پہلا دن جمعہ کو قرار دیا اور بعض اہل علم نے شب طوفان کے بعد کا پہلا دن جمعہ کو قرار دیا۔ قدیم کتب ہیئت میں سنہ طوفان کا آغاز پنجشنبہ کے دن سے شمار کیا گیا ہے۔ ابومعشر بلخی نے سنہ شمسی کی مقدار 365 دن 6 گھنٹے تسلیم کرنے کے باوجود سنہ طوفان کو شمسی حساب سے قرار دے کر سال 365 دن کا رکھا ہے۔ جس کا ہر مہینہ 30-30 دن کا شمار ہوتا ہے اور 5 دن آخر سال میں بڑھ کر 365 دن پر ختم کیا گیا ہے۔

⑤ کل جگ

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے

جمعہ	بیساکھ	منٹ گھنٹے دن 365- 6- 12 26.55853 سیکنڈ	588465	28 ربیع الاول 3838	1341260

سال مبدل کل جگ یوم اعتدال ربیعی سے 58 دن پہلے 17-18 فروری کی درمیانی شب کے 12 بجے سے شروع ہوا تھا۔ اس سال میں اعتدال ربیع کا دن 16۔ اپریل 1612 مطابق 29 جیٹھ یوم یک شنبہ کو ہوا تھا اور سنہ ایک کل جگ کا شمار اس سے ایک سال بعد کیا جاتا ہے۔ مبداء کل جگ کو علم ہیئت کی اصطلاح میں سال صفر کل جگ کہتے ہیں۔

سنہ طوفان اور سنہ کل جگ کے جداگانہ ہونے کی وجہ سے بظاہر سنہ طوفان و سنہ کل جگ دو مختلف سنہ معلوم ہوتے ہیں مگر سنہ طوفان و سنہ کل جگ دونوں ایک ہیں۔ دونوں کا آغاز شب طوفان سے ہوتا ہے۔ سنہ کل جگ کا آغاز بھی طوفان نوح علیہ السلام کے واقعہ عظیمہ کی یادگار ہے۔ سنہ کل جگ کے مطابق تاریخ ولادت یکم جیٹھ 3672 ہے۔

6 سنہ ابراہیمی

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی ﷺ تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے
یک شنبہ	اکتوبر	منٹ گھنٹے دن 365- 6-		5 ربیع الثانی 5۔ق/2717	944008

سنہ عیسوی میں 2014 سال 3 ماہ جمع کرنے سے اسی سنہ عیسوی کے مطابق کا سنہ ابراہیمی ہوتا ہے۔ آرک بشپ اشر نے ولادت ابراہیم کا زمانہ عیسوی سے 1996 سال قبل تحریر کیا ہے۔ انسائیکلوپیڈیا بریٹانیکا (دیکھو جلد چہارم مطبوعہ دفعہ نہم ص 681) نے ولادت ابراہیم کو 2015 قبل مسیح تحریر کیا ہے جو مطابق یکم اپریل 2699 جولین پیریڈ کے ہے۔ ہم نے اس نقشہ میں انسائیکلوپیڈیا کے بیان کو ترجیح دی ہے۔ اس سنہ کے مطابق ولادت مبارک ساتویں مہینے کی بیس تاریخ کو تھی۔

7 بخت نصری

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	شروع سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی ﷺ تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے

چہارشنبہ	توت	365 دن	1448637	4 شعبان 1411 ۔ق	481088

یہ سنہ بخت نصر اول کے یوم جلوس 26 فروری 3967 جولین اور 747 سال قبل مسیح سے شروع ہوتا ہے۔ یہ بخت نصر وہ نہیں، جس نے بیت المقدس کو ویران کیا وہ تو اس سے 142 سال بعد تھا۔

اس سنہ کا دور سات سال کا ہے۔ اس کے بعد سال، مہینے، ان ہی ایام ہفتہ کو ہوتے ہیں جس طرح سات سال پہلے گزرے تھے۔

اس سنہ کے مطابق تاریخ ولادت نبوی ﷺ 18 توت 1319 بخت نصری ہے۔

8 سنہ سکندری

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی ﷺ تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے
دوشنبہ	تشرین اول	دن گھنٹے 365- 6	1607738	24 رجب 962	321987

سنہ سکندری آج کل قسطنطنیہ میں سنہ رومی کے نام سے بحیثیت سال شمسی ظاہری ہے۔ اس کا چوتھا سال جس کو 4 پر تقسیم کرنے سے 3 باقی رہتے ہوں 366 دن کا ہوتا ہے، جس میں ماہ شباط بجائے 28 دن کے 29 دن کا لیا جاتا ہے۔ اس سنہ کا دور 28 سال کا ہے جس کے بعد سال وماہ وایام ہفتہ دور سابق کے مطابق ہوتے ہیں۔

اس سنہ کو اہل یورپ مقدونوی یا سلوکسی سنہ کہتے ہیں۔ یہ سنہ سکندر کی وفات سے بارہ سال بعد اس کے جانشین جنرل سلوکس نے بابل فتح کرنے پر جاری کیا تھا۔ اس کا شمار سنہ عیسوی سے 3 ماہ 311 سال قبل یکم اکتوبر 4402 جولیانی سے ہوتا ہے۔ اس سنہ کے مطابق ولادت نبوی ﷺ 20 نیسان 882 سکندری کا ہے۔

9 بکرمی بروشٹہ

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی ﷺ تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے

شنبہ	بیساکھ	منٹ گھنٹے دن 365- 6-12 36.55853 سیکنڈ	1700675	28 شوال 700ق -5	229050

سمت بروشٹہ اگرچہ بظاہر شمسی سال معلوم ہوتا ہے، مگر حقیقت میں یہ سنہ شمسی نہیں بلکہ شمسی کوکبی سال ہے، کیونکہ شمسی سال کے مطابق تو دن رات کو برابر ہونا اور بہت چھوٹا اور سب سے بڑا دن ایک ہی مقررہ تاریخ پر واقع ہوتے ہیں اور سمت بروشٹہ میں فصل ربیع وخریف میں دن رات کا برابر ہونا اور سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا دن مختلف مہینوں اور تاریخوں میں ہوتا رہتا ہے۔ چنانچہ سنہ بروشٹہ کا یکم بیساکھ سنہ عیسوی سے 56 سال 9 ماہ 19 دن قبل 13 / مارچ 4657 جولین کو آفتاب کے برج حمل میں داخل ہونے سے 10 دن پہلے ہمارے زمانے میں سنہ بکرمی بروشٹہ یوم اعتدال ربیعی سے 23 دن بعد 13 اپریل کو شروع ہوتا ہے۔ اس سنہ کے مطابق ولادت یکم جیٹھ سمت 628 ہے۔

10 بکرمی قمری شمسی سال

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	شروع سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی ﷺ تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے
شنبہ	چیت	12-13 ماہ قمری	1700675	28 شوال 700	229050

ہندی قمری شمسی سال بکرمی سال 12/13 ماہ قمری کا ہوتا ہے۔ ہر ماہ قمری 15-15 دن کے دو حصوں پر تقسیم ہے۔ نصف اول کو بدی پکش کہتے ہیں جو عموماً چاند کی 14 تاریخ سے شروع ہوکر 28 کو ختم ہوتا ہے۔ نصف دوم کو شدی پکش کہتے ہیں۔ یہ پکش رویت ہلال سے ایک دو دن پہلے شروع ہوکر چاند کی 13 کو ختم ہوتا ہے۔ بدی پکش سے پندرہویں دن کا نام اماوس (اجتماع نیرین) ہے۔ شدی پکش کے پندرہویں دن کا نام پورنماشی (بدر) ہے۔ یہ سال اس وقت شروع ہوتا ہے جب ماہ چیت کے 15 دن گزر کر 15 دن باقی رہتے ہیں۔ اس طرح ماہ چیت قمری کا نصف اول سال ماقبل میں اور نصف دوم سال مابعد میں شامل ہوا کرتا ہے۔ سال 13 ماہ کا اس وقت ہوتا ہے جب شمسی سال کے کسی شمسی مہینہ میں اجتماع نیرین دو دفعہ واقع ہوتا ہے۔ یہ ان شمسی مہینوں میں ہوتا ہے جو 30 دن سے زائد کے ہوتے ہیں۔ تیرہویں مہینے کا نام اوبکس ماس ہے جسے لوند بولتے ہیں۔ لوند کا مہینہ سوریا سدھانتا کے قاعدہ سے اس وقت زیادہ کیا جاتا ہے جب معمولی مہینے کا نصف اول گزر چکا ہو اور نصف ثانی باقی ہو، مگر جنوبی ہندوستان میں لوند کا پورا مہینہ معمولی مہینہ سے پہلے زیادہ کرتے ہیں۔

جب کسی ماہ شمسی میں اجتماع نیرین ایک دفعہ بھی نہیں ہوتا تو اس ماہ شمسی کے قمری مہینہ کا نام سال کے مہینوں میں شمار نہیں کیا جاتا۔ اس مہینے کو کشیا (متروک) کہتے ہیں کشیا کا مہینہ منگسر پوس ماگھ کے سوا نہیں ہوسکتا۔ کشیا کی وجہ سے سال 11 ماہ کا رہ جاتا ہے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے اصل قمری مہینہ کے عوض لوند کا مہینہ زیادہ کیا جاتا ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ کشیا کا مہینہ اسی سال میں

واقع ہوتا ہے جس سال کے ایک ماہ شمسی میں دو دفعہ اجتماع نیرین ہوتا ہے۔ اندریں صورت کسشیا کے عوض کا، ایک اوبک ماس کا ہوتا ہے، اس سے کسشیا کا سال اکثر 13 مہینے کا اور شاذ 12 مہینے کا ہوتا ہے۔

نبی ﷺ کی پیدائش مبارک تک 627 قمری شمسی سالوں میں 396 سال 12 ماہ 231 سال 13 ماہ۔

یعنی کل 7755 ماہ گزرے تھے مجملہ ان کے 3641 ماہ 29-29 دن کے اور 4114 مہینے 30-30 دن کے تھے۔

اسی طرح 627 قمری شمسی سالوں کے 90-90 دن ہوتے ہیں۔ ان میں 15 دن چیت شدی 628 کے 15 دن بیساکھ بدی 628 کے۔ 11 دن بیساکھ شی 628 کے شامل کرنے سے تاریخ ولادت باسعادت آنحضرت ﷺ تک 229050 دن ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح آنحضرت ﷺ کی ولادت مبارک موتی اکاوش کے دن ہوتی ہے جو ہنود کے اعتقاد میں نہایت مقدس دن سمجھا جاتا ہے۔

11 عیسوی قدیم

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی ﷺ تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے
شنبہ	جنوری	گھنٹے دن 6 -365	1721423	6 جمادی الاول 640ق-5	208302

سنہ عیسوی حضرت مسیح علیہ السلام کے سال پیدائش سے شروع کیا گیا تھا مگر زمانہ حال کے محققین یورپ نے تسلیم کیا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی ولادت اس سنہ سے 4 سال پہلے کی ہے۔ تاریخی طور پر سنہ عیسوی کا سب سے پہلی دفعہ لکھا جانا 748ء مطابق 130ھ سے ہے۔ اس سنہ کا دور 28 سال کا ہے، جس کے بعد سال مہینے اور مہینوں کی تاریخیں انھیں ایام ہفتہ کو واقع ہوتی ہیں، جس طرح 28 سالہ دور گزشتہ میں ہوئی تھیں۔ مختلف ممالک میں مارچ یا ایسٹر یا کرسمس یا ستمبر سے شروع کیا جاتا تھا انگلستان نے 1752ء سے جنوری سے آغاز کیا۔ اب یورپ و امریکہ میں سال کا آغاز اس مہینہ سے مانا جاتا ہے۔

اس سنہ کے مطابق ولادت مبارک 20 اپریل 571ء کو ہے۔

12 عیسوی جدید

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی ﷺ تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے

دوشنبہ	جنوری	منٹ گھنٹے دن 365- 5-48 46 سیکنڈ	1721425	18 جمادی الاول 641ق	208300

قدیم حساب میں سال کی مقدار صحیح مقدار سے 11 منٹ 14 سیکنڈ زیادہ تھی ۔ اس لیے اعتدال ربیعی کا دن 21 مارچ تھا اور 1582 میں 11 مارچ ۔اس روزافزوں غلطی کی درستی کے لیے اصلاح کرنی پڑی ۔حالیہ قاعدہ سے یوم اعتدال ربیعی وخریف سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا دن اپنی مقررہ تاریخوں پر ہوتے ہیں اور وہ اندیشہ بھی نہ رہا کہ کبھی سردموسم کے مہینے گرم میں یا گرم موسم کے مہینے سردی میں آجائیں گے ۔قدیم حساب میں یوم دوشنبہ کو 3 جنوری 1 سنہ عیسوی تھی ۔حساب جدید میں دوشنبہ کو یکم جنوری 1ء قرار دی گئی ہے ۔یہ حساب قدیم ہر پوری صدی کا سال 366 دن کا اور صدی 36525 دن کی ہوتی تھی ۔اب یہ حساب جدید پہلی صدی سے 39 صدیوں تک ۔

جس صدی کو 400 پر تقسیم کرنے سے باقی کچھ نہ رہے ،اس پوری صدی کا سال 366 دن کا اور وہ صدی 36525 دن کی ہے ۔اور جو پوری صدی 400 پر تقسیم کرنے سے پوری تقسیم نہ ہوسکتیں ان کا سال 365 دن کا اور وہ صدی 36524 دن کی ہیں ۔

اس سنہ کے مطابق ولادت مبارک 22 راپریل 571ء کو ہے ۔

(13) قبطی جدید

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی ﷺ تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے
جمعہ	توت	گھنٹے دن 365- 6	1825029	29 رمضان 349ق	104696

یہ سنہ روما کے آخری بت پرست بادشاہ قلطیانوس اطاکی کے یوم جلوس 29 اگست 284ء یوم جمعہ سے شروع ہوتا ہے ۔آج کل مصر میں جاری ہے ۔اس سنہ میں 3 سال 365 دن کے اور سال چہارم جسے 4 پر تقسیم کرنے سے 3 باقی رہ جائیں 366 دن کا ہوتا ہے ۔ہر مہینہ 30 دن کا 365 دن کے سال میں 12 مہینوں کے بعد 5 دن نسیٔ کے اور 366 دن کے سال میں 6 دن نسیٔ کے زیادہ کر لیتے ہیں ۔

اس سنہ کا دور 28 سال کا ہے ۔اس سنہ کے مطابق ولادت مبارک 25 برمودہ 278 کو ہوتی ہے ۔

(14) جلوس نوشیروانی

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	شروع سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی ﷺ تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے

شنبہ	خرداد	365	1915260	14 جمادی الاول 94ق۔ھ	14465

مجوس میں سنہ کا استعمال ہر بادشاہ کے سال جلوس سے ہوتا تھا۔ نئے بادشاہ کے جلوس سے پہلا مستعمل سنہ متروک ہو جاتا تھا۔

نوشیرواں کا جلوس آغاز سال مجوس سے 63 دن بعد بروز شنبہ 13/15 ستمبر 531ء مطابق 4 ماہ خرداد کو ہوا تھا اور نبی ﷺ کی ولادت باسعادت یوم جلوس نوشیروانی سے 14464 دن کے بعد 40 جلوس نوشیروانی میں 18 ماہ سے مطابق 20/22 اپریل 571 کو ہوئی۔

مجوس کا مستقل سال 365 دن 6 گھنٹے کا ہے، مگر 19 سال تک 6 گھنٹے کی سالانہ کسر کو شمار میں نہیں لاتے۔ جب 120 سال میں 6 گھنٹے سالانہ کی متروک کسروں کے مجموعہ سے 30 دن بن جاتے ہیں۔ تب ایک مہینہ کبیسہ کا 120 ویں سال میں اضافہ کر دیتے ہیں۔ 120 سال کا دور صغیر اور 12 دور صغیر یعنی 1440 سال کا دور کبیر ہوتا ہے۔ کبیسہ کا مہینہ ہر دور صغیر کے بعد اس طرح اضافہ کرتے ہیں کہ پہلے دور کے 120 ویں سال میں تیسرا مہینہ دوبار، اس طرح دور اعظم کے 1440 ویں سال کے بارہویں مہینہ دوبار شمار ہو کر از سر نو ماہ اول سے ماہ کبیسہ کا شمار کرتے ہیں۔

یزدجرد آخری بادشاہ فارس کے بعد کبیسہ کے بڑھانے کا دستور تو جاتا رہا ہے۔ اب پارسیوں میں یزدجردی سال 365 دن کا اس طرح مستعمل ہے کہ مہینہ 30 دن کا شمار ہوتا ہے اور پانچ دن خمسہ مترقہ میں اضافہ کر کے سال کو 365 دن کا شمار کرتے ہیں۔ 5 مجوس ماہ آبان کے بعد زیادہ کرتے ہیں۔ اور اہل اسلام آخری ماہ کے بعد بڑھاتے ہیں۔ اس طرح ماہ دے سے آخر سال تک پارسیوں کی تاریخ مؤرخین اسلام کی تاریخ سے 5 دن کم ہوتی ہے سنہ مجوسی کا دور سات سال کا ہے۔

(15) عام الفیل

1	2	3	4	5	6
شروع سنہ کا پہلا دن	سال کا پہلا مہینہ	مقدار سال	تعداد ایام جولین پیریڈ قبل از آغاز سنہ ہذا	شروع سنہ کی قمری تاریخ قبل از شروع سنہ ہجری	تعداد ایام شروع سنہ سے تاریخ ولادت نبوی ﷺ تک جس میں یوم ولادت بھی شامل ہے
یک شنبہ	جمعرات محرم	منٹ گھنٹے دن 354-8-48 34.44 سیکنڈ	1929657 1929674	18 محرم 53ق۔ھ	51/68

اصحاب الفیل کا حملہ مکہ معظمہ پر محرم کی 17 تاریخ کو ہوا تھا۔ اس لیے سنہ اصحاب الفیل کا شمار 18 محرم یوم یک شنبہ سے کیا گیا ہے۔ یہ واقعہ پیدائش نبی ﷺ سے 50 دن پہلے کا ہے۔

محرم کے	13 دن
صفر کے	29 دن
ربیع الاول کے	8 دن
کل	50 دن

اس سنہ کے مطابق ولادت مبارک 9 ربیع الاول 1 عام الفیل ہوئی۔

جدول آغاز شہور قمری بابت بست و سہ سال نبوت محمدیہ ﷺ

بقید دوم و تطبیق و تاریخ و ماہ و سال مسیحیہ متعلق جلد دوم کتاب رحمۃ للعالمین

سنین اسلام	محرم	صفر	ربیع الاول	ربیع الثانی
41 میلاد النبی ﷺ	خمیس 609-12-4	شنبہ 610-1-3	یکشنبہ 610-2-1	سہ شنبہ 610-3-3
42	دوشنبہ 610-11-23	چہارشنبہ 610-12-23	جمعہ 611-1-22	شنبہ 611-2-20
43	شنبہ 611-11-13	یک شنبہ 611-12-12	سہ شنبہ 612-1-11	چہارشنبہ 612-2-9
44	چہارشنبہ 612-11-1	جمعہ 612-12-1	شنبہ 612-12-20	دوشنبہ 613-1-29
45	دوشنبہ 613-10-23	منگل 613-11-20	خمیس 613-12-20	جمعہ 614-0-18
46	جمعہ 614-10-11	شنبہ 614-11-9	دوشنبہ 614-12-9	بدھ 615-1-8
47	منگل 615-9-30	خمیس 615-10-30	جمعہ 615-11-28	اتوار 615-11-28
48	اتوار 616-9-19	دوشنبہ 616-10-8	بدھ 616-11-17	خمیس 616-12-16
49	خمیس 617-9-8	شنبہ 617-10-8	اتوار 617-11-6	منگل 617-12-6
50	دوشنبہ 618-8-28	بدھ 618-9-27	خمیس 618-10-26	شنبہ 618-11-25
51	شنبہ 619-8-18	اتوار 619-9-16	منگل 619-10-16	بدھ 619-11-14
52	بدھ 620-8-6	جمعہ 620-9-5	شنبہ 620-10-4	دوشنبہ 620-11-3
53	شنبہ 621-7-27	منگل 621-8-25	خمیس 621-9-24	جمعہ 621-10-23
1 ہجری	جمعہ 622-7-27	یک شنبہ 622-8-15	دوشنبہ 622-9-12	منگل 622-10-12
2	منگل 623-7-5	خمیس 623-8-4	جمعہ 623-9-2	اتوار 623-10-2
3	اتوار 624-6-6	دوشنبہ 624-7-3	بدھ 624-8-22	خمیس 624-9-20
4	خمیس 625-6-13	شنبہ 625-7-13	اتوار 625-8-11	منگل 625-9-10
5	دوشنبہ 626-6-3	بدھ 626-7-2	خمیس 626-7-21	شنبہ 626-8-30
6	شنبہ 627-5-23	اتوار 627-6-21	منگل 627-7-21	بدھ 627-8-19
7	بدھ 628-5-11	جمعہ 628-6-10	شنبہ 628-7-9	دوشنبہ 628-8-8
8	اتوار 629-4-30	منگل 629-5-30	بدھ 629-6-28	جمعہ 629-7-28
9	جمعہ 630-4-20	شنبہ 630-5-19	دوشنبہ 630-6-18	منگل 630-7-17

سنین اسلام	محرم	صفر	ربیع اول	ربیع الثانی
10	منگل 631-4-9	خمیس 631-5-9	جمعہ 631-6-7	اتوار 631-7-7
11	شنبہ 632-3-28	دوشنبہ 632-4-27	بدھ 632-5-27	خمیس 632-6-25
41 میلاد النبی	چہارشنبہ 610-4-1	جمعہ 610-5-1	شنبہ 610-5-30	دوشنبہ 610-6-29
42	دوشنبہ 611-3-22	سہ شنبہ 611-4-20	خمیس 611-5-20	جمعہ 611-8-18
43	جمعہ 612-3-10	یک شنبہ 612-4-19	دوشنبہ 612-5-8	چارشنبہ 612-6-7
44	سہ شنبہ 613-2-27	خمیس 613-3-29	جمعہ 613-4-27	یک شنبہ 613-5-27
45	اتوار 614-2-17	دوشنبہ 614-2-18	بدھ 614-4-17	خمیس 614-5-6
46	خمیس 615-2-6	شنبہ 615-3-8	اتوار 615-4-6	منگل 615-5-6
47	دوشنبہ 616-1-26	بدھ 616-3-25	جمعہ 616-3-26	شنبہ 616-4-24
48	شنبہ 617-1-15	اتوار 617-2-13	منگل 617-3-15	بدھ 617-4-13
49	چہارشنبہ 618-4-1	جمعہ 618-1-3	شنبہ 618-3-4	دوشنبہ 618-4-3
50	دوشنبہ 619-12-25	منگل 619-1-23	خمیس 619-2-22	جمعہ 619-3-22
51	جمعہ 620-12-14	شنبہ 620-1-12	دوشنبہ 620-2-11	منگل 621-3-1
52	منگل 621-12-2	خمیس 621-1-1	جمعہ 621-1-30	اتوار 621-3-1
53	اتوار 622-11-22	دوشنبہ 622-12-21	بدھ 622-1-20	خمیس 622-2-18
1 ہجری	خمیس 623-11-11	شنبہ 623-12-11	اتوار 623-1-9	منگل 623-2-8
2	دوشنبہ 623-10-31	بدھ 623-11-30	خمیس 623-12-29	شنبہ 624-1-28
3	شنبہ 624-10-20	اتوار 624-11-18	منگل 624-12-18	بدھ 625-1-16
4	بدھ 625-10-9	جمعہ 625-11-8	شنبہ 625-12- 7	دوشنبہ 626-12-26
5	اتوار 626-9-28	منگل 626-10-28	خمیس 626-11-27	جمعہ 627-1-6
6	جمعہ 627-9-18	شنبہ 627-10-17	دوشنبہ 627-11-16	منگل 627-12-15
7	منگل 628-9-6	خمیس 628-10-6	جمعہ 628-11- 4	اتوار 628-12-4
8	شنبہ 629-8-26	دوشنبہ 629-9-25	بدھ 629-10-25	خمیس 629-11-23
9	خمیس 630-8-16	جمعہ 630-9-14	اتوار 630-10-14	دوشنبہ 630-11-12
10	دوشنبہ 631-8-5	بدھ 631-9-4	خمیس 631-10-3	شنبہ 631-11-2

سنین اسلام	محرم	صفر	ربیع الاول	ربیع الثانی
11	شنبہ 632-7-25	اتوار 632-8-23	منگل 632-10-22	بدھ 632-11-21
41 میلاد النبی	سہ شنبہ 610-7-28	خمیس 610-8-27	جمعہ 610-9-25	یک شنبہ 610-10-25
42	یک شنبہ 611-7-18	دوشنبہ 611-8-26	بدھ 611-9-15	خمیس 611-10-24
43	خمیس 612-7-6	شنبہ 612-8-5	دوشنبہ 612-9-4	سہ شنبہ 612-10-3
44	دوشنبہ 613-6-25	چہارشنبہ 613-7-25	جمعہ 613-8-24	شنبہ 613-9-22
45	شنبہ 614-6-17	اتوار 614-7-21	منگل 614-8-13	بدھ 614-9-11
46	بدھ 615-6-4	جمعہ 615-7-21	شنبہ 615-8-2	دوشنبہ 615-9-1
47	دوشنبہ 616-5-24	منگل 616-6-22	خمیس 616-7-22	جمعہ 616-8-2
48	جمعہ 617-5-13	شنبہ 617-6-11	دوشنبہ 617-7-11	بدھ 617-8-10
49	منگل 618-5-2	خمیس 618-6-1	جمعہ 618-6-30	اتوار 618-7-30
50	اتوار 619-4-22	دوشنبہ 619-5-21	بدھ 619-6-20	خمیس 619-7-19
51	خمیس 620-1-10	شنبہ 620-1-10	اتوار 620-6-6	منگل 620-7-8
52	دوشنبہ 621-3-30	بدھ 621-4-29	خمیس 621-5-28	شنبہ 621-6-2
53	شنبہ 622-3-20	اتوار 622-4-18	منگل 622-5-18	بدھ 622-6-16
1 ہجری	بدھ 623-3-9	جمعہ 623-4-8	شنبہ 623-5-7	دوشنبہ 623-6-6
2	اتوار 624-2-26	منگل 624-3-27	خمیس 624-4-26	جمعہ 624-5-25
3	جمعہ 625-2-15	شنبہ 625-3-16	دوشنبہ 625-4-15	منگل 625-5-14
4	اتوار 627-1-25	دوشنبہ 627-2-23	چہارشنبہ 627-3-5	خمیس 627-4-23
5	خمیس 628-1-25	جمعہ 628-2-12	اتوار 628-3-13	منگل 628-4-12
6	دوشنبہ 629-1-14	بدھ 629-2-1	خمیس 629-3-2	شنبہ 629-4-1
7	شنبہ 629-12-13	اتوار 630-1-21	منگل 630-2-2	بدھ 630-3-21
8	بدھ 630-12-12	خمیس 631-1-10	شنبہ 631-2-9	دوشنبہ 631-3-11
9	اتوار 631-12-1	منگل 631-12-31	بدھ 631-1-29	خمیس 632-3-27
10	جمعہ 632-11-2	شنبہ 632-12-19	دوشنبہ 633-1-18	منگل 633-2-16

قصیدہ

در حمد باری تعالیٰ جلّ جلالہ عمّ نوالہ

خدائے عزّوجل کے لیے ہے شکر نعم
زیادہ حد عدد سے ہے جس کے فضل و کرم

وہی ملک ہے، وہی مستعان، وہی معبود
وہی الٰہ، وہی ہادی رہ اقوم

وہی ہے غافر ذنب اور وہی ہے قابل توب
وہی ہے نائر ارض وسما ونور وظُلم

وہی ہے رافع عزّوعلا ومجد و عطا
وہی ہے دافع درد و بلا ورنج وسقم

جلال اس کا ہی آفاق کے لیے ہے محیط
نوال اس کا ہے ارزاق کے لیے مقسم

کمال عقل ہے درفان کنہ میں قاصر
زبان نطق بیان ثنا میں ہے ابکم

نمونہ قدرت باری کا ہے کہ صفحہ چرخ
ہجوم نجم سے ہوتا ہے اطلس معلم

ہے شان صنعت صانع کہ ارض کا یہ کرہ
وفور سبزہ سے بنتا ہے صفحہ ملحم

اسی کے حکم سے قائم جبال شامخ ہیں
اسی کے امر سے سائر ہے نیر اعظم

اسی کے فیض سے باغ حدوث ہے شاداب
اسی کے نام سے قلب سلیم ہے خرم

اسی کی داد سے مہ کو ملا ہے سکہ سیم
اسی کے جود سے ماہی کو کیسہء درہم

اسی نے فرش زمین کو بچھا دیا ہموار
اسی نے سلک ثریا کو دیا درہم

اسی کے قصد میں پویندہ ہیں الوف ملل
اسی کی حمد میں گویندہ ہیں صنوف امم

اسی کے خوض میں ہے تہ نشین دریا در
اسی کے شوق میں ہے آسمان گراشبنم

اسی کا نور ہے چشم جہاں کی بینائی
اسی کا حکم بقاو فنا کا مستلزم

اسی کی آیت قدرت سے ہے ہبوب ریاح
جو بادلوں کو ہے کرتی فراہم و درہم

اُسی آیت قدرت سے ہے تلمع برق
چمک میں جس کی ہے بیم ورجا کی شان بہم

اسی کی آیت قدرت سے ہے نزول میاہ
کہ مرگ وزیست کی ملتی نظیر ہے پیہم

سی کی آیت قدرت سے ہے کہ مردہ زمین
حیات تازہ سے باروگر ہوئی منضم

اسی کی آیت قدرت سے ہے کہ خاک سیاہ — ہزاروں بیش بہا گنج کی بنی مدغم
اسی کی آیت قدرت سے ہے کہ لیل و نہار — ہمیں سکھاتے ہیں طرز وطریق رامش درم
اسی کی آیت قدرت سے ہے کہ بین بہار — بنا دیے ہیں جزیرے مثال باغ ارم
اسی کی آیت قدرت سے ہے کہ گنبد چرخ — مثال سقف بغیر از عمد، رہا ہے تھم
اسی کی آیت قدرت سے ہے کہ انسان کی — لسان و لون میں نوعیں جدا جدا ہیں علم
اسی کی آیت قدرت سے ہے کہ ہوتا ہے — یہ موسموں کا تغیر یہ انقلاب امم
اس کے امر سے تھامے ہوئے ہیں سب طائر — فضا میں جسم کو اپنے بلاتردد وغم
اسی کے حکم سے ٹھہرے ہوئے ہیں یہ ابحار — کہ موج موج کا اندر ہے اپنے حد کے قدم
اس کے نور تجلی سے طور ہے روشن — اسی کی ذرہ نوازی سے نخل ہے ملہم
اسی کی ذات مقدس حقیق سجدہ ہے — اسی کے اسم معظم کے واسطے ہے قسم
اسی کی جناب میں ہوتی ہے عرض رب اغفر — اسی سے کہتے ہیں وارحم کہ سب سے ہے ارحم
اسی کی غایت حمد وثنا ہے لااحصی — اس کے اول ادراک پر ہے لا اعلم
وہی ہے ایک وحید اور لاشریک لہ — کہ ملک و حمد اسی کو ہے اور کبر وقدم
غنی ومقتدر وباسط ودود وجلیل — کبیر وقادر و بر و رؤف وحی وحکم
سلام و مؤمن وقدوس و والی وباری — غفور وباقی وستار اور حکیم حکم
احد ہےاور صمدلَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ — مثال وکفو سے ہے پاک تر بحد اتم
ہے شرک جو اسے کہتا ہے صرف رب النوع — وہ ہے مصور اشیاء وخالق عالم
اسی کے خلق ہیں اوراس کو پا نہیں سکتے — حواس سمع وبصر، عقل ودرک،لمس اور شم
شریک خلق میں اس کے نہ مادہ ہے نہ روح — مشیر امر میں اس کے وزیر نہ ندم
وگر ہے صدق ارادت تو برگ برگ گیاہ — ہے بام معرفت لا یزال کا سلم
مرے کریم ذوالجلال والاکرام — عمیم ہیں تیرے احسان کثیر تیری نعم
ہے ایک حکم میں تیرے حیات اور ممات — ہے سب کا تیرے ہی دوحرف میں وجود وعدم

[illegible]

نہیں وجود عوالم سے تیری قدرت بیش ‏— نہ انعدام خلائق سے تیری صنعت کم
ہو تیری عفو ورحیمی کا جس جگہ اظہار ‏— ہے مستحق کرامت گناہ اور ظلم
مقربین ہیں بین رجا و خوف ترے ‏— کہ ہے حجاب عدالت میں رحمت اور کرم
فرشتگان مکرم کہ انبیائے کرام ‏— عبودیت پہ تری شاد ہیں بہ فخراتم
تیری جناب میں سب کی التماس دعا ‏— تیری حضور میں سب کا سر ارادت خم
نہ مال میرا مائل طلب ، نہ حشمت وجاہ ‏— کہ سب مشتمل اس فیض میں بنی آدم
یہ التجا ہے ، یہی آرزو ، یہی خواہش ‏— مدام دل کی تمنا یہی بدیدہ نم
رہوں سدا متمسک نبی کی سنت سے ‏— قدم ہوں میرے صراط ہدیٰ پہ مستحکم
رگوں میں جوش لہو میں محبت اسلام ‏— بدن میں جان رہے جب تک اور دم میں دم
ترے حبیب نے جو امیوں کو دی تعلیم ‏— وہی ہو میرا عقیدہ نہ اس سے بیش وکم
رسول سید ابرار بندہ رحمٰن ‏— نبی جہاں کے لیے رحمت و مطاع امم
سراج و شاہد وداعی مبشر ومنذر ‏— ملاذ کعبہ و حامی قدس وشاہ حرم
ہماری جان پہ ہم سے سوا رؤف ورحیم ‏— شفیع و حامد و احمد محمد و خاتم
عوام کا اب وجد سے ہے مایہ نازش ‏— ہیں اس کی ذات پر نازاں خلیل اور آدم
درود اس پر اور اصحاب وآل پر اس کے ‏— کہ پر ہے ان کے فضائل سے مصحف محکم
توقیر کی متوحش جگہ میں ہو مونس ‏— توہولناک قیامت میں بن مرا ہمدم
الٰہی رحم مرے والدین پر فرما ‏— اسی سوال میں سارے سوال ہیں منضم

نفس ہے سینے میں سلمان کے رواں جب تک
نبیؐ کی نعت میں چلتی رہے زبان و قلم



فہرست مضامین رحمۃ للعالمین جلد دوم

مضامین	صفحہ نمبر
تمہید از مصنف	287
باب 1	
النسب	289
فصل اوّل۔ شجرہ طیبہ	289
حصہ اوّل: از عبداللہ تا عدنان کا بیان	
ایسا شجرۂ نسب تمام دنیا پیش کرنے سے عاجز ہے	289
حصہ دوم: فوق عدنان روایت کرنے کا جواز	289
حصہ سوم: آدم علیہ السلام سے تارہ تک کی اعمار اور بائبل کے بیان پر بحث	290
شجرہ از عبداللہ تک عدنان 21 پشت	290
شجرہ از اود تا قیدار از 22 تا 60 پشت	294
شجرہ از اسماعیل علیہ السلام تا آدم علیہ السلام از 61 تا 80 پشت	296
یسوع مسیح کا شجرہ	297
حصہ اوّل: لوقا و متی کا مقابلہ از یوسف تا زروبابل	298
حصہ دوم: لوقا و متی و بائبل کا مقابلہ از سلاقی ایل تا داؤد	299
نتیجہ	301
حصہ سوم: از داؤد علیہ السلام تا ابراہیم علیہ السلام	301
فصل دوم: اشہر المشاہیر کے حالات	303
حضرت آدم علیہ السلام	303
حضرت نوح علیہ السلام	303
فرزندان نوح علیہ السلام کی شاخیں	304
سام کا حال اور سامی زبانوں پر بحث	305
حضرت ابراہیم علیہ السلام	306
ام المسلمین ہاجرہ علیہا السلام (حرہ یا امۃ کی بحث)	307
حضرت اسمٰعیل علیہ السلام (ذبیح اللہ کون تھا؟)	311
بائبل میں اسحٰق و اسمٰعیل علیہما السلام کے فضائل	314
اقوام اسماعیلی	315
عدنان	317
معد	317
نزار (اسکی اولاد کا شجرہ، امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کا نسب)	318
مضر	318
الیاس	318





مضامین	صفحہ نمبر
مدرکہ	319
خزیمہ	319
کنانہ (حدیث صحیح مسلم)	319
نضر	320
مالک	320
فہر (لفظ قریش کی وجہ تسمیہ)	321
غالب	321
لوی	321
کعب (ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ و عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا شجرہ نسب)	322
مرہ (ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ و خالد سیف اللہ رضی اللہ عنہ کا نسب)	322
کلاب (سعد رضی اللہ عنہ، عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ، سیدہ آمنہ کا نسب)	323
قُصَی (بیت اللہ پر قبضہ اقوام۔ قصی کے اصول حکومت)	323
شجرہ اولادِ قصی	324
عبد مناف (اشعار مدحیہ عبد مناف و شجرہ اولادِ عبد مناف)	324
زکوٰۃ	326
غنیمت فے کی بحث آیات تقسیم	327
نقشہ (احکام تقسیم صدقات غنیمت، فے مع آیات قرآن مجید)	328
ہاشم	329
نقشہ اولادِ ہاشم	330

مضامین	صفحہ نمبر
عبدالمطلب	330
نقشہ اولادِ عبدالمطلب	331
حارث عم النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی اولاد	332
ابوسفیان مغیرہ ابن عم النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	333
ابوسفیان کے اشعار بر وفات رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	333
ابو طالب عم النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے فرزندان و دختران	334
عقیل بن ابو طالب رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد کا شجرہ	335
جعفر طیار رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد کا شجرہ	335
سیدنا علی رضی اللہ عنہ اور علوی فرزند	336
وفات علی رضی اللہ عنہ پر بکر بن حماد کے اشعار فاطمہ (والدۂ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ)	337
اولادِ علی کا نقشہ مع اسماء زوجات علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ	338
عباس علمدار اور ان کی اولاد کا شجرہ	339
عمر بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد کا شجرہ	340
ابوالقاسم محمد بن علی و اولاد محمد بن الحنفیہ کا شجرہ	340
ابو بکر بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ	341
ام ہانی دختر ابی طالب	341
جمانہ دختر ابی طالب	342
حمزہ رضی اللہ عنہ عم النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	342



مضامین	صفحہ نمبر
دختر حمزہ رضی اللہ عنہ کی حضانت پر زید رضی اللہ عنہ، جعفر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دعاوی	343
ابولہب بن عبدالمطلب اور اس کی اولاد	344
عباس ابن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد	344
زبیر عم النبی ﷺ اور ان کی اولاد	347
عمات النبی ﷺ	347
بیضاء عمۃ النبی ﷺ	347
امیمہ عمۃ النبی ﷺ	347
عاتکہ عمۃ النبی ﷺ (اس کا خواب)	348
صفیہ عمۃ النبی ﷺ (قوت ایمانیہ صفیہ رضی اللہ عنہا)	348
برۃ عمۃ النبی ﷺ	348
اروی عمۃ النبی ﷺ (اروی کے اشعار)	348
سردار عبداللہ والد النبی ﷺ (ان کے ذبح کا قصہ)	349
ابوطالب کے اشعار	349
سیدہ آمنہ اور ان کا شجرہ نسب	350
سیدہ آمنہ کے اشعار دعائیہ بشان نبی ﷺ	351
سیدہ آمنہ کے اشعار وفات شوہر پر	352
فصل	
آل النبی ﷺ	353
ابناء النبی ﷺ	353
قاسم بن محمد النبی ﷺ	353
عبداللہ (طیب وطاہر)	353
ابراہیم بن محمد رسول اللہ ﷺ	353
جدول کسوف شمس	356
بنات النبی ﷺ زینب رضی اللہ عنہا، بنت رسول ﷺ اور ان کی اولاد	357
سیدہ زینب رضی اللہ عنہا	358
رقیہ رضی اللہ عنہا بنت رسول ﷺ (عبداللہ سبط رسول ﷺ)	361
ام کلثوم رضی اللہ عنہا بنت رسول ﷺ	362
سیدہ فاطمہ بتول رضی اللہ عنہا بنت رسول اللہ ﷺ	363
ولادت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی تاریخوں میں اختلاف (حاشیہ)	363
مرویات سیدہ رضی اللہ عنہا	366
ابنائے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا	367
حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ	367
اولاد حضرت حسن رضی اللہ عنہ	370
حضرت زید بن حسن رحمۃ اللہ علیہ	371
حضرت حسن مثنیٰ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ	371
(سید الشیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا نسب)	371



مضامین	صفحہ نمبر
حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ	372
حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے اشعار	373
اہلیہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے اشعار بر شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ	373
اولاد حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ	374
حضرت زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ اور ان کی اولاد	374
عبداللہ الباہر بن زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ	374
زید شہید بن زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ	375
عمر الاشرف بن زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ	375
حسین الاصغر بن زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ	375
علی الاصغر رحمۃ اللہ علیہ	375
حضرت امام باقر رحمۃ اللہ علیہ (صحیح مسلم میں ان کی ایک عجیب حدیث)	375
حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے پانچ فرزند جن سے نسل جاری ہے	376
حضرت موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے دس فرزند جن سے نسل جاری ہے	376
حضرت علی الرضاء رحمۃ اللہ علیہ	376
حضرت محمد الجواد رحمۃ اللہ علیہ، ان کے فرزندوں کی نسل	377
حضرت علی النقی رحمۃ اللہ علیہ	377
حضرت ابو عبداللہ جعفر کذاب	377
حضرت حسن عسکری رحمۃ اللہ علیہ	377
باب 2	
امہات المومنین (ازواج النبی ﷺ)	378
ایشیاء کے مشہور مذاہب	378
منہاج نبوت اور تعدد زوجات	379
حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیویاں (3)	380
حضرت یعقوب علیہ السلام کی بیویاں (4)	380
حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیویاں (4)	380
حضرت موسیٰ علیہ السلام پر بے تعداد بیبیوں کا جواز	380
حضرت داؤد علیہ السلام کی بیویاں (9) اور دیگر ازواج وحرم	381
حضرت سلیمان علیہ السلام کی بیویاں (1000)	381
فصل اوّل: نبی ﷺ اور کثرت زوجات اور مصالح نکاح	383
نکاح ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا	383
نکاح ام المومنین جویریہ رضی اللہ عنہا اور امن عام	384
ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کے فوائد	384
ام المومنین زینب رضی اللہ عنہا کے نکاح کے دینی فوائد	384
فصل دوم: ازواج النبی ﷺ کے فضائل	385
فصل سوم: ازواج کے ساتھ نبی ﷺ کا حسن سلوک	392
فصل چہارم: ازواج النبی ﷺ کا نسب میں نبی ﷺ	

مضامین	صفحہ نمبر
سے اتصال مع نقشہ	394
فصل پنجم: امہات المومنین کے جداگانہ حالات	395
ام المومنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا	395
فرزندان سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا	397
اقارب سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا	398
ام المومنین سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا و اقارب سیدہ رضی اللہ عنہا	398
ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا	398
(حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا مختصر حال)	398
الشیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کا نسب (حاشیہ)	400
محبت کا امتحان	400
فضائل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا	401
مسئلہ فضیلت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا و حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا	404
احادیث مرویہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا	404
جہاد فی سبیل اللہ	405
اشعار حسان رضی اللہ عنہ بمدح صدیقہ رضی اللہ عنہا	405
امومت اُمت	406
ایک لغزش	406
اقارب سیدہ صدیقہ رضی اللہ عنہا	408
ذاتی رنج پر اسلامی خدمات کو ترجیح	409
ام المومنین سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا	410
احادیث سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا	411
اقارب سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا	412
خواجہ فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ، مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ، شاہ ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ، حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کا نسب	412
ام المساکین سیدہ زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا	412
ام المومنین سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا	412
اقارب سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا	413
مرویات سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا	414
ام المومنین سیّدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا	415
حضرت زید رضی اللہ عنہ کا ذکر (نسب عالی)	415
ہر شخص آزاد پیدا ہوتا ہے	415
رسم تبنیت کے کڑوے پھل (خرابیاں)	416
خاوند بیوی کا رشتہ	417
جواز تبنیت اور تاویل	418
عیسائی اس قصہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا پر کیوں اعتراض کرتے ہیں؟	418

مضامین	صفحہ نمبر
اقارب سیدہ زینب رضی اللہ عنہا	419
خواہران ام المومنین رضی اللہ عنہا	422
ام المومنین سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا	422
مرویات سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا	423
اقارب سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا	423
ام المومنین سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا	423
خطبہ نکاح	424
مرویات سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا	424
اقارب سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا	425
ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا	425
ام المومنین سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا	426
مرویات سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا	427
نقشہ متعلق احوال ازواج النبی ﷺ	428
باب 3	
غزوات وسرایا	429
نقشہ جس میں 82 غزوات وسرایا کا ذکر ہے	431
جدول واقعات عظیمہ متعلق سیرت النبی ﷺ	450
غزوات وسرایا کی صراحت کہ وہ سب لڑائیاں ہی نہیں	453
غزوات وسرایا کی تقسیم بلحاظ مقاصد	455
فریق ثانی (قبائل)	457
قبائل کے باہمی تعلقات قرابت	458
قبائل کی شرکت جنگ کی تاریخ نقصانات جنگ ہر دو فریق	459
اسیران غزوات کا انجام	461
یورپ کی جنگ عظیم اور ہلاکت نفوس	462
مذہبی لڑائیاں اور اتلاف نفوس	462
فہرست ان صحابہ پاک کی جو نبی ﷺ کے عہد مبارک میں شہید ہوئے	464
باب 4	
اساطیر کے معنی	481
پادریوں کے اعتراض قرآن اور مبلغ قرآن پر اور اس مضمون کا سیرت سے تعلق	481
حضرت آدم علیہ السلام، ان کا نسیان	481
قائن وہابیل فرزندان آدم علیہ السلام	482
حضرت نوح علیہ السلام	483
حضرت ابراہیم علیہ السلام	484
حضرت لوط علیہ السلام	486



مضامین	صفحہ نمبر
حضرت اسحاق علیہ السلام	486
حضرت یعقوب علیہ السلام	487
حضرت یوسف علیہ السلام	488
حضرت موسیٰ علیہ السلام	490
حضرت داؤد علیہ السلام	494
حضرت سلیمان علیہ السلام	494
حضرت ایوب علیہ السلام	495
حضرت زکریا علیہ السلام	496
حضرت یحییٰ علیہ السلام	497
حضرت مسیح عیسیٰ بن مریم علیہ السلام	497
باب 4	
افضلیت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (تخییر وتفضیلات)	498
آدم علیہ السلام	499
تعلم آدم علیہ السلام وتعلیم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	499
نسیان آدم علیہ السلام، عدم نسیان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	499
کلمات برآدم علیہ السلام وکلمات برمحمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	500
شجر آدم علیہ السلام وشجر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	500
سجدہ برآدم علیہ السلام وصلوات برمحمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	500
ادریس علیہ السلام	501
صدق ادریس علیہ السلام وصدق محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	501
رفعت مکان ادریس علیہ السلام ورفعت ذکر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	501
الیاس علیہ السلام اور ادریس علیہ السلام واحد شخص کے نام ہیں	501
بعل بت اور لات ومناۃ وعزیٰ	502
نوح علیہ السلام	502
انبیاء اولوالعزم کے اسماء اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تقدم	502
نبوت نوح علیہ السلام اور نبوت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وسعت	503
نوح علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب سے عدم اطرادِ غرباء	503
حضرت نوح علیہ السلام اور ان کی امت کی سلامتی وبرکات	503
امت محمدیہ اور صلوٰۃ وتطہیر واتمام نعمت	503
حضرت ہود علیہ السلام	504
ہود علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بشریت	504
مؤمنین عہد ہود وعہد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	504
حضرت ہود علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جواب	504
صالح علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مواعظ کے مضامین	505
خلیل الرحمٰن ابراہیم علیہ السلام	505
اطفائے نار برابراہیم علیہ السلام ومحمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	506



مضامین	صفحہ نمبر
تعمیر کعبہ وتقلب جہت کعبہ	506
بت شکنی و بطلان صنم پرستی	506
اذان برائے حج وفرضیت حج	506
ابراہیم علیہ السلام کا البغض للہ کی صفت میں اور محمد ﷺ کا الحب فی اللہ کی صفت میں اسوہ حسنہ ہونا	506
ابراہیم علیہ السلام کا اواہ وحلیم اور نبی ﷺ کا مالک خلق عظیم ہونا	507
ابراہیم علیہ السلام کی دلیل بر قدرت الٰہی محمد ﷺ کی براحیاء موتی	507
حضرت لوط علیہ السلام	508
قوم کی جانب سے اخراج لوط علیہ السلام واخراج محمد ﷺ کی دھمکیاں	508
قوم لوط علیہ السلام کا عمل بر خبائث، نبی ﷺ کا تحریم خبائث	508
لوط علیہ السلام اور محمد ﷺ کی امداد کے لئے فرشتوں کا نزول	508
حضرت اسماعیل علیہ السلام	509
صدق وعدہ اسماعیل علیہ السلام وتصدیق وعدہ نبوی	509
اسماعیل علیہ السلام اور محمد ﷺ کی اصلاح اہل بیت	509
طہارت بیت اللہ اور بیت اللہ کا قبلہ ہونا	509
حضرت اسحاق علیہ السلام	509
حضرت اسحاق علیہ السلام کا فرزند بشارت ہونا اور محمد ﷺ کا بھی فرزند بشارت ہونا	509

مضامین	صفحہ نمبر
حضرت یعقوب علیہ السلام	510
حضرت یعقوب علیہ السلام اور محمد ﷺ کے مواعظ توحید یاس از رحمت کے خلاف یعقوب علیہ السلام اور محمد ﷺ کی تعلیم	510
استغفار یعقوب علیہ السلام برائے فرزندان واستغفار محمد ﷺ برائے عاصیان	511
درود شریف کی فضیلت	511
حضرت یوسف علیہ السلام	511
خواب یوسف علیہ السلام وخواب نبی ﷺ	512
امراۃ العزیز اور امراۃ زید رضی اللہ عنہ	512
یوسف علیہ السلام کے قتل واخراج اور نبی ﷺ کے قید، قتل اور اخراج کے مشورے	512
قحط میں حضرت یوسف علیہ السلام اور آنحضرت ﷺ کی امداد برائے غرباء	512
حضرت شعیب علیہ السلام	513
شعیب علیہ السلام اور محمد ﷺ کے احکام کیل ووزن پر	513
اخراج امت شعیب علیہ السلام واخراج مہاجرین رضی اللہ عنہم	513
انکار از فہم تعلیم شعیب علیہ السلام ومحمد ﷺ	513
سود وربا صلوٰۃ ایمان بعہد شعیب علیہ السلام ومحمد ﷺ	514



مضامین	صفحہ نمبر
حضرت موسیٰ علیہ السلام	514
حضرت موسیٰ علیہ السلام کے یتیم ہونے کا گمان اور نبی کریم ﷺ کا یتیم ہونا	514
موسیٰ علیہ السلام و محمد ﷺ کا مخالفین میں سے بسلامت نکلنا	515
دختر شعیب علیہ السلام اور خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا	515
تجلی بر موسیٰ علیہ السلام و معراج نبوی ﷺ	515
تعاقب فرعون کے وقت کلام موسیٰ علیہ السلام	516
تعاقب قریش کے وقت حدیث نبوی علیہ السلام جس کی روایت قرآن میں ہے	516
تخلف بنی اسرائیل و تخلف اعراب از جہاد بعہد کلیمی و نبوی اور نتائج انجام اعدائے موسیٰ علیہ السلام و محمد ﷺ	517
شرح صدر موسوی و محمدی	518
وزارت موسیٰ علیہ السلام و رفع وزر محمد ﷺ	518
رضا پر موسیٰ علیہ السلام اور محمد ﷺ کے درجات	518
حضرت ہارون علیہ السلام	519
حضرت ہارون علیہ السلام اور نبی ﷺ کا امام نماز ہونا	519
فصاحت ہارون علیہ السلام و فصاحت محمد ﷺ	519
جوامع الکلم	519
فتیٰ موسیٰ علیہ السلام اور زید رضی اللہ عنہ کا ہم صفت ہونا	519
حضرت الیسع علیہ السلام	520
خیریت الیسع علیہ السلام امت محمد ﷺ	520
حضرت داؤد علیہ السلام	521
علم داؤد علیہ السلام و محمد ﷺ	521
فضیلت داؤد علیہ السلام و محمد ﷺ	521
ارض موعود پر خلافت مومنین محمدیہ تلئین حدید و تلئین قلوب	522
حضرت سلیمان علیہ السلام	523
سلیمان علیہ السلام و محمد ﷺ کی غنیٰ	523
ریح السلیمان علیہ السلام و ریحاً و جنوداً محمد ﷺ	523
حضرت سلیمان علیہ السلام اور جن و انس و طیر	523
حضرت محمد ﷺ اور جملہ مخلوقات	523
حضرت یونس علیہ السلام	525
یونس علیہ السلام اور شکم حوت	525
محمد علیہ السلام اور بطن غار	525
تسبیح یونس علیہ السلام و تقدیس محمد ﷺ	526
حضرت ایوب علیہ السلام	526
صبر ایوب علیہ السلام و صبر محمد ﷺ	526



مضامین	صفحہ نمبر
عبدیت ایوب علیہ السلام اور محمد ﷺ	527
ایوب علیہ السلام اور محمد ﷺ کا راجع الی اللہ ہونا	527
حضرت زکریا علیہ السلام	528
رحمت بر زکریا علیہ السلام و رحمت بر محمد ﷺ	528
دعا زکریا علیہ السلام و التجا محمد ﷺ	528
حضرت یحیٰی علیہ السلام، یحیٰی علیہ السلام کا دعائے زکریا ہونا اور محمد ﷺ کا دعائے ابراہیم ہونا	529
حضرت یحیٰی علیہ السلام مصدق بکلمۃ اللہ تھے اور محمد ﷺ مصدق لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ	529
یحیٰی علیہ السلام اور محمد ﷺ کا سید ہونا	530
یحیٰی علیہ السلام اور محمد ﷺ کا حصور ہونا	530
یحیٰی علیہ السلام کو نبی فرمایا گیا اور محمد رسول اللہ ﷺ کو 33 بار نبی کہا گیا	531
یحیٰی علیہ السلام کا اخذ کتاب	531
نبی ﷺ کا تعلیم الکتاب	531
یحیٰی علیہ السلام اور محمد ﷺ کی نرم خوئی	531
یحیٰی علیہ السلام و محمد ﷺ اور زکوٰۃ و تزکی	531
یحیٰی علیہ السلام اور محمد رسول اللہ ﷺ اور صفت تقویٰ	531
احسان للوالدین	532

مضامین	صفحہ نمبر
حضرت عیسیٰ مسیح علیہ السلام	532
جدہ مسیح علیہ السلام اور نبی ﷺ کی دعا و استعاذہ	532
مریم علیہ السلام و مسیح علیہ السلام اور محمد ﷺ کے ماویٰ کا ذکر	532
مسیح علیہ السلام اور محمد ﷺ کی عبدیت اور اتیاء کتاب	533
مسیح علیہ السلام اور محمد ﷺ اور برکت	533
مسیح علیہ السلام اور محمد ﷺ کو حکم عبادت تا حیات	533
عیسیٰ علیہ السلام اور تائید روح القدس اور محمد ﷺ اور تائید جنود الٰہی	533
عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کا مقصد بشارت نبوی ﷺ تھا	534
اسم پاک احمد ﷺ پر احادیث نبوی	535
اسم پاک احمد ﷺ پر اشعار عرب	536
قبل از بعثت	536
اسم پاک احمد پر حضرت حسان رضی اللہ عنہ و کعب رضی اللہ عنہ کے اشعار بحیات نبوی ﷺ	537
صحابہ رضی اللہ عنہم اور علی مرتضیٰ و سیدہ فاطمہ کے اشعار اسم پاک احمد ﷺ پر بعد از وفات نبوی ﷺ	538
نبی کریم ﷺ سے پیشتر کسی شخص کا اسم احمد ﷺ سے موسوم نہ کرنا	539
بعد از نبی ﷺ اکثر اکابر امت کا اس نام سے موسوم ہونا اور 53 مشہور اسماء کی فہرست نبی کریم ﷺ کی شاہد ہیں	539

مضامین	صفحہ نمبر
نبی ﷺ شاہد ہیں	542
نبی ﷺ مبشر و نذیر ہیں	543
نبی ﷺ داعیاً الی اللہ باذنہ ہیں	544
نبی کریم ﷺ سراجًا منیرًا ہیں	546
باب 6	
رحمۃ للعالمین ﷺ	548
قرآن مجید میں للعالمین کا لفظ کس کس کے لئے ہے؟	548
نبی کریم ﷺ کی تعلیم کا قومی امتیازات سے بالاتر ہونا	549
نبی کریم ﷺ کا رحمۃ للعالمین ہونا	550
نبی ﷺ کی رحمت مختلف اقوام پر و نبی کریم ﷺ کی رحمت مختلف طبقات پر	550
نبی کریم ﷺ کی رحمت یہود پر	551
نبی کریم ﷺ کی رحمت عیسائیوں پر	552
رحمۃ للعالمین ﷺ اخوت کی تعلیم دیتا ہے	553
رحمۃ للعالمین ﷺ خالص انصاف کا حکم دیتا ہے	553
رحمۃ للعالمین ﷺ شہادت کی توثیق فرماتا ہے	553
رحمۃ للعالمین ﷺ بیوی کا درجہ اور حقوق بتاتا ہے	554
رحمۃ للعالمین ﷺ انسان کی جان کی قدر و قیمت کا اندازہ ظاہر کرتا ہے	554
رحمۃ للعالمین ﷺ جنگ میں بھی رحیمانہ اصول قائم فرماتا ہے	555
رحمۃ للعالمین ﷺ کا حکم والدین کی اطاعت پر	556
رحمۃ للعالمین ﷺ نے معافی کی فلاسفی ظاہر فرمائی	556
رحمۃ للعالمین ﷺ نے زنا کی برائی پر کیسی دلیل پیش کی	556
رحمۃ للعالمین ﷺ کا حکم حرمت شراب و قمار پر	557
رحمۃ للعالمین ﷺ کی رحمت کا عالم کے لئے عام ہونا	557
رحمۃ للعالمین ﷺ کی رحمت اور رافت کا خاص کیلئے خاص ہونا	557
باب 7	
حب النبی ﷺ	558
لفظ عشق کا استعمال قرآن و حدیث میں نہیں ہوا	558
عشق کے لغوی معنی، محبت اور عشق میں فرق	558
محبت کی صفت	559
جود و سخائے نبوی ﷺ	561
عدل و انصاف	562
نجدت و شجاعت	563
تواضع	564
حیاء	565

نبی کریم ﷺ کے خطوط کے عکس







مضامین	صفحہ نمبر
شفقت ورافت	565
عفو وکرم	566
زہد فی الدنیا	567
طریقہ نبوی کی جامع حدیث	569
عام اخلاق	569
محبت صحابہ رضی اللہ عنہم کی بابت عروہ بن مسعود کا بیان	571
محبت نبوی ﷺ پر زید کا حلفیہ بیان	571
عبید اللہ بن یزید صحابی رضی اللہ عنہ اور محبت نبوی ﷺ	571
ایک صحابیہ رضی اللہ عنہا کی محبت	572
انس وعثمان وغنی وعلی مرتضٰی رضی اللہ عنہم اور محبت نبوی ﷺ	572
جذبات محبت	572
کن بزرگوں کی محبت عین محبت نبوی ﷺ ہے	575
دعائے محبت	576
باب ہشتم 8	
لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ	577
دنیا کے مشہور سنین کی تاریخیں اور ہر ایک تاریخ کا سنہ ہجری سے تطابق	577
جدول آغاز مشہور سنین نبوت ﷺ	578
قصیدہ درحمد باری تعالیٰ	593

رحمۃ للعالمین
قاضی محمد سلیمان سلمان
منصورپوری
وما ارسلناك الا رحمة للعالمين
MARKAZ
Al-Hrmain-ul-Islami
GULBAHAR COLONY, SATIANA ROAD, FAISALABD-PAKISTAN.
CONTACT: 0304 3010777

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

رحمۃ للعالمین



مؤلف

قاضی محمد سلیمان سلمان منصورپوری رحمہ اللہ

تصحیح وتعلیق

میاں طاہر

مرکز الحرمین الاسلامی

رحمۃ للعالمین
قاضی محمد سلیمان سلمان
منصورپوری رحمہ اللہ



اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

رحمۃ للعالمین

مؤلف

قاضی محمد سلیمان سلمان منصورپوری رحمہ اللہ

تخریج وتعلیق

میاں طاہر



مرکز الحرمین الاسلامی

جلد سوم

فہرست آخر میں دیکھیں یا صفحہ نمبر 30 پر جائیں

تقدمہ

''رحمۃ للعالمین'' اور اس کا مصنف

(از جناب علامہ سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ)

آج سے بیس (20) سال پہلے کا واقعہ ہے کہ مولانا شبلی مرحوم نے اپنی سیرت نبوی ﷺ کی تجویز اہل ملت کے سامنے پیش کی تھی' اس کے جواب میں ہر طرف سے تائید کی آوازیں بلند ہوئیں' صرف ایک آواز مخالفت میں اٹھی۔ یہ مولوی انشاء اللہ خاں مرحوم ایڈیٹر ''وطن'' کی آواز تھی۔ انھوں نے لکھا کہ قاضی محمد سلیمان رحمہ اللہ چوں کہ اسکے لکھنے کا ارادہ کر رہے ہیں' اس لیے مولانا شبلی رحمہ اللہ کو تکلیف کی ضرورت نہیں۔ اس کے بعد خاموشی سے بیس (20) برس گزر گئے اور دونوں مصنفوں کی تصانیف کی کئی جلدیں ارباب شوق کے سامنے پیش ہوئیں اور دونوں نے قبولیت عامہ حاصل کی۔ پھر یہ کس کو خیال آسکتا تھا کہ یہ دونوں مصنف آگے پیچھے اس دنیا کو خیر باد کہیں گے اور ان دونوں کے بعد ایک تیسرا شخص آئے گا جو فیوض و برکات کے ان دو مختلف سوتوں کو ملا کر ایک چشمہ بنا دے گا۔ اللہ کے سامنے میں اس کی دی ہوئی عزت پر نازاں ہوں کہ اس نے بزرگوں کی متروکات کی تکمیل کی سعادت میرے حصہ میں رکھی۔

رحمۃ للعالمین کے مصنف سے میں سب سے پہلے 1916ء میں واقف ہوا جب کہ حافظ عبدالحلیم تاجر کانپور نے اپنے وطن بسی میں سرہند کے قریب جو ریاست پٹیالہ میں واقع ہے ایک یتیم خانہ کے افتتاح کی تقریب میں شرکت کی دعوت دی۔ مرحوم اس زمانہ میں ریاست پٹیالہ میں سیشن جج تھے' وہ بھی ریاست کے دوسرے عہدے داروں کے ساتھ بسی کے جلسہ میں آئے اور مجھ سے خلوص و محبت سے ملے اور دیر تک بعض پادریوں اور عیسائیوں کے ساتھ اپنے چند مناظروں کا ذکر فرماتے رہے۔ یہ طرفین کی محبت کا پہلا تخم تھا جو مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کی سرزمین میں ہم دونوں نے بویا۔

مرحوم مجھ سے عمر میں بہت بڑے تھے اور میرے بزرگ تھے' مگر ان کی طرف سے انکسار و تواضع نے اور میری طرف سے اعتراف و اقرار نے اس تخم کی آبیاری کی اور رفتہ رفتہ اس درجہ اس میں بالیدگی ہوئی کہ اس شجر طوبٰی کے سایہ میں ہم نے بارہا آرام پایا۔ ندوۃ العلماء کی مجلس کے ہم دونوں ممبر تھے اور اس تعلق سے سال میں ایک دفعہ ضرور یکجائی نصیب ہوتی۔ ایک دفعہ جب وہ اہل حدیث کانفرنس کے اجلاس مئو کے صدر ہو کر آئے تو اعظم گڑھ آ کر ''دار المصنفین'' میں بھی دو راتیں بسر کیں اور یہ پہلا موقع تھا کہ میں نے جانا کہ موصوف عامل بالحدیث ہیں۔ ایسے خاموش آمین بالجہر کرنے والے کو آنکھوں نے سب سے پہلی دفعہ دیکھا اور لطف روحانی اٹھایا' میں نے حیرت سے پوچھا یہ کیا ہے؟ فرمایا: ''یہ تو مدت العمر سے ہے۔''

مرحوم میں روشن خیالی کے ساتھ روشن ضمیری اور دماغی قابلیت کے ساتھ روحانی کیفیت یکجا تھی' وہ علم کے ملا اور دل کے صوفی تھے۔ صاف ستھرے رہتے تھے' تبلیغ کے دلدادہ تھے۔ صلح پسند اور خاکسار تھے' علم کی نمائش پسند خاطر نہ تھی اور ان سب سے بالاتر جو وصف

تھا وہ ذات پاک رسالت مآب ﷺ کے ساتھ شیفتگی اور عقیدت تھی۔ دو حج کیے اور آخر دوسرے حج میں دیار حبیب ﷺ میں اپنی جان جان آفرین کے سپرد کر دی اور عبودیت کا سر اس آستانہ اقدس پر اس طرح جھکایا کہ پھر نہ اٹھایا۔ عشق باطن نے ظاہری نعمت کے ساتھ باطن کی یہ سعادت بخشی کہ اس سرزمین میں ان کو ہمیشہ کے لیے جگہ دی' جس کے ذرہ ذرہ کے ساتھ ان کے رگ رگ کو وابستگی تھی۔

مرحوم نے اسلام کے فضائل اور تفسیر و تاریخ میں اپنے بعد اپنی متعدد یادگاریں چھوڑیں' مگر ان سب میں بہتر اور جامع ان کی تصنیف ''رحمۃ للعالمین'' ہے۔ جس کے دو حصے خود ان کی زندگی میں چھپ چکے تھے۔ اور اب یہ تیسرا حصہ ان کے بعد شائع ہو رہا ہے۔ اس حصہ کا موضوع اسلام اور پیغمبر اسلام علیہ السلام کی امتیازی خصوصیات ہیں۔ قارئین دیکھیں گے کہ ایک عاشق رسول ﷺ کے قلم نے عشق و محبت کے نشہ سرور میں علم و عقل کی فرزانگی اور ہوشیاری کے ساتھ نکتہ رسی اور دیدہ وری کی کیا کیا صنعت کاریاں کی ہیں۔ افسوس۔ یہ چشمہ فیض اب ہمیشہ کے لیے خشک ہو گیا' مگر مجھے یقین ہے کہ جب تک ہندوستان میں اسلام کا دریا لہریں لیتا رہے گا رحمۃ للعالمین کے یہ کاغذی سفینے مسلمانوں کی سلامتی ایمان کے لیے اس میں چلتے پھرتے تیرتے ابھرتے رہیں گے۔

مرحوم نے رحمۃ للعالمین لکھی اور رب العالمین نے اس دنیا میں اس کو قبول کے شرف سے ممتاز کیا۔ امید ہے کہ اس کی ''رب العالمینی'' اور اس کے رسول ﷺ کی ''رحمۃ للعالمینی'' دوسری دنیا میں بھی اس کی چارہ نوازی کرے گی۔

''رحمۃ للعالمین'' کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ مصنف کے ذوق کے مطابق سوانح اور واقعات کے ساتھ غیر مذاہب کے اعتراضات کے جوابات اور دوسرے صحف آسمانی کے ساتھ موازنہ اور خصوصیت سے یہود و نصاریٰ کے دعاوی کا ابطال بھی اس میں جا بجا ہے۔ مصنف رحمہ اللہ کو توراۃ اور انجیل پر کمال عبور حاصل تھا اور عیسائیوں کے مناظرانہ پہلوؤں سے اس کی پوری واقفیت تھی۔ اسی بنا پر اس کی یہ کتاب ان معلومات کا پورا خزانہ ہے۔

پیش نظر حصہ کہنے کو خصائص محمدی ﷺ کے بیان میں ہے' مگر درحقیقت اس میں اسلام کے ان امتیازات اور خصوصیات کا خاکہ ہے' جس کی بنا پر اس کو ''دین کامل'' کا خطاب ملا ہے۔ اس طرح اس میں آنحضرت ﷺ کے وہ فضائل و محامد درج ہیں' جن کی بنا پر آپ ﷺ کو خاتم النبیین اور تکمیل دین کا پر فخر خطاب باری تعالیٰ سے عطا ہوا ہے۔ مصنف کے دلائل ایسے دلنشین اور طرز ادا ایسا متین ہے کہ اس کی یہ تصنیف ہر صاحب ذوق کے لیے باعث تسکین ہو سکتی ہے۔ زمانہ حال نے خیالات میں جو تغیر اور طریق تبلیغ میں انقلاب پیدا کیا ہے۔ مصنف مرحوم نے اس کی پوری نگہداشت کی ہے اور اسلام اور پیغمبر اسلام علیہ الوف التحیات والسلام کے وہ تمام امتیازات اور محاسن جو اس دور میں کسی حیثیت سے بھی پیش کرنے کے لائق تھے مرحوم نے ان کا پورا استقصا کیا ہے اور کہیں سے کسی کارآمد نکتہ کو ہاتھ سے جانے نہیں دیا ہے۔

مناظرانہ طریق تصنیف میں سنجیدگی اور متانت کا برقرار رکھنا سخت مشکل کام ہے' مگر جس طرح خود مصنف رحمہ اللہ اس وصف میں ممتاز تھے' اسی طرح ان کی یہ تصنیف بھی اس وصف میں امتیاز خاص رکھتی ہے۔ پوری کتاب مناظرانہ اور احقاق حق کی روداد وں سے لبریز ہے تاہم کہیں تہذیب اور مذاق سلیم کو حرف گیری کا موقع نہیں مل سکتا۔ ﴿ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ﴾ [المائدۃ:54]

اگر اس دنیا کی مقبولیت سے اس دنیا کے اجر جزیل کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے تو یہ کہنے میں قلم کو باک نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مصنف رحمہ اللہ کے جلائل اعمال میں اس تصنیف کا شمار ہوا ہوگا اور غالباً یہی ان کا ایک کام ان کی مغفرت اور نجات کے لیے کافی ہوگا۔

کتاب کے دو پہلے حصوں نے عام قارئین کے علاوہ اسلامی مدارس و مکاتب میں درس کی حیثیت سے بھی جگہ پائی ہے۔ مجھے امید ہے کہ یہ حصہ بھی اسی قدر مقبول ہوگا اور عام مسلمان اور طلبہ اس کے مضامین سے مستفید اور اس کے مطالب سے بہرہ مند ہوں گے۔

کسی مصنف کی یہ خوش قسمتی کیا کم ہے کہ اس کے مرنے کے بعد بھی اس کے قلم کا خیر جاری رہے۔ انسان فانی ہے' مگر اس کا عمل باقی ہے۔ مرحوم مصنف خاک کے کسی گوشہ میں آسودہ ہے مگر اس کے ہاتھ کی جنبش نے کاغذ کے صفحات پر اخلاص و نیاز کے ساتھ جو گلکاریاں کی ہیں اس کی بہاران شاءاللہ سدا قائم رہے گی اور اس کی خوشبو ایمان کے مشام جاں کو ہمیشہ معطر رکھے گی۔

قارئین میرے ساتھ دست بہ دعا ہوں کہ مرحوم کو رضائے الٰہی کی بہشت جاوید میں درجات عالیات نصیب ہوں کہ اس کے قلمی احسانات کا ہماری طرف سے یہی زبانی شکریہ ہو سکتا ہے۔

والسلام

سید سلیمان ندوی (رحمہ اللہ)

29۔ محرم 1352ھ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَ سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّبِيِّيْنَ وَاِلٰهُ الْمُرْسَلِيْنَ ۔ قَيُّوْمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهُ الْمَبْعُوْثُ بِالصِّدْقِ وَالنُّوْرِ الْمُبِيْنِ وَ رَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِيْنَ وَ خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ ۔ فَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّاتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ خُلَفَآئِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۔ اٰمِيْنَ اِلٰهَ الْحَقِّ اٰمِيْنَ۔ اَمَّا بَعْدُ:

قارئین کی خدمت میں کتاب رحمۃ للعالمین کی یہ جلد سوم نہایت ادب سے پیش کی جاتی ہے۔ اس جلد کے مضامین عرصہ ہوا کہ قلم بند کیے جا چکے تھے لیکن سیرت نگار کے بیمار ہو جانے سے فراہمی و ترتیب مضامین میں تاخیر پر تاخیر ہوتی رہی۔

احباب کا شوق اور تقاضے اور راقم الحروف کی ندامت بڑھتی رہی۔ اب ان مضامین کو فراہم کر دیا گیا ہے لازم تھا کہ نظر ثانی کر لی جاتی، مگر سفر حج کا داعیہ پیدا ہوا اور یہ ضروری کام رہ گیا۔ اب تو کلا علی اللہ روانگی سفر مبارک سے پیشتر ان اوراق کو مطبع میں روانہ کر رہا ہوں۔ [1] اللہ تعالیٰ میری لغزشوں کو معاف فرمائے۔

قبل ازیں اس کتاب کی جلد اول اور دوم شائع ہو چکی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو قبولیت عام ان کتابوں کو عطا فرمائی ہے وہ محض اس کا فضل خاص ہے۔

بندہ مستمند نقش نگار حروف چند کے فہم و تصور سے بالاتر تھا کہ یہ کتاب مدارس اسلامیہ کے نصاب درسیہ میں داخل کی جائے گی۔ اور جامعہ عثمانیہ دکن، جامع عباسیہ بہاول پور و ندوۃ العلماء لکھنؤ و دیو بند و حمایت اسلام لاہور کے صاحبان فضل و کمال ان کتابوں کو جزو تعلیم قرار دیں گے اور جملہ مدارس ثانویہ اسلامیہ میں اس کی تدریس لازمی قرار دی جائے گی۔

امید ہے کہ اب فتاح العلوم اس جلد سوم کو بھی حسن قبول کے شرف سے مشرف فرمائے گا اور بزرگان دین و علمائے صدق اس کتاب کا ملاحظہ مربیانہ التفات سے کریں گے۔

﴿رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾ [البقرة:127]

﴿ رَبِّ اَوْزِعْنِيْ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ عَلٰى وَالِدَيَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَ اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَ اِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ﴾

﴿ رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَلِاَخِيْ وَ اَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴾

........خاکسار..........

محمد سلیمان سلمان منصورپوری (...) (...)

---

[1] مصنف رحمۃ للعالمین ﷫ کا ارادہ یہی تھا مگر افسوس کہ پورا نہ ہو سکا اور آپ مسودہ نظر ثانی کے لیے اپنے ساتھ ہی لے گئے۔ چنانچہ ریل اور جہاز میں یہی کام کرتے رہے اور چند نئے ابواب کا اضافہ بھی کر دیا اور مکہ معظمہ پہنچنے تک اسے بالکل مکمل کر دیا۔ واپسی پر جہاز میں آپ کا وصال ہو گیا اور یہ مسودہ کچھ عرصہ تک آپ کے اسباب میں ہی بند پڑا رہا۔ الحمد للہ! کہ اب زیر طبع سے مزین ہو کر نذر قارئین ہو رہا ہے۔

باب اوّل 1

خصائص النبی ﷺ

خصوصیات نبوی ﷺ کے متعلق متقدمین کی بھی چند کتابیں ہیں، جو اسی زمانہ کے ایک خاص گروہ کے سامنے پیش کرنے کے لیے موزوں کہی جاسکتی ہیں۔

مع ہذا جو کچھ پہلے لکھا جاچکا ہے، اس کو دہرانا متلاشیان مزید کی پیاس کو نہیں بجھاسکتا۔

خصائص النبی ﷺ کو اگر پوری وسعت کے ساتھ لکھا جائے تو ایک ضخیم دفتر بن جائے۔ لہٰذا جو کچھ لکھا جاتا ہے وہ صرف ''ماحضر'' کے تحت میں ہے۔ خصائص کا استنباط زیادہ تر آیات قرآنیہ سے کیا گیا ہے، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ ہی اپنے حبیب کی خصوصیات کا جاننے والا اور وہی اس کنز مخفی کی مفتاح فرمانے والا ہے۔

کمی علم یا سوء فہم کی وجہ سے جو غلطی مجھ سے ہوئی ہو اللہ تعالیٰ معاف فرمائے۔

یہ باب دو فصلوں پر مشتمل ہے: اوّل خصوصیات وجود گرامی۔ دوم خصوصیات نبوت، جس کے فیضان میں عالم و عالمیان بھی داخل ہیں۔ آخر میں ایک حدیث پاک سے طریقہ محمدیہ ﷺ کی توضیح کی گئی ہے۔ نیز اسمائے مبارکہ میں چند اسماء عالیہ کے معانی لکھ کر باب ہذا کو ختم کیا گیا ہے۔ وَ مَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

فصل اوّل 1

خصوصیات وجود گرامی

خصوصیت نمبر 1

﴿ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ﴾ [الفتح:29] ''محمد اللہ کے رسول ہیں''

آیت بالا میں نبی ﷺ کا نام بھی ہے اور حضور ﷺ کا منصب بھی بتایا گیا ہے۔ ہر دو اعتبار سے آیت بالا خصوصیات نبویہ کا مظہر ہے۔

① نبی ﷺ کی رفعت شان کے اظہار میں حضور ﷺ کا نام ہمایوں (بابرکت) بھی اپنے اندر خصوصیت رکھتا ہے۔

واضح ہو کہ انبیائے کرام علیہم السلام میں کسی نبی کا نام بھی ایسا نہیں پایا جاتا کہ وہ نام ہی اپنے مسمّٰی کے کمالات نبوت کا شاہد عدل ہو، بطور نمونہ چند اسماء کا ذکر کیا جاتا ہے:

- آدم علیہ السلام: کے معنی گندم گوں ہیں۔ ابوالبشر کا یہ نام ان کے جسمانی رنگ کو ظاہر کرتا ہے۔
- نوح علیہ السلام: کے معنی آرام ہیں، باپ نے ان کو آرام و راحت کا موجب قرار دیا۔
- اسحٰق علیہ السلام: کے معنی ضاحک، یعنی ہنسنے والا ہیں۔ ہشاش بشاش چہرہ والے تھے۔
- یعقوب علیہ السلام: پیچھے آنے والا، یا اپنے بھائی عیسو کے ساتھ توأم پیدا ہوئے۔
- موسیٰ علیہ السلام: پانی سے نکالا ہوا، جب ان کا صندوق پانی میں سے نکالا گیا، تب یہ نام رکھا گیا۔

- یحیٰی علیہ السلام: عمر دراز۔ بوڑھے ماں باپ کی بہترین آرزؤں کا ترجمان۔
- عیسیٰ علیہ السلام: سرخ رنگ۔ چہرہ گلگوں کی وجہ سے یہ نام تجویز ہوا۔

اسمائے بالا کو دیکھو اور ان کے معانی پر غور کرو کہ وہ کس طرح مسمّٰی کی عظمت روحانی یا نبوت کی طرف ذرا سی بھی اشارت نہیں رکھتے۔

مگر اسم محمد ﷺ کی شان خاص ہے:

حضور کا ذاتی نام محمد ﷺ بھی ہے اور احمد ﷺ بھی ہے۔ ہر دو اسمائے ذاتی میں وحدت مادہ موجود ہے۔ یعنی حمد سے بنے ہیں۔ اب معنیٰ ''حمد'' کا سمجھنا ضروری ہوا۔

ثناء و تکریم: رفعت شان و رفعت ذکر اور التزام جود و عطا کا مجموعہ حمد کہلاتا ہے۔ حمد کی یہ جملہ صفات بدرجہ اکمل ذات پاک سبحانی میں پائی جاتی ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کا حرف لام یہی بتلا رہا ہے۔ اور اسم پاک '' حَمِیْد '' بھی اسی راز کا انکشاف کرتا ہے۔

سیدنا حسان المؤید بروح القدس رضی اللہ عنہ نے اپنے قصیدہ کے مشہور بیت میں گویا اسی معنیٰ کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَشَقَّ لَهٗ مِنْ اِسْمِهٖ لِيُجِلَّهٗ   فَذُوالْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَّ هٰذَا مُحَمَّدٗ

مُحَمَّدٌ: حَمَّدَ (مضاعف) سے مبالغہ کے لیے ہے۔ یہ اس لیے کہ نبی ﷺ اللہ تعالیٰ کے ہاں بھی محمود ہیں۔ ملائکہ مقربین میں بھی محمود ہیں۔ یہ اس لیے کہ نبی ﷺ اللہ تعالیٰ کے ہاں بھی محمود ہیں۔

ملائکہ مقربین میں بھی محمود ہیں۔ زمرہ انبیاء و مرسلین میں بھی محمود ہیں اور اہل زمین کے نزدیک بھی محمود ہیں، جو لوگ حضور ﷺ کا کلمہ نہیں پڑھتے وہ بھی ان سجایا و شیم کے مداح ہیں جن کا لزوم و ثبوت حضور ﷺ کے نام کے معنی اور حضور ﷺ کی ذات گرامی سے بدرجہ اتم ہے۔

ہاں! حضور ﷺ ہی ''مقام محمود'' والے ہیں اور ''لواء الحمد'' حضور ﷺ ہی کے رایت شاہی کا نام ہے۔ حضور ﷺ کی امت کا نام بھی انہی مناسبات سے ''حمادون'' ہے۔

محمد و احمد کے معانی میں الگ الگ فرق یہ ہے کہ محمد ﷺ وہ ہے جس کی حمد و نعت جملہ اہل الارض والسماء نے سب سے بڑھ کر کی ہو اور احمد ﷺ وہ ہے۔ جس نے رب السموات والارض کی حمد و ثنا جملہ اہل الارض والسموات سے بڑھ کی ہو۔ لہذا اسم پاک علم بھی ہے اور صفت بھی ہے۔ وہ اپنے معانی کے اعتبار سے کمالات نبوت پر دال ہے اور مدلول بھی۔

یہ خصوصیت ہے جس سے دیگر انبیاء علیہم السلام کے اسماء ساکت و خاموش ہیں۔

② اسم پاک کے ساتھ رَسُوْلُ اللّٰهِ کا علم بھی سورہ الفتح آیت 29، آل عمران آیت 144 میں موجود ہے۔

رسول بروزن فعول بمعنی مرسل ہے۔ اللہ کی طرف مضاعف ہونے سے اس کے معنی یہ ہو گئے ہیں کہ اس کی رسالت صرف منجانب اللہ ہے۔ وہ کسی دوسرے کا پیغام نہیں سناتا اور کسی دوسرے کی بات پہنچانا اس کی شان سے کوئی نسبت نہیں رکھتا۔ جہاں یہ لفظ بہ شکل مضاعف قرآن مجید میں مستعمل نہیں ہوا وہاں معرف باللام مستعمل ہوا ہے اور اسی تخصیص کا عرفان دیتا ہے۔

آیت ﴿ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ.... ﴾ [الفتح:29] اور آیت ﴿ وَ مَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ﴾ [آل عمران:144] کی تنزیل

سے آشکارا ہو گیا کہ فرقان حمید میں جہاں کہیں بھی ﴿ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ ﴾ [النساء:59] کی وحی موجود ہے اور جتنی آیات اس کے ہم معنی پائی جاتی ہیں ان سے حضور ﷺ ہی کی ذات بابرکات مقصود ہے اور حضور ہی کو رب العالمین نے مطاع عالم اور سید الانبیاء والامم مقرر فرمایا ہے۔

یہ مسئلہ گزشتہ تیرہ صدیوں میں جملہ اہل اسلام کا ایمان رہا ہے، مگر ہمارے زمانہ میں یہ عقیدہ محدثہ ایجاد کیا گیا ہے کہ رسول سے مراد آیات الٰہیہ میں خود قرآن ہے۔ لہٰذا اطاعت قرآن فرض ہے اور اطاعتِ محمد ﷺ فرض نہیں۔

آیت ﴿ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ ﴾ (جو زیب عنوان ہے) کی مناسبت سے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ خود قرآن مجید سے اس مسئلہ کا حل کیا جائے۔

اہل ایمان کو تدبر قرآن سے صاف طور پر واضح ہو جائے گا کہ لفظ رسول کا اطلاق صرف انبیاء کرام پر یا ان ملائکہ پر جو رسالت کا کام سرانجام دیتے تھے، فرمایا گیا ہے، لیکن لفظ رسول کا اطلاق کسی کتاب پر کبھی نہیں ہوا۔ آیات ذیل پر غور کرو:

- حضرت نوح علیہ السلام کی زبان سے:

﴿ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴾ [الاعراف:61]

''اے قوم! مجھ میں گمراہی کچھ نہیں، میں تو اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں۔''

- حضرت ہود علیہ السلام کی زبان سے:

﴿ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴾ [الاعراف:67]

''اے قوم! مجھ میں نادانی کی کوئی بات نہیں، میں تو رب العالمین کا رسول ہوں۔''

- حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبان سے:

﴿ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴾ [الاعراف:104]

''موسیٰ نے کہا: اے فرعون میں پروردگار عالم کا رسول ہوں۔''

﴿ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ﴾ [الصف:5]

''جب موسیٰ نے کہا: اے میری قوم، مجھے کیوں ایذا دیتے ہو تم تو جان چکے ہو کہ میں تمھاری جانب اللہ کا رسول ہوں۔''

- حضرت مسیح علیہ السلام کی زبان سے

﴿ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﴾ [النساء:171]

''سوا اس کے نہیں مسیح عیسیٰ علیہ السلام بن مریم اللہ کا رسول ہے۔''

﴿ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ﴾ [المائدہ:75]

''مسیح بن مریم تو صرف رسول ہیں۔''

﴿ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ﴾ [الصف:6]

''عیسیٰ بن مریم نے بنی اسرائیل سے کہہ دیا کہ میں تمھارے لیے اللہ کا رسول ہوں۔''

☐ حضرت جبریل علیہ السلام کی زبان سے:

﴿قَالَ اِنَّمَا رَسُوْلُ رَبِّكِ﴾ [مریم:19]

(مریمؑ سے جبریل نے) کہا میں تیرے رب کا رسول ہوں۔

آیات بالا سے ہویدا ہے کہ سیدنا نوح وہود وموسیٰ وعیسیٰ اور جبریل علیہم السلام کو قرآن مجید میں رسول بتایا گیا ہے۔

فیصلہ طلب امر یہ رہ جاتا ہے کہ سیدنا ومولانا محمد النبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی رسول ہی فرمایا گیا ہے۔ تو پھر کیوں دیگر انبیاء کے ساتھ رسول بہ معنی پیغمبر سمجھا جائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے یہ معنی کیوں نہ سمجھے جائیں۔

ذیل میں وہ آیات درج ہیں جن سے کلمہ رسول اللہ کا ہونا حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے ثابت ہے، وہاں تاویلاً بھی کسی کتاب سے مراد نہیں ہو سکتی۔

① ﴿لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ﴾ [الفتح:27]

''اللہ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب ٹھیک ٹھیک سچا کر دکھایا۔''

یہ ظاہر ہے کہ خواب دیکھنا انسان کا کام ہے، الکتاب کا نہیں۔ خواب نبی علیہ السلام نے دیکھا تھا قرآن مجید نے کوئی خواب نہیں دیکھا تھا۔

② ﴿اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ﴾ [المنافقون:1]

''جب منافق لوگ آپ کے پاس آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہماری شہادت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، اللہ تو جانتا ہی ہے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔''

منافقوں کا آنا جانا دربار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں تھا۔ وہ لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کا خطاب بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب ہے۔ تین جگہ حرف ''ک'' خطاب موجود ہے۔

③ ﴿بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ﴾ [الفتح:12]

''ہاں! تمھارے گمان تو یہ تھے کہ رسول اور ایمان والے لوٹ کر اپنے اپنے کنبوں میں نہیں آئیں گے۔''

جانا لوٹ آنا، بچ جانا، کنبہ دار ہونا، یہ صفات قرآن کے ہو سکتے ہیں؟ غور کرو کہ رسول کو یہاں کنبہ دار صاحب اہل وعیال بھی کہا گیا ہے۔ جیسا کہ دیگر مومنین کو بھی کنبہ دار کہا گیا۔

اس سے آگے بڑھو تو ایسی آیات بھی ملیں گی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر بہ شمول ذکر قرآن پاک ہے۔

① ﴿يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ﴾ [المائدہ:67]

''اے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پہنچا دیجیے جو کچھ آپ پر نازل کیا گیا ہے۔''

یقیناً قرآن مجید میں ﴿مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ﴾ ہے اور سیدنا محمد النبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم وہ رسول ہیں جو آیت بالا کے مخاطب ہیں جسے بَلِّغْ فرمایا وہ فرض تبلیغ ان پر عائد کیا گیا ہے۔ ہاں یہ بھی غور کرو کہ اِلَيْكَ کا مخاطب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا اور کون ہے جس پر نزول قرآن ہوا۔

② ﴿كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا﴾ [البقرۃ:151]

''ہم نے اپنا رسول تم میں بھیجا ہے جو تم میں سے ہے، وہ ہماری آیات تم پر پڑھتا ہے۔''

آیاتھا تو قرآن مجید ہی ہے۔اب اَرْسَلْنَا رَسُوْلاً کا مصداق کون ٹھہرا۔وہ مِنکُمْ والا کون ہے جسے قریش میں حسب و نسب بھی حاصل ہے۔کلام اللہ المنان تو کسی حسب ونسب کی طرف منسوب نہیں ہوسکتا۔

③ ﴿ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ﴾ [التوبۃ:128]

''شاندار رسول تمھارے پاس آیا ہے جو تم ہی میں سے ہے۔''

قرآن مجید کی ایسی کونسی شخصیت ہے جو نوع بشر کے ساتھ مشارکت بھی رکھتی ہے۔المختصر قرآن پاک نے نبی ﷺ کا اسم وعلم بیان فرمانے کے بعد حضور ﷺ کا رسول ہونا اور پھر بحکم الٰہی مطاع اور مفترض الطاعت ہونا ظاہر کردیا،مگر قرآن مجید میں کسی ایک مقام پر بھی اَلْقُرْاٰنُ رَسُوْلُ اللهِ موجود نہیں ہے۔

نتیجہ یہ ہے کہ قرآن حکیم نے نہایت جزم وقطعیت کے ساتھ بتلا دیا کہ سیدنا ومولانا محمد ﷺ ہی وہ رسول پاک ہیں جن کا اتباع فرض ہے اور وہی کل عالم وعالمیان کے مخدوم ومطاع ہیں۔

﴿ وَ مَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِیُطَاعَ بِاِذْنِ اللهِ﴾ [النساء:64]

''ہم نے ہر ایک رسول کو اس لیے بھیجا کہ اس کی اطاعت ہمارے اذن سے کی جائے۔''

کا طغرا حضور ﷺ ہی کے لیے ہے اور

﴿ وَ مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللهَ﴾ [النساء:80]

''جس نے رسول ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔''

کا فرمان واجب الاذعان حضور ﷺ ہی کے احترام و احتشام میں نفاذ پذیر ہے اور یہ ایسی خصوصیت ہے جس نے حضور ﷺ کی شان بلند کو نہایت ارفع واعلیٰ ثابت کردیا ہے۔

جملہ آیات بالا سے ثابت ہوگیا کہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ وہی عبداللہ کا فرزند،آمنہ کا جایا،مکی المدنی،الامی،الہاشمی،القرشی، الکنانی،العدنانی،فخر اسماعیل ذبیح اللہ،دعائے ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام اور بشارت عیسیٰ مسیح علیہ السلام ہیں۔

جن کی اطاعت عالم وعالمیان پر تا انقراض عالم وعالمیان فرض عین ہے اور یہ امر حضور ﷺ کی خصوصیت ہے۔

خصوصیت نمبر 2

﴿ رَسُوْلاً مِّنْكُمْ ﴾ [البقرۃ:151]

''وہ رسول تم میں سے ہے''

یہاں مِنکُمْ کے مخاطب قریش مکہ بھی ہیں جو سارے عرب میں مخدوم ومطاع مانے جاتے تھے،نیز اس کے مخاطب جملہ بنی نوع انسان بھی ہیں۔

لہٰذا قابل غور ہے کہ مِنکُمْ فرمانے میں کیا خوبی ومصلحت ہے؟

واضح ہو کہ حضور ﷺ سے پیشتر دنیا کی مشہور مشہور امم نے اپنے اپنے مقتداؤں کو جنس انسانی سے بالاتر ہونے کی عزت دے رکھی تھی۔

ہندوؤں میں بتیس (32) کے قریب ایسے بزرگ ہیں جن کے نام کے ساتھ ''اوتار'' کا خطاب لگا ہوا ہے۔ اوتار کے معنی ہیں کہ خود خدا متشکل (انسان) کے چولے میں آیا۔ یعنی ایشر نے تشکل مادی اختیار کر کے جامہ مخلوق پہن لیا ہے اور پھر انسان یا شیر یا خوک (خنزیر) یا کچھوا وغیرہ بن کر اپنی قدرت الوہیت کے نمونے ظاہر کیے۔

عیسائیوں نے بھی مسیح علیہ السلام کو اوتار ہی کا درجہ دیا۔

اہل تبت نے دلائی لامہ کو خالقیت کی مسند پر بٹھلایا۔

اہل انگلستان نے کنگ آرتھر (King Arthur) [1] کی کرسی کو معصوم وغیر معصوم کی شناخت کا آلہ ٹھہرایا۔

اہل ناروے کا روڈن بت صدیوں تک یورپ کا خدا بنا رہا۔

تاتاریوں نے بھی النقوا بیگم کے مجہول النسب بیٹوں کو فرزندان نور قرار دیا۔

زنان مصر نے بھی جمال یوسفی دیکھا تو جھٹ ان کے بشر ہونے کی نفی کر کے ان کو فرشتہ بزرگ کا لقب دیا۔

ان حالات میں ایک سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ ہیں جو اس حقیقت کا انکشاف فرماتے ہیں اور بشریت کو مخلوقیت کا برترین درجہ قرار دے کر خود کو بشر بتلاتے ہیں۔

اسی پاک لفظ مِنْكُمْ نے ایک طرف انسان کا اَشْرَفُ مَا كَانَ ہونا بتلایا اور دوسری جانب ان کوتاہ بینوں کو نظر بلند پرواز کا ہم عنان بنایا۔ توہمات کے بادل چھٹ گئے، ظنون واوہام کا پردہ پھٹ گیا، ناواقفیت کا حجاب اٹھ گیا اور نقش حقیقت لوح قلب پر جاگزیں ہوا کہ ہر ایک انسان اپنے اعلیٰ ترین کمالات اور اقتدار فوق الطبیعات کو رکھتا ہوا بھی بشر ہی ہوتا ہے۔

سیدنا ومولانا محمد رسول اللہ ﷺ اس لیے سرور کائنات ہیں کہ کمالات عبدیت کا اتمام واختتام حضور ہی کے عنصر شریف بشریت پر ہوا۔

قرآن مجید میں ایک دوسرے مقام پر نبی ﷺ کی زبان مبارک سے کہلوایا گیا ہے:

﴿ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴾ [بنی اسرائیل:93]

''نہیں ہوں میں مگر بشر رسول۔''

پس ''مِنْكُمْ'' نے درجہ بشریت کو بالا بنا دیا ہے اور نبی ﷺ کی ذات ہمایوں کو کوتاہ بینوں کی خیالی توجیہات سے ارفع واعلیٰ ثابت کیا ہے، جس سے حضور ﷺ کا رسول رب العالمین اور مبشر اجمعین ہونا ثابت ہو جاتا ہے۔

خصوصیت نمبر 3

﴿عَلَّمَكَ مَالَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ﴾ [النساء:113]

(تجھے علم سکھایا ان چیزوں کا جن کا تجھے علم نہ تھا)

قرآن مجید کی آیات متعددہ سے ثابت ہے کہ نبی ﷺ نہ پڑھنا جانتے تھے اور نہ لکھنا جانتے تھے۔

اب لفظ عَلَّمَكَ ظاہر کرتا ہے کہ نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے خود تعلیم دی تھی۔

---

[1] شوپن ہار آرتھر (Schopenhauer Arthur) مشہور جرمن فلسفی 1788 تا 1860ء

دنیا میں شاگرد کو تعلیم قوت شنوائی و بینائی یعنی حسیات کے ذریعہ سے دی جاتی ہے۔ پھر جب یہ تعلیم حواس انسانی میں قیام پذیر ہوجاتی ہے تو اس کا نام ''تعلیم پاجانا'' رکھا جاتا ہے۔

انبیاء کی تعلیم ان کے قلب سے شروع ہوتی ہے ﴿ اَنْزَلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ ﴾ لہٰذا اللہ کی تعلیم دینے اور بندہ کی تعلیم دینے میں بڑا نمایاں تفاوت ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى ﴾ [الاعلیٰ:6] ''ہم تجھے پڑھائیں گے اور پھر تو نہ بھولے گا۔''

تعلیم ربانی کا نسیان سے برتر ہونا وہ خصوصیت ہے جو دنیا کے کسی معلم یا متعلم میں نہیں پائی جاسکتی۔ جب ہم قرآن پاک پر تدبر کی نگاہ ڈالتے ہیں اور احادیث پاک کا غور سے مطالعہ کرتے ہیں تو معلوم ہوجاتا ہے کہ ان میں احوال ماضیہ بھی موجود ہیں اور اخبار مستقبلہ بھی مذکور ہیں اور عہد حال کے احکام بھی بکثرت ہیں۔ تب یقین ہوجاتا ہے کہ نبی الامی کو ٹھیک اللہ تعالیٰ ہی سے تعلیم ملی تھی جو ماضی وحال واستقبال کا علم رکھنے والا ہے۔

نبی ﷺ کے لیے یہ خصوصیت نہایت خاص ہے کہ ایسی قوم میں پیدا ہوئے جن کو ان پڑھ ہونے پر فخر تھا۔

ایسے ملک میں پیدا ہوئے جو ممالک متمدنہ سے بالکل الگ تھلگ ہے، پھر چالیس (40) سال تک حضور ﷺ کی زبان تعلیم وتعلم سے ناآشنا ہی رہی۔

لیکن جب رب العالمین نے حضور ﷺ کو اپنے تلمذ میں لیا تو حضور ﷺ نے جملہ علوم ومعارف اور حقائق ومعانی کے دفتر کے دفتر کھول دیئے۔ آیت اولین:

﴿ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ﴾ [العلق:1-3]

''پڑھ اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا، جس نے انسان کو علق سے پیدا کیا۔''

پر نگاہ ڈالیے کہ حضور ﷺ کی الف۔ با۔ تا۔ کی حقیقت خلقت انسانی سے شروع ہوتی ہے اور یہ وہ مسئلہ دقیق ہے جس میں منتہی فلسفی بھی حیران ہیں۔

لہٰذا آیت بالا حضور ﷺ کی خصوصیت کی مظہر ہے۔

خصوصیت نمبر 4

﴿ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴾ [الم نشرح:1]

''کیا ہم نے تیرے سینہ کو نہیں کھولا۔''

شرح صدر کے متعلق ایک روایت ہے جسے صحیح مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے بیان کیا گیا ہے۔ اس واقعہ کا تعلق نبی ﷺ کے عالم صغرسنی سے ہے، جب کہ حضور ﷺ دائی حلیمہ رضی اللہ عنہا کے قبیلہ میں تھے۔ انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ انھوں نے سینہ مبارک میں اثر مخیط بھی دیکھے تھے۔

شرح صدر کے متعلق دوسری روایت صحیحین میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ عن مالک بن صعصعہ والی ہے جس میں شق صدر شب

معراج کو بمقام حطیم ہوا تھا۔ [1]

قرآن مجید میں جس شرح صدر کا مذکور ہے۔ وہ روایات بالا کی تصدیق فرماتا ہے اور باایں ہمہ وسیع تر معانی کا بھی اظہار کرتا ہے۔ آیات ذیل پر غور کرو۔

① ﴿ فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ وَ مَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا ﴾ [الانعام:125]

''جس شخص کو اللہ راہ راست دکھانا چاہتا ہے اس کے سینہ کو اسلام کے لیے کھول دیتا ہے اور جس شخص کی گمراہی کا ارادہ کرتا ہے اس کے سینہ کو تنگ کر دیتا ہے۔''

② ﴿ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ﴾ [الزمر:22]

''بھلا جس کا سینہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہے اور وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے۔''

③ ﴿ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ﴾ [النحل:106]

''لیکن جن کا سینہ کفر کے لیے کھلا ہے، ان پر اللہ کا غضب ہے۔''

④ ﴿ وَ يَضِيْقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ ﴾ [الشعراء:14]

''میرا سینہ تنگی کرتا ہے اور میری زبان رواں نہیں۔''

⑤ ﴿ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ○ وَ يَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ ﴾ [طٰہٰ:25-26]

''کہا: اے رب میرا سینہ کھول دے اور میرے کام کو آسان بنادے۔''

☐ آیت اول میں شرح صدر اسی حالت کو فرمایا گیا ہے جب ہدایت الٰہی توفیق راہ اور رفیق سالک ہو جاتی ہے اور سینہ میں دین صحیح کا شوق جوش زن ہوتا ہے۔

☐ آیت دوم میں ہے کہ رغبت صحیحہ اور شوق اصلیہ کے بعد دین حقہ حاصل ہو جاتا ہے اور پھر برکات دین کے انوار کا حصول ہوتا ہے۔

☐ آیت سوم میں ہے کہ جس شخص کا رجحان ومیلان بہ جانب کفر ہوتا ہے وہی شرح بالکفر کا مصداق ٹھہرتا اور غضب الٰہی کا مستوجب قرار پاتا ہے۔

☐ آیت چہارم وپنجم موسیٰ علیہ السلام کے متعلق ہیں جب ان کو تبلیغ وانذار کے لیے فرعون کے پاس جانے کا حکم ہوا، تب انھوں نے اس خدمت کو خوف وہراس سے دیکھا اور عرض کیا کہ میرا سینہ اس بار خدمت سے بھنچا جاتا ہے۔ اس حالت نے جرأت کو پیچھے ہٹا دیا۔ جب ان کو اطمینان مزید منجانب اللہ عطا فرمایا گیا تب انھوں نے آیت پنجم والی دعا کا استعمال کیا۔

پنجگانہ آیات کا خلاصہ یہ ہے کہ مسلمانوں کے لیے شرح صدر کے معنی یہ ہیں کہ صداقت وحقانیت کا غلبہ ہو جائے اور قلب کو وہ اطمینان کلی مل جائے جو ہدایت ونور تک فائز ہو جانے کے لیے کافی ہو۔

نبی اللہ ﷺ کے لیے شرح صدر کے معنی یہ ہیں کہ ابلاغ وانذار کے لیے ہمت عالی اور عزم راسخ اور استقامت محکم حاصل ہو، کسی بادشاہ جبروت، کسی کافر کی فرعونیت کا رعب سینہ صافی پر سایہ فگن نہ ہو سکے۔ اپنی تنہائی، بے کسی، بے سروسامانی کا خیال بھی اٹھ جائے۔

[1] بخاری: 349-3342؛ مسلم: 415-416؛ دارمی: 13؛ مجمع الزوائد: 222/8؛ احمد: 184/4؛ ابن ماجہ: 1399؛ نسائی: 448

اب آیت زینت عنوان کو سیدنا و مولانا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی سیرت پاک کے ساتھ ملا کر پڑھو کہ جب حضور کو ﴿قُمْ فَاَنْذِرْ﴾ کا فرمان ملا تو حضور ﷺ نے کوئی عذر نہیں کیا، کسی خوف وہراس کا اظہار نہیں فرمایا تکذیب کا خوف، قتل کا ڈر قلب پاک کے نزدیک بھی نہ آسکے۔ موسیٰ علیہ السلام کو تو ایک فرعون کے پاس جانا تھا لیکن نبی ﷺ کے معاندین میں سینکڑوں فرعون طینت تھے۔ فرعون تو ایک حکومت منظم کا حکمران تھا، اس لیے اس قتل موسیٰ علیہ السلام کو باضابطہ کونسل میں پیش کر دیا تھا۔

﴿ قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗۤ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ O قَالُوْۤا اَرْجِهْ وَ اَخَاهُ﴾ [الشعراء،34-35]

”فرعون نے اپنے اردگرد کے سرداروں سے کہا کہ یہ تو بڑے علم والا جادوگر ہے۔ اس کا ارادہ ہے کہ تم لوگوں کو جادو کی طاقت سے تمھارے ملک سے نکال دے۔ اب تم بتلاؤ کہ مشورہ کیا ہے؟“

سرداروں نے کہا کہ موسیٰ علیہ السلام اور اس کے بھائی کو مہلت دے۔

مگر عرب کے سفاک و خونریز نہ تو کسی کونسل (Council) کی رائے کے پابند تھے اور نہ کسی سے مشورت کرنے کے روادار۔ نبی ﷺ حکم ملتے ہی فوراً انذار و تبلیغ کے لیے اٹھ کھڑے ہو جاتے ہیں۔

وہ سینہ جو اب تک علوم درسیہ سے خالی تھا، نور و معرفت کا خزینہ اور ہدایت و عرفان کا گنجینہ بن جاتا ہے۔ ہزاراں در ہزار علوم و حکمت کے رموز و اسرار اس سے نکلتے اور اہل دنیائے دنی کو ظلمات سے نور میں لانے کا سبب ٹھہرتے ہیں۔

آیات قرآنیہ پر تدبر کرنے والا جب دیکھے گا کہ شرح صدر وہ مقام رفیع ہے، جس کے لیے موسیٰ علیہ السلام کو خود طلب مسالت کرنی پڑی اور نبی ﷺ کو قبل از سوال یہ عطیہ ہوا اور پھر خود رب العالمین نے حضور ﷺ سے اس کی تصدیق کا سوال بطور استفہام تقریری فرمایا۔ تو واضح ہو جاتا ہے کہ آیت بالا میں نبی کریم ﷺ کی خصوصیت علیا کا اظہار فرمایا گیا ہے

خصوصیت نمبر 5

﴿وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ﴾ [الم نشرح:2]

”ہم نے تیرے بوجھ کو تجھ سے اتار دیا۔“

”وِزْرٌ“ بارگراں کو کہتے ہیں۔ حَمْلِ وِزْر کسی دوسرے کو بارگراں سے سبکدوش کر کے خود اس کی ذمہ داری کو لے لینا ہے۔ انہی معنی میں ہے: ﴿ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ﴾ ”کوئی گناہ گار کسی دوسرے گناہ گار کا بوجھ نہ اٹھائے گا۔“

وزیر: وہ عہدہ دار ہے جو سلطنت کی تمام ذمہ داریوں کا مرجع ہوتا ہے۔

موسیٰ علیہ السلام پر جب بار نبوت ڈالا گیا تو انھوں نے دعا کی تھی۔

﴿وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ O هٰرُوْنَ اَخِي﴾ [طٰہٰ:29-30]

”میرے کنبہ میں سے ایک کو میرا وزیر بنا دے۔ میرا بھائی ہارون اس منصب کا شایان ہے۔“

اس سے ظاہر ہے کہ فرائض نبوت کی ادائیگی کچھ آسان نہ تھی۔ موسیٰ علیہ السلام نے تو پہلے ہی دن وزیر ملنے کی درخواست کر دی تھی، مگر نبی کریم ﷺ نے اس میدان میں یک وتنہا قدم رکھا تھا اور آفتاب عالم تاب کی طرح فضا میں چھائے ہوئے تاروں کی کثرت پر یا عالم پر طاری شدہ گہری ظلمت پر نظر نہ کرتے ہوئے بذات واحد علم توحید اور رایت تبلیغ کو بلند فرمایا تھا۔ اس ایثار و بے جگری اور اس اطاعت و فرماں برداری کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ خود حضور ﷺ کی اعانت فرماتا اور حضور ﷺ کے بوجھ کو ہلکا کر دیتا ہے۔

زبان عرب میں موازرت بمعنی معاونت مستعمل ہے۔ وَازَرْتُ فُلَانًا مُوَازِرَةً کے معنی ہیں اَعَنْتُهٗ، عَلٰی اَمْرِهٖ یعنی اس کام میں مدد کی۔

وہ بوجھ کیا تھا؟ مفسرین کے اقوال متعدد ہیں اور یہ ضروری ہے کہ بعض کو بعض پر ترجیح ہو۔ ترتیب کلام پر نظر غائر ڈالو۔ یہ آیت ﴿ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴾ [الم نشرح:1] اور ﴿ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴾ [الم نشرح:4] کے درمیان واقع ہوئی ہے۔ لہٰذا یہ زیادہ موزوں ہے کہ اس آیت کا زمانہ بھی ہر دو حالتوں کے درمیان میں ہو۔

اس وزر کا اندازہ مندرجہ ذیل آیات سے ہو سکتا ہے:

1. ﴿ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴾ [الشعراء:3]

"کیا تم اپنی جان کو ان کی اس حالت پر ہلاک کر دو گے۔"

2. ﴿ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴾ [یٰسٓ:76]

"ان کی باتوں سے آپ کے دل پر صدمہ نہ ہونا چاہیے۔ ہم ان کی چھپی اور کھلی حالت کو خوب جانتے ہیں۔"

اہل ضلالت کا کفر لزوم شرک پر جمود، دلائل سمعیہ و براہین بصریہ پر التفات سے انکار، تقلید آباء پر اصرار، تحقیق حق سے فرار، فواحش کی کثرت، اباطیل کی اشاعت، انسانیت کا فقدان، سبعیت کا زور، یہ سب وہ امور تھے جن کا سننا دیکھنا حضور ﷺ پر بار خاطر تھا۔ قوم کا ایسی نجاسات میں آلودہ ہونا حضور ﷺ کے رحم پرور دل پر سخت صدمہ تھا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کی اعانت سے حضور ﷺ کی تعلیم رفتہ رفتہ پھیل گئی کفر و ضلالت کی تاریکیاں چھٹتی گئیں۔ رب العالمین نے ملک کے گوشہ گوشہ سے ان پاکیزہ منش لوگوں کو ابھارا اور خدمت عالی میں ان کو پہنچایا، جو اسلام کے لیے سابقین اولین ٹھہرے۔

انھوں نے نہ صرف اپنے لیے غذائے روح حاصل کی، بلکہ سینہ نبوی ﷺ سے وہ درد دل بھی اخذ کیا جو کہ دردمندوں کا غم گسار ٹھہرا اور مجروحوں کا چارہ کار بنایا۔ مثلاً صدیق الامت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اموی، فہری، تیمی، مخزومی، اسدی، عدوی، قبائل میں نور تبلیغ پہنچایا، حبشی، بربری، سوڈانی، امۃ وغلام کو ﴿مُّسْفِرَةٌ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ﴾ [عبس:39] "روشن، خندہ رو، بشارت یافتہ چہرے" کی جماعت میں داخل کیا۔

خاتم الخلفاء حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے آل ہاشم و آل بنو طالب میں نصرت و معیت کا آوازہ لگایا۔ طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ نے ریگستان میں اور عروہ بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ نے طائف کے کوہستان کی چوٹیوں پر اس پیغام کو پہنچایا۔ مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ میں تبلیغ کا باقاعدہ مدرسہ کھولا۔ جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے دربار حبش میں اسی پیغام کی صدا بلند فرمائی۔

یہ وہ نظارہ تھا جس نے حضور ﷺ کے بوجھ کو ہلکا کر دیا تھا۔ یہ وہ نظارہ تھا جو حضور ﷺ کی آنکھوں کی ٹھنڈک، بازو کی

قوت اور کمر کی صلابت واستقامت اور قلب کا سکینہ بن گیا تھا۔

فی الحقیقت یہ وہ کمال ہے جو سیدنا ومولانا محمد النبی الامی ﷺ کی خصوصیات سے ہے۔

خصوصیت نمبر 6

﴿ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴾[الم نشرح:4]

''اور ہم نے تیرا نام بلند کیا۔''

بحر الکاہل کے مغربی کنارہ سے لے کر دریائے ہوانگ ہو کے مشرقی کنارہ تک کے رہنے والوں میں سے کون ہے؟ جس نے صبح کے روح افزاء جھونکوں کے ساتھ اذان کی آواز نہ سنی ہو، جس نے رات کی خاموشی میں اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی سریلی آواز کو جان بخش نہ پایا ہو۔ [1] یہی وہ الفاظ ہیں جو جاگنے والوں اور سونے والوں کو ان کی ہستی کے بہترین آغاز وانجام کے اعلام سے سامعہ نواز ہیں۔

کیا رفعت ذکر کی مثال اس سے بالاتر پائی جاتی ہے، آج کسی بادشاہ کو اپنی مملکت میں کسی ہادی کو اپنے حلقہ اثر میں یہ بات کیوں حاصل نہیں کہ اس کے مبارک نام کا اعلان ہر روز وشب اس طرح کیا جاتا ہو کہ خواہ کوئی سننا پسند کرے یا نہ کرے، لیکن وہ اعلان ہے کہ پردہ ہائے گوش کو چیرتا ہوا قعر قلب تک ضرور پہنچ جاتا ہے۔ ہاں وہ اعلان صرف اس کے نام ہی کا اعلان نہیں بلکہ اس کے کام کا بھی اور صرف کام کا ہی نہیں، بلکہ اس کے پیغام کا بھی اعلان ہے۔

﴿1﴾ بے شک یہ اعلیٰ خصوصیات صرف اسی برگزیدہ انام کے نام نامی کو حاصل ہے جس کی رفعت ذکر کا ذمہ دار خود رب العالمین بنا ہے اور جس کی بابت یسعیاہ نبی کی کتاب میں پیش گوئی فرمائی گئی تھی، کہ اس کے نام کو برکت دی جائے گی۔

﴿2﴾ طامس کارلائل (Thomas Carlyle) [2] کو دیکھو، یہ ایک پکا عیسائی ہے اور سارے انگلستان میں تاریخ وزبان دانی کی فضیلت سے۔ اشہر المشاہیر میں داخل ہے۔ وہ ''ہیروز آف ہیروز'' لکھنے بیٹھتا ہے تو گروہ انبیاء میں سے صرف حضور ﷺ ہی کے نام مبارک کا انتخاب کرتا ہے۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کے معجزات کو بھولا ہوا ہے اور ان کے کارناموں سے جو آج تک بحیرہ قلزم کی امواج اور فلسطین کے ذرات کو بھی یاد ہیں ناواقف ہے؟

کیا وہ داود علیہ السلام کو نہیں جانتا؟ جنھوں نے بنو اسرائیل کی متفرق شدہ اسباط میں جمعیت پیدا کی، جنھوں نے ایسی سلطنت کو بنایا اور پائدار کیا کہ ان سے پہلے ایسی سلطنت کا خواب بھی فرزندان یعقوب علیہ السلام نے کبھی نہ دیکھا تھا۔

کیا کارلائل کو معلوم نہ تھا کہ داود نے عبادت وموسیقی کو جمع کر کے ہوا کو ترنم سے اور فضا کو مناجات سے بھر دیا تھا؟ موسیقی کی اس

---

[1] بغوی نے باسناد ثعلبی اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت جبریل علیہ السلام سے ﴿وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ﴾ کی حقیقت دریافت کی، انھوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ بتلایا اِذَا ذُكِرْتُ ذُكِرْتَ مَعِیَ ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ اس ارشاد الٰہی میں اذان واقامت تشہد وخطبہ مراد ہیں۔ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے اشعار ہیں

اغرُّ عَلَیْہِ للنبوۃ خاتم ... مِنَ اللّٰہِ مَشْھُوْرٌ یَلُوْحُ ویشھدُ
و ضم الالٰہ لہ اِسْمَ النَّبِیِّ مَعَ اسْمِہٖ ... اِذَا قَالَ فِی الْخَمْسِ الْمُؤَذِّنُ اَشْھَدُ
وَ شَقَّ لَہٗ مِنِ اسْمِہٖ لِیُجِلَّہٗ ... فَذُوالْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَّھٰذَا مُحَمَّدُ

[2] طامس کارلائل (Thomas Carlyle) 1795-1881ء معروف دانشور اور مصنف

قدر افزائی پر تو کارلائل کے رقاص دل کو ضرور اچھل پڑنا چاہیے تھا۔

کیا تم سمجھتے ہو کہ کارلائل کو یسعیاہ کی وہ نبوتیں اور پیش گوئیاں یاد نہ تھیں؟ جو اناجیل: متی، یوحنا، کی تصانیف کا مایہ خمیر ہیں۔

کیا تم سمجھتے ہو کہ وہ دانی ایل نبی کی ان برکات سے بے خبر تھا؟ جس نے بابل کے کافر و جابر بادشاہ کو یہود کی حفاظت و اکرام پر آمادہ کر دیا تھا، جس نے لاکھوں ایمان داروں کو قتل و صلیب سے بچا لیا تھا، جس نے سینکڑوں سال کے آئندہ واقعات کے طلسم کو کلید تعبیر خواب سے کھول دیا تھا۔

کیا تم سمجھتے ہو کہ کارلائل کو شالتی ایل کی خدمات کا علم نہ تھا؟ جس نے اسیری سے رہائی پا کر اتنا بڑا ایوان یروشلم تعمیر کر دیا تھا جو ہیکل سلیمان سے کم نہ سمجھا جاتا تھا۔

کیا تم سمجھتے ہو کہ یہ کارلائل حضرت زکریا علیہ السلام کی کہانت [1] اور حضرت یوحنا بپتسمہ دہندہ [2] کے زہد و عبادت اور وعظ و تذکیر کے حالات سے نا آشنا تھا۔ ان سب کا جواب منفی ہے۔

پیارے عزیزو! پروفیسر طامس کارلائل ان سب باتوں کو جانتا پہچانتا ہوا، بلکہ مانتا اور ایمان رکھتا ہوا بھی مجبور ہے کہ گروہ انبیاء علیہم السلام میں سے صرف حضور سرور کائنات ﷺ ہی کا مبارک نام انتخاب کرے۔

اس جگہ یہ خیال بھی نہیں ہو سکتا کہ کارلائل کو انبیاء علیہم السلام میں سے صرف ایک ہی مبارک نام پر اکتفا کرنا تھا۔ اسی لیے حضور ﷺ ہی کے نام پر اسے بس کرنا پڑی۔ دیکھو حکماء و شعراء اور فلاسفروں کی صف میں یہ مصنف صرف ایک ایک نام کا انتخاب کرنے کا پابند نہیں ہوا۔ لہٰذا اگر وہ چاہتا تو بحث نبوت میں بھی ایک سے زیادہ نام لکھ سکتا تھا۔

لہٰذا ہماری دلیل اور ابھی متین و وقیع ہو جاتی ہے اور پتا لگ جاتا ہے کہ جب کارلائل نے اپنی مؤرخانہ تحقیقات کی نگاہ سے آفتاب نبوت محمدیہ ﷺ کو دیکھا تب اسے ہزاروں سال کے عہد وسیع کے آسمان پر اور کوئی کوکب نبوت نظر نہ آیا، جسے وہ اس آفتاب کے دوش بدوش اپنے اوراق پر جلوہ گر کر سکتا۔

یہ نمونہ ہے رفعت ذکر کا کہ ایک صحیح الاعتقاد عیسائی، کیمبرج یونیورسٹی جیسے دار العلوم کا مسلمہ استاد جس کے نام پر انگلستان کو فخر و ناز ہے ہزاروں انبیاء علیہم السلام کی صداقت پر ایمان رکھتا ہوا اور سینکڑوں انبیاء علیہم السلام کے اسمائے پاک کا علم رکھتا ہوا بھی دنیا کے سامنے جب نبوت کا نمونہ پیش کر سکتا تو سیدنا و مولانا محمد النبی الامی ﷺ ہی کے وجود باجود کا ذکر کر سکا۔ اس جگہ وہ نوشتہ پورا ہوا جو قرآن حکیم میں ہے:

﴿ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ﴾ [الاحزاب:21]

''تم کو بہترین نمونہ محمد رسول اللہ ﷺ ہی ملیں گے۔''

﴿3﴾ رفعت ذکر کا بیان جس طرح اہل ایمان کرتے ہیں، اسے بھی یاد رکھنا چاہیے، ہم نے موجودہ بائبل سے ثابت کر دیا ہے سیدنا ابراہیم علیہ السلام سے لے کر یعقوب و موسیٰ، داؤد و سلیمان، یسعیاہ، مرمیاہ، دانی ایل، حزقی ایل، حبقوق، ملاکی، یحییٰ و عیسیٰ علیہم السلام نے محامد محمدی ﷺ اور نعوت مصطفوی ﷺ کو اسالیب بدیعہ اور علامات متنوعہ کے ساتھ ساتھ بیان کیا ہے اور یہ وہ امر عظیم الشان ہے

---

[1] لفظ کہانت عیسائی اصطلاح میں اخبار عن الغیب میں آتا ہے اور اسی لیے وہ اس لفظ کا اطلاق انبیاء کی پیش گوئی پر کیا کرتے ہیں۔ ہم نے بھی یہاں اس لفظ کا استعمال اسی معنی میں کیا ہے۔ [2] ایک عیسائی مذہبی رسم

جو کسی اور نبی کو حاصل نہیں۔

انجیل اول کے مصنف سینٹ متی (Saint Mathew) نے ان چند پیش گوئیوں کی تلمیحات پر اشارہ کیا ہے جو سیدنا عیسیٰ مسیح علیہ السلام کی بابت صحف سابقہ میں پائی جاتی ہیں۔

اگر کوئی منصف ہے تو ان مجمل اشارات کو دیکھے اور جناب متی نے جو طریق استدلال نکالا ہے اس کا موازنہ کرے اور پھر ان آیات بینات کو دیکھے جو بائبل ہی کے اندر ہیں اور نبی ﷺ کی ذات مبارک پر ثابت و متحقق ہیں۔

سینٹ متی کو جو صحبت صادقہ حضرت مسیح علیہ السلام کے ساتھ تھی، نیز جو دسترس کامل ان کو مضامین بائبل پر حاصل تھی، ہم ان ہر دو امور کو پیش نظر رکھتے ہوئے نہایت وثوق سے یقین کر سکتے ہیں کہ سینٹ مذکور نے کوئی ایسی پیش گوئی اپنی انجیل میں درج کرنے سے باہر نہیں چھوڑی، جس کا تعلق جناب مسیح علیہ السلام کی ذات گرامی سے تھا۔

ہم بھی متی کی بتلائی ہوئی پیش گوئیوں کا مصداق جناب مسیح علیہ السلام ہی کو تسلیم کر لیتے ہیں اور بعد ازاں ان پیش گوئیوں کو لیتے ہیں جو جناب متی کے زمانہ تک بطور پیش گوئی (خبر مستقبل) موجود تھیں اور جن کا مصدق نبی ﷺ کی ذات بابرکات کے سوا اور کسی کو بھی نہیں ٹھہرایا گیا تھا۔

یہودی، عیسائی، مسلمان سن رکھیں کہ اسی موجودہ بائبل کے اندر نبی ﷺ کے مبارک نام مقام ولادت اور دار ہجرت اور حضور ﷺ پر ایمان لانے والے قبائل کے نام حضور ﷺ کے برسرپیکار آنے والی قوموں کے نام اور ان کے انجام ایسی وضاحت سے پائے جاتے ہیں کہ ﴿ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴾ کی صحیح تفسیر ہیں اور ان سے یہ امر بہ وضوح تام ظاہر ہو جاتا ہے کہ رب العالمین نے حضور ﷺ کی رفعت ذکر کا اہتمام صدیوں پیشتر کیسے زبردست اعلانات سے فرمایا تھا۔

بے شک اس فضیلت علیا میں اور کوئی بھی بزرگوار حضور ﷺ کا سہیم ثابت نہیں ہوا۔ وَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ.....!

خصوصیت نمبر 7، 8، 9

① ﴿ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴾ [الضحیٰ:3]

''تیرے رب نے نہ تجھے چھوڑا ہے اور نہ تجھ سے ناراض ہوا ہے۔''

② ﴿ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ﴾ [الضحیٰ:4]

''آخرت تیرے لیے بہتر ہے۔''

③ ﴿ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴾ [الضحیٰ:5]

''تیرا رب تجھے اتنا دے گا کہ تو راضی و خوش ہو جائے گا۔''

ہر سہ آیات سورہ والضحیٰ کی ہیں۔ علمائے مفسرین کا اتفاق ہے کہ ابتدائے بعثت میں اول کلام الٰہی کا نزول ہوا اور اس کے بعد وحی میں ابطاء (دیر و درنگ) ہوا۔ وحی کا رک جانا نبی ﷺ کی طلب صادق کی ترقی اور شوق کی افزونی کا سبب ٹھہرا۔

یہ ظاہر ہے طلب و اشتیاق تردد و اضطراب سے جدا نہیں رہ سکتے۔ قلب و روح پر وحی ربانی نے جو باب علوم و حقائق کھول دیے

تھے، اس کے لیے بیش از بیش کیوں طلب نہ بڑھ جائے۔

زمانہ ہجر بڑھتا گیا تو اشتیاق صادق میں گوناگوں توجیہات پیدا ہونے لگیں۔

1. ابتدا تو خود اس دل ربا نے کی ہے۔
2. اس نے خود اپنے پیام سے مجھے شادکام فرمایا۔
3. پھر اب یہ خاموشی کیسی؟
4. نہیں...... اس بارگاہ عالی کی جانب لفظ خاموشی کا اطلاق بھی کیوں صحیح ہو۔
5. یہی داخل ادب ہے کہ میں اس کے کسی سبب کو اپنی ہی طرف منسوب کروں۔
6. کیا مجھے اس نشہ میں، اس تڑپ میں، اس سوز، اس گداز میں چھوڑ دیا جائے گا؟
7. اس حالت کا خاتمہ کب ہوگا؟

یہ وہ خیالات ہیں جو محب صادق کے دل میں جوش زن ہوسکتے ہیں۔ آخر انتظار کا زمانہ ختم ہوا۔ بارگاہ قدسی سے ایسے خیالات کا ازالہ کیا گیا، جن کو شوق وارادت کی مجموعی حالت نے پیدا کر رکھا تھا یا سوز و گداز نے قالب قلب کو گرما رکھا تھا۔

پیارے تودیع کسے کہتے ہیں؟

قلی کا ذکر کیا؟

جس مالک کی ربوبیت نے تجھے پالا پوسا ہے۔

جس نے از آدم تا ایں دم ﴿ تَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِينَ ﴾ [الشعراء: 219] کے اطوار میں تیری نگہداشت فرمائی ہے۔

جس نے تیرے آبائے کرام اور امہات عظام کے ظہور و بطون کو پاک و طاہر رکھا ہے

جس نے ایام یتیمی میں تیری حفاظت دریتیم کی طرح کی ہے۔

جس نے عیال کی کثرت میں بھی تجھے اس کے جنجال سے پاک رکھا ہے۔

جس نے کوہ حرا کو تیرے لیے طور بنا دیا ہے۔

جس نے آگ کی ظاہری چمک کے بغیر تیری آنکھوں کو نور سے، تیرے دل کو سرور سے، تیری روح کو راح سے تیرے ایمان کو ایقان سے معمور، بھرپور اور نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٌ کر دیا ہے۔

اس کی طرف سے وداع، وقلی تو ہو ہی نہیں سکتا۔ [1]

اچھا......! ہم تمھیں ایک مژدہ روح پرور سے شادکام کرتے ہیں کہ

''اب آنے والا زمانہ گزرے ہوئے وقت سے خوش تر و نکو تر ہوگا۔'' [2]

---

[1] صحیحین میں جندب بن ابی سفیان بجلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ دو یا تین شب بوجہ شکایت جسمانی بستر سے نہ اٹھے تھے۔ ایک عورت نے آ کر کہا: محمد ﷺ میں سمجھتی ہوں کہ تیرا شیطان تجھے چھوڑ گیا اور علیحدہ ہو گیا کیوں کہ وہ دو تین شب سے تیرے پاس نہیں آیا۔ واضح ہوتا ہے کہ قلی کا لفظ اس کافرہ نے استعمال کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے رد میں یہ آیات نازل فرمائی۔ [بخاری: 1124، 4950، مسلم: 4657، نسائی: 3345]

[2] آیت بالا میں لفظ آخرت کے معنی عالم آخرت دار الجزاء یقینا ہیں لیکن اس لفظ کا اطلاق وسیع معنی میں بھی ہوا ہے۔ ﴿ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ﴾ [ص: 7] منہ

﴿ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ﴾ [العلق:1] ''اپنے رب کے نام سے پڑھ جس نے تجھے پیدا کیا۔''

یہ درس گاہ بسم اللہ تھی۔ آئندہ معارف وحقائق کے دروازے کھلے رہیں گے اور انوار و برکات اور مشاہدات تدلیات کے ترشحات چمن آرائے نبوت ہوں گے۔ نصرو تمکین کا نشان سربلند ہوگا۔ فراوانی علوم اور کثرت مومنین کا نظارہ خوش آیند۔

چنانچہ یہی ہوا کہ ترتیل وتنزیل کے ساتھ یہ سلسلہ برابر جاری رہا۔ بائبل میں پہلے سے یہ پیش گوئی موجود تھی، حکم پر حکم، حکم پر حکم، تھوڑا یہاں، تھوڑا وہاں۔

عطا ونوال کی مقدار کو خود جناب رسالت مآب ﷺ کی خوشنودی ورضا پر مقرر فرمایا گیا اور عطیہ کا اندازہ نہ صرف قلق و اضطراب کے ازالہ کی حد تک مقصود کیا گیا بلکہ خود طلب وشوق کی فراخی اور دل وروح کی خوشنودی کو اس کی حد بتلایا گیا ہے۔

یہ انتہا تھی فضل واکرام کی، یہ حد تھی تکمیل کمالات کی۔

یہی نبی ﷺ کی خصوصیت خاصہ ہے کہ عطیہ کی مقدار خود حضور ﷺ کی خوشنودی ورضامندی کی حد تک بڑھا دیا گیا ہے۔

اسی خصوصیت کی تکمیل فرماتے ہوئے رب العالمین نے حضور ﷺ کے اصحاب کو بھی خلعت رضوان سے مشرف فرمایا ہے۔

① ﴿ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ ﴾ [الفتح:18]

''اللہ مومنوں سے رضامند ہوا جب کہ وہ درخت کے نیچے تم سے بیعت کرتے تھے۔''

② ﴿ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ﴾ [البینۃ:18] ''اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی ہوگئے۔''

فرمایا:

③ ﴿ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا وَ جَاهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ○ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَ رِضْوَانٍ وَّ جَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴾

''ایمان لانے والے جنھوں نے ہجرت کی اور راہ خدا میں مال اور جان سے جہاد کیا۔ یہ لوگ اللہ کے ہاں بہت بڑے درجے والے ہیں اور یہی مراد کو پہنچے ہوئے ان کا رب ان کو اپنی رحمت اور رضوان اور جنات کی بشارت دیتا ہے، بہشت میں دائمی نعمتیں ہیں ان کے لیے۔'' [التوبہ:20-21]

فرمایا:

④ ﴿ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴾ [التوبہ:72]

''اللہ کی رضوان تو سب سے بڑھ کر ہے اور یہی سب سے بلندتر کامیابی ہے۔''

فرمایا:

⑤ ﴿ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ﴾ [المائدۃ:3]

''میں خوش ہوں کہ اسلام تمھارا دین ہو۔''

*** ﴿ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ﴾ [العنکبوت:20] (الملۃ آخرت کا ترجمہ زمانہ مابعد بھی ہو سکتا ہے۔ خازن نے تحریر فرمایا ہے: وَحَمْلُ الْاٰخِرَةِ عَلٰی ظَاهِرِهَا مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَعًا اَوْلٰی۔

ہمارا یقین وایمان ہے کہ یہ شان نبی ﷺ ہی کی ہے کہ حضور ﷺ کے دست مبارک پر ایمان لانے والوں کو بھی رضائے رحمٰن اور خوشنودی منان کا گراں مایہ عطیہ ارزانی فرمایا گیا اور اس طرح پر وہ وعدہ صادق پورا کیا گیا، جو آیت زیب عنوان میں ہے۔

﴿ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴾ [الضحیٰ:5] ''تیرا رب تجھے وہ کچھ دے گا کہ تو خوش ہو جائے گا۔''

اس کا مکمل نظارہ اہل ایمان یوم الدین کو ملاحظہ کریں گے جب کہ ان کے طلب وسوال اور وہم وگمان سے بھی سینکڑوں درجہ بڑھ کر انعامات کا نزول فرمایا جائے گا۔

خصوصیت نمبر 10

﴿ اَلنَّبِيَّ الْاُمِّيَّ ﴾ [الاعراف:157]

''وہ نبی اُمّی ہیں''

اُمّی یہ محقق ہے کہ سیدنا ومولانا محمد المصطفیٰ ﷺ کے سوا ﴿ اَلرَّسُوْلُ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ ﴾ اور کسی نبی کا لقب نہ تھا۔ حضور ﷺ کا یہی لقب انبیائے کرام علیہم السلام کو اور سابقہ امم کو بتلایا گیا ہے۔ علماء نے اسم اُمّی کے متعلق جو پاکیزہ خیالات ظاہر فرمائے ہیں قارئین کے لیے ان پر غور موجب فرح وسرور ہوگا۔

① اُمّی: ام القریٰ کی نسبت سے ہے، اللہ تعالیٰ نے مکہ معظمہ کا نام ام القریٰ فرمایا ہے:

﴿وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَ مَنْ حَوْلَهَا﴾ [الانعام:92]

''کہ تو ام القریٰ والوں کو اور اس کے گردا گرد کی بستیوں کو ڈرائے۔''

مشہور قدیم جرمن مؤرخ سپرنیجر (Sprunger) اور سکریدر (Sacrader) کا قول ہے کہ ان محققین کی رائے بالکل درست ہے جو اولاد سام کا اصل وطن ملک عرب کو قرار دیتے ہیں۔ اسلامی روایات صحیحہ سے بھی یہی ثابت ہوتا کہ عرب میں سب سے پہلی آبادی ''بلدہ مکہ معظمہ ہے'' جہاں خانہ بدوش قوموں نے قیام کیا اور بربریت وتوحش کو چھوڑ کر عمران وتمدن کی زندگی میں داخل ہوئے۔

الغرض تاریخ اور روایت کے مجموعی اتفاق سے ثابت ہے کہ مکہ ''ام القریٰ'' ہے۔ اب سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی دعا کی طرف توجہ کرنا چاہیے، انھوں نے بنائے کعبہ کے وقت یہ دعا کی تھی:

﴿ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ ﴾ [البقرۃ:126]

''اے رب! اس جگہ کو امن والا شہر بنائیو! اور یہاں والوں کو میوہ جات کھلایا کیجیو۔''

دعا کے یہ الفاظ بھی ہیں: ﴿وَ ابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ﴾ [البقرۃ:129]

''ان میں ایک شاندار رسول بھی جو انہی میں سے ہو مبعوث کرنا۔''

دعائے خلیل میں دو باتیں عجیب ہیں:

① اس بستی کے رہنے والوں کے لیے جہاں کی زمین ناقابل زراعت ہے، میوہ جات اور ثمرات بکثرت ملنے کی استدعا۔

ان الفاظ کی برکت آج تک نظر آ رہی ہے کہ مکہ کے بازار سبزیوں، ترکاریوں اور گونا گوں میوہ جات سے بھرے نظر آتے

ہیں۔ یہ علامت ظاہری اس امر پر دال ہے کہ رب العالمین نے فی الواقع اپنے خلیل کی دعا کو من وعن شرف قبولیت بخشا۔

② یہی دعا بوضوح بتلا رہی ہے کہ صرف خوراک جسمانی یا لذائذ کام ودہن تک ہی اس کا اثر محدود نہ تھا بلکہ روحانیت کے لیے دعا کے الفاظ زیادہ پر زور تھے۔ وعدہ کا رسول اور دعائے خلیل علیہ السلام کا رسول ﷺ مبعوث ہوا اور بڑی شان کے ساتھ مبعوث ہوا۔ اس کے جنسی ونسبی تعلقات انہی لوگوں کے ساتھ تھے جو اس بستی کے سردار تھے۔ لہٰذا ام القریٰ کی نسبت سے اسے امی کہنا درست ٹھہرا۔

③ امت کی ''ت'' بوقت نسبت گر گئی ہے، جیسے مکہ سے مکی۔ اندریں صورت اسم امی اس حدیث صحیحہ کی تفسیر ہے جو صحیح مسلم میں بروایت انس رضی اللہ عنہ موجود ہے۔

اَنَا اَكْثَرُ الْاَنْبِيَاءِ تَبَعًا کثرت امت کے لحاظ سے میں سب انبیاء سے بڑھا ہوا ہوں۔ [1]

④ اسم اُمّی: ام کی طرف منسوب ہے اس اعتبار سے نبی ﷺ بوجہ پاکی فطرت وعصمت منجانب رب العزت جملہ عیوب و نقائص سے ایسے ہی پاک وصاف ہیں جیسا کہ ماں کے پیٹ سے پیدا شدہ بچہ ہوتا ہے۔

ام المؤمنین عائشہ طیبہ رضی اللہ عنہا نے انہی معانی پر نظر رکھتے ہوئے اشعار ذیل نبی ﷺ کی شان میں پڑھے تھے اور ان اشعار کو سن کر آقائے نامدار نہایت مسرور الوقت ہوئے تھے۔ [2]

وَمُبَرَّءٌ مِّنْ كُلِّ غُبَّرِ حَيْضَةٍ ... وَفَسَادِ مُرْضِعَةٍ وَدَاءِ مُغَيَّلِ
وَاِذَا نَظَرْتَ اِلٰى اَسِرَّةِ وَجْهِهٖ ... بَرَقَتْ بُرُوْقُ الْعَارِضِ الْمُتَهَلِّلِ

''آپ ذہنی مرض، دودھ پلانے والی کے بگاڑ وغیرہ جیسے ہر عیب سے پاک ہیں۔ جب تو ان کے چہرہ انور کو دیکھے تو حیران وششدر رہ جائے۔ جب وہ اپنے مالک کی تحمید کرتے ہوئے بزدلوں کے مقابل آتے ہیں۔''

⑤ اُمّی: ام کی طرف منسوب ہے، اس اعتبار سے کہ حضور ﷺ نے ولادت کے بعد اکتساب علوم وفنون کی جانب کوئی رغبت نہ کی تھی اور حضور ﷺ کے لوح قلب پر تقریراً یا تحریراً کسی ایک حرف کا نقش بھی ثبت نہ ہوا تھا۔

ملک عرب کی حالت بھی یہی تھی کہ وہ لکھنے پڑھنے سے عاری ہوتے تھے۔ وہ اپنی تمام عمر اسی حالت میں پوری کر دیا کرتے، جو ایک ایسے بچہ کی ہوتی ہے جو نہ مکتب گیا، نہ درس لیا، نہ قلم ہاتھ میں پکڑا، نہ سبق زبان پر جاری ہوا۔

یہودیوں نے اسی لیے اہل عرب کا نام امیّون رکھ دیا تھا۔

﴿ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ﴾ [آل عمران:75]

''(یہودی کہتے) کہ ہم ان امّی لوگوں کے ساتھ خواہ کچھ ہی برتاؤ کریں، ہم پر کچھ مواخذہ نہ ہوگا۔''

یہی نام اہل عرب کے لیے معرفہ بن گیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا ﴾ [الجمعہ:2]

''اللہ وہ ہے جس نے امیوں کے اندر شاندار رسول کو مبعوث فرمایا۔''

یہی لفظ اہل کتاب کے ناخواندہ اشخاص کے لیے بھی اللہ تعالیٰ نے استعمال فرمایا ہے:

---

[1] مسلم: 196/331 [2] خصائص الکبریٰ جلد اول ص 20 بروایت خطیب وابن عساکر ودیلمی۔

﴿ وَ مِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ ﴾ [البقرۃ:78]

''یہودیوں میں ایسے ناخواندہ بھی ہیں، جن کو کتاب کا کچھ علم نہیں۔''

الغرض لفظ امی سے ثابت ہوتا ہے کہ نبی ﷺ طرز وطریق خواندگی اہل دنیا سے بالاتر تھے۔

اللہ تعالیٰ نے اس مضمون کو دوسری جگہ اس طرح ظاہر فرمایا ہے:

﴿ وَ مَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴾ [العنکبوت:48]

''اے رسول! قرآن سے پہلے تو تم نہ کسی کتاب کو پڑھا کرتے تھے اور نہ تمھارے دست راست نے کبھی کوئی خط کھینچا تھا، تب تو یہ بطلان والے شک بھی کر سکتے۔''

معنی بالا کے لحاظ سے اسم نبی الامّی حضور ﷺ کا ایک بڑا معجزہ ہے۔

واضح ہو کہ نبی، نباء سے ہے اور نباء واقعہ عظیم اور اعلام ذوالاہتمام کو کہتے ہیں۔ یعنی نبی وہ ہے جو علم عالیہ اور وقائع عظمیہ کی اطلاع اہل عالم کو دیتا ہو اور جب یہ لفظ اللہ کی طرف سے مضاف ہوتا ہے تب اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ نبی وہ ہے جو علوم عالیہ اور شرائع عالیہ اور نوامیس ربانیہ کی اطلاع براہ راست اللہ تعالیٰ سے کرتا ہو۔

نبی کو نباوۃ سے بھی مشتق بتایا گیا ہے۔ نباوت کے معنی مقام مرتفع ہیں اور نبی وہ ہے جو اس مقام علیا پر فائز ہو، جہاں کوئی انسان اکتساب ومحنت وریاضت سے نہیں پہنچ سکتا اور اس مقام پر اس کے فائز ہونے کا سبب محض اصطفائے ربانی ہوتا ہے۔

نبی الامی کے وصف نے بتلا دیا کہ حضور ﷺ حرف شناسی وخط کشی سے تو دور ہیں اور باایں ہمہ علوم عظیمہ وآیات کاملہ کا صدور حضور ﷺ سے برابر ہوتا رہا۔

اہل سیرت جانتے ہیں کہ حضور ﷺ کو نبی الامی کے لقب سے یاد کیا جاتا، بلایا جاتا اور حضور اس طرز خطاب سے خرسند و مسرور ہوا کرتے تھے۔ اب اہل زمانہ کا حال دیکھو کہ جونہی کسی شخص کو ذرا شد بد، کہنے کی لیاقت ہوئی تو وہ اپنے لیے فاضل، اکمل، الوذعی، المعی، العلامہ وغیرہ الفاظ سننا اور کہلانا پسند کرتا ہے اور یہ ہر ایک صاحب قلم وزبان آور کا فطری خاصہ سا ہو گیا ہے کہ وہ چاہتا ہے کہ اصلیت سے بڑھ کر اس کے علم وفضل کا اندازہ لگایا جائے، لیکن ایک سیدنا محمد ﷺ ہیں جن کو ہر وقت ناخواندگی کا اعتراف اور امی ہونے کا اقرار ہے۔ اس اعتراف واقرار پر بھی ہزاروں علماء سینکڑوں فلاسفر حاضر ہوتے، زانوئے ادب تہہ کرتے اور اقرار کرتے کہ ان لوگوں کا علم وفہم اور حضور کا عرفان قطرہ وقلزم کی مثال رکھتے ہیں۔

غور کرو کہ جو شخص دنیا میں کسی کا شاگرد نہیں بنا وہ سب دنیا کا استاد بنا ہوا ہے۔ محاسن اخلاق، محامد اعمال، تدبیر منزل، سیاست مدن، اقتصادیات، سیاسیات، عمرانیات کے درس اور دماغ کو روشن، قلب کو مجلی، روح کو منور بنانے والی تعلیم دے رہا ہے۔ اس کی درس گاہ قدس کے دروازے کبھی بند نہیں ہوتے۔ وہاں داخلہ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ وہاں ایک صحرا نشین اور ایک شہری، ایک فلاسفر اور ایک بدوی پہلو بہ پہلو بیٹھے ہوئے ہیں اور آن واحد اپنی اپنی استعداد وقابلیت کے موافق مستفیض ومستفید ہو رہے ہیں۔ اندریں صورت امّی لقب

سے عَلَّمَنِیْ رَبِّیْ فَاَحْسَنَ تَادِیْبِیْ کا نور بخش ہے وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ کا دعویٰ متحقق ہو رہا ہے۔

⑤ لقب امی کی وجہ یہ ہے کہ اول انبیاء ابوالبشر آدم علیہ السلام سے لے کر آخر الانبیاء بنی اسرائیل عبداللہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام تک جملہ انبیاء و مرسلین نے حضور ﷺ کے نعوت عالیہ اور اوصاف جلیلہ بیان کیے۔ الف سے آدم اور میم سے مسیح مراد ہے اور یائے نسبت اسی راز کی کاشف ہے۔

امی و گویا بزبان فصیح　　از الف آدم و میم مسیح [1]

خصوصیت نمبر 11

﴿ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ﴾ [الکوثر:1]

''ہم نے تجھے کوثر عطا کیا''

کوثر بروزن فوعل ہے اور یہ وزن مبالغہ کے لیے آتا ہے۔ لفظ کثرت تو خود ہی فراوانی افزونی کے معنی کے لیے ہے، جب اسے بھی بروزن مبالغہ استعمال کیا گیا تو اس کے معنی کثرت بالائے کثرت اور فراوانی بیش از فراوانی اور افزونی بر افزونی ٹھہرے۔

صحیح بخاری میں ہے:

عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا الْكَوْثَرُ خَیْرُ الْكَثِیْرِ الَّذِیْ اَعْطَاهُ اللّٰهُ اِیَّاهُ قَالَ اَبُوْبِشْرٍ قُلْتُ لِسَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ اِنَّ اُنَاسًا یَزْعُمُوْنَ اَنَّهٗ نَهْرٌ فِی الْجَنَّةِ فَقَالَ السَّعِیْدُ النَّهْرُ الَّذِیْ فِی الْجَنَّةِ مِنَ الْخَیْرِ الْكَثِیْرِ الَّذِیْ اَعْطَاهُ اللّٰهُ اِیَّاهُ۔ [2]

''ابوبشر نے سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے انھوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ کوثر کے معنی وہ خیر کثیر ہے جو اللہ تعالیٰ نے خصوصیت سے رسول اللہ ﷺ کو عطا فرمائی۔ ابوبشر کہتے ہیں، میں نے سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ لوگوں کا گمان تو یہ ہے کہ کوثر ایک نہر کا نام ہے جو جنت میں ہے۔ سعید نے جواب دیا: ہاں! وہ جنت والی نہر بھی تو اسی خیر کثیر ہی میں سے ہے جو اللہ تعالیٰ نے خصوصیت سے حضور ﷺ کو عطا فرمائی ہے۔''

حوض کوثر کے وجود کی تصدیق صحیحین کی حدیث انس رضی اللہ عنہ سے ہوتی ہے۔ [3] لہٰذا حوض کوثر کے وجود اور عطیہ پر یقین رکھتے ہوئے بھی یہ تفسیر صحیح ہے کہ آیت زیب عنوان میں رب العالمین کی طرف سے انعامات لامتناہی اور عطیات غیر محدود کی آگاہی فرمائی گئی ہے۔ اس خیر کثیر کے تحت میں بہت سی اشیاء کا ذکر کیا جا سکتا ہے، جیسا کہ امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے۔

ازاں جملہ:

① امت محمدیہ ﷺ ایسی نبوت جامعہ، ریاست عامہ، دعوت کاملہ اور ہدایت بالغہ پہلے کب کسی کو عطا ہوئی تھی۔

اسی نبوت کے ثمرات میں سے ہے کہ:

---

[1] مخزن اسرار نظامی گنجوی۔ [2] بخاری: 4966 [3] بخاری: 6577، 6579، مسلم: 2292، 2303، ابن ماجہ: 4305، ابن حبان: 6445 تا 6459

﴿ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ﴾ [النساء:80]
''جس شخص نے رسول اللہ کی اطاعت کی، اس نے اللہ کی اطاعت کی۔''
کا فرمان صادر ہوا۔

اور اسی نبوت کے گلہائے رنگین میں سے ہے کہ:
﴿ وَ مَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ﴾ [النساء:64]
''ہم نے جو رسول بھیجا وہ اس لیے بھی کہ اس کی اطاعت ہمارے اذن کے تحت کی جائے۔''
کے منشور کی اشاعت فرمائی گئی۔

صاحب کوثر ﷺ وہی ہے جس کی اطاعت کا امر الٰہی جاری ہوا۔

صاحب کوثر ﷺ وہی ہے جس کی اطاعت کو اطاعت ربانی فرمایا گیا۔

صاحب کوثر ﷺ کی نبوت وہی نبوت ہے جس کی قدامت تاریخ بشر سے پہلے کی ہے اور جس کی نہایت انتہائے عالم سے ملی ہوئی ہے۔ رب العالمین کے کلام پر غور کرو، وہ یہ بھی فرماتا ہے:
﴿ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ﴾ [آل عمران:18]
''اللہ کی شہادت ہے کہ اس کے سوا اور کوئی بھی معبود نہیں۔''

نیز وہ یہ بھی اعلان فرماتا ہے:
﴿ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ﴾
''اللہ کی یہ بھی شہادت ہے کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول یقیناً ہیں۔''

جب رب المشرقین و رب المغربین خود شہادتین کو اپنی شہادت سے مصدق و مؤکد فرماتا ہے تو نبوت محمدیہ ﷺ اور رسالت مصطفویہ ﷺ کے خیر کثیر ہونے میں کیا کلام رہ جاتا ہے۔

از اں جملہ:

2. کوثر سے مراد اسلام ہے، وہی اسلام جس کے سوا اور کوئی دین اللہ تعالیٰ کے حضور میں مقبول و منظور ہی نہیں۔
وہی اسلام جس کا انبیائے عظام علیہم السلام نے ہمیشہ اعلان فرمایا۔
وہی اسلام جو سعادت دارین کا جامع اور اصلاح و فلاح ثقلین کا ذخیرہ ہے۔

از اں جملہ:

3. کوثر سے مراد کثرت امت محمدیہ ﷺ ہے، یہ کثرت حد و عدد کے احاطہ سے باہر ہے اور یوم فی یوم ترقی پذیر ہے۔

1881ء میں ہندوستان کے مسلمانوں کی تعداد پونے چار کروڑ (37500000) بیان کی جاتی ہے اور 1921ء کی مردم شماری میں ان کی تعداد پونے سات (67500000) کروڑ شمار میں آئی ہے۔ چالیس (40) سال سے اکیلے ہندوستان میں مسلمانوں کی تعداد کا قریباً دو چند ہو جانا اعداد صحیح سے ثابت ہو گیا تو دیگر اقطاع عالم میں بھی اس بیشی کا اسی رفتار سے بڑھتے

رہنا یقینی کہا جا سکتا ہے۔ [1]

بالمقابل اس کے اکثر اقوام ہیں جو گھٹ رہی ہیں اور آہستہ آہستہ بحرِ فنا میں گر رہی ہیں۔

یہ اسلام ہی ہے جس کا پاک درخت اپنی جڑوں کو زمین کے سوتوں تک پھیلا رہا ہے اور جو اپنی پھل دار شاخوں کے ساتھ فضائے آسمانی پر چھا رہا ہے۔

ازاں جملہ:

(4) کوثر سے مراد قرآن مجید اور کتاب حمید ہے۔

یہ وہی خیر کثیر ہے کہ شاخہائے اشجار کی اقلام اور قطرات بحار کی مداد جس کی مدح وثنا کے استیفاء سے عاجز ہے۔ عمر نوح اور فہم جبریل بھی اگر جمع ہو جائیں تو حصر اسرار قرآنیہ سے قاصر ہیں۔ بے شک یہی کتاب قلزم حقائق ہے اور یہی کوثر علوم ہے۔ یہی مطلع انوار ہے اور یہی مخزن الاسرار ہے۔ معجزات انبیاء علیہم السلام کا اظہار ایک وقت خاص میں ہوتا تھا اور پھر خود انہی کے عہد مبارک میں اس معجزہ کا وجود و نمونہ پایا جاتا تھا۔

موسیٰ علیہ السلام کے عصا کا اژدھا بن جانا، پھر اژدھا سے سیرت اولیٰ پر عود کر جانا، ایک ایسا نظارہ ہے جو کہ کوہ طور کے بعد فرعون ہی کے دربار میں دیکھا گیا۔ وہی عصا بنی اسرائیل کے لیے انفجار ماء کا آلہ بنا۔ ضرورت باقی رہی تو وہی عصا کا عصا رہ گیا۔ پھر وہی عصا کسی دوسرے کے ہاتھ میں جا کر صرف ایک لکڑی رہ جاتا تھا۔

قرآن پاک ہمارے سید و مولیٰ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ ہے، زندہ معجزہ ہے، دائمی معجزہ ہے، ابدی معجزہ ہے، اس کا اعجاز ہر وقت، ہر آن موجود و مشہود ہے اور ہر ایک عالم دین اس کے معجزہ ہونے کی براہین صادقہ ہر وقت و بہ ہر حین پیش کر سکتا ہے، بے شک یہ ایسی خیر کثیر ہے جس کا اعلان منجاب رب رحمٰن ہونا ضروری تھا۔

(5) کوثر سے مراد وہ فضائل کثیرہ اور محامد جمیلہ اور نعوت متکاثرہ ہیں جو وجود باجود مصطفوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مندرج و منطوی تھے:

☐	انابت آدم علیہ السلام	اور	استقامت نوح علیہ السلام
☐	حلم اسماعیل علیہ السلام	و	علم خلیل علیہ السلام
☐	درس ادریس علیہ السلام	و	تحفیت شیث علیہ السلام
☐	حقانیت اسحٰق علیہ السلام	اور	عاقبت بینی یعقوب علیہ السلام
☐	نورانیت یوسف علیہ السلام	و	صالحیت صالح علیہ السلام
☐	ہدی ہود علیہ السلام	اور	جمعیت شعیب علیہ السلام
☐	لطافت ہود علیہ السلام	اور	عبرت عزیر علیہ السلام
☐	شکوہ سلیمان علیہ السلام	و	اندوہ یحییٰ علیہ السلام
☐	داد داؤد علیہ السلام	و	دعائے یونس علیہ السلام

---

[1] آج کل پاک و ہند میں مسلمانوں کی مجموعی تعداد پینتیس کروڑ (350000000) سے متجاوز ہے۔

- ایاب ایوب علیہ السلام و ذہاب زکریا علیہ السلام
- امامت ہارون علیہ السلام و ایناس الیاس علیہ السلام
- زہد عیسیٰ علیہ السلام و علو موسیٰ علیہ السلام
- احسانیت لقمان علیہ السلام و اتقیاء خضر علیہ السلام
- مساعی الیسع علیہ السلام و کفالیت ذوالکفل علیہ السلام

علیهم الصلوٰة والسلام

یہ ایسے الوان گونا گوں ہیں جو الٰہی شمس حقیقت کے پیکر نوری میں مجتمع ہیں۔ رحمۃ للعالمینی کا وہ رنگ ہے جس نے ان الوان کو اپنے اندر جمع کر لینے کے بعد اپنے رنگ خاص میں رنگین بنا دیا ہے۔

(6) کوثر سے مراد سید کثیر الخیر ہے۔ یہ معنی صاحب صحاح اللغات نے تحریر کیے ہیں۔

یقیناً حضور ﷺ سید ولد آدم ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے بھی حضور ﷺ کو "یٰسٓ" کہہ کر خطاب فرمایا ہے۔

بالیقین حضور ﷺ کثیر الخیر ہیں اور سید ہیں۔ حضور ﷺ ہی وہ مشعل ہدایت ہیں کہ ظلمات کفر و شرک کو دور فرمایا۔

حضور ﷺ ہی وہ سراج منیر ہیں کہ چشم کور سواد کو بینائے حقائق بنایا۔

حضور ﷺ ہی وہ نور بخت ہیں کہ قلب عالم کو منور اور روح اعظم کو مستنیر فرمایا۔

حضور ﷺ ہی وہ عبد کامل ہیں کہ انسانیت کو تخت سیادت پر بٹھلایا۔

الغرض عطیہ کوثر نبی ﷺ کے خصائص میں سے ہے اور امید ہے کہ فردائے قیامت کو تشنگان جمال حضور ﷺ کے زلال الطاف سے بہرہ یاب اور عطشان خشک زبان حضور کے جام کوثر سے ضرور شاد و سیراب ہوں گے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْهُمْ۔ (آمین)

خصوصیت نمبر 12

﴿ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَ يَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴾ [الفتح:1-3]

(1) آیت بالا میں فتح مبین کے وقوع کی خبر دی گئی ہے اور اس کے نتائج بھی بیان فرمائے گئے ہیں۔

(2) مقدم و مؤخر ذنب کا غفران

(3) اتمام نعمت

(4) صراط مستقیم کی ہدایت

(5) نصر عزیز کی یاوری و معیت

علمائے کرام نے ذنب ما تقدم و ما تاخر پر خوب بحث کی ہے اور ان کا غفران بتلایا ہے۔

① کسی نے ماتقدم وماتاخر سے زمانہ قبل نبوت مرادلیا ہے اور معانی یہ بتلائے کہ امور جاہلی کے غفران کی خبر دی گئی ہے:
امام سبکی رحمہ اللہ کا اس پر اعتراض یہ ہے کہ نبی ﷺ تو کبھی قبل از نبوت بھی امور جاہلیہ میں سے کسی امر میں آلودہ نہ ہوئے تھے لہٰذا ناکردہ فعل کے غفران کے کیا معنی ہو سکتے ہیں۔؟

② امام زمخشری رحمہ اللہ اور بیضاوی رحمہ اللہ نے ذنب سے مراد معمولی لغزشیں بتلائی ہیں اور بتایا ہے کہ رب العالمین نے ایسی حرکات کو بھی محل لطف وعنایت بنا دیا۔

امام سبکی رحمہ اللہ کا اعتراض ہے کہ ایسی لغزشوں کا بھی ثبوت کچھ نہیں اور بالمقابل اس کے عصمت انبیاء علیہم السلام کا مسئلہ مسلمہ ہے۔
انبیاء سے نہ صدور کبائر ہوتا ہے، نہ صدور صغائر، لہٰذا یہ توجیہ نادرست ہے۔

③ امام سبکی رحمہ اللہ نے خود یہ معنی لکھے ہیں اور شیخ عبدالحق حقی محدث دہلوی رحمہ اللہ نے انہی معنی کی تحسین وتعریف کی ہے کہ یہ آیت کسی لغزش یا گناہ کے وقوع کی اطلاع نہیں دیتی، بلکہ از راہِ تشریف وتکریم یہ فرمایا گیا ہے کہ اگر کسی لغزش کا امکان بھی تصور کر لیا جائے تو وہ بھی بخش دی گئی ہے۔

وہ کہتے ہیں کہ مقصود کلام اثبات ذنب اور پھر غفران بعد از اثبات نہیں بلکہ اس جگہ مطلقاً نفی ذنب مراد ہے۔

④ قاضی عیاض رحمہ اللہ نے بھی لفظ مغفرت کو تبریہ از عیوب کے معنی میں لیا ہے۔

⑤ تفسیر خازن میں عطاء خراسانی رحمہ اللہ کا قول نقل کیا گیا ہے کہ ذنب ماتقدم سے مراد آدم وحوا علیہما السلام کا ذنب اور ذنب ماتاخر سے مراد امت کا ذنب ہے۔

ان اقوال میں سے قارئین کو جو قول پسند ہو، اسے قبول کر سکتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ علماء کی اس قدر شرح وبیان کے بعد کچھ باقی رہ جاتا ہے:

وجہ اشکال ایک یہ ہے کہ ﴿ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَ مَا تَاَخَّرَ ﴾ [الفتح:2] سے بہ ظاہر اثبات ذنب واضح ہو جاتا ہے اور یہ بالا جماع عقیدہ جمہور امت کے خلاف ہے۔

اور اشکال دوم کی وجہ یہ ہے کہ لِیَغْفِرَ کے حرف لام کو بہ معنی کے بیان کیا گیا ہے اور اس وقت یہ دشواری آ پڑتی ہے کہ فتح مکہ کو سبب مغفرت قرار دینے میں کیا علاقہ ہے؟ یا کیا خوبی ہے؟

متعدد علماء کے اقوال عدیدہ کو دیکھ کر میں نے سمجھا کہ اس بارہ میں مزید معنی بیان کرنے کی بھی گنجائش ہے۔

سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ الفاظ ﴿ فَتْحًا مُّبِیْنًا ﴾ سے مراد فتح مکہ لینا ہی غلط ہے۔ صحیح بخاری ومسلم میں نیز سنن ترمذی میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ﴿ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ ﴾ کا نزول صلح حدیبیہ کے انجام پر ہوا تھا۔ [1]

ہمراہیان رسول پاک ﷺ کو اس امر کا رنج وقلق تھا کہ قریش نے نبی ﷺ اور اصحاب النبی رضی اللہ عنہم کو مقام حدیبیہ سے آگے نہ بڑھنے دیا، طواف کعبہ نصیب ہوا اور نہ قربان گاہ تک قربانی کے جانور پہنچے۔ حتیٰ کہ اس میدان میں قربانیاں کی گئیں اور احرام کھولا گیا۔

الغرض اس ناکامی کو مسلمان سختی سے محسوس کرتے تھے، مگر وہ معاہدہ جو اسی مقام پر فریقین کے درمیان طے ہو گیا تھا، اس کی

[1] بخاری:3118، مسلم:4633

اہمیت قانونی، اخلاقی، آئینی کا اندازہ بہت کم بزرگوں کو تھا۔ اللہ تعالیٰ نے کلام پاک میں اسی اہمیت کو ظاہر فرمایا اور ان نتائج اور فوائد اور برکات کو آشکارا فرمایا جو انعقاد صلح کے مترتب ہونے والے تھے۔

صحیح بخاری (باب عمرۃ الحدیبیہ) میں براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تم لوگ یوم الفتح سے مراد فتح مکہ سمجھتے ہو، ہاں فتح تو وہ بھی ہے مگر (گروہ صحابہ) تو حدیبیہ کے دن بیعت الرضوان کو یوم الفتح قرار دیا کرتے تھے۔ [1]

روایت بالا سے واضح ہو گیا کہ معاہدہ حدیبیہ اور بیعت الرضوان کا نام "فتح مبین" ہے۔ اس جگہ معاہدہ حدیبیہ کے فقرات متعدد روایات کو جمع کرنے کے بعد درج کیے جاتے ہیں۔

هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ وَ سُهَيْلُ بْنِ عَمْرٍو عَلٰى:

یہ وہ سمجھوتہ ہے جو محمد ﷺ بن عبداللہ اور سہیل بن عمرو (کمشنر قریش) کے درمیان ہوا۔ یہ کہ:

1. اَنْ يُّخَلُّوْا بَيْنَنَا وَ بَيْنَ الْبَيْتِ فَنَطُوْفُ بِهٖ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ

سال آئندہ میں مسلمانوں کو بیت اللہ اور طواف سے نہ روکا جائے گا۔

2. وَ لَا يَدْخُلُ مَكَّةَ بِالسِّلَاحِ اِلَّا السَّيْفُ فِي الْقِرَابِ ، يَخْلُوْنَ لَهٗ مَكَّةَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ

مسلمانوں کے ساتھ ہتھیار نہ ہوں گے بجز تلوار کے جو میان سے باہر نہیں نکالی جائے گی مکہ مسلمانوں کے لیے تین (3) دن تک خالی چھوڑ دیا جائے گا۔

3. وَلَا يَخْرُجُ مِنْ اَهْلِهَا بِاَحَدٍ اِنْ اَرَادَ اَنْ يَّتْبَعَهٗ وَ اَنْ لَّا يَمْنَعَ مِنْ اَصْحَابِهٖ اَحَدًا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّقِيْمَ بِهَا۔

اس وقت اہل مکہ میں سے کوئی شخص اگر مسلمانوں کے ساتھ جانے کا ارادہ بھی کرے تو اسے ساتھ نہیں لے جایا جائے گا، لیکن اصحاب محمد ﷺ میں سے کوئی مکہ میں رہنا چاہے تو اسے نہیں روکا جائے گا۔

4. وَ عَلٰى اِنْ جَآءَ الْقُرَيْشُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ لَمْ يَرُدُّوْهُ اِلَى الْمُسْلِمِيْنَ

اگر مسلمانوں کا کوئی شخص قریش کے پاس پہنچ جائے گا تو اسے واپس نہ کریں گے

5. وَ مَنْ جَآءَ الْمُسْلِمِيْنَ مِنَ الْقُرَيْشِ يَرُدُّوْهُ اِلَى الْقُرَيْشِ

لیکن اگر قریش کا کوئی شخص مسلمانوں کے پاس چلا جائے تو وہ اسے واپس کر دیں گے۔

6. وَ عَلٰى مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّدْخُلَ فِيْ عَقْدِ مُحَمَّدٍ وَ عَهْدِهٖ دَخَلَ فِيْهِ وَ مَنْ دَخَلَ فِيْ عَقْدِ قُرَيْشٍ وَّ عَهْدِهِمْ دَخَلَ فِيْهِ .

قبائل میں سے جو کوئی پسند کرے وہ محمد ﷺ کی طرف داخل ہو سکتا ہے اور جو کوئی قریش کی جانب کو پسند کرے وہ ان کے ساتھ معاہدہ میں شامل ہو گیا ہے۔

7. وَعَلٰى اَنَّ الْحَرْبَ تُوْضَعُ بَيْنَهُمْ عَشْرَ سِنِيْنَ .

دس سال تک فریقین میں جنگ بند رہے گی۔

8. وَ عَلٰى اَنَّ بَيْنَنَا عَيْبَةً مَّكْفُوْفَةً فِيْ صُدُوْرٍ سَلِيْمِه [2]

آپس کے سب جھگڑے فراخ حوصلگی کے ساتھ طے کیے جائیں گے۔

---

[1] بخاری: 4835-4834 [2] بخاری: 2732,2731,2700، مسلم: 4631,1784، سیرت ابن ہشام: 318,317/2، زادالمعاد: 383/1

معاہدہ بالا کو اگر دنیا کا کوئی سٹیٹس مین (مدبر و سیاست دان) دیکھے گا تو سمجھ لے گا کہ مسلمانوں نے بہت ہی دب کر، بلکہ گھٹیا شرائط پر معاہدہ کیا تھا۔

لیکن ہادی اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی کو فتح مبارک بتلایا اور قرآن حمید نے اسی کو فتح مبین فرمایا۔ وہ کھلی فتح کیا ہے؟

① وہ یہ ہے کہ کینہ توز جنگ آور قریش نے دس سال (10) تک چپ رہنے، جنگ نہ کرنے کا عہد کیا۔

② وہ فتح یہ ہے کہ جانبین میں آمد و رفت کی راہ کھل گئی۔

③ وہ فتح یہ ہے کہ اب مسلمانوں کو قبائل کفار میں تبلیغ کا موقع مل گیا۔ حقیقت اسلام کو سمجھنے کے بعد جھوٹے شکوک زائل ہونے لگے اور ظنون باطل ٹھہرے۔

لفظ فتح کا استعمال جنگ کی فیروزمندی پر بھی کیا جاتا ہے اور حل مشکلات پر بھی اسی لفظ کا استعمال ہوتا ہے۔

اسلام کے لیے یہی فتح مبین تھی کہ اشاعت اسلام کی دشواریاں جاتی رہیں۔

اب آیت زیب عنوان کا لفظ ذنب غور طلب ہے۔

1 اس کے معنی گناہ بھی ہیں اور گناہ کا اطلاق خلاف ورزی احکام شرعیہ کے معنی میں ہے۔

2 اس کے معنی الزام کے بھی ہیں اور گناہ کا اطلاق ملکی یا قومی یا حکومت کے احکامات کی خلاف ورزی میں کیا جاتا ہے۔

جب ہم ذنب بفتحتین کو دیکھتے ہیں جس کے معنی ''دم'' ہیں تو اشتقاق اوسط کے اصول پر ذنب بالفتح وسکون ثانی کے معنی بھی متبادر ہو جاتے ہیں۔ یعنی ہر ایک وہ الزام جو کسی شخص کے پیچھے لگا دیا گیا ہو۔

ذنوب بفتح اول۔ اس ڈول کو کہتے ہیں جو رسی کے سرے پر بندھا ہوا ہو۔ یہ بھی اسی وضع لغوی کی جانب رہبری کرتا ہے۔

لہٰذا کیا ضروری ہے کہ آیت بالا میں ذنب کا ترجمہ گناہ کیا جائے اور پھر سمجھا جائے کہ کوئی گناہ واللہ کا تھا۔

قرآن مجید کی زبان سے سنو، موسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں:

﴿ وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَأَخَافُ أَنْ يَقْتُلُونِ ﴾ [الشعراء: 14]

''انھوں نے مجھ پر ایک الزام لگا رکھا ہے اور میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے۔''

ظاہر ہے کہ فرعون یا قوم فرعون کے مقابلہ میں موسیٰ علیہ السلام نے کسی گناہ شرعیہ کا ارتکاب نہیں کیا تھا لہٰذا اس کا ترجمہ ''الزام'' بھی صحیح ہے۔

قانوناً لفظ ''الزام'' اور لفظ ''جرم'' کے معنی میں بہت تفاوت ہے۔ ''الزام'' کا اطلاق اس نسبت سے جرم پر کیا جاتا ہے کہ بادی النظر میں الزام لگا سکنے والی طاقت کے نزدیک کسی شخص پر کسی فعل ممنوعہ ملک یا قانون کا مرتکب ہونے کی بابت گمان کیا جا سکے۔ اور ''جرم'' کا اطلاق اس فعل ممنوعہ ملک یا قانون کے ارتکاب ثابت ہو جانے کے بعد کیا جاتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام پر فرعونیوں نے قتل عمد کا الزام لگا رکھا تھا اور اس فعل کے ثابت ہو جانے کے بعد اس کی سزا قتل و قصاص تھی۔

موسیٰ علیہ السلام فرعونیوں کی ذہنیت کو سمجھتے تھے، وہ جانتے تھے کہ یہ سطحی دماغ سے نہ تو ''نیت'' کی ضروری شرط کا خیال رکھیں گے اور نہ اس فرق کو سمجھیں گے کہ ایک تھپڑ کا لگ جانا کیا عادتاً منجر بہ ہلاکت ہو سکتا ہے یا تھپڑ لگانے والے کے علم میں یا احتمال میں اس کا منجر بہ

ہلاک ہونے کا ظن غالب ہو سکتا ہے۔

اگر ان ضروری مباحث قانونی کو الزام بر موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ شامل کیا جائے تو موسیٰ علیہ السلام پر جو الزام قتل لگایا گیا تو وہ 323 تعزیرات ہند سے بھی گھٹ کر محض ایک تادیبی فعل رہ جاتا ہے جس کا صدور نیک نیتی سے ہوا اور قانوناً کوئی جرم نہیں بنتا۔

2 حدیث میں ہے: اِذَا تَصَافَحَا لَمْ یَبْقَ بَیْنَھُمَا ذَنْبٌ جب دو شخص آپس میں مصافحہ کرتے ہیں ہیں تو ان میں باہمی کوئی ذنب باقی نہیں رہتا۔ (1)

صاحب مجمع البحار نے ذنب کے معنی میں اس جگہ تحریر کیا ہے: ایْ غِلٌّ وَّشَحْنَا یعنی ذنب کے معنی یہاں کینہ اور تنگ دلی ہیں۔

4 قرآن مجید کی ایک دوسری آیت ہے: ﴿ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴾ یہاں نبی اور مؤمنین کے واحد ذنب کا ذکر ہے۔

ان جملہ امور کو مدنظر رکھتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ اس آیت زیب عنوان میں ذنب بمعنی الزام قوم ہے، اور ''ماتقدم'' سے مراد زمانہ قبل از ہجرت اور ماتاخر سے مراد زمانہ بعد از ہجرت ہے۔ علماء سیرت آگاہ ہیں کہ نبی ﷺ پر کفار نے جو جو الزامات و اتہامات لگائے تھے، وہ اپنی نوعیت کے لحاظ سے قبل از ہجرت الگ تھے اور بعد از ہجرت الگ۔

اتہامات قبل از ہجرت

یہ کاہن ہے، یہ شاعر ہے، یہ مجنون ہے، یہ ساحر ہے۔ یہ اوروں سے سن سن کر فسانے بنالیتا ہے، اس کے پاس غیر قوم کا کوئی شخص ہے جو اسے ایسی پڑھنت پڑھاتا رہتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

الزامات بعد از ہجرت

یہ قوم میں پھوٹ ڈالنے والا ہے، ملک کو اجاڑنے والا ہے، بھائی کو بھائی سے، بیٹے کو ماں سے جدا کرنے والا ہے، ہماری تجارت کو مخدوش کر دیا، قومی انتظامات کو پراگندہ کر دیا، وغیرہ وغیرہ۔

مومنین پر بھی ایسے ہی الزامات لگائے جایا کرتے

بے عقل ہیں، کوتاہ بین ہیں، کمینے ہیں، غلام ہیں، نا قابل التفات ہیں۔ آیت ﴿ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُهُمْ ﴾ ''ان کی نگاہوں میں حقیر ہیں۔'' میں انہی امور کی طرف اشارہ ہے۔ اجی! یہ تو وہ ہیں کہ روٹی نہ ملے تو سب کے سب محمد ﷺ کو چھوڑ چھاڑ کر الگ ہو جائیں۔

آیت ﴿ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ﴾ [المنافقون:7] '' جو شخص رسول ﷺ کے اردگرد ہیں ان کو خرچ نہ دو یہ خود بخود منتشر ہو جائیں گے۔'' میں یہی بات ان کو بتائی گئی ہے۔

عروہ بن مسعود نے بھی جب وہ قبل از اسلام نبی ﷺ کے حضور میں سفیر قریش کی حیثیت سے آیا تھا۔ یہی الزام مسلمانوں کو رُودَرُو مسلمانوں پر لگایا تھا کہ یہ سب تو تجھے چھوڑ کر الگ ہو جائیں گے۔ اس کا جواب سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عروہ کو نہایت ذلیل کن الفاظ میں دیا تھا۔

---

(1) کنز العمال: 25341، مجمع الزوائد: 37/8، طبرانی: 337/8

اب آیت کا مطلب یہ ہوا کہ حدیبیہ کی فتح مبین کا پہلا ثمر شیریں یہ ہوگا کہ کفار اور مسلمین کے مل بیٹھنے سے سب اگلے پچھلے الزامات اٹھ جائیں گے، دب جائیں گے، زیر خاک ہو جائیں گے۔ لفظ غفر کے لغوی معنی بھی یہی ہیں: صداقت رسول ﷺ آشکار ہوگی۔ بصارت کھل جائے گی۔ بصیرت بیدار ہوگی۔ اتہامات والزامات کی لغویت کا خود ان لوگوں کو اقرار بہ ندامت وانفعال کرنا ہوگا۔

تاریخ گواہ ہے کہ فی الحقیقت یہ نتائج اس صلح کے بہت جلد مترتب ہو گئے تھے۔

بشارت دوم: ﴿ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ ﴾ [یوسف:6] ہے۔ ''اللہ اپنی نعمت کو آپ پر پورا کرے گا۔''

یعنی صلح حدیبیہ کا ثمر دوم اتمام نعمت ہوگا۔ آیت بالا میں جس کا سال نزول 6ھ ہے۔ اتمام نعمت کا وعدہ ہے اور آیت

﴿ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ ﴾ [المائدہ:3]

''میں نے آج تمہارے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت کا اتمام کر دیا۔''

میں جو 9 ذی الحجہ 9ھ کو نازل ہوئی، اس وعدہ کے ایفا کی خبر ہے۔ اتمام نعمت کے معنی ہیں اتمام اشاعت دین اور کمال تبلیغ دین متین اور اس تبلیغ کے مبارک ثمرات شامل ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ صلح حدیبیہ کے انعقاد کے بعد جو تبلیغ کہ قریش اور خلفائے قریش کے اندر رکی ہوئی تھی وہ روک بھی اٹھ گئی۔ موانعات کے دور ہو جانے سے لوگ اسلام کو سمجھنے لگے تھے، پھر پچاسوں اور سینکڑوں کی تعداد میں داخل اسلام ہونے لگے تھے۔

بشارت سوم: ﴿ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴾ [الفتح:2] ہے، ''سیدھی راہ پر اللہ تجھے لے چلے گا۔''

جو صلح کا تیسرا ثمر شیریں ہوا۔ یعنی جس صراط مستقیم پر مخالفین سنگ راہ بنے ہوئے تھے، جس شاہراہ ہدایت کو مشرکین نے روک رکھا تھا وہ صاف ہو جائے گی۔ اور حضور کو اپنی تعلیم پر چلانے اور سالکان راہ کو منزل مقصود تک پہنچانے کا کھلا موقع مل جائے گا۔

بشارت چہارم: ﴿ وَيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴾ [الفتح:3] ''اللہ تیری مدد زبردست نصرت کے ساتھ فرمائے گا''

ہے جو اس صلح کا چوتھا مبارک نتیجہ ہوگا۔

یعنی نصرت الٰہیہ پوری طاقت اور نمایاں غلبہ کے ساتھ آشکار ہوگی۔ قلوب میں کشش، ارواح میں ذوق پیدا ہو جائے گا۔ بیسیوں نہیں سینکڑوں نہیں، ہزاروں کی تعداد میں لوگ صداقت کے جویا، حقیقت کے طالب بن جائیں گے۔ حتیٰ کہ

﴿ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ﴾ [النصر:2] ''اللہ کے دین میں لوگ فوج در فوج داخل ہو رہے ہیں۔''

کا نظارہ چشم ظاہر بین کو بھی نظر آنے لگے گا۔

نصرت الٰہیہ کا اس آیت میں ذکر ہے:

﴿ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ ﴾ [التوبہ:40]

''اگر تم اس کی مدد نہیں کرتے تو اللہ تعالیٰ نے تو اس کی مدد اس وقت بھی کی جب کافروں نے اسے نکال دیا تھا اور رسول ﷺ اس وقت دو میں سے دوسرا تھا اور وہ دونوں اس وقت غار میں تھے۔''

ہاں! نصرت الٰہیہ ہی کا کرشمہ تھا کہ نبی ﷺ اور صدیق رضی اللہ عنہ دونوں غار کے اندر موجود ہیں اور کفار اشرار برسر غار کھڑے ہیں اور اتنے قریب ہیں کہ اگر ذرا جھک کر دیکھ لیں تو غار کی اندرونی حالت دیکھ سکیں، مگر نصرت ربانی کام کر رہی ہے۔ یہ لوگ منہ پر آنکھیں رکھتے ہوئے اندھے ہو گئے ہیں۔

غار سے برآمدگی کے بعد مدینہ تک پہنچ جانا بھی آسان نہ تھا، قریش کے انعام اور بت پرستوں کے ذاتی انتقام نے تمام راستہ کو نہایت مخدوش بنا دیا تھا۔ یہ تین سو (300) میل کا راستہ سینکڑوں اعداء دین کا روکا ہوا تھا۔ پھر بھی نصرت سبحانی سے یہ خوفناک سفر خوش اسلوبی سے طے ہو جاتا ہے۔ بنو کنانہ کے مدلجی سردار نے اگر تعاقب بھی کیا تو منہ کی کھائی اور بریدہ اسلمی نے بھی اگر تعاقب کیا تو زمرہ خدام میں منسلک ہو گیا۔ حضور ﷺ کے قدوم میمنت لزوم کی اطلاع و بشارت بھی ایک یہودی بچہ اس اہل ایمان تک لے جاتا ہے اور اہل مدینہ اس نعمت خداداد سے درجہ تکمیل پر فائز ہو جاتے ہیں۔ صراط مستقیم پر چلنے والوں کی تعداد روز افزوں ترقی کے ساتھ بڑھنے لگتی ہے۔ حتی کہ یہود کی آنکھیں بھی اس نظارہ سے جس کی خبر حقوق نبی نے دی تھی پتھرا جاتی ہیں۔

اب چھ (6) سال بعد مدینہ سے ٹھیک جنوب میں یعنی ام القریٰ اور اس کے حوالی میں قدرت ربانیہ اور نصرت الٰہیہ کو نتائج صلح حدیبیہ کا دکھلانا منظور ہے۔

ان آیات پر غور کرنے سے نمایاں ہو جاتا ہے کہ فتح مبین اور اتمام نعمت اور ہدایت راہ مستقیم وعزت کے معنی سیرت رسول پاک ﷺ ہمیشہ سے مشکلات اشاعت کی دوری اور موانعات تبلیغ کا اندفاع کر رہے ہیں جس کا نتیجہ اعلائے کلمۃ الحق اور ظہور صداقت و بروز حقیقت رہا ہے۔

بے شک یہ سب وعدے، یہ جملہ بشارات حضور ﷺ ہی کی حیات طیبہ میں منجانب اللہ پورے فرمائے گئے تھے۔ لہٰذا آیت زیب عنوان حضور ﷺ کی رفعت شان اور منصب عظیم کی مظہر اتم ہیں اور حضور ﷺ کی خصوصیات کی مبرہن کرنے والی ہیں۔

مندرجہ بالا تحریر کا مطلب یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ حضور ﷺ سراپا نور کے مغفور الذنب ہونے کا کوئی منفی پہلو اس سے نکل سکتا ہے؟ نہیں، ہرگز نہیں۔

تحریر بالا تو حضور ﷺ کے مدارج علیا کی اور زیادہ وضاحت کن ہے۔ اگر وہ ذات قدسی جسے رب العالمین نے

﴿ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ﴾ [الاحزاب:21]

''تمہارے لیے رسول اللہ ﷺ کی ذات بہترین نمونہ ہے۔''

فرما کر اہل عالم وعالمیان کے سامنے بطور نمونہ پیش کیا ہے، مغفور الذنب نہ ہو تو پھر عصمت انبیاء کے کیا معنی رہ سکتے ہیں؟

میرا تو ایمان ہے کہ حضور ﷺ ہی صاحب مقام محمود ہیں، منزلت وسیلہ کے سریر آرا (تخت نشین) ہیں، شفیع المذنبین ہیں۔ شفاعت کبریٰ حضور ﷺ ہی کے لیے خاص ہے: اٰدَمُ وَمَنْ دُوْنَهٗ تَحْتَ لِوَائِيْ وَ لِوَاءُ الْحَمْدِ بِيَدِيْ ''آدم اور ان سے نیچے سب برگزیدہ لوگ میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور حمد کا جھنڈا اس روز میرے ہاتھ میں ہوگا۔'' [1] حضور ﷺ ہی کا مرأت کمال ہے۔

الغرض عصمت کاملہ اور شفاعت کبریٰ کے مناصب کے ساتھ ساتھ آیات زیب عنوان سے ان معانی کا استفاضہ بھی ہو گیا کہ اعداء دین نے جو الزامات سرور کائنات ﷺ پر لگائے تھے، ان کا ازالہ بھی حضور ﷺ کی پاک ترین حیات ہی میں ہو چکا تھا۔

یہ بھی ثابت ہو گیا کہ معاہدہ کرتے وقت چالاک دشمن نے جن شرائط کو اپنی برتری اور اشاعت اسلام کی مسدودی کا ذریعہ سمجھا تھا، وہ سب بیت العنکبوت (مکڑی کا گھر) ثابت ہوئیں۔

---

[1] ترمذی: 3148

قریش نے سمجھا تھا کہ جب نومسلم لوگ اکسٹراڈیشن (تحویل مجرم کا قانون، Extradition) کے مجرم بن جائیں گے تو قریش کے جبر وستم اور بند وقید کے خوف سے آئندہ کوئی شخص اسلام میں داخل نہ ہوگا۔

نیز جب مرتدین کو یہ سہارا مل جائے گا کہ وہ ترک اسلام کے بعد بھی قریش کی پناہ میں آ کر جملہ حقوق شہریت سے متمتع رہ سکیں گے اور مسلمان ان کا کچھ بگاڑ نہ سکیں گے تو بیسیوں مسلمان بھی مرتد ہو جائیں گے، مگر یہ دونوں خیال جھوٹے نکلے اور صرف اشاعت اسلام نے ان کی جملہ تدابیر کو خاک میں ملا دیا اور علیم الحکیم نے اسی معاہدہ کو فتح مبین اور نصر عزیز بنا دیا۔

بے شک کوتاہ بین آنکھ تو یہ نہ دیکھ سکتی تھی کہ وہ دو شخص جو رات کی تاریکی میں گھروں سے نکلے اور غار کی تہہ میں چھپ کر رہے، یہی کل دنیائے روحانیت کے آفتاب و ماہتاب ہیں۔

نبی کریم ﷺ کی روحانیت سے شرک کی ظلمت اور جہل کی تاریکیاں دور ہوئیں، توحید کا نور گھر گھر پہنچا اور خلیفۃ الرسول کی روحانیت سے اسود عنسی اور مسیلمہ، سجاح کی نبوت کاذبہ کے دعاوی مغاک ہلاک میں ڈالے گئے اور ہر ایک گمراہ کن کی بنیادیں مستاصل کی گئیں۔

اسی طرح اور بالکل اسی طرح اس معاہدہ کے وقت کوتاہ اندیشان قریش کی عقل اور سمجھ سے یہ بات باہر تھی کہ جو مسلمان مسلمانوں سے بہ طور مجرم حاصل کیے جائیں گے وہی لوگ حبس و زندان میں بیٹھے ہوئے مبلغ اسلام کی شان دکھلائیں گے اور بیسیوں کو مسلمان کر سکیں گے۔

جو لوگ ''اسلام بزور شمشیر'' کا جھوٹا اتہام لگایا کرتے ہیں وہ بھی اس معاہدہ پر غور کر لیں کہ اسلام سے پھر جانے والوں کی حمایت اور پناہ کی ذمہ داری قریش کی زبردست قوم اپنے اوپر لیتی ہے۔ ان کی آبادی اور سکونت کے انتظام کی حامی بھرتی ہے اور باایں ہمہ کوئی ایک شخص بھی نہیں نکلتا، جس سے اس حمایت وحفاظت وجنبہ داری کا فائدہ اٹھایا ہو۔

الختصر آیات زیب عنوان سے نبی ﷺ کی خصوصیات بخوبی آشکار ہیں اور مضمون ہذا کی مناسبت سے اس قدر لکھ دینا کافی ہے۔

وَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى نَبِيِّهٖ وَ حَبِيْبِهٖ وَاٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّاتِهٖ وَ بَارِكْ وَ سَلَّمْ

خصوصیت نمبر 13

﴿ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ﴾ [الانفال:17]

''جب تو نے پھینکا تھا تب تو نے نہ پھینکا، بلکہ اللہ تعالیٰ نے پھینکا تھا''

یہ آیت سورہ انفال کی ہے، سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے حبر الامت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ سورہ انفال کا نزول بہ مقام بدر ہوا۔ [1]

لہٰذا ثابت ہو گیا کہ جس واقعہ کی طرف آیت بالا میں اشارہ ہے، وہ بھی غزوہ بدر ہی کے واقعات سے ہے۔

اہل التفسیر واہل مغازی کا اتفاق ہے کہ نبی ﷺ نے قریش کے لشکر کو دیکھا تو زبان سے کہا، الٰہی! یہ قریش ہیں، فخر و غرور میں چور، تیرے نافرمان، تیرے رسول ﷺ کے مکذب، میں تیری موعودہ نصرت کا طالب ہوں، جبریل علیہ السلام آئے۔ کہا حضور ﷺ ایک

---

[1] بخاری: 4029،4882،4645،483؛ مسلم: 4758

مشت خاک لیجیے اور قریش کی طرف پھینک دیجیے اور نمونہ قدرت باری ملاحظہ کیجیے۔

نبی ﷺ نے کنکریوں والی مٹی کی مٹھی بھر لی اور لشکر اعداء کی طرف پھینک ماری۔ اس لشکر خودسر میں ایک ہزار (1000) کے قریب وہ لوگ تھے، جن کے کبر و افتخار کی کوئی حد ہی نہ رہی۔ یہ مٹھی بھر خاک ہر ایک کی آنکھ میں پہنچی اور ان بے بصران حقیقت کو بتلا گئی جو رسول پاک ﷺ کی شان سے اندھے ہیں وہ اسی امر کے سزاوار ہیں کہ ان کی آنکھیں پھوٹیں اور خاک راہ ان کے لیے سرمہ بنے۔

واقعہ عجیب تھا کہ مشت خاک اور ایک ہزار (1000) اعمی القلوب کی آنکھوں کو تیرہ کر جائے، اس لیے قرآن مجید نے یہ راز کھول دیا کہ اس میں دست قدرت شامل ہے اور قدرت کے کام ہمیشہ عقل انسانی کے لیے عجوبہ رہے ہیں اور رہیں گے۔

بعض لوگوں نے دیکھا کہ ﴿مَا رَمَيْتَ﴾ کی نفی اور ﴿إِذْ رَمَيْتَ﴾ کے اثبات میں اور ﴿وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ﴾ کے نتیجہ سے اتحاد ذات اور حلول کا مسئلہ نکلتا ہے۔ لہٰذا یہ سمجھ گئے کہ یہی آیت ہے جو حقیقت محمدیہ ﷺ کے چہرہ سے برقع کشا ہے، مگر ایسی سمجھ میں خوش فہمی کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔

اس آیت کے حقائق میں یہ بھی کہا جا سکتا ہے:

کہ نبی ﷺ کے خلق عظیم کو دیکھتے ہوئے حضور ﷺ کی عفو اور درگزر اور قوم پروری پر نگاہ کرتے ہوئے یہ واقعہ اعداء کی نگاہ میں بھی اس لیے تعجب خیز تھا کہ محمد مصطفیٰ ﷺ تو کبھی بدی کا بدلہ لینے والے نہ تھے۔ ان کا ہاتھ کسی کی ضرر رسانی کے لیے کبھی اٹھتا نہ تھا، ہم لوگوں نے تیرہ (13) سال تک مکہ میں سن سن کر دیکھ لیا کہ وہ کبھی مقابلہ میں اف تک نہ کرتے تھے، ہاتھ میں جنبش دینا تو کجا، زبان کو ہمارے خلاف نہیں ہلاتے تھے۔ آخر محمد ﷺ کو کیا ہو گیا کہ اس کی عادت بدل گئی؟ کیا اس کی فطرت میں تبدیلی آ گئی؟ کیا اب بھی خلق محمدیہ ﷺ کو دنیا کے لیے نمونہ بنایا جائے گا؟

رب العالمین کو یہ گوارا نہیں کہ اس کے حبیب پاک ﷺ کے اخلاق کی نسبت ایسی باتیں رمزاً بھی کہی جائیں، جھٹ اس کی نفی فرما دی اور بتلا دیا کہ اخلاق محمدیہ ﷺ تو وہی ہیں جو دنیا بھر میں مسلمہ ہیں، مگر اس واقعہ میں ہمارے نبی کا ذاتی فعل شامل نہیں ہے۔ نبی ﷺ نے ہمارے حکم کی تعمیل میں وہی کام کیا جو تیر انداز کے ہاتھ میں ایک کمان کا ہے۔ لہٰذا ہمارے رسول ﷺ کی ذات کے متعلق کوئی لفظ زبان سے مت نکالو اور اسے ہمارے ہی جلال کی شان سمجھو۔

﴿إِذْ رَمَيْتَ﴾ میں فعل کا اثبات اسی حیثیت سے ہے جو کمان کا تیر اندازی میں ہے اور ﴿مَا رَمَيْتَ﴾ فعل نبوی ﷺ کی نفی اسی حقیقت پر ہے جو تیر انداز کے سامنے کمان کی ہے۔ لہٰذا آیت کا محل اصلی ذات رسول ﷺ ہے اور اہل اسلام کے لیے سبق ہے کہ ہم سب پر بھی اعداء کے ان اعتراضات کی جوابدہی لازم و واجب ہے جو حضور ﷺ کی ذات گرامی پر کوئی مخالف اپنی کم بصری و کوتاہ بینی سے زبان پر لاتا ہو۔

کمان کو تیر انداز اور بندوق کو نشانہ باز کے ساتھ اتحاد و حلول کی نسبت کون کہہ سکتا ہے کہ صحیح ہے؟ ہاں! آیت ایک اور حقیقت کا بھی اظہار کرتی ہے، اسی سورہ انفال کو پڑھو کفار مکہ کی درخواست اللہ تعالیٰ سے یہ ہوا کرتی تھی۔

﴿اللَّهُمَّ إِنْ كَانَ هَٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِنَ السَّمَاءِ﴾ [الانفال:32]

''الٰہی! یہ محمد ﷺ کی نبوت اور تیرا نام لے کر آیات قرآنی کی تلاوت اگر وہ درحقیقت تیری ہی طرف سے ہے تو ہم پر آسمان سے پتھراؤ کیا جائے۔''

دیکھو ان کی عقل پر کیا پتھر پڑ گئے تھے۔ یہ دعا تو کرتے ہیں کہ ہم پر پتھر برسیں اور یہ دعا نہیں کرتے کہ اگر محمد ﷺ سچا ہے، اس کی دعوت سچی ہے تو ہمارے دلوں کو کھول دے اور قبول حق کا جوش ہمارے اندر پیدا کر دے۔

ان پر پتھراؤ کا ہونا ضروری ہو گیا تھا، کیوں کہ حقانیت اسلام کے لیے انھوں نے اسی امر کو شرط ٹھہرایا تھا، لہٰذا رسول ﷺ کو حکم ہوتا ہے کہ ایک مشتِ خاک ان پر پھینک دو۔ جب یہ مشتِ خاک سب کی آنکھوں میں پہنچے گی تو ان کی آنکھیں کھل جائیں گی کہ ہاں اس طرح پتھروں کا آسمان سے برسنا بھی بعید نہیں۔

لہٰذا یہ رمی معجزہ بھی ہے اور منکرین کے لیے ان کی خود منہ مانگی بات کے اصول پر حجت و دلیل بھی۔ اس توجیہ کے ذیل میں یہ یاد رکھنا چاہیے۔

کہ رمی حجارہ سے رامی کا مقصد ان لوگوں سے براءت و بیزاری کا اظہار بھی ہے، جو مغوی اور شرارت پیشہ ہوں جو بوجہ خبث باطن حقانیت وصداقت سے اس قدر دور ہو چکے ہوں کہ بظاہر آثار رشد بھی ان سے معدوم ہو چکے ہوں۔

سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا بمقام منیٰ مغوی شیطان پر تین بار رمی جمرات فرمانا اور پھر نفاذ حکم الٰہی پر بکمال طوع و رغبت مستعد رہنا اسی اصول پر تھا۔

فرزند جلیل ﷺ اور دعائے ابراہیم علیہ السلام نے بھی بدر میں اسی نمونہ کا اتباع فرمایا، سیدنا ابراہیم علیہ السلام ایک شریر النفس کو خائب و خاسر بنانے میں کامیاب ہوئے تھے۔

فخر الانبیاء ﷺ کی ایک ہی مشت خاک نے ایک ہزار (1000) طاغی و باغی فوج اور ان کے ناپاک ارادوں کو خاک نشین فرما دیا۔

محمد عربی کا بروئے ہر دوسرا است
کسے کہ خاک درش نیست خاک برسر او

الغرض یہ آیت حضور ﷺ کے خصائص خاص میں سے ایک خصوصیت کی مظہر ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم

فصل دوم 2

خصوصیاتِ نبوت

خصوصیت نمبر 14

﴿ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ ﴾ [آل عمران:164]

”نبی لوگوں پر اللہ کی آیات کو پڑھ کر سناتا ہے۔“

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جب مسلمان ہوئے تو انھوں نے چاہا کہ خدمت اسلام میں وہ کام کریں جو سخت مشکل ہو، مسلمانوں نے بتلایا کہ سب سے مشکل کام قریش کو قرآن مجید کا سنانا ہے۔ یہ دھن کے پکے تھے، قریش کے مجمع میں پہنچے اور تلاوت قرآن شروع کر دی۔ تھوڑی دیر کے بعد واپس آئے تو ان کا سارا بدن لہولہان تھا اور زخموں نے چہرہ کو بے پہچان بنا دیا تھا۔ [1]

اس واقعہ سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ لوگوں کو آیات قرآنیہ کا پڑھ کر سنانا کتنا کٹھن کام تھا اور نبی ﷺ ہر روز اسی کام میں لگے رہتے تھے، آبادی مکہ کے اندر ہر ایک مجمع میں حضور ﷺ پہنچتے تھے اور قرآن سناتے تھے۔ ہر شخص کو تنہائی میں ملتے تھے اور اسے پیام الٰہی پہنچاتے تھے۔

آبادی سے باہر بھی جتنے راستے آنے جانے والوں کے تھے، ان سب پر دن کی روشنی میں اور رات کی تاریکی میں حضور ﷺ جا پہنچتے تھے اور قرآن کی تلاوت سے آنے جانے والوں کے کانوں میں حکم الٰہی ڈالتے تھے۔

عرب کی کوئی مشہور منڈی اور مشہور میلہ ایسا نہ تھا، جہاں حضور ﷺ نہ پہنچے ہوں اور حضور ﷺ نے تبلیغ بذریعہ تلاوت اور اشاعت بذریعہ دعوت نہ فرمائی ہو۔ عکاظ کا ذرہ ذرہ اور طائف کا چپہ چپہ حضور ﷺ کی تلاوت کا گواہ ہے۔

غور کرو، اس گوہر مقدس کی جرأت و فتوت، نجدت و جلالت پر رزم گاہ عالم میں جملہ افراد عالم بلکہ اقوام عالم کے خلاف اپنی زبان کھولتا ہے، ہر ایک کو انصاف سے ملزم ٹھہراتا ہے۔ ہر ایک کا شیشہ پندار سنگ براہین سے توڑتا ہے، ہر ایک کے بت بطلان کو سندان حقانیت پر پھوڑتا ہے۔

اسے نہ ضرب کا ڈر، نہ ضرر کا غم، نہ خوف و خطر کا اندیشہ۔ اس کا سینہ و جگر نیزہ و تیر سے دل نہیں چراتے، اس کی زبان بیان توحید سے بند نہیں ہوتی، اس کی سرگرمیاں لوگوں کی سرد مہری سے ٹھنڈی نہیں پڑ جاتیں۔ مال کی طمع، حکومت کی للچاہٹ اسے اپنے کام سے روک نہیں سکتی۔

اس تفصیل سے واضح ہو جاتا ہے کہ تلاوت آیات کتنا کٹھن، دشوار اور خطرناک کام تھا اور یہ نبی کریم ﷺ ہی کی خصوصیت ہے، جسے حضور ﷺ نے ایسی خوش اسلوبی سے پورا کیا کہ اپنی آواز کو ہر ایک غافل تک پہنچایا۔ ہر ایک غفلت زدہ کو خواب سے چونکایا اور بالآخر سب کو ”بیدار“ کر کے چھوڑا۔

آج اگر کوئی شخص تلاوت قرآن کا عمل سہل و آسان سمجھتا ہے تو اسے بھی یاد رکھنا چاہیے کہ مخالفین کے زمرہ میں تلاوت کا کام تی

[1] مسند امام احمد: 462/1، اسد الغابہ: 383/3

الواقع آج بھی آسان نہیں اور اب اگر کسی قدر سہولت پیدا بھی ہوگئی ہے تو یہ اسی تلاوت نبوی ﷺ کی برکت اور اثر ہے، جس کے لیے حضور ﷺ خود گوناں گوں مصائب اور بوقلموں نوائب کی برداشت کر چکے ہیں۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ تلاوت کی دو صورتیں ہیں:

1. خود اپنے لیے پڑھنا، اس کے آداب الگ ہیں، مثلاً تحسین صورت، حضور قلب، معانی پر فکر و تدبر، حقائق و معارف کی غواصی۔
2. دوسروں کو پڑھ کر سنانا، وہ دوسرے بھی کون؟ مخالفین دین، جن کے کان سننے سے اور دل بجھنے سے سخت منکر ہوں۔

ان کو اس طرح سنانا کہ ثواب ابدی، عذاب اخروی، نعمائے الٰہی، رضوان ربانی سننے والے کو مشکل نظر آنے لگیں، بدن لرز جائے اور دل کانپ اٹھے، آنکھ کھل جائے اور طبیعت اپنے سابقہ اطوار سے رک جائے۔

یہ کام بے شک بدرجہ کمال حضور علیہ السلام ہی کے کرنے کا تھا اور قرآن گواہ ہے کہ حضور ﷺ نے اس کام کو عمدگی کے ساتھ سرانجام دیا اور اسی لیے حضور ﷺ کا یہ طریق ''خصوصیت'' میں داخل ہوا۔

خصوصیت نمبر 15

﴿وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ﴾ [البقرۃ:151]

''نبی تم کو وہ کچھ سکھاتا ہے جو تم نہ جانتے تھے۔''

آیت کا خطاب جملہ اہل عالم سے ہے، اس میں بتایا گیا ہے کہ نبی ﷺ کی شان یہ ہے کہ ساری دنیا کو ان علوم کی تعلیم دیں، جن سے دنیا ناواقف و بے بہرہ ہے۔

حضرت مسیح علیہ السلام جیسے صادق اللہجہ نے استعداد مخاطبین اور قابلیت مستمعین کا اندازہ کرتے ہوئے اعلان فرما دیا تھا۔

اِنَّ لِيْ اُمُوْرًا كَثِيْرَةً اَيْضًا لَا قُوْلَ لَكُمْ وَ لٰكِنْ لَا تَسْتَطِيْعُوْنَ اَنْ تَسْتَمِلُوْا الْاٰنَ وَ اَمَّا مَتٰى جَاءَ ذٰلِكَ رُوْحُ الْحَقِّ فَهُوَ يُرْشِدُكُمْ اِلٰى جَمِيْعِ الْحَقِّ۔ (1)

اردو انجیل کی عبارت یہ ہے:

''میری اور بہت سی باتیں ہیں کہ میں تمھیں کہوں، پر اب تم ان کی برداشت نہیں کر سکتے۔ جب وہ یعنی روح حق آئے تو وہ تمھیں ساری سچائی کی راہ بتا دے گی۔'' (2)

حضرت مسیح علیہ السلام کا قول بالا بتلا رہا ہے کہ جتنی تعلیم انھوں نے قوم کو دی، وہ کم تھی بہ نسبت اس تعلیم کے جو باقی رہ گئی تھی۔ اس فقرہ سے یہ بھی ظاہر ہے کہ اس کی تعلیم کا سبب یہ نہ تھا کہ سننے والے ایسی ابتدائی حالت میں تھے کہ ان میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی طاقت نہ تھی۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ ایم اے پاس استاد کسی پرائمری کلاس کو تعلیم دینے لگے اور وہ ان کو بہت سی علمی باتیں بتا سکے اور نہ سمجھا سکے، اس لیے کہ شاگردوں کی سمجھ ناقص ہے۔

---

(1) یوحنا 16 باب۔ نقل از کتاب المقدس عربیہ مطبوعہ آکسفورڈ 1871ء (2) نقل از بائبل اردو مطبوعہ مرزا پور 1870ء یہ واضح رہے کہ الفاظ ''بتا دے گی'' بہ صیغہ مؤنث اس لیے ہے کہ اردو زبان میں روح مؤنث ہے، ورنہ آنے والے کا نام روح الحق ہے اور بہ صیغہ مذکر عربی عبارت میں موجود ہے۔

بہر حال نتیجہ یہ ہے کہ مسیح علیہ السلام جیسے نیک استاد کی تعلیم کا حصہ اور بہت بڑا حصہ دنیا کو اس وقت نہ مل سکا۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا مسیحی مذہب کی اس کمی کو کسی زمانہ میں پورا کیا گیا، جہاں تک ہم کو عیسائی عالموں سے معلوم کرنے کا اتفاق ہوا، وہ بتاتے ہیں کہ پنتی کاسٹ کے دن اس کمی کو پورا کر دیا گیا۔

پنتی کاسٹ (Pante Cast) کا ذکر کتاب اعمال کے دوسرے باب میں ہے اور اس کی عبارت سے مفہوم ہوتا ہے کہ یہ واقع رفع مسیح سے پچاس (50) دن بعد کا ہے، الغرض پہلے ہی سال کا۔

پنتی کاسٹ (Pante Cast) کے معنی کتاب احبار (موسیٰ کی تیسری کتاب) کے باب 22 میں یہ بتائے گئے ہیں کہ عید فصح کے ایام میں نذر کی قربانی کا پیش کرنا۔

ہاں کتاب اعمال سے ظاہر ہے کہ اس پنتی کاسٹ کے دن مسیح علیہ السلام کے بارہ (12) کے بارہ (12) شاگرد جمع تھے، ان کو ایک زور کی آواز سنائی دی اور شاگردوں کو جدا جدا آگ کی سی زبانیں (شعلے) دکھائی دیں اور وہ ہر ایک پر بیٹھے اور سب غیر زبانیں بولنے لگے۔ آواز سن کر لوگوں کی بھیڑ لگ گئی۔ سب حیران ہوئے۔ ایک دوسرے سے گھبرا کر کہنے لگے کہ یہ کیا ہوا چاہتا ہے اور لوگوں نے ٹھٹھے سے کہا کہ یہ نئی شراب کے نشے میں ہیں۔ تب پطرس (Peter) نے اپنی آواز بلند کی اور لوگوں سے کہا کہ یہ نشے میں نہیں۔ [1]

16/2۔ یہ وہ ہے جو یوایل نبی کی معرفت فرمایا گیا کہ

17/2۔ خدا فرماتا ہے کہ آخری دنوں میں ایسا ہوگا کہ میں اپنی روح میں سے تم پر بھیجوں گا۔

پطرس (Peter) کی تقریر کے بعد تین ہزار (3000) آدمی ان کے ساتھ شامل ہو گئے۔ (خلاصہ از یکم تا 42 درس باب دوم اعمال)

پنتی کاسٹ (Pante Cast) کے دن جو کچھ ہوا، اس پر شک کرنے کی ضرورت نہیں، بلکہ غور کی ضرورت ہے۔ سوال تو یہ تھا کہ مسیح کی پیش گوئی جو باقی ماندہ صداقت کی مکمل تعلیم کے متعلق تھی، کب پوری ہوئی؟ پنتی کاسٹ (Pante Cast) کے دن تو حضرت پطرس نے عین اس وقت جب کہ وہ روح القدس سے بھرپور تھا، یہ بتلا دیا تھا کہ یہ حالت وہ ہے جس کا ذکر یوایل نبی کی معرفت ہوا تھا۔

اب انصاف کا مقام ہے کہ پطرس مع روح القدس ظاہر کر رہا ہے کہ یوایل نبی کی پیش گوئی پوری ہوئی۔ اور پادری بتلاتے ہیں کہ نہیں، بلکہ مسیح علیہ السلام کی پیش گوئی پوری ہوئی۔ کیا پادری کا یہ کہنا کہ پطرس کے سامنے سچ ٹھہرے گا اور پطرس روح القدس اس پادری کے سامنے جھوٹا قرار دیا جائے گا۔

میں کہتا ہوں کہ نہیں، ہرگز نہیں۔ لہٰذا نتیجہ یہ ہوا کہ پنتی کاسٹ (Pante Cast) کے دن مسیح علیہ السلام کی پیش گوئی پوری نہیں ہوئی اور مسیحی علماء اس دن کے سوا اور کسی دن کا حوالہ بھی نہیں دے سکتے جب مسیح علیہ السلام کی پیش گوئی پوری ہوئی ہو۔

ساری دلیل کا لب لباب یہ ہوا کہ عیسائیوں کو بہت زیادہ صداقت کی باقی ماندہ تعلیم کبھی بھی نہیں ملی تھی۔

آیت زیب عنوان بتلاتی ہے کہ ﴿ مَالَمْ تَكُونُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴾ [البقرۃ:151] کی تعلیم نبی ﷺ ہی نے دنیا کو دی تھی۔

اس دلیل کی صحت اس اندرونی شہادت سے بھی ہو جاتی ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے تو فرمایا تھا کہ روح الحق اس کامل صداقت کی تعلیم دے گا جو مسیح علیہ السلام نہیں دے سکے تھے اور اس پنتی کاسٹ (PanteCast) کے دن کسی ایک نئی بات کی تعلیم بھی نہیں دی گئی۔

---

[1] (Peter) عیسیٰ علیہ السلام کا حواری تھا۔ سنہ 67ء میں پھانسی دی گئی۔

پطرس (Peter) نے اس واقعہ کو یوایل نبی کی پیش گوئی بتلایا یا صلیب مسیح کا واقعہ سنایا، مگر تعلیم کچھ بھی نہ دی گئی تھی۔

اندریں حالات ہماری برہان مکمل ہو جاتی ہے کہ عیسائیوں کو ابھی بہت کچھ سیکھنا تھا۔

اس کے بعد یہودیوں کی حالت سنو۔ وہ یہود جو موسیٰ علیہ السلام کی مسند پر بیٹھنے والے تھے۔

وہ یہود جو غرور کتاب دانی اور نخوت کتاب داری سے سرشار تھے، قرآن مجید نے خود ان کو مخاطب بنا کر فرما دیا تھا کہ

﴿ وَمَا أُوتِيتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلًا ﴾ [بنی اسرائیل:85] ”یعنی تم کو علم کا بہت تھوڑا حصہ ملا ہے۔“

جب اہل کتاب کے یہ دونوں گروہ حضرت مسیح علیہ السلام کی شہادت اور قرآن پاک کے اعلان سے بہت تھوڑے علم والے ثابت ہو چکے تو ضرور تھا کہ دنیا کو کبھی مکمل تعلیم دی جاتی۔ نبی ﷺ کے عہد نورانی میں وہ وقت آ گیا کہ

﴿ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ﴾ [البقرۃ:151] ”جو کچھ آپ لوگوں کے علم میں نہ تھا“ کی کمی کو پورا کیا جائے۔“

یہ بدیہی ہے کہ جب کتاب والے ہی ادھورے نکلے تو دیگر اقوام کا تو علمی حیثیت میں ان سے ادنیٰ درجہ پر ہونا بالضرور ثابت ہو گیا۔ لہٰذا آیت بالا کے مخاطب جملہ اہل عالم ہیں اور سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ ﷺ ہی کا وہ منصب عالی ہوا کہ سب کو ایسی تعلیم دیں جس سے دنیا آج تک بے بہرہ تھی۔

مسیح ﷺ کی پیش گوئی کے متعلق یہ امر بھی شرح طلب ہے کہ اس پیش گوئی میں اسم ”روح الحق“ کا استعمال ہوا ہے اور اناجیل اربعہ (4) میں اس مقام کے سوا اور کسی جگہ اسم ھذا کا استعمال نہیں ہوا۔ [1] دوسرے مقامات پر تو روح القدس کا لفظ آیا ہے۔ پینتی کاسٹ والے دن بھی پطرس نے روح القدس ہی کا لفظ استعمال کیا اور یہ ہر دو مقامات کا فرق بھی صراحۃً بتا رہا ہے کہ ”روح الحق“ اور ہے ”روح القدس“ اور۔

روح القدس کو پادری صاحبان تثلیث کا جزو ثالث تسلیم کرتے ہیں، تو کیا کریں مگر روح القدس نے تو کبھی کوئی نئی تعلیم کسی کو نہیں دی۔ چنانچہ خود کسی مسیحی عالم کی شہادت میں بھی یہ موجود نہیں کہ اسے راست بازی کی وہ باقی ماندہ تعلیم ”روح القدس“ سے مل گئی ہے۔ جسے حضرت مسیح علیہ السلام ادھورا چھوڑ گئے تھے۔

آیت زیب عنوان نے صاف طور پر بتلا دیا کہ اُستادِ عالم و عالمیان ہونے کا امتیاز اور خصوصیت سرورِ کائنات ﷺ ہی کو حاصل ہے۔

قارئین دریافت کر سکتے ہیں کہ امور کثیرہ کیا ہیں؟ جو مسیح کی تعلیم میں نہیں پائے جاتے، بلکہ یہودیوں کی کتابیں بھی ان سے خالی ہیں۔ اس کا جواب قارئین کو ہمارے دوسرے مضمون ”خصائص القرآن“ سے ملے گا، اسے بغور ملاحظہ فرمائیں۔

اس جگہ یہ بھی بتا دینا ضروری ہے کہ قرآن مجید سے یہ بھی ثابت ہے کہ اور بھی ایسے مقدس بزرگوار ہو چکے ہیں جن کو علم لدنی عطا ہوا تھا تو کیا اس سے اشتباہ گزر سکتا ہے کہ ان میں سے ہی کسی بزرگ نے اس کمی کو پورا کر دیا ہو جوابًا عرض ہے کہ ان سب ایسے بزرگوں کا زمانہ حضرت مسیح علیہ السلام سے بہت پیشتر کا ہے۔ پس وہ لوگ مسیح علیہ السلام کی کمی تعلیم کو پورا کرنے والے کسی طرح نہیں ٹھہر سکتے۔

لہٰذا نبی کریم ﷺ ہی وہ سرمایۂ علوم ہیں جو فرش خاک پر بیٹھے اور خاکی و نوری، انسی و جانی کو ایسے علوم سے مستفیض فرمایا

---

[1] مشہور چار انجیلوں کی طرف اشارہ ہے۔ ① لوقا ② متی ③ برناباس ④ یوحنا

کہ یہ خاک کے ذرہ ہائے بے مقدار کو آسمان علوم پر تاباں نجوم بن کر چمکے اور ضیا بخش عالم و عالمیان قرار پائے۔

نبی ﷺ اور سیدنا مسیح علیہ السلام کے تلامذہ میں بھی نمایاں تفاوت ہے۔ مسیح علیہ السلام کے بارہ (12) شاگردوں میں سے شمار کر لو کہ کتنے شاگردان کی تعلیم کے مبلغ ٹھہرے تھے۔ دو تین سے زیادہ کے نام نہیں لیے جا سکیں گے۔ اس قلیل تعداد کا کارنامہ بھی صرف اسی قدر ہے کہ انھوں نے جناب مسیح علیہ السلام کے حالات زندگی کی اشاعت کی ہے اور بس۔

نبی ﷺ کی تیار کردہ جماعات میں ہر قسم و ہر صنف کے کاملین نظر آئیں گے۔

آپ دیکھیں گے کہ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما ملک داری و جہاں بانی کی تعلیم

ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ و خالد رضی اللہ عنہ ہنگامہ آرائی و جہاں کشائی کی،

معاذ رضی اللہ عنہ و ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان دین و دانش کی،

سلمان رضی اللہ عنہ و ابوذر رضی اللہ عنہ زہد و قناعت کی،

علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ و ابن مسعود رضی اللہ عنہ حقائق علمیہ کی،

عثمان غنی رضی اللہ عنہ و ابن عوف رضی اللہ عنہ پرورش یتامیٰ کی و اعانت ایامیٰ (بیوگان)۔

زید بن ثابت رضی اللہ عنہ و ابی بن کعب رضی اللہ عنہ انصاری فرائض الٰہیہ کی تعلیم کل دنیا کو دے رہے ہیں، رضی اللہ عنہم۔!

یہ چند مبارک نام صرف تقریب و تفہیم مدعا کے لیے درج کر دیے گئے ہیں، ورنہ اس بارگاہ اقدس کا وہ کون سا تلمیذ ہے جو کشت زار علوم کے لیے باران رحمت ثابت نہیں ہوا۔

جب ہم دیکھتے کہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایات کا شمار 2210 اور ابن عمر رضی اللہ عنہ (تعداد: 1630) و انس بن مالک رضی اللہ عنہ (تعداد: 1286) کی مرویات بھی اس کے قریب پہنچ جاتی ہیں اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایات کا شمار 5374 ہے۔ پھر ان کے سوا اور بھی ایسے صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں، جن کے نام مکثرین روایات کے تحت میں درج ہیں۔ مثلاً ابن عباس رضی اللہ عنہ (2260) جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ (1560) و ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ (1170) تو یقین ہو جاتا ہے کہ اس ادب گاہ قدس کا ہر ایک طالب علم استاد عالم ہونے کی شان رکھتا ہے۔

یاد رکھیے کہ یہ بزرگوار عرب کے باشندے ہیں، وہی عرب جن کی صفت

﴿ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ ﴾ [البقرۃ: 78] کے الفاظ میں نمایاں ہے، یعنی ان پڑھ اور کتاب سے بے خبر۔

لیکن نبی ﷺ کے طفیل نہ صرف یہی لوگ ذروہ علیائے علوم کو پہنچے بلکہ ان کے شاگرد بھی ﴿ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ﴾ کی سند سے مسند آرائے تعلیم ہوئے۔ حقیقت یہ ہے کہ نبی ﷺ ہی کی جود و عطا نے علم کو عام بنایا اور اسے رفعت کمال پر بھی پہنچایا۔

یہ حضور ﷺ ہی کے ادنیٰ ترین کفش بردار تھے جنھوں نے سپین و غرناطہ، بغداد و سسلی، تیونس و الجزائر، ترکستان و چین و تاتار میں سینکڑوں مدارس و مکاتب کھول دیے تھے، جن میں جملہ اقوام و مسلم و غیر مسلم کو بلا تفریق مراتب یکساں تعلیم دی جاتی تھی۔ یورپ کو اقرار ہے، انکار نہیں کہ یہی اسلامی ممالک تمام یورپ کے استاد ہیں۔

اگر ہم پادریوں کی اس روش اور طریقہ کو دیکھیں جو علوم جدیدہ کی مخالفت میں ان کا رہا ہے اور پھر مسلمانوں کی اس فراخ دلی و وسعت خاطر کا اندازہ لگائیں جو علوم قدیمہ کی ترویج و اشاعت نیز علوم جدیدہ کی ایجاد و حمایت میں ان کا معمول ہے کہ اس سے بخوبی ہویدا ہو جاتا ہے کہ صرف مسلمان ہی ہیں جنھوں نے ابتداء دنیا میں علوم کو پھیلایا۔

تمام مسلمانوں کا یہ شیوہ اپنے سیدنا و مولانا نبی ﷺ کے حکم کی تعمیل میں تھا۔ لہٰذا ان غلاموں کے افعال بھی حضور ﷺ ہی کے سنن ہدیٰ کا بیان اور حضور ﷺ ہی کے اسوۂ حسنہ کی برہان ہیں اور یہ ایسی خصوصیت ہے کہ شکوہ کامل و اختتام اعلیٰ کے ساتھ حضور ﷺ ہی میں پائی جاتی ہے۔

غالباً یہ بیان نامکمل رہ جائے گا، اگر میں اس مقام پر مختصراً ذکر نہ کروں گا کہ علوم جدیدہ کی ترویج و اشاعت میں مسیحیوں نے تنگ دلی اور اسلامیوں نے فراخ نظری کے کیسے کیسے نمونے دکھلائے۔

ڈی رومینس نے ظاہر کیا کہ قوس قزح بارش میں شعاع آفتاب کے انعکاس کا نام ہے اسے اللہ کی کمان جنگ بتانا یا انتقام الٰہی کی علامت سمجھنا غلط ہے۔ صرف اتنی بات پر وہ قید کر کے روما بھیجا گیا۔ وہ جیل میں ہی مرا، اس کے لاشہ کو اور اس کی کتابوں کو جلا دیا گیا جو حکم سوختگی لاشہ کی بابت صادر ہوا تھا۔ اس میں اس سوختگی کا یہ جرم بھی ظاہر کیا گیا ہے کہ وہ روما کے کنیسہ کی صلح برطانیہ کے کنیسہ سے کرانا چاہتا تھا۔

گویا ساعی صالح اسی پاداش کا مستحق تھا۔

برونو (Bruno) کو 1600ء میں لمبی قید کے بعد اس لیے زندہ آگ میں جلا دیا گیا کہ اس نے دنیا کو عالم اسباب کہہ دیا تھا یا اس کے قول سے وحدت الوجود کا مسئلہ آشکارا ہوتا تھا۔ [1]

کرویت زمین کا مسئلہ خلافت عباسیہ میں معلوم ہوا اور اس انکشاف سے مسلمانوں میں ایک پتہ بھی نہ ہلا۔ مگر یہی مسئلہ جب یورپ میں پہنچا تو قیامت برپا ہو گئی اور بیسیوں فلاسفر جو زمین کو گول کہنے لگے تھے قتل کر دیئے گئے۔

چیچک کا ٹیکہ قسطنطنیہ میں دیر سے رائج تھا۔ 1721ء میں ایک عورت مسماۃ میری مونٹا (Marymonta) اسے یورپ میں لے گئی تو پادریوں نے اس طریقہ علاج کی بے حد مخالفت کی حتیٰ کہ بادشاہ سے درخواست کی گئی کہ شاہی اختیارات سے اس کا نفاذ روک دیا جائے۔

امریکہ میں جب یہ طریق نکلا کہ عورت کو ولادت کے وقت مخدر (بے ہوش) کر دیا جائے تو تمام پادری مخالف ہو گئے کہ عورت کو ولادت کے وقت آرام پہنچانا خدا کی لعنت کا مقابلہ ہے۔ جو کتاب پیدائش باب سوم میں عورت ذات کے لیے موجود ہے۔

کردنیال اکسی مینس نے 8 ہزار قلمی کتابیں غرناطہ میں اس لیے سوخت کر دیں کہ ان کا مضمون کنیسہ کی رائے کے مطابق نہ تھا۔

پروٹسٹنٹ (Protestant) کو ایک اصلاح یافتہ اور ترقی کردہ مذہب کہا جاتا ہے اور بیان کیا جاتا ہے کہ اس مذہب میں دل و دماغ کو آزادی عطا کی گئی۔ اب اس آزاد مذہب کی حالت بھی سنو۔

کلفان نے سیرفیٹ (Searfiat) کو جلا ڈالنے کا حکم اس لیے دیا تھا کہ اس کی تحقیقات میں مجلس نیقہ کے انعقاد سے بھی پیشتر دین مسیحی میں بدعت داخل ہو چکی تھی۔

---

[1] مشہور اسٹالین فلسفی (1548-1600ء) جسے کھمبے کے ساتھ باندھ کر زندہ جلا دیا گیا۔

اسے زندہ دہکتی آگ میں کباب کی طرح صرف اس گناہ عظیم کی پاداش میں بھونا گیا۔

فابق (Fabiaw) بھی 1729ء کو اسی جرم میں شہر تلوز میں جلایا گیا تھا۔

پادری لوتھیرا (Lother)، ارسطو (Aristotle) کو ہمیشہ جھوٹا، ناپاک، خنزیر کہا کرتا تھا۔ ①

علم برداران اسلام نے نہ تو اخذ علوم میں اس لیے تنگ چشمی کی وہ علوم اقوام غیر یا ممالک غیر کے ہیں اور نہ علوم کی اشاعت میں اس لیے تنگ دلی کی کہ طالب علم غیر مذہب، غیر قوم یا رعایائے غیر ہیں۔

ان ہر دو اوصاف کے تحت میں وہ ہزاروں واقعات موجود ہیں جو مؤرخین اسلام پیش کرتے ہیں جن میں سے بیسیوں کا ذکر دیون پورٹ، لین پول اور ایڈورڈ گبن نے بھی کیا ہے۔ مسلمانوں میں یہ روشنی اس منبع نور سے آئی جس کی خصوصیت کے اثبات میں آیت ﴿ وَيُعَلِّمُكُمْ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ﴾ [البقرۃ:151] زیب عنوان ہے۔

ناظرین کو تاریخ عالم کے تفحص سے معلوم ہو جائے گا کہ اس خصوصیت کا تاج حضور ﷺ صاحب معراج ہی کے فرق مبارک پر تاباں و درخشاں ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم

خصوصیت نمبر 16

﴿ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ ﴾ [الجمعۃ:2]

''ہمارا نبی لوگوں کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔''

قبل ازیں تحریر ہو چکا ہے کہ الکتاب قرآن مجید اور تعلیم الکتاب کے تحت میں احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوۃ والتحیۃ شامل ہیں۔

لہٰذا خصوصیت ھذا کے تحت میں ''تعلیم حکمت'' کا مذکور ضروری ہے۔ قرآن مجید میں ہے:

﴿ وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا ﴾ [البقرۃ:269]

''جسے حکمت دی گئی اسے خیر کثیر دی گئی۔''

آیت بالا سے آشکار ہے کہ فضائل محمودہ اور محاسن کثیرہ کا نام ''حکمت'' ہے۔ لفظ حکمت کا اثبات منصب نبوت سے علیحدہ بھی کیا گیا ہے۔

﴿ وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ ﴾ [لقمان:12] ''ہم نے لقمان کو حکمت عطا فرمائی تھی۔''

قابل غور یہ امر ہے کہ ''الکتاب'' اور ''تعلیم الکتاب'' کے بعد اب کون سی بات رہ گئی تھی جسے حکمت سے تعبیر فرمایا گیا۔

واضح ہو کہ ہدایات واضحہ اور بیانات راشدہ پر عمل کرنے کے موقع پر مختلف الامر لوگوں کی حالت بھی مختلف ہوا کرتی ہے۔ نبی ﷺ نے پیچیدہ معاملات کو عملی طریق پر حل کر کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو مکمل تعلیم عطا فرمائی تھی۔

① نبی ﷺ رونق افروز مدینہ ہوتے ہیں تو اول مہاجرین و انصار میں مواخات قائم کرتے ہیں اور پھر یہودان یثرب اور مومنین اسلام میں ایک معاہدہ قلم بند فرما کر ان کو بھی اتحاد مدنیت میں شامل فرما لیتے ہیں۔ معاہدہ کا آغاز ان الفاظ سے ہوتا ہے۔

١ هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ مِنْ قُرَيْشٍ وَّيَثْرِبَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ

---

① ارسطو بابائے سائنس و طب 120 کتب کا مصنف (322-384 ق م)

فَلَحِقَ لَهُمْ وَ جَاهَدَ مَعَهُمْ اِنَّهُمْ اُمَّةٌ وَاحِدَةٌ

یہ تحریر محمد النبی ﷺ کی جانب سے ہے کہ مومنین مسلمین مکہ و یثرب ایک قوم واحد ہوں گے اور جو لوگ ان کا اتباع کریں گے اور ان کے مجاہدات میں شامل ہوں گے وہ سب ایک ہی وحدت میں شامل ہوں گے۔

② وَ اِنَّ یَهُوْدَا بَنِیْ عَوْفٍ اُمَّةٌ مَعَ الْمُؤْمِنِیْنَ۔

یہودان بنی عوف بھی مومنین کی معیت میں قوم سمجھے جائیں گے۔

③ وَ اِنَّ بَیْنَهُمْ لَنَصْرًا عَلٰی مَنْ حَارَبَ اَهْلَ هٰذِهِ الصَّحِیْفَةِ۔ [1]

مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان باہمی امداد کا طریق جاری ہوگا خواہ کوئی بھی اس معاہدہ والوں کے خلاف لڑنے کو آئے۔

غور کرنے والا جب الفاظ معاہدہ کی گہرائی کا اندازہ کرے گا تو اسے یہ فعل عین حکمت نظر آئے گا۔

② سرور کائنات ﷺ نے مدینہ پہنچ کر ان سب راستوں پر آباد قبائل سے جو مکہ سے مدینہ کو آتے ہیں معاہدہ باہمی کا قائم و مستحکم کر لینا ضروری خیال فرمایا۔ بنوضمرہ اور بنومدلج کے معاہدات اسی حکمت پر مبنی ہیں۔

③ صلح نامہ حدیبیہ میں مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ لکھا گیا تھا۔ قریش کمشنر معاہدہ اس پر معترض ہوا، وہ اپنی بات پر اصرار کرتا ہے اور کاتب نبی ﷺ بھی اس مقدس کتاب پر اتنا ہی جما ہوا ہے کہ جتنا یہ کلمہ پاک اس کے دل پر مرتسم ہے۔ یہ تکرار یہاں تک بڑھ جاتی ہے کہ صلح نامہ کا ناتمام رہ جانا زیادہ یقینی ہو جاتا ہے۔ نبی ﷺ فرماتے ہیں میں ''محمد رسول اللہ ﷺ بھی ہوں اور ''محمد بن عبداللہ'' بھی ہوں۔ لہٰذا محمد بن عبداللہ لکھ دیا جائے۔ اس حکمت سے سارا مناقشہ ختم ہو جاتا ہے۔ [2]

④ کفار مکہ نے کفار یثرب کو لکھا کہ وہ مہاجرین و انصار سے جنگ شروع کر دیں۔ اگر یثرب والوں نے ایسا نہ کیا تو مکہ والے خود حملہ کر کے اپنے مخالفین کو فنا کر دیں گے۔ اہل یثرب پر دھمکی کا یہ جادو چل گیا اور انھوں نے مہاجرین و انصار پر حملہ کی تیاری کر لی۔ نبی ﷺ یہ اطلاع پا کر اہل یثرب کے پاس گئے اور یوں تقریر فرمائی۔

''تم اہل مکہ کی چال کو نہیں سمجھتے، وہ تمھارے ہاتھ سے تمھارے اعزہ و اقارب کو جو مسلمان ہو گئے ہیں قتل کرانا چاہتے ہیں، حالانکہ اگر تم کو اہل مکہ سے جنگ کرنی پڑی تو وہ مقابلہ اغیار سے ہوگا۔''

اس مختصر تقریر نے عجیب اثر کیا اور اہل مدینہ میں جو اندرونی جنگ شروع ہونے والی تھی رک گئی۔ اسی حکمت نے اہل اسلام کو اندرونی بے امنی سے محفوظ کر دیا۔

⑤ طائف و حنین کے لوگ مسلمانوں پر حملہ آورانہ بڑھے تھے۔ ان کو بمقام اوطاس شکست ہوئی۔ ان کی فوج طائف کے قلعہ میں حصار بند ہو گئے۔ محاصرہ کیا گیا۔ جب محصورین کو محاصرہ کی سختی محسوس ہونے لگی اور اندر کے آدمی یگاں یگاں قلعہ کی دیوار پھاند پھاند کر بھاگنے لگے تو نبی ﷺ نے محاصرہ اٹھا دینے کا حکم دیا۔

اس حکم سراپا رحم کا نتیجہ یہ ہوا کہ چند ماہ کے بعد طائف کی تمام آبادی مسلمان ہو گئی۔

---

[1] سیرت ابن ہشام: 113/2 [2] بخاری: 2698، مسلم: 4632,4629

⑥ ہرقل نے عرب پر حملہ کرنا چاہا، نبی ﷺ نے یہ پسند نہ فرمایا کہ عرب کو روما کی فوجوں کا آماجگاہ بنا دیا جائے، خود آگے بڑھے اور عرب کی انتہائی سرحد پر جا کر ٹھہر گئے۔

اس میں یہ بھی حکمت ہے کہ تمام ملک کی امداد لشکر اسلام کو بخوبی پہنچ سکتی تھی۔ ہرقل پر اس پیش قدمی اور جرات کا گہرا اثر پڑا اور اس نے عرب پر حملہ کے خیال کو دماغ سے نکال دیا۔

⑦ 8ھ میں مکہ فتح ہوا تو وہاں سے تین سو ساٹھ (360) بت تو نکال دیے گئے مگر خود عمارت کعبہ کے متعلق کوئی کارروائی نہ کی گئی۔ موجودہ عمارت وہ تھی جو حضور ﷺ کی نبوت و بعثت سے پانچ (5) سال پیشتر بنائی گئی تھی۔ اس تعمیر کے وقت قریش نے سامان اور روپیہ کی کمی کی وجہ سے عمارت کا طول کم کر دیا تھا۔ نبی ﷺ نے اپنا منشا بطور احسان تو ظاہر فرما دیا کہ عمارت کا بناء ابراہیمی پر ہونا بہتر ہے مگر اس حکمت سے کہ ابھی قوم کی دین داری حداثت میں ہے۔ عمارت کو جوں کا توں چھوڑ دیا۔ ابھی وہ لوگ موجود تھے جنھوں نے اس عمارت کے لیے مالی، بدنی امداد دی تھی۔ اس لیے یہ بعید نہ تھا کہ ان لوگوں کو اسی عمارت کا انہدام شاق گزرتا۔ نبی ﷺ نے دل داری و دل دہی کی بنیان کو مضبوط فرمایا اور اینٹ پتھر کی عمارت کے لیے زیادہ اہتمام نہ فرمایا۔

امثال بالا اور اس اشباہ ونظائر سے ثابت ہوتا ہے کہ نبی ﷺ کیوں کر جملہ معاملات تمدن واخلاق اور مصلحت شناسی میں تعلیم حکمت کو جاری رکھتے تھے۔

ہاں یاد رکھو کہ تعلیم حکمت میں یہ امر بھی شامل ہے کہ نبی ﷺ نے احکام وشرائع کو علل وحکم پر مبنی ٹھہرایا تھا اور ان احکام کی علت وحکمت کا اظہار بھی فرمایا کرتے تھے۔ یہ ایک عجیب خصوصیت حضور ﷺ کی حکمت آموزی کی تھی، ورنہ حضور ﷺ سے پیشتر شرائع ماقبل میں بہت کم اس پر توجہ کی گئی بلکہ احکام کی تعمیل وعدم تعمیل کو علامت، اطاعت یا نشان طغیان کے اصول پر منحصر رکھا گیا تھا، جس سے لوگ سمجھنے لگے تھے کہ شریعت کی مثال ایسی ہے کہ ایک آقا نے اپنے غلام کو حکم دیا کہ اس پتھر کو ادھر سے اٹھا کر ادھر کر دے۔ اگر غلام نے پتھر اٹھا دیا تو فرمان بردار سمجھا گیا اور نہ اٹھایا تو نافرمان قرار دیا گیا، حالانکہ اس حکم سے نہ آقا کا کوئی اصل مقصود تھا، اور نہ غلام کا کچھ فائدہ یا نقصان اس کی تعمیل یا عدم تعمیل میں مضمر تھا۔

ہاں دیکھو، کہ نبی ﷺ نے شریعت کو بطور طب روحانی مرتب فرمایا ہے۔ عضو عضو پر وارد ہونے والے امراض روحانیہ کا ذکر فرمایا، پھر ان کا علاج اور علاج میں مفرد و مرکب اشیاء کا استعمال سکھایا ہے۔ صحت قلب کی حفاظت کرنے والی حیات روحانی کو نشوونما دینے والی، روحانیت کے اعضائے رئیسہ کو قوی وچست بنانے والی ادویہ کا ذکر درجہ بدرجہ فرمایا ہے۔

تکمیل نفس کے بعد حضور ﷺ کی تعلیم حکمت کا دور ثانی شروع ہوتا ہے اور تدبیر منزل ترتیب عائلہ کے مفصل احکام ملتے ہیں۔

دور ثالث میں سیاست مدن کے دروس کا آغاز ہوتا ہے۔ اقوام عالم اور بلدان جہاں کے واجبات وحقوق سے عالم دو عالم کو روشناس فرمایا ہے۔ حضور ﷺ کے برابر فرض کو اور کسی نے بھی اس حسن تکمیل کے ساتھ ادا نہیں فرمایا۔

یہ بات بھی یاد رکھنے کی ہے کہ اسماء اللہ الحسنٰی میں اللہ تعالیٰ کا نام بھی "حکیم" ہے اور کتاب اللہ کی صفت میں بھی یہی اسم استعمال ہوا ہے۔ فرمایا: ﴿يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ﴾ [یٰس:1-2] اور اس کتاب حکیم نے حضور کو معلم حکمت بتلایا ہے، تو ان حوالہ جات سے

اول تو حکمت و دانش کا درجہ بلند تر ہو جاتا ہے اور پھر نبی ﷺ کے منصب عالی کا ارفع و اعلیٰ ہونا بخوبی ذہن نشین ہو جاتا ہے۔

تعلیم حکمت کے متعلق مجھے نبی ﷺ کی صرف ایک حدیث اس مضمون کے اختتام پر لکھ دینی چاہیے۔ مضمون حدیث کی ہمہ گیری اور صاحب ارشاد کی حکمت آموزی کی وسعت کا اندازہ ناظرین خود فرما ہی لیں گے۔

كَلِمَةُ الْحِكْمَةِ ضَالَّةُ الْمُؤْمِنِ اِذَا وَجَدَهَا اَخَذَهَا۔ [1]

''کہ حکمت کو تم گم شدہ لال سمجھو، جہاں پاؤ، اسے اپنا مال سمجھو۔''

خصوصیت نمبر 17

﴿وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ﴾ [الاعراف:157]

''اور ان کا بوجھ ہلکا کر دیتا ہے اور پھندے کھول دیتا ہے جو ان پر پڑے تھے۔''

آیت بالا سے روشن ہے کہ لوگوں کو بھاری بوجھوں نے دبا رکھا تھا اور ان کے ہاتھ پاؤں زنجیروں میں بندھے ہوئے تھے۔
ان بندشوں، قیدوں، زنجیروں، بندھنوں سے لوگوں کو نبی ﷺ ہی نے آزاد فرمایا تھا اور ایسا کرنا حضور ﷺ کی نبوت عامہ کا لازمہ ہے۔

نبی ﷺ کی نبوت عرب و عجم پر عام ہے اور حضور ﷺ کی دعوت میں کَآفَّةً لِّلنَّاسِ شامل ہیں۔ لہٰذا مفہوم آیت بالا کے سمجھنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ قبل از بعثت نبوی ﷺ دنیا بھر کی ساری اقوام کیسی کیسی قیود بیجا میں گرفتار تھیں۔

ہم مختصراً عرب، یہود و نصاریٰ، مجوس و ہنود کا ذکر کریں گے۔ یہی وہ اقوام ہیں جن کو تمدن کے لحاظ سے کوئی منزل دی جا سکتی ہے۔

[1] عرب

بدکاری و زنا کاری سے نادم نہیں ہوتے تھے اور اپنے افعال قبیحہ پر فخر کرتے ہوئے ان کو اپنے اشعار کے ذریعہ مشتہر کیا کرتے تھے۔

شراب اور سخت نشیلی عرقیات کا استعمال عام تھا۔ مدہوشی میں جو معیوب اور خراب باتیں سرزد ہوتیں۔ ان پر شرمندہ نہ ہوتے تھے۔

لونڈیوں کو جو قینات کہلاتی تھیں، گانے بجانے، ناچنے کے لیے پالا کرتے تھے۔ ان کی زنا کاری کی آمدنی کو ان کے آقا اچھی آمدنی سمجھا کرتے تھے، جو عورتیں لڑائی میں گرفتار ہو کر آتیں ان کو قینات میں داخل کیا جاتا تھا۔

عورت کسی جانور کا دودھ نہیں دھو سکتی تھی۔ اگر کسی گھرانے کی عورت ایسا کر بیٹھتی تو سارا خاندان حقیر سمجھا جاتا۔
مال وراثت کا حصہ صرف بالغ مرد پاتے تھے، تمام عورتیں اور بچے اپنے والدین اور عزیز و اقارب کے ترکہ سے قطعاً محروم رکھے جاتے تھے۔

بیوہ عورت پر متوفی شوہر کا قریبی رشتہ دار اپنی چادر ڈال دیتا تھا، عورت خوش ہو یا ناخوش، وہ چادر والے کی بیوی بن جاتی تھی، سوتیلے بیٹے بھی اپنی سوتیلی ماؤں پر اسی طرح قابض ہو جایا کرتے تھے۔

عورتیں بے حجاب مجمع عام میں نکلا کرتی تھیں اور اپنے جسم کا مخفی سے مخفی حصہ عوام الناس کو دکھلانے میں عار نہ سمجھتی تھیں۔ مرد و زن جسم کو نیل سے گودا کرتے، عورتیں مصنوعی بال لگاتیں، دانتوں کو درانتی سے تیز بناتی اور ان مصنوعی طریقوں سے خود کو نوجوان بنا کر جوانوں کو جل دیا کرتی تھیں۔

---

[1] کنز العمال: 28936

جو خاندان زیادہ شریف سمجھے جاتے تھے وہ زندہ لڑکیوں کو زیر زمین دفن کر دیتے یا چاہ عمیق (گہرا کنواں) میں دھکیل کر ہلاک کر دیتے تھے۔ اس فعل پر فخر کیا کرتے اور اسے اعلیٰ شرافت کا نشان سمجھا کرتے تھے۔

ازدواج کے متعلق کوئی قاعدہ موجود نہ تھا اور محرم وغیر محرم عورتوں کی تمیز کے لیے کوئی صاف آئین منضبط نہ تھا۔

قمار بازی نہایت دل پسند شغل تھا اور مشہور مشہور لوگوں کے گھر "قمار خانہ عام" سمجھے جاتے تھے۔

ارواح خبیثہ (بدروحوں) کا اعتقاد عام تھا اور انسان پر ایسی ارواح کے تصرف تام کو تسلیم کرتے تھے۔ خیالی و وہمی دیوتا اور دیویاں مانی جاتی تھیں۔ ان کی شکلیں اور صورتیں عجیب عجیب بناتے اور اسی کے موافق ان کے بت گھڑے جاتے تھے۔ پھر مندروں میں استاپن کیے جاتے اور پوجے جاتے تھے۔ عموماً ہر ایک قبیلہ اپنا اپنا بت الگ تجویز کیا کرتا تھا اور اپنی قسمت اسی بت کے قبضہ میں سمجھا کرتا تھا۔ اگر ایک قبیلہ کی عداوت دوسرے قبیلہ سے ہو جاتی تو اس کے بتوں سے بھی عداوت ونفرت کی جاتی تھی۔

گھوڑ دوڑ پر بازی لگانے کا بہت رواج تھا، اسے رھان کہتے تھے، گھوڑ دوڑ میں تین یا سات گھوڑے شامل کیے جاتے تھے۔

گھوڑوں کے نمبر لگانے میں کبھی اتنا اختلاف بڑھ جاتا کہ لڑائی چھڑ جاتی اور برسوں تک جاری رہتی تھی۔

اگرچہ غلاموں کا آزاد کرنا موجب فخر ومباہات سمجھا جاتا تھا، مگر آزاد شدہ غلاموں پر مالک کا حق ملکیت قائم رہتا تھا۔ اس حق کو آقا دوسرے کے پاس فروخت یا ہبہ بھی کر سکتا تھا۔

بتوں اور ارواح کی پرستش کی جاتی۔ ان کو سجدہ کیا جاتا، ان کی منت مانی جاتی، ان کے نام پر قربانیاں کی جاتیں، اونٹ، گائے، بکری، کا پہلوٹا بچہ ان کے نام پر ذبح کیا جاتا۔

زراعت میں زمین کا بہترین حصہ بتوں کے نام پر خاص ہوتا، اگر اس حصہ کی پیداوار کسی ارضی وسماوی حادثہ سے ماری جاتی تو زمین کے دوسرے حصہ کی پیداوار سے اس کمی کو پورا کیا جاتا۔

بھوک اور قحط کے وقت مویشی کا خون پی جاتے تھے، زندہ جانور کے جسم سے گوشت کاٹ کر کھا جاتے تھے۔ جانوروں کی حرکات سے یا آوازوں سے شگون لیا کرتے، ٹوٹکے منتر مانے جاتے تھے، ان کی عقل وفکر پر توہمات کی پوری حکومت تھی۔

انتقام اور کینہ جوئی کو اچھا سمجھا جاتا۔ ایک ایک، دو دو نسل اوپر کے واقعات کا انتقام لیا جاتا اور اسے بہادری کا لازمہ سمجھا جاتا۔

عرب کے ملحق الحدود ملکوں میں جو جو فواحش اور قبائح موجود تھے، ان کو جلد اخذ کر لیا جاتا۔

حسب نسب پر غلو کے ساتھ فخر کیا کرتے، ہر ایک قبیلہ دوسرے قبائل کو ذلیل وحقیر سمجھا کرتا اور یہی بات بسا اوقات عداوت، منافرت اور جنگ کا موجب بن جاتی۔

خاندانی رسوم کی حکومت دل ودماغ پر قانون اور مذہب سے بڑھ کر حکمران تھی۔ رسوم کے مقابلہ میں حریت رائے کا وجود گم تھا۔

اپنے دشمنوں کو نیست ونابود کرنے کے لیے قبائل اپنے ملحق الحدود واقوام غیر سے ساز باز رکھا کرتے، فارس، روما، حبش کو اپنے ہی ملک پر چڑھا لانے پر ہوشیاری سے کام لیتے۔

ان کے مشہور مشہور بت مندرجہ ذیل تھے۔

ھبل یہ بہت لمبا بت تھا۔ یہ بت خانہ کعبہ کے سامنے والی دیوار کی منڈیر پر نصب شدہ تھا۔ عرب کے تمام قبائل اس کی عظمت کے سامنے سرنگوں تھے۔ جنگ احد میں ابوسفیان نے اُعْلُ ھُبَلْ ہی کا نعرہ لگایا تھا۔ میں نے 1339ھ میں باب السلام سے باہر ایک پتھر کا ایک لمبا ستون دیکھا تھا جس کے اوپر سے قدم رکھتے ہوئے لوگ آتے جاتے تھے۔ عام طور پر مشہور تھا کہ یہ ستون اسی بت ہبل کا ایک حصہ ہے۔ اس کے تین پہلو نمایاں تھے، ان پر کوئی مورت نہ تھی۔ ود، سواع، یغوث، یعوق، نسر حضرت شیث علیہ السلام کے پوتوں، پر پوتوں کے نام پر لوگوں نے ان کے بت تیار کر رکھے تھے۔

قبیلہ بنو کلب "ود" کو بنو مدلج "سواع" کو بنو مراد "یغوث" کو بنو ہمدان "یعوق" کو اور بنو ہمدان کی دوسری شاخ نسر کو معبود سمجھا کرتے تھے۔

لات: لفظ اللہ کا مؤنث بنایا گیا ہے۔ اسے "ربّہ" بھی کہا کرتے تھے۔

منات: لفظ منان کا مؤنث ہے، کوہ مشلل پر اس کا بت تھا۔ ان دونوں بتوں کی خدائی تمام عرب میں مسلمہ تھی۔ ہذیل وخزار، اوس وخزرج منات کے خاص پوجا کرنے والے تھے۔

عُزّٰی: لفظ عزیز کا مؤنث ہے۔ بنو شیبان خصوصیت سے اس کی پرستش کرتے اور اعتقاد رکھتے کہ موسم گرما میں خدا اس کی استھان میں رہا کرتا ہے۔ بنو کنانہ بھی اس کے معتقد تھے۔

دوار: نوجوان عورت کا بت تھا، اس کے گرد اگرد چکر لگایا کرتے۔

اساف: بن یعلی اور مسماۃ **نائلہ** بنت زید بن جرہم۔ یمن کے باشندے تھے، ان کے باہمی تعلقات گندے تھے۔ مکہ مکرمہ پہنچ کر یہ مرتکب کبیرہ ہوئے۔ ان کو سزا دی گئی اور ان کے لاشے تشہیر و رسوائی کے لیے بلا دفن رکھے گئے۔ اساف کو کوہ صفا پر اور نائلہ کو کوہ مروہ پر۔ لاشے گل سڑ گئے اور ان کے بت بنا کر رکھ دیے گئے۔ کچھ عرصہ بعد لوگ ان دونوں کی پرستش کرنے لگے۔ (1)

عبعب: ایک بڑا پتھر تھا، قربانی چڑھانے کا استھان۔

عم انس: زراعت کا دیوتا، جیسے یو، پی کے صوبہ میں ایک فرضی نام ماموں اللہ بخش بنا رکھا ہے۔ ایسا ہی یہ ایک بت کا نام تھا۔ ایک بار بایام قحط اس بت کی رضامندی کے لیے ایک سو بیل (گاؤ نر) اس کی بھینٹ چڑھائے گئے تھے۔ اس کے حالات وفد خولان نے اسلام لانے کے بعد نبی ﷺ کے حضور میں گزارش کیے تھے۔

ذوالکفین: لکڑی کا بت تھا، قبیلہ دوس کا معبود، طفیل بن عمرو بن صمصمہ رضی اللہ عنہ نے اسلام کے بعد اسے آگ لگا کر راکھ بنا دیا تھا۔

فلس: قبیلہ طے کا بت تھا، جلایا گیا۔

سعد: بنی ملکان بن کنانہ کا بت۔

ذوالشریٰ: بنو حرث بن شکر کا بت۔

بھم: بنو مزینہ کا بت۔

شعیر: بنو عنزہ کا بت

ذوالخلصہ: تاج پوش عورت کی شکل میں قبیلہ خثعم وبجیلہ کا معبود۔ (2)

---

(1) ماخوذ از اشاعۃ الطغیان، ص: 210 (2) ماخوذ از زرقانی و اشاعۃ الطغیان

ان بتوں کی پرستش میں جن تکالیف اور مصائب نے اہل عرب کو اپنا شکار بنا رکھا تھا، انہی کو آیت پاک میں ''اصر'' اور ''اغلال'' فرمایا گیا ہے۔

نبی کریم ﷺ کی پاک تعلیم ہی کے طفیل تمام عرب کو ان بندشوں سے نجات ملی تھی۔

اب یہود کا حال بھی معلوم کرو۔

② یہود

یہودا گرچہ صرف اسی قبیلہ کو کہنا چاہیے تھا، جو یہودا پسر یعقوب علیہ السلام کی اولاد ہیں، لیکن اب یہ نام بہ عرف عام ان بارہ قبائل کا ہو گیا ہے جو دوازدہ (12) اسباط بنو اسرائیل ہیں۔

ذیل میں اسرائیل (یعقوب علیہ السلام) کے سب فرزندوں کے نام بترتیب ولادت تحریر کیے جاتے ہیں:

نمبر شمار	نام	نام کے معنی	والدہ کا نام
1	روبن	نظر اٹھا۔ بیٹا دیکھو	لیاہ بیگم
2	سمعون	ساعت	لیاہ بیگم
3	لاوی	جفت	لیاہ بیگم
4	یہوداہ	تحسین	لیاہ بیگم
5	دان	منصف	مسماۃ بلہا کنیز۔ راخیل بیگم
6	نفتالی	کشتی گیر یا پہلوان	مسماۃ بلہا کنیز۔ راخیل بیگم
7	جد	عسکر	مسماۃ زلفہ کنیز۔ لیاہ بیگم
8	آشر	نصیب	مسماۃ زلفہ کنیز لیاہ بیگم
9	آشکار	اجرت یا انعام	لیاہ بیگم
10	زبون	رفیق	لیاہ بیگم
11	یوسف	مزید	راخیل بیگم
12	بن یمین	دست راست کا فرزند	راخیل بیگم

یہودیوں کی عزت و شہرت داؤد علیہ السلام کے عہد سے بڑھ گئی تھی۔ ان کے فرزند سلیمان علیہ السلام کے عہد میں ہر ہر یہودا اپنی خوشی سے اٹھتا بیٹھتا تھا۔

سلیمان علیہ السلام کو دنیا سے رخصت ہوئے چند ہی سال ہوئے تھے کہ ان کے فرزند رحعام سے دس اسباط (10) علیحدہ ہو گئے۔ رحعام کی حکومت صرف دو فرقوں پر رہ گئی۔ رحعام کی اولاد شاہان یہودا اور دوسری شاخ شاہان بنو اسرائیل کہلائے۔

وہ یروشلم جسے اللہ نے اپنا گھر کہہ کر منظور کیا تھا، چالیس (40) سال ہی کے بعد پھر مردود ربانی ٹھہرا۔

یہودیوں کی تاریخ کو پڑھو، پھر وہ ہمیشہ کے لیے مصیبتوں کی داستان بن گئی۔ ان میں بت پرستی و بے ایمانی کا آغاز تو عہد سلیمانی کے آخری ایام ہی میں ظہور پذیر ہو گیا تھا۔ بخت نصر نے دونوں شاخوں کا خاتمہ کیا۔ اس وقت سے ان کی تاریخ اسیری، مظلومی، جلاوطنی، غلامی کے واقعات سے لبریز ہے۔ یہ عہد سلطنت نیرو (بادشاہ روما) یعنی 70ء میں فلسطین یہودیوں سے بالکل خالی تھا، وہ ﴿مَلْعُوْنِيْنَ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا﴾ [الاحزاب:61] کے پورے پورے مصداق تھے۔

جب قسطنطین اول عیسائی ہو گیا تو یہودیوں کی حالت آسیائے سنگ میں پھنسے ہوئے دانہ کی سی تھی۔ ان کی قومیت کسی جگہ تسلیم نہ کی جاتی تھی۔ ان کو کسی ملک میں بھی آزاد شہری کے حقوق حاصل نہ تھے۔

دینی حالت بد سے بدتر تھی، موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کے عہد سے لے کر عیسیٰ کلمۃ اللہ علیہ السلام کے زمانہ تک انھوں نے ہر ایک نبی اللہ کی تکذیب وتذلیل میں ہمیشہ سرگرمی دکھلائی تھی۔ کتاب تورات ان میں موجود نہ رہی تھی۔ اس لیے حلال وحرام اور سخط ورضا کا بیان صرف احبار کے اخبار واعتبار پر رہ گیا تھا اور یہ لوگ اکل سحت، مردارخواری اور اخذ ربوٰ (سودخواری) میں اتنے دلیر ہو گئے تھے کہ فتاویٰ شرعیہ فروخت ہوتے تھے اور امیر وغریب کے مقدمات مقدار رشوت کے مطابق طے ہوتے۔

اللہ تعالیٰ نے اس قوم میں رسل وانبیاء علیہم السلام بکثرت وتواتر بھیجے، لیکن اسرائیلوں نے کبھی ان کی نہ وقعت کی اور نہ نصرت، بلکہ بعض اوقات انبیاء علیہم السلام کو قتل کرنے سے بھی نہ ٹلے۔

توہمات نے روحانیت مذہبی کو فنا کر دیا تھا اور من گھڑت زہد واتقا نے شریعت کو ان کے حق میں لعنت ٹھہرایا تھا۔ سیدنا مسیح علیہ السلام ان کو سانپ اور سانپ کے بچے فرمایا کرتے تھے۔

سیدنا ومولانا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے ان مخذول قوم کے اغلال واصر کو دور کر دینے کا عزم فرمایا اور از راہ ترحم چاہا کہ ان کو بھی دنیا کی دیگر اقوام کی مجلس میں عزت کی جگہ عطا فرمائیں۔ اس مبارک خیال سے حضور ﷺ نے مدینہ پہنچتے ہی ایک معاہدہ بین الاقوامی منعقد فرمایا اور معاہدہ میں یہود کو تمدن کے حقوق مساویانہ سے معزز بنایا۔

ان کی دینی حالت کو درست فرمانے کی طرف توجہ کی گئی۔ یعنی احبار کے خودساختہ فتاوے سے ان کو علیحدہ کر کے اصل شریعت سے روشناس فرمایا اور یہود کے مقدمات باہمی میں تورات کے احکام بینہ کے مطابق فیصلے صادر کیے۔

1 یہ جملہ تدابیر اس قوم کی اغلال واصر سے رہائی دلانے کے لیے تھیں۔

2 شریعت موسوی کے احکام میں بھی شدت وسختی بہت زیادہ تھی۔ مثلاً توبہ کے لیے خودکشی یا تحریم دیت یا تحریم غنیمت یا سبب کا قطعاً ترک عمل یا نماز کا کنیسہ سے باہر عدم جواز وغیرہ وغیرہ ان احکام میں سہولت ووسعت کا پیدا کر دینا بھی اصر واغلال سے رہائی دینے کے برابر تھا۔

③ نصاریٰ

مسیح علیہ السلام نے اپنے لیے بارہ (12) شاگرد چن لیے تھے کہ وہ بنی اسرائیل کے دوازدہ اسباط (12 قبیلے) کے سامنے مسیح علیہ السلام کی تعلیم کے لیے گواہ ٹھہریں۔ ایسے کامل استاد کی موجودگی میں بھی یہ لوگ ایسے کچے نکلے کہ مسیح علیہ السلام نے کئی بار ان سے فرمایا کہ

اگر ان میں رائی کے دانہ برابر بھی ایمان ہوتا تو وہ ایسا اور ایسا کر سکتے، مسیح علیہ السلام ان کو ملامت فرمایا کرتے، کیوں کہ مسیح علیہ السلام کے ساتھ ایک وقت بیدار رہ کر بھی وہ دعا و استغفار میں مشغول نہ رہ سکتے تھے۔

حضرت مسیح علیہ السلام کی تشریف بری کے بعد ان بارہ (12) شاگردوں کے درمیان عقائد اور اعمال کے متعلق سخت اختلاف نمودار ہو گئے۔

1. احکام شریعت (توراۃ) کی پابندی ضروری ہے یا نہیں۔
2. اقوام غیر میں تبلیغ عیسائیت جائز ہے یا نہیں۔
3. ختنہ صرف اسرائیلوں کے لیے یا ہر ایک شخص کے لیے جو عیسائیت میں داخل ہو، ان مسائل پر خوب گرما گرم بحثیں ہوا کرتیں۔

پولوس (Paul) یہودی [1] جو بارہ شاگردوں میں نہ تھا، بلکہ مسیح علیہ السلام کی موجودگی میں خود مسیح علیہ السلام اور ان پر ایمان لانے والوں کو ستانے والا تھا۔ اب عیسائیت میں داخل ہو گیا تھا۔ اس کی علمی قابلیت، ان بارہ شاگردوں سے بڑھی ہوئی تھی۔ اس لیے وہ تحریر و تقریر میں خاص شاگردان مسیح علیہ السلام کو دبا لیتا تھا اور اس تعلیم کے مقابلہ میں جس کی بابت مسیح علیہ السلام نے ان کو اپنا گواہ ٹھہرایا تھا، ایک نئی تعلیم پیش کرتا رہتا تھا۔

پولوس (Paul) ہی تھا جس نے اپنے خواب کو شریعت سے بالاتر درجہ دیا اور شریعت کی حرام کردہ اشیاء کو نئی نسل کے لیے حلال ٹھہرا دیا۔

پولوس (Paul) نے اپنی زندگی میں ایک ایسی نظیر قائم کر دی تھی جو آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے شمع راہ بن گئی۔ کونسلوں پر کونسلیں قائم ہوتی تھیں، نئے نئے اعتقاد بنائے جاتے اور منظور کیے جاتے تھے اور پھر جو کوئی اس اعتقاد محدثہ سے اختلاف رائے کا اظہار کرتا تھا، اسے تلوار اور موت کے گھاٹ اتارا جاتا تھا۔

کونسلوں کے نزدیک زیادہ ضروری فیصلہ طلب مسئلہ مسیح علیہ السلام کی الوہیت و ابنیت کا تھا۔ کسی نے مسیح علیہ السلام کو دو شخصیتوں اور ایک روح والا اور کسی نے مسیح علیہ السلام کو ایک شخصیت اور دو روح والا قرار دیا تھا۔ کسی نے مسیح علیہ السلام کو زندگی دنیوی تک بشر اور صلیب کے بعد ابنیت پر فائض بتلایا۔ بہت تھوڑے لوگ تھے جو قدیم عقیدے پر قائم رہ گئے تھے اور مسیح علیہ السلام کو بشر اور نبی سے بڑھ کر کچھ تسلیم نہ کرتے تھے۔

تثلیث کا اعتقاد بھی کونسلوں نے نکالا۔ اس اعتقاد کو افلاطون کی تثلیث (اللہ، عقل اور نفس کلی) سے لیا گیا تھا۔ افلاطون کے مسائل یونان میں عام تھے۔ اس لیے یونان میں اس تثلیث پر کوئی اعتراض نہ تھا اور یہ عقیدہ جلد پھیل گیا۔

تثلیث کے اقانیم کی بابت بھی اختلافات ہوئے۔ کسی نے تثلیث کے ارکان، اللہ، مریم اور مسیح کو کسی نے خدا، جون یعنی یوحنا اور مسیح علیہ السلام کو بتایا، کسی نے خدا اور مسیح علیہ السلام کو اقانیم ثلاثہ ظاہر کیا۔

پھر روح القدس کے متعلق اختلافات شدید ظاہر ہوئے۔

1. کسی نے بتلایا کہ مسیح کی پیدائش خدا اور روح القدس سے ہوئی۔
2. کسی نے بتایا کہ روح القدس کی پیدائش، خدا اور مسیح سے ہوئی۔ یہ اختلافات وہ تھے جو شجر عیسائیت کی جڑ میں جراثیم بن کر اسے بیخ و بن سے کھوکھلا کر رہے تھے۔

---

[1] پولس (Paul) یہودی، قبیلہ بنیامین کا ایک کٹر فریسی تھا۔ روم کے شہر ترسس میں پیدا ہوا مسیحیت اختیار کرنے کے بعد اپنا نام پولس ہی کے غلط نظریات کا دوسرا نام ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ موجودہ عیسائی مذہب کے بنیادی عقائد و نظریات کا اصل بانی یہی شخص ہے۔ جبکہ مسیح علیہ السلام کی الہامی تعلیمات ہرگز نہیں۔

روما و قسطنطنیہ اور مصر و یروشلم کے کلیسا اپنے اپنے شرف و بزرگی کے مدعی تھے اور ایک دوسرے پر خارج از دین ہونے کے فتوے جاری کر رہے تھے۔

انہی ایام میں مریم علیہا السلام اور مسیح علیہ السلام کا نمونہ بننے کا شوق بھی ان میں پیدا ہو گیا تھا۔ ہزاروں عورتیں اور ہزار در ہزار مرد نن اور منک (راہبات و رہبان) بن جاتے تھے۔ ان کا وجود متمدن دنیا کے لیے بوجھ تھا۔ نیز کلیسا اخلاق و اعمال پر ایک بدنما دھبہ تھا۔

کفارہ کے مسئلہ نے اعمال صالحہ کی رغبت کو مٹا دیا تھا اور مسیح علیہ السلام کے لعنتی اور جہنمی بن کر نجات دہندہ بن جانے کی مسرت نے وحشیانہ طبائع کی امنگوں کو مطلق العنان کر دیا تھا۔

مقدس جھوٹ کے مسئلہ نے ہر ایک فرقہ کو اپنی اپنی خواہشات اور قیاسات کے مطابق اعلیٰ سندات بنا لینے کے اختیارات کامل عطا کر دیے تھے۔

ان تمام خرابیوں نے مسیحیت کو نہایت مکروہ اور قابل نفرت بنا دیا تھا۔ پریسٹر، آرڈین، ڈیکن بشپ وغیرہ کے ہاتھوں جو جور و ستم عیسائیوں پر ہوئے ان کے سامنے ہیروڈیس اور نیرو کے مظالم بالکل ہیچ تھے۔

یہی حالت تھی جب نبی ﷺ مبعوث ہوئے۔

اسلام کے ظل حمایت میں آ جانے کے بعد شام و مصر اور عراق کے عیسائیوں کو اپنے اپنے معتقدات پر رہ کر امن مستحکم کی زندگی نصیب ہوئی۔ اسلام کی حفاظت نے ان اغلال و اصر (ہتھکڑیوں، طوقوں) کو ان کے جسم سے اتارا، جنھوں نے عیسائیوں کے سر و دوش اور عقل و ہوش کو زیر بار گراں کر رکھا تھا۔

④ ہندو اقوام

اہل اسلام نے دریائے انڈو یا سندھ کے شرق میں رہنے والوں کو انڈو یا ہندو تحریر کیا ہے۔ اس ملک اور قوم کی تاریخ قدیم بالکل تاریک تھی۔ تاہم ایسے آثار قوی پائے جاتے ہیں کہ اس ملک میں بھی کسی زمانہ میں علم کی ترقی ہو چکی ہے۔

ہندو قوم اور ملک اور مذہب و علم کا زوال مہابھارت کی جنگ سے شروع ہوا۔ [1]

یہ جنگ کم از کم ڈیڑھ ہزار (1500) سال قبل از مسیح ہوئی تھی۔ [2]

بیان کیا جاتا ہے کہ سارے ہندوستان میں کوئی ایک شخص ایسا نہ رہ گیا تھا، جو فریقین (کورو پانڈو) میں سے کسی ایک کا جانب دار نہ ہو۔ ہم اندازا قیاس کرتے ہیں کہ اس وقت ملک کی آبادی پانچ کروڑ (50000000) تو ضرور ہو گی۔ مگر جنگ کا کیا نتیجہ ہوا کہ طرفین میں سے صرف بارہ (12) مرد زندہ باقی رہ گئے تھے۔ فاتحین نے یہ حالت ہوش ربا دیکھی تو انھوں نے بھی جلد از جلد اپنی زندگیوں کا خاتمہ کر دیا۔

حضرت مسیح علیہ السلام سے چھ صدی پیشتر بدھ مذہب نے ظہور کیا۔ [3]

بدھ نے پالی زبان کو اختیار کیا تھا اور سنسکرت پڑھنے پڑھانے کی ممانعت کر دی تھی۔ [4]

ویدمت کی جگہ بدھ مت قائم ہو جانے سے قدیم مذہب کی کتابیں نیست و نابود ہو گئیں اور ان کا جاننے والا بھی کوئی باقی نہ رہا۔

شنکر اچارج (Shankar Achary) نے ان لوگوں سے کچھ مناظرے کیے اور اپنی علمیت کا رنگ جمایا، مگر وہ 33-34 سال

---

[1] ستیارتھ پرکاش [2] قدیم ہندوستان مصنفہ رمیش چندرت صاحب [3] بدھ کا اصلی نام سدھارتھ ہے۔ خاندانی نام گوتم بدھ تعظیمی نام ہے، جس کے معنی بیدار ہیں۔ کپل دستو نیپال کی لڑائی میں مایا کے بطن سے نجانہ سرود نا پیدا ہوا۔ اس کا باپ ساکھیا قوم کا حکمران تھا۔ مسماۃ سودا سے شادی ہوئی۔ راہولا نام فرزند پیدا ہوا۔ 29 سال کی عمر میں فقر اختیار کیا۔ سن ولادت 560 قبل مسیح ہے۔ ہشتاد سالہ عمر میں انتقال کیا۔ دنیا کے مشہور ترین اشخاص میں سے ہیں۔ [4] پنڈت وجے نرائن کی کتاب بدھ ص 169۔

کی عمر میں مرگیا۔اس کی مساعی کا نتیجہ صرف اتنا ہوا کہ سنسکرت کو پھر دربار میں جگہ مل گئی،مگر اس کے ساتھ ساتھ شاعرانہ غلو و استغراق نے بھی قدم جما لیے اور حقائق و واقعات پر استعارات کا پردہ پڑ گیا۔

قدیم کتابوں میں سے ایک کتاب مہابھارت پائی جاتی ہے مگر وہ بھی یار لوگوں کے تصرفات سے محفوظ نہ رہی۔بیس ہزار(20000) اشلوک اس کتاب میں جعلی طور پر شامل کر دیے گئے۔[1]

بدھ مذہب (Budhism) کا زور راجہ اشوک(Ashoka) کے عہد تک رہا۔[2] اس کے بعد بدھ ازم روبہ زوال ہو گیا۔بدھ ازم کے اصول متمدن دنیا کے ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے تھے۔بھکشوؤں (گداگروں) کی لاتعداد جماعت جو بدھ مت نے تیار کر دی تھی،وہی زیادہ اس کے زوال اور حدود ملک سے انتقال کا باعث بھی ہوئی۔گو پران مت نے بھی اس کو نکالنے میں بہت بڑی جدوجہد کی تھی۔

بدھ مت(Budhism) کے بعد ملک کی حالت بد سے بدتر ہو گئی۔فسق و فجور اور فواحش کا دور دورہ ہو گیا۔چکرانت وام مارگی، سہسر بھگ درشنان مکتی،شاکت،بجوارک آوک،رام ایاسک ڈنڈی وغیرہ بیسیوں ایسے فرقے پیدا ہو گئے،جنھوں نے اخلاق و تہذیب کو جلا کر راکھ کر دیا۔[3]

یہ فرقے تمام ہندوستان پر چھائے ہوئے تھے۔انھوں نے شراب جوا،بدکاری کو مذہب کا لباس پہنا کر پوتر قرار دیا تھا۔

ہندوستان کی یہی بدترین حالت تھی جب سندھ اور شمال مغربی حدود اور جنوبی ہند سے مبلغین اسلام پہنچے۔انھوں نے ملک کو حقائق و معارف سے روشناس کیا۔تب دیدہ دروں کو اپنی برہنگی نظر آئی۔اکثر نے خلعت اسلام زیب تن کیا اور اکثر نے اپنی دھوتی کو خود ہی سنبھال لیا

الغرض یہ وہ اصرار و اغلال تھے،جن سے رہائی ہند و ملک اور ہند و قوم کو نبی ﷺ کے خدام اور تعلیم اسلام کی طفیل حاصل ہوئی۔

5 مجوس

ایران میں نہایت قدیم زمانہ سے سلطنت قائم تھی،انھوں نے قریباً ایک ثلث کرہ ارض پر جو اس وقت آباد تھا حکومت کی۔ حکومت سے امن،امن سے عیش و عشرت کا وجود پیدا ہوا۔عیاشی نے دل و دماغ کو کمزور کر دیا اور ایوان سلطنت کی بنیادوں کو متزلزل کر دیا۔

مانی (Maani's) کے مذہب نے آئین قدیم کو نیست و نابود کر دیا۔مرد و زن کے طبائع میں شوریدگی و آوارگی پیدا کر دی۔ مزدک نے زن و زر و زمین پر سے ملکیت اٹھا دینے سے فحش و ظلم اور طغیان و عصیان کا طوفان بپا کر دیا۔مائیں اپنے بیٹوں کے عشق کا شکار بنیں اور صاحب تخت و تاج شہزادیاں اپنے افسران فوج کے جذبات حیوانی سے تختہ ہائے موت پر لٹائی گئیں۔محرمات ابدیہ کو محصنات ادلیہ بنائے جانے کے دلائل پسند کیے گئے۔عصمت و پاک دامنی کو ہر دو جنس کے لیے ناپاک قرار دیا گیا۔فرہاد جیسے نمک حرام ملازم اپنے بادشاہ کے رقیب بن گئے اور شیرویہ جیسے ناخلف پسر نے جوش بہیمت میں باپ کا شکم چاک کر کے شیریں پر قبضہ کیا۔سیاہ بد بہرام چوبیں ملکہ پوران دخت کی آتش کدہ عشق کا ایندھن بنا۔

سلطنت ہائے روما و ایران کی عدالت قدیم اور آئے دن ایک سلطنت پر دوسری چڑھائی نے ملک کو بے چراغ بنا دیا تھا۔

اصل مذہب کا وجود باقی نہ رہا تھا۔مقدس کتب سکندر کی تاخت و تاراج میں گم اور بے نشان ہو چکی تھیں۔یہ حالت تھی جب

---

[1] ستیارتھ پرکاش [2] راجہ اشوک کا عہد 466ق۔ڈاکٹر مسترائی کی کتاب بدھ،ص:135 [3] ان ذاتوں کے کرتوت ستیارتھ پرکاش میں دیکھو۔

اسلام نے اس ملک کو اپنی حمایت میں لیا اور نبی ﷺ کی پاک تعلیمات نے اس وسیع ملک کے باشندوں کو جبر واستبداد اور فحش وظلم کے بندوزندان سے آزاد کیا۔

قارئین ان حالات کو جو عرب، یہود، عیسائی و ہنود اور مجوس کے متعلق مختصر اقلم بند کیے گئے ہیں مکرر غور سے پڑھیں اور اندازہ لگائیں کہ یہ شاندار قومیں کس طرح پر قبل از اسلام تطاول زمانہ کے جوروستم سے برباد ہو چکی تھیں۔ کیسی کیسی درماندگی و تیرگی ان پر چھائی ہوئی تھی۔

ان جملہ اقوام کو حضور ﷺ ہی کی محبانہ و ہمدردانہ و صادقانہ و بے غرضانہ جود و رحم نے غار ہلاکت سے نکالا اور تمدن و حسن معاشرت امن عامہ و عافیت کلیہ سے بہرہ اندوز فرمایا اور اللہ تعالیٰ کا یہ کلام ﴿وَ یَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَ الْاَغْلٰلَ الَّتِیْ كَانَتْ عَلَیْهِمْ﴾ (الاعراف:157) حضور سرور کائنات ﷺ ہی کی ذات ہمایوں پر صادق و منطبق ہوا۔ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

خصوصیت نمبر 18

﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ﴾ [التوبہ:128]

''تمھارے پاس عظیم الشان رسول آیا ہے جو تم ہی میں سے ہے۔''

① مِنْ اَنْفُسِكُمْ کے مخاطب اہل عرب اور قریش ہیں۔

اہل عرب کو اپنے حسب و نسب پر بے انتہا فخر اور بے حد ناز تھا۔ وہ غیر عرب کی وقعت نہ سمجھتے تھے اور ایسے شخص کی اطاعت کو بھی ننگ و عار سمجھا کرتے تھے۔ لہٰذا اب رب العالمین نے اہل عرب پر یہ بھی اظہار منت و احسان فرمایا کہ یہ عظیم الشان رسول ﷺ جس کا اولین فرض عرب کو ہدایت کرنا ہے، تم ہی میں سے ہے، تم سے غیر نہیں۔

صحیح بخاری میں بروایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کا ارشاد موجود ہے۔

بُعِثْتُ مِنْ خَیْرِ قُرُوْنِ بَنِیْ اٰدَمَ قَرْنًا فَقَرْنًا حَتّٰی كُنْتُ مِنَ الْقَرْنِ الَّذِیْ كُنْتُ مِنْهُ [1]

''اللہ تعالیٰ نے مجھے قبائل کی شاخ در شاخ میں بہترین شاخ سے مبعوث فرمایا حتیٰ کہ میں اس قرن سے پیدا ہوا جو میرا ہے۔''

صحیح مسلم میں بروایت واثلہ بن اسقع حضور ﷺ کا ارشاد ہے:

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰی كِنَانَةَ مِنْ وُلْدِ اِسْمَاعِیْلَ وَ اصْطَفٰی قُرَیْشًا مِّنْ كِنَانَةَ وَاصْطَفٰی مِنْ قُرَیْشٍ بَنِیْ هَاشِمٍ وَاصْطَفَانِیْ مِنْ بَنِیْ هَاشِمٍ [2]

اللہ تعالیٰ نے نسل اسماعیل سے کنانہ کو برگزیدہ کیا اور بنو کنانہ میں سے قریش کو برگزیدہ کیا اور قریش میں سے بنو ہاشم کو برگزیدہ کیا اور مجھے بنو ہاشم میں سے برگزیدہ فرمایا۔

صحیح ترمذی میں سیدنا عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ عم رسول ﷺ کی روایت ہے کہ میں نے نبی ﷺ سے عرض کیا کہ اہل قریش بیٹھے ہوئے حسب و نسب کا ذکر اور باہمی تعلقات کا بیان کر رہے تھے۔ حضور ﷺ کا ذکر بھی آ گیا تو انھوں نے

[1] بخاری: 3757، کنز العمال: 32005، سلسلۃ الصحیحۃ: 709 [2] مسلم: 5938، ترمذی: 3605،3608

حضور ﷺ کو نخل کدیہ سے تشبیہ دی۔ [1] نبی ﷺ نے فرمایا:

إِنَّ اللهَ خَلَقَ الْخَلْقَ فَجَعَلَنِي مِنْ خَيْرِ فِرَقِهِمْ وَخَيْرَ الْفَرِيقَيْنِ ثُمَّ تَخَيَّرَ الْقَبَائِلَ فَجَعَلَنِي مِنْ خَيْرِ قَبِيلَةٍ ثُمَّ تَخَيَّرَ الْبُيُوتَ فَجَعَلَنِي مِنْ خَيْرِ بُيُوتِهِمْ فَأَنَا خَيْرُهُمْ نَفْسًا وَخَيْرُهُمْ بَيْتًا [2]

''اللہ تعالیٰ نے خلقت پیدا کی اور ان کی شاخیں بنائیں اور مجھے بہترین شاخ میں رکھا۔ پھر قبائل بنائے اور مجھے بہترین شاخ میں رکھا، پھر بیوت (گھرانے) بنائے اور مجھے بہترین گھرانے میں بنایا۔ لہٰذا میں ان سب سے بہترین ذات اور بہترین گھرانے کا ہوں۔''

(2) مِنْ أَنْفُسِكُمْ کے مخاطب کل اہل جہاں ہیں اور آیت کے معنی یہ ہیں کہ یہ رسول جو منصب رسالت کے اعتبار سے عظیم الشان ہے، جنس بشر ہی سے ہے، کیوں کہ اگر وہ جنس ملائک سے ہوتے تو اتحاد جنسیت کے فقدان سے اتحاد و یگانگت کی تکمیل نہ ہو سکتی۔ تعلیم و تعلم میں دشواریاں لاحق ہوتیں اور سب سے بڑھ کر نقصان یہ ہوتا کہ اسوہ رسول کا اتباع کرنے والوں کو صفات ملکوتی پر چلنا محال ہو جاتا اور اتباع نہ کرنے والوں کو سب سے بڑا بہانہ ہاتھ آ جاتا اور ایسی ایسی کہاوتیں استعمال کرتے کہ

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر   چہ نسبت خاک را با عالم پاک

اب کہ حضور ﷺ کا نسل انسانی اور جنس بشریت سے ہونا ثابت ہو گیا اور جملہ انواع بشر کو عزت و عظمت ہو گئی۔

گرچہ خوردیم نسبتے بزرگ   ذرہ آفتاب تابا نیم

اور شیدائیان اتباع کے حوصلے بھی بڑھ گئے اور سنت نبویہ ﷺ کا اقتداء سب کو مرغوب و محبوب ہو گیا۔

(3) صاحب معالم التنزیل اور خازن نے بروایت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور زہری وابن محیصن نے ﴿مِنْ أَنْفُسِكُمْ﴾ کو بہ فتحہ فا یعنی مِنْ أَنْفَسِكُمْ تلاوت کیا ہے۔ اس وقت اس کا مادہ نفاست ہوگا اور اس کے معنی پاکی گوہر اور لطافت طبع اور طہارت ذات میں حضور ﷺ کا افضل خلائق ہونا ثابت ہو جائے گا۔ اور آیت زیب عنوان میں اسی خصوصیت کا اظہار فرمایا گیا ہے۔

خصوصیت نمبر 19

﴿عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ﴾ [التوبہ:128]

''تمھاری تکلیف ان پر شاق گزرتی ہے۔''

جب عَزَّ يَعِزُّ (بفتح عین) ہو، تب اس کے معنی شاق اور سخت ہوتے ہیں، عَنَتٌ جس سے عَنِتُّمْ بنا ہے، کے معنی مشقت، فساد، ہلاکت، خطا وغیرہ ہیں۔ آیت کا ترجمہ یہ ہے کہ جو چیز تم کو مشقت میں ڈالنے والی ہے وہ نبی ﷺ کو نہایت ہی شاق و گراں گزرتی ہے۔

یعنی تمھاری تکلیف سے نبی ﷺ کو ضرور تکلیف ہوتی ہے، تمھارے درد کو وہ درد سمجھتے ہیں۔

واضح ہو کہ نبی ﷺ کی یہ صفت کفار اور مومنین دونوں کے حق میں تھی۔

---

[1] یعنی کھجور کا وہ درخت جو سنگلاخ زمین میں ہو، اس سے قریش کا اشارہ نبی ﷺ کے فرزند نرینہ نہ ہونے کی جانب تھا۔

[2] ترمذی: 3532، 3607، مناقب الشافعی للذہبی: 1/46، اتحاف السادۃ المتقین: 9/89، الشفاء: 1/181

① نبی ﷺ جب کفار کو کفر و شرک میں دیکھتے اور خیال فرمایا کرتے کہ یہ لوگ کس انجام بد کا شکار ہونے والے ہیں۔ یہ لوگ کیوں کر اپنے ہاتھوں اپنے لیے چاہ ہلاکت کھود رہے ہیں۔ تب حضور ﷺ کے دل رحم پرور کو نہایت صدمہ گزرتا تھا۔

بسا اوقات یہ کیفیت اس قدر بڑھ جاتی کہ اللہ تعالیٰ کو حضور ﷺ کے تسلیہ و تسکینہ کے لیے اپنا کلام و پیغام بھیجنا پڑتا۔

سورہ یٰسٓ میں ہے: ﴿ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ﴾ [یٰس:76] ان کی باتوں سے آپ اپنا جی برا نہ کریں۔

سورہ آل عمران میں ہے: ﴿ وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ﴾ [آل عمران:176] کفر میں بڑھ بڑھ کر حصہ لینے والوں کی حالت سے آپ اندوہگیں نہ ہوں۔

واقعات بدر میں مذکور ہے کہ جب حملہ آوران مکہ قید کر لیے گئے تو رات کو نبی ﷺ کو نیند نہ آئی، اِدھر سے اُدھر کروٹیں لیتے تھے۔ کرب و اضطراب نمایاں تھا۔ ایک انصاری نے عرض کی کہ حضور ﷺ کو کچھ تکلیف ہے، فرمایا نہیں۔ مگر عباس ؓ کے کراہنے کی آواز میرے کان میں آ رہی ہے۔ اس لیے مجھے چین نہیں پڑتا۔ انصاری چپکے سے اٹھا، اس نے جا کر عباس ؓ کی مشک بندی کھول دی، اُنھیں آرام مل گیا، تو وہ فوراً سو گئے۔ انصاری پھر حاضر خدمت ہو گیا۔ حضور ﷺ نے پوچھا کہ اب عباس ؓ کی آواز کیوں نہیں آتی۔ انصاری نے بولا کہ میں نے ان کے بندھن کھول دیے ہیں، فرمایا جاؤ، سب قیدیوں کے ساتھ ایسا ہی برتاؤ کرو۔ جب حضور ﷺ کو اطلاع دی گئی کہ سب قیدی اب آرام سے ہیں، تب نبی کریم ﷺ کا اضطراب دور ہوا اور حضور ﷺ خواب شیریں سے استراحت گزیں ہوئے۔ [1]

ذرا سوچنا ہے، قید وہ تھے جنھوں نے 13 سال تک متواتر اہل ایمان کو ستایا تھا، کسی کو آگ پر لٹایا کسی کو خون میں نہلایا، کسی کو بھاری پتھروں کے نیچے دبایا، کسی کو سخت اذیتوں کے بعد خاک و خون میں سلایا تھا اور پھر ان پر یہ نرمی، یہ سلوک۔

عباس ؓ حضور ﷺ کے تایا تھے اور جہاں تک معتبر روایات سے معلوم ہوا ہے وہ بادل ناخواستہ صرف قوم کے اکراہ واجبار سے بدر میں آئے تھے۔ بایں ہمہ حضور ﷺ کے عدل و انصاف نے ان میں اور دوسرے قیدیوں میں کوئی امتیازی فرق قائم کرنا پسند نہ فرمایا۔

لیکن حضور ﷺ کی رحم دلی اور طبعی شفقت و رافت کا یہ عالم تھا کہ جب تک سب قیدیوں کے بہ آرام ہونے کی رپورٹ نہ لی اس وقت تک حضور ﷺ کو نیند تک نہ آئی۔

﴿ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ ﴾ کا یہ جلوہ ایسے حملہ آوران و دشمنان جانی و ایمانی کے مقابلہ میں تھا۔

② جب نبی ﷺ ہجرت فرما کر رونق افروز مدینہ ہو چکے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے فرمان

﴿ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ﴾ [الانفال:33] کا مفہوم ظاہر فرمایا اور اہل مکہ پر قحط شدید کی آفت کو اتارا۔ قحط اس شدت کا تھا کہ اہل مکہ کی آنکھوں کی روشنی بھی کم ہو گئی تھی۔

ابوسفیان اموی ہمیشہ مسلمانوں سے برسر پرخاش رہا کرتا تھا وہ خود دربار مصطفوی ﷺ میں حاضر ہوا اور نہایت ادب سے عرض گستر ہوا کہ حضور ﷺ ہمیشہ احسان اور صلہ رحم کی تعلیم دیا کرتے ہیں۔ ہم حضور ﷺ کے قرابتی ہیں اور رحم کے ملتجی۔ احسان

---

[1] اسد الغابۃ: 164/3، الطبقات لابن سعد: 716

فرمایئے اور دعا کیجیے کہ اس قحط شدید سے ہم کو نجات ملے۔ [1]

نبی ﷺ نے ثمامہ بن اثال رضی اللہ عنہ سردار نجد کو جو دولت ایمان سے مالا مال ہو چکا تھا، حکم بھیج دیا کہ مکہ میں فوراً غلہ پہنچانے کا بندوبست کرے۔ اس کے علاقہ میں اناج بکثرت تھا۔ اس نے غلہ صرف اس لیے روک رکھا تھا اور منفعت تجارت کو بھی نظر انداز کر دیا تھا کہ اہل مکہ دشمنان رسول ہیں۔ اب حکم نبوی ﷺ کی تعمیل ہوئی اور اہل مکہ کی جان میں جان آ گئی۔ [2]

یہ بھی دشمنوں کے مقابلہ میں ﴿عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ﴾ کا ایک ثبوت تھا۔

[3] جنگ طائف ان حملہ آوروں کے ساتھ ہوئی، جن سے حنین و اوطاس میں شدید محاربہ ہوا تھا۔ یہ لوگ ان مقامات سے شکست کھا کر قلعہ طائف میں متحصن ہو گئے تھے اور ابھی ان کی فوجی طاقت زوروں پر تھی۔ نبی ﷺ نے قلعہ کا محاصرہ کر لیا۔ چند روز کے بعد حضور ﷺ کو معلوم ہوا کہ دشمن محاصرہ کی شدت سے سخت تکلیف میں ہے۔ بھوک نے ان کی ہلاکت کو بہت قریب کر دیا ہے۔ حضور ﷺ نے محاصرہ اٹھا دینے کا حکم دے دیا۔ چند صحابہ رضی اللہ عنہم نے جنگی اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے عرض بھی کیا کہ اب تو قلعہ فتح ہی ہونے والا ہے۔ مگر حضور نے از راہ رحم و کرم جو حکم دیا تھا اس کی تعمیل کرائی۔ یہ ﴿عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ﴾ کا تیسرا نمونہ ہے۔

ان نظائر سے واضح ہو جاتا ہے اور ایسے نظائر اور بھی بہت ہیں کہ قلب رحیم اور طبع کریم پر اہل محاربہ کی حالت زبوں اور انجام دگرگوں کا کیا اثر ہوا کرتا تھا۔

اہل اسلام کے متعلق حضور ﷺ کی رحمت و شفقت کا بیان بے پایاں ہے۔

عبادات و معاملات میں ایسی مثالیں بکثرت ملتی ہیں کہ امت کو دشواری سے بچانے کے لیے یا امت کی آسانی کے لیے حضور ﷺ کیا کچھ توجہ فرمایا کرتے تھے۔

یعنی امت کی تکلیف کو اپنی تکلیف اور امت کی راحت کو اپنی راحت قرار دے رکھا تھا۔

صحیح بخاری میں ابن عباس رضی اللہ عنہ اور ابوحبہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ شب معراج کو پچاس نمازیں فرض کی گئی تھیں۔ سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے نبی ﷺ سے کہا: ﴿إِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِيقُ﴾ (آپ کی امت میں اتنی طاقت نہیں) تب حضور ﷺ نے رجوع الی اللہ فرمایا۔ تخفیف ہوئی۔ موسیٰ علیہ السلام نے پھر بھی حضور ﷺ کو وہی کہا جو پہلے کہا تھا اور نبی ﷺ ہر بار رجوع الی اللہ فرماتے رہے، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ پانچ نمازیں رہ گئیں۔ [3]

اس واقعہ سے دو نتیجے صاف طور پر برآمد ہوتے ہیں۔

1. نبی ﷺ فرمان رحمٰن کے کتنے منقاد و مطیع تھے کہ جب پچاس نمازوں کا حکم ہوا تو حضور ﷺ نے اس بارہ میں ذرا بھی لب کشائی نہیں فرمائی۔
2. حضور ﷺ اپنی امت پر کس قدر مہربان تھے کہ موسیٰ کلیم اللہ ﷺ جیسے تجربہ کار نبی نے ﴿إِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِيقُ﴾ کو دہرایا تو فوراً اس پاک فطرت کا ظہور ہوا جو ﴿عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ﴾ کی تحت میں پنہاں تھی اور حضور ﷺ نے بار بار رجوع الی اللہ فرمایا۔

اس حسن ادب اور التماس متواترہ کا ثمرہ یہ ہوا کہ تعداد تو پچاس سے پانچ رہ گئی اور ثواب وہی پچاس (50) کا رکھا گیا۔

---

[1] بخاری: 1070,1020 [2] بخاری: 4580,4372، اسد الغابہ: 478/1 [3] بخاری: 349، دلائل النبوۃ للبیہقی: 159/5، طبرانی فی التاریخ: 348/4

میرا خیال ہے کہ اگر سیدنا موسیٰ علیہ السلام ﴿اِنَّ اُمَّتَكَ لَا تُطِيْقُ﴾ کے فقرہ کا استعمال نہ فرماتے اور حضور ﷺ کو کسی اور دلیل سے التماس تخفیف پر مائل کرنا چاہتے تو وہ اپنے ارادہ میں کامیاب نہ ہو سکتے۔

نبی ﷺ کے کمال عبودیت اور وفور شوق عبادت کے سامنے تو پچاس (50) نمازوں کی کثرت بھی کوئی اہمیت نہ رکھتی تھی۔ وہ قلب شاکر اور لسان ذاکر جو یاد الٰہی سے ایک دم کے لیے غافل نہ ہوتے ہوں ان کے لیے محدود وقت میں محدود رکعتوں کا ادا کر لینا کیا دشوار ہو سکتا ہے۔

④ ماہِ رمضان تھا، نبی ﷺ مدینہ سے مکہ معظمہ کو تشریف لا رہے تھے، حضور ﷺ روزے رکھا کرتے تھے، جب یہ مقام عسفان پہنچے تو حضور ﷺ نے پانی منگایا اور دست مبارک کو بلند کرتے ہوئے لوگوں کو دکھلا کر پانی پی لیا اور پھر مکہ پہنچنے تک روزہ نہ رکھا۔ ①

یہ ترجمہ تو صحیح بخاری کی روایت عن ابن عباس رضی اللہ عنہ کا ہے، لیکن دیگر روایات میں صراحت ہے کہ نبی ﷺ نے اس لیے روزہ افطار فرمایا اور ترک صوم کیا تھا کہ اہل لشکر کو سفر میں روزہ کی شدت تکلیف دہ تھی اور امت کی تکلیف سے حضور ﷺ خود تکلیف محسوس فرماتے تھے۔

⑤ صلوٰۃ التراویح کے متعلق صحیحین اور سنن میں عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے دو شب یہ نماز لوگوں کے ساتھ پڑھی اور تیسری شب کو حضور ﷺ مسجد میں اس نماز کے لیے تشریف نہ لے گئے۔ اور پھر صبح کو لوگوں سے فرمایا:

قَدْ رَاَيْتُ صَنِيْعَكُمْ فَلَمْ يَمْنَعْنِيْ مِنَ الْخُرُوْجِ اِلَيْكُمْ اِلَّا اَنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ۔ ②

"اس نماز کے لیے تمہارا آنا، انتظار کرنا وغیرہ میں نے دیکھا، مجھے آنے میں صرف یہ خیال مانع ہوا کہ کہیں یہ نماز تم پر فرض نہ کر دی جائے۔"

⑥ صحیح مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نماز تہجد میں تھے، میں حضور کے ساتھ شامل ہوا، حضور ﷺ نے میری اقتداء کو محسوس کیا تو نماز ہلکی کر دی۔ ③

⑦ ام المومنین عائشہ طیبہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم ﷺ کے شیوہ عمومی کو ان الفاظ میں روایت فرمایا ہے:

اِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَدَعُ الْعَمَلَ وَهُوَ يُحِبُّ اَنْ يَّعْمَلَ بِهٖ خَشْيَةَ اَنْ يَّعْمَلَ بِهِ النَّاسُ فَيُفْرَضُ عَلَيْهِمْ۔ ④

"نبی ﷺ ایسے عمل کو بھی چھوڑ دیتے تھے جس کا کرنا حضور ﷺ کو پسند ہوتا، اس خیال سے کہ لوگ بھی عمل کرنے لگیں گے اور ڈر رہتا کہ کہیں وہ عمل فرض نہ ٹھہرا دیا جائے۔"

ان جملہ روایات سے ثابت ہو جاتا ہے کہ ﴿عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ﴾ کی صفت حضور ﷺ میں کیسی مستحکم تھی اور امت کی تکلیف کا خیال حضور ﷺ کو کس قدر شاق تھا۔

یہ محبت، یہ شفقت، یہ ترحم یہ پیار تو ماں باپ کو بھی اپنی سب اولاد کے ساتھ یکساں نہیں ہوتا جو حضور ﷺ کو اپنے ہزار در ہزار اور الوف در الوف افراد امت کے ساتھ تھا۔

---

① بخاری:1944، 1948، مسلم:2604، نسائی:2312 ② بخاری: 1119، 2011، مسلم: 1783، ابوداؤد:1373، نسائی :2192، کنز العمال :21542
③ بخاری:1135، مسلم :1815، ترمذی:1418 ④ بخاری:1128۔

بے شک حضور ﷺ کی رحمت رب العالمین کے بعد ہر ایک رحم کرنے والے اور محبت کرنے والے سے برتر اور بڑھ کر تھی۔

خصوصیت نمبر 20

﴿حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ﴾ [التوبہ:128]

''تمہاری منفعت کے خواہش مند ہیں۔''

جب حرص کا استعمال علی کے صلہ سے کیا جاتا ہے تو اس کے معنی شدت طلب ہوتے ہیں۔ آیت کا ترجمہ یہ ہوا ''ہمارا نبی ﷺ تم لوگوں کی نفع رسانی کا کمال درجہ طالب و شائق ہے۔''

آیت بالا سے بوضوح ثابت ہے کہ نبی ﷺ کو بنی نوع کے مفاد اور رفاع و صلاح کی آرزو بہ درجہ کمال تھی۔

سورہ یوسف میں ہے: ﴿وَمَا أَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ﴾ [یوسف:103]

''بہت لوگ ہیں جو ایمان نہ لائیں گے اگرچہ تجھ کو ان سے ایمان لے آنے کی بڑی چاہت ہے۔''

اس آیت سے بھی یہی استفادہ ہوا کہ حضور ﷺ کا منتہائے نظر اور کمال آرزو یہی تھا کہ تمام عالم کے سر ایک ہی مالک وحدہ لاشریک لہ، کے سامنے جھکے ہوئے ہوں۔

رب واحد کا دین واحد ہی تمام اصناف انسانی کو متحد و متفق بنانے والا ہو۔

قریش کے سردار عتبہ نے ایک بار نبی ﷺ سے مل کر یہ عرض کیا تھا۔

① کیا تم مال و دولت چاہتے ہو؟

میرا ذمہ ہے کہ سب سے زیادہ مال و زر تیرے پاس جمع کر دوں گا۔

② کیا تم ریاست کے خواہاں ہو؟

ہم سب تجھے اپنا رئیس تسلیم کر لیتے ہیں۔

③ کیا تم تخت قائم کرنا چاہتے ہو؟

میں سارے عرب سے تیری فرماں روائی کی تصدیق کرادوں گا۔

نبی ﷺ نے فرمایا، مجھے نہ زر و دولت کی ضرورت ہے اور نہ ریاست و حکومت کی آرزو ہے۔ میں تو رب العالمین کا پیغام لے کر آیا ہوں اور اسی کا ہر ایک سننے والے کان تک پہنچا دینا میرا مقصود اعلیٰ ہے۔ [1]

ایک بار ابوجہل لعین نے حضور ﷺ کو مضروب کیا۔ حمزہ عم رسول ﷺ نے یہ واقعہ سنا تو انھوں نے ابوجہل کو جا پیٹا اور پھر نبی ﷺ کو آکر بتلایا: محمد ﷺ تم کو خوش ہونا چاہیے کہ میں نے ابوجہل سے تمھارا انتقام لے لیا۔

نبی ﷺ نے جواب دیا، مجھے انتقام وغیرہ سے کوئی تعلق نہیں، ہاں تم مسلمان ہو جاؤ تو مجھے بڑی خوشی ہوگی۔

[1] سیر اعلام النبلاء:84/1، دلائل النبوۃ للبیہقی:450/1، عیون الاثر:106/1، نہایۃ الارب:211/16

سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ کے دل میں یہ بات جم گئی اور وہ مسلمان ہو گئے۔ [1]

ان واقعات سے ظاہر ہے کہ نبی ﷺ کا دامن اغراض کے گرد و غبار سے بلند تر تھا۔ حضور ﷺ کی تعلیم اور تعلیم کے لیے بے حد سرگرمی کسی ذاتی مفاد پر مبنی نہ تھی۔ انتقام اور دیگر رذائل سے حضور ﷺ کے اخلاق عالیہ پاک صاف تھے، یعنی حضور ﷺ کی آرزو اپنے نفس کے لیے کچھ بھی نہ تھی۔ حضور ﷺ کا پیکر محبت کل تھا اور حضور ﷺ کا وجود منفعت عامہ اور وجود عامہ کی صفات سے مشکل و مجسم تھا۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

ذرا حضور ﷺ کی ان ادعیہ پر نظر ڈالو جو وقتاً فوقتاً حضور ﷺ نے امت کے حق میں فرمائی ہیں۔ وفات سے ایک ماہ پیشتر ایک خطبہ کے آغاز میں فرمایا:

مسلمانو! اللہ تمھیں سلامتی سے رکھے، تمھاری حفاظت فرمائے، تمھیں شر سے بچائے، تمھاری مدد کرے، تم کو بلند کرے، ہدایت اور توفیق دے۔ اپنی پناہ میں رکھے، آفتوں سے بچائے، تمھارے دین کو تمھارے لیے محفوظ بنائے۔ [2]

ذرا ان الفاظ پر غور کرو، ایک کے بعد دوسری دعا اور دوسری کے بعد تیسری۔ گویا دعا و برکت دیتے تھکتے ہی نہیں۔ یہ اسی صفت حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ کا ظہور ہے۔

اور یہ خصوصیت ذات ہمایوں ہی کی ہے۔

یَارَبِّ صَلِّ وَ سَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی نَبِیِّکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمْ۔

خصوصیت نمبر 21

﴿ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴾

''وہ مومنوں سے بہت زیادہ پیار کرنے والا اور ان پر ہمیشہ رحم کرنے والا ہے''

آیت بالا میں نبی ﷺ کو رؤف اور رحیم کے اسماء سے یاد فرمایا گیا ہے۔

رؤف رافت سے مبالغہ کا صیغہ ہے۔

رَحِیْمٌ رحم سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

یاد رکھنا چاہیے کہ جو صیغے مبالغہ کے اوزان [3] پر آتے ہیں، وہ معنی کثرت و فروانی کا اظہار کیا کرتے ہیں۔ اور جو صیغے صفت [4] مشبہ کے اوزان پر آتے ہیں وہ صفت لازم اور معنی ثابت کے مظہر ہوتے ہیں۔

لہٰذا رؤف کے معنی کامل العطوف ہیں اور رحیم کے معنی دائم الرحمت ہیں۔ سورہ حج اور سورہ بقرہ میں ہے:

﴿اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ﴾ [الحج:65] ''اللہ تعالیٰ انسانوں پر رؤف و رحیم ہے۔''

---

[1] حلیۃ الاولیاء، ابونعیم: 40/1، ابن ہشام: 185/1 [2] تاریخ طبری اردو ص 399/2 [3] مبالغہ کے اوزان دس ہیں اور مندرجہ ذیل لغات ان اوزان پر ہیں: (1) نَجَّارٌ (2) عَلَّامَةٌ (3) صِدِّیْقٌ (4) مِسْکِیْنٌ (5) مِسْعَرٌ (6) مِعْطَارٌ (7) نَصِیْرٌ (8) ضَرُوْبٌ (9) حِذْرٌ (10) فَارُوْقٌ مبالغہ ہمیشہ فاعلیت کے معنی دیتا ہے۔ [4] صفت مشبہ فعل لازم سے بمعنی فاعل آتا ہے۔ مندرجہ ذیل لغات اس کے وزن ظاہر کرتے ہیں: (1) حَسَنٌ (2) طَیِّبٌ (3) صَعْبٌ (4) جَبَانٌ (5) شُجَاعٌ (6) شَفِیْعٌ (7) مُهِدٌ (8) اَشْیَبُ (9) عَطْشَانٌ (10) کَرِیْمٌ (11) وَقُوْرٌ (12) فَرِحٌ ہے۔ اسے مشبہ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ بھی معنی اور تصرف میں اسم فاعل کے مشابہ ہوتا ہے۔

نبی ﷺ کے حق میں یہ امر نہایت شرف وعزت اور غایت وتکریم وحرمت کا موجب ہے کہ حضور ﷺ کی صفت میں وہ دو نام بہ حالت ترکیبی تجویز فرمائے گئے جو اسی ترکیب کے ساتھ خود ذات پاک سبحانی کے لیے مستعمل ہوئے ہیں۔

ہاں! اللہ الحمود کی رافت ورحمت کو عوام الناس پر عام فرمایا گیا ہے اور حضور ﷺ کو رافت ورحمت وبالخصوص مومنین کے ساتھ خاص کیا گیا ہے۔ فہم معانی میں اس عموم وخصوص کا امتیاز یاد رکھتے ہوئے مومنین کے شکر وابتہاج کا مقام ہے کہ ان کو المضاعف رحمت و عطوفت کا مورد ومصداق بنایا گیا ہے۔

مناسب مقام سے یہ بحث بھی ایک لطیف بحث ہے کہ کیا دیگر اسمائے مبارکہ میں بھی نبی ﷺ کے لیے ایسا شرف وامتیاز موجود ہے۔

حسان بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کا شعر ہے:

وَشَقَّ لَهٗ مِنْ اِسْمِهٖ لِيُجِلَّهٗ ۔۔۔ فَذُو الْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَّهٰذَا مُحَمَّدٌ

اگر حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ المؤید بروح القدس کی سنت حسنہ کا اقتدار کیا جائے، تب تو حضور ﷺ کے اسی (80) سے زیادہ ایسے اسمائے گرامی نکلیں گے جن کا توافق وتطابق اسماء اللہ الحسنٰی سے ہو جاتا ہے۔

سیرت نبویہ ﷺ کے ائمۃ الاعلام کا شیوہ رہا ہے کہ:

① جس مصدر یا فعل کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی توصیف کتاب حمید میں فرمائی ہے۔ اس سے اسم بنا لیتے ہیں۔

② جس صفت کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی توصیف الفاظ حدیث میں آئی ہے، اسے اسم شمار کر لیتے ہیں۔

③ جن اعلان کے ساتھ اشعار میں جو حضور ﷺ کے سامنے پڑھے گئے حضور ﷺ کو مخاطب یا موصوف کیا گیا ہے، ان کے اسماء کے ذیل میں شامل کر لیتے ہیں۔

ائمہ سیرت کا یہ شیوہ مستحسن ہے اور حسن ادب، نیز کمال ادب پر دال ہے۔ زرقانی شرح مواہب لدنیہ میں اسمائے مبارکہ کی جو فہرست وترتیب حروف تہجی درج کی گئی ہے وہ انہی اصول ثلاثہ پر مبنی ہے۔

مندرجہ بالا اصول کی صراحت کے بعد قابل گزارش ہے کہ حضور ﷺ کے جن اسماء کی صراحۃً تطبیق کلام ربانی سے ہوتی ہے، ان کا شمار بانوے (92) ہے۔ ان اسماء کے معانی کی بحث تو آگے چل کر آئے گی۔ اس جگہ حضور ﷺ کے وصف رافت ورحمت کے متعلق مختصراً کچھ لکھ دینا ضروری ہے۔

صحیحین میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا۔ [1]

''نبی کریم ﷺ ہم کو گاہ بہ گاہ وعظ سنایا کرتے، اس اندیشہ سے کہ روزانہ وعظ سننا ہم پر گراں نہ گزرے۔''

نبی ﷺ کا یہ اصول از راہ شفقت ورافت تھا کہ سامعین جس قدر بھی سنیں نشاط طبع اور حضور قلب سے سنیں اور آئندہ کے لیے شوق تمام باقی رہے۔

عادت مبارکہ تھی کہ جب بہ حالت نماز کسی بچہ کے رونے کی آواز سن پاتے تو نماز ہلکی فرما دیتے کہ ماں بچہ کو جلد سنبھال

[1] بخاری: 68-6411، مسلم: 7127-7129، ترمذی: 2855، احمد: 1/377

سکے۔ عادت مبارکہ تھی کہ سوار ہو کر کسی کو پا پیادہ ہمرکاب چلنے کی اجازت نہ فرماتے تھے۔ اگرچہ بہت سے فدائی اس خدمت کے تمنائی رہتے، یا تو اسے سوار کر لیتے تھے یا واپس لوٹا دیتے تھے۔ عادت مبارکہ تھی کہ جب کوئی مسلمان مقروض مرجاتا تو اس کا قرض بیت المال سے قبل از تدفین ادا فرمادیتے تھے، مگر خود کسی مردہ کا مال قبول نہ فرمایا کرتے تھے۔

فرمایا کرتے تھے، کسی کی غیبت میرے سامنے مت کرو، میں نہیں چاہتا کہ کسی کی طرف سے میری صاف دلی میں فرق آئے۔

بارہا ایسا ہوا کہ ساری ساری رات امت کے حق میں دعا کرتے ہوئے گزر جاتی تھی۔ چھوٹے بچوں کو پیار کرتے، ان کو خود سلام کیا کرتے، ان کے سر پر دست شفقت رکھتے، گلی میں کھیلتے ہوئے بچوں کو اپنی سواری پر آگے پیچھے سوار کر لیتے، غلاموں کے ساتھ سفید زمین پر بیٹھ کر کھانا کھانے میں شامل ہو جاتے۔

ان سب امور کا ظہور از راہ شفقت و رافت ہوا کرتا تھا اور اس بلند ترین رافت و رحمت کا ظہور حضور ﷺ پرنور کے خصائص میں سے تھا۔ صلی اللہ علیہ و آلہٖ و اصحابہٖ وسلم

خصوصیت نمبر 22

﴿وَ مَاۤ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا کَآفَّۃً لِّلنَّاسِ﴾ [سبا:28]

''ہم نے تجھے جملہ نوع انسانی کے لیے بھیجا ہے۔''

کتاب خروج، باب سوم میں ہے:

موسیٰ علیہ السلام نے ایک بوٹے میں آگ کے شعلے نکلتے دیکھے اور دیکھا کہ وہ بوٹا جل نہیں جاتا، وہ یہ دیکھنے کو آگے بڑھے، تب اللہ نے بوٹے کے اندر سے پکارا۔ (6)

میں نے اپنے لوگوں کی تکلیف جو مصر میں یقیناً دیکھی، جو خراج کے محصلوں کے سبب سے ہے۔ سنی اور میں ان کے دکھوں کو جانتا ہوں۔ (7)

اور میں نازل ہوا ہوں کہ انھیں مصریوں کے ہاتھ سے چھڑاؤں اور اس زمین سے نکال کر اچھی زمین میں جہاں دودھ اور شہد موج مارتا ہے، کنعانیوں اور حتیوں اور اموریوں اور فرضیوں اور حویوں اور یبوسیوں کی جگہ میں لاؤں۔ (8)

اب دیکھ، بنی اسرائیل کی فریاد مجھ تک آئی اور میں نے وہ ظلم جو مصری ان پر کرتے ہیں دیکھا ہے۔ (9)

بس اب تو جا، میں تجھے فرعون کے پاس بھیجتا ہوں، میرے لوگوں کو جو بنی اسرائیل ہیں، مصر سے نکال۔ (10)

مندرجہ بالا فقرات (7، 8، 9، 10) موسیٰ علیہ السلام کی نبوت و رسالت کے مقصد و مدعا کو بخوبی ظاہر کرتے ہیں، موسیٰ علیہ السلام کا عمل بھی اسی کی تائید میں ہے کہ انھوں نے بنی اسرائیل کی رہائی اور ان کو وعدہ کی زمین کی جانب لے جانے کے سوا دیگر اقوام عالم سے کچھ سروکار نہیں رکھا۔

کتاب استثناء (موسیٰ کی پانچویں اور آخری کتاب) میں ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے ہم کو ایک شریعت فرمائی جو کہ یعقوب کی جماعت کی میراث ہو۔ باب 32 درس 4

اس فقرہ نے شریعت تورات کا خاص اسرائیلیوں کے لیے ہی ہونا ظاہر کر دیا۔ اگر یہ فقرہ نہ ہوتا تو ممکن ہے کہ کوئی مدعی کہہ سکتا

کہ شریعت تورات سب دنیا کے لیے ہے۔

یہ مسلمہ امر ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کے بعد عیسیٰ علیہ السلام تک جس قدر انبیائے بنی اسرائیل ہوئے وہ سب اسرائیلیوں کے لیے آتے رہے۔

اب سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق ہم کو صراحۃً ظاہر کر دینا ہے کہ ان کی نبوت کن کن لوگوں کے لیے تھی۔

(الف) انجیل متی کا باب 15 پڑھنا ضروری ہے، جس میں ایک کنعانی عورت کا قصہ موجود ہے۔ یہ عورت اسرائیلی نہیں اور حضرت مسیح علیہ السلام کے پاس اس لیے آئی ہے کہ حضور اپنی معجزانہ طاقت سے اس کی بیمار بیٹی کو چنگا کر دیں۔ مسیح علیہ السلام نے فرمایا: میں اسرائیل کے گھر کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے سوا اور کسی کے پاس نہیں بھیجا گیا۔ 24/15

''پر وہ آئی اور اسے سجدہ کر کے کہا: اے خداوند میری مدد کرو۔'' 25/15

مسیح علیہ السلام نے جواب دیا: مناسب نہیں کہ لڑکوں کی روٹی لے کر کتوں کو پھینک دیں۔'' 25/15

اس تمام واقعہ پر ٹھنڈے دل سے اور پوری سمجھ سے تامل کرنا چاہیے کہ مسیح علیہ السلام نے صاف لفظوں میں فرما دیا کہ وہ بنی اسرائیل کے سوا اور کسی قوم کے پاس نہیں بھیجے گئے۔ انھوں نے صاف طور پر بنی اسرائیل کو فرزند سے اور دیگر اقوام کو کتوں سے تشبیہ دی اور دیگر اقوام کو اپنی برکات سے محروم ہونا اور محروم کرنا، اس دلیل سے واضح کر دیا کہ لڑکوں کی روٹی کتوں کو نہیں دی جایا کرتی۔

انجیل متی میں ذکر ہے کہ جب مسیح علیہ السلام نے اپنے بارہ (12) شاگردوں کو تبلیغ کے لیے روانہ فرمایا تو یوں کہا: ''غیر قوموں کی طرف نہ جانا اور سامریوں کے کسی شہر میں داخل نہ ہونا'' 10/5

اس سے ظاہر ہے کہ غیر اقوام میں تبلیغ کی قطعاً ممانعت فرمائی گئی اور اسرائیلوں میں سے بھی سامریوں کے پاس جانے سے روکا گیا۔

یہ اسناد اس امر کے ثابت کرنے کو کافی ہیں کہ جناب مسیح علیہ السلام کی نبوت اور ان کے بارہ (12) شاگردوں کے فرض تبلیغ کا رقبہ صرف اسرائیلیوں کے اندر اندر محدود تھا۔

انبیائے بنو اسرائیل کے بعد دیکھو کہ دنیا میں اور کون سے مذہب میں تبلیغ شان موجود ہے

عام لوگ شاید یہ سمجھتے ہوں کہ بدھ مت میں تبلیغ عام کا وجود پایا جاتا ہے، لیکن بدھ مذہب کی صدہا سالہ تاریخ پر عبور کر جاؤ۔ انھوں نے ہندو جاتی کے سوا کبھی اپنے عروج کے زمانہ میں بھی کسی دوسری قوم کو تبلیغ تک نہیں کی اور کسی غیر مذہب اسرائیلی، بابلی، مصری، حجازی، مغربی وغیرہ کے معتقد کو داخل مذہب خود نہیں کیا۔ سلسلہ تکامل کی یہ زبردست شہادت بدھ ازم کو محدود رقبہ اور محدود قوم کے لیے خاص بتا رہی ہے اور اگر آریہ سماج کی تحقیقات کسی حقیقت کا انکشاف کر سکتی ہے تب تو یہ بھی ہے کہ بدھ ازم کوئی علیحدہ ازم نہ تھا، بلکہ بدھ مہاراج ویدمت کو تازہ کرنے والے تھے۔ [1]

اب ویدمت کو لیجیے۔ ویدمت کے عروج کا زمانہ مہابھارت کی جنگ سے پیشتر کا ہے۔ وید اور چھ شاستر اور منوسمرتی خاموش ہیں کہ ویدمت کو کبھی تبلیغی مذہب بتایا گیا ہو، یا کسی اقوام غیر میں اس کی تبلیغ کی گئی ہو۔ منوجی مہاراج کی سمرتی کو آریہ اور سناتنی صاحبان بالاتفاق قابل سند تسلیم کرتے ہیں، اس سمرتی میں تمام آبادی کو چار ذنوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور تحصیل علم و فضل اور قراءت وید کا کام صرف برہمن ورن کے ساتھ مخصوص کر دیا گیا ہے۔ یہ تقسیم، یہ پابندی بتلا رہی ہے کہ منوجی مہاراج اور ان کے ماتحت رشیوں نے جو سمرتی مذکور

---

[1] سماج کی یہ تحقیقات اس لیے صحیح نہیں کہ بدھ نے سنسکرت زبان کی تعلیم اور وید کے تعلم سے لوگوں کو روک دیا تھا۔ اس امر کا اقرار خود بدھ ازم کے مصنفین کو ہے۔

کے سیکھنے کے لیے مجتمع ہوئے تھے، ویدمت کو بھی تبلیغی مذہب نہیں قرار دیا تھا۔

دنیا کے چھوٹے چھوٹے مذاہب کا ذکر یہاں چھوڑ دیا جاتا ہے۔

مذکورہ بالا شاندار اقوام کا سلسلہ تعامل بھی یہی یقین دلاتا ہے۔

غور کرو کہ شریعت موسوی کا امام کبھی کسی غیر اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا گیا۔ روما کے کلیسا نے پطرس (Peter) کا جانشین یعنی مسیحی برکات کا مخزن کبھی کسی غیر یورپین کو تسلیم نہیں کیا اور ایشیائی نسل کا کوئی شخص کبھی پوپ نہیں بنایا گیا۔

ہندو قوم میں کبھی کوئی یہودی یا عیسائی یا مغربی نسل کا شخص رشی یا مہا رشی بلکہ کسی مندر کا پجاری بھی نہیں بنایا گیا۔

یہ عملی تجربے ثابت کر رہے ہیں کہ ان مذاہب کے پیشتر بزرگوں نے حقیقتاً اپنے اپنے مذاہب کو محدود رقبہ اور محدود قوم کے لیے خاص سمجھا ہوا تھا۔

نبی ﷺ کے اس منصب کا کہ حضور ﷺ کل دنیا کے لیے مبعوث ہیں۔ آیت زیب عنوان کی دیگر آیات میں بھی اعلام ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

﴿ قُلْ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ِۨ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ﴾ [الاعراف:158]

''اے نبی ﷺ کہہ دیجیے کہ اے نسل انسانی کے بچو! میں سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں۔ وہ اللہ تو آسمانوں اور زمین کا مالک ہے۔''

خصوصیت نمبر 23

﴿ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ﴾ [الفتح:10]

''جو لوگ تجھ سے بیعت کرتے ہیں، وہ تو اللہ سے بیعت کرتے ہیں، اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھ کے اوپر ہے۔''

مبایعت بیع سے ہے۔ لغت میں بیع مطلقاً بمعنی مبادلہ ہے۔ شرعاً اخذ ثمن اور عطائے مثمن کو جب کہ بہ تراضی جانبین ہو، بیع کہتے ہیں۔

بیع بمعنی شرا اور شرا بمعنی بیع بھی مستعمل ہے۔ یہ جانبین کی حالت کے لحاظ سے ہے۔ الغرض مبایعت میں جانبین کو کچھ دینا اور کچھ لینا ضروری ہے۔

بیعت، اصطلاح میں اس عہد و پیمان کو کہتے ہیں جو اطاعت امام کے متعلق انسان اپنے نفس پر عائد کر لیتا ہے۔ وفائے عہد کا التزام بھی اسی لفظ کے اندر شامل ہے۔

جس بیعت کا آیت بالا میں ذکر ہے وہ بمقام حدیبیہ درخت سمراء کے تحت میں ہوئی تھی۔

قرآن پاک میں ہے:

﴿ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ ﴾ [الفتح:18]

''اللہ ان سب مومنوں سے راضی ہو گیا جو کہ شجرہ کے نیچے رسول اللہ سے بیعت کر رہے تھے۔''

اس بیعت کی ضرورت درحقیقت یہ تھی کہ نبی ﷺ نے سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو مکہ کے لیے اپنا سفیر بنا کر روانہ کیا، ان کی معیت میں دس (10) صحابہ بھی بھیجے گئے۔ ان کے پہنچ جانے سے ایک دو روز بعد حضور تک ایک اڑتی ہوئی خبر پہنچی کہ قریش نے حضور ﷺ کے سفیر عثمان رضی اللہ عنہ کو قید اور ان کے ہمراہیوں کو قتل کر دیا ہے۔ یہ ایسا واقعہ تھا کہ اگر اس کی صداقت ہو جاتی تو حرمت سفارت اور احترام سفر کے لیے جنگ کرنا اخلاقاً وشرعاً ضروری تھا۔ اس وقت جو لوگ حضور ﷺ کے ساتھ آئے ہوئے تھے وہ صرف ادائے عمرہ وطواف کی نیت سے آئے تھے۔ ان کے علم میں اس امر کا احتمال بھی نہ تھا کہ کسی جنگ سے سابقہ پڑے گا اور مہاجرین کو خود اپنے خویش وتبار اور قرابت داروں کے منہ پر تلوار چلانی ہوگی۔

لہٰذا یہ بیعت کر لینی پڑی۔

جابر رضی اللہ عنہ کی روایت سے ثابت ہے کہ اس وقت ان بیعت کرنے والوں کی تعداد چودہ سو (1400) کس تھی۔ [1]

نبی ﷺ درخت کے سایہ میں نور افروز تھے، بیعت لینے کے لیے دست مبارک پھیلایا ہوا تھا۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ کو حضور ﷺ کے ہاتھ کا سہارا بنایا ہوا تھا کہ ید مبارک کو تکان نہ ہو۔

لوگ آتے تھے اور یکے بعد دیگر بیعت کرتے ہوئے چلے جاتے تھے۔ سلمہ بن اکوع اسلمی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ انھوں نے بیعت علی الموت کی تھی۔ اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ انھوں نے عدم فرار کی بیعت کی تھی۔ ہر دو روایات کی تطبیق سے مستنبط ہوا کہ الفاظ بیعت کو خود بیعت کنندہ کے پسند اور اختیار پر رکھا گیا تھا۔ بے شک حریت اسلام ایسی ہی حریت نفس کی معلم ہے، جس میں اجبار واکراہ کا شائبہ بھی نہ ہو۔

اس جم غفیر کے اندر صرف ایک شخص جد بن قیس اسلمی ایسا تھا جو اپنے اونٹ کی اوٹ میں جا چھپا تھا اور بیعت میں شامل نہ ہوا تھا۔ حریت اسلام کی یہ دوسری دلیل ہے کہ اس پر بھی کچھ سختی نہیں کی گئی۔ البتہ حضور ﷺ نے مبایعین کا شرف جاہ ظاہر کرنے کے لیے یہ ضرور فرمایا:

أَنْتُمْ خَيْرُ الْأَرْضِ ''آج تم روئے زمین کے جملہ موجودہ اشخاص سے بہتر ونیک تر ہو۔'' [2]

اس بیعت کا ذکر کلام اللہ کی متعدد آیات میں ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس واقعہ سے رضوان الٰہیہ کا تعلق مستحکم اور رابطہ قویم ہے۔ فرمایا:

﴿ إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ﴾ [التوبہ:111]

''اللہ نے مومنین کی جانوں کو خرید لیا ہے اس تبادلہ میں کہ جنت ان کی ہے۔''

فرمایا: ﴿ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ﴾ [التوبہ:111]

''اپنی ایسی بیع پر تم کو پوری پوری خوشیاں منانی چاہئیں۔''

میں نے اس آیت کا ذکر خصائص النبی ﷺ میں اس لیے کیا ہے کہ اس سے ایک نہایت ہی خاص فضل محمد یہ ﷺ کا ثبوت حاصل ہوتا ہے۔

---

[1] بخاری: 4840,4154، مسلم: 4814,4809 [2] مسند احمد: 3/ 308، بیہقی: 5/ 235، البدایہ والنہایہ: 4/ 171

غور کرو کہ نبی کریم ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ نے باُعین ذات قرار دیا ہے۔
اور یہ وہ شرف ہے جو کسی دوسرے نبی کو حاصل نہیں ہوا۔

آیت زیب عنوان ﴿ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ﴾ [الفتح:10] کے الفاظ ہیں۔ امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں کہ لفظ يَدُ ہر دو جگہ میں یا تو بمعنی واحد مستعمل ہوا ہے یا الگ الگ معانی ہیں۔

① اگر ''يَـــدُ'' کے معنی ہر دو جگہ ایک ہی ہیں، تب معنی آیت یہ ہیں کہ احسان الٰہی تمھارے احسان سے برتر واعلیٰ ہے۔
دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ ﴾ [الحجرات:17]
''بلکہ اللہ تعالیٰ کا تم پر احسان ہے کہ تم کو ایمان کی ہدایت فرمائی۔''

نیز یہ کہ رسول اللہ ﷺ کو جو نصرت وتائید منجانب اللہ حاصل ہے۔ وہ اس تائید ونصرت سے بہت برتر واعلیٰ ہے جو حضور ﷺ کو منجانب صحابہ رضی اللہ عنہم حاصل ہے۔

لفظ يَدُ بہ معنی غلبہ ونصرت وقوت زبان عرب میں بخوبی مستعمل ہے۔ محاورہ ہے کہ اَلْيَدُ لِفُلَانٍ اب فلاں شخص کا غلبہ ہے۔

② يَدُ [1] کا استعمال الگ الگ معانی میں ہے۔ تب يَدُ اللّٰهِ کے معنی حفظ الٰہی ہیں اور اَيْدِيْهِمْ سے مراد مبائعین کے ہاتھ (یہ جارحہ جسمانی) ہیں اور بتلایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت ونصرت ہمیشہ ان مبائعین کے ساتھ ہوگی۔

اس کی تائید اسی سورہ مبارکہ میں تھوڑی دور آگے چل کر ان الفاظ پاک میں پائی جاتی ہے۔
﴿ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَ اَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًاO وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ﴾
''اللہ تعالیٰ نے بیعت کرنے والوں کے دلوں کی اندرونی حالت کو جان لیا۔ ان پر سکینہ اتارا، ان کو فتح قریب عطا فرمائی اور وہ بڑی فتوحات بھی ان کے لیے خاص کر دیں جن کو وہ حاصل کریں گے۔'' [الفتح:18-19]

خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم اور ان کے ماتحت عمال وگورنر وجرنیل وقاعدین لشکر اور فاتحین کشور انہی بیعت کرنے والوں میں تھے۔
حضر موت، عمان، عراق وفلسطین، شام ومصر، افریقہ وسوڈان، تیونس والجزائر، مالٹا اور کریٹ، ایران وخراسان کی فتوحات ومغانم انہی خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم اور ان کے حکم برداروں کو حاصل ہوئی تھیں۔

ہاں یہی وہ بزرگ ہیں جو مفہوم آیت اور اس بشارت عظمیٰ کے مظہر ہیں۔ انہی کے دلوں کا امتحان لیا گیا اور انہی پر نزول سکینہ ہوا، وہ سکینہ جس کے نزول کا ذکر احوال موسیٰ علیہ السلام میں بھی ہے۔

انہی کے ہاتھوں میں وہ طاقت تھی کہ کل دنیا کے ہاتھ ان کے سامنے پست تھے۔ کبھی کسی سلطنت کی قواعد دان اور باقاعدہ مسلح افواج ان پر غالب نہ آسکیں۔ ﴿ كَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ﴾ [الفتح:20] ''لوگوں کے ہاتھ تم سے روک لیے'' کا ایک نظارہ یہ بھی تھا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم کے فضل وشرف، جاہ واحتشام، دولت واقبال مادی اور رحمت وبرکات روحی کا سبب، ذریعہ کیا تھا؟ یہی بیعت نبوی ﷺ

---

[1] اہل حدیث لفظ يَدُ کی کوئی تاویل نہیں کرتے، لیکن اللہ تعالیٰ کو جسم ولوازم جسم سے پاک وبرتر تسلیم کرتے ہیں اور مجسمہ ومعطلہ سے علیحدہ ہیں۔ صفات میں ان کا مسلک ہر ایک اینچ پیچ سے پاک وصاف ہے۔

یہی اتباع محمدی ﷺ، یہی صدق واخلاص جو انھیں پیارے رسول ﷺ کی ذات اور تعلیم کے ساتھ تھا۔
لہٰذا وہ سب طفیلی تھے۔ ان خصوصیات کا اصل تعلق نبی ﷺ ہی کی ذات مبارک سے ہے۔
اور نبی ﷺ کا یہ شرف حضور ﷺ کے خصائص میں سے ہے۔

خصوصیت نمبر 24

﴿ وَ لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ﴾ [الاحزاب:40]

''بلکہ اللہ کے پیغمبر اور نبیوں (کی نبوت) کی مہر (یعنی ان کو ختم کر دینے والے ہیں)''

خاتم اور ختم [1] دونوں کے ایک معنی ہیں۔ النبیین کا الف لام جنس جملہ انبیاء و رسل پر جاری ہے۔ کلام اللہ کی یہ آیت اعلان کر رہی ہے کہ سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ ﷺ کے وجود باجود پر نبوت کا خاتمہ کر دیا گیا۔

یہ ایک عجیب پیش گوئی ہے اور اس کے اندر ایک عجیب طاقت منجانب اللہ موجود ہے۔

ایران کو دیکھو، وہاں ہزاروں سال تک متواتر سروش آسمانی کی آواز بیسیوں پاک سرشت بزرگوں کو سنائی دیتی رہی۔

ہندوستان کا دعویٰ ہے کہ یہاں کروڑوں سال تک مہارشی ایسے ہوئے، جن پر آکاش بانی کا پرکاش ہوتا رہا۔

بنی اسرائیل کے حالات پڑھو، جہاں ایک ایک وقت دو دو، چار چار نبی موجود پائے گئے۔

مصریوں، چینیوں نے بھی سینکڑوں سال تک اپنے اندر نبوت و رسالت ہونے کے دعاوی کو بلند کیا۔

لیکن جب سے کلام اللہ میں آیت زیب عنوان کا اعلان ہوا اور ختم نبوت کا فرمان سنا دیا گیا ہے اس وقت سے ان سب مذاہب وادیان نے بھی اپنے اپنے دروازوں پر قفل ڈال دیے ہیں۔

مجوس اب کیوں کسی شخص کو جائے اسپ وزرتشت کے اورنگ پر نہیں بٹھلاتے۔ آریہ دت اب کیوں آکاش بانی کا ایک حرف بھی نہیں سنتا۔

بنی اسرائیل کیوں اپنی قوم اور اپنے ملک میں کسی کا نبی ہونا تسلیم نہیں کرتے۔

پیارے قارئین! یہ سب قدرت الٰہیہ کا روشن کارنامہ ہے، جس نے نبی ﷺ کو خاتم النبیین بتانے کے بعد تمام دنیا کے جملہ مذاہب کے دماغوں اور طبیعتوں سے بھی یہ بات نکال دی ہے کہ خود ان کے مذہب کے اندر بھی کسی کو پیغمبر، نبی، رسول، اوتار کہا جائے۔

دنیا بھر کا یہ عملی فیصلہ یا طبعی میلان، بلکہ فطری وجدان ظاہر کرتا ہے کہ قدرت ربانی نے اس خصوصیت کو وجود اقدس نبویہ سے خاص رکھنے میں کیسی زبردست حفاظت فرمائی ہے۔

کوئی غیر مسلم یہ نہیں کہہ سکتا کہ نبی ﷺ نے اپنی ذاتی توصیف کے لیے ایسا فرما دیا ہے۔

[1] اس لیے کہ دعویٰ کرنا آسان ہے، مگر زمان مستقبل پر حکومت کرنا دشوار ہے، یہاں تو چودہ صدیوں کا

---

[1] خاتم بفتح بمعنی ختم الفارس ۔ منتهى الارب ۔ المنجد وغیرہ۔

زمانہ [1] اور مختلف ومتعدد مذاہب کا متفقہ رویہ اس کی تائید میں موجود ہے۔ جس شے کی تائید میں خود نیچر ہو وہاں تصنع کا کیا دخل رہ جاتا ہے؟

[2] اگر نبی ﷺ کو اپنا ذاتی فخر بھی قائم کرنا مقصود ہوتا تو حضور ایسا کر سکتے تھے کہ اپنے متبعین کو نبوت کے منصب سے ممتاز بناتے اور موسیٰ علیہ السلام سے بڑھ کر اپنی اتباع کرنے والے انبیاء کی شان اور تعداد کا اظہار کرتے۔

بعض مسلمان صوفیا کی نسبت یہ بات زبان زد عوام ہے کہ انھوں نے خدا ہونے کا دعویٰ کیا تھا۔ اول تو ان روایات کی صحت بالکل مشکوک ہے۔ دوم اگر ثابت بھی ہو جائے کہ کسی شخص نے اَنَا الْحَقُّ بھی کہا یا سُبْحَانِیْ مَا اَعْظَمَ شَانِیْ بھی کہا تب بھی یہ نتیجہ تو صاف نکلتا ہے کہ خدا بننا تو ان کو سہل نظر آیا مگر نبی کہلانے کی جرأت وہ بھی نہ کر سکے۔ ایسے ہی لوگوں میں یہ مصرعہ بہت شہرت یافتہ ہے۔

ع با خدا دیوانہ باش و با محمدؐ ہوشیار

ذیل میں ان اسلامی روایات کا اندراج ضروری ہے، جو آیت زیب عنوان کی تفسیر میں نبی ﷺ سے باسناد صحیحہ ثابت ہیں۔

(1) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَثَلِیْ وَ مَثَلُ الْاَنْبِیَاءِ كَمَثَلِ قَصْرٍ اُحْسِنَ بُنْیَانُهٗ وَ تُرِكَ مِنْهُ مَوْضِعُ لَبِنَةٍ وَ طَافَ بِهِ النُّظَّارُ یَتَعَجَّبُوْنَ مِنْ حُسْنِ بُنْیَانِهٖ اِلَّا مَوْضِعَ تِلْكَ اللَّبِنَةِ فَكُنْتُ اَنَا سَدَدْتُّ مَوْضِعَ اللَّبِنَةِ خُتِمَ بِیَ الْبُنْیَانُ وَ خُتِمَ بِیَ الرُّسُلُ وَ فِیْ رِوَایَةٍ فَاَنَا اللَّبِنَةُ وَ اَنَا خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ۔ [2]

"امام بخاری رحمہ اللہ وامام مسلم رحمہ اللہ نے بالاتفاق ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا میری مثال اور دیگر سب انبیاء کی مثال ایک محل کی سی ہے، جسے خوب بنایا گیا تھا مگر ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی گئی تھی۔ دیکھنے والے آتے تھے۔ مکان کی عمدگی اور اس خالی جگہ کے متعلق تعجب ظاہر کرتے تھے۔ اب میں ہوں۔ جس نے اس خالی جگہ کو بھر دیا ہے۔ میرے ذریعہ ہی سے عمارت ختم ہوئی اور میری وجہ ہی سے رسول ختم کیے گئے اور وہ اینٹ میں ہوں اور میں سب انبیاء علیہم السلام کا ختم کرنے والا ہوں۔"

(2) عَنْ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ یَقُوْلُ اِنَّ لِیْ اَسْمَاءً اَنَا مُحَمَّدٌ وَّاَنَا اَحْمَدُ وَاَنَا الْمَاحِی الَّذِیْ یَمْحُو اللّٰهُ بِیَ الْكُفْرَ وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِیْ یُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰی قَدَمِیْ وَ اَنَا الْعَاقِبُ وَ الْعَاقِبُ الَّذِیْ لَیْسَ بَعْدَهٗ نَبِیٌّ [3]

"صحیح بخاری وصحیح مسلم میں متفقہ روایت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے ہے کہ میں نے نبی ﷺ کی زبان سے سنا ہے کہ حضور فرماتے تھے میرے کئی نام ہیں: میں محمد ہوں، میں احمد ہوں، میں ماحی ہوں۔ اللہ نے میرے ذریعہ سے کفر کو محو کر دیا۔ میں حاشر ہوں کہ لوگ قیامت کو میرے بعد اٹھائے جائیں گے۔ میں عاقب ہوں، عاقب وہ ہوتا ہے جس کے بعد کوئی نبی اور نہ ہو۔"

(3) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ فُضِّلْتُ عَلَی الْاَنْبِیَاءِ بِسِتَّةٍ اُعْطِیْتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَ نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَاُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَائِمُ وَجُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّ طَهُوْرًا وَّاُرْسِلْتُ اِلَی الْخَلْقِ كَافَّةً وَ خُتِمَ بِیَ النَّبِیُّوْنَ [4]

---

[1] 9 ربیع الاول 1347ھ کو یوم ولادت مطہرہ سے پورے چودہ سو (1400) برس ہو جاتے ہیں۔ یعنی 5ھ میں 53 سال حضور ﷺ کی عمر بوقت ہجرت کو جمع کر لینا چاہیے۔ [2] بخاری: 3534، ترمذی: 1553، ابن ماجہ: 567، مسند احمد: 412/2۔ [3] اس حدیث میں حضور ﷺ نے اپنے پانچ نام فرمائے۔ محمد واحمد اور ان کے معانی نہیں فرمائے۔ ماحی، حاشر، عاقب۔ ان کے معانی بتلائے، اس سے واضح ہوا کہ محمد واحمد ﷺ ذاتی نام ہیں اور ماحی، حاشر، عاقب وصفی نام ہیں۔ بخاری: 3532، مسلم: 6105، ترمذی: 2840 [4] مسلم: 1167، ترمذی: 1553، مسند احمد: 412/2، اس حدیث کی شرح ہم آگے جا کر لکھیں گے۔

''صحیح مسلم میں بروایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے سب انبیاء پر چھ باتوں میں فضیلت ہے۔ (1) مجھے کلمات جامعہ عطا فرمائے گئے۔ (2) مجھے رعب سے مدد دی گئی۔ (3) مال غنیمت ہم پر حلال کیا گیا، (4) روئے زمین کو ہمارے لیے مسجد اور سبب طہارت بنایا گیا اور (5) مجھے تمام مخلوق کے لیے رسول بنایا گیا۔ (6) میری ذات پر انبیاء کا خاتمہ ہو گیا۔''

(4) عَنْ اَبِیْ اَمَامَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ خُطْبَةِ الْوَدَاعِ اَیُّھَا النَّاسُ اِنَّہٗ، لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ وَلَا اُمَّةَ بَعْدَکُمْ [1]

''ابن جریر و ابن عساکر نے ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی ﷺ نے خطبۃ الوداع میں فرمایا تھا۔ لوگو! یاد رکھو، میرے بعد کوئی نبی نہیں اور تمھارے بعد کوئی امت نہیں۔''

(5) رَوٰی اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالْحَاکِمُ بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ مَرْفُوْعًا اَنَّ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ قَدِ انْقَطَعَتْ فَلَا رَسُوْلَ بَعْدِیْ وَلَا نَبِیَّ ۔ [2]

''زرقانی (شرح المواہب اللدنیہ) میں ہے کہ امام احمد رحمہ اللہ امام ترمذی رحمہ اللہ امام حاکم رحمہ اللہ نے صحیح اسناد کے ساتھ انس سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اب رسالت اور نبوت منقطع ہو چکی ہے، لہٰذا میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا اور نہ کوئی نبی ہوگا۔''

(6) عَنْ ثَوْبَانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیَکُوْنُ فِیْ اُمَّتِیْ ثَلٰثُوْنَ کَذَّابًا کُلُّھُمْ یَزْعَمُ اَنَّہٗ، نَبِیٌّ وَ اَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ۔ [3]

صحیح مسلم میں ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا، میری امت میں تیس (30) شخص ایسے ہوں گے جو کذاب ہوں گے۔ ان میں سے ہر ایک کا گمان یہ ہوگا کہ وہ نبی ہے، حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

(7) عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ کَانَ بَعْدِیْ نَبِیٌّ لَکَانَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ۔ [4]

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اگر میرے بعد کوئی نبی ہونا ہوتا تو عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہوتے۔''

سب جانتے ہیں کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نبی نہ تھے۔ ثابت ہو گیا کہ حضور ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں ہو سکتا۔

(8) جنگ تبوک کے موقع پر نبی ﷺ نے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا۔

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ غزوہ تبوک میں نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پیچھے چھوڑ دیا تھا۔ علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ حضور ﷺ مجھے بچوں اور عورتوں میں چھوڑے جاتے ہیں، اس وقت حضور ﷺ نے فرمایا:

اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ ھَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی اِلَّا اَنَّہٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ۔ [5]

''کیا تم اس پر خوش نہیں کہ تم میرے لیے ویسے ہی ہو جیسے ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کے لیے تھے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ میرے

---

[1] الطبرانی فی الکبیر:136/8، کنز العمال:12922 مجمع الزوائد:263/8، تہذیب دمشق:419/6 [2] ترمذی:2272، کنز العمال:41407، جمع الجوامع:5566، مسند احمد:267/3، حاکم:391/4 [3] مسلم:2889/19، ابوداؤد:4252، ترمذی:2176، ابن حبان:7238، مسند احمد:278/5
[4] مسلم:3686، اسد الغابہ:151/4 [5] بخاری:4416، مسلم:6218، ترمذی:3731، ابن ماجہ:115

بعد کوئی نبی نہ ہوگا۔"

موسیٰ علیہ السلام میقات ربی کے لیے طور پر چالیس (40) یوم ٹھہرے اور اپنے بعد ہارون علیہ السلام کو خلیفہ بنا گئے تھے۔ نبی ﷺ کو بھی غزوہ تبوک میں قریباً پچاس (50) یوم مدینہ سے باہر رہنے کا اتفاق ہوا۔ اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ اس واقعہ میں خلافت بعد وفات رسول ﷺ کا اشارہ نہیں، کیوں کہ ہارون علیہ السلام کی وفات موسیٰ علیہ السلام سے بہت پہلے ہوئی تھی۔

﴿9﴾ سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ جب نبی کریم ﷺ کو آخری غسل دے رہے تھے تو اپنی زبان سے یوں فرما رہے تھے۔

بِاَبِیْ وَ اُمِّیْ لَقَدْ انْقَطَعَ بِمَوْتِكَ مَا یَنْقَطِعُ بِمَوْتِ غَیْرِكَ مِنَ النُّبُوَّۃِ وَالْاَنْبَآءِ وَاَخْبَارِ السَّمَآءِ۔ [1]

"میرے ماں باپ حضور ﷺ پر قربان ہوں، حضور ﷺ کی موت سے وہ چیز ختم ہوگئی جو اور کسی شخص کی موت سے ختم نہ ہوئی تھی۔ یعنی نبوت اور اخبار غیب اور آسمان سے خبروں کا آنا اب ختم ہوگیا۔"

ان صحیح ترین روایات اسلامیہ کی تصدیق قاہرہ نے جملہ مذاہب کی زبان بندی سے فرمادی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ ختم نبوت وہ خصوصیت خاصہ ہے جو بالکل حضور ﷺ ہی کی ذات اقدس کو حاصل ہے۔

اس آیت کے ساتھ آیت ﴿ اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ ﴾ کی تفسیر بھی پڑھ لینا چاہیے تاکہ معلوم ہو جائے کہ ختم نبوت کا منصب اس کو شایاں ہے جو کمال دین اور اتمام نعمت کی بشارت سے بھی مبشر ہو۔

الغرض آیت زیب عنوان نہایت مستحکم دلائل اور قطعی براہین کے ساتھ حضور کی خصوصیت ختم المرسلین کو واضح کر رہی ہے۔ والحمد للہ علی ذٰلک!

اب اگر اہل اسلام کے اندر کوئی شخص ایسا ہے، جسے اپنی نبوت کا زعم ہو تو اسے مناسب ہے کہ صحیح مسلم کی روایت کو پیش نظر رکھ کر اگر چاہے تو تیس (30) کے شمار میں داخل ہو جائے یا ارشاد نبوی ﷺ کے سامنے اپنے زعم باطل کو چھوڑ کر تائب و مومن بن جائے۔

خصوصیت نمبر 25

﴿ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴾ [الانبیاء:107]

دنیا میں ہزاروں نامور اشخاص گزرے ہیں جو آسمان شہرت پر روشن انجم ہو کر چمکے۔ ان کے خطابات سے ان کی شخصیتوں پر روشنی پڑتی ہے۔

کسی کا لقب مہاراجہ ادھیراج ہے،

کوئی شہنشاہ کہلاتا ہے،

کوئی مہادیو، کوئی مہابلی، کوئی تہمتن، کوئی روئین تن، کوئی گنوپال، کوئی فرزند نور، کوئی یودھا (بمعنی بیدار) کوئی سولہ کلاں سپورن، کوئی چندر بنسی، کوئی سورج بنسی وغیرہ وغیرہ۔

یہ اور اس جیسے دیگر خطابات اس شخص کی اپنی ذات و اوصاف کے متعلق ایک نمایاں خصوصیت کے مظہر ہیں، لیکن ایسے خطابات سے یہ واضح نہیں ہوتا کہ دنیا بھر کی مخلوقات سے اس ہستی کی کیا نسبت ہے؟

---

[1] نہج البلاغہ ص:205

لیکن رحمۃ للعالمین ﷺ ایسا خطاب ہے جو صرف اسی نسبت اور تعلق کا مظہر ہے جو ممدوح الوصف کو مخلوقات کے ساتھ ہے۔

رحمت کے معنی پیار، ترس، دیا، ہمدردی، غمگساری، محبت اور خبر گیری ہیں۔ ان الفاظ کے معانی اس لفظ کے اندر پائے جاتے ہیں۔

کوئی شخص ہے، جو یہ کہہ سکتا ہے کہ اسے مندرجہ بالا اخلاق کی کچھ ضرورت نہیں اور وہ ان اوصاف کے فیوض سے مستغنی رہ سکتا ہے۔ غالباً کوئی بھی ایسا شخص نہیں نکلے گا۔

عالم علیت کی صفت سے بنا ہے، یعنی وہ ہر ایک شے جس میں نمودار ہونے، ظہور پکڑنے، اپنی ہستی کو نمایاں کرنے اور اپنے وجود کی نمود رکھنے کی قابلیت ہے۔ وہ لفظ عالم سے موسوم ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

اس لفظ کا استعمال انواع واصناف واجناس کے ممیز کرنے میں اکثر کیا جاتا ہے۔ عالم جمادات، عالم نباتات، عالم حیوانات، عالم علوی عالم سفلی اور جذبات وذہنیات وکوائف کے لیے بھی استعارۃً اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ عالم وجد، عالم شوق، عالم شباب وغیرہ۔

الغرض لفظ عالم کا استعمال مخلوق مادی وذہنی تک وسیع ہے۔ عالمین صیغہ جمع ہے اور جملہ عوالم پر اس کا احاطہ ہے۔

اب اندازہ کرو اس مقدس ہستی کا، جس کا سب سے پیار ہے جو سب پر ترس کھاتا ہے، جو ہر ایک کا ہمدرد وغمگسار ہے۔ جس کی محبت عام ہے جو ہر ایک مقتضیات کو اپنی تعلیم سے پورا کر سکتا ہے، جو ہر ایک وساوس کو اپنے حقائق سے ہمدرد دوست بنا سکتا ہے، جس کے فیوض سے مادیات وذہنیات تصورات وتصدیقات کو شادابی وورستی، صحت وصداقت حاصل ہوتی ہے۔

رب العالمین نے سیدنا ومولانا محمد رسول اللہ ﷺ کو رحمۃ للعالمین فرما کر یہ ظاہر کر دیا کہ جس طرح پروردگار کی الوہیت عام ہے اور اس کی ربوبیت سے کوئی ایک چیز بھی لا پروا نہیں رہ سکتی، اسی طرح رسول کریم ﷺ کی تعلیمات وتفہیمات سب کے لیے اور سب کے فائدہ کے لیے ہیں اور کوئی شے بھی حضور ﷺ کی رحمت سے خود کو مستغنی ثابت نہیں کر سکتی۔

شاید کسی بے فکرے کو یہ کہہ دینا آسان ہو کہ اسے سورج اور گرمی کی احتیاج نہیں، لیکن ایک عالم اور صاحب دماغ کے لیے یہ کہنا سخت دشوار ہے کہ اسے تعلیمات محمدیہ ﷺ کی مطلقاً حاجت نہیں۔ دنیا اور دنیا کی قومیں غور کریں کہ نبوت محمدیہ کے بعد کیوں کر انھوں نے حضور ﷺ کی تعلیمات کا اقتباس بالواسطہ یا بے واسطہ طریق سے کیا ہے اور کیا کیا بھیس بدل بدل کر اس خرمن حیات سے خوشہ چینی کی ہے۔

حضور ﷺ کی سیرت پر غور کرو اور حضور ﷺ کو رحمۃ للعالمین ہونے کا مفہوم اس سیرت سے سمجھنے کی سعی کرو۔

(1) رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے 14، 15 سال کی عمر میں حرب الفجار کو دیکھا اور اس وقت سے ایک قوم کا دوسری قوم پر حملہ آور ہونا، انسان کا انسان کو شکار غضب ووحشت بنانا ناپسند فرمایا۔

(2) رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے، جس کی فطرت سلیمہ اور طینت طیبہ نے حلف الفضول کے عہد وپیمان کو مستحکم استوار بنایا اور ایک شریف النفس کے لیے دادخواہی مظلوماں اور دستگیری مظلوماں، حفاظت مسافراں اور اعانت بے چارگاں کے اوصاف کا حاصل کرنا لازم ٹھہرایا۔ [1]

(3) رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے، جس نے دشمن کو بھی دوست بنا لینے کی تدبیر سکھائی۔

﴿اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَ بَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ﴾ [حم سجدہ: 34]

”برائی کی مدافعت خوبی ونیکی سے کرو۔ پھر تو تمھاری عداوت والا بھی تمھارا گرم جوش دوست بن جائے گا۔“

---

[1] قبل از نبوت محمدیہ مکہ معظمہ میں ایک انجمن قائم کی گئی تھی، جس کے ممبر قسم کھایا کرتے تھے کہ وہ مظلوموں کی امداد کیا کریں گے، عورتوں اور یتامی پر ظلم نہ ہونے دیں گے، قتل وغارت گری کے روکنے کی سعی کیا کریں گے۔ اس انجمن میں فضل نام کے کئی ممبر شامل تھے۔ اس لیے اس انجمن کا نام حلف الفضول ہو گیا تھا۔

(بخاری: 3، ابن ہشام: 91/1، الروض الانف: 155/1)

4. رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے، جس نے عداوت کرنے والے دشمنوں، حقوق جائز سے محروم کرنے والے دشمنوں، عبادت سے روکنے والے دشمنوں کے ساتھ بھی ہر ایک انتقامی کارروائی کرنے سے اہل ایمان کو روکا، اس وقت جب کہ اہل ایمان میں انتقام لینے کی طاقت وقوت بھی موجود تھی۔

﴿ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ﴾ [المائدۃ:2]

''اس قوم کا بغض جس نے تم کو حرمت والی مسجد سے روک دیا تھا، اس امر کی طرف کھینچ کر نہ لے جائے کہ تم بھی ان سے خلاف انصاف کرنے لگو۔''

5. رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے کاہنوں کی ترہب کو، ہندوؤں کے جوگ اور سنیاس کو، یہودیوں کے فرقہ لامساس کو، یونانیوں کے گروہ کلبیہ کو، عیسائیوں کے نن اور منک کو اور ان سب کے افسوسناک اور عبرت خیز نتائج کو دیکھا۔ اور:

﴿ وَرَهْبَانِيَّةَ ۨابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ ﴾ [الحدید:27]

''رہبانیت تو لوگوں کی خودساختہ گھڑت ہے، اللہ نے تو اسے انسان کے لیے کبھی مفید نہیں فرمایا۔''

کا فرمان سنایا۔ اور لَا رُهْبَانِيَّةَ فِي الْاِسْلَامِ [1] (اسلام میں رہبانیت نہیں) کے ارشاد سے تمدن اور انسانیت کو تاج امتیاز فرمایا۔

6. رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جو یہودیوں کی ایک خاص نسل ہی کے افراد کو اللہ کے برگزیدہ قوم کے لقب سے مخصوص نہیں کرتا۔ جو کاتھولیکوں کی طرح آسمان کی کنجیاں شخص واحد کے ہاتھ میں سپرد نہیں کر دیتا۔ جو گنگا اور بیہویا کے برہمنوں ہی کو نرگ (دوزخ) اور سرگ (جنت) میں آدم انسانی کے دھکیل دینے کی طاقت کا ٹھیکیدار نہیں بناتا۔ جو چین والوں کی طرح کسی خاص رقبہ میں پیدائش کی بنیاد پر ان کو فرزندان آسمانی کا خطاب عطا نہیں کرتا۔ جو زرتشتیوں اور لاماؤں کی طرح پیروان خاص کے سوا باقی سب پر رحمت وافضال سے بھرپور خزانے بند نہیں کرتا۔

7. رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس کی نگاہ میں رومی، یونانی، مصری وسوڈانی سب مساوی ہیں۔ جس کے دربار میں مدعم، سوڈانی، بلال حبشی، فیروز خراسانی، سلمان فارسی، صہیب رومی، اثامہ نجدی اور عدی طائی رضی اللہ عنہم پہلو بہ پہلو بیٹھے ہوئے ہیں۔ جہاں جندل کا بادشاہ اکیلا نہیں بلکہ عمان کا حکمران حجران آل حمیر کا مدعی الوہیت ذوالکلاع اور یمن کا بڑا کاہن ضماد، غلامان بارگاہ سے بہت پیچھے صف نعال (جوتوں) میں خرم وشادمان موجود ہے۔

8. رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جو یہود جیسی مخذول ومغضوب قوم کو جسے نہ صرف عیسائیوں نے بلکہ بت پرستوں نے بھی ذلیل وخوار ٹھہرایا تھا، مستقل قوم ہونے کا درجہ عطا فرماتا اور معاہدات میں ان کو مساویانہ حقوق کے عطیہ سے شاد کام فرماتا ہے۔

9. رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جو جملہ عیسائی اقوام کی اس وقت حفاظت فرماتا ہے جب کہ دوسری مذہبی کونسل پہلی مذہبی کونسل اور تیسری مذہبی کونسل کو کفر ولعنت کا تحفہ پیش کرنے کے بعد اپنی مذہبی کارروائی کیا کرتی تھی۔

وہ عیسائیوں کے جان ومال کو اس وقت محفوظ فرماتا ہے، جب کہ مسیح کے جسم ایک روح یا دو روحوں کے ہونے کے مسئلے نے یروشلم اور روما اور مصر میں خون ریزی کو عام کر رکھا تھا۔

10. رحمۃ للعالمین ﷺ وہی ہے، جس کی تعلیم لوتھر (Lother) کی رہنمائی کرتی ہے، اس کے مخالف اسے خفیہ مسلمان ہونے کا الزام

[1] تذکرۃ الموضوعات للقیسرانی: 989، کشف الخفاء للعجلونی: 528/2

بھی لگاتے ہیں مگر رحمۃ للعالمین ﷺ کے فیوض سے استفادہ کرنے میں نہیں جھجکتا اور بالآخر یورپ کو الوہیت سے انسانیت پر لے آتا ہے اور ظاہریت پرستی کو گرجاؤں سے دور کر دیتا ہے۔

11 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جو جملہ اقوام و ممالک عالم کو دین صحیحہ کی تعریف سے روشناس فرماتا ہے۔

﴿ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ ﴾ [الروم:30]

''اللہ کی پیدا کردہ فطرت جس پر انسانی سرشت بنائی گئی ہے، اللہ کی پیدائش میں تبدیلی نہیں، اسی کو دین قیم کہتے ہیں۔''

اہل رومانے اپنی اپنی مقدس کتابوں سے اور فلسفی اپنے بہتر رہنماؤں کی تعلیمات میں سے نکال کر دکھلائیں کہ دین صحیحہ کی یہ تعریف بھی کبھی کسی اور جگہ بتلائی گئی ہے؟

دین صحیحہ کے متعلق ایک دوسرا اصول سکھایا گیا ہے:

﴿ وَ مَا جَعَلَ عَلَیْكُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ ﴾ [الحج:78]

''دین کے متعلق ارادہ الٰہی یہ نہیں کہ وہ انسان کو تکلیف اور دشواری میں رکھے۔''

تیسرا اصول، جس پر شریعت مصطفویہ ﷺ کے احکام کا نفاذ ہوا۔

﴿ وَ لٰكِنْ یُّرِیْدُ لِیُطَهِّرَكُمْ وَ لِیُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكُمْ ﴾ [المائدۃ:6]

''ہاں! شریعت سے ارادہ الٰہی کا مقصود یہ ہے کہ انسانوں کو پاک وصاف ٹھہرائے اور ان پر اتمام نعمت بھی فرمائے۔''

تعریف بالا اور اصول بالا کو مسلم رکھتے ہوئے بھی یہ ارشاد ہے:

﴿ لَاۤ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ ۙ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ۚ ﴾ [البقرۃ:156]

''دین کے بارے میں کسی پر زور اور زبردستی نہیں، ہدایت اور ضلالت کو کھلے طور پر واضح کر دیا ہے''

12 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے، جس کی تعلیم اختلاف الوان اور تبلیل زبان اور تباین ملکی سے بہت بلند ہے۔ جس کی تعلیم میں حسب و نسب کا خالی دعویٰ صداقت سے عاری ہے۔

13 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے سب سے پہلے ﴿ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴾ کے دین واحد کی دعوت یکساں طور پر خویش و بے گانہ کو دی۔ جس نے سب سے پہلے احمر و اسود، غربی و شرقی، مبتدین وغیر مبتدین کو قوم واحد بنایا اور ایک ہی کلمہ زبان پر، ایک ہی ولولہ دماغ میں، ایک ہی ارادہ دلوں میں قائم کر دیا۔

14 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے ترہب اور تبتل میں تفریق کی۔ جس نے ایک گرہستی گرہست میں رہ کر سنیاسی بنایا اور جس نے مصائب دنیوی کے خوف سے قطع تعلق کرنے والے کو ناخوشنودی رحمٰن کا کام مورد بتلایا جس نے قلب سلیم کی تعریف فرمائی اور قیام سلامتی کی تدابیر کو واضح کر دیا۔

15 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے، جس نے امراض قلوب کو بیان کیا۔ امراض کی علامات اور علاج کے طریقے بتائے۔ جس نے قلب سلیم کی تعریف فرمائی اور قیام سلامتی کی تدابیر کو واضح کر دیا۔

16 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے، جس نے دیکھا کہ کہیں عورت کو اناج، غلہ، روپیہ، پیسہ کی طرح دان میں دیا جاتا ہے (ہندومت) اور

کہیں عورت کو بے روح بتایا جاتا ہے، یا کبھی عورت کو مجسم شیطان تعبیر کیا جاتا ہے (سترہویں صدی سے پہلے پہلے کی عیسائیت) کہیں اسے صرف اغراض شہوانی کا آلہ قرار دیا گیا ہے۔ (یہودیت) اور کہیں بے جان زمین کی طرح اسے سب مردوں کا لگدکوب ہونا تجویز کیا ہے۔ (ایران کے مزدکیہ ومانویہ) اور جملہ حالات میں اس کی شخصیت وذہنیت اور حقوق کا ذرہ بھی پاس ولحاظ نہیں رکھا گیا۔ ان جملہ مصائب کو دور کرنے کے لیے یہ حکم سناتا ہے:

﴿ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِىْ عَلَيْهِنَّ ﴾ [البقرۃ:228]

جیسے حقوق مردوں کے عورتوں پر ہیں، ویسے ہی عورتوں کے حقوق بھی مردوں پر ہیں۔

علم نحو میں لام استحقاق وتخصیص وتملیک کے لیے آتا ہے۔ لہٰذا لَهُنَّ کا لام عورتوں کو بہت کچھ حقوق عطا کرتا ہے۔

ارشاد فرمایا: ''اَلنِّسَآءُ شَقَآئِقُ الرِّجَالِ'' [1]

عورتیں مردوں ہی کی ایک جزو اور حصہ ہیں یا عورتیں مردوں کے لیے گل وریحان ہیں۔

ارشاد فرمایا: فَاتَّقُوا اللّٰهَ فِي النِّسَآءِ عورتوں کے معاملات میں تقویٰ الٰہی سے کام لینا۔ [2]

17 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے رسوم کی زنجیروں اور اندھی تقلید کی بیڑیوں اور آبائی مراسم کی ہتھکڑیوں سے انسان کو آزاد کیا، اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کے ان کارناموں کو اس طرح ظاہر فرمایا ہے۔

﴿ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِىْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ﴾ [الاعراف:157]

''بوجھ اتار دیے اور زنجیر وطوق کو ان سے اتار کر دور پھینک دیا۔''

18 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جو قوموں کو قوموں کے ساتھ موالات کے اصول سکھاتا ہے اور عدم موالات کی حدود کو بھی قائم کر دیتا ہے تاکہ موالات کی تعریف جامع ہو جائے اور مانع بھی۔ حضور ﷺ نے یہ فرمان سنایا:

﴿ تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ﴾ [المائدۃ:2]

''جملہ اقسام نیکی میں اور جملہ انواع خدا ترسی میں تم سب کے ساتھ تعاون کیا کرو اور جملہ اصناف گناہ میں نیز جملہ اشکال عدوان میں تم کسی کی مدد نہ کیا کرو۔''

19 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس کا کام جملہ خصائل رذیلہ اور اخلاق نکوہیدہ (اخلاق رذیلہ) سے انسان کو پاک وصاف کر دینا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَيُزَكِّيْهِمْ وہ ان کے میل کچیل کو دور کر کے ان کو پاک وصاف بناتا ہے۔

20 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جو انسانیت کے درجہ رفیع کو نہ تو زر ودولت کے لباس میں دیکھتا ہے اور نہ فقر وتہی دستی کے وقت اس کی نفی فرماتا ہے، بلکہ انسانیت کا مدار اور ابن آدم کہلانے کا استحقاق وہ صرف ایمان اور علم پر مبنی کرتا ہے۔

لفظ ایمان فرائض الٰہیہ پر اور لفظ علم واجبات وجود پر پوری طرح سے حاوی ہے۔ فرمان ذیل پر غور کرو۔

﴿ يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ﴾ [المجادلۃ:11]

''اللہ تعالیٰ درجے بلند کرتا ہے، ان کے جو تم میں سے ایمان لا چکے ہیں اور ان کے جن کو علم دیا گیا ہے۔''

---

[1] ابوداؤد: 236 [2] مسلم: 2950، ابوداؤد: 1905، ابن ماجہ: 3074، ترمذی: 1163، دارمی: 1906

فضیلت علمی کو اچھی طرح سے ذہن نشین کرنے کے لیے فرمایا:

فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِيْ عَلٰى اَدْنَاكُمْ۔ [1] ''عالم کی عابد پر فضیلت اتنی ہے جتنی نبی کو ادنیٰ امتی پر ہوتی ہے۔''

21 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے اَبْغَضُ الْحَلَالِ اِلَى اللّٰهِ الطَّلَاقُ [2] کے راز سے دنیا کو واقف بنایا اور سمجھایا کہ طلاق کا وجود خاص خاص دشواریوں کے حل کرنے کے لیے ضروری ہے اور اس وقت طلاق کی ضرورت ایسی ہی ہو جاتی ہے، جس طرح ایک عضو میں سمیت آ جانے کی وجہ سے اس کا جسم انسانی سے بذریعہ قطع و برید جدا کرنا ضروری ہو جاتا ہے، اگرچہ قطع عضو بہر حال ناپسندیدہ سمجھا جائے۔

ہاں یہ حکم طلاق دینے والے کو سمجھایا جاتا ہے کہ اب وہ ایسے خطرناک فعل کا اقدام کرنے لگا ہے جو اللہ تعالیٰ کو صرف ناپسند ہی نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ کو اس سے بغض بھی ہے۔ لہٰذا جب تک یہ مسلم نہ ہو جائے کہ صرف یہی ایک صورت مرد کی بقاو صحت وحفاظت ایمان و عزت کے لیے رہ گئی ہے، اس وقت تک اس پر عمل نہیں کرنا چاہیے۔

22 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے طلاق کے روکنے کے لیے ایسی تدابیر کو ضروری ٹھہرایا، جن پر عمل کرنے سے ہر ایک جلد باز اور ہر ایک انجام سے بے پروا اور ہر ایک مغلوب الغیظ کو طلاق کی برائی سے محفوظ فرما لیا ہے۔

1. زوجین کے اختلاف وشقاق کے مٹانے کے لیے پہلی تدبیر یہ بتائی گئی کہ دو ثالث مقرر کیے جائیں۔ ایک مرد کے گھرانے کا، ایک عورت کے گھرانے کا، وہ دونوں ان زوجین کے حالات وشکایات کو سنیں اور فیصلہ کریں۔

2. اب بھی اگر اصلاح نہ ہو اور قصور کا بوجھ عورت پر ہو تو مرد کو لازم ہے کہ کچھ عرصہ کے لیے ہم بستری ترک کردے، یہ تدبیر بہت مؤثر ہے۔

3. اب بھی کوئی درستی نہ ہو تو تادیب کے طور پر ہلکی سی مار مارے، ہلکی مار یہ ہے کہ چہرہ پر نہ مارے، ایسی ضرب نہ مارے جس سے جلد پر نشان نمایاں ہو جائے۔ یہ تدبیر بھی پست درجہ کی سمجھ والیوں میں مؤثر ہوتی ہے۔

4. یہ تدبیر بھی ناکافی ثابت ہو، تب ایک طلاق دے سکتا ہے۔ اس ایک طلاق دینے کے لیے شوہر کو اس وقت تک انتظار کرنا چاہیے جب وہ ماہواری ایام سے پاک ہو جائے، ان ایام کا یہ انتظار بھی پہلی طلاق کی روک کے لیے ہے۔

اس طلاق کے بعد ضروری ہے کہ خاوند بیوی ایک ہی گھر میں رہیں۔ ایک ہی جگہ خواب کریں۔ اس سکونت یک جائی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ زوجین میں سے ہر ایک کو پھر اپنی خصلت وعادت اور فعل پر جس کی طفیل نوبت بحدے رسید ہو گئی ہے، غور کرنے اور اصلاح کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔ اسی طرح پر اگر وہ رل مل بیٹھے، ایک نے دوسرے کی ہم بستری کا موقع حاصل کر لیا تو وہ ایک طلاق ان کو خاوند بیوی کی معاشرت سے ذرا روک نہیں۔

5. ایک مہینہ گزر گیا عورت کو دوسرے مہینے کے ایام بھی دیکھنے پڑے، ان کے بعد پھر مرد کو دوسری طلاق دینے کا اختیار ہے، لیکن اس دوسری طلاق کے بعد بھی زوجین کو ایک ہی جگہ رہنا سہنا، سونا بیٹھنا ہوگا۔ اب پھر ایک مہینہ کی لمبی میعاد ان کے درمیان ہے۔[3]

---

[1] ترمذی: 2685، دارمی: 77/1 [2] ابوداود: 2178، ابن ماجہ: 2018 [3] یاد رہے کہ ایک طلاق کے بعد عدت قرآنی تین (3) قروء (قریباً تین ماہ) ہے۔

جذبات انسانی، جھوٹے غصہ، بے جا بدگمانیوں اور فضول شکایتوں کو جلد مغلوب و معدوم کر دیا کرتے ہیں۔ اگر ایسا ہو گیا تو پھر یہ جوڑا میاں اور بیوی کا ہے اور دونوں طلاقوں کا ان پر کوئی بوجھ نہیں۔

6 اب تیسری طلاق کا موقع آ جائے گا۔ اس وقت جب عورت ماہواری مرض سے فارغ ہو، اب شریعت اسے جتلاتی ہے کہ دیکھ، یہ ہما تیرے ہاتھ سے نکلنے والی ہے، پرندا اڑ جاتا ہے تو کف افسوس ہی ملنا پڑتا ہے، سمجھ لے، اور تیسری طلاق سے رک جا۔

ان ہدایات سے بھی اگر نفرت وشقاق کی بنیاد ایسی مضبوط ہے کہ مرد اب تک طلاق ہی پر تلا ہے، تب شریعت اسے مجبور نہیں کرتی اور معاہدہ شادی کی لعنت زندگی کا طوق نہیں بنا دیتی۔

رحمۃ للعالمین ﷺ کی تعلیم نہ تو یہ گوارا کر سکتی ہے کہ کسی وفادار بیوی کو محض کسی بیرونی جاہل کے طعن پر یکبارگی گھر سے نکال دے۔ جیسا کہ سیتا جی کا معاملہ ہے یا یہودیوں کی طرح جن کے نزدیک بیوی کا درجہ ایک ملازم کے برابر بھی نہیں۔ بلا وجہ اور بے سبب شریک زندگی سے قطع تعلق کر لیا جائے، علی ھذا یہ بھی گوارا نہیں کہ عورت پر تہمت زنا لگانے کے بغیر اس کی بدمزاجیوں، گستاخیوں یا امراض مخصوصہ کے باعث بھی اس سے گلوخلاصی نہ ہو سکے۔ جیسا کہ انجیل کی تعلیم کو سمجھ لیا گیا ہے۔ ہاں حقوق زوجین کا از حد خیال رکھتے ہوئے رحمۃ للعالمین ﷺ نے ایک ایسی سڑک تیار کر دی ہے، جس میں نہ تفریط کی گھاٹیاں آتی ہیں اور نہ افراط کے پہاڑ حائل ہیں۔

23 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے عرب کے اس رواج کو توڑا کہ میت کا ورثہ خاندان کے صرف ان لوگوں کو ملے گا جو تلوار و نیزہ اٹھا سکتے ہوں۔ عورت اور معصوم بچے، بیٹی، بہن کا کوئی حق نہیں، بلکہ وہ ایک عورت کو باپ کی جائداد سے بوجہ بیٹی ہونے کے، بھائی کی جائداد سے بوجہ بہن ہونے کے، شوہر کی جائداد سے بوجہ زوجہ ہونے کے اور اولاد کی جائداد سے بوجہ والدہ ہونے کے متعدد حصے دلاتا ہے اور حضور ﷺ کی تعلیم کردہ قانون توریث کو اصولاً بہت سی غیر مسلم قوموں نے بھی لے لیا ہے۔

24 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے وقف علی الاولاد کے آئین سے اولاد کو فقر و تنگدستی سے اور جائداد کو تباہی سے اور خاندان کو ہلاکت سے محفوظ بنایا۔ اس مسئلہ سے دنیا کلیۃً ناواقف تھی۔

25 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے، جس نے جواز جنگ کے لیے مظلوم ہونے، حقوق ملی وقومی سے بلا وجہ محروم کر دیئے جانے، دین حقہ کی حفاظت کرنے والوں کی جان و مال کے غیر محفوظ ہو جانے یا امن عامہ کا قیام مفقود ہو جانے اور مذاہب عالم اور ان کے اماکن عبادت کے معرض تلف میں آ جانے کو بطور شروط اولین قرار دیا۔

یہ حقیقت آیات ذیل سے آشکار ہے:

﴿ أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰي نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُۨ ۝ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴾ [الحج 39-40]

”جنگ کرنے والوں کو اذن دیا گیا کیوں کہ وہ مظلوم تھے اور بے شک اللہ ان کی مدد کی ضرور قدرت رکھتا ہے، یہ وہ ہیں جو اپنے وطن سے بلا سبب نکالے گئے۔ صرف اس بات پر کہ انھوں نے اللہ کو اپنا پروردگار مان لیا تھا، ہاں اللہ تعالیٰ اگر کچھ لوگوں کی دوسرے اشخاص کے ذریعہ مدافعت نہ کرتا تب یہودیوں کے معبد، عیسائیوں کے گرجا، صائبین کی عبادت

گاہیں، نیز مسلمانوں کی مسجدیں جن میں اللہ کا نام بہت لیا جاتا ہے ضرور گرادی جاتیں۔''

26 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے شراب کو قطعی حرام ٹھہرایا اور اسے ام الخبائث بتلایا اور اس تھوڑی سی رعایت کا بھی (جو بالآخر اجازت تک پہنچ جاتی ہے) جو پولوس (Paul) نے مرعی رکھی تھی کہ تبدیلی مزہ کے لیے پانی میں تھوڑی سی شراب ملا کر، سدباب کر دیا۔

﴿اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾ [المائدۃ:90]

''شراب اور قمار کو شرک منہیہ کے برابر برابر بیان فرما کر اسے شیطانی فعل بتایا اور پھر اس سے بچنے کا حکم محکم الفاظ میں صادر کیا، تاکہ تم خلاصی پاؤ۔''

اس حکم کے ساتھ یہ تفسیر بھی شامل کر دی: كُلُّ مَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهٗ وَقَلِيْلُهٗ حَرَامٌ [1] ''جس کی بڑی مقدار میں نشہ ہو اس کی ادنیٰ مقدار بھی حرام ہے۔''

27 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے زنا کے جملہ اقسام کو جس کے عرب اور ہندوستان اور دیگر ممالک میں عجیب عجیب نام اس کی قباحتوں کو چھپانے کے لیے رکھ لیے گئے تھے اور اس حکم کو حرام ٹھہرایا، منبر و محراب میں خوب شائع کیا۔

﴿وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ○ اِلَّا عَلٰى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ○ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ﴾ [المومنون 5-7]

''فلاح والے وہ ہیں جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں، بیویاں اور وہ جن کے مالک ان کے داہنے ہاتھ ہوئے اس سے مستثنیٰ ہیں اور ان کی بابت ان پر کوئی ملامت نہیں مگر جو کوئی اس کے سوا اور عورت کی تلاش کرتا ہے تو وہ لوگ اللہ کی حدود سے بڑھ جانے والے ہیں۔''

28 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے اسیران جنگ کی جان بخشی و رحم فرمائی کے اصول واضح فرمائے، تورات میں دشمنوں کی جان تو کیا ان کے حیوانوں اور عورتوں کی جانوں کا بچانا بھی حرام اور موجب غضب الٰہی بتایا گیا ہے۔

﴿فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ڎ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاۗءً﴾

''جب کافروں سے مڈھ بھیڑ ہو جائے تو ان کی گردنیں مارو اور جب ان کو چور چور کر دو، تب مضبوط طریقہ سے ان کو باندھ لو اور پھر بعد ازاں ان پر احسان کرو یا ان سے فدیہ لے لو۔'' [محمد:4]

حملہ آور دشمن پر، مغلوب اور اسیر ہونے کے بعد احسان نمائی یا فدیہ گیری کا اصول ایسا ہے کہ دنیا بھر کی تمام اقوام اس سے نابلد رہی ہیں اور عملاً کسی نے ایسے کارنامہ کی نظیر پیش نہیں کی، لیکن نبی ﷺ نے بدر و احد، مکہ و حنین کی فتوحات سے ہر موقع پر اسیران جنگ اور دشمنان دین اور قاتلان مومنین اور محاربین رسول ﷺ کے ساتھ یہی معاملہ فرمایا۔

29 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے بے پڑھی لکھی قوموں کے سامنے جو اپنے ان پڑھ ہونے پر فخر کیا کرتے اور ان پڑھ رہنے کو نوزائیدہ امی بچہ کی معصومی کا چربہ سمجھا کرتے تھے علم سے روشناس کیا۔ علم کا درجہ ان کے دلوں میں قائم کیا، علم کا شائق بنایا، پھر ان

[1] ابن ماجہ: 3393، ابوداؤد: 3681، ترمذی: 1865، کنز العمال: 13146

کو معلم اور مقری کے منصب پر بلند فرمایا۔

آیات ذیل پر غور کرو:

﴿ هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَ یُزَكِّیْهِمْ وَ یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝ وَ یُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴾ [البقرۃ:151]

''اللہ وہ ہے جس نے ان پڑھ لوگوں میں اپنا عظیم الشان رسول بھیجا، جو انہی میں سے ہے۔ وہ ان کو اللہ کی آیات پڑھ کر سناتا اور پاک بناتا ہے اور کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔ اور یہ لوگ تو اس رسول سے پہلے صریح گمراہی میں پڑے ہوئے تھے۔ تم کو وہ کچھ سکھاتا ہے جس کو تم نہ جانتے تھے۔''

30 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے امراض قلوب کو بیان کیا۔ امراض کی علامات اور علاج کے طریقے بتائے جس نے قلب سلیم کی تعریف بتائی اور قیام سلامتی کی تدابیر کو واضح کر دیا۔

31 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے گناہ گار انسان کو اسرار توبہ کی تعلیم دی۔ توبہ کے اجزاء بتائے۔ ہر ایک جزو کی جداگانہ خاصیت اور ترکیبی ماہیت کو تفصیل سے سمجھایا۔

32 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے تزکیہ نفس، تصفیہ باطن کو جداگانہ ابواب میں مرتب فرمایا، جس نے اخلاق فاضلہ اور ابواب احسان کو الگ الگ کر کے بتایا۔

33 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے تقویٰ اور خشیت من اللہ، انقطاع تمام اور انس کامل، مدارج رجوع، مراتب احسان، حقیقت ورع و توکل اور روح اخلاص وصدق اور مقامات قرب و رضا کا عرفان عطا کیا۔

34 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے عبد اور معبود کے درمیان ایک حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِیْن (اللہ تعالیٰ کی مضبوط رسی) کا نشان دیا اور چاہ ضلالت میں گرے ہوؤں کو آسمانی ہدایت پر پہنچ جانے کی تدبیر بتائی۔

35 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے رہزنوں کو چوپانی اور بادشاہوں کو اخوانی سکھائی، جس نے غلاموں کو سلطانی دی۔ جس نے بساط کیانی پر اونٹ چرانے والوں کو بٹھا دیا۔

36 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے علوم مابعد الطبیعیہ کو آثار نفسی و آفاقی سے مبرہن کیا۔ جس نے اعمال اور اعمال کا روح سے تعلق، جس نے میزان اور حق و باطل کا توازن بتلایا۔

37 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے شمالی عرب کو روما کی غلامی سے اور جنوبی عرب کو ایران کی غلامی سے آزاد کیا، جس نے طوائف الملوکی کا خاتمہ کر دیا، جس نے قتل و غارت گری کو قتل و غارت کر دیا۔ جس نے خون انسانی کی قدر و قیمت کو سارے جہاں کی قیمتی اشیاء سے بڑھ کر قیمتی بتایا، جس نے ایران کو فواحش سے، اور روما کو حیوانی تعیش سے نجات دی، جس نے تمام دنیا کی طرف امن کا ہاتھ پھیلایا۔ جس نے ایوان صلح کو مرتفع کیا۔ جس نے

﴿ حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ﴾ [محمد:4] (یہاں تک کہ جنگ اپنے سلاحات کو رکھ دے) لیے جملہ مساعی کو ختم کر دیا۔

38 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے غلامی کے نقائص دور کرنے کی تدابیر کیں، غلاموں کو برابر کا کھانا، برابر کا پہننا، ان کی

استطاعت سے بڑھ کر کام نہ لینا فرض ٹھہرایا اور اس طرح پر غلاموں کو خاندان کا ایک جزو یا ممبر بنا دیا۔

39 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے غلام کو حق مکاتبت بخشا، جس کا مطالبہ وہ عدالت میں کر سکتا ہے اور آقا مجبور ہے کہ اسے مقررہ قیمت پر آزاد کرے۔

40 رحمۃ للعالمین وہ ہے جس نے مکاتب غلام کو چندہ دینے کا حکم سب کو دیا، حتیٰ کہ وہ آقا بھی چندہ دے جس کی غلامی سے اسے آزاد ہونا ہے۔

41 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے اسلامی سلطنت کی آمدنی صدقات میں سے 1/8 حصہ خزانہ میں غلامی کے مٹانے کے لیے مقرر فرمایا۔ وَفِي الرِّقَابِ۔ [9/التوبہ:60]

42 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے قانون شریعت میں آزادی غلاماں کے لیے مواقع نکالے۔ اس کی تفصیل مسائل طہارت وصوم وحج کے ابواب میں دیکھنی چاہیے۔

43 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے آقاؤں کو عتاق من النار کا ذریعہ آزادی غلام بتایا۔

44 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے آزاد کو آقا کے برابر حقوق عطا فرما کر آقا کو غلام کا مولیٰ اور غلام کو آقا کا مولیٰ ٹھہرایا۔

45 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے آزادی غلام کے بعد بھی آقا و غلام میں ایک ایسی نسبت، ایک ایسا علاقہ پیدا کر دیا، جو صرف خون کے رشتہ میں ہوتا ہے۔ یعنی آقا کے لاوارث ہونے پر غلام کو اور غلام کے لاوارث ہونے پر آقا کو اس کا وارث ٹھہرایا۔

46 رحمۃ للعالمین ﷺ وہ ہے جس نے غلاموں پر حصول قرابت وصہریت اور اخذ امارت وحکومت اور نصب وامامت وولایت اور اعداء کو عطائے صلح وامام کے حقوق سے مالا مال فرمایا۔

اسلام سے پیشتر غلامی جملہ ممالک میں اور جملہ اقوام میں اور جملہ ادیان میں موجود تھی کیا حضور رحمۃ للعالمین ﷺ سے پیشتر کسی نے غلامی کے محور کو زائل کرنے اور غلاموں کو ایسے بلند مناصب تک پہنچانے میں بھی کوئی کارروائی کی؟ یہ ہندوستان ہے جہاں آج تک اچھوت اقوام کی تعداد برہمنوں، کھتریوں اور ویش قوموں کی مجموعی تعداد سے بھی زیادہ ہے اور اچھوت ہونے کی بیڑی اور طوق اس طرح ان کا لازمہ جسم وروح ہو گیا ہے کہ سینکڑوں نسلوں، ہزاروں، لاکھوں سالوں کی امتداد مدت بھی ان کو رہائی نہیں دلا سکی، اچھوت قومیں ہندو ولاء کے حکم سے معاشرت تمدن، علم اور مذہب کے جملہ حقوق سے قطعاً محروم رکھی گئی ہیں۔ برہمنوں کو شودروں کے مال کا مالک بنا دیا گیا ہے اور کوئی برہمن کسی شودر مقتول کے قتل میں مستوجب قصاص نہیں سمجھا گیا۔

اسلام میں کوئی انسان بھی اچھوت نہیں، سب کی جان و مال کو یکساں حرمت واحترام کے حقوق حاصل ہیں۔ معاشرت اور تمدن میں سب برابر ہیں۔ ہر ایک ادنیٰ شخص سلطنت دنیوی یا امامت دینی تک فائز ہو سکتا ہے۔

ہمارا یہ مضمون طویل ہو رہا ہے اور کتاب ھٰذا کا موضوع یہ نہیں کہ ہر ایک مسئلہ کو پورے بسط سے تحریر کیا جائے۔ لہٰذا اس دلچسپ و دل ربا مضمون کو ہم اس جگہ ختم کرتے ہیں اور آپ سے یہ کہہ دینا چاہتے ہیں کہ رحمۃ للعالمین صرف حضور ﷺ کی خصوصیت ہی نہیں بلکہ یہ بطور اسم اور علم بھی مستعمل ہے اور یہ نام کسی غیر کا تجویز کردہ نہیں۔ ماں باپ کا رکھا ہوا نہیں۔ کسی شاعر کے تخیل کا نتیجہ نہیں، کسی فدائی کا جوش محبت میں کہا ہوا نہیں، بلکہ یہ ایک حقیقت ہے اور اس حقیقت کا انکشاف حق تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ یہ ایک صداقت کا گنجینہ ہے اور

اس گنجینہ کا نشان خود ہادیٔ مطلق نے دیا ہے۔ یہ ایک بشارت ہے جسے قدرت ربانی ہر ایک مخلوق کے کان تک پہنچانا چاہتی ہے۔ یہ ایک نوید ہے جو عالم عالمیان کو شیفتہ احسانات الٰہیہ بناتی ہے۔

خصوصیت نمبر 26

﴿ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ ﴾ [الانعام:90]

''تو بھی ان سب کی ہدایت کی موافقت کر''

اقتدا کے معنی اصل لغت میں شخص ثانی کا شخص اول سے موافقت کرنا ہے۔

آیت بالا پر جو کوئی شخص بھی سرسری نظر ڈالے گا، وہ سمجھے گا کہ حضور ﷺ کو کسی دوسرے شخص کے مقتدی (پیرو) ہونے کا حکم دیا گیا ہے اور ظاہر ہے کہ یہ معنی کافہ اہل اسلام کے اس مسلمہ اعتقاد کے خلاف ہیں کہ حضور ﷺ امام الانبیاء ہیں۔

لہٰذا آیت بالا شرح طلب ہے اور شرح معانی کے بعد واضح ہو جائے گا کہ آیت بالا نبی ﷺ کی فضیلت کا ثبوت ہے۔

ناظرین کو آیت ﴿وَكَذَٰلِكَ نُرِيْ إِبْرَاهِيْمَ﴾ [الانعام:75] سے غور شروع کرنا چاہیے، اس رکوع میں اللہ تعالیٰ نے اٹھارہ (18) انبیاء کا ذکر فرمایا اور اس ذکر ترتیب زمانی یا ترتیب مدارج کو چھوڑ کر ایک اور ترتیب بدیع اختیار کی گئی ہے۔

اوّل ترتیب اصول نسب

اس صنف میں نوح و ابراہیم و اسحٰق و یعقوب علیہم السلام کا ذکر فرمایا گیا ہے، کیوں کہ جملہ انبیائے عالم کے انساب انھی پر منتہی ہوتے ہیں اور اکثر اقوام کا انتساب نسلی انھی کی جانب ہے۔

دوم ترتیب ملک وقدرت

اس صنف میں داؤد علیہ السلام و سلیمان علیہ السلام خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔

ترتیب بلحاظ مراتب صبر وشکر

اس صنف میں ایوب علیہ السلام اور یوسف علیہ السلام کا ذکر فرمایا گیا ہے۔

ترتیب بلحاظ معجزات وظہور آیات

اس صنف میں موسیٰ علیہ السلام و ہارون علیہ السلام کے نام مذکور ہوئے ہیں۔

ترتیب بلحاظ زہد واعراض عن الدنیا

اس صنف میں زکریا و یحییٰ و عیسیٰ و الیاس علیہم السلام کا ذکر ہوا۔

ترتیب بلحاظ تبلیغ امم

اس صنف میں اسماعیل و یسع و یونس و لوط علیہم السلام کا تذکرہ فرمایا گیا ہے۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان انبیاء مذکورہ کے مختصر حالات بھی لکھ دیے جائیں۔

حضرت نوح علیہ السلام

ان کا نسب نامہ یہ ہے: نوح بن مالک بن متوشالح بن خنوخ بن یارد بن مہلل ایل بن قینان بن آنوش بن شیث بن آدم علیہ السلام ہیں۔

حضرت نوح علیہ السلام کی عمر پانچ سو (500) سال کی تھی جب سام، حام اور یافث ان کے ہاں پیدا ہوئے۔ ان کی عمر کے چھ سو (600) سال بعد دوسرے مہینے کی سترہویں تاریخ کو طوفان شروع ہوا۔ چالیس (40) دن تک پانی اوپر سے برستا اور زمین سے ابلتا رہا۔ پھر بڑھنا بند ہوا اور ڈیڑھ سو (150) دن میں پانی کم ہوا۔ ساتویں مہینے کی سترہویں تاریخ تھی کہ کشتی اراراط کے پہاڑ پر رک گئی۔ (601) میں عمر نوح کے دوسرے مہینے کی ستائیسویں تاریخ کو حضرت نوح علیہ السلام نے کشتی چھوڑ کر زمین پر قدم رکھا۔ (ایک سال 11 یوم کشتی میں رہے۔ طوفان کے بعد حضرت نوح علیہ السلام 350 سال زندہ رہے۔)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش طوفان نوح علیہ السلام سے 5375 سال بعد ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام

ان کا نسب نامہ حضرت نوح علیہ السلام تک یہ ہے: ابراہیم بن آذر (تارح) بن ناحور بن سروج بن رعو بن فالج بن عابر بن شالح بن آرفکشاد بن سام بن نوح علیہ السلام۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ان کا زمانہ 2585 سال پیشتر کا ہے۔ 75 سال کی عمر میں اپنے وطن سے ہجرت فرمائی اور کنعان کے ملک میں پہنچے۔ (کنعان بن حام بن نوح علیہ السلام کا ملک)

اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا کہ یہ ملک تیری اولاد کو دیا جائے گا۔ پھر مصر گئے، مصر سے واپس آ کر کنعان میں ٹھہرے، یہاں سے ان کے برادر زادہ لوط علیہ السلام جو ہجرت میں ان کے ساتھ تھے علیحدہ ہوئے اور دریائے پاروں کے پرلے کنارہ پر آباد ہوئے۔ یہ علاقہ شاہ صدوم کا تھا۔ شاہ صدوم پر شاہ عیلام نے مع اپنے تین اتحادیوں کے حملہ کیا اور حضرت لوط کو بھی اسیر کر کے لے گئے۔ تب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان کے خلاف جہاد کیا۔ حضرت لوط علیہ السلام کو چھڑا لیا اور بہت سا مال غنیمت حاصل کیا۔ اسی (80) سال کی عمر تھی، جب آپ کے گھر میں اسماعیل علیہ السلام (از بطن ہاجرہ خاتون جو بادشاہ مصر کی دختر تھیں) پیدا ہوئے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر 99 سال کی تھی جب ختنہ کا حکم نازل ہوا۔ اسی عمر میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنا ختنہ خود کیا اور اسماعیل علیہ السلام کا ختنہ بھی کرایا گیا۔ حضرت ابرہیم علیہ السلام کی عمر 100 سال کی تھی جب حضرت اسحٰق علیہ السلام پیدا ہوئے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا خطاب خلیل الرحمٰن ہے اور لقب عمود عالم اور آدم ثالث، کنیت ابو محمد اور ابوالانبیاء ایک سو پچھتر (175) سال کی عمر تھی جب "خلیل الرحمٰن" نے انتقال فرمایا۔

خانہ کعبہ اور مناسک حج حضور علیہ السلام کی نبوت کی دائمی یادگار ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد جو کوئی نبی ہوا، خواہ کسی ملک میں ہوا، وہ انہی ہی کے خانوادہ اور نسل کا تھا۔

حضرت اسحٰق علیہ السلام

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر سو(100) سال کی تھی، جب ان کے ہاں اسحٰق علیہ السلام از بطن سارہ خاتون علیہا السلام پیدا ہوئے۔ سارہ خاتون علیہا السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دادا کی نسل سے ہیں اور اول الاسلام ہیں۔

حضرت اسحٰق علیہ السلام کی عمر چالیس(40) سال کی تھی جب ان کی شادی ربقہ خاتون سے ہوئی۔ ربقہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے برادر حقیقی نخور کی پوتی ہیں۔

ربقہ سے دو توام بچے پیدا ہوئے: عیسو و یعقوب علیہ السلام۔

حضرت اسحٰق علیہ السلام نے ایک سو چالیس(140) سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔

حضرت یعقوب علیہ السلام

انہی کا لقب اسرائیل بھی ہے۔ ان کے گھر میں لیاہ بیگم سے چھ فرزند، راحیل خاتون سے دو فرزند، زلفہ لونڈی سے دو فرزند اور بلہہ لونڈی سے دو فرزند پیدا ہوئے۔

جب یوسف علیہ السلام نے ان کو مصر میں مع افراد خاندان طلب کیا، تب ان کی عمر ایک سو تیس(130) سال تھی۔ سترہ(17) سال مصر میں قیام کے بعد انھوں نے مصر میں وفات پائی۔ یوسف علیہ السلام ان کا جنازہ شاہانہ تزک و احتشام کے ساتھ کنعان لائے اور وہ حضرت ابراہیم و اسحٰق علیہما السلام کے پہلو میں مدفون ہوئے۔ ان کی وفات ق۔م 1686 سال اندازہ کی گئی ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام

راحیل خاتون کے پہلے بیٹے ہیں، یوسف علیہ السلام کے معنی عربی میں ''مزید'' ہیں۔ ان کی پیدائش کے وقت ماں نے کہا تھا کہ اللہ مجھے اور بھی بیٹا دے گا۔

17 سال کے تھے جب چاہ میں گرائے گئے۔ تین شب چاہ میں رہے۔ چھ سال عزیز مصر کے گھر قیام فرمایا، سات (7) سال زندان میں بسر کیے۔ 30 سال کی عمر میں مصر کے حاکم مطلق باختیارات شاہی مقرر ہوئے۔ 40 سال کی عمر تھی جب یعقوب علیہ السلام سے مصر میں 23 سالہ فراق کے بعد ملاقات ہوئی۔ ہشتاد (80) سالہ فرمانروائی کے بعد 110 سال کی عمر میں وفات پائی۔ پوتے اور پڑپوتے دیکھے۔ ان کی شادی ملک مصر کے شہر ''اون'' کے کاہن کی دختر مسماۃ آسناتھ سے ہوئی تھی۔ ان کے ہر دو فرزند منسی و افراہیم اسی خاتون سے ہیں۔

حضرت داؤد علیہ السلام

ان کا نسب نامہ یہ ہے: داؤد بن یسی (یشاہ) بن عوید بن سونجز بن سلما (سلمون) بن نجسون بن عمداب بن ارام بن حصرون (حصروم) بن فارص بن یہوداہ بن یعقوب علیہ السلام۔ یہ اپنے باپ کے ساتویں بیٹے تھے۔ چھ بھائی ان سے بڑے تھے۔

ان کی ابتدائے شہرت کا باعث وہ جنگ ہوئی جو فلسطینی اسرائیلیوں سے کر رہے تھے، فلسطینی فوج میں ایک بہادر جولیت (جالوت) تھا، جس کا قد چھ ہاتھ اور ایک بالشت تھا وہ پیتل کی خود اور زرہ اور موزے پہنا کرتا تھا۔ چالیس (40) دن تک وہ میدان جنگ میں نکل کر مبارز طلب کرتا رہا۔ اسرائیلیوں میں سے کسی کا حوصلہ نہ ہوا۔ حضرت داؤد علیہ السلام اپنے تین بڑے بھائیوں کی (جو شامل جنگ

تھے) خبر لانے کو رزم گاہ میں گئے۔ وہاں انھوں نے سنا کہ ساؤل شاہ بنی اسرائیل نے اس شخص کے قاتل کے لیے اپنی بیٹی کا رشتہ مع دیگر انعامات دینے کا اعلان کیا ہوا ہے۔

حضرت داؤد علیہ السلام بادشاہ سے اجازت لے کر جالوت کے مقابلہ کو نکلے۔ انھوں نے فلاخن سے پتھر چلایا اور وہ پتھر اس کی پیشانی کے اندر اتنا گھس گیا کہ پیشانی کے اندر جا چھپا۔ فلسطینی گر پڑا، داؤد علیہ السلام نے اسی کی تلوار اس کی کمر سے نکالی اور اس کا سر کاٹ لیا۔

بعد ازاں حضرت داؤد علیہ السلام ترقی کرتے کرتے سپہ سالار فوج ہو گئے۔ اور پھر بادشاہ کے داماد بن گئے۔ بادشاہ ان کے روز افزوں اقبال سے حسد کرنے لگا اور حضرت داؤد علیہ السلام بادشاہ سے جان بچاتے پھرتے۔ آخر ساؤل بادشاہ نے فلسطینیوں سے ایک مقام پر شکست کھا کر خودکشی کر لی اور اس کے ولی عہد نے بھی خودکشی کر لی۔ تب بنی اسرائیل کے اتفاق سے حضرت داؤد علیہ السلام بادشاہ ہوئے۔ انھوں نے چالیس(40) سال تک نہایت کامرانی و اقبال کے ساتھ سلطنت کی۔

حضرت داؤد علیہ السلام کی ازواج اور حرموں کی تعداد ننانوے(99) تھی۔ ان کے اٹھارہ(18) فرزند اور سترہ(17) لڑکیاں تھیں لیکن وراثت داؤد صرف سلیمان علیہ السلام ہی کو ملی۔

حضرت داؤد علیہ السلام کا انتقال نبی ﷺ سے تقریباً 1856 سال پہلے ہوا۔ اس وقت ان کی عمر ستر (70) سال کی تھی۔

حضرت سلیمان علیہ السلام

بنت سبع دختر انعام کے بطن سے یروشلم میں پیدا ہوئے، جب کہ داؤد علیہ السلام سلطنت حاصل کر چکے تھے۔ انھوں نے شاہ مصر کی بیٹی سے شادی کی۔

انھوں نے اپنے جلوس کے چوتھے سال کے دوسرے مہینہ میں بیت المقدس کو بنانا شروع کیا۔ اصل مسجد ساٹھ(60) ہاتھ طویل بیس(20) ہاتھ عریض اور تیس(30) ہاتھ بلند تھی اور اس کے اردگرد بہت مکانات تھے۔ یہ عمارت سات سال میں ختم ہوئی تھی۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے چالیس(40) سال سلطنت پورے عروج اور اقبال و دولت کے ساتھ کی۔ ان کا عہد بالکل امن کا عہد تھا۔ ان کی بیگمات کی تعداد سات سو اور لونڈیوں کی تعداد تین سو(300) ہے۔

ان کا انتقال نبی ﷺ سے تقریباً 1546 سال ماقبل ہے۔

حضرت ایوب علیہ السلام

ان کا نسب نامہ یہ ہے: ایوب بن آموس بن رازح بن روم بن عیص (عیسو) بن اسحٰق علیہم السلام۔ یہ ارض عوض (ایشیائے کوچک) میں رہتے تھے۔ ان کے سات بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں۔

یہ سات ہزار (7000) بھیڑوں، تین ہزار (3000) اونٹوں، پانچ سو (500) جوڑی بیلوں اور پانچ سو (500) خر ماچہ (گدھے) کے مالک تھے۔ نوکر چاکر بہت تھے۔ اہل مشرق میں ان جیسا کوئی مالدار نہ تھا۔

جب مصیبت آئی تو ایک دن ایسا ہوا کہ ان کے سب بیٹے بیٹیاں اپنے بڑے بھائی کے گھر کھانا کھا رہے تھے کہ سخت آندھی آئی۔ اس نے مکان کی چھت کو اٹھایا اور ان پر گرا دیا۔

اسی وقت ایک دوسرے شخص نے اطلاع دی کہ بیلوں اور گدھوں کو ملک کے سب لوگ لوٹ کر لے گئے ،نوکروں کو قتل کر گئے ۔ صرف میں بچ رہا ہوں ۔

اسی وقت ایک دوسرے نے آکر اطلاع دی کہ آسمان سے آگ پڑی اور سب بھیڑوں کو اور نوکر و چاکروں کو جلا کر خاک کر گئی ۔اکیلا میں بچ نکلا ۔

اسی وقت ایک اور شخص آیا ،اس نے بتلایا کہ قوم کسدی کے لوگوں نے تین طرف سے حملہ کیا ۔اونٹوں کو لے گئے اور نوکروں کو تلوار کی دھار سے قتل کیا ۔فقط میں بچ رہا ہوں ۔

ایوب علیہ السلام نے سب کچھ سنا اور پھر سجدہ میں گر پڑے ۔کہا میں اپنی ماں کے پیٹ میں سے ننگا پیدا ہوا تھا اور اس کے حضور میں ننگا ہی پیش ہوں گا ۔

بعد ازاں ان کے جسم میں خارش ہوئی ،وہ کھجلاتے تو وہاں پھوڑے بن جاتے ،اسی طرح سارا جسم پک گیا ،لیکن اب بھی ان کی زبان سے کوئی خطا کی بات نہ نکلی ۔اس وقت ان کا بستر صرف راکھ کا ہوتا تھا ۔

یہ مصیبت چند سال تک رہی ۔آخر حضرت ایوب علیہ السلام کے توبہ و استغفار پر رحمت الٰہی نے ان پر توجہ کی ،وہ تندرست ہو گئے ۔ ان کے مال و مویشی کی مقدار پہلے سے دو چند ہو گئی ۔

ان کو پھر اللہ تعالیٰ نے سات (7) بیٹے اور سات (7) بیٹیاں عطا فرمائیں ۔انھوں نے اپنی اولاد کی چار (4) پشتیں دیکھیں اور مصیبت کے بعد ایک سو چالیس (140) سال تک دولت و حشمت اور آرام و فراغت میں بسر کر کے انتقال فرمایا ۔

ان کا زمانہ نبی ﷺ سے تقریباً اکیس صدی پیشتر کا ہے ۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام

ان کا نسب نامہ یہ ہے :موسیٰ بن عمران بن یصہر بن قاہث بن لاوی بن یعقوب علیہ السلام ۔بعض نے عمران (عمرام) کو قاہث کا بیٹا بتلایا ہے ۔درمیان میں یصہر کا نام درج نہیں کیا ۔ان کے حالات قرآن پاک اور تورات میں بہت تفصیل سے ملتے ہیں ۔انھوں نے ایک سو بیس (120) برس کی عمر پائی اور وادی موآب میں فوت ہو کر دفن ہوئے ۔

ان کا زمانہ انتقال نبی ﷺ سے تقریباً 2022 سال پیشتر کا ہے ۔

حضرت ہارون علیہ السلام

یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حقیقی بھائی تھے ۔ایک سال بڑے تھے ۔انھوں نے موسیٰ سے تقریباً تین (3) سال پیشتر کوہ حور پر وفات پائی تھی ۔

حضرت زکریا علیہ السلام

مجموعہ بائبل میں کتاب زکریا شامل ہے ،یہ زور بابل کے ہم عصر ہیں اور مسیح علیہ السلام سے پانچ صدی پیشتر ان کا سب زمانہ معلوم ہوتا ہے ۔قرآن مجید کی سورہ مریم و آل عمران میں جس زکریا کا ذکر ہے وہ یحییٰ کے والد ہیں ۔ان کے گھر میں مسیح علیہ السلام کی خالہ تھیں ۔مسیح کا اصطباغ حضرت یحییٰ علیہ السلام کے ہاتھ پر ہوا تھا ۔اس لیے وہ زکریا نہیں ہو سکتے ،جن کا ذکر بائبل میں ہے ۔ہر دو بزرگواروں میں صرف

وحدت اسی پائی جاتی ہے۔

زکریا علیہ السلام جن کا مذکور قرآن حکیم میں ہے۔ بیت المقدس کے امام ومتولی تھے اور مریم صدیقہ علیہا السلام کے کفیل ومربی ان کا اوران کے فرزند کی پیدائش کا واقعہ انجیل لوقا کے باب اول میں مذکور ہے۔

حضرت یحییٰ علیہ السلام

ان کو بائبل میں یوحنا بپتسمہ دینے والا لکھا جاتا ہے۔ حضرت زکریا علیہ السلام کے بیٹے ہیں، انھی کی پیدائش کا ذکر سورہ آل عمران و سورہ مریم میں ہے۔ ان کا نام بھی منجانب اللہ رکھا گیا۔ ہوش سنبھالنے کے بعد بیابان ہی میں رہے۔ جنگلی شہد اور ٹڈ کو خوراک بنا رکھا تھا۔ بیابان میں وعظ وتذکر کا سلسلہ جاری کیا۔ یہ توبہ لینے کے وقت تائب کو پانی میں غسل دلایا کرتے تھے۔ بپتسمہ کی رسم یہیں سے جاری ہوئی۔ یہ حضرت مسیح علیہ السلام سے چھ ماہ بڑے تھے مگر انھوں نے مسیح علیہ السلام سے چھ سال پیشتر تبلیغ شروع کر دی تھی۔

ان کے وقت میں جو تھائی ملک کا حاکم ہیرودیس رومی تھا اور اس کے ناجائز تعلقات اپنے بھائی فیلبوس کی بیوی سے تھے۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام حاکم کے افعال پر نکتہ چینی کرتے تھے۔ حاکم نے ان کو قید کر دیا تھا۔

حاکم کی بھاوج کا نام ہیرودیاس تھا۔ وہ ہمیشہ حاکم کو یوحنا کے خلاف بھڑکایا کرتی تھی مگر حاکم اس کی بات نہ سنتا تھا۔ اتنے میں ہیرودیاس کی سالگرہ کا دن آیا۔ مسماۃ ہیرودیاس کی لڑکی اپنے چچا کے سامنے خوب ناچی گائی اور حاکم نے قسم کھائی کہ جو کچھ وہ مانگے اسے وہی کچھ دیا جائے گا۔

لڑکی نے اپنی ماں کی سکھلاوٹ پر حضرت یحییٰ علیہ السلام کا سر مانگا۔ حاکم نے جلاد کو حکم دیا اور اسی وقت ان کو جیل میں جا کر قتل کیا اور ان کا سر لڑکی کے حوالے کیا گیا، جسے اس نے اپنی ماں کی خدمت میں تحفہ پیش کر دیا۔

یہ واقعہ 30ء یعنی ولادت نبی کریم ﷺ سے 541 سال پہلے کا ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام عبرانی میں یسوع ہے۔ ان کے خاندان کے افراد کے نام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خانوادہ عالی کے افراد کے مطابق تھے۔ ان کا نام یسوع تھا جو موسیٰ علیہ السلام کے خلیفہ اول یوشع بن نون علیہ السلام کی یادگار میں رکھا گیا تھا۔ ان کی والدہ کا نام مریم علیہا السلام تھا جو خواہر موسیٰ علیہ السلام کا نام تھا۔ ان کے ماموں کا نام ہارون تھا۔ جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کے بڑے بھائی کا نام تھا۔ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے نانا کا نام عمران تھا اور موسیٰ علیہ السلام کے والد کا بھی یہی نام تھا۔

قرآن مجید میں ہے کہ جب مریم صدیقہ علیہا السلام اپنی ماں کے پیٹ میں تھیں۔ تب ان کی والدہ نے یہ نذر مانی کہ وہ اپنے پیٹ کے پھل کو محرر، آزاد، یا تدبیر یا بیت المقدس کی خدمت کے لیے مخصوص بنائے گی۔

لیکن جب لڑکی (مریم علیہا السلام) پیدا ہوئی تو وہ حیران رہ گئی کیوں کہ لڑکی کو بیت المقدس کی خدمت کے لیے قبول نہیں کیا جاتا تھا، لیکن وہ نیک خاتون اپنی نیت اور نذر کے مطابق مریم علیہا السلام کو بیت المقدس میں لے گئی اور یروشلم کے ارکین نے فیصلہ کیا کہ اس لڑکی کو خدمت کے لیے لے لیا جائے۔ حضرت زکریا علیہ السلام کو ان کا متکفل بنایا گیا۔

پھر جب مریم علیہا السلام جوان ہوئیں، تب فرشتہ نے ان کے سامنے آ کر اللہ تعالیٰ کے حکم سے بشارت سنائی کہ ان کے پیٹ میں عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوں گے۔ اگرچہ ان کو کسی مرد نے نہیں چھوا۔ بشارت کے مطابق مولود پیدا ہوا تو بشارت ہی کے موافق ان کا نام (عیسیٰ علیہ السلام) یسوع رکھا گیا۔ انھوں نے طفولیت مصر میں بسر کی اور تیس (30) سال کی عمر تک یہودیوں کی حالت پر غور کرنے کے بعد انھوں نے اپنی نبوت کی تبلیغ شروع کی۔ تبلیغ میں اتنے سرگرم تھے کہ ایک رات سے زائد ایک مقام قیام نہ فرماتے تھے۔ انھوں نے فلسطین میں بنی اسرائیل کی ہر ایک بستی میں اپنی آواز کو پہنچایا۔ تین سال بعد ان کو رفع الی السماء حاصل ہوا۔ اس عرصہ میں ان کو صرف بارہ (12) شاگرد ملے جن میں سے ایک غدار نکلا۔ کتاب الاعمال کے مصنف لوقا کا خیال ہے کہ کل 124 تعداد ایسے اشخاص کی مل جاتی ہے جو ان کے معتقد تھے۔

آج تحریر مضمون ہذا کے وقت 11 ستمبر 1929 سال عیسوی کی تاریخ ہے اور بیان کیا جاتا ہے کہ سنہ عیسوی ولادت مسیح علیہ السلام سے شروع ہوتا ہے، لیکن اب تفحص و تحقیق سے ثابت ہوا کہ مسیح علیہ السلام کی ولادت اسی سنہ سے چار سال پیشتر تھی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رفع و نزول کے علمی مباحث ہماری کتب ''غایت المرام'' و ''تائید اسلام'' میں ملاحظہ طلب ہیں۔

حضرت الیاس علیہ السلام

حضرت ادریس کا دوسرا نام الیاس علیہ السلام بھی ہے مگر اس آیت میں ان سے وہ مراد نہیں کیوں کہ اس آیت میں ذریت نوح کا ذکر ہے اور ادریس علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام کے آبائے کرام میں سے ہیں۔

حضرت الیاس علیہ السلام کا نسب نامہ یہ ہے: الیاس بن نیابن فخاص بن عمیراء بن ہارون۔ لہٰذا ان کا زمانہ نبی ﷺ سے تقریباً 19 صدی پیشتر کا ہے۔ بعض لوگوں میں مشہور ہے کہ الیاس ابھی زندہ ہیں مگر ان کی حیات کی بابت کوئی روایت نبی ﷺ سے ثابت نہیں۔ لہٰذا یہ خیال محض بے بنیاد ہے۔

حضرت اسماعیل ذبیح اللہ علیہ السلام

سیدنا ابراہیم خلیل الرحمٰن علیہ السلام کے فرزند ہیں۔ سیدہ ہاجرہ خاتون علیہا السلام کے بطن سے پیدا ہوئے۔ فلسطین ان کا مولد اور مکہ ان کا دار الہجرت اور مصر ان کا ننھیال ہے۔ حجاز و یمن و حضر موت ان کا رقبہ تبلیغ تھا۔ خانہ کعبہ کی تعمیر میں اپنے والد بزرگوار کے سہیم کار تھے (ذبیح اللہ کے گھر کے محافظ) ان کا زمانہ نبی کریم ﷺ سے تقریباً 2240 سال پیشتر ہے۔ مصری، بابلی، فلاسطینی، عربی زبان کے ماہر کامل تھے۔ ان کی ایک شادی مصر میں اور ایک شادی عرب میں ہوئی۔

اولاد عرب شہزادی سے ہوئی۔ بارہ (12) بیٹے ہوئے۔ ہر ایک اپنے اپنے قبیلہ کا سردار اور جداگانہ علاقہ کا حکمران تھا۔ ان کی دختر کی شادی حضرت اسحٰق علیہ السلام کے فرزند کلاں عیسو سے ہوئی تھی۔ نبی ﷺ سردار قیدار فرزند دوم حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔ جن کا نام بائبل میں بکثرت آتا ہے۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحٰق علیہ السلام برکات الٰہی میں برابر ہیں تاہم حضرت اسماعیل علیہ السلام کو چند فضائل حاصل ہیں:

1. یہ بیت الحرام کے بانی اور محافظ ہیں اور حضرت اسحٰق علیہ السلام کسی بیت الحرام کے بانی و محافظ نہ تھے۔
2. یہ ذبیح اللہ ہیں، گو مسلمانوں اور اہل کتاب میں یہ مسئلہ مختلف فیہ رہا ہے مگر آثار قدیمہ کی شہادت انہی کے حق میں ہے۔

﴿3﴾ یہ وہ فرزند ہیں کہ جس روز اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام سے عہد باندھا۔ یہ اسی روز عہد میں شامل ہوئے۔ اسحٰق علیہ السلام ہنوز پیدا بھی نہ ہوئے تھے، لہٰذا عہد کے فرزند یہی ہیں (کتاب پیدائش 17 باب)

﴿4﴾ ان کا رقبہ نبوت بہت وسیع تھا اور انھوں نے اپنی تبلیغ کو عرب العرباء کے سب خاندانوں تک پہنچا دیا تھا، لیکن حضرت اسحٰق علیہ السلام کے رقبہ تبلیغ کے متعلق ہم کو ایسی معلومات اسرائیلی روایات یا اسلامی روایات میں کچھ نہیں دستیاب ہوئی ہیں۔ قیاساً کہا جا سکتا ہے کہ ان کا رقبہ تبلیغ بہت محدود تھا۔ والعلم عند اللہ۔

حضرت الیسع علیہ السلام

میں سمجھتا ہوں کہ الیسع علیہ السلام سے مراد یسعیاہ ہوں گے جن کی کتاب مجموعہ بائبل میں موجود ہے اور بہت سی پیش گوئیوں پر مشتمل ہے۔ ان کا زمانہ شاہان لوعزو یوتام کے برابر ہے۔ لہٰذا نبی ﷺ سے یہ 1320 سال پہلے ہوئے ہیں۔

حضرت یونس علیہ السلام

ان کا ذکر قرآن مجید کی سورہ صافات وانعام ونساء میں بھی ہے اور ایک سورت بھی ان کے نام سے نامزد ہے۔ نبی ﷺ نے عداس نینوزی کے سامنے ان کو یونس بن متی فرما کر اپنا بھائی فرمایا تھا۔ انھی کو سورہ ن میں صاحب الحوت بھی فرمایا گیا ہے۔ ان کا واقعہ بہت مشہور ہے۔

حضرت لوط علیہ السلام

سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے سگے بھتیجے، سفر و ہجرت کے رفیق۔ مصر سے واپس آنے کے بعد یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے علیحدہ ہو کر آنروے یارڈن دریا پر رہتے تھے اور یہی علاقہ ان کی تبلیغ کے لیے تھا۔ ناپاک اور نافرمان قوم نے نبی اللہ کی تحقیر کی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی بستیوں کو الٹ دیا اور ان پر آسمان سے پتھراؤ کیا گیا۔

ہاں آیت بالا پر غور کرو۔

اصول نسب کی بنیاد پر نبی ﷺ کو یہ شرف خاص حاصل ہے کہ قیامت کے دن جملہ حسب ونسب منقطع ہو جائیں گے۔ صرف حضور ﷺ کا انتساب باقی رہے گا۔

اصول حکمت کی بنیاد پر غور کرو کہ حضور ﷺ ہی نے عرب کو پنجہ اغیار سے چھڑایا اور حضور ﷺ ہی نے عرب کو فرمان فرمائی پر پہنچایا۔

آیت بالا میں حضور ﷺ کو جملہ انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات عالیہ اپنے اندر جمع کر لینے کا حکم ہے۔ کیوں کہ موافقت اخلاقی اسی طریق سے حاصل ہو سکتی ہے۔

گویا یہ فرمایا گیا ہے کہ نبی ﷺ کو حسب ونسب میں خود صاحب عمود عالم ہونا چاہیے اور لوگوں کو نوح وابراہیم اور اسحٰق ویعقوب علیہم السلام کی جانب انتساب سے مستغنی کر دینا چاہیے۔ نبی ﷺ کو چاہیے کہ داؤد کی طرح عرب کے قبائل متعددہ اور شعوب مختلفہ کو متحد بنا دیں تاکہ وہ سب مل کر قوم واحد بلکہ شخص واحد کی شان پیدا کر لیں۔ هُمْ يَدٌ وَّاحِدٌ عَلٰى مَنْ سِوَاهُمْ اور کے مصداق بن جائیں۔

نبی ﷺ کو سلیمان علیہ السلام کی طرح امن محکم اور صلح استوار سے ملک کو سرسبز و شاداب بنا دینا چاہیے۔ نیز عبادت الٰہی کے لیے ایک ایسا معبد تیار کر دینا چاہیے جو تقدیس میں بیت المقدس سے بڑھ کر اور اعداء کی دست برد سے بالاتر ہو۔

نبی ﷺ کو صبر ایوبی کا وہ نمونہ دکھلانا چاہیے کہ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ کا توقیع خاص حضور ﷺ کے صادر ہو جائے۔

اور عفو یوسف علیہ السلام کا نمونہ بعید ترین اعداء اور سنگین ترین اشقیا کو بھی ایسا دکھلانا چاہیے کہ ان کے کینہ اور غل کا پورا پورا درمان ہو جائے اور آئندہ کے لیے ان کے دل حضور ﷺ کی محبت اور ذوق اطاعت سے پرنور ہو جائیں۔

نبی ﷺ کا کام تھا کہ موسیٰ علیہ السلام کی طرح براہین صادقہ اور آیات باہرہ سے فرعون سرشت لوگوں کی اصلاح فرماتے اور سحر کاران ماہرفن پر باب نجات کھول دیتے۔ حضور ﷺ کا کام تھا کہ ایک آتشیں سرشت کی جگہ نور آگیں شریعت سے اتمام فرمادیتے۔

حضور ﷺ کی شان ہے کہ ہارون علیہ السلام کی طرح منبر کو اپنے خطاب اور محراب کو اپنی امامت سے سربلند فرمایا۔ بے جانوں میں جان ڈالی اور سوکھی ہوئی نخلوں کو درد محبت کا شناسا بنا دیا۔

نبی ﷺ ہی کا کام ہے کہ زکریا علیہ السلام کی طرح دنیا کو دعا کی طاقت سے باخبر فرمایا اور مزید آداب دعا و اوقات دعا و الفاظ دعا اور مراتب دعا سے اپنی امت کو حقیقت شناس بنا دیا۔

نبی ﷺ ہی ہیں کہ جنگلی شہد اور بیابانی بلح پر گزران کرنے والے یحییٰ علیہ السلام کی طرح خشک کھجوروں اور آب مقطر کو اپنی اور اپنے اہل بیت کی مستقل غذا قرار دیا۔ اہل وعیال والے نبی ﷺ کے گھر میں بھی مہینوں تک چولھا روشن نہ ہوا۔

الیاس علیہ السلام خشک لبوں اور بیابان نوردوں کو سیراب کرنے میں خاص شہرت رکھتے ہیں۔ نبی ﷺ ہی ہیں کہ سنگلاخ زمینوں پر معرفت کے چشمے بہادیے اور ہر ایک تشنہ لب کے سامنے جام کوثر لے کر خود آگے بڑھتے۔

اسماعیل علیہ السلام نے بیت اللہ کی عمارت کو مکمل کیا۔ حضور ﷺ نے کعبہ کو قبلہ بنا کر جن وانس وملائک کا مرکز عبادت اور مسطر عبادت قرار دیا۔

یونس علیہ السلام تین (3) دن تک مچھلی کے پیٹ میں رہے اور نبی ﷺ تین شبانہ روز غار کے پیٹ میں سکون پذیر ہوئے۔

یونس علیہ السلام کی زبان پر استغفار تھا اور حضور ﷺ کی زبان معیت الٰہی کے عرفان سے گہر ریز تھی۔

لوط علیہ السلام کے مواعظ تحریم خبائث پر مشتمل تھے۔ نبی ﷺ نے بھی اس بارہ میں سعی بلیغ اور کوشش کامل فرمائی۔ مقدمات زنا کو بھی حرام ٹھہرایا اور ان اسباب وذرائع کو بھی جو فسق وفنا تک پہنچانے والے ہیں داخل محرمات کیا۔ حتیٰ کہ امت کے سامنے تقویٰ کا وہ بلند ترین مقام رکھ دیا کہ ہر ایک بندۂ رحمٰن امام المتقین بننے تک اپنی ہمت وارادہ اور عزم اور سعی کو ترقی دے سکے۔

قارئین جب دیکھیں گے کہ آیت زیر عنوان نبی ﷺ کو ان جملہ صفات عالیہ کا جامع بتلا رہی ہے تو انھیں بوثوق تام اعتراف کرنا پڑے گا کہ یہ مقام جامع بھی نبی ﷺ کے خصائص میں سے ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ الکریم

فصل سوم 3

خصوصیات نبویہ از احادیث مصطفویہ ﷺ

صحیحین میں جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اُعْطِیْتُ خَمْسًا لَمْ یُعْطَهُنَّ اَحَدٌ قَبْلِیْ نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِیْرَةَ شَهْرٍ وَّجُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّ طُهُوْرًا فَاَیُّمَا رَجُلٍ مِنْ اُمَّتِیْ اَدْرَكَتْهُ الصَّلٰوةُ فَلْیُصَلِّ وَاُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَائِمَ وَ لَا تَحِلُّ لِاَحَدٍ مِنْ قَبْلِیْ وَاُعْطِیْتُ الشَّفَاعَةَ وَ كَانَ النَّبِیُّ یُبْعَثُ اِلٰی قَوْمِهٖ خَاصَّةً وَّ بُعِثْتُ اِلَی النَّاسِ عَامَّةً۔ [1]

مجھے پانچ ایسی چیزیں دی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں ملیں۔ ① ابھی ایک ماہ کی مسافت ہو کہ دشمن پر میرا ''رعب طاری ہو جاتا ہے۔ ② ساری زمین میرے لیے مسجد اور پاکیزہ بنا دی گئی ہے جو جہاں چاہے نماز پڑھ سکتا ہے۔
③ غنیمت کا مال میرے لیے حلال کر دیا گیا ہے جو پہلے کسی پر حلال نہیں تھا۔ ④ مجھے شفاعت کا حق دیا گیا ہے۔
⑤ پہلے نبی اپنی قوم کے لیے خاص ہوا کرتے تھے مگر میں ساری دنیا کے لیے نبی ہو کر آیا ہوں۔''

صحیح مسلم کی روایت میں جو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے **فُضِّلْتُ عَلَی الْاَنْبِیَآءِ بِسِتٍّ** [2] فرمایا گیا ہے۔ اس حدیث میں **اُعْطِیْتُ بِجَوَامِعَ الْكَلِمِ** نمبر 1 پر اور **خُتِمَ بِیَ النَّبِیُّوْنَ** نمبر 6 پر ہیں۔ نمبر 2 میں **نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ** اور نمبر 3 **اُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَائِمَ** نمبر 4 پر **جُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّ طُهُوْرًا** نمبر 5 پر **اُرْسِلْتُ اِلَی الْخَلْقِ كَافَّةً** ہیں۔

صحیحین کی ایک متفق علیہ روایت عن ابی ھریرۃ میں جوامع الکلم اور نصرت بالرعب کے بعد خزائن الارض کی مفاتیح کا خواب میں حضور ﷺ کے سامنے رکھا جانا بیان ہوا ہے۔

جملہ روایات پر اجماعی غور کرنے سے آٹھ امور حاصل ہو جاتے ہیں۔

① نصرت بالرعب ② روئے زمین کا مسجد و طہور ہونا ③ حلت غنائم ④ عطائے منصب شفاعت ⑤ بعثت عامہ
⑥ عطیہ جوامع الکلم ⑦ ختم نبوت ⑧ خزائن الارض کی کلید ہا کا حضور ﷺ کے سامنے خواب میں رکھا جانا۔

لہٰذا ہر ایک کے متعلق مختصراً گزارش کیا جائے گا۔

① نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ

نبی ﷺ کے 23 سال عہد نبوت پر نظر غائر ڈالو۔ سرور عالم ﷺ تبلیغ و دعوت کے لیے شہر مکہ کے اندر اور آبادی مکہ سے باہر یکہ و تنہا رات ہو یا دن تن تنہا تشریف لے جایا کرتے تھے۔ مگر کسی شخص کو حضور ﷺ پر جاں ستاں حملہ کرنے کا حوصلہ نہیں ہوا۔

منڈیوں اور میلوں میں جہاں ہزار ہا اشخاص اور پچاسوں مختلف قبائل کا اجتماع ہوا کرتا تھا۔ حضور ﷺ جاتے اور کلمہ توحید کا اعلان فرماتے۔ دیوتا دیوی کے ماننے والوں میں سے کوئی بھی حضور ﷺ پر حملہ آور نہ ہو سکتا تھا۔

مکہ سے دور دراز قبائل میں جو خشونت اخلاق اور خوں ریزی و بے باکی میں بہت زیادہ مشہور تھے۔ حضور ﷺ نے تبلیغ کے

---

[1] بخاری:335، مسلم:1163، نسائی:735,430 [2] مسلم:1167، ترمذی:1553، کنز العمال:31932، ابن ماجہ:567، احمد:412/2، مجمع الزوائد:269/8

لیے متعدد چکر لگائے۔ اس سفر میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سوا اور کوئی بھی حضور ﷺ کے ہمرکاب نہ ہوتا تھا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ سے بھی ان قبائل کو کچھ تعارف نہ تھا۔ حضور ﷺ ہر جگہ دعوت فرماتے، ہر ایک پر حجت البیہ ختم کرتے اور کوئی بھی حضور ﷺ کے سامنے برسرِ پیکار نہ آتا۔

آغاز سفر ہجرت سے تین روز پہلے ایک ایک قبیلہ کا بہادر دشمنوں نے جمع کر لیا تھا۔ انھوں نے حضور ﷺ کے گھر کا محاصرہ کر لیا تھا، لیکن ہر ایک کے دل پر کتنا رعب تھا کہ تختے توڑ کر اندر داخل ہونے کی کسی میں جرأت نہ تھی۔ ساری رات اس انتظار میں پوری کر دی کہ حضور ﷺ خود ہی باہر تشریف لائیں تو یہ حملہ کریں۔ جب حضور ﷺ تن تنہا باہر بھی نکلے تو شَاهَتِ الْوُجُوْهُ لَا يُبْصِرُوْنَ [1] کے کلام سے ان کو غصہ بھی دلایا اور مٹھی بھر خاک اٹھا کر ان کے سروں پر بھی پھینک دی۔ بایں ہمہ کسی نے سر نہ اٹھایا اور حضور ﷺ کے چہرہ تاباں کی طرف کوئی نظر اٹھا کر بھی نہ دیکھ سکا۔

طائف کا حکمران اور تمام باشندے حضور ﷺ کے خلاف ہیں مگر ان کی سنگ باری اور شرارت صرف اسی حد تک محدود ہے کہ حضور ﷺ کی تقریر نہ ہو سکے۔ آخر وہی اہل طائف ہیں اور وہی ان کا حکمران ابن عبد یالیل کہ خود مدینہ میں حاضر ہوتے اور داخل اسلام ہو جاتے ہیں۔

نصرت بالرعب کی مثالیں اس زمانہ کی بڑی بڑی سلطنتوں کے حالات سے بھی ہویدا ہیں۔ یمن سلطنت ایران کے قبضہ سے نکل جاتا ہے اور کسی جنگ کے بغیر مطیع اسلام ہو جاتا ہے۔ مگر یمن کی سلطنت ایران یمن کی طرف منہ بھی نہیں کرتی۔ اس لیے کہ حضور ﷺ کا رعب ان کے دل و دماغ پر مستولی تھا۔

شمالی عرب سلطنت روما کے اقتدار سے نکل جاتا ہے اور روما کا شہنشاہ فراہمی افواج اور حملہ آوری کا حکم بھی جاری کر دیتا ہے اور اسی کی مدافعت کے لیے حضور ﷺ عرب کی سرحد تبوک تک تشریف لے جاتے ہیں مگر ایک مہینہ کی راہ پر (یروشلم میں) بیٹھے ہوئے ایمپرر کا دل خوف سے بھر جاتا ہے اور سابقہ احکام جنگ کو منسوخ کر کے دم بخود ہو کر بیٹھ جاتا ہے۔

عرب کی قدیم ترین سلطنتیں حیرہ و غسان قائم ہیں۔ انھی کے دربار کے شعرائے خاص حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اور کعب انصاری رضی اللہ عنہ تاج پوش بادشاہوں کو چھوڑ کر بوریا نشین رسول ﷺ کے آستان پر حاضر ہو گئے ہیں مگر ان سلطنتوں میں سے کسی کو یہ حوصلہ نہیں پڑتا کہ اپنے شعرائے خاص کو واپس لینے کے لیے ہی اظہار طاقت کریں اور دربار عالی کے خدام تک کوئی دھمکی سے ملا ہوا فقرہ بھی پہنچا سکیں۔

ذی ظلیم، ذی یزن کی حکومتیں یمن کی جانب اور مکہ سے متصل قائم ہیں۔ ان میں سے ہر ایک حکومت کے پاس باقاعدہ فوج بھی موجود ہے اور خزانے بھی معمور ہیں۔ وہ گھر بیٹھے حضور ﷺ کا کلمہ پڑھنے لگے ہیں۔ عدوان و سرکشی کا خیال تک بھی ان کے دماغ میں نہیں آتا۔

ذوالکلاع حمیری اپنے گھر میں بیٹھا پندرہ ہزار (15000) غلاموں سے سجدہ کرواتا اور خدا کہلاتا ہے لیکن ایسے رسول ﷺ سے وہ بھی دل ہی دل میں ڈر رہا ہے۔ جس نے کئی ایسے دعاوی فرعونیت کو غرقاب کر دیا ہے۔ عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ کہلانے کا رعب مسجود و معبود بننے والے کو مغلوب کیے ہوئے ہے۔

نبی ﷺ کی یہ صفت خاص نزدیک و دور ہر جگہ جلوہ گستر تھی۔ امیر المؤمنین علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا فقرہ مَنْ رَّاٰهُ بَدِيْهَةً هَابَهٗ [2]

---

[1] مسلم: 4619 [2] ترمذی: 3638

جو کوئی حضور ﷺ کے سامنے یکا یک آ جاتا وہ دہشت زدہ ہو جاتا۔

یہ وہ نصرت الٰہیہ تھی جو رعب بن کر حضور ﷺ کی حشمت وعظمت کو دوبالا کر رہی تھی۔

و صلی اللّٰہ علی حبیبہ محمد و آلہ و بارک وسلم۔

② روئے زمین کا مسجد وطہور ہونا

یہود اپنے کنیسہ اور عیسائی اپنے کلیسا کے بغیر نماز نہ پڑھا کرتے تھے۔ مجوسی بھی پاک آگ کے آتش کدہ کے بغیر سرگرم عبادت نہ ہوا کرتے تھے۔ ہنود کا یہی حال مندروں کے متعلق تھا۔

مسلمانوں کی نماز نہ محراب عبادت کی محتاج اور نہ کسی نبی ہادی کی قبول توبہ کی ان کو حاجت ہے۔ ان کا گرمایا ہوا دل اور روشن آنکھیں آگ کی حرارت اور ضیا سے بے نیاز ہیں۔ اس لیے روئے زمین کا ہر ایک بقعہ اور ایک ایک قطعہ ان کی سجدہ ریزی کے لیے موزوں ہے۔ ان پر ﴿ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰی جُنُوْبِھِمْ ﴾ [آل عمران:191] کھڑے، بیٹھے، اور لیٹے لیٹے ذکر کی حالت طاری ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے روئے زمین کو حضور ﷺ کی مسجد بنادیا۔

زنہار کہ بیرون روم از سجدہ گہ خویش
آنجا کہ خدا ہست مرا سجدہ روا ہست

یہ شرف اسی حقائق شناس کو ملا جس کی نگاہ میں کائنات کا پتہ پتہ توحید کے ترنم میں ہے۔ جس کے سامنے ریگستان کا ذرہ ذرہ انوار قدسی کا آئینہ دار ہے۔ جسے ہر شے مظہر جمال لم یزلی اور مرآۃ جلال قدسی نظر آتی ہے۔ جس کے کانوں میں پتھروں کی تسبیح اور سبزہ کی تحمید ہر وقت گونج رہی ہے۔ جسے آسمان وزمین کی فضا، نعرہ تکبیر وزمزمہ تہلیل سے بھری ہوئی نظر آتی ہے۔ اسی لیے تمام روئے زمین مسجد بنادی گئی۔

طہور سے مراد وضو ہے۔ اطراف بدن کا ہدایت شرعی کے مطابق پانی سے دھونا وضو کہلاتا ہے۔ وضو نماز کے لیے شرط ہے، مگر نماز کا ترک کسی حالت میں روا نہیں۔ عام طور پر یہ سمجھا جاسکتا تھا کہ شرط کے نہ ہونے سے مشروط بھی مفقود ہو جانا چاہیے اور جہاں وضو کے لیے پانی میسر نہ ہو وہاں نماز بھی معاف ہو جانی چاہیے۔

لیکن کیا نماز ان لوگوں پر معاف ہو جاتی ہے جو گھاس کے پتے پتے سے وحدہ لاشریک لہ سننے والے اور درخت کے پتے پتے کو دفتر معرفت جاننے والے ہیں۔

ضروری تھا کہ انسان حصول طہارت کے لیے کوئی دوسری تدابیر اختیار کرتا، انسان مٹی ہی سے بنا ہے، مٹی ہی اس کی اصل ہے اور مٹی ہی اس کو بن جانا ہے۔ مٹی ہی مخلوقات کا گہوارہ ہے اور مٹی ہی سے کائنات ارضی اپنی خوراک حاصل کرتی ہے۔ اس لیے اس مٹی ہی کو طہور بھی بنادیا گیا۔

ہندوؤں میں سندھیا کے لیے ہون ضروری ہے اور ہون کے لیے 30 چیزوں کا ہونا ضروری ہے۔ اس میں سے ایک گھی بھی ہے۔ گھی کے سولہ (16) چمچے آگ میں ڈالنے ضروری ہیں۔ ہر ایک چمچ 6 ماشہ کا ضرور ہو۔ (ستیارتھ پرکاش)

سندھیا کے لیے ہون کی شرط نے ہون کے لیے چھبیس (26) چیزوں کی موجودگی کی شرط نے ہندو قوم کے افراد کو سندھیا سے

محروم کر دیا ہے۔

مٹی کہاں نہیں مل سکتی؟ جہاں پانی نہ ہوگا، وہاں پر مٹی تو ضرور مل جائے گی۔ خاک آلود ہاتھوں کا چہرے پر پھر لینا اس عجز و تقرر کو ہی ظاہر کرتا ہے، جس نے طہور تراب پر ایماندار کو مجبور کیا۔

الغرض یہ خصوصیت نبی ﷺ ہی کی ہے کہ حضور ﷺ نے تراب روئے زمین کو ہمارے لیے طہور بنا دیا اور حضوری بارگاہ ربانی سے کسی حالت میں بھی دور و مجبور نہ ہونے دیا۔

③ حلت مغانم

حضرت موسیٰ علیہ السلام و حضرت یوشع بن نون علیہ السلام کی فتوحات میں جس قدر مغانم حاصل ہوتے تھے ان کو نذر آتش کر دیا جاتا تھا تورات میں جانوروں تک کو جلا دینے اور بستیوں میں آگ لگا دینے کا ذکر ملتا ہے۔

نبی ﷺ کے غزوات میں سب سے پہلے غزوہ بدر میں غنیمت حاصل ہوئی۔ مال غنیمت جمع بھی ہوا اور تقسیم بھی کیا گیا۔ لیکن پھر بھی لشکر میں ایسے لوگ موجود تھے جو شریعت موسوی کی نظیر پر مال غنیمت کا لینا خطرناک امر سمجھتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے انہی کے اطمینان کے لیے یہ آیت نازل فرمائی۔

﴿ لَوْ لَا كِتَابٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ ① فِيْ مَا اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ﴾

”اگر اللہ کی طرف سے پہلے کتاب میں ایسا نہ ہوتا تب جو کچھ تم نے وصول کیا ہے اس کے لیے تم پر بڑا عذاب ہوتا۔ اب تم غنیمت کو حلال طیب سمجھو اور کھاؤ۔“ [الانفال:68-69]

دوسری جگہ ہے:۔

﴿ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَ كَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴾ [الفتح:20-21]

”اللہ نے تم سے مغانم کثیرہ کا وعدہ کیا جن کو تم حاصل کرو گے لہٰذا یہ تو تم کو جلد ہی دے دی (خیبر) اور دشمنوں کے ہاتھوں کو تم سے روک دیا ہے تاکہ مومنین کے لیے یہ ایک نشان ہو اور تم کو اللہ صراط مستقیم پر چلائے گا اور بھی مغانم بہت ہیں تم کو ان پر قدرت نہیں مگر اللہ نے ان پر احاطہ کر رکھا ہے اور اللہ ہر شے پر قدرت والا ہے۔“

یہ مغانم کثیرہ ہی ہیں جو سلطنت ہائے ایران اور روما پر فتوحات حاصل کرنے پر مسلمانوں کو حاصل ہوئیں۔ چونکہ یہ وعدہ مومنین کو مخاطب فرما کر کیا گیا تھا اس لیے اس وعدہ کا ایفا بھی خلافت راشدہ کے وقت میں ہوا۔ جب کہ سرور کائنات ﷺ عالم بقا کو سدھار گئے تھے۔

واضح ہو کہ یہ ایک وعدہ نہ تھا بلکہ مومنین سے تین وعدے کیے گئے تھے۔ دوسرا وعدہ یہ تھا کہ دشمن کے ہاتھ تم سے کوتاہ رہیں گے۔ اس وعدہ کے مطابق خلافت راشدہ کے وقت میں کوئی دشمن اسلامی فوجوں پر غالب نہیں آ سکا تھا۔

---

① یہ اشارہ سورہ نساء کی آیت ﴿ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ﴾ [النساء:94] کی طرف ہے۔

تیسرا وعدہ ہدایت صراطِ مستقیم کا تھا اور وہ بھی اپنی ظاہری و باطنی برکات کے ساتھ اسی طرح پورا ہوا جس طرح پہلے دو وعدے۔
اس آیت سے مجاہدین عہد خلافت راشدہ کی بڑی فضیلت ثابت ہوتی ہے۔

④ عطائے منصب شفاعت

① شفاعت شفع سے ہے۔ شفع کے معنی ہیں ایک شے کو دوسری شے کے برابر جو اس کی جنس سے ہو، شامل کر دینا۔ اکثر اوقات کسی اعلیٰ مرتبت شخص کو کسی ادنیٰ کے ساتھ مل کر کوئی کام سرانجام دینے کے معنی میں اس کا استعمال ہوتا ہے۔

② مسئلہ شفاعت کفار عرب میں بھی مسلم تھا اور یہود و عیسائیوں میں بھی تسلیم کیا جاتا تھا۔ کفار اور عیسائی یہ سمجھتے تھے کہ شفیع اپنی عزت و وقار اور ذاتی اقتدار و اختیار سے جسے چاہے اسے اللہ کے عذاب سے چھڑا سکتا ہے۔ شفیع ان سب کو جو اسی کے ہو کر رہیں، نعمائے اخروی و دنیوی عطا فرما سکتا ہے۔ ان عقیدہ والوں کو اللہ کی ہستی اور اس کی قدرت کا انکار نہ تھا، لیکن وہ یہ سمجھتے تھے کہ الٰہی اقتدار ان اشخاص کو بھی حاصل ہے جو ان کے شفیع ہیں۔ لہٰذا شفیع کی عبادت کرنا اللہ کی عبادت سے مستغنی کر دیتا ہے۔ شفیع کی رضامندی اللہ کی رضامندی سے مقدم تر ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کسی بندہ پر غضب ناک بھی ہو اور اس کا شفیع راضی ہو تو وہ اسے اللہ تعالیٰ کے غضب سے بچا لے گا۔ لیکن اگر شفیع غضب ناک ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس شفیع کو بندہ پر مہربان نہ کر سکے گا۔ اسی عقیدہ کو کسی بے دین و مشرک پنجابی شاعر نے اپنے شعر میں یوں بیان کیا ہے۔

ہر رُوٹھے تب ٹھوڑ ہے، گورو روٹھے نہیں ٹھوڑ
ہر روٹھے گورو میل سی، گورو روٹھے ہر ناہ

خدا روٹھ جائے تب پناہ کی جگہ باقی رہتی ہے مگر مرشد کے روٹھ جانے سے کوئی جائے پناہ نہیں ملتی۔ خدا روٹھ جائے گا تب مرشد ملا دے گا، لیکن اگر مرشد روٹھ جائے تب خدا نہیں ملا سکتا۔

اللہ تعالیٰ نے انہی لوگوں کے متعلق فرمایا ہے:

﴿ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَ لَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ﴾ [یونس:۱۸]

''یہ لوگ اللہ کے سوا اوروں کی عبادت کرتے ہیں جو نہ ان کا کچھ بگاڑ سکتے ہیں نہ فائدہ کر سکتے ہیں یہ لوگ کہا کرتے ہیں کہ یہ تو ہماری شفاعت کرنے والے ہیں، اللہ کے پاس۔''

انہی لوگوں کے حق میں دوسری جگہ فرمایا:

﴿ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ﴾ [الزمر:۳]

''جن لوگوں نے اللہ کے سوا اوروں کو اولیاء بنا رکھا ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم تو ان کی عبادت صرف اس لیے کرتے ہیں کہ یہ ہم کو اللہ کے قرب میں لے جائیں گے۔''

عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اپنا شفیع بناتے ہیں اور پھر اسی کو اپنا خداوند (مثل) خدا کہتے ہیں۔ اسی کو دعا اور مناجاتوں میں پکارتے، اسی سے مرادیں مانگتے ہیں اور کہا کرتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے تخت پر اس کے داہنے ہاتھ بیٹھا ہے، جو کوئی اسے پکارتا ہے اس

سے مدد مانگتا ہے، اسے اپنا کارساز جانتا ہے، اس کو مسیح خود ہی اپنے باپ خدا سے بچالیتا ہے اور بخشوالیتا ہے۔

قرآن مجید نے اول تو کافروں اور عیسائیوں وغیرہ کے اس عقیدہ کا بطلان فرمایا ہے اور اس کے رد و بطلان کے لیے مختلف اسلوب کے ساتھ کلام الٰہی نازل ہوا اور پھر شفاعت کبریٰ کا اثبات فرمایا اور اس اثبات کو دو اصول پر منحصر رکھا۔

① ﴿مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ﴾ [البقرۃ:255]

''کون ہے وہ ایسا جو اللہ کے پاس اس کے اذن کے بغیر شفاعت کر سکے؟''

نیز فرمایا:

﴿یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَا یَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ﴾ [النبا:38]

''اس دن سب فرشتے اور جبریل صف باندھے ہوئے کھڑے ہوں گے، کوئی نہ بولے گا مگر وہی ایک جس کو اذن ملے گا۔''

اصول اولین سے ثابت ہوا کہ اذن الٰہی کا قبل از شفاعت حاصل ہونا ضروری ہے۔

② ﴿وَقَالَ صَوَابًا﴾ (النبا:38) وہ شفیع ٹھیک ٹھیک بات کہے گا۔

یہ اصول دوم ہے کہ شفیع نہایت صادق، راست باز، پوری پوری بات کہنے والا ہوگا۔

آیت مَنْ اَذِنَ لَهُ سے یہ بھی ثابت ہو گیا کہ شفیع صرف ایک ہوگا۔

ہمارا ایمان ہے اور یہ ایمان قرآن و حدیث کے اخبار پر مبنی ہے کہ وہ شفیع سیدنا و مولانا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔

﴿عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا﴾ [بنی اسرائیل:79]

''تیرا رب تجھے مقام محمود پر ضرور کھڑا کرے گا۔''

مقام محمود ہی وہ مقام شفاعت ہے کہ جب نبی ﷺ اس مقام پر ایستادہ ہوں گے تو جملہ اولین و آخرین حضور ﷺ کی تعریف کریں گے (تفسیر خازن) اس آیت کی تفسیر میں وہ حدیث صحیح موجود ہے جسے امام بخاری رحمہ اللہ، امام مسلم رحمہ اللہ نے اپنی اپنی تفسیر میں بروایت انس رضی اللہ عنہ درج فرمایا ہے۔

جب اللہ تعالیٰ لوگوں کو قیامت کے دن جمع کرے گا، تب ان کے دل میں یہ بات ڈالی جائے گی کہ ہم اگر اللہ تعالیٰ کی جناب میں کسی کو شفاعت کے لیے پیش کریں (تو خوب ہے) تا کہ اللہ تعالیٰ ہم کو اس جگہ سے نجات دے۔ تب لوگ آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور کہیں گے کہ آدم علیہ السلام ابوالبشر ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے ہاتھ سے بنایا۔ پھر جنت میں ٹھہرایا، پھر فرشتوں نے آپ کو سجدہ کیا اور اللہ تعالیٰ نے جملہ اسماء کی تعلیم آپ کو دی۔ لہٰذا آپ ہماری شفاعت کریں کہ اللہ تعالیٰ ہم کو یہاں سے نجات (راحت) دے۔ وہ کہیں گے: نہیں، میں نہیں کر سکتا۔ پھر وہ اپنی خطا کا ذکر کریں گے اور اللہ تعالیٰ سے حیا کا ذکر کر کے کہیں گے کہ تم نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ وہ پہلے رسول ہیں۔ تب لوگ نوح علیہ السلام کے پاس جائیں گے۔ نوح علیہ السلام کہیں گے: نہیں، میں نہیں۔ وہ بھی اپنی خطا کا ذکر کریں گے اور اللہ تعالیٰ سے حیا کریں گے اور فرمائیں گے، تم ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنا خلیل بنایا ہے۔ وہ کہیں گے: نہیں، میں نہیں۔ وہ بھی اپنی خطا کو یاد کریں گے اور اللہ تعالیٰ سے حیا کا ذکر کریں گے۔ کہیں گے موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ، جن سے اللہ تعالیٰ نے کلام بھی کی اور انھیں تورات بھی دی۔ وہ کہیں گے: نہیں، میں نہیں۔ وہ اپنی خطا کا ذکر کریں گے اور حیا کا۔ پھر کہیں گے کہ عیسیٰ روح

اللہ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔عیسیٰ روح اللہ وکلمۃ اللہ علیہ السلام کے پاس آئیں گے۔وہ کہیں گے:میں نہیں۔تم محمد علیہ السلام کے پاس جاؤ۔وہ اللہ تعالیٰ کے ایسے بندے ہیں کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے اگلا پچھلا سب کچھ معاف کر دیا ہے۔

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ تب لوگ میرے پاس آئیں گے اور تب میں اپنے رب سے اذن حاصل کروں گا۔مجھے اذن دیا جائے گا۔پھر جب میں اپنے رب کو دیکھوں گا تو سجدہ میں گر پڑوں گا۔پھر اللہ تعالیٰ مجھے دعا سکھائے گا وہ جو کچھ چاہے گا میری زبان سے کہلائے گا۔

تب اللہ تعالیٰ فرمائے گا: يَا مُحَمَّدُ اِرْفَعْ رَاْسَكَ ۔ قُلْ تُسْمَعْ ، سَلْ تُعْطَ، اِشْفَعْ تُشَفَّعْ۔

''اے محمد ﷺ اپنا سر اٹھاؤ۔بولو،تمھاری سنی جائے گی۔مانگو تم کو دیا جائے گا۔شفاعت کرو،تمھاری شفاعت قبول ہوگی۔''

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ میں سر اٹھاؤں گا اور پھر اللہ تعالیٰ کی حمد کروں گا۔وہ تحمید مجھے اللہ تعالیٰ ہی سکھلا دے گا۔پھر میں شفاعت کروں گا۔پھر میرے لیے ایک حد مقرر کر دی جائے گی۔میں اتنے لوگوں کو آگ سے نکالوں گا اور جنت میں داخل کروں گا۔[1]

انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ تیسری دفعہ یا چوتھی دفعہ میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ پھر میں کہہ دوں گا:اے رب اب تو آگ میں وہی رہ گیا ہے جس کو قرآن نے روک رکھا ہے۔یعنی وہی جس پر خلود واجب ہے۔بخاری کی ایک روایت میں یہ ہے کہ نبی ﷺ نے پھر یہ آیت ﴿عَسٰۤى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا﴾ [بنی اسرائیل:79] پڑھی اور فرمایا کہ مقام محمود جس کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے تمھارے نبی سے کیا ہے،وہ یہی مقام ہے۔[2]

حدیث بالا سے ثابت ہوا کہ منصب شفاعت بالتخصیص نبی ﷺ ہی کو عطا ہوا آدم ونوح وموسیٰ وعیسیٰ علیہم السلام بھی شفاعت کی جرأت نہ کریں گے اور بالآخر سب کے نزدیک حضور ﷺ ہی اس منصب علیا اور شفاعت کبریٰ کے اہل ثابت ہوں گے۔

لوگوں کا حضور ﷺ سے پہلے دیگر انبیاء اولوالعزم علیہم السلام کی خدمت میں جانے سے یہ نکتہ حاصل ہوتا ہے کہ کسی شخص کو یہ شبہ باقی نہ رہے کہ اگر ہم سرور عالم ﷺ کے سوا کسی دوسرے کے پاس جاتے تو ممکن تھا کہ وہ بھی شفاعت کر ہی دیتے۔اب جب ہر جگہ صاف جواب مل جائے گا تو سب کو یہ یقیناً معلوم ہو جائے گا کہ منصب شفاعت میں کوئی نبی ،کوئی مرسل،کوئی اولوالعزم بھی حضور ﷺ کا سہیم وسہیم وشریک نہیں اور یہی امر حضور ﷺ کی خصوصیت خاصہ کا مظہر ہے۔

⑤ بعثت عامہ

اس کے متعلق قبل ازیں خصوصیت ﴿وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ﴾ [انبیاء:28] کے تحت میں لکھا جا چکا ہے۔قارئین اس کتاب میں اسے ملاحظہ فرمالیں۔

⑥ جوامع الکلم کا عطیہ

بعض اہل قلم نے ''جوامع الکلم'' سے مراد قرآن مجید کو سمجھا ہے۔کون ہے جو قرآن مجید کے جامع ہونے سے انکار کر سکے۔مگر حقیقت یہ ہے کہ اس جگہ وہ کلام قدسی نظام مراد ہے،جسے ''حدیث نبوی'' علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کہا جاتا ہے۔

---

[1] بخاری:4712,741،مسلم:193،احمد:116/3 [2] بخاری:741،مسلم:193، مسند احمد:116/3

جب کوئی شخص ان الفاظ پاک پر غور کرے گا، جو حضور ﷺ پرنور کے دل وزبان سے گوش عالمیان تک پہنچے، اسے یقین ہو جائے گا کہ بے شک یہ کلام ''کلام نبوت'' ہے۔ مختصر، سادہ، صاف، پرصدق معانی کا خزینہ، ہدایت کا گنجینہ۔

اس کتاب کے متعدد مقامات پر احادیث پاک کا اندراج کیا گیا ہے، ناظرین کو تدبر اور تفکر کے بعد کلام نبوی ﷺ کی جامعیت کا حال کھل جائے گا اور بخوبی سمجھ آ جائے گا کہ یہ کلام صدق نظام صرف مطلع نبوی ﷺ ہی سے جلوہ گر ہو سکتا ہے۔ تیمناً وتبرکاً ایک حدیث درج کی جاتی ہے:

اِیَّاکُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَکْذَبُ الْحَدِیْثِ وَ لَا تَحَسَّسُوْا وَلَا تَجَسَّسُوْا لا وَ تَنَافَسُوْا وَلَا تَحَاسَدُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا وَ لَا تَدَابَرُوْا وَ کُوْنُوْا عِبَادَاللّٰہِ اِخْوَانًا کَمَا اَمَرَکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا یَظْلِمُہٗ وَ لَا یَخْذُلُہٗ وَ لَا یَحْقِرُہٗ بِحَسْبِ امْرَءٍ مِنْ اِشْرَاکٍ یَحْقِرُ اَخَاہُ الْمُسْلِمِ کُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ حَرَامٌ مَالُہٗ وَ دَمُہٗ وَعِرْضُہٗ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَ اَجْسَادِکُمْ وَ لٰکِنْ یَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَاَعْمَالِکُمْ۔ اَلتَّقْوٰی ھٰھُنَا اَلتَّقْوٰی ھٰھُنَا وَیُشِیْرُ اِلٰی صَدْرِہٖ اَلَا لَا یَبِیْعُ بَعْضُکُمْ عَلٰی بَعْضٍ وَ کُوْنُوْا عِبَادَاللّٰہِ اِخْوَانًا وَ لَا یَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ یَّھْجُرَ اَخَاہُ فَوْقَ ثَلَاثٍ وَاَخْرَجَہُ السِّتَّۃُ اِلَّا النَّسَائِیْ وَھٰذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ۔ [1]

(1) ''خبردار بدگمانی کو عادت نہ بنانا، بدگمانی تو بالکل جھوٹی بات ہے۔ (2) لوگوں کی عیب جوئی نہ کرنا۔ (3) اور نہ ایسی باتوں کو اپنے کان تک پہنچنے دینا۔ (4) بڑھنے کے لیے مت جھگڑنا (5) باہمی حسد نہ کرنا (6) باہمی بغض نہ رکھنا (7) کسی کی پس پشت برائی نہ کرنا۔ (8) اے اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی ہو کر رہنا جیسا کہ تم کو اللہ کا حکم ہے۔ (9) مسلم مسلم کا بھائی ہے۔ بھائی پر نہ کوئی ظلم کرے (10) نہ اسے رسوا کرے نہ حقیر جانے (11) انسان کے لیے یہی برائی بہت زیادہ ہے کہ اپنے مسلم بھائی کو وہ حقیر سمجھے (12) مسلم کا خون، عزت دوسرے مسلم پر بالکل حرام ہے (13) اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور جسموں کو بالکل نہیں دیکھتا۔ وہ تو تمہارے دلوں اور عملوں کو دیکھتا ہے۔ (14) دل کی طرف اشارہ کر کے فرمایا تقویٰ یہاں ہے۔ تقویٰ یہاں ہے۔ (15) خبردار ایک کی خرید پر دوسرا شخص خریدار نہ بنے۔ (16) اللہ کے بندو! بھائی بھائی بنو۔ (17) مسلم پر حلال نہیں کہ اپنے بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑے (نسائی کے سوا صحاح میں ہے۔)''

خصوصیت معراج

﴿سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ﴾ [بنی اسرائیل:1]

معراج نبوی ﷺ کا ذکر اس کتاب کی جلد اول میں کیا جا چکا ہے اور جلد دوم میں بھی۔ ہر دو مقامات پر واقعہ الگ الگ

---

[1] یہ حدیث مختلف احادیث مبارکہ کا مجموعہ ہے۔ حوالہ جات درج ذیل ہیں: بخاری:6951,2442,6077,6066، مسلم:2580,58,2560,25,2563,28، 2564، ابوداؤد:4882,4893,4914,49114917، ترمذی:1927,1426,1932، نسائی:7291,9161، ابن ماجہ:4213

اسلوب سے بیان ہوا ہے۔

اب اس مضمون خصائص النبی ﷺ میں بھی اس عنوان کا شامل ہونا ضروری تھا۔ الحمد للہ کہ اس جگہ تیسرے طرز بدیع میں اس کا ذکر کیا جاتا ہے۔

قارئین یاد رکھیں کہ معراج نبی ﷺ ان خصوصیات میں سے ہے جس میں اور کوئی نبی و رسول حضور ﷺ کا سہیم نہیں۔

لفظ معراج کا مادہ ''عروج'' ہے۔ چوں کہ احادیث میں الفاظ عُرِجَ لِی استعمال فرمائے گئے ہیں، لہٰذا اس واقعہ مبارکہ کے لیے لفظ معراج خاص ہو گیا۔

لفظ معراج کے معنی زینہ بھی ہیں، چوں کہ عروج وارتقاء منزل بہ منزل ہوا تھا۔ لہٰذا اس واقعہ باطنی کے لیے یہ تشبیہ ظاہری بھی خوب ہے۔

تعدد معراج

علماء میں سے بعض تعدد کے قائل ہوئے ہیں اور لفظ ''اسریٰ'' ولفظ معراج کے معانی کا فرق بتلایا ہے اور اسی لیے انھوں نے ان واقعات کے لیے مختلف سالوں اور مہینوں کا ذکر کیا ہے مگر حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ [1] نے جو بڑے محقق ہیں اپنی تفسیر میں لکھ دیا ہے کہ تعدد معراج کا قول مطلقاً بے سند ہے اور احادیث صحیحہ کے مفہوم کے بھی مخالف ہے۔

تعین زمانہ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت صحیح بخاری میں ہے کہ ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات تین سال قبل از ہجرت تھی۔ دوسری روایت ہے طاہرہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات فرضیت نماز پنجگانہ سے پیشتر تھی۔ (بخاری عن عائشہ) نتیجہ یہ ہوا کہ واقعہ معراج کے بعد از وفات سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا تھا اور اس واقعہ کو ہجرت سے تین سال زیادہ کا تاخر نہیں دے سکتے۔

ذکر ہجرت کا آغاز عقبہ کی اس اولین ملاقات سے ہے جس میں انصار کے صرف چھ (6) اشخاص حضور ﷺ سے ملے تھے ،شروع ہو جاتا ہے لہٰذا واقعہ معراج کو ہجرت سے قریب ترین تعلق ہے۔ امام ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ نے واقعہ معراج کو دیا چہ الاستیعاب میں 52 ولادت نبوی کا بتلایا ہے۔ نیز انھوں نے لکھا ہے کہ اس کی تفصیلی بحث انھوں نے کتاب ''التمہید'' میں کی ہے۔ زرقانی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ امام ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ و امام ابومحمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ الدینوری رحمۃ اللہ علیہ اور امام نووی (جعالرافعی) نے معراج کے لیے ماہ رجب کا تعین کیا ہے۔

حافظ عبدالغنی بن عبدالواحد بن علی بن سرور المقدسی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 13 ربیع الآخر 600ھ) نے ستائیسویں (27) رجب کو جملہ اقوال پر ترجیح دی ہے اور لکھا ہے کہ ہمیشہ سے عملاً اسی تاریخ پر اتفاق کیا گیا ہے۔

مندرجہ بالا اقوال کا نتیجہ ہے یہ ہوا کہ معراج ستائیسویں (27) رجب 52 ولادت نبوی ﷺ کو ہوا تھا۔

میں نے نبی ﷺ کی سیرت مبارکہ کے متعلق 23 سالہ جنتری خود تیار کی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ماہ رجب 52 کا پہلا دن جمعہ تھا۔ لہٰذا ستائیسویں (27) رجب کی شب کے بعد طالع ہونے والا دن چہارشنبہ (بدھ) تھا اور اسلامی طریق سے شب معراج

---

[1] الامام عماد الدین ابوالفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر قریشی، دمشقی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی 774ھ) بہت بڑے عالم وزاہد اور مصنف کتب کثیرہ تھے۔ البدایہ والنہایہ اور تفسیر ابن کثیر انھیں کے مشہور علمی شاہکار ہیں۔

بھی چہارشنبہ (بدھ) تھی۔

راویان احادیث معراج مع حوالہ کتب احادیث

ذیل میں دکھلایا جاتا ہے کہ احادیث معراج کن کن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے کن کن دواوین حدیث میں مروی ہے۔

① حدیث انس بن مالک رضی اللہ عنہ

①	صحیح بخاری وابن جریر	بطریق شریک بن عبداللہ عن انس رضی اللہ عنہ
②	صحیح مسلم	بطریق ثابت عن انس رضی اللہ عنہ
③	نسائی وابن ماجہ	بطریق یزید بن مالک عن انس رضی اللہ عنہ
④	ابن ابی حاتم	بطریق دیگراز یزید بن مالک
⑤	ابن جریروابن مردویہ	بطریق عبدالرحمن بن ہاشم عن انس رضی اللہ عنہ
⑥	احمد و ترمذی، بیہقی، عبد بن حمید، ابن جریرو ابن مردویہ، ابونعیم	بطریق قتادہ عن انس رضی اللہ عنہ
⑦	ابوداؤدواحمد	بطریق عبدالرحمن بن جبیر عن انس رضی اللہ عنہ
⑧	ابن مردویہ	بطریق قتادہ وسلیمان التیمی وعلی بن زید عن انس رضی اللہ عنہ
⑨	ابن سعد، سعد بن منصور، بزار، بیہقی، ابن عساکر	عن ابی عمران الجونی عن انس رضی اللہ عنہ

② حدیث جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ: صحابی بن صحابی

①	صحیح بخاری وصحیح مسلم	عن جابر رضی اللہ عنہ

③ حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ

①	صحیحین	من طریق قتادہ عن ابی العالیہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ
②	صحیح مسلم	ایضاً عن ابن عباس رضی اللہ عنہ
③	احمدوابونعیم، ابن مردویہ بسند صحیح	من طریق قابوس عن ابیہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ
④	احمد، ابویعلی، ابونعیم، ابن مردویہ	من طریق عکرمہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ
⑤	احمد، نسائی۔ بزار، طبرانی، بیہقی، ابن مردویہ	من طریق شہر بن حوشب عن ابن عباس رضی اللہ عنہ

④ حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ

①	صحیح بخاری	من طریق علقمہ عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ

②	صحیح مسلم	من طریق مرۃ الہمدانی عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ
③	صحیح مسلم وبیہقی وابونعیم	من طریق زر عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ
④	احمد، ابن ماجہ، سعید بن منصور وحاکم صححہ	من طریق موثر بن غفار عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ
⑤	ترمذی، وخشنہ وابن مردویہ	من طریق عبدالرحمن عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ
⑥	بزار ۔ ابو یعلی، حارث بن ابی اسامہ، طبرانی، ابونعیم، ابن عساکر	من طریق عاتمہ عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ

⑤ حدیث مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ (1)

⑥ حدیث ابی ذر رضی اللہ عنہ

①	صحیحین	من طریق الزھری عن انس قال کان ابو ذر یحدث بسندہ عن ابی ذر رضی اللہ عنہ

⑦ حدیث ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ

①	صحیح مسلم واحمد وابن مردویہ	من طریق ابی سلمہ
②	احمد، ابن ماجہ، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ	من طریق ابی الصلت
③	ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ، بزار، ابویعلی بیہقی	من طریق ابن العالیہ عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ
④	ابن مردویہ	من طریق سلیمان التیمی
⑤	سعید بن منصور ابن سعد	عن ابی وہب مولی ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ
⑥	صحیح بخاری ومسلم واحمد مالک حدثہ	من طریق قتادہ عن انس رضی اللہ عنہ

⑧ حدیث حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ

①	احمد بن ابی شیبہ۔ ترمذی، حاکم صححہ ونسائی وابن جریر وابن مردویہ، بیہقی	عن حذیفہ رضی اللہ عنہ

(1) نہایت قلیل الروات ہیں۔ یہی ایک حدیث ان سے بطریق صحیح محفوظ ہے جو نہایت اتفاق سے مروی ہے۔

(9) حدیث سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ

1	ابن مردویہ	عن سمرہ رضی اللہ عنہ

(10) حدیث سہل بن سعد رضی اللہ عنہ

1	ابن عساکر	عن سہل بن سعد رضی اللہ عنہ

(11) حدیث شداد بن اوس رضی اللہ عنہ

1	ابن ابی حاتم، بیہقی، وصححہ، بزار، طبرانی، ابن مردویہ	عن شداد رضی اللہ عنہ

(12) حدیث صہیب رضی اللہ عنہ

1	طبرانی، ابن مردویہ	عن صہیب بن سنان رضی اللہ عنہ

(13) حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ

1	ابوداؤد، طبرانی (اوسط)، بیہقی	عن ابی عمر رضی اللہ عنہ

(14) حدیث ابن عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ

1	ابن مردویہ	عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ

(15) حدیث عبداللہ بن سعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ: صحابی بن صحابی

1	بزار، ابن قانع، ابن عدی، بغوی، ابن عساکر	عن عبداللہ بن اسعد رضی اللہ عنہ

(16) حدیث ابوایوب رضی اللہ عنہ

1	ابن ابی حاتم۔ ابن مردویہ	عن ابی ایوب رضی اللہ عنہ

(17) حدیث ابی حیہ رضی اللہ عنہ

1	طبرانی، ابن قانع، ابن مردویہ	عن ابی حیہ رضی اللہ عنہ

(18) حدیث ابی العمراء رضی اللہ عنہ

1	طبرانی، ابن قانع، ابن مردویہ	عن ابی العمراء رضی اللہ عنہ

(19) حدیث ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ

1	ابن جریر، ابن المنذر، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ، بیہقی، ابن عساکر۔	ابن ہارون العبدی

2	ابن مردویہ	من طریق ابی نضرۃ عن ابی سعید
3	ابن مردویہ من وجہ آخر	عن ابی نضرۃ
4	ابن مردویہ من وجہ آخر	من طریق قحمہ عن ابی سعید

20 حدیث ابی یعلی رضی اللہ عنہ

1	طبرانی (اوسط) ابن مردویہ	من طریق محمد بن عبدالرحمن

21 حدیث عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

1	ابن مردویہ، حاکم وصححہ، بیہقی	من طریق زہری عن عروہ

22 حدیث اسماء بنت الصدیق رضی اللہ عنہا

23 حدیث ام ہانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا

1	ابن اسحٰق، ابن جریر	عن الکلبی عن ابی صالح عن ام ہانی رضی اللہ عنہا

24 حدیث عمر فاروق رضی اللہ عنہ

1	احمد	عن عبید بن آدم عن امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ
2	ابن مردویہ	من طریق مغیرہ بن عبدالرحمٰن

25 حدیث ابی سفیان اموی رضی اللہ عنہ

1	ابونعیم عن محمد بن کعب القرظی	عن سفیان بطریق ایمیا (موقوف)

26 حدیث امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ

1	طبرانی	من طریق الحسین عن ابیہ
2	ابونعیم	من طریق محمد بن الحنفیہ رحمۃ اللہ علیہ
3	ابن مردویہ	من طریق زید بن علی بن آباءہ عن علی

27 حدیث عبدالرحمٰن بن قرط الثمالی رضی اللہ عنہ

1	سعید بن منصور، طبرانی، ابن مردویہ، ابونعیم (فی المعرفہ)	عن عبدالرحمن بن قرط

28 حدیث بریدہ رضی اللہ عنہ

1	ترمذی، حاکم، صححہ وابونعیم، ابن مردویہ، بزار	عن بریدہ رضی اللہ عنہ

صحابہ رضوان اللہ علیہم جس قدر راویان حدیث ہیں، ان میں مکی مہاجر بھی ہیں اور مدنی انصار بھی۔ واقعہ معراج مکہ معظمہ میں ہوا لیکن یہ خیال غلط ہے کہ انصار اصحاب رضی اللہ عنہم نے بعد میں جو کچھ بیان کیا ہے وہ مہاجرین سے سنا ہوا تھا۔

اول تو راوی نے صحابہ کی خود صراحت کہ انھوں نے حدیث کو نبی ﷺ تک پہنچایا۔ اس بارے میں کافی دلیل ہے۔

دوم یہ قدرتی امر ہے کہ جب انصار کبار نے معراج کے متعلق اپنے مہاجر بھائیوں سے کچھ سنا تو ان کے شوق و ذوق کا تقاضا یہی ہونا چاہیے تھا کہ وہ خود سرور عالم ﷺ کی زبان سے سننے کی درخواست کرتے، جیسا کہ محدثین میں ہمیشہ علو اسناد کے حاصل کرنے کا شوق پایا گیا ہے۔ یہ صرف قیاس ہی نہیں بلکہ بعض روایات میں صراحۃً اس کی بابت الفاظ موجود ہیں۔ حدیث شداد بن اوس رضی اللہ عنہ میں ہے۔

قُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ أُسْرِيَ بِكَ [1] لفظ قُلْنَا پر غور کرنا چاہیے کہ یہ درخواست ایک مجمع صحابہ رضی اللہ عنہم کی طرف سے تھی۔

صحیحین کی روایت مالک بن صعصعہ میں ہے: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمْ [2] ''خود نبی کریم ﷺ نے ان سے حدیث بیان فرمائی۔''

لہٰذا معراج کی احادیث مرفوعہ خواہ ان کے راوی مہاجرین ہیں یا انصار سب کی سب نبی ﷺ سے سنی ہوئی ہیں۔

بعض صحابہ مثلاً ابن عباس اور انس رضی اللہ عنہم ایسے بھی ہیں جنھوں نے نبی ﷺ سے روایت براہ راست بھی کی ہے اور بالواسطہ کسی دوسرے صحابی سے بھی۔ ان کی طرف سے ہر دو گونہ روایات ہیں۔ اس تمیز کو قائم رکھنا بھی ثابت کرتا ہے کہ انھوں نے مرسل کو مرفوع کہنے کی جرأت کبھی نہیں کی۔ یہ امر اور بھی موجب اطمینان ہے کہ صحیحین کی احادیث واقعہ معراج کے متعلق زیادہ مکمل اور زیادہ مفصل ہیں۔

اب واقعات معراج کو بیان کیا جاتا ہے

[1] صحیح مسلم کی حدیث میں طریق ثابت عن انس رضی اللہ عنہ میں ہے: ''میں سواری پر سوار ہوا اور بیت المقدس پہنچا۔ سواری کو اسی حلقہ سے باندھ دیا جس سے انبیاء علیہم السلام اپنی سواریاں باندھا کرتے تھے۔ مسجد میں جا کر میں نے دو رکعت نماز ادا کی اور وہاں سے آسمان کی طرف عروج ہوا۔ [3]

[2] ابن ابی حاتم کی ایک روایت عن یزید بن ابی مالک عن انس میں نماز بیت المقدس کے متعلق یہ صراحت ہے کہ:

''میرے پہنچ جانے کے بعد وہاں بہت سے لوگ جمع ہو گئے۔ اذان دی گئی اور اقامت کہی گئی۔ صفیں درست ہوئیں۔ میں انتظار میں تھا کہ نماز کون پڑھائے گا۔ جبریل علیہ السلام نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے آگے کھڑا کر دیا۔ بعد از نماز جبریل علیہ السلام نے پوچھا آپ کو معلوم ہے کہ آپ کے پیچھے کن لوگوں نے نماز پڑھی؟ میں نے کہا نہیں۔ جبریل علیہ السلام نے کہا: یہ سب انبیاء ہیں جو منجانب اللہ مبعوث ہو چکے۔'' [4]

[3] امام احمد کی روایت عن عبید بن آدم میں بیت المقدس کے متعلق یہ صراحت ہے کہ

''جب امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ بیت المقدس پہنچے، تب کعب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ مجھے نماز کہاں پڑھنی چاہیے، اس نے کہا صخرہ کے

---

[1] کشف الاستار :53، مجمع الزوائد :236 [2] بخاری :3207، مسلم :164 [3] مسلم :411 [4] تفسیر ابن کثیر :189/3

پیچھے۔ امیر المومنین نے کہا نہیں۔ میں وہاں پڑھوں گا جہاں نبی ﷺ نے پڑھی تھی۔'' [1]

مالک بن صعصعہ ؓ کی حدیث من طریق انس ؓ بھی موجود ہے۔

مالک بن صعصعہ ؓ نہایت قلیل الروایت ہیں۔ حتیٰ کہ اکثر محدثین کا خیال ہے کہ اس ایک حدیث کے سوا ان سے اور کوئی حدیث مروی نہیں ہے، ایسے بزرگوار نے حدیث کو نہایت ہی اتقان کے ساتھ یاد رکھا اور روایت کیا ہوگا، کیوں کہ ان کی ساری عمر کی کمائی یہی ہے اور غالباً یہی پختہ ہے کہ انس ؓ نے خود مرفوعاً روایت کرنے کے بعد بھی بزرگوار ابن صعصعہ ؓ سے روایت کرنا اپنے لیے موجب فخر و مسرت سمجھا۔ اب مالک بن صعصعہ ؓ والی حدیث ہی کا ترجمہ پیش کرتا ہوں۔

نبی ﷺ نے فرمایا کہ میں حطیم میں لیٹا ہوا تھا (قتادہ نے لفظ ''حطیم'' کی جگہ کہیں لفظ ''حجر'' بھی استعمال کیا ہے۔ دونوں نام ایک ہی مقام کے ہیں۔ یعنی خانہ کعبہ کے اندر کی وہ زمین جسے قریش نے باہر چھوڑ دیا تھا۔ جب آنے والا (جبریل علیہ السلام) میرے پاس آیا۔ اس نے اپنے ساتھی (میکائیل علیہ السلام) سے کہا کہ ان تین میں سے درمیان والے نبی ﷺ ہیں۔ پھر وہ میرے پاس آیا، سینہ سے لے کر زیر ناف تک میرا جسم شق کیا۔ پھر سونے کا طشت لایا گیا جو ایمان و حکمت سے پر تھا۔ میرے قلب کو دھویا اور ایمان و حکمت سے بھر دیا۔ پھر زخم درست کر دیا۔ پھر میرے لیے سواری لائی گئی جس کا قد خچر سے کم اور حمار (گدھا) سے اونچا تھا۔ اس کا قدم اس کی حد بصر تک پڑتا تھا۔ مجھے سوار کیا گیا۔ جبریل علیہ السلام میرے ساتھ چلا۔ آسمان دنیا تک مجھے لے کر پہنچایا گیا۔ دروازہ کھلوایا، اندر سے پوچھا کون ہے؟ کہا جبریل علیہ السلام۔ کہا تمھارے ساتھ کون ہیں؟ کہا: محمد ﷺ۔ انھوں نے کہا کیا آپ کو بلوایا گیا ہے؟ جبریل علیہ السلام نے کہا: ہاں۔ فرشتوں نے مرحبا کہا اور کہا خوب تشریف لائے۔ دروازہ کھلا۔ میں اندر گیا تو وہاں آدم تھے۔ جبریل علیہ السلام نے کہا یہ تمھارے ابا آدم علیہ السلام ہیں، سلام کیجیے۔ میں نے سلام کیا۔ انھوں نے جواب دیا اور ابن صالح و نبی صالح فرما کر مرحبا بھی کہا۔

پھر جبریل علیہ السلام دوسرے آسمان تک پہنچا۔ دروازہ کھلوایا (وہی گفتگو پہلے آسمان والی ہوئی) میں اندر گیا تو وہاں یحییٰ و عیسیٰ علیہما السلام تھے۔ یہ دونوں خالہ زاد ہیں۔ جبریل علیہ السلام نے بتایا کہ یہ یحییٰ و عیسیٰ علیہما السلام ہیں۔ سلام کیجیے۔ میں نے سلام کیا۔ انھوں نے جواب دیا اور اخ صالح و نبی صالح کہہ کر مرحبا بھی کہا۔

پھر تیسرے آسمان پر گئے۔ (وہی گفتگو ہوئی، دروازہ کھلا) وہاں یوسف علیہ السلام تھے۔ سلام و جواب کے بعد انھوں نے بھی اخ صالح و نبی صالح کے الفاظ میں مرحبا کہا۔

پھر جبریل علیہ السلام چوتھے آسمان تک بلند ہوا۔ دروازہ کھولنے کو کہا۔ پوچھا کون؟ کہا جبریل علیہ السلام۔ پوچھا تمھارے ساتھ کون ہیں؟ کہا محمد ﷺ۔ پوچھا کیا بلوائے گئے ہیں؟ کہا: ہاں۔ فرشتوں نے مرحبا کہا اور میرے آنے پر خوشی کا اظہار کیا۔ اندر گئے تو وہاں ادریس علیہ السلام تھے۔ میں نے سلام کیا۔ انھوں نے جواب دیا اور اخ صالح و نبی صالح کہہ کر مرحبا کہا۔

اسی طرح پانچویں آسمان والے فرشتوں کی بات جبریل علیہ السلام سے ہوئی۔ میں اندر گیا۔ وہاں ہارون علیہ السلام ملے۔ سلام کا جواب دے کر مجھے اخ صالح و نبی صالح کے ساتھ مرحبا کہا۔

اسی طرح چھٹے آسمان پر جبریل علیہ السلام اور فرشتوں کی گفتگو ہوئی۔ میں اندر گیا تو وہاں موسیٰ علیہ السلام ملے۔ میں نے سلام کیا۔ انھوں نے جواب دیا اور اخ صالح و نبی صالح کہہ کر مرحبا کہا۔

میں ان سے آگے کو چلا تو موسیٰ علیہ السلام رو پڑے، پوچھا گیا کہ تم کیوں روئے؟ کہا یہ نوجوان میرے بعد نبی ہوا اور اس کی امت

---

[1] مسند احمد: 38/1؛ تفسیر ابن کثیر، سورۃ الاسراء

کے لوگ میری امت سے بہت زیادہ تعداد میں داخل جنت ہوں گے۔

پھر ساتویں آسمان پر جبریل علیہ السلام پہنچا۔ فرشتوں سے گفتگو ہوئی اور وہاں میں نے دیکھا کہ ابراہیم علیہ السلام موجود ہیں۔ میں نے سلام کیا۔ انھوں نے جواب دیا اور ابن صالح و نبی صالح کہہ کر مرحبا کہا۔

پھر مجھے سدرۃ المنتہیٰ تک اٹھایا گیا۔ اسکا پھل بڑی چاٹیوں جیسا اور اسکے پتے ہاتھی کے کان جیسے بڑے ہیں۔ جبریل علیہ السلام نے بتایا کہ سدرۃ المنتہیٰ یہی ہے۔ وہاں چار نہریں دیکھیں، دو اندر بہتی تھیں، دو کھلم کھلی۔ جبریل نے بتایا کہ اندر اندر چلنے والے دریا تو بہشت کے دریا ہیں اور کھلے چلنے والے نیل و فرات۔

پھر سامنے ''بیت المعمور'' نمودار ہوا۔ (قتادہ جو راوی حدیث ہیں انھوں نے کہا کہ حسن رضی اللہ عنہ نے ہم کو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بیان کیا تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیت المعمور میں ستر ہزار (70000) فرشتے روزانہ داخل ہوتے ہیں اور پھر لوٹ کر نہیں آتے۔ اس قدر ایزدی کے بعد قتادہ رضی اللہ عنہ نے پھر حدیث انس کی طرف رجوع کیا) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر میرے سامنے شراب اور دودھ اور شہد کے برتن پیش کیے گئے، میں نے دودھ لے لیا۔ جبریل علیہ السلام نے کہا یہی وہ فطرت ہے جس پر آپ اور آپ کی امت ہے۔ پھر پچاس (50) نمازیں فرض کی گئیں۔ روزانہ پچاس (50) نمازیں۔ پھر میں نیچے آیا اور موسیٰ علیہ السلام تک پہنچا تو انھوں نے پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ کی امت پر کیا فرض کیا؟ میں نے کہا: پچاس (50) نمازیں روزانہ۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا آپ کی امت میں اس کی استطاعت نہ ہوگی اور میں قبل ازیں لوگوں کا امتحان کر چکا ہوں اور بنی اسرائیل کی تدبیر کرتا رہا ہوں۔ آپ اپنے رب کی طرف واپس جائیں اور امت کے لیے تخفیف کا سوال کیجیے۔ میں واپس گیا، دس (10) نمازیں کم کر دیں گئیں۔ میں لوٹ کر یہی موسیٰ علیہ السلام کو بتایا وہ بولے کہ پھر واپس جایئے اور تخفیف کا سوال کیجیے۔ میں واپس گیا، اور دس (10) نمازوں کی تخفیف کر دی گئی۔ میں نے پھر موسیٰ علیہ السلام کو یہی آ کر بتلایا۔ انھوں نے کہا کہ پھر واپس جایئے اور تخفیف کا سوال کیجیے۔ میں واپس گیا۔ تب دس نمازوں کی اور تخفیف کر دی گئی۔ انھوں نے پھر کہا کہ واپس جایئے اور تخفیف کا سوال کیجیے۔ میں اسی طرح جاتا رہا۔ حتیٰ کہ پانچ نمازوں کا حکم ہو گیا اور میں نے موسیٰ علیہ السلام کو بتلایا۔ انھوں نے کہا کہ آپ کی امت میں استطاعت بھی نہ ہوگی۔ مجھے لوگوں کا خوب تجربہ ہے اور میں نے بنی اسرائیل کے لیے بڑی بڑی تدبیریں کی ہیں لہٰذا واپس جایئے اور تخفیف کا سوال کیجیے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا کرتا شرمسار ہو گیا ہوں۔ اب تو میں اس کو خوشی سے مانوں گا اور تسلیم کروں گا۔ اس وقت پکارنے والے کی ایک آواز آئی کہ میں نے اپنے فریضہ کو جاری کر دیا اور اپنے بندوں سے تخفیف بھی کر دی۔ [1]

(5) شیخین کی حدیث عن انس میں مزید یہ ہے کہ ابوذر رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یوں روایت کیا کرتے تھے کہ:

آدم علیہ السلام جب دائیں جانب دیکھتے تب ہنستے اور جب بائیں جانب دیکھتے تب روتے۔ جبریل علیہ السلام نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پوچھنے پر بتلایا کہ دائیں بائیں اولاد آدم کی ارواح ہیں۔ دائیں جانب اہل جنت ہیں اور بائیں اہل نار، دائیں جانب دیکھتے ہیں تو ہنس

---

[1] بخاری: 3878,3430,3393,3207، مسلم: 416، ترمذی: 3346، نسائی: 447، مسند احمد: 208/4 یعنی نمازیں پانچ اور ثواب پچاس کا۔

پڑتے ہیں اور بائیں جانب کو دیکھتے ہیں تو رو پڑتے ہیں۔ [1]

⑥ زہری کہتے ہیں کہ ابن حزم نے مجھے بتلایا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ اور ابو حبہ الانصاری یہ بھی کہا کرتے تھے کہ:

"نبی ﷺ فرماتے ہیں کہ مجھے بلندی پر لے جایا گیا اور میرے سامنے مستوی آ گیا، میں صریف الاقلام سنتا تھا۔

پانچ نمازوں کی تعیین کے بعد موسیٰ علیہ السلام بھی میرے ساتھ چلے۔ میں سدرۃ المنتہیٰ پر واپس آیا۔ اس پر ایسے رنگا رنگ الوان پڑ رہے تھے کہ جن کی صفت بیان سے باہر تھی۔ پھر مجھے جنت میں لے جایا گیا، جس کی کنکریاں آبدار موتی ہیں اور جس کی زمین مشک خالص کی ہے۔ [2]

ساتوں آسمانوں پر آٹھوں انبیاء کی ملاقات کا راز

مختلف آسمانوں پر الگ الگ انبیاء علیہم السلام کی ملاقات بہت سی نصائح دینی پر مشتمل ہے:۔

① پہلی بات تو یہ ہے کہ جس طرح شاہان عالم معزز مہمان کے اکرام کے لیے اپنی سرحد خاص سے لے کر دربار خاص تک درجہ بدرجہ امرائے عظام کو مقرر کیا کرتے ہیں۔ اس طرح ان انبیاء کرام علیہم السلام کا تعین بھی آسمان اول سے آسمان ہفتم تک کیا گیا۔

② آدم علیہ السلام ابوالبشر ہیں۔ اول الانبیاء ہیں۔ اس لیے ان کا تعلق آسمان اول سے ایک خصوصیت رکھتا ہے۔ آدم علیہ السلام ہیں جن کو ترک جنت کا الم اٹھانا پڑا۔ مگر جب زمین پر آئے اور خلافت الارض کا تاج ان کے سر پر رکھا گیا اور ان کی اولاد و رفقا سے زمین آباد ہو گئی تب ان کا وہ الم مبدل بہ سرور ہو گیا۔

نبی ﷺ بھی اَحَبُّ الْبِلَادِ عِنْدَ اللّٰہِ [3] کو ترک کرنے والے تھے، لیکن اقامت مدینہ طیبہ اشاعت اسلام اور نشر علوم کا سبب تھی۔ یہیں سے نصرت و فتح کے اعلام بلند ہوئے اور یہی بلدہ طیبہ حضور کے خلفاء کا بھی مستقر ثابت ہوا۔

③ یحییٰ و عیسیٰ علیہما السلام میں قرابت بھی ہے۔ مسیح نے اصطباغ بھی یحییٰ علیہ السلام سے پایا تھا۔ احوال زہد و محنت میں بھی دونوں متحد الاحوال ہیں۔ اس لیے وہ دونوں ایک ہی مقام پر جمع تھے اور دونوں کو نبی ﷺ کے زہد و توکل اور اعراض عن الخلق و مستقبل کا دکھلانا بھی مقصود تھا۔ یحییٰ علیہ السلام نے اپنا کام عیسیٰ مسیح علیہ السلام پر چھوڑا تھا اور عیسیٰ مسیح علیہ السلام نے اکمال صداقت اور اتمام حقانیت کا حضور ﷺ کے ہاتھوں سے پورا ہونا بتلایا تھا۔ لہٰذا ضروری تھا کہ دونوں بزرگوار اپنی بہترین تمناؤں کو مکمل شدہ حالت میں دیکھ لیتے۔

④ یوسف علیہ السلام کے احوال مبارکہ کو نبی ﷺ سے مماثلت کلی ہے۔ دونوں صاحب الجمال والکمال ہیں۔ دونوں کو امتحانات ساتھ دینے پڑے۔ دونوں میں عفو و کرم کا وفور ہے۔ دونوں نے اخوان جفا پیشہ کو لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ کے مژدہ سے جان بخشی فرمائی ہے۔ دونوں صاحب امر و حکومت ہیں اور دنیا سے پوری کامرانی و حکمرانی اور جاہ و جلال کے ساتھ رخصت ہوئے ہیں۔

⑤ چوتھے فلک پر ادریس علیہ السلام کی ملاقات ہوئی۔ کثرت درس اور توغل تعلیم اور شغف تدریس میں ادریس علیہ السلام کا خاص درجہ ہے اور یہی کیفیت نبی ﷺ کی تھی ﴿يُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ﴾ [الجمعۃ:2] حضور ﷺ ہی کے القاب گرامی میں داخل ہے۔

⑥ پانچویں پر ہارون علیہ السلام ملے۔ ہارون علیہ السلام اپنی قوم و امت میں ہر دل عزیز اور محبوب قلوب تھے۔ ہارون مسجد کے امام تھے۔ ہارون علیہ السلام تفرقہ بازی کو سب سے برا سمجھتے تھے اور یہ وہ صفات عالیہ ہیں جن کے انوار حضور ﷺ کی سیرت میں واضح و آشکار ہیں۔

⑦ چھٹے آسمان پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ملاقات ہوئی۔ یہ صاحب شریعت بھی ہیں اور صاحب کتاب بھی ہیں۔ غازی و مجاہد ہیں، مہاجر و

---

[1] بخاری:3342، مسلم:163/263 [2] بخاری:3342,1636,34، مسلم:163، تفسیر ابن کثیر:192/3

[3] مسلم:1528، ابن خزیمہ :1293، کنز العمال :20719

مناظر بھی۔ نبی ﷺ کے ساتھ ان محاسن میں مشابہ تر ہیں۔ ان کا رتبہ ان مجموعی محاسن کی وجہ سے پانچوں آسمانوں والے انبیاء سے بڑھ کر خاص امتیاز رکھتا ہے۔

8 ساتویں آسمان پر سیدنا ابراہیم علیہ السلام نظر آئے۔ یہی بانی کعبہ مقدسہ ہیں اور یہی کعبہ آسمانی (بیت المعمور) کے مہتمم ہیں۔ یہی امام خلق ہیں، خلیل الرحمٰن ہیں۔ نبی ﷺ نے کعبہ کو ارجاس اوثان سے پاک کیا۔ نبی ﷺ کی مرضی کے مطابق اللہ تعالیٰ نے امت محمدیہ کے لیے کعبہ کو قبلہ نماز بنایا۔ نبی ﷺ ہی نے ملت حنیفیہ کو زندہ کیا۔ نبی ﷺ ہی نے مناسک حج کو سنت ابراہیمیہ کے مطابق محکم فرمایا۔ نبی ﷺ ہی نے درود پاک میں اپنے نام کے ساتھ ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پاک کے نام کو شامل فرمایا۔
نبی ﷺ حلیہ کے لحاظ سے بھی سیدنا ابراہیم علیہ السلام سے نہایت مماثل تھے۔

رفعت، حضور ﷺ کو مقام ابراہیم (بیت المعمور) سے اوپر حاصل ہوئی۔ اسی سے ظاہر ہوگیا کہ حضور ﷺ ہی مقام محمود والے ہیں اور حضور ﷺ ہی اٰدَمُ وَ مَنْ دُوْنَهٗ، تَحْتَ لِوَائِیْ فرمانے کا استحقاق رکھتے ہیں۔ [1]

قرآن کریم اور معراج شریف

قرآن کریم نے واقعہ معراج کو دو سورتوں میں ذکر فرمایا ہے:

1 سورہ بنی اسرائیل جس کے آغاز ہی میں یہ آیات ہیں:

﴿ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَی الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ﴾ [بنی اسرائیل:1]

کلمہ سبحان تنزیہہ کے لیے آتا ہے اور شروع کلام میں اس لیے لایا جاتا ہے کہ جن واقعات کا ذکر آئندہ کیا جائے گا اللہ کی قدرت اور طاقت اس کو ظہور میں لانے سے عاجز و درماندہ نہیں۔ لَيْلًا کی تنوین رات کی مقدار قلیل کو ظاہر کرتی ہے۔

﴿ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ ﴾ اسی مقام کے قرب و جوار میں اشجار مثمرہ اور انہار جاریہ اور شجرہ مبارکہ زیتون کی کثرت ہے۔ اسی کا حوالی انبیائے کثیر کا مہبط وحی اور معجزات باہرات کا مصدر رہا ہے۔

﴿ مِنْ اٰيٰتِنَا ﴾ سے مراد وہ نشانات ارضی بھی ہیں جو بنی اسرائیل کے اقبال وادبار اور شرف وذلت کی زندہ زبان ہیں۔

اور وہ نشانات عظمٰی بھی اسی لفظ میں شامل ہیں جو حضور ﷺ نے مسجد اقصیٰ سے عروج کے بعد ﴿ ملكوت السّمٰوٰت والارض ﴾ ملاحظہ فرمائے۔

2 سورہ نجم میں ذکر ہے۔ مندرجہ ذیل آیات پر تدبر کرو۔

1 ﴿ لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰی ﴾ [النجم:18] ''اس نے اپنے رب کی ان آیات کو دیکھا جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ''کبریٰ'' بزرگ ترین ہونے کی صفت سے موصوف ہیں۔''

اس کے تحت میں جبریل علیہ السلام کا بصورت اصلی یا سدرۃ المنتہیٰ اور اس پر چھا جانے والے انوار قدسیہ کا بصورت تجلی یا جنت ونار کا بہ ہیئت موجودہ یا عجائبات ملکوت کا تفصیل سے معائنہ کچھ بھی لکھ دیا جائے، لیکن یہ سب کے سب اپنی مجموعی شان میں بھی لفظ کبریٰ کے

---

[1] ترمذی:3184

سامنے کم ہی ہوں گے۔اس لیے ان کا حصر و تعقل دشوار ہے۔

2 ﴿مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَ مَا طَغٰی﴾ [النجم:17] اس آیت میں نبی ﷺ کے شوق دید کا بھی بیان ہے اور مراعات حسن ادب کا ذکر ہے اور نبی ﷺ کے ثبات و وقار اور تحمل و استعداد رؤیت کا بھی تذکرہ ہے۔

موسیٰ علیہ السلام کے حال میں فرمایا گیا ہے ﴿فَلَمَّا تَجَلّٰی رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا﴾ {7، الاعراف 143}

'جب اللہ تعالیٰ نے پہاڑ پر تجلی ڈالی، تب پہاڑ کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو کر گر پڑے'

سیدنا حضرت محمد ﷺ خوب آنکھیں بھر کر ان انوار کو دیکھ رہے ہیں۔مشتاق آنکھ نہ جھپکتی ہے نہ ادھر ادھر تاکتی ہے۔قوت ربانیہ متوجہ نمائش ہے اور بصارت محمدیہ کمال قوت و نظارہ کے ساتھ وقف دید۔

3 ﴿مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی﴾ [النجم:11] ''جو کچھ آنکھوں نے دیکھا، دل نے اسے نہیں جھٹلایا''

بسا اوقات ہم دیکھتے ہیں کہ روشن صاف آنکھیں ایک شے کو دیکھتی ہیں اور دل آنکھ کی دیکھی ہوئی حالت کو جھٹلاتا ہے۔مثلاً ہم ہر صبح کو دیکھتے ہیں کہ سورج ایک زریں طشت کی صورت میں مشرق سے نمودار ہوتا ہے۔اس کا قد و قامت اس وقت اتنا چھوٹا نظر آتا ہے کہ کرہ ارض سے کروڑوں حصے کم ہو گیا، لیکن دل کہہ دیتا ہے کہ ایسا سمجھنا آنکھ کی غلطی ہے۔یہ تو زمین سے کروڑوں حصے بڑا ہے اور یقیناً بڑا ہے۔

ہم پانی کے اندر گری ہوئی چیزوں کو دیکھتے ہیں تو وہ ابھری ہوئی نظر آتی ہیں حالانکہ آنکھ کا اسے ایسا دیکھنا غلط ہوتا ہے۔

ہم سورج کی روشنی کو دیکھ کر اسے صرف ایک صاف، سفید روشنی سمجھتے ہیں حالانکہ دل بتلاتا ہے کہ اس روشنی میں سات (7) رنگوں کا اجتماع ہے۔

جب دیدہ و دل میں ایسا اختلاف پایا جاتا ہے تب یہ سمجھنا کہ آنکھ حقیقت اصلیہ کو دیکھ رہی ہے، غلط ہوتا ہے، لیکن حقائق کی اصلیت اور انکشافات کی حقیقت پر دل و دیدہ کا یقین، وثوق اور اعتبار مجتمع ہو جائے تو شک نہیں کہ یہ نظارہ بصیرت افروز ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا یہی مقصود ہے کہ نبی ﷺ کے نظارہ پاک کو جملہ ظنون و شکوک سے برتر اور جملہ صداقتوں اور حقیقتوں پر حاوی یقین کرنا چاہیے۔

4 ﴿فَاَوْحٰی اِلٰی عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰی﴾ [النجم:10] ''پھر اپنے بندہ پر جو وحی بھی بھیجنی تھی وہ بھیجی۔''

آیات بالا میں دیدہ و دل کی کیفیات کا ذکر تھا۔اس آیت میں گوش و دل کے حقائق کا ذکر ہے۔ **مَا اَوْحٰی** کا لفظ اجمال کے لیے نہیں بلکہ تفخیم کے لیے ہے۔اس سے تفخیم وحی بھی مقصود ہے اور **یُوْحٰی اِلَیْهِ** کی تعظیم بھی اور ان کی عظمت اصلیہ تو لفظ عبد میں پنہاں ہے۔پنہاں بھی ہے اور عیاں بھی۔

کچھ شک نہیں کہ واقعہ معراج نبی ﷺ کے مقامات اعلیٰ سے ایک برترین مقام ہے اور اس واقعہ کے ذکر میں اللہ تعالیٰ نے سورہ بنی اسرائیل میں بھی اور سورہ النجم میں بھی لفظ عبد ہی کا استعمال فرمایا ہے تاکہ مخلوق الٰہی خوب سمجھ لیں اور اچھی طرح سے ذہن نشین کر لیں کہ اس مقدس ہستی کے لیے بھی جس کی شان ''بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر'' سے آشکار ہے۔سب سے بلند ترین مقام عبودیت ہی کا ہے اور ہم سب کو اسی مقام عبودیت میں ارتقا (بقدر قابلیت و استعداد) کی ہدایت فرمائی گئی ہے۔ ﴿فَاعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ﴾ [الزمر:2] ''اللہ ہی کی عبادت کرو اور اسی کے لیے دین کو خالص کرو'' بیشک **الصلوٰۃ معراج المومنین** کے معانی بھی اس نکتہ سے حل ہوتے ہیں کیوں کہ اظہار عبودیت و بیان عجز و افتقار اور تشکل بندگی و ابتہال کے لیے نماز سے بڑھ کر اور کوئی صورت متحقق نہیں۔

بیداری وخواب کی بحث

بعض علماء کو آیت سے ﴿ وَ مَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ ﴾ [بنی اسرائیل:60]

''اور ہم نے آپ کو جو خواب دکھایا وہ لوگوں کے لیے ماسوائے فتنہ کے کچھ نہیں'' سے یہ خیال ہوا ہے کہ اس آیت کا اشارہ معراج کی طرف ہے اور چونکہ اسے رؤیا سے تعبیر کیا گیا ہے لہٰذا معراج کے واقعات خواب میں نظر آئے تھے۔

اس اشکال کو امام لغت ابن وجیہ رحمہ اللہ نے حل کر دیا ہے کہ رؤیت و رؤیا کا استعمال بمعنی واحد ہوتا ہے۔ لغت کا قول ہے:

رَأيت رؤية ورؤيا قربة و قربٰى اب یہ وہم اٹھ گیا رؤیا صرف خواب ہی کے لیے مستعمل ہے۔

زمخشری رحمہ اللہ نے جو ائمہ لغت ومعانی وبیان میں سے ہیں، اپنی تفسیر میں پر آیت بالا کے تحت میں لکھا ہے کہ اس رؤیا کا تعلق بدر سے ہے۔ جبکہ حضور ﷺ نے ہر ایک کافر کے گرنے کا نشان ومقام بھی بتلا دیا تھا اور کفار حضور ﷺ کے اس ارشاد کو استہزاء ہی بتاتے رہے۔ بعد ازاں لفظ قیل کے ساتھ اس نے یہ بیان کیا ہے:

اِنَّمَا سَمَّاهَا رُؤْيَا عَلٰى قَوْلِ الْمُكَذِّبِيْنَ حَيْثُ قَالُوْا لَه، لَعَلَّهَا رُؤْيَاءَ رَاَيْتَهَا وَخِيَالٌ خِيْلَ اِلَيْكَ۔ ①

لفظ رؤیا کا استعمال مکذبین کے استعمال کے موافق ہے۔ وہ معراج کا حال سن سن کر کہتے تھے کہ شاید یہ ایک خواب ہے یا پھر خیال جو اس کے دماغ میں آیا۔

اس کی مثال ان آیات میں ہے: ﴿ فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ ﴾ [الصافات:90] ''یعنی آپ (ابراہیم علیہ السلام) چپ چاپ ان کے معبودوں کے پاس چلے گئے'' ﴿ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ﴾ [القصص:62] ''کہاں ہیں میری ہمسری کے دعویدار''

﴿ ذُقْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴾ [الدخان:49] ''چکھ (عذاب) بلا ریب تو تو بڑا رعب اور عزت والا بنتا تھا۔''

اب محدثین کی سنیے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی صحیح کی کتاب التفسیر میں آیت ﴿ وَ مَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ ﴾ ② کے تحت میں بروایت عکرمہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ یہ الفاظ تحریر کیے ہیں۔

هِيَ رُؤْيَا عَيْنٍ اُرِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِه یہ آنکھ کا نظارہ تھا جو نبی ﷺ کو شب اسریٰ دکھلایا گیا۔

ابن عباس رضی اللہ عنہ بہ تر امت محمدیہ اور بہ دعائے رسول پاک ﷺ بہترین مفسر قرآن ہیں اور اس میں بھی کچھ شک نہیں کہ وہ لغت وادب کے بھی ائمہ عظام میں سے ہیں۔ ان کا قول:

''میرا ایمان ہے کہ نبی ﷺ کا معراج بیداری اور جسم کے ساتھ تھا'' یہی اعتقاد اکثر ائمہ اہل سنت محدثین وفقہائے تابعین وصحابہ کا ہے جو لوگ واضح ثبوت کے بعد بھی معراج کو خواب ہی سمجھا کریں وہ حدیث ذیل پر ذرا غور کریں۔

عَنِ الشَّيْخَيْنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَمَّا كَذَّبَنِيْ قُرَيْشٌ حِيْنَ اُسْرِيَ بِيْ اِلٰى بَيْتِ الْمُقَدَّسِ قُمْتُ فِي الْحِجْرِ فَجَلَّى اللّٰهُ لِيْ بَيْتَ الْمُقَدَّسِ فَطَفِقْتُ اُخْبِرُهُمْ عَنْ اٰيَاتِهٖ وَاَنَا

① کشاف جلد دوم: 191

② میرے سامنے جو صحیح بخاری موجود ہے وہ بمقام بمبئی 1268ھ میں لکھی گئی اور 1270ھ میں چھاپی گئی، اس میں لفظ رؤیۃ (بالتاء) ہے۔ آیت میں بھی اور تفسیر ابن عباس کے الفاظ میں بھی۔ اس لیے میں نے اس جگہ بالتاء نقل کیا ہے مگر میرے پاس ایک پرانی قلمی صحیح بخاری ہے اس میں وَ مَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا کو رسم الخط قرآنی کے مطابق لکھا ہے اور یہی صحیح ہے۔ بخاری: 3888، ترمذی: 3134، ابن حبان: 56، احمد: 374/1، سیر اعلام النبلاء: 130/1

اَنْظُرُ اِلَیْہِ۔ ①

''صحیح بخاری و مسلم میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب کفار نے میرے بیت المقدس تک جانے کو جھٹلایا (اور نشانات پوچھنے لگے) تب میں حطیم میں کھڑا ہو گیا اور اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو میرے سامنے کر دیا۔ میں عمارت کو دیکھتا جاتا تھا اور جو جو نشان وہ پوچھتے تھے، میں ان کو بتاتا جاتا تھا۔''

یہ ظاہر ہے کہ اگر حضور ﷺ نے واقعات معراج کو خواب کے رنگ میں بیان کیا ہوتا تو کفار بیت المقدس کے نشان پتے دریافت کرنے کا کیا حق رکھتے تھے اور اللہ تعالیٰ کو بھی کیا ضرورت تھی کہ بیت المقدس کو حضور کے سامنے ظاہر و جلوہ گر کر دے اور حضور ﷺ اسے دیکھ دیکھ کر سب نشانات کے جوابات بھی دیتے ہیں۔ خواب کے لیے تو اتنا ہی جواب کافی تھا کہ میں تو اپنا خواب بیان کر رہا ہوں۔ پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے بندہ کو اپنی آیات کبریٰ دکھلائیں اور وراءالوراء کی سیر کرائی۔

طے کنم ایں نامہ را گر نکنم چہ کنم !

حوصلہ خامہ نیست تاب رقم داشتن

---

① بخاری:4710، مسلم:428، ترمذی:3132، ابن حبان:55، مسند احمد:377/3

فصل چہارم 4

معجزات نبویہ ﷺ

لفظ ''معجزہ'' عجز سے بنایا گیا ہے۔ عجز کا استعمال لفظ قدرت کے مقابلہ میں کیا جاتا ہے۔ دراصل عجز سے یہ مفہوم لیا گیا ہے۔ عجز انسان کے پچھلے حصہ کو کہتے ہیں: ﴿ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ﴾ [القمر:20] میں یہی معنی ملحوظ ہیں۔ پھر اس عجز سے کسی کام میں مؤخر رہنے کا مفہوم اور پھر اس سے درماندگی کا مفہوم لیا جاتا ہے۔

''عجوز'' اس مرد یا عورت کو کہتے ہیں جو پیرانہ سالی کی وجہ سے بہت سے امور کرنے سے درماندہ و عاجز رہ جائے۔

قرآن مجید میں ہے کہ جب قابیل کے سامنے ایک کوے نے دوسرے کوے پر مٹی ڈال کر اسے زیر خاک کیا۔ تب قابیل بولا: ﴿يٰوَيْلَتٰۤى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ﴾ [المائدۃ:31]

''(افسوس میں تو اس کوے جیسا بھی نہ ہوا) کوے جیسا بننے میں عاجز رہ گیا۔''

اللہ تعالیٰ نے سرکش کفار سے فرمایا ہے:

﴿وَاعْلَمُوْۤا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ﴾ [التوبہ:2] ''یاد رکھو کہ تم لوگ اللہ کو عاجز نہ کر سکو گے۔''

اس لغوی معنی کے بعد لفظ معجزہ کا استعمال عام طور پر انبیاء اللہ کے ان افعال نبوت پر کیا جانے لگا ہے جو ان کی شان نبوت کے مظہر ہوتے ہیں۔

بروئے تواریخ یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ لفظ معجزہ کا استعمال اس خاص معنی میں کس زمانہ سے ہونے لگا اور وہ پہلا کون شخص ہے جس نے اس مفہوم میں اس کا استعمال کیا۔ مگر اس امر کا مجھے اطمینان ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کلام میں یا نبی ﷺ کے کلام میں یا کسی دوسرے نبی کے کلام میں اس لفظ کا اس معنی میں استعمال کہیں بھی نہیں ہوا۔

اب لفظ معجزہ کی تعریف کی طرف آیئے۔

''معجزہ'' کو معنی معینہ بالا میں معجزہ کہنے والے کہتے ہیں کہ معجزہ وہ ہے جو خارق عادت ہو۔

اس تعریف کے بعد ہی وہ اس بحث میں پڑ جاتے ہیں کہ کیا خرق عادت ممکن بھی ہے یا نہیں؟

عادت کے معنی کیے جاتے ہیں: ''استمرار قوانین فطرت''

اور خرق کے معنی کیے جاتے ہیں: ''بطلان استمرار مذکورہ''

مبحث کے اس مقام پر پہنچ کر اہل قلم چند اصناف پر منقسم ہو جاتے ہیں۔

1. وہ جو فطرت کے لیے کسی مقررہ قانون کا ہونا بھی تسلیم نہیں کرتے۔ ان لوگوں پر بازار معقولات میں خوب خوب آوازے کسے جاتے ہیں۔
2. وہ جو قانون فطرت کو تسلیم کرتے ہیں اور ایسے قانون کی تنسیخ (یعنی خرق) جائز نہیں سمجھتے۔ یہ قسم بھی دو اصناف پر مشتمل ہے۔

① جو خرق عادت کو نہ مانتے ہوئے کسی ثابت شدہ واقعہ کا وجود یا امکان بھی نہیں مانتے۔

② وہ جو کسی ثابت شدہ واقعہ کی ایسی تاویل کرتے ہیں جس سے خرق عادت کا ہونا صحیح سمجھا جائے۔

{3} وہ ہیں جو قانون فطرت میں مستثنیات کا اندراج بھی تسلیم کرتے ہیں اور اس لیے ہر ایک ثابت شدہ واقعہ کو خود قانون فطرت ہی مان لیتے ہیں' اس لیے کہ استثنائے قانون کا وجود بھی پہلے سے اس قانون کے اندر موجود تھا۔

معجزات کے منکرین مؤولین یا قائلین کا شمار انھیں اقسام ثلاثہ میں آ جاتا ہے۔

ان اقسام ثلاثہ کا تعلق متعلقین لفظ خرق عادت سے تھا' لیکن ایسے لوگ بھی ہیں جو لفظ معجزہ کی تعریف خرق عادت سے نہیں کرتے اور لفظ خرق عادت کا استعمال ہی نہیں کرتے۔

وہ صرف یہ کہا کرتے ہیں کہ ''معجزہ نبی اللہ کے اس فعل کو کہتے ہیں جو اس وقت دوسروں کو ویسا فعل کرنے سے عاجز بنا دے۔''

ان تمام لفظی پیچیدگیوں سے بچنے کے لیے علمائے محققین نے یہ راہ اختیار کی کہ جب صحف سماویہ میں لفظ ''معجزہ'' اور لفظ ''خرق عادت'' آتے ہی نہیں' تو اس خارزار میں دامن الجھانے کی ضرورت ہی کیا ہے؟

قرآن مجید تو لفظ ''آیت'' کا استعمال کرتا ہے اور انجیل و تورات میں بھی لفظ شان ہی کا استعمال ہے۔ اس لیے ہم بھی لفظ ''آیت'' ہی کا استعمال کریں گے۔

استعمال ھذا میں چند فوائد اور بھی ہیں:

① لفظ ''آیت'' نہایت وسیع المعنی ہے۔

② اس کا استعمال مادیات پر بھی ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے کشتی نوح کو آیت بتلایا۔

﴿ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَاۤ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ [العنکبوت:15]

''پھر ہم نے نوح کو اور کشتی والوں کو نجات دی اور کشتی کو سب کے لیے ایک نشان بنایا۔''

اللہ تعالیٰ نے رات اور دن کو آیت بتلایا:

﴿ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ﴾ [یٰس:37] ''ان کے لیے رات ایک نشانی ہے۔''

﴿ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ ﴾ [فصلت:37] ''دن اور رات اس کی نشانیوں میں سے ہیں۔''

انسانوں کا مٹی سے بنایا جانا بھی آیت بتلایا:

﴿ وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ﴾ [الروم:20] ''اللہ کی نشانیوں میں سے کہ تم کو مٹی سے بنایا۔''

بجلی کی چمک اور بادل کی کڑک کو بھی آیت بتلایا:

﴿ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ ﴾ [الروم:24] ''اللہ کی نشانیوں میں سے ہے کہ وہ تمھیں بجلی کی چمک دکھلاتا ہے''

آسمان و زمین کی موجودہ بناوٹ و استقامت کو بھی آیت بتلایا:

﴿ وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ﴾ [الروم:25]

''اللہ کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس کے حکم سے آسمان اور زمین ٹھہرے ہوئے ہیں۔''

امن عامہ کشائش و آسودگی ترفہ اور سرسبزی کو بھی آیت بتلایا

﴿ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِي مَسَاكِنِهِمْ آيَةٌ ﴾ [سبا:15] ''سبا والوں کو اپنے وطن میں نشانی تھی۔''

فرعون کی مردہ لاش کو بھی جو عبرت بخش عالم ہے۔ آیت بتلایا:

﴿ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ آيَةً ﴾ [یونس:92]

''تا کہ تو پچھلے آنے والوں کی نشانی بنے۔ اس لیے تیرا لاشہ باہر پھینکا جائے گا''

سیدنا صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو بھی آیت بتلایا:

﴿ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ آيَةً ﴾ [الاعراف:73] ''یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے نشانی ہے۔''

یہی لفظ اللہ تعالیٰ نے عصائے موسیٰ علیہ السلام اور ید موسیٰ علیہ السلام کی نسبت بھی جب کہ ان کا ثعبان اور بیضاء ہو جانے کا امتحان کرا دیا گیا، فرمایا:

مادہ پرست پہلی آیت کو سن کر ان اشیاء مادی کا آیت یا نشان ہونا قابل توجہ بھی نہ خیال کریں گے، لیکن اگر ان واقعات کے مقابلہ میں کوئی ایسا واقعہ جس میں ذرا سی ندرت ہو، بیان کیا جائے تو جھٹ اس کا انکار کر بیٹھیں گے اور اسے خرق عادت قرار دیں گے۔

میں کہتا ہوں کہ ہر ایک وہ واقعہ جسے بزبان عوام معجزہ کہا جاتا ہے فی الواقع آیت ہے، جیسا کہ یہ واقعات بھی آیات ہیں جن کو فہم کی نارسائی یا عدم تدبر سے آیت نہیں سمجھا گیا۔

ذرا غور کرو، کیا کشتی نوح آیت الٰہی نہیں۔ غور سے معلوم ہوگا کہ وہ ضرور آیت ہے۔ ایک ایسے طوفان میں جس نے طوفان زدہ رقبہ کے پہاڑوں کو بھی چھپا لیا ہو، ایک معمولی کشتی کا بچ رہنا اس کی سواریوں کا جانبر ہونا جیسا کہ قبل ازیں ان کو یقین دلایا گیا تھا حقیقۃً آیت ہے۔

کیا شب و روز کا وجود آیت نہیں؟ رات، اس کی تاریکی، اس کی دہشت، اس کا سکون، رات کو چرند و پرند انسان و حیوان کا طبعًا استراحت پذیر ہو جانا کیا قدرت کا بڑا نشان نہیں؟ دن اس کی روشنی، اس کی تجلی اس کے اشغال، زندگی کی ہنگامہ آرائیاں، ہر جاندار شے کا اپنے اپنے مساکن سے نکلنا، طلب روزی وغیرہ کا انہماک کیا قدرت کا نشان نہیں؟

کیا انسان کا مٹی سے مخلوق ہونا آیت قدرت نہیں، انسان اپنے لیے ہر ایک چیز مٹی سے بناتا ہے یا ہر ایک چیز مٹی سے پاتا ہے۔ معدنیات، فلزات، جواہرات، اینٹ، پتھر، سیم و زر، گھاس پات، رزق و فواکہ، مکان و ایوان سب کچھ مٹی ہی کے ہیں۔ اگر انسان خود مٹی کا نہ ہوتا تو مٹی میں اس کے اتنے حقوق بھی نہ ہوتے۔

کیا بجلی کی چمک آیت نہیں؟ دن صاف نکھرا ہوا ہے، ہوا رکی ہوئی ہے، اتنے ہی میں کون سی طاقت ہے جو چلتی ہوئی ہوا کو بند کر دیتی ہے؟ سمت مقابل سے دوسری ہوا آتی ہے۔ وہ بادل کو ساتھ ساتھ لاتی ہے۔ بادل سورج کو چھپا لیتے ہیں۔ آبادی پر چھا جاتے ہیں، ٹکراتے ہیں، غراتے ہیں، گویا بیسیوں شیر ہیں جو جنگل میں منگل بنا رہے ہیں۔ انسان کے بچے سہم رہے ہیں، دہل گئے ہیں، لوگ کاروبار کو مختصر کر کے اپنے اپنے ٹھکانے پر پہنچ جانے کی کوشش کرتے ہیں کہ بجلی بھی کوندنے لگتی ہے، وہ چمکتی ہے تو سینکڑوں کوس تک روشنی پھیل جاتی ہے۔ مسافر ڈرتا ہے اور زمین دار بے اختیار خوشی سے ہنس رہا ہے کہ اب خوب برسے گا۔ غلہ آئے گا، قحط ٹوٹے گا، قرض ادا ہوگا، بیٹے

بیٹی کا فرض بھی اتار سکوں گا۔

ایک ہی چیز ہے جس نے خوف وطمع کے مختلف تاثرات پیدا کر دیے۔ اب وہی بجلی ہے جو ٹیلی گراف (Telegraph) میں کام کرتی ہے جو لاسلکی اخبار کے لیے تجربہ میں آ چکی ہے۔ وہی بجلی ہے جس نے رونجن بن کر گوشت کے نیچے چھپے ہوئے اعصاب اور استخوان کو آنکھ کے سامنے کر دیا ہے۔ ابھی معلوم نہیں کہ یہ کیا کیا نشان دکھلائے گی اور کن کن علوم میں ''آیت'' بن کر درخشاں ہوگی۔

کیا اس زمین کا قیام آیت نہیں؟ اگر زمین کی حقیقت یہی ہے کہ وہ سورج میں سے ٹوٹا ہوا ایک ٹکڑا ہے تو اس کا بہ عہد ماضی سورج ہی کا جزو اور جزو ہو کر گرم و درخشاں ہونا ضرور ایک نشان تھا اور پھر اس گرمی سے درخشندگی سے قطعی جدا ہو کر ایک اور صورت میں جلوہ گر ہو جانا ضرور دوسرا نشان ہے۔ کیا یہ نشان لاٹھی سے سانپ اور سانپ سے لاٹھی کے نشان سے کم ہے۔

کیا عالم بالا کا وجود اور اس وجود کا قیام آیت نہیں۔ ہزار در ہزار، ثوابت وسیار کا مقررہ دور، مقررہ انضباط کے ساتھ چلنا پھرنا، موسموں کا تغیر اور لیل ونہار کا انقلاب ظہور میں آنا کیا آیت نہیں؟

ہاں! قدرت الٰہیہ کی ہر شے آیت ہے اور جب عوام کے اذہان افہام اسے آیت سمجھنے سے قاصر ہوتے ہیں تو انبیائے کرام کے بیان سے ان کا آیت ہونا مسلم ہو جاتا ہے۔

مجھے ان سب معجزات کے تسلیم کرنے میں کوئی پس وپیش نہیں' جن کا ثبوت قطعی ہو' اگرچہ کسی سائنس دان کا فہم اس کی علت و اسباب کے سمجھنے میں عاجز بھی ہو۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوقات (غیر مادی) میں جس قدر خواص پیدا کیے ہیں۔ ان سب کا احاطہ نہ انسان سے ہو سکتا ہے اور نہ کبھی کسی انسان نے ایسا دعویٰ کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے برگزیدہ رسولوں پر اسرار کائنات کا انکشاف کر دیتا ہے، وہ کیمیاوی تدبیر جو قلت کو کثرت سے بدل دے یا ہوا کو پانی بنا دے، ان کے علم و تجربہ میں ہوتی ہیں۔ نیز ان کا علم، تجربہ اور تدابیر اہل دنیا کی طرح آلات یا مشق یا تدریجی معلومات کا منت پذیر نہیں ہوتا۔

ہم یہ سب باتیں معجزات انبیاء کو قریب بہ فہم کے لیے کہہ رہے ہیں' لیکن ایمان کی بات یہ ہے کہ كُنْ فَيَكُوْنُ ارشاد کرنے والے کی طاقت اور قدرت انبیاء اللہ کی تائید و نصرت میں ہوتی ہے۔ اور جب اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہوتا ہے کہ کسی مقدس ہستی کا برگزیدہ بارگاہ ربانی کا ہونا عوام پر ثابت کر دے تب اسی طاقت وقدرت کو انبیاء اللہ کے توسط سے ظاہر فرماتا رہتا ہے۔ اسی کو آیات الٰہی کہتے ہیں اور اسی کو معجزات۔

سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ ﷺ کے جو معجزات بروایات صحیحہ ثابت ہیں' ان کا شمار بہت زیادہ ہے اور ہر ایک نبی کے معجزات سے ان کی تعداد بھی افزوں ہے اور ندرت میں بھی ان کا شان اعلیٰ ہے۔

ذیل میں چند معجزات کا ذکر کیا جاتا ہے کہ اہل ایمان کی ترقی ایمان کا موجب ہو اور نبی کریم ﷺ کی عظمت اور عظمت کے ساتھ محبت بھی زیادہ دل نشین ہو جائے۔

میرا ارادہ معجزات پر ایک جداگانہ کتاب لکھنے کا ہے۔ اس وقت مختلف عنوانات کے تحت مختصر واقعات لکھ دینا کافی ہیں۔

نَبْعُ الْمَآءِ...... پانی کا معجزہ

قرآن مجید میں ہے:

﴿ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ﴾

''جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کی سیرابی کے لیے دعا کی تو ہم نے کہا کہ پتھر کو اپنا عصا مارو۔ تب پتھر سے بارہ چشمے پھوٹ پڑے۔'' [البقرۃ:60]

سورہ اعراف رکوع 20 میں بھی یہی مذکور ہے۔ فرق یہ ہے کہ سورہ اعراف میں ﴿ فَانْۢبَجَسَتْ ﴾ ہے اور بقرہ میں ﴿ فَانْفَجَرَتْ ﴾ ہے۔ لفظ انجاس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ پانی پہلے تھوڑا تھوڑا نکلنے لگا تھا اور لفظ انفجار سے یہ واضح ہوتا ہے کہ پھر پانی خوب بہہ نکلا تھا۔

آیات بالا سے یہ مستفیض ہے کہ جب پانی کا فقدان ہو اور ساتھ کی تمام جماعت پانی نہ ملنے کی وجہ سے زندگی اور آرام سے مایوس ہو جائے، تب لوگ نبی اللہ کی طرف رجوع کیا کرتے ہیں اور اس وقت نبی اللہ کی دعا اور برکت اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے پانی مل جایا کرتا ہے۔

توراۃ کی کتاب الخروج کے ملاحظہ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ واقعہ بیابان سور میں تین دن تک سفر کرنے کے بعد رونما ہوا تھا۔ 15/21 خروج۔ کتاب مذکور میں 12 چشموں کا عصائے موسیٰ علیہ السلام کی ضرب سے برآمد ہونا نہیں بتلایا گیا' بلکہ ظاہر کیا ہے کہ مقام ایلیم میں ان کو وہ جگہ مل گئی جہاں پانی کے بارہ (12) چشمے اور سبز درخت کھجور کے تھے۔ الخروج۔

اہل اسلام میں جو لوگ معجزات کی تاویلات کرنے میں مشاق ہیں انھوں نے معجزہ موسوی میں تاویل اس طرح کر دی کہ پہاڑ میں سے پانی کا رسنا، بہنا ایک معمولی امر ہے۔ کسی چشمہ کا اور سوت کا بیرونی رکاوٹوں سے بند ہو جانا بھی ایک معمولی بات ہے۔

جب موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے پانی مانگا تو اللہ تعالیٰ نے اس پتھریلی زمین میں دبے ہوئے چشموں کا نشان بتلا دیا۔ چشموں کو عصا سے پھر نکال لیا گیا اور چشمے بہنے لگے۔

یہ تاویل خواہ الفاظ قرآنی سے کتنی ہی بعید کیوں نہ ہو' مگر نفی معجزہ پھر بھی نہیں ہوتی۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے علم سے ہدایت ملنا اور موسیٰ علیہ السلام کے فعل سے برکت کا ظاہر ہونا پھر بھی مسلمہ رہتا ہے۔

اب عہد سرور کائنات ﷺ کی فضیلت بھی آشکار ہو جائے، پتھریلی زمین کی جگہ اب گوشت پوست میں سے پانی کے نکلنے کا عجیب ترین معجزہ ظہور میں آتا ہے

واضح ہو کہ فوران ماء و فیضان آب کے واقعے نبی ﷺ کی ذات اقدس سے بار بار اور مختلف اسلوب سے ظہور میں آئے ہیں۔ احادیث کے تتبع سے واقعات کا تعین کیا جا سکتا ہے۔

محرم 7ھ

(1) جابر رضی اللہ عنہ سے صحیح مسلم میں بصراحت مذکور ہے کہ ہم غزوہ ذات الرقاع اور وادی افیح میں تھے کہ نبی ﷺ نے وضو کے لیے پانی

طلب فرمایا۔ جابر ڈھونڈ آئے۔ لشکر میں ایک قطرہ پانی نہ ملا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے جابر رضی اللہ عنہ اس انصاری کے پاس پہنچے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پینے کا پانی رکھا کرتے تھے۔ وہاں بھی دیکھا تو ایک پرانی مشک (شجب) کے دہانہ پر ایک قطرہ آب نظر آیا اور بس حکم دیا وہی لے آؤ۔ پھر کاٹھ کا کٹہرہ منگایا گیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں اپنا ہاتھ انگلیاں پھیلا کر رکھ دیا۔ جابر رضی اللہ عنہ نے حکم کے مطابق بسم اللہ کہہ کر وہ قطرہ آب اس بحر سخا کے دست مبارک پر ڈال دیا۔ جابر رضی اللہ عنہ کی عینی شہادت ہے کہ سب انگلیوں میں سے پانی فوارہ وار نکلا۔ پانی نے لکڑی کے کٹہرے کو بھی چکر دے دیا۔ سب کو بلایا گیا اور سب نے سیرابی حاصل کی۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اٹھا لیا تب بھی وہ کٹہرہ پانی سے بھرا ہوا تھا۔ ①

رحمۃ للعالمین جلد دوم کے ملاحظہ سے معلوم ہو جائے گا کہ اس غزوہ میں چار سو غازی ہمرکاب مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔

ذی قعدہ 6ھ

② صحیح بخاری میں جابر بن عبداللہ الشہید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حدیبیہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا۔ پانی ایک رکوہ (کوزہ) میں تھا۔ مسلمان اسے دیکھ کر ٹوٹ پڑے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا ہے؟ لوگوں نے کہا کہ پانی نہ وضو کے لیے ہے نہ پینے کے لیے۔ بس یہی کوزہ آب ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رکھا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی کوزہ میں ہاتھ رکھ دیا۔ تب پانی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں میں سے پھوٹ پڑا اور تمام لشکر سیراب ہو گیا۔ سب نے وضو بھی کر لیے۔ جابر صلی اللہ علیہ وسلم نے سالم ابن ابی جعد کے سوال پر بتلایا کہ اس وقت ہم پندرہ سو (1500) تھے۔ یہ بھی کہا کہ اگر ایک لاکھ (100000) بھی ہوتے تب بھی وہ پانی سب کو کفایت کر جاتا۔ ②

③ مقام حدیبیہ ہی کا دوسرا واقعہ بھی جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے جو صحیح بخاری میں موجود ہے۔ چونکہ حدیبیہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قیام ایک ہفتہ تک رہا تھا اس لیے جمع بین الاحادیث کے قاعدہ سے معلوم ہوتا ہے کہ واقعہ اول پہلے روز کا ہے۔ اس کے بعد پانی کی پھر ضرورت لاحق ہوئی۔ تب نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس چاہ پر تشریف لے گئے جس کا نام حدیبیہ تھا اور یہ مقام اسی چاہ کے نام سے معروف تھا۔ چاہ کا پانی خشک ہو چکا تھا۔ بخاری کی روایت بالا میں ہے: فَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى شَفِيْرِ الْبِئْرِ فَدَعَا بِمَآءٍ فَمَضْمَضَ وَمَجَّ فِي الْبِئْرِ فَمَكَثْنَا غَيْرَ بَعِيْدٍ ثُمَّ اسْتَقَيْنَا۔ یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم چاہ کی منڈیر پر آ بیٹھے' پانی منگایا' کلی کی اور چاہ میں ڈال دی۔ پھر تھوڑی دیر کے بعد ہم چاہ سے پانی لینے لگے اور سیراب ہوئے۔ ③

ڈیڑھ ہزار (1500) کے لشکر کے لیے یہ مستقل انتظام تھا۔ امام بخاری نے اس واقعہ کو براء رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کیا ہے جس میں یہ الفاظ بھی ہیں: ثُمَّ اِنَّهَا اَصْدَرَتْنَا مَاشِئْنَا نَحْنُ وَ رِكَابُنَا۔ ④

امام احمد رحمہ اللہ کی روایت سے ظاہر ہے کہ چاہ کا پانی ابل پڑا۔ ہم سے آخری شخص چادر لے کر بھاگا کہ کہیں ڈوب نہ جائے اور پھر یہ پانی بہہ نکلا۔ ⑤

---

① مسلم: 1203/74 ② بخاری: 169,3575 ③ بخاری: 4151,4150,3577 ④ بخاری: 4151,4150,3577
⑤ مسند احمد: 18148,18111، زوائد المسند: 3508، مجمع الزوائد: 14105

9 ہجری

{4} عمران بن حصین رضی اللہ عنہ [1] سے روایت ہے کہ ہم سفر میں تھے (معارج النبوۃ میں اسے سفر تبوک بتایا گیا ہے) صبح کی نماز دن چڑھے پڑھی گئی کیوں کہ سب سوتے رہ گئے تھے۔ مجھے نبی ﷺ نے آگے آگے چلنے کا حکم دیا ہم کو سخت پیاس لگی۔ راہ چلتے ہوئے ہم کو ایک عورت ملی جس کے ساتھ پانی کے دو مشکیزے تھے اس سے معلوم ہوا کہ پانی اس گاؤں سے ایک دن ایک رات کی مسافت پر ہے۔ صحابہ اس عورت کو نبی ﷺ کے پاس لے گئے۔ وہاں عورت نے یہ بھی کہا کہ وہ یتیموں کی ماں ہے۔ نبی ﷺ نے اس کے مشکیزوں کو ہاتھ سے چھو دیا۔ **فمسح عزلاوین** پانی بہہ نکلا۔ چالیس (40) صحابہ نے جو سخت پیاسے تھے سیر ہو کر پانی پی لیا اور مشک مشکیزے جتنے ساتھ تھے وہ بھی بھر لیے۔ اونٹوں کو وہ پانی نہیں پلایا۔ عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اس وقت وہ مشکیزے پانی سے ایسے بھرے دیکھے جاتے تھے گویا اب پھوٹ پڑیں گے۔ وَهِيَ تَكَادُ تَنْقَضُ مِنَ الْمَآءِ۔

اس عورت نے گھر جا کر لوگوں سے کہا کہ میں سب سے بڑے جادوگر سے مل کر آئی ہوں یا اسے نبی کہنا چاہیے، جیسا کہ اس کے ساتھیوں کا یقین ہے۔

اس عورت کی اس اطلاع پر یہ دور افتادہ لوگ بھی مسلمان ہو گئے اور وہ بھی اسلام لے آئے۔ [2]

عجب معجزہ ہے کہ دیکھنے والی اس وقت غیر مسلمہ ہے اور حضور ﷺ کا ذکر اَسْحَرُ النَّاسِ کے لفظ کے ساتھ کرتی ہے مگر سننے والی قوم فوراً اس نتیجہ پر پہنچ جاتی ہے کہ سحر میں یہ طاقت کہاں کہ پیاسے سیر بھی ہو جائیں اور مشک مشکیزے بھی پر کر لیں۔

سحر تو صرف نظر بندی کا نام ہے۔ ساحر قوت مسمریزم (Mysmerism) سے ناظرین کی قوت متخیلہ پر اور نظر پر اثر ڈالتا ہے اور ایسا معمول کسی شے کو اس کی حقیقت کے خلاف کچھ اور شے سمجھنے اور دیکھنے لگ جاتا ہے۔ یہ تغیر صرف دیکھنے والے معمول کی نگاہ اور تخیل پر ہوتا ہے ورنہ وہ شے جوں کی توں اپنی اصلیت پر موجود ہوتی ہے۔ سحر کی قریب تر مثال ایسی ہی ہے جیسے کوئی شخص ایک رسی کو اندھیرے میں سانپ سمجھ لیتا ہے اور اپنی سمجھ کی وجہ سے اس پر آثار خوف و ہراس وغیرہ ویسے ہی طاری ہو جاتے ہیں جیسے اصل سانپ کی موجودگی سے ہوتے۔ حالانکہ وہ رسی رسی ہی ہوتی ہے اور اس ڈرپوک پر وہ بذات خود کسی طرح مؤثر نہیں ہوتی۔

انبیاء علیہم السلام کے معجزات میں حقیقت اصلیہ ہوتی ہے اور یہی وہ چیز ہے جو نبی کو ساحر سے بلند و ارفع و اعلیٰ اور پاک و برتر ثابت کرتی ہے۔

قرآن مجید میں ساحران موسیٰ کا قصہ موجود ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ اپنے فن میں کمال رکھتے تھے اس لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ﴾ [الاعراف:116] اب یہ معلوم ہونا چاہیے کہ وہ سحر عظیم کیا تھا؟

﴿فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَ عِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى﴾ [طٰہٰ:66]

''ان کی رسیاں اور ان کی لاٹھیاں ان کے سحر کی وجہ سے دوڑتی ہوئی خیال کی جاتی تھیں۔''

ساحروں کی اس نمائش کا نتیجہ کیا ہوا ﴿وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ﴾ [الاعراف:116] ''لوگوں کو ڈرا دیا۔'' بس ساحروں کی سب سے

---

[1] یہ قوم خزاعہ سے ہیں اور فضلاء صحابہ میں سے ہیں، سنہ خیبر میں مسلمان ہوئے اور 58ھ میں بمقام بصرہ وفات پائی۔ [2] بخاری: 344-3571

بڑی کائنات یہی تھی کہ لوگوں کو یہ تماشا دکھا کر ڈرا دیا۔

پھر موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوتا ہے وہ اپنا عصا پھینک دیتے ہیں۔ وہ اژدہا بن جاتا ہے اور جادوگروں کی سب لاٹھیاں اور رسیوں کو ہڑپ کر جاتا ہے۔ اگر معجزہ موسوی کی حقیقت صرف اتنی ہی ہوتی کہ وہ عصا صرف ساحروں کی نگاہ میں اژدہا نظر آنے لگ جاتا ہے تو ساحروں کے دلوں پر بھی اتنا ہی اثر ہوتا ہے جتنا فرعون کے دل پر ہوا تھا یعنی: اِنَّهٗ لَكَبِیْرُكُمْ (یہ تمہارا بڑا گرو ہے) مگر ساحر تو فوراً سمجھ گئے کہ موسیٰ علیہ السلام کا کام ان رسیوں اور لاٹھیوں کو ہڑپ کر جانے کا نظارہ صرف تخیل ہی نہ تھا بلکہ حقیقتاً تھا اور بہترین صداقت رکھتا تھا۔ اسی اصلیت پر فائز ہو جانے کے بعد وہ ساحر لوگ جھٹ سحر سے تائب ہو گئے۔ موسیٰ علیہ السلام کا کلمہ پڑھ لیا۔ وہ انکشاف حقیقت کے بعد فرعون کی پھانسی سے ڈرے اور نہ دست و پا کی قطع و برید کا عذاب ان کو اسلام سے مرتد کر سکا۔ رحمت الٰہیہ کو دیکھیے کہ یہ ساحر میدان مقابلہ میں آئے تھے۔ اس وقت بارگاہ روحانیت کے مقہور و مخذول تھے اور تھوڑی ہی دیر کے بعد آستان رحمانیت کے منظور و مقبول بن گئے تھے۔

یہی حال اس عورت اور اس کے قبیلہ کا ہوا جس کا حدیث بالا میں ذکر ہے۔ حدیث بالا کو صحیح بخاری و صحیح مسلم دونوں نے روایت کیا ہے ہم نے بخاری کے الفاظ کو یہاں لیا ہے۔

بیہقی کی روایت میں اس قدر اور مزاد ہے کہ راویان حدیث کو خود نبی ﷺ نے بھیجا تھا اور فرمایا تھا کہ اس طرف کو جاؤ۔ تمہیں ایک ایسی عورت ملے گی۔ اندریں صورت یہ روایت نہ صرف ایک معجزہ پر بلکہ ایک اور پیش گوئی پر بھی (جو اقسام معجزہ سے ہے) مشتمل ہے۔

(5) ◇1 صحیح بخاری میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک بار نماز کا وقت آ گیا۔ جن لوگوں کے گھر قریب تھے وہ گھروں میں جا کر وضو کر آئے، جو باقی رہ گئے۔ نبی ﷺ کے لیے پتھر کے پیالہ میں پانی لایا گیا، وہ اتنا چھوٹا تھا کہ اس میں نبی ﷺ کا پورا ہاتھ نہ پھیل سکتا تھا۔ اسی پانی سے 80 سے زیادہ لوگوں نے وضو کیا۔ [1]

◇2 بیہقی کی روایت میں ہے کہ نبی ﷺ نے اس پیالہ میں اپنی چار انگلیاں ڈالی تھیں۔ انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے اس وقت دیکھا کہ انگلیوں سے پانی پھوٹ پھوٹ کر نکل رہا ہے۔ یہ واقعہ مقام قبا کا ہے۔ [2]

◇3 صحیحین میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ایسی ہی روایت مقام زوراء کی بابت بھی ہے کہ حضور ﷺ نے پیالہ میں ہاتھ رکھ دیا اور پنجہ مبارک سے پانی بہہ نکلا۔ اس روز حضور ﷺ کے ہمراہیوں کی تعداد تین سو (300) کس تھی۔ [3]

(6) صحیح بخاری میں ایک روایت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی بھی ایسی ہی ہے کہ حضور ﷺ نے برتن میں ہاتھ رکھ دیا اور پانی حضور ﷺ کے مبارک ہاتھوں سے پھوٹ نکلا اور نبی ﷺ نے زبان مبارک سے فرمایا: حَیَّ عَلَى الطَّهُوْرِ الْمُبَارِكِ وَالْبَرَكَةُ مِنَ اللّٰهِ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اس پانی سے سب ہی نے وضو کر لیا تھا۔ [4]

نبی ﷺ نے اس پانی کو طہور و مبارک فرمایا ہے۔ علمائے امت کا اتفاق ہے کہ برکت و عزت میں آب زمزم سے بڑھ کر وہ پانی تھا جو حضور اقدس ﷺ کی انگلیوں سے نکلا تھا۔ ایسے ہی واقعات اور بھی ہیں اور روایات کی خصوصیتوں پر غور کرنے سے واضح

---

[1] بخاری:200، مسلم:5941 [2] ترمذی:3631، نسائی:76 [3] بخاری:3572، مسلم:5944,5943 [4] بخاری:3579

ہو جاتا ہے کہ انگشتان مبارک سے پانی پھوٹ پڑنے کے واقعات بار بار ہوئے' بہ کثرت ہوئے۔ بے شک عرب جیسے گرم اور خشک ملک میں اور غزوات کے سفر ہائے طول وطویل میں اگر یہ معجزہ نہ ہوتا تو اس بے سروسامانی کی حالت میں جو بعہد نبوی ﷺ اسلامی لشکروں میں پائی جاتی تھی ضرور تھا کہ مجاہدین ہلاک ہو گئے ہوتے۔ میں کہتا ہوں کہ اس معجزہ کی مثال عہد موسوی میں نزول من اور حصول سلوئی کی صورت میں پائی جاتی ہے، لیکن پھر بھی معجزہ نبوی ﷺ کا درجہ عہد موسوی کے معجزات سے اسی قدر زیادہ بڑھا ہوا ہے جس قدر بقائے حیات میں پانی درجہ طعام پر فائق ہے۔

میں یہ بھی عرض کروں گا کہ نبی ﷺ کے اس معجزہ اور اس خصوصیت لاثانی کی خبر پر بھی انبیائے پیشین کے مبارک کلام میں دے دی گئی تھی۔

یسعیاہ میں ہے:

''خداوند خشک بیابانوں میں پانی کے چشمے بہائے گا۔''

ہم کو ان الفاظ کی تاویل کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ فی الواقع ان خشک میدانوں میں جہاں پینے کو پانی نہ ملتا تھا نَبْعُ الْمَآءِ کے معجزات متواترہ نے چشمے جاری کر کے دکھلا دیے تھے' وللہ الحمد۔

دودھ کی برکت

پانی کے بعد جس شے کا درجہ ہے وہ دودھ ہے۔ شب معراج کی حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ کے سامنے دودھ اور شراب کے پیالے آسمان پر پیش کیے گئے اور حضور ﷺ نے ان میں سے دودھ کو پسند فرمایا اور جبریل امین علیہ السلام نے یہ نظارہ دیکھ کر کہا: اِخْتَرْتَ الْفِطْرَۃَ حضور ﷺ نے فطرت کو پسند کیا۔ اسی لیے اسلام کو بھی دودھ کے ساتھ تشبیہ دی جایا کرتی ہے۔ [1]

انسان کا ہر ایک بچہ دودھ سے پلا ہے' مگر ایک بچہ بھی دنیا میں ایسا نہیں جس کی رضاعت شراب سے ہو اس سے ثابت ہو جاتا ہے کہ دودھ فطرت انسانی کا راز دار ہے۔

داعی ایمان وہادی اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی امت کو تعلیم پاک کے دودھ سے بھی پرورش کیا اور ان کے لب وکام کو معجزانہ دودھ سے بھی ذوق آشنا بنایا۔ ایسے واقعات بہت ہیں۔

[1] امام بخاری رحمہ اللہ نے ایک باب باندھا ہے کہ نبی ﷺ اور حضور ﷺ کے اصحاب رضی اللہ عنہم کی گزران کا کیا حال تھا؟ اس باب میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث بیان کی ہے۔ جو معجزات نبوی ﷺ کی بھی مظہر ہے اور یہ حقیقت بھی ظاہر کرتی ہے کہ سرور کائنات وفخر موجودات ﷺ کی حیات طیبہ اس دنیا میں کیسی زاہدانہ تھی۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں بھوک کے مارے کبھی ایسا ہوتا کہ جگر کو تھام کر زمین پر گر جاتا۔ کبھی ایسا ہوتا کہ پیٹ پر پتھر باندھ لیتا۔ ایک دن ایسا ہوا کہ میں سر راہ آ بیٹھا' جہاں سے لوگ آیا جایا کرتے تھے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور میں نے ان سے قرآن پاک کی ایک آیت کی بابت دریافت کیا۔ میرا مطلب یہ تھا کہ شاید وہ مجھے کچھ کھلا بھی دیں گے۔ وہ یونہی چلے گئے۔ پھر عمر رضی اللہ عنہ آ نکلے۔ ان سے بھی ایک آیت کا مطلب پوچھا غرض وہی تھی کہ کچھ کھانے کو دیں گے۔ وہ بھی یونہی چلے گئے۔ اتنے میں ابوالقاسم ﷺ تشریف

---

[1] بخاری: 3207، مسلم: 162، مسند احمد: 149,148/3

لائے' مجھے دیکھ کر تبسم فرمایا۔ میرے جی کی بات سمجھ گئے۔ میرے چہرہ کو تاڑ لیا، ارشاد فرمایا: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ساتھ ساتھ چلے آؤ۔ میں پیچھے پیچھے ہولیا۔ حضور ﷺ گھر میں گئے۔ وہاں حضور ﷺ نے پیالہ میں دودھ دیکھا۔ گھر والوں نے حضور ﷺ کو اس شخص کا نام بتلایا جس نے دودھ کا یہ ہدیہ بھیجا تھا۔ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جاؤ، اہل صفہ کو بلا لاؤ۔ اہل صفہ وہ لوگ ہوتے تھے جن کا کوئی گھر بار نہ ہوتا تھا۔ جن کو کسی شخص کا کوئی سہارا نہ ہوتا یہ اَضْيَافُ الْاِسْلَامِ (اسلام کے مہمان) ہوتے۔ نبی ﷺ کی سیرت پاک یہ تھی کہ کوئی صدقہ آتا تو سب کا سب ان کو دے دیتے تھے اور ہدیہ آتا تو ان کو اپنے ساتھ شامل فرما لیتے تھے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے سمجھا اہل صفہ میں اس دودھ کی حقیقت کیا ہوگی۔ اگر مجھے ہی مل جاتا مجھ میں کچھ سکت آجاتی۔ اب دیکھیے اس میں کچھ ملتا بھی ہے یا نہیں۔ یہی حالات تھے اور اطاعت اللہ اور رسول کے بغیر چارہ کار نہ تھا۔ میں سب کو بلا لایا۔ آ کر بیٹھ گئے۔ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ پیالہ لو اور سب کو پلاؤ۔ میں نے پیالہ لے لیا۔ ہر ایک کو دیتا جاتا تھا۔ جب ایک شخص پی پی کر سیراب ہو جاتا تب دوسرے کو وہی پیالہ دیتا تھا۔ اسی طرح سب سیر ہو گئے، تو میں نے آخر میں نبی ﷺ کے سامنے پیالہ پیش کر دیا۔ حضور ﷺ نے لے کر اسے دست مبارک پر رکھ لیا۔ مجھے دیکھا اور مسکرائے اور فرمایا: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اب تو میں رہ گیا یا تو رہ گیا۔ میں نے کہا حضور ﷺ سچ ہے۔ فرمایا اچھا اب تو پی لے۔ میں بیٹھ گیا اور میں نے دودھ پی لیا' فرمایا اور پیو۔ میں نے اور پیا' پھر حضور ﷺ یہی فرماتے رہے: پیو، پیو۔ آخر میں نے عرض کیا: قسم ہے اس ذات کی جس نے حضور ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے کہ اب تو گنجائش بالکل نہیں رہی۔ فرمایا لاؤ۔ پیالہ میں نے پیش کر دیا۔ حضور ﷺ نے اللہ کا شکر کیا۔ بسم اللہ پڑھی اور پیالہ ختم کر دیا۔ [1]

یہ حدیث تو ایک ہے لیکن آیات وعلامات نبوت کی اتنی جامع ہے کہ دودھ کی نہریں بہہ رہی ہیں۔

1. سرورِ عالم و عالمیان ﷺ کا گھر ہے اور اس میں جسمانی غذا نام ونشان کو بھی نہیں۔
2. کسی نے ہدیۃً کچھ بھیجا بھی ہے تو دودھ کا ایک پیالہ۔

پیالہ کتنا بڑا تھا؟ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے کہ صرف ایک آدمی کے پی لینے کا۔

3. نبی ﷺ اتنی سی خوراک پر ان سب کو بلا لیتے تھے جو گھر بار کو تج کر' جو اہل وعیال کو چھوڑ کر' جو مال ومنال سے منہ موڑ کر دبستان نبوت میں پہنچ گئے تھے۔

یہ حالات واخلاق محمدی ﷺ کے مظہر ہیں۔

4. اب آیات نبوت ملاحظہ ہوں کہ ایک شخص نے سیر ہو کر دودھ پیا اور پیالہ بھرا کا بھرا رہ گیا۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے تو یہاں تک پیا کہ حلف کرنا پڑا کہ اب گنجائش ہی نہیں رہی۔
5. کیا کوئی سمجھ سکتا ہے کہ اس پیالہ کو کوئی بڑی سے بڑی تعداد ختم کر سکتی تھی؟ ہرگز نہیں۔ لاکھ (100000) ہوتے تو کیا اور دس لاکھ (1000000) ہوتے تو کیا۔ سب ہی اس سے سیراب ہو سکتے تھے۔ اس پیالہ کو ختم کرنے کی طاقت بھی اسی میں تھی جس کی برکت و یمن سے وہ چیز سب کے لیے کفایت کر گئی تھی۔
6. حدیث پر مکرر غور کرو کہ پیالہ ہاتھ میں لے کر اللہ کی حمد کی۔ یہی وہ چیز ہے جو تعلیم نبوت ﷺ کی روح رواں ہے۔

---

[1] بخاری: 6452

﴿7﴾ ممکن ہے کہ کوئی غیر نبی ایسے عجوبہ کو دیکھ کر اپنی بڑائی کا خیال کر بیٹھے۔ ممکن ہے کہ کوئی شخص اسے ذاتی کمالات میں شمار کرنے لگے مگر اللہ کا نبی ہر وقت اپنے مالک و قادر کو یاد کیا کرتا اور جملہ عطیات کو اسی کی جانب سے قرار دیا کرتا تھا جس کی ربوبیت اس شکل میں جلوہ گر ہوتی تھی۔

[2] سفر ہجرت میں نبی ﷺ کا گزر ام معبد عاتکہ بنت خالد بن خلید خزاعیہ کے خیمہ پر ہوا۔ یہ عورت عمر رسیدہ تھی اور خیمہ کے سامنے بیٹھی رہتی۔ آئے گئے کو پانی پلاتی۔ کھجوریں وغیرہ فروخت کر لیا کرتی تھی۔ اس وقت نبی ﷺ کے ساتھ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی تھے جو حضور ﷺ کے ساتھ پچھلی نشست پر سوار تھے۔ دوسری سواری پر عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ تھے [1] یا ابن اریقط رضی اللہ عنہ تھا۔ جو اس راہ کا واقف تھا اور اسے اجرت پر ساتھ لے لیا گیا تھا۔ یہ مبارک قافلہ اس خیمہ پر ستانے، آرام لینے کے لیے ٹھہر گیا۔ بڑھیا سے پوچھا گیا کہ اس کے پاس کچھ کھانے پینے کو بھی ہے۔ وہ بولی نہیں۔ اگر کچھ ہوتا تو میں خود پیش کر دیتی۔ (ان ایام میں قحط بھی سخت پڑا ہوا تھا)

ام معبد کے بھائی حبیش بن خالد (قتیل البطحا) [2] کا بیان ہے کہ خیمہ میں ایک دبلی کمزور بکری کھڑی تھی۔ نبی ﷺ نے اس بکری کی بابت پوچھا۔ ام معبد نے جواب دیا کہ یہ کمزور بہت ہے۔ ریوڑ کے ساتھ نہیں چل سکتی۔ اس لیے یہاں رہ گئی۔ نبی ﷺ نے کہا کہ اگر اجازت ہو تو ہم اسے دھو لیں۔ وہ بولی اگر آپ کو دودھ نظر آتا ہے تو دھو لیجیے۔ نبی ﷺ نے فرمایا ایک بڑا برتن لاؤ۔ پھر بسم اللہ کہہ کر بکری سے دودھ نکالنا شروع کیا۔ برتن بھر گیا تو سب کو پلایا۔ دوبارہ دودھ نکالا، برتن بھر گیا تو دوبارہ پھر سب کو پلایا گیا۔ آخر نبی ﷺ نے پیا۔ سہ بارہ دودھ نکالا اور گھر والوں کے لیے چھوڑ دیا گیا۔ [3]

آیت نبوت نے دودھ پلایا اور خلق محمدی ﷺ نے بھی اپنا معجزہ دکھلایا کہ رفقائے راہ کو حضور ﷺ پہلے سیراب فرماتے ہیں اور خود سب کے بعد نوش جان فرماتے ہیں اور اہل خانہ کے لیے کافی ذخیرہ چھوڑتے ہیں۔

تکثیر طعام

تکثیر طعام سے مراد وہ معجزہ ہے کہ تھوڑا سا طعام بہت کے لیے کافی ہو جائے۔ انجیل کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس معجزہ کا ظہور مسیح علیہ السلام سے بھی ہوا۔ انھوں نے چار (4) روٹیوں اور تین (3) مچھلیوں سے بہت بڑی جماعت کو سیر کیا۔

نبی ﷺ کی آیات نبوت میں بھی ایسے واقعات کا ذکر احادیث صحیحہ میں بکثرت ہے۔

انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ واقعہ خندق کے ایام میں میں نے دیکھا کہ نبی ﷺ نے پیٹ کو باندھ رکھا ہے۔ معلوم ہوا کہ نبی ﷺ نے بھوک کی وجہ سے ایسا کیا ہے۔ اسی حالت میں حضور ﷺ اہل صفہ کو سورہ نساء کی تعلیم دے رہے تھے۔

﴿1﴾ انس رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ (شوہر والدہ) کو بتلایا۔ انھوں نے کچھ مزدوری کی اور جو حاصل کیے۔ ان کی والدہ نے ادھ سیر جو پیس لیے۔

---

[1] یہ غلام تھے۔ اسلام لے آئے۔ صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کو خرید اور آزاد کر دیا تھا۔ 4ھ کو واقعہ بیر معونہ میں شہید ہوئے ان کی لاش نہیں ملی۔

[2] فتح مکہ کے دن یہ حبیش اور کرز بن جابر فہری شہید ہوئے تھے۔ اس لیے ان دونوں کو قتیل البطحا کہتے تھے۔ [3] سیر اعلام النبلاء: 168/1، السیرۃ لابن کثیر: 258/2، مستدرک: 9/3 تا 11، دلائل النبوۃ للبیھقی: 228/1 تا 237، الاستیعاب: 495/4 تا 498، الخصائص الکبریٰ للسیوطی: 188/1، السیرۃ لابن ھشام: 225/2، طبقات ابن سعد: 330/1، انساب الاشراف: 262/1، و صححہ البیھقی و ابن عبدالبر و ابن شاھین و ابن السکن و الطبرانی وغیرھم (زرقانی جلد 1 ص 340)

روٹی پکائی کہ نبی ﷺ اکیلے تشریف لے آئیں تو بخوبی سیر ہو سکتے ہیں۔ ایک آدھ کوئی ساتھ آ گیا' تب بھی کفایت سے کام چل جائے گا۔ انس رضی اللہ عنہ کو ماں باپ نے بھیجا۔ اچھی طرح سمجھا دیا کہ لوگوں کے سامنے کچھ نہ کہنا۔ جب حضور ﷺ اٹھ کر اندر گھر میں جانے لگیں تب عرض کر دینا کہ ہمارے ہاں تشریف لے چلیے۔

انس رضی اللہ عنہ پہنچے تو نبی ﷺ انبوہ کے اندر بیٹھے ہوئے تھے۔ فرمایا تجھے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے بھیجا ہے۔ عرض کی ہاں۔ فرمایا کھانے کے لیے۔ عرض کی ہاں، نبی ﷺ نے فرمایا: لوگو! چلو ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھر۔ سب اٹھ کھڑے ہوئے۔ انس رضی اللہ عنہ نے لپک کر باپ کو اطلاع دی۔ اس نے بیوی سے کہا کہ ام سلیم! رسول اللہ ﷺ تو پوری جماعت کے ساتھ آ رہے ہیں۔

یہ خاتون بلند پایا سمجھ گئی کہ کیا ہوگا۔ بولی: اَللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ۔ نبی ﷺ کو ابوطلحہ نے آگے بڑھ کر بتلا بھی دیا کہ ایک ٹکیا موجود ہے۔ حضور ﷺ نے وہاں پہنچ کر فرمایا کہ (عکہ) گھی کی کپی لے آؤ۔ کپی سے چند قطرے گھی کے نکلے۔ نبی ﷺ نے انگشت مبارک سے روٹی چپڑ دی۔ روٹی پھولنے لگی۔ برتن سے اونچی ہوگئی۔ نبی ﷺ نے مردانہ مکان کھلوایا۔ روٹی رکھ دی اور زبان سے فرمایا: بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ فِيْهَا الْبَرَكَةَ دس دس آدمی روٹی پر بیٹھتے جاتے اور سیر ہو ہو کر اٹھتے جاتے تھے۔ اسی طرح اسی (80) شخصوں نے اس روز کھانا کھایا۔ [1]

[2] جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ان کے والد غزوہ احد میں شہید ہو گئے تھے اور بھاری قرض چھوڑ گئے تھے۔ جب کھجور کی فصل آئی، میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ حضور ﷺ چلیں تا کہ قرض خواہ حضور ﷺ کو دیکھ کر مجھ سے رعایت کریں۔ فرمایا تم چلو۔ ہر قسم کی کھجوروں کی ڈھیریاں الگ الگ لگا دو۔ میں نے تعمیل کر دی۔ اتنے میں سرور عالم ﷺ آ گئے۔ حضور ﷺ نے بڑے ڈھیر کو تین بار پھر کر دیکھا اور بعد ازاں وہیں بیٹھ گئے۔ فرمایا قرض خواہوں کو بلاؤ۔ وہ آ گئے تو ہر ایک کو ناپ ناپ کر حضور ﷺ نے کھجوریں دینی شروع کیں حتی کہ سب قرض دار نپٹ گئے اور وہ ڈھیر مجھے جوں کا توں نظر آتا تھا۔ گویا ایک دانہ بھی اس میں سے کم نہیں ہوا۔

میں تو اتنے ہی پر خوش تھا کہ ساری پیداوار قرض خواہ لے لیں اور مجھے گھر لے جانے کو ایک کھجور بھی نہ ملے۔ [2]

[3] صحیحین میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سب قرض داروں کو چکا دینے کے بعد پھر ایک یہودی بھی آ گیا۔ اس کا قرض 30 وسق کھجور کا تھا۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو ڈھیریاں باقی ہیں انھیں یہودی لے لے۔ یہودی نے انکار کر دیا۔ نبی ﷺ ایک بار ان ڈھیروں میں سے گزر گئے' پھر حکم دیا کہ یہودی کو ناپ کر دو۔ چنانچہ اس کے 30 وسق پورے ہو گئے اور 17 وسق ابھی اور بھی باقی رہ گئے۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب حضور ڈھیروں میں سے ہو کر نکلے تھے میں تب ہی سمجھ گیا کہ اللہ تعالیٰ نے ان میں برکت ڈال دے گا۔ [3]

[4] صحیح مسلم میں ہے کہ ام مالک کے گھر ایک کپی گھی کی تھی۔ وہ اس میں سے نبی ﷺ کے لیے گھی نکال نکال کر بھیجا کرتی تھی۔ اس کے بچے جب سالن مانگتے اور سالن نہ ہوتا تو اس کپی میں سے گھی نکال کر ان کو دیا کرتی۔ تو یہی طریقہ جاری رہا۔ ایک روز ام مالک نے اس کپی کو نچوڑ لیا۔ بعد ازاں اس میں سے گھی نہ نکلا۔ یعنی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لَوْ تَرَكْتِيْهَا مَا زَالَ قَائِمًا۔ [4]

---

[1] بخاری: 3578 [2] بخاری: 4053,2127 [3] بخاری: 2396,2127 [4] مسلم: 5945

ثانیا: ''اگر تم نچوڑ نہ لیتیں تو اس میں سے ہمیشہ گھی پایا جاتا۔''

5 ابن ابی شیبہ اور احمد اور طبرانی اور ابن سعد نے خباب رضی اللہ عنہ کی بیٹی سے روایت کیا ہے کہ ان کا والد جہاد پر چلا گیا۔ نبی ﷺ ان کے گھر آتے اور بکری کا دودھ دھو جاتے۔ گھر کا سب سے بڑا برتن دودھ سے بھر جاتا۔ جب خباب رضی اللہ عنہ واپس آ گئے انھوں نے دودھ نکالا تو اتنا ہی نکلا جتنا پہلے اس بکری کا ہوا کرتا تھا۔ [1]

6 صحیح بخاری میں عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک سفر میں 130 افراد نبی ﷺ کے ہمراہ تھے۔ جب منزل پر اترے تو حضور ﷺ نے پوچھا کہ کسی کے پاس کچھ کھانے کو بھی ہے۔ ایک صحابی کے پاس قریبا دو سیر آٹا تھا۔ وہ گوندلیا گیا۔ پھر ایک شخص ریوڑ لیے ہوئے وہاں پہنچا۔ اس سے ایک بکری خرید لی گئی۔ بکری کی کلیجی آگ پر بھون لی گئی اور سب حاضرین کو تقسیم کر دی گئی۔ بعد ازاں وہی کلیجی دو برتنوں میں ڈالی گئی۔ سب نے اسے سیر ہو کر کھایا۔ پھر بھی وہ ختم نہ ہوئی تو اسے ہم نے اونٹ پر رکھ دیا۔ [2]

نباتات پر اثر

حنین جذع

حنین لغت میں مشتاق کی اس آواز کو کہتے ہیں کہ جو فراق محبوب میں اس کے منہ سے نکلے۔ جذع کھجور کے کٹے ہوئے تنا کو کہتے ہیں۔ ہم اس جگہ جس روایت کا اندراج کرنے والے ہیں اسے دواوین حدیث میں سے صحیح بخاری صحیح مسلم صحیح ابن خزیمہ اور صحیح ابن حبان اور مسند شافعی و مسند احمد و سنن نسائی و ترمذی و ابن ماجہ و مستدرک حاکم و بیہقی و طبرانی اور ابو یعلیٰ نے روایت کیا ہے۔ صحابہ کرام میں اس روایت و رویت عینی کے بیان کرنے والے: سید القراء ابی بن کعب رضی اللہ عنہ (المتوفی 19ھ) و جابر بن عبداللہ الشہید رضی اللہ عنہ (المتوفی 72ھ) و خادم الرسول انس بن مالک رضی اللہ عنہ (المتوفی 92ھ) و عاشق السنہ عبداللہ بن عمر الفاروق (المتوفی 73ھ) و ابن عم النبی عبداللہ بن عباس (المتوفی 88ھ) و سہل بن سعد الساعدی (المتوفی 91ھ) و ابوسعید سعد بن مالک الخدری (المتوفی 78ھ) و بریدہ بن الخطیب اسلمی (63ھ) و ام المومنین ام سلمہ (المتوفیہ 59ھ) اور مطلب بن ابو وداعہ القرشی رضی اللہ عنہم میں۔ واقعہ یہ ہے کہ جب مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کی تعمیر کی گئی تو شروع شروع میں کوئی منبر نہ تھا۔ [3] نبی ﷺ خطبہ کے وقت کھجور کے خشک ٹنڈ کے ساتھ ٹیک لگا کر کھڑے ہو جایا کرتے تھے۔ کچھ عرصہ بعد تمیم داری رضی اللہ عنہ [4] نے نبی ﷺ کی اجازت سے کرباقوم نجار سے جو ایک انصاریہ کے غلام تھے منبر تیار کرا لیا۔ وہ تین زینہ کا تھا۔ یعنی دو زینے اور تیسری نشست کی جگہ۔ صحیح بخاری میں ہے کہ جب پہلی دفعہ نبی ﷺ نے منبر پر خطبہ شروع فرمایا اور کھجور کا ٹنڈ حضور ﷺ کے ٹیک لگانے کی عزت سے محروم رہ گیا۔ تب اس سے آواز گریہ آنی شروع ہوئی۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ صَاحَتِ النَّخْلَةُ صَاحَ الصَّبِيِّ (یعنی وہ بچوں کی طرح چلایا) اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے: سَمِعْنَا لِذٰلِكَ الْجَذْعِ صَوْتًا كَصَوْتِ الْعِشَارِ (دس ماہہ حاملہ اونٹنی کی سی آواز ہم نے اس کی سنی) نبی ﷺ منبر سے اترے، اس پر دست شفقت رکھا تو وہ چپ کر گیا۔ [5]

صحیح بخاری کی روایت میں ہے کہ پھر نبی ﷺ نے اسے منبر کے متصل دفن کرا دیا (زیادہ تفصیل راقم کے سفرنامہ حجاز میں درج ہے)

---

[1] ابن کثیر: 112/2، دلائل النبوۃ للبیہقی: 136/6 [2] بخاری: 5382,2216 [3] منبر: آواز بلند کرنا' منبر آواز بلند کرنے کی جگہ۔ [4] تمیم بن اوس بن خارجہ۔ دار ایک قبیلہ بن لخم کا قبیلہ ہے۔ قبل از اسلام یہ عیسائی عالم تھے۔ [5] بخاری: 3585,3584,2095,918

ابن ابی حاتم نے کتاب مناقب الشافعی [1] میں درج کیا ہے کہ امام شافعی نے ایک دفعہ فرمایا ہمارے نبی ﷺ نے جو عطیات عطا فرمائے تھے وہ کسی نبی کو نہیں ملے۔ کسی شخص نے پوچھا کہ عیسیٰ علیہ السلام کے معجزہ احیائے موتیٰ [2] کے بالمقابل حضور ﷺ کو کیا عطا ہوا تھا؟ امام نے فرمایا کہ حنین جذع کا واقعہ موجود ہے جس کا تھرتھرانا (روایت نسائی) اور رونا چلانا (بروایت صحیحین وغیرہم) سے ثابت ہے۔

---

[1] محمد بن ادریس القرشی المطلبی یکے از ائمہ اربعہ ولادت 150ھ وفات 202ھ مصر میں مدفون ہیں۔ از روئے نسب جملہ ائمہ دین کے اندر نبی ﷺ سے یہی قریب تر ہیں۔ [2] ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اس معجزہ نمائی کی طاقت عطا فرمائی تھی کہ وہ باذن اللہ کسی مردہ کا احیا فرمائیں۔ ان کی اس خصوصیت کا ذکر قرآن مجید کی سورہ آل عمران میں ہے: ﴿واحی الموتی باذن اللہ﴾ اب یہ بات رہ جاتی ہے کہ کبھی عملاً اس کا ظہور بھی ہوا۔ معالم التنزیل میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نے چار شخصوں کو زندہ کیا تھا۔

(1) عازر، مسیح کا دوست جسے تین دن کے بعد قبر سے نکالا۔ (2) ایک بڑھیا کا بیٹا جس کا جنازہ لے جا رہے تھے اور لوگوں کے کندھوں سے اتر کر گھر آ گیا۔
(3) ایک چونگی کے محصول لینے والے کی بیٹی، ایک دن کی مری ہوئی گھر میں پڑی تھی۔ (4) سام بن نوح۔ واضح ہو کہ صاحب معالم التنزیل نے اس روایت کو بلا سند روایت کیا ہے۔ لہٰذا محدثین کے نزدیک ساقط الاعتبار ہے۔ اب ہم دیکھنا چاہتے ہیں کہ مصنفین اناجیل اربعہ نے بھی ایسا کوئی واقعہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا درج کیا ہے یا نہیں۔

(الف) العذر کا ذکر صرف انجیل یوحنا میں ہے۔ وہ اس عورت کا بھائی ہے جس نے مسیح علیہ السلام کے قدموں پر قدرتی عطر انڈیل دیا تھا۔ یوحنا کہتا ہے کہ یہ واقعہ یروشلم سے ایک کوس کے فاصلہ پر ہوا تھا اور اسی وقت مشہور ہو گیا تھا۔ تعجب ہے کہ مصنفین اناجیل دیگر سے یہ واقعہ کیوں کر پوشیدہ رہا۔

(ب) بڑھیا کے بیٹے کا ذکر اناجیل میں مطلق نہیں۔

(ج) ابن عباس کی روایت میں جسے بنت العاشر کہا ہے اس کا ذکر لوقا مرقس نے کیا ہے اور اسے عبادت خانہ کے سردار کی بیٹی بتلایا ہے۔ انجیل نگار لکھتے ہیں کہ سردار کے گھر سے اطلاع آئی کہ لڑکی مر گئی اور مسیح علیہ السلام نے کہا کہ وہ نہیں مری۔ مسیح علیہ السلام ان کے گھر پر گیا۔ لوگ رو رہے تھے۔ مسیح علیہ السلام نے لڑکی کو دیکھ کر کہا کہ وہ نہیں مری۔ لڑکی کو فرمایا کہ وہ اٹھ بیٹھے۔ وہ اٹھ بیٹھی۔ ہم مسلمان مسیح علیہ السلام کے منہ کے الفاظ کو صحیح سمجھتے ہیں اور یقین کرتے ہیں کہ وہ لڑکی نہ مری تھی بلکہ اس پر سکتہ یا ضعف طاری ہو گیا تھا اور مسیح علیہ السلام کی برکت سے اس نے شفا پائی۔

(د) سام بن نوح کے زندہ کرنے کا قصہ بھی اناجیل میں نہیں۔ میرا مقصود اناجیل کے ان حوالہ جات کا اس مقام پر ذکر کرنے سے یہ ہے کہ مسیح علیہ السلام کی قوت احیائے موتیٰ پر اناجیل خاموش ہیں اور ادھر شہادت اور روایت اور تواتر میں بڑھا ہوا واقع حنین جذع ہے۔

ہاں اناجیل کی صحت سے زیادہ صحت اور ثبوت والی روایت ہمارے دواوین میں بھی موجود ہے۔ جسے طبرانی اور ابونعیم و ابن مندہ اور ابن ابی الدنیا نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اس روایت کو امام ابن عبدالبر نے کتاب الاستیعاب میں اور قاضی عیاض نے کتاب الشفا میں اور قسطلانی نے مواہب اللدنیہ میں درج کیا ہے کہ زید بن خارجہ کا بعہد خلافت عثمان ذوالنورین راہ چلتے ہوئے گر کر انتقال ہو گیا تھا۔ عصر کے وقت ان کے کوچہ میں سے مردہ اٹھایا گیا اور گھر پہنچایا گیا۔ مغرب و عشاء کا درمیانی وقت تھا۔ ان کی لاش سر پر رکھی ہوئی تھی۔ کپڑا پڑا ہوا تھا۔ گھر کی عورتیں جمع تھیں کہ انصتوا انصتوا کی آواز آئی سب چونکتے ہو گئے کہ یہ آواز کدھر سے آئی۔ دیکھا تو کپڑے کے نیچے سے آواز آ رہی ہے۔ مرد عورت جمع ہو گئے۔ زید کے چہرہ سے کپڑا اتار دیا گیا تو انھوں نے مندرجہ ذیل کلام کیا:

محمد [1] رسول اللہ النبی الامی و خاتم النبیین کان ذلک فی الکتب الاول صدق صدق۔ السلام علیک یارسول اللہ ورحمتہ و برکاتہ ،احمد احمد فی الکتاب الاول۔ ابوبکر ن لصدیق الضعیف فی نفسہ القوی فی امر اللہ فی الکتب الاول صدق صدق عمر بن الخطاب القوی الامین فی الکتاب الاول صدق صدق عثمان علی منہاجہ مضت الاربع و بقی سنتان اتت الفتن و کل الشدید الضعیف و قامت الساعۃ و سیاتیکم خبر بیراریس و ما بیراریس۔ [2]

''اللہ کے رسول محمد (ﷺ) ہیں وہ نبی الامی ہیں اور انبیاء علیہم السلام کو ختم کر دینے والے ہیں۔ سچ سچ لوح محفوظ میں اسی طرح ہے۔ اے اللہ کے رسول ﷺ آپ پر اللہ کا صلوٰۃ و سلام اور برکتیں ہوں۔ میں اللہ کی حمد کتاب اول میں کرتا ہوں، ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جسم میں کمزور مگر اللہ کے حکم میں بہت مضبوط۔ کتاب اول میں اسی طرح ہے۔ سچ سچ عمر رضی اللہ عنہ قوی، مضبوط اور امین ہے۔ کتاب اول میں اسی طرح ہے۔ سچ سچ عثمان ٹھیک راستہ پر تھے۔ چار سال نکل گئے، دو رہ گئے فتنے اور مضبوط کو کمزور کا نگل جانا آ پہنچا۔ قیامت قائم ہو گی۔ تم کو چاہ اریس کی خبر ملے گی۔ خبر بھی کیسی کچھ۔''

واضح ہو کہ اس روایت کی صحت اندراجات انجیل سے ضرور بڑھ کر ہے۔ زید بن خارجہ، باپ بیٹا دونوں صحابی رضی اللہ عنہما اور سرداران انصار میں سے ہیں۔ فقط۔

---

[1] ان الفاظ کو شرح شفاء مصنفہ ملا علی قاری اور کتاب الاستیعاب سے نقل کیا گیا ہے۔
[2] اس واقعہ میں بھی ایک پیش گوئی موجود ہے جسے چاہ اریس کا واقعہ بتلایا ہے۔ نبی ﷺ کی انگشت پاک کی خاتم مبارک حضور ﷺ کے بعد صدیق رضی اللہ عنہ اور صدیق رضی اللہ عنہ کے بعد فاروق رضی اللہ عنہ اور فاروق رضی اللہ عنہ کے بعد ذوالنورین رضی اللہ عنہ (درجہ بدرجہ) انتقال خلافت کے بعد پہنا کرتے تھے۔ آخر ایام خلافت میں ذوالنورین رضی اللہ عنہ چاہ اریس پر بیٹھے ہوئے تھے وہ خاتم اس میں گر گئی اور تلاش کرنے سے بھی نہ ملی۔ اسی دن سے اختلال خلافت کا آغاز ہوا۔ اسد الغابہ: 345/2

راقم عرض کرتا ہے کہ احیائے موتی سے مراد جسم موتی میں اس وقت حیات کا اعادہ ہے۔ جو شخص میت میں پہلے بھی حاصل تھی۔ مگر گریۂ نخل تو اس سے بھی عجیب تر ہے۔ یعنی ایک نباتی جسم کے اندر ایک ایسی صفت کا پیدا ہو جانا جو خاص انسانی صفت ہے۔ یہ انسانی صفت نہ صرف تھرتھرانا' کپکپانا اور رونا ہے بلکہ فراق محبوب کا احساس اور فقدان شرف کا علم بھی اس کے اندر حاصل ہے۔ بلکہ یہ تو ایک عاشقانہ رنگ ہے جو ایک کھجور کے ٹنڈ میں نظر آیا۔

امام حسن بصری ؒ [1] اس واقعہ کا ذکر فرمایا کرتے تھے تو کہا کرتے تھے، اے دعویداران بشر! فراق رسول ﷺ میں ایک ٹنڈ کا یہ حال تھا تو اب اپنی حالتوں کا بھی اس سے مقابلہ کرو۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اس واقعہ کو قاضی عیاض ؒ و دیگر محدثین کرام نے مشہور و متواتر تسلیم کیا ہے۔

میرا فہم ناقص یہ ہے کہ نبی ﷺ کا اس نخلہ کو دفن کرا دینا غالباً اسی لیے تھا کہ وہ صفات انسانی کا مظہر بن گیا تھا۔ اس نکتہ کے بعد امام شافعی ؒ کی دلیل میں اور زیادہ قوت پیدا ہو جاتی ہے۔

حیوانات پر اثر

[1] مسلم میں جابر ؓ سے روایت ہے کہ میں ایک غزوہ نبی ﷺ کے ہمرکاب گیا تھا۔ میرا اونٹ پیچھے رہ گیا تھا اور چل نہ سکتا تھا۔ نبی ﷺ مجھے راہ میں مل گئے۔ پوچھا اونٹ کو کیا ہے؟ میں نے کہا: بیمار ہے۔ نبی ﷺ نے اونٹ کو ڈانٹا اور دعا بھی فرمائی، وہ سب سے آگے چلنے لگا۔ حضور ﷺ نے پھر مجھ سے پوچھا تو میں نے عرض کر دیا کہ اب وہ اچھا ہے اور اسے حضور ﷺ کی برکت کا حصہ مل گیا ہے۔۔ [2]

[2] مسلم میں ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو بلایا اس نے حاضر ہو کر کہا کہ میری اونٹنی ایسی ہو گئی ہے کہ مجھے حاضر ہونے میں دیر لگی۔ حضور ﷺ نے اونٹنی کے ایک ایڑ لگائی' وہ سب سے آگے نکلنے لگی۔ [3]

[3] مسند احمد میں خباب ؓ کی بیٹی سے روایت ہے کہ خباب ؓ جہاد پر گئے ہوئے تھے۔ نبی ﷺ ہماری خبر گیری فرماتے اور ہماری بکریاں دھو جاتے اور گھر کا سب سے بڑا برتن دودھ کا بھر جاتا۔ جب خباب ؓ واپس آ گئے تو بکریوں کا دودھ بھی اتنا رہ گیا۔ جتنا پہلے ہوا کرتا تھا۔ [4]

[4] بیہقی نے جعیل سے روایت کی ہے کہ میں ایک غزوہ میں نبی ﷺ کے ساتھ تھا۔ میرے پاس ایک کمزور دبلی سی گھوڑی تھی اور میں سب سے پیچھے رہا کرتا تھا۔ نبی ﷺ مجھے آ ملے۔ فرمایا گھوڑی والے چلو۔ میں نے کہا یارسول اللہ ﷺ! یہ تو دبلی بھی ہے اور کمزور بھی۔ نبی ﷺ نے اپنا چابک اسے لگایا اور یہ الفاظ بھی زبان سے فرمائے: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهٗ فِيْهَا۔ پھر تو وہ ایسی تیز ہو گئی کہ مجھے اس کی لگام سنبھالنا اور سب سے آگے نکل جانے سے روکنا مشکل ہو گیا تھا۔ بعد ازاں میں نے اس کے شکم کے دس بچھڑے بھی فروخت کیے۔ [5]

[5] ابن سعد ابو یعلی برادر ابن مندہ، بیہقی و ابونعیم اور حاکم نے (مع تصحیح) سفینہ ؓ سے جو حضور ﷺ کے آزاد کردہ غلام تھے روایت کی ہے کہ انھوں نے بحری سفر کیا۔ کشتی ٹوٹ گئی اور ایک تختہ پر بہتے ہوئے ایک ساحل پر پہنچ گئے۔ جس کے ساتھ جنگل تھا۔ اس میں شیر تھے۔ ایک شیر میری طرف آیا، میں نے کہا! او شیر! میں رسول اللہ ﷺ کا غلام ہوں، شیر دم ہلانے لگا اور میرے برابر برابر چلتا ہوا مجھے رستہ پر ڈال گیا۔ جب میں اس سے الگ ہوا تو وہ دھاڑتا تھا گویا مجھے رخصت کر رہا تھا۔ [6]

---

[1] امام حسن بصری ابوسعید، ابوالحسن یسار نام ولادت 21ھ وفات یکم رجب 110ھ۔ [2] بخاری: 2097، مسلم: 1089، ابن حبان: 7143، نسائی: 299/7۔
[3] بخاری: 2969,2867، مسلم: 2307/48۔ [4] ابن کثیر: 102/2، دلائل النبوۃ للبیہقی: 138/6۔ [5] کنز العمال: 35384، الطبرانی: 315/2
[6] البیہقی: 46/6، مستدرک حاکم: 606/3۔

افلاک پر اثر اور معجزہ شق قمر

نبی ﷺ کے اشہر معجزات میں سے شق قمر کا معجزہ ہے۔ کفار نے علمائے یہود سے دریافت کیا تھا کہ ہم کو محمد ﷺ سے اس کی صداقت کا کیا نشان طلب کرنا چاہیے انھوں نے کہا کہ سحر کا اثر صرف زمین تک محدود ہے۔ تم کہو کہ ہم کو چاند کے دو ٹکڑے کر کے دکھلا وے۔ امید ہے کہ محمد ﷺ کچھ نہ دکھلا سکے گا۔ انھیں کی سکھلاوٹ سے کفار نے شق قمر کا سوال کیا تھا۔ [1]

احادیث شق القمر کے راوی عبداللہ بن مسعود، امیر المومنین علی المرتضیٰ، جبیر بن مطعم نوفلی، انس بن مالک، عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر فاروق رضی اللہ عنہم ہیں۔ صحیحین میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے:

اِنْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِرْقَتَيْنِ فِرْقَةٌ فَوْقَ الْجَبَلِ وَفِرْقَةٌ دُوْنَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِشْهَدُوْا۔ [2]

''رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک میں چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔ ایک ٹکڑا پہاڑ کے ادھر اور دوسرا اس سے نیچے تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دیکھو، گواہ رہنا۔''

اس روایت میں لفظ اِشْهَدُوْا اس لیے ہے کہ شق قمر کا وقوع طلب کفار کے بعد بطور معجزہ رسول اختیار واقع ہوا تھا۔ ورنہ تاکید شہادت کے کیا معنی؟

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت سے صحیحین میں ہے:

اِنَّ اَهْلَ مَكَّةَ سَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّرِيَهُمْ اٰيَةً فَاَرَاهُمُ انْشِقَاقَ الْقَمَرِ شِقَّتَيْنِ حَتّٰى رَاَوْا حِرَاءَ بَيْنَهُمَا۔ [3]

اہل مکہ (کفار) نے نبی ﷺ سے درخواست کی تھی کہ ان کو کوئی بڑا نشان دکھایا جائے نبی ﷺ نے انھیں چاند کا پھٹنا دکھلایا، اس کے دو ٹکڑے تھے۔ کوہ حرا ان دونوں کے درمیان تھا۔

صحیحین کی ایک روایت عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ میں یہ بھی صراحت ہے کہ یعنی اِنْفَلَقَ الْقَمَرُ وَنَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جب چاند پھٹا ہے تو اس وقت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بھی مع دیگر صحابہ کے حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے۔ [4]

علی ھذا بیہقی اور ابونعیم نے جو روایت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے بیان کی ہے اس میں بھی یہ صراحت ہے کہ اِنْشَقَّ الْقَمَرُ وَنَحْنُ بِمَكَّةَ ہم مکہ میں تھے جب شق قمر کا واقعہ ہوا۔ [5]

ان تصریحات سے واضح ہوتا ہے کہ اجلہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں تین بزرگوں سیدنا علی وعبداللہ بن مسعود وجبیر بن مطعم نوفلی رضی اللہ عنہم کی شہادت چشم دید ہے اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت مرسل صحابی ہے۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت میں جسے امام مسلم نے اپنی صحیح میں بیان کیا ہے۔ ہر دو احتمال ہو سکتے ہیں اور غالب ظن یہ ہے کہ

---

[1] مسلم: 2802، احمد: 163/3، ترمذی: 3286۔ مجھے خیال گزرتا ہے کہ یہود نے موسیٰ علیہ السلام کے سب سے بڑے معجزے فلق بحر سے شق قمر کا تخیل پیدا کیا تھا۔ وہ قطعاً جانتے تھے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام جیسا معجزہ دکھلانا ہی دوسرے کے لیے محال ہے۔ چہ جائیکہ ایسا معجزہ جو پہلے معجزہ کے مقابلہ میں زمین و آسمان کا فرق رکھتا ہو۔ [2] بخاری: 3636، 3869، مسلم: 7072 [3] بخاری: 3637، 3868، مسلم: 7076، 7077 [4] بخاری: 3869، مسلم: 7072، 7074، ترمذی: 3285 [5] ترمذی: 3289

وہ بھی چشم دید راوی ہیں۔ کیوں کہ ان کے آخری لفظ یہ ہیں: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ گواہ رہنا (کہ میں نے کفار کو یہ نشان دکھلا دیا ہے۔) [1]

اس معجزہ کی توثیق

قرآن مجید سے ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ○ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ﴾ [القمر:1-2]

''وقت آ گیا اور چاند پھٹ گیا اور کفار جب کوئی بڑا نشان دیکھتے ہیں تو کہہ دیا کرتے ہیں کہ یہ تو جادو ہے جو ہوتا رہا ہے۔''

علماء جانتے ہیں کہ قرب کی بجائے اِقْتَرَبَ کا استعمال وقوع کی تاکید کے لیے ہے' السَّاعة سے مراد خواہ قیامت ہے اور شق قمر جیسے واقعات اس تغیر عظیم کے قریب ہونے کی خبر دینے والے ہیں' جیسا کہ شمس وقمر اور نجوم وکواکب اور جبال وارض سب کے سب ہی تلف ہو جائیں گے۔

خواہ اَلسَّاعَةَ سے مراد وقت مقررہ ہے جو علم الٰہی ہی واقعہ شق قمر کے لیے تھا۔ اس معنی کا اطلاق قرآن مجید میں مندرجہ ذیل آیات سے ثابت ہے۔

① ﴿ لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً ﴾ [یونس:45] ② ﴿ مَا لَبِثُوْا اِلَّا سَاعَةً ﴾ [الاحقاف:35] لیکن ان مقامات پر معرف باللام نہیں۔

شبہ کرنے والے بیان شبہ سے نہیں چوکا کرتے۔ وہ کہتے ہیں کہ دراصل قمر میں انشقاق نہ ہوا تھا' بلکہ روایت انس رضی اللہ عنہ میں لفظ اَرَاهُمْ واقع ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ کفار کی آنکھوں کو چاند کا دو ٹکڑوں میں ہو جانا دکھلایا گیا تھا۔

کاش یہ لوگ اسی روایت میں اور اسی لفظ اَرَاهُمْ سے پہلے کے الفاظ سَأَلُوْا اَنْ يُّرِيَهُمْ اٰيَةً کو دیکھ لیتے! کیا کفار کا سوال بھی یہی تھا کہ ''چاند خواہ شق ہو یا نہ ہو، مگر ہم کو شق شدہ نظر آ جائے۔ یقیناً ان کا یہ سوال نہ تھا اور نہ ہو سکتا تھا۔ لہٰذا اَرَاهُمْ تو اس يُرِيَهُمْ کے وقوع کی اطلاع ہے۔

دوسروں کا شبہ یہ ہے کہ یہ تو زمان مستقبل کے متعلق اطلاع ہے کہ چاند پھٹ جائے گا لیکن اِقْتَرَبَتْ اور اِنْشَقَّ دونوں لفظ صیغہ ماضی کے ہیں۔

اور مزید برآں خود کفار نے اسے دیکھ کر سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ کہا ہے۔ اگر اس کا تعلق مستقبل سے ہوتا وہ اس واقعہ کو سحر مستمر سے کیوں تعبیر کرتے۔

الغرض شک وشبہ کے شبہات پیدا کرنے کے بعد بھی واقعہ ہذا بکمال صحت ثابت ہے۔

پرانے زمانے کے متفلک جو قیانوسی ہیئت سے روشنی گیر تھے۔ خرق والتیام، اجرام سماوی کے امکان وعدم امکان پر بھی بحث کیا کرتے تھے۔ لیکن اب نہ تو ان کی وہ زمین باقی ہے اور نہ آسمان اس لیے وہ اعتراضات بھی پا در ہوا ہو گئے۔

کاش ان لوگوں کو زلزلہ ارضی سے سبق ملتا کہ کس طرح زلزلہ کے جھٹکے سے ہموار زمین میں غار پڑ جاتے ہیں اور کیوں کر وہی غار

---

[1] عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے 73ھ میں بعمر 86 سال انتقال کیا۔ یعنی ان کی عمر ابتدائے ہجرت کے وقت 13 سال کی تھی۔ ان کا اسلام اپنے والد کے ساتھ 6 نبوت میں تھا اور واقعہ شق قمر 9 نبوت کا ہے۔ لہٰذا شہادت چشم دید ہے۔

دوسرے جھٹکے میں پھر ہموار شکل میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔

ہم کو اپنے زمانہ میں جو اعتراض سننا پڑتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ اگر چاند پھٹ گیا ہوتا تو کیا ہندوؤں اور عیسائیوں کی کتابوں میں یہ واقعہ مذکور نہ ہوتا۔

ہندوؤں کا اعتراض تو تب صحیح ہوتا جب ان کے ہاں تواریخ کی کتابیں بھی پائی جاتیں' جس ملک میں سرے سے کوئی تاریخ ہی موجود نہ ہو' جہاں واقعات ملک وقوم کی کوئی یادداشت موجود نہ ہو، ان کو دوسرے ملک کی بابت کہنا کہ ہماری کتابوں میں اس کا ذکر نہیں' کہاں تک زیبا ہو سکتا ہے۔

مصریوں کو دیکھو' یہ بھی تہذیب قدیم کے بلند دعاوی میں ہندوؤں سے بڑھے ہوئے ہیں' مگر ان کی کتابوں میں واقعاتِ موسیٰ علیہ السلام کا کہیں نشان نہیں ملتا جس ملک کی تاریخ ایسے ایسے واقعات ارضی سے خالی ہو۔ ان سے یہ توقع کہ ان کے ہاں جملہ واقعات سماوی بھی ضروری درج ہونے چاہئیں کیوں کر درست ہو سکتی ہے۔

ہاں' یہودیوں اور عیسائیوں کو دیکھیے کہ وہ کتاب یشوع 12 / 10 کی صحت پر ایمان رکھتے ہیں۔

''یسوع نے کہا! اے آفتاب جبعون پر ٹھہرا رہ اور اے ماہتاب تو وادی ایلوں کے مقابل 13 / 10 تب آفتاب نے درنگ کیا اور ماہتاب کھڑا رہا' یہاں تک کہ ان لوگوں نے اپنے دشمنوں سے انتقام لیا۔''

10/13 قریب دن بھر کے سورج پچھم کی طرف مائل نہ ہوا۔''

کیوں جناب سورج اور چاند کا 12 گھنٹے کے لیے اپنی رفتار سے رک جانا کس قدر عجیب ہے۔ شق القمر کا واقعہ تو رات کا تھا۔ ہزاروں مقامات پر لوگ سو رہے ہوں گے۔ ہزاروں انسان گھروں کے اندر ہوں گے۔ لیکن سورج کا 12 گھنٹے رک جانا تو سارے جہاں میں تہلکہ ڈال دینے والی بات تھی۔ مگر اس کا ذکر یسوع کی معاصر کتابوں میں کہیں بھی نہیں ملتا اور بایں ہمہ آپ اس واقعہ کی صحت پر ایمان رکھتے ہیں۔

اس سے بڑھ کر اب ہم آپ کو دکھلانا چاہتے ہیں کہ اگر مکہ معظمہ میں یہ واقعہ رات کے 9 بجے وقوع پذیر ہوا تو اس وقت دنیا کے بڑے بڑے ممالک کے اوقات کیا تھے؟ [1]

نام ملک	گھنٹے	منٹ	نام ملک	گھنٹے	منٹ
ہندوستان	12	50۔شب	انگلستان' آئرلینڈ' فرانس	6	دن
ماریشس	12	20۔شب	بلجیم، سپین، پرتگال	6	دن
رومانیہ' بلغاریا' ٹرکی' یونان	8	20۔دن	جبل الطارق، الجیریا	6	دن

[1] یہ نقشہ اوقات سٹینڈرڈ ٹائم کے حساب سے ہے۔

جرمنی لیگزمبرگ، ڈنمارک	8	20۔دن	پیرو تہامہ، جمیکا، بہامس	1	20 نیم شب
سویڈن	8	20۔دن	امریکہ	1	// // //
آئس لینڈ۔مڈیریا	5	20 دن	سموا	6	20 دن
مشرقی برازیل	2	20 بعد نیم شب	نیوزی لینڈ	6	50۔دن
متوسط برازیل و چلی	2	20 ////	تسمانیہ، وکٹوریہ، نیوساؤتھ	5	22 صبح
برٹش کولمبیا	10	20 قبل دوپہر	جنوبی آسٹریلیا	4	50 صبح
کولون	9	24 // //	جاپان۔کوریا	4	20 بعد دوپہر
برہما	1	50 بعد نیم شب	مغربی آسٹریلیا، شمالی بورینو	3	20 // //
سمال لینڈ مڈغاسکر	10	20 شب	جزائر، فلپائن، ہانگ کانگ	3	20 // //
ریاستہائے ملایا	2	20 // //	چین	3	20 // //
جزائر سنڈوک	7	50۔دن			

معجزات کی قسم دوم

یعنی اطلاع اخبار مستقبلہ وواقعات آئندہ

عہد مستقبل کا علم کسی انسان کو حاصل نہیں ﴿ وَمَا تَدۡرِیۡ نَفۡسٌ مَّا ذَا تَکۡسِبُ غَدًا ﴾ [لقمان:34] ''کسی شخص کو بھی یہ پتا نہیں کہ آنے والے کل کو وہ کیا کیا کرے گا۔''

علم غیب کا مالک صرف رب العالمین ہے ﴿ لَهٗ غَیۡبُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ﴾ [الکھف:26]

رب العالمین ہی اپنے گزیدہ انبیاء ورسل پر علم غیب کا اس قدر حصہ ظاہر فرماتا رہا ہے جس کی ان کو ضرورت ہوئی یا جس کی ضرورت ان کی صداقت ورسالت کا یقین دلانے کے لیے پائی گئی۔

﴿ فَلَا یُظۡهِرُ عَلٰی غَیۡبِهٖۤ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارۡتَضٰی مِنۡ رَّسُوۡلٍ ﴾ [الجن 26-27]

''وہ غیب کسی پر ظاہر نہیں کرتا مگر جس رسول سے وہ خوش ہو۔''

معجزات مادی کا انکار کرنے والے اور شکوک واوہام کے دام میں گرفتار تو بہت پائے جاتے ہیں' مگر اخبار مستقبلہ کی اطلاع صحیح کی تاویل ایسے لوگ بھی نہیں کر سکتے' لہٰذا یہ بھی معجزات میں داخل وشامل ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ کسی کے نزدیک اظہار اخبار غیب کا درجہ بڑا ہے۔

صدیقہ بنت صدیق ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے صحیحین میں مروی ہے کہ نزول وحی سے پیشتر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رویائے صادقہ کا باب کھولا گیا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نور جو کچھ خواب میں دیکھ لیتے' بیداری میں وہ واقعہ اسی طرح ظہور پذیر ہوتا۔[1]

انبیاء علیہم السلام کے رؤیا کو دیگر اکابر صالحین کے رؤیا پر یہی فوقیت ہے کہ اوروں کے خواب تمثیلی رنگ میں بھی ہوتے ہیں مگر انبیاء علیہم السلام کا

---

[1] بخاری: 3,4953؛ مسلم: 403,405

رؤیا میں جلوہ حقیقت ہوتا ہے۔ ذبح پسر کے متعلق امام الخلائق حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خواب کا ذکر قرآن مجید میں ہے۔ حضور اپنے فرزند اسماعیل علیہ السلام سے فرماتے ہیں: ﴿يَا بُنَيَّ إِنِّي أَرَى فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرَى﴾ [الصافات:102] ''پیارے بیٹے میں خواب میں دیکھ رہا ہوں کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں' تم غور کرو کہ اس میں تمھاری رائے کیا ہے؟''

خلیل الرحمٰن علیہ السلام کا فرزند ذبیح اللہ علیہ السلام کا منصب پانے والے کا آرزومند نبی بن نبی جواب دیتا ہے

﴿يَا أَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ﴾ ''بزرگ باپ جو حکم آپ کو ملا اس پر عمل کیجیے۔''

غور کرو کہ صورت مرئیہ منام کا نام انھوں نے امر الٰہی رکھا ہے۔ چنانچہ اس کی تعمیل ٹھیک اسی صورت کی گئی۔

اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کے بھی ایک خواب کا ذکر سورۃ الفتح میں فرمایا ہے:

﴿لَقَدْ صَدَقَ اللَّهُ رَسُولَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ﴾ [الفتح:27]

''اللہ نے اپنے رسول ﷺ کے اس خواب کو پوری حقانیت کے ساتھ پورا کر دیا کہ تم ان شاء اللہ کعبہ میں داخل ہو گے۔ اس وقت بعض مسلمانوں نے سر منڈائے ہوئے ہوں گے اور بعض نے بال کٹوائے ہوئے۔''

یہاں بھی مسجد الحرام اور حلق وقصر اپنے اصلی معنی میں تھے۔

خواب کے بعد نبی کریم ﷺ کے وہ مشاہدات اور علامات ہیں جن میں حضور ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے اطلاع پا کر دنیا کو مطلع فرمایا ہے۔ عنوان بالا کے تحت ہم ایسے ہی واقعات کا ذکر بالاختصار کرتے ہیں۔

اطلاع اخبار مستقبلہ

(1) حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز نبی ﷺ کھڑے ہوئے اور حضور ﷺ نے ہر ایک بات جو قیامت تک ہونے والی تھی بیان فرما دی۔ جسے یاد ہے اسے یاد ہے، جو بھول گیا وہ بھول گیا۔ میرے سامنے بھی جب وہ ایسا واقعہ آ جاتا ہے جو میں بھول چکا تھا تو اسے دیکھتے ہی سمجھ جاتا ہوں۔ جیسے ہم کسی شخص کو بھول جایا کرتے ہیں اور پھر اس کا منہ دیکھ کر اسے پہچان لیا کرتے ہیں [1]

صحیح مسلم بروایت ابوذر رضی اللہ عنہ روایت بالا کے متعلق یہ مزید صراحت ہے کہ حضور ﷺ نے نماز فجر کے بعد نماز ظہر تک خطبہ فرمایا۔ نماز پڑھ کر پھر خطبہ شروع کر دیا۔ غروب شمس تک یہی ہوتا رہا۔ اس خطبہ میں واقعات تا قیامت کا ذکر فرمایا تھا جسے وہ خطبہ زیادہ محفوظ رہ گیا ہے وہ ہم میں سے زیادہ عالم ہے۔ [2]

جہاز بحری کی اطلاع

(2) انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز نبی ﷺ نے ام حرام رضی اللہ عنہا کے گھر آرام فرمایا۔ جب بیدار ہوئے تو حضور ﷺ ہنس رہے تھے۔ ام حرام رضی اللہ عنہا نے وجہ پوچھی، فرمایا: مجھے میری امت کے وہ غازی دکھلائے گئے جو سمندر میں جہاد کے لیے سفر کریں گے۔ وہ اپنے جہازوں پر ایسے بیٹھے ہوں گے جیسے ملوک اپنے اپنے تخت پر نشست کرتے ہیں۔ ام حرام رضی اللہ عنہا نے عرض کی میرے لیے بھی دعا فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان میں شامل فرمائے۔ حضور ﷺ نے دعا کر دی اور پھر لیٹ گئے۔ پھر ہنستے ہوئے بیدار ہوئے

---

[1] بخاری: 6604، مسلم: 7262، ابوداود: 4240 [2] مسلم: 2892

فرمایا: مجھے میری امت کے دوسرے غازی جہازوں پر سوار ہو کر جہاد کرنے والے دکھلائے گئے۔ ام حرام رضی اللہ عنہا نے کہا، دعا فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی ان میں شامل فرمائے۔ فرمایا نہیں، تو پہلے لوگوں میں سے ہے۔

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بحری جہاد کو گئے تو یہ ام حرام رضی اللہ عنہا بھی اپنے شوہر کیساتھ گئیں۔ غزوہ سے واپسی کے وقت ام حرام رضی اللہ عنہا کے لیے سواری لائی گئی، وہ سوار ہونے لگیں تو جانور نے لات ماری اور ان کا وہیں انتقال ہو گیا۔ [1]

پیش گوئی

(3) صحیح بخاری میں عدی بن حاتم طائی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نبی ﷺ کے حضور میں بیٹھا تھا کہ ایک شخص آیا اور اس نے فاقہ کی شکایت کی، دوسرا آیا اس نے ڈکیتیوں کی شکایت کی۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''کہ اے عدی رضی اللہ عنہ اگر تمھاری عمر لمبی ہوئی تو تم دیکھ لو گے کہ ایک بڑھیا حیرہ سے اکیلی چلے گی اور خانہ کعبہ کا طواف کرے گی، وہ اللہ کے سوا اور کسی سے نہ ڈرتی ہو گی۔'' (میں نے اپنے دل میں کہا کہ طے کے ڈکیت کدھر چلے جائیں گے، جنھوں نے تمام بستیوں کو اجاڑ رکھا ہے۔ پھر فرمایا: ''اگر تیری عمر لمبی ہوئی تو تم کسریٰ کے خزانوں کو جا کھولو گے۔'' میں نے پوچھا کیا کسریٰ بن ہرمز؟ فرمایا: ''ہاں کسریٰ بن ہرمز۔'' پھر فرمایا: ''اگر تیری عمر لمبی ہوئی تو تو دیکھ لے گا کہ ایک شخص زکوٰۃ کا سونا اور چاندی لیے ہوئے پھرے گا اور اسے کوئی نہ ملے گا جو زکوٰۃ کا پیسہ لینے والا ہو۔''

عدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے ایسی بڑھیا کو بھی حج کرتے دیکھ لیا جو کوفہ سے اکیلی حج کو آئی تھی اور اللہ تعالیٰ کے سوا اسے کسی کا خوف نہ تھا اور خزائن کسریٰ کی فتح میں تو میں بھی شامل تھا۔ تیسری بات بھی تم اے لوگو! دیکھ لو گے۔ [2]

امام بیہقی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کی سلطنت میں تیسری بات بھی پوری ہو گئی کہ زکوٰۃ دینے والے کو تلاش سے بھی کوئی فقیر نہ ملتا تھا اور وہ اپنا مال گھر واپس لے جایا کرتا تھا۔

پیش گوئی متعلق فتوحات ممالک

(4) بیہقی رحمہ اللہ و ابونعیم رحمہ اللہ نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ خندق کھودتے ہوئے ایک بہت بڑا اور بہت سخت پتھر نکل آیا جس پر کدال کا اثر نہ ہوتا تھا۔ ہم نے نبی ﷺ سے یہ حال عرض کیا حضور ﷺ نے پتھر کو دیکھا، کدال کو ہاتھ میں لیا اور بسم اللہ کہہ کر ضرب لگائی۔ ایک تہائی پتھر ٹوٹ گیا۔ اس وقت حضور ﷺ نے فرمایا: اَللّٰہُ اَکْبَرُ اِنِّیْ اُعْطِیْتُ مَفَاتِیْحَ الْفَارِسِ وَاللّٰہُ لَاَبْصُرُ قَصْرَ الْمَدَائِنِ الْاَبْیَضِ (مجھے ملک فارس کی کنجیاں عطا کی گئیں اور میں اس وقت مدائن کے سفید محل کو دیکھ رہا ہوں)۔ پھر دوسری ضرب لگائی اور ایک تہائی پتھر پھر ٹوٹ گیا پھر فرمایا: اَللّٰہُ اَکْبَرُ اُعْطِیْتُ مَفَاتِیْحَ الشَّامِ (مجھے ملک شام کے خزانے اور کنجیاں عطا کی گئیں) بخدا! میں نے وہاں کے سرخ سرخ محلات کو ابھی دیکھ لیا ہے۔ پھر تیسری ضرب لگائی اور سارا پتھر چکنا چور کر دیا اور فرمایا: اَللّٰہُ اَکْبَرُ اُعْطِیْتُ مَفَاتِیْحَ الْیَمَنِ وَاللّٰہُ اِنِّیْ لَاَبْصُرُ اَبْوَابَ صُنْعَاءَ مِنْ مَکَانِیَ السَّاعَۃَ'' مجھے ملک یمن کی کنجیاں عطا کی گئیں۔ واللہ! میں یہاں سے اس وقت شہر صنعاء کے دروازوں کو دیکھ رہا ہوں۔'' [3] یہ پیش گوئی اس وقت فرمائی تھی جب مدینہ پر کفار کے عساکر

---

[1] بخاری: 2788، احمد: 423/6، اسد الغابہ: 305/7: [2] بخاری: 3595، 1413، شرح السنۃ: 5/ 31 [3] سنن النسائی: 3176، ابوداؤد: 4302، دلائل النبوۃ للبیہقی: 421/3، سنن الکبریٰ للنسائی: 65/2، ابن ہشام: 173/3

حملہ آور ہو رہے تھے اور ان سے بچاؤ کے لیے شہر کے گرداگرد خندق کھودی جا رہی تھی، ایسے ضعف کی حالت میں اتنے ممالک کی فتوحات کی اطلاع دینا اللہ کے نبی ہی کا کام ہے جسے اللہ تعالیٰ نے حرف بہ حرف پورا فرمایا۔

فتح مصر کی پیش گوئی

(5) نبی ﷺ نے فرمایا:

اِنَّكُمْ سَتَفْتَحُوْنَ اَرْضًا يُذْكَرُ فِيْهَا الْقِيْرَاطُ فَاسْتَوْصُوْا بِاَهْلِهَا خَيْرًا فَاِنَّ لَهُمْ ذِمَّةً وَ رَحِمًا فَاِذَا رَاَيْتَهُمْ رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلَانِ عَلٰى مَوْضِعِ لَبِنَةٍ فَاخْرُجْ مِنْهَا۔ (1)

''تم عنقریب اس ملک کو فتح کر لو گے جہاں سکہ قیراط ہے۔ تم وہاں کے لوگوں سے بھلائی کرنا کیوں کہ ان کو ذمہ اور رحم کے حقوق حاصل ہیں (پھر ابوذر سے فرمایا) جب تم دیکھو گے کہ دو شخص ایک اینٹ برابر کی زمین پر جھگڑ رہے ہیں تب وہاں سے چلے آنا۔''

ابوذر رضی اللہ عنہ نے فتح مصر کو بھی دیکھا اور وہاں بود و باش بھی اختیار کی اور یہ بھی دیکھا کہ (ربیعہ اور عبدالرحمٰن بن شرحبیل) اینٹ برابر زمین کے لیے جھگڑ رہے ہیں تب یہ وہاں سے چلے بھی آئے۔ صحیح مسلم کی روایت کے الفاظ لَهُمْ ذِمَّةً وَ رَحِمًا کی تفسیر بیہقی و ابو نعیم کی حدیث عن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ میں موجود ہے کہ ہاجرہ ام اسماعیل علیہ السلام اور ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا ام ابراہیم بن رسول اللہ ﷺ مصریہ ہیں۔ حدیث بیہقی و ابو نعیم میں ملک مصر کا نام صراحتہً ہے۔

ملک عرب سے ممالک مفتوحہ کے قطع تعلق کی پیش گوئی

(6) نبی ﷺ نے فرمایا:

مَنَعَتِ الْعِرَاقُ دِرْهَمَهَا وَ قَفِيْزَهَا وَ مَنَعَتِ الشَّامُ مُدَّهَا وَ دِيْنَارَهَا وَ مَنَعَتِ الْمِصْرُ اَرْدَبَّهَا وَدِيْنَارَهَا وَعُدْتُّمْ مِنْ حَيْثُ بَدَاْتُمْ۔ (2)

''عراق نے اپنے درہم و قفیز کو شام نے اپنے مد و دینار کو اور (مصر نے) اپنے اردب و دینار کو روک لیا اور تم ویسے کے ویسے رہ گئے جیسے شروع میں تھے۔'' □

یحییٰ بن آدم کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے اس حدیث میں صیغہ ماضی کا استعمال فرمایا۔ حالانکہ اس کا تعلق عہد مستقبل سے تھا اس لیے کہ حکم الٰہی میں ایسا ہی مقدر ہو چکا تھا۔

حدیث بالا اس زمانہ کے متعلق پیش گوئی ہے، جب مدینہ منورہ میں خلافت راشدہ کا زمانہ ختم ہو گیا اور دمشق میں سلطنت امویہ کا قیام ہو گیا تھا کہ پھر حجاز میں ان ممالک سے مالیہ نہ بہ شکل سکہ اور نہ بہ شکل جنس کبھی حجاز کو حاصل نہ ہوا۔ یہ پیش گوئی اب تک بارہ صدیوں سے اسی طرح چلی آتی ہے۔

---

(1) مسلم: 6494,6493، کنز العمال: 31767، دلائل النبوۃ: 321/2، بیہقی: 206/9 (2) مسلم: 7277، ابوداؤد: 3035، احمد: 262/2،

□ قفیز، مد اور اردب اناج کے پیمانے ہیں۔ قفیز، مکوک کا اور 1/13 رطل یا بقول بعض 2 رطل کا اور اردب 24 صاع کا ہوتا ہے۔ مجمع البحار۔

پیش گوئی کہ شہنشاہ ایران کے کنگن سراقہ اعرابی کو پہنائے جائیں گے

(7) نبی ﷺ نے سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

کَیْفَ بِكَ اِذَا لَبِسْتَ سِوَارَیْ كِسْرٰی۔

''تیری کیا شان ہوگی جب تجھے کسریٰ کے کنگن پہنائے جائیں گے۔''

بیہقی کی دوسری روایت میں ہے کہ جب عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس فتح ایران کے مال غنیمت میں کسریٰ کے کنگن پہنچے تو انھوں نے سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ کو بلایا اور اسے وہ کنگن پہنائے جو سراقہ کے بازوؤں کے اوپر تک پہنچے۔

فاروق رضی اللہ عنہ نے کنگن پہنا کر زبان سے کہا: اللہ کا شکر ہے جس نے کسریٰ بن ہرمز سے جو اپنے آپ کو رب الناس کہلاتا تھا یہ کنگن چھین لیے اور آج سراقہ رضی اللہ عنہ بن مالک اعرابی مدلجی کو پہنائے۔ [1]

امام شافعی رحمہ اللہ نے تحریر کیا ہے کہ یہ کنگن سراقہ رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ کی پیش گوئی کی تعمیل میں پہنائے گئے تھے۔

حدیث بالا کے مختصر فقرہ پر غور کرو جو تین پیش گوئیوں پر مشتمل ہے:

1. خلافت فاروق رضی اللہ عنہ کی صداقت پر، جس نے نبی اللہ کے ارشاد کو پورا کیا۔
2. فتح ایران کو۔
3. فتح ایران تک سراقہ کے زندہ رہنے پر۔ کتاب لاستیعاب سے واضح ہے کہ سراقہ نے ۲۰ھ میں وفات پائی۔ یعنی فتح ایران سے صرف چند سال بعد وہ زندہ رہے۔

معجزات قسم سوم

اب ایسی پیش گوئیوں کا ذکر کیا جاتا ہے جن کا اندراج کتب احادیث میں پہلے سے ہو چکا تھا اور ان کتب کو عالم اسلام میں تداول بین الناس اور اشاعت تام کا درجہ حاصل تھا، پھر ان پیش گوئیوں کا ظہور دنیا کے سامنے بعد میں ہوا۔

اس سے ثابت ہوگا کہ ایسی پیش گوئیوں کی نسبت تصنع یا ساخت کا وہم بھی نہیں کیا جا سکتا' نیز ان سے یہ بھی ثابت ہوگا کہ قرب قیامت کی علامات وشرائط جن احادیث میں بیان فرمائی گئی ہیں اور جن کا ظہور آج 1348ھ تک نہیں ہوا۔ ان کا ظہور بھی یقیناً اپنے اپنے اوقات پر (جو علم الٰہی میں مقرر ہے) اپنے ظاہری الفاظ اور کمال تطابق کے ساتھ بصیرت افزائے مومنین ہوگا۔

393 سال پیشتر کی پیش گوئی

سنن نسائی و بیہقی میں غزوہ ہند کی پیش گوئی بایں الفاظ درج ہے:

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ وَعَدَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ الْهِنْدِ. [2]

''رسول اللہ ﷺ نے وعدہ فرمایا کہ مسلمان ہندوستان میں غزوہ کریں گے۔''

---

[1] ساری تفصیل درج ذیل کتب میں دیکھیں: الشفا بالقاضی: 674/1، الاستیعاب رقم: 721، الاصابہ رقم: 3122، اسد الغابہ: 414/2

[2] نسائی: 3175، مستدرک 514/3، دلائل النبوۃ 336/6، بیہقی 176/9

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ یہ حدیث امام نسائی نے اپنی صحیح میں درج کی ہے۔ امام نسائی 215ھ کو پیدا ہوئے اور 303ھ کو وفات پائی۔

نسائی طاہر 215 بزادوز جہاں فیروز 303 رفت

ہند پر سب سے پہلے سلطان محمود نے 393ھ کو حملہ کیا تھا۔ یعنی اشاعت کتب سنن نسائی سے قریباً ایک صدی بعد، جب کہ سن ہجرت 393 تھا۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اہل اسلام کی کتابوں میں ہند دریائے اٹک کا نام ہے اور اسی مناسبت سے انھوں نے ماورائے اٹک کے رہنے والی قوم کا نام ''ہندو'' رکھا تھا (انگریزی میں ہندوستان کا نام انڈیا بھی اسی مناسبت سے ہے) لہٰذا حدیث بالا کا مصداق وادی غزوہ ہوسکتا ہے، جسے اٹک سے عبور کیا گیا۔

654 سال پہلے کی پیش گوئی

لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَخْرُجَ نَارٌ مِّنَ الْحِجَازِ تُضِيْءُ اَعْنَاقَ الْاِبِلِ بِبُصْرٰى۔ [1]

''قیامت نہیں آئے گی جب تک حجاز میں ایسی آگ نمایاں نہ ہو جو بصریٰ کے اونٹوں پر اپنی روشنی نہ ڈالے گی۔''

یہ حدیث صحیح بخاری و صحیح مسلم میں موجود ہے۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمہ اللہ 256ھ کو امام مسلم بن الحجاج رحمہ اللہ نے 261ھ کو انتقال فرمایا تھا اور ان ائمہ کبار کی ہر دو کتب و صحیحین ان کی زندگی ہی میں جملہ ممالک اسلام میں داخل درس و تدریس ہو چکی تھیں اور روز افزوں اشاعت کی وجہ سے یہ کتابیں ہر ایک اسلامی علاقہ میں کثرت کے ساتھ پائی جاتی تھیں۔

نبی ﷺ کے فرمودہ الفاظ کا ظہور جمادی الثانی 654ھ کو ہوا یعنی تحمین الحدیث کی وفات سے بھی چار صدیوں کے بعد۔

گواہان عینی نے اس آگ کے متعلق جس کی ابتداء پہاڑ کی آتش فشانی سے ہوئی۔ جداگانہ کتابیں تحریر کی ہیں۔ شیخ صفی الدین رحمہ اللہ مدرس مدرسہ بصریٰ کی شہادت موجود ہے کہ جس روز اس آگ کا ظہور حجاز میں ہوا اسی شب بصریٰ کے بدوؤں نے آگ کی روشنی میں اپنے اپنے اونٹوں کو دیکھا اور شناخت کیا۔

یہ آگ یکم جمادی الثانی کو پہاڑ سے پھوٹ پڑی تھی۔ دوسری تاریخ کو زلزلہ کی رفتار تیز محسوس ہوتی تھی۔ تیسری کو زلزلہ کی شدت اور بڑھ گئی۔ چوتھی کو زلزلہ کے ساتھ گرج کی آوازیں بھی آنے لگیں۔ گویا رعد فلک زور زور سے کڑک رہا ہے۔ پانچویں کو دھوئیں نے زمین و آسمان اور افق کو چھپالیا۔ آگ کے شعلے بلند ہونے لگے، پتھر پگھلنے لگے۔ ایسا نظر آتا تھا کہ پہاڑ پر سے نہر احمر کی آبشار گر رہی ہے۔ روز بروز آگ کا رخ جانب شہر مدینہ تھا۔ باشندگان مدینہ نے جمعہ کی شب مسجد نبوی ﷺ میں حاضر رہ کر بسر کی اور تمام شب تضرع و زاری کرتے رہے۔ صبح کو دیکھا کہ آگ کا رخ پلٹ گیا ہے۔

تعجب خیز امر یہ تھا کہ اس شدت نار کے وقت بھی مدینہ میں جو ہوا آتی تھی وہ ٹھنڈی نسیم ہوتی تھی۔

656 سال پہلے کی پیش گوئی

صحیح بخاری و صحیح مسلم میں ہے نبی ﷺ نے فرمایا:

لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوا التُّرْكَ صِغَارَ الْاَعْيُنِ حُمْرَ الْوُجُوْهِ ذُلْفَ الْاُنُوْفِ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ۔ [2]

---

[1] بخاری: 7118، مسلم: 2902، ابن حبان: 6839، مسند احمد: 144/5 [2] بخاری: 2928، 3585، حمیدی: 1101، ابوداؤد: 4304، کنز العمال: 38404، احمد: 530/2، مستدرک: 474/4

''قیامت قائم نہ ہوگی (کئی باتوں کے بعد فرمایا) جب تک تم ان ترکوں سے جنگ نہ کرلو گے جو چھوٹی چھوٹی آنکھوں والے، سرخ چہرے والے، پست ناک والے ہوں گے۔ ان کے چہرے ڈھال جیسے چوڑے ہوں گے۔''

یہ فتنہ تاتار کی خبر ہے۔ ہلاکو خاں کے لشکروں نے خراسان وعراق کو تباہ کیا، بعد کو لوٹا تھا اور بالآخر ان کو بھی ایشیائے کوچک میں شکست عظیم ہوئی تھی۔ یہ واقعہ 656ھ کا ہے۔ اور صحیحین میں پانچ صدی پیشتر سے درج چلا آتا تھا۔

700 برس پہلے کی پیش گوئی

طبرانی وابونعیم نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اتْرُكُوا التُّرْكَ مَا تَرَكُوكُمْ بِاَنَّ اَوَّلَ مَنْ يُسْلِبُ اُمَّتِيْ مُلْكَهُمْ۔ ⓵

ترکوں کو نہ چھیڑنا جب تک وہ تم کو نہ چھیڑیں کیوں کہ یہی وہ قوم ہے جو سب سے پہلے میری امت سے ملک چھین لے گی۔

855 سال پیشتر کی پیش گوئی

مسند امام احمد میں اور صحیح مسلم میں بروایت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ اور سنن ابی داؤد میں بروایت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فتح قسطنطنیہ کا ذکر موجود ہے۔ ⓶

امام ہمام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کا انتقال 241 میں ہوا۔ مسند تاریخ تدوین سے ہمیشہ علمائے امت اور ائمہ محدثین کے پیش نظر رہی۔

محمد فاتح سلطان رحمہ اللہ نے قسطنطنیہ کو 855ھ (1353ء) میں فتح کیا۔ یعنی کتاب مسند سے چھ صدیوں اور سال ہجرت سے ساڑھے آٹھ صدیوں کے بعد دنیا نے نعم الامیر اور نعم الجیش کا نظارہ دیکھ لیا جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔

1348 سال کی پیش گوئی

فتح مکہ کے دن (پنج شنبہ 20 رمضان 8ھ) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شیبہ بن عثمان رضی اللہ عنہ اور عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ کو بیت اللہ کی کلید عطا فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا:

خُذُوْهَا خَالِدَةً تَابِدَةً لَا يَنْزِعُهَا يَا اَبِيْ طَلْحَةَ مِنْكُمْ اِلَّا ظَالِمٌ۔ ⓷

لو یہ کنجی سنبھال لو، ہمیشہ ہمیشہ کے لیے۔ تم سے یہ کلید کوئی نہ چھینے گا مگر وہی جو ظالم ہوگا۔

ان مختصر الفاظ میں تین پیش گوئیاں مندرج ہیں:

1. خاندان ابوطلحہ کا دنیا میں برابر باقی رہنا نسل قائم رہنا۔
2. کلید بیت اللہ کی حفاظت وخدمت کا انھی کے متعلق رہنا۔

⓵ ابوداؤد: 4302، کنز العمال: 10934، مجمع الزوائد: 304/5، بیہقی: 176/9

⓶ مسلم: 7278، ابوداؤد: 4295,4294، مسند امام احمد: 576,535/2

⓷ قرطبی: 256/5، اتحاف السعادۃ: 128/3

﴿3﴾ ان کے ہاتھوں سے کلید چھیننے والے کا نام ظالم ہوتا۔

نمبر 2,1 کی بابت اب تک کل دنیا کو معلوم ہے کہ یہ کلید بنوشیبہ میں آج تک موجود ہے اور یہ نسل اب تک جاری ہے۔

نمبر 3 کی بابت مؤرخین کا بیان ہے کہ یزید پلید نے ان سے یہ کلید چھین لی تھی۔ اس کے بعد پھر یہ 1333 سال کا زمانہ شاہد صدق ہے کہ کسی اور شخص نے اللہ کے رسول ﷺ کی زبان سے ظالم کہلانے کی جرأت نہیں کی۔

پیش گوئی جس کی تصدیق زمانہ حال ہمارے سامنے بھی کر رہا ہے

صحیح مسلم میں ابو مستورد قرشی رضی اللہ عنہ کی روایت موجود ہے کہ انھوں نے عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فاتح مصر کے سامنے یہ بیان کیا کہ آخری زمانہ میں یورپین عیسائیوں کا دنیا میں زور ہو جائے گا۔ عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے اسے روکا اور کہا کہ دیکھو کیا کہہ رہے ہو؟ انھوں نے کہا میں تو وہی کہہ رہا ہوں جو میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے۔ عمرو بولے تب تو درست ہے۔ [1]

قارئین غور کریں کہ یہ روایت صحابی رسول ﷺ نے اس وقت بیان کی جب عساکر اسلام جملہ اطراف عالم میں مظفر و منصور تھے۔ جب ان کو عراق و شام و مصر خراسان وایران وسوڈان کی فتوحات میں کہیں ایک جگہ بھی شکست نہ ہوئی تھی۔ عیسائی مسلمانوں کے سامنے جملہ ممالک میں پیچھے ہٹ رہے تھے اور عقل و وہم و قیاس کے نزدیک یورپین اقوام کی کثرت و غلبہ کی کوئی وجہ سمجھ میں نہ آ سکتی تھی۔

دنیائے اسلام کی یہی حالت امام مسلم (المتوفی 261ھ) کی زندگی تک موجود تھی' مگر صحابی رضی اللہ عنہ روایت کرتا ہے اور امام الحدیث اسے اپنی کتاب میں ایمان و ایقان صحت کے ساتھ درج بھی کر دیتا ہے۔ آج دنیا دیکھ لے کہ امریکن (جو اپنی اصلی زاد و نہاد کے اعتبار سے یورپین ہیں) برطانیہ، اطالیہ، پرتگال، سویڈن، ناروے، سوئٹزرلینڈ، سپین، جرمنی وغیرہ کی حالت کیا ہے؟

پیش گوئی جس کی صداقت کی شہادت موجودہ زمانہ ادا کر رہا ہے

بیہقی و حاکم نے ابو ہریرہ و معاویہ رضی اللہ عنہما اور طبرانی نے عوف بن مالک اشجعی سے نبی کریم ﷺ کے یہ الفاظ (لمبی روایت میں) بیان کیے ہیں:

تَفْتَرِقُ اُمَّتِیْ عَلٰی ثَلَاثَةٍ وَ سَبْعِیْنَ فِرْقَةً ''میری امت میں تہتر فرقے بن جائیں گے۔'' [2]

نزول قرآن پاک کے وقت امت محمدیہ کے جملہ افراد کا منفرداً و مجتمعاً ایک ہی نام تھا یعنی مسلم جیسا کہ قرآن پاک میں ﴿ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴾ [الحج:78] ''تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔'' امیر المومنین علی مرتضی رضی اللہ عنہ کی خلافت کے آغاز تک یہی واحد اور جامع نام سب کا معرف رہا۔ لیکن خروج خوارج کے بعد نئے نئے فرقے اور ان فرقوں کے نئے نئے نام نکلنے شروع ہو گئے۔ ہر ایک فرقہ کو اپنے مختص نام پر ناز ہے۔

یہ پیش گوئی ایسی ہدایت اور صداقت کے ساتھ پوری ہوئی اور ہو رہی ہے کہ کروڑوں مسلمانوں کے متدعویہ دعاوی اس کی تصدیق میں موجود ہیں۔

جامع کتاب کا مقصد صرف سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ ﷺ کے معجزات (اخبار عن الغیب) کی شکل میں بیان کرنا ہے۔ الحمد

---

[1] مسلم: 7229

[2] ابوداود: 4596، ترمذی: 2640، ابن ماجہ: 3991، ابن حبان: 6247، 6731، مسند احمد: 332/2

للہ! کہ جو کچھ اس بارہ میں لکھا گیا ہے وہ ثبوت مقصد کے لیے کافی ہے۔ ہر چند کہ حصر دشوار ہے۔

قسم چہارم از معجزات نبوی ﷺ

بندوں کی دعاؤں کا قبول فرمانا رب العالمین کے صفات علیا میں سے ہے۔ وہ رؤف الرحیم ہر ایک بندہ کی دعا کو بشرطیکہ پورے افتقار و اضطرار سے کی گئی ہو، قبول فرماتا ہے۔

﴿ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ ﴾ [النمل:62]

''کون ہے (اللہ کے سوا) جو مضطر کی پکار کو قبول فرماتا ہے۔''

وہ رحمٰن الدنیا و رحیم الآخرۃ اہل اطاعت کی دعاؤں کو خصوصیت سے منظور فرماتا ہے

﴿ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ﴾ [البقرۃ:186]

''جب مجھ سے مانگنے والے مجھ سے مانگتے ہیں تو میں ان کی پکار کو سن لیتا ہوں اور درخواست کو منظور کر لیتا ہوں۔''

وہ عزیز الحکیم اپنے عبد اور رسول ﷺ کی عزت اور بزرگی کو جہاں و جہانیاں کے دلوں میں مستحکم و استوار کرنے کے لیے ان کی دعاؤں کو بہ سرعت و بہ کثرت منظور فرماتا ہے۔ حتیٰ کہ یہ علامت بجائے خود ایک معجزہ (دنیا کو اس کی نظیر پیش کرنے سے عاجز کرنے والی) ایک نشان (طالبان ہدایت کو راہ ہدایت پر ملانے والی) ایک آیت (اللہ تعالیٰ کے قرب تک پہنچانے والی) بن جاتی ہے۔

سینکڑوں ایسے نظائر موجود ہیں کہ نبی ﷺ کی زبان صدق سے جو الفاظ نکلے وہ پورے طور پر اسی طرح منجانب اللہ پورے کیے گئے جیسا کہ ان الفاظ کے معانی لغوی کا اقتضا تھا۔

ایسے نظائر کا حصر دشوار ہے، مگر سیرت نگار کا فرض ہے کہ اس چمن فردوس بہار کی شمیم سے قارئین کے دماغ کو عنبر آگین بنانے کی سعی کرے۔

(1) صحیح بخاری و صحیح مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے [1] کہ عہد نبوی میں قحط پڑا۔ انہی ایام میں نبی ﷺ جمعہ کا خطبہ منبر پر بیان کر رہے تھے کہ ایک اعرابی اٹھا، اس نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ مال تباہ ہو گیا اور عیال بھوک سے نڈھال ہے۔ ہمارے لیے دعا فرمایئے۔ نبی ﷺ نے دونوں ہاتھ دعا کے لیے اٹھائے۔ اس وقت آسمان پر کوئی بدلی بھی نہ تھی۔ اللہ کی قسم ابھی حضور ﷺ نے ہاتھ نیچے بھی نہیں کیے تھے کہ پہاڑوں جیسے بادل جمع ہو گئے۔ پھر حضور ﷺ ابھی منبر سے نہ اترے تھے کہ حضور ﷺ کی ریش مبارک پر قطرات بارش نظر آنے لگے۔ اس روز سارا دن برستا رہا۔ پھر اگلے دن بھی اور اس سے اگلے دن بھی۔ غرض دوسرے جمعہ تک یہی حال رہا اور پھر وہی اعرابی حضور ﷺ کے سامنے کھڑا ہوا۔ کہا اے اللہ کے رسول ﷺ! اب تو مکانات گرنے لگے۔ نبی ﷺ نے ہاتھ اٹھا کر یہ الفاظ کہے: اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا لَا عَلَيْنَا الٰہی گردونواح میں برسے، ہم پر نہ برسے۔ پھر حضور ﷺ جدھر کے بادلوں کی طرف اشارہ فرما دیتے تھے۔ وہی پھٹ جاتے تھے حتیٰ کہ مدینہ صاف نکھر گیا اور شہر سے باہر جل تھل کا منظر ہو گیا اور باہر سے بھی جتنے لوگ آئے سب نے بارش کا ہونا بتلایا۔ [2]

---

[1] بخاری: 1021، مسلم: 897، ابوداؤد: 1174، ابن حبان: 2858، 2859، مسند احمد: 194/3......

[2] بیہقی و ابن عساکر نے اس موقع پر حضور ﷺ کی دعائے استسقاء کے یہ الفاظ روایت کیے ہیں: اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيْثًا هَنِيْئًا مَرِيْئًا غَدَقًا طَبَقًا عَاجِلًا غَيْرَ رَائِثٍ نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ تَمْلَأُ بِهِ الضَّرْعَ وَتُنْبِتُ بِهِ الزَّرْعَ وَتُحْيِيْ بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ (خصائص الکبریٰ ج 3 ص 163) منہ رحمہ اللہ

قتل سے مصئون رہنے کی دعا

{2} طبرانی نے اوسط میں روایت کی ہے کہ ضمرہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے حضور میں آئے اور درخواست کی کہ میرے شہید ہونے کی دعا فرمائی جائے۔ حضور ﷺ نے فرمایا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُحَرِّمُ دَمَ ابْنِ ثَعْلَبَةَ عَلَى الْمُشْرِكِیْنَ "الٰہی میں مشرکین پر ابن ثعلبہ رضی اللہ عنہ کا خون حرام کرتا ہوں۔" {1}

یہ بزرگ جہاد میں دشمن پر بے دھڑک حملے کیا کرتے اور ان کی صفوں کو چیرتے ہوئے نکل جاتے اور پھر صحیح سلامت واپس آ جاتے۔

دعائے عفت

{3} امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اور شعب الایمان میں بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے کہ ایک شخص نبی ﷺ کے حضور میں آیا۔ عرض کیا، یارسول اللہ ﷺ! مجھے زنا کی اجازت مل جائے۔ لوگ سنتے ہی اسے دیکھنے اور جھڑکنے لگے، حضور ﷺ نے فرمایا: قریب آ ؤ اور بیٹھ جاؤ۔ وہ جوان قریب ہو کر بیٹھ گیا۔

حضور ﷺ نے فرمایا کیا تو اپنی ماں کے لیے یہ پسند کرتا ہے؟ وہ بولا: قربان جاؤں نہیں۔

فرمایا: ہاں، کوئی شخص بھی اپنی ماں کے لیے یہ پسند نہیں کرتا۔

پھر حضور ﷺ نے پوچھا: تم اپنی بیٹی کے لیے یہ پسند کرتے ہو؟ وہ بولا: قربان جاؤں، نہیں۔

فرمایا: ہاں، کوئی شخص بھی اپنی بیٹی کے لیے یہ پسند نہیں کرتا۔

پھر حضور ﷺ نے پوچھا: تم اپنی بہن کے لیے یہ چیز پسند کرتے ہو؟ وہ بولا: قربان جاؤں، نہیں۔

فرمایا: ہاں، کوئی بھی اپنی بہن کے لیے یہ پسند نہیں کرتا۔

پھر حضور ﷺ نے پوچھا: تم اپنی پھوپھی کے لیے یہ بات پسند کرتے ہو؟ وہ بولا: قربان جاؤں، نہیں۔

فرمایا: ہاں، کوئی انسان بھی اپنی پھوپھی کے لیے پسند نہیں کرتا۔

پھر پوچھا: تم اپنی خالہ کے لیے یہ بات پسند کرتے ہو؟ وہ بولا، قربان جاؤں، نہیں۔

فرمایا: ہاں، کوئی بشر بھی اپنی خالہ کے لیے اسے پسند نہیں کرتا۔

بعد ازاں حضور ﷺ نے دست مبارک اس پر رکھا اور یہ الفاظ زبان سے کہے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ ذَنْبَهٗ وَطَهِّرْ قَلْبَهٗ وَ اَحْصِنْ فَرْجَهٗ

"الٰہی اس کا گناہ دور کر دے، اس کا دل پاک کر دے اور اس کا ستر محفوظ کر دے۔" {2}

اس دعا کے بعد یہ جوان کبھی ایسی بات کا خیال بھی نہ کیا کرتا تھا۔

ترجمہ: اے اللہ! تو ہم پر ایسی بارش نازل فرما جو مدد کرنے والی ہو، خوشگوار ہو، آسانی والی ہو، مسلسل اور موسلا دھار ہو، جلدی آئے، نہ کہ دیر سے۔ فائدہ بخش ہو، نہ ضرر والی۔ جس سے (دودھ والے جانور کے) دودھ بھر جائیں اور کھیتیاں اُگ آئیں اور زمین کو بنجر ہو جانے کے بعد اس کو زندہ کر دے۔

{1} طبرانی 368/8

{2} شعب الایمان للبیہقی: 5415، احمد 257/5، تفسیر ابن کثیر 70/5، کنز العمال 4661، جامع الحکم: 9876

قبل از دعا نبی ﷺ اسے استدلالاً سمجھانا چاہتے تھے کہ اگر زنا کی اجازت دی جائے تو زانیہ بہر حال کسی نہ کسی کی بیٹی، یا بہن، یا ماں یا خالہ یا پھوپھی وغیرہ ہوگی اور یہ رشتے ایسے ہیں کہ خود سائل اور جملہ دیگر اشخاص بھی فطرتاً اس کو پسند نہیں کرتے کہ ان کی ایسی قرابت میں زنا کا وجود پایا جائے۔ لہٰذا جواز زنا کی درخواست جیسا کہ ایک غیور انسان کی فطرت کے خلاف ہے، اسی طرح وہ جملہ نوع بشری کی غیرت وحمیت کے خلاف ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کوئی انسان زنا کو پسند نہیں کر سکتا۔ یہ نکتہ سمجھانے کے بعد پھر حضور ﷺ نے اس کے حق میں دعائے خیر فرمائی۔

(4) صحیح بخاری میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کسریٰ (خسرو پرویز) نے نبی ﷺ کے فرمان دعوت کو پڑھ کر چاک کر ڈالا تھا۔

نبی ﷺ نے اس کے حق میں فرمایا: مُزِّقُوْا كُلَّ مُمَزَّقٍ "وہ خود پارہ پارہ ہو گئے۔" (1)

قوم پارسی کو دیکھو اور وطن سے ان کی جدائی کا خیال کرو اور دیکھو کہ اب وہ کیسی تفریق اور پراگندگی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔

بیہقی نے بروایت عبدالرحمٰن بن عبدالباری بیان کیا ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا تھا: مَزَّقَ كِسْرٰى مُلْكَه' کسریٰ نے اپنی سلطنت کو چاک کر ڈالا۔ (2) صفحہ امان پر تلاش کرو کہ جب سے آخری کسریٰ خلیفہ ارشد عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے لشکر سے ہلاک کیا گیا اس کے بعد کوئی کسریٰ بھی ہوا؟ پارسی قوم میں حکومت یا سلطنت کا نام ونشان بھی کہیں پایا جاتا ہے؟ خسرو کا انجام بہت ہی حسرت ناک ہوا۔ اس کا بیٹا اپنی سوتیلی ماں "شیریں" پر عاشق ہو گیا۔ باپ کو رشک رقابت میں خنجر سے ہلاک کر دیا۔

چاک فرمان نبی کی ہے سزا چاک شکم   دیکھ اے خسرو پرویز یہ بیداد نہیں

(5) بیہقی نے بروایت عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کیا ہے کہ نجیر بن بجیرہ رضی اللہ عنہ نے جو قوم طے سے تھا، واقعہ دومۃ الجندل کے متعلق اپنا شعر رسول اللہ ﷺ کو سنایا۔ حضور ﷺ نے خوش ہو کر فرمایا: تو نوے (90) برس کی عمر تک پہنچے۔ لَا يَفْضُضِ اللّٰهُ فَاكَ ان کی سب ڈاڑھیں اور دانت سالم تھے۔ (3)

سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کے لیے دعا

(6) صحیح بخاری میں جعد بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سائب بن یزید 94 سال کے ہو کر فوت ہوئے اور بایں ہمہ مضبوط و معتدل تھے انھوں نے کہا کہ یہ نبی ﷺ کی دعا کا ثمرہ ہے کہ میری بینائی وشنوائی اب تک درست ہے۔ (4)

عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اَحَدُ الْعَشَرَةِ مُبَشَّرَةِ کے لیے دعا

(7) صحیحین میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے عبدالرحمٰن کو بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فرمایا تھا۔ عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ اس کی برکت سے اب تک یہ ہے کہ اگر میں پتھر اٹھاتا ہوں تو توقع ہوتی ہے کہ یہاں سے مجھے سونا یا چاندی دستیاب ہوگی۔ (5)

---

(1) بخاری: 4424,64   (2) دلائل النبوۃ للبیہقی: 388/4

(3) کنز العمال: 30276، دلائل النبوۃ للبیہقی: 251/5، ابن کثیر: 17/5، ابن ہشام: 139/4 شعر یہ ہیں۔

تَبَارَكَ سَائِقُ الْبَقَرَاتِ إِنِّيْ   رَأَيْتُ اللّٰهَ يَهْدِيْ كُلَّ هَادِ

فَمَنْ يَكُ حَائِدًا مِنْ ذِيْ تَبُوْكٍ   فَإِنَّا قَدْ أُمِرْنَا بِالْجِهَادِ

(4) بخاری: 5670,3540، مسلم: 6087، ترمذی: 3643 (5) بخاری: 5167,2049، مسلم: 2540,1967، احمد 11/3، دلائل النبوۃ 218/6:3، اسد الغابہ 478/3

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے لیے دعا

(8) صحیحین میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے مجھے ان الفاظ میں دعا دی تھی: اَللّٰهُمَّ اَكْثِرْ مَالَهٗ وَوَلَدَهٗ وَ بَارِكْ لَهٗ مَا رَزَقْتَهٗ ''الٰہی! اس کے مال اس کی اولاد کو بڑھا اور جو کچھ تو اسے عطا فرمائے اس میں برکت دے۔'' انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں بخدا! میرے پاس مال کثیر ہے اور میرے بیٹوں اور پوتوں کا شمار ایک سو (100) کے قریب تک ہے۔ (1)

ترمذی اور بیہقی میں ابوالعالیہ سے روایت ہے کہ انس رضی اللہ عنہ کے پاس ایک باغ تھا جس کے درخت سال میں دو دفعہ پھل دیا کرتے۔ اس باغ کا ایک ایسا پھول تھا جس کی خوشبو کستوری جیسی تھی۔ (2)

مالک بن ربیعہ سلولی رضی اللہ عنہ کے لیے دعا

(9) ابن عساکر اور ابن مندہ نے یزید بن ابومریم سے روایت کی ہے کہ میرے والد مالک بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے مجھے بتایا تھا کہ نبی ﷺ نے میرے لیے کثرت اولاد کی دعا فرمائی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے اسی (80) فرزندان نرینہ عطا فرمائے۔ (3)

تکبر کی سزا

(10) صحیح مسلم میں سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص بائیں ہاتھ سے کھا رہا تھا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''دائیں ہاتھ سے کھاؤ'' وہ بولا، میں نہیں کھا سکتا۔ یہ جواب اس نے صرف غرور میں آ کر دیا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ''تو نہ کھا سکے''۔ بعد ازاں اس کا داہنا ہاتھ منہ تک نہ اٹھ سکتا تھا۔ (4)

(11) شکستہ استخوان کی درستگی کا معجزہ

صحیح بخاری میں براء رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ قتل ابورافع کے بعد زینہ سے اترے تو گر پڑے اور ان کی پنڈلی کی ہڈیاں ٹوٹ گئیں۔ انھوں نے نبی ﷺ سے ذکر کیا۔ فرمایا: پاؤں پھیلاؤ۔ میں نے پھیلا دیا۔ حضور ﷺ نے اس جگہ دست مبارک رکھ دیا۔ فوراً میں ایسا تندرست ہو گیا گویا کبھی کوئی شکایت ہی نہ تھی۔ (5)

---

(1) بخاری: 1982 مسلم: 6372، ترمذی: 3829، مسند احمد: 188,108/3 (2) ترمذی: 3833، دلائل النبوۃ للبیہقی: 195/6
(3) الاصابہ: 345/3 (4) مسلم: 5268
(5) بخاری: 4039، مصنف عبدالرزاق: 5383 ، مطالب العالیہ لابن حجر: 4350، مجمع الزوائد: 201/6 ، مستدرک: 434/6، بیہقی: 256/3

فصل پنجم 5

اسماءُ الرسول ﷺ

ہمارے سیدنا و آقا خواجہ ہر دوسرا کا مقدس نام محمد ﷺ ہے۔ یہ نام قدرت الہیہ کی طرف سے خود آیت عظیم ہے کہ اس کا مسمی ضرور امام الانبیاء اور سرتاج کائنات ومافیہا ہے۔ اس کی شرح آیت محمد رسول اللہ ﷺ کے تحت میں موجود ہے۔

ہاں! حضور ﷺ کے چند بزرگوں کے اسماء پر غور دلانا ضروری ہے۔ ان اسماء کو ''ارہاص نبوت'' قرار دینا صحیح ہوگا۔ حضور ﷺ کے والد بزرگوار کا نام عبداللہ ہے' والدہ مکرمہ ومعظمہ کا نام آمنہ ہے۔ حضور ﷺ کی دایہ (انا) کا نام حلیمہ ہے۔

یعنی حضور ﷺ ہی ایسے مقدس ہیں، جن کا پیکر اطہر عبودیت کے خون سے بنا۔ جنھوں نے امن کے بطن میں مراتب وجود کو مکمل فرمایا، جن کی تربیت حلم، بردباری کے شیر سے ہوئی۔

کیا ایسے اسماء کا اجتماع محض اتفاق ہے؟ نہیں بلکہ قدرت اس مولود مسعود کی شان رفیع کی آئینہ داری فرما رہی ہے اور بتلا رہی ہے کہ جس بچے کے پیکر عنصری میں ایسے فضائل کی جامعیت نمودار ہو ضرور ہے کہ وہ بچہ حقیقتاً محمد ﷺ ہو۔

اب غور کرو کہ لغوی معنی کے تحت میں ایک پیش گوئی بھی شامل ہے اور عالم الغیب والشہادۃ کی جانب سے جملہ عوالم واہل عالم پر یہ راز آشکار کیا گیا ہے کہ اس اسم کے مسمی کی مدح وثنا دنیا میں سب سے بڑھ کر، سب سے زیادہ توالی وتواتر کے ساتھ کی جائے گی۔

وہ کون ہے؟ جس کا مقدس نام آج کروڑوں اشخاص کی زبان پر جاری اور قلوب پر ساری ہے، وہ کون ہے جس کے مقدس نام کی نوبت شاہانہ مساجد کے بلند ترین میناروں سے سامعہ نواز ہے۔

وہ کون ہے؟ جس کی سیرت پاک انسانی زندگی کے ہر لحہ وہر ساعت میں اور ہر درجہ اور ہر مقام پر رہنما ہے۔

وہ کون ہے؟ جو اپنے افعال میں محمود ہے اور اپنی تعلیم میں محسود ہے۔

وہ کون ہے؟ جس کی رفعت فرش سے عرش تک ملی ہوئی ہے۔

وہ کون ہے؟ جس کی تعلیم کی وسعت بر و بحر پر چھائی ہوئی ہے۔

بے شک وہ ''محمد ﷺ '' ہے۔ اسم بھی محمد ﷺ اور مسمّٰی بھی محمد ﷺ ہے اور حمد کو اس کی ذات ہمایوں سے نسبت خاص ہے۔

(1) اس کے مقام شفاعت کا نام ''مقام محمود'' ہے اور اسی کی امت ''حمادون'' کے لقب سے روشناس ہے۔ اس کی لائی ہوئی کتاب کا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ سے افتتاح ہوتا ہے۔

(2) ہاں اسی کا نام ''احمد ﷺ '' ہے۔ یہ بھی اسی سرچشمہ ''حمد'' سے نکلا ہے۔ دونوں نام اپنے منبع وماخذ کے اعتبار سے اتحاد تام رکھتے ہیں اور اشتراک کلیہ کے ساتھ ساتھ انوار وبرکات خاص سے مختص بھی ہیں۔

وہ ''محمد ﷺ '' ہے اور اسی لیے کائنات کا ذرہ ذرہ اس کا ثنا گستر ومدح خواں ہے۔

وہ ''احمد ﷺ '' ہے اور اسی لیے اس نے بارش کے قطرات سے اور ریگ کے ذرات سے بڑھ کر اپنے مالک' اپنے خالق' اپنے رازق، اپنے ہادی' اپنے معطی کی حمد وثنا پھیلائی ہے۔

ہاں! وہ "محمد ﷺ" ہے اور کل دنیا اس کی مداح ہے۔
وہ "احمد ﷺ" ہے اور وہ کل دنیا سے بڑھ کر اپنے رب کا حامد ہے۔

ترا محمد و احمد زمین خواند و زمان — حمید باشد و محمود ذات ربانی
فزوں تر از تو کسے را نہ مدح گفت زماں — نہ بر تر از کسے گفت حمد سبحانی

مُحمّد — **احمد**

ہاں وہ پیارا ہے، اسی نے دشمن و دوست سب سے پیار کیا ہے۔
وہ حبیب ہے اور اس نے محبت کا تاج اکمال سے مزین فرمایا ہے۔

﴿1﴾ وہ محبوب ہے مگر محبین سے بے نیاز ہے۔
﴿2﴾ وہ مطلوب ہے مگر طالبین سے کوئی احتیاج نہیں رکھتا۔
﴿3﴾ وہ متبوع ہے اور اس کی تبعیت دوسرے کو مطاع بنا دیتی ہے۔
﴿4﴾ وہ نبی ﷺ ہے اور اس کی نبوت نے ہزاران ہزار حجاب چشم بصیرت ہٹا دیے ہیں
﴿5﴾ وہ رسول ﷺ ہے اور اس کی رسالت نے نوع بشر کو اتمام نعمت اور اکمال دین اور رضوان رحمٰن کے انعامات سے ممتاز فرما دیا ہے۔
﴿6﴾ وہ عبد ﷺ ہے اور اسی عبودیت نے عبودیت کو اورنگ خلافت پر متمکن کر دیا ہے۔
﴿7﴾ وہ معلم ﷺ ہے اور اس کی تعلیم نے مسیح علیہ السلام کے اس قول اور امید کو پورا کر دیا ہے کہ وہ صداقت کی ساری تعلیم دے گا۔

اس نے اپنی درس گاہ قدس کے دروازے کھول رکھے ہیں۔ اس نے اپنی تعلیم پر کوئی فیس مقرر نہیں کی۔ وہ مرموزات و تمثیلات میں تعلیم نہیں دیتا ہے۔ اس نے اپنے اور ارشد تلامذہ کے درمیان اشارات خاص نہیں تجویز کیے ہیں۔ اس کے ادبستان پر ﴿يُعَلِّمُكُمْ مَا لَمْ تَكُوْنُوا تَعْلَمُوْنَ﴾ [البقرۃ:151] کا کتبہ لگا ہوا ہے۔ اس کے پاس دروس کا آغاز انسان کے جانے پہچانے علوم و معارف کے انجام سے ہوتا ہے۔

﴿8﴾ وہ امین ﷺ ہے، اس کا یہی نام یوحنا رسول کے مکاشفات میں بتایا گیا ہے ﴿1﴾ اور اس کا یہی نام قریش کی زبان پر جاری ہوا۔ ﴿2﴾ اسی نام سے حضور ﷺ کا احتشام و وقار نمایاں ہے اور اسی نام سے حضور ﷺ کا وحی آسمانی کا امانت دار ہونا واضح ہے۔ اس معنی کی طرف حدیث مسلم عن ابی سعید رضی اللہ عنہ میں صراحت کی گئی ہے۔ ﴿3﴾ حضرت کعب رضی اللہ عنہ کا شعر ہے۔

اَمِيْنٌ مُحِبٌّ لِلْعِبَادِ مُسَوَّمٌ — بِخَاتِمِ رَبٍّ قَاهِرٍ لِلْخَوَاتِمِ

﴿9﴾ وہ امی ﷺ ہے اور ام القریٰ کی عزت و وقعت اسی نسبت قدسیہ سے ہے۔
وہ اُمی ﷺ ہے اور ولید سعید کی طرح جملہ افعال و اقوال سے معصوم ہے۔
وہ اُمی ﷺ ہے اور اسکی تعلیم حروف کتابی یا نقوش مریئہ کی احتیاج مند نہیں ہے۔

﴿1﴾ عہد نامہ جدید، یوحنا: 11/19 ﴿2﴾ ابن ہشام: 209/1 ﴿3﴾ مسلم: 442/2، الزکاۃ

⑩ وہ برہان ہے' قرآن مجید میں ﴿ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ﴾ [النساء:174] ''اے لوگو تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے دلیل روشن آ چکی ہے۔'' فرمایا گیا ہے اور امام سفیان بن عیینہ نے اس کی تفسیر میں برہان آنحضور ﷺ ہی کو فرمایا ہے۔ ①

ہاں! وہ برہان ہے اور حجت اللہ ہے۔ وہ برہان ہے اور حضور ﷺ کی ذات ہمایوں بذات خود ایک روشن دلیل ہے۔

⑪ وہ بشر ہے اور ﴿ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ ﴾ ''بے شک میں بشر ہوں۔'' [الکہف:110] کے تاج سے متوج ہے۔ آدم علیہ السلام کے لیے ابوالبشر ہونا اس لیے صد گونہ افتخار کا موجب ہے کہ حضور ﷺ بشر ہیں۔

ہاں وہ بشر ہے اور حضور ﷺ کے حسن ظاہر و جمال اطہر اہل لغت کو اس معنی لغوی کی تعلیم دیتا ہے۔

⑫ وہ بشیر ہے اور ﴿ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا ﴾ ''بے شک ہم نے تجھے بھیجا ہے حق کے ساتھ خوشخبری دینے والا۔'' کے خطاب سے مخاطب ہوا۔

وہ مبشر بھی ہے اور مسیح علیہ السلام کی نبوت کا مقصد حضور ﷺ ہی کی بشارت کا پہنچا دینا ہے۔ ﴿ وَ مُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ﴾ [الصف:6] ''اور میں (یعنی عیسیٰ علیہ السلام) اپنے بعد ایسے رسول کی تمھیں خوشخبری دے رہا ہوں جس کا نام احمد ہوگا۔'' وہ بشارت رساں بھی ہے اور اہل ایمان وایقان کے لیے ہزار در ہزار بشارت کا اعلام فرمانے والا ہے۔

⑬ وہ بینہ ہے۔ وہ خود آیات باہرہ اور علامات واضحہ اور دلائل حقہ کا مجموعہ ہے۔ اس کا وجود سراپا صداقت ہے اور اس کا پیکر سراپا حقانیت ہے۔ یہی بینہ اہل کتاب اور مشرکین کی ظلمات کو دور کرنے والا ہے۔ تاریکیوں کو اٹھا دینے والا۔ عالم تیرہ وتار میں اجالا پھیلانے والا ہے۔ آفتاب آمد دلیل آفتاب کی مثال حضور ﷺ ہی پر صادق آتی ہے۔

⑭ وہ حبیب اللہ ﷺ ہے اور اس تقرب کا مالک ہے، جس کا ذکر حدیث صحیح میں بندہ عابد وساجد کے لیے ان الفاظ میں فرمایا گیا ہے۔

فَاِذَآ اَحْبَبْتُهٗ كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِيْ يَسْمَعُ بِهٖ وَلِسَانَهُ الَّذِيْ يَنْطِقُ بِهٖ ۔ ②

''اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب میں کسی بندے سے محبت کرنے لگتا ہوں تو اس کا کان بن جاتا ہوں، جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی زبان بن جاتا ہوں جس سے وہ گفتگو کرتا ہے۔''

⑮ وہ حلیم ہے، حلیم، حلم بالضم سے بھی ہے اور یہ لفظ وفور دانش اور کمال عقل پر دال ہے۔ حلیم حلم بالکسر سے بھی ہے۔ وہ مصائب کا برداشت کرنے والا، دشمنوں کے ہاتھوں سے پتھر کھانے والا، وہ جواہر لٹانے والا، گالیاں سننے والا اور دعائیں کرنے والا ہے۔

حضور ﷺ کا یہ اسم گرامی قبل از نبوت مشہور عالم تھا۔ سردار ابوطالب فرماتے ہیں

حَلِيْمٌ رَشِيْدٌ عَادِلٌ غَيْرُ طَائِشٍ
يُوَالِيْ اِلٰهًا لَيْسَ عَنْهُ بِغَافِلٍ

''وہ (محمد ﷺ) بردبار، نہایت زیرک، عدل کرنے والا نہ کہ زیادتی پسند ہے۔ اس کا دوست اس کا اللہ ہے جو کسی دم بھی اس سے غافل نہیں۔''

⑯ وہ خازن ہے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے: اَنَا الْخَازِنُ اَضَعُ حَيْثُ اُمِرْتُ ③ ہاں وہ خزینہ دار ربانی ہے' وہ گنجور رحمانی ہے'

① قرطبی: 27/7 ② بخاری: 6502 ③ بخاری: 103/4، مسند امام احمد: 324/2

عطائے سبحانی کی تقسیم اسی گھر سے ہوتی ہے۔ گہر پاشی اسی ید مبارک کا خاصہ ہے۔

⑰ وہ خلیل الرحمٰن ہے۔ اہل عرب کے نزدیک محبت کے دس مراتب ہیں۔ ① علاقہ دل کا ذرا سا اٹکاؤ۔ ② ۔ ارادہ وہ میلان جو علاقہ کے بعد نمودار ہو۔ ③ صبابت، صبا بصباء پانی کا نشیبی زمین پر بہہ نکلنا ہے اور اسی جگہ بے اختیاری شوق کا نام ہے۔ ④ غرامٔ غرام قرض یا تاوان کو کہتے ہیں اور یہاں اس محبت لازم کا نام ہے، جو قرض ہو کر چمٹ جاتی ہے اور کسی وقت بھی علیٰحدہ نہیں ہوتی۔ ⑤ وداد۔ خلوص محبت اور مغز محبت کو کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا نام بھی ودود بتلایا ہے۔ ⑥ شغف۔ شغافٔ پردہ دل اور شغف و محبت جو قعر دل تک جا پہنچے۔ ⑦ عشق، یہ عشقہ سے بنایا گیا ہے۔ یہ ایک بیل ہوتی ہے، زرد رنگ کی جس درخت سے لپٹ جاتی ہے اسے خشک کر دیتی ہے اور عشق کی تاثیر بھی عاشق کے حق میں یہی ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ اسی حالت سے استفادہ فرمایا کرتے۔ ⑧ التیمٔ انکسار اور عجز تمام کو کہتے ہیں۔ یتیم کا نام بھی یتیم اسی لیے ہوا ہے کہ وہ انکسار اور عجز تام کا مورد ہوتا ہے۔ ⑨ التعبد، جب کہ محبت جملہ دعاوی تملیک نفس و عزت سے دستبردار ہو کر سارے دل و جان سے دوسرے کا غلام بن جائے۔ ⑩ خلت: جب کہ دل وسوسہ غیر سے اور عقل تعقل غیر سے اور نیت و عزم و تعبد و تشوق غیر سے کلیہ خالی ہو جاتا ہے۔ اس مرتبہ کی تکمیل سیدنا ابراہیم علیہ السلام اور سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ ﷺ ہی نے فرمائی ہے۔

مشہور عوام یہ ہے کہ درجہ خلت ابراہیم کے لیے وہ خلیل الرحمٰن ہیں اور درجہ محبت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کے لیے ہے اور وہ حبیب اللہ ہیں، لیکن دو حدیث صحیحہ میں نبی ﷺ کا خلیل الرحمٰن ہونا بھی ظاہر فرمایا گیا ہے: ① اِنَّ اللّٰہَ اتَّخَذَنِیْ خَلِیْلاً کَمَا اتَّخَذَ اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلاً ② لَوْ کُنْتُ مُتَّخِذًا مِّنْ اَھْلِ الْاَرْضِ خَلِیْلاً لَا تَّخَذْتُ اَبَابَکْرٍ خَلِیْلاً وَّ لٰکِنَّ صَاحِبَکُمْ خَلِیْلُ الرَّحْمٰنِ ۔ [1]

"بلا ریب اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنا دوست بنایا ہے جس طرح اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو دوست بنایا تھا اور اگر میں اہل زمین میں سے کسی کو دوست بناتا تو ابو بکر (رضی اللہ عنہ) کو دوست بناتا، لیکن تمہارے دوست کا خود اللہ تعالیٰ دوست ہے۔"

⑱ وہ خطیب الانبیاء ہے، حدیث الشفاعت میں ہے: کُنْتُ اِمَامُ الْاَنْبِیَآءِ وَ خَطِیْبُھُمْ ۔ [2]

① خطیب، خطب سے ہے۔ خطب کے معنی فصاحت زبان ہیں اور خطیب وہ ہے جو صاحب فصاحت و بلاغت ہو۔ قرآن مجید میں موسیٰ علیہ السلام نے اپنے بھائی ہارون علیہ السلام کی صفت فصاحت کا ذکر فرمایا ہے: ﴿ ھُوَ اَفْصَحُ مِنِّیْ لِسَانًا ﴾ "وہ مجھ سے زیادہ زبان آور ہے۔" اور حدیث بالا میں ہے کہ جملہ انبیاء کے مقدس ترین گروہ میں یہ شرف حضور علیہ السلام ہی کے لیے خاص ہے۔ صحیح مسلم حدیث میں ہے: اُوْتِیْتُ جَوَامِعُ الْکَلِمِ [3] سادہ صاف الفاظ شستہ ترکیبٔ مختصر عبارت میں ایسے معانی عالیہ کو بھر دینا جو عمیق بھی ہوں اور دقیق بھی، داخل کمال فصاحت ہے اور حضور ﷺ کا خطیب الانبیاء ہونا اسی اعتبار سے ہے۔

② خطیب، خطابت سے ہے اور اس سے مراد امر و نواہی اور مواعظ و امثال کا بیان کرنے والا ہے۔

---

[1] بخاری:3904,466؛ مسلم:6172,6170؛ ترمذی:355,3660 [2] ترمذی:3613؛ ابن ماجہ:4314؛ مسند احمد:137/5,169؛ تفسیر ابن کثیر سورۃ الاسراء
[3] مسلم:1167؛ ترمذی:1553؛ کنز العمال:31932؛ ابن ماجہ:567؛ مجمع الزوائد:269/8؛ احمد:412/2

③ خطیب کے معنی وہ شے بھی ہے جس میں الوان بوقلموں شامل ہوں اور خطیب وہ ہے جو جملہ انواع کلام اور اسالیب خطاب کا ماہر و قادر ہو۔

⑲ وہ خافض ہے، یہ نام قرآن مجید کی آیت ذیل سے مستنبط ہے:

﴿ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴾ [الحجر:88] "آپ اپنے بازوؤں کو مومنوں کے لیے جھکائے رکھیں۔"

طیور کو دیکھو، وہ اپنے انڈوں یا اپنے بچوں کی تربیت کیسی محبت، کیسے پیار، کیسی ہوشیاری اور کیسی نگہداشت سے اپنے شہپروں کے نیچے رکھ کر کرتے ہیں۔ اہل ایمان کے ساتھ نبی ﷺ کی محبت و پیار اور نگہداشت و حفاظت کا سلوک اسی مثال سے بڑھ کر تھا۔

⑳ وہ خیرۃ اللہ ہے۔ خیرۃ کو علمائے لغت نے بکسر خاء اور بفتح خاء ہر دو صورت روایت کیا ہے۔ اس اسم کے معنی یہ ہیں کہ حضور خیر الناس ہیں، خیر البریہ افعال خیر میں افضل و اکثر ہیں۔

㉑ وہ داعی الی اللہ ہے، کسی شخص کی طرف سے کسی کا دعوت دینے کا حق اسی وقت حاصل ہوتا ہے جب کہ وہ اذن یافتہ بھی ہو۔ دنیا میں دیکھو، اگر کسی کا ملازم کسی کو دعوت طعام دے آئے، مہمان صاحب خانہ کے ہاں پہنچیں اور تب میزبان کو اور مہمان کو پتا لگے کہ نہ کسی نے بلایا اور نہ کوئی بلایا گیا۔ تب طرفین کو کس قدر ندامت اور رنج کا احساس ہوگا اور وہ دعوت دینے والا کس قدر ذلیل و حقیر اور جانبین کی طرف سے ہدف ملامت سمجھا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کا اسم مبارک داعیاً الی اللہ تجویز کیا ہے۔ تو کلام پاک میں اس کے ساتھ ساتھ بِاِذْنِہٖ بھی شامل فرما دیا اور اہل عالم پر ظاہر کر دیا کہ محمد ﷺ کو اختیار کلی دیا گیا ہے کہ سب کو اللہ کے گھر کا مہمان بنائیں اور تقرب و رضوان کی دعوت دیں۔ یہ اسم حضور ﷺ کے اسمائے خاصہ میں سے ہے۔

㉒ وہ رحمت ہے اور آیت قرآنیہ میں حضور ﷺ کو رحمۃ للعالمین فرمایا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے خود کو ﴿ رب العالمین ﴾ [الاعراف:54] فرمایا اور قرآن حکیم کو ﴿ ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ [یوسف:104] خانہ کعبہ کو ﴿ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ [آل عمران:96] کشتی نوح اور مریم و مسیح کو ﴿ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ بتایا، مگر ﴿ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ صرف حضور ﷺ ہی کو فرمایا ہے رَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ کے ارشاد کو پیش نظر رکھو اور دیکھو کہ رحمۃ للعالمین کے خطاب میں کتنی وسعت، کتنی برکت اور کتنا فیض موجود ہے۔ حضور ﷺ کی رحمت کا فیضان اہل ایقان کو بھی پہنچا، جو دنیا میں حکمران بنے اور آخرت میں مغفرت و رضوان کے مستحق ٹھہرے۔ منکرین اور اہل خسران کو بھی پہنچا جو بہ برکت دعائے مصطفوی ﷺ عذاب دنیوی و غرق و خرق اور ہلاکت و تباہی سے مامون کیے گئے۔

عورتوں، بچوں، یتیموں، رانڈوں، مسافروں، اسیروں، غلاموں، لونڈیوں، رعایا و برایا طبقہ امراء و گروہ حکم فرما کو بھی پہنچا۔ جن کی راحت و آسائش اور حقوق و مفاد کے متعلق حضور ﷺ نے مستحکم آئین شرح متین ضابطہ مبین، دستور اساسی اور اصول مدنی و سیاسی وضع فرمائے اور ان سب پر اپنی حیات طیبہ میں خود بھی عمل فرما رہے اور تمام امت کو بھی پابند عمل فرمایا۔

حضور ﷺ کی رحمت کا فیض طیور و وحوش اور مراکب و مواشی کو بھی پہنچا، جن کے ذبح و شکار کے قواعد اور تغذیہ و تربیت کے متعلق احکام نافذ فرمائے گئے۔

حضور ﷺ کا فیض شوارع اور طوارق اور مشارب و موارد کو بھی پہنچا' جن کو پرامن اور مصفا و پاکیزہ رکھنے، نیز انجاس وارجاس و قاذورات سے پاک رکھنے کے قواعد مرتب فرمائے گئے۔ الغرض اس رحمت سے نہ کوئی کشتنی و گردن زدنی عدو محروم رہا اور نہ کوئی ذبح شدنی ان سے مہجور کیا گیا۔

لہٰذا حضور ﷺ کا سراپا رحمت ہونا اور بہ ہمہ وجوہ رحمۃ للعالمین ﷺ ہونا مسلم و ثابت ہے۔

(23) وہ روح الحق ہے' اس خطاب کا استعمال سب سے پہلے مسیح علیہ السلام نے اپنی اس آخری تقریر میں فرمایا جو انھوں نے دنیا چھوڑنے سے پیشتر اپنے خلفاء کے سامنے فرمائی تھی۔ (دیکھو 16 باب از 11 تا 16 درس)

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اناجیل اربعہ میں عام طور پر اسم روح القدس کا استعمال ہوا ہے اور اس سے وہ ملکوتی قوت و شخصیت مراد ہے' جسے اہل اسلام جبرائیل علیہ السلام کہتے ہیں اور جسے مسیحی صاحبان اقانیم ثلاثہ میں سے ایک اقنوم ارکان تثلیث میں سے ایک رکن بتاتے ہیں اور بایں ہمہ اس کی ہستی کے متعلق وہ ذرا بھی عرفان نہیں رکھتے۔

ہاں صرف یہی ایک مقام ہے جس میں اسم روح الحق کا استعمال ہوا۔ اس کے کام اور اس کی شان اور اس کی علامات کا اعلام کیا گیا ہے۔ وہ روح الحق ہے اور ساری صداقت کی تعلیم دینا اس کا خاصہ ہے۔ وہ روح الحق ہے اور طالبان خاک نشین کو پستی سے اٹھا کر زندگی کے بلندترین کنگرہ پر پہنچا دینا اس کا کام ہے۔ وہ روح الحق ہے اور زندگی بخش کلام اس کے منہ میں ہے۔ وہ روح الحق ہے اور قلوب مردہ کو حیات روحانی کا عطا کرنا اس کے فرائض میں سے ہے۔ اس کی تعلیم ظاہر کو پاک اور باطن کو طاہر' دماغ کو روشن اور قلب کو منور کرنے والی ہے۔

(24) وہ سید ہے اور سیادت کے لیے پیدا کیا گیا ہے ؎

اے کہ برتخت سیادت زازل جاداری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

وہ سید کہلانے سے بے نیاز ہے' وہ سید ہے اور اپنے سید (اللہ تعالیٰ) کا عبد کہلانے پر زیادہ خوش ہوتا ہے۔ وہ سید ہے اور اسباط رسولؐ اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ [1] کے خطابات صحیحہ سے معزز ہیں۔

وہ سید ہے اور اس کے وزراء بھی اسی اعزاز سے مشرف ہیں:

عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ بَكْرٍ وَ عُمَرَ هٰذَانِ سَيِّدَا كُهُوْلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ ۔ [2]

''انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ابوبکر و عمر یہ دونوں اہل جنت کے گزرے ہوئے اور آنے والے تمام بزرگوں کے سردار ہیں، سوائے انبیاء و مرسلین کے۔''

وہ سید ہے اور اس کے حلقہ نشین بھی اسی علم گرامی سے روشناس ہیں۔ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی سواری دیکھ کر حضور ﷺ نے انصار سے فرمایا تھا: قُوْمُوْا اِلٰى سَيِّدِكُمْ۔ [3]

---

[1] ترمذی: 3768، 3781؛ ابن حبان: 6959، 6960؛ مسند احمد: 3/3، 62

[2] ترمذی: 3764؛ ابن ماجہ: 100

[3] بخاری: 3043، 3804؛ مسلم: 1768؛ ابوداؤد: 5215؛ ابن حبان: 7026، 7028؛ احمد: 3/22

وہ سید ولد آدم ہے۔ وَلد جمع ہے ولد کی۔ اس خطاب سے حضور ﷺ کا سید اولاد آدم ہونا آشکار ہے۔ ظاہر ہے کہ ولد آدم کے دائرہ میں ہر ایک بشر، ہر ایک انسان، ہر ایک آدم زاد داخل ہے۔ جملہ اولین و آخرین اسی جملہ میں شامل ہیں۔ کیا کوئی وجہ التباس موجود ہے کہ خود آدم علیہ السلام بھی اسی میں داخل ہیں یا نہیں۔ شک کی ضرورت نہیں۔ دوسری صحیح حدیث میں اٰدَمُ وَمَنْ دُوْنَہٗ تَحْتَ لِوَائِیْ[1] موجود ہے اور ہر دو احادیث بصر افروز و بصیرت افزا ہیں۔

(25) وہ شارع ہے۔ شریعت بیان کرنا آسان بات نہیں موسیٰ علیہ السلام صاحب شریعت ہیں اور ان کے بعد بنی اسرائیل میں دو ہزار (2000) سال تک کوئی بھی صاحب شریعت نہ نکلا۔

''بزرگو! مسیح علیہ السلام نے بھی فرمایا: یہ مت سمجھ کہ میں تورات منسوخ کرنے کو آیا ہوں بلکہ اسے مضبوط کرنے آیا ہوں۔''[2]

ہنود میں منوجی مہاراج ہوئے ہیں جنھوں نے سمرتی پیش کی ہے۔ میں دنیا کی تمام قانون ساز کونسلوں اور ضوابط و قواعد مرتب کرنے والی حکومتوں سے درخواست کروں گا کہ وہ ان ہر سہ شریعتوں کو دیکھیں اور رپورٹ کریں کہ ان میں سے کون سی شریعت زیادہ مکمل، زیادہ مفصل جزئیات پر حاوی، کلیات پر مشتمل، ضروریات انسانی پر محتوی اور تمدن کی حامی ہے۔ ع

بس ایک بات پہ ٹھہرا ہے فیصلہ دل کا

جب شرائع موجودہ عالم کی جانچ پڑتال ان اصولوں پر کی جائے گی تو شریعت محمدیہ ﷺ کی فوقیت اور حضور ﷺ فِدَاہُ اَبِیْ وَ اُمِّیْ کا تفوق خود بخود آشکار اور واضح ہو جائے گا۔

(26) وہ شافع ہے، شفاعت کے معنی لوگوں نے کیا سمجھے؟ کسی نے کہا کہ شفیع وہ ہے جو اپنے اختیار و اقتدار سے غفران ذنوب فرماتا ہے۔ اس عقیدہ کے موجد عیسائی ہیں۔ یہ لوگ شفیع بہ معنی غفور استعمال کرتے ہیں۔ لیکن خود لفظ شفیع اس معنی کا متحمل نہیں۔ کسی نے شفاعت کو بے جا دباؤ بتایا اور اس کے وجود کا انکار ہی کیا۔ اسلامی شفاعت دو اصول پر مبنی ہے (1) مَنْ اَذِنَ لَہُ الرَّحْمٰنُ ''جسے اللہ اذن دے۔'' (2) وَقَالَ صَوَابًا ''جو ٹھیک ٹھیک بات بیان کرے۔'' ہر دو اصول بالا شفاعت اسلامی کو ہر دو فریق کے افراط و تفریط سے الگ کر دینے والے شفاعت کو معقول اور قابل تسلیم بنا دینے والے ہیں۔ ہاں! حضور ہی صاحب مقام محمود ہیں اور حضور ﷺ ہی شفاعت کبریٰ کی خصوصیت سے ممتاز ہیں۔

(27) وہ شاہد ہے اور اچھا شاہد اور سچا گواہ وہ ہے جس کی شہادت واقعات صحیحہ کو کتمان سے بروز میں لے آئے، جس کی شہادت بے خبروں کو باخبر اور بے علموں کو باعلم اور غائبین کو مثل حاضر بنا دے۔ نبی ﷺ شاہد ہیں اور اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی شہادت جملہ عالم کے سامنے حضور ہی نے ادا فرمائی ہے اور اپنی شہادت سے رب العالمین کے لیے استحقاق الوہیت و معبودیت ثابت کیا ہے۔ عبادات و استعانت بغیر اللہ کے مسئلہ میں سینکڑوں مذاہب سرگرداں و حیران و پریشان تھے۔ حضور ﷺ ہی کی شہادت نے ان حقائق خفیہ کو آشکار کیا۔ حضور ﷺ ہی نے اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی شہادت ادا کی۔ رسالت و نبوت کے خصائص وحی ربانی کی حقیقت و اعمال کا روح سے تعلق، جزا و سزا کا اعمال پر ترتب، شریعت کی ضرورت اور شرائع الٰہیہ و نوامیس حکمیہ کا استحکام۔ یہ سب حضور ﷺ ہی

---

[1] ترمذی: 3148,3615

[2] انجیل متی: 17/5

کی شہادت سے ہوا۔ اللہ اکبر! شاہد کیسی زبردست شہادت اور اعلیٰ صداقت کے ساتھ کھڑا ہوا ہے کہ داوری گاہ علم میں شہادت کے لیے اکیلا آیا اور اپنی واپسی سے پیشتر ہزار در ہزار بندگان الٰہی کو اس شہادت پر قائم بلکہ آئندہ آنے والی نسلوں کے سامنے ان کو بھی شاہد بنا گیا اور تَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ کی سند عطا فرما گیا۔

(28) وہ صاحب ہے، صاحب کے معنی ساتھ رہنے والا ہے۔ مسیح علیہ السلام نے حضور ﷺ کا نشان ان ہی الفاظ میں دیا ہے کہ وہ تمھارے ساتھ رہے گا۔ اس سے حضور ﷺ کی نبوت کا ابدی ہونا ثابت ہو گیا۔ یہ ثابت ہے وہ نوع انسان کے ساتھ ساتھ اس وقت تک رہے گی، جب تک کہ خود یہ نوع باقی رہے۔ منکرین مکہ بھی حضور ﷺ کو صاحب قریش کے نام سے یاد کیا کرتے تھے۔ انھوں نے یہ لفظ خواہ کیسی ہی نیت سے وضع کیا تھا لیکن قدرت الٰہیہ نے اسے پاک ترین معنی میں استعمال کیا۔ اور ﴿ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴾ [التکویر: 22] فرما دیا۔ انبیاء علیہم السلام میں ایسے بزرگوار بھی ہوئے ہیں جنھوں نے امت عاصی کے مفسدات اور قابل نفرت افعال کو دیکھ کر نفرت کا اظہار کیا اور ان کو چھوڑ کر خود ان سے علیحدہ ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کے استقامت و صبر کی طبع و ثنا فرماتا ہوا ظاہر کرتا ہے کہ اس نبی کے خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ یہ نافرمانوں کی اصلاح سے مایوس نہیں ہوتا' ان کو اپنے دربار سے دور نہیں کرتا۔ خود ان سے علیحدگی کو پسند نہیں فرماتا۔ وہ صابر ہے اور اس کا صبر صرف اللہ ہی کی نصرت و معیت پر منحصر ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ آج تم اسے اپنا صاحب کہتے ہو کل کو تمھیں خود اس کا صحابی بننا موجب شرف و عزت بن جائے گا۔

(29) وہ صادع ہے صدع بیانِ واشگاف کو کہتے ہیں۔ امر الٰہی کو صاف صاف بیان کرنا دنیا کی مخالفت و مخاصمت کی پروا نہ کرنا' دباؤ اور دھمکی کو وقعت نہ دینا۔ اعداء کی تدابیر فاسدہ اور مکائد کاسدہ سے مرعوب نہ ہونا حضور ﷺ کا خاصہ ہے۔

وہ صادع ہے۔ اس نے عرب جیسے خونخوار، وحشی، خونریز بت پرستوں کو صاف صاف سنا دیا ﴿ اِنَّكُمْ وَ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ﴾ [الانبیاء: 98] ''تم بھی اور تمھارے معبود بھی جہنم کا ایندھن بنائے جاؤ گے۔'' وہ صادع ہے جس نے یہودی قوم کو تجارت کے مالک واحد ہونے کی وجہ سے تمام عرب پر چھائے ہوئے تھے اور جن کے سود اور قرضے کی زنجیریں ہر ایک امیر و غریب کی گردن میں پڑی ہوئی تھیں۔ نیز مسیحیوں کو جن کی حکومتیں شام، مصر و یمن اور ایشیائے کوچک و یورپ میں پھیلی ہوئی تھیں۔ صاف صاف لفظوں میں یہ سنا دیا تھا ﴿ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ﴾ [المائدہ: 86] ''اے یہودیو! اے عیسائیو! تم تو سچائی کے کسی درجہ پر نہیں ہو جب تک کہ تم (1) تورات اور (2) انجیل اور (3) اللہ کے اس کلام پر جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے، قائم نہ ہو جاؤ۔''

ہاں صادع وہ ہے جو اپنے کلمہ پڑھنے والوں کو بھی فرما دیتا ہے۔ ﴿ قُلْ اِنِّيْ لَاۤ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴾ ''اے نبی! کہہ دیجیے کہ میں تمھارے نقصان یا بہبودی کا مالک نہیں۔'' ﴿ قُلْ اِنِّيْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴾ [الجن: 21] ''کہہ دیجیے کہ مجھے اللہ سے اور کوئی بھی پناہ نہ دے سکے گا اور میں تو اس کے سوا اور کسی کو اپنا سہارا بھی نہیں پاتا۔''

ہاں صادع وہ ہے جو اپنے عزیز و اقارب کی نسبت بھی یہ پیغام سناتا ہے: ﴿ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴾ [الشعراء: 214] اپنے خاندان کے قریب ترین اشخاص کو بھی ڈرا دے۔

(30) وہ صادق ہے۔ منازل روحانی میں صدق کا درجہ نہایت اعلیٰ ہے۔ صدق ہی روح اعمال ہے اور صدق ہی معیار احوال صدق ہی

وہ دروازہ ہے جو دربارِ ذوالجلال تک پہنچاتا ہے۔ صدق ہی بنیادِ دین ہے اور صدق ہی کی چوب پر یقین کا خیمہ کھڑا کیا جاتا ہے۔ صدق ہی ہے جس کا سوال خلیل رب العالمین نے فرمایا تھا:

﴿ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴾ [الشعراء:214] ''میرا ذکر خیر آنے والے لوگوں میں بھی قائم رکھو۔''

صدق ہی ہے جس کی مجلس دربارِ شاہی کے قریب منعقد ہوئی۔ ﴿ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴾ [القمر:55] ''پاکیزہ اور راستی والی بیٹھک میں اپنے عزت والے بادشاہ کے پاس'' نبی ﷺ ہی صادق ہیں اور حضور ﷺ کا یہ نام یوحنا کو مکاشفات میں بتایا گیا ہے۔ حضور ﷺ ہی صادق ہیں، اپنی قوم میں اور اپنے وطن میں اطراف واکناف میں حضور ﷺ اسی نام سے قبل از نبوت روشناس ہوئے۔ ﴿ اَلَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ ﴾ [الزمر:330] ''وہ جو صدق کو لے کر آیا'' حضور ﷺ ہی ہیں جس کے متبعین صدیقیت ومحدثیت کے مراتب پر فائز ہوئے۔

31 وہ مصدوق ہے، اس کے صدق پر زمین وآسمان گواہ ہیں۔ اس کے صدق کی شہادت میں بر وبحر تر زبان ہیں۔ عیسائیوں کے رہبان اور احبار یہودیوں کے ائمہ اور ربیون اس کی صداقت کے کلمہ خواں ہیں۔ لات منات وعزیٰ کے پجاری اپنے اپنے کذب وبطلان اور حضور ﷺ کے صدق وحقانیت کے معترف ہیں۔ زبور اور امثال ذی الکفل اور دانیال، یسعیاہ، حبقوق وحزقائیل، حجی وملاکی، زکریا و یحییٰ علیہم السلام کے صحیفے اس کے صدق وحقانیت کے بیان سے مملو ہیں۔ عباس بن مرداس رضی اللہ عنہ جو عیسائیوں کے مشہور بشپ تھے اپنے قصیدہ نعتیہ میں فرماتے ہیں۔

فَاٰمَنْتُ بِاللّٰهِ الَّذِيْ اَنَا عَبْدَهٗ ۔۔۔ وَخَالَفْتُ مَنْ اَمْسٰى يُرِيْدُ الْمَهَالِكَا
وَوَجَّهْتُ وَجْهِيَ نَحْوَ مَكَّةَ قَاصِدًا ۔۔۔ وَبَايَعْتُ بَيْنَ الْاَخْشَبَيْنِ الْمُبَارِكَا
نَبِيٌّ اَتَانَا بَعْدَ عِيْسٰى بِنَاطِقٍ ۔۔۔ مِنَ الْحَقِّ فِيْهِ الْفَضْلُ كَذَالِكَا

1. میں ایمان لایا اس اللہ تعالیٰ پر جس کا میں بندہ ہوں۔ گزشتہ کل ہی اس کی مخالفت کر کے ہلاکت وبربادی کا موجب ٹھہرا۔
2. مکہ کا ارادہ کر کے میں نے اپنے چہرہ کو اس کی طرف متوجہ کیا اور میں نے اس کی بیعت دو کھردرے کناروں کے درمیان کی۔
3. وہ ایسا نبی ہے جو عیسیٰ علیہ السلام کے بعد آیا ہے، اپنے رب کی مرضی سے بولتا ہے اور یہی اس کی فضیلت وتوقیر ہے۔

32 وہ طٰہٰ ہے۔ وہ زہرۃ الحیوۃ الدنیا سے دور ہے۔ وہ نعمت ہائے باقیہ سے پرورش یافتہ ہے۔ وہ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا کی سند ہاتھ میں لے کر آیا۔ اس کی راحت، اس کی آسائش اس کی خوشنودی، اس کی رضا کا رب العالمین خود نگران ہے۔

33 وہ طیب ہے۔ اس کی اصل، اس کی نسل اس کی ازواج، اس کی ذریت، اس کا پیکر اس عنصر ارجاس وانجاس وعیوب ونقائص قبائح اور رذائل سے پاک ہے۔ وہ زکی ہے، وہ طاہر ہے مطہون اس کے ثناگستر ہیں اور قدوسی اس پر درود خواں، سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

صَلَّى الْاِلٰهُ وَمَنْ يَّحُفُّ بِعَرْشِهٖ
وَالطَّيِّبُوْنَ عَلَى الْمُبَارَكِ اَحْمَدٖ

اللہ رب العزت اور اس کے عرش کو گھیرنے والے فرشتے اور نیک لوگ احمد مجتبیٰ ﷺ کی بابرکت ہستی پر درود بھیجتے ہیں۔

34 وہ طاہر ہے، وہ حسب ونسب میں عالی ہے، آبائے اولین جو اسی کے نور کے حامل تھے۔ سفاح سے پاک رہے اور عمود نسب سے جملہ

بزرگانِ محترمین میں اغیار کی غلامی سے آزاد۔

وہ طاہر بھی ہے اور مطہر بھی۔ اس نے طہارت کی تعلیم دی اور اسی نے طہارت ظاہری و باطنی سے اپنے متبعین کو پاک ٹھہرایا۔ اس کی تعلیم نے ﴿ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴾ [التوبہ:108] کی جماعت کو قائم فرمایا اور اسی کے احکام و افعال کی غایت ﴿ تُطَهِّرُهُمْ وَ تُزَكِّيْهِمْ ﴾ [التوبہ:103] کو ٹھہرایا ہے۔

35 وہ عبداللہ ہے۔ عبودیت ہی کمال انسانیت ہے اور عبودیت کی تکمیل منازل نبوت ہی میں ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ جس جگہ کسی نبی اللہ کا ذکر پیار اور محبت اور قبولیت کے لہجہ میں فرماتا ہے تو اس جگہ لفظ عبد کا اضافہ فرماتا ہے۔

﴿ واذكر عبدنا داو'د ذالايد ﴾ [ص:17] ''ہمارے بندے داؤد (علیہ السلام) کو یاد کرو جو بڑی قوت والے تھے۔''

﴿ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا اَيُّوْبَ ﴾ [ص:41] ''اور ہمارے بندے ایوب علیہ السلام کو یاد کرو۔''

﴿ ذِكْرُ رَحْمَةِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴾ [مریم:2]

''یہ تیرے پروردگار کی اس مہربانی کا ذکر ہے جو اس نے اپنے بندے زکریا علیہ السلام پر کی تھی۔

نبی ﷺ کی عبودیت وہ شجرہ طیبہ ہے جس کے پھل نہایت شیریں ہیں۔

1. ﴿ تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ ﴾ [الفرقان:1] نزول قرآن کا سبب عبودیت کاملہ ہے۔
2. ﴿ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ﴾ [الزمر:36] کفایت الٰہیہ کا سبب عبودیت ہے۔
3. ﴿ سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا ﴾ [بنی اسرائیل:1] معراج عبودیت کا ثمرہ ہے۔
4. ﴿ فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ﴾ [النجم:10] خطابات عالیہ کا شرف عبودیت پر عطا ہوا۔

یہ سچ ہے کہ مسیح علیہ السلام نے بھی صدیقہ مریم علیہا السلام کی گود میں اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ کہا تھا۔

اور حضور ﷺ کو بھی آیت ﴿ وَاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ ﴾ [الجن:19] میں عبداللہ فرمایا گیا ہے لیکن ہر دو مقامات پر تفاوت درجات کا نور اپنی اپنی ضیا میں روشن ہے۔ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ حضرت مسیح کا اپنا قول ہے۔ ہنوز طفل اس کی معیت میں نہیں۔ نبی ﷺ کو خود رب العالمین نے عبداللہ فرمایا اور حضور ﷺ کی قیام بر عبادت اور قیام بر دعوت کا تذکرہ بھی ساتھ ہی ساتھ موجود ہے۔

ہاں وہ عبداللہ ہے اور اس کی عبودیت کا شاہد خود معبود و مسجود ہے۔

وہ عبداللہ ہے اور دعوت عبودیت میں وہ سب سے زیادہ کامیاب ہے۔ وہ عبداللہ ہے اور اس نے کلمہ توحید میں اپنے مبارک محمود اسم کے ساتھ عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ کو جزو لاینفک بنا دیا ہے۔ ناممکن ہے کہ کوئی شخص کلمہ شہادت پڑھنا چاہے اور وہ اسم اللہ کے ساتھ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اور اسم محمد کے ساتھ عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ نہ پڑھے۔

اے مالک میں بھی اس مقام پر کلمہ شہادت کو دہراتا ہوں اور تیرے خزائن رحمت میں بطور امانت سپرد کرتا ہوں:

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَبِيًّا وَ بِالْقُرْاٰنِ اِمَامًا۔ [1]

---

[1] سلسلہ ضعیفہ: 970

''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وحدہ لاشریک ہے اور میں یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے بندے اور رسول ہیں۔ میں اللہ کو اپنا رب، اسلام کو دین اور محمد کو آخری نبی اور قرآن کریم کو اپنا امام ماننے پر راضی ہوا۔''

(36) وہ عفو ہے۔ عفو اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے بھی ہے اور نبی ﷺ کی صفات عالیہ میں سے بھی جملہ صفات نبوی ﷺ اللہ تعالیٰ ہی کی صفات الٰہی کے ظلال ہیں اور حضور ﷺ کے جملہ محاسن عطیات ربانی ہی کے مظاہر ہیں۔

① کوہ تنعیم کے اسی (80) اعدائے دین کو جنھوں نے حضور ﷺ کو مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ مصروف نماز دیکھ کر قاتلانہ حملہ کر دیا تھا' معاف کر دینے والا وہی ہے۔ [1]

② زینب بنت الحارث بن اسلام خیبری کو جو مسموم گوشت کا ہدیہ لے کر آئی اقبال جرم کے بعد معاف کر دینے والا وہی ہے۔ [2]

③ سرداران قریش نے 13 سال تک اشاعت اسلام کو روکا اور اسلام میں داخل ہونے والوں کو مشق ستم اور ہدف تیر و نیزہ بنایا۔ مغلوب کر لیے جانے کے بعد معاف کر دینے والا وہی ہے۔ [3]

④ ابن سلول رئیس المنافقین اور اس کی جماعت اہل یثرب کو بار بار معاف کرنے والا اور ان کی بچگانہ حرکات سے درگزر کرنے والا وہی ہے۔

⑤ جنگ حنین کے چھ ہزار (6000) قیدیوں کو ایک زبانی درخواست پر آزاد کرنے والا وہی ہے۔ حسان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:۔

عَفُوٌّ عَنِ الزَّلَّاتِ یَقْبَلُ عُذْرَهُمْ
فَإِنْ أَحْسَنُوْا فَاللّٰهُ بِالْخَيْرِ أَجْوَدُ

''وہ نبی عفو (معاف کرنے والا) دشمنوں کے عذر کو قبول کر کے ان کو معافی دینے والا ہے۔ اگر وہ نیکی کریں تو اللہ تعالیٰ بھلائی میں بہت سخی ہے۔''

دنیا کی تاریخ ایسے عفو و درگزر کے نظائر پیش کرنے سے قاصر ہے۔

(37) وہ فاتح ہے' اگر فتح کے معنی کشور کشائی و ملک گیری ہیں تو یقیناً حضور ﷺ کی سیرت پاک میں اس کے نمونے بہت کم ملیں گے۔ حضور ﷺ کے مشہور غزوات جن میں لڑائی بھی ہوئی۔ بدر و احد' احزاب و خیبر اور حنین ہیں۔ ان پانچ میں سے فاتحانہ قبضہ صرف خیبر پر کیا گیا تھا اور وہ بھی اس طرح کہ وہاں کی ارضیات پر انہی دشمنوں کا قبضہ قائم رکھا گیا اور ان سے صرف حق مالکانہ کا فیصلہ کر لیا گیا تھا۔ باقی چار مقامات کی بابت سنو کہ احد اور احزاب کی جنگ خود مسلمانوں کی اپنی زمین پر ہوئی اور بدر و حنین میں فتح کے بعد بھی کوئی علاقہ شامل خالصہ نہ ہوا تھا۔

یہ وجوہات بالا ضروری ہے کہ اسم فاتح کے معنی پر غور کیا جائے۔ قرآن مجید میں سورہ اِنَّا فَتَحْنَا موجود ہے اور اسی میں حضور ﷺ کی فتح مبین اور نصرت عزیز کا اعلان فرمایا گیا ہے۔ وہ فتح صرف اسی ایک استحقاق حاصل کرنے کا نام ہے کہ آئندہ تبلیغ اسلام میں قریش مداخلت نہ کریں گے۔

---

[1] مسلم: 4679، ابوداؤد: 2688، ترمذی: 3264، احمد: 290,124/3 [2] بخاری: 5777,2617
[3] سنن الکبریٰ بیہقی: 118/9، سیرت ابن ہشام: 412/4، تاریخ طبری: 61/3

ہاں حضور ﷺ فاتح ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنی تعلیم سے ناواقفوں کے سینے کھول دیے۔ اسرار روحانی واضح کر دیے، صراط مستقیم پر چلنے والوں کے سامنے جو موانع موجود تھے ان کو دور فرما دیا، حریت عطا فرمائی اور آزادی دین کے حقوق سے سب کو بہرہ مند فرمایا۔ عمان کا حکمران اکیدر کا بادشاہ، حبشہ کا تاج ور، یمن کا فرمان روا، شام کا حاکم مختار اپنے اپنے مقامات پر مقیم اور اپنے اپنے ممالک پر متصرف اور اورنگ نشین ہیں۔ لیکن ان کے دل و دماغ کو اس حبیب اللہ ﷺ نے فتح کر لیا ہے اور اب ان کو فدوی باخلاص کہلانے میں وہ مزہ ملتا ہے جو شاہ گردوں، قباب کہلانے میں نصیب نہ تھا۔

وہ دلوں کا فاتح ہے، وہ قلوب پر قبضہ کرنے والا ہے، وہ روح و رواں ہے اور تاب و تواں کی جان ہے۔

(38) وہ قاسم ہے۔ صحیح بخاری کی حدیث میں ہے: أَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰهُ مُعْطِيْ [1] ''دینے والا اللہ ہے اور تقسیم کرنے والا میں ہوں۔'' حضور ﷺ نے کن کن فیوض و برکات کو عام کیا اور کن کن تجلیات و تدلیات کو بصیرت افروز بنایا' کن کن آلاء و نعم سے دنیا کو متمتع کیا اور کن کن عطایا سے اہل دین کو ممتاز بنایا۔ یہ ایک وسیع بیان ہے۔

اس عرب کو جو گوسنہ علوم اور تشنہ حقائق تھا۔ حضور ﷺ ہی کی تقسیم نے سیر اور سیراب بنایا' جن نعمتوں کے گنجینہ دار اہل زرتشت تھے اور جن آلاء کے خازن اسرائیل تھے اور جس پرشاد کے بھنڈاری گنگا' جمنا پر قبضہ کرنے والے تھے، ان جملہ خزائن و دفائن کو حضور ﷺ نے نکالا اور عرب پر تقسیم کر دیا۔ وہ عرب جو اب تک ریگ بیابان اور سنگلاخ وادی کے سوا اور کسی شے کے مالک نہ تھے' انہی لوگوں نے اپنی عطیات کا حصہ دار ہر ایک انسان کو بنایا۔ انہی نے ہر ایک صادر و وارد کو اپنے دسترخوان پر بٹھلایا' انہی نے مساکین و ابنائے سبیل کے لیے مشرق و مغرب تک لنگر جاری کیے۔ پیاؤ بٹھلائے' برابر کا بٹھلایا، برابر کا پلایا' غیروں کو اپنا کیا اور دشمنوں کو چھاتی سے لگایا اور اسی طرح پر آج تمام دنیا زلہ خوار کرم مصطفیٰ ﷺ ہے اور جملہ اہل عالم نمک خوار احمد مجتبیٰ ﷺ ہے ورنہ یہ حقائق، یہ معارف دنیا کو کہاں نصیب تھے؟

(39) وہ مصطفیٰ ہے۔ نبی ﷺ کے خاص اسمائے مبارکہ میں سے ہے۔ حتیٰ کہ اسم مصطفیٰ اب حضور ﷺ کے لیے بطور علم مستعمل ہے اور دوسرے کے لیے نہیں آیات قرآنیہ سے واضح ہے کہ آدم اور نوح اور ابراہیم و موسیٰ علیہم السلام خصوصیت سے وہ بزرگوار ہیں، جن کے لیے فعل اصطفیٰ کا اطلاق ہوا ہے اور اصطفیٰ کا سبب یا ذریعہ کلام الٰہی اور وحی ربانی کا نزول تھا۔ یہ وجوہ امتیاز بدرجہ اتم و اکمل وجود نبی ﷺ میں موجود ہیں۔ کتاب استثناء کے باب 18 میں نبی ﷺ کی خاص وجہ شناخت یہی فرمائی گئی ہے کہ اس کے منہ میں اللہ کا کلام ہوگا۔ وحی کا نزول اور اس کا تسلسل تنزیل اور تکمیل کی کیفیت جو کچھ قرآن مجید میں پائی جاتی ہے وہ اور کسی دوسری کتاب میں نہیں۔ لہٰذا محمد ﷺ ہی وہ برگزیدہ و چیدہ ہستی ٹھہرے جن کا نام مصطفیٰ ہوا اور جن کا اصطفیٰ ہر ایک مقدس کے اصطفیٰ سے برتر و اعلیٰ ہے۔

قرآن مجید میں ﴿إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى اٰدَمَ وَ نُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَ اٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ﴾

''اللہ تعالیٰ نے آدم و نوح و آل ابراہیم اور آل عمران کو دنیا جہان پر فضیلت بخشی۔'' [آل عمران:33]

فرمایا گیا ہے۔ آل ابراہیم میں سیدنا ابراہیم علیہ السلام خود اور حضور ﷺ کی آل ہر دو شامل ہیں اور اس اسلوب کلام کے اختیار کرنے کی وجہ ہے ہی یہی کہ آل ابراہیم کا اصطفیٰ حضور ﷺ ہی کی شمولیت پر مبنی ہے۔

---

[1] بخاری: 3116,71؛ طبرانی: 329/19

40 وہ مطاع ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ ہی کی ذات سبحانی ہے جس کی اطاعت مقصود بالذات ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے اطاعت کرنے والوں کی شناخت کے لیے یہ معیار مقرر کر دیتا ہے کہ انبیاء الٰہی کی اطاعت کرنے والے ہی اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے والے سمجھے جائیں گے اور اطاعت انبیاء سے گریز کرنے والے ہی اطاعت ربانی سے گریز کرنے والے قرار دیے جائیں گے۔ اس رسول کو اللہ تعالیٰ نے بطور قانون حکم ظاہر فرما دیا ہے: ﴿ وَ مَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِیُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ﴾ [النساء:46] ''نہیں بھیجا ہم نے کوئی رسول مگر اللہ تعالیٰ کے اذن اور اس کی اطاعت کی گئی۔''

اصولی حکم کے بعد ذات مبارک نبوی ﷺ کی نسبت خصوصیت سے فرما دیا۔ ﴿ وَ مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ﴾ [النساء:80] اس رسول کی جس نے اطاعت کی تو اس نے بالضرور اللہ ہی کی اطاعت کی۔ بعد ازاں فرمایا:

﴿ اِنْ تُطِیْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ﴾ [النور:54] ''اس کی اطاعت کرو گے تو ہدایت یاب بن جاؤ گے۔''

قرآن مجید میں ﴿ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِیْنٍ ﴾ [التکویر:21] حضرت جبرائیل علیہ السلام کی صفت میں فرمایا گیا ہے اور سورہ تحریم میں ﴿ وَ جِبْرِیْلُ وَ صَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِیْرٌ ﴾ [التحریم:14] نازل کیا گیا ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ وہ مطاع آسمانی اور امین وحی ربانی بھی حضور ﷺ کے مددگاروں میں اسی طرح داخل ہیں جیسے دیگر ملائکہ اور جملہ مومنین۔ ہر دو آیات نے نبی ﷺ کا سب سے بڑھ کر مطاع ہونا واضح فرما دیا ہے۔

لہٰذا اب کوئی نبی یا مرسل، کوئی ملک یا حامل وحی، کوئی پیر و مرشد، کوئی امام، کوئی شہید، یعنی مخلوق الٰہی میں سے کوئی بھی ایسا باقی نہیں رہ جاتا جو سیدنا و مولانا محمد ﷺ کے سامنے مطاع کہلانے کی جرأت کر سکتا ہو یا جس کی اطاعت محمد ﷺ کی اطاعت کو چھوڑ کر باعث ہدایت و قرب ربانی بن سکتی ہو۔ حدیث پاک وَ لَوْ كَانَ مُوْسٰى حَيًّا لَمَا وَسِعَهٗ اِلَّا اتِّبَاعِیْ [1] ''اگر موسیٰ زندہ ہوتے تو ان کے لیے بھی میری اطاعت کے بنا کوئی چارہ نہ تھا۔'' اسی راز کی کاشف ہے۔ ہاں ہر ایک کلمہ خواں اسلام کا دین و ایمان یہی ہے کہ قرب الٰہی اور رضوان سبحانی اور مغفرت و نجات کا ذریعہ خالق اور مخلوق کے درمیان صرف ایک ہے اور وہ اطاعت محمدی ﷺ ہے۔ ہم اقرار کرتے ہیں کہ اگر آج کوئی شخص سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی اطاعت کا مدعی بن کر حضور ﷺ کی اطاعت سے اظہار استغنا کرے تو وہ مغفرت و نجات سے دور ہے اور قرب و رضوان کے منازل عالیہ سے مہجور۔

نبی ﷺ ہی مطاع ہیں اور حضور ﷺ کی اطاعت، اللہ کی اطاعت ہے۔ ائمہ دین اور اصحاب کرام کے مدارج و مناسب اس لیے دیگر مخلوق سے برتر و عالی ہیں کہ یہ بزرگوار حضور ﷺ کی اطاعت میں مستحکم اور کامل ترین ہیں۔

محمدؐ عربی کا بروئے ہر دو سرا ست
کسے کہ خاک درش نیست خاک برسر اوست
پندار سعدی کہ راہ صفا
تواں یافت جز درپے مصطفےٰ

41 وہ ماحی ہے۔ صحیحین کی متفق علیہ حدیث پاک عن جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ میں ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا:

اِنَّ لِیْ خَمْسَةَ اَسْمَاءٍ اَنَا مُحَمَّدٌ وَ اَنَا اَحْمَدُ وَ اَنَا الْمَاحِی الَّذِیْ یَمْحُو اللّٰهُ بِیَ الْكُفْرَ وَ اَنَا الْحَاشِرُ الَّذِیْ

[1] دار قطنی: 9، دارمی: 116,115/1، مسند احمد: 87/3

يُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰى قَدَمِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ اَنَا الْعَاقِبُ الَّذِيْ لَيْسَ بَعْدِيْ نَبِيٌّ۔ ①

حضور ﷺ ماحی ہیں، کفر وضلالت کومحوکرنے والے، شرک اور ماسوا پرستی کومٹا دینے والے۔ حجاب رسم ونفس کواٹھا دینے والے، کفران وخذلان کے غاروں کوبھر دینے والے طغیان وعصیان کی بلند چوٹیوں کو پیوست کر دینے والے حضور ہی ہیں جنھوں نے عرب کے تین سوساٹھ بتوں کو ﴿ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴾ [بنی اسرائیل:81] کاحکم سنا کراوندھے منہ گرایا۔ حضور ﷺ ہی ہیں جن کے ارشادات کے بعد نصاریٰ نے سیدہ مریم علیہا السلام کووالدہ خدا کہنے سے اجتناب کیا۔ حضور ﷺ ہی ہیں جن کی تعلیم نے مانی مشرک کی ناپاک تعلیم سے ایران کونجات دی۔ حضور ﷺ ہی ہیں جن کی ہدایت نے دام مارگیوں چتر رنگدیوں جیسے فحش پسند فرقوں کا بیڑہ غرقاب کیا۔ حضور ﷺ ہی ہیں جنھوں نے معصوم بچیوں کو پیوند خاک ہونے سے اور ناکردہ گناہ دلہنوں کوزندہ نذر آتش بنائے جانے سے بچایا۔ حضور ﷺ ہی ہیں جنھوں نے خمر وقمار کورجس ونجس بتایا۔ حضور ﷺ ہی ہیں جنھوں نے ایک نشلی چیز کوجوہر صحت انسانی کا دشمن ظاہر کیا۔ الغرض مفاسد ورذائل کومٹانا، کارہ وماتم کومحوکرنا حضور ﷺ ہی کی پاک اورطیب تعلیمات کا خاصہ ہے۔ لہٰذا حضور ﷺ کا ماحی ہونا مسلم ہے۔

(42) وہ حاشر ہے، قیامت کے دن مرقد پاک اور آرام گاہ خاص سے سب سے پہلے سر اٹھانے والے احیائے موتیٰ کی کیفیت کوملاحظہ کرنے والے، منادرب العباد کی ندا پر سب سے پہلے لبیک پکارنے والے، عذر خواہی امت کی سب سے پہلے چارہ گری فرمانے والے حضور ﷺ ہی ہیں۔

(43) وہ عاقب ہے۔ سب سے پیچھے آنے والا۔ جملہ انبیاء علیہم السلام کی اقتدا کوجمع کرنے والا عدیم النظیر، عدیم المثال آغاز نبوت کا انجام اور انجام رسالت کا اتمام۔

(44) وہ نور ہے اسی کے دین پر چلنے والا ﴿ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ﴾ [الزمر:22] کے نورانی خلعت سے ممتاز ہے۔ اس کی لائی ہوئی کتاب کونور بتلایا گیا ہے۔ ﴿ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ﴾ [الاعراف:157] اس نور کا اتباع کیا جواس پر نازل کیا گیا ہے۔

اسی کا مبارک نام سورہ مائدہ میں نور بتلایا گیا ہے: ﴿ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴾ [المائدۃ:15]

خازن ومعالم میں نور کو نبی ﷺ ہی کی ذات بتایا ہے۔ حضور ہی وضوح امر اور تبیین نبوت میں نور ہیں اور حضور ﷺ ہی کی تعلیم تنویر قلوب کے لیے نور ہے۔

حبیب اللہ ﷺ کی دعائے ذیل پر غور کرو اور دیکھو کہ مجیب الدعوات سے روزانہ کس شے کا سوال ہے؟ کیا ذات سبحانی کسی کا سوال رد بھی فرماتی ہے؟

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّ فِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّ فِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَمِيْنِيْ نُوْرًا وَ يَسَارِيْ نُوْرًا وَ فَوْقِيْ نُوْرًا وَّ تَحْتِيْ نُوْرًا وَ اَمَامِيْ نُوْرًا وَّ خَلْفِيْ نُوْرًا وَ اجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّ فِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا وَّ فِيْ دَمِيْ نُوْرًا وَ فِيْ عَصَبِيْ نُوْرًا وَّ فِيْ شِعْرِيْ نُوْرًا وَّ فِيْ بَشَرِيْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ نُوْرًا۔ ②

---

① بخاری:3532، مسلم:2354، ترمذی:2840، نسائی فی الکبریٰ:11590 ② بخاری:6316، مسلم:763، ابوداؤد:5043، ابن ماجہ:508، ابن حبان: 2636

''الٰہی! میرے قلب میں نور ہو، میری آنکھوں میں نور، میرے کانوں میں نور، میرے داہنے نور، میرے بائیں نور، میرے اوپر نور، میرے نیچے نور، میرے آگے نور، میرے پیچھے نور، نور کو میرا بنادے، میری زبان میں نور ہو، میرے خون میں نور ہو، میرے پٹھوں میں نور ہو، میرے بالوں میں نور ہو، یا اللہ مجھے نور عطا فرما۔ یا اللہ میرے نور کو بڑھا، یا اللہ مجھے نور ہی بنا۔''

کعب بن زہیر رضی اللہ عنہ کا قصیدہ ''بانت سعد'' میں کہتے ہیں:

ع إِنَّ الرَّسُوْلَ لَنُوْرٌ يُسْتَضَاءُ بِهٖ

(45) وہ مدثر ہے۔ تدثیر کے معنی ہیں طائر کا اپنے گھونسلے کو درست کر لینا' کاشانہ عالم حضور کے علو مراتب کے مقابلہ میں ایک آشیانہ کی حیثیت رکھتا ہے اور حضور ﷺ کا اس آشیانہ کو درست و محکم بنا دینا اہل عالم کی ضروریات مادی و اخلاقی و روحانی کو مکمل فرما دینا ہے۔ یہ تکمیل انذار اور تکبیر و تہلیل ربانی اور تطہیر خلائق از علائق مادی و قلبی کی تدابیر سے فرمائی گئی ہے۔ رجز و رجس کو دور فرما کر طہارت ظاہری و باطنی سے اہل عالم کو مطہر بنانا اسی مدثر کا کام ہے۔

(46) وہ مزمل ہے: اس کی آنکھیں دنیائے تیرہ و تاریک کے بدنما چہرہ کو نہیں دیکھ سکتیں۔ اس کے کان زور کے کذب و بہتان کو نہیں سن سکتے۔ وہ گھبرا کر غار حرا کے خلوت کدہ میں چلا جاتا ہے' اس کی پاک فطرت کے مطابق تجلیات قدسیہ کو اس کے سامنے کھول دیا جاتا ہے۔ ملکوت اعلیٰ کے مظاہر کو ظاہر کر دیا جاتا ہے۔ کلام لم یزلی سامع نواز بن جاتا ہے۔ اس وقت ترہب و تبتل کا راز آشکار کر دیا جاتا ہے۔

جو لوگ ظلمت کدہ آفرینش سے بیزار ہوئے اکثر انھوں نے راہ فرار اختیار کی۔ دانش مند بدھ مرتاض دیوجانس' رشی ویدیاس وغیرہ ہم نے جو آسمان تاریخ کے روشن کواکب ہیں' اسی روش کو پسند فرمایا' ہزاروں نن اور منک نے نیک نیتی سے رہبانیت ہی کو اس دنیائے غدار سے چھوٹنے کی اعلیٰ تدبیر سمجھا۔ ہزاروں جینی درویش اسی ریاضت میں اپنی جان پر کھیل گئے۔

قدرت ربانیہ نے تبتل کا نسخہ اس مزمل کو بتایا۔ وہ فوراً کھڑا ہو جاتا ہے۔ اس کا سارا دن مخلوق کی رہنمائی اور عقدہ کشائی میں پورا ہو جاتا ہے۔ اس کی ساری رات اپنے مالک کے سامنے معروضات کے پیش کرنے میں گزر جاتی ہے۔ اس کی انذار و بشارت بعض کے سامنے فرعونیوں کے انجام کو قریب کر دیتی ہے اور بعض کو ہلاکت و تباہی کے بحر احمر سے بخیر و سلامت گزر جانے کے لیے دلیل راہ بن جاتی ہے۔ ہاں وہ مزمل ہے، وہ فرعونیوں کے لیے موسیٰ علیہ السلام جیسا شکوہ اور ایمانیوں کے لیے عیسیٰ علیہ السلام جیسا یقین اور مذموم عاقبت والوں کے لیے ہدیٰ محمد ﷺ لے کر آیا ہے۔

(47) وہ مشہود ہے، امام قرطبی کا بیان ہے کہ انبیاء علیہم السلام شاہد ہیں اور محمد ﷺ مشہود ہیں۔ قرطبی کا فرمودہ درست ہے۔ سیدنا یعقوب، موسیٰ داؤد، سلیمان، وشعیاہ، ودانی ایل و یرمیاہ و حبقوق و یوحنا و مسیح علیہم السلام نے حضور ﷺ کی شہادت ادا کی۔ حضور ﷺ کے خیر مقدم کی اطلاعیں دی ہیں۔ حضور ﷺ کا حلیہ، حضور ﷺ کا مقام ولادت و ہجرت، حضور ﷺ پر کلام اللہ کا نزول، حضور ﷺ کی پاک تعلیم اور راست بازی کاملہ کے دروس پاک کا ذکر فرمایا ہے۔ لہٰذا حضور ﷺ انبیاء علیہم السلام کی زبان پر بالتحقیق مشہود ہیں۔

کارلائل، سرموروا شنگٹن، جان ڈیون، ایڈورڈ گبن جیسے بے باک آزاد خیال بھی حضور ﷺ کی روشن ضمیری' خیر خواہی

خلائق، بے لوث زندگانی، پاک ترین حیات، پاک ترین مقصود کے لیے پاک ترین تدابیر کے عمل میں لانے کے مدحت طراز اور توصیف نگار ہیں۔

ہاں! وہ زمین و آسمان جس میں روزانہ اس کی عبودیت و رسالت کی شاہانہ نوبت اوقات خمسہ میں بلند آوازہ ہے۔ حضور کا مشہود ہونا تسلیم کر رہے ہیں۔

(48) وہ رؤف اور رحیم ہے۔ ہر دو اسماء یقیناً اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی کے کلام میں حضور کو ﴿بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ﴾ [التوبہ:128] ہونا مسلم ہے۔ اختصار نگار کے لیے یہی سند کافی ہے۔

(49) وہ مذکر ہے۔ رات کی تاریکی میں جب کہ قافلہ بھی آگے بڑھنے کی جرأت نہ کرسکتا ہو وہ آگے بڑھتا ہے۔ خشک پتھروں کی اوٹ اور ریت کے بستر پر لیٹنے والوں کی تذکیر فرماتا ہے اور وہی مبارک نام جس کی تذکیر فرمائی گئی، سننے والوں کے دل و زبان پر بطور ذکر دوام جاری ہو جاتا ہے۔

وہ مخالفین کی محفلوں، سالانہ منڈیوں پر رونق میلوں ٹھیلوں میں جاتا ہے اور یٰاَیُّھَا النَّاسُ قُوْلُوْا لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ تُفْلِحُوْا ''اے لوگو! کلمہ حق کی گواہی دے دو فلاح پا جاؤ گے۔'' [1] کی تذکیر فرماتا ہے۔

وہ پہاڑ پر جاتا ہے، پتھر کھاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا پاک نام غافلوں کی جماعت تک پہنچاتا ہے۔ وہ میدان جنگ میں نرغہ اعداء میں گھرا ہوا ہے، اس کا بازو اس کا سر، اس کے دو دندان سنگباری سے مجروح ہیں لیکن وہ اس حالت میں بھی تذکیر فرما رہا ہے، وہ بستر پر پڑا ہوا ہے۔ دو دن سے شدید تپ ایک منٹ کے لیے بدن سے الگ نہیں ہوئی۔ درد سر بھی ہے ضعف و ناتوانی کا غلبہ ہے لیکن وہ تذکیر میں مشغول ہے۔ وہ وصایا و نصائح سے امت کے مستقبل کی فکر فرما رہا ہے اور اللہ پاک کا نام تلقین کر رہا ہے۔ وہی مذکر ہے اور تذکیر اسی پر ختم ہے۔

(50) وہ مبارک نام ہے۔ لفظ برکت، بَـرَکَ الْبَـعِیْـرُ سے ماخوذ ہے۔ اونٹ کا جم کر بیٹھ جانا۔ اس لفظ کا مفہوم لغوی ہے۔ برکت میں استقرار اور دوام کے معنی داخل و شامل ہیں۔ وہ مبارک ہے۔ اس کا دین ہمیشہ تک رہنے والا ہے۔ اس کی شریعت نسخ سے مبرا ہے۔ وہی تا قیام قیامت سب کا ہادی ہے۔ اسلام جہاں پہنچ گیا، جم گیا۔ سب ملک اسی کے ہیں وہ ہر جگہ کو اپنا وطن سمجھتا ہے۔ سیدنا حسان رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس اسم کا استعمال کیا ہے۔

صَـلّٰـی الْاِلٰـہُ وَ مَنْ یَّحُفُّ بِعَـرْشِـہٖ
وَ الـطَّیِّـبُـوْنَ عَـلٰـی الْـمُـبَـارِکِ اَحْـمَـدُ

''درود بھیجتے ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے عرش عظیم کے اردگرد فرشتے اور نیک و پاکیزہ لوگ احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک ذات گرامی پر۔''

سیدنا عباس بن مرداس رضی اللہ عنہ نے جو راہب نصرانی تھے اپنے نعتیہ قصیدہ میں کہا ہے:

وَ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ نَحْوَ مَکَّۃَ قَاصِدًا
وَ بَـایَـعْـتُ بَیْنَ الْاَخْشَبَیْنِ الْـمُـبَـارِکَ

(51) وہ مہاجر ہے۔ قرآن مجید مہاجرین و انصار کے فضائل و مدائح سے مملو ہے۔ مہاجرین کو انصار پر مزیت خاص و امتیاز خاص ہے۔

---

[1] بخاری: 6316

مہاجرین وہی ہیں جنھوں نے حضور ﷺ کی اقامت کو پورا کیا، گھر بار، خویش وتبار، وطن و دیار کو ترک کر دیا مگر حضور ﷺ کا ساتھ نہ چھوڑا۔ مہاجرین کی ہجرت حضور ﷺ ہی کی ہجرت سے مقبول ربانی ہوئی۔ حضور ﷺ مہاجر ہیں جیسا کہ سیدنا ابراہیم ولوط و اسماعیل وموسیٰ وہارون علیہم السلام بھی مہاجر تھے۔

﴿52﴾ وہ ہادی ہے۔ ہدایت کے معنی ومفہوم دو ہیں۔ ① کسی کے دل میں ایمان ڈال دینا۔ آیت ذیل میں اسی مفہوم کو بیان کیا گیا ہے۔

﴿ اِنَّكَ لَا تَهْدِىْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ ﴾ [القصص:۵۶]

''تو ہدایت نہیں دے سکتا اسے جسے تو پسند کرتا ہے، لیکن اللہ ہدایت دیتا ہے جس کسی کو بھی وہ چاہے۔''

② کسی کو ایمان ویقین کی طرف بلانا اور اپنی دعوت کی حقانیت کو دلائل وبراہین روحانی یا عقلی سے اور اپنے افعال حمیدہ واقوال حکیمہ سے مستحکم کرنا بلا شائبہ غرض اور بلا آمیزش طمع خالصۃً خیر خواہی ونیک سگالی کے فرائض ادا کرنا اس مفہوم کی تکمیل نبی کریم ﷺ کی ذات پر ہوتی ہے اور آیت ذیل میں اس معنی کو بیان کیا گیا ہے۔

﴿ وَاِنَّكَ لَتَهْدِىْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴾ [الشوریٰ:52]

''تو بالضرور سیدھی راہ کی ہدایت کرنے والا ہے۔''

نبی ﷺ نے ہدایت اور دعوت الی الحق کے جملہ بہترین طریقوں کو جمع فرما دیا تھا۔ کشادہ روئی، نرم خوئی، خلق عظیم ایسی صفات تھیں کہ دشمن بھی حضور ﷺ کو دیکھ کر اپنی دشمنی بھول جاتا تھا۔ شیریں کلامی، واضح بیانی ایسی کہ جو لفظ زبان مبارک سے نکلتا، سامع کے قلب میں اتر جاتا تھا۔

دلائل و براہین کے وارد کرنے میں حضور ﷺ نے منطقیوں اور فلسفیوں کی ژولیدہ تقریروں اور مغلق الفاظ اور الزام خصم وغیرہ کے جملہ مسلک ترک کر دیے تھے۔ حضور ﷺ کے دلائل انفسی اور آفاقی ہوتے تھے۔ انسان کے سامنے خود اسی کی فطرت کو پیش کر دینا یا انسان کے ماحول کو انسان کے لیے دلیل راہ بنا دینا حضور ﷺ کا مبارک شیوہ تھا۔

اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ پر ان قوانین فطرت کو کھول دیا تھا، جن پر مخلوق کی آفرینش ہوئی ہے۔ لہٰذا حضور ﷺ کے دلائل بھی براہ راست سرشت انسانی اور خلقت بشری کو متوجہ و بیدار اور مخاطب کرنے والے ہوتے تھے۔

مع ہذا حضور ﷺ نوع انسانی کے لیے ایسا مکمل نمونہ تھے کہ حضور ﷺ کے افعال، حضور ﷺ کے اقوال کے مصداق ہوتے تھے اور حضور ﷺ کے اقوال حضور ﷺ کے افعال کا معیار تھے۔ اس ظاہر باطن کے توافق اور افعال واقوال کے تطابق نے حضور ﷺ کو نوع بشر کا سچا ہادی بنا دیا تھا۔ ضرار بن الخطاب الفہری رضی اللہ عنہ نے فتح مکہ کے دن حضور ﷺ کے سامنے ایک قصیدہ پڑھا تھا جس کا ایک شعر یہ ہے:

يَا نَبِىَّ اللّٰهِ الْهُدٰى اِلَيْكَ لِجَاجِىْ   قُرَيْشٌ ولدت حين لجاء

''اے اللہ تعالیٰ کے نبی آپ میری پناہ گاہ ہیں اور قریش اب آپ ہی سے پناہ طلب کر رہے ہیں۔''

نابغہ جعدی کا شعر ہے:

اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ بِالْهُدٰى   وَيَتْلُوْا كِتَابًا كَالْمُجَرَّةِ نَيِّرًا

''میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا جب وہ ہدایت کے ساتھ آئے اور کتاب (قرآن کریم) پڑھ رہے ہیں جو روشن

اور چمکتی ہوئی کہکشاں کی مانند ہے۔"

(53) وہ یٰسٓ ہے۔ وہ سید ہے، وہ سید الناس ہے، وہ سید البشر ہے۔ اس کا صدق، اس کی دیانت، اس کی راستی سب پر ثابت ہو چکی، اب خواہ اس کا اعتراف کریں یا نہ کریں۔ قرون ماضیہ میں بعض اقوام کے پاس یکے بعد دیگرے تین تین نبی بھیجے گئے اور وہ صرف ایک نسمہ طیبہ کو جنت تک پہنچانے میں کامیاب ہوئے۔ یہ سید وہ ہے جو اکیلا آیا، سینکڑوں اور ہزاروں کو ظلمات سے نکالنے اور نور میں پہنچانے کا سبب ٹھہرا۔ وہ کبھی عرب سے باہر نہیں گیا۔ مگر اس کی تبلیغ نے دنیا کے ہر ایک براعظم پر قبضہ کیا۔ وہی اندھوں کے لیے بینائی ہے اور وہی بیناؤں کے لیے روشنی، دلوں پر گرے ہوئے پردوں کو اٹھا دینے والا، بہرے کانوں تک صدائے حق پہنچا دینے والا، اسرائیلیوں اور اسماعیلیوں کی منافرت کو دور کرنے والا، عرب اور عجم کو ایک کر دینے والا، وہ احرار کا سید اور غلاموں کا مولیٰ ہے۔ امویہ، عباسیہ، فاطمیہ، رشیدیہ، مغلوں اور ترک افریقی و مراکشی الجزائری و حجازی اگرچہ اپنی اپنی فرماں دہی و حکمرانی میں اپنے آپ کو لاثانی سمجھتے ہیں۔ ایک سلطنت دوسری سلطنت کی ابہت شوکت سے انکاری ہے، لیکن حضور ﷺ کی کفش برداری کو ہر ایک تاجدار اپنا افتخار سمجھتا ہے۔ حضور ﷺ کے دربار میں خاک پر جگہ مل جانے کو تخت و اورنگ کی نشست سے بہتر جانتا ہے۔ درحقیقت حضور ﷺ ہی سید ہیں اور حضور ﷺ ہی سرورِ عالم ہیں۔

(54) وہ خاتم النبیین ﷺ ہے۔ آیت قرآنیہ میں ﴿ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ﴾ [الاحزاب:40] فرمایا گیا ہے۔ اس آیت میں کیسی برقی طاقت موجود ہے۔ طبائع انسان پر اس کو کتنی قدرت حاصل ہے۔

اس آیت سے پیشتر ہی بنی اسرائیل میں سینکڑوں اور ہزاروں کو نبی تسلیم کیا گیا۔ ہندوؤں میں کروڑوں اشخاص کو دیوتا مانا گیا، چین و ایران میں بھی سروش یزدانی کا نزول اور ملکوتی جلال کی تدلیات ہزاروں پر اترتی رہیں، مگر اس آیت کا اثر تھا کہ تمام مذاہب اور جملہ ممالک اور جمیع اقوام کے علم و خیال اور دل و دماغ سے وجود نبوت اور اس کے دعویٰ کے اظہار کا تصور و تخیل ہی اٹھ گیا۔ سب نے اپنے اپنے گھروں میں بھی نبوت کے دروازوں پر قفل ڈال دیے اور ہر ایک مذہب نے اپنے طریق عمل سے صحت مضمون آیت پر صاد کر دیا۔

دیکھیے اسے کہتے ہیں نصرت ربانی اور اسے کہتے ہیں کلام ربانی، جس کے نزول کے بعد منکرین نے بھی اس کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دیا اور مخالفین نے بھی اس مسئلہ پر اپنا عملی اتفاق پیش کر دیا۔ انقائی تجویٰ فرماتے ہیں۔ عباس بن مرداس اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: [1]

يَا خَاتَمَ النُّبَآءِ إِنَّكَ مُرْسَلٌ   بِالْحَقِّ كُلُّ هُدَى السَّبِيْلِ هُدَاكَا

"اے خاتم الانبیاء بلاشبہ آپ کو حق کے ساتھ بھیجا گیا، ہر رشد و ہدایت کا راستہ آپ ہی کی طرف سے ہے۔"

اب میں اس مضمون کو جو اختصار کے ساتھ لکھا گیا ہے، اسم مبارک احمد ﷺ کے اعداد (54) پر ختم کرتا ہوں۔ ان شاء اللہ پھر کبھی اسم مبارک محمد ﷺ کے اعداد (92) تک وسعت دی جائے گی اور معانی و لطائف بھی ذرا وسعت و فصحت سے کام لیا جائے گا اور پھر بھی یہی ہوگا کہ اس اعتراف کو مکرر، سہ کرر دہراتا رہوں گا۔

داماں نگہ تنگ و گل حسن تو بسیار
گلچیں تو از تنگی داماں گلہ دارد

دامن اپنا ہی تنگ ہے ورنہ گل اور پھول حسن تو بہت ہیں۔ گل و بہار کی زیادتی کے سامنے دامن اپنی تنگی پر شکوہ کناں ہے۔

---

[1] تاریخ دمشق ص: 248، ترجمہ العباس بن مرداس

فصل ششم 6

سنت مصطفویہ وطریقہ محمدیہ ﷺ

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب ''الشفاء فی بیان حقوق المصطفیٰ'' میں حدیث ذیل بہ روایت امیر المومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ بیان کی ہے۔اس سے نبی ﷺ کے محاسن اخلاق اور مکارم عادات کا وضوح بخوبی ہوتا ہے۔

مصنف کا جو درجہ حدیث میں ہے، وہ ان کی کتاب اکمال شرح صحیح مسلم اور ''مشارق الانوار'' سے بخوبی نمودار ہے۔ نبی کریم ﷺ کے فضائل وشیم وخصائل کے بیان صحیح میں جوان کو شغف قلبی ہے وہ ان کی کتاب ''الشفاء فی بیان حقوق المصطفیٰ'' سے خوب واضح ہے' مصنف کی ثقاہت اور امانت فی الدین توثیق حدیث کے لیے مکتفی ہے۔مع ہذا جملہ کلمات واردہ کی تطبیق دیگر روایات متعددہ سے ہوجاتی ہے۔

شرح حدیث کے وقت خوش قسمتی سے علامہ شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن بکر بن ایوب بن سعد الزرعی الدمشقی الفقیہ الحنبلی المفسر النحوی الاصولی المتکلم الشہیر بابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب مدارج السالکین بھی مل گئی۔ یہ کتاب شیخ الاسلام الہروی عبداللہ بن محمد بن علی الصوفی القدوۃ الحافظ الاعلام کی السائرین کی شرح ہے۔اس شرح میں ہر دو کتب سے پورا پورا استفادہ کیا گیا ہے۔جزاہما اللہ عنا خیر الجزاء

حدیث یہ ہے:

عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ سُنَّتِهٖ فَقَالَ مَعْرِفَةُ رَأْسُ مَالِيْ وَ الْعَقْلُ أَصْلُ دِيْنِيْ وَالْحُبُّ اَسَاسِيْ وَالشَّوْقُ مَرْكَبِيْ وَ ذِكْرُ اللّٰهِ اَنِيْسِيْ وَالثِّقَةُ كَنْزِيْ وَالْحُزْنُ رَفِيْقِيْ وَالْعِلْمُ سَلَاحِيْ وَالصَّبْرُ رِدَائِيْ وَالرِّضَا غَنِيْمَتِيْ وَالْعِجْزُ فَخْرِيْ وَالزُّهْدُ حِرْفَتِيْ وَالْيَقِيْنُ قُوْتِيْ وَالصِّدْقُ شَفِيْعِيْ وَالطَّاعَةُ حَسْبِيْ وَالْجِهَادُ خُلُقِيْ وَقُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ۔ (1)

علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ حضور ﷺ کا طریقہ (سنت) کیا ہے؟ فرمایا: معرفت میرا راس المال ہے، عقل میرے دین کی اصل ہے' محبت میری بنیاد ہے' شوق میری سواری ہے' ذکر الٰہی میرا انیس ہے، اعتماد میرا خزانہ ہے، حزن میرا رفیق ہے۔ علم میرا ہتھیار ہے، صبر میرا لباس ہے، رضا میری غنیمت ہے۔ عجز میرا فخر ہے، زہد میرا حرفہ ہے۔ یقین میری خوراک ہے، صدق میرا ساتھی ہے، اطاعت میرا بچاؤ ہے، جہاد میرا خلق ہے اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔

(1) اَلْمَعْرِفَةُ رَأْسُ مَالِيْ

معرفت میری اصل پونجی ہے۔

رأس المال اس رقم کو کہتے ہیں جس کے بغیر تجارت کا آغاز ہی نہیں ہو سکتا' جس سے تاجر اپنی تجارت کو شروع کیا کرتا ہے۔ حدیث بالا میں معرفت کو راس المال فرمایا گیا ہے۔

---

(1) الشفاء: 80/1

معرفت لغت میں شناخت کو کہتے ہیں۔ اصطلاحِ عرفاء میں اس کا استعمال ہدایت پر بھی ہوتا ہے اور نہایت پر بھی۔

واضح ہو کہ معرفت کی ابتداء خود نفسِ انسانی کی شناخت سے ہوتی ہے۔ سعید وہ ہے جس کے شعور کا آغاز خود اپنے عیوب کی شناخت سے ہو۔

بائبل اور قرآن مجید میں سیدنا آدم علیہ السلام کی بابت ہے کہ تمیز کے بعد سب سے پہلے انھوں نے یہ شناخت کیا کہ وہ برہنہ ہیں، پھر اسی وقت انھوں نے درختوں کے پتے جمع کیے اور ان کو ٹانک ٹانک کر اپنی برہنگی کا پردہ بنایا۔

پدرِ اعظم کا اپنی اولاد کو یہ پہلا سبق ہے کہ جب انسان کو اپنا کوئی نقص یا عیب نظر آئے تو فوراً اس کے ازالہ کی تدبیر کرنا چاہیے۔

لغت اور شرع میں معرفت اور علم کے دو الفاظ ہیں جو شناخت کے لیے آتے ہیں۔ اہلِ علم کے نزدیک لفظ علم کا درجہ لفظ معرفت سے برتر ہے، گو متصوفین کی اصطلاح میں اب لفظ معرفت کا درجہ لفظ علم سے برتر سمجھا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

1. ﴿ وَاِذَا سَمِعُوْا مَا اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ﴾ [المائدۃ 5:83]

"جب انھوں نے وہ کلام سنا جو رسول پر اتارا گیا، تب ان کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں کیوں کہ انھوں نے حق کی شناخت کر لی۔"

2. ﴿ وَ يَوْمَ نَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ﴾ [یونس 10:45]

"جس دن ہم ان کو اٹھائیں گے (اور وہ سمجھیں گے) گویا دن کی ایک گھڑی کے برابر ہی وہ قبروں میں رہے ہیں تب وہ آپس میں ایک دوسرے کی شناخت کر لیں گے۔"

3. ﴿ وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ ﴾ [یوسف 12:58]

"جب یوسف کے بھائی مصر آئے اور یوسف کے سامنے گئے تو یوسف نے ان کو شناخت کر لیا۔"

4. ﴿ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ﴾ [البقرۃ 2:146]

"جن کو ہم نے کتاب دی ہے، وہ اس کی شناخت رکھتے ہیں جیسی شناخت ان کو اپنے فرزندوں کی ہے۔"

ہر چہار آیاتِ بالا میں معرفت کا لفظ مستعمل ہوا ہے اور اس فعل کے فاعل انسان ہیں۔

اب لفظ علم کو مندرجہ ذیل آیات میں دیکھو۔

1. ﴿ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ ﴾ [ھود 11:14] "جان لو کہ یہ اللہ کے علم سے نازل کیا گیا ہے۔"

2. ﴿ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ﴾ [النساء 4:166] "اللہ نے قرآن کو اپنے علم سے نازل فرمایا ہے۔"

3. ﴿ قُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴾ [طٰہٰ 20:116] "اے نبی! یہ دعا کیجیے کہ اے رب مجھے علم میں بڑھائیو۔"

ان آیات میں علم کو ذاتِ رب العالمین سے نسبت ہے۔

بلحاظِ معنی معرفت و علم میں فرق یہ ہے کہ معرفت کسی شے کی ذاتی شناخت کو کہتے ہیں اور علم کا اطلاق اس شے کے اندرونی احوال پر آتا ہے۔

لہٰذا معرفت کو تصور اور علم کو تصدیق کہا جا سکتا ہے۔

حدیث بالا میں معرفت کو راس المال فرمانے سے اسی ابتدائی سلوک کی طرف اشارہ فرمایا گیا ہے' جب کہ انسان کو اپنے بندہ ہونے کی اور رب العالمین کے مالک ہونے کی شناخت کا آغاز ہوتا ہے۔ یہی شناخت یہی احساس بندہ کے لیے ہادی راہ بن جاتا ہے۔

واضح ہو کہ اہل تصوف نے امارت اور شواہد معرفت پر تفصیلی گفتگو کی ہے شبلی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''عارف کو تعلقات سے کیا علاقہ، محب کو شکوہ سے کیا نسبت، بندہ کو دعویٰ سے کیا تعلق۔ [1] جنید بغدادی رحمہ اللہ سے پوچھا گیا عارف کسے کہتے ہیں؟ فرمایا پانی کا رنگ ظرف کے رنگ کا سا نظر آیا کرتا ہے۔'' [2]

اس قول کے معنی یہ ہیں کہ بندہ پر الوان عبودیت کا ظہور ہوتا ہے۔ وہ کبھی ابتلائے ربانی کے سامنے صابر ہوتا ہے اور کبھی نعمائے ربانی کے سامنے شاکر۔ کبھی وعدہائے صدق کی بشارت سے اس کا قلب خلد بہار ہوتا ہے اور کبھی مواعید الٰہی سے وہ سراپا عجز و انکسار۔

ذوالنون مصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ عارف کی تین نشانیاں ہیں:

1. نور معرفت پر نور ورع غالب ہو۔
2. اعتقاد باطن حالت ظاہر سے متناقض نہ ہو۔
3. نعم الٰہیہ کی فراوانی سے محارم الٰہیہ میں نہ گر پڑے۔ [3]

حقیقت یہ ہے کہ معرفت سے ہیبت پیدا ہوتی ہے اور اس ہیبت ہی کے اندر انس و انشراح ہوتا ہے۔

حدیث صحیح میں ہے: اَنَا اَعْرَفُكُمْ بِاللّٰهِ وَاَشَدُّكُمْ لَهٗ خَشْيَةً۔ [4]

''میں تم سب سے بڑھ کر اللہ کا عرفان رکھتا ہوں اور سب سے زیادہ اس کے سامنے خشیت والا ہوں۔

گو معنی بالا کو الفاظ بالا میں ظاہر فرما دیا گیا ہے۔''

یاد رکھنا چاہیے کہ معرفت وہ نور ہے جو مومن کے سینہ میں رکھ دیا جاتا ہے کہ وہ صفات کو سمجھ سکے اور شواہد و براہین کا استعمال کر سکے۔

عارف صفات پر ایمان رکھتا ہے اور ان کو تشبیہ سے بالاتر سمجھتا، وہ تشبیہ کی نفی کرتا ہے اور تعطیل سے پرہیز کرتا ہے۔ آگے بڑھ کر وہ صفات و ذات کی تفریق سے اجتناب کرتا ہے اور آگے بڑھ کر وہ جملہ وسائل وسائط، براہین و شواہد سے منہ موڑ کر اپنے قلب و روح کو اپنے مالک کے انعام پر چھوڑ دیتا ہے۔ تب اسے معرفت کا حصہ بقدر ظرف حاصل ہو جاتا ہے۔

﴿ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ﴾ [الفاتحۃ:7] کا اشارہ اسی راز کی طرف ہے۔

2 اَلْعَقْلُ اَصْلُ دِيْنِيْ

میرے دین کی جڑ عقل ہے۔

عیسائیوں کا یہ اعتقاد ہے کہ مذہب میں عقل کو دخل نہیں۔ وہ عقیدہ تثلیث کے متعلق کہا کرتے ہیں کہ اس کی بنیاد فہم انسانی سے بالاتر ہے۔

---

[1] مدارج السالکین :338/3 [2] نفس المصدر :342/3 [3] مدارج السالکین :338/3 [4] کشف الخفاء للعجلونی :231/1

وہ شاگرد کو تثلیث کی تعلیم دیتے ہوئے کہا کرتے ہیں کہ اس لقمہ کو حلق سے نیچے نگل جاؤ، خواہ تمہارا دل چاہے یا نہ چاہے۔

مگر اسلام ایسے احکام نہیں دیتا، عقل اور عاقلین کی فضیلت آیات قرآنیہ سے بخوبی ہویدا ہے۔

① ﴿ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴾ [الروم:28]

''ہم اسی طرح آیات کو کھول کھول کر عقل والوں کے لیے بیان کیا کرتے ہیں۔''

② ﴿ وَ لَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَاۤ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴾ [العنکبوت:35]

''ہم نے اس کے روشن نشان چھوڑے ہیں، عقل والوں کے لیے۔''

قرآن پاک میں خارج از عقل لوگوں کی مذمت فرمائی گئی ہے۔

③ ﴿ وَ يَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴾ [یونس:100]

''رجس انہی پر ہے جو عقل نہیں رکھتے۔''

بتلایا گیا ہے کہ علم وعقل لازم وملزوم ہیں اور ان ہی دونوں کی آمیزش سے نتائج صحیحہ پیدا ہوتے ہیں۔

④ ﴿ وَمَا يَعْقِلُهَاۤ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴾ [العنکبوت:43]

ان باتوں کی عقل اہل علم ہی کو ہے۔

بے شک جو شخص احکام شریعت کو پڑھے گا اور ان احکام پر بھی غور کرے گا جن کی وجہ سے ان احکام کا نفاذ ہوا تو اسے بالیقین معلوم ہو جائے گا کہ عقل کے ساتھ احکام شرعیہ کا تعلق بطریق مستحکم ہے۔

نماز کے لیے یہ حکم پڑھو:

﴿ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ﴾ [العنکبوت:45]

''نماز بدکاریوں اور برے کاموں سے روکنے والی ہے اور تحقیق اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے۔''

روزے کے لیے یہ حکم پڑھو۔

﴿ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴾ [البقرۃ:183]

''تم پر روزے لکھ دیے گئے جیسا کہ تم سے پہلوں پر لکھے گئے تھے تاکہ تم تقویٰ حاصل کرو۔''

ادائے زکوۃ کے متعلق یہ حکمت معلوم کرو۔

﴿ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ ﴾ [ابراہیم:7] ''اگر تم شکر کرو گے تو میں تم کو بڑھاؤں گا۔''

حج کی بابت جو حکم ہے اس کے فوائد پر غور کرو۔

﴿ لِيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ ﴾ [الحج:28] ''تاکہ تم اپنے نفع کو دیکھ لو۔''

قصاص کا اثر مجرم کے لیے:

﴿ لِيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ﴾ [المائدۃ:95] ''تاکہ اپنے برے کام کا وبال دیکھے۔''

قصاص کا فائدہ ملک کے لیے:

﴿ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ ﴾ [البقرة:179] ''تمھاری زندگی قصاص ہی کے جاری کرنے میں ہے۔''
ہاں عقل ہی کو دوسرے مقام پر فطرت انسانی بتلایا گیا ہے۔عقل ہی برہان کی برتری کو تسلیم کرتی ہے اور اس لیے مخالفین کو فرمایا گیا ہے:

﴿ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴾ [البقرة: 256]
''کہہ دیجیے کہ تم اپنی برہان پیش کرو اگر تم سچے ہو۔''

عقل جبر و اکراہ کے مخالف ہے اور اسی لیے کتاب حمید میں ہے:

﴿ لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ﴾ [البقرة:256] ''دین کے معاملہ میں کچھ جبر نہیں''

ان جملہ شواہد سے ثابت ہے کہ اسلام کا شجر پاک سرزمین عقل میں لگایا گیا ہے اور علم کے پانی سے اسے پالا گیا ہے۔
نبی الامی ﷺ کا یہ فرمانا کہ اَلْعَقْلُ اَصْلُ دِيْنِيْ اس دین کے منجانب اللہ ہونے پر دلیل حتمی ہے۔

﴿ وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ ﴾ [البقرة:269] ''نہیں نصیحت حاصل کرتے مگر عقل مند لوگ''

مسلمان نوجوانوں کو دیکھا جاتا ہے کہ وہ عقل سے مراد خود اپنی عقل و فہم سمجھا کرتے تھے۔یہ نادانستگی کی پہلی دلیل ہے۔
جو لوگ قانون سلطنت کے فہم سے بھی عاری ہیں، جو لوگ خود انسانوں کی بنائی ہوئی ایجادات کے قفل اتارنے سے عاجز ہیں۔ان کا کیا حق ہے اپنی عقل سے برتر عقل کا کوئی درجہ ہی تسلیم نہ کریں اور اپنے فہم کو صاحب شریعت کے فہم سے بالاتر سمجھنے لگیں۔

3 وَالْحُبُّ اَسَاسِيْ

محبت میری بنیاد ہے۔

واضح ہو کہ تغزل و ادبیات میں لفظ عشق کا استعمال زیادہ تر ہوتا ہے مگر فرقان حمید اور حدیث پاک میں لفظ عشق اور اس کے مشتقات کا استعمال نہیں ہوا۔اس سے ظاہر ہے کہ یہ ایک دلیل لفظ ہے اور اصل لغت کے لحاظ سے معنی حب سے عاری ہے۔قاموس میں ہے: اَلْجُنُوْنُ فُنُوْنٌ وَالْعِشْقُ مِنْ فَنِّهٖ جنون کی بہت اقسام ہیں، عشق بھی یکے از اں جملہ ہے۔

لہٰذا لفظ حب کی تحقیق پر زیادہ توجہ کرنا چاہیے۔زبان عرب میں اس لفظ سے پانچ محاورات پائے جاتے ہیں:

1. حَبَبُ الْاَسْنَانُ: دانت روشن اور صاف ہیں۔
2. حَبَبُ الْمَاءُ: پانی نکھرا ہوا پاکیزہ ہے۔انہی معنی کے لحاظ سے بلبلے کو حباب کہتے ہیں جس میں غلو اور صفائی پائی جاتی ہے۔
3. حَبَّ الْبَعِيْرُ: اونٹ نے گھٹنے ٹیک دیے۔اس محاورہ میں حب کو لزوم و ثبات کے معنی میں لیا گیا ہے۔
4. حَبٌّ: دانہ و تخم یا اصل شے۔اس لیے سویدائے دل کو حَبَّةُ الْقَلْبِ کہتے ہیں، اسی لیے دانہ کو حب (جس کی جمع حبوب ہے) بولتے ہیں۔
5. حَبُّ الْمَاءِ: وہ جوہر جس میں پانی ٹھہر جاتا ہے یہاں حفاظت و نگہداشت کے مفہوم کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔

اصل مادہ کے ان معانی کو دیکھو اور پھر یہ بھی خیال کرو کہ لفظ حب کو جب کہ وہ بطور اسم مستعمل ہوتا ہے۔حرکت ضمہ دی گئی، جو جملہ

حرکات میں قوی تر ہے اور اس سے مقصود یہ ہے کہ حب میں اوصاف صفا و بہا اور علو و ارتقاء اور لزوم وثبات کا ہونا پایا جائے۔ حب ہی کو جملہ فضائل کا اصل الاصول قرار دیا جائے اور حب ہی کے حفظ و تمسک کو سرمایۂ حیات انسانی ثابت کیا جائے۔

بے شک محبت ان جملہ اوصاف پر حاوی و مشتمل ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اثبات محبت کے متعلق کلام پاک میں فرمایا ہے:

﴿ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ﴾ [البقرۃ:156]

''یہ لوگ غیروں سے ایسی محبت کرتے ہیں جیسی اللہ سے مگر جو ایمان والے ہیں وہ اللہ کی محبت میں بہت زیادہ محکم ہیں۔''

اللہ تعالیٰ نے اپنی محبت کا بندوں کو ہونا اور بندوں کی محبت کا اللہ عزوجل سے ہونا (ہر دو امور کا) ثابت فرمایا ہے۔

﴿ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ﴾ [المائدۃ:54]

''اللہ تعالیٰ ایسی قوم کو اسلام میں لائے گا' جن سے اللہ محبت کرتا ہوگا اور وہ اللہ سے محبت رکھتے ہوں گے۔''

احادیث پاک میں بھی اس امر کو وضوح کے ساتھ بیان فرمایا گیا ہے۔

(1) اِنَّ اَحَبَّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ الْاِيْمَانُ بِاللّٰهِ ثُمَّ الْجِهَادُ۔ [1]

''اعمال میں سے اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پیارا ایمان ہے، پھر جہاد۔''

(2) اَحَبُّ الْعَمَلِ اِلَى اللّٰهِ مَا دَاوَمَ عَلَيْهِ صَاحِبُهٗ۔ [2]

''سب سے پیارا عمل اللہ کے ہاں وہ ہے، جس پر عمل والا مداومت کرے۔''

(3) اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ يُّؤْخَذَ بِرُخَصِهٖ۔ [3]

''اللہ کو پسند ہے کہ اس کی رخصت پر عمل کیا جائے۔''

(4) اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ الصَّلٰوةُ عَلٰى اَوَّلِ وَقْتِهَا۔ [4]

''سب اعمال سے زیادہ پسند اللہ تعالیٰ کو وہ نماز ہے جو اول وقت پر پڑھی جائے۔''

احادیث بالا میں تو اللہ تعالیٰ کی اس محبت کا ذکر تھا جو اسے اپنے بندوں کے اعمال سے ہے۔ اب بندوں کی محبت کا ذکر ذات پاک کے ساتھ ہونا آیت ذیل میں بصراحت ہے:

﴿ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ِۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ﴾ [التوبۃ:24]

''کہہ دیجیے کہ اگر تمھارے ماں باپ، بیٹے بیٹیاں، بہن بھائی، بیویاں اور خویش قبیلہ اور مال جسے تم سمیٹتے ہو اور تجارت

---

(1) بخاری: 2518، مسلم: 84,83، ترمذی: 1658، ابن حبان 153,152، مسند احمد 268,150/5 (2) بخاری: 5861,730، مسلم: 1827، ابوداود: 1338، نسائی: 761، ابن ماجہ: 942، شمائل ص: 315 (3) مصنف عبدالرزاق: 20569، کنز العمال: 5341 مجمع الزوائد: 163/3، الکامل فی الضعفاء لابن عدی: 621/2، ارواء الغلیل: 12/3، احمد: 108/2، ابن حبان: 914,545، ابن خزیمہ: 2027 (4) بخاری: 2782، مسلم 85/140، ابن حبان: 1479,1475

جس کے گھٹنے سے ڈرتے ہو اور مکانات جن کو پسند کرتے ہو تم کو اللہ سے اور اس کے رسول سے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ پیارے ہیں، تب انتظار مہلت کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم جاری فرمائے۔''

اس آیت میں انسان کی اس محبت کا جو اسے مادر و پدر، دختر و پسر، برادر و خواہر، خویش و قبیلہ، تجارت و منفعت، قصر و باغ اور مال وزر سے ہوتی ہے، اثبات فرمایا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ ان سب اشیاء کی محبت کا انسان کو ہونا ایک فطری امر ہے۔

اس کے بعد محبت کا مسئلہ شروع فرمایا کہ اگر مذکورہ بالا محبت مغلوب ہے اور اللہ و رسول ﷺ کی محبت ان جملہ انواع محبت پر غالب تر ہے تب تو سب کچھ ٹھیک' لیکن اگر خدانخواستہ اللہ و رسول ﷺ کی محبت سے ان اشیاء کی یا ان اشخاص کی محبت بڑھ گئی تب معاملہ سخت مشکل ہے اور اس بارہ میں جو کچھ اللہ تعالیٰ چاہے گا وہی حکم جاری فرمائے گا۔

حکم بالا میں قرآن کریم نے تمدن و تبتل کا راز منکشف کر دیا اور توحش و ترہب کو چھوڑ کر افراط و تفریط کے وسط میں شاہراہ عدل قائم فرما دی ہے۔

اللہ تعالیٰ سے محبت کی حقیقت اگر معلوم کرنی ہو تو اس کے لیے ایک ہی لفظ بیان کر دینا کافی ہے' وہ عبودیت ہے۔ یہی محبت یا عبودیت جملہ محاسن اعمال کی سرچشمہ ہے۔

محبت ہی سے انابت الی اللہ کی صفت پیدا ہوتی ہے اور محبت ہی خوف و رجا کا معدن ہے۔

محبت ہی ہے جو انسان کو کبھی مقام رضا پر اور کبھی مقام شکر پر متمکن کر دیتی ہے۔

صبر بھی وہی صبر ہے جس کی بنا محبت پر ہو ورنہ اس کا نام بے چارگی ہوگا۔

زہد بھی وہی زہد ہے جس کا منشا محبت ہو' ورنہ اس کا نام عدم دسترس ہوگا۔

حیا بھی وہی حیا ہے جس کی ولادت محبت ہو، جو ادب و تعظیم کی ہوا میں پلی ہو ورنہ اس کا نام انفعال طبع ہوگا۔

فقر بھی وہی فقر ہے جو محب کو بجانب محبوب ہو اور دل اپنی تمام تر قوت کے ساتھ محبوب کے جود و نوال کی جانب منجذب ہو جائے ورنہ اس کا نام تنگ دستی ہوگا۔

الغرض محبت ہی قُوْتُ الْقُلُوْب ہے۔

اور محبت ہی غِذَا الْاَرْوَاح ہے۔

محبت ہی قُرَّۃُ الْعُیُوْن ہے۔

محبت ہی حیات الابدان ہے۔

محبت ہی دل کی زندگی ہے۔

محبت ہی زندگی کی کامیابی ہے۔

محبت ہی کامیابی کو دوام و بقا کا تاج پہناتی ہے۔

محبت ہی بقا کو تخت ارتقاء پر بٹھلاتی ہے۔

اب ہم مدارج محبت کا ذکر کرتے ہیں۔

1. محبت کی ابتداء علاقہ سے ہوتی ہے، یعنی دل کا تعلق جو کسی جانب پیدا ہو جائے۔
2. اس تعلق کو ارادہ قوی بناتا ہے۔
3. اب کشش پیدا ہوتی ہے اور جس طرح پانی نشیب میں خود بخود جاتا ہے اسی طرح محبّ کو محبوب کی طرف وہ کشش لیے جاتی ہے۔
4. اب سوزش پیدا ہوتی ہے اور دل میں ہر وقت جلن رہنے لگتی ہے۔
5. اب پیار نمودار ہوتا ہے اور صفت وداد سے دل آشنا ہو جاتا ہے۔
6. اس پر ترقی و افزونی ہوئی تو شغف کا تسلط ہو جاتا ہے اور محبت کا اثر قعر قلب (دل کا گہراؤ) تک پہنچ جاتا ہے۔ مصائب کے برداشت اور موانعات کی سبکی نظر آنے لگتی ہے۔ تدابیر قرب اور مواصلات وصل کی درستی میں شب و روز گزرنے لگتے ہیں۔

   محبوب کے سوا باقی دیگر تفکرات منقطع ہو جاتے ہیں۔ محبوب ہی کا تصور جسم پر اور محبوب ہی کی محبت دل پر حکمران بن جاتی ہے۔
7. اس سے اگلی حالت کا نام عشق ہے' یہ لفظ اسم عشقہ سے بنایا گیا ہے۔ یہ ایک بیل زرد پھولوں والی ہوتی ہے جس درخت پر چڑھ جاتی ہے اسے خشک کر دیتی ہے۔ اور یہی حال اس مرض کے مریض کا بھی ہوتا ہے۔
8. اس سے آگے درجہ تیّم کا ہے۔ ''تیم'' کے معنی ''غلامی'' ہیں۔ اس وقت انسان خود اپنے ہی خیالات کا غلام بن جاتا ہے اور ان سے رہائی پانا اس کے اختیار سے باہر ہو جاتا ہے۔
9. اعلیٰ ترین درجہ کا نام عبودیت ہے۔ جب کہ محبّ ہر ایک دعویٰ سے دست بردار ہو جاتا ہے' جب کہ دنیا میں کوئی شے اس کی نہیں رہ جاتی ہے، جب کہ اس کا جسم، اس کا دل' اس کی روح' اس کی تمنا اس کی مراد خود اپنے لیے نہیں رہ جاتی اور وہ ان سب کو خوشی خوشی چھوڑ کر معبود کے معبود ہونے پر بس کر جاتا ہے اور اس امر پر قانع بلکہ شاکر ہوتا ہے کہ وہ اپنے معبود کا عبد کہلایا کرے۔
10. اس سے بھی بالاتر درجہ خلت کا ہے۔ اب تو جسم کا ایک ایک بال اور نبض کی ایک ایک حرکت اور سینہ کا ایک ایک سانس متفق المراد بن جاتے ہیں۔ جذبات اور متمنیات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ دل و دماغ' طبع و روح میں پوری طاقت اور کامل وحدت کے ساتھ ایک ہی محبوب کا خالص رضوان مقصود و مطلوب بن جاتا ہے' وہ بھی اس شان کے ساتھ کہ محبّ کا مقصود نہیں بلکہ محبوب کا مقصود محبّ کا مطلوب نہیں بلکہ محبوب کا مطلوب۔

عام طور پر فہم انسانی اس کیفیت کے تعلق سے نارسا ہے اور اس درجہ کی تکمیل صرف سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے اور سیدنا و مولانا محمد مصطفیٰ ﷺ نے کی ہے۔ الفاظ درود پاک میں یہی دو نام ایک دوسرے کے مشبہ و مشبہ بہ کی طرح واقع ہوئے ہیں۔ ایک کو تقدیم کی اولیت حاصل ہے اور دوسرے کو اتمام کی افضلیت۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اختتام سے پیشتر ان اسباب کا ذکر کر دیا جائے جو جالب محبت اور جاذب محبت ہیں تا کہ کوئی سعادت مند ان سے تمتع حاصل کر سکے۔

اسباب بقاوارتقائے محبت الٰہیہ میں درج ذیل ہیں۔

1. قراءت فرقان حمید: قراءت کے تحت میں تادبر معانی اور فہم مراد ربانی (ہر دو) شامل ہیں۔
2. نماز فرائض کے علاوہ نوافل کی مواظبت وکثرت۔
3. دوام ذکر۔اس لفظ کے اندر ذکر لسانی وقلبی دونوں شامل ہیں۔ذکر بالحال اور ذکر بالعمل بھی اسی مفہوم کے اندر ہیں۔
4. اسماء وصفات الٰہی کا مطالعہ ومشاہدہ بذریعہ قلب۔
5. اللہ عزوجل کی نعمت ہائے ظاہری وباطنی اور احسانات مادی وروحانی کا تذکار۔
6. مقامات عبادت میں کمال ادب اور حضور تام کے ساتھ وقوف قلبی۔
7. ذوق حضور میں قلب کا انکسار کلی۔
8. اپنی خواہشات کا احکام ربانی پر ایثار۔
9. محبین صادقین کی مجالست۔
10. ان اسباب سے منافرت جو اللہ تبارک وتعالیٰ اور بندہ ناچیز کے درمیان دوری کا موجب ہیں۔

ان امور کی مواظبت سے امید ہے کہ وہ سرچشمہ محبت جو انسان کی سرزمین قلب ودیعت ہے اور جسے خس وخاشاک علائق نے بند کررکھا ہے۔پھر فوارہ ساجوش زن ہو اور پوری رفتار سے چلتا ہوا کشت زار تمنا کی سیرابی کا ذریعہ بنے۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّقَرِّبُنِیْ اِلٰی حُبِّکَ۔ [1] ''اے اللہ اپنی محبت عطا فرما اور ایسے محبوب اعمال جو مجھے تیری محبت تک پہنچادیں۔''

قاری کتاب کو حضور ﷺ کے الفاظ اَلْحُبُّ اَسَاسِیْ پر ایک بار تدبر کرلینا چاہیے کہ جس ایوان عظمت نشان کی بنیاد محبت ہو وہ عمارت کیا ہوگی اور اس مکان کا مکین کس شان کا ہوگا۔

یہی سبق ہے جو سیرت محمدیہ ﷺ کے پڑھنے والے کو یاد رکھنا چاہیے۔

4. وَالشَّوْقُ مَرْکَبِیْ

شوق میری سواری ہے۔

واضح ہو کہ قرآن مجید میں لفظ ''شوق'' وارد نہیں ہوا اور بجائے اس کے لفظ ''لقاء'' کا استعمال ہوا ہے۔

اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ علمائے فن کے نزدیک فیصلہ طلب یہ امر ہے کہ حصول دیدار کے بعد بھی شوق باقی رہتا ہے یا نہیں؟ بعض کی رائے یہ ہے کہ ''شوق'' تو اس سفر کا نام ہے جو محب کو بجانب محبوب لے جاتا ہے لہٰذا جب منزل مقصود پر پہنچ گئے تو سفر کا خود بخود خاتمہ ہوگیا۔

مگر حدیث پاک میں اس لفظ کا استعمال ہوا ہے۔حدیث زیر شرح میں بھی اور ایک دوسری صحیح حدیث میں بھی جس کے الفاظ یہ ہیں:

اَسْأَلُکَ لَذَّۃَ النَّظْرِ اِلٰی وَجْھِکَ وَالشَّوْقَ اِلٰی لِقَآئِکَ [2]

''تیرے چہرہ پر نگاہ ڈالنے کی لذت اور تیرے لقاء کے شوق کا سوال کرتا ہوں۔''

---

[1] ترمذی: 3491، کنز العمال: 3672، میزان الاعتدال: 3334، ابونعیم: 226/1 [2] نسائی: 1306، احمد: 264/4، السنۃ لابن العاصم: 185/1

حدیث زیر شرح میں شوق کو مرکب بنایا گیا ہے، جس کے معنی یہ ہیں کہ شوق آثارِ محبت میں سے ایک اثر کا نام ہے اور اس کا درجہ اصل محبت سے کم تر ہے۔ کیوں کہ شوق محبت ہی سے پیدا ہوتا ہے۔

ہاں شوق! وہ چنگاری ہے جو دل کو گرمائے رکھتی ہے، وہ لپٹ ہے جو شمع قلب سے اٹھتی ہے۔

شوق ہی اعضاء و جوارح کو منقاد اعمال بناتا ہے اور شوق ہی اعمال میں مداومت پیدا کرتا ہے۔

شوق ہی ہے جو آلائے اخروی کو نعم دنیوی سے بھی قریب تر دکھلاتا ہے اور شوق ہی ہے جو ہر ایک شکستہ پر کو مائل پرواز کرتا ہے۔

شوق ہی ہے جو غاروں کی گہرائی کو ناپتا اور پہاڑوں کی چوٹیوں کو لکدکوب بناتا ہے۔

یہ شوق ہی ہے جو محبت صادق کی راہ میں مشعل افروزی کرتا ہے اور یہ شوق ہی ہے جو کسی درمیانی منزل پر محبّ آبلہ پا کو آرام نہیں لینے دیتا۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ مقدار شوق مقدار محبت پر مبنی ہے۔ یہ محال ہے کہ فروانی محبت میں شوق قاصر پایا جائے یا کمی محبت کی صورت میں شوق کثیر الوجدان ہو۔

سچ ہے کہ سالک کے لیے شوق سے بڑھ کر کوئی اور سواری نہیں۔

یہ وہی مرکب ہے جو گھاٹیوں کو پھاندتا ہے اور امتحان کے خطرناک پل سے صاف گزرتا ہوا جنت اللقاء تک پہنچا دیتا ہے۔

فَطُوْبٰی لِلْمُشْتَاقِیْنَ وَ طُوْبٰی لِلْمُحِبِّیْنَ ۔

5 ذِكْرُ اللّٰهِ اَنِيْسِيْ

اللہ کا ذکر میرا مونس ہے۔

امام ابن القیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: [1]

ذکر ہی اہل ایمان کا زادِ راہ ہے جسے لے کر وہ سفر کیا کرتے ہیں۔

ذکر ہی وہ منشور (پاسپورٹ) ہے جسے دکھا کر وہ آگے بڑھ سکتے ہیں۔

ذکر ہی دلوں کی زندگی ہے، جس کے بغیر اجساد بمنزلہ گور رہ جاتے ہیں۔

ذکر ہی وہ ہتھیار ہے، جس سے رہزنوں اور دشمنوں کو ہٹایا جاتا ہے۔

ذکر ہی وہ پانی ہے، جس سے دل کی آگ بجھائی جاتی ہے۔

ذکر ہی وہ دوا ہے، جس سے باطن کا روگ دور کیا جاتا ہے۔

فَاِذَا مَرِضْنَا تَدَاوَيْنَا بِذِكْرِكُمْ
فَنَتْرُكُ الذِّكْرَ اَحْيَانًا فَنَنْتَكِسُ

جب ہم بیمار ہو جاتے ہیں تو تیرے ذکر کو اپنی دوا بنا لیتے ہیں، جب کبھی ذکر چھوٹ جائے تو ہم منہ کے بل گر پڑتے ہیں۔

قرآن مجید میں ذکر کو دس طریقے سے بیان فرمایا گیا ہے۔

---

[1] مدارج السالکین: 432/2

① ذکر کا حکم دیا گیا ہے۔

① حکم مطلق بھی:

﴿ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴾ [الاحزاب:41]

''اے ایمان والو! اللہ کا ذکر کیا کرو، بہت ذکر کرنا۔''

② حکم مقید بھی:

﴿ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّ خِيْفَةً ﴾ [الاعراف:205]

''اپنے رب کو یاد کرو، اپنے دل میں عاجزی اور خوف سے۔''

﴿ وَسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴾ [الاحزاب:42]

''اللہ کی تسبیح کیا کرو صبح وشام۔''

② غفلت ونسیان ذکر سے نہی فرمائی گئی۔

﴿ وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ ﴾ [الحشر:19]

''مت بنو تم ویسے جنھوں نے اللہ کو بھلا دیا اور اللہ نے ان کو نسیان میں چھوڑا۔''

③ فلاح ونجات کو کثرت ذکر پر معلق فرمایا ہے۔

﴿ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴾ [الانفال:45]

''اللہ کا ذکر بہت بہت کیا کرو کہ تم فلاح پاؤ۔''

④ اہل ذکر کی مدح وثنا فرمائی ہے:

﴿ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴾ [الاحزاب:35]

''مرد اور عورتیں اللہ کا بہت بہت ذکر کرنے والے ان کے لیے اللہ نے مغفرت اور اجر عظیم رکھا ہے۔''

⑤ غافلین ذکر کے خسران کا اعلان فرمایا گیا ہے:

﴿ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَا اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ج وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴾ [المنافقون:9]

''اے ایمان والو! تمھارا زر ومال اور تمھاری اولاد تم کو اللہ کے ذکر سے غافل نہ کردیں۔ جس نے ایسا کیا وہ نقصان اٹھانے والا ہے۔''

⑥ ذکر کو جملہ اعمال سے افضل واعلیٰ بتلایا ہے:

﴿ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ﴾ [العنکبوت:45]

''نماز تو بدکاریوں اور برے کاموں سے ہٹا دیتی ہے اور اللہ کا ذکر تو بہت بڑھ کر ہے۔''

⑦ قرآن مجید پر تدبر سے واضح ہوتا ہے کہ جملہ اعمال صالحہ کا اختتام بیان ذکر پر ہوتا ہے۔

① حکم نماز پر غور کرو۔

﴿فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّ قُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ﴾ [النساء:103]

''جب تم نماز سے فارغ ہو جاؤ تو اللہ کو یاد کرو کھڑے، بیٹھے اور کروٹ پر لیٹے ہوئے۔''

② اختتام حکم نماز جمعہ کو پڑھو۔

﴿ فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾ [الجمعۃ:10]

''جب نماز ہو چکے، تب اپنی اپنی جگہ پھیل جاؤ اللہ کے فضل کو تلاش کرو اور اللہ کا بہت بہت ذکر کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔''

③ اختتام حکم صیام پر تدبر کرو۔

﴿ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ﴾ [البقرۃ:185]

''تا کہ تم اللہ کی بزرگی کرو، اس لیے کہ اس نے تم کو ہدایت کی ہے۔''

④ اختتام حج کو دیکھو:

﴿ فَإِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ ﴾ [البقرۃ:200]

''جب تم مناسک پورے کر چکو تب اللہ کا ذکر کرو۔''

⑤ اختتام حیات بھی اگر ذکر پر ہو تو اس کے لیے حدیث پاک میں داخلہ جنت کا وعدہ ہے۔ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ۔ [1]

⑧ ذاکرین کو ہی صاحبان عقل وہوش فرمایا گیا ہے:

﴿ إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۝ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ﴾ [آل عمران:190-191]

''آسمان اور زمین کی پیدائش میں اور شب وروز کے الٹ پلٹ کر آنے میں بے شک نشانیاں ہیں عقل ومغز والوں کے لیے جو اللہ کو کھڑے، بیٹھے اور کروٹوں پر یاد کیا کرتے ہیں۔''

⑨ ذکر الٰہی جملہ اعمال کے ساتھ ساتھ پایا جاتا ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ذکر ہی روح الاعمال ہے۔ نماز کے متعلق ہے:

﴿ وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ﴾ [طٰہٰ:14] ''نماز قائم کر میرے ذکر کے لیے۔''

حدیث شریف میں چند اعمال کا ذکر کر کے ان کا ذکر الٰہی کے لیے ہونا ظاہر فرمایا گیا ہے۔

إِنَّمَا جُعِلَ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ وَالسَّعْيُ بَيْنَ الصَّفَاءِ وَالْمَرْوَةِ وَ رَمْيُ الْجِمَارِ لِإِقَامَةِ ذِكْرِ اللّٰهِ۔ [2]

''خانہ کعبہ کا طواف، صفا ومروہ کے درمیان سعی اور کنکریوں کا چلانا ذکر الٰہی کی اقامت کے لیے مقرر ہوا ہے۔''

صحیح مسلم عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ میں اہل ذکر کو مفردون فرمایا گیا ہے۔ یعنی اہل تفرید وتوحید۔ [3]

---

[1] ابوداود [2] ابوداود: 1888، ابن خزیمہ: 2970,2882 [3] مسلم: 2676

ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مسند امام احمد میں ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا:

اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرِ اَعْمَالِكُمْ وَ اَزْكَاهَا عِنْدَ مَلِيْكِكُمْ وَاَرْفَعِهَا فِي دَرَجَاتِكُمْ وَ خَيْرٍ لَّكُمْ مِنْ اِنْفَاقِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَ اَنْ تَلْقَوْا عَدُوَّكُمْ فَتَضْرِبُوْا اَعْنَاقَهُمْ وَيَضْرِبُوْنَ اَعْنَاقَكُمْ قَالُوْا وَ مَاذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ ذِكْرُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ۔ [1]

''کیا میں تمھیں آگاہ نہ کروں کہ تمھارے اعمال میں بہتر کیا ہے اور تمھارے مالک کے نزدیک سب سے ستھرا کیا ہے اور تمھارے درجات میں سب سے بلندتر کیا ہے اور جو زر وسیم کے خرچ سے بھی بہتر ہے جو اس سے بھی بہتر ہے کہ دشمنوں کو ملو اور ان کی گردنیں کاٹو یا وہ تمھاری گردنیں کاٹیں۔ صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول وہ کیا ہے؟ فرمایا: اللہ کا ذکر۔''

صحیح مسلم میں ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا:

لَا يَقْعُدُ قَوْمٌ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلٰئِكَةُ وَ غَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَ نَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ وَ ذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنْ عِنْدَهٗ۔ [2]

''جو لوگ اللہ کا ذکر کرنے کو بیٹھتے ہیں۔ فرشتے ان کے گرداگرد آجاتے ہیں رحمت ان پر چھا جاتی ہے، سکینہ ان پر نازل ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ ان کا ذکر اپنے فرشتوں سے فرماتا ہے۔''

صحیح مسلم میں معاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ صحابہ رضی اللہ عنہم کے حلقہ میں تشریف لائے اور پوچھا کہ کیوں بیٹھے ہو؟ ؟ عرض کیا کہ ہم اللہ تعالیٰ کی حمد کر رہے ہیں۔ اس امر پر کہ ہمیں اسلام کی راہ دکھلائی اور ہم پر احسان فرمایا۔ فرمایا: کیا قسمیہ کہتے ہو؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا ہاں قسمیہ عرض کرتے ہیں: فرمایا:

اَمَا اِنِّيْ لَمْ اَسْتَحْلِفْكُمْ تُهْمَةً لَكُمْ وَلٰكِنْ اَتَانِيْ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاَخْبَرَنِيْ اِنَّ اللّٰهَ يُبَاهِيْ بِكُمُ الْمَلٰئِكَةَ۔ [3]

سنو میں نے تم سے حلف نہیں لیا بہ سبب جھوٹ تہمت کے، لیکن میرے پاس تو جبریل علیہ السلام ابھی آئے تھے انھوں نے مجھے خبر دی کہ اللہ تعالیٰ تمھاری وجہ سے ملائکہ پر فخر کرتا ہے۔

ایک اعرابی نے حضور ﷺ سے سوال کیا کہ کون سا عمل افضل ہے؟ فرمایا:

اَنْ تُفَارِقَ الدُّنْيَا وَلِسَانُكَ رَطْبٌ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ۔ [4]

''جب تو دنیا چھوڑے تو تیری زبان اللہ کے ذکر سے تر و تازہ ہو۔''

ایک اور شخص نے عرض کی کہ مجھے احکام اسلام تو بہت زیادہ معلوم ہوتے ہیں مجھے صرف ایک چیز بتلا دیجیے۔ فرمایا:

لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ۔ [5] ''تیری زبان برابر ذکر الٰہی میں جاری رہنی چاہیے۔''

---

[1] ترمذی: 3377، ابن ماجہ: 3790، الحلیۃ: 111/6، مسند احمد: 195/5 [2] مسلم: 2700، ابوداود: 1435، ترمذی: 2945، ابن ماجہ: 3791، ابن حبان: 855، بیہقی فی الاسماء: 337/1، احمد: 447/2، 92/3 [3] مسلم: 2701، ترمذی: 3379، مسند احمد: 92/4، ابن حبان: 813 [4] ابن حبان 818
[5] ترمذی: 3375، ابن ماجہ: 3793، مسند احمد: 190/4، ابن حبان: 814

مسند وغیرہ میں جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ تشریف لائے اور فرمایا:

اَیُّهَا النَّاسُ ارْتَعُوْا فِیْ رِیَاضِ الْجَنَّةِ۔ ''اے لوگو! چمن ہائے بہشت کی سیر کرو۔''

لوگوں نے عرض کیا کہ چمن ہائے بہشت کسے کہتے ہیں؟ فرمایا:

مَجَالِسُ الذِّکْرِ ذکر کی مجلسیں۔

اُغْدُوْا وَرُوْحُوْا وَاذْکُرُوْا مَنْ کَانَ یُحِبُّ اَنْ یَّعْلَمَ مَنْزِلَةَ عِنْدَاللّٰهِ فَلْیَنْظُرْ کَیْفَ مَنْزِلَةُ اللّٰهِ عِنْدَه، فَاِنَّ اللّٰهَ یُنْزِلُ الْعَبْدَ مِنْهُ حَیْثُ اَنْزَلَه، مِنْ نَّفْسِه۔ [1]

''صبح وشام ذکر الٰہی برابر کیا کرو تم میں سے جو کوئی یہ چاہتا ہے کہ اپنا درجہ اللہ کے ہاں دریافت کرے اسے لازم ہے کہ اس امر پر غور کرے کہ اللہ کا درجہ خود اس کے دل میں کیا ہے؟ کیوں کہ اللہ تعالیٰ بندہ کو ویسا ہی درجہ عطا فرماتا ہے جو اس کے نزدیک اللہ کا درجہ ہوتا ہے۔''

صحیح ترمذی ومسند وغیرہ میں ہے نبی ﷺ نے اپنے پدر بزرگوار ابراہیم علیہ السلام سے روایت کیا ہے:

اِقْرَاْ اُمَّتَكَ مِنِّی السَّلَامَ وَاَخْبِرْهُمْ اِنَّ التُّرْبَةَ الْجَنَّةِ طَیِّبَةُ التُّرْبَةِ عَذْبَةُ الْمَآءِ وَ اَنَّهَا قِیْعَانٌ وَ اَنَّ غِرَاسَهَا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ۔ [2]

اپنی امت سے میرا اسلام کہہ دیجیے اور بتا دیجیے کہ جنت پاکیزہ زمین، میٹھے پانی والی ہے' وہ سفید جگہ ہے اور وہاں کے گل بوٹے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ ہیں۔

صحیحین میں ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا

مَثَلُ الَّذِیْ یَذْکُرُ رَبَّه، وَالَّذِیْ لَا یَذْکُرُه مَثَلُ الْحَیِّ وَالْمَیِّتِ۔ [3]

''جو شخص اللہ کا ذکر کرتا ہے اس کی مثال زندہ جیسی ہے اور جو شخص اللہ کا ذکر نہیں کرتا، اس کی مثال مردہ جیسی ہے۔''

روایت صحیح ہے کہ نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے روایت کرتے ہوئے فرمایا:

مَنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ نَفْسِه ذَکَرْتُهُ فِیْ نَفْسِیْ وَ مَنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ مَلَاٍ ذَکَرْتُه، فِیْ مَلَاٍ خَیْرٍ مِّنْهُمْ۔ [4]

''جو کوئی شخص میرا ذکر چپکے چپکے کرتا ہے، میں بھی اس کا ذکر اپنی ذات سے کرتا ہوں جو کوئی میرا ذکر کسی گروہ کے اندر کرتا ہے میں بھی اس کا ذکر ایسے گروہ سے کرتا ہوں جو ان کے گروہ سے بہتر ہے۔''

یاد رکھو کہ ذکر کے تین طریقے ہیں:

1. صرف زبان ذکر کر رہی ہو، یہ ادنیٰ درجہ ہے۔
2. صرف دل ذکر کر رہا ہو، یہ متوسط درجہ ہے۔
3. دل اور زبان دونوں ذکر کر رہے ہوں، یہ درجہ اعلیٰ ہے۔

---

[1] فتح الباری: 294/11 [2] ترمذی: 3462، ابن حبان: 821، مسند احمد: 418/5

[3] بخاری: 6407، مسلم: 779، ابن حبان: 854

[4] بخاری: 7405، مسلم: 2675، ترمذی: 3603، ابن ماجہ: 3822، ابن حبان: 812,811,810

یہ بھی یاد رکھو، اقسام ذکر بھی تین (3) ہیں:

1. اسماء و صفات اور ان کے معانی کا ذکر، ثنائے ربانی اور توحید الٰہی۔
2. امر و نہی...... حلال و حرام کا ذکر
3. اللہ تعالیٰ کے انعام و اکرام، احسان اور عطیات کا بیان۔

یاد رکھو کہ مراتب ذکر بھی تین (3) ہیں:

1. وہ ذکر جو غفلت و نسیان کو اڑا دیتا ہے۔
2. وہ ذکر جو قیود سے چھڑا کر بقائے شہود تک پہنچا دیتا ہے۔
3. وہ ذکر جو انسان کو اپنی یاد سے فراموش کر کے ذکر حقانی ہی کے ساتھ وابستہ و زندہ کر دیتا ہے۔

مبارک ہے وہ انسان، جس نے ذکر ربانی کو اپنا فریضہ بنالیا ہے۔

مبارک ہے وہ صاحب ایمان جس نے فنائے عالم کا سبق بقائے رب العالم سے سیکھ لیا ہے۔

6 اَلثِّقَـةُ كَنْـزِىْ

اعتماد الٰہی میرا خزانہ ہے۔

اصل اس بارہ میں سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ فَإِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَأَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ﴾ [القصص:7]

"جب تجھے موسیٰ کی جان کا ڈر ہو، تب اسے دریا میں ڈال دینا اور ایسا کرتی ہوئی نہ خوف کھانا نہ غم کھانا۔"

یہ ظاہر ہے کہ اس خاتون بلند پایہ کو اگر اللہ عزوجل کے فرمودہ پر اعتماد قوی نہ ہوتا تو وہ کبھی اپنے ہاتھوں سے اپنے بچہ کو دریا میں نہ ڈال دیتی۔

لہٰذا یہ سمجھ لینا چاہیے کہ اعتماد ہی چشم توکل کی پتلی ہے۔

اور اعتماد ہی دائرہ تفویض کا مرکز ہے۔

اور اعتماد ہی قلب سلیم کا سویدا ہے۔

یہ اعتماد بوقت یاس بھی ہوتا ہے اور انسان مصائب کی حالت میں اپنے رب پر اعتماد کرتا ہے اور اس کے خلاف نہ زبان پر کوئی حرف لاتا ہے اور نہ دل میں کوئی وسوسہ۔

یہ اعتماد بوقت امید بھی ہوتا ہے اور انسان کو اللہ تبارک و تعالیٰ کی سابقہ ربوبیت اور اپنے عدم استحقاق کی حقیقت بخوبی منکشف ہو جاتی ہے۔

واضح ہو کہ ایسا اعتماد تام نظام عالم پر چشم بصیرت کے کھلنے سے حاصل ہوتا ہے جب کہ انسان کو نظر آ جاتا ہے کہ جمادات کا ذرہ ذرہ، نباتات کا پتہ پتہ، ارضیات و سماویات کا ریزہ ریزہ ہر ایک عرض کا جوہر اور ہر ایک جوہر کا وجود اسی کے انعام سے فیض یاب اور اسی کے احسان کی دولت سے مالا مال ہے۔

⑦ وَالْحُــزْنُ رَفِیْـقِیْ

اندوہ دل میرا رفیق ہے۔

خوف وخشیت بھی ایسے دو لفظ ہیں جو اردو میں حزن کے مترادف سمجھے جاتے ہیں' لیکن زبان عرب میں ہر ایک لفظ کا مفہوم الگ الگ ہے۔

خوف کا اطلاق زیادہ تر حسی اشیاء پر ہوتا ہے۔

خشیت کا اطلاق غیر حسی اشیاء پر بکثرت ہوتا ہے۔

حزن اس اندوہ قلب کو کہتے ہیں جو کسی دوسرے کی بہتری و بہبودی کے متعلق دل ہی دل میں جوش زن ہوتا ہے۔ گو لب خاموش ہوتے ہیں' کتاب اللہ میں لفظ حزن کا استعمال انبیاء واصفیاء کے لیے بکثرت ہوا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کی بابت فرمایا:

﴿ وَلَا یَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ﴾[یٰسٓ:76]

''ان کی باتوں سے اے نبی آپ کو حزن نہ ہونا چاہیے۔''

چونکہ نبی ﷺ کی شفقت ورافت نوع انسانی کے ساتھ بہت بڑھی ہوئی تھی اور حضور ﷺ ان نافرمانوں کے عواقب امور کا خیال کرتے ہوئے اکثر اندوہ گیں رہتے تھے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے حزن نہ کرنے کا حضور ﷺ کو ارشاد فرمایا۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے اس حدیث نبوی کی بھی روایت کی ہے جو نبی کریم صلی ﷺ نے غار ثور میں رفیق صادق ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمائی تھی۔ یعنی لَا تَحْزَنْ۔

صدیق رضی اللہ عنہ کا فدائی دل نبی ﷺ کے رنج وآزار کو دیکھ کر پاش پاش ہو رہا تھا' تب نبی ﷺ نے ﴿لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا﴾ فرما کر باب حزن سے قصر انس تک پہنچایا۔

اس ارشاد میں نقطہ لطیف یہ تھا کہ اس معیت ربانی کا درجہ جس میں نبی ﷺ وصدیق رضی اللہ عنہ داخل وشامل تھے اس حزن سے برتر واعلیٰ ثابت کیا جائے جسے عشق نے سلامتی یار کے متعلق بھیانک بنا دیا تھا۔

یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ اسم اعظم ''اللہ'' کے ظلال میں جو معیت شامل ہے' وہ جملہ اسماء حسنٰی کے ظلال سے بدرجہ علیا ہے اور کمالات عارف کی تکمیل اسی اسم ذات ''اللہ'' کی سیر میں ہوتی ہے اور جب معیت الٰہی کا ظہور اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا کے نور میں ہوتا ہے تو جملہ اسماء کی عظمت ورفعت بھی اسی کے تحت میں داخل ہوتی ہے اور کائنات کے جملہ اسباب وعلل ساقط ومضمحل ہو جاتے ہیں۔

مادر موسیٰ علیہ السلام کو جو وحی ربانی ہوئی، وہ یہ تھی۔

﴿ لَا تَخَافِیْ وَ لَا تَحْزَنِیْ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَیْكِ وَ جَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴾ [القصص:7]

''تو نہ خوف کیجیے اور نہ حزن کیجیے۔ ہم اسے تیرے پاس واپس کریں گے۔ ہم اسے مرسلین سے بنائیں گے۔''

ذرا غور کرو کہ خوف حسی کے مقابلہ میں بھی ایک بشارت موجود ہے اور حزن غیر حسی کے ساتھ بھی ایک بشارت شامل ہے۔

خوف کے مقابلہ میں یہ کہ بچہ جسے تو دریا میں ڈال دے گی، اللہ تعالیٰ اسے تیرے ہی پاس واپس کر دے گا۔

حزن غیر حسی کے مقابلہ میں یہ کہ اسے نبوت کی وہ نعمت ملے گی، جس کا ادراک حواس نہیں کر سکتے۔

ان آیات پر تدبر اور تتبع کے بعد حدیث زیر عنوان کا مطلب واضح ہو جاتا ہے کہ وہ حزن جو ہر وقت پیرا ہن دل پاک رکھتا تھا، وہ یا تو امت آثمہ کی بخشش کا تھا یا امت عاصیہ کی ہدایت کا۔

دل قدسی منزل میں خلق خدا کی محبت بھری تھی اور عامۃ الناس کی ہمدردی و غم گساری حضور ﷺ کے رگ و پے میں ساری تھی۔ ایک ایک جان کی نجات کا خیال حضور ﷺ کو اسی طرح رہتا جیسے گڈریا کو اپنی ایک ایک بکری کا۔ اس کی سو (100) بکریوں میں سے اگر ایک بھی علیحدہ ہو جاتی اور جھاڑیوں میں رہ جاتی ہے تو گڈریا سمجھتا ہے کہ اگر اسے ساتھ نہ لیا گیا تو وہ بھیڑیے کا شکار ہونے والی ہے۔ وہ اس ایک کے پیچھے جاتا ہے اور اسے ہلاکت کے منہ سے نکال لاتا ہے۔

نبی ﷺ کا یہ حزن کبھی قلب پاک سے الگ نہ ہوا۔ بسا اوقات تہجد کا سارا سارا وقت امت کے لیے دعا کرنے میں وقف فرما دیتے۔ ایک رات کا واقعہ ہے کہ صرف اسی ایک آیت کے دہرانے میں پوری فرما دی۔ [1]

﴿اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَ اِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾ [المائدہ:118]

''اگر تو ان کو عذاب دے گا تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو ان کو بخش دے گا تب تو غالب حکمت والا ہے۔''

⑧ وَالْعِلْمُ سِلَاحِيْ

میرا ہتھیار علم ہے۔

واضح ہو کہ متصوفین متاخرین نے علم کا درجہ حال سے کم قرار دیا ہے، حالانکہ معاملہ بالعکس ہے۔

علم حاکم ہے، حال محکوم ہے۔

علم ہادی ہے، حال تابع ہے۔

علم امام ہے، حال ماموم ہے۔

دائرہ علم دنیا و آخرت پر وسیع ہے۔ دائرہ حال صرف صاحب حال تک ہے۔

حال ایک تیغ براں ہے، اگر علم کی حفاظت نہیں تو یہ تلوار اسی کی کاٹ کرتی ہے جس کے ہاتھ میں ہو۔

حال ایک آگ ہے، جس پر کسی کی نگرانی نہ ہو۔

حال ایک منہ زور گھوڑا ہے، اگر اس کے منہ میں علم کا لگام نہیں تو وہ اپنے سوار کا اور پھر خود اپنی ہلاکت کا موجب ہوتا ہے۔

لیکن علم ہی ہے جو حیات القلوب ہے، نور البصائر ہے، شفاء الصدور ہے، ریاض العقول ہے۔ علم ہی لذت الارواح ہے اور علم ہی مونس متوحشین ہے۔

---

[1] نسائی: 1011، ابن ماجہ: 1350، احمد: 170,149/5

علم ہی وہ میزان ہے، جس میں اقوال واحوال واعمال وزن کیے جاتے ہیں۔
علم ہی وہ حاکم ہے جو شک ویقین اور ضلالت وارشاد میں فیصلہ دیتا ہے۔
علم ہی سے اللہ تعالیٰ کی معرفت ملتی ہے۔
اور علم ہی سے رب العالمین کی تحمید وتمجید وتوحید نصیب ہوتی ہے۔
علم ہی حلال وحرام میں فرق بتلاتا ہے۔
علم ہی مواریث وارحام کے مدارج ظاہر کرتا ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ علم کی ضرورت اکل وشرب سے بھی قوی تر ہے۔ آب وخورش کی ضرورت تو شبانہ روز میں دو بار پڑتی ہے مگر علم کی ضرورت ہر ایک سانس پر۔ [1]

علم ہی ہے، جس کی تلاش میں کلیم اللہ موسیٰ علیہ السلام نے سفر طویل اختیار کیا تھا اور اس سفر میں تین مسائل کو ثمر سفر قرار دیا تھا۔
علم ہی ہے، جس کی طلب ودرخواست کرنے کا حکم اللہ عزوجل نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا تھا۔
﴿قُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا﴾ [طٰہٰ:114] ''پڑھا کر، اے اللہ! مجھے علم میں بڑھایا کر۔''

ذرا یہ تو خیال کرو کہ وہ کتا یا باز جسے شکار پر سدھایا گیا اور شکار پر لگایا گیا ہو، جسے عرب میں معلم کہتے ہیں، وہ تھوڑا سا علم سیکھنے سے کس درجہ کو پہنچ جاتا ہے کہ اس کا پکڑا ہوا شکار حلال ہوتا ہے اور اس جنس کے دوسرے حیوان غیر معلم کا پکڑا ہوا شکار حرام۔

یہ معلم جارحہ انسانی کہلانے کا مستحق بن جاتا ہے، جب کہ اسکے ابنائے جنس نجس العین ہی رہتے ہیں۔ یہ درجہ اس کو کیوں ملا؟ اس کا سبب صرف علم ہے، صرف علم۔

اب یہ بھی یاد رکھو کہ علم وہ ہے، جس کی ابتدائی علامت اقامت دلیل ہے اور جس کی آخری شناخت رفع جہل ہے۔
اہل علم کے تین مدارج ہیں:

درجہ اول: (یا ابتدائی) وہ علم ہے جو قوت باصرہ کے واسطہ سے حاصل ہوتا ہے۔
وہ جو استفاضہ صحیحہ سے قوت سامعہ کو حاصل ہوتا ہے۔ وہ جو ایک بڑی تعداد انسانی کے تجربہ متواتر کا نتیجہ ہوتا ہے۔

درجہ دوم: وہ علم ہے جو اجساد زکیہ وباطن طاہرہ میں پیدا ہوتا ہے۔
وہ جو اہل ہمت عالیہ کے انفاس صادقہ کو عطا ہوتا ہے، ایسی حالت میں جب کہ ہر طرف خاموشی چھائی ہوئی ہوتی ہے۔

درجہ سوم: وہ علم ہے جسے عام طور پر علم لدنی سے موسوم کیا جاتا ہے۔ یہ علم عبودیت کا ثمرہ اور متابعت احکام حقہ کا پھل ہوتا ہے۔ جب کمال انقیاد کا مادہ راسخ ہو جاتا ہے اور جب مشکوٰۃ نبوت سے اخذ نور کی رغبت ترقی پذیر ہو جاتی ہے، تب جواد مطلق کی جانب سے وہ معارف ایمانیہ اور حقائق اصلیہ کھول دیے جاتے ہیں، جس تک کسی فلسفی یا منطقی کا تخیل بھی نہیں پہنچ سکا ہوتا۔ ایسا علم خود اپنے لیے دلیل بھی ہے اور دوسرے کے لیے مدلول بھی۔

اس مقام پر ان مخالفین ومعترضین کو بھی توجہ دلانا ضروری ہے جو کہا کرتے ہیں کہ ''اسلام بزور شمشیر پھیلایا گیا ہے۔''

---

[1] مدارج السالکین: 470/2

غور کرو کہ نبی ﷺ تو علم کو اپنی تلوار بتلا رہے ہیں اور ان فتوحات عظیمہ کو جو حاصل ہوئیں ثمرات علم قرار دیتے ہیں۔

درحقیقت نبی اللہ ﷺ کا فخر اینٹ، چونہ پتھر کی دیواروں، خندقوں پر قابض ہو جانے میں نہیں' سکندر و تیمور' ہلاکو خاں' بونا پارٹ نے ایسے تماشے دنیا میں بہت کھیلے، نبی اللہ ﷺ کا امتیاز تو دلوں کے قلعوں اور قلوب کے حصون کو فتح کر لینے میں ہے۔

یہ نظارہ خیبر میں نظر آیا کہ جن دنوں اسلامی لشکر نے ان یہودیوں کے (جو ہمیشہ اہل ایمان کے خلاف ملک بھر میں آتش جنگ وجدال کو بھڑکائے رکھتے تھے) چند قلعے فتح کر لیے تو انہی ایام میں نبی ﷺ کے حضور میں حبش کے نومسلم سرداران دربار میں حاضر ہوئے اور اسی اثنا میں ملک یمن سے بھی کئی سو مسلمانوں کا قافلہ باریاب سعادت ہوا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کو منظور یہ تھا کہ یہودیوں کو کھلی آنکھ سے دکھلایا جائے کہ وہ اللہ کے اس کے رسول کے مقابلہ میں اینٹ پتھر کی دیواروں کے بھروسہ پر اڑے بیٹھے ہیں' جس کا علم سمندر پار حبش کو فتح کر رہا ہے۔ جس کا علم یمن کے بلند ترین پہاڑوں کی چوٹیوں پر اپنا علم صداقت نصب کر رہا ہے۔ یہ وہ ملک ہیں جو کبھی حجاز کے زیر نگین نہ ہوئے تھے۔

یہ حبش وہی ملک ہے جس کے جنرل اوٹرم (Genral Otrem) نے یمن کو فتح کر کے ساٹھ ہزار (60000) فوج کا لشکر جرار مکہ مکرمہ کے فتح کرنے اور کعبۃ اللہ کے گرانے کے لیے مکہ سے چار میل کے فاصلہ پر لا ڈالا تھا۔

یہ واقعہ (جسے قرآن پاک نے واقعہ اصحاب الفیل کے نام سے بیان فرمایا ہے) نبی ﷺ کی ولادت اقدس سے صرف پچاس (50) دن پہلے کا ہے۔ [1]

ان حملہ آوروں کو کیا معلوم تھا کہ خود ان کا بادشاہ رسول حجازی ﷺ کی کفش برداری کی تمنا کرے گا اور سارا ملک اسی کعبہ کی سمت اللہ تعالیٰ کے سامنے سر عبودیت کو جھکائے گا۔

معشر مسلمین! کسی ملک، کسی قوم کو بزور شمشیر فتح یا مغلوب کرنے کے لیے ضروری ہے کہ حملہ آور کے پاس شمشیر زن بھی موجود ہوں' جن کی دھاک ایسی بندھی ہوئی ہو کہ لوگ ان کی تلوار سے ڈر ڈر کر اپنا پہلا پیارا مذہب چھوڑنے پر آمادہ ہو جائیں۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا کہ ایسے بہادر' ایسے تلوار یے ضرار بن الازور' شرحبیل بن حسنہ، عدی بن حاتم' عکرمہ بن ابی جہل' مقداد بن الاسود الکندی، مقدام بن معدی کرب' خالد بن الولید' زبیر بن العوام اور علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہم جیسے کیوں کر اس شخص کے مطیع ومنقاد ہو گئے تھے۔

ان کی تلواروں پر نہتے، غریب ومسکین، بکریاں چرانے والے یتیم نے کیوں کر قبضہ کر لیا تھا۔ یہ ظاہر ہے کہ ایسے جری' ایسے بطل تو خوف شمشیر سے مطیع نہ ہوئے ہوں گے اور انھوں نے تو صرف خوف جان سے اپنے اپنے قدیم پیارے مذہب کو نہ چھوڑ دیا ہوگا۔

جب یہ امر مسلم ہو جائے تو قابل غور یہ رہ جائے گا کہ جب نبی ﷺ کے پاس کوئی ایسی شے، کوئی ایسی قوت' کوئی ایسی کشش موجود ہے جو شیروں کا شکار کرتی اور ہزبران نبرد کو خادم بنا سکتی ہے' تو پھر ان کو کیا ضرورت پڑی تھی کہ بھیڑوں اور لومڑیوں کے لیے تلوار کا استعمال کریں۔

غور جتنا گہرا ہوتا جائے گا اسی قدر جلد یہ واضح ہو جائے گا کہ حضور ﷺ کا یہ فرمان وَالْعِلْمُ سَلَاحِیْ ایسی حقیقت کا مظہر ہے، جس کا کوئی بطلان نہیں ہو سکتا۔

جو کامیابی نبی ﷺ کو حاصل ہوئی اس کا ذریعہ وہی علم صحیح تھا جو اللہ عزوجل نے حضور ﷺ کو ارزانی فرمایا تھا۔

---

[1] ابن ہشام: 47/1

وہ علم، جو ظلمات کو دور کر دیتا ہے اور چلنے والوں کو نور میں لے آتا ہے۔
وہ علم جو آنکھوں کو روشن، دل کو بینا بنا دیتا ہے۔
وہ علم ہے هٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ کی صفت اسی پر صادق آتی ہے۔

⑨ وَالصَّبْرُ رِدَائِیْ

صبر میرا شاندار لباس ہے۔

قرآن مجید میں 90 مقامات پر صبر کا ذکر فرمایا گیا ہے۔ کتاب حمید نے ۱۶ طریقوں سے صبر کی توصیف فرمائی ہے۔ ہم انحصار کے ساتھ ان طریقوں کا ذکر کریں گے۔

① اللہ تعالیٰ نے صبر کا امر فرمایا:

① ﴿قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهِ اسْتَعِیْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا﴾ [الاعراف:128]
''موسیٰ نے اپنی قوم سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا سہارا رکھو اور مستقل رہو۔''

② ﴿وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ﴾ [البقرۃ:45] ''صبر اور نماز سے مدد حاصل کرو۔''

③ ﴿اِصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا﴾ [آل عمران:200] ''صبر رکھو اور آپس میں صبر کی تلقین کرو۔''

④ ﴿وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ﴾ [النحل:127] ''صبر کرو تیرا صبر تو اللہ کے لیے ہے۔''

② عدم صبر سے نہی فرمائی گئی ہے۔

① ﴿فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُو الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ﴾ [احقاف:35]
''صبر کیجیے جیسا کہ ہمت والے رسولوں نے صبر کیا اور ان کے لیے جلدی نہ کیجیے۔''

② ﴿وَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ﴾ [الانفال:15] ''دشمنوں کو پیٹھ نہ دکھاؤ۔''

③ ﴿وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا﴾ [آل عمران:139] ''اپنا دل تھوڑا نہ کرو اور غمگین نہ بنو۔''

③ اہل صبر کی ثنا فرمائی گئی ہے:

﴿وَالصَّابِرِیْنَ فِی الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِیْنَ الْبَاْسِ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ﴾ [2البقرۃ:77]

''جو تکلیف اور تنگی میں اور لڑائی میں صبر کرتے ہیں وہی ہیں جنھوں نے سچ کر دکھایا اور یہی لوگ متقی بھی ہیں۔''

④ اہل صبر کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے اپنی محبت کا ذکر فرمایا:

﴿وَاللّٰهُ یُحِبُّ الصَّابِرِیْنَ﴾ [آل عمران:146] ''اللہ تعالیٰ صبر والوں کے ساتھ محبت کرتا ہے۔''

⑤ اہل صبر سے اپنی معیت کا اعلان فرمایا:

﴿ إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴾ [البقرۃ:153] بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ایک معیت عامہ ہے جو بذریعہ علم واحاطہ ہوتی ہے اور ایک معیت خاصہ جس کا نتیجہ حفاظت ونصرت وتائید الٰہی ہوتا ہے۔ آیت بالا میں معیت خاصہ ہی کا ذکر ہے۔

6 صبر کو اہل صبر کے لیے بہتر بتلایا:

1 ﴿ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴾ [النحل:126]

''اگر تم صبر کرو تو ایسا کرنا صبر کرنے والوں کے لیے بہتر ہے۔''

2 ﴿ وَ اَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ﴾ [النساء:25] ''اور صبر کرو یہ تو تمھارے لیے بہتر ہوگا۔''

7 اعلان فرمایا کہ اہل صبر کو جزا بطریق احسن عطا ہوتی۔

﴿ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴾ [النحل:96]

''ہم صبر کرنے والوں کو ان کے عمل کی جزا بہترین طریق سے دیں گے۔''

8 خبر دی کہ اہل صبر کو عطیہ بلا حساب ملے گا:

﴿ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴾ [الزمر:10]

''صبر والوں کو ان کا اجر پورا پورا بلا حساب دیا جائے گا۔''

9 اہل صبر کو بشارت دی گئی:

﴿ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ﴾ [البقرۃ:155] ''صبر کرنے والوں کو بشارت پہنچا دیجیے۔''

10 اہل صبر کی نصرت وامداد کی ضمانت فرمائی:

﴿ بَلٰى اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴾ [آل عمران:125]

''ہاں! اگر صبر وتقویٰ رکھو اور دشمن تم پر فوراً آ جائے تو تمھارا رب تمھاری مدد پانچ ہزار (5000) ملائکہ سے جو نشان والے ہوں گے فرمائے گا۔''

حدیث شریف میں ہے: وَاعْلَمْ اَنَّ النَّصْرَ مَعَ الصَّبْرِ۔ [1]

11 اللہ تعالیٰ نے خبر دی کہ اہل صبر ہی اہل عزم ہوتے ہیں:

﴿ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴾ [الشوریٰ:43]

جس نے صبر کیا اور معافی دی، تو یہ کام بڑی ہمت کے ہیں۔

12 فرمایا کہ اعمال صالحہ اور حظوظ عظیمہ والے اہل صبر ہی ہوتے ہیں۔

1 ﴿ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا وَّ لَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴾ [القصص:80]

---

[1] السنۃ لابن ابی عاصم: 138/1، مسند احمد: 307/1

''تمھیں خرابی ہو، اللہ کا عطیہ ایمان اور نیک عمل والے کے لیے بہتر ہے اور اس کو صرف صبر والے ہی حاصل کر سکتے ہیں۔''

② ﴿ وَ مَا يُلَقّٰهَاۤ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰهَاۤ اِلَّا ذُوْحَظٍّ عَظِيْمٍ ﴾ [حم سجدہ:35]

''اس کو صبر والے ہی حاصل کر سکتے ہیں اور اسے وہی پا سکتے ہیں جو بڑی قسمت والے ہیں۔''

13 بتلایا کہ آیات الٰہی سے انتفاع وعبرت صرف اہل صبر ہی حاصل کر سکتے ہیں:

① ﴿ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴾ [ابراہیم:5]

''ہم نے موسیٰ کو کہا: اپنی قوم کو تاریکی سے نکال کر نور میں لاؤ اور ان کو تاریخ الٰہیہ کا سبق دے کیوں کہ اس میں ہر صابر و شاکر کے لیے بہت نشانیاں ہیں۔''

② ﴿ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ۝ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴾ [الشوریٰ:32-33]

اللہ کی نشانیوں میں سے وہ جہاز ہیں جو سمندر میں چلتے ہیں اور علم کی طرح بلند ہیں۔ اگر اللہ چاہے تو ہوا رک جائے اور یہ سب جہاز سمندر کے اوپر کھڑے کے کھڑے رہ جائیں۔ اس میں نشانات ہیں ہر ایک صبر کرنے اور شکر کرنے والے کے لیے۔

14 بتلایا ہے کہ مطلوب و محبوب تک فائز ہونا مرعوب سے نجات پانا، جنت العلیٰ کا داخلہ ان ہی لوگوں کے لیے ہے جنھوں نے صبر کیا

﴿ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴾ [الرعد:۲۳-۲۴]

''فرشتے ہر طرف ان کے پاس حاضر ہوں گے اور کہیں گے کہ اپنے صبر کے بدلے آج تم سلامتی میں ہو اور آخرت کا گھر تو بہت ہی اچھا ہے۔''

15 اہل صبر درجہ امامت پر فائز ہو جاتے ہیں:

﴿ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ﴾ [السجدہ:24]

''ہم نے انھی میں سے امام بنائے جو ہمارے حکم سے لوگوں کی رہنمائی کرتے تھے جب کہ انھوں نے صبر کیا۔''

16 اللہ تعالیٰ نے صبر کا ذکر فرقان حمید میں اسلام و ایمان اور یقین و تقویٰ اور توکل و تشکر کے ساتھ ساتھ فرمایا ہے اور اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ اللہ عزوجل کے ہاں صبر کا کیا درجہ ہے۔

یہاں تک سولہ (16) اقسام کا ذکر ختم ہو گیا۔ اب یاد رکھیے کہ صبر ایمان کے لیے ایسا ہی ہے جیسا کہ سر بدن کے لیے ہے۔ بدن پر سر نہ ہو تو زندگی کہاں؟ ایمان کے ساتھ صبر نہیں تو ایمان کہاں؟

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قول ہے: خَيْرُ عَيْشٍ اَدْرَكْنَاهُ بِالصَّبْرِ ''زندگی کی حقیقت ہم پر صبر سے آشکار ہوئی۔'' [1]

صحیح حدیث میں ہے:

عَجَبًا لِّاَمْرِ الْمُؤْمِنِ اِنَّ اَمْرَهٗ كُلَّهٗ لَهٗ خَيْرٌ وَّلَيْسَ ذٰلِكَ لِاَحَدٍ اِلَّا لِلْمُؤْمِنِ اِنْ اَصَابَتْهُ سَرَّآءُ شَكَرَ فَكَانَ خَيْرٌ لَّهٗ وَاِنْ اَصَابَتْهُ ضَرَّآءُ صَبَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهٗ۔ [2]

---

[1] مدارج السالکین: 140/9 [2] مسلم: 7500، کنز العمال: 710، اتحاف السعادة المتقین: 155/2

''مومن کی حالت بھی عجیب سی ہے یعنی اس کی حالت سراپا خیر ہے اور یہ بات مومن کے سوا کسی دوسرے کو حاصل نہیں۔ اگر اسے کوئی شے خوش کرنے والی حاصل ہوتی ہے تو وہ شکر کرتا ہے اور یہ اس کے لیے بہتر ہوتا ہے اور اگر اسے کوئی شے ضرر رساں پہنچتی ہے تو صبر کرتا ہے اور ایسا کرنا ہی اس کے لیے بہتر ہوتا ہے۔''

واضح ہو کہ صبر کے لغوی معنی حبس (روک) ہیں۔ محاورہ ہے: قُتِلَ فُلَانٌ صَبْرًا فلاں شخص کو باندھ کر مارا گیا۔

آیت ذیل میں بھی یہی معنی ہیں:

﴿ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ﴾ [الکھف:28]

''اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ ساتھ رکھیے جو اپنے رب کو صبح و شام پکارا کرتے ہیں اور صرف اسی ذات کے خواستگار ہوتے ہیں۔''

اصطلاح میں صبر کو اس لیے صبر کہتے ہیں کہ اس میں بھی دل کو گریہ وزاری سے اور زبان کو شکوہ سے اور جوارح کو بے قراری سے روک لینا ہوتا ہے۔ معنی بالا کو ذہن میں رکھتے ہوئے یاد رکھو کہ صبر کی تین اصناف ہیں:

- ☐ صنف اول: طاعت الٰہی پر صبر۔
- ☐ صنف دوم: معصیت الٰہی سے صبر۔
- ☐ صنف سوم: امتحان الٰہی پر صبر۔

صنف اول و دوم میں انسان کے کسب کا بھی دخل ہے مگر صنف سوم میں کسب انسانی کو کوئی دخل نہیں۔

سیدنا یوسف علیہ السلام کے حالات پر غور کرتے ہوئے کہہ سکتے ہیں کہ باپ کی جدائی پر صبر اور چاہ میں گرا دیے جانے پر صبر بھی مقامات صبر میں سے ہیں مگر امراۃ العزیز کی بات پر انکار کرنا صبر کی اعلیٰ قسم تھا۔ خصوصاً جب امور ذیل کو بھی زیر نظر رکھا جائے۔

① جوانی ② خالی مکان ③ مجردی ④ نفس کے مطابق خواہش کا ہونا ⑤ بے وطنی جہاں خویش و اقارب کا نہ دباؤ تھا، نہ ہوتا ہے، نہ ان کی طرف سے حیا ہوتی ہے۔ ⑥ محکومی ⑦ حسین عورت کی ذاتی خواہش ⑧ اس درخواست کے ساتھ ساتھ ہر قسم کا مکر و فریب ⑨ لالچ اور خوشامد ⑩ دھمکی۔ یہ سب ایسی چیزیں ہیں جن کی موجودگی میں صدیق کے منصب کو نہایت بلند کر دینے والی ہیں۔

ابن تیمیہ رحمہ اللہ کا قول ہے کہ صبر بر طاعات کا درجہ صبر از پرہیز محارم سے اکمل و افضل ہے، کیوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک فعل طاعت، ترک معصیت سے زیادہ محبوب ہے اور عدم طاعت کا نقصان وجود معصیت کے نقصان سے زیادہ سنگین ہے۔ [1]

اب یہ بھی یاد رکھو کہ صبر کی تین حالتیں ہیں:

① صبر باللہ ② صبر للہ ③ صبر مع اللہ۔

(1) صبر باللہ کے معنی یہ ہیں کہ صبر اپنے نفس کے لیے نہ ہو، بلکہ اللہ کے لیے ہو جیسا کہ فرمایا گیا ہے:

﴿ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ ﴾ [النحل:127]

''صبر کیجیے اور آپ کا صبر تو اللہ ہی کے لیے ہے۔''

---

[1] فتاویٰ ابن تیمیہ: 576,575/10

(2) صبر للہ: کے معنی یہ ہیں کہ صبر کا باعث محبت الٰہی اور ارادہ وتقرب الٰہی ہو نہ قوت نفس کا اظہار ہو اور نہ اللہ کی مخلوق میں تعریف کرنے کا شوق ہو۔

(3) صبر مع اللہ: کے معنی یہ ہیں کہ بندہ اپنے نفس کو اوامر الٰہی اور محارم الٰہی کا مطیع بنادے جہاں چلنے کا حکم ہو چل پڑے جہاں رک جانے کا حکم ہو رک جائے۔

یہ صبر صدیقین کا ہے اور یہی سخت قسم صبر کی ہے۔

خواجہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ سے صبر کی بابت پوچھا گیا:

فرمایا صبر تو کڑوی سے کڑوی دوا کو گھونٹ گھونٹ پینا ہے۔ وہ بھی اس طرح کہ پیشانی پر بل نہ آنے پائے۔ (1)

یحیٰی بن معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ زاہدین کے صبر سے محبین کا صبر زیادہ سخت ہوتا ہے۔ یعنی یار سے صبر ہونا بہت زیادہ تعجب کا موجب ہے۔

اَلصَّبْرُ یُحْمَدُ فِی الْمَوَاطِنِ کُلِّهَا ۔۔۔ اِلَّا عَلَیْكَ فَاِنَّهٗ لَا یُحْمَدُ (2)

جملہ مقامات پر صبر کرنا اچھا ہے مگر تجھ سے صبر کرنا کسی طرح پسندیدہ نہیں۔

امام المحدثین بخاری نے کتاب الآداب میں نبی ﷺ سے یہ روایت بیان کی کہ حضور ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ ایمان کیا ہے۔ فرمایا:

اَلصَّبْرُ وَالسَّمَاحَةُ (3) صبر اور سیر چشمی۔

اب یہ مسئلہ خوب یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ سے اپنی حالت کا عرض کرنا بے صبری میں داخل نہیں۔

حضرت یعقوب علیہ السلام فرماتے ہیں: ﴿اِنَّمَآ اَشْکُوْا بَثِّیْ وَ حُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰهِ﴾ [یوسف:82]

''میں اپنی پریشانی اور اندوہ قلبی کی شکایت اللہ سے کرتا ہوں۔''

ایوب علیہ السلام کی جناب احدیت میں دعا ہے۔

﴿رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ﴾ [الانبیاء:83]

اے رب! مجھے نقصان اور ضرر آ لگا ہے اور تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

ایک عرب شاعر کہتا ہے:

وَاِذَا عَرَتْكَ بَلِیَّةٌ فَاصْبِرْ بِهَا ۔۔۔ صَبْرَ الْکَرِیْمِ فَاِنَّهٗ بِكَ اَعْلَمُ
وَاِذَا شَکَوْتَ اِلَی ابْنِ اٰدَمَ اِنَّمَا ۔۔۔ تَشْکُو الرَّحِیْمَ اِلَی مَنْ لَّا یَرْحَمُ

''جب تجھ پر بلا نازل ہو تو اچھا صبر کر' کیوں کہ رب کو تیرا علم ہے لیکن اگر تو اس کا شکوہ ابن آدم سے کرے گا تب رحیم کا شکر یا اس سے کرتا ہے جو رحم نہیں کرتا۔''

---

(1) مدارج السالکین: 157/2 (2) مدارج السالکین: 158/2 (3) سماحت، جوانمردی، نرمی، آسانی پیدا کرنا، سرکشی ونفرت کو چھوڑ دینا، سید عاروبے۔ کنز العمال: 1393,1392، مسند احمد: 385/4، مجمع الزوائد: 59/1، مطالب العالیہ لابن حجر: 3122

نبی ﷺ کی سیرت پڑھنے والے جانتے ہیں کہ حضور ﷺ نے احکام الٰہی کی تبلیغ، اہل ایمان کی تعلیم، اہل خسران کے انداز، اہل عالم کی تدبیر اور اعلائے کلمۃ الحق کی تدبیر کس قدر مصائب ونوائب اور ہموم وغموم کی برداشت فرمائی تھی۔

کبھی حضور ﷺ کے آستان فیض پر غلاظت گرائی جاتی، جس سے تشتت طبع اور پریشانی دماغ پیدا ہو، کبھی حضور ﷺ کی راہ پر گڑھا کھود کر اسے باریک باریک لکڑیوں سے پاٹ دیا جاتا۔ گڑھے میں کانٹے بھر دیئے جاتے کہ حضور ﷺ جب نماز تہجد کے لیے نکلیں تو زمین سمجھ کر اس پر پاؤں رکھیں اور گڑھے میں جا گریں۔

کبھی حضور ﷺ کو سجدہ میں محو تام دیکھ کر حضور ﷺ کی گردن میں چادر ڈال کر چادر کو پھانسی کا رسا بنایا جاتا، گردن کو افشار سے بھینچا جاتا۔ کبھی حضور ﷺ کی پشت مبارک پر (بحالت سجدہ) اونٹ کی اوجھڑی رکھ دی جاتی اور اسے کفار کی تفریح طبع کا سامان سمجھا جاتا۔

کبھی حضور ﷺ پر پتھر برسائے جاتے اور قراءت قرآن پاک سے آپ کو روکا جاتا۔

کئی سال کا ایسا زمانہ بھی حضور ﷺ پر گزرا ہے۔ جب حضور ﷺ کو ایک گھاٹی میں محصور رکھا گیا اور دانہ وخورش کا داخلہ بند کیا گیا۔ یہ حضور ﷺ ہی کا حوصلہ تھا، حضور ﷺ ہی کا دل تھا کہ صبر کیا اور وہ صبر کیا کہ مالک نے بھی ﴿ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللهِ﴾ [النحل:127] کے تمغا سے حضور ﷺ کو مشرف فرمایا۔

سچ ہے کہ ایسے ہی مقدس رسول ﷺ کے لب مبارک سے یہ زیبا تھا۔ اَلصَّبْرُ رِدَائِیْ فرماتے اور صبر کو تجمل وشان اور شوکت ووقار کا خلعت قرار دیتے۔

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى حَبِيْبِهٖ بِقَدَرِ صَبْرِهٖ عَلٰى بَلَائِهٖ وَ شُكْرِهٖ عَلَى الْآئِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ۔

⑩ وَالرِّضَا غَنِيْمَتِيْ

رضا الٰہی میری غنیمت ہے

واضح ہو کہ رضا کے متعلق ائمہ تصوف کے تین (3) اقوال ہیں:

① اہل خراسان کہتے ہیں کہ رضا بھی مقامات میں سے ایک مقام کا نام ہے اور انتہائے توکل یہی ہے اور اس مقام کو بندہ اکتساب سے حاصل کر سکتا ہے۔

② اہل عراق کہتے ہیں کہ رضا تو منجملہ احوال ہے، یہ مکاسب میں سے نہیں بلکہ مواہب میں سے ہے۔

③ تیسرے گروہ نے ہر دو اقوال کو جمع کر دینا چاہا۔ وہ کہتے ہیں کہ رضا ابتدائی درجہ میں اکتسابی ہے اور من جملہ مقامات ہے اور انتہائی درجہ میں محض عطیہ ربانی ہے۔ لہٰذا منجملہ احوال ہے۔

گروہ اول کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اہل رضا کی مدح وثنا فرمائی ہے اور اس صفت کے لیے شوق دلایا ہے۔ اگر یہ مقام اکتسابی نہ ہوتا اور مقدور بشری سے باہر ہوتا تو ایسا نہ کیا جاتا۔

نبی ﷺ نے فرمایا ہے:

ذَاقَ طَعْمَ الْإِيْمَانِ مَنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَ بِالْإِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا۔ ①

''ایمان کا ذائقہ اس شخص نے چکھا جو اللہ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہو گیا۔''

نیز فرمایا کہ جو شخص اذان سن کر یہ الفاظ پڑھتا ہے۔ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَ بِالْإِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا ② اس کے گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔

یہ دونوں احادیث اس شان کی ہیں کہ مقامات دین کا انہی پر مدار ہے۔ غور کرو کہ ان سے چار امور کا ثبوت ملتا ہے:

① اللہ تعالیٰ کی ربوبیت والوہیت پر رضامندی۔

② نبی ﷺ کی رسالت اور حضور ﷺ کی اطاعت پر رضامندی۔

③ دین الٰہی پر رضامندی۔

④ دین الٰہی کے سامنے تسلیم وانقیاد کا اقرار۔

ہم کہہ سکتے ہیں کہ جس شخص میں یہ چہار امور جمع ہو جائیں تو وہ صدیق ہے۔

ہاں! دعویٰ زبان آسان ہے مگر کامیابی امتحان دشوار ہے۔ خصوصاً جب کہ معاملہ یہ ہو کہ نفس کی مراد خواہش اس کے خلاف ہو۔

یاد رکھو کہ الوہیت پر رضامندی کے معنی یہ ہیں کہ محبت وانابت اور تبتل الی اللہ میں توحید خالص ہو، خوف ہو تو اسی کا ہو، امید ہو تو اسی سے ہو۔ جملہ قویٰ کا انجذاب اسی کی جانب ہو، اور عبادت کا مقصود توحید فی الاخلاص ہو۔

ربوبیت پر رضامندی کے معنی یہ ہیں کہ تدبیر الٰہی کی توحید حاصل ہو، توکل واعتماد اور استعانت میں توحید ہو۔ اللہ تعالیٰ کے ہر ایک فعل کا خیر مقدم خوشنودی کے ساتھ کرے۔

رسالت محمدیہ ﷺ پر خوشنودی کے معنی یہ ہیں کہ احکام نبویہ ﷺ کے مقابلہ میں اطاعت کلی اور تسلیم کلی شیوہ بن جائے اور حضور ﷺ کی محبت بھری تعظیم اپنی جان سے بڑھ کر ہو۔

ہدایت اور حکم اور فیصلہ نبی ﷺ کے آستانہ پاک سے ہی حاصل کرے اور کسی دوسرے کی حکومت کا روادار نہ ہو۔ خصوصاً علوم الٰہیات کے متعلق جہاں کسی دوسرے کا قول چل ہی نہیں سکتا۔

اسلام پر خوشنودی کے معنی یہ ہیں کہ جب اسلام کا کوئی حکم از قسم امر یا نہی ملے تو اسے پورے انشراح خاطر سے قبول کرے اور اس کے خلاف اگرچہ وہ کتنے ہی معروف عالم کی طرف منسوب ہو، ہرگز قبول نہ کرے۔

اس مقام پر پہنچ کر بہت سے نام کے عالم یا صوفی و درویش یا شیخ تم کو مخالفت کرتے ہوئے نظر آئیں گے مگر رضا بالاسلام تو یہی ہے کہ جو حکم اسلام کا نہیں، اس پر ہرگز ہرگز اہل ایمان کو یقین یا اطمینان نہیں کرنا چاہیے۔

اب یہ یاد رکھو کہ رضا کا مقام توکل وتفویض اور تسلیم کے بعد آتا ہے اور چونکہ اس کے حصول میں صعوبت تھی اس لیے اللہ تعالیٰ نے اس کی فرضیت کا حکم نازل نہیں فرمایا۔ البتہ اس کا شوق ضرور دلایا ہے۔

---

① مسلم:34، ترمذی:2623، ابن حبان:1694، مسند احمد:208/1 ② مسلم:386، ابوداؤد:525، ترمذی:210، ابن ماجہ:721، ابن حبان:1693، احمد:181/1

یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ سے سوال ہوا کہ مسلم مقام رضا کیوں کر حاصل کرسکتا ہے؟

کہا: جب وہ چار (4) باتوں میں پختہ ہوجائے:

① عطا کو قبول کرے ② عطیہ میں راضی رہے ③ انقباض میں عبادت کرے ④ انشراح میں حاضر درگاہ ہے۔ [1]

سیدنا امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے کسی نے ذکر کیا کہ ابوذر رضی اللہ عنہ یوں کہتے ہیں کہ ان کو فقر غنیٰ سے اور مرض صحت سے زیادہ محبوب ہے۔

امام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوذر رضی اللہ عنہ پر رحم فرمائے میرا قول یہ ہے کہ جس شخص کا اعتماد اللہ تعالیٰ کے بہترین انتخاب پر وہ اللہ تعالیٰ کی پسند کے سوا اور کسی شے کی تمنا ہی نہ کرے گا۔ [2]

فضیل بن عیاض رحمہ اللہ نے بشر حافی رحمہ اللہ سے فرمایا تھا:

رضا کا درجہ زہد سے برتر ہے کیوں کہ جو راضی ہے وہ اس حالت سے دوسری حالت کا آرزومند ہی نہیں۔ [3]

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو لکھ کر بھیجا تھا:

اَلْخَیْرُ کُلُّهٗ فِی الرِّضَا فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَرْضٰی وَ اِلَّا فَاصْبِرْ۔

"رضا میں تو سراپا خیر ہے اگر تم میں استطاعت ہے تو اس درجہ میں رہو ورنہ صبر کرو۔"

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے:

﴿یٰۤاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَىٕنَّةُ ۝ ارْجِعِیْۤ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً ۝ فَادْخُلِیْ فِیْ عِبٰدِیْ وَ ادْخُلِیْ جَنَّتِیْ﴾

"اے اطمینان والے نفس! اپنے رب کی طرف رجوع کر در آں حال کہ تو رضا والا ہے اور رضا حاصل کر اب میرے بندوں میں شامل ہو جا میری جنت میں داخل ہو جا۔" [الفجر:27-30]

یہ وہ قول ہے جو دنیا سے رخصت ہوتے وقت بھی بندہ سے کہا جائے گا اور میدان قیامت میں بھی اسی کلمہ سے مومن کو مسرور الوقت کیا جائے گا۔ اللہ پاک کے پسندیدہ عباد کی جماعت میں داخل ہوا اور جنت میں پہنچا۔ ہر دو انعام رضا و مرتضیٰ ہونے کی صفت پر ہے۔

⑪ وَالْعِجْزُ فَخْرِیْ

عاجزی میرا فخر ہے

عام طور پر مشہور تو یہ الفاظ ہیں: وَالْفَقْرُ فَخْرِیْ لیکن ماہرین علم الحدیث نے ظاہر کردیا ہے کہ وَالْفَقْرُ فَخْرِی کے الفاظ نبی کریم ﷺ سے ثابت نہیں۔

صاحب مجمع البحار نے بھی وَالْعِجْزُ فَخْرِیْ کے الفاظ کو بیان کیا ہے جیسا کہ حدیث زیر شرح میں موجود ہیں۔ [4]

عجز کے معنی درماندگی کے ہیں اور کسی مفوضہ کام کو نہ کرسکنا اس کے مفہوم میں داخل ہے۔ مفوضہ کام نہ کرسکنے کی کوئی مناسبت نبی ﷺ کی ذات اقدس سے نہیں ہوسکتی۔ کیوں کہ حضور ﷺ کی حیات طیبہ تو سراپا سعی مکمل جہد اور کامل عمل کا نمونہ رہی ہے۔

لہٰذا عجز سے مراد عجز بہ درگاہ احدیت ہے اور یہ معنی رب العالمین کے جاہ و جلال اور خاتم النبیین ﷺ کے مقام و احوال پر

[1] مدارج السالکین: 174/2 [2] مدارج السالکین: 177/2 [3] مدارج السالکین: 174/2 [4] مجمع البحار: 351/2

صادق آتے ہیں۔

اہل ثروت کے حال پر نگاہ ڈالو کہ دنیا میں تھوڑی سی کامیابی کے بعد ان کے غرور پندار کی کیا حالت ہوتی ہے؟ اور رسول اعظم ﷺ کی سیرت کو بھی غور سے دیکھو۔

وہ رسول ﷺ جس کی نصرت و تائید زمین کے ہر ذرہ اور آسمان کے ہر ستارہ سے ہوتی ہو جس کا حکم نفوس پر فرماں روا ہو، جس کی عظمت سے مابین السماء والارض پر آوازہ ہو، وہ لحہ بہ لحہ، لحظہ بہ لحظہ، عجز و افتقار اور تضرع و انکساری کے تحیات و طیبات درگاہ احدیت اور آستان صمدیت پر پیش کر رہا ہے اور افتقار کو افتخار سمجھ رہا ہے۔

نبی ﷺ کی سکھلائی ہوئی دعاؤں کے کلمات زاکیات کو دیکھو جن سے غفلت قلب کا فور اور حجاب روح دور ہو جاتا ہے کہ غافل سے غافل شخص کا دل بھی جاگ اٹھتا ہے اور بے اختیار سطوت الٰہی اور احتشام لم یزل کے سامنے جھک پڑتا ہے۔

نمونہ کے طور پر ایک دعا کا اندراج کیا جاتا ہے۔ قارئین اس کے اسلوب بیان پر غور کریں، علو مکانی کا اندازہ کریں اور دیکھیں کہ جس دل زبان سے یہ الفاظ نکلے، وہ خود بھی اظہار عجز اور نیاز کو اپنے لیے کس قدر مایہ ناز فخر و امتیاز سمجھتا ہے اور متبعین کو بھی کس نمونہ پر تیار کرنا چاہتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَرٰى مَكَانِيْ وَتَسْمَعُ كَلَامِيْ وَتَعْلَمُ سِرِّيْ وَ عَلَانِيَتِيْ وَ لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْءٌ مِّنْ اَمْرِيْ وَ اَنَا الْبَآئِسُ الْفَقِيْرُ الْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ الرَّجُلُ الْمُشْفِقُ وَ مُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِيْ وَ اَنَا الْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ۔ اَسْاَلُكَ مَسْئَلَةَ الْمِسْكِيْنِ وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ اِبْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ وَ اَدْعُوْكَ دُعَآءَ الْخَائِفِ الضَّرِيْرِ وَ دُعَاءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ وَ فَاضَتْ لَكَ عَبْرَتُهٗ وَ ذَلَّ لَكَ جِسْمُهٗ وَ رَغِمَ لَكَ اَنْفُهٗ اَنْ لَّا تَجْعَلْنِيْ بِدُعَائِكَ شَقِيًّا وَّ كُنْ لِّيْ رَؤُفًا رَحِيْمًا يَا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ وَ يَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ۔ [1]

''یا اللہ! تو مجھے میری جگہ پر دیکھ رہا ہے اور میرا کلام سن رہا ہے میری پیدا و پنہاں کو خوب جانتا ہے۔ میری کوئی بات بھی تجھ سے پوشیدہ نہیں۔ میں تو کانپنے والا، ڈرنے والا ہوں میں اپنی کمزوری کا اقرار و اعتراف کرتا ہوں میں تو فریادی اور پناہ کا خواہاں ہوں۔ تجھ سے مسکین بن کر سوال کرتا ہوں، گنہگار رذیل کی طرح تیرے سامنے چلا رہا ہوں۔ نابینا خوفزدہ کی طرح مدد کی پکار کرتا ہوں، میری پکار اس شخص کی سی ہے، جس کی گردن نیچی ہو، جس کی آنکھوں سے آنسو رواں ہوں جسم جھک گیا ہو اور ناک زمین پر رگڑ رہا ہو، اے معبود مجھے محروم نہ رکھنا، میرے ساتھ رافت اور رحم کا برتاؤ کرنا۔ اے مالک تو سب سے بڑھ کر فریاد رس ہے تو سب سے بڑھ کر جود و عطا کرنے والا ہے۔''

اللہ اکبر! یہ معرفت کا وہ سبق ہے کہ اگر کوئی اہل ایمان دل اور زبان کے اس عجز و بیان کے ساتھ بارگاہ منان میں حاضر ہو تو ضرور ہے کہ رحمت اس کی دستگیری فرمائے محبت اس کی شمع راہ بنے، اخلاص و صداقت اسے خاک سے اٹھا کر کرسی قبول و عزت پر بٹھلائے۔ **فطوبیٰ لهم۔**

---

[1] كنز العمال: 3614، الدر المنثور للسيوطي: 229/1، المعجم الكبير: 164/11، المعجم الصغير: 136/6، العلل المتناهية: 360/2، اتحاف السادة المتقين: 375/4، امالي الشجري: 60/2

⑫ وَالزُّهْدُ حِرْفَتِيْ

زہد میرا پیشہ ہے

حرفت: اس صنعت یا وجہ کسب کو کہتے ہیں جسے انسان اپنے گزارہ کا ذریعہ بنائے۔

زہد: اصل لغت میں عدم رغبت کو کہتے ہیں۔ سورہ یوسف میں ہے:

﴿وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزَّاهِدِيْنَ﴾ [یوسف:20]

''قافلہ والوں کو یوسف کو پاس رکھنے میں رغبت نہ تھی۔''

شَيْءٌ زَهِيْدٌ چیز اندک (تھوڑی سی) جو قابل التفات نہ ہو۔

اصطلاح شرعیہ میں دنیا اور مال و متاع دنیا سے رغبت نہ رکھنے کو زہد کہتے ہیں۔

بعض نے کہا، زہد یہ ہے کہ نہ موجود پر اعتماد ہو اور نہ مفقود پر تاسف ہو۔ [1]

امام المحدثین احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے ہیں، زہد کی تین (3) اقسام ہیں:

1. ترک حرام، یہ عوام کا زہد ہے۔
2. حلال میں سے زائد شے کا چھوڑ دینا یہ خواص کا زہد ہے۔
3. ہر ایک ایسی شے کا ترک کر دینا جو توجہ الی اللہ سے روکنے والی ہو، یہ عارفین کا زہد ہے۔ [2]

قارئین! حدیث کے ہر دو الفاظ پر غور کیجیے۔

حرفہ تو اس طریقہ کو کہتے ہیں جسے انسان اپنی معاش کے لیے لازم ٹھہرائے اور یہاں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ''زہد'' ہی کو اپنا حرفہ بتلایا، تو اس کے معنی یہ ہو گئے کہ اپنی توجہ ان سب اشیاء، جملہ اسباب اور وسائل سے جو ماسوی اللہ کی طرف لے جانے والے ہیں ہٹا کر پورے اہتمام اور پوری ہمت سے اللہ ہی کی طرف توجہ کر لی جائے، وسائل اور وسائط کو ہیچ پوچ سمجھ لیا جائے۔

وہ اعتماد جو پروردگار پر ہے، سامان حاضرہ کو موجب طمانیت نہیں بنا سکتا اور اسی سامان کا فقدان قلب میں کوئی تشویش نہیں پیدا کر سکتا۔

یہ زہد کی بلند ترین صورت ہے اور اس زہد پر یہ اعتراض بھی عائد نہیں ہو سکتا کہ زہد تو اکتسابی ذرائع کا مانع ہے یا زہد تو اصول تمدن کی مخالفت کا نام ہے۔

⑬ وَالْيَقِيْنُ قُوْتِيْ

یقین میری روزی ہے۔

واضح ہو کہ کتاب حمید میں یقین اور اہل یقین کا بیان آیات متعددہ میں ہوا ہے۔

1. ﴿وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾ [البقرۃ:4-5]

---

[1] مدارج السالکین: 10/2 [2] مدارج السالکین: 10/2

”جولوگ ایمان رکھتے ہیں اس پر جو تجھ پر اتارا گیا، نیز اس پر جو تجھ سے پہلے نازل کیا گیا اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جو ہدایت ربانی پر ہیں اور یہی ہیں جو فلاح پانے والے ہیں۔“

آیات بالا پر غور کرو کہ ہدایت اور فلاح کو یقین ہی کا ثمرہ بتلایا گیا ہے۔

② ﴿ وَ جَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا وَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴾ [السجدۃ:24]

”ہم نے انھی میں سے امام بنائے جو ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے کیوں کہ انھوں نے صبر کیا تھا اور ہماری آیات پر یقین رکھتے تھے۔“

آیت بالا میں امامت فی الدین کے منصب کو صبر اور یقین کے اتحاد کا نتیجہ فرمایا گیا ہے۔

﴿ وَ فِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ۝ وَ فِيْۤ اَنْفُسِكُمْ ﴾ [الذاریات:20-21]

”یقین والوں کے لیے زمین میں اور خود ان کے نفس کے اندر نشانیاں موجود ہیں۔“

آیت بالا میں بتایا گیا ہے کہ آیات ربانی کا مشاہدہ اور علامات سبحانی کا معائنہ اور پھر اس مشاہدہ و معائنہ سے نفع کا حاصل کرنا اہل یقین ہی کا حاصل ہے۔

الغرض جو درجہ روح کا جسم انسانی میں ہے وہی درجہ یقین کا پیکر ایمانی میں ہے۔

یقین ہی اعمال قلب کی روح ہے۔

یقین ہی حقیقت صدیقیت ہے۔

علماء میں اختلاف ہے کہ یقین کسبی ہے یا وہبی ہے۔ ہمارے نزدیک بلحاظ اسباب تو کسبی ہے اور بلحاظ اصلیت وہبی ہے۔

سہل تستری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مکاشفہ سے ابتدا ہوتی ہے اور پھر انسان معائنہ و مشاہدہ کے مدارج کو طے کرتا یقین تک پہنچ جاتا ہے۔

ذوالنون مصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یقین کی علامات تین (3) ہیں۔

① لوگوں سے میل جول کم ہو۔ ② کسی کے عطیہ پر مدح نہ کرے۔ ③ کسی کے نہ دینے پر اس کی مذمت نہ کرے۔

انھی کا ارشاد یہ بھی ہے، یقین کی حقیقت یہ ہے کہ ہر شے میں نظر الی اللہ ہو، ہر معاملہ میں رجوع الی اللہ ہو، ہر حالت میں استعانت باللہ ہو۔ [1]

واضح ہو کہ اگر مراتب یقین کی تفصیل کی جائے تو وہ تین (3) ہیں۔

مرتبہ اولیٰ میں اوامر و نواہی، علم معاد، علم الاسماء والصفات داخل ہیں اور جب بندہ کو ان علوم کی حقانیت و صدق پر وثوق کلی ہو جاتا ہے تو اس مرتبہ کو حاصل کر لیتا ہے۔

مرتبہ ثانیہ میں استدلال کی ضرورت نہیں رہتی۔ دلیل فضول سمجھی جاتی ہے اور سماعت کا مقام رویت حاصل کر لیتی ہے، اس کو عین الیقین کہتے ہیں۔

مرتبہ ثالثہ میں خود آفتاب حقیقت نور ریز ہوتا ہے کلفت یقین جاتی رہتی ہے۔ حقانیت اپنے کمال کے ساتھ جلوہ گر ہوتی ہے،

---

[1] مدارج السالکین : 398/2

اس کو حق الیقین کہتے ہیں اور یہ درجہ صرف انبیاء علیہم السلام کا ہے۔ انہی کی چشم ظاہر بین کے سامنے جملہ اسرار وخفایا منکشف ہوتے ہیں اور انہی پر علوم معاد کا ظہور ایسا ہوتا ہے کہ جیسے دوسروں کے لیے مادی اشیاء کا شہود۔

اب یہ غور کرو کہ حدیث زیر شرح میں نبی ﷺ نے یقین کو اپنی غذا فرمایا ہے، یہ ظاہر ہے کہ غذا ہی پر جسم کا نشوونما ہے اور غذا ہی سے جسم کی پرورش ہوتی ہے۔

یقین کو غذا بتلانا ظاہر کر رہا ہے کہ حضور ﷺ اسباب مادیات سے کس قدر دور تھے۔ حضور ﷺ کی قوت یقینیہ کا اندازہ کرنے کے لیے صحابہ رضی اللہ عنہم کی قوت یقینیہ کا اندازہ کرو۔

ایک صحابی رضی اللہ عنہ جنگ احد میں خوشہ انگور ہاتھ میں لیے ہوئے انگور کھا رہے تھے کہ انگور کھا کر اور طاقت جسمانی بڑھا کر شریک معرکہ ہوں گے۔ انھوں نے نبی ﷺ کو فرماتے سنا کہ شہادت کا ثمر جنت علیا ہے۔ یہ سن کر انھوں نے انگوروں کی طرف دیکھا، پھر کہا کہ ان کے ختم کرنے میں تو دیر لگے گی۔ میں جنگ کے لیے اتنی دیر کیوں کروں۔ یہ کہہ کر انگور پھینک دیے اور رزم گاہ میں پہنچے اور جوہر شجاعت دکھلاتے ہوئے بزم گاہ رضوان کو جا سدھارے۔ [1]

نقیب محمدی عبداللہ بن رواحہ انصاری رضی اللہ عنہ کا حال بھی انہی سے ملتا ہوا ہے۔ دشمن پر حملہ پر حملہ کر رہے تھے کہ ان کا چچیرا بھائی یخنی لے آیا' کہا یہ تھوڑی سی پی لو۔ طاقت پا کر زیادہ لڑ سکو گے۔ پیالہ ہاتھ میں لیا۔ دو تین گھونٹ لے کر برتن پھینک دیا کہ مجھے اپنے احباب سے جلد تر ملاقات کرنا ہے۔ [2]

سچ ہے کہ یقین شک واوہام کے حجاب کو چاک کر دیتا ہے۔ اس وقت چہرہ حقیقت بے نقاب ہو جاتا ہے۔ رویت ایمانی کا درجہ بصارت عینی سے بالاتر پہنچ جاتا ہے اور ایسا دیدہ ور شخص مغیبات کو مشاہدات سمجھتا ہوا حقائق اصلیہ اور معارف روحانیہ کو حاصل کر لیتا ہے۔

⟨14⟩ وَالصِّدْقُ شَفِيْعِىْ

صدق (سچائی) میرا ساتھی ہے۔

جب ایک شخص کے ساتھ اس کو اغراض ومقاصد میں متفق ومتحد ہو کر دوسرا شخص شامل ہو جاتا ہے تو وہ پہلے شخص کا شفیع کہلاتا ہے۔

لغت میں شفیع بمعنی جفت آتا ہے' کتاب حمید میں ہے: ﴿ وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴾ [الفجر: 3]

صدق، ہر شے کی اصلیت اور کمال قوت کو کہتے ہیں۔ الفاظ ذیل پر غور کرو۔

1. عزم صادق، اسی ارادہ کو کہیں گے جو تام وقوی ہو۔
2. محبت صادق، اسی محبت کو کہیں گے جو کامل واصلی ہو۔
3. خبر صادق، وہی اطلاع جس میں اصلیت کے سب اجزاء کامل وقوی ہوں۔

قرآن مجید میں صدق کے کئی مقامات کا ذکر فرمایا گیا ہے۔

⟨1⟩ نبی ﷺ کو یہ دعا تلقین فرمائی گئی ہے:

---

[1] مسلم: 1901 [2] الاستیعاب: 899/3، ابن ہشام: 21/4

﴿ رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ اجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴾

''اے رب! مجھے خوبی کے ساتھ پہنچائیو اور مجھ کو خوبی کے ساتھ لے جائیو اور مجھ کو اپنے پاس سے ایسا غلبہ دیجیو جس کے ساتھ نصرت ہو۔'' [بنی اسرائیل:80]

اس دعا میں مُدْخَلَ صِدْقٍ اور مُخْرَجَ صِدْقٍ کا سوال سکھلایا گیا ہے۔

مُدْخَلَ صِدْقٍ سے مراد بندہ کی وہ توجہ ہے' جو اللہ کے لیے، اللہ کی جانب اور احکام الٰہی کی جانب بندہ کیا کرتا ہے۔ اس توجہ میں شائبہ ریب وشک نہیں ہوتا۔ اس کی ترقیات کی کوئی انتہا نہیں ہوتی۔ نبی ﷺ کا داخلہ مدینہ منورہ بھی اسی مُدْخَلَ صِدْقٍ میں داخل ہے' جس کی برکات وانوار لامتناہی ہیں۔

مُخْرَجَ صِدْقٍ سے مراد بندہ کی وہ عزیمت ہے جو ہوا وہوس اور اقتضائے طبع ونفس سے منہ موڑ کر اور امور خاکی سے دامان دل کو جھاڑ پھوڑ کر سب سے الگ ہو جاتا ہے، اور کوئی حجاب' کوئی رسم' کوئی امید منفعت' کوئی خوف ضرر بندہ کو اس خروج صدق سے روک نہیں سکتا۔

نبی ﷺ کا مکہ چھوڑ دینا، وطن سے دوری، تعلق داروں سے بے تعلقی، راہ ہجرت کی بادیہ پیمائی اسی مُخْرَجَ صِدْقٍ میں داخل ہے۔

(2) ﴿ وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ﴾ [یونس:2]

''اور جو ایمان لے آئے ان کو بشارت سنایئے کہ ان کے رب کے پاس ان کو پورا مرتبہ ملے گا۔''

آیت بالا میں قَدَمَ صِدْقٍ کے وجود کی اطلاع اور بشارت دی گئی ہے۔

قدم صدق سے مراد وہ اعمال صالحہ اور افعال حسنہ ہیں، جو فرمان پذیر بندہ نے اپنی حیات فانی میں ادا کیے اور قبر میں جانے سے پیشتر بارگاہ رب العزت میں بھیج دیے گئے۔

تقدیم اعمال تو مومن وکافر، مطیع وفاسق سب ہی کی طرف سے ہوتی ہے مگر قَدَمَ صِدْقٍ کا اطلاق سب مومن ہی کے اعمال پر ہوتا ہے۔

(3) ﴿ وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴾ [الشعراء:84]

''اور میرا ذکر آئندہ آنے والوں میں جاری رکھ۔''

یہاں لسان صدق کی دعا فرمائی ہے۔ لسان صدق سے مراد ثنائے حسن ہے۔ یہ اس بندہ کے لیے بطور جزائے حسن عطا ہوتی ہے جس کے افعال واعمال اور اقوال اللہ تبارک وتعالیٰ کے ہاں معیار صدق پر پورے اترتے ہیں۔

(15) وَالطَّاعَةُ حَسَبِیْ

طاعت کرنا میری عزت ہے۔

طوع (جس سے طاعت بنا ہے) کے معنی انقیاد امر اور اتباع حکم ہیں' جب کہ مطیع اس حکم کی تعمیل پورے پورے انشراح صدر اور نشاط قلب سے کر رہا ہو۔ حسب، وہ بزرگی جو مال یا دین یا صفات حسنہ اور اخلاق فاضلہ یا سخاوجود کی وجہ سے حاصل ہو۔

حدیث بالا میں صنعت تضاد موجود ہے۔ یعنی عام طور پر لوگ ان اشیاء کو باعث بزرگی و برتری سمجھا کرتے ہیں جس میں اوروں پر تفوق پایا جاتا ہو۔

لیکن نبی ﷺ نے بندگی و فرماں برداری کو اپنے لیے باعثِ برتری و تفوق قرار دیا ہے۔ بے شک یہ ایک ایسی خصوصیت ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے گوہر گرامی میں عموماً اور امام الانبیاء سرورِ عالم ﷺ کے عنصر پاک میں خصوصاً اس کا ظہور اور نور نظر آتا ہے۔

صلح حدیبیہ میں کفار نے ایک شرط یہ رکھی تھی کہ جو شخص قریش میں سے مسلمان ہو کر مسلمانوں سے جا ملے گا' اسے قریش کے پاس واپس کر دیا جائے گا مگر جو شخص مسلمانوں میں سے نکل کر کفار میں جا ملے گا وہ مسلمانوں کو واپس نہ دیا جائے گا۔

شرط مذکور اپنے ظاہری الفاظ میں ذلت آمیز نظر آتی ہے۔ لہٰذا عمر فاروق، اسید بن حضیر' سعد بن عبادہ' سہل بن حنیف رضی اللہ عنہم جیسے غیرت مندانِ اسلام نے جو شبانہ روز اَعِزَّ الْإِسْلَامَ وَالْمُسْلِمِيْنَ کا ورد کرتے تھے' اس شرط کو حمیت مسلمین اور عزت اسلام کے منافی سمجھا۔

جب انھوں نے اس بارہ میں حضور ﷺ سے اپنی رائے کا اظہار کیا تو حضور ﷺ نے ان کے دلائل کی تردید کی اور نہ ان کے اقوال کی تضعیف، بلکہ زبان عالی سے یہ فرمایا:

إِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ لَسْتُ اَعْصِيْهِ وَهُوَ نَاصِرِيْ [1]

''میں اللہ کا رسول ہوں، میں اس کے حکم کے خلاف کچھ نہیں کر سکتا' وہی میرا مددگار بھی ہے''

اس سے صاف روشن ہو گیا کہ نبی ﷺ کس قدر زیادہ طاعت و انقیاد الٰہی کے پابند تھے کہ حمیت و حمایت ظاہری اور وقار عزت یعنی نومسلموں کی جنبہ داری یا مرتدین کی تعزیر کے مسلمہ اصول بھی حضور ﷺ کے ذوق اطاعت اور کمال انقیاد سے الگ نہ کر سکتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے بھی اس حسن عمل کا بدل اس جنس عمل کی صورت میں حضور ﷺ کو ارزانی فرمایا' اور حضور ﷺ کی اطاعت کو جملہ عالم و عالمیان پر فرض عین ٹھہرایا۔ فرمایا:

① ﴿ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ﴾ [النساء:80]

''جس نے محمد رسول اللہ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی بھی اطاعت کی۔''

② ﴿ اِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ﴾ [النور:54]

''اے لوگو! اگر تم رسول کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پا لو گے۔''

16 وَالْجِهَادُ خُلُقِيْ

جہاد میری خصلت ہے۔

جہاد پوری کوشش سے کام کرنا، محنت، طاقت اور توجہ کو کسی کام میں لگا دینا۔ خلق طبیعت، جبلت، پیدائشی خصلت۔

---

[1] زرقانی جلد 3، ص:204

جہاد شریعہ کی دو اقسام ہیں: جہاد بالمال اور جہاد بالنفس۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ ﴾ [الصف:11]

''اللہ کی راہ میں مالوں کے ساتھ اور جانوں کے ساتھ جہاد کرو۔''

مال کی قربانی بھی سخت دشوار ہے اور ایثار جانی بھی سخت مشکل۔ بہت لوگ جان کے بچاؤ میں مال کی پروا نہیں کرتے اور اکثر ایسے ہیں جو مال کے لیے جان کو بھی ہلاکت میں ڈال دینا آسان سمجھتے ہیں۔ جہاں مال اور جان دونوں کے نثار کرنے کا سوال ہو' وہاں پورا اترنا اللہ تعالیٰ کے مخلص بندوں ہی کا کام ہے۔ بسا اوقات یہی مال و جان انسان کو اس کے فرائض ذاتی و قومی اور واجبات اخلاقی و دینی کے ادا کرنے میں سخت حائل ہو جایا کرتے ہیں، لیکن اللہ کی راہ کے فدائی ہر شے کو اپنے مولیٰ کی رضا پر قربان کر دیتے ہیں' قرآن مجید کی ایک آیت میں فرمایا گیا ہے:

﴿ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ﴾ [الحج:78]

''اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ جہاد کرنے کا حق ہے۔''

اس جہاد سے مراد علم الٰہی کی تحصیل' رضائے ربانی کا حصول، تقرب سبحانی کا شوق' مدارج روحی کا ارتقاء مراد ہے اور کچھ شک نہیں کہ اس جہاد میں صرف طاقت اور اخلاص توجہ بمعنی لغوی اور ایمان و عمل صالحہ بمعنی شرعی بہمہ وجوہ درکار ہیں۔

جہاد کے معنی اعدائے دین کو تحت میں لانا' اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے وسائل مالی و جانی کو مجتمع کر دینا بھی ہیں۔

نبی کریم ﷺ کی سیرت پاک پر نگاہ ڈالو کہ جہاد کی ان جملہ اقسام میں حضور ﷺ جملہ افراد امت سے کس قدر بڑھے ہوئے تھے۔

حضور ﷺ کا عزم و ارادہ اور نیت و تمنا، حضور ﷺ کا آرام و قیام اسی جہاد فی اللہ کے لیے تھا۔

وہ آسودگی و آرمیدگی جو خاصہ اہل حکومت ہے۔

وہ وہن و ضعف جو لاحق احوال امراء ہے۔

وہ کسل و جمود جو محبوب مترفین ہے، ان میں سے کسی کا بھی کوئی اثر ذات گرامی پر نہ تھا۔

جد و جہد، سعی و طلب، ارتقا و ارتفاع، سوز و گداز، حزن و شوق حضور ﷺ کے خدام دربار تھے اور اسی اسوہ عالیہ کا فیضان تھا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم خویش و تبار سے، زن و اولاد سے جدا، ضیاع و زرع سے دور، آرام و آسائش سے نفور ہو کر ہمہ تن، ہمہ دل جہاد فی اللہ میں مشغول تھے۔ اسی صفت عالیہ کے تحت میں انھوں نے وطن کو خیر باد کہا اور زیست دنیوی کو حیات دنی قرار دیا۔ وطن سے نکلنے اور تمام دنیا کو ہمت بلند، عزم راسخ، طلب صادق، سعی موفور کی ایسی تعلیم دے گئے کہ مشرق سے مغرب تک

﴿ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ﴾ [التوبۃ:40] ''اللہ تعالیٰ کا کلمہ ہی بلند رہنے والا ہے۔''

اسی نمونہ کا نتیجہ تھا کہ لوگوں نے دنیا کا دار العمل ہونا سمجھ لیا' انفاس کا پاس ہونے لگا، حیات ارضی کے بعد حیات روحی کا نظارہ آنکھ کے سامنے ہو گیا۔

اسی تعلیم کا نتیجہ تھا کہ مدت قلیل میں فوائد کثیرہ، فتوحات عظیمہ، غنائم وافرہ، نتائج عالیہ حاصل ہو گئے۔

کاش! مسلمان اسی علم و عمل کو مآل زندگی سمجھیں اور سعی و طلب کو اپنی جبلت و فطرت بنا لیں اور وہ بھی دنیا کی زندہ اقوام میں

زندہ کہلانے کا لقب حاصل کر سکیں۔

نہیں، نہیں، دنیا میں آج زندہ اقوام کہلانے والی قوموں کا مطمع نظر بہت پست ہے۔ اہل ایمان کو اپنی نیت و فعل اور عزم و عمل کے لحاظ سے اپنی ہمت کو بہت بلند رکھنا ضروری ہے تا کہ انھیں انبیا و صدیقین اور شہداء کی معیت حاصل ہو جائے اور سعادت دارین کا تاج جسے تاج خلافت بھی کہا جاتا ہے ان کے سر پر رکھا جائے۔

17 وَقُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ

میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔

حج عمر میں ایک دفعہ ہے ادائے زکوۃ کے لیے سال میں ایک دن کا مقرر کر لینا کافی ہے صوم رمضان گیارہ ماہ کے بعد آتے ہیں۔

مگر نماز ایک دن میں پانچ (5) دفعہ پڑھنا فرض ہے۔ سات (7) برس کے بچے کو نماز پر لگانے اور دس (10) برس کے بچے کو ترک نماز پر تادیب کرنے کا حکم ہے۔ سفر ہو یا مرض' مفلسی ہو یا امیری' اسیری ہو یا آزادی، نوکری ہو یا گھر پر فرض نماز کسی وقت اور کسی جگہ ساقط نہیں ہوتی' جب تک ہوش حواس درست ہیں' نماز کی فرضیت قائم رہتی ہے۔ اعمال میں نماز سب سے پہلے فرض ہوتی ہے اور سب سے اخیر تک فرض رہتی ہے۔ نماز ہی کی بابت سب سے پہلے سوال بروز محشر ہوگا۔

عماد دین نماز ہے، شوکت اسلام نماز ہے، اسلام کا خیمہ اسی چوب پر استادہ ہوتا ہے، مسجدوں کی تعمیر، اذانوں کا اعلان' خطیب اور پیش نمازوں کا تقرر، سب کچھ نماز کے لیے ہے۔ حفاظ قرآن کی عزت' محراب مسجد سے آشکار ہوتی ہے اور علمائے دین کی فضیلت منبر مسجد سے نمودار ہوتی ہے۔

نماز ہی اجتماع و تنظیم کا سبق آموز ہے اور نماز ہی پابندی اوقات کا خوگر بنانے والی ہے۔ نماز ہی مختلف المزاج افراد کو مرکز واحد پر لاتی ہے اور نماز ہی قوم کو پسند کردہ امیر کی اطاعت کا عملی سبق پڑھاتی ہے۔

نماز ہی بندہ کو بدن، لباس اور مقام کو پاک و پاکیزہ اور صاف مجلی رکھنے کا ذریعہ ہے۔ نماز ہی سحر خیزی سکھلاتی ہے اور نماز ہی بیہودہ تھیٹروں' تماشاؤں میں انسان کی صحت اور روپیہ اور وقت کی حفاظت کرتی ہے۔ نماز ہی دل میں ایک ایسی کشش پیدا کر دیتی ہے جس سے دل کا تعلق رب العالمین کی حضوری سے ہو جاتا ہے۔

نماز ہی ہر انسان کو دربار الٰہی میں حاضر ہو سکنے کا اعزاز عطا کرتی ہے اور نماز ہی انسان اور رب میں سرگوشی و ہم کلامی کا راز کھول دیتی ہے۔ نماز ہی کمال عبودیت ہے اور نماز ہی تکمیل انسانیت، نماز ہی اخلاق حسنہ کی ہادی ہے اور نماز ہی عادات سیہ کی سپر ہے۔ نماز ہی مغفرت و رحمت ہے اور نماز ہی نور و برہان ہے۔ نماز ہی سے رب العالمین کے عالمگیر علم و قدرت کا یقین مستحکم ہوتا ہے اور نماز ہی سے فرزندان اسلام کی عالمگیر اخوت کا سلسلہ پائدار بنتا ہے۔ نماز ہی سے احسانیات کے مراتب طے ہوتے ہیں اور نماز ہی سے تجلیات حضور ﷺ کی اشاعت نور ہوتی ہے۔ جس دین میں نماز نہیں وہ دین ہی نہیں۔ مومنین کے لیے نماز کو معراج فرمایا گیا ہے اور حالت سجدہ کو بندہ کا بارگاہ سبحانی سے قریب تر ہونا بتلایا گیا ہے۔

بزرگان دین سمجھتے تھے کہ چنچل من صرف نماز ہی سے سکینہ یاب ہوتا ہے اور ہر وقت سوچنے والا دماغ صرف نماز ہی میں انابت الی اللہ کا مزہ پاتا ہے۔ نماز ہی ہے جس کا اثر انسان کے جسم اور دل اور دماغ اور نفس روح اور سر او راخفی پر یکساں پڑتا ہے اور نماز ہی ہے جو

بہ حالت ارتعاب انسان کو ملکوتی صفات بنا دیتی ہے۔

جملہ ادیان پر جو فضیلت اسلام کو ہے از اں جملہ یہ ایک بڑی دلیل ہے کہ اسلام ہی بندہ کو پانچ وقت اللہ کے حضور ﷺ میں لے جاتا اور بے واسطہ دیگر براہ راست عرض و معروض کا موقع عطا کرتا ہے۔ جب نماز کی یہ برکات عامۃ المسلمین کے لیے ہیں تو کچھ شک نہیں رہ جاتا ہے کہ نبی ﷺ کی نماز اپنی نورانیت میں سارے جہاں کی نمازوں سے اعلیٰ و برتر تھی۔

ایک مذنب ذلیل، خائب و خاسر کی عبادت کو ایک مصطفیٰ و مجتبیٰ، سید الوریٰ، حبیب رب العلیٰ ﷺ کی نماز کے ساتھ کیا مناسبت و مشابہت ہو سکتی ہے۔؟

البتہ حدیث پاک سے اس قدر مستنبط ہوا کہ نبی ﷺ کے کلمہ خوانوں کو اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک نماز ہی کو بنانا چاہیے، جیسا کہ حضور ﷺ رسالت مآب نے نماز کو قرۃ العین فرمایا ہے۔

صلی اللہ علیہ و آلہٖ و اصحابہ وسلم

باب دوم 2

خصائص القرآن

قرآن کریم وہ پاک کتاب ہے، جسے نبی ﷺ نے کلام اللہ بتا کر اپنی زبان مبارک سے حرفاً حرفاً سنایا۔ لہٰذا سیرت نگار نبوی ﷺ کا فرض ہے کہ قرآن مجید کے متعلق بھی ضروری مباحث کو سیرت نبوی ﷺ کے ساتھ ساتھ پیش کرے۔ کتاب ہذا کی جلد اول میں بھی اس بحث پر چند اوراق پیش کیے جا چکے ہیں۔ اب اس اختصار سے کچھ آگے بڑھ کر چند مبحث ہدیہ ناظرین کیے جاتے ہیں۔

قرآن پاک کے نام بھی اسماء الحسنٰی کی طرح 99 تک پہنچ گئے ہیں، لیکن سب سے زیادہ خاص اس کا نام مبارک ''کلام اللہ'' ہے اور سب سے بڑھ کر مشہور اس کا نام ''القرآن'' ہے۔

امام ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ''المشوق الی علوم القرآن'' میں تحریر فرمایا ہے کہ لفظ قرآن محاورۂ **قَرَاتِ الْحَوْضُ** سے ماخوذ ہے، جو حوض پانی سے لبالب لبریز ہوتا ہے، اسے **قَـرَاتِ الْـحَـوْضُ** کہا کرتے ہیں۔ چوں کہ قرآن پاک جملہ علوم پر محتوی اور عرفان تام کا ظرف اور حقائق اصلیہ سے پر ہے اس لیے اس کا نام قرآن ہوا۔ (1) اب ذیل میں متعدد عنوانات کے ساتھ چند مباحث پیش کیے جاتے ہیں۔

فصل اول 1

ضرورتِ قرآن

قرآن مجید کی ضرورت معلوم کرنی ہو تو سب صاحبان کو اس زمانہ کی تاریخ اور صفحۂ عالم کی حالت پر غور کرنا چاہیے۔

ایران کے مجوس کا سراپا شرک کی نجاست میں غرق ہونا اور احاطۂ انسانیت سے نکل کر ان کی ماں بیٹی، بہن سے ازدواج کو جائز و مباح سمجھ لینا۔

روما چرچ کے عیسائیوں کا صریح بت پرستی میں مبتلا ہو کر اس مشرکانہ عقیدہ کی ترویج میں لاکھوں بندگان الٰہی کا خون پانی کی طرح بہانا۔

چین کا قبر پرستی اور بھوت پریت کی عبادت میں محو ہو جانا اور پھر خود کو آسمانی فرزند کہلانے کا مستحق قرار دینا۔

اس کا فسق و فجور میں پڑ کر شراب کو بہترین افعال انسانی قرار دینا، مرد و عورت کی برہنگی کے اعضاء کی مثالوں کو سب شودوالوں میں قائم کرنا، دختر کشی اور قمار بازی کو شرافت کا نشان قرار دینا۔

عرب کا بعض صفات بالا میں اکثر ممالک سے بڑھ جانا۔

الغرض معمورہ عالم پر سخت تاریکی چھائی ہوئی تھی اور ان ضلالتوں کے دور کرنے میں وہ کتابیں جو دنیا میں پہلے سے نازل شدہ تھیں، ناکافی ثابت ہو چکی تھیں۔

ان کا تمام عالم کے بگڑے ہوئے آوے پر تو کیا اثر ہوتا کہ خود اس قوم (جس میں اس کتاب کا نزول ہوا) دائرہ اطاعت میں نہ رہی تھی۔ اس لیے ضرورت تھی ایک ایسی مہیمن کتاب کی جس میں تمام عالم کی اصلاح کی طاقت ہو اور تمام کتابوں کو اپنے اندر جمع کر لینے

(1) المشوق الی علوم القرآن، ص: 244

کی قابلیت اور بلحاظ اپنی مجموعی شان کے دیگر اوراق پریشان سے دنیا بھر کو مستغنی کر دیتی۔

ہاں! جس طرح سخت گرمی اور حبس کے بعد باران رحمت کا نزول ہوتا ہے، جس طرح رات کی سخت تاریکی کے بعد خورشید عالم افروز طلوع فرماتا ہے، اسی طرح تمام دنیا پر پھیلی ہوئی ظلمت مظلمہ ہی نے قرآن مجید کے نور مبین کی ضرورت کو افراد عالم کے دل و دماغ میں ثابت و محسوس کرا دیا تھا۔

لہٰذا اسی رحمت ربانیہ نے جو انسان کو عدم سے وجود میں لانے اور نطفہ سے انسان کامل بنانے میں کارفرما ہے، ہماری روحانی ضرورت کے لیے اس نور و ہدایت کو نازل فرمایا۔

بدبختی سے ہند میں ایسا فرقہ بھی پیدا ہو گیا ہے جو رب کریم کو ارحم الراحمین تو مانتا ہے مگر پھر بھی اس کلام الٰہی کے دنیا میں نازل ہونے کی ضرورت سے انکار ہے۔

یہ کور سواد تسلیم کرتے ہیں کہ اس ﴿نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ﴾ [النور:35] نے اگر آنکھ کو بینائی دی ہے تو دیکھنے کے لیے ان گنت رنگتیں بھی بنائی ہیں۔

اگر کان کو شنوائی ملی ہے تو سننے کے لیے بھانت بھانت کی آوازیں بھی پیدا کی ہیں۔ پاؤں چل سکتا ہے تو اس کی جولانی کے لیے فرش زمین میں ہموار و ناہموار راہیں بھی نکال دی ہیں۔ منہ کھا سکتا ہے، تو ذائقہ کے واسطے میٹھے، سلونے کھٹے، پھیکے کھانے بھی مہیا کیے ہیں۔ یعنی جس قدر حواس ظاہری اور قوائے باطنی جسم انسان میں پائے جاتے ہیں اس کے متعلق ایک ایک جداگانہ عالم بھی پیدا کیا گیا ہے۔

مگر ان کو اب بھی سخت انکار ہے کہ روح انسانی کے لیے (جو فطرت انسانی کی خزینہ دار اور اس کی مملکت کی حکمران ہے) کوئی جداگانہ عالم موجود ہو، اگر یہ لوگ روح کا انکار کر دیتے تو ان کی حالت پر اتنا افسوس نہ ہوتا لیکن روح کا اقرار اور رحمت الٰہیہ کی جانب سے اس کے لیے عالم خاص کا انکار قطعاً اسرار فطرت سے عدم آگاہی پر مبنی ہے، خیر یہ تو جملہ معترضہ تھا۔

ضرورت قرآن حمید کے ثبوت میں ہم دنیا کے سامنے دنیا کی تاریخ رکھ دیتے ہیں۔

نیز ان تمام ترقیات کو دنیا کے ہر ایک مذہب نے نزول قرآن مجید اور اشاعت کتاب حمید کے بعد اپنے عقائد اور اصول میں کی ہے اور ان تمام اصطلاحات کو بھی اپنی دلیل میں پیش کرتے ہیں جو غیر مسلم اقوام نے اس 1352 سال کی مدت رسالت محمدیہ ﷺ میں تعلیم قرآن سے استفادہ کرتے ہوئے اپنے اپنے مذہب اور مسلک میں داخل کر لی ہیں۔

ان ترقیات و اصطلاحات کے ازمنہ ارتقاء کی تاریخ معلوم کرنے کے بعد امید قوی ہے کہ ہر ایک مصنف کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ فی الواقع معمورۂ عالم کو قرآن مجید کے نزول کی سخت ضرورت و احتیاج تھی۔

فصاحت و بلاغت قرآن

اگر کسی کو فصاحت و بلاغت قرآنی کا اندازہ کرنا ہو تو اسے یاد رکھنا چاہیے کہ اس کام کے لیے زبان دانی کامل کی ضرورت ہے۔

اور علم معانی و بیان و بدیع میں اعلیٰ درجہ کی مہارت کا ہونا لازمی ہے۔

اور پھر فہم سلیم و طبع ہموار کی شرط لابدی ہے۔

اگر یہ آنکھیں، یہ عینک، یہ دوربین کسی کو مل جائے تو وہ بے اختیار بول اٹھے گا کہ قرآن عظیم کی فصاحت و بلاغت طاقت بشری سے بالاتر ہے۔

جہلائے عرب شیدائی زبان اور فدائی حسن بیان تھے اور اسی وجہ سے وہ اسالیب غریب وقصائد عجیب کے مالک، رجز فاخرہ و اسجاع موجزہ اور خطب بلیغہ کے انشا پر قادر تھے۔

صرف اسی قابلیت کے وجود نے بڑے بڑے زبان آوروں، خطیبوں اور شاعروں سے منوادیا تھا کہ قرآن کلام بشر نہیں۔

ذرا غور کرو، دنیا کے کسی ملک میں کبھی ایسا ہوا ہے کہ کسی شخص نے کوئی ایسا دعویٰ کیا ہو جو دنیا بھر سے نرالا اور فائق تر ہو، جیسے خاتم النبیین، رسول کافۃ للناس، رحمۃ للعالمین، مطاع عالم ﷺ کے اعلام سے نمایاں ہے اور ثبوت دعویٰ میں ایک تصنیف کو پیش کر دیا ہو اور اسی کو اپنے صدق وکذب کا معیار ٹھہرایا ہو اور اس دعویٰ کا انکار کرنے والوں کو ضلالت وعمایت (اندھاپن) اور خلود نار وغیرہ کی ذلتوں کے مواعید سے جوش بھی دلایا ہو۔

پھر ایسی حالت میں بھی اسی ملک کے رہنے والے، اسی کی زبان کے بولنے والے، اسی زبان کے قادر الکلام اور سحر البیان لوگ اس کے سامنے ساکت وخاموش اور متحیر ومدہوش رہ گئے ہوں۔

① ہم تو سمجھتے ہیں کہ تاریخ ایسی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے، قرآن مجید کے پیش کرنے والے (فداہ ابی وامی) نے معارضہ کی چھ (6) قسمیں بتلائی ہیں اور ہر ایک قسم کے مقابلہ میں سب کو عاجز ودرماندہ ثابت کر کے اپنی صداقت کو آفتاب روشن کی طرح آشکارا کر دیا۔

نتیجہ یہ ہوا کہ قرآن مجید گو عربی مبین ہے، مگر اس کی فصاحت وبلاغت کا جو درجہ ہے وہ تمام عالم کی کتب سے بالاتر ہے۔

② اب یہ بھی ملحوظ خاطر رہنا چاہیے کہ فردوسی، ہومر (Homer)، سعدی وشیکسپیئر (Shakespeare) والمیک (Walmake) وملٹن (Milton)، گوئٹے وبیکن (Beacon) نابغہ وسسرو، امراء القیس وخسرو وغیرہ جن کی فصاحت وبلاغت کی بری بڑی تعریفیں مختلف السنہ کے متعلق مختلف اقوام نے کی ہیں ان سب کا جوش وخروش ایسی کتابوں میں نکلا ہے، جن کی بنیاد تخیلات وتصورات پر رکھی گئی ہے، جن میں ہر قسم کی تشبیہات واستعارات کے استعمال کی مصنف کو آزادی حاصل تھی، جن میں ترک غلو یا پابندی صداقت کی کوئی بندش نہ تھی۔

اگر انہی زبان آوران پر کلام کو کوئی قانون، کوئی ضابطہ لکھنا پڑتا، اگر حقائق الہیات اور رموز فطرت یا اسرار آفرینش پر ان کو چند سطور بھی تحریر کرنی ہوتیں تو دنیا دیکھ لیتی کہ عبارت کتنی پھیکی، بندش کتنی سست اور الفاظ کیسے کھٹیل، طرز ادا کتنا متبذل ہوتا۔

یہ قرآن حکیم ہی کا حصہ ہے کہ وہ احکام شریعت اور مواعظ وامثال، اخبار وانذار میں زبان ماضی کی سرگزشت اور عہد مستقبل کی حالت پر آیات کا القا فرما رہا ہے اور بایں ہمہ کلام میں کسی جگہ بھی نہ صداقت وروحانیت کے درجہ سے گرا اور نہ فصاحت وبلاغت کے مرکز سے متزلزل ہوا ہے۔

③ انداز فصاحت وبلاغت کے وقت یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ساری دنیا کے مسلمہ ومقتدر فصحاء کے میدان کلام اور وادی سخن بھی خاص خاص ہوتے ہیں۔ سعدی کی نصیحت قعر قلب میں جگہ پالیتی ہے لیکن بزم ونشاط کی بساط کا بچھانا اور ناز واختلاط کے کواڑ کھول دینا اس کی طاقت سے باہر ہے۔

فردوسی کے بیان جنگ کو پڑھنے والا سمجھتا ہے کہ وہ کوئی سینما دیکھ رہا ہے، لیکن مواعظ واخلاق کی سڑک پر اس کا خنگ قلم لنگڑاتا ہوا ہی نظر آتا ہے۔

عرب کے امراء القیس وعنترہ، ابونواس وابوالعتاہیہ کا بھی یہی حال ہے۔ جرمنی وفرانس، اٹلی وانگلستان کے اہل قلم (شاعروں، ناول نویسوں، اڈیٹروں، یا زبان آوروں، پروفیسروں، لیکچراروں) میں بھی یہی تفاوت درجات موجود ہے۔ رینالڈ (Renald) کبھی گبن (Gibben) نہیں بن سکتا، اور کارلائل (Carlyle) کبھی شیکسپیئر (Shakespeare) کا روپ نہیں دھار سکتا، ہربرٹ (Herbert)، سپنر (Spinner) اور نارتھ بروک (North Brook) کی زبان کبھی ایک نہیں ہوسکتی۔

قرآن کریم پڑھو، اسے موجودہ ماہیات وکیفیات کے متعلق کس قدر دلائل ساطعہ وبراہین بینہ سے کام لینا پڑا۔

اسے اقوام ماضیہ کے عروج وزوال اور اس کے لوازم واسباب پر کیا کچھ بیان کرنے کی ضرورت ہوئی۔ اس نے مذاہب و ادیان وعقائد ومسلمات انسان پر کتنی تیز روشنی ڈالی۔

اس نے روح ومادہ اور اعمال کی بابت کس قدر اسرار آشکار کیے۔

اس نے تدبیر منزل وسیاست مدن، حقوق افراد وجوب قوم کی نسبت کتنے قوانین وضوابط ایجاد کیے۔

اور ان سب کی تبیین ووضوح کے سلسلہ میں اسے کس قدر اقسام سخن اور اسالیب کلام پر تکلم کی ضرورت ہوئی لیکن ہر جگہ کلام کی شان، الفاظ کی شوکت، معانی کا حسن اسی خصوصیت کے ساتھ جلوہ گستر ونور افزا ہے، جیسا کہ اثبات توحید ورد شرک وابطال باطل واحقاق حق کی فضا میں عطر بیز وروح پرور تھا۔ یہ وہ وقائع کلام ہیں، جن کو وہی لوگ سمجھ سکتے ہیں جنھوں نے اپنی لمبی لمبی عمروں کو اسی شوق فہم و ذوق وجدان میں پورا کر دیا ہے۔

④ فصاحت وبلاغت کا تعلق جزالت الفاظ سے بھی ہے اور اشاقت معنی سے بھی۔ ہم اس جگہ چند آیات کا اقتباس پیش کرتے ہیں، ان کے ہمہ گیر معانی پر غور کرو اور خوب غور سے دیکھو کہ تہذیب اخلاق، تہذیب نفس، تدبیر منزل، حصانت قوم اور سیاست مدن کا کون سا ضروری مسئلہ ہے جو ان چند آیات سے باہر رہ گیا ہے۔ اسی سے قرآن مجید کی 6666 آیات شریفہ کا اندازہ کرو اور ان علوم ومعارف کا تخمینہ لگاؤ جو ان آیات میں محفوظ کیے گئے ہیں۔

ان آیات کے پیش کرنے سے کوئی شخص یہ نہ سمجھ لے کہ ہم صرف اتنی ہی آیات کو پیش کر سکتے تھے یا یہی چند آیات نمونہ بنائے جانے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ لاواللہ!

اس وقت ہماری مثال اس گل چیں کی سی ہے جو ایک گلستان تازہ بہار کی سیر کو نکلتا اور واپسی کے وقت وہاں سے چند گل شاداب کو زیب سر وسینہ بنالیتا ہے، کوئی شخص کہہ سکتا ہے کہ اس گل چیں کے بعد باغ میں پھول باقی ہی نہیں رہے، یا جو باقی ہیں وہ سب آب و رنگ میں یا نزہت ونزاکت میں گلہائے چیدہ سے کم ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس کا جواب یقیناً منفی ہوگا۔

① اصول عبادت

﴿ وَمَالِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴾ [یٰس:22]

''کیا وجہ ہے کہ میں اس ذات کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور جس کی طرف ہم تم سب کو لوٹ کر جانا ہے۔''

② شرافت انسانیت

﴿ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ

﴿ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلاً ﴾ [بنی اسرائیل:70]

''ہم نے فرزندان آدم کو عزت دی اور بحر و بر میں ان کے لیے سواریاں عطا کیں اور پاکیزہ چیزیں ان کو کھلائیں اور اپنی بہت سی مخلوقات پر ان کو برترین فضیلت عطا کی۔''

③ اوامر یعنی کرنے کے کام

﴿ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَ اِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی ﴾ [النحل:90]

''اللہ تعالیٰ کا حکم یہ ہے کہ عدل و احسان کرو اور قرابت داروں کے ساتھ عمدہ سلوک کرو۔''

④ نواہی یعنی نہ کرنے کے کام

﴿ وَ یَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ ﴾ [النحل:90]

''اللہ تعالیٰ بے حیائی کے کاموں سے اور بغاوت سے اور ناپسندیدہ امور سے تم کو منع کرتا ہے۔''

⑤ محرمات

﴿ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْیَ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِکُوْا بِاللّٰہِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِہٖ سُلْطٰنًا وَّ اَنْ تَقُوْلُوْا عَلَی اللّٰہِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴾ [الاعراف:33]

''میرے پروردگار نے مندرجہ ذیل باتوں کو حرام ٹھہرا دیا ہے۔''

① بے حیائی کی سب صورتیں کھلی ہوں یا چھپی ہوئی۔

② گناہ ③ بغاوت ناحق۔

④ اللہ کے ساتھ شرک، جس کے جواز کی بابت کوئی عقلی و نقلی دلیل موجود نہیں۔

⑤ اللہ تعالیٰ کے خلاف اپنی بے علمی سے باتیں بنانا۔

⑥ تعاون

﴿ تَعَاوَنُوْا عَلَی الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی ﴾ [المائدہ:2]

''نیکی اور خدا ترسی کی جملہ اقسام میں ایک دوسرے کو مدد دیا کرو۔''

⑦ عدم تعاون

﴿ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَی الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ﴾ [المائدہ:2]

''گناہ اور سرکشی کی جملہ اقسام میں کسی کی کچھ مدد نہ کرو۔''

⑧ جملہ اعضائے انسانی اپنے اپنے افعال کے ذمہ دار ہیں

﴿ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ کُلُّ اُولٰٓئِکَ کَانَ عَنْہُ مَسْئُوْلًا ﴾

مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلاً ﴾ [بنی اسرائیل:70]

''ہم نے فرزندان آدم کو عزت دی اور بحر و بر میں ان کے لیے سواریاں عطا کیں اور پاکیزہ چیزیں ان کو کھلائیں اور اپنی بہت سی مخلوقات پر ان کو برترین فضیلت عطا کی۔''

③ اوامر یعنی کرنے کے کام

﴿ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآءِ ذِى الْقُرْبٰى ﴾ [النحل:90]

''اللہ تعالیٰ کا حکم یہ ہے کہ عدل واحسان کرو اور قرابت داروں کے ساتھ عمدہ سلوک کرو۔''

④ نواہی یعنی نہ کرنے کے کام

﴿ وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ﴾ [النحل:90]

''اللہ تعالیٰ بے حیائی کے کاموں سے اور بغاوت سے اور ناپسندیدہ امور سے تم کو منع کرتا ہے۔''

⑤ محرمات

﴿ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطَانًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴾ [الاعراف:33]

''میرے پروردگار نے مندرجہ ذیل باتوں کو حرام ٹھہرا دیا ہے۔''

① بے حیائی کی سب صورتیں کھلی ہوں یا چھپی ہوئی۔

② گناہ ③ بغاوت ناحق۔

④ اللہ کے ساتھ شرک، جس کے جواز کی بابت کوئی عقلی ونقلی دلیل موجود نہیں۔

⑤ اللہ تعالیٰ کے خلاف اپنی بے علمی سے باتیں بنانا۔

⑥ تعاون

﴿ تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ﴾ [المائدہ:2]

''نیکی اور خدا ترسی کی جملہ اقسام میں ایک دوسرے کو مدد دیا کرو۔''

⑦ عدم تعاون

﴿ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ﴾ [المائدہ:2]

''گناہ اور سرکشی کی جملہ اقسام میں کسی کی کچھ مدد نہ کرو۔''

⑧ جملہ اعضائے انسانی اپنے اپنے افعال کے ذمہ دار ہیں

﴿ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ﴾

''جب قول ہوا اور فعل اس کے ساتھ نہ ہو تو خدا کے ہاں یہ بہت بیزاری کی بات ہے۔''

(16) اپنے افعال کی پوری پوری ذمہ داری

﴿ وَ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ﴾ [الانعام:164]

''کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے شخص کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔''

(17) برائی کی اشاعت بھی بری ہے

﴿ لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ﴾ [النساء: 148]

''برائی کا کھلا ذکر اللہ کو پسند نہیں، ہاں مظلوم اس سے مستثنٰی ہے۔''

(18) حلم وتواضع کی تعلیم

﴿ وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴾

''رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر خاکساری سے چلتے ہیں اور جاہلوں کے ساتھ بات چیت کے وقت وہ جاہلوں کو سلام کہتے ہیں۔'' [الفرقان:63]

(19) ناپسندیدہ عادتیں

﴿ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴾ [لقمان:18]

''مکار اور جھوٹے فخر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا۔''

(20) چغلی سے نفرت دلانے والی مثال

﴿ وَ لَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا ﴾[الحجرات:12]

''تم میں سے کوئی بھی دوسرے کی چغلی نہ کرے، کیا تم مردہ بھائی کی لاش کا گوشت کھانا پسند کر سکتے ہو (چغلی کی یہی مثال ہے۔''

(21) نفع رسانی کی ضرورت وفضیلت

﴿ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ﴾ [آل عمران:92]

''تم اصل نیکی کو اس وقت تک حاصل نہیں کر سکتے، جب تک اللہ کی راہ میں اپنی پیاری چیزوں کو خرچ نہ کرو گے۔''

(22) اخوت عامہ کی تعلیم

﴿ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ ﴾ [الحجرات:10]

''سب ایمان والے آپس میں بھائی بھائی ہیں، یہی پکی بات ہے۔''

(23) عورتوں کے حقوق مردوں کے برابر ہیں

﴿ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ ﴾ [البقرہ 228]

''دستور کے مطابق حقوق عورتوں پر مردوں کے ہیں، ویسے ہی عورتوں کے حقوق مردوں پر ہیں۔''

(24) زن وشوہر کا اتحاد

﴿ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ﴾ [البقرہ 187]

''عورتیں مردوں کے لیے لباس ہیں اور مرد عورتوں کے لیے لباس ہیں۔''

(25) عورت کو جدا نہ کرنے کی نصیحت

﴿ وَاَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ ﴾ [الاحزاب:37] ''اپنی بیوی کو اپنے پاس رہنے دے اور اللہ سے ڈر۔''

(26) شکر کا حکم اور فائدہ

﴿ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ ﴾ [ابراہیم:7] اگر تم شکر کرو گے تو تم کو بڑھاتا رہوں گا۔

(27) امتحان الٰہی کی چیزیں

﴿ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ﴾ [التغابن 15] ''مال و دولت اور اولاد میں بندوں کا امتحان ہے۔''

(28) کسر نفسی کی تعلیم

﴿ وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ ﴾ [یوسف:53]

''میں نفس کو بری نہیں ٹھہراتا، نفس تو برائی کی طرف اکسایا کرتا ہے۔''

(29) جنگ سے بچنے کی تدبیر

﴿ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ ﴾ [الانفال:60]

''تم دشمنوں کے لیے اپنی پوری قوت سے تیار رہو اور سرحدات پر پوری فوجی تیاری رکھو، اس تدبیر سے تم اللہ کے اور اپنے دشمنوں کو روکے رکھو گے''

(30) جملہ محامد عالیہ کا مالک ہمارا پروردگار ہی ہے

﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴾ [الفاتحہ:1]

''اللہ، جو تمام مخلوقات کا پالنے والا ہے، وہی سب خوبیوں کا مالک ہے''

(31) دین الٰہی کی تعریف

﴿ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ﴾ [الروم:30]

''وہ سرشت الٰہی جس پر سب انسانوں کو پیدا کیا گیا ہے، اللہ کی پیدائش میں تبدیلی نہیں۔ یہی تو محکم و استوار دین ہے۔''

32 دین صحیحہ کا مقصد کیا ہے اور کیا نہیں

﴿ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴾ [المائدہ:6]

''وہ اللہ کا یہ ارادہ نہیں کہ تم پر کوئی دشواری ڈالے، اس کا تو ارادہ یہ ہے کہ تم کو پاک ومطہر بنائے اور اپنی نعمت تم پر تمام کرے کہ تم شکر گزار بنو''

33 رب برتر کا تعلق اہل ایمان کے ساتھ رحمت ومحبت کا ہے

1. ﴿ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ﴾ [الانعام:12]

''تمہارے پروردگار نے اپنی ذات پر رحمت کو لکھ رکھا ہے (جمع کر رکھا ہے)۔''

2. ﴿ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴾ [البروج:14]

''وہ تو بہت بخشنے والا محبت کرنے والا ہے۔''

3. ﴿ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ﴾ [البقرہ:257]

''اللہ تو ایمان والوں سے محبت کرنے والا ہے اور ان کا کارساز ہے اور ان سب کو تاریکیوں سے نکالتا ہے اور نور میں لاتا ہے۔''

34 انسان واحد کی جان کی قیمت

﴿ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَا اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ﴾ [المائدۃ:32]

''اگر کسی نے ایک انسان کو مارا (قصاص یا بلوہ کی سزا مستثنیٰ سمجھو) تو گویا اس نے تمام نوع انسانی کو قتل کر ڈالا اور جس کسی نے ایک انسان کو بھی ہلاکت سے بچالیا گویا اس نے تمام انسانوں کی زندگی کو بچالیا''

35 امن شکنی کی ممانعت

﴿ فَاذْكُرُوْا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴾ [الاعراف:74]

''اللہ کی نعمتوں کو یاد رکھو اور ملک میں فساد پھیلانے سے باز آ جاؤ۔''

36 اصول مصارف

﴿ وَالَّذِيْنَ اِذَا اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴾ [الفرقان:67]

''رحمٰن کے بندے وہ ہیں کہ جب خرچ کرتے ہیں، تب نہ اسراف کرتے ہیں اور نہ بخل کرتے ہیں اور ان حالتوں کی درمیانی حالت پر چلا کرتے ہیں''

37 مال ومنال دنیا سے آرام وآسائش بھی اٹھاؤ اور آخرت بھی کماؤ

﴿ وَابْتَغِ فِيْمَا اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ﴾ [القصص:77]

''جو کچھ خدا نے تجھے دیا ہے اس میں آخرت کی بھی طلب کر اور اپنا دنیوی حصہ بھی مت بھول جا اور بھلائی کیا کر، جیسا کہ اللہ نے تجھ سے بھلائی کی ہے''

38 امداد غرباو مساکین

﴿ فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴾ [الروم:38]

''قرابت والے اور مسکین اور مسافر کا حق ادا کیا کر، یہ باتیں ان لوگوں کے لیے بہتر ہیں جو اللہ کی خوشنودی چاہتے ہیں اور یہی لوگ ہیں جو فلاح پائیں گے''

39 سوگند (قسم) کھانے والا انسان بے اعتماد بن جاتا ہے

﴿ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ﴾ [القلم:10]

''جو کوئی شخص بہت سوگندیں کھاتا اور ذلیل بنتا ہے اس کا اعتبار نہ کرو''

40 اللہ عزوجل سے دعا مانگا کرو

﴿ وَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ﴾ [غافر:14]

''اللہ ہی سے دعا مانگا کرو، خالص اسی کے ہو کر اور اسی کے فرمانبردار بن کر رہو''

41 حمد خالق ومدح مخلوق

﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ ﴾ [النمل:59]

''حمد کا مالک اللہ ہے اور اللہ کے بندوں کے لیے سلام (سلامتی) ہے''

اس مختصر سے جملہ پر اور تقسیم مدارج پر جتنا زیادہ غور کیا جائے گا، اسی قدر زیادہ حقائق معلوم ہوں گے۔ اسی میں توحید ہے، اسی میں ردشرک، اسی میں برگزیدہ بندگان الٰہ کے مدارج علیا کا بیان۔

42 نظم عالم اور تناسب اجزاء عالم کا بیان

﴿ مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴾ [الملک:3]

''تو رحمٰن کی پیدا کردہ اشیاء میں کچھ فرق نہ دیکھے گا، ذرا آنکھ اٹھا کر دیکھ کیا تجھے کوئی نقص بھی نظر آیا''

43 قرآن مجید اور بیت العنکبوت کی مثال

﴿ اِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴾ [العنکبوت:41]

''سب گھروں میں کمزور عنکبوت کا گھر ہوتا ہے، اگر لوگوں کو علم ہو''

علم کو بیت العنکبوت سے متعلق فرمایا، اس لیے کہ عنکبوت کے گھر میں اہل علم کے لیے بڑے بڑے عجائب ہیں۔ جرمن پروفیسروں کا قول ہے کہ مکڑی کے جالے کا ہر ایک تار چار تاروں سے ملا ہوا ہوتا ہے اور ان چار تاروں میں ہر ایک تار ایک ہزار تار سے بنا ہوا ہوتا ہے۔ یعنی ایک تار میں چار ہزار تاگے ہوتے ہیں۔ اہل علم غور کریں کہ اس " اوھن البیوت " بنانے والی مکڑی کو اللہ تعالیٰ نے کس قدر فہم و فراست اور باریک نسج و خیاطت کی صنعت عطا فرمائی ہے۔

(44) قرآن مجید اور نحل (شہد کی مکھی) کی مثال

﴿ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ ﴾ [العنکبوت:41] ''تیرے رب نے شہد کی مکھی کو وحی کی''

شہد کے چھتہ کے اندر نظام قومی کا مستحکم آئین، فوج اور اہل صنعت کی جداگانہ تقسیم، جداگانہ خاندانوں کے علیحدہ علیحدہ محلے، بچہ دینے والی رانی کی حکومت، بچوں کی پرورش اور تربیت کی خدمات کو سرانجام دینے والا عملہ، شہد کے ذخیرے، ذخیروں کی حفاظت کے طریقے، شہد بنانے کے لیے ہزارہا اقسام کے پھولوں میں چاشنی کا نکال کرلانا، چھتے کے سب گھروں کا مسدس اور یکساں رقبہ ہونا، یہ جملہ امور اس نتیجہ کے موید ہیں کہ جب وحی ربانی کسی ذی روح کی تکمیل کی جانب متوجہ ہوتی ہے تو اسے کیا بنا دیتی ہے۔

اور جب قرآن جیسی وحی انسان جیسے ذی عقل و فہم اور ذی نطق و تدبر کے ارتقائے بدنی و روحی کی طرف التفات فرمائے تو اسے کن کن منازل تک بلند فرما دے گی۔

(45) قرآن مجید اور نمل (چیونٹی) کی مثال

﴿ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ وَ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَ جُنُوْدُهٗ وَ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴾

''چیونٹیوں کی رانی نے کہا: چیونٹیو! تم اپنی آرام گاہوں میں داخل ہو جاؤ، کہیں تم کو سلیمان اور اس کے لشکر ریزہ ریزہ نہ کر دیں اور ان کو اس کی خبر بھی نہ ہو۔'' [النمل:18]

اللہ اللہ! چیونٹیوں کے پاس ایسے مسکن موجود ہیں کہ جب وہ ان میں داخل ہو جائیں تو حضرت سلیمان علیہ السلام کا لشکر بھی ان کو نہ بگاڑ سکے۔

یہ آیت ہر ایک ضعیف قوم کو قوی تر قوم کے سامنے زندہ رہنے اور اپنی ہستی قائم رکھنے کے وسائل کی تعلیم دیتی ہے، جن میں

پہلا سبق: وہ اتحاد و اتفاق ہے کہ اپنے سردار کی رائے پر جملہ افراد قائم و عامل ہوں۔

دوسرا سبق: ذاتی حفاظت کا سامان ہر وقت مکمل رکھنا ہے۔

تیسرا سبق: کسی بالاتر طاقت کے ساتھ مقابلہ آرائی کا نہ کرنا ہے۔

چوتھا سبق: نقصان رسیدہ ہو جانے کی حالت میں بھی اس شخص کو الزام نہ دینا ہے جس کی نیت اور علم میں نقصان رسانی شامل نہ تھی۔

پانچواں سبق: جب مسلمانوں کی اجتماعی حالت چیونٹیوں کی سی ہو جائے تو ان کو قرآن پاک کی حفاظت میں داخل ہو جانا چاہیے۔

چھٹا سبق: آنے والے خطرات سے آگاہ کرنا امیر قوم کا فرض ہے۔

ساتواں سبق: چیونٹی کی مانند ضعیف ترین جنس بھی زندہ رہ سکتی ہے اگر وہ بقائے حیات کا عزم رکھتی ہے۔ اس لیے کسی قوم کا ضعف اس کے فنا کی دلیل نہیں۔

(46) قرآن مجید اور ارض و سماء کی اشیاء پر نظر اعتبار کا حکم

﴿ قُلِ انْظُرُوْا مَا ذَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ﴾ [یونس:101]

''آسمانوں اور زمین کے اندر کی سب چیزوں کو دیکھو کہ وہ کیا ہیں؟''

یہی آیت ہے جو جملہ انکشافات کی جڑ ہے۔ قدرت کی پیدا کردہ ہر شے کو نظر اعتبار سے دیکھنا، اس کے خواص اور ماہیت کا معلوم کرنا انسان کو بلند ترین ارتقاء پر پہنچانے والا ہے۔ افسوس ہم لوگ ایسے احکام کی تعمیل سے کس قدر لاپروا، قاصر اور غافل ہیں۔

(47) قرآن مجید اور فوائد بحر

﴿ وَهُوَ الَّذِیْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِیًّا وَّ تَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْیَةً تَلْبَسُوْنَهَا وَ تَرَی الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِیْهِ وَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴾ [النحل 14]

اللہ وہ ہے جس نے سمندر کو تمہارے فائدے کے لیے مسخر کر دیا، وہ فوائد یہ ہیں:

1. تازہ بتازہ گوشت، سمندر کی تجارت، ماہی گیری کا حال اگر کوئی پڑھے تو اسے معلوم ہو جائے کہ آج دنیا میں کروڑوں پونڈ اسی تجارت سے اقوام عالم کما رہی ہیں اور مسلمان جو آیت کریمہ کے مخاطب خاص تھے اس سے قطعاً محروم اور بے خبر ہیں۔
2. در و گوہر: جو انسان کی زینت اور لباس کی چیز ہے، اس کی تجارت بھی کروڑوں پونڈ کی ہے۔ عہد نبوی ﷺ اور خلفائے راشدین کے زمانہ میں بحرین [1] پر اسلامی قبضہ تھا جسے ہم کھو بیٹھے ہیں۔
3. جہاز رانی: دنیا پر شہنشاہی کے لیے اولین شرط ہے۔ امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے بیڑا قائم کیا اور بحری جزائر کریٹ، مالٹا، طرابلس وغیرہ فتح ہوئے۔

موسیٰ بن نصیر رحمہ اللہ اور جنرل طارق رحمہ اللہ نے سپین کو فتح کیا، خیر الدین باربروسا رحمہ اللہ نے ترکی کی سلطنت کا اقتدار سارے یورپ سے منوایا۔ بالآخر اس کو مسلمانوں نے ہیچ سمجھا اور دنیا کی شہنشاہیت سے محروم کر دیے گئے۔

4. بحری تجارت: جس میں بے شمار نفع ہے۔
5. مذکورہ بالا تموّل اور افراط دولت اور قوت حکومت کے بعد دینی فائدہ یعنی شکر نعمت الٰہی میں مصروفیت اشاعت اسلام، دور دراز ممالک میں تبلیغ اسی پر منحصر ہے۔ عبد الملک اموی کے عہد میں عرب سوداگروں ہی نے اسلام کو ہندوستان کے جنوبی سواحل پر پہنچایا۔ انھوں نے آسام، برما اور مشرقی بنگال کو مسلمان بنایا، جب کہ شمال مغربی سرحد سے حملہ آور (محمود وغیرہ) ہندوستان سے بالکل لاپروا تھے۔

---

[1] الحمد للہ! آج پھر بحرین آزاد، خود مختار اسلامی ملک ہے۔

فصل دوم 2

معانی عالیہ ومضامین نادرہ

مضامین میں ہمیشہ دو اعتبار ملحوظ ہوتے ہیں۔

① وسعت

وسعت کی بابت قرآن مجید کا خود دعویٰ ہے ﴿ لَا رَطْبٍ وَّ لَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴾ [الانعام:59]
''کوئی تر اور کوئی خشک چیز ایسی نہیں جو کتاب مبین میں لکھی ہوئی نہ ہو۔''

اسی دعویٰ کے اعتماد پر ایک ذی علم مسلمان کل دنیا کو مخاطب بنا کر یہ کہہ سکتا ہے کہ کوئی ایسا مسئلہ جس کا تعلق تہذیب نفس، تزکیہ روح، صفائی قلب اور حصول نجات سے ہو، خواہ اس کی بنیاد اعلیٰ فلسفہ پر ہو یا قدیم و جدید اکتشافات و تجربہ پر ہو، خواہ وہ اشراقیین کی الٰہیات سے لیا گیا ہو، یا الٰہیین کے شوارقات کوئی شخص ہمارے روبرو پیش کرے۔

ان شاء اللہ اسی مسئلہ کو وضوح تمام اور صحت کاملہ کے ساتھ قرآن مجید میں بیان شدہ دکھلایا جائے گا:

﴿ وَ لَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَ اَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ﴾ [الفرقان:33]
''یہ آپ کے پاس جو مثالیں لائیں گے ہم آپ کو انہیں کا عمدہ جواب بتا دیں گے''

یاد رکھو کہ کوئی علمی صداقت قرآن مجید پر مبادرت نہیں کر سکتی۔

② عمدگی

دنیا میں ہستی باری تعالیٰ کا یقین رکھنے والی جس قدر اقوام ہیں وہ علمی طور پر مسئلہ توحید کی ضرور قائل ہیں۔

ایک بت پرست و تثلیث پرست کو بھی اس امر میں مساعی دیکھا جائے گا کہ کثرت میں وحدت کو ثابت کرے۔

اب دیکھو، کہ یہ مسئلہ (جس کی خوبی پر تمام عالم متفق ہے اور جس کو اپنی اپنی کتابوں کے اندر ثابت کرنے کی ہر مذہب سعی کر رہا ہے) قرآن مجید سے بڑھ کر اور کسی جگہ نہ ملے گا۔

دیگر بیانات کو بیان قرآن کے سامنے وہی نسبت ہوگی جو مٹی میں ملے ہوئے پانی کو آب زلال کے ساتھ ہوتی ہے۔

اگر کسی کے دل میں اس واقعہ صحیحہ کے متعلق کچھ شک ہو تو وہ اپنی کتاب کو پیش کرے، جہاں سے ہم چاہیں۔ اس کی کتاب کو اور جہاں سے وہ چاہے قرآن مجید کو کھول لے، اس مقام سے آگے ایک ایک جزو کا ترجمہ کیا جائے اور وہ ترجمے تیسرے مذہب والے کے پاس بھیج دیے جائیں۔ فیصلہ طلب امر یہ ہوگا کہ توحید کا کامل تر اور واضح تر بیان کس کتاب میں ہے۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ﴿ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ ﴾ [الاسراء:88] ''قرآن جیسا کلام نہیں بنا سکتے'' کے مفہوم میں اگر چہ اس کی طرز بدیع اور الفاظ عالی اور بے مثل ترتیب اور لاثانی اسلوب اور فصاحت و بلاغت کی وہ معجز اور اجتماعی شان بھی شامل و داخل ہے جو اس کی عبارت میں نمایاں و درخشاں ہے، لیکن ان سے بھی بڑھ کر قرآن پاک کے وہ معانی پاک ہیں جو گراں الفاظ کی تہہ میں ایسے ہی موجود ہیں، جیسے حلہ زریں میں لولوئے شاہوار ہوتے ہیں۔

قرآن کریم جن مضامین عالیہ پر متضمن ہے اور جو اس کی خصوصیت خاصہ ہیں، یہ وہ بصائر ہیں، جو دیدہ کوتاہ بین کے حجاب اٹھا

دیتی اور آنکھوں کو روشن بنا دیتی ہیں۔ قرآن کریم نے فرمایا:

﴿ اَفَلَا یَنۡظُرُوۡنَ اِلَی الۡاِبِلِ کَیۡفَ خُلِقَتۡ ○ وَ اِلَی السَّمَآءِ کَیۡفَ رُفِعَتۡ ○ وَ اِلَی الۡجِبَالِ کَیۡفَ نُصِبَتۡ ○ وَ اِلَی الۡاَرۡضِ کَیۡفَ سُطِحَتۡ ﴾ [الغاشیۃ:17-20]

''کیا یہ اونٹوں کو نہیں دیکھتے کہ وہ کس طرح پیدا کیے گئے اور آسمان کی طرف نہیں دیکھتے وہ کیسے بلند کیا گیا اور پہاڑوں کی طرف نہیں دیکھتے وہ کیسے گاڑے گئے اور زمین کی طرف غور نہیں کرتے وہ کیسے بچھائی گئی۔''

قرآن کریم یہاں اونٹ، آسمان، پہاڑ، زمین کے نام لیتا ہے۔ کیا یہ وہی چیزیں نہیں جن کو ہر ایک بادیہ نشین بدوی ہر وقت دیکھا کرتا تھا، جو ہر ایک اعرابی کی آنکھوں کے سامنے موجود تھیں، لیکن ان سب کو دیکھتے ہوئے بھی دیکھنے والوں کی نظر خلقت و رفعت اور مکنت و فسحت کی کیفیت دریافت کرنے کی جانب کبھی نہیں اٹھتی تھی۔ قرآن مجید نے آنکھیں کھول دیں تو اب ان معانی کی کیفیت بھی معلوم ہونے لگی اور ہر ایک چیز سے خلاق مطلق کی قدرت و خالقیت اور رفیع الدرجات ذوالعرش کی فوقیت، سکون و حرکت کی آفرینش میں عزیز الحکیم کا غلبہ اور حکمت، لینیت (نزاکت) و صلابت اجسام میں گوناں گوں فوائد کی فراوانی و کثرت بھی نظر آنے لگی۔

عرب کے وہ بھیانک صحرا، وہ وادی جن کو آنکھ بھر کر دیکھنا ناگوارا تھا، اب صحیفہ فطرت کے طالبان علم کے لیے ورق دانش بن گئے۔

ہاں! قرآن پاک اپنے مضامین کے لحاظ سے علم ہے۔ ﴿ اَنۡزَلَہٗ بِعِلۡمِہٖ ﴾ [النساء:126] وہ شنوائی و بینائی اور دانش کے لیے گنجینہ خرد ہے اور قوائے مدرکہ اور حواس جارحہ کا رہبر ہے۔

وہ حیات قلب ہے اور نور روح، وہ راحت عاشقین ہے اور ہدایت طالبین۔

اقبال و دولت، مکنت فی الارض اور حکومت اس کی خدام ہیں، آرام دل اور انس جان قرۃ العین اور ضیائے بصیرت اس کی توابع ہیں۔

علم و حقیقت اور ہدایت و صداقت اس کے علم بردار ہیں۔ قرب و انشراح، رفاہ و صلاح اس کے حاشیہ بوس ہیں۔ نجات اخروی، فوز روحی، رضوان الٰہی وہ خلعت ہائے شرف ہیں جو اسی بارگاہ علیا سے عطا ہوتی ہیں۔

کاش! آنکھوں والے آنکھیں کھولیں اور سننے والے اس کی آواز پر کان لگائیں۔ صاحب دل دلوں کے غلاف اتار اتار کر اور بصیرت سے قفل کھول کھول کر کام لیں کہ حسن قرآن کی عالم افروزی و ملکوت نوازی ان پر روشن و مبرہن ہو جائے۔

فصل سوم 3

تاثیر قرآن

☐ عمر رضی اللہ عنہ جیسا شخص جسے آج بھی یورپ جنرل عمر رضی اللہ عنہ کے نام سے یاد کرتا ہے۔ گھر سے مسلح ہو کر نکلتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کا کام تمام کر دے، لیکن قرآن کی چند آیات سن کر شمشیر اس کے ہاتھ سے گر پڑتی ہے اور اپنی ہمشیرہ فاطمہ رضی اللہ عنہا ہی کے گھر سے ذلیل و منکسر ہو کر سرور کائنات ﷺ کے حضور حاضر ہو جاتا ہے اور ''فاروق'' رضی اللہ عنہ کے خطاب سے عزت پاتا ہے۔ [1]

---

[1] دلائل النبوۃ للبیہقی:219/2، ابن ہشام:222/1

□ اسعد بن زرارہ ؓ مدینہ کا مشہور سردار گھر سے مسلح ہو کر نکلتا ہے کہ اسلام کے مبلغ اول مصعب بن عمیر ؓ کو آبادی شہر سے باہر نکال دے۔ وہ چند آیات سن پاتا ہے اور مصعب ؓ کے ہاتھ پر بیعت اسلام کر کے اٹھتا ہے۔ [1]

□ ثمامہ بن اثال ؓ کے نزدیک آنحضرت ﷺ سے بڑھ کر کوئی شخص اور مدینۃ النبی ﷺ سے بڑھ کر کوئی جگہ قابل نفرت نہ تھی۔ اسے صرف دو یوم تک قرآن پاک کے استماع کا موقع ملتا ہے، رشد و ہدایت کی آواز کان سے ہو کر دل تک پہنچ جاتی ہے۔ جب اسے بلا شرط آزادی مل جاتی ہے تو خود بخود حاضر ہوتا ہے، اسلام لاتا ہے اور دل و جان کو محقر ہدیہ کی طرح حضور ﷺ میں پیش کر دیتا ہے۔ [2]

□ خالد بن عقبہ ؓ قرآن مبین سن پاتا ہے تو ششدر رہ جاتا ہے اور جب اس حالت ورربودگی سے سنبھالا لیتا ہے تو بول اٹھتا ہے: [3]

وَاللّٰہِ اِنَّ لَـہٗ لَـحَلَاوَۃٌ	بخدا! اس میں عجیب شیرینی ہے
وَاِنَّ عَلَیْـہِ لَطَـرَاوَۃٌ	اس میں عجب تر و تازگی ہے
وَاِنَّ اَسْفَلَـہٗ لَـمُغْدِقٌ	اس کی جڑیں سیراب ہیں
وَاِنَّ اَعْلَاہُ لَـمُثْمِـرٌ	اور اس کی شاخیں پھل سے لدی ہوئی ہیں
وَمَا یَـقُـوْلُ ھٰذَا لَبَشَرٌ	بشر تو ایسا کہہ ہی نہیں سکتا

□ ولید بن مغیرہ قریش کا بوڑھا خرانٹ تھا، اسے اسلام سے سخت عداوت تھی۔ قرآن مجید کے متعلق اس کی رائے یہ ہے کہ اس کلام میں عجیب رس ہے، یہ تو نورس حلاوت ہے۔ [4]

□ ذوالبجادین ؓ چرواہا تھا، آتے جاتے مسلمان مسافروں سے آیات قرآنی یاد کر لیا کرتا، آخر گھر بار خویش و تبار، مال و مویشی، عم و مادر کو چھوڑ کر خدمت حضور ﷺ میں حاضر ہو گیا۔ [5]

قرآن مجید کا اثر معلوم کرنا ہو تو ان لوگوں کے واقعات پر زیادہ نگاہ ڈالو، جو قرآن پاک کو سمجھ سکتے تھے۔
جو لوگ ایک پیسہ پر قتل عمد کو معمولی کھیل سمجھتے تھے، وہی دین حق کی محبت میں گھر بار سے قطع تعلق کرنے لگے تھے۔
جو لوگ مدت العمر تین سو ساٹھ (360) بتوں کے پجاری رہے تھے، وہ خود توحید کے واعظ بن گئے تھے۔
جن کا کام لاوارث بچوں کا مال اڑانا، رانڈوں کو جل دینا تھا، وہی اعانت یتامیٰ اور ہمدردی ایامیٰ کا سبق پڑھایا کرتے تھے۔
وہ خود سر قبائل جنھوں نے کبھی کسی قانون یا شخص کی اطاعت نہ کی تھی، وہ اب ایسے مطیع ومنقاد اور پابند شرع الٰہیہ ہو گئے تھے کہ مقدمات زنا میں رجم اور مقدمات سرقہ میں قطع ید، مقدمات خمر میں اجرائے حدود شرعیہ کے لیے خود اپنے آپ کو پیش کیا کرتے تھے کیا ایسے نظائر کسی متمدن ملک میں موجود ہیں اور کسی جگہ کے مجرم قانون کا اتنا احترام کرنے والے دیکھے گئے ہیں۔
قرأت و تلاوت کلام اللہ کا یہ اثر ہوا تھا کہ زبان آوروں کی گرمی بازار ٹھنڈی ہو گئی تھی۔ عکاظ کا بازار مندا پڑ گیا تھا اور یہ عالم ہو گیا کہ اگر نشاط طبع منظور ہے تو اس نور مبین کا ورد ہے اور اگر حصول برکت و یمن مقصود ہے تب کتاب عزیز کا سماع ہے۔
الغرض قرآن مجید کا اثر انسان کے دل و زبان، طبع و دماغ اور جملہ حواس و قویٰ پر نہایت مستحکم ہے اور جو اثر اس کا ایک شخص پر ہے وہی تمام ملک پر بھی ہے۔

---

[1] زاد المعاد: 430/3 [2] بخاری: 4372 [3] اسد الغابہ: 134/2 [4] سیرت ابن ہشام: 11/2، سیر اعلام النبلاء: 84,83/1 [5] الاصابہ: 330/2

فصل چہارم 4

نمونہ تعلیم

قرآن مجید کی تعلیم وتاثیر کا نمونہ جو شخص انسانی ہستیوں پر دیکھنا چاہے، وہ صحابہ وتابعین اور ائمہ دین کے حالات پر غور کرے۔ ان کے مصائب پر صبر، تحمل بر نوائب اور ادائے شکر واحسان کے واقعات کو معلوم کرے۔ کافہ اہل اسلام کی تواضع، خشیت من اللہ، ہمدردی عامہ، اخوت، نفع رسانی خلائق پاکیزگی والاہمتی، مہمان نوازی کو دیکھے۔

مسلمانوں کے اصول منزل واصول تمدن واصول حکومت کا مطالعہ کرے۔ یہ سب نمونے قرآن مجید کے تیار کردہ ہیں۔

ایزک ٹیلر نے جو کپتان کا درجہ رکھتا تھا، اپنی 12 مئی 1887ء والی تقریر میں جو وولور ہمپٹن میں چرچ کانگرس کے سامنے دی تھی، صاف طور پر کہا تھا:

کہ افریقہ کے جن وحشی مقامات پر اسلام کا سایہ پڑا، وہاں سے زنا، قمار بازی، دختر کشی، عہد شکنی، قتل وغارت گری وہم پرستی، شراب خوری وغیرہ وغیرہ ہمیشہ کے لیے جاتی رہیں۔

مگر جب اس ملک کے دوسرے حصہ پر کسی غیر اسلام مذہب نے قدم جمایا تو ان لوگوں کو رذائل بالا میں اور زیادہ راسخ کر دیا۔ [1]

قرآن مجید اپنے نمونہ کی بابت خود فرماتا ہے:

﴿ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ ﴾ [آل عمران:110]

''اے ایمان والو! تم بہترین گروہ ہو جو انسانوں کی نفع رسانی کے لیے بنائے گئے ہو۔''

صہیب رضی اللہ عنہ کا حال پڑھو جو آہن گر تھے۔ قریش نے انھیں ہجرت مدینہ سے روک دیا، وہ اپنا تمام اندوختہ ان ظالموں کو دے کر اپنا سفر جاری رکھتے ہیں۔ بتلاؤ کہ یہ ایثار ان کو کس نے سکھلایا؟ [2]

ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی سیرت پر غور کرو، یہ شوہر سے جدا کی گئیں اور گود کا بچہ ان سے چھین لیا گیا، مگر وہ یکہ وتنہا اللہ کی راہ میں تین سو (300) میل کا لمبا سفر اختیار کرتے ہوئے ذرا نہ ہچکچائیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر کی طرف اکیلی چل دیں۔ یہ جرأت، یہ قربانی، یہ جذبہ ان میں کہاں سے پیدا ہوا؟ [3]

خطاب کا بیٹا عمر فاروق رضی اللہ عنہ جو باپ کے اونٹ چرایا کرتا اور پھر بھی باپ کی سخت ودرشت خوئی سے سہار رہتا تھا، اپنی خلافت کے ایام میں بائیس لاکھ مربع (2200000) میل پر حکومت کرتا تھا، اس کی معدلت گستری اور عدل پروری اور رعایا نوازی اور دین داری کا درجہ ہمیشہ ہر ایک کے لیے موجب غبطہ رہا۔ [4]

غور کرو کہ حکمرانی کی یہ قابلیت اور کشور کشائی کی یہ اہلیت کہ دنیا کے تین بڑے براعظم اس کے زیر نگیں تھے۔ اسی قرآن پاک کی تعلیم پر عمل کا نتیجہ تھا۔

خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے جنگ موتہ میں اپنے سے پچاس گنی فوج کو جو سلطنت روما کی قواعد دان اور آہنی فوج تھی اپنے

---

[1] ملخص از اخبار سینٹ جیمس گزٹ لندن مطبوعہ 8 / اکتوبر 1887ء [2] طبقات لابن سعد: 248/3، الاستیعاب: 728/2

[3] البدایہ والنہایہ: 69/3، ابن ہشام: 112/2 [4] طبقات ابن سعد: 266/3

رضا کاروں کی معیت و معاونت سے شکست دے دی تھی۔ سوچو کہ ان لوگوں میں یہ عزیمت، یہ ہمت، یہ استقلال، یہ ثبات، یہ پامردی، یہ شجاعت، یہ قربانی، یہ جان بازی کیوں کر پیدا ہو گئی تھی؟ [1]

اگر فکر صحیح تلاش صادق سے تجسس کیا جائے تو ان سب ترقیات کا سبب اولی قرآن کریم ہی نکلے گا۔

جو رسول کریم ﷺ کے طفیل ان شیدائیان ایمان کو حاصل ہوا تھا۔

قبولیت قرآن

قبولیت میں تداول بین الناس اور کثرت اشاعت بھی شامل ہے۔

ذرا غور کرو کہ اس وقت روئے زمین پر کوئی ایسی کتاب نہیں، جسے دن میں پانچ (5) مرتبہ کروڑوں [2] بنی آدم پڑھ لیتے اور سن لیتے ہوں۔

یہ درست ہے کہ یورپ کے تمول نے مطبوعہ انجیلوں کی تعداد بہت زیادہ بڑھا دی ہے، لیکن صرف اسی امر کو تداول و اشاعت نہیں کہا جا سکتا۔

تداول کے معنی ہیں کہ جس مقصد کے لیے تیار کی گئی ہو، اسی میں اس کا استعمال بھی ہوا ہو، اور یہ صفت قرآن مجید ہی پر صادق آتی ہے۔

قبولیت کے معنی میں وہ عظمت و احترام بھی شامل ہے جو کتاب کی نسبت دلوں میں مستحکم ہو گیا ہو۔

اصحمہ نجاشی ابھی عیسائی تھا کہ سیدنا جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے اسے سورہ مریم سنائی۔ اصحمہ اس وقت دربار میں بالائے تخت جلوس فرما تھا، لیکن وہ بے اختیار رو رہا تھا اور آنسو بہا بہا کر اپنے گلزار جنت کی آبیاری کر رہا تھا۔ [3]

عمر فاروق رضی اللہ عنہ اپنی خلافت کے ایام میں ایک دفعہ مسجد کو آتے آتے بیمار ہو گئے اور ایسے نڈھال ہو گئے کہ راہ ہی میں دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گئے اور پھر گھر پہنچائے گئے۔ لوگ عیادت کرنے آئے تھے۔ دریافت سے یہ معلوم ہوا کہ کوئی شخص قرآن مجید پڑھ رہا تھا۔ آیت عذاب سن کر حالت اتنی متغیر ہو گئی۔ [4]

لبید عامری رضی اللہ عنہ وہ زبردست شاعر تھا، جس کے اشعار کی نسبت یہ ضرب المثل جاری و ساری تھی: اُكْتُبُوْهَا عَلَى الْحَنَاجِرِ وَلَوْ بِالْخَنَاجِرِ "ان شعروں کو اپنی اپنی گردنوں پر لکھ لو خواہ خنجروں کی نوک ہی سے لکھنا پڑے۔"

عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے وہ ایک بار ملنے کو آئے تو خلیفہ نے مہمان کی دل جوئی کے طور پر فرمایا کچھ اپنے اشعار سناؤ تو انھوں نے کہا: امیر المومنین رضی اللہ عنہ جب سے اللہ تعالیٰ نے مجھے قرآن عطا فرمایا ہے تب سے مجھے اشعار میں کچھ مزہ نہیں آتا۔ فاروق رضی اللہ عنہ نے خوش ہو کر ان کے وظیفہ میں پانسو (500) روپیہ سالانہ کی بیشی کر دی۔ [5]

ابو طلحہ انصاری رضی اللہ عنہ نے قرآن مجید کی یہ آیت سنی: ﴿ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ﴾ [آل عمران:92]
نیکی کا اصل درجہ نہیں مل سکتا جب تک کہ اللہ کی راہ میں وہ شے صرف نہ کرو جو تمھیں بہت پیاری ہے۔ ان کے پاس ایک باغ تھا۔ پچاس ہزار (50000) سالانہ کی آمدنی کا۔ اسی وقت بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر ہو کر عرض کر دیا کہ یہ باغ اللہ کی راہ میں

---

[1] بخاری: 1246,4262 [2] آج اس عظیم اور مبارک کتاب (قرآن) کی تلاوت کرنے والوں کی تعداد سوا ارب (1250000000) انسانوں سے زیادہ ہے۔
[3] زاد المعاد: 205/3، ابن ہشام: 360/1 [4] حلیۃ الاولیاء: 51/1 [5] تہذیب الاسماء للنووی: 71/2، اصابہ: 207/3، الاستیعاب: 1377/3

پیش کرتا ہوں۔ [1]

جمع کرنے سے ایسے صدہا (سینکڑوں) نظائر (مثالیں) مل سکتے ہیں۔

بڑے بڑے بادشاہوں محمود، صلاح الدین، یوسف، عبدالرحمٰن الداخل اور منصور عباسی جیسے باجبروت تاج وروں کو ان کی خشم گیں حالت یا انتقامی صورت سے اگر کوئی چیز روکنے والی ہوتی تھی تو قرآن کی ایک آیت جسے اہل دربار میں سے کوئی ایک شخص کسی گوشہ سے پڑھ دیتا تھا اور بادشاہ کی حالت یہ ہو جاتی تھی کہ گویا آگ کی چنگاری پر منوں پانی آ پڑا۔ یہی وہ واقعات ہیں جو قبولیت کا ثبوت دیتے ہیں۔

یہی وہ واقعات ہیں جو ظاہر کرتے ہیں کہ کتاب مجید کی عظمت اور فرقان حمید کی عزت دلوں پر کتنی فرماں روا رہی ہے۔

خصوصیات قرآن مجید

ایسی خصوصیات جو اس امام مبین کو صحف سابقہ سے متمیز و بالاتر ثابت کرتی ہیں، بہت ہیں، اس جگہ ان میں سے چند کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(1) تعلیم قرآن پاک کا کل عالم کے لیے وسیع اور عام ہونا

یہ ایسی خصوصیت ہے جو قرآن مجید ہی کو بالخصوص حاصل ہے۔

جو کوئی شخص تورات میں سینکڑوں مقامات پر الفاظ ''بنی اسرائیل کا خدا'' پڑھے گا اور قرآن مجید میں الفاظ ''رب العالمین'' دیکھے گا اس پر تورات کے مقابلہ میں قرآن پاک کی فضیلت بخوبی آشکارا ہو جائے گی۔

اپنی اس خصوصیت کو قرآن پاک خود ظاہر فرماتا ہے:

﴿اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌO لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا﴾ [یٰسٓ:69-70]

''یہ کتاب تو ذکر ہے، اور قرآن مبین ہے تاکہ ہر ایک اس شخص کو جو زندہ ہے اس کے برے انجام سے باخبر کر دے۔''

عربی میں مَنْ ذوی العقول کے لیے آتا ہے، اس لیے مَنْ نے ہر ایک انسانی فرد کو اپنے اندر گھیر لیا ہے، اس کے ساتھ كَانَ حَيًّا کی صفت لگی ہوئی ہے۔ آیت کی عمومیت اور وسعت کا خود ہی اندازہ ہر وہ شخص جو ذوی العقول کی فہرست میں آ سکتا ہے، ہر وہ شخص جو زندہ کہلاتا ہے یا کہلا سکتا ہے قرآن مجید اسے یاد الٰہی دلانے، قرب سبحانی تک پہنچانے، اس کے عواقب امور سے آگاہ کرنے کا کفیل ہے۔ کیا ان الفاظ میں کسی اور کتاب نے بھی دعویٰ کیا ہے۔

بقول متی مسیح علیہ السلام نے اپنی بشارت وانجیل کو روٹی اور بنی اسرائیل کو بیٹے اور دیگر اقوام کو کتے بتلایا اور یوں فرمایا ہے۔ مناسب نہیں کہ لڑکوں کی روٹی لے کر کتوں کو پھینک دیویں۔ (متی 15 باب 21 تا 3 درس)

(2) قرآن مبین کی تعلیم کا جامع ہونا۔

میں نے تورات و زبور وانجیل نیز دیگر انبیاء کی کتب کو جو مجموعہ بائبل میں داخل ہیں پڑھا ہے، وید کا کچھ (ترجمہ بحروسام) دیکھا ہے، اس کی تاریخ ترتیب و تالیف کو معلوم کیا ہے۔ کنفیوشس مقتدائے چین اور بدھا بانی بدھ مت کے اصول و تعلیم کو مختلف کتابوں سے اخذ کیا ہے۔ زرتشت و جاماسب کے احکام کو دیکھا ہے، یہ سب کے سب اپنے اپنے رنگ میں یک فنی ہیں۔

آسانی کے لیے صرف بائبل پر نظر ڈالو اور دیکھو تو تورات میں اخبار و احکام، زبور مجموعہ مناجات ہے، انجیل میں امثال و مواعظ ہیں۔

[1] بخاری: 1461، مسلم: 998، احمد: 141/3، 178/6

اب قرآن مبین کو پڑھو۔

کہ مواعظ واحکام، اخبار وامثال، انذار وبشارت کا مجموعہ ہے۔ اس میں صفات الٰہیہ کا بیان ذات ربانی کا ثبوت، حصول تقرب کا طریق، توحید، توکل وتفویض کا مذکور، ایام اللہ کی تفصیل، حیات وممات انسان اور عدم ووجود عالم کا بیان، فطرت انسانی کی ساخت وشناخت افعال رحمانی کے اسرار، قدرت ربانی کے نمونے، سطوت قہاری کے نتیجے، نصرت الٰہیہ کے کارنامے ایسے اسلوب سے بیان ہوئے ہیں کہ نفس فرومایہ کو رذائل بشریہ سے پاک وصاف اور حیات مادی کے تاثرات سے مبرا رکھنے، مالک وخالق کے سامنے خاضع وخاشع بنانے، نور یقین کے حصول اور تجرید علائق دنیوی اور تشبہ صفات ملکی کے لیے اس سے بہتر وبالاتر کچھ متصور نہیں ہوسکتا۔

﴿3﴾ آسمانی کتابوں میں سے یہ خصوصیت قرآن مجید ہی کی خاص ہے کہ علوم اخروی وعلوم عقلی کے دو دریائے ذخار پہلو بہ پہلو جوش مارتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

مع ہذا یہ معانی عالیہ ایسے ایسے اسلوب بدیع کے ساتھ بیان کیے گئے کہ ہر ادنیٰ واعلیٰ اس سے برابر متمتع ہوتا ہے۔

وہی ایک آیت جو اسحٰق حنین جیسے یہودی فلسفی کو غرقاب حیرت بنا دیتی ہے اور وہی آیت افریقہ کے وحشی کی جیب دل کو گوہر مقصود سے بھر دیتی ہے۔ جس ایک آیت کی تفسیر کرتے کرتے رازی رحمہ اللہ وغزالی رحمہ اللہ نے اعتراف عجز وقصور فہم کیا ہے۔

اس سے تہامہ کا بدو اپنی مشکلات کی کشاکش کی راہ پا رہا ہے۔

الحق قرآن حکیم سمندر کی طرح عمیق، گہر ریز نفع رساں ہے اور خس وخاشاک شبہات کو اپنی لہروں سے ساحل پر پھینک دینے والا ہے۔ اس کے باوقار الفاظ زبان کو اس کے پر اسرار معانی ان کو اپنا کیے بغیر نہیں رہنے دیتے۔

کیا کبھی کسی اور نثر کتاب کی بھی یہ صفت سنی ہے؟ جو اول سے آخر تک پڑھنے والے کے ورد زبان اور نقش دل ہو اور شبانہ روزی تلاوت پر بھی پڑھنے والے کی طبیعت سیر ہونے میں اور اسرار کتاب ختم ہونے میں نہ آئے۔ لا واللہ۔

﴿4﴾ خصوصیات قرآن کریم میں سے ایک یہ بھی ہے کہ وہ جس طرح مشرق سے مغرب تک کے لیے ہدایت نامہ دین ودیانت ہے، اسی طرح وہ شمال سے جنوب تک کے لیے ملکی قانون بھی ہے۔

اس کی تعلیم کسی قوم اور ملک کی زبان کے لیے محدود نہیں۔

اس کے ارشادات انسانی فطرت صحیحہ کے مخالف نہیں۔

وہ یہودیت کی طرح جنت کو نسل واحد کی جاگیر نہیں بتاتا۔

وہ تقرب الی اللہ کے لیے کل دنیا کو واحد خاندان کا دست نگر نہیں ٹھہراتا۔

وہ عیسائیت کی طرح انسان کو فوق از جبلت احکام کی تعلیم نہیں دیتا۔

وہ ناقابل تعمیل احکام کا خود کو مجموعہ نہیں بناتا۔

وہ دولت مندوں کو آسمانی بادشاہت سے خارج نہیں کرتا۔

وہ پرستاران مالک کے لیے ترویج وتاہل کو قابل نفرت ومذموم نہیں بناتا۔

اگر کسی کتاب نے روئے زمین کے شاداب حصوں پر بطور آئین سلطنت کبھی کامیاب حکومت کی ہو اور اگر کسی کتاب نے جمیع

بنی آدم کو رنگت اور قومیت نسل اور ملک کے امتیازات سے بالاتر رکھ کر سب کو اپنے فیض سے یکساں مستفیض بنایا ہو، جیسا کہ اس کتاب قیم نے کیا، تو اس کا نام لینا چاہیے۔

5 قرآن ذی الذکر کے خصائص میں سے ایک یہ ہے کہ وہ ہر ایک پاک مذہب اور اس کے مقدس ہادیان و داعیان مذہب اور ان کی تعلیمات صحیحہ کی ستائش کرتا ہے۔

وہ کسی صداقت کی تکذیب کا ارادہ بھی نہیں رکھتا۔

اس خصوصیت عجیبہ میں کیسی سلامت روی، امن پسندی، معدلت گستری، صداقت پروری آشکار ہے۔

قرآن تو اپنا نام ﴿مُصَدِّقٌ لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ﴾ [البقرۃ:97] رکھتا ہے اور راست بازوں کی تصدیق کرنا ہی اپنا مقصد اولین بتلاتا ہے۔

6 خصائص قرآنیہ میں سے ایک ممتاز خصوصیت یہ ہے کہ وہ ﴿قَوْلٌ فَصْلٌ﴾ [الطارق:13] ہے اور ان تمام پیچیدہ مسائل میں جن کو افکار انسانی حل نہ کر سکتے تھے یا جن کو کتب سماویہ نے ملتوی چھوڑ دیا تھا، اپنا قطعی فیصلہ سناتا ہے۔

ایسے مسائل بہت ہیں، مثلاً:

مسئلہ عرفان صمدانی۔ مسئلہ صفات ربانی	مسئلہ وجود و شہود
مسئلہ بقائے روح و ارتقائے روح	ماہیت نجات، کیفیت رضوان
امتیاز خالق و مخلوق	فرق رازق و مرزوق
مسئلہ شفاعت و اعمال	مسئلہ سزا و جزا
مدارج صبر و شکر	منازل توکل و تفویض
ماہیت عبادت و استعانت	روحانیت انس و محبت
حقیقت نصرت الٰہیہ و معیت ربانیہ	مسئلہ گناہ و حقیقت توبہ
مراتب دعا و قبولیت	رہبانیت و تاہل
طلاق و وراثت	حقوق اولاد۔ حقوق جار
حقوق والدین۔ حقوق زوجین	حقوق جسم، حقوق انسانیت
حقوق عمران۔ فرائض	محارم شفعہ
حقوق قوم۔ حکومت شخصی و جمہوری	شوریٰ و امارت
ماہیت فساد و فیوض امن	ملکت ارضی اور تمکن دینی
حدود عدل و فسحت رحم	راعی و رعیت
آئین و استبداد وغیرہ وغیرہ	

قرآن پاک نے ان مسائل میں یا ان کے اشباہ و اماثل میں جو فیصلے دیے ہیں، ان کا لطف اس وقت آتا ہے اور ان کی اعلیٰ شان اس وقت نظر آتی ہے جب فیصلے سے پیشتر متخاصمین کے بیانات کو بھی سن لیا جائے۔

اللہ اکبر! کیسی، کیسی افراط میں نکلی ہوئی، اور کیسی کیسی تفریط پر گری ہوئی حالتوں کو جادہ اعتدال پر لایا گیا ہے اور کیسی کیسی سنگلاخ وادیوں، کج و پرپیچ گھاٹیوں میں سے صراط مستقیم کی شاہراہ تیار کر دی ہے۔

بے شک یہ اسی قادر مطلق وحکیم برحق کا کام ہے، جس کا علم ماضی وحال واستقبال پر حاوی ہے اور جس کو انسان کی فطرت کا علم کامل اور تربیت پر کلی اقتدار حاصل ہے۔

7 اس کتاب ﴿لَا رَيْبَ فِيْهِ﴾ کی ممتاز خصوصیات میں سے یہ بھی ہے کہ اسکا پیش کرنے والا شخص واحد ہے۔

وید کو دیکھو، اس کی ہر ایک شرتی کے ساتھ تین نام ضرور لکھے ہوتے ہیں، آریوں کی حالیہ تحقیقات یہ ہیں کہ ان میں سے ایک مذکر نام اس رشی کا ہوتا ہے جسے یہ شرتی اکاس سے ملی۔ اسلامی الفاظ میں یہ مطلب ہوا کہ یہ وہ شخص ہوتا ہے جس پر کلام اترا۔

اگر ان ناموں کا شمار کیا جائے تو ان کی تعداد سینکڑوں سے بڑھ جاتی ہے اور اس طرح ثابت ہو جاتا ہے کہ وید کو پیش کرنے والے سینکڑوں رشی ہیں جن میں بلحاظ زمانہ بھی صدہا سال کا تفاوت ہے۔

بائبل کو دیکھو کہ یہ 1 موسیٰ 2 یشوع 3 مصنف قاضیون 4 سموایل 5 مصنف سلاطین 6 مصنف تواریخ 7 عزرا 8 نحمیا 9 مصنف کتاب روت 10 مصنف کتاب آستر 11 ایوب 12 داؤد صاحب زبور 13 سلیمان صاحب امثال وغزل الغزلات 14 واعظ 15 یسعیاہ 16 یرمیاہ 17 حزقی ایل 18 دانی ایل 19 ہوسیع 20 یوایل 21 عاموس 22 عبدیا 23 یونا 24 میکہ 25 نحوم 26 حبقوق 27 صفنیاہ 28 حجی 29 زکریا 30 ملاکی کے الہامات یا تصنیفات کا مجموعہ ہے۔ علی ہذا انجیلوں کو دیکھو کہ متی، مرقس، لوقا معہ اعمال یوحنا، پولوس، یعقوب، پطرس، یوحنا، شاگردان مسیح علیہ السلام کے علمی کارنامے ہیں۔

مگر قرآن مجید کا مبلغ اول اور معلم نخستین صرف ایک ہے۔ ﴿ﷺ﴾ اس صحیفہ کا خود اس کے ذریعہ آغاز اور اسی کے ذریعہ سے اختتام ہو جاتا ہے اور باایں ہمہ یہ مصحف مقدس اپنے مضامین میں مکمل اپنی تبلیغ میں کامل، دعوت الی اللہ میں یگانہ، رشد وہدایت اور نور ورحمت میں وحید و یکتا ہے اور اپنے موضوع ومفہوم کے اتمام میں دوسری کتاب کا احتیاج مند نہیں حالانکہ رگ وید، یجر وید، سام وید کا اوراتھر وید ان تینوں کا محتاج ہے۔

نئے عہد نامہ کی تکمیل پرانے عہد نامہ کے بغیر نہیں ہوتی اور کتاب الاعمال کے بغیر اناجیل اربعہ کے مضامین ناقص رہ جاتے ہیں۔ حواریوں کے خطوط اتنے ہی ضروری ہیں جیسا کہ خود اناجیل اس سے قرآن پاک کی برتری وفوقیت اور جامعیت وکاملیت کا اندازہ فہم میں آ سکتا ہے۔ اگر چہ صحیح اندازہ کے لیے ضروری ہے کہ مضامین پر عبور تام بھی ہو۔

8 خصوصیات قرآن مبارک میں یہ بھی ہے کہ اس کا اسلوب کلام نہایت شستہ ومہذب ہے۔ وہ کبھی کوئی فحش لفظ یا حیا سوز فقرہ کا استعمال ہی نہیں کرتا۔

کتاب حزقی ایل کو پڑھو، جس میں خدا نے بندوں کو اپنی دو جوروؤں، اہولا اور اہولیا کا قصہ سنایا ہے۔ امید ہے کہ عیسائی فاضل بھی اس قصہ کو ایک تمثیلی بیان ہی خیال کرتے ہوں گے مگر غور کرو کہ یہ تمثیلی بیان کسی مرد کو اس کی عورت کی طرف سے حسن ظن باقی رہنے

دیتا ہے۔ کیا انسانی کنبہ اس نورانی جوڑے سے بڑھ کر کسی اور نمونہ کی تمنا کر سکتا ہے۔

ہاں! ذرا لفظوں کو دیکھو، کتنے گرے ہوئے ہیں۔

① غزل الغزلات میں ایک نوجوان چھوکری اپنے محبوب پر اور کوئی نوجوان لڑکا اپنی محبوبہ پر اظہار محبت کرتا ہے۔

② عیسائیوں نے اچھا کیا کہ محبوبہ یروشلم کو بتلا دیا اور محبوب مسیح کو اگرچہ اس کے کسی لفظ میں اس تاویل کا اشارہ تک نہ تھا۔ اس بیان میں مرد اپنی محبوبہ کو ''اے میری بہن! اے میری زوجہ'' کہہ کر مخاطب کرتا ہے۔ (غزل الغزلات باب 9،10)

کیا اس اسلوب کلام کو زمانہ حال پسند کرتا ہے یا زمانہ گزشتہ میں یہود میں باہمی خطاب کا یہ طریق جاری تھا؟

③ بائبل کی تمام کتابوں میں یہودیوں کی بدکاری کو یروشلم کی بدکاری بتلایا گیا ہے۔ پھر یروشلم کو عورت فرض کر کے اس کی برہنگی کے متعلق ایسے ایسے سخت ودرشت الفاظ استعمال کیے گئے ہیں کہ جن کی بابت مجھے امید ہے کہ وہ کسی گرجا کی محراب میں لیڈیز جنٹلمین کے سامنے بطور وعظ کبھی بھی نہیں پڑھے گئے ہوں گے۔

④ حزقی ایل 23 باب کا 20 درس پڑھو۔ بہن، بھائی، ماں، باپ، بیٹی کا ذکر نہیں بلکہ میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا کوئی شریف میڈم اپنے شوہر کے سامنے اور کوئی نوبل مین اپنی لیڈی کے سامنے ان الفاظ کو پڑھ سکتا ہے اور لفظوں کا مطلب بتا سکتا ہے۔

- ❑ یجروید میں اودھیا 19۔ منتر 76
- ❑ اودھیا منتر 19۔ منتر 88
- ❑ اودھیا منتر 20۔ منتر 9
- ❑ اودھیا منتر 25۔ منتر 7

کیا کوئی گرو اپنی شاگرد لڑکی کو پابندی شرم وحیا پڑھا سکتا ہے اور ان کا مطلب بتا سکتا ہے۔

قرآن مجید تو الفاظ کا استعمال ایسی اعلیٰ لطافت سے فرماتا ہے کہ یہ اسی کا حصہ ہے۔ حاجت ضروری سے فارغ ہونے کا ذکر کرنا تھا تو فرماتا ہے: ﴿ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ ﴾ (النساء:43) غائط ایسی نشیبی زمین کو کہتے ہیں جہاں رفع حاجت کے لیے انسان اوجھل ہوا کرتا ہے۔

الغرض قرآن مجید کا اس بارہ میں درجہ بہت بلند اور بہت روشن ہے۔

فصل پنجم 5

قرآن مجید کا مصنف

ایک مثل مشہور ہے: ''سخن شاہاں بادشاہ سخن'' عربی میں ہے: '' كَلَامُ الْمُلُوْكِ مُلُوْكُ الْكَلَامِ '' قرآن مجید اس شہنشاہ حقیقی اور ملک الملکوت عالم کا کلام ہے۔ جس نے کلام کو پیدا کیا اور گوشت کے ٹکڑے کو بولنا، ہڈی کو آواز کا سننا اور عصبات کو ان کا سمجھنا سکھلایا وہ جس کے حکم سے ایک ماں باپ کی اولاد میں اس قدر اختلاف السنہ اور تباین لغات پیدا ہوا۔

بعض عیسائی مصنف جو تحقیق کے پردہ میں تعصب کو چھپائے رکھتے ہیں، قرآن مجید کی بہت سی خوبیوں کو تسلیم کر لینے کے بعد

قرآن پاک کو کلام محمد ﷺ بتایا کرتے ہیں۔

ایسے لوگوں سے ہم دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ:

﴿1﴾ کیا قرآن جیسی کتاب کا مصنف کہلانا، بجائے خود ایک اعلیٰ عزت نہیں ہے؟ پھر کیا وجہ کہ نبی ﷺ نے ایسی اعلیٰ تصنیف کے مصنف ہونے کی عزت سے خود کو محروم رکھا؟

﴿2﴾ کیا قرآن پاک جیسی تصنیف کا مصنف جھوٹ جیسی رذیل صفت سے آلودہ ہوسکتا ہے؟ کیا وہ کتاب جس نے لاکھوں کو صداقت سکھلائی اور جس نے گنتی کے سالوں میں عرب کی کایا پلٹ دی۔

اور وہ کتاب جس نے زندہ، الحی القیوم اللہ کی ہستی کا اعتقاد دلوں میں قائم کر کے کروڑوں بنی آدم کو حیات جاوید سے بہرہ اندوز کردیا۔

کیا ایسے دل، ایسی زبان سے نکل سکتی ہے جو خود صادق نہ ہو۔

ان دونوں امور پر غور کرو تمام دنیا کے مصنفین کا رویہ ہماری تائید میں ہے اور فلسفہ فطرت انسانیہ اس کی صداقت کا مصدق ہے۔

اب ہم خود عیسائیوں کی دی ہوئی بائبل پر توجہ کرتے ہیں۔

بائبل سے اس حقیقت کا انکشاف ہوجائے گا کہ دنیا میں کلام اللہ بھیجے جانے کی خبر ہزاروں سال پیشتر دی گئی تھی۔

﴿1﴾ موسیٰ علیہ السلام قوم کے پاس احکام عشرہ کی الواح لاتے ہیں، قوم ان الواح پر شک کرتی ہے۔

﴿2﴾ قوم کا مطالبہ ہے کہ اسرائیل کا الٰہ خود ان کی موجودگی میں موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمائے۔

﴿3﴾ موسیٰ علیہ السلام برگزیدگان قوم کو طور پر لے جاتے ہیں۔ وہاں پہنچنے کے بعد تاریکی چھا جاتی ہے، بادل سب کو گھیر لیتے ہیں، ہوائیں تندی و تیزی سے چلنے لگتی ہیں، بجلیاں کوندتی ہیں، گرج پر گرج کی صدائیں دلوں کو ہلا دیتی ہیں۔ بھونچال آتا ہے اور پہاڑ کانپ رہا ہے۔

﴿4﴾ ان حالات کو دیکھ کر بنی اسرائیل چلا اٹھتے ہیں اور موسیٰ علیہ السلام سے کہتے ہیں:

''اے موسیٰ علیہ السلام تو ہی ہم سے بول اور ہم سنیں، لیکن خدا ہم سے نہ بولے، کہیں ہم مر نہ جائیں۔ (الخروج 20-19، استثنا 18-16)

یہ درخواست منظور کرلی گئی اور سب لوگ طور سے اپنی اپنی جان بچا کر خیمہ گاہ میں پہنچ گئے۔

﴿5﴾ بنی اسرائیل کی اس کے بعد یہ درخواست ہوتی ہے کہ خدا اپنا کلام موسیٰ علیہ السلام کے منہ میں رکھ دے اور ہم کو سنا دیا کرے۔

﴿6﴾ اس درخواست کو اللہ تعالیٰ نامنظور فرماتا ہے اور خبر دیتا ہے کہ خدا کا کلام ایک اور نبی کے منہ میں رکھا جائے گا، وہ نبی اللہ اسرائیل کے بھائیوں میں سے ہوگا۔ وہ نبی جو کچھ خدا سے سنے گا وہ سب لوگوں سے کہے گا اور ایسا ہوگا کہ جو کوئی میری باتوں کو جنھیں وہ نبی میرا نام لے کے کہے گا، نہ سنے گا تو اس کا حساب خدا لے گا۔ (استثنا 18 باب 19,18 درس)

اب براہ مہربانی یہودی و عیسائی ان واقعات بالا کو خیال میں رکھیں اور پھر ہم کو بتائیں۔

سیدنا و مولانا محمد مصطفیٰ ﷺ کے سوا اور کون سا نبی ہے جس کے منہ میں خدا کا کلام رکھا گیا۔ وہ کون سا نبی ہے جس نے یہ بتلایا ہو کہ ''اس کے منہ میں خدا کا کلام ہے۔''

ہم ان دونوں سے کہتے ہیں کہ وہ ہرگز ہرگز کسی ایسے نبی کا نام نہیں بتلا سکیں گے جس نے زبان سے اتنا فقرہ استعمال کیا ہو کہ
''اس کے منہ میں اللہ کا کلام ہے۔''

کلام اللہ کا سنانا تو امر دیگر ہے۔

یہی بات وہ ہے جو حق پوش اہل کتاب پر رب العالمین کی سب سے بڑی حجت ہوگی اور جس پر یوم الدین کو اللہ کی عدالت قائم ہوگی۔

جواب دینے سے پیشتر یسعیاہ کا فقرہ بھی یاد رکھنا چاہیے۔ ''دیکھو امی کو کتاب دی گئی''

یہودیوں، عیسائیوں کو بتلانا ہوگا کہ ''اُمّی صاحب کتاب'' اور کون ہے؟

اے یہودیو! اے نصرانیو! وہ اُمّی تو محمد رسول اللہ ﷺ ہی ہیں، جن کا علم ہمیشہ نبی الامی رہا۔ دنیا میں اور کسی نبی کا لقب یا علم نبی الامی کبھی نہیں ہوا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۔

فصل ششم 6

قرآن ذی الذکر کی پیش گوئیاں

جو لوگ قرآن پاک کو تصنیف محمد ﷺ بتلایا کرتے ہیں، یہ حضور ﷺ کا نبی صادق ہونا تسلیم نہیں کرتے۔

کیا ایسے اشخاص اس امر کی کوئی توجیہ پیش کر سکتے ہیں کہ ان کی حالت مزعومہ کے ہوتے ہوئے قرآن مجید کیوں کر آنے والی مغیبات کو بیان کرتا اور زمان پیشین (مستقبل) کے متعلق پیش گوئیوں کا اعلان فرماتا ہے۔

اتمام حجت منکریں اور انشراح صدر مومنین کے لیے ان پیش گوئیوں کا ذکر بطور تذکرہ کیا جاتا ہے جو قرآن مجید سے ثابت ہیں اور چودہ صدیوں کا عہد طویل شہادت دے گا کہ نزول قرآن پاک کے بعد سے آج تک ان میں سے کس طرح وہ پیش گوئیاں تمام دنیا کے سامنے حرف بحرف اور ہو بہو پوری ہوتی رہی ہیں۔

فصل ہفتم 7

قرآن عظیم کے متعلق سات پیش گوئیاں

پہلی پیش گوئی: قرآن کریم کی نظیر کوئی نہ بنا سکے گا

﴿ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴾ [بنی اسرائیل:88]

''اے رسول ﷺ سب سے کہہ دیجیے کہ اگر سب انسان اور تمام جن بھی مجتمع ہو جائیں اور ایک دوسرے کی مدد و اعانت بھی کریں اور پھر وہ اس قرآن جیسی کوئی کتاب بنانا چاہیں تو وہ ہرگز ہرگز ایسا نہ کر سکیں گے''

الفاظ دعویٰ کی شوکت اور قوت پر غور کرنے سے بخوبی واضح ہو جاتا ہے۔

عہد نبوت

قرآن پاک کو کلام محمد ﷺ کہنے والے ذرا غور کریں کہ زہیر و نابغہ اور امراء القیس وعنترہ جیسے لوگوں کے لیے یہ دعویٰ کتنا ذلیل کن ہے؟

وہ جو اپنے اپنے کلام کو ہرن کی جھلیوں پر آب زر سے لکھواتے اور بایام حج عام دیوار کعبہ پر آویزاں کیا کرتے تھے۔ کیوں اس دعویٰ کے بطلان پر آمادہ نہ ہوئے۔ وہ ابولہب، ابوجہل، کعب بن اشرف، سلام مشکم جیسے قریشی و یہودی جنھوں نے اسلام کو تباہ کرنے کی دھن میں زر و مال اور نفوس واولاد کو قربان کر دیا تھا کیوں ایسی آسان تدبیر کی جانب متوجہ نہ ہوئے۔

کیسی عجیب بات ہے کہ ایک شخص جوان ہی میں پلا اور بڑھا اور جو وہی زبان بولتا ہے جو ان سب کی ہے اور پھر وہ ان سب کے پیارے مذہب اور مرغوب رسوم اور پسند کردہ عادات اور ان کے برگزیدہ معبودوں کے خلاف جوش دلانے والے الفاظ کا استعمال کر رہا ہے۔ اور اپنی صداقت کی تائید میں ایک کلام جو اس کے منہ سے نکلی ہے بطور دلیل پیش کر رہا ہے۔ ان سب حالات کی موجودگی میں بھی کوئی شخص اس جیسی زبان نہیں بول سکتا اور کوئی شخص بالمثل کلام پیش کر کے تحدی کو باطل نہیں ٹھہرا سکتا۔

عہد حاضرہ

اچھا اس وقت کا ذکر چھوڑو، اب زمان حاضرہ پر نگاہ ڈالو۔ شام، بیروت، دمشق و مصر اور فلسطین میں لاکھوں عیسائی اور یہودی موجود ہیں، جن کی مادری زبان عربی ہے۔ جو عربی زبان میں نثر لکھنے پر قادر ہیں، جن کی ادارت میں اخبار و جرائد اور رسائل اشاعت پذیر ہیں۔ وہ آج کیوں اس دعویٰ قرآن کے مقابلہ میں کھڑے نہیں ہو جاتے؟ ان میں تو ایسے ایسے ادیب و ماہر زبان بھی موجود ہیں جنھوں نے لغات عربیہ پر قطر المحیط، المنجد، اقرب، الموارد اور المحیط جیسی کتابیں لکھ ڈالی ہیں۔ وہ کیوں قرآن جیسی کتاب لکھنے کی سعی نہیں کرتے؟ وہ کیوں دس (10) سورتوں کے برابر نہیں لکھتے۔ وہ کیوں ایک (1) ہی سورت کے برابر لکھنے کی جرأت نہیں کرتے؟

حقیقت یہ ہے کہ جو کوئی شخص جتنا زیادہ عربیت کا ماہر اور ادب میں ید طولیٰ رکھنے والا ہے، اس پر اتنا ہی زیادہ رعب کلام قرآنی کا غالب آ جاتا ہے۔

آج عیسائیت کی اشاعت میں کروڑوں، اربوں روپیہ پانی کی طرح بہایا جاتا ہے لیکن جس شخص کو قرآن حکیم نے تحدی بنایا، اس پر کوئی بھی قلم اٹھانے کا حوصلہ نہیں کرتا۔

معترض عہد نبوی ﷺ کے متعلق شاید یہ کہہ سکتا تھا کہ محمد ﷺ نے اپنے وقت کے مشہور مشہور زبان آوروں کی قابلیت کا اندازہ کرنے کے بعد ایسا دعویٰ کر دیا ہوگا۔

دوسری پیش گوئی

قرآن مجید ہمیشہ محفوظ رہے گا

﴿ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴾ [الحجر:9]

”ہاں! ہم نے ہی اس قرآن کو اتارا اور ہم ہی اس کی حفاظت بھی ضرور ضرور رکھیں گے“

اس وعدہ کی وقعت اور حفاظت قرآنی کی عظمت:

اس وقت سمجھ میں آتی ہے، جب صحف سابقہ کا تھوڑا سا حال معلوم ہو جائے۔

﴿1﴾ تورات موسیٰ علیہ السلام کا خمیر مایہ وہ دو الواح تھیں جو موسیٰ علیہ السلام کو کوہ طور پر لکھی لکھائی دی گئی تھیں۔ ہر دو الواح اسی وقت ٹوٹ پھوٹ گئی تھیں جب موسیٰ علیہ السلام نے میدان میں آ کر لشکر کو گوسالہ پرستی میں مصروف پایا تھا۔ کلیم اللہ علیہ السلام غیرت ایمانیہ سے بے تاب ہو گئے۔ لوحیں پھینک دیں اور بھائی کو جا پکڑا۔

اس واقعہ کے بعد یہ احکام عشرہ اور دیگر احکام شریعت موسیٰ علیہ السلام ہی کی حیات میں لکھے گئے اور عہد کے صندوق میں رکھے گئے (استثناء باب 25) یہی ایک نسخہ تھا جس کی بابت توقع کی جا سکتی ہے کہ داؤد علیہ السلام کے عہد تک خیمہ عبادت میں بحفاظت موجود رہا ہو، لیکن سلاطین اول باب 8 سے واضح ہے کہ جب عہد کا صندوق خیمہ عبادت سے ہیکل سلیمانی میں لایا گیا تو پتھر کی دو شکستہ لوحوں کے سوا صندوق میں اور کچھ نہ تھا۔

اب ہم کو بلا کسی سند کے فرض کر لینا چاہیے کہ سلیمان نے کس طرح تورات کی شریعت کو جمع کر لیا ہو گا اور پھر عہد کے صندوق میں اسے رکھوا دیا ہو گا، لیکن یہ مسلمہ ہے کہ ہیکل میں جو نسخہ بھی موجود تھا، اسے بھی بخت نصر نے ہیکل کے ساتھ ہی جلا ڈالا تھا۔ یہ حادثہ ہائلہ 586 ق۔م میں واقع ہوا۔

دارا شاہ ایران کے عہد میں زروبابل وغیرہ سرداران اسرائیل نے ہیکل کو از سر نو تعمیر کیا تھا۔ کتاب کی بھی تلاش ہوئی مگر نہ ملی۔ (دیکھئے کتاب عزیر) تب حضرت عزیر نے اپنی یادداشت اور حجی وزکریا کی امداد سے پھر کتاب کو تیار کیا جسے یہودی تورات کہتے ہیں (اسی کا ترجمہ یونانی زبان میں ابن توکس کے حکم سے ہوا) یہ واقعہ 300 ق۔م کا ہے۔ پھر ابن توکس چہارم کے وقت میں جب یہ بادشاہ مصر پر حملہ آور ہوا تھا اس کے سپہ سالار نے اس نسخہ کو اور ہیکل کو جلا ڈالا۔ یہودیوں کی تمام کتابوں کی تلاش کی گئی اور سب کو سوخت (جلا) کر دیا گیا اور یہودیوں کو بت پرستی کا حکم دیا گیا۔ یہ واقعہ 166 ق۔م کا ہے۔ ایک بوڑھا کاہن اپنے تین فرزندوں کے ساتھ جان بچا کر اپنے وطن شہر مودن کو بھاگ گیا تھا۔ اس کے فرزند مقابیس نے ایک کتاب دو جلدوں میں لکھی، جو اسی کے نام سے مشہور ہے اور یہود کے چند فرقے اس کو اسلامی کتاب تسلیم کرتے ہیں۔

واقعات بالا پر پورا پورا غور کرو، اصل کتاب کے الفاظ رہنے کی کوئی بھی اصلیت نظر آتی ہے؟

﴿2﴾ اب انجیل کی سرگزشت سنو! انجیل کے نام سے عیسائیوں میں چار کتابیں مشہور ہیں: (1) انجیل متی، (2) انجیل مرقس، (3) انجیل لوقا، (4) انجیل یوحنا۔

① متی کی انجیل کی سرگزشت یہ ہے کہ سب سے پہلے عبرانی زبان اور شہر یہوذا (شام) میں لکھی، لیکن اس عبرانی نسخہ کا وجود دنیا سے ناپید ہے۔ اس کا ایک ترجمہ یونان کی زبان میں ملتا ہے، لیکن کوئی عیسائی پادری نہیں بتا سکتا کہ یہ ترجمہ کب کیا گیا اور کس شخص نے کیا؟

موجودہ کتاب کا یہ حال ہے کہ اس کے باب اول و دوم کو شارح انجیل نورٹن صاحب نے بمقابلہ لوقا صحیح تسلیم نہیں کیا، بلکہ اقرار کیا ہے کہ یہ دونوں باب اصل مصنف کے لکھے ہوئے ہیں۔ (کتاب الاسنادص 531 نسخہ مطبوعہ 1837ء)

② لوقا مصنف انجیل پولوس کا شاگرد ہے۔اس نے مسیح علیہ السلام کو نہیں دیکھا اور اس کے استاد نے بھی مسیح علیہ السلام کی زندگی میں اس کی مخالفت ہی کی۔لوقا نے اپنی انجیل انطا کیہ شہر میں بزبان یونانی لکھی تھی۔لوقا نے اپنی انجیل کے شروع میں تحریر کیا ہے کہ وہ واقعات کو صحت کے بعد تحریر کیا کرتا ہے۔ بزرگوار لوقا کے اس اعلان کے بعد یہ امید کرنا بالکل درست تھا کہ واقعات مندرجہ انجیل لوقا ضرور ہی صحیح ہوں لیکن انجیل کا وہی شارح فاضل نورٹن لکھتا ہے:

''جن اعجازی باتوں کو لوقا نے لکھا ہے ان میں جھوٹی روایتیں بھی شامل ہوگئی ہیں اور اس کے لکھنے والے نے شاعرانہ مبالغہ سے اندراج کیا ہے۔اور اس زمانہ میں سچ کو جھوٹ سے تمیز کرنا مشکل ہے۔ (کتاب الاسنادص61)

قابل غور بات یہ ہے کہ جس کتاب میں سچ سے جھوٹ کا تمیز کرنا بھی مشکل ہو جائے وہ کہاں تک محفوظ کہلانے کی مستحق ہے۔

③ مرقس شمعون پطرس کا شاگرد ہے۔اس نے بھی انطا کیہ ہی میں اپنی کتاب کو یونانی زبان میں لکھا۔مرقس اور لوقا کے مضامین میں بہت اختلاف ہے۔

④ یوحنا بن سندائی کی انجیل غالباً بلحاظ سن تصنیف سب سے آخری ہے۔اس نے بھی اپنی کتاب کو یونانی زبان ہی میں لکھا ہے۔کہا جاتا ہے کہ یہ مسیح علیہ السلام کا شاگرد تھا لیکن اس کی تصنیف میں یونانیوں کے قدیم عقیدہ کا بہت اثر شامل ہے۔

تمام عیسائیوں کا اجماعی عقیدہ ہے کہ اناجیل اربعہ (4) میں سے کوئی انجیل بھی مسیح علیہ السلام پر منجانب اللہ نازل شدہ نہیں، بلکہ یہ کتابیں ان ہی مصنفین کی تصنیف ہیں، جن کے نام سے یہ منسوب ہیں۔اب ان کتابوں کا تقدس اس طرح قائم کیا جاتا ہے کہ ان مصنفین نے ان کتابوں کو روح القدس کی مدد اور یاوری سے لکھا تھا۔اگر یہ امر صحیح ہے تو ان چاروں کے مضامین میں تناقص اور تضاد نہیں ہونا چاہیے لیکن ان میں اتنا تناقص موجود ہے کہ تطبیق دینا سخت دشوار ہے۔آدم کلارک،نورٹن اور ہارون صاحب انجیل کے مشہور شارح ہیں، تینوں کا متفقہ قول ہے کہ تطبیق کی کوئی صورت موجود نہیں۔

پادری فرنچ کو اقرار ہے کہ ان انجیلوں کی چار پانچ آیتوں میں تحریف بھی ہوئی ہے۔نیز وہ یہ بھی اقرار کرتا ہے کہ ان میں چھوٹی موٹی تیس ہزار (30000) غلطیاں موجود ہیں۔چاروں انجیلوں کا مجموعہ ایک سو (100) صفحے سے زیادہ نہیں۔ایک سو (100) صفحے کی تحریر میں جب تیس ہزار (30000) غلطیاں موجود ہوں تو کتابوں کے محفوظ رہنے کا خیال کرنا بھی عقل سے دور ہے۔اور اس سے زیادہ نتیجہ اخذ کرنا ہمارے اس مضمون کے موضوع سے زائد ہے۔

③ اب پارسیوں کی کتاب کا حال سنو۔ایرانی قوم بڑی قدیم قوم ہے۔ان کی کتابیں بھی موجود ہوں گی، لیکن کتاب ژند [1] تو زرتشت کے عہد سے پہلے نادرالوجود ہو چکی تھی۔

کہتے ہیں ژند کے پچیس (25) باب تھے اور اب صرف انیسواں ''وندیداد'' پایا جاتا ہے۔ژند کے بعد اس کا درجہ پاژند نے حاصل کر لیا ہے، لیکن سکندر مکدونی کی فتح ایران کے بعد وہ بھی عنقا ہوگئی۔سکندر کے بعد تین سو (300) سال تک طوائف الملوکی رہی اور مذہبی حالت بھی بہت خراب تھی۔جب اردشیر بابکان ایران کا بادشاہ بنا۔تب ژند و پاژند کی جگہ دساتیر لکھی گئی اور اسی کو آسمانی

[1] ژند کے معنی وہ سنگ چقماق ہیں جس سے آگ نکلتی ہے۔کتاب کا نام اس لیے ژند ہوا کہ اس کے اندر بھی روشنی موجود ہے۔اس کی شرح کا نام پاژند ہوا۔پاژند لوہے کی وہ میخ ہے، جو چقماق پر آگ نکالنے کے لیے ماری جاتی ہے۔اس کی شرح کا نام اوستا ہوا [سخن دان پارس ص20]

کتاب کا درجہ دے دیا گیا، لیکن جب مانی نے اپنا مذہب چلایا تب دساتیر کو بھی ختم کر دیا گیا۔ مانی کے بعد مزدک نے اپنا مذہب ایجاد کیا اور اس نے پارسیوں کی مذہبی کتابوں کو اچھی طرح سے تباہ اور نابود کر دیا۔ یہ سب واقعات اسلام سے پہلے کے ہیں۔

دساتیر کے متعلق اہل تحقیق کا بیان ہے کہ وہ صرف دعاؤں کا مجموعہ ہے۔ صبح و شام کو پڑھی جانے والی دعائیں اس میں درج ہیں۔

دساتیر کی بابت یہ بھی مشہور ہے کہ وہ نزول قرآن کے بعد لکھی گئی اور اسی کتب کے شروع میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کا ترجمہ ثبت کر دیا گیا۔ ''بنام ایزد بخشائندہ و بخشائش گر'' مہربان دادگر، اسی فقرہ کا ترجمہ قدیم دری زبان میں کر دیا گیا تا کہ اس کی قدامت بہت قدیم ہو جائے ''خرشید شمتائے ہرشندہ، ہرششگر زمربان فرو بیدار''

مندرجہ بالا حالات سے پتا لگ جاتا ہے کہ سکندر کی غارت گری کے بعد اس قوم کے پاس کوئی ایسا صحیفہ موجود نہ تھا جو آسمانی کہلانے کا مستحق ہو۔

④ ہندوستان میں نہایت قدیم کتاب ''وید'' [1] سمجھی جاتی ہے۔ وید کی عزت کو آریہ اور سناتن دھرمی دونوں تسلیم کرتے ہیں۔

اس اجمالی اقرار عظمت کے بعد آریہ اور سناتن دھرمیوں میں اختلاف ہو جاتا ہے۔

آریہ کہتے ہیں کہ وید صرف منتر بھاگ کا نام ہے۔

سناتن دھرمی کہتے ہیں کہ برہمن بھاگ بھی اصلی وید ہے۔ اور برہمن بھاگ اپنے حجم کے اعتبار سے منتر بھاگ سے دو چند زیادہ ہیں۔ اس اختلاف کا نتیجہ یہ ہوا کہ وید کو ماننے والی قومیں یا تو 2/3 حصہ وید کو اصل سے خارج کر رہی ہیں یا 2/3 حصہ حجم کو وید اصلی میں داخل کر رہی ہیں اور ہر دو صورت کتاب مذکور کا غیر محفوظ ہونا ثابت ہو جاتا ہے۔

زمانہ حاضرہ میں سب ہندو کہتے ہیں کہ وید چار ہیں مگر منوجی مہاراج کی سمرتی میں صرف تین ویدوں ① رگ، ② یجر، ③ سام کا نام آیا ہے۔ چوتھے وید اتھرو کا نام نہیں آیا۔

سنسکرت کی اور بھی قدیم ترین کتابیں ایسی ہیں جن میں یہی تین نام پائے جاتے ہیں، لیکن بعض پرانی کتابیں ایسی بھی ہیں، جن میں قریباً بتیس (32) کتابوں پر اسم وید کا استعمال کیا گیا ہے۔

سب ہندو وید کو خدا ساز بتاتے ہیں مگر نیائے روشن کا مصنف گوتم وید کو کلام انسان بتاتا ہے۔ گوتم اس درجہ کا شخص ہے کہ اس کا شاستر چھ (6) شاستروں میں سے ایک ہے اور ان ہر شش کو شاستر بہ طور مسلمہ آریہ اور سناتنی سب تسلیم کرتے ہیں۔

ہندوستان کے مذاہب قدیم میں سے جین مت بھی ہے، جینی لوگ وید کے ایک حرف کو بھی صحیح نہیں سمجھتے اور وید کا آکاس بانی ہونا بھی قطعاً تسلیم نہیں کرتے۔ یہ لوگ بھی اپنی قدامت کو ویدوں کے زمانہ سے ماقبل کے بتاتے ہیں اور اپنی کتابوں کو وید سے قدیم تر ظاہر کرتے ہیں۔

ہمارے ان مختصر مختصر فقرات سے قارئین بخوبی سمجھ گئے ہوں گے کہ حفاظت الٰہیہ نے مندرجہ بالا کتب میں کسی کا ساتھ نہیں دیا اور اسی لیے ہر ایک کتاب کے وجود یا اجزائے وجود پر خود اسی مذہب کے اشخاص نے شک و گمان اور ظنون و اوہام کے غلاف چڑھا رکھے ہیں۔

---

[1] ہندوؤں کی مقدس کتاب۔

قدرت الٰہیہ نے نہ صرف یہی کیا کہ کتابوں کی حفاظت نہیں کی ، بلکہ اس زبان اور لغت کی حفاظت بھی چھوڑ دی ، جن میں یہ کتابیں لکھی گئی یا نازل کی گئی تھیں۔

ذرا غور کرو، عبرانی جو توراۃ کی زبان تھی اور خالدی جو مسیح علیہ السلام کی زبان تھی اور دری جو ژند و پاژند کی زبان تھی اور سنسکرت قدیم جو ویدکی زبان تھی، اب دنیا کے کسی پردہ پر کسی براعظم یا کسی ملک یا کسی ضلع یا کسی شہر میں بطور زبان مستعمل ہیں؟ قدرت نے ان السنہ (زبانوں) کو ناپید کرنے سے اپنا فیصلہ قطعی صادر کر دیا ہے۔ کہ اب انسان کو ان کتابوں کی بھی ضرورت نہیں رہی جو ان زبانوں میں مروج کی گئی تھیں۔

دوم ۔۔ اس حفاظت الٰہیہ کا اندازہ کرو جو قرآن مجید کے متعلق ہے کہ اس کا زیر و زبر اور حرف بہ حرف تو الی و تواتر کے ساتھ ثابت شدہ ہے۔ ملک چین میں ایک ایک حرف پورے یقین کے ساتھ اسی طرح پایا جاتا ہے جیسا کہ مراکو (مراکش) میں موجود ہے۔

اگر حفاظت الٰہی خود کارفرما نہ ہوتی تو ایک ایسی کتاب میں ہزاروں غلطیوں کا ہو جانا صرف ممکن بلکہ ضروری تھا جس کا پیش کرنے والا ﴿وَلَا تَخُطُّهُ بِيَمِينِكَ﴾ [العنکبوت:48] سے مخاطب ہو۔ (آپ تو اپنے داہنے ہاتھ سے خط کھینچنا بھی نہیں جانتے تھے) برہان بالا حفاظت الٰہی کے متعلق قطعی ہے۔

مناسب مقام سے ہم قرآن مجید کے حروف کے متعلق ایک یادداشت پیش کرتے ہیں حروف کا اندراج اس لیے کیا جاتا ہے کہ تعداد سور رکوعات و آیات وغیرہ کے متعلق اعداد و شمار عموماً ہر ایک مصحف پر درج ہوتے ہیں۔

نقشہ شمار حروف تہجی

جتنی بار ہر ایک حرف قرآن مجید میں آیا ہے

حرف	تعداد	حرف	تعداد
ا	48992	ط	1307
ب	12228	ظ	782
ت	2404	ع	9274
ث	3105	غ	9211
ج	4232	ف	4418
ح	4120	ق	6612
خ	2105	ك	10628
د	5972	ل	33520
ذ	4739	م	26515
ر	12640	ن	44190

ز	3580	و	25589
س	5976	ہ	16070
ش	2115	ی	25909
ص	20083	[1]	
ض	682	[2]	

امیر المومنین عثمان ؓ اور حفاظت رسم الخط قرآن

اس برہان خاتمہ پر تکمیل مدعا کی غرض سے یہ بھی لکھ دینا ضروری ہے۔ امیر المومنین عثمان ذوالنورین ؓ نے بھی حفاظت قراءت وکتابت قرآنی میں بہت بڑی خدمت کو انجام دیا۔ انھوں نے نبی ﷺ کے کاتب وحی زید بن ثابت ؓ کی نگرانی میں سات (7) قرآن مجید لکھوائے اور ان کو سات (7) نائبان سلطنت کے پاس اپنے دستخط اور مہر رسالت سے مزین کر کے بھجوایا، اس سے بھی حفاظت قرآن پاک ہی مدعا تھا تاکہ رسم الخط میں آئندہ کوئی تفاوت پیدا نہ ہو سکے۔ کاتب وحی کے قلم اور خلیفہ راشد کے دستخط اور مہر رسالت ﷺ سے مزین شدہ قرآن آئندہ زمانہ کے کاتبین کے واسطے صحت ونقل ومقابلہ کے لیے بے بہا گوہر تھا۔

نقل اور طریق وجادہ

آج کل تو وجادہ ہی پر نقول کا اعتبار چلتا ہے۔ یعنی کسی کتاب کی صحت کا اعلیٰ معیار یہ ہے کہ وہ اس نسخہ کے مطابق ہو جس سے نقل کی گئی ہے، لیکن یہ امر کہ منقول عنہ کی صحت کا ثبوت کیا ہے، مفقود ہے۔ خلیفہ راشد نے نقل وصحت میں شک واختلاف مٹانے کے لیے اصل شے قائم کر دی تاکہ بحالت ضرورت اسی جانب رجوع کیا جائے۔

اعتراض اور اس کی اصلیت

معترضین اسلام نے چاہا کہ اس واقعہ کی صورت بگاڑ کر کچھ فائدہ اٹھائیں۔ جھٹ کہہ دیا کہ عثمان ؓ نے قرآن میں تصرف کیا تھا، ان کوتاہ فہم لوگوں کو نہ اس عہد کے اسلامی ممالک کی حالت معلوم ہے اور نہ قرآنی ترویج کی خبر۔

سیدنا عثمان ؓ اور ممالک اسلام کے باہمی تعلقات کا بھی ان کو علم نہیں۔ اگر ان سب باتوں کا علم ہوتا تو وہ یہ بات زبان پر نہ لاتے۔

نماز اور قرأت

سب جانتے ہیں کہ اسلام میں پانچ نمازیں فرض ہیں، جن میں سے تین میں قرآن مجید بآواز بلند پڑھا جاتا ہے اور چونکہ ہر شخص مجاز ہے کہ جہاں سے وہ چاہے، جتنا چاہے قراءت کرے۔ اس لیے دنیا میں پھیلے ہوئے کروڑوں انسان صدہا مقامات پر مختلف اجزاء وسُوَر سے قرآن مجید کی قراءت روزانہ کیا کرتے ہیں، ایک پڑھتا ہے اور بیسیوں، سینکڑوں مقتدی سنا کرتے ہیں۔ اقتداء

[1] منقول از دستور العلما ، جلد دوم مصنفہ قاضی الفاضل عبدالنبی احمد نگری [2] نقشہ میں کل حروف کا مجموعہ نہیں دیا گیا تھا جو کہ جمع کرنے سے 346998 بنتا ہے۔

کرنے والوں میں بھی بہت تعداد ان لوگوں کی ہوتی ہے جن کو خود بھی وہ آیات جو امام نماز میں پڑھ رہا ہے یاد ہوتی ہیں۔ یہ طریقہ عہد نبوی ﷺ سے جاری تھا اور ہر شہر، ہر قصبہ، ہر قریہ میں برابر اسی پر عمل درآمد رہا۔

نسخہ جات قرآنی کی اشاعت

خلافت عثمانی سے پیشتر قرآن پڑھنے والوں کی تعداد کروڑوں تک پہنچ گئی تھی اور اس کے نسخے الوف در الوف بستیوں میں موجود تھے۔ اس لیے عثمان ؓ کے حیطہ اقتدار سے باہر تھا کہ وہ سب کی زبانوں، سب کے دماغوں اور سب کی کتابوں پر قبضہ کر کے ایک بھی لفظ کی کمی بیشی کر سکتے۔

حضرت عثمان ؓ اور ان سے مسائل فقہیہ میں اختلاف جمہور

ہاں ہم کو وہ مسائل فقہیہ بھی معلوم ہیں، جن میں صحابہ ؓ کا اختلاف عثمان غنی ؓ سے تھا۔ مثلاً منیٰ میں پوری نماز پڑھنا اور قصر نہ کرنا اور محرم کا کسی غیر محرم کے شکار کو استعمال کر سکنا۔ جب ہم دیکھتے ہیں کہ ایسے چھوٹے چھوٹے مسائل میں بھی بعض صحابہ ؓ نے ان کا خلاف کیا اور ہر ایک اپنے اپنے اجتہاد فقہی پر محکم رہا تو پھر کیوں کر ممکن ہو سکتا ہے کہ عثمان ؓ قرآن مجید کے متعلق کوئی خود ساز تبدیلی کرتے اور صحابہ ؓ اس پر خاموش رہ جاتے۔

حضرت عثمان ؓ اور اہل مصر کی بغاوت

اس سے بھی بڑھ کر ہم دیکھتے ہیں کہ اہل مصر نے حضرت عثمان ؓ کے بعض افعال پر نکتہ چینی کی۔ ان کو بیت المال کا اسراف سے خرچ کرنے والا یا اپنی قوم کو بہت زیادہ عہدہ ومناصب دینے والا بتلایا ہے اور انہی امور پر اہل مصر نے ایسی بغاوت کی کہ اس کا اختتام امیر المومنین عثمان ؓ کی شہادت پر ہوا۔ لیکن ہم کسی مصری اور اس عہد کے کسی اور شدید البغض انسان کو بھی قرآن مجید کے متعلق حضرت عثمان ؓ کی شان میں ایک حرف کہتا ہوا بھی نہیں سنتے۔

خلافت مرتضوی ؓ اور مصحف عثمانی ؓ

مولیٰ علی المرتضیٰ ؓ ان کے بعد خلیفہ ہوتے ہیں اور اپنی تمام خلافت کے زمانہ میں قرآن کی ترتیب عثمانی میں کوئی تبدیلی نہیں کرتے اور نہ اس ترتیب کے خلاف کوئی لفظ زبان سے نکالتے ہیں، بلکہ ہمیشہ نمازوں اور وعظوں میں اسی قرآن کا ورد کرتے ہیں۔

صفین میں رفع مصحف کا واقعہ

امیر المومنین سیدنا علی المرتضیٰ ؓ اور امیر معاویہ ؓ میں جنگ صفین ہوتی ہے۔ اہل شام قرآن مجید کو بلند کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے اور تمھارے درمیان یہ قرآن مجید حکم ہوگا۔ اس وقت حزب مرتضوی ؓ میں سے کوئی ایک بھی یہ نہیں کہتا کہ اہل شام نے قرآن پر اعتماد کیا ہے؟ حالانکہ فریق برسر جنگ کو اگر ذرا بھی گنجائش ایسے لفظ کہنے کی مل جاتی تو وہ محارب کی اس تدبیر کو کالعدم کر سکتا تھا، لیکن شامیوں کے پیش کیے ہوئے قرآن ہی کو قرآن ماننا پڑا اور عارضی صلح منعقد ہو گئی۔

ان واقعات سے معلوم ہو جاتا ہے کہ امیر المومنین عثمان ؓ نے حفاظت قرآن کے متعلق ایسی خدمت ادا کی، جس پر تمام عالم

[1] [illegible] 5469978 [illegible]

اسلام کا اتفاق تھا۔ جاہل و عالم، دانا و نادان، دوست و دشمن، ان کے اس فعل حمیدہ میں ذرا بھی شک نہ رکھتے تھے اور یہ اتفاق کامل صرف قرآن مجید ہی کے متعلق حاصل ہے اور یہ بھی ایک زبردست خصوصیت حفاظت کتاب حمید کی ہے۔

تیسری پیش گوئی: جمع قرأت کی بابت

﴿ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَ قُرْاٰنَهُ فَإِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهُ ﴾

''قرآن مجید کا جمع کرنا اور قراءت کا درست رکھنا بھی ہمارا ذمہ ہے۔ اے رسول! جس قراءت سے قرآن پڑھا جائے، آپ اس پر کاربند رہیں۔''

قرآن مجید کے احکام وقتاً فوقتاً نازل ہوتے تھے، اس لیے اس کتاب کی ترتیب اور تدوین مشکل کام تھا، لیکن اس کام کو بھی رب العالمین نے اپنے ہی ذمہ لیا، جیسا کہ دنیا میں بھی ہر ایک مصنف کتاب اپنی تصنیف کی ترتیب و تدوین کا کام خود سرانجام دیا کرتا ہے۔ یہی سبب ہے کہ بعد میں کسی ایک آیت کی بھی تقدیم و تاخیر نہیں ہوئی۔ مشرق سے لے کر مغرب تک تمام دنیا ایک ہی ترتیب کے ساتھ قرآن مجید کی قراءت کر رہی ہے۔ اس پیش گوئی سے واضح ہو گیا کہ جمع و ترتیب کی جو صورت موجودہ دنیا میں پائی جاتی ہے وہ ٹھیک اسی ترتیب اور قراءت کے موافق ہے جو علم الٰہی اور قراءت سماوی ہے۔

یہ وہم کہ افراد امت میں سے کسی ایک کا خیال اس میں کوئی تصرف کر سکا ہے، بالکل غلط اور باطل بن جاتا ہے۔

چوتھی پیش گوئی

قرآن مجید حفظ (یاد) رکھا جائے گا

﴿ بَلْ هُوَ اٰيٰتٌ بَيِّنٰتٌ فِي صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ﴾ [العنکبوت:49]

''یہ قرآن تو وہ روشن آیتیں ہیں جو علم والوں کے سینہ میں رہتی ہیں۔''

ساری کتاب کو حفظ کر لینا ایک اچھوتا خیال تھا، کیوں کہ قرآن مجید سے پیشتر دنیا میں کوئی کتاب حفظ نہ کی گئی تھی۔ اس لیے اس خیال کا پیدا ہونا ہی اس کے الہامی ہونے پر دلیل ہے۔ اس پیش گوئی کے مطابق ہر ملک، ہر صوبہ، ہر ضلع، ہر شہر میں حفاظ قرآن کی کافی تعداد پائی جاتی ہے، جو اس صحت اور اتفاق اور یقین واثق کے ساتھ تلاوت قرآن پاک کرتے ہیں کہ ان کی قراءت سے مطبوعہ کتابت کی صحت کی جاتی ہے، مگر ان حفاظ کو مطبوعہ یا قلمی کتاب سے صحت کرنے کی کبھی ضرورت نہیں پڑتی۔ اگر کسی حافظ کو اپنے پڑھنے میں کہیں شبہ پڑے گا تو وہ اس کی صحت دوسرے حفاظ ہی سے جا کر کرے گا۔

یہ ایسی زبردست پیش گوئی ہے کہ تمام دنیا اس کی نظیر لانے سے عاجز ہے۔ حفاظت کا ایسا انتظام بالکل لاثانی ہے اور محض منجانب اللہ تعالیٰ ہے۔

پانچویں پیش گوئی

کہ قرآن مجید کا حفظ کر لینا آسان ہوگا

﴿ وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ ﴾ [القمر:17] ''ہم نے قرآن کو یاد کے لیے آسان بنا دیا ہے۔''

پیش گوئی چہارم کے تحت میں تحریر کیا گیا ہے کہ ساری کتاب کو حفظ کرنے کا خیال ہی بالکل اچھوتا ہے، لیکن یہ ظاہر ہے کہ جب مسلمانوں نے ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں دنیا کی تمام اقوام اور ممالک کے سامنے قرآن مجید کو از بر سنانا شروع کیا، تب دوسروں کو بھی امنگ آنی چاہیے تھی کہ دوسروں کو بھی ایسا کرنے کا جوش پیدا ہونا چاہیے تھا کہ وہ بھی اپنے اپنے مذہب کی کتاب کو حفظ کر لیتے۔ کیوں کہ ان کے سامنے یہ نظیر موجود تھی۔

مگر کوئی بھی ایسا نہ نکلا، نہ یہودی، نہ عیسائی، نہ پارسی، نہ ہندو اور نہ اور، جس نے اپنے پسندیدہ مذہب کی پسندیدہ کتاب کو حفظ کر لیا ہو۔ اس کی وجہ خود قرآن پاک نے بتلا دی ہے کہ یہ خصوصیت بھی اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید ہی میں رکھ دی ہے کہ وہ یاد کرنے والوں کو جلد اور آسانی سے یاد ہو جاتا ہے۔

غور کرو رب العالمین نے اور کسی کلام کے اندر (خواہ کسی زمانے میں وہ کلام آسمان ہی سے زمین پر اتارا گیا تھا) یہ خصوصیت، یہ خاصیت، یہ مابہ امتیاز رکھا ہی نہیں، اس لیے کوئی دوسری کتاب کسی اور مذہب والے کو از بر یاد کرنا کیوں کر ہو سکتی تھی؟ اور کیوں کر کوئی شخص حفاظ قرآن کی طرح ایسی صحت، ایسی تیقن کے ساتھ اپنی کتاب کو حافظہ سے سنانے کی جرأت کر سکتا تھا۔

یہ ہے قدرت کی زبردست طاقت اور یہ ہے فطرت انسانی کے اصل منشا کا راز جس کے مقابلہ سے دنیا عاجز ہے۔

چھٹی پیش گوئی

کہ قرآن مجید کی کتابت جاری رہے گی اور کتاب کی شکل میں اس کی اشاعت ترقی پر رہے گی

﴿ وَكِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ O فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ﴾ [الطور:2-3] ''قسم ہے کتاب کی جو لکھی گئی ہے اور پاک صاف صحیفہ اشاعت پاتی ہے۔''

رق، اس باریک جھلی کو کہتے ہیں جو کتابت کے لیے خاص طور پر بنائی جاتی ہے اور باریک سفید، پاکیزہ صحیفہ (بیاض) کو بھی جو لکھنے کے لیے تیار کی جائے۔ (المنجد)

اس آیت میں قرآن مجید کو کتاب بھی فرمایا اور مسطور بھی اور پھر اسی کو منشور بھی بتایا۔ کون نہیں جانتا کہ نشر کے معنی میں بسط اور امتداد شامل ہیں اور اسی کو آج ہم لفظ اشاعت سے تعبیر کرتے ہیں۔

ساتویں پیش گوئی

کہ باطل یا بطلان قرآن کے نزول میں یا آئندہ کسی عہد میں اس کے سامنے نہ ٹھہر سکے گا۔

﴿ لَا يَأْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴾ [حم السجدۃ:42]

''باطل اس کے آگے یا پیچھے نہ آئے گا۔ یہ تو رب حمید و حکیم کی طرف سے نازل کیا گیا ہے۔''

فلسفہ، قدیم (باطل بین یدیہ) اور فلسفہ جدید (باطل من خلفہ) نے بہت زور مارا مگر قرآن حکیم کے سامنے ٹھہر نہ سکا اور اس کے کسی مضمون اور کسی ایک اصول کا مقابلہ نہ کر سکا۔ نہ فلسفہ قدیم نے اس میں سے کچھ گھٹایا نہ فلسفہ جدید نے کچھ بڑھایا۔ یہ ایسی مکمل کتاب ہے کہ اس میں اب کسی کے دخل کی گنجائش ہی نہیں۔

اسلام کے متعلق چار پیش گوئیاں

پہلی پیش گوئی

منکروں کی نفرت وکراہت کے ہوتے ہوئے بھی اسلام کی ہدایت وحقانیت غالب ہوتی رہے گی۔

﴿هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ﴾

''اللہ کی شان یہ ہے کہ اس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا ہے تا کہ وہ اسے سب دینوں پر غالب کرے، اگر چہ مشرک لوگ کیسا ہی برا مانتے رہیں۔'' [الصف:9]

جنوبی عرب اور عیسائیت

بعثت نبوی ﷺ کے وقت عرب کی پولیٹکل (Political) حالت یہ تھی کہ اس کے جنوب پر سلطنت حبشہ کی حکومت تھی اور شمالی اقطاع پر روما کی سلطنت کا قبضہ تھا۔ یہ دونوں عیسائی سلطنتیں تھیں۔ عیسائیت اگر چہ عرب میں 330ء کو داخل ہوگئی تھی اور بنو غسان عیسائی بن گئے تھے مگر رفتہ رفتہ عراق، عرب، بحرین، صحرائے فاران اور دومۃ الجندل پر بھی یہی مذہب حکمران ہوگیا تھا۔ پروفیسر سیڈیو لکھتا ہے کہ 395ء سے 513ء تک عرب میں اشاعت عیسویت پر بہت ہی زور لگایا گیا تھا۔

لیکن اسلام نے چند ہی سال میں اس پر غلبہ حاصل کر لیا اور یہ جملہ ممالک دین حقہ میں داخل ہوگئے۔

عرب اور یہودیت

یہودی عرب میں اس وقت آئے جب یونانیوں اور سریانیوں نے ان کو اپنے ملک سے نکال دیا تھا، ان کا مذہب حجاز اور نواحی خیبر اور مدینہ میں پھیل گیا تھا اور اس نے استحکام بھی حاصل کر لیا تھا۔

اسلام کے آتے ہی ان کا بھی چار صد (400) سالہ قبضہ عرب سے بالکل اٹھ گیا۔

مشرقی عرب اور مجوسیت

عرب کے مشرقی حصہ پر سلطنت فارس کا اثر تھا اور اس حصہ کا گورنر شاہ ایران کی منظوری وانتخاب سے مقرر ہوا کرتا تھا۔ مشرقی حصہ میں آتش پرستی کی رسوم اور طریقے خوب رواج پا گئے تھے۔ تاریخوں میں ان عربوں کے نام بھی لکھے ہیں جنھوں نے مجوسیت کے اثر میں آکر بیٹی اور بہن کو گھر میں ڈال لیا تھا۔

اسلام کی پاک تعلیم کے سامنے یہ مذہب بھی نہ ٹھہر سکا۔

عرب وسطیٰ اور بت پرستی

حجاز (یا وسط عرب) میں ابن لُحَی شام سے بت لے آیا تھا اور اسلام سے تین صدی پیشتر تمام مشہور مشہور قبائل بت پرست بن گئے تھے۔

عرب اور مذاہب متعددہ: صابی، دہریہ، منکرین قیامت، مادہ پرست اور خود پرست وخوش باش وغیرہ کے نام سے اور بھی چھوٹے بڑے مذاہب تھے، جن کے مقلدین کی تعداد سینکڑوں یا ہزاروں تک پہنچی ہوئی تھی۔

﴿ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ﴾ [الصف:9]

اسلام کی حقانیت نے ان سب لوگوں کو بھی بطلان سے چھڑایا، یہی معنی ﴿ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ﴾ کے ہیں، جس کا ظہور حضور پرنور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد اقدس ہی میں ہو گیا تھا۔

دوسری پیش گوئی

اسلام کے متعلق دوسری پیش گوئی کہ وہ تکمیل واتمام کو پہنچے گا۔

﴿ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴾ [الصف:8]

''اللہ اپنے نور کو پورا کرے گا، اگرچہ کافر برا مانتے رہیں۔''

وعدہ کی زمین پر موسیٰ علیہ السلام داخل نہ ہوئے

موسیٰ علیہ السلام کی سیرت پاک پر غور کرو، اگرچہ ان کے ہاتھ سے ایسی ایسی آیات باہرات کا ظہور ہوا، جو اپنا نظیر نہیں رکھتی ہیں۔ فرعون مصر کو اللہ تعالیٰ نے غارت کیا اور بنی اسرائیل کو سمندر چیر کر اس کی خشک زمین پر سے راستہ دیا، من وسلویٰ اتارا، دن میں خاک کے بگولے سے ان کی راہنمائی کی اور رات کو اسی بگولہ کو ستون نار بنا کر کیمپ کو روشن کیا۔ یہ سب کچھ ہوا مگر مقصد اصلی جو وعدہ کی زمین میں بنی اسرائیل کو پہنچا دینا تھا وہ ان کی حیات میں مکمل نہ ہوا۔

داؤد علیہ السلام اللہ کا گھر نہ بنا سکے

داؤد علیہ السلام کی سیرت پاک کو دیکھو، ان کو بنی اسرائیل کے دوازدہ اسباط (12 قبیلے) پر حکومت بھی ملی۔ انھوں نے جالوت کو بھی خاک وخون میں سلایا۔ انھوں نے سوئیل کو بھی نیچا دکھایا، شہر یار بنایا، قلعے تیار کیے، لیکن اللہ کا گھر بنانے کی ان کو اجازت نہ ملی۔

مسیح علیہ السلام کی سرگرمی اور تعلیم کا نامکمل رہ جانا

مسیح علیہ السلام کی سرگزشت کو پڑھو تبلیغ واشاعت کی غرض سے وہ شبانہ روز سفر میں رہے۔ اپنے سہ سالہ ایام تبلیغ میں انھوں نے دو شب کسی ایک مقام پر مشکل سے قیام فرمایا ہوگا، لیکن پھر بھی یوحنا 16 باب میں ان کا اعلان یہی تھا کہ وہ مکمل تعلیم نہیں دے سکے اور ساری صداقت اور سچائی نہیں سکھلا سکے۔ ان سب حالات کی موجودگی میں قرآن مجید کا اعلان اور اعلام عام یہ ہے کہ اسلام بالضرور تکمیل واتمام کے مدارج پر پہنچے گا اور نور اسلام اپنے مقاصد میں یقیناً ہی فائز المرام ہوگا۔

اس آیت کا نزول تو اس وقت ہوا تھا جب مہاجرین وانصار کو اطمینان کے ساتھ روٹی کھانی نہیں ملتی تھی اور نماز بھی دشمن کے حملہ سے بے خطر ہو کر نہیں پڑھی جاتی تھی، آہستہ آہستہ اس پیش گوئی کے پورا ہونے کا وقت آ گیا اور اس مبارک دن کا سورج نکلا جس روز اللہ کے نبی نے عرفات کے میدان میں وہاں کی بلند پہاڑی (کوہ رمت) پر چڑھ کر سب سے بڑے مرکب (ناقہ قصویٰ) پر سوار ہو کر یعنی مادی دنیا کی اقصیٰ بلندی کے سر پر پاؤں رکھ کر عالم عالمیان کو اس نوید فرخ سے زندہ جاوید فرمایا:

﴿ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَ رَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۔ ﴾ [المائدہ:3]

''آج تمھارا دین تمہارے فائدے کے لیے کامل کر دیا۔ آج میں نے تم سب پر اپنی نعمت کا اتمام فرما دیا۔ آج میں بتلاتا ہوں کہ میری خوشنودی یہ ہے کہ اسلام ہی تمھارا دین ہے۔''

قارئین آپ نے پیش گوئی کو بھی دیکھا اور اس کا اتمام بھی دیکھ لیا۔

تیسری پیش گوئی

تیسری پیش گوئی اسلام کی بابت کہ وہ استحکام میں بڑھتا جائے گا اور اس کا پھیلاؤ روز بہ روز زیادہ ہوتا جائے گا۔

﴿ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَ فَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ تُؤْتِيْ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا ﴾

''کلمہ طیبہ کی مثال اس پاکیزہ درخت جیسی ہے جس کی جڑ مضبوط ہوتی جاتی ہے اور جس کی شاخیں آسمان پر پھیلتی جاتی ہیں۔ وہ اللہ کے حکم سے ہر وقت، ہر زمانہ میں پھل دیا کرتا ہے۔'' [ابراہیم:24-25]

ثابت اسم فاعل ہے اور اسم فاعل میں استمرار ہوتا ہے۔ سماء سمو سے بنایا گیا ہے، رفعت وشوکت بلندی وعزت کے معانی اس لفظ میں شامل ہیں۔

وہ درخت جس کی جڑیں پاتال کی طرف بڑھتی جائیں جس سے درخت مضبوط بھی زیادہ ہوتا جائے اور خوراک بھی اسے زیادہ ملتی رہے۔

وہ درخت جس کی نشوونما جاری رہے، جس کی طراوت وتازگی قائم رہے، اس کی شاخیں پھیلا کرتی ہیں۔ فضا میں لہلہایا کرتی ہیں، آسمان کو جایا کرتی ہیں، وہ آسمانی برکتوں: اوس اور مینہ سے بھی غذا لیتا ہے، وہ زمینی برکتوں نہر اور چشموں سے بھی پلتا ہے۔

جمعیت کے اعتبار سے اس کا تنا ایک ہوتا ہے اور پھیلاوٹ کے لحاظ سے اس کی شاخیں کئی ہیں۔

یہی مثال اسلام کے کلمہ طیب کی ہے، جہاں اس کا بیج بویا گیا تھا، وہاں اس طرح قائم ودائم ہے اور اس کی شاخیں چین وافریقہ، انگلینڈ وامریکہ تک پھیل گئی ہیں۔

ہندو قوم کی بابت کوئی کہتا ہے کہ وسط ایشیا سے آئی اور کوئی کہتا ہے کہ تبت سے نیچے اتری۔ تبت اور ترکستان وماوراء النہر میں جا کر دیکھو اور پوچھو کوئی اس دعویٰ کا مصدق بھی موجود ہے؟ ہرگز نہیں۔ معلوم ہو جاتا ہے کہ جڑ قائم نہیں۔ یہی حال دنیا کی اکثر اقوام کا ہے۔

بنی اسرائیل کو فلسطین کی زمین وعدہ کے ساتھ دی گئی تھی کہ اگر وہ شریعت کے پیرو رہے تو ابدالآباد کے لیے یہ مملکت اور اس کی حکومت انہی کو حاصل رہے گی، لیکن کیا اب اس کی جڑ اس وعدہ کی سرزمین میں قائم بھی ہے؟

جنگ عظیم 1914 تا 1918ء میں ان بے چاروں نے اربوں روپیہ بڑی بڑی سلطنتوں کو قرض دیا کہ وعدہ کی زمین، قومی گھر، بنا دیا جائے، لیکن وہاں کے باشندے اب تک ان کے قدم وہاں جمنے نہیں دیتے۔

اگر انگلستان کی کوشش بارآور بھی ہوتی [1]، تب بھی یہ مملکت اور سلطنت تو نہ ہوتی جس کا وعدہ ابراہیم اور موسیٰ اور داؤد وسلیمان علیہم السلام کے ساتھ تھا، بلکہ یہ تو وہی غلامانہ اطاعت ہوتی جس کے بدلے میں بخت نصر اور گشتاسب وغیرہ نے بھی یہودیوں کو اس

---

[1] آج انگلستان کی مسلمانوں سے بے وفائی، دھوکا دہی اور یہود کی مالی معاونت اور کفار عالم کے توسط سے 'اسرائیل' جیسی یہودی مملکت معرض وجود میں آ چکی ہے۔

سرزمین پر بسنے کی اجازت دے دی تھی، جب کہ وہ بہ عہد مسیح رومیوں کی ماتحتی میں رہتے تھے۔

پارسی قوم کا قومی گھر ایران ہے، لیکن اب تو وہاں ان کا کوئی پرسان حال بھی نہیں۔ کیا ان حالات میں یہ اقوام ﴿اَصْلُهَا ثَابِتٌ﴾ [ابراہیم:24] کے الفاظ اپنے اوپر چسپاں کر سکتی ہیں۔ یہودیوں، ہندوؤں، پارسیوں وغیرہ کی قوم جس پر جمود پڑی ہوئی ہے یا جس ملکی احاطہ میں محدود ہے، وہ ان حالات میں کیسے ﴿فَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ﴾ [ابراہیم:24] کا مصداق ہونے کا دعویٰ بھی کر سکتے ہیں؟

ہاں اسلام وہ ہے جو نہ کسی حویلی کا پیپل ہے، نہ کسی صحن خانہ کا نیم ہے، نہ کسی باغیچہ کا پیڑ وہ آسمان کے تمام خلا کو اپنا سمجھتا ہے اور اس میں پھیل رہا ہے۔

ہاں آیت پر مکرر غور کرو کہ اس میں اسلام کی پانچ خوبیوں کا بیان کیا گیا ہے۔

1. ﴿شَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ﴾ واضح ہو کہ اسلام کی وحدت تعلیم اور مساوات حقوق بھی منفرد ہے، اس لیے اسلام کی بہترین تشبیہ درخت میں پائی جاتی ہے کہ ایک ہی تنا پر بے شمار شاخیں ڈالیاں اور پتے ہوتے ہیں اور وہ سب غذا و نمو میں اسی تنا سے یکساں مستفید ہوتے ہیں۔
2. اسے طیبہ کہا گیا ہے، جس میں صورت کی خوش نمائی بھی شامل ہے اور جس کا سایہ اور ثمر بھی ہوتا ہے۔ اسلام کا بھی یہی حال ہے کہ وہ اپنی موہنی شکل و صورت سے دلربا رہا ہے اور پاکیزہ تعلیمات سے طیب مانا گیا ہے۔
3. ﴿اَصْلُهَا ثَابِتٌ﴾
4. ﴿فَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ﴾ کی بابت ہم دلیل اول میں لکھ چکے ہیں۔
5. ﴿تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۭ بِاِذْنِ رَبِّهَا﴾ ہر ایک درخت کے پھل لانے کا وقت مقرر ہوتا ہے، کوئی گرما، کوئی سرما، کوئی بہار میں، کوئی خزاں میں پھل لایا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسلام کو ایسا درخت بتلایا جو ہر وقت پھل لانے والا ہے۔

قیام مکہ کے ایام میں اشاعت

اسلام کے اس ابتدائی زمانہ کو دیکھو، جب نبی ﷺ ابھی مکہ میں قیام فرما تھے اور مسلمان اپنی اپنی جانوں اور ایمانوں کے بچاؤ کے لیے مختلف ممالک میں بھاگے پھرتے تھے کہ حبش و یمن میں اسلام نے اس وقت سایہ ڈالا تھا۔

قیام مدینہ میں اشاعت

اس دور ثانی کو دیکھو، جب نبی ﷺ مدینہ منورہ میں اقامت گزیں ہوئے کہ بحرین و عمان اور دومۃ الجندل اور سرحد شام تک کے لوگ اسی وقت اسلام کے اثمار شیریں ثابت ہوئے تھے۔

پھر دور ثالث کو دیکھو، جب آفتاب نبوت ظل احتجاب میں آ چکا تھا، مخلصین دل شکستہ تھے، منافقین کے حوصلے بڑھ گئے تھے۔

دور صدیقیت میں اشاعت

معاہدین نے معاہدات کی شکست کا اعلان کر دیا تھا، متخاصمین سرحد عراق و ایران پر فوجیں جمع کرنے لگ گئے تھے۔ خلیفہ

الرسول ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی قیادت میں اعراب آگے بڑھے اور یہ سچے دل کے لوگ نور صداقت سے مستنیر ہو کر شرشیریں بن گئے۔

خلافت راشدہ میں اشاعت

دور چہارم میں فاروق رضی اللہ عنہ اور عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا زمانہ شامل ہے جب کہ مشرق سائبیریا سے لے کر مغربی ٹیونس تک اسلام پہنچ گیا تھا۔ اموی زمانہ میں اسلام نے جبل الطارق کو پھاندا اور سمندر پر سے اچھلا اور چین کو زیر نگین کیا۔

مغلوں کا اسلام

چھ سات صدیوں کی اقبال مندی کے بعد مسلمانوں کی دولت و حکومت کو زوال آیا اور دار السلطنت بغداد تباہ ہوا، لیکن انہی دنوں میں وہی مغول تاتار جو اس درخت کو کاٹنے کے لیے تیشہ و تبر لے کر بڑھے تھے، اس کی شاخوں سے پیوند ہو گئے اور ثمر شیریں ثابت ہوئے۔

یونانی فلسفہ اور ہندوانی توہمات

الغرض اسلام اپنی مظلومی کے عہد میں بھی بڑھا اور ترقی و آسائش کے ایام میں بھی اس نے ترقی و ازدیاد کی طرف قدم بڑھایا۔ اسلام پر یونانی فلسفہ اور ہندوانی توہمات، ایرانی تعیش اور بربری توحش کے بھی حملے ہوئے مگر وہ پھر بھی ترقی پذیر رہا۔

ہمارے عہد میں فلسفہ جدید اپنی تعلیمات سے اسلام پر گولہ باری کر رہا ہے اور یورپین طاقتوں نے اودھم مچا رکھا ہے۔

یورپین پالیسی اور فلسفہ جدید

مسلمانوں کی سلطنتیں برباد ہو رہی ہیں۔ ٹرکی دولت عظمیٰ سے گھٹ کر ایک معمولی سلطنت رہ گئی ہے مراکو اول درجہ کی سلطنت سے باجگذار بن گیا ہے۔ عرب اور عراق کی حکومتیں اغیار کی دست نگر ہیں۔ تنظیم قوم کا سلسلہ پراگندہ ہے، تاہم اسلام انگلستان اور جرمنی اور امریکہ پر اپنا سایہ ڈال رہا ہے۔ بڑے بڑے کرنٹ اور کونٹس لاڈز اور پرنسز اسلام کا پھل ثابت ہو رہے ہیں۔

حالیہ عہد میں اسلامی ترقی

چین اور افریقہ میں دس سال کے اندر مسلمانوں کی تعداد دو چند ہو گئی ہے۔ ان تمام حالتوں پر نگاہ عبرت سے غور کرو اور ﴿تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ﴾ کی پیش گوئی کی صداقت کا اندازہ لگاؤ، جب مسلمانوں کی اور اسلام کی ترقی کو ایک وقت واحد میں دیکھا جاتا ہے تو باذن اللہ تعالیٰ حکم عالی کی طاقت بخوبی ہویدا ہو جاتی ہے۔

چوتھی پیش گوئی

چوتھی پیش گوئی اسلام کی بابت کہ وہ اپنے دلائل حقانیت سے ترقی کرے گا اور دلائل انفسی و آفاقی ان لوگوں کو اسلام تک لانے میں دلیل رہ بنیں گے۔ ﴿سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ﴾ [حم سجدہ: 53]

''ہم عنقریب ان کو اطراف (عالم) میں بھی اور خود ان کی ذات میں بھی اپنی نشانیاں دکھائیں گے یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہو جائے گا کہ (قرآن) حق ہے۔''

یہ ہے وہ چیز جو عرب کو اسلام تک کھینچ لانے کا موجب بنی۔

غور کرو جب نشانات قدرت کی اندرونی و بیرونی شہادت کسی معاملہ کی راست بازی و صداقت پر جمع ہو جائے تو کیا اس وقت کوئی صحیح دماغ ایسی شہادت کا انکار کر سکتا ہے؟

جب چشم و گوش اور عقل و ہوش کے سامنے ایسی براہین ساطعہ موجود ہوں جو اس ظاہری و باطنی کو بام تصدیق پر پہنچا دیتی ہیں، تو پھر ان کا ابطال کیوں کر کیا جا سکتا ہے؟

اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کے مخاطبین کے سامنے وہ نشانات و علامات بھی دکھلائے جن کی شہادت خود ان کے ضمیر نے ادا کی اور وہ علامات و دلائل بھی قائم کیے جن کی تائید زمین و آسمان کے ہر انقلاب و گردش سے ہوئی، تب ان کی حقانیت اسلام کے اقرار میں کوئی چارہ نہ رہا اور وہ پروانہ وار اس شمع تجلی پر ٹوٹ کر گرے اور جان و مال کو اس منبع انوار پر نثار کر دیا۔

سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی آیات تسعہ کا تعلق زیادہ تر آفاق سے تھا۔ فرعونیوں پر حجت الٰہی تو ختم ہوئی مگر وہ ہدایت سے دور دور ہی رہے۔ آیات قرآنی کا اثر فی الانفس بھی ہے اور فی الآفاق بھی ہے۔ اس لیے حضور ﷺ کے مخاطبین نور حق سے قریب قریب ہوتے گئے اور مستنیر ہوتے ہوتے خود سراپا نور بن گئے۔ اَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ کی یہی تاویل ہے۔

پیش گوئی

کہ لڑائیوں میں مسلمانوں ہی کو غلبہ رہے گا

﴿اِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغَالِبُوْنَ﴾ [الصفت:173] ''اور ہمارا لشکر غالب رہے گا''

جب تک مسلمانوں کو جنگ کی اجازت نہ ملی اور نہ مدافعت حربی کا حکم ہوا، اس وقت تک وہ برابر گوناں گوں جور و ستم کا اماج بنے رہے، لیکن جب ان کی مظلومانہ حالت اور مجروحانہ بے بسی پر رحم کھا کر اللہ تعالیٰ نے ان کو جنگ کی اجازت دے دی اور مسلمانوں کی جمعیت فوجی تنظیم سے منظم ہوگئی، حتیٰ کہ اس لفظ جند کا اطلاق صحیح ہو گیا۔ اس وقت سے پھر مسلمانوں کو کسی جگہ شکست نہیں ملی، وہ فتح پر فتح حاصل کرتے گئے۔ نصرت و ظفر ان کے علم بردار رہے۔ عراق و فلسطین، شام و ایران، خراسان و ترکستان، مصر و سوڈان کے واقعات کو پڑھ لو کہ مسلمانوں کو ایک دفع بھی شکست نہ ہوئی اور ہر جگہ انہی کو غلبہ حاصل رہا۔ ایسی زبردست پیش گوئی کا اعلان وہی مالک فرما سکتا ہے جس کے قبضہ اقتدار میں اقوام کی ذلت و عزت کا ترازو ہے۔ ہاں وہی مالک جس کا علم عہد مستقبل پر بھی اتنا حاوی ہے کہ انسان کا علم عہد ماضی پر بھی اسی قدر حاوی نہیں ہو سکتا۔

آیت میں مزید غور طلب لفظ جُنْدَنَا ہے یعنی الٰہی لشکر۔ یہ ظاہر ہے کہ الٰہی لشکر صرف وہی ہو سکتا ہے جس کا مقصد صرف اعلائے کلمۃ اللہ ہو اور جس کا مدعا فتح کنوز یا ملکیت خزائن والوں سے بالاتر ہو کیوں کہ جب مقصد بدل جائے گا، تب وہ لشکر جندنا کہلانے کا مستحق نہ ہوگا اور جب وہ جندنا کی صفت سے عاری ہو گیا تو اس کا بہت سے مقامات پر مغلوب ہو جانا اقوام غیر کے سامنے مقہور ہو جانا بھی داخل تعجب نہ رہے گا۔

ان پچھلی صدیوں میں اگر مسلمان غلبہ تام سے محروم ہو گئے ہیں تو اس کی وجہ یہی ہے کہ وہ صفت ''جندنا'' (الٰہی لشکر) سے دور ہو گئے۔ لہٰذا آیات بالا دو پیش گوئیوں پر مشتمل ہے۔

① مسلمان کو کبھی شکست نہ ہوگی جب تک ان کا مقصد اعلاء کلمۃ اللہ ہوگا۔

(2) مسلمانوں سے یہ وعدہ اللہ تعالیٰ کا قائم نہ رہے گا جب کہ ان کا یہ مقصد نہ رہے گا۔

پیش گوئی

کہ اہل اسلام کو روئے زمین پر حکومتیں حاصل ہوں گی

﴿ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاءَ الْأَرْضِ ﴾ [النمل:62] ''تم کو زمین پر حکومتیں دے گا۔''

یہ آیت عام مسلمانوں کی طرف خطاب فرماتے ہوئے نازل کی گئی ہے۔

اس پیش گوئی کا ظہور کہ بنو امیہ نے دمشق میں ایک ہزار (1000) مہینے تک حکومت کی اور بعد ازاں غرناطہ وغیرہ میں حکومت حاصل کی اور ہسپانیہ پر صدیوں تک حکمران رہے۔ اسی پیش گوئی کا ظہور ہے کہ عہد فاروقی سے لے کر آج تک مصر پر مسلمانوں کی حکومت قائم ہے اور مختلف خانوادے یکے بعد دیگرے سریر آرائے سلطنت ہوئے اس پیش گوئی کا ظہور تھا کہ دمشق میں انقراض دولت امویہ کے بعد عباسیہ نے بغداد ہی میں پورے جاہ وجلال کے ساتھ چھ صدیوں تک حکومت کی۔

اس پیش گوئی کا ظہور تھا کہ عباسیہ کے غلاموں، ترکوں نے ترکستان وخراسان وغیرہ کی حکومت حاصل کی، پھر انہی کی ایک شاخ نے قسطنطنیہ فتح کر کے یورپ میں حکومت حاصل کی اور انہی کی شاخ نے ہندوستان پر صدیوں تک سلطنت کی۔

الغرض فراعنہ مصر، اکاسرہ ایران اور قیاصرہ روما کے ممالک پر اموی، عباسی ترک وکرد اور غلاماں وافغاناں اور دیگر اقوام کی مسلمان حکومتیں اسی پیش گوئی کے تحت میں ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ ایسی پیش گوئی صرف اللہ تعالیٰ ہی فرما سکتا ہے جو عالم الغیب ہے۔

پیش گوئی

کہ اہل ایمان کی حالت دنیوی بھی اچھی ہو جائے گی

﴿ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ وَّلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴾ [النحل:30]

''جنھوں نے یہاں نیک کام کیے ہیں، ان کے لیے دنیا میں بھی خوبیاں ہیں اور آخرت کا گھر تو بالکل اچھا ہے اور متقیوں کا خوب گھر ہے۔''

یہ آیات سورہ نحل کی ہیں جو مکی ہے۔ مکہ معظمہ میں اہل ایمان دنیوی حیثیت سے جس ضیق وتنگی اور حسرت وافلاس میں بسر کیا کرتے تھے۔ اس کا حال سب کو بخوبی معلوم ہے۔ کسی کے پاس تہ بند ہے تو کرتہ نہیں، کرتہ ہے تو سر بند نہیں۔ کسی کو ایمان لانے کے جرم میں قید کیا جاتا تھا، کسی کو گرم پتھر پر لٹا کر اس کی چھاتی پر دوسرا پتھر رکھا جاتا، کسی کے منہ میں لگام ڈالی جاتی ہے اور ہنٹروں سے مار مار کر اسے گھوڑے کی طرح پھرایا جاتا، کسی کو دہکتے ہوئے کوئلوں پر ننگی پیٹھ لٹا دیا جاتا۔ کفار سمجھتے تھے کہ یہی حالت ان کی ہمیشہ رہے گی۔

لیکن اللہ تعالیٰ کے کلام نے بتلا دیا کہ یہ حالت بدلنے والی ہے اور مسلمانوں کی دنیوی حیثیت بھی شاندار ہونے والی ہے۔ فتوحات کے بعد کل دنیا نے دیکھ لیا کہ قرون اولیٰ کے مسلمان کیسے تنعم وترفہ اور عزت وشان پر پہنچ گئے تھے، جسے دیکھ دیکھ کر صداقت قرآنی کا اقرار اہل کفار اشرار کو بھی کرنا پڑتا تھا۔

سنن ابو داود میں ہے کہ نبی ﷺ نے جابر رضی اللہ عنہ کے کنبہ سے پوچھا کہ تمھارے ہاں قالین بھی ہیں۔ وہ بولے کہ ہم اور

قالین۔ فرمایا تم کو ملیں گے۔ پھر ایک وقت آیا، جب ان کے گھر میں سارا فرش قالین کا تھا۔ [1]

مہاجرین رضی اللہ عنہم کے متعلق تین پیش گوئیاں

① ﴿ وَ مَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ﴾ [النساء:100]

''جو کوئی شخص اللہ کی راہ میں ہجرت کرے گا، اسے ملک میں جائے پناہ بھی بہت ملے گی اور کشائش بھی حاصل ہوگی۔''

② ﴿ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَ قٰتَلُوْا وَ قُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴾ [آل عمران:195]

''پھر جن لوگوں نے ہجرت کی اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے اور انھوں نے جنگ کی اور مارے گئے، ہم ان کی برائیوں کو بدل دیں گے اور انھیں ان کے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ یہ اجر ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ تو بہتر ثواب دینے والا ہے''

③ ﴿ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۔ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَ رِضْوَانٍ وَّ جَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ○ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴾ [التوبۃ:20-22]

''جو لوگ ایمان لائے، جنھوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کیا، وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بڑے درجے والے ہیں اور یہی ہیں وہ لوگ جو کامیاب ہیں، پروردگار ان کو اپنی رحمت اور خوشنودی کی بشارت سناتا ہے۔ ان کے لیے جنت ہے اور وہاں ان کے لیے دائمی نعمتیں ہیں، وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے اور اللہ کے ہاں اجر عظیم ہے۔''

یہ سہ آیات بالا خاصۃً مہاجرین پاک کے متعلق ہیں۔

پہلی آیت کا وعدہ دنیا کے متعلق ہے اور دوسری، تیسری آیت کا وعدہ دنیا و عقبیٰ ہر دو کے متعلق ہے۔

مہاجرین گھر بار، خویش و تبار، املاک و اموال کو چھوڑ کر صرف اللہ اور رسول کو ساتھ لے کر مدینہ منورہ میں پہنچے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے پہلی آیت کے مطابق ان کو بڑی بڑی جائداد کا مالک بنایا، لاکھوں، کروڑوں کی تجارت ان کے قبضہ میں آئی۔

جنات اور نعیم و مقیم کی قسط اول دنیا ہی میں پوری کی گئی۔ غور کرو کہ عراق و شام، ایران و مصر و خراسان و سوڈان کے فاتح سب کے سب مہاجرین ہیں۔ خالد بن ولید سیف اللہ اور ابوعبیدہ بن الجراح امین الامت، سعد بن وقاص اور عمرو بن العاص اور عبداللہ بن ابی سرح رضی اللہ عنہم وہ بڑے بڑے جرنیل ہیں، جنھوں نے ان ممالک میں نور اسلام پہنچایا اور وہاں کے نعیم مقیم کو اہل ایمان کے لیے عام کر دیا تھا۔

پیش گوئی

کہ تنگ دستی کے بعد مسلمان غنی ہو جائیں گے

﴿ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ﴾ [التوبۃ:28]

''اگر تم کو تنگ دستی کا خوف ہے تو اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ ہے کہ عہد مستقبل میں تم کو اپنے فضل سے غنی کر دے گا۔''

سَوْفَ: مضارع پر جب آتا ہے تو مضارع کو معنی حال سے نکال کر مستقبل بعید کے معنی میں منتقل کر دیتا ہے۔ چنانچہ یہ پیش گوئی

[1] بخاری: 3631،5161، مسلم: 5449،5450، ابوداود: 4145، ترمذی: 2774، نسائی: 3386

انقراض عہد نبوت ﷺ کے بعد پوری ہوئی۔ صحابہ کی دولت مندی اور غنا کا یہ حال تھا کہ ان کو اپنی دولت کا خود بھی ٹھیک ٹھیک اندازہ نہ ہوتا تھا۔

عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ قرشی الزہری کا جب انتقال ہوا تو ایک ہزار (1000) اونٹ، تین ہزار (3000) بکریاں اور ایک سو (100) گھوڑے ان کے ہاں موجود تھے۔ نقد و اسباب اس کے علاوہ تھا۔ ان کی ایک عورت کو 3/8 کے حساب سے تراسی ہزار (83000) روپیہ نقد دیا گیا تھا۔ [1]

ابو محمد طلحہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے لنگر میں ایک ہزار (1000) ورق کا روزانہ مصارف تھا۔ ورق ایک سکہ ہے جو ہم وزن دینار ہے۔ [2]

زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کے ایک ہزار (1000) غلام تھے جو کما کر لایا کرتے۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ ان کی کمائی کو خیرات کر دیا کرتے اور ایک حبہ بھی اپنے پاس نہ رہنے دیتے۔ [3]

پیش گوئی

کہ عرب کے تمام بت ناپید ہو جائیں گے اور بت پرستی معدوم ہو جائے گی

﴿يَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَ يُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ﴾ [الشوریٰ:24]

''اللہ اپنے کلام سے باطل کو مٹا دے گا اور حق کی حقانیت کو ثابت کرے گا۔''

باطل سے بت مراد ہیں۔ یہ معنی خود نبی ﷺ نے بتلائے۔ صحیح بخاری میں ہے کہ جب حضور ﷺ فتح مکہ کے دن خانہ کعبہ میں داخل ہوئے تو صحن کعبہ میں بت استادہ تھے۔ نبی ﷺ کے دست مبارک میں چھڑی تھی۔ حضور ﷺ چھڑی کے ساتھ بت کی طرف اشارہ کرتے تھے اور یہ آیت مبارکہ تلاوت فرماتے تھے۔

﴿قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا﴾ [بنی اسرائیل:81]

''کہہ دے کہ حق آ گیا اور باطل نکل گیا اور باطل نکلنے ہی کی چیز ہے۔'' [4]

اس پیش گوئی کا چودھویں صدی تک یہ اثر ہے کہ سارا ملک عرب بتوں کے وجود سے خالی اور بت پرستی سے کلیہ پاک ہے۔

آیت میں لفظ بِكَلِمٰتِهٖ مکرر غور طلب کہ باطل کو محو کرنے اور حق کو ثابت کرنے کا کام کلمات الٰہیہ کا ہے۔ کلام اللہ کی تاثیر ہی یہ ہے کہ اس کے سامنے باطل نہیں ٹھہر سکتا۔

چین، ہند، آسام وغیرہ بت پرست ممالک ہیں۔ ہزارہا بندگان الٰہی کا بت پرستی سے اہل عرب کی طرح بیزار ہو جانا، اسی اصول پر تھا کہ جہاں جہاں قرآن حمید کی اشاعت ہوئی وہاں وہاں بت پرستی معدوم ہوگئی۔ عیسائیوں میں مذہب پراٹسٹنٹ (Protestant) [5] کا ظہور و قیام بھی قرآن مجید ہی کی تاثیر کا نتیجہ ہے۔

پراٹسٹنٹ والے اب تصویر پرستی نہیں کرتے، نہ اپنے گرجاؤں میں مسیح اور مریم اور یوحنا علیہم السلام کی تماثیل کو رکھتے ہیں اور نہ ان کے سامنے کورنش و رکوع کرتے ہیں۔

---

[1] کتاب الاسماء نووی، الاستیعاب: 427/1، اسد الغابہ: 478/3، 480، الاستیعاب: 847/2 [2] اسد الغابہ: 87/3

[3] اسد الغابہ: 309/2، الاستیعاب: 563/1 [4] بخاری: 4287

[5] ایک معروف مسیحی فرقہ ہے۔

پیش گوئی

کہ مظلوم مہاجرین کو دنیا میں اچھے ٹھکانے اور آخر میں اجر کبیر ملے گا

﴿وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ﴾

''جن لوگوں نے ہجرت کی اللہ کے لیے ظلم اٹھانے کے بعد، ہم ان کو بہتر اور پسندیدہ ٹھکانے اور مقامات پاکیزہ دیں گے اور آخرت کا اجر تو بہت بڑا ہے، کاش! دوسرے لوگ بھی اسے جان لیں۔'' [النحل:41]

کون کون مقدس لوگ اللہ تعالیٰ کے اس وعدہ صدق کے موافق مورد الطاف ربانی ہوئے۔؟ یہ دیکھنے کے لیے مہاجرین کے اسمائے مبارکہ پر نظر ڈالو۔ ان کی حالت پڑھو، ان کی دنیوی کامیابی سے ان کے اخروی اجر کبیر کا اندازہ لگاؤ۔ ایک مختصر آیت نے کس طرح سینکڑوں بزرگوں کے انجام کا اعلام فرمادیا ہے۔ یہی ایک آیت قرآن مجید کے کلام ربانی ہونے اور مہاجرین کی دنیا و دین میں کامیابی پر دلیل روشن ہے۔

دنیوی واخروی سعادات کا بیان حضرت یوسف علیہ السلام کے ذکر میں بھی ہے:

﴿قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَ هٰذَا اَخِيْ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا اِنَّهٗ، مَنْ يَّتَّقِ وَ يَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ۔﴾

''کہا: ہاں! میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہم پر احسان فرمایا۔ ہاں جو کوئی تقویٰ اختیار کرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو اللہ احسان (نیکی) کرنے والوں کے اجر کو ضائع نہیں فرماتا۔'' [یوسف:90]

آیت بالا سے ظاہر ہے کہ مہاجرین کے لیے اللہ تعالیٰ نے سعادت دارین کو اسی طرح جمع فرما دیا جس طرح یوسف صدیق علیہ السلام کے لیے جمع فرمایا تھا۔

پیش گوئی

کہ اصحاب رسول ﷺ اور متبعین رسول ﷺ کی ترقی آہستہ آہستہ اور تدریجی ہوگی پھر کمال پر پہنچے گی۔

﴿كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْاَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ﴾ [الفتح:29]

''ان کی مثال کھیتی کی سی ہے، جس نے سوئی نکالی، پھر سوئی کو مضبوط کیا، پھر اسے موٹا بنایا، پھر وہ اپنی نال پر کھڑی ہوگئی۔ وہ کسان کو خوش کرتی ہے اور کفار انھیں دیکھ دیکھ کر غیظ وغضب میں آرہے ہیں۔''

آیت بالا میں چھ (6) واقعات اور منازل ومدارج کا ذکر ہے۔

1. کھیتی کی سوئی کا زمین سے سر نکالنا۔
2. سوئی کا مضبوط ہونا۔
3. سوئی کا موٹا ہونا۔

4. اپنی نالی پر کھڑے ہو جانا۔

یہ ہر دو مراتب مدینہ منورہ میں جا کر پورے ہوئے۔

ہر چہار (4) مدارج ترقی کے بعد دو بیرونی نتائج کا ذکر فرمایا۔

5. کسان کا اس کھیتی کو دیکھ دیکھ کر خوش ہونا۔ یعنی اللہ تعالیٰ کا رضوان ہے، جس کا اعلان آیت تکمیل میں ہے۔

6. کفار کا انھیں دیکھ کر حسد اور غصہ سے جل مرنا۔ یہ ان سب اشخاص اور اقوام کے متعلق ہے جو مہاجرین کا اعلیٰ مناصب پر فائز ہونا نہیں دیکھ سکتے۔

یہ آیت دراصل چھ (6) پیش گوئیوں پر مشتمل ہے۔

ہاں اس پیش گوئی کو اس پیش گوئی کے ساتھ بھی ملا کر دیکھو جس میں اسلام کو شجرہ طیبہ کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے

پیش گوئی

زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے متعلق

زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے عکاظ منڈی سے خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے لیے خرید کیا تھا۔ جب طاہرہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کا حضور ﷺ کے ساتھ عقد ہوا، تب زید رضی اللہ عنہ کو انھوں نے حضور ﷺ کی خدمت کے لیے مامور کر دیا۔ جب حضور ﷺ کو خلعت نبوت پہنایا گیا تو زید رضی اللہ عنہ بھی اسی پہلے دن ایمان لائے، جس دن خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا اور علی رضی اللہ عنہ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ ایمان لائے تھے۔ لہٰذا یہ اولین سابقین میں سے ہیں۔[1] اللہ تعالیٰ نے ان کی بابت فرمایا:

﴿ اِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْهِ ﴾ [الاحزاب: 37]

”جب آپ اس شخص سے کہہ رہے تھے جس پر اللہ نے بھی انعام کیا اور آپ نے بھی انعام کیا۔“

آیت بالا سے ظاہر ہوا کہ وہ انعام یافتہ الٰہی ہیں۔ دوسری آیت میں بتایا گیا ہے کہ انعام یافتہ الٰہی کون کون لوگ ہوتے ہیں:

﴿ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ ﴾ [النساء: 69]

”اللہ و رسول کی اطاعت کرنے والے ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام کیا اور وہ انبیاء صدیق اور شہداء وصالحین ہیں۔“

نتیجہ یہ ہوا کہ جو شہید ہے وہ انعام یافتہ الٰہی ہے اور جو انعام یافتہ الٰہی ہے وہ اگر نبی یا صدیق نہیں، تو ضروری ہے کہ وہ شہید ہو یا صالح ہو۔ زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے لیے آیت بالا ان کی شہادت کی خبر دینے والی تھی۔ چنانچہ 8ھ میں غزوہ موتہ کی سپہ سالاری کرتے ہوئے شہید ہوئے اور پیش گوئی پوری ہوئی۔

پیش گوئی

غیر اقوام کا مسلمان ہونا اور اسلام کی خدمت میں شاندار کام کرنا

﴿ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا یَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ﴾ [محمد: 38]

[1] اسد الغابہ 350/2، اصابہ رقم الترجمہ: 2897، الاستیعاب رقم الترجمہ: 848

اگر تم منہ پھیر و گے تب اللہ تمھارے سوا دوسری قوم کو بدل دے گا اور وہ منہ پھیرنے والی قوم نہ ہوگی۔"

آیت کا خطاب (جیسا کہ قرآن مجید ہی کی عبارت سے واضح ہے، ان لوگوں کی طرف ہے جو جہاد سے منہ موڑنے والے تھے، اب دیکھو کہ سوڈان، بربر، افریقہ، اندلس، خراسان، سندھ، ہندوستان میں جہاد کرنے والی قومیں وہ ہیں جن کا ان منافقین کے ساتھ کوئی حسبی نسبی تعلق نہیں۔

کرد، ترک، مغول، غلجی، سوری، غوری اقوام نے اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے جو خدمات انجام دیں وہ سب اسی پیش گوئی کے تحت میں ہیں۔

اہل ایمان کے متعلق پیش گوئیاں

پہلی پیش گوئی

خلافت راشدہ کے متعلق، جس میں خلافت راشدہ کے متعلق علامات بھی واضح طور پر بیان فرمائی گئی ہیں اور یہ ایک پیش گوئی دراصل چھ پیش گوئیوں کا مجموعہ ہے۔

آیت کریمہ جو چھ پیشین گوئیوں اور ایک وعید پر مشتمل ہے، یہ ہے:

﴿ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ﴾ [النور:55]

"وعدہ کیا اللہ نے تم میں سے اور ایمان والوں کے ساتھ جنھوں نے عمل بھی اچھے کیے۔"

1. ﴿ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ ﴾ [النور:55]

"کہ اللہ ان کو ضرور الارض کا خلیفہ بنائے گا"

2. ﴿ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ﴾ [النور:55]

"جیسا کہ ان سے پہلوں کو خلیفہ بنایا تھا"

3. ﴿ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ ﴾ [النور:55]

"اوران کے دین کو ان کے لیے مکنت، قوت بخشے گا وہ دین جس کو ان کے لیے اللہ نے پسند کیا ہے"

4. ﴿ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ﴾ [النور:55]

"اوران کے خوف کو امن سے بدل دے گا۔"

5. ﴿ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ﴾ [النور:55]

"وہ میری ہی عبادت کریں گے ذرا بھی شرک نہ کریں گے۔"

6. ﴿ وَ مَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴾ [النور:55]

"اور جو کوئی اس حالت کے بعد بھی کفر کرے گا وہی فاسق ہوگا"

یہ وعدہ ہے اوران لوگوں کے ساتھ ہے، جو تعلیم نبوت کے ترجمان اور عمل صالح کی صفت سے متصف تھے۔ وعدہ میں مندرجہ ذیل چھ پیشین گوئیاں شامل ہیں:

اول: الارض کی خلافت

□ خلاف کے لفظ پر غور کرو، اللہ تعالیٰ نے قیام خلافت کے اعزاز کو ہمیشہ اپنے ہی اقتدار و اختیار و انتخاب میں رکھا ہے۔ خلافت آدم علیہ السلام کا ذکر تھا، تب بھی یہی فرمایا:

﴿ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ﴾[البقرۃ:30] ''زمین میں خلیفہ مقرر کرنے والا ہوں۔''

سیدنا داؤد علیہ السلام کی خلافت کا ذکر ہوا تب بھی یہی فرمایا:

﴿ یَا دَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِیْفَةً فِی الْاَرْضِ ﴾[ص:26]

''اے داؤد! ہم نے تجھے الارض کا خلیفہ بنایا۔''

اب مومنین صالحین امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ وعدہ ہوا تو بھی یہی فرمایا: لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ یعنی اللہ ان کو خلیفہ بنائے گا۔ اس سے ایک تو یہ ثابت ہو گیا کہ خلفائے راشدین کا نام قرآن مجید میں رکھا گیا ہے۔

دوم: یہ کہ ان کا تقرر و انتخاب منجانب اللہ تھا

□ آیت کا نزول 5/ہجری نبوت میں ہوا ہے کیوں کہ اسی سورہ نور میں واقعہ افک بھی درج ہے جو باتفاق علمائے سیر 5 ہجری کا واقعہ ہے۔ اس لیے معلوم ہوا کہ اس وعدہ میں وہ لوگ شامل ہیں جو 5 ہجری سے پہلے ایمان لائے ہوئے تھے، اس لیے اٰمَنُوْا اور عَمِلُوْا ماضی کے صیغے استعمال کیے گئے ہیں اس وعدہ کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اگر کوئی ایسا شخص جس کا اسلام یا ولادت نزول آیت ہذا کے بعد ہوئی اور وہ خلافت راشدہ (جس کا تقرر بارگاہ الٰہی سے ہوتا ہے، کا دعویٰ کرے تو اس کا دعویٰ صحیح نہ ہوگا۔

□ الارض کے معنی عام بھی ہیں اور خاص بھی۔ جب اس کے معنی وعدہ کی زمین ہیں، تب تو اس سے وہی معنی لیے جائیں گے اور جب اسکے معنی مطلق لیے جائیں، تب معنی میں بھی عمومیت ہوگی۔ قرآن مجید میں اس کا اطلاق ہر طرح سے آیا ہے، مثلاً اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانا: ﴿ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ﴾[البقرۃ:255] الارض سے مراد تمام کرۂ زمین ہوگا۔

مثلاً اللہ تعالیٰ کا یوسف علیہ السلام کے قصہ میں فرمانا ﴿ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ ﴾ [یوسف:21] میں الارض سے مراد ملک مصر ہوگا۔

مثلاً اللہ تعالیٰ کے کلام میں ہے: ﴿ یٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِیْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ﴾[المائدۃ:21]

''اے قوم! اس مقدس سرزمین میں داخل ہو جاؤ جو تمھارے لیے لکھ دی گئی ہے۔''

اس میں الارض سے مراد وعدہ کی وہ زمین ہوگی جس کی بابت اللہ تعالیٰ نے یہ بھی قرار دے دیا ہے

﴿ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِی الزَّبُوْرِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ یَرِثُهَا عِبَادِیَ الصّٰلِحُوْنَ ﴾ [الانبیاء:105]

''بلاشبہ ہم نے زبور میں لکھ دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے صالح بندوں کو ہی زمین کا وارث بنائے گا۔''

اب قرآن کی پیش گوئی میں فی الارض کی تعیین میں وعدہ کی زمین بھی مراد ہے اور بتایا گیا ہے۔ فلسطین کی وہ زمین موعودہ جو

اللہ تعالیٰ نے اپنے خلیل ابراہیم علیہ السلام کی اولاد کو دی تھی جو ہزاروں سال سے اس خانوادہ عالی شان کی ایک شاخ بنو اسرائیل میں چلی آتی تھی۔ اس کا قبضہ اب خلفائے امت محمدیہ ﷺ کو دلایا جائے گا۔ ان معنی کے لحاظ سے بھی آیت میں صریح پیش گوئی موجود ہے۔ کیوں کہ نزول قرآن بلکہ حیات نبوی ﷺ تک کوئی ایسے آثار وقرائن نمودار نہ تھے کہ مسلمان عرب سے آگے بڑھ کر ارض مقدسہ کے بھی مالک ہو جائیں گے۔

دشمن (خصوصاً سلطنت روما جو ارض مقدسہ کی قابض تھی) یہ تیاریاں کیے ہوئے تھا کہ سرور کائنات ﷺ کے وصال کے بعد فوراً یکبارگی عرب پر حملہ کر دیا جائے۔

مصر اور حبش کے باج گزار بادشاہ بھی اپنے اپنے ممالک سے حملہ آور ہوں اور خود قیصر بھی شام کی طرف سے آگے بڑھے اور اس تدبیر سے تمام عرب پر وقت واحد میں ہی تسلط تام بھی کر لیا جائے اور اس نوخیز مذہب جس نے عیسائیت پر عرب میں غلبہ حاصل کر لیا تھا اور جس نے اپنے عملی دلائل سے تثلیث کی بنیادوں کو سارے عالم کی نگاہ میں متزلزل کر دیا تھا، کا کام یک لخت ختم وتمام کر دیا جائے۔

دشمنوں کی ان تیاریوں پر قرآن پاک فرما رہا ہے کہ زمین موعودہ برگزیدہ مومنوں کو ملے گی۔ چنانچہ ایسا ہی ظہور پذیر ہوا۔ ﴿كَمَا اسْتَخْلَفَ﴾ کی تشبیہ کامل طور پر پوری ہوگئی۔

''الارض'' سے مراد عام ممالک بھی اس پیشین گوئی کے مفہوم میں داخل ہیں اور اسی لیے عراق، فلسطین شام اور ایشیائے کوچک، مصر وایران، بحرین وخراسان، مراکو، تیونس، سوڈان وغیرہ الغرض وہ سب ممالک جو حملہ کرنے والے دشمنوں کی سلطنتوں میں داخل تھے۔ سب کے سب خلفاء کے قبضہ میں آ گئے۔

② آیت استخلاف میں صرف فتوحات ملکی ہی کا ذکر ہوتا تو کہنے والا کہہ سکتا تھا، جس خلافت کا وعدہ دیا گیا ہے وہ صرف برکات دنیوی پر مشتمل تھی۔ مگر غور سے پڑھو کہ آیت تو مکنت دین، عزت اسلام، شوکت مذہب کا بھی وعدہ کرتی تھی۔

ممکن ہے کہ کوئی کہنے والا کہہ دیتا کہ ﴿لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ﴾ [الکافرون:6] ''تمہارے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا دین ہے۔'' میں مذہب غیر از اسلام کو بھی لفظ دین سے تعبیر فرمایا گیا ہے۔ اس لیے اس کے ساتھ ﴿الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ﴾ [النور:55] کے پاک الفاظ بھی نازل کر دیے گئے۔ اگر ہم قرآن مجید ہی سے ارْتَضٰى لَهُمْ کا مشار الیہ معلوم کرنا چاہیں تو آیت تکمیل میں یہ الفاظ ملیں گے ﴿رَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا﴾ [آل عمران:19]

اور پھر اسلام کے متعلق ایک اور آیت ملے گی۔ ﴿اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ﴾ [آل عمران:19] ''بے شک پسندیدہ دین اللہ کے ہاں اسلام ہی ہے۔''

یہ سب آیات اس امر کو استحکام کے ساتھ واضح کر دیتی ہیں کہ خلفاء کا دین ہی اللہ تعالیٰ کا پسند کردہ دین ہے۔

③ ﴿وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا﴾ [النور:55]

''اللہ تعالیٰ ان کو ضرور بعد از خوف امن دے گا۔''

اس آیت میں امن بسیط اور آسائش تام اور رفاہیت کامل کا اظہار ہے جو خلافت خلفائے راشدین میں حاصل ہوا تھا۔ سرور عالم ﷺ کی اس پیشین گوئی کا ظہور بھی جو حضور ﷺ نے سیدنا عدی بن حاتم طائی رضی اللہ عنہ سے فرمائی تھی کہ وہ اپنی عمر میں دیکھ

لے گا کہ ایک عورت صنعا سے تنہا چل کر حج کرے گی اور راہ میں اسے خوف الٰہی کے سوا اور کسی کا ڈر نہ ہوگا۔ اس کا ظہور بھی زمانہ خلافت ہی میں ہوا تھا۔

پس یہ الفاظ پاک اندرونی نظم ونسق پر دلالت کرتے ہیں جیسا کہ الفاظ ماسبق کشور کشائی وگیتی ستانی کے مظہر ہیں۔ دنیا کے کسی فاتح کے زمانہ میں ان دو اوصاف کا جمع ہونا بہت دشوار ہوا ہے۔ سکندر مقدونیہ سے اٹھتا، ایران کو تباہ کرتا، مصر کو خاک میں ملاتا، بابل کا خاتمہ کرتا ہوا رکا دوریا پرے سے گزرتا ہوا ایشیائے کوچک تک جا پہنچتا ہے۔

تیمور کو دیکھو کہ تاتار سے امنڈتا، ترکستان پر قبضہ جماتا، تخت کابل پر جلوہ آرا ہو کر ہندوستان میں نقارہ شاہی بجاتا، بغداد کو زیر وزبر کر کے سلطان یلدرم کو انگورہ میں اسیر کرتا۔ پھر روس کو مسخر کرتا ہوا تاتار میں جا پہنچتا ہے۔ چین اسی کے عزم سے لرزہ براندام ہے اور منگولیا وکوریا کی سلطنتیں اس کے سامنے خراج پیش کر رہی ہیں۔

لیکن ان دونوں کے ملکی نظم ونسق کو دیکھو تو بالکل ہیچ بصفر کے برابر۔

قرآن پاک کی پیش گوئی بتلا رہی ہے کہ خلافت ان ہر دو اوصاف عالیہ کی جامع ہوگی اور وہ حکومت کا ایک ایسا نمونہ دنیا میں چھوڑے گی جس کی تقلید کرنے سے آج تک فرانس وامریکہ کی جمہوریت بھی درماندہ عاجز ہے۔

④ یَعْبُدُوْنَنِیْ کے لفظ نے خلفا کے خلوص طلب اور صدق ارادت اور استحکام علم وعمل پر مہر لگا دی۔ مالک کی جانب سے کسی بندہ کی قبولیت کا اظہار وہ انتہائی عزت وفخر ہے جو قرآن مجید میں انبیائے کرام ہی کے لیے خاص تھا۔ یہاں اس شرف میں خلفائے راشدین کو بھی شامل کر دیا گیا۔

⑤ لَا یُشْرِکُوْنَ بِیْ فرمانے سے وصف کی تکمیل ہوگئی۔ اوصاف عالیہ کی تقسیم اثبات وسلب پر کی جاتی ہے۔ ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ﴾ وصف مثبت ہے ﴿لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ﴾ [الاخلاص 1-4] صفت سلبی ہے۔ یہاں بھی نفی شرک نے توحید کا کمال، اعتقاد کا رسوخ، ایمان کی سلامتی، دوام عمل کو بخوبی واضح کر دیا۔

⑥ شَیْـــًٔا کے فرما دینے سے شرک جلی کے ساتھ شرک خفی کی بھی نفی ہوگئی۔ ریا وسمعہ کا شائبہ بھی جاتا رہا اور نور صدق وصفا کا کامل ظہور ہوگیا۔

⑦ ان علامات کے بعد یہ بھی بتلا دیا کہ خلفاء کی برکتوں کا انکار یا اس پیشین گوئی کا اشتباہ بہت برے انجام تک پہنچا دیتا ہے اور بارگاہ الٰہی سے اسے لعنتی کا خطاب مل جاتا ہے۔

قارئین غور کریں کہ جس خلافت کی خبر دی گئی اور جس کی فتح مندی، نصرت وامن اور دینداری وصداقت گستری کی بابت پیشین گوئی فرمائی گئی۔ خلافت راشدہ ٹھیک اسی طرح ہر ایک بات پر پوری اتری جس کی شہادت نہ صرف مسلمانوں کی تاریخ، بلکہ اعداء کی تحریروں اور ممالک غیر کی تواریخ سے بخوبی حاصل ہوتی ہے۔

ہم کو آیت پر مکرر غور کرنا ہے۔ کیا اس سے موجودہ خلافت کے خلفاء کی تعداد بھی معلوم ہو سکتی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ہاں۔ لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ ، ارْتَضٰی لَهُمْ وغیرہ الفاظ میں سب جگہ جمع کے صیغے اور جمع کی ضمائر استعمال کیے گئے ہیں اور زبان عرب میں جمع کے لیے کم از کم تین کا ہونا ضروری ہے۔ تین سے زائد تعداد تو اس میں آ سکتی ہے مگر تین سے کم تعداد کے لیے تثنیہ کا صیغہ استعمال ہوگا، جمع کا

نہیں۔ لہٰذا مسلمانوں کا یہ مذہب کہ خلافت راشدہ کے والی ابوبکر، عمر، عثمان، وعلی رضی اللہ عنہم چار مقدس ہستیاں ہیں یا بہ شمولیت امام حسن رضی اللہ عنہ پانچ ہیں۔ بالکل صحیح ثابت ہے۔ بلاغت قرآنی کو دیکھو کہ ان چاروں یا ان پانچوں پر نزول آیت کے وقت ﴿اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ﴾ [النور:55] کی علامت کامل طور پر منطبق شدہ ہے۔

ہماری تمام تر بحث کا مقصد قرآن مجید کی ان پیشین گوئیوں کا ذکر کرنا تھا جو خلافت راشدہ کے متعلق ہیں۔ خلافت کا آغاز بعد از ارتحال نبوی ﷺ ہوا جب کہ نزول وحی کا باب مسدود ہو چکا تھا۔ اب انہی علامات و امارات و بشارات کے مطابق خلافت کا قیام و استحکام اس مالک الانام کا کام ہے جس نے خود اپنا کلام رسول پاک ﷺ پر اتارا۔ اور جس نے خود اپنے رسول ﷺ کی امت میں سے خلافت کے لیے چند نفوس مزکی کا انتخاب فرمایا جن کا ہر ایک قول و فعل کتاب اللہ کا مصداق اور کتاب اللہ ان کی مصدق تھی۔

ساتویں پیشین گوئی کہ قرآن کریم کے مخاطبین اولیٰ میں ایک فتنہ عام برپا ہوگا

﴿وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاصَّةً﴾ [الانفال:25]

''بچو اس فتنہ سے جو تم میں سے صرف ظالموں ہی کو نہ پہنچے گا۔''

اس آیت میں ایسے فتنہ عام کی خبر دی گئی کہ ظالم و غیر ظالم سب ہی اس کی لپیٹ میں آ جائیں گے۔ بے شک قومیت کے فقدان اور نظم ملی کے اختلال کی آفات میں سے ایک یہ بھی آفت ہے کہ اس عصبیت کا اثر سب پر پڑتا ہے۔

شہادت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ، واقعہ جمل، واقعہ صفین، شہادت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ، واقعہ ہائلہ کربلا ایسے واقعات ہیں جو اس پیش گوئی کی صحت میں وجود پذیر ہو چکے۔ واقعات بالا میں بڑی تعداد مخاطبین اول قرآن مجید کی تھی اور اس لیے ضمیر مِنْكُمْ میں کاف خطابیہ استعمال میں لایا گیا اس فتنہ کے وقوع کا امکان اسی خلافت راشدہ کے بعد جو برکات دنیوی اور انوار دینی کی جامع تھی عام وہم وگمان سے بالاتر تھا، لیکن رب العالمین کا علم صحیح آنے والے واقعات پر حاوی ہے اور اس کا کلام ایسے واقعات کا ذخیرہ ہے۔ لہٰذا ایسے الفاظ میں خبر دی گئی کہ ظالم و غیر ظالم سب پر اس فتنہ کا استعمال ہوگا۔ یہ نہیں بتلایا کہ لوگ اس فتنہ میں حصہ لیں بلکہ فرمایا کہ احتراز و اجتناب اور تقویٰ اختیار کریں۔ صحیح بخاری کی حدیث عن ابی ہریرہؓ میں بھی اس فتنہ کی اطلاع دی گئی ہے۔

سَتَكُوْنُ الْفِتَنُ الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ وَ الْقَائِمُ خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِيْ وَالْمَاشِيْ خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِيْ [1]

''ایسے ایسے فتنے ہوں گے جن میں بیٹھنے والا کھڑے سے اور کھڑا چلنے والے سے اور چلنے والا ساعی سے بہتر ہوگا۔''

ہمارا مقصود ان دل شکن روح فرسا واقعات کی تفصیل لکھنا نہیں، بلکہ قرآن پاک کی پیش گوئی کا اندراج کرنا ہے کیوں کہ کلام الٰہی میں ان واقعات پر اشارۃً موجود تھا اور یہی امر ہے جو اس کے کلام الٰہی ہونے پر دال ہے۔

مستہزئین (مذاق اڑانے والے) مکہ کے خلاف پیش گوئی

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ﴾

''جو حکم تجھے دیا گیا ہے وہ صاف صاف بیان کرتا رہ، ان مشرکین سے رخ بدل لے۔ استہزا کرنے والوں سے ہم تجھے کفایت کریں گے۔'' [الحجر:94-95]

---

[1] بخاری:360، مسلم:10,2886، ابوداؤد:4259، ترمذی:2204، ابن ماجہ:3961، ابن حبان:5959

ہم نے اپنی کتاب رحمۃ للعالمین جلد اول میں جماعت مستہزئین کا ذکر کیا ہے۔ اس کمیٹی کے مقاصد یہ تھے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہنسی اڑائیں۔ نقلیں اتاریں، آوازے کسیں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وعظ میں شور وشغب سے کھنڈت ڈالیں، منہ چڑائیں، بے حرمتی کریں۔ اس ناپاک کمیٹی کے گندے افعال پر غور کرو۔ کیا ان موانع کی موجودگی میں کوئی شخص تبلیغ واشاعت کا مہتم بالشان کام سرانجام دے سکتا ہے؟

لیکن آیت بالا میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیا جاتا ہے کہ اپنا کام جاری رکھیں، وعظ ونصح اور بلاغ وانذار کا سلسلہ ٹوٹنے نہ دیں۔ رہا مستہزئین کا رویہ اور طریق، اس کی بابت پیش گوئی کی جاتی ہے کہ ہم ان کو خود سمجھ لیں گے۔ اس پیش گوئی کے تحت میں مستہزئین کے نام اور ہر ایک کا انجام پیش کر دیا جاتا ہے:

1	امیہ بن خلف	سیدنا بلال رضی اللہ عنہ پر ظلم وستم توڑنے والا یہی شخص تھا۔ بلال رضی اللہ عنہ ہی کے ہاتھوں نے اس راس الکفر کو خاک وخون میں سلایا اور دار البوار کو پہنچایا
2	عاص بن وائل	گدھے پر سوار تھا۔ ایک غار کے برابر پہنچا، گدھے نے ٹھوکر کھائی اور سر کے بل گڑھے میں اوندھا جا پڑا۔ وہاں ایک سخت زہریلا عقرب موجود تھا اس نے کاٹا، سوجن ہوگئی سڑ سڑ کر مرا۔
3	نضر بن حارث	مسلمانوں کے ہاتھوں سے قتل ہوا جو اس جماعت میں پیش پیش تھا۔
4	عتیب	جو اسود بن المطلب کا پوتا تھا۔
5	حارث بن زمعہ	جو عتیب کا چچیرا بھائی تھا
6	طعیمہ بن عدی	جو سخت بدزبان تھا۔
7	اسود بن مطلب	جو نقلیں اتارا کرتا تھا۔ ایک درخت کے نیچے سویا۔ اٹھا تو سخت بے چین تھا۔ کہتا تھا کہ میری آنکھوں میں کانٹے چبھوئے جاتے ہیں۔
8	عاص بن منبہ	پہلے گدھے پر سوار تھا۔ طائف کی راہ میں کانٹا لگا۔ اسی کے زہر سے ہلاک ہوا۔
9	منبہ بن حجاج	اندھا ہوا۔ پھر تڑپتا ہوا مر گیا۔
10	ابو قیس بن ناکہ	جو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایذا دہی کو اپنی راحت سمجھتا تھا
11	امیہ بن خلف	مشہور بدزبان تھا۔
12	ابوجہل	جو راس الاشرار تھا۔
13	عقبہ بن ابی معیط	جس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گردن میں سجدہ کرتے وقت پھندا ڈالا۔

14	حارث بن قیس سہمی	پیٹ میں زرد پانی پڑ گیا تھا جو اس کے منہ سے نکلا کرتا، اسی ذلت سے ہلاک ہوا۔
15	ولید بن مغیرہ	ایک خزاعی سوار کا نیزہ اکحل میں لگا۔ رگ جان کٹ گئی۔
16	ابولہب	عدسہ وطاعون میں مبتلا ہو کر واصل جہنم ہوا۔ دوستوں، عزیزوں نے بھی لاش کو ہاتھ نہ لگایا۔ کوٹھے پر چڑھ کر اس کے اقارب نے لاش پر اتنے پتھر پھینکے کہ لاش ان میں چھپ گیا اور یہی ڈھیر اس کی قبر بنا۔
17	اسود بن یغوث	بادسموم سے چہرہ جھلسا گیا۔ گھر آیا تو گھر والوں نے اسے شناخت نہ کیا۔ گھر سے باہر تڑپ تڑپ کر ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مر گیا۔ زبان پیاس کے مارے دانتوں سے باہر نکلی ہوئی تھی۔
18	زہیر بن ابی امیہ	وبا کا لقمہ ہوا۔
19	مالک بن الطلالہ	لہو، راد ھ کی قے آئی اور فوراً مر گیا۔
20	رکاز بن عبد یزید	بے کسی و نامرادی میں جان دے دی۔

غور کرو کہ پیش گوئی کتنے اشخاص کی ہلاکت پر مشتمل تھی اور پھر ہر ایک کا انجام کیسے عبرت بخش حالات کے ساتھ پورا ہوا واضح ہو کہ ذات ہمایوں نبی ﷺ کے متعلق دیگر آیات کو مضمون خصائص النبی ﷺ میں درج کیا گیا ہے۔

قریش کے دشمن سرداران دوست بن جانے کی پیش گوئی

﴿ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ﴾ [الممتحنة:7]

''عنقریب اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان اور تمہارے دشمنوں کے درمیان دوستی قائم کر دے گا۔''

اس کے تحت میں بھی چند مثالوں کو پیش نظر رکھنا چاہیے۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ عَسٰی کا استعمال امر محبوب کی ترجی میں ہوتا ہے۔

﴿1﴾ عبداللہ بن ابوامیہ بن مغیرہ نبی ﷺ کا پھوپھیرا بھائی تھا مگر اسلام کا اتنا سخت مخالف کہ حضور ﷺ سے اس نے علانیہ کہہ دیا تھا کہ اے محمد ﷺ اگر تو زینہ لگا کر آسمان پر بھی چڑھ جائے اور میری آنکھوں کے سامنے سے اترے، تیرے ساتھ چار فرشتے بھی ہوں اور وہ تیری نبوت وصداقت کی شہادت بھی دیں تب بھی میں ایمان نہ لاؤں گا۔ [1]

یہی عبداللہ بہ جذبہ توفیق ربانی 8 نبوت میں حاضر دربار ہوتا اور اقرار شہادتین سے معراج ایمان پر فائز ہو جاتا ہے۔ اہل خبرت اندازہ کریں کہ عبداللہ نے ضرور وہ کچھ دیکھا جو آسمان پر زینہ لگا کر چڑھنے اترنے اور فرشتوں کی شہادت دینے سے بھی بڑھ کر تھا۔ [2]

﴿2﴾ ثمامہ بن اثال نجد کا فرماں روا تھا۔ نبی کریم ﷺ کا شہر، حضور ﷺ کا لایا ہوا دین، حضور ﷺ کا وجود باجود اس کے نزدیک سب سے زیادہ قابل نفرت تھے۔ وہ مدینہ میں صرف تین دن محبوس رہا۔ جس روز آزاد ہوا، اسی روز بصد دل و جان حضور ﷺ کا فریفتہ وشیدا ہو گیا۔ قید کیا ہوا کہ محبت کا صید بن گیا۔ [3]

﴿3﴾ عمرو بن العاص اسلام کی مخالفت میں اتنا چالاک تھا کہ قریش نے دربار نجاشی میں اپنا سفیر بنا کر بھیجا تھا تا کہ مہاجرین پناہ گزین حبش کو

---

[1] البدایۃ والنھایۃ:51/3 [2] اسد الغابۃ:176/3، اصابۃ:4561، الاستیعاب:1482 [3] بخاری:4372، اصابۃ:4561، الاستیعاب:482

اکسٹرا ڈیشن(Extradition) ملزموں کی طرح حاصل کر کے واپس لائے۔ وہی چند سال کے بعد گردن جھکائے، حیا سے آنکھوں کو قدموں پر جمائے حاضر ہوتا ہے اور بعد ازاں مبلغ اسلام بن کر جاتا ہے اور ملک عمان کے داخل اسلام ہو جانے کی بشارت لے کر حضور نبوی ﷺ میں حاضر ہوتا ہے۔ ملک مصر کا فاتح اول بنتا ہے۔ [1]

[4] ابوسفیان صخر بن حرب نے احد غزوہ سویق، احزاب وغیرہ میں مسلمانوں پر حملے کیے۔ بھاری فوجیں لایا۔ مگر وہی اسلام میں داخل ہو کر فتنہ وارتداد میں ثابت قدم رہ کر فتوحات شام وغیرہ میں نہایت کارگزار ثابت ہوا۔ [2]

[5] ابوسفیان بن حارث نبی ﷺ کا چچیرا بھائی، شاعر، زبان آور شروع شروع میں اسلام اور مسلمین کی ہجو میں شعر کہا کرتا۔ پھر یہ ہدایت ربانی حاضر ہوتا اور ابوسفیان سید فتیان اہل الجنۃ کے خطاب سے مشرف ہوتا ہے۔ [3]

[6] سہیل بن عمرو صلح حدیبیہ میں بھی کفار کی طرف سے کمشنر معاہدہ تھا۔ جب اسلام میں داخل ہوئے تو ان ہی کے خطبہ نے بعد از وفات نبوی ﷺ اہل مکہ کو استقامت واستقلال بخشا اور بالآخر شہید ہو کر دنیا سے رخصت ہوئے۔ [4]

[7] عکرمہ بن ابوجہل شروع میں اسلام کی مخالفت اور کفر کی محافظت میں باپ سے بھی آگے آگے تھا، لیکن جب سے نبی ﷺ کے حضور میں آنے کا موقع ملا پکے جان نثار اور عاشق زار بن گئے۔ فتوحات میں خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے یہی دست و بازو ہوتے اور دو ہزار کفار پر اکیلے بھاری سمجھے جاتے۔ [5]

[8] حکیم بن حزام قرشی اسدی ساٹھ (60) سال کفر میں پورے کیے، بدر میں مسلمانوں کے خلاف بہت بڑا حصہ لیا۔ پھر اسلام لائے اور ساٹھ (60) سال اسلام کی خدمت میں پورے کیے۔ ایک حج کے موقع پر ایک سو (100) اونٹ اور ایک ہزار (1000) بکرے قربانی کیے اور ایک سو (100) غلام آزاد کیے۔ [6]

[9] عبد یالیل ثقفی جب نبی ﷺ کوہ طائف پر تبلیغ اسلام کے لیے تشریف لے گئے تو اس نے لڑکوں، غلاموں، اوباشوں کو حضور ﷺ پر پتھر، کیچڑ، پھینکنے کے لیے مقرر کیا تھا۔ لیکن چند سال کے بعد یہ خود مع پنج سرداران قریش مدینہ میں حاضر ہوتا، ایمان لاتا اور اپنی قوم میں مبلغ بن کر جاتا ہے اور تمام قبیلہ ایک دن میں مسلمان ہو جاتا ہے۔ [7]

[10] بریدہ بن الحصیب اسلمی کفار قریش کے انعام صد (100) شتر کی خبر پاتا اور ستر (70) سوار ساتھ لے کر نبی ﷺ کو زندہ پکڑ لانے یا ہلاک کرنے کا عزم کر کے گھر سے روانہ ہو جاتا ہے مگر جب آپ کی آنکھ حضور ﷺ کے چہرہ پرنور پر پڑتی ہے اور کان میں آواز دلنواز آتی ہے تو اپنی پگڑی کو اپنے نیزہ پر باندھ کر حضور ﷺ کا نشان بردار بن جاتا ہے اور غلامانہ ہمرکاب ہو کر آگے آگے چلتا ہے۔ [8]

ایسی مثالیں سینکڑوں کی تعداد میں پیش کی جا سکتی ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ آیت بالا اپنی پیش گوئی میں کتنی وسیع اور کس قدر سچی ہے۔

سینکڑوں کے جذبات قلب اور ان کے انجام کی اطلاع دینا رب العزت ہی کے کلام کا کام ہے۔

---

[1] تاریخ البخاری: 303/6، تاریخ الاسلام للذہبی: 235/3، اسد الغابہ: 232/4 [2] مسلم: 4622، 4624، ابن حبان: 4760، ابوداؤد: 3022، مسند احمد: 538/2، دلائل النبوۃ للبیہقی: 56/5، اسد الغابہ: 144/6 [3] سیر اعلام النبلاء: 88/3، اسد الغابہ: 142/6، مجمع الزوائد: 146/6 [4] اسد الغابہ: 585/2، تاریخ الاسلام: 26/2، شذرات الذھب: 30/1 [5] موطا: 46، تاریخ الطبری: 63/3، اسد الغابہ: 67/4، طبقات: 329/5 [6] تاریخ البخاری: 411/3، جمہرۃ انساب العرب: 121، تاریخ اسلام: 277/2، اسد الغابہ 58/2 [7] تاریخ الطبری: 345/2، ابن ہشام: 68/2، ابوداؤد: 3026، سیر اعلام النبلاء: 145/1، دلائل النبوۃ لابی نعیم: 103/1 [8] سیر اعلام النبلاء: 168/1

پیش گوئی کہ کفار مکہ جو مسلمانوں کو کعبہ میں داخل ہونے سے روکتے ہیں خود ان کو استحقاقاً داخل کعبہ ہونے کا حق نہ رہے گا

﴿ وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَ سَعٰى فِيْ خَرَابِهَا اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ﴾ [البقرۃ:114]

''جو لوگ اللہ کی مسجدوں میں ذکر الٰہی کیے جانے سے روکتے ہیں اور مسجدوں کی بے رونقی میں سعی کرتے ہیں، ان سے بڑھ کر ظالم اور کون ہوگا۔ ان کو حق نہیں کہ وہ مسجدوں میں داخل ہوں مگر ڈرتے ڈرتے۔''

مشرک کو کعبہ میں داخل ہونے کی ممانعت کا اعلان سید الحاج ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے 9ھ میں کیا اور آج تک یہی حکم برابر جاری ہے۔ جو لوگ اسلامی لباس سے ملبس ہو کر وہاں جاتے بھی ہیں ان کی جان ہر وقت خوف وخطر میں رہتی ہے۔

جملہ کفار عرب کے لیے پیش گوئیاں

پہلی پیش گوئی کہ وہ مسلمانوں کو عاجز نہ کر سکیں گے اور خود رسوا ہوں گے

﴿ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ وَ اَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ﴾ [التوبہ:2]

''یاد رکھو کہ تم اللہ تعالیٰ کو نہیں ہرا سکتے۔ اللہ تعالیٰ کافروں کو رسوا کرے گا۔''

یہ آیت اس وقت کی ہے جب تمام معاہدہ شکن کفار کے نام چار (4) مہینے کا الٹی میٹم دے دیا گیا تھا۔ خیال ہو سکتا تھا کہ اکیلے مسلمان اس قدر قبائل واقوام کے نام بیک پارٹی الٹی میٹم دے رہے ہیں تو اس کا نتیجہ کیا ہوگا؟ اللہ تعالیٰ نے بطور پیش گوئی دو امور کا انکشاف فرمایا:

1. کفار باوجود اپنی قوت وطاقت اور افزونی تعداد وغیرہ کے بھی مسلمانوں کو شکست نہ دے سکیں گے۔ اس جگہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی ہار کو اپنی ہار بتایا۔ کیوں کہ کفار کی عداوت مسلمانوں کے ساتھ دین الٰہی اور للہی بغض کی وجہ سے تھی۔
2. کفار کو ایسی شکستیں ہوں گی کہ وہ اس روز ذلیل ہو جائیں گے۔ آج تک وہ عرب میں بڑے بہادر، بڑے جنگجو اور انتقام گیر سمجھے جاتے تھے۔ مگر مسلمانوں کے سامنے آتے ہی ان کی شجاعت وبہادری کا پول کھل جائے گا اور وہ سارے ملک میں رسوا وذلیل ہو جائیں گے۔

قبائل بنو اسد وبنو غسان وبنو غطفان وغیرہ کی حملہ آوریوں کا حال مع ان کے انجام کے پڑھو۔ دونوں پیش گوئیوں کا ظہور بخوبی واضح ہو جائے گا۔

دوسری پیش گوئی

مشرکین عرب کے مرعوب کیے جانے اور مسلمانوں پر ان کے حملہ آور نہ ہونے کی پیش گوئی

﴿ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ﴾ [آل عمران151]

''ہم کفار کے دلوں میں رعب ڈال دیں گے کیوں کہ یہ اللہ کے ساتھ شرک کرتے رہے ہیں اور شرک وہ چیز ہے جس کی

تائید میں کوئی دلیل موجود نہیں۔''

مسلمانوں کے ساتھ عہد نبوی ﷺ میں جو مختصر لڑائی جھگڑے ہوئے وہ صرف قریش یا قریش کی معاہد اقوام کی طرف سے تھے، جن میں دشمنوں کو ناکامی ہوئی۔ مندرجہ بالا قبائل ایک ایک، دو دو بار مقابل ہوئے اور جو قبیلہ مقابلہ میں آیا اسے پھر نبرد آزمائی کی جرأت نہ پڑی۔ حتیٰ کہ سات (7) سال کے عہد قلیل میں تمام ملک میں امن وامان ہوگیا۔

وہ قبائل جو گھوڑ دوڑ میں ایک گھوڑے کے بدکا دینے پر پچاس پچاس برس تک لڑائی جاری رکھتے تھے اور لڑائی کو معمولی مشغلہ سے بڑھ کر کچھ نہ سمجھتے تھے۔ مسلمانوں کے سامنے ایسے مرعوب ہوگئے تھے کہ کبھی ان کے خلاف نہ اٹھے۔

بلکہ جنگ آور قبائل سے عہد نامے توڑ توڑ کر مسلمانوں کی مخالفت سے دست بردار ہوگئے۔ یہ سب کچھ اس پیش گوئی کا اثر تھا کہ اللہ تعالیٰ نے کفار کے دل میں رعب ڈال دیا تھا، بے شک ایسے ملک میں جس کے خمیر ہی میں خون ریزی اور غارت گری تھی، یہ علیحدگی، یہ خاموشی صرف قدرت ربانی ہی کا نمونہ تھی۔

اہل مکہ کے خلاف دو (2) پیش گوئیاں

1. ان کے مصارف ان کے لیے سرمایہ حسرت بنیں گے۔
2. اور وہ سب مغلوب ہوں گے۔

﴿ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ﴾ [الانفال: 36]

''کافر اس لیے زر و مال صرف کر رہے ہیں کہ لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکیں، ہاں وہ کچھ عرصہ تک اس طرح خرچ کیا کریں گے۔ پھر یہ مصارف ان کے لیے موجب حسرت ہوں گے، پھر وہ مغلوب کیے جائیں گے۔''

کفار کے انفاق زر کا اندازہ ایک غزوہ احد کے مصارف سے ہوسکتا ہے، جس میں پچاس ہزار (50000) مثقال طلا اور ایک ہزار (1000) اونٹ چندہ میں جمع کیا گیا تھا۔

مزید برآں فوج کو ایک ایک دن کی دعوت ایک ایک سردار کی طرف سے دی جاتی تھی ان تمام کوششوں کا انجام حسرت و ناکامی اور اندوہ و حرمان ہی پر ہوا تھا کیوں کہ نہ وہ اسلام کی ترقی کو روک سکے اور نہ اسلام میں داخل ہونے والوں کو مرتد کر سکے، بلکہ انھوں نے اپنی آنکھوں کے سامنے اپنے رسوم آبائی اور ضلالت قدیم کو تباہ شدہ اور ہلاکت زدہ دیکھ لیا تھا۔

ابولہب کے متعلق پیش گوئی

﴿ تَبَّتْ يَدَاۤ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَاۤ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ﴾ [اللھب 1-3]

''ابولہب کے دونوں ہاتھ تباہ ہو جائیں اور وہ تباہ ہوگیا۔ اس کا مال اور اس کی اولاد اس کے کچھ کام نہ آئی۔ وہ مستقبل قریب میں شعلہ والی آگ کا ایندھن بنے گا۔''

ابولہب نبی ﷺ کے دادا عبدالمطلب کا بیٹا تھا۔ وہ حضور ﷺ کے سب سے پہلے کوہ صفا والے واعظ میں حاضر ہوا تھا۔ جب اس نے سنا کہ نبی ﷺ حیات بعد الموت کے اعتقاد کی تلقین کرتے اور اعمال پر آئندہ نتائج مرتب ہونے کی خبر دیتے ہیں تب اس نے اپنے دونوں ہاتھوں سے نبی ﷺ کی طرف اشارہ نفرین کر کے کہا تھا: تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ أَلِهٰذَا دَعَوْتَنَا ① تجھے دن بھر تباہی رہے، تو نے ہم کو انہی باتوں کے سنانے کے لیے بلایا تھا؟ نبی ﷺ تو سراپا عفو اور ہمہ تن شکیب تھے۔ حضور ﷺ نے تو اس فقرہ کا کچھ جواب نہ دیا۔ مگر غیرت الٰہیہ اپنے حبیب ﷺ کے خلاف ایسے الفاظ کی برداشت کیوں کر کر سکتی تھی؟ لہٰذا جواب میں خود اسی کے الفاظ اس پر لوٹا دیے گئے اور اس کے حسرتناک انجام کا اعلان بھی بطور پیش گوئی فرما دیا گیا۔ پیش گوئی تین امور پر مشتمل تھی:

1. اسلام اور حضور ﷺ کے خلاف اس کی جملہ تدابیر تباہ ہوں گی۔
2. اس کی اولاد اور اس کا مال اسے کچھ نفع نہ دے گا۔
3. وہ خود آگ کا ایندھن بنے گا۔

ابولہب کے چار (4) بیٹے تھے۔ دو بحالت کفر باپ کے سامنے مرے، باپ کو ان سے کوئی فائدہ تو کیا پہنچتا، دونوں کا داغ، دل وجگر کو کباب بنا گیا۔ دو بیٹے اور ایک بیٹی مشرف بہ اسلام ہوئے اور باپ کی امیدوں کے خلاف نکلے۔

ابولہب خود طاعون میں ہلاک ہوا۔ اہل عرب طاعون سے سخت خائف تھے۔ اس کی لاش کو گھر سے نہ اٹھایا گیا بلکہ چھت کھول کر ہی اوپر ہی سے اس قدر مٹی اور پتھر اس کے ناپاک جثہ پر پھینکے گئے کہ وہی اس کی گور بن گئی۔ یہ پیش گوئی جملہ کفار کی آنکھوں کے سامنے پندرہ (15) برس بعد از نزول آیت پوری ہوئی۔

پیش گوئی کہ ابولہب کی عورت بھی ذلیل موت سے مرے گی

﴿ وَامْرَاَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ﴾ [اللهب: 4-5]

''اس کی عورت بھی جو لکڑیاں اٹھانے والی ہے، ہلاک ہوئی، اس کی گردن میں مونج کی رسی ہوگی۔''

اس عورت کو نبی ﷺ سے عداوت شدید تھی۔ خود جنگل میں جاتی، کانٹے اکٹھے کرتی۔ رات کو نبی کریم ﷺ کی راہ میں بچھا دیتی تھی۔ تفسیر خازن میں ہے کہ اس کی موت اسی طرح واقع ہوئی جس طرح کلام الٰہی میں ظاہر کی گئی تھی۔ سر پر لکڑیوں کا گٹھا تھا۔ راہ میں تھک گئی تو گٹھے کو پتھر سے ٹکا کر خود ستانے لگی۔ جب پھر چلنے کا ارادہ کیا تو اسی رسی کا جس سے لکڑیاں بندھی تھیں پھندا گردن میں پڑ گیا اور لکڑیوں کا گٹھا پیٹھ کی طرف جا لٹکا۔ جس کے بوجھ کی وجہ سے وہ پھندا پھانسی بن گیا اور ہلاک ہو گئی، اس بدترین موت کی اطلاع کلام الٰہی میں پہلے سے دے دی گئی تھی۔ ②

منافقین کے متعلق پیش گوئیاں

﴿ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيْرٍ ﴾ [التوبہ: 74]

''تمام دنیا میں ان کا کوئی بھی کام بنانے والا یا ان کو مدد دینے والا نہ ہوگا۔''

---

① بخاری: 4979 ② تفسیر الخازن: 263/6

اسلام سے پیشتر عرب قبائل کو باہمی جنگوں میں سلطنت فارس یا سلطنت روما کی امداد مل جایا کرتی تھی لیکن جب منافقین کی نسبت اخراج مدینہ کی پیش گوئی فرمادی گئی تو یہ بھی بتا دیا گیا کہ اب کوئی سلطنت ان کی ذرا مدد نہ کر سکے گی۔

راہب فاسق نے جنگ احد میں شکست کھا کر سلطنت روما سے مسلمانوں کے خلاف امداد حاصل کرنے کی بہت کوششیں کیں۔ روما کے پادریوں سے بھی امداد حاصل کی، لیکن اسے کوئی بھی مدد نہ مل سکی۔

جبلہ بن الایہم غسانی نے مرتد (بارد گرد عیسائی) بن جانے کے بعد دربار ہرقل کی برسوں حاضر باشی کی مگر مسلمانوں کے خلاف سلطنت سے کوئی امداد نہ لے سکا۔

یہی حال اکثر مخالفین اسلام کا ہوا اور پیش گوئی اپنے الفاظ میں صحیح ثابت ہوئی۔

پیش گوئی: منافقوں کو دگنی مار پڑے گی

﴿ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴾ [التوبہ:101]

''ہم ان کو یکے بعد دیگرے (دہرا) عذاب دیں گے اور بعد ازاں وہ عذاب عظیم کی طرف لوٹائے جائیں گے۔''

یہ آیت ان منافقین کے متعلق ہے جو جہاد سے بلا وجہ پیچھے رہ گئے تھے۔ ان کے لیے عذاب اول یہ تھا کہ ان کو جھوٹے عذرات پیش کرنے کے لیے بہت سے جھوٹ بنانے پڑے اور وہ قوم وملک کی نگاہ میں جھوٹے اور غدار ثابت ہوئے اور سب کی نظروں سے گر گئے۔ یہ اخلاقی عذاب سخت ہوتا ہے، کیوں کہ ضمیر انسانی ہر وقت اس کو ستاتا رہتا ہے۔ عذاب دوم اس مال واولاد سے محرومی ہے جن کی محبت میں مبتلا ہو کر وہ تارک جہاد بنے تھے۔

دونوں عذاب انھوں نے اپنی زندگی ہی میں چکھ لیے تھے۔ عذاب الیم جو تیسرا عذاب ہے، اس کا تعلق آخرت سے ہے۔

پیش گوئی کہ منافقین خسران میں رہیں گے

﴿ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴾ [المجادلہ:19]

''یہ شیطانی لشکر والے ہیں اور شیطان کا لشکر ہی خسران زدہ ہوگا۔''

سیاق عبارت سے ظاہر ہے کہ پیش گوئی ان منافقین کی بابت ہے جو یہود کو پسند کرتے اور ان کے معاہد دوست بنے ہوئے تھے۔ آیت میں بتایا گیا ہے کہ دشمنان الٰہی کے ساتھ تو دد واتحاد شیطانی کام ہے اور بتایا گیا ہے کہ یہ لوگ ضرور نقصان اٹھائیں گے۔ جنگ احزاب کے بعد منافقین جب نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے، تب یہ پیش گوئی ان پر صادق آئی۔

پیش گوئی ان منافقین کے متعلق جو اہل اسلام میں رل مل گئے تھے

اللہ تعالیٰ نے پہلے تو یہ بتلایا کہ منافق کون لوگ ہیں، اور کہاں آباد ہیں:

﴿ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ڀ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ﴾ [التوبہ:101]

''اہل مدینہ میں سے ایسے بھی ہیں جو نفاق پر اڑے ہوئے ہیں۔''

اس اخبار غیب میں مصلحت یہ تھی کہ ازمنہ مستقبلہ میں کوئی شخص محض اپنی ہی رائے یا ظنون یا خیال یا تعصب سے اصحاب

کرام رضی اللہ عنہم کو تہمت نہ دے سکے۔ پہلی شرط جو کسی کو منافق کہنے کی ہے وہ یہ ہے کہ وہ باشندہ مدینہ ہو، کسی یمنی، تہامی، مکی، حضرمی وغیرہ ممالک کے صحابہ میں سے کسی پر بھی نفاق کا شبہ یا شائبہ یا سایہ نہیں پڑسکتا۔ اس بین علامت کے بعد یہ فرمایا۔

پیش گوئی

﴿ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ﴾ [العنکبوت:3]

''اللہ تعالیٰ صادقوں کو اور کاذبوں کو الگ الگ کر دکھائے گا۔''

اس پیش گوئی کی تفسیر پھر ایک اور آیت میں فرمائی۔

﴿ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَاۤ اِلَّا قَلِيْلًا ۚ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْۤا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴾ [الاحزاب:61]

''اگر منافق لوگ اور دل کے روگی اور جھوٹی افواہوں کے پھیلانے والے مدینہ میں باز نہ آئیں گے تو ہم رسول کو ان کے خلاف کھڑا کریں گے اور پھر وہ مدینہ میں تھوڑے عرصہ کے سوا رسول کے پاس نہ رہ سکیں گے۔ جتنا عرصہ رہیں گے، لعنت زدہ رہیں گے پھر جہاں جائیں گے پکڑے جائیں گے اور بری طرح سے قتل کیے جائیں گے۔''

اس پیش گوئی میں منافقین کا انجام یہ بھی بتلایا گیا اور ان کے انجام کی مدت و ایام کا بھی تعین کیا گیا۔ یہ آیت سورہ احزاب کی ہے۔ واقعہ احزاب 5ھ میں ہوا جس میں ابی بن سلول کی پارٹی کے تین سو (300) سے زیادہ منافق زندہ تھے۔ آیت میں بتلایا کہ ان سب کا حیات پاک مصطفوی ﷺ کے اندر خاتمہ ہو جائے گا۔ یہ مدینہ سے نکال دیے جائیں گے اور یہاں سے جانے کے بعد ذلت و خواری کے ساتھ قتل ہوں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور قبل ازیں نبی اکرم ﷺ گرامی ترین ولد آدم چشم ظاہر بین کو نظارہ عالم سے بند فرمائیں۔ حضور ﷺ نے دیکھ لیا کہ مدینہ ایسے اشرار سے بالکل پاک ہے۔ یہی راز تھا کہ 9ھ میں جب کہ حضور ﷺ نے تمیم داری رضی اللہ عنہ کی حدیث کو سر منبر روایت فرمایا تھا۔ مدینہ کا نام ''طیبہ'' رکھ دیا تھا۔

پیش گوئی کی دوسری آیت مندرجہ ذیل پیش گوئیوں پر مشتمل ہے:

① ﴿ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ﴾ [الاحزاب:60] یعنی اللہ کا رسول ﷺ ان کے خلاف کارروائی کرے گا۔

② ﴿ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَاۤ اِلَّا قَلِيْلًا ﴾ [الاحزاب:61] شہر مدینہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہنے کا زمانہ ان کو بہت کم ملے گا۔

③ ﴿ مَّلْعُوْنِيْنَ ﴾ [الاحزاب:61] ''وہ لعنت زدہ ہوں گے۔ ہر طرف سے ان پر پھٹکار پڑے گی۔''

④ ﴿ اَيْنَمَا ثُقِفُوْۤا اُخِذُوْا ﴾ [الاحزاب:61] ''مدینہ سے نکلنے کے بعد جہاں کہیں جائیں گے پکڑے جائیں گے۔''

⑤ ﴿ قُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴾ [الاحزاب:61] ''بدترین طریقہ سے قتل کیے جائیں گے۔''

تاریخ اسلام کے ماہر و واقف جانتے ہیں کہ منافقین مدینہ انہی پانچ (5) پیش گوئیوں کو پورا کرتے ہوئے برے انجام کے ساتھ ختم ہوئے تھے۔

مخلفین جہاد کے متعلق دو پیش گوئیاں

﴿فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَ كَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ قَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ؕ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ؕ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ۝ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّ لْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّ لَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِيَ عَدُوًّا ؕ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ﴾ [التوبۃ:81-83]

”پیچھے رہ جانے والے لوگ رسول اللہ کے ساتھ نہ جانے پر خوش ہو رہے ہیں۔ انھوں نے برا سمجھا کہ اللہ کی راہ میں مالوں اور جانوں کے ساتھ جہاد کریں اور یہ بات کہی کہ گرمی میں لڑائی کے لیے نہ جاؤ۔ اے رسول ﷺ! ان سے کہہ دیجیے کہ جہنم کی آگ سخت تر گرم ہے۔ اگر تم میں سمجھ ہے۔ ان کو چاہیے کہ تھوڑا ہنسیں اور بہت روئیں۔ یہ ان کے فعلوں کی جزا ہے۔ پھر جب اللہ تعالیٰ آپ کو ان پیچھے رہ جانے والوں میں سے ایک گروہ کی طرف واپس لائے گا اور وہ آپ کے ساتھ چلنے کی اجازت چاہیں گے تو ان سے کہہ دینا کہ تم میری معیت میں کبھی بھی نہیں نکلو گے اور میری معیت میں کبھی بھی دشمن کے ساتھ جنگ نہ کر سکو گے۔ تم پہلی دفعہ بیٹھ رہنے پر خوش تھے۔ اس لیے اب بھی پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ ہی بیٹھے رہو۔“

اس آیت میں ایسی قوم کا ذکر کیا، جنھوں نے موسم گرما میں نبی ﷺ کے ساتھ جہاد میں جانا ترک کر دیا تھا۔ پھر پیش گوئی کے طور پر فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کی واپسی پر ان میں سے ایک گروہ بارگاہ محمدی ﷺ میں حاضر ہوگا اور آئندہ شریک جہاد ہونے کی اجازت کا خواستگار ہوگا۔

اس کے ساتھ قطعی پیش گوئی کے الفاظ میں بتلا دیا کہ اب ان لوگوں کو جہاد ہمرکاب نبوی ﷺ کا شرف نہ دیا جائے گا۔

اس واقعہ کو سورۃ الفتح میں بھی بیان فرمایا ہے:

﴿سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ﴾ [الفتح:15]

”جب تم مغانم کے حاصل کرنے کو چلو گے، تب پیچھے رہ جانے والے کہیں گے کہ ہم کو بھی ساتھ چلنے دیجیے، یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ کے حکم کو بدل دیں، ان سے کہہ دیجیے، تم ہمارے ساتھ تو ہرگز نہیں جا سکتے۔ یہی بات ہے جو اللہ تعالیٰ نے پہلے بھی فرما دی ہے۔“

ہر دو آیات سے زمانہ نزول آیات کا بخوبی تعین ہو جاتا ہے۔ سورۃ الفتح کا نزول غزوہ حدیبیہ میں ہوا اور مغانم کثیرہ کا حصول خیبر سے شروع ہوا۔ لہٰذا یہ وہ لوگ تھے جنھوں نے حدیبیہ کے موقع پر ساتھ جانے سے انکار کیا تھا اور بعد ازاں خیبر وغیرہ میں وہی بزرگ گئے جو حدیبیہ میں تھے اور یہ مخلفین کبھی ہمرکاب نبوی جہاد کرنے کا شرف نہ حاصل کر سکے۔ نبی ﷺ کی حیات طیبہ کا زمانہ ان آیات سے قریباً پانچ سال بعد کا ہے۔ متعدد اقوام کے ہزاروں اشخاص کی نسبت ایسی پیش گوئی کا تعلق آئندہ کے سالہا سال سے ہو۔ رب العالمین ہی کے کلام میں ہو سکتی ہے۔

دوسری پیش گوئی

﴿قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا﴾ [الفتح 16]

''ان بادیہ نشینوں کو جو پیچھے رہنے والے ہیں کہہ دیجیے کہ تم کو آئندہ قریبی زمانہ میں ایک سخت جنگجو قوم کے لیے بلایا جائے گا۔ تم ان سے قتال کرو گے یا وہ فرمانبردار بن جائیں گے۔''

اگر تم نے (اس وقت) اطاعت کی تب تم کو اچھا اجر دیا جائے گا اور اگر تم نے اس وقت بھی حکم سے منہ پھیرا، جیسے پہلے کر چکے ہو، تب تم کو دردناک عذاب دیا جائے گا۔

اس آیت کو ہر دو آیات مندرجہ بالا کے ساتھ ملا کر پھر تدبر کرو۔

1. مخلفین کو معیت رسول ﷺ سے قطعاً محروم کر دیا گیا۔
2. مخلفین کو بعد از رسول کریم ﷺ قریبی زمانہ میں دعوت جہاد دیے جانے کی پیش گوئی فرمائی گئی۔
3. بطور پیش گوئی مقابل کے دشمن کی صفات جنگ جوئی وغیرہ بھی بتلا دی گئی۔
4. اس جنگ کا انجام قتال یا دشمن کی فرمانبرداری بھی بتلا دیا گیا۔
5. اس دعوت کی اطاعت پر اجر حسنہ کا وعدہ۔
6. دعوت کی عدم تعمیل پر عذاب دردناک کی وعید۔

اب آپ عہد صدیقی رضی اللہ عنہ پر نگاہ ڈالیں، ان کی اس دعوت عام کے فرمان کو جسے واقدی رحمہ اللہ نے لفظاً لفظاً نقل کیا ہے۔ پڑھیے اور پھر ان عساکر کے نام معلوم کر لیجیے۔ جو خدمت صدیقی میں آئے تھے۔ قبائل اور شعوب کے نام پڑھنے سے معلوم ہو جائے گا کہ یہ اقوام تو وہی ہیں جن کو معیت رسول کریم ﷺ میں جہاد کا بھی موقع نہ ملا تھا۔

پھر آپ دیکھیں گے کہ ان کو روما جیسی سلطنت (امپائر) کے مقابلہ میں روانہ کیا جاتا ہے جو نصف دنیا پر حکمران تھی، جو اپنی جنگ جوئی اور حرب دانی کا ثبوت ایران جیسی سلطنت کو جو نصف شرقی دنیا کی امپائر (دولت بزرگ) تھی، شکست دے چکی تھی۔ جس کی فوجیں باقاعدہ اور منظم تھیں۔ جن کا نظام جنگ سب سے اعلیٰ تھا۔ جنھوں نے اپنی ہی ملکیت کے اندر رہ کر صرف مدافعت کرنی تھی اور ان بادیہ نشینوں نے اپنے ملک سے سینکڑوں میل آگے بڑھ کر جہاں رسد اور ذخائر جنگ کے وسائل بھی مکمل نہ تھے، حملہ کرنا تھا۔

نتیجہ وہی ہوا کہ قتال نے دشمن کا خاتمہ کر دیا اور رعایا نے مصالحت سے فائدہ حاصل کیا اور ہزار در ہزار داخل اسلام بھی ہوئے۔

یہ آیت عرب اور شام میں ہونے والے انقلاب اور فتوحات اعراب اور روما کی آئندہ معاشرت و انجام کے متعلق نہایت صاف ہے۔

یہ آیت دعوت صدیق و فاروق رضی اللہ عنہما کی اطاعت الٰہی بتلاتی ہے اور عدم اطاعت پر وعید عذاب بتلاتی ہے۔ اجر حسنہ کا لفظ نہ صرف آخرت کے لیے ہے بلکہ دنیا بھی اس میں شامل ہے اور یہ لفظ ایک مستقل پیش گوئی ہے کہ صدیق رضی اللہ عنہ و فاروق رضی اللہ عنہ کے لشکروں میں شامل ہونے والے تمدن کے بلند ترین ارتقا پر پہنچ جائیں گے اور بایں ہمہ ان کی امارت بھی خوبیوں والی ہوگی۔

ایسی پیش گوئی کے تمام اجزاء کا اس طرح پورا ہونا جس کی تصدیق ملکوں اور قوموں کی تاریخ سے واضح طور پر ثابت ہوتی ہو۔ قرآن مجید کے کلام الٰہی ہونے کی قطعی دلیل ہے۔

غزوات نبوی ﷺ میں سے خاص خاص غزوات کے متعلق تین پیش گوئیاں

غزوہ بدر کے متعلق

﴿ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَ تَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَ يَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ﴾ [الانفال:7]

''اللہ نے تم سے وعدہ کیا ہے کہ دشمن کے دو گروہوں میں سے ایک تم کو ملے گا اور تم لوگ یہ چاہتے تھے کہ غیر مسلح گروہ تم کو ملے اور اللہ کا ارادہ یہ تھا کہ حق کو اپنے حکم سے حق کر دکھائے اور کافروں کی جڑ کاٹ دے۔''

غزوہ بدر میں ایسے مسلمان شامل تھے جو اچھی طرح سامان جنگ نہ بنا سکتے تھے لہٰذا ان کی تمنا یہ تھی کہ ان کی مڈبھیڑ ایسے ہی دشمن کے ساتھ ہو جو غیر مسلح ہو تاکہ مقابلہ برابر کا ہو۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان دشمنوں کو سامنے لا ڈالا جو آلات حرب سے پورے طرح مسلح تھے۔ لڑائی کے لیے تیار ہو کر آٹھ منزل آگے بڑھ آئے تھے اور انھوں نے صاف صاف اعلان کر دیا تھا کہ ان کا مقصد مدینہ پر یورش کرنا ہے۔ یہ تعداد میں بھی مسلمانوں سے سہ چند زیادہ تھے۔ بظاہر مقابلہ کسی طرح نہ ہو سکتا تھا، لیکن رب الافواج کا کلام پورا ہوا۔ اہل حق کی فتح ہوئی اور کافروں کو ایسی رسوائی اور ذلت کی شکست ملی کی کفر کی جڑ کٹ گئی۔ غزوہ بدر کے متعلق آیت ذیل میں بھی پیش گوئی ہے۔

﴿ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَ يُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴾ [القمر:45] ''جماعت شکست کھائے گی اور پیٹھ پھیر کر بھاگ جائے گی۔''

صحیح بخاری میں عکرمہ سے روایت ہے کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب کفار کو بدر میں شکست فاش ہوئی تب سمجھ گئے کہ اسی جماعت کی شکست کا اعلان آیت بالا میں فرمایا گیا تھا۔ [1] جس میں مبایعین بیعت الرضوان کی بھی ایک پیش گوئی شامل ہے۔

غزوہ خیبر کی پیش گوئی

﴿ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَ اَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴾ [الفتح:18]

''اللہ سب مومنوں سے خوشنود ہوا جب کہ وہ درخت کے نیچے تیری بیعت کر رہے تھے۔ اللہ نے ان کے دلوں کو جانچ لیا اور ان پر سکینہ و وقار نازل فرمایا اور فتح قریب کو ان کا انعام بنایا۔''

یہ آیت صلح حدیبیہ کی ہے۔ حدیبیہ میں مسلمانوں نے دیکھا کہ جو حق عبادت چار ہزار (4000) سال سے تمام دنیا کو بلا روک ٹوک حاصل تھا، یعنی بیت اللہ میں پہنچ کر عمرہ ادا کرنا اس سے مسلمانوں کو روکا جاتا ہے۔ جہاں کسی دشمن سے دشمن کو بھی گزند نہ پہنچایا جاتا تھا، جہاں باپ اور بیٹے کے قاتل کو بھی کوئی گرفتار نہ کرتا تھا، وہاں خلیل الرحمٰن علیہ السلام کے بچوں کو جانے سے اور سنت ابراہیمی علیہ السلام کے مطابق عبادت کرنے سے منع کیا جاتا ہے۔ لات و منات، عزیٰ و ذوالخلصہ کے ماننے والے پتھروں، درختوں، مورتیوں، استھانوں پر ناک رگڑنے

---

[1] بخاری: 4877,4875,2915

والے ستارہ پرست، تثلیث پرست، دہریے، نفس پرست، خود پرست لوگ مسلمانوں کی آنکھوں کے سامنے حرم کی سرزمین پر آتے جاتے ہیں لیکن ان اللہ کے بندوں کو جو احرام باندھے ہوئے ہدی، وبدن (قربانی کے جانور) ساتھ لائے ہوئے ہیں۔ ایک قدم آگے نہیں بڑھنے دیا جاتا۔ یہی مصائب کچھ کم نہ تھے کہ اتنے میں ابوجندل آجاتا ہے، پاؤں میں زنجیر لگی ہوئی ہے، جو گھسٹتی آتی ہے۔ سانس پھولی ہوئی ہے، معلوم ہوا کہ مکہ میں ان کو اس جرم میں قید کیا گیا تھا کہ وہ اسلام لے آئے ہیں۔ اب ان کو بھاگنے کا موقع ملا۔ لشکر اسلام میں پہنچ گئے ہیں۔ اس مظلوم کو حاصل کرنے کے لیے کفار نے کہا کہ وہ باہمی عارضی صلح کرنے پر رضامند ہیں بشرطیکہ ان کا یہ قیدی واپس کر دیا جائے۔

قومی فائدہ پر ایک شخص کی آزادی کو قربان کرنا پڑا۔ نبی ﷺ کے دیدار اور حضور ﷺ کی بشارت سے ابوجندل بھی اتنا شادکام تھا کہ اسے پھر قید میں جانا کچھ گراں معلوم نہ ہوتا تھا۔ الغرض یہاں مسلمانوں کو اس قدر ضبط وصبر اور سکون ووقار وحلم کا نمونہ بننا پڑا کہ نزول سکینہ ربانی کے بغیر کوئی شخص ایسی دل شکن وروح فرسا حالتوں کو برداشت نہ کر سکتا۔ یہ بھی ایک امتحان تھا۔ اس میں کامیابی کے بعد اور مدینہ پہنچنے کے دو ہفتہ پیچھے حکم ہوا کہ یہی لوگ اور صرف یہی لوگ یہودان خیبر کے مقابلہ کو جائیں، وہ جنھوں نے گیارہ (۱۱) قلعے مستحکم کر رکھے ہیں جو منجنیق وغیرہ آلات کا استعمال کرتے ہیں جس سے عرب بالکل ناواقف تھے۔ جنگ خیبر میں انہی مسلمانوں نے جلالت وبسالت، جواں مردی وشجاعت، فنون حرب سے واقفیت، مدافعت وپیش قدمی کے ایسے ایسے جوہر دکھائے۔ کھلے میدانوں کو اور چوڑی چوڑی خندقوں سے محصور قلعہ جات کو سنگین دیواروں، مضبوط حصاروں کو انھوں نے اس طرح جیت لیا کہ ان کے سامنے کوئی شے بھی نہ ٹھہر سکی۔

پیش گوئی بالا میں مسلمانوں کی دونوں صفات کا ذکر بتایا گیا ہے اور دنیا کو دکھلایا ہے کہ مسلمانوں نے جو ظلم وآلام اسلام میں برداشت کیے، ان میں لاچاری ومعذوری کا اتنا دخل نہ تھا جتنا مسلمانوں کی اس قوت ارادی کا تھا کہ دین حقہ کے مقابلہ میں ہر ایک مصیبت کو شرح خاطر اور کشادہ روئی سے سہہ جانا ہی اشاعت دین کا بہترین ذریعہ ہے۔ ورنہ بڑی سے بڑی قوم، حرب آزما قوم، زرومال کی قوم قلعوں والی قوم (یہودی) کی ہستی بھی ان کے سامنے ہیچ تھی۔

جس وقت نبی کریم ﷺ حدیبیہ سے واپس ہوئے تھے اور ڈھائی سو (250) میل سفر کرنے اور مکہ کی سرحد پر پہنچ جانے کے بعد صرف پانچ میل دور سے واپس آگئے تھے تو کفار نے اور سارے عرب نے مسلمانوں پر کیا رائے قائم کی ہوگی۔ یہی رائے ہو سکتی ہے کہ قریش کے سامنے یہ ننگے بھوکے بے سروسامان کر ہی کیا سکتے تھے، لیکن جب انہی لوگوں نے مدینہ سے آٹھ منزل دور جاکر خودسر، امن شکن، مایہ فساد، دشمن امن عامہ، مکاران یہود کو فتح کر لیا تھا تب کس حقیقت کا انکشاف ہوا ہوگا۔

یہی کہ ان لوگوں کا خضوع وخشوع صرف از راہ تقویٰ ہے۔ ان لوگوں کا عجز ومسکنت صرف بہ تعمیل احکام دین حقہ ہے۔ یہ وہ شیر ہیں کہ جب تک ان کو نہ چھیڑا جائے تب تک کسی پر حملہ آور نہیں ہوتے۔ غرض یہ پیش گوئی پوری ہوئی اور اہل ایمان کے دو مختلف ومتضاد صفات کمال کو دکھلا کر پوری ہوئی۔

آیت بالا میں لفظ ﴿أَنزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ﴾ [الفتح:18] مزید تدبر طلب ہے۔ سکینہ الٰہی کا فیضان یہ ہے کہ قلب کی حالت کبھی آئندہ بھی متزلزل نہ ہو۔ لہٰذا یہ ایک پیش گوئی ہے کہ بیعت رضوان والے ہی وہ باایمان بزرگ ہیں جن کے ایمان میں کبھی تزلزل واقع نہ ہوگا۔

غزوہ احزاب کی پیش گوئی

مسلمانوں پر یہ بڑے زور کا حملہ تھا۔ یہودی، قریشی، نجدی، کنانی وغیرہ سب ہی قبائل اس حملہ میں شامل ہو گئے تھے اور غضب یہ تھا کہ مدینہ کی آبادی کے اندر رہنے والے یہودی ان حملہ آوروں سے ملے ہوئے تھے۔ مسلمانوں کی کمزوریوں کی اطلاع اور ان تدابیر کی خبر لحہ بہ لحہ دشمنوں کو پہنچا رہے تھے۔ مسلمانوں کے کلیجے منہ کو آ رہے تھے اور کفار کی شوکت وقوت کو دیکھ کر گہری سوچ میں پڑ گئے تھے۔ اعداء کی فوج مختلف لشکروں کا مجموعہ تھی۔ ہر ایک لشکر حزب کہلاتا تھا اور مجموعہ کو جند کہتے تھے۔ کفار کو اپنے باہمی اتفاق اور مکمل ساز وسامان پر بڑے بڑے مغرور تھے۔ اب کلام اللہ سنو۔

ایک فوج ہے جو بہت سے لشکروں پر مشتمل ہے، اسے اسی جگہ ہزیمت ہوگی۔ فرمایا:

﴿ اَمْ یَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِیْعٌ مُّنْتَصِرٌ O سَیُهْزَمُ الْجَمْعُ وَ یُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴾ [القمر:44-45]

کیا دشمن یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم سب متفق ہو گئے اور سب چڑھ آئے ہیں، اس لیے فتح ونصرت ہماری ہوگی۔ مگر تم عنقریب دیکھ لو گے کہ تمام جمعیت ہزیمت کھائے گی اور سب پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے۔

اس پیش گوئی کے مطابق یہ ہوا کہ نزول آیات سے پچیس (25) دن بعد محاصرہ رکھنے والے قبائل کی فوجوں میں پھوٹ پڑ گئی اور وہ راتوں رات سب چمپت (منتشر) ہو گئے اور اس واقعہ کے بعد پھر کسی غیر قوم کو مدینہ پر حملہ کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔

یہودیوں اور منافقین کے معاہدات پر دو پیش گوئیاں

﴿ اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ نَافَقُوْا یَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِیْعُ فِیْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ﴾ [الحشر:11]

''آپ نے منافقین کی حالت پر غور کیا جو اپنے بھائیوں کافر اہل کتاب سے کہہ رہے ہیں۔''

1. اگر تم نکالے گئے تو ہم تمھارے ساتھ نکل چلیں گے۔
2. ہم تمھارے معاملہ میں کسی کی بات نہیں مانیں گے۔
3. اور اگر تم سے جنگ ہوئی تو ہم تم کو ضرور مدد دیں گے۔

اس معاہدہ پر پیش گوئی

﴿ وَاللّٰهُ یَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ O لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا یَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا یَنْصُرُوْنَهُمْ ﴾

''اللہ بتلاتا ہے کہ یہ لوگ جھوٹے ہیں، اگر یہودی نکالے گئے، تب یہ منافق ان کے ساتھ نہیں نکلیں گے اور اگر یہود سے جنگ ہوئی تو منافق یہودیوں کو مدد نہ دیں گے۔'' [الحشر:12]

چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ بنو نضیر نکالے گئے اور منافقین نے نہ ان کا ساتھ دیا اور نہ ان کو مدد دی۔

قرآن مجید نے یہ بھی بتلا دیا تھا ﴿ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَیُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا یُنْصَرُوْنَ ﴾ [الحشر:12]

''کہ اگر منافقین ان یہودیوں کی مدد بھی کریں گے، تب بھی پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے اور پھر یہودیوں کو بھی مدد نہ ملے گی۔''

غزوہ بنوقریظہ کے موقع پر منافقین نے یہود کی مدد بھی کی تھی، لیکن پھر بھی ہزبران اسلام کے سامنے سے بھاگنا ہی پڑااور بالآخر یہودیوں کے ساتھ منافقین کی طاقت وقوت کا بھی خاتمہ ہوگیااور پیش گوئی کا یہ آخری حصہ بھی پورا ہوگیا۔

یہودیوں کے کفر کی خبراورایسی قوم کے اسلام کی خبر (پیش گوئی) جوکبھی کفر نہ کرے گی

﴿ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَإِن يَكْفُرْ بِهَا هَٰؤُلَاءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوا بِهَا بِكَافِرِينَ ﴾ [الانعام:89]

''یہ وہ لوگ ہیں جن کی قوم کو ہم نے کتاب اور حکومت اور نبوت عطا کی تھی۔ اگر یہ لوگ اسلام سے انکار کریں گے تو ہم نے ایسی قوم کو تیار کر رکھا ہے جو کبھی انکار وکفر نہ کرے گی۔''

یہ آیت سورہ انعام کی ہے اور سورہ مذکورہ مکیہ ہے جب کہ اسلام نے ابھی مکہ سے باہر قدم نہ رکھا تھا۔ پیشگوئی میں بتلایا گیا ہے کہ اگر یہ سودخور یہودی ایمان نہ لائیں گے تو کیا ہوا دیکھو وہ بڑے بڑے خودسر قبائل جو حکمران ومطلق العنانی میں صدیوں سے کسی کو خاطر میں نہیں لاتے وہ آیا دوقضاداور ربیعہ، مضرسب کے سب تیرے منقادو مطیع ہونے والے ہیں۔ وہ:

شہر بن باذام ملک صنعاء

منذر بن ساوی ملک البحرین

جیفر وعباد افرزندان جلندی، فرمانروان عمان

تیری اطاعت میں آنے والے ہیں۔

اصحمہ نجاشی ملک حبشہ

اُکیدر شاہ دومۃ الجندل

تیرے زیرفرمان ہونے والے ہیں۔

وہ ذی الکلاع حمیری جسے اس کی رعایا سجدہ کیا کرتی تھی اور جس کے جلو میں اس کے ایک ہزار (1000) غلام چلا کرتے تھے۔

وہ ذی ظلیم، ذی زود، ذی مران، ذی عمرو، جوشاہان تاجدار تھے اور جن کے خاندانوں میں پشتہا پشت سے تخت وتاج چلا آتا تھا۔

تیری خدمت میں کمربستہ حاضر ہونے والے ہیں۔

ان شاہان تاجدار کے حالات کو پڑھو، جن کا علاقہ حجاز سے بڑا، جن کی فوج آنحضرت ﷺ کے حاضر باشاندگان بارگاہ سے بہت زیادہ تھی، جونہ کسی کے رعب میں آنے والے تھے اور جن کو کوئی طمع وحرص مال ومنال کی نہ تھی، جن کے علاقہ جات میں مبلغین اسلام کے سوا کبھی ایک مجاہد وغازی بھی نہ گیا تھا، کیوں کر خود بخود انشراح خاطر اور طوع کلی ورغبت طبعی سے مسلمان ہوگئے تھے۔

یہ سب کچھ رب العالمین ہی کی قدرت کے کام تھے کہ ایک یتیم، بیوہ کا بچہ، کی ہیبت اس قدر چھا جاتی ہے کہ بادشاہ لرزہ براندام ہیں اور ایک خاک نشین سنگ برشکم بستہ کی محبت دلوں میں اتنا قیام پکڑ لیتی ہے کہ سب کے سب جان ومال کو فرش راہ پاک کیے ہوئے ہیں۔ ﴿ ﷺ ﴾

آیت میں لفظ وَعَدَلْنَا پر غور کرو، دہری پیش گوئی ہے۔ ادھر ان لوگوں کے دلوں کو منقاد کر دینے کی اور ادھر حضور فداہ ابی و امی ﷺ کو یہ نظارہ دکھلا دینے کی۔

چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ وہ ملک جو خلیج فارس، بحر احمر، بحر روم اور کوہستان شام کے درمیان واقع ہے۔ سرتاسر ایک ہی کلمہ کا گویا۔ ایک ہی ملت کا شیدا۔ ایک ہی ذات قدسی صفات پر فدا اور ایک ہی دین فقیہ پر عمل پیرا ہو گیا تھا۔

دیکھو پیش گوئی میں کتنی وسعت تھی اور کس صداقت کے ساتھ نزول آیات سے دس بارہ سال کے اندر اندر ہی نور گستر ہوئی۔

ارتداد اور مسلمانوں کی تعداد میں بیشی وافزونی کی پیش گوئی

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَ يُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ لَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ﴾ [المائدۃ: ۵۴]

''اے ایمان والو! تم میں اگر کوئی اپنے دین سے پھر جائے گا تو اللہ ایسی قوم کو لائے گا، جسے وہ محبت کرے گا اور وہ اللہ سے محبت کرتے ہوں گے۔ وہ ایمان والوں کے لیے متواضع اور کافروں کے لیے سخت ہوں گے۔ وہ اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کنندہ کی ملامت سے نہ ڈریں گے۔''

آیت میں بطور پیش گوئی بتلایا گیا ہے کہ مسلمانوں میں سے کوئی مرتد بھی ہو جایا کرے گا۔

پھر بطور پیش گوئی بتلایا کہ ایسے انفرادی نقصان کے وقت اللہ تعالیٰ بڑی بڑی قوموں کو گرویدہ اسلام فرما دے گا۔ اللہ کے ساتھ ان کے معاملات محبت وخلوص کے ہوں گے۔ اہل ایمان سے ان کے تعلقات تواضع وانکسار کے ہوں گے۔

دشمنان دین کے ساتھ وہ غلبہ وفتح وعزت ونصرت کا کرشمہ دکھلائیں گے۔

وہ دنیا کی جھوٹی تعریف یا جھوٹی ہجو سے بالاتر ہوں گے اور عملاً وفعلاً اللہ کی راہ میں سرفروش وجان نثار ہوں گے۔

اس آیت کا ابتدائے اسلام سے تا ایں دم ہمیشہ ظہور صدق رہا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ رہے گا۔

نبی ﷺ کے انتقال کے بعد مسیلمہ کذاب اٹھا اور اس کے ساتھ ہزاروں لوگ ہو گئے ان کا ارتداد بھی نرالا تھا۔ مسیلمہ اور اس کے اتباع سب کے سب دبی زبان سے نبوت محمدیہ ﷺ کا اقرار کرتے تھے مگر مسیلمہ کے لیے بھی نبوت ثابت کرتے تھے۔

اس قوم کے اندر ثمامہ بن اثال الحنفی رضی اللہ عنہ اور ان کے اتباع میں ایسے موجود تھے جو مرتدین کے ساتھ جنگ آزما ہوئے اور انھوں نے قومیت یا قرابت کا ذرا لحاظ نہیں کیا۔

اسود عنسی نے دعویٰ نبوت کیا اور اس کے مقابلہ میں اللہ تعالیٰ نے فیروز اور ذاذویہ کو جو فارسی النسل اور صاحب فضل وکمال ہیں، کھڑا کر دیا، جنھوں نے اس کی تمام شوکت وقوت کو خاک میں ملا دیا۔

طلیحہ وسجاح نے بھی دعویٰ نبوت کیا اور اسی اطراف کی اقوام وقبائل نے ان کو ایسا سیدھا بنایا کہ بالآخر ارتداد سے توبہ کر کے داخل اطاعت اسلام ہو گئے اور پھر کبھی خدمت اسلام میں کوتاہی نہ کی۔

ملوک بنی امیہ کا ظلم وجور بڑھ گیا تو اللہ تعالیٰ نے اہل خراسان کو اٹھایا اور انھوں نے ان کی سلطنت کو تہ وبالا کر ڈالا جس کا نتیجہ عباسیوں کا صاحب دیہیم واورنگ ہونا نکلا۔

عباسیوں نے جہاد میں تعاون کیا تو اللہ تعالیٰ نے سلاطین اندلس کو مغرب میں آل بویہ و آل سبکتگین کو مشرق میں اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے کھڑا کر دیا۔

تباہی بغداد میں خود مسلمانوں نے کفار کا ساتھ دیا اور ترکان خونخوار کے ہاتھوں سے اس عروس البلاد کو غارت کرایا۔ اللہ تعالیٰ نے خود اس قوم ترک میں اسلام داخل کر دیا۔

وہ ترک جنھوں نے بغداد کو ایسا تباہ کیا تھا کہ شہر کی گلیاں خون سے رنگین اور دریائے دجلہ قلمی کتابوں کی روشنائی سے سیاہ تھا۔

یورپ میں جو اسلام کا جھنڈا قائم کرنے والے ثابت ہوئے۔ وہی خادم حرمین شریفین کہلانے کو سلطان بن سلطان کہلانے سے زیادہ فخر کرنے والے ٹھہرے۔

آریہ نے ملکانہ میں شدھی کا رواج دیا اور کچھ مسلمانوں کو مرتد بنایا تو خود انہی میں سے کنور عبدالوہاب خان جیسے اٹھے جنھوں نے ہندو نما لوگوں میں اسلام پہنچایا۔

شمس الاسلام محمد امین و خالد لطیف گابا جیسے ہندو بیرسٹروں اور تعلیم یافتہ لوگوں نے اسلام کا اعلان کیا اور خود آریہ کے مبلغین نے آگرہ وغیرہ کے علماء کے ہاتھوں پر بیعت اسلام کی۔

یورپ میں کنگ جارج (King George) کے قریبی بھائی سر جارج ہملٹن (Sir George Hamilton) نے اظہار اسلام فرمایا اور اس طرح پر اسلام تخت انگلستان کے قریب تر پہنچ گیا۔

لارڈ ہیڈ لے (Lord Headly) محمد پکتھال (Muhammad Pickthall) خالد شیلڈر (Khalid Shielder) جیسے صاحبان علم و فضل حاشیہ برداران اسلام بنے۔

نئی دہلی کے رقبہ میں اگر کوئی پرانی مسجد شہید ہوگئی تو دارالسلطنت فرانس کے شہر پیرس کے وسط میں مسجد جامع تیار بھی ہوگئی اور جرمنی شہر میں آٹھ ہزار (800) نمازیوں پر سایہ کرنے والی مسجد بھی رونق افزائے فضا بن گئی۔ شہر لندن [1] میں بھی مسجد کے لیے زمین حاصل کی جا چکی ہے اور تعمیر شروع ہونے والی ہے۔

ملکانہ کے جاہل علاقہ میں چند نفوس نے اسلام چھوڑا تو چین و افریقہ کے ممالک میں کئی کروڑ مسلمانوں کا اضافہ بھی ہوگیا۔ قسطنطنیہ میں مسلمان ہونے والوں کی تعداد میں نمایاں ترقی ہوئی۔

یہ جملہ برکات و آثار اور ترقی تعداد افزونی شمار و کثرت انوار اسی آیت مبارکہ کی پیش گوئی کے تحت میں معدود ہیں اور یہی حالت تا انجام دنیا برابر چلی جائے گی۔ ایک شخص کے مرتد ہونے سے دس داخل اسلام ہوں گے۔

لوگوں کا یہ بھرم بھی جاتا رہے گا کہ اگر ہم لوگ بھی غیروں کو اپنے دھرم میں شامل کر لیا کرتے تو مسلمانوں کا مقابلہ کر سکتے۔

﴿ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴾ [الصف:8]

''حالانکہ اللہ اپنی روشنی کو پورا کر کے رہے گا، خواہ کافر ناخوش ہی ہوں''

یہودیوں کے متعلق 9 پیش گوئیاں

﴿1﴾ یہودی مسلمانوں کا معمولی اذیت و آزار کے سوا اور کوئی نقصان نہ کر سکیں گے اور اگر مسلمانوں سے لڑائی میں مقابل ہوئے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے۔

---

[1] یہ سعادت مسلمانان انگلستان کو حاصل ہو چکی ہے۔ الحمد للہ۔ اب صرف شہر لندن میں بے شمار مساجد غلبۂ اسلام کی نوید دے رہی ہیں۔ ان شاء اللہ العزیز

﴿لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ﴾

یہودی پس پردہ سازشیں کرتے رہے، قبائل عرب کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکاتے رہے۔ خود جاسوسی کرتے رہے۔ بغاوت کرنے والوں کو چپکے چپکے روپیہ پیسے سے امداد اور سلاحات سے اعانت کرتے رہے۔ اس پر بھی ان کا کلیجہ ٹھنڈا نہ ہوا تو میدان میں نکل آئے۔ یہ لوگ فنون حرب سے زیادہ واقف تھے۔ سارے عرب میں آلات قلعہ شکن انہی کے پاس تھے۔ منجنیق کا استعمال صرف یہی لوگ جانتے تھے۔ اس لیے عرب کا ہر ایک قبیلہ ان سے دبتا تھا۔ ایسے لوگوں کی شکست فاش کی پیش گوئی ایسی تھی جس کا کفار کو ہرگز یقین نہ ہوتا تھا۔

لیکن ارباب تاریخ کے سامنے یہودان قینقاع، بنونضیر، بنوقریظہ، خیبر، فدک، تیماء کے واقعات موجود ہیں ہر ایک کا انجام اسی پیشگوئی کے مطابق ہوا۔

آیت بالا میں تین پیش گوئیاں ہیں:

1. ایذا دہی سے بڑھ کر وہ کوئی نقصان مسلمانوں کا نہ کرسکیں گے۔
2. مقابلہ میں آئے تو کھلی شکست کھائیں گے۔
3. شکست کے بعد کوئی ان کی مدد کو بھی نہ کھڑا ہوگا۔

سینکڑوں میل کے بسنے والے متعدد قبائل پر ایسی زبردست پیش گوئی کا اعلان صرف وہی پروردگار عالم فرما سکتا ہے جو مشارق الارض اور مغاربہا کا مالک ہے اور جسے وہ چاہتا ہے۔ اسی کو فتح و نصرت عطا فرماتا ہے۔

2 یہودی موت کی تمنا نہ کریں گے۔

﴿قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ﴾ [الجمعۃ: 6-7]

"کہہ دو کہ اے یہود اگر تم کو یہ دعویٰ ہو کہ تم ہی اللہ کے دوست ہو اور لوگ نہیں تو اگر تم سچے ہو تو (ذرا) موت کی آرزو کرو اور یہ ان (اعمال) کے سبب جو کر چکے ہیں۔"

یہود کا عام دعویٰ یہ تھا کہ ہم فرزندان خدا ہیں اور ہم برگزیدگان الٰہ ہیں۔ قرآن نے بتلایا کہ اگر تم کو اس دعویٰ کی صداقت پر خود یقین ہے تو اپنے لیے موت کی دعا مانگو۔

یہ مسلمہ ہے کہ اولیاء ربانی کے لیے حیات دنیوی حجاب ہے۔ یہ حجاب اٹھ جائے تو دوست دوست کے وصال سے شاد کام بن جائے۔

عربی میں مثل ہے: اَلْمَوْتُ جِسْرٌ يُّوْصِلُ الْحَبِيْبَ اِلَى الْحَبِيْبِ موت وہ پل ہے جو حبیب کو حبیب سے ملا دیتا ہے۔

کسی ولی کی جانب سے تمنائے موت کے معنی عرض داشت وصال کے ہیں اور ایسی عرض و معروض کا بار بار پیش کرنا اور ہر بار اس پر اصرار کرنا لوازم محبت و ولایت میں سے ہے۔

یہاں یہودیوں سے فرمایا گیا کہ ایک دفعہ ہی موت کی تمنا کا اظہار اپنی زبان سے کرو۔ اسکے بعد بطور پیش گوئی فرما دیا کہ یہودی ایسا کبھی نہ کریں گے اور اس کی وجہ بھی بتلا دی کہ اگرچہ ایسے ایسے دعاوی کی لاف و گزاف ان لوگوں کی زبان پر جاری ہے۔ مگر اندر سے

دل پکڑا ہوا ہے۔ معاصی وسیئات کا نقشہ آنکھوں کے سامنے جما ہوا ہے۔ دل ودماغ پر افعال شنیعہ کا اتنا قبضہ ہے کہ موت سے نفرت ہے۔ خدا کے حضور میں جانے سے طبیعت گریز کرتی ہے۔

یہودی اگر سچے ہوتے تو قرآن کو جھٹلانے اور اپنے دعویٰ کی صداقت جتلانے کے لیے یا مسلمانوں کو سنانے ہی کو ایک دفعہ کہہ دیتے کہ ''الٰہی موت دے''، لیکن یہ اخبار تو منجانب اللہ ہو چکا تھا کہ ایسا نہ ہوگا۔ اس لیے اتنا لفظ کہتے ہوئے زبان پر قفل پڑ جاتا تھا۔ اور منہ پر مہر لگ جاتی تھی۔ اور ایسے موقع پر کافر و مشرک بھی یہودیوں کی ''خرد رگل مانده'' حالت کو دیکھ کر ہنس دیتے تھے۔

اس پیش گوئی کا مدعا یہ تھا کہ دنیا جہان کے سامنے یہودیوں کے جھوٹے ادعا (اولیاء واحباء اللہ ہونے) کی حقیقت کو ظاہر فرما دیا جائے اور بتلا دیا جائے کہ اس صاحب جبروت اور ملک الموت کے حضور میں کسی آفریدہ مخلوق کو بڑا بول بولنے کی جرأت نہیں ہو سکتی۔

یہودیوں کے متعلق تیسری پیش گوئی

﴿ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ حَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ﴾ [آل عمران:112]

''اور ڈال دی گئی ہے ان پر ذلت، جہاں کہیں بھی وہ پائے جائیں، بجز اس کے کہ اللہ کی ذمہ داری سے رہیں یا لوگوں کی ذمہ داری سے رہیں۔''

اس آیت میں بتلایا گیا ہے:

① کہ آئندہ کو یہود دنیا میں ایک آزاد قوم کی شان سے آباد نہ رہ سکیں گے۔

② بتایا گیا ہے کہ وہ ذلت و مسکنت کا نشانہ رہیں گے یعنی ان کی اپنی سلطنت کوئی نہ ہوگی۔

③ بتایا گیا ہے کہ یا تو ان کو مسلمانوں کے ماتحت جزیہ گزار ہو کر رہنا پڑے گا۔ اس کو بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ فرمایا کیوں کہ ذمی قوم کو خود اللہ تعالیٰ نے حقوق عطا فرمائے ہیں۔

④ ہاں ان کو دیگر اقوام کا ٹیکس گزار و باج دہ ہو کر رہنا پڑے گا، جسے آیت بِحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ میں فرمایا ہے۔ گویا ایک آیت کے اندر چار پیش گوئیاں ہیں۔

اس آیت کے مابعد زمانہ پر نظر ڈالو، کیا کسی جگہ دنیا کے پردہ پر اس قوم کی آزاد حکومت قائم ہے؟ کیا ان لاکھوں کروڑوں میں ایک بھی شخص ایسا ہے جو غیر قوم کا ٹیکس گزار نہ ہو۔

ہاں! بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ کی تاثیر یہ ہے کہ وہ ترکی، ایران، مراکو، تیونس میں مسلمانوں کے ماتحت بطور جزیہ گزار پائے جاتے ہیں۔

اور بِحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ کا اثر یہ ہے کہ وہ روس و امریکہ، انگلستان و فرانس وغیرہ میں دیگر اقوام کے ماتحت آباد ہیں اور جملہ اقسام کے ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ جنگ عظیم 1914 تا 1918ء میں یہودیوں نے کروڑوں، اربوں روپیہ (متحدین) کو اس لیے دیا کہ ان کی بھی ایک چھوٹے سے رقبہ پر آزاد سلطنت تسلیم کر لی جائے۔ ہر ایک قوم نے جو سینکڑوں من سونا ان سے لے رہی تھی سمجھ رکھا تھا کہ مفتوحہ علاقہ میں سے ان کی درخواست کو پورا کر دیا جائے گا۔

جب جنگ عظیم ختم ہوگئی اور ایفائے مواثیق کا وقت آیا تو یہودیوں سے کہا گیا، وہ سب فلسطین میں آباد ہو سکتے ہیں اور وہاں کی حکم بردارانہ حکومت ان کو مل سکتی ہے۔

یہ شرط ابھی تک پورے طریق سے پوری نہیں ہوئی اور فلسطین کے سابقہ باشندوں نے ابھی تک یہودیوں کے تفوق کو بھی تسلیم نہیں کیا۔[1]

خیر تفصیل کی صورت کو چھوڑ کر دیکھنا تو یہ ہے کہ یہودیوں کے سامنے کیا چیز پیش کی جاتی ہے؟ حکم بردارانہ حکومت!

اب قرآن مجید کے الفاظ کو غور سے پڑھو کہ ﴿ بِحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ ﴾ کا لفظ کتنا وسیع پڑا ہوا ہے۔

ایک کتا کسی امیر کے پاس ہوتا ہے، اسے وہاں دودھ، گوشت سب کچھ ملتا ہے۔ ہاں گلے میں زنجیر بھی ڈال دی جاتی ہے تو کیا اس کا یہ رتبہ ہو سکتا ہے کہ وہ خود کو ایک تہی دست آزاد انسان سے برتر خیال کرنے لگے، صرف اس لیے کہ انسان کو ویسی غذا میسر نہیں جیسی مسٹر ڈاگ کو ملتی ہے۔

بعینہٖ یہی پوزیشن فلسطین میں یہودیوں کی قائم کی گئی ہے مگر بِحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ کی زنجیر ضرور گلے میں پڑی رہے گی اور یہ وہ زبردست پیش گوئی ہے جس کے سامنے تمام یورپ کے وزراء دول کی ڈپلومیسی بھی عاجز ہے۔

یہودیوں کے باہمی فرقوں کے اندر عداوت ابدی کی پیش گوئی

﴿ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ﴾ [المائدۃ: 14]

''ہم نے ان کے درمیان عداوت اور بغض قیامت تک ڈال دیا''

اس وقت یہودیوں میں الگ الگ دو توراتیں ہیں۔ ایک تورات یونانیہ ہے اور دوسری سامریہ۔ ایک کتاب کے مقلد دوسری کتاب والے کو قطعی کافر جانتے ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ بات کے روادار بھی نہیں۔ (قرآنی پیش گوئی کے مطابق یہ بغض یہ عداوت تا قیامت اس طرح قائم رہے گی)۔

عیسائیوں کے متعلق تین پیش گوئیاں

[1] عیسائی دنیا میں مال دنیوی سے متمتع رہیں گے

عیسائیوں کو دنیوی مال و متاع ملے گا۔ پھر آخرت میں ان کا فیصلہ ہوگا۔

﴿ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ الْغَنِيُّ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۭ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ۝ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ﴾ [یونس: 68-70]

''ان لوگوں نے کہا کہ اللہ نے ایک بیٹا بنا لیا ہے، اللہ تو اس سے پاک ہے اور وہ تو بے نیاز ہے۔ اور آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے وہ اسی کی ملک ہے۔ کیا تمھارے پاس اس کی کوئی سند بھی ہے؟ یا اللہ کے خلاف بے علمی سے باتیں بناتے ہو۔ کہہ دیجیے کہ جو لوگ اللہ کے خلاف جھوٹ کا افترا کرتے ہیں۔ وہ فلاح نہ پائیں گے۔ دنیا میں ان کے لیے کچھ حصہ ہے پھر ان کی بازگشت ہماری جانب ہے۔''

---

[1] بدقسمتی سے مسلمانوں کی اپنی نااہلی اور کوتاہ بینی سے آج اسرائیل جیسا ملک جو اپنوں اور بیگانوں کی سازشوں سے دل مسلم پر خنجر کی طرح پیوست ہے۔

آیت بالا میں صاف پتا نصاریٰ کا ہے جو مسیح علیہ السلام کو ابن اللہ کہتے ہیں اور انہی کی بابت ''متاع فی الدنیا'' فرمایا گیا ہے۔ عام لوگ جب نصاریٰ کی کثرت دولت اور فراوانی زر و مال کو دیکھتے ہیں تو حیران رہ جاتے ہیں کہ اس سہ تن پرست قوم اس قدر افضال و الطاف کیوں ہیں مگر آیت ربانی نے بتلا دیا کہ یہ نہ لطف ہے، نہ فضل ہے بلکہ ''متاع الدنیا'' ہے جس کے ساتھ لَا يُفْلِحُونَ لگا ہوا ہے۔ (یعنی فلاح و نجاح سے محرومی)

یہ تو ممکن ہے کہ کم بین، کوتاہ نظر لوگ اس دولت مندی کی تمنا کرنے لگیں اور قارون کے دیکھنے والوں کی طرح ﴿ يَا لَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَا أُوتِيَ قَارُونُ ﴾ [القصص:79] ''جو قارون کو دیا گیا کاش وہ ہمیں بھی مل جائے'' کہنے لگیں، لیکن کیا کوئی شخص یہ پسند کر سکتا ہے کہ قارون کی دولت مع انجام قارون اس کے حصہ میں آئے؟ یقیناً کوئی خردمند ایسا پسند نہ کرے گا جس کے ساتھ فلاح اور نجات کی نفی لگی ہو۔ خیر یہ بحث تو الگ ہے، اس وقت بہ اقتضائے مقام یہ لکھنا کافی ہے کہ نصاریٰ کے موجود تمول اور تعیش کی پیش گوئی قرآن پاک میں میں وجود ہے اور یہی امر قرآن کے کے منجانب اللہ ہونے کی دلیل ہے۔

2 دوسری پیش گوئی کہ عیسائیوں کے باہمی فرقوں میں ہمیشہ عداوت رہے گی

﴿ وَمِنَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ أَخَذْنَا مِيثَاقَهُمْ فَنَسُوا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوا بِهِ فَأَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ﴾ [المائدۃ:14]

''ان میں وہ بھی ہیں جو خود کو نصاریٰ کہتے ہیں، ہم نے ان سے عہد لیا، انھوں نے بڑا حصہ اس کا فراموش کر دیا ہم نے ان میں عداوت اور بغض کو قیامت تک کے لیے بھڑکا دیا۔''

رومی کیتھولک (Roman Catholic) اور پراٹسٹنٹ (Protestant)، یونی ٹیرن (Unitern)، گریک (Greece church) چرچ، ایشین چرچ (Asianchurch)، انگلش چرچ (Englishchurch)، امریکن چرچ (Americanchurch) کے اختلافات اور بغض و عداوت اور تکفیر باہمی کے حالات جس شخص کو معلوم ہیں وہ آیت بالا کی تصدیق بخوبی کر سکتا ہے اور جان سکتا ہے کہ یہ کلام یقیناً منجانب اللہ ہے۔

3 تیسری پیش گوئی کہ نصاریٰ دربارۂ مودّت اہل اسلام سے زیادہ تر قریب ہیں اور یہود و مشرک زیادہ دور و بعید ہیں

﴿ وَلَتَجِدَنَّ أَقْرَبَهُم مَّوَدَّةً لِّلَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ ﴾ [المائدۃ:83]

''اہل ایمان سے محبت میں قریب تر تو ان کو پائے گا جو اپنے آپ کو نصاریٰ کہتے ہیں۔''

عراق و شام کے عیسائیوں، اصحمہ نجاشی، اکیدر، عدی بن حاتم، ابومریم غسانی، وغیرہ حکمرانان ملک کا مطیع اسلام ہو جانا اسی پیش گوئی کے تحت میں تھا۔ آج بھی انگلستان و جرمنی اور امریکہ میں جس قدر اشاعت اور ترقی اسلام کی ہو رہی ہے وہ اسی آیت کے تحت میں ہے۔

سلطنت روما و ایران نیز قریش و اہل ایمان کے متعلق پیش گوئی جس میں دو پیش گوئیاں شامل ہیں

﴿ الم ○ غُلِبَتِ الرُّومُ ○ فِي أَدْنَى الْأَرْضِ وَهُم مِّن بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُونَ ○ فِي بِضْعِ سِنِينَ ۗ لِلَّهِ الْأَمْرُ مِن قَبْلُ وَمِن بَعْدُ ۚ وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ ○ بِنَصْرِ اللَّهِ ۚ يَنصُرُ مَن يَشَاءُ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴾ [الروم:1-5]

''روما الارض کے قریب مغلوب ہو گیا ہے اور وہ مغلوبی کے بعد چند ہی سال میں غالب آ جائے گا۔ حکم تو اللہ ہی کا ہے۔ پہلے بھی اور پیچھے بھی۔ اور اس روز مومنین بھی اللہ کی نصرت سے شاد ماں ہوں گے۔ اللہ جسے چاہتا ہے مدد دیتا ہے ،وہی تو غلبہ وقدرت والا ہے اور وہی رحم کرنے والا ہے۔''

الارض سے مراد وعدہ کی زمین فلسطین ہے اور ادنی الارض سے شام وایشیائے کوچک کا علاقہ ہے جہاں روما والوں کو خسرو پرویز نے شکست پر شکست دی تھی اور ان کو ان ممالک سے نیز مصر سے باہر نکال دیا تھا۔ کلام الٰہی میں یہ اطلاع دی گئی تھی کہ نو سال کے اندر اندر روما والے پھر ایران والوں پر غالب آ جائیں گے۔

یہ پیشین گوئی ان دنوں بالکل خلاف قیاس وگمان سمجھی جاتی تھی۔ اتنی بڑی شکست کے بعد ایسی فاتح قوم پر غالب آ جانا اور وہ بھی نو (9) سال کے اندر اندر اہل دنیا کو محال معلوم ہوتا تھا۔ لہٰذا ابی بن خلف نے اس آیت کو قرآن مجید کے صدق وکذب کا معیار ٹھہرایا اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو مجبور کیا کہ اگر وہ صداقت قرآن پر اعتماد رکھتے ہیں تو شرط لگائیں۔ یہ واقعہ 8 نبوت کا ہے۔ صدیق رضی اللہ عنہ نے شرط لگائی کیوں کہ اسلام میں اس وقت تک شرط لگانے کی نہی نہ ہوئی تھی۔ [1]

نزول آیات سے سات (7) سال بعد ایسا ہی ہوا۔ روما میں جو خانہ جنگی اور اندرونی بدنظمی ہو رہی تھی۔ وہ جنرل ہرقل کے بادشاہ بن جانے سے جاتی رہی۔ روما والوں نے پھر از سر نو اپنے از دست رفتہ ممالک کو واپس حاصل کر لیا اور مصر وشام، فلسطین وایشیائے کوچک پھر سلطنت قسطنطنیہ کے ماتحت ہو گئے۔

الفاظ قرآنیہ بشارت در بشارت پر مشتمل تھے۔ یعنی یہ بھی بتایا گیا تھا کہ مومنین کو بھی اس روز نصرت الٰہی حاصل ہوگی۔ ایسا ہی ہوا۔ ادھر اہل کتاب نے آتش پرستوں پر فتح حاصل کی اور ادھر بدر کے میدان میں اہل توحید کو اہل شرک پر غلبہ تام حاصل ہوا۔

غور کرنا چاہیے کہ ایک سطر کی عبارت میں چار (4) قوموں اور چار (4) ملکوں اور عظیم الشان سلطنتوں کے متعلق کھلے لفظوں میں پیشین گوئی کرنا اور وہ بھی بہ تعیین سن وسال۔ اور پھر اس کا ظاہری الفاظ میں پورا ہو جانا کیا انسانی علم یا انسانی قدرت کی حدود میں ہے۔

ان پیشین گوئیوں سے قرآن حمید کا کلام اللہ ہونا بخوبی ثابت ہوتا ہے۔

فصل اول 1

قرآن حمید کا اخبار مستقبلہ کو بیان کرنا ہم نے بطور برہان پیش کیا ہے، اسی طرح قرآن پاک کا اخبار ماضیہ کو بیان کرنا بھی ایک زبردست دلیل اس کے کلام اللہ ہونے پر ہے

قوم ہود، قوم صالح کا مذکور کسی اسرائیلی صحیفے میں نہیں مگر قرآن پاک نے اسے بیان کیا۔

عاد ارم، عاد اولیٰ کا ذکر بھی صرف قرآن مجید ہی نے سنایا، سیل عرم کا واقعہ نہایت عظیم الشان تھا۔ اس کا بیان بھی فرقان حمید ہی میں ہے۔

فرعون کے غرق ہو جانے کے بعد مصر پر کچھ عرصہ تک اسرائیلیوں کی حکومت کا پتا ﴿وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ﴾ [الشعراء:59] قرآن پاک ہی کے بتانے سے لگا۔ ورنہ تورات اس سے خاموش ہے جیسا کہ مصر کی تاریخ مصر میں معجزات موسیٰ علیہ السلام کے وقوع سے ساکت ہے۔

[1] تفسیر ابن جریر ص: 11، تفسیر سورہ الروم

مسیح علیہ السلام اور اس کے کارناموں کا ذکر نہ روما کی ہسٹری میں ہے اور نہ یہود کی تحریروں سے اس کی تصدیق ہوتی ہے۔
یہ واقعہ کہ مریم صدیقہ علیہا السلام کو بھی مدتوں تک تثلیث کا ایک اقنوم تسلیم کیا جاتا تھا، عیسائی نہیں مانتے تھے اور نہیں جانتے تھے۔
قرآن مجید کے اعلام کے بعد جب عیسائی محققین نے اس کے لیے کدوکاوش کی، تب ان کو بیان قرآن کی صداقت کا علم ہوا۔
خانہ کعبہ کی عمارت کا بطور مسجد دنیا میں سب سے پہلے تعمیر ہونا اہل تاریخ سے پوشیدہ تھا، لیکن اب یہ واقعہ بالکل مسلم ہے۔
قرآن مجید کا یہ بیان کہ ہر ایک قوم میں اللہ کے رسول بھیجے گئے اور انھوں نے خود اسی قوم کی زبان میں تبلیغ فرمائی اور حجت الٰہی ان پر ختم کی۔ تمام مذاہب کے لیے ایک کنز مدفون تھا۔
اور اسی لیے اسرائیلی پارسیوں کو جھٹلاتے تھے اور پارسی اسرائیلیوں کو اور پھر یہ دونوں مل کر اہل ہند کے مکذب تھے اور اہل ہند ان دونوں کی تکذیب کرتے تھے۔
پھر یہ تینوں مل کر مصریوں کو جھوٹا بتاتے تھے اور مصری ان تینوں کا جھوٹا ہونا سچ سمجھتے تھے۔
پھر یہ چاروں مل کر مشرق بعید چین وجاپان کو دروغ گو کہا کرتے تھے اور چین وجاپان ان چاروں کو۔
اسی طرح کذب ودروغ اور بطلان کا سلسلہ ساری دنیا کو گھیرے ہوئے تھا۔ قرآن کریم ہی نے اس راز کا انکشاف کیا اور قوموں کو قوموں سے، ملکوں کو ملکوں سے قریب تر ہونے کا طریق بتایا۔ قرآن عظیم ہی نے اس سلسلہ کے ختم کردیے جانے کی اطلاع دی اور سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ ﷺ کو خاتم النبیین ﷺ فرما کر اقوام عالم کو اس دعوت عامہ اور وحدت ملیہ اور اتحاد کلیہ کا سبق پڑھایا۔
قرآن کریم کا نبی ﷺ کو خاتم النبیین فرمانا ہی تھا کہ یہودیوں، عیسائیوں، پارسیوں ہندوؤں مصریوں اور چینیوں کے دل اور زبان پر محکم مہر لگ گئی اور اس اعلام کے بعد کسی نے کسی کو آ کاس بانی کا سننے والا، سروش یزدانی سے گفتگو کرنے والا، وحی ربانی کا حاصل کرنے والا تسلیم نہیں کیا۔
اور یہی قرآن حمید کے کلام اللہ ہونے پر دلائل بینہ سے قوی ترین دلیل ہے۔
اب باب خصائص القرآن کو ختم کیا جاتا ہے اور قرآن پاک کی صرف ایک آیت اہل فکر و ہوش کے غور و تدبر کے لیے لکھ دی جاتی ہے۔

﴿ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴾ [محمد:24]

''لوگ کیوں قرآن پر تدبر نہیں کرتے؟ کیا ان کے دلوں پر قفل لگ گئے ہیں؟''

اللھم صلی علی محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

باب سوم 3

خصائص اسلام

فصل نمبر 1: اسلام ہی دین التوحید ہے

آج دنیا پر صادق ہو گیا ہے کہ ہر ایک مذہب کی صداقت کا معیار اور اس کی سچائی کی دلیل صرف مسئلہ توحید ہے۔

اب تو مناظرہ کے وقت بت پرست بھی اپنے ٹھاکروں اور دیوتاؤں کو وسائط کہنے پر مجبور ہو گئے ہیں اور اہل تثلیث اور اہل ثنویہ بھی تثلیث وثنیہ میں توحید ثابت کرنے کی سعی میں لگے ہوئے ہیں۔ ویدانت والے بھی ''ودتیا تی'' کہنے میں اپنی عزت سمجھتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسلام ہی وہ واحد اور وحید دین ہے جس نے توحید کو مکمل طور پر بیان کیا ہے۔

اسلام ظاہر کرتا ہے کہ جملہ انبیاء ورسل کی دعوت صرف واحد مسئلہ توحید کی طرف تھی:

﴿ وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنَ ﴾ [الانبیاء:25]

تجھ سے پہلے ہم نے جو بھی رسول بھیجا اسے یہی وحی کی کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں، لہٰذا تم سب میری ہی عبادت کرو۔

فرمایا:

﴿ وَاسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴾ [الزخرف:45]

''اپنے سے پہلے رسولوں کے حالات معلوم کرو کہ کیا ہم نے کبھی بھی اور کسی کو بھی ذات پاک رحمٰن کے سوا معبود ٹھہرایا ہے جس کی عبادت لوگ کیا کریں۔''

اسلام ہی کی تعلیم ہے:

﴿وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا﴾ [النساء:36]

''اللہ ہی کی عبادت کرو اور اللہ کی عبادت میں کسی شے کی ذرا بھی ملاوٹ، آمیزش اور شرک نہ کرو۔''

توحید ہی کا بیان فرمایا گیا ہے:

﴿ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ ﴾ [الشوریٰ:9]

''کیا ان لوگوں نے اللہ کے سوا اوروں کو کارساز بنا لیا کہہ دو کہ کارساز صرف اللہ ہی ہے''

توحید خالقیت اور توحید قدرت کے متعلق فرمایا:

﴿ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ۭ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـــًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۭ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ○ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴾ [الحج:73-74]

''اللہ کے سوا جن جن کو پکارتے ہیں وہ ایک مکھی بھی تو نہیں بنا سکیں گے خواہ وہ سب مل جل کر ہی ایسی کوشش کریں اور اگر مکھی ان سے کچھ چھین کر لے جائے تو وہ اس سے کچھ چھڑا بھی نہیں سکتے۔ یہاں تو طالب ومطلوب دونوں رہ جاتے ہیں۔ ان لوگوں نے تو اللہ کو قدر وشان کے مطابق جانا ہی نہیں۔ بے شک قدرت والا تو صرف اللہ ہی ہے۔''

آیات بالا پر فکر و تدبر اور غور تعمق سے مکرر ثانی کرنا واجب ہے کہ الوہیت، ربوبیت، رحمانیت، ولایت اور قدرت کی صفات میں اللہ تعالیٰ کا واحد و وحید ہونا ثابت کیا گیا ہے اور اسی ثبوت کے ساتھ ساتھ شرک جلی و خفی کی نفی فرما دی گئی ہے۔

یہ اسلام ہی کی توحید ہے، جس کا ثبوت کلام اللہ العزیز سے ملتا ہے اور جس کی تائید علم و عقل اور سمع سے ہر منزل ہر گام پر ہوتی ہے۔

یہ اسلام ہی کی توحید ہے جو فطرت صحیحہ اور عقل سلیم کے براہین سے مشید ہے اور جس کا مخاطب ہر ایک وہ قلب سلیم ہے جو روحانیت کی زندگی سے مستفیض ہے۔

اسلام کی توحید کا مسئلہ عیسائیت کی تثلیث کی طرح نہیں ہے جس کو پادری لوگ فہم سے بالاتر اور عقل سے بلندتر کہا کرتے ہیں اور جس پر بغیر سمجھنے کے ایمان لانے کو واجب بتایا کرتے ہیں۔ اسلام تو ابتدائے دعوت ہی میں ہر ایک انسان پر اپنی حجت اس طرح قائم فرماتا ہے۔

﴿ اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ یَّعْقِلُوْنَ بِهَاۤ اَوْ اٰذَانٌ یَّسْمَعُوْنَ بِهَا فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِیْ فِی الصُّدُوْرِ ﴾ [الحج:46]

''کیا وہ زمین پر چل پھر کر نہیں دیکھتے کہ ان کے دل سمجھنے والے اور ان کے کان سننے والے ہو جاتے ہیں، ہاں آنکھیں بے نور نہیں ہوتیں، بلکہ وہ دل جو سینہ کے اندر ہیں بے نور ہو جایا کرتے ہیں۔''

آیت بالا میں قلوب اور عقل، اذان اور سمع، ابصار اور عمیٰ کے الفاظ موجود ہیں اور اس سے ثابت ہے کہ اسلام سمع و بصر کو اور قلوب و بصیرت کو مخاطب ٹھہراتا اور ان ہی براہین پر اثبات توحید کے ایوان کو استوار کرتا ہے۔

اسلام ہی ہے جس نے توحید کو مکمل بیان کرنے میں توحید فی العبادۃ، توحید فی الاستعانۃ، توحید فی القدرۃ، توحید فی التصرف، توحید فی الذات، توحید فی الصفات کے الگ الگ عنوانات قائم کیے اور ہر ایک عنوان کے تحت میں اللہ تعالیٰ کے کلام اور نبی ﷺ کے ارشاد سے ان مسائل کو محکم و قوی بنایا۔ آیات ذیل پر پورے غور سے تدبر کرو، تاکہ عنوانات بالا کے متعلق آپ کی معلومات میں وسعت پیدا ہو، ایمان بڑھے اور یقین ترقی پائے۔

﴿اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ﴾ [الفاتحۃ:4]

''ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور ہم صرف تجھ ہی سے استعانت چاہتے ہیں''

صاحب کشاف نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: وَتَقْدِیْمُ الْمَفْعُوْلِ لِقَصْدِ الْاِخْتِصَارِ یعنی لفظ نَعْبُدُ اور لفظ نَسْتَعِیْنُ سے پہلے اِیَّاكَ لانے سے یہ فائدہ نکلا کہ عبودیت اور استعانت کا خاص اللہ ہی کے لیے ہونا ثابت ہو گیا۔ [1]

توحید فی الاستعانت کے متعلق سورہ یوسف میں ہے

① ﴿ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ ﴾ [یوسف:118] ''صرف اللہ ہی ہے جس سے استعانت لی جائے۔''

سورہ انبیاء میں ہے:

② ﴿ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ ﴾ [الانبیاء:112] ''ہمارا پروردگار ہی کمال رحمت والا ہے، اسی سے مدد حاصل کی جاتی ہے۔''

---

[1] الکشاف، ص:9

حدیث شریف میں ہے:

③ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَ شُکْرِكَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِكَ [1]

''اے اللہ! اپنے ذکر اور شکر کے لیے اور بہتر عبادت ادا کرنے پر میری مدد فرما۔''

توحید علم کے متعلق ملائکہ کا بیان ہے:

﴿ سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ﴾ [البقرۃ:32]

''اے رب تو جملہ عیوب اور نقائص اور اوناس سے پاک ہے، ہم کو علم نہیں، لیکن اتنا ہے جتنا تو نے ہم کو سکھلایا ہے۔''

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بیان میدان محشر میں جملہ خلائق کی موجودگی میں اور اللہ تعالیٰ کے حضور میں یہ ہوگا:

﴿ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ﴾ [المائدۃ:116]

''جو میرے دل میں ہے اسے تو جانتا ہے اور جو تیری ذات کے اندر ہے اسے میں نہیں جانتا تو ہی سب غیبوں کا جاننے والا ہے۔''

④ ﴿ وَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ﴾ [الزخرف:85] ''قیامت کا علم تو اسی کے پاس ہے۔''

⑤ ﴿ اِنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ ﴾ [ھود:14] ''یہ کلام تو اللہ کے علم کے ساتھ اتارا گیا ہے''

⑥ ﴿ وَ عِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ ﴾ [الانعام:59] ''علم غیب اسی کے پاس ہے۔''

⑦ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک اسم ''علیم'' کا استعمال کون سے دیگر اسمائے حسنیٰ کے ساتھ مقرون ہو کر وارد ہوا ہے تو ترکیب ذیل نظر آئے گی۔

علیم قدیر، علیم خبیر، علیم حکیم، واسع علیم، علیم حلیم، الخلاق العلیم، عزیز علیم، فتاح علیم، سمیع علیم، شاکر علیم کے ساتھ ملا ہوا ہے اور اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ کمال علم کے ساتھ قدرت وخبرت، حکمت وسعت، حلم وخلق، عزت وفتح، سمع وشکر کے اوصاف کا ہونا بھی ضروری ہے اور جو علم ان صفات کے ساتھ ساتھ ہو وہ انسان و ملک کے علم سے (خواہ وہ انسان وفرشتہ کتنا ہی ذی علم کیوں نہ ہو) بسا ارفع واعلیٰ ہے۔

توحید فی القدرت کی بابت آیات ذیل پڑھو:

﴿ اِنَّا کُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴾ [قمر:49] ''ہم نے ہر ایک شے کو ایک اندازہ پر پیدا کیا۔''

﴿ وَ بٰرَكَ فِیْهَا وَ قَدَّرَ فِیْهَآ اَقْوَاتَهَا ﴾ [حم سجدۃ:10]

''اور اس میں برکت رکھ دی اور اس میں (رہنے والوں کی غذاؤں کی تجویز بھی اسی میں کر دی''

﴿ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ ﴾ [المومنون:18] ''ہم نے پانی اوپر سے حسب اندازہ نازل کیا۔''

﴿ وَاللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴾ [البقرۃ:284] ''اللہ کو ہر شے پر قدرت حاصل ہے۔''

﴿ وَهُوَ عَلٰی جَمْعِهِمْ اِذَا یَشَآءُ قَدِیْرٌ ﴾ [الشوریٰ:29]

''وہ جب چاہے گا تو اپنی قدرت سے سب مردہ جسموں کے گوشت پوست کو جمع فرما دے گا۔''

---

[1] ابوداؤد:1527، مجمع الزوائد 172/10، کنز العمال:3457، 3865، عمل الیوم واللیلۃ:115

ان آیات میں دکھلایا گیا ہے کہ ہر شے کو ابتداءً ہستی میں لانا پھر اس کے لیے قدر و اندازہ مقرر کرنا پھر اسے معدوم کر دینا، پھر اسے موجود کر دینا، اسی مالک کی قدرت کے اندر ہے۔ آسمان کی برکتوں اور زمین کی طاقتوں پر اس کی قدرت تسلط رکھتی ہے۔ مادہ اور روح اس کی مخلوق اور اسی کی قدرت کے تحت میں ہیں۔ فتح و شکست قوموں کا اقبال و ادبار زمانہ کا انقلاب، موسموں کا تغیر، جمادات و نباتات، حیوانات اور انسان و ملائکہ کے خواص و مالیت اور کوائف و احوال سب اسی کی قدرت کے تحت میں ہیں۔ یہ وہ قدرت کہ انسانوں کا جانا پہچانا قانون قدرت اس پر احاطہ نہیں کر سکتا۔ یہ وہ قدرت ہے جسے انسانوں کے تجربات عادات محصور نہیں کر سکتے۔ اس صفت میں اسی مالک کو یکتائی وحدت حاصل ہے۔

توحید فی الذات والصفات کا بیان بھی بہت وسیع ہے۔ فرمایا:

﴿ اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا ﴾ [طٰہٰ:14]

''اللہ تو میں ہی ہوں، میں ہی معبود ہوں اور کوئی معبود نہیں۔''

﴿ شَھِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ﴾

''اللہ نے بتایا اور ملائکہ و اہل علم نے بھی ظاہر کیا کہ وہی اللہ ہے۔ اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ اسی کا عدل و انصاف قائم ہے، اسی کا معبود ہونا برحق ہے۔ دوسرے کا نہیں۔ وہی عزیز وہی حکیم ہے۔'' [آل عمران:18]

﴿ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ○ نَزَّلَ عَلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ وَ اَنْزَلَ التَّوْرٰىۃَ وَالْاِنْجِیْلَ مِنْ قَبْلُ ھُدًی لِّلنَّاسِ وَ اَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ﴾ [آل عمران:2-4]

''اللہ ہے، اس کے سوا اور تو کوئی بھی الٰہ نہیں۔ اسی نے محمد ﷺ پر کتاب کو حق کے ساتھ بھیجا۔ یہی کتاب اپنے سے پہلی تعلیم کی تصدیق کرتی ہے۔ اس نے قبل ازیں تورات و انجیل کو نازل فرمایا کہ لوگوں کی راہنمائی ہو۔ اسی نے قرآن کو اتارا۔''

﴿ ھُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُکُمْ فِی الْاَرْحَامِ کَیْفَ یَشَآءُ ﴾ [آل عمران:6]

''وہی ہے جو انسان کی صورتیں ارحام میں اپنے منشا کے موافق بناتا ہے۔''

﴿ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ ﴾

''یہ کتاب اس اللہ نے اتاری جو قدرت اور علم والا ہے۔ وہ گناہوں کو بخش دینے والا ہے۔ وہ توبہ قبول فرماتا ہے۔ وہ سخت عذاب اور جود و عطا والا ہے۔'' [المومن:2-3]

﴿ وَ قَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ ﴾ [المومن:60]

''تمھارے پروردگار کا فرمودہ ہے کہ مجھے پکارو، مجھ سے مانگو، میں سنوں گا۔ میں قبول کروں گا۔''

﴿ اللّٰہُ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الَّیْلَ لِتَسْکُنُوْا فِیْہِ وَالنَّھَارَ مُبْصِرًا اِنَّ اللّٰہَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَی النَّاسِ ﴾

''اللہ وہی ہے جس نے رات کو تمھارے نفس کے لیے بنایا کہ تم اس میں آرام لو اور دن کو آنکھیں روشن کرنے والا بنایا۔ بے شک اللہ کے فضل و احسان انسان پر بہت ہیں۔'' [المومن:61]

﴿ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ﴾ [المومن:62]

''اے لوگو! یہی اللہ ہے جو تمھاری پرورش کرنے والا ہے، وہ ہر شے کا پیدا کرنے والا ہے، اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔''

﴿ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَ رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ○ هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴾ [المومن:63-64]

''اللہ ہی ہے جس نے تمھارے رہنے کو زمین بنائی اور آسمان کو خیمہ بنایا، اسی نے تمھاری صورتیں بنائیں اور تم کو خوب رو بنایا، اسی نے تم کو پاکیزہ چیزیں کھانے کو دیں۔ لوگو! تمھارا پروردگار یہی تو ہے۔ ہاں! اللہ بڑی برکتوں کا بخشنے والا ہے، وہی زندہ ہے، وہی سب کا معبود ہے اور کوئی معبود نہیں، لہٰذا تم اسی کی عبادت ساری سچائی کے ساتھ بالکل اسی کے بن کر کیا کرو، خوبی اور کمال اور وصف و جمال کی سب اقسام کا مالک وہی ہے جو تمام جہانوں کی پرورش فرماتا ہے۔''

﴿ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ﴾ [الانعام:103]

''انسان کے حواس ظاہری و باطنی اس کا ادراک نہیں کر سکتے اور وہ جملہ قوئی کا ادراک رکھتا ہے۔''

﴿ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ○ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يَقْدِرُ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴾ [الشوریٰ:11-12]

''اس کی مثال جیسی بھی کوئی شے نہیں، وہ سمیع ہے اور بصیر ہے، آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اسی کی ملک ہیں، وہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق فراخ کرتا ہے اور اندازہ کا دیتا ہے وہ ہر شے کا علم رکھنے والا ہے۔''

﴿ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ﴾ [النحل:74]

''اللہ کے لیے کہاوتیں اور مثالیں نہ بیان کیا کرو۔''

﴿ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ○ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ لَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ لَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴾ [البقرۃ:255]

''اللہ ہے، وہی معبود ہے اور کوئی نہیں۔ وہی زندہ و پائندہ ہے۔ اونگھ یا نیند کا اس پر اثر نہیں۔ آسمان اور زمین اور ان کی سب چیزیں اسی کی ہیں۔ کون ہے جو اس کے پاس شفاعت اذن کے بغیر کرے، وہ سب کی اگلی پچھلی حالتوں کو جانتا ہے۔ مگر مخلوق اس کے علم کا ذرا بھی احاطہ نہیں کر سکتی۔ اس کا علم آسمان و زمین سے فراخ تر ہے، وہ آسمان و زمین کی حفاظت میں تھک نہیں جاتا۔ وہ سب سے بالاتر ہے اور سب سے بزرگ تر ہے۔''

﴿ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴾ [الاخلاص:1-4]

''بتا دے کہ وہ اللہ ہے، وہ اللہ ایک ہے، اللہ سب کی حاجات کو پورا کرنے والا ہے، نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد۔ اس کی کفو کا کوئی بھی نہیں۔''

قارئین! میں نے ان آیات کو جمع کر دیا ہے اگر ان کے معانی اور فوائد پر کچھ تحریر کیا جائے تو اس کے لیے کتاب ضخیم درکار ہے۔

تدبر کرنے والے کو پتا لگ جائے گا کہ جو توحید اسلام سکھلاتا ہے اور قرآن پیش کرتا ہے، وہ فلاسفروں کی توحید سے بالکل ارفع واعلیٰ ہے، جو جوہر وعرض اور قدیم وحادث ہیولیٰ اور مادہ کے متعلق الفاظ اور فرض اشکال کا مجموعہ ہے اور جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات باقی ہی نہیں رہتی۔

نیز اسلامی توحید اس اعتقاد تجسم سے بھی بالاتر ہے، جس کے الفاظ اللہ تعالیٰ کے ایک مجسم شے بتاتے ہیں اور اس اعتقاد تنزیہہ سے بھی اعلیٰ ہے، جس میں نفی صفات کو تقدیس کہا جاتا ہے۔

آیات قرآنیہ سے عرفان صحیح حاصل ہوتا ہے اور اسی عرفان سے قلب سلیم نور یقین سے منور ہو جاتا ہے۔

بیان توحید میں اسلام کا یہ اسلوب خاص خصوصیت رکھتا ہے۔

فصل دوم 2

اسلام ہی روحانیت کا مذہب ہے

(1) مذہب کا بحیثیت مذہب نمایاں جوہر یہ ہے کہ اس میں روحانیت موجود ہو، اگر کسی مذہب میں روحانیت موجود نہیں تو اسے مذہب کہنا غلط ہے، بلکہ وہ ایک سوسائٹی (Society) جمعیت ہے۔ دنیا میں جس قدر مذاہب قدیم پائے گئے ہیں، ان میں سے کوئی مذہب ایسا نہیں، جس نے روحانیت کی موجودگی کا دعویٰ نہ کیا ہو، عام اس سے کہ وہ دعویٰ کہاں تک صحیح تھا، نیز قطع نظر اس سے کہ روحانیت کا مفہوم بھی درست سمجھا گیا یا نہیں۔

یہ مسلمہ ہے کہ انسان نام ہے روح وجسم کے مجموعہ کا۔ جسم کی ضروریات جسمانی اور مادی اشیاء میں پوری ہو جاتی ہیں، جن اشیاء پر ترفہ اور عیش، آسودگی وآرام، ناز ونعمت اور شادمانی ومسرت کے نام اہل دنیا استعمال کرتے ہیں۔ یہ جملہ اشیائے جسمانی ہوتی ہیں اور ان کے استعمال سے جو تلذز (لذت) حاصل ہوتا ہے، وہ بھی مادیت کو لیے ہوئے ہوتا ہے۔

لہٰذا قابل غور یہ رہ جاتا ہے کہ روح کی شادمانی ومسرت کی اشیاء کیا ہیں اور کیوں کر حاصل کی جا سکتی ہیں۔ اس عنوان کے تحت میں ان لوگوں سے خطاب کی ضرورت نہیں، جو روح انسانی کے وجود سے منکر اور روحانیت سے قطعاً بے خبر ہیں، کیوں کہ ہمارا مقصود اسلام کو مذاہب عالم کے سامنے پیش کرنا ہے، نہ کہ منکرین مذہب کے خیالات کی تنقید۔

(1) گوتم بدھ نے روحانیت کا ذکر صاف لفظوں میں نہیں کیا، وہ انسان یا روح انسان کے لیے صرف یہی اعلیٰ کمال تصور کرتا ہے کہ انسان دکھ سکھ کی بندشوں سے آزاد ہو جائے، اس کی تعلیم پر گہرا غور کرنے کے بعد محسوس ہوتا ہے کہ اس کا سبق اخلاق انسانی کے بیان سے آگے نہیں بڑھا۔

(2) سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی تعلیم میں توحید کا بیان موجود ہے۔ اسی قدر جو ابتدائی مراتب ایمان کے لیے ضروری ہے۔ ان کی تعلیم میں رد شرک موجود ہے مگر اسی قدر جو شرک اعظم کے رد کے لیے ضروری ہے۔ بعد ازیں روحانیت کا ذکر نہیں کیا گیا، جس کی وجہ افراد امت کی پست فطرتی و دنیا طلبی تھی۔

(3) داؤد علیہ السلام کی زبور میں باب مناجات کھولا گیا ہے۔ بندہ کو اللہ کے حضور میں تضرع وزاری کا طریق سکھلایا گیا ہے، لیکن ان

مناجاتوں میں نصرت اور فتح اور دشمن کی ہلاکت وخسران کو سب سے بڑا مدعا بنایا گیا ہے۔ اور چند مناجاتوں کے سوا باقی سب اسی رنگ میں رنگین ہیں۔

④ سیدنا مسیح علیہ السلام نے آسمانی حکومت اور آسمانی بادشاہت کا لفظ سنایا۔ یہ الفاظ یقیناً روحانیت کا مظہر ہیں۔ حضور علیہ السلام نے سادے دل سے اپنے خالق کے ساتھ محبت کرنے کا بھی ذکر کیا ہے، یہ خالص روحانیت کا سبق تھا، لیکن افسوس کہ سامعین کے عدم ذوق اور عدم وجدان اور فقدان تحمل وبرداشت کی وجہ سے اس نیک استاد کو بھی یہی کہنا پڑا کہ اس مضمون کی تکمیل "روح الحق" فرمائے گا۔ (یوحنا16-13 تا16)

② حدیث پاک میں روحانیت کی تعلیم کو "الاحسان" کے نام سے موسوم کیا گیا ہے اور اس مشہور ومتواتر حدیث میں جسے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے صحیحین نے اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے صحیح مسلم نے روایت کی ہے، اس لفظ کے معنی یہ بتلائے گئے ہیں:

اَلْاِحْسَانُ اَنْ تَعْبُدَاللّٰہَ کَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ [1]

احسان یہ ہے کہ تو اللہ کی عبادت کرے، گویا تو اسے دیکھ رہا ہے، پھر اس طرح کہ اگر تو اسے نہیں دیکھ رہا تو وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔

اسی حدیث میں دو مقامات کا ذکر فرمایا گیا۔

ایک یہ کہ انسان خود کو ایسے مقامات پر پہنچائے کہ منظور نظر رحمت بن جائے۔

دوسرا بلند مقام یہ ہے کہ اس مقام پر متمکن ہو جائے کہ انوار عرفان کا ناظر ہو جائے۔

اس حدیث پاک سے ثابت ہوا کہ روحانیت کا مقصود یہ ہے کہ رابطہ قلب اور نسبت روح رب العالمین کے ساتھ درست اور صحیح ہو جائے اور اس مقصود کے حصول کا ذریعہ "بندگی" ہے۔

اس مقصود کی شرح اور حصول مقصود کی توضیح میں اسلام نے جو کچھ بیان کیا ہے، وہ اسی قدر زیادہ ہے کہ اس کے مقابلہ میں دیگر مذاہب کے بیانات سواں یا ہزارواں حصہ بھی نہیں سمجھے جاسکتے۔ لہٰذا یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ "اسلام ہی روحانیت کا مذہب ہے۔"

عبودیت

اسلام نے عبودیت کا بیان نہایت وضاحت سے کیا ہے، کیوں کہ روحانیت کا محل اسی بنیاد پر بلند ہوتا ہے۔

بتایا کہ عبودیت کے مظہر قلب اور زبان اور جوارح ہیں۔ اب مختصری تفصیل سنو:

① واجبات قلب پانچ ہیں:

① نیت: عادت وعبادت میں فرق کرنا نیت کا کام ہے۔

مراتب عبادت کا تفاوت قائم کرنا نیت کا کام ہے۔

② اخلاص: اخلاص کا مدعا وحدت مطلوب ہے۔

③ صدق: اس کا مدعا وحدت طلب ہے۔

④ انابت: سعی کامل اور توجہ کامل کے ساتھ رجوع الی اللہ کا نام انابت ہے اور توبہ اسی کا پہلا زینہ ہے۔

---

[1] بخاری:50، مسلم:8، ابوداؤد :4695، ترمذی:2610، ابن ماجہ:63، ابن حبان:173,168، احمد :52/1

⑤ محبت: حبۃ القلب (دانۂ دل) کی آبیاری محبت ہی سے کی جاتی ہے اور یہی ایک دانہ پھلتا اور پھولتا ہوا سات سات بالیاں بن جاتا ہے اور ایک بالی میں سو سو دانے بن جاتے ہیں۔

2 واجبات زبان پانچ ہیں:

① وحدانیت و رسالت کی شہادت۔

② دوام ذکر۔

③ التزام دعا: کسی مدعائے خاص کے لیے دعا کرنا اور شے ہے اور فرائض عبودیت کی ادائیگی کے لیے دعا کو لازم بنالینا اور شے ہے، یہاں یہی صورت مقصود ہے۔

④ تبلیغ: امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اسی لفظ کے اندر شامل ہیں۔

⑤ تعلیم: ناواقف کو بتانا، نادان کو دانا بنانا، علوم شرعیہ کا پھیلانا۔

3 واجبات جوارح کی تفصیل غور سے دیکھو:

① واجبات سمع: کلام اللہ اور حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کان لگانا۔ نصیحت اور کلمہ حق کو غور سے سننا۔

② واجباب بصر: کائنات کو عبرت و خبرت سے دیکھنا، بصارت و بصیرت سے کام لینا۔

③ واجبات ذوق: اکل حلال و حرام اور نشیلی چیزوں سے پرہیز۔

④ واجبات اعضاء: خضوع و خشوع۔

⑤ واجبات جسم: قلب کی اطاعت کرنا، ضمیر پاک کے خلاف کسی عضو سے کام نہ لینا۔ یہ سب پندرہ (15) اقسام ہیں اور انہی کے مجموعہ کا نام عبودیت ہے۔

فنا و بقا

بیان روحانیت کے لیے ''فنا و بقا'' کی شرح بتلانا ضروری تھا۔

حدیث بالا میں جس اولین مقام ''فَاِنَّہٗ یَرَاکَ'' کی جانب اشارہ فرمایا گیا ہے۔ اسی کو اصطلاح صوفیہ میں مقام فنا کہتے ہیں۔ اس لفظ سے فنائے لغوی مراد نہیں، بلکہ فنا سے مراد ماسوا کا زائل کرنا ہے اور انانیت سے غائب ہو کر شہود حق تک پہنچ جانا ہے۔

اسی فنا کے تحت میں توبہ، تذکر، ورع، زہد، اخبات، تبتل، خوف و رجا آجاتا ہے۔

براہین بالا سے واضح ہے کہ اسلام مسئلہ توحید کے اثبات میں کائنات کے ایک ایک ذرہ کو انسان کے مشاہدہ اور غور و تفکر و تدبر کے سامنے پیش کرتا ہے۔

اسلام ذوق سلیم اور وجدان صحیح کی راہ پر علم، عقل، تجربہ اور مشاہدہ کی مصابیح کو روشن کرتا ہے، اور پھر اس راہ کے سالک کو مندرجہ ذیل منازل کی سیر کراتا ہے۔

﴿ وَالَّذِیْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّ اٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴾ [محمد:17]

''اور جو ہدایت یاب ہیں اللہ ان کی ہدایت کو بڑھاتا ہے، اور انھیں تقویٰ عطا کرتا ہے۔''

﴿ وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ﴾ [مریم:76]

''ہدایت والوں کو ہدایت میں ترقی پر ترقی دیتا ہے۔''

﴿ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا ﴾ [التوبۃ:124]

''ایمان والوں کے ایمان میں افزونی بخشتا ہے۔''

اور بعد ازاں منزل مقصود پر پہنچا کر یہ بشارت عظمیٰ پہنچاتا ہے۔

﴿ يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِىْۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴾ [الفجر:27-28]

''اے اطمینان یافتہ نفس اپنے رب کی طرف رجوع کر خوشی کے ساتھ اور بشارت کے ساتھ۔''

توحید کی ضد شرک ہے۔ ردشرک کے دلائل علیحدہ بیان فرمائے۔

﴿ لَوْ كَانَ فِيْهِمَاۤ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ﴾ [الانبیاء:22]

''اگر آسمان اور زمین میں اللہ کے سوا کوئی بھی معبود ہوتا تو نہ زمین قائم رہتی نہ آسمان۔''

فرمایا:

﴿ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ﴾ [الانبیاء:24]

''کیا ان لوگوں نے اللہ کے سوا کسی اور کو بھی الٰہ بنالیا ہے، ان سے کہہ دو کہ اس اعتقاد کے ثبوت میں کوئی برہان تو پیش کرو۔''

اسلام ہی بتلاتا ہے کہ جملہ رسل کی اولین اور آخرین دعوت یہی کلمہ مبارک رہا ہے

﴿ اُعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ﴾ [الاعراف:65]

''اللہ ہی کی عبادت کرو، اس کے سوا اور کوئی بھی تمھارا معبود نہیں۔''

یہی وہ کلمہ مقدسہ ہے جو الوہیت رب العالمین کو دل میں قائم کر دیتا ہے اور یہی وہ کلمہ توحید ہے جو دل کو شرک سے پاک و صاف بنا دیتا ہے۔

یہی وہ کلمہ ہے جو اثبات کو بقا عطا کرتا ہے اور یہی وہ کلمہ ہے جو نفی کو فنا دکھلاتا ہے۔ اسی آیت اعراف میں چار بار سورۃ انعام میں دو بار اور سورۃ آل عمران میں دہرایا گیا ہے۔

بیان توحید کے متعلق فرمایا گیا ہے:۔

﴿ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ﴾ [الانعام:14]

''ان سے پوچھو کیا آسمانوں اور زمین کو وجود بخشنے والے اللہ کے سوا کسی اور کو مددگار بناؤں۔''

اب کیا اس کے سوا اور کسی کو ولی و کارساز بنانے کی ضرورت رہ جاتی ہے، کیا کسی اور کو بھی دل کا مالک ٹھہرانے کی کوئی وجہ ہو سکتی ہے، کیا میں ایسا کروں؟ نہیں ہرگز نہیں۔

﴿ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِىْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَىْءٍ ﴾ [الانعام:164]

''ان سے پوچھو کہ اس رب کے سوا جو ہر ایک کی پرورش کرنے والا ہے کیا میں اور کی تلاش اپنا رب بنانے کے لیے کروں۔''

﴿ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۟ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ﴾ [القصص:88]

"وہ اللہ جس کے سوا کوئی بھی معبود نہیں ہے اس کے ساتھ ساتھ دوسرے کو مت پکارو۔ دیکھو ہر ایک شے موت و ہلاکت اور فنا والی ہے، صرف اللہ ہی کی ذات ہے جو موت اور فنا سے برتر ہے۔"

غیر اللہ کو پکارنے والے خواہ عیسیٰ مسیح علیہ السلام اور عزیر نبی علیہ السلام اور دیگر بزرگان کے پکارنے والے ہوں یا فرضی اور خیالی دیوتاؤں کے پکارنے والے ہوں اللہ تعالیٰ نے بتلا دیا کہ ان میں اور اللہ تعالیٰ میں مابہ الامتیاز کیا ہے۔

وہ عیسائی جو تسلیم کرتا ہے کہ مسیح علیہ السلام کو پکڑا گیا، پھانسی پر لٹکایا گیا، قبر میں دفنایا گیا، اس پر اللہ تعالیٰ کی یہ حجت ہے۔ ایسا شخص معبود نہیں ہو سکتا۔

وہ مسلمان جو حسین علیہ السلام کی بابت تسلیم کرتا ہے کہ وہ کربلا کے دشت میں گرسنہ و تشنہ ذبح کیے گئے، ان کے جسم پاک کی ناپاک خبیثوں نے بے حرمتی کی، ان پر اللہ تعالیٰ کی یہ حجت ہے کہ ایسا شخص معبود نہیں ہو سکتا۔

وہ کرشن مہاراج جس نے اپنی راج دھانی کو اپنی آنکھوں سے لٹتے اور اجڑتے دیکھا، جس نے اسی اندوہ و غم میں اپنے آپ کو ہمالہ کی برف کا لقمہ بنایا، وہ بھی معبود نہیں ہو سکتا۔

وہ سدھارتھ گوتم جو بدھ (بمعنی بیدار) کے نام سے روشناس ہوا اور جس کی لاش نیپال کی ترائی میں بمقام کسن آراء جلائی گئی اور اس لاش کی راکھ آٹھ مختلف مقامات پر تقسیم کی گئی، جا کر ہر ایک جگہ یادگاری گنبد تیار کیے گئے کبھی بھگوا (لائق عبادت) اور آرہم (ذات پاک) نہیں ہو سکتا۔ [1]

وہ سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ ﷺ جو 28 صفر 11 ہجرت سے 12 ربیع الاول تک بیمار رہے۔ جنھوں نے 12 کی سہ پہر کو انتقال اور رفیق اعلیٰ سے وصال فرمایا جو 14 کو بعد مغرب لحد منور میں لٹائے گئے، جو شان علیا کے اعتبار سے امام الانبیاء اور سید المرسلین ہیں۔ علامت تدفین و قبر کی وجہ سے کبھی معبود و مسجود نہیں ہو سکتے۔ الغرض آیت بالا کے اس نشان واحد نے توحید کو نہایت مستحکم کر دیا ہے۔

رغبت تعظیم اوامر و نواہی، تصفیہ و تہذیب، استقامت، صبر، تفویض، ثقہ، تسلیم، اخلاص، تواضع، فقر و غنا، تاسف و حزن اضطراب، غیبت شامل ہیں۔ [2]

اور بقا کے تحت میں حیا، رضا، شکر، صدق، ایثار، فتوت، مروت، انبساط، ادب، انس، ذکر، علم، حکمت، تعظیم، سکینہ، طمانیت، غیرت، شوق، ذوق، شہود، سرور، تمکین، مکاشفہ، حیات بالعلم، حیات بالوجود، بسط، صحو، معرفت، یقین صدق، تحقیق شامل ہیں۔

ان مقامات کی تعریف اور احوال کی تفصیل اور نفس و قلب و روح انسانی کے ساتھ ان کے ارتباط اور نتائج ارتباط اور ثمرات نتائج بیان کرنے کے لیے ایک دفتر درکار ہے اور بایں ہمہ علماً و عملاً ان کی ماہیات لفاظی سے برتر اور احوال سے متعلق ہیں۔ اس مجمل ذکر سے قارئین سمجھ سکتے ہیں کہ جس مذہب میں روحانیات کا اس قدر ذخیرہ وافر موجود ہے، اسی کو روحانی مذہب کہلانے کی شان حاصل ہے۔

---

[1] بدھ مذہب کا ہر ایک شخص بدھ کی مورتی کے سامنے پھول چڑھاتا ہے اور بدھ کی صفت و ثنا میں ایک منتر پالی زبان کا پڑھتا ہے، جس میں قریباً 15 لفظ بدھ کے ثنا کے ہیں۔ بھگوا، ارہم بھی انہی الفاظ میں سے ہے۔

[2] فنا و بقا کے تحت میں جن مقامات کا ذکر تحریر کیا گیا ہے ان کے الفاظ سے اشتباہ نہیں ہونا چاہیے کہ ان سے مراد صرف لغوی معانی ہیں بلکہ علم الاحسان (تصوف اسلامی) کے یہ وہ مصطلحات ہیں جن کے مفہوم و معانی سے اس علم کے علاوہ ماہرین بخوبی واقف ہوتے ہیں۔ کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ سے ان الفاظ کا ثبوت اور استنباط ہوتا ہے۔

میں نے دقیق مبحث چھوڑ دیے ہیں اور اس مختصر بیان ہی سے قارئین اندازہ کر سکتے ہیں کہ روحانیت کے بیان میں اسلام ہی کو درجہ خاص حاصل ہے۔

فصل سوم 3

اسلام ہی اخلاق حسنہ کا معلم ہے

نبی ﷺ کا ارشاد ہے:

بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْأَخْلَاقِ وَمَحَاسِنَ الْأَعْمَالِ۔ ①

''میں بزرگ ترین اخلاق اور نیک ترین اعمال کی تکمیل کے لیے نبی بنایا گیا ہوں۔''

اسلام نے بتایا ہے کہ اخلاق رذیلہ کے منبع چار ہیں:

□ جہل　□ ظلم　□ شہوت　□ غضب

① تاثیرات جہل میں سے ہے کہ اچھی شے کو بری اور بری شے کو اچھی شکل میں نمایاں کرتا ہے۔ کمال کو نقص اور نقص کو کمال دکھلاتا ہے۔

یوسف علیہ السلام فرماتے ہیں: ﴿ اَصْبُ اِلَیْهِنَّ وَ اَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِیْنَ ﴾ [یوسف:33]

''اگر میں عورتوں کی باتوں میں پھنس گیا تو جاہل ہو جاؤں گا۔''

② تاثیرات ظلم میں سے ہے کہ کسی شے کو اس کے غیر محل میں رکھا جائے۔

خوشنودی کے مقام پر خفگی، سخاوت کے مقام پر بخل، بخل کے مقام پر بذل۔ نرمی کے مقام پر سختی، سختی کے مقام پر نرمی، مقام انکسار پر تکبر اور مقام وقار پر انکسار یعنی حقوق کا غلط استعمال اور غلط استعمال پر دعویٰ استحقاق۔

قرآن پاک میں ہے: ﴿ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ ﴾ [لقمان:13]

''حقوق الٰہی کا غصب کرنا اور ان حقوق کا استعمال دوسرے کے لیے جائز سمجھنا بزرگ ترین بہت بڑا ظلم ہے۔''

③ تاثیرات شہوت میں سے ہے کہ حرص، بخل اور تنگ دلی کو ترقی ہوتی ہے۔ حصہ غیر پر حملہ کیا جاتا ہے۔ وقار نفس اور پارسائی کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

حدیث شریف میں ہے: اَعْطٰی كُلَّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّهٗ ② ''اللہ نے ہر ایک حقدار کو اس کا حق عطا فرما دیا ہے۔''

فرمایا: ﴿ لَا تَقْرَبُوا الزِّنٰۤى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّ سَآءَ سَبِیْلًا ﴾ [بنی اسرائیل:32]

''زنا کے قریب بھی نہ جاؤ، یہ کھلی بے حیائی ہے اور بہت بری سڑک ہے۔''

④ تاثیر غضب سے تکبر، کینہ، حسد بغاوت اور سفاہت پیدا ہوتے ہیں۔ ایک شخص نے نبی ﷺ سے تین بار درخواست کی کہ مجھے کچھ نصیحت فرمائی جائے، حضور ﷺ نے ہر دفعہ اسے یہی جواب دیا:

غیظ وغضب سے دور رہو۔ ③

---

① موطا:904، الشفاء:207/1، الدرر المنتثرہ فی الاحادیث المشتهرہ للسیوطی:58، مسند احمد:381/2۔

② ابوداود:2007، 2870، 3565، ترمذی:2120، 2121، نسائی:3641، 3642، احمد:267/5، دارمی:244/2 ③ ابن حبان:5689، احمد:34/5

اسلام نے بتایا کہ اخلاق محمودہ کے سرچشمے چار ہیں:

صبر،عفت،شجاعت،عدل۔

(1) صبر کے نتائج ہیں: برداشت مصائب،غصہ پی جانا،عدم ایذا دہی،بردباری،خاکساری گھبراہٹ کا نہ ہونا،حملہ نہ کرنا۔

صبر کا ذکر قرآن پاک میں تقریباً نوے(90)مقامات پر ہے اوران مقامات میں صبر کرو۔سولہ(16)اصناف پر بیان کیا گیا ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نصف ایمان کا نام صبر ہے اورنصف ایمان کا نام شکر ہے۔ (1)

(2) عفت کے نتائج: رذائل وقبائح سے اجتناب،قولاً وفعلاً پاکیزگی،عفت سے حیا پیدا ہوتی ہے اور حیا کا اثر ہر ایک خلق نیک پر ہے۔

عفت سے جھوٹ،بخل،اور بدکاری کا ستیاناس ہوتا ہے۔

(3) شجاعت کے نتائج: آپ اپنی عزت کو ملحوظ رکھنا،برترین اخلاق کا جو یار ہنا،مال وجان سے دوسرے کی امداد کرنا،طیش وغضب سے دور رہنا،اپنے نفس کی باگ عقل کے سپرد کر دینا۔

حدیث پاک ہے:

لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرْعَةِ اِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِیْ يَمْلِكُ نَفْسَهٗ عِنْدَ الْغَضَبِ۔ (2)

''پہلوان وہ نہیں جو دوسرے کو پچھاڑ دیتا ہے،پہلوان تو وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے آپ کو سنبھال لیتا ہے۔''

(4) عدل کے نتائج میں اعتدال اخلاق وافراط وتفریط کو چھوڑ کر وسط کو اختیار کر لینا۔

عدل بتاتا ہے کہ جود وسخا اسے کہتے ہیں جو بخل اور اسراف کے درمیان ہو۔

عدل بتاتا ہے کہ حیا وہ ہے جو ذلت و بے شرمی کا میانہ ہو۔

عدل بتاتا ہے کہ شجاعت اسے کہتے ہیں جو جبن اور تہور کا وسط ہو۔

عدل بتاتا ہے کہ حلم یہ ہے کہ تکبر واہانت کے بیچ بیچ ہو۔

تصریحات بالا سے ظاہر ہے کہ اسلام نے اخلاق حسنہ کے بیان میں کس قدر زیادہ حصہ لیا ہے۔

قرآن پاک میں ہے:

﴿ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ ﴾ [الاعراف:199]

''معافی و درگزر کو عادت بناؤ،نیک کام کرنے کی ہدایت کرتے رہو اور جاہلوں سے منہ پھیر لو۔''

حدیث پاک مسلم میں نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ (3) اچھے خلق ہی کا نام ''نیکی'' ہے۔صحیحین میں ہے:

خِيَارُكُمْ اَحَاسِنُكُمْ اَخْلَاقًا (4) نیک اور بہتر وہ ہے جس کے اخلاق اچھے ہیں۔

---

(1) مدارج السالکین: 152/2 (2) بخاری:6114،مسلم:2609،ابن حبان:717،احمد:236/2،موطا:98/3 (3) مسلم:2553،ترمذی:2389،ابن حبان:397،دارمی:322/2،احمد:182/2 (4) بخاری:3559،مسلم:2321،ترمذی:1975،ابن حبان:477،احمد:161/2

ترمذی وابوداؤد نے ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا:

مَا مِنْ شَيْءٍ اَثْقَلُ فِيْ مِيْزَانِ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ خُلُقٍ حَسَنٍ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَيُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيَّ (1)

قیامت کے دن مومن کے ترازو میں سب سے زیادہ وزن دار شے اچھا خلق ہوگا، اس سے بڑھ کر کوئی شے بھاری نہ ہوگی۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک بے حیا، بدزبان سے بغض رکھتا ہے۔

ترمذی میں بروایت جابر رضی اللہ عنہ ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اِنَّ مِنْ اَحَبِّكُمْ اِلَيَّ وَ اَقْرَبِكُمْ مِنِّيْ مَجْلِسًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَحَاسِنَكُمْ اَخْلَاقًا وَّ اِنَّ اَبْغَضَكُمْ اِلَيَّ وَ اَبْعَدَكُمْ مِنِّيْ مَجْلِسًا يَّوْمَ الْقِيَامَةِ الثَّرْثَارُوْنَ وَالْمُتَشَدِّقُوْنَ وَالْمُتَفَيْهِقُوْنَ۔ (2)

''قیامت کے دن تم میں سے وہ شخص مجھے پیارا اور میرے دربار میں مجھ سے قریب تر ہوگا جو اچھے اخلاق والا ہے مگر چبا چبا کر باتیں بنانے والا، خوش کلامی جتانے والے اپنی خوش گپی سے دوسروں کو تھکا دینے والے مجھے ناپسند ہوں گے اور دربار میں دور تر بھی ہوں گے۔''

صحیح ترمذی کی روایت میں ارشاد نبوی ﷺ ہے:

اِنَّ صَاحِبَ حُسْنِ الْخُلُقِ لَيَبْلُغُ بِهٖ دَرَجَةَ صَاحِبِ الصَّوْمِ وَالصَّلٰوةِ۔ (3)

''اچھے خلق والا اس درجہ کو حاصل کر لیتا ہے، جو نفلی عبادت اور نفلی روزہ رکھنے والے کا ہوتا ہے۔''

ان احادیث سے صاف ثابت ہو جاتا ہے کہ تکمیل ایمان اور قرب رسول ﷺ اور پسندیدگی مالک کے مدارج کے دارومدار اخلاق حسنہ ہے۔

اخلاق حسنہ کے بیان میں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اس کا تعلق انسان کی خود اپنی ذات سے بھی ہے اور ابنائے جنس سے بھی ہے اور رب العالمین کے ساتھ بھی۔

خود اپنی ذات کے متعلق یہ ہے کہ آپ اپنے کو ناقص سمجھے اور سمجھ لے کہ ناقص کے افعال بھی ناقص ہوتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ انسان تہذیب اخلاق میں ہمیشہ کوشاں رہے گا۔

ابنائے جنس کے متعلق یہ ہے کہ دوسروں کی ایذا دہی کو برداشت کرے، مگر خود انھیں ایذا رسانی کا ارادہ نہ کرے۔

رب العالمین کے ساتھ حسن خلق کے معنی یہ ہیں کہ جو معاملہ تیرے اور رب العالمین کے درمیان ہے اسے موجب شکر قرار دے اور احکام یا افعال الٰہی کے بارہ میں کبھی دل و زبان پر ادب اور شکر کے سوا کوئی لفظ جاری نہ ہو۔

شیخ الاولیاء سند الاصفیاء سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کا قول ہے: كُنْ مَعَ الْحَقِّ بِلَا خَلْقٍ وَ مَعَ الْخَلْقِ بِلَا نَفْسٍ اللہ کے ساتھ تیرا معاملہ یہ ہونا چاہیے کہ اس میں مخلوق کا ذرا تعلق نہ ہو اور مخلوق کے ساتھ تیرا معاملہ ایسا ہونا چاہیے کہ تیرے نفس کا اس میں کچھ حصہ نہ ہو۔

یہ ہیں وہ اخلاق حسنہ، جن کی تکمیل اسلام نے قولاً و فعلاً فرمائی ہے۔

(1) ابوداؤد: 4799، ترمذی 2002، ابن حبان: 481، احمد 446/6 (2) ابن حبان: 482، ترمذی: 2018، احمد 193/4

(3) ابوداؤد: 4798، ابن حبان: 480، احمد: 96/6

تھوڑی سی تفصیل اور بھی سن لیجیے۔

① اسلام فقراء ومساکین کا حصہ مال زکوۃ میں واجب ٹھہراتا ہے اور قرار دیتا ہے کہ اس صفت کی کل آمدنی کا آٹھواں حصہ ان کو ضرور مل جانا چاہیے۔

② مال غنیمت کے خمس میں سے مساکین ویتامیٰ کا پانچواں حصہ لابدی ہے۔

③ آمدنی فے (وہ مال جو بغیر لڑے دشمنوں سے ملے) میں بھی کل کا ایک خمس مساکین ویتامیٰ کا حصہ ہے۔

④ ابنائے سبیل بھی ان ہر سہ ابواب میں حصہ یاب ہوتے ہیں اور اس انتظام سے کل عالم اسلام مسافر کے لیے اپنا گھر بن جاتا ہے۔

⑤ قرض داروں اور قرض کے تحت میں زیر بار لوگوں کی رہائی کا انتظام سلطنت اسلامی پر ڈالا گیا ہے۔

⑥ غلاموں کی آزادی کے لیے زکوۃ کا آٹھواں حصہ خاص طور پر علیحدہ کیا گیا ہے، اور بعد ازاں اسی صیغہ میں چندہ دہی ضروری ولابدی قرار دیا گیا ہے۔ اگر کسی مذہب نے فقراء ومساکین اور یتامیٰ وایامیٰ اور غلامان ومقروضین کے لیے سلطنت کے بجٹ میں مستقل رقوم درج کرنے کے احکام دیے ہوں تو ان کی نظیر پیش ہونی چاہیے۔

اسلام پابندی معاہدات کو نہایت ہی زور کے ساتھ محکم فرماتا ہے اور فریق معاہد کی معاہدہ شکنی کے بعد بھی اگر الٹی میٹم کی نوبت آ جائے تو دشمن کو چار ماہ تک مہلت عطا فرماتا ہے۔

اسلام اخلاقی تعلیم صرف نمائش ونمود کے طور پر نہیں دیتا ہے، بلکہ جوارح واعضاء کے ساتھ ساتھ وہ دل ودماغ کو بھی اسی تعلیم کا پابند بناتا ہے۔ ذرا احکام ذیل پر غور کرو۔

﴿قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ مَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْیَ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَالَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطَانًا﴾ [الاعراف:33]

''اے نبی کہہ دیجیے کہ اللہ تعالیٰ مندرجہ ذیل اشیاء کو حرام ٹھہراتا ہے (ابنائے جنس کے مقابلہ میں) فحش، بے حیائی کی سب قسموں کو جن کا تعلق ظاہری یا باطنی حالات سے ہو اور شرک جس کی کوئی دلیل نہیں۔''

(خود اپنے مقابلہ میں) گناہ کی جملہ اقسام (سلطنت کے مقابلہ میں) بغاوت وسرکشی (اللہ کے مقابلہ میں) بے علمی کے ساتھ باتیں بنانا۔

حکم ثانی سنو:

﴿اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی وَ یَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْیِ﴾ [النحل:90]

''اللہ جن چیزوں کے کرنے کا حکم دیتا ہے وہ یہ ہیں: عدل اور احسان اور قرابت والوں سے فیاضانہ سلوک، اللہ جن چیزوں کے کرنے سے قطعاً روکتا ہے وہ یہ ہیں: سب بے حیائیاں، سب ایسے کام جو قابل انکار ہوں اور بغاوت۔''

تیسرا حکم:

﴿ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّ بِذِی الْقُرْبٰی وَالْيَتٰمٰی وَالْمَسٰكِيْنِ وَ الْجَارِ ذِی الْقُرْبٰی وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ وَ ابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ﴾ [النساء:36]

مندرجہ ذیل اشخاص کے ساتھ احسان کیا کرو:

① والدین ② یتامیٰ ③ مساکین ④ ساتھ لگتا ہمسایہ ⑤ دور کا ہمسایہ ⑥ تمھاری رفاقت میں رہنے والا شخص ⑦ مسافر ⑧ لونڈی، غلام۔

صحیح بخاری میں ہے، جس کی فتنہ پردازی سے ہمسایہ مامون نہیں، وہ صاحب ایمان ہی نہیں۔ ①

صحیح مسلم میں ہے، جس کی فتنہ پردازی سے ہمسایہ کو چین نہیں، وہ بہشت میں داخل نہ ہوگا۔ ②

صحیحین میں بروایت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اَلسَّاعِیْ عَلَی الْاَرَامِلَةِ وَالْمَسٰكِيْنِ كَالْمُجَاهِدِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ ③

''رانڈ عورتوں اور مسکین لوگوں کے کام کاج کرنے والا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے جیسا ہے۔''

صحیح بخاری میں بروایت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ ہے:

اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ فِی الْجَنَّةِ هٰكَذَا وَ اَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰی وَفَرَّجَ بَيْنَهُمَا شَيْئًا ④

''جنت میں میں اور یتیم کا خبر لینے والا ایسے ہوں گے جیسے یہ دو انگلیاں (شہادت اور درمیانی انگلیوں میں ذرا سا فرق دکھلا کر سمجھایا کہ اس طرح)۔''

ابوداود میں علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کا آخری کلام یہ تھا۔

اَلصَّلٰوةُ اَلصَّلٰوةُ اِتَّقُوا اللّٰهَ فِیْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ۔ ⑤

نماز، نماز، اور لونڈی غلاموں کے متعلق اللہ تعالیٰ کا تقویٰ۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۝ وَاقْصِدْ فِیْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴾ [لقمان:18-19]

① غرور میں آ کر لوگوں کی طرف سے اپنا منہ کج نہ کیا کرو۔
② زمین پر اکڑ کر نہ چل۔
③ اللہ تو ہر ایک چالباز فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا۔
④ اپنی رفتار میں میانہ روی رکھ۔
⑤ اپنی آواز کو پست و نرم رکھ۔
⑥ دیکھ آوازوں میں سخت و درشت آواز تو گدھے کی ہے۔

---

① بخاری: 6016، شعب الایمان: 5525، مسند الطیالسی: 310 ② مسلم: 172، بیہقی: 5524، احمد: 387/1، شعب الایمان: 9535

③ بخاری: 6007، مسلم: 2982، ترمذی: 1969، ابن حبان: 4245، ابن ماجہ: 2140 ④ بخاری: 5304، ابوداود: 5150، ترمذی: 1918، احمد: 333/5

⑤ ابوداود: 5156، ابن ماجہ: 2697، ابن حبان: 6605، احمد: 117/3

قوم اور ملک کے متعلق اخلاق:

① ﴿ وَ اِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ﴾ [الحجرات:9]

''اگر مومنوں کے دو گروہ آپس میں جنگ کرنے لگیں تب سب مل کر ان دونوں میں صلح کرا دیں۔''

② ﴿ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَ لَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ وَ لَا تَلْمِزُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ لَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ﴾ [الحجرات:11]

''اے ایمان والو کوئی قوم دوسری قوم سے ٹھٹھا نہ کرے، شاید وہی ان سے اچھی ہو، نہ عورتوں سے ٹھٹھا کریں، شاید وہی ان سے اچھی ہوں، تم آپس میں ایک دوسرے کو عیب نہ لگاؤ اور نہ ایک دوسرے کا برا لقب تجویز کرو۔''

③ ﴿ اِجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّ لَا تَجَسَّسُوْا وَ لَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ﴾ [الحجرات:12]

''بچو بہت گمانوں سے کیوں کہ بعض گمان گناہ ہوتے ہیں۔ کسی کا عیب تلاش نہ کرو اور نہ کسی کی چغلی کیا کرو۔''

غیر مذاہب والوں سے سلوک:

① ﴿ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَ لَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَ تُقْسِطُوْۤا اِلَيْهِمْ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴾ [الممتحنۃ:8]

''جو لوگ ایسے ہیں کہ انھوں نے تمھارے ساتھ نہ تو دین کے لیے جنگ کی اور نہ تم کو خارج از وطن کیا، ان سے نیکی کرنے اور صحیح صحیح انصاف کرنے میں تم کو اللہ نے کبھی بھی منع نہیں کیا۔ اللہ تو انصاف کرنے والوں سے پیار رکھتا ہے۔''

② ﴿ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا وَ اِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ﴾

''اللہ کا حکم تمھارے لیے یہ ہے کہ جس کی امانت ہو اسی کو ادا کرو۔ اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے لگو تو عدل کے ساتھ کیا کرو۔'' [النساء:58]

ایسے احکام بیسیوں ہیں اور یہ وہ اخلاق ہیں، جن پر قرون اولیٰ کے مسلمانوں نے عمل کر کے دکھلایا اور جن کی تعلیم انھوں نے علماً و عملاً ہر دو طریق سے کل دنیا کو دی۔

اسلام کے سوا دیگر مذاہب کی تاریخ کے اوراق کیا دکھلاتے ہیں، اہل نظر خود آنکھ کھول کر دیکھ لیں۔

فصل چہارم 4

اسلام ہی نے رحم و عدل کے مسئلہ کو حل کر دیا

موجودہ عیسائیت کی بنیاد دو اصولوں پر ہے:

① آدم نے گناہ کیا اور اس کی تمام نسل اسی گناہ سے آلودہ ہے۔

② اللہ کے رحم نے چاہا کہ لوگوں کو گناہ سے پاک ٹھہرائے، لیکن اللہ کے عدل نے چاہا کہ گناہ کا خمیازہ ضرور اٹھانا ہوگا۔

اللہ نے اس مشکل کو اس طرح حل کیا کہ اپنے بیٹے کو دنیا میں بھیجا، وہ لعنتی ٹھہرا، جہنم میں گیا، دکھ درد اور عذاب اپنے اوپر

برداشت کیے اور وہ گناہ گاروں کا کفارہ بنا۔ اس طرح عدل پورا ہو گیا۔ رحم الٰہی نے تب گنہگاروں کو معاف کر دیا۔

اسلام نے ہر دو اصول بالا کی صحت فرمائی۔

گناہ آدم علیہ السلام کے متعلق فرمایا کہ توبہ کی وجہ سے آدم کو معافی مل گئی تھی اور آدم علیہ السلام گناہ سے پاک ٹھہرے تھے، لہٰذا بنی آدم کو گناہ کا ورثہ میں ملنا قطعاً غلط ہے۔

1 ﴿فَتَلَقّٰۤى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ﴾ [البقرۃ:37]

''آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے کچھ کلمات سیکھے۔ ان کلمات کی وجہ سے اللہ نے ان پر رجوع کیا۔ اللہ تو بہت رجوع کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔''

2 ﴿ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَ هَدٰى﴾ [طٰہٰ:122]

''پھر رب نے آدم علیہ السلام کو برگزیدہ کیا اور اس پر توجہ فرمائی اور اسے راہ دکھائی۔''

عدل و رحم کے متعلق اسلام نے بتلایا کہ بے گناہ کو گناہ گار کے بدلے سزا دینا سراسر ظلم ہے۔ اس لیے پاکباز مسیح علیہ السلام کا لعنتی ہو کر جہنم میں جانا بھی غلط ہے۔

علیٰ ھذا گنہگاروں پر رحم کی غرض سے کسی بے گناہ کو عذاب دینا بھی رحم کے قطعاً خلاف ہے۔

1 حقوق اللہ جو توبہ سے معاف ہو جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے حقوق کے متعلق مکمل رحم اور پوری رافت و شفقت سے کام لیتا ہے۔

2 حقوق العباد، بندوں کے حقوق بندوں پر۔ اس میں اللہ تعالیٰ عدل سے کام لیتا ہے۔ اس مسئلہ کو ذہن نشین کرنے کے لیے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

يُغْفَرُ كُلُّ ذَنْبٍ لِلشَّهِيْدِ إِلَّا الدَّيْنَ [1]

''شہید کے سب گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں، مگر قرضہ نہیں۔''

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ حقوق کی یہ جداگانہ تقسیم اور ہر ایک تقسیم کا رحم اور عدل کے تحت میں ہونا ایک ایسا فیصلہ ہے جو اسلام ہی نے صادر کیا ہے۔

ورنہ موجودہ عیسائیت نے یا آواگون کے چکر میں گھومنے والوں نے تو اس مسئلہ کو سخت پیچیدہ اور ناقابل حل ہی بنا دیا تھا۔

کریم اہنسا کا مسئلہ پرمیشر کو رحم سے معرا ٹھہراتا تھا اور کفارہ کا مسئلہ عدل کے منافی تھا۔

اسلام کی خصوصیات میں سے ہے کہ اس نے افراط و تفریط کو چھوڑ کر اعتدال حقیقی کی سڑک قائم فرما دی ہے۔

---

[1] مسلم: 4883، 4884

فصل پنجم 5

اسلام ہی علم اور علماء کا حامی ہے

موجودہ زمانہ میں علمی فضیلت کا بیان یا شرافت علمی کے دلائل بیان کرنا تحصیل حاصل ہے کیوں کہ اس زمانہ میں تمام عالم کے جملہ ممالک اور اقوام نے علاوہ عملاً تسلیم کر لیا ہے کہ ''علم'' کے برابر اور کسی صفت انسانی کا درجہ نہیں۔

لیکن جس زمانہ میں اسلام کا آغاز عرب وحجاز میں ہوا، اس وقت تمام دنیا فضیلت علمی کے راز سے بالکل جاہل وغافل تھی۔

عرب تو نوشت وخواند سے بھی معرّا ومبرّا تھا اور اسے اپنی اس حالت پر ناز بھی تھا، لیکن یہودیوں اور عیسائیوں میں بھی تعلیم کا نام ونشان نہ تھا جو تعلیم پادریوں میں پائی جاتی تھی وہ صرف بائبل کے حروف کے سیکھ لینے تک محدود تھی۔ اسکے ساتھ ترجمہ وتفسیر شامل نہ تھے، یا ان بے سروپا داستانوں کو علم حقیقی کا درجہ دیا گیا تھا، جو یہودیوں میں کبھی بطور ناول لکھی گئی تھیں اور پھر ان کا درجہ وحی کے برابر تسلیم کر لیا گیا تھا۔

1. ہندوستان پر شریمد باگوت اور 18 پرانوں کی حکومت تھی۔ بہت زیادہ ترقی کی حالت میں مہابھارت اور رامائن کے قصے منتہائے علم سمجھے جاتے تھے۔

یہی حال چین اور ایران کا تھا، یورپ قطعاً جہالت کدہ تھا۔

اسلام ہی نے علم کو اپنی سرپرستی میں لیا اور اسلام ہی علماء کا مامن وملجا بنا۔

2. دیوتاؤں اور فرشتوں کی برتری سے ہنود اور یہود کی کتابیں بھری پڑی ہیں اور انسان کو ہمیشہ ان کے سامنے ایک پرستار اور پجاری کی شکل میں ظاہر کیا گیا ہے۔

مگر اسلام نے بتایا کہ ابوالبشر علیہ السلام تو ملائکہ اور دیوتاؤں کا بھی مسجود ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ابوالبشر علیہ السلام صفت علمیہ میں ان سے بڑھ گیا تھا، وہ بیان جو سورہ بقرہ میں موجود ہے، اس کا مقصود علم ہی کی فضیلت کو ظاہر کرنا ہے۔

اب آیت ﴿ مَا عَلَّمْتُمْ مِنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِينَ ﴾ [المائدہ:4] کی تفسیر پر غور کرو کہ وہ کتا جو نجس العین ہے، تعلیم وتعلم کے بعد شکار کرنے میں جارحہ انسانی کا منصب حاصل کر لیتا ہے۔ اس کا شکار خود انسان کے شکار کا حکم دیتا ہے۔

جب ان دونوں مثالوں پر غور کیا جائے گا کہ اسلام نے تعلیم کی وجہ سے شکاری کتے کو درجہ جارحہ انسانی کے مساوی تسلیم کر لیا اور انسان کو مسجود ہونا بہ وجہ افزونی علم قرار دیا تو ہر ایک شخص سمجھ سکے گا کہ اسلام کس قدر زیادہ علم کی فضیلت کا مظہر ہے۔

ہاں قرآن پاک میں ہے:

﴿ يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِينَ اٰمَنُوا مِنْكُمْ وَ الَّذِينَ اُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ﴾ [المجادلہ:11]

''اللہ درجات بلند فرماتا ہے: (1) ان کے جو تم میں سے ایمان والے ہیں (2) اور ان کے جن کو علم ملا ہے۔''

یہاں بلندی درجات میں علم کو ایمان کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

یہ قرآن مجید ہی ہے، جس کی وحی ابتدائی فقرات میں یہ کلمات طیبات موجود ہیں:

﴿ اِقْرَاْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ ﴾ [العلق:3-5]

''پڑھ اور تیرا رب تو بڑے کرم والا ہے، اس نے قلم کے ذریعہ سے علم کی تعلیم دی، اسی سے انسان کو ان علوم کی تعلیم دی جن کو وہ نہیں جانتا تھا۔''

غور کرو، پڑھنے کی تاکید اور قلم کو نشر علوم کا ذریعہ بتانے کا بیان، انسان کا قابل تعلیم ہونا، انسان کا نا معلوم علوم کی تعلیم سے مشرف ہوتے رہنا کیسے اسلوب پاک میں بیان فرمایا گیا، اور قراءت و تحریر کے وسائل اختیار کرنے کے بعد کس طرح انسان کو روز افزوں معلومات کے حاصل کرنے کا شوق دلایا گیا ہے۔

قرآن مجید میں یہ بھی پایا جاتا ہے کہ بعض انبیاء کی دعائیں خاص خاص رنگ میں تھیں۔ مثلاً دعا نوح علیہ السلام ہے:

﴿ رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَ لِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ﴾ [نوح:28]

''اے رب بخش دے مجھے اور میرے والدین کو اور اسے جو مومن ہو کر میرے گھر میں داخل ہو اور مومن مردوں اور مومن عورتوں کو۔''

دعائے ابراہیم علیہ السلام ہے:

﴿ وَاجْنُبْنِیْ وَ بَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴾ [ابراہیم:35]

''مجھے اور میرے فرزندوں کو بتوں کی پوجا سے بچائیں۔''

دعائے سلیمان علیہ السلام:

﴿ رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَ هَبْ لِیْ مُلْكًا لَّا یَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْ ﴾ [ص:35]

''اے رب مجھے بخش دے اور مجھے ایسی سلطنت عطا کر جو میرے بعد کسی اور کو شایاں نہ ہو۔''

دعائے زکریا علیہ السلام:

﴿ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ﴾ [آل عمران:38]

''اے رب مجھے ایک پاکیزہ بچہ عطا فرما۔''

لیکن سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو خلاصہ موجودات اور سرور کائنات ہیں، کی دعا سب سے الگ اور سب سے جامع تر تھی۔ وہ یہ دعا تھی۔

﴿ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ﴾ [طٰہٰ:114] ''اے رب مجھے علم میں افزونی عطا فرما۔''

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ علم کا درجہ جملہ نعمائے عالیہ سے برتر ہے۔

قرآن مجید میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خطابات اور القاب عالیہ مثلاً خاتم النبیین اور رحمۃ للعالمین بھی ہیں اور انہی کے پہلو بہ پہلو حضور کی توصیف ان الفاظ میں بھی فرمائی گئی ہے۔

﴿ یُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَ یُعَلِّمُكُمْ مَا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴾ [البقرۃ:151]

''وہ کتاب اور حکمت کا معلم ہے، وہ ان علوم کا معلم ہے جسے انسان نہ جانتے تھے۔''

ہر دو آیات سے علم کی فضیلت نمایاں ہے۔ بے شک اسلام ہی ہے جس نے علوم عام کی تعلیم دی ہے اور اسلام ہی ہے، جس

نے سابقون الاولون اور انصار و مہاجرین کے علوم کو نو مسلم اور نو مفتوحہ ممالک میں پوری فیاضی کے ساتھ پہنچایا ہے۔ نظائر ذیل پر غور کرو۔

- ☐ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن المغیرہ رحمہ اللہ صاحب الصحیح ہیں، اور ان کی کتاب صحاح ستہ میں سب سے اول درجہ پر ہے۔ یہ بخارا کے باشندے ہیں۔ ان کے نسب میں مغیرہ پہلا شخص ہے جو داخل اسلام ہوا۔
- ☐ امام ہمام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رحمہ اللہ اہل فارس سے ہیں اور ان کے دادا ہی داخل اسلام ہوئے تھے۔
- ☐ سیبویہ اور بوعلی اور زجاج جو ائمہ لغت ونحو ہیں عربی النسل نہیں۔
- ☐ امام اللغت اسماعیل بن محمد جوہری اور استاذ مجد الدین ابوطاہر محمد بن یعقوب فیروز آبادی بھی عرب کے باشندے نہیں۔ [1]
- ☐ ابوالفرج جس کی تصانیف عربی زبان میں خوب مشہور ہیں، مالٹا کا باشندہ ہے۔
- ☐ ابن خلدون جو فلسفہ تاریخ کا موجد ہے، تیونس میں پیدا ہوا تھا۔ [2]
- ☐ مؤرخ الشہیر برہان الدین موصل کے ہیں۔
- ☐ مقریزی بعلبک میں پیدا ہوا تھا، امام مسلم صاحب الصحیح اور امام ابوداود صاحب السنن گو نسلاً عرب ہیں مگر وطن ان کا عرب نہ تھا۔

ان نظائر سے واضح ہے کہ یہ اسلام ہی کی علم نوازی ہے کہ اس نے بدو ظہور سے ہر ایک قوم پر ابواب علم کو کشادہ کر دیا تھا اور اندرون ہندوستان سے لے کر انتہائے سوڈان تک اور بلاد خراسان سے لے کر مراکش تک دروس علمیہ کا افتتاح خیر القرون ہی میں ہو گیا تھا۔ انبیاء علیہم السلام کو جو شرف کرامت جملہ مخلوق الٰہی پر حاصل ہے، اسے بھی اللہ تعالیٰ نے وصف علم ہی سے نمایاں فرمایا ہے:

﴿ يَا اَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ مِنَ الْعِلْمِ ﴾ [مریم:43]

"(ابراہیم علیہ السلام فرماتے ہیں) اے باپ مجھے علم حاصل ہو گیا ہے۔"

﴿ لَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ﴾ [النمل:15] "داؤد اور سلیمان علیہما السلام کو ہم نے علم سکھایا تھا۔"

﴿ وَ اِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ ﴾ [یوسف:68] "یعقوب والا علم ہم نے اسے سکھایا تھا۔"

لوگ طلب علم کی تاکید کے ثبوت میں اُطْلُبُوْا الْعِلْمَ لَوْ كَانَ بِالصِّيْنِ پڑھا کرتے ہیں۔ ان الفاظ کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بسند صحیح ثابت ہونا قطعاً غلط ہے، مگر قرآن مجید میں سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ موجود ہے۔ یہ اولوالعزم رسول اور صاحب کتاب نبی چند مسائل کی تعلیم کے لیے ایک دوسرے نبی خضر علیہ السلام کے پاس پہنچے تھے اور ﴿ عَلٰۤى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴾ [الکہف:66] کے الفاظ میں اپنی طلب کا اظہار کیا تھا کہ جو آپ کو معلوم ہے، میں اسے سیکھنے کو آیا ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے دلائل توحید کے ثبوت میں علماء کو بھی پیش کیا ہے، جیسا کہ اس مسئلہ کو اپنی شہادت اور ملائکہ کی شہادت سے مستحکم فرمایا ہے۔

﴿ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ ﴾ [آل عمران:18]

"اللہ نے ظاہر کر دیا ہے کہ اس کے سوا اور کوئی بھی معبود نہیں، ملائکہ اور صاحبان علم کی شہادت بھی یہی ہے۔"

---

[1] معروف لغت نویس، پیدائش: 1329-1415 [2] ابن خلدون رحمہ اللہ معروف ماہر عمرانیات، تاریخ نویس، پیدائش: 1333 تیونس، وفات: 1406 مصر

اللہ تعالیٰ نے نبوت محمد یہ ﷺ کے ثبوت میں علماء اہل کتاب کی شہادت کو بھی پیش کیا ہے۔

﴿ اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴾ [الشعراء: 197]

''کیا ان کے لیے یہی نشانی کافی نہیں کہ علماء بنی اسرائیل کو اس کا علم ہے۔''

﴿ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ۭ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴾

''کافر کہتے ہیں کہ تو مرسل نہیں، کہہ دے کہ اللہ مجھ میں اور تم میں شاہد ہے اور وہ شخص بھی گواہ ہے جس کے پاس تورات و انجیل کا علم ہے۔'' [الرعد: 43]

دلائل اسلام جس طرح مبنی بر علم ہے اسی طرح ان کا مطالبہ بھی ادیان دیگر سے کیا گیا ہے کہ وہ بھی اپنے دعاوی کو بروئے علم ثابت کریں۔

① ﴿ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ﴾ [الانعام: 148]

''ان سے پوچھیے کہ تمھارے پاس کچھ علم بھی ہے تو اسے ہمارے لیے پیش تو کرو۔''

② ﴿ نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴾ [الانعام: 143]

''اگر تم سچے ہو تو مجھے کسی علم سے یہ بات بتاؤ۔''

کج بحثی کرنے والوں پر بھی اسلام کا یہی اعتراض ہے کہ وہ علم کے بغیر باتیں بناتے ہیں

① ﴿ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ﴾ [الانعام: 66]

''جس چیز کا علم نہیں، اس میں کج بحثی کیوں کرتے ہو۔''

② ﴿ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰۗىِٕكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ﴾

''اس چیز کے پیچھے نہ چل جس کا تجھ کو علم نہیں۔ بے شک کان، آنکھ، دل (یہ سب) اس کی بابت پوچھے جائیں گے۔'' [بنی اسرائیل: 36]

ان آیات واحکامات کی تعمیل میں علم برداران اسلام یعنی اسلاف کرام نے جو کچھ کیا آج تمام یورپ اس کا شاہد ہے۔

سلطنت عباسیہ بغداد اور سلطنت امویہ اندلس میں اور سلطنت فاطمیہ مصر میں جن دنوں قائم تھیں ان میں تنافس باہمی صرف ترقی علم اور حمایت علماء کی بابت پایا جاتا ہے۔ یہ ایک آیت کی سعی وکوشش یہ تھی کہ اسی کی سلطنت سب سے بڑھ کر مربی علم وعلماء ثابت ہو، سمرقند کی رصدگاہ اندلس کی رصدگاہ کے مقابلہ میں موجود تھی۔

بغداد نے علوم وفنون کو ہند اور چین اور تاتار تک پھیلا دیا تو اندلس نے اٹلی وفرانس اور جرمنی کو دولت علم سے مالا مال کر دیا تھا۔

سلاطین اسلام کے دربار میں یہودی، عیسائی، ہندو، مصری، چینی، یونانی، فلاسفر اسی طرح احترام کے ساتھ پرورش پا رہے تھے، جس طرح حجازی، حضرمی، یمنی، اور فرزندان مہاجر وانصار علوم ومنقول اور ادب ونحو کے ساتھ ساتھ علوم ریاضیہ، فلسفہ، ہیئت کا رواج تھا۔

مشرق ومغرب وافریقہ میں مدارس عام تھے اور ہر ایک مدرسہ کے ساتھ کتب خانے اور دارالقیام بنے ہوئے تھے۔ بغداد میں وزیر نظام الملک کا بنایا ہوا مدرسہ نظامیہ وہ تھا، جس میں چھ ہزار (6000) طالب علموں کی خوراک کا انتظام منجانب مدرسہ کیا جاتا تھا۔ اسی سے دیگر مدارس کا اندازہ لگاؤ۔

اسلام نے علوم کو جس خصوصیت سے خلائق کے سامنے روشناس کیا ہے، وہ طریق ہے جس سے اقوام ماضیہ قطعاً بے علم رہی ہیں۔

اسلام علوم کو دو اقسام پر تقسیم کرتا ہے:

الف: جلی اور اس کے حصول کے تین (3) ذرائع ہیں:

1. بصر، وہ جملہ علوم جو معائنہ واکتشافات سے تعلق رکھتے ہیں۔
2. سمع، وہ جملہ علوم جو استفاضہ پر مبنی ہیں۔
3. قلب، وہ جملہ علوم جو تجارب انسانی کا مجموعہ ہیں۔

ب: خفی اور اس کے حصول کے بھی تین (3) ذرائع ہیں:

1. ایمان، جو جزء معلوم سے جزء غیر معلوم کو تیقن دلاتا ہے۔
2. فراست صادقہ، جو حواس عشرہ کے بعد امور مخفی کے راز پر مطلع ہوتی ہے۔
3. معرفت، جس کا آغاز مادیات کے انجام سے ہوتا ہے۔

اسلام نے ایک اور علم کا ذکر کیا ہے جو اکتسابی نہیں اور خالصۃً وہبی ہے۔ اسے علم لدنی کہا جاتا ہے اور یہ انبیاء علیہم السلام سے خاص ہے۔ اس علم کا متعلم مبداء فیاض کی رحمت خاصہ سے سبق لیتا ہے اور اس کا علم جملہ علوم وبراہین کا سلطان ہوتا ہے، اسی علم کے سایہ میں۔

- ☐ عبودیت
- ☐ متابعت
- ☐ صدق

کو کمال حاصل ہوتا ہے اور اسی کمال کا نتیجہ نفی دعویٰ ہے۔

اسی علم کا عالم اگر کوئی فعل سرانجام دیتا ہے ﴿مَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِیْ﴾ [الکہف:82] کو وجہ موجہ قرار دیتا ہے اسی علم کا عالم جملہ علوم پر نطق ہمایوں سے کلام کرتا ہے اور ﴿ وَ مَا یَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰى ﴾ [النجم:3-4] کا تاج اس کے سر پر رکھ دیا جاتا ہے۔

فریفتگان مادہ اب تک نہ مادہ کی حقیقت سے واقف ہوئے اور نہ مادہ کی حرکت کی کوئی توجیہ ان کی سمجھ میں آئی۔

لیکن اس علم کا عالم روح کی حقیقت کا انکشاف کرتا ہے۔ ﴿ اَلرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ ﴾ [بنی اسرائیل:85] (روح تو میرے رب کا حکم ہے) بتاتا ہے، وہ عالم خلق سے بالاتر ایک عالم امر کے حقائق سے مطلع ہو جاتا ہے اور ان حقائق کی تعلیم سے چشم بصیرت کو روشن بنا دیتا ہے اور غیر محسوس کو معلوم کے دریچہ پر بٹھا دیتا ہے۔

اس تمام مبحث پر غور کرنے سے معلوم ہو جائے گا کہ اسلام ہی دین العلم ہے اور اسلام ہی حامی العلم ہے۔

تذئیل

اسلام کے حامی العلماء ہونے کا مضمون ان نظائر سے مکمل ہو جاتا ہے، جن سے ظاہر ہے کہ مسلمان حکمرانوں نے جن کے وجود کے ساتھ دینی شان کا نشان بھی مشہور تھا۔ ان علماء کی بھی نگہداشت فرمائی تھی۔ جو غیر مسلم تھے۔

منصور عباسی: علوم القرآن والحدیث کا زبردست عالم تھا۔ اس کے دربار میں جیورجیش بن بختشوع اور جیسی بن شہلا ثارر ہردو عیسائی یکے بعد دیگرے طبیب خاص کے منصب پر مامور تھے

نوبخت اور ابوسہل (ہردو پارسی) بلند ترین جاہ پر متمکن تھے۔

مہدی کے دربار میں، تیوفیل، لیہائی (مذہبا صابی) بڑے افسروں میں تھا۔

ہارون رشید کے دربار میں بختیشوع اور جبریل (عیسائی) اعلیٰ منصب دار تھے۔

یوحنا بن ماسویہ سریانی محکمہ تعلیم کا ڈائریکٹر تھا۔

مامون کے دربار میں، بطریق یوحنا اور سہل بن سابور (ہردو عیسائی) اعلیٰ مناصب پر تھے

معتصم کا طبیب خاص سلمویہ بن بنان نصرانی تھا۔

متوکل کے دربار میں، حسنین بن اسحٰق نصرانی کا منصب بالاتر تھا، وہ جتنے اوراق دوسری زبانوں سے ترجمہ کر کے پیش کرتا تھا، ان کے برابر طلائے ناب اسے وزن کر دیا جاتا تھا۔ ماہانہ مشاہرہ اور سالانہ انعامات اس سے علاوہ ہوتے تھے۔

راضی باللہ کے دربار میں طیفوری، نصرانی، متی بن یونس نطوری (گرجا کا بشپ) بھی تھا

معتضد کے دربار میں، ابراہیم وسنان فرزندان ثابت بن مرہ اور ابوالحسن حفید ثابت (مذہبی صابی) بہت معتمد علیہ تھے۔

قسطا بعلبکی اور یحییٰ بن عدی بن حمید (ہردو نصرانی) بھی دربار خلافت میں محسودانہ وقار رکھتے تھے۔

الغرض یہ فہرست بہت لمبی ہے۔

اب تلاش کرو کہ کسی مسیحی سلطنت یا کسی اور غیر مسلم سلطنت وحکومت میں بھی کسی مسلم عالم کی یہ قدر، یہ وقعت، یہ عزت کبھی کی گئی ہے۔

ہاں! اس کے برعکس ایسی مثالیں بہت موجود ہیں کہ ابن رشد مسلم فلاسفر کی کتابوں کے مطالعہ کرنے کے جرم میں 20 / مارچ 1452ء میں یہودیوں کو اسپانیا سے خارج کیا گیا اور فروری 1902ء میں اشبیلیہ اور ماحول کے مسلمانوں کو بھی نشر علوم کے جرم میں وطن مالوفہ سے جبراً نکال دیا گیا۔

نظائر بالا سے شاید کسی شخص کا گمان ادھر منتقل ہو جائے کہ یہود و مسلمین کا اخراج غالباً تعصب قومی کی بنیاد پر ہوا ہوگا اور نفس علوم کے ساتھ تعصب وعادات کا اس میں دخل نہ ہوگا۔ لہٰذا ہم امثلہ ذیل پیش کریں گے کہ خود عیسائیوں کے علماء کے ساتھ بھی علوم معقول کی اشاعت یا اکتشافات علمیہ کے اعلان کے بعد یہی سلوک کیا جائے گا۔

پروفیسر برونو (Prof.Jerunu) نے مسئلہ وحدت الوجود کو بیان کیا، اسے قید کر دیا گیا اور 1600ء میں حبس طویل کے بعد زندہ جلا دیا گیا۔

کرویت ارض کے مسئلہ پر یورپ میں بہت خون ریزی ہوئی۔

پروفیسر غالیلی (Prof.Galileo) نے کہہ دیا تھا کہ حرکات نجوم بہت باقاعدہ ہیں۔ یہی مقولہ اس کی ہلاکت کا موجب ہوا۔

خاتون ماری مونتا(Mary Monta)1721ء میں قسطنطنیہ سے چیچک کا ٹیکہ سیکھ کر یورپ پہنچی تو کنیسہ نے شاہ انگلستان کے حضور میں عرضداشت پیش کی کہ بذریعہ ٹیکہ علاج کیے جانے کے قائدہ کو حکماً بند کیا جائے۔

امریکہ میں ولادت کے وقت عورت کو مخدر کرنے کا طریقہ نکلا تا کہ وہ احساس تکلیف سے مامون رہے۔ پادریوں نے اسے اللہ کے اس حکم کی مخالفت سمجھا کہ عورت دکھ سے جنے گی اور اس کے خلاف سخت شورش کی گئی۔

پلاج (Pillage) نے کہہ دیا کہ آدم علیہ السلام سے پیشتر بھی موت (حیوانات وغیرہ کو) آتی تھی اسے قتل کیا گیا اور اس کے جملہ ہم عقیدہ لوگوں کو واجب القتل قرار دیا گیا۔

ڈی رومینس(DeRomense) نے بیان کیا کہ قوس قزح، اللہ کی حربی کمان نہیں، بلکہ پانی کے قطرات پر سورج کی شعاؤں کا عکس پڑنے کے نتیجہ ہے۔ اس جرم میں وہ قید کیا گیا، قتل کیا گیا، اس کا لاشہ مع اس کی تصانیف کے جلا دیا گیا۔

کتب خانہ اسکندریہ، قیصر جول کے وقت میں جلا دیا گیا۔ اس لیے کہ یہاں ایسی کتابیں بھی موجود ہیں جو مذہب کے خلاف ہیں، اس کی رہی سہی کتابوں کو بطریق تیوفیل ماموره اسکندریہ نے نذر آتش کیا۔

کتب خانہ غرناطہ مسلمانوں کی علمی جائداد کی آٹھ ہزار (8000) قلمی کتابیں کردینال اکسیمس نے سوخت کر دیں۔ [1]

ان جملہ واقعات و بیانات وتشریحات سے یہ نتیجہ صاف مبرہن ہے کہ اسلام ہی "حامی العلم والعلماء" ہے اور یہ صفت اس کے خصائص علیا میں سے ہے۔

فصل ششم 6

اسلام ہی دین العمل ہے

سابقہ مضمون میں تحریر ہو چکا ہے کہ اسلام ہی دین العلم ہے، لیکن اگر علم کے ساتھ عمل شامل نہ ہو تو اس کا علم ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا۔ [2] ''اے اللہ میں تجھ سے نافع علم اور عمل مقبول کا سوال کرتا ہوں۔''

بعض لوگوں نے یہ دیکھ کر کہ اسلام نے توکل کی تعلیم دی ہے، یہ سمجھ لیا ہے اسلام عمل کے منافی ہے، اس غلطی مین وہ بھی مبتلا ہوئے جو دور دور سے اسلام کو دیکھنے والے ہیں اور وہ بھی اس غلطی کا شکار ہوئے جو اسلام کے اندر ہیں۔ اس غلطی کا اولین سبب یہ بھی ہوا کہ توکل کے معنی بھی نہ سمجھے گئے۔

موجودہ زمانہ سعی و کوشش کا زمانہ ہے۔ جمود و بے حسی سے نفرت کی جاتی ہے، لہٰذا جب یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ اسلام ایسی بے حسی اور جمود کا طرف دار ہے تو جھٹ کہہ دیتے ہیں کہ اسلام دین الٰہی نہیں ہو سکتا۔

لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسلام کو سمجھا ہی نہیں گیا اور ہادی اسلام نیز علمبرداران اسلام کی سیرت کا مطالعہ ہی نہیں کیا گیا۔

مسلمانوں پر ہمسایہ اقوام کا سایہ پڑا اور انھوں نے جوگیوں، سنیاسیوں، راہبوں اور پوپوں کو دیکھ کر یہ سمجھا کہ زہد کے اعلیٰ مناصب پر ترک افعال اور ترک عمل ہی سے فائز ہو سکتے ہیں۔ یہ ان کی اپنی سمجھ ہے، اسلام کی تعلیم تو یہ ہے:

---

[1] تہذیب الاسماء للنووی۔ [2] مسند امام احمد: 294/6، اذکار للنووی: 70، عمل الیوم واللیلۃ لابن سنی: 108

(1) ﴿ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ وَ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴾ [التوبہ:88]

''رسول اور اس کے ساتھ والے ایمان داروں نے تو مالوں اور جانوں کے ساتھ جہاد کیا ہے۔ انھی کے لیے بھلائیاں ہیں اور یہی فلاح پانے والے ہیں۔''

(2) ﴿ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۝ وَ اَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى ﴾ [النجم:39-40]

''نہیں ہے انسان کے لیے مگر وہ جو اس نے کوشش کی اور بے شک وہ اپنی کوشش ضرور دیکھ لے گا۔''

(3) ﴿ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَ هُوَ مُؤْمِنٌ ﴾ [الانبیاء:94]

''جو کوئی عمل کرتا ہے اچھے، ایمان کے ساتھ، اس کی کوشش ضائع نہ ہوگی۔''

(4) ﴿ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ﴾ [الانعام:132]

''ہر ایک کے لیے انکے عمل کے موافق درجہ ہیں۔''

عمل کی دو اقسام ہیں: عمل برائے دنیا، عمل برائے آخرت اور اسلام نے ہر دو کے لیے ترغیب دی ہے:

﴿ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴾ [البقرۃ:201]

''اے رب! ہم کو دنیا بھی اچھی دے اور آخرت بھی اچھی دے اور ہم کو عذاب نار سے بچالے۔''

صحیح مسلم میں بروایت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کا یہ ارشاد موجود ہے:

اِحْرِصْ عَلٰى مَا يَنْفَعُكَ وَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَلَا تَعْجِزْ۔ (1)

''جو چیز تجھے نفع دینے والی ہو اس کی رغبت اور حرص پیدا کر اور اللہ سے مدد چاہا کر اور عاجز ہو کر مت بیٹھ۔''

صحیحین میں بروایت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ہے کہ سعد بیمار ہوئے، نبی ﷺ ان کی عیادت کو گئے۔ سعد نے حضور ﷺ سے مشورہ چاہا کہ وہ اپنے مال سے کس قدر صدقہ دے۔ تب نبی ﷺ نے یہ اصول ظاہر فرمایا:

اِنْ تَذَرْ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَآءَ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ۔ (2)

''اگر تم اپنے وارثوں کے لیے دولت چھوڑ کر مرے تو یہ بہتر ہے اس سے کہ تو ان کو بے زر وبے پر چھوڑے اور وہ لوگوں کے سامنے مانگتے پھریں۔''

اس حدیث کے ساتھ قرآن مجید کے احکام توریث کو مد نظر رکھو کہ مال میت کو تقسیم کے لیے اللہ تعالی نے کس طرح حصص کا تعین فرما دیا ہے۔

اصول ارث ومواریث

ارث کے اصول نسب اور نکاح اور ولا میں اور فرائض میں سہام کو چھ اوزان نصف (1/2)، ربع (1/4)، ثمن (1/8) دو ثلث (2/3)، ایک سدس (1/6) پر مقرر فرمایا گیا۔

---

(1) مسلم:6774، ابن ماجہ:79 (2) بخاری:6733، مسلم:1628، ترمذی:2116، ابن ماجہ:2708، ابن حبان:6027

(1) نصف کے حق دار پانچ ہیں: شوہر، ترکہ زوجہ سے (اگر وہ بے اولاد تھی) صلبی بیٹی جو تنہا ہو (یا پوتی) اور اخت واحدہ (اب وام سے) یا اخت واحدہ (اب سے)، جب کہ اب وام کا فرزند نہ ہو۔

(2) ربع کے حقدار دو ہیں: شوہر (مع ولد زوجہ)، زوجہ (بعدام الولد)

(3) ثمن کے حق دار زوجہ (مع ولد)

(4) دو ثلث کی حقدار چار ہیں: دو بیٹیاں، یا زائد براں یا (پوتیاں) اور بہنیں (مادر و پدر سے) یا بہن بجانب پدر۔

(5) ایک ثلث کی حق دار 3 ہیں: ماں (جب کہ میت کا ولد اور اخوۃ واخوات نہ ہوں) ماں کی اولاد، دو یا زائد کا (جس میں ذکر وانث برابر ہوں گے) دادا و میت کے بھائیوں کے ساتھ جب کہ کوئی اور صاحب فریضہ نہ ہو۔

(6) سدس کے حقدار 7 ہیں: باپ (جب کہ میت کا ولد موجود ہو)، ماں (جب میت کا ولد یا پوتا یا بھائی بہن ہوں) دادا و میت کے ساتھ اور بہنوں کے ساتھ جب کہ کوئی صاحب فرض بھی شامل ہو۔ دادی یا دادیاں۔ ماں کی اولاد: پوتیاں (صلبی بیٹی کے ساتھ) پھوپھیاں (سگی بہن کے ساتھ)۔

ذرا اس موٹی موٹی تقسیم پر جو علم فرائض کے متعلق ہے، غور کرو اور اندازہ لگاؤ کہ اگر اسلام کے نزدیک ماں کے لیے محنت و مشقت کرنا اور مال کمانا اور ورثاء کے لیے مال چھوڑ کر مرنا بہتر نہ ہوتا تو اللہ تعالیٰ وارث کے متعلق اتنے مکمل اور وسیع احکام کبھی صادر نہ فرماتا۔

قرآن مجید میں تو تقسیم حصص بالا کے علاوہ مال کثیر ہونے کی صورت میں ''وصیت'' کا ہونا بھی ضروری بتایا گیا ہے۔

﴿ كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا نِ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴾

''تم پر لکھ دیا ہے کہ اگر کوئی تم میں سے مال کثیر چھوڑتا ہے تو والدین اور اقرباء کے لیے معروف طور پر وصیت کرے یہ تقویٰ والوں کے لیے ضروری ہے۔'' [البقرۃ 180]

﴿ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا ﴾ [النساء:5]

''اپنا مال وزر بے عقلوں کے سپرد نہ کرو۔ مال وزر کو تو اللہ نے تمھارے لیے وجہ قیام بنایا ہے۔''

بیع وشرا کے احکام اور خرید و فروخت اور تجارت کے لیے جگہ جگہ تعلیم بھی یہی ثابت کرتی ہے کہ اسلام دین العمل ہے۔

جملہ سیرت نگاروں کو معلوم ہے کہ مہاجرین اولین جو اہل مکہ تھے، سب تجارت پیشہ تھے اور انصار اولین سب زراعت پیشہ تھے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں تجارت اور زراعت کی تمثیلوں ہی میں آیات ثواب و جہاد کا بیان فرمایا ہے۔ تجارت وزراعت جس قدر محتاج عمل ہیں، اسے اہل خرد خوب جانتے ہیں۔

تاجر صحابہ کی دولت کا اندازہ کرنے کے لیے دو ایک نظائر پر غور کرو:

(1) عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔

اسلام کے لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں انھوں نے مندرجہ ذیل رقوم صرف کی تھیں۔

(1) ایک دفعہ چار ہزار (4000) روپیہ، یہ اس وقت کے کل مال کا چہارم تھا۔

(2) دوسری دفعہ چالیس ہزار (40000)۔

③ تیسری دفعہ چالیس ہزار (40000) دینار۔
④ چوتھی دفعہ پانسو (500) گھوڑے۔
⑤ پانچویں دفعہ پانسو (500) ناقہ۔
⑥ نبی ﷺ کے بعد انھوں نے ایک باغ امہات المومنین کی نذر کیا جو چار لاکھ (4,00000) میں فروخت ہوا۔
⑦ فوت ہوتے ہوئے انھوں نے فی سبیل اللہ پچاس ہزار (50000) دینار کی وصیت کی۔
⑧ مرتے ہوئے وصیت کی کہ ہر ایک بدری صحابہ کو چار سو (400) دینار پیش کیے جائیں۔ بوقت تعمیل اصحاب بدر ایک سو (100) شمار ہوئے۔
⑨ علاوہ بریں انھوں نے ایک ہزار (1000) گھوڑا فی سبیل اللہ دیا۔
⑩ نفاذ وصیت کے بعد زر طلا کی مقدار کثیر موجود پائی گئی، جسے کاٹتے ہوئے لوگوں کے ہاتھوں میں چھالے پڑ گئے۔
⑪ طلا کے بعد ایک ہزار (1000) اونٹ، ایک سو (100) گھوڑا، تین ہزار (3000) بکریاں بھی شمار ہوئیں۔
⑫ ان کی چار (4) بیویاں تھیں، ہر ایک کو اسی ہزار (80000) نقد دے کر مصالحت کر لی گئی۔ [1]

② سیدنا زبیر رضی اللہ عنہ جو نبی ﷺ کے پھپھیرے بھائی تھے، انھوں نے وصیت کی تھی کہ اول میرا قرض ادا کیا جائے اور پھر ثلث مال صدقہ دیا جائے اور وراثت کی تقسیم کی جائے۔

قرض شمار کیا جائے تو چودہ لاکھ (1400000) نکلا۔ ان کے پاس نقدی کم تھی۔ جائداد زرعی وسکنی بہت تھی۔ گیارہ (11) (11) مکانات مدینہ و دو (2) مکانات بصرہ میں، ایک مکان مصر میں تھا۔ ایک اراضی زرعی کا ٹکڑا جو اکہتر لاکھ (7100000) روپیہ میں خرید کیا گیا تھا۔ ان سب کو فروخت کر دیا گیا تو پانچ کروڑ دو لاکھ (50200000) کی رقم حاصل ہوئی۔ قرض ادا کر دیا گیا، وصیت نافذ کی گئی اور پھر چار پانچ سال تک بہ موسم حج منادی کی گئی کہ اگر کسی کا قرض زبیر رضی اللہ عنہ پر آتا ہو تو لے لے، بعد ازاں مال تقسیم ہوا۔

ان کی سخاوت کا یہ حال تھا کہ انھوں نے ایک ہزار غلام تجارت پر لگا رکھے تھے جو ماہواری نفع حاصل ہوتا اسے خیرات کر دیتے تھے۔ [2]

میرا مقصود ایسے نظائر کا بالاستیعاب بیان کرنا نہیں، مطلب یہ ہے کہ اسلام کی تعلیم نے سابقون اولون کو کیوں کر عمل دنیا اور عمل آخرت کا جو یا وشیدا بنا دیا تھا۔

کیا اس کے مقابلہ میں بدھ ازم کوئی شرف رکھ سکتا ہے، جس نے گداگری کو رواج دیا ہو، یا وید کی تعلیم جس نے عمر کے آخری ربع میں انسان کا بن باسی ہونا ضروری بنایا، یا عیسائیت کے پاس اس تعلیم کی کوئی توجیہ موجود ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ اونٹ کا سوئی کے ناکے میں گزر جانا آسان ہے، مگر دولت مند کا آسمانی بادشاہت میں داخل ہونا مشکل تر ہے۔

تعلیم اسلام نے جن لوگوں کو مکمل بنایا، ان کی صفت اللہ تعالیٰ نے ان الفاظ میں فرمائی ہے:

﴿رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ﴾ [النور:37]

''یہ مردان حق ہیں، جن کو تجارت اور خرید وفروخت اللہ کے ذکر سے غافل نہیں کر سکتی۔''

یہ وہ خوبی ہے جو اسلام ہی میں نمایاں ہے۔ کسی شخص نے اس آیت کا ماحصل اس فقرہ میں ادا کیا ہے: ''دست بکار و دل بیار''۔

---

[1] اسد الغابۃ: 3/478-479، ابن سعد: 3/124 [2] تہذیب الاسماء للنووی: 1/196، سیر اعلام النبلاء: 1/65، الاستیعاب: 2/514، ابن سعد: 3/108

یہاں تک عمل کی بحث معیشت اور تمدن کے پہلو سے کی گئی تھی، لیکن تقرب اور تدین کے اعتبار سے بھی جو اہتمام اسلام نے اعمال صالحہ کے سرانجام دینے میں فرمایا ہے اور وہ لاثانی ہے۔ ارشادات ذیل پر تدبر کرو۔

1. ﴿فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ﴾ [البقرہ:148] ''نیک کاموں کے سرانجام دینے میں سبقت دکھلاؤ۔''
2. ﴿وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّأَصِيلًا ○ وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيلًا﴾ [الدہر:26]
''اپنے رب کے نام کی یاد قبل از دوپہر بھی کرو اور بعد از دوپہر بھی اور رات کو بھی اس کے لیے سجدہ ہو، اس کی حمد وثناء ہر رات کو زیادہ ہو۔''
3. ﴿وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ﴾ ''سجدہ کرو اور قرب حاصل کرو۔''
4. ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا﴾ [الاحزاب:41]
''اے ایمان والو، اللہ کو یاد کیا کرو، بہت یاد کیا کرو۔''
5. ﴿وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا﴾ [المزمل:8]
''اپنے رب کا نام لیا کرو اور سب سے منہ موڑ کر اسی کا بن کر عبادت کیا کر۔''

کائنات پر غور کرنا، صنعت الٰہی سے دل اور نظر کو روشن کرنا، خصوصیت بحر و بر اور تصرفات ارضی و سمائی پر تدبر کرنا بھی اسلام نے عبادت کا جزو اور عبادت کرنے والوں کے لیے بلندی مدارج کا باعث قرار دیا ہے۔

﴿إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِي تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ مَاءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ﴾ [البقرہ:164]

1. آسمانوں کی بناوٹ اور زمین کی بناوٹ میں،
2. رات اور دن کے آگے پیچھے آنے میں،
3. ان جہازوں میں جو سمندر میں لوگوں کی نفع رسانی کے لیے چلتے ہیں،
4. اس پانی میں جسے اللہ اوپر سے اتارتا اور زمین کو اس سے زندگی بخشتا ہے،
5. زمین پر ہر قسم کے چلنے والے، رینگنے والے جانداروں میں،
6. ہواؤں کا الگ الگ رخ بدل کر چلنے میں،
7. اس بادل میں جو آسمان وزمین کے درمیان میں حکماً باندھے ہوئے ہیں

بے شک عقل ودل والی قوم کے لیے اللہ کی شان کے بہت سے نشان ہیں۔

ان احکام سے ثابت ہو گیا کہ اسلام دین العمل ہے، وہ اہل اسلام کو بہبود و رفاہیت دنیا کے لیے بھی عمل کرنے کا حکم دیتا ہے اور ذخرآخرت کے لیے بھی عمل کرنے کا ارشاد فرماتا ہے۔ یہ احکام اور یہ جامعیت اسلام ہی کی خصوصیت ہے۔

فصل نمبر 7

اسلام ہی بانی اخوت ہے

ایک اخوت وہ ہے جو دو اشخاص کے درمیان خون کی وجہ سے پائی جاتی ہے۔ اس اخوت کے متعلق کچھ تحریر کرنا غیر ضروری ہے۔ اس اخوت میں ہر ایک بھائی کا حق قانونًا، رواجًا، اخلاقًا مسلم ہوتا ہے اور ہر ایک بھائی دوسرے بھائی کی مدد اور معاونت کا بچپن ہی سے خوگر ہوتا ہے۔

لیکن اس اخوت کا دائرہ کچھ زیادہ وسیع نہیں ہوتا، اور بایں ہمہ اس اخوت میں بھی سینکڑوں مثالیں تاریخ میں ایسی ملتی ہیں کہ بھائی بھائی کا دشمن رہا اور مدت العمران کے تعلقات صاف نہ ہوئے۔ بائبل اور قرآن مجید میں ہابیل وقابیل کا واقعہ موجود ہے کہ قتل انسانی کی ابتدا دو بھائیوں ہی میں پائی گئی۔

ایک اخوت وہ ہے جو اتحاد عقیدہ کی بنیاد پر پائی جاتی ہے اور ہماری مراد اسی اخوت سے ہے۔ نبی ﷺ کے فیضان صحبت اسلام میں داخل ہونے والوں میں جو اخوت قائم ہوئی، وہ اپنے تقدس میں ایسی برتر واعلیٰ ہے، جس کی نظیر تاریخ عالم میں تلاش کرنا عبث ہے۔ زمین وآسمان اس کی نظیر پیش کرنے سے عاجز ہیں۔

مواخات پر عمل مکہ میں بھی ہوا اور مدینہ میں بھی۔

مواخات مکہ میں مکی اصحاب کی سلسلہ بندی مقصود تھی۔ نصرت علی الحق اور مواسات مطلوب تھی اور مواخات مدینہ میں مکی و مدنی اصحاب میں وحدت اسلامی کا پیدا کرنا ملحوظ تھا۔ توسیع محبت اور استحکام انس ومودت اس کی بنیاد پر تھی۔

مواخاتِ مکہ

محمد رسول اللہ ﷺ	سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ
سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ	سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ
امیر حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ	سیدنا زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ
زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ	ابن مسعود رضی اللہ عنہ
سیدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ	سیدنا عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ

مواخاتِ مدینہ

ہجرت سے پانچ چھ ماہ کے بعد جن دنوں مسجد نبوی ﷺ کی تعمیر ہو رہی تھی۔ ایک ایک مہاجر کو ایک ایک انصاری کے ساتھ اخوت اور معاقدت سے قوی دل، قوی بازو بنایا گیا۔ پچاس جوڑ وہ پہلے تھے جو مسجد نبوی ﷺ میں سبق اتحاد سے مشرف ہوئے۔

بعد ازاں انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے الفاظ یہ ہیں:

حَالَفَ بَيْنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ فِيْ دَارِنَا مَرَّتَيْنِ اَوْثَلَاثًا۔ [1]

''ہمارے گھر میں نبی ﷺ نے دو تین بار مہاجرین وانصار کے درمیان اخوت کو باہمی حلف کے ذریعہ قائم فرمایا۔''

---

[1] بخاری: 6083,2294

ابن اسحٰق ؒ کی روایت میں ہے کہ نبی ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

﴿ تَآخَوْا فِي اللّٰهِ اَخَوَيْنِ اَخَوَيْنِ ﴾ ''اللہ کی راہ میں دو دو کس بھائی بھائی بن جاؤ۔''

معلوم ہوتا ہے کہ جو نمونہ رحمۃ للعالمین ﷺ نے اپنے سامنے قائم فرما دیا تھا اس پر برابر عمل ہوتا رہا اور یہ سلسلہ اس وقت تک رہا، جب تک مکہ معظمہ فتح نہ ہو گیا اور مکہ سے آنے والوں اور ہجرت کرنے والوں کے لیے گرد و غبار وحشت بالکلیہ دب نہ گیا۔

ذیل میں مواخات مدینہ کا بھی ایک مختصر نقشہ پیش کیا جاتا ہے:

	مہاجرین	انصار
1	سیدنا ابوبکر صدیق ؓ خلیفہ رسول اللہ ﷺ	خارجہ بن زید ؓ
2	سیدنا عمر فاروق امیر المومنین ؓ	عتبان بن مالک ؓ
3	امیر المومنین عثمان ذوالنورین بن عفان ؓ	اوس بن ثابت الانصاری ؓ
4	سیدنا علی مرتضٰی امیر المومنین ؓ	سلمان فارسی ؓ و رسول اللہ ﷺ
5	عبدالرحمٰن بن عوف ؓ	سعد بن الربیع ؓ
6	ابوعبیدہ عامر بن الجراح ؓ	سعد بن معاذ ؓ
7	طلحہ بن عبداللہ القرشی بن عبیداللہ ؓ (احد العشرة المبشرة)	کعب بن مالک ؓ بن ابی ابوکعب الانصاری الخزرجی السلمی شاعر النبی ﷺ
8	سعید بن زید ؓ	ابی بن کعب الانصاری ؓ
9	زبیر بن العوام ؓ	سلمہ بن سلامہ ؓ
10	سیدنا زید بن حارثہ ؓ	اسید بن حضیر ؓ
11	سیدنا بلال ؓ	ابورویحہ الخثعمی ؓ
12	جعفر ؓ بن ابی طالب (مقیم حبش)	معاذ بن جبل ؓ
13	عمار بن یاسر ؓ	حذیفہ بن الیمان ؓ
14	مصعب بن عمیر ؓ	ابوایوب انصاری ؓ
15	ابودرداء ؓ	سلمان فارسی ؓ
16	عبیداللہ ؓ بن الحارث بن عبدالمطلب	عمیر بن حمام بن جموح ؓ
17	زید ؓ بن خطاب	معن بن عدی العجلانی ؓ
18	وہب بن سعد بن ابی سرح القرشی العامری ؓ	سوید بن عمرو الانصاری ؓ

19	ابومرثد غنوی رضی اللہ عنہ	عبادہ بن الصامت الانصاری السالمی رضی اللہ عنہ
20	ذوالشمالین عمیر بن عبد عمیر بن فضلہ الزہری رضی اللہ عنہ	یزید بن حارث بن قیس بن مالک الانصاری البخاری رضی اللہ عنہ
21	عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ	عباس بن عبادہ خزاعی ذو ہجرتین مہاجر وانصاری رضی اللہ عنہ
22	طلیب بن عمیر بن وہب القرشی العبدری (ابن عمۃ النبی ﷺ)	منذر بن عمرو بن خنیس الساعدی الانصاری رضی اللہ عنہ
23	ابوحذیفہ بن عتبہ رضی اللہ عنہ	عباد بن بشیر رضی اللہ عنہ
24	معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ	حباب بن یزید رضی اللہ عنہ [1]

مواخات کا اثر

ہر ایک انصاری اس دینی بھائی کو اپنے گھر لے جاتا، اپنا مال وزر، اسباب سامنے لاتا، اراضی سکنی وزرعی دکھلاتا اور نصف ونصف باہمی تقسیم کر لیتا۔

سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ جب عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو گھر لے گئے تو اس وقت ان کے گھر میں دو بیویاں تھیں۔ دونوں کو ابن عوف کے سامنے لے آئے، کہا ان میں سے کسی ایک کو پسند کر لیجیے تا کہ میں اسے طلاق دے دوں اور وہ تمھاری ضجیعہ (زوجہ) بنے۔ [2]

ان دو بھائیوں میں سے جب کوئی مرجاتا تو دوسرا بھائی اس کے ترکہ میں سے حصہ بھی لیتا۔

ترکہ سنبھالنے کا قاعدہ اس وقت ترک کر دیا گیا جب مہاجرین نے اپنے گھر خود بنا لیے اور اپنی جائداد پیدا کر لیں اور انصار کی معاونت مالی سے مستغنی ہو گئے۔

قرآن مجید میں مواخات کا ذکر

قرآن حمید میں اس مواخات کا ذکر چند مقام پر ہے:

﴿ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَ كُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴾ [آل عمران:103]

''اللہ کی جو نعمت تم پر ہے اسے یاد کرو کہ تم تو ایک دوسرے کے دشمن تھے، پھر اللہ نے تمھارے دلوں میں الفت ڈالی اور تم بفضل ربی بھائی بھائی بن گئے اور تم تو آگ کے کنارے پر پہنچ گئے تھے۔ پھر اللہ نے تم کو وہاں سے بچایا۔ اللہ تعالیٰ تو اپنی نشانی تم پر اس طرح واضح کر رہا ہے کہ تم ہدایت یاب ہو۔''

قرآن مجید نے ﴿ كُنْتُمْ اَعْدَآءً ﴾ کے الفاظ میں ان تمام لڑائیوں کی طرف اشارہ کر دیا ہے جو صحابہ رضی اللہ عنہم کو بخوبی یاد تھیں اور جن میں وہ خود یا ان کے اقربا و آبا، احبا و ابنا برابر حصہ لیتے رہے تھے۔ یہی جنگ بے آب و گیاہ زمین کو انسانی خون سے سیراب کرتی تھی۔

(1) خاص مکہ شہر میں بنو ہاشم اور بنو امیہ کے جھگڑے،

[1] ابن سعد: 124/3۔ [2] اسد الغابہ: 433/2، ابن ہشام: 150/2۔

2 قریش اور مضر کی خصومتیں،

3 قریش اور حرب الفجار،

4 کنانہ اور بنوقیس کی لڑائی۔

5 عبد مناف اور اس کے اتحادیوں بنوزہرہ، بنواسد، بنوتیم، بنوالحارث، اور بنوعبدالدار اور اس کے اتحادیوں بنوسہم، بنوجمح، بنو مخزوم، بنوعدی کی عداوتیں۔

6 مکہ سے باہر اور عرب کے اندر ملوک کندہ، ملوک غسان، ملوک حیرہ کی عداوتیں اور ان عداوتوں کی حالت میں سلطنت ایران کا عرب کے ایک حصہ پر اور سلطنت روما کا عرب کے دوسرے حصہ پر اور حبش کا عرب کے تیسرے حصہ پر قبضہ وغلبہ اور پھر ان سلطنتوں کی باہمی جنگ وجدال اور اس جنگ وجدال کا عربی قبائل پر بہ لحاظ ماتحتی مخالفانہ اثر۔

7 یثرب کے اوس اور خزرج کی لڑائیاں۔

8 یہودیان بنونضیر و بنوقینقاع و بنوخزاعہ اور خیبر وفدک و تیماء کی شرارتیں اور قبائل عرب کو ہمیشہ مصروف جنگ رکھنے کی پالیسی۔

9 عیسائیاں دومۃ الجندل و نجران و بحرین کی ریشہ دوانیاں،

10 بت پرست قبائل کا اپنے اپنے دیوتاؤں کی حمایت میں نبرد آزما ہونا۔

11 زنادقہ دہریہ کے منصوبے اور روباہ بازیاں۔

12 عیسائیوں کے فرقہ ہائے ثلاثہ کا تولیکی (کیتھولک)، یعقوبی، اور پولوسی سے اختلاف شدید اور ان اختلافات کی ترویج میں اہل عرب کو قربانی کا بکرا بنایا جانا، یہ سب وہ امور ہیں جو آیت بالا کے لفظ کُنْتُمْ اَعْدَآءً کے تحت میں داخل ہیں۔

بعد ازاں ان سب اختلافات کا اٹھ جانا، نزاعات کا انتزاع، جھگڑوں کا خاتمہ، لڑائیوں کا انسداد وجذبات کینہ وانتقام کا محو ہو جانا، امن عامہ کا قائم ہو جانا اور تمام جزیرہ نمائے عرب میں ایک ہی کلمہ زبان پر، ایک ہی اعتقاد دل میں، ایک ہی ولولہ دماغ میں، ایک ہی مقصود کا منظور ہو جانا، ایک ہی مسجود ومعبود کا مستحق عبادت واستعانت سمجھ لینا۔

بھیڑوں کا گلہ بان ہو جانا، رہزنوں کا محافظ جان ومال کے لقب سے ملقب ہونا، دشمنان جان کا ایمانی وقلبی اخوان ہو جانا۔

درحقیقت یہ ایسی نعمت عظیم ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا بطور تذکار احسان ضرور ذکر فرمائے اور اسلام اس خصوصیت کو اپنے شرف اور برتری کی دلیل قرار دے۔

اللہ تعالیٰ نے ان مواخات کی تکمیل کرنے والوں میں سے ہر ایک فریق کی تعریف فرمائی ہے۔

مہاجرین کے حق میں فرمایا:

﴿ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا وَّ يَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ، اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴾ [الحشر:8]

''یہ وہ ہیں جو اپنے وطن اور گھربار، زر ومال سے نکال دیے گئے ہیں۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ سے فضل اور رضوان کے جویا ہیں اور اللہ اور رسول کی نصرت کیا کرتے ہیں۔ یہی لوگ تو صادق ہیں۔''

آیات بالا میں ان کی مظلومی اور جبراً وطن سے اخراج و جائداد سے محرومی اور بایں ہمہ ان کا ثابت القلب ہو کر اللہ تعالیٰ کے فضل کا خواہاں اور رضوان الٰہی کا جویا ہونا اور جملہ وسائل معیشت سے محروم ہونے کے بعد بھی اللہ اور رسول کی نصرت میں استمرار و استحکام کے ساتھ لگے رہنا بیان فرمایا ہے، اور پھر حصر کے طور پر فرمادیا کہ یہی لوگ صادق ہیں۔

دوسرے مقام پر کل دنیائے اسلام کو حکم دیا:

﴿ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴾ [التوبة:119] ''تم کو صادق لوگوں کی معیت چاہیے۔''

صادقوں کا حصر اور تعین آیت بالا میں کر دیا گیا تھا۔

انصار کے متعلق اسی مقام پر فرمایا:

﴿ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُا الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّا اُوْتُوْا وَ يُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَّ مَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴾ [الحشر:9]

''اور دار الہجرت (مدینہ) کے رہنے والے جو پہلے سے ایمان لا چکے ہیں وہ مہاجرین سے محبت کرتے ہیں اور جو تھوڑا بہت ان کو دیا جاتا ہے، اس کی بابت ان کے سینہ میں خلش نہیں ہوتی، وہ بھی ایثار کرتے ہیں، خواہ وہ خود ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔ ہاں جو کوئی تنگ دلی سے بچایا گیا تو وہ فلاح والا ہے۔''

ان آیات میں دار الہجرت کا قیام اور قدامت ایمان اور محبت مہاجرین اور عطیات میں کمی بیشی سے استغنا اور تنگی و افلاس میں بھی ایثار پر عمل کرنا انصار کرام کی صفت بتائی گئی۔

ہر دو آیات پر مکرر غور کرو۔

① مہاجرین کا ایثار یہ کہ اللہ اور رسول کے لیے گھر بار، خویش و تبار کو تج دیا۔
اور انصار کا ایثار یہ کہ خود تنگی اٹھائی اور مہاجرین کی ضرورت کو پورا کیا۔

② مہاجرین کی فضیلت ایمانی یہ کہ ان کا مقصود رضوان ربانی ہے۔
انصار کی فضیلت ایمانی یہ ہے کہ ہجرت سے بھی پیشتر ان میں ایمان (بعد از بیعت عقبہ) پہنچ گیا تھا۔۔

③ مہاجرین کی فضیلت یہ کہ ان کے جملہ افعال اللہ اور رسول کی نصرت کے لیے ہیں۔
انصار کی فضیلت یہ کہ انھوں نے مہاجرین کو محبوب بنالیا اور خود ان کے محب ہو گئے۔

④ مہاجرین کی فضیلت یہ کہ وہ صادق ہیں۔
انصار کی فضیلت یہ کہ وہ مفلح ہیں۔

یہ ہے وہ اخوت اسلامی جس کا بانی اسلام ہے۔

یہ ہے وہ محبت ایمانی جس کی بنیاد نہ منفعت مالی پر ہے اور نہ لذت نفسانی پر، یہی وہ اخوت ہے جو اغراض سے بالاتر اور مادیت کے اثر سے بلند ہے۔

ذرا میدان احد تک اپنی نگاہ علمی کو وسیع کرو۔

کہ بادشاہ دو جہان کی بیوی، حقیقی ملکہ، مومنین کی ماں طیبہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پانی کی مشک کندھے پر اٹھائے ہوئے ہے اور ہر ایک فرزند اسلام کو پانی پلا رہی ہے۔ زخمیوں کے منہ میں قطرہ قطرہ ٹپکا رہی ہے۔ کیا کسی دنیوی بادشاہ کی ملکہ نے بھی کبھی ایسا کام کر دکھلایا ہے۔ [1]

ایک صحابی کی سنو، حذیفۃ العدوی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ وہ میدان جنگ یرموک میں اپنے زخمی بھائی کی تلاش میں نکلا، پانی ساتھ لے گیا تھا۔ بھائی کے پاس پہنچ گیا، اسے پانی پلانے کو تھا کہ دوسرے زخمی کی آواز آئی ''آہ'' زخمی نے بھائی کو اشارہ کیا کہ پہلے اسے پلاؤ، وہ اس کے پاس پہنچا، دیکھا کہ وہ ہشام بن العاص رضی اللہ عنہ ہیں، انھیں پانی پلانے لگا تو تیسرے زخمی کی آواز آئی، اس نے کہا، پہلے اسے پلاؤ، اس کے پاس پہنچا تو جاں بحق ہو چکا تھا۔ واپس آیا تو ہشام رضی اللہ عنہ کو پایا کہ جنت کو سدھار گیا، واپس آیا اور بھائی کو دیکھا وہ بھی جام طہور کے سرور حاصل کر چکا ہے۔

میدان جنگ اور زخمی اور آخری سانس اور اپنے اپنے نفس کے مقابلہ میں دوسرے بھائی کا (جو خون کا بھائی نہیں) بلکہ ایمان کا بھائی ہے یہ احترام، یہ تقدم، اسلام کے سوا اور کہاں نظر آ سکتا ہے۔

یہ نہ سمجھو کہ یہ اثر صرف عہد نبوت صلی اللہ علیہ وسلم تک ہی تھا۔

سپین کے خلیفہ کی لونڈی زہرا کا نام آپ نے قصر زہرا کے سلسلہ میں سنا ہوگا۔ اس لونڈی نے مرتے وقت وصیت یہ کی تھی کہ اس کا مال اس مسلمان کی رہائی میں صرف کیا جائے جو کسی غیر قوم کی قید میں محبوس ہو۔

وصیت کے مطابق تین سال تک یورپ اور افریقہ اور ایشیا میں تلاش کی گئی۔ کوئی ایسا مسلمان نہ ملا۔ آخر اس کا روپیہ اس محل کی تعمیر پر اس کی یادگار میں لگا دیا گیا۔ [2]

کہتے ہیں کہ اس قصر کی لاگت ان دنوں پینتالیس کروڑ (450000000) تھی۔

کہتے ہیں کہ فری مین (Free Man) لاج والے لاج کے اندر ایک دوسرے کو بھائی کہہ کر بلاتے ہیں، ان کی اخوت اور اسلامی اخوت کا مقابلہ کر کے دیکھو فوراً اقرار کرنا پڑے گا کہ جس اخوت کو اسلام نے پیش کیا ہے، وہ اس کی خصوصیات میں سے ہے۔

فصل ہشتم 8

اسلام ہی نے انسان کی انسانیت کے درجہ کو بلند تر کیا

دنیا کے بڑے بڑے مذاہب میں بانیان و ہادیان مذاہب کی شخصیت کے متعلق جو اعتقادات قبل از اسلام موجود تھے، ان پر غور کرو۔

یہودیوں کا اعتقاد، یعقوب و داؤد و عزیر علیہم السلام کی نسبت کہ ان میں سے ہر ایک خدا کا بیٹا تھا یا پہلوٹا بیٹا تھا۔

عیسائیوں کا اعتقاد مسیح d کی نسبت کہ وہ خدا کا پیارا بیٹا اور قادر المطلق اور ثالث ثالوث (الوہیت کے تین ارکان میں سے ایک) ہے۔

---

[1] بخاری: 4064، مسلم: 1809 [2] نفح الطیب: 523/1

ہندوؤں کا اعتقاد 32 [1] اوتاروں کی نسبت کہ پرمیشر نے خود مادی جسم قبول کر کے مادی صورت میں جلوہ گری فرمائی تھی۔

مہابھارت کا بیان۔ کرشن جی مہاراج کی نسبت کہ وہ خود خالق عالم و عالمیان تھا۔ پارسیوں کا اعتقاد وزرتشت کی نسبت کہ وہ جہاں تیرتا۔ یعنی عالم ملکوت سے تھا۔

بدھوں کا اعتقاد، مہاتما گوتم بدھ کی نسبت کہ وہ (ارہم) خود ذات پاک تھا۔

سناتن دھرمیوں کا دعویٰ کہ پانچوں پانڈوں کوا کب نورانی کے فرزند تھے۔

تاتاریوں کا دعویٰ کہ آلنقوا ایکم کے بیٹے نور کے فرزند تھے۔

بہ ظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان لوگوں نے اپنے بزرگوں کی عزت وتوقیر کے بڑھانے میں ایک قابل تعریف کام کیا ہے۔ حالانکہ اس اعتقاد کا لزوم یہ ہے کہ انسانیت کا درجہ اتنا کمتر اور فروتر ہے کہ یعقوب وداؤد اور عیسیٰ وعزیر علیہم السلام کرشن ورامچند راور زرتشت وبدھ جیسے اشخاص بشریت میں پائے ہی نہیں جا سکتے، بلکہ یہ درجہ بلند ان ہستیوں کے لیے ہے جو حقیقتاً انسان نہ تھے۔

ایک منصف غور سے بتلائے کہ اس نے اپنے بزرگ کی صفت کرتے ہوئے انسانیت کو کس قدر ذلیل بنا دیا ہے اور چوں کہ اس بزرگ سے انسانیت کی نفی حقیقتاً کسی طرح نہیں کی جا سکتی اس لیے دراصل اس شخص نے ان کی بزرگی کو کس قدر صدمہ پہنچایا ہے۔

یہ اسلام ہی ہے جس نے انسانیت کے درجہ کو بلند کیا اور اللہ تعالیٰ کے برگزیدوں کو انسان بنا کر پھر ان کا مراتب روحانیت میں برتر اور اعلیٰ تر ہونا ثابت کیا ہے۔

اسلام اسے بالکل غلط قرار دیتا ہے کہ جب تک کسی انسانی جسم کے اندر خود الوہیت کا حلول تسلیم نہ کیا جائے اس وقت تک کسی برگزیدہ انسان کو ابنائے جنس کی رہبری وہدایت کا شرف بھی حاصل نہ ہو سکے۔

اس غلط اصول کے مفاسد کا نتیجہ یہ بھی ہوا کہ ہر ظالم وجبار نے بھی اپنے لیے وہی درجہ تجویز کیا جو دنیا میں کسی بڑے سے بڑے ہادی مذہب کے لیے ان کے مذہب والوں نے تجویز کیا تھا۔ فرعون رعایا کو مخاطب کر کے کہتا ہے:

﴿ أَنَا رَبُّكُمُ الْأَعْلَىٰ ﴾ [النازعات:24] ''میں تمھارا سب سے اونچا رب ہوں۔''

وہ اپنے درباروالوں سے کہا کرتا تھا:

﴿يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ مَا عَلِمْتُ لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرِي﴾ [القصص :38]

''اے سرداران دربار، میرے علم میں تو میرے سوا اور کوئی بھی تمھارا معبود نہیں۔''

---

[1] آٹھ اوتار، سب سے پہلا جو 9 دفعہ ظہور پذیر ہو چکا ہے اور ایک بار بھی اس نے جامہ انسانی میں آتا ہے۔ (2) مچھ اوتار، مچھلی کی صورت میں ملک دکن میں نمایاں ہوا اور اس کے ظہور کے بعد طوفان عظیم آیا اور 17 لاکھ 28 ہزار سال تک زمین زیر آب رہی۔ (3) کچھ اوتار، جس کی پشت پر کوہ ہندو کی مدھانی رکھی گئی اور سمندر بلوئی گئی اور 14 نایاب (☆) اشیاء کا اخراج ہوا

(☆) ان 14 چیزوں کے نام یہ ہیں۔ (1) لچھمن اوتار، دلہن کی شکل میں عشرت عالم کا سامان جمع ہوا۔ (2) گوستہ دمن، نہایت قیمتی ہیرے کی شکل میں جس کی قیمت کا اندازہ نہ ہو سکا۔ (3) کلپ برکھ کی شکل میں اسے پارجاتک برچھ بھی کہتے ہیں جسے خزاں نہیں آتی، جس کی خوشبو سے سارا عالم معطر ہے (4) سرر، شراب (5) دھنتر، طبیب کی شکل میں جس کے داہنے ہاتھ جونک اور بائیں ہاتھ میں بلبلہ بوقت پیدائش موجود تھا۔ (6) چندماں۔ ماہتاب (7) کام دہین وہ گئو جس کے تھن سے جوشے چاہتے ہو دودھ نکلتے ہو۔ (8) ایراپت، فیل سفید کی شکل میں جس کے چار دانت تھے (9) سنکھ، سفید رنگ کا بحری گھونگا جس کے پاس ہوتا ہے وہی فتح پاتا ہے۔ (10) بکھ زہر ہلاہل (11) امرت۔ آب حیات (12) اشو۔ سات سر والا گھوڑا۔ (13) ان بھا، خوبرو (14) نیک خو۔ عورت

کلیم اللہ موسیٰ علیہ السلام جب اس کے سامنے اللہ تعالیٰ کی توحید و تقدیس بیان فرماتے ہیں اور فرعون کو بتاتے ہیں کہ رب العالمین تو وہ ہے جو آسمانوں اور زمین اور خلاء و فضا کا مالک ہے، تب بھی اسے یقین نہ آتا، جب بتاتے کہ رب العالمین تو وہ ہے جو تمھارے باپ دادوں کا پیدا کرنے والا تھا، تب بھی اس کی دیوانگی دور نہ ہوتی۔ جب اسے بتایا جاتا کہ رب العالمین تو وہ ہے جو مشرق سے لے کر مغرب تک تمام عالم کا خالق ہے، تب بھی اس کی عقل درست نہ ہوتی، جملہ دلائل کو سن کر منہ سے بکتا تو یہ کہ:

﴿ لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴾ [الشعراء:29]

''خبردار اگر تو نے میرے سوا کسی اور کو الٰہ سمجھا تو تجھے قید کر دیا جائے گا۔''

خلیل الرحمٰن ابراہیم علیہ السلام کے سامنے بھی ایک احمق جبار بادشاہ نے دعویٰ کیا تھا کہ وہ بھی حیات و موت کے اختیارات رکھتا ہے، یہ احمق سمجھتا تھا کہ کسی شخص کو بلاوجہ پکڑ کر پھانسی پر لٹکا دینا موت پر قدرت رکھنا ہے اور کسی واجب القصاص کو چھوڑ دینا اسے حیات بخش دینا ہے۔ ان سب غلط فہمیوں کا سبب واحد یہی ہے کہ انسانیت کو سمجھا ہی نہیں گیا تھا۔

اسلام کا مدعا یہ ہے کہ الوہیت کی صفت علیا کا علو قائم رہے اور انسانیت کا درجہ بھی اپنے منتہائے عروج تک پہنچ جائے۔ تب یہ تعلیم دی گئی کہ جملہ مقدسین و متبوعین بھی انسان ہی ہیں۔ اللہ کی مخلوق اللہ کے بندے۔

1. ﴿ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْ اِلَيْهِمْ ﴾ [الانبیاء:7]

''ہم نے تجھ سے پہلے بھی جن کو رسالت کے ساتھ مامور کیا وہ انسان ہی تھے، ہماری وحی ان کو ملتی تھی۔''

2. ﴿ وَ مَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ﴾ [الانبیاء:8]

''ہم نے ان کا جسم ایسا نہ بنایا تھا کہ وہ کھانا نہ کھائیں اور وہ ہمیشہ جیتے رہنے والے بھی نہ تھے''

3. ﴿ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَ هُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ○ ﴾ [الانبیاء:26-27]

''وہ تو باعزت بندے ہیں، بات چیت میں اللہ کی اجازت سے آگے نہیں بڑھتے اور اللہ کے حکم پر عمل کیا کرتے ہیں۔''

انسانیت کے ثبوت میں یہ بتلایا کہ وہ کھانے پینے سے مستغنی نہ تھے، نیز ایک وقت پیدا ہوئے اور دوسرے وقت دنیا سے رخصت ہو گئے اور ان کی فضیلت کے ثبوت میں فرمایا کہ وہ صاحب وحی ہوتے تھے۔ منصب دار رسالت ہوتے تھے اور دربار الٰہی میں اعزاز و اکرام والے ہوتے تھے۔

اللہ تعالیٰ کے ساتھ ان کے معاملات کا اظہار اس طرح فرمایا کہ ان کی زبان اور ان کے جوارح ادب اور حکم کے تحت میں ہوتے، حکم کے بغیر ان کی زبان پر ایک حرف تک نہ آتا اور جب حکم مل جاتا تو اس کی پوری پوری تعمیل کرتے۔

ان آیات میں قوت علمیہ اور قوت عملیہ کا بھی ذکر ہے اور ان کے مراتب روحانی کا بھی اظہار اور یہی وہ امور ہیں، جن سے مقدسین کا باوجود انسان ہونے کے جملہ کائنات سے برتر و ممتاز ہونا ثابت ہے۔

ان بیانات سے انسانیت کا درجہ بلند تر ہو گیا، کیوں کہ انسانیت ہی شائستہ رسالت ٹھہری۔ انسانیت ہی شرف دار خطابت ہوئی، انسانیت ہی علم الٰہی کے نزول و بروز کا سرچشمہ ٹھہری اور انسانیت ہی اعمال کی تکمیل و تعمیل کے امتحان میں کامیاب ہوئی۔

بے شک اس مسئلہ کا اظہار خصوصیات اسلام میں سے ہے اور انسانیت ان کی مرہون احسان ہے۔

فصل نمبر 9

اسلام ہی غیر متعصب دین ہے

اسلام کو بدنام کرنے کے لیے اغیار نے بہت سے جھوٹے الزام اس پر لگائے ہیں اور بعض الزام تو وہ ہیں جو الزام دینے والوں ہی میں موجود اور ثابت تھے، مگر انھوں نے ہوشیاری اور عیاری یہ کی کہ اپنے کرتوت چھپانے کے لیے انہی باتوں کو مسلمانوں کے سر تھوپ دیا اور پھر نااہل مسلمانوں کے افعال کو تعلیم اسلام کا نتیجہ قرار دے کر مذہب اسلام کو اس کا ذمہ دار ٹھہرایا۔

① تعصب کے معنی یہ بھی ہیں کہ عطائے حقوق کے وقت کسی کو حق سے زائد دیا جائے اور کسی کو حق سے کم۔

② اس کے یہ معنی بھی ہیں کہ دوسرے لوگوں کی آزادی عقل اور حریت مذہبی پر ناجائز بندشوں کا بار ڈالا جائے۔

③ اس کے یہ معنی بھی ہیں کہ اپنے مذہب کی حمایت میں دیگر مذاہب کو حق حفاظت سے محروم کر دیا جائے۔

④ اس کے یہ معنی بھی ہیں کہ اپنے مذہب کی برکات و انوار کا مستحق خود اپنے ہی آپ کو سمجھا جائے اور دوسروں کو ان برکات و انوار سے بالکل دور رکھا جائے۔

بحمد اللہ کہ اسلام کی تعلیم ان جملہ نقائص سے پاک ہے۔ قرآن عظیم اور رسول کریم ﷺ نے ہمیشہ تعصب کی ان جملہ اقسام کو برا بتایا اور اپنے دامن کو اس خارزار سے ہمیشہ بلند تر رکھا۔

تعصب کے ہر چہار (4) اقسام کی نفی کا یقین مندرجہ ذیل آیات قرآنی اور معاملات اسلامی سے بخوبی ہو جائے گا۔

1. ﴿ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ﴾ [المائدہ:1]

"اے ایمان والو! معاملات کو پورا کیا کرو۔"

2. ﴿ وَ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ﴾ [المائدہ:2]

"اس قوم کی نفرت جس نے تم کو کعبہ سے روکا تھا۔ تم کو ادھر کھینچ کر نہ لے جائے کہ تم بھی ان پر زیادتی کرنے لگو۔"

﴿ وَ تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَ لَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ﴾ [المائدہ:2]

"نیکی اور خدا ترسی کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ اور سرکشی میں مدد نہ کرو۔"

3. ﴿ قُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ وَّاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَ رَبُّكُمْ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴾ [الشوریٰ:15]

"اے رسول کہہ دیجیے، اللہ نے جو کتاب میں اتارا، میرا اس پر ایمان ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمھارے درمیان عدل کیا کروں۔ ہمارا رب اور تمھارا رب اللہ ہی ہے۔ ہم کو ہمارے اعمال، تم کو تمھارے اعمال۔ ہمارے تمھارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں۔ اللہ ہی ہم کو اکٹھا کرے گا اور اللہ ہی کی طرف بازگشت ہے۔"

4. ﴿ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴾ [المائدہ:8]

''اے ایمان والو تم (1) اللہ کے واسطے قائم رہنے والے (2)۔ انصاف کے ساتھ سچی گواہی دینے والے بن جاؤ (3)۔ اور کسی قوم کی عداوت تم کو بے انصافی کی طرف نہ کھینچ لے جائے (4)۔ عدل کیا کرو، عدل ہی خدا ترسی سے قریب تر ہے، اللہ سے ڈرو، وہ تمھارے اعمال کی خبر رکھتا ہے۔''

5 ﴿ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۭ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَ لَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا وَّ لَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴾ [آل عمران:64]

''اے رسول کہہ دیجیے کہ اے یہودیو اور اے عیسائیو، اے کتاب والو، آؤ ایک ایسی بات پر سمجھوتہ کریں جو ہمارے تمھارے لیے مساوی ① اللہ کے سوا اور کسی کی عبادت نہ کریں ② اللہ کا شریک کسی کو نہ بنائیں ③ اللہ کے سوا کوئی انسان کسی انسان کو اپنا رب نہ ٹھہرائے۔ اگر یہ لوگ اس پیغام سے انکار کریں، تب ان سے کہہ دو کہ تم گواہ رہنا ہم تو ان حکموں کے ماننے والے (مسلمان) ہیں۔''

﴿ لَاۤ اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ﴾ [البقرۃ:256]

''دین کے معاملہ میں کسی پر کوئی دباؤ یا سختی نہیں، ہدایت اور گمراہی کو تو صاف الگ الگ واضح کر دیا گیا۔''

ان آیات کے بعد کیا کوئی دوسرا شخص بھی اپنی پاک کتاب میں ایسی یا اس سے اعلیٰ تعلیم کی موجودگی ثابت کر سکتا ہے۔

ہاں! ان آیات کی تعلیم میں رواداری کے جو نمونے، بے تعصبی کے جو ثبوت ہادیِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اور حضور ﷺ کے خلفائے راشدین المہدیین نے اور ملوک عظام نے دنیا کے سامنے پیش کیے، وہ سب اسلامی کتب میں اب تک موجود ہیں۔

نبی ﷺ نے مدینہ پہنچ کر جو معاہدہ یہودیوں کے ساتھ کیا تھا، وہ قابل ملاحظہ ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ یہودی وہ ہیں جن کے ساتھ نہ کبھی بابل کی بت پرست سلطنت نے حسن سلوک کیا اور نہ مصر کی حکومت نے ان پر رحم کھایا اور نہ یہوداہ کی نسل میں پیدا ہونے والے مسیح علیہ السلام کی امت نے ان کو کبھی انسان یا آدمی سمجھ کر ان سے کبھی کوئی مراعات کی۔

نصاریٰ کے ساتھ نبی ﷺ کا معاہدہ بھی ملاحظہ طلب ہے، ان معاہدات کو رحمۃ للعالمین جلد اول میں پڑھ لیجیے اور انصاف کیجیے کہ کیا ان سے اسلام اور داعیِ اسلام کی بے تعصبی، سیر چشمی اور کس قدر رواداری ظاہر ہوتی ہے۔

حکمرانان امویہ وعباسیہ واندلسہ وفاطمیہ کی شان وشوکت کے زمانوں میں اقوام غیر کا پورے حقوق اور آزادی کے ساتھ صدیوں تک آباد رہنا۔

یہودیوں، عیسائیوں کا بلا امتیاز حد سے ہر ایک منصب پر فائز ہو جانا ہماری روشن دلیل ہے۔ ہندوستان پر نظر ڈالیے۔ اس وقت اونچی قوموں کے لیے لفظ آریہ نہایت موزوں سمجھا جاتا ہے۔ مگر آریہ ورت کا جو رقبہ ستیارتھ پرکاش میں محدود کیا گیا ہے اس میں احاطہ مدراس اور احاطہ بنگال اور شمال مغربی صوبہ شامل نہیں ہو سکتے۔ صوبہ بہار کے اکثر مقامات بھی اس آریہ ورت کے رقبہ سے باہر ہیں۔ اس احاطہ بندی نے کروڑوں انسانوں کو شریف قوم یا آریہ کہلانے سے محروم کر دیا ہے۔

مسلمانوں کی فیاضی دیکھو کہ انھوں نے دریائے اٹک (اٹک) کو قدرتی حد قرار دے کر اس طرف والوں کو ہندو لقب دیا۔ اس نام کے تحت میں اس ملک کے رہنے والی سب قوموں کا اجتماع ہو گیا اور ان میں جمعیت پیدا ہو گئی اور کسی کو غیر شریف کہنے کی ضرورت بھی نہ رہی۔

بعدازاں جب مسلمانوں کا یہاں کے لوگوں کے ساتھ معاملہ پڑا تو انھوں نے لالہ کا خطاب دیا، جس کے معنی بڑا بھائی ہیں اور یہ لغت اب تک سرحدی صوبہ میں اس معنی میں مسلمانوں میں مروج ہے۔ لالہ موسیٰ ایک مشہور بستی اور مشہور ریلوے اسٹیشن ہے جو ایک بزرگ مسلمان کے نام سے آباد ہوئی تھی۔

اورنگ زیب کو متعصب کہا جاتا ہے مگر اس کے دربار میں ہندو امراء کی فہرست اکبر کے دربار سے (جس کی بے تعصبی مسلمہ ہے) زیادہ لمبی ہے۔

اورنگ زیب نے راجپوتانہ کی کسی ہندو ریاست کو شامل ملک محفوظ نہیں بنایا، حالانکہ دکن کی چار اسلامی سلطنتوں کو فتح کر کے جزو سلطنت بنالیا تھا۔

ستی اور صغرسنی کی شادی کے خلاف بھی کوئی مداخلت نہ کی۔ دارالسلطنت آگرہ اور دارالخلافہ دہلی کے قرب وجوار میں اب تک ہندو صاحبان کی آبادی مسلمانوں سے زیادہ ہے۔

ہندو راجاؤں کو جو خطابات عطا کیے ہیں، ان کو ملاحظہ کرو۔ کیسے عظیم الشان ہیں۔ ہر ایک خطاب کے ساتھ نیا علاقہ بھی ضرور ہوتا تھا۔ ذرا اس سلوک کو بھی دیکھیے کہ ہندوؤں نے ہمیشہ مسلمانوں کو اچھوت کا درجہ دیا، مگر مسلمانوں نے کبھی ان کو اچھوت نہ بنایا۔ تجارت کو بالکل ہندوؤں کے قبضہ میں چھوڑ دیا گیا۔ مندروں پاٹ شالاؤں کے لیے جاگیریں دیں، ابھیاگتوں کے لیے لنگر کھولے۔

اپنے سابقہ وطن سے قطع تعلق کر کے ہندوستان ہی کو جینے اور مرنے کے لیے پسند کیا، اپنی زبان کو چھوڑ کر یہاں کے باشندوں کی زبان کو اپنی زبان بنایا اور اسی کو محلات اور دربار کی زبان قرار دیا۔

غور کے بعد بتاؤ، بے تعصبی کا ثبوت ان امور سے بڑھ کر کوئی معترض خود بھی اپنے فعل وقول سے پیش کر سکتا ہے؟

بیرونی تجارت عرب اور چینیوں کے ہاتھ میں تھی، جب یورپین اقوام نے ہندوستان کی طرف قدم بڑھایا تو ان کو خیر مقدم کہا گیا، ان کا مال کسٹم ڈیوٹی سے آزاد کیا گیا۔

سیاست حالیہ کے ماہر کہتے ہیں کہ مسلمانوں کی یہ رواداری اور بے تعصبی ہی ان کی سلطنت اور اقتدار کے زوال کا باعث ہوئی۔

میں کہتا ہوں کہ ایک سیر چشم مسلمان اس اعتراض کو اپنے اوپر چسپاں کر لینے پر رضامند ہو سکتا ہے، مگر وہ یہ بھی تسلیم نہیں کر سکتا کہ اسلام میں تعصب ہے۔

ہمارے اس مضمون کو پڑھ کر شاید کوئی صاحب غزوات وسرایائے اسلام کا حوالہ دیں اور حروب عرب کو تعصب دینی کی دلیل قرار دیں، لیکن درحقیقت ایسا کرنا تاریخ اور علل واقعات سے ناواقفیت پر مبنی ہوگا۔

ہم نے غزوات وسرایا کا مکمل مضمون اسی کتاب کی جلد دوم میں تحریر کر دیا ہے اور بطور نتیجہ دکھلایا ہے کہ نبی ﷺ کے غزوات صرف اسی قوم اور خاندان کے ساتھ ہوئے، جس میں سے خود حضور ﷺ اور سابقون الاولون بھی تھے۔ حضور ﷺ ہی کی قوم نے اسلام کی عداوت ومخالفت میں سارا زور لگایا اور انہی سے لڑائیاں ہوئیں۔ لہٰذا یہ خاندانی جھگڑا کسی طرح تعصب دینی کی دلیل نہیں بن سکتا۔

میں یہ بھی ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ اسلام کی جنگیں نہ اپنی تعلیم کی اشاعت کے لیے تھیں اور نہ دوسرے مذاہب کے لیے موجب اکراہ تھیں۔ رب العالمین نے اسلامی حروب کے متعلق جو وجہ بیان کی ہے، وہ قرآن مجید میں موجود ہے:

﴿لَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَ بِيَعٌ وَّ صَلَوٰتٌ وَّ مَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۗ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ﴾ [الحج:40]

''اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کی مدافعت نہ کرتا اور بعض کے ذریعہ بعض کو نہ ہٹا دیتا، صوامع، بیع، صلوات اور مساجد میں اللہ کا ذکر بہت کیا جاتا ہے ضرور گرا دی جاتیں اور اللہ تو اس کی مدد ضرور کرتا ہے جو اللہ (کے مقاصد) کی مدد کرتا ہے اللہ تو قوت والا اور غلبہ والا ہے۔''

صَوَامِعُ صومعہ کی جمع ہے۔ لغت میں اس عمارت کو کہتے ہیں، جو اوپر سے پتلی ہوتی جائے، درویشان قوم ترسا کے خلوت خانے اسی شکل کے ہوتے تھے۔ ہندوؤں کے مندروں کی شکل بھی یہی ہے اور اس نام سے معروف ہیں۔

بِيَعٌ بیعہ کی جمع۔ عیسائیوں کا گرجا۔ صَلَوٰتٌ یہ عبرانی صلوٰۃ کا معرب ہے۔ عبادت گاہ یہوداں۔ مَسَاجِدُ معبد مومنین المسلمین۔

آیت بالا ظاہر کرتی ہے کہ مسلمانوں کو جنگ کی اجازت اس لیے دی گئی کہ وہ جملہ مذاہب کی آزادی کو قائم کر دیں، بدامنی دور کر دیں۔ پارسیوں، عیسائیوں، یہودیوں کی عبادت گاہوں کو اور مسلمانوں کی مسجدوں کو کوئی شخص نہ گرا سکے۔

تاریخ کا ادنیٰ واقف بھی جانتا ہے کہ ایرانیوں نے بہ عہد پرویز ایشیائے کوچک پر قابض ہونے کے بعد عیسائیوں کے گرجاؤں کو گرا دیا تھا اور دس (10) سال کے بعد عیسائیوں نے مکرر غلبہ کے بعد پارسیوں کی پرستش گاہوں کو فنا کر دیا تھا۔

یہودیوں کے عبادت خانے تو سب کے سب شاہان روما کے ظلم وتعصب کی وجہ سے زمین کے برابر کر دیے گئے تھے، حتیٰ کہ یروشلم کی زمین کو بھی جس کی عمارت 80ء میں نیرو شاہ روما نے گرا دی تھی۔ قسطنطین (اولین عیسائی بادشاہ) کی والدہ کے حکم سے کوڑا کرکٹ گرانے کی جگہ بنایا گیا تھا۔ مسلمانوں کی مساجد تو بالکل ہی غیر محفوظ تھیں، کیوں کہ پارسی وترسائی ونصرانی مسلمانوں کے خلاف بالاتفاق عداوت پر ڈٹے ہوئے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو اٹھایا اور انہی کے دوش پر معابد عالم کی حفاظت کا بار رکھا اور انھوں نے اس بار کو خوش گوار فرض کے طور پر اٹھایا۔

آیت بالا میں ایک پیش گوئی بھی موجود ہے اور وہ یہ ہے کہ جب مسلمانوں کی جنگیں اصول بالا کے لیے ہوں گی تب ان کو منجانب اللہ نصرت عطا کی جائے گی اور وہ ہر ایک اس قوم کے مقابلہ میں جو کسی دوسرے مذہب کے معابد کو تباہ کرنے والی ہے، ضرور مظفر و منصور ہوں گے۔

رب العالمین کے اسی کلام صداقت نظام کا اثر اور معجزہ تھا کہ خلافت صدیق رضی اللہ عنہ، فاروق رضی اللہ عنہ اور ذوالنورین رضی اللہ عنہ میں اسلامی لشکر کو کسی ایک جگہ پر بھی شکست نہیں ہوئی، بلکہ ہر ایک جگہ ﴿اِنَّا جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ﴾ ''اللہ ہی کا لشکر غالب آئے گا'' کا نظارہ نظر آتا رہا اور اس کامیابی نے یہ بھی ثابت کر دیا کہ مسلمانوں کی جنگیں ٹھیک اسی اصول (حفاظت واحترام معابد مذاہب عالم) پر تھیں۔

کیا اب بھی کسی کے نزدیک اسلامی جنگیں قابل اعتراض ہو سکتی ہیں؟ میں کہتا ہوں کہ یہ مسلمانوں ہی کا حوصلہ تھا کہ اپنی جانیں قربان اور اپنے سینوں کو آماج تیر وسنان بنا کر غیر مسلموں کے معابد کی حفاظت کی۔ کیا کوئی اور قوم بھی اپنی بے تعصبی کا ثبوت اس طریق سے دے سکتی ہے۔

ذرا تاریخ اٹھا کر دیکھو کہ اسلامی قبضہ سے پیشتر شام و فلسطین و عراق و مصر میں پیشوایان عیسائیت اور فرمان روایان کلیسا نے عام لوگوں کو اور پھر فرقہ واری کے جنون میں خود عیسائیوں کی جان و مال کو کس قدر مخدوش رکھا تھا۔

وہ مسائل جن پر صدیوں تک عیسائی فرقوں میں خون ریزی جاری رہی، یہ تھے۔

1. کیا مسیح علیہ السلام ایک جسم اور ایک روح والا تھا؟
2. کیا مسیح علیہ السلام ایک جسم اور دو روح والا تھا؟
3. اگر وہ ایک جسم اور ایک روح والا ہی تھا، تب اس کے جسم میں انسانی روح تھی یا الوہیت کی روح؟
4. اگر اس کے اندر انسانی روح تھی، تب اس کی الوہیت کی ابتداء کس طرح سے اور کب سے ہوئی؟
5. اگر مسیح علیہ السلام ایک جسم اور دو روح (انسانی اور الٰہی) والا تھا، تب کون سی روح غالب تھی؟
6. کیا کبھی روح الوہیت روح انسانی پر اور کبھی روح انسانی روح الوہیت پر غالب بھی آ جایا کرتی تھی؟
7. مسیح علیہ السلام کا صلیب پر چڑھنا مع روح الوہیت تھا یا بلا روح الوہیت تھا؟
8. اگر مصلوبی کے وقت روح الوہیت شامل نہ تھی، تو روح انسانی کیوں کر گنہگاروں کے گناہوں کی برداشت کی متحمل ہوئی؟
9. اگر روح الوہیت شامل تھی تو کیا الوہیت بھی مصلوب ہوئی؟

الغرض ایسی ایسی موشگافیوں نے مسیح کی صاف اور سچی تعلیم کو ایک عجیب گورکھ دھندا بنا دیا تھا۔ نئی نئی بدعات کے ساتھ نئے نئے فرقے بنتے تھے اور ایک دوسرے کا گلا کاٹنا اپنے نزدیک مسیح کی خوشنودی کا موجب سمجھتے تھے۔

اس خوں ریزی کو دنیا کے بہت بڑے رقبہ پر صرف اسلامی قبضہ ہی نے بند کیا۔

ایران پر مشروکیہ اصول کی حکومت تھی اور کسی عورت کو زندہ رہنے کا حق نہ تھا، جب تک وہ اپنے آپ کو قوم کی مشترکہ جائداد نہ بنا دے۔

پوران دخت و ایران دخت جیسی صاحب تخت و تاج حکمرانوں نے اس اصول کی تعمیل نہ کرنی چاہی تو فوراً ان کو تخت کی جگہ تختہ موت دیکھنا پڑا۔

اسلامی قبضہ ہی نے ایران کے جان و مال کو محفوظ کیا اور اسلام ہی کی بے تعصبی ان کی زندگی کا سبب ٹھہری۔

کتاب ستیارتھ پرکاش میں گوشائیں، بیراگی چیرانکت (آچاری) ویشنو آوک، وام مارگی، چوبی، مارگ فرقوں کے فحش افعال اور فحش منتروں کا ذکر موجود ہے۔ ایسے فرقوں کا وجود ہنود میں باہمی جنگ و جدال کا موجب تھا۔

ہند میں داخل ہونے والی ہندو قوموں نے یہاں کے مفتوحین کو اچھوت قرار دیا تھا۔ ہزاروں سال سے اسی پر اب تک عمل موجود ہے اور بدھ ازم اور جین مت نے ہندوؤں کی نسلوں اور پشتوں کو تباہ کرنے میں اور شنکر اچارج کے قائم کیے ہوئے بدھ مت نے لوگوں کو ہندوستان سے خارج کرنے میں جو جو کارنامے اس ملک میں کیے ہیں وہ تعصب کی خونی داستان ہے۔ اسی تعصب اور عناد باہمی کا نتیجہ تھا کہ سارے ہندوستان پر کسی ہندو راجہ کو شاہانہ حکومت حاصل نہ ہوئی اور یہاں کی ہر ایک چھوٹی حکومت دوسری چھوٹی حکومت سے برسر پیکار رہی۔

اسلام ہی کی بے تعصبی نے ان سب فرقوں کو اور سب حکومتوں کو اور جملہ مذاہب کو اپنی اپنی حدود کے اندر رہنے کی تعلیم کو دولت

برطانیہ نے اسلامی سلطنت سے اپنے چارج میں حاصل کیا ہے۔ اوران سینکڑوں مذاہب پر ملک ہندوستان میں حکومت کرنا نسبتاً بہت آسان ہوگیا، مگر اس کے مقابلہ میں انگلینڈ و ویلز آئرلینڈ وسکاٹ لینڈ پر حکومت کرنا زیادہ دشوار رہا، جن میں بہ لحاظ صرف دو ہی فرقے پراٹسٹنٹ(Protestant)اور کاتھولیک(Catholic) آباد ہیں۔

عام بحث کا نتیجہ یہ ہے کہ اسلام میں تعصب نہیں۔

فصل دہم 10

اسلام ہی دین المحبت ہے

ذرا غور کرو کہ اسلام معرفت الٰہی کی تعلیم کن الفاظ میں دیتا ہے۔

1. وہ رب العالمین ہے، ہر ایک شے جو نمودار ہونے کی صلاحیت رکھتی ہے، جو نشوونما قبول کرسکتی ہے، جو کسی حرکت سے متحرک ہے، اسے وجود بخشنے والا، اس کی ہستی کو قائم رکھنے والا، اس کے خواص کی حفاظت کرنے والا۔ اس کی ماہیت وکیفیت خاص سے اسے امتیاز بخشنے والا، اس کی ضروریات حیات کو بہم پہنچانے والا وہی ہے، جو اسلام کا اللہ ہے۔

2. وہ رحمٰن ہے۔ یہ لفظ لغوی حیثیت سے لفظ رحمت سے مبالغہ کے لیے وضع ہوا ہے اس کا ترجمہ کمال رحمت والا ہے

سلسلہ وحی کا قیام برکات سماوی کا نزول، انوار عرفان کا انعکاس اسی رحمت کا نتیجہ ہے۔

ارض وسما اور خلاء وفضاء کا قیام اسی رحمٰن کے حکم سے ہے چرند پرند کی بقا اسی رحمٰن کے عطیہ سے ہے۔

رحمٰن وہی ہے جو ہر ایک درماندہ کی توانائی ہے۔ ہر ایک پسماندہ کی ہدایت ہے، اسی کی استعانت ہمیں اس کی رحمت تک لے جاتی ہے۔ اسی کی رحمت قعر فرش سے انتہائے عرش تک قادر ومتصرف ہے۔

3. وہ ''رحیم'' ہے۔ رحم رحیم سے ہے۔ لغوی حیثیت سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔ اس وزن کے الفاظ اپنے اپنے معانی کے لحاظ سے معنی ودوام پر حاوی ہوتے ہیں۔ لہٰذا اسم پاک رحیم ظاہر کرتا ہے کہ رحم ہمارے مالک کی ان صفات کاملہ میں سے ہے، جن کو ذات پاک کے ساتھ لزوم ودوام حاصل ہے۔ حدیث ترمذی [1] میں آیا ہے کہ ایک عورت نے نبی ﷺ سے پوچھا تھا۔

أَلَيْسَ اللّٰهُ أَرْحَمُ بِعِبَادِهٖ مِنَ الْأُمِّ بِوَلَدِهَا

''کیا اللہ کا پیار اپنے بندوں کے ساتھ اس پیار سے زیادہ نہیں، جو ماں کو اپنے بچہ سے ہوتا ہے۔''

فرمایا یہ بات بالکل درست ہے۔

ایک حدیث میں ہے: اِرْحَمُوْا مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ۔ [2]

خواجہ حالی پانی پتی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ نے اسی کا ترجمہ اپنی مقبول عام وخاص مسدس میں فرمایا ہے۔ [3]

---

[1] ابن ماجہ: 4297 [2] تہذیبی: 41/9، ترغیب: 202/3، الدر المنثور 36:3 [3] خواجہ الطاف حسین حالی کی وفات پر راقم نے یہ قطعہ تاریخ تحریر کیا تھا۔

سال وفات مظہر حق حالی بزرگ — سلطان سروش غیب بمن گفت یاد دار

چوں سیزدہ زیادہ دوم مکئی شمار — سہ بار سہ تو لیں وبیک بار یک نگار

13 صفر — 1333ھ

کرو	مہربانی	تم	اہل	زمین	پر
خدا	مہربان	ہوگا	عرش	بریں	پر

نبی ﷺ نے فرمایا:

لَا يُرْحَمُ مَنْ لَّا يَرْحَمُ "جوکوئی خود رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جائے گا۔"[1]

اللہ تعالیٰ کے رحیم ہونے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے میراث ذوی الارحام (ماں کی طرف سے رشتہ داروں کو بھی حصہ دار ٹھہرایا ہے اوراس کے رحم نے اس حکم کی اشاعت اپنے نبی ﷺ کی زبان سے کردی۔

اَلرَّحْمُ مِنَ الرَّحْمٰنِ رحم تو رحمٰن سے نکلا ہے جوکوئی اپنے ہاں کی قرابت رحم کونہیں جوڑتا وہ رحمٰن سے اپنا تعلق توڑتا ہے۔

4 وہ جبار ہے، اسمائے حسنیٰ میں جبار کے معنی وہ نہیں جو عوام نے سمجھے اور جبر کو ظلم وستم کا مترادف خیال کیا، بلکہ جبار کے معنی ہیں "شکستہ دلوں کی شکستگی کو دور کرنے والا" "دکھیاؤں کے درد دکھ کو توڑ دینے والا"

5 قَهَّار ہے، یہاں بھی قہر بمعنی غیظ وغضب نہیں، بلکہ قہر کے معنی حکومت ہیں۔ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وہ اپنے بندوں پر حکمران ہے۔

6 وہ بَرّ ہے، بہترین سلوک کرنے والا، احسان فرمانے والا ہے۔

7 وہ مُجِيبٌ ہے، بندوں کی دعا پر ارتھنا کو قبول فرماتا ہے۔

8 وہ رَقِيبٌ ہے، بندوں کی حفاظت فرماتا ہے۔

9 تَوَّابٌ ہے گنہ گاروں کی معذرت قبول فرماتا، تازہ القاب سے ان کو خوشی بخشتا ہے۔

10 وہ وَهَّابٌ ہے، بے اندازہ نعمتوں کا عطا فرمانے والا۔

11 وہ مُقِيتٌ ہے، روزی رساں۔

12 وہ نُورٌ ہے، آسمانوں اور زمین کی ضوء وضیا اسی سے ہے۔ شمس وقمر کو روشنی اسی سے ملی ہے۔ آنکھوں کی بینائی اسی نے دی ہے۔ مومن کے دل کا چراغ اسی کے نور سے روشن ہے۔

13 وہ فَتَّاح ہے، انسان سے مصیبتوں کو دور کرتا ہے، اس کی مشکلات کو حل فرماتا ہے۔

14 وہ رَءُوف ہے، گہرا پیار کرنے والا، دل نواز، بندہ پرور۔

15 وہ حَيٌّ ہے، زندہ اور حیات آفرین اور حیات بخش۔

16 وہ قَيُّومٌ ہے، پائندہ اور قیام بخشندہ۔

17 وہ وَلِيٌّ ہے، ولا ومحبت اس کی ذات میں ہے۔

18 وہ عَفُوٌّ ہے، بار بار معاف فرماتا ہے، معاف کردینے کو پسند کرتا ہے۔

19 وہ هَادِيْ ہے، سالکان راہ کو منزل مقصود تک پہنچا دیتا ہے۔

---

[1] مسلم: 2318، ابوداود: 5218، ترمذی: 1911، ابن حبان: 463,457

20 وہ مُغْنِیْ ہے، غنا بخشنے والا، بندہ کو دوسرے بندہ کی احتیاج سے نجات دینے والا۔

21 وہ مُعْطِیْ ہے، اس کا عطا و نوال بے پایاں ہے۔

22 وہ کَرِیْمٌ ہے، دیتا ہے اور معاوضہ کی اسے ضرورت نہیں۔

23 وہ رَزَّاق ہے، جسم اور روح کے قیام کے لیے جیسی خوراک بحر و بر کے رہنے والوں کی ہو اور تحت الثریٰ میں سانس لینے والوں کو ہر ایک کے مناسب غذا عطا فرماتا ہے

24 وہ غـــفـــور ہے، گناہ و خطا کو چھپا دیتا ہے، دور کر دیتا ہے۔ اسلام میں اسمائے حسنیٰ کا شمار ننانوے (99) ہے۔ ہم نے اس جگہ چوبیس (24) نام ایسے پیش کر دیے، جن سے محبت کا جلوہ موجود ہے، اس سے آگے

25 وہ وَدُوْدٌ ہے۔ وُدٌّ زبان عرب میں محبت کی قسم اعلیٰ کو کہتے ہیں۔ ایک آیت ہے جس میں رحمت اور ود دونوں کو جمع کر دیا ہے۔ فرمایا:

﴿ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴾ [مریم:96] ”رحمٰن ان کے لیے ود کو مہیا فرمائے گا۔“

ایک دوسری آیت میں غفران اور وود کو جمع فرمایا ہے: ﴿ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴾ [البروج:14]

بعد ازاں دیکھو کہ حب اور اس کے مشتقات کا بھی اللہ و رسول کے کلام میں بکثرت استعمال فرمایا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کلام پاک کے ایک ہی مختصر جملہ میں بندوں کی محبت کا اللہ کے ساتھ اور اللہ کی محبت کا بندوں کے ساتھ ہونا ثابت فرما دیا ہے۔

﴿ يُحِبُّهُمْ وَ يُحِبُّوْنَهٗ ﴾ [المائدۃ:54] ”سچے بندے اللہ سے محبت کرتے ہیں اور اللہ ان سے محبت کرتا ہے۔“

بعد ازاں صراحت کے لیے یہ بھی ظاہر فرمایا کہ محبت الٰہی کی شائستگی کیسے بندوں کو حاصل ہے:

﴿ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴾ [البقرۃ195] ”اللہ احسان کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔“

﴿ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴾ [المائدۃ:42] ”عدل و انصاف کرنے والوں سے اللہ محبت کرتا ہے۔“

﴿ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمتقين ﴾ [التوبہ:7] ”تقویٰ والوں سے اللہ محبت کرتا ہے۔“

﴿ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ ﴾ [البقرۃ:222] ”رجوع الی اللہ کرنے والوں سے اللہ محبت کرتا ہے۔“

﴿ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الصَّابِرِيْنَ ﴾ [آل عمران:146] ”صبر کرنے والوں سے اللہ محبت کرتا ہے۔“

﴿ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴾ [التوبہ:108] ”پاک صاف رہنے والوں، طہارت والوں سے اللہ محبت کرتا ہے“

ان آیات سے یہ ثمرات حاصل ہوتے ہیں کہ اوصاف احسان اور توبہ اور عدل و قسط، تقویٰ اور صبر طہارت کا اپنے اندر جمع کر لینا اللہ تعالیٰ کی محبت کے حصول کا ذریعہ ہے۔

چند آیات مبارک میں یہ بھی ظاہر فرمایا کہ کون لوگ ہیں، جن کو محبت الٰہی حاصل نہیں ہو سکتی۔

﴿ لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ ﴾ [النساء:148] ”برائی کی اشاعت اللہ کو ناپسند ہے۔“

﴿ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴾ [البقرۃ:190]

حدود الٰہی کو توڑنے والے قانون شرعی کا احترام نہ کرنے والے اللہ کو ناپسند ہیں۔

﴿اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ مَنْ کَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا﴾ [النساء:36] اللہ تعالیٰ حیلہ باز، اترانے والے کو ناپسند کرتا ہے۔

﴿اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْخَآئِنِیْنَ﴾ [الانفال:58] ''خیانت کرنے والوں کو اللہ ناپسند کرتا ہے۔''

﴿اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ خَوَّانٍ کَفُوْرٍ﴾ [الحج:38]

''خیانت کرنے والے احسان کو ملیامیٹ کرنے والے اللہ کو ناپسند ہیں۔''

﴿اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْفَرِحِیْنَ﴾ [القصص:76] ''شیخی باز اترانے والے اللہ کو ناپسند ہیں۔''

﴿اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُفْسِدِیْنَ﴾ [القصص:77] ''فساد اٹھانے والے اللہ کو ناپسند ہیں۔''

﴿اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْکَافِرِیْنَ﴾ [الروم:45] ''کافر اللہ کو ناپسند ہیں۔''

﴿اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ﴾ [الاعراف:31] ''اسراف کرنے والے اللہ کو ناپسند ہیں۔''

﴿اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَ﴾ [الشوریٰ:40] ''ظلم کرنے والے اللہ کو ناپسند ہیں۔''

ان آیات سے کیا فوائد حاصل ہوئے۔

کہ برائی کی اشاعت کرنا آئین شکنی، حیلہ بازی، عیاری، خیانت، ناشکری، احسان فراموشی، فساد انگیزی، کفر، اسراف، ظلم وہ اخلاق ذمیمہ ہیں جن کے ارتکاب سے انسان محبت الٰہی سے محروم ہو جاتا ہے۔

محبت کا اتنا مکمل بیان ثابت کرتا ہے کہ اسلام دین الحب ہے۔

اب سیدنا و مولینا نبی کریم ﷺ کے ارشادات سنو:

(1) لَا تَدْخُلُوا الْجَنَّۃَ حَتّٰی تُؤْمِنُوْا وَ لَا تُؤْمِنُوْا حَتّٰی تَحَابُّوْا۔ [1]

''جب تک ایمان نہیں، تب تک جنت میں داخلہ نہ ہوگا۔ جب آپس کی محبت نہیں تب تک ایمان نہیں۔''

(2) مَثَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ فِیْ تَوَادِّھِمْ وَتَرَاحُمِھِمْ وَتَعَاطُفِھِمْ مَثَلُ الْجَسَدِ اِذَا اشْتَکٰی مِنْہُ عضو فَدَعٰی لَہٗ بِالسَّھْرِ وَالْحُمّٰی۔ [2]

''آپس کی محبت، آپس کے پیار و آپس کے تعلقات میں مومنوں کی مثال ایک جسم کی سی ہے، جو چند اعضا سے مرکب ہوتا ہے۔ پھر اگر ایک عضو کو تکلیف ہو جاتی ہے تب سارے جسم کے سارے اعضاء بے خوابی و تپ و بے تابی میں اس کا ساتھ دیتے ہیں۔''

غور کرو یہاں تواد، ترحم، اور تعاطف تین الفاظ کا استعمال فرمایا گیا ہے۔ تواد بتلاتا ہے کہ خیر اندیشی و خیر طلبی کا وہ درجہ حاصل ہو جائے کہ اپنے اغراض و مقاصد کو دوست کی غرض و مقصد پر قربان کرنا آسان ہو۔

تراحم ظاہر کرتا ہے کہ دوست کی مصیبت کا احساس تمھارے دل میں ہو۔

تعاطف یہ کہ ایک دکھ میں ہے تو اس کا درد دوسرے کو ہے۔ ایک کا کام اٹکا ہوا ہے تو دوسرا اس کی تدابیر میں لگا ہوا ہے۔

(3) اِنَّ مِنْ عِبَادَ اللّٰہِ لَاُنَاسًا مَّاھُمْ بِاَنْبِیَآءٍ وَ لَا شُھَدَآءَ یُغْبِطُھُمُ الْاَنْبِیَآءُ وَالشُّھَدَآءُ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

---

[1] مسلم: 54، ابوداود: 5193، ترمذی: 2688، ابن ماجہ: 68، ابن حبان: 236

[2] بخاری: 6011، مسلم: 2586، ابن ماجہ: 3984، ابن حبان: 297،233، ترمذی: 2173

لِمَكَانِهِمْ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تُخْبِرُنَا مَنْ هُمْ قَالَ هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوْا بِرُوْحِ اللّٰهِ عَلٰى غَيْرِ اَرْحَامٍ بَيْنَهُمْ وَ لَا اَمْوَالٍ يَتَعَاطَوْنَهَا فَوَاللّٰهِ اِنَّ وُجُوْهَهُمْ لَنُوْرٌ وَّ اِنَّهُمْ لَعَلٰى نُوْرٍ لَّا يَخَافُوْنَ اِذَا خَافَ النَّاسُ وَ لَا يَحْزَنُوْنَ اِذَا حَزِنَ النَّاسُ وَ قَرَءَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ ﴿اَلَا اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾ [1]

نبی کریم ﷺ نے فرمایا، بندگانِ الٰہ میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو نہ نبی ہیں، نہ شہید، لیکن ان کا درجہ جو اللہ کے ہاں ہے اس کی وجہ سے نبی اور شہید بھی ان کو چاہت کی نظروں سے دیکھیں گے۔ لوگوں نے پوچھا حضور وہ کون ہیں؟ فرمایا: یہ وہ محبت کرنے والے ہیں جن کی باہمی محبت صرف للّٰہیت پر ہے۔ قرابت یا مال و زور کی داد و ستد پر نہیں۔ ان کے چہرے پرنور ہوں گے اور وہ نور پر ہوں گے۔ جب سارے لوگ غم و اندوہ میں ہوں گے مگر ان کو غم نہ ہوگا، نہ حزن۔ بعد ازاں حضور ﷺ نے یہ آیت ﴿اَلَا اِنَّ اَوْلِيَـآءَ اللّٰهِ لَا خَـوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔﴾ تلاوت فرمائی۔

اس حدیث پر غور کرو کہ ولایت ربانی کو باہمی محبت ایمانی کا ثمرہ فرمایا گیا ہے اور اس محبت کا ثمرہ وہ قرب وہ تمکین ہے جو بروز حشر ان کو حاصل ہوگی۔

4 يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَيْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ لِجَلَالِيْ اَلْيَوْمَ اُظِلُّهُمْ فِيْ ظِلِّيْ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلِّيْ۔ [2]

''اللہ تعالیٰ بروز قیامت فرمائے گا کدھر ہیں وہ جن کی باہمی محبت صرف میرے لیے تھی۔ میں آج ان کو اپنے سایہ میں جگہ دوں گا۔ جب کہ میرے سایہ کے سوا اور کوئی سایہ نہیں۔''

ہر شخص جانتا ہے کہ والدین کا سایہ کیسے ناز و نعم کا موجب ہوتا ہے اور کسی مہربان حکمران کا سایہ کتنے اقبال و دولت کا ضامن ہوتا ہے۔ اسی پر الٰہی سایہ کی وقعت و قدر و منزلت کا قیاس کرلو۔ اگرچہ ہم ان نعمتوں کا قیاس ہی نہیں کر سکتے، جن کو نہ آنکھ نے دیکھا، نہ کان نے سنا اور نہ دل آج تک اس کی ماہیت کو سمجھ سکا ہے۔

5 يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَجَبَتْ مُحَبَّتِيْ لِلْمُتَحَابِّيْنَ فِيَّ وَالْمُتَجَالِسِيْنَ فِيَّ وَ الْمُتَزَاوِرِيْنَ فِيَّ وَالْمُتَبَاذِلِيْنَ فِيَّ۔ [3]

(نبی ﷺ) نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میری محبت ان اشخاص کے لیے واجب اور ضروری ہوگئی ہے (1) جن کی محبت میرے لیے ہے (2) جن کا آپس میں مل بیٹھنا میرے لیے ہے۔ (3) جو میرے لیے ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں۔ (4) جو میرے لیے بذل و صرف کرتے ہیں۔

محبت کے آثار و موجبات بھی نبی ﷺ نے بیان فرما دیے، فرمایا:

1 اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَخْذُلُهٗ وَ لَا يَكْذِبُهٗ وَ لَا يَظْلِمُهٗ وَ اِنَّ اَحَدَكُمْ مِرَاٰةُ اَخِيْهِ فَاِنْ رَاٰى اَذًى فَلْيُمِطْ عَنْهُ۔ [4]

''مسلم، مسلم کا بھائی ہے، وہ نہ اسے رسوا کرے، نہ جھٹلائے، نہ ظلم کرے، تم ایک دوسرے کے لیے مثل آئینہ ہو، اگر اپنے بھائی میں کوئی تکلیف دہ بات دیکھو تو اسے دور کرو۔''

---

[1] ابوداود، ابن حبان: 573 [2] مسلم: 2566، موطا: 952/2، دارمی: 312/2، احمد: 952/2، ابن حبان: 574

[3] ترمذی: 2390، ابن حبان: 575، 577، موطا امام مالک: 953/2، مسند احمد: 233/5، 239/5 [4] ترمذی: 1927

(2) مَنْ رَدَّ عَنْ عِرْضِ اَخِيْهِ رَدَّ اللّٰهُ النَّارَ عَنْ وَجْهِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (1)

''جس نے مسلم بھائی کی عزت کو بچایا اللہ تعالیٰ اس کے چہرہ کو آتش دوزخ سے بچائے گا۔''

(3) مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِّنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِّنْ كُرَبِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ مَنْ يَّسَّرَ عَلٰى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَ مَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ فِيْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِيْ عَوْنِ اَخِيْهِ۔ (2)

جو کوئی شخص کسی مومن کی دنیوی تکلیف دور کرتا ہے اللہ قیامت کے دن کی تکلیف کو اس سے دور کرے گا جس نے کسی تنگ دست پر آسانی کی اللہ دنیا و آخرت کے معاملات آسان فرمائے گا، جس نے کسی مسلم کی عیب پوشی کی اللہ اس کے عیوب پر دنیا و آخرت میں پردہ ڈالے گا اور اللہ بندہ کی مدد فرماتا رہتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں ہوتا ہے۔

میں اس بیان کو ختم کرنے سے پیشتر یہ بھی بتا دینا چاہتا ہوں کہ لفظ محبت کو عربی زبان میں معنی محبت کے لیے تجویز کرنے سے پیشتر مندرجہ ذیل محاورات کو پیش نظر رکھا ہے۔ حَبَّبَ الْمَاءُ پانی ٹھہر گیا، حَبَّ الْبَعِيْرُ اونٹ زانو جما کر بیٹھ گیا۔ حباب، بلندی سے ملی ہوئی پاکیزگی۔ حب وہ دانہ جو رزق انسانی بنتا ہے اور مایہ حیات بشر سمجھا جاتا ہے۔ جب حروف ح و ب کا اجتماع صفائی و پاکیزگی، بلندی و استقرار اور سبب حیات کے معنی میں مسلم ہو گیا، تب اسے اقوی الحرکات یعنی ضمہ سے اور زیادہ قوی بنایا اور لفظ حب کو مادہ محبت قرار دیا۔

میں کہتا ہوں کہ اگر کسی کے پاس اسلام کے سوا محبت کی ایسی تعلیم موجود ہے تو وہ بھی وضاحت سے بیان کر دے، ورنہ کم از کم الفاظ پریم یا ''لو'' (Love) کی ترکیب لغوی ہی کے انداز اتنے دقیق معانی کا ہونا جو ہم نے لفظ حب کے اندر واضح کیے ہیں ثابت کرے۔ الغرض نتیجہ صاف ہے کہ اسلام ہی دین المحبت ہے اور وہ اپنی اسی خصوصیت کی وجہ سے محبوب قلوب اور مطلوب جمہور ہو رہا ہے۔

فصل 11

اسلام ہی مساوات کا بانی ہے

مساوات کے معنی یہ نہیں کہ ایک جاہل بمقابلہ عالم کے اور ایک غدار بمقابلہ ایک وفادار کے اور ایک ناقابل و ناکارہ بمقابلہ ایک فرض شناس کے یکساں حیثیت رکھتے ہیں۔

ایسا کرنا تو حقوق انسانیت اور حقوق اخلاق کو تباہ کر دیتا ہے۔ ہاں مساوات کے معنی یہ ہیں کہ ہر شخص کو شرعاً و قانوناً و اخلاقاً وہ تمام حقوق حاصل ہوں جو کسی دوسرے شخص کو اسی ملک یا اسی دین کے اندر حاصل شدہ ہوں۔

برطانیہ کے شاہی جھنڈے میں انگلینڈ، ویلز، سکاٹ لینڈ اور آئرلینڈ شامل ہیں، لیکن کسی آئرش کو پرائم منسٹر ہونے کا موقع نہیں دیا گیا۔

انگلستان کی آبادی میں بلحاظ مذہب دو بڑی قومیں ہیں۔ پراٹسٹنٹ اور کیتھولک، مگر آج تک کسی کیتھولیکی کو پرائم منسٹری پر ممتاز نہیں کیا گیا۔

47ء تک ہندوستان کے کسی گورنر پر کوئی مقدمہ نہیں چلایا جا سکتا تھا کنگ امپیرر کے حقوق کی حفاظت کے لیے خاص مراعات قوانین

---

(1) ترمذی: 1931، مسند احمد 450/6

(2) بخاری: 2442، مسلم: 6578، ابوداؤد: 4893، ترمذی: 1425، 1426، 2945، کنز العمال: 16486، مسند احمد: 296/2

عدالت سے بالکل علیحدہ تھیں۔

انتخابات ممبران پارلیمنٹ وغیرہ میں ٹیکس دہندگان کے حقوق ان سے زائد ہیں جو ٹیکس ادا نہیں کر سکتے۔ ہندوستان سے انگلستان کو اور انگلستان سے ہندوستان کو مال تجارت بھیجے جانے کے قواعد و محاصل کی شرح بالکل الگ الگ تھی۔

پھر حقوق کے اندر تفاوت، خود ایک ہی مذہب کے ماننے والوں میں بھی نمایاں ہے، دیسی عیسائیوں اور یورپین عیسائیوں کے گرجا اور قبرستان الگ الگ ہیں۔ علیٰ ہذا افسروں اور ماتحتوں کے کلب اور سوسائٹیاں بالکل جدا جدا ہیں۔

پوپ ہمیشہ یورپین ہی منتخب ہوا۔ بیس صدیوں میں اس ملک سے جو خداوند مسیح کا زاد و بوم ہے کوئی دیسی پوپ نہیں بنایا گیا۔

لارڈ بشپ آف کنٹربری بھی ہندوستان یا کسی دوسرے علاقہ کا باشندہ نہیں مقرر ہوا۔

ہندوستان یا کالونی یا انگلستان میں کبھی کوئی کمانڈر انچیف ایشیائی اقوام سے نہیں لیا گیا۔

اسلام نے ان ہی امور پر نظر غور ڈالی ہے اور عدم مساوات کے جملہ احتمالات کا خاتمہ کر دیا ہے اور وحدت اسلامی کے اندر داخل ہونے والے ہر شخص کی وہ کسی ملک اور قوم کا باشندہ ہو، جملہ حقوق میں بالکل مساوی اور برابر کا سمجھا ہے۔

1. برامکہ آتش پرست تھے۔ اسلام لانے کے بعد ان ہی کا خاندان ہارون رشید کی وزارت عظمیٰ پر تمکن تام رکھتا تھا۔
2. رائے دہندگی کا حق ہر ایک غلام و آزاد، زردار و بے زر کو اسلام میں حاصل ہے۔
3. یہی حق عورتوں کو حاصل ہے۔
4. عورتیں اور غلام بھی کسی دشمن کو پناہ دینے کا اختیار رکھتے ہیں جس کی پاسداری سالار پر فرض ہے۔

   سلطنت بغداد، سلطنت ہندوستان، سلطنت مصر میں اہل السنت بادشاہوں کے وزرائے اعظم اور گورنران صوبہ جات اہل شیعہ بھی ہوتے رہے ہیں۔
5. تجارت میں عرب اور غیر عرب کے اموال کا کوئی امتیاز نہ ہوتا تھا اور کسی کو کوئی غیر عرب کے اموال کا کوئی امتیاز نہ ہوتا تھا اور کسی کو کوئی اعانت خاص بھی حاصل نہ ہوتی تھی۔
6. مسجدوں اور قبرستانوں میں کبھی امیر و گدا کا فرق نہیں کیا گیا۔
7. ثبوت مساوات میں عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے سفر شام کا قصہ زبان زد و مشہور تر ہے کہ اونٹ پر غلام اور خلیفہ نوبت بہ نوبت سوار ہوتے تھے، کیوں کہ پچھلی نشست پر ان کا زاد راہ ستو، (غلام و خلیفہ کے لیے) اور کھجور کی گٹھلیاں (اونٹ کے لیے لدی ہوئی تھیں، جس وقت آخری منزل پر اسلامی کیمپ میں خلیفہ کے داخلہ کا وقت تھا اور تمام فوج مع سپہ سالار اپنے خلیفہ کے خیر مقدم کے لیے ایستادہ تھی اور مختلف اقوام کے لوگ بھی خلیفہ کا تزک و احتشام دیکھنے کو جوق در جوق جمع ہو گئے تھے، اس وقت ان تماشائیوں نے دیکھا کہ گرد راہ سے ایک اونٹ اور افسروں کا اس کے خیر مقدم میں آگے بڑھنا غیر مسلم تماشائیوں کے لیے نہایت تعجب خیز تھا ان میں سے ایک نے ایک مسلم غازی سے پوچھا کہ کیا آپ کا خلیفہ یہی ہے جو اس اونٹ پر سوار ہے۔ غازی نے نہایت متانت سے جواب دیا، نہیں، وہ نہیں۔ ہمارا خلیفہ میر المومنین رضی اللہ عنہ تو وہ ہے جو اونٹ کی مہار پکڑے پا پیادہ آ رہا ہے، سوار ان کا غلام ہے۔ [1]

---

[1] ثمرات الاوراق علی حاشیۃ المستطرف ،طبری 158/4، فتوح الشام 143/1، حلیۃ اولیاء :1/47، مصنف ابن أبی شیبۃ 39/13، 363

اس قصہ سے بڑھ کر زیادہ صحیح اور زیادہ شاندار یہ واقعہ ہے کہ جنگ بدر میں سواریاں کم تھیں۔ ایک ایک شتر تین تین کس کے لیے مقرر ہوا تھا، دو سوار ہو جاتے تھے ایک شخص پیدل چلتا۔ اسی طرح ہر ایک نوبت بہ نوبت پیدل چلا کرتا تھا۔ نبی ﷺ کی سواری میں علی مرتضیٰ ؓ اور ابوالدرداء ؓ کا حصہ تھا۔ جب نبی ﷺ کے پیدل چلنے کی نوبت آتی تو حضور ﷺ پیدل چلتے اور وہ دونوں سوار ہوتے [1]

دیکھنا یہ ہے کہ لشکر میں جو کوئی بھی تھا، وہ حضور ﷺ پر جان و مال کو فدا کرنے والا اور اس فدویت کو اپنا شرف و عزت جاننے والا تھا۔ پھر وہ کیوں کر گوارا کرتے تھے کہ حضور ﷺ پیدل چل رہے ہیں اور دوسرے لوگ (جن کی نوبت تھی) اونٹوں پر سوار ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ کا رسول ﷺ اس موقع پر سب کو سبق مساوات کی تعلیم دے رہا تھا اور **اَلْاَمْرُ فَوْقَ الْاَدَبِ** کا نورانی نظارہ جلوہ آرا تھا۔ اگر حضور ﷺ ہی کی یہ تعلیم نہ ہوتی تو فاروق ؓ اور غلام والی کہانی بھی اوراق تاریخ پر نظر نہ آتی۔

سب سے زیادہ مساوات کا سخت امتحان تزویج کی اس صورت میں ہوتا ہے جب حسب و نسب میں متکبر و معزز شخص کو اپنی بیٹی کا پیوند ایسے مرد سے کرنا پڑے جو اوصاف بالا میں اس سے کم تر ہو، مگر اسلام میں ایسے نمونے بکثرت ہیں۔ زینب بنت جحش قریشہ ؓ نبی کریم ﷺ کی سگی پھوپھی کی بیٹی کا نکاح اول زید بن حارثہ ؓ سے ہوا تھا، جن کو اہل مکہ زرخرید غلام جانتے تھے اور جن کو بازار عکاظ سے خرید کرانے والا حکیم بن حزام ؓ ابھی موجود تھا۔ (یہ طاہرہ خدیجۃ الکبریٰ ؓ کے خواہر زادہ ہیں) [2]

فاطمہ بنت ولید بن عتبہ قریشیہ ؓ حضرت ابوحذیفہ ؓ کی برادر زادی ہیں اور قریش کی مشہور ترین خواتین میں شمار کی جاتی ہیں اور مہاجرات میں سے ہیں۔ ان کا نکاح ابوحذیفہ ؓ کے غلام سالم ؓ سے ہوا تھا۔ یہ دو مثالیں تو قریشی عورتوں کی ہیں [3]

اب اہل مدینہ کی بھی سنو۔ انصار بھی اپنی بیٹی دینے میں بہت سخت تھے۔ سردار ہاشم بن عبد مناف قرشی کی شان بلند کا سارے عرب کو اعتراف تھا۔ انھوں نے یثرب میں لیلیٰ سے نکاح کی درخواست کی تو اس مغرور قبیلہ نے یہ درخواست اس شرط پر قبول کی کہ لیلیٰ کبھی مکہ نہ جائے گی [4]، اس تکبر والے قبیلہ کا حال اسلام میں یہ تھا کہ ایک روز بلال ؓ نے مسجد میں ظاہر کیا کہ لوگو! میں غلام بھی ہوں، حبشی بھی ہوں، بے زر و مال ہوں اور بایں ہمہ نکاح کا خواستگار بھی ہوں۔ کیا کوئی شخص مجھے بیٹی دے سکتا ہے۔ اس کی اسی قدر کہنے پر بیسیوں لوگوں نے درخواست کی بلال ؓ ان کے ہاں اپنا پیوند منظور کریں۔ [5]

اسامہ بن زید ؓ اہل دنیا کی نظر میں غلام ابن غلام تھے مگر اسلام نے اس کی شان کو اس قدر بلند کر دیا کہ زینب بنت حنظلہ ؓ ان کی بیوی تھی۔ یہ زینب اسی بڑے خاندان کی خاتون تھی کہ شہزادہ امراء القیس اس کے جدامجد کا مداح شاعر تھا۔ اب اسی کی پوتی اسامہ ؓ کی کفش برداری پر نازاں ہے۔ [6]

امیر المومنین علی المرتضیٰ ؓ کا ایک واقعہ اس کے زمان خلافت کا ہے۔ غلام کو ساتھ لے کر بازار میں گئے۔ غلام سے فرمایا: میں نے بھی کپڑے بنوانے ہیں اور تم کو بھی کپڑوں کی ضرورت ہے۔ تم بزاز کی دکان پر میرے لیے اور اپنے لیے پارچات پسند کرو۔ غلام نے کچھ قیمتی کپڑے پسند کیے، امیر المومنین ؓ کے لیے کچھ سستے کپڑے پسند کیے۔ سو وہ خرید کر لیے گئے۔ جب درزی کو دینے لگے تو امیر المومنین نے سستے کپڑوں کے متعلق فرمایا کہ یہ ہمارے لیے اور قیمتی پارچات کی نوبت فرمایا کہ غلام کے لیے قطع کر دو۔ غلام بولا کہ آپ آقا ہیں اور امیر المومنین ؓ ہیں آپ کو اچھا لباس چاہیے۔ فرمایا میں بڈھا ہوں، تم جوان ہو تم کو اچھے لباس کی زیادہ ضرورت ہے۔

---

[1] مسند احمد: 422/1 [2] تفسیر الطبری: 9/22 [3] الاستیعاب: 568/2 [4] طبقات لابن سعد: 79/1 [5] ابن سعد: 237/3 [6] ابن سعد: 77/3

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا ذکر ہے کہ ایک بار انھوں نے غلام سے جھگڑتے ہوئے غصہ میں کہہ دیا، او حبشن کے بچے! نبی ﷺ نے فرمایا، بس بس کسی بیضاء (سفید پوست والی) کے فرزند کو کسی سوداء (سیاہ پوست والی) کے بچے پر کوئی فضیلت نہیں۔ فضیلت تو عمل سے ہے۔ ایک دوسرے موقع کا ذکر ہے کہ انھوں نے غلام کو مارا۔ نبی ﷺ موقع پر آ گئے۔ فرمایا: ابوذر رضی اللہ عنہ جو قدرت تجھے اس غلام پر ہے اس سے زیادہ قدرت اللہ تعالیٰ کو تجھ پر حاصل ہے۔ ابوذر رضی اللہ عنہ زمین پر گر پڑے۔ غلام سے فرماتے تھے کہ اپنا پاؤں جوتے سمیت میرے رخسار پر رکھ دے کہ میری نخوت نکل جائے۔ [1]

جنگ بدر میں فوج کی صف بندی ہو رہی ہے، ایک صحابی صف کے برابر نہ تھے۔ نبی ﷺ نے اس پتلی چھڑی سے جو حضور ﷺ کے ہاتھ میں تھی، اس کے پہلو میں چوکا دیا کہ برابر ہو جاؤ۔ انھوں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! مجھے تو اس سے ایذا ہوئی، میں تو بدلہ لوں گا۔ فرمایا میں موجود ہوں۔ وہ بولا کہ میرے بدن پر تو کرتہ نہ تھا۔ حضور ﷺ بھی کرتہ اٹھا لیں۔ حضور ﷺ نے کرتہ اٹھا لیا تو اس نے بڑھ کر جسد نورانی کو چوم لیا۔ عرض کیا کہ میرا مدعا اس گستاخی سے یہ تھا کہ دنیا سے رخصت ہوتا ہوا اس شرف کو حاصل کرتا جاؤں۔ [2]

اس نیک انسان کے دل میں چھپی ہوئی نیت خواہ کچھ ہی تھی، اسلامی تعلیم کا نمونہ تو یہ ہے کہ سرورِ کائنات فخر موجودات ﷺ کیوں کر ایک ادنیٰ امتی کو بدلہ دینے پر آمادہ ہو جاتے ہیں اور جسد مبارک کو آمادہ آزار و گزند بنانے پر بہ طیب خاطر رضامند نظر آتے ہیں۔ یہی مساوات حقیقی ہے۔ اس مساوات کی حمایت و حفاظت کے لیے علمبرداران اسلام ہر ایک نقصان برداشت کرنے کے لیے رضامند ہو جاتے تھے مگر مساوات میں کمی نہ آنے دیتے تھے۔

جبلہ ابن ایہم سلطنت غسان کا شہزادہ تھا، عیسائیت کو چھوڑ کر عہد فاروقی میں داخل اسلام ہوا۔ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہمیشہ اس کی عزت فرمایا کرتے۔

ایک بار کا ذکر ہے کہ وہ طواف کعبہ کر رہا تھا، اس کے شاہانہ چوغہ کا دامن فرش پر گھسٹتا جاتا تھا۔ پیچھے سے ایک اور بدوی بھی طواف کرتا آ رہا تھا، اس کا پاؤں دامن چوغہ پر پڑ گیا، جب اس نے لوٹ کر دیکھا تو اسے ایک بادیہ نشین گنوار نظر آیا جو مستانہ وار لاابالیانہ حالت میں مصروف طواف ہے۔ اس کی ظاہری حالت دیکھ کر شہزادہ کو اور بھی زیادہ غصہ آیا۔ لوٹ کر ایک تھپڑ اس کے رخسار پر لگا دیا۔ بدوی نے امیر المومنین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں استغاثہ پیش کر دیا۔ شہزادہ بلایا گیا اور جب طلب ہوا۔ شہزادہ نے اپنے فعل کا اعتراف کیا اور یہ بھی کہا کہ میں حکمران ہوں اور یہ ایک فرومایہ شخص ہے۔ اگر میں نے ایک طمانچہ اس کے لگا بھی دیا تو کیا ہوا؟ امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اسلام میں سب برابر ہیں، یا تو اسے رضامند کرو، ورنہ بدلہ دینا پڑے گا۔

اس نے کہا: ایک دن کی مہلت دی جائے۔ یہ درخواست منظور کر لی گئی، جبلہ شباشب بھاگ گیا اور مرتد ہو گیا۔ [3] اس کے نزدیک اسلام میں سب سے بڑا نقص تھا تو یہ تھا کہ شہزادہ اور گنوار کی وقعت برابر برابر ہے۔ مگر امیر المومنین رضی اللہ عنہ اس وصف پر متفخر تھے کہ عدالت میں ایک ذرہ خاک راہ اور ایک کوکب حکومت کی حیثیت مساوی ہے۔

یہ ممکن ہے کہ قارئین کتاب ان واقعات صحیحہ کو ایک کہانی کے طور پر پڑھ جائیں مگر ان واقعات کی قدر و منزلت اس وقت معلوم ہوگی جب دنیا کی تاریخ کی ورق گردانی کی جائے گی اور طلب و تجسس بے حساب کے بعد بھی اس کی نظیر ان کو نہ مل سکے گی۔

---

[1] بخاری: 30، 2545 [2] ابن ہشام: 278/3، البدایۃ والنہایۃ: 271/3 [3] فتوح البلدان، ص: 141، البدایۃ والنہایۃ: 63/3

اسلام میں ایسے نظائر بے شمار ہیں، میں صرف ایک اور واقعہ لکھ کر اس عنوان کو ختم کرتا ہوں۔

فاروق رضی اللہ عنہ اور مرتضیٰ رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے، دوستانہ سلسلہ کلام جاری تھا۔ ایک یہودی آیا۔ کہا: علی رضی اللہ عنہ پر دعویٰ کرنے آیا ہوں۔ امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابوالحسن سامنے کھڑے ہو کر جواب دہی کرو۔ مرتضیٰ رضی اللہ عنہ اٹھے، دیکھا گیا کہ اس وقت ان کے چہرے پر بل تھا۔ دعویٰ سنایا گیا، فیصلہ کر دیا گیا، مدعی جھوٹا تھا، وہ چلا گیا تو پھر وہی جلسہ مصادقت جم گیا۔ فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا: ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں۔ مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ضرور پوچھو، کہا جب آپ کو سامنے کھڑے ہونے کو کہا گیا، اس وقت آپ چیں بہ جبیں کیوں تھے؟ کیا عدالت میں یہودی کے برابر کھڑے ہونے کو برا سمجھا تھا؟ فرمایا: نہیں، نہیں یہ بات نہیں۔ آپ کو یاد ہے کہ آپ نے مجھے ابوالحسن رضی اللہ عنہ کہہ کر کھڑے ہونے کو کہا تھا؟ کنیت سے پکارنا نشان عزت ہے، میرا خیال ادھر گیا کہ مبادا یہودی کے برابر کھڑے ہوتے ہوئے بھی وہ یہ سمجھے کہ عدالت کا مدعا علیہ کا خاص لحاظ ہے، اسی لیے مدعی کے مقابلہ میں اسے بالفاظ عزت مخاطب کیا گیا ہے، اگر وہ ایسا سمجھ لیتا تو ہماری عدالت پر دھبہ لگتا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ تو بلند ترین طبقہ کے ہیں۔ جب اسلامی لشکر نے اسکندریہ فتح کیا تو مفتوح رعایا نے استغاثہ کیا کہ ان کے ایک بت کی آنکھ کسی مسلمان نے توڑ دی ہے۔ فوجی افسر نے کہا: اگر تم یہ ثابت کر دو کہ میری فوج کے کسی شخص کا یہ فعل قیام امن کے بعد اور دیدہ و دانستہ تھا تو میں تم کو اختیار دیتا ہوں کہ میری آنکھ پھوڑ ڈالو۔

یہ فیصلہ سن کر سب لوگ شانتی کے ساتھ واپس چلے گئے۔

ان واقعات کے بعد میرا حق ہے کہ میں بآواز بلند پکاروں اور دنیا کو بتاؤں کہ مساوات اسلام ہی کی خصوصیات میں سے ہے۔

فصل 12

اسلام ہی نے حکومت میں رعایا کو حصہ دار بنایا

انجیل متی میں مسیح علیہ السلام کا مشہور قول یہ ہے، جو چیز قیصر کو دو۔ 21:22۔

مسیح علیہ السلام نے حکومت کا یہی نمونہ سکھایا ہے اور رعایا کا کوئی حق مالگزاری کی ادائی کے سوا معین نہیں فرمایا۔

یجر وید اور سام وید کو پڑھ جائیے، اس میں راجا ہی کو مخاطب کیا گیا ہے اور اس کے اختیارات کی توضیح کی گئی ہے۔ یہ دونوں حوالہ جات شخصی حکومت کو مستحکم بنانے والے ہیں، نوعی یا جمہوری حکومت کا ان کتابوں میں ذرا نشان بھی نہیں ملتا۔

اسلام نے صاف طور پر حکم دیا ہے:

﴿ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ﴾ [الشوریٰ:38] ''ان کے امور سلطنت باہمی مشورہ پر ہوں گے۔''

ہر چہار خلفائے راشدین مہدیین کا جس طرح انتخاب ہوا، ہر ایک کے انتخاب کے وقت جیسی تقاریر آزادانہ ہوئیں۔ انصار یا قریش میں خلافت ہونے پر جو بحثیں ہوئیں خود قریش کے اندر راجح و مرجوح اور اس کے وجوہات کی بحثیں ہر ایک کا اپنی اپنی تائید میں دلائل یا آراء کا پیش کرنا آزادی کے ساتھ سب کچھ ہوا۔ راؤں کا شمار ہوا اور بہترین اشخاص میں سے جس کی نسبت آراء کا غلبہ ہوا۔ اس کو اہتمام سیاست سپرد ہوا۔ خلیفہ کے کام کو باقاعدہ رکھنے کے لیے مہاجرین و انصار اولین کی ایک کونسل اور فتح مکہ کے بعد ایمان لانے والے

دیگر مسلموں کی دوسری کونسل مقرر کی گئی۔ خلیفہ اپنی رائے سے کوئی جدید محصول نہیں لگا سکتا تھا۔ جو محصول لگایا جاتا اس پر کونسلوں میں مباحثے ہوتے تھے۔

ذمہ دار افسروں کے تقرر کے وقت کسی جنگ کے آغاز یا ختم کرنے کے متعلق مثلاً ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا لشکر اسلام کو روانہ کرنا، عراق و شام و مصر پر اقدام خالد رضی اللہ عنہ اور ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی سپہ سالاری ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے عہد میں عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کی جانشینی پر عام مشورہ لیا جاتا تھا۔

خلیفہ کا بحیثیت خلیفہ کسی مفتوحہ ملک میں سفر کرنا کونسل کی منظوری کا محتاج تھا۔ مثلاً فاروق رضی اللہ عنہ کا جنگ ایران اور جنگ روم میں خود جانے پر۔

خلیفہ کو مقررہ وظیفہ ملتا تھا اور وظیفہ سابقہ خدمات یا قدامت اسلام پر مبنی ہوتا تھا۔ خدمات خلافت کے سرانجام دینے پر کوئی خاص معاوضہ نہیں دیا جاتا تھا۔ فاروق رضی اللہ عنہ صرف بدریوں کا وظیفہ لیتے تھے۔

خلیفہ کو اپنی پالیسی (اصول حکمرانی) کا اظہار کرنا پڑتا تھا۔ (صدیق رضی اللہ عنہ اور فاروق رضی اللہ عنہ کے پہلے خطبات)

خلیفہ عامۃ المسلمین کے سامنے اپنے افعال و اعمال کا جواب دہ سمجھا جاتا تھا اور بارہا اسے جوابدہی کرنی پڑتی (فاروق رضی اللہ عنہ و مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی بابت ایسے بہت سے واقعات ہیں)

یورپ میں قدیم ترین پارلیمنٹ انگلستان کی ہے، لیکن انگلستان کی پارلیمنٹ بھی خلافت اسلامیہ سے آٹھ نو صدیوں بعد کی ہے۔

آج دنیا اس نوعی و جمہوری طرز حکومت کی خوبیوں پر متفق ہے۔ اسلام کا یہ احسان جملہ اقوام پر ہے۔

2. شوریٰ سے کوئی مقدس ہستی بھی مستثنیٰ نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا یہ حکم نبی کریم ﷺ کے لیے ہے:

﴿ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ ﴾ [البقرۃ:159]

''امور سلطنت میں آپ لوگوں سے مشورہ کرلیا کیجیے۔''

وہ نبی جو متبوع کل اور سید عالم، صاحب الکتاب، صاحب الشرع ہے، جس کا کوئی حکم اللہ کی اجازت کے بغیر نہیں ہوتا۔ اسے مشورہ کا حکم دیا گیا تا کہ کوئی شخص بھی (تقدس اور کمال کی بنیاد پر) اس حکم سے مستثنیٰ نہ سمجھا جائے۔ عہد نبوت کے چند واقعات کا حوالہ درج ذیل ہے۔

1. حدیبیہ سے مکہ کے لیے سفر کا معاملہ مشورت میں لایا گیا اور مشورت پر طے ہوا۔
2. میدان احد کو جنگ کے لیے انتخاب کرنے کا معاملہ مشورت میں لایا گیا اور اسی اصول پر طے ہوا۔ رئیس المنافقین ابی کو اس بات کا سخت صدمہ تھا کہ اس کی رائے کے بمقابلہ کثرت آراء کوئی وقعت نہ کی گئی۔
3. جنگ آوران احزاب کی پیش کردہ شرائط کو سرداران انصار سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا گیا اور انہی کی رائے پر فیصلہ ہوا۔
4. طائف کے محاصرہ اٹھائے جانے کو سرداران فوج کے سامنے پیش کیا گیا اور تب ہی یہ محاصرہ اٹھایا گیا جب وہ اس پر متفق ہو گئے۔
5. اسیران بدر سے سلوک کا معاملہ مشورت میں لایا گیا اور مشورت کے بعد ہی طے ہوا۔

⑥ عدالت اعلیٰ محکمہ (قاضی القضاۃ) بالکل آزاد اور خود مختار ہوتا تھا اس پر سلطنت کا رعب یا سلطنت کا ذاتی دباؤ کچھ بھی نہ ہوتا تھا۔ آج آئینی حکومت کے جملہ بادشاہ اور حکمران اسی اصول پر کاربند ہیں اور انہی اصول کو سلطنت وحکمرانی کا بہترین طریق تسلیم کیا جاتا ہے۔

لہٰذا یہ اسلام کی خصوصیت سے ہے کہ اس نے جملہ اقوام عالم کو اس اصول سے روشناس کیا اور اس اصول کی برکات سے متمتع بنایا۔

فصل 13

اسلام ہی کی بنیاد قومیت سے بالاتر رکھی گئی ہے

عموماً دنیا میں تین چیزیں تمام مذاہب اور جملہ ممالک پر حکمران رہی ہیں کہ ان کے دائرہ حکومت سے نکلنے کی کسی کو جرأت نہیں ہوئی۔

① نسل ② زبان ③ رنگت

1. بہ لحاظ نسل جو حقوق برہموں کو ہندوستان میں (کھشتری، ویش، شودر، چنڈال لوگوں پر رہے ہیں) یا جو حقوق بنی اسرائیلوں میں بنی لاوی کے لیے خاص ہیں یا جو حقوق سلطنت اولاد یعقوب علیہ السلام میں بنی یہوداہ کے لیے مختص رہے ہیں۔
عرب میں قریش کو دیگر قبائل پر جو تفوق رہا ہے وہ سب کے نزدیک مسلمہ ہے۔

2. ہر ایک زبان کو اپنی حکومت کی تائید سے جو برتری دنیا میں بمقابلہ السنہ دیگر رہی ہے سنسکرت کا غلبہ پراکت اور تامل وغیرہ زبانوں پر عبرانی کا غلبہ دیگر لغات پر، لیٹن کا غلبہ یورپ کی اور زبانوں پر، انگریزی کا اس وقت غلبہ ان سب زبانوں پر جو برطانوی جھنڈے کے تلے آباد ہیں۔ فارسی کا غلبہ اس وقت کا جب ہندوستان و کابل و خراسان و ترکستان میں یہی زبان حکمرانوں کی زبان تھی۔ عربی زبان کی فوقیت دنیا کی سب زبانوں پر اس وقت جب کہ عرب اپنے مقابلہ میں سب کو عجمی (گونگے) کہا کرتے تھے، اپنے اپنے ادوار میں رہا ہے اور اسی اتحاد و زبان یا اختلاف زبان پر حقوق انسانیت کی تقسیم ہوتی رہی ہے۔

3. سرخ رنگ یا زرد رنگ یا مسہمی یا گندمی رنگ یا سفید رنگ یا سیاہ انسانوں کے حقوق و مناصب میں ہمیشہ سے جو امتیازات رہے ہیں اور ہر ایک حکمران قوم نے اپنی رنگت کے سوا دوسری رنگت کے انسانوں کے ساتھ جو جو سلوک کیے ہیں، تاریخ عالم ان واقعات پر اب تک لہو کے آنسو بہا رہی ہے۔

اسلام نے جو اللہ احد کا واحد دین ہے، ان ہر سہ امتیازات کی دیواروں کو مٹایا، پست و بلند کو ہموار سطح پر کھڑا کیا اور دنیا کے سب ملکوں اور سب قوموں کی شیرازہ بندی کے لیے صرف دین واحد کو پیش کیا۔

1 امتیاز نسل کے متعلق فرمایا:

﴿ خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ طِيْنٍ، ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴾ [السجدۃ:7-8]

''انسان اولین بشر کو مٹی سے پیدا کیا اور پھر اس کی نسل کو ایک حقیر پانی سے چلایا۔''

مختصراً افراد انسانی کو بتایا گیا ہے کہ نہ تو وہ خود نسلی امتیاز کا حق دار ہے اور نہ سب انسانوں کے باوا جان ہی تھے۔

پھر یہ بھی فرمایا کہ ﴿ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ ﴾ [الحجرات:13]

''سب انسانوں میں سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو اللہ کی تعظیم میں سے سب سے بڑھا ہوا ہے۔''

3,2۔ زبان اور رنگ کا فیصلہ بھی فرما دیا اور فیصلہ بھی کیسا عجیب ﴿ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِکُمْ وَاَلْوَانِکُمْ ﴾ [الروم:23]

''بھانت بھانت کی بولیاں (زبانیں) اور جدا جدا رنگ، اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کے نشان ہیں۔'' لیجیے اب تو کسی کو بھی اپنی زبان اور رنگ کے متعلق کچھ جھگڑا نہ رہے گا۔

ثابت ہو گیا کہ اسلام کی بنیادی تعلیم نہ اختلاف نسل ہے، نہ اختلاف زبان ہے، نہ اختلاف رنگ ہے، بلکہ اس کی بنیاد اللہ شناسی پر ہے اور ہر شخص کو اس بارہ میں بخوبی آزادی ہے کہ وہ قرب و رضوان الٰہی کے جس دروازے سے چاہے اس میں داخل ہو جائے۔ یہ خصوصیت یقیناً اسلام ہی کو حاصل ہے۔

فصل 14

اسلام ہی اپنے مہد و گہوارہ میں آج تک قائم ہے

زرتشت بزرگوار جہاں پیدا ہوئے تھے اور جہاں سے انھوں نے پند و انذار شروع کیا تھا۔

بدھ گوتم جہاں پیدا ہوئے تھے، جہاں انھوں نے سخت ریاضت برداشت کی تھی، جہاں انھوں نے اپنے اصول پر پہلی تقریر کی تھی۔

وہ وادی اور میدان جہاں رشیوں نے وید کی شرتیوں کے درشن پائے تھے، وہ مصر اور مصر سے فلسطین تک کی راہ اور خود فلسطین جس سے موسیٰ علیہ السلام اور یوشع بن نون علیہ السلام کے معجزات و فتوحات کا تعلق ہے جو داؤد علیہ السلام و سلیمان علیہ السلام کے مستقر خلافت تھے، جہاں اسباط اثنا عشر نے حکومت کی تھی۔

وہ پہاڑ اور دشت جہاں پارس ناتھ جی کی سنگھتیں بیٹھیں۔

غرض مذاہب قدیمہ کے جملہ معدن و مخزن اغیار کی حکومت میں ہیں اور ان مقامات پر تو ان مذاہب کا اصلی نشان بالکل نابود اور بے نشان ہو چکا ہے اور دیگر مذاہب اور دیگر اقوام نے بھی ان مقامات میں سکونت اور حقوق تمدن میں ان کے برابر کا درجہ حاصل کیا ہوا ہے، اور اس اصلی مذہب کو اس جگہ کوئی خاص تفوق اور امتیاز قطعاً حاصل نہیں۔

اصطخر اور بلخ، نیپال کی ترائی اور بنارس آریہ ورت (پنجاب و یوپی کا حصہ کثیر) ابو، الموڑہ، جگن ناتھ جی، اور ست نرائن گنگا و جمنا وغیرہ وغیرہ سب پر نظر ڈال جاؤ تاکہ ہمارے خیال کی صحت و وقعت بخوبی واضح ہو جائے۔

اس عبرت آموز سبق کو یاد رکھتے ہوئے پوری پوری واقفیت اور خبرت کے ساتھ آپ حجاز کو بھی دیکھیں کہ ہر ایک وہ مقام جس کو کوئی تاریخی یا مذہبی نسبت ہادی اسلام ﷺ کے ساتھ ہے آج تک مسلمانوں ہی کے قبضہ میں ہے اور آغاز اسلام سے لے کر آج تک ملک کے اس تاریخی مقام پر کبھی کسی غیر مذہب کا قبضہ و تسلط نہیں ہوا۔

قبضہ غیر کا اثر لازمی طور پر اور نامعلوم طریق سے ہر ایک ملک کی زبان اور رسوم اور ماثر اور مذہب پر ہوا کرتا ہے۔

ہم کو معلوم ہے کہ پارسیوں کے پاس ان کے پاک نوشتے موجود نہیں رہے۔ یہ ظاہر ہے کہ اگر سکندر مقدونی کا قبضہ ایران پر نہ

ہوا ہوتا اور طوائف الملوکی نیز خانہ جنگی نے ایران کو ویران نہ کر دیا ہوتا گو اردشیر بابکان جیسا دانش آموز بادشاہ اپنے پاس نوشتوں کی فراہمی سے (تین صدی قبل از اسلام) مایوس نہ ہو گیا ہوتا۔

اگر مصر پر کلیا پٹرا کے عہد سلطنت روما کا قبضہ نہ ہوا ہوتا تو مصر قدیم کے کتب خانہ جات کبھی تباہ نہ ہوتے۔

اور اگر بت پرست سلطنت روما کے بعد عیسائی سلطنت قسطنطینہ کا قبضہ مصر پر نہ ہو گیا ہوتا تو اسکندریہ کا مشہور کتب خانہ ہرگز ہرگز آتش تعصب سے خاکستر نہ ہو گیا ہوتا۔

اگر مہاتما بدھ نے زبان سنسکرت کی تعلیم پر پابندی کے متعلق تاکیدی احکام جاری نہ کیے ہوتے اور راجہ اشوک اور اس کے جانشینوں نے سختی کے ساتھ سنسکرت ایڈیشنوں اور کتابوں کو فنا کرنے میں طاقت صرف نہ کی ہوتی تو آج دنیا پر سے ویدک اصلی زبان مفقود نہ ہو جاتی۔

اور اگر قدیم رشیوں کے نوشتوں کو گم یا مسخ کرنے کے متعلق کوئی زبردست کارروائی اس مرنجاں مرنج اصول والوں نے نہ کی ہوتی تو آج ہندو دھرم کی کتابوں کی یہ حالت نہ ہوتی کہ مہابھارت جیسی کتاب میں بیس ہزار (20000) اشلوک غیر اصلی ہیں۔ منوسرتی جیسی کتاب میں بھی موضوعات اس طرح سے شامل ہو گئے ہیں کہ شمولیت موضوعات کے علم کے بعد بھی فاضل پنڈتوں اور رشی دیانند جیسے شائقین کو بھی یہ بتانا بالکل محال ہو گیا کہ کون کون سی عبارت وضعی وغیر اصلی ہے۔

ان نقصانات کی طرف اشارہ ہم نے ضمناً اس دلیل کے تحت میں کیا ہے کہ کسی ملک پر قبضہ اغیار کے تسلط کے اثرات کیا کیا ہوتے ہیں۔

اسلام کو دیکھیے کہ مکہ و مدینہ اور اس کے حوالی و اطراف اور وہ سب مقامات جہاں جہاں رسول پاک ﷺ کے قدم اقدس پہنچے سرتاسر مسلمانوں کے قبضہ میں ہیں۔ وہاں کی وہی زبان ہے جو پیارے مکی مدنی ﷺ کی تھی، وہاں کا وہی تمدن ہے جو مقدس رسول ﷺ کا تھا۔ وہی کتاب ہے جو نبی الامی کی تھی۔

قرآن مجید میں اسلام کو اس شجرہ طیبہ سے تشبیہ دی گئی ہے جس کی جڑ قائم ہو اور جس کی شاخیں آسمان کی فضا میں پوری بلندی اور پوری فراخی سے پھیلی ہوئی ہوں۔

ہر ایک دیکھنے والا دیکھ سکتا ہے کہ ﴿ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّ فَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ﴾ [ابراہیم:24] کی صورت و حالت آج تک اسلام ہی پر صادق و ثابت ہے اور یہ امر بھی خصائص اسلام میں سے ہے

اس آیت کی کچھ تفسیر اس کتاب کے باب خصائص قرآن مجید میں دوسری جگہ درج ہے

فصل 15

اسلام ہی دین تمدن ہے

فطرت انسانی کا راز جاننے والا، حاجات انسانی کے انجاح کی راہ بتانے والا تسلیم کرے گا کہ انسان مدنی الطبع ہے۔

لیکن یہ دیکھ کر تعجب ہوتا ہے کہ مختلف ادیان نے کیوں کر مدنیت کو روحانیت کا مدمقابل بتایا اور تمدن کو روحانیت کا دشمن ٹھہرایا ہے۔

جب ہم دیکھتے ہیں کہ شہزادہ گوتم اپنی نوجوان بیوی اور نوزائیدہ بچہ کو سوتا ہوا چھوڑ کر رات کو بھاگ جاتا ہے اور جنگلوں میں رہ کر سخت سے سخت ریاضتوں کا متحمل بنتا ہے تو ہم کیا سمجھ سکتے ہیں کہ اسی بیدار دل نے انسان کا مدنی الطبع ہونا معلوم کر لیا تھا۔

جب ہم وید بیاس جی کو آبادی سے نفور اور مادر و پدر سے دور رہتا ہوا دیکھتے ہیں تو کیا فیصلہ کر سکتے ہیں کہ انھوں نے واجبات تمدن کا گہرا مطالعہ کیا تھا۔

ہم جب انجیل میں وہ مکالمہ پڑھتے ہیں، جس میں اللہ کی راہ میں خصی بننے کا ذکر ہے تو کیا خیال کر سکتے ہیں کہ انھوں نے آدم و حوا علیہما السلام کے جوڑے کو عزت کی نگاہ سے دیکھا تھا۔

جب ہم روما کے آسمانی گرجا کے سایہ میں لاکھوں منک اور نن کو فرائض نسلی سے بیزار دیکھتے ہیں تو کیا تصور کر سکتے ہیں کہ انھوں نے اللہ کے حکم ''انسان اپنی بیوی سے جوڑے گا'' کی صحیح تعمیل کی ہے۔

جب آریہ ورت کے جنگلوں، پہاڑوں کے غاروں کوہستان کی چوٹیوں پر ایسے گرہستیوں کو دیکھتے ہیں۔ جن کی عمر کے آخر حصہ میں منوسمرتی نے گھروں سے باہر رہنے کا حکم دیا ہے اور جو اپنی خوراک حاصل کرنے کے لیے غیر معین اور غیر معلوم وسائل پر بھروسہ رکھنے پر مجبور کر دیے گئے ہیں جو ضعیفی و پیری اور لاچاری و مجبوری کی عمر میں اپنا کوئی رفیق و غم گسار قریب نہیں پاتے تو کیا اقرار دے سکتے ہیں کہ اس حکم کے وقت تمدن کی حقیقت کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔

جب ہم رشیوں، جوگیوں، سنیاسیوں، منیوں، بیراگیوں کے گروہوں کو بستیوں سے پرے پرے دھونی لگائے جٹیں لٹکائے، آسن جمائے دیکھتے ہیں تو کیا یقین کر سکتے ہیں کہ انسانیت کا یہی اعلیٰ معیار ہے۔

جب ہم سینکڑوں لڑکیوں (دیوداسیوں) کو ایک پتھر کی مورت کے ساتھ بیاہی ہوئی دیکھتے ہیں اور قطع نسل انسانی کی تدبیر کو اس مقدس لباس میں جلوہ گر پاتے ہیں۔

تو کیا باور کر سکتے ہیں کہ ان مقننین نے آبادی عالم کا سب بڑا گر دریافت کر لیا تھا۔ میرے دوستو! یہ سب کرشمے ایسی تعلیم کے ہیں جس نے نہ انسان کو سمجھا اور نہ طبع انسانی کا فلسفہ معلوم کیا اور نہ اس پر عمل کرنے کو کچھ اہمیت دی۔

ایک اسلام ہے جو ان اوہام کو دور کر دیتا ہے، جملہ ظنون کو خاک نشین بنا دیتا ہے۔ تمام ناروا ستم اور جور و جفا دور کر دیتا ہے، جو مدنیت اور انسانیت کو ترقی کے محل میں سوار کر دیتا ہے۔ جو بجلی کی منفی و مثبت طاقتوں کو مجتمع کر کے تمدن کا گھر صاف و سفید روشنی سے منور کر دیتا ہے۔

اسلام بتلاتا ہے کہ ﴿وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوْهَا﴾ ترک تمدن محض بدعت ہے۔

عورتوں کے حقوق

اسلام ہی عورتوں کو تمدن میں برابری کی جگہ دیتا ہے اور ان کے مساویانہ حقوق کو بحال کرتا ہے۔

﴿وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَيْهِنَّ﴾ [البقرۃ:228]

''عورتوں کے بھی حقوق ہیں جیسا کہ مردوں کے حقوق عورتوں پر ہیں۔''

بچوں کے حقوق

﴿ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ﴾ [بنی اسرائیل:31]

''تنگ دستی کے ڈر سے اپنی اولاد کو نہ مارا کرو۔''

والدین کے حقوق

﴿ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ﴾ [بنی اسرائیل:23]

''ماں باپ کے ساتھ عمدہ ترین برتاؤ کرو۔''

حکومت کے حقوق

﴿اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ﴾ [النساء:59]

''اللہ کی اطاعت اور رسول کی اطاعت اور اپنے امیروں کی فرمانبرداری کرو۔''

اقسام تعاون

﴿ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ﴾ [المائدہ:2]

''نیکی اور خدا ترسی کی جملہ اقسام میں ایک دوسرے کی مدد کرو۔''

عدم تعاون

﴿وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾[المائدہ:2]

''گناہ اور سرکشی کی جملہ اقسام میں ایک دوسرے کی اعانت نہ کیا کرو۔''

ایفائے معاہدات کا حکم

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ﴾ [المائدہ:1]

''اے ایمان والو! سب قراردادوں کو پورا کیا کرو۔''

عداوت قومی کے ہو جانے کی حالت میں عدل کا لزوم اور بے انصافی کی نہی

﴿ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ ﴾ [المائدہ:8]

''کسی قوم سے نفرت کا ہونا تم کو اس خیال پر کھینچ کر نہ لے جائے کہ تم ان سے عدل نہ کرو، ہاں عدل ہی کرو، ایسا کرنا ہی خدا ترسی کے قریب تر ہے اور تم کو حکم ہے کہ خدا ترسی پر قائم رہو۔''

معاہد غیر مسلم اور مسلم غیر معاہد میں معاہد غیر مسلم کی رعایت اور نیوٹرل رہنے کی ہدایت

﴿ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا

﴿ أُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ﴾ [الانفال:72]

① جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور اپنے مال و جان سے انھوں نے راہِ حق میں جہاد کیا۔

② جنھوں نے ان لوگوں کو اپنے ہاں ٹھہرایا اور ان کی مدد کی۔

یہ دونوں ایک دوسرے گروہ کی ولایت کا حق رکھتے ہیں۔

﴿ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ يُهَاجِرُوْا مَالَكُمْ مِنْ وَّلَايَتِهِمْ مِنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ﴾ [الانفال:72]

③ جو لوگ ایمان تو لائے ہیں مگر انھوں نے ہجرت نہیں کی، تم کو ان کی ولایت سے کچھ بھی نہیں۔ جب تک کہ وہ ہجرت نہ کر آئیں۔

فساد اور بے امنی کی برائی

﴿ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴾ [البقرۃ205] ''اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا۔''

﴿ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ﴾ [القصص:7] ''دنیا میں فساد نہ پھیلاؤ۔''

خلافت راشدہ کی علامت

﴿ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ﴾ [القصص:7]

''خوف جاتا رہے گا اور امن اس کی جگہ سنبھال لے گا۔''

حقوق کی ادائیگی کی تاکید

﴿ فَاٰتِ ذَاالْقُرْبٰى حَقَّهٗ، وَالْمِسْكِيْنَ ﴾ [الروم:38]

''قرابت داروں اور مساکین کا حق ادا کیا کرو۔''

عباد الرحمٰن کے صفات حسنہ حقوق تمدن کے متعلق

① ﴿ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُوْنَ قَالُوْا سَلَامًا ﴾ [الفرقان:63]

''رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو دنیا میں فروتنی کے ساتھ رہتے ہیں اور جب جاہل ان سے بات کرتے ہیں تو یہ ان کو سلامتی کی دعا دیتے ہیں۔''

② ﴿ وَالَّذِيْنَ اِذَا اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَ لَمْ يَقْتُرُوْا وَ كَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴾ [الفرقان:67]

''رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو خرچ کرتے وقت فضول خرچی اور تنگ دلی نہیں کرتے، بلکہ درمیانی راہ پر قائم رہتے ہیں۔''

③ ﴿ وَلَا يَزْنُوْنَ ﴾ [الفرقان:68] ''رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زنا نہیں کرتے۔''

④ ﴿ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ﴾ [الفرقان:72] ''رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو جھوٹی شہادت نہیں دیتے۔''

سچی شہادت کے ادا کرنے کی فرضیت

﴿ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَ لَوْ عَلٰى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ﴾

دارا ابن دوارب جب یونانی فوج سے شکست کھا کر اور زخمی ہو کر گرا اور اس کی آخری سانس پورے ہونے سے پیشتر سکندر بن فلپ اس کے پاس پہنچ گیا اور اس کا سر گود میں لے کر بیٹھ گیا، تب دارا نے سب سے ضروری اور اہم وصیت جو سکندر کو کی، وہ یہی تھی کہ روشنک بنت دارا کو جسے دارا خود اپنے لیے پرورش کر رہا تھا، سکندر اپنی بیوی بنا لے۔ قابل غور بات ہے کہ جسے وہ خود اپنے لیے پرورش کر رہا تھا، کے الفاظ دارا نے اپنی زندگی کے کیسے نازک ترین وقت میں کیسی صفائی سے ادا کیے اور اس سے ظاہر ہے کہ یہ رسم ایران میں عام تھی اور اس رسم کی عمومیت نے ہر ایک جھجک اور حجاب کو دارا کی طبع و زبان سے اٹھا دیا تھا۔ [1]

ایران میں مزدکیہ مذہب اس لیے جلد مقبول اور عام ہو گیا تھا کہ ملک میں پہلے سے محرمات ابدیہ کی حرمت و احترام کا کوئی وجود موجود نہیں رہا تھا۔ [2] مزدکیہ مذہب کا اصول یہ ہے کہ عورت کسی خاص مرد کی طرف منسوب نہ ہونی چاہیے، ہر ایک شخص ہر ایک عورت سے تمتع حاصل کرنے کا فطری استحقاق رکھتا ہے۔

پنڈت دیانند سرتی نے اپنی کتاب ستیارتھ پرکاش میں ہندو فرقوں کا بیان کرتے ہوئے دام مارگی چترانگت وغیرہ وغیرہ نام لکھے ہیں اور بعض نام ایسے ناپاک ہیں جن کو ایک مسلم نقل نہیں کر سکتا۔ یہ تحقیقات ظاہر کر رہی ہیں کہ ہندوستان کا درجہ ایران سے بھی آگے تھا۔ کاشی جی جیسی پوتر جگہ میں آج تک وہ مندر جس کا نام نیپالی کھپرا مشہور ہے، موجود ہے، اور ڈیڑھ سو فٹ کی بلندی سے زائرین کو اپنی طرف بلا رہا ہے، نکلتے سورج کی شعائیں ان تصاویر کو روشن کر دیتی ہیں، جن کی تقلید سے ابھی تک پیرس و نیویارک بھی پیچھے ہیں۔ برہمن اس کے پجاری ہیں۔ وہ ہر ایک تصویر کی اپنی زبان سے ایسی تصویر اتارتے ہیں اور سننے والے کی شرم و حیا کی پروانہ کرتے ہوئے ایسے ایسے سندر شبد سناتے ہیں کہ انسانیت کے کان بہرے اور تہذیب کی آنکھ ہمیشہ کے لیے اندھی ہو جاتی ہے۔

ایک وسیع النظر مؤرخ بتلائے کہ اسلام ہی کی کشور کشائی نے ایران کو ان نعمتوں سے بلند نہیں کیا اور کیا اسلام ہی کی رہنمائی نے ہندوستان کو ایک دیکھنے والی آنکھ اور سننے والے کان عنایت نہیں کیے۔

سلطنت روما کے ایمفی تھیٹروں کے دل ہلا دینے والے نظارے، سنگ دلی اور گرگ طبعی کے پورے مجسمے کیا اسلام ہی نے زیر خاک نہیں کیے۔

کیا ان سب حقیقتوں سے یہ مسلم نہیں ہو جاتا کہ اسلام نے ان اقوام کی ذہنیت کو بالاتر اٹھانے خیالات کو پاکیزہ بنانے اور تہذیب کے پھیلانے میں کس قدر فیوض بالواسطہ عطا کیے ہیں۔

ہاں یہودیوں میں بنی لاوی نے بھی نذر کی قربانی، خطا کی قربانی، تقرب کی قربانی پیش کرنے میں خاص حقوق اپنے لیے ٹھہرا لیے تھے۔

پطرس اعظم کے جانشین پوپ روما نے آسمانی بادشاہت کے دروازے کسی پر کھول دینے اور کسی پر بند کر دینے کے لیے کنجیوں کو اپنے قبضہ میں کر رکھا تھا۔

برہموں نے سرگ و نرگ میں مردہ کی جان دھکیل دینے کی جس شکتی کا اپنے اندر ہونا ظاہر کیا تھا۔ ان سب سے نجات دلانے کا سبب اسلام اور صرف اسلام ہی ہے۔ سامریہ کی بنی لاوی سے علیحدگی پروٹسٹنٹ کی رومن کیتھولک سے بیزاری، آریہ کی برہمن پوپوں سے نفرت صرف تعلیم اسلام ہی کا نتیجہ ہے۔ کیا اس حقیقت سے انکار کرنے والے ثابت کر سکتے ہیں کہ ان کی اصلاحات کا زمانہ اشاعت

---

[1] الطبری: 7/1 [2] الملل علی هامش الفصل: 86/2

دارا ابن دوارب جب یونانی فوج سے شکست کھا کر اور زخمی ہو کر گرا اور اس کی آخری سانس پورے ہونے سے پیشتر سکندر بن فلپ اس کے پاس پہنچ گیا اور اس کا سر گود میں لے کر بیٹھ گیا، تب دارا نے سب سے ضروری اور اہم وصیت جو سکندر کو کی، وہ یہی تھی کہ روشنک بنت دارا کو جسے دارا خود اپنے لیے پرورش کر رہا تھا، سکندر اپنی بیوی بنالے۔ قابل غور بات ہے کہ جسے وہ خود اپنے لیے پرورش کر رہا تھا، کے الفاظ دارا نے اپنی زندگی کے کیسے نازک ترین وقت میں کیسی صفائی سے ادا کیے اور اس سے ظاہر ہے کہ یہ رسم ایران میں عام تھی اور اس رسم کی عمومیت نے ہر ایک جھجک اور حجاب کو دارا کی طبع و زبان سے اٹھا دیا تھا۔ [1]

ایران میں مزدکیہ مذہب اس لیے جلد مقبول اور عام ہو گیا تھا کہ ملک میں پہلے سے محرمات ابدیہ کی حرمت واحترام کا کوئی وجود موجود نہیں رہا تھا۔ [2] مزدکیہ مذہب کا اصول یہ ہے کہ عورت کسی خاص مرد کی طرف منسوب نہ ہونی چاہیے، ہر ایک شخص ہر ایک عورت سے تمتع حاصل کرنے کا فطری استحقاق رکھتا ہے۔

پنڈت دیانند سرستی نے اپنی کتاب ستیارتھ پرکاش میں ہندو فرقوں کا بیان کرتے ہوئے دام مارگی چترانگت وغیرہ وغیرہ نام لکھے ہیں اور بعض نام ایسے ناپاک ہیں جن کو ایک مسلم نقل نہیں کر سکتا۔ یہ تحقیقات ظاہر کر رہی ہیں کہ ہندوستان کا درجہ ایران سے بھی آگے تھا۔ کاشی جی جیسی پوتر جگہ میں آج تک وہ مندر جس کا نام نیپالی گھیرا مشہور ہے، موجود ہے، اور ڈیڑھ سو فٹ کی بلندی سے زائرین کو اپنی طرف بلا رہا ہے، نکلتے سورج کی شعاعیں ان تصاویر کو روشن کر دیتی ہیں، جن کی تقلید سے ابھی تک پیرس و نیویارک بھی پیچھے ہیں۔ برہمن اس کے پجاری ہیں۔ وہ ہر ایک تصویر کی اپنی زبان سے ایسی تصویر اتارتے ہیں اور سننے والے کی شرم وحیا کی پروا نہ کرتے ہوئے ایسے ایسے سندر شبد سناتے ہیں کہ انسانیت کے کان بہرے اور تہذیب کی آنکھ ہمیشہ کے لیے اندھی ہو جاتی ہے۔

ایک وسیع النظر مؤرخ بتلائے کہ اسلام ہی کی کشور کشائی نے ایران کو ان نعمتوں سے بلند نہیں کیا اور کیا اسلام ہی کی رہنمائی نے ہندوستان کو ایک دیکھنے والی آنکھ اور سننے والے کان عنایت نہیں کیے۔

سلطنت روما کے ایمفی تھیٹروں کے دل ہلا دینے والے نظارے، سنگ دلی اور گرگ طبعی کے پورے مجسمے کیا اسلام ہی نے زیر خاک نہیں کیے۔

کیا ان سب حقیقتوں سے یہ مسلم نہیں ہو جاتا کہ اسلام نے ان اقوام کی ذہنیت کو بالاتر اٹھانے خیالات کو پاکیزہ بنانے اور تہذیب کے پھیلانے میں کس قدر فیوض بالواسطہ عطا کیے ہیں۔

ہاں یہودیوں میں بنی لاوی نے بھی نذر کی قربانی، خطا کی قربانی، تقرب کی قربانی پیش کرنے میں خاص حقوق اپنے لیے ٹھہرا لیے تھے۔

پطرس اعظم کے جانشین پوپ روما نے آسمانی بادشاہت کے دروازے کسی پر کھول دینے اور کسی پر بند کر دینے کے لیے کنجیوں کو اپنے قبضہ میں کر رکھا تھا۔

برہمنوں نے سرگ و نرگ میں مردہ کی جان دھکیل دینے کی جس شکتی کا اپنے اندر ہونا ظاہر کیا تھا۔ ان سب سے نجات دلانے کا سبب اسلام اور صرف اسلام ہی ہے۔ سامریہ کی بنی لاوی سے علیحدگی پروٹسٹنٹ کی رومن کیتھولک سے بیزاری، آریہ کی برہمن پوپوں سے نفرت صرف تعلیم اسلام ہی کا نتیجہ ہے۔ کیا اس حقیقت سے انکار کرنے والے ثابت کر سکتے ہیں کہ ان کی اصلاحات کا زمانہ اشاعت

---

[1] الطبری: 7/1 [2] الملل علی هامش الفصل: 86/2

اسلام سے پیشتر کا تھا۔ کیا وہ ثابت کر سکتے ہیں کہ اس آزادی کے حاصل سے پیشتر اسلام کو علمی اور عملی کارنامے ان کی آنکھوں اور دلوں کے سامنے نہ تھے۔

ان حقائق پر غور کرنے سے ثابت ہوجاتا ہے کہ اسلام نے یورپ اور ایشیاء میں ترقی اذہان اور آزادی احساس اور تمیز نفع وضرر کے فیوض بالواسطہ سب کو پہنچائے ہیں۔

سو(100) بیویوں والے بادشاہ کو اکلوتا کہنے والے یہودی، ایک ہزار(1000) خواتین والے بادشاہ کو اللہ جیسا دل رکھنے والا بتانے والے اسرائیل، سولہ ہزار(16000) سکھیوں کے ساتھ رنگ رلیاں منانے والے کرشن جیو کو سولہ سنگار کہنے والے ہندو، نشانہ بازی میں جیتی ہوئی دروپدی، ایک عورت کو پانچ پانڈوؤں کی جائز بیوی بتانے والے آریہ ورتی غور کریں کہ آج تعدد ازدواج کے متعلق ان کے خیالات کس قدر ہموار ہوگئے ہیں۔ کیا کوئی شخص اس کی وجہ عیسائیت کی تعلیم کو یا عیسائیوں کے عملی نمونہ کو قرار دے سکتا ہے۔ ہرگز نہیں، عیسائیت کی تعلیم تعدادازواج کے بارہ میں خاموش ہے اوران کا عملی نمونہ اس آئینی قانون کا نتیجہ ہے، جو اسلامی حکم سے بہت بعد میں نافذ کیا گیا اور ٹھنڈے خون والے یورپ نژاد کے لیے صرف ایک ہی بیوی پر محدود رہنا لازم ٹھہرایا گیا۔ تاریخ میں تلاش کرو کہ اس قانون کے نفاذ سے بہت پیشتر قرآن مجید کے الفاظ فَوَاحِدَةً ہر ایک سمجھ والے کے دل میں ایسی قانون سازی کی تحریک پیدا کر رہے تھے۔

ان نظائر سے تمدن کو اقرار کرنا پڑے گا کہ اسلام نے جملہ اقوام کو بالواسطہ کس قدر برکات عطا کی ہیں۔

شراب سے بھرے ہوئے جام جم پر فخر کرنے والے اور ساغر ہوش ربا کو جام جہاں نما بتانے والے ایرانی، دیوتاؤں اور دیویوں کی بھینٹ میں مدھ چڑھانے والے آریہ ورتی۔

مسیح علیہ السلام کے اولین کارنامہ پانی کے مٹکوں کو خم ہائے شراب بنادینے کا واقعہ فخر ومباہات کے ساتھ سنانے والے عیسائی۔

سادہ پانی کے استعمال سے منع کرنے والے اور پانی میں تھوڑی سی شراب کو التزاماً شامل کرنے والے پولوسی۔

میدان ہائے جنگ کو بادہ آتشین سے گرمانے والے اطالین اور عرب اور افریقی۔

کلوپیٹرا کے ایک پیگ پر فرائض سپہ سالاری کو چھوڑ دینے والے رومی۔

کیا اسلام کے اس فیض سے انکار کر سکتے ہیں جو حرمت شراب کی صورت میں اس نے جملہ اقوام وادیان پر عام کیا نہیں۔ ہرگز نہیں۔ اسلام ہی نے شراب کو ''ام الخبائث'' کا لقب دیا۔ اسلام ہی نے اسے روحانیت کا دشمن بتایا۔ اسلام ہی نے اسے شرارت انگیز وعداوت خیز بتایا۔ اسلام ہی نے اسے شیطان ابلیس اور راکھشس (اہرمن) کا عمل بتایا۔

جنگ عظیم 1914ء تا 1918ء میں انگلستان اور روس اور امریکہ کو یکے بعد دیگرے مجبوراً اسے ترک کرنا پڑا کیا یہ سب اسلام کے بالواسطہ فیوض نہیں۔

بھارت اعظم کی اولاد میں مہاراجگی کو خاص کرنے والے اور اسی دھن میں رو دھیتر کی خوں آشام زمین پر سارے ہندوستان کو کاٹ کر رکھ دینے والے (آریہ ورتی۔)

کیان ایران کو شایان خسروی بتانے والے اور اسی لیے تا تار اور یونان اور بابل کی حکومتوں کو فنا کرنے والے (پارسی)۔

خاندان ''چو'' کو فرزندان آسمانی کہنے والے اور دنیا کو ایک ٹکٹ رعایا اور ان کے دیوتاؤں سے بھی اوپر ہوکر سیاہ وسفید کرنے

والے (چینی)۔

یورپ پر تفوق اور غلبہ کا استحقاق جتانے والے اور خاندان کو نوع انسانی پر فرماں دہی کا چارٹر رکھنے والے (فرنچ)۔

غور کریں کہ اسلام کے حکم ﴿ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ ﴾ [آل عمران:159] اور ﴿ أَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ ﴾ [الشوریٰ:38] نے دنیا کو کس آئینی حکومت کا جمال دکھایا، ان کو تحفظ نوعی وجنسی اور تعاون افرادی وقومی سے آگاہ بنایا۔

کہتے ہیں کہ انگلستان کی پارلیمنٹ دنیا کی سب پارلیمنٹوں سے قدیم تر ہے اور اسی لیے وہ ''اماں پارلیمنٹ'' کے لقب سے پکاری جاتی ہے۔ میں کہتا ہوں یہ درست ہے، لیکن کیا اس کی قدامت قرآن مجید کے اس حکم محکم سے بھی قدیم تر ہے؟

اور اگر نہیں اور تاریخ بتاتی ہے کہ ہرگز نہیں تو تسلیم کرنا پڑے گا کہ دنیا کی تمام جمہوری اور آئینی حکومتیں اسلام ہی کے فیوض سے مستفیض اور اس کے خوان کرم کے نمک خوار ہیں۔

برہما، بش، مہیش کا ترشول بلند کرنے والے	(آریہ ورتی)
خدا، عقل کل ونفس کلی کی حکومت ماننے والے	(افلاطونی)
باپ خدا، بیٹا خدا، روح القدس کہنے والے	(انگلش چرچ)
باپ خدا، بیٹا خدا، جان (مچھی) ماننے والے	(رشین چرچ)
باپ خدا، بیٹا خدا، مریم کو اقانیم کہنے والے	(قدیم یونانی)
پرماتما، آتما اور پراتو کو قدیم جاننے والے	(آریہ)

دنیا پر موجود تھے اور اپنی اپنی تثلیث کے پھیلانے میں منہمک تھے۔ آج یہ سب لوگ مسئلہ توحید کی برتری کے اقراری ہیں اور عقیدہ توحید پر فخر کرتے ہیں اور اپنی اپنی تثلیث کو بھی سلوک طریق الی التوحید بتانے میں دلائل اور براہین سے کام لے رہے ہیں۔ مسلمان اپنے ان نوعی بھائیوں کی ان ترقیات کو خوشی اور اطمینان سے دیکھ رہے ہیں اور ان کے انصاف وحق پسندی پر امید لگائے ہوئے ہیں کہ یہ سب لوگ ضرور ایک دن اسلام کے اس فیضان بالواسطہ کا اقرار کریں گے اور اس حقیقت تک پہنچ جانے کے بعد وہ اسلام کے فیوض وبرکات وانوار سے بلاواسطہ مستفیض ہونے کے لیے تنگ خیالات کے کمرہ کے دروازوں کو کھول دیں گے۔ ان کے دل اپنے اندر کشائش اور انبساط اور ان کی روح اپنے لیے سرور ونشاط پائے گی اور وہ سب اسلام کی اس خصوصیت کا اعتراف بھی کرنے لگیں گے۔

فصل 17

اسلام ہی نے ہدایت الٰہیہ کو ربوبیت خالقیہ کی طرح کل عالم کے لیے عام بنایا

بنی اسرائیل کا دعویٰ ہے کہ وحی ربانی کا شرف صرف اسباط یعقوب علیہ السلام کے لیے خاص ہے، دنیا کی کسی دوسری قوم کو یہ شرف عطا نہیں ہوا۔

ایران والوں کا دعویٰ ہے کہ سروش آسمانی کی آواز صرف ایرج ہی کی نژاد تک پہنچائی گئی اور زرتشت و جاماسپ ہی کے خانوادے اس بزرگی کے تاجدار ہوئے اور سب ملک اس عزت سے دور دور ہیں۔

آریہ ورت کا دعویٰ ہے کہ آکاس بانی نے صرف گنگا وجمنا کی وادیوں میں رہنے والوں کو درشن دیے اور دنیا کی سب اقوام اس سے محروم ہیں۔

چین والوں کو دعویٰ ہے کہ اسی ملک کے رہنے والے فرزند آسمانی ہونے کا اعزاز رکھتے ہیں اور کسی کو اس مشرق اقصیٰ کی روشنی حاصل نہیں۔

یہ دعاوی ہر چند کہ شاندار ہیں اور کسی ایک قوم کی عظمت کو نمایاں کرنے میں بہت بڑا کام کر رہے ہیں لیکن ان دعاوی کا نتیجہ کل دنیا کے مقابلہ میں کیا تھا۔

نتیجہ اول یہ ہوا کہ ایک قوم نے اپنے سامنے دوسری قوم کو جھٹلایا اور دوسروں کی صداقتوں کو بھی بطلان بتایا۔

جب اسرائیل نے صرف بنی اسرائیل کے لیے وحی ربانی کو خاص بتلایا ہے تو وہ دنیا کے مذاہب کو کاذب ٹھہراتا ہے۔

اور جب کوئی پارسی نژاد ایرج ہی کے اس دعویٰ کا مظہر ہے تو وہ کل عالم کو (جس میں بنی اسرائیل بھی شامل ہیں) دروغ گو ظاہر کرتا ہے۔

اور جب کوئی آریاورتی و سناتن دھرمی اپنی بات کو دہراتا ہے تو جہاں جہانیاں کو (جس میں اسرائیل و پارسی بھی شامل ہیں) ست کہتا ہے۔

اور جب کوئی چینی کانفیوشس کی تعلیم کو آسمانی کہہ کر دیگر ابنائے جنس کو اس شرف سے مجبور تجویز کرتا ہے تو وہ ہر ایک ملک کو جس کے اندر (ہندوستانی، ایرانی، کلدانی و اسرائیلی بھی شامل ہیں، سیاہ و تاریک بتاتا ہے۔ لہٰذا کوئی مذہب ایسا باقی نہیں رہتا، جس کی دوسرے مذہب نے تصدیق بھی کی ہو اور کوئی قوم ایسی نہیں محفوظ رہتی جسے دوسری اقوام کی زبان نے صادق کہا ہو۔

اور جب ہر ایک قوم نے جملہ اقوام کو داغ لگایا تو اب اس کا بھی کیا حق رہ جاتا ہے کہ وہ خود بچ سکے۔ ان لوگوں نے ساری فضا میں کوئلہ پھیلا دیا اور پھر یہ تصور کر لیا کہ اس سے اوروں ہی کے دامن آلودہ ہوں گے۔

ان مشہور مذاہب نے اپنے ان دعاوی کے بعد پھر اپنے رقبہ کو اور زیادہ تنگ تر کرنا شروع کیا۔ اسرائیلیوں نے کاہن ہونے کا منصب صرف اولاد ہارون علیہ السلام کے لیے خاص کر دیا اور سناتن دھرمیوں نے یہو یہ دہردوار و کانشی کے پانڈوں کو سرگ ونرگ کا خزانچی بنایا۔ رومن کیتھولک نے سلطنت آسمانی کی کنجیاں پوپ کے ہاتھ میں دے دیں، کیوں کہ وہ اس گرجا کا صدر نشین ہے جسے پطرس نے تیار کیا تھا اور پطرس وہ ہے جسے آسمانی بادشاہت کا کلی اختیار مسیح علیہ السلام نے دے دیا تھا۔

نتیجہ دوم یہ ہوا کہ ایک قوم کو دوسری قوم کے ساتھ نفرت ہو گئی اور ہر ایک نے اپنا اپنا چولہا چوکا الگ الگ کر لیا۔ محبت انسانی گم ہو گئی اور قومیں قوموں سے ہمیشہ کے لیے جدا جدا ہو گئیں۔

نتیجہ سوم یہ ہوا کہ ملکی خصوصیات اور قومی رسومات ہر ایک جگہ دینی اصول میں شامل ہو گئیں اور آہستہ آہستہ رسومات کے سامنے دینی اصول کمزور و ضعیف اور بے نشان و گم ہو گئے۔

اسلام ہی نے ان سب خرابیوں کو دور کیا، اسلام ہی نے ان جملہ اقوام کے سامنے ایک جدید علمی اکتشاف کیا کہ

﴿ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ﴾ [فاطر:24]

''یعنی ہر ایک بستی میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ڈرانے والا، برے افعال کے برے نتائج سمجھانے والا ہو چکا ہے۔''

اے اسرائیلیو! تم کیوں ہندوؤں کے بزرگوں کی تحقیر کرتے ہو اور اے ہندوؤ! تم کیوں اسرائیلیوں کے انبیاء کی تکذیب کرتے ہو۔ اے ایرانیو! تمھارا کیا حق ہے کہ اسرائیلیوں اور ہندوؤں کے دعاوی کا بطلان کرو۔

اے چینیو! تمھارا کیا منصب ہے کہ ان تمام شاندار اقوام کے علم اور تہذیب اور تمدن سے آنکھیں موند کر سورج کی روشنی کو جھٹلاؤ۔

اب مل جاؤ اور ایک دوسرے کا احترام کرنا سیکھو اور ہر ایک ملک کے پیشوا و ہادی و داعی کی تعظیم کرتے ہوئے اس ناموس قدرت کو بھی دیکھو، جس نے تمام عالم کو متحد و متفق کرنے کے لیے، بحر روم کے متصل ایک مقام کا انتخاب کیا جہاں سے متمدن دنیا کی ہر جگہ میں تبلیغ بآسانی کی جاسکتی تھی اور جہاں ٹھہر کر بحر و بر کے وسائل آمد و رفت سے بخوبی کام لیا جا سکتا ہے۔

قدرت نے اس تحریک کی پانچ ہزار (5000) سال سے بنیاد قائم کی اور ایک ایسی قوم کو تیار کیا جس نے بے آب و گیاہ میدانوں میں رہ کر، جس نے آباد و شاداب قطعات سے الگ ہو کر، جس نے نفائس مادی میں سے صرف سد رمق پر اکتفا کر کے حفاظت معبد کو اپنا مقصود بنایا اور اسی کی دربانی کو اپنے لیے افتخار شاہی سمجھا، حتیٰ کہ وہی سید عالم ﷺ پہنچ گیا اور وہی سرور کائنات ظاہر ہو گیا جس نے اختلاف کو ائتلاف سے اور نفاق و افتراق کو اتفاق سے بدل دیا، وہ کیسا زمانہ تھا اس وقت کی دو بڑی قوموں کی یہ حالت زار ربانی الفاظ میں یوں ظاہر کی گئی ہے:

﴿ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ﴾ [البقرۃ:113]

''یہود کہتے ہیں کہ نصاریٰ تو کسی چیز (بنیاد) پر نہیں۔''

﴿ وَقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ وَّ هُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ﴾ [البقرۃ:113]

''نصاریٰ کہتے ہیں کہ یہود تو کسی چیز (بنیاد) پر نہیں ہیں اور وہ کتاب بھی پڑھا کرتے ہیں۔''

آیت ﴿ وَ هُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ﴾ کا تعلق نصاریٰ سے بھی ہے، جو یہودیوں کی کتاب کو عہد نامہ قدیم اور ہولی بائبل کہہ کر تسلیم کرتے ہیں اور بایں ہمہ یہودیوں کی بابت یہ مبالغہ ہے کہ ان کی کوئی بنیاد ہی نہیں۔

نیز اس کا تعلق یہودیوں سے بھی ہے جو انجیل میں یہ دیکھ چکے ہیں کہ وہ توریت موسیٰ علیہ السلام کی مصدق ہے اور بایں ہمہ انجیل سے انکاری بھی ہیں۔

بہر حال ہر دو فریق (وفد نجران اور علمائے یثرب (یہود) نے ان فقرات کو دہرایا اور اپنی اپنی تنگ مزاجی اور لاعلمی کا ثبوت دیا اور اللہ تعالیٰ کو فیصلہ کرنا پڑا۔

الٰہی فیصلہ یہ ہے:

﴿ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَه، وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ○ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴾ [المائدۃ:67-68]

''اے رسول! تیرے رب کی طرف سے جو کچھ تجھ پر نازل کیا گیا ہے، اسے پہنچا دیجیے، اگر تم نے ایسا نہ کیا تو تم نے رسالت کو نہ پہنچایا اور اللہ تم کو ان لوگوں سے بچائے رکھے گا۔ کہہ دیجیے کہ اے یہودیو! تم دونوں کچھ بھی (کسی بنیاد پر بھی) نہیں ہو، جب تک تورات اور انجیل پر اور اس کتاب پر جو تمھارے رب نے تمھارے لیے نازل کی قائم نہیں ہو جاؤ گے۔''

''ہاں! ان میں سے بہت کی حالت یہ ہے کہ اللہ کے اتارے ہوئے احکام سے وہ کفر اور سرکشی میں زیادہ ترقی کر جاتے ہیں۔ ان کافروں کے گروہ پر آپ افسوس بھی نہ کریں۔''

یہود اور نصاریٰ کی تعداد اس وقت مسلمانوں کی تعداد سے بہت زیادہ تھی، دو اور سو کی نسبت اس وقت ان میں ہوگی۔ یہود زر و مال والے تھے، تجارت والے تھے، سارے عرب پر ان کا اقتدار تھا۔ مسلمان اور بت پرست ان کے مقروض تھے۔

نصاریٰ فوج، طاقت اور حکومت والے تھے۔ ہر دو کے خلاف ایک ایسا متفقہ فیصلہ سنانا جو ان کی دینی حیثیت کو بالکل لاشے بنا دینے والا تھا، آسان نہ تھا، لہٰذا آیات کے شروع میں نبی ﷺ کو خاص طور پر آمادہ کیا گیا ہے اور بطور پیش گوئی یہ بھی فرما دیا گیا ہے کہ اس فیصلہ کے بعد خواہ یہود کتنا ہی تڑ ائیں اور نصاریٰ کتنا ہی بھنائیں مگر وہ آپ کو کسی طرح کا گزند نہیں پہنچا سکیں گے۔ عصمت الٰہی ہمیشہ آپ کو ان کے آزار سے بچائے گی۔

فیصلہ یہ ہے کہ یہود کو نصاریٰ کے بالمقابل اپنا تعصب اور نصاریٰ کو یہود کے بالمقابل اپنا کینہ و انتقام چھوڑ دینا چاہیے اور ہر دو کو توراۃ و انجیل کا اتباع کرنا چاہیے۔

جو دلیل نصاریٰ کے ہاتھ میں یہودیوں کو دین مسیحی کی دعوت دینے کی بابت ہے وہ اس لیے صحیح ہے کہ نصاریٰ ان کی کتاب اور ان کے نبی (موسیٰ علیہ السلام) کی تصدیق کرنے والے ہیں۔

لہٰذا یہی دلیل مسلمانوں کے ہاتھ میں بالمقابلہ نصاریٰ اور یہود (ہر دو) حاصل ہے، کیوں کہ مسلمان دونوں کتابوں اور کتاب لانے والوں پر ایمان رکھتے ہیں۔

نصاریٰ یہود کے سامنے مسیح علیہ السلام کی بابت پیش گوئیاں توراۃ سے نکالتے ہیں اور انھیں ملزم ٹھہراتے ہیں۔ اسی طرح مسلمان، یہود اور نصاریٰ دونوں کے سامنے سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ ﷺ کی پیشگوئیاں بائبل سے پیش کرتے ہیں اور ہر دو حجت الٰہی کا اتمام کرتے ہیں۔

اب خلاصہ معلوم ہو گیا کہ جب یہود اس لیے مغضوب ہیں کہ انھوں نے تعلیم مسیح علیہ السلام سے انکار کیا، جب کہ مسیح تعلیم تورات کو تسلیم کرتے ہیں تو نصاریٰ بھی اس لیے ضال ہیں کہ وہ شریعت موسوی کے منکر ہیں، جس کی تصدیق مسیح علیہ السلام نے فرمائی ہے۔ اندریں حالات یہ دونوں اس لیے بے بنیاد اور لاشے ہیں کہ وہ اس کتاب اور نبی کے منکر ہیں جس کا وعدہ موسیٰ علیہ السلام کی پانچویں کتاب کے 18 باب کی آیت 15 تا 18 میں موجود ہے۔ نیز جس کی خبر انجیل یوحنا باب 16 کی آیات 11 تا 16 میں موجود ہے۔

الغرض یہ اسلام ہی کی خصوصیت ہے کہ وہ تمام جہان کا معبود صرف ایک اللہ کو بتاتا ہے اور تمام جہان کا پروردگار صرف ایک رب کو ظاہر کرتا ہے۔

اور تمام عالم کے سامنے صرف ایک دین اسلام کو پیش کر کے جملہ اقوام و ادیان اور ممالک کو اللہ تعالیٰ کے انوار و فیوض کا یکساں حصہ دار قرار دیتا ہے۔ [illegible]

وہ کسی بزرگ کا مکذب نہیں، وہ کسی سابقہ مذہب کا مبطل نہیں ہے، بلکہ سب کو سب کے مقبولہ اصول کے تحت میں لا کر متحد بنانے والا اور ربوبیت خالقیہ کی طرح سب سے اللہ تعالیٰ کی الوہیت کاملہ کو منوانے والا ہے۔

مبارک ہے اسلام جس نے جملہ اقوام کو متحد و موافق بنانے کے لیے سب کی طرف (اپنا ہاتھ بڑھایا اور مبارک ہیں وہ قومیں جنھوں نے مقدس داعی کے الفاظ پر لبیک کہہ کر محبت عام کو اپنا مسلک بنایا۔

فصل 18

اسلام ہی دین البر (نیکی کا مذہب) ہے

قدیم یونان اور جدید یورپ کے فلاسفروں نے مذہب انسانی پر غور وخوض کرنے کے بعد بالاتفاق تسلیم کیا ہے کہ مذہب صحیحہ کی بنیاد ان اصولوں پر مبنی ہونی چاہیے

① نیکی ② صداقت ③ حسن

مجھے اپنے عنوان کی مناسبت سے صرف نیکی کی بابت اس مقام پر تحریر کرنا ہے۔

قرآن مجید فرماتا ہے:

﴿ لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَ فِي الرِّقَابِ وَ اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴾ [البقرۃ:177]

''یہی نیکی نہیں کہ تم مشرق یا مغرب کی طرف منہ کر لیا کرو۔ نیکی تو ان لوگوں کی ہے (1) جو اللہ پر اور قیامت پر، ملائکہ پر اور کتابوں پر اور انبیاء پر یقین رکھتے ہیں (2) جو اپنی ضرورت ہوتے ہوئے بھی قریبوں کو یتیموں کو، مسکینوں کو، مسافروں کو، مانگنے والوں کو، آزادی غلاموں میں اپنا مال دیتے ہیں، نماز کی پابندی کرتے ہیں، زکوۃ ادا کرتے ہیں، عہد کر کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور تنگ دستی و بیماری اور جنگ کے وقت صبر کرتے ہیں، یہی تو صادق لوگ ہیں اور یہی متقی ہیں۔''

﴿ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴾ [الممتحنۃ:8]

''غیر مذہب والوں سے بھی نیکی کرو اور پورا پورا انصاف کرو، اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔''

﴿ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ﴾ [البقرۃ:189] ''نیکی تو خدا ترسی ہے۔''

﴿ وَ تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ﴾ [المائدۃ:2]

''نیکی اور خدا ترسی کے کاموں میں ایک دوسرے کو مدد دیا کرو۔''

﴿ وَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ ﴾ [الانبیاء:73]

''ہم نے سب نبیوں کے پاس نیکیوں کے کرنے کا حکم بھیجا۔''

﴿ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُشْفِقُوْنَ O وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ O وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ O وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّ قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ O اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴾ [المؤمنون:57-61]

''جو لوگ اپنے رب کی تعظیم کی نگہداشت ڈرتے ہوئے رکھتے ہیں، جو اپنے رب کے ساتھ کسی کو برابر کا نہیں بناتے، جو لوگ اللہ کے دیے ہوئے مال سے لوگوں کو دیتے ہیں اور اس بات کی دہشت رکھتے ہیں کہ انھوں نے اپنے رب کی طرف جانا ہے، یہ ہیں وہ لوگ جو نیکیوں کی طرف جلد جلد جانے والے ہیں، اور یہی ہیں جو نیکیوں کو حاصل کر لیں گے۔''

نبی کریم ﷺ نے انواع البر (نیکیوں کی اقسام) کے متعلق جو احکام دیے ہیں وہ مندرجہ ذیل اصول پر مبنی ہیں:

1. عظمت الٰہی کا احساس اور اس احساس کے بعد تعظیم ملے ہوئے ادب کا اثر دل پر محسوس کرنا۔
2. احسانات الٰہی کی یادداشت اور اس یادداشت سے حیرت کا طاری ہو جانا اور طیران حیرانیت سے اثرات حیوانی کا کمزور پڑ جانا۔
3. اقارب اور ہمسایہ، ایامیٰ و یتامیٰ، اہل قریہ، اہل وطن کے ساتھ حسن معاشرت اور عمدہ اخلاق کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔

خندہ روئی سے ملنا، راہ میں کانٹے یا ٹھوکر کا ہٹا دینا، کنوئیں سے پانی نکال کر دینا، بھولے ہوئے کو رستہ بتا دینا، تاریکی کے وقت روشنی دکھا دینا، بوجھ اٹھوا دینا۔

دوسرے کو عزت کے ساتھ بلانا، نرم کلامی سے بات کرنا، یہ سب نیکیوں میں شمار کیے گئے ہیں۔ باپ کا اپنے بچہ کو تعلیم دینا، صدقہ سے بہتر بتایا گیا ہے۔ [1]

اپنے کنبہ سے بھلائی، نیکی کرنے والے کو بھلا اور بہتر بتایا گیا ہے۔ [2]

بیٹیوں اور بہنوں کو اچھی تعلیم اور تربیت دینے والے کو مستحق جنت بتایا گیا ہے۔ [3]

ایک بلی کو عذاب دینے والے کے لیے دوزخ کا اور ایک کتے کو پانی پلانے والے کے لیے مغفرت کا اعلام فرمایا گیا ہے۔ [4]

اور بالآخر فِيْ كُلِّ كَبِدٍ رَطْبَةٍ اَجْرٌ [5] کے ارشاد سے اس عنوان کو مکمل کر دیا ہے۔ ارشاد نبوی ﷺ کا ترجمہ یہ ہے کہ ہر ایک جاندار جو تازہ جگر اپنے اندر رکھتا ہے (یعنی زندہ ہے) کے ساتھ بھلائی کرنا موجب اجر ہے۔

ان احکام سے واضح ہو جاتا ہے کہ اسلام دین البر ہے۔

فصل 19

اسلام دین التقویٰ (پارسائی کا مذہب) ہے

1. پارسائی کو برباد کرنے والی سب سے بڑھ کر شراب ہے، مگر پولوس نے (اتمطاؤس 5/32 میں) یہ حکم دیا ہے کہ: ''آگے کو تو صرف پانی نہ پیا کر، بلکہ اپنے ہاضمہ اور اکثر کمزوریوں کے واسطے تھوڑی مے (شراب) پی۔''

---

[1] ترمذی: 1998,1997,1996 [2] ترمذی: 2081، سلسلۃ الصحیحۃ: 417 [3] ابوداؤد: 5147، ترمذی: 1916، ابن حبان: 445

[4] بخاری: 3318، 173، مسلم: 2242,2244، ابن ماجہ: 4256، ابن حبان: 544، احمد: 261/2 [5] بخاری: 2363، مسلم: 2244، ابوداؤد: 2550، ابن حبان 544، ابن ماجہ: 3686، مسند احمد 375/2، 374/1، موطا 113/3

شراب پینے کا حکم اور سادہ پانی پینے کی نہی کا یورپ اور امریکہ پر کیا اثر ہوا کہ لفظ تھوڑی کی قید بالکل نہ رہی اور شراب ان تمام خرابیوں کی جڑ ثابت ہوئی جسے قرآن پاک نے اور ارشادات نبوی ﷺ نے صراحت کے ساتھ بیان فرما دیا ہے۔

② محکمہ حفظان صحت نے پولوس کی وجہ علت کا بھی غلط اور باطل ہونا ثابت کر دیا ہے اور بتلا دیا ہے کہ شراب کا برا اثر معدہ، جگر، دل، دماغ اور ششش پر بدترین نتائج پیدا کرتا ہے۔ اعصابی طاقت زائل ہو جاتی ہے۔ جنگ عظیم 1914ء تا 1918ء میں فوجیوں کی جسمانی طاقت بحال کرنے اور بڑھانے کے لیے شراب کی قطعاً ممانعت کی گئی تھی۔ اپنی فوج کے لیے کنگ جارج نے نمونہ بننا پسند کیا اور زار روس نے ان کی پیروی کی۔ امریکہ نے شراب کی ساخت ملک میں بند کر دی اور خرید و فروخت پر بھی سخت بندشیں عائد کیں۔ علم اخلاق کے ماہرین کا بیان ہے کہ شراب کے استعمال سے اخلاق تباہ ہو جاتے ہیں۔ عالمان اقتصادیات کا بیان ہے کہ فقر و فاقہ کا سبب اور تباہی مال کا باعث شراب ہے۔ اعلیٰ عدالتوں کے ججوں کا بیان ہے کہ جرائم سنگین، قتل، زنا بالجبر، راہزنی وغیرہ کا ارتکاب اکثر بدمستی شراب کی حالت میں ہی ہوتا ہے۔

③ ہندوؤں میں بھی دیوی دیوتاؤں کو خوش کرنے کے لیے شراب کا چڑھاوا دیا جاتا ہے۔ پھر جو چیز دیوی اور دیوتا کے خوش کرنے کا سبب ہو، اسے پجاری اور سیوک کیوں استعمال نہ کریں۔ بعض ہندو اقوام نے شراب میں تقدس پیدا کرنے کے لیے اس کا نام ''گنگا جل'' رکھ دیا۔

اسلام ہی وہ پہلا اور تنہا مذہب ہے جس نے شراب کو رجس بتلایا، عمل الشیطان اور ام الخبائث اس کا نام رکھا۔
ایسے نشہ کی مقدار قلیل کو بھی جو مقدار کثیر میں پہنچ کر نشہ آور حرام بتایا۔ لہٰذا ثابت ہو گیا کہ اسلام پارسائی کا مذہب ہے۔
اسلام میں زنا حرام ہے اور اس کی حرمت کو مضبوط و محکم کرنے کے لیے جو حکم دیا گیا ہے اس کے الفاظ یہ ہیں:
﴿ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنَا ﴾ [بنی اسرائیل:32] ''زنا کے قریب بھی نہ جاؤ۔''
اس حکم سے ان اسباب اور وسائل کو بھی حرام کر دیا ہے جو زنا تک لے جانے والے ہیں۔ مردوں، عورتوں کا اختلاط اور ہنسی و مذاق، ایک ہی مکان کے اندر غیر محرم مرد و زن کی بود و باش، دل ربائی اور حسن نمائی کے طریقے، نظر بازی وغیرہ۔
اس حرمت کو مضبوط کرنے کے لیے سَآءَ سَبِيلًا بھی فرمایا گیا ہے اور بتایا گیا کہ جو کوئی زنا کرتا ہے وہ اپنے گھر تک زنا کے لیے سڑک بناتا ہے۔ وہ جس سڑک پر چل کر دوسروں کے پاس پہنچتا ہے اسی سڑک پر چل کر دوسرے اس کے گھر آ جاتے ہیں حکم دیا گیا:
﴿ وَلَا مُتَّخِذَاتِ أَخْدَانٍ ﴾ [النساء:25] ''کسی عورت کا کوئی مرد آشنا نہ ہونا چاہیے۔''
﴿ وَلَا مُتَّخِذِي أَخْدَانٍ ﴾ [المائدۃ:5] ''اور کسی مرد کی کوئی عورت آشنا نہ ہونی چاہیے۔''
اس پارسائی کو قائم رکھنے کے لیے تدبیر بھی بتائی اور اس کی تعمیل بھی فرض ٹھہرائی۔
﴿ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَ يَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ﴾ [النور:30]
''مومن مردوں سے کہہ دیجیے کہ نگاہیں نیچی رکھا کریں اور شرم گاہوں کی حفاظت کریں۔''
﴿ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَ يَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ ﴾ [النور:31]
''عورتوں کو کہہ دیجیے کہ وہ بھی اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرم گاہوں کی نگہداشت رکھیں۔''
اس حکم کے بعد یہ بھی فرمایا گیا:

﴿ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ مَا بَطَنَ ﴾ [الاعراف:33]

"فحش کی کھلی چھپی سب قسموں کو میرے رب نے حرام کر دیا ہے۔"

حکم بالا کی رو سے تو فواحش حرام ہوئے، ابتدائی مراتب میں جب کہ فحش کے اقدام کی تیاریاں ہوتی ہیں۔ اسے اسلام نے لفظ "اِثْمٌ" سے تعبیر کیا ہے اور اس کی بابت بھی یہ حکم دیا ہے۔

﴿ وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَ بَاطِنَهٗ ﴾ [الانعام:120]

"گناہ کا بیرونی اور اندرونی حصہ بھی بالکل چھوڑ دیا کرو۔"

تعجب ہوتا ہے کہ شراب پینے والے مردوں، عورتوں کو فحش آمیز کھلی آزادی دینے والے عبادت گاہوں میں جا کر بھی آتش رخسار حسن سے آنکھیں سینکنے والے نمائش حسن کے پیرایہ میں ننگی تصویر کھچوانے والے اور مخلوط غسل خانوں میں نہانے والے کھلے پن گھٹنوں بھر ننگے اشنان کرنے والے اسلام کی پارسائی کا اعتراف نہ کریں۔ شاید اس لیے کہ ایسا اعتراف خود اپنی عریانی کے اعتراف کے مترادف ہے۔

اگر اسلام کا مقصد یہ ہوتا کہ وہ نفسانی جذبات کو ابھار ابھار کر اپنی تعداد کو بڑھائے تو وہ شراب کی حرمت کا حکم کبھی نہ دیتا اور ایسا حکم نہ دیتا، اس کے لیے کچھ موجب اعتراض بھی نہ ہوتا۔ کیوں کہ جو چیز جملہ ممالک میں مستعمل اور جملہ مذاہب میں روا تھی اس پر خموشی بھی موجب اعتراض نہ ہو سکتی تھی اور زنا کی روک تھام کے لیے ایسے سخت قیود عائد نہ کرنا اور ان قیود کے عائد نہ کرنے سے ان قوموں کا جو کورٹ شپ کو جائز سمجھتی ہیں یا جو اولاد لینے کی غرض سے بیاہتا عورت کو اور اولاد دینے کی غرض سے بیاہتا مرد کو عارضی جوڑ بنا لینے کی اجازت دیتے ہیں، کچھ اعتراض بھی نہ ہوتا، لیکن اسلام نے عفت و پارسائی کا بلند ترین نمونہ پیش کیا ہے اور وہ فی الحقیقت پارسائی کا مذہب ہے۔

معترضین کے پاس اس کے خلاف دلیل صرف یہ ہے کہ اسلام نے ایک سے زیادہ عورت کو بھی بیوی بنا لینے کی اجازت دی ہے۔

مگر غور تو کرو کہ داؤد علیہ السلام کو خدا کا اکلوتا بیٹا (زبور۔1) کہنے والے اور اس کی سو (100) بیویوں اور سلیمان علیہ السلام کو اللہ کا سا دل والا بتانے والے اس کی ایک ہزار (1000) بیویوں پر ابراہیم علیہ السلام کو خلیل الرحمٰن ماننے والے اس کی بیویوں اور لونڈیوں پر کرشن جی مہاراج کو اوتار ماننے والے ان کی سولہ ہزار ایک سو آٹھ (16108) سکھیوں پر اور ان کو ریفارمر اعظم ماننے والے زمانہ حال کے لیڈران کی آٹھ (8) مہارانیوں پر کوئی اعتراض زبان سے نہیں نکالتے، تو پھر ان کا کیا حق ہے کہ وہ اسلام پر ایک سے زائد بیوی کرنے پر اعتراض کریں۔ ہم نے جن محترم ہستیوں کے نام لیے، ان کے مذہب میں ایک سے زائد بیوی کرنے کے لیے کوئی ایسی شرط موجود نہیں، جس کا فقدان ان کو ایک سے زیادہ بیوی کرنے کے لیے روک بن سکے۔ مگر اسلام میں شرط عدل موجود ہے۔

اور اس شرط کے فقدان پر (بلکہ صرف فقدان ہی پر نہیں) احتمال فقدان کی حالت پر بھی فَوَاحِدَةً کا ارشاد موجود ہے، کیا کوئی مذہب ہے جو اپنی کتاب پاک میں فَوَاحِدَةً کا ہم معنی لفظ نکال کر دکھا دے؟ کوئی مذہب ہے جو مسیح یا موسیٰ یا کرشن و رام چندر کے منہ سے نکلی ہوئی بات فَوَاحِدَةً کے ہم معنی ثابت کر دے۔ اگر نہیں اور یقیناً نہیں، تب اس کو اقرار کرنا چاہیے کہ یہ بھی اسلام ہی کی خصوصیات میں سے ہے اور ایک بیوی والے جس قانون پر یورپ کو فخر ہے، وہ بھی قرآن مجید ہی کے ایک حکم کا خلاصہ اور ناقص خلاصہ ہے۔

فصل 20

اسلام دین الصدق (سچائی کا مذہب) ہے

صدق کی تعریف علمائے اسلام نے مندرجہ ذیل الفاظ میں کی ہے:

1. عمل اور علم کی موافقت باہمی کا نام صدق ہے۔
2. دل اور زبان کی مطابقت کا نام صدق ہے۔
3. سر و اعلانیہ کے مساوی ہونے کا نام صدق ہے۔
4. اس راست بازی کو جس میں تباہی کا اندیشہ ہے، اس کذب سے بہتر سمجھنا جس میں رہائی کا گمان ہے صدق کہتے ہیں۔

گر راست سخن گوئی و در بند بمانی
بہ زاں کہ دروغت دہداز بند رہائی

مندرجہ ذیل آیات واحادیث پاک پر غور کرو۔

1. صدق اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ہے:

﴿ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ﴾ [آل عمران:95] ''اللہ نے تو سچ فرمایا ہے۔''

2. صدق اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پاک ﷺ کے اوصاف میں سے ہے:

﴿صَدَقَ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ﴾ [احزاب:22] ''اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا''

3. مریم صدیقہ علیہا السلام کا درجہ بہ وجہ صدق برتر و بلند تھا:

﴿ صَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا ﴾ [التحریم:12] ''اس نے اللہ کے فرمودہ کو سچ سمجھا۔''

4. اصحاب نبویہ ﷺ کا درجہ بوجہ صدق ہے۔

﴿ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ﴾ [الاحزاب:23]

''یہ وہ جواں مرد ہیں کہ انھوں نے اللہ سے جو عہد کیے ہیں وہی سچے کر دکھلائے۔''

5. نبی ﷺ کی بزرگی صدق کی تعلیم اور صدق کی تصدیق میں ہے:

﴿ اَلَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَ صَدَّقَ بِهٖ ﴾ [الزمر:33]

''نبی وہ ہے جو صدق لے کر آیا اور اس کی تصدیق بھی کی ہو۔''

6. صدق کے متعلق نبی ﷺ کا یہ ارشاد بروایت ابن مسعود رضی اللہ عنہ موطا و بخاری و مسلم و ابوداؤد و ترمذی میں موجود ہے:

إِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِيْ إِلَى الْبِرِّ وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِيْ إِلَى الْجَنَّةِ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّيْقًا وَإِنَّ الْكِذْبَ يَهْدِيْ إِلَى الْفُجُوْرِ وَإِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِيْ إِلَى النَّارِ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ وَيَتَحَرَّى الْكَذِبَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا۔ [1]

''صدق نیکی کی راہ دکھلاتا ہے اور نیکی جنت کی راہ دکھاتی ہے۔ انسان سچ بولنے لگتا ہے اور سچ کو عادت بناتا ہے حتی کہ اللہ کے ہاں صدیق لکھ دیا جاتا ہے۔ جھوٹ گناہوں کی راہ دکھلاتا ہے اور گناہ دوزخ کی راہ دکھاتے ہیں۔ انسان جھوٹ بولنے لگتا ہے اور جھوٹ کو عادت بنالیتا ہے حتی کہ اللہ کے ہاں بھی جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے۔''

7 سنن نسائی میں ہے اور ترمذی نے اسے صحیح بتایا ہے کہ ابوالحورا نے امام حسن رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ آپ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کون سی بات سیکھی، فرمایا: میں نے سیکھا اور یاد رکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا:

دَعْ مَا يُرِيْبُكَ إِلٰى مَا لَا يُرِيْبُكَ فَإِنَّ الصِّدْقَ الطُّمَانِيَةَ وَالْكَذِبَ رِيْبَةٌ۔ [2]

''جو چیز شک پیدا کرے اسے چھوڑ دے اور جس میں کوئی شک نہ ہو وہ لے لے کہ صدق تو طمانیت کا نام ہے اور کذب شک کو کہتے ہیں۔''

8 اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کو حکم دیا ہے:

﴿كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ﴾ [التوبہ:119] ''اہل صدق کا ساتھ دو۔''

9 عربی زبان میں صدق کے مدارج علیا کے مطابق اس مصدر سے فاعل کے تین صیغے رہتے ہیں:

صادق، صدوق اور صدیق اور صدیق وہ برترین درجہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام پر بھی اس خطاب کا استعمال ہوا۔

ابراہیم خلیل الرحمن علیہ السلام کو ﴿إِنَّهُ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا﴾ (مریم) اور یوسف علیہ السلام کو بھی صدیق کے لقب سے روشناس کیا گیا۔

سیدہ مریم بتول رضی اللہ عنہا کو بھی سورہ مائدہ میں ﴿وَأُمُّهُ صِدِّيْقَةٌ﴾ فرمایا گیا، اور پھر سورہ نساء اور سورہ حدید میں امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے افراد ممتاز کے لیے صدیقیت کا درجہ تجویز کیا گیا۔

﴿أُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖ لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ﴾ [الحدید:9]

''یہی لوگ تو صدیق اور شہید ہیں۔ اپنے رب کے پاس ہیں، ان کے لیے اجر بھی ہے اور نور بھی۔''

ان حوالہ جات سے ثابت ہو گیا کہ صدق کے شان بلند کے اظہار میں اسلام نے کیسے کیسے اسلوب بدیع سے کلام فرمایا ہے۔

اور اس بیان سے عہد حاضرہ کے فلاسفروں کا وہ مطالبہ پورا ہو جاتا ہے کہ دین طبیعی کے لیے صدق کا ہونا شرط ہے۔ الحمد للہ! کہ اسلام اپنی خصوصیت کا اظہار چودہ صدیوں سے کر رہا ہے۔

---

[1] بخاری:6094، مسلم:2607، ابوداؤد:4989، ترمذی:1971، ابن حبان:273، الصمت لابن ابی الدنیا:467,442، احمد:384/1، بیہقی:273/10

[2] ترمذی:2518، ابن حبان:722، احمد:200/1، مسند دارمی:245/2، نسائی:5711، مستدرک حاکم:13/2، موارد الظمآن، ص:137

فصل 21

اسلام ہی دین الحسن والجمال ہے

لوگوں نے صرف عورتوں کے خط وخال وناز وانداز کا نام حسن رکھ چھوڑا ہے، لیکن یہ صرف کوتاہ نظری ہے اور صرف ایام شباب کا محدود مذاق ہے۔

بایں ہمہ دنیا کے مختلف ممالک کے باشندے ہیں جن کا مذاق اس بارہ میں بھی اس قدر مختلف ہے کہ حسن نسائی کی متفق علیہ تعریف بیان کرنا بھی ناممکن ہے۔

روس کے شمال میں صاف شفاف آسمان جیسی نیلی آنکھیں غایت حسن سمجھی جاتی ہیں۔ اہل عرب ازرق چشم کو نہایت مکروہ سمجھتے ہیں۔

یورپ میں سنہری بالوں کی تعریف کی جاتی ہے اور ایشیا میں سیاہ ترین چوٹی کو حسن سمجھا جاتا ہے۔ یورپ کو سفید رنگت پر ناز ہے، مگر حبشیوں کے نزدیک سیاہ رنگ کے سوا اور کسی کو حسین کہلانے کا حق ہی نہیں۔

جب ہم نے اس مضمون کا عنوان ''دین الحسن والجمال'' ثبت کیا تو اس سے یہ سمجھنا کہ اسلام بھی حسن نسائی کا سراپا نگار ہے، غلط اور قطعاً غلط ہے۔

ہاں اسلام حسن کا ایک بلند درجہ تجویز کرتا ہے اور جمال کو بہترین صنع ربانی قرار دیتا ہے، اسلام کی نگاہ میں یہ جہاں سرتاپا حسن کا پیکر ہے اور عالم کی ہر شے آئینہ دار جمال ہے۔

انسانی حسن وجمال

﴿ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ ﴾ [التین:4]

''ہم نے انسان (مرد وزن) کو سب سے زیادہ خوشنما ڈھانچے پر پیدا کیا۔''

لفظ تقویم میں اندرونی و بیرونی ساخت دونوں شامل ہیں۔ عالمان علم تشریح جانتے ہیں کہ انسانی دماغ، انسانی قلب وجگر، احشاء واعصاب کو دیگر حیوانات کے مقابلہ میں کس قدر برتری حاصل ہے، اس کے دانت اور معدہ میں کیوں کہ نباتاتی غذا اور حیوانی غذا کھانے والے حیوانات کی صفات جمع ہیں۔

صورت کی خوشنمائی

﴿ وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ﴾ [التغابن:3]

''اللہ نے تمھاری صورتیں بنائیں اور ان کو کتنا اچھا بنایا۔''

عام اصناف انسان کو وہ زنگی ہو یا فرنگی دیگر حیوانات پر صفائی بشرہ، لینت جلد، استقامت قد اور خوشنمائی حد کے بارہ میں جو خصوصیت حاصل ہے اس کا بیان فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ میں آجاتا ہے۔

بیوی کی صفات

① ﴿ لِتَسْكُنُوا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُم مَّوَدَّةً وَرَحْمَةً ﴾ [الروم:21]

''تاکہ اس سے آرام پاؤ اور آپس کی محبت اور پیار بھی تم کو عطا کیا۔''

بیوی کا شوہر کے لیے سکون قلب ہونا اور شوہر وزن میں باہمی محبت باہمی کشش کا پایا جانا دونوں کی خوبی کا باعث ہے۔

② ﴿عُرُبًا اَتْرَابًا﴾ [الواقعہ:37] ''شوہروں سے پیار کرنے والیاں اور ہم مذاق۔''

یہی وہ بڑی خوبی ہے جو صنف نسواں کو ممتاز کرتی ہے۔

جمال مواشی وانعام

﴿وَلَكُمْ فِيهَا جَمَالٌ حِينَ تُرِيحُونَ وَحِينَ تَسْرَحُونَ﴾ [النحل:6]

''مواشی جب صبح کو نکلتے ہیں اور شام کو چراگاہ سے واپس آتے ہیں تو ان میں تمھارا جمال ہے۔''

دودھ دینے والے، قلبہ رانی کرنے والے، پانی کھینچنے والے جانوروں کو لوگ دیکھتے ہیں۔ گاؤں سے باہر عموماً صبح وشام حیوان بھی جمع ہو جاتے ہیں اور ان کے مالک انسانی بھی اچھے جانوروں کی تعریفیں ہوتی ہیں اور مالک کا چہرہ تعریفیں سن سن کر روشن ہو جاتا ہے۔ آیت میں اسی حالت کی جانب اشارہ ہے۔

سواری کے جانور بھی زینت ہی ہیں

﴿وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً﴾ [النحل:6]

''گھوڑے، خچریں، گدھے، بار برداری اور سواری کا کام بھی دیتے ہیں اور سبب زینب بھی ہیں۔''

ان جانوروں کا بار برداری اور سواری کا کام دینا تو عام طور پر مسلم ہی ہے، لیکن اسلام نے زینت کا لفظ ایزاد کرنے سے ثابت کر دیا کہ وہ ہر شے کی خوبصورتی پر بھی توجہ دلاتا اور اس کی قدر کرنا سکھلاتا ہے۔

جملہ اشیائے ارضی میں زینت وجمال ہونا

﴿إِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْأَرْضِ زِينَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ أَيُّهُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا﴾ [الکہف:7]

''جتنی چیزیں بھی زمین پر ہیں، ہم نے ان کو زمین کی زینت بنایا ہے تاکہ انسانوں کا امتحان لیں کہ ان میں سے کون اچھے اعمال والا ہے۔''

ہر شے کا زمین کے لیے زینت وجمال ہونا اسلام ہی کی نگاہ سے معلوم ہوا ہے۔ زمین پر بچھا ہوا سبزہ، زمین کے لیے اپنی خوشنمائی سے زینت ہے اور آسمان کی طرف بلند ہونے والے درخت ان کو جھومنے والی ڈالیاں، ان کی سایہ گستر شاخیں اپنے طور پر زمین کی رونق بن رہی ہیں، شوخ رنگ رکھنے والے پھول، بھانت بھانت کا مزہ دینے والے پھل، عجیب وغریب اشکال کے اوراق، مختلف تاثیرات وخواص رکھنے والے پہاڑ، پہاڑوں کی چوٹیوں پر سفید سفید خیمے کھڑے کرنے والی برف اور میدانوں کی چٹیل زمین پر نرم نرم فرش بچھانے والی ریت، آبشاریں، غار، مرغزار اور جنگل وادی وہامون آبادیاں اور ویرانے اپنی اپنی حالت، اپنی اپنی وضع، اپنے اپنے محل وقوع کے لحاظ سے تمام کرہ ارضی کے حسن کو بڑھانے والے جمال کو ترقی دینے والے ہیں۔

یہ سب زمین کا سنگار ہیں، یہ سب زمین کی زینت اور زیور ہیں، ان کی خوبصورتی کو دکھلانے والا یہی دین الاسلام ہے جو دین الحسن والجمال ہے۔

آیات بالا میں صنعت ربانی کے حسن جمال کے بیان کے بعد ایک تقابل بھی موجود ہے اور وہ بندہ کا حسن عمل ہے۔

وہ قدرت ربانیہ جس نے خود انسان کو صاحب الجمال پیدا کیا، جس نے ہر شے کو حسن وزینت کا خزینہ دار بنایا کیا اس کا یہ حق نہیں کہ وہ انسان سے بھی احسن اعمال کی توقع کرے؟ ہاں ضرور ہے۔

اگر کوئی شخص قصر سلطانی میں داخل ہوتا ہے، وہاں کی بیش بہا اور قیمتی اشیاء کا ملاحظہ کرتا ہے، وہاں کی اعلیٰ زیبائش وآرائش کو دیکھتا ہے تو اس شخص سے اس کی قوت ضمیر سے یہی امید ہوسکتی ہے کہ وہ وہاں جا کر نہ نقصان کرے گا، نہ چیزوں کو بگاڑے گا، نہ خس و خاشاک پھیلائے گا، یہی وہ توقع ہے جو انسان سے اس داوری گاہ عالم میں کی گئی ہے۔

جب خود انسان بہترین جمال والا ہے اور جس کون ومکان میں وہ رہتا ہے، وہ بھی سراپا حسن وجمال ہے تو پھر انسان کا احسن اعمال کا پیش نہ کرنا اور دنیاوی حسنہ واخروی حسنہ کا طالب نہ ہونا اس کی عقل وفہم سے بہت ہی بعید ہے۔

جملہ مخلوق کا اپنی بناوٹ کے لحاظ سے حسین تر ہونا

﴿اَحْسَنَ كُلَّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ﴾ [السجدۃ:7]

''ہر شے کو اس کی اپنی خلقت، اپنی بناوٹ میں بہت خوشنما اور بہت خوب بنایا ہے۔''

ہزاروں قسم کے پرندے ہیں، ہزاروں قسم کے پھول ہیں، ہزاروں قسم کے درخت ہیں، ہر قسم کے جاندار زمین کے اندر رہنے والے، پیٹ کے بل چلنے والے، پاؤں پر دوڑنے والے، سمندروں کے اندر رہنے والے موجود ہیں۔ اپنے اپنے رنگ، اپنی اپنی وضع، اپنے اپنے خواص، اپنی اپنی آواز، اپنے اپنے افعال میں اس قدر حسین وجمیل خوش منظر اور زیبا پیکر واقع ہوئے ہیں کہ چشم انتخاب کو ترجیح دینا دشوار ہے۔

الف الف سلامٌ وتحیةٌ علی سیّد المُرسلین وعلٰی
آلِہٖ واصحابہٖ اجمعین



فہرست مضامین رحمۃ للعالمین جلد سوم

مضامین	صفحہ نمبر
مقدمہ مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ	599
تمہید از مصنف	602
باب 1	
خصائص النبی ﷺ	603
خصوصیت نمبر 1	603
خصوصیت نمبر 2	607
خصوصیت نمبر 3	608
خصوصیت نمبر 4	609
خصوصیت نمبر 5	611
خصوصیت نمبر 6	613
خصوصیت نمبر 9,8,7	615
خصوصیت نمبر 10	618
خصوصیت نمبر 11	621
خصوصیت نمبر 12	624
خصوصیت نمبر 13	631
خصوصیت نمبر 14	634
خصوصیت نمبر 15	635
خصوصیت نمبر 16	640
خصوصیت نمبر 17	643
عرب	643
یہود	646
نصاریٰ	647
ہندو اقوام	649
مجوس	650
خصوصیت نمبر 18	651
خصوصیت نمبر 19	652
خصوصیت نمبر 20	656
خصوصیت نمبر 21	657
خصوصیت نمبر 22	659
خصوصیت نمبر 23	661
خصوصیت نمبر 24	664
خصوصیت نمبر 25	667



مضامین	صفحہ نمبر
خصوصیت نمبر 26	677
حالات نوح علیہ السلام	678
حالات ابراہیم علیہ السلام	678
حالات اسحاق علیہ السلام	679
حالات یعقوب علیہ السلام	679
حالات یوسف علیہ السلام	679
حالات داؤد علیہ السلام	679
حالات سلیمان علیہ السلام	680
حالات ایوب علیہ السلام	680
حالات موسیٰ علیہ السلام	681
حالات ہارون علیہ السلام	681
حالات زکریا علیہ السلام	681
حالات یحییٰ علیہ السلام	682
حالات عیسیٰ علیہ السلام	682
حالات الیاس علیہ السلام	683
حالات اسماعیل علیہ السلام	683
حالات الیسع علیہ السلام	684
حالات یونس علیہ السلام	684
حالات لوط علیہ السلام	684

مضامین	صفحہ نمبر
خصوصیات نبویہ از احادیث مصطفویہ ﷺ	686
نصرت بالرعب	686
روئے زمین کا مسجد وطہور ہونا	688
حلت مغانم	689
عطائے منصب شفاعت	690
بعثت عامہ	692
جوامع الکلم کا عطیہ	692
معراج	693
ساتوں آسمانوں پر آٹھوں انبیاء علیہم السلام کی ملاقات کا راز	702
قرآن کریم اور معراج شریف	703
بیداری وخواب کی بحث	705
معجزات نبویہ ﷺ	707
پانی کا معجزہ	711
دودھ کی برکت	715
تکثیر طعام	717
حنین جزع	719
حیوانات پر اثر	721
افلاک پر اثر معجزہ شق القمر	722
اس معجزہ کی توثیق	732



مضامین	صفحہ نمبر
معجزات قسم دوم	725
اطلاع اخبار مستقبلہ	726
جہاز بحری کی اطلاع	726
پیش گوئی	727
فتوحات ممالک کی پیش گوئی	727
فتح مصر کی پیش گوئی	728
ملک عرب سے ممالک مفتوحہ کے قطع تعلق کی پیش گوئی	728
شاہ ایران کے متعلق پیش گوئی	729
معجزات قسم سوم	729
393 سال پیشتر کی پیش گوئی	729
654 سال پیشتر کی پیش گوئی	730
656 سال پیشتر کی پیش گوئی	731
700 سال پیشتر کی پیش گوئی	731
855 سال پیشتر کی پیش گوئی	731
1348 سال پیشتر کی پیش گوئی	731
زمانہ حال کی پیش گوئی	732
دورِ حاضر کی پیش گوئی	732
معجزات نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	733
قتل سے مصئون رہنے کی دعاء	734

مضامین	صفحہ نمبر
دعائے عفت	734
سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کے لئے دعاء	735
عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے لئے دعاء	736
انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے لئے دعاء	736
مالک بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کے لئے دعاء	736
تکبر کی سزا	736
شکستہ استخوان کی دُرستی کا معجزہ	736
اسماء الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	737
سنت مصطفویہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	755
اَلْمَعْرِفَةُ رَاسُ مَالِیْ	755
اَلْعَقْلُ اَصْلُ دِیْنِیْ	757
وَالْحُبُّ اَسَاسِیْ	759
وَالشَّوْقُ مَرْکَبِیْ	763
ذِکْرُ اللّٰہِ اَنِیْسِیْ	764
اَلثِّقَةُ کَنْزِیْ	769
وَالْحُزْنُ رَفِیْقِیْ	770
وَالْعِلْمُ سَلَاحِیْ	771
وَالصَّبْرُ رِدَائِیْ	774
وَالرِّضَاءُ غَنِیْمَتِیْ	779



مضامین	صفحہ نمبر
وَالْعِجْزُ فَخْرِیْ	781
والزُّهْدُ حِرْفَتِیْ	783
وَالْيَقِيْنُ قُوْتِیْ	783
وَالصِّدْقُ شَفِیْعِیْ	785
وَالطَّاعَةُ حَسَبِیْ	786
وَالْجِهَادُ خُلُقِیْ	787
وَقُرَّةُ عَيْنِیْ فِی الصَّلٰوةِ	789
باب 2	
خصائص القرآن	791
ضرورت قرآن	791
فصاحت وبلاغت قرآن	792
معانی عالیہ ومضامین نادرہ	803
تاثیر قرآن	804
نمونہ تعلیم قرآن	806
قبولیت قرآن	807
خصوصیت قرآن مجید	808
قرآن مجید کا مصنف	812
قرآن مجید کی پیش گوئیاں	814
قرآن عظیم کے متعلق سات پیش گوئیاں	814

مضامین	صفحہ نمبر
پہلی پیش گوئی کہ اس کی نظیر کوئی نہ بنا سکے گا	814
دوسری پیشگوئی کہ قرآن مجید زمین پر ہمیشہ محفوظ رہے گا	815
نقشہ حروف تہجی	819
تیسری پیشگوئی بابت جمع قرأت قرآن مجید	822
چوتھی پیشگوئی کہ قرآن مجید کا حفظ رکھا جائے گا	822
پانچویں پیشگوئی کہ قرآن مجید کا حفظ کر لینا آسان ہوگا	822
چھٹی پیش گوئی کہ قرآن مجید کی کتابت جاری رہے گی	823
ساتویں پیش گوئی کہ کوئی بطلان قرآن کے مقابلہ میں نہ ٹھہر سکے گا	823
اسلام کے متعلق چار پیش گوئیاں	824
پہلی پیش گوئی	824
دوسری پیش گوئی	825
تیسری پیش گوئی	826
چوتھی پیش گوئی	828
پیش گوئی کہ لڑائیوں میں مسلمانوں کو ہی غلبہ رہے گا	829
پیش گوئی کہ روئے زمین پر مسلمانوں کو حکومتیں حاصل ہونگی	830
پیش گوئی کہ اہل ایمان کی دنیوی حالت اچھی ہو جائے گی	830
مہاجرین کے متعلق تین پیش گوئیاں	831
پیش گوئی کہ تنگدستی کے بعد مسلمان غنی ہو جائیں گے	831



مضامین	صفحہ نمبر
پیش گوئی کہ عرب میں بت پرستی معدوم ہو جائے گی	832
پیش گوئی کہ مہاجرین کو دنیا میں اچھا ٹھکانا ملے گا	833
پیش گوئی کہ اصحاب رسول ترقی و کمال حاصل کریں گے	833
زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے متعلق پیش گوئی	834
غیر اقوام کے مسلمان ہونے کی پیش گوئی	834
اہل ایمان کے متعلق پیش گوئیاں	835
پیش گوئی کہ قرآن مجید کے مخاطبین اولی میں فتنہ عام برپا ہوگا	839
مستہزئین مکہ کے متعلق پیش گوئی	839
قریش کے دشمنوں کے متعلق پیش گوئی	841
کفار مکہ کے متعلق پیش گوئی	843
کفار عرب کے متعلق پیش گوئی	843
پہلی پیش گوئی کہ وہ مسلمانوں کو عاجز نہ کر سکیں گے	843
دوسری پیش گوئی کہ مشرکین عرب مرعوب ہوں گے	843
اہل مکہ کے خلاف دو پیشگوئیاں	844
ابولہب کے متعلق پیش گوئی	845
ابولہب کی عورت کے متعلق پیش گوئی	844
منافقین کے متعلق پانچ پیش گوئیاں	845
مخلفین جہاد کے متعلق دو پیش گوئیاں	848

مضامین	صفحہ نمبر
غزوات نبوی ﷺ کے متعلق پیشگوئیاں	850
یہود اور منافقین کے معاہدات پر دو پیش گوئیاں	852
مسلمانوں کی تعداد کے متعلق پیش گوئی	854
یہودیوں کے متعلق 9 پیش گوئیاں	855
عیسائیوں کے متعلق تین پیش گوئیاں	858
سلطنت روما و ایران کے متعلق دو پیشگوئیاں	859
باب 3	
خصائص اسلام	862
اسلام ہی دین التوحید ہے	862
اسلام ہی روحانیت کا مذہب ہے	867
اسلام ہی اخلاق حسنہ کا معلم ہے	872
اسلام ہی نے رحم و عدل کے مسئلہ کو حل کیا	877
اسلام ہی علم اور علماء کا حامی ہے	879
تذئیل	884
اسلام ہی دین العمل ہے	885
اصول ارث و مواریث	886
اسلام ہی بانی اخوت ہے	889
اسلام ہی نے انسان کی انسانیت کے درجہ کو بلند کیا	895

گنبدِ خضریٰ



مضامین	صفحہ نمبر
اسلام ہی غیر متعصب دین ہے	898
اسلام ہی دین المحبت ہے	903
اسلام ہی مساوات کا بانی ہے	908
اسلام ہی نے حکومت میں رعایا کو حصہ دار بنایا	912
اسلام ہی کی بنیاد قومیت سے بالاتر رکھی گئی ہے	914
اسلام ہی اپنے مہد و گہوارہ میں آج تک قائم ہے	915
اسلام ہی دین تمدن ہے	916
اسلام ہی فیض رساں دین ہے	920
اسلام ہی نے ہدایت الٰہیہ کو ربوبیت خالقیہ کی طرح کل عالم کے لئے عام بنایا	923
اسلام دین البر ہے	927
اسلام دین التقویٰ ہے	928
اسلام دین الصدق ہے	931
اسلام ہی دین الحسن والجمال ہے	933

رحمۃ للعالمین
قاضی محمد سلیمان سلمان منصورپوری
وما ارسلنك الا رحمة للعالمين
MARKAZ
Al-Hrmain-ul-Islami
GULBAHAR COLONY, SATIANA ROAD, FAISALABD-PAKISTAN.
CONTACT: 0304 3010777